عربی زبان کی شہرہ آفاق لغت "المنجد" کا پہلا مکمل اُردو ترجمہ
کئی ہزار جدید عربی الفاظ کے اضافہ کے ساتھ

عربی و اُردو

دورنگہ کمپوزنگ

المنجد

مترجم: عصمت ابوسلیم

مکتبہ دانیال

بسم الله الرحمن الرحيم

المنجد

عربی زبان کی شہرہ آفاق لغت "المنجد" کا پہلا مکمل اُردو ترجمہ
کئی ہزار جدید عربی الفاظ کے اضافہ کے ساتھ

دورنگہ کمپوزنگ

المنجد

عربی و اُردو

مترجم: **عصمت ابوسلیم**

مکتبہ دانیال
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
042.7660736

جملہ حقوق محفوظ ہیں

خوبصورت اور معیاری مطبوعات
ہماری پہچان

محمد ابوبکر صدیق
نے
نیئر اسد پرنٹرز لاہور
مکتبہ دانیال
سے شائع کی۔

قیمت =/560 روپے

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
مکتبہ دانیال

شاپ نمبر 3 ملک جلال دین ہسپتال بلڈنگ
چوک اردو بازار لاہور

7660736
0333,4276640

PHONE 7660736 0333,4276640
email: maktabahdaneyal@hotmail.com

المنجد میں مخففات اور علامات کی فہرست

(ا) مخففات

ھ: علم ھندسۃ (جومیٹری)
ك: علم کیمیاء
ب: فن بناء (تعمیر)
جج: جمع الجمع
ح: علم الحیوان
مو: موسیقی
فلك: علم فلک
ۃ: مفعول بہ
ز: زراعت
فا: اسم فاعل
ط ا: علم طبقات الارض
ت: تجارتی اصطلاح
ع ج: علم الجبر (الجبراء)
مص: مصدر
ف: علم الفیزیاء (طبیعیات)
ا ع: اصطلاح عسکری
ص: صناعت
ن: علم نباتات
ع ا: علم اعضاء
مفع: اسم مفعول
حی: علم الحیل (قانونی داؤ، چال)
ط: علم مطبخی
ع ح: علم حساب
مث: مثنّٰی
ف ج: فنون جمیلہ
طب: طب

(ب) علامات

ـَ سے مراد ہے کہ مضارع کے عین کلمہ پر زبر ہے۔ یعنی عین کلمہ مفتوح ہے۔
ـُ سے مراد ہے کہ مضارع کے عین کلمہ پر پیش ہے۔ یعنی عین کلمہ مضموم ہے۔
ـِ سے مراد ہے کہ مضارع کے عین کلمہ کے نیچے زیر ہے۔ یعنی عین کلمہ مکسور ہے۔
ـَُِ سے مراد ہے کہ مضارع کا عین کلمہ مفتوح، مضموم اور مکسور ہے۔
○ سے مراد ہے کہ یہاں سے المنجد کے اگلے اصل لفظ تک الفاظ کے جدید معنے بیان کئے گئے ہیں۔

چند قابل توجہ باتیں

۱۔ عربی لغات میں عام طور پر اردو اور انگریزی کے برعکس مصدری معنے بتانے کے لئے پہلے فعل ماضی، پھر مضارع اور اس کے بعد مصدر کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اگر فعل متعدی ہو تو آخر میں مفعول لایا جاتا ہے بعض الفاظ کے ساتھ صلہ جیسے من، عن، ل، الی، فی، علی، فوق، تحت، بین وغیرہ میں سے کوئی صلہ آتا ہے، جس سے معنی یا تو مختلف ہو جاتا ہے یا اس کی توضیح ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ان کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

۲۔ اس لغات کو معانی کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اور ہر مادہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کر کے مرتب کیا گیا ہے۔

۳۔ کسی کلمہ کی تلاش مقصود ہو اور وہ مجرد ہو تو اس کے پہلے حرف کے باب میں دیکھیں اور اگر مزید فیہ ہو تو اسے مجرد بنا کر اور اگر پہلا حرف کسی دوسرے لفظ سے بدلا ہوا ہو تو اسے اس کی اصل کی طرف لوٹا کر، پہلے حرف کے باب میں دیکھیں۔

۴۔ دو چند ثلاثی فعل کو مادہ کے اول میں رکھا گیا ہے جب کہ دو چند رباعی فعل کو، اسی قاعدہ کے مطابق جو اس لغات میں اختیار کیا گیا ہے، فعل ثلاثی الاصل کی طرف لوٹایا گیا ہے، جیسے صمصم کو اس کی اصل صمّ کی طرف لوٹایا گیا ہے۔ مَلْمَلَ کا ذکر مادہ مَلَّ کے ساتھ کیا گیا ہے اور دَحْرَجَ کو اس کے مادہ دحر میں رکھا گیا ہے۔

۵۔ علامت (ـ) اگر فعل کی جگہ ہو جیسے: اَشْکَلَ الامرُ: التبس (معاملہ کا مبہم ہونا) اور اس کے بعد مثلاً و ـــ الکتابَ: قیَّدہ بالحرکات

(تحریر پر حرکات لگانا) ہو تو سمجھا جائے گا کہ و ـــــ الکتاب: دراصل اشکل الکتاب ہے۔ اگر یہ علامات (-) فعل کی جگہ نہ ہو بلکہ کسی اور ترکیب میں آئے، تو دیکھنا چاہئے کہ اس سے پہلے کیا کہا گیا ہے۔ مثلاً الوقفة: المرة (اسم مرّة) کے بعد ہے و ـ من الترس: اور لکھا ہے کہ وہ کالوقف ہے یعنی وقف کے مانند ہے۔ لہٰذا معنی کا تعین کرنے کے لئے وقف کا لفظ دیکھنا ہوگا۔ المنجد میں ہم دیکھتے ہیں کہ الوقف کے معنے بتا کر و ـ من الترس کا معنی: ما یستدیر بحافته من قرن او حدید و غیر ذلك دیا گیا ہے جس کا معنی "ڈھال کے گرد کا حلقہ جو سینگ یا لوہے وغیرہ کا بنا ہوا ہو" ہے۔ لہٰذا الوقفة من الترس کا معنی بھی وہی ہوگا جو الوقف من الترس کا ہے۔

٦۔ اسی طرح القلیص: الکثیر (بہت) اور و ـــ من المیاہ: المرتفع (ختم ہونے والا پانی) میں و ـــ من المیاہ دراصل القلیص من المیاہ ہے۔

٧۔ کسی فعل کے ساتھ جو کچھ مذکور ہو وہ اس سے مقید نہ سمجھنا چاہئے بلکہ ایسا اکثر بطور مثال بیان کیا جاتا ہے۔ جیسے رَاثَ الفرسُ کا معنی گھوڑے کا لید کرنا ہے تو رَاثَ (لید کرنا) صرف گھوڑے سے مخصوص نہیں بلکہ ہر کھر دار جانور کے لئے بولا جاتا ہے۔

٨۔ اضافی حصوں میں علامات کی تشریح:

فعل کے بعد ہ: کوئی شخص (نصبی حالت میں)

ه: کوئی چیز (نصبی حالت میں)

ھا: زندہ مخلوق کی مؤنث (نصبی حالت میں)

ھم: لوگوں کا ایک گروہ (نصبی حالت میں)

ه سے مراد یہ بھی ہے کہ یا تو وہ مفعول بہ ہے یا مفعول فیہ ہے۔

مثال کے طور پر قَتَلَہٗ کا معنی ہے کسی شخص کو قتل کرنا (مختصراً: کو قتل کرنا) حَدَّثَہٗ: کا معنی ہے: کسی شخص سے بات چیت کرنا (مختصراً: سے بات چیت کرنا)۔ حَدَّثَ ہ ه/ب: کا معنی ہے کسی شخص کو کچھ بتانا (مختصراً: کو کچھ بتانا) اور حَدَّثَ ہ ه/ب/من/فی: کا معنی کسی شخص کو کوئی بات کسی شخص یا چیز کے بارے میں بتانا (مختصراً: کو کچھ کے بارے میں بتانا)، جب کہ حَدَّثَ ہ عن/فی کا معنی ہے کسی شخص سے کسی شخص یا چیز کے بارے میں گفتگو کرنا۔ دَخَلَ ه کا معنی ہے کسی چیز میں داخل ہونا (مختصراً میں داخل ہونا) ظاہر ہے داخل ہونا سے مراد کسی جگہ میں داخل ہونا ہی ہوگا لہٰذا وہ جگہ کوئی کمرہ، عمارت وغیرہ کچھ بھی ہو سکتی ہے۔ اگر کوئی شخص کسی مسجد میں داخل ہوا ہے تو کہا جائے گا دَخَلَ مسجداً اور اگر وہ معرفہ بالسلام ہے تو کہا جائے گا دخل المسجدَ: وہ اس مسجد میں داخل ہوا اس صورت میں ه مفعول فیہ کی قائم مقام ہوگی۔ اسی طرح ہ: اگر کسی نے زید نامی شخص کو مارا پیٹا ہے تو کہا جائے گا ضَرَبَ زیداً: اس نے زید کو مارا پیٹا۔ (مختصراً: کو مارا پیٹا)۔ بعض افعال دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتے ہیں تو اس کو اس طرح ظاہر کیا گیا ہے: اَلْبَسَ ہ ه: کسی شخص کو کچھ پہنانا (مختصراً: کو کچھ پہنانا) اگر اسے قمیض پہنائی گئی تو کہیں گے اَلْبَسَہٗ قمیصاً: کسی شخص نے اس شخص کو قمیص پہنائی۔ اگر زید کو قمیص پہنائی تو کہیں گے اَلْبَسَ زیداً قمیصاً: اگر فاعل مؤنث ہو تو فعل ماضی اور مضارع بھی مؤنث ہوگا۔ جیسے: وَلَدَتِ الارضُ النباتَ: زمین کا نباتات اگانا۔ ه کا مفعول بہ ہونے کی مثال: قَطَعَ ه: کسی چیز کو کاٹنا (مختصراً: کو کاٹنا) معنی بیان کرنے کے لئے عموماً فعل ماضی مطلق کا واحد مذکر غائب کا صیغہ استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ حسب موقع اس کی جگہ کوئی اور صیغہ استعمال کریں گے تو معنی میں اس کے مطابق تبدیلی آجائے گی۔ مثلاً آپ کہیں: میں نے دیکھا تو کہا جائے گا: رَأَیتُ: ہم نے دیکھا: رَأَینَا: انہوں نے دیکھا: رَأَوا: اسی طرح رَأَتْ: اس عورت نے دیکھا۔ رَأَی: اس مرد نے دیکھا۔ تو نے دیکھا: رَأَیتَ تم نے دیکھا۔ رَأَیتُم وغیرہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

(جو المنجد فی اللغۃ کے ۱۷ویں ایڈیشن سے متعلق ہے اور اس کے ۲۳ویں ایڈیشن سے لیا گیا ہے)

المنجد نصف صدی سے طالب علموں اور ادیبوں کا رفیق ہے۔ اس کی تجدید کی جاتی رہی ہے، تاکہ خواص وعوام کے سامنے مثالی عربی ڈکشنری بن جائے۔

اس کا ذخیرہ الفاظ دراصل پادری لویس معلوف الیسوعی کی منجد سے ماخوذ، کیتھولک پریس کا ایک نفیس ورثہ ہے۔ اس میں سینکڑوں الفاظ اور معاصرین کی زبان کے جدید معانی کے علاوہ ہزار سے زائد اہل علم اور علم ومعرفت کے مختلف شعبوں کے ماہرین کی اصطلاحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

مزید افادیت کی غرض سے، ہم نے بہت سے قدیم وجدید الفاظ کو علمی تشریح، رائج الوقت تعریف اور آج کل کے انداز بیان سے واضح کیا ہے اور پیچیدہ الفاظ کی ممکن حد تک وضاحت کی ہے۔

مزید برآں، ہم نے 'مادری' زبان کے ذکر میں، جس سے اجنبی الفاظ متعلق ہیں، اسی طرح پوری کوشش کی ہے جس طرح علم کے میدانوں: طب، زراعت، کیمیا، علم نباتات وغیرہ کی تعیین میں، جس کے بعض الفاظ بطور تخصص ومہارت استعمال ہوتے ہیں۔

اس تجدید کا فیصلہ کرتے وقت، ہمارے پیش نظر زیادہ اہمیت کی حامل یہ سوچ تھی کہ اس عربی ڈکشنری کے استعمال کو آسان بنانے کا طریقہ معلوم کیا جائے، چنانچہ بار بار کے تجربہ اور طویل محنت وجانفشانی کے بعد زبان کی روح اور ڈکشنریوں کی روایات برقرار رکھنے کا طریقہ دریافت کرنے میں خاطر خواہ کامیابی ہوئی۔ یہ بات ظاہر ہے کہ ثلاثی اور رباعی اصل کے متعدد معانی ہوتے ہیں، جن میں سے مثال کے طور پر کچھ تو دوسروں سے نکلتے ہیں جیسے مجازی، حقیقی سے اور کوئی دوسرے سے مختلف ہوتا ہے، جس کی وجہ سے دونوں کے معنوں میں موازنہ کا پہلو پیدا کرنا ممکن ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم نے ان اصل معانی کی طرف رجوع کے ذریعے ان کی درجہ بندی کی، بعد ازاں، ان مختلف معانی میں سے ہر معنی کے ضمن میں، ان کے مشتقات کو روایتی انداز میں مرتب کیا۔ ہمیں کچھ آسانیاں پیدا کرنے کی بھی توفیق ہوئی، جن کا ذکر ہم نے منجد کے جدید استعمال کی کیفیت کی تشریح میں کیا ہے۔

ہر "بنیادی لفظ" کو، خواہ اصل ہے یا مشتق، سرخ رنگ سے طبع کرنے کی غرض محض کتاب کا استعمال آسان بنانا اور قارئین کا وقت بچانا ہے۔ (عربی المنجد میں)

ہماری نگاہ سے یہ بات اوجھل نہیں کہ ہمارا طریقہ بالکل بے عیب نہیں ہوسکتا، تاہم منفعت کی فراوانی کے علاوہ کامیاب جدوجہد کے مقابلہ میں نقطۂ آغاز سے قریب تر ضرور ہے۔ اغلب گمان یہ ہے کہ ہمارا یہ عمل اغلاط سے خالی نہیں ہوگا، لہٰذا ارباب لغت سے درخواست ہے کہ وہ از راہ کرم ہمیں ہماری غلطیوں سے مطلع فرمائیں۔

اس کام میں، محنت اور صبر وتحمل کے سات سال لگے۔ اس میں لغوی، فنی اور پیشہ ورانہ مہارت کے حامل دسیوں، دوستوں اور معاونین نے حصہ لیا ہے۔ لیکن المنجد کے لغوی متن کی تجدید میں زیادہ تر حصہ پروفیسر کرم البستانی، ماہر علم نباتات پادری الیسوعی بولس موترد اور پروفیسر

عادل انبوبا کا ہے۔ موخر الذکر پروفیسر کئی سال سے ریاضیات اور طبیعیاتی علوم کی تمام فروع میں عربی لغت کے احیاء پر ثابت قدمی سے کام کر رہے ہیں۔

مخفی نہ رہے کہ ان سب نے کسی نہ کسی خاص میدان، تحقیق اور تراجم پر عرب ممالک کے علماء اور ماہرین لسانیات کی تصنیف کردہ لغات سے استفادہ کیا ہے۔

جہاں تک پروفیسر انطون نعمہ کا تعلق ہے، تو انہوں نے خاص طور پر الفاظ کے مُعانی کی درجہ بندی اور ترتیب میں دلچسپی لی۔ ان کا یہ کام مشکلات سے خالی نہ تھا۔

اس طرح، المنجد بالآخر موجودہ شکل کو پہنچی ہم عمل کی اس دستاویز، کلام کی کلید اور علوم کی دولت کو، جو کوئی آسان کام نہیں، قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

بیروت ۱۵ اگست ۱۹۶۰ء

کیتھولک پریس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض مترجم

جہاں عربی کو یہ فوقیت ملی ہے کہ وہ متعدد ممالک کی مادری زبان ہے، وہاں یہ شرف عظیم بھی اس کے حصے میں آیا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اُسے اپنے آخری نبی ﷺ پر اپنی آخری کتاب قرآن مجید نازل کرنے کے لئے منتخب فرمایا۔ قرآن مجید سے پہلے کی تمام وہ زبانیں جن میں صحف سماویہ نازل ہوئے اب کہیں نہیں بولی جاتیں اور نہ ہی وہ صحف اپنی اصل زبان میں دستیاب ہیں۔ صرف ان کے ترجمے ملتے ہیں جب کہ قرآن مجید انہی الفاظ اور اسی ترتیب سے آج بھی موجود ہے۔ جن الفاظ اور جس ترتیب میں اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ نے اسے امت کے سپرد کیا تھا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی کریم ﷺ کے مابین تقریباً ٦٠٠ سال کا زمانی وقفہ ہے، جو کوئی بہت بڑا عرصہ نہیں۔ لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ملنے والی انجیل حیرت انگیز طور پر ناپید ہے اور اس کی جگہ چار انجیلوں نے لے رکھی ہے، جن کے مصنفین متی، یوحنا، لوقا اور مرقس ہیں۔ **المنجد فی الاعلام** میں انجیل کے عنوان کے تحت لکھا ہے: **الانجیل کلمة یونانیة معناها البشارة و الاناجیل مجموعة اعمال المسیح و اقواله و صلت الینا باربع روایات و ضعها متی و یوحنا و هما من الرسل و لوقا و مرقس و هما من تلامیذ المسیح سمیت بالانجیل لأنها أتت للانام ببشری الخلاص عن المسیح الفادی** (انجیل یونانی لفظ ہے، جس کا معنی خوشخبری ہے۔ اناجیل مسیح کے اعمال واقوال کا مجموعہ ہے، جو ہم تک چار روایات کے ذریعے پہنچا، جن کے واضعین متی اور یوحنا آپ کے حواری اور لوقا اور مرقس آپ کے شاگرد تھے۔ اس مجموعہ کو انجیل کا نام دیا گیا، کیونکہ یہ لوگوں کے پاس نجات دہندہ مسیح کی مدد سے نجات کی خوشخبری لے کر آیا۔

عربی زبان علمی، ادبی، ثقافتی وغیرہ ہونے کے ساتھ ساتھ زندگی کے تمام شعبوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے، متعدد خصوصیات اور گونا گوں صلاحیتوں کی حامل ہے اور اس کی دینی حیثیت مسلم ہے۔ اس زبان کی وسعت کا یہ حال ہے کہ آئے دن نت نئی ہونے والی ایجادات، جن کے نام ان کے موجدوں کی طرف سے رکھے جاتے ہیں، ماہرین لسانیات بآسانی انہیں عربی جامہ پہنا دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ٹیلیفون کے لئے عربی میں **هاتف**، موبائل کے لئے (جو دراصل موبائل ٹیلیفون ہے) **هاتف متحرك** یا **هاتف جوّال** یا **هاتف نقال**، کمپیوٹر کے لئے **العقل الالکترونی**، انسٹ (inset) کے لئے جو بڑی فوٹو کے کسی کونہ میں چھوٹی تصویر کے معنی میں ہے، **اطار** ہے۔ جب کہ پہلے سے یہ لفظ (اطار) فریم، عینک کے فریم، پہیے کے ٹائر اور پہیے اور پیپے کے گرد کڑے کے معنوں میں مستعمل ہے۔ ہر قسم کی گاڑیوں کے پہیوں کے ٹیوب کو **اطار داخلی** کہا جاتا ہے۔ اور پہیئے کے رم (Rim) کے لئے **اطارة** کا لفظ استعمال ہو رہا ہے۔ آج کل میڈیا (Media) عربی میں **وسائل الاعلام** کے معنی میں ہے۔ **وزیر الإعلام** وزیر اطلاعات کے معنی میں اور اس سے صفت کا صیغہ اعلامی ہے۔ جیسے **الحرب الاعلامیة** یعنی میڈیا جنگ (Media War) میں۔ ان دنوں دہشت گردی کا بڑا چرچا ہے۔ عربی میں اس کے لئے **ارهاب** کا لفظ ہے اور دہشت گرد (اسم) اور دہشت گردانہ (صفت) کے لئے **ارهابی** جمع **ارهابیون**۔ دہشت گردی کی کارروائیوں کے لئے **العملیات الارهابیة** جب کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو **محاربة الارهاب** یا **الحرب علی الارهاب** کہا جاتا ہے۔ عربی میں انگریزی وغیرہ کے الفاظ کا استعمال بہت کم ہے۔ اس کے

برعکس ہمارے ہاں عموماً انگریزی لفظ کو من وعن اپنالیا جاتا ہے۔ مثلاً ٹیلیفون، سٹیشن، موبائل، ریلوے سٹیشن وغیرہ کا استعمال عام ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں برطانوی راج کے آخری ایام میں تو کالجوں کے طلبہ اس قسم کی زبان بولنے لگے تھے، جیسے اس مثال سے ظاہر ہے: ’’میں اس matter میں آپ کے father کی opinion کے entirely against ہوں۔ گذشتہ چند سالوں کے دوران تو ایک اور گل کھلا۔ لاہور ریلوے سٹیشن کی عمارت کی پیشانی پر انگریزی میں جو بورڈ آویزاں کیا گیا، اس پر تحریر ہے Lahore Railway Station جب کہ اسی عبارت کا اردو میں اسٹیشن کے کسی اور نمایاں مقام پر بورڈ لگانے کی تکلیف بھی برداشت نہیں کی گئی، جو قومی بے حسی اور ذہنی غلامی کی افسوسناک مثال ہے۔

مزید برآں حکومت کی طرف سے بصرف زرکثیر، اکل وشرب کے بازار آراستہ کئے گئے ہیں، جن کا نام Food Streets رکھا گیا ہے۔ اس سے برسراقتدار طبقہ کے غلط قبلہ کی نشاندہی ہوتی ہے۔ تعلیم کی فراہمی حکومت کی ایک اہم ذمہ داری ہے، لیکن تعلیمی اداروں کو نجی ملکیت میں دیا جارہا ہے جس سے حصول تعلیم از حد گراں ہو جائے گا اور غریبوں کے بچے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہو جائیں گے۔ شرح خواندگی زبردست حد تک گر جائے گی اور ملک پسماندہ تر ہو جائے گا۔ ایسے اقدامات ملک عزیز کے لئے سخت ضرررساں ہیں۔ ہمارے دینی مدارس کا نصاب تعلیم اصلاح طلب ہے، ان سے فارغ التحصیل ہونے والے قابل رشک قابلیت کے حامل نہیں ہوتے۔ ایک اسلامی ملک ہونے کے ناطے، عرب ممالک سے ہمارے تعلقات صرف دینی نوعیت کے نہیں ہونے چاہئیں بلکہ ضروری ہے کہ یہ تعلقات سیاسی، تجارتی، سائنسی، فوجی وغیرہ تمام میدانوں میں استوار ہوں۔ عرب ممالک سے روابط بڑھانا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ جس کے لئے عربی میں مہارت ہونی چاہئے۔ خصوصاً عصر حاضر میں جدید عربی سے واقفیت ضروری ہے۔ اس مقصد کے حصول کی خاطر خاکسار نے اس لغات میں، ناشرین کی اجازت سے، ہنس ویئر Hans wehr کی عربی انگریزی ڈکشنری سے ایک بڑے ذخیرۂ الفاظ کا ترجمہ کر کے اضافہ کیا ہے۔ یہ ڈکشنری لکھی جانے والی عصری عربی کے الفاظ پر مشتمل ہے۔ امید ہے یہ سعی قارئین کے عصر حاضر کے جدید تقاضوں کو بڑی حد تک پورا کرنے میں ممد ومعاون ثابت ہوگی۔

عصمت ابوسلیم
سابق مترجم، عراقی سفارت خانہ، اسلام آباد

ثلاثی مزید فیه افعال کے اہم اغراض

فَعَّلَ:

۱۔ تعدیة: جیسے فَرَّحْتُهُ: میں نے اسے خوش کیا۔

۲۔ تکثیر: جیسے قَطَّعْتُ الحبلَ: میں نے رسی کے کئی ٹکڑے کئے۔

۳۔ نسبت: جیسے کَفَّرتُهُ: میں نے اس کی کفر کی طرف نسبت کی۔

۴۔ سلب: جیسے قَشَّرتُ العودَ: میں نے لکڑی کی چھال اتاری۔

۵۔ اسم سے فعل بنانا: جیسے خَيَّمَ القومُ: لوگوں نے خیمے نصب کئے۔

فَاعَلَ:

۱۔ مشارکت: (ایک کا دوسرے کے ساتھ وہی کچھ کرنا جو دوسرا اس سے کرے اور یوں ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی: جیسے ضارب زيدٌ عمرا: زید اور عمر باہم لڑے۔

۲۔ تکثیر: جیسے ضَاعَفَ ہ: کو دگنا کرنا، دوچند کرنا۔

۳۔ بمعنی اَفْعَلَ: عافاك اللّٰه: اللہ نے اسے صحت وعافیت دی۔ باعَدْتُه: میں نے اسے دور کر دیا۔

۴۔ فَاعَلَ: کا ثلاثی مجرد کے معنی میں ہونا: سَافَرَ زيدٌ: زید سفر کے لئے روانہ ہوا۔ قَاتَلَهُ اللّٰهُ: اللہ نے اس پر لعنت کی۔ بارَكَ اللّٰهُ فيه: اللہ نے اسے بابرکت بنایا۔

اَفْعَلَ:

۱۔ تعدیة: اَكْرَمْتُ الرسولَ: میں نے قاصد کی تعظیم۔

۲۔ دخول: اَمْسَى ابنُ السبيلِ: مسافر شام میں داخل ہوا۔ أَصْبَحَ: وہ صبح میں داخل ہوا۔

۳۔ کسی جگہ کا قصد کرنا: جیسے أَحْجَزَ: اس نے حجاز کا قصد کیا۔ أَعْرَقَ: اس نے عراق کا قصد کیا۔

۴۔ جس سے فعل مشتق ہو اس کا فاعل میں پایا جانا: أَثْمَرَتِ الشجرةُ: درخت پھل دار ہوا (ثمر بمعنی پھل)

۵۔ مبالغه: جیسے أَشْغَلْتَهُ: میں نے اسے بہت مشغول کیا۔

۶۔ وجدان: جیسے اعظمته: میں نے اسے عظیم پایا، اَحْمَدْتُهُ: میں نے اسے محمود پایا۔ أَكْبَرْتُهُ: میں نے اسے بڑا پایا۔

۷۔ صیرورت: جیسے أَفْقَرَ البلدُ: شہر اجاڑ ہو گیا۔

۸۔ عرض: اَبَاعَ العبدَ: اس نے غلام کو بیچنے کے لئے پیش کیا۔

۹۔ سلب: جیسے أَشْفَى المريضُ: مریض کی صحتیابی جاتی رہی۔

۱۰۔ حینونة: جیسے أَحْصَدَ الزرعُ: فصل کی کٹائی کا وقت آ گیا۔

۱۱۔ کبھی أَفْعَلَ کا ثلاثی مجرد کے معنی میں آنا، جیسے: اَقَلْتُ البَيْعَ: میں نے فروخت منسوخ کر دی۔

ثَفَعَّلَ:

۱۔ مطاوعتِ فعَّلَ: كَسَّرْتُ الزجاجَ فتكسَّرَ: میں نے شیشہ توڑا تو وہ ٹوٹ گیا۔

۲۔ تکلّف: جیسے تَشجَّعَ عمرو: عمر نے خود کو بہادر ظاہر کیا (وہ بہادر بنا)

۳۔ اتّخاذ: جیسے تَبَنَّيْتُ يوسفَ: میں نے یوسف کو بیٹا بنالیا۔

۴۔ تجنّب: جیسے تَهَجَّدَ: وہ رات کو جاگتا رہا (سونے سے پرہیز کیا) تَأَثَّمَ: وہ برائی سے بچا۔ تَذَمَّمَ: اس نے مذمت چھوڑ دی۔

۵۔ صیرورت: جیسے تَأَيَّمَتِ المرأةُ: عورت بیوہ ہوگئی۔

۶۔ تدریج: تَجَرَّعَ: اس نے گھونٹ گھونٹ کر کے پیا۔

۷۔ طلب: جیسے تَعَجَّلَ الشئَ: وہ چیز کی جلدی کا طالب ہوا۔ تَبَيَّنَهُ: وہ وضاحت کا خواہاں ہوا۔

۸۔ اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحجرَ: اس نے پتھر کو تکیہ بنایا۔

۹۔ انتساب: جیسے تَبَدَّى: وہ بادیہ سے منسوب ہوا، بدوی ہوگیا۔

تَفَاعَلَ:

۱۔ مشارکت: تَصَالَحَ القومُ: لوگوں نے ایک دوسرے سے صلح کی۔ تَشَارَكَ الرجُلانِ: ان دو مردوں نے ایک دوسرے سے شراکت۔

۲۔ مطاوعتِ فَاعَلَ: جیسے باعدتُهُ فَتَبَاعَدَ: میں نے اسے دور کیا تو وہ دور ہوگیا۔

۳۔ تخییل: جیسے تَمَارَضْتُ: میں نے خود کو بیمار ظاہر کیا۔

۴۔ تدریج: جیسے تَوَارَدَ القومُ: لوگ ایک ایک کر کے آئے۔

۵۔ مجرّد کے معنی میں ہونا: جیسے تَعَالَى و تَسَامَى: اللہ بلند و بالا ہے (عَلَى اور سما کے بھی یہی معنی ہیں)

اِفْتَعَلَ:

۱۔ مطاوعتِ فَعَلَ: جیسے جَمَعْتُهُ فَاجْتَمَعَ: میں نے اسے اکٹھا کیا تو وہ اکٹھا ہوگیا۔

۲۔ اسم سے فعل بنانا: جیسے اِخْتَبَزَ: اس نے روٹی پکائی (خبز بمعنی روٹی)

۳۔ مبالغہ: جیسے اِكْتَسَبَ: اس نے کوشش کر کے کمایا۔

۴۔ طلب: جیسے اِكْتَدَّ فلانا: کسی سے محنت کا طالب ہونا۔

۵۔ فَعَلَ کے معنی میں ہونا: جیسے اِجْتَذَبَ: اس نے کھینچا (جَذَبَ کا بھی یہی معنی ہے)

۶۔ تَفَاعَلَ کے معنی میں ہونا، جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ: باہم جھگڑنا۔

اِنْفَعَلَ:

۱۔ مطاوعتِ فَعَلَ: كَسَرْتُهُ فَانْكَسَرَ: میں نے اسے توڑا تو وہ ٹوٹ گیا۔

۲۔ مطاوعتِ اَفْعَلَ (اس کا استعمال بہت کم ہے): جیسے اَزْعَجَهُ فَانْزَعَجَ: اس نے اسے پریشان کیا تو وہ پریشان ہوگیا۔ اَصَارَهُ فَانْصَارَ: اس نے اسے جھکایا تو وہ جھک گیا۔

(باب انفعال ہمیشہ فعل لازم ہوتا ہے اور ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق ظاہری اعضاء سے ہو)

اِفْعَلَّ:

۱۔ صفت میں داخل ہونے پر دلالت: جیسے اِحْمَرَّ البُسر: گدر کھجوروں میں سرخی آگئی۔

۲۔ مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ: رات کی تاریکی بڑھ گئی (یہ باب اکثر رنگوں اور عیوب کے معنوں میں آتا ہے)

اِسْتَفْعَلَ:

۱۔ طلب: جیسے اِسْتَغْفَرَ: اس نے مغفرت طلب کی۔

۲۔ وجدان: جیسے اِسْتَعْظَمَ الامرَ و اِسْتَحْسَنَهٗ: اس نے معاملہ کو بڑا اور اچھا پایا۔

۳۔ تحوّل: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطینُ: مٹی پتھر بن گئی۔

۴۔ تکلّف: جیسے اِسْتَجْرَأَ: اس نے جرأت دکھلائی۔

۵۔ مطاوعت: جیسے أَرَاحَهٗ فَاسْتَرَاحَ: اس نے اسے آرام پہنچایا تو اس نے آرام پایا۔

۶۔ موافقت مجرّد: جیسے اِسْتَقَرَّ بمعنی قَرَّ: ٹھہرنا۔

اِفْعَوْعَلَ:

۱۔ مبالغہ: جیسے اِحْقَوْقَفَ: وہ بہت لمبا اور ٹیڑھا ہوگیا۔ اِحْدَوْدَبَ: وہ بہت کبڑا ہوگیا۔

۲۔ مجرّد کے معنی میں ہونا: جیسے اِحْلَوْلَی التمرُ: کھجور میٹھی ہوگئی۔

اِفعَوَلَّ:

۱۔ مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ: وہ بہت تیز دوڑا۔ اِحْمَارَّ: وہ بتدریج بہت سرخ ہوگیا۔ (یہ باب رنگوں اور عیوب سے مخصوص ہے)

تَفَعْلَلَ:

مطاوعت زَعْزَعَ: جیسے زَعْزَعْتُهٗ فَتَزَعْزَعَ: میں نے اسے سخت حرکت دی تو وہ ہل گیا۔ (زَعزع رباعی مجرّد ہے اور تَزَعْزَعَ رباعی مزید فیہ)

اِفْعَلَلَّ و اِفْعَنْلَلَ:

یہ دونوں فعل مبالغہ کا معنی دیتے ہیں، جیسے اِحْرَنْجَمَتِ الابلُ: اونٹ ڈھیر کی صورت میں اکٹھے ہوگئے۔ اِقْشَعَرَّ جِلْدُهٗ: وہ کانپ کر سمٹ گیا۔

(علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں، لیکن انہیں طوالت کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا ہے، ابواب مزید فیہ کی اکثریت سماعی ہے۔ لہٰذا ہر مجرد سے قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ ان کا مدار کتب لغت پر ہے)۔

مشتقات:

فعل سے مشتق اسماء مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) مصدر (۲) اسم مرّہ (۳) اسم نوع (۴) اسم مکان (۵) اسم زمان (۶) اسم آلہ (۷) اسم فاعل (۸) اسم مفعول (۹) صفت مشبہ (۱۰) افعل التفضیل (۱۱) مبالغہ

مصدر :

ثلاثی مجرّد کے مصادر قیاسی نہیں۔ ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن مشہور حسب ذیل ہیں:

۱۔ پیشہ کے معنوں پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فِعَالَة، جیسے زراعة، تجارة حیاکة۔

۲۔ امتناع کے معنوں پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فِعَال ہے جیسے اِباء، ثِراد، جماح۔

۳۔ اضطراب کے معنی پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فَعَلَان ہے، جیسے غَلَیَان، جَوَلَان، خَفَقَان۔

۴۔ امراض پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فُعَال ہے، جیسے: صُدَاع: زکام، دُوَام

۵۔ سیر پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فَعِیل ہے، جیسے: رَحِیل، ذَمِیل۔

۶۔ آواز پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فُعَال اور فعیل ہے، جیسے: صُرَاح، زَئِیر۔

۷۔ رنگوں پر دلالت کرنے والے مصادر کا وزن فُعْلَة ہے جیسے: حُمْرَة، زُرْقَة، خُضْرَة۔ اگر ان پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

۱۔ فَعُلَ کا مصدر فُعُولَة یا فَعَالَة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُولَة، نَبَاهَة، فَصَاحَة۔

۲۔ فعل لازم (فَعِلَ) کا مصدر فَعَلَ آتا ہے، جیسے: فَرَح، عَطَش، بَلَج۔

۳۔ فَعَلَ لازم کا مصدر فُعُول پر آتا ہے جیسے: قُعُود، خُرُوج، نُهُوض۔

۴۔ فَعِلَ اور فَعَلَ سے متعدی کا مصدر فَعْلٌ آتا ہے جیسے فَهْم، نَصْر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی مجرد کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔

۱۔ فَعَّلَ کا مصدر تَفْعِیل: جیسے فَرَّحَ سے تَفْرِیح کبھی تَفْعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے، جیسے وَسَّعَ سے تَوْسِعَة، قَدَّمَ سے تَقْدِمة: اگر ناقص (مہموز اللام) ہو تو اکثر تَفْعِلَة آتا ہے اور تَفْعِیل بہت کم آتا ہے۔ جیسے: نَبَّأَ سے تَنْبِئَة، وَطَّأَ سے تَوْطِئَة اور هَنَّأَ سے تَهْنِئَة۔ اگر معتل اللام ہو تو صرف تَفْعِلَة آتا ہے، جیسے: حَلَّى سے تَحْلِيَة، زَكَّى سے تَزْكِيَة، اجوف سے فَعَّلَ کا مصدر صرف تَفْعِیل آتا ہے، جیسے: جَوَّفَ سے تَجْوِیف، قَوَّمَ سے تَقْوِیم۔

فَاعَلَ کا مصدر فِعَال اور مُفَاعَلَة آتا ہے، جیسے: قَاتَلَ سے قِتَال و مُقَاتَلَة تاہم جس فعل کا فا کلمہ یا ہو تو مصدر مُفَاعَلَة: آتا ہے، جیسے: یَاسَرَ سے مُیَاسَرَة، یَامَنَ سے مُیَامَنَة، یَاوَمَ سے مُیَاوَمَة اور یِوَام شاذ ہے۔

أَفْعَلَ کا مصدر إِفْعَال ہے، جیسے: أَكْرَمَ سے إِكْرَام، اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو منتقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں، جیسے أَمَاتَ سے إِمَاتَة، أَغَاثَ سے إِغَاثَة اور أَشَارَ سے إِشَارَة ہیں۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّل ہے، جیسے تَقَدَّمَ سے تَقَدُّم

جب لام کلمہ حرف علت ہو تو اس کے آخری الف کو یا میں بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں، جیسے: تَأَنَّى سے تَأَنِّي۔

تَفَاعَلَ کا مصدر تَفَاعُل ہے، جیسے تَقَادَمَ سے تقادُم۔

جب لام کلمہ حرف علت ہو تو اس کے آخری الف کو یا سے بدل کر اس کے ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں، جیسے تَغَاضَى سے تَغَاضِي۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعال ہے، جیسے: اِشْتَرَکَ سے اِشْتِرَاک۔

اِفْعَلَّ کا مصدر اِفْعِلَال ہے، جیسے اِحْمَرَّ سے اِحْمِرار۔

اِنْفَعَلَ کا مصدر اِنْفِعَال ہے جیسے: اِنْطَلَقَ سے اِنْطِلَاق۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے، جیسے: اِسْتَخْرَجَ سے اِسْتِخْرَاج۔

اِسْتَفْعَلَ کا عین کلمہ حرف عِلّت ہو، تو اسے الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں۔ اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں، جیسے: اِسْتِقَامَ سے اِستقامۃ۔

اِفْعَوْعَلَ کا مصدر اِفْعِیلَال ہے، جیسے: اِحْدَوْدَبَ سے اِحْدِیْدَاب۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلَال ہے۔ جیسے: دَحْرَجَ سے دَحْرَجَة و دِحْرَاج۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے، ورنہ سماعی، جیسے وَسْوَسَ سے وَسْوَسَہ اور وِسْوَاس۔

تَفَعْلَلَ کا مصدر تَفَعْلُل ہے، جیسے: تَدَحْرَجَ سے تَدَحْرُج۔

اِفْعَنْلَلَ کا مصدر اِفْعِنْلَال ہے، جیسے: اِحْرَنْجَمَ سے اِحْرِنْجَام۔

اِفْعَلَلَّ کا مصدر اِفْعِلَّال ہے، جیسے: اِقْشَعَرَّ سے اِقْشِعْرَار

فعل مجہول کے لئے کوئی خاص وزن نہیں، فعل معروف کا مصدر اس کا کام دیتا ہے، جیسے: ضُرِبَ سے ضَرْبًا۔

مصدر میمی

مصدر میمی ثلاثی مجرد سے مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے، جیسے: مَنْظَر، مَضْرَب۔ مَرْمَی اس قاعدے سے یہ چھ الفاظ مستثنیٰ ہیں: اَلْمَجِیْ، المَرْجِع، المَسِیر، المَصِیر، اَلْمَشِیب۔

مثال واوی سے جس کا عین کلمہ مکسور یا مفتوح ہو، تو مَفْعِل کے وزن پر آتا ہے، جیسے: مَوْعِد، مَوْجِل جبکہ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر، علامت مضارع کی جگہ میم مضموم لگا کر، جیسے مُنْحدَر، مُضْطَبَر، مُزْدَحَم۔

اسم مرہ و اسم نوع

المرّۃ وہ مصدر ہے جو فعل کے ایک مرتبہ واقع ہونے کو ظاہر کرے، جبکہ اسم نوع وہ مصدر ہے جس سے فعل کی ہیئت اور نوع معلوم ہو۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرة فَعْلَة کے وزن پر آتا ہے، جیسے ضربتُ ضَرْبَةً، اخذتُ اخذة، مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اس کے مصدر کے آخر میں ''ۃ'' کے اضافہ کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے اِلتفتُ التفاتةً و انطلقتُ الطلاقةً اگر مصدر ثلاثی وغیرہ کے آخر میں 'ۃ' ہو تو اسم مرة لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو، جیسے ضربتُه ضربةً واحدةً قاتلتُه مقاتلةً لاغیر وما التفتُّ الیه الا التفاتةً و اجبتُه اجابة فقط۔

ثلاثی مجرد سے اسم نوع کا وزن فِعْلَةً کے وزن پر آتا ہے، جیسے وقفَ وِقْفَةَ الاُسدِ مشی مِشْیَةَ المحتال۔ غیر ثلاثی کے علاوہ، دوسرے ابواب سے اسم مرة کے وزن پر جیسے حسن الانطاقة، قبیح المعاشرة۔

اسم مکان و اسم زمان

اسم مکان وہ ہے جس سے فعل کے واقع ہونے کی جگہ ظاہر ہو اور اسم زمان وہ ہے جو فعل کے وقوع ہونے کا وقت بتلائے۔

اسم مکان اور اسم زمان ثلاثی مجرد سے مَفْعَل کے وزن پر آتے ہیں، بشرطیکہ مضارع کا عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو، جیسے مَطْبَخ، مَذْبَح، لیکن اگر مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر، جیسے: مَجْلِس، مَنْزِل۔ اس قاعدہ سے یہ دس الفاظ مستثنٰی ہیں جو عین کی کسرہ سے آئے ہیں حالانکہ ان کے مضارع کا عین کلمہ مضموم ہے: المَسْجِد، المَشْرِق، المَغْرِب، المَطْلِع، المَجْزِر، المَرْفِق، المَسْكِن، المَنْسِك، المَنْبِت، المَسْقِط

مثال سے اسم زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر آتا ہے، جیسے: مَوْعِد، مَوْجِل، جبکہ ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر، جیسے: مَطْوَى، مَرْمَى۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی طرح آتا ہے جیسے أَخْدَعَ سے المُخْدَع اور أَدْخَلَ سے المُدْخَل۔

یہاں یہ جاننا چاہئے کہ کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کے لئے مَفْعَلَة کا صیغہ مقرر ہے۔ یہ وزن ثلاثی مجرد اور مزید فیہ سے قیاسی ہے، جبکہ بعض کے نزدیک بکثرت آتا ہے، مگر قیاسی نہیں۔ جیسے: مَأْبَلَة (جہاں اونٹوں کی کثرت ہو، مَفْعَاة (وہ جگہ سانپوں کی بہتات ہو) مَسْبَعَة (وہ جگہ جہاں درندے بہت ہوں)۔

اسم آلة

یہ کام کرنے کے آلہ یا اوزار کا نام ہے اور مشتق ہوتا ہے اور صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے۔ اس قاعدہ سے مِصْفَاة، مِرْقَاة اور مِزْمَار مستثنٰی ہیں کیونکہ یہ صَفَا، رَقِيَ اور زَمَرَ سے ماخوذ ہیں اور یہ تینوں فعل لازم ہیں۔ اسم آلۃ کے مندرجہ ذیل تین وزن ہیں

١۔ مِفْعَل: جیسے مِبْرَد۔
٢۔ مِفْعَال: جیسے مِفْتَاح۔
٣۔ مِفْعَلَة: جیسے مِكْنَسَة۔

یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ قاعدے کے خلاف الفاظ حسب ذیل ہیں۔ مُنْخُل، مُدْهُن، مُكْحُلَة، مُدُق، مُسْعُط، مَنَارَة، مُشْط۔ یہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں اور فعل سے اشتقاق کے بغیر ہیں۔ جو اسم آلہ فعل سے مشتق نہ ہو، اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ یہ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم، سِكِّين، فَأْس۔

اسم فاعل و اسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو۔ یہ ثلاثی مجرد سے فاعِل کے وزن پر آتا ہے، جیسے: نَاصِر، ظَالِم، قَائِم۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کی جگہ میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو کسرہ دینے سے بنتا ہے، جیسے: مُكْرِم، مُتَقَدِّم، مُدَحْرِج۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو، یہ ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے، جیسے: مَضْرُوب، مَأخوذ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے علامت مضارع کی جگہ میم مضمون لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کرنے سے بنتا ہے۔ جیسے: يُجَرِّدُ سے مُجَرَّد، يَسْتَخْرِجُ سے مُسْتَخْرَج۔

تنبیہ: قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول میں سے ہر ایک اپنے فعل سے اخذ کیا جائے۔ فعل خواہ مجرد ہو خواہ مزید فیہ، لیکن کچھ الفاظ اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں جیسے أَمْلَحَ سے ماحِل، أَيْفَعَ سے يافع، اعشب سے عاشب، أَحَبَّهُ سے محبوب، أَجَنَّه سے مجنون اور أَحَمَّهُ سے مَحْمُوم، أَزْكَمَهُ سے مَزْكُوم، أَسَلَّهُ سے مَسْلُول، حالانکہ اصل میں کہنا چاہئے تھا: مُمْحِل و مُسَلّ (اس سے درمیانی الفاظ کا قیاس کرلیں)۔

۲۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مفعول، مصدر میمی، اسم مکان اور اسم زمان ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز معنوی قرائن سے ہوتا ہے۔

صفت مشبّہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں کسی حالت کا اثبات پایا جائے اور زمانہ کی قید سے آزاد ہو۔ بخلاف اسم فاعل جس میں زمانہ کی قید پائی جاتی ہے۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں، جیسے: حَسَن، كَرِيم، لَيِّن، سَهْل، صَعْب اگر فعل لون یا عیب یا حلیہ پر دلالت کرتا ہو تو اس کے لئے صفت مشبہ کا وزن افعل ہے، جیسے أَسْوَد، اَعْرَج، أَبْلَح اور ثلاثی مجرّد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صرف ابواب لازمہ سے، جیسے: مُطْمَئِن، مُسْتَقِيم

اسم تفضیل:

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے۔ اس کو افعل التفضيل بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ صفت مشبہ کا ایک وزن افعل بھی ہے۔ کسی فعل سے بنانے کی مندرجہ ذیل شرائط ہیں:

۱۔ فعل ثلاثی ہو، رباعی وغیرہ سے نہ ہو۔

۲۔ صفت کا صیغہ افعل کے وزن پر نہ آتا ہو، یعنی لون، عیب یا حلیہ پر دلالت نہ کرتا ہو۔ اگر ایسا ہو تو اسم تفضیل افعل کے وزن پر آسکتا ہے، جیسے: هذا أَقْبَحُ من ذلك، أَشْنَعُ منه، کیونکہ ان کے صفت کے صیغے قبیح اور شنیع ہیں۔

۳۔ منصرف تام ہو، چنانچہ بئس سے ابأس نہیں کہا جاتا اور كان سے اكْوَن نہیں کہتے۔

۴۔ لازمی طور پر منفی نہ ہو، جیسے: ماعاج بالدواء اس نے دوا سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا) یہ کلمہ ہمیشہ منفی استعمال ہوتا ہے۔ یا عارضی طور پر جیسے ماعلم زيدٌ (زید نے نہ جانا)۔

۵۔ مفاضلة کے لئے موزوں ہونا، چنانچہ فنی سے افنی اور ماتَ سے اموت نہیں کہا جاتا ہے۔

۶۔ معروف ہو۔

بعض الفاظ قاعدہ کے خلاف مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں۔ جیسے مثلاً العود احمد میں احمد حُمِدَ سے اور حاتم اعطى من عَمرو میں اعطى سے اور هذا السِفر أَخْصَر من ذاك میں اختُصِر سے۔

کبھی افعل التفضيل فعل کے بغیر آتا ہے جیسے ما بالبادية أنْوَأُ منه بمعنی اعلم بالانواء ہے۔ انوأ نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھتر کے ہیں۔

خیر اور شر در اصل اَخْيَر اور أشَرّ ہیں کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہوگئے۔ کبھی اصل کے لحاظ سے ہمزہ کے ساتھ بھی آتے ہیں، یعنی کہا جاتا ہے أخير و أشرّ۔

وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنے کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے اشدُّ سواداً، أشد استخراجا۔

اوزن مبالغة:

مبالغوہ ہے جو موصوف کی صفت کی زیادتی ظاہر کرے، مبالغہ کے مشہور تر وزن ۱۵ ہیں اور یہ ہیں:

۱۔	فَعَّالَ	جیسے	عَلَّام و نَصَّار	۹۔	فَعُول جیسے		کَذُوب، وَدُود
۲۔	فَعَّالة.	جیسے	عَلَّامَة، فَهَّامَة	۱۰۔	فاعِلَة	جیسے	راوية
۳۔	مِفْعَال	جیسے	مِكْسَال، مِقْدام	۱۱۔	فُعُل	جیسے	غُفُل
۴۔	فِعِّيل	جیسے	سِكِّير، صِدِّيق	۱۲۔	فَعُولَة	جیسے	فَرُوقة
۵۔	مِفْعِيل	جیسے	مِسْكِين، مِعْطِير	۱۳۔	مِفْعَل	جیسے	مِحْرَب
۶۔	فُعَلَة	جیسے	ضُحَلَة، ضُجُعَة	۱۴۔	فَاعُول	جیسے	فَارُوق
۷۔	فَعِل	جیسے	شَرِه، حَذِر	۱۵۔	فُعَّال	جیسے	كُبَّار
۸۔	فَعِيل	جیسے	رَحِيم، عظيم				

مبالغہ کے تمام اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے بنتے ہیں۔ خلافِ قاعدہ اوزان مبالغہ درّاك، مِعطاء، مِهْوان، مِحْسان، مِتْلاف، مِمْلاق اور مِخْلاف جو بالترتیب أَدْرَكَ، أَعْطى، اَهَانَ، اَحْسَنَ، اَتْلَفَ، أَمْلَقَ و أَخْلَفَ سے بنائے گئے ہیں۔ اور سَمِيع و نَذِير و زَهُوق ہیں جو بالترتیب اسمع، أَنْذَرَ و اَزْهَقَ سے بنے ہیں۔ آپ کے علم میں آنا چاہئے کہ بعض اوزان مبالغہ کے آخر میں تاء تاء تانیث نہیں ہوتی بلکہ مبالغہ کے معنی میں ہوتی ہے جیسے راویۃ ہیں یا مبالغہ میں زور ظاہر کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے مثلاً عَلَّامَة اور فَهَّامَة ہیں۔

۲۔ جب فعيل فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر اور مؤنث میں فرق کیا جاتا ہے، خواہ موصوف ساتھ ہو یا نہ ہو جیسے رجل نصير و امرأة نصيرة و جاء نصير و نصيرة ہیں۔

۳۔ اگر فعيل مفعول کے معنی میں ہو اور موصوف بھی مذکور ہو تو مذکر و مونث یکساں ہوتے ہیں جیسے زید قتيل و اتت المرأةُ جريحۃ ہیں اور موصوف مذکور نہ ہو تو مذکر اور مؤنث میں فرق کیا جاتا ہے جیسے: جاء حبيب و حبيبة ہیں۔

۴۔ اگر فعول فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث یکساں ہوتے ہیں یعنی مذکر لائے جاتے ہیں جیسے يوحنا البتول و مريم البتول ہیں (بتول جو شادی نہ کرے کے معنی میں ہے، حضرت مریمؑ اور حضرت فاطمہؓ کے لئے بتول کا لفظ لقب کے طور پر ہے) موصوف مذکور نہ ہو تو فرق کیا جاتا ہے جیسے جَاءَ بتول و بتولة اگر یہ لفظ مفعول کے معنی میں ہو اور موصوف مذکور ہو یا نہ ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جاتا ہے جیسے هذا رسول و تلك رسولة و جاء رسول و رسولة ہیں (یعنی یہ قاصد (بمعنی مُرْسَل) ہے وہ قاصدہ ہے۔ قاصد اور قاصدہ آئے۔

موصوف مذکر و مونث

مذکر اسم میں کسی علامت کی ضرورت نہیں جو اس کے مذکر ہونے پر دلالت کرے۔ لیکن مونث کی تین علامتیں ہیں جیسے تا جیسے نعمة، قدرة

(۲) الف مقصورہ، جیسے غُذری و فُضْلَیٰ (۳) الف ممدودہ جیسے: سوداء، بیداء یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں۔ ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان علامتوں میں سے کوئی ایک علامت ہو وہ مونث ہے، لیکن مردوں کے نام وہ مذکر ہی رہتے ہیں، خواہ ان کے ناموں کے آخر میں ان علامتوں میں سے کوئی علامت ہو جیسے نخلة، ارطی، خضرا جو مردوں کے نام ہیں، مؤنث لفظی وہ ہے جس میں مؤنث کی علامت ہو، جیسا کہ اوپر بتایا جاچکا ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے جو مؤنث پر دلالت کرے اور اس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ ہو۔ جن اسماء کو مونث معنوی قرار دیا گیا ہے، چار ہیں۔

۱۔ عورتوں کے نام: جیسے: مریم، زینب

۲۔ وہ نام جو عورتوں سے مختص ہوں جیسے: اخت، اُمّ

۳۔ ملکوں، شہروں، قبیلوں کے نام جیسے: شام، مصر، قریش

۴۔ ایسے اعضاء کے نام جو دو دو ہوں جیسے: عین، رجل، اذن لیکن یہ حکم اکثری ہے، کیونکہ صدغ، مرفق، حاجب، خدّ، لحیۃ مذکر ہیں، حالانکہ یہ سب دو دو ہیں۔

لغت میں مؤنث معنوی کے ایسے الفاظ بھی ملتے ہیں، جن میں سے بعض مذکورہ بالا ضوابط کے تحت نہیں آئے، یہ کثیر التعداد ہیں۔ ان میں سے کچھ کا ہم ذیل میں ذکر کررہے ہیں۔ اذن، ارض، ارنب، اصبع، افعی، بئر، جحیم، جهنم، حرب، دار، ذراع، رجل، رِحم، رَحَی، ریح، سقر (جهنم)، سن، ساق، شمس، شِمال، ضبُع، عروض، عصا، عَقِب، عین، فأس، فخِذ، فُلك، قَدَم، قوس، کأس، کتف، کرِش، کف، نار، نعل، ناب، ورك، ید، یمین پھر ہوا کے نام ہیں جیسے صبا، قبُول، جَنُوب، دبُور، شمال، هیف، حرور، سَمُوم وغیرہ۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں، جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں۔ ان میں سے مشہور یہ ہیں:

إبْط، إِزار، حال، حانوت، خَمْر، دِرْع، دلْو، رُوح، زقاق، سبیل، سُرَی، سراویل، سِلاح، سِکّین، سِلم، سُلَّم، سماء، سُوق، صاع، ضُحیً، طِرس، طریق، عَجُز، عضُد، عُقاب، عَقْرَب، عُنُق، عَنْکَبُوت، فردوس، فَرَس، فِهْر، قِدْر، قَفًا، قمیص، کبد، لِسان، مِسْك، مِلح، مَنْجَنیق، مُوسیً، نَفْس، وراء

ان الفاظ کے ساتھ حروف تہجی بھی ملحق ہیں۔

مثنّٰی

مثنّٰی وہ لفظ ہے جو دو کی نمائندگی کرے اور یہ وزن اور حرف میں مطابقت رکھتے ہوں اور اضافہ عطف و معطوف کا قائم مقام ہو۔ کسی اسم کو مثنٰی بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ما قبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور زیادہ کریں۔ جیسے جاء الرجلان و رأیت الرجلین و مررت بالرجلین

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنٰی لائیں گے جیسے عبدا الملك اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مونث میں ذواتا لائیں گے، جیسے ذوا معدی کرب و ذواتا بعلبك کچھ اسماء ایسے ہیں جن کا تثنیہ نہیں مثلاً: بعض، اجمع، جمعاء، کل، واحد و غُرَیْب و دیّار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جنہیں من سے استعمال

کیا گیا ہو جیسے الیدان افضل من الرِجلین۔

اسم منقوص کا تثنیہ

اسم منقوص وہ اسم معرب ہے جس کا آخر یا ماقبل مکسور ہو جیسے القاضِی میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی، جیسے رامٍ سے رامیان، داعٍ سے داعیان ہیں۔

اسم مقصور کا تثنیہ

اسم مقصور وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو، یہ الف یا تو تیسرا ہو یا چوتھا یا اس کے اوپر۔ اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ میں اپنی اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے رجًا رجَوَانِ اور فتًی فَتَیانِ۔ اگر چوتھی جگہ یا اس سے بھی اوپر ہو تو یا سے بدل جائے گا۔ جیسے ذِکریَانِ: لیکن قھقرانِ و خَوَزلانِ خلاف قیاس ہیں۔ قیاس قھقریان اور خوزلیان ہے، یعنی الف کو یاء سے بدل کر۔

اسم ممدود کا تثنیہ

ممدود وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو۔ اگر اس کا ہمزہ تانیث کیلئے ہو۔ جیسے خضراء تو واؤ میں بدل جائے گا اور کہا جائیگا خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو جیسے عشواء تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں جیسے عشواء سے عشواء ان

اگر ممدود کا ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی اس کا باقی رکھنا ضروری ہے۔ چنانچہ آپ کہیں گے لألاء لألا ء ان، قراء قُرّاء ان

اگر ممدود کا ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ مونث کا تو دونوں صورتیں جائز ہیں، جیسے سماء سماء ان و سماوان

ان اسماء کا تثنیہ جن کا لام کلمہ محذوف ہو۔

جب ایسے اسماء جن کا تثیہ بنانا ہو اور ان کا لام کلمہ مخذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو محذوف لام کلمہ واپس آ جائے گا۔ جیسے اب کہ اصل میں ابو تھا اسے تثیہ میں ابوان کہیں گے۔ اسی طرح احوان و حموانِ و غلوان لیکن فم اور ید میں تثنیہ یدان و فمان ہوگا، واؤ واپس نہیں آئے گا۔

ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن اسم میں سنتان، ابنان اور اسمان کہیں گے۔

جمع :

جمع مذکر سالم: وہ ہے جس کے آخر میں حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم ہو یا حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور ہو پھر ان کے بعد ن مفتوحة ہو۔ جیسے مسلمون (حالت رفعی میں) مسلمین (حالت نصبی و جری میں)۔

یہ جمع کسی شخص کے عَلَم کے سوا نہیں آتی۔ اس میں یہ شرط ہے کہ وہ تاء تانیث سے خالی ہو، مفرد ہو مرکب نہ ہو۔ چنانچہ ایسی جمع مثال کے طور پر طلحة کی نہیں بنائی جائے گی، اگرچہ وہ ایک مرد کا عَلَم (نام) ہے۔ کیونکہ اس میں تاء تانیث پائی جاتی ہے۔ بلکہ جمع مونث سالم بنائی جائے گی، نہ ہی معدی کرب، عبدالملك تابط شراً کی جمع مذکر سالم لائی جائے گی بلکہ ایسا عَلَم اپنے لفظ پر مبنی رہے گا اور اس سے پہلے ذوو لگایا جائے گا اور کہا جائے گا ذوو معدی کرب، ذوو تابّط شراً یعنی اس نام والے۔

کچھ ایسے اسماء ہیں جن میں یہ شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کے جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون ، عالمون، عِلّيون و اهلون و بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء تانیت لایا گیا ہو اس کی جمع واؤ نون سے آتی ہے۔ جیسے عِضُون، ثُبُون، مِئُون، عضة، ثبة اور مائة کی جمعیں ہیں۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے، جس کے آخر میں الف اور تاء مبسوطه (ت) بڑھائی جائے۔ جیسے ثمرات، شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اسے حذف کر دیتے ہیں اور اس کا حذف تکسیر نہیں سمجھا جاتا۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

۱۔ ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء تانیث ہو جیسے شجرات (شجرة سے) امراة، شاة، قُلَّة، اَمَة، مِلَّة، شَفَة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

۲۔ ہر وہ اسم جو مؤنث کا عَلَم ہو جیسے مريمات (مریم سے)

۳۔ ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حروف سے زائد ہو، جیسے تعريفات، امتيازات۔

۴۔ ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث ہو، مقصورہ ہو یا ممدودہ جیسے صحراء سے صحراوات، حمّٰى سے حمّيات

ان اسماء مقصورۃ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقاء کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنّٰی میں ہو چکا۔

ان مذکورہ بالا کے علاوہ اسماء میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے جیسے سماوات، ارضات، سجلّات، حمّامات، سُرادقات، شمالات و امهات۔

عجمی اسماء میں سے بعض کی جمع بھی اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع : مکسّر آتی ہے جیسے أساكل، قناصل، بطاركة و كرادلة۔

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح اور فَعْل اور فَعْلَة کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے، جیسے ثَمْرة سے ثَمَرات، رَحْمة سے رَحَمات۔

اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتحہ، دینا، ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے۔ جیسے كِسْرَة سے كِسِرات، كِسَرات و كِسْرات، حُجْرَة سے حُجُرات و حُجَرات و حُجْرات۔

اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع کی صورت میں ہمیشہ ساکن رہے گا۔ خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزة سے جَوْزات، بِيْعة سے بيعات

اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رَمْية سے رَمَيات، رُقْوة سے رُقُوات و رُقَوات و رُقْوات، اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے، فا کا ہمشکل بنانا جائز نہیں۔ جِرِوات شاذ ہے، اس طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی تو بھی مذکورہ بالا دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہ ہوگا۔

اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے تو فك ادغام نہیں ہوگا جیسے ضمّة سے ضمّات اور عزّة سے عزّات

جمع مکسّر:

جمع مُکسّر وہ ہے جس میں واحد کا وزن قائم نہ رہے۔

اس کی تین صورتیں ہیں، (۱) حرکت کی تبدیلی جیسے اَسَد سے اُسُد (۲) ایک حرف کی تبدیلی جیسے رَسُول سے رُسُل (۳) زیادتی سے جیسے رَجُل سے رِجال جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: (۱) جمع قلّت جمع کثرت جمع قلت وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد ظاہر ہو اس کے چار وزن ہیں:

۱۔ اَفْعَال: جیسے اظفار جو ظُفُر کی جمع ہے۔
۲۔ اَفْعُل: جیسے اَنْفُس جو نَفْس کی جمع ہے۔
۳۔ اَفْعِلة: جیسے اَرْغِفَة جو رغیف کی جمع ہے۔
۴۔ فِعْلَة: جیسے فِتْيَة جو فتًى کی جمع ہے۔

اَفْعال اور اَفْعُل کی دوبارہ جمع سے دوسری جمع جمع کثرت بن جاتی ہے۔ افعال کی جمع افاعیل ہے جیسے اظفار سے اظافیر جبکہ اَفْعُل کی جمع أفَاعِل کے وزن پر ہے۔ جیسے اَضْلُع کی جمع اَضَالِع۔ افاعیل اور افاعل کو منتهى المجموع کا صیغہ کہا جاتا ہے۔ اس صیغہ سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک ہوں جیسے مساجد، منابر یا تین حروف ہوں اور درمیانی یاء ساکن ہو۔ جیسے قنادیل و مصابیح۔

تنبیہ: جمع قلت پر الف استغراقی داخل ہو (الف استغراقی وہ ہوتا ہے، جس کی جگہ کل کا لفظ استعمال کیا جا سکے) یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جو کثرت پر دلالت کرے تو جمع قلت کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے یاایها الشیوخ لاتکونوا کالفتیه، احفظوا انفسکم، جمع کثرت وہ ہے جو تین اور اس سے اوپر نا ختم ہونے والی تعداد پر دلالت کرے۔

سعد تفتازانی: کا کہنا ہے کہ جمع قلت تین سے دس تک ہے اور جمع کثرت تین سے نا ختم ہونے والی تعداد ہے فرق انتہاء کی حیثیت سے ہے۔

جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلت کے لئے ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع ہے اور ان میں قلت یا کثرت کا کوئی لحاظ نہیں بلکہ دونوں کے لئے مفید ہیں۔

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہر وہ جمع جس کا صرف ایک وزن ہو اس کا اطلاق قلت و کثرت دونوں پر ہوتا ہے۔ جیسے ارجل، اعناق، افئدة جو رِجل، عُنُق اور فؤاد کی جمع ہیں۔

جمع کثرت کے اوزان:

جمع کثرت کے اوزان تو بہت ہیں لیکن ان میں سے صرف دس قیاسی ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

۱۔ فُعَل: فُعْلَة کی جمع جیسے غُلَب، صُوَر، صُرَر جو غُلْبة، صُورة اور صُرَّة کی جمع ہیں۔

۲۔ فِعَل: فِعْلَة کی جمع جیسے قِطَع جو قِطْعَة کی جمع ہے، لیکن کبھی فِعْلة کی جمع فُعَل کے وزن پہ بھی آتی ہے جیسے لُحَی لِحْيَة کی جمع اور حُلَی حِلْية کی جمع ہے۔

۳۔ فَعَالِل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بَلابِل، حنادِس جو بُلْبُل اور حندس کی جمع ہیں۔ نیز یہ خماسی مجرد اور مزید فیہ کی جمع کا وزن بھی ہے، جیسے سفرجل کی جمع سفارج اور خَنْدِریس کی جمع خَدَارِس۔

۴۔ فَوَاعِل: ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واو یا الف کی زیادتی ہو، جیسے جَوَاهِر، خَوَاتِم جو جَوْهَر اور خَاتَم کی جمع ہیں۔

۵۔ فَعَائِل: ثلاثی کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحائف، رسَائل جو صحيفة و رسالة کی جمع ہیں۔

۶۔ أَفَاعِل افعال (بتثلِث الهمزه) کی جمع جیسے اِصبَع کی جمع اَصَابع، انمُلة کی جمع اَنَامِل اور أَجْدَل کی جمع اَجادِل۔

۷۔ أَفَاعِيل أُفْعُول یا أُفعُولة کی جمع جیسے اراجيز، اساليب جو ارجوزه اور اُسلُوب کی جمعیں ہیں۔

۸۔ فَعالِيل ہر رباعی کی جمع جس کے آخر سے پہلے حرف مدہ ہو جیسے قَرَاطِيس، عصافير جو قرطاس اور عصفور کی جمع ہیں۔

۹۔ مَفَاعِل مِفعَل اور مِفعَلة کی جمع جیسے مَبَاضِع، مَكَانِس جو مِبضَع اور مِكنَسة کی جمع ہیں۔

۱۰۔ مَفَاعِيل مِفعَال، مِفعِيل اور مَفعُول کی جمع جیسے مَفَاتِيح، مَسَاكِين، مَقَادِير جو على الترتيب مِفتاح، مِسكين اور مقدور کی جمعیں ہیں۔

اسم الجمع و شبه الجمع

اسم جمع وہ ہے جس میں جمع کا معنی ہو اور اس کا اسی لفظ سے مفرد نہ آتا ہو۔ جیسے خيل، جمع، قوم، جيش

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنے رکھتا ہو اور واحد کا فرق تاء سے ہو جیسے وَرَق و ثَمَر کیونکہ مفرد ورقة اور ثَمُرة ہیں۔ اسی قبیل سے ہے جس کے واحد اور جمع میں یائے نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرومي الروم کا واحد ہے اور المجوسي المجوس کا مفرد ہے۔

لیکن پہلا غیر ذوی العقول کے لئے ہے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔ ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم: کی جمع اقوام: ثوب کی اثواب، رفقه کی جمع رُفَق، غرفة کی جمع غُرَف، نجم کی انجم، نفس کی انفس روم کی اروام، نار کی انوار،

صفت

صفت وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہے۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں: اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، افعل تفضیل اور اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث: صفت کے صیغہ کو اگر مؤنث بنانا ہو تو اس کے آخر میں تاء لگائیں جیسے صادق سے صادقة، كاذب سے كاذبة، لیکن وہ صفت جو فَعْلان، أَفْعَل، افعل تفضيل کے وزن پر ہو اس کے مؤنث بنانے کے احکام مخصوص ہیں۔

۱۔ فعلان کے وزن پر صفت اس کی مؤنث فَعْلَى کے وزن پر آتی ہے، جیسے عطشان سے عَطْشَى، سَكْران سے سَكْرَى، ظمْآن سے ظَمْأَى، اس قاعدہ کے خلاف اَلْيَان، حَبْلان، خَصْمَان، دَخْنَان، سَخْنَان، صَوْجَان، قَشْوان، مَسَّان، مَوْتَان، نَدْمَان، نَصْران کی مؤنث تاء کے ساتھ آتی ہے۔ فعلان وزن کی کچھ صفات کی مونث فَعْلَى کے وزن پر یا تاء لگانے سے آتی ہے، جیسے عطشان کی مونث عطشى یا عطشانه اور غضبان کی مونث غَضْبَى یا غَضْبَانَة

۲۔ افعل وزن کی صفت کی مؤنث فعلاء کے وزن پر آتی ہے، جیسے ابيض کی بيضاء اور اسمر کی سمراء

۳۔ افعل تفضيل کی مؤنث فُعْلَى کے وزن پر آتی ہے الاكرم کی مونث الكُرْمَى اور الاصغر کی الصغْرَى لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واو کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے أَحْلَى سے حُلْيَا اور اَدْنَى سے دُنيا

کچھ ایسی صفات بھی ہیں جن میں مذکر و مؤنث یکساں ہے۔ یہ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ فَعَّالَة جیسے رجلٌ فَهَّامَة، امرأة فهَّامَة۔

۲۔ مِفْعَال جیسے: رجلٌ مِفْضَال و امرأةٌ مِفْضَال۔ (مِيْقَانة شاذ ہے)

۳۔ مِفْعِيل جیسے: رجلٌ مِعْطِير و امرأةٌ مِعْطِير (مِسْكِيْنَة شاذ ہے)

۴۔ مِفْعَل جیسے: رجلٌ مِغْشَم و امرأةٌ مِغْشَم

۵۔ فُعْلَة و فُعَلَة جیسے: ضُحَكَة (بہت ہنسنے والا)، هُمَزَة (بہت عیب لگانے والا) هُزَءَة و بہت ٹھٹھا کرنے والا)۔

۶۔ فعول فاعل کے معنی میں اور فعیل مفعول کے معنی میں اس وقت آتا ہے جب موصوف مذکور ہو جیسے رجُل صبور، امرأة صبور، غلام قتیل، امرأةُ قتیل (عدوّة شاذ ہے)

اگر موصوف مذکور نہ ہو، تو تاء سے فرق کرنا چاہئے۔ کبھی موصوف مذکور ہونے کے باوجود فعیل مؤنث بالتاء آتا ہے، جیسے: خَاتِمَةٌ سعیدة، عاقبة حمیدة۔

کبھی فعیل فاعل کے معنی میں بھی آتا ہے اور اس کے آخر میں تاء نہیں لگائی جاتی: جیسے امرأة عقیم اور یحی العظام و هی رمیم میں۔

وہ صفات جو عورتوں سے خاص ہوں اور حدوث کا معنی مقصود نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالِق، مُرضِع، حامل۔ اگر یہ مقصود ہو تو تاء آتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے: ارضعت فهی مُرْضِعَة (عورت کا بچہ کے منہ میں پستان ڈال کر دودھ پلانا صفت مُرْضِعَة)

صفت تانیث

صفت ذوی العقول کے لئے جو خواہ وہ مذکر ہوں یا مؤنث تو صفت کی جمع، جمع سالم لائی جاتی ہے، جیسے رجالٌ صادقون، نساء صادقات، لیکن جو صفت أفْعَل فَعْلاء اور فَعْلان فَعْلَى کے وزن پر ہو یا اسم فاعل ناقص سے ہو اور فعیل مفعول کے معنی میں ہوں اور اس کے مطابق، تو ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک مخصوص حکم ہے، جیسا کے ذیل میں ہے:

۱۔ جب صفت أفْعَل فعلاء کے باب سے ہو تو اس کی جمع فُعْل کے وزن پر آتی ہے، جیسے: أحْمَر کی جمع حُمْر، أعْرَج کی جمع عُرْج، لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فا کو جمع میں کسرہ دیا جاتا ہے جیسے أغْيَد، أبْيَض اور أهْيَف کی جمع غِيد، بِيض اور هِيف میں،

۲۔ جب صفت باب فَعْلان فَعْلَى سے ہو اس کی جمع فُعَالَى یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے سُكَارَى و حُيارَى و جِيَاع و غِضَاب جو سکران، حیران، جوعان اور غضبان کی جمع ہیں۔

۳۔ اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَة کے وزن پر آتی ہے جیسے رُمَاة و غُزَاة جو الرامی و الغازی کی جمع ہے اور رماة دراصل رُمَيَة اور غُزَاة غُزَيَة ہے۔

۴۔ جو مادہ ہلاکت، درد یا تشتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول فَعْلَى کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے جَرِيح جمع جَرْحَى، صَرِيْع جمع صَرْعَى و شتیت جمع شتّى۔

- فعیل بمعنی فاعل جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اس سے مربوط کیا جاتا ہے جیسے مَرِيض جس کی جمع مَرْضَى ہے اور اگر فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زَمِن جس کی جمع زَمْنَى ہے اور اگر فَاعِل کے وزن پر ہو جیسے هَالِك جس کی جمع هَلْكَى ہے (مریضة کی جمع آج کل مریضات بھی مستعمل ہے)۔

صفات کی جمع کے باقی قیاسی اوزان چھ ہیں اور وہ فُعَّال، فَعَلَة و فُعَّل و فَوَاعِل و فُعَلاء اور أفْعِلاء ہیں۔

۱۔ فُعَّال اور فعَلَة اس اسم کی جمع ہیں جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے: زُوَّار جو زائِر کی جمع ہے اور صُوّام جو صائِم کی جمع ہے اور کَتَبَة جو کاتِب کی جمع ہے اور ظَلَمة جو ظالِم کی جمع ہے۔

عموماً فعَلَة اجوف سے فاعل کی جمع کے لئے آتا ہے جو کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سَاقَة، باعَة حاكَة (جو اصل میں سَوَقَة، بَيَعة اور حَيَكَة ہیں)۔ ان کے واحد على الترتيب سائق، بائع اور حائك ہیں۔

۲۔ فُعَّل بھی فاعِل کی جمع ہے جیسے: سُجَّد، نُوَّم اور جُوَّع جو بالترتیب ساجد، نائِم اور جائع کی جمعیں ہیں۔

۳۔ فَواعِل فاعِلة کی جمع ہے، چنانچہ کہا جاتا ہے: صواحب، ضَوارِب جو بالترتیب صاحبة اور ضَارِبة کی جمعیں ہیں۔ فَوَاعِل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے جو عورتوں کی صفات کے لئے ہو جیسے عَوَاقِر، حَوَامِل، طَوَالِق جو بالترتیب عاقر، حامل اور طالِق کی جمع ہیں۔

۴۔ فُعَلاَء فعيل بمعنی فاعل کی جمع ہے، جیسے: کُرَمَاء، عُلَمَاء جو کرِيم، علیم کی جمعیں ہیں)۔

۵۔ أفعِلاء مضاعف یا معتل اللام سے فعیل کے وزن پر صفت کی جمع ہے، جیسے: غَنّی کی جمع اغنیاء اور قَوِیّ کی جمع اَقْوِیَاء ہے۔

اسم تفضیل کی جمع سالم ہوتی ہے، جیسے اعظم کی جمع اعظمون، اکرم کی جمع اکرمون، اور جمع مکسَّر اَفَاعِل کے وزن پر بھی آتی ہے، جیسے اَصاغِر اور أَکابِر جو اَصْغَر اور اکبر کی جمع ہیں)۔

مونث اسم تفضیل (فُعْلَی) کی جمع سالم فُعْلَیَات کے وزن پر آتی ہے جیسے عُظْمَیَات و کُرمَیات اور جمع مکسّر فُعَل کے وزن پر بھی آتی ہے جیسے الصُّغَر والکُبَر۔

صیغه منتهى الجمع کی جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارِبات جو ضوارب کی جمع ہے اور اَفَاضِلُون جو افاضِل کی جمع ہے۔

نسبت

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لگانے کا نام نسبت ہے اس کا حکم یہ ہے کہ یاء کے ماقبل مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے، جیسے رجُلٌ لبنانیٌّ۔

اگر منسوب الیہ اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت تو اس کے عین کلمہ کو فتحہ دیا جائے گا چنانچہ فَخِذ میں فَخَذِیّ اور مَلِك میں مَلَکِیّ کہا جائیگا۔

اگر اسم منسوب الیہ رباعی مکسور العین ہو تو افصح یہ ہے کہ اس کے عین کلمہ پر کسرہ باقی رہے جیسے مشرق میں مشرِقیّ، مغرب میں مَغْرِبّی اور یثرِب میں: یثرِبّی

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت کی جائے جس کے آخر میں تائے تانیث ہو تو اس کا حذف کرنا لازمی ہے جیسے ناصِرَة سے ناصِرِیّ۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو نسبت کرتے وقت اسے واو سے بدل دیا جائے گا، جیسے عُصَا سے عصَوِیّ، فتًی سے فَتَوِیّ،

۲۔ اگر چوتھا حرف ساکن ہو اور اصلی ہو تو اکثر اسے واو سے بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے مَرْمَی سے مَرمَوِیّ اور حذف بھی جائز ہے چنانچہ مَرْمِیّ بھی کہہ سکتے ہیں۔

اگر زائد ہو خواہ تانیث کے لئے ہو یا الحاق کے لئے ہو تو حذف کا اختیار ہے اور حُبُلِیّ اور ذفْرِیٌّ کہا جائے گا مگر اسے واوٴ سے بدل کر

حُبْلَوِيّ اور نفرَوِيّ کہنا بھی جائز ہے۔ لیکن جب الف تانیث واو سے بدل جائے تو اکثر اس سے پہلے الف بڑھا دیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے طُوباوِيّ اور دُنیاوِيّ۔

۳۔ اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے اور بَرَدَی میں مثلاً کہا جاتا ہے بَرَدِيّ (بَرَدَی میں اسم مقصور حذف کر دیا گیا ہے) اسی طرح اگر چار سے اوپر ہو تو مُصْطَفَی میں مُصْطَفِيّ کہا جائے گا۔ بعض کے نزدیک اس کا واو سے بدلنا بھی جائز ہے مُصْطَفَوِيّ بھی درست ہے۔

آخر میں الف تانیث ممدودہ والے اسم کی طرف نسبت دینے کا قاعدہ۔

۱۔ جب الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا، جیسے صفراء کی طرف نسبت میں کہا جائے گا صَفْرَاوِيّ۔

۲۔ اگر وہ اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے، چنانچہ قُرَّاء سے نسبت کیلئے کہیں گے قُرَّانی اور ابتداء سے نسبت دینے کے لئے ابتدائی کہا جائے گا۔

۳۔ اگر اصلی نہ ہو تو اس کا باقی رکھنا اور واو سے بدلنا جائز ہے۔ جیسے رداء سے ردائی یا رِدَاوِيّ، سماء سے سَمَائی و سَمَاوِيّ لیکن شَاء میں مسموع صرف شَاوِيّ ہے۔

اسم منقوص کی طرف نسبت کرنے کا قاعدہ

۱۔ اگر اسم منقوص کی یاء تیسری جگہ ہو تو واو سے بدل جائے گی اور اس سے ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے عَمٍ سے عَمَوِيّ

۲۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد جگہ پر ہو تو اس کا حذف جائز ہے۔ جیسے قاضٍ سے قاضِيّ اور ماضٍ سے ماضِيّ اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس وقت اس کا ماقبل مفتوح ہوگا اور کہا جائے گا قَاضَوِيّ، ماضَوِيّ۔

۳۔ لیکن اگر پانچویں یا اس زیادہ جگہ پر ہو تو اس کا حذف ضروری ہے، چنانچہ المستعلی سے نسبت مستعلِيّ اور المعتدی سے نسبت مُعْتَدِيّ ہوگی۔

وزنِ فعیل کی طرف نسبت کا قاعدہ

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہونے کے ساتھ اس کے آخر کا حرف صحیح ہو تو یہ وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے مسیح سے مسیحيّ، صلیب سے صلیبی اور حدید سے حدیديّ میں۔

لیکن اگر فعیل ناقص ہو تو اس دو یاؤں میں سے ایک حذف کر دی جائیگی اور دوسری واؤ سے بدل دی جائے گی اور اس سے ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا چنانچہ غَنِيّ سے نسبت کیلئے کہیں گے غَنَوِيّ اور عَلِيّ سے نسبت کے لئے کہیں گے عَلَوِيّ

وزنِ فعلية کی طرف نسبت کا قاعدہ۔

فَعِیلَة کی طرف نسبت دینے کے لئے، اگر وہ مضاعف یا معتل نہ ہو یاء حذف کر کے ماقبل کو فتحہ کے ساتھ مدینة کی طرف نسبت میں مَدَنِيّ کہا جائے گا اور فریضة کی طرف نسبت میں کہا جائے گا فَرَضِيّ جبکہ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے) جیسے طبیعی و سلیقيّ میں۔

اگر مضاعف اور معتل العین ہو تو کچھ حذف نہ ہوگا چنانچہ طویلة سے نسبت ظاہر کرنے کے لئے کہا جائیگا طَوِیلِيّ اور عزیزة سے نسبت کے لئے کہا جائے گا عَزِیزی۔

فُعَیْل و فُعَیْلَة کی طرف نسبت کا قاعدہ۔

فَعِیل اورفعیلة کی طرف نسبت کا جوطریقہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے فُعَیل اورفُعَیلة کی طرف نسبت کا بھی وہ قاعدہ ہے۔ چنانچہ عُقَیل کی طرف نسبت کے لئے کہیں گے عُقَیلیّ، قُصَیّ کی طرف نسبت کے لئے قُصَوِیّ، قُلَیلة کی طرف نسبت کے لئے قُلَیلیّ اورامُیَمَة کی طرف نسبت کے لئے امُیَمِیّ

ایسے اسم کی طرف نسبت کا قاعدہ جس کے آخر میں واو ہو

اگر کسی اسم کے آخر کی واوَ چوتھی جگہ یا اس سے اوپر کی جگہ پر ہو اور اس سے ماقبل پر ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو حذف کردی جائے گی۔ اورقَلَنْسُوَة کی طرف نسبت کرتے ہوئے قَلَنْسِیّ اورترقُوَة کی طرف نسبت کے لئے تَرْقِیّ کہا جائے گا اور اگر ایسا نہ ہو تو واوَ باقی رہے گا اورعدوّ کی طرف نسبت کے لئے عدّویّ: اوردلْو کی طرف نسبت کے لئے دَلْوِی کہا جائے گا۔

آخر میں یاء مشدّد والے اسم کی طرف نسبت کا قاعدہ۔

۱۔ جب یاء مشدّدہ پر ختم ہونے والے اسم سے پہلے دو سے زائد حرف ہوں تو یاء مشددہ کا حذف ضروری ہے۔ شافعیّ کی طرف نسبت کے لئے کہا جائے گا شافعیّ اوراسکندریة کی طرف نسبت کے لئے کہا جائے گا۔ اسکندریّ

۲۔ اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حیّ میں تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واوَ سے بدل دینا ضروری ہے چنانچہ حیّ کی طرف نسبت میں حَیَوِیّ کہا جائے گا۔ اگر دوسرا حرف واوَ سے بدلا ہوا ہو تو وہ لوٹایا جائے گا اورطیّ کی طرف نسبت میں طوَوِیّ کہا جائے گا۔

ایسے اسم کی طرف نسبت کا قاعدہ جس کا کوئی حرف محذوف ہو

۱۔ اگر کسی کلمہ کا آخری حذف ہوگیا ہو اور محذوف منه میں دو حرف باقی ہوں تو اس محذوف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے نسبت کے لئے ابویّ اوراخ سے نسبت کے لئے اخویٌّ کہا جائے گا۔ جہاں تک اخت اوربنت کا تعلق ہے تو ان کی طرف نسبت میں تاء برقرار رہے گی اوراختیّ و بنتیّ کہا جائے گا۔ بعض تاء کو حذف کرکے کہتے ہیں اخویّ و بنویّ لیکن ابنة میں ابنیّ اوربَنَوِی کہا جاتا ہے۔

۲۔ یدٍودمٍ جیسے الفاظ میں محذوف لوٹانا جائز ہے اور فصیح تر ہے۔ اس وقت اگر وہ یاء ہو تو واوَ سے بدل دی جائے گی اور کہا جائے گا۔ یدویّ، دمویّ ۔ اور لفظ بدلے بغیر بھی نسبت کرنا جائز ہے، اس صورت میں کہا جائے گا یدیّ، دمیّ ۔

اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہَ وصل لایا گیا ہو جیسے ابن اوراسم میں، تو ہمزہ کو حذف اور محذوف لوٹا کر بنَوِیّ اورسَمَوِیّ کہنا جائز ہوگا۔ اور لفظ پر ہی نسبت کرنا بھی جائز ہے۔ اسی صورت میں کہا جائے گا۔ ابنّی، اسمیّ ۔

اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء تانیث حذف کی جائے گی اور محذوف لوٹایا جائے گا اورسنة، لُغَة میں سنوی اورلُغَوِیّ اورزِنة اورصِلَة میں وَزْنیّ اوروَصْلِیّ کہا جائے گا۔

مثنّی اورجمع کی طرف نسبت کرنے کا قاعدہ

مثنی اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو انہیں مفرد کی طرف لوٹا کر یائے نسبتی لگائی جائیگی جیسے عراقین سے عراقیّ اورمسلمین سے مسلمّی اوریہی حکم ان کا بھی ہے جو تثنیة اورجمع کے ساتھ لاحق ہوں، جیسے اثنین، عشرین، اربعین کی طرف نسبت کیلئے کہیں گے اثنیّ و ثنویّ، عشریّ، اربعیّ ۔

ایسے جمع جن کا مفرد نہیں آتا جیسے ابابیل، عبادید یا اس کے لفظ سے جمع نہیں آتا جیسے مخاطر جو خطر کی جمع ہے، مناجد جو خُلد کی جمع ہے

اور نساء جو امراۃ کی جمع ہے، نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر رہیں گے، جیسے مخاطريّ، مناجذيّ، نسائيّ۔

جمع مکسّر بعض علماء صرف کے نزدیک نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہیگا، جیسے ملائكة، ملوك اور كنائس کی طرف نسبت میں کہا جائے گا۔ ملائكيّ، ملوكيّ اور كنائسيّ۔

جمع مکسّر عَلَم ہو اور اس کے مماثل ہو تو اسے بھی اس کے مفرد کی طرف لوٹائے بغیر اس کی اسی حالت میں نسبت کی یاء لگادی جائے گی، جیسے انبار سے انباريّ، انصار سے انصاری اور اهواز سے اهوازيّ

مرکب بنائی عَلَم سے نسبت کیلئے آخر کا حرف حذف کردیا جائے گا اور اول جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلبك، معدى كرب میں بعليّ اور معديّ کہا جائے گا۔

جہاں تک مرکب اضافی کا تعلق ہے تو کسی میں تو جزء اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی کی طرف جیسے امرئُ القيس اور دير القمر سے امرئی اور ديرانيّ۔ دوسری صورت کی مثال میں عبدالاشهل سے نسبت پر اشهليّ، ابی بكر سے نسبت پر بكريّ اور عبدمناف سے نسبت پر منافيّ لیکن کبھی مرکبات اضافہ میں پورے مرکب سے نسبت کرتے ہیں گویا مرکب اضافی کو مرکب بنائی قرار دیتے ہیں، جیسے عين ابل میں عين ابليّ، وادی آش میں وادی آشيّ اور عين حور میں عين حوريّ۔

مرکب اسنادی میں جزء اول کی طرف نسبت کی جاتی ہے اور جز ثانی کو حذف کردیا جاتا ہے، جیسے تابط شرًّا سے تابطيّ اور ذرَّحبًّا سے ذَرِّيّ

ذیل میں بعض ایسے اسماء کی جدول دی گئی ہے جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں۔

یہ جدول حروف تہجی کے لحاظ سے مرتب کی گئی ہے۔

انف كبير	سے	انافيّ	دير	سے	دَيُرانيّ	صدر كبير	سے	صَدُرانيّ
اميّه	سے	اَمَويّ	داريًّا	سے	دارانيّ	صنعاء	سے	صنعانيّ
بهراء	سے	بهرانيّ	رُوح	سے	روحانيّ	طبيعة	سے	طبيعيّ
بادية	سے	بَدَوِيّ	ربّ	سے	رَبَّانيّ	طيّء	سے	طائي
البحرين	سے	بَحْرَانِيّ	رقبة عظيمة	سے	رَقَبَانِيّ	عميرة كلبٍ	سے	عُمُرِيّ
تِهامة	سے	تِهامِيّ و تِهامٍ	روحاء	سے	رَوُحانِيّ	بني عبيده	سے	عبَدِيّ
تيم اللات	سے	تَيُمَلِيّ	رُدَيُنَة	سے	رُودَيْنِيٌّ	عبدقيس	سے	عَبُقَسِيّ
ثقيف	سے	ثَقَفيّ	رام هرمز	سے	راميّ	عبدشمس	سے	عَبُشَميّ
جمَّة عظيمة	سے	جَمَّانيّ	الريّ	سے	رازيّ	عبدالدار	سے	عَبُدَرِيّ
جذيمة	سے	جُذَمِيّ	الرباب	سے	رَبّيّ	عبدالله	سے	عبدليّ
جلولاء	سے	جَلُوليّ	سَهُل	سے	سَهُلِيٌّ	فقيم كنانة	سے	فُقَميّ
بنى الحُبلى	سے	حُبَلَيّ	سَلِيقه	سے	سَلِيقيّ	الفراهيد	سے	فُرُهوديّ
حروراء	سے	حَرُوريّ	سليمة الازد	سے	سُلَيُميّ	قُويم	سے	قَوَميّ

الحرمین (مکة و مدینه	سے	حِرْمِیّ	سُلَیْم	سے	سُلَمِیّ	قُرَیْش	سے	قُرَشِیّ
حضر موت	سے	حَضْرَمِیّ	الشأم	سے	شَآمٍ	کنتُ	سے	کُنْتِیّ
خُزَیْنَة	سے	خُزَیْنِیّ	شَعْرکثیر	سے	شَعْرَانِیّ	لحیة عظیمة	سے	لَحْیَانِیّ
دَهر	سے	دُهْرِیّ	شنوءَة	سے	شَنَئِیّ	مُلَیح خُزاعَة	سے	مُلَحِیّ
مرو الشاهجان	سے	مَرْوَزِیّ	هُذَیْل	سے	هُذَلِیّ	ناصرة	سے	نَصْرَانِیّ
امرؤ القیس	سے	مُرقُسِیّ	الانباط	سے	نُباطِیّ	الیمن	سے	یمانٍ
هَجَرَ	سے	هاجرِیّ			ونَباطٍ			

تصغیر

اسم کے دوسرے حرف کے بعد یاء ساکنہ کا بڑھانا تصغیر کہلاتا ہے۔ اس سے قلت یا حقارت کا اظہار ہوتا ہے۔ جس اسم کی تصغیر مقصود ہو اس کا قاعدہ یہ ہے کہ پہلے حرف کو ضمہ اور دوسرے کو فتحہ دیا جائے جیسے عبد کی تصغیر میں عُبَیْد اور رجُل کی تصغیر میں رُجَیْل۔

اگر اسم رباعی یا اس سے زیادہ ہو تو یاء تصغیر کے بعد واقع ہونے والے لفظ کو کسرہ دیا جائے گا۔ جیسے درھم کی تصغیر میں دُرَیْهِم اور بُلْبُل کی تصغیر میں بُلَیْبِل

اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث ہو یا الف ونون زائدتان ہوں اور جمع افعال کے وزن پر ہو تو ایسی حالتوں میں سے ہر ایک حالت کے لئے مخصوص قاعدہ ہے۔

آخر میں علامت تانیث والے اسم میں علامت سے متصل حرف اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا جیسے ثَمْرَة کی تصغیر ثُمَیْرَة میں اور بُشْرَیٰ کی تصغیر بُشَیْرَیٰ اور سَمْرَاء کی تصغیر سُمَیْرَاء میں۔

جس اسم کے آخر میں الف ونون زائدتاں ہوں، اس میں بھی تصغیر سے قبل ان دونوں الف ونون سے متصل حرف اسی حالت پر رہے گا، چنانچہ سکران کی تصغیر میں کہیں گے سُکَیران

افعال کے وزن پر جمع کی تصغیر کا بھی وہی قاعدہ ہے جو اسم کا ہے جس کے آخر میں یائے تانیث ہو چنانچہ اوقات اور اصحاب کی تصغیر، اُوَیْقات اور اُصَیْحاب ہوگی۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی ثلاثی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے، جیسے شمس کی تصغیر شُمَیْسَة اور ارض کی تصغیر اُرَیْضَة میں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ التباس پیدا نہ ہو اگر التباس کا امکان ہو تو مثال کے طور پر شجر کی تصغیر میں شُجَیْر کہا جائیگا، تاکہ شجرة کی تصغیر سے گڈمڈ نہ ہو۔ خمس کی تصغیر میں جس سے مراد معدود مؤنث ہے خُمَیْس کہا جائیگا تاکہ خمسة جو معدود مذکر کے لئے آتا ہے، اس کی تصغیر خمیسة سے گڈمڈ نہ ہو۔

حرف علت والے کلمہ کی تصغیر

۱۔ یاء تصغیر سے قبل واقع بدلا ہوا حرف علت، تصغیر کے وقت اپنے اصل کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ باب کی تصغیر بُوَیْب اور ناب کی نُیَیْب آتی ہے، باب میں الف واء سے بدلا ہوا ہے۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ اس کی جمع ابواب ہے۔ ناب میں الف یاء سے بدلا ہوا ہے کیونکہ اس کی جمع انیاب ہے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جمع تکسیر اشیاء کو ان کی اصل کی طرف لوٹا دیتی ہے۔

اگر کسی کلمہ کا الف ایسا ہو کہ پتہ نہ چلے کہ وہ واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے جیسے عاج کے الف میں، تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے اور یا پر ترجیح دیتے ہوئے واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ اور کہا جائیگا عُوَيْج۔ بدلے ہوئے واو اور یاء کا بھی یہی حکم ہے۔ جیسے موسر، میزان چنانچہ ان کی تصغیر پر کہا جائے گا مُيَيْسر اور مُوَيْزِين۔ عید کی تصغیر عُيَيْد شاذ ہے، کیونکہ عید کی یاء واؤ سے بدلی ہوئی ہے۔ اگر واو اور یاء بدلی ہوئی نہ ہوں جیسے سوط اور بیت میں تو واؤ اور یاء کا لفظ اپنی حالت پر رہے گا، تو سوط کی تصغیر سُوَيْط اور بیت کی تصغیر بُيَيْت ہے۔

۲۔ اگر مصغر بنائے جانے والے اسم کا دوسرا حرف الف زائد ہو جیسے خالد، ضارب کا الف، تو وہ واؤ سے بدل دیا جائیگا اور کہا جائے گا۔ خُوَيلد و ضُوَيْرِب۔

۳۔ اگر اس کا تیسرا حرف الف یا واؤ ہو، تو ان میں سے ہر ایک کو یاء سے بدل دیا جائے گا اور یاء تصغیر اس میں مدغم ہو جائے گی اور عصا، دلو، عجوز، کتاب کی تصغیر میں بالترتیب کہا جائے گا: عُصَيّ، دُلَيّ، عُجَيِّز و كُتَيِّب لیکن اگر واؤ متحرک ہو (جمع مکسر میں یا مفرد میں) اور لام کلمہ نہ ہو، تو اس صورت میں واو کا یاء سے بدلنا اور باقی رکھنا جائز قرار دیا گیا ہے۔

چنانچہ تصغیر کی صورت میں جدول، جُدَيِّل و جُدَيْوَل ہے اور اَدْوُر۔ اُدَيِّر اور اُدَيْوِر۔

۴۔ اگر اسم کا تیسرا حرف یاء ہو تو تصغیر کی یاء اس میں مدغم ہو جائے گی، جیسے مَرْيَم سے مُرَيِّم کریم سے كُرَيِّم اور جمیل سے جُمَيِّل ہیں۔

۵۔ اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو ہر ایک یاء میں بدل جائے گا کیونکہ کسرہ دینے کے بعد دونوں ساکن ہو جائیں گے چنانچہ عصفور کی تصغیر پر کہا جائے گا۔ عُصَيْفِير اور سلطان کی تصغیر پر سُلَيْطِين

افعل التفضیل ناقص سے ہو جیسے اَحْلَى۔ اَشْهَى تو تصغیر میں یاء تصغیر کا مابعد افعل التعجب کی طرح مفتوح رہے گا جیسے هو اُحَيْلى من العسل۔

ایسے اسم کی تصغیر جس میں کچھ حذف ہو۔

۱۔ اگر اسم کے اصلی حروف کا باقی دو حرف ہوں تو تصغیر میں میں محذوف حرف اس کی طرف لوٹا دیا جائے گا، جیسے اب، اخ، دم کی تصغیر میں اُبَيّ، اُخَيّ، دُمَيّ۔

۲۔ اگر اسم کے محذوف حرف کے عوض ہمزہ وصل ہو جیسے ابن میں تو عوض کا ہمزہ وصل تصغیر بناتے وقت حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف لوٹا یا جائے چنانچہ کہا جائے گا بُنَيّ

۳۔ اگر محذوف کے عوض تاء تانیث ہو جیسے زِنَة جو وزن کا مصدر ہے اور عدة جو وعد کا مصدر ہے، تو محذوف لوٹایا جائے گا لیکن عوض حذف نہیں کیا جائیگا چنانچہ کہا جائیگا وُزَيْنَة اور وُعَيْدَة

لیکن اخت اور بنت کی تاء محذوف نہ ہوگی بلکہ تاء مربوطہ میں تبدیل ہو جائیگی اور تصغیر پر کہا جائے گا: اُخَيَّة، بُنَيَّة۔

مثنی، جمع سالم اور جمع قلت کی تصغیر

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر انہی لفظوں پر بنائے جائیگی اور مؤمنان، مؤمنون اور مؤمنات سے مؤیمنان، مؤیمنون اور مؤیمنات کہیں

گے۔ ایسا ہی جمع قلت مکسر کا حکم ہے چنانچہ ارغفۃ کی تصغیر اُرَیْغِفَۃ ہے۔

جمع کثرت کی تصغیر

جمع کثرت کی تصغیر بنانا ہو تو اس کے مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے جیسے غلما کی تصغیر جو غلام کی جمع ہے اس طرح ہوگی کہ غلام کی تصغیر بنائی جائے جو یہ ہے غُلَیْم اس پر واؤ نون (جمع کے) لگانے سے غُلَیْمُون ہو جائے گا اور یہ غلما کی تصغیر ہوگی۔ شعراء شاعر کی جمع ہے۔ شاعر کی تصغیر شُوَیْعَر اور یوں شعرا کی تصغیر شُوَیْعَرون بنے گی۔ اگر مذکر مونث یا لایعقل ہو تو آخر میں واؤ نون کے بجائے الف تاء لگائیں گے، جیسے جاریۃ جمع جوار کی تصغیر جویریات ہوگی اور درھم کی جمع دراھم کی دریھمات۔

تنبیہ: ا: مندرجہ ذیل الفاظ کی تصغیر خلاف قیاس آئی ہے، ابیحر بحر کی، مغیربان مغرب کی، عُشَیَّان عشاء کی، اُنَیْسِیَان انسان کی، رویجل رجل کی، اصیلال اصیل کی، عُشَیْشِیَّۃ عشیّۃ اُصَیْبِیَۃ صبیۃ کی اور اُغَیْلِمۃ غِلمۃ کی تصغیر ہیں۔ نیز قُوَیس، ذُرَیع۔ حُرَیْب، نُعَیْل، عُرَیْس اور ذُوَیْد جبکہ قیاس کے مطابق ان سب کے آخر میں تاء لوٹائی جانی چاہیے تھی۔

٢۔ مرکب اضافی کی تصغیر کا قاعدہ یہ ہے کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اس کی حالت پر رہنے دیا جائے، چنانچہ عبداللہ کی تصغیر عبید اللّٰہ ہوگی۔ مرکب بنائی کی تصغیر کا بھی یہی طریقہ ہے مثلاً معدی کرب کی تصغیر مُعَیدی کرب حضر موت کی حُضَیرَ موت نفطویہ کی نُفَیطویہ اور خمسۃ عشر کی خُمَیْسۃ عشر۔ مرکب اسنادی جیسے تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

ہمزہ کی کتابت

١۔ اگر ہمزہ ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے، جیسے أسماء، اکرام، اسی طرح اگر ابتداء میں کوئی دوسرا لفظ اس سے متصل ہو، جیسے بأجمل، لأفضل لیکن لئلا، لئن میں کثرت استعمال سے ہمزہ متوسطہ کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔

اگر ہمزہ وصل ہو تو فا اور واؤ کے بعد حذف کر دیا جاتا ہے بشرطیکہ بعد میں ہمزہ ہو جیسے فأتنی و أذن لی میں۔

٢۔ اگر ہمزہ وسط میں ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل حرکت کے مطابق لکھا جائے گا، جیسے بَأْس، بُؤْس، بِئْس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو، پھر اثناء گفتگو میں اپنی اصل کی طرف لوٹا دیا گیا ہے، تو جس حرف سے بدلا گیا ہو اس کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے یارجل ائذن، ھذا الذی اؤْتمنت علیہ۔

ہمزہ متوسط متحرک اپنے حرف کی حرکت کے مطابق لکھا جاتا ہے، خواہ اس سے پہلے حرف ساکن ہو یا متحرک جیسے لَؤُم، رَؤُف، سَأَلَ، یَسْأَلُ، مَسْأَلَۃ الخ۔ ضمہ یا کسرہ کے بعد مفتوحہ نہ ہونے کی صورت میں ماقبل حرف کی صورت کے مطابق لکھا جاتا ہے جیسے سُؤال، ذِئال و مُؤنث۔

اگر ہمزہ الف و یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ یا یاء کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے: بقاءِ ی یا بقائی، الراءِ ی یا الرائی۔

اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو، تو اگر مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جاتا ہے جیسے بناؤُہ، بقائِہ، بقاءَہ

٣۔ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کا ماقبل ساکن ہو، تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جاتا ہے، جیسے جزءٌ، شیءٌ اور اگر ماقبل متحرک ہو، تو ماقبل کی حرکت کے حرف کے مطابق لکھا جاتا ہے، جیسے ھیُؤَ، لکأَ، ظَمِئَ۔ اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو، تو اگر اس کا ماقبل حرف صحیح ہو اور ساکن تو الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے: نشأۃ اگر وہ متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا۔

جیسے فِئَۃ، لُؤْلُؤَۃ۔ لیکن اگر ماقبل معتل ہو، تو یا، کے بعد یاء کی صورت میں لکھا جاتا ہے اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جاتا ہے جیسے: خَطِیئۃ، بریئۃ، قراءَۃ، صلاءَۃ، مروءَۃ، سوءۃ۔

ابدال

ابدال کسی حرف کو دوسرے حرف کی جگہ رکھنے کا نام ہے۔ ذیل میں ایسے کثیر الوقوع حروف دیئے گئے ہیں:

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا، جیسے ضُورِبَ، قُوتِلَ جو ضَارَبَ و قَاتَلَ کا مجہول کا صیغہ ہیں۔

اگر ضمہ کے بعد یاء ساکن واقع ہو تو واو سے بدل جاتی ہے، جیسے: مُوقِن، مُوسِر (أَیقَنَ اور اَیۡسَرَ سے)

اگر واو یا یاء متحرک ہو اور ماقبل مفتوح، تو واو یا یاء الف سے بدل جاتا ہے، جیسے: قَالَ، غزا، باع، رمی۔ پہلے دو باب نَصَرَ اور آخری دو باب ضَرَبَ سے ہیں۔ لیکن اس قاعدہ میں شرط یہ ہے کہ حرکت اصلی ہو اور اسی کلمہ میں فتحہ ہو، فَعِلَ یا اِفتَعَلَ کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہو یا اسماء سے متعلق زیادتی پر ختم نہ ہو، اس کے بعد کوئی ایسا حرف نہ آئے جس کی اس سے تعلیل ہوتی ہو، اس کا مابعد متحرک ہو، اگر عین کلمہ ہو اور اس کے بعد الف یا یاء مشدّدہ نہ آئے اگر لام کلمہ ہو۔ اگر کسی کلمہ میں واو اور یاء اکٹھی آئیں اور ان میں پہلا ساکن ہو، تو واو یاء سے بدل جائے گی، جیسے طَیّ، میّت، مرمّی، اصل میں طوْی، میْوت اور مرمُوی ہیں۔

اگر کسرہ کے بعد واو ساکن واقع ہو تو یاء سے بدل جاتی ہے۔ جیسے مِیزان، میقات (وزن، وقت سے)

کسرہ کے بعد ساکن حرف علت یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے عصفور، مصباح جب ان کی تصغیر کی جائے یا تکسیر جیسے عصیفیر، مصیبیح۔

واو یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں، جیسے کساء، سماء، بناء، ظباء۔

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو اگر فعائل وغیرہ کے الف کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے، جیسے عَجَائِز، قلائِد، صحائف جو عجوز، قلادہ اور صحیفہ کی جمع ہیں۔

جب واو یا یاء افتعل کی فاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتی ہے جیسے اِتصل، اتسر (وصل، یُسر سے)

اگر دال، ذال یا زای کے بعد افتعل کی تاء واقع ہو تو دال سے بدل جاتی ہے، جیسے: ازدان، اذدکر، اذدان (دین، ذکر، زینۃ سے) اِذْدَکَرَ وغیرہ میں ذال کو دال سے یا دال کو ذال سے بدلنا جائز ہے، جیسے اِدَّکَرَ، اِذَّکَرَ۔

اگر افتعل کی تاء صاد یا ضاد یا طاء یا ظاء کے بعد واقع ہو تو طاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: اصطَبَرَ، اِضْطَرَبَ، اِطَّرَدَ، اظطلم (صبر، ضرب، طرد، ظلم سے) اظطلم وغیرہ میں ظاء کو طاء سے اور طاء ظاء سے بدلنا جائز ہے جیسے: اِطَّلم، اظّلم۔

☆☆☆

ا

۱۔ تلفظ: الألِف: اس کی دو قسمیں ہیں پہلی ساکن جیسے قام میں اسے لَیِّن کہا جاتا ہے دوسری متحرک جسے ہمزہ کہتے ہیں۔ حروف ابجد میں اس کا شمار ایک ہے۔ اس کے یعنی ہمزہ کے مندرجہ ذیل معنی ہیں:

۱۔ استفهام: اقرات؟ کیا تونے پڑھا؟ اما قرأتَ؟ کیا تونے نہیں پڑھا۔ اَلَـمْ تَـقْـرَأْ؟ کیا تونے نہیں پڑھا؟ أفی البيت اخوك؟ کیا گھر میں تیرا بھائی ہے۔

۲۔ نداء قریب: أزيدُ أقبِل: اے زید آ۔

۳۔ تسوية: جس جملہ میں جس پہ وہ داخل ہوا سے مصدر میں تبدیل کرنے کا امکان پایا جائے جیسے: سواءٌ علّی اقمت ام قعدت: یعنی سواءٌ علیّ قیامُكَ و قعودُك: میرے لئے تیرا کھڑا ہونا یا بیٹھنا برابر ہے۔

۴۔ آ: حرف نداء بعید کے لئے یا جو اس کے زمرہ میں آتا ہو جیسے نائم (سونے والا) اور غافل

آب ۱۔ شمسی سال کا آٹھواں مہینہ جولائی اور ستمبر کے درمیان: اگست: یہ ۳۱ دنوں کا ہوتا ہے۔

۲۔ الآب: عیسائیوں کے نزدیک اقنوم اول بمعنی باپ، محترم باپ، پادری کا لقب اور اسے مخاطب کرنے کی شکل۔

اب: ۱۔ اَبَّ ـُ ابًّا و اَبَابًا و اَبَابَةً و اِبَابَةً الیه: کا مشتاق ہونا۔ کو چاہنا، کا خواہشمند ہونا۔ الأَب جمع اَوُب: سوکھی یا تر گھاس۔ الأَباب: پانی۔ سراب۔

۲ أَبَّ ـِ أَبِيبًا و ابًّا و ابَابًا و ابَابَةً: آمادہ ہونا، تیار ہونا۔ ــــ یَدَہُ الی السیف: تلوار سونتنے کے لئے ہاتھ پیچھے کرنا۔ ـ ابَّهٗ: کے قصد کی طرح قصد کرنا، کسی کے ارادہ پر چلنا، کسی کی روش کو اپنانا۔ ابَّبَ: چیخنا۔ چلانا۔ تَأَبَّبَ به: پر تعجب کرنا، فخر کرنا، پر خوش و شاداں ہونا۔

۳۔ الأَبَّاتی: صدر راهب: راہبوں کا اعزازی رتبہ۔

○ اَبَّ الی وطنه: اپنے وطن کا آرزو مند ہونا، مشتاق ہونا، کی آرزو میں ہونا۔

ابا: اَبَأَ أَبْأً ہٗ بالسهم: کو تیر سے مارنا

ابت: اَبَتَ ـِ وأَبِتَ ـَ أَبْتًا و اُبُوتًا النهارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ صفت: اَبُتٌ و اَبِتٌ و ابِتٌ۔ تَأَبَّتَ الجمرُ: انگارے کا بھڑکنا، دہکنا، تیز ہونا۔ اُبْتَةُ الغضبِ: غصہ کی تیزی و تندی۔

ابجد: اَبْجَدْ: لغت عرب میں آٹھ مشہور کلمات کا پہلا کلمہ جن میں حروف ہجا جمع کردیے گئے ہیں اور وہ یہ ہیں: ابجد، هوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ اس ترتیب میں حساب جمل کی رعایت رکھی گئی ہے اور تاریخ اکثر انہی کے لحاظ سے نکالی جاتی ہے۔ ان میں عدد کا شمار اس طرح کیا گیا ہے کہ پہلے اکائیاں پھر دہائیاں پھر سینکڑے اور ان کے بعد ہزار ہیں۔ نقشہ ذیل ملاحظہ ہو:

ا	۱	ح	۸	س	۶۰	ت	۴۰۰
ب	۲	ط	۹	ع	۷۰	ث	۵۰۰
ج	۳	ی	۱۰	ف	۸۰	خ	۶۰۰
د	۴	ک	۲۰	ص	۹۰	ذ	۷۰۰
ه	۵	ل	۳۰	ق	۱۰۰	ض	۸۰۰
و	۶	م	۴۰	ر	۲۰۰	ظ	۹۰۰
ز	۷	ن	۵۰	ش	۳۰۰	غ	۱۰۰۰

ابد: ۱۔ اَبَدَ ـِ اُبُودًا الشاعر: شاعر کا ایسے مشکل اور غریب الفاظ لانا جن کے معنی کا پتہ نہ لگے۔ الآبدة جمع أَوَابِد: عجیب و غریب شے۔ (اَوَابِدُ الكلام: حیرت انگیز کلام۔ اَوَابِدُ الشعر: جس کی ندرت میں مثال نہ مل سکے۔) بڑی مصیبت و آفت جس سے انسان گھبرائے۔

۲۔ اَبِدَ ـَ اَبَدًا: وحشی و جنگلی ہونا۔ اَبَدَ ـِ اُبُودًا الحیوانُ: جانور کا جنگلی اور وحشی ہونا۔ تأبَّدَ: وحشی اور جنگلی ہونا۔ المکانُ: جگہ کا ویران اور غیر آباد ہونا، جنگلی جانوروں کا مسکن اور قرارگاہ بننا۔ الآبِدَة جمع اَوَابِد: وحشی۔

۳۔ اَبَدَ ـِ اُبُودًا بالکان: کسی جگہ ٹھہرنا۔ اَبَّدَهٗ: کو ہمیشہ رکھنا۔ تأبَّدَ: ابدی ہونا۔ الأَبِدَة جمع اَوَابِد: ہمیشہ یاد رکھی جانے والی مصیبت۔ اَوَابِدُ الدُّنیا: دنیا کے مصائب و آلام۔ الأَوَابِد: وہ پرندے جو سرما و گرما کے موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ قَوَاطِع کی ضد۔ الأَبَد جمع آباد و ابود: زمانہ قدیم، ازلی، ہمیشہ رہنے والا، کہا جاتا ہے: لا آتیه أبدا الأَبَدِین و الآبدین و أَبَدَ الأبد و ابَدَ الآباد و ابَدَ الدهر: میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔ أَبَدًا: ظرف زمان جو مستقبل میں نفی و اثبات کی تاکید کیلئے آتا ہے۔ جیسے: لا أفعله ابدا او افعله ابدا: میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا، یا اس میں اس کو ضرور کروں گا الأبدی: جس کی انتہا نہ ہو۔ ابدی۔ الأَبدیّة: ہمیشگی، دوام جس کی انتہا نہ ہو۔ آخرت

۴۔ ابِدَ ـَ أَبَدًا علیه: پر غصہ ہونا، غضبناک ہونا۔

○ اَبَدَ ـِ اُبودًا ب: کسی جگہ ٹھہرنا، دیر تک رہنا ـــ ـُ: (جانور شکار کا) وحشت میں مارے مارے پھرنا، شتر بے مہار ہونا، بھڑکنا، بدکنا، بھاگنا اَبَّدَهٗ: کو پائیدار یا مستقل بنانا، باقی رکھنا، قائم رکھنا، ابدی بنانا۔ تأبَّد: ابدی ہونا، پائیدار یا مستقل ہونا، وحشت میں لوٹ آنا۔ ابَد جمع آباد: دائمی غیر مختتم دوران یا مدت،

دوام، ابد، ابدیت، بڑالمباعرصہ۔ آخرت۔ اَبَدًا: ہمیشہ، کبھی نہیں، علی الأبد، الی الأبد اور ابدَ الدھر ہمیشہ۔ أبدَ الابدین اور إلى أبدا الابدین ہمیشہ۔ أبدِی: دائمی، مستقل ابدی، غیر مختتم الابدی: ابدیت، ابد، دوام ابدیة دوام، ابد، ابدیت، غیر مختتم وقت، لامتناہی دوران یامدت آبِد: جنگلی، وحشی۔ آبِدَة جمع اَوَابِد: غیرمعمولی چیز، حیرت انگیز واقعہ۔ اَوَابدُ الدنیا: عجائبات عالم۔ مُؤَبَّد: دائمی، ابدی، لانہائی، ہمیشہ رہنے والا، لازوال، سِجْنٌ مُؤَبَّدٌ: عمر قید۔

ابر ۱۔ اَبَرَ ـِـ اَبْرًا و إِبَارَاةً: کوسوئی کھلانا۔ ابَرَتِ العقربُ فلانًا: بچھوکاکسی کوڈسنا، کسی کی غیبت کرنا، کو ہلاک کرنا، الأَبَّار: سوئیاں بنانے والا، سوئیاں بیچنے والا، پسّو۔ الإبْرَة جمع إِبَر و إِبار و إِبَرات: سوئی (کپڑے سینے کی)، شُغلُ الإبْرَة: سوزن کاری۔ ابرة مِغْنَطِیسیة: مقناطیسی سوئی، جوشمال کی سمت کاتعین کرتی ہے (ح) کسی کیڑے، بچھو یا مکھی کا ڈنک، جسے الحُمة کہتے ہیں۔ ابرةُ القَرْن: سینگ کاسرا، چنگلی۔ الإبْرِی: سوئیاں بیچنے والا۔ المِنْبَر والمِنْبَار: سوئی دانی (Needle case)، درختوں میں قلم لگانے کی چھری المِنْبَرة جمع مَآبِر: چنگلی۔

۲۔ اَبَرَ ـِـ اَبْرًا و إِبارًا الزرعَ (ز): (کھیتی کی) اصلاح کرنا، گابھادینا، قلم لگانا الأَبَّار. کھجور کے درخت کو گابھادینے والا، قلم لگانے والا۔ المِنْبَر: درختوں میں قلم لگانے کی چھری۔

۳۔ اِئْتَبَرَ البئرَ: کنواں کھودنا۔

۴۔ الأَبْرَشِیَّة والأبروشِیَّة: بشپ کا ماتحت علاقہ یا وہ اشخاص جواس کی ماتحتی میں ہوں۔ (یونانی لفظ)

۵۔ الإبْرِیز والإبْرِیزِیُّ: خالص سونا (یونانی لفظ)

۶۔ الإبْرَیْسِم والإبْرِیْسَم: ریشم (فارسی لفظ)

۷۔ الإبْرِیق جمع اَبَارِیق: لوٹا، چھاگل۔

۸۔ اَبریل: اپریل (چوتھامہینہ شمسی سال کا) اسے نیسان بھی کہتے ہیں۔ (لاطینی لفظ)

○ اَبَّـــر ہ: کھجور کے درخت پر زرگل چھڑکنا اوراسے زرخیز بنانا۔ اِبْرَة جمع اِبَر: سوئی، پن، سوئی، بتانے والا آلہ Indicator، انجکشن، ڈنک، کانٹا، خار، آر۔ حَقَنَهُ اِبْرَةً: کوانجکشن لگانا یادینا اِبْرَةُ الراعی: ایک جنگلی درخت جس میں سارس کی چونچ جیسا پھل آتا ہے۔ ایک پھول کا پودا۔

ابز: ۱۔ اَبَزَ ـِـ اَبْزًا و اُبوزًا الظبیُ: ہرن کا کودنا، دوڑنا صفت: آبِز و اَبَّاز و اَبُوز اَبَزَ ـِـ اَبْزًا بصاحبه: ساتھی پر ظلم کرنا۔

۲۔ الإبْزِیْم والإبْزَام جمع اَبَازِیم: بکسوا کہاجاتا ہے: انشب الابزیمَ: بکسوا لگانا، بکلس لگانا۔

○ اِبزِیم جمع اَبَازِیْم: بکسوا، بکلس، پکڑ، گرفت۔

ابش: اَبَشَ ـُـ اَبْشًا: کوجمع کرنا اَبَّشَهُ: کوجمع کرنا، تَـأَبَّـشَ القومُ: لوگوں کا جمع ہونا۔ الأُبَاشَة من الناس: مخلوط جماعت۔

ابض: اَبَضَ ـُـ اَبْضًا البعیرَ: اونٹ کے اگلے پاؤں کو پچھلے پاؤں سے باندھنا۔ تأَبَّضَ البَعیرَ: کورسی سے باندھنا۔ ـــ البعیرُ: رسی سے بندھا ہونا۔ الأُبْض جمع آباض (ع ا): زانو کا اندرونی حصہ، پشت ران، پٹھا۔ الإبَاض: اونٹ کو باندھنے کی رسی۔ المَابِض (ع ا): زانو کا اندرونی حصہ۔

○ اُبُض جمع آبَاض ومَابِض جمع مَـآبِض: گھٹنے کا اندرونی حصہ۔

ابط: تَـأَبَّطَ الشیْ: کو بغل کے نیچے رکھنا۔ الإبْط جمع آباط (ع ا) بغل (مذکرومونث)، اِبْطُ الجبل: دامن کوہ۔ الإباط: بغل میں دبائی ہوئی چیز۔

○ تَـأَبَّطَ ہ: بغل میں لینا یالیجانا، ــــ ہ یا ہ: کے گرد بازو رکھنا، کو بازو میں لینا، رکھنا، پکڑنا۔

ابق: اَبَقَ ـُـ و اَبِقَ ـَـ اِبَاقًا و اَبْقًا و اَبَقًا العبدُ: غلام کا آقا کے پاس سے بھاگ جانا صفت: آبِق ج اُبَّق و اُبَّاق۔ تَـأَبَّقَ: چھپنا۔ ــــ الشیْ: کا انکار کرنا، کو اوپرا سمجھنا، ناآشنا سمجھنا۔

○ اَبَـــق: پٹ سن، سن جس کے ریشے سے کپڑا اور ٹاٹ بنایا جاتا ہے۔ آبق: بھگوڑا۔

ابل: ۱۔ اَبَلَ ـُـ اَبَالَةً و اَبِلَ ـَـ اَبَلًا: اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا، اونٹوں کی دیکھ بھال میں مہارت دکھانا، صفت اَبِل و آبِل جمع اُبَّال۔ اَبَّلَ: بہت اونٹوں والا ہونا ــــ الإبلَ: اپنی ملک میں بہت اونٹ رکھنا، بہت اونٹوں کا مالک ہونا۔ تَـأَبَّلَ الإبْل: اونٹوں کو چھانٹ کر جمع کرنا۔ الإبْل و الإبِل جمع آبَال: اونٹ (یہ لفظ جمع کے معنی دیتا ہے اس کا مفرد مستعمل نہیں)۔ المَأبلة: بہت اونٹوں والی زمین۔

۲۔ الإبَالة: جماعت، گروہ، دولت کا اچھا انتظام اور حسن سیاست۔ الاَبَابِیل: غول، فرقے، گروہ، جھنڈ۔ اس کا واحد نہیں۔ طیرٌ ابابیل: غول کے غول پرندے الأُبُلَّة: قبیلہ کہاجاتا ہے: جاءَ فی اُبُلَّتِهِ: وہ اپنے قبیلہ میں آیا الأبِیلة و الإبِیالة و الإبَّالة: گھاس یا لکڑیوں کا گٹھا۔ کہاجاتا ہے: ضِغْثٌ علی اِبَّالَةٍ: مصیبت پر مصیبت آپڑنا۔

۳۔ اَبَلَ ـُـ اَبَالَةً: راہب بننا۔ الاَبِیل جمع آبال و اُبُل و الأَبِیلیّ و الأُبیلیّ: راہب۔

۴۔ اِبْلِیس جمع اَبَالِیس و اَبَالِسة: شیطان کا عَلَم جنس۔

○ اِبَالة و اِبَّالة گٹھا، گانٹھ، پلندا، گٹھری، گٹھڑ، پوٹلی۔

○ اِبْلِیز: (دریائے نیل کے) زرخیز تہ نشین مادے۔

○ اِبْلِیس جمع اَبَالِسَة: شیطان، ابلیس، بھوت، جن، خناس، آسیب، عفریت۔

ابن: ۱۔ اَبَنَ ـِـ اَبْنًا و اَبَّنَهُ بشیْ: پر کا عیب لگانا۔ ــ الدمُ فی الجرح: خون کا زخم میں سیاہ ہوجانا۔ اَبَّنَهُ: پر عیب لگانا، کو عار و شرم دلانا۔ الأُبْنَة جمع اُبَن: عیب، کینہ۔

۲۔ اَبَّـنَـهُ: کی موت کے بعد اس کے محاسن اور خوبیاں گنانا، مرثیہ کہنا۔ التَّـأْبِین: مرنے والے کے محاسن اور خوبیوں کا اظہار، مرنے والے کی یادگار منانا۔ حفلةُ تأبین: مرنے والے کے اعزاز میں یادگار تقریب۔

۳۔ اَبَّنَهُ و تَـأَبَّنَهُ: کے نقش قدم پر چلنا، کے پیچھے لگنا، کا انتظار کرنا، اِبَانَةُ الرجُلِ: آدمی کے سب ساتھی۔

۴۔ الإبْن: دیکھو ب ن ی۔

الأُبْنَة جمع اُبَن: لکڑی کی گرہ یا گانٹھ، پاؤں کی انگلیوں کی گانٹھ جسے لوگ "مسار" کہتے ہیں۔ اِبَّانُ الشیْ: کسی چیز کی ابتداء یا وقت۔ کہاجاتا ہے: ھو فی اِبَّانِ شبابِه: وہ اپنی جوانی کے آغاز میں ہے۔

۵۔ الأَبْنُوس و الآبنوس (ن): درخت کی ایک قسم جس کی لکڑی سخت و سیاہ ہوتی ہے۔

○ اَبَّـن ہ: مرنے والے کی یادگار منانا، تعریف کرنا، مدح کرنا، مرنے والے کی تعریف میں اس کی تجہیز و تکفین پر تقریر کرنا۔ اِبَّان: وقت۔ اِبَّان: کے دوران۔ فی اِبَّان: کے وقت، کے دوران مَأبُون: لونڈا، مفعول، مریل۔ زنانہ مرد، یا لڑکا زنانہ، زنانہ صفت، نامرد۔

ابہ: اَبَهَ ـَـ اَبَهًا لهُ: کوتاڑ جانا۔ کو سمجھنا لایُؤبَهُ لهُ: اس کی طرف توجہ والتفات نہیں کی جاتی۔ اَبَّهَهُ: کو خبردار کرنا، آگاہ کرنا، سمجھانا۔ تَـأَبَّـهَ عن کذا: اپنے کو کسی سے بالا و برتر سمجھنا الأُبَّهَة و الأُبْهَة: بڑائی، تکبر، نخوت۔

۲۔ تَـأَبَّـهَ علیه: پر تکبر کرنا، سے بڑا بننا الأُبَّهَة و الأُبْهَة: بڑائی۔

○ اَبَهَ و اَبِهَ ـَـ اَبْهًا لِ نیز ب: پر توجہ دینا، کی طرف توجہ کرنا، پر کان دھرنا، کی پرواکرنا۔ امرٌ لا یُؤْبَهُ لہ: ایک غیر اہم معاملہ۔ تَـأَبَّـهَ: متکبرانہ اخلاق و عادت ظاہر کرنا یا ان کا مظاہرہ کرنا۔ ــ عن: سے بچنا، سے فاصلہ رکھنا، سے الگ تھلگ رہنا، کو نظر حقارت سے

دیکھا، اپنے کو کسی شخص یا چیز سے بالاتر سمجھنا۔ اُبَّهَة: شان وشوکت، دکھاوا، تکبر، طمطراق، دھوم دھام۔

ابا: اَبَا ـ اِبَاوَةً و اُبُوَّةً و اُبُوًّا: باپ ہونا۔ ـ ہ: کی باپ کی بیٹے جیسی دیکھ بھال کرنا، کی پرورش کرنا کہا جاتا ہے: ابوتُهُ و اَمَمْتُهُ: میں اس کے لئے بمنزلہ ماں باپ کے ہوگیا۔ اَبَّی فلانًا: سے کہنا کہ میں اپنے باپ کو تم پر فدا کرتا ہوں۔ تَابَّی فلانًا: کو باپ بنانا۔

الآب عند المسیحیین: عیسائیوں کے نزدیک اقنوم اول، جس کو وہ باپ کہتے ہیں۔ الأَب جمع آبَاء و اُبُون: والد، کسی چیز کو ایجاد کرنے یا اس کی اصلاح کا باعث، حالت رفعی میں واوٗ کے ساتھ، حالت نصبی میں الف کے ساتھ اور حالت جری میں یاء کے ساتھ آتا ہے: جیسے جاء ابوك (تمہارا باپ آیا) رَاَیتُ اَباكَ (میں نے تیرا باپ دیکھا) مررتُ بابیك (میں تیرے باپ کے پاس سے گزرا)۔ منادی کی صورت میں کہتے ہیں: یا ابي، یا اَبَتِ (اے میرے باپ) کہا جاتا ہے۔ لا اَبَ لكَ ولا اَباكَ و لا ابكَ یہ اس شخص کی تعریف یا گالی کے طور پر جس کا باپ ہو یا نہ ہو کہا جاتا ہے۔ معنی ہے: تیرا باپ مرے۔

بِابی انت: میرا باپ تجھ پر فدا ہو۔

اَبُوا الیقظان: مرغ۔

ابوایاس: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی وغیرہ ابو ایُّوب: اونٹ۔ ابو الایرد: گدھ۔ ابو الأَسْوَد: چیتا۔ ابو الاصبح: گدھا۔ ابو الاضیاف: میزبان ابو بَرِیص: چھپکلی۔ ابو البَشَر: حضرت آدم علیہ السلام کی کنیت۔ ابو لقیف: سرکہ۔ ابو جامع: دسترخوان۔ ابو حجاوة: ٹڈی۔ ابو جعاد: الو۔ ابو جعران: گبریلا۔ ابو جمیل: ترکاری۔ ابو حبیب: بھنا ہوا بکری کا بچہ ابو حُدَیج: لقلق۔ ابو حلدر: گرگٹ۔ ابو حصین: لومڑی۔ ابو خان: کتا۔ ابو خِصیب: گوشت ابو دغفاء: بیوقوف۔ ابو رزین: ایک قسم کا حلوا۔ ابو رعلة: بھیڑیا ابو زاجر: کوا۔ ابو زُهْرَة: گیدڑ۔ ابو سلیمان: مرغ۔ ابو السرو: بجو۔ ابو عذرا المراة: شوہر۔ ابو عِسْلَة: بھیڑیا: ابو عُقْبَة: سور ابو العَلاء: فالودہ۔ ابو المعفاء: گدھا ابو عوف: ٹڈی۔ ابو عَون: نمک ابو غزوان: بلی۔ ابو قِتْرَة: ابلیس کی کنیت۔ ابو قُرَّة: گرگٹ۔ ابو کُلاة: زربجو۔ ابو لاحق: باز۔ ابو لُبَد: شیر۔ ابو مالِك: بھوک، بڑھاپا، گدھا۔ ابو مَثْوَی: میزبان۔ ابو مُرَّة: شیطان۔ ابو مَذقَة: بھیڑیا۔ ابو مُرَّة: شیطان ابو مریم: قاضی کا پیادہ۔ ابو مِنهال: گدھ۔ ابو مشغول: نر چونٹی ابو مَرینا: مچھلی۔ ابو معاویة: چیتا۔ ابو المُنذِر: مرغ۔ ابو نعیم: روٹی۔ ابو الوَثّاب: عقاب۔ اور بقول رازی "ہرن" ابو هُبَیْرَة: نر مینڈک۔ ابو یَحْیَ: ملک الموت۔

○ اَب جمع آباء: باپ۔ آباء واجداد، باپ دادا، گزشتہ نسلیں، اسلاف، مورث اعلیٰ، الاَبَوَان: ماں باپ، والدین۔ ابونا: مقدس باپ (پادری کا لقب اور اس کو مخاطب کرنے کی شکل) اَبًا عن جدٍّ: باپ سے بیٹے کو ملی ہوئی، آباؤ اجداد سے ترکہ یا ورثہ میں ملی ہوئی۔ ابو سُعْن: مغربی افریقہ کا سارس یا لقلق۔ ابو النوم: خشخاش، پوست، کوکنار، افیون کا پودا۔ ابو الهول: قدیم مصر کا ایک بت جس کا سر آدمی کا اور بدن شیر کا تھا۔ اُبُوَّة: باپ ہونا، ابوبیت: ولدیت۔ اَبَوِی: باپ کا، باپ کی طرف سے، پدرانہ۔

○ ابونیت: (Ebonite) گندھک ملا کر سخت کیا ہوا سیاہ ربڑ۔

اَبُونِیه جمع ابونیهات: چندہ، چندہ کا کارڈ۔

ابی: اَبَی ـ اِبَاءً و اِبَاءَةً و تَأَبَّی الشیءَ: کو ناپسند کرنا، کو مکروہ جاننا، سے ناخوش ہونا، صفت: آبٍ جمع آبُون و اُباة و اُبَّاء واحد آبیة اَبَی الشیءَ علیه: کو سے روکنا۔ اَبِیَ علیه: سے رکنا۔ تأبَّی: سے رکنا، باز رہنا، آباه اِیْبَاءَ الشیءِ: کو سے روکنا، الأَبِیّ: واحد اَبِیَّة: نفرت کرنے والا، کمینہ باتوں سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے: نفسٌ اَبِیَّة: خوددار، کمینہ باتوں سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا شخص یا نفس۔ اَبَّاء: خوددار۔ رجل اَبَّاء: خوددار مرد۔

○ اَبَی ـ اِبَاءً و اِبَاءَةً: انکار کرنا، مسترد کرنا ـ ہ: کو مسترد کرنا، کو حقیر سمجھنا، گھٹیا یا برا جاننا، توجہ کے لائق نہ سمجھنا۔ ـ علی ہ: کو کوئی چیز نہ دینا۔ اَبَی اِلّا ان یفعله: اس نے اسے کرنے پر اصرار کیا۔ ابی اللّٰهُ اِلا ان: خدا تعالیٰ نے چاہا کہ ـ تَأَبَّی: انکار کرنا، مسترد کرنا۔ اِبَاء و اِبَاءَة: استرداد، نامنظوری، ناپسندیدگی، نفرت، کراہت، بیزاری، حقارت، تحقیر، غرور، تکبر، نخوت۔ اَبِی: حقارت آمیز، حقیر یا برا جاننے والا مغرور، متکبر، بہت اونچا، اونچے ذہن کا۔ آبٍ جمع اُباة: کم آمیز، روکھا، خشک، نارضامند، غیر آمادہ، بیدل، کینہ رکھنے والا۔

ابیب: گیارھواں مہینہ (قدیم مصر کے مسیحیوں کی نسل کی [illegible] مطابق

○ اَبِیقُورِی: جویائے سرور، لذت طلب۔ اَبِیقُورِیَة لذت طلبی۔

اتب: ا۔ تَأَتَّبَ و اِئْتَتَبَ: بے آستین والی قمیص پہننا۔ الاِتْب جمع اُتُوب و آتُب و اِتَاب و آتاب: بے آستین کی قمیص۔

۲۔ أَتَابك: امیر، سردار۔ یہ لفظ دراصل بادشاہوں کی اولاد کے اتالیقوں پر بولا جاتا تھا (ترکی لفظ)

اتد: الإتاد: جمع آتِدَة و اُتُد: دودھ دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگ باندھنے کی رسی۔

اترج: الأُتْرُج و الأُتْرُنج: واحد الأُتْرُجَّة و الأُتْرُنجة (ن): چکوترے کا درخت (اسے التُرُنج بھی کہا جاتا ہے جبکہ عام لوگ اسے الکبّاد کہتے ہیں)۔ چکوترہ۔

○ آتِشْجِی: آگ بجھانے والا، کوئلہ دان، زغال دان۔

اتل: أَتَلَ ـ اَتَلاً و اَتَلانًا و اَتَلالاً: غضب میں چھوٹے چھوٹے قدم چلنا۔

اتم: اَتَمَ ـ اُتْمًا: دو چیزوں کو جمع کرنا۔ ـ بالمکان: کسی جگہ اقامت پذیر ہونا، دیر کرنا۔ الماتم جمع مَآتِم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ اس لفظ کا اطلاق بیشتر اس مجمع پر ہوتا ہے جو اظہار غم کے لئے ہو۔

اتن: اِسْتَأْتَنَ: گدھی خریدنا۔ گدھی ہونا۔ کان حماراً فاستاتن: وہ گدھا تھا پھر گدھی ہوگیا۔ یعنی وہ عزت دار تھا پھر ذلیل (کمینہ وحقیر) ہوا۔ الأَتَان جمع اُتُن و اُتْن و آتُن: گدھی۔

۲۔ الأَتُون جمع اُتُن و اَتَاتِین: حمام کا چولہا۔ چونا بنانے کی بھٹی۔ اسے اتون الکلس بھی کہتے ہیں۔

○ اتُّون جمع اُتُن و اَتَاتِین: آوا، تنور، بھٹی۔

اتا: ا۔ اَتَا ـ اُتُوًّا و اِتَاءً الشجرُ: درخت میں پھل آنا، لگنا، بہت پھل لگنا۔ اِتَاءُ الأَرض: زمین کی پیداوار یا روئیدگی۔ الاَتَاوَة جمع اَتَاوَی: خراج۔

۲۔ اَتَا ـ به و علیه: کی چغلخوری کرنا۔ الإتاوة جمع اَتَاوِی: رشوت۔ اَتَوْتُهُ اِتَاوَةً: میں نے اس کو رشوت دی۔

○ اِتَاوَة جمع اَتَاوَی: محصول، ٹیکس، خراج، باج۔

○ اتوبیس: بس، آٹو بس (موٹر بس)۔

○ اَتُومَاتِیکی: خودکار، خودحرکی، آپ چالو (Automatic)۔

اتی: ا۔ اَتَی ـ اِتْیَانًا و اُتِیًّا و اِتْیَانَةً و مَاتَاةً: آنا۔ ـ المکانَ: کسی جگہ حاضر ہونا۔ ـ الرجلَ: کے پاس سے گزرنا۔ اِسْتَأْتَی الرجلَ: کو سست سمجھنا۔ ـ

آنے کی درخواست کرنا۔ الأتِیّ و الأتاوِیّ: پردیسی، اجنبی، مسافر۔ سیلٌ اتیٌ و أتاوِیّ: انجان جگہ سے آجانے والا سیلاب۔ المَاتی و المَاتاۃ: سمت، جہت، کہاجاتا ہے: أتی الأمرَ من ماتاہ او ماتاتہ۔ اس نے وہ کام اس کے ڈھب اور طریقہ سے کیا۔

۲۔ أتی ـِ الشیءَ: کسی چیز کو کرنا۔ ــــ علی الشیءِ: کو پورا کرنا، جاری و نافذ کرنا، اس کے آخر تک پہنچنا۔ أتی عَلَیہِ الدھرُ: کو زمانہ نے ہلاک کر دیا۔ اتی تَاتِیَۃً و تَاتِیًا الماءَ: پانی کے بہاؤ کے لئے راستہ نکالنا۔ اتی مُؤاتاۃً ہ علی الشیءِ: سے پر موافقت کرنا۔ ــــ اِیتاءً الیہ الشیءَ: کو کوئی چیز بھیجنا، کے کوئی چیز حوالے کرنا۔ ــــ الرجلَ: کو بدلہ دینا، کے ساتھ چلنا (اگر یہ جا رہا ہے)۔ ــ فلاناً لشیءٍ: کو کوئی چیز دینا۔ اسی سے ہے: آتِنا غداءَنا: ہمیں ہمارا ناشتہ دے، دوپہر کا کھانا دے۔ تَاتّی الامرُ: تیار ہونا، آسان ہونا۔ ــ للأمرِ: کی طرف مائل ہونا، کے لئے تیار ہونا۔ ــ لمعروفہ: کے درپے ہونا۔ ــ لہ: کو پیش آنا۔

○ اَتَی ـِ اِتیانًا و اتیًا و ماتاۃً ہ یا الی: کے پاس آنا۔ ــــ علی: کو اتفاقاً ملنا۔ ــ ہ یا الی: کسی جگہ پہنچنا۔ اتی بہ: کو لانا، آگے لانا، آگے بڑھانا، وجود میں لانا، بنانا، تخلیق کرنا، کو انجام دینا، بجالانا، پورا کرنا۔ ــــ ہ ب: کو کوئی چیز دینا، پیش کرنا، ــ ہ کو کرنا، بجالانا، کی تعمیل کرنا، کو عمل میں لانا، کی تکمیل کرنا، (گناہ، جرم) کا ارتکاب کرنا۔ ــ علی: کا ذکر کرنا، کو ہلاک کرنا، تباہ کرنا، کو ختم کرنا، مکمل کرنا، کی تکمیل کرنا، کو تباہ کرنا، نیست و نابود کرنا، جڑ سے اکھیڑنا، کا استحصال کرنا، کا قلع قمع کرنا، کو ڈھوڈالنا، کو خارج کرنا، نکال دینا، کو رو میں بہا لیجانا، لیجانا، کو موقوف کرنا، منسوخ کرنا، سے پیچھا چھڑانا، پر جامع یا مکمل بحث کرنا، کو مکمل طور پر پیش کرنا، بالتفصیل پیش کرنا، کو تفصیل سے بیان کرنا۔ کما یاتی: جیسے کہ ذیل میں درج ہے۔ آتی علی آخرہ: کو مکمل کرنا، ختم کرنا، کو آخر تک خرچ کرنا یا استعمال کرنا، اتی علی الاخضر و الیابس: ہر چیز تباہ کر دینا، تباہی مچانا، اتی البیوت من ابوابھا: صحیح طریقے سے غور کرنا، صحیح دروازہ کھٹکھٹانا۔ یُوتی مِن قبلِ: (کی وجہ سے) اس کی جڑیں اندر ہی اندر کھوکھلی کی جا رہی ہیں، کمزور کیا جا رہا ہے، تباہ کیا جا رہا ہے۔ آتی ہ ب: کو کوئی چیز پیش کرنا، مہیا کرنا، دینا، بہم پہنچانا۔ ــ ہ: کے لئے مبارک، مسعود یا نیک شگون والا ہونا، مناسب حال ہونا، کے موافق ہونا، کی مدد کرنا، سے ہمدردی کرنا، کے لئے اچھا ہونا، کی تائید میں ہونا، کے لئے موزوں ہونا، مناسب ہونا (خوراک کا) کسی کو موافق آنا، راس آنا۔ آتاہُ کُلُّ شیءٍ: ہر چیز اس کی تائید میں تھی، کیلئے اچھی نکلی، اسے پیش آئی۔ آتی ہ ہ: کے پاس کچھ لانا، کو کچھ دینا، عطا کرنا، آتی الزکاۃ: زکوٰۃ دینا تاتّی عن: سے وجود میں آنا، نکلنا، مشتق ہونا، پیدا ہونا، کا نتیجہ ہونا۔ ــ الی: تک جانا، پہنچنا، ــ: کا کرنا آسان ہونا، کسی مشکل کے بغیر قابل عمل ہونا، قابل حصول ہونا، ترقی کرنا، اطمینان بخش ہونا۔ ــــ فی: کو احتیاط یا نرمی سے کرتے رہنا۔ استاتی ہ: کو آنے کے لئے کہنا، کو آنے کی ترغیب دینا۔ مَاْتًی جمع مآتٍ: آنے کی جگہ، پہنچنے کی جگہ، راستہ، راہ، وسیلہ، سبیل، رسائی، پہنچ، رسائی کا ذریعہ، گزرنے کا حق یا ذریعہ، دسترس جمع مَآتٍ: اصل، اصل مقام، منبع، سرچشمہ، ماخذ، مقامِ ساخت، مقام پیدائش، وہ جگہ جہاں کوئی رہا ہو یا آیا ہو، وہ جگہ جہاں کسی چیز کا آغاز ہو، یا جہاں وہ ختم ہو۔ ــــ آتٍ: آنے والا، آئندہ، ذیلی، ذیل کا الاسبوع الآتی: آئندہ ہفتہ۔ کالآتی: حسب ذیل مُؤآت و مُؤاتٍ: موافق، مفید، مفید مطلب، امید افزا، مناسب حال، سازگار، سعید، مبارک، مسعود، ٹھیک، درست، مناسب، موزوں، بروقت، برمحل، آسان، معقول آرام دہ، مناسب موقع۔

اث: أثَّ ـِ أثًّا و أثوثًا و أثاثۃً النباتُ او الشعرُ: پودوں یا بالوں کا گنجان اور گھنا ہونا، بکثرت ہونا۔ صفت: أثٌّ و أثیثٌ جمع إثاث۔ أثّثَ الفراشَ: بستر بچھانا، تیار کرنا ــ البیتَ: گھر میں نیا فرنیچر لگانا، گھر کو فرنیچر سے آراستہ کرنا۔ تَأثّثَ: مال دار ہو جانا، فرنیچر لگنا، خوش حالی نصیب ہونا۔ الأثاث: فرنیچر۔ مال و دولت، ساز و سامان، ساز و یراق۔

○ اَثَّ ـِ أثاثۃً (بالوں، پودوں کا) بافراط ہونا، بکثرت اگنا۔ أثّثَ ہ: کو تیار کرنا، لگانا، (کمرہ میں) فرنیچر لگانا، کمرہ کو فرنیچر سے آراستہ کرنا۔ تأثّثَ امیریا: دولتمند ہونا یا ہو جانا، اقبال مند ہونا، پھلنا پھولنا، فرنیچر سے آراستہ ہونا۔ اَثاث: فرنیچر، ساز و سامان ساز و یراق۔ تأثیث: فرنیچر لگانا، فرنیچر سے آراستہ کرنا۔ اثّ و اَثِیث: بافراط، بکثرت اگنے والے (پودے، بال)۔

اثر: ا۔ أثَرَ ـُ أثرًا و أثارۃً و أثرۃً الحدیثَ: حدیث [illegible] بیان یا نقل کرنا [illegible]

السیفُ المأثور: قدیم اور موروثی تلوار الأثر: جمع آثار: کسی چیز کا اثر و نشان۔ سنت، حدیث، علمُ الآثار عند المسلمین: اگلی قوموں کی چھوڑی ہوئی یادگاروں کی معرفت مثلاً ان کے مکانات، مجسمے اور سکے۔

۲۔ أثَرَ ـُ أثرًا و أثارۃً و أثرۃً و آثرَ إیثارًا ہ: کا اکرام و احترام کرنا۔ الأثارۃ و الأثرۃ جمع أثر و المأثَرۃ و المَأثُرۃ جمع مآثِر: موروثی شرافت و بزرگی، اچھا فعل۔ الأثیر جمع أثراء: باعزت و باشرف۔ رجُلٌ أثیر: باعزت و باشرف آدمی۔

۳۔ أثِرَ ـَ أثَرًا علیھم: اوروں کو نظر انداز کر کے اپنے لئے بہترین چیزیں چھانٹ لینا۔ آثر إیثارًا ہ: کو پسند کرنا، فضیلت و برتری دینا۔ إستأثَرَ بالشیء علی الغیر: دوسرے کے مقابلہ میں اپنے لئے کوئی چیز مخصوص کر لینا۔ کسی چیز میں خود کو دوسرے پر ترجیح دینا۔ الأثَرۃ: پسندیدگی، دوسرے کے مقابلہ میں اپنے لئے بہترین چیز پسند کرنا۔ خود کو دوسرے پر ترجیح دینا، انتہائی خود پسندی و خود غرضی۔

۴۔ أثِرَ ـَ أثَرًا علی الأمر: کا پکا ارادہ کرنا ــ للأمرِ: کسی کام میں یکسوئی کے ساتھ لگ جانا۔ ــ یفعلُ کذا: کو کرنے لگنا۔

۵۔ أثّرَ فیہ: میں اثر چھوڑنا، پر اثر انداز ہونا۔ آثَرَ إیثارًا کذا بکذا: کے ذریعے کے پیچھے لگنا۔ تأثّرَ و إئتَثَرَ منہ و بہ: سے متاثر ہونا، میں کا اثر پہنچنا صفت: متأثِّر۔ ــ فلانًا: کے نشان قدم پر چلنا، کی پیروی کرنا۔ الأثر جمع آثار و أثور: کسی چیز کا اثر و نشان۔ (علم الآثار: اگلی قوموں کی چھوڑی ہوئی یادگاروں کی معرفت جیسے مکانات، مجسمے، حنوط کی ہوئی چیزیں اور سکے وغیرہ۔ الأثری: آثار قدیمہ کا ماہر۔ لغۃ الوبۃ: آثار قدیمہ میں شمار زبان۔ ــ والأثر کہا جاتا ہے: خرَجَ فی أثَرِہ و فی إثرِہ: وہ اس کے بعد نکلا۔ علی الأثرِ: فوراً اور فی الحال۔) نشان۔ جیسے کہ اس ضرب المثل میں: یطلب اثرًا بعد عینٍ: وہ اصل کے بعد نشان ڈھونڈ رہا ہے۔ (سانپ نکل گیا لکیر پیٹ رہا ہے)۔ الأثر و الأثر جمع آثار و أثور: زخم کا نشان۔ الأثارۃ و الأُثرۃ جمع أُثر: بقیہ علم۔ أثیر: اثر عظیم چھوڑنے والا فرسٌ أثیر: وہ گھوڑا جس کے کھروں کے نشانات بڑے ہوں۔ المَأثَرۃ و المَأثُرۃ جمع مآثر: اچھا اثر چھوڑنے والا قابل تعریف فعل۔

استأثرَ اللہُ بہ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو دنیا سے اٹھا لینا،

وفات دینا۔ الأَثَر: مدت۔

۷۔ الأَثْر جمع اُثُور والأَثِیر جمع اُثَرَاء: تلوار کا جوہر۔ الأَثِیر (فلك): قدماء کے نزدیک نواں آسمان یا فلک (ف)۔ علماء طبیعات کی اصطلاح میں: اثِیر: (ایتھر) یعنی ایسا مادہ جو وزن کے تحت نہیں آتا اجسام میں سرایت کرتا ہے، جس کے تموج سے گرمی بڑھتی اور آواز دور تک جاتی ہے۔ الاثیرات الملحیة: (ک) پھولوں، پھلوں اور روغنی مادوں میں موجود عضوی مرکبات الأَثْرَجَة (ك): الکحل اور ایسڈ کا کیمیاوی عمل جس سے نمکیاتی اثیر اور پانی پیدا ہوتا ہے۔

○ اَثَرَ ـِ اَثْرًا و اَثَارَة ہ عن: کو سے یا کی سند سے نقل کرنا، بیان کرنا، اَثَّرَ فی یا علی: پراثر انداز ہونا، اثر ڈالنا، پرعمل کرنا، پراثر کرنا، تاثر قائم کرنا، اثر رکھنا۔ آثَرَ ہ علی: کو پر ترجیح دینا، کو سے زیادہ پسند کرنا۔ ـــ ہ: کے لئے خصوصی پسند کا حامل ہونا، کو پسند کرنا، چاہنا، کا شائق ہونا، ـــ ان: کچھ کرنے کا انتخاب کرنا، کچھ کرنے کو دانشمندانہ، مناسب یا قرین مصلحت سمجھنا۔ ـــ ہ یا ہ: کی تعظیم کرنا، کا احترام کرنا، سے عقیدت رکھنا۔ آثَرَ نَفْسَہُ بالخیر: اپنے لئے خیر کی آرزو کرنا، اپنے لئے سب سے بہتری کی امید ہونا۔ تَأَثَّرَ: متاثر ہونا، اثر ڈالا جانا، اثر پذیر ہونا۔ ـ ب / ل / من: سے جذبات ابھرنا، دل پر اثر ہونا ـــ ب: سے اثر پذیر ہونا۔ ـــ ہ: کے نقش قدم پر چلنا، کی مثال پر رد عمل کرنا، کی ریس کرنا ـــ ہ: کے بارے میں مزید تجسس سے کام لینا، کو محسوس کرنا، سمجھنا۔ اِسْتَأْثَرَ: اجارہ داری کا دعویٰ کرنا۔ ـــ ب: کا اکیلا مالک ہونا، قابض ہونا، کی اجارہ داری رکھنا، کا مالک بن بیٹھنا، پر بلا شرکت غیرے قابض ہونا ـــ ہ: کو پہلے ہی قبضہ میں لے لینا، (توجہ کو) منہمک کرنا۔

اَثَر جمع آثَار: لیک، راہ، آثار، نام و نشان، نشان، ہلکا سا اثر، چاشنی، (فنکار وغیرہ کا) ہاتھ، نقش، اثر، تاثر، عمل، حدیث، فنی تخلیق، قدیم یادگار۔ آثَار: آثار قدیمہ، اثریات، بقایا، نام و نشان، (مذہبی) برکات، یادگاریں عِلمُ الآثار: علم آثار قدیمہ اثریات۔ دارُ الآثار: آثار قدیمہ یا اثریات کا عجائب گھر بأثر رَجْعِی: پچھلے زمانہ سے نافذ ہونے کی طاقت کے ساتھ۔ لا اَثَر لہ: غیر موثر، بے کار، بے سود، بے تاثیر۔ أَصْبَحَ اَثَرًا بعدَ عین: تباہ و برباد ہو جانا، مٹ جانا، یادوں کے سوا پیچھے کچھ نہ چھوڑنا۔ اعادہ اَثَرًا بعد عین: کو مکمل طور پر تباہ کر دیا علی اَثَرِہ وفی اِثْرِہ: کے قدموں کے نشان پر، کے پیچھے پیچھے، کے بعد، کے فوراً بعد، کے تھوڑی دیر بعد، پھر، اس کے بعد، بعد ازاں، علی الأَثَر: فوراً بعد، تھوڑی دیر بعد اِثْرَ: کے فوراً بعد، کے بعد ہی۔ اَثَرِی: ماہر آثار قدیمہ آثَارِی: ماہر آثار قدیمہ۔ آثَارِی: قدیم۔ عالم اَثَرِی: ماہر آثار قدیمہ۔ لغة اثریة: مردہ زبان۔ اَثِر: خودغرضانہ، خودغرض، مطلبی، مطلب پرست۔ اَثَرَة: خودغرضی، مطلب پرستی أَثِیر عند: کے ہاں زیادہ پسندیدہ زیادہ ترجیح والا، نوازش یافتہ، منتخب، پسندیدہ، چیدہ، دقیقہ رس، عالی دماغ أَثَارَة: بقیہ: باقی ماندہ، بچا کھچا، ہلکا سا سراغ، کھوج، علامت، نشانی، ذرہ، نقش قدم، مآثرہ جمع مآثِر: کارنامہ، کار عظیم، بہادری کا کام، جلیل القدر کام سریع التأثر: آسانی سے متاثر ہونے والا۔ اثر پذیر تَأَثُّرِیة: مصوری یا بیان کا طریقہ جس میں مجموعی اثر پر زور دیا جاتا ہے، نہ کہ تفصیلات پر۔ اثریت المذهبُ التاثری: مصوری یا بیان کے مندرجہ بالا طریقہ والی تحریک۔ قول ماثور اور کلمة ماثورة: ضرب المثل، کہاوت، مثل، مقولہ۔ مُؤَثِّر: اثر ڈالنے والا، عمل کرنے والا، کاری، کارگر، موثر، تیر بہدف، مجرب، پراثر، دلنشین، دلگداز، رقت انگیز، پردرد، دل پر اثر کرنے والا، دلسوز، جذباتی۔

اثف: اَثَفَ ـِ اَثْفًا: کے پیچھے جانا، کو طلب کرنا۔ اَثَّفَ تَأْثِیفًا القِدرَ: ہانڈی کو چولہے پر رکھنا۔ تَأَثَّفَ الرجلُ المکانَ: کسی جگہ میں رہنا ـ القومُ الأمرَ وعلیہ: لوگوں کا کسی کام پر اکٹھا ہونا۔ الأُثْفِیَّة او الإِثْفِیَّة جمع أَثَافِی: پتھر جس پر ہانڈی رکھی جاتی ہے۔ جماعت۔ ثَالِثَةُ الاثافی: پہاڑ کا ایک حصہ جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں۔ رماہ اللّٰہ ثالثة الاثافی: خدا کرے وہ بڑی مصیبت میں پڑے۔

○ اُثْفِیَّة جمع اَثَافِ: آتش دان میں لگی ہوئی لوہے کی تپائی، تپائی، تین پائے کی میز، چولہے کے تین پتھروں میں سے ایک جن پر ہانڈی رکھی جاتی ہے۔ ثَالِثَةُ الاثافی: جیش قرار انعام والی فنکاری۔

اثل: ۱۔ اَثَلَ ـُ و اَثُلَ ـ اَثَالَةً و اُثُولًا: شرافت میں جڑ پکڑنا صفت اثیل و مُؤَثَّل۔ اَثَّلَہٗ: کی اصل اور اس کی پاکیزگی واضح کرنا۔ ـــ المرءَ: کی تعظیم کرنا ـــ المجدَ: بزرگی کی بنیاد رکھنا۔ تَأَثَّلَ: جڑ پکڑنا۔ الأَثَلَة و الأُثْلَة: اصل۔ الأُثْلَة و الأَثَال و الأُثَال: [illegible]

اَثَّلَہٗ: اس نے اس پر عیب لگایا اور اس کو کم قدر کیا۔

۲۔ اَثَلَ ـِ اُثُولًا و اَثُلَ ـُ اَثَالَةً: زمین میں جڑ پکڑنا صفت: اثیل و مُؤَثَّل۔ تَأَثَّلَ: جڑ پکڑنا۔ ـ البئرَ: کنواں کھودنا۔

۳۔ أَثَّلَ المالَ: مال کی زکاۃ دینا، مال کو بڑھانا۔ تَأَثَّلَ: جمع ہونا، ـ المالَ: مال کمانا اور اس کو بڑھانا الأَثَلَة و الأُثْلَة: گھر کا ساز و سامان۔ ساز و یراق۔

۴۔ الأَثْل واحد اَثْلَة: جمع اَثَلات و آثال و اُثُول: جھاؤ کا درخت۔

○ اَثَلَ ـِ اَثَالَة و اُثُولًا: مستحکم ہونا، مضبوط ہونا۔ اَثُلَ: دولتمند ہو جانا۔ تَأَثَّلَ: مستحکم ہونا، مضبوط ہونا، دولتمند ہو جانا۔ اَثْل جمع اُثُول: اسم جنس واحد اَثْلَة جمع اَثَلات: سمندر کے کنارے کی ایک جھاڑی جس پر سفید اور گلابی پھول آتے ہیں اور جس کے پتے نرم ہوتے ہیں۔ أَثِیل و مُؤَثَّل: جس کی بنیاد گہری ہو شریف الاصل، خاندانی۔

اثم: أَثِمَ ـَ إِثْمًا و أَثَمًا و اَثَامًا و مَأْثَمًا: گناہ کرنا، ناجائز کام کرنا صفت: اثِیم: جمع اُثَماء و آثِم جمع اَثَمَة۔ اَثَمَ ـُ اَثْمًا اللّٰہُ فلانًا فی کذا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو کسی چیز میں گناہ گار ٹھہرانا اور سزا دینا اَثَّمَہُ: کی طرف گناہ منسوب کرنا۔ آثَمَہُ: کو گناہ میں مبتلا کرنا۔ تَأَثَّمَ: گناہ سے بچنا، رکنا، گریز کرنا۔ الإِثْم جمع آثَام: ناجائز کام، خطا جرم، گناہ المَأْثَم و المَأْثَمَة جمع مَآثِم: گناہ، جرم خطا، ناجائز فعل۔

○ أَثِمَ ـَ إِثْمًا و اَثَمًا و مَأْثَمًا: گناہ کرنا، غلطی کرنا، چوک جانا۔ تَأَثَّمَ: گناہ سے بچنا، معصیت سے اجتناب کرنا، اپنے آپ کو حد کے اندر رکھنا، رکنا، ہچکچانا۔ إِثْم جمع آثَام: گناہ، جرم، خباثت۔ مَأْثَم جمع مَآثِم: بمعنی اِثم۔ تَأْثِیم: بمعنی إثم۔ آثِم جمع أَثَمَة و أَثِیم جمع اُثَمَاء: گنہگار، مجرم، برا، بد، فاسق، بداعمال، بدنیت۔

○ إِثْمِد: سرمہ۔

اثن: الأَثْنُولُوجِیا: علم الانسان، انسانی نسلوں کی خصوصیات اور ان کے باہمی تعلقات کا علم۔ (ethnology)

○ اَثِیر: ایتھر (ether)

○ اثینا: ایتھنز Athens

○ أَثْیُوبیا: ایتھوپیا Ethopia اثیوبِی: ایتھوپیا کا (باشندہ) جمع اَثْیُوبِیُّون البلاد الأَثْیُوبِیَة: ایتھوپیا (Ethopia)

اثا: اَثَا ـُ اَثْوًا و إِثَاوَةً بہ و اَثَی ـِ اَثْیًا و إِثَایَةً بہ: کی چغلی کھانا، پر تہمت لگانا۔ تَأَثَّوا و تَآثَوا بادشاہ کے

پاس مقدمہ لیجانا۔ المَاثِیَة و المَاثاة جمع مَآثٍ: چغل خوری۔

اج: ۱۔ أَجَّ ـــُ أُجُوجًا الماءُ: پانی کا کھارا اور کڑوا ہونا۔ آجَّ الماءَ: پانی کو کھارا اور کڑوا بنانا۔

۲۔ أَجَّ ـــُ أَجِیجًا: (آگ کا) بھڑکنا، شعلہ مارنا صفت: اَجَّاج و أَجُوج۔ أَجَّجَ النارَ: آگ کو بھڑکانا۔ تَأَجَّجَ و تَآجَّ و اِئْتَجَّ: بھڑکنا، شعلہ زن ہونا۔ ـ ت النارُ آگ کا سخت گرم ہونا۔ الأَجَّة جمع إِجَاج: گرمی کی شدت اِشْتَدَّتِ اَجَّةُ الصیف: موسم گرما کی گرمی کا تیز ہونا۔ الأَجِیج: گرمی کی شدت۔ اجیج النار آگ کی شدت۔

۳۔ أَجَّجَ علی العدوّ: دشمن پر حملہ کرنا۔ الأَجَّة والأَجِیج: شور، چلنے کی آہٹ، اجیجُ القوم: لوگوں کا شور۔ اجیج الماء: پانی بہنے کی آواز۔

○ أَجَّ ـــِ أَجِیجًا: جلنا، بھڑکنا، شعلہ زن ہونا، روشن ہونا (آگ کا)۔ أَجَّجَ ہ: آگ روشن کرنا، جلانا، سلگانا، لگانا۔ تَأَجَّج بمعنی أَجَّ ماءٌ أُجَاج: کڑوا، کھارا پانی۔ اَجَّاج: گرم، روشن، شعلہ زن، جلتا ہوا، مُتَأَجِّج: جلتا ہوا، شعلہ زن، نہایت گرم۔

☆ أَجِبِیَة: Horologium۔ وقت بتانے کا آلہ۔

اجد: اَجَدَ و آجَدَ و أَجَّدَہٗ: کو قوی اور مضبوط کرنا۔

أُجُد: قوی (مونث) ناقةٌ أُجُد: مضبوط اونٹنی۔ الاِجَاد (ب) چھوٹا طاق۔ المُؤَجَّد: مضبوط کیا ہوا۔ بِناءٌ مُؤَجَّد: مضبوط عمارت۔ ثوبٌ مُؤَجَّدُ النسیج: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

اجر: ۱۔ اَجَرَ ـــِ أَجْرًا و إِجَارَةً و آجَرَ إِیجارًا الرجُلَ علی کذا: کو کا بدلہ دینا، کو کی مزدوری دینا۔ اِئْتَجَرَ: صدقہ کرنا، خیرات کرنا، مزدوری مانگنا۔ الأَجْر جمع أُجُور و آجار: ثواب، انعام، معاوضہ، مزدوری۔

۲۔ آجَرَ مُؤَاجَرَةً و اِسْتَأْجَرَ الرجُلَ: کو مزدور بنانا۔ الإِجَارَة والأُجْرَة جمع أُجَر: مزدوری۔ الأَجِیر: مزدور ـ ج أُجَرَاء۔

۳۔ آجَرَ إِیجارًا الدارَ فلانًا و من فلانٍ: گھر کو کسی کو کرایہ پر دینا صفت مُؤْجِر: (نہ کہ مُؤَاجِر) اِسْتَأْجَرَ الدارَ: گھر کو کرایہ پر لینا۔

۴۔ أَجَرَ ـــِ أَجْرًا و أُجَارًا و أُجُورًا العظمُ: ہڈی کا جڑ جانا۔ ـ العظمَ: ہڈی کو جوڑنا۔

۵۔ أَجَّرَ الطینَ: مٹی کو پکانا، مٹی کو پکا کر اینٹ بنانا۔ الآجُرَّة جمع الآجُرّ: اینٹ، عام لوگ اسے قرمید کہتے ہیں۔

○ اَجَرَ ـــُ أَجْرًا ہ: کو انعام دینا، بدلہ دینا، اجر دینا، معاوضہ ادا کرنا، أَجَّرَ ہ: کو کرایہ پر دینا، پٹے پر دینا، ٹھیکہ پر دینا، کرائے پر اٹھانا۔ اَجَّرَ نفسَہٗ: اپنے آپ کو بھاڑے پر دینا۔ آجَرَہ: کو کرایہ پر دینا، پٹے پر لینا، کرایہ پر لینا۔ ـ ہ: کو اجرت پر رکھنا۔ اِسْتَأْجَرَہ: کو کرایہ پر لینا، کو مزدوری پر رکھنا۔ اَجْر جمع أُجُور: مزدوری، تنخواہ، محنتانہ، انعام، معاوضہ، ہرجانہ، مشاہرہ، اجرت، قیمت، فیس، محصول۔ اُجُورُ السفر: سفر کا کرایہ۔ اُجْرَة: کرایہ، امکانی کرایہ، اُجرت، قیمت، محصول، فیس، مقررہ محصول (سرکاری) خرچ، محصول ڈاک، اجرةُ البرید: محصول ڈاک اجرةُ النقل: نقل و حمل کے اخراجات، کرایہ، بھاڑا، چھکڑے کا کرایہ، بار برداری کا خرچ۔ اَجِیر جمع أُجَرَاء: بھاڑے کا ٹٹو، کام کرنے والا، مزدور، دیہاڑی پر مزدوری کرنے والا، ملازم، اَجِیرَة: کام کرنے والی عورت، کارخانہ میں کام کرنے والی، عورت مزدور، ملازمہ۔ تَأْجِیر: کرایہ پر دینا، مَشْرُوعُ التأجیر والاعَارَة: Lend Lease Act۔ اِیجار جمع ایجارات: کرایہ، کرایہ پر دینا، لِلْاِیجار: کرایہ پر، کرائے کیلئے۔ اِجَارَة جمع إجارات: کرایہ، کرایہ پر دینا، اِسْتِئجار: کرایہ، پٹہ، لگان داری کی مدت یا شرائط۔ مَأْجُور: تنخواہ دار ملازم، منفعت بخش طور پر ملازم رکھا ہوا، بھاڑے کا سپاہی، محض پیسے کے لالچ میں کام کرنے والا، زرخرید، روپے پر بکا ہوا، بھاڑے کا ٹٹو، ضمیر فروش، کرایہ پر لیا ہوا، رشوت دیا ہوا۔ مُؤَجِّر جمع مُؤَجِّرون: مالک مکان، زمین دار، پٹے پر دینے والا۔ مُسْتَأْجِر: پٹے پر لینے والا، کرایہ دار، ملازم رکھنے والا۔ آجُرّ (واحد آجُرَّة) پکی اینٹ۔

اَجْزَاجی جمع اجزاجیة: پنساری، عطار، دواساز، دوا فروش۔ اجزا خانہ: دواؤں کی دکان، عطار خانہ، عطار کی دکان۔

اجص: الإِجَّاص واحد إِجَّاصَة (ن): آلو بخارے کا درخت، زرد آلو کا درخت، آلو بخارا، زرد آلو۔

○ إِجَّاص: ناشپاتی، ناشپاتی کا پیڑ۔

اجل: ۱۔ أَجَلَ ـــُ أَجْلًا علیه شرًّا: کے خلاف شر اٹھانا۔ الأَجْل: اَجَل کا مصدر پہلے اسے برائی کی وجہ بتانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا بعد ازاں ہر کام کے سبب کے معنی میں لیا جانے لگا۔ کہا جاتا ہے: من اَجْلِكَ و لِاَجْلِكَ فعلتُ ھذا: یہ میں نے تمہاری وجہ سے کیا۔

۲۔ أَجِلَ ـــَ أَجَلًا: دیر کرنا، تاخیر کرنا۔ أَجَّلَ الشیءَ: کی مدت مقرر کرنا، کو مہلت دینا، ملتوی کرنا۔ أَجَّلُوا الاجتماع [illegible] ملتوی کر دیا۔ پیچھے رہنا، مہلت مانگنا۔ اِسْتَأْجَلَ: تاخیر چاہنا، مہلت طلب کرنا الأَجَل جمع آجَال: موت، موت کا وقت۔ الآجِل و الآجِلَة: دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔ التَأْجِیل: تاخیر۔ تاجیل الجلسة او المحاکمة: جلسے یا عدالتی کارروائی کا التواء۔

۳۔ أَجِلَ ـــَ أَجَلًا: گردن کے درد میں مبتلا ہونا صفت: اَجِل و اَجِیل۔ أَجَّلَ الرجُلَ: کی گردن کے درد کا علاج کرنا۔ الإِجْل: گردن کا درد۔

۴۔ أَجَلْ: ہاں

۵۔ الإِجْل: نیل گائیوں کا گلہ۔

○ اَجِلَ ـــَ اَجَلًا: ہچکچانا، دیر کرنا، سستی کرنا، دیر لگانا۔ أَجَّلَ ہ إِلی: کو تک موخر کرنا، ملتوی کرنا، ٹالنا، موقوف رکھنا، میں تک تاخیر کرنا، کو تک لٹکائے رکھنا، روکے رکھنا۔ تَأَجَّلَ الی: تک ملتوی ہونا، موخر ہونا، موقوف رکھا جانا، ٹلنا۔ اِسْتَأْجَلَ ہ: کو ملتوی کرنے کی درخواست کرنا، کو موخر کرنے کی کوشش کرنا۔ اَجَلْ: ہاں، بے شک، یقینا، لِاَجْلِ یا مِن اَجْلِ: کی وجہ سے، کے باعث، کے سبب سے، کے لئے، کے واسطے، کی خاطر لأجلِ أن: تاکہ۔ مِن اجلِ ھذا: اس لئے، لہٰذا، اس وجہ سے، اس سبب سے۔ اَجَل جمع آجال: مقررہ وقت، تاریخ، آخری مدت، موت کا وقت، تاخیر، مہلت، بالأجَل: ادھار، قرض پر۔ قصیرُ الأجَل: مختصر مدت کا اِلی اَجَلٍ غیرِ مُسَمًّی: غیر معینہ مدت تک یا کے لئے، آئندہ اطلاع تک۔ آجِل: موخر، بہت طول پکڑ جانے والا، تاخیری، موقوف رکھا ہوا، بعد میں، آئندہ ہونے والا، مستقبل کا۔ عاجلا او آجلا اور فی عاجِلِهٖ او آجِلِهٖ: جلد یا بدیر، دیر سویر، کبھی نہ کبھی، فی العَاجِل والآجِل: اب اور آئندہ۔ الآجِلة: آخرت مُؤَجَّل: موخر، دیر سے، ملتوی، تاخیری، مقررہ وقت میں، آخری مدت میں۔

اجم: ۱۔ اَجَمَ ـــِ أَجْمًا و أَجِیمًا النهارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ تَأَجَّمَ النهارُ: دن کا سخت گرم ہونا — علیه: پر غضبناک ہونا۔

۲۔ تَأَجَّمَ الأسدُ: شیر کا جھاڑی میں داخل ہونا الأَجَمَة جمع أَجَم و أُجُم و جج آجام: شیر کے رہنے کی جگہ، گنجان درخت، جھاڑی الأُجُم جمع آجام: قلعہ۔

○ اَجَمَة: (اسم جنس) اَجَم جمع اَجَمات و اُجُم و آجام: گنجان جھاڑیاں، جنگل، درختوں کا جھنڈ، درختوں اور جھاڑیوں کا علاقہ۔ نرسل، سرکنڈے۔ اَجَمِیَّة: ملیریا بَعُوضَةُ الاجمیة: ایک قسم کا مچھر

جس سے ملیریا پیدا ہوتا ہے۔

اجن۔ ۱۔ أَجَنَ ـِ أَجْنًا و أُجُونًا و أَجِنَ ـَ أَجَنًا الماءُ: پانی کا رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت: آجِن و أَجِن۔

۲۔ أَجَنَ ـُ أَجْنًا الثوبَ: کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا۔ الإجَّانَة جمع أَجَاجِين: کپڑے دھونے کا ٹب۔ بڑا مرتبان۔ المِنْجَنَة والمِنْجَن جمع مَآجِن: کپڑے کوٹنے کی موگری۔

○ آجن: کھاری، نمکین (پانی)

○ أَجَنْدَة: نوٹ بک

احّ: أَحَّ ـُ أَحًّا: کھانسنا۔ الأُحَاح: پیاس، غصہ، غیظ۔ الأَحِيح والأَحِيحَة: غصہ، غیظ۔

احد ۱۔ أَحَّدَ و وَحَّدَ المُتَعَدِّدَ: متعدد کو ایک کرنا۔ (جیسے آپ کہتے ہیں: ثَنَّاه، ثَلَّثَهُ: اس نے اسے دو یا تین بنا دیئے)۔ العددَ (ع ح): کسی عدد پر ایک بڑھا دینا آپ کہتے ہیں احدتُ العشرةَ: میں نے دس کو گیارہ بنا دیئے۔) إتَّحَدَ به: کے ساتھ ایک ہونا، متحد ہونا۔ إتَّحَدَ الماءُ بالخمر: پانی شراب میں مل گیا۔ اتحد الفريقان: دونوں فریق متفق ہو گئے۔ استَأحَدَ: اکیلا ہونا۔ الأحَد مونث إحْدَى جمع آحاد: ایک اکیلا، یکتا۔ (ع ح): پہلا عدد (کہا جاتا ہے: الآحاد: (کئی ایک) جیسے کہا جاتا ہے العشرات: کئی دس، دسیوں، المئات: کئی سو، سینکڑوں): فلانٌ أحَدُ الاحدين: فلاں بے مثل ہے)۔ يك شنبه: اتوار۔ إحدَى الإحَد: بڑا نفرت انگیز معاملہ۔ جَاؤوا أُحَادَ يا أُحَادَ أُحادَ: وہ ایک ایک کر کے آئے۔ الأَحَدِيَّة: یکتائی۔

۲۔ وَحَّدَ اللّٰهَ: دیکھو مادہ وح د۔ الأَحَد: اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسماء حسنہ میں سے: ایک اکیلا، یکتا۔ التوحيد: ایک معبود کی عبادت، اس کی ضد إشراك ہے۔ المُوَحِّد: ایک خدا کو ماننے والا اس کی ضد مُشرِك ہے۔

○ أَحَّدَ ہ: کو ایک کرنا، متحد کرنا، یکساں کرنا إتَّحَدَ: دیکھو مادہ وح د۔ أَحَد مونث إحْدَى: ایک، کوئی شخص۔ الأَحَد: ایک (خدا): اتوار، أَحَدُهُم: ان میں سے ہر ایک۔ يوم الأحد: اتوار۔ احد السَّعَف: Palm Sunday، احدُ العَنْصَرَة: اتوار جس میں رسم اصطباغ ادا کی جاتی ہے۔ أَحادُ الأُلوف: کئی ہزار (9 ہزار) أَحَدِي: اتوار کا، عیسوی، أَحَدِيَة: وحدت، ایک ہونا، الآحاد: اکائیاں (حساب)۔

احن: أَحِنَ ـَ أَحَنًا: اپنی دشمنی اور کینے کو پوشیدہ رکھنا۔ آحَنَ مُؤَاحَنَةً الرجلَ: سے دشمنی رکھنا۔ الإحْنَة جمع إحَن: کینہ۔

○ اِحِنَ ـَ أَحَنًا على: سے نفرت کرنا إحْنَة جمع إحَن: پرانا خاندانی جھگڑا۔ گہری جڑوں والی نفرت۔

اخبط: أُخْبُوط و أُخْطُبُوط (ح): سمندر جانور کھانے والا ہشت پا جانور۔

○ اخطبوط: ہشت نیش یا ہشت پا صدف، عالمگیر اثر کی حامل ظالمانہ منظم قوت (Octopus)۔

اخذ: ۱۔ أَخَذَ ـُ أَخْذًا و تَأْخَاذًا: لینا۔ ہ: کو پکڑنا۔ ـــ من شاربه: مونچھیں کترنا۔ ـــ ت فيه الخمرُ: پر شراب کا اثر انداز ہونا۔ ـــ عنهُ: سے نقل کرنا، سیکھنا، علم حاصل کرنا، ہم کہتے ہیں: اخذ عن كتب الاولين: اس نے اسلاف کی کتابوں سے نقل کیا۔ اخذ عنه الجبرَ و الهندسةَ: اس نے اس سے الجبرا اور جومیٹری کا علم حاصل کیا۔ سیکھا۔ ـــ إخْذَهُ و بِإخْذِهِ: کے طریقے پر چلنا، کے اخلاق کو اپنانا، کے رنگ میں رنگ جانا۔ ـــ على يده: کو اس کام سے باز رکھنا جو وہ کرنا چاہے۔ ـــ على نفسِهِ: عہد کرنا۔ إتَّخَذَهُ و تَخِذَهُ ـَ تَخْذًا صديقًا: کو دوست بنالینا۔ الأَخِيذ جمع اخذى: قیدی الأخيذة: مال غنیمت، لوٹ کا مال، دشمن سے چھینا ہوا مال، غصب کیا ہوا مال۔ المَأخَذ جمع مَآخِذ: کوئی چیز لینے یا اخذ کرنیکی جگہ، وقت اور طریقہ، راستہ۔ المَآخِذ: چشمے، منابع، کانیں، طریقے (مآخذ اللؤلؤ في الخليج العربي: خلیج عرب میں موتیوں کے سرچشمے)۔ تحصیل علم کے منابع، کتاب کے مآخذ۔

۲۔ أَخَّذَهُ: پر جادو کرنا، کو مسحور کرنا۔ الأُخْذَة: منتر۔

۳۔ أَخَذَ ـُ أَخْذًا و تَأْخَاذًا بذنبه: کو اس کے گناہ پر سزا دینا، سے مواخذہ کرنا۔ آخَذَهُ مُؤَاخَذَةً: کو ملامت کرنا، پر عتاب کرنا۔ ـــ على ذَنْبِهِ بِذَنْبِهِ: کو اس کے گناہ پر سزا دینا۔

۴۔ إتَّخَذَ: دکھنا۔ إسْتَأْخَذَ: دکھنا، درد کی وجہ سے سر جھکانا۔ الآخِذَة (طب): بے حسی یا اعضاء کا سن ہونا الأُخُذ (طب): آشوب چشم۔

۵۔ أَخَذَ ـُ يفعل: کرنے لگنا۔ ـ في كذا: کو شروع کرنا۔

۶۔ الإخَاذَة جمع إخَاذَات و إخَاذ اور اخاذ کی جمع أُخُذ و أُخْذ: تالاب نما نشیبی جگہ جس میں پانی جمع ہو۔

○ أَخَذَ ـُ أَخْذًا ہ من: کو سے لینا، کو میں سے لینا۔ - [illegible] وصول کرنا۔ ـــ ہ: کو زبردستی لے لینا، پر قبضہ کرنا۔ ـــ ب: کو زبردستی چھیننا، ہتھیانا، ہتیانا، کو پکڑنا۔ ـــ ہ (آنکھ کا) کسی کو دیکھ لینا۔ دیکھنا۔ ـــ ہ من. کو سے لگنا، خیال کرنا، سمجھنا، نتیجہ اخذ کرنا یا نکالنا، استنباط کرنا: ـــ ہ من: کو کے بین السطور پڑھنا یعنی تحریر کا پنہاں مفہوم پالینا۔ ـــ ب: کو مسحور کرنا، میں جذبات کی لہر دوڑا دینا، کو لبھانا، موہ لینا، فریفتہ کرنا، کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائے رکھنا۔ ـ ب: (طریقہ) اپنانا، حاصل کرنا، ـ ب: سے وابستہ رہنا، ب: کو اختیار کرنا، کی نقل کرنا، قبول کرنا، پر عمل کرنا، پر عمل پیرا ہونا، کو سنبھالنا۔ ـــ ب إلى: کو تک لیجانا، کی تک رہنمائی کرنا۔ ـــ ہ ب: پر کسی کام کے لئے زور دینا۔ کو کی نصیحت کرنا، کو پر مجبور کرنا، کو کا حکم دینا، کو کی ہدایت کرنا، پر کچھ عائد کرنا۔ ـــ على ہ: سے کچھ لیجانا، کو سے محروم کرنا، کو سے روکنا، کو کا الزام دینا، کو کیلئے قصوروار ٹھہرانا۔ کو پر ملامت کرنا۔ ـ على أن: پر الزام لگانا، اس حقیقت کے لئے کہ، ـــ على ب: کو پر مجبور کرنا (قانونی یا اخلاقی طور پر)، ـــ على عن ہ: سے کوئی چیز سیکھنا۔ ـ عن/ على: سے علم حاصل کرنا اخذ العلم عنه: کے تحت پڑھنا، سے پڑھنا۔ ـــ في/ ب: کو شروع کرنا، کو کرنا شروع کرنا، کچھ کرنے کے لئے تیار ہونا، روانہ ہونا، کو کرنے کا ارادہ کرنا یا کرنے کے قریب ہونا۔ أَخَذَ أُهْبَتَهُ: تیاریاں کرنا، تیار ہونا۔ أَخَذَ مَأْخَذَ فلان: کا راستہ اختیار کرنا کی مثال پر عمل کرنا۔ أَخَذَ منه مَأْخَذًا: (احساس کا) کسی کو گرفت میں لینا، یا اس کو قبضہ میں کرنا۔ أَخَذَ مَجْرَاهُ: اپنا راستہ لینا۔ أَخَذَ مَجْلِسَهُ: بیٹھنا، نشست لینا۔ أَخَذَ حِذْرَهُ: چوکنا، چوکس یا ہوشیار ہونا۔ أَخَذَهُ بالحُسنَى: کے ساتھ دوست جیسا ہونا، خوش اخلاق ہونا۔ اخذ بخاطره: کی جانب با مروت یا با اخلاق ہونے کا مظاہرہ کرنا، کو خوش کرنے کی کوشش کرنا۔ اخذ بذنبه: کو اس کی خطا پر سزا دینا اخذ رايَه: کی رائے طلب کرنا سے مشورہ کرنا اُخِذَ الرأيُ عليه: معاملہ پر ووٹنگ کرائی گئی۔ أَخَذَ بِأسباب: کو اختیار کرنا، قبول کرنا أَخَذَ بِأَسْبَابِ الحَضارةِ الأوروبية: یورپی کلچر اختیار کرنا أَخَذَهُ بالشِدَّة: سے سختی کے ساتھ پیش آنا، کے لئے صورت حال مشکل یا ناخوشگوار بنانا۔ اخذ عليه طريقه: کا راستہ روکنا، کی راہ میں حائل ہونا أَخَذَهُ على عاتِقِهِ: کی ذمہ داری لینا۔ أَخَذَ العُدَّةَ لِ: کو کرنے کے لئے تیار ہونا۔ أَخَذَ عليه عهدًا: پر ذمہ داری عائد کرنا۔ أُخِذَ عَلَى

(حِين) غِرَّةٍ: اچانک، غیر متوقع طور پر لیا جانا، بے خبری میں پکڑا جانا اخذ بالمقابلة: جنس کے بدلے جنس چکانا، ادا کرنا شیٔ یا خذُ القلوب: دلوں کو موہ لینے والی چیز۔ مسحور کن یا ہیجان خیز چیز۔ أَخَذَنَا المطرُ: ہم بارش میں قابو آ گئے۔ اخذ بناصِرِه: کی مدد کرنا، کا ساتھ نہ چھوڑنا، کی دیکھ بھال کرنا، کا خیال رکھنا، کی بہبود یا برتری کے لئے کوشاں ہونا۔ اَخَذَ نَفَسَهُ. گہرا سانس لینا۔ اَخَذَ عَلَيهِ اَنفَاسَهُ: کو بہت حیران یا خوش کر دینا۔ أَخَذَهُ النومُ: نیند نے اسے گھیر لیا۔ اَخَذَ بِيَدِهِ: کی مدد کرنا، کا ساتھ نہ چھوڑنا۔ أَخَذَه: کو سحر زدہ کرنا، لبھانا، رجھانا، فریفتہ کرنا۔ آخَذَهُ علی / ب: کو کیلئے الزام دینا، قصوروار ٹھہرانا، پر کے لئے ملامت کرنا، کے لئے مذمت کرنا، پر کا الزام لگانا، کو کے لئے سزا دینا۔ ـ علی ہ: سے کسی میں خفا ہونا، کو کسی میں حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ لا تؤاخذني: معاف کیجئے، مجھے امید ہے، میں نے کوئی جرم نہیں کیا۔ اِتَّخَذَ ہ کو لینا، ذمے لینا، اختیار کرنا، (وقت) لینا، (قرارداد) پاس کرنا، اختیار کرنا۔ ـ ہ ہ یا ھ ھ: کو بطور قبول کرنا، برداشت کرنا، کو بطور ...... چننا، ـــ ھ کو استعمال کرنا۔ (کسی کے انداز تکلم کی) نقل کرنا اِتَّخَذَ شکلاً: شکل اختیار کرنا اِتَّخَذَ موقفًا: رویہ یا موقف اختیار کرنا اتخذ التدابير اللازمة: ضروری اقدامات اختیار کرنا اتخذ قرارً: قرارداد پاس کرنا، اختیار کرنا۔ اتخذ المواقع الجديدة: (فوجوں کا) نئی پوزیشنوں پر قابض ہونا۔ اخذُ الرائي: ووٹنگ، ووٹ اخذ وردٌ: بحث مباحثہ، شیٔ لایقبل اخذًا و لاردًا: حتمی چیز۔ اخذ وعطاء: مصالحانہ رویہ، تجارت، لین دین، (تجارتی) تعلقات، بحث، مباحثہ، لڑائی، جنگ، اُخْذَة: سحر، جادو، افسوں، منتر، ٹونا ٹوٹکا، تعویذ، گنڈا۔ اَخِيذ: جنگی قیدی اخِيذَة: مال غنیمت لوٹ کا مال، لوٹ کھسوٹ. اَخَّاذ: دل فریب، موہنا، دل موہ لینے والا، گرویدہ کرنے والا، ہیجان خیز۔ مَأْخَذ جمع مَآخِذ: وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے۔ سرچشمہ، منبع، دیوار کی سوکٹ، نکلنے کا راستہ، اختیار، ادھار لینا، قرض، انداز عمل، طریقہ کار کا انداز، راہ، راستہ، گزرگاہ، پہنچ، رسائی جمع مَآخذ: ماخذوں کے حوالے، کتب خانہ، کتابیات، کتب نما، لائق ملامت نقاط، غلطیاں، خرابیاں، عیوب، نقائص، خامیاں یا کمزوریاں۔ المأخذ الأقرب: سادہ ترین، آسان ترین راستہ، قريبُ المأخذ: استعمال میں آسان، کام لینے میں آسان۔ مُؤاخذہ: اعتراض، الزام، ملامت، زجر و توبیخ۔ لا مُؤاخذة: معاف کیجئے، مجھے امید ہے کہ کوئی جرم نہیں کیا گیا۔ ماخوذ: لیا گیا، گرفت کیا گیا، غیر متوقع یا اچانک جا لیا گیا، پکڑا گیا، پھندے میں پھانسا ہوا، حیران و بھونچکایا ہوا۔ ـــ ب: سے مسحور، کو دلکش یا دلچسپ پانے والا ماخوذ به: نافذ، قانونی۔ مَاخوذات: وصولی، کل آمدنی، مجموعی یافت نفع، منافع، آمدن (تجارتی اصطلاحات میں)۔

اخر ۱۔ أَخَّرَهُ تأخِيرًا عنه: کو سے پیچھے ہٹانا۔ تَأَخَّرَ و اِسْتَأْخَرَ: پیچھے رہنا۔ الأَخَر جمع آخَرُون: مونث أُخْرَى و اُخراة جمع أُخَر و اُخْرَيات: غیر، دوسرا، دیگر جاء نی رجُلٌ و آخر معه: میرے پاس ایک آدمی اور ایک دوسرا اس کے ساتھ آیا۔ یہاں دوسرا بھی اس آدمی کی جنس سے ہے۔ جبکہ غیر مطلق مطابقت کے لئے ہوتا ہے۔ کنایہ کے طور پر کہا جاتا ہے: اَبْعَدَ اللّٰهُ الآخَرَ: اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔ الآخِر جمع آخِرون م أُخْرَى جمع أُخْرَيَات: دوسرا پچھلا (پہلے کی ضد) لاافعلُهُ آخِرَ الدهر و أُخرى الليالي: میں اس کو کبھی نہیں کرونگا۔ الأُخُر: پچھلا حصہ۔ شَقَّ الثوبَ اُخُرًا و من اُخُر: اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑا۔ الأَخَرَة: دیر۔ جَاءَ أَخَرَةً و بأَخَرَةٍ: وہ آخر میں آیا۔ الآخِرة و الأُخرى: ابدی زندگی کا گھر۔ اُخْرَوِی: ابدی زندگی کا، ابدی زندگی کے متعلق۔ المُؤْخِر جمع مَآخِر: کنپٹی کے رخ میں آنکھ کا گوشہ۔ مُؤَخَّر الشیء: چیز کا پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ مُؤَخَّر السفينة: جہاز یا کشتی کا پچھلا حصہ۔ المِئْخَار جمع مَآخِير من النخل (ب): کھجور کا درخت جس کا پھل موسم سرما کے آخر تک رہے۔ المُتَأَخِّر تقالید اور موروثی عادت چھوڑ کر اپنے زمانہ کی ثقافت اور تہذیب کے ہم رکاب نہ ہونے والا، پسماندہ (اس کی ضد المعاصرُ لزمانه یا العصری ہے)۔

۲۔ الأَخُور: اصطبل (فارسی لفظ)

○ أَخَّرَ ھ میں دیر کرنا، کو ملتوی کرنا، کو موقوف رکھنا ـــ ہ / ھ کو روکنا، کی راہ میں حائل ہونا، کو تھامے رہنا، سنبھالے رہنا۔ ـــ ھ کو کم کرنا، آہستہ کرنا۔ ـــ ھ عن: کو اس کے وقت کے بعد بھی لٹکائے رکھنا، کو سے زیادہ عرصہ تک (جاری) رکھنا۔ ـ ہ / ھ کو دیر کرانا ـ ھ: کو کھٹائی میں ڈالنا، زینت طاق نسیان بنانا ـ ھ: (گھڑی کی سوئیاں) پیچھے کرنا [illegible] کو عہدے سے معطل کرنا، سبکدوش کرنا، برخاست کرنا [illegible] کر دینا، موقوف کرنا تَأَخَّرَ: دیر سے پہنچنا، تاخیر ہونا، ـ عن: سے پیچھے رہنا، (قرضہ) ادا کرنے میں ناکام رہنا، قرضہ ادا کرنے میں دیر کرنا، میں دیر کرنا، ہچکچانا۔ ـــ: عہدے (ملازمت) سے معطل ہونا۔ برخاست ہونا سبکدوش ہونا۔ لم يتأخر بعد ذلك من ان: اس کے بعد وہ سے، پہلے زیادہ دیر نہیں ہچکچایا، تھوڑی دیر میں، وہ ـــ آخِر: جمع آخِرون و آخِرات و اَوَاخِر: آخری گزشتہ، سب سے زیادہ، انتہائی، حد درجہ، از حد، شدید، حد، خاتمہ، انجام، کاغذ کا پیندا، الآخِر و الآخِرة: آخرت۔ الدار الآخِرة: ابدی زندگی کا گھر۔ اِلی آخِرِہ: و غیرہ علی هذا القياس۔ آخِرَ الأَمر: آخیر کار، انجام کار، بالآخر، آخر میں، تاہم، پھر بھی، آخِرَ الدهر: ہمیشہ آخر الزمان: وہ وقت جب انصاف کا دن متوقع ہے، دنیا کا خاتمہ، عن آخِره: آخر تک، مکمل طور پر۔ دُمِّرَ عن آخِرہ: مکمل طور پر تباہ ہو جانا، نقشہ سے محو ہو جانا۔ من آخره: پیچھے سے۔ ماله آخر: لامحدود، غیر مختتم، لامتناہی، فی آخر الآخِر: پھر بھی، تاہم، اواخر الشهر: مہینہ کے آخری دس دن اخيرًا و ليس آخرًا: آخری بات مگر اہمیت میں یہ بھی کچھ کم نہیں۔ آخر میں مگر موخر نہیں۔ الآخِرة: ابدی زندگی۔ آخرت آخَر مونث اُخْرَى جمع اُخَر: (اور آخَرون یا اُخْرَيَات): ایک دوسرا، ایک اور، الآخَر: دوسرا (شخص یا چیز) اور (شخص یا چیز) مَرَّةً اُخْرَى: ایک مرتبہ اور هو الآخر، هي الأُخرى: وہ (مرد) بھی، وہ (عورت) بھی۔ انا الآخَر: میں بھی، اِن کانت الأُخرى: ورنہ، اور طرح من آن الى آخر: وقتاً فوقتاً من سنة إلى اخرى: سال بسال۔ بينَ فَترَةٍ و اخرى: وقتاً فوقتاً، کبھی کبھار، آوِنَةً ...... اخرى: کبھی کبھی، کبھی کبھار۔ الأُخرى: آخرت، ابدی زندگی اُخْرَوِی: آخرت کے متعلق، آخرت کا۔ اخير: آخری، اخیری، تازہ ترین، جدید ترین، سب سے پیچھے دو کا دوسرا۔ اخيرًا: آخرکار، انجام کار، بالآخر، آخر میں، پھر بھی، تاہم، حال ہی میں، کچھ عرصہ قبل، چند روز پہلے۔ تَأَخُّر: (کسی ملک کی) پسماندگی ترقی پذیری۔ مُؤَخَّر: پچھلا حصہ، دم، سرا، بحری جہاز یا کشتی کا دنبالہ، کسی رقم کا بقیہ جو بعد میں ادا کیا جانا مطلوب ہو) مُؤَخَّرًا: حال ہی میں، کچھ عرصہ قبل، چند روز پہلے، آخرکار، انجام کار، بالآخر۔ مُؤَخِّرة. (فوج کا) عقب، پیچھے کے مورچے، پچھلی صفیں (فوج کی)، بحری جہاز کا دنبالہ۔ مُتَأَخِّر: دیر سے آنے والا،

بعد از وقت دیر لگایا ہوا، لٹکا کر رکھا ہوا۔ ـــــ عن: سے بعد ہونے والا، پیش آنے والا۔ ـ: پیچھے، دوسروں کے بعد، بعد از وقت، پسماندہ، ترقی پذیر، پیچھے رہنے والا، قانون سے بھاگا ہوا۔ المُتأخِرون: جدید مصنفین۔ قلم کار وغیرہ (اس کی ضد المقتدمون ہے) المتاخرات: بقایا، سابقہ ادائگی کے بعد باقی رقم جو واجب الادا ہو۔ البلدان المتاخرۃ: ترقی پذیر ممالک، پسماندہ ملک۔

اخط: الاُخطُوط (ح): دیکھو اخوط۔

اخل: اَخیلیا (ن)۔ ایک پھولدار پودا، جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں اور مشرق وسطی میں عام ہیں۔

اخن: اَخِیُون (ن): ناگ چھنی: ایک پودا، طب میں سینہ سے گاڑھا تھوک نکالنے اور پیشاب لانے میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے

اخا ۱۔ اَخا۔ اُخوَّۃً و آخَی اِخاءً و مُؤاخاۃً و اِخاوَۃً ہ: کا بھائی یا دوست ہونا تَـاَخّـی ہ: کو بھائی بنانا، یا بھائی کہہ کر پکارنا۔ تَـآخیا: باہم ایک دوسرے کا بھائی بننا ـــــ الاخ و الاَخ و الاخو والاَخوُ تثنیۃ اَخوان جمع اِخوۃ و اُخوۃ و اِخوان و اُخوان و اُخون و آخاء: بھائی (الاِخوۃ (جمع اُخ کی) ـــ من النسب: نسبی بھائی۔ کہا جاتا ہے۔ ھولاء اخوۃ فلان: یہ فلان کے نسبی بھائی ہیں) ساتھی، دوست، کہا جاتا ہے الاخوان اُخ کی جمع) دوستی کے لحاظ سے بھائی۔ کہا جاتا ہے ھولاء اخوان صفا: وہ خلوص کے بھائی ہیں)۔ قبیلہ، دنیا، صنعت، معاملہ وغیرہ میں دوسرے کے ساتھ ہر شرکت کرنے والا۔ راہبوں کی رائے میں الاخوۃ: وہ ہیں جنہوں نے ابھی تک بطور پادری صلیب کا نشان نہ بنایا ہو اور یہ ابتدائی اور طالب علم ہوتے ہیں یا جو کبھی صلیب کا نشان نہ بنائیں۔ یہ لوگ عملی اخوۃ ہیں۔ اخوی واَخِیّ: (نسبت کیلئے) یعنی بھائی کا، بھائی کے متعلق، برادرانہ اَخوِیّہ: بھائیوں کی جماعت خواہ دینی ہو یا غیر دینی۔

۲۔ اخی للدابّۃ: جانور کو باندھنے کے لئے حلقہ دار رسی بنانا۔ الاَخِیّۃ والآخِیّۃ جمع اواخیّ و اَخایا و اواخِ: جانور کو باندھنے کی حلقہ دار رسی جو زمین میں گڑی ہوئی کھونٹی سے بندھی ہوتی ہے۔ شَدَّ اللّٰہُ بینکما اواخی الاِخاء: اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے۔

۳۔ تَاخی و تَوَخی الشیءَ: کا قصد کرنا، کو تلاش کرنا، دیکھو (و خ ی)۔

○ آخاہ: کے ساتھ بھائی چارا کرنا، رشتہ اخوت قائم کرنا، کے ساتھ بھائیوں کی طرح اٹھنا بیٹھنا یا شریک ہونا۔ تاخی: بھائی یا دوست کی طرح کام کرنا، یا آپ ایک کو بھائی یا دوست کی طرح ظاہر کرنا۔ اُخ جمع اِخوَۃ واخوان: بھائی، ساتھی، پڑوسی، دوست جمع اِخوَان: خصوصاً کسی جماعت کے رکن بھائی (جیسے پیر بھائی جو ایک پیر کے معتقد ہوں) الاخوان: وہابی فرقہ کا مذہبی بھائی چارا، جو کردار میں جنگجو ہیں۔ یہ فرقہ ابن سعود نے ۱۹۱۰ء میں قائم کیا تھا۔ یا اخی: میرے پیارے دوست! اخو ثقۃ: قابل اعتبار، بھروسہ کے لائق اخ شقیق: سگا بھائی۔ اُخت جمع اخوات: بہن، ہم اصل یا متجانس (لفظ)، ہم زاد، ہم منصب۔ اختہا: دو میں سے دوسری، اس کی ساتھی، اس کی ہم مرتبہ (مونث اسم کے بعد)۔ خُوَی: چھوٹا بھائی۔ اخوِی: برادرانہ دوستانہ (اَخَوِیّہ: بھائی چارا، بھائی بندی، ہم عقیدگی بطور (مذہبی جماعت) اِخاو اخوۃ: بھائی چارہ، مواخات، بھائی بننا، برادری، برادرانہ تعلقات، ایک ہی عقیدہ کے لوگ۔ اِخاوَۃ: بھائی چارہ، برادری بھائی بندی، برادرانہ تعلقات۔ مذہبی جماعت۔ ایک ہی عقیدہ کے لوگ۔ مؤاخات، میل ملاپ، میل جول تـآخٍ: مواخات، میل ملاپ، میل جول۔

○ اُخور: اصطبل، کھلیان، غلہ گودام۔

اَدّ: اَدَّ ــ اَدًّا ہ الویل: پر مصیبت کا اچانک آنا۔ ـــــ ہ الاُمرُ: پر بھاری اور دشوار ہونا۔ ـــــ الرجُلُ فی الأرض: زمین پر چلنا، سفر کرنا۔ تـأدَّدَ الامرُ: بوجھل اور مشکل ہونا صفت: اَدِید۔ الإدّ والادّۃ جمع اِداد و اِدَد: مصیبت۔ دشوار کام، ہولناک واقعہ۔

○ امر اداد: دہشتناک اور برا کام۔

ادب: ۱۔ اَدُبَ ــُ اَدَبًا: اچھی تربیت والا، باشائستہ ہونا۔ اَدَّبَ ہُ: کو مہذب بنانا، شائستہ بنانا (صفت مُؤدِّب) کو کسی جرم پر سزا دینا۔ تـادَّبَ: اچھی تربیت پانا، ادب و تہذیب سیکھنا۔ ـــــ بہ: کی اقتداء کرنا۔ ـــــ عن فلان: کے اخلاق اپنانا۔ اِستَـادَب بمعنی تادّب۔ الأدَب جمع آداب: وہ اخلاقی ملکہ جو انسان کو ہر ناشائستہ بات سے باز رکھے، اچھی روش، اچھی دانش۔

۲۔ آدَبَ اِیدابًا السلطانُ البلادَ: بادشاہ کا ملک کو عدل و انصاف سے بھر دینا۔

۳۔ اَدَبَ ـــ اَدَبًا: صاحب ادب ہونا صفت: اَدِیب جمع [illegible]

ادب سیکھنا الأدَب جمع الآدَب: الآداب کا اطلاق عموماً ہر قسم کے علوم و فنون پر ہوتا ہے یا ان کے کسی دلچسپ حصہ پر۔ کسی چیز یا شخص کی شایان شان بات کو بھی اداب سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ جیسے آداب الدرس، آداب القاضی وغیرہ۔ علم الادب وہ علم جس کے ذریعے بول چال اور تحریری غلطیوں اور لغزشوں سے بچا جا سکے۔

۴۔ اَدَبَ ــِ اَدْبًا و آدَبَ اِیدابًا: دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ ـــ ہ: کو دعوت میں بلانا۔ کہا جاتا ہے: اَدَبَہم علی امر: اس نے سب لوگوں کو ایک معاملہ پر جمع کیا۔ الادبۃ و المَادبہ و المادُبۃ جمع مآدِب دعوت یا کسی تقریب کا کھانا، کہا جاتا ہے: اقام مادبۃً علی شرف فلان: اس نے فلاں شخص کے اعزاز میں دعوت کی۔

○ اَدَبَ مـادَبۃً: دعوت کا انتظام کرنا، عصرانہ یا عشائیہ دینا۔ آداب ہ: کو بطور مہمان مدعو کرنا تادّب ب سے رہنمائی حاصل کرنا۔ تادَّب بادبہ: کی اخلاقی مثال پر عمل کرنا۔ ادب جمع آداب: کلچر، شستگی، اچھی پرورش یا تربیت، اچھے ڈھنگ، سماجی نوازشات، آداب مجلس، ذوق سلیم، خوش اسلوبی، خوش اطواری، خوشنمائی، زیبائی، انسانی ہمدردی، ادبی مطالعے اور تحریریں، بیت الأدب: بیت الخلا قلیل الادب و عدیم الأدب: بدتہذیب، غیر مہذب، ناشائستہ، بدتربیت، اکھڑ، الادب العامی: عوامی ادب، رجال الادب: اُدبا، ادیب لوگ، اہل علم، علماء، کُلّیۃ الآداب: آرٹس کالج آداب: قواعد، طرز عمل کے قواعد۔ آدابُ السلوك: آداب مجلس کے قواعد۔ آداب محفل، پیشہ ورانہ آداب۔ الآداب: سلیقہ، شائستگی، اخلاق، سیرت۔ ادبی: اخلاقی، ادبی واجب ادبی: اخلاقی فرض۔ ادَبیاً و مادیاً: اخلاقی اور مادی طور پر الفلسفۃ الادبیۃ: علم اخلاق، اخلاقیات، اخلاقی علم۔ ادَبِیات: لٹریچر۔ ادبی مطالعے اور تحریریں (مضامین) ادبخانۃ: بیت الخلاء جمع ادبخانات

ادیب: لکھاری، قلم کار، لکھنے والا مصنف، ادیب، مہذب، تعلیم یافتہ، اچھی تربیت والا، خوش اطوار، خوش ذوق اَدِیبۃ مصنفہ، لکھنے والی مـادبۃ: خاص ضیافت، بڑی دعوت، عصرانہ، عشائیہ، مجلس التأدیب: انضباطی مجلس۔ تادیبی تادیبی قضیۃ تادیبیۃ: تادیبی کارروائی آدِب میزبان۔ مؤدِّب جمع مُؤدِّبون: مدرس، معلم، (قرآنی مدرسہ کا) مؤدَّب: خوش اطوار، شائستہ، مہذب، با اخلاق۔

○ اُدرۃ: آنت کا خصیہ میں اتر جانا۔

○ اَدِرْنة شمالی مغربی ترکیا کا ایک شہر۔

○ الأدریاتیك بَحرُ الأَدْرِیاتِیك: بحرِ ایڈریاٹک۔

ادم ۱۔ اَدَمَ ـــ اَدْمًا الخبزَ: روٹی کو سالن سے تر کرنا۔ صفت مفعولی: مادوم و اَدِیم (سالن میں تر کی ہوئی روٹی) اِئتَدَمَ: روٹی کو سالن کے ساتھ کھانا۔ الإدام جمع آدِمة و اُدُم: ہر موافق اور نرم چیز۔ سالن۔ الأُدْم: ہر وہ شئے جس کا سالن بنایا جاسکے۔

۲۔ اَدَمَ ـــ اَدْمًا اَهلَهُ: اپنے اہل کے لئے نمونہ بننا اَدَمَ و آدَمَ [illegible] المتحاصمين: دو جھگڑنے والوں میں صلح کرانا اور موافقت پیدا کرنا۔ آدَم جمع اَوَادِم: حضرت آدم علیہ السلام کا نام، افرادِ جنس۔ (نسبت کیلئے): آدمیؔ۔ الأُدْمَة: قرابت، وسیلہ۔

۳۔ اَدِمَ ـــ اَدَمًا و اَدُمَ ـــ اُدْمَةً: گندم گوں ہونا۔ الآدِم: مونث اَدْماء جمع اُدْم: گندم گوں۔ الأُدْمَة: گندم گونی۔

۴۔ الأَدَمَة و الأَدَم: چمڑے کا اندرونی یا بیرونی حصہ۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ اِدامُ قومِهِ و أَدَمُ بنی ابیه و اَدَمَةُ قومِهِ: فلاں شخص اپنی قوم کا پیشرو اور سردار ہے جس سے اس کی قوم پہچانی جاتی ہے۔ الأَدِیم جمع اَدَم و اُدُم و آدمة و آدام: رنگا ہوا چمڑا۔ ـــ الضحی: چاشت کا شروع۔ ـــ السماء او الأرض: آسمان اور زمین کی ظاہری سطح۔ ـــ النهار: دن کی روشنی۔ تمام دن کہا جاتا ہے: ظَلَّ ادیمَ النهارِ صائمًا: وہ پورے دن روزے سے رہا۔ الأدّام: چمڑے کا بیوپاری۔

○ اَدَمَ ـــ اَدْمًا ه: روٹی کے ساتھ کوئی اضافی خوراک کھانا۔ روٹی کو کسی فالتو خوراک یا مسالہ سے مقوی کرنا۔ اِدام: روٹی کے ساتھ کھائے جانے والی کوئی چیز۔ چربی، روغن، چربی دار، یا روغنی عنصر یا مسالہ۔ اَدَم و اَدَمَة: چمڑا۔ اَدِیم: چمڑا، سطح، رنگا ہوا چمڑا، کمائی ہوئی کھال۔ ادیمُ الارض: زمین کی سطح۔ اَدّام: چمڑا کمانے والا۔ کھالیں رنگنے والا، دباغت کرنے والا۔

آدَم: حضرت آدم علیہ السلام۔ ابن آدم: انسان۔ آدمی: آدمی، نرم دل، نیک دل، شریف النفس، غریب، کم مرتبہ، ناکافی، جمع آدَمِیُّون و اَوَادِم: انسان۔ آدَمِیَّة: انسانی ہمدردی، انسانی محبت، انسان دوستی، حقوق انسانی کی حمایت، مذہب انسانیت (جس کا پیرو خدا کا قائل نہیں ہوتا اور صرف انسانی فلاح و بہبود کو مقصد حیات سمجھتا ہے۔ علم و ادب کا مطالعہ۔

ادا ۱۔ اَدَا ـــ اُدُوًّا الثمرُ: پھل کا پکنا۔ ـــ اللبنُ: دودھ کا جمنا یا گاڑھا ہونا۔

۲۔ اَدَا ـــ اُدُوًّا اللبنَ: دودھ بلونا۔

۳۔ اَدَا ـــ اُدُوًّا للرجُلِ: کو دھوکا اور فریب دینا۔ تادّی و تَآدَی: آلہ بنانا، تیار کرنا، زمانے کے حوادث کے لئے تیار ہونا، سامان مہیا کرنا۔ الأَداة جمع اَدَوات: آلہ۔ کہا جاتا ہے: أَداةُ التعبیر: زبان۔ ادوات النجارة: بڑھئی کے پیشے کے ہتھیار و اوزار۔ علم صرف میں بعض حروف کا نام جیسے: الادوات الجازمة یعنی جزم دینے والے حروف۔ الإداوَة جمع اَدَاوَی: چمڑے کا ایک چھوٹا برتن۔

○ اَدَاة جمع ادوات: اوزار، ہتھیار، آلہ، عام استعمال کا برتن، سامان، کسی مقصد کے لئے وقتی طور پر ایجاد کردہ چیز یا آلہ۔ وسیلہ، تجرباتی آلات، حرف (گرامر) اَدَاةُ الحُکم: حکومت کی مشینری۔ اداةُ التعریف: حرف تعریف (گرامر) اداة تنفِیذیَة: عاملہ یا نافذہ ایجنسی (agency) جمع ادوات: جس چیز سے کچھ بنایا جائے، سامان، مال، ساز و سامان، ساز و یراق، اَدَواتٌ حَرْبِیَةٌ: جنگی سامان۔ اَدَواتٌ اِحْتِیَاطِیَة: پکا ساز و سامان جس پر بوقت ضرورت بھروسا کیا جاسکے۔ ادواتٌ مَنزِلِیَة: خانگی استعمال کے برتن اور چیزیں۔ الاَدُون: (عبرانی): خدا تعالیٰ: مسٹر، جناب۔

ادی: ۱۔ اَدَی ـــ اَدْیًا الشیءَ: کو پہنچانا۔ ادّی تادِیَةً الشیءَ: کو پہنچانا۔ ادّی الیه الخبر: اس نے اس کو خبر پہنچائی۔ تادّی الیه الخبرُ: کو خبر پہنچنا۔ الأَداء: چیز کو اس شخص تک پہنچانا جس کو وہ بھیجی جائے۔

۲۔ اَدَی ـــ اَدْیًا ہ: کو ادا کرنا۔ ادّی تادِیَةً ہ: کو ادا کرنا (کہا جاتا ہے: أَدّی ما علیه مِن دَین: اس نے اپنے ذمہ واجب الادا قرض ادا کیا)۔ (ادّی واجب الاحترام: اس نے احترام کا فرض ادا کیا)۔ تَادَّی له من حقه: کو اس کا حق ادا کرنا۔ الاداء: ادائیگی۔

۳۔ آدَی اِیداءً ہ علیه: کی مدد کرنا، تیار ہونا، قوی ہونا۔ اِسْتَادَی آخَرَ علیه: دوسرے سے کے خلاف مدد چاہنا۔ ـــ فلانًا المالَ: سے مال لینا۔ ـــ علیه: کے خلاف مدد کی اپیل کرنا۔

○ اَدّی ہ/ ویا ب إلی: کسی شخص یا چیز کو تک لیجانا، منتقل کرنا، لے چلنا، پہنچانا، چلانا۔ ـــ الی: کا باعث ہونا، کو وجود میں لانا، کو کرنا، عمل میں لانا، ـــ الی ایک نتیجہ کی طرف رہنمائی کرنا، کا سبب بننا، میں ممد ہونا، کا باعث ہونا، کا مترادف ہونا، عملی طور پر کے [illegible] ہونا، [illegible] ہونا، کی طرف میلان یا رجحان ہونا، کو حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ ـــ ہ: پر عمل کرنا، کو عمل میں لانا، کو بجالانا، ادا کرنا، عہدہ برا ہونا، (مذہبی رسوم وغیرہ) ادا کرنا۔ ـــ واجبَه: اپنا فرض ادا کرنا۔ ـــ وظیفة: وظیفہ سرانجام دینا۔ ـــ رسالة: مشن پورا کرنا، مشن کی تکمیل کرنا۔ ـــ مامورِیةً: کام انجام دینا، بجالانا، پورا کرنا۔ یمینًا: حلف اٹھانا۔ ـــ امتحانًا: امتحان دینا۔ خدمةً ل/ الی: کی خدمت کرنا۔ ادّی السلامَ: سلام کرنا، سلامی دینا۔ تَادّی إلی: کی طرف رہنمائی کرنا، کا باعث ہونا، میں ممد ہونا، کے نتائج کا سبب بننا۔ پر عمل کیا جانا، کو عمل میں لایا جانا، سرانجام دیا جانا، کیا جانا، کا کردار ادا کیا جانا۔ إلی: میں پہنچانا، میں لیجایا جانا۔ اِستَادی ہ ہ: سے کا مطالبہ کرنا۔ اداء جمع اداءات: (بطور ادّی: کے مصدری اسم کے) کوئی خدمت کرنا، جستجو، تعاقب، کے حصول کی کوشش، عمل، کام، کرنا، تعمیل، کاروائی، بجا آوری، عمل درآمد، (فرض کی) سرانجام دہی، کر دکھانا، بروئے کار لانا، حصول، پورا کرنا، ادا کردگی، پورا کرنا، ادائیگی حسنُ الأَداءِ: فن یا نغمہ نگاری، نغمہ گری کی اچھی ادائیگی تادیة: کوئی خدمت کرنا، تعاقب، تلاش، جستجو، انجام دہی، بجا آوری، تعمیل، کارروائی، انصرام، (فرض کی) بجا آوری، بروئے کار لانا، کر دکھانا، حاصل کرنا، تعمیل کرنا، بجالانا، پورا کرنا، فرض بجالانا، پورا کرنا، ادائیگی، مُؤَدّی: کام، تفویض، فرض منصبی، منصب، عہدہ، خدمت، معنی، مراد، مطلب، مفہوم، منشا، موجود خیال۔

اِذ: ۱۔ اِذ: زمانہ ماضی کا ظرف جس کے بعد صرف جملہ واقع ہوتا ہے۔ کبھی یہ جملہ محذوف بھی ہو جاتا ہے اور اس کی جگہ تنوین آجاتی ہے۔ جیسے: متی جاءکم الموتُ فحینئذٍ تعلمون: یہ اصل یوں ہے: فحین اذا یجیئ تعلمون۔ اِذ: مفاجات کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے بینما انا جالس اِذ جَاءَ زیدٌ: (میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک زید آ گیا) کبھی لام تعلیل کے معنے دیتا ہے جیسے: ضربت ابنی إذ اساء (یعنی لانه اساءَ) میں نے اپنے بیٹے کو مارا کیونکہ اس نے بدی کی تھی)۔

۲۔ اذا: زمانہ مستقبل کے لئے ظرف ہے۔ اور شرط کے معنے دیتا ہے اِذا اجتهدت نجحت: جب تم کوشش کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔ حرف مفاجات کے طور پر بھی آتا ہے۔ جیسے خرجت فاذا اسدٌ بالباب: میں نکلا تو اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ دروازہ پر شیر ہے یا میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

۳۔ إذمــا حرف شرط بمعنی إن اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے۔ جیسے: إذ ماتقمْ اقمْ: اگر تم کھڑے ہو گئے تو میں بھی کھڑا ہوں گا۔

۴۔ إذن و إذا: حرف جواب وجزاء یا حرف مکافات ہے۔ مثلاً: ازورك میں تمہیں ملنے آؤں گا تو اس کے جواب میں آپ کہیں گے إذن اکرمكَ: تو میں آپ کا اکرام کرونگا۔ اس وقت میں مضارع پر نصب آیگا۔ بشرطیکہ شروع کلام میں ہو۔ اذا هـذا هـو الـصـواب (اس صورت میں بھی صحیح ہے)۔ یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب سبب کی طرف توجہ مبذول کرانا مقصود ہو۔ اس وقت یہ غیر عامل ہوتا ہے۔

○ إذ: (اور) تب۔ إذذاك (إذاكَ): تب، اس وقت، اس وقت، ایسا کرنے میں۔

۲۔ إذْ جب، چونکہ، کیونکہ۔ إذ أنَّ: کیونکہ، چونکہ، اس حقیقت کے پیش نظر کہ۔ اذا: اور تب، اور اچانک، جب، اگر، جب بھی، آیا، اگر إذامــا: جب، جب بھی الاإذا: اگر نہ، جب تک نہ، إذاً و إذنْ: تب، لہٰذا، اس صورت میں، اس سبب سے، اس وجہ سے، اس لئے۔

آذار: مارچ (کا مہینہ)

۲۔ الآذريُون (ن): سورج مکھی۔

اذن: ۱۔ أذِنَ ـَ إذْناً و اذنا و اذانا و أذانةً بالشَیء: کو جاننا۔ ـــ أذناً اليه ولهُ: کی طرف کان لگانا، کو سننا، کہا جاتا ہے۔ حَـدَّثْـتُـهُ فـاذن لی احْسَنَ الاذان: میں نے جب اس سے گفتگو کی تو اس نے میری بات کو خوب کان لگا کر سنا۔ آذَنَ ايْـذانــا فـلانــا الأمـرَ وبـــالأمـر: کو کی اطلاع دینا، کو سے آگاہ کرنا۔ اذَّنَ تـأذِيناً بالصلاة: نماز کے لئے اذان دینا، بلانا تأذَنَ: قسم کھانا۔ ـــ الأمْرَ: کو جاننا۔ ـــ بـالشرّ: شر سے ڈرانا۔ الإذْن: علم کہا جاتا ہے: فعـلـه باذني: اس نے اس کو میری واقفیت میں کیا۔ الأذان: اطلاع، اذان، بانگ الاذِين: اذان دینے والا، بانگی، موذن، کفیل، لیڈر۔ المِئْذَنَة جمع مآذن: اذان دینے کی جگہ، منارہ۔

۲۔ أذِنَ ـَ إذْنـا و أذِينـا له في الشَیء: کو کی اجازت دینا، کے لئے کوئی چیز مباح کرنا، صفت مفعولی: مـأذون لـه۔ إسْتأذنَهُ: سے اجازت چاہنا۔ ـــ عـلـيه: سے اندر آنے کی اجازت طلب کرنا الاذِين: حاجب۔ الإذن: اجازت۔ المَـأذون: اعلیٰ علوم یا قانون کی ڈگری کا حامل المَأذونية: اعلیٰ علوم یا قانون کی ڈگری، اجازت۔

۳۔ أذَنَ ـُ اذنـا ه: کے کان پر مارنا۔ أُذِنَ: کان کے درد میں مبتلا ہونا۔ آذن إيـذانـا الرجُلَ: کے کان پر مارنا۔ اذَنَ الولدَ: بچے کے کان مروڑنا الاذن والاذن (مونث) جمع آذان: تصغیر اذينه: کان (سننے کا عضو) کہا جاتا ہے: فـلانٌ أذُنٌ مـن الآذان: فلاں شخص ہر شخص کی بات سن لیتا ہے۔ یہ لفظ سب کے ساتھ واحد آتا ہے۔ جیسے: هی أذُنٌ وهـما أذُنٌ وغیرہ میں یہ بھی کہا جاتا ہے: جـاء ناشرًا اذنيه: وہ غافل بن کر آیا۔ ـــ الابريقِ: لوٹے کا دستہ۔ آذان الجدی، آذان الأرنـــب واذان الـفـيـل: پھولدار پودوں کے نام۔ آذان الفار: ایک پھولدار پودا، آذان الدب: ایک پودے کا نام۔ الآذن والاذاني: بڑے بڑے کانوں والا۔ الاذيـن الايـسـر والأيـمـن: دل کے بالا تر حصہ میں دو گڑھے۔

۴۔ آذن إيذانا العشبُ: گھاس کا سوکھنے لگنا۔

○ أذِنَ ـَ الى: کی بات پر کان لگانا، کو بغور سننا۔ ـــ له في: کو کسی چیز کی اجازت دینا۔ ـــ ب: کے بارے میں سننا، جاننا، سے مطلع ہونا۔ أذَّنَ ب: کی طرف بلانا، کی دعوت دینا خصوصاً۔ بالصلاة: نماز کی طرف بلانا، آذان دینا۔ ـــ: (مرغ کا) ککڑوں کرنا آذنَ ب: کا اعلان کرنا، ـــ ہ ب: کسی کے علم میں کوئی چیز لانا۔ ـ ہ: کو اطلاع دینا۔ ـ: آذان دینا، ـ ہ ب: سے کچھ کرنے کا تقاضا کرنا، پر کیلئے زور دینا، کوئی نصیحت کرنا، تاکید کرنا۔ ـ ب/ ہ: کی آمد کی خبر دینا۔ ـ ب: کا پتہ دینا، کی جھلک دکھانا۔ ـ أن: کو کرنے کو ہی ہونا۔ آذنَ بـالـسـقـوط (بالزوال): کے زوال، خاتمہ کی قریبی علامتیں ظاہر کرنا۔ آذنَ اللـيل بـنـتـصف: یہ آدھی رات کے قریب کا وقت تھا۔ تـأذنَ ب: کی آمد آمد کی خبر دینا، کا اعلان کرنا إسْتـأذن في: کچھ کرنے کی اجازت چاہنا (شاذ و نادر صلہ ب بھی آتا ہے)۔ ـــ عـلى: کے (گھر میں اندر آنے کیا جازت طلب کرنا۔ ـ من: کو الوداع کہنا، سے رخصت ہونا، إذن: اجازت، اختیار بـاذن الله: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا، جمع اذون و اذونات: پوسٹل آرڈر ـــ اذن البريد جمع اذونـات البـريد: پوسٹل منی آرڈر، اذن البوستة: پوسٹل منی آرڈر۔ اذن و اذن (مونث) جمع آذان: کان (پیالے وغیرہ کا) دستہ۔ التهاب الاذن الوسطی: کان کے وسط کا متعدی مرض۔ آذان: آزان۔ اذيْـنـه: چھوٹا کان۔ مَـأذون: مجاز، با اختیار، محدود قانونی حقوق والا غلام مـــأذون شـرعـی: نکاح خواں۔ مأذونية: رخصت، لمبی چھٹی، طویل رخصت، [illegible]

مُؤَذِّن: موذن، اذان دینے والا۔

اذی: أذِيَ ـَ أذی و اذاة: تکلیف واذیت پانا۔ آذی إيـذاءً الـرجُلَ: کو تکلیف پہنچانا، دکھ دینا۔ تـأذی: تکلیف اٹھانا۔ الأذی والاذِيّة والاذاة: ضرر خفیف، الاذِیّ: بہت تکلیف برداشت کرنے والا، بہت تکلیف دینے والا۔ الآذیّ: موج دریا۔

○ أذِيَ ـَ: نقصان اٹھانا، تکلیف پانا اَذّی ہ: کو تکلیف دینا، نقصان پہنچانا، پر ظلم کرنا، کو پریشان کرنا، تنگ کرنا، کو برافروختہ کرنا، لا يُــــوذِی: بے ضرر، جو قابل اعتراض نہ ہو۔ أذی واذاة و اذِيّة: نقصان، تکلیف، دکھ، زخم، ضرر، پریشانی، برہمی، جھنجھلاہٹ، ظلم، شکایت، وجہ، شکایت، توہین، جرم، گناہ، جذبات کو ٹھیس، ناراضگی، غصہ، رنجش، إذاية: نقصان، تکلیف، ضرر رسانی، نقصان دہی، ايـــذاء: نقصان، ضرر، عصبیت، تعصب، بدظنی، بدگمانی، مُؤذٍ: نقصان دہ، تکلیف دہ، زیاں کار، مضر، نقصان رساں، ہارج، ہتک آمیز، متعصبانہ، ناراض کن، تکلیف دہ، گراں، ناگوار، توہین آمیز، دل شکن، ناپسندیدہ، نفرت انگیز۔

○ اراتيقی و اراتيكی جمع اراتِقة: ملحد، بدعتی۔

○ آرامی: آرائی۔

ارب: ۱۔ أرِبَ ـَ أرَبًا: ماہر ہونا صفت: ارِب و ارِيب: مونث ارِيبَة۔ ـ بالشیء: کا ماہر ہونا، میں دانا و بصیر ہونا أرُبَ ـُ ارَابَةً و إرْبًا: عقلمند و دانا ہونا صفت أرِيب و ارِب مونث أرِيبَة۔

۲۔ أرِبَ ـَ إليه: کا محتاج ہونا۔ ـ بالشیء: کسی شَی کا بہت دلدادہ اور مشتاق ہونا۔ الأرَب جمع آراب: انتہا، حاجت، ضرورت، الإرْب جمع آراب. حاجت۔ المَأرُبَة جمع مآرِب: حاجت (مأربة کی را کی تثلیث کے ساتھ)

۳۔ أرَبَ ـِ ارْبًا العقدَ (ب): گرہ مضبوط لگانا۔ أرَّبَ الشیْ: کو مضبوط کرنا اور محکم بنانا تـأرَّبَـتِ العقدة: گرہ مضبوط ہونا۔ ـ الامرُ: کام کا دشوار ہونا۔ الأُرْبَة جمع أرَب: مضبوط گرہ، گردن کی ٹائی، نیک ٹائی۔

۴۔ آرَبَـهُ مُؤَارَبَةً: کو فریب دینا، دھوکا دینا۔ تـأرَّب: تکلیف و بناوٹ سے زیرک بننا۔ إسْتـأرَبَ: کینہ چھپا کر مدارات کرنا، مغالطہ دینا۔ قرض لینا، الإرب والإربة: چالاکی، حیلہ۔

۵۔ أرِبَ ـَ الرجُل: کے اعضاء کا گر جانا أرَبَ ـِ ارْبًا الـرجُلَ: کے کسی عضو پر مارنا أرَّبَ الشـاة: بکری کا جوڑ جوڑ الگ کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الإرب جمع آراب: عضو، کہا جاتا ہے: قـطـعـتُ الذبـيحة إربا

اِربًا: میں نے ذبح شدہ جانور کا ایک ایک عضو الگ الگ کر دیا۔ الأُربِيَّة: ران کی جڑ۔

۱۔ اِربیان و رُوبیان: جھینگا مچھلی۔

○ اَرِبَ ۔ اَرَبًا: میں ماہر ہونا، قابل ہونا، لائق ہونا۔ اَرَّبَ: (گرہ) کو مضبوط کرنا۔ آرَبَ: کو ذہانت میں مغلوب کرنے کی کوشش کرنا۔ آرَبَهُ: کو حکمت عملی سے نیچا دکھانے کی کوشش کرنا۔ اَرَب جمع آراب فی ___: کی خواہش، آرزو، کی ضرورت، غرض، مقصد، مطمح نظر، علت غائی۔ اِرْب جمع آراب: عضو، مَزَّقَهُ اِربًا اِربًا: کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، پرزے پرزے کر دینا۔ اِرْبَة: مہارت، ہوشیاری، سوجھ بوجھ، چارہ سازی، پھرتی، تیز فہمی۔ اُربة جمع اُرَب: گرہ، گا [illegible]لمان، اَرِیب: ماہر، سوجھ بوجھ رکھنے والا، خوش تدبیر، ہوشیار، چتر، سیانا، ذی شعور، عاقل، فہیم، دانشمند، تیز فہم۔ مَأرُبَة جمع مَآرِب: آرزو، خواہش، مقصد، غرض، مطمح نظر، علت غائی۔

اِربیل: قدیم نام اربیلہ، شمالی عراق کے ایک شہر کا نام۔

اَرتَواری: فواری (کنواں)۔

ارث: اَرَّثَ: (آگ) جلانا۔ ــ بینهم: لوگوں میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکانا۔ تَأَرَّثَتِ النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ الأُرثَة و الإراث: ایندھن۔

۲۔ اِرث: دیکھو ورث۔

○ اَرَّثَ بین: کے درمیان، مابین نا اتفاقی کا بیج بونا۔

اُرثوذُکسِی: راسخ الاعتقاد، کٹر عام عقائد کا ماننے والا۔ الأرثوذُكسِيَة: ارتھوڈکس چرچ۔ الروم الأُرثوذُكس: یونانی آرتھوڈکس چرچ۔

ارج: ۱۔ اَرِجَ ۔ اَرَجًا و اَرِيجًا و تَأَرَّجَ: خوشبو دینا، مہکنا صفت: اَرِج۔

۲۔ اَرَجَ ۔ اَرْجًا الحقَّ بالباطلِ: حق و باطل کو ملانا۔ أَرَّجَ القومَ بینهم: لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت: اَرّاج ــ النارَ: آگ کو جلانا، روشن کرنا۔

۳۔ اَرِجَ ۔ اَرَجًا الناسُ: لوگوں کا بلند آواز سے رونا۔

○ اَرَج: خوشبو، اَرِج: خوشبودار۔ اَرِيج: خوشبو۔

ارجح: تَأَرجَحَ: ہلنا، جھومنا۔ مُتَأَرجِح: بدلتے رہنے والا، اتار چڑھاؤ والا۔

ارجو: ۱۔ اُرجُوان (ن): ایک پھولدار درخت، سرخ رنگ، سرخ رنگ کپڑے الرُّقعة الأُرجُوانِية: نثری قطعہ میں خوبصورت فصیح ادبی اظہار (انگریزی زبان میں)

۲۔ ارجون (ك) ایک نادر گیس (Argon)

○ الارجنتین: ارجنتینا: Argentina (ایک ملک کا نام)۔

ارخ: ۱۔ أَرَّخَ تأريخًا و آرَخَ مُؤَارَخَةً الكتابَ او الحادثَ: کا زمانہ متعین کرنا۔ التأريخ و التاريخ جمع تَوَارِيخ: وقت کا بیان تاريخ الشيء: کسی چیز کے ہونے کا وقت علم التاريخ: واقعات و حادثات اور ان کے اسباب کے بیان کا علم جو ان کی تاریخ پر مشتمل ہو۔ المُؤَرِّخ: تاریخ دان، تاریخ نویس۔

۲۔ الأرخبيل: آس پاس واقع جزائر کا مجموعہ۔

۳۔ الأرخيولوجيا اركيولوجيا: علم آثار و فنون قدیمہ یا عتیقہ، اثریات (Archaeology)

○ أَرَّخَهُ: (خط وغیرہ پر) تاریخ ڈالنا، کی تاریخ لکھنا، تاريخ: خط وغیرہ پر تاریخ ڈالنا جمع تَوَارِيخ: تاریخ، وقت، تاریخ، سرگزشت واقعات کا روزنامچہ، مرتب تاریخی واقعات، تاریخی مواد۔ تاريخ الحياة: سوانح عمری، تذکرہ، سرگذشت، (درخواست کے ساتھ) تعلیمی کوائف (Curriculum vitae) تاريخ عام: تاریخ عالم۔ علماء التاريخ: تاریخ دان۔

تاريخي: تاریخی۔ مُؤَرِّخ جمع مُؤَرِّخون: تاریخ دان، تاریخ نویس، مورخ، وقائع نگار، روزنامچہ لکھنے والا، تاریخی واقعات ترتیب دینے والا۔ مُؤَرَّخ: مورخہ Dated۔

اَرخَبِیل: مجمع الجزائر (Archipelago)۔

اَرخَن جمع اَراخِنَة: Archon (جمع) معززین: (Notables)

اردب: الإِردَبّ جمع أَرادِب: مصر میں ایک بڑا پیمانہ جو ۲۴ صاع کے برابر ہے۔

○ اِردَبَّة: گندے پانی کا چوبچہ۔

○ الأُردُنّ: (دریائے) اردن، (ملک) اردن۔ اُردُنّی: اردنی، اردن کا (باشندہ)۔ المَملَكةُ الأُردُنِيَّة الهاشمية: اردن کا سرکاری نام۔

○ اَردُواز: سلیٹ۔

ارز: ۱۔ اَرَزَ ۔ اَرْزًا و اُرُوزًا: سکڑنا، سمٹنا ــ الحيَّةُ: سانپ کا اپنے بل میں پناہ لینا کہا جاتا ہے۔ فلانٌ یارِزُ الی وطنه: فلاں شخص گھوم گھام کے اپنے وطن لوٹ آتا ہے۔ آرِز: جڑ پکڑنے والا، مضبوط، شجرة آرِزَة: وہ درخت جو جڑ پکڑے۔ آرِزُ القوم: قوم کا سردار۔

۲۔ اَرَزَ ــ الليل [illegible]

آرِز و اَرُوز: کہا جاتا ہے بتنا لیلةً آرِزَةً یعنی یا آرِزَ من فيها لشدة بردها: ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گزاری کہ سخت ٹھنڈ کی وجہ سے ہر شخص سکڑ رہا تھا۔ أَرَزَت اصابعهم من البرد: ان کی انگلیاں سردی کے سبب سکڑ اور ٹھٹھر گئیں۔

۳۔ الأُرُز الآرُز والأُرُزّ والرُّزّ (ن): چاول۔ الأَرز (ن): صنوبر کا درخت الأَرزِيَّة (ن) صنوبر کا درخت۔

○ أَرْز: (واحد ارزہ) صنوبر۔

اَرُز: چاول۔

○ ارس: الأَرِسْتُقراطي: اونچے طبقے کا فرد الأَرِسْتُقراطِيَّة: اونچا طبقہ، طبقہ امراء، اشراف، اشرافیہ۔

○ اَرَسَ ــ اُرُسًا: کاشتکار ہونا۔ اِرِّيس و اَرِيس: کاشتکار، کسان۔

○ اَرِسطُو: ارسطو (Aristotle)

ارش: ۱۔ اَرَشَ ــ اَرْشًا: کو بھڑکانا، اکسانا، جوش دلانا۔ اَرَّشَ بینهم: میں فساد ڈالنا، ایک دوسرے کے خلاف اکسانا اور بھڑکانا۔ ــ الحربَ او النارَ: جنگ کی آگ بھڑکانا، یا آگ بھڑکانا۔ الأَرْش جمع أُرُوش: رشوت۔

۲۔ اَرَشَ ۔ اَرْشًا: کو رشوت دینا الأَرش جمع أُرُوش: خون بہا، دیت۔

۳۔ اَرشِمَندريت: عیسائی کلیسہ کے معروف رتبہ کا حامل۔

○ ارش: ہرجانہ، تاوان، جرمانہ، خون بہا، دیت۔ ارشي الاسقوبس: لاٹ پادری۔ ارشيدوق: رئیس اعظم، آرچ ڈیوک، ارشيدوقة: رئیسہ عظمٰی (ارشیدوق کا مونث)۔

ارض: ۱۔ أَرِضَ ۔ أَرَضًا و أَرُضَ ۔ أَرَاضَةً المكانُ: جگہ کا سرسبز اور خوش منظر ہونا صفت اریض۔ أَرَّضَ الكلامَ وغيرَه: کلام وغیرہ کو آراستہ کرنا اور تیار کرنا۔ تَأَرَّضَ بالمكان: کسی جگہ میں اقامت کرنا، جم کر رہنا۔ ــ لكذا: کے درپے ہونا۔ اِستَأرَضَ السحابُ: بادل کا زمین سے قریب ہو کر پھیل جانا اور جم جانا۔ الأَرض جمع أَرَضون و أُرُوض و اراضٍ و آراض: زمین (سیارہ جس پر ہم رہتے ہیں)۔ کہا جاتا ہے: اتانا ابنُ ارضٍ: ہمارے پاس وہ اجنبی آیا جس کے نسب کا کوئی پتہ نہیں۔ ارضُ النعل: جوتے کی تلی۔ الأرضي شوكي (ن): زمین پر پھیلنے والا ایک کانٹے دار پودا۔ جسے خرشوف بھی کہا جاتا ہے۔

۲۔ اَرِضَت ۔ اَرَضًا الخشبةُ: لکڑی کا دیمک خوردہ

ہونا۔ الأرَضَة جمع ارَض (ح): دیمک، لکڑی کھانے والا کیڑا۔

○ ارْض (مونث) جمع ارَاضٍ و ارَضُون زمین۔ ملک، علاقہ، خطہ، قطعہ زمین، مٹی، الارضُ السُفْلَى: نشیبی دنیا الارضُ المُقَدَّسَة: مقدس سرزمین، فلسطین، أرضى: زمین کا، کرہَ زمین کا، کرہَ ارض کا۔ مٹی کا، ملک کا، میدان میں یا میدان کے قریب واقع، زمینی، دنیاوی، دنیوی، زیرِ زمین، زمین دوز، ارْضِی شَوكِی: خرشف ہاتھی چوک (ایک قسم کا پودا)۔ ارَض (اسم جنس واحد واحد ارَضَة: دیمک، ارْضِيَة جمع ارْضِيَات: فرش، منزل، (پھولدار کپڑے کی) زمین، نچلی منزل۔ پہلی منزل (Ground Floor, Ist Floor)۔ گودام کا کرایہ، ارْضرُوم: ارض روم (شمالی مشرقی ترکی کا شہر)۔

ارط ا۔ الأرْطَى (ن): واحد ارطاة جمع ارَاطَى و ارَاطٍ و آراط: ایک درخت جس کا پھل عناب کے مشابہ ہوتا ہے۔

۲۔ ارْطماسیا (ن) ایک پھولدار پودا۔

۳۔ ارْطُنِیا (ن) ایک جاپانی الاصل پھولدار پودا۔

○ ارْطَة: (نیز اُورطہ) جمع ارَط (اُورَط): فوج، بٹالین (Battalion)

○ ارَطقة جمع أرْطَقَات: مسیحی عقائد کے خلاف، بدعت، کفر، خلافِ شرع (رائے)

ارغ ا۔ الارْغل (مو) ایک قسم کی بانسری۔

۲۔ الأرْغُن والأرغنون (مو): آرگن، ایک قسم کا باجہ۔

ارق ا۔ ارِقَ۔ ارَقًا و اِئتَرَقَ: رات میں نیند نہ آنا صفت أرِق و آرِق و ارُوق و ارُق۔ ارّقَ تارِیقًا و آرَق اِئرَاقًاه: کو بیدار رکھنا۔

۲۔ الأرُق (ح) ایک قسم کا کیڑا جس کا جسم لیسدار ہوتا ہے درختوں کے تنوں پر اکٹھے ہو کر ان کا ست چوستے ہیں۔ اليَرَقَان و الأرقان و الإرقان و الإرِقان والأرُقَان والأراق: ایک بیماری جو انسانوں اور کھیتی کو لگ جاتی ہے، اس سے رنگ پیلا یا سیاہ ہو جاتا ہے۔ عام لوگ اسے داءُ الصُفيرَة کے نام سے جانتے ہیں۔

۳۔ الأريقى (ن) گلابی رنگ کے پھولوں والا ایک پودا۔

○ أرِقَ۔ ارَقًا: نیند نہ آنا۔ ارّقَ ہ: کو بے خواب کرنا، کو سونے نہ دینا۔ ارَق: بے خوابی۔

ارك ا۔ أرَكَ۔ ارُوكًا الجملُ: اونٹ کا پیلو کے درخت کے پتے کھانا۔ ارِكَ۔ أرَكًا الجملُ: درخت پیلو کے پتے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ الأرَاك (ن) واحد ارَاكَة جمع ارُك و ارائك: پیلو کا درخت۔

۲۔ أرَكَ۔ ارَكًا و ارِكَ۔ ارُوكًا الجرحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔

۳۔ ارُوكاریا (ن): جنوبی امریکا کا صنوبر کی قسم کا اونچا درخت، اس کے پتے خاردار ہوتے ہیں اور ٹھنٹھ پر ہی اگ جاتا ہے۔

۴۔ الأريكة جمع ارِيك و أرائك: آراستہ و مزین تخت۔

○ ارِيكة جمع ارَائك: کوچ، صوفہ، تخت

○ ارْكيلَة جمع ارَاكيل: حقہ۔

اِرْلَنْدِی: ملک آئرلینڈ کا (باشندہ) (Irish)

ارم: ا۔ أرَمَ۔ ارْمًا الارضَ: زمین میں نہ جڑ چھوڑنا۔ نہ شاخ صفت: أرماء و ماروم۔ — الشیَّ: کو جڑ سے ختم کر دینا۔ — ماعلى المَائِدة: دسترخوان پر موجود سب کچھ چٹ کر جانا۔ الأرَّم: داڑھیں (کہا جاتا ہے: یحرق علیہ الارّم وہ مارے غصے کے اس پر دانت پیستا ہے) انگلیوں کے کنارے۔ الأرُومَة والارُومة والارُوم جمع اروم: ہر چیز کی اصل، حسب، درخت کی جڑ۔ هو شريف الارومة: وہ شریف الحسب ہے۔

۲۔ الأرَم: پتھر، الإرَم والأرِم جمع آرام و ارُوم: میدان میں میلوں کے شمار کے لئے پتھر، کہا جاتا ہے: مابها اِرَم او ارِم: اس میں کوئی نہیں۔ الارْمَة جمع أرَم: نشان راہ۔

○ ارَمَ۔ ارما: دانت سے کاٹنا ارَّم: داڑھیں۔ حَرّقَ الأرّمَ: (غصہ میں) دانت پیسنا۔ ارُومَة وارُومة: جڑ، اصل، درخت کا ٹھنٹھ۔ مِنْرَم: (دانت کی) جڑ۔

○ آرَام: ارآم (رئم کی جمع) سفید بارہ سنگھے۔

○ الأرْمَن: ارمینیا کے لوگ۔ ارْمَنِی: آرمنی (صفت و اسم)۔ ارْمِينيا: آرمینیا

○ الارنَاؤُط: البانی (جمع) أرْنَاوُطی: البانیا کا باشندہ۔

ارن: ارِنَ۔ ارَنًا و ارِينًا و اِرَانًا البعيرُ: اونٹ کا نشاط میں آنا صفت: ارِن و ارُون۔

ارنب: الارْنَب (ح) خرگوش جمع ارَانِب۔

○ ارْنَب مونث جمع ارَانِب: خرگوش، ارنب هندی: امریکی چوہا۔ ارنبہ: مادہ خرگوش، ہرنی ارْنَبَةُ الأنف: ناک کا نوکدار سرا۔ (جانور کی) ناک یا تھوتھنی۔

ارُونِيك جمع ارانیك: نمونہ، شکل، خالی جگہ۔

ارو: الأرْوِيَّة والإرْوِيَّة جمع اَراوِیّ و أراوٍ و أرْوَى [illegible]

○ اروبا: یورپ، ارُوبی: (یورپین (صفت و اسم)۔

اری: ا۔ أرَى۔ ارْيًا النحل: مکھی کا شہد بنانا۔ الأرْیُ: شہد۔

۲۔ ارِی صدرہُ علیَّ: وہ مجھ پر غضبناک ہوا أرَّى النارَ: آگ سلگانا یا بھڑکانا۔ الدابة: جانور کے لئے تھان بنانا۔ تأرّى بالمكان: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔ — عنه: سے پیچھے رہنا۔ الأرِيَّة: جانوروں کا تھان۔

○ آری: آرِيَن: (انسانوں کی ایک نسل) آرِيَة: آرین ہونا۔

○ ارِيحَا: فلسطین کا ایک شہر (Jevicho)

از: ا۔ ازّت۔ ازًّا و ازَازًا و ازِيزًا القِدرُ: دیگچی کا جوش مارنا، سنسانا۔ — القِدرَ و بِهَا: دیگچی کو جوش میں لانے کیلئے اس کے نیچے آگ جلانا۔ تأزّزَ المجلسُ: اہل مجلس میں اضطراب و ہلچل مچنا۔ اسم الأزَّة الإزِيز: بادل کی گرج و کڑک۔ ٹھنڈ۔

۲۔ ازَّ۔ ہ علی کذا: کو پر بھڑکانا، اکسانا، ابھارنا۔ — الشیَّ: کو جمع کرنا۔

○ أزَّ۔ ازِيزًا: کھولنا، ابلنا، ابلنے کے قریب ہونا۔ بھنبھنا، سائیں سائیں یا فوں فوں کرنا، پھنکارنا، سی سی کی آواز نکالنا، سوں سوں کرنا۔ آزِيز: بھنبھنانا، بھنبھناہٹ، سائیں سائیں یا فوں فوں کرنا، (گولی کی) سیٹی۔

ازب: ازَبَ۔ ازْبًا الماءُ: پانی کا بہنا، رواں ہونا۔ المِئزَاب جمع مآزيب والمِيزاب جمع ميازِيب: پرنالہ، گندی نالی، بدرو، پانی بہنے کی جگہ۔

۲۔ الإزْب: چھوٹا، کمینہ۔

○ اِزْب: چھوٹا اور موٹا، فربہ، موٹا تازہ، گھٹیلا، چھوٹے قد کا آدمی۔

○ الأزْبك: ترکستانی (جمع)

ازج: أزَّجَ البيتَ: مکان کو لمبا بنانا الأزَج جمع ازَاج و آزُج: لمبا مکان۔

ازح ا۔ أزَحَ۔ ازُوحًا و تأزَّحَ: زیر لگانا، پیچھے رہ جانا صفت: ازُوح

۲۔ ازحت۔ قدمُہُ: کا قدم پھسل جانا۔

ازد ا۔ الأزاد (ن): ایک قسم کی کھجور۔

۲۔ ازْدَرَخت والأزادِرَخت (ن) بکائن کا درخت۔

ازر ا۔ أزَرَ۔ أزْرًا بالشیٔ: کو گھیرنا۔ — النباتُ: پودا گھ جانا۔ أزّرَہ: کو ڈھانپنا۔ تأزّرَ و ائتزَرَ و اِتَّزَرَ: ازار پہننا، تہبند باندھنا۔ الإزار جمع آزِرَة و ازُر: پردہ، چادر، تہبند۔ الأزْر: پیٹھ، کہا جاتا ہے: شدبہ ازرہُ: اس نے اس کو قوت پہنچائی الإزْر بمعنی اِزار۔ الإزْرَة: بمعنی ازار (عام لوگ اسے الوزرة کہتے

ہیں) تہبند باندھنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے: لکل قوم اِزْرَةٌ یاتزرونها: ہر قوم کا جدا جدا طور و طریقہ اور رسم ہے۔ المِئزَر والمِئزَرَة جمع مَآزِر: بمعنی ازار کہا جاتا ہے، شد للامر مِئْزَرَهُ: وہ کام کے لئے مستعد تیار ہوا۔

۲۔ أزَرَ ــِ و أزَّرَ فُلانًا: کو مضبوط کرنا قوت پہنچانا۔ آزَرَهُ مُؤَازَرَةً: کو مدد دینا۔ الأَزْر: قوت۔ الإزار جمع آزِرَة و أُزُر: پشتہ دیوار۔

۳۔ الإزر: اصل، جڑ۔

○ أزَرَ ــِ اَزْرًا ہ: کو گھیرنا۔ أزَّرَهُ: کو ازار پہنانا۔ ہ/ہ: کو ڈھکنا، لپیٹنا، کو مضبوط کرنا، کی حمایت کرنا۔ آزَرَهُ: کی مدد کرنا، تائید کرنا، پشت پناہی کرنا، کو قوت پہنچانا۔ تَـأَزَّرَ و اِئْتَزَرَ: ازار پہننا، اپنے آپ کو ازار سے لپیٹنا۔ تَـآذَرَ: ایک دوسرے کی مدد کرنا، متحد ہونا، از سر نو جدوجہد کے لئے جمع ہونا، مشترکہ مقصد حاصل کرنے کے لئے مل کر کام کرنا۔ اَزْر: قوت، شَـدَّ ازره یا شـدّ مـن ازره: کی مدد کرنا، تائید کرنا۔ حوصلہ افزائی کرنا۔ کی پشت پناہی کرنا، شـدّ ازرَهُ: مستعد ہونا، سرگرم ہونا، طاقت ور ہونا، چاق و چوبند ہونا، تندرست و توانا ہونا، باہمت ہونا، جراٴت مند ہونا إزار (مذکر و مونث) جمع أُزُر: لنگوٹی، لنگوٹ، شال، چادر، چغہ، جبہ، لبادہ، پوشش، پردہ، غلاف، سرپوش، مِئْزَر جمع مـآزِر: پیش بند، چغہ، جبہ، لبادہ، غلاف، سرپوش، پوشش، مُؤَازَرَة: تائید، مدد، پشت پناہی تآزُر: باہمی امداد، ایک دوسرے کی مدد۔

ازف: ۱۔ أَزِفَ ــَ اَزَفًا و أُزُوفًا: قریب ہونا، ہم کہتے ہیں: ازفت الآزفة اور ازفت الساعةُ: یوم قیامت قریب آگیا، وہ گھڑی قریب آگئی۔ تَـآزَفَ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ہم کہتے ہیں: تآزف القومُ: لوگ ایک دوسرے کے قریب ہوگئے۔ الآزفة: قیامت کا دن۔

۲۔ أَزِفَ ــَ أَزَفًا و أُزُوفًا الرجُلُ: جلدی کرنا۔ آزَفَ إيـزافًـاهُ: کو جلد لے جانا۔ الأَزَفي: تیز رفتاری، وچستی۔ یمشی الأزفی: وہ تیز تیز چلتا ہے۔

۳۔ تأزَّفَ المكانُ: جگہ کا تنگ ہونا۔ ــالرجُلُ: پست قد ہونا، بدخلق ہونا، تنگ دل ہونا، الأَزَف: تنگی، بدحالی۔

۴۔ اَزِفَ ــَ الجرحُ: زخم کا مندمل ہونا بھر جانا۔

○ اَزِفَ ــَ اَزَفًا و اُزُوفًا: وقت کا آنا، قریب آنا، قریب ہونا۔

ازق: اَزَقَ ــُ اَزْقًا و أَزِقَ ــَ اَزَقًا: تنگ ہونا۔ تَـأَزَّقَ: تنگ ہونا۔ المـازق جمع مَـآزِق: تنگ جگہ، میدان جنگ، تشویشناک صورت حال۔

○ مَـأْزِق جمع مَـآزِق: تنگ راستہ، رکاوٹ، خطرناک صورت، ناگوار صورت حال۔ مشکل، پریشانی، دوہری مشکل، نازک یا تشویشناک صورتحال، مـأزِقٌ حَـرِج: خطرناک صورت، ناگوار صورت حال، دوہری مشکل، پریشانی، بڑی مشکل، نازک یا تشویشناک صورت حال۔

ازل: ۱۔ اَزَلَ ــِ أَزْلًا: تنگی و سختی میں پڑنا صفت: أَزِل ــ ہُ: کو قید کرنا۔ تَـأَزَّلَ: تنگی و سختی میں پڑنا صفت: اَزِل الأَزْل: مصیبت۔

۲۔ الأَزَل: ازل، زمانہ جس کی ابتداء کی کوئی انتہاء نہ ہو۔ قدم۔ الأزَلی: قدیم، دائمی وجود والا جس کی ابتداء نہ ہو۔

○ ازل جمع آزال: ابد، ابدیت، ازلی، ابدی ازلیـــــــة: ابدیت۔

ازم: ۱۔ أَزَمَ ــِ اَزْمًا و اُزُومًاهُ: کو دانت سے کاٹنا۔ الآزِم والآزِمَة و الأَزُوم جمع اُزَّم و اَوَازِم و اُزُم: کچلی، نوکدار دانت۔

۲۔ اَزَمَ ــَ العامُ: سال کا سخت قحط والا ہونا۔ ــالدھرُ علیه: پر زمانہ کا سخت ہونا۔ تَأَزَّمَ القومُ: لوگوں کا تنگی اور قحط سالی میں مبتلا ہونا، زمانہ کی سختی اور تنگی سے تکلیف اٹھانا۔ الأَزْم: مضر کاموں سے بچنا۔ کہتے ہیں۔ اصلُ کُلِّ دَوَاءٍ الازْمُ: ہر دوائی کی جڑ پرہیز ہے۔ الأَزْمَة والأزمة جمع اِزَم و أَزْمُ و اَزَمـاتُ و اَوَازِم: سختی، تنگی، بحران: (ہم کہتے ہیں: ازمَةٌ إقتصادية: اقتصادی بحران۔ ازمَة سياسية: سیاسی بحران)۔ قحط۔ المازِم جمع مَآزِم: تنگ مقام، میدان جنگ۔

۳۔ أَزَمَ ــِ الحبلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔ ــ بصاحبه: ساتھی کیساتھ ساتھ رہنا، چمٹا رہنا۔ ــ علیه: کی حفاظت کرنا۔ ــعن الشیء: سے ہٹنا۔ ــ الأَزِم جمع اُزَّام: پرہیز کرنے والا۔

○ تَـأَزَّمَ: (صورت حال، تعلقات کا): سنگین ہونا یا ہو جانا، فیصلہ کن مقام تک پہنچنا۔ ایسے مقام تک پہنچنا جہاں کارروائی کرنا ناگزیر ہو جائے۔

○ ازمَة: ہنگامی صورت حال، ناگہانی ضرورت، بحران نازک دور، نازک لمحہ، تشویشناک مرحلہ، ازمة وزارِية: وزارتی بحران۔ وزارتی کشمکش، وزارت کو خطرہ۔ تَـأَزُّمُ الحالة: تشویشناک صورتحال، صورت حال میں بیخرابی۔ تأزُّم [illegible] بحران کا شکار ہو [illegible]

○ ازمـ ــ ازمـ [illegible] سرزنہ (زمانہ سابق میں) [illegible]

سمندری بندرگاہ۔

○ اِزْمیل جمع اَزَامِیل: چھینی، نہانی، بسولی۔

ازن الأُزُون (ك): آکسیجن کے تین ذرات پر مشتمل ایک گیس۔ ہوا اور پینے کے پانی میں جراثیم کشی کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ رنگ نیلی مائل ہے۔

○ ازوت: ازوت (نائٹروجن کا قدیم نام)۔ نائٹروجن ازوتی: نائٹروجنی۔

ازی: آزَی مُؤَازاةً الرجُلَ: ایک کا دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا، ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا۔ تَـآزَی تَآزِیًا القومُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَـأَزَّی عنـه: سے مڑنا، رکنا۔ إزَاء: سامنے، مقابل کہا جاتا ہے: جلس إزاءَہ و بازائِه: وہ اس کے سامنے یا مقابل بیٹھا۔ هـم إزاءُ هـم: وہ لوگ ان کے مماثل ہیں۔ الأمرِ: کام کا منتظم۔

○ ازَی ہ: کے مقابل ہونا۔ ہ/ہ: کے سامنے ہونا۔ إزاء: مقابل، منہ در منہ، سامنے، (کسی صورت حال کے) مقابلے میں، بازاءِ: کے مقابل، سامنے، علی إزاء: کے مقابلہ میں۔

○ آس: آس، مہندی کی طرح ایک پودا

○ آس جمع آسات: (تاش کا) اکا۔

اسّ: أَسَّ ــُ أَسًّا الدارَ: گھر کی بنیاد رکھنا أَسَّـسَ البیتَ: گھر کی بنیاد رکھنا۔ تَـأَسَّـسَ: بنیاد پڑنا۔ الأَسّ و الإِسّ و الأُسّ جمع إِسـاس: (عمارت کی) بنیاد، ہر چیز کی ابتداء، الأَسـاس و الأَسَـس جمع اُسُس: (عمارت کی) بنیاد۔ الحجر الأساسی: بنیادی پتھر۔ پہلا پتھر جو عمارت کی بنیاد میں رکھا جاتا ہے۔ ہر چیز کی ابتداء۔ ــاو القاعدہ: (ک) جسم جس سے دوسری ہر چیز بنائی جاتی ہے۔ (کیمیاء) تاسیسی: بنیادی۔ المـجلس التاسیسی: ملک کے بنیادی قوانین وضع کرنے والی مجلس۔ مُؤَسَّسَة: ادارہ، محکمہ، فرم، تنظیم (خواہ علمی ہو یا خیراتی یا اقتصادی) جیسے مؤسسة علمیه: علمی ادارہ مؤسّسة صناعية: صنعتی ادارہ۔

۲۔ أَسَّ ــُ بین الناس: لوگوں میں فساد برپا کرنا الأَسَّاس: چغل خور۔

○ أَسَّـسَ ہ: کی بنیاد رکھنا، کو قائم کرنا، نصب کرنا، کی بنا ڈالنا۔ تَـأَسَّس: بنیاد پڑنا، بنیاد رکھا جانا، قائم کیا جانا، نصب کیا جانا۔ اُسّ: بنیاد، تاسیس۔ طاقت کا نشان (ریاضی)۔ اَسَاس جمع اُسُس: بنیاد (نیز عمارت کی بنیاد) بنیادی کام، زمین، بنیادی نثر، علی اَسَاسِ: کی بنیاد پر، کے باعث، کی سند سے، بسند، کی وجہ سے،

کے سبب سے، کے مطابق، بقدر، حسب، لا اساسَ له من الصحة: مکمل طور پر بے بنیاد (خبر، افواہ) اَساسي۔ بنیادی، ابتدائی، لازمی، جوہری، بڑا، اہم، اول، اعلیٰ، اصلی، حجر اساسي: بنیادی پتھر، نیو کی اینٹ۔ کونے کا پتھر۔ اَساسیات: بنیادی اصول، اصول، تَاسیسات: آسانیاں، سہولتیں، ضروری خدمات (جیسے پانی کی بہم رسائی) خیراتی ادارے۔ مجلس تاسیسي: آئین ساز یا دستور ساز اسمبلی مُؤَسِّس: بانی۔ مؤسَّسَة جمع مُؤسَّسَات: ادارہ، محکمہ، فرم، خیراتی ادارہ، تنظیم۔

اسب: ا۔ اِسْبَانخ (ن): پالک (ایک سبزی کا نام)۔

۲۔ اسبِداج و إسْفِيدَاج (ك): کاشغری سفیدہ۔

۳۔ الاسبرين (ك). اسپرین۔

○ الأسبان اسپین کے لوگ، اِسْبَانی جمع اسبانیون: اسپین کا باشندہ۔ اسبانیا. اسپین (ایک ملک کا نام)

○ اِسبِرتو: الکحل۔

است: ا۔ الاست: جڑ، بنیاد، سرین۔

۲۔ الأُستاذ جمع اَسَاتِذة و اساتیذ: معلم، پدر۔ عالم (ت): محکمہ جات حساب کا افسر اعلیٰ۔

۳۔ الاِسْتار جمع اساتیر: عدد میں چار، وزن میں ساڑھے چار مثقال۔ (فارسی لفظ)

۴۔ الاِسْتَبْرَق: موٹا ریشمی کپڑا۔ ریشم اور سونے کے تاروں کے بنے ہوئے کپڑے۔ (فارسی لفظ)۔

۵۔ الاستراتیجیة (اع): فن لشکر کشی۔

۶۔ الاستیخارة: مشرقی شاہی کاہنوں کا لباس۔

۷۔ الاستیدیو او استودیو (ف ج): سٹوڈیو (Studio) (نگار خانہ، جہاں فلموں کی تصویر کشی اور ہدایت کاری کا کام سرانجام پاتا ہے)۔

۸۔ الاستیلین (ك): بے رنگ بے بو کی ایک زہریلی اور خطرناک گیس۔ جو دھاتوں کو پگھلانے، جوڑنے اور روشنی کرنے کے کام آتی ہے۔

○ إستاریکي: ساکن۔

○ إسْتَاد: سٹیڈیم (Stadium) (کھیلوں کا میدان)۔

○ اُسْتَاذ جمع اَساتذه: ماسٹر، ٹیچر، پروفیسر، (دانشوروں جیسے: وکلاء، صحافی، سرکاری اہلکار، ادباء اور شعراء کا خطاب) لیجر (بہی کھاتہ) الاستاذ الاعظم: (فری میسن جماعت کی جلسہ گاہ) گرینڈ ماسٹر، الاستاذ الاکبر: الازہر یونیورسٹی کا ریکٹر (Rector) استاذ کرسي اور استاذ بکرسي: کامل پروفیسر استاذ بلا کرسي: ایسوسی ایٹ پروفیسر۔ استاذ غیر متفرغ: پارٹ ٹائم (جزوقتی) پروفیسر۔ استاذ مساعد: اسسٹنٹ پروفیسر۔ استاذ زائر. مہمان پروفیسر۔ هُم اساتذه في الجدل: وہ مناظرہ یا جھگڑے کے ماہر ہیں۔ اُستاذِیة: استادی، پروفیسری، پروفیسروں کی جماعت۔

استانبول: استنبول، کنسٹنٹینوپل (Constantinople)

الآسِتَانَه و الآسْتَانَة: استنبول۔

اِسْتَبْرَق: کمخواب، زربفت، دیبا۔

اِسْتَرَاتِیجی: لشکر کشی، فوجی مصلحت کا۔

اُسْتُرالي: آسٹریلین۔ آسٹریلیا کا۔

اُسترالیا: آسٹریلیا (ایک ملک کا نام)

اِسْتَرْلِیني: سٹرلنگ جنیه استرلیني: پاؤنڈ اسٹرلنگ۔ مِنْطَقَةُ الاسْتَرلیني: سٹرلنگ کا علاقہ۔

○ استوبه: موٹا سن، سن کی رسی، سن کا موٹا ریشہ، پرانے رسوں کا ریشہ جو جہاز کی درزوں میں بھرا جاتا ہے۔ سوت کا گودڑ۔

○ اِسْتُودِیُو جمع استودیوهات: سٹوڈیو (نگار خانہ) کمرہ یا عمارت جس میں فنکار کام کرتا ہے (atelier)۔

○ استوکهولم: سٹاک ہوم Stockholme

○ اِسْتُونِیا: استونیا Estonia

○ اِسْتِیَاتِیت: ایک قسم کی ابرق۔ ایک قسم کا نرم پتھر جو صابن کی طرح لگتا ہے اور زیورات بنانے کے کام آتا ہے۔

اسد: أَسِدَ — اَسَدًا: شیر کو دیکھ کر اوسان باختہ ہو جانا، دہشت زدہ ہو جانا، اخلاق میں شیر کی طرح ہونا۔ — علیه: کے ساتھ جرأت کرنا تَاَسَّدَ و اِسْتَاْسَدَ علیه: کیساتھ جرأت کرنا، شیر کی طرح ہونا۔ الأَسَد جمع اُسْد و اُسُود و اُسُد و اَسُد و آساد: شیر (نرو مادہ)۔ (چنانچہ کہا جاتا ہے: هو الأسد وهي الأسد: وہ شیر ہے، وہ شیرنی ہے۔ مادہ کو لبوءۃ اور بچے کو الشبل کہتے ہیں)۔ بہادر۔ داءُ الاسد: جذام

المَاسَدة جمع مَآسِد: وہ جگہ جہاں شیر بکثرت ہوں یا پائے جاتے ہوں۔

۲۔ اَسَدَ — اَسْدًا و آسَدَ اِیسادًا و اَسَّدَ تأْسِیدًا الکلبَ بالصید: کتے کو شکار کے لئے اکسانا، بھڑکانا، آسَدَ بینَ القوم لوگوں میں فساد ڈالنا۔

۳۔ اِسْتَاْسَدَ النبتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور ہر طرف پھیلنا۔

○ اِسْتَاْسَدَ علی: کے خلاف شیر کی جرأت کا مظاہرہ کرنا۔ کے مقابلہ میں شیر بننا۔

اسر: ا۔ أَسَرَ — اَسْرًا و اِسَارَةً ہ: کو تسمہ سے باندھنا۔ کو قبضہ میں کر کے قید کرنا۔ اِسْتَاْسَرَ. اپنے آپ کو بطور قیدی کے حوالے کرنا۔ — ہ: کو قید کرنا۔ کو قیدی بنانا۔

الأَسْر (مص): کہا جاتا ہے: هذا لك بأَسْرِہ: یہ سب کا سب تمہارے لئے ہے۔ الاِسار: تسمہ، الأُسْر: پیشاب کا رکنا۔ الأَسِیر جمع أَسْرَی و اُسَرَاء و اُسَارَی و أَسَارَی. قیدی۔ اَسْرَی الحرب: جنگی قیدی۔

۲۔ تَاَسَّرَ علیه: پردیر کرنا۔ اِسار: بایاں الأُسْرَة جمع اُسَر: خاندان۔ جسے عائلة بھی کہا جاتا ہے۔ مضبوط زرہ۔

۳۔ مَاسُوره جمع مَوَاسِیر: (پانی کی) نالی، نلکی (تمباکو نوشی کی) نالی، نلکی۔

۴۔ الأُسْرُب والأُسْرُوب والأُسْرُبّ: سیسہ (فارسی لفظ)

○ اَسَرَ — اَسْرًا ہ: کو باندھنا، بیڑیاں ڈالنا، پابہ زنجیر کرنا۔ زنجیروں میں جکڑنا، گرفتار کرنا، قید کرنا، قیدی بنانا، کو لبھانا، موہ لینا، فریفتہ کرنا، گرویدہ کرنا، کو مسحور کر دینا، مبہوت کر دینا، کی توجہ حاصل کرنا، کے لئے جاذب توجہ ہونا۔ — اِسْتَاسَرَ: سپر انداز ہونا، ہتھیار ڈال دینا۔ اطاعت قبول کرنا، اپنے آپ کو بطور قیدی پیش کرنا۔ اَسْر: (چمڑے کا) تسمہ، پٹی، فیتہ، تسخیر، قبضہ، اسیری، قید، گرفتاری۔ شِدَّة الأسر: زور، طاقت، توانائی، اُسْرة جمع اُسَر: خاندان، کنبہ شاہی سلسلہ، خاندان سلاطین، چھوٹا قبیلہ، برادری، عزیز رشتہ دار، اعزہ و اقارب، بھائی بند بِاُسْرِہ: مکمل طور پر۔ سب کے سب جاؤوا باسرهم: وہ سب آئے، وہ سب کے سب آئے۔ اِسَار: (چمڑے کا) تسمہ، پٹی، فیتہ، اسیری، قید، گرفتاری، دل فریبی، گرویدگی، غلام بنانا۔ وَقَعَ فِي اِسارِہ: کا ہدف بننا، کی گرفت میں آ جانا۔ اَسِیرہ جمع اسیرات: عورت قیدی، لونڈی آسِر: دلکش، دلفریب، گرفتار کرنے والا، انعام جیتنے والا۔ مَاْسُور ب: کے ذریعہ فریفتہ، جادو کیا ہوا، گرویدہ، مسحور، غلام بنایا ہوا، اسیر۔

○ اسرائیل: اسرائیل، بنو اسرائیل، أسرائیلی (جمع) دَوْلَة اسرائیل: اسرائیلی ریاست۔ إسرائیلی: اسرائیلی (صفت و اسم)، اسرائیلیات یہودی روایات۔

○ اِسْرَافِیل: وہ فرشتہ جو قیامت کے دن صور پھونکنے پر مامور ہے۔

○ اسطامبول استنبول (ترکی شہر)

○ اسطـل: اصطبل، کھلیان، غلہ گودام،

○ اُسْطُبَۃ: دیکھو ا۔ (استوبۃ)

اسط ا۔ الإسْطاطِیقی: جمالیات (Aesthetics)

۲۔ الإسْطَـل: جمع إسطبلات: اصطبل۔

۳۔ اُسْـطَر الصـین (ن): ایک پھولدار پودا۔ اللؤلؤیۃ کے کام سے بھی مصروف ہے۔

۴۔ الاسـطـر اغـالُـس (ن): ایک خاردار درخت، کئی قسموں پر مشتمل ہے۔ اس سے گوند نکالی جاتی ہے۔ کئی طبی استعمالات کا حامل ہے۔

۵۔ الأسْـطُـرلاب: (فلك): ایک آلہ جس سے ہیئت دان ستاروں کی بلندی کا اندازہ لگاتے ہیں۔ رات اور دن کی گھڑیوں اور مختلف فلکی مسائل کے حل کا کام بھی دیتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں۔ (۲) سطح، خطی وغیرہ (Astrolabe)

۶۔ الأسـطِقِـس والإسْطَقِـس: اصل، جز، مادہ، قدماء کے نزدیک یہ عناصر اربعہ کا نام ہے۔ یعنی پانی، زمین، ہوا اور آگ (عنصر Element)۔

۷۔ الأسْطَوانۃ جمع أساطین واساطِنہ: ستون، کھمبا (کہا جاتا ہے: هم اساطین الزمان: وہ لوگ زمانہ کے ممتاز افراد اور حکماء ہیں) جانور کی ٹانگ، فونو گراف (یا گراموفون) یعنی صوت نگار آلہ۔ ریکارڈ (گراموفون کا توا)۔

۸۔ اسطوانہ: سلنڈر Cylinder

۹۔ الأسْطورۃ جمع اساطیر: قصہ، حکایت، (جو خیالی اختراعات اور عوامی تقالید کی آمیزش کا حامل ہو)۔

۱۰۔ الأُسطول جمع اساطِیل: بحری جہازوں، جنگی تجارتی طیاروں یا شکاری کشتیوں کا بیڑہ۔ (Fleet, Squadron)۔

○ اُسْطُوانَۃ جمع اُسطوانات: ستون، سلنڈر، فونو گراف، ریکارڈ جمع اســاطِیـن: بلند رتبہ اور ممتاز شخصیات، نامور اشخاص (ستارے)، مشاہیر، حکام، ارباب اختیار، ماہرین، عظیم فنکار، اساطیـن الفن: بمعنی عظیم فنکار۔ اسـطـوانی: سلنڈر کا، سلنڈر کے متعلق۔

○ اُسْطورۃ جمع اَساطِیر: روایت، داستان، من گھڑت قصہ، حکایت، کہانی، دیوی دیوتاؤں کا قصہ، بے اصل داستان، رزمیہ داستان، اُسْطُورِی: افسانوی، من گھڑت، بے سروپا، فرضی، خیالی، پرافسانہ، روایتی۔

○ اُسْطَی: (استاذ کے معنی میں) جمع اُسْطَوات: ماہر، فنکار، فورمین (جیوری کا) سربراہ ، اوورسیر (Overseer) نگران، (ٹیکسی ڈرائیور، گاڑی بان، کوچوان، بس ڈرائیور وغیرہ کو بھی اُسْـطَـی کہہ کر مخاطب کیا جاتا ہے۔ جیسے ہمارے ہاں انہیں استاد جی کہا جاتا ہے۔)

اسف: ا۔ اَسِفَ ـ اَسَفًا علیہ: پر غمگین ہونا افسوس کرنا صفت آسِف، آسَفَ اِیسَافًا: کو غصہ دلانا، غمگین کرنا۔ تَأَسَّفَ: افسوس کرنا کہتے ہیں: یا اسفی و یا أسفًا علی کذا: مجھے اس کے کھو جانے پر کس قدر حسرت واندوہ ہے۔ الأسَافَۃُ: افسوس الأسُوف: جلد غمگین ہونے والا نرم دل۔ الأسیف جمع اُسَفاء مؤنث أَسِیفۃ: غمگین، ملول۔ یہ لفظ ڈھارس بندھانے کیلئے خط کے آخر میں لکھا جاتا ہے۔

۲۔ الأَسَافۃ: زمین کی نرمی۔ الأسِیف: جمع الأسَفاء: مؤنث الأَسِیفَۃ: وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ارضٌ اَسِفَۃ و اُسَافۃ: بنجر زمین، کاشت کے لئے ناموافق زمین۔

۳۔ الإسْفَنْج واحد إسْفَنْجَۃ (ح): اسپنج۔

۴۔ الإسْفَنْد والسِفَنْد (ن): سفید رائی۔

○ أسِفَ ـ أسَفًا علی/ ل: پر متاسف ہونا، پچھتانا۔ ـ علی: کا افسوس کرنا، کے بارے میں غمگین ہونا۔ اَسَف: سخت غم، باعث غم، وجہ، ملال، دکھ، رنج، غم، الم، اندوہ، جھنجلاہٹ، افسوس، تاسف۔ واسفاہ: اف، بڑے افسوس کی بات ہے، کتنی بری بات ہے! و یــاللأسَفِ یاصرف للأسف: بدقسمتی سے افسوس ہے کہ۔ مَعَ الأَسَفِ و بِکُلِّ اَسَفٍ: بدقسمتی سے، افسوس ہے کہ۔ آسِف و أسِیف متاسف: غمگین، رنجیدہ، افسردہ، ملول، مغموم، پریشان، تأسُّف: رنج، ملال، دلگیری، آزردگی، آسِف: غمگین، متاسف: رنجیدہ، تـرکتـہ غیرَ آسِفٍ: میں نے اسے رنج و ملال کے بغیر چھوڑا، میں اس سے رخصت ہوکر بہت خوش تھا۔ مأسوف علیہ: مرنے والا جس پر غم کیا گیا، آہ و زاری کی گئی، نوحہ کیا گیا، غم و افسوس کیا گیا۔ مؤسِف: قابل افسوس، پریشان کن، تکلیف دہ، مغموم کن، اندوہ گین۔ مُتَـأَسِّف: غمگین، اندوگیں، رنجیدہ، افسردہ، ملول، متاسف۔ مُتَأَسِّف! معاف کرنا!

○ اِسْفَانَاخ و اِسْفَانَخ: پالک۔

○ اُسْفَلْت: اسفالٹ (asphalt)

۵۔ الجَرَب: عیب، برائی۔ الجُراب: سامان سے خالی کشتی۔ الجِراب جمع أَجْرِبَة و جُرُب و جُرْب: تلوار کا میان، چمڑے کا برتن، کنویں کا جوف، خصیوں کی تھیلی۔ الجَرَبَّة: سخت و تند آدمیوں وغیرہ کا گروہ، کھاؤ اور نکمے اہل و عیال۔ الجِرْبِیاء: شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈ۔ الجِرِبّان و الجُرُبّان من السیف: میان، پرتلہ، دھار (فارسی لفظ)۔ ـــ من القمیص: گریبان۔

۶۔ جَرْبَارة (ن): لمبے تنے کا جنوبی افریقہ کا ایک پودہ۔ موسم سرما میں پھول لگتے ہیں، حال ہی میں اس کی کاشت شروع ہوئی، برف پڑنے والے ملکوں میں زندہ نہیں رہتا۔

۷۔ جَرَبِیَّة (ن): ایک پھولدار پودا جو یورپ ایشیا خصوصاً بحر ابیض متوسط کے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

۸۔ جَوْرَبَ ہ فتَجَوْرَب: کو جرابیں پہناتا تو اس کا جرابیں پہن لینا۔ الجَوْرَب جمع جَوَارِب و جَوَارِبَة: جراب۔

○ جَرِبَ ـجَرَبًا: خارش والا ہونا، کھجلی والا ہونا، (رنگ) اڑ جانا، پھیکا پڑنا، ماند پڑنا۔ جَرَّبَ ہ: کو آزمانا، جانچنا، کا تجربہ کرنا، کو تجربتاً استعمال کرنا، کی کوشش کرنا، کا نمونہ دیکھنا، کی مشق کرنا، دہرانا، کو بار بار یا باقاعدگی سے کرنا، کی کوشش کرنا۔ ـــ ہ: کو جانچنا، کی آزمائش کرنا، کا تجربہ کرنا، کو آزمانا، آزما کر دیکھنا، کو شش کرنا۔ جَرَّبَ نَفْسَهُ فی: کو استعمال کرنے کی کوشش کرنا۔ جَرَّبَ الأَیام: تجربات اکٹھے کرنا۔ جَرَب: خارش، کھجلی۔ جَرِب: خارش والا، کھجلی والا، خارشتی۔ اَجْرَب مونث جَرْبَاء جمع جُرْب و جَرْبان: کھجلی والا، خارش والا، خارشتی۔ جِراب جمع أَجْرِبَة و جُرُب: تھیلا، سفری تھیلہ، سفری بیگ، جھولا، بقچہ، خصیوں کی تھیلی، کیس، ڈھکنا، پوش، پوشش، میان، نیام۔ جُرَاب جمع جُرَابات: جراب، موزہ، پائتابہ۔ جَرِیب: قابل کاشت قطعہ زمین۔ [illegible] آزمائش، آزمائش، تجربہ، آزمائشی معائنہ، ہر دل عزیزی، وغیرہ دیکھنے کا تجربہ، کوشش، مشق، عمل، سائنسی تجربہ، آفت، ایذا، ترغیب، تحریص، حرص کا پھندا، ـــ و تَجْرِبَةٌ مَطْبَعِیَّة: پروف، گیلی پروف۔ تَجْرِیب: آزمائش، پرکھ، جانچ، امتحان، تجربہ تکلیف، ایذا، تحریص، ترغیب۔ تَجْرِیبی: تجربہ کا پرکھ کا، آزمائش کا، جانچ کا، تجرباتی، تجربہ پر مبنی، علمی، تجرباتی، علم النفس التجریبی: تجرباتی نفسیات یا علم النفس۔ تَجْرِیبة: تجربہ کاری، تجربیت۔ مُجَرِّب: تجرباتی، امتحان لینے والا، تجربہ کرنے والا، محرک، لالچ دینے والا۔ مُجَرَّب: آزمودہ، تجربہ کیا ہوا، تجربے سے ثابت شدہ یا مسلمہ قرار دیا ہوا، زمانہ کا آزمایا ہوا، تجربہ کار، پختہ کار، تجربہ کار بنایا ہوا۔

○ جُرْبُز جمع جَرَابِزَة: ٹھگ، پاکھنڈی، بہروپیا، دھوکے باز فریبی۔ جَرْبَذَة (نیز جَرْبَزَة): دھوکا، فریب، ٹھگی، چال، حیلہ سازی، دھوکہ دہی، دغابازی۔

○ جَرْبُوع (= یَرْبُوع) جَرَابیع: چوہے کے مانند ایک جانور جسکی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی لمبی اور دم طویل ہوتی ہے۔

○ جَرَبَنْدِیة (اور جَرَابَنْدِیة): جھولا، بقچہ۔

جرث: ۱۔ الجِرِّیث (ح): ایک قسم کی مچھلی۔

۲۔ تَجَرْثَمَ: اوپر سے نیچے گر کر کانپتے ہوئے اکٹھا ہونا اور سکڑ جانا۔ اِجْرَنْثَمَ: اپنی جگہ جمے رہنا، اوپر سے نیچے گر کر کانپتے ہوئے اکٹھا ہونا اور سکڑ جانا۔ الجُرْثُوم و الجُرْثُومَة جمع جَرَاثِیم من الشیء: جڑ، درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ (جُرْثُومَةُ النمل: چیونٹیوں کی بستی)۔ جراثیم، جرثومہ، بہت چھوٹے چھوٹے کیڑے۔ microbe۔

○ جُرْثُوم، جُرْثُومَة جمع جَرَاثِیم: جڑ، اصل، جرثومہ، جراثیم (germ)، microbe, bacteria, bacillus۔

جرج: جَرِجَ ـجَرَجًا الرجلُ: سخت زمین پر چلنا۔ ـــ الخاتمُ فی اصبعه: کی انگلی میں انگوٹھی کا ڈھیلا ہونا۔ صفت: جَرِج۔ الجَرَج: سخت زمین۔ الجُرْجَة جمع جُرَج: خرجی نما تھیلا، توشہ دان۔

○ جَرَاج: گیراج۔ garage۔

جرح: ۱۔ جَرَحَ ـجَرْحًا ہ: کو زخمی کرنا۔ جَرِحَ ـجَرَحًا: زخمی ہونا۔ جَرَّحَ ہ: کو بہت زخمی کرنا۔ الجُرْح جمع جُرُوح و أَجْرَاح: زخم۔ الجَارِحَة جمع جَوَارِح: چھری۔ الجِراحَة جمع جِرَاح و جِرَاحات: زخم (طب): جرّاح کا پیشہ۔ الجَرّاح و الجِرَاحِیّ (طب): زخموں کا علاج کرنے والا۔

الطبیب الجرّاح: زخموں وغیرہ کو چیرنے پھاڑنے والا، سرجن۔ المَجْرُوح جمع مَجَارِیح و الجَرِیح جمع جَرْحَی زخمی۔

۲۔ جَرَحَ جَرْحًا ہ بلسانہ کسی کا عیب و نقص بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے: جَرَحَ الشہادۃَ اس نے گواہی کو باطل کر دیا۔ جَرَحَ الشہادۃَ شہادت کو رد کر دینا۔ اسْتَجْرَحَ الشیءُ عیب دار اور فاسد ہونا۔ الجُرْحۃ مخالف کی شہادت اور اس کی دلیل کو باطل کرنے والی چیز۔

۳۔ جَرَحَ جَرْحًا الرجلُ کمانا۔ صفت: جَارِح۔ اسی سے ہے: مَالَہ جَارِحَۃٌ اس کا کوئی کمانے والا نہیں۔ اِجْتَرَحَ الشیءَ کو کمانا۔ الجَارِحَۃ جمع جَوَارِح انسان کا عضو خصوصاً ہاتھ (کیونکہ وہ اس سے کماتا ہے)۔ شکاری درندہ، پرندہ یا کتا۔ الجوارح من الطیر شکاری پرندے، جیسے باز۔

۴۔ اجترح الاثم گناہ کا ارتکاب کرنا۔ الجِرَاحَۃ جمع جِرَاح و جِرَاحَات گناہ۔ جَوَارِح: دن (دن کے مصائب سے کنایہ ہے)۔ اسی سے ہے: نعوذ باللّٰہِ من طوارقِ اللیل و جوارحِ النہار ہم دن رات کے مصائب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔

ۃ جَرَحَ جَرْحًا ہ: کو زخمی کرنا، نقصان پہنچانا، ضرر پہنچا، تکلیف پہنچانا، خصوصاً کسی کے احساسات و جذبات کو۔ جَرَّحَ ہ: گواہی کو کالعدم قرار دینا۔ ہ (گواہ کو) چیلنج کرنا، ناقابل اعتبار قرار دینا۔ ہ/ہ: پر یا کے خلاف باقاعدہ احتجاج کرنا۔ اِجْتَرَحَ ہ: (جرم، ظلم کا) ارتکاب کرنا۔ اِجْتَرَحَ السَّیِّئَات: برے کام کرنا۔ جُرْح جمع جِرَاح و جُرُوح و جُرُوحات و أَجْرَاح زخم، صدمہ، نقصان، اعضاء کے فعل یا ساخت میں خلل۔ جَرَّاح جمع جَرَّاحون سرجن surgeon۔ جَرَّاح الأَسْنَان: دانتوں کا سرجن۔ جِرَاحۃ جراحی surgery۔ جَرَّاحِیّ: عمل جراحی سے متعلق۔ عَمَلِیَّۃ جَرَّاحِیَۃ: عمل جراحی surgical operation۔ جَرِیح جمع جَرْحَی: زخمی، تکلیف دیا ہوا، نقصان پہنچایا ہوا۔ تَجْرِیح: جراحی surgery، رسوائی، ہتک، ازالہ حیثیت عرفی۔ جَارِح نقصان پہنچانے والا، زخمی کرنے والا، چبھتا ہوا، تکلیف دہ، جذبات کو ٹھیس لگانے والا، شکار پہ بسر کرنے والا درندہ، شکار خور، شکار کا عادی۔ جَارِحَۃ جمع جَوَارِح شکاری جانور یا پرندہ۔ جَوَارِحُ الطَّیر: شکاری پرندے۔ جَوَارِح: اعضاء بدن، ہاتھ پاؤں۔ بِکُلِّ جَوَارِحِہِ پوری قوت سے۔ مَجْرُوح جمع مَجَارِیح زخمی، نقصان پہنچایا ہوا، جذبات کو ٹھیس پہنچایا ہوا۔

جرد ۱۔ جَرَدَ جَرْدًا و جَرَّدَ العودَ لکڑی چھیلنا۔ ــــ الجلدَ کھال کے بال اتارنا۔ ــــ السیفَ تلوار کو ننگی کرنا۔ جَرِدَ جَرَدًا چٹیل ہونا۔ جَرَّدَہُ ثوبَہ و مِن ثوبِہ کے کپڑے اتار کر اس کو ننگا کرنا۔ ــــ الکتابَۃَ لکھائی پر اعراب نہ لگانا۔ تَجَرَّدَ: ننگا ہونا۔ ــــ للامر کسی کام کے لئے فارغ ہو کر اس میں جدوجہد کرنا۔ ــــ الفرسُ: گھوڑ دوڑ میں گھوڑے کا آگے نکل جانا۔ اِنْجَرَدَ: ننگا ہونا۔ ــــ بنا السیرُ: کسی کی طرف متوجہ ہوئے بغیر چلتا رہنا۔ اِجْتَرَدَ القطنَ روئی دھننا۔ الجَرْد سواروں کا رسالہ جس میں پیدل چلنے والے نہ ہوں۔ الجُرْدَۃ: ننگا پن، عریانی، برہنگی۔ الأَجْرَد مونث جَرْدَاء جمع جُرْد بے بالوں والا (عام لوگ اسے اجرودی کہتے ہیں)، کامل، پورا (کہا جاتا ہے: یومٌ او شہرٌ او عامٌ أَجْرَد پورا دن، مہینہ یا سال۔ ما رأیتُہ منذ أَجْرَدَین میں نے اس کو پورے دو دنوں، یا مہینوں یا سالوں سے نہیں دیکھا)۔ ــــ من الخیل: گھوڑ دوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔ لبنٌ أَجْرَد: جھاگ کے بغیر دودھ۔ خَمْرَۃ جَرْدَاءُ شراب صافی۔ صَخْرَۃ جَرْدَاء چکنی چٹان۔ المِجْرَد (حی): روئی دھننے کا آلہ، دانت صاف کرنے کا برش۔ الجَرَّاد: قلعی گر۔ الجُرَادَۃ: لکڑی کی چھیلن۔ الجَرِیدَۃ جمع جرائد سواروں کا رسالہ۔ التَّجْرِید عند النُّحاۃ: کلمہ کو لفظی عوامل سے محروم کرنا جیسے: زیدٌ قام، و عند الصرفیین: کلمہ کا زوائد سے خالی ہونا جیسے قام زیدٌ: التَّجْرِیدَۃ فوج کا دستہ۔

۲۔ جَرَدَ جَرْدًا و جَرَدَ القحط الارضَ: قحط سالی کا زمین کو چٹیل میدان بنا دینا۔ جَرِدَ جَرَدًا المکانُ: کسی جگہ ٹڈیوں کا اترنا۔ جُرِدَتِ الارضُ: کسی جگہ کی کھیتی یا سبزی کو ٹڈیوں کا کھا جانا۔ الجَرْد (مص): مکانٌ جَرْدٌ نباتات سے خالی جگہ۔ الجَرَد و الجَرِد: نباتات سے خالی جگہ۔ الأَجْرَد: بے نباتات۔ جَرَادَۃ جمع جَرَاد (ح)۔ ٹڈی۔ الجَارُود و الجَارُودَۃ من السنین سخت قحط سالی کا سامان۔

۳۔ جَرَدَ الجَرِیدَۃَ: کھجور کے درخت کی پتوں سے صاف کی ہوئی ٹہنیاں پھینک دینا۔ الجَرِید واحد جَرِیدَۃ پتوں سے صاف کی ہوئی کھجور کی ٹہنی [illegible] جمع جرائد عند المولدین لاٹھی جسے شہسواروں کے کھیلوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

۴۔ جُرِدَ جَرْدًا الفرسُ گھوڑے کا چھوٹے بالوں والا ہونا۔ صفت: أَجْرَد۔ الجَرْد بالوں کا چھوٹا ہونا۔

۵۔ جَرِدَ جَرَدًا الثوبُ کپڑے کا گھس کر نرم ہونا۔ صفت: أَجْرَد۔ انْجَرَدَ الثوب کپڑے کا گھس کا بوسیدہ ہونا۔ الجَرْد پرانا۔ کہا جاتا ہے: الثوبُ الجَرْد پرانا اور بوسیدہ کپڑا۔ الجَرْدَۃ بوسیدہ کپڑا۔ المُجَرِّد بمعنی الأَجْرَد۔

۶۔ الجُرْد جمع جُرُود اونچے پہاڑ۔ (۱۳۰۰ اور ۳۰۰۰ میٹر کے درمیان بلندی والے) عام لوگ انہیں **الصُّرُود** کہتے ہیں۔ الجَرْد: ڈھال، بچا ہوا مال۔ الجَرِیدَۃ جمع جَرَائِد باقی ماندہ مال، رجسٹر، اخبار۔ جریدۃُ الضبط عدالتی مسل۔

۷۔ الجَرْدَق و الجُرْدَقَۃ جمع جَرَادِق روٹی۔

ۃ جَرَدَ جَرْدًا ہ: کو چھیلنا، کی چھیل اتارنا، چھال اتارنا، (ناخن وغیرہ) تراشنا، کا خول، کھپرا، چھلکا یا پوست اتارنا، کی بھوسی اتارنا، کو ننگا کرنا، برہنہ کرنا، کے اوپر کی مٹی یا خس و خاشاک ہٹانا، دور کر دینا۔ ــــ مال کی فہرست بنانا۔ ــــ البضائعَ: موجودہ سامان کو فہرست میں درج کرنا۔ جَرَّدَ ہ: کو چھیلنا، کی چھال اتارنا، کی بھوسی خول، کھپرا، چھلکے، یا پوست اتارنا۔ ــــ ہ ہ من: کو سے محروم کر دینا، کو سے بے دخل کر دینا، کے کپڑے اتار دینا، کو برہنہ کرنا۔ ــــ ہ من: سے کچھ روکنا۔ ــــ السیفَ تلوار نکالنا، میان سے نکالنا۔ ــــ ہ علی: کو کے خلاف چھوڑ دینا۔ ــــ ہ ضد/علی فوجی دستہ کو کے خلاف بھیجنا۔ ــــ ہ، ہ من کو سے آزاد کرنا۔ ــــ ہ: کو الگ تھلگ کرنا، علیحدہ کرنا، نکالنا۔ ــــ ہ من: کو شہرت، منصب، ذاتی حق وغیرہ سے محروم کرنا۔ جَرَّدَہ من السلاح: کو نہتا کرنا، کا اسلحہ چھین لینا۔ جَرَّدَ نفسَہ من: اپنے آپ کو سے آزاد کرنا، سے نجات حاصل کرنا، سے جان چھڑانا، سے پیچھا چھڑانا، کو چھوڑ دینا، ترک کر دیا۔ تَجَرَّدَ: جَرَّدَ کے معنی میں مجہول کا صیغہ۔ ــــ عن/من: سے نجات حاصل کرنا، جان چھڑانا یا پیچھا چھڑانا، اپنے کو سے آزاد کرنا۔ ــــ عن/من لِ: سے کے لئے آزاد ہو جانا۔ ــــ ل: کلیۃً کسی کام میں لگ جانا۔ ــــ من/عن: کو چھوڑ دینا، سے دست بردار ہونا۔ ــــ: اپنے آپ کو الگ تھلگ کرنا، غیر مشروط ہونا۔ جَرْد: ننگا، تار تار، فرسودہ، گھسا پٹا، پھٹا پرانا، سامان مندرجہ فرد، دوکان میں موجود تمام مال کی

فہرست بنانے کا عمل (Stocktaking)۔ جَرِد: بنجر، بے رنگ سبزہ، سخت (پیش منظر)۔ اَجرَد مونث جَردَاء جمع جُرد: سنسان، ویران، غیر آباد، روکھا، بے سبزہ، بے روئیدگی، گنجا، بالوں کے بغیر، تار تار، فرسودہ (لباس) کھلی غیر محفوظ (سرحد)۔ جَرَاد (اسم جنس واحد جرادة) ٹڈیاں۔ جرادٌ رَحالٌ نقل مکانی کرنے والی ٹڈیاں۔ جرادُ البحر: جھینگا مچھلی۔ بِجَرَادِها: تمام تر، یکسر۔ جَرِید: پتوں کے بغیر کھجور کی ٹہنیاں، کندہ نیزہ جو شہسواری کے کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے۔ جَرِیدَة جمع جَرَائِد: (جرید کا واحد) کھجور کا ڈنٹھل، فہرست، رجسٹر، بدلی جدول (roster) فہرست مضامین، اخبار۔ جَرِیدَة یَومِیَّة: روزنامہ، روزانہ اخبار۔ جرائدُ المساء: شام کے اخبار۔ الجریدة الناطقة و الجریدة السنمائیة: روزانہ خبروں کی فلم نیوز ریل (newsreal)۔ اُجرُودی: بے داڑھی، بے بالوں والا۔ مِجرَد جمع مَجَارِد: کھرچنے یا چھیلنے کا آلہ (scraper)۔ تجرید: چھیلنا، چھلکا اتارنا، بے لباس کرنا، عریاں کرنا، برہنگی، عریانی، محرومی، برطرفی، موقوفی، سامانِ حرب پر پابندی، فوج کی تخفیف، تخفیف اسلحہ (disarmament)، فوجی دستوں کی ترسیل، آزاد کرنا، تنہائی، علیحدگی۔ تجرید من السلاح: نہتا کرنا۔ تَجرِیدَة جمع تَجرِیدَات و تَجَارِید: فوجی دستہ، فوج کا مہماتی دستہ۔ تجرد من/علی: سے آزادی، تنہائی، غیر جانبداری، غیر مشروطی، انہماک، دھن، محویت، استغراق، علیحدگی۔ مُجَرَّد: عریاں، ننگا۔ — عن/من: سے آزاد، خالص، صرف، محض، ذرا، سے زیادہ نہیں، تن تنہا، اصلی، عین، ٹھیک، حقیقی، وہی، کامل، مطلق، قیاسی، خیالی، بے غرض، بے غرضانہ، بے لوث۔ مُجَرَّدُ لَهْوٍ: محض کھیل، صرف دل لگی۔ بالعینِ المُجَرَّدَة: ننگی آنکھ سے۔ بِمُجَرَّدِ ما: جوں ہی، جس وقت، اسی لمحے جب۔

جرذ: ۱۔ جَرِذَ ـَ جَرَذًا الجُرحُ: زخم کا سوج کر گلٹی دار ہوجانا۔ جَرَّذَ الشجرةَ: درخت کی گانٹھیں چھیلنا۔ الجَرَذ: جانور کی کونچ کا زخم۔

۲۔ أَجرَذَهُ إلیه: کو پر مجبور کرنا۔ — ہ: کو نکال دینا، علیحدہ کرنا۔

۳۔ الجُرَذ جمع جِرذان (ح): ایک قسم کا چوہا۔ کہا جاتا ہے: تَفَرَّقَت جرذانُ بیته: اس کے گھر کے چوہے منتشر ہوگئے۔ مراد: اس کا کھانا پینا کم ہوا یا اس کے گھر میں کھانے پینے کو کچھ نہیں رہا۔ وہ فقیر ہو گیا ہے۔

الجَرِذ مونث جَرِذَة: بہت چوہوں والی جگہ۔ المُجَرَّذ: آزمودہ کار، معاملات میں تجربہ کار۔

○ جُردَل جمع جَرَادِل: بالٹی، ڈولچی، ڈول، چمڑے کا ڈول، گگرا، کاٹھ یا ٹین کا برتن۔

○ جُرَذ جمع جِرذان و جُرذان: بڑا چوہا۔ جِرذَون جمع جَرَاذِین: بڑا چوہا۔

جرز: ۱۔ جَرَزَ ـُ جَرزًا: جلدی سے کھالینا۔ کہا جاتا ہے: جَرَزَ ما علی المائدة: جو کچھ دسترخوان پر تھا وہ سب چٹ کر گیا۔ جَرُزَ ـُ جَرَازَةً: ایسا کھاؤ اور پیٹو ہونا کہ دسترخوان کو صاف کر کے اٹھے۔ الجَرُوز: وہ پیٹو جو دسترخوان پر کوئی چیز کھائے بغیر نہ چھوڑے، تیزی سے کھانے والا۔

۲۔ جَرَزَ ـُ جَرزًا ہ الزمانُ: کو زمانہ کا ہلاک کر دینا۔ — ہ: کو کاٹنا، جڑ سے اکھیڑنا، قتل کرنا۔ الجَرزَة: ہلاکت۔ کہا جاتا ہے: رماه الله بجرزةٍ: اللہ اسے ہلاک کرے۔ الجُراز: تیز کاٹنے والی تلوار۔ المَجرُوز من الأمکنة: وہ جگہ جس کی گھاس کاٹ لی گئی ہو۔

۳۔ جَرَزَ ـُ جَرزًا ہ بالشتم: کو گالی دینا۔ جَارَزَ جِرَازًا و مُجَارَزَةً ہ: سے گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا۔ تَجَارَزَ القوم: ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔

۴۔ جَرِزَ ـَ جَرَزًا تِ الارضُ: زمین کا بنجر ہونا صفت جارِزَة جمع جَوَارِز۔ أُجرِزَ المکانُ: جگہ کا قحط زدہ ہونا صفت مِجرَاز۔ — البعیرُ: اونٹ کا دبلا ہونا۔ الجَرز و الجَرَز و الجُرُز جمع أجرَاز من الاراضی: نباتات نہ اگانے والی زمین، گھاس چری ہوئی زمین۔ کہا جاتا ہے: ارضٌ جَرُزٌ و ارضٌ أجرَازٌ: جس طرح ارضون اجراز کہا جاتا ہے۔ (نباتات نہ اگانے والی یا گھاس چری زمین یا زمینیں)۔ الجَرَز: قحط سالی کا سال، قحط کا سال۔

۵۔ الجُرز جمع أجرَاز و جِرَزَة: لوہے یا چاندی کا ستون یا چھڑی۔ الجِرز: عورتوں کا لباس۔ الجَرَز جمع أجرَاز: اونٹ کی پشت کا گوشت، انسان کا سینہ، جسم۔ کہا جاتا ہے: طوت الحیّةُ أجرازَها: سانپ کنڈلی مار کر بیٹھ گیا۔ طوی فلانٌ أجرازَه: فلاں آدمی نے سستی کی۔ الجُرُز جمع جِرَز: گٹھا، بنڈل۔

جرس: ۱۔ جَرَسَ ـِ جَرسًا: بولنا، آواز سنانا۔ — الکلامَ: کلام کو راگ یا ترنم سے پڑھنا۔ أجرَسَ الحادی: حدی گانا۔ — الطائرُ: پرندہ کی اڑان کی آواز سنائی دینا۔ — الجَرَسَ: گھنٹی بجانا۔ — و انجرس الحلیُ: [illegible]

تَجَرَّسَ: بولنا، گفتگو کرنا، نغمہ سرائی کرنا۔ الجِرس و الجَرس جمع أجرَاس: آواز، پست آواز۔ الجَرَس جمع أجرَاس: گھنٹی، گھڑیال۔ ذات الأجرَاس: زہریلا سانپ جس کی آواز گھنٹی جیسی ہوتی ہے۔ جُرَیس (ن): سفید یا بنفشی رنگ کے گھنٹیوں کی شکل کے پھولوں والا خوبصورت پودا۔ پھول سال بہ سال لگتے ہیں یا سدابہار ہوتے ہیں۔ کرۂ ارض کے نصف شمالی میں پایا جاتا ہے اور مشرق وسطی میں بکثرت ہوتا ہے۔ اس کی بعض قسمیں آرائش کے لئے کاشت کی جاتی ہیں۔

۲۔ جَرَسَ ـِ جَرسًا الشیءَ: کو زبان سے چاٹنا۔

۳۔ جَرَّسَ بِهِم: کو بدنام کرنا، عام لوگ جَرَّصَهم کہتے ہیں۔ الجُرسَة: رسوائی، بدنامی، ہتک عزت۔ عوام کے سامنے بے نقابی، فضیحت، سکینڈل موجب رسوائی۔

۴۔ جَرَّسَ ہ الدهرُ: زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا۔ المُجَرَّس: تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے: ناقة مُجَرَّسة: سدھائی ہوئی اونٹنی۔

۵۔ اِجتَرَسَ المالَ: مال کمانا۔

۶۔ الجَرس: کسی شئے کا حصہ۔ کہا جاتا ہے: مضی جرسٌ من اللیل: رات کا ایک حصہ گذر گیا۔ الجِرس جمع أجرَاس: اصل۔ کہا جاتا ہے: هو من خیرِ جِرسٍ: وہ شریف الاصل ہے۔ الجَارِسة جمع جَوَارِس: گھاس کھانے والا کیڑا۔ الجَوَارِس: شہد کی مکھیاں۔

○ جَرمَسَ ـِ جَرمَسًا: (گھنٹی) بجنا، ماتمی جرس بجنا، آواز نکالنا، گونجنا۔ جَرمَسَ ہ: کو تجربہ کار بنانا، کو سخت آزمائشوں سے عادی بنانا، خوگر کر لینا، سختی سے آزما کر دیکھنا (زمانہ، حوادث کا)۔ — ب: کو شکستہ بنانا، ذلیل کرنا، کی ذلت کا موجب ہونا، کی ساکھ ختم کرنا، کو بدنام کرنا، بے نقاب کرنا۔ جَرمُس و جِرمِس: آواز، سر۔ جَرَس جمع أجرَاس: گھنٹی۔

○ جِرسَایَة و جِرسِیَّة جمع جِرسِیات: جرسی، اونی سویٹر۔ جِرسِیّ: جرسی کا کپڑا۔

جرش: ۱۔ جَرَشَ ـُ جَرشًا الشیءَ: کو رگڑنا، چھیلنا۔ — الحبَّ و القمحَ: دانے اور گیہوں کو دلنا۔ — تِ الأفعی أنیابها: سانپ کا کینچلی سے نکلنے پر آواز سنانا۔ — جَرَّشَ الرأسَ: سر کھجلا کر اس کی بھوسی نکالنا۔ الجرش: سانپ کے کینچلی سے نکلتے وقت کی آواز۔ — جُرَاشَةُ الحبّ: دلا ہوا دانہ، کنگھی کرنے سے سر سے نکلی ہوئی بھوسی۔ الجَرِیش و المَجرُوش: دلیا۔ الجَارُوش و الجَارُوشة جمع جواریش (حی): ہاتھ کی چکی۔

۲۔ اِجْتَرَشَ الشیءَ: کو اچانک لینا۔ لِعِیالہ: اپنے بال بچوں کے لئے کمانا۔

۳۔ الجَرْش و الجِرْش و الجُرْش و الجُرُش جمع أَجْرَاش و جُرُوش من اللیل: رات کا ایک حصہ۔ الجوارِش (ط): جوارش (دواء)۔

○ جَرَشَ ۔جَرْشًا ہ: کوٹنا، پیسنا، کچلنا، کدوکش پر چھیلنا، رگڑنا۔ جـــرش: کدوکش کرنے کی آواز، کھرچنے کی آواز۔ جَرِیش: روا، دلیا، جوکر بھوسی، دلیا کیا ہوا، کچلا ہوا۔

جرض: ۱۔ جَرَضَ ۔جَرْضًا ہ: کا گلا گھونٹنا۔ جَرِضَ ۔جَرَضًا: پھندا لگنا۔ (کہا جاتا ہے: ھو یَجْرَضُ بنفسہ: وہ قریب المرگ ہے)۔ ـــ بریقہ: غم و رنج کے باعث بدقت تھوک نگلنا۔ ـــ رِیقَہُ: تھوک ایک دم نگل لینا۔ کہا جاتا ہے۔ فلانٌ یَجْرَضُ علیك ریقہ عیضًا: فلاں شخص مارے غصے کے تم پر دانت پیستا ہے۔ أَجْرَضَ ہ بریقہ: کو اچھو لگنے کا سبب بننا۔ الجَرَض و الجَرِیض: پھندا لگانے والا تھوک۔ اور اسی سے یہ مثل ہے: حال الجریضُ دون القریض: غم و رنج شعر خوانی اور خوشی کے درمیان حائل ہو گیا۔ الجَرِیض جمع جَرْضَی: غم زدہ۔ کہا جاتا ہے: افلتَ فلانٌ جریضًا: فلاں شخص مرنے والا ہے۔ الجَرَّاض و الجِریاض و الجِرآض: بہت غمگین۔

۲۔ الجُرْضُم و الجُراضِم: بہت کھانے والا، پیٹو۔ الجِرْضِم من النوق: موٹی اور فربہ اونٹنی۔ الجِرْضَم: پیٹو، موٹی اور فربہ اونٹنی۔

○ جَرِضَ ۔جَرَضًا بِرِیقہ: تھوک نگلنے سے اس کا سانس بند ہوا، دم گھٹا، پھندا پڑ گیا، کھانا گلے میں اڑ گیا، وہ اپنا تھوک جوش، غم یا دہشت سے نہ نگل سکا، وہ بہت پریشان تھا، سخت اضطراب کی حالت میں تھا، بہت جذباتی تھا۔ جَرَضَ ۔جَرْضًا ہ: کا گلا دبانا، ٹینٹوا دبانا، گلا گھونٹنا۔ أَجْرَضَہُ بِرِیقہ: کو دہشت زدہ کرنا، گھبرا دینا، کو اندیشوں سے بھر دینا۔ حَالَ الجریض دُونَ القریض: گلے میں پھندا لگنے نے اسے شاعری سے روک دیا یعنی موت کے سامنے کوئی شخص قافیہ پیمائی کا سوچ بھی نہیں سکتا۔

جرع: ۱۔ جَرَعَ ۔جَرْعًا و جَرَعًا و اِجْتَرَعَ اِجْتِرَاعًا الماءَ: پانی یکبارگی پی جانا۔ جَرَّعَ ہ الماءَ: کو پانی گھونٹ گھونٹ کرکے پلانا۔ أَجْرَعَتِ النّاقۃُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت مُجْرِع جمع مَجَارِع و مَجَارِیع۔ تَجَرَّعَ الماءَ: پانی تھوڑا تھوڑا کرکے پینا۔ ـــ الغیظَ: غصہ پی جانا۔ الجُرعۃ و الجَرْعۃ و الجِرْعۃ من الماء: گھونٹ۔ الجُرَیعۃ: چھوٹا سا گھونٹ، اسی سے یہ ضرب المثل ہے: ما افلتَ منہ إلا بجُرَیعۃ الذَّقَنُ: میں اس سے نہیں بچا مگر قریب المرگ ہو گیا پھر خلاصی پائی۔ مراد یہ ہے کہ میری جان منہ میں آگئی اور میں مرنے لگا، لیکن بچ گیا اور چھٹکارا پایا۔

۲۔ الجَرَعَۃ جمع جَرَع و جِرعان و الجَرْعاء جمع جَرْعاوات و الأَجْرَع جمع اَجَارِع: ریت کا ہموار میدان جہاں سبزہ و روئیدگی نہ ہو۔

○ جَرَعَ ۔جَرْعًا و جَرِعَ ۔جَرَعًا ہ: کو نگلنا، جلدی جلدی کھانا، ہڑپ کرنا، کھا جانا، پی جانا، (مشروب) منہ میں انڈیلنا، ایک ہی گھونٹ میں پی جانا۔ جَرَّعَ ہ ہ: کو کوئی چیز نگلوانا یا پلانا۔ تَجَرَّعَ ہ: کو پینا۔ اِجْتَرَعَ ہ: کو نگلنا، پی جانا، بمشکل ضبط کرنا۔ جُرْعَۃ و جَرْعَۃ جمع جُرَع: گھونٹ، پینے والی دوا کی خوراک، دوا کی خوراک (dose)۔

جرف: ۱۔ جَرَفَ ۔جَرْفًا و جَرَّفَ و تَجَرَّفَ و اِجْتَرَفَ الطینَ: پھاوڑہ یا بیلچہ سے مٹی کھودنا یا کھرچنا۔ ـــ الشیءَ: پوری چیز یا اس کا اکثر حصہ لیجانا۔ أَجْرَفَ المکانُ: کسی جگہ کا سیلاب زدہ ہونا۔ الجُرْف جمع جِرَفَۃ و الجُرُف جمع أَجْرُف: دریا کا کنارہ جسے پانی نے ڈھا کر کھوکھلا کر دیا ہو۔ اور اسی سے ہے یہ قول: فلانٌ یبنی علی جرفٍ ھارٍ لایدری مالیلٌ من نہارٍ: فلاں شخص دریا کے ڈھینے والے کنارہ پر مکان بناتا ہے اور اسے دن رات کی تمیز نہیں۔ الجراف من السیل: ہر چیز کو بہا لیجانے والا سیلاب۔ کہا جاتا ہے: رجلٌ جُرافٌ: تمام کھانا ہڑپ کر جانے والا آدمی ـــ و الجِراف: ایک قسم کا پیمانہ۔ الجارِف (فا): طاعون۔ ہمہ گیر تباہی مچانے والی موت، آفت (مجازاً)۔ المِجْرَف و المِجْرَفَۃ (حی): جھاڑو، بیلچہ، پھاوڑہ۔ الجَرَّاف: بہت تیزی سے بہا لیجانے والا۔ الجارُوف مونث جاروفۃ: بہت تیزی سے بہا لیجانے والا، منحوس، سب کھانا ہڑپ کرنے والا پیٹو۔ المُجَرَّف و المُجْتَرَف: وہ غریب جس کو انقلابِ زمانہ نے مال و متاع سے تہی دست کر دیا ہو۔

۲۔ أَجْرَفَ الراعی: چرواہے کا اونٹوں کو گنجان گھاس چرانا۔ الجَرُف: گنجان گھاس، اونٹ پر لگا ہوا داغ؛ مویشی، سونے چاندی وغیرہ پر مشتمل مال، سرسبزی۔

۳۔ جَرُفَ ہ: کو [illegible] ـــ الشیءَ: [illegible] کو کھانا۔

○ جَرَفَ ۔جَرْفًا و اِجْتَرَفَ ہ: کو بہا لیجانا، زور سے لیجانا، کو پھاوڑے وغیرہ سے ہٹانا، کو دور کرنا، ساتھ لیجانا۔ اِنْجَرَفَ: بہہ جانا، دور چلے جانا۔ جُرْف و جُرُف جمع جُرُوف و اجراف: نیچے سے کٹا ہوا کنارا یا ساحل، کھڑی چٹان، سیدھی ڈھلان، دریا یا ساحل کے ساتھ کھڑی چٹان۔ جـرفٌ جلیدی: برفانی تودہ۔ جَرَّافۃ جمع جَرَّافات و جَوَارِیف: جیلی، کریدنی، سہاگہ۔ مَجْرَف جمع مَجارِف: تیز دھارا، تیز لہر۔ مِجْرَفۃ: بیلچہ، کرچھا، کفچہ، کدال، گھرا کھرپا۔ مِجْرَاف جمع مَجارِیف: بیلچہ، کرچھا، کفچہ۔ جَارِف: تند و پرشور (دریا، نالہ، پہاڑی ندی) طوفانی، بے قابو (جذبات و احساسات)۔

○ الجَرْکَس: شمال مغربی قفقاس اور بحر اسود کے مشرقی ساحل پر بسنے والے لوگ، جن کی اغلبیت ترکی، شام اور اردن ہجرت کر گئی تھی۔ جَرْکَسِی جمع جَرَاکِسَۃ: جرکسی یا شرکسی (صفت و اسم)۔

جرل: ۱۔ جَرِلَ ۔جَرَلاً المکانُ: جگہ کا سخت اور کرخت ہونا۔ الجَرَل جمع أَجْرَال: کھردری زمین، بہت پتھروں والا (علاقہ)۔ الجَرْوَل جمع جَرَاوِل: پتھریلی زمین۔

۲۔ الجِریال و الجِریالۃ: شراب، شراب کا رنگ۔

جرم: ۱۔ جَرَمَ ۔جَرْمًا الشیءَ: کو کاٹنا۔ ـــ النّاقۃَ: اونٹنی کی اون کترنا۔ جَرَّمَ ہ: کو کاٹنا۔ الجریمۃ من الأشجار: کٹا ہوا درخت۔

۲۔ جَرَمَ ۔جَرْمًا و جَرَمًا النخلَ: کھجوریں توڑنا۔ جَرِمَ ۔جَرَمًا: گری ہوئی کھجوریں کھانے لگنا۔ الجَرَام و الجُرام و الجَرِیم: خشک کھجور۔ جُرامۃ النخل: توڑتے وقت گرنے والی کھجوریں۔ الجَرِیمۃ: گٹھلی۔

۳۔ جَرَمَ ۔جَرْمًا الشیءَ: کو پورا کرنا۔ تَجَرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: زمانے یا جاڑے کا گزر جانا۔ مُجَرَّم: پورا، کامل۔ کہا جاتا ہے: عامٌ مُجَرَّمٌ: پورا سال، کامل سال۔

۴۔ جَرَمَ ۔جَرْمًا و اِجْتَرَمَ لأَھلہ: اپنے اہل و عیال کے لئے کمانا۔

۵۔ جَرَمَ ۔جَرِیمۃً و أَجْرَمَ و اِجْتَرَمَ الیہ و علیہ: سے گناہ کرنا۔ جَرُمَ ۔جَرِیمۃً: بڑے جرم والا ہونا۔ جَرَّمَ ہ و تَجَرَّمَ علیہ: پر جرم کا الزام لگانا۔ الجَرم و الجُرْم جمع جُرُوم و اجرام: غلطی، گناہ۔ کہا جاتا ہے: لا جَرَمَ و لاجُرْمَ: ضروری، یقینی، ناگزیر، کبھی قسم کے معنی دیتا ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: لاجَـــرَمَ

لَأَفْعَلَنَّ: قسم خدا کی میں ایسا کر کے رہوں گا۔ الجَرِیم مونث جَرِیمَة جمع جِرام: گنہگار۔ الجَرِیمَة: جرم، گناہ۔

۶۔ جَرَم ۔جَرَمًا لونه: رنگ کا صاف ہونا۔ الجِرْم جمع أَجْرَام و جُرُم و جُرُوم رنگ۔

۷۔ الجَرْم جمع جُرُوم چھوٹی کشتی، ڈونگا، سخت گرم زمین۔ و الجُرُوم من البلاد: سخت گرم ممالک اس کے مقابل الصُّرُود ہے جس کا معنی سرد ممالک ہے۔ الجِرْم جمع أَجْرَام و جُرُم و جُرُوم (فلك): ستارہ جانور وغیرہ کا جسم۔ الجَرِیم مونث جَرِیمَة جمع جِرَام: بڑے جسم والا۔

۸۔ جَرْمَزَ و اِجْرَمَّزَ الرجلُ: سکڑنا، سمٹنا، بھاگنا، پیچھے ہٹنا، جواب میں غلطی کرنا۔ الجَرَامِیز من الحَیْوان: جانور کی ٹانگیں۔ کہا جاتا ہے: ضَمَّ الثورُ جَرَامِیزَة: بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں۔ اَخَذَهُ بِجَرَامِیزِه: اس نے اس کا سب کچھ لے لیا۔

۹۔ الجُرْمُوق: موزہ، موزہ کے اوپر پہنا جانے والا بڑا موزہ (فارسی لفظ) عام لوگ اسے اکالوش کہتے ہیں۔

○ جَرَمَ ۔جَرْمًا اللحمَ: گوشت سے ہڈیاں جدا کرنا۔ ــــ علی/الی: کے خلاف جرم یا سخت ظلم کا ارتکاب کرنا، کے جذبات کو ٹھیس پہنچانا، کے خلاف ارتکاب گناہ کرنا، پر ظلم کرنا، کو نقصان پہنچانا۔ جَرَّمَه: کو ملزم قرار دینا، پر جرم کا الزام لگانا۔ اَجْرَمَ علی الی: کے خلاف جرم یا گناہ کا ارتکاب کرنا، پر ظلم کرنا، کو نقصان پہنچانا۔ اِجْتَرَمَ: بمعنی اَجْرَمَ۔

جَرْم جمع جُرُوم: لمبے، چپٹے پیندے والا، بجرا، سامان اتارنے کی کشتی۔ جِرْم جمع أَجْرَام و جُرُم: جسم، ڈھیر، بیشتر حصہ، حجم جسامت (جسم کی)۔ الاجرام الفَلَکِیَّة: ستارے، اجرام فلکیہ۔ جُرْم جمع أَجْرَام و جُرُوم: جرم، گناہ، قصور۔ لاجَرَمَ: یقیناً، لازماً، قطعاً، بے شک۔ جَرِیم: بے ڈول، ضخیم، بہت بڑا، بہت وسیع، طول طویل، بڑے سائز کا۔ جَرِیمَة جمع جَرَائِم: جرم، گناہ، قصور۔ جریمة کُبْرَیٰ یا عُظْمَیٰ: مستوجب قتل جرم۔ قانونُ الجَرَائِم: تعزیری ضابطہ (قانون)۔ اِجْرَام: جرم، سزا کا مستوجب ہونا، لائق تعزیر ہونا، خطا، قصور، تقصیر، گناہ۔ اِجْرَامِی: مجرمانہ، مجرم۔ لحمٌ مَجْرُوم: ران یا پٹھے کا گوشت، مچھلی کا قتلا۔ سنةٌ مُجَرَّمَة: پورا سال۔ مُجْرِم: مجرمانہ جمع مجرمون: مجرم، گنہگار، خطاکار۔ مُجْرِم عائِدٌ وہ مجرم جو تائب ہو کر پھر جرم کا ارتکاب کرے۔ جَرَامِز و جَرَامِیز: اعضاء ٹانگیں۔ ضَمَّ جرامِیزَه: وہ فوراً چلا گیا، وہ بھاگ گیا، فرار ہو گیا۔

○ الجَرْمَان: جرمن قبائل۔ جَرْمَانی: جرمنی، جرمن کا۔

جرن: ۱۔ جَرَنَ ۔جُرُونًا علی الأمر: کا عادی ہونا، میں تجربہ کار ہونا، کی تربیت پانا (کہا جاتا ہے: جرنت یده علی العمل: اس کا ہاتھ کام میں تجربہ کار ہو گیا)۔ ــــ الثوبُ: نرم و خستہ ہونا، بوسیدہ ہونا۔ الجارِن من المتاع: مستعمل و بوسیدہ سامان، مٹے ہوئے نشانات والا راستہ۔ سقاءٌ جَارِنٌ: سوکھی اور سخت چمڑے والی مشک۔ الجَارِنَة جمع جَوَارِن و جَارِنَات من الدُّرُوع: نرم زرہ۔ المُجَرَّن من السیاط: نرم اور چکنا کوڑا۔

۲۔ جَرَنَ ۔جَرْنًا الحبَّ: غلہ پیسنا۔ أَجْرَنَ الحبَّ: غلہ کو کھلیان میں جمع کرنا۔ ــــ التَّمْرَ: کھجوریں خشک کرنے کی جگہ میں جمع کرنا۔ اِجْتَرَنَ: کھلیان بنانا۔ الجُرْن و الجَرِین جمع جُرُن: کھلیان، کھجوروں وغیرہ کی سکھانے کی جگہ۔ الجُرْن جمع أَجْرَان و جِرَان: پتھر کا تسلا، ہاون، کونڈی، کھرل، اوکھلی۔ المِجْرَن: کھلیان۔

۳۔ الجَارِن: سانپ کا بچہ۔ الجِران جمع جُرُن و أَجْرِنَة من البعیر: اونٹ کی گردن کا سامنے کا حصہ۔ کہا جاتا ہے: أَلْقَی البعیرُ جِرانَه: اونٹ بیٹھ گیا۔ أَلْقَی فلانٌ علی هذا الأمر جِرانَه: فلاں شخص اس امر کا خوگر و عادی ہو گیا۔ ضَرَبَ الاسلام بجرانه: اسلام نے اپنے قدم جما لئے۔ ضَرَبَ اللیل بِجِرانِه: رات آ گئی۔ أَلْقَی علیه جِرانَه: اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔ المِجْرَن من الرجال: پیٹو، بہت کھانے والا۔

○ جُرْن المعمودیة: اصطباغی پانی کا برتن، چشمہ کے پانی کا برتن۔ ضَرَبَ بِجِرانه: قدم جمانا، جڑ پکڑنا، مستحکم ہونا۔ أَلْقَی علیه جِرانه: تندہی سے کوئی کام کرنا، سے ہم آہنگ ہونا، کا عادی و خوگر ہونا۔

○ جُرْنَال جمع جَرَانِیل: جرنل، اخبار، روزنامچہ، روزانہ، ہفتہ وار، ماہوار، سہ ماہی، شش ماہی سالانہ اخبار یا رسالہ۔

جره: جَرْهَدَ و اِجْرَهَدَّ فی السیر: تیز چلنا۔ الجَرْهَد و الجُرْهُد: چست چلنے والا۔

جرا: أَجْرَی اِجْرَاءً تِ الکلبةُ: کتیا کا پلوں والی ہونا یا پلوں کا اس کے ساتھ ہونا۔ الجِرْوُ (بتثلیث الجیم): جمع جِراء و أَجْرٍ و جمع الجمع أَجْرِیَة: ہر [illegible] شیر کے بچے کے لئے مستعمل ہے۔ الجَرْوَة (بتثلیث الجیم): جرو کا مونث۔ کہا جاتا ہے: ضرب علی الامر جِرْوَتَه: وہ اس کام کا عادی ہو گیا یا اس پر صبر و استقلال دکھایا۔ ضرب جِرْوَتَه عنه: اس نے اس پر صبر کر لیا۔ کلبةٌ مُجْرٍ و مُجْرِیَة: پلوں والی کتیا، کتیا جس کے ساتھ پلے ہوں۔

○ جَرْو و جِرْو و جُرْو جمع أَجْرٍ و جِراء و أَجْراء و اجریة: کتے کا پلا، شیر، بھیڑیے، چیتے وغیرہ کا بچہ، ریچھ یا کسی اور درندے کا بچہ۔

○ جَرَوْسَة: بارہ درجن۔

جری: ۱۔ جَرَی ۔جَرْیًا و جَرَیَانًا و جِرْیَةً الماءُ: پانی کا بہنا۔ کہا جاتا ہے: نہرٌ سریعُ الجِرْیَة: تیز بہنے والا دریا۔ جَرَّی و أَجْرَی الماءَ: پانی بہانا۔ الجَارِی (فا): جو خشک نہ ہو۔ ہم کہتے ہیں: نہرٌ جارٍ: دریا جو خشک نہ ہو۔ الجَارِیَة جمع جَارِیات و جَوَارٍ: جاری کا مونث۔ المَجْرَی جمع مَجَارٍ: پانی بہنے کی جگہ۔

۲۔ جَرَی ۔جَرْیًا و جَرَیَانًا و جِرْیَةً الفرسُ و نحوه: گھوڑے وغیرہ کا دوڑنا۔ اِسْتَجْرَی فلانًا: کسی سے چلنے کی خواہش کرنا۔ الجَارِیَة جمع جارِیات و جَوَارٍ: لونڈی، لڑکی، بچی، باندی۔ الجَرَایَة و الجُراء و الجِراء: شباب، جوانی۔ کہا جاتا ہے: جاریة بَیِّنَةُ الجَرَایة: نمایاں شباب والی لونڈی۔ الجَرِیّ جمع أَجْرِیَاء: مزدور۔

۳۔ جری ۔جَرْیًا و جَرَیانًا و جِرْیَةً: چلنا، گزرنا۔ جاراه و تجاریا: کسی کے ساتھ چلنا، ساتھ ساتھ چلنا، (دو شخصوں کا)۔ کہا جاتا ہے: الدین و الرهن یتجاریان: قرض و رہن ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ الجاری (فی المکاتبات): رواں۔ ہم کہتے ہیں: الشهر الجاری: ماہ رواں۔ الجارِیَة جمع جارِیات و جوار: کشتی، سورج، سانپ۔ المَجْرَی جمع مجارٍ: گزرگاہ۔ مَجْرَی الشمس: سورج کی گزرگاہ۔ الإِجْرِیّا و الإِجْرِیاء: چلنے کا طریقہ، افتاد طبع، طبیعت۔ کہا جاتا ہے: جری علی اجریّاه و اِجْرِیائِه: وہ اپنی افتاد طبع کے مطابق چلا۔

۴۔ جَرَی ۔جَرْیًا و جَرَیانًا و جِرْیَةً الامرُ: کسی معاملہ کا وقوع پذیر ہونا۔ أُجْرِیَ القِصاصَ: قصاص لینا۔ الجَرَایَة: وظیفہ۔ الماجَرِیات: حوادث، واقعات، اس کی اصل ماجَرَی ہے۔ کہا جاتا ہے: کانت بینهم مناظرات و ماجریات یطول

شرحها: ان کے درمیان بحثیں اور واقعات ہوئے جن کی تشریح طویل ہے۔

۵۔ جَرَی ۔ جَرْیًا و جَرَیَانًا و جِرْیَةً إلی الشیء: کا قصد کرنا۔ أجری إلی الشیء: کا قصد کرنا۔

۶۔ جَرَّی فلانًا: کو اپنی طرف سے وکیل بنا کر بھیجنا۔ أَجْرَی الامر إلی فلان: کوئی کام کسی کے سپرد کرنا یا کسی کی طرف منسوب کرنا۔ اِسْتَجْرَی فلانًا: کو وکیل بنانا۔ الجَرِیّ جمع أَجْرِیَاء: وکیل، ضامن۔ (کہا جاتا ہے هو جَرِیٌّ له: وہ اس کا ضامن ہے)، پیغامبر۔ الجِرَایَة و الجَرَایة وکالت۔ الجَرَی: کہا جاتا ہے مِنْ جَرَاكَ او مِن جَرَائِكَ: تمہاری وجہ سے۔

۷۔ أُجْرَی له الحسابَ کسی کا حساب رجسٹر میں درج کرنا ـــ علیه الحسابَ کے ذمے کچھ نکالنا۔ الحساب الجارِی (ت): تاجر کا اپنے ایجنٹ کے نام کھولا ہوا کھاتہ۔

۸۔ أُجْرَی الکلمةَ: کلمہ کو منصرف کر دینا۔

۹۔ أُجْرَی علیه الرزق: کو رزق دینا یا کا رزق مقرر کرنا۔ الجَرَایة: فوجی کا راشن۔

۱۰۔ أُجْرَی الأمرَ: کام کو جاری و نافذ کرنا۔ جاراہ و تجاریا فی الامر: سے کسی کام میں متفق ہونا، دونوں کا کسی معاملہ میں اتفاق کرنا۔

۱۱۔ الجاری: ترکی خطاطی کی ایک قسم جو اوپر سے نیچے کو لکھا جاتا تھا اور شاہی فرمان کے لئے مستعمل تھا۔ الجِرِّیّ و الجِرِّیث (ح): لمبی دریائی مچھلی جسے مصر میں ثعبان الماء (بام مچھلی) کہا جاتا ہے۔ اس میں سر اور ریڑھ کی ہڈی کے سوا کوئی ہڈی نہیں ہوتی۔ حنکلیس کے نام سے معروف ہے۔ الجِرِّیَة (ع ا): پوٹا (پرندے کا)۔

○ جَرَی ۔ جَرْیًا: (پانی) کا بہنا، (کا) دریا بہنا، (پانی کی دھار) گرنا، دوڑنا، جلدی کرنا، آگے بڑھنا، دوڑ پڑنا، واقع ہونا، (کام) کا جاری رہنا، ہو رہا ہونا ـــ لِ: پر پڑنا، کو پیش آنا ـــ: گردش میں ہونا، پھیلنا، رائج الوقت ہونا، رائج ہونا، رواں ہونا، تازہ یا حالیہ ہونا، چالو ہونا ـــ إلی: کی راہ لینا، کی طرف جانا، کی طرف بڑھنا ـــ علی: کے مطابق کرتے رہنا ـــ مع: کے پیچھے ہونا، آنا یا کے بعد ہونا، (خواہش وغیرہ) کے آگے جھک جانا، (کو) مان جانا ـــ ب: کا لازم یا قدرتی نتیجہ ہونا ـــ وراء: کے پیچھے ہونا، کے پیچھے دوڑنا، کو حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ جری له حدیث مع: اس نے کے ساتھ بات چیت کی۔

جَرَی مَجْرَاهُ: اس جیسا راستہ اختیار کرنا، اس جیسے راستہ پر چلنا، اس جیسے طریقے پر عمل کرنا، کا مماثل یا مشابہ ہونا۔ جَرَی مِنْهُ الشیءُ مَجْرَی الدَم: یہ اس کی دوسری فطرت بن چکی تھی۔ جَرَی عَلَی الأَلْسُن: (افواہ) کا پھیلنا، گردش کرنا۔ جَرَی علی کُلِّ لِسَانٍ: ہر ایک کی زبان پر ہونا، ہر ایک کے ہونٹوں پر ہونا۔ جری علی خِطَّةٍ: منصوبہ پر عمل کرنا۔ مایجری علیه العملُ: طریقہ جس سے کام لیا جاتا ہے یا جس سے نبٹا جاتا ہے۔ جو عام دستور ہو۔ جری به العملُ: موثر ہونا، چالو ہونا، نافذ العمل ہونا، ضابطہ کے مطابق ہونا، پر عام طور پر عمل کیا جانا (قانون، رواج کا)۔ جرت العادة ب: دستور کے موافق ہونا، حسب معمول ہونا، عام دستور ہونا، عام قاعدہ ہونا، روزمرہ کی چیز ہونا، دستور ہونا۔ جری بالعادة علی: کو حسب معمول کرنا، کو کرنے کا عادی ہونا۔ جَرَتْ بِذَلِكَ عَادَتُهم: یہ ان کی عادت تھی۔

جَرَّی: دوڑانا۔ جَرَّی رِیقَهُ: کسی کے منہ میں پانی بھر آنے کا باعث بننا (کھانے کی خوشبو) سے منہ میں بھر آنا)۔ جاراہ فی: کسی معاملہ میں کسی سے اتفاق کرنا، متفق ہونا، ہم آہنگ ہونا ـــ ہ: کے برابر چلنا، کا ساتھ دینا، کی رفتار سے چلنا۔ (ذہنی طور پر بھی) ـــ ہ: کا اتباع کرنے کے قابل ہونا ـــ ہ: کے ساتھ ساتھ جانا، سے رہنمائی حاصل کرنا۔ أجرَی ہ: کو بہانا ـــ ہ/ ہ: کو دوڑانا، کو چالو کرنا ـــ ہ: کو واقع کرنا، کا باعث ہونا، (قوانین، قواعد) بجالانا، کی تعمیل کرنا، کو عمل میں لانا، کو نافذ کرنا، پر سختی سے عمل کرانا، پر عمل درآمد کرانا کو چسپاں کرنا، (کارروائی) کرنا، (منصوبہ) چلانا، چالو کرنا، (منصوبہ) جاری کرنا ـــ ہ ل/علی: کو کی طرف موڑنا، کو کوئی چیز عطا کرنا، کو (روپیہ، جائداد) حسب ضابطہ یا رسمی طور پر دینا ـــ ہ علی: (جرمانہ وغیرہ) کو کسی پر عائد کرنا، لگانا۔ أَجْرَی تجربةً: تجربہ کرنا۔ أجْرَی تحقیقًا: تحقیقات کرنا۔ أَجْرَی لَهُ اعانةً: کو امدادی رقم دینا۔ أَجْرَاہ مَجْرَی ـــ: سے کسی جیسا سلوک کرنا، کو کے برابر درجہ دینا۔ جَرْی: رفتار، روش۔ جَرْیًا علی: کے مطابق۔ مِنْ جَرَاكَ و مِن جَرَائِكَ: تمہاری وجہ سے، تمہاری خاطر۔ جَرَّاء: دوڑنے والا، گھوڑ دوڑ کا گھوڑا دوڑانے والا، شرط بد کر دوڑانے والا۔ جِرَایَة جمع جِرَایات: روزانہ (خوراک)، راشن، تنخواہ۔ عَیْش جِرایة: خراب روٹی۔ جَرَیان: بہاؤ، رفتار، دھارا۔ مَجْرَی جمع مَجَارٍ: راستہ، گزرگاہ، [illegible] نالی، پانی کا تیز دھارا یا سیلاب، پائپ لائن، نہر، رود بار، آبنائے، دریا کا راستہ، دریا کی گذرگاہ، گندہ نالہ، بدرو، گندے نالے کے پانی کے نکاس کا نظام، پاور لائن، (برقی) کرنٹ، دریا کا دھارا، لہر، رفتار حالات، گزرنا، ترقی۔ مجری البَول: مثانہ سے پیشاب کے اخراج کی نالی۔ مَجارِی التنفس: نظام تنفس۔ مَجْرَی الهواء: ہوا کی رو، ہوا کا جھونکا، ہوا کی لہر، ہوا کا دھارا۔ أَخَذَ مَجْرَاہ: معمول کے مطابق، نشوونما پانا، معمول کے اختتام کی طرف بڑھنا۔ ماجریات (ماجَرَی کی جمع): رفتار حالات، واقعات۔ مَجَاراة: (کا) ساتھ دینا، (کی) رفتار سے چلنا، (کی) تعمیل۔ مُجَاراةً لِ: کی تعمیل میں، کے مطابق۔ اِجراء: (کارروائی) کرنا، عمل میں لانا، نفاذ، عملدرآمد، جمع اجراءات: اقدامات، کارروائی، مقدمہ، نالش۔ اتخذ اجراءات: اقدامات کرنا۔ اجراءات قانونیة: قانونی اقدام، قانونی کارروائی۔ جارٍ: بہتا ہوا، دوڑتا ہوا، دوڑنے والے، بہنے والا، پھیلنے والا، رواں، موجود۔ الشهر الجاری: ماہِ رواں، اس ماہ، موجودہ مہینے۔ جَارِیَة جمع جَارِیات و جوارٍ: لڑکی، لونڈی، کنیز، دوشیزہ، بن بیاہی عورت جو ملکہ یا شہزدی کی مصاحب ہو، مصاحبہ، نوکرانی، ملازمہ، خادمہ، کشتی، جہاز۔

جزّ: جَزَّ ۔ جُزُوزًا التمرُ: کھجور کا خشک ہونا ـ الغنمُ او البُرُّ او النخلةُ: بھیڑوں کے بال یا گیہوں یا کھجور کے درخت کا کترنے یا کاٹنے کے وقت پر پہنچنا۔ جَزًّا و جَزَّزَ و اجْتَزَّ الصوفَ او العشبَ او النخلَ: اون یا گھاس یا کھجور کا درخت کاٹنا، کترنا۔ اَجَزَّ الغنمُ او البُرّ او النخلةُ: بمعنی: جَزّ الغنم او البُرّ او النخلة ـ ـــ القومُ: قوم کی بھیڑوں کے بال کترے ہوئے ہونا یا ان کی کھیتی کا کٹا ہوا ہونا ـــ التمرُ: کھجور کا خشک ہونا۔ اِسْتَجَزَّ الغنمُ او البُرُّ او النخلةُ: بمعنی جَزّ الغنم او البرُّ او النخلة: الجِزَّة جمع جِزَز و جَزَائِز: سال میں بکری کی کتری ہوئی اون۔ (و عند العامة): شہتوت کے پتے جو ریشم کے کیڑوں سے بچ رہیں۔ الجَزَز: استعمال میں نہ لائی ہوئی اون۔ الجُزَاز و الجَزَازة: کٹنے کے وقت زمین پر گری ہوئی اون۔ جُزَازٌ من اللیل: رات کا ایک حصہ۔ الجَزَاز و الجِزاز: کٹائی، کٹائی کا وقت، کاٹنے کا وقت۔ الجَزُوزَة جمع جُزُز من الغنم: وہ بھیڑ جس کی اون کتری جائے۔ الجَزِیز: کترا ہوا، کاٹا ہوا۔

الجَزِيْزَة: اون کا گچھا۔ الجَزَّاز: کترنے یا کاٹنے والا۔ المِجَزّ: کترنے یا کاٹنے کا آلہ، قینچی۔

○ جَزّ ـجَزًّا ہ: کو کاٹنا، کترنا، تراشنا (قینچی سے)، خصوصاً بھیڑ کو مونڈنا۔ جِزَّة جمع جِزَز و جزائِز: مونڈی ہوئی اون، بھیڑ کی اون، پشم۔ مِجَزّ: اون مونڈنے کی قینچی۔

جزأ: ۱۔ جَزَأَ ـجَزْءًا الشیءَ: کو اجزاء میں تقسیم کرنا، کا ایک جز ولینا۔ جَزَّأَ تجزِئَةً و تَجْزِیئًا الشیءَ: کو تقسیم کرنا۔ تَجَزَّأَ: تقسیم ہونا۔ الجَزء (مص): بعض۔ الجُزْء جمع اَجْزَاء و الجَزء و الجَزَاء: چیز کا ایک حصہ۔ الجُزْأَة: برے وغیرہ کا دستہ۔ الجُزئِیّ. جُزْوِی۔ الجُزْئِیَة جمع جُزْئِیات: کلیہ کی ضد۔

۲۔ جَزَأَ و تَجَزَّأَ و اِجْتَزَأَ بالشیء: پر اکتفاء کرنا، پر قناعت کرنا۔ جَزَّأَهُ بالشیءِ: کو پر اکسانا، کو پر آمادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: جَزَّأَ الماشیةَ بالرطب عن الماء: اس نے مویشی کو تر گھاس چرنے پر آمادہ کیا اور مویشی نے پانی کے بجائے سبز گھاس پر اکتفاء کر لیا۔ أَجْزَأَه بالشیء: بمعنی جَزَّأَه بالشیء۔ — عنه: سے بے پروا ہونا۔ الجَزْء: کفایت۔ کہا جاتا ہے: لك فی هذا غناءٌ و جَزْءٌ: تمہارے لئے بس یہی کافی ہے۔ المَجْزَأ و المَجْزَأَة و المُجْزَأ و المُجْزَأَة: چیز کا کافی ہونے والا حصہ، بقدر کفایت حصہ۔ کہا جاتا ہے: أَجْزَأَ مَجْزَأَ فلان و مُجْزَأَه و مَجْزَأَتَه و مُجْزَأَتَه: وہ فلاں کا قائم مقام و نائب ہوا۔ الجَزِیُّ و المُجْزِیُ من الطعام: سیر و آسودہ کرنے والا کھانا۔ الجَوَازِیُ: تر گھاس کھا کر بہت حد تک پانی سے بے نیاز ہو جانے والی نیل گائے۔

○ جَزَأَ و اِجْتَزَأَ ب: پر صابر، صابر شاکر، قانع، مطمئن، یا راضی ہونا۔ جَزَّأَ ہ: کو تقسیم کرنا۔ تَجَزَّأَ: تقسیم ہونا، علیحدہ ہونا، جدا ہونا۔ — عن: سے منقسم ہونا، تقسیم پذیر ہونا، سے الگ ہو سکنا، انفعال پذیر ہونا۔ جُزْء جمع اَجْزَاء: حصہ، جزو، لازمی جزء، جزو، جزو ترکیب، مشتمل حصہ، کسر، قرآن مجید کا تیسواں حصہ، پارہ۔ جُزْئِی: جزوی، معمولی، چھوٹا، غیر اہم۔ جُزْئِیًّا: کسی حد تک تھوڑا، ایک حصہ۔ جزئیات: تفاصیل، جزئیات، باریکیاں، معمولی چیزیں، ماتحت حصے، (عدالت کے) ڈویژن، سیکشن۔ مواد جزئیة: چھوٹے مقدمات۔ محاکم جزئیة: سرسری انصاف کی عدالتیں۔ حادثه جزئیة: چھوٹا یا معمولی ماجرا، واقعہ۔ تَسْوِیة جزئیة: جزوی ادائیگی۔

الجزئیات و الکُلِیّات: مخصوص اور عام پہلو، چھوٹے اور بڑے مسائل۔ جُزَیْءٌ جمع جُزَیْئات: ریزہ، ذرہ، سالمہ۔ اَجْزَائِی جمع اَجْزَائِیُون: دواساز، دوافروش، عطار، پنساری۔ اَجْزَاجِی جمع اجزاجیه: دواساز، دوافروش، عطار، پنساری۔ اَجْزَائِیة و اَجْزاخانة: دواؤں کی دکان، عطار خانہ، دواسازی، عطاری۔ تجزئة: تقسیم، علیحدگی، جدائی، قطع تعلق، اظہار بیزاری، مدات، اراضی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ قابل لتجزئة: قابل تقسیم۔ قابلیة التجزئة: قابل تقسیم ہونا۔ تاجرُ التجزئة: پرچون فروش، خوردہ فروش۔

○ جُزْدان و جِزدان جمع جزدانات: بٹوا، توشہ دان۔

جزح: ۱۔ جَزَحَ ـجَزْحًا الرجلُ: اپنے کام کے لئے جانا۔ — تِ الظباءُ: ہرنیوں کا جھاڑی میں داخل ہونا۔

۲۔ جَزَحَ ـجزحًا الرجلُ: بہت سا عطیہ دینا۔ — له من المال: کو مال کا کچھ حصہ دینا۔ الجَزْح (مص): عطیہ۔

جزد: الجلدان: جزدان، بستہ، کیس، تھیلی (جس میں نقدی رکھی جاتی ہے)۔ (ترکی لفظ)۔

جزر: ۱۔ جَزَرَ ـجَزْرًا و جَزَارًا و جِزارًا و اِجْتَزَرَ الشاةَ: بکری ذبح کرنا۔ أَجْزَرَ فلانًا: کو بکری ذبح کرنے کے لئے دینا۔ تَجَزَّرُوهم و اِجْتَزَرُوهم فی القتال: کو میدان کارزار میں درندوں کی غذا بننے کے لئے چھوڑ دینا۔ الجَزْر (مص): ذبح کرنا۔ الجَزَر (واحد جَزَرَة): وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو، ذبح کی ہوئی چیز۔ جَزَرُ السِباع: وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہا جاتا ہے: ترکوهم جَزَرًا: انہوں نے ان کو بیابان میں قتل کر ڈالا۔ الجَزُور جمع جُزُر و جَزُورات و جَزَائِر: ذبح کے لئے اونٹنی یا بکری۔ الجَزَّار و الجَزِیر: ذبح کرنے والا۔ الجَزَارَة: ذبح کئے جانے والے جانور کے اطراف جیسے: سری پائے (جنہیں قصاب اپنی اجرت کے طور پر لے لیتا ہے)، قصاب کی اجرت۔ الجِزارَة: ذبح کرنے کا پیشہ۔ المَجْزِر جمع مَجَازِر: بوچڑ خانہ، مذبح، ذبح کرنے کی جگہ، جسے مسلخ بھی کہتے ہیں۔

۲۔ جَزَرَ ـالنَخلَةَ جَزْرًا: کھجور کے درخت کو کاٹنا۔ اَجْزَرَ النخلُ: کھجور کے کاٹنے کے وقت کا قریب ہونا۔ — الشیخُ: بوڑھے کی موت کا وقت قریب پہنچنا۔

۳۔ جَزَرَ ـجَزْرًا الماءُ: پانی کا خشک یا کم ہونا۔ — البَحرُ: سمندر کا پیچھے ہٹنا۔ الجَزْر: بھاٹا، مد (جوار) کی ضد۔ الـجَزَر: وہ جگہ جہاں سے مد (جوار) لوٹے۔ الجَزِیرَة جمع جَزَائِر و جُزُر و جُزُر: وہ زمین جہاں سے پانی پیچھے ہٹ جائے، زمین جس کے چاروں طرف پانی ہو، جزیرہ۔

۴۔ تَجَازَرَا: ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔

۵۔ الجَزَر و الجِزَر (ن): گاجر۔

○ جَزَرَ ـجَزْرًا ذبح کرنا۔ ہ: جانور، ذبح کرنا۔ ـجَزْرًا: (پانی کا) دھنسنا، کم ہونا، گرنا، بیٹھ جانا، گھٹنا، ختم ہونا، اترنا۔ جَزْر: ذبح، ذبح کرنا (سمندر کا) اترنا، بھاٹا۔ جَزْرَة: خون کی قربانی۔ جَزُور جمع جُزُر: ذبح کیلئے اونٹ۔ جَزّار جمع جَزَّارَة و جَزَّارُون: قصائی، قصاب۔ جَزِیرَة جمع جَزائِر و جُزُر: جزیرہ، ٹاپو۔ شِبهُ جزیرة: جزیرہ نما، خشکی کا وہ حصہ جس کے تین طرف پانی ہو۔ الجَزِیرَة: شمال مغربی میسوپوٹامیا Mesopotamia۔ الجزائِر: الجیریا Algerial۔ جزیرة العرب: ملک عرب، عرب جزیرہ نما۔ الجزائِر الخالِدات: بحر محیط (اٹلانٹک) میں بجانب غرب چھ جزیرے۔ کینری جزیرے (the canary Islands)۔ الجزیرة الخَضراء: سپین کی جنوب غربی بندرگاہ Algeciras۔ جَزَرِی: ٹاپو کا، جزیرہ کا، جزیرے کے مانند پانی سے گھرا ہوا، جزیرہ والوں کا سا تنگ نظر، جمع جزریون: جزیرہ کا باشندہ۔ جزیرہ کا رہنے والا۔ جَزَائِری جمع جزائریون: الجیری (صفت و اسم)، جزیرہ کا باشندہ۔ مَجْزَر جمع مَجَازِر: مذبح، مسلخ، بوچڑ خانہ، کمیلا، خون خرابہ، قتل و غارت، قصائی پنا، خونریزی۔ مَجْزَرَة جمع مَجَازِر: خون خرابہ، قتل و غارت، قصائی پنا، خونریزی، قتل عام۔ جَزَر (اسم جمع واحد: جَزَرَة): گاجر۔

جزع: ۱۔ جَزَعَ ـجَزْعًا له من ماله جَزْعَةً: کو اپنے مال سے ایک حصہ دینا۔ أَجْزَعَ منه جَزْعَةً: کا کچھ حصہ باقی چھوڑ دینا۔ اِنْجَزَعَ و تَجَزَّعَ: کٹ جانا، ٹوٹ جانا۔ اِجْتَزَعَ ہ: کو کاٹنا، توڑنا۔ الجِزْعَة و الجُزْعَة جمع جِزَع: تھوڑی چیز، بقیہ۔ المُجَزَّعُ مِن الأَحْوَاض: حوض جس میں تھوڑا سا پانی بچا ہو۔ الجَزِیعَة جمع جَزَائِع: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔

۲۔ جَزِع ـجَزَعًا و جُزُوعًا مِنه: پر صبر نہ کر کے غم و تکدر کا اظہار کرنا۔ — علیه: پر شفقت و مہربانی کرنا،

کے بارے میں پریشانی محسوس کرنا، کے بارے میں خائف ہونا۔ صفت حَزِع و جَازِع و جَزُع و جَزاع و جَزُوع۔ جَزَّع ہ: کا خوف وہراس دور کرنا۔ المِجزَاع جمع مَجَازِیع: بہت بے صبرا۔

۳۔ جَزَعَ ـجَزْعًا الوادیَ: وادی کو عرض میں طے کرنا۔ الجِزْع جمع اَجْزَاع من الوادِی: وادی کی وہ جگہ جہاں سے اسے طے کیا جائے۔ محلّہ (جہاں لوگ رہتے ہوں)۔

۴۔ الجُزْع: رہٹ کا دُھرا۔ الجَزْع: رہٹ کا دھرا۔ (واحد جُزْعَة) سفید وسیاہ مہرہ۔ الجِزْع جمع أجْزاع: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ الجَازِعَة: دو چیزوں کے درمیان رکھا ہوا تختہ جس پر کوئی چیز رکھی جائے۔ الجُزْعَة: چھری کا دستہ۔ المُجَزَّع و المُجَزَع: سفید وسیاہ چیز۔ ــ من الرُّطَب: نیم پختہ کھجور، آدھی پکی کھجور۔

○ جَزَعَ ـجَزَعًا و جُزُوعًا: متفکر ہونا یا ہو جانا، پریشان ہونا۔ ــ من: کے بارے میں غمگین ہونا، ناخوش ہونا۔ ــ علی: کے لئے رنج محسوس کرنا، پر ترس کھانا، کے لئے نوحہ کرنا۔ تَجَزَّعَ: ٹوٹ جانا، تڑاک سے ٹوٹ جانا۔ جَزْع: سنگ سلیمانی، پتھر جس کی تہوں میں مختلف رنگ ہوں۔ جُزْع: دھرا، ڈنڈا، چھڑ، بلی، تیر، مشین کا لمبا دُھرا۔ جَزَع: پریشانی، بے چینی، اندیشہ، خوف، خدشہ، تشویش، فکر، روحانی اذیت، انتہائی جسمانی یا ذہنی تکلیف، خوف، ڈر، ہراس، بیم، یاس، اداس، آزردگی، غمگینی۔ جَزِع: بے چین، بے صبر، پریشان، مضطرب، خائف، اندیشناک، بے کل، بے قرار۔ جَزُوع و جَازِع: بے چین، بے کل، بے قرار، مضطرب، بے صبر، بے تاب، حد سے زیادہ خواہشمند، متفکر، خائف، اندیشناک۔ مُجَزَّع: لہریا، رنگ دار، بوقلموں مختلف رنگوں کے ٹکڑے لگا ہوا، رنگ برنگا۔

جزف: جَزَفَ ـجَزْفًا و اِجْتَزَفَ الشیءَ: کو بے تولے، بے ناپے انکل بیچنا یا خریدنا۔ جَازَفَ مُجَازَفَةً: کی انکل اور تخمینہ سے خرید وفروخت کرنا۔ اسی سے ہے: جَازَفَ فی کلامِہ: بے تکی اور بے اصولی باتیں کرنا۔ الجَزَاف (جیم کی تثلیث کے ساتھ) و الجَزِیف: انکل اور تخمینہ کی بیع۔ کہا جاتا ہے: بیعٌ جَزِیف و بیْعٌ جُزَافٌ: انکل اور تخمینہ کی بیع۔

۲۔ جَازَفَ بنفسہ: اپنی جان کو خطرہ میں ڈالنا، جان پر کھیلنا۔

۳۔ الجَزُوف مِن الحَوامِل: ولادت کی حد سے گزرنے والی حاملہ۔ الجَزَّاف: شکاری، صیاد۔ المِجزَفَة: مچھلی پکڑنے کا جال۔

○ جَازَفَ: بے سوچے سمجھے، انکل پچو سے عمل یا حرکت کرنا، بے شعوری سے کچھ کرنا، قسمت آزمائی کرنا، خطرہ لینا، نفع کی امید پر روپیہ لگانا، سٹہ کا کاروبار کرنا، مبہم بات کرنا، عام پیرائے میں بات کرنا۔ ــ ب: کو خطرہ میں ڈالنا، کا جوا کھیلنا۔ جَازَفَ بنفسہ: اپنی جان خطرہ میں ڈالنا۔ جازف بہ فی: (کسی مہم وغیرہ) میں کود پڑنا۔ جُزَاف: کسی چیز کی کوئی مقدار کی خریداری۔ جُزَافًا: بے سوچے سمجھے، انکل پچو سے، یونہی، اتفاق سے۔ مُجَازَفَة: احمقانہ بہادری، مہم، طالع آزمائی، جوکھوں کا کام، جوکھوں، خطرہ، بے وقوفی، بے احتیاطی، لاپرواہی، منچلا پن، جلد بازی، بے باکی، اجڈ پن۔ مُجَازِف: جلد باز، غیر محتاط، عاقبت نااندیش، لاپرواہ، بے وقوف، جیالا، اجڈ جیالا، جاں باز، من چلا، سورما، جری، اولوالعزم۔

جزل: ۱۔ جَزُلَ ـجَزَالَةً الشیءُ: موٹا ہونا، بڑا ہونا۔ اِسْتَجْزَلَ ہ: کو موٹا، بڑا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ الجَزْل (مص): موٹا، بڑا۔ الجَزَّال و الجَزِیل: بڑی اور بہت چیز۔

۲۔ جَزُلَ ـجَزَالَةً الرجلُ: صائب الرائے ہونا۔ اِسْتَجْزَلَ رأیَہ: کی رائے کو بہت عمدہ پانا۔ الجَزْل: بے غلط رائے والا، عمدہ رائے والا۔

۳۔ جَزُلَ ـجَزَالَةً المنطقُ: منطق فصیح ہونا۔ صفت: جَزْل جمع جِزَال و جَزِیل جمع اَجْزَال و جِزَال۔ الجَزْل: عمدہ لفظ۔

۴۔ جَزَلَ ـجَزْلًا الشیءَ: کے دو ٹکڑے کرنا۔ ــ القَتَبُ غارِبَ البعیر: کجاوے کا اونٹ کی پیٹھ اور گردن کو کاٹ دینا، زخمی کر دینا۔ الجَزَال و الجِزَال: کھجور کے پھل اتارنا۔ کہا جاتا ہے: ھذا زمنُ الجزال: یہ کھجور کے پھل اتارنے کا زمانہ ہے۔

۵۔ أجْزَلَ العطاءَ و فی العطاء و من العطاء لفلان و علیہ: کو بہت بخشش دینا۔ اِسْتَجْزَلَ ہ: کو بہت فیاض پانا۔ الجَزْل: بہت فیاض، بہت۔ الجَزَّال و الجَزِیل: بہت چیز۔

۶۔ الجَوْزَل جمع جَوَازِل: کبوتر کا بچہ۔

○ جَزُلَ ـجَزَالَةً: بہت ہونا، بڑا ہونا، وافر ہونا، فراوان ہونا، کثیر ہونا، کافی ہونا۔ أجْزَلَ لہُ العطاءَ: کو فیاضی، فراخ دلی اور رواداری سے دینا۔ اِجْتَزَلَ: مختصر نویسی کرنا۔ جَزِیل [illegible] کثیر، بہت، وافر: خاص، واضح اور فصیح (اسلوب، طرز، انداز)۔ جَزْل الرأی: صحیح اور بے غلط بصیرت والا۔ شکرہ شکرا جزیلا: اس نے اس کا فراخدلانہ شکریہ ادا کیا۔ شکرا جزیلا: بہت بہت شکریہ۔ جِزْلَة: ٹکڑا۔ جَزَالَة: بہتات، افراط، کثرت، وفور، زیادتی، (اسلوب کی) پاکیزگی۔ مُجْتَزِل: مختصر نویس، شیٹوگرافر۔

○ جُزْلان: جزدان (دیکھو جزدان)۔

جزم: ۱۔ جَزَمَ ـجَزْمًا ہ: کو کاٹنا۔ ــ الأمرَ: کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ (آپ کہتے ہیں: امرتُہ أمرًا جَزْمًا: میں نے اس کو قطعی حکم دیا۔ ھذا حکمٌ جَزْمٌ: یہ لازمی اور قطعی حکم (فیصلہ، رائے) ہے۔) ــ علی الأمر: کا پختہ ارادہ کر لینا۔ ــ الیمینَ: قسم پوری کرنا۔ (آپ کہتے ہیں: حلف یمینًا جَزْمًا: اس نے ایسی قسم کا حلف اٹھایا جو پوری کی جانے والی تھی)۔ ــ علیہ الشیءَ: کسی چیز کو کسی پر واجب ٹھہرانا۔ ــ الحرفَ: حرف کو ساکن کرنا، جزم دینا۔ ــ الفعلَ: فعل کے آخری حرف کو اگر صحیح ہے ساکن کرنا، یا حرف علت یا تثنیہ وجمع سے نون ساقط کرنا۔ ــ و جَزَّمَ علیہ: پر ساکت وخاموش ہونا۔ ــ عنہ: کے بارے میں بزدل اور عاجز ہونا۔ تَجَزَّمَ العُودُ: لکڑی کا پھٹنا۔ اِنْجَزَمَ الحرفُ: ساکن ہونا۔ ــ العظمُ: ہڈی ٹوٹنا، ٹوٹ جانا۔ الجَزْمُ من الأقلام: برابر قط والا قلم۔ الجَازِم جمع جَوَازِم (فا): جزم دینے والا کلمہ جیسے لَمْ وغیرہ۔ الجِزْمَة: بھیڑوں کے ریوڑ کا حصہ۔

۲۔ جَزَمَ و اِجْتَزَمَ النخلةَ: کھجور کے درخت کے پھلوں کا اندازہ لگانا، تخمینہ لگانا۔

۳۔ جَزَمَ ـالرجلُ: دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا کھانا۔ الجَزْمَة: دن میں ایک مرتبہ کا کھانا۔

۴۔ جَزَمَ و جَزَّمَ القربةَ: مشک کو بھرنا۔ الجَازِم جمع جَوَازِم: بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے: سقاءٌ جازمٌ: بھری ہوئی مشک۔ بعیرٌ جازمٌ: سیراب اونٹ۔ مِجْزَم: بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے: سقاءٌ او اِناءٌ مِجزم: بھری ہوئی مشک، بھرا ہوا برتن۔

۵۔ الجِزْم: حصہ۔ ــ من الأمور: قبل از وقت آ جانے والا معاملہ۔ الجَزْمَة: جوتا جو ٹخنے تک ہو، (ترکی لفظ)۔

○ جَزَمَ ـجَزْمًا: فیصلہ کرنا، رائے قائم کرنا۔ ــ ہ فعل مضارع کے آخری حرف کو جزم دینا، ساکن کرنا۔ ــ ہ: کو کاٹ ڈالنا، کاٹ کر چھوٹا کرنا، کو قینچی سے کاٹنا،

تراشنا، کا فیصلہ کرنا، کو طے کرنا۔ ـــ ب: کے بارے میں پورا یقین ہونا، مطلقاً پُر یقین ہونا، کو مصدقہ طور پر کہنا۔ ـ علی: کا مصمم ارادہ کرنا، کو کرنے کا فیصلہ کرنا، کا پکا ارادہ کرنا۔ ـ ہ علی کو پر عائد کرنا، کو کے گلے منڈھنا، کو پر لازمی، لازم، واجب یا فرض کرنا۔ جَزْم: کاٹنا، تراشنا، فیصلہ، عزم، ارادہ، قصد۔ علامة الجزم، جزمة: جزم۔ جَزْمَة: جزم (ْ) عربی میں (ْ)۔ حَازِم: فیصلہ کن، قطعی، غیر مبہم، ناطق، آخری، ـ ب: کا پختہ قائل، پُر یقین۔ مَجْزوم: کٹا ہوا، تراشا ہوا، قینچی سے کٹا ہوا، فیصلہ شدہ، طے شدہ، ساکن (حرف)۔ مُنْجزم: ساکن (حرف)۔ جَزْمَة جمع جَزْمات و جِزَم: جوتوں کا جوڑا، ٹخنہ تک جوتوں کا جوڑا، بوٹ، شوز۔ جزمة برباط: تسمے والے بوٹ۔ جِزمةٌ لَمَّاعَةٌ: چمکدار چمڑے کے جوتے۔ جَزامِجی و جِزمَاتِی جمع جزماتیه: جوتے بنانے والا۔

جزی ا۔ جَزَی ـ جَزَاءً الرجلَ بكذا و علی كذا: کو کا بدلہ دینا۔ جَازَی مُجَازَاةً و جِزَاءً ہ: کو بدلہ دینا۔ اِجْتَزَاہ: سے بدلہ مانگنا۔ الجزَاء و الجَزَاء و الجَازِیَة والمُجَازاة: کسی چیز کا بدلہ۔ الجازیة کی جمع الجَوَازِی ہے۔ کہا جاتا ہے: جَزَتْكَ الجَوَازِی: تم نے اپنے کئے کا بدلہ پالیا۔

۲۔ جَزَی فلانًا حقَّهٗ: کا حق ادا کرنا۔ تَجَازَی تَجَازِیًا دینَهٗ و بدَیْنِه علی فلان: سے اپنا قرضہ طلب کرنا، قرض کا تقاضا کرنا۔

۳۔ جَزَی ـ الشیءُ ہ: کسی شے کا کسی کے لئے کافی ہونا۔ ـــ و أَجْزَی الامرُ منه و عنه: کا قائم مقام ہونا، کے لئے کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے: یجزی هذا من او عن ذاك: یہ اس کے قائم مقام ہے۔ یہ اس کے لئے کافی ہے۔ الجِزْیَة جمع جِزًی و جِزْیٌ و جِزَاء: ذمی سے لیا جانے والا ٹیکس: مین کا خراج۔ الأَجْزَی: زیادہ کافی، آپ کہتے ہیں: اللحمُ السمینُ اجزی من المَهْزُول: موٹا تیار گوشت دبلے گوشت سے بہتر ہے۔

○ جَزَی ـ جَزَاءً ہ ب/علی: کو کا بدلہ دینا، کے نقصان کی تلافی کرنا، کو کا معاوضہ دینا، کو کا انعام دینا، کو کی سزا دینا، ـــ ہ: کو مطمئن کرنا۔ ـــ ہ ب: کی سے تلافی کرنا۔ ـــ عن: کی تلافی کرنا، کا ردعمل کرنا۔ جَزَاكَ اللّٰهُ خیرًا: اس کے لئے اللہ تمہیں خوش رکھے۔ جَزَاهُ جَزَاءَ سِنِمَّارَ: اس نے برائی کے بدلے اس سے نیکی کی۔ جازا ہ ب: کا سے معاوضہ دینا، کا سے بدلہ دینا۔ ـــ ہ ب: کو کا معاوضہ دینا، کو کا بدلہ دینا۔ ـــ ہ ب/علی: کو کا انعام دینا، کو کی سزا دینا۔ جازاهم خیرًا: اس نے اللہ تعالیٰ سے ان پر انعام کی دعا کی۔ أَجْزَی ہ: کو کافی ہونا، کے گھر کی صفائی ستھرائی کرنا۔ ـــ عن: کی جگہ لینا، کی جگہ کام کرنا۔ جَزَاء: بدلہ، معاوضہ، جزا، سزا، تلافی، حساب چکانا، جرمانہ، تاوان۔ جزاء نقدی: جرمانہ۔ جَزَائِی: سزا کا، تعزیری۔ جِزْیَة جمع جِزًی و جِزَاء: ٹیکس، خراج، باج، اسلامی حکومت میں آزاد غیر مسلموں پر فی کس ٹیکس۔ تَجْزِیَة انعام۔ مُجَازاة: سزا، بدلہ، معاوضہ۔

جس: ا۔ جَسَّ ـ جَسًّا و اِجْتَسَّ الارضَ: زمین روندنا۔

۲۔ جَسَّ ـ جَسًّا و اِجْتَسَّ ہ بعینه: کو گھورنا، تیز نظر سے دیکھنا۔ ـ ہ: کا پتہ لگانے کے لئے ہاتھ سے چھونا، ٹٹولنا۔ المَجَسّ: چھونے کی جگہ، سینہ۔ (کہا جاتا ہے: فلانٌ ضیّقُ المجَسّ او المَجَسَّة: فلاں شخص تنگدل ہے، فلاں شخص کا سینہ تنگ ہے)۔ (ع) حشرات وغیرہ کی مونچھیں، جو چھونے کی حس رکھتی ہیں۔ المَجَسَّة جمع مَجَاس: بمعنی المَجَس (طب): نبض۔ کہا جاتا ہے: مُجَسَّته حارّة: اس کی نبض گرم ہے۔ المِجَسَّة جمع مَجَاسّ و مِجَسَّات: چھونے کا آلہ۔ جَوَاسُّ الانسان: واحد جاسّة: ہاتھ، آنکھ، منہ، سونگھنے کی حس، سننے کی حس (انسان کے پانچ حواس)۔

۳۔ جَسَّ و تَجَسَّسَ و اِجْتَسَّ الاخبارَ و الامورَ: خبروں یا کاموں کی تفتیش کرنا، ان کی دریافت میں لگنا۔ الجَسِیس جمع أَجِسَّه و الجاسوس جمع جَوَاسِیس و الجَسَّاس: حالات دریافت کرنے والا، حالات کی تفتیش کرنے والا، جاسوس۔ الجَسَّاس جمع جَسَّاسات: برقی لہروں کو بھیجنے یا وصول کرنے کا آلہ۔ الجاسوسیة: جاسوسی، جاسوسی کا پیشہ، جاسوسی کا محکمہ۔ ضد الجاسوسیة: جوابی جاسوسی۔ (Counter- espionage - counter inteligence)۔

○ جَسَّ ـ جَسًّا و مَجَسَّةً ہ: کو چھونا، محسوس کرنا، ہاتھ سے چھونا، کو چھو کر معلوم کرنا، کی چھو کر پڑتال کرنا، کو جانچنا، آزمانا، کا امتحان کرنا، کا کھوج لگانا، کی تفتیش کرنا، کی چھان بین کرنا، کی تہہ کو پہنچنا، کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرنا، کو دریافت کرنے کی کوشش کرنا، عمل سے قبل کے بارے میں صورت حال کا اندازہ کرنے کے بعد معلومات جمع کرنا۔ جَسَّ نبضه: کی نبض دیکھنا۔ (مجازًا) جَسَّ نبضَ الشیء: کی چھان بین کرنا، کی تہہ کو پہنچنا، کو معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ تَجَسَّسَ ہ: کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرنا، کو معلوم کرنے یا دریافت کرنے کی کوشش کرنا، کی دیکھ بھال کرنا، کی مخبری کے لئے پھرنا، کا گہرا مطالعہ کرنا، پر خوب غور کرنا۔ تَجَسَّسَ: جاسوس ہونا، جاسوسی میں حصہ لینا۔ ـ علی: پر خفیہ طور پر کڑی نظر رکھنا، کی مخبری کرنا، کی ٹوہ میں لگا رہنا، کے بارے میں خواہ مخواہ تجسس کرنا۔ تَجَسَّسَ له الاخبارَ: کے لئے معلومات جمع کرنا، کے لئے جاسوسی کرنا۔ اِجْتَسَّ ہ: کو چھونا، محسوس کرنا، عمل سے قبل کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرنا تا کہ صورت حال کا اندازہ کیا جاسکے۔ طَرِیُّ الجَسّ: چھونے میں نازک، نرم و ملائم سطح کا، تازہ۔ جاسُوس جمع جَوَاسِیس: جاسوس۔ جَاسُوسَة: جاسوس عورت۔ جاسُوسِی: جاسوسی کا۔ جاسُوسِیَّة: جاسوسی۔ مَجَسّ: چھونے اور محسوس کرنے کی جگہ، چھونے کی حس۔ خَشِنُ المُجَسّ: چھونے میں کھردرا، ناہموار سطح کا۔ مِجَسّ: زخم سلائی (probe)۔ تَجَسُّس: جاسوسی۔

جسا: جَسَأَ ـ جَسْأً و جُسُوءًا و جُسَاءَةً ت الیدُ من العمل: کام سے ہاتھ کا سخت ہو جانا۔ صفت: جَاسِئَة و جَسْآء: الجَسِیّ: سخت کھال، جما ہوا پانی۔ الجاسِی من النبات و نحوه: خشک پودا وغیرہ۔

○ جاسِی: سخت، کھردرا، سخت ناہموار۔

جسد: ا۔ جَسِدَ ـ جَسَدًا الدمُ به: سے خون کا چپکنا، چمٹنا۔ صفت: جَسِد و جاسِد۔ الجَسَد جمع أَجْسَاد: خشک خون۔ الجَسِید: خشک خون۔

۲۔ جَسَّدَہ: کو زعفران سے رنگنا۔ الجَسَد جمع أُجْساد و الجساد (ن): زعفران۔

۳۔ تَجَسَّدَ: جسم والا ہونا۔ حضرت مسیح کلمة اللہ کا حضرت مریم کے اندر بشری جسم اختیار کرنا، تجسیم یسوع مسیح۔ الجَسَد جمع أَجْسَاد: انسان کا جسم، نسبت کی صورت میں۔ جَسَدِیّ و جُسْدانِیّ۔ المِجْسَد: بدن سے متصل قمیض، بنیان۔ الجُسَاد: پیٹ کا درد۔

○ جَسَّدَ ہ: کو مادی بنانا، حیوانی بنانا، کو جسم پہنانا، کو ٹھوس شکل دینا، کو میں شامل کرنا، پر مشتمل ہونا، کو جسم

عطا کرنا، کو مجسم کرنا، کو مادی شکل میں پیش کرنا۔ تَجَسَّدَ: مادی ہو جانا، حیوانی ہو جانا، ٹھوس شکل اختیار کرنا، عمل میں آنا، مادی صورت میں آنا، مجسم ہو جانا (مسیحت کا عقیدہ)، سہ بُعدی ہو جانا۔ (become three dimensional)۔ جَسَد جمع أَجْسَاد: جسم، عِيدُ الجَسَد و خميسُ الجَسَد: عیسائیوں کا تہوار درباره تجسم حضرت عیسیٰ۔ جَسَدِیّ: جسمانی، بدنی، جسمی، انسانی، بشری، حیوانی، مادی، فانی، دنیاوی، نفسانی، شہوانی۔ جُسُدانِی: جسمانی، بدنی، جسمی۔ تَجَسُّد: وقوع، ظہور، تجسم، انسانی شکل (مسیحی عقیدہ)۔ مُجَسَّد: مجسم، عملی شکل دیا ہوا، ظاہری شکل میں لایا ہوا، عملی شکل میں ظاہر کیا ہوا۔ مُتَجَسِّد: مادی، جسمانی، مجسم، متشکل بشکل انسانی۔

جسر ۱۔ جَسَرَ ـُ جَسَارَةً و جُسُورًا على الامر: کو کرنے کی جسارت کرنا۔ ــــ و تجاسَرَ: لمبا ہونا، جرأت کرنا۔ جَسَّرَهُ: کو شجاع بنانا، دلیر بنانا۔ الجَاسِر جمع جُسَّار و جَاسِرُون و الجَسُور جمع جُسُر و جُسْر مونث: جَاسِرة: شجاع، بہادر، آگے بڑھنے والا۔ الجَسَرَة: جسارت، جرأت، دلیری، بہادری۔ الجَسَّار: بہت منچلا، بہت دلیر و بہادر۔

۲۔ جَسَرَ ـُ جَسْرًا: پل بنانا۔ ــــ اِجْتَسَرَ المفازةَ: بیابان کو عبور کرنا، طے کرنا۔ الجَسْر و الجِسْر جمع جُسُور و أَجْسُر: پل۔

۳۔ الجَسْر مونث جَسْرَة من الرجال: بڑے ڈیل ڈول والا آدمی۔ ــ من الإبل: بڑا اونٹ۔

حَتَدَ الشيْ: کو خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چن لینا۔ الحُتُد و الحَتَد من الشي: چیز کا اصل اور جوہر۔ الحُتُد من العیون: وہ چشمہ جس کا پانی ختم نہ ہو۔ المَحْتِد: اصل، کہا جاتا ہے۔ فلانٌ کریمُ المَحْتِد: فلاں شخص شریف الاصل ہے۔

○ حَتِدَ ـَ حَتَدًا: خالص نسل یا اصل والا ہونا۔

مَحْتِد: اصل، پشت، پیڑھی، نسل، نسب، سلسلہ نسب، شجرۂ نسب۔

حتر: ا۔ حَتَرَ ـِ حَتْرًا و حُتُورًا: کی خوراک گھٹا دینا۔ بخشش میں کمی کر دینا۔ ـ له شیئًا: کو تھوڑی چیز دینا۔ ـ اهلَهُ: اہل و عیال کے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ ماحترتُ الیومَ شیئًا: آج مجھے کھانے کو کچھ نہیں ملا، میں نے کچھ نہیں کھایا۔ حَتَّرَ: نان نفقہ میں کمی کرنا۔ أَحْتَرَ الرجلُ: آدمی کا تھوڑی بھلائی اور بخشش والا ہونا۔ علینا الرزقَ: ہمارا رزق کم کرنا یا روک لینا۔ الحُتْر (تثلیث الحاء) تھوڑی چیز یا بخشش۔ الحُتُرَة: بچہ کا ایک بار دودھ چوسنا۔ الحَتِیرَة: (بعض کے نزدیک الحَتِیرَة) عمارت بنانے والوں کے لئے تیار کیا جانے والا کھانا۔

۲۔ حَتَرَ ـُ حَتْرًا و حُتُورًا ہ: کو تیز نگاہ سے دیکھنا۔

۳۔ حَتَرَ ـُ حَتْرًا و حُتُورًا ہ: کو باندھنا، مضبوط کرنا۔ حَتَّرَ البیتَ: گھر کے گرد گھیرا بنانا۔ أحْتَرَ الشيْءَ: کو مضبوط کرنا۔ حِتَارٌ جمع حُتُرُ الشي: کنارہ، گھیرا۔ حِتَارُ الأُذن: کان کا کنارہ۔ حِتَارُ الظفر: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ حِتَارُ المنخل و الغربال: چھلنی کا گھیرا۔

۴۔ حَتْرَشَ حَتْرَشَةً الجراد: ٹڈی کا کھانے میں آواز نکالنا۔ تَحَتْرَشَ القومُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا، جمع ہونا۔ الحُتْرُوش: چست لڑکا۔ الحَتَارِش: بچے کی حرکتیں، کہا جاتا ہے: ما احسنَ حَتَارِشَ هذا الصبّي: اس بچے کی حرکتیں کتنی بھلی اور پیاری ہیں!

۵۔ تَحَتْرَفَ الشيْءُ: بکھر جانا، کہا جاتا ہے۔ تَحَتْرَفَ الشيْءُ من یدی: چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔ الحَتْرَفَة: آنکھ کی سرخی، خشونت۔

○ حُتْرَة: چھوٹا ٹکڑا۔ معمولی سی چیز یا بات حِتَار جمع حُتُر: کنارا، حاشیہ، گرد و پیش، گرد و نواح، قرب و جوار، ماحول۔

حتف: الحَتْف جمع حُتُوف: موت، کہا جاتا ہے۔ مات حَتْفَ انفِهِ او حتفَ فیه: وہ قتل یا چوٹ سے نہیں بلکہ اپنے بستر پر مرا یعنی طبعی موت مرا۔

○ یَبْحَثُ عَن (یَسْعَی الی) حَتْفِهِ بِظِلْفِهِ: وہ اپنی تباہی کا خود ہی باعث ہو رہا ہے۔ وہ اپنی ہی قبر کھود رہا ہے۔ مات حتفَ انفِهِ: وہ طبعی موت مرا۔

حتك: حَتَكَ ـِ حَتْكًا و حَتَكَانًا و تَحَتَّكَ: چھوٹے اور تیز قدموں سے چلنا۔ الحَتَكَ و الحَوَاتِك (ح): شتر مرغ کے بچے۔

حتل: حَتَلَ ـُ حَتْلًا ہ: کو دینا۔ الحِتْل و الحَاتِل: مثل، مشابہ۔

حتم: ا۔ حَتَمَ ـِ حَتْمًا الشيْءَ: کو مضبوط کرنا۔

۲۔ حَتَمَ ـِ حَتْمًا الشيْءَ علیه: کو پر واجب کرنا۔ ـ بالشي: کسی چیز کا حکم لگانا، فیصلہ کرنا۔ تَحَتَّمَ الشيْءَ علی نفسه: کو اپنے پر لازم یا واجب کر لینا۔ ـ وانْحَتَمَ الامرُ: کسی معاملہ کا ایسا لازم ہونا کہ اس کا خلاف ناممکن ہو۔ الحَتْم جمع حُتُوم: فیصلہ۔ الحاتِم (فا): حاکم (کہا جاتا ہے: حتم الحاتِمُ بکذا: حاکم نے اس چیز کا فیصلہ دیا) کوّا۔

۳۔ تَحَتَّمَ: دسترخوان کا بچا ہوا کھانا کھانا۔ الحُتَامَة: دسترخوان کا بچا ہوا کھانا۔

۴۔ تَحَتَّمَ: ہشاش بشاش ہونا۔ اپنی خوشی کا اظہار کرنا۔

۵۔ تَحَتَّمَ الزجاجُ بعضُه علی بعض: شیشے کا ایک دوسرے پر گر کر چکنا چور ہو جانا۔

۶۔ الحَتْم (مص) جمع حُتُوم: خالص (کہا جاتا ہے: هو الاخُ الحَتْمُ: وہ سگا اور حقیقی بھائی ہے۔ هذا ولدٌ حَتْمٌ: یہ حقیقی لڑکا ہے، جس کے نسب میں کوئی شک نہیں) سیاہ۔ الحاتِم: سیاہ۔ الحُتْمَة: سیاہی۔ الأَحْتَم: سیاہ۔

○ حَتَمَ ـِ حَتْمًا ہ علی: کا کیلئے حکم جاری کرنا، کو کیلئے ضروری بنانا، کو کیلئے مقرر کرنا، کو کیلئے فرض، واجب یا ضرورت بنانا، کو پر عائد کرنا، کی کسی کو ہدایت کرنا۔ ـ ب: کا فیصلہ کرنا، کا یقین کرنا۔ حَتَّمَ ہ علی: کا کیلئے حکم جاری کرنا، کو کیلئے ضروری بنانا، کو کیلئے مقرر کرنا، کو کیلئے فرض، واجب یا ضرورت بنانا تَحَتَّمَ: ضروری ہونا، ـ علی: کا فرض ہونا، پر واجب ہونا، لازمی ہونا۔ حَتْم جمع حُتُوم: عاید کرنا، حکم، ہدایت، تاکید، آخری فیصلہ، قرارداد، تعیین، حَتْمًا: قطعًا، یقینًا، واضح طور پر، بالضرور، لازمی طور پر، لازمًا، چار و ناچار، ناگزیر طور پر۔ حَتْمِيٌّ: ناگزیر، اٹل، عین فطرت کے مطابق۔ واضح، قطعی، غیر مبہم، فیصلہ کن، ناقابل تنسیخ، دوٹوک، ناقابل تبدیلی، آخری، طے شدہ۔ حَتْمِيَة: قطعیت، وضوح، ناطقیت، فیصلہ کنی، فیصلہ، تصفیہ، تاریخ، وقت یا حدود کا تعین، ارادہ، قصد، عزم، ثابت قدمی، ناقابل تبدیلیت، ضرورت، الحتمیة: یہ نظریہ کہ افعال انسانی کلی طور پر متعین نہیں ہوتے، عدم تعین کا عقیدہ (فلسفہ میں)۔ محتوم: عاید، موکد، نصیحت کردہ، حکم دیا ہوا، ہدایت کیا ہوا، ضروری، واجب، لازم، لازمی، ناگزیر، اخلاقًا و قانونًا لازم، محدود، مقرر، طے شدہ، مستقل، معین، پکا، پختہ، ناطق، قطعی، فیصلہ کن، قاطع، مقرر شدہ، مصمم، ناقابل تغییر، اٹل، عین فطرت کے مطابق، مبرم، مقدر، ٹھہرایا ہوا، مامور، پہلے سے لکھا ہوا، پہلے سے فیصلہ کیا ہوا۔ مُحَتَّم: عاید شدہ، تاکید کیا ہوا، موکد، ضروری، واجب، لازم، لازمی، ناگزیر، مقرر، طے شدہ، معین، مقرر شدہ، فیصلہ کن، قاطع، ناقابل تغیر، اٹل، پہلے سے لکھا ہوا، پہلے سے فیصلہ کیا ہوا۔ مُتَحَتِّم: انتہائی ضروری۔ واجب (فرض)۔

حتن: ا۔ حَتِنَ ـَ حَتَنًا الحرُّ: گرمی کا شدید ہونا۔

۲۔ أَحْتَنَ الرجلُ: کے سارے تیروں کا ایک ہی جگہ پڑنا۔ تَحَاتَنَ القومُ فی الأمر: کسی امر میں لوگوں کا یکساں و مساوی ہونا، کہا جاتا ہے: تَحَاتَنَ الدمُ: آنسوؤں کے دو دو قطرے گرے۔ تحاتنت الرِیاحُ: مختلف الجہات ہوائیں پے در پے چلیں اِحْتَتَنَ: بالکل برابر ہونا۔ الحَتْن و الحِتْن: مساوی، ایک جیسا، ساتھی، کہا جاتا ہے: هما حتنان: وہ دونوں برابر ہیں۔ الحاتِن من الأیّام: وہ دن جس کا اول و آخر گرمی میں برابر ہو۔

حتا: حَتَا یَحتُو حَتْوًا: بہت تیز دوڑنا۔

حتی: حَتَی ـِ حَتْیًا و أَحْتَی الحبلَ: رسی بٹنا۔ ـ ہ: کو سینا، مضبوط کرنا۔ فرسٌ مُحْتَاةُ الخَلْق: مضبوط ہاتھ پاؤں کا گھوڑا۔

حثّ: ا۔ حَثَّ ـُ حَثًّا و حَثَّثَ تَحْثِیثًا و احَثَّ اِحْثَاثًا و اِسْتَحَثَّ اِسْتِحْثَاثًا الرجلَ علی الأمر: کو کسی کام پر اکسانا، کو کوئی کام کرنے پر سرگرم کرنا۔ حَاثَّ ہ: کو برانگیختہ کرنا، اُکسانا، ابھارنا۔ تَحَاثَّ القومُ: ایک دوسرے کو اکسانا۔ اِحْتَثَّ اِحْتِثَاثًا: برانگیختہ ہونا، برانگیختہ کیا جانا (لازم و متعدی) الحَثِیث والحَثُوث: تیز۔ کہا جاتا ہے۔ ولّی حَثِیثًا: وہ تیزی سے واپس پھرا۔ الحَثَاث و الحِثَاث: تیزی، تھوڑی نیند، جھپکی کہا جاتا ہے۔ ما اکتحل فلانٌ حَثَاثًا: اس نے ذرا سی نیند بھی نہیں لی۔

۲۔ الحُثّ: بھوسے کے ریزے۔ خشک روٹی، چمکتی ہوئی ریت۔

۳۔ حَثْحَثَ البرقُ: بجلی کا بادل میں کوندنا۔ ـ المیلَ فی العین: سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں ہلانا۔ ـ فلانًا: کو کسی

چیز پر اکسانا، برانگیختہ کرنا تَحَثْحَثَ القومُ: تیار ہونا، آمادہ ہونا الحثحاث و الحُثْحُوْث: بہت جلدی کرنے والا۔

○ حَثَّ ـُ حَثًّاہ علی: کو کچھ کرنے پر اکسانا، ترغیب دینا، مجبور کرنا، سے کا تقاضا کرنا، کو پر آمادہ کرنا، جانور کو تیز چلانا، کو ایڑ لگانا، مہمیز کرنا، تیز دوڑانا، کو کا لالچ دینا، کو کی تحریص کرنا، کو پر ابھارنا، کو پر بھڑکانا، اشتعال دینا، طیش دلانا، برانگیختہ کرنا حَثَّ خُطَاہ إلی: کی طرف قدم تیز کرنا، جلدی کرنا حَثَّ الطریقَ: جلدی کرنا، دوڑنا، جلدی جلدی قدم اٹھانا حَثَّ قَدَمَیہ: تیز قدم ہونا، دوڑنے لگنا اِحْتَثَّ و اِسْتَحَثَّ: بمعنی حَثَّ حَثِیث: تیز، تیز رو، تیز رفتار، تند، چست، جلد باز، پھرتیلا حَاثَّة: ایک مادہ جو غدودوں سے نکل کر خون میں شامل ہوتا ہے اور تحریک اعضاء کا باعث بنتا ہے۔ ہارمون (Harmone)

حثر: احَثِرَ ـَ حَثَراً الجلدُ: جلد کا پھنسی دار ہونا۔ العسلُ: شہد کا خراب ہونے کے سبب دانے دار ہونا۔ صفت حَاثِر و حَثِر۔ حَثَّرَ الدواءَ: دوا کی گولیاں بنانا اَحْثَرَ و تَحَثَّرَ النخلُ: کھجور کے درخت کا پھل لانا المحَثَر: انگور کا دانہ جو ابھی ظاہر ہی ہوا ہو۔ الحَثِر: پھنسی والا، کہا جاتا ہے طعامٌ حَثِر: بکھرا ہوا کھانا جس میں کوئی خیر نہ ہو فؤادٌ حَثِر: وہ دل جو یاد نہ رکھ سکے۔

۲۔ حَثِرَ ـ حَثَرًا الشیٔ: کشادہ ہونا، صفت حَثِر و حَثُر ـــ ت العینُ: آشوب چشم سے آنکھ کا متورم ہونا المحَثَر (مص): تلچھٹ۔

۳ یحَثُرَبَ الماءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ تِ البئرُ: کنویں کا گدلے پانی والا ہونا المحُثْرُب: گدلا پانی۔ (ن) میدانی سبزی۔

حثل: احَثِلَ ـَ حَثَلًا: بڑے پیٹ والا ہونا۔

۲۔ أَحْثَلَ تِ الأُمُّ وَلَدَھا: ماں کا بچے کو خراب غذا دینا۔ صفت مفعول حَثِیل: ـ الدھرُ فلاناً: زمانہ کا کسی کو بدحال کردینا المحَثَل: دودھ پلانے کی خرابی، بدحالی المحثل: لاغر، کمزور۔

۳۔ الحُثَال و الحُثَالَة: چاول یا جو وغیرہ کا چھلکا (جو گر گیا ہو) حُثَالَةُ الدھن: تیل کا تلچھٹ ـــ الناسِ: گھٹیا رذیل لوگ ـ الحِثْلَة: حوض میں تھوڑا بچا ہوا پانی۔

○ حُثَالَة: بے کار شے، تلچھٹ، ذرا سا بچا ہوا حصہ فضلہ، گاد، (مجازًا)، چوکر، بھوسی، میل کچیل، پھوک، ریزے، چھانٹا ہوا پتہ، ردی، بیکار چیزیں، ٹوٹی پھوٹی چیزیں حثالة الحریر: ریشم کے ٹکڑے۔

حثم: حَثَمَ ـُ حَثْمًا الشیٔ: کو ملنا، رگڑنا ـ لہ: کو دینا المـحُثْمة: بند کے نزدیک پانی گرنے کی جگہ الحَثْمَة و الحَثَمَة جمع حِثام: چھوٹا ٹیلہ، ناک کا بانسہ۔

حثا: احَثَا ـُ حَثْوًا و حَثَی ـِ حَثْیًا و تَحْثَاءً لہُ: کو تھوڑی سی چیز دیدینا۔

۲ حَثَا ـُ حَثْواً و حَثَی ـِ حَثْیًا و تَحْثَاءً الترابَ: مٹی گرانا۔ الترابُ: مٹی کا گرنا، مجازاً کہا جاتا ہے حَثَا فی وجھہ الرمادَ: اس نے اس کو شرمندہ و نادم کر دیا حَثَا فی وجھہ الترابَ: وہ اس سے سبقت لے گیا اِسْتَحْثَوا: ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی پھینکنا المحثاء و الحَثَی: ڈالی ہوئی مٹی، بھوسے کے ریزے الحَثَی (مص) جمع حَثَیَات: مٹی وغیرہ کا لیپ المحَثْوَاء: بہت مٹی والی زمین۔

حثی: دیکھو حثا۔

حَثَا ـُ حَثْوًا: کو بکھیرنا، چھڑکنا، پھیلا دینا، منتشر کرنا، پراگندہ کرنا۔

حج: احَجَّ ـُ حَجًّاہ: کا قصد کرنا، کہا جاتا ہے حَجَّ بنو فلان فلانًا: بنو فلاں نے فلاں کے پاس بہت آمدورفت رکھی حججتُ فلانًا: میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔ الاماکنَ المقدسَةَ: مقامات مقدسہ کی زیارت کرنا صفت حَاجّ جمع حُجَّاج و حَجِیج و حُجّ مونث حَاجَّة جمع حَوَاجّ۔ ـــ علیہ: کے پاس آنا حَجَّجَ تَحْجِیجًا و أَحَجَّ اِحْجَاجًاہ: کو ادائیگی حج کے لئے بھیجنا اِحْتَجَّ البیتَ: بیت اللہ کی زیارت کرنا المحاج (فا): مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع ہے بمعنی الحُجَّاج: کہتے ہیں قدم الحاجُّ حتی المشاۃ: حاجی لوگ آپہنچے حتی کہ پیدل چلنے والے بھی الحِجَّة: سال ذوالحِجَّة: جمع ذَوَاتُ الحِجَّة: قمری سال کا آخری مہینہ جو ذی القعدہ اور محرم کے مابین واقع ہے المَحَجّ: حج کرنے کی جگہ المَحَجَّة جمع مَحَاجّ: راستہ کا بیچ (درمیانی حصہ) المَحْجُوج: مطلوب، مقصود، حج کرنے کی جگہ۔

۲۔ حَجَّ ـُ حَجًّا عن الامر: کسی کام سے باز رہنا، رکنا،

۳۔ حَجَّ ـُ حَجًّاہ: پر دلیل میں غالب آنا حَاجَّ حِجَاجًا و مُحَاجَّةً ہ: سے جھگڑا کرنا اور اس پر غالب آنا تَحَاجًّا تحاجًّا: آپس میں جھگڑنا۔ اِحْتَجَّ: دعوی کرنا اپنے دعوی پر دلیل لانا۔ بالشیٔ: کو [illegible] ظاہر کرنا الحُجَّة جمع حُجَج و حِجَاج: دلیل، برہان، حجت عند العامة: کسی چیز کی رسید جو فروخت کی جائے المحِجَّة: حج کا اسم، حج کرنا۔ الحَجِیج: دلیل سے غالب آنے والا المِحْجَاج: بہت جھگڑالو المَحْجُوج: دلیل میں مغلوب ہونے والا۔

۴۔ حَجَّ ـُ حَجًّا الجرحَ: زخم میں سلائی ڈال کر ٹٹولنا۔ الحَجِیج: وہ شخص جس کا زخم سلائی ڈال کر ٹٹولا جائے۔ المِحْجَاج (طب): زخم ٹٹولنے کی سلائی۔

۵ المَحَجَّة: بالی، کان کی لو المحِجَّة: کان کی لو۔ الحَجَاج جمع حُجُج و اَحِجَّة و حِجَاج: ابرو کی ہڈی حَجَاجُ الشمس: آفتاب کا کنارہ

۶ حَجْحَجَ: بولنے سے رکنا ـــ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ الرجلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا۔

○ حَجَّ ـُ حَجًّاہ: پر دلائل، شہادت سے غالب آنا، یا اس کو دلائل سے شہادت سے شکست دینا، کو قائل کرنا، منوالینا، باور کرانا، یقین دلانا (مکہ) کی زیارت کرنا، (مکہ) کا حج کرنا حَاجَّ ہ: سے جھگڑنا، بحث کرنا، سے بحث میں اپنے نقطہ نگاہ پر زور دینا، کو قائل کرنے کی کوشش کرنا تحاجّا: ایک دوسرے کے خلاف دلیل دینا، استدلال کرنا، دلیل لانا، مباحثہ کرنا، کسی مسئلہ پر بحث یا مشورہ طلب کرنے کے لئے ملنا۔ اِحْتَجَّ ب: دلیل، عذر، اپیل وغیرہ کے طور پر کچھ پیش کرنا، تائید یا بیگناہی کے ثبوت کے طور پر کہنا یا بیان دینا کہ۔ عذر پیش کرنا ـــ ل: کی براءت کرنا، کو بیگناہ ثابت کرنا، کا جواز پیش کرنا، کی توجیہ کرنا۔ علی: پر اعتراض کرنا، پر ناپسندیدگی کا اظہار کرنا، کے خلاف احتجاج کرنا حَجّ و حِجَّة جمع حِجَّات و حِجَج: حج، مکہ کا حج، زیارت ذو الحِجَّة: اسلامی سال کا آخری مہینہ۔ حُجَّة: بحث، دلیل، بہانہ، عذر، معذرت، ثبوت، دستاویز، نوشتہ، تحریر، مستند ماخذ، مجاز، حاکم بحُجَّۃ ان: کے بہانے، کی درخواست پر، کے عذر پر، کی حجت پر۔ حَجَاج جمع حِجَّة: مدار۔ مَحَجّ: (سفر کی) منزل مقصود مَحَجَّہ جمع مَحَاجّ: حج کرنے کی جگہ یا چیز مزار۔ (سفر کی) منزل مقصود، مقصد، راستہ، طریقہ، طریق کا محجة الصواب: صراط مستقیم، سیدھا راستہ مَحَجَّةُ الحدید: ریل، ریلوے، ریل کی پٹڑی حِجَاج: بحث، جھگڑا، تَحَجُّج: بحث مباحثہ، مناظرہ، بحث و استدلال، عذر پیش کرنا، بہانہ، عذر یا حیلہ پیش کرنا اِحْتِجَاج جمع احتجاجات: بحث و استدلال، مناظرہ، عذر، بہانہ

-علي کے خلاف احتجاج، گلہ، شکایت، پر اعتراض۔

حجا: حَجَأَ - حَجْأً بالشيء: پر خوش ہونا۔ — عنه الشيءَ: سے چیز کو روکنا۔ حَجِئَ - حَجْأً و حَجَأً و تَحَجَّأَ بالشيء: کا بخل کرنا، پر فریفتہ ہونا۔ الحَجِي: لائق، قابل، سزاوار (آپ کہتے ہیں: هو حَجِيٌّ بكذا وہ فلاں چیز کے لائق ہے، اس کا اہل ہے)۔ پناہ لینے والا، آپ کہتے ہیں: هو حَجِيٌّ اليهم وہ ان کے پاس پناہ لئے ہوئے ہے۔ المَحْجَا جائے پناہ۔

حجب ۱۔ حَجَبَ - حَجْبًا و حِجَابًا و حَجَّبَ ہ کو چھپانا۔ تَحَجَّبَ و اِحْتَجَبَ چھپنا۔ الحِجَاب جمع حُجُب: پردہ، تعویز۔ (مو)۔ ستار کے آئینہ کو ڈھکنے والا جھومر تعویذ۔ حجاب الشمس: سورج کی روشنی — القلب: دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہونے والا پردہ۔ الحاجب جمع حَوَاجِب و حَوَاجِيب: ابرو۔ حاجِبُ الشمس: سورج کا کنارہ، طلوع کے وقت سورج کا نظر آنے والا کنارہ۔ حَوَاجِبُ الشمس: سورج کی شعاعیں۔ حاجِبَةُ الشمس: (ا ع): آنکھوں کو سورج کی شعاعوں سے بچانے والا سامان۔

۲۔ حَجَبَ - حَجْبًا و حِجَابًا صدرُہُ: کا سینہ تنگ ہونا۔

۳۔ حَجَبَ - حَجْبًا و حِجَابًا ہ: کو اندر آنے سے روکنا، کہا جاتا ہے: فلانٌ يحجب للأمير: فلاں شخص حاکم کا دربان ہے۔ - بينهما: دو چیزوں کے درمیان حائل ہونا۔ حَجَّبَ ہ: کو اندر آنے سے روکنا۔ اِسْتَحْجَبَ ہ: کو دربان بنانا، حاجب مقرر کرنا۔ الحِجَاب جمع حُجُب: دو چیزوں میں حائل ہر چیز۔ الحاجِب جمع حُجَّاب و حَجَبَة: دربان۔ الحِجَابَة: دربان کا پیشہ۔ دربانی۔

۴۔ حَوَاجِبُ الشيء: چیز کا کنارہ۔ الحاجِبِيَّة (ن) ایک قسم کا پودا جو معتدل ممالک میں بکثرت ہوتا ہے، اس کے پھول بڑی حد تک حشرات الارض جیسے شہد کی مکھی، مکھی وغیرہ سے مشابہ ہوتے ہیں۔

○ حَجَبَ - حَجْبًا ہ علی: کو سے چھپانا، کو سے ڈھکنا، کے آگے پردہ لگا دینا، کی آڑ میں کر دینا، کی سے حفاظت کرنا، کو سے الگ رکھنا، کو سے مخفی کرنا۔ — ہ: کو بے رونق یا ماند کرنا، سے آب و تاب میں بڑھ جانا، — ہ عن: کو کیلئے ناقابل فہم بنانا، کو سے پوشیدہ رکھنا، کو سے چھپانا۔ — بين — و بين: کے درمیان جدائی ڈالنا۔ حَجَّبَ: چھپانا، نقاب اڑھانا۔ — ها: عورت کو پردہ کرانا۔ — ہ ب: کو سے چھپانا، ڈھانپنا، تَحَجَّبَ عن: سے چھپنا، — نقاب اوڑھنا، منظر سے فرار ہو جانا۔ اِنْحَجَبَ: نقاب اوڑھنا، برقع پہننا، چھپنا، ڈھکنا، چھپ جانا، مخفی ہونا۔ اِحتجب (فضۃ): غائب ہو جانا، فضا میں تحلیل ہو جانا، نظر نہ آنا، نظر سے غائب ہو جانا، نقاب اوڑھنا، پردہ کرنا، چھپنا۔ — عن: سے پوشیدہ ہو جانا، چھپ جانا۔ — پیچھے ہٹنا، دیکھے جانے سے بچنا۔ (اخبار، رسالہ وغیرہ) بند ہو جانا، منقطع ہو جانا۔ حجب: الگ تھلگ ہونا یا کرنا، چھپانا، حفاظت کرنا، پناہ دینا، دور رکھنا۔ حِجَاب جمع حُجُب و أَحْجِبَة: نقاب، چادر، شال، لمبا پردہ پردہ، عورت کا نقاب، برقع، آڑ، اوٹ، پردہ، پارٹیشن (کمروں کے درمیان پتلی دیوار)، فولڈنگ سکرین، ناکہ، روک، ڈایافرام Diaphragm، تعویذ، حاجب جمع حُجَّاب و حجبة: دربان، حاجب، اردلی، چپڑاسی، حاجب الهواء: سربند، بند منہ کا، ہوا بند حاجب: چھپانے والا، حفاظت کرنے والا، آڑ میں کرنے والا۔

حجر ۱۔ حَجَرَ - ہ حَجْرًا و حُجْرَانًا (بتثلیث الحاء فی المصدرین): کو روکنا — علیہ القاضيُ: قاضی کا کسی کو اپنے مالی تصرفات سے روک دینا۔ حَجْرًا و مَحْجَرًا علیہ الامرَ: پر کوئی امر حرام کرنا، ناجائز ٹھہرانا۔ تَحَجَّرَ علی فلان: کو محروم کرنا، کو تنگ کرنا، کہا جاتا ہے۔ تَحَجَّرَ ما وسّعه اللّٰهُ: جس چیز میں اللہ تعالیٰ نے اس کو فراخی دی تھی اس کو اپنی جان کیلئے تنگ کر لیا۔ اِحْتَجَرَ الشيءَ: کو اپنی گود میں رکھنا، لینا، — بہ: کی پناہ لینا۔ الحُجْر: ممانعت، دفع رکاوٹ، کہا جاتا ہے۔ حُجْرًا لہ: وہ دفع ہو۔ حُجْرَتا العسكر (ا ع): لشکر کے بازو، میمنہ، میسرہ۔ الحَجْر (مص): مطلقاً رکاوٹ۔ — و الحُجْر و الحِجْر: حرام (کہا جاتا ہے: هذا حِجْرٌ عليك: یہ تم پر حرام ہے)۔ گود، کہا جاتا ہے: نشأ فلان في حجر فلان: فلاں فلاں کی گود یا حفاظت میں پلا بڑھا۔ الحِجْر جمع حُجُور و حُجُورَة و أَحْجَار: عقل، گھوڑی، أَحْجَارُ الخَيل: وہ عمدہ گھوڑے جو نسل بڑھانے کے لئے رکھے جائیں۔ (مفرد غیر مستعمل ہے) الحَاجِر (فا): صحراء میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ ——— و الحاجور: پانی کو روکنے والا دریا کا پشتہ۔ المَحْجَر: حفاظت کی جگہ۔ اسی سے ہے۔ المحجر الصحيّ: وہ جگہ جہاں وبائی امراض میں مبتلا لوگ حفاظت و نگرانی میں رکھے جاتے ہیں تاکہ دوسرے تندرست لوگ وبا کا شکار نہ ہوں۔ گاؤں کا ارد گرد جیسے باغ [illegible] مَحَاجِر باغیچہ۔

۲۔ حَجَّرَ الطينُ: مٹی کا سخت اور پتھر کے مانند ہونا۔ تَحَجَّرَ و اِسْتَحْجَرَ: پتھر جیسا ہونا۔ الحَجَر جمع أَحْجَار و حِجَار و حجارة و أَحْجُر: پتھر، کہا جاتا ہے: أَلْقَمَهُ الحَجَرَ: اس نے اسے مسکت اور دندان شکن جواب سے خاموش کر دیا۔ کہا جاتا ہے۔ اهل الحَجَر و المَدَر: دیہاتی لوگ۔ الحَجَرَان: چاندی اور سونا۔ الحَجِر و الحَجِير: بہت پتھروں والی جگہ۔

۳۔ حَجَّرَ القمرُ: چاند کا ہالہ والا ہونا۔ أَحْجَرَہ: کو ڈھانپنا، چھپانا۔ اِحْتَجَرَ: حجرہ بنانا۔ تَحَجَّرَ و اِسْتَحْجَرَ الرجلُ: حجرہ بنانا۔ الحَجْر من العين: آنکھ کا خانہ۔ الحُجُر: ناخن کے گرد کا گوشت۔ المَحْجَر و المِحْجَر جمع مَحَاجِر من العين: آنکھ کا خانہ۔ الحُجْرَة جمع حُجَر و حُجُرَات و حُجَرَات و حُجْرَات: کمرہ۔

۴۔ اِسْتَحْجَرَ علیہ: کی جرأت کرنا۔

۵۔ الحاجِر جمع حُجْرَان: بلند زمین جس کا درمیانی حصہ نشیبی ہو۔ الحُجْرَة جمع حُجَر و حُجُرات و حُجَرات و حُجْرات: کنارہ، الحَجْرَة جمع حَجْر و حَجَرات و حَوَاجِر: کنارہ، کہا جاتا ہے۔ إِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُهُ: اس کا مال بہت ہوگیا۔

○ حَجَرَ - حَجْرًا و حِجْرًا و حُجْرًا و حِجْرَانًا و حُجْرَانًا علی: کو تک رسائی نہ کرنے دینا۔ ہ / علی: کو روکنا، باز رکھنا، کی راہ میں حائل ہونا، — ہ علی: کی پر ممانعت کرنا، سے کو محروم کرنا۔ — علی ہ: کو کچھ کرنے سے روکنا، منع کرنا۔ — علی: کو زیر سرپرستی رکھنا، کو قانونی طور پر نااہل قرار دینا، حَجْر: پابندی، روک تھام، باز رکھنا، روک، رکاوٹ، تعرض، سد راہ ہونا، حائل ہونا، بندش، (— علی: کو مختصر کرنا، کم کرنا) روکنا، بند کرنا، محروم کرنا، اخراج، ممانعت، گوشہ نشینی، حدود کے اندر رکھنا۔ روک رکھنا، احتیاطی بندش، امتناع، تنسیخ، استرداد، — علی: کسی شخص کی قانونی اہلیت کی تنسیخ یا حد بندی (بندش) حجر صحي: قرنطینہ (امراض وبائی کے لئے جبری قیام) طبی قید، حِجْر: روکا ہوا، منع کیا ہوا، باز رکھا ہوا، ممنوع قرار دیا ہوا، گود، آغوش، دامن (جمع أحجار و حُجُور و حُجُورَة): گھوڑی، حُجْرَة جمع حُجَرات: کمرہ، سیل (Cell) (ریل گاڑی کا) کمپارٹمنٹ، کوٹھڑی، چوبارہ، خوابگاہ، حجرہ، ایوان۔ حُجْرَة الانتظار: انتظارگاہ، حجرة النوم: بیڈروم، خوابگاہ۔ الحجرة الفلاحية: ایوان زراعت۔ مَحْجَر جمع مَحَاجِر:

فوجی، ہسپتال، بیماروں کے رہنے کی عمارت۔ جیل، قید خانہ کال کوٹھری محجرٌ صحیّ: قرنطینہ، قرنطینہ کا مرکز۔ مَحْجِر و مِحْجَر و مَحْجَر جمع مَحَاجِر و محجر العین: حلقہ چشم۔ تحجیر: ممانعت، پابندی، امتناع مَحْجُور جمع مَحَاجِیر (اور مَحْجُور علیہ): زیر سرپرستی رکھا ہوا، نابالغ، صغیر سن، وارڈ نگرانی۔ حَجَّر ہ: کو پتھر بنا دینا، پتھر میں تبدیل کر دینا، کو پتھر جیسا سخت کر دینا۔ تَحَجَّرَ: پتھر میں تبدیل ہو جانا، پتھر ہو جانا۔ حَجَر جمع أَحْجَار و حِجَارَۃ و حِجَار: پتھر۔ وزن۔ الحجر الاساسیّ: بنیادی پتھر۔ بنیادی چیز۔ نیو کی اینٹ، وضع الحجر الاساسی: نیو کی اینٹ رکھنا۔ حجر البَلَاط: پتھر کی سل، فرش کا پتھر۔ حجر جهنم: قمری تیزاب، شورے کا تیزاب۔ حجر الجِیر: چونے کا پتھر۔ الحجر السُّمَّاقي یا حجر السُّمَّاقي: ایک قسم کی سخت سرخ چٹان جو سرخ و سفید بلوروں پر مشتمل ہوتی ہے اور انہیں صیقل کر کے زیورات بنائے جا سکتے ہیں۔ الحجر الأسود: (کعبہ کا) سیاہ پتھر۔ حجر العَثْرَۃ: رکاوٹ، سنگِ راہ۔ حجر القمر: کھریا مٹی، حجر کریم اور حجر ثمین: قیمتی پتھر، گوہر۔ طبع علی الحجر: پتھر کا چھاپا، پتھر پر لکھ کر چھاپنا۔ طباعة الحجر: پتھر کی چھپائی یا طباعت۔ حَجَرِی: پتھر کا، پتھر کے متعلق۔ العصر الحجری: پتھر کا زمانہ۔ العصر الحجری الحدیث: پتھر کے زمانہ کا آخری دور۔ العصر الحجری القدیم: پتھر کے زمانہ کا قدیم دور۔ حَجِر: پتھریلا، پتھر بنا ہوا۔ حَجَّار: پتھروں سے عمارت بنانے والا، معمار، پتھر کاٹنے والا۔ مَحْجَر جمع مَحَاجِر: پتھر کی کان۔ تحجیر: پتھر کر دینا، کان سے پتھر نکالنا۔ تَحَجُّر: پتھر ہو جانا۔ مُتَحَجِّر: پتھر بنا ہوا، مُسْتَحْجِر: پتھر بنا ہوا۔

حجز: ا۔ حَجَزَ ـِ حَجْزًا و حِجَازَۃً بینهما: کے درمیان میں آنا، فاصلہ کرنا ـــ ہ: کو منع کرنا، روکنا، دور کرنا۔ علیہ المالَ و العقارَ: کے مال یا جائیداد کو دعوی کی بنا پر روک لینا۔ حَاجَزَہ: ایک دوسرے کو منع کرنا۔ أَحْجَزَ و اِنْحَجَزَ: ملک حجاز میں آنا۔ تَحَاجَزُوا: ایک دوسرے کو منع کرنا، روکنا، دفع کرنا۔ اِنْحَجَزَ: رکنا۔ اس کی مثال یہ ہے: حجزہ فانحجز: اس نے اس کو روکا تو وہ رک گیا۔ احتجز بہ: سے محفوظ ہونا، باز رہنا ـــ الرجلُ: ملک حجاز میں آنا۔ الحِجز: پاک دامن، پاک ـــ والحُجْز: قبیلہ۔ الحَاجِز جمع حَجَزَۃ: روکنے اور حائل ہونے والا۔

تلوار کی دھار، برزخ، رکاوٹ ـــ الناری (اع): بموں کی باڑھ، گولیوں کی باڑھ ـــ الحراری: ہوائی جہاز کی ہوائی طبقوں سے رگڑ سے پیدا ہونے والی گرمی یا حرارت۔ الحِجاز: جزیرہ عرب میں معروف ملک جو تہامہ اور نجد کے درمیان حائل ہے۔

(مو): گانے کا ایک سُر۔

۲۔ اِحْتَجَزَ الشيُّ: جمع ہونا، اکٹھا ہونا،

۳۔ اِحْتَجَزَ الشيَّ: کو گود میں اٹھانا اور گھیرنا ـــ بالإزار: ازار کمر پر باندھنا۔ الحُجْزَۃ جمع حُجَز و حُجُزَات و حُجَزَات و حُجْزَات: آزار باندھنے کی جگہ، نیفہ ـــ فی المجاز: کسی شے کو تھامے رہنا، تمسک، کہا جاتا ہے فلانٌ طیّب الحُجْزَۃ: فلاں پاکدامن ہے۔ شدید الحجزۃ: بڑا صابر۔ ھذا کلام آخذ بعضه بحُجُزَۃِ بعض: اس کلام کا ایک حصہ دوسرے حصے سے مربوط و منسلک ہے۔ الحِجاز: کمر بند۔ اونٹ کو باندھنے کی رسی۔ المُحْتَجَز: آزار باندھنے کی جگہ۔

۴۔ الحِجْز والحُجْز: اصل، کنارہ۔ الحاجِز جمع حَجَزَۃ ظالم۔

○ حَجَزَ ـِ حَجْزًا ہ عن: کو سے روکے رکھنا، کو سے منع کرنا، روکنا، کی راہ میں حائل ہونا، کو سے روک رکھنا، باز رکھنا ـــ بین: دو چیزوں کو الگ کرنا ـــ ہ / علی: کو ضبط کرنا، کو الگ کرنا، علیحدہ کرنا، کو قرق کرنا، باڑے میں بند کرنا، پر قبضہ کرنا، کو زبردستی لے لینا ـــ ہ: کو بحق سرکار ضبط کرنا، کی حفاظت کرنا، کو ریزرو کرنا، (جیسے نشست ریزرو کرنا) ـــ: بلاک کرنا، بند کرنا، روکنا، منفصل کرنا، الگ کرنا، جدا کرنا، علیحدہ کرنا، الگ تھلگ کرنا، گرفتار کرنا، نظر بند کرنا، قید کرنا، حد کے اندر رکھنا، الگ رکھنا، تنہائی میں رکھنا، ناقابل گزر بنانا، ناقابل رسائی بنانا، پہنچ سے باہر رکھنا، ناقابل حصول بنانا۔ حَجْز: قابو میں رکھنا، روکنا، پابندی، قید، قید و بند، الگ تھلگ کرنا، حدود کے اندر رکھنا، تنہائی، علیحدگی، جدائی، گرفتاری، نظر بندی، گرفت، ضبطی، قرقی (سیٹوں کی) ریزرویشن ـــ علی: کی ضبطی، قرقی حجز الحرّیہ: آزادی کی موقوفی، غیر قانونی گرفتاری، قید، حراست یا روک، ناجائز تشدد، سختی، جبر، حبس، جبر اکراہ۔ القی الحجز علی: کو بحق سرکار ضبط کر لینا۔ الحِجاز: حجاز، مغربی عرب بحر قلزم کے ساحل پر واقع علاقہ۔ حِجازی: حجاز کے متعلق (جمع حجازیون) حجاز کا باشندہ۔ حاجز و حاجز جمع حواجز: رکاوٹ، روک، آڑ، رخنہ، سدراہ، ہوا، درمیان دیوار، اوٹ، آڑ، ٹٹی، پردہ، چلمن، بلاک، ناکہ بندی، روڈ بلاک، جنگلا، تار کا احاطہ، فصیل، پھاٹک، باڑ، کٹھرا، جنگلے یا کٹہرے کے چھوٹے ستونوں کا سلسلہ، کچا پشتہ، عارضی روک، کچی مورچہ بندی۔ الحجاب الحاجز: ڈایافرام Diaphragm پردہ یا جھلی۔ پردہ شکم، اعضائے رئیسہ اور معدہ کے بیچ کا پردہ۔ حاجِزُ الأمواج: لہر توڑ۔ بند۔ پشتہ (لہروں کو روکنے اور ان کا زور توڑنے کیلئے) الحواجز القُمْرُقِیَّۃ (الجُمْرُکیة): کسٹمز کی رکاوٹیں۔ حاجزة الصواعق: برق ربا (lightning rod) مُوَظَّفٌ حاجِز: قرقی والا، بیلف bailiff۔

حجف: حَاجَفَ مُحَاجَفَةً ہ: کا مقابلہ کرنا، کو ہٹانا، اِنْحَجَفَ: التجا کرنا، زاری کرنا۔ احْتَجَفَ ہ: کو چننا، منتخب کرنا ـــ الشیَّ: کو قبضہ میں لینا، حاصل کرنا ـــ نفسه عن کذا: خود کو سے ہٹانا، باز رکھنا۔ الحَجَفَة جمع حَجَف: لکڑی کے بغیر چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔ سینہ۔ الحَجِیف: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

○ مُحاجَفَة: یک بہنی باڑ۔ اِحْجاف بمعنی اِجحاف۔

حجل: ا۔ حَجَلَ ـُ حُجُولًا و حَوْجَلَ و حَجَّلَت العینُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔

۲۔ حَجَلَ ـُ حَجْلًا و حَجَلَانًا: ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پر چلنا۔

۳۔ حَجَلَ ـــِ حَجْلًا و حَجَلَانًا البعیرَ: اونٹ کو باندھنا۔ المُقَیَّدُ: مقید کا دونوں پاؤں سے کودنا۔ حَجَّلَ المُقَیَّدُ: مقید کا دونوں پاؤں سے کودنا۔ الحَجْل و الحِجْل و الحِجِل جمع أَحْجال وحُجُول: بیڑی۔

۴۔ حُجِلَ حَجْلًا بینهما: دونوں کے درمیان حائل ہونا۔

۵۔ حَجَّلَ الرجلُ امرَہ: اپنے کام کو مشہور کرنا۔ المُحَجَّل: مشہور، کہا جاتا ہے۔ امرٌ اغرُّ مُحَجَّل: بہت مشہور بات۔

۶۔ حَجَّلَ العروس: دلہن کے لئے کمرہ آراستہ کرنا، دلہن کو آراستہ کمرہ میں داخل کرنا۔ الحَجَلة جمع حجال و حَجَل: مکان کے اندر دلہن کے لئے ڈالا ہوا پردہ، دلہن کے لئے آراستہ کیا ہوا کمرا۔ ربّاتُ الحِجَال: عورتیں، عرب کہتے ہیں: الحُجُول لِربّات الحجال: پازیب عورتوں کے لئے ہے۔

۷۔ حَجَّلَتِ المرأۃُ بنانَها: عورت کا مہندی لگانا۔

۸۔ حُجِّلَت المرأۃُ: عورت کو پازیب پہنایا جانا۔ الحَجْل والحِجْل والحِجِل جمع أَحْجَال و

حُجُول: پازیب۔

۹۔ حُجِّلَ و تَحَجَّلَ الفرسُ: گھوڑے کا سفید ٹانگوں والا ہونا۔ صفت مُحَجَّل و مَحْجُول: اگر تین ٹانگوں سے سفید ہو تو وہ حَجِیل کہلاتا ہے۔ الحَجْل و الحُجْل و الحِجل جمع اَحْجَال و حُجُول و التحجیل: گھوڑے کے ٹانگ میں سفیدی المُحَجَّلُ من الحیل سفید ٹانگوں والا گھوڑا کہا جاتا ہے۔ یوم مُحَجَّل مسرت و خوشی سے روشن دن۔

۱۰۔ الحَجَلْ واحد حَجَلَة جمع حِجْلان و حَجْلَی (ح): چکور۔ الحَوْجَلة و الحَوْجَلَّة جمع حَوَاجِل و حَوَاجِیل: شیشی۔ الحُجَیْلاء: پانی جس پر دھوپ نہ پڑتی ہو۔

○ حَجَلَ ـِ حَجْلًا و حَجَلانًا: اچھلنا، کودنا، چھلانگ لگانا، اچھل کر کود جانا، ایک پاؤں پر کودنا، جانور کا کودنا، اچکنا، رسی سے کودنا، اچھل کود کرنا۔ حَجْل و حِجل جمع حُجُول و اَحْجَال پائل، پازیب، حَجَل اسم جنس واحد حَجَلَة جمع حِجْلان و حِجْلی: تیتر، دراج، چکور، پہاڑی تیتر یا چکور، پہاڑی بٹیر، لوا، بھڑ تیتر، حَجَلَة جمع حِجال: پردہ والا چھتر یا خوابگاہ (دلہن کے لئے)۔ لعبة الحَجَلة: بچوں کا کھیل جس میں ایک پاؤں پر چل کر ٹھیکری کو آگے بڑھاتے ہیں۔

مُحَجَّل: (عورت) جس نے پازیب پہنے ہوں سفید ٹانگوں والا (گھوڑا)، چمکدار، روشن، تاباں، تابندہ، فروزاں، بےمثال، منفرد، یکتا، غیر معمولی (خصوصاً اغر محجل کے جزو جملہ میں)۔

حجم: ۱۔ حَجَمَ ـِ حَجْمًا الحَجَّامُ المریضَ: حجام کا بیمار کے پچھنے لگانا۔ اِحْتَجَمَ: پچھنے لگوانا۔ الحَاجِم جمع حُجَّام و حَجَمَة و الحَجَّام: پچھنے لگانے والا۔ الحِجَامَة: پچھنے لگانا۔ المِحْجَم و المِحْجَمَة جمع مَحَاجِم: پچھنے لگانے کا اوزار، سینگی۔ المَحْجَم جمع مَحَاجِم: جسم میں پچھنے لگانے کی جگہ۔

۲۔ حَجَمَ ـُ حَجْمًا ہ عن الشئ: کو سے روکنا، باز رکھنا۔ ـ البَعِیرَ: اونٹ کے منہ پر جالی چڑھانا جب وہ جوش میں آئے۔ طرفَهُ عنه: کی طرف سے نگاہ پھیر لینا۔ اَحْجَمَ عن الشئ: سے رکنا، ڈر کر سے پیچھے ہٹنا۔ الحِجام: اونٹ کے منہ پر لگانے کی جالی تاکہ وہ کاٹ نہ سکے۔ المِحجام خوف کی وجہ سے پیچھے ہٹنے والا۔

۳۔ حَجَمَ ـُ حَجْمًا تِ الحیّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

۴۔ حَجَمَ ـُ حَجْمًا الصبیُّ ثدیَ اُمِّہ: بچہ کا اپنی ماں کی چھاتی کو چوسنا۔ احجمت المرأۃ للمولود: ماں کا بچے کو پہلی دفعہ دودھ پلانا۔

۵۔ حَجَمَ ـُ حَجْمًا و احجمَ الثدیُ: پستان کا ابھرنا، بلند ہونا۔ الحَجْم (مص) جمع حُجُوم: جسم کی مقدار۔ وہ ابھار جو ہاتھ کے پھیرنے سے معلوم ہو۔ المَحْجُوم: جسیم۔

○ أَحْجَمَ عن: سے ڈر کر پیچھے ہٹنا، دیکھنا، دبنا، سے باز رہنا، رکنا، احتراز کرنا، اجتناب کرنا، کونہ کرنا، پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا، حَجْم جمع حُجُوم و اَحْجَام: زیادہ مقدار، حجم، سائز، توپ کے اندرونی قطر کی نالی۔ کبیرُ الحجم: ضخیم، کافی بڑا، حَجَّام سینگی لگانے والا، پچھنے لگانے والا۔ حِجامَة سینگی لگانا، پچھنے لگانا۔ سینگی یا پچھنے لگانے کا فن، پچھنا۔ مِحْجَم و مِحْجَمَة جمع مَحَاجِم: سینگی۔ اِحْجام: باز رہنا، احتراز کرنا، پابندی، علیحدگی، کم آمیزی، پیچھے رہنا، الگ تھلگ رہنا۔

حجن: ۱۔ حَجَنَ ـُ حَجْنًا العودَ: لکڑی کو موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔ ـــ واِحْتَجَنَ الشئَ: کو کانٹے سے کھینچنا۔ حَجَّنَ العودَ: لکڑی کو موڑنا، ٹیڑھا کرنا۔ تَحَجَّنَ العودُ: لکڑی کا مڑنا، ٹیڑھا ہونا۔ الحَجَن والحُجْنَة: ٹیڑھا پن، کجی۔ الأحْجَن مونث حَجْنَاء جمع حُجْن: ٹیڑھا، کہا جاتا ہے: صقر احجنُ المُخالِب: ٹیڑھے چنگل والا شکرا۔ المِحْجَن و المِحْجَنة: ٹیڑھے سر کا ڈنڈا۔ کھونٹی پر مڑے ہوئے سر والی چیز مِحْجَنُ الطائر: چونچ (پرندہ کی)۔

۲۔ حَجَنَ ـَ حَجْنًا بالدارِ: گھر میں اقامت کرنا۔

۳۔ حَجَنَ ـَ حَجْنًا علیه وبه: سے کنجوسی کرنا، بخل کرنا۔ اِحْتَجَنَ المالَ: مال کو اکٹھا کرنا، پراگندہ مال کو اکٹھا کر کے درست کرنا۔ اِحْتَجَنَ علیه: کو روکنا۔ الحُجْنَة: جمع کی ہوئی اور مخصوص کی ہوئی چیز۔ مِحْجَنُ مالٍ: اونٹوں کا اچھا منتظم۔

۴۔ الحَجُون: ست، کاہل، کہتے ہیں، سرنا عقبةً حَجُونًا: ہم مسافت والی گھاٹی پر چلے۔

○ حَجَنَ ـِ حَجْنًا ہ: کو موڑنا، ٹیڑھا کرنا، اِحْتَجَنَ ہ: کو چھیننا، جھپٹنا، پر جھپٹا مارنا، ہاتھ مارنا، کو ہتھیانا، ہتھیانا، زبردستی چھیننا، اَحْجَن: ٹیڑھا، مڑا ہوا۔ مِحْجَن جمع مَحَاجِن: لاٹھی جس کا سرا مڑا ہوا ہو، لاٹ پادری کا عصا، کانٹا، آنکڑا، کھونٹی، درانتی، ہک۔

حجا: ۱۔ حَجَا ـُ حَجْوًا: ٹھہرنا۔

۲۔ حَجَا ـُ حَجْوًا [illegible] بالمکان: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔ حَجِیَ ـَ حَجًی به: سے وابستہ رہنا، پر فریفتہ ہونا۔ تَحَجّی به: پر فریفتہ ہو کر اس سے وابستہ رہنا۔ ـــ الشئ: کو ارادہ کرنا۔ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے تحجّیتکم الی هذا المکان میں اس جگہ تک پہنچنے میں تم سے آگے رہا اور تم سے پہلے وہاں جم گیا۔ الحَجَا جمع اَحْجَاء پناہ گاہ۔ پناہ کی جگہ۔

۳۔ حَجَا ـُ حَجْوًا السِرَّ: بھید کی حفاظت کرنا۔ بالشئ: کی کنجوسی کرنا، بخل کرنا۔ ـ ہ: کو روکنا، منع کرنا۔ اِحْتَجَی الشئَ: کو چھپانا۔

۴۔ حَجَا ـُ حَجْوًا به خیرًا: کے بارے میں اچھا خیال کرنا۔ ـــ الامرَ: کا محض گمان پر دعوی کرنا اور یقین نہ رکھنا۔ حَاجَی مُحَاجَاةً ہ: کو پہیلیاں پیش کرنا۔ پر سمجھ یا عقل میں غالب آنا۔ تَحَاجَوْا: آپس میں پہیلیوں کا تبادلہ کرنا، ایک دوسرے سے پہیلیاں بیان کرنا۔ ـــ الحِجَی جمع اَحْجَاء: عقل، سمجھ، کہا جاتا ہے۔ حَاجیتُہٗ فحَجَوْتُہٗ: میں نے اس سے عقل و سمجھ میں مقابلہ کیا اور غالب آیا۔ الأُحْجِیَّة جمع اَحَاجِی و اَحَاج: پہیلی، چیستان۔ الأَحَاجِیّ: معمی، پیچیدہ بات۔ کلمة مُحْجِیَة و مَحْجِیَّة: کلمہ جس کے الفاظ ظاہری معنی کے مخالف ہوں۔

۵۔ حجا ـُ القوم: کو بدلہ دینا۔

۶۔ اَحْجَی اِحْجَاءً ہ بکذا: کو کا اہل، لائق بنانا کہا جاتا ہے۔ ما اَحْجَاہُ بکذا: وہ اس کا کس قدر لائق و سزاوار ہے۔ الحَجِی و الحَجِیّ: مستحق، لائق۔ مَحْجَاة: لائق، سزاوار۔ کہا جاتا ہے۔ انه لمَحجاة ان یفعل کذا: وہ ایسا کرنے کا مستحق ہے۔ وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ وہ اس بات کا سزاوار ہے کہ ایسا کرے۔

۷۔ الحجا جمع اَحْجَاء: زمین کا ابھرا ہوا اٹھا ہوا حصہ۔ وادی کا موڑ۔ حجا الشئ: چیز کا کنارہ الحجا جمع اَحْجَاء: کنارہ، گوشہ۔ الحَجَاة جمع حَجًا: بارش کے قطروں سے پیدا ہونے والا بلبلہ۔

حجی: دیکھو حجا

○ حجا به خیراً: کے متعلق اچھی رائے رکھنا۔ حَاجَی ہ: کو پہیلی پیش کرنا، سے پہیلیوں میں بات کرنا، رمز آمیز ہونا، پیچیدہ ہونا۔ حِجی و حجا جمع اَحْجَاء: سمجھ، ذہانت، عقل، فہم، فراست، دماغ، نکتہ رسی، بصیرت، ادراک، فہم، زیرکی، ذکا، دقیقہ رسی، ہوشمندی، حَجِیّ ب: کے لئے مناسب، موزوں، کے شایان۔ اَحْجَی: زیادہ مناسب، زیادہ موزوں،

زیادہ درست، زیادہ صحیح، بہتر۔ اُحْجِيَة جمع اَحَاجِي و اَحَاج: پہیلی، چیستان، معما، عقدہ۔

حدّ ۱۔ حَدَّ ـُ حَدًّا و حَدَدًا الدارَ: گھر کیلئے حد مقرر کرنا۔ ـ الشيءَ عن الشيءِ: چیز کو چیز سے جدا کرنا، ممیز کرنا۔ حَدَّدَ الارضَ: زمین کی حدود قائم کرنا۔ ـ الامرَ: کو معلوم کرانا۔ کی تعریف کرنا۔ حادیت ارضُه ارضي: اس کی زمین میری زمین کے متصل ہے۔ الحَدّ (مص) جمع حُدُود: دو چیزوں کے درمیان کی روک (آپ کہتے ہیں دارُهُ حدُّ داري: اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے) چیز کی انتہا۔ حدّ الشيء: کسی چیز کی جامع و مانع تعریف۔ الحَدِيد: پڑوسی۔ کہا جاتا ہے۔ هو حديدي: وہ میرا پڑوسی ہے۔ داري حديدةُ داره: میرا گھر اس کے پڑوس میں ہے۔ المحدود: حدود مقرر کردہ۔

۲۔ حَدَّ ـُ حَدًّا و حَدَدًا، اللهُ عَنَّا الشرَّ: اللہ نے برائی کو روک کر ہم سے دور کر دیا۔ ـ المذنبَ: گنہگار پر حد لگانا، اس کو عبرتناک سزا دینا۔ الحَدّ جمع حُدُود: سزا۔ الحَدَد (مص): ممنوع کہا جاتا ہے۔ هذا امرٌ حَدَدٌ: یہ کام ممنوع ہے اس کو کرنا جائز نہیں۔ دونَ هذا حَدَدٌ: اس کے ورے ممانعت ہے۔ هذا خبر حَدَدٌ: یہ خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے۔ حَدَدًا ان یکون هذا: خدا نہ کرے کہ ایسا ہو۔ حدودُ الله: اللہ کی اطاعت اور شرعی احکام۔ المَحْدُود: خیر یا شر سے روکا ہوا۔ محروم۔ الحَدّاد: دربان، یا داروغہ جیل۔

۳۔ حَدَّ ـُ حَدًّا وحَدَّدَ و اَحَدَّ السکینَ: چھری کو تیز کرنا۔ حَدَّ ـِ حِدَّةً و احْتَدَّت السکینُ: چھری کا تیز ہونا۔ إسْتَحَدَّ: دھار تیز کرنا۔ الحَدُّ من السيف: تلوار کی دھار۔ الحُدَاد جمع اَحِدَّة: قاطع، کہا جاتا ہے۔ سکین حُدَاد: تیز کاٹنے والی چھری۔ الحَدِيد جمع اَحِدَّاء و حِدَاد: تیز کاٹنے والا۔ کہا جاتا ہے سیف حَدِیدٌ: تیز کاٹنے والی تلوار۔ شمشیر براں۔ (ك): لوہا۔ سخت لوہا مذکر اور نرم مونث کہلاتا ہے۔ الحَدِيدَة جمع حَدَائِد و حَدِيدَات و جمع الجمع حَدَائِدَات: لوہے کا ٹکڑا۔ حَدِیدَة الحرث: ہل کی پھالی، ہل کا پھل۔ الحَدَّاد: لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ الحِدادة: لوہار کا پیشہ۔

۴۔ حَدَّ ـ حَدًّا وحَدَدًا وحِدَّةً علیه: پر غصہ ہونا، غضبناک ہونا۔ حَدَّدَ علیه: پر غصہ ہونا، غضبناک ہونا۔ حادَّه: سے دشمنی رکھنا، پر غضبناک ہونا۔ تَحَادًّا: ایک دوسرے سے ناراض ہونا، باہم غضبناک ہونا۔ احْتَدّ: قوی ہونا، شدید ہونا، سخت ہونا۔ ـ علیه: پر غصہ ہونا، غضبناک ہونا۔ الحَدُّ من الانسان: انسان پر طاری ہونے والی غضبناکی کی کیفیت، شجاعت، قوت۔ ـ من الشراب: شراب کا جوش۔ ـ من کل شي: تیزی۔ الحُدَّاد جمع اَحِدَّة: تیزی والا۔ کہا جاتا ہے۔ رَجلٌ حُدَادٌ: تیزی والا آدمی۔ رَجلٌ حدید: تیز فہم یا تیز مزاج آدمی۔

۵۔ حَدَّ ـُ حَدًّا و حِدادًا: میت پر سوگ میں سیاہ کپڑے پہننا۔ ـ ت المراةُ: عورت کا اپنے شوہر کی موت پر زیب و زینت ترک کر کے سیاہ کپڑے پہننا۔ سوگ منانا، صفت حَادّ جمع حَوَادّ۔ اَحَدَّت المراةُ: عورت کا خاوند کے غم میں سوگ منانا صفت مُحِدّ و مُحِدَّة۔ الحِداد: سیاہ ماتمی لباس۔ ہم کہتے ہیں لَبِسَ الحِدادَ: اس نے سیاہ ماتمی لباس پہنا۔ ترك الحداد: اس نے سیاہ ماتمی لباس ترک کر دیا۔

۶۔ حَدَّدَ الیه وله: کا قصد کرنا۔ الحُدَاد: انتہائی حد، کوشش، کہا جاتا ہے۔ حُدَادُك أن تفعل كذا: تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ ایسا کرو۔

۷۔ حَدَّدَ الزرعُ: بارش کی تاخیر کی وجہ سے کھیتی کا دیر سے اگنا۔

۸۔ اَحَدَّ الیه النظرَ: کو تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ الحادّ: تیز۔ ہم کہتے ہیں نظرٌ حادٌّ: تیز نظر۔

۹۔ تَحَدَّدَ بهم: کو مشتعل کرنا، سے جھگڑا کرنا، دنگا کرنا۔

○ حَدَّ ـُ حَدًّا ہ: (چاقو) تیز کرنا، سان پر لگانا۔ ـ ہ: کی سے حد یا سرحد مقرر کرنا، حد بندی کرنا، کا سے نقشہ کھینچنا، کی سے حدود کا تعین کرنا، کو سے جدا کرنا، یا الگ کرنا، کی سے حد باندھنا، کو کھمبوں کی باڑ لگا کر الگ کرنا۔ ـ ہ: کی حد لگانا، کی حد کا کام دینا، کو حد کے اندر رکھنا، تنگ محدود در رکھنا، کو حد کے اندر رکھنا۔ ـ ہ/ من: کو روکنا، کی راہ میں حائل ہونا، کو قابو میں رکھنا، کو روکے رکھنا۔ حَدَّ ـِ حِدَّةً علی: پر طیش میں آنا، پر غصے ہونا، ناراض ہونا۔ ـ ـُ حِدادًا علی: کا ماتم کرنا، افسوس کرنا، سوگ منانا، کے ماتم میں سیاہ پوش ہونا، کے مرنے پر ماتمی لباس پہننا۔ حَدَّدَ ہ: (چاقو وغیرہ) تیز کرنا، کو سان پر لگانا۔ (گرم لوہے کو) پیٹ کر کچھ بنانا، کی حد یا سرحد مقرر کرنا، کی حد بندی کرنا، کی حدود کا تعین کرنا، کی حد لگانا، کے گرد گھیرا ڈالنا، کی تحدید کرنا، کو سختی سے جدا کرنا، الگ کرنا، کی حد باندھنا، کا خاکہ بنانا، نقشہ کھینچنا، کی حد کا کام دینا، کو گھٹا کر کم کرنا، محدود کرنا۔ ـ ہ/ من: کو حد کے اندر رکھنا، محدود رکھنا، کو حد [illegible] جدول بنانا، کا گوشوارہ تیار کرنا، کا فہرست میں اندراج کرنا۔ (قیمت) مقرر کرنا (کی) تعریف کرنا، کا معین معنی بیان کرنا، واضح کرنا، معین کرنا۔ حَدَّدَ بصرةَ: اچانک تیز نظر ڈالنا۔ ـ فی: کی جانچ پڑتال کرنا، کو تیز نظروں سے دیکھنا۔ حادّه / ہ: کی مخالفت کرنا، کے خلاف کرنا، کو توڑنا، کا دفعیہ کرنا، کی خلاف ورزی کرنا، کی بے ادبی کرنا، یا بے حرمتی کرنا۔ اَحَدَّ ہ: کو تیز کرنا۔ اَحَدَّ النظرَ الی: کی طرف تیز نظر سے دیکھنا، کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ اَحَدَّ بَصَرَهُ: تیز نظر دوڑانا۔ ـ فی: کی جانچ پڑتال کرنا کی طرف تیز نظر سے دیکھنا۔ احدّ من بصره: تیزی سے اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا، چھچھلتی ہوئی نظر ڈالنا۔ ـ: ماتمی لباس پہننا۔ تَحَدَّدَ: حد بندی ہونا، سرحد مقرر ہونا، خاکہ بننا، نقشہ کھینچا، حد مقرر ہونا، مقرر ہونا، تعریف کیا جانا، معین معنی بیان کیا جانا، تعریف و تشریح کے قابل ہونا، صراحت کے قابل ہونا، حد بندی کے قابل ہونا۔ اِحْتَدَّ: ناراض ہونا، یا ہو جانا، غصہ ہونا یا ہو جانا۔ ـ علی: پر طیش میں آنا، غضبناک ہونا، برہم ہونا، مشتعل ہونا، بھڑکنا۔ ـ: مضطرب ہونا، ہیجان میں آنا، پریشان ہونا، بے چینی کی حالت میں ہونا۔ حَدّ جمع حُدُود: (چاقو، تلوار کی) دھار، کنارہ، حد، سرحد، کسی ملک کی سرحد۔ حد فاصل: حد، انتہا، آخری حصہ، اختتام آخری جگہ، ریل کا آخری سٹیشن، بس وغیرہ کا آخری اڈا، ایک پیمانہ، حد، درجہ، ریاضی میں مساوات کا رکن، کسر، (اربعہ متناسبہ کی) اصطلاح، الٰہی فرمان یا قانون، قانونی (شرعی) سزا۔ لِحَدِّ یا اِلی حدِّ: تک، کی حد تک۔ اِلی حدّ الآن یا لِحَدِّ الآن: اب تک۔ اِلی حدٍّ ما: کسی درجہ یا حد تک۔ اِلی حدٍّ بعید، اِلی حدٍّ کبیر: بڑی یا کافی حد تک، یا درجے تک، بہت کافی۔ اِلی ایِّ حدٍّ: کتنی دور، کس درجہ یا حد تک۔ لا حَدَّ لَهُ: بے حد، لامحدود، لامتناہی، غیر محدود۔ بِلا حدٍّ یا اِلی غیر حدّ: بے حد، غیر محدود۔ علی حدٍّ سَواءٍ و علی حدٍّ سِوًی: اسی طرح، اس قدر، یکساں، برابر برابر، اسی طور پر، علی ہذا القیاس۔ علی حدّ: کے مطابق۔ فی حدِّ ذاتِه و بِحدِّ ذاته: بذاتہ، بنفسہ، بجائے خود، اس لحاظ سے۔ الحد الأعلی و الحد الاقصی: زیادہ سے زیادہ۔ الحد الأدنی: کم سے کم، اقل ترین۔ حدٌّ عُمْرِيّ: عمر کی حد۔ ذو حدین: دو دھاری والا۔ فی حدود: کے اندر، کی حد میں، کے عرصہ میں، کے ڈھانچہ میں۔ بَلَغَ اَقْصی حُدُودِه: اعلیٰ ترین درجہ حاصل کرنا۔ حُدُودُ الله: اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کی آزادی

عمل پر عائد کردہ حدیں یا پابندیاں ـحَدَد: ممنوع، قدغن لگایا ہوا ـحِداد علی: پر ماتم کرنا، سوگوار ہونا، یا ماتم کرنے یا سوگوار ہونے کا عمل ـثوب الحِداد: ماتمی لباس، سوگ کا لباس ـحداد البلاط: درباری، یا شاہی ماتم ـحَدِید: لوہا، جمع حَدَائِد: (کسی تعمیر کے) آہنی حصے۔ دھاتی مال، لوہے کی مصنوعات، دھات کی بنی ہوئی چیزیں، اوزار برتن وغیرہ ـحدید خام: خام لوہا۔ دیگی لوہا ـحدیدٌ مُطاوِع: ٹوٹا ہوا لوہا ـحدیدٌ غُفْلٌ: ڈھلا ہوا لوہا۔ دیگی لوہا ـظَهْرُ الحدید اور حدید الظَّهْر: دیگی لوہا، دیگ کا لوہا ـسِكَّةُ الحدید: ریل روڈ ـحَدِید جمع حَداد و اَحِدَّاء واَحِدَّہ: تیز (چاقو، آنکھ، زبان وغیرہ) چوکس، چوکنا، ہشیار، (ذہین) اَحَدّ: زیادہ تیز، زیادہ چوکس، شدید تر، قوی تر، زیادہ پرجوش، زیادہ تشدد آمیز، حَدِیْدَة جمع حَدَائِد: لوہے کا ٹکڑا، لوہے سے بنی ہوئی کوئی چیز یا اوزار ـحدیدة الحرث: ہل کا پھل، پھالی، علی الحدیدة: مالیاتی یا مالی مشکلات میں، جسے روپے کی تنگی ہو۔ حَدِیْدِی: لوہے کا، لوہے کے متعلق سِكَّة حَدِیْدِیَّة: ریلوے، ریلوے روڈ ـالحُدَیْدَة: (مغربی یمن کی بحری بندرگاہ کا نام) ـحُدَیدہ۔ حَدّاد: لوہار ـحِدَادَة: آہنگری۔ لوہاری، لوہار کا کام، دھات کا کام، دھاتی اشیاء بنانے کا فن ـعلی التحدید اور علی وجه التحدید: ٹھیک ٹھیک، بالکل ٹھیک، سچی بات تو یہ ہے۔ درحقیقت، لگی لپٹی رکھے بغیر ـحادّ: تیز، چوکس، چوکنا، ہشیار (ذہن) اونچا لہجہ، تیز، تند، شدید، سخت، پرزور، پرجوش، پرشوق، سرگرم جوشیلا، آتش مزاج، جلد باز، درندہ صفت، خونخوار، شگفتہ خاطر، چنچل، واضح گہرا، بہت سخت (بیماری) حادّ المزاج و حادّ الطبع: گرم مزاج، گرم طبیعت کا، تیز مزاج، جوشیلا، تنگ مزاج، چڑچڑا، غصیلا، زود رنج، زاویة حادّة:: زاویہ حادہ (90 درجے سے کم کا زاویہ) Acute angle ـتحت الحاد: حادہ سے کم درجے کا ـمَحْدُود: جس کی حدود پر کوئی ملک وغیرہ واقع ہو۔ محدود، گھرا ہوا، پابند کیا ہوا، روک رکھا ہوا، قید کیا ہوا، محدود، تھوڑا (جیسے تعداد علم) حد بندی کیا ہوا، مقرر کیا ہوا، مقرر شدہ، قطعی، غیر مبہم، ناطق، فیصلہ کن، محدود کرنے والی صفت محدود المعنی: غیر مبہم، واضح، صریح ـمحدودُ الضمان: محدود ذمہ داری والا ـشركة محدودة (المسئولیة): محدود ذمہ داری کی شرکت، کمپنی، کارپوریشن، مُحَدَّد: تیز کیا ہوا، مقرر کیا ہوا، معین کیا ہوا، سختی سے حد مقرر کیا ہوا، واضح طور پر تعریف کیا ہوا۔ ــــ ل: کے لئے مقرر شدہ، ٹھہرایا ہوا، مامور کیا ہوا۔ مُحْتَدّ: ناراض، غصہ میں، خشم آلود، طیش میں آیا ہوا، از خود رفتہ، تند و تیز، غضبناک، برہم، آشفتہ، برانگیختہ، بھڑکایا ہوا، آگ بگولہ۔

حدأ: حَدَأَ ـ حَدْأً الشیَ عنه: کو سے پھیرنا۔ ہٹانا۔

۲- حَدِئَ ـ حَدَأً علیه: پر غضبناک ہونا ـبالمکان: کسی جگہ پر جم جانا۔ الیه: کسی کی پناہ لینا۔ کی پناہ میں آنا ـــ الیه وعلیه: پر مہربانی کرنا کی مدد کرنا، کو ظلم سے بچانا۔

۳- الحَدَأَة جمع حَدَاء و حِداء: دوسروالی کدال ـــ جمع حِدَا و حِدَاء و حِدآن (ح): چیل، عوام، اسے حَدَّایَة اور شُوحة کہتے ہیں۔

حدب: احَدِبَ ـ حَدَبًا و اُحْدَبَ الرجلُ: کبڑا ہونا۔ صفت حَدِب و اُحْدَب: مونث حَدِبَة و حَدْباء جمع حُدْب و اَحْدَاب و حَدِبات ـ حَدَّبَ ہ: کو کبڑا بنانا، خمیدہ کرنا ـالشیَ: کو اونچا کرنا، ابھارنا ـاُحْدَبَ ہ: بمعنی حَدَّبَ ہ ـ تَحَدَّبَ: کبڑا ہونا ـتَحَادَبَ و احْدَوْدَبَ: کبڑا ہونا ـالحَدَب: زمین کی سخت اونچی جگہ ـالحَدَبَة: کبڑا پن۔ پیٹھ میں کبڑی جگہ (کہا جاتا ہے فی ظهره حَدَبَةٌ: اس کی پیٹھ میں خمیدگی ہے) ـــ من الارض: بلند و سخت زمین ـــ من الامور: مشکل کام ـالحَدْباء: مشکل کام (جمع) (ح): جانور جس کی لاغری اور پیٹھ کی ہڈی سے اس کی کولہوں کی ہڈیاں ابھر آئیں۔ قحط کا سال، المُحَدَّب: ابھرا ہوا، کبڑا ـــ من الخطوط: ابھری ہوئی لکیر۔

۲- حَدِبَ ـــ حَدَبًا علیه: پر مہربان ہونا ـتَحَدَّبَ علیه: پر مہربان ہونا ـــ به: سے تعلق رکھنا ـــ ت المراۃُ: خاوند کے مرنے کے بعد عورت کا بچوں کے لئے بیٹھا رہنا اور دوسرا شوہر نہ کرنا۔

۳- الحَدَب: کھال کا نشان ـ(ن) ایک قسم کا پودا۔ الحَدْباء: لاش، الأحْدَب: تلوار ـــ (ع ا): بازو کی ایک رگ۔

۴- إحْدَوْدَبَ الرملُ: ریت کے قطعے کا لمبا و ٹیڑھا ہونا۔ الحَدَب: موج اور پانی کا بہنے میں تہ بتہ ہونا۔

○ حَدِبَ ـ حَدَبًا: محدب ہونا، ابھرا ہوا ہونا، گنبد یا قبہ دار ہونا، محراب نما ہونا، خمیدہ ہونا، باہر کی طرف مڑا ہوا ہونا، کبڑا ہونا ـــ علی / ب: پر مہربان ہونا، مشفق ہونا، سے دوستی کا برتاؤ کرنا کے بارے میں فکرمند ہونا، کا مشتاق ہونا، کی نگہداشت کرنا، کا خیال رکھنا، کی بہبود یا بہتری کے لئے کوشاں ہونا [illegible] بنانا، پر منبت کاری کرنا، گل کاری کرنا، کو ابھارنا، قبہ یا گنبد دار بنانا، کو ٹیڑھا کرنا، موڑنا، جھکانا ـتَحَدَّبَ و احدودب: ٹیڑھا ہونا، موڑ والا ہونا، پیچ دار ہونا، قوسی ہونا، محراب دار ہونا، ابھرواں ہونا، منبت کار ہونا، محدب ہونا ـحَدَب: محبت، شفقت، چاہ، لگن، پیار، مہربانی، پریشانی، تشویش، فکرمندی جمع حِداب و اَحْدَاب: زمین کی بلندی، ارتفاع، چڑھائی مِن کلِّ حدب و صوب یا من کل صوب و حَدَب: سب طرف سے، چاروں طرف سے، ہر طرف سے۔ فی کلِّ صوب و حدب: ہر جگہ، ہر حلقہ میں، تمام جانب ـحَدِب: مڑا ہوا، ابھرا ہوا، ابھرواں ـمحدّب کبڑا، مشفقانہ، دوستانہ ـحَدَبَة: کبڑا پن، کوہان، کب، کوبڑ، خمیدگی، گولائی، محراب نما یا گنبد نما ہونا۔ اَحْدَب مونث حَدْباء جمع حُدْب: کبڑا، کُبا۔ خمیدہ پشت، کوزہ پشت، زیادہ مہربان، زیادہ دوستانہ، مُحَدَّب: گل کاری کیا ہوا، منبت کاری کیا ہوا، نسبت کار، ابھرا ہوا، محدب۔

حدث: احَدَثَ ـ حُدُوثًا الامرُ: کسی امر کا واقع ہونا الحَدَث جمع اَحْدَاث: واقع ہونے والا امر ـاَحْدَاثُ الدهر: مصائب زمانہ ـالحُدْثَی: حادثہ، حوادثُ الدهر: تغیرات زمانہ ـحِدْثَانُ الدهرِ و حَدَاثَانُه: زمانہ کی سختیاں۔

۲- حَدَثَ ـ حَدَاثَةً و حُدُوثًا: نیا ہونا، نو پید ہونا۔ (جب قَدُمَ کے ساتھ اس کا استعمال ہوتا ہے تو عین کلمہ پر ضمہ آتا ہے۔ جیسے (اخذنی ما قَدُمَ و ماحَدُثَ: مجھے پرانے اور نئے غموں نے آلیا) أَحْدَثَ ہ: کو ایجاد کرنا، پیدا کرنا ـاِسْتَحدَثَ ہ: کو پیدا کرنا ـــ الخبرَ: خبر کو نیا پانا ـالحَدَث جمع اَحْدَاث و حُدْثان: جوان ـــ جمع اَحْدَاث: خلاف سنت نئی بات، دین میں بدعت ـحُدُوث العالم عندا لفلا سفة: اس سے مراد یہ ہے کہ دنیا نئی پیدا کردہ ہے اس کے بنانے والے نے اسے ایجاد اور پیدا کیا ہے۔ ازلی نہیں۔ الحَادِث مؤنث حادِثة جمع حوادِث و حَادِثات: نئی چیز، نو پید، الحَدِیث جمع حِداث و حُدَثَاء: نیا۔ المُحْدَث جمع مُحْدَثَات: (مفع) وہ نئی شے جس کا ثبوت نہ کتاب اللہ، نہ سنت رسول اور نہ اجماع امت میں مل سکے۔ نیا ـالحَدَاثَة من الامر: کسی امر کا اول اور اس کی ابتداء ـالحُدُوثَة: بمعنی الحَدَاثَة الحدثان: کسی امر کا اول اور اس کی ابتداء۔

۳- حَدَّثَ عن فلان: کسی سے کچھ بیان کرنا۔ روایت کرنا ـــ ہ کذا وبکذا: کو کوئی خبر دینا۔ سے کچھ بیان

کرنا۔ حَادَثَ ہ سے گفتگو کرنا۔ تَحَدَّثَ بالشیٔ وعن الشیٔ: کے بارے میں کلام کرنا، گفتگو کرنا، خبر دینا۔ تَحادَثُوا آپس میں، یا ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔ الحَدِث والحَدُث: اچھا کلام کرنے والا۔ رجلٌ حِدثُ ملوکٍ: بادشاہوں کا قصہ گو الحَدِیث جمع اَحَادِیث و حِدْثان و حُدْثان: خبر کہا جاتا ہے۔ صاروا اَحادِیثَ: وہ لوگ مرکھپ گئے، اب صرف زبانوں پر ہی ان کا ذکر باقی رہ گیا ہے۔ عِلمُ الحدیث عندالمسلمین: رسولؐ اللہ کے اقوال، افعال، حالات بتانے والا علم، اس کی اصل تحدیث یعنی خبر دینا ہے۔ کہا جاتا ہے، حدیثُ خُرافَةٍ: یہ مثل اس بات کے لئے بیان کی جاتی ہے جس کا واقع ہونا ناممکن ہو۔ معنی: ناقابل یقین کہانی، افسانوی قصہ۔ الحدیثُ ذو شجون: ایک بات سے بہت سی باتیں پھوٹتی ہیں۔ بات سے بات نکلتی چلی جاتی ہے۔ الحِدِّیث: بہت کلام کرنے والا۔ الحُدَّاث: گفتگو کرنے والی جماعت۔ الحِدِّیثی: حدیث۔ خبر۔ مُتَحَدَّثُ القوم: وہ جگہ جہاں لوگ بیٹھ کر باتیں کریں۔ الأُحْدُوثَة جمع اَحَادِیث: بات۔ خبر۔ کہانی۔ افسانہ۔

۴۔ حَادَثَ السیفَ: تلوار کو صیقل کرنا اسی سے ہے۔ کنصل السیف حُودِث بالصقال: تلوار کے پھل کی طرح جس کو صیقل سے جلا دی گئی۔

۵۔ اَحْدَثَ الرجلُ: پاخانہ کرنا۔ الحَدَث جمع اَحْداث: پاخانہ۔

◌ حَدَثَ ـُ حُدُوثًا: واقع ہونا۔ حَدُثَ ـُ حَدَاثَةً: حال کا ہونا نیا ہونا۔ نوجوان ہونا، حَدَّثَ ہ ہ / ب فی / عن: کسی بات کے بارے میں بتانا، سے کسی بات کے بارے میں بیان کرنا، کے علم میں کوئی بات لانا۔ ۔ ہ عن / فی: سے کے بارے میں بات کرنا۔ حَدَّثَہُ قلبُہُ اور حَدَّثَتْہُ نفسُہُ ب: اس کے دل نے یا وجدان نے اسے کوئی بات بتائی۔ حَدَّثَ نفسَہُ ب: اپنے آپ کو کسی کام پر آمادہ کرنا۔ یہ یقین کرنے کی کوشش کرنا کہ کوئی چیز واقعی ہے۔ یہ دیکھنے کی کوشش کرنا کہ کوئی چیز واقعی ہے۔ کوئی کام کرنے کا عزم صمیم کرنا یا کوئی کام کرنا جی میں ٹھان لینا۔ حَدَّثَ نفسَہُ ان: اس نے اپنے آپ سے کہا کہ، اپنے آپ کو بتایا کہ حَادَثَ ہ فی / عن: سے کے بارے میں بات کرنا، گفتگو کرنا، سے کے بارے میں بحث کرنا، بات چیت کرنا، ۔ ہ: سے گفت و شنید کرنا، صلاح کرنا، مشورہ کرنا، صلاح مشورہ کرنا، کو مخاطب کرنا، سے ٹیلیفون پر بات کرنا۔

اَحْدَثَ ہ کو بنانا، پیدا کرنا، تخلیق کرنا، وجود میں لانا، کی بنیاد رکھنا کو قائم کرنا، کا باعث ہونا، کا باعث بننا، کی ترغیب دینا، کو کرنا، انجام دینا، عمل میں لانا۔ ۔ بول و براز کرنا۔ اَحْدَثَ حَدَثًا: کا باعث بننا (خصوصا بڑے کام) مصیبت، شرارت وغیرہ کا باعث بننا) تَحَدَّثَ إلی عن / ب / فی: سے کے بارے میں یا کی بات کرنا۔ گفتگو کرنا۔ ۔ الی / مع عن / ب / فی: کے ساتھ کے بارے میں باتیں کرنا، بات چیت کرنا، گپ شپ اڑانا۔ تَحادَثَ: ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔ اِسْتَحْدَثَ ہ کو نیا بنانا، دوبارہ کرنا، کی تجدید کرنا، کو نیا خریدنا، کو پیدا کرنا، تخلیق کرنا، وجود میں لانا، ایجاد کرنا، شروع کرنا، کو رائج کرنا، چلانا۔ ۔ ہ: کو نوجوان پانا یا سمجھنا۔ حَدَث جمع اَحْدَاث: نئی بے مثال چیز۔ نئی یا نرالی چیز۔ نیا خیال۔ نیا طریقہ، نئی بات، واقعہ، ماجرا، عجیب و غریب واقعہ، مظہر، بری علامت، فعل بد، برا کام، مجرمانہ فعل، حادثہ، بدبختی، مذہبی رسوم کی رو سے ناپاکی، پاخانہ، بول و براز۔ جمع اَحْدَاث وحُدْثان: نوجوان۔ اَحْدَاث: کمسن، نوعمر، نابالغ (بچے) حَدِیث جمع حِدَاث وحُدَثَاء: نیا، انوکھا، حال کا حالیہ، ابھی کا تازہ، تازہ ترین، جدید، موجودہ زمانے کا عصر حاضر کا، حَدِیثًا: حال ہی میں، کچھ عرصہ قبل، حَدِیثُ البناء: نئی بنی ہوئی، حال ہی میں تعمیر ہونے والی (عمارت وغیرہ)۔ حَدِیثُ السِن: نوجوان۔ حدیث العَہْد: حال ہی کا، کچھ عرصہ قبل کا، حالیہ، حال کا، نیا، نوجوان۔ حدیثُ عہدٍ ب یا حدیثُ العَہْدِ ب: حال ہی میں اختیار کیا ہوا یا حاصل کیا ہوا، حال ہی میں، جس کا زیادہ عرصہ سے عادی نہ ہو، کا ناتجربہ کار، میں نیا، ابھی حال ہی میں۔ حدیثُ العہد بالولادة: نومولود حدیث العہد بالزواج: نیا شادی شدہ۔ کان حدیثُ العہدِ باوروبا: اس کو کچھ عرصہ قبل ہی یورپ سے واقفیت ہوئی تھی۔ حَدِیث جمع اَحَادِیث وحِدثان: گفتگو، بات، گپ شپ، بات چیت، باتیں، عام بات، بحث، مباحثہ، انٹرویو، رپورٹ، بچوں کی باتیں، سرگزشت، کہانی، قصہ، رسولؐ اللہ کی حدیث، حدیثُ خُرافة: افسانوی قصہ، احمقانہ بات۔ حدیثُ قُدُسِیّ: وہ حدیث جس میں بات کرنے والا اللہ تبارک وتعالیٰ ہو۔ حدیثٌ نَبَوِیّ: رسول اللہ کی کہی ہوئی بات حدیثُ النفس: دل کی بات۔ پیش اندیشی، پیش آگاہی، یہ احساس کہ کچھ نہ کچھ ہونے والا [illegible]

کہ جاری رہے گا۔ وقوع (مظہر کا) دائرہ اثر، واقعہ، ماجرا، حادثہ۔ حَدَاثَة: نیاپن، انوکھاپن، عالم شباب، سن بلوغ، جوانی، شباب، نوعمری، احدث: زیادہ نیا، زیادہ حالیہ۔ حِدثان (یا حَدَثان) الدھر: بدبختی، آفات، مصائب، شکستیں۔ اُحْدُوثَة جمع اَحَادِیث: گویائی، گفتار، نطق، بیان، بات سخن، تقریر، بحث مباحثہ، بات چیت، بک بک، فرضی قصے کہنا، جھوٹ بولنا، غپ شپ، غپ، جھوٹ، گمی گفتگو کا موضوع، گپ شپ۔ افواہ (کسی شخص کے بارے میں) حُسنُ الأُحدُوثَة: (کسی کی) تعریف، ستائش۔ سوءُ الاحدوثة: بہتان، رسوائی، ہتک۔ مُحَادَثَة جمع محادثات: مباحثہ، گفتگو بیان بات چیت، مکالمہ، بحث، گفت و شنید، مذاکرات۔

حادِث: واقع ہونے والا، نیا، تازہ، حال ہی کا جمع حَوَادِث (و حادثات): واقعہ ضمنی قصہ، ضمنی واقعہ، حادثہ، افسوسناک حادثہ، مقدمہ، دعویٰ، حادث تزویر: جعلسازی کا کیس۔ مکانُ الحادث: جائے وقوعہ، جائے حادثہ، کارروائی کی جگہ۔ حَادِثَة جمع حَوَادِث: واقعہ، (کھیل کا) پلاٹ، درمیانی واقعہ، داستان در داستان۔ ضمنی بیان یا قصہ، حادثہ، افسوسناک حادثہ۔ حادثة المرور: ٹریفک ایکسیڈنٹ۔ مُحَدِّث جمع مُحَدِّثُون: بولنے والا، بات کرنے والا، ترجمان، گفتگو میں حصہ دار، مکالمہ میں حصہ لینے والا، بیان کنندہ، کہانی بیان کرنے والا، رسولؐ اللہ کی احادیث بیان کرنے والا، روایتی، علم یا مطالعہ حدیث کا نمائندہ، گراموفون، مُحْدَث: نیا، انوکھا، حالیہ، حال کا، کچھ عرصہ قبل کا، جدید، عصر حاضر کا، نو دولتیا، چھچھورا، مُتَحَدِّث: ترجمان، (Spokesman)، بولنے والا، سپیکر Speaker مُسْتَحْدَث: نیا، انوکھا، جمع مُسْتحدثات: انوکھاپن، نئی چیز، نئی بات، نیا خیال، نیا طریقہ، تازہ ایجاد، نئی مصنوعہ چیز، نئی تراشیدہ اصطلاحات، دینی عقائد میں عقلیات کا دخل۔

حدج: ۱۔ حَدَجَ ـِ حَدْجًا البعیرَ: اونٹ پر ہودہ / بوجھ لادنا۔ ــــ الأحمال: بوجھوں کو باندھنا، کسنا، اَحْدَجَ البعیرَ: اونٹ پر بوجھ لادنا، ہودہ باندھنا۔ الحِدج جمع حُدُج وحُدُوج و اَحْدَاج: بوجھ ــــ والحِدَاجَة جمع حَدَائِج: عورتوں کی اونٹ پر سواری کا ہودج، عماری۔

۲۔ حَدَجَ ـِ حَدْجًا الإبلَ: اونٹوں پر داغ لگانا المِحْدَج: اونٹوں کو داغ لگانے کا اوزار۔

[illegible]۔ حَدَجَ ـِ حَدْجًا ہ: کو مارنا، پیٹنا۔ ـ ہ بالسھم: کو

تیر مارنا۔ .. وحَدَّجَ بصرہ: گھورنا، تیز نظر سے دیکھنا۔

۴۔ حَدَجَ ـِ حَدْجًا ہ بالذنب: پر گناہ کا الزام لگانا، کہا جاتا ہے۔ حدجہ ببیعِ سوءٍ: اس نے اس پر ایسی بیع لازم کر دی جس میں سراسر خسارہ ہے۔

۵۔ الحَدَج (ن): کچا اور سخت اندرائن۔ ابو حدَیج (ح): لقلق پرندہ کی کنیت۔

○ حَدَجَ ـِ وحَدَّجَ ہ اہ (اکثر ببصرہ یا بنظرہ کے ساتھ) کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، ابو حُدَیج بگلا، لقلق، حِدَاجَۃ جمع حَدَائج: اونٹ کی کاٹھی، زین۔

حدر ۱۔ حَدَرَ ـِ حَدْرًا و حُدُورًا: نیچے اترنا۔ ــــ الشئَ کو نیچے اتارنا۔ ـت العینُ الدمعَ: آنکھ کا آنسو بہانا۔ ـ القراءۃ وفی القراءۃ: تیزی سے پڑھنا۔ ـ الدواءُ بطنَہُ: دواء کا اسہال لانا۔ اَحْدَرَہ: کو نیچے بھیجنا، نیچے کرنا۔ ـ القراءۃ او المشیَ: تیز پڑھنا، تیز چلنا۔ تحَدَّرَ و تحَادَرَ: نیچے اترنا، کہا جاتا ہے۔ رایتُ الدمعَ یتحادر علی لحیتہ: میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا۔ اِنْحَدَرَ: اترنا نیچے اترنا، کہا جاتا ہے۔ انحدرت من الجبل الیِ المدینۃ: میں پہاڑ سے اتر کر شہر گیا۔ الحَدَر: ڈھلوان جگہ۔ اتار کی جگہ۔ الحادِر (فا) من الجبال: اونچا پہاڑ۔ الحَدُور والحَدْراء: ڈھلوان، الحادُور جمع حَوَادِر: ڈھلوان، اسہال آور۔ الحَدُورَۃ والحُدُورَۃ والحَادُورۃ: آنکھ سے آنسوؤں کا بہاؤ۔ المُنحَدر: ڈھلوان جگہ۔

۲۔ حَدَرَ ـُ وحَدُرَ ـُ حَدْرًا و حُدُورا وحَدَارَۃً الرجلُ: موٹا اور مضبوط ہونا الحَادِر: خوبصورت، موٹا (کہا جاتا ہے ناقۃٌ حادرۃ العینین: پر گوشت حسین آنکھوں والی اونٹنی) سخت، شیر۔ حبل حادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ حیّ حَادِر: اکٹھا قبیلہ۔ الأحْدَر مؤنث حدراء من الخیل: پر گوشت گھوڑا۔ الحَدْرَۃ من العیون: پر گوشت آنکھ۔ الحَیْدَر والحَیْدَرَۃ: شیر۔

۳۔ حَدَرَ ـُ حَدْرًا و حُدُورًا وحَدَارَۃً الجلدُ: جلد کا سوجنا۔ حَدَرَ ـِ حَدْرًا الجلدُ: جلد کا سوجنا۔ ــــ الجلدَ: کھال کو متورم کرنا۔ اَحْدَرَ الجلدَ: جلد کو متورم کرنا۔ الجلدُ: جلد کا سوجنا۔ اِنحَدَرَ الجلدُ: کھال، جلد کا سوجنا، متورم ہونا۔ الحَدْرَۃ (طب): پھوڑے کے اندر کا زخم۔

۴۔ حَدَرَ ـِ حَدْرًا و حُدُورًا اللثامَ عن حَنَکِہٖ: نقاب جھکانا۔ الحَدَر: آنکھ کا بھینگا پن۔

۵۔ حَدَرُوا حولہ وبہ: کو گھیر لینا، کے گرد پھرنا۔

۶۔ اَحْدَرَ الثوبُ: کپڑے کا دامن چننا۔

۷۔ الحُدْرَۃ: اونٹوں کا ریوڑ، الحَیْدر: کوتاہ قد، پستہ قد۔ الحَیْدَرَۃ: ہلاکت، کہا جاتا ہے۔ رَمَاہُ اللّٰہ بالحَیْدَرَۃ: اللہ اسے مصیبت وہلاکت سے دوچار کرے۔

۸۔ الحُنْدُر والحُنْدُور والحُنْدُورَۃ والحِنْدارَۃ: آنکھ کی پتلی، کہا جاتا ہے۔ ھو علی حُنْدُرِ عینہ: وہ اسے پریشان کن پاتا ہے اس لئے بغض کی وجہ سے اس کی طرف دیکھ نہیں سکتا۔ جعلتہ علی حُنْدُورَۃ عینی: میں نے اسے اپنا نصب العین بنایا۔

○ حَدَرَ ـُ حَدْرًا وحَدَارَۃً: موٹا ہونا۔ حَدَرَ ـِ حَدْرًا وحُدُورًا ہ: کو نیچے اتارنا، کو گرانا، (آنسو) بہانا حَدَرَ حَدْرًا: کوئی چیز سمجھے بغیر فر فر پڑھ دینا۔ کا جلدی سے اظہار کرنا۔ حَدْرًا: نیچے اترنا، نیچے آنا، پھسلنا، اچانک نیچے آنا۔ حَدَّرَ ہ: کو گرانا، نیچا کرنا، جھکانا، ڈبکانا۔ تَحَدَّرَ: بتدریج اترنا، پھسلنا، نیچے آنا، نیچے اترنا، (آنسوؤں) کا بہنا۔ ــــ من: سے حاصل کرنا، مشتق ہونا، نکلنا، شروع ہونا۔ اِنحَدَرَ: نیچے آنا، نیچے جانا، اترنا، نیچے پھسلنا، ڈوبنا، جھکنا، گھٹنا، کم درجہ ہونا (آنسوؤں کا) بہنا، ڈھلوان ہونا، جھکنا۔ ــــ الی: کسی جگہ آنا پہنچنا۔ حَدْر: قرآن مجید کی تیز تلاوت حَدُور: ڈھلان، تنزلی، ڈھلوان، اونچی جگہ، تَحَدُّر: ڈھلان، اِنْحِدار: ڈھلان، ڈھال، جھکاؤ، ڈھلان کا درجہ نیچے کو جانے والا راستہ، آبشار، نشیب، تباہی، زوال، انحطاط، تنزل، حادِر: موٹا، گھنا، مُتَحَدِّر: اترنے والا، ڈھلوان، مُنْحَدِر: اترنے والا، نیچا، ڈھلوان، ڈھلوان جگہ، روبہ زوال، تنزل میں، زوال پذیر، بری حالت میں، بھدا، بھیت کذائی والا، بے گھر بے مایہ، پہلے سے کم، دلکش، مُنْحَدَر جمع منحدرات: نشیب، گڑھا، ڈھلان، پشتے کا ڈھلوان حصہ، ڈھلوان پشتہ، ڈھال، جھکاؤ، آبشار۔

حدس ۱۔ حَدَسَ ـِ حَدْسًا فی الامر: کا گمان کرنا، تخمینہ لگانا، وہم کرنا، آپ کہتے ہیں: بلغنی عن فلان امرٌ وانا احدس فیہ: میرے پاس فلاں شخص سے ایک بات پہنچی ہے۔ میں اس پر قیاس آرائی کر رہا ہوں۔ تحَدَّسَ الخبار و عن الاخبار: چھپ کر اور خفیہ طور سے خبریں دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔ الحَدْس (مص): تیز فہمی، زیرکی، دانائی۔ الحِداس: غایت، انتہا، کہا جاتا ہے: بلغتُ بہِ الحِداس: میں اس کی انتہا تک پہنچ گیا۔ المَحْدِس: مطلب، کہا جاتا ہے۔ فلانٌ بعیدُ المحدس: فلاں کا مطلب بلند وبڑا ہے۔ الحَدْسِیّات: فراست سے معلوم کی ہوئی باتیں۔

۲۔ حَدَسَ ـُ حَدْسًا فی السیر: تیز چلنا۔ ــــ فی الارض: زمین پر بے پتہ چلتا جانا۔ ـ الشئ برحلہ: کو روندنا۔ ــــ الشاۃَ و بالشاۃ: بکری کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔ ــــ بہ الارضَ: کو زمین پر گرا دینا، پٹک دینا۔ الحُدِیس والمَحْدُوس: زمین پر پچھڑا ہوا۔

۳۔ حَدَسَ ـِ حَدْسًا زیداً: زید کو پچھاڑنا۔

○ حَدَسَ ـِ حَدْسًا ہ: کا اندازہ لگانا، پر قیاس آرائی کرنا، کا قیاس لگانا، کو اٹکل سے کہنا، اندازے سے کہنا، کا اندازہ کرنا، حَدْس: قیاس آرائی، قیاس، اندازہ، اٹکل وجدان۔

حدق ۱۔ حَدَقَ ـِ حَدْقًا القومُ بہ: کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔ حَدَّقَ بہ: کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔ اَحْدَقَ القومُ بہ: کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔ ـت الروضۃُ: باغ کا چار دیواری میں گھرنا تَحَادَقُوا: ایک دوسرے کو گھیرنا۔ افحُدَودَقَ القومُ بہ: کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔ الحدیقۃ جمع حدائق: چار دیواری والا باغ۔

۲۔ حَدَقَ ـِ حُدُوقًا المریضُ: بیمار کا آنکھ کھول کر دیکھنا۔ ـ حَدْقًاہ بعینہ: کی طرف دیکھنا۔ ـ کی آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ حَدَّقَ الیہ: کو گھور کر دیکھنا، تیز نظر سے دیکھنا۔ الحَدَقَۃ جمع حَدَق و حَدَقات و اَحْداق وحِداق (ع ا): آنکھ کی سیاہی کہا جاتا ہے۔ ھم فی مثل حَدَقَۃِ البعیر: ان کو فراخی اور پانی کی فراوانی خوب نصیب ہے۔ ھم رُمَاۃُ الحَدَق: وہ لوگ تیر اندازی میں خوب ماہر ہیں۔ تکلمتُ علی حَدَقِ القوم: میں نے باتیں کیں تو لوگوں کی نظریں مجھ پر تھیں۔

۳۔ الحَدَق (ن): بینگن۔

○ حَدَّف وحَدَّاف و حداف الماکوک: جولاہے کی نال جس سے دھاگا ادھر سے ادھر جاتا ہے۔ طارۃ حَدّافۃ: فلائی وہیل Fly wheel (بھاری پہیہ جو مشین کو یکساں رفتار سے چلتا رکھنے کیلئے گھومتا ہے)۔

○ حَدَقَ ـِ حَدْقًا ب: کو گھیرنا۔ ــــ ہ بعینہ: کی (طرف) دیکھنا۔ پر اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا۔ چھچھلتی ہوئی نظر ڈالنا۔ حَدَّقَ اِلی / فی / ب: کی طرف دیکھنا، پر اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا، کو گھورنا، کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، تکنا۔ حَدَّقَ النظر فی: پر سرسری یا اچٹتی ہوئی نظر گاڑنا۔ اَحْدَقَ ب: کو گھیرنا۔ ــــ الی / فی / ب: کو

تکنا، دیکھنا، پراچٹتی یا چھچھلتی نظر ڈالنا۔ اَحْدَقَ النظر: پرسری یا اچٹتی نظر گاڑنا۔ حَدَقَة جمع حَدَقات وحَدَق وحِداق واَحْداق: آنکھ کی پتلی۔ احداق: اچٹتی ہوئی نظریں۔ حدیقة جمع حدائق: باغ۔ حدیقة الحیوانات: چڑیا گھر۔ اِحْداقٌ ب: کو گھیرنا۔ خَطَرٌ مُحْدِقٌ: سر پر کھڑا خطرہ۔ حَدَّقَ (بمعنی حذق) ہ: کو تیزابی، کھٹا، ترش، یا تیز بنانا۔ حادِق: (حاذق) کھٹا، ترش، تیزابی یا تیز (ذائقہ)۔

حدل: ۱۔ حَدَلَ ـِ حَدْلًا وحُدُولًا علیه: ظلم سے کے خلاف ہونا۔ حَدِلَ ـَ حَدَلًا علیه: پر ظلم کرنا۔ الحَدْل (مص): کہا جاتا ہے انه لَحَدْلٌ: وہ عادل نہیں۔

۲۔ حَدَلَ ـِ حَدْلًا وحُدُولًا السطحَ: سطح پر رولر پھیرنا۔ حَدِلَ ـَ حَدَلًا: ایک کندھے کا دوسرے سے بلند ہونا صفت اَحْدَل مونث حَدْلَاء جمع حُدُل (خلاف قیاس) وحَدِل جمع حَدَالی۔ تَحَادَلَ: مان پر جھکنا۔ الحِدْل: گردن کا درد۔ الأَحْدَل: جس کے کندھوں اور گردن پر جھکاؤ ہو۔ الحُدَال: چکنا۔ المِحْدَلَة: رولر (Roller) بیلن۔ مِحْدَلَةُ الطریق: سٹیم رولر۔ سڑک کوٹنے کا انجن۔

۳۔ حَادَلَ ہ: سے دورخی سے کام لینا، کو ڈبل کراس کرنا۔

۴۔ الحِدْل: ازار باندھنے کی جگہ۔ الحَوْدَلَة: ٹیلہ۔

○ حَدَلَ ـِ حَدْلًا ہ: کو چپٹا کرنا، ہموار کرنا، برابر کرنا، بیلنا۔ حَدْلًا و حُدُولًا علی: سے ناانصافی سے پیش آنا۔

حدم: حَدَمَ ـِ حَدْمًا ہ: کو تیز گرم کرنا ـــ الدمَ: خون کو گہرا سرخ کرنا۔ تَحَدَّمَ و اِحْتَدَمَ الرجلُ: غصہ سے مشتعل ہونا۔ اِحْتَدَمَ النهارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ الدمُ: خون کا گہرا سرخ ہونا یہاں تک کہ سیاہ ہوجانا۔ الشرابُ: شراب کا جوش تیز ہونا۔ ـتِ القدرُ: ہانڈی کا سخت ابلنا۔ الحَدْم والحَدَم: آگ کی تیز بھڑک۔ سخت شعلہ زنی۔ الحَدَمَة: آگ بھڑکنے کی آواز۔ الحِدام: غیض وغضب۔ غصہ۔

○ اِحْتَدَمَ: جلنا، دہکنا، دمکنا، لپکنا، لال ہونا، بھڑکنا، شعلہ زن ہونا، روشن ہونا، آگ سے بھسم ہوجانا، ختم ہوجانا، (جنگ) تیز ہوجانا، جنگ لگ جانا۔ ـــ علی: پر غضبناک ہونا، برہم ہونا۔ طیش کھانا۔ اِحْتَدَمَ غیظًا: غضبناک ہونا، برہم ہونا، طیش کھانا۔ اِحْتِدام: دورہ، باری، غلبہ، جذباتی دورہ۔ مُحْتَدِم: غضبناک، برہم، طیش میں آیا ہوا۔ غصہ میں۔

حدا: ۱۔ حَدَا ـُ حَدْوًا و حِدَاءً و حُدَاءً: بلند آوازی سے حدی گانا، کہا جاتا ہے۔ ما أَمْلَحَ حُدَاءَہ: اس کا حدی کا گانا کس قدر پسندیدہ ہے۔ الابلَ و بالابل: اونٹوں کو حدی خوانی کرتے ہوئے ہانکنا۔ صفت حادٍ جمع حُدَاة ـــ الریحُ السحابَ: ہوا کا بادل کو چلانا، ہانکنا ـــ ہ علی کذا: کو پر برانگیختہ کرنا۔ الحادِی: اونٹوں کو گا کر ہانکنے والا۔ الحَدّاء: حادی کا مبالغہ کا صیغہ۔ الأُحْدُوَّة والأُحْدِيَّة: اونٹوں کو ہانکتے وقت گایا جانے والا گیت۔ الحَدْواء: شمالی ہوا۔

۲۔ حَدَا ـُ حَدْوًا واِحْتَدَى اللیلُ النهارَ: رات کا دن کے بعد آنا۔ الحادِی فی الحادی عشر: حادی عشر میں حادِی "واحد" کا مقلوب ہے ـــ وحادِی النجم (فلک) دو ستارے۔ الحَوَادِی: ٹانگیں۔ ہر چیز کے آخری حصے۔

○ حَدَا ـُ حَدْوًا وحُداءً وحِداءً ہ / ب إلی: کو پر اکسانا، آمادہ کرنا، پر کیلئے زور دینا، کو کی مہمیز کرنا۔ حداب: پر اکسانا، ابھارنا، کی شہ دینا ـــ: جھولنا، ہلنا، جھولتے جانا، ہلتے جانا (اونٹ پر سوار ہوکر) حدا بهم الحدیثُ الی: ان کی بات چیت انہیں...... تک لے گئی۔ غَرَضٌ تُحدَی الیه الرکائِبُ: بہت مطلوب مقصد یا ایسا مقصد جس کے لئے کوشش کی جانی چاہئے۔ تحدی ہ: کے خلاف مقابلہ میں حصہ لینا۔ ہ / ہ: کو چیلنج کرنا کو اشتعال دلانا۔ کے مقابلہ میں آنا، کا مقابلہ کرنا، کے مقابلے میں جمے رہنا، کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا ـــ ہ: کو تیز کرنا، اکسانا، ابھارنا، جگانا، اٹھانا، میں جان ڈالنا، روح پھونکنا ـــ ذکاءہ: کی ذہانت تیز کرنا ـــ ہ: کو کرنے کا ارادہ کرنا، کو کرنے پر تل جانا۔ حَدَّاء: اونٹ ہانکنے والا۔ ساربان، شتر سوار، شتربان۔ اُحْدُوَّة و اُحْدِیَة: شتربانوں کا گیت۔ تَحَدٍّ: چیلنج، اشتعال۔ حادٍ جمع حُداة: میر کارواں (جو گا کر اونٹوں کو ہانکتا ہے) شتربان، شتر سوار، رہنما۔ مُتَحَدٍّ: چیلنج کرنیوالا، اشتعال دلانے والا۔ حَدِیَ ـَ ب: کسی جگہ رہنا، ٹھہرنا، کسی جگہ سے وابستہ رہنا۔

حدی: حَدِیَ ـَ حَدًى بالمكان: کسی جگہ جم کر رہنا۔ حَدَّی الشیءَ: کو کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَحَدَّی الرجلَ: سے مقابلہ کرنا اور غالب آنا ـــ الشیءَ: کو کرنے کا ارادہ کرنا۔ الحُدَیَّا: جھگڑا، مقابلہ، کہا جاتا ہے: هو حُدَیَّا الناس: وہ لوگوں سے مقابلہ کرنیوالا ہے۔ وانا حُدَیَّاكَ فی هذا الأمر: اور میں اس معاملہ میں تمہارا مقابلہ کروں گا، نکل کر مجھ سے ہم آہنگی کرو۔

حذ: حَذَّ ـُ حَذًّا ہ: کو جلدی کاٹ دینا۔ الحُذَّة: گوشت کا ٹکڑا [illegible] بالوں کا ہلکاپن۔ حَذَذُ القلب: دل کی ذکاوت اور تیز فہمی۔ الأَحَذّ مونث حَذّاء جمع حُذّ: تیز (رفتار) (ناقة حَذَّاءُ: تیز رفتار اونٹنی۔ قصیدة حَذّاء: مشہور و معروف قصیدہ۔ حاجةٌ حَذّاءُ: سریع التکمیل اور جلد کامیاب ہونے والی حاجت۔ عزیمةٌ حَذّاء: پختہ و مصمم ارادہ) ہلکی دم والا، ہلکے ہاتھ والا، دبلا۔ قلبٌ اَحَذّ: ذکی دل۔ امرٌ اَحَذّ: ناپسندیدہ سخت، بے مثل امر۔

حذر: حَذِرَ ـَ حَذَرًا و حِذْرًا و مَحْذُورَةً الرجلَ و من الرجل: سے بچنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت: حَذِر وحَذُر جمع حَذِرُون وحَذَارَی، حَذَّرَہ: کو ڈرانا، متنبہ کرنا، بچانا۔ حَاذَرَہ: ایک دوسرے سے محتاط رہنا۔ ڈرتے رہنا۔ واحتذرہ و تحذّر منه: سے بچتے رہنا، ہوشیار رہنا۔ اِحْذَارَّ: غضبناک و منقبض ہونا۔ حَذَارِ: اسم فعل بمعنی: ڈرو، خوف کرو۔ کہا جاتا ہے۔ حَذَرَایكَ زیدًا: زید سے بار بار بچو۔ الحاذِر (فا): مستعد، تیار۔ الحُذُرَّی: باطل۔ المَحْذُور: وہ چیز جس سے بچا جائے۔ المَحْذُورَة: ڈر، گھبراہٹ، خوفناک مصیبت، لڑائی، جنگ۔ الحِذْرِیان: چوکنا۔ الحاذورة: بہت محتاط، بہت چوکنا۔ الحُذَارِیات: ڈرانے والے۔

○ حَذِرَ ـَ حِذْرًا و حَذَرًا ہ / ہ / من: سے محتاط رہنا، سے چوکس، چوکنا یا ہوشیار ہونا، سے بچنا۔ حَذَّرَ ہ من: کو کے بارے میں یا سے متنبہ کرنا، آگاہ کرنا، خبردار کرنا، کو سے بچانا۔ حَاذَرَ خبردار ہونا، ہوشیار ہونا ہ: سے چوکنا، چوکس یا ہوشیار ہونا محتاط ہونا۔ تَحَذَّرَ من: سے محتاط ہونا۔ بچنا۔ احتذر بمعنی حَذِرَ۔ حِذْر و حَذَر: احتیاط چوکسی، خبرداری، ہوشیاری، بچنا۔ اَخَذَ حِذْرَہُ: چوکنا، چوکس، یا ہوشیار ہونا۔ علی حَذَرٍ: احتیاط سے، چوکسی سے، ـــ من: سے بچتے ہوئے، سے احتیاط کرتے ہوئے، حَذِر محتاط، چوکس، چوکنا، ہوشیار، حَذَارِ من: سے خبردار، بچ محتاط ہو، سے چوکنا رہو ـــ ان: کچھ کرنے سے بچ۔ تحذیر من: کے متعلق تنبیہ، کے خلاف احتیاط، چوکسی، سے خبرداری، مُحَاذَرة: احتیاط، چوکسی، خبرداری، پیش بندی، حفظ ماتقدم، احتیاطی تدبیر۔ مَحْذُور: جس سے خبردار ہونا چاہئے، بچنا چاہئے، احتیاط کی چیز، جمع مَحْذُورات: خطرہ، سخت خطرہ، مصیبت، مشکل، بدبختی۔

حذف: ۱۔ حَذَفَ ـِ حَذْفًا ہ: کو کاٹنا، گرانا۔ حَذَّفَ الشیءَ: کو اچھے طریقے سے کرنا یعنی ہر غیر ضروری چیز ترک کرکے تمام عیوب سے پاک صاف کرنا۔

ــــ شَعَرَهٗ: بالوں کو برابر کرنا۔ زلف نکالنا۔ الحذافَة من الشي: تھوڑی چیز۔ تراشہ۔

۲۔ حَذَفَ ـِ حَذْفًا ہ بالعصا او الحجر: کولاٹھی یا پتھر سے مارنا۔ تَحَذَّفَ ہ بالعصا: کولاٹھی سے مارنا۔ یا لاٹھی پھینک کر مارنا۔

۳۔ حَذَفَ ـِ حَذْفًا فی مشیہ: چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔

۴۔ الحَذَف (ح) چھوٹی قسم کی بھیڑیں۔ حَذَفُ الزرع: کھیتی کے پتے۔ الحَذَف واحد حَذَفَة (ح): ایک قسم کی بط۔ الحُذَفَة: پست قد عورت۔ الحُذَافة من الشي: تھوڑی چیز۔

۵۔ الحِذْفار و الحُذْفور جمع حَذَافِیر: جانب (کہا جاتا ہے اخذہ او نالہ بحِذْفارہ و بحُذْفورہ و بحَذَافِیرہ: اس نے وہ سب لے لیا)۔ انبوہ کثیر۔ لڑائی کے لئے تیاری کرنے والے۔ کہا جاتا ہے۔ اُشْدُدْ حذ افیرک: تیار ہو جاؤ۔

○ حَذَفَ ـــ حَذْفًا ہ / من: کو کم کرنا، مختصر کرنا، کاٹنا، کترنا، تراشنا، قلم زن کرنا، حذف کرنا، میں تخفیف کرنا، کو قطع کرنا، چھوٹا کرنا، ـــ من: سے کچھ لے جانا، کاٹ ڈالنا، کم کر دینا، کو قلمزن کرنا، منسوخ کرنا۔ ـــ ہ: کو منسوخ کرنا، قلمزن کرنا، قلمزد کرنا، خارج کرنا، ـــ پر قلم پھیرنا، کو ترک کرنا، چھوڑ دینا، کو نہ کرنا، ممنوع قرار دینا، کی اشاعت روک دینا۔ ـــ ہ: کو کم کرنا، مجرا کرنا، کو تفریق کرنا، منفی کرنا، گھٹانا، نکالنا (حساب) ـــ ب پر کوئی چیز پھینکنا۔ ـــ ب کو پھینک دینا، رد کر دینا، ترک کر دینا۔ حَذَّفَ ہ: کو کاٹنا، تراشنا، کی کانٹ چھانٹ کرنا، کو کانٹ چھانٹ کر کے درست کرنا، کو کوئی شکل دینا، کو کاٹ کر، کانٹ چھانٹ کر یا تراش کر مناسب شکل میں تبدیل کرنا۔ حذف: چھوٹا کرنا، کم کرنا، گھٹانا، قطع کرنا، کانٹ چھانٹ، منسوخی، تنسیخ، قلمزنی، قلمزدگی، اخراج، ترک کرنا، چھوڑ دینا، فرو گزاشت، حذف۔ اخذہ بحذا فیرہ: اس نے وہ سب کچھ لے لیا۔ تمام کا تمام لے لیا۔

حذق ا۔ حَذَقَ ـِ و حَذِقَ ـَ حَذْقًا و حِذْقًا و حَذَاقًا و حِذَاقًا و حِذَاقَةً و حَذَاقَةً الکتابَ: ساری کتاب کا مطالعہ کرنا، ماہر ہونا۔ صفت: حَاذِق جمع حُذَّاق و حِذَاق۔ ـــ العملَ: کام میں ماہر ہونا۔ حَذَّقَ ہ: کو ماہر بنانا۔ تَحَذَّقَ: ماہر ہونا۔ ـــ علیہ: پر مہارت ظاہر کرنا۔ الحُذَاقِیّ: فصیح زبان والا۔

۲۔ حَذَقَ ـِ حَذْقًا الشیْ: کو کاٹنا۔ اِنْحَذَقَ: کٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ حَذَقْتُ الحبلَ فانحذقَ: میں نے رسی کو کاٹا تو وہ کٹ گئی۔ الحِذْقَۃ جمع حِذَق و حُذَاق: (آخری غیر قیاسی ہے): ٹکڑا۔ الحَذِیق: کٹا ہوا۔ الأحْذَاق: ٹکڑے کہا جاتا ہے۔ حبلٌ اَحْذَاق: کٹی ہوئی رسی جمع کے ساتھ صفت لاتے ہیں جیسے ثوبٌ اخلاق: جیسے۔ الحُذَاقِیّ: تیز چھری۔

۳۔ حَذَقَ ـِ حُذُوقًا الخلُّ: سرکہ کا بہت ترش ہونا۔ ـــ الخلُّ فاہ: سرکہ کا منہ کو چرکا دینا۔ الحاذِق (فا) جمع حُذَّاق و حِذَاق من الخلّ: بہت تیز سرکہ۔

۴۔ الحُذَاقَۃ: تھوڑا کھانا۔ الحُذَاقِیّ (ح): گدھے کا بچہ۔

○ حَذِقَ ـَ و حَذَقَ ـِ حِذْقًا و حَذَاقَةً (ہ / فی): میں ماہر ہونا، ہنر مند ہونا، آزمودہ کار ہونا، بہت منجھا ہوا ہونا، قابل، لائق، واقف یا ذی علم ہونا۔ ـــ ہ: میں کمال حاصل کرنا، استاد ہونا، حاوی ہونا۔ حَذَقَ ـــُ حُذُوقًا: ترش ہونا۔ تَحَذَّقَ: ماہر ہونے کا بہانہ کرنا۔ قابلیت کا حیلہ کرنا، چالاک اور بانکا بننا۔ حِذْق اور حَذَاقَة: مہارت، ذہانت، چابک دستی، سبک دستی، تیز فہمی، تیز طبعی، چالاکی، ہوشیاری، سمجھ، عقل، فہم، فراست، بصیرت، زیرکی، ذکا، دقیقہ رسی۔ حَاذِق جمع حُذَّاق: ماہر، ہنر مند، آزمودہ کار، قابل، لائق، اچھی طرح واقف۔ ذی علم، ہوشیار، تیز طبع، زیرک، چتر، سیانا، دانشمند، خبردار، تیز فہم، ترش، کھٹا۔ تَحَذْلَق: چالاک یا ہنرمند بننا، مہارت یا علم و معرفت کا بہانہ کرنا۔ اپنے علم کو فخریہ طور پر ظاہر کرنا۔ حَذْلَقَة: مہارت، ہنر مندی، کاریگری۔

حذل ا۔ حَذِلَ ـَ حَذَلًا تِ العینُ: آنکھ کی پلکیں گرنا۔ صفت: حَذْلاء۔ اَحْذَلَ العینَ: پلکوں کے بال گرانا۔ الحَذَل: پوٹے کے بالوں کا گرنا، پلکوں کا گرنا۔ الحُذَالَة: چاول یا کسی اور چیز کی بھوسی۔

۲۔ تَحَذَّلَ علیہ: پر مہربان ہونا۔ الحَذْل: میلان، جھکاؤ۔

۳۔ الحَذْل والحُذَل و الحُذُل: کپڑے کے دامن کی گولائی۔ الحُزَالَة: کپڑے کے دامن کی گولائی۔ ایک قسم کا سرخ گوند۔

۴۔ حَذْلَقَ و تحذلقَ: مہارت ظاہر کرنا یا مہارت کا دعوی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ انہ یتحذلق فی کلامہ: وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔ حُذْلِقَ الشیُٔ: تیز کیا جانا۔ الحِذْلِق من الرجال: نکمی آدمی۔

۵۔ حَذْلَمَ: جلدی کرنا۔ ـــ العُودَ: لکڑی کو چھیل کر تیز کرنا۔ ـــ السقاءَ: مشک کو بھرنا۔ تَحَذْلَمَ: جلدی کرنا۔ با ادب ہونا۔ الحُذْلُم: ہلکا پھلکا۔ سبک رفتار۔

حذم ا۔ حَذَمَ ـِ حَذْمًا: کو کاٹنا۔ الحَذِمُ کے پرندے کی اڑان۔ الحَذِم والحِذْیَم و المِحْذَم من السیوف: کاٹنے والی تلوار۔ قاطع تلوار۔

۲۔ حَذَمَ ـِ حَذْمًا و حَذَمَانًا فی مشیہ: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔ (ضد)۔ الحُذَام: سست، کاہل، کہا جاتا ہے اشتری عبدًا حُذامَ المشی: اس نے ایک سست رفتار غلام خریدا۔

۳۔ حَذَامِ: یمامہ کی ایک عورت کا نام۔ زرقاء الیمامہ کہلاتی تھی۔ تیز نظر ہونے کی وجہ سے ضرب المثل مشہور ہے۔ ابصرُ من زرقاء الیمامۃ: زرقاء الیمامہ سے زیادہ صاحب بصیرت۔

حذا ا۔ حَذَا ـُ حَذْوًا و حِذاءً النعلَ: جوتے کو نمونہ پر کاٹنا۔ ـــ النعلَ بالنعل: جوتے کو جوتے کے نمونہ پر کاٹنا (ضرب المثل ہے جزیتہ حلو النعل بالنعل: میں نے اسے برابر کا صلہ دیا) ـــ ہ ولہ و اَحْذَاہ نعلًا: کو جوتا پہنانا، جوتا دینا، یا کے لئے جوتا بنانا۔ اِحْتَذَی: جوتا پہننا۔ اِسْتَحْذَی ہ: سے جوتا طلب کرنا۔ الحِذاء جمع اَحْذِیَة: جوتا (ع ا): گھوڑے کا نعل، اونٹ کا موزہ ضرب المثل ہے: کلُّ الحذاء یحتذی الحافی الوَقِع: دکھتے ہوئے اور ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔ یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کیلئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کرے۔ جیسے کہتے ہیں، بھوکے کو دو روٹی غنیمت ہے۔ الحَذْوَة و الحُذْوَة: گوشت کا ٹکڑا۔ الحَذّاء جمع حَذّاؤون: جوتے بنانے والا۔

۲۔ حَذَا ـُ حَذْوًا و حِذاءً ہ و ـــ حَذْوَہ: کی پیروی کرنا، نقل کرنا۔ اِحْتَذَی مثال فلانٍ و علی مثالہ: کی پیروی کرنا، کی مشابہت پیدا کرنا۔

۳۔ حَذَا و حَاذَی مُحَاذاةً و حِذَاءً ہ: کے سامنے ہونا، کے سامنے بیٹھنا۔ تَحَاذَیا: یکدوسرے کے سامنے ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ بنو فلان یتحاذون الماء: بنو فلاں پانی آپس میں برابر بانٹتے ہیں۔ الحِذاء والحِذَة والحَذْ و الحُذْوَة و الحِذْوَة: سامنے، مقابل: کہا جاتا ہے۔ داری حِذاءَ دارِہ: میرا گھر اس کے گھر کے سامنے ہے۔ جلس حِذاءَہ و بحذاءِہ: وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ المُحاذَی: سامنے۔ مقابل، کہا جاتا ہے۔ ھو مُحَاذاتک: وہ تیرے سامنے یا مقابل ہے۔

۴۔ حَذَا ـُ حَذْوًا و حِذاءً الشرابُ لِسانَہ: شراب کا زبان کو چھیل دینا۔

۵۔ حَذَا ـُ حَذْوًا و حِذاءً التراب فی وجوھھم: کے مونہوں میں خاک ڈالنا۔

۶۔ حَذَا ـُ حَذْوًا وحِذاءً زیدًا شیئًا: زیدکوکچھ دینا۔ الحِذْوَۃ الحُذْوَۃ. عطیہ۔ بخشش۔

حَذَا ـُ حَذْوًا: حذا حذوَہ: کی نقل کرنا، کے مشابہ ہونا، کی مثال پرعمل کرنا۔ حاذا ہ: کے مقابل ہونا۔ کے سامنے ہونا، کے متوازی ہونا، کا سا ہونا۔ تحاذی ایک دوسرے کے مقابل ہونا، متوازی ہونا۔ اِحْتَذَی علی / ب: کی نقل کرنا۔ ـ ہ: کی نقل کرنا۔ ـ علی ، ب ، ہ کوبطور مثال یانمونہ لینا، اختیار کرنایابطور مثال یانمونہ عمل کرنا۔ ـ ہ: کوبطور جوتے کے پہننا۔ حَذْوَ کے مقابل، کے سامنے۔ حَذْوَكَ النعلَ بالنعلِ: مکمل طور پر ہوبہو یا یکساں انداز میں ٹھیک ٹھیک، پھلی میں مٹروں کی طرح۔ حِذَا جمع اَحْذِیَۃ: جوتا، سینڈل۔ صانع الأَحْذِیَۃ: موچی، کفش دوز، جوتے بنانے والا۔ حِذاءَ وبِحِذَاءِ: کے مقابل، کے سامنے۔ حَذَّاء: جوتے بنانے والا، موچی۔ علی محاذاۃ یافی مَحاذاۃ: کے ساتھ ساتھ، پہلو بہ پہلو، کے متوازی، احتذاء: نقل کرنا، مُحَاذٍ: مقابل، سامنے۔

حذی ا۔ حَذَی ـِ حَذْیًا الخلُّ لِسانَہٗ: سرکہ کازبان کو چھیلنا۔

۲۔ حذَی ـِ حَذْیًا یدَہٗ: کاہاتھ کاٹنا۔ ـ ہ بلسانہ: کی غیبت کرنا، کوگالیاں دینا۔ المِحْذاء: بہت عیب جوئی یا غیبت کرنے والا۔

۳۔ أَحْذَی اِحْذاءً ہ طعنۃً: کونیزہ مارنا۔

۴۔ اَحْذَی اِحْذاءً ہ: کومال غنیمت کا حصہ دینا۔ الحُذیا والحُذَایَۃ والحَذِیَّۃ: مال غنیمت کا حصہ۔ الحُذَیَّا: خوشخبری سنانے والے کودیا جانے والا ہدیہ، مال غنیمت کا حصہ۔

حرّ: ا۔ حَرَّ ـَ حَرَارًا العبدُ: غلام کا آزاد ہونا۔ ـ حَرَارًا وحُرِّیَّۃً: آزاد اور شریف اصل والا ہونا۔ حَرَّرَ العبدَ: غلام کوآزاد کرنا۔ ـ الولَد او الشیءَ: لڑکے کو یا چیز کواللہ تعالیٰ کی اطاعت اور خدمت کے لئے وقف کرنا، بعض کے نزدیک لڑکے کوصرف اللہ کی خدمت کے لئے آزاد کرنا اور اس سے کوئی اور کام نہ لینا معنی ہے۔ تَحَرَّرَ العبدُ: غلام کا آزاد ہونا۔ الحُرّ جمع اَحْرار وحِرار: آزاد، شریف۔ ـ من کل شیء: ہرشئے کاعمدہ حصہ کہاجاتا ہے۔ فرسٌ حُرٌّ: اصیل گھوڑا۔ طینٌ حُرٌّ: مٹی جس میں ریت نہ ملی ہو۔ حُرُّ الارض: زمین کا بہترین حصہ۔ حُرُّ الوجہ: رخسارہ کہاجاتا ہے۔ لطمہ علی حُرِّ وجھہ اس نے اس کے گال پرطمانچہ مارا۔ الحُرَّۃ جمع حَرائِر وحُرَّات: حرّ کا مونث۔ آزاد عورت شریف عورت۔ ارضٌ حُرَّۃ (ط ا): زمین جس کی مٹی میں ریت نہ ہو۔ رملۃٌ حُرَّۃ: وہ ریت جس میں گارا نہ ہو۔ الحُرِّیَّۃ والحَرُورَۃ والحَرُورِیَّۃ (ان آخری دولفظوں میں ح مضموم بھی آتی ہے) آزادی، خالص ہونا۔ حُرِّیَّۃُ القوم: قوم کے شریف لوگ۔ کہاجاتا ہے: ھو من حُرِّیَّۃ قومہ: وہ اشراف قوم سے ہے۔

۲۔ حَرَّ ـَ حَرًّا وحَرَّۃً وحُرُورًا وحَرَارَۃً: گرم ہونا۔ ـ الماءَ: پانی گرم کرنا۔ اَحَرَّ النہارُ: دن کا گرم ہونا۔ اِسْتَحَرَّ القتالُ: لڑائی کا تیز ہونا، شدت اختیار کرنا۔ الحَرّ جمع حُرُور و اَحَارِر (قیاس کے خلاف): گرمی۔ الحَرَّۃ جمع حَرَّات و حِرار، و أَحَرُّون و حَرُّون (ط ا): سیاہ بوسیدہ پتھروں والی زمین۔ الحجرُ الحَرِّی: سیاہ بوسیدہ پتھروں والی زمین سے منسوب پتھر۔ الحجر الحرّانی بھی کہلاتا ہے۔ اس سے چکیاں بنائی جاتی ہیں۔ الحارّ: گرم۔ الحَرُور: گرم ہوا، سورج کی گرمی، آگ۔ الحَرِیر و المَحْرُور: غصہ کی گرمی والا۔ الحَرَارَۃ: گرمی۔ الحَرِیرَۃ: غصہ کی گرمی والی۔ المَحرُور: اپنے اندر گرمی رکھنے والا۔

۳۔ حَرَّ ـَ حَرَّۃً: پیاسا ہونا۔ اَحَرَّ صدرَہٗ: کوپیاسا کرنا، پیاس لگانا۔ الحِرَّۃ: پیاس۔ کہتے ہیں: رماہ اللّٰہُ بالحِرَّۃِ تحت القِرَّۃ: اللہ تعالیٰ اس کو موسم سرما میں پیاس میں مبتلا کرے۔ الحَرَّان مونث حَرَّی جمع حِرَار و حَرَاری: سخت پیاسا۔

۴۔ حَرَّ ـُ حَرًّا الارضَ: زمین کوبرابر کرنا، ہموار کرنا۔ حَرَّرَ الکتابَ: کتاب کوخوبصورت اور درست لکھنا۔ ـ الوزنَ: وزن ٹھیک کرنا۔

۵۔ حَرَّرَ المعنی: معنی کوحشو وزوائد سے پاک کرنا۔ الحُرِّیَّۃ: خلوص۔

۶۔ الحُرّ (ح): شکرا، باز، کبوتر کا بچہ۔ حُرُّ الدار: گھر کا درمیان، بیچ۔ ساقُ حُرٍّ (ح): زقمری۔ عینُ حُرٍّ (ح): ایک پرندہ۔ احرار البقول: خام کھائی جانے والی سبزیاں، جیسے سلاد۔ الحارّ من الاعمال: دشوار یا مشقت والا کام۔ الحَرَّۃ: دردناک عذاب، پھنسی، بہت تاریکی۔ الحریر: ریشم، ریشم کا کپڑا یالباس۔ الحَرِیرۃ: ریشم کے کپڑے کا ٹکڑا [illegible]
الحَرِیری: ریشم بنانے والا، ریشم فروش۔

☆ حَرَّرَ ہ: کوصاف کرنا، واضح کرنا، ٹھیک بنانا یا وضع کرنا، کوصحیح طور پرلفظوں میں ادا کرنا، کی ٹھیک تعریف کرنا، کا صحیح محل یا مقام جان لینا، (کتاب پر) نظرثانی کرنا (کتاب رسالہ) مدوّن کرنا، کی ایڈیٹری کرنا، کی ادارت کے فرائض سر انجام دینا)، کتاب رسالہ اشاعت کے لئے تیار کرنا، کتاب کی تدوین کرنا، کتاب رسالہ کودرست کرکے شائع کرنا۔ ـ ہ: کو لکھنا، تحریر کرنا، تصنیف کرنا، تالیف کرنا، ترتیب دینا، جمع کرنا، مرتب کرنا۔ حُرّ جمع احرار (مذکر)، حرائر (مونث): شریف آزاد پیدا ہونے والا، اصلی، خالص، کھرا، بے میل (جیسے لعل جواہر وغیرہ) بے ملاوٹ، آزاد، آزادی سے زندگی بسر کرنے والا، جسے حقوق شہریت حاصل ہوں، جسے روکا نہ گیا ہو، حریت پسند (جمع احرار)، آزاد خیال (جمع احرار)۔ ـ علی: کے بارے میں صاف دل، راستباز، صاف گو، صاف باطن، بے لاگ، مخلص، بے تعصب، ـ: دستیاب دولت جس کی سرمایہ کاری نہ کی گئی ہو۔ الاحتیاطی الحرّ: آزاد غیرزیرباراور محفوظ سرمایہ۔ من حرِّ مالِہ: اپنی نقدی کے ساتھ، اپنے ہاتھ میں موجود وسائل سے۔ حَرَّۃ جمع حَرَّات: پتھریلا علاقہ، آتش فشانی سرزمین، لاوے کا علاقہ۔ حُرِّیَّۃُ العبادہ: عبادت کی آزادی۔ حریۃ الفکر: سوچ کی آزادی، آزادی فکر۔ حریۃ النشر (او الصحافۃ): پریس کی آزادی۔ حریرٌ صَخرِیٌّ: ازبسٹس، ازبسٹاس، ریشہ دار معدنی مادہ asbestos۔ حریر صناعِیّ: نقلی یامصنوعی ریشم (rayon)۔ حَرِیری: ریشمی، ریشم کا، ریشم کے متعلق۔ حرائری: ریشمی، ریشم کا، ریشم کا کپڑا بنانے والا۔ حَرَّار: ریشمی کپڑا بنانے والا۔ حَرَارَۃ: گرمی، گرمائی، بخار کی حرارت، بخار، وجہ، حرارت، ٹمپریچر (temperature)، شدت کی گرمی، (احساس، جذبہ کا) جوش، ولولہ، تپش، شوق، طیش، سرگرمی، گہری دلچسپی، شدت، سختی، زور (کمال کا) جلنا، جلن۔ حُرَیْرَۃ جمع حُرَیْرَات: حرارت کی اکائی، حرارہ (غذا سے حاصل ہونے والی) توانائی کی اکائی، (calory, caloric)۔ حَرَارِیّ: حرارت کا، حرارت کی اکائی کا، توانائی کی اکائی کا۔ وحدۃ حراریۃ: حرارت کی اکائی، حرارہ، (غذا سے حاصل ہونے والی) توانائی کی اکائی۔ حراریہ جمع حراریات: بمعنی وحدۃ حراریۃ۔ حَرَّان مونث حَرَّی جمع حِرار

و حَـرَارَیٰ: پیاسا، پرجوش، تپتا ہوا، پرولولہ، گرم (مجازاً)۔ زَفْـرَـۃ حَـرَّیٰ: گرم آہ، پرولولہ آہ، دموعٌ حَرَّیٰ. گرم گرم آنسو۔ اَحَرَّ: زیادہ گرم، زیادہ پرتپاک۔ عـلـی احرّ من الجَمْر: خلجان میں، مخمصے میں، انتہائی تشویش کے عالم میں، زبردست جوش میں۔ مِـحَرّ: گرم کرنے کا نظام، گرم کرنے کی تنصیب۔ تـحـریـر: آزادی، مخلصی، رہائی، خلاصی، رہائی، چھٹکارا، مکتی، نجات، ریکارڈ کرنا، قلمبند کرنا، ضبط تحریر میں لانا، محفوظ کر لینا، لکھنا، اشاعت کے لئے ترتیب دینا، درست کرکے شائع کرنا، تدوین، ترتیب، تالیف، ادارت (اخبار وغیرہ کی) جمع تـحریرات و تحارِیر: تحریر کا ٹکڑا، دستاویز، انتخاب، خلاصہ، ریکارڈ۔ رئیس التحریر: ایڈیٹر انچیف۔ ادارۃ التحریر. ایڈیٹروں کی مجلس، ادارتی عملہ۔ تَـحْرِیْرِی: آزادی کا، چھٹکارے کا، نجات کا، نجات کا، مخلصی کا، حریت پسندانہ، ضبط تحریر میں لایا ہوا، تحریری، لکھا ہوا، بصورت تحریر۔ حـارّ: گرم، قدرے گرم، پرجوش، پرشوق، جلتا ہوا، سرگرم، دہکتا، دمکتا، تیز، تند، ولولہ انگیز، تندخو۔ مُحَرِّر جمع مُحَرِّرُون: آزاد کرنے والا، لکھنے والا، کلرک، (اخبار رسالہ وغیرہ کا) ایڈیٹر، مدیر۔ مُـحَرَّر: اللہ تعالیٰ کے لئے وقف شدہ، قلمبند کیا ہوا، ضبط تحریر میں لایا ہوا، لکھا ہوا، فہرست میں مندرج، نوٹ کیا ہوا جمع مُـحَرَّرات: اندراجات، ریزولیشنز، مُتَـحَرِّر: آزاد، آزادی کا حامی۔

حرب: ا۔ حَرَبَ ـِ حَـرْبًا الرجلَ: کا سب کچھ لوٹ لینا یا چھین لینا۔ صفت مفعولی۔ حَرِیب جمع حَرْبیٰ و حُـرَبـاء و مُحْرُوب: حُرِبَ الرجلُ مالَه: کا مال چھینا جانا۔ حَـارَبَ حِـرابًا و مُحَارَبَۃً ہ: سے لڑائی کرنا۔ أَحْـرَبَ فـلانـا: کی دشمن کا مال لوٹنے کے لئے رہنمائی کرنا۔ الحربَ: لڑائی کو بھڑکانا۔ تَـحَـارَبَ و اِحْتَـرَبَ الـقـومُ: لڑائی کی آگ بھڑکانا۔ الـحَرْب جمع حُـرُوب: جنگ، لڑائی۔ آپ کہتے ہیں: وقـعـت بینهم حربٌ: ان کے درمیان لڑائی چھڑ گئی۔ یہ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس کی تصغیر حُرَیب ہے۔ ـــ الـصـاعقة یا الحرب الخاطفة: جلد فتح کے لئے فوج کی طرف سے اجتماعی جنگ۔ رجـلٌ حَـرْبٌ: شجاع، جنگجو آدمی۔ کہا جاتا ہے: انـا حـربٌ لـمـن یـحـاربنی: جو مجھ سے لڑے میں اس کا دشمن ہوں۔ دارُ الحرب: دشمنوں کا ملک، وہاں کے رہنے والے حـربـیـون کہلاتے ہیں۔ الـحَرَب: ہلاکت، تباہی، خرابی۔ الـحَـرْبَۃ جـمـع حِـراب: نیزہ، برچھی، برچھا، گھاؤ۔ الـحِـرْبَۃ: جنگ کی ہیئت، کہا جاتا ہے: وقعت بینهم حربة شديدة: ان کے درمیان شدید جنگ چھڑ گئی۔ الحَرَّاب: نیزہ بردار، نیزہ بنانے والا۔ الحِرْباء: زرہ کی میخ۔ المِحْرَب و المِحْراب جمع محَارِیب: جنگجو، لڑاکا، بہادر۔

۲۔ حَـرِبَ ـَ حَـرَبًـا: سخت غضبناک ہونا، صفت: حَرِب۔ حَـرَّبَ ہ: کو غضبناک کرنا۔ اِحْـرَنْبَیٰ اِحْرِنْبَاءً: شرارت وغصہ کے لئے، تیار و آمادہ ہونا۔ الحَرِب جمع حَرْبَیٰ: سخت غضبناک۔

۳۔ حَـرِبَ الرجلُ: ہلاکت کو بلانا، ہائے افسوس ہائے افسوس کہنا (وَاحَـرْبَـاہ)۔ وَاحَـرْبَا: اس کلمہ سے مرنے والے پر روتے ہیں، افسوس کرنے کے لیے مستعمل ہے: افسوس، ہائے افسوس۔ (واحرباہ میں ہ وقف کے لئے ہے)۔

۴۔ حَرَّب السنانَ: نیزے کے پھل کو تیز کرنا۔

۵۔ حرِبَ ـَ حَرَبًا: پیاسا ہونا۔

۶۔ اَحْرَبَ النخلُ: کھجور کے درخت کا شگوفہ نکالنا۔

۷۔ اِحْـرَنْبَیٰ احرنباءً: چت لیٹ کر اپنی ٹانگیں آسمان کی طرف اٹھانا۔

۸۔ اِحْرَنْبَیٰ احرنبـاءً المکـانُ: جگہ کا وسیع وکشادہ ہونا۔

۹۔ الحَرْبَۃ جمع حَـرَبات وحَرْبات: دینی فساد، جمعہ کا دن۔ الـمَحْرَب و المِحْرَاب جمع مَـحَارِیب: صدرِ مجلس، لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ (کہا جاتا ہے: انه یکرہ المحاریب: وہ اس بات کو ناپسند کرتا ہے کہ وہ صدر مجلس میں بیٹھے اور لوگوں سے ممتاز ہو) شیر کی کچھار۔ المِـحْـرَاب: گھر کا شروع کا حصہ، اچھی جگہ، قبلہ۔ مِحرابُ المسجد: امام کی جگہ۔ الحِرْباء: پشت کا گوشت۔ ـــ والحِرباءَۃ جمع حَـرَابِیّ (ح): گرگٹ، تلون مزاجی کے لئے بطور مثل مشہور ہے، عام لوگ اسے حِرباءَۃ و بِرْبُخْتی (فارسی) کہتے ہیں۔

۱۰۔ الحِرْبِش و الحِرِبّش (ح): اژدہا۔

○ حَرِبَ ـَ حَرَبًـا: ناراض ہونا، برہم ہونا، غضبناک ہونا۔ حَـارَبَ ہ: سے لڑنا، جنگ کرنا، کے خلاف یا سے لڑنا، لڑائی کرنا۔ تَحَارَب: آپس میں لڑنا، ایک دوسرے سے لڑنا، جنگ میں مشغول ہونا، احتـرب بمعنی تحارب: حرب (مونث) جمع حُرُوب: جنگ، لڑائی ـــ علیٰ یا لہ: کا دشمن یا کے دشمن۔ حـربٌ اهلية: خانہ جنگی۔ حـرب صحافِية صحافیانہ یا پریس منافرت۔ الـحـروب الصليبية صلیبی جنگیں۔ الـحـرب الـعُظمیٰ و الحرب العالمیّۃ و الـحـرب العامۃ پہلی جنگ عظیم۔ کشفـت الـحـربُ عن سـاقهـا اور قـامـت الـحـرب عـلـی سـاق: شدید جنگ شروع ہوگئی یا یکایک لگ گئی۔ حَـرْبِـیّ: جنگجو، جنگجوانہ، جھگڑالو، محارب، شریک جنگ، جنگی، فوجی، جمع حـربـیـون جنگجو، نبرد آزما، (فوجی) سپاہی۔ البُولِیسُ الحربی: ملٹری پولیس۔ حَـرْبَۃ: نیزہ، برچھا، برچھی، بلم، نیزے کی انی، انی، سنگین، تلوار۔ مِـحْـراب جمع مَحاریب: محراب مسجد، نماز کا طاق۔ احتراب: گھمسان کی لڑائی، باہمی کشمکش۔ مُـحَـارَبَۃ: جدوجہد، لڑائی، جنگ، جنگ و جدل، لڑائی بھڑائی، محاربہ۔ مُـحَارِب: جنگ کرنے والا، لڑنے والا، جنگجو، جنگی سپاہی، فوج کا معمولی افسر۔ المتحاربون: جنگ کے فریق، شرکاء جنگ۔

○ حَرْبُوشَۃ جمع حَرَابِش: گولی۔ حَبّ (دوا کی) (مٹھائی کی) گولی، (دوا کی) گولی۔

حرت: حَرَتَ ـُ حَرْتًا الشیءَ: کو سخت ملنا۔ حَرِتَ ـَ حَرَتًـا الرجلُ: بدخلق ہونا۔ الحَرْت: جانور کے چبانے کی آواز۔ الـحَرِیت (ح): ایک قسم کی مچھلی۔

حرث: ا۔ حَرَثَ ـُ حَرْثًا: کھیتی باڑی کرنا، صفت: حارِث جمع حُرَّاث و حَرَّاث۔ ـــ الارضَ: زمین میں ہل چلانا، کھیتی بونا۔ الـحَـرْث (ز): کھیتی۔ الحارِث جمع حُرّاث (فا)۔ الحِراثۃ: کھیتی، کاشتکاری۔ المِحْرَث جمع مَحَارِث و المِحراث جمع مَحَارِیث (ز): ہل۔

۲۔ حَرَثَ ـُ حَـرْثًـا المـالَ: مال کمانا، جمع کرنا۔ اِحْتَـرَثَ المـالَ: مال کمانا۔ الحـارِث و ابو الـحـارث: شیر کی کنیت۔ الـحَـرائِث واحد حَرِیثَۃ: کمائیاں۔

۳۔ حَرَثَ ـُ حَـرْثًـا و أَحْرَثَ و إحْتَرَثَ الدابۃَ: جانور کو تھکانا، لاغر و دبلا کرنا۔ صفت مفعولی: حرِیثۃ ج حُرائِث۔

۴۔ حَرَثَ ـُ حَرْثًـا الـخبزَ: روٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

۵۔ حَـرَثَ ـُ حَـرْثًـا الشـیءَ: کا اچھی طرح مطالعہ کرنا۔

۶۔ حَرَثَ ـِ الأمرَ: کسی امر کو یاد کرکے بھڑک جانا۔

ـ النارَ: آگ کو کریدنا۔ المِحْرث جمع مَحَارِث و المِحْرَاث جمع مَحَارِيث: آگ ہلانے کی سیخ، کریلنی۔

☆ حَرَثَ ـ حَرْثًا ہ: زمین میں ہل چلانا، زمین جوتنا، زمین میں بونا، زراعت کرنا، کاشت کرنا، زمین ٹھیک کرنا، سدھارنا، سنوارنا، زمین تیار کرنا، کھیتی باڑی کرنا۔ حَـرْث: کھیتی باڑی کرنا، زمین جوتنا، زمین میں ہل چلانا، کاشتکاری کرنا، کھیتی، کھیتی باڑی، کھیتی کی زمین، زراعت، کاشتکاری، قابل زراعت یا قابل کاشت زمین، کاشت، مزروعہ زمین، شجر زار، باغ، پودے، درخت۔ حَـرْثَة: قابل کاشت یا قابل زراعت زمین، کاشت، زراعت، مزروعہ زمین۔ حِـرَاثَة: کھیتی باڑی، کاشتکاری، زمینداری، کشاورزی، زراعت۔ حَرّاث: ہل چلانے والا، کسان۔ حـارِث جمع حُـرَّاث: ہل چلانے والا۔ ابـو الحارث: شیر۔

حرج: ۱ـ حَرِجَ ـ حَـرَجًـا الـرجلُ: مجرم ہونا۔ أحْرَجَ ہ: کو گناہ میں مبتلا کرنا۔ تَـحَرَّجَ: گناہ سے بچنا۔ الـحَـرَج: گناہ۔ کہا جاتا ہے: لا حَـرَجَ عـلـيك: تمہارا کوئی قصور نہیں یا تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ حَدِّثْ عن البحر ولا حرج: سمندری حالات بیان کرو۔ مبالغہ وغیرہ کے بارے میں تم پر کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ الحِرْج جمع أحْرَاج و حِراج: گناہ۔

۲ـ حَرِجَ ـ حَـرَجًـا الشيءُ: تنگ ہونا۔ ـــت العینُ: آنکھ کے دھنس جانے کی وجہ سے چندھیانا۔ ـ الیه: تنگ ہو کر کی پناہ لینا۔ ـــ الغبارُ: گرد و غبار کا تنگ مقام میں چکر کھانا۔ حَـرَّجَ ہ: کو تنگ کرنا۔ ـــ علیه: پر دباؤ ڈالنا، کسی سے کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔ أحْـرَجَ ہ: کو تنگی میں ڈالنا، کو تنگ جگہ کے لئے مجبور کرنا۔ ـــ فلانًا الیه: کو پر مضطر کرنا۔ الـحَرَج: گھنے درختوں والی تنگ جگہ۔ الـحَرِج تنگ، گھنے درختوں والی تنگ جگہ۔ الحَرِيج: تنگ۔ الـمُحَرِّج: تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے: حلف بالمُحَرِّجَات: اس نے تنگی میں مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔

۳ـ حَرِجَ ـ حَرَجًا علیه الشيءُ: پر کسی چیز کا حرام ہونا۔ أحْرَجَ عـلیـه الامرَ: پر کوئی کام حرام کرنا، ناجائز ٹھہرانا۔ الحَرَج: حرمت۔

۴ـ حَرَجَ ـ حَرْجًا انیابَهٗ: غصہ سے دانت پیسنا۔

۵ـ حَـرَّجَت الـنـصاعة فی ید الدلّال مال یا سامان تجارت کی قیمت کا دلال کے پاس انتہائی بڑھ جانا۔ الـحَـرَاج: دلال کے پاس مال یا سامان تجارت کی قیمت کا مزید بڑھنے سے رک جانا۔ سوقُ الحَرَاج: نیلامی کا بازار، بازار نیلامی۔

۶ـ الحَرَج: مردہ لیجانے کا تختہ۔ الحَرِج: لڑائی میں ثابت قدم رہنے والا، کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے خوف کھانے والا۔ الحِرْج جمع أحْرَاج و حِـرَاج: بکریوں کا ریوڑ، شکار میں کتے کا حصہ، درندوں کے شکار کے لئے رسیوں کا پھندا، کوڑی۔ الـحَرَجَة جمع حَرَج و حـرَجَات: بکریوں یا اونٹوں کا ریوڑ۔ ـ ج حِراج و أحْرَاج (ن): جنگل۔ المِحْرَاج من اللیالی: بہت ٹھنڈی رات۔

۷ـ حَـرْجَل حَـرْجَلَةً: لمبا ہونا، دائیں بائیں دوڑنا۔ الـحُـرْجُل و الـحُراجِل: لمبا۔ الـحَـرْجَل و الـحَرْجَلَة: گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے: جاءَ وا حَرَاجِلَةً: وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔ الـحَرْجَلَة: لنگڑاپن۔

۸ـ حَـرْجَمَ الإبلَ: اونٹوں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے جمع کرنا۔ إحْـرَنْـجَمَ الـقـوم او الابل: لوگوں یا اونٹوں کا اکٹھا ہونا، بھیڑ کرنا۔ ـ عن الامر: کسی امر کا ارادہ کر کے اس سے ہٹ جانا۔

○ حَرِجَ ـ حَرَجًا: تنگ ہونا، مضبوط ہونا، مشکل میں یا مصیبت میں مبتلا ہونا، مشکلات میں گھر جانا، محدود ہونا، زچ ہونا، بڑی مشکل میں ہونا، ذہنی تکلیف یا کوفت میں ہونا۔ ـ علی: پر حرام ہونا۔ حَرَّجَ ہ: کو تنگ کرنا، مضبوط کرنا، کسنا، مشکل میں ڈالنا، کو پیچیدہ بنانا، الجھانا، میں الجھنیں پیدا کرنا، کو مشکل بنانا۔ ـ ہ علی: کو پر حرام کرنا، ناجائز ٹھہرانا۔ ـ فی: پر جما رہنا، ڈٹا رہنا، قائم رہنا۔ أحْـرَجَ ہ: کو تنگ کرنا، محدود کرنا، میں روڑا اٹکانا، رکاوٹ ڈالنا، کو روکنا، کی راہ میں حائل ہونا، کو حد کے اندر رکھنا، پر پابندی لگانا، کو پیچیدہ بنانا، مشکل بنانا، بگاڑنا، سنگین بنانا، خطرہ میں ڈالنا۔ ـــ ہ: کو پریشان کرنا، مشکل میں ڈالنا۔ ـــ الی: کو پر مجبور کرنا۔ ـــ ہ علی: کو پر حرام کرنا۔ تَحَرَّجَ: گناہ اور برے کاموں سے پرہیز کرنا۔ ـــ من: سے باز رہنا، احتراز کرنا، اجتناب کرنا، سے پہلو تہی کرنا، پہلو بچانا، بچنا، کنی کترانا۔ ـــ زچ ہونا، دیوار سے لگا دیا جانا، مظلوم ہونا یا ہو جانا، مصیبت میں مبتلا ہونا، سخت ذہنی اذیت میں ہونا، نازک یا تشویشناک ہو جانا، پیچیدہ یا مشکل ہو جانا (صورت حال کی) [illegible] جانا۔ تَحَرَّجَ صـدرُہٗ من (ب): سے افسردگی محسوس کرنا، پر پریشان ہونا۔ تَحَرَّجَ بـه الناسُ: اس بات نے لوگوں کے لئے معاملات یا حالات کو مشکل بنا دیا۔ حَـرَج: تنگی، سختی، گنجانی، روک، آڑ، قید و بند، سمٹاؤ، کھچاوٹ، قبض، اینٹھن، پابندی، قید، مصیبت، جبر، تعدی، ظلم و ستم، دکھ، تکلیف، تنگ دستی، احتیاج، دشواری، انتہائی جسمانی یا روحانی تکلیف یا اذیت، مشکل، پر اندیشہ صورت حال، ممانعت، امتناع، حرام، ممنوع چیز، گناہ۔ لا حَـرَج: کوئی اعتراض نہیں۔ لا حَـرَج علیك: تمہارے راستہ میں کوئی رکاوٹ نہیں، تمہیں آزادی حاصل ہے۔ حَرَج واحد حَرَجَة جمع حـرجات و حِراج و أحْـرَاج: درختوں کا جھنڈ، گھنا جنگل، درختوں سے بھرا ہوا علاقہ، عمارتی لکڑی کے درختوں سے بھرا ہوا علاقہ۔ حَـرِج: تنگ، کسا ہوا، پابند، مظلوم، سخت دباؤ میں، دق، پریشان، سنگین (صورت حال، حالت)، أحْـرَج: زیادہ تنگ، زیادہ قریب، زیادہ کسا ہوا، زیادہ سنگین۔ حَرَاج نیلام۔ حَرَاجَة: سنگینی، شدت مشکل، پیچیدگی (صورت حال کی)۔ تَحْرِيج: جنگل بنانا، جنگل لگانے کا عمل۔ تَحَرُّج: پابندی، روک، ممانعت، ضبط، احتیاط، بے تعلقی، بے ربطی، بے وابستگی، بزدلی، بے حد شرمندہ پن، لحاظ، جھجک، بے اعتمادی، بے حوصلگی، کم ہمتی، بودا پن، ڈرپوکی، سنگین پیچیدگی، بھاری پن، (صورت حال کی) دشواری۔ مُحَرِّجَات الأیمان: واجب، ذمہ داری لینے والی باضابطہ قسمیں۔ مُحْرِج: پریشان کن، کام بگاڑ دینے والا۔ مُتَحَرِّجُ الصدر: پریشان، ہنگامہ خیز، ہلچل پیدا کرنے والا، تشویش انگیز، سخت اذیت میں، مظلوم، دبایا ہوا۔

حرد: ۱ـ حَرِدَ ـ حَرَدًا و حَرْدًا علیه: پر غضبناک ہونا صفت حارِد و حَرِد و حَرْدان۔

۲ـ حَرِدَ ـ حَرَدًا و حَرْدًا الوترُ: کمان کے تاروں میں بعض کا بعض سے لمبا ہونا صفت: حَرْد۔

۳ـ حَرَدَ ـ حَرْدًا ہ: کا ارادہ کرنا، قصد کرنا۔

۴ـ حَرَدَ ـ حَرْدًا ہ: کو منع کرنا، روکنا۔ حَرَّدَہ: کو منع کرنا، روکنا۔

۵ـ حَرَدَ ـ حَرْدًا الخشبَ: لکڑی میں سوراخ کرنا۔

۶ـ حَرَدَ ـ حُرُودًا: اپنی قوم سے جدا ہو کر اکیلا اور تنہا ہونا صفت: حَرْد و حَرِد جمع حِراد و حَرِید جمع حُـرَدَاء: حَـرَّدَ الشعرُ: بال کا تنہا اگنا۔ أحْرَدَہ: کو علیحدہ کرنا۔ إنْـحَرَدَ: اکیلا ہونا، تنہا

ہونا۔

۷۔ حَرَّدَ الشیءَ: کونیڑھا کرنا۔

۸۔ حَرَّدَ الحبلَ: رسی بٹنا۔

۹۔ حَرَّدَ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔ المُحَرَّد (ا ع): چوکیدار کا جھونپڑا۔

۱۰۔ حَارَدَتِ الناقةُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا، صفت حَرُود و مُحَارِد۔ ۔ت السنةُ: سال کا کم بارش والا ہونا۔ ۔ الرجلُ: پہلے دینا اور پھر دینا بند کر دینا۔ الحَرِید: بہت میں سے تھوڑی چیز۔ الأحْرَد جمع حُرْد: بخیل، کمینہ۔

۱۱۔ اَحْرَدَ فی المشی: تیز چلنا۔ انحرد النجمُ: ستارہ ٹوٹنا۔

۱۲۔ تَحَرَّدَ الادیمُ: ادھوڑی کے بال گرنا۔

۱۳۔ الحَرَد (مص): اونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔ الأَحْرَد جمع حُرْد: حَرَد کی بیماری کا مریض، زرہ کے بوجھ کی وجہ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ الحَرِید: دور، خشک کی ہوئی مچھلی۔

☆ حَرِدَ ۔ حَرَدًا علی: پر یا سے پریشان ہونا، ناراض ہونا، غیر مطمئن ہونا، برہم ہونا، غضبناک ہونا۔ حارِد و حَرِد و حَرْدان: پریشان غیر مطمئن، ناراض، برہم، غضبناک۔

حرذ: الحِرذَون جمع حَرَاذین (ح): گرگٹ کے مشابہ ایک جانور، نر سوسمار۔

☆ حِرذَون جمع حَرَاذِین: چھپکلی، چلپاسہ۔

حرز ۱۔ حَرَزَ ۔ حَرْزًا المالَ: کی حفاظت کرنا، کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ حَرَّزَ الشیءَ: کو محفوظ رکھنے میں حد سے تجاوز کرنا۔ أَحْرَزَ الشیءَ: کو جمع کرنا، محفوظ رکھنا، کا ذخیرہ رکھنا۔ الحَرَز جمع أحْرَاز ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ الحِرْز: ہر چیز جو اشیاء کی حفاظت میں کام آئے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف ہونے سے بچائے۔ حصہ، کہا جاتا ہے: اخذ حِرزَهُ اس نے اپنا حصہ لیا۔ الحَرِیز جمع کردہ شے۔ کہا جاتا ہے۔ لاحَرِیْزَ من بیع اگر تم نے میری خواہش کے مطابق قیمت دے دی تو میں فروخت کرنے سے انکار نہیں کروں گا۔ الحَرِیزَة جمع حَرَائِز من الابل: وہ اونٹ جسے عمدگی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔

۲۔ حَرِزَ ۔ حَرَزًا: پرہیزگار ہونا۔ حَرُزَ ۔ حَرَازَةً و حَرَازًا المکانُ: جگہ کا محفوظ ہونا۔ حَرَّزَ و أَحْرَزَ المکانُ الرجلَ: جگہ کا کسی کے لیے جائے پناہ بننا۔ تَحَرَّزَ و احْتَرَزَ منه: سے بچنا۔ اِسْتَحْرَزَ محفوظ جگہ میں آجانا۔ الحِرْز: محفوظ جگہ (کہا جاتا ہے: حِرْزٌ و حَرِیزٌ و حَارِزٌ: مُحْصَن حصین منیع (محفوظ جگہ وغیرہ) جیسے کہا جاتا ہے: داهیة دهیاء) (معوذین کی اصطلاح میں) تعویذ۔ الحَرَز جمع أحْرَاز

۳۔ الحَرَز جمع أحْرَاز: اخروٹ جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

○ حَرَزَ ۔ حَرْزًا ہ: کو رکھنا، کی حفاظت کرنا، کو بچانا، محفوظ رکھنا، کا خیال رکھنا۔ حَرُزَ ۔ حَرَازَةً: مضبوط ہونا، مضبوطی سے قلعہ بند ہونا، ناقابل تسخیر ہونا۔ أَحْرَزَ ہ: کو رکھنا، محفوظ رکھنا، کو بچائے رکھنا، کی حفاظت کرنا، کو حاصل کرنا، جیتنا۔ احرز نصرًا (انتصارًا): کامیابی حاصل کرنا۔ أَحْرَزَ قَصَبَ السَّبْقِ: بڑی کامیابی حاصل کرنا، جیتنا۔ تَحَرَّزَ من: میں چوکس، چوکنا یا ہوشیار ہونا، سے بچنے کی کوشش کرنا۔ — محتاط ہونا، احتیاطی تدابیر کرنا، توجہ کرنا۔ حِرز جمع أحْرَاز: محفوظ جگہ، جائے پناہ، پناہ گاہ، گوشہ تنہائی، حفاظت (جمع احراز و حُرُوز) تعویذ۔ حَرِیز: سخت محفوظ، ناقابل رسائی، ناقابل تسخیر۔ إحراز: حصول۔ اِحْتِراز جمع اِحترازات: احتیاط، چوکنا پن، ہوشیاری، ہوشمندی، دوربینی، قید، جھجک، تحفظ۔ بکل الاحتراز: مکمل تحفظ سے۔ حَارِزة (فیوز، برقی) fuse۔ مُحرِز حاصل کرنے والا، جیتنے والا۔ — علی: کا حامل، پر قابض۔

حرس: ۱۔ حَرَسَ ۔ حَرْسًا ہ: کی حفاظت کرنا، رکھوالی کرنا صفت: حارِس جمع حُرَّاس و حَرَسَة وحَرَس و احراس، أَحْرَسَ بالمکان: کسی جگہ کی حفاظت کے لئے مقیم ہونا۔ تَحَرَّسَ و اِحْتَرَسَ منه: کسی سے محفوظ رہنا، بچ کر رہنا۔ الحَرَس بمعنی حُرَّاس۔ حَرَسُ الملك واحد حَرَسِیّ شاہی محافظ، باڈی گارڈ، بادشاہ کے اعوان، الحَرَاسَة: حفاظت۔ الحَرِیسَة جمع حرائس بکریوں کا باڑہ۔

۲۔ حَرَسَ ۔ حَرْسًا الشیءَ: کو چرانا، چوری کرنا۔ الحَرِیْسَة جمع حَرَائِس: رات کو چوری کی ہوئی بکری، چوری۔

۳۔ حَرِسَ ۔ حَرَسًا: لمبی زندگی پانا۔ الحَرْس جمع أَحْرَاس: زمانہ۔ کہا جاتا ہے۔ مضی علیه حَرْسٌ اس پر ایک زمانہ گذر گیا۔ الأَحْرَس: پرانا جس پر ایک زمانہ گذر گیا ہو۔

۴۔ حارِسُ السماء و حارِسُ السِماك (فلك): دو ستارے۔ الحَرَسان: رات، دن۔

○ حَرَسَ ۔ حَرْسًا و حِرَاسَة ہ/ہ: کی حفاظت کرنا، پہریداری کرنا، نگہبانی کرنا، کو قابو میں رکھنا، پر تسلط قائم رکھنا، کی نگرانی کرنا، کا انتظام کرنا، کو حاصل کرنا، بچانا، بچائے رکھنا، کے حفاظتی اقدامات کرنا، کو محفوظ رکھنا، کو سنبھال کر رکھنا۔ — علی: کی دیکھ بھال کرنا، نگرانی کرنا۔ احترس من: سے بچنا، چوکس، چوکنا یا ہوشیار ہونا، میں بہت محتاط ہونا، کے خلاف حفاظتی انتظام کرنا۔ حَرَس: پہرے دار، سنتری، حفاظتی دستہ، محافظ دستہ، باڈی گارڈ۔ الحرس السیّار: قومی فوج، ملیشیا۔ حرس الشرف: گارڈ آف آنرز۔ الحرس المَلَکی: شاہی محافظ۔ الحرس الملوکی: "بے" کا باڈی گارڈ۔ الحَرَس الوطنی: نیشنل گارڈ، قومی محافظ۔ حِرَاسَة: نگہبانی، پہرے داری، پاسبانی، کنٹرول، تسلط، محافظ کا فریضہ، نگرانی، انتظام، محافظت، سرپرستی، حفاظت داری کا پروانہ، بدرقہ، راہ کا نگہبان، انتظام، ریاست کا انتظام، کسی کی جائیداد وغیرہ پر اس وقت تک قبضہ کرنا جب تک وہ قرض وغیرہ کی ادائیگی نہ کرے۔ حراسة السواحل: بحری پولیس (coast guard)۔ احتراسًا من: کی سے حفاظت کے لئے۔ حارِس جمع حَرَسَة و حُرَّاس: چوکنا، چوکس، ہوشیار، چوکیدار، پہرے دار، سنتری، محافظ، نگران، ناظم، منصرم، مہتمم، ناظر، سرپرست، سرپرستانہ۔ حارس الترکة: ریاست یا جاگیر کا منتظم۔ حارِسُ الخوالِم: پہریدار۔ حارِسُ المَرْمَی: گول کیپر۔ حارِس قضائی: کسی جائیداد وغیرہ پر اس وقت تک قانونی طور پر قابض جب تک قرض وغیرہ کی ادائیگی نہ ہو۔ (دیوالیہ پن یا غیر معین شرح سود کے حصوں میں)۔ ملاك حارس: محافظ فرشتہ۔ حارس اللیل: رات کا پہرے دار۔ مَحْرُوس: محفوظ، حفاظت کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے محفوظ کیا ہوا۔ شہروں کے ناموں کے بعد لقب کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ المَحْرُوسون: بچے، کنبہ، خاندان۔ مُحْتَرِس محتاط، چوکس، چوکنا، ہوشیار۔

حرش ۱۔ حَرَشَ ۔ حَرْشًا و تَحْرَاشًا الضبَّ: سوسمار کا شکار کرنا۔ تَحَرَّشَ الضبَّ و بالضبِّ: سوسمار کا شکار کرنا۔ اِحْتَرَشَ الضبَّ: سوسمار کا شکار کرنا۔ — لعیاله: اپنے اہل و عیال کے لئے کمانا۔ الحَرَّاش من الحیّات (ح): سیاہ پرانا سانپ۔

۲۔ حَرَشَ - حَرْشًا و تَحْرَاشًا البعیرَ: اونٹ کو اس کی پیٹھ کی رسّی سے رگڑنا تا کہ وہ تیز چل سکے۔

۳۔ حَرَشَ ـِ حَرْشًا و تَحْرَاشًا الرجلَ: کو خراش لگانا۔

۴۔ حَرَشَ - حَرَشًا: کھردرا ہونا صفت: أَحْرَشُ۔ الحَرِش: کھردرا۔ الحُرْشَة و الحَرَش: کھردرا پن۔ الأَحْرَش جمع حُرْش: کھردرا (کہا جاتا ہے: دینار احرش: نیا کھردرا دینار) کھردری گوہ، سوسمار۔

۵۔ حَرِش - حَرَشًا الرجلُ: دھوکا دینا۔ حَرَّشَ بین القوم: لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف اُکسانا۔ (اسی طرح کتوں وغیرہ کو ایک دوسرے کے خلاف اکسانے کے معنی میں بھی آتا ہے)۔ اِحْتَرَشَ الرجلُ: دھوکا دینا۔ الحَرْش جمع حِراش: دھوکا۔

۶۔ تَحَرَّشَ بہ: کا مقابلہ کرنا، سے تعرض کرنا، متصادم ہونا۔

۷۔ اِحْتَرَشَ الشیءَ: کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ —— القومُ: لوگوں کا مجتمع ہونا، اکٹھا ہونا۔ الحَرْش جمع حِراش: جماعت۔

۸۔ الحَرْش جمع حِراش: اثر۔ الحَرِش: جسے نیند نہ آئے یا نہ آتی ہو۔ الحَرِیش جمع حُرُش (ح): کوڑیالہ سانپ۔ ایک دریائی جانور، گینڈا۔ الحَرِیْشة (ن): ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے: اخرجتُ لہ حَرِیْشَتِی: جو کچھ میرے پاس تھا وہ میں نے نکال کر اسے دے دیا۔

۹۔ الحُرْشُف: سخت زمین۔ الحَرْشَف جمع حَرَاشِف (ع ا): مچھلی کے کھپرے۔ (ح): ٹڈی جس کے ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ (ح) چھوٹے پرندے۔ زرہ کی کڑیاں، کمزور اور بوڑھے لوگ (کہا جاتا ہے: لیس ثمَّ غیر حَرْشَفِ رجال: وہاں سوائے کمزور اور بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں)، پیادوں کی جماعت۔ (ن): ایک قسم کی نباتات، ساحلِ سمندر کے پتھر۔

☆ حَرَشَ - حَرْشًا ہ/ہ: کو کریدنا، چھیلنا، نوچنا، کھرچنا، ناخن مارنا، پنجہ مارنا۔ حَرَّشَ ہ: کو اکسانا، ابھارنا، بھڑکانا، ترغیب دینا، ورغلانا، برانگیختہ کرنا، کو طیش میں لانا، غصہ دلانا، مشتعل کرنا۔ — بین: کے درمیان نا اتفاقی کا بیج بونا، ان بن یا جھگڑا کرا دینا، لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف کر دینا۔ تَحَرَّشَ ب: سے جھگڑا کرنا، سے دنگا شروع کرنا، کو طیش میں لانا، غصہ دلانا۔ حِرش و حُرْش جمع اَحْرَاش و حُرُوش: جنگل، جھاڑ جنگل۔ حَرِش و اَحْرَش: کھردرا، موٹا جھوٹا، ناہموار، نوکیلا، گٹھیلا۔ حَرَش، حُرْشَة و حَرَاشَة: کھردرا پن، کرختگی، سختی، ناہمواری۔ تحریش: اکساہٹ، چھیڑنا، چھیڑ، اشتعال یا طیش دلانا، تحریک، ہیجان، ہلچل، اضطراب۔ تَحَرُّش: اشتعال، اصرار، ابرام، خواہ مخواہ دخل، بے جا مداخلت، دخل اندازی، دست اندازی، دخل در معقولات، کسی کام میں ٹانگ اڑانا۔ حَرْشَف جمع حَرَاشِف: مچھلی کے کھپرے۔

حرص: ۱۔ حَرَصَ ـُ حَرْصًا الجلدَ: چمڑا چھیلنا۔ — القَصَّارُ الثوبَ: دھوبی کا کپڑے کو کوٹتے یا دھوتے ہوئے پھاڑ دینا۔ حُرِصَ المرعی: چراگاہ کو بالکل چر لیا جانا۔ الحَرْصَة و الحَارِصَة و الحَرِیصَة: وہ زخم جو چمڑے کو پھاڑ دے، وہ بادل جو سخت بارش سے زمین کو چھیل ڈالے۔

۲۔ حَرَصَ ـِ و حَرِصَ ـَ حِرْصًا و اِحْتَرَصَ علی الشیء: کی حرص کرنا، کا لالچ کرنا، کو بہت چاہنا، صفت: حَرِیص جمع حُرَصَاء و حِراص و حُرَّاص مؤنث: حَرِیْصَة جمع حِراص و حَرَائِص۔ حَرَّصَ ہ علی الشیء: کسی شخص کے کسی چیز کے لالچ کو تقویت دینا، اور اس سے لگاؤ اور بخل کو بڑھانا، کو کا مشتاق بنانا، کو کا حرص و لالچ دلانا۔ تَحَرَّصَ: بتکلف لالچ کرنا۔ الحِرص (مص): لالچ، بخل۔

۳۔ تَحَرَّصَ: وقت کا انتظار کرنا۔ ھو یتحرص غداء ھم و عشاء ھم: وہ ان لوگوں کے صبح و شام کے کھانے کے وقت کی تاک میں رہتا ہے۔

○ حَرَصَ ـِ و حَرِصَ ـَ حِرْصًا علی: کی خواہش کرنا، کو چاہنا، کا لالچ کرنا، کی تمنا کرنا، کو طلب کرنا، کا حاجتمند ہونا، کا اشتیاق رکھنا، کی آرزو رکھنا، کا پکا ارادہ کئے ہوئے ہونا، پر ہمہ تن متوجہ ہونا، پر تلا ہوا ہونا، کے لئے جدوجہد کرنا، سخت کوشش کرنا، کا متمنی ہونا، کی آرزو کرنا۔ حِرص: لالچ، طمع، دلدادگی، شیفتگی، حرص، خواہش، آرزو، تمنا، جدوجہد، دوڑ دھوپ، سعی و کوشش (صلہ علی کے ساتھ)۔ حِرْصًا علی: کی خواہش میں، کی کوشش میں۔ حِرْصًا علی الارواح: خطرہ! (ٹریفک کے نشانات پر انتباہ کے طور پر لکھا جاتا ہے)۔

حرض: ۱۔ حَرَضَ ـُ حُرُوضًا و حَرِضَ ـَ حَرَضًا و حَرُضَ ـُ حَرَاضَةً: بری بیماری میں مبتلا ہو کر [illegible] صفت: حَارِض و حَارِضَة: کہا جاتا ہے: ناقة حَرْض: لاغر و ناتواں اونٹنی۔ حَرَضَ - حَرْضًا نفسَہُ: اپنی جان کو خراب کرنا۔ حَرَّضَ الشیءَ: کو خراب کرنا، بگاڑنا۔ — فلانًا: کی بدنی یا عقلی خرابی کو دور کرنا۔ أَحْرَضَ ہ الحزنُ او المرضُ: غم یا بیماری کا بدن کو گھلا دینا۔ الحَرَض (مص): بدن، مذہب یا عقل کی خرابی۔ الحِرْضة جمع حِرَض: رذیل ناقص الحال آدمی جس کو کوئی پاس نہ آنے دے۔ المُحَرَّض: جسے غم نے گھلا دیا ہو۔

۲۔ حَرِضَ ـَ حَرَضًا: گر پڑنا اور اٹھ نہ سکنا۔ أَحْرَضَ ہ: کو گرانا۔ المُحَرَّض و الحَرِیض: گرا ہوا جو اٹھ نہ سکے۔

۳۔ حَرَّضَ ہ علی الأمر: کو کسی بات پر اکسانا، برانگیختہ کرنا۔ أَحْرَضَ ہ علی الشیء: کو کی ترغیب دینا۔ تحارضوا علی العمل: ایک دوسرے کو کام پر برانگیختہ کرنا۔

۴۔ حَارَضَ علی العمل: پر ثابت قدم رہنا۔

۵۔ حَارَضَ فلانًا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا۔

۶۔ الحُرْض و الحُرُض: اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوئے جاتے ہیں۔ حَرَضُ الثوب: کپڑے کا حاشیہ۔

☆ حَرَّضَ ہ علی: کو پر اکسانا، برانگیختہ کرنا، مہمیز کرنا، ابھارنا، کو کی ترغیب دینا، کی میں اعانت کرنا، کو پر جوش میں لانا، کو پر متحرک کرنا۔ تحریض: اکساہٹ، ترغیب، اشتعال انگیزی، اشتعال انگیز بات۔ —— علی: پر ترغیب، انگیخت، تحریک (ارتکاب جرم میں) اعانت، مدد، پر ہلچل، اضطراب، پریشانی، شورش، کے خلاف اشتعال انگیز پروپیگنڈا۔ تَحْرِیْضِیْ: اکسانے والا، ابھارنے والا، ہیجانی، ہیجان پیدا کرنے والا، اشتعال انگیز، برانگیختہ کرنے والا، آتش افروز۔ حارِض: برا، خراب، پاپی، بدکار، بداعمال، نقصان رساں، مضر۔ مُحَرِّض: اکسانے والا، ترغیب دینے والا، اعانت جرم کرنے والا، جذباتی تقریریں کرنے والا، لوگوں کو اشتعال دلانے والا مقرر، تحریک میں حصہ لینے والا، اشتعال دلانے والا۔

حرف: ۱۔ حَرَفَ ـِ حَرْفًا الشیء عن وجهه: کو پھیر دینا، جھکا دینا۔ — عن الشیء: سے انحراف کرنا۔ حَرَّفَ الشیءَ: کو جھکانا، کا کنارہ بنانا۔ — القلمَ: قلم کو ٹیڑھا قط دینا۔ — القولَ: بات کو بدل دینا، تبدیل کر دینا۔ تَحَرَّفَ عنه و اِنْحَرَفَ و اِحْرَوْرَفَ: سے جھک کر ایک طرف ہو جانا۔

الحَرْف جمع حِرَف: کنارہ، دھارا، سرا، حَرْفُ الجَبَل: پہاڑ کا تیز سرا، پہاڑ کی نکیلی چوٹی۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ علی حرف مِن امرہ: فلاں شخص معاملہ کے کنارے پر ہے یعنی اگر کوئی چیز بھی خلافِ خاطر ہوئی تو وہ فوراً اس سے کنارہ کشی اختیار کرے گا۔

حَرْفُ النهر: دریا کا کنارہ۔

۲۔ حَرَفَ - حَرْفًا لعیالہ: اپنے عیال کے لئے اِدھر اُدھر سے کما کر لانا۔ أَحْرَفَ: اہل وعیال کے لئے محنت ومشقت برداشت کرنا۔ تَحَرَّفَ لعیالہ: ہر پیشہ سے عیال کے لئے کمائی کرنا۔ اِحْتَرَفَ: کوئی پیشہ اختیار کرنا۔ لأهلہ: اپنے گھر والوں کے لئے کمائی کرنا۔ الحِرْفَة جمع حِرَف: پیشہ، ہنر، کمانے کا طریقہ۔ المَحْرِف و المُحْتَرَف: کمائی کرنے کی جگہ، اِدھر اُدھر حرکت کرنے اور عمل کرنے کی جگہ۔ یہ دونوں لفظوں بالعموم ماہرانہ دستکاری سے خاص ہیں۔ حَرِيفُ الرجل جمع حُرفاء: ہم پیشہ۔ المُحْتَرِف: پیشہ ور۔

۳۔ حُرِفَ فی مالہ حَرْفَةً: کے مال میں سے کچھ ضائع ہونا۔ المُحَرَّف: جس کا مال جاتا رہا ہو۔

۴۔ حَارَفَ الجرحَ: زخم کو سلائی سے ٹٹول کر اس کا اندازہ کرنا۔ المِحْرَف و المِحْرَاف: زخم کی گہرائی کا اندازہ کرنے کی سلائی۔

۵۔ حَارَفَ الرجلَ: کو بھلائی یا برائی کا بدلہ دینا۔ ہ: کے ساتھ کاروبار کرنا، معاملہ کرنا، برتاؤ کرنا۔ شاعر کہتا ہے: فقد علموا فی الغزو کیف نحارف: ان کو پتہ چل گیا کہ ہم لڑائی میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں۔ أَحْرَفَ الرجلَ: کو بھلائی یا برائی کا بدلہ دینا۔

۶۔ اَحْرَفَ: بدحالی کے بعد خوش حال ہونا۔

۷۔ اَحْرَفَ الناقةَ: اونٹنی کو دبلا کرنا۔

۸۔ تَحَارَفَ علیہ فی البیع وغیرہ: سے فروخت میں ہیرا پھیری کرنا۔ اِحْتَرَفَ: تلاش کرنا، حیلہ کرنا۔

۹۔ الحُرْف واحد حُرْفَة (ن): رائی، کالی مرچ کے دانے، محرومی۔ الحَرْف جمع حِرَف: پانی کی گذرگاہ۔ جمع حُرُوف و أَحْرُف: حروف تہجی میں سے ایک حرف جس کو حرف المبنی کہتے ہیں۔ فی النحو: وہ کلمہ جو دوسرے سے مل کر معنی دے اور اس کا نام حرف المعنی ہے۔ کلمہ، جیسے کہتے ہیں ھذا الحرف لیس فی القاموس: یہ کلمہ (لفظ) ڈکشنری میں نہیں ہے۔ الحُرْفَة: محرومی، بدبختی۔

المُحَارَف: محروم، پھوٹی قسمت والا۔ الحَرَافَة: (ذائقہ کی) جلن، تیزی تلخی۔ الحِرِّيف: تلخ، جلن دار، تیز۔ کہتے ہیں: ھذا بصلٌ حِرِّيف: یہ پیاز تیز ہے۔

حَرَّفَ ہ: کو ڈھلوان کرنا، ترچھا کرنا، جھکانا، ترچھا بنانا، خم دار بنانا، خم کرنا، موڑنا، کا حلیہ بگاڑنا، بات کو توڑ مروڑ کر بیان کرنا، کے بارے میں غلط بیانی کرنا، میں کھینچ تان کر بیان کرنا، کے بارے میں غلط تاویل کرنا، کے غلط معنی لینا، کا غلط معنی نکالنا، کو کچھ کا کچھ سمجھنا، کی غلط تفسیر کرنا، سے غلط نتیجہ نکالنا، کو بگاڑنا، گھڑنا، میں ردوبدل کرنا اور کے متعلق غلط بیانی کرنا۔ حَرَّفَہُ عن موضعہ: کا مفہوم بگاڑنا، توڑ مروڑ کر بیان کرنا، کے صحیح معنی چھین لینا۔ تَحَرَّفَ: ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے پر سفر کرنا، ایک سڑک سے دوسری کی طرف مڑنا، مُڑنا۔ ـــ عن: سے منحرف ہونا، ہٹنا، تجاوز کرنا، انحراف کرنا، (اصل موضوع سے) ہٹنا، سے پہلو تہی کرنا، پہلو بچانا، بچنا، کنی کترانا۔ ـــ: حلیہ بگڑا ہونا، مسخ شدہ ہونا، توڑ مروڑ کر بیان کیا ہوا ہونا، میں غلط بیانی کی گئی ہونا، بگڑا ہوا ہونا، خراب ہونا، غلط تاویل کیا گیا ہونا، راہِ راست سے بھٹکا ہوا ہونا۔

اِنْحَرَفَ: مڑنا۔ ـــ عن: سے ہٹنا، منحرف ہونا، تجاوز کرنا، انحراف کرنا، اعراض کرنا۔ ـــ اِلی: کی طرف مڑنا، کا رخ کرنا۔ ـــ ب: کو ترچھا دکھانا، ڈھلوان ظاہر کرنا، توڑا مروڑا ہوا دکھانا، خراب دکھانا، صراط مستقیم سے ہٹا ہوا دکھانا۔ ـــ بہ عن: کو سے باز رہنے کو کہنا، کو کے خلاف مشورہ دینے سے روکنا۔ اِنْحَرَفَ مزاجُہ: کی طبیعت کا ناساز ہونا، کا بیمار ہونا۔ ـــ: ترچھا ہونا، ڈھلواں ہونا، ٹوپی کا ٹیڑھا یا بانکا ہونا۔ اِحْتَرَفَ ہ: کوئی کام پیشہ کے طور پر کرنا۔ ـــ: کامیابی کے لئے جدوجہد کرنا۔ حَرْف جمع حِرَف: (چاقو، تلوار کی) دھار تیز کنارا، حد، سرحد، کنارا (پیالے، پہیئے وغیرہ کا)، کنارا (جیسے برلب...... میں) کنارہ (جیسے مصیبت کے کنارے پر)۔ جمع حُرُوف و اَحْرُف: حرف، حرف صحیح، حرف (گرامر میں اسم، ضمیر، صفت یا فعل کے علاوہ) ٹائپ (type)۔ علی حرفٍ: غیر مستقل مزاج، متلون، مذبذب، کچے ارادے کا، ڈگمگ، پس وپیش میں، غیر جانبدار۔ الفاظُہُ بحُروفِها: واقعی اس کے الفاظ۔ بالحرف یا بالحرف الواحد: لغوی معنی میں، حقیقی معنی میں، لفظی طور پر، واقعی، سچ مچ، من وعن، عین مین، بالکل، ہو بہو، لفظ بلفظ، حرف بحرف، بعینہٖ حَرْفًا بحرفٍ: لفظ بلفظ، لفظی طور پر۔ وَقَّعَ بالأحرف الاولی معاھدةً: معاہدہ پر مختصر دستخط کرنا، معاہدہ پر مخفف دستخط کرنا، چھوٹے دستخط کرنا (to initial)۔ الحروف الابجدیة: حروف ابجد۔ الحروف الشمسیة شمسی حروف، وہ حروف جن پر ال داخل ہو تو ان حروف کے ساتھ مل جائے۔ جیسے الناس میں تلفظ (انّاس) ہوگا۔ الحروف القمریة: قمری حروف وہ حروف تہجی جن میں ال داخل کیا جائے تو وہ ان سے علیحدہ رہے جیسے القمر میں (تلفظ ال قمر ہوگا)۔

حرف الجرّ: حرف جار جو ان الفاظ میں جن سے پہلے آئے آخری حرف کو زیر یا دو زیریں دے جیسے فی الکتابِ (کتاب میں) فی کتابٍ (ایک کتاب میں)۔ اسے حرف الخفض بھی کہتے ہیں۔ حرف التعریف: ال جیسے قلم سے القلم میں۔ اس سے نکرہ مُعَرَّف ہوجاتا ہے۔ حرف العطف: دو لفظوں یا جملوں کو جوڑنے میں جو لفظ استعمال کیا جائے جیسے و (اور) حرف الاستفهام: سوال کرنے کے لئے جو حرف استعمال کیا جائے۔ اُسے کہتے ہیں۔ جیسے: مَنْ (کون)، ما (کیا)۔ حرف القسم: وہ حرف جس سے قسم کھائی جائے جیسے واللہ میں واو قسمیہ ہے۔

حَرْفی: حرفی، لفظی۔ حِرْفَة: پیشہ، کاروبار، فن، ہنر، تجارت۔ حَرِيف جمع حُرَفاء: مستقل خریدار، مربی، سرپرست، گاہک۔ حِرِّيف: تیز، چبھتا ہوا، تلخ (ذائقہ)۔ حِرِّيفات: مسالہ دار، چٹ پٹا یا خوشبودار کھانا، مزے کی چیز، نفیس غذا۔ مُحْتَرِف ب: میں منفعت بخش طور پر لگا ہوا، پیشہ کے طور پر کوئی کام کرنے والا، صحافی محترف ب: پیشہ ور صحافی، مُحترف: پیشہ ور، دنیا میں ابھرنے کا متمنی، جسے صرف اپنی ترقی سے غرض ہو، ابن الوقت، مفاد پرست۔ مُحْتَرَف جمع مُحْتَرَفات: سٹوڈیو، اٹیلر: وہ کمرہ یا عمارت جس میں کوئی فن کار، مصور یا نقاش کام کرتا ہے۔

حرق: احَرَقَ ـ حَرْقًا ہ بالنار: کو آگ سے جلانا۔ حَرَّقَ و أَحْرَقَ ہ بالنار: کو آگ سے جلانا۔ تَحَرَّقَ و اِحْتَرَقَ: آگ سے جلنا۔ الحَرْق و الحَرَق (مص): جلن۔ الحُرْقَة و الحَرْقَة: جلن، حرارت۔ کہا جاتا ہے فی جوفہ حرقة: اس کے پیٹ میں گرمی ہے۔ الحَرُوق و الحَرُّوق: سوختہ، چقماق۔ الحَرِيق جمع حَرْقی: آگ لگنا، جلا ہوا۔ وہ جگہ جہاں آگ لگی ہو، گرمی وسردی وغیرہ سے جلی ہوئی نباتات، آگ کی

بھڑک، آگ کا شعلہ۔ الحُرَاق و الحِراق: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ الحَرِيقَة جمع حَرَائِق في اصطلاح العامة: کسی جگہ آگ کا لگنا، حرارت۔ ـــ والحَرُوقَة: پانی ابال کر اس میں آٹا ڈالنے سے تیار کردہ ایک قسم کا کھانا۔ الحَرَّاقَة جمع حَرَّاقات: آگ پھینکنے والی کشتی۔ تارپیڈو (torpedo)۔ ـــ عند العامة: جلد پر اُسے صاف کرنے کے لئے رکھی جانے والی چیز۔ المُحْرَقَة جمع مُحْرَقات: سوختنی قربانی، ہون۔

۲۔ حَرَقَ ـ حَرْقًا ہ بالمِبْرَد: کو ریتی سے رگڑنا۔ ـــ الشيءَ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے سے رگڑنا۔ ـــ ـ حَرْقًا و حَرِيقًا و حُرُوقًا نابَهُ عليه: پر دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ يحرُقُ عليَّ الأُرَّمَ: وہ میرے اوپر مارے غصہ کے دانت پیستا ہے۔ المِحْرَق: ریتی۔

۳۔ حَرِقَ ـ حَرَقًا شَعَرُهُ: کے بالوں کا کٹ جانا یا گر جانا، جس کے بال کٹ گئے یا گر گئے ہوں اُسے حَرِقُ الشَّعَر کہا جاتا ہے۔ الحَرَق: چھوٹے بال۔

۴۔ حَرِقَ و حُرِقَ: کے پاؤں کے پٹھے یا رگ کا کٹا ہوا ہونا۔ الحَارِقَة: پاؤں کا پٹھا یا پاؤں کی رگ۔ الحُرَقَة و الحَارُوقَة و الحُرَّاقَة من السيوف: تیز کاٹنے والی تلوار۔

۵۔ حَرَقَ المرعَى الإبلَ: چراگاہ کا اونٹوں کو پیاس لگانا یا پیاسا کرنا۔

۶۔ الحَرِق: بہت بجلی چمکانے والا بادل۔ الحُرَاق و الحُرَّاق: بہت کھاری پانی۔ الحُرَاق و الحِراق: ہر شئے کو خراب کرنے والا۔ حُرَّاق اصبعه: عام لوگوں کے ہاں ایک معروف کھانے کا نام۔

۷۔ الحِرْقِد جمع حَرَاقِد: زبان کی جڑ۔ الحَرْقَدَة حلق کی گرہ۔

۸۔ حَرْقَصَ في المشي: چلنے میں چھوٹے قدم رکھنا۔ ـــ الكلام: جلدی جلدی بولنا۔ ـــ ہ: پر پیار سے ہاتھ پھیرنا، کو تنگ کرنا۔ ـــ اللحمَ و نحوه گوشت وغیرہ کو تلنا۔ الحُرْقُوص جمع حَرَاقِيص (ح) پسو کے مانند ایک کیڑا، چابک کا سرا۔ ـــ و الحرصوص: تلے ہوئے گوشت کی ایک چھوٹی بوٹی۔

۹۔ الحَرْقَفة جمع حَرَاقِف و حَرَاقِيف (ع ا) سرین کی ہڈی کا سرا۔ الحُرْقُوف (ح) لاغر جانور۔

☆ حَرَقَ ہ: کو جلانا۔ ـــ: جلنا، چوٹ کھانا، اذیت محسوس کرنا، میں ٹیس اٹھنا، چست و چالاک ہونا۔ حرق قلبَهُ جمع حرق قلوبَهُم: کو تنگ کرنا، پریشان کرنا، دق کرنا، کو غصہ یا اشتعال دلانا، بھڑکانا۔ ـــ ـ حَرْقًا ہ: کو اکٹھا رگڑنا۔ حَرَّقَ ہ: کو جلانا۔ ـــ اسنانَهُ: دانت پیسنا۔ أَحْرَقَ ہ: کو جلانا، کو آگ سے برباد کرنا، کو جھلسانا، جلا کر سیاہ کرنا، کو جھلس دینا، کو بھوننا، کو گرم پانی سے دھونا، کو ابالنا، جوش دینا، کو آگ لگانا، سلگانا، تپانا۔ أَحْرَقَ فَحْمَةَ لَيْلِهِ فِي: کوئی کام کرتے ہوئے رات گزار دینا، رات گئے تک مطالعہ یا کام کرتے رہنا۔ تَحَرَّقَ: جلنا، بھڑکنا، شعلہ زن ہونا، مشتعل ہونا، گرم ہو کر تباہ ہو جانا، آگ پکڑنا، آگ سے بھسم ہو جانا، خاک سیاہ ہو جانا، برباد ہو جانا، احساس، جذبہ سے بھر جانا۔ ـــ ہ بـ: سے گھل گھل کر مر جانا، سے بہت ناراض ہونا، ناخوش ہونا۔ تَحَرَّقَ شوقًا: بڑی خواہش، بڑی آرزو یا وطن کی یاد سے نڈھال ہونا۔ إِحْتَرَقَ: جلنا، شعلہ زن ہونا، مشتعل ہونا، گرم ہو کر تباہ ہو جانا، میں آگ لگنا، آگ سے بھسم ہو جانا، خاک سیاہ ہو جانا، برباد ہو جانا۔ حَــرْق: جلنا، خاکستر کر دینا، عمل احتراق، آگ میں جل جانا، آگ میں جل بجھنا، آگ جلانا، آگ لگانا، آگ لگنا، آتش زنی، جمع حُــرُوق جلن۔ حَــرَق: آگ، آتش، بھابڑ، آتش زدگی۔ حُرْقَة و حَرْقَة: جلنا، خاکستر کر دینا، جلنا، آگ میں جل جانا، آگ میں جل بجھنا، اذیت، ٹیس، جلن، تکلیف، سوہان روح، روحانی اذیت، درد و کرب، سخت امتحان، کڑی آزمائش۔ حُــرَاق وحُــرَّاق: آگ پکڑنے والی کوئی سوکھی چیز، سوختہ۔ حَــرَّاق جلتا ہوا، شعلہ زن، گرم۔ حَــرِيق و حَــرِيقَة جمع حَرَائِق: آگ، آتش، بھابڑ، آتش زدگی۔ حَرَّاقَة تارپیڈو۔ حَرَقَان: جلنا، پاؤں میں درد۔ مَحْرَق جمع مَحَارِق: نقطہ ماسکہ، مرکز۔ تَحَارِيق دریائے نیل کے انتہائی نچلی سطح پر بہنے کا موسم، سال کا گرم ترین موسم۔ تحرّق إلى: کے لئے سخت آرزو۔ تَحْرِيق: جلنا، جلانا، خاکستر کر دینا۔ تحرُّق جلنا، آگ میں جل جانا، آگ میں جل بجھنا۔ إِحراق: جلنا، جلانا، خاکستر کر دینا۔ تحرُّق جلنا، آگ میں جل جانا، آگ میں جل بھننا۔ إِحْتِراق: جلنا، آگ میں جل جانا، آگ میں جل بجھنا، آگ، آتش، بھابڑ، آتش زدگی۔ غُــرْفَة [illegible]

جلا کر حرارت اور روشنی پیدا کی جاتی ہے۔ قَابِلُ الاحتراق: آتش گیر۔ حَارِق: جان بوجھ کر کسی عمارت وغیرہ کو آگ لگانے والا، آتش انداز، آتش زن، جلانے والا۔ مَحْرُوق: جلا ہوا، جل کر کوئلہ ہونے والا، جھلسا ہوا، بھونا ہوا، سرخ گوں، سرخی مائل، کانسی کے رنگ کا، جمع مَحْرُوقات: ایندھن۔ فَخَّارٌ مَحْرُوقٌ: آگ میں تپائی ہوئی مٹی۔ قُنْبُلَةٌ مُحْرِقَة: آگ لگانے والا بم۔ مُحْرَق: مسان، لاش بھٹی۔ مُحْرَقَة: سوختنی قربانی۔

○ حَرْقَدَة جمع حَرَاقِد: کنٹھ، کنٹھا۔

○ حَرْقَفَة جمع حَرَاقِف: کولہے کی ہڈی کا باہر کو نکلا ہوا حصہ۔

حرك ۱۔ حَرَكَ ـ حَرْكًا: ادائیگی حق سے رکنا۔

۲۔ حَرَكَ ـ حَرْكًا: کے شانوں میں درد ہونا۔ ـــ ہ: کے شانوں پر مارنا۔ ـ حَارِكَه: کے شانوں کو کاٹنا۔ ـ ہ بالسيف: کی گردن مارنا۔ حَرِكَ ـ حَرَكًا: کے پہلوؤں یا شانوں کا کمزور ہونا۔ صفت: حَرِيك مؤنث حَرِيكَة۔ الحَارِك (ف ا): شانہ۔ المَحْرَك: گردن اور سر کے جوڑ کی جگہ۔

۳۔ حَرُكَ ـ حَرَكًا و حَرَكَةً: ہلنا، حرکت کرنا۔ حَرَّكَ ہ: کو ہلانا، حرکت دینا۔ تَحَرَّكَ: ہلنا، حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے: حَرَّكَ مِنِّي الأمرُ: معاملہ نے مجھ کو بے چین کر دیا، میں معاملہ سے بے چین ہو گیا۔ الحَرَكَة: ہلنا، حرکت۔ الحركة اليومية الظاهرة (فلك): خیالی کرہ سماویہ کی کائنات کے محور کے گرد حرکت، جس کی وجہ زمین کا اپنے محور کے گرد گردش بتائی جاتی ہے اس گردش میں تقریباً ۳ منٹ، ۵۶ سیکنڈ کم ۲۴ گھنٹے لگتے ہیں۔ الحَرَاك: حرکت، ہلنا۔ المُحَرِّك: ہلکا پھلکا، چست، تیز خاطر۔ کہا جاتا ہے: غلامٌ مُحَرَّك: سبک و تیز خاطر لڑکا۔ المِحْرَاك: کریدنی، ہلانے کی چیز۔ المُحَرِّك جمع مُحَرِّكَات: (ہوائی جہازوں، کاروں موٹر سائیکلوں وغیرہ کا) انجن، موٹر۔

☆ حَرَّكَ ہ: کو ہلانا، حرکت دینا، (کار وغیرہ) چلانا، چالو کرنا، ڈرائیو کرنا، کو آگے کو دھکیلنا، (مشین وغیرہ) چلانا۔ ـــ ہ: (فوج) کو چلانا، متحرک کرنا، حرکت میں لانا۔ ـــ ہ: کو حرکت دینا، ہلانا، کو شروع کرنا، (گاڑی انجن) سٹارٹ کرنا، کو ابھارنا، میں تحریک پیدا کرنا، ہیجان پیدا کرنا، برانگیختہ کرنا، میں ہلچل ڈالنا، اضطراب پیدا کرنا، کو مضطرب کرنا، بے چین کرنا، کو ہیجان میں لانا۔ ـــ ہ علی: کو پر اکسانا، برانگیختہ

کرنا، ابھارنا، کو کی شہ دینا، کو کی ترغیب دینا، کو پر بھڑکانا، ورغلانا، آمادہ کرنا، سے کا تقاضا کرنا۔ — ہ: کو ہوشیار کرنا، خبردار کرنا، جگانا، سلگانا، برانگیختہ کرنا، جوش میں لانا، بھڑکانا۔ — ہ: کو حرکت دینا۔ **حَرَّكَ مشاعرہ:** کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائے رکھنا، میں جذبات کی لہر دوڑا دینا، کے دل میں اتر جانا، ہیجان پیدا کرنا، برانگیختہ کرنا۔ **حَرَّكَ العواطِفَ:** احساسات وجذبات پر اثر انداز ہونا، رقت انگیز ہونا، پر درد ہونا، موثر ہونا، دل گداز ہونا، پر اثر ہونا، دل سوز ہونا، دل پر اثر کرنے والا ہونا۔ **لا یُحَرِّكُ ساكِنا:** وہ سرکتا ہی نہیں، وہ غیر متحرک رہتا ہے، بے حس، کٹھور یا سرد مہر رہتا ہے۔ **حَرَّكَ ساكِنَهُ:** کو بے دار کرنا، جگانا، کو بھڑکانا، جوش دلانا، ہیجان میں لانا۔ **تَحَرَّكَ:** ہلنا، حرکت کرنا، چالو ہونا، سرکنا، ہٹنا، چلنے یا حرکت کرنے لگنا، روانہ ہونا، (مسافر کا) سفر پر ہونا، (ریل گاڑی کا) روانہ ہونا (جہاز کا) سمندری سفر شروع کرنا یا سمندری سفر پر جانا یا چلنا، چالو ہونا، (کار وغیرہ کا) ڈرائیو کیا جانا، (مشین کا) چلایا جانا، پریشان ہونا، جوش میں ہونا، ہیجان پیدا کیا جانا، تحریک پیدا کیا جانا، آمادہ ہونا، بیدار ہونا، برانگیختہ ہونا، بھڑکنا، سلگنا، مستقل ہونا، ظہور میں آنا، بروئے کار ہونا۔ **حَرِكٌ:** فعال، خوش طبع، زندہ دل، تیز، ذہین، تیز فہم۔ **حَرَكَة جمع حركات:** حرکت، جنبش، تحریک، (فوجی) نقل وحرکت، مشین کے پرزوں کا عمل، چال، رفتار، گردش، گڑبڑ، کھلبلی، اچھل، ہنگامہ، افراتفری، شورش، بے قراری، بے کلی، جسمانی ورزش، ہیجان، ترنگ، پالیسی طریق کار، طریق عمل، کارروائی، دستور العمل، فعل، عمل، کام، مہم، فوجی نقل وحرکت، جاری رہنا، ترقی، ہونا، آمدورفت (ریل، جہازوں، گلی سڑک کی)۔ **فی حركاته و سكناته:** اس کے تمام کاموں یا کرتوتوں میں، ہر صورت حال میں۔ **حركة المرور:** آمدورفت ٹریفک۔ **حركة المراكب:** بحری جہازوں کی آمدورفت۔ **حركة البضائع:** سامان تجارت کا تبادلہ۔ **حركة الاموال:** مقررہ وقت کی بکری (turnover)۔ **الحركة النِسْوِيَّة:** مساوات نسواں کی حامی تحریک۔ **خَفِيفُ الحركة:** پھرتیلا، چست و چالاک، لچکیلا، نرم، ملائم، ہلکا، تیز، ہوشیار، مستعد۔ **ثَقِيلُ الحركة:** حرکت میں سست، دھیما، مٹھا، لوگوں کے احساسات سے متاثر نہ ہونے والا، بے ہمت، ناموزوں، بے تکا، بھاری قدموں سے چلنے والا، غیر متحرک، بے عمل، سست، کاہل، آرام طلب۔ **حَرِكِيّ:** حرکت کا، متحرک۔ **حَرَاك:** حرکت، نقل وحرکت، جنبش، چال، رفتار، گردش۔ **مُتَحَرَّك:** راستہ، گولی، گولے وغیرہ کا خط حرکت۔ **مِحْرَاك:** آگ کریدنی۔ **تَحْرِيكِيّ:** حرکت دینے والا، اثر آفرین، قوت عمل کا حامل، قوت آفریں۔ **تَحَرُّك جمع تَحَرُّكات:** حرکت، نقل وحرکت، جنبش، چال، رفتار، گردش، آگے کی طرف بڑھنا، آغاز، روانگی، (جہازوں کا) سمندر میں چلنا۔ **حَارِك:** کندھوں کے درمیان گھوڑے کی پیٹھ کا بلند ترین حصہ۔ **مُحَرِّك:** تحریک کرنے والا، برانگیختہ کرنے والا، اکسانے والا، ابھارنے والا، بھڑکانے والا، جگانے والا، سبب، عامل (جمع عوامل) (جمع مُحَرِّكات)۔ **مُحَرِّك،** وجہ، مہیج، شوق وجذبہ، مہمیز، محرک حالات، عملی یا سببی عامل، موٹر، انجن۔ **مُتَحَرِّك:** حرکت کناں، متحرک، منقولہ، چلنے پھرنے والا، نقل پذیر، حرکت پذیر۔ **صُوَر متحرِّكة:** فلم motion pictures, movies۔

☆ **حَرْكَثَ (و حَرْكَشَ):** مشتعل کرنا، اکسانا، دل میں اتر جانا، اثر کرنا، ہیجان پیدا کرنا۔

حرم: ۱۔ **حَرَمَ** ِ **و حَرِمَ** َ **حِرْمًا و حَرِيمًا و حِرْمانًا و حَرِمًا و حِرْمَةً و حَرِيمَةً** ہ **الشیءَ:** کو سے روکنا، منع کرنا، محروم کرنا۔ **حرم الاسقف فلانًا:** لاٹ پادری کا کسی کو ایمان داروں کے ساتھ شرکت کرنے سے منع کرنا۔ ایسا شخص محروم کہلاتا ہے۔ **حَرُمَ** ُ **حَرَمًا و حَرَامًا و حَرُمَ** َ **حُرْمًا و حُرُمًا و حُرْمَةً و حَرِمَةً و حَرَامًا عليه الامرُ:** پر کوئی امر حرام ہونا۔ **حَرَّمَ:** ماہ حرام میں داخل ہونا۔ — **الشیءَ:** کو حرام ٹھہرانا۔ **أَحْرَمَ:** ماہ حرام میں داخل ہونا، حرم یا ایسی حرمت میں داخل ہونا جس کی بے حرمتی حرام ہے، محفوظ ہونا۔ — **الشیءَ:** کو حرام ٹھہرانا۔ — **عن الشیءِ:** سے رکنا، باز رہنا۔ **تَحَرَّمَ منه بِحُرْمَةٍ:** کسی کی ذمہ داری میں آکر محفوظ و مامون ہونا۔ — **به:** کے ساتھ زندگی گزارنا اور آپس میں حرمت کا پختہ و مضبوط ہونا۔ کہا جاتا ہے: **تَحَرَّمْتُ بِطعامِك و مَجَالِسِك:** ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے سے اب تمہارا مجھ سے اس چیز کا لینا جائز نہیں رہا، جس کا پہلے لینا روا تھا۔ **اِحْتَرَمَ** ہ: سے ڈرنا اور اس کی حرمت وعزت کا لحاظ رکھنا۔ — **الشیءَ:** سے محروم ہونا، یہ دونوں معنی اس قول میں اکٹھے ہو گئے ہیں۔ **لا تَحْتَرِمْ فتُحْتَرَم:** خوف نہ کرو [illegible] ہو گئے۔ **اِسْتَحْرَمَ** [illegible] **الشیءَ:** کو حرام سمجھنا۔ **الحُرْم:** حج کا احرام (اس کے مقابل حِل ہے)۔ **الحُرُم:** ایک مرد کی بیویاں۔ **الاشْهُرُ الحُرُم:** ذوالقعدہ، ذوالحجہ و محرم اور رجب کیوں کہ عرب ان مہینوں میں لڑائی کو بند رکھتے تھے۔ **الحَرَم جمع أَحْرَام:** جس کا بچاؤ اور دفاع کیا جائے، جس کی بے حرمتی جائز نہ ہو۔ **الحَرَمُ الأَقْصی:** بیت المقدس۔ **الحَرَمان:** مکہ اور مدینہ۔ **الحِرْم جمع حُرُم:** حرام، احرام کا عرصہ، واجب جس کا ترک کرنا جائز ہو۔ **الحِرْمان:** محرومی، عدم رزق۔ **الحُرْمَة و الحُرُمَة و الحِرْمَة جمع حُرَم و حُرَمات و حُرُمات:** حقوق اللہ جن کا ادا کرنا فرض اور نظر انداز کرنا حرام ہے، جس کی بے حرمتی جائز نہیں، ذمہ، عظمت، ہیبت۔ **حُرْمَةُ الرجل:** بیوی۔ **الحَرْمَة:** حفاظت۔ **الحَرَام:** خلاف حلال۔ کہا جاتا ہے: **حرام الله لا افعل هذا:** خدا کی قسم میں ایسا کروں گا نہیں جس طرح کہتے ہیں: **یمینُ الله لا افعل:** کہا جاتا ہے: **رجل حرام و قوم حرام:** دونوں جگہ واحد کی شکل میں آتا ہے کیونکہ یہ دراصل مصدر ہے معنی احرام باندھنا والا اور احرام باندھنے والے۔ **الشهرُ الحَرَام:** محرم کا مہینہ۔ **البَلَد الحَرَام:** مکہ۔ **المسجد الحرام:** کعبہ۔ **الحَرِيم جمع حُرُم و أَحْرُم و أَحَارِيم:** حرام شے جس کو بسبب حرمت چھو نہ سکیں، شاہی محل کے گردا گرد وسیع جگہ۔ احرام باندھنے والے کا کپڑا، ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ **حَرِيمُ الرجل:** آدمی کی قابل حفاظت چیز اس لئے آدمی کی بیویوں کو حریم کہتے ہیں۔ **الحَرِيمَة:** نہ حاصل ہوسکنے والی مرغوب چیز۔ **المُحْرِم:** وہ شخص جو کسی کی پناہ اور حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے: **انه لمُحْرِم عنك:** اس کی تکلیف تم پر حرام ہے۔ **المَحْرَم جمع مَحَارِم:** حرام، ناجائز کام، جرم۔ **مَحَارِمُ الليل:** رات کے خطرات۔ **الحَرَامِيّ:** حرام کار، چور۔ **المَحْرَمَة** اور **المَحْرُمَة جمع مَحَارِم:** وہ چیز جس کی بے حرمتی جائز نہ ہو۔ **مُحَرَّم:** قمری سال کا پہلا مہینہ، حرمت والا۔ **المَحْرُوم:** خیر و بھلائی سے محروم، وہ شخص جس کا مال نہ بڑھے، وہ بدقسمت جو کمانے سے عاجز ہو۔ **المُحْتَرَم:** جناب۔

۲۔ **حَرِمَ** َ **حَرَمًا و حَرَامًا فی القِمار:** جوئے میں ہارنا۔ **حَرَّمَ و أَحْرَمَ** ہ **فی القِمار:** سے جوئے میں جیت جانا۔ **الحُرْمَة و الحُرُمَة والحُرَمَة**

جمع حُرَم و حُرَمات و حُرُمات: حصہ۔

۳۔ المُحْرِم: صلح جو، صلح پسند، صلح کرنے والا۔ مُحَرَّم: ہم کہتے ہیں: جلدٌ مُحَرَّمٌ: بے رنگا چمڑا۔ سوطٌ مُحَرَّمٌ: نرم نہ کیا ہوا کوڑا۔ إعْرَابِيٌّ مُحَرَّم: اجڈ، اکھڑ، دیہاتی۔ المَحْرَمَة: جیبی رومال۔

۴۔ حَرْمَدَ فی الأمر: میں اصرار کرنا۔ الحِرمِد و الحَرْمَد: رنگ و بو بدلا ہوا۔ سیاہ کیچڑ۔

۵۔ حَرْمَزَ ہ: پر لعنت کرنا۔ ◆

۶۔ الحَرْمَل (ن): ایک قسم کی بوٹی جو دھونی دینے کے کام آتی ہے۔ اسہال روکتی، خون صاف کرتی اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

○ حَرُمَ ـ و حَرِمَ ـ حَرَمًا الخ علی: پر حرام ہونا، کیلئے ناجائز ہونا، پر ممنوع ہونا۔ حَرَمَ ـ حِرْمًا و حِرمانًا ہ ہ یا ہ من: کو سے محروم کرنا، کو سے بیدخل کرنا۔ ــــ ہ ہ/من ہ/ ہ من: سے کچھ دور کرنا، نکلوانا، روکنا، کو کچھ نہ دینا، سے کچھ لینے سے انکار کرنا۔ ــ ہ ہ/ ہ من: کو سے خارج کرنا، نکال دینا، کو سے روکنا، باز رکھنا، منع کرنا۔ ــ ہ: کو ذات (چرچ وغیرہ سے) باہر کرنا، کا حقہ پانی بند کرنا۔ حَرَّمَ ہ: مُقدس، حرام، واجب التعظیم، محترم، قابل عزت یا ممنوعہ قرار دینا، کو غیر قانونی، ناروا، ناجائز، غیر مباح ٹھہرانا۔ ــــ ہ علی: کو سے منع کرنا، پر کی قدغن لگانا، پر کی ممانعت کرنا، کے لئے کوئی چیز ممنوع قرار دینا، حرام ٹھہرانا۔ ــ ہ من: کو سے محفوظ بنانا، کو سے بے خوف کرنا۔ حَرَّمَهُ علی نفسه: سے باز رہنا، پرہیز کرنا، اجتناب کرنا۔ أحْـرَمَ ہ: کو چرچ بدر کرنا، احرام باندھنا۔ تَـحَـرَّمَ: حرام ہونا، ممنوع ہونا، مقدس ہونا واجب التعظیم ہونا۔ اِحْتَرَمَ ہ/ ہ: کا احترام کرنا، کی عزت کرنا، توقیر کرنا۔ إحْتَرَمَ نفسَهُ: خوددار ہونا، غیرت مند ہونا۔ إسْتَحْرَمَ ہ: کو مقدس، پاکیزہ، واجب التعظیم سمجھنا یا کو ناجائز، ناروا، غیر قانونی یا حرام سمجھنا۔ حِـــرم: مسیحی دین کے حقوق سے اخراج، برادری یا ذات سے اخراج۔ حَـــرَم جمع أحْـــرَام: ممنوع، حرام، مقدس، پاک، متبرک، واجب التعظیم، مقدس چیز، مقدس مال و دولت، بیوی، حرم، خلوت کدہ، مقدس مقام، عبادت خانہ، معبد، درگاہ، جائے امن، مقدس احاطہ۔ الحَرَمَان: مکہ و مدینہ۔ ثَـالِثُ الحرمین:: تیسرا حرم: یروشلم (بیت المقدس)، قدس شریف۔ حُـــرْمَة جمع حُرُمات و حُرَمات: پاکی، تقدس، واجب الاحترام ہونا، مقدس ہونا، واجب التعظیم ہونا، محترم ہونا، احترام، تعظیم، تکریم، عزت، قدر، لحاظ، پاس یا جو پاک، مقدس، واجب التعظیم یا حرام ہو۔ (جمع حُرَم) عورت، خاتون، بیوی۔ حَرَام جمع حُرُم: حرام، ممنوع، غیر قانونی، ممنوع یا حرام چیز، گناہ، جرم، حرام، قابل تعظیم، مقدس، متبرک، ملعون، لعنتی، مردود، راندہ درگاہ، بدبخت منحوس۔ ابن حرام: حرامی، ولدالزنا، ناجائز اولاد۔ الاراضی الحَرَام: دو فوجوں کے درمیان خالی علاقہ، بیچ کی زمین۔ حـــرامٌ علیك: تمہیں (ایسا) نہیں کرنا چاہئے۔ بِالحَرَام: ناجائز طور پر غیر قانونی طور پر، خلاف قانون طور پر۔ حِرام جمع حِرامَات و أحْرِمَة: اونی کمبل۔ حَرِيم جمع حُـــرُم: مقدس اور قابل تعظیم جگہ، عبادت گاہ، معبد، درگاہ، جائے امن، حرم، خلوت کدہ، مقدس مقام، عبادت خانہ، مقدس احاطہ، کسی کنبہ کی خواتین ارکان، عورتیں، بیوی۔ حَرِيمِيّ: عورتوں کا، عورتوں کے لئے۔ حُرُوم جمع حُـرُومات: مسیحی دین کے حقوق سے اخراج، برادری یا ذات سے اخراج۔ حِرْمَان: محرومی، ــ (من: کے ساتھ) ــ: سے بیدخلی، اخراج، محرومی، روک، مسیحی دین کے حقوق سے اخراج، برادری یا ذات سے اخراج، ضروریات زندگی سے محرومی۔ حِـرمَـانُ الإرْث: ترکہ سے اخراج، محروم الارث کرنا۔ مَحْرَم جمع مَحَارِم: ممنوع، قابل تعظیم، حرام، پاکیزہ، مقدس یا متبرک چیز، جو شادی کے قابل نہ ہو (شادی میں مانع خونی رشتہ کے درجہ میں ہونے کی وجہ سے)۔ مَـحْــرَمَة جمع مَحَارِم: دستی رومال۔ إحرام: مکہ معظمہ میں حج کے موقع پر حج کرنے والے کے لئے ایک مخصوص لباس پہنے، کنگھی نہ کرنے، حجامت نہ کرنے اور جنسی پرہیز کی حالت، حج کرنے والے کا لباس۔ احترام جمع احترامات: قدر، تعظیم، لحاظ، پاس، ادب، احترام، عزت، تعظیم، تکریم، استحقاق کا اعزاز جمع احترامات: تسلیمات، آداب، سلام، تحسینات۔ مُحْرِم: احرام باندھنے والا۔ مُحْتَرَم: عزت کیا گیا، توقیر کیا گیا، احترام کیا گیا، محترم، عزیزم (خطوط میں)، محترم، مقدس، بزرگ، مشہور، ممتاز، غیر معمولی، قابل ذکر۔ حَرَامِی جمع حَرَامِيَة: چور، ڈاکو، رہزن۔

○ حَرْمَل: افریقی اسپند، کالا دانہ، سداب۔

○ حَرْمَلَة جمع حَرَامِل: کندھوں پر اوڑھا جانے والا شال۔ (درویشوں کی پوشاک)۔

حرن: حَرَنَ و حَرُنَ ـ حُرُونًا و حُرَانًا و حِرَانًا [illegible] البغل: خچر کا رک جانا، اڑ جانا اور [illegible]

صفت حَرُون جمع حُرُن (مذکر و مؤنث)۔ ـــ بالمکان: کسی جگہ سے نہ ہٹنا۔ ـــ العسلُ فی الخَلِيَّة: شہد کا چھتہ میں ایسا چپکنا کہ اسکا نکالنا دشوار ہو۔ حَـرَنَ فی البیع: برابر قیمت پر رہنا، نہ کم نہ زیادہ کرنا۔ ـــ القطنَ: روئی دھننا۔ المِحْرَن: روئی دھننے کی کمانی۔

○ حَرَنَ و حَرُنَ ـ حِرانًا و حُرانًا: ضدی ہونا، ہٹ کا پکا ہونا، ہٹ دھرم ہونا، ہٹیلا ہونا، منہ زور ہونا، سرکش ہونا، نارضامند ہونا، غیر آمادہ ہونا، بیدل ہونا، مزاحم ہونا۔ حَرُون جمع حُرُن: ضدی، ہٹ کا پکا، ہٹ دھرم، ہٹیلا، منہ زور، سرکش، نارضامند، غیر آمادہ، بیدل، مزاحم۔

○ حَارُون: کسیرا، ٹھٹھیرا، پیتل کا کام کرنے والا۔

حرا: الحَرَا جمع أحْرَاء: گھر کا صحن (کہا جاتا ہے نزلتُ بحَرَاهُ: میں اس کے صحن میں اترا) آواز، گرہ، ہرن کی پناہ گاہ، لائق، کہا جاتا ہے: بِالحَرَا أن يكـون ذاكَ: وہ اس لائق یا اہل ہے کہ وہ ہو۔ الحَرُوَة: غصہ یا درد کے سبب حلق، یا سینہ یا سر میں سوزش، رائی وغیرہ کے مزے کی تیزی کے ساتھ بدبو۔ الحَرَاوة: رائی وغیرہ کے مزے کی تیزی۔

☆ حَرُوَة: جلن، طیش، تاؤ، غصہ، جوش، غیظ، غضب، قہر، تیزی، تندی، چڑچڑاپن، درشتی، ذائقہ کی تیزی، حدت یا جلن، تیز، چبھتا ہوا، ناگوار بو۔

حری: حَرَى ـ حَرْيًا الشیءُ: گھٹنا، کم ہونا۔ أحْرَى الشیءَ: کو گھٹانا، کم کرنا۔ الحارِيَة: بڑی عمر کا چھوٹا سانپ جو بہت زہریلا ہوتا ہے۔

۲۔ أحْـرِبِه: وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔ أحْرِ: فعل امر ہے اور مراد اس سے تعجب ہے۔ بـــه: باء حرف جر زائد جب کہ ھا محل رفع میں ہے اور أحْـــرِ کا فاعل ہے۔ تَـحَرَّى: استعمال میں زیادہ مناسب و لائق کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے زیادہ بہتر کو طلب کرنا۔ ـــ الأمرَ: کا ارادہ کرنا اور اس کو ترجیح دینا۔ الحَرِى جمع حَرِيُّون و أحْرِياء مونث حَرِيَّة جمع حَرِيَّـات و حَرَايَا و الحَرِىُّ جمع أحْرَاء و الحَرَى: (یہ تثنیہ اور جمع کے طور پر استعمال نہیں کیا جاتا)، لائق، مناسب، قابل۔ کہا جاتا ہے: إنّه لَحَرِيٌّ او حَرٍ او حَرًى بكذا و ان يفعل كــذا: وہ اس چیز کے لائق ہے یا فلاں کام کرنے کا اہل ہے۔ الأحْـــرى: زیادہ لائق، زیادہ مناسب، زیادہ بہتر۔ المَـحْرى و المَحْراة: لائق، سزاوار۔ کہا جاتا ہے: هــذا الأمـــر مـحـرى او

محراة لذلك اوبذلك: یہ کام اس کے لائق ہے۔

۳۔ تَحَرَّی بالمکان: کسی جگہ میں ٹھہرنا۔

۴۔ تَحَرَّی عنہ: کو تلاش کرنا، کے بارے میں تحقیقات کرنا۔ رِجالُ التَحَرّی: خفیہ پولیس (والے)۔

○ تَحَرَّی ہ: کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا، کے حصول کے پیچھے لگے رہنا، کے لئے جدوجہد کرنا، کی آرزو کرنا، کا متمنی ہونا، کی جانچ پڑتال کرنا، کی تفتیش کرنا۔ —— ہ/من: کی تفتیش کرنا، کے بارے میں حقائق معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ کے بارے میں تحقیقات کرنا۔ —— ہ: کا پکا ارادہ کرنا، کی دیکھ بھال کرنا، کی بہبود یا برتری کے لئے کوشاں ہونا، کی نگہداشت کرنا۔ —— ہ/فی: پر توجہ کرنا، کی دیکھ بھال یا نگرانی کرنا۔ —— ان۔ دیکھنا کہیں.... خیال رکھنا مبادا، اپنی تسلی کر لینا کہ، کا پورا بندوبست کر لینا۔ بالحری: مشکل سے، صرف، محض، بمشکل، فقط۔ حَرِیّ جمع اَحْرِیاء ب: کیلئے کافی، مناسب، موزوں، کے لائق، کے قابل، کے شایاں۔ حَرِیٌّ بِالذکر: لائق ذکر، قابل توجہ، قابل لحاظ۔ حری بالتصدیق: قابل یقین، قابل اعتبار۔ او بالحری: یا صحیح، ٹھیک ٹھیک، بلکہ بہتر تو یہ ہے، بلکہ۔ أَحْرَی: زیادہ کافی، موزوں، مناسب یا شایان۔ او بالأحری: بلکہ، زیادہ صحیح طور پر، سچ تو یہ ہے کہ، زیادہ صراحت سے، زیادہ وضاحت سے، بعینہ۔ تَحَرٍّ جمع تَحَرِّیات: تفتیش، تحقیقات، چھان بین۔ شُرْطَةُ التحری یا مصلحة التحری: خفیہ پولیس (secret police)۔

حزّ: ا۔ حَزَّ ـُ حَزًّا و اِحْتَزَّ ہ: کو کاٹنا۔ — العُودَ: لکڑی میں شگاف ڈالنا۔ تَحَزَّزَ: لکڑی میں شگاف پڑجانا۔ الحَزّ واحد حَزَّة: لکڑی وغیرہ میں شگاف (ڈالنا)۔ الحِزَّة: خربوزہ وغیرہ کی پھانک۔ المَحَزّ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے: قطع فاصاب المحزّ: اس نے کاٹا اور درست جگہوں پر کاٹا۔ المِحَزّ جمع مَحَازّ: شگاف ڈالنے کا آلہ۔

۲۔ حَزَّ ـُ حَزًّا الشیءُ فی صدرہ: کسی چیز کا کسی کو متاثر کرنا، برا اچھا اثر ڈالنا۔ حَزَّزَ اسنانَہ: کے دانتوں کے کناروں کو تیز کرنا۔ الحَزَّة: دل کا درد، دردمند حالت۔ الحَزَازَة جمع حَزَازات: غصہ وغیرہ سے دل میں درد۔ الحَزّاز و الحُزّاز: دل یا سینہ میں چبھ کر درد کرنے والی چیز۔ حَوَازُّ (واحد حازّة) القلب: دل کو دکھ پہنچانے والے امور۔

۳۔ حَزَّ و اَحَزَّ علی کَرَمِ فلان: سے سخاوت میں بڑھ جانا۔

۴۔ حَازَّ مُحَازَّةً و حِزَازًا ہ: کی خوب جانچ پڑتال کرنا، اچھی طرح سے تلاش و جستجو کرنا۔

۵۔ الحَزّ (مص): وقت، غیر مہذب کلام کرنے والا۔ الحَزَّة: گھڑی (وقت)۔ کہا جاتا ہے: اَیَّ حَزَّةٍ اتیتنی قضیتُ حاجتكَ: جس وقت (یا جس گھڑی) تم میرے پاس آئے میں نے تمہاری حاجت پوری کی۔ المِحَزّ جمع مَحَازّ: غیر مہذب کلام والا۔ الحَزِیز جمع حُزَز و حُزّان و حِزّان و أَحِزّة: سخت عمل کرنے والا آدمی، تیز ہانکنے والا آدمی۔ الحَزَاز: سر کی بھوسی (طب): داد (عوامی زبان میں) جب کہ فصیح زبان میں القُوباء ہے۔ (ن) چٹانوں، دیواروں، درختوں کی چھالوں اور مٹی پر اگنے والی روئیدگی، جو موسمی تغیرات اور پالے سے متاثر نہیں ہوتی، سفید یا سبز رنگ کی ہوتی ہے۔ الحَزَازَة جمع حَزَازات: کلام میں کج روی۔ بمعنی الحَزاز۔ ثلاثیةُ الحَزّات (ن): پیلے سرخ خاردار پھولوں کا خوبصورت پودہ۔ الحَزَازِیّ: سخت عمل کرنے والا، تیز ہانکنے والا۔

○ حَزَّ ـُ حَزًّا فی: میں دندانے بنانا، نشان لگانا، کو کاٹنا، تراشنا، کھودنا، کندہ کرنا، میں گہرا شگاف بنانا۔ حَزَّزَ واَحْتَزّ: بمعنی حَزّ۔ حَزٌّ جمع حُزُوز: کاٹ، تراش، درز، شگاف، دندانہ، موکھا، نشان، کھانچہ، صحیح وقت، عین وقت۔ حَزَّة: بمعنی: حَزّ: نیز وقت تکلیف دہ صورت، ناگوار یا خطرناک موقع، حالت، کیفیت۔ حَزَاز: سر کی بھوسی یا خشکی، خارش، داد کی بیماری، جلدی مرض، کھجلی۔ حَزَازَة: نفرت، بغض، عناد، کینہ، عداوت۔ مَحَزّ: کھانچہ، دندانہ، موکھا، شگاف، لکڑی وغیرہ پر لگایا جانے والا نشان۔ أصابَ المَحَزَّ: صحیح حل حاصل کرنا، ٹھیک بات کرنا، سچ کی کہنا، (کسی کام میں) کامیاب ہونا، مطلوبہ اثر کرنا، تکلیف دہ اثر کرنا۔

حزا: حَزَا ـُ حَزْءًا السرابُ الشخصَ: کو سراب کا نمایاں کرنا۔ — الابلَ: اونٹوں کو اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔ اِحْزَوْزَأَتِ الابلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا۔ — الطائِرُ: پرندے کا پر سمیٹ کر انڈوں سے الگ ہونا۔

حزب: ا۔ حَزَبَ ـُ حَزْبًا ہ الویلُ والغمُّ: کو غم و مصیبت کا پہنچنا یا اس پر سخت ہونا۔ الحَازِب جمع حَوَازِب و الحَزِیب جمع حُزُب و حُزُب: سخت امر۔ آپ کہتے ہیں: نزلت بہ حوازِبُ الخُطُوب: اس پر سخت مصیبتیں گریں (آئیں)۔ هذا امرٌ حَزِبٌ: [illegible] الحُزابَة [illegible] الحَزْب کا اسم۔

۲۔ حَزَبَ ـُ حَزْبًا القرآنَ: قرآن کے حصے مقرر کرنا۔ حَزَّبَ القومَ: لوگوں کے گروہ گروہ بنا کر جمع کرنا۔ حَازَبَ ہ: کی پارٹی میں داخل ہونا، کی مدد کرنا، کو قوت پہنچانا۔ تَحَزَّبَ القومُ: لوگوں کا جمع ہونا، اکٹھا ہونا، طبقے بننا، گروہ بننا۔ الحِزب جمع اَحْزَاب: گروہ، پارٹی، جتھا، ایسے لوگ جن کے دل اور اعمال ایک جیسے ہوں لیکن آپس میں نہ ملے ہوں، کسی شخص کی فوج اور ہم خیال ساتھی۔ قرآن مجید وغیرہ کا ایک حصہ۔

۳۔ الحِزْب جمع أَحْزَاب: ہتھیار، حصہ۔ الحَزَابی و الحَزَابِیَة من الرجال: گٹھیلے بدن والا، پستہ قد آدمی۔

۴۔ الحَیزَبُون و الحَیزَبُور: بڑھیا۔

○ حَزَبَ ـُ حَزْبًا ہ: پر پڑنا، واقع ہونا، نازل ہونا، گرنا۔ حزب الامرُ: معاملہ سنگین ہوگیا۔ حَزَّبَ ہ: لوگوں کو اکٹھا کرنا۔ —— : پارٹی بنانا، تشکیل دینا۔ حَازَبَ ہ: کی حمایت کرنا، کا ساتھ دینا، کی طرفداری کرنا، جانب داری کرنا، کا حامی، حمایتی یا پیرو ہونا، سے وابستہ ہونا، کا طرف دار یا ہوا خواہ ہونا۔ تَحَزَّبَ: (لڑائی جھگڑے میں) کسی ایک فریق کا ساتھ دینا، طرف داری کرنا، جانبداری کرنا، پارٹی بنانا، کوئی مشترک مقصد حاصل کرنے کے لئے مل کر کام کرنا، کسی مشترکہ غرض کے لئے متحد ہونا۔ حِزْب جمع اَحْزَاب: گروہ، جتھا، (سیاسی) پارٹی، ٹولی، قرآن مجید کا ۶۰ واں حصہ۔ هو من احْزَابِہ: وہ اس کی ٹولی سے تعلق رکھتا ہے، وہ اسی قسم کا ہے۔ حِزْبِیّ: پارٹی کا، پارٹی کے متعلق، فسادی، مفسد، فتنہ انگیز: ہنگامہ پرداز سرکش، متمرد۔ حِزبِیَّة: پارٹی کی سرگرمیاں، مساعی، کورانہ حمایت، بے جا حمایت، طرفداری، جانب داری، پارٹی بازی، مخالفت۔ حَیْزَبُون: بڑھیا، چڑیل، ڈائن۔ تَحَزُّب: جتھابندی، پارٹی بازی، گروہ بندی۔ حازِب۔ حَزَبَہٗ حازِبٌ: وہ ایک افسوسناک حادثہ سے دوچار ہوا۔ مُتَحَزِّب: طرف دار، حمایتی، حامی، جانب دارانہ، جانب دار، متعصب، متعصبانہ، پکا حامی، کٹر۔

حزر: ا۔ حَزَرَ ـِ حَزْرًا و مَحْزِرَةً الشیءَ: کا اندازہ کرنا، تخمینہ لگانا۔ کہا جاتا ہے: حَزَرَ قدومَہ یومَ کذا: اس نے اس کے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا۔ الحَزُّوْرَة: چیستان، معمہ، پہیلی، یہ عامی زبان کا لفظ ہے فصیح عربی میں الأُحْجِیَّة ہے۔

۲۔ حَزَرَ ـِ و حَزُرَ ـُ حَزْرًا و حُزُورًا النبیذُ او

الـلـبـنُ: نبیذ یا دودھ کا ترش ہونا۔ صفت: حَـازِرٌ۔ الحَازِرَةُ: حازر کا مؤنث: ترش۔

۳- الـحَـزْوَر و الـحَزَوَّر جمع حَـزَاوِرَة: طاقت ور لڑکا۔ الـحَزْرَة جمع حَـزَرَات و الـحَـزِيْرَة من كلّ شيءٍ: ہر چیز کا عمدہ حصہ۔ الحازِرَة: مضبوط اور عمدہ آدمی۔ المُحَزْوِر: غضبناک۔

۴- حَزِيران: شمسی سال کا چھٹا مہینہ: ماہ جون۔

☆ حَـزَرَ ـ حَـزْرًا و مَـحْـزَرَةً ہ: کا اندازہ کرنا، (محصول وغیرہ)، تشخیص کرنا (قیمت) تشخیص کرنا، آنکنا، (قیمت کا) اندازہ کرنا، کا ابتدائی تخمینہ بنانا، کا قیاس لگانا، کو انکل سے کہنا۔ حَـزْر: اندازہ، تشخیص (محصول وغیرہ اور قیمت کی) انکل، قیاس، قیاس آرائی۔ مَحْزَرَة: بمعنی حَزْر۔

حزف: حَزَفَ الـقومُ للقوم: قوم کا دوسری قوم سے لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ ـ المتاعَ: سامان کس کر باندھنا۔ ـ الاناءَ: برتن کو بھرنا۔

حزق: ۱- حَزَقَ ـ حَزْقًا الوَتَرَ او الرباطَ: تانت یا رسی کو کس کر باندھنا، باندھنا۔ ـ الشيءَ: کو دبا کر نچوڑنا۔ ـ الحمارُ: گدھے کا گوز کرنا۔ أَحْزَقَ ہ: کو روکنا، منع کرنا۔ تَحَزَّقَ: سکڑنا، اکٹھا ہونا۔

الـحِـزْق و الـحَـازِقَة والـحَـزَاقَة والحَـزِيقَة (حزیقہ کی جمع حَزَائِق و حَزِيق و حُزُق ہے): آدمیوں وغیرہ کی جماعت۔ الحِزْقَة: انسانوں وغیرہ کی جماعت، ہر شے کا ٹکڑا۔ الـحَـزُق والـحُزُق والـحُـزُقَّة والحَـزُقَّة والأُحْـزُقَّة: پست قدم جو چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلے۔ ـ والمُتَحَزِّق: کنجوس، بدخلق۔ الـحَـازُوقَة (طب) ہچکی (عامی زبان میں) اس کے لئے فصیح لفظ فواق ہے۔ المَحْزُوق من ابريق ونحوه: تنگ منہ کا لوٹا، صراحی وغیرہ۔

○ حُزُقَّانِي: غصیلا، تند مزاج، تیز مزاج۔

○ حَزُوقَة و حَازُوقَة: ہچکی۔

حزك: حَزَكَ ـ حَزْكًا ہ: کو لپیٹنا، دبانا۔ ـ ہ بالحبل: کو رسی سے باندھنا، کا گٹھا بنانا۔ اِحْتَزَكَ بـالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔

حـزل: اِحْـزَالَّ الشـيءُ: اکٹھا ہونا، جمع ہونا۔ ـ القلبُ: دل کا ڈر کی وجہ سے سکڑنا۔ ـ الجبلُ: پہاڑ کا سراب سے اونچا ہونا۔ ـ البعيرُ في السير: اونٹ کا چلنے میں بلند ہونا۔ الـحَوْزَل والـحَوْزَلَة: کوتاہ قد، ٹھگنا۔

حزم: ۱- حَزُمَ ـ حَزْمًا و حَزَامَةً: پکے ارادے والا اور مستقل مزاج ہونا۔ صفت: حـازِم جمع حَزَمَة و حُزَّم و أَحْزَام و حَزِيم جمع حُزَمَاء۔ حَزَمَ ـ حَزْمًا ہ: کو باندھنا۔ ـ الفرسَ: گھوڑے پر تنگ کسنا۔ حَزَّمَ ہ: کو باندھنا۔ أَحْـزَمَ الفرسَ: گھوڑے کے لئے تنگ بنانا۔ تَـحَزَّمَ و اِحْتَزَمَ: رسی وغیرہ سے کمر باندھنا، کسنا۔ کہا جاتا ہے: تَحَزَّمَ فـي الامر: اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لینا۔ الحِزَام جمع حُزُم و الحِزَامَة جمع حَزَائِم و المِحْزَم و المِحْزَمَة: جانور کا تنگ، زنانہ زیر جامہ، چولی، انگیا، سینہ بند۔ کہا جاتا ہے: أَخَذَ حِـزَامَ الـطريق: اس نے بیچ راستہ کو پکڑا اور اسی پر چلا۔ الـحُـزْمَة: گٹھا (لکڑی وغیرہ کا)۔ الـحَزِيم جمع حُزُم و أَحْزِمَة: تنگ کسنے کی جگہ، سینہ کا وسط، کہا جاتا ہے: شددت لهذا الامر حَزِيمي: میں اس کام کے لئے کمربستہ ہوا۔ الأَحْـزَم: چوڑے سینے والا، الحَيْزُوم جمع حَيَازِم و حَيَازِيم: سینے کا وسط۔ شَـدُّ الـحَيَازِمِ: صبر سے کنایہ ہے۔ المَحْزِم من الدابَّة: جانور کی وہ جگہ جہاں تنگ کسا جاتا ہے۔

۲- حَـزِمَ ـ حَـزَمًا: سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔ الحَزَم: سینہ کی تنگی۔

۳- اِحْزَوْزَمَ اِحْزِيزَامًا الشيءُ: چیز کا اکٹھا ہونا۔ الأَحْـزَام: پارٹیاں (احزاب سے وزن اور معنی میں پوری طرح مطابق)

۴- اِحْزَوْزَمَ احزيزامًا المكانُ: جگہ کا سخت و بلند ہونا، الحَزْم جمع حُزُوم: سخت اور اونچی زمین۔ الحَيْزُوم جمع حَيَازِم و حَيَازِيم: بلند زمین۔

۵- الحَزَم: خوراک کا مشکل سے ہضم ہونا۔ الأَحْـزَم والأُحْزُم: موٹے پیٹ اور کولہوں والا۔ الحُزُمَّة: ٹھگنا، کوتاہ قد۔

☆ حَزَمَ ـ حَزْمًا ہ: کو باندھنا، کا پلندا بنانا، کی گٹھری باندھنا، لپیٹنا، کو پیک کرنا، کو گانٹھ، پلندے یا گٹھری میں باندھنا، رکھنا، جانور کو تنگ باندھنا۔ حَزَمَ امرَهُ: معاملات کو مضبوطی سے ہاتھ میں لینا۔ حَـزُمَ ـ حَزْمًا وحزامةً وحُزُومَةً: باعزم ہونا، مستقل مزاج ہونا، پکا ہونا، مضبوط دل والا ہونا، نڈر ہونا، بے خوف ہونا، دلیر ہونا، بہادر ہونا۔ حَـزَّمَ ہ: کو پٹی یا پٹکا باندھنا۔ تَحَـزَّمَ و اِحْتَزَمَ: کمربستہ ہونا، پوری طرح تیار ہونا، پٹی باندھنا۔ حَـزَّمَ: گٹھری باندھنا، بنڈل بنانا، پوٹ باندھنا، اسباب باندھنا، جکڑنا، کسنا، تہہ کرنا، تہہ کر کے رکھنا، صندوق یا ڈبہ میں [illegible] مزاجی، ارادے کی پختگی، دلبری، پائداری، استقلال، ہمت، طاقت، عقلمندی، دانش مندی، معاملہ فہمی، دور اندیشی، فرزانگی، عقل شعور، سمجھ، مصلحت بینی، ہوشیاری، دانائی، عاقبت اندیشی۔ حُـزْمَة جمع حُـزَم: لپٹی یا بندھی ہوئی چیز، گٹھری، گانٹھ، پلندا، بنڈل، ایندھن کا گٹھا، لکڑیوں کا گٹھا، لکڑیوں کے گٹھے جو جنگ میں مورچوں کو اونچا کرنے، کھائیوں کو بھرنے میں کام آتے ہیں۔ کرنوں کی شعاع، تابانی کی شعاع، (جڑی بوٹیوں وغیرہ کا) گچھا۔ پارسل، پیکج، مٹھا، گٹھا، پولی۔ حِـزَام جمع حِـزَامَات و أَحْزِمَة و حُـزُم: پٹی، تنگ، پٹکا، کمربند، کرپٹی، تلوار کی پٹی۔ حزام الامن: حفاظتی پٹی۔ أَحْزَم: زیادہ باعزم، زیادہ معاملہ فہم، زیادہ مدبر۔ حَـازِم جمع حَزَمَة و حَزِيم جمع حُزَمَاء: باعزم، معاملہ فہم، پھرتیلا، چست و چالاک، سرگرم، زور دار، ہوشیار، محتاط، موقع محل دیکھ کر بات کہنے والا، چوکس، عاقل، دانا، زیرک، مصلحت اندیش۔

حزن: ۱- حَزَنَ ـ حَزْنًا ہ: کو غمگین کرنا، آزردہ خاطر کرنا۔ حَزِنَ ـ حَزَنًا له و عليه: کی وجہ سے / کے لئے یا پر غمگین ہونا، رنجیدہ ہونا۔ صفت: حَـزِيـن جمع حُزَنَاء و حِزَان و حَزَانَى و حَزِن و حَزُن و مَحْزُون و مُحْزَن و مِحْزَان و حَزْنَان۔ حَزَّنَ الـرجلَ: کو غمگین کرنا، آزردہ خاطر کرنا۔ ـ القارئُ: قاری کا باریک آواز سے پڑھنا۔ أَحْزَنَ الرجلَ: کو غمگین کرنا۔ تَحَزَّنَ عليه و لامره: پر غمگین ہونا، دردمند ہونا۔ ـ و تَحَازَنَ و اِحْتَزَنَ: آزردہ خاطر ہونا، رنجیدہ ہونا۔ الـحُزْن و الـحَزَن جمع أَحْـزَان: غم، رنج۔ الـحُـزُن: مصائب، سختیاں۔ الـحُـزَانَة: بال بچے جن کے اہتمام میں انسان فکرمند رہتا ہے۔ ـ الملكُ الحزين (جسے البَلَشُون بھی کہا جاتا ہے)۔ (ح): بگلا، بوتی مار۔

۲- حَزُنَ ـ حُزُونَةً المكانُ: جگہ کا سخت ہونا۔ أَحْـزَنَ: سخت زمین پر چلنا، سخت زمین ہونا۔ الـحَزْن جمع حُـزُن و حُزُون: سخت اور اونچی زمین۔ الـحُـزُنَة جمع حُـزَن: سخت پہاڑ۔ الـحَـزْبَل: سخت پہاڑ۔ الـحَـزْنَة من الأرض: سخت زمین۔ الحُزُونَة: زمین کی سختی۔

۳- الحَزَنْبَل (ن): کڑوے ذائقہ کا پودا۔

☆ حَزِنَ ـ حُـزْنًا و حَزَنًا على: پر رنجیدہ ہونا، ملول ہونا، غم کرنا، رونا، نوحہ کرنا، ماتم کرنا، سوگ منانا، افسوس کرنا، کو رونا، کا ماتم کرنا۔ حُزْن جمع أَحْزَان:

غم، رنج، افسوس، ملال، الم، سوگ، ماتم، دکھ، درد، تکلیف۔ حَزْن جمع حُزُون: ناہموار، سنگلاخ اور سخت زمین۔ حَزِن: غمگین، رنجیدہ، غم زدہ، غمناک، ماتم کناں، ملول، متاسف۔ حَزِین جمع حُزَنَاء و حِزَان و حَزَانَی: غمگین، رنجیدہ، ماتم کناں، متاسف، غم زدہ، غمناک۔ الجمعة الحزینة: (عیسائیت میں) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تصلیب منانے والے ایسٹر (عید الفصح) سے قبل واقع ہونے والا جمعہ کا دن جسے انگریزی میں Good Friday کہا جاتا ہے۔ حَزْنَان: بہت غمگین، بہت رنجیدہ، بہت غمزدہ، بہت متاسف، بہت پریشان، ماتم کناں۔ حَزَائِنِی (حَزَائِنِی): غمگین، ماتم کناں، غمناک، غم زدہ، اداس، افسردہ خاطر ملول، موت کے متعلق، ماتمی، تجہیز و تکفین کے متعلق، قماش حزائنی۔ (ماتمی لباس کے لئے مخصوص) کپڑا۔ تَحَزُّن: غم، ماتم کنندہ کا رویہ۔ مَحْزُون: غم زدہ، رنجیدہ، غمگین، دکھی۔ مُحْزِن: غمگین، رنجیدہ، تکلیف دہ، المناک، درد انگیز، اداس کن، آزردہ کن، ملول کن، المیہ سے متعلق، المناک، حزنیہ، پرسوز، دلگداز۔ مُحْزِنات: دردناک یا تکلیف دہ باتیں، واقعات امور یا چیزیں۔ قِصَّةٌ تَمْثِیلِیَّةٌ مُحْزِنَة یا رِوَایَةٌ مُحْزِنَة: ٹریجڈی۔ المیہ، المناک واقعہ، المیہ نظم یا نثر، المیہ ناٹک، مصیبت، آفت۔

حَزَا ـُ حَزْوًا الشیءَ: کا اندازہ کرنا، تخمینہ لگانا۔ ـــ الطیرَ: شگون لینے کے لئے پرندہ کو اڑانا۔ حَزَی ـِ حَزْیًا و تَحْزِّی: پیشین گوئی کرنا۔ ـــ الشیءَ: کا اندازہ لگانا، تخمینہ لگانا۔ أَحْزَی إِحْزَاءً بالشیءِ: کو جاننا۔ الحَازِی (فا): قیافہ شناس۔ ہم کہتے ہیں: عَلَی الحَازِی هبطتَ: تو واقف کار اور باخبر کے پاس پہنچا۔

۲۔ حَزَا ـُ حَزْوًا و حَزَّی السرابُ الشیءَ: سراب کا چیز کو فضاء میں نمایاں کرنا، ظاہر کرنا۔ أَحْزَی إِحْزَاءً الشیءُ: بلند و نمایاں ہونا۔

۳۔ الحَزَی و الحَزَاء: واحد حَزَاةَ و حَزَاءَةَ (ن): ایک نبات کا نام۔

حزی: دیکھو حزا (اوپر)۔

حسّ۔ ۱۔ حَسَّ ـُ حَسًّا ه: کو قتل کرنا، جڑ سے اکھیڑنا، کی بیخ کنی کرنا۔ اِحْتَسَّ الشیءَ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ اِنْحَسَّتْ اسنانُه: کے دانتوں کا اکھڑ جانا، گر جانا، ٹوٹ جانا۔ الحَسِیس: مقتول۔

۲۔ حَسَّ ـُ حَسًّا الدابّةَ: جانور کو کھریرا کرنا۔ المِحَسَّة: کھریرا۔

۳۔ حَسَّ ـُ حَسًّا النارَ: چنگی کے لئے، کسی چیز پر آگ ڈالنا۔ ـــ اللحمَ: گوشت کو انگاروں پر رکھنا۔

۴۔ حَسَّ ـِ حَسًّا و حِسًّا لفلان: پر دل دکھنا، کے لئے نرم دل ہونا۔ ـــ هُ: کو معلوم کرانا۔

۵۔ حَسَّ ـِ حَسًّا الشیءَ و بالشیءِ: کو محسوس کرنا، معلوم کرنا۔ ـــ حَسًّا و حِسًّا بالخبر: خبر کا یقین کرنا۔ أَحَسَّ الشیءَ و بالشیءِ: کو جاننا، محسوس کرنا، کا ادراک کرنا۔ کہا جاتا ہے: حَسَّ و أَحَسَّ منه خبراً: اس نے اس سے خبر معلوم کی۔ تَحَسَّسَ: سننا، دیکھنا۔ ـــ الخبرَ: خبر معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ ـــ الشیءَ: کا حواس سے پتہ لگانا۔ ـــ منه: کی خبر دریافت کرنا۔ اِحْتَسَّ الشیءَ: کو چھونا۔ الحِسّ (مص): حرکت، ہلکی آواز (کہا جاتا ہے: ما سمعت لَهُ حِسًّا) میں نے اس کی آہٹ یا ہلکی آواز نہیں سنی)۔ ادراک، آہٹ، بچہ کی ولادت کے بعد کا درد جو زچہ کو ہوتا ہے۔ حِسُّ الحُمَّی: تپ کے شروع کا احساس۔ الحِسِّیّ: حس ظاہری سے ادراک کی ہوئی شے، عقلی کی ضد۔ المذهب الحِسِّی او الحِسِّیَّة: یہ نظریہ کہ ہمارے تصورات کا ماخذ ہمارے خارجی حسیات ہیں۔ الحَسَّة و الحِسَّة: حالت۔ کہا جاتا ہے: هو فی حَسَّةِ سوءٍ: وہ ابتر حال میں ہے۔ حِسَاسُ الحُمَّی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔ الحَسِیس: ہلکی آواز، حرکت آہٹ۔ الحَاسَّة جمع حَوَاسّ: الحاس کا مونث، دریافت کرنے کی نفسیاتی قوت۔ الحواسّ الخمس: ادراک کی پانچ قوتیں، سننا، دیکھنا، سونگھنا، چکھنا اور چھونا۔ حَسَّاس: کلچ (clutch)۔ حَسَاسَاتُ الحیا: ناپسندیدہ یا شرمندگی کی باعث چیزوں کی وجہ سے انقباضی کیفیت کا احساس و شعور۔

۶۔ حَسَّ ـُ حسًّا البردُ الزرعَ: سردی (پالے) کا کھیتی کو مار جانا، جلا دینا۔ کہا جاتا ہے: البرد مَحَسَّةٌ للنبات: سردی (پالا) پودوں کو جلا ڈالنے والی ہے۔ حَوَاسّ الارض الخمس: زمین کی پانچ آفتیں: سردی، اولے، آندھی، ٹڈی، مویشی۔ کہا جاتا ہے: مرّت بالقوم حواسّ: قوم پر سخت سال گزرے۔ الحَسُوس: سخت قحط کا سال۔ الحُسَاس: نحوست، بدخلقی۔ المَحْسُوس: منحوس، نامبارک۔ ارضٌ محسوسة: ٹڈی یا اولوں سے تباہ شدہ زمین۔

۷۔ الحَسّ: چلی۔ الحُسَاس: بدخلقی [illegible] واحد حُسَاسَة: پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (ح) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو سکھائی جاتی ہے۔

۸۔ حَسْحَسَ لَه: کے لئے دردمند ہونا، درد محسوس کرنا۔ ـــ اللحمَ: گوشت کو انگاروں پر رکھ کر الٹ پلٹ کرنا۔ تَحَسْحَسَ للقیام: اٹھنے کے لئے حرکت کرنا۔ ـــ ت اوبارُ الابل: اونٹوں کے بالوں کا بکھرنا اور پھیلنا۔

○ حَسَّ ـُ حَسًّا ه: جانور کو کھریرا کرنا، ملنا، مالش کرنا، (کسی چیز وغیرہ) کو محسوس کرنا، معلوم کرنا۔ حَسَّ ـَ حَسًّا ل: کے لئے افسوس، ہمدردی یا ترس محسوس کرنا، سے ہمدردی کرنا، کے درد میں شریک ہونا، سے اظہار ہمدردی کرنا۔ حَسَّسَ: محسوس کرنا، ٹٹولنا، کی ٹوہ لگانا، کو ٹٹول کر معلوم کرنا۔ أَحَسَّ ه/ب: کو حواس سے معلوم کرنا، کا ادراک کرنا، معلوم کرنا، کا تجربہ کرنا، آزمانا۔ ـــ ه/ب: کو محسوس کرنا، دیکھنا، کا دھیان کرنا۔ ـــ ه: (آواز، شور وغیرہ) سننا۔ ـــ ه: کی طرف توجہ کرنا۔ تَحَسَّسَ ه: کو ٹوہنا، ٹٹولنا، کے لئے ٹامک ٹوئیاں مارنا، کو چھونا، انگلی سے چھونا، کو ہاتھ لگانا، پر ہاتھ پھیرنا، ـــ: ادھر ادھر ٹٹولنا، ٹامک ٹوئیاں مارنا، تلاش کرنا (ہاتھوں، پاؤں چھڑی وغیرہ سے)۔ ـــ من: سے معلومات مانگنا، کے بارے میں پوچھ گچھ کرنا۔ ـــ ه/ب: کا تجربہ کرنا، کو آزمانا، محسوس کرنا، حواس سے معلوم کرنا، کا ادراک کرنا۔ ـــ ب: کو محسوس کرنا، سے سخت متاثر ہونا۔ حَسّ: احساس، ادراک، خیال، جذبہ، جذباتیت۔ حِسّ: حسیاتی ادراک، احساس، جذبہ، خیال، حس، حاسہ، آواز، شور۔ حِسِّی: حسیاتی، حواسی، حسی، محسوس، قابل ادراک، واضح، صریح۔ حِسِّیَّات: احساسات۔ حَسِیس: کمزور آواز۔ حَسَّاس: حساس، سریع التاثر، معقول، ہوشمند، اثر پذیر، شہوانی (مسرت)، حَسَّاسَة: حسی عضو۔ حَسَّاسِیّ: الٹا اثر کرنے والا، ناموافق، الرجی والا۔ اَمراض حَسَّاسِیَّة: الرجی والی بیماریاں، الٹے اثر والی بیماریاں۔ حَسَّاسِیَة: اثر پذیری، احساس، حسی ادراک کا حاسہ، نفس پرستی۔ مرض الحسّاسیّة: الرجی (allergy)۔ مِحَسَّة: کھریرا۔ اِحْسَاس جمع احساسات و احاسیس: احساس۔ ـــ ب: کا احساس، ادراک، اثر پذیری، جمع احساسات: احساسات، جذبات۔ احساس بالنور: روشنی سے اثر پذیری۔ شدیدُ الإحساس: بہت حساس۔ إِحْسَاس مُشْتَرَك: احساس ہم آہنگی، اتفاق، اتحاد، کامل اتفاق۔ قِلَّةُ الإحساس: بے حسی، بے

ذوقی، افسردگی، کند ذہنی۔ الطائفة الاحساسية: مصوری یا بیان میں مجموعی اثر پر زور دینے والے نہ کہ تفصیلات پر۔ اثریت والے فن کار جو اثریت کے انداز میں مصوری کریں اور رنگ اور روشنی کے اثرات استعمال کریں۔ مَحْسُوس: محسوس، قابل ادراک، نمایاں، واضح، صریح، کافی یا نمایاں (نقصان)۔ المحسوس حواس خمسہ کے ذریعہ قابل ادراک ظہور، شہادت۔ المحسوسات: حواس خمسہ کے ذریعہ قابل ادراک اشیاء۔

حسب ۱۔ حَسَبَ ـُ حَسْبًا و حِسَابًا و حِسَابًا و حُسْبَانًا و حِسْبَةً و حِسَابَةً ہ: کو گننا، شمار کرنا۔ حَاسَبَ مُحَاسَبَةً و حِسَابًا ہ: کا حساب لینا، محاسبہ کرنا۔ تَحَاسَبَا: ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا، ایک دوسرے کا محاسبہ کرنا، آپس کا حساب صاف کرنا۔ إِحْتَسَبَ الامرَ: کو شمار کرنا، گمان کرنا۔ ـ عند اللّٰہ خیراً: خیر آگے بھیجنا، کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے اجر و ثواب کی امید لگانا۔ الحَسَب: تعداد، اندازہ، (کہا جاتا ہے: هذا بحسب ذاك: یہ اس کے موافق ہے۔ اعمَلْ علی حسب مَا امر تُكَ: میرے حکم کے مطابق عمل کرو۔ حسبماذُکر: موافق اس کے جس کا ذکر ہوا) شمار کیا ہوا۔ الحِساب (مص): شمار۔ (کہا جاتا ہے يَرْزُقُ اللّٰه من يشاء بغير حِسابٍ: اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے کسی تنگی یا کمی کے بغیر رزق پہنچاتا ہے)۔ لوگوں کی بڑی تعداد (کہا جاتا ہے: اتانی حسابٌ من الناس بمعنی جاء نی عدد منهم: میرے پاس لوگوں کی ایک بڑی تعداد آئی۔ حسابُ الجُمَّل: حروف ابجد کا حساب۔ يومُ الحساب: قیامت کا دن۔ الحاسِب جمع حَسَبَة (فا): حساب دان۔ الحِسَابِيّ: حساب دان۔ الحِسْبَة جمع حِسَب: اجر و ثواب۔ الحَسِيب: جانچ کنندہ۔ کہا جاتا ہے: كفى باللّٰه حسيبًا: محاسبہ کے لئے اللہ کافی ہے۔ (اعراب: کفی فعل ماضی باللہ۔ با حرف جر زائد۔ اللہ تعالیٰ کفی کا فاعل۔ حسيبًا: تمیز۔ الحُسْبَان: حساب۔ مُحْتَسِبُ البلد: اوزان وغیرہ کی جانچ پڑتال کرنے پر حاکم کی طرف سے مقرر شخص۔

۲۔ حَسِبَ ـِ حِسْبانًا و مَحْسَبَةً و مَحْسِبَةً ہ: کو گمان کرنا، خیال کرنا۔ احْتَسَبَ الامرَ: کو گمان کرنا۔

۳۔ حَسُبَ ـُ حَسَبًا و حَسَابَةً: شریف الاصل ہونا، فیاض ہونا صفت۔ حسیب جمع حُسَبَا: الحَسَب جمع اَحْسَاب: خاندانی شرافت، آباء و اجداد کے محاسن و مفاخر۔ الحَسِيب: خاندانی شرافت رکھنے والا۔

۴۔ حَسَّبَ و اَحْسَبَ ہ: کو اس قدر کھلانا یا دینا کہ کھانے یا لینے والا کہے بس (حَسْبی، کفانی) کہا جاتا ہے: اعطی فاحسبَ: اس نے بہت دیا حتی کہ اسے کہا گیا بس۔ تَحَسَّبَ: قناعت کرنا۔ إِحْتَسَبَ به: پر قناعت کرنا (کہا جاتا ہے: فلانٌ لا يُحْتَسب به: فلاں شخص نا قابل اعتبار ہے اور کسی شمار میں نہیں۔ فلانٌ استعطانی فاحتسبتُه: فلاں شخص نے مجھ سے بخشش چاہی تو میں نے اسے خوب دیا اور کافی دیا)۔ ــــ عنه: سے رک جانا۔ الحَسْب: کافی ہونا، کفایت کرنا۔ کہا جاتا ہے: حسبُك درهمٌ: تمہیں ایک درہم کافی ہے (ابتداء میں آنے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ کاف مضاف الیہ ہے۔ کبھی اس پر باء کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے: بحسبك درهم: تمہیں ایک درہم کافی ہے۔ کہا جاتا ہے: هذا رجلٌ حسبُك من رجل: حسب یہاں رجل کی صفت ہے): تمہارے لئے یہ آدمی اس آدمی سے کافی ہے۔ زیدٌ صديقى فحسبى: زید میرا دوست ہے اور وہ مجھے کافی ہے۔ هذا زيدٌ حَسْبُكَ: یہ زید تمہارے لئے کافی ہے۔ الحِساب: کافی۔ کہا جاتا ہے: اعطاه عطاءً حِسَابًا: اس نے اس کو کافی دیا۔

۵۔ حَسَّبَ الميتَ: میت کو کفنا کر دفنانا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ الحِسْبَة (مص): میت کی تکفین کے بعد تدفین، پتھروں میں تدفین۔

۶۔ حَسَّبَ ہ: کو تکیہ دینا۔ تَحَسَّبَ: تکیہ لگانا۔ الحُسْبَانَة و المِحْسَبَة: چھوٹا تکیہ۔

۷۔ تَحَسَّبَ الخبرَ: خبر دریافت کرنا۔ ــ ہ: کو پہچاننا، ذہن میں رکھنا۔ إِحْتَسَبَ ما عنده: کو آزمانا۔

۸۔ إِحْتَسَبَ عليه الأمرَ: کو ناپسندیدہ بات سے روکنا۔

۹۔ احتسب ولداً له: بڑی عمر کے بچے کو کھو دینا، اگر چھوٹی عمر کا بچہ مر جائے تو کہا جاتا ہے: افترطه۔

۱۰۔ الحُسْبَان واحد حُسْبَانَة: چھوٹے تیر۔ الحُسْبَانَة: کڑک، بدلی، اولے۔

☆ حَسَبَ ـُ حَسْبًا و حِسابًا و حِسْبَانًا و حُسْبانًا: حساب لگانا، گننا، شمار کرنا، حساب کرنا، گنتی کرنا، اندازہ کرنا، لگانا، تخمینہ کرنا، پیش بندی کرنا۔ ــ ہ علی: کے نام درج کرنا یا کے نام ڈالنا یا کے حساب میں درج کرنا۔ ــــ ہ ل: کسی رقم کا اندراج کسی کے حساب میں بطور ادا شدہ لکھنا۔ حسب حسابه: کسی چیز یا شخص کا خیال کرنا، یا حساب میں رکھنا، سے حساب چکانا، پر انحصار کرنا، بھروسہ کرنا۔ حسب حسابًا ل: بمعنی سابق نیز، کسی شخص یا چیز کو اہمیت دینا۔ حسب الف حساب ل: کے بارے میں ہزاروں اندیشے رکھنا۔ حَسِبَ ـِ حِسبانًا و مَحْسَبَةً و مَحْسِبَةً ہ ہ: کو کوئی خیال کرنا، سمجھنا۔ ــ: خیال کرنا، یقین کرنا، فرض کرنا۔ ــ ہ من: کو سے متعلق خیال کرنا، سمجھنا، کو میں شمار کرنا۔ ــ في ہ: کسی شخص میں کچھ دیکھنا۔ حَسُبَ ـُ حَسَبًا و حَسَابَةً: شریف الاصل ہونا، خاندانی ہونا، بہت محترم ہونا، کا قدر کیا جانا۔ حَاسَبَ ہ: سے حساب چکانا، صاف کرنا، سے بدلہ لینا، سے بدلہ چکانا، سے بازپرس کرنا، کا محاسبہ کرنا، مواخذہ کرنا، کو ذمہ دار قرار دینا، کو جواب دہ بنانا۔ حَاسَبَ على نفسه: محتاط ہونا، چوکنا ہونا، چوکس ہونا۔ تَحَسَّبَ: محتاط ہونا، چوکس ہونا، چوکنا ہونا، احتیاطی تدابیر اختیار کرنا۔ ــ ہ: کو جاننا چاہنا، کو معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ تَحَاسَبَ: باہمی حساب چکانا۔ إِحْتَسَبَ: کے ذمہ لکھنا، کھاتے میں جمع کرنا۔ ــ ہ/ب: کو خاطر میں لانا، اہمیت دینا، کی طرف توجہ کرنا، کی گنجائش رکھنا، کو مد نظر رکھنا، کے پیش نظر نرمی کرنا، سے حساب چکانا۔ ــ: نیکی آگے بھیج کر اللہ تعالیٰ سے آخرت میں انعام کی توقع کرنا۔ احتسب ولداً: بیٹے کا مر جانا۔ احتسب عند اللّٰه الشیءَ: آخرت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام کی توقع میں کسی چیز کی قربانی دینا۔ ـ ہ علی: کے عوض کچھ رقم بطور اجرت لینا۔ ــــ: خیال کرنا، یقین کرنا، فرض کرنا۔ ــ ہ ہ: کو غلطی سے کوئی سمجھ بیٹھنا۔ ــ ب: پر قانع، مطمئن، راضی، صابر یا شاکر ہونا۔ ــ ہ علی: کو میں ناپسند کرنا، ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھنا، میں پر اعتراض کرنا، میں کو مسترد کرنا۔ ــ علی: سے محاسبہ کرنا، بازپرس کرنا، مواخذہ کرنا، سے حساب مانگنا، سے کی توجہ طلب کرنا۔ حَسْبُكَ ان: یہ کہنا کافی ہے کہ، تم خوب جانتے ہو جب تم سنو کہ، تمہیں صرف...... کی ضرورت ہے۔ بحسبك مُقْنِعًا ان: تمہیں قائل کرنے کے لئے کہ...... یہ کافی ہوگا۔ و حَسْبُكَ بهذَا كُلِّه شرًّا: لیکن یہ منفی پہلو اس قابل نہیں کہ انہیں مزید برداشت کیا جائے۔ فَحَسْب: صرف، زیادہ نہیں، اور بس اتنا ہی، یہی سب ہے، فقط۔ مجلس حَسْبِي جمع مَجَالِس

حسبة: وصیت کی تصدیق کی عدالت، سرپرستی کے متعلق عدالت۔ حَسَب جمع احساب: پیمانہ، حد، درجہ مقدار، رقم، قیمت، احترام، کسی کا بہت احترام، شریف نسل یا نسب۔ حَسَبَ و بِحَسْبِ و علی حَسَبِ: کے مطابق، کے حسب حال، کے مناسب، پر منحصر۔ حَسَبَمَا: کے مطابق، پر منحصر کہ کیونکہ، کی طرح۔ حسما اِتَّفَقَ: اگرچہ اس کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی تھی، جیسے ہوا یا ہو۔ حِسْبة: رقم، حسابی مسئلہ۔ حسیب: محترم، معزز، شریف، خاندانی، عالی النسب۔ کان فی الحُسبان: متوقع ہونا، مدنظر ہونا، کی گنجائش ہونا۔ کان فی الحُسْبان ان: اس کی توقع تھی کہ۔ حسبانی ان: مجھے توقع ہے کہ۔ حسابٌ: گنتی، شمار، اندازہ، جانچ، پڑتال، دوراندیشی، احتیاط، غور، سوچ بچار جمع حسابات: بل، فہرست، بیجک، خرچہ کی تفصیل، حساب حساب، بنک میں حساب۔ جمع حسابات: کھاتہ نویسی (book keeping)۔ علم الحساب: حساب (کا علم)۔ حساب التفاضل: احصا تفریقی (differential calculus)۔ حساب التکامل: حساب کلیات integral calculus۔ کان فی حسابه: اسے اس کی توقع تھی، اس نے اس سے حساب چکایا، وہ اس کے لئے تیار تھا۔ عمل حسابًا له: کی طرف توجہ کرنا، سے حساب چکانا۔ الحسابُ الختامی اور حساب نہائی: آخری حساب، حساب کی آخری تفصیل۔ دعاه إلى الحساب: اس نے اس کا محاسبہ کیا، اس سے بازپرس کی، اس کا مواخذہ کیا۔ یومِ الحساب: حساب کا دن، انصاف کا دن۔ اقامَ حسابًا ل: کو ادائیگی کے لئے، حساب پیش کرنا، بِلاحساب: بے حد، غیر محدود حد تک۔ من غیرِ حسابٍ: اندھادھند، یونہی، بے سوچے سمجھے، دوراندیشی کے بغیر۔ لحسابِ فلان: کے ذمے، کے خرچ میں، کے مفاد کے خلاف۔ لَقِیَ سوءَ الحساب: اس کے ساتھ برا سلوک کیا گیا، وہ ناگوار واقعہ سے دوچار ہوا۔ حِسَابٌ جارٍ: کرنٹ اکاؤنٹ۔ حسابات صندوق التوفیر: سیونگ بنک کے حساب Savigns bank accounts۔ حساب موقوف: بند حساب۔ حسابات دوبية: دوہرا کھاتہ۔ الحساب الشرقی: جولین کلینڈر۔ الحساب الغربی: جورجین کلینڈر۔ حسَابی: حساب کا، حساب کے متعلق، ریاضی کا، ریاضی سے متعلق، شمار سے متعلق۔ مُحَاسَبة جمع مُحَاسَبات: بے باقی، کھاتہ نویسی، ضمیر کا جائزہ۔ قسم المحاسبة: محکمہ اکاونٹ، دفتر کمپٹرولر، کلیرنگ ہاؤس۔ مَحْسُوب جمع محسوبون و محاسیب: متوسل، زیرنگرانی یا زیرحمایت شخص، چہیتا، منظور نظر، پسندیدہ، مرغوب۔ ۔علی: کا مطیع، تابعدار، فرمانبردار، تابع فرمان، معاون۔ حَاسِب: گننے والا، شمار کرنے والا، حساب دان، کمپیوٹر، کیلکولیٹر۔ مَحْسُوبية: عزت و احترام (کسی شخص کا)، امتیازی حیثیت، سرپرستی، منظور نظری، مرغوبیت، جانبداری، جنبہ داری، پاسداری۔ مُحَاسِب و مُحاسِبْجی: اکاؤنٹنٹ، بک کیپر، کمپٹرولر، آڈیٹر۔ مُحْتَسَب: نقصان، تکلیف، مصیبت وغیرہ جس کو جھیلنے کے بدلے کوئی شخص آخرت میں انعام کی توقع رکھے۔

حسد: حَسَدَ ـُ حَسَدًا و حَسَادَةً و حَسَّدَ فلانًا نعمتَهُ و علی نعمته: کسی کی نعمت کے زوال اور اپنے لئے اس کے حصول کی تمنا کرنا یا آرزو رکھنا صفت: حَاسِد جمع حُسَّاد و حَسَدہ و حُسَّد۔ أحْسَدَه: کو حاسد پانا۔ تَحَاسَدا: ایک دوسرے سے حسد کرنا۔ الحَسُود جمع حُسُد (مذکر و مؤنث کے لئے) طبعی حاسد۔ الحَسَّاد: بہت حاسد۔ المَحْسَدَة: حسد کا باعث و سبب۔

☆ حَسَدَ ـُ حَسَدًا ه علی/ه: سے پر جلنا، حسد کرنا، خار کھانا، رشک کرنا۔ تَحَاسَدَ: ایک دوسرے سے حسد کرنا، جلنا، خار کھانا، ایک دوسرے پر رشک کرنا۔ حَسَد: حسد، خار، رشک۔ حاسد جمع حُسَّاد و حَسَدَ: حاسد، خار کھانے والا، رشک کرنے والا، حسد انگیز، جلنے والا۔ حَسُود جمع حُسُد: حاسد، حسد کرنے والا، جلنے والا۔ تَحَاسُدٌ: باہمی حسد۔ محسود: باعث رشک، بدنظری کا شکار۔

حسر: ۱۔ حَسَرَ ـِ حُسُورًا البصرُ: بینائی کا کمزور ہو جانا، نگاہ کا تھک جانا۔ ــ الرجل او الدابّةُ: آدمی یا جانور کا تھکنا۔ ــ الدابّةَ: جانور کو چلا کر تھکانا۔ حَسِرَ ـَ حَسَرًا: تھکنا۔ أحْسَرَ الدابّةَ: جانور کو چلا کر تھکانا۔ اِسْتَحْسَرَ: تھکنا۔ الحَسِر: تھکانے والا۔ الحَسِیر جمع حَسْرى: تھکا ماندہ کمزور، تھکانے والا۔ المَحْسُورُ البصر: تھکی ہوئی نگاہ والا۔

۲۔ حَسَرَ ـِ حَسْرًا الشیءَ: کو کھولنا۔ کہا جاتا ہے: حسر کمَّه عن ذراعه: اس نے اپنی آستین چڑھائی۔ حسرت الجاريةُ خِمارَها عن وجهها: [illegible] نے اپنی [illegible] چہرے سے ہٹائی۔ صفت: حَاسِر جمع حُسَّر و حَوَاسِر۔ ـــ الغصنَ: ٹہنی کو چھیلنا۔ ـ الشیءُ: ظاہر ہونا۔ ـ الماءُ: پانی کا نیچے اتر جانا اور خشک ہو جانا۔ حَسَّرَ الطیرُ: پرندے کے پر جھڑنا۔ تَحَسَّرَتِ المرأةُ: عورت کا چہرہ کھول کر بیٹھنا۔ ـ الشَعَرُ او الریشُ: بالوں یا پروں کا گرنا۔ ـــ الطائرُ: پرندے کے پروں کا گرنا۔ اِنْحَسَرَ الشیءُ: ظاہر ہونا۔ ـ ت الطیرُ: پرندہ کا پرانے پر گرا کر نئے پر نکالنا۔ الحُسَّر: جنگ میں پیادہ فوجی جن کے چہرے اور سر کھلے ہوں، زرہ اور خود نہ پہنی ہو۔ الحَاسِر (فا): جس نے پگڑی، زرہ وغیرہ نہ پہنی ہو، عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی اٹھا رکھی ہو۔ المَحْسِر و المَحْسَر جمع محَاسِر: چہرہ، باطن (کہا جاتا ہے: فلانٌ ملیح المنظر کریم المَحْسَر: فلاں شخص خوبصورت اور شریف باطن ہے) طبیعت۔ کہا جاتا ہے: ارض عارية المحَاسِر: نباتات سے خالی زمین۔

۳۔ حَسِرَ ـَ حَسَرًا و حَسْرَةً: افسوس کرنا۔ حَسَّرَه: کو افسوس کرانا، کو افسوس کرنے پر اکسانا۔ تَحَسَّرَ علیه: پر افسوس کرنا۔ الحَسِر: افسوس کرنے والا۔ الحَسِیر جمع حَسْرى: افسوس کرنے والا۔ الحَسْران: وہ شخص جسے اپنی کھوئی ہوئی چیز پر سخت حسرت و ندامت ہو۔ التحاسیر واحد تحسیر: مصائب، آفات۔

۴۔ حَسَرَ ـُ حَسْرًا البیتَ: مکان میں جھاڑو دینا۔ المِحْسَرة: جھاڑو۔

۵۔ حَسَّرَه: کو تکلیف پہنچانا، تکلیف دینا، حقیر سمجھنا۔

☆ حَسَرَ ـِ حَسْرًا ه عن: کو سے اٹھانا، ہٹانا، (جیسے ڈھکن، پردہ وغیرہ)۔ ـــ عن: کو بے نقاب کرنا، کو ننگا رکھنا، سے پردہ اٹھانا۔ ـــ حُسُورًا: نگاہ کمزور ہونا۔ حَسِرَ ـَ حَسَرًا و حَسْرَةً علی: پر متاسف ہونا، پچھتانا، سے رنجیدہ ہونا، المناک ہونا، پر آہ بھرنا۔ حَسَرَ ـِ و حَسِرَ ـَ حَسَرًا: تھک جانا، نڈھال ہو جانا۔ حَسَّرَه: کو تھکانا، نڈھال کرنا، کمزور کرنا، کا عرق نچوڑ لینا، کو رنجیدہ کرنا، غمگین کرنا، کو تکلیف یا رنج پہنچانا۔ ـ ه عن: سے ڈھکن وغیرہ ہٹانا، کو ننگا رکھنا، کو بے نقاب کرنا۔ تَحَسَّر علی: سے مغموم ہونا، رنجیدہ ہونا، تکلیف پہنچنا، پر آہیں بھرنا۔ اِنْحَسَر عن: سے اٹھنا، ہٹنا۔ ـــ کمُّهُ عن ذراعه: آستین کا بازو سے چڑھنا۔ ـــ عن: سے اچانک غائب ہو جانا۔ حَسْر: تھکاوٹ، کمزوری، ضعف، ناتوانی۔ حَسَرُ البَصَر:

دور کی نظر کا کمزور ہونا۔ حَسِـــر: رنجیدہ، غمگین، تھکا ہوا، نڈھال، پژمردہ، تھکا ماندہ، تھکا دینے والا۔ حَسَرَة جمع حَسَرات: افسوس، تکلیف، مصیبت، آہ، سخت غم، رنج، الم، قہر پیٹا۔ یا لَلْحَسَرةِ: حیف، افسوس، ہائے، افسوس ہے کہ، بدقسمتی سے۔ یا حَسَرتی اور وا حَسَرتَاہ: بڑے افسوس کی بات ہے، بہت بری بات حَسِـــر جمع حَسْــرَی: تھکا ہوا، تھکا ماندہ، تھک کر نڈھال، کم (نظر)، دور کی نظر کمزور والا۔ حَسِیرُ البَصَر: جس کی دور کی نظر کمزور ہو۔ حُسُور: دور کی نظر کی کمزوری۔ حَسَـــران: متاسف، افسوس کرنے والا، غمگین، مصیبت زدہ، رنجیدہ۔

حسف: ۱۔ حَسَفَ - حَسْــفًــا السـحـابُ: بادل کا چلنا۔ ـــ الغَنَمَ: بکریوں کو ہانکنا۔ الحَسْفَة: پتلا بادل۔

۲۔ حَسَفَ - حَسْــفًــا و حَسَّفَ التَمْرَ: کھجور کو صاف کرنا۔ ـ القرحَةَ: زخم کو چھیلنا۔ اَحْسَفَ التَمْرَ: صاف اور عمدہ کھجوروں کو غیر صاف اور ردّی کھجوروں میں ملانا۔ تَـحَسَّفَ الـجـلـدُ: جلد کا چھلنا۔ الحُسَاف: ہر چیز کا بقیہ، کھائی ہوئی چیز کا بچا کھچا حصہ۔ الـحُسَافَة: ردّی کھجوریں دیا کھجور کے چھلکے (کہا جاتا ہے: فـلانٌ لا يُـعْـطِـی مـن البُرِّ الاُحْسَـافَتَهُ و من التمر الاحُسَافَتَهُ: فلاں شخص گیہوں میں سے محض اس کی پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجور دیتا ہے) تھوڑا پانی۔ حُسَـــافةُ الناس: رذیل لوگ۔

۳۔ حَسَفَ - حَسْفًا و حَسِیفًا تِ الحیّةُ: سانپ کا پھنکارنا۔

۴۔ حَسَفَ - حَسْفًا و حُسَافًا الزرعَ: کھیتی کاٹنا۔

۵۔ حَسِفَ - حَسَفًــا لَـه: کے لئے دل میں کینہ رکھنا، سے ناراض ہونا، پرغضبناک ہونا۔ الـحُسَـــافَة و الحَسِیفَة: دشمنی، غیظ۔ کہتے ہیں: رجع بحسیفة نفسِهِ: وہ اپنی حاجت روائی کے بغیر لوٹ آیا۔

۶۔ تَـحَسَّفَ ت اوبارُ الابل: اونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔

۷۔ اِنْحَسَفَ الشیءُ فی یدی: ہاتھ میں ریزہ ریزہ ہونا۔

حسك: ۱۔ حَسِكَ - حَسَـكًـا علیـه: پرغضبناک ہونا۔ صفت: حَسِك۔ الـحَسِـیكة والـحَسَكَة والحُسَاكَة: دشمنی، کینہ۔

۲۔ حَسِكَ - ت الــــدابّةُ: جانور کا دانہ چبانا۔ اُحْسَكَ الــــدابّةَ: جانور کو چبانے کے لئے دانے دینا۔ الحَسِیكة: جانور کا دانہ۔

۳۔ اُحْسَكَ الــنبــــاتُ: پودے کا کانٹے دار ہونا۔ الحَسَك واحد حَسَكَة (ن): کانٹے دار پودہ۔ مچھلی کی باریک ہڈی۔ الــحَسِیــكة (ح): خار پشت، سیہی۔

۴۔ الحَسِیك: پست قد۔

○ حَسَك واحد حســــكة: کانٹے، سُولیں، بالیں، نوکدار کیل یا سلاخیں، مچھلی کی ہڈیاں، اناج کی بالیوں کے بال، جوار یا مکئی کے ریشے، کئی خاردار جڑی بوٹیوں کا نام۔ حَسَكی: خاردار، کانٹے دار، سخت۔

حسل: ۱۔ حَسَلَ ـ حَسْلاً الدابّةَ: جانور کو تیز ہانکنا۔

۲۔ حَسَــلَ ـ حَسْلاً الشــیءَ: کو مسترد کرنا، نامنظور کرنا۔ حُسِــلَ بـــه: ذلیل کیا جانا، ذلیل ہونا۔ حَسَّــلَ بـنـفـســه: اپنے آپ کو ذلیل کرنا، دناءت اختیار کرنا۔ الـحَسِـیـل جمع حُسُــل: گھٹیا چیز۔ الـحُسَالَة: جو وغیرہ کی بھوسی۔ ـــ و الحَسِیلَة: قوم کے گھٹیا لوگ۔ المَحْسُول: گھٹیا، ردّی۔

۳۔ تَـــحَسَّــــلَ و اِحْتَسَــــلَ: گوہ کا بچہ شکار کرنا۔ الـحِسْل جمع حِسَـالَة و اُحْسَــال و حُسُول و حِسْـلان (ح): گوہ کا بچہ۔ کہا جاتا ہے: لا آتِیك سِنَّ الحِسْل: میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔ (گوہ کے دانت اس کے مرنے تک نہیں گرتے اس لئے ان سے ہمیشگی مراد لی جاتی ہے)۔

۴۔ الحَسِیل واحد حسیلة (ح): گائے کے بچے۔

حسم: حَسَمَ - حَسْمًا ہ: کو جڑ سے کاٹنا۔ اِنْحَسَم: جڑ سے کٹ جانا۔ الـعِرقَ: رگ کاٹ کر داغ دینا تاکہ خون بہنا بند ہو جائے۔ ـــ الداءَ: بیماری کو دوا سے دور کرنا۔ ـــ ہ الشیءَ: کو سے روکنا، منع کرنا۔ الاَحْسَم: تجربہ کار، فیصلہ کن آدمی۔ الـحُسَام: تیز کاٹنے والی تلوار۔ حُسَـــامُ السیف: تلوار کی دھار۔ الحُسُوم: نامبارک، منحوس۔ کہا جاتا ہے: ایامٌ حُسُومٌ و اَیَـــامُ حُسُــومٍ: نامبارک دن (بصورت وصف اضافت)۔ الـمَحْسَمَة: کاٹنے کا سبب۔ کہا جاتا ہے: هذا مَحْسَمَةٌ للداء: یہ بیماری کو دور کرتا ہے۔

○ حَسَمَ - حَسْمًا ہ: کو کاٹنا، کاٹ ڈالنا، الگ کرنا، جدا کرنا، کو مکمل کرنا، ختم کرنا، آخری صورت دینا، (مسئلہ) کا فیصلہ کرنا، پر فیصلہ دینا، (بحث) کو طے کرنا، کو (سے) منہا کرنا، تفریق کرنا۔ اِنْحَسَمَ: کٹ جانا، الگ ہو جانا، مکمل ہو جانا (بحث وغیرہ) طے ہو جانا۔ حَسْــــ[illegible]: ختم کرنا، مکمل یا اختتام، فیصلہ [illegible] کرنا، توجیہ، انقطاع، جد کرنا، جد ہونا، تفریق، منہائی، کمشن دینا۔ حُسَام: تلوار، تلوار کی دھار۔ حُسُوم: مہلک، کاری، صبر آزما، تکلیف دہ، تھکا دینے والا (جمع) راتیں، دن، سال۔ حَاسِم: فیصلہ کن، آخری، قطعی، حتمی، غیر مبہم، واضح، غیر مشروط، ناطق۔

حسن: حَسُنَ و حَسَنَ ـ حُسْنًا: خوبصورت ہونا، اچھا ہونا۔ صفت: حَسَن جمع حِسَان و حُسَّان جمع حُسَّانون، و حـاسِن و حَسِین مؤنث حَسَنَة و حَسْنَاء جمع حِسَان و حَسَنَات۔ (مبالغہ میں): حُسَّان مؤنث حُسَّانة۔ حَسَّنَ ہ: کو آراستہ کرنا، خوبصورت بنانا۔ حَـــاسَـــنَ مُحَاسَنَةً ہُ: پر خوبصورتی میں غالب آنا، سے لطف و مہربانی سے پیش آنا، خوش معاملگی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے: اِنّی لَاُحَاسِنُ بِكَ الناسَ: میں لوگوں پر تمہارے محاسن کی وجہ سے فخر کرتا ہوں۔ اَحْسَــنَ: اچھا کام کرنا، نیکی کرنا، اچھے طریقے سے کرنا۔ ـــ الشــیءَ: کو اچھا بنانا، کو اچھی طرح جاننا۔ (کہا جاتا ہے: فلانٌ یُحْسِنُ القراءَةَ، فلاں شخص عمدہ طریقے سے پڑھتا ہے)۔ ـــ الیه و به: سے نیک سلوک کرنا، نیکی کرنا۔ تَـحَسَّن: خوبصورت ہونا، سر مونڈنا۔ (کہتے ہیں: دَخَلَ الحَمّام فَحَسَّنَ: وہ حمام میں گیا اور حجامت بنائی)۔ ـــ بکذا: سے آراستہ ہونا۔ اِسْتَحْسَــنَ ہ: کو اچھا جاننا، خوبصورت سمجھنا۔ الحُسْن جمع مَحَاسِن: (غیر قیاسی): خوبصورتی۔ ـ و الحَسَن (ع ا): کہنی کے پاس کی ہڈی۔ المحَاسِن: بدن کی خوبصورت جگہیں۔ حُسْنُ ساعة (ن): ایک پودا جو غروب آفتاب سے ایک گھنٹا پہلے کھلتا ہے اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتا ہے۔ گویا ایک ساعت کی بہار رکھتا ہے۔ بِستُّ الحُسْن (ن): ایک قسم کی بیل جس پر خوبصورت پھول لگتے ہیں۔ الحَسَنة جمع حَسَنات: نیک کام، نیکی، بھلائی، فائدہ۔ الاُحْسَن جمع اَحَاسِن مؤنث حُسْنی: زیادہ اچھا، زیادہ خوبصورت۔ خلاف قاعدہ بعض اوقات اس کی تصغیر لا کر کہتے ہیں۔ ما اُحَیْسِنَ زیدًا۔ اَحَاسِنُ القوم: قوم کے خوبصورت یا اچھے اشخاص۔ الـحُسْنَی جمع حُسْنَیات و حُسَن: اچھا کام، اچھا انجام، کامیابی، اچھی عاقبت، شہادت (اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینا)، اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان، اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ جیسے کریم، رحیم وغیرہ ان کی تعداد ۹۹ ہے۔ ان کو ترتیب دیا گیا ہے اور ایک مقررہ انداز سے ان کی

تلاوت کی جاتی ہے۔ الحُسْنَیَان: کامیابی، شہادت۔ کہا جاتا ہے: حُسَیْنَاہ و حسیناؤہ ان یفعل کذا: وہ زیادہ سے زیادہ اچھا کام جو کر سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ایسا کرے۔ الحَسُّون (ح): ایک چھوٹا خوش آواز خوبصورت رنگوں والا پرندہ۔ اسے شوَیکی بھی کہا جاتا ہے۔ المِحْسَان: بہت بھلائی کرنے والا۔ المَحْسَنَة: خوبصورت بنانے والی چیز۔ کہا جاتا ہے: هذا طعام مَحْسَنَةٌ للجسم: یہ جسم کو خوبصورت بنانے والا کھانا ہے۔ التحاسین: خوبصورت چیزیں۔ کہا جاتا ہے: ما أَبْدَعَ تحاسینَ الطاؤوس و تزایینَهُ: مور کی خوبیاں اور اس کی خوش منظری کس قدر بھلی اور عجیب ہے!

۲۔ اَحْسَنَ الرجلُ: بلند ٹیلہ پر بیٹھنا۔ الحَسَن: بلند ٹیلہ۔

○ حَقِدَ ـ و حَقَدَ - حَقْداً و حِقداً علی: کے خلاف نفرت کے جذبات دل میں رکھنا۔ اَحْقَدَ ہ: کو نفرت اور خفگی پر اُکسانا، کو تلخ کرنا، میں زہر بھرنا۔ تَحَقَّد: بمعنی حَقِدَ و حَقَدَ۔ تَحَاقَدَ: ایک دوسرے سے نفرت کرنا۔ حِقْد جمع اَحْقَاد و حُقُود: نفرت، بدباطنی، کینہ، بغض، عناد، شر، خفگی۔ حَقُود: نفرت سے بھرا ہوا، کینہ پرور، بُرا ماننے والا، بغض پرور، کینہ جو، بدخواہ، بغض رکھنے والا، کینہ ور۔ حَقَدَۃ: کینہ ور لوگ، بدخواہ لوگ۔

حقر: حَقِرَ ـ حَقَراً و حَقُرَ ـ حَقَارَۃً: ذلیل ہونا، صفت: حَقِیر و حَیْقَر و حُیْقُر۔ حَقَرَ ـ حَقْراً و حُقْرِیَّۃً الشیءُ او الرجلُ: کم قدر ہونا، ذلیل ہونا۔ ـ ہُ: کو ذلیل سمجھنا، حقیر جاننا۔ حَقَّرَہُ: کو ذلیل کرنا، کم قدر کرنا۔ اَحْقَرَ و اِحْتَقَرَ و اِسْتَحْقَرَہ: کو ذلیل سمجھنا، حقیر جاننا۔ تَحَاقَرَ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے: تحاقرت الیه نفسُہُ: وہ ذلیل ہوگیا۔ الحَقَارَۃ و الحِقَارَۃ و الحُقَارَۃ و المَحْقَرَۃ: ذلت، کم قدری۔ کہا جاتا ہے: ھذا الامرُ مَحْقَرَۃٌ لك: یہ کام تمہیں حقیر و ذلیل کردے گا۔ المُحَقَّرَات: چھوٹی اور ادنی چیزیں۔

○ حَقَرَ - حَقْراً ہ/ہ: سے نفرت کرنا، کو حقیر جاننا، حقارت سے دیکھنا، حقیر سمجھنا، گھٹیا یا برا جاننا، کے متعلق بری رائے رکھنا۔ حَقُرَ ـ: ذلیل ہونا، کمینہ ہونا، قابل یا لائق مذمت ہونا، سفلہ ہونا، حقارت سے دیکھا جانا، نگاہوں سے گرنا، شرمندہ ہو ذلیل کیا جانا۔ حَقَّرَہُ: کی تحقیر کرنا، کو گھٹا کر دکھانا، میں نقص نکالنا، پر عیب لگانا، کی قدر و قیمت گھٹانا، کو بے وقعت کرنا، حقیر سمجھنا، کو گرا کر دینا، کو بے وقار کرنا، کی قدر گھٹانا۔ ــ ہ/ہ: کو ذلیل کرنا، بے قدر کرنا، کو حقارت کی نظر سے دیکھنا، سے نفرت کرنا، کو حقیر جاننا، کو گھٹیا یا برا جاننا۔ اِحْتَقَر ہ/ہ: سے نفرت کرنا، کو حقیر جاننا، کو حقارت سے دیکھنا، کو حقیر سمجھنا، گھٹیا یا برا جاننا، کو توجہ کے لائق نہ سمجھنا، کو نظر حقارت سے دیکھنا۔ اِسْتَحْقَرَہ: کو لائق مذمت سمجھنا، کو حقارت کی نظر سے دیکھنا، کو توجہ کے لائق نہ سمجھنا، سے نفرت کرنا، کو حقیر جاننا۔ حَقِیر جمع حُقَرَاء: نیچا، کمینہ، بازاری، سوقیانہ، شرمناک، چھوٹا، تھوڑا، معمولی سا، بے حقیقت، خراب، گھٹیا، بہت ہی تھوڑا، بہت ہی کم، نا قابلِ اعتناء، غریب، مصیبت زدہ، سخت بری حالت میں، ذلیل، حقیر، ذلیل، کمینہ، قابل مذمت، لائق مذمت۔ اَحْقَر: زیادہ کمینہ، زیادہ لائق مذمت یا قابل مذمت۔ حَقَارَۃ: پستی، گھٹیا پن، سوقیانہ پن، کمینگی، خرابی، شرمناکی، تھوڑا ہونا، غیر اہم ہونا، غربت، خستہ حالی، افلاس، بدنصیبی، فرومایگی، کمینگی، سفلہ پن، خواری، قابل نفرت ہونا، بدنامی، رسوائی، بے آبروئی، روسیاہی ذلت و خواری۔ تحقیر: ذلت، تحقیر، کمینہ پن، سفلہ پن، اہانت، حقارت، نفرت، رسوائی، تذلیل، خواری، بے قدری، خفت۔ اِحْتِقَار: ذلت، تحقیر، نفرت، حقارت، بیزاری۔ نظر الیه بعین الاحتقار: کو بنظر احتقار دیکھنا۔ مُحْتَقَر: ذلیل سمجھا ہوا، حقیر جانا ہوا، نفرت کیا گیا، قابل نفرت، حقیر، ذلیل، کمینہ، خوار، سفلہ، پاجی۔

حقط: الحَیْقُط و الحَیْقُطان: تیتر، بعض کے نزدیک نر تیتر۔ مونث الحَیْقُطانۃ۔

حقف: حَقَفَ ـ حُقُوفاً الظبیُ: ہرن کا ریت کے تودہ میں بیٹھنا۔ ہرن کا نیند میں جسم کو ٹیڑھا کر کے بیٹھنا۔ ـ الشیءُ: خمدار ہونا۔ صفت: حَاقِف۔ اِحْقَوْقَفَ: لمبا و ٹیڑھا ہونا۔ الحِقْف جمع اَحْقَاف و حُقُوف و حِقَاف و حِقَفَۃ جج۔ حَقَائِف: ریت کا لمبا اور پیچ دار قطعہ۔ المِحْقَف: کھانا پینا ترک کرنے والا۔ جو نہ کھائے نہ پیے۔

حقل: ۱۔ حَقِلَ ـ حَقَلاً و حَقْلَۃً البعیرُ او الفرسُ: اونٹ یا گھوڑے کا مٹی کھانے سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔ الحِقْل و الحَقْلَۃ (طب): سبزہ کے ساتھ مٹی کھانے سے گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں [illegible]

۲۔ حَاقَلَ مُحَاقَلَۃً ہُ: کے ہاتھ کھڑی کھیتی کو پکنے سے پہلے ہی بیچ دینا۔ اَحْقَلَ الزرعُ: کھیتی کا پتے نکالنا (تنا موٹا ہونے سے پہلے)۔ ـ ت الارضُ: زمین کا قابل زراعت ہونا۔ اِحْتَقَلَ: اپنا کھیت لگانا۔ الحَقْل جمع حُقُول واحد حَقْلَۃ: کھیت، قابل کاشت زمین، سبز کھیتی۔ المَحْقَلَۃ جمع مَحَاقِل: بویا ہوا کھیت۔

۳۔ اَحْقَلَ الرجلُ فی الرکوب: سوار کا سواری کی پیٹھ سے چمٹنا۔ الحِقْل: ہودج، پالکی۔

۴۔ الحَاقِل: کاشتکار۔ الحَقْلَۃ (بتثلیث الحاء): بچا ہوا دودھ یا پانی، ردّی کھجور، کھجور کا بچا کھچا۔

○ حَقْل جمع حُقُول: میدان، کھیت (مجازاً میدان علم وغیرہ)، کالم column۔ حَقل النفط: پٹرول کا کھیت، علاقہ۔ حقول التجارب: تجرباتی میدان۔ حقل کَھْرَبائی: برقی میدان۔ حَقْلی: میدانی، میدان کے متعلق۔ مُحَاقَلۃ: اناج کی جب وہ کھیت میں بڑھ رہا ہو فروخت، متفقہ قیمت پر کھیت کے اناج کی فروخت جسے تیار ہونے پر خریدار کے سپرد کیا جائے۔

حقم: الحَقِیمان (ع ا): آنکھوں کے دو بیرونی کونے۔

حقن: ۱۔ حَقَنَ ـ حَقْناً ہُ: کو روکنا، بند کرنا۔ اسی سے ہے: حقن بولَہٗ: اس نے پیشاب روک لیا، ـ دمہ: خون کو گرنے سے بچانا۔ ـ ماءَ وجھہ: آبرو کی حفاظت کرنا۔ ـ المریضَ: بیمار کا انیما سے علاج کرنا۔ اِحْتَقَنَ المریضُ: بیمار کا پیشاب رک جانا۔ ـ الدمُ: خون کا پیٹ میں خنجر کے گھاؤ سے جمع ہوجانا۔ ــ المریض: بیمار کا حقنہ استعمال کرنا۔ الحُقْنَۃ جمع حُقَن (طب): ہر وہ دوا جو بیمار کے مقعد سے فضلہ نکالنے کے لئے چڑھائی جائے، انیما۔ الحَقَنَۃ جمع اَحْقَان: پیٹ درد۔ الحاقِن (فا): جس کا پیشاب بہت جمع ہو جائے۔ ضرب المثل ہے: لا رایَ لحاقِنٍ: پیشاب روکنے والے کی رائے میں کوئی وزن نہیں ہوتا، کیونکہ اس حالت میں وہ اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ گویا ایسے مضطرب شخص کے لئے یہ مثل بولی جاتی ہے جو خود اپنے امر کا مختار نہ ہو۔ الحاقِنہ جمع حَوَاقِن: حاقن کا مونث، معدہ۔ المِحْقَن: حقنہ کی پچکاری، پانی کا تالاب، ٹینکی۔ المِحْقَان فی استعمال العامّۃ: عام لوگ اس کو پانی کی ٹینکی یا تالاب کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ پیشاب روکنے والا۔ المِحْقَنَۃ: حقنہ کی پچکاری۔

۲۔ حَقَنَ ـ حَقْنًا اللبنَ: دودھ کو مکھن نکالنے کے لئے مشک میں جمع کرنا۔ اَحْقَنَ: مزیدار بنانے کے لئے کئی طرح کے دودھ جمع کرنا۔ الحَقِین جمع حُقَنٰی: روکا ہوا، جمع کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے: سقاہ اللبنَ الحَقِینَ: اس نے اس کو مشک میں رکھا ہوا دودھ پلایا۔ المِحْقَن: دودھ جمع کرنے کی مشک۔

۳۔ الحاقِنَة جمع حَوَاقِن: ہنسلیوں کا درمیانہ حصہ۔ اسی سے یہ مثل ہے: لأُلحِقَنَّ حَوَاقِنَك بذواقنك: جو تہدید و دھمکی کے موقع پر بولی جاتی ہے۔

○ حَقَنَ ـ حَقْنًا ہ: کو روکنا، روکے رکھنا، دبانا۔ ۔۔۔ السِرَّ: راز کو اپنے تک رکھنا۔ ۔۔۔ دَمَہٗ: پر رحم کرنا، کی جان بخشی کرنا۔ ۔۔۔ ہ: کو انجکشن لگانا۔ اِحْتَقَنَ: خون کے انجماد میں مبتلا ہونا، پیشاب رکنے کی بیماری میں مبتلا ہونا، انیما، حقنہ یا پچکاری لینا، ٹیکہ لگوانا۔ اِحْتَقَنَ وجہُہٗ: اس کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ حَقْن: روکنا، بچانا، انجکشن، انجکشن لگانا۔ حقناً لدمائِھم: ان کی جان بچانے کے لئے۔ حقن فی الورید: رگ یا رگوں میں لگائے جانے والا انجکشن۔ حُقْنَة جمع حُقَن: انجکشن، زیر جلدی انجکشن۔ انیما، حقنہ، پچکاری۔ مِحْقَنَة جمع مَحَاقِن: سرنج۔ اِحتقان: احتقان الدم (جسم کے کسی حصہ میں بہت زیادہ خون کا جمع ہونا)۔ احتقان الدم: رگوں یا نسوں میں خون کا اجتماع۔ محتقن: خون کے اجتماع سے سرخ، سرخ چہرہ۔

حقا: ۱۔ حقا ـ حَقْوًا ہٗ: کی کوکھ پر مارنا۔ حُقِیَ: درد کمر میں مبتلا ہونا، گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا صفت: مَحْقُوّ و مَحْقِیّ۔ تَحَقّٰی: درد کمر کی شکایت رکھنا۔ الحَقْو جمع حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقَاء و حُقِیّ: کمر، سرین، پٹھا، کولہ، چڈھا، ازار۔ کہا جاتا ہے: لاذ بِحَقْوَیْہِ: اس نے اس سے فریادرسی چاہی۔ الحِقَاء و الحَقْوَة: ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔

۲۔ الحَقْو جمع حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقَاء و حَقِیّ: پہاڑ کا کنارہ۔ الحِقَاء و الحَقْوَة (طب): گوشت کھانے سے پیٹ میں ہونے والا درد۔

○ حَقْو جمع حِقَاء و اَحْقَاء: کمر، پٹھا، پیٹ اور ران کے درمیان کا جسم، چڈھا، جانگھ۔ شَدَّ حقویہ: کمربستہ ہونا۔

حَلّ: ۱۔ حَكَّ ـ حَكًّا الشیءَ: کا چھلکا اتارنا۔ ۔۔۔ الشیء بالشیءِ او علیہ: کو سے رگڑنا، کو پر گھسنا۔ ۔۔۔ و اَحَكَّ اِحْكَاكًا و اِحْتَكَّ و اِسْتَحَكَّ ہٗ راسُہٗ: سر کھجلانا۔ کہا جاتا ہے: ماحَكَّ جلدَكَ مثلُ ظِفْرِك: تمہاری طرح کوئی اور تمہاری حاجت روائی نہیں کرسکتا۔ تم اپنی ضرورت کو آپ اچھی طرح پوری کرسکتے ہو۔ لفظی ترجمہ: تیری کھال کو تیرے اپنے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی۔ اِحْتَكَّ بالشیء: کسی شے کے ساتھ لازم ہونا۔ الحَكّ و الحِكَاك: جانور کے کھجلانے کے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ حِلْكٌ او حِكَاكُ شرّ: فلاں شخص بہت شرانگیز ہے۔ الحَكَك: سنگ مرمر کی طرح نرم سفید پتھر۔ الحِكَّة: رگڑ۔ (طب) خارش، کھجلی۔ الحَاكَّة: دانت۔ کہا جاتا ہے: مابقی فی فمہ حاكّةٌ: اس کے منہ میں کوئی دانت نہیں بچا۔ الحُكَاك (طب): کھجلی جیسی ایک بیماری۔ الحَكَكَة: نرم پتھروں والی زمین۔ الحُكَاكَة: کھرچن، کھرچ کر اتاری ہوئی چیز۔ الأحَكّ: تراشہ ہوا کھر، پوپلا، جس کے منہ میں دانت نہ ہوں۔ الحَكَّاك: بہت کھرچنے والا، بہت رگڑنے والا، امتحان کے لئے سونے کو رگڑنے والا۔ المِحَكّ: کسوٹی۔ الجِذْلُ المُحَكَّك: خارشی اونٹ کے کھجلانے کے لئے نصب کیا ہوا تنہ۔ کہا جاتا ہے: انا جُذَیْلُھا المُحَكَّك و عُذَیْقُھا المُرَجَّب: میری رائے سے اس طرح شفا حاصل کی جاتی ہے جس طرح اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔

۲۔ حَكَّ ـ حَكًّا و اَحَكَّ واحْتَكَّ الكلامُ فی صدرہ: بات کا دل میں گھر کرجانا۔ کہا جاتا ہے: ماحَكَّ فی صدری كذا: مجھ کو یہ بات نہیں جچی۔ الحِكّ و الحِكَّة: شک۔ الحَكَّاكات واحد حَكَّاكَة: وسوسے۔

۳۔ حَاكَّ مُحَاكَّةً و حِكَاكًا الرجلَ: کا مقابلہ کرنا۔ تحاكّا: آپس میں مقابلہ کرنا۔

۴۔ اِحْتَكَّ بفلان: کی رائے معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ تَحَكَّكَ بہ: کسی کے ساتھ برائی کرنے پر تیار ہونا۔ مثل ہے: تَحَكَّكَتِ العقرب بالحیة: بچھو سانپ کو تکلیف دینے پر تیار ہوا۔ یہ مثل اس شخص کے حق میں بولی جاتی ہے جو اپنے سے زیادہ طاقتور سے مقابلہ کرے، جھگڑا کرے۔ تحَاكَّا: آپس میں مقابلہ کرنا۔ الحُكُك واحد حاكّ: شرپسند لوگ، برے لوگ۔ الأحْكَاك: ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے: لستَ من اَحْكَاكِہ: تو اس کے آدمیوں میں سے نہیں۔

۵۔ الحلك: [illegible] (طب): ناک میں سوزش و جلن جو ٹھنڈی ہوا سونگھنے سے پیدا ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک پہنچتا ہے اور آنسو جاری ہوجاتے ہیں۔ الحَكَك: مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند چال۔ الحُكُك واحد حاك: اپنی حاجتوں کی طلب میں اصرار کرنے والے۔ الحُكَاك: یورک ایسڈ، قلمی شورہ۔

○ حَكَّ ـ حَكًّا: رگڑنا، سہلانا، ملنا، مالش کرنا، کھرچنا، چھیلنا، کھجانا، خارش کرنا۔ ۔۔۔ ہ: کو رگڑ کر دور کرنا، کھرچ کر اُتارنا یا صاف کرنا، چھیل کر اُتارنا، کو کھرچ دینا، رگڑ ڈالنا، چھیلنا۔ حَكَّ فی صدرہ: کو متاثر کرنا، کے دل پر اثر کرنا۔ اَحَكَّ: کھجلی ہونا، خارش ہونا۔ تَحَكَّكَ ب: کے ساتھ اپنے آپ کو رگڑنا، سے کھرچنا، سہلانا، ملنا، مالش کرنا، سے جھگڑا کرنا۔ تَحَاكَّ: ایک دوسرے کے ساتھ رگڑنا، کھرچنا۔ اِحْتَكَّ ب: کے ساتھ اپنے آپ کو رگڑنا، کھرچنا، سہلانا، ملنا، مالش کرنا، سے رابطہ میں ہونا۔ اِحْتَكَّ فی صدرہ: اس نے اس کو متاثر کیا، اس پر اچھا اثر ڈالا، کے دل پر اثر کیا۔ حَكّ: رگڑنا، سہلانا، ملنا، مالش کرنا، رگڑ، فرک، کریدنا، چھیلنا، کھجانا، خارش کرنا۔ حِكَّة: خارش ہونا، کھجلی ہونا، خارش کھجلی۔ حَكَّاك: جوہری، جواہرات کو تراشنے اور جلا دینے والا۔ مِحَكّ: کسوٹی، پرکھ، ذریعہ آزمائش۔ ثَبَتَ عَلٰی مِحَكِّ النظر: کڑی آزمائش پر پورا اترنا۔ مِحَكَّة: کھرپا۔ تَحَاكّ: باہمی کشمکش، کھچاؤ۔ اِحتكاك جمع احتكاكات: رگڑ، فرک، قریبی رابطہ، کشمکش، کھچاؤ (جیسے نااتفاقی، ان بن، نزاع)۔ مِن غیر اِحتكاك: ناچاقی یا مزاحمت کے بغیر۔ مُحَكَّك: مالش کیا ہوا ملا ہوا، کھجلایا ہوا، رگڑا ہوا، کھجایا ہوا، خراب۔ حُكَّة جمع حُكَك: صندوقچہ، کیس، برتن، مرتبان (حقہ کے معنی میں)۔

حکا: حَكَا ـ حَكْوًا و اَحْكَا العقدةَ: گرہ باندھنا۔ اِحْتَكَأَ العقدةَ: گرہ باندھنا۔ ۔۔۔ ت العقدةُ: گرہ کسنا، گرہ بندھنا۔ کہا جاتا ہے: اِحْتَكَأَ الشیء فی صدری: وہ چیز میرے دل میں بیٹھ گئی اور اب مجھے شک نہیں رہا۔ الحُكَأَة و الحُكَاة (ح): بڑا گرگٹ۔

حکر: ۱۔ حَكَرَ ـ حَكْرًا ہٗ: سے بری معاشرت رکھنا، کی زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا، پر ظلم کرنا، کو گھٹانا۔

۲۔ حَکِرَ ۔ حَکَرًا: اصرار کرنا صفت حَکِر۔ حَاکَرَ مُحَاکَرَۃً ہٗ: سے جھگڑا کرنا، کا مقابلہ کرنا۔

۳۔ حَکِرَ ۔ حَکَرًا بالامر: کو اپنے لئے مخصوص کرنا، میں خودمختار و خودسر ہونا، سامان تجارت مہنگا فروخت کرنے کیلئے روک رکھنا۔ تَحَکَّرَ و اِحْتَکَرَ الشیءَ: کو جمع کرکے اسے اس انتظار میں روکے رکھنا کہ مہنگی ہونے پر زیادہ قیمت پر فروخت کرے گا، مہنگا فروخت کرنے کے لئے غلہ روک رکھنا۔ الحَکَر: مہنگا بیچنے کے لئے روکی ہوئی چیز۔ الحُکَر: بمعنی الحَکَر: فلیٹ کا کرایہ جو اس کا مالک زمین کے مالک کو ادا کرتا ہے، جس پر وہ فلیٹ تعمیر ہو۔ الحُکْرَۃ: غلہ کی بندش۔ الحَاکُورَۃ: گھروں کے نزدیک زمین کا ٹکڑا جو درخت اگانے کے لئے مخصوص کیا جائے، پائیں باغ۔ (عام زبان میں)۔

۴۔ تحَکَّرَ علیه: پر حسرت وافسوس کرنا۔

۵۔ الحَکَر و الحُکَر: تھوڑا پانی یا کھانا، چھوٹا پیالہ۔ الحُکَرَ: تھوڑا کھانا یا تھوڑا دودھ۔

○ اِحْتَکَرَ ہٗ: سامان تجارت کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں خرید کر ذخیرہ کرنا اور روک رکھنا، کو من مانا بھاؤ لگانے کے لئے خرید لینا، کسی تجارتی چیز کی اجارہ داری رکھنا، کا اکیلا قابض ہونا، پر اجارہ اداری رکھنا۔ حکر و حُکر اور اجرۃ الحکر: فلیٹ کا کرایہ جو اس کا مالک زمین کے مالک کو ادا کرے جس پر وہ فلیٹ تعمیر ہو۔ حَکَر و حُکَر: ذخیرہ اندوز کیا ہوا۔ حُکُرَۃ: سامان تجارت کی ذخیرہ اندوزی، اجارہ داری۔ حَاکُورَہ: پائیں باغ۔ احتکار جمع احتکارات: من مانی قیمت پر فروخت کیلئے سامان تجارت کی خریداری، سامان تجارت کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں خرید کر ذخیرہ کرنا اور روکے رکھنا، اجارہ داری، امتیازی یا ترجیحی حیثیت، برتری، بالادستی۔ اِحتکارُ تجارۃِ البُنّ: کوفی (coffee) کی تجارت پر اجارہ داری۔ اِحتکارُ السکّر: چینی پر اجارہ داری۔ اِحْتِکَارِی: سخت لالچی، حریص، طامع، اجارہ دارانہ۔

حکش: حَکَشَ ۔ حَکْشًا الرجلُ: آدمی کا سکڑنا۔ ۔ الشیءَ: کو جمع کرنا۔ ۔ الرجلَ: پر ظلم کرنا۔ ۔ السراجَ: لیمپ کا فیتہ، نوکدار لکڑی یا کیل سے باہر نکالنا۔ المِحْکَاش: نوکدار لکڑی یا کیل۔

حکف: حَکَفَ ۔ حُکُوفًا الرجلُ: کام میں سست و ڈھیلا ہونا۔

حکل: ۱۔ حَکَلَ ۔ حَکْلًا و اَحْکَلَ و احْتَکَلَ الامرُ علیه: پر معاملہ دشوار ہونا، مشتبہ ہونا، غیر واضح ہونا۔ الحُکْل: وہ چیز جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے: تَکَلَّمَ کلامَ الحُکْل: اس نے ایسی بات کی جو سمجھ میں نہیں آئی۔ الحَکَل فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔ الحُکْلَۃ: کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے: فی لسانه حُکْلَۃٌ: اس کی زبان میں لکنت ہے جس کی وجہ سے بات واضح نہیں ہوتی۔

۲۔ تَحَکَّلَ: جہالت کی وجہ سے اصرار کرنا۔ الحُکْلَۃ: جہالت کی وجہ سے اصرار۔

حکم: ۱۔ حَکَمَ ۔ حُکْمًا و حُکُومَۃً بالامر و للرجل او علیه و بینهم: کسی معاملہ کا حکم یا فیصلہ دینا، کے حق میں یا اس کے خلاف اور لوگوں کے درمیان حکم یا فیصلہ دینا۔ حَکَّمَ ہٗ فی الامر: فیصلہ کرنے کے لئے کوئی معاملہ کسی کے سپرد کرنا، کو کسی معاملہ میں ثالث بنانا۔ حَاکَمَ ہٗ اِلی الحاکِم: کو حاکم کے پاس لیجانا۔ ــــ ہٗ: سے جھگڑا کرنا۔ تَحَکَّمَ فی الامر: کسی معاملہ میں اپنی رائے سے فیصلہ دینا، اپنی مرضی سے تصرف کرنا، میں کا حکم نافذ ہونا۔ تَحَاکموا اِلی الحاکمِ: حاکم کے پاس اپنا جھگڑا لیجانا۔ احْتَکَمَ الناسُ الی الحاکم: لوگوں کا حاکم کے پاس اپنا مقدمہ لے جانا۔ ــــ علی فلانٍ: سے ارادہ کے مطابق طلب کرنا۔ ــــ فی الشیء: میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف کرنا۔ ــــ فی الامر: کسی معاملہ میں ثالثی منظور کرنا۔ الحُکْم (مص) جمع اَحْکَام: فیصلہ۔ الحَکَم: حاکم، فیصلہ کرنے والا (مفرد اور جمع ہر دو کے لئے مستعمل ہے)، حکم جاری کرنے والا، نافذ کرنے والا۔ الحَاکِم جمع حُکَّام و حَاکِمُون: قاضی، جج، گورنر، حکم نافذ کرنے والا۔ المَحْکَمَۃ جمع مَحَاکِم: عدالت، کچہری۔ الأُحْکُومَۃ: تحکم فی الامر کا اسم۔

۲۔ حَکَمَ ۔ حُکْمًا و حُکُومَۃً فی البلاد: ملک پر حکومت کرنا، امور مملکت سرانجام دینا صفت حاکِم جمع حُکَّام۔ حَکَّمَ ہٗ: کو حاکم مقرر کرنا۔ الحُکْم جمع اَحْکَام: حکومت، امور مملکت کی سرانجام دہی۔ الحُکُومۃ (مص): ارباب حکم و سیاست، حکومت، ہیئہ حاکمہ۔

۳۔ حَکَمَ ۔ حَکْمًا: واپس ہونا۔ (کہا جاتا ہے: أَحکمه فحکم: انہوں نے اسے واپس کیا تو وہ واپس ہو گیا۔ [illegible] الفرس [illegible]

لگام کا دہانہ لگانا۔ ۔ ہٗ عن کذا: سے روکنا، باز رکھنا۔ حَکَمَ ہٗ عن کذا: کو سے لوٹانا، سے منع کرنا۔ اَحْکَمَ ہٗ عن الامر: کو سے رد کرنا، منع کرنا۔ الحَکَمۃ: لگام کا دہانہ۔ ۔ من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصہ، قدر و منزلت۔ کہا جاتا ہے: رَفَعَ اللّٰہُ حَکَمَتَہٗ: اللہ تعالیٰ نے اسے سربلند کیا، اور شان بڑھائی۔

۴۔ حَکُمَ ۔ حِکْمَۃً: دانا ہونا۔ اَحْکَمَتْہُ التجاربُ: تجربات نے اس کو دانا بنا دیا۔ ــــ السفیہَ: نالائق کا ہاتھ پکڑنا یا اسے برے کام کے نتائج سے آگاہ کرنا۔ الحِکْمَۃ جمع حِکَم: حق کے موافق کلام، فلسفہ، کام کی درستی، انصاف، علم بردباری، حلم۔ الحَکِیم جمع حُکَمَاء مؤنث حکیمۃ: دانا، عالم، فلسفی، فلاسفر۔ قصیدۃٌ حَکِیْمَۃ: پر دانائی و حکمت قصیدہ۔ الحَکَم من الرجال: عمر رسیدہ آدمی۔ المُحَکَّم: آزمودہ۔ ۔ والمُحَکِّم: اپنے آپ سے انصاف کرنے والا۔

۵۔ اَحْکَمَ الشیءَ: میں ماہر ہونا، کو مکمل کرنا، کے نقائص دور کرنا۔ اِحْتَکَمَ الامرُ: مضبوط ہونا۔ اِسْتَحْکَمَ الامرُ: مستحکم ہونا، کامل و مکمل ہونا۔

۶۔ اِسْتَحْکَمَ علیه الکلامُ: کو بلت اچھی طرح سمجھ میں نہ آنا۔

○ حَکَمَ ۔ حُکْمًا فی/علی: پر فیصلہ دینا، رائے دینا۔ ــ علی ب: کا سے اندازہ لگانا۔ ــ علی: پر فیصلہ کرنا، فیصلہ دینا، فیصلہ سنانا۔ ــ علی ب: کو کوئی سزا سنانا۔ ــ ب علی: جرمانہ کسی پر عائد کرنا۔ ــ ل: کے حق میں فیصلہ دینا۔ ــ ل ب: کو کوئی چیز دینا۔ ــ ب: کو بطور معیار یا نمونہ لینا۔ ــ علی/ہ: پر عدالتی اختیار رکھنا، حاکمانہ اختیار رکھنا، اختیار رکھنا، اقتدار رکھنا، کو تابع رکھنا، مطیع رکھنا، کو قابو میں رکھنا، پر غلبہ یا تسلط رکھنا۔ ــ ب: کا حکم دینا۔ ــ ہ/ہ: کو لگام دینا، روکنا، دہانہ لگانا۔ حُکِمَ علیه بالإعدام: اسے سزائے موت سنائی گئی۔ حکم بِادانَتِہٖ: کو مجرم قرار دینا، کو مجرم پانا۔ حکم ببراءتہ: کو بری کرنا، بری الذمہ قرار دینا۔ حَکَّمَ ہ: کو حاکم مقرر کرنا، کو ثالث کے طور پر چننا۔ ــ ہ فی/ بین: کو میں یا پر یا کے درمیان/ مابین جج بنانا۔ حَاکَمَ ہ: پر مقدمہ چلانا، کے خلاف استغاثہ کرنا، کو عدالت میں گھسیٹ کر لے جانا، سے پوچھ گچھ کرنا، کے مقدمہ کی سماعت کرنا۔ اَحْکَمَ ہ: کو مضبوط بنانا، ٹھوس بنانا، مضبوط کرنا، مستحکم کرنا، کو اچھی طرح کرنا، مہارت سے

کرنا، کا ماہر ہونا، میں ماہر ہونا۔ اَحْکَمَ امرهٗ: کو مکمل طور پر، احتیاط سے اور صحیح طور پر کرنا۔ اَحْکَمَ قفل الباب: دروازہ کو مضبوطی سے بند کرنا۔ اَحْکَمَ لغةً کسی زبان پر حاوی ہونا۔ تَحَکَّمَ فی: میں اپنی مرضی کرنا، حسب مرضی، بے سوچے سمجھے شروع کرنا یا جاری رکھنا، کو من مانے طور پر ہاتھ میں لینا یا سے من مانے طور پر نبٹنا۔ ـ فی: پر آمرانہ فیصلہ دینا۔ ـ علی: اپنے آپ کو کا جج بنانا، پر فیصلہ دینا۔ ـــ ب: پر فیصلہ دینا۔ ـــ فی: پر حکومت کرنا، حکمرانی کرنا، کو قابو کرنا، پر کنٹرول کرنا، غلبہ یا تسلط رکھنا، کنٹرول رکھنا۔ تحاکم الی الحاکم: ایک دوسرے کو جج کے روبرو لیجانا، إلی: سے فیصلہ کی اپیل کرنا۔ ـــ: عدالت میں پوچھ گچھ کیا جانا، سماعت کیا جانا۔ احتکم فی: میں من مانی کرنا، کو اپنی مرضی سے بلا سوچے سمجھے شروع کرنا یا کرتے رہنا، کو آمرانہ طور پر ہاتھ میں لینا یا سے آمرانہ طور پر نبٹنا، یا میں آمرانہ طور پر فیصلہ کرنا۔ ـــ فی/علی: پر حکومت کرنا، حکمرانی کرنا۔ ـــ علی: پر قابض ہونا، کنٹرول رکھے ہونا۔ ـ الی: فیصلہ کے لئے سے اپیل کرنا، سے فیصلہ کا خواہاں ہونا، سے فیصلہ کروانا۔ استحکم: مضبوط، قوی، ٹھوس، سخت یا ہٹا کٹا اور قوی ہیکل ہونا، مستحکم ہونا، گہری بنیاد والا ہونا یا ہو جانا، مزمن ہونا، گہرا، پکا، پختہ ہونا، پرلے درجے کا سخت ہونا، واضح ہونا، بہت نمایاں ہونا۔ حُکْم جمع احکام: فیصلہ، رائے، قیمت کا اندازہ، قانونی فیصلہ، جیوری کا فیصلہ، حکم سزا، سزا کا حکم ملامت، سزا دہی، سزایابی، اثبات جرم، انصاف دہی، عدالتی اختیار، حلقہ عدلیہ، کسی مقدمہ کے حقائق کی قانونی منزلت، ضابطہ، قاعدہ، قانونی دستاویز میں موجود شرط یا ضرورت، حکم، فرمان، فیصلہ، ڈگری، دانائی، معاملہ فہمی، ججی، اقتدار، قیادت، اتھارٹی، کنٹرول، حکومت، حاکمیت، اقتدار اعلیٰ، راج، فرمانروائی، نظام حکومت جمع احکام، تحریری قوانین، ذیلی قوانین، ضوابط، قواعد، قانونی دستاویز میں درج شرائط و ضروریات، نصوص، شروط معاہدہ، اصول، اصول اخلاق۔ حُکْمًا: قانوناً، اصل میں، فی الواقع، حقیقت میں۔ بِحُکْمِ: ازروئے، بموجب، کے بل پر، کے بھروسہ پر، کے مطابق، کی تعمیل میں۔ فی حُکْمِ: تقریباً، قریب قریب۔ هو فی حکمِ العدم: یہ تقریباً کچھ نہیں عملاً اس کا کوئی وجود نہیں۔ اصبح فی حکم المُقَرَّر: اس کا تو تقریباً فیصلہ ہو چکا

نزل علی حکمه: کے سامنے جھک جانا، کی بات مان لینا۔ حکمُ البَراءَةِ: بریت۔ حکمٌ حُضُورِیٌّ: مقدمہ کے فریقین کے سامنے دیا گیا فیصلہ۔ الحکم بالاعدام: سزائے موت کا حکم۔ حکمٌ غیابیٌّ: یک طرفہ فیصلہ۔ الحکمُ الذاتیّ: حق خود اختیاری، خود مختاری، آزاد ریاست۔ الحکم الجمهوری: جمہوری طرز حکومت، جمہوری نظام حکومت۔ الحکم المُطْلَق: مطلق العنان، خود مختار نظام حکومت۔ الحکم النیابیّ: پارلیمنٹری طرز حکومت۔ لَجْنَةُ الحکم: مجلس محکمین، ریویو بورڈ، نظر ثانی کی کمیٹی۔ الأَحْکام العُرْفِیَة: مارشل لاء۔ احکامٌ اِنتِقَالِیَة: ہنگامی ضوابط۔ احکام خِتَامِیَة: حتمی ضوابط۔ احکام خاصّة: خصوصی ضوابط۔ لِکُلِّ سِنٍّ حِکْمَةٌ: ہر زمانہ کے اپنے دستور ہیں یا قواعد ہیں، ان قواعد کا ان کے اپنے معیار سے اندازہ کرنا چاہئے۔ للضرورة احکام: ضرورت کے اپنے قواعد ہیں، ضرورت کسی قانون کو نہیں جانتی۔ حُکْمِیّ: قانونی۔ حِکْمدار: کمانڈنٹ، پولیس چیف۔ حِکْمِدَارِیّة: کمانڈنٹ کا دفتر۔ حَکَمٌ جمع حُکّام: فیصلہ کرنے والا، ثالث، منصف، جج، حاکم، پنچ، ریفری، امپائر (umpire)۔ حِکْمَة جمع حِکَم: دانائی، تیز فہمی، فراست، زیرکی، فلسفہ، حکمت، دانشمندوں کا قول، کہاوت، مقولہ، بنیادی حقیقت، اصل وجہ۔ لِحِکْمَةِ: کی وجہ سے، کے باعث، کے سبب۔ حِکْمِیّ: کہاوت کا، ضرب المثل، پُر حکمت، حکیمانہ، حکمت آموز۔ الشعر الحِکمی: کہاوتی شاعری۔ حَکَمَة جمع حَکَمات: (گھوڑے کے لگام کا) دہانہ۔ حَکِیم جمع حُکَماء: عقلمند، دانا، دانا شخص، معاملہ فہم، عاقل، ذکی، خردمند، حکیم، عالم، عارف، فلاسفر، فلسفی، طبیب، ڈاکٹر۔ حَکِیمباشِی: سینئر ڈاکٹر، چیف سرجن۔ حُکُومَة جمع حُکُومات: حکومت، گورنمنٹ۔ حُکُومِیّ: حکومت کا، حکومتی، سرکاری، حکومت کا ملکیتی، ریاست کے زیر کنٹرول، ریاستی۔ اَحْکَم: زیادہ عقلمند۔ مَحْکَمَة جمع مَحَاکِم: عدالت، خصوصی عدالت۔ محکمة الاستئناف: عدالت اپیل۔ محکمة اهلیة: ملکی عدالت (جو صرف اہل وطن کے مقدمات تک محدود ہو)۔ محکمة ابتدائیة: ابتدائی عدالت۔ مَحَاکم اهلیة: ڈسٹرکٹ عدالتیں۔ [illegible] محکمة [illegible]

الجِنَایات: فوجداری عدالت۔ محاکم الاحوال الشخصیة: زندگی پر اثر انداز ہونے والے اعداد و شمار نبٹانے والی عدالت۔ محکمةٌ مُخْتَلِطَةٌ: مخلوط عدالت (غیر ملکی باشندوں پر اختیار سمیت)۔ محکمة شرعیه: اسلامی شریعت کے مطابق انصاف کرنے والی عدالت۔ محکمة مرکزیة: ضلعی عدالت۔ محکمة القضاء الاداری: انتظامی عدالت۔ محکمة النقض و الابرام: مصر کی سب سے بڑی عدالتِ اپیل۔ تحکیم: ثالث کی تقرری، ثالثی، تحکیم، ثالثی (کا) فیصلہ۔ تحکیمات: قلعہ بندیاں، قلعے۔ تحکیمُ الحال: کسی عدالت کے فیصلہ کی موجودہ حالت سے آغاز۔ هیئة التحکیم: ثالثی بورڈ، جیوری ججوں کی کمیٹی، امپائروں کی کمیٹی، ریفریوں کی کمیٹی۔ لجنة تحکیمیة: بمعنی هیئة التحکیم۔ مُحَاکَمة: عدالتی کارروائی، (عدالت میں) سماعت قانونی استغاثہ۔ اِحْکام: تکمیل، درستی، صحت، صحیح کام، درست تعمیل۔ بِالإحکام: درستی سے صحت سے، ٹھیک ٹھیک۔ بالغ فی الإحکام: انتہائی طور پر مکمل، مضبوط۔ تَحَکُّم: آمریت، استبدادیت، آمرانہ اختیارات یا عمل، مطلق العنانی، خود مختاری، تسلط، اقتدار، غلبہ، عملداری، فرمانروائی، حکومت۔ ـــ فی: پر کنٹرول، قابو۔ تَحَکُّمِی: آمرانہ، استبدادی، جابرانہ، خودسرانہ۔ استحکام: تیز کرنا، زوردار بنانا، شدید کرنا، زیادتی، مضبوط کرنا، استحکام، پائدار کرنا، قلعہ بندی، مورچہ بندی، فوجی استحکامات۔ حَاکِم: حکمران، حکومت کرنے والا، تابع رکھنے والا جمع حَاکِمون و حُکّام: حاکم، بادشاہ، گورنر، جج۔ حاکم بِأَمْرِه: ڈکٹیٹر، جابر، خود مختار، مطلق العنان، استبدادی، جابرانہ۔ حاکمٌ عام: گورنر جنرل۔ حاکم المبارات: ایمپائر، ریفری۔ حاکم الصُّلح: مجسٹریٹ۔ حاکم الناحیة: ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ۔ حَاکِمِیّة: تسلط، حکومت، حاکمیت اقتدار اعلیٰ، ججی، نظام عدالت، عدالتی اختیار، اختیار سماعت، حاکمانہ اختیار۔ محکوم علیه: جسے کسی سزا کا حکم سنایا گیا ہو۔ المحکوم علیهم بالاعدام: جنہیں موت کی سزا کا حکم یا فیصلہ سنایا گیا۔ محکوم علیه بالفشل: جس کا ناکام ہونا مقدر ہو۔ مُحَکَّم جمع مُحَکَّمون: ثالث، ـــ فی: میں ایمپائر، ریفری۔ مُحْکَم: مضبوط کیا ہوا، کمک دیا ہوا، مضبوط، ٹھوس، قوی ہیکل، کسا ہوا، تنا ہوا، کامل، مکمل،

ماہرانہ، ہنرمندانہ، استادانہ، ٹھیک نشانہ والی (کمان، ضرب) صحیح، درست، ٹھیک۔ مُحْکَمُ التدبیر: اچھی طرح منصوبہ بند، اچھی طرح تدبیر والا۔ مُسْتَحْکَم: کمک دیا ہوا، مضبوط کیا ہوا، مستحکم، مضبوط، شدید، سخت، گھر کر چکا، گہری بنیاد والا، پختہ (رواج، وصف وغیرہ) جمع مستحکمات: قلعہ بندیاں، ملک کی حفاظت کیلئے فوجی اقدامات۔

حکی: ۱۔ حَکَی - حِکَایَةً الخبرَ: خبر بیان کرنا۔

۲۔ حَکَی - حِکَایَةً عنه الکلامَ: سے کلام نقل کرنا۔ الحَاکِی: فونوگراف، گراموفون۔

۳۔ حَکَی - حِکَایَةً فلانًا: سے مشابہ ہونا۔ — الشیءَ: کے مشابہ بنانا۔ حَاکَی مُحَاکَاةً هُ: کے مشابہ یا مانند ہونا۔

۴۔ حَکَی - حِکَایَةً علیه: کی چغلی کھانا۔ الحَکِیّ: چغل خور (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)۔

۵۔ حَکَی - حِکَایَةً العقدة: گرہ باندھنا۔ اِحْتَکَی احتکاءً الامرُ: مضبوط ہونا۔

○ حَکَی - حِکَایَةً ہ: کو بتانا، بیان کرنا، کا حال بتانا، کی رپورٹ دینا۔ بولنا، بات کرنا۔ — ہ: کی نقل کرنا، کا نمونہ اتارنا، کا سا بنانا، کا چربہ اتارنا، کی نقل اتارنا، کا سا ہونا، جیسا ہونا۔ — ہ/ہ: کے مشابہ ہونا، مانند ہونا۔ حَاکَی ہ: کی نقل کرنا، کا نمونہ اتارنا، کی نقل اتارنا۔ — ہ: کو اپنے میں سمو لینا، جیسا ہونا، کے مانند ہونا، کے مشابہ ہونا، سے ہم آہنگ ہونا، کے مطابق ہونا، موافق ہونا۔ حِکَایة جمع حِکَایات: کہانی، قصہ، سرگزشت، لفظی اقتباس، قول۔ مُحَاکَاة: نقل، مشابہت، مماثلت، ہم آہنگی۔ حَاکٍ: بیان کرنے والا، قصہ گو، فونوگراف، لاؤڈ سپیکر، ریڈیو۔ مَحْکِیّ: نقل اتارا ہوا، نقل کا، نقل کے متعلق۔

حلّ: ۱۔ حَلَّ ـُ حَلًّا العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔ انحلت العقدةُ: گرہ کا کھل جانا۔ اسی سے ضرب المثل ہے: یا عاقد اذکر حلًّا: جس گرہ کو تو باندھ رہا ہے اس کو کھولنے کا راستہ چھوڑ، تاکہ تیری گرہ ایسی نہ ہو کہ کھل نہ سکے۔ حُلَّ الجامدُ: جامد کا پگھلایا جانا۔ اِنْحَلَّ: کھلنا، کھل جانا۔ الحَلَّال: حال سے مبالغہ کا صیغہ، گرہ کھولنے والا۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ حلّالٌ للعُقَد کافٍ للمهمات: فلاں شخص بہت عقدہ کشا اور مشکلات کے لئے کافی ہے۔ الحَلَالَة: چرخہ۔ التحلیلُ الکهربائی (ف): برقی تحلیل (جیسے پانی کو برقی رو سے۔ آکسیجن اور ہائیڈروجن میں لوٹانا)

۲۔ حَلَّ ـِ حِلًّا الشیءُ: کسی چیز کا حلال ہونا، جائز ہونا۔ حَلَّلَ تَحْلِیلًا و تَحِلَّةً و تَحِلًّا الشیءَ: کسی چیز کو حلال قرار دینا، جائز ٹھہرانا۔ — ہُ: کو بری کرنا، بری الذمہ قرار دینا۔ اَحَلَّ اِحْلَالًا الشیءَ: کو حلال کرنا، جائز کرنا۔ تَحَلَّلَ هُ: سے الگ ہونا، نکلنا، آزاد ہونا۔ اِسْتَحَلَّ الشیءَ: کو جائز سمجھنا، شمار کرنا یا حلال و جائز بنانا یا کرنا۔ ہُ الشیءَ: کو کوئی چیز اس کے لئے جائز کرنے کے لئے کہنا۔ الحِلّ (مص): حلال، جائز، الحَالّ جمع حُلَّل و حُلُول و حُلَّال: (فا): حلال، جائز۔ الحَلَال: حلال، جائز۔ الحِلَال: حلال، جائز، آدمی کا سامان۔ الحِلِیل: حلال، جائز۔

۳۔ حَلَّ ـُ حَلًّا و حَلَلًا و حُلُولًا المکانَ و بالمکان: کسی جگہ اترنا۔ ـ به فی المکان: کو کسی جگہ اتارنا۔ حُلَّ المکانُ: جگہ کا آباد ہونا۔ حَلَّلَ تَحْلِیلًا و تَحِلَّةً هُ بالمکان: کو کسی جگہ اتارنا۔ اَحَلَّ اِحلالًا هُ بالمکان او المکانَ: کو کسی جگہ اتارنا۔ اِحْتَلَّ المکانَ و بالمکان: کسی جگہ اترنا ٹھہرنا کہا جاتا ہے۔ اِحْتَلَّ القوم وَ بالقوم: وہ قوم کے پاس ٹھہرا۔ الحِلّ: کسی جگہ اترنے والا ٹھہرنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ ما زلتُ حِلًّا بهذا البلد: میں ابھی تک اس شہر میں ٹھہرا ہوا ہوں۔ الحَلِیل جمع اَحِلّاء مونث حَلِیل و حَلِیلَة جمع حَلَائِل: خاوند، بیوی۔ ایک ہی گھر میں دوسروں کے ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے: هذا حلیلُك: یہ تمہارے ساتھ تمہارے گھر میں رہنے والا ہے۔ الحِلال: عورتوں کی ایک سواری۔ الحَلَّة: حلول سے اسم مرہ۔ جمع حِلَل و حِلال: مجلس، اکٹھا ہونے کی جگہ، محلّہ۔ الحِلَّة: اترنے کی ہیئت۔ جمع حِلَل و حِلال: بڑی تعداد میں اترنے والی قوم۔ حَیٌّ حِلَالٌ: کثیر تعداد میں اترنے والا قبیلہ، مجلس، جلسہ، محلّہ۔ الحُلُول (مص) عند العلماء: دو جسموں کا اتحاد جس کی وجہ سے ایک کی طرف اشارہ، دوسرے کی طرف اشارہ ہو جیسے گلاب کے پھول میں گلاب کے پھول کا پانی۔ اسی سے ہے۔ مَذْهَبُ الحُلُول: اس مکتبہ فکر کا اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز اور ہر چیز کے ہر جزء میں حلول کئے ہوئے ہے، یہاں تک کہ ہر چیز پر یہ اطلاق کرنا صحیح ہے کہ لاہوت کے ناسوت پر تفوق کی وجہ سے وہ چیز اللہ تعالیٰ ہے۔ یعنی خدائی اوصاف کے نسل انسانی پر تفوق [illegible] حضرت عیسیٰ میں حلول کرنے کا اعتقاد۔ — الحَیِّزِیُّ: جیسے جگہوں میں جسموں کا حلول۔ — الوَصْفِیّ: جیسے جسم میں سیاہ رنگ کا حلول۔ — السَّرَیانیّ: جیسے ہیولیٰ میں صورت کا حلول یا نفس میں نفسیاتی امراض کی علامات کا حلول۔ — الجِوَارِیّ: ایک جسم کے دوسرے جسم کا ظرف ہونا جیسے پانی کا آبخورے میں حلول۔ الحُلُولِیَّة: صوفیاء کا ایک فرقہ جو ہمہ اوست یا وحدت الوجود کا قائل ہے۔ المَحَلّ جمع مَحَالّ: اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ۔ المَحَلَّة: اترنے کی جگہ، ماءٌ مُحَلَّلٌ: اونٹوں کے اترنے سے گدلا ہو جانے والا پانی، مکانٌ مُحَلَّلٌ: لوگوں کے زیادہ اترنے کی جگہ۔

۴۔ حَلَّ ـِ حِلًّا الرجلُ: احرام سے نکلنا۔ اَحَلَّ اِحلالًا: عہد و میثاق سے آزاد ہونا۔ — المُحْرِمُ: محرم کا احرام سے نکلنا، اشہر حرام کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا۔ الحِلّ (مص): مکہ معظمہ کے حرم شریف سے باہر کا علاقہ۔ اس کے مقابلہ میں لفظ الحَرَم ہے۔ — والحُلّ: احرام سے نکلنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے فعله فی حله و حرمه (دونوں میں کسر و ضم سے): اس نے اس کو احرام کی حالت میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔ اشهرُ الحِلّ: اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔ الحَلَال: احرام سے نکلنے والا۔ الاحْلَال رسوم حج سے فراغت، اس کا مقابل لفظ احرام ہے۔ مُحِلّ (فا)۔ حرم کی پردہ دری کرنے والا۔ رجلٌ مُحِلٌّ: بے عہد مرد۔

۵۔ حَلَّ ـُ حُلُولًا علیه امرُ اللّٰه: پر اللہ کا حکم واجب ہونا۔ ـِ حِلًّا الدَّینُ: ادائیگی قرض کا وقت آپہنچنا۔ اَحَلَّ اِحلالًا بنفسه: سزا کا مستحق ہونا۔ — علیه الامرَ: پر حکم واجب کرنا۔ مَحِلُّ الدَّین: قرض کی میعاد۔

۶۔ حَلَّ ـِ حِلًّا تِ الیمینُ: قسم پوری ہونا۔ حَلَّلَ تَحْلِیلًا و تَحِلَّةً و تَحِلًّا الیمینَ: قسم کا کفارہ ادا کرنا۔ تَحَلَّلَ من یمینه: کفارہ دے کر قسم سے آزاد ہونا۔ — فی یمینه: قسم کو شرطیہ بنانا جیسے کہے۔ واللّٰه لَأَفْعَلَنَّ ذلك ان شاءَ اللّٰهُ اَوْ اِلّا اَنْ یَکُونَ کَذَا: میں ایسا کروں گا اگر اللہ نے چاہا یا یہ کہ اگر ایسا ہوا تو: الحِلّ: قسم سے بریت۔ التَّحِلَّة: قسم کا کفارہ۔

۷۔ حَلَّ ـَ حَلَلًا: کے پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا صفت۔ اَحَلّ جمع حُلّ الحَلَّة و الحِلَّة: ٹوٹ پھوٹ، کمزوری، کہا جاتا ہے۔ فیه حَلَّة او حِلَّة: اس

میں کمزوری ہے۔ الاَحَلّ مونث حَلّاء جمع حُلّ پاؤں میں ڈھیلے پن والا۔

۸۔ اَحَلّ اِحلالاً بِ الناقۃ علی ولدھا: اونٹنی کا دودھ اس کے بچے کو میسر آنا۔ الاِحْلِیل جمع اَحَالِیل تھن کا سوراخ جس سے دودھ نکلتا ہے۔ پیشاب نکلنے کی جگہ۔ التِحْلِیل: بمعنی الإحْلیل۔

۹۔ الحِلّ: نشانہ۔ السحر الحَلال: شیطان سے مدد کے بغیر وہ عجیب باتیں جن سے عقلیں دنگ رہ جائیں۔ الحُلّۃ جمع حُلَل وحِلال: نیا کپڑا، تمام جسم کو ڈھانکنے والا لباس۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے: لبس المُحارب حُلّتَہٗ وبِزّتَہٗ: لڑنے والے نے اپنے ہتھیار اور لباس زیب تن کیے۔ الحَلّۃ: زکل کا بڑا ٹوکرا۔ والحِلّۃ جمع حِلَل و حِلال من الشیء: کسی شے کی طرف سمت۔

۱۰۔ حَلْحَلَ الشیءَ: کو ہلانا، ہٹانا۔ القومَ: قوم کو ان کی جگہوں سے ہٹانا، علیحدہ کرنا۔ تَحَلْحَلَ عن مکانہ: اپنی جگہ سے حرکت کرنا، ہٹ جانا۔ الحُلاحِل جمع حَلاحِل و المُحَلْحَل و المُلَحْلَح: اپنے قبیلے کا سردار، پورا بہادر۔

○ حَلّ ُ حلاً ہ: (گرہ) کھولنا، کوئی چیز کھولنا، حل کرنا کا اثر باطل کرنا، (مسئلہ معما) حل کرنا، (رمزی تحریر) کو پڑھنا، حل کرنا کسی کیمیاوی شے کو پانی میں تحلیل کرنا، کسی چیز کا تجزیہ کرنا، کی ترکیب نحوی کرنا، کی تحلیل کرنا، کو سڑانا، گلانا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کسی تنظیم یا جماعت کو توڑنا (پارلیمنٹ) کو برخاست کرنا، (پیکٹ وغیرہ) کھولنا، کو ڈھیلا کرنا۔ ہ، ہ. کو آزاد کرنا۔ ہ من: کو سے بری کرنا، کی سے گلوخلاصی کرنا، چھٹکارا دلانا، بری الذمہ قرار دینا، کو گناہ کی معافی دینا۔ حُلّ: آزاد ہونا، ڈھیلا ہونا۔ ـُ حُلُولاً: اترنا، ٹھہرنا، رکنا۔ ہ/ب/فی: کسی جگہ ٹھہرنا میں رہنے لگنا، آباد ہونا۔ علی: کے ساتھ، کے گھر ٹھہرنا، مقیم ہونا کو ملنے آنا۔ ہ: کسی جگہ یا ملک میں رہائش اختیار کرنا۔ علی: کو سخت غصہ، غضب یا طیش آجانا۔ علی: نیند کا کسی پر قابو پانا یا کو گھیرے میں لے لینا۔ علی/ب۔ پر (آ) پڑنا، واقع ہونا۔ ب: کو سزا، تکلیف یا مصیبت پیش آنا، ہونا۔ فی: اللہ تعالیٰ کا کسی میں مجسم ہو جانا، حلول کرنا۔ ۔: (وقت یا موسم کا) آنا، شروع ہونا۔ ـــ ۔: حل ہو جانا، (رنگ کا) پھیکا پڑ جانا۔ ـــ ـِ حِلّاً: جائز ہونا، حلال ہونا، قانونی ہونا، قانون کے مطابق ہونا (قرض کا) واجب الادا ہونا۔ حَلّ فی [illegible] پر رہنا، لگا رہنا، فائز رہنا۔ مَحَلّۃٌ: صحیح مقام پر ہونا۔ حَلّ مَحَلّ الشیء یا حَلّ محلّ فلان: کسی چیز یا شخص کی جگہ لینا۔ کا قائم مقام ہونا یا کسی چیز یا شخص کے قائمقام کے طور پر خدمات سر انجام دینا یا کے قائم مقام کے طور پر فرائض سرانجام دینا۔ حلّت فی قلبہ محلاً: اس عورت کی اس مرد کے دل میں ایک جگہ تھی۔ حَلّ محلّ التقدیر لَدَیْہِ: کسی شخص کے لحاظ سے متمتع ہونا اس کے از حد احترام و توقیر سے مستفید ہونا۔ حلّ من نفوس القراء محلّ الامتحان: قارئین کو پسند آنا، قارئین کی توجہ مبذول کرنا یا قارئین کو مرغوب ہونا قارئین کی پسند ہونا۔ حَلَّلَ ہ: کو حل کرنا، کا تجزیہ کرنا، کو تباہ کرنا۔ کی تحلیس کرنا، کو سڑانا، گلانا، کا کیمیاوی تجزیہ کرنا، کو حل کرنے والا ہونا تحلیل کرنے والا ہونا۔ ـــ ہ: کو بری کرنا، بری الذمہ قرار دینا، کی گلوخلاصی کرنا، کو چھٹکارا دلانا، معافی دلانا کو بیگناہ ظاہر کرنا ـــ تَحِلّۃً: قسم کا کفارہ ادا کرنا۔ ـ ہ: کو جائز، قانونی یا قانون کے مطابق بنانا، جائز، ٹھیک بنانا، کی منظوری دینا، کا جواز پیش کرنا، کی توجیہ کرنا، کو جائز، حلال، قانونی، قانون کے مطابق قرار دینا، کی اجازت دینا۔ اَحَلّ ہ من: کو سے بری قرار دینا، چھڑانا، الگ کرنا نجات دلانا، کی سے گلوخلاصی کرنا، کو سے چھٹکارا دلانا کو سے بری الذمہ قرار دینا، کو کی معافی دینا۔ ہ: کو جائز، حلال، قانونی یا قانون کے مطابق قرار دینا، کی اجازت دینا، کو واقع کرنا، رائج کرنا، کا باعث ہونا، کو وجود میں لانا، کو مستحکم کرنا، کو قائم کرنا، کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنا، کو مضبوط کرنا، کو استحکام عطا کرنا۔ اَحَلّ ہ ہ: کو کی جگہ دلانا، کو کی جگہ پر قابض کرنا۔ ہ ہ: کو (خصوصاً قبیلہ کو) کسی جگہ منتقل کرنا ـــ ہ بین: بین کا کے درمیان فیصلہ کرنا یا کو کے درمیان نمٹانا۔ اَحَلّہٗ مَحلّۃً: کو کی جگہ دلانا، کو کی جگہ رکھنا، کو کا قائم مقام بنانا کو کے بدل لینا، احلّ الشیء محلّ العنایۃ: پر توجہ دینا، کو اپنا معاملہ بنانا۔ تَحَلَّلَ: حل ہونا، پگھلنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ من: خود کو سے الگ کرنا، علیحدہ کرنا نکالنا، چھٹکارا دلانا۔ اِنْحَلّ: (گرہ کا) کھلنا، (مسئلہ کا) حل ہونا (کسی تنظیم، جماعت وغیرہ کا) ٹوٹ جانا، حل ہونا، پگھلنا، کمزور یا ڈھیلا ہونا، سست ہونا، لنگڑانا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، آہستہ آہستہ نظروں سے غائب ہو جانا۔ اِحْتَلّ ہ: کسی جگہ [illegible] سنبھالنا، پر قابض ہونا، کسی عہدہ وغیرہ پر ہونا۔ اِحْتَلّ المکانَ الاَوّلَ: اہم یا اول مقام جگہ پر قابض ہونا۔ اِحْتَلّ اَعْمالَہٗ: کے فرائض منصبی سنبھالنا۔ اِسْتَحَلّ ہ: کو جائز، حلال یا قانونی یا قانون کے مطابق سمجھنا، سمجھنا کہ وہ کچھ کر سکتا ہے۔ ـ ہ: کو جائز کھیل یا چال سمجھنا کو آسان شکار سمجھنا، پر ناجائز طور پر قبضہ کرنا، میں خرد برد کرنا، کو غصب کرنا۔ حَلّ جمع حُلُول: کھولنا، ڈھیلا کرنا۔ (گرہ) کھولنا، (مسئلہ معما وغیرہ کا) حل، کی توضیح، پہیلی بوجھنا، (راز) پانا، دریافت کرنا۔ (کیمیاوی) حل تحلیل، تجزیہ (تنظیم وغیرہ کو) توڑنا، برخاست کرنا، تنسیخ، منسوخی، آزاد کرنا، چھوڑنا، روکی ہوئی رقم واگزاشت کرنا، سے پابندی ہٹا لینا، ختم کرنا، بری کرنا، بری الذمہ قرار دینا، بریت، مغفرت، اعلان نجات، خلاصی، معافی۔ قابِلٌ لِلْحَلّ: حل پذیر، حل ہونے یا کرنے کے قابل، قابل تجزیہ۔ الحَلّ الطیفی: تحلیل طیفی۔ اہل الحَلّ والعقد یا اہل الحلّ و الربط: با اثر لوگ، برسر اقتدار لوگ۔ فی حلّہٖ و ترحالِہٖ: اپنے تمام اعمال میں، اپنے ہر کیے ہوئے کام میں۔ حِلّ: کان فی حِلٍّ مِن (عن): وہ کو کرنے میں آزاد تھا، وہ کسی کام کا انتظام کرنے یا اسے ٹھکانے لگانے میں آزاد تھا۔ انتَ فی حِلٍّ مِن: آپ...... میں آزاد ہیں، کو آپ بخوشی کر سکتے ہیں۔ حَلّۃ جمع حِلَل: تانبے کا نیچا برتن، پکانے کا برتن۔ حِلّۃ: راستے کا پڑاؤ، رکنے کی جگہ، سٹاپ، راستے میں مختصر قیام، پڑاؤ، رہائی، خلاصی، چھٹکارا، مغفرت، نجات، مکتی، اعلان نجات (مسیحیت میں) کسی مذہبی فریضہ سے استثناء (مسیحیت میں) حُلّۃ جمع حُلَل: لباس پوشاک، جامہ، خلعت، قربان گاہ کی چادر، کپڑوں کا جوڑا۔ مغربی سوٹ، حُلّۃ رسمیۃ: یونیفارم، وردی، حُلّۃ السَّھْرۃ: رسمی لباس۔ حَلال: جسکی اجازت ہو، جائز، روا، مباح قابل منظوری، حلال، قابل قبول، قابل تسلیم، قانونی، قانون کی نظر میں، قانون کے مطابق، قانوناً اور شرعاً جائز، مناسب یا واجب، شرعی، باضابطہ، صحیح النسب، جائز عقد سے۔ قانونی قبضہ۔ اِبنُ حلال: جائز بیٹا، قانونی عقد کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا بیٹا، قابل احترام آدمی، آبرو دار اور شائستہ شخص۔ حُلُول: ٹھہرنا، قیام کرنا آنا، اترنا، پڑنا، ناگہانی مصیبت آنا، تجسم، زندہ نمونہ، مظہر، انسانی شکل، تجسیم (وقت وغیرہ کا) شروع، بعثت، ابتداء، آغاز، کسی کی قائم مقامی، کسی کی جگہ رکھنا۔ حَلِیل جمع اَحِلّاء:

خاوند، شوہر، حَلِیلَۃ جمع حَلائل: بیوی۔ اِحْلِیل مثانہ سے پیشاب کے اخراج کی نالی، پیشاب کی نالی کا بیرونی سوراخ، مَحَلّ جمع مَحَلّات و مَحَالّ: جگہ، قرارداده مقام، مُعیّنہ مقام، موقع، موقع محل جائے وقوع، علاقہ، مرکز، رہائش (کی جگہ) کاروبار، تجارت محل تجارت، سٹور، دکان، جھگڑے، تحسین وغیرہ کا مقصد، غرض، سبب، وجہ، علت، گاڑی کا گئر (Gear) مَحَلَّہ: کی جگہ، فی مَحَلِّہٖ: کی جگہ، کے بجائے کی بجائے، کے بدلے۔ کان فی محلہ: صحیح جگہ ہونا، مناسب، موزوں، برجستہ یا برمحل ہونا، ضروری ہونا، قرین مصلحت ہونا، قابل توجیہ ہونا، حق بجانب ہونا، روا ہونا۔ فی غیر محلّہ: نامناسب ہونا، بے موقع ہونا، بے جا ہونا، خلاف مصلحت ہونا، بے وقت ہونا۔ غیر موزوں ہونا، بے ٹھکانا ہونا، ناموزوں ہونا، بے محل ہونا۔ صَادَفَ مَحَلَّہٗ: آسان، مفید، موزون، معقول یا آرام دہ ہونا، انتہائی بروقت، برمحل، موزوں، مناسب، درست یا ٹھیک ہونا، لامَحَلَّ لَہٗ: کے لئے کوئی جگہ یا گنجائش نہیں ہے، یہ بے محل، بے موقع ہے۔ مَحِلّ العمل: کام کی جگہ، مدد، خدمت کی جگہ۔ محل الاِقَامَۃ: رہائش گاہ، پتہ: محل تجاری: ایوان تجارت، دکان المحلات العمومیۃ و التجاریۃ: عوامی یا شہری خدمات اور تجارتی ایوان۔ اسم المحل: فرم۔ محل درھونات: چیزیں رکھ کر روپیہ سود پر دینے والی دکان، محلّ السیاحۃ: ٹریول ایجنسیاں۔ محلّ مُرَطِّبات: کھانے پینے کی ہلکی چیزوں کی دکان جیسے چائے خانے۔ محل اللّھو اور محلّ الملاھی جمع مَحَالّ، دل بہلانے، کھیلوں یا تفریح کا مرکز۔ محل نِزاع: بحث کی چیز متنازع فیہ معاملہ، لا اَرَی محلاً لِعَجَب: میں حیرت کی کوئی وجہ نہیں دیکھتا، حیران ہونے کی کوئی بات نہیں۔ محلّ نَظَرٍ: قابل توجہ چیز، جاذب توجہ غیر معمولی چیز، مَحَلِّی: مقامی، لوکل، دیسی، ملکی، محدود حلقے کا۔ مَحَلِّیَات: مقامی خبریں کسی اخبار کا مقامی صفحہ۔ مَحِلّ: ادائیگی یا تقسیم کی تاریخ۔ مَحَلَّۃ جمع مَحَلّات: راستہ کا پڑاؤ، ٹھہرنے کی جگہ، سٹاپ، راستہ میں مختصر قیام، پڑاؤ، کیمپ، سٹیشن، حصہ، شہر کا محلّہ، المحلۃ الکُبرَی: شمال مصر کے ایک شہر کا نام۔ تَحْلِیل: حل کرنا، تحلیل، تجزیہ، کسی مرکب سے اجزاء کی علیحدگی، تفصیل، صفات کی تخصیص، تشریح، خلاصہ بیان کرنا، جملہ کی ترکیب کرنا، جمع۔ تَحَالِیل: تحلیل، تجزیہ (کیمیائی)، (مسیحیت میں) رہائی، خلاصی، چھٹکارا، مغفرت، نجات، مکتی، اعلان نجات۔ بالتحلیل: تفصیل سے۔ مَعْمَل تحلیل: کیمیائی تجزیہ گاہ۔ تحلیل کَھْرَبَائِی: برقپاشیدگی، برقپاشی۔ التحلیل النفسی (النفسانی): تحلیل نفسیات۔ نفسیاتی تحلیل۔ تَحْلِیلِیّ: تجزیاتی تحلیلی۔ تَحَلُّل: تجزیہ، تحلیل، منسوخ، ہونا، ٹوٹنا تباہ ہونا، جلسے وغیرہ کا ختم ہونا۔ اختتام پذیر ہونا جدائی، علیحدگی، فراق، ہجر، رہائی، خلاصی، دور رہنا۔ اِنْحِلال: نکاح کا فسخ ہونا مجلس قانون کے اجلاس کا اختتام، خاتمہ، زوال، تباہی، گلنا، سڑنا، انتشار، بوسیدگی، تنزل، سڑاند، سستی، سخت تھکاوٹ، کمزوری، نامردی۔ احتلال: قبضہ۔ جُیُوش الاحتلال: قابض فوجیں۔ احْتِلالی: قابض، قبضہ کرنے والا، غیر ملکی قبضہ کا حامی۔ مَحْلُول: حل کیا ہوا، جدا کیا ہوا، چھوٹے ٹکڑوں میں علیحدہ کیا ہوا، ڈھیلا، کھلا نہ بندھا ہوا، آزاد، قید سے رہا۔ کمزور کیا ہوا، تھکا ماندہ، نڈھال، حل۔ مَحْلُولُ الشعر: ڈھیلے بالوں والا، پریشان، بکھرے یا الجھے ہوئے بالوں والا۔ مُحَلِّل: تجزیہ نگار، تجزیہ کرنے والا، تحلیل کرنے والا۔ مُنْحَلّ: حل شدہ، حل کیا ہوا، علیحدہ کیا ہوا، کئی ٹکڑوں میں کیا ہوا، توڑا ہوا، برخاست کیا ہوا، نڈھال، تھکا ماندہ، کمزور، جائز قرار دیا ہوا، اجازت دیا ہوا۔ جُیُوش مُحْتَلَّۃ: قابض افواج۔

حَلا: ۱۔ حَلَأَ ـَ حَلْأً ہٗ بالسیف: کو تلوار سے مارنا۔ ہٗ بالسوط: کو کوڑے سے مارنا۔ بہ الارضَ: کو پچھاڑنا، زمین پر پٹخنا۔

۲۔ حَلَّأَ ـَ حَلَّأَ تَحْلِیئًا وتَحْلِئَۃً ہٗ الشیءَ: کو کوئی چیز دینا۔

۳۔ حَلَأَ ـَ حَلَأَ الجلدَ: جلد کھرچنا، چھیلنا۔ الْحُلُوء و الحُلَاءَۃ: چمڑے کی جھلی جو رنگنے والا اتارتا ہے۔ المِحْلَأُ و المِحْلَأۃ: چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

۴۔ حَلَأَ ـَ حَلَأَ ہٗ: کو سرمہ لگانا۔ لہ حُلُوءًا: کے لئے سرمہ یا انجن رگڑنا، گھسنا۔ اَحْلَأَہٗ: کو سرمہ لگانا۔ الحُلُوء و الحُلَاءَۃ: سرمہ۔ الحالِئَۃ: بڑا زہریلا سانپ۔

۵۔ حَلِئَ ـَ حَلَأً: کی کھال پر بال ہونا یا بالوں کی سیاہی ہونا۔ الحَلَأ او التِحْلِئ او التِحْلِئَۃ: چمڑے پر کے بال، چمڑے کا میل اور اس کی سیاہی۔

۶۔ حَلِئَ [illegible] جانا الحَلَأ: آبلے، چھالے۔

۷۔ حَلَّأَ تَحْلِیئًا و تَحْلِئَۃً ہٗ عن الماء: کو پانی پر اترنے سے روک دینا۔ التِّحْلِئَۃ: بوجھل، بھاری۔ کہا جاتا ہے۔ رجلٌ تِحْلِئَۃٌ: بوجھل آدمی، ناقابل برداشت آدمی۔

حلب: ۱۔ حَلَبَ ـُ حَلْبًا وَحَلَبًا و حِلابًا الشاۃَ: بکری کو دوہنا۔ کہا جاتا ہے: حَلَبَ الدھرَ اَشْطُرَہٗ: اس نے زمانے کی بھلی بری باتوں کو خوب آزما لیا۔ اشطر اونٹنی کے تھن کے بالکھ کو کہتے ہیں۔ حَلَبْتَ بالساعد الأشد: تم نے ایسے شخص سے مدد لی جو تیرے کام کو بخوبی سرانجام دے سکتا ہے۔ ـ وأَحْلَبْتُ الرجلَ: میں نے اس مرد کے لئے دودھ دوہا۔ ـ تُہٗ ناقتی: میں نے اپنی اونٹنی، اسے دوہنے کے لئے دی۔ حَالَبَ ہٗ: کے ساتھ مل کر دودھ دوہنا۔ اِحْتَلَبَ الناقۃَ: اونٹنی کو دوہنا، اونٹنی کا دودھ دوہنا۔ واِسْتَحْلَبَ: دوہ کر دودھ نکالنا۔ الحَلَب (مص): کہا جاتا ہے: مالہ حَلَبٌ ولا جَلَبٌ: اس کے پاس نہ تو اونٹنیاں ہیں اور نہ ہی اونٹ۔ ـ والحلیب: دوہا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے۔ شربتُ حلبًا: میں نے تازہ دودھ پیا۔ دمٌ حِلیبٌ: تازہ خون۔ (شراب التَمْر): کھجور کی شراب۔ الحَلْبیَ: دودھ دینے والی کہا جاتا ہے۔ ناقۃٌ حَلُبیَ رَکُبیَ او حَلُبانۃٌ رَکُبانۃٌ: دودھ دینے والی اور سواری دینے والی اونٹنی۔ الحَلْبَۃ جمع حَلَبات و حَلَائِب: ایک دفعہ کا دوہنا۔ الحَلْبَتان: صبح و شام (ان دو وقتوں میں دودھ دوہنے کی وجہ سے یہ نام پڑا)۔ الحالِب جمع حَلَبَۃ (فا): دودھ دوہنے والا۔ الحَوَالِب واحد حَالِبَۃ: تھن کے اردگرد کی رگیں۔ المِحلاب: دودھ دوہنے کا برتن۔ الحَلّاب: بہت دودھ دوہنے والا۔ الحُلَّب: (ن) نبات کی ایک قسم جو زمین پر پھیل جاتی ہے اور اگر کا کوئی حصہ کاٹا جائے تو اس میں سے دودھ نکلتا ہے۔ الحَلُوب والحَلُوبۃ جمع حُلُب و حَلَائِب من الابل و الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہا جانے والا جانور دوہی ہوئی۔ التِحلابۃ و التُحْلُبَۃ و التَحْلُبَۃ والتِحْلبۃ والتَحْلِبَۃ و الِتُحلَبَۃ من الغنم: گیابھن ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔ المِحْلَب جمع مَحَالِب: دودھ دوہنے کا برتن۔ المَحْلَب جمع مَحَالِب: دودھ دینے کی جگہ۔ المُحْلِب: وہ شخص جس کی اونٹنیاں اونٹنیاں جنیں کہا جاتا ہے۔ فَلانٌ مُحْلِبٌ مُجْلِبٌ: فلاں شخص کی اونٹنیوں نے اونٹنیاں

جنیں اور وہ اونٹنیوں کا دودھ دوہتا ہے، اور اونٹوں کو بیچنے کے لئے لیجاتا ہے۔

۲۔ تَحَلَّبَ و اِنْحَلَبَ العَرَقُ او الدمعُ او الماءُ او النَدَی: پسینہ، آنسو پانی یا اوس کا بہنا۔ ـــ ت عینُہٗ: کی آنکھ کا آنسو بہانا۔ ـــ فَمُہٗ: کے منہ کا رال ٹپکانا، تھوک نکالنا۔ حَلَبُ الکَرْمِ و حلب العصیر: شراب۔ کہا جاتا ہے۔ ذاقوا حَلَبَ امرھم: انہوں نے اپنے کام کا خمیازہ بھگتا۔ حَوَالِبُ البِئْرِ او العَیْنِ: کنویں یا آنکھ کے پانی کے سوتے۔ حَوَالِبُ الانف: ناک کی وہ رگیں جس سے ریزش نکلتی ہے۔ الحَلَّاب من الایام: نمناک دن، وہ دن جس میں اوس (شبنم) پڑے۔

۳۔ حَلَبَ ـُ حَلْبًا و حَلَبًا و حِلَابًا الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

۴۔ حَلَبَ ـُ حَلْبًا و حُلُوبًا القومُ: مدد کے لئے قوم کا ہر طرف سے سمٹ آنا۔ حَالَبَ ہٗ: کو مدد دینا۔ اَحْلَبَ القـــومُ: مدد کے لئے قوم کا ہر طرف سے سمٹ آنا۔ ـــ ہ: کو مدد دینا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لئے لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ الحَلَائِب: جماعتیں، کسی کے معاون و مددگار خصوصاً چچیرے بھائی۔ المُحْلِب (فا): کسی کا مددگار جو اس کی قوم کا نہ ہو۔

۵۔ حَلِبَ ـُ حَلَبًا الشعرُ: بالوں کا سیاہ ہونا۔ الحُلْبُوب: کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے۔ اَسْوَدُ حُلْبُوبٌ: بہت کالا۔

۶۔ الحَلْبَة جمع حَلَبات و حَلَائِب: گھوڑوں کی ایک دفعہ کی دوڑ۔ دوڑ میں حصہ لینے والے گھوڑے کہا جاتا ہے۔ ھو یرکض فی کلِّ حَلْبَةٍ من حَلَباتِ المجد: وہ بزرگی و شرافت کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحُلْبَة جمع حُلَب (ن): میتھی۔ الحُلْبَة: ریوڑ سے الگ ہو جانے والا بکریوں کا ایک حصہ۔ الحَالِبان (ع ا): دو رگیں جن سے پیشاب گردوں سے مثانہ میں آتا ہے۔ المَحْلَب (ن): ایک درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔ الحَلَبُوب (ن): ایک قسم کی نبات جس کے پتے آمنے سامنے ہوتے ہیں اور آباد جگہوں پر بکثرت ہوتا ہے۔ الحُلَّبان و الحِلْباب و الحُلْبُوب (ن) نباتات کے نام۔

○ حَلَبَ ـُ حَلْبًا ہ: کسی جانور کا دودھ دوہنا۔ حَلَبَ الدھرَ اَشْطُرَہٗ: اس نے اچھے اور برے دن دیکھے ہوئے ہیں۔ تَحَلَّبَ: رسنا، ٹپکنا، بہنا، پھوٹ نکلنا، قطرہ قطرہ ہو کر گرنا، قطرے ٹپکنا، چلنا، منہ میں پانی آنا، رال ٹپکنا۔ تَحَلَّبَ لہ الافواہ: رال ٹپکانے والی، منہ میں پانی لانے والی، اشتہاء پیدا کرنے والی، اشتہاء انگیز، بھوک بڑھانے والی (کھانے کی چیز) تحلب اللعابُ فی فمی: میرے منہ میں پانی آرہا تھا۔ اِحْتَلَبَ ہ: (دودھ دینے والے جانور) کو دوہنا۔ اِسْتَحْلَبَ ہ: (دودھ دینے والے جانور) کو دوہنا، ـ سے رس نکالنا۔ حَلْب: دودھ دوہنا۔ حَلَب: دودھ۔ حَلْبَة جمع حَلَبات: دوڑ کا راستہ، اکھاڑہ، دنگل، میدان، رقص کا فرش، دوڑنے والے گھوڑے۔ حلبةُ الرقص: رقص کا فرش۔ انہ لیس من تلك الحلبة: وہ اس کے لئے پیدا نہیں ہوا، اس کا اس سے تعلق نہیں، یہ اس کی سمت نہیں ہے۔ فارسُ حَلْبَةِ ب: کا ماہر، میں نمایاں، سبقت لیجانے والا۔ حُلْبَة: میتھی، زچہ کی مقوی دوا۔ حَلِیب: دودھ۔ لبنُ حلیب: گائے کا دودھ۔ حَلُوب: دودھ دینے والا (جانور)، دودھ یا دودھ کا عرق پیدا کرنے والا۔ بقرة حلوب: دودھ دینے والی گائے۔ الــمَاشیة الحُلُوب: دودھ دینے والے مویشی۔ دودھ کے کارخانے کی گائیں۔ حَلَّاب: دودھ دوہنے والا۔ حَلَّابة: دودھ دوہنے والی دودھ دینے والی گائے۔ حالِب: گردوں سے مثانہ میں پیشاب لانے والی نالی۔ مُسْتَحْلَب: دودھ کے رنگ کی روغنی دوا روغن آب، تیل اور پانی کا شیرہ۔ مُسْتَحْلَبُ اللَّوز: بادام کا دودھ۔ حَلَب: الپو Aleppo (شہر کا نام)۔

حلت: ۱۔ حَلَتَ ـِ حَلْتًا الرأسَ: سر مونڈنا۔ الصوفَ: چمڑے سے اون اکھیڑنا۔ الحُلَاتَة: اون اکھڑنے پر اس کا گرا ہوا حصہ۔ الاَحْلَت: اکھڑے ہوئے بالوں یا اون والا۔

۲۔ حَلَتَ ـِ حَلْتًا الدَّیْنَ: قرض ادا کرنا۔

۳۔ حَلَتَ ـِ حَلْتًا ظہرَ الخیل: گھوڑے کی پیٹھ سے چمٹ کر رہنا۔

۴۔ حَلَتَ ـِ حَلْتًاہٗ بسلحہ: پاخانہ کرنا۔

۵۔ الحَلِیت: یخ، اولا، پالا۔

حلج: ۱۔ حَلَجَ ـُ حَلْجًا فی المشی: آہستہ آہستہ چلنا۔ فی العَدْوِ: دوڑنے میں لمبے لمبے قدم رکھنا۔ ـ القومُ لیلتَھم: قوم کا رات کو چلنا۔ کہا جاتا ہے۔ بات القومُ یحلجون لیلتھم: قوم رات بھر چلتی رہی۔ الحَلْجة و الحَلَجَة: مسافت۔

۲۔ حَلَجَ ـُ حَلْجًا القطنَ: روئی دھن کر اس میں سے بنولے نکالنا صفت: حَلَّاج صفت مفعولی: حلیج و [illegible] حَقَّہٗ: کا حق لے لینا۔ الحِلَاجَة: دھنیے کا پیشہ۔

المِحْلَج جمع مَحَالج و مَحَالیج: روئی دھننے کا آلہ، وہ چیز جس پر روئی دھنی جاتی ہے۔ المِحْلاج جمع مَحَالِج و مَحَالیج: روئی دھننے کا آلہ، بیلن۔ المِحْلَجَة: وہ چیز جس پر روئی دھنی جاتی ہے۔

۳۔ حَلَجَ ـِ حَلْجًا الخُبْزَة: روٹی کو بیلن سے گول کرنا۔ الحُلَج: بہت کھانے والا۔ المِحْلاج جمع مَحَالِج و مَحَالیج: بیلن (روٹی بیلنے کا)۔

۴۔ حَلَجَ ـُ حَلْجًا الحبلَ: رسی بٹنا۔

۵۔ تَحَلَّجَ فی صدرہ: بات کا کھٹکنا۔

۶۔ تَحَلَّجَ الحَلُوج: بادل کا چمکنا۔ الحَلُوج: چمکنے والا بادل۔ المِحْلَج: چرخی کا محور۔

○ حَلَجَ ـُ حَلْجًا و حَلِیجًا ہ: (روئی) کو دھنا۔ حلج روئی کو دھنا، حَلِیج: (روئی کو) دھنا، دھنی ہوئی (روئی) حِلاجَة: دھننے کا کام یا پیشہ۔ حَلَّاج: روئی دھننے والا۔ مِحْلَج و مِحْلَجَة جمع مَحَالِج: کپاس اوٹنے کی مشین، بیلن۔ مَحْلَج جمع مَحَالِج: روئی دھننے کا کارخانہ۔

حلز: حَلَزَ ـُ حَلْزًا الجلدَ او العودَ: چمڑے یا لکڑی کو چھیلنا۔ تَحَلَّزَ القلبُ: دل کا دردمند ہونا۔ ـــ الشیءُ: باقی رہنا۔ ـ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ ـ للامر: کسی امر کے لئے تیار ہونا۔ اِحْتَلَزَ منہ حَقَّہٗ: سے اپنا حق لینا۔ الحِلِّز: بخیل، کنجوس، بدخلق، پستہ قد (ح) الواحد حِلِّزة (ز): ایک قسم کا غلہ۔ الحَلَزُون (ح): گھونگا۔ الحلزونہ (فی عرف الحدادین و النجارین) مخروطی چکر۔ لوہاروں اور بڑھیوں کی اصطلاح میں وہ سوراخ، جس میں پیچدار کیل گھومتی ہے اور بیٹھ جاتی ہے اور الٹی پھیرنے کے بغیر نہیں نکلتی۔ الحَلَزَونی: وہ شکل یا خط جو گھونگے کی ہیئت کا پیچدار ہو۔

○ حَلَزُون و حَلَزُونہ: گھونگا، مخروطی چکر۔ حَلَزُونی: پیچ دار، چکردار، کمانی دار، گھومتا ہوا، مرغولہ دار۔

حلس: ۱۔ حَلَسَ ـِ حَلْسًا البعیرَ: اونٹ کو ٹاٹ یا کمبل سے ڈھانپنا۔ اَحْلَسَ البعیرَ: اونٹ کو ٹاٹ یا کمبل اوڑھانا۔ اَحْلَسَتِ الارضُ: زمین کا سرسبز ہونا، زمین کی نباتات کا برابر اور ہموار ہونا۔ ـ اِسْتَحْلَسَتِ الارضُ: زمین کا سرسبز ہونا، زمین کی نباتات برابر و ہموار ہونا۔ النبتُ: نباتات کا زمین کو ڈھانپ لینا۔ الـلیلُ: رات کا بہت تیرہ و تاریک ہونا۔ الحِلْس و الحَلَس جمع اَحْلاس و حُلُوس و حِلَسَة: ہر وہ کپڑا جو زین یا پالان کے نیچے ڈالا جاتا ہے۔ ہر وہ کپڑا جو قیمتی کپڑوں اور سامان

کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔ ٹاٹ، کمبل۔ المُحْلِسة من الارض: زمین جس کو گھنے سبزہ نے ٹاٹ کی طرح ڈھانپ رکھا ہو۔

۲۔ حَلَسَ ـِ حَلَسَاتِ السماءُ: آسمان کا لگاتار ہلکی بارش برسانا۔ اَحْلَسَتِ السماءُ: آسمان کا لگاتار ہلکی بارش برسانا۔

۳۔ حَلَسَ ـِ حَلْساً الرجلُ بالشیء: کسی چیز کا بہت حریص ہونا۔ حَلِسَ ـَ حَلَسًا و تَحَلَّسَ بالمکان: کسی جگہ جم کر رہنا۔ اَحْلَسَهُ الخوفَ: کو ڈرائے رکھنا۔ حَالَسَهُ: کو چمٹ جانا، لگ جانا، لازم ہونا، اِسْتَحْلَسَ الخوفُ فلاناً: کو ڈر لگا رہنا۔ الحِلْس: اپنی جگہ سے نہ ٹلنے والا۔ (کہا جاتا ہے۔ فلانٌ حِلْسُ بیته: فلاں شخص اپنے گھر میں ہی رہتا ہے، اس کو چھوڑ کر کہیں نہیں جاتا۔ عربوں کے نزدیک یہ ایک مذمت ہے، کہ وہ صرف گھر میں پڑا رہنے ہی کا لائق ہے۔ هو حِلْسٌ من احلاس البلاد: وہ ملک کی محبت کی وجہ سے اسے چھوڑتا نہیں۔ یہ مدح ہے یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے)۔ سردار، بہادر۔ اَحْلاسُ الخیل: وہ لوگ جو گھوڑوں پر ہی سوار رہیں۔ کونوا احلاسَ بیوتکم: تم اپنے گھروں میں ہی رہو۔ هذا لیس من احلاس فلان: یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ رفضتُ کذا ونقضتُ احلاسَهُ: میں نے اسے ترک کردیا۔ الحَلِس: بہادر جو اپنے ساتھی کے ساتھ رہے۔ حریص جو اپنی جگہ سے نہ ٹلے۔ الحَلُوس: نہ ٹلنے والا لالچی۔

۴۔ حَلِسَ ـَ حَلَسًا و تَحَلَّسَ لِلامر: کسی کام کے لئے چکر لگانا کہا جاتا ہے۔ ما تَحَلَّسَ منه بشیءٍ وما تَحَلَّسَ شیئًا: اس کو اس میں سے کچھ نہیں ملا۔

۵۔ اَحْلَسَهُ: سے عہد و میثاق کرنا، کو عہد دینا۔ الحِلْس: عہد و میثاق۔ الحِلْس: عہد و میثاق، جوئے کا چوتھا تیر۔

۶۔ اَحْلَسَ الرجلُ: مفلس ہونا۔

۷۔ اَحْلَسَ فلاناً بالبیع: کو خرید و فروخت میں نقصان پہنچانا۔

۸۔ اِحْلَسَّ: سیاہی مائل سرخ ہونا۔ صفت: اَحْلَس مونث: حَلْسَاء۔ الحَلِس: سیاہی مائل سرخ رنگ۔ اُمُّ حِلْس: گدھی۔

○ حَلِسَ ـَ حَلَسًا: کسی جگہ مستقل طور پر رہنا، ٹھہرنا، کسی جگہ سے وفاداری کرنا۔ حِلْس جمع اَحْلاس: کا عادی، خوگر، کی لت پڑا ہوا، پر جما رہنے والا، سے وابستہ رہنے والا۔ احلاسُ اللهو: لذت، سرود، کھیل تفریح کے عادی، امیر لوگ جو مزے لینے میں وقت صرف کرتے ہیں۔ حِلْس جمع اَحْلاس و حُلُوس: زین کا کمبل۔ اَحْلَس مونث حَلْسَاء: سرخی مائل بھورے رنگ کا (گھوڑا)۔

حلط: ۱۔ حَلَطَ ـُ حَلْطًا: قسم کھانا۔ اَحْلَطَ الرجلُ: قسم کھانا۔ في الیمین: سرگرمی سے قسم کھانا۔ اِحْتَلَطَ الرجلُ: قسم کھانا۔

۲۔ حَلَطَ ـُ حَلْطًا: غضبناک ہونا۔ في الامر: میں اصرار کرنا، جلدی کرنا۔ حَلِطَ ـَ حَلَطاً علیه: پر غضبناک ہونا۔ اَحْلَطَ الرجلُ: قسم کھانا۔ ــهُ: کو غضبناک کرنا۔ اِحْتَلَطَ الرجلُ: قسم کھانا۔ علیه: پر غضبناک ہونا۔

۳۔ حَلِطَ ـَ حَلَطًا منه: کسی سے تنگ ہونا، زچ ہونا، تھک جانا۔

۴۔ اَحْلَطَ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔

حلف: ۱۔ حَلَفَ ـِ حَلْفاً و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَةً و مَحْلُوفَاءَ باللّٰه: اللہ کی قسم کھانا۔ حَلَّفَ و اَحْلَفَ و اِسْتَحْلَفَهُ: کو قسم دینا۔ حَالَفَ مُحَالَفَةً ہ: سے معاہدہ کرنا، عہد و پیمان کرنا۔ تَحَالَفُوا، باہم عہد و پیمان کرنا۔ الحَلْف والحَلِف والاُحْلُوفَة: قسم۔ الحِلْف جمع اَحْلَاف: وہ دوست جو اپنے دوست سے بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ عہد و پیمان، دوستی۔ الحَلَّافُ والحَلَّافَة: بہت قسمیں کھانے والا۔ ضرب المثل ہے۔ کلّ حَلَّافٍ کَذَّاب: ہر شخص جو بہت قسمیں کھاتا ہو جھوٹا اور فریبی ہوتا ہے۔ المُحْلِف: مشکوک بات کو ثابت کرنے کے لئے قسم کھانا، کہا جاتا ہے۔ هذا غلامٌ مُحْلِفٌ: یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلاف میں شک ہے۔ الحَلِیف جمع حُلَفَاء: عہد پیمان کرنے والا۔ الدَّوْلَةُ الحلیفة: دوست ملک۔

۲۔ حَالَفَ مُحَالَفَةً فلاناً حُزْنُهُ: غم لگا رہنے والا ہونا۔ الحِلْف: ساتھ لگا رہنے اور جدا نہ ہونے والا۔ کہا جاتا ہے۔ فلانٌ حِلْفُ کذا: فلاں شخص اس سے جدا نہیں ہوتا۔ الحَلِیف جمع حُلَفَاء: کسی چیز کے ساتھ رہنے اور اس جدا نہ ہونے والی چیز۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ حلیفُ الجودِ: فلاں شخص ہمیشہ فیاضی کرنے والا ہے۔ فلانٌ حلیفُ اللسان: فلاں شخص چرب زبان اور فصیح ہے۔

۳۔ الحَلْفَاء جمع حُلَّف و حُلُف: بہت چیخنے والی لونڈی۔ واحد حَلَفَة و حُلَفَاة: [illegible] قسم [illegible] بوٹی جس کے اطراف کھجور کی شاخ کے مانند تیز ہوتے ہیں، پانی کے بہاؤ کی جگہ اگتی ہے۔ اس کے پتوں سے ٹوکریاں، چٹائیاں، رسیاں اور کاغذ بنائے جاتے ہیں، مصر اور الجزائر میں اگائی جاتی ہے۔ الحُلَافیّ: وہ جگہ جہاں حلفاء بوٹی اگتی ہے یا بکثرت پائی جاتی ہے۔ الحَلَفَة و المُحْلِفة من الاراضی: زمین جس میں حلفاء بوٹی کی کثرت ہو۔

○ حَلَفَ ـِ حَلْفًا وحِلْفًا یمینًا: قسم اٹھانا۔ حَلَّفَهُ: کو قسم کھلانا، کو عہدے پر فائز ہوتے وقت حلف دینا، سے التجا کرنا۔ حَالَفَهُ: کے ساتھ متحدہ ریاستوں میں داخل ہونا، کے ساتھ معاہدہ کرنا، کا حلیف ہونا۔ تَحَالَفَ علی: پر باہم عہد و پیمان کرنا، اتحاد میں شامل ہونا۔ ــ مع: کا اتحادی ہونا۔ اِسْتَحْلَفَهُ: کو قسم کھلانا، سے قسم لینا، سے التجا کرنا۔ حَلْف وحِلف: قسم، حلف۔ حلف الیمین: قسم لینا۔ حِلف: قسمیہ یا حلفیہ اتحاد، فیڈریشن ممالک منسلکہ، نیم وفاقی ریاستیں، اتحاد، متحدہ جماعت۔ حِلف عسکری: فوجی اتحاد۔ الحلف الأَطْلَنْطِی: معاہدہ اوقیانوس۔ حَلِیف جمع حُلَفَاء: شریک، حلیف، دوست، ساتھی، متحد، اتحادی۔ الحُلَفَاء: اتحادی (جماعتیں، ملک)۔ حَلِیفَة جمع حلیفات: حلیف کا مؤنث۔ حَلُّوف جمع حَلَالِیف: جنگلی سور، خنزیر۔ تَحْلِیف: قسم کھلانا، حلف لینا۔ لَجْنَةُ التحلیف: جیوری۔ مُحَالَفَة: اتحاد۔ تَحَالف: اتحاد کی حالت، اتحاد، اتحاد کا معاہدہ۔ مُحَلَّف: جس کو قسم کھلائی گئی ہو، جس سے حلف لیا گیا ہو، قسم کا پابند جمع مُحَلَّفُون: جیوری کا رکن۔ مُتَحالِف: باہم متحدہ، اتحادی۔

حلق: ۱۔ حَلَقَ ـِ حَلْقًا و تَحْلاقًا الراسَ: سر مونڈنا۔ حَلَّقَ الراسَ: سر مونڈنا۔ اِحْتَلَقَ الراسَ: سر مونڈنا۔ الحِلْق: بہت مویشی۔ الحَلِق: بے بالوں والا۔ الحَلَّاق: نائی، حجام۔ الحُلَاقَة: مونڈے ہوئے بال۔ الحِلاقَة: نائی کا پیشہ۔ الحَلِیق جمع حَلْقَی: مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔ شعر حلیق: مونڈے ہوئے بال۔ لحیةٌ حَلِیق: منڈی ہوئی داڑھی۔ المِحْلَق: استرہ۔

۲۔ حَلَقَ ـُ حَلْقًا الشیءَ: چیز کو چھیلنا۔

۳۔ الدُبُّ الأکبر و الدُبُّ الأصغر: بنات النعش۔ الکُبرَی اور بنات النعش الصُغرَی: یا دُبّ اکبر و دُبّ اصغر: (قطب شمالی کے قریب ستاروں کے جھرمٹ جو چھوٹے بڑے ریچھ کہلاتے ہیں۔) الدَبَّۃ جمع دِبَاب: تیل وغیرہ کا برتن، ذ۔ بط کی شکل کی شیشہ کی بوتل، بہت ریتلی جگہ۔ جمع دَبّ: چہرے کا رواں۔ الدَبَب: رواں، بالوں کی کثرت۔ الدیب (ح) چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔ الدَبُوب والدَیبُوب: گہرا غار۔ الدُبَّاء واحد دُبَّاءَۃ (ن) کدو۔ الدَبّان: رواں، بالوں کی کثرت۔ الاَدَبّ مؤنث دَبّاءَ: بہت بالوں والا (ح) بہت بالوں والا اونٹ۔

۴۔ دَبْدَبَ دَبْدَبَۃً بچہ کا ہاتھوں پر چلنا (عام زبان میں)۔ الحافرُ علی الارض: کھر یا ٹاپ کا زمین پر پڑ کر آواز دینا۔ الدَبْدَاب جمع دَبَادِیب: ڈھول۔

○ دَبَّ - دَبّاً و دَبِیباً: رینگنا، پیٹ کے بل چلنا (رینگنے والے جانور کا)، آہستہ آہستہ آگے بڑھنا یا حرکت کرنا، ہاتھوں پاؤں پر چلنا۔ -فی میں داخل ہونا، آنا -فی نفسہ (احساس، شک کا) کسی کے دل میں چپ چاپ گھس آنا۔ فی پر پھیلنا، پھیل جانا، کو بھر دینا، میں سرایت کرنا، رچ بس جانا، پر چڑھائی کرنا، چڑھ دوڑنا، حملہ آور ہونا، چھا جانا، یلغار کرنا۔ ترقی کرنا۔ فی: (حالت، خیال، احساس کا) کسی میں فوقیت حاصل کرنا، (احساسات کا) کسی میں مسلسل آتا رہنا، یا تیزی سے آنا۔ دبَّ فیہ دبیبُ الحیاۃ: طاقت حاصل کرنا، دَبَّبَ ہ: کو تیز کرنا، کی نوک باریک بنانا، کو گاؤ دم بنانا۔ دُبّ جمع اَدْباب و دِبَبَۃ: ریچھ۔ دُبّیّ: خرسی، ریچھ کی طرح کا۔ دَبَّہ: ریت کا ٹیلہ، مٹی کا ڈھیر یا تودہ۔ دبیب: رینگنا، پیٹ کے بل چلنا، سرایت کرنا، ریل پیل، ہجوم، امڈ آنا، امڈ کر آنا، بہہ آنا، (احساسات، زندگی طاقت وغیرہ کا) بہاؤ۔ رینگنے والا جانور۔ دَبّاب رینگنے والا، پیٹ کے بل چلنے والا، زمین پر پھیلنے والا۔ دَبَّابَۃ جمع دَبّابات: ٹینک، بکتر بند گاڑی۔ مَدَبّ: من مدبِّ النیلِ الی مصبّہ: نشئی نیل سے اس کے دہانہ تک۔ دَابَّۃ جمع دَوَابّ: جانور، چوپایہ، حیوان، وحشی انسان، سواری کا جانور، (گھوڑا، خچر، گدھا) دُوَیبَّۃ: چھوٹا یا ننھا جانور بہت ہی چھوٹا حیوان، کیڑا مکوڑا، کرم، حشرہ۔ مُدَبَّب نوکدار، نوکیلا، تیز، چبھتی ہوئی نوک کا، مخروطی، گاؤدم۔

دبا: دَبَا - دَبْأً: کو لاٹھی سے مارنا۔ الشیءُ: ساکن ہونا۔ دَبَّأَ و علیہ: کو ڈھانپنا، چھپانا۔

دبج: ۱۔ دَبَجَ - دَبْجاً و دَبَّجَ ہٗ: کو منقوش کرنا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا۔ ـــ الطَیلَسَانَ: کو ریشمی کپڑا لگا کر زینت دینا، آراستہ کرنا۔ الدِیبَاج جمع دَبَابِج و دَبَابِیج واحد دِیبَاجَۃ: ریشم کے تانے بانے والا کپڑا۔ (فارسی لفظ) الدَبَّاج دیباج کپڑا بیچنے والا۔ المُدَبَّج ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔

۲۔ الدِیبَاجَۃَ: چہرہ۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ یصون دیباجتہٗ او یبذل دِیبَاجَتَہٗ فلاں شخص اپنی عزت کی حفاظت کرتا ہے۔ دیباجہ کی حفاظت عزت سے کنایہ ہے اور دیباجہ کو ترک کرنا دناءت سے کنایہ ہے۔ یعنی فلاں شخص اپنی آبرو ریزی کرتا ہے۔ دِیبَاجَۃُ الکتاب۔ کتاب کا دیباچہ۔ الوجہِ چہرے کی جلد کا حسن (فارسی لفظ) الدِیبَاجَتَان: ہر دو رخسارے۔ المُدَبَّج: بدشکل و بدفطرت۔ (حَ) ایک بدہیئت آبی پرندہ۔

○ دَبَّجَ ہ: کو آراستہ کرنا، سجانا، کی تزئین کرنا، کی آرائش کرنا، کا سنگار کرنا، کی زیبائش کرنا، کو خوبصورت و خوشنما بنانا، کو تحریری لانا، کا ایک تحریری نوٹ یا ریکارڈ مرتب کرنا، کو اچھے اسلوب سے، پیش کرنا، وضع کرنا، ترکیب دینا، سنوارنا، دِیبَاج جمع دَبَابِیج زربفت، کمخواب، دِیبَاجۃ زربفت، کمخواب، دیبا، نظم کے تمہیدی یا ابتدائی حصے یا سطریں، تمہید، مقدمہ، چہرہ، حسن اسلوب، شہرت مسلمہ حیثیت، وقار، تَدْبِیج: سجاوٹ، تزئین، آرائش، زیبائش، زینت، لکھنا، تحریر، انشاء، مقالہ، مضمون، کتاب لکھنا، مُدَبَّجات تقریر کی زینتیں عمدہ صنائع۔

دبح: دَبَّحَ سر جھکانا، پیٹھ پھیلانا، ذلیل ہونا۔ فی بیتہٖ: اپنے گھر میں جمے رہنا، پڑے رہنا

دبخ: دَبَّخَ: بمعنی دَبَّحَ

○ دَبْدَبَ: چلنا، قدم رکھنا، تھپ تھپانا، دَبْدَبَۃ قدموں کی آواز، چاپ، آہٹ، چھت پر بارش کی ہلکی ٹپ ٹپ کی آواز، کھٹ کھٹ، کھڑکھڑانے پٹ پٹ کرنے کی آواز، دروازہ بند کرنے کی آواز، پھڑ پھڑانے کی آواز، پر جھاڑنے کی آواز۔ دَبْدُوبۃ جمع دَبَادِیب: نوک، سرا مخروطی سرا۔

دبر: دَبَرَ - دَبْراً و دُبُوراً النهارُ او الصیفُ: دن یا گرمی کا ختم ہونا۔ الـرجـلُ مرنا، پیچھے پھرنا، بوڑھا ہونا۔ دَبْراً الکتابَ: کتاب کو نقل کرانا۔ بالشیءِ: کو لے جانا۔ الحدیثَ عن فلان: کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات نقل کرنا یا بیان کرنا۔ دَبَّرَ الحدیثَ: غیر سے بات نقل کرنا۔ دَابَرَ مُدَابَرَۃً و دِبَاراً: مرنا۔ اَدْبَرَ فلانٌ: مرنا۔ عنہ: سے پیچھے پھرنا۔ اَدْبَرَتِ الدنیا: اقبال مندی کا ختم ہونا۔ اَدْبَرَ الامرُ: معاملہ ختم ہونا۔ اِسْتَدْبَرَہٗ: کو پیٹھ دینا۔ الدَبْر (مص): موت۔ الدِبْر: موت۔ دُبُرُ الصَلاۃ: نماز کا آخر۔ الدَابِر (فا): گذرا ہوا جیسے کہتے ہیں۔ امس الدابر: گذشتہ کل یہ تاکید کے طور پر ہے۔ جس طرح کہتے ہیں: رأیتُہٗ بعینی میں نے اسے اپنی آنکھ سے دیکھا۔ الدَابِرَۃ ج دَوَابِر: دابر کا مؤنث، شکست۔ الدَبْرَۃ:

لڑائی میں شکست۔ یہ ادبار کا اسم ہے۔ الدَّبَار: ہلاکت۔ الدِبار شکستیں، جنگیں۔ الدُبُری آخری وقت میں نماز۔ الدَبَری ایسے وقت میں آنے والی چیز جب اس کی ضرورت نہ رہے۔ کہا جاتا ہے۔ شَرُ الرأیِ الدَبَرِیُّ. بری رائے وہ ہے جو بعد از وقت سوجھے۔ جَاءَ دَبَرِیًّا وہ آخر میں آیا۔

۲۔ دَبَرَ۔ دَبْرًا ہُ کے پیچھے کے بعد آنا۔ السہمُ الھدفَ: تیر کا نشانہ سے ہٹ کر گرنا۔ تیر کا نشانہ سے آگے چلا جانا اور اس کے پیچھے گرنا۔ أَدْبَرَہ کو اپنے پیچھے کرنا۔ اِسْتَدْبَرَہُ: کا پیچھا کرنا، کھوج لگانا۔ الدُبْر جمع أَدْبار من کل شیء: ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ الدُبُر جمع ادبار من کل شیء ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ ولأدُبار آخر۔ کہا جاتا ہے: جَاءَ دُبُرَ الشھر و فی دُبْرہ و علی دُبُرِہ و أدْبَارَ الشھر و فی أدْبَارِہ وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُرُ البیت: مکان کا کونہ، پچھلا حصہ۔ الدُبُر کسی چیز کے پیچھے۔ آپ کہتے ہیں۔ جعل کلامی دُبُرَ أذُنیہِ اس نے میری بات سے غفلت برتی اور اس پر توجہ نہیں دی۔ الدَابِرِ: تابع، ہر چیز کا آخر، جوئے میں ناکامیاب تیر، آخری تیر۔ کہا جاتا ہے۔ مابقي فی الکنانة غیر الدابر: ترکش میں سوائے آخری تیر کے کچھ نہیں بچا۔ الدَابِرَۃ انسان کی کونچیں، کمر کا پہلا حصہ۔ دَابِرَۃُ الطیر: پرندے کے پاؤں کا پچھلا خار۔ الدِبْرُ بمعنی قبل کہا جاتا ہے: لیس لھذا الامر قِبْلَۃٌ ولا دِبْرَۃٌ: اس کی وجہ کا پتہ نہیں لگتا۔ الدَّبِیر من الرجل: کے پیچھے کہا جاتا ہے۔ ھولا یعرف قبیلَہ من دُبَیرِہٖ وہ آگے پیچھے کی تمیز نہیں رکھتا۔ یعنی پکا جاہل ہے۔ الدَّبَران (فلک) چاند کی ایک منزل جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔ المُدَابِر ناکامیاب تیر کا مالک۔

۳۔ دَبَرَ۔ دَبْرًا و دُبُورًا الریحُ ہوا پچھوائی رخ پر چلنا۔ دُبِرَ: کو پچھوائی ہوا لگنا۔ أَدْبَرَ فلانٌ: پچھوائی ہوا میں داخل ہونا۔ الدَبُور پچھوائی ہوا۔ اس کے مقابل صبا ہے جو پوربی ہوا ہے۔

۴۔ دَبِرَ۔ دَبَرًا البعیرُ اونٹ کی پیٹھ میں کجاوہ کی وجہ سے زخم ہونا۔ صفت: دَبِر ۔ ۔ ۔ رَہُ القتبُ: کی پیٹھ کو کجاوہ کا زخمی کر دینا۔ البعیرُ بمعنی: دَبِرَ البعیرُ۔ الدَبِر: زخمی پیٹھ والا جانور، پیٹھ لگا جانور۔ الدَبَرَۃ جمع دَبَر و أدْبار جانور کا زخم جو کجاوے وغیرہ سے لگے۔

۵۔ دَبَّرَ الامرَ: کسی معاملہ پر سوچ بچار کرنا، اس کے نتیجے پر غور کرنا، اس پر توجہ کرنا اور اس کا انتظام کرنا۔ علی ھلاکہ: کی ہلاکت کے لئے حیلہ سازی اور کوشش کرنا۔ تَدَبَّرَ الامرَ معاملہ کے نتائج پر غور و فکر کرنا۔ اِسْتَدْبَرَ الامرَ: کا خلاف امید نتیجہ برآمد ہونا۔ الدَبْرَۃ جمع دِبار: نتیجہ۔ عاقبت۔

۶۔ دابَرَ مُدَابَرَۃً و دِبارًا ہٗ سے دشمنی کرنا۔ تَدَابَرَ القومُ: آپس میں دشمنی رکھنا، اختلاف رکھنا اور ایک دوسرے سے تعلقات توڑ لینا۔

۷۔ الدَبْرُ واحد دَبْرَۃ جمع أدْبُر و دُبُور شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا انبوہ، بہت مال، پہاڑ، سمندر میں جزیرہ نما قطعۂ زمین جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ الدِبْر بہت مال یہ مفرد و جمع کے لئے یکساں مستعمل ہے۔ مثلاً کہتے ہیں۔ مالٌ دِبْرٌ و اموالٌ دِبْرٌ: ایک بہت مال یا کئی بہت مال۔ الدَابِر اصل۔ کہتے ہیں۔ قطع اللّٰہُ دابِرَھم اللہ تعالٰی ان کی بیخ کنی کرے۔ الدَابِرۃ جمع دَوَابِر: نحوست۔ الدَبْرَۃ جمع دِبار قابل کاشت قطعہ اراضی۔ الدِبَار کھیتوں کی نالیاں۔ الدَّبِیر: گناہ، کہا جاتا ہے: عرف قبیلہ من دبیرہ: اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز کر لی۔ الدَّبُّور جمع دَبَابِیر (ح): بھڑ، خارجی مظہر، شکل۔ المُدَابَرَ: مقابل شریف والدین والا، نجیب الطرفین۔ المَدْبُور: زخمی۔ بہت مال والا۔ الدَّبُّورَۃ: پتھر تراشتے وقت ان کو برابر کرنے والا آلہ۔ فصیح لفظ: "الصاقُور" ہے۔

○ دَبَرَ۔ دُبُورًا پیٹھ موڑنا، (وقت کا) گزرنا۔ دَبَّرَہٗ کے انتظامات کرنا، کے لئے منصوبے بنانا، کوئی چیز تیار کرنا، کا پیشگی بندوبست کرنا، کو منظم کرنا، کی تنظیم کرنا، کا خاکہ، نقشہ یا ڈیزائن تیار کرنا، کا نقشہ بنانا، کو بنانا، تشکیل کرنا، وضع کرنا کی تدبیر کرنا، کو ایجاد کرنا، کی اختراع کرنا، میں ہم آہنگی پیدا کرنا، کو ترتیب دینا، کا انتظام کرنا، بندوبست کرنا، اہتمام کرنا، (جھگڑا) چکانا، فیصل کرنا (اختلافات) ختم کرنا، کو ٹھیک ٹھیک کرنا، کا باعث بننا، (منصوبہ وغیرہ) پکانا، (چال) کی ترکیب ڈھونڈنا، کی تدبیر نکالنا یا کرنا، کا جتن کرنا، کو آہستہ آہستہ بنانا، کا نظم و نسق کرنا، کو چلانا، ضبط میں رکھنا، (کوئی طرز عمل) اختیار کرنا، کی نگرانی کرنا، دیکھ بھال کرنا، کو کرنا یا کر سکنا، کو ہوشیاری سے بنانا یا کا ہوشیاری سے بندوبست کرنا، کو خاص سمت) چلانا، کو صف بستہ کرنا، کی صف آرائی کرنا، کو نظام کے تحت لانا، باقاعدہ بنانا کا، نگران ہونا، میں کفایت سے کام لینا، کو اچھی طرح سرانجام دینا، دَبَّرَ خِطَّۃً منصوبہ تخلیق کرنا یا اختراع [illegible] کی نگرانی کرنا۔ أدْبَرَ عن / علی: کی طرف پیٹھ کرنا، موڑنا، ــــ: فرار ہو جانا، بھاگ جانا، بچ جانا، ادھر ادھر ہٹنا، چپکے سے نکل جانا، کھسک جانا، تَدَبَّرَ: تیار ہونا، منصوبہ بننا، منظم ہونا، بندوبست ہونا۔ ہ / فی: پر غور و فکر کرنا، کے بارے میں گہری سوچ میں ہونا، دھیان میں ہونا، کو غور سے دیکھنا، کی اہمیت یا قدر و قیمت کا اندازہ کرنا، (بات) تولنا، پر غور کرنا، کو سوچنا۔ ــــ فی: کو احتیاط سے ہاتھوں میں لینا یا سے احتیاط کے ساتھ نبٹنا۔ تَدَابَرَ مقابل اطراف میں منہ پھیرنا، پشت سے پشت ملا کر کھڑا ہونا، مخالف ہونا، متضاد ہونا، مقابل ہونا، بالمقابل ہونا، الٹ یا الٹا ہونا، بے میل، بے جوڑ، الٹ، یا متضاد ہونا۔ اِسْتَدْبَرَہٗ کی طرف پیٹھ کرنا، موڑنا۔ دُبْر و دُبُر جمع أدْبار: پڑا، پٹھا، سرین، چوتڑ، پچھلا حصہ، چت، پچھا، عقب، آخری حصہ، آخر، دم، پونچھ، دنبالہ، مِن دبر پیچھے، عقب میں، پشت پر، پیچھے سے، عقب سے، وَلَّی دُبُرَہٗ پیٹھ موڑنا، بھاگ جانا، راہ فرار اختیار کرنا، دَبَرِی پیچھے پیچھے گھسٹتا ہوا، بعد از وقت، دیر سے پہنچنے والا، دَبْرَہ (تقدیر کا) پلٹا۔ دَبُور پچھوا۔ دَبُّور جمع دَبَابِیرُ بھڑ، تَدْبِیر جمع تدبیرات: منصوبہ سازی، تنظیم، ہدایت، انتظام، بندوبست، دیکھ بھال، ٹھکانے لگانا، قاعدہ، باقاعدہ بنانا، بچت، کفایت، کفایت سے کام لینا، (جمع تدابیر): قدم، اقدام، کارروائی، حرکت، چال۔ تدبیر المَنزِل و تدبیرٌ مَنْزِلیّ: گھر کا انتظام، گھر بار کا بندوبست۔ قَامَ بالتدابیر اللازمۃ و إتَّخَذَ التدابیر اللازمۃ: ضروری اقدامات کرنا، إدْبار پسپائی، فرار۔ تَدَبُّر فی پر غور و فکر، کے متعلق سوچ بچار، غور یا تأمل، تَدَابُر تفاوت، فرق، نمایاں فرق، موازنہ، محاکمہ، عدم مشابہت، دابِر: گذرا ہوا (وقت)، آخری، انتہائی یا دور ترین حد، انتہاء، جڑ، اصل، سرا، کنارا، قَطَعَ دَابِرَ الشیء: کو جڑ سے اکھیڑنا، کا استیصال کرنا، کا قلع قمع کرنا، کو یکسر کچل دینا، بالکل دبا دینا۔ بالامس الدابر: گذشتہ روز، گذشتہ کل، ذھب کأمسِ الدَابِرِ ہوا میں تحلیل ہو جانا، کوئی آثار چھوڑے بغیر غائب ہو جانا، (فی الواقع گذشتہ کل کی طرح)۔ مُدَبِّر: منیجر، ڈائریکٹر، حاکم، مرتب، رہنما، سرگروہ، سرغنہ۔ مُدَبِّرُ المکَائِد: منصوبہ باز، سازشی، مُدْبِر: مُدْبِرًا و مُقْبِلًا: پیچھے سے اور آگے سے۔ دُبَارَۃ (دُوبَارَۃ) بنڈل وغیرہ باندھنے کی ڈوری، رسی، سُتلی، طناب، دھاگا۔

دبس ۱۔ دَبَّسَ الشیءَ: کو چھپانا، پوشیدہ کرنا۔ الشی

چیز کا چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

۲۔ دَبَّسَ العِنَبُ. انگور کا بہت میٹھا ہونا۔ العصیرُ المغلیّ: جوش کھا کر رس کا گاڑھا ہونا۔ الرجلُ العصیرَ: رس پکا کر گاڑھا کرنا۔ اَدْبَسَتِ الارضُ: زمین کا سبزہ پھوٹنا۔ اِدْبَسَّ اِدْبِسَاسًا الفرسُ گھوڑے کا سرخی مائل بھورے رنگ والا ہونا۔ صفت: اَدْبَس۔ الدَّبْس. ہر سیاہ شے، الدِّبْس پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔ الدِّبِس کھجور وغیرہ کا شیرہ، شہد۔ الدُّبْسَة: سرخی مائل بھورا رنگ۔ الدَّبَّاس. شیرہ بنانے والا، شیرہ فروش۔

۳۔ الدِّبْس بہت تعداد لوگوں وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے: مالٌ دِبْسٌ: بہت مال۔ الدُّبُّوس جمع دَبَابِیس: گرز (فارسی لفظ)۔ الدَّبُّوس جمع دَبَابِیس. گرز: پن، سیفٹی پن۔

○ دِبْس سیرپ (Sicup) راب، شیرہ (خصوصاً انگوروں کا) دَبُّوسٌ انکلیسی سیفٹی پن۔

دبش ۱۔ دَبَشَ دَبْشًا الشیءَ: کا چھلکا اتارنا۔ الطعامَ: کھانا کھانا: کہا جاتا ہے دُبِشَتِ الارضُ دَبْشًا: زمین کا تمام سبزہ چر لیا گیا۔ سیلٌ دُبَاش: تباہ کن سیلاب۔ مکانٌ مَدْبُوش. وہ جگہ جس کی سبزی ٹڈیاں چٹ کر گئی ہوں۔

۲۔ الدَّبْش (واحد دَبْشَة): پتھریاں اور ان کے ریزے (عام زبان میں) الدَّبَش گھر کا سامان، ردی سامان۔ الدَّبْشَة: دشوار گزار جنگل (عام زبان میں)۔

○ دَبَش: ناکارہ سامان، ملبا، کوڑا کرکٹ، خس وخاشاک، آخور، نکمی یا ردی چیز، الابلا۔ دَبْش. روڑے کنکر، ٹوٹے ہوئے اینٹ پتھر۔

دبغ: دَبَغَ دَبْغًا و دِبَاغًا و دِبَاغَةً الجلدَ: چمڑے کو رنگ کرنا، نرم کرنا اور اس کی رطوبت اور عفونت دور کرنا۔ اِنْدَبَغَ: چمڑے کا نرم اور رطوبت اور عفونت سے پاک ہونا، رنگا ہونا۔ الدِّبْغ و الدِّبْغَة و الدِّبَاغ و الدِّبَاغة: چمڑہ رنگنے کا مسالہ۔ جلدٌ دَبِیغ: رنگا ہوا چمڑا۔ الدِّبَاغة: چمڑہ رنگنے کا پیشہ۔ الدَّبَّاغ: چمڑے رنگنے والا۔ المَدْبَغة و المَدْبُغَة: چمڑے رنگنے کی جگہ، رنگ میں پڑے ہوئے چمڑے۔

○ دَبَغَ - دَبْغًا ہ: چمڑہ کمانا، کھال پکانا، چمڑے کی دباغت کرنا۔ دِبَاغَة: فن دباغت، چمڑا کمانا۔ دَبَّاغ: دبّاغ، چمڑا کمانے والا۔ مَدْبَغَة جمع مَدَابِغ: چمڑے کی دباغت کا کارخانہ۔

دبق: دَبَقَ دَبْقًا الصائدُ الطیرَ لاسے سے پرندہ کا شکار کرنا۔ دَبِقَ دَبَقًا بہ. سے چمٹا رہنا۔ دَبَّقَ ہ: کو لاسے سے شکار کرنا۔ اَدْبَقَ ہ: کو چپکانا، چمٹانا۔ تَدَبَّقَ الطیرُ: پرندہ کا لاسے سے شکار ہونا۔ الشیءُ: لیس دار ہونا۔ الدِّبْق و الدَّابُوق و الدُّبُوقاء: پرندہ کو شکار کرنے کا لاسا۔ الدِّبْق (ن): لائم درخت جس کا پھل پرندوں کا لاسا بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

○ دَبِقَ - دَبَقًا ب: سے چپکنا چسپاں ہونا، سے لگا یا لپٹا رہنا، سے چمٹنا، چٹ جانا۔ دَبَّقَ ہ: پرندہ کو لاسا سے پکڑنا۔ دِبْق: لاسا۔ دَبِق: چپچپا، چپکنے والا لیس دار، لاسا لگا ہوا۔

دبك: دَبَكَ دَبْكًا: زور سے زمین پر پاؤں مارنا جس سے کرخت آواز پیدا ہوتی ہے۔ (عام زبان میں) ہ علی الارض: کو زور سے زمین پر پٹختا، پچھاڑنا۔ الوعاءَ: برتن کو پورا پورا بھرنا۔ دَبَّكَ تدبیکًا: زمین پر زور سے پاؤں وغیرہ مارنا اور کرخت آواز نکالنا۔ الدَّبْكَة مشہور رقص جس میں ناچنے والے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر تال کے ساتھ گاتے ہیں۔

○ دَبْکہ اجتماعی رقص (گانے کے ساتھ)

دبل ۱۔ دَبَلَ دَبْلًا و دُبُولًا الشیءَ: کی اصلاح ودرستی کرنا۔ الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔ الدَّبْل جمع دُبُول: پانی کی نہر۔ الدُّبَال: کھاد۔

۲۔ دَبَلَ دَبْلًا ت فلانًا الدُّبُولُ: اس پر آفتیں ٹوٹ پڑیں۔ دَبَلَتْہُ الدبولُ: اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔ الدَّبْل جمع دُبُول: طاعون، مصیبت، اولاد کی موت۔ الدَّبْلَة و الدُّبَیْلَة: مصیبت۔ الدَّبُول: ہلاکت ومصیبت، وہ عورت جس کی اولاد مر گئی ہو۔

۳۔ دَبَلَ ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے لگاتار مارنا۔

۴۔ دَبَلَ دَبْلًا و دَبَّلَ اللقمةَ: بڑا لقمہ لینا۔ الشیءَ: کو انگلیوں سے اکٹھا کرنا جیسے لقمہ کیا جاتا ہے۔ الدُّبْلَة جمع دُبَل و دُبَل: بڑا لقمہ، ہر چیز کا ٹکڑا۔

۵۔ دَبِلَ دَبَلًا: موٹا ہونا، فربہ ہونا۔

۶۔ الدُّبْلَة جمع دُبَل و دُبَل: کلہاڑی کا سوراخ۔ الدَّبْلَة و الدُّبَیْلَة (طب): پیٹ کی بیماری یا پیٹ کا پھوڑا یا گلٹی۔ الدَّوْبَل (ح): پست قد گدھا، نر سور۔

۷۔ الدِّبْلُومَاسِي: کسی حکومت کا سفیر، فن سفارت کا ماہر، سفارتی (یونانی لفظ) السلك الدبلوماسی: تمام غیر ملکی سفیر Diplomatic corps الدبلوماسیة: سفارت، فن سفارت میں مہارت، حکمت عملی، موقعہ شناسی۔

○ دِبْلَة جمع دُبَل: چھلا، انگوٹھی، انگشتری۔

○ دبلوم و دبلومہ جمع دبلومات: ڈپلوما، سند فضلیت، سند، ڈگری۔

دبی: دَبَتِ الارضُ: چھوٹی ٹڈیوں کا زمین کے پودوں کو کھا جانا۔ صفت مَدْبِیَّة و مَدْبُوَّة۔ اَدْبَتِ الارضُ: زمین پر چھوٹی ٹڈیوں کا بکثرت ہونا۔ الدَّبَی واحد دَبَاة (ح): چھوٹی ٹڈی، چیونٹی (اسم جنس)۔

دث: دَثَّ دَثًّا الصائدُ بہ: شکاری کا کسی چیز سے شکار کرنا، کسی چیز کو پھینکنا۔ ہ: کو پتھر مارنا، کو چوٹ مار کر تکلیف پہنچانا۔ ہٹانا۔ دَثَّتِ السماءُ: آسمان کا ہلکی بارش برسانا۔ الدَّثّ و الدَّثَّة و الدِّثَات: ہلکی بارش۔ الدُّثَّة: ہلکا زکام۔ الدَّثُوث: ہٹ جانے والا۔

دثر: ۱۔ دَثَرَ دُثُورًا الرسمُ: نشان کا محو ہونا، مٹنا۔ صفت داثِر جمع دَوَاثِر۔ تَدَاثَرَ اسمُ: نشان مٹنا۔ اِنْدَثَرَ: محو ہونا، مٹنا۔

۲۔ دَثَرَ دُثُورًا السیفُ: تلوار پر زنگ چڑھ جانا، لگنا۔ الرجلُ: انسان پر بڑھاپے کے آثار کا آشکار ہونا۔ الثوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ تَدَثَّرَ فرسَہُ: گھوڑے پر کود کر سوار ہونا۔ الدَّثَر: میل کچیل۔

۳۔ دَثَرَ دُثُورًا الشجرُ: درخت کا پتے لانا، درخت پہ پتے لگنا۔ دَثَّرَہُ: کو چادر سے ڈھانپنا۔ تَدَثَّرَ و اِدَّثَرَ بالثوب: کپڑا اوڑھنا، کپڑے میں لپٹنا۔ صفت: مُتَدَثِّر و مُدَّثِّر (اس کی اصل مُتَدَثِّر ہے۔ ت د میں مدغم ہو گئی ہے) الدِّثَار: بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے اوپر کا گرم کپڑا۔ وہ کپڑا جس کو سونے والا اوڑھ کر لیٹے۔

۴۔ دَثَّرَہُ: کو ہلاک کرنا۔ الداثِر: ہلاک ہونے والا۔

۵۔ اِدَّثَرَ: بہت مال جمع کرنا۔ الدَّثْر: بہت مال۔ کہا جاتا ہے مالٌ دَثْرٌ و مالان دَثْرٌ و اموالٌ دَثْرٌ یعنی دَثْر واحد، تثنیہ اور جمع سب کے لئے آتا ہے۔ کبھی جمع بھی لائی جاتی اور دُثُور کہا جاتا ہے۔ الدَّثَر: بہت۔ کہا جاتا ہے عسکرٌ دَثْرٌ: لشکر جرار۔ الدَّثُور: مال کا انتظام کرنے والا۔

۶۔ الدَّثُور و الدَّثَارِیّ: سست، کاہل، بہت سونے والا۔ الاَدْثَر: غافل

○ دَثَرَ - دُثُورًا: بھلایا جانا، نگاہ تغافل کا شکار ہونا، بالکل بھولا ہوا ہونا، متروک ہو جانا، غیر مروجہ ہونا، دقیانوسی ہونا، بہت پرانی وضع کا ہونا، ناپید ہو جانا، مٹنا، مٹ جانا، کا نام ونشان نہ رہنا، حرف غلط کی طرح مٹنا (ہوا سے قدموں کے نشان، کھوج کا)۔ دَثَّرَہُ: کو ڈھانپنا، ڈھانکنا، لپیٹنا۔ ہ: کو تباہ و برباد کرنا، نیست ونابود کرنا۔ تَدَثَّرَ فی: میں لپٹنا، سے ڈھک جانا، کو اوڑھنا۔ اِنْدَثَرَ: کا نام ونشان مٹنا یا مٹ جانا۔ محو ہونا، مٹ جانا، بھولا بسرا

ہونا، نگاہ تغافل کا شکار ہونا، متروک ہونا، غیر مروج ہونا، کا رواج نہ رہنا۔ اِدَّثَرَ ب: میں لپٹنا، کو اوڑھنا۔ دِثار: کمبل، چادر۔ مَدْثُور: گزرا ہوا، بہت پرانا، قدیم (زمانہ، وقت)۔

دج: ا۔ دَجَّ۔ دَجِیجًا و دَجَجَانًا القومُ: آہستہ چلنا۔ الداجّ جمع داجُّون و داجّة: الحاج کی طرح یہ بھی مفرد و جمع میں یکساں مستعمل ہے۔ اس کا اطلاق خادموں اور بوجھ اٹھانے والوں پر ہوتا ہے۔

۲۔ دَجَّ۔ دَجِیجًا و دَجَجَانًا البیتُ: گھر کی چھت کا ٹپکنا۔

۳۔ دَجَّ۔ دَجًّا السترَ: پردہ چھوڑنا، لٹکانا۔ دَجَّجَتِ السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا، ۔ہٗ: کو ہتھیار بند کرنا۔ تَدَجَّجَ: مسلح ہونا، پورا ہتھیار بند ہونا۔ کہا جاتا ہے: ۔ فی شِکّتہ وہ اچھی طرح ہتھیار پوش ہوگیا۔ الدُّجّة: سخت تاریکی۔ الدُّجُج: سخت تاریکی، سیاہ پہاڑ، کالے پہاڑ۔ المُدجَّج و المُدَجِّج: پوری طرح مسلح، کامل ہتھیار پہنے ہوئے۔ (ج) سیہی، (اس کے پروں کی اسلحہ سے تشبیہ کی وجہ سے)۔ اَسْوَد دُجَاجِیٌّ: کالا سیاہ۔ الدَّجُوجِي و الدَّیجُوج جمع دَیَاجِیج: تاریک رات۔

۴۔ الدجاج: دال کی تثلیث کے ساتھ، البتہ دال کی فتح افضل ہے واحد دَجَاجة جمع دُجُج: مرغی (پالتو یا جنگلی) ـــ الهندی: ایک بڑا پرندہ جسے دجاج الحبش اور الدجاج الرومی بھی کہتے ہیں۔ الدَّجَاجة: عیال، دھاگے کی پھیک یا اس کا گُٹّا۔ الدُّجَاجی: مرغیاں بیچنے والا۔

۵۔ دَحْدَجَ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔

○ دَجَّ دَجًّا و دَجِیجًا: آہستہ آہستہ چلنا۔ دَجَّجَہٗ بالسلاح: کو پوری طرح مسلح کرنا۔ دُجّ: ترنم (ایک خوش الحان پرندہ) دُجَّة: سخت تاریکی، سخت اندھیرا۔ دَجَاج (اسم جنس) چوزے، پرندے، مرغی (مرغا یا مرغ) دَجَاجَة: مرغی، چوزہ۔ دَجَاجةُ الحبش: سرمئی مرغی۔ مُدَجَّجٌ بالسلاح: پوری طرح مسلح۔

دجر: دَجِرَ۔ دَجَرًا: حیران ہونا، مدہوش ہونا، صفت دَجِر و دَجْرَان جمع دَجْرَی و دُجَارَی۔ داجَرَ مُدَاجَرَةً: بھاگنا، فرار ہونا۔ الدِّجْران واحد دِجْرَانَة: بیل چڑھانے کیلئے نصب شدہ لکڑی۔ الدَّیْجُور جمع دَیَاجِیر و دَیَاجِر: تاریکی، اندھیرا (ہم کہا کرتے ہیں: النور و الدیجور: روشنی اور تاریکی) خاکستری رنگ کی سیاہی مائل مٹی۔

○ دَجِرَ۔ دَجَرًا: پریشان ہونا، مشکل میں پڑنا، سمجھ میں نہ آنا کہ کیا کرے یا کہے، گوںگو کی حالت میں ہونا۔ دَیْجُور جمع دَیَاجِیر: تاریکی، اندھیرا، دھندلکا، اندھیرا، رات۔ دَیْجُورِيّ: تاریک، اندھیرا۔

دجل: ا۔ دَجَلَ۔ دَجْلًا: جھوٹ بولنا۔ ـــ البعیرَ: اونٹ پر قطران لگانا۔ دَجَّلَ البعیرَ: اونٹ پر قطران لگانا۔ ـــ الاناءَ: برتن پر سونے کا پانی چڑھانا گلٹ کرنا۔ ـــ الشیءَ: کو ڈھانپنا۔ ـــ الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔ الدَّجَال: گوبر، کھاد۔ الدُّجَیل و الدُّجَالَة: قطران۔ دِجْلة: عراق کے دو بڑے دریاؤں میں سے ایک کا نام: لفظ کی بناء پر مونث، دریا ہونے کی وجہ سے مذکر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کبھی اس پر ال بھی داخل ہوتا ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: الدِجْلة اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ سیلاب آنے پر زمین کو ڈھاپ لیتا تھا۔ الدَّجَّال: سونے کا پانی۔ جمع دَجَّالُون و دَجَاجِلَة: بڑا جھوٹا، اسی سے ہے مسیح الدجّال: وہ بڑا جھوٹا شخص جو آخر زمانہ میں ظہور کرے گا۔ الدَّجَّالَة: زمین پر چھانے والا ایک بڑا گروہ۔

۲۔ دَجَلَ۔ دُجُولًا و دَجَّلَ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا، ٹھہرنا، مقیم ہونا۔

○ دَجَلَ۔ علی: کو دھوکا دینا، فریب دینا، سے دغا بازی کرنا، کو جل دینا، ٹھگ لینا۔ ـــ: ٹھگ ہونا، دھوکے باز ہونا، عیار ہونا، فریبی ہونا، جھوٹا مدعی ہونا، لپاٹیا ہونا، ڈھونگیا ہونا، عطائی یا نیم حکیم ہونا۔ دَجَّلَ ہ: پر کوٹ کرنا، پلستر کرنا، لیپنا، پر ملنا، پر سونے کا پانی چڑھانا، سونا چڑھانا، پر ملمع کرنا، کو سنہرا رنگنا۔ ـــ علی: کو دھوکا دینا، فریب دینا، کو اُلو بنانا، ٹھگنا۔ دَجْل: عیاری، حیلہ گری۔ دروغ بانی، دھوکا، دغا، مکر، فریب، جھوٹ، فریب دے کر لوٹنا۔ دَجَّال جمع دَجَّالُون و دَجَاجِلَة: دھوکے باز، فریبی، جعلساز، ٹھگ، چالباز، پاکھنڈی، بہروپیا، عطائی، نیم حکیم، ڈھونگ، ڈینگیا، جھوٹا مدعی (مونث دَجَّالة): دجال، دشمن حضرت مسیح۔ تَدْجِیل: فریب، چھل، مکر، عیاری، دغابازی، حیلہ سازی، جھوٹ، ڈھونگیا پن، نیم حکیمی، عطائیت، عطائی پن، عطائی علاج۔

دجم: ا۔ دَجَمَ۔ دَجْمًا اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ الدُّجَم: عشق کی تکالیف و بے چینیاں۔ کہا جاتا ہے ـــ اخذتہ دُجَمُ العشق: اس کو عشق کی بیتابیوں نے گھیر لیا۔

۲۔ دَجِمَ۔ و دُجِمَ دَجْمًا: غمگین ہونا۔

۳۔ الدَّجْمُ من الشیءِ: کسی شے کی قسم۔ ـــ غدیرٌ دُ[illegible]

دجن: ا۔ دَجَنَ۔ دَجْنًا و دُجُونًا الیومُ: دن کا ابر اور بارش والا ہونا۔ ـــ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا صفت اَدْجَن مؤنث دَجْنَاء جمع دُجْن۔ اَدْجَنَ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ ـــت السماءُ: آسمان کا مسلسل بارش برسانا۔ المطرُ والحُمّی: بارش یا بخار کا جاری رہنا۔ القومُ: بارش میں داخل ہونا۔ اِدْجَوْجَنَ الیومُ: دن کا بارش والا ہونا۔ الدَّجْن جمع دُجُن و دِجان و دُجُون و اَدْجان: چھا جانے والا سیاہ بادل، بہت بارش۔ کہا جاتا ہے: یوم دَجْنٍ و یوم دَجْنٌ: بہت بارش والا دن اسی طرح: لیلة دَجْنٍ و لیلةٌ دَجْنٌ: بہت بارش والی رات۔ الأَدْجَن: تاریک۔ الدُّجْنَة جمع دُجَن و دُجُنَات: تاریکی۔ ـــ فی اَلْوَانِ الابل: اونٹوں کے رنگوں میں بہت بری سیاہی۔ الدُّجُنَّة و الدَّجِنة و الدِجِنّة جمع دُجُنَّات: تاریکی، بارش برسانے والا سیاہ گھٹا ٹوپ بادل۔ کہا جاتا ہے: یومُ دُجُنَّةٍ و یومٌ دُجُنَّةٌ: بہت بارش والا دن اسی طرح کہا جاتا ہے۔ لیلةُ دُجُنَّةٍ و لَیْلَةٌ دُجُنَّةٌ: تاریک رات۔ لیلةٌ مِدْجَان: تاریک رات۔ الدَّاجِنَة و المُدْجِنَة من السحاب: بہت بارش برسانے والا بادل۔

۲۔ دَجَنَ۔ دُجُونًا بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ الحَمَامُ وغیرُہٗ: کبوتروں وغیرہ کا مانوس ہونا صفت داجِن مؤنث داجِن و داجِنَة جمع دَوَاجِن کہا جاتا ہے: دَجَنوا فی لؤمِهم: وہ کمینگی کے عادی ہیں کہ اسے نہیں چھوڑتے۔

۳۔ داجَنَ مُدَاجَنَةً ہٗ: سے مداہنت کرنا، کو دھوکا دینا۔

○ دَجَنَ۔ دَجْنًا و دُجُونًا: (دن کا) دھندلا ہونا، سیاہی مائل ہونا، تاریک ہونا، گھٹا ٹوپ ہونا، تیز و تاریک ہونا۔ دُجُنًا: رہنا، ٹھہرنا، عادی ہونا، خوگر ہونا، پالتو ہو جانا، پالتو ہونا، مانوس ہونا، دَجَّنَ: سدھانا، مانوس کرنا، خوگر کرنا۔ ـــ ہ: جانور کو پالتو بنانا، مانوس کرنا، عادی کرنا۔ دَجَّنَہٗ لِخِدْمَةِ فلان: کو کے لئے کام کرنے والا بنانا، کو کی خدمت والا بنانا، داجَنَ ہ: کی چاپلوسی کرنا، کی خوشامد کرنا، کی خود پسندی کو تقویت دینا، کو پھلانا، جھانسا دینا، کو سبز باغ دکھانا، کی دلداری کرنا، کو پھلانا، کو دھوکا دینا، کے ساتھ میٹھی میٹھی باتوں سے مطلب براری کرنا، کو فریب دینا، ، بہکانا، ناز نخروں سے رجھانا، کو راضی کرنا، کو خوش خلقی سے جیتنے یا ترغیب دینے کی کوشش کرنا، اَدْجَنَ: (دن کا) تاریک ہونا، دُجْنَة و دُجُنَّة: تاریکی، اندھیرا، تیرگی، ظلمت، دھندلا پن۔ اَدْجَن: تاریک۔ داجِن: پالتو، گھر سے،

مانوس کیا ہوا، عادی بنایا ہوا (جانور) تاریک، اندھیرا، تیرہ، بےنور، حَیَوانَاتٌ داجِنَۃ گھریلو جانور۔ دَوَاجِن مرغیاں، پالتو مرغ، بطخیں وغیرہ۔

دحا دَحَا -دَحْوًا و دُجُوًّا اللیلُ: رات کا تاریک ہونا صفت: دَاجٍ مؤنث داجِیَۃ۔ جیسے لیلۃ دَاجِیَۃ: تاریک رات۔ دَاجَی مُدَاجَاۃً ہُ: سے ظاہرداری برتنا اور اس سے دشمنی چھپانا، کو میانہ روی سے روکنا۔ اَدْحَی اِدْحَاءً و تَدَحَّی تَدَجِّیًا و اِدْجَوْجَی اِدْجِیجَاءً اللیلُ رات کا تاریک ہونا۔ — البیتَ: گھر پر پردہ لٹکانا۔ لیلٌ دَجِیّ: تاریک رات۔ الدُّجْیَۃ جمع دُجًی تاریکی یا بادل کے ساتھ تاریکی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ المَدَیَاجی اندھیرے، تاریکیاں۔

۲۔ دَجَا -دَحْوًا و دُجُوًّا الثوبُ کپڑے کا کشادہ ہونا۔ الدُّجَہ جمع دُجَات و دُجی قمیص کا بٹن۔ الداجی من العیش آسودگی۔ نعمۃٌ داجیۃ: بھرپور نعمت۔

○ دَحَا - تاریک ہونا۔ تیرہ ہونا، بےنور ہونا، دھندلا ہونا، سیاہی مائل ہونا۔ — ہ: کو ماند کر دینا، ڈھکنا، کو پردے میں چھپانا، پر پردہ ڈالنا، کو چھپالینا، (معاملہ) کو دبا دینا، پر پھیل جانا۔ داجاہ نے منافقت کرنا، اپنے آپ کو کسی کا دوست ظاہر کرنا، کو خوش آمد سے دام میں لانا، کی خوش آمد کرنا۔ دُجیً تاریکی، دھندلا پن، دھندلکا، اندھیرا اجالا۔ دیاجی اللیل: رات کی تاریکی، رات کے اندھیرے۔ مُداجاۃ: منافقت، خوشامد، چاپلوسی، تملق، داجٍ: تاریک

دحّ ا۔ دَحَّ -دَحًّا الشیءَ فی الارض: کو زمین میں چھپانا، دبانا، الرجُلَ کو گدی پکڑ کر دھکیلنا۔ البیتَ فی الثری: گھر کو کشادہ کرنا۔ الطعامُ بطنَہٗ کھانے کا پیٹ کو نیچے تک بھر دینا۔ اِنْدَحَّ اِنْدِحَاحًا بطنُہٗ: پیٹ کا فراخ ہونا۔

۲۔ الدَّحْدَح و الدَّحْدَحۃ و الدَّحداح و الدَّحْدَاحۃ والدُّحادِح والدُّحَیْدِحَۃ پست قد، کوتاقد۔

○ تَدَحْدَحَ: جھوٹے جھاتے چلنا۔ دَحْدَح و دَحْدَاح: ناٹا اور موٹا، پست، چھوٹا اور موٹا، گٹھیلا۔

دحر ا۔ -دَحَرَ -دَحْرًا و دُحُورًا و مَدْحَرَۃً ہُ: کو ہکالنا، دھتکارنا، دور کرنا، ہٹانا: صفت: داحِر و دَحُور۔ صفت مفعولی: مَدْحُور۔

۲۔ دَحْرَجَ ہ کو لڑھکانا، تَدَحْرَجَ لڑھکنا، الدُّحْرُوجَۃ جمع دَحَارِیج گبریلے کی بنائی ہوئی گولی۔ الدَّحَیْرِیجَۃ: گندم کا چھوٹا دانہ۔ (عام زبان میں)۔

○ دَحَرَ - دَحْرًا و دُحُورًا ہ: کو ہانکنا، ہانک کر لیجانا، لے جانا، کو دور کرنا، ہٹانا، نکال دینا، — ہ: (فوج) کو شکست دینا، اِنْدَحَر ہانکا جانا، ہانک کر لیجایا جانا، لے جایا جانا، شکست فاش دیا جانا، کی صفوں میں بھگدڑ ہونا، دھکیلا جانا، دور کیا جانا، پشت کے بل گرنا، (فوج کا) شکست کھانا، ناکام ہونا، تباہ ہونا، شکار ہونا، ٹوٹ جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا، گریز ہونا۔ اِنْدحار: جلاوطنی، اخراج، دیس نکالا، استرداد، (جمع اندحارات) شکست (فوجی)، تباہی، بربادی، سقوط، زوال، ہار، کمر ٹوٹ جانا، ناکامی، آفت، آشوب، اندحار الکون: دنیا کا خاتمہ، مَدْحُور شکست خوردہ، دھکیلا ہوا، دور کیا ہوا، دھتکارا ہوا، برادری سے نکالا ہوا، جلاوطن کیا ہوا۔

○ دَحْرَجَ ہ: کو لڑھکانا، تَدَحْرَجَ لڑھکنا۔

دحزّ: -الدَّحز بہت سخت۔

دحس ا۔ -دَحَسَ -دَحْسًا بین القوم لوگوں میں فساد برپا کرنا۔ — بالشرّ ایسے طریقے سے برائی کرنا کہ دوسرا نہ جانتا ہو۔ الدَّحَّاس و الدَّحَّاس جمع دَحَّاسَات و دَحَاحِیس (ح): زمین کے اندر رہنے والا زرد کیڑا۔

۲۔ دَحَسَ -دَحْسًا الشیءَ چیز کو بھرنا۔ و اَدْحَسَ السنبلُ بالی میں دانہ پڑنا۔ الدِّحَاس من البیوت اہل خانہ سے بھرا ہوا گھر۔ الدِّیْحَس بہت، کثیر (ہر چیز کا)۔

۳۔ دَحَسَ -دَحْسًا برجلہ پاؤں سے کریدنا۔

۴۔ دَحَسَ -دَحْسًا الجزّارُ قصائی کا کھال اتارنے کے لئے ہاتھ کھال میں گھسانا۔ الثوبَ فی الوعاء: کپڑے کو برتن میں داخل کرنا۔

۵۔ دَحِسَ -دَحَسَات اصبعُہٗ: کی انگلی کا متورم ہونا، سوجنا۔ صفت: مَدْحُوس۔ مَدْحُوسَۃ: متورم انگلی۔ لدَاحِس والدَّاحُوس: انگلی کے سرے پر ورم، سوجن۔

○ دَاحِس جمع دَوَاحِس انگلی کی سوجن۔

○ دَحَشَ -دَحْشًا داخل کرنا، ڈالنا، ٹھونسنا، گھسانا، بھونکنا، دھکیلنا، ٹھیلنا، ناجائز مسلط کرنا، خفیہ طور پر یا ناجائز طور پر درآمد کرنا، اِنْدَحَشَ: ملانا، خلط ملط کرنا، مخل ہونا، مداخلت کرنا، خواہ مخواہ، دخل دینا۔

دحص: دَحَصَ -دَحْصًا المذبوحُ برجلہ ذبح کئے جانے والے جانور کا پاؤں پٹکنا۔ — الرجلُ جلدی کرنا۔

دحض ا۔ دَحَضَ -دَحْضًا و دُحُوضًا الحُجَّۃ دلیل کو باطل کرنا۔ -تِ الحجّۃُ دلیل کا باطل ہونا۔ — ت الشمسُ: سورج کا مغرب کی طرف ڈھل جانا۔ اَدْحَضَ الحُجَّۃَ دلیل کو باطل کرنا۔ اِنْدَحَضَ البرھانُ: دلیل کا باطل ہونا، غلط ثابت ہونا۔

۲۔ دَحَضَ -دَحْضًا: مذبوح کی طرح پاؤں پٹکنا۔ عن الامر: کی تفتیش کرنا۔

۳۔ دَحَضَ -دَحْضَات رجلُہٗ: کا پاؤں پھسلنا۔ المطرُ التلاعَ بارش کا زمین کو پھسلنی بنانا، پھسلنے والی بنانا۔ اَدْحَضَ الرجلَ پاؤں پھسلانا۔ الدَّحْض والدَّحَض جمع دِحاض من الامکنۃ: پھسلنی جگہ۔ المَدْحَضَۃ پھسلانے والی جگہ۔

○ دَحَضَ -دَحْضًا و دحُوضًا: (دلیل وغیرہ کا) ضابطہ کے مطابق نہ ہونا باطل ہونا، بودا ہونا، کمزور ہونا، غیر مستحکم ہونا۔ —ہ (دلیل کو) غلط ثابت کرنا، کی تردید کرنا، کو کالعدم قرار دینا۔ دَحَّضَ و اَدْحَضَ ہ: دلیل کو غلط ثابت کرنا، دلیل کی تردید کرنا، دلیل کو کالعدم قرار دینا۔ دَحْض تغلیط، بطلان، تردید۔ دُحُوض: کالعدم ہونا، غیر معتبر ہونا، کمزوری، قابل تردید و تغلیط ہونا (دلیل یا دعویٰ کا)۔ دَعْوَی مِدحاض: ایک قانوناً بے ضابطہ اور بے جواز دعویٰ۔

دحق ا۔ -دَحَقَ -دَحْقًا و اَدْحَقَ ہُ: کو دور کرنا، دھتکارنا، ہکالنا۔ اِنْدَحَقَ: اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔ الدِّحَیق: دور، دور کیا ہوا۔ دَحِیقُ القوم: قوم کا دھتکارا ہوا۔ مُنْدَحِقُ البطن: بڑے پیٹ والا۔ چوڑے پیٹ والا۔

۲۔ الداحِق احمق، غضبناک

دحل ا۔ دَحَلَ - دَحْلًا بھاگ کر چھپ جانا، دور ہونا، دَحِلَ — دَحَلًا ڈھیلے پیٹ والا ہونا، صفت: دَحِلٌ۔ الدَّحِل پست قد فربہ ڈھیلے پیٹ والا۔

۲۔ دَحَلَ -دَحْلًا البئرَ: کنویں کو ایک جانب میں کھودنا۔ وادَّحَلَ فی الدَّحل: کھوہ میں داخل ہونا، گھسنا۔ الدُّحْل والدَّحْل جمع دِحال و ادْحال و اَدْحُل و دُحُول و دُحْلان: اوپر سے تنگ نیچے سے کشادہ کھوہ۔ الدَّحْلَۃ: کنواں۔ البئرُ الدَّحُول و الدَّحْلاء اوپر سے تنگ اطراف سے پھیلا ہوا کنواں۔

۳۔ داحَل مُداحَلۃ کو دھوکا دینا۔ الدَّحِل دھوکے باز۔ الدِّحال: امتاع۔ الداحُول جمع دَوَاحیل: ہرنوں کے شکار کے لئے نصب کی ہوئی لکڑی۔ — والدَّحَّال: لکڑی نصب کر کے شکار کرنے والا شکاری۔

دحم ا۔ دَحَمَ -دَحْمًا کو زور سے دھکیلنا، ہٹانا۔

۲۔ دَحْمَسَ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ الدَّحْمَس

والدُّخْمُس جمع دَخَامِس: ہر سیاہ شئے۔ سخت سیاہ کہا جاتا ہے لیل دُخْمُسٌ: بہت تاریک رات۔ الدُّخَامِس: بہت گندم گوں، موٹا، بہادر۔

۳-دَحْمَلَ به: کو زمین پر لڑھکانا۔

دحا ا-دَحَا ـُ دَحْوًا البطنُ: پیٹ کا بڑا ہو کر نیچے کی طرف لٹک جانا۔ اللّٰہُ الارضَ: اللہ تعالیٰ کا زمین پھیلانا۔ اِدْحَوَى اِدْحِوَاءً: پھیلنا۔

۲-دَحَا ـ دَحْوًا الحجرَ بیده: ہاتھ سے پتھر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے: دحا المطرُ الحَصَى عن وجه الارض: بارش زمین پر سے پتھر بہا لے گئی۔

دَحَا ـ دَحْوًا: پھیل جانا، چوڑا ہونا، ہموار ہونا، لپٹی ہوئی چیز کا کھلنا۔ مِدْحَى جمع مَدَاحٍ: رولر، بیلن، سٹیم رولر، سڑک کوٹنے کا انجن۔

دحی دحی - دَحْيًا الشیءَ: کو پھیلانا۔ دَحَّى تَدْحِيًا الشیءَ: پھیلنا۔ اِنْدَحَى البطنُ: پیٹ کا کشادہ ہونا۔

الدَّحْيَة (ح): بندریا۔ الدِّحْيَة جمع دِحَاء: فوج کا سردار۔ الأُدْحِي و الإِدْحِيّ و الأُدْحُوَّة و الأُدْحِيَّة: شترمرغ کے ریت میں دبے ہوئے انڈے۔

دخّ: ا-الدَّخّ و الدُّخّ: دھواں۔

۲-دَخْدَخَ الرجلُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا۔ عنه الشیءَ: سے کسی چیز کو روکنا۔ تَدَخْدَخَ الرجلُ: دلگیر ہونا۔

دخر: دَخَرَ و دَخِرَ - دَخْرًا و دُخُورًا: ذلیل ہونا، حقیر ہونا۔ اَدْخَرَهُ: کو ذلیل کرنا۔

دخس: ا-دَخَسَ - دَخْسًا الشیءَ فی الرماد: چیز کو راکھ میں دبانا۔ فیه: میں داخل ہونا۔ الدُّخَسَ: موٹا، گٹھیلے بدن کا آدمی۔ دِرْعٌ دِخَاسٌ: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔ الدَّخِيس: گھنی گھاس۔ کہا جاتا ہے: هو دَخِيسُ اللحمِ: وہ پر گوشت ہے۔ كَلَاءٌ دِيْخَس: بہت گنجان اور گھنی گھاس۔

۲-دَخِسَ - دَخَسًا الحافِرُ: کھر کا سوجنا۔ صفت: دَخِس۔ الدَّخَس: جانور کے کھر کی سوجن۔

۳-الدَّخَس (ح) جوان ریچھ۔ الدُّخَس (ح) ڈالفن (Dolphin)، ایک سمندری جانور۔ عددٌ دِخَاسٌ: بہت تعداد، کثیر تعداد۔ الدَّخِيس: کثیر تعداد۔ الدَّوَاخِس والدُّخَّس: دیگدان کے پائے۔

دخل: ا-دَخَلَ ـُ دُخُولًا و مَدْخَلًا الدارَ: گھر میں داخل ہونا۔ به: کو داخل کرنا۔ علیه: کی زیارت کرنا، سے ملاقات کرنا۔ دَخَّلَ هُ: کو داخل کرنا۔ دَاخَلَ مُدَاخَلَةً هُ العُجْبُ: میں خود پسندی پیدا ہو جانا۔ فی امور: کے معاملات میں دخل اندازی کرنا۔ اَدْخَلَ اِدْخَالًا و مُدْخَلًا هُ: کو داخل کرنا۔ تَدَخَّلَ: داخل ہونا۔ فی الامور: معاملات میں خواہ مخواہ دخل دینا، مداخلت کرنا، مخل ہونا۔ الشیءُ: کسی شئے کا تھوڑا تھوڑا داخل ہونا۔ تَدَاخَلَ الشیءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ هُ: میں داخل ہونا۔ الامورُ: امور کا ملتبس و مشتبہ ہونا۔ اِدَّخَلَ و اِنْدَخَلَ: داخل ہونا۔

الدَّخْل: آمدنی، بیماری۔ الدَّخَل: کسی قوم کی طرف غلط نسبت کرنے والے۔ الدِّخْلَة: مختلف رنگوں کے امتزاج سے ایک رنگ تیار کرنا۔ الدُّخَّل جمع دَخَاخِيل: درخت کی جڑ میں اگنے والی گھاس، لمبے چوڑے جسم گھٹے بدن والا۔ (ح): ایک چھوٹا پرندہ جو درختوں اور کھجور کے بالائی حصوں کے مابین گھس جاتا ہے۔ الدَّاخِل (فا): اندر آنے والا۔ دَاخِلَةٌ جمع دَوَاخِل الإزارُ: ازار کا بدن کو چھونے والا حصہ، اندرونی حصہ اس کی ضد خارجتُهُ ہے، یعنی بیرونی حصہ۔ الدِّخَال: ہڈی کے جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔ گھوڑے کی ایال۔ الدَّخِيل جمع دُخَلَاء: اپنے آپ کو غیر قوم کی طرف منسوب کرنے والا۔ ہر عجمی کلمہ جو عربی زبان میں داخل کر لیا گیا ہو۔ کہا جاتا ہے: هو دَخِيلُ فلان: وہ شخص فلاں کے تمام معاملات میں دخل انداز ہے، مداخلت کرتا ہے۔ المَدْخَل: داخل ہونا، داخل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے: هُوَ حَسَنُ المَدْخَلِ: وہ امور کو حسن انتظام سے چلاتا ہے۔ دَخَّال الأُذُن: کئی ٹانگوں یا چھوٹی ٹانگوں والا سیاہ رنگ کا جانور جو آرام کے دوران کمانی دار شکل سے کنڈلی مار کر بیٹھتا ہے اور خاص طور پر ہر درخت کی چھال کی بیمار حصوں میں رہتا ہے۔ التَّدَاخُل (ف) بیک وقت اور ایک ہی جگہ دو اہتزازی حرکتوں کا وقوع۔ رَجلٌ مُتَدَاخِل: موٹا گھٹے بدن کا آدمی۔

۲-دُخِلَ امرُ فلانٍ: کسی کے معاملہ کا اندرونی خرابی رکھنا۔ فی عقله او جسده و دَخِلَ - دَخَلًا: کی عقل یا جسم میں خرابی کا داخل ہونا۔ صفت: مدخول علیه، تَدَاخَلَ هُ: میں داخل ہو کر ایک جی ہونا۔ الدَّخْل: عیب، شک، شبہ۔ دَخْلُ الرجل: نیت، راز۔ الدَّخَل: عقل یا جسم میں فساد و خرابی، حسب و نسب کا عیب، دھوکا۔ دَخْلَتُهُ و دِخْلَتُهُ و دُخْلَتُهُ: کی نیت، کا راز، کہا جاتا ہے: هو عفيف الدخلة: وہ نیت کا پاک ہے۔ الدِّخْلَة: راز۔ اسی سے ہے: عَرَّشْتُهُ دِخْلَةَ امری: میں نے اپنے کام کا راز اس کے سامنے کھول کر رکھ دیا۔ دُخَّلُ و دِخَّيْلَى و دُخَيْلَاءُ الرجل: نیت، راز۔ داخلة الانسان جمع دواخل: نیت، مذہب، راز۔ الارضِ: زمین کا پست حصہ۔ دَخِيلُ الرجل: نیت، راز، مذہب، کہا جاتا ہے: ذاءٌ دخيل: بدن کے رگ و ریشہ میں سرایت کر جانے والی بیماری۔ دَخِيلَةُ الشیءِ: چیز کا اندرونی حصہ۔ المرءِ: انسان کی نیت، انسان کا ضمیر (اندرونی خیال)۔ المُدْخَل (مفع): کمینہ، رذیل، غیر قوم میں داخل ہونے والا۔ المَدْخُول: وہ جس کی عقل میں فساد و خرابی ہو، عیب دار، دبلا پتلا۔ نَخْلَةٌ مدخولة: اندر سے بدبودار کھجور کا درخت۔

۳-الدُّخْلُل و الدِّخْلَل: بھیدی، راز دار۔ دُخْلُلُ الرجلِ: اس کی نیت، راز، اس کے امور میں دخیل۔ الدِّخِلُّ: گوشت میں داخل ہونے والی چربی۔

دَخَلَ - دُخُولًا هُ: میں داخل ہونا (کبھی صلہ فی اور الی کے ساتھ)، کے اندر جانا، کے اندر قدم رکھنا، چل کر جانا، میں رہنے لگنا، میں پیدا ہونا، منتخب ہونا۔ میں سرایت کرنا، گھس جانا، کو چیرنا۔ ہ: پر قابض ہونا، پر (شک) پڑنا، کو اچانک متاثر کرنا۔ (شک وغیرہ کا) پر گہرا اثر کرنا۔ خدمةً: کوئی کام شروع کرنا۔ علی: کے کمرہ یا گھر میں داخل ہونا۔ سے ملنے جانا، کی ملاقات کو جانا۔ علی/ب: (عورت) کے ساتھ ہمبستر ہونا۔ سے مباشرت کرنا، صحبت کرنا۔ علی: (خوشی کا) کسی کو متاثر کرنا، پر اثر انداز ہونا۔ علی: میں اضافہ ہونا (گرامر)، پر ایک نئے عنصر، پہلو، عنصر وغیرہ کی حیثیت سے داخل ہونا، حائل ہونا، میں نیا نیا لا کر رکھا جانا، کو حاصل کرنا۔ ہ/ فی: مذہبی، فرقہ وغیرہ میں شامل ہونا۔ ہ: میں حصہ لینا، شرکت کرنا۔ ـ: (وقت، واقعہ کا) شروع ہونا۔ فی: میں شامل ہونا۔ فی ضمنَ یا تحتَ: کے ضمرہ میں آنا، شامل ہونا، داخل ہونا، سے متعلق ہونا، کے اندر اندر ہونا۔

دُخِلَ: بیمار ہونا، غیر معمولی ہونا۔ دَخَلَ علی الامرِ تعدیلٌ: معاملہ میں ترمیم ہوئی ہے۔ معاملہ ترمیم کے عمل سے گزرا ہے۔ دخل الخدمة: عہدہ، نوکری کرنے لگنا، کوئی کام شروع کرنا، کام کیلئے حاضر ہونا۔ دخل المدرسةَ: سکول میں داخل ہونا، داخلہ لینا۔ دخل الميناءَ: بندرگاہ میں داخل ہونا، سمندری جہاز کا کسی بندرگاہ پر رکنا۔ دخل فی الموضوع: اصل بات پر آنا۔ دُخِلَ فی عقلهِ (فی جسمه): کسی دماغی یا جسمانی گڑبڑ میں مبتلا ہونا۔ دَخَّلَ ہ/ ھ: کو داخل کرنا، کو داخل ہونے دینا۔ ہ فی/ ھ: کو میں داخل کرنا، ڈالنا، شامل کرنا۔ داخَلَ ہ: (شک، شبہ، مایوسی کا) کسی پر نازل ہونا، یا کو قبضہ میں کر لینا۔

اَدْخَلَ ہ: کو داخل کرنا، داخل ہونے دینا، اندر لے جانا، کو آنے دینا۔ ـــ ہ فی/علی: کو میں لیجانا، کو میں کھینچا، گھسیٹنا، کھچنے ہوئے لیجانا۔ ہ ہ/فی کو میں شامل کرنا۔ ہ علی: کو میں وجود میں لانا، یا پیش کرنا، میں نئی چیز، اصلاح وغیرہ، رائج کرنا۔ اَدْخَلَهُ المدرسة: کو سکول بھیجنا۔ اَدْخَلَ تغیراً علی: میں تبدیلی کرنا۔ اُدْخِلَتْ علیه تعدیلاتٌ: معاملہ میں تبدیلیاں کی گئیں۔ تَدَخَّلَ فی: میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ میں مخل ہونا، مداخلت کرنا، کے بیچ میں آنا، حائل ہونا، پر چھاجانا، پر مسلط ہوجانا، میں خلل ڈالنا، کو درہم برہم کرنا، تَدَاخَلَ فی / فی شؤونه: میں، کے معاملات میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ فی الحدیث: گفتگو میں اندھا دھند کود پڑنا۔ فی میں مخل ہونا، مداخلت کرنا، کے بیچ میں پڑنا، کے آڑے آنا، ایک دوسرے میں پھنسنا، ایک دوسرے میں اٹکنا، جال میں پھنسنا۔ تَدَاخَلَ بعضُهُ فی بعضٍ (ببعض) ایک دوسرے میں خلط ملط ہونا، گھل مل جانا، ایک ہوجانا، تداخل ہ: (شک، غم وغیرہ کا) کسی پر نازل ہونا کو متاثر کرنا، کا کسی کو خیال آنا، یا سوچنا، یا کسی کو گرفت میں لینا۔

○ دخل آمدنی، ٹیکسوں وغیرہ سے کسی حکومت کی آمدنی، جیسے مالیہ، منافع، وصولی، کل آمدنی، مجموعی یافت، مداخلت، شک، بےاعتمادی۔ ضریبةُ الدخل: انکم ٹیکس لیس له ای دخل فیه یا لا دخلَ له فی/ب: اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں، اسے چاہئے کہ وہ اس معاملہ میں خواہ مخواہ دخل نہ دے، اس سے تمہارا کوئی واسطہ نہیں۔ دَخَل: گڑبڑ، خرابی، خلل، پاگل پن، دیوانگی، پراگندگی، فساد، بے ضابطگی، بیماری، مرض، علالت، عدم توازن یا دماغی نقص، عیب، کمزوری، دِخْلَةَ: داخلی یا باطنی طبیعت، لازمی جزو، داخلی ذات دل، روح، ضمیر (کسی شخص کی) خفیہ ارادہ۔ راجَعَ دِخْلَتَهُ: اپنے ضمیر کو ٹٹولنا، اپنے آپ سے راز و نیاز میں ہونا۔ لیلةُ الدُخْلَة: شب عروسی دُخَّلَة: ایک گانے والے پرندہ کی قسم۔ دَخِیل: اندرونی، داخلی، باطنی، اندر کی طرف، دل، داخلی ذات، گودا، مغز، جمع دُخَلاء، اجنبی، پردیسی، غیر متعلق، غیر ملکی، بیرونی، دخیل (کلمات) غیر حقیقی جھوٹا، دروغ گو، جعلی، ـــ علی: میں نیا نیا شامل ہونے والا۔ ـــ: نوآموز، اناڑی، نومذہب، مہمان، متوسل، زیر نگرانی یا زیر حمایت شخص، زیر نگرانی شخص، زیر ولایت، کلمةٌ دخیلةٌ اور لفظٌ دخیلٌ غیر ملکی لفظ یا الفاظ۔ دَخِیلَك: مہربانی ہوگی، ازراہ نوازش، ازراہ کرم، دَخِیلَة جمع دَخَائِل: داخلی ذات، قلبی ہستی، باطنی طبیعت، جوہر، روح، دل، فی دخیلة نفسه: اپنے دل میں، دلی طور پر، روحانی طور پر، دخائلُ نفوسنا: ہمارا بالکل اندرونی وجود۔ دخائلُ الأمور: چیزوں کی اصل اور بنیادی طبیعت۔ چیزوں کے اصل عناصر۔ دخائل شؤونه: کے نجی یا داخلی معاملات۔ دُخُول: داخل ہونا، دخول، داخلہ داخل ہونا آنا، شروع، آغاز، گھسنا، مداخلت بیجا، دخل اندازی، زبردستی داخل ہونا، حملہ، یورش، چڑھائی، دھاوا، تصرف، دست درازی، قبضہ، شادی کی پہلی مباشرت، مجامعت یا صحبت۔ دخول الحرب: جنگ میں داخلہ۔ دُخُولِیة: محصول چونگی۔ مَدْخَل جمع مَدَاخِل: راستہ، گزرگاہ، دروازہ، ڈیوڑھی، پیش دالان، برآمدہ، داخلہ ہال (بندرگاہ، نہر کا) دہانہ مثبت قطب (Anode) آگہی کے کسی شعبہ کا تعارف، رویہ، طرز عمل، طور طریقہ، مدخلٌ للسیارات: گاڑیوں کے استعمال کیلئے کسی مکان اور سڑک کے درمیان نجی سڑک (Drive-Way)۔ مدخلٌ لدراسة القانون: مطالعہ قانون کا تعارف۔ حُسْنُ المدخل: اچھا طرز عمل، عمدہ تہذیب، شائستگی۔ مُدَاخَلَة: مداخلت۔ فی: میں شرکت، دلچسپی، اِدْخَال: اندر لیجانا، داخل کرنا، الجھانا، شامل کرنا، پھنسانا، پوشیدہ معنی، منشا، الجھاؤ، پیچ، لپیٹ، اندراج، شمولیت، الحاقی عبارت، تحریف، اضافہ، الحاق، تکمیل، ادخال: داخلہ، شرکت، رواج دہی، اجراء، آغاز، تعارف (جیسے دستور کا اجراء)۔ علی: کسی آلہ وغیرہ کی اصلاح۔ تَدَخُّل: داخلہ، حملہ۔ فی: میں مداخلت، دست اندازی، کے درمیان میں آنا، خلل اندازی، زبردستی داخل ہونا، مداخلت بیجا، زبردستی گھسنا، عدم التدخل: عدم مداخلت، تَدَاخُل: مداخلت، ایک دوسرے میں پھنسنا، اٹکنا، ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہونا، ایک دوسرے کے اوپر رکھنا، سرایت، نفوذ، داخِل فی: کے متعلق کے تحت آنے والا، میں شامل۔ داخلی: اندرونی باطنی، اندر کی طرف، (کسی چیز کا) اندرونی حصہ۔ داخِلَ: کے اندر، کے اندر اندر میں داخلاً: اندر کی طرف، اندر، من الداخل: اندر سے داخِلة جمع دَوَاخِل: اندر کا حصہ، پوشیدہ حصہ، بالکل اندرونی۔ الداخلة: (وسطی مصر میں) داخلہ نامی نخلستان۔ داخلی: داخلی اندرونی، اندر کی طرف، گھریلو، ملکی، وطنی، (غیر ملکی کے مقابل میں جسے عربی میں خارجی کہتے ہیں) دیسی، وطنی، اصلی، قدرتی، غیر مصنوعی، نجی، گھر کے متعلق، گھر کا داخِلیاً: اندر سے۔ تلامیذ داخلیة: اقامتی طلبہ (تلامیذ خارجیة دن کے یا غیر اقامتی طلبہ) حرب داخلیة: خانہ جنگی، مدرسة داخلیة: اقامتی مدرسہ یا سکول ملابس داخلیة: زیرجامہ۔ ملاحة داخلیة: اندرونی جہازرانی (ملک کے اندر جہازرانی) داخلیة: اندرون ملک۔ داخلیة البلاد: ملک کا اندرون، اندرونی علاقہ۔ وزارةُ الدخلیة: وزارت داخلہ۔ وزیر الداخلیة: وزیر داخلہ۔ مَدْخُول: بیمار، خلاف معمول، دماغی (طور پر) کمزور، کمزور کردار والا، غیر مستقل مزاج، بے ہمت، (جمع مَدَاخِیل: مالیہ، آمدنی) حکومت کی ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی آمد، کل آمدنی، مجموعی یافت۔

دخم: ا۔ دَخَمَ۔ دَخْمًا ہُ: کو گھبرا کر ہٹانا۔

۲۔ دَخْمَسَ دَخْمَسَةً ہُ: کو دھوکا دینا۔

○ دَخْمَسَ دَخْمَسَةً علی: (اپنے حقیقی ارادوں کے بارے میں) کو بیوقوف بنانا کو جل دے جانا، کو دھوکا دینا، سے اپنے ارادے چھپانا۔ ـــ: عیار ہونا، مکار ہونا، فریبی ہونا، چالاک ہونا۔ دَخْمَسَة: بیوقوف بنانا، دھوکا، فریب، دغا، عیاری، چالاکی، مکاری۔

دخن: ا۔ دَخَنَ۔ دَخْنًا و دُخُونًا و اَدْخَنَ و اِدَّخَنَت النارُ: آگ سے دھواں اٹھنا۔ دَخِنَ۔ دَخَنًا الطعامُ و اللحمُ وغیرهما: کھانے، گوشت وغیرہ میں دھواں لگ کر دھوئیں کی بو دینے لگنا صفت دَخِن۔ ـــت النارُ: آگ کا دھواں اٹھانا۔ ـــ و دَخُنَ۔ دُخْنَةً: دھوئیں کے رنگ کا ہو جانا۔ صفت: اَدْخَن مؤنث دَخْنَاء۔ دَخَّنَ: تمباکو نوشی کرنا۔ یہ بھی کہتے ہیں: دَخَّنَ لفافةً او نارجیلةً: اس نے سگریٹ پی یا حقہ پیا۔ ـ الشیءَ: کو دھونی دینا۔ تَدَخَّنَ: دھوئیں کی بو دینا۔ ـ النارُ: آگ سے دھواں اٹھنا۔ الدَخَن (مص): دھواں۔ الدُخْنَة: دھواں رنگ، خوشبودار دھواں، عود، لوبان۔ الدُخَان و الدُخَّان جمع اَدْخِنَة و دَوَاخِن و دَوَاخِین: دھواں، (مولدین کی اصطلاح میں) تمباکو۔ المَدْخَن: دھوئیں کی جگہ۔ المدخَنَة: دھواں نکلنے کی چمنی۔ عام لوگ اسے داخون کہتے ہیں اس کی جمع دواخین ہے۔ المِدْخَنَة جمع مَدَاخِن: انگیٹھی۔ الداخِنَة جمع دَوَاخِن: دھواں نکلنے کا روشندان، چمنی۔ الدَخْنَان مؤنث دَخْنَانَة: دھوئیں سے ڈھاکی ہوئی چیز۔

۲۔ دَخِنَ۔ دَخَنًا خُلُقُهُ: بدعادت ہونا، بدخلق ہونا۔ الدَخَن (مص): فساد، خرابی (کہا جاتا ہے۔ لستُ

اصالحه علی دَخَنٍ: میں اس کے مکروفساد کی حالت میں اس سے مصالحت نہیں کروں گا۔) کینہ، عقل، دین اور حسب میں تغیر۔

۳۔ اِدَّخَنَ الزرع: کھیتی کے دانوں کا سخت ہوجانا۔

۴۔ الدُخْن واحد دُخْنَة: (ن) باجرا، کنگنی۔ ابُو دُخْنَة (ح): ایک قسم کا پرندہ چنڈول جیسے رنگ کا۔

○ دَخِنَ ۔ دَخَناً: دھوئیں جیسا ہونا، دھوئیں کی بو یا ذائقہ دینا۔ ۔دَخَنَ ۔ دَخْناً: دھواں چھوڑنا، ۔ے (آگ سے) دھواں نکلنا۔ دَخَّنَ ہ: کو دھونی دینا، سے دھواں اٹھنا، کو دھوئیں سے سکھانا، درست کرنا، ۔ ہ: سگریٹ پینا، تمباکو پینا، حقہ پینا، ۔ اِدَّخَنَ: آگ سے دھواں نکلنا۔ آگ کا دھواں چھوڑنا۔ تَدَخَّنَ: دھواں اٹھنا، پھیلنا، دھوئیں سے ٹھیک ہونا، خوشبو دار ہونا، معطر ہونا، دھونی دیا جانا، دُخن باجرہ، کنگنی، جوار (مفَشَّر) دخن دھوان، دھونی، بخارات، دُخَان (دُخَان) جمع اَدْخِنَة: دھواں، دھونی، بخارات، تمباکو۔ دُخْنَة: دھواں رنگ، ایک قسم کی لوبان خوشبودار دھواں، عود۔ دَخِینَة: سگریٹ۔ دَخَاخِنِي: تمباکو فروش۔ مَدْخَنَة جمع مَدَاخِن: چمنی، (دخانی جہاز، ریلوے انجن یا فیکٹری سے دھواں یا بھاپ نکلنے کی) چمنی دود کش، تَدخِین: دھونی دینا، مچھلی کو محفوظ رکھنا، تمباکو نوشی۔ داخِنَة جمع دَوَاخِن: چمنی، (دخانی جہاز، ریلوے انجن یا فیکٹری کے دھوئیں اور بھاپ نکلنے کی) چمنی۔ مُدَخِّن: تمباکو پینے والا، تمباکو نوشی کا عادی، دھوئیں میں سکھانے والا۔

دخی: الدَّخَی: تاریکی۔ لیلةٌ دَخْیاء: تاریک رات۔

دد: الدَدَ: کھیل کود (اس کا لام کلمہ غد کی طرح یعنی محذوف ہے۔ کبھی اس واو کو الف سے بدل کر الدَدَا کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ ماانا فی دَدٍ ولا الدَدُمِنّی: میرا کھیل کود سے کوئی تعلق نہیں اور نہ یہ میرا کوئی شغل ہے)۔ وقت: کہا جاتا ہے: مضی دَدٌ من الدهر: زمانہ کا کچھ وقت گزر گیا۔

۲۔ د۔ د۔ ت (ك): ڈی ڈی ٹی۔ کیڑے مکوڑے مارنے کا ایک کیمیاوی مرکب۔

ددب: الدَیْدَب والدیدُبان (فارسی لفظ): چوکیدار، نگہبان، ہراول، رہبر۔

☆ دَیْدَبان و دَیْدُبان جمع دِیدبانات و دیادبة پہرہ دار، سنتری، دیدبان السراکب۔ جہازران۔

ددن: الدَدَن: لہو ولعب۔ الدَدَان: بے دولت، بے خیر، کند تلوار، شمشیر بران (ضد)۔ الدَیْدَن و الدَیْدان: عادت، معمول۔

درّ: ۱۔ دَرَّ ۔ِ دَرّاً الحلیبُ: دودھ زیادہ ہونا۔ ۔ت الدنیا علی اهلها: دنیا کے خیر کی اہل دنیا پر فراوانی ہونا۔ ۔ت الناقةُ بلبنها: اونٹنی کا بہت دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے۔ درّت حلوبتهُ: اس کی آسودگیاں بڑھ گئیں۔ دَرّاً و دُرُوراً العروقُ: رگوں کا خون سے بھر جانا۔ ۔ العَرَقُ: پسینہ بہنا، ۔ت السماءُ: بارش کا برس پڑنا۔ اَدَرَّت الناقةُ: اونٹنی کا دودھ زیادہ ہو کر بہنا۔ کہا جاتا ہے۔ اَدَرَّ اللّٰه لك اخلاف الرزق: اللہ تعالیٰ تم کو رزق کی فراوانی سے نوازے۔ اِسْتَدَرَّ اللبنُ: دودھ زیادہ ہونا۔ ۔ ہُ: کو بہنے دینا۔ الدَرّ (مص): دودھ، دودھ کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے۔ لِلّٰهِ دَرُّهُ: اس کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے۔ لادَرَّ دَرُّهُ: خدا کرے اس کی بھلائی زیادہ نہ ہو، اسی سے ضرب المثل ہے۔ لِکلِّ دَرٍّ حالبٌ: ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے۔ الدَارّ (فا) جمع دُرُور و دُرَّر و دُرّار: بہت دودھ والی اونٹنی۔ الدِرَّة جمع دِرَر: دودھ، دودھ کی زیادتی، دودھ کا بہاؤ، خون۔ الدَرُور: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ حربٌ دَرُورٌ: خونریز جنگ۔ التَدِرَّة: بہت دودھ۔ المِدْرار: بہت بہنے والا یا بہت دودھ والا۔ کہا جاتا ہے۔ عینٌ مِدْرارٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔ سماءٌ مِدْرارٌ: بہت برسنے والا بادل۔

۲۔ دَرَّ ۔ِ دَرّاً النباتُ: سبزہ پھوٹنا اور گنجان ہونا۔

۳۔ دَرَّ ۔ِ دَرّاً و دُرُوراً السراجُ: چراغ کا روشن ہونا۔ ۔ دَرّاً وجهُهُ: بیماری کے بعد چہرے پر رونق آجانا۔ رنگ کا بحال ہونا۔ الدُرّ واحد دُرَّة جمع دُرَر و دُرّات: بڑے موتی۔ الکوکبُ الدرّی بتثلیث الدال (فلك): چمکتا ہوا روشن ستارہ۔ دُرِّيُّ السیف: تلوار کی چمک دمک، آب وتاب۔ الدَرِیر: روشن چراغ۔

۴۔ دَرَّ ۔ دَرّاً و دُرُوراً السوقُ: گرم بازاری ہونا۔

۵۔ دَرَّ ۔ دَرِیراً الفرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ اَدَرَّ المغزل: تکلے کو زور سے گھمانا۔ ۔ الشیءَ: کو حرکت دینا۔ ۔ت الریحُ السحابَ: ہوا کا بادل لانا۔ استدرّت الریحُ السحابَ: ہوا کا بادل لیکر آنا۔ دَرَرُ الریح: ہوا کی سمت۔ فرسٌ دَرِّيٌ بتثلیث الدال: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔ الدَرِیر (مص): تیز رفتار جانور۔ الدَرّارة: تکلہ۔

۶۔ اَدَرَّ علیه الضربَ: کو پے در پے مارنا۔ الدِرَّة جمع دِرَر: کوڑا۔ کہا جاتا ہے۔ مَرَّ علی دِرَّتِه: اس کو کوئی چیز اپنے ارادے سے نہیں پھیر سکتی۔

۷۔ الدَرّ: روح، نفس۔ دَرَرُ الطریق: راستے کا بیچ۔ کہا جاتا ہے: هما علی دَرَرٍ واحدٍ: وہ دونوں ایک ہی راہ پر گامزن ہیں۔ الدُرَّة (ح) طوطا۔

○ دَرَّ ۔ِ دَرّاً: افراط سے بہنا، بہنا، پھوٹ کر نکلنا، ابلنا۔ ۔ علی: کے لئے بڑھنا (منافع، دولت کا) ۔: بافراط ہونا، بہت ہونا، فراواں ہونا۔ اَدَرَّ: بہانا۔ ۔ ہ علی: کوئی چیز کسی کو دل کھول کر دینا، کسی چیز کی کسی پر بھرمار کرنا، کسی چیز کی کسی پر بوچھاڑ کرنا ۔ کسی کو گھیرے میں لے لینا۔ ۔ ہ علی: نفع کسی کو دینا، اِسْتَدَرَّ: بہنا، کی بہتات ہونا۔ ہ: کے فراواں بہاؤ کا باعث ہونا یا اس کی کوشش کرنا، کو بہت نفع آور بنانا، کو حاصل کرنے کی کوشش کرنا، نفع حاصل کرنا چاہنا، روزی کی کوشش کرنا۔ دَرّ: دودھ، کامرانی، کارنمایاں، فضیلت۔ لِلّٰهِ دَرُّهُ: اس کی کامیابی اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ہے، وہ کتنا لائق، اچھا یا عمدہ ہے۔ دُرّ موتی (جمع) دُرَّة جمع دُرّات و دُرَر: موتی: طوطے کی ایک قسم۔ دُرِّی: جگمگاتا ہوا، درخشاں، منور، چمکدار، روشن، تاباں (ستارہ)۔ دِرَّة و دَرَّة جمع دِرَر: چوچی، سرپستان، تھن، پستان، مِدْرار: بہت بارش برسانے والا (آسمان، بادل)، زور سے بہنے والا، دھار بن کر بہنے والا، زور سے ہونے یا پڑنے والی (بارش)۔ پھوٹ نکلنے والا (پانی) دارّ: زور سے بہنے والا، بارآور، زرخیز، ثمرآور، نفع بخش، پرمنفعت، سودمند، نفع رساں، مُدِرّ: مُدِرٌّ للبول جمع مدارت البول: پیشاب آور دوا۔ مُدِرٌّ للعرق: پسینہ آور، عرق آور۔

درا: ۱۔ دَرَأَ ۔َ دَرْءاً و دَرْأَةً ہ: کو زور سے دھکیلنا، ہٹانا۔ ۔ السیلُ علیه: پر سیلاب کا امنڈ پڑنا۔ کہا جاتا ہے۔ دَرَأَ الرجلُ علینا: وہ شخص اچانک ہم پر ٹوٹ پڑا۔ دارَأَ مُدارأةً ہ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ تَدارَأَ تَدارَؤُا القومُ: جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔ اِنْدَرَأَ السیلُ: سیلاب کا یک بیک امنڈ پڑنا۔ ۔ الحریقُ: آگ کا پھیل جانا۔ فلانٌ علینا: کسی کا ہم پر اچانک نمودار ہونا۔ الدَرْء: پیچھے ہٹانا، روکنا، (اسی سے ضرب المثل ہے) دَرْءُ المفاسد اولی من جلب النِعَم: مفاسد کو دور کرنا نعمتیں حاصل کرنے سے بہتر ہے۔ کہا جاتا ہے۔ جاء السیلُ دَرْءاً: سیلاب کسی کا نامعلوم جگہ سے اچانک بہہ آیا) مخالفت۔ المِدْرَأ: ہٹانے کا ذریعہ۔ الدَرِیئة: نشانہ بازی سکھانے کا حلقہ۔ التُدْرَأ و التُدْرَأة: عزت وشوکت کا مالک اور دشمن کو دفع کرنے والا۔

۲۔ دَرَأَ ۔ دَرْءاً و دَرْأةً الشیءَ: کو پھیلانا، بچھانا۔

۳۔ دَرَأَ ۔ دُرُوءاً النارُ: آگ کا روشن ہونا۔ ۔ البدرُ:

پورے چاند کا چمکنا۔الدُرّیُ والدِرّیُّ: چمکدار ستارہ۔ الدَرَارِی (فلک): نامعلوم الاسم بڑے بڑے ستارے۔

۴۔دَارَأَ مُدارَاۃً ۃُ سے نرمی برتنا، نرمی کا سلوک کرنا، کو دھوکا دینا، سے دھوکا کرنا، تَدَرَّأَ تَدَرُّؤًا الصائِدُ: شکاری کا شکار سے چھپ کر اس کو دھوکا دینا۔اِدَّرَأَ الصیدَ وللصید شکار کے لئے گھات میں بیٹھنے کی جگہ تیار کرنا۔الدَرِیئۃ شکار کو دھوکا دینے کے لئے گھات کی جگہ۔

۵۔تدرّأ تدرُّؤا علیہ کی طرف جبر و تشدد کا ہاتھ دراز کرنا۔

۶۔الدَرْءُ نیزہ وغیرہ کی چھڑی کی کجی۔کہا جاتا ہے۔ قَوَّمْتُ دَرْءَ ہٗ میں نے اس کی کجی کو ٹھیک کر دیا۔

⊂ درَأَ۔ دَرْأً ہ کو مسترد کرنا، ہ عن: کو سے ہٹانا، دور کرنا۔ حطر أ عنہ خطرہ کو کسی سے دور کرنا۔اِدَّارَ فی میں مسابقت کی کوشش کرنا۔دَرْء پیچھے ہٹانا، دور کرنا، روکنا، مزاحمت، منع کرنا، پھیرنا، موڑنا، ہٹانا، دور کرنا۔دَرِیئۃ جمع درینات ہدف، نشانہ، چاند ماری کا نشان۔

⊂ درابزین: جنگلا، زینے کا جنگلہ، منڈیر، کٹہرا۔

درب ۱۔دَرِبَ۔دَرَبًا و دُرْبَۃً ہوشیار اور ماہر کاریگر ہونا۔ بالشیء کا عادی ہونا، دلدادہ ہونا، صفت: دَرِب و دارِب مؤنث دَرِبَۃ و دارِبَۃ، دَرَّبَ ہٗ بالشی و فیہ و علیہ: کو کسی چیز کا عادی بنانا۔ الجندیُّ: فوجی کا بھگدڑ مچنے کے بعد بھی جنگ میں ڈٹا رہنا۔(یہ دُرْبَۃ سے ماخوذ ہے)تدرّب بالشیء و فیہ و علیہ کا عادی ہونا۔الدَرْب جمع دُرُوب و دِراب: راستہ گلی کا کشادہ دروازہ، سب سے بڑا دروازہ۔ الدُرْبَۃ (مص) عادت۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔کہا جاتا ہے۔فی العَفْوِ دُرْبَۃ: عفو و درگزر بڑا دلیری کا کام ہے۔الدَرُوب و الدَرَبُوت من الجمال و النوق: سدھایا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ (الدُرْبَۃ سے ماخوذ ہے) الدُرَّابَۃ: جرأت، دلیری (لڑائی وغیرہ میں) المُدَرَّب (مفع): تجربہ کار، مصائب زمانہ جھیلے ہوئے۔من الابل: سدھایا ہوا اور گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔

۲۔اَدْرَبَ: بگل بجانا۔القومُ: دشمن کی سرزمین میں داخل ہونا۔

۳۔الدِرْبان و الدَرْبان جمع دَرابِنۃ: دربان (فارسی لفظ)

۴۔دَرْبَزَ البابَ: دروازہ بند کرنا اور اندر سے کنڈی لگا کر باہر سے کھولے جانے کا سد باب کرنا۔(عام لوگوں کی زبان میں)الدَرْبَزِین و الدَرابزین و الدَرابزُون جمع دَرابزُونات: ستونوں کا جنگلہ۔(یونانی لفظ)

۵۔الدِرباس (ح) شیر۔ (ح) کاٹنے والا کتا۔

۶۔دَرْبَصَ دَرْبَصَۃً: خوف سے خاموش ہو جانا۔

۷۔الدَّرْبَنْد: دکان کا قفل (فارسی لفظ)

○ دَرِبَ۔ دَرَبًا و دُرْبَۃً ب: کا عادی ہونا، میں تربیت یافتہ ہونا، ماہر ہونا۔دَرَّبَ ہ فی یا ب یا علی: کو کا عادی بنانا، کو کی عادت ڈالنا، کو کا خوگر کرنا، کو میں سدھانا۔ ہ فی /ب /علی: کو کی مشق کرانا، کو کی تربیت دینا، کو کی تعلیم دلانا یا دینا، میں کی اتالیقی کرنا، تَدَرَّبَ فی /علی: کا عادی ہونا، میں مشاق ہونا، ماہر ہونا، تربیت یافتہ ہونا، تعلیم یافتہ ہونا۔: کھلاڑی کا سدھایا ہوا ہونا۔دَرْب جمع دُرُوب: پہاڑ کا تنگ درہ، راستہ، سڑک، گلی، کوچہ۔درب التَبّانۃ: کہکشاں۔دُرْبَۃ: خوپذیری، میلان، رغبت، رجحان، عادت، واقفیت، تجربہ، مہارت، مشق، دَرِبَۃ: عدالت درخواست۔تدریب: عادی بنانا، خوگر بنانا، عمل، مشق، تعلیم دینا، تربیت، اتالیقی کرنا، سکھانا، سدھانا۔التدریب العسکری: فوجی تربیت۔مُدَرَّب جمع مُدَرَّبون: تجربہ کار، مشق کیا ہوا، ماہر، تربیت یافتہ، تعلیم یافتہ۔ مُدَرِّبون جمع مُدَرِّبون: انسٹرکٹر، تربیت دینے والا کوچ (کھیلوں میں)، سدھانے والا (جانوروں کو)۔

○ دَرْبَسَ ہ: دروازہ کی چٹخنی چڑھانا، دروازہ کو کنڈی لگانا، دِرْباس جمع دَرابِیس: چٹخنی، دروازے کی چٹخنی، دروازے کا کھٹکا۔

⊂ دَرْبُکّۃ و دِرْبَکّۃ جمع دربکات: دمدمہ، نقارہ، ڈھولک۔دَرْبَکۃ: شور و غل، کھلبلی، دھماکہ خیز کھڑکھڑاتی آواز۔

درج: ۱۔دَرَجَ۔دُرُوجًا و دَرَجَانًا الشیخُ او الصبیُّ، بوڑھے یا بچے کا چلنا۔دَرِجَ۔ دَرَجًا: اپنے راستہ پر چلنا۔اِسْتَدْرَجَ ہٗ: کو زمین پر چلانا۔الدَرَج جمع اَدْرَاج و دِرَاج: راستہ، کہا جاتا ہے۔خَلِّہ و دَرَجَ الضَبِّ: جس طرح وہ جاتا ہے جانے دو۔ (اسے اپنے حال پر چھوڑ دو) رجعتُ اَدْرَاجِی: میں جس راستہ سے آیا تھا، اسی سے لوٹا۔الدارِج (فا) کہا جاتا ہے صبیٌّ دارِجٌ: پاؤں پاؤں چلنے والا بچہ۔الدارِجۃ جمع دَوَارِج: جانور کی ٹانگ۔ الدَرَّاج: چکل خور (ح) سیٹی۔الدَرّاجۃ: سائیکل۔ عام لوگ اسے کَرّاجۃ کہتے ہیں۔البسکلت بھی کہا جاتا ہے۔محاصرہ کی مشین۔المَدْرَج جمع مَدَارِج: راستہ، مسلک،لامشی فی مدرج الحق: حق کے راستہ پر چلو) ہوائی اڈے میں طیارے کی سڑک۔(Run Way) مَدْرَجُ النملِ: چیونٹوں کے چلنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے ھو اخفی من مدرج النمل: وہ چیونٹوں کے راستہ سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے۔ــــ الاکمۃِ: ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوئے پہاڑی راستے۔المَدْرَجۃ جمع مَدَارِج: راستہ، راستے کا بڑا حصہ۔

دعا ا۔ دَعَا - دُعَاءً و دَعْوَى ہُ: کو پکارنا، کی طرف راغب ہونا، سے مدد چاہنا، — الميتَ: میت پر رونا۔ — ہُ الی الامر: کو کسی کام کی طرف چلانا۔ — بہ: کو حاضر ہونے کے لئے کہنا، — دَعْوَةً و مَدْعَاةً فلاناً: کو کھانے پر بلانا، — دُعَاءً لہ: کے حق میں دعائے خیر کرنا، — علیہ: کے حق میں بددعا کرنا، — الیہ: کی طرف بلانا۔ تَدَعَّى تَدَعِّيًا ت النائحة: نوحہ کرنے والی کا بلند آواز سے رونا۔ تَدَاعَى القومُ: ایک دوسرے کو بلانا۔ اِنْدَعَى اِنْدِعَاءً لدعوته: کی پکار کا جواب دینا، کی دعا قبول کرنا۔ اِدَّعَى الشيءَ: کی تمنا کرنا۔ اِسْتَدْعَى اِسْتِدْعَاءً ہُ: کو پکارنا، —— الشيءَ: چیز طلب کرنا، کو لازم سمجھنا، الدُعَاء: جمع اَدْعِيَة: دعا کا مصدر، دعا کرنا۔ الدَعْوَة: قسم، پکار، دعا کہا جاتا ہے۔ لهم الدعوةُ علی غیرهم: دعاء میں انہی سے ابتداء کی جاتی ہے۔ كُنّا فی دعوةِ فلان: ہم فلاں کی ضیافت اور مہمانی میں تھے۔ هو منی دَعْوَةَ الرجل: وہ مجھ سے قریب ہے (ظرفیت کی بنا پر نصب ہے) جیسے کہتے ہیں۔ هو مِنّي رميةَ السَهْم و مَزْجَرَ الکلب الداعی (فا): جمع دُعَاة مؤنث داعِيَة جمع داعیات و دواعٍ: لوگوں کو اپنے دین اور مذہب کی طرف بلانے والا۔ — والداعیة جمع دَوَاعٍ: سبب، داعِي اللبنِ و داعِيَتُه: وہ تھوڑا سا دودھ جو تھنوں میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ با آسانی دوہ سکیں۔ الدَعَّاء: بہت دعا کرنے والا۔ المَدْعَاة: کھانے کی دعوت، سبب، وجہ، الدِعَايَة عند المحدثین: کسی شخص، جماعت یا نظریہ وغیرہ کی طرف دعوت کی نشر و اشاعت، وزارة الدعاية: وزارت نشر و اشاعت، دائرةُ الدعاية: محکمہ نشر و اشاعت۔

۲۔ دَعَا - دُعَاءً و دَعْوَى ہُ فلاناً و بفلان: کا کوئی نام رکھنا، اِدَّعَى اِدِّعَاءً ہُ: کو اس کے باپ کی طرف منسوب کرنا۔ اِدَّعَى الی غیر ابیہ: غیر باپ کی طرف منسوب ہونا۔ — فی الحرب: جنگ میں اپنا نسب نامہ بیان کرنا۔ الدَعِيّ جمع اَدْعِيَاء: لے پالک، متبنّٰی، جس کے نسب میں شبہ ہو، اپنے آپ کو غیر باپ یا غیر قوم کی طرف منسوب کرنے والا۔

۳۔ داعَى مُدَاعَاةً ہُ: سے جھگڑا کرنا، ایک دوسرے سے پہیلی یا چیستان کہنا، تَدَاعَوا الشيءَ: کسی چیز کا دعوی کرنا۔ اِدَّعَى الشيءَ: کا سچا یا جھوٹا دعوی کرنا۔ —— بہ: کو اپنی طرف منسوب کرنا اور سمجھنا کہ وہ اس کی ہے۔ —— علیہ: کے خلاف قاضی کے پاس مقدمہ کرنا۔ الدَعْوَة و الدَعَاوة و الدِعَاوَة: الادعاء کا اسم الدَعْوَى جمع دَعَاوٍ و دَعَاوَى: مقدمہ، دعوی۔ —— اِدِّعا کا اسم الاُدْعِيَّة و الاُدْعُوَّة: جھگڑے کا موضوع۔

۴۔ داعَى مُدَاعاةً الحائطَ: دیوار کو گرانا۔ تَدَاعَت الحيطانُ: دیواروں کا پھٹ جانا، تڑخ جانا —— العدوُّ: دشمن کا متوجہ ہونا۔ — القومُ علیہ: قوم کا کسی سے دشمنی رکھنے میں متفق ہونا۔

۵۔ دَوَاعِي الصدر: افکار و ہموم —— الدهر: زمانہ کی گردشیں اور واقعات۔

○ دَعَا - دُعَاءً ہ: کو پکارنا — ہ/ب: کو بلانا، طلب کرنا، کو بلا بھیجنا، — ہ اِلی/ل: کو کسی فوجی خدمت کے لئے بلانا، —— ہ ل/الی: سے کسی کام وغیرہ کی اپیل کرنا، کو کی دعوت دینا، پر کسی کام کے لئے زور دینا۔ — ہ الی: کو کی دعوت دینا۔ —— ہ الی/ل: کو کی ترغیب دینا، کو پر آمادہ کرنا، سے کوئی کام لینا، —— ہ/ب: کو کے نام سے پکارنا کا کوئی نام رکھنا، دُعِيَ: پکارا جانا نام ہونا، — اللہ: اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا۔ — لہ: کے لئے خیر کی خواہش کرنا، کو دعا دینا، کے حق میں دعا کرنا، — ب ل: خدا کی رحمت کی کسی پر دعا کرنا، کی دعا کرنا کی خاطر، — ل ب: کے لئے کی التجا کرنا، —— علی: کے حق میں بددعا کرنا، —— ل: کی اشاعت کرنا، کی نشر و اشاعت کرنا، کے لئے پروپیگنڈا کرنا، — الی: کا تقاضا کرنا، کا مطالبہ کرنا، کو طلب کرنا، کی ضرورت ہونا، کا باعث ہونا، کو ظہور میں لانا، کا باعث بننا۔ دُعِيَ للاجتماع: اجتماع (پارلیمنٹ) کا اجلاس طلب کیا جانا، دُعِيَ الی حملِ السلاح: فوجی خدمت کے لئے طلب کیا جانا، رجل يُدْعَى: ایک مرد نامی...... کے نام کا، دعا لہ بطول العمر: کے لئے درازی عمر کی دعا کرنا۔ داعاہ: کو چیلنج کرنا — ہ: سے جھگڑا کرنا، کے خلاف قانونی کارروائی کرنا، پر مقدمہ چلانا، کے خلاف استغاثہ کرنا، کے خلاف نالش کرنا، تَدَاعَى: ایک دوسرے کو چیلنج کرنا، ایک دوسرے کو بلانا، ایک دوسرے کے (جذبات وغیرہ) ابھارنا، (دیواریں وغیرہ) ٹوٹی پھوٹی اور شکستہ ہونا، خراب و خستہ ہونا، بری حالت میں ہونا، بیٹھ جانا، دھنس جانا، (شخص کا) زمین پر گر جانا،

مجازاً ثقافتی مظہر کا) ڈھیر ہو جانا، زوال پذیر ہونا روبہ تنزل ہونا۔ مل کر بیٹھنا یا چلنا، حمایتیوں کا جمع ہونا اِدَّعَی ہ: کا دعوی کرنا۔۔ ان: دعوی کرنا کہ، بیان دینا کہ دعوے سے کہنا کہ۔۔ ہ: پر حق جتانا، کا مطالبہ کرنا، کا دعوی کرنا، کے نامناسب دعوے کرنا، ناجائز طور پر کسی چیز پر قبضہ کرنا یا اس پر کسی حق کا دعویٰ کرنا۔ ہ: کا جھوٹا اظہار کرنا۔۔: (عدالت میں) شہادت دینا۔ علی ہ/ب: کو کا الزام دینا، پر کا الزام لگانا، کو کا قصوروار ٹھہرانا، استدعی ہ: کو بلانا، بلا بھیجنا، (پولیس عدالت کا) کسی کو طلب کرنا، (سفیر) کو دوبارہ طلب کرنا۔ (پروفیسر وغیرہ) کو تعینات کرنا، کو نام لیکر کر بلانا، ۔ہ الی کو کی دعوت دینا، پر کچھ کرنے کا زور دینا، کو کی تجویز پیش کرنا، کی اپیل کرنا، ۔۔ ہ کو مانگنا، کی ضرورت ہونا، کا مطالبہ کرنا، کو ضروری بنانا، لازمی کرنا، کو ناگزیر بنانا، دعوۃ. پکار، اپیل، مطالبہ، درخواست، اعلان، حکم، ۔ الی: کے لئے بلاوا، طلبی، دعوت، ۔ بلاوا (سرکاری) اطلاع نامہ، حکم نامہ، طلبی دعوت، دعوت نامہ، دعوئی، مطالبہ، درخواست، استدعا، تبلیغی سرگرمی، تبلیغی کام، نشر الدعوة: تبلیغی سرگرمی، تبلیغی کام، پروپیگنڈا جمع دعوات، دعا، مناجات، طلب نصرت طلب فیضان ، التجا، گڑگڑا کر مانگنا، منت سماجت، عرض، نیک خواہش، دعوات صالحات: نیک خواہشات، دعوة بالشر: لعنت، نفریں، بددعا، صاحبُ الدعوة: میزبان، دَعْوَی: جمع دَعَاوِی و دَعَاوٍ: دعوی، الزام، ادعاء، ڈھونگ، مقدمہ، کاروائی، قانونی کاروائی بِدَعْوَی ان: اس عذر پر۔ دَعِیّ: جمع اَدْعِيَاء: متبنّی، لے پالک، حرامی، ولد الزنا، شیخی خورہ، دوسروں کو متاثر کرنے کی کوشش کرنے والا۔ مدعی، جھوٹا دعوی کرنے والا، دھوکے باز، فریبی، دغاباز، ٹھگ، بہروپیا، دُعاء: جمع اَدْعِيَة: پکار، دعا، اللہ تعالیٰ سے دعا، طلب نصرت و طلب فیضان اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء مناجات، التجا، منت سماجت، استدعا، عرض، درخواست، دعا، نماز۔۔ ل: کے لئے نیک خواہش۔ علی: پر لعنت، نفریں، اَدْعَی الی/ل: کا زیادہ باعث، زیادہ ممد، پر زیادہ اکسانے والا ، زیادہ ترغیب دینے والا، زیادہ آمادہ کرنے والا، کا زیادہ بڑا محرک کا نسبتاً زیادہ حد تک باعث بننے والا۔ دَعَاوَة و دِعَاوَة: جمع دعاوات: پروپیگنڈا، ۔۔ اِلی: کی تشہیر۔ دَعَاوِیّ و دَعَاوِی: مبلغانہ، ناشرانہ، نشر و اشاعت کے متعلق۔ دِعَايَة: پروپیگنڈا اِدِعَانی: پروپیگنڈا سے متعلق۔ مَدْعَاة: تعین کرنے والا عنصر، فیصلہ کن مقصد یا محرک، سبب، موقع۔ تَدَاعٍ: قریب الوقوع انہدام، سر پر منڈلاتا انحطاط، ایک دوسرے کو بلانا، تداعی المعانی: افکار کا باہمی میل جول، ۔ اِدِّعَاء: جمع ادعاءات: دعوی، جھوٹا دعوی، بے جا دعوی، ناجائز مفروضہ، ظن، قیاس یا گمان، الزام، حتمی بیان، ڈھونگ، حیلہ، مکر ، بہانہ، اتہام، الزام، الاِدِّعَاء: (عدالت میں) استغاثہ، اِسْتِدْعَاء: حکمانہ طلبی، اطلاع نامہ حاضری، بلانا دوبارہ بلانا، واپس بلانا، سرکاری طلبی، اطلاع نامہ، دَاعٍ: جمع دُعَاة: دعوت دینے والا پروپیگنڈا کرنے والا، مبلغ میزبان، مقصد وجہ، سبب۔ لادَاعِيَ لِ: کیلئے یہ ضروری نہیں یا کے لئے کوئی ضرورت نہیں، کیلئے کوئی وجہ نہیں۔ دَاعِيَة إلی: کی دعوت دینے والا، کا طالب، کا مبلغ، منادی نقیب، جمع دَوَاعٍ: مقصد، وجہ، سبب، موقع، جمع دَوَاعٍ: ضرورت، شدید ضروریات۔ داعية حَرْبٍ: جنگ چھیڑنے کی کوشش کرنے والا، جنگ شروع ہونے کا حامی۔ لِدواعٍ صحية: صحت کی وجوہات کے لئے۔ من دواعی سُرُوری: سے مجھے بہت خوشی ہوئی ہے۔ مَدْعو: جس کو دعوت دی گئی ہو، مہمان، بلایا گیا، نام رکھا گیا، نامی، کے نام کا، مُتَدَاعٍ: ایک دوسرے کو پکارنے والا (دوسرے خیالات یا دوں) کی طرف لیجانے والا، نازک، لرزاں (ساخت)، ٹوٹا پھوٹا، شکستہ، لڑھکتا، ڈگمگاتا، گرنے کو تیار، جس کے انہدام کا خطرہ ہو، زوال پذیر، زوال پذیر حال میں، مُدَّعٍ: دعوی کرنے والا، حتمی بیان دینے والا، بیان کرنے والا، مُدَّعی: جھوٹا دعوی کرنے والا، زعم باطل رکھنے والا، دعویدار، نالش کرنے والا، مستغیث، دادخواہ، پیروی کرنے والا، استغاثہ دائر کرنے والا، دیدہ دلیر، گستاخ، شوخ ، مغرور، ہٹیلا، ضدی ، خود رائے، خردماغ، خود پسند، خود بین۔ المدعی العمومی: سرکاری وکیل۔ المدعی العام: سرکاری وکیل۔ مُدَّعًی: دعوی کیا ہوا، المدعی علیه مدعی علیه: (Defendant) جمع مُدَّعَيَات: دعوے، مُسْتَدْعٍ: درخواست دہندہ، درخواست دینے والا، استدعا کنندہ، سائل۔

دغد: دَغْدَغَ دَغْدَغَةً فلانا بکلمة: کو کسی بات سے طعنہ دینا، مطعون کرنا۔ المُدَغْدَغ: حسب و نسب میں کھوٹ رکھنے والا، الدَّغْدَغة: رکیک گفتگو کرنا۔ گدگدی کرنا، مثلاً پاؤں کے تلوے یا بغل کو [illegible] گدگدی [illegible] کہتے ہیں۔

○ دَغْدَغَ ہ: کو گدگدانا۔۔ہ: کو چبانا، چابنا، چبا کر کھانا، ۔: مسلنا، پیسنا، کچلنا

دغر: ا۔ دَغَرَ۔دَغْراً ہ: کو دفع کرنا، دھکیلنا، ۔ علیه کسی پر اچانک آنا، دَغِرَ۔دَغَراً و دَغْرَی علیهم: لوگوں پر اچانک پہنچ جانا، اِنْدَغَرَ علیه پر یک بیک آ جانا۔ الدَّغْرَة: کسی شئے کو اچک لینا۔ المَدْغَرَة: گھسان کی لڑائی جس میں لوٹ مار ہو۔

۲۔ دَغَرَ۔دَغْراً فی البیت گھر میں داخل ہونا، ۔۔ الشیءَ فی الشیء: ایک چیز کو دوسری میں ملانا، خلط ملط کرنا۔ ۔تِ المرأةُ حلقَ الصبیِّ عورت کا بچے کے حلق کو انگلی سے دبانا، ۔ت الأمُ ابنها: ماں کا بچے کو دودھ سے سیر نہ کرنا۔

۳۔ دَغَرَ۔دَغْراً ہُ: کو گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔ اِنْدَغَرَ: دبنا، بھنچنا، نچڑنا۔

۴۔ دَغِرَ۔دَغَراً الرجلُ: بدخلق اور لئیم ہونا، صفت: دَاغِرٌ۔ الدَّاغِر: بد، مفسد، حقیر، ذلیل۔

○ دَغَرَ۔دَغْراً و دَغْرَی علی: پر حملہ کرنا، پر ٹوٹ پڑنا، سختی سے حملہ کرنا، دَغْر: حملہ، ہلہ، دھاوا، دَغْرَی: حملہ، ہلہ، دھاوا۔

○ دُغْرِیّ: سیدھا، سیدھی، سامنے۔

دغش: ادَغَشَ۔دَغْشاً: تاریکی میں داخل ہونا، ۔علیهم: پر اچانک ٹوٹ پڑنا، ہجوم کرنا۔ دَاغَشَ حولَ الماءِ: پیاس میں پانی کے ارد گرد گھومنا، ۔۔ الماءَ: پانی کو تیزی سے پی جانا۔ اَدْغَشَ: تاریکی میں داخل ہونا۔ تَدَاغَشَ القومُ و دَغْوَشوا: لڑائی یا شور وغل میں آپس میں گتھ جانا۔ الدَّغَش و الدُّغْشَة و الدَّغِيشَة: تاریکی۔

۲۔ دَاغَشَ ہُ: پر بھیڑ کرنا، ۔۔ فی الشیء: حرص کے باعث کسی سے کوئی چیز مکر سے طلب کرنا۔

○ دغشت الدنیا: اندھیرا ہو گیا، دھندلکا چھا گیا، دَغَش: تاریکی، دھندلکا، جھٹ پٹا، دَغِيشَة: تاریکی شام کا دھندلکا۔

دغص: ا۔ دَغِصَ۔دَغَصاً: کھانے یا غصے سے بھر جانا۔ اَدْغَصَ ہُ: کو غصے سے بھر دینا۔ الدَّاغِصَة: جمع دَوَاغِص: گٹھا ہوا گوشت۔ الدَّغْصَان: غضبناک۔

۲۔ اَدْغَصَ ہُ الموتُ: کو موت کا یک بیک آ لینا۔ دَاغَصَ مُدَاغَصَةً فی العمل: کام میں تیزی برتنا۔

۳۔ الدَّاغِصَة: جمع دَوَاغِص: خالص صاف پانی گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو صابونة الرکبة: کہتے ہیں۔

○ دَغَصَ ۔ دَغَصاً: مونہا منہ بھرا ہوا ہونا، پھٹنے کے قریب ہونا۔ داغِصَة: جمع دَوَاغِص: گھٹنے کی چپنی، گھٹنے کی چپنی ہڈی۔

دغف ا۔ دَغَفَ ۔ دَغْفًا الشیءَ: کو سختی سے پکڑنا۔ دَغَفَهُم الحرُّ: پر گرمی کا سخت ہونا۔ ابو الدَّغْفَاء: بے وقوف۔

۲۔ الدَّغْفَل (ح): ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ، بہت سے پر۔ عَیشٌ دَغْفَلِی: آسودہ زندگی، عامٌ دَغْفَلِیّ: سرسبز سال۔

دغل دَغَلَ ۔ دَغْلاً فیه: میں مشتبہ شخص کی طرح داخل ہونا۔ اَدْغَلَ الرجلُ: گھنے درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر غائب ہو جانا۔ ۔۔ت الارضُ: زمین کا گھنے درختوں والی ہونا، ۔۔۔ الشیءَ: کسی چیز میں مخالف اور خراب کرنے والی چیز ملانا۔ به: کو خیانت کرکے اچانک مار ڈالنا، کی چغلی کھانا، الدَّغَل: جمع اَدْغَال و دِغَال والدَّغِیلَه: گھنے اور گنجان درختوں کا جھنڈ، وہ چیز جو کسی کام میں داخل ہو کر اس کو خراب کر دے۔ وہ جگہ جہاں ہلاکی کا خطرہ ہو۔ مکانٌ دَغِلٌ: گھنے اور گنجان درختوں کی جگہ، پوشیدہ جگہ، الدَّاغِلَة: باطنی کینہ، وہ لوگ جو کسی کی خیانت اور عیب جوئی کے متلاشی ہوں۔ المَدْغَل: جمع مَدَاغِل: وادی کا درمیانی حصہ۔ الدَّغَاوِل: مصائب اس کا واحد نہیں ہے۔

○ دَغَلٌ: جمع اَدْغَال و دِغَال: گھنے درختوں کا جھنڈ، جنگل جھاڑیوں کے جھنڈ۔ عیب داری، کھوٹ، خرابی، بگاڑ۔ دَغِل: گھنی جھاڑیوں سے ڈھکی ہوئی (جگہ) ناقابل گذر، خراب، مُدْغِل: گھنی جھاڑیوں سے ڈھکی ہوئی (جگہ)، غلط، غدار، بے وفا، دھوکا دینے والا (کردار میں)۔

دغم: ا۔ دَغَمَ ۔ دَغْمًا و دَغَمَاناً القومَ الحرُّ او البردُ: کو گرمی یا سردی کا لگنا، ۔۔الاناءَ: برتن کو ڈھانپنا، ۔۔ انفَهُ: کی ناک توڑنا، ۔۔ دَغِمَ ۔ دَغْمًا و دَغَمَاناً القومَ الحرُّ او البردُ: کو گرمی یا سردی کا لگنا۔ اَدْغَمَهم الحرُّ و البردُ: کو گرمی یا سردی لگنا۔ ۔۔ اللّٰهُ فلاناً: اللہ تعالیٰ کا کسی کا منہ کالا کرنا اور اسے ذلیل و رسوا کرنا، ۔۔ هُ الشیءُ: کو کسی چیز کا دکھ پہنچانا، برا لگنا، ۔۔ الفرسَ اللجامَ: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا، ۔ وادَّغَمَ الشیءَ فی الشیء: ایک شے کو دوسری میں داخل کرنا۔ صرف کی اصطلاح میں ادغام: بھی اسی سے ہے کیونکہ اس میں بھی ایک حرف کو دوسرے میں شامل کیا جاتا ہے۔

۲۔ اِدْغَامَّ اِدْغِیمَاماً الفرسُ: گھوڑے کا منہ، باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہونا صفت: اَدْغَم ۔ الاَدْغَم جمع دُغْم: کالی ناک والا۔ الدَّغَم و الدُّغْمَة: گھوڑے کا رنگ جس کا منہ زیادہ سیاہی مائل ہو۔

۳۔ الاَدْغَم: جمع دُغْم: ناک میں بولنے والا۔ الدُّغَام: حلق کا درد۔

۴۔ دَغْمَرَ دَغْمَرَةً ہُ: پر عیب لگانا، ۔ الرجلُ: بدخلق ہونا، ۔۔۔ الشیءَ: کو خلط ملط کرنا، ۔۔ الدَّغْمَرِیّ و الدُّغْمُرِیّ: ملے جلے اخلاق والا۔ الدَّغَامِر: قوم کے رذیل لوگ۔

○ اَدْغَمَ و اِدَّغَمَ ہ فی: کو میں رکھنا، داخل کرنا، ڈالنا، ضم کرنا، شامل کرنا، (گرامر میں) ایک لفظ کو دوسرے میں ادغام کرنا کو سے ملا دینا، اِنْدَغَمَ: ملنا، اکٹھا ہونا، شامل ہونا، یکجا ہونا، مجسم ہونا، ملایا جانا، آمیزش ہونا، مدغم ہونا، جذب ہونا، سکڑنا۔

دف: ا۔ دَفَّ ۔ دَفًّا و دَفِیفًا: آہستہ چلنا۔ اَدَفَّ اِدْفَافًا ت علیه الامورُ: پر کاموں کا پے در پے آنا، ۔۔ و تَدَافَّ القومُ: بعض کا بعض کے پیچھے سوار ہونا، الدَّافَّة: خانہ بدوش لوگ، دشمن کی طرف آہستہ آہستہ بڑھنے والی فوج۔

۲۔ دَفَّ ۔ دَفًّا و دَفِیفًا الطائرُ: پرندے کا پر پھڑپھڑانا۔ اَدَفَّ اِدْفَافًا الطائرُ: پرندے کا پر پھڑپھڑانا، ۔۔ اِسْتَدَفَّ الطائرُ: پرندے کا زمین کے قریب ہو کر اڑان کرنا۔ الدَّفُوفُ من الطیر: جھپٹتے وقت زمین سے قریب ہو جانے والا پرندہ۔ کہا جاتا ہے۔ عقابٌ دَفُوفٌ: عقاب جو جھپٹتے وقت زمین کے قریب آ جاتا ہے۔

۳۔ دَفَّ ۔ دَفًّا و دَفِیفًا لهُ الامرُ: کے لئے کام وغیرہ کا تیار ہونا اور ممکن ہونا، اِسْتَدَفَّ الامرُ: صحیح ہونا، درست ہونا، تیار ہونا، ممکن ہونا۔

۴۔ دَفَّ ۔ دَفًّا الشیءَ: کو جڑ سے اکھیڑنا، دَفَّفَ و دَافَّ: جلدی کرنا، ۔ الجریحَ و دَافَّ علیه: زخمی کو جھٹ پٹ مار ڈالنا۔ استدف الرجلُ الموسی: استرے سے شیو کرنا۔

۵۔ دَفَّفَ الرجلُ: دف بجانا، ۔۔ الدُّف: جمع دُفُوف (مو): دف، دفلا۔ الدَّف: جمع دُفُوف (مو) دف ۔۔ و الدَّفَّة: ہر شے کا پہلو۔ کہا جاتا ہے: رماه اللّٰه بذات الدف ای: اللہ تعالیٰ اس کو ذات الجنب نمونیا کی بیماری میں مبتلا کرے۔ دفتا الطبل: ڈھول کے ہر دو رخ کے چمڑے جن پر بجانے کے لئے ضربیں لگائی جاتی ہیں۔ الدَّفَّاف: دف بجانے والا دف بنانے والا۔

۶۔ الدَّفُّ: واحد دَفَّة: لکڑی کے تختے، الدَّفَّة: چوار (یہ کلمہ مولّدہ: ہے فصیح عربی السُّکّان: ہے۔

۷۔ دَفْدَفَ: جلدی کرنا، ۔ الطائرُ: پرندے کا زمین کے قریب ہو کر اڑنا۔ الدُّفُوفَ: دف جلدی جلدی بجانا۔

○ دَفَّ ۔ دَفِیفًا: پرندہ کا پر پھڑپھڑانا۔ دَفَّفَ: جلدی کرنا۔ دَفّ: جمع دُفُوف: پہلو، بغلی سطح، دُفّ و دَفّ جمع دُفُوف: دف، مردنگ، طنبورہ، دَفَّة: پہلو، دروازے یا کھڑکی کا ایک پٹ۔ (کتاب کی) جلد۔ الدَّفَّتان: (کتاب کی) دو جلدیں (یعنی اوپر نیچے یا دونوں طرف کی جلد)، پتوار، دنبالہ، سُکّان: (کشتی چلانے اور رخ بدلنے کا آلہ)، قائِدُ الدفة یا مُدِیرُ الدَّفَّة: جہازران، سمت بین پتوار چلانے والا، سُکّان گیر۔ قَبَضَ عَلَی دَفَّةِ التنفیذ: (کسی تنظیم) کا کنٹرول سنبھالنا، رہنما بننا، یدُ الدَّفَّة: کسان، کاشت کار، چرواہا، من الدفة للشابورة: سب بلا استثناء، ہر ایک، سب اکٹھے، سب مل کر۔

دفی: ا۔ دَفِیءَ ۔ یَدْفَأُ دَفَأً و دَفُوًّا و دَفُؤَ یَدْفُؤُ دَفَاءَةً من البرد: گرم ہونا، گرمی پانا، یا گرمی محسوس کرنا۔ دَفَّأَهُ: کو گرم کرنا، اَدْفَأَهُ: کو گرم کپڑا اڑھانا، تَدَفَّأَ و اِدَّفَأَ و اِسْتَدْفَأَ: گرم ہونا، گرم کپڑا پہننا۔ الدِّفْءُ: جمع اَدْفَاء: سخت گرمی، اون، پوستین، سمور وغیرہ، گرمی حاصل کرنے کا سامان، (آپ کہتے ہیں۔ ما علیه دِفْءٌ: اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں)۔ اونٹوں سے پیدا شدہ بچے اور حاصل کردہ نفعے۔ دِفْءُ الحائِط: دیوار کی پناہ کہا جاتا ہے۔ اقعد فی دِفْءِ الحائِط: دیوار کی پناہ یا اوٹ میں بیٹھ جاؤ۔ الدِّفَاء: گرم کپڑے، گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ الدَّفِیءُ و الدَّفْآن: مونث دَفِئَة و دَفِیئَة: گرمی حاصل کرنے والا، گرم لباس پہنے ہوئے۔ الدَّفِئَةَ من الاراضی: بہت گرم زمین۔ الدَّفْآن م دَفْأَی: یعنی الدَّفِیء۔ ابلٌ مُدْفِئَةَ و مُدْفِئَةَ و مُدْفَأَة و مُدَفِّئَة و مُدَفَّأَة: بہت اونی اور چربی والے اونٹ۔ ارضٌ مَدْفَأَة: بہت گرم زمین۔ المِدْفَأَة: چولہا، انگیٹھی، آتش دان، ۔۔۔ و الدَّفِیئَة: شیشے کی عمارت جس میں گرم ملکوں کے پودے اگائے جاتے ہیں جو سردی برداشت نہیں کر سکتے۔ التَّدْفِئَة المرکزیة: کمرے گرم کرنے کا مرکزی نظام۔

۲۔ اَدْفَأَهُ: کو بہت دینا۔ الدِّفْءُ: عطیہ۔

۳۔ اَدْفَأَ الجریحَ: زخمی کو مار ڈالنا۔

۴۔ اَدْفَأَ القومَ: کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

۵۔ الاَدْفَأ: مونث دَفْأَی: وہ شخص جس کے شانے سینہ کی طرف جھکے ہوئے ہوں۔ الدَّفَأ: شانوں کا سینہ کی طرف جھکنا۔

○ دفِیۃ: ڈھیلا ڈھالا اونی چوغہ۔

○ دَفِیءَ ـَ و دَفُؤَ ـُ دَفَأً: گرم ہونا، قدرے گرم ہونا، گرم یا قدرے گرم محسوس کرنا۔ دَفَّأَ و اَدْفَأَہ: کو تپانا، گرم کرنا، گرمانا۔ تَدَفَّأَ و اِدَّفَأَ و اِسْتَدْفَأَ: خود گرم ہونا، قدرے گرم ہونا۔ دِفْء: گرمی، حرارت، تپش، دَفِیئ و دَفِیء: گرم، قدرے گرم، دِفْآن: مؤنث دَفْآی: گرم، قدرے گرم، دِفَاء: گرم کرنے کا سامان، گرم کرنے کا نظام، دَفَاءۃ: گرمی، حرارت، تپش، قدرے گرمی۔ دِفَّایۃ: جمع دِفَّایَات: چولھا، انگیٹھی، آتشدان، مِدْفَأ و مِدْفَأۃ: جمع مَدَافِیء: چولھا، انگیٹھی، گرم کرنے کا چولھا، انگیٹھی۔ تَدْفِئۃ: گرم کرنے کا سامان یا نظام۔

دفت: الدَّفْتَر: جمع دَفَاتِر: رجسٹر، حساب کی کتاب، لکھنے کی کتاب۔

○ دَفْتَر: جمع دَفَاتِر: کتابچہ، نوٹ بک، کاپی بک، بہی، روزنامچہ، کھاتہ، رجسٹر، نقشہ اوقات، بدلی جدول، سرکاری رجسٹر۔ دفتر حسابیّ: بہی کھاتہ، بنک پاس بک، پاس بک، بنک کے حساب کی کاپی، دفتر الخطابات: چٹھیوں کی مسل، فائل، چمڑے کا تھیلا، بریف کیس، دفتر الشروط: کتاب جس میں کسی خریداری، ٹھیکہ، اجارہ، پٹہ، وغیرہ کے شرائط دیئے گئے ہوں۔ دفتر الاشتراك: چندوں کا کتابچہ۔ دفتر الصندوق: کیش رجسٹر۔ دفتر المساحۃ: زمینوں کا رجسٹر، دفتر الیومیہ: ڈائری، روزنامچہ، مَسْكُ الدفاتر: کھاتہ نویسی، (Book Keeping) دفتر خانہ: دفتر خانہ، محافظ خانہ، پبلک ریکارڈز آفس، دفتر خانۃ الاملاك العقاریۃ: زمینوں کی رجسٹری کا دفتر۔

○ دِفْتِریا: خُنَاق

دفر: دَفَرَ ـُ دَفْرًاہُ: کو پیچھے دھکیلنا۔

دَفِرَ ـَ دَفَرًا و دَفْرًا: ذلیل ہونا، دَفَارِ: (مبنی علی الکسر) لونڈی، باندی اکثر نداء کے وقت استعمال کیا جاتا ہے اور لونڈی کے لئے گالی سمجھا جاتا ہے۔

۲- دَفِرَ ـَ دَفَرًا و دَفْرًا الشیءُ: بدبودار ہونا، صفت: دَفِر و اَدْفَر مؤنث دَفِرَۃ و دَفْرَاء ــ اللحمُ: گوشت میں کیڑے پڑنا۔ اَدْفَرَ الرجلُ: کی بغل کا بدبودار ہونا، گندہ بغل ہونا۔ الدَّفْر (مص): بدبو۔ دَفَارِ: (مبنی علی الکسر): دنیا۔ اُمّ دَفَار و اُمّ دَفْر: دنیا، مصیبت،

۳- الدِّفْرَان (ن): سرو کی مانند ایک خوبصورت درخت، بہت اونچا ہوتا ہے، پتے چوڑے ہوتے ہیں، جبل لبنان کے دامن میں جبل الشیخ اور ترکی و یونان کے بعض خطوں میں پایا جاتا ہے۔ (سریانی لفظ)

○ دَفَرَہ: کو دھکیلنا، دھکا دینا۔ دَفِرَ ـَ دَفَرًا: بدبودار ہونا، متعفن ہونا، بدبو نکلنا، دَفَر: عفونت، بدبو، سڑاند، دَفِر: بدبودار، متعفن، سڑا ہوا گندا۔

○ دَفَسَ ہ: کو چھپانا۔: دھکیلنا۔

دفع: ا-دَفَعَ ـَ دَفْعًا و دَفَاعًا و مَدْفَعًاہُ: کو ہٹانا، دور کرنا، رد کرنا۔ ــ القولَ: کو دلیل و حجت سے رد کرنا، باطل کرنا۔ ــ عنہ الاذی: کو اذیت سے بچانا۔ ــ عن الموضع: کسی جگہ سے کوچ کر جانا۔ ــ الیہ: کسی جگہ پہنچنا۔ کہا جاتا ہے۔ طریق یدفع الی مکان کذا: راستہ جو فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔ ــہ اِلی کذا: کو پر مجبور کرنا۔ ــہُ فی کذا: کو میں داخل کرنا دُفِعَ الی المکان: کسی جگہ تک پہنچنا۔ دَافَعَ مُدَافَعَۃً و دفاعا عنہ: کی حمایت کرن، مدد کرنا۔ ــ عنہ الاذی: سے اذیت دور کرنا، ــہُ: کی مزاحمت کرنا، کو روکنا، سے مزاحم ہونا۔ ــہُ عنہ حقہ: کو اس کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا۔ تَدَفَّعَ السیلُ: سیلاب کا زور سے بہنا، امڈنا۔ تَدَافَعَ القومُ: بعض کا بعض کو ہٹانا، ایک دوسرے کو دھکیلنا۔ تَدَافَعُوا الشیءَ: کو ایک دوسرے کے ذمے لگانا۔ کہا جاتا ہے۔ ضیف یتدافعہ الحیُّ: وہ مہمان جس کو قبیلے کے لوگ ایک دوسرے کے ذمے لگائیں ایک دوسرے پر ٹالیں۔ اِنْدَفَعَ الرجلُ: ایک طرف ہونا۔ ہٹنا۔ ــ الفرسُ فی سیرہ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ ــ السیلُ: سیلاب کا زور سے بہنا، ــ الرجل فی الحدیث: بات چیت میں لگنا۔ ــ یقول: کہنے لگنا۔ اِسْتَدْفَعَ اللّٰہَ الشرَّ: اللہ تعالیٰ سے برائی ٹالنے کی التجا کرنا۔ الدَّفْعَۃ دفع کا اسم مرۃ الدُّفْعَۃ جمع دُفَع و دُفُعَات: بارش کی بوچھاڑ۔ مشک یا برتن سے ایک مرتبہ گری ہوئی چیز کی مقدار۔ الدَّوَافِع: نشیبی علاقے جہاں سیلابوں کا پانی جمع ہو جائے۔ الدَّفُوع: بہت ہٹانے والا ــ من الدوابّ: لات مارنے والا جانور۔ الدَّفَّاع: بہت ہٹانے والا۔ الدِّفَاع (اع): دشمن کے حملوں کو روکنے کے طریقے اور اسلوب دفاع، الدفاعُ البَحْرِیّ: ساحلی توپ خانہ سے دفاع۔ الدِّفَاع البَرِّی: بری دفاع (قلعوں، خاردار، تاروں وغیرہ سے) ــ الجَوِّیُّ: فضائی دفاع (جہازوں، فوجی گاڑیوں؛ بیرکوں کو دشمن کی نظروں سے چھپانے اور طیارہ شکن توپوں کے ذریعے) ــ السَّلَبِیّ: ہوائی حملوں سے شہری آبادی کا بچاؤ، ــ المَدْفَع: جمع مَـ [illegible] ہٹانے والا، ــ جمع مَدَافِع: ہٹانے کا آلہ، بندوق، توپ، المِدْفَع الرشّاش: مشین گن۔ الذّری: ایٹمی بم پھینکنے والی برقی توپ۔ غیر المُرَتّد: توپ جو فوجی پیٹھوں پر لیجاتے اور کندھوں پر رکھ کر چلاتے ہیں۔ ــ قاذف الصواریخ: راکٹ انداز (Rocket Launcher) مِدْفَعُ الاقتحام یا مدفع الهجوم: پیدل یا گاڑیوں میں لیجائے جانے والی فوج کے ساتھ جانے والی توپ۔ ــ الهاون: اونچا گولہ پھینکنے والی چھوٹی توپ (Mortar) المِدْفَعُ المضاد للطائرات طیّارہ شکن توب: (Anti Aircraft Gun) الدُّفَّاع: موج یا سیلاب کا زور۔ لوگوں کی بھیڑ یا ہجوم۔ کہا جاتا ہے۔ جاءَ فی دُفَّاعٍ من الناس: وہ لوگوں کے ہجوم میں آیا۔ المُدَفَّع: وہ ذلیل و حقیر فقیر جس کو نہ کوئی مہمان رکھے نہ بخشش ملے۔ المِدْفَعِیَّۃ (اع): توپ خانہ اس کی قسموں میں سے بعض یہ ہیں۔ المدفعیۃ البریۃ والمدفعیۃ الجبلیہ و مدفعیۃ الشاطی: بری توپ خانہ، پہاڑی توپ خانہ، ساحلی توپ خانہ۔

۲- دَفَعَ الیہ الشیءَ: کو کوئی چیز ادا کرنا۔

○ دَفَعَ ـَ دَفْعًا ہ/ ہ عن: کو سے ہٹانا، دھکیلنا، دھکا دینا، دور کرنا، نکالنا، ہانکنا، ہانک کر لیجانا، لے جانا، پیچھے ہٹانا، دَفَعَہُ جانبًا: کو ایک طرف کرنا۔ دفع ہ عن نفسہ: سے نجات حاصل کرنا، جان چھڑانا، پیچھا چھڑانا ــ ہ/ ہ: سے بازی لے جانا، پر فتح پانا، کو شکست دیا، پر قابو پانا، ــ ہ ب: سے کے ساتھ لڑنا، لڑائی کرنا ــ ہ: کو مسترد کرنا، نہ ماننا، کو غلط ثابت کرنا، کی تردید کرنا، تغلیط کرنا، کو آگے دھکیلنا، چلانا، ــ ہ/ب اِلی/ل: پر کے لئے زور دینا، کو پر آمادہ کرانا، ابھارنا، کو پر اکسانا، سے کوئی کام کرنا، کو کی ترغیب دینا، سے کوئی کام کرانے کے لئے قوت کا استعمال کرنا، کو پر مجبور کرنا، سے کوئی کام کرانا۔ ــ ہ اِلی/ل: کو کے حوالے کرنا، کو کی خدمت میں پیش کرنا، کوئی چیز کسی کو سونپنا، کوئی چیز کسی کے ہاتھوں میں دینا، ــ ثمنًا ل/ اِلی: قیمت کسی کو ادا کرنا۔ دَفَعَ خُطَاہُ الی: کی راہ لینا۔ دَافَعَ ہ/ ہ: کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا، کے مقابلہ میں جمے رہنا، کا مقابلہ کرنا، کی مدافعت کرنا، مقاومت کرنا۔ ــ ہ عن: کی مخالفت کرنا تا کہ وہ کسی کام سے رک جائے۔ کو سے باز رہنے کیلئے کہنا، ــ ہ: کو کچل دینا، دبا دینا، ختم کر دینا، ــ عن: کی حفاظت کرنا، کو بچانا، کی حمایت کرنا، تائید کرنا، کا دفاع کرنا، کو برقرار رکھنا، کا دفاع سپرد کیا جانا۔

تَـدَفَّـعَ: اچانک یا تیزی سے آگے کی طرف بڑھنا، لپکنا، تیزی سے جانا، (پانی کا) بہنا، زور سے بہنا، زور سے پھوٹ نکلنا، (خیال سماجی رجحان وغیرہ) یکا یک اٹھ بیٹھنا، محسوس ہونا، تَـدَافَـعَ: ایک دوسرے کو دھکیلنا دھکا دینا، دور یا ایک طرف ہٹانا، ــ عن: سے دھکیلا جانا، وقفہ وقفہ سے پھوٹ نکلنا، زور سے لگنا، ــ من: سے تیزی سے جانا، ــ آگے کو دھکیلا جانا، آگے کی طرف لے جایا جانا، چلنا۔ اِندَفَعَ: تیزی سے بڑھنا، لپکنا، جانا، تندی سے تیزی سے، بے دھڑک، بے سمجھے بوجھے، اندھوں کی طرح یا پیش بینی کے بغیر آگے بڑھنا، بہت تیز ہونا، بہت جوشیلا یا تیز مزاج ہونا، ــ فی: میں یکا یک سر کے بل یا اندھا دھند کود پڑنا، ــ الی: کی طرف تیزی سے جانا، پر جھپٹا مارنا، کو چنگل مار کر، دبوچ لینا، کے پاس جلدی سے جانا، ــ لِ: اپنے آپ کو کسی کے سامنے گرفتاری وغیر کے لئے پیش کرنا، ــ من: سے پھوٹ نکلنا، بہنا، جاری ہونا، دھار بن کر نکلنا، پھوٹ بہنا، یکا یک نکلنا، پانی کا) اندفع وراء: سے مغلوب ہو جانا، (جیسے ــ وراء شهواته: اپنی جسمانی خواہشات سے) ــ وراء شعوره: اپنے احساسات سے وراء العاجلة: دنیاوی چیزوں سے مغلوب ہو جانا، بے خود ہو جانا ــ یفعل: کچھ کرنے لگنا، اِسْتَدْفَعَ ہ ب: سے کے ذریعہ بچنے کی کوشش کرنا، کو سے روکنے کی کوشش کرنا، دفع: پیچھے دھکیلنا، ایک طرف کرنا م پسپا کرنا، دور لیجانا، دور کرنا، زائل کرنا، دفع کرنا، اڑا لیجانا، روکنا، ٹال جانا، کو روکنا، (سے) بچنا، پسپا کرنا، استرداد، نامنظوری، قطع تعلق، انکار، تردید، تغلیط حوالے کرنا، ادائیگی، دُفْـعَة: جمع دُفُعات و دُفَعات: ایک بار جاری ہونے والا، سر توڑ زور، پھٹنا، دھماکہ، غیر متوقع وقوع، پھوٹنا، شق ہونا، غلغلہ: فوارہ، ولولہ، جوش، زور وغیرہ وقت، واقعہ، دُفْعَةً واحدةً: بیک وقت، دفعۃً، یکا یک، اک دم، جھپٹا مار کر۔ هذه الدفعة: اس بار اس دفعہ۔ سِتّ دُفُعات: چھ بار، مرتبہ، دفعہ على دفعات مُتَفَاوِتة: مختلف اوقات میں۔ دَفَّاع: آگے کو دھکیلنے والا، دھکیلنے والا تحریک دینے والا پسٹن (Piston) مِدْفَع: جمع مَدافِع: بندوق، رائفل، توپ، مَدَافِع بعيدة المَرْمَى: دور مار رائفلیں، توپیں، مِدْفَع رشاش: مشین گن، مَدَافِع ضَخْمة: بھاری توپ خانہ، بھاری توپیں۔ المدافع المضادة للطائرات یا المدافع المقاومة للطائرات: طیارہ شکن توپیں۔ مدفع ثلاثي مضادٌ للطائرات: تین نالی طیارہ شکن توپ، مدفع هاون: مارٹر (mortar)، چھوٹی بالا انداز توپ۔ مِدْفَعِي: بندوق کا، رائفل کا، توپ کا، توپ خانہ کا، توپچی، توپ خانہ کا سپاہی، مِدْفَعِيَّة: توپ خانہ، توپیں۔ دِفاع: حفاظت ــ عن: کا دفاع، خَطُّ الدفاع: خط دفاع، دفاعی خط، دفاعی لائن، ہاف بیک (Half Backs) مجلس الدفاع: دفاعی کونسل، وزارة الدفاع: وزارت دفاع، وزارت جنگ۔ الدفاع الوطني: قومی دفاع، ملکی دفاع، الدفاع المضاد للطائرات: طیارہ شکن دفاع، شرعيّ: جائز یا قانونی حفاظت ذات، دِفاعِيّ: مدافعانہ، دفاعی، محافظ، مُدافعة عن: کا دفاع، اِنْدِفاع: جمع اندفاعات في: میں یکا یک کود پڑنا، چھلانگ یا چھلانگ لگانا ــ: پھٹ پڑنا پھوٹ پڑنا، پھٹنا، قوت، ولولہ، جوش جھپٹ، تیز حرکت، پر جوش عمل، تیزی، اندھا دھند کام کرنا، جلد بازی، عاقبت نا اندیشی، تیز مزاجی، جوشیلا پن، بہتات، کثرت، افراط، ریل پیل، پر زور ہونا، اپنے آپ سے بے انتہا لا پروائی، اِنْدِفاعًا: خود بخود، طبعی طور پر، اِنْدِفَاعَة: (اچانک) پھوٹ پڑنا، شروع ہو جانا، (گریہ وزاری کا) دَافِـع: مادے کو خارج کرنے والا، دافع، دفع کرنے والا، پیچھے ہٹانے والا، ہانکنے والا، لیجانے والا، دھکیلنے والا، دھکا دینے والا، قوت دینے والا، تیزی دینے والا، محرک، ترغیب دینے والا، باعث اشتعال، حرکت میں لانے کی قوت رکھنے والا، دھکیلنے یا چلانے والا، آگے بڑھانے والا، دھکا دیکر بڑھانے والا، جوش دلانے والا، پسپا کرنے والا، ادا کرنے والا ادائگی کرنے والا، جیسے دافعو الضرائب: ٹیکس دینے والے، ٹیکس ادا کرنے والے (جمع دوافـع) محرک، تحریک، مہمیز، وجہ تحریک، سبب حرکت، نیت، منشا، مقصد، بِدَافِع: سے تحریک پاکر، کی وجہ سے، کے باعث کی سند سے بسند، مَدْفُوعات: ادائگیاں۔ مُدَافِعٌ عن: کا حامی، محافظ، ناصر۔

دفق: ا۔ دَفَقَ ـ دَفْقًا الماءَ: پانی کو زور سے گرانا، ــ الكوزَ: کوزے کی چیز کو گرا کر خالی کرنا۔ ـ دَفْقًا و دُفُوقًا الماءُ: پانی کا گرنا، ــ النهرُ: دریا کا لبالب بھر کر پانی کناروں سے باہر نکلنا، (لیث نے تن تنہا اسے لازمی استعمال کیا ہے جبکہ جمہور کے نزدیک یہ متعدی استعمال ہوتا ہے)۔

دَفَّقَ: دفق سے مبالغہ کا صیغہ۔ کہا جاتا ہے: دَفَّقَت كفاه العطاءَ: اس کے دونوں ہاتھوں نے بخشش بکثرت لٹائی۔ اَدْفَقَ الكوزَ: کوزے کو چیز سے خالی کر دینا۔ تَدَفَّقَ الماءُ: پانی کا گرنا ــ ت الدابّةُ: جانور کا تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ يَتَدَفَّقُ في الباطل فلاں شخص باطل میں تیزی وسبقت کرتا ہے۔ اِنْدَفَقَ الماءُ: پانی کا گرنا۔ اِسْتَدْفَقَ الماءُ: پانی کا گرنا۔ الدُّفْقَة: ایک دفعہ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے جاؤوا دُفْقَةً: وہ سب ایک دم آ گئے۔ سيلٌ دُفَاقٌ: زبردست سیلاب جو وادی کو دونوں کناروں تک بھر دے۔ سيرٌ أَدْفَق: مونث دُفْقاء تیز رفتار۔ الدِّفِقَّى: تیز چال (کہا جاتا ہے: مشى الدِّفِقَّى: وہ تیز چال چلا) ــ و الدِّفِقَّة: تیز چلنے والی اونٹنی یا گھوڑا۔

۲۔ دَفَقَ ـ دَفْقًا الله روحَه: اللہ تعالیٰ کا کسی کو موت دینا۔

۳۔ الأَدْفَق: مونث دَفْقاء: ٹیڑھا، کوزہ پشت (خواہ غم و فکر سے یا بڑھاپے کے سبب)۔

○ دَفَقَ ـ دَفْقًا ہ: کو انڈیلنا، بہانا، دھار باندھ کر ڈالنا، گرانا ــ ـ دَفْقًا و دُفُوقًا: گرنا، بہنا، پھوٹ نکلنا، دھار بن کر نکلنا، پھوٹ بہنا، زور سے نکلنا، ــ ہ: میں بکثرت ہونا، تَدَفَّقَ: گرنا، بہنا، پھوٹ نکلنا، دھار بن کر نکلنا، پھوٹ بہنا، زور سے نکلنا، تیزی سے جانا، یکا یک پھیلنا، زور سے داخل ہونا، توڑ کر نکل جانا، گولی چلنا، چھوٹنا، ــ الى / في: میں اندھوں کی طرح یا بے سوچے سمجھے کود پڑنا، ــ على: میں ہجوم کرنا، بھیڑ کرنا، اِنْدَفَقَ: بمعنی تدفق۔ دَفْق: چھلک جانا (بھر کر)، بہاؤ۔ دُفْقَة: جمع دُفُقَات و دُفْقَات: بمعنی دفعۃ۔ دُفْقَةً واحدةً: بمعنی دفعة واحدة۔ دفقات الريح: ہوا کے جھکڑ، دفقة من الماء: پانی کا پھوٹ نکلنا یا زور سے نکلنا، دَفَّاق: زور سے پھوٹ پڑنے والا، یکا یک ظاہر ہونے والا، تیزی سے لڑنے والا، دوڑ پڑنے والا۔ تَدَفُّق: بہہ نکلنا، بہہ جانا، آگے بہہ نکلنا، نکلنا، جاری ہونا، پھوٹنا، روانی، خروج، بہاؤ، پھیلاؤ، باہر کی جانب بہاؤ، مد، ریش، ریل پیل، زیادتی ہجوم، بہتات، روانی، رفتار، جھپٹنا، ٹوٹ پڑنا، گھس جانا، دوڑ، جھپٹ، ہلہ، گرم بازاری، امنڈ آنا، امنڈ کر آنا، سیلاب پھوٹ پڑنا، ابل پڑنا، جلد بازی، اضطراری حالت، لبریزی، فراوانی، وفور، پر جوش پر زور ہونا، بہانے والا ہونا، دَافِق: جمع دَوَافِق: پھوٹ بہنے والا، پھوٹ پڑنے والا، ابل پڑنے والا، نکلنے والا، پھٹنے والا، پھوٹ نکلنے والا، ابلنے والا، زور سے اچھلنے والا، فوارہ کی طرح بہنے والا، طوفان کی طرح اٹھنے والا، سیلاب کا سا، بہت زور کا، تند، پر شور، مُتَدَفِّق: محرک، تحریک کنندہ، جلد باز، فراوان، لبریز،

بافراط، بہت، بکثرت، پرجوش، پرزور۔

دفل۔ الدِفل: تارکول، رال، گندہ بروزہ، قطران، کولتار، بحرروم کی ایک جھاڑی جس میں سرخ سفید یا پیازی رنگ کے پھول لگتے ہیں اور پتے سخت ہوتے ہیں۔ الدِفْلَی (ن) کینر۔ اس کا الف مقصورہ بعض کے نزدیک الحاقی ہے لہٰذا اس پر تنوین تنکیر آجائے گی اور بعض کے نزدیک تانیث کا ہے لہٰذا تنوین نہیں آئے گی۔

دفن ۱۔ دَفَنَ۔دَفْنًا المیتَ: مردہ کو دفن کرنا۔ ۔ الحدیثَ: بات کو چھپانا، تَدَفَّنَ و اِنْدَفَنَ: چھپنا۔ تَدَافَن القومُ: ایک دوسرے سے چھپانا، اِدَّفَنَ العبدُ: غلام کا آقا کے خوف سے بھاگ کر روپوش ہونا صفت: دفون ۔ الشیء: کو چھپانا، الدَفْن: جمع اَدْفَان: دفن کیا ہوا۔ ۔ جمع دُفْن: مدفون زمین۔ داءٌ دِفْنٌ و دفِنٌ و دَفِینٌ: وہ بیماری جو پوشیدہ ہونے کے بعد ظاہر ہو کر خرابی پیدا کرے۔ دَافِنُ الأمر: معاملہ کا اندرونی حصہ۔ الدَفِین: جمع دُفُن و دُفَنَاء و اَدْفان: دفن کیا ہوا، چھپایا ہوا، دفن شدہ، حوض۔ امرأۃ دَفِین: جمع دَفْنَی: چھپی ہوئی عورت رکیَّةٌ دَفِینٌ: دفن کیا ہوا کنواں۔ کہا جاتا ہے: ھو دفینُ المروءَۃ او دَفْنُ المروءۃ: وہ بے مروت ہے۔ الدِفَان: جمع دُفُن من الرکایا: وہ کنواں جس کا کچھ حصہ مٹی کے نیچے دب گیا ہوا۔ ماءٌ دِفانٌ: پوشیدہ پانی۔ مدفون پانی۔ المَدْفِن: دفن کرنے کی جگہ۔ الدَفِینَۃ: جمع دَفَائِن: گاڑی ہوئی چیز، خزانہ (زمین میں گڑا ہوا) کہا جاتا ہے۔ فلانٌ یُثیرُ الدَفائِنَ: وہ بڑی گہری عقل و سمجھ والا ہے۔ الدِفَّانَۃ (ز): زمین کے درمیان چٹان جس میں ہل کی پھال پھنس کر ٹوٹ جاتی ہے۔ اسی سے ضرب المثل ہے: الدِفانَۃ تکسر السکّۃ: چٹان ہل کا پھل توڑ دیتی ہے۔ یعنی پوشیدہ نیت کا اس شخص سے چھپانا جو اس سے واقف نہ ہو، تکلیف دہ ہوتا ہے۔

۲۔ دَفَنَ۔دَفْنًا الابلَ: اونٹوں کو تیز چلانا، ۔ ت الابلُ: اونٹوں کا تیز چلنا۔ تَدَفَّنَ و اِنْدَفَنَ ت الابلُ: اونٹوں کا تیز رفتار سے چلنا۔

۳۔ الدفینۃ: چالاک، ذہین، سمجھدار، ماہر، آزمودہ کار، الدَفَافِین: واحد دَفَّان: کشتی کے تختے۔ المَدْفُونَۃ (ط): سبزی اور چاول سے پکایا ہوا ایک قسم کا کھانا۔

۴۔ الدِفْنِس و الدِفْنَاس: بے وقوف، کمینہ، ۔ من النساء: احمق، بھاری جسم کی عورت۔

○ دَفَنَ۔دَفْنًا ہ: کو دفن کرنا، مٹی میں دبانا، گاڑنا، کو قبر میں اتارنا، مٹی دینا، ۔ ہ: کو چھپانا، پوشیدہ رکھنا، دَفْن: دفن کرنا، قبر میں اتارنا، تدفین، مٹی میں دبانا، کفن دفن، دَفِین: جمع دُفَنَاء: دفن کیا ہوا، قبر میں اتارا ہوا، مٹی میں دبایا ہوا، چھپایا ہوا، پوشیدہ دَفِینَۃ: جمع دَفَائِن: چھپایا ہوا خزانہ، دفینہ جو زمین سے برآمد ہوا اور جس کے مالک کا پتہ نہ ہو۔ مَدْفَن: جمع مَدْفَنَۃ: جمع مَدَافِن: دفن کرنے کی جگہ، قبرستان، گورستان۔

دفا: ۱۔ دَفَا۔ دَفْوًا و دَافَی مُدَافَاۃً و اَدْفَی اِدْفَاءً الجریحَ: زخمی کو جلد مار کر ختم کر دینا۔ تَدَافَی ہُ: کا تدارک کرنا، کی تلافی کرنا۔

۲۔ اَدْفَی الظبیُ: ہرن کا لمبے سینگوں والا ہونا۔ طائرٌ اَدْفَی: لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ ناقۃٌ دَفْوَی: لمبی گردن والی اونٹنی۔ شجرۃٌ دَفْوَاء: بڑا درخت۔

۳۔ الدَّفَا: خمیدگی، جھکاؤ، الأَدْفَی: مؤنث دَفْوَاء: خمیدہ، ٹیڑھا، منحنی، عُقابٌ دَفْوَاء: ٹیڑھی چونچ والا یا مڑی ہوئی چونچ والا عقاب۔

○ دفایۃ: دیکھو دفیء

دق: ۱۔ دَقَّ۔دِقَّۃً: باریک ہونا، چھوٹا ہونا۔ ۔ دَقًّا الشیءَ: کو توڑنا۔ ۔ البابَ: دروازہ کھٹ کھٹانا۔ ۔ الشیء علی الشیء او بالشیءِ: ایک چیز کو دوسری چیز پر کوٹنا، کچلنا، دَقَّقَ الشیءَ: کسی چیز کو کوٹ کر باریک کرنا، کسی چیز کو باریک کوٹنا، اَدَقَّ اِدْقَاقًا ہُ: کو باریک کرنا۔ ۔ الرجلُ: بخل سے حقیر چیز کا پیچھا کرنا۔ اِنْدَقَّ اِنْدِقَاقًا: باریک ہونا، ٹوٹنا، کھٹکھٹایا جانا۔ ۔ ت عنقُہُ: کی گردن ٹوٹ جانا۔ اِسْتَدَقَّ اِسْتِدْقَاقًا: باریک یا پتلا ہونا۔ استدق الھلالُ: چاند کا باریک ہونا، الدِق: باریک، تھوڑا۔ اسی سے ہے: اَخَذْتُ دِقَّہُ و جِلَّہُ: میں نے اس کا تھوڑا بہت سب لے لیا۔ حُمَّی الدِق: دق کا بخار۔ الدُقّۃ: باریک خاک، مصالحے، نمک، دھنیا، الدَقَّۃ: دق سے اسم مرۃ، ایک دفعہ کا توڑنا، باریک کرنا، کھٹکھٹانا۔ الدِقَّۃ: توڑنے کی حالت، کھٹکھٹانے کی حالت۔ باریکی، چھوٹا پن، کمینگی، المِدَقّ و المُدُقّ: جمع مَدَاقّ و المُدَقَّقۃ (ط): باریک کوٹا ہوا گوشت جو بھون لیا گیا ہو۔ کباب، عام لوگ اسے کُفْتَۃ کے نام سے جانتے ہیں۔ (کوفتہ) الدُقَاق: ہر شے کا چورا، آٹا، ۔ و الدُقَاقَۃ: نرم خاک جسے ہوا زمین سے اڑا لیجائے۔ دُقَاقُ و دِقَاقُ العیدان: لکڑی کی چھٹیاں۔ الدقیق: جمع اَدِقَّۃ و اَدِقَّاء مؤنث دَقِیقَۃ: باریک، آٹا، تھوڑا۔ الدَقِیقَۃ: جمع دَقَائِق: الدقیق کا مؤنث: منٹ، گھنٹے کا [illegible] الدَّقَّاق: [illegible] آٹا والا۔ الدَقَّاقَۃ: کوٹنے کا اوزار۔ المِدَقَّۃ: کوٹنے کی موصلی یا دستہ، چھوٹی شیشی (عام لوگوں کی زبان میں) (ن) پھول کا مادہ عضو تناسل۔ المَدْقُوق (مفع): دق کے بخار کا مریض، دق کے بخار میں مبتلا، مُسْتَدَقُّ الساعِد: کلائی کا پہنچے سے ملنے والا حصہ، ۔ کلّ شیء: ہر شے کا باریک اور پتلا حصہ۔

۲۔ دَقَّ۔دِقَّۃً: دشوار فہم ہونا، الدِقَّۃ (مص): ابہام، مبہم بات، اسی سے ہے۔ دِقَّۃ المعانی: معانی کی باریکی، الدَقِیق: جمع اَدِقَّۃ و اَدِقَّاء: مؤنث دقیقۃ: دشوار فہم امر۔

۳۔ دَقَّ۔دَقًّا الشیءَ: کو ظاہر کرنا۔ دَقَّقَ فی الحساب وغیرہ: حساب وغیرہ میں گہرے غور و فکر سے کام لینا۔ دَاقَقْتُ مُدَاقَّۃً ہُ الحسابَ و فی الحساب: میں نے اس سے پورے غور و فکر سے حساب لیا۔ تَدَاقَّ الرجلان: آپس میں باریکی میں مقابلہ کرنا۔ الدِقَّۃ: باقاعدگی، باضابطگی، درستی، باریک بینی، التدقیق عندالعلماء: دلیل کا دلیل سے اثبات یا مسئلہ کا ایسی دلیل سے اثبات جو دشوار فہم ہو۔ چونکہ تحقیق مسئلہ کا دلیل سے اثبات ہے۔ اس لئے مُدقِّق مُحقِّق سے درجہ میں بالاتر ہے۔

۴۔ اَدَقَّ اِدْقَاقًا الرجلَ: کو بکری یا بکریاں دینا، کہا جاتا ہے: اتیتُہ فما ادقَّنی ولا اجَلَّنی: میں اس کے پاس آیا تو اس نے مجھ کو تھوڑا بہت کچھ نہیں دیا۔ الدَقِیقَۃ: بکریاں کہتے ہیں۔ کم دِقیقَتُکَ: تمہاری کتنی بکریاں ہیں۔

۵۔ دَقْدَقَ دَقْدَقَۃً الناسُ: لوگوں کا شور و غل مچانا۔ ۔ الدوابُّ: جانوروں کے سموں کی آواز سنائی دینا۔

○ دَقَّ۔دِقَّۃً: باریک ہونا، عمدہ ہونا، کمزور ہونا، نازک ہونا، بودا ہو، آسانی سے ٹوٹ جانے والا ہونا، جلد خراب ہوجانے والا ہونا، نازک بناوٹ والا ہونا، ناپائدار ہونا، چھوٹا ہونا، تھوڑا ہونا، ننھا سا ہونا، خفیف ہونا، ذرا سا ہونا، گہرا ہونا، بالکل ٹھیک ہونا، ہلکا ہونا، سبک ہونا، لطیف ہونا، باریک بین، دیدہ ریزی کرنے والا ہونا، غیر اہم ہونا، ادنی سا ہونا، ناچیز ہونا، ناقابل لحاظ ہونا، ناقابل غور ہونا، ۔ عن: ادراک کے لئے بہت لطیف و نفیس ہونا، بہت نازک ہونا۔ ۔ دَقًّا ہ: کو مسلنا، پیسنا، کچلنا، پامال کرنا، کو رگڑ پہنچانا، خراش لگانا، زخمی کرنا، کو کوٹنا، پیٹنا، مارنا، ہاون دستے سے کوٹنا، ریزہ ریزہ کر دینا، پیس ڈالنا، میدہ بنانا، سرمہ کر دینا، خاک میں ملا دینا، کا سفوف بنانا، (گوشت) کوٹنا، گھڑی یا گھنٹے کا (وقت) بجانا، (جیسے گھنٹے نے ۱۲ بجائے)

(دل کا) دھڑکنا، (انجن کا) دھڑ دھڑ کرنا) ۔ الباب: دروازہ کھٹکھٹانا، دستک دینا۔ ۔ راسهُ بالحائط: دیوار سے سر ٹکرانا، دیوار سے سر دے مارنا، ـــــ ہ: (کیل) ٹھونکنا، ـــــ علی (کوئی موسیقی کا آلہ) بجانا، (ٹائپ رائٹر) پر ٹائپ کرنا ـــــ دقّق الجرَسَ: گھنٹی بجانا، دقت الساعةُ: گھڑی کا وقت بجانا، دق جرسَ الخطَر آلارم بجانا، دق الجرسَ علی: کو ٹیلی فون کرنا۔ دق الجرسُ: گھنٹی بجنا۔ دقّقَ ہ: کو پیس کر سفوف بنا دینا، کو پیسنا، کا میدہ بنانا، کو خاک میں ملا دینا، کو سفوف میں تبدیل کر دینا، ـــــ فی: میں ٹھیک ٹھیک ہونا، صحیح ہونا، درست ہونا، قطعی ہونا، سخت محتاط ہونا، صحیح ہونا، جفاکش ہونا، انتہائی درستی یا احتیاط سے آگے بڑھنا۔ ـ ہ: کو جانچنا، کی تحقیقات کرنا، کا جائزہ لینا، کا صحیح تعین کرنا، (کوئی کام احتیاط اور صحت و درستی سے کرنا، دقّقَ البحث. احتیاط سے تحقیقات کرنا، چھان بین کرنا، تفتیش کرنا، تلاش کرنا، کھوج نکالنا، دقّقَ النظر فی: کو توجہ یا احتیاط سے نظر میں رکھنا، کو جانچنا کی دیکھ بھال کرنا، کا امتحان کرنا، کی تحقیقات کرنا، کا دھیان یا غور سے جائزہ لینا۔ دقّقَ الملاحظةَ: غور سے یا دھیان سے دیکھنا، یا مشاہدہ کرنا، ـــــ داقق ہ: حزم و احتیاط سے کسی کے ساتھ برتاؤ کرنا۔ اُدَقّ ہ: کو باریک کرنا، عمدہ و نفیس بنانا، اِندَقّ: کچلا جانا، کوٹا جانا، ٹوٹنا، پیٹا جانا، ہاون دستے سے کوٹا جانا۔ اِندَقّ عُنُقُهُ: اس نے اپنی گردن توڑ لی۔ اِستَدَقّ: باریک اور نفیس ہونا یا ہو جانا، دقّ: کچلنا، خراش ڈالنا، رگڑنا، زخمی کرنا کوٹنا، پیٹنا، مارنا، ہاون دستے سے کوٹنا، سفوف کر دینا، سرمہ بنا دینا، ریزہ کرنا، تحلیل، پسائی، سفوف بن جانا، باریک پیسنا، کچل ڈالنا، کچومر نکالا دینا، بھرکس نکال دینا، دھڑکن دھڑکنا، دھڑ دھڑ کرنا، دستک دینا، دروازہ کھٹکھٹانا، جسم کو گود کر نقش بنانا، دقُّ الجَرَسِ: ٹن ٹن، گھنٹی کی جھنکار، گھنٹی کی آواز۔ دقُّ الحَنَك: بک بک، چپڑ چپڑ، کھٹ کھٹ، کٹ کٹ، طفلانہ گفتگو۔ دِق: عمدہ، نفیس، باریک تھوڑا، چھوٹا، ننھا سا، حقیقت، بہت چھوٹا سا، بالکل، معمولی، ذرا سا، بالکل ٹھیک، نازک، بودا، کمزور، آسانی سے ٹوٹ جانے والا، جلد خراب ہو جانے والا، نازک بناوٹ والا، ناپائیدار، مریض، شجرُ دِق: جھاڑیاں، جھاڑ جھنکاڑ، حمّی الدِق: دق کا بخار۔ دقّة: جمع دقّات: دستک، دھڑکن (دل کی)، دھڑ دھڑ (انجن کی) گھنٹے کا بجنا، گھن، ہتھوڑا، موگری، ٹھونکنے ہتھوڑے سے یا گھن سے مارنے کی آواز، گھونسا، دھپا تھپڑ، گھونسا مارنا، دھپا مارنا، دقّات القلب: دل کی دھڑکنیں، دقّة الجرس: گھنٹی کی آواز، ٹیلیفون کی گھنٹی، دِقّة: باریکی، نفاست، عمدگی، قلت، کمی، ہلکا پن، چھوٹا پن، باریک بینی، دقیقہ سنجی، فقیر ہونا، کمینہ پن، فرومایگی، کم مائگی، بے حقیقت ہونا، معمولی ہونا، لطافت، نزاکت، پر اندیشہ یا خطرناک حالت، نازک، صورت حال، درستی، صحت، مطابقت، باقاعدگی، بدقة: بعینہ، ہو بہو، درستی سے، صحت کے ساتھ، ٹھیک ٹھیک، من و عن، بالکل ٹھیک، نکتہ، موشگافی سے، محنت سے جفاکشی سے، سخت احتیاط سے، سختی سے تیزی سے، دِقّة الشعور: احساس کی شدت، زود حسی، سریع الحس، ذہانت، فراست، عقل و شعور، دُقّة: جمع دُقَق: عمدہ یا نفیس خاک، پاؤڈر، دُقَاق: کچلا ہوا، کوٹا ہوا، پیٹا ہوا یا پیسا ہوا، سفوف بنا ہوا، یا میدہ بنایا ہوا مادہ، پاؤڈر، لوپن پودے کا آٹا (لوپن Lup in or Lupine) باغوں میں اگنے والا ایک پودہ ہے۔ اس کا تنا لمبا اور نوکیلا ہوتا ہے جس میں چھوٹے چھوٹے مختلف رنگ کے پھول لگتے ہیں۔

دقیق: جمع دِقاق و اَدِقّة: عمدہ، نفیس، باریک، نازک، ناپائیدار، بودا، کمزور، بیمار، آسانی سے ٹوٹ جانے والا، جلد خراب ہو جانے والا، نازک بناوٹ والا، چھوٹا، تھوڑا، ننھا سا، حقیر، ادنی، خفیف، بہت چھوٹا سا، بالکل معمولی، ذرا، بالکل ٹھیک، ہلکا، لطیف، بے حقیقت، قلیل، معمولی، سطحی بے کیف، ناچیز، ٹھیک، صحیح، بے کم و کاست، باقاعدہ، باضابطہ، بالکل واضح، صاف، قطعی، درست، محنتی، جفاکش، محتاط، باریک بین، صحت پسند، صداقت پسند، جزئیات کا خیال رکھنے والا، سخت محتاط، بہت زیادہ غور و خوض سے کام لینے والا، سخت بے رحم، سنگدل، بے مہر، سخت، کٹھن شدید، نازک (صورتحال) پر اندیشہ، تشویشناک بحرانی، تکلیف دہ، دشوار، صبر آزما، سنجیدہ، مخدوش، قابل فکر، پر خطر، خطرناک، مشتبہ، آٹا، بیسن، نشاستہ، ستو، غذا۔ دقیق الحساب: سخت حساب رکھنے والا، سخت، بے رحم، دقیق الشعور: ذی حس، حساس، زود رنج، زود اثر، دقیقُ الصُنع: عمدہ طور پر یا نفاست سے کیا ہوا، نازک کاریگری کا۔ دقیقُ النظر: صاف دیکھنے والا، زود فہم، معاملہ فہم، دانشمند، صاحب بصیرت، زیرک، ہوشیار، ذی شعور، ذی حس، حساس۔ ابو دقیق: تتلی۔ الاعضاءُ الدقیقة: اعضاء تناسل، دقیقَة: ذرہ، ٹکڑا، ریزہ، خفیف مقدار، غیر معمولی چھان بین، باریکی، نزاکت، نازک فرق، احتیاط، اشکال، الجھاؤ، دشواری، پیچیدگی، تفصیل، مفصل، کیفیت، منٹ، دقائق الامور: معاملات کی نازک تفاصیل، یا پیچیدگیاں یا خفیہ مضمرات، دقّاق: پیسنے والا، کچلنے والا، آٹا بیچنے والا، اکثر یا ہمیشہ دھڑکنے والا، کوئی ساز بجانے والا، ساعة دقّاقة: گھڑی۔ دقّاقة: دستک دینے والا، دروازہ کھٹکھٹانے والا۔ اَدَقّ: زیادہ عمدہ، زیادہ نفیس، زیادہ نازک، زیادہ چھوٹا، زیادہ باریک، زیادہ صحیح، زیادہ درست، زیادہ سخت، مِدَقّ: موگری، سفوف بنانے والا، ہاون دستہ، موسل، پگڈنڈی، فٹ پاتھ، مِدَقّة: جمع مَدَاقّ: موگری، سفوف بنانے بنانے والا، ہاون دستہ، گھنٹے کا ٹنکن، (گھنٹی کا) ٹنکن، تدقیق: صحت، درستی، انتہائی صحت، نپا تلا ہونا، بتدقیق: بالکل ٹھیک، واقعی، درستی سے، صحت کے ساتھ، نکتہ سنجی سے، موشگافی سے، مُدَقِّق: کھرا اچھا (عالم)، پرلے درجے کا محقق یا مفتش (تحقیق کرنے والا، تفتیش کرنے والا) بے رحم، جزائیات کا خیال رکھنے والا، سخت محتاط، بہت زیادہ غور خوض سے کام لینے والا محنتی، جفاکش، مُدَقَّق: ٹھیک ٹھیک (معلومات) درست یا قطعی (مانی، جانی ہوئی یا معلوم بات)

دقر: ا۔ دَقِرَ۔ دَقَراً: کھانے سے بھر جانا۔ ـ النباتُ: سبزہ کا بکثرت ہونا، ـــــ المکانُ: کسی جگہ کا سرسبز و شاداب ہونا، الدَقِر و الدَقِرة و الدَقِیرة و الدَقَری: خوشنما منظر والا، ہرا بھرا باغ، ارضٌ دَقراءُ: سرسبز و شاداب اور تر زمین۔

۲۔ دَقّر البابَ: دروازہ بند کرنا مگر کنڈی نہ لگانا جس سے دروازہ (چابی کے بغیر) کھل جائے (عام زبان کا لفظ)

۳۔ الدُقران: واحد دُقرانة: لکڑی جس کو نصب کرکے انگوروں کی بیل چڑھائی جائے۔ الدَوقَرة: پہاڑوں کے درمیان بنجر زمین۔ الدِقرارة: جمع دقارير: چغلی (کہا جاتا ہے: رجلٌ دقرارة: چغل خور آدمی) بری عادت، جھگڑا، (کہا جاتا ہے: جاء بالدقارير: اس نے قبیح جھوٹی باتیں بکیں۔)

○ داقِرة: جمع دواقِر: مٹی کا برتن، غیر مراعات یافتہ طلبہ کے لئے وظیفہ (ٹیوشن میں)

دقس: دَقَسَ۔ دَقْساً و دُقوساً فی البلاد: ملک میں گھس جانا، الوتدُ فی الارض: میخ کا زمین میں گڑ جانا، ـ البئرَ: کنویں کو بھرنا۔

دقش: الدَقَشة (ح): گرگٹ سے چھوٹا چتکبرا جانور۔

○ دَقشوم: ٹوٹے ہوئے اینٹ پتھر، ملبہ، روڑے کنکر، اینٹ کے ٹکڑے، روڑی، بجری، پتھری۔

دقع: دَقِعَ ۔دَقَعًا: تھوڑے سے گذارے پر راضی ہونا، فقر و ذلت سے خاک نشین ہونا، بدحال ہونا، اَدْقَعَ ہُ: کو مفلس بنانا، ذلیل کرنا، ـــ به والیه فی الشتم ونحوه: کو گالی دینے وغیرہ میں زیادتی سے کام لینا، ـــ الرجلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔ الدَّقْعُ: حاجت طلب کرنے میں جھکنا اور اس میں لالچ کرنا، الداقِع (فا): غمگین، تھوڑی روزی کا خواہاں۔ ـــ الادقع: مٹی خاک۔ جوعٌ اَدْقَع: سخت بھوک، المُدْقِع: مٹی سے لگا ہوا، ذلیل، دبلا، بھاگنے والا۔ جوعٌ مُدْقِع: سخت بھوک۔ الدَّقْعَاءُ و الدُّقاع و الدِقْعَم: (میم کی زیادتی سے) مٹی، خاک۔ المِدْقاع جمع مَداقیع: کمی پر راضی ہونے والا، حریص، لالچی۔ الدَّقْعاء: مٹی، خاک، بنجر زمین۔ الدَّقْعَى: کہا جاتا ہے۔ رأیتُ القوم صَقْعَى دَقْعَى: میں نے لوگوں کو زمین سے چمٹے ہوئے دیکھا۔ الدَّیْقوع: سخت بھوک، الدَّوْقَعَة: مفلسی، غربت، ذلت۔

○ دَقِعَ ۔دَقَعًا: اپنی خودی کا جنازہ نکالنا، جھکنا، عاجزی کرنا، لجاجت کرنا، سخت غمزدہ ہونا، سخت بری حالت میں ہونا، مصیبت زدہ ہونا، غریب مسکین ہونا، عاجز و منکسر المزاج ہونا، گرا ہوا ہونا، غربت کی زندگی بسر کرنا، اَدْقَعَ: بمعنی دَقِعَ نیز ہ: غربت کا کسی کو سخت بری حالت میں لانا۔ اِدقاع: عام غربت۔ مُدْقِع: سخت بری حالت میں، مصیبت زدہ، ذلیل کرنے والی غربت۔

دقل: دَقَلَ ۔دَقْلاً ہ: کو روکنا، محروم کرنا، کے ناک یا منہ پر مارنا، ـــ دُقُولاً: غائب ہونا، ـــ فیه: میں داخل ہونا۔ اَدْقَلَ الرجلُ: چھوٹے اور کمزور بچے والا ہونا، ـــت الشاةُ: بکری کا دبلی و کمزور ہونا، صفت: مُدْقِل ـــ النخلُ: کھجور کے درخت کا خراب و ردی پھل لانا، الدَّقَل: ردی اور ادنی قسم کی کھجور، بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے۔ اراك اطولَ من الدَّقَلِ وانت تنثر کلامك نثر الدَّقَل: میں دیکھتا ہوں کہ تم بادبانی ڈنڈے سے بھی زیادہ دراز ہو اور گفتگو بھی ردی و ناکارہ کرتے ہو۔

○ دَقَل: (جہاز کا) مستول، بڑا مستول، ـــ: (اسم جنس واحد) دَقَلَة: اچھی قسم کی کھجوروں کی قسم۔

دقم: ا۔ دَقَمَ ۔دَقْمًا ہُ: کے سینہ پر مار کر دھکا دینا، کے دانت توڑنا، دَقِمَ ۔دَقَمًا: کے سامنے کے دانتوں کا گرنا صفت: دَقِم و اَدْقَم۔ اَدْقَمَ فاهُ: کے اگلے دانتوں کو توڑنا۔ الدَّقَمَة: منہ کا اگلا حصہ۔

۲۔ دَقَمَ ۔دَقْمًا الریحُ علیه: پر ہوا کا آنا۔

۳۔ الدَّقْم: قرض وغیرہ کا سخت غم۔

دقن: دَقَنَ ۔دَقْنًا ہُ: کو منع کرنا، محروم کرنا، ـــ فی لَحْيِ الرجل: کی ٹھوڑی پر مکا رنا۔

دكّ: ا۔ دَكَّ ۔دَكًّا الحائطَ: دیوار کو گرا کر زمین کے برابر کرنا۔ ـــ الارضَ: زمین کی اونچ نیچ نکال کر اس کو ہموار کرنا۔ ـــ الترابَ: مٹی کو کوٹ کر برابر کرنا۔ ـــ البئرَ: مٹی ڈال کر کنویں کو پاٹ دینا۔ ـــ الترابَ علی المیت: میت پر مٹی ڈالنا، اِنْدَكَّ: ہموار ہونا، ـــ الرملُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا۔ ـــ السَّنامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔ الدُّكّ: جمع دِكَكَة و الدَّكّاء: جمع دَكّاوات: پست پہاڑ، نرم مٹی کا ٹیلہ۔ الدَّكّ (مص): جمع دُكوك: ہموار زمین، ہموار جگہ، الدَّكَّة: جمع دِكاك: ہموار ریتلا میدان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کیلئے ایک چبوترہ۔ الدُّكّان: جمع دَكاكین: (فارسی لفظ) چبوترہ، دکان، الأدَكّ: (جس کا اسم الدَّكَك ہے جمع دُكّ و دُكُك مؤنث دَكّاء (ح): چوڑی پیٹھ والا پست قد گھوڑا۔ یومٌ دَكِیك: پورا دن (اسی طرح مہینہ اور سال کو بھی دَكِیك کہا جاتا ہے)۔ المِدَكّ: ہموار کرنے کا آلہ، مضبوط قوی ہیکل آدمی۔ اَمَةٌ مِدَكَّة: کام کرنے میں مضبوط چھوکری۔ الدَّكّاك: بہت کوٹنے پیسنے والا، بہت روندنے والا۔

۲۔ دَكَّ ۔دَكًّا البارودةَ: رائفل یا بندوق لوڈ کرنا (عام لوگوں کی زبان میں) دَكَّكَ الشيءَ بالشیء: ایک چیز کو دوسری سے ملانا، مخلوط کرنا، دَكَّكَ السراویلَ فی استعمال العامة: (عوامی استعمال میں) پتلون میں چٹی ڈالنا، پاجامہ میں ازار بند ڈالنا۔ تَدَاكَّ علیه القومُ: کے پاس لوگوں کا بھیڑ کرنا، ہجوم کرنا، الدِكَّة: ازار بند، صحیح لفظ التِكَّة: ہے۔ المِدَكّ: ازار بند ڈالنے کی سلائی۔

۳۔ دَكَّ ۔دَكًّا ہُ: کو دفع کرنا، دھتکار دینا، ـــ الدابَّةَ فی السیر: جانور کو چلا کر تھکانا، کہا جاتا ہے۔ دَكَّت الحمّی الرجلَ: بخار نے آدمی کو کمزور کر دیا۔ دُكَّ: بیمار ہونا۔

۴۔ دَكْدَكَ الحفرةَ: گڑھے کو مٹی سے بھرنا۔ تَدَكْدَكَت الجبالُ: پہاڑوں کا گر کر ہموار ہو جانا، الدَّكْدَك و الدِكْدِك: جمع دَكادِك و الدَّكْداك جمع دَكادیك: سخت زمین۔

○ دَكَّ ۔دَكًّا ہ: زمین یا سڑک کو چپٹا، یا سپاٹ کرنا، ہموار کرنا، برابر کرنا، یکساں کرنا، زور سے مارنا، (سڑک کے) پتھر کوٹنا، ـــ ہ: کو تباہ کرنا، برباد کرنا، منہدم کرنا، ویران کرنا، ـــ: دبانا، بوجھ تلے پیس ڈالنا، سپاٹ کرنا، دَكَّكَ ہ: کو ملانا، خلط ملط کرنا، اِنْدَكَّ: کچلا جانا، ہموار ہونا۔ دَكّ جمع دُكوك: ہموار زمین، تباہی، بربادی، انہدام۔ دَكَّة جمع دَكّات: روڑے، توڑے ہوئے پتھر، کنکر، دِكَّة: جمع دِكَك: بنچ، دُكّان: جمع دَكاكین: بنچ، سٹور، دکان، دُكّانجی: سٹور کیپر، دکاندار، پرچون فروش، خردہ فروش، مِدَكّ: جمع مِدَكّات: لوہے کی ڈنڈی، موگری، دھرمٹ، کٹائی کرنے والا، بھرائی کرنے والا،

دَكَّكَ ہ: پاجامے میں ازار بند ڈالنا، دِكَّة: بمعنی تِكَّة: ازار بند، ناڑا۔

دكت: الدِكْتاتور: ڈکٹیٹر (لاطینی لفظ)

الدَكْتِیلُوغرافیا: ٹائپ رائٹر کے ذریعے لکھنے کا فن (یونانی لفظ)

○ دِكْتاتُورِیَّة: آمریت۔ دِكْتاتُورِيّ: آمرانہ، دُكْتُور: جمع دَكاتِرة: ڈاکٹر، فاضل۔ دکتور فی الحقوق: ایل ایل ڈی۔ دکتور فی الطب: ایم ڈی۔ دُكْتُوراة: سند فضیلت، ڈاکٹریٹ، پی ایچ ڈی کی ڈگری، ڈاکٹر کا خطاب، الدکتوراة الفخریه: اعزازی ڈاکٹریٹ۔

○ دِكْرِیتُو: جمع دکریتات: فرمان، حکم فیصلہ، ڈگری۔

دكس: دَكَسَ ۔دَكْسًا الشيءَ: کو بھرنا، ـــ الشيءُ: تہ بتہ ہونا، ڈھیر لگنا، اَدْكَسَ المکانُ: کسی جگہ کا سبزی اگانا۔ الدَّاكِس (فا): چھینک وغیرہ جس سے شگون لیا جاتا ہے۔ ـــ من الظباء: پیچھے سے آنے والا ہرن۔ الدُّكاس: اونگھ، الدَّكِیسَة من الناس: لوگوں کی جماعت، گروہ، الدَّوْكَس (ح): شیر، چوپایوں اور بکریوں کا بڑا ریوڑ۔

دكل: ا۔ دَكَلَ ۔دَكْلاً الطینَ: لپائی کے لئے ہاتھ سے گارا جمع کرنا۔ ـــ الشيءَ: کو روندنا۔ دَكَّلَ الدابَّةَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا، الدَّكْلَة: پتلا گارا، الدَّكِیل: روندا ہوا۔

۲۔ تَدَكَّلَ: مغرور ہونا، خود کو بڑا جاننا، ـــ علیه: پر ناز کرنا، سے متکبرانہ سلوک کرنا، ـــ عنه: دیر لگانا، الدَّكَلَة: خود کو بڑا جاننے والے لوگ، طاقت کے بل بوتے پہ سلطان سے متاثر نہ ہونے والے۔

۳۔ الأدْكَل: سیاہی مائل رنگ والا،

دكم: ا۔ دَكَمَ ۔دَكْمًا الشيءَ: چیز کے ایک حصہ کو دوسرے حصہ پر کوٹنا، ـــ فاه او انفَهُ: کا منہ یا ناک توڑ دینا، ـــہُ فی صدره: کو اس کے سینہ پر مار کر ہٹانا، دَكَمَہُ فی راسه: کے سر میں سینگ مارنا، ـــہُ فی الشیء: کو چیز میں داخل کرنا۔ تَدَاكَمَ القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا، دھکیلنا۔

۲- الدُکْمَة سیاہی مائل رنگ۔

دکن ۱- دَکَنَ دَکْنًا المتاعَ سامان کو ترتیب دینا، اوپر نیچے چننا، دَکَّنَ المتاعَ سامان کو ترتیب دینا، اوپر نیچے چننا، ـــ الدُکّانَ دکان لگانا، جمانا، الدُکّان جمع دَکاکین (فارسی لفظ) بنچ، چبوترہ، دکان، الدُکّانی دکان والا۔

۲- دَکِنَ دَکَنًا سیاہی مائل ہونا، صفت: اَدْکَن مونث دَکْناء جمع دُکْن ـــ الثوبُ کپڑے کا میلا اور مٹیالا ہونا، الدُکْنَة سیاہی مائل رنگ۔

○ اَدْکَن مونث دَکْناء جمع دُکْن سیاہی مائل، سانولا (رنگ) داکِن سانولا، سانولے رنگ کا اَخْضَر دَکِن سیاہی مائل سبز، اَصْفَر داکِن زردی مائل پیلا، سیاہ زرد رنگ کا کیچڑ رنگ کا۔

دلّ ۱- دَلَّ دَلالَةً و دُلولَةً و دِلِّيلَی دِلّيلَی إلى الشیء وعلیه کی تک راہنمائی کرنا، کو کا راستہ دکھانا، اَدَلَّ بالطریق راستہ پہچاننا۔ اِسْتَدَلَّ علیه: کا نشان دریافت کرنا، پتہ دریافت کرنا، ـــ بکذا علی الأمر سے کسی امر یا رائے پر پہنچنا سے کوئی بات سمجھنا، یقین کرنا، الدَلّ حالت سکون واطمینان، اچھی خصلت۔ الدَلَّة نازونخرہ۔ احسان۔ الدَلال وقار، الدَلیل: جمع اَدِلَّة و اَدِلّاء و الدِلالة جمع دَلائل جس سے رشد و ہدایت ملے، دلیل و حجت، رہنما، مرشد، گائڈ بک، سفر کے مرحلوں اور منزلوں پر مشتمل کاغذ، الدِلالَة راہبر کی اجرت۔ الدُلّی والدَلِیْلَة: کھلی سڑک واضح راستہ۔

۲- دَلَّ - دَلًّا و دَلالًا و دَلَّ - دَلَلًا نازونخرہ کرنا، ـــت المرأة علی زوجها: عورت کا اپنے شوہر پر بناوٹی جرأت دکھانا اور جھوٹی مخالفت کرنا۔ اَدَلَّ اِدْلالًا علیه کے ساتھ بیجا بے تکلفی سے پیش آنا، کی محبت پر بہت اعتبار کرلینا۔ اسی سے یہ قول ہے۔ اَدَلَّ فَأَمَلَّ: اس نے بیجا بے تکلفی کی یا محبت پر بہت اعتبار کیا، پر تکلیف دہ ہوا نیز کہا جاتا ہے۔ هو یُدِلُّ به: وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے۔ تَدَلَّلَ علیه: سے گستاخی کرنا۔ ـــت المرأةُ علی زوجها: عورت کا اپنے شوہر کے ساتھ نازونخرہ کرنا۔ اِنْدَلَّ: راستہ پانا، المُدِلّ (فا): اپنے اوپر اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا، ـــ بالشجاعة: دلیر، جری، الدَالَّة الدال کا مؤنث: نازونخرہ، جرأت۔ کہا جاتا ہے: له علیه دالة: اس کو اس پر ناز یا جرأت ہے۔ (وقار کی وجہ سے) الدَلال (مص): نازونخرہ الدالُّو الاء ناز کرنا۔

۳- دَلّ - دَلًّا و دَلالًا و دَلَّ - دَلَلًا الرجلُ فخر و غرور کرنا، اپنی بخشش پر احسان جتانا۔ الـدَلَّة: احسان، الأدَلّ: احسان جتانے والا۔

۴- اَدَلَّ اِدْلالًا علی اقرانه: اپنے ساتھیوں کو اوپر سے دبالینا، ـــ البازی علی صیده: باز کا اپنے شکار پر جھپٹا مارنا، اِنْدَلَّ الماءُ: پانی کا گرنا۔

۵- دَلَّلَ الدَلّالُ علی السلعة: دلال کا سامان کی بولی لگانا، سامان کو نیلام کرنا۔ الدَلّال: نیلام کرنے والا، دلالی کرنے والا، الدِلالة: دلال کا پیشہ، دلال کا کمیشن۔

۶- دَلْدَلَ دَلْدَلَةً اعضاءه او رأسهُ: چلتے ہوئے اعضائے بدن یا سر کو ہلانا۔ تَدَلْدَلَ فی مشیه: چلتے ہوئے ہلنا، لڑکھڑانا، ـــ الشیءُ: لٹکتے ہوئے حرکت کرنا، ہلنا۔ الدُلْدُل: بڑا کام، ـــ والدُلْدُول (ح): سیہ، خارپشت، الـدَلْدال: اضطراب، قومٌ دَلْدَال: لغزش بگام چلنے والے لوگ۔

○ دَلَّ ـ دَلالَةً ه علی: کو کوئی چیز دکھانا، پر کچھ واضح کرنا، کی کی طرف توجہ دلانا، ـــه علی/الی: کی کی طرف رہنمائی کرنا، کو کی طرف لیجانا، کو کا راستہ دکھانا، ـــ علی: کو دکھانا، کا اشارہ کرنا، کو دیکھنا، کو انگلی سے بتانا، اشارہ کرنا، کا ثبوت دینا، کو ظاہر کرنا، بتانا، پر دلالت کرنا، کی طرف دلالت کرنا، کا مفہوم ہونا، کا ثبوت ہونا، کی تجویز پیش کرنا، کا خیال دلانا، ایما ظاہر کرنا، کی علامت ہونا، کی دلیل ہونا، کا اثر رکھنا، کا ثبوت فراہم کرنا، کی گواہی مہیا کرنا، کو ثابت کرنا، ـــ دلالا علی: سے عشوہ گری کرنا، نازنخرے کرنا، نازوادا کرنا، اٹھلانا، دَلَّلَ علی: کو ثابت کرنا، کا ثبوت فراہم کرنا، ـــ علی ب: کی کے ساتھ تصدیق کرنا، توثیق کرنا، ـــ علی: کچھ بیچنا، نیلام میں پیش کرنا، کو نیلام کرنا، کی نیلامی بولنا، ـــه: کو لاڈ سے بگاڑنا، کی حد سے زیادہ نازبرداری کرنا، کو بگاڑنا، کی عادتیں خراب کرنا، (بچہ) پر پیار سے ہاتھ پھیرنا، کو چومنا، کو بہت لاڈ پیار کرنا، اَدَلَّ علی: سے مناسب احترام کے بغیر پیش آنا، سے بیجا بے تکلفی سے پیش آنا۔ ـــ ب: پر فخر کرنا، مغرور و متکبر ہونا، تَدَلَّلَ علی: سے عشوہ گری کرنا، نازنخرے کرنا، نازوادا کرنا، اٹھلانا، سے بیجا بے تکلفی سے پیش آنا، کو لاڈ سے بگاڑنا، کی حد سے زیادہ نازبرداری کرنا۔ ـــ: معلومات حاصل کرنا، شرمیلی ہونا، لجیلی ہونا، حیادار ہونا، ظاہرداری یا جزباتی طور پر پیش آنا، اِسْتَدَلَّ علی: کسی چیز کو دکھانے کے لئے کہنا، کے بارے میں معلومات کی درخواست کرنا، سے مطلع ہونا، آگاہ ہونا، ـــ علی: کے بارے میں اطلاع پانا، سے رہنمائی حاصل کرنا، ـــ ب: کے مطابق کرنا یا طرز عمل اختیار کرنا، ـــ علی من/ب: سے نتیجہ اخذ کرنا کر...... ـــ من/ب علی: سے کے بارے میں نتائج اخذ کرنا۔ کے مطابق کرنا یا طرز عمل اختیار کرنا، ـــ علی من/ب: کے بارے میں سے اندازہ لگانا، دَلّ: مناسب، باوقار کردار، عشوہ گری، ناز۔ دَلَّة: جمع دِلال: کافی بنانے کے لئے مڑی ہوئی ٹونٹی اور دستے کا برتن، عشوہ گری، نخرے بازی، لاڈ میں عادتیں بگاڑنا، نازبرداری، بگاڑ۔

○ ذھَبَ - ذَھابًا و مَذھَبًا الی: کے پاس جانا، کا سفر کرنا، ــــ جانا، روانہ ہونا، چھوڑنا، غائب ہونا، دفعتہ غائب ہو جانا، ہوا میں تحلیل ہو جانا، ختم ہو جانا، جاتا رہنا، معدوم ہو جانا، ختم ہونے کے قریب ہونا، سمٹنا، گھٹتے گھٹتے بالکل کم رہ جانا، فنا ہو جانا، مر جانا، تباہ ہو جانا۔ ب: کو لے جانا، غائب کر دینا، چرا لینا، کسی چیز یا شخص کو بہکا کر لے جانا، کو نیست و نابود کرنا، تباہ و برباد کرنا۔ ذھب بہ اِلی. کو تک لے جانا، کی تک رہنمائی کرنا۔ ــــ اِلی: کچھ سوچنا، خیال کرنا، یقین کرنا، اعتقاد رکھنا کہ، کی رائے ہونا کہ۔ عن: سے بچ نکلنا، کے ذہن سے نکل جانا، ذھب عنہ ان: بھول جانا کہ، ذہن سے نکل جانا، کا نظروں سے اوجھل ہو جانا۔ ذھب عن. کو نظر انداز کر دینا، کو نہ کرنا، چھوڑ دینا۔ ذَھَبَ وجَاءَ: آگے پیچھے جانا، ٹہلنا، چہل قدمی کرنا۔ ذھب اِلی ابعَدَ من: سے آگے جانا۔ ما یذھب فی نزعتِہِ: اس طرح۔ ایْنَ یُذھَبُ بِكَ تمہاری یہ مراد نہیں ہو سکتی، یہ بیہودہ اور احمقانہ تجویز ہے۔ ذَھَبَ سُدًی: بیکار یا فضول ہونا، لا حاصل ہونا۔ ذَھَبَ ادْرَاجَ الرِیَاح بن دیکھے گزر جانا، کوئی نشان چھوڑے گزر جانا، ٹائیں ٹائیں فش ہونا، لا حاصل

ہونا، فضول یا بیکار ہونا، کا کوئی نتیجہ نہ نکلنا، کا کچھ نہ بننا، ناکام رہنا۔ ذهب كأمسِ الدابر ہوا میں تحلیل ہو جانا، کوئی نشان چھوڑے غائب ہو جانا، گزشتہ کل کی طرح۔ ذهب بنهانِهِ کا سحر، دلربائی یا کشش زائل کردینا۔ ذهب بنفسه (خوشی، دہشت وغیرہ کا) کسی کی جان لے لینا۔ ذهبَ بحبالِهِ الی کا تصور تک بھٹکنے دینا۔ ذهب مذهبهُ کسی کا مکتبہ فکر قبول کرنا، کے خیالات قبول کرنا، کی پالیسی اختیار کرنا، کی طرح کام کرنا، کی تعلیمات کی اتباع کرنا، اپنانا۔ ذهَبَ كُلَّ مذهب ہر سمجھ میں آنے والی بات کرنا، کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا، پوری کوشش کرنا، ہر طرح کی کوشش کرنا۔ ذهّب ہ کو ملمع کرنا، پر سونے کا پتر چڑھانا، کو گلٹ کرنا۔ اَذْهب ہ کو غائب کرنا، نکال دینا، خارج کرنا، ہٹانا، اٹھانا۔ ہ عن سے کوئی چیز لے جانا۔ تمذهَب ب کوئی تعلیم، مذہب اختیار کرنا، قبول کرنا۔ ذهب (مذکر و مونث) سونا، سونے کا ٹکڑا، سونے کا سکہ۔ ذهَبٌ ابيض پلاٹینم۔ ذهَبي سنہری، سونے کا، قیمتی بہت عمدہ، اعلیٰ، موزوں، مناسب، برمحل (مشورہ، مقولہ وغیرہ) آية ذهبية سنہری لفظ، قول، قول زریں۔ ذهبية جمع ذهبيات دریائے نیل میں چلنے والی لمبی ہاؤس بوٹ (رہائش کے لئے بنائی ہوئی کشتی) ذهاب جانا، گزرنا، چھوڑنا، خفیف ہونا، سمٹنا، گھٹتے گھٹتے کم رہ جانا، نقصان، گھاٹا، خسارہ، پوشیدگی، غیوبیت، روانگی، سفر۔ تفریحی سفر، رائے خیال، الى ان كه۔ ذهاباً وايابا جانا آنا، آگے پیچھے اوپر نیچے، تذکرة ذهابٍ وایابٍ جانے آنے کا ٹکٹ۔ ذهُوب جانا۔ ذهوب و مآب آنا اور جانا۔ فى جيئة و ذهوب آتے جاتے، اتار چڑھاؤ کی حالت میں، کے نشیب و فراز میں۔ مذهب جمع مذاهِب جانا، روانگی۔ عن سے باہر نکلنے کا راستہ، سے فرار کا راستہ۔ ـــ طریقہ، طریقہ عمل، پالیسی، سڑک، رائے، خیال، عقیدہ، اعتقاد، یقین، نظریہ، نظریاتی بنیاد، نقطہ نظر، تعلیم، اصول، عقائد، تحریک، صحیح اور واضح سمت کا تعین، محل وقوع یا سمت کا تعین، میلان، رخ، رجحان، مکتبہ فکر، مذہب، فقہی مذہب، مذہبی مسلک، دھرم، مت، ایمان فرقہ، گروہ۔ مذهبُهُ فى الحياة اس کا فلسفہ حیات، المذهب المادى مادی نظریہ زندگی تک مادی رسائی۔ ذهب مذهبا بعيدا بہت دور جانا، بہت دور تک پھیلا ہوا ہونا۔ مذهبى فرقہ وارانہ، گروہی، مسلمہ فرقہ بندی کا۔ مذهبية فرقہ پرستی۔ ذاهب اللون بے رنگ، خراب یا بدلے ہوئے رنگ کا، پھیکا (رنگ)۔ مَذْهُوبٌ به و مذهوبُ العقل پاگل، دیوانہ، آپے سے باہر۔ مُذَهَّب و مُذْهَب سونے کا پتر چڑھایا ہوا۔ گلٹ شدہ، سنہری، ملمع۔

ذهر ذَهِرَ ـ ذَهَراً فُوهُ کالے دانتوں والا ہونا، صفت۔ اَذْهر۔

ذهل ۱۔ ذَهَلَ ـ ذَهْلاً و ذُهُولاً الشىءَ و عنه کو بھول جانا، سے غافل ہونا۔ ذَهِلَ ـ ذُهُولاً حیران ہونا، ہکابکا رہنا۔ اَذْهَلَ ہ کو بھلا دینا، غافل کردینا۔ المَذْهَل جمع مَذَاهِل بھولنے کی جگہ۔

۲۔ الذُّهْل و الذَّهْل من الليل رات کا ایک حصہ۔ الذُّهْلول جمع ذَهَالِيل من الخيل او الرجال عمدہ گھوڑا، اچھا آدمی۔

۳۔ ذَهَلَ ـ ذَهْلاً و ذُهُولاً عن کو بھول جانا، نظر انداز کرنا، سے اغماض کرنا، چشم پوشی کرنا، کو چھوڑنا، ترک کرنا، پر توجہ نہ کر سکنا۔ ذَهِلَ ـ ذُهُولاً حیران پریشان ہونا، متحیر ہونا، الجھن میں پڑ جانا، گھبرا جانا، دہشت زدہ ہو جانا، خوف زدہ ہونا، ہراساں ہونا، چونک پڑنا، بوکھلا جانا، چکرا جانا، ششدر ہونا، حیرت میں پڑنا، متعجب ہونا، ڈرنا، خوفزدہ ہونا، ہٹنا، دبنا، جی چرانا، پراگندہ دماغ ہونا، آپے سے باہر ہونا، دیوانہ ہو جانا۔ عن سے توجہ پھیرنا، کو بھلا دینا، نظر انداز کرنا، سے غفلت کرنا، تغافل کرنا۔ اَذْهَلَ ہ کو چکرا دینا، چونکا دینا، گھبرا دینا، حیرت میں ڈالنا، کے ہوش گم کرنا، کو پریشان کرنا۔ ہ عن کی سے توجہ ہٹانا، کو کچھ بھلا دینا۔ ذُهُول حیرانی، الجھن، گھبراہٹ، حیرت، سراسیمگی، پریشانی، بدحواسی، بے ہوشی، بے حسی، استعجاب کی حالت میں منہ کھلا کا کھلا رہنا، بوکھلاہٹ، پراگندگی، ہراس، خوف، دہشت، حیرانی، تعجب، اچنبھا، تحیر، ذہنی انتشار، پریشان خیالی، پراگندہ خیالی۔ عن سے توجہ ہٹنا، پھرنا۔ ذاهل بے پروا، غافل، بھولنے والا، تغافل شعار، دیوانہ، آپے سے باہر، کھویا ہوا، بے خیال، بے حواس، مدہوش، سخت حیرت میں۔ مَذْهُول پریشان، گھبرایا ہوا، حواس باختہ، دہشت زدہ، چھکے چھڑایا ہوا، سراسیمہ، حیران، الجھن میں پڑا ہوا، چکرایا ہوا حیران و پریشان، پاگل خیالات میں کھویا ہوا، گم، محو، مستغرق، غافل، پراگندہ دماغ۔ مُذْهِل چونکا دینے والا، حواس باختہ کرنے والا، چکرا دینے والا، حیران کن، پریشان کن، حیرت انگیز۔ مُنْذَهِل گھبرایا ہوا، دہشت زدہ، چھکے چھڑایا ہوا، پریشان، حواس باختہ، حیران و پریشان، پاگل، سراسیمہ، خیالات میں کھویا ہوا، گم، محو، مستغرق، غافل پراگندہ دماغ۔

ذهن ۱۔ ذَهَنَ ـ ذَهْناً الامر کسی امر کو سمجھنا کا ادراک کرنا، تیزی ذہن میں پر غالب آنا۔ اَذْهَنَ و اِسْتَذْهَنَ الرجل عن الامر کو کوئی کام بھلا دینا، فراموش کرا دینا۔ ذَهُنَ ـ ذَهْناً الشىءَ کو سمجھنا۔ ذَهُنَ ذَهَانَةً اچھے حافظہ والا ہونا۔ ذَهِنَ کند ذہن ہونا۔ ذَاهَنَ ہ سے سمجھ سے بڑھ جانا کہا جاتا ہے: ا يداهن الناس ويفاطهم وہ ان سے اپنے ذہن اور ہوشیاری سے مقابلہ کرتا ہے۔ الذِّهْن جمع اَذْهان سمجھ، عقلی قوت، حافظہ، قوت۔ ما بِرِجْلى ذِهنٌ میرے پاؤں میں چلنے کی قوت نہیں ہے۔ الذَّهَن جمع اَذْهان سمجھ، زیرکی، کہا جاتا ہے۔ هو من اهل الاذهان وہ زیرک لوگوں میں سے ہے۔ رجلٌ ذُهُنٌ و ذَهِنٌ ذکی و سمجھدار آدمی۔

۲۔ الذِّهْن جمع اذهان چربی۔

۳۔ ذِهْن جمع اَذْهان ذہن، دماغ، دل، عقل، فہم، فراست دانشمندی۔ ذهنى عقلی، شعوری، خیالی، ذہنی، دماغی۔ ذهنية ذہنیت، ذہنی قابلیت، افتاد طبع، رجحان۔

ذها: ذَهَا ـ ذُهُوًّا تکبر کرنا۔

ذو ۱۔ ذُو تثنیہ ذَوَان جمع ذَوُون صاحب، مالک اس کا اعراب اسمائے خمسہ کا سا ہے۔ ذُو اليدِ اَحَقّ قبضہ کرنے والا زیادہ حقدار ہے۔ ذَوُو الأَرْحام رشتہ دار لوگ۔ ذا صاحب، یہ اسماء خمسہ میں سے حالت نصب میں ہے۔ کہا جاتا ہے۔ وجدتُه ذا صباحٍ میں نے اسے بوقت صبح پایا۔

ذى صاحب، اسماء خمسہ میں سے ہے اور حالت جر میں ہے کہ کہا جاتا ہے۔ كان ذلك من ذى قبل یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ جَاءَ من ذى نفسه وہ خوشی سے آیا۔ الذَّوُون و الأَذْواء شاہان یمن، ان کے ناموں کا آغاز لفظ ذو سے ہوتا ہے۔ مثلاً ذویزن، ذونواس و ذوریاش۔

۲۔ ذات ذو کا مونث۔ تثنیہ ذَوَاتَا جمع ذَوَات اس کا اس کے تثنیہ و جمع کا اعراب انہیں کے مشابہ مفرد و تثنیہ جمع اسماء کا سا ہوتا ہے کہا جاتا ہے۔ لقيته ذاتَ يوم او ذاتَ ليلةٍ او ذاتَ مرّةٍ میں نے اس سے ایک دن، ایک رات یا ایک مرتبہ ملاقات کی کہا جاتا ہے۔ كان ذلك ذاتَ العُوَيْم یہ گزشتہ سال تھا۔ جَلَسَ ذاتَ اليمين وہ دائیں جانب بیٹھا۔ لقيته اوّلَ ذات يدَينِ میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ القت الدجاجة ذات بطنها مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔

ـــ الصدرِ سوچ یاراز للیمینِ سیدھی جانب، دائیں جانب للیَنِ حال کہا جاتا ہے لصلحوا ذاتَ بینکم تم اپنی آپس کی حالت کو درست کرو۔ شفۃٍ کلمہ کہا جاتا ہے کلّمتہ فمارَدّ علیَّ ذاتَ شفۃ میں نے اس سے گفتگو کی تو اس نے جواب میں ایک کلمہ تک منہ سے نہیں نکالا للید ملکیت کہا جاتا ہے قلّت ذاتُ یدہ اسکی ملکیت تھوڑی رہ گئی۔ ـــ الجَنبُ (طب) نمونیا کی بیماری ـــ الرئۃ و ذات الصدر و ذات الکبد (طب) پھیپھڑے، سینے اور جگر کی بیماریوں کے نام ہیں ذاتُ الشیء وہی چیز للذاتُ وہ چیز جو جانی جا سکے یا اسکی خبر دی جا سکے لاسم الذات عند النحاۃ (نحویوں کے نزدیک) جو کسی ذات کے ساتھ لگایا جا سکے، جیسے الرجل کالاسد اس کے مقابل اسم المعنی ہے جیسے علم، شجاعت للذوات قوم کے بڑے لوگ للذاتی ذات سے منسوب، ذاتی، ذات کا ذات کے متعلق۔

○ ذو (بحالت رفع) ذی (بحالت جر) ذا (بحالت نصب) مونث ذات جمع ذوو (مذکر) اولو و ذوات جمع مونث، مالک، رکھنے والا، قابض، آقا، سے مزین و آراستہ یا فراہم شدہ۔ پر مشتمل۔ ذوعقلٍ دماغ والا، ذہین، دانشمند ذومالٍ امیر، دولت مند ذوصحۃ تندرست صحت مند ذوشان اہم ذو القربیٰ رشتہ دار، عزیز غیر ذی زرع غیر مزروعہ (زمین بطن ذی قبلٍ سے پہلے من ذی نفسہٖ اپنی مرضی سے، خود بخود، طبعی طور پر۔ ذووہ اس کے رشتے دار، اقارب، اعزاء، لوگ۔ ذو والمودّۃ والمعرفۃ اس کے دوست اور شناسا۔ ذوو الشبہات مشتبہ لوگ، بدنام لوگ ذوو الشان اہم اور ذی اثر لوگ، مجاز لوگ، حکام، معاملہ سے متعلق لوگ لاولو الامر حکام، زعماء، رہنما لاولو الحل والعقد بااثر لوگ، بااقتدار لوگ۔ ذات جمع ذوات ہستی، جوہر، قسم، نوعیت، خود، شخص، ذات، شخصیت، وہی، ہو بہو، بعینہ، بجنسہ، خود، آپ للذوات رتبہ والے لوگ، ممتاز لوگ، مشہور لوگ ذاتاً اصالتاً بذات خود ذاتُ البین نااتفاقی، ان بن، نزاع، پھوٹ، ناچاقی، تنازع، جھگڑا، بے آہنگی، اختلاف، دشمنی، دوئی ذات الجَنب. ذات الصدر، پھیپھڑے کی جھلی کا ورم ذاتُ الرئۃ نمونیا۔ ذات الصدر، سینہ کی بیماری ذات الید دولت، دولت مندی، مرفہ الحالی ذات ایدینا ہماری چیزیں ذات الیمین دائیں طرف ذاتَ الشمال بائیں طرف ذات الیسار بائیں طرف ذاتَ مرّۃ ایک دفعہ، ایک مرتبہ فی ذاتِ مرّۃ ایک دفعہ، ایک مرتبہ ذاتَ یومٍ ایک دن فی ذات یوم ایک دن فی ذات غدٍ آئندہ کبھی، جلد فی ذاتِ کے بارے میں، بلحاظ، بحوالہ بالذات کے سوا کوئی نہیں، سب کچھ، سب سے اصالتاً، بذات خود انا بالذات میں خود فی لندن بالذات سب جگہوں میں سے لندن میں للسعادۃ بالذات اشد ضروری، خوشی، اصلی خوشی ذاتُ نفسِہٖ ذاتُ انفسِہم وہ خود (واحد و جمع) اسکی یا انکی وہی طبیعت ھو بذاتہ: وہ خود ھو ذاتہ: وہ خود ذاتُ الشیء: وہی چیز ذاتُ الاشیاء چیزیں للسنۃ ذاتھا: اسی سال لِذاتِہٖ خود اس کا خود، اسی حیثیت سے، اس کی خاطر فی ذاتہ اسکی ذات میں فی حد ذاتہ اسکی ذات میں قائم بذاتہ مستقل، خود قائم، بالکل الگ، تنہا للثقۃ بالذات خود اعتمادی، اعتماد بالذات حُبُّ الذات و مَحبّۃُ الذات: انانیت، حب ذات للاعتماد علی الذات خود اعتمادی صریح بذاتہ: صاف ظاہر، بدیہی، اپنی وضاحت آپ کرنے والا المُناقِضُ ذاتَہٗ خود تردیدی للبن ذوات خاندانی ذاتِی ذاتی، خود تیار کردہ، خود پیدا کردہ، خود بخود، طبعی، فطرتی، بلا ارادہ، خودرو، خود کرنے والا، خودکار، خود بخود کام کرنے والا، نفسی، ذہنی، داخلی، موضوعی جمع ذاتیون: داخلیت کے قائل ذاتیاً خود اصالتاً بذات خود للحکم الذاتی خود مختاری، آزاد ریاست ذاتیۃ: شخصیت، ذاتیت، (کسی شخص کی) شناخت تحقیق الذاتیۃ: کسی شخص کی شناخت، نشاندہی للاذاتیۃ: غیر یالا شخصیت۔

ذواتی اونچے درجہ کا، مخصوص، پرتکلف۔

ذاب: اذابَ ـ ذَوباً و ذَوَباناً الثلجُ او السمنُ برف یا گھی کا پگھلنا للرجلُ ہمیشہ شہد کھانا ت الشمسُ: سورج کی گرمی کا تیز ہونا ــ دمعُہٗ: کے آنسو بہنا، کہا جاتا ہے ذابَ جسمُ الرجل آدمی کا جسم لاغر و دبلا ہو گیا۔ آدمی لاغر ہو گیا۔ ذوَّبَ السمنَ گھی کو پگھلانا لاذابَ اذابۃً السمنَ گھی کو پگھلانا لاستذابَہٗ سے پگھلانے کی درخواست کرنا للذَوب: (مص) خالص شہد ذوبُ الذھب: سونے کا پانی یا اس کو پگھلانے والا کہا جاتا ہے۔ ھٰذا الکلام ذوبُ الروح یہ کلام روح پگھلانے والا [illegible] کھائی للمِذْوَبَۃ جمع مَذاوِب چمچہ للاِذْوَاب والاِذْوَابَۃ: پگھلا ہوا مکھن کہا جاتا ہے ھو احلی من الذوب بالاذوابۃ وہ مکھن سے ملے خالص شہد سے زیادہ شیریں ہے۔

۲ ذابَ ـ ذَوباً و ذَوَباناً الرجلُ عقلمند ہونے کے بعد بیوقوف ہو جانا للذَاب عیب للذَوبۃ ذاب سے اسم مرۃ کہا جاتا ہے ظھرت منہ ذوبۃٌ اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔

۳ ذابَ ـ ذَوباً و ذَوَباناً علیہ المالُ کو مال حاصل ہونا کہا جاتا ہے ماذاب فی یدی منہ خیرٌ مجھے اس سے ذرا بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا ذابَ لی علیہ حقٌّ میرا حق اس پر واجب و ثابت ہوا لاذَابَ اِذابۃً حاجتہٗ اپنی ضرورت پوری کرنا ــ القومُ امرھم قوم کا اپنے معاملہ کو سدھارنا لاستَذابَ حاجتہٗ اپنی ضرورت پوری کرنا ــ الشیءَ کو باقی رکھنا۔ الذَوبۃ مال کا بچا ہوا حصہ۔

۴ ذوَّبَ العلامَ: لڑکے کے گیسو بنانا، دیکھو ذأب۔

۵ لاذابَ اِذابۃً علی العدوّ. دشمن پر لوٹ ڈالنا۔

○ ذابَ ـ ذَوباً و ذوباناً حل ہونا، پگھلنا، دھیرے دھیرے دوسرے رنگ میں مل جانا، پانی ہو جانا، پتلا ہونا، گھٹنا، سکڑنا، روبہ تنزل ہونا، معدوم ہو جانا، جاتا رہنا، غائب ہو جانا حسرۃً و اسیً: حسرت اور غم سے گھل کر مر جانا ذابَ حیاءً. شرمندگی سے مر جانا۔ ذابت اظفارہٗ فی کے لئے بے سود جد و جہد کرنا۔ سعی لاحاصل کرنا ذوَّبَ ہٖ کو حل کرنا، پگھلانا، پانی کرنا، پتلا کرنا للذَابَ ہٖ کو حل کرنا۔ (جیسے پانی میں نمکیاں حل کرنا) کو پتلا کرنا، پانی کرنا، کو پگھلا کرنا (دھات) کو پگھلانا، کو خرچ کرنا، برت ڈالنا، ختم کر دینا۔ اڑا دینا، ضائع کرنا، کھا پی لینا، کا عرق نچوڑ لینا، کی جڑیں کھوکھلی کرنا للذَابَ جُھدَہٗ اپنی طاقت ختم کر دینا للذَابَ عُصَارۃَ مُخّہٖ فی: میں دماغ پر بہت زور دینا ذَوب: تجزیہ، تحلیل، محلول، پگھلانا، گھلنا، پگھلنا، پانی کی طرح کر دینا، پانی بن جانا۔ ذَوَبانُ الثلج (یا الثلوج) برف کا پگھلنا، برف پگھلنے کا موسم یا برف پگھلنے کی گرمی قابلٌ لِلذَوَبان: پگھلنے کے لائق، حل ہونے کے قابل، گھلنے کے لائق، جو حل ہو سکے، تحلیل پذیر، انتشار پذیر تَذویب: تحلیل، حل، پگھلانا، بکھیلنا، پانی کی طرح کر دینا۔ اِذابۃ بمعنی تذویب ذائب: گلایا ہوا، پگھلایا ہوا تحلیل کیا ہوا، پگھلی ہوئی (دھات) حل پذیر، تحلیل پذیر، حل ہونے کے قابل، انتشار پذیر۔

ذاح ذَاحَ - ذَوْجًا جلدی کرنا۔ الماءَ پانی پینا۔

داح۔ دَاحَ - دَوحًا تندی سے چلنا۔ وذَوَّحَ الابل اونٹوں کو متفرق کرنا، منتشر کرنا۔

داد دَادَ - دَوْدًا و دِیادَاۃً کو دفع دور کرنا۔ دھتکارنا کہا جاتا ہے۔ داد الابلَ عن الماء اس نے اونٹوں کو پانی پر سے ہنکال دیا۔ ردوَّدَ عن حسبه اپنے حسب کی حفاظت وحمایت کرنا صفت۔ ذَائِد جمع ذُوَّد و دُوَّاد و دادة۔ اَذَادَ اِذادةً واَذْوَدَ اِذْوَادًا ہٗ مدافعت پر کسی کی مدد کرنا۔ الذَّوْد اونٹنیاں جن کی تعداد تین سے زیادہ اور تیس سے کم نہ ہو۔ مونث ہے اس کا واحد نہیں ہوتا یا واحد ہے اور اس کی جمع اَذْوَاد ہے۔ الذَّوَّاد بہت دفع کرنے والا، حقیقت کا حامی۔ المَذَاد چراگاہ۔ المِذْوَد جس سے دفاع کیا جائے، جانوروں کا تھان، بیل کا سینگ، زبان۔ رجالٌ مَذَاوِذ ومَذَاوِید اپنے شرف کا دفاع کرنے والے۔

○ دادَ - دَوْدًا و ذِیادًا بکھیر دینا، دور کرنا، بھگا دینا۔ ہ / ہ عن کو سے ہٹانا۔ عن کا دفاع کرنا، کی حفاظت کرنا۔ دادالنومَ عن عینه نیند کو کسی کی آنکھوں سے بھگا دینا، دور کرنا۔ ذَوْدعن کا دفاع، کی حفاظت۔ ذِیادعن کا دفاع، کی حفاظت۔ مِذْوَد جمع مَذَاوِد ناند تھان (جانوروں کا) نہالی۔ ذَائِد جمع ذَادَة محافظ نگہبان، حافظ۔

داط داط - ذَوْطَاۃً کا گلا گھونٹنا یہاں تک کہ زبان باہر نکل آئے۔ الاناء برتن کو بھرنا۔

دوط - دَوَطًا چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا صفت۔ اَذْوَط الذَّوَط ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ الذَّوْطَة جمع اَذْوَاط (ع) زرد پیٹھ والی مکڑی۔

ذاع۔ ذَاعَ - ذَوْعًا مالَهُ مال و دولت کو بالکل ضائع کر دینا۔ اَذَاعَ اِذَاعَةً القومُ بما فی الحوض قوم کا حوض کے سارے پانی کو پی ڈالنا۔ الرجلُ بـ مالِهِ اپنا مال لے جانا۔

ذاق: ذَاقَ - ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشیءَ کو چکھنا۔ ـــ العذابَ عذاب بھگتنا۔ ذَوْقًا و ذَوَاقًا الرجلَ و ماعند الرجل کو آزمانا، جانچنا کہا جاتا ہے۔ ما ذاقَ ذَوَاقًا اس نے کسی چیز کو نہیں آزمایا۔ اَذَاقَ اِذاقةً ہٗ الشیءَ کو کوئی چیز چکھانا۔ تَذَوَّقَ الشیءَ کو تھوڑا تھوڑا چکھنا۔ تَذَاوَقَ القومُ الشیءَ لوگوں کا کسی چیز کو چکھنا کہا جاتا ہے۔ تَذَاوَقُوا الرماحَ انہوں نے نیزوں کو ہاتھوں میں لے لیا، سنبھال لیا۔ اِسْتَذَاقَ ہٗ کو آزمانا، کا تجربہ کرنا۔ ـلـہٗ الامرُ کو با آسانی دستیاب ہونا۔ الذَّوْق قوت ذائقہ، طبیعت کہا جاتا ہے: ہو حسن الذوق للشعر اس نے شعر کے لئے اچھی طبیعت پائی ہے۔ الذَّوَاق مزہ (کہا جاتا ہے ذواقُہٗ طیّبٌ کا مزہ خوشگوار ہے) طبیعت۔ الذائقة قوت ذائقہ۔ المَذَاق مزہ کہا جاتا ہے۔ مَذَاقُہٗ طیّبٌ اس کا مزہ اچھا ہے۔ ہو مُرُّ المَذَاق اس کا مزہ کڑوا ہے۔

○ ذَاقَ - ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا ہ (خوراک وغیرہ) چکھنا کا نمونہ دیکھنا۔ ہ کو آزمانا، کا تجربہ کرنا، کو آزما کر دیکھنا، کو تجربۃً استعمال کرنا، کو جانچنا، کا مزہ لینا، کی آزمائش کرنا، کو جھیلنا، برداشت کرنا، گوارا کرنا، کی کڑیاں جھیلنا، کی مشکلات میں سے گزرنا، کی تکلیفیں برداشت کرنا (مصیبت) اٹھانا۔ اَذَاقَ ہ ہ کو کوئی چیز چکھانا، کو کسی چیز کا نمونہ دکھانا، کو کوئی چیز چکھنے کے لئے دینا۔ تَذَوَّقَ ہ کو آہستہ آہستہ چکھنا، بار بار چکھنا، پوری طرح چکھنا، کا مزہ لینا، کا احساس ہونا، کو سمجھ لینا۔ ـــ سے پوری طرح لطف اندوز ہونا، کا مزہ اٹھانا۔ ـــ سے لذت یاب ہونا۔ ذَوْق جمع اَذْوَاق قوت ذائقہ۔ ذوق فی ـــ کا ذوق (جیسے ادبی ذوق) (کے لئے) اثر پذیری۔ زود حسی، سریع الحسی، لطافت، انسانیت، خوش خلقی، سلیقہ، پسند، ذوق، رغبت، میلان، جھکاؤ، شوق، چاہ، مزہ، لذت، ذائقہ، مہک۔ الذوق السلیم اچھا ذوق۔ ذَوْقِی مزے کا، مزے دار، ذائقہ دار، لذیذ۔

ذَوَاق مزہ۔ ذَوَّاق خوش خوراک، لذیذ کھانوں اور شرابوں کا شوقین، صاحب ذوق کھانوں اور شرابوں کا مبصر۔ مَذَاق مزہ۔ ذائقة قوت ذائقہ۔

ذوی: ذَوَی - و ذَوِیَ - ذَوِیًّا النباتُ پودہ کا مرجھانا، سوکھنا۔ اَذْوَی اِذْوَاءً ہٗ کو مرجھا دینا، خشک کرنا۔ ـ الذِّوَی بکری کے چھوٹے بچے۔ الذُّوَاة تربوز انگور وغیرہ جیسی اشیاء کا چھلکا۔

○ ذاوٍ مرجھایا ہوا، پژمردہ، سوکھا ہوا، جھکا ہوا۔ ذِی و ہٰذِی مونث قریب کے لئے اسم اشارہ۔ ذی دیکھو ذو۔

ذیت: ذَیْتَ ذَیْتَ (تکرار یا عطف کی وجہ سے) بات یا کام کے لئے کنایہ ہے۔ جیسے قلتُ له ذیتَ ذیتَ میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ یا فعلتُ ذیتَ ذیتَ میں نے ایسا ایسا کیا، اسی طرح ذَیًّا ذَیًّا اور ذَیَّةَ ذَیَّةَ کا حال ہے۔

داج: ذَاجَ - ذَیْجًا الماءَ پانی پینا۔ ذَایَجَ مُذَایَجَةً ہٗ کے ساتھ مل کر پینا۔

ذاخ: ذَیَّخَتِ النخلةُ کھجور میں قلم نہ لگنا، گابھا نہ لگنا۔ اَذَاخَ اِذَاخَةً بنی فلان کو ذلیل کرنا۔ ـــ بالمکان جگہ کے ارد گرد چکر لگانا، کے آس پاس گھومنا۔ الذِّیخ جمع اَذْیَاخ و ذُیُوخ و ذِیَخَة (ح) دلیر بھیڑیا۔ (اس کی مادہ ذیخہ) (ح) زیادہ بالوں والا سربجو (ح): گھوڑا، تکبر (فلک) ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔

ذار: ذَارَ - ذَیْرًا ہٗ کو ناپسند کرنا۔ الذِّیَرة مٹی ملا گوبر۔

ذاع: ۱- ذَاعَ - ذَیْعًا و ذُیُوعًا و ذَیْعُوعَةً و ذَیَعَانًا الخبرُ خبر کا پھیلنا۔ کہا جاتا ہے۔ ذاع فی جلدہ الجربُ اس کی جلد میں کھجلی سب طرف سرایت کر گئی۔ اَذَاعَ اِذَاعَةً الخبرَ و بالخبر خبر پھیلانا، نشر کرنا۔ السرَّ و بالسرِّ راز ظاہر کرنا۔ اِنْذَاعَ الخبرُ خبر کا پھیل جانا۔ الاذاعة: (مص) ریڈیو جیسے الاذاعة اللبنانیة ریڈیو لبنان یعنی الراديو اللبناني، دار الاذاعة ریڈیو اسٹیشن۔ المِذْیَاع میکروفون، ریڈیو۔ جمع مَذَایِیع وہ شخص جو اپنے راز کو نہ چھپائے، آپ کہتے ہیں فلانٌ للاسرار مِذیاعٌ وللاسباب مِضْیَاعٌ فلاں شخص رازوں کو افشا کرنے والا اور اسباب کو ضائع کرنے والا ہے۔

۲- اَذَاعَ اِذَاعَةً القومُ ما فی الحوض او بمافیه لوگوں کا حوض کے تمام پانی کو پی جانا۔ ـــ بالشیءِ چیز کو لے جانا۔

○ ذَاعَ - ذُیُوعًا پھیلنا، گردش کرنا، نشر و اشاعت ہونا، دور تک پھیلنا، افشا ہونا، قبل از وقت معلوم ہونا، بات کا کھل جانا، عام لوگوں کو معلوم ہونا، عام لوگوں کے علم میں ہونا۔ اَذَاعَ ہ / ب کو پھیلانا، کی نشر و اشاعت کرنا، کی اشاعت کرنا، کا اعلان کرنا، کو عوام کے علم میں لانا، کو شائع کرنا، منتشر کرنا، کو دکھانا، فاش کرنا، ظاہر کرنا، واضح کرنا، عیاں کرنا، آشکارا کرنا، صاف صاف دکھانا، کی گواہی دینا، منکشف کرنا، افشا کرنا۔ ہ (برقی رویں) چھوڑنا، کو براڈکاسٹ کرنا، ارسال کرنا۔ ہ علی ریڈیو کا کوئی خبر عوام کے لئے براڈکاسٹ کرنا۔ اَذَاعَ بالتلفزة ہ کوئی چیز ٹیلی کاسٹ کرنا۔ ذُیُوع: دور تک پھیلا ہونا، عام ہونا، پھیلنا، پھیلاؤ، منتشر کرنا یا ہونا، انتشار، نفوذ (خبروں کی) گردش۔ مِذْیَاع جمع مَذَایِیع چغل خور، راز افشا کرنے والا، بدگو، غیر دانشمند شخص، ریڈیو سٹیشن، براڈ کاسٹنگ سٹیشن، براڈ کاسٹنگ، مائیکروفون، ریڈیو سیٹ۔ اِذَاعَة پھیلانا، افشا کرنا، اشاعت اعلان، باضابطہ اعلان، شائع شدہ

(کتاب وغیرہ) اظہار، افشاء، انکشاف، منکشف کرنا، پلے بیک (ٹیپ کا) براڈکاسٹنگ، ریڈیو جمع اذاعات (ریڈیو) براڈکاسٹ، ارسال۔ اذاعة تَلفَزیُونِیَة ٹیلی ویژن براڈ کاسٹ ٹیلی کاسٹ۔ اذاعة لاسِلکیة اور اذاعة رادیو فو یہ ریڈیو براڈکاسٹ، براڈکاسٹنگ، ریڈیو۔ اذاعة البولیس پولیس ریڈیو۔ مَحَلَّةُ الاذاعَة ریڈیو میگزین، ریڈیو کا مجلہ۔ ذائِع دور دور تک پھیلا ہوا، عام، گردش کناں، زیرگردش، بہت لوگوں کو معلوم۔ ذائِعُ الصیت مشہور، بہت مشہور۔ مُذِیع پھیلانے والا، افشا کرنے والا، اشاعت کرنے والا، اعلان کرنے والا، براڈ کاسٹ کرنے والا، ارسال کرنے والا (ریڈیو) ٹرانسمیٹر، ریڈیو اناؤنسر (اعلان کرنے والا) مُذِیعَة جمع مذیعات خاتون اناؤنسر (ریڈیو)

•

ذیف الذَیُفان و الذِیفان و الدِیفان زہر قاتل۔

ذال ذالَ ـِ ذَیْلاً الثوبُ کپڑے کا اتنا لمبا ہونا کہ زمین کو چھوئے۔ الطائرُ پرندہ کا اپنی دم کو کھینچنا یا پھیلانا۔ الناقة بِذَنَبِها اونٹنی کا اپنی دم کو اپنی رانوں پر پھیلانا۔ ت الجاریةُ لڑکی کا دامن گھسیٹتے ہوئے نازو انداز سے چلنا۔ فلانٌ الی فلان سے گستاخی کرنا۔ ذَیَّلَ الثوبَ کپڑے کو لمبا کرنا۔ الکتابَ کتاب کے آخری میں کچھ لکھنا۔ اَذَالَ اِذالَةً و اَذْیَلَ اِذیالاً الثوبُ کپڑے کا دامن والا ہونا۔ الرجلُ ثوبَهٗ کپڑے کا دامن بنانا، دامن کو دراز کرنا۔ المرأةُ قِناعَها عورت کا برقع کو لٹکانا۔ الدمعَ آنسو بہانا۔ تَذَیَّلَتِ الجاریةُ لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے انداز سے چلنا۔ فی الکلام بغیر جھجکنے کے بہت کلام کرنا۔ الفرسُ فی استنانه ای فی عَدْوِه گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دم ہلانا۔ الذَیْل جمع اَذْیال و ذُیُول و اَذْیُل چیز کا آخر کہا جاتا ہے۔ طَالَ ذَیلُهٗ اسکی حالت اچھی ہوگئی اور مال دولت کی کثرت ہوگئی۔ ذیلُ الثوب کپڑے کا دامن۔ ذیل الریح ریت پر ہوا کے نشانات، زمین پر ہوا کی لائی ہوئی خاک۔ الفرس گھوڑے کی دم۔ اَذْیالُ و ذُیُولُ الناس اَدنی درجے کے لوگ۔ الذائِل (ف) دامن والا۔ درعٌ ذائِلٌ او ذائِلَةٌ دراز دامن والی زرہ۔ الذَیَّال لمبے دامن والا۔ ثوبٌ مُذَالٌ لمبے دامن والا کپڑا۔ درعٌ مُذَالة لمبی زرہ۔ المِذْیال لمبے دامن والا (مذکر و مونث دونوں کے لئے)۔

۲۔ ذَالَ ـِ ذَیْلاً الشیءُ ادنی ہونا۔ ت حالُهٗ پست و فروتر ہونا۔ اَذَالَ اذالَةً و اَذْیَلَ اِذیالاً هٗ کی تحقیر کرنا۔ فرسَهٗ او غلامَهٗ گھوڑے یا غلام کی دیکھ بھال نہ کرکے اس کو لاغر و دبلا کرنا۔ مالَهٗ کا مال خرچ کرنا۔ تَذَایَلَت حالُهٗ کی حالت کا پست و فروتر ہونا۔ الذَیْل جمع اَذیال و ذُیُول و اَذْیُل حقیر حیثیت کہا جاتا ہے۔ هو فی ذَیلٍ ذائِل وہ سخت حقیر حالت میں ہے۔ المُذَالَة باندی، لونڈی مثل ہے۔ اَخیلُ من مذالة باندی سے زیادہ متکبر۔

۳۔ ارضٌ مُتَذَیِّلة وہ زمین جس پر ہلکی سے بارش ہوئی ہو۔

○ ذَیَّلَ ہ (خصوصاً کتاب) کتاب میں ذمیمہ یا تتمہ لگانا، کا اضافہ کرنا۔ ہ کے ساتھ آخر میں کوئی چیز لگانا۔ اَذَالَ ہ کو روندنا، پامال کرنا، کو کم رتبہ کرنا، کو بے قدر کرنا۔ ذیل جمع ذُیُول و اَذیال چیز کا سب سے نیچے یا پیچھے کا حصہ۔ نچلا سرا، دم، سنجاف، مغزی، گوٹ، جھالر، حاشیہ، کنارہ (کپڑے کا) پوشاک کا دامن، شملہ، دنبالہ، کوٹ کے گریبان کی لوٹ (صفحہ کا) نچلا حصہ۔ تتمہ، ضمیمہ، اضافہ، ذیل، ملحقات، نوکر چاکر، خدم و حشم، نتیجہ۔ فی ذیلہ اس کے فوراً بعد۔ طاهر الذیل معصوم، بے قصور، بے گناہ، دیانتدار۔ طهارة الذیل بے گناہی، معصومیت اخلاقی، دیانت داری، ایمانداری۔ طویلُ الذیل لمبا، طویل، دور تک پھیلا ہوا، بڑا، پورا۔ تَمَسَّكَ باذیاله کا دامن پکڑنا۔ جرّ علیه ذیلَ العفاء کا نام و نشان مٹا ڈالنا۔ لاذباذیال الشیء کسی چیز سے رجوع کرنا۔

ذام: ذَامَ ـِ ذَیْمًا و ذامًا هٗ پر عیب لگانا، کی مذمت کرنا صفت۔ مَذِیم و مَذْیُوم۔ الذام و الذَیْم عیب مذمت نقص، برائی۔

ذین: الذِین عیب۔

ر

تلفظ الراء۔ حروف تہجی کا دسواں حرف اور حروف ابجد میں ۲۰۰ سے عبارت ہے۔

○ رأب ا رأبَ رَأْباً الصدعَ: ترخن کی مرمت کرنا، اصلاح کرنا، شگاف پر کرنا۔ الشیءَ: کو جمع کرکے نرمی سے باندھنا۔ بینھم: کے درمیان صلح کرانا۔ رأّبَ ارْأَبَ الصدعَ: ترخن کی مرمت کرنا، اصلاح کرنا، شگاف پُر کرنا۔ الرأب (مص) جمع رِئاب: ترخن، شگاف، پھٹن، سردار۔ کہا جاتا ہے: کفی فلانٌ رأباً لامرک: تمہارے کام کی درستی کے لئے فلاں شخص کافی ہے۔ الرُؤْبة جمع رِئاب و رُؤبات: لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا، وہ چیز جس سے کسی چیز کی پھٹن کو درست کیا جائے، شگاف پاٹا جائے۔ المِرْأب: اصلاح کرنے والا۔ کہا جاتا ہے ھو مِرْأبُ بنی فلان: وہ فلاں قبیلہ کا مصلح ہے۔ المَرْأب: کاروں، موٹر سائیکلوں کا ورکشاپ، یا ان کی مرمت گاہ، گیراج، موٹر خانہ۔

۲۔ رأب رَأَباتِ الارضُ: سبزی کاٹنے کے بعد زمین کا سرسبز ہونا۔

۳۔ الرُؤْبة جمع رِئاب و رُؤْبات: تھوڑا دودھ، رات کی گذری ہوئی ایک گھڑی۔

۴۔ رأبلَ رَأْبَلَةً: چلنے میں ایک طرف جھکنا۔ ترأبلَ القومُ: چوری کا پیشہ اختیار کرنا۔ — علیہ: پر غارت ڈالنا، شیر کا سا فعل کرنا (یعنی شیر کی طرح حملہ کرنا)۔ الرِئبال و الرِیبال جمع رَآبِیل و رَئابِل و رَأْبلة و رَیابیل (ح): شیر (ح): بھیڑیا۔

○ راء: حرف "ر" کا نام۔

○ رئة جمع رئون و رئات: پھیپھڑا۔ رئوی: پھیپھڑوں کا، شش، شش کی خرابی یا ورم شش کا، نمونیائی، پھیپھڑوں سے متعلق۔

○ رأّبَ رَتْباً ہ: شگاف وغیرہ کی مرمت کرنا، کار وغیرہ کو جوڑ جاڑ کر ٹھیک کر لینا، کی تصحیح کرنا، کو ترتیب سے لگانا، سیدھا کرنا۔ رُؤْبة: ٹکڑا (شگاف وغیرہ کی مرمت کرنے کے لئے)۔ مِرْأب جمع مَرائِب: مرمت کرنے کی دوکان، موٹر خانہ، گیراج۔

○ راپور: رپورٹ۔

رات۔ الراتِینج (ن): گندہ بروزہ، بروزہ، صنوبر کا گوند۔

رود۔ ارُوَدَ رُوُدَۃً الغصنُ: شاخ کا بہت تر اور نازک ہونا۔ صفت رُؤْد۔ ترأّدتِ الریحُ: ہوا کا ادھر ادھر چلنا۔ — الرجلُ: بوڑھے آدمی کا اٹھنے میں کانپنا۔ — و ارتأدَ الغلامُ: خوشی سے لڑکے کا ہلنا۔ — الغصنُ: شاخ کا جھکنا۔ — العنقُ: گردن کا پیچ کھانا۔ الرَأْد و الرَأْدَة والرُؤْدَة و الرَؤُوْدَة: جوان حسین عورت۔ الرُؤْد: جوان حسین عورت، مزاج کی نزاکت، سہولت، نرمی۔ الرِئْد جمع ارْآد: نئی شاخ یا نرم شاخ (درخت یا پودے کی)۔

۲۔ ترأّدَ و ترأّدَ الضحی: روشنی کا پھیلنا، دن چڑھنا۔ رَأْدُ و رائِدُ الضحی: چاشت، آفتاب کے بلند ہونے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔

۳۔ الرُؤْد و الرَأْد: کان کے نیچے جبڑے کی اٹھی ہوئی ہڈی۔ الرِئْد جمع ارْآد: ہم عمر۔ کہا جاتا ہے ھذا رِئْدی: یہ میری عمر کا ہے۔

۴۔ الرَادِیُولا (ن): کتان جیسے ایک پودے کی جنس۔

○ رَؤُد: نرم، نازک۔ رُؤْد و فتاۃ رُؤْد: نازک بدن نوجوان لڑکی۔ رئْد جمع ارْآد: ہم عمر، ہم عصر۔

○ رادار: راڈار، لاسلکی آنکھ (radar)

○ رادِیکالی: انتہا پسندانہ، انتہا پسند گروہ کا رکن۔

○ رادیو: ریڈیو۔

○ رادِیُولوجی: تاب کاری طب۔

○ رادِیُوم: ریڈیم۔ ذُو رادیوم فاعل: تابکار۔

رأر: رَأْرَأَ: پتلی پھرانا، تیز دیکھنا۔ بعَیْنَیہِ: آنکھوں کو حرکت دینا اور گھمانا۔ صفت رَأْرَأ مونث رَأْرَأ و رَأْرَأۃ و رَأْرَاء و رَأْرَاءَۃ۔ — تِ الظباءُ: ہرنیوں کا دم ہلانا۔ — السحابُ او السرابُ: بادل یا سراب کا چمکنا۔ — الرجلُ: پڑھتے اور بولتے ہوئے حرف راء زیادہ بولنا۔

○ رَأْرَأَ بعَیْنَیہِ: آنکھیں گھمانا، مٹکانا۔

رأس: ارَأَسَ رِئَاسَۃً القومَ: قوم کا سردار ہونا۔ رَؤُسَ رِئَاسَۃً: سردار ہونا۔ رَأّسَ ہُ: کو سردار بنانا۔ تَرَأّسَ و ارْتَأَسَ: سردار ہونا۔ الرَأْس: قوم کا سردار۔ الرائِس (فا) جمع رُؤّاس: حاکم۔ الرَئِیس جمع رُؤَساء: قوم کا سردار، پیشوا (اع): فوجی رتبہ جو نقیب کے برابر ہے، کپتان (آرمی کا)، لفٹیننٹ (بحریہ کا)۔ الرَیِّس جمع رُؤَساء: قوم کا سردار، پیشوا (مو): دو نالی بانسری۔ الرِئِّیس: مضبوط سرداری والا۔ المَرْؤُوس: ماتحت (سردار کا)۔

۲۔ رَأَسَ رَأْساً ہُ: کے سر پہ مارنا۔ رُئِسَ: سر میں تکلیف محسوس کرنا۔ ارْتَأَسَ ہُ: کو گردن سے پکڑ کر اسے زمین کی طرف جھکانا۔ — الشیءَ: کے سر پر سوار ہونا۔ الرَأْس جمع اَرْؤُس و رُؤُوس و رُؤس و آراس (ع ا): سر (انسان یا جانور کا)، مویشی۔ (چنانچہ کہا جاتا ہے اربعون راساً من الغنم: چالیس راس مویشی)، چیز کا سب سے بلند حصہ۔ او ما یسمونہ بالبنجق (مو): بربط کی

گردن کے بعد پچھلی طرف جھکی ہوئی برچھی کی شکل کا آخری جزء۔ راس الشھر او العام: مہینہ یا سال کا پہلا دن۔ کہا جاتا ہے فعله راساً: اس نے اس کو ابتداء میں کیا۔ ولدت ثلاثةً راساً علی راسٍ اس نے تین بچے یکے بعد دیگرے جنے۔ رُمیتُ ملك في الرأسِ: میرے متعلق تمہاری رائے اس قدر بری ہے کہ تم میری طرف دیکھ بھی نہیں سکتے۔ هذا قسمٌ براسه یہ خود مستقل ایک قسم ہے۔ انت علی رأس امرك۔ تم اپنے کام کے سرے پر ہو۔ رِاسُ السیف کا قبضہ۔ کہا جاتا ہے انت علی رِئاسِ امرك تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔ الرَئیس زخمی سروالا یا سر کی ترکی ہوئی ہڈی والا۔ الرُؤیس (ن) پھول اور شگوفے نکلنے کے نظام کی ایک شکل۔ الأرْأس مونث رَأساء بڑے سروالا۔ الرَأّس سریاں بیچنے والا۔ المِرْآس من الخیل: گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سروں کو کاٹنے والا گھوڑا، گھڑ دوڑ میں سبقت لیجانے والا گھوڑا۔ المَرْؤوس: بڑے سروالا، زخمی سروالا۔ المرَوائِس واحد رَئیسَة اگلے بادل، وادیوں کے بالائی حصے۔ الرُؤاسِیَ بڑے سروالا۔

۳۔ رَأسَ - رَأساً السیلُ الغُثاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

○ رَأسَ - رِئاسَةً ہ: کا سربراہ ہونا، صدر ہونا، صدر جلسہ ہونا، کرسی نشین ہونا، نگران ہونا، کی صدارت کرنا، کا سردار ہونا، صدر ہونا (کسی جماعت کا) امیر ہونا، کی راہنمائی کرنا، کا اہتمام کرنا، کی ہدایت کاری کرنا، کا انتظام کرنا، کو چلانا، کا بندوبست کرنا۔ رَؤُس - سردار ہونا، صدر ہونا، راہنما ہونا۔ رَأّسَ ہُ کو بطور صدر، رہنما، سردار حاکم، امیر یا بڑا افسر مقرر کرنا، کو ہدایت کار یا رہنما بنانا، کو ہدایت کاری انتظام و انصرام میر مجلسی یا عہدہ صدارت سونپنا۔ تَرَأّس: بمعنی رَأسَ۔ اِنْتَرسَ: سردار، رہنما، حاکم، امیر ہونا یا بن جانا، سربراہ، یا ہدایت کار یا ڈائریکٹر ہونا یا بن جانا۔

رَأس (مذکر و مؤنث) جمع رُؤوس و اَرْؤُس: سر، راس (چوپایہ کا)، سردار، مکھیا، سالار، سرخیل، قائد، فوجی سردار، ڈاکوؤں کا سرغنہ، سربراہ رہنما، بالائی حصہ، بالائی سرا، نوک، چوٹی، سب سے بلند حصہ، راس، مثلث کا راس، چندیا، حد، انتہا، کنارا، خاتمہ، اختتام، انجام۔ سمندر میں دور تک گئی ہوئی چٹان، گردنہ، بڑا حصہ، شروع، آغاز۔ رَأساً براہ راست، فی الفور، اک دم، اسی وقت، فوراً، بلا تاخیر۔ راسہ مستقل، بالکل الگ، بجائے خود ایک درجہ میں، خود مکتفی۔ عِلمٌ براسه. سائنس بجائے خود، بذاتہ یا بنفسہ۔ رَأس بِرَأس (دونوں) یکساں، ایک ہی طرح، ایک دوسرے کی طرح، بلا امتیاز۔ علی رأسِ: کے سرفہرست، کے خاتمہ پر، کے شروع میں، سے پہلے۔ علی الراسِ و العین بڑی خوشی سے، جیسا آپ چاہیں، خدمت کے لئے تیار، حاضر۔ علی رُؤوس الاشهاد: کھلم کھلا، علی الاعلان، ساری دنیا کے سامنے۔ رَأساً علی عَقِب. بالکل الٹا، اوندھا، الٹ پلٹ، درہم برہم، ابتری افراتفری۔ قَلَبَهُ رأساً علی عقب کسی چیز کو بالکل الٹا یا اوندھا کر دینا، کو درہم برہم کر دینا۔ من الرأسِ اِلی القدم یا من الراس اِلی اَخمصِ القدم: سر سے پاؤں تک، از سرتا پا۔ رفع به راساً: کی طرف توجہ کرنا۔ رَأسُ الآفات برائی کی جڑ۔ راس مال جمع رُؤوس اموال: سرمایہ۔ رَأس تنُّورَة: تیل کا مرکز (مشرقی سعودی عربیہ میں)۔ راسُ ثُوم: لہسن کی پوتھی۔ راسُ الجِسر. سرحدی دریا کے پار دشمن کے علاقہ میں بنا ہوا مورچہ۔ رأس حَامِیَة. جوشیلا شخص، تیز مزاج، چلتا پرزہ، دلیر، عاقبت نااندیش، مفسد، فتنہ انگیز۔ راسُ السنة: نیا سال۔ راسُ العمود: ستون یا چوکور ستون کا بالائی حصہ۔ راسُ الکتاب: خط پر اپنا چھپا ہوا پتہ، خط لکھنے کا کاغذ جس پر اپنا پتہ چھپا ہوا ہو۔ مَسْقَطُ الرأس: جائے پیدائش، آبائی شہر، قصبہ، گاؤں وغیرہ۔ سَمْتُ الراس: سمت الرأس، پورا عروج۔ البلد الرأس: دار الحکومت۔ رُؤوسُ الاصابع: پیر کی انگلیوں کا اگلا حصہ۔ رَأسی: سر کا، سر کے متعلق، بڑا، خاص، اول، اعلی، سیدھا، کھڑا، عمودی مستقیم۔ رَاسمالی ساہوکارانہ، سرمایہ دارانہ جمع اسمالیون: ساہوکار، سرمایہ دار، دھنی، پونجی والا۔ الراسمالیّة: سرمایہ داری، سرمایہ داری کے اصول۔

رئیس جمع رُؤساء: سربراہ، نگران، سرگروہ، پیشوا، سردار، رئیس، صدر، رہنما، آقا، مالک، حاکم، افسر، ڈائریکٹر، ہیڈ ماسٹر، پرنسپل، چیئرمین، گورنر، پریذیڈنٹ، منیجر، سپرنٹنڈنٹ، ہیڈ ماسٹر، بڑا، بالاتر، کیپٹن (عسکری)۔ رئیس اول: فوجی رتبہ کیپٹن اور میجر کے درمیان کا۔ رئیس الأساقِفة: لاٹ پادری۔ رئیس البلدیة: میئر۔ رَئیس التحریر ایڈیٹر انچیف۔ رئیس ارکان الحرب: چیف آف جنرل سٹاف۔ رئیس التشریفات. چیف آف پروٹوکول، ماسٹر آف سیریمنیز۔ رئیس ال[illegible] آرچ ڈیکن (اسقف سے نیچے)۔ رئیس عُرَفَاء ماسٹر سارجنٹ۔ رئیس الأقْسام: (ریلوے میں) ٹیکنیکل ڈائریکٹر جنرل۔ رئیسُ النُوّاب پارلیمنٹ کا پریذیڈنٹ، ایوان زیریں کا سپیکر۔ رئیسُ هَیئةِ ارکان الحرب: چیف آف جنرل سٹاف۔ رَئیسُ الوزراء: وزیر اعظم۔ رئیسُ الوزارة وزیر اعظم۔ رَئیسة: خاتون منیجر، خاتون ڈائریکٹر، زنانہ مذہبی گروہ کی سربراہ۔ رَئیسی. بڑا، خاص، اہم ترین۔ دَوْرٌ رئیسی: ہیروئن کا کردار، ہیرو کا کردار۔ سبب رئیسی: بڑا یا اہم مقصد یا نصب العین، بڑی وجہ۔ شارِعٌ رَئیسِی: بڑی سڑک۔ الفضائل الرئیسیة: اصلی نیکیاں۔ مقالة رَئیسِیة: ایڈیٹوریل، افتتاحیہ، اہم مضمون، مقالہ افتتاحیہ۔ رَیِّس، بمعنی رئیس (بحریہ کا) میٹ (کیپٹن سے نچلے درجہ کا)۔ رَیِّس مُمْتَاز: درجہ سوم کا چھوٹا افسر، (بحری فوج میں)۔

رِئَاسَة و رِیَاسَة (نیز رآسة): قیادت، رہنمائی، رہبری، قیادی حیثیت، بندوبست، انتظام، دیکھ بھال، ڈائرکشن، میر مجلسی، عہدۂ صدارت، منصب صدارت، نگرانی۔ رئاسة الوزراء: وزیر اعظم کا عہدہ۔ مدار المہام کا عہدہ۔ دارُ الرِیاسَة: ایوانِ صدر۔ تَرَؤُّس انتظام، بندوبست، دیکھ بھال، ڈائریکشن، میر مجلسی، عہدۂ صدارت۔ رَوَائِس: وادی کی کھڑی چٹانیں۔ مَرْؤُوس: ماتحت، جمع مَرْؤُوسُون: ماتحت، سبالٹرن، لفٹنن، لفٹیننٹ۔

راف: رَأَفَ - رَأْفَةً و رَؤُفَ - رَآفَةً و رَئِفَ - رَأْفاً و تَرَأّفَ به: پر بہت مہربانی کرنا صفت رَؤُوف و رَؤُف و رَأْف و رئُف و رَائِف۔ رَأَّفَ و اِسْتَرْأَفَ ہُ: کو منانا، راضی کرنا، رحم کرنے پر اُکسانا۔ تَرَأَّفوا ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔ المُرَأَّف شراب۔

○ رَأَفَ - و رَؤُفَ - رَأْفَةً و رَآفَة ب: پر مہربانی کا اظہار کرنا، مصیبت میں کسی کے کام آنا یا اس کی مدد کرنا، پر مہربانی کرنا، مہربان ہونا، رحیم و کریم ہونا۔ تَرَأَّف بمعنی راف به۔ رَأْفَة و رَآفة رحم، ترس، مہربانی، نوازش، کرم۔ رَؤُوف: رحم کرنے والا، مہربان، رحیم و کریم، رحم دل، ترس کھانے والا، فیض رساں۔ اَرْأَف: زیادہ مہربان، زیادہ رحیم و کریم۔ ب. پر، (کے بارے میں)

○ رَأْفِیا: ایک قسم کی کھجور کے درخت کے پتوں کا لمبا اور پتلا مواد جو چٹائیاں وغیرہ بننے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

اِلْمُسْتَرْأَلَ الرَّأْلُ: شتر مرغ کے بچے کا مضبوط

ہونا۔ ـــ النبات سبزی کا دراز ہونا، نباتات کا اونچا ہونا۔ الرَألُ مونث رَألَۃ جمع رِئال و ارْؤُل و رِئلان و رِئالۃ (ح) شترمرغ کا بچہ۔ نعامۃ مُرْئِلَۃ بچے والی مادہ شترمرغ۔ المُرائِل جلدی کرنے والا۔

۳۔ الرُؤال گھوڑے کے منہ کی جھاگ۔ الرائِل و الراؤُول دانت کے پیچھے زائد نکلا ہوا دانت، ٹیڑھا دانت۔

ام ۱۔ رَأمَ۔ رَأماً القِدْحَ تیر کی چھڑ یا تیر کو درست کرنا، کی اصلاح کرنا یا مرمت کرنا۔ رَئِمَ۔ رَأماً و رِئماناً الجرحُ زخم کا انگور بندھنا۔ ارْأمَ اِرْآماً الجرحَ زخم کو علاج کرکے اچھا کرنا۔

۲۔ رَأمَ رَأماً الحبلَ رسی کو مضبوط بٹنا۔ ارْأمَ اِرْآماً الحبلَ رسی کو مضبوط بٹنا۔

۳۔ رَئِمَ۔ رَأماً و رِئماناً الشيءَ سے محبت کرنا، الفت کرنا۔ ـــ تِ الناقۃُ ولدَھا اونٹنی کا اپنے بچے پر مہربان ہونا صفت: رائِم و رائِمَۃ و رَؤُوم جمع روائِم۔ مثل ہے: ظِئرٌ رَؤُومٌ خیرٌ من اُمٍّ سَؤُوم۔ اجنبی دودھ پلانے والی جو دودھ پینے والے بچہ پر مہربان ہو اس ماں سے بہتر ہے جو اپنے بچے سے اکتا جائے اور اس کی پرورش نہ کرے۔ کہتے ہیں: ھو رَؤُومٌ للضیم وہ ذلیل ہے اور ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔ أرْأمَ اِرْآماً الناقۃَ اونٹنی سے دوسری کے بچے سے محبت کرانا۔ ـــ ہٗ علی الأمر کو کسی کام پر مجبور کرنا۔ تَرَأمَہٗ و تَرَأمَ علیہ پر رحم کرنا، مہربانی کرنا۔ الروائِم چولہے کے پتھر۔

۴۔ الرِئم مونث رِئمۃ جمع ارْآم و آرام (ح) سفید ہرن۔ الرُؤام لعاب۔

○ رَأمَ رَأماً ہٗ کی مرمت کرنا۔ رَئِمَ۔ رِئماناً ہٗ سے شفقت کے ساتھ محبت کرنا، بے حد پیار کرنا، کے ساتھ شفقت سے پیش آنا، کے ساتھ محبت سے کھیلنا، کو پچکارنا، سے پیار کرنا، پر ہاتھ پھیرنا، کو سینے سے لگانا۔ رِئم جمع ارْآم سفید آہو کی ایک قسم۔ رَؤُوم اپنے بچے کے ساتھ محبت کرنے والی، شفیق (ماں)۔ رام اللّٰہ: مغربی اردن کے ایک شہر کا نام جو یروشلم کے شمال میں واقع ہے۔

○ رَامِیَۃ: چینی پٹ سن۔

○ رَاوَنْد: جھگڑا، گرماگرمی۔ (۲) باغوں کا ایک پودا جس کی ڈنڈیاں موٹی اور سرخ ہوتی ہیں اور پکا کر پھل کی طرح کھائی جاتی ہیں۔ (۳) ایک لفظ جسے اکٹروں کا ایک گروہ سٹیج پر دہراتا ہے، تاکہ ایسا تاثر دیں کہ بہت سے لوگ بیک وقت بول رہے ہیں۔

رای ۱۔ رَأی یَرَی رَأیاً و رُؤْیَۃً و رَاءَۃً و رِئیاناً: آنکھ یا عقل سے دیکھنا۔ یَرَی اصل میں یَرْأی ہے، تاہم اصل کا استعمال نادر ہے۔ اس سے امر کا صیغہ رَ ہے۔ ـــ رَأیاً الرایۃَ جھنڈا گاڑنا۔ ـــ الزَنْدَ چقماق سے آگ روشن کرنا۔ ـــ الزَنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے: یا تُرَی و یاھل تُرَی یعنی یا رجل ھل تَرَی و تظن جس کا معنی ہے اے شخص کیا تو یہ خیال کرتا اور گمان کرتا ہے۔ رای بمعنی ظن کا مضارع صرف مجہول دیکھنے میں آیا ہے۔ راءَ الشيءَ بمعنی رأی الشي ہے۔ رَأَیْتُہ تَرْئِیَۃً میرا اس کو اپنا آپ اصل کے خلاف دکھانا۔ راءَیْتُہ مُراءاۃً و رِئاءً کو خلاف حقیقت دکھانا، سے مشاورت کرنا۔ اَرَی۔ اِرَاءَۃً و اِرَاءۃً کو دکھانا، سے مشورہ کرنا۔ صفت: مُرٍ مونث مُرِیَۃ۔ کہا جاتا ہے: اَرِنی برایك مجھے مشورہ دو۔ اَرَی اللّٰہُ بفلان اللہ کا کسی کو قابل عبرت عذاب دینا اور اس کے دشمن کی خوشی کا سامان مہیا کرنا۔ اَرْأی اِرْءَاءً صاحب رائے و عقل ہونا، کے چہرہ سے حماقت ٹپکنا، دکھاوا کرنا، آئینہ میں دیکھنا، بہت خواب دیکھنا، دیکھتے ہوئے پلکیں ہلانا۔ ـــ تِ الحامل من غیر ذواتِ الحافر و السبع غیر کھر و سم والے جانوروں اور درندوں کی حاملہ کے تھنوں سے اس کا حمل والی معلوم ہونا۔ صفت: مُرْءٍ و مُرْئِیَۃ۔ ـــ الرایۃَ جھنڈا گاڑنا۔ تَرَأّی و تَرَاءَی فی المرآۃ آئینہ میں دیکھنا۔ ـــ لہٗ دیکھنے کے درپے ہونا۔ کہا جاتا ہے: تَرَأّی برای فلان وہ فلاں شخص کی رائے پر چلا۔ تَراءَی الناسُ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے: تَراءَینا فی الامر ہم نے معاملہ میں غوروخوض کیا۔ تَرَاءَی لی ان الامرَ کیتَ و کیتَ مجھ پر ظاہر ہوا کہ معاملہ ایسا ایسا ہے۔ تَراءَینا الھلالَ ہم نے ہلال کو دیکھنا ظاہر کیا۔ اِرْتَأی الامرَ معاملہ پر غور کرنا، پر شک کرنا، پر تدبر کرنا۔ اِسْتَرْأی ہٗ: کو دیکھنے کی خواہش کرنا، کو دیکھنے کا مطالبہ کرنا، کی رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے: اِسْتَرْأیتُہٗ و اِسْتَرْیتُہٗ میں نے اس کو دیکھنے کا مطالبہ کیا یا اس کی رائے طلب کی۔ ـــ بالمرآۃ آئینہ سے دیکھنا۔ الرَأی جمع آراء و ارْآء رائے، اعتقاد۔ (آپ کہتے ہیں: رَأیی کذا میری رائے یا اعتقاد یہ ہے)، صحت تدبیر۔ ـــ الدَبَرِیّ حاجت کے بعد سوجھنے والی رائے۔ ـــ الفطیر بدیہی رائے جو بغیر سوچ اور غور کیے دی جائے۔ الرِئْی و الرُئْیّ والرُؤاء و الرِیّ: منظر، منظر کا حسن۔ الرَئِیّ نظر آنے اور محبت کیا جانے والا جن۔ کہا جاتا ہے: بہ رَئِیٌّ من الجنّ: اس پر جن کا سایہ ہے۔ رَئِیُّ القوم وہ شخص جس کی رائے سے لوگ رجوع کریں۔ الرِئاء (مص) دکھاوا۔ کہا جاتا ہے: فعل ذلك رِئاءً اس نے یہ جو کیا دکھاوے کے طور پر کیا۔ ھُمْ رِئْ الف: وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔ قومٌ رِئاءٌ: ایک دوسرے کو ملنے والے لوگ۔ دُورُنا رِئاءٌ ہمارے گھر ایک دوسرے کے سامنے ہیں اور ایک دوسرے کو نظر آتے ہیں۔ الرُؤیا جمع رُؤًی خواب۔ ـ والرَأیا کہا جاتا ہے: جاء حین حَنّ رُؤیا اور رَأیا وہ اس وقت آیا جب ایسی تاریکی چھا گئی تھی جس نے دیکھنے سے باز رکھا۔ الرُؤیَۃ جمع رُؤًی آنکھ یا دل کی نظر۔ الرِیَۃ آنکھ یا دل کی نظر۔ التَرْئِیَۃ: منظر یا حسن منظر۔ الرَءّاء: بہت دیکھنے والا (آنکھ یا دل سے)۔ المَرْأی و المَرْآۃ منظر۔ کہا جاتا ہے: ھو منی مرأی ومَسْمَعٌ او بمَرأی و مَسْمَع: وہ ایسی جگہ ہے جہاں میں اسے دیکھ بھی سکتا ہوں اور سن بھی سکتا ہوں۔ تُخبِرُ عن مَجْھُولِہ مَرْآتُہٗ: اس کا ظاہر اس کے باطن کی ترجمانی کرتا ہے۔ المِرْآۃ جمع مَرَاءٍ و مَرَایا: آئینہ۔ اس سے فعل بھی آتا ہے جو یَتَمَرأی ہے۔ اس کا معنی ہے: وہ پانی میں اپنا چہرہ دیکھتا ہے (سیبویہ سے منقول ہے)۔

۲۔ رَأی۔ رَأیاً الرجلَ کے پھیپھڑے پر مارنا۔ ارْأی اِرْءَاءً: پھیپھڑوں کی شکایت رکھنا۔ الرِئَۃ جمع رِئات و رِئُون پھیپھڑا۔ رِئَوِیّ پھیپھڑوں کا، پھیپھڑوں سے متعلق۔

۳۔ اَرْأی۔ لائق۔ کہا جاتا ہے: ھو اَرْأی بکذا۔ وہ اس کے لائق ہے۔ المَرْآۃ: لائق۔ کہا جاتا ہے: ھو مَرْآۃٌ بکذا: وہ اس کے لائق ہے۔ المِرْآۃ (مو)۔ سارنگی کا ایک آلہ۔

○ رَأی یَرَی رَأیاً و رُؤْیَۃً ہٗ کو دیکھنا، سمجھ لینا، دریافت کرلینا، معلوم کرنا، حواس سے معلوم کرنا، کا ادراک کرنا، کو سمجھنا، بوجھنا، پر غور کرنا، دھیان کرنا، کا مشاہدہ کرنا۔ ـ ہ ہ کو کچھ خیال کرنا، کو کچھ سمجھنا۔ ـــ ان: کی یہ رائے ہونا کہ، یقین کرنا کہ، سمجھنا کہ۔ ـ اپنی رائے کا اظہار کرنا۔ ـ ان محسوس کرنا کہ، ـــ ہ کو مناسب سمجھنا، موزوں سمجھنا۔ ـــ ہ کو چننا۔ ـ ان کو کرنے کا فیصلہ کرنا۔ ـ غور کرنا، غور سے دیکھنا۔ ارأیتَ: مجھے بتاؤ، تمہارا کیا خیال ہے۔

رَأَى رَأَىَ الـعـيـن: اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔ رَأَى رُؤْياً: خواب دیکھنا۔ رَأَى مـنـه العَجَبَ: پر متحیر ہونا۔ رَأَى لـلشـىء فائدةً: سے کچھ فائدہ کی توقع کرنا۔ رَأَى مـن واجـبـه: اپنا فرض سمجھنا، خود پر واجب سمجھنا۔ رَأَى لـه أن: خیال کرنا کہ یہ کسی کے مفاد میں ہوگا کہ۔ رَأَى رَأْيَـهُ: کسی کی رائے میں شریک ہونا۔ رُوِىَ ان: فیصلہ ہوا کہ۔ رُؤِىَ الشيء: ایسا کرنا مناسب محسوس کیا گیا، خیال کیا گیا کہ یہ کرنے کی صحیح چیز ہے۔ رَاءَ: دکھاوے کیطور پر کرنا، لوگوں کے سامنے دکھاوا کرنا، دکھاوا کرنا۔ ـ ہ: سے منافقت کرنا، ریاکاری کرنا، فریب کاری کرنا، کو دھوکا دینا۔ اَرَى ہ ہ: کو کچھ دکھانا۔ یـا تُـرَى؟: تمہاری کیا رائے ہے؟، کیا تم کہوگے، مجھے تعجب ہے۔ مَتَى یا تُرى: نہ جانے کب۔ تُـرَى هَلْ: مجھے تعجب ہے اگر، کیا تم کہوگے؟ اتُـرَ اهـا جـاءَت: مجھے تعجب ہے اگر وہ آگئی ہے، کیا تم کہوگے کہ وہ آگئی ہے؟ تَرَأَى: خیال کرنا، یقین کرنا، سمجھنا۔ تَراءَى لِ: کو نظر آنے لگنا، کو مناسب معلوم ہونا، کو لگنا، کو درست لگنا، کو مناسب معلوم ہونا، کو مناسب خیال کرنا۔ ـ: ایک دوسرے کو دیکھنا، اپنے آپ کو آئینہ میں دیکھنا، منافقت کرنا۔ ـ ب: کسی چیز کو ملمع کرکے پیش کرنا، کو گھڑنا، کو جھوٹ موٹ ظاہر کرنا۔ اِرْتَأَى ہ: پر غور کرنا، کو سوچنا۔ ـ ان: کی رائے ہونا کہ، فیصلہ کرنا کہ۔ اِرْتَأَى رایا: ایک رائے رکھنا۔ اِرْتَأَى رایَهُ: کی رائے میں شریک ہونا۔ رَأْي جمع آراء: رائے، خیال، تصور، گمان، ذہنی صورت یا شکل، صلاح، نصیحت، مشورہ، تجویز، تصور، خیال، موضوعی، داخلی یا غیر حقیقت پسندانہ رائے، کسی فرد کی سمجھ پر مبنی فیصلہ۔ فی رَأْیِیْ اور عِنْدَ رَأْیِیْ: میری رائے میں: انا من هذا الرَأْي: میری رائے یہ ہے۔ مِن رَأْیِهِ ان: اسکی رائے ہے کہ۔ اُخِذَ الرَأْيُ علی: پر رائے شماری کی گئی، پر (معاملہ) پر ووٹ لئے گئے۔ لم یکن عِندَ رَأْیِهِم: وہ وہ نہ تھا جس کی ان کو توقع تھی۔ لم یکن له فیه رَأْيٌ: اس معاملہ میں شامل ہونے کا اسے کوئی حق نہ تھا۔ الرَأْي العام: رائے عامہ۔ ذُو الرَأْيِ جمع ذَوُو الآراء: ہوشمند، زیرک، معاملہ فہم، سوجھ بوجھ والا، صاحب بصیرت، باخبر، واقف حال، ذہین، فہیم، حقیقت آشنا۔ تَبَـادُلُ الآراء: تبادلہ خیالات۔ صُلْبُ الرأی: ضدی، ہٹ کا پکا، ہٹ دھرم، ہٹیلا، منہ زور، اپنے رائے سے نہ ہٹنے والا، خود رائے۔ قِسمُ الـرَأْيِ: ماہرین کی کمیٹی، قانونی اور اقتصادی امور پر کونسل (وزارتوں سے ملحق)۔ رَایة جمع رایات: جھنڈا، پرچم، پھریرا۔ رُؤْيَة: دیکھنا، معائنہ، امتحان، جائزہ۔ رُؤْيا جمع رُؤًى: خواب، تصور۔ سِفْرُ الـرُؤْيا: الہام بالخصوص وہ جو یوحنا کو جزیرہ پتموس میں ہوا۔ مَرْأًى: نظر، نظارہ، منظر، سایہ، وہمی صورت، بھوت، آسیب۔ عـلى مَرْأًى مِن: کی آنکھوں کے سامنے۔ عـلى مَرْأًى وَمَسْمَعٍ مِن: کی آنکھوں اور کانوں کے سامنے، کے مکمل علم میں۔ مِرْآة جمع مَرَاءٍ و مَرَايا: آئینہ، عکس، انعکاس، منعکس صورت، خیالی تصویر۔ مِـرَايَة جمع مِرايات: آئینہ۔ رِئَاء و رِيَـــاء: دکھاوا، ریا، فریب، مکر، حیلہ سازی، زمانہ سازی، ریاکاری، مکر۔ ـــ ب: کی بناوٹ، نقل۔ رَاءٍ: دیکھنے والا، تماشائی، ناظر، مشاہدہ کرنے والا۔ رَائِية جمع رَائِيات: کیمرہ کی دوربین۔ مَرْئِيّ: دیکھا ہوا، جو آنکھوں کے سامنے ہو، جو دیکھا جا سکے۔ الـمَرْئِيَات: آنکھوں کے سامنے کی چیزیں۔ مرئی دنیا۔ مُرَاءٍ جمع مُرَاؤُون: منافق، ریاکار۔ سَرَای: مصری سامن مچھلی کی ایک قسم (Salmon)۔

رب: ۱۔ رَبَّ ـ رَبًّا الـقـومَ: قوم پر برتری حاصل کرکے اس پر سیاست کرنا۔ ـــ الشيءَ: کا مالک ہونا۔ تَرَبَّبَ الارضَ: زمین کا دعویدار ہونا، تم کہتے ہو: رَأَيْتُهُ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُم: میں نے اسے دیکھا کہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعوی کرتا تھا۔ الرَبّ (مص) جمع اَرْبَاب و رُبُوب: سردار، مالک، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔ رَبِّی و رَبَّانِیّ و رُبُوبِي: رب کا، رب کے متعلق۔ الـرَبَّة: رب کا مؤنث، عورت کی شکل کا بت جیسے لات کا بت۔ الـمَرَبَّة: مملکت۔ الرُبّان جمع رَبَابِنة و رَبابِین: ملاحوں کا سردار۔ الرِبَابَة: سرداری۔ مملکت۔ المَرْبُوب: مملوک، غلام۔ الرُبَّانِيّ: ملاحوں کا سردار۔ الرَبَّانِيّ: ربی، لاٹ، پادری، عارف ربانی۔

۲۔ رَبَّ ـ رَبًّا الامرَ: کسی کام کو درست کرنا۔ ـــ و رَبَّبَ تَرْبِيبًا و تَرِبَّةً و اِرْتَبَّ اِرْتِبابًا الولد: لڑکے کو بالغ ہونے تک پالنا۔ تَرَبَّبَ الصبیَ: بچہ کو بالغ ہونے تک پالنا۔ الـرَبّ (مص) جمع اَرْبَـاب و رُبُـوب: مصلح، اصلاح کرنے والا۔ الـرَابّ: سوتیلا باپ۔ الـرُبَّى: وہ بکری جس نے بچہ جنا ہو یا اس کا بچہ مر گیا ہو۔ حال ہی میں بچہ جننے والی بکری۔ الرَابَّة: سوتیلی ماں۔ الرَبِيب و الرَبُوب جمع اَرِبَّة: سوتیلا باپ، سوتیلا لڑکا۔ الرِبـاب و الرِبابَ [illegible] الـمَرْبُوب: پالا ہوا۔ الـرَبِيبة جمع رَبَائِب: دایہ، بیوی کی لڑکی، سوتیلی ماں۔

۳۔ رَبَّ ـ رَبًّا الـنعمةَ: نعمت زیادہ کرنا۔ الـرُبَّى: نعمت، احسان۔ الـمُرَبَّب: جس پر انعام کیا گیا ہو۔

۴۔ رَبَّ ـ رَبًّا بـالـمـكـان: کسی جگہ پر اقامت کرنا، اقامت پذیر ہونا۔ اَرَبَّ بـالمكان: کسی جگہ اقامت پذیر ہونا، کسی جگہ ہمیشہ رہنا۔ کہا جاتا ہے: اَرَبَّـــتِ السحابةُ: بادل مسلسل برسا۔ الـمَرَبّ: رہنے کی جگہ۔ آپ کہتے ہیں: هذا مَرَبُّ القوم: یہ قوم کے رہنے کی جگہ ہے۔

۵۔ رَبَّ ـ رَبًّـا الشـــيءَ: کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ تَرَبَّبَ القومُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا، مجتمع ہونا۔ الرَبَب: بہت پانی۔ الـرَبَّة: بڑا گھر۔ الـرِبَّة جـمـع اَرِبَّة و رِبَاب: بڑا گروہ۔ المَرَبّ: لوگوں کو اکٹھا کرنے والا، اجتماع کی جگہ۔ آپ کہتے ہیں: هذا مَرَبُّ القوم: یہ لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ ہے۔ ـ و المِرْبَاب: بہت سبزہ والی زمین، بہت پودوں والی زمین۔ الـرُبَّى: مضبوط گرہ۔ الـرِبَـاب: جماعتیں جن سے ہر ایک جماعت دس کی تعداد رکھتی ہو۔ الرَبَّاب: جماعت۔ الـرُبَّان و الـرَبَّان: جماعت۔ کہا جاتا ہے: اَخَذَ الشيءَ بِرُبَّانِهِ: اس نے تمام چیز لے لی۔

۶۔ رَبَّ ـ رَبًّا الدهنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔ ـ رَبًّا و رُبًّا الزِقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ ملنا تاکہ اس کی بو بھی بہتر ہو جائے اور گھی وغیرہ رکھا رکھا خراب نہ ہو۔ رَبَّبَ الدهنَ: تیل کو خوشبودار اور عمدہ بنانا۔ اُرْتُبَّ العنبُ: انگور کا پانی پکا کر شیرہ بنایا جانا۔ الرُبّ جمع رِبَاب و رُبُوب (ط): پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ الـرِبَّة جـمـع اَرِبَّة و رِبَاب (ن): ایک قسم کا درخت۔ الـمُرَبَّب: مربہ۔ الـمُرَبَّبَات: شیرہ میں تیار کی ہوئی چیزیں۔

۷۔ اَرَبَّ مـنـه: کے قریب ہونا۔ الـرِبَـاب: دوست اصحاب۔

۸۔ رُبَّ و رُبَّةَ و رُبَّمَا و رُبَّتَمَا: حرف جر۔ سیاق کلام کے موافق اکثر اور کبھی کبھی کا معنی دیتا ہے۔ نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے لہٰذا اس کا تعلق کسی سے نہ ہوگا۔ جیسے: رُبَّ جـهـلٍ رَفَـع جہل لفظاً مجرور اور محلاً مرفوع ہے کیونکہ وہ مبتدا ہے۔ اسی سے ضرب المثل ہے: رُبَّ اخٍ لك لـم تَـلِدْهُ اُمُّك: بہت سے بھائی ایسے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے (سچے دوست کے لئے کہا جاتا ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ شفیق ہوتا ہے)۔ جب

اس پر ما کافہ داخل ہو اس کا دخول فعل اور معرفہ پر جائز
ہوتا ہے۔ جیسے رُبَّما الجلیلُ مُقْبِلٌ و رُبَّما اقبل
الجلیلُ اور کبھی اس کا عمل اس صورت میں بھی رہتا
ہے۔ جیسے رُبَّما ضَرْبَةٍ بسیف صقیلٍ۔
الرُّبّ میٹھا پانی۔ الرَّباب واحد رَبابَة سفید
بادل (مو) آلہ طرب۔ الرُّبّی حاجت، ضرورت۔
الرُّبّان کہا جاتا ہے افعل ذلك برُبّانه یہ کرو
اس کے نیا پن اور جدت کے ساتھ۔
۹۔ الرُّبْرُب جنگلی گایوں کا گلہ۔

ربّ: رَبّا و رِبابة ہ: کا آقا ہونا، مالک ہونا، کا
قابض ہونا، کو قابو میں رکھنا، پر تسلط قائم رکھنا، پر قابو
رکھنا، اقتدار رکھنا، زیر حکم رکھنا۔ ۲ ربّا و ربّب ہ
(بچہ) کی تربیت کرنا، پالنا۔ ربّب ہ کو دیوی
دیوتا بنانا، کو پوجنا، معبود ٹھہرانا، کا پرستار ہونا۔ رَبّ
جمع ارباب آقا، مالک، حاکم اعلیٰ، فرمانروا، خدا
تعالیٰ۔ ربٌّ ۔ (کو) رکھنے والا، (سے) مزین، (سے)
متعلق۔ الرب خدا تعالیٰ۔ ربّ بحری ملاح،
ماہر جہازران۔ ربُّ العائلة کنبہ کا بانی، گھر کا بڑا۔
اربابُ السلطان حکام۔ اربابُ المال سرمایہ
دار لوگ۔ صعود الرب رفع مسیح۔ ارباب
المعاشات پنشنر لوگ۔ اربابُ السوابق پہلے
مجرم قرار دیئے گئے لوگ، سزا یافتہ مجرم۔ اربابُ الفنون:
فنکار لوگ۔ رَبّة جمع رَبّات گھر والی، جورو، بیگم۔
رَبّة المنزل بیگم۔ رَبّةُ البیت: مکان کی مالکن۔
رَبّة شعره شاعر کی خداداد ذہانت۔ رَبّاتُ الحِجال:
بیگمات۔ رُبّ جمع رِباب و رُبُوب پھلوں کا گاڑھا
رس، چوکر، گودا۔ رُبَّ بہت، کئی۔ رُبَّ رَجُلٍ
کئی آدمی۔ رُبَّ مَرَّةٍ کئی دفعہ۔ رُبَّما کبھی
کبھی، کبھی کبھار، شاید، اتفاقاً، اتفاق سے، ممکن ہے کہ،
کسی طرح، ہوسکتا ہے کہ۔ رَبَّة و رِبَّة: سر
اور چہرے پر اثر کرنے والا ایک جلدی مرض۔ رَباب
و رَبابَة تاروں کا ایک پرانا ساز، رباب، ستار۔
رَبیب جمع اَرِبّاء: سوتیلا بیٹا، سوتیلا باپ، منہ بولا
یا رضاعی باپ، لے پالک بیٹا، منہ بولا بیٹا، رضاعی
بیٹا، نیم وفاقی، حلیف، اتحادی۔ رَبِیبَة جمع
رَبائِب: منہ بولی بیٹی، رضاعی یا لے پالک بیٹی، سوتیلی
بیٹی، منہ بولی ماں، رضاعی ماں، مددگار (عورت)۔ رُبُوبِیّة:
خدائی، الوہیت، دیوتائی، ربوبیت، احدیت۔ رُبّان
جمع رَبابِنة و رَبابِنة۔ بحری جہاز کا کپتان، جہاز کا
ناخدا۔ رُبّان ثانٍ کمانڈر۔ رَبّانیّ۔ خدائی،
ایزدی، ربانی، خداداد، آسمانی، اللہ تعالیٰ سے متعلق۔

الرَّبّانِیّات: متبرک چیزیں۔ الصلاة الرَّبّانیة:
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وہ دعا جو انہوں نے اپنے
متبعین کو سکھائی تھی جو اے ہمارے باپ سے شروع
ہوتی ہے۔ مُرَبَّة یا مُرَبّی: مربہ، جام، شکر میں پکایا
ہوا پھل۔ رابّ: سوتیلا باپ۔ رابّة: سوتیلی ماں۔

ربا: ربأ ۔ رَبْأً: چڑھنا، بلند ہونا۔ علی جبلٍ:
پہاڑ سے جھانکنا۔ الشیءَ: کو اونچا کرنا۔
القومَ و للقوم: قوم کا نگہبان و دیدبان ہونا۔
فی الامر: کسی معاملہ پر غور کرنا، سوچنا۔ رابَأَ
مُرابَأَةً ہ: کی نگرانی کرنا، سے پرحذر و خوف رہنا،
بچنا۔ ارْتَبَأَ المَرْبَأَةَ: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا۔
علی الجبل: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ بهم: کا
دیدبان ہونا۔ کہا جاتا ہے ارْتَبِأ الشمسَ متی تغرب:
دیکھتے رہو کہ آفتاب کب غروب ہوتا ہے۔ الرَّبِیءُ و
الرَّبِیئة جمع رَبایا: فوج کا دیدبان، سکاؤٹ۔
کہا جاتا ہے بثّوا ربایاهم: انہوں نے اپنے
دیدبان پھیلا دیئے۔ المَرْبَأ و المَرْبَأ و المَرْبَأَة و
المُرْتَبَأ: دیکھ بھال کرنے کی جگہ، پہرے کا مینار،
مچان۔ المِرْبَاء: سیڑھی۔
۲ ربَأَ ۔ رَبْأً المالَ: مال کی حفاظت کرنا، اصلاح کرنا۔
کہا جاتا ہے ارْبَأْ بہ اس کی حفاظت کرو۔ لنی
اَرْبَأُ بك عن ذلك: میں تمہارے لئے اس کو پسند نہیں
کرتا۔ ما ربأْتُ رَبْأَه: میں نے اس کو نہ جانا اور نہ
اس کی پروا کی۔
۳ ربَأَ ۔ رَبْأً المالَ: مال لے جانا۔ رَبَّأَ تَرْبِئةً ہ:
کو لے جانا۔
رَبَأَ ۔ رَبَاب: ہ کی بہت عزت کرنا، توقیر کرنا، کا احترام
کرنا۔ رَبَأَ بہ عن: کسی کو کسی چیز یا کچھ کرنے سے
بالاتر سمجھنا، کے متعلق اس قدر اونچی رائے رکھنا کہ اس
پر کچھ کرنے کا شبہ کیا جائے یا توقع کی جائے کہ وہ ایسا
کرے گا۔ رَبَأَ بنفسه عن: اپنے آپ کو کسی چیز
سے بالاتر سمجھنا، سے بہتر خیال کرنا، سے الگ تھلگ
رہنا۔ رَبِیئة جمع رَبایا: پہرے دار، سنتری، محافظ۔

ربت: ربَتَ ۔ رَبْتًا الصبیَّ: بچہ کی پرورش کرنا،
بچہ کو پالنا۔ رَبَّتَ تَرْبِیتًا الصبیَّ: بچہ کی پرورش
کرنا، بچہ کو پالنا، بچہ کو تھپکنا تا کہ سو جائے۔
۲ ربِتَ ۔ رَبَتًا الشیءُ: بند ہونا۔
رَبَتَ ۔ رَبْتًا ہ: کو تھپکنا، تھپکی دینا، پر پیار سے ہاتھ
پھیرنا، چومنا، کو سہلانا۔ رَبَّتَ ہ: بمعنی رَبَتَ ہ۔
رَبَّتَ علی خدہ: کے رخسار کو تھپکنا۔ رَبَّتَ علی
کتفه: کا کندھا تھپکنا۔ رَبَّتَ نفسه: خود ہی مطمئن
ہونا، خود ہی خوش ہونا، آدم بیزار ہونا۔

ربث: رَبَثَ ۔ رَبْثًا و رَبَّثَ ہ عن کذا: کو [illegible]
کرنا، روکنا۔ تَرَبَّثَ: دیر لگانا، پیچھے رہنا۔ المَرْبُوث
روکا ہوا۔ الرَّبِیثَی: مانع، روک۔ الرَّبِیثة جمع
رَبائِث: مانع، دھوکا۔
۲ ارْتَبَثَ و ارْبَثَ القومُ: متفرق ہونا، منتشر ہونا، تتر
بتر ہونا۔ امرُهم: کا معاملہ کمزور ہونا، بکھر جانا۔

ربج: رَبِجَ ۔ و رَبُجَ ۔ رَباجَةً: کودن ہونا، بیوقوف
ہونا، کند ذہن ہونا۔ تَرَبَّجَ: کند ذہن ہونا، متحیر ہونا۔
الارْبِجان (ن): ایک قسم کی نبات، پودا۔

ربح: رَبِحَ ۔ رِبْحًا و رَبَحًا و رَباحًا فی تجارته:
تجارت میں نفع حاصل کرنا۔ رَبَّحَ ہ: کو فائدہ مند
کرنا۔ رابَحَ مُرابَحَةً ہ علی سلعته: کو اس
کے سامان تجارت پر نفع دینا۔ ارْبَحَ الناقةَ: اونٹنی کو
صبح اور دوپہر کو دوہنا۔ ہ علی سلعته: کو اس
کے سامان تجارت پر نفع دینا۔ تَرَبَّحَ: نفع طلب کرنا۔
اِسْتَرْبَحَ: نفع طلب کرنا۔ الشیءَ: کا نفع طلب
کرنا۔ الرِّبْح جمع ارْباح و الرَّباح: نفع، فائدہ۔
الرَّبَح: نفع، فائدہ، فروخت کے لئے لائے جانے
والے اونٹ۔ مالٌ رابِحٌ: نفع دینے والا مال۔ مَتْجَرٌ
رَبِیحٌ: نفع بخش تجارت۔
۲ الرُّبَح (ح): اونٹ کے چھوٹے بچے۔ الرُّباح:
شراب، وہ شہر جس سے کافور لایا جاتا ہے اور الرباحی
کہلاتا ہے۔ الرُّبَاح و الرُّبّاح جمع رَبابِیح
(ح): اونٹ کا بچہ، بکری کا بچہ۔ (ح): بندر۔
رَبِحَ ۔ رِبْحًا و رَبَحًا من ہ: کسی چیز سے کوئی چیز
پانا، حاصل کرنا۔ من: سے نفع کمانا، (کھیل وغیرہ
میں) جیتنا۔ ما ربحتْ تجارتُهم: ان کی تجارت
غیر منفعت بخش تھی۔ رَبَّحَ و ارْبَحَ ہ: کو حاصل
کرانا، کو نفع دینا۔ رِبْح جمع ارْباح: نفع، فائدہ،
سود۔ الارْباح: پیداوار، منافع، محاصل، بکری، آمدنی،
کمپنی کا وقتاً فوقتاً ادا ہونے والے منافع۔ رِبْحٌ
بَسِیط: سادہ سود۔ رِبْحٌ مُرَکَّب: سود مرکب، سود
در سود۔ رُبّاح جمع رَبابِیح: بندر۔ الارْبَح:
زیادہ منافع بخش، زیادہ نفع بخش، زیادہ منفعت بخش۔
مُرابَحة: دوسرے شخص کو کسی چیز کی فروخت نفع کی
تفصیل کے ساتھ یا پیشگی ادائی کے ساتھ۔ رابِح:
نفع اندوز، فائدہ اٹھانے والا، جیتنے والا، نفع پانے والا،
منفعت بخش، سود مند، نفع بخش (تجارت، کاروبار)۔
مُرْبِح: نفع بخش، منفعت بخش، نفع کا، سود مند۔

ربخ: رَبَخَ ۔ رَبْخًا البعیرُ: اونٹ کا ریت میں چلنا،

دشوار ہونا۔ اَرْبَخَ الرملُ: ریت کا تہ بند ہونا۔ ــــ الرجلُ: مصیبت میں پڑنا۔ تَرَبَّخَ الرجلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔ الرَبِیخ: بڑا پالان۔

ربد ۱۔ رَبَدَ ـُ رُبُودًا بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ ــ ہٗ: کو منع کرنا، روکنا۔ ــ الابلَ: اونٹوں کو باڑہ میں باندھنا۔ المِربَد: اونٹوں وغیرہ کا باڑہ، گھروں کے پیچھے کا میدان یا گھیر۔ ــ للتمر: کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ۔

۲۔ رَبَّدَت الشاۃُ: بکری کے تھن میں سفید و سیاہ داغوں کا ہونا۔ تَرَبَّدَ الضرعُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں کا ہونا۔ ــــ ت السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔ ــ الرجلُ: ترش رو ہونا، تیوری چڑھانا۔ ــــ اللونُ: رنگ کا متغیر ہونا۔ اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا و اِرْبَادَّ اربیدادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔ الربند (ن) ایک قسم کا پودا۔ الرُبْدۃ: خاکستری رنگ۔ الأَرْبَد مونث رَبْداء: خاکستری رنگ والا۔ عـام اَرْبَد: قحط کا سال۔ الرَبْدَاء: سخت و سنگین۔ کہا جاتا ہے: داھِیَۃ رَبْداء: سخت یا سنگین مصیبت۔ المُتَرَبِّد: شیر۔

○ تَرَبَّدَ: آسمان کا ابر آلود ہونا، بادلوں سے بھر جانا، آسمان پر بادل چھا جانا؛ خاکستری رنگ کا ہونا، قہر آلود ہونا، (چہرے کا غصے سے)۔ اِسْتَرْبَدَ: خاکستری رنگ کا ہونا، راکھ جیسا ہونا، قہر آلودہ ہونا (چہرے کا)، ترش رو ہونا۔ مُرْبَدّ: تاریک اداس، ملول افسردہ۔ (چہرہ) ابر آلود۔

ربذ ۱۔ رَبِذَ ـ رَبَذًا: چلنے میں تیز قدم اور کام میں تیز دست ہونا۔ صفت: رَبِذ۔ الرَبِذ مونث رَبِذَۃ: چلنے میں تیز ٹانگوں والا۔ کہا جاتا ہے: ھو رَبِذُ العنان: وہ تنہا اور شکست خوردہ ہے۔

۲۔ اَرْبَذَ الثوبَ او الحبلَ: کپڑا یا رسی کاٹنا۔ الرِبْذَ و الرَبَذَۃ جمع رِبَذ و رِبَاذ و رَبَذ: کوڑے کا پھندنا۔

۳۔ الرِبْذَۃ: گندگی، بے خیر آدمی۔ ــ و الرَبَذَۃ جمع رِبَذ و رِبَاذ و رَبَذ: چیتھڑا جس سے سنار زیورات صاف کرتا ہے، روئی کا گالا جو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکا دیا جاتا ہے۔ وہ اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے، بوتل کا ڈھکن۔ لِثَۃ رَبِذَۃ: تھوڑے گوشت والے مسوڑھے۔

ربز: رَبُزَ ـُ رَبَازَۃً: چالاک و دانا ہونا۔ رَبَّزَ القربۃَ: مشک بھرنا۔ اِرْتَبَزَ الشیءُ: چیز کا تمام و کامل ہونا۔

ربس ۱۔ رَبَسَ ـُ رَبْسًا ہٗ بیدَیْہِ: کو دو ہتڑ مارنا۔ الرَبِیس: دو ہتڑ سے مارا ہوا۔

۲۔ رَبَسَ ـُ رَبْسًا و رَبَّسَ القربۃَ: مشک کو بھرنا۔ اِرْتَبَسَ العنقودُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھس جانا، ٹھوس ہونا، پیوستہ ہونا۔ الرُبْس (مص): بہت، کثیر۔ کہا جاتا ہے: جاء بمالٍ رُبْسٍ: وہ بہت مال لایا۔ الرَبِیس: ٹھوس۔

۳۔ اَرْبَسَ اِرْبَاسًا ہٗ: کو غضبناک کرنا۔ اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا امرُھُم: کے معاملہ کا کمزور ہونے کے باعث سب کا متفرق ہونا۔ ــ الرجلُ: ملک میں جانا۔ ــ فی امرِہٖ: اپنے کام میں تصرف کرنا۔

۴۔ الرُبْس: ناپسندیدہ اور بری بات۔ الرَبِیس: مصیبت، مصیبت زدہ، بہادر۔ ام الربیس: سانپ، مصیبت سے کنایہ۔ الرُبْسَاء جمع رُبْس: سخت مصیبت۔ کہا جاتا ہے: جاء بامورٍ رُبْسٍ: وہ مصائب لے کر آیا۔ الرِیْبَاس (ن): چقندر کے مشابہ ایک سبزی جس کا مزہ ترشی مائل میٹھا ہوتا ہے۔

ربش: اَرْبَشَ الشجرُ: درخت کا پتے لانا، پھوٹنا، بعض کے نزدیک درخت کا پھل لانا۔ الرُبْشَۃ: رنگ کا اختلاف۔ الأَرْبَش مونث رَبْشَاء: مختلف رنگوں کا۔ ارضٌ رَبْشَاءُ: مختلف رنگوں کی گھاس والی زمین۔

ربص: رَبَصَ ـُ رَبْصًا بہٖ: کے لئے بھلائی یا برائی کا انتظار کرنا یا کسی کو برائی پہنچانے کے لئے موقع کی تاک میں رہنا۔ تَرَبَّصَ: انتظار کرنا۔ ــــ عن الامر: کسی امر سے رک جانا۔ ــــ فی المکان: کسی جگہ رہنا۔ ــــ بفلان: کسی کے لئے برائی یا بھلائی کا انتظار کرنا، کو نقصان پہنچانے کے لئے موقع کی تاک میں رہنا۔ ــ بسلعتہ الغلاءَ: مال کی گرانی تک اُسے روک رکھنا۔ الرُبْصَۃ: انتظار، موقع کی تاک میں رہنا، رنگ کا اختلاف۔

○ رَبَصَ ـ رَبْصًا ب: کا انتظار کرنا، کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا، کا منتظر ہونا۔ تَرَبَّصَ ل: کی گھات میں ہونا یا بیٹھنا، کو راستے میں روکنا، کی راہزنی کرنا، کی گھات لگانا۔ ــ: گھات لگانا، پوزیشن لے لینا (فوج کا)، ــــ ب/ ہ: کی توقع کرنا، کا انتظار کرنا۔ تَرَبَّصَ الفرصۃَ: موقع کا انتظار کرنا، موقع کی تاک میں رہنا۔ تربَّصَ بِہِ الامرَ: کسی پر کوئی چوٹ پڑنے یا حادثہ وغیرہ پیش آنے کا انتظار کرنا۔ تَرَبَّصَ بہ الدوائرَ: کسی کے مصیبت میں پھنسنے کا انتظار کرنا۔ تَرَبُّص: آزمائشی مدت۔ مُتَرَبِّص: امیدوار، (عروج و ترقی کا) آرزومند یا متمنی۔

ربض: رَبَضَ ـ رَبْضًا و رُبُوضًا و رِبْضَۃً ت الدابۃُ: اونٹوں کا گھٹنوں پر بیٹھنا۔ ــ الاسدُ علی فریستہ و القِرنُ علی قِرنہ [illegible] اور ساتھی کا اپنے ساتھی کو دبوچ کر بیٹھنا۔ ــ ـُ رَبْضًا و رُبُوضًا فلانًا او المکانَ: کسی کے پاس یا کسی جگہ پناہ لینا۔ رَبَّضَ ہٗ بالمکان: کو کسی جگہ روکے رکھنا۔ ــ الدوابَّ: جانوروں کو ان کے بیٹھنے کی جگہ روکے رکھنا۔ کہا جاتا ہے: رَبَّضَ السقاءَ: مشک میں سوراخ ڈھکنے والی کوئی چیز رکھنا۔ اَرْبَضَ الدوابَّ: اونٹوں کو احاطہ میں لانا۔ ــ الرجلَ: پر طاقت سے زیادہ بوجھ لاد دینا جس سے وہ بیٹھ جائے۔ ــ ت الشمسُ: سورج کا سخت گرم ہونا۔ تَرَبَّضَ: ضعف کی وجہ سے کسی جگہ ٹھہرے رہنا۔ الرُبْض: عمارت کی بنیاد، چیز کا زمین سے چھونے والا حصہ، چیز کا درمیان۔ ــ والرَبْضُ و الرُبْض: بیوی، ماں، بہن۔ کہا جاتا ہے: رجلٌ رُبُضٌ عن الاسفار او عن الحاجات: وہ آدمی جو نہ تو سفر کے لئے اور نہ ہی حاجت روائی کے لئے باہر نکلے۔ الرِبْض من البقر: بیٹھی ہوئی گایوں کا گلہ۔ الرَبَض: بیوی، ماں، بہن۔ ــــ جمع اَرْبَاض: بکریوں کا باڑہ، کجاوہ کی رسی، قوم کے رہنے کی جگہ، شہر کے گرد کی بستی، شہر پناہ، آنتیں، ہر ایک چیز جس کے پاس آرام لیا جائے یا پناہ لی جائے جیسے اہل خانہ، رشتے دار، مال، گھر وغیرہ۔ الرَابِض (فا) والرَبَّاض: شیر۔ الرَابِضَۃ: رابض کا مؤنث، بلند امور سرانجام دینے سے عاجز و قاصر، چپٹی ناک والے کو کہا جاتا ہے: ارنبۃ رابضۃ علی وجھہ: اس کی ناک اس کے چہرہ پر بیٹھی ہوئی ہے۔ الرُبْضَۃ و الرُبَضَۃ: بیٹھ رہنے والا آدمی۔ الرِبْضَۃ: لاشوں کا ڈھیر، لاش، بکریوں کا گلہ، آدمیوں کا گروہ، بیٹھنے کی ہیئت۔ الرَبُوض جمع رُبُض من القری: بہت آبادی والا گاؤں۔ ــــ من الشجرِ: بڑا درخت۔ ــ من الدروع: فراخ زرہ۔ قِرْبَۃٌ رَبُوضٌ: بڑی مشک جس کا اٹھانا دشوار ہو۔ الرَبِیض: احاطہ میں اکٹھا کیا ہوا بکریوں کا ریوڑ مع چرواہوں کے، پیٹ میں آنتوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ المَرْبِض جمع مَرَابِض: جانوروں کے بیٹھنے کا احاطہ۔ ــ والمَرْبَض: پیٹ میں آنتوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

○ رَبَضَ ـ رَبْضًا و رُبُوضًا: جانوروں کا زمین پر سینہ کے بل لیٹنا، بیٹھنا، آرام کرنا۔ ــــ لِ: کسی کی گھات میں ہونا، یا کسی کی گھات میں بیٹھنا۔ رَبَض جمع اَرْبَاض: شہر کے دور افتادہ علاقے، نواحی بستی، جانوروں کے آرام کرنے کے لئے لیٹنے کی جگہ۔ مَرْبِض جمع مَرَابِض: جانوروں کے بیٹھنے اور آرام کرنے کی جگہ، بھیڑوں کا باڑا۔

ربط ۱۔ رَبَطَ ۔ رَبْطًا ہٗ: کو مضبوط باندھنا۔ رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَةً الجیشُ: دشمن کی سرحد کے پاس لشکر کا ہمیشہ پڑاؤ رکھنا۔ تَرَابَطَ الماءُ فی المکان: پانی کا کسی جگہ جمع ہوکر ٹھہرنا۔ اِرْتَبَطَ فی الحبل: رسی میں بندھ کر لٹکنا۔ — فرسًا: سرحد کی حفاظت کے لئے گھوڑے کو تیار کرنا۔ الرباط جمع رُبُط: جس سے کوئی چیز باندھی جائے، باندھنے کی چیز، گھوڑے (کہا جاتا ہے: فلانٌ لہٗ رباطٌ من الخیل: فلاں شخص کے پاس گھوڑے ہیں)، قلعہ یا لشکر کا پڑاؤ، دل۔ کہا جاتا ہے: قرض رباطهٗ: وہ مرگیا، یا بیماری سے صحت یاب ہوگیا۔ الرُّبُط واحد رَبِیْط: بندھے ہوئے اور چارہ دیے ہوئے گھوڑے۔ الرَّبِیْط: بندھا ہوا۔ الرَّبِیْطَة: بندھے ہوئے جانور۔ کہا جاتا ہے: دابّةٌ رَبِیْطَةٌ: بندھا ہوا جانور (خلاف قیاس) اور دابّةٌ ربیط۔ المَرْبَط و المَرْبِط جمع مرابط: جانوروں کو باندھنے کی جگہ۔ المِرْبَط و المِرْبَطة جمع مرابط: جانور وغیرہ باندھنے کی چیز۔ الرَّبَّاط: تانت کو باندھنے والا۔ الرابطة: رابط کا مؤنث: ملاپ، تعلق۔ المُرَابِطَة جمع مُرَابِطات: ایک جگہ تعینات کیا ہوا فوجی دستہ۔ الرِّبَاطات واحد رِبَاط: (فقراء کے لئے وقف کئے ہوئے) محتاج خانے۔

۲۔ رَبَطَ ۔ رَبْطًا ہُ اللّٰہُ علی قلبہ: اللہ تعالیٰ کا کسی کے دل کو قوت بخشنا اور صبر عطا کرنا۔ — جَاشُہٗ: دل کا مضبوط ہونا۔ رَابَطَ رِبَاطًا مُرَابَطَةً الامرَ: کسی کام وغیرہ کو کرتے رہنا، پر ڈٹا رہنا، جما رہنا، قائم رہنا۔ الرَّابِط (فا): راہب یا زاہد، عابد، حکیم یا دانا جس نے دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرلی ہو۔ رَابِطُ الجاش: بہادر، نڈر۔ الرَّبِیْط: راہب یا زاہد، دانا۔ رَبِیْطُ الجاش: بہادر۔

ج رَبَطَ ۔ رَبْطًا ہٗ: کو باندھنا، لنگر انداز کرنا۔ — ہٗ الی: کو سے باندھنا، جوڑنا، لگانا، لٹکانا، نتھی کرنا، منسلک کرنا، کو کے ساتھ لگانا، کو سے ملانا۔ — ہٗ: کو مقرر کرنا، معین کرنا، متعین کرنا، کی قیمت لگانا، آنکنا، کی قدر و قیمت کا اندازہ کرنا، کو تشخیص کرنا، لگانا یا مقرر کرنا۔ — ہٗ الی: کو سے جوڑنا، کو میں جمع کرنا، شامل کرنا، کا میں اضافہ کرنا، کو کے ساتھ نتھی کرنا، ٹانکنا، ملحق کرنا، کو سے چپکانا، لگانا، کو میں ڈالنا، داخل کرنا۔ — ہٗ: کو ایک کرنا، متحد کرنا، اکٹھے کرنا۔ — بین و بین: کو کے ساتھ متحد کرنا، اکٹھے کرنا۔ — ہٗ: کو باندھنا، پرلھورک (پٹی) لگانا، (زخم) کی مرہم پٹی کرنا، زخم کو پٹی سے باندھنا۔ — ہٗ/علی: کو روکنا، تھامنا، لگام دینا۔ — ہٗ (ٹرین) کو بریک لگانا۔ — ہٗ (پادری) کو معطل کرنا۔ رَبَطَ لِسانَہٗ: کو خاموش کرنا، کا منہ بند کرنا۔ رَبَطَ علی قلبہ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو جسمانی، اخلاقی یا دماغی حیثیت سے قوی بنانا، صبر عطا کرنا۔ رَبَطَ جاشَہٗ: اپنے آپ کو قابو میں رکھنا، خاموش رہنا، بے خوف ہونا، ہراساں نہ ہونا۔ رَبَطَ الطریقةَ: شاہراہ پر ڈاکے ڈالنا۔ رَابَطَ (فوج کا) صف بستہ ہونا، کسی مقام پر تعینات ہونا، پوزیشن لینا، (جہاز کا) لنگر انداز ہونا۔ رَابَطَ فی قضیتہٖ: کے نصب العین کا دفاع کرنا، کے لئے لڑنا۔ اِرْتَبَطَ: پابند ہونا، مشغول ہونا۔ — ب: سے پابند، مربوط، منسلک یا متعلق ہونا، پر انحصار کرنا۔ —: متحد ہونا، مشترکہ مقصد کے حصول کے لئے باہم مل کر کام کرنا۔ رَبْط: باندھنا، جوڑنا، ملانا، نتھی کرنا، مربوط کرنا (کسی رقم، تعداد) کا تعین، تقرر، تشخیص، قیمت کا اندازہ (کرنا)۔ رَبْط مالی: مالی تعین، اختصاص۔ اهل الحل و الربط: صاحب رسوخ یا اختیار لوگ، برسر اقتدار لوگ۔ مکانُ الربط: لوہے کا جوڑ، لوہا گرم کرکے لگایا ہوا ٹانکا یا جوڑ۔ رَبَط: مضافات، نواحی علاقہ، سواد شہر، نواح شہر۔ رُبْطَة جمع ربطات و رِباط: ربن، فیتہ، زخم پر باندھنے کی پٹی، بنڈل، پارسل، پیکج۔ ربطة الرقبة: نیک ٹائی۔ ربطة الساق: گیٹس، موزہ کا بندیا فیتہ، لچکدار پٹی۔ رُبْطَةُ النقود: بٹوہ۔ رِبَاط جمع رباطات و رُبُط و اَرْبِطَة: ربن، فیتہ، پٹی، بند، بندھن، رشتہ، ریشے اور عضلات جو ہڈیوں کو ملاتے ہیں، ہڈیوں کو جوڑنے والی رگیں، زخم پر باندھنے کی پٹی، زنجیر، بیڑی، بندش، بند، بندھن، سرائے، کارواں سرائے، محتاج خانہ (صوفیوں اور فقیروں کے لئے)۔ رِباطُ الاَجْرِبَة: گیٹس۔ رباط الجَزْمَة: بوٹ کا تسمہ۔ رباط الرَّقَبَة: نیک ٹائی۔ رباط و رباط الفتح رباط (مراکش کا دارالحکومت)۔ رَبَاطَةُ الجاش: دلجمعی، اطمینان، سکون، ضبط نفس، قرار، خاموشی، جواں مردی، بے باکی، شجاعت۔ مَرْبِط و مَرْبَط جمع مَرَابِط: وہ جگہ جہاں جانوروں کو باندھا جاتا ہے۔ مِرْبَط جمع مَرَابِط: رسی، لنگر اندازی کی تار، جہاز کا تار، جہاز کا موٹا رسہ، سرا (برقی)۔ اِرْتِبَاط: تعلق، رابطہ، پیوند، رشتہ، رابطہ، واسطہ، ربط، اتصال، ربط۔ (— ب سے بندھن) فرض، مصروفیت، پابندی، ذمہ داری، قید۔ — ب: سے تعلق یا علاقہ، کے ساتھ رشتہ۔ —: اتحاد، متحدہ جماعت، ممالک منسلکہ۔ بدونِ ارتباط: کسی ذمہ داری کے بغیر۔ ضابطُ اِرتباط: افسر رابطہ۔ رَابِطُ الجاش: خاموش، مطمئن، جذبات پر قابو پائے ہوئے، پرسکون، نڈر، بے خوف۔ رَابِطَة جمع رَوَابِط: بینڈ، اتحاد، بندھن، رشتہ، تعلق، رابطہ، پیوند، واسطہ، ممالک منسلکہ، نیم وفاق، اتحاد، متحدہ جماعت۔ رَوَابِطُ الصداقة: دوستی کے رشتے۔ الرابطة الاسلامیة: مسلم لیگ۔ مَرْبُوط: بندھا ہوا، جڑا ہوا۔ — الی: سے بندھا ہوا، جکڑا ہوا، رسیوں سے (زمین) کے ساتھ محفوظ کی ہوئی (کشتی وغیرہ)۔ —: مقرر کیا ہوا، مقررہ تنخواہ (بجٹ کا) تخمینہ۔ مُرَابِط: (کسی جگہ) لگایا ہوا، تعینات کیا ہوا، حفاظت پر مامور فوج۔ الجیش المُرَابِط: علاقائی فوج۔ مرتبط ب: سے مربوط، جڑا ہوا، ملایا ہوا، منسلک کیا ہوا۔ — ب: کا پابند کیا ہوا، کا وعدہ کئے ہوئے، سے مشروط، پر منحصر۔

ربع ۱۔ رَبَعَ ۔ رَبْعًا: توقف کرنا، انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے: اِرْبَعْ علیك او علی نفسك او علی ظلعك: ٹھہرو، توقف کرو۔ — عنہٗ: سے رکنا۔ — بعیشہٖ: زندگی سے مطمئن ہونا۔ — علیہ: پر شفقت و مہربانی کرنا۔

۲۔ رَبَعَ ۔ رَبْعًا القومَ: کا چالیسواں یا چوتھا ہونا، کے مال کا چوتھا حصہ لینا۔ — الحبلَ: چار لڑیوں کی رسی بٹنا۔ — رُبِعَتْ علیہ الحُمّٰی: کو ہر چوتھے دن بخار چڑھنا۔ رُبِعَ الرَّجُلُ: کو ہر چوتھے دن بخار چڑھنا۔ رَبَّعَ البیتَ او الحوضَ: گھر یا حوض کو چوکور کرنا۔ اَرْبَعَ: چوتھے سال میں داخل ہونا۔ اَرْبَعَ القومُ: چار ہونا۔ — الرجلُ: کو چوتھا بخار آنا۔ تَرَبَّعَ فی جلوسہ: چار زانو ہوکر بیٹھنا۔ الرُّبْع و الرُّبُع جمع اَرْباع و رُبُوع: چوتھائی 1/4، الرَّبْع و الرَّبَع: درمیانے قد کا آدمی۔ کہا جاتا ہے: رجل رَبْع و رَبَع: درمیانے قد کا آدمی۔ الرِّبْع: اونٹوں کو چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِّبع: چوتھیا بخار۔ الرَّبْعَة جمع رَبْعات و رَبَعات (مذکر و مونث کے لئے): میانہ قد کا، عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے: فتح العطّارُ رَبْعَتَہٗ: عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔ الرَّابِع (فا): چوتھا۔ اِبِل رَوَابِع: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔ رُبَاعَ: چار چار۔ کہا جاتا ہے: اتوا رُبَاعَ: وہ چار چار آئے۔ الرَّبَاعِی جمع رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبَع و اَرْبَاع مؤنث رَبَاعِیَة

جمع رَبَاعِیَات: رباعی دانت گرا ہوا۔ آپ کہتے ہیں: رکبتُ بِرْذَوْنًا رَبَاعِیًا: میں ایک ٹٹو پر سوار ہوا جس کے رباعی دانت گرے ہوئے تھے۔ عندی بِرْذَون رَبَاع: میرے پاس رباعی دانت گرا ہوا ٹٹو ہے۔ الرَّبَاعِیَة جمع رباعِیَات: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ الرُّبَاعی: چار سے مرکب۔ — او الشکل الرُّبَاعِیّ (ہ) چار ضلعی یا چار زاویہ شکل۔ الرَّوْبَعَةُ: چارزانو بیٹھنے والے کی بیٹھک، کوتاہ قد کا، پستہ قد کا۔ اَرْبَعَة مونث اَرْبَع (ع ح): چار۔ الرِّیَاحُ الأَرْبَع: چار سمت چلنے والی ہوائیں۔ الصبا (پوروی ہوا)۔ الدَّبُور (پچھمی ہوا) الجنوب (جنوبی ہوا) الشمال (شمالی ہوا)۔ ذوات الأربع: چار ٹانگوں پر چلنے والے جانور چوپائے۔ اُم اَرْبَع و اَرْبعیں (ح) ایک قسم کا کیڑا (کن سلائی)۔ اَرْبَعُون: چالیس۔ الأَرْبِعَاء (با کی تثلیث کے ساتھ۔ تثنیہ اَرْبَعَاوان جمع اَرْبِعَاءَات و اَرْبَعَاوَات: بدھ کا دن۔ الأَرْبُعَاء (ب) گھر کا ستون۔ قَعَدَ الأَرْبُعَاءَ و الأَرْبُعَاوَی: وہ چارزانو ہو کر بیٹھا۔ المُرْبَع: چوتھیا بخار والا۔ المُرَبَّع (ہ) مربع: وہ شکل جس کے چار رکن یا ضلعے ہوں۔ (ع ح) کسی ہندسے کو اسی سے ضرب دینے کا حاصل چنانچہ 9 تین کا مربع ہے۔ الرَّبِیع جمع رُبُع: چوتھائی۔ التَّرْبِیع (ع ح): عدد کا مربع۔ المِرْبَاع: غنیمت کا چوتھا حصہ جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ — والمُرْتَبِع و المَرْبُوع: درمیانے قد کا۔

۳۔ رَبَعَ - رَبْعًا بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا، مطمئن ہونا۔ الرَّبْع جمع رِبَاع و رُبُوع و اَرْبُع و اَرْبَاع: گھر، گھر کا اردگرد، محلہ، اترنے کی جگہ، لوگوں کا گروہ۔ الرُّبُوع: محلے۔ الرَّبَاع خوش حالی۔ کہا جاتا ہے: ھم علی رَبَاعِھم: وہ اپنی گذشتہ خوشحالی میں ہیں۔ الرَّبَاعَة و الرِّبَاعَة اچھی حالت (کہا جاتا ہے: لیس فیھم من یضبط رَبَاعَتَہُ الافلانْ: فلاں شخص کے سوا ان میں کوئی بھی اپنی اچھی حالت میں نہیں) سرداری، (کہا جاتا ہے: لا یقیم رباعة القوم الافلانْ: فلاں شخص کے سوا کوئی بھی قوم کی سرداری قائم رکھنے والا نہیں۔ ھو رباعة قومہ: وہ اپنی قوم کا سردار ہے) مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

۴۔ رَبَعَ - رَبْعًا الرجلُ: خوش حالی کا سال پانا۔ — الابلُ: اونٹوں کا چوتھے دن پانی پینا۔ — رُبُوعًا الرَّبِیعُ: موسم بہار کا آنا۔ رُبِعَ القومُ: موسم بہار کی بارش پانا۔ اسی طرح زمین کا موسم بہار کی بارش پانا ایسی زمین مَرْبُوعَة کہلاتی ہے۔ اَرْبَعَ القومُ: فصل ربیع میں داخل ہونا، چراگاہ یا پانی والی سرسبز جگہ پر پہنچنا۔ — الابل: اونٹوں کو پانی پر جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ — الرجل: کے ہاں بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔ تَرَبَّعَ و ارْتَبَعَ الجملُ موسم بہار کے سبزہ کو چر کر اونٹ کا فربہ ہونا۔ — بالمکان: کسی جگہ موسم بہار گزارنا۔ المَرْبَع جمع رِبَاع و رُبُوع و اَرْبُع و اَرْبَاع: موسم بہار گزارنے کی جگہ۔ الرُّبَع جمع رِبَاع و اَرْبَاع مونث رُبَعَة جمع رُبَعَات و رِبَاع: موسم بہار میں پیدا ہونے والا اونٹنی کا پہلا بچہ اگر موسم بہار کے آخر میں پیدا ہو تو اسے ھُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے: مالھم رُبَع ولا ھُبَع: ان کے پاس نہ تو موسم بہار میں پیدا ہونے والا اونٹنی کا بچہ ہے اور نہ اس موسم کے آخر میں پیدا ہونے والا اونٹنی کا بچہ۔ الرَّبِیع جمع اَرْبِعَة و رِبَاع و اَرْبِعَاء: موسم بہار (۲۱ مارچ سے ۲۱ جون تک)۔ ربیع الاوّل و الآخر: قمری سال کا تیسرا اور چوتھا مہینہ۔ ربیع الاول صفر اور ربیع الاخر کے درمیان کا مہینہ ہے اس کے تیس دن ہوتے ہیں۔ ربیع الآخر ربیع الاول اور جمادی الاولی کے درمیان کا مہینہ ہے یہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے: ربیع رَابِع: سرسبز موسم بہار۔ — جمع اَرْبِعَاء و رُبْعَان: زمین کے لئے پانی کا حصہ۔ مطرُ الربیع: موسم بہار کی بارش جس میں سبزہ اور گھاس اگتا ہے۔ سبز چارہ۔ المَرْبَع موسم بہار میں ہونے والی بارش۔ — والمُرْتَبَع موسم بہار کی قیام گاہ۔ المِرْبَاع: وہ جگہ جس کی سبزی موسم بہار کے شروع میں اُگے۔ (ح) موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔ الرُّوبَعَة (طب): اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔ الرَّبِیعَة: باغ، توشہ دان۔ الرَّبِیعی من المساکن: موسم بہار گزارنے کی اقامت گاہ۔ الرَّبِیعِیَّات (ن): ایک پودا۔ المَرَابِیع موسم بہار کے شروع میں ہونے والی بارشیں۔

۵۔ رَبَعَ - رَبْعًا الرجلُ: اپنی قوت کا اندازہ کرنے کے لئے پتھر اٹھانا۔ رَابَعُوا الحِمْلَ: بوجھ اٹھانے کی لکڑی کو بوجھ کے نیچے لگانا۔ کہا جاتا ہے: رابعتہ: میں نے اس کے ساتھ مل کر بوجھ اٹھانے والی لکڑی کے ذریعے بورا اونٹ کی پیٹھ پر رکھا۔ اِرْتَبَعَ الحجرَ: پتھر اٹھانا۔ اِسْتَرْبَعَ البعیرُ للسیر: اونٹ کا چلنے کی طاقت پانا۔ [illegible] غبار اٹھنا۔ — الرملُ: ریت کا تہ بتہ ہونا، تودہ لگنا۔ المِرْبَع و المِرْبَعَة: جانور پر بوجھ اٹھا کر رکھنے کی لکڑی۔ الرَّبِیعَة: طاقت آزمانے کے لئے اٹھایا جانے والا پتھر۔

۶۔ الرَّوْبَع: کمزور کمینہ۔ الرَّبِیعَة لوہے کی خود۔ الیَرْبُوع جمع یَرَابِیع (ح) ایک قسم کا چوہا جس کے اگلے پاؤں چھوٹے اور پچھلے لمبے ہوتے ہیں۔

○ رَبَعَ - ربعا: (گھوڑے کا) سرپٹ دوڑنا۔ — بیٹھنا، آلتی پالتی مارنا، چارزانو بیٹھنا، پالتی مار کر بیٹھنا، رہنا، ٹھہرنا، قیام کرنا۔ رَبَّعَ ہ کو چوگنا کرنا، کو چار سے ضرب دینا، چار گنا کرنا، کو مربع بنانا، کا مربع کرنا، تَرَبَّعَ: بیٹھنا، چارزانو بیٹھنا۔ تربّع علی العرش تخت پر بیٹھنا، چڑھنا۔ رَبْع جمع رُبُوع و رِبَاع و اَرْبَاع و اَرْبُع: گھر، رہائش گاہ، کوارٹر۔ رُبُوع: علاقہ، خطہ، عملداری، قلمرو، رقبہ، زمین۔ رَبْع لوگوں کا گروہ، لوگ۔ الربع الخالی: جنوبی عرب کا ریگستانی علاقہ۔ رِبع: حُمَّی الرِّبْع چوتھیا بخار، باری کا بخار۔ رُبْع جمع اَرْبَاع: چوتھائی، چوتھا حصہ، ایک خشک اشیاء ناپنے کا پیمانہ۔ رُبْع سَنَوِیّ سہ ماہی۔ رَبْعَة القَوَام و ربعة القامة: درمیانہ قد کا، درمیانہ جسم کا۔ رُبْعَة خشک اشیا ماپنے کا ایک پیمانہ۔ رَبَّاع: کھلاڑی (مکہ باز، کشتی باز، ویٹ لفٹر وغیرہ)۔ رَبِیع: موسم بہار، چوتھائی، چوتھا حصہ۔ اَرْبَعَة مؤنث اَرْبَع: چار۔ ذَوَاتُ الاربع: چوپائے۔ اَرْبَعَةَ عَشَر مونث اَرْبَعَ عَشْرَة: چودہ (۱۴)۔ اَرْبَعُون: چالیس۔ الاربعون: چالیسواں (کسی مرنے والے کی وفات کے بعد چالیسویں دن کی تقریب)۔ عیدُ الاربعین: حضرت عیسی علیہ السلام کے آسمان پر جانے کا تہوار۔ رُبَاعِی چار پر مشتمل، چار گنا، چوگنا، چوہرا، چار تہ والا، چار حصوں پر شامل، چار پہلو، چوکھونٹا، چوگوشیہ، چوگوشہ شکل کا، چار زاویوں والا، چوگوشہ، چار اصلی حروف پر مشتمل، رباعی، چومصرعہ، جمع رُبَاعِیَات: رباعی، دوبیتی (شعر)۔ مُؤتَمَرٌ رُبَاعِیّ: چار ملکی کانفرنس۔ رُبَاعِی الاضلاع: چوگوشہ۔ رباعِی الأرجل: چوپایہ، چار پاؤں والا۔ مُحَرِّكٌ رُبَاعِیُّ المِشْوار: چار چکروں والا انجن۔ الاَرْبَعاء و یوم الاربعاء: بدھ (کا دن)۔ یَرْبُوع جمع یَرَابِیع: چوہا اگلی چھوٹی اور پچھلی بڑی ٹانگوں والا۔ مَرْبَع جمع مَرَابِع: چراگاہ، گھاس والا قطعہ زمین۔ تَرْبِیع: قمری سہ ماہی۔ چوگوشہ شکل، چہارزاویہ شکل، مربع، چوکور۔ تَرْبِیعُ الدائرة: چکر کے نو درجے کے

زاویہ کا فاصلہ۔ تَرْبِیْعَة جمع تَرَابِیع مربع، چوگوشہ شکل، چہار زاویہ شکل، چوکور، چار دیواری، احاطہ، صحن، چوک، مربع منقش تختہ، ٹائل، فرشی ٹائل۔ تَرْبِیعی مربعی، مربع۔ الرابع چوتھا۔ رابِعًا چوتھے، چوتھے نمبر پر، چوتھی بات یہ کہ۔ مَرْبُوع درمیانے قد کا، درمیانے حجم کا۔ مُرَبَّع چہار تہوں والا، چار گنا، چوگنا، چوہرا، چہار پہلو، چوکور، چوگوشیہ، چوگوشہ شکل کا، چارزاویوں والا، مربع، مربع کا، چوگوشہ شکل، چہارزاویہ شکل، جمع مُرَبَّعات چہار پہلو ٹکڑا، چوکھونٹا ٹکڑا، چوگوشیہ ٹکڑا، مربع۔ مِتْر مربع مربع میٹر۔ مُرَبَّعُ الاضلاع چوگوشہ۔ مُرَبَّعَة جمع مُرَبَّعات سیکشن، ضلع، علاقہ، خطہ۔ مُرَابِع زرعی کام میں شریک جو پیداوار یا نقصان میں ایک چوتھائی کا حصہ دار ہو۔ جَلَسَ مُتَرَبِّعًا آلتی پالتی مار کر بیٹھنا، ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھنا۔

ربغ رَبِغَ - رَبْغًا القومُ فی النعیم خوش حال اور آسودہ زندگی گزارنا۔ رَبَغَ - رَبَغًا عیشُہُ زندگی میں فراخ حالی نصیب ہونا۔ - الرجلُ بدکار و بے حیا ہونا صفت رَبِغ۔ رَبُغَ - رَبَاغَةً بہت ہونا، کثیر ہونا۔ الأَرْبَغ زیادہ، وسیع۔

○ رَابِغ خوشگوار، خوش آئند، مرغوب، پسندیدہ، پرلطف، آرام دہ، آسودہ، سکھی، خوشحال۔

ربق رَبَقَ - رَبْقًا ہُ کو پھندے سے باندھنا۔ - ہُ فی الامر کو کام میں ڈالنا۔ رَبَّقَ ہُ کو پھندے سے باندھنا۔ کہا جاتا ہے: رَبَّقَ الرجلُ اثناءَ حَبْلِو و اَرْسَاقَہُ اس نے اپنی بکری کے بچوں کے لئے رسی کا پھندا بنایا۔ —— ہ فی الامر کو کام میں ڈالنا۔ —— الکلامَ تقریر کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔ تَرَبَّقَ ہُ کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے: تَرَبَّقْتُ الشیءَ فی عُنُقی میں نے اس چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔ اِرْتَبَقَ فی الحِبَالَة پھندے میں پھنسنا۔ - فی الامر کسی کام میں پھنسنا۔ اِرْتَبَقْتُ فی حبالِہٖ میں اس کی جعل سازی میں پھنس گیا۔ الرِبْق پھندوں والی رسی۔ الرَبْقَة و الرِبْقَة جمع رِبَق و رِبَاق و اَرْبَاق: رسی میں پڑا ہوا پھندا۔ کہا جاتا ہے: حَلَّ ربقتَہٗ اس نے اس کی تکلیف ٹال دی۔ نقضوا الحِبَالَ واکلوا الرِبَاقَ انہوں نے اپنے عہد و پیمان توڑ دیے۔ الرَبِیق پھندے میں بندھا یا پھنسا ہوا۔ المُرَبَّقَة چربی والی روٹی۔

○ رِبْق کچے چمڑے کا پھندا یا کمند، گھوڑوں کو پکڑنے کی رسی یا چمڑے کا پھندا۔ رِبْقَة و رُبْقَة جمع رِبَق و رِبَاق و اَرْبَاق: کمند، پھندا، پھانسی، چال، دام۔

ربك: رَبَكَ - رَبْكًا الشیءَ کو ملانا، خلط ملط کرنا۔ - الرَبِیکَةَ مٹی گھولنا، گدلا کرنا۔ —— ہ کو کیچڑ میں ڈالنا۔ رَبِكَ - رَبَكًا پر معاملہ گڈمڈ ہونا، بوکھلا جانا۔ صفت: رَبِك و رَبِیك۔ ارتبك فی الامر کسی معاملہ میں پھنس جانا اور اس سے چھٹکارا نہ پاسکنا۔ - فی الوحل کیچڑ میں گرنا۔ — فی کلامِہٖ گفتگو میں اٹکنا۔ — الصیدُ فی الحبالة شکار کا جال میں تڑپنا، پھڑ پھڑانا۔ —— الامرُ معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔ اِرْبَاكَّ اِرْبِیکَاکًا رایُہٗ کی رائے کا گڑبڑ ہو جانا۔ - الرجُلُ عن الامر کام سے رک جانا۔ الربیکة گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے: رَمَاہُ بِرَبِیکَۃٍ اس نے اس کو ایک پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا۔ —— والرَبِیك و الرَبُوك پنیر، کھجور اور گھی سے تیار کیا ہوا کھانا جو کبھی اس میں پانی ملا کر پیا جاتا ہے۔ الأَرْبَك من الابل سیاہ رنگ کا اونٹ۔

○ رَبَكَ - رَبْكًا ہ: کو مکدر کرنا، گدلا کرنا، میلا کرنا، خراب کرنا، خلط ملط کرنا، الجھانا، کو پیچیدہ کرنا، میں الجھاؤ ڈالنا۔ —— ہ/ ہ کو الجھانا، بوکھلانا، گڈمڈ کرنا، پریشان کرنا، کو الجھن میں ڈالنا، درہم برہم کرنا۔ رَبِكَ - رَبَكًا: کسی الجھی اور مشکل حالت یا صورت میں ہونا۔ اِرْتَبَكَ بوکھلانا۔ —— فی میں پھنس جانا۔ رَبَك: مشکل اور الجھی ہوئی حالت، صورت۔ رَبِك الجھا ہوا، بوکھلایا ہوا، مشکل میں، مشکلات سے گھرا ہوا۔ اِرْتِبَاك جمع اِرْتِبَاکات پریشانی، دشواری، الجھاؤ، پیچ، لپیٹ، گتھی، مشکل معاملہ، گرہ، پیچیدگی، الجھن، مشکل، بے ترتیبی، بدنظمی، ابتری، گڑبڑ، بری یا گندی حالت، کھچڑی، افراتفری، پراگندگی، خلط ملط، پریشانی، گھبراہٹ، پیٹ کی خرابی، ہاضمہ کی خرابی۔ مُرْبِك الجھن میں ڈالنے والا، بوکھلانے والا، پریشان کن، حواس باختہ کرنے والا، بدحواس کرنے والا، گھبرا دینے والا، کام بگاڑ دینے والا۔ مُرْتَبِك بوکھلایا ہوا، پیچیدہ، پھنسا ہوا، پریشان، حواس باختہ، بدحواس، گھبرایا ہوا۔ — فی میں پھنسا ہوا۔

ربل ۱۔ رَبَلَ - رَبْلًا القومُ قوم کی تعداد کا زیادہ ہونا، بڑھنا۔ —— ت المَرَاعِی چراگاہوں میں گھاس کا بکثرت ہونا۔ رَبَّلَ و اَرْبَلَ المکانُ کسی جگہ کا خزاں کے پودے اگانا۔ تَرَبَّلَ موسم خزاں کی سبزی کھانا، پرگوشت ہونا۔ — جسمُہٗ کے جسم کا پھولنا۔ — القومُ موسم خزاں کی سبزی چرانا۔ — ت الارضُ زمین کا خریف کی سبزی سے ہرا بھرا ہونا۔ خزاں کے آنے پر خشک ہو جانے کے بعد سرسبز ہونا۔ اِرْتَبَلَ مالُہٗ کا مال زیادہ ہونا۔ الرَبْل جمع رُبُول بغیر بارش کے پھوٹنے والے پودے وغیرہ۔ الرَبَل (ن) بہت سبز پودا، روئیدگی۔ رَجُلٌ رَبِلٌ جسیم آدمی۔ الرَبْلَة و الرَبَلة جمع رَبَلات رانوں کی جڑیں، ہر جگہ کا موٹا گوشت۔ الرَبِیل موٹا، فربہ۔ الرَبِیلَة: فربہی، رطوبت، نعمت، زندگی کی آسودگی۔ الرَبَالة: گوشت کی کثرت۔ کہا جاتا ہے: ضمر بعد رَبَالةٍ: وہ گوشت کی کثرت کے بعد دبلا پتلا ہو گیا۔ الرِبْبَال جمع رَبَابِیل دراز اور لپٹی ہوئی نبات۔ المِرْبَال وہ زمین جس میں خزاں کے موسم میں جھاڑیاں یا درخت بکثرت ہوں۔

۲۔ رَابَلَ بدکردار ہونا، برائی کی تاک میں رہنا۔ تَرَبَّلَ شکار کرنا۔ تَرَابَلَ لوٹ ڈالنا اور شیر کا سا کام کرنا۔ الرَبِیل چور جو تن تنہا لوٹ ڈالے۔ الرِیبال جمع رَبَابِیل شیر۔

○ رَبِل فربہ، جسیم، موٹا تازہ، گوشت دار، لحیم شحیم (شخص)۔ رَبْلی و رَبَلی: گوشت دار، فربہ، لحیم شحیم، گداز۔ رَبْلَة جمع رَبَلات (جسم کے) گوشت (کا ڈلا)۔ رَبِیل گوشت دار، گداز، موٹا، فربہ، لحیم شحیم۔ رَبَالة موٹاپا، فربہی۔

ربن۔ اَرْبَنَ ہُ: کو بیعانہ دینا۔ تَرَبَّنَ جہاز کا کپتان بننا۔ الرُبُون و الاربون و الأُرْبَان: بیعانہ۔ الرُبَّان و الرُبَّانی جمع رَبَابِنَة و ربابین جہاز کا ملاح، جہاز کا کپتان۔ رُبَّانُ کلِ شیءٍ ہر چیز کا بڑا حصہ، زمرہ۔ کہا جاتا ہے: اَخَذَہٗ بِرُبَّانِہٖ او بِرِبَّانِہٖ اس نے اس کو پورا کا پورا لے لیا۔

ربما دیکھو رُبَّ۔

ربا ۱۔ رَبَا - رِبَاءً و رُبُوًّا المالُ: مال کا زیادہ ہونا، بڑھنا۔ رَابَی مُرَابَاۃً ہُ سود پر مال دینا۔ اَرْبَی اِرْبَاءً سود لینا۔ — الشیءَ چیز کو بڑھانا۔ — علیہ فی کذا و اِرْتَبَاہُ اِرْتِبَاءً میں کو زیادہ کرنا۔ الرِبَاء سود، زیادتی، بیاج۔ رِبَوِی سودی، سود کا، سود کے متعلق۔ الرَبْو جمع اَرْبَاء جماعت۔ الرَبَاء زیادتی، احسان، مہربانی۔ کہا جاتا ہے: لِفُلانٍ عَلَیَّ رَبَاءٌ: فلاں شخص کا مجھ پر احسان اور مہربانی ہے۔ الرَبْوَة (ع ح) دس لاکھ، (عشر کَرَّات) یاد رہے کہ الکَرَّة ایک لاکھ یعنی مائة الف کو کہتے ہیں۔ الرِبْوَة جمع رِبًی دس ہزار کے قریب لوگوں کی جماعت۔

۲۔ رَبَا - رَبْوًا و رُبُوًّا الولدُ بچہ کا نشو و نما پانا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے: رَبَیْتُ و رَبِیتُ رَبَاءً و رَبِیًّا میں نے

نشوونما پائی۔ رَبَّی تَرْبِیَۃً و تَرَبَّی الولدَ: بچہ کو پالنا، بچہ کی پرورش کرنا، بچہ کو مہذب بنانا۔ رَابَی مُرَابَاۃً الرجلَ: کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔ اَرْبَی اِرْبَاءً ہٗ: کو امید دلانا۔ الأُرْبِیَّۃ: گھر کے مرد، چچازاد بھائی۔ کہا جاتا ہے: جاء فی أُرْبِیَّۃِ قومِہِ: وہ اپنے گھر والوں اور قبیلہ کے لوگوں میں آیا۔

۳۔ رَبَا ـِ رِبَاءً و رُبُوًّا الرابیۃَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ الرَّبْوا اَرْبَاء: ٹیلہ۔ الرَّابِیَۃ جمع رَوَابٍ و الرُّبْوَۃ و الرَّبْوَۃ و الرِّبْوَۃ جمع رُبًی و رُبِیّ: ٹیلہ۔ الرَّبَاۃ و الرَّبَاوَۃ: ٹیلہ۔ الأُرْبِیَّۃ (ع ا): ران کی جڑ یا اوپری حصے اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

۴۔ رَبَا ـُ رُبُوًّا الفرسُ: گھوڑے کا پھولنا، گھوڑے کا بھاگنے سے سانس چڑھنا۔ الرَّبْو جمع اَرْبَاء: چڑھا ہوا سانس۔ ـــ و الرَّبْوَۃ (طب): جوف کی سوجن، ضیق النفس۔

۵۔ رَبَّی التفاحَ او غیرہ بالسکّر: سیب وغیرہ کا مربہ ڈالنا۔ المُرَبَّی (ط): پھلوں کا مربہ یا نشاستہ وغیرہ میں شکر ڈال کر بنائی ہوئی مربہ نما مٹھائی۔

۶۔ الرُّبَیَّۃ (ح): حشرات الارض کی قسم کا ایک کیڑا۔

○ رَبَا ـُ رَبَاءً و رُبُوًّا: زیادہ ہونا، بڑھنا۔ ـــ علی/عن: (تعداد) سے زیادہ ہونا۔ ما یربو علی المئۃ: سو سے زیادہ۔ رَبَّی: بڑھانا یا بڑھنے دینا۔ ـــ ہ: کو پالنا، پوسنا، پرورش کرنا، کی تربیت کرنا، کو تعلیم دینا، بچہ کو پڑھانا، سکھانا۔ ـــ ہ: (مرغیوں، چوپائے، مویشی) کی پرورش کرنا، کی نسل بڑھانا، (اسلوب وغیرہ) کو ترقی دینا۔ رَابَی: سودی کاروبار کرنا۔ اَرْبَی ہ: کو بڑھانا، زیادہ کرنا۔ ـــ علی: (تعداد، عمر، پیمانہ) سے زیادہ ہونا۔ تَرَبَّی: پرورش پانا، تعلیم حاصل کرنا۔ رَبْو: ضیق النفس، دمہ۔ رُبْوَۃ و رِبْوَۃ جمع رُبًی: پہاڑی ٹیلہ۔ رِبْوَۃ جمع رِبْوَات: دس ہزار، لاکھوں۔ رِبًا: سود، بھاری سود۔ رِبْوِیّ: بھاری سود پر قرض دینے والا۔ رَبَاء: بیشی، زیادتی، فاضل مقدار، مہربانی، احسان۔ ـــ علی: برتری۔ تَرْبِیَۃ: تعلیم، تربیت، پڑھانا، سکھانا، علم تعلیم، فن تعلیم، پرورش (حیوانات) نسل کشی۔ سیئ التربیۃ: بدتربیت، ناشائستہ۔ قلیلُ التربیۃ: بداطوار، بدتربیت، کج خلق، بداخلاق۔ علم التربیۃ: علم یا فن تعلیم۔ تَرْبِیَۃُ الأطفال: بچوں کی نگہداشت۔ التربیۃ البدنیۃ: جسمانی تربیت۔ تربیۃ الحَیَوَان: مال مویشی پالنا۔ تربیۃُ الدَّجَاج: چوزے پالنا، مرغیاں پالنا۔ تربیۃ السَّمَك: مچھلیوں کی پرورش۔ تربیۃ النباتات: پودوں کی زراعت، پودے لگانا۔ تَرْبَوِی و تَرْبِیَوِی: مدرسی، معلمانہ۔ رَابِیَۃ جمع رَوَابٍ: پہاڑی، ٹیلہ۔ مُرَبٍّ جمع مُرَبُّون: تعلیم دینے والا، معلم، مدرس، ملاں، میاں جی (مال مویشی کی) پرورش کرنے والا۔ مُرَبِّیَۃ جمع مُرَبِّیَات: اُستانی، آتون، آتو، آتوجی، گورنس۔ مُرَبَّی: تربیت دیا گیا، تعلیم دیا گیا، پرورش کیا گیا، اچھی تربیت والا، اچھے اطوار والا، جام، پھلوں کا مربہ۔ (جمع) مُرَبَّیَات: مربہ جات۔ مُرَابٍ: سودخوار، سودخور، بنیا، مہاجن۔ مُتَرَبٍّ: اچھی تربیت والا، اچھے اطوار والا۔

○ رِبُورتاج جمع ربورتاجات: رپورٹ، رپورتاژ۔

رتّ: ۱۔ رَتَّ ـِ رَتًّا: ہکلانا، تتلانا۔ صفت: اَرَتُّ مؤنث رَتَّاء و رُتّی جمع رُتّ۔ اَرَتَّ اِرْتَاتًا ہُ اللّٰہُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو ہکلا کرنا یا بنانا۔ الرَّتُّ جمع رُتُوت: سردار، پیشوا۔ کہا جاتا ہے: ھو من رُتُوتِ الناس: وہ لوگوں کا ایک سردار ہے۔ ـــ جمع رِتَتَۃ: سخت نر سور، جنگلی سور۔ الرُّتَّۃ: ہکلاپن، تتلاپن۔

۲۔ رَتْرَتَ: "تا" یا "را" بولنے میں اٹکنا، ہکلانا۔

○ اَرَتّ مؤنث رَتَّاء جمع رُتّ: ہکلا، تتلا۔

رتأ: رَتَأَ ـَ رَتْوءًا ہُ: کا گلا گھونٹنا۔ ـــ العقدۃَ: گرہ سخت لگانا۔ ـــ فی المکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ ـــ الرجلُ: چلا جانا۔ اَرْتَأَ: رک رک کر ہنسنا۔

رتب: ۱۔ رَتَبَ ـُ رَتْبًا و رُتُوبًا الشیءُ: چیز کا اپنی جگہ بلاحرکت ثابت و قائم رہنا، سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے: رَتَبَ فی الصلوۃ: وہ نماز میں سیدھا کھڑا رہا۔ رَتَّبَ ہٗ: کو قائم رکھنا۔ اَرْتَبَ: سیدھا کھڑا ہونا۔ ـــ الغلامُ الکعبَ: لڑکے کا ایڑی کھڑی کرنا۔ تَرَتَّبَ: بلاحرکت و جنبش کھڑا ہونا۔ الراتِب جمع رَوَاتِب: تنخواہ۔ عیش راتِب: دائمی عیش۔ الرَّوَاتِب: سنن موکدہ۔ التُّرْتُب و التُّرْتَب: قائم و ثابت چیز، دوام، ہمیشگی، مٹی، غلام جو تین آقاؤں کی غلامی میں رہ چکا ہو۔ الرَّتِیب: ہمیشہ ایک ہی طرح پر رہنے والا۔

۲۔ رَتَبَ ہٗ: کو ترتیب دینا، درجہ پر رکھنا۔ اَرْتَبَ: غنی کے بعد سؤال کرنا۔ تَرَتَّبَ: ترتیب میں ہونا۔ الرُّتْب: چھنگلیا اور اس کے برابر والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ اور چھنگلیاں کے برابر والی اور بیچ کی انگلی کے مابین جگہ۔ الرَّتَب: بمعنی الرُّتْب، سختی، دشواری، ابھری ہوئی زمین، قریب قریب چٹانیں جو ایک دوسرے سے بلند ہوں۔ الرتیب (ا ع): فوجی عہدیدار جیسے لفٹیننٹ [illegible] وغیرہ۔ الرُّتْبَۃ: درجہ، مرتبہ۔ الرَّتَبَۃ: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔ المَرْتَبَۃ جمع مَرَاتِب: درجہ، اعلیٰ درجہ۔ التراتُب (ا ع): فوجی درجوں کا سلسلہ۔

۳۔ التُّرْتُبَّۃ: نیم راستہ۔

۴۔ رُتْبَاغا او رُوتاباغا (ن): کرم کلا، بند گوبھی۔

○ رَتَّبَ ہ: کی صف بندی کرنا، کو ترتیب دینا، کو حسب مرضی استعمال کرنا، کو آراستہ کرنا، سجانا، آراستہ پیراستہ کرنا، مزین کرنا، دکان کی کھڑکی مال سے سجانا، کو معین کرنا، طے کرنا، کو باقاعدہ بنانا، نظام کے تحت لانا، کو ترتیب سے رکھنا۔ ـــ ہ: کو تیار کرنا، الگ کرنا، مخصوص کرنا، خاص مقصد کے لئے متعین کرنا۔ ـــ ہ ل: کے لئے (تنخواہ) مقرر کرنا۔ ـــ ہ علی: کو کا نتیجہ بنانا، کو سے حاصل کرنا، کو سے مشتق کرنا، کو کا انجام بنانا۔ تَرَتَّبَ: مرتب ہونا، منظم ہونا، قائم ہونا، ایک طرف رکھا جانا، الگ کیا جانا، مقرر ہونا۔ ـــ علی: کا ماتحت ہونا، کا نتیجہ یا انجام ہونا، کے نتیجہ کے طور پر واقع ہونا، سے مشتق ہونا، سے نکلنا، اچانک آجانا، سے نتیجہ نکلنا، کے باعث ہونا۔ تَرَتَّبَ بِذِمَّتِہِ: کا مقروض ہونا، قرض دار ہونا۔ رُتْبَۃ جمع رُتَب: ڈگری، درجہ، گریڈ، سطح، عہدہ، بڑی یا مسلمہ حیثیت، رتبہ، حیثیت، منصب، طبقہ، خوبی کمال، فوجی عہدہ، پادریوں کا منصب، پادری کا رتبہ، مذہبی رسوم۔ کتاب الرتب: (رومن کیتھولک چرچ کے مراسم)۔ رَتَابَۃ: اکتا دینے والی یکسانی۔ رَتِیب: یکسانی کے باعث اکتا دینے والا۔ رُتَبَاء: نان کمشنڈ افسران (فوج میں)۔ مَرْتَبَۃ جمع مَرَاتِب: قدم، سیڑھی کا ڈنڈا، گدا، گربڑ، ڈگری، عہدہ، طبقہ۔ تَرْتِیب جمع تَرْتِیبَات: ترتیب، انتظام، اہتمام، صف بندی، سجاوٹ، آراستگی، سلسلہ، تسلسل، تواتر، بناوٹ، نظام، ترتیب (مکانات کی)، تنظیم، تیاری، انتظام، قدم، بہم رسانی عشائے ربانی کی رسم۔ بالترتیب: ایک ایک کرکے، مناسب تسلسل میں۔ من غیر ترتیب: بےترتیب، بےسلیقہ، بےترتیبی میں۔ تَرْتِیبِیّ: ترتیبی (عدد)۔ عدد ترتیبی: ترتیبی عدد۔ رَاتِب: یکسانی کے باعث اکتا دینے والا جمع رَوَاتِب: تنخواہ، مشاہرہ، جمع رَوَاتِب: عبادت کی بعض نفلی شکلیں۔ مُرَتَّب: انتظام کیا ہوا، منظم کیا ہوا، قانون کے مطابق بنایا ہوا وغیرہ جمع مُرَتَّبَات: تنخواہ مشاہرہ۔

رتج: ۱۔ رَتَجَ ـُ رَتْجًا الباب: دروازہ بند کرنا۔ رَتِجَ ـَ رَتَجًا الخطیبُ: مقرر کا تقریر میں رکنا، پر کلام کا دشوار ہونا۔ اَرْتَجَ البابَ: دروازہ کو مضبوطی سے بند

کرنا۔ ــــ ت الدجاجةُ: مرغی کے پیٹ کا انڈوں سے بھر جانا۔ ــــ البحرُ: سمندر کا جوش میں آنا۔ ــــ الثلجُ: برف کا پیہم گرنا۔ اُرتِجَ و اُرتُتِجَ و استُرتِجَ علی الخطیب: مقرر کا تقریر میں رکنا۔ سکّةٌ رِتجٌ: بند گلی۔ مالٌ رِتجٌ: نا قابل حصول مال۔ الرَتَج و الرِتاج: بڑا دروازہ، پھاٹک، بڑا بند دروازہ جس میں کھڑکی ہو۔ الرِتاجة جمع رَتائِج: چٹان۔ ــــ و المَرتَج جمع مَراتِج: تنگ راستہ۔ المِرتاج: چٹخنی، جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہے۔

۲۔ رَتَجَ ـُ رَتَجاناً الصبیُّ: بچہ کا چلنے لگنا۔

۳۔ اَرتَجَ الخصبُ: سرسبزی کا عام ہونا۔ مکانٌ مُرتِجٌ: بہت سبزہ والی جگہ۔

○ رَتَجَ ـُ رَتجاً ہ: (دروازے وغیرہ) کو قفل لگانا، تالا لگانا، کو بند کرنا، دروازے کی ٹَنی لگانا، دروازے کی چٹخنی چڑھانا۔ رَتِجَ ـَ رَتَجاً: کی زبان کو تالا لگ جانا، بے زبان ہونا، ہکلانا۔ اُرتِجَ علیہ: کی زبان سے بات نہ نکلنا، بے زبان ہو جانا، کی سمجھ میں نہ آنا کہ کیا کہے، (کہنے کیلئے) موزوں الفاظ نہ ملنا۔ رِتاج جمع رُتُج و رَتائِج: پھاٹک، راستہ، گذرگاہ۔ مُحکَمُ الرِتاج: مضبوطی سے چٹخنی لگا یا ہوا (پھاٹک)۔

○ رَتِنج بمعنی راتِینج: بروزہ، گندابروزہ۔

رتخ: رَتَخَ ـُ رُتُوخاً بالمکان: کسی جگہ رہنا، قیام کرنا۔ ــ عن الخیر: بھلائی سے پیچھے رہنا، رکنا۔ ــ العجینُ: گندھے ہوئے آٹے میں پانی زیادہ ہونے سے اس کا پتلا ہو جانا۔ الرَتَخة: سخت کیچڑ، دلدل۔ جلدٌ اَرتَخ: خشک یا سخت چمڑا۔

رتع: ا۔ رَتَعَ ـَ رَتعاً و رُتُوعاً و رَتاعاً: خوشحال ہونا، جو چاہنا حاصل کر لینا۔ ــ فی المکان: کسی جگہ خورد و نوش کی پوری آسودگی و فراوانی سے رہنا۔ صفت: راتِع جمع رُتَع و رُتَّع و رِتاع و رُتُوع و راتِعُون۔ ــ فی مال فلان: کسی کے مال میں کھانے پینے میں خوب موج اڑانا۔ اَرتَعَ القومُ: لوگوں کا سرسبز و شاداب زمین میں پہنچنا اور مویشی چرانا۔ ــ ت الارضُ: چرنے والے کو آسودہ و سیر کرنا۔ ــــ الغیثُ: بارش کا چارہ اگانا۔ ــ بالدوابّ: مویشیوں کو چرنے دینا۔ الرَتِع: اپنی سب مرادیں پانے والا آسودہ حال۔ کَلاءٌ رَتِع: چرنے والے کے لئے کافی گھاس۔ الرُتعَة: سرسبزی و شادابی کی کثرت۔ کہا جاتا ہے: اَسمَنَنی القیدُ و الرتعة: قید و آسودگی نے مجھ کو فربہ کر دیا۔ المُرتِعُ: آسودہ حال جس کو سب کچھ ملے۔ المَرتَع: چراگاہ۔ الرَتّاع: اپنے اونٹوں کو شاداب چراگاہوں میں لے جانے والا۔ الأَرتاعُ من الناس: لوگوں کی کثرت۔ کہا جاتا ہے: رایتُ اَرتاعاً من الناس: میں نے لوگوں کی کثرت دیکھی۔

۲۔ رَتَعَ ـَ رَتعاً و رُتُوعاً و رَتاعاً فی لحمِ فلان: کسی کی غیبت کرنا۔

○ رَتَعَ ـَ رَتعاً و رُتُوعاً و رِتاعاً: (مویشیوں کا) چراگاہ میں چرنا، گھاس چرنا۔ ــــ: بہت زیادہ کھانا، جانوروں کی طرح کھانا، ڈٹ کر شراب پینا، کھل کھیلنا، کھل کر شراب پینا اور عیش اڑانا، بلا نوشی کرنا اور داد عیش دینا، اچھی اچھی چیزیں کھانا۔ ــ فی: سے لطف اندوز ہونا، کو جی بھر کے کرنا۔ اَرتَعَ ہ: مویشیوں کو چراگاہ میں چرانا، کو باہر چرنے کے لئے چھوڑ دینا۔ مَرتَع جمع مَراتِع: سرسبز چرنے کی جگہ، چراگاہ۔ ــ ل: کے لئے زرخیز زمین۔ مرتع: جرائم اور برائی وغیرہ پیدا کرنے کی جگہ۔

رتق: رَتَقَ ـُ رَتقاً الثوبَ: کپڑے کی پھٹن کو درست کرنا، جوڑنا۔ ــ الفتقَ: پھٹن کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے: رَتَقَ فتقَھُم: اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی۔ ــ الشیءَ: چیز کو بند کرنا۔ اِرتَتَقَ الشیءُ: چیز کا جڑ جانا۔ الراتِق (فا): مصلح، درست کرنے والا، اصلاح کرنے والا۔ کہا جاتا ہے: ھو الراتِق و الفاتِق: وہ معاملہ کو ٹھیک کرنے والا ہے۔ الرِتاق: دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیے ہوں۔ الرَتَقَة جمع رَتَق: انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ الرُتُوق: بزرگی، عزت، شرف۔

○ رَتَقَ ـُ رَتقاً ہ: کی مرمت کرنا، کو جوڑ جاڑ کر ٹھیک کرنا، پھٹی ہوئی جگہ کو سی دینا۔ رَتق جمع رُتُوق: جوڑنا، مرمت کرنا، مرمت، رفو (جراب وغیرہ کا)۔

رتک: رَتَکَ ـُ رَتکاً و رَتَکاً و رَتَکاناً البعیرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنا، پویا دوڑنا۔ اَرتَکَ البعیرَ: اونٹ کو پویا دوڑانا۔

○ رَتَکَ ـُ رَتکاً و رَتَکاً و رَتَکاناً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنا، دُلکی چلنا۔ مَرتَک: مینڈور، مردار سنگ۔

رتل: ا۔ رَتِلَ ـَ رَتَلاً الشیءُ: اچھے انتظام و ترتیب میں ہونا۔ صفت: رَتِل۔ رَتَّلَ الکلامَ: کلام کو اچھی ترتیب دینا۔ ــــ القرآنَ: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر خوش اسلوبی سے پڑھنا۔ ــ الصلواتِ: مناجات گنگنانا۔ تَرَتَّلَ فی القول: ٹھہر ٹھہر کر اچھی طرح بولنا۔ الرَتَل (مص): عمدہ کلام، ہر پاکیزہ چیز۔ (ا ع): مسلح حفاظتی دستہ۔ ثغرٌ رَتَل: خوبصورت ہموار دانت۔ رَتَلُ السیارات: کاروں کا جلوس۔ الاَرتَل: اچھی ترتیب والا۔ الترتِیل: خوش آوازی، پڑھتے وقت آواز کو سست اور ہلکی کرنا، گانے اور نماز پڑھنے میں خوش الحانی یا حسن ادائیگی۔ الترتِیلَة جمع تَراتِیل: (مسیحی اصطلاح میں) ترنم سے پڑھی جانے والی حمد باری تعالیٰ۔

۲۔ الأَرتَل: تتلانے والا۔ الرُتَیلاء جمع رُتَیلاوات (ح): کیڑے مکوڑے جیسے مکھی مکڑی۔ (ن): سوسن کے پھول کے مشابہ پھولوں والا پودا۔

○ رَتِلَ ـَ رَتَلاً: باقاعدہ ہونا، باضابطہ ہونا، اچھی ترتیب والا ہونا، صاف ستھرا اور پاکیزہ ہونا۔ رَتَّلَ الکلامَ: اپنی بات کو خوبصورتی سے ادا کرنا۔ ــــ: مناجات گانا، یکساں لہجہ میں خوش الحانی سے پڑھنا۔ ــــ ہ: دینی گانے، یا حمد کے گانے گانا۔ رَتَل جمع اَرتال: ریلوے ٹرین۔ رتل آلیّ: موٹروں کا دستہ۔ رُتَیلاء: کھیتی کی کٹائی کرنیوالا، لم ڈھینگ پتنگا، ترن تلا۔ تَرتِیل: قرآن مجید کی آہستہ تلاوت، مناجات گانا، یکساں آواز میں خوش الحانی سے تلاوت کرنا، حمدیں وغیرہ گانا جمع تراتیل: ترانہ حمد، بھجن، مناجات، مذہبی گیت۔ تَرتِیلَة: بھجن، مناجات، ترانہ و حمد۔ مُرَتِّل: گرجا کا گانے والا، گرجے کی بھجن منڈلی کا نوخیز قوال، گویا، گانے والا، گلوکار، کلاکار، گلاونت، مطرب، نغمہ خواں، گا کر پڑھنے والا۔

رتم: ا۔ رَتَمَ ـِ رَتماً ہ: کو توڑنا، کوٹنا۔ ــ رَتِیماً: پر رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہونا۔ الرَتَم واحد رَتَمَة (ن): ایک قسم کا درخت جس کا بیج مسور کے مشابہ ہوتا ہے۔ الرَتِیم جمع رَتامیٰ: رتم کھانے سے بیہوش ہونے والا۔

۲۔ رَتَمَ ـِ رَتماً فی بنی فلانٍ: کسی قبیلہ وغیرہ میں پرورش پانا۔

۳۔ رَتَمَ ـِ رَتِیماً: سست چلنا۔ ــ الرَتَم: پانی سے بھرا ہوا تو شہ دان، سڑک، راستہ۔ الرَتِیم جمع رُتامیٰ: آہستہ چال و رفتار۔

۴۔ ما رَتَمَ بکلمةٍ: وہ ایک لفظ بھی نہیں بولا۔ الرَتَم: آہستہ کلام، کامل حیاء۔

۵۔ اَرتَمَ: یادداشت کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ ارتمتُ زیداً: میں نے زید کی انگلی میں کسی کام کو یاد دلانے کے لئے دھاگا باندھا۔ تَرَتَّمَ و اِرتَتَمَ: بمعنی اَرتَمَ۔ الرَتمَة جمع رِتَم و رِتام و الرَتِیمَة جمع رَتائِم: وہ دھاگا جو کسی کام کو یاد دلانے کے لئے انگلی میں باندھا جاتا ہے۔

۲۔ الرُتَام: فانی لاش، (کسی شخص کا) جسم۔ شرٌّ تُرتُمٌ و تُرتَمٌ: دائمی برائی۔

○ رَتَمَ ـِ رَتْماً بکلمةٍ: کوئی لفظ کہنا، بولنا (صرف نفی کے ساتھ)۔ رَتَم (اسم جنس واحد رَتَمة: مسور جیسے بیج اور تیز خشبودار پودے کے پھولوں جیسے پھولوں والا ایک قسم کا درخت۔ رَتْمة و رَتِيمَة جمع رَتَائِم و رِتام: یاددلانے کے لئے انگلی پر باندھا جانے والا دھاگا۔

رتن: ا۔ رَتَنَ ـُ رَتْناً الشحمَ بالعجين: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔

۲۔ الرَاتِينَج او عَرَقُ الشجر (ك): رال، گوند، بروزہ، گندابروزہ۔ الراتِينَجِيّة (ن): جنگل کے درختوں کی ایک جنس معتدل آب وہوا کے علاقوں خصوصاً پہاڑی یورپ، ایشیا اور امریکہ میں پایا جاتا ہے۔ آرائش کے علاوہ اس کی لکڑی صنوبر کے مشابہ ایک درخت کی طرح استعمال کی جاتی ہے۔

رتا: ا۔ رَتَا ـُ رَتْوًا هُ: کو باندھنا۔ — القلبَ: دل کو تقویت دینا۔ — الدلوَ: ڈول کو نرمی سے کھینچنا، آہستہ سے نکالنا۔ — هُ اليه: کو سے ملانا۔

۲۔ رَتَا ـُ رَتْوًا هُ: کو ڈھیلا کرنا۔ — رَتْوًا و رُتُوًّا برأسه: سر سے اشارہ کرنا۔ — الرجلُ: قدم رکھنا۔ رُتِيَ فی ذِرْعِه: اس کا بازو کٹ گیا۔ الرَتْوَة: قدم۔

۳۔ الرَتْوَة: بلند زمین، لمحہ، حد نظر۔ کہا جاتا ہے: بیننا و بینهم رَتْوَةٌ: ہمارے اور ان کے درمیان حد نظر جتنی دوری ہے۔

○ رَتَا ـُ رَتْوا و رَتَّى هُ: جراب وغیرہ کی مرمت کرنا، بھرنا، رفو کرنا۔

○ رِتُوش: نوک پلک درست کرنا۔

○ رِتِينج و راتِينج: بروزہ، گندابروزہ۔

○ رَتِينة جمع رَتَائِن: تابندہ شعلہ پوش جالی یا گیس کا مینٹل (mantle)۔

رث: ا۔ رَثَّ ـِ رَثَاثةً و رُثُوثةً الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا، صفت: رَثّ جمع رِثَاث۔ أرَثَّ إرْثاثاً الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ — الثوبَ: کپڑے کو بوسیدہ کرنا۔ الرَثّ جمع رِثَاث: گھر کا گھٹیا سامان۔ کہا جاتا ہے: کلامٌ غَثٌّ رَثٌّ: گھٹیا ناکارہ کلام۔ الأرَثّ: بوسیدہ۔ الرَثِيث: بوسیدہ۔ الرِثَّة جمع رِثَث و رِثَاث: گھر کا ردی سامان، کمزور لوگ۔

۲۔ أُرْتُثَّ: زخمی کو میدان جنگ سے ایسی حالت میں لایا جانا کہ اس میں زندگی کی رمق باقی ہو۔ صفت: مُرْتَثّ الرَثِيث: زخمی جس میں زندگی کی رمق باقی ہو۔

○ رَثَّ ـِ رَثَاثةً و رُثُوثةً: (لباس وغیرہ) کا شکستہ حال ہونا، بوسیدہ ہونا، پھٹا پرانا ہونا، فرسودہ ہونا، خراب اور گھسا ہوا ہونا۔ رَثّ جمع رِثَاث: پرانا، بوسیدہ، گھسا ہوا، فرسودہ، پھٹا پرانا، شکستہ حال، پامال، گھسا پٹا۔ رثُّ الهَيْئَة: پھٹی پرانی وضع۔ رِثَّة: پرانی دقیانوسی چیزیں، پھٹے پرانے کپڑے۔ رَثِيث: پرانا، پھٹا پرانا، خستہ، فرسودہ، گھسا ہوا، پامال، تارتار۔ رَثَاثَة: خستہ حالی، کھردراپن، ریختہ پن۔ رُثُوثَة: بمعنی رَثَاثَة۔

رثا: ا۔ رَثَأَ ـَ رَثْأً اللبنَ: دودھ کو گاڑھا کرنا، دہی جمانا۔ — الشيءَ بالشيءِ: چیز کو چیز سے ملانا۔ — غضبَهُ: کا غصہ ٹھنڈا ہونا۔ أَرْثَأَ اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ اِرْتَثَأَ اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ — الرَثِيئة: دہی پینا۔ — عليهم الامرُ: پر معاملہ کا گڈمڈ ہونا۔ — فی رأيِه: اپنی رائے میں گڑبڑی کرنا۔ الرَثِيئة: رثا اللبنَ سے اسم، دہی، میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔

۲۔ الرَثْء و الرَثَأة: حماقت، کم فہمی، دل کی کمزوری۔ الرَثِيئة: حماقت۔ رجلٌ مَرْثُوء: کمزور دل والا، کم فہم آدمی۔

رثد: ا۔ رَثَدَ ـُ رَثْدًا و اِرْتَثَدَ المتاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھ کر ترتیب دینا۔ رَثِيد و مَرْثُود: اوپر نیچے ترتیب سے رکھا ہوا سامان۔ الرَثَد: مرتب و منظم سامان و اسباب۔ رَثَدُ البيت: گھر کا ردی سامان۔

۲۔ رَثِدَ ـَ رَثَداً و أرْثَدَ الماءُ: پانی کا گدلا ہونا۔

۳۔ أرْثَدَ القومُ: ایک جگہ بصورت جماعت قیام پذیر ہونا اور کسی اور جگہ نہ جانا۔ کہا جاتا ہے: اِحْتَفَرَ حتی أرْثَدَ: وہ کھودتے کھودتے تہ زمین تک پہنچ گیا۔ الرِثْد و الرِثْدَة: لوگوں کی جماعت جو ایک جگہ پڑاؤ ڈالے رہے۔

۴۔ المَرْثَد و المَرْثِد: فیاض و سخی آدمی۔

رثط: رَثَطَ ـُ رُثُوطًا و أرْثَطَ و تَرَثَّطَ فی قعوده: ٹک کر اور جم کر بیٹھنا۔

رثع: ا۔ رَثِعَ ـَ رَثَعاً: بہت لالچ و حرص رکھنا، صفت: رَثِعٌ جمع رَثِعُون۔

۲۔ اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَاناً المطرُ: بارش کا پیہم برسنا۔ — فلانٌ: کمزور اور ڈھیلا ہونا۔ — الشعرُ: بالوں کا لٹکنا۔

رثم: رَثَمَ ـِ رَثْماً الانفَ: ناک توڑ کر خون بہانا۔ رَثِيم و مَرْثُوم: ٹوٹی ہوئی خون بہاتی ناک۔ رَثِمَ ـَ رَثَماً و اِرْثَمَّ الفرسُ: گھوڑے کی ناک کے سرے پر سفید داغ ہونا۔ صفت: رَثِم و أرْثَم مونث رَثِمَة [illegible] رَثْماء جمع رُثْم۔ الرَثَم [illegible] الرُثْمَة: گھوڑے کی ناک کے سرے پر کا سفید داغ۔ المَرْثِم و المَرْثَم جمع مَرَاثِم: ناک۔ الرِثْمة جمع رِثَام: ہلکی بارش۔

رثا: ا۔ رَثَا ـُ رَثْوًا الميتَ: میت پر رونا اور اس کی خوبیاں گننا، کے مرثیہ میں اشعار نظم کرنا۔ رَثَى ـِ رَثْياً و رِثَاءً و رِثَايَةً و مَرْثَاةً و مَرْثِيَةً الميت: میت پر رونا اور اس کی خوبیاں گننا۔ — لهُ: پر شفقت و رحم کرنا۔ — رِثَايَةً عنه حديثاً: کو یاد کرنا۔ رَثَّى و تَرَثَّى الميتَ: میت پر رونا اور اس کی خوبیاں گننا۔ الرَثَّاءَة و الرَثَّايَة: نوحہ کرنے والی عورت۔ المَرْثَاة و المَرْثِيَة جمع مَرَاثٍ: مرثیہ، وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کی خوبیاں بیان کی گئی ہوں۔ المَرَاثي السبع: عرب کے سات مشہور و معروف مرثیے۔

۲۔ رَثِيَ ـَ رَثًى و رَثْياً: جوڑوں میں درد محسوس ہونا۔ الرَثْيَة: کمزوری، پژمردگی، حماقت، جوڑوں کا درد۔ الرَثِيَّة: کمزوری، پژمردگی، حماقت۔ رجلٌ مَرْثُوٌّ: کمزور عقل والا۔

○ رَثَا ـُ رَثْوًا هُ: مرنے والے پر رونا، کا ماتم کرنا، پر ہاتھ ملنا، غم و افسوس کرنا، آہ و زاری کرنا، نوحہ کرنا، آہ و فغاں کرنا، مرثیہ میں مرنے والے کی تعریف کرنا، جنازہ میں تقریر کے دوران مرنے والے کی خوبیاں بیان کرنا۔ رَثَى ـِ رَثْياً و رِثَاءً و مَرْثِيَةً و مَرْثَاةً هُ: مرنے والے پر رونا، کا ماتم کرنا، پر غم و افسوس کرنا، آہ و زاری کرنا، نوحہ کرنا، آہ و فغاں کرنا، مرثیہ میں مرنے والے کی تعریف کرنا، جنازہ کے دوران تقریر میں مرنے والے کی خوبیاں بیان کرنا، مرنے والے کا ماتم کرنا، پردرد انگیز اشعار کہنا، کا مرثیہ یا نوحہ لکھنا۔ — ل: کا افسوس کرنا، ماتم کرنا، غم کرنا، پر ترس کھانا، رحم کرنا۔ رَثَاهُ بمرثاةٍ: مرنے والے پر دردانگیز اشعار کہنا، مرثیہ یا نوحہ لکھنا، مرنے والے کا ماتم کرنا اور مرثیہ میں اس کی تعریف کرنا اور خوبیاں بیان کرنا۔ شَيْءٌ يُرْثَى لـه: قابل رحم، افسوسناک، قابل افسوس (چیز)۔ رَثْيٌ: گریہ، آہ و زاری، ماتم، فغاں، رونا۔ رِثَاء: گریہ، آہ و زاری، ماتم، فغاں، رونا، افسوس، ماتمی اشعار۔ رَثْيَة جمع رَثَايَات: گنٹھیا، نقرس۔ مَرْثِيَة و مَرْثَاة جمع مَرَاثٍ: مرثیہ، نوحہ، ماتمی بحر میں لکھی ہوئی نظم، ماتمی راگ، تدفین کے وقت کا گانا۔

رج: ا۔ رَجَّ ـُ رَجًّا هُ: کو حرکت دینا، ہلانا۔ — و رُجَّ رَجًّا: ہلنا، متحرک ہونا، حرکت کرنا۔ اِرْتَجَّ البحرُ: سمندر کا موجزن ہونا۔ الرَجَّة: ہلنا۔ اِرْتَجَّ الكلامُ: گفتگو کا ملتبس ہونا۔ رَجَّةُ القوم: کی

آوازوں کا اختلاط۔

۳۔ رَجَاجُ الغنمِ او الناسِ: کمزور ولاغر بھیڑ بکری یا انسان۔ کہا جاتا ہے: نَعْجَةٌ رَجَاجَةٌ: لاغر بھیڑ۔

۴۔ رَجْرَجَ: بے آرام ہونا، تھکنا۔ ـــ ہٗ: کو حرکت دینا۔ تَرَجْرَجَ: حرکت کرنا، بے قرار ہونا، کانپنا۔ ـ الشیءُ فی محلّہ: چیز کا اپنی جگہ آنا جانا۔ الرَّجْرَجُ: بے قرار، بے آرام، متحرک۔ الرِجْرِج: زور سے ہلتی چیز۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: کسی جانور پر پیچھے سوار کا جانور کے چلنے پر ہلنا۔ الرِجْرِجَة: لڑائی میں بے شمار گروہ۔

۵۔ رَجْرَجَ الماءَ: کھود کر پانی نکالنا۔

۶۔ الرُجْرُج (ن): ایک قسم کی گھاس جسے اونٹ چرتے ہیں۔ الرِجْرِج: تھوک۔ الرَّجْرَاج: دواء۔ ناسٌ رَجْرَاج: کمزور عقلوں والے لوگ۔ الرِجْرِجَة: تھوک، حوض میں گدلے پانی کا بقیہ، بے عقل شخص۔

○ رَجَّ ـُ رَجًّا ہ: کو ہلانا، زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا، ہلانا، جلانا، جھولا جھلانا۔ رُجَّ: ہلنا، زور سے ہلنا، کانپنا، لرزنا، تھرانا، رعشہ طاری ہونا، ہچکولے کھانا، جھٹکے کھانا، متحرک ہونا۔ اِرْتَجَّ: جھنجھوڑا جانا، ہلنا، ہچکولے کھانا، جھٹکے کھانا، کانپنا، لرزنا، تھرانا، رعشہ طاری ہونا۔ رَجّ: ہلنا، ہچکولے کھانا، جھٹکے کھانا، ہلانا جلانا، جھولا جھلانا، زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا، کپکپی، تشنج، اینٹھن۔ رَجَّة: اینٹھن، تشنج، کپکپی، دھکا، چوٹ، ٹکر، صدمہ، جھٹکا، تصادم۔ رَجَّاج: کانپنے والا، لرزنے والا، تھرانے والا، ہچکولے کھانے والا، جھٹکے کھانے والا، متحرک، ہلنے والا۔ اِرْتِجَاج: صدمہ، تصادم، جھٹکا، چوٹ، ٹکر، دھکا، کانپنا، لرزنا، ہلنا، تھرانا، رعشہ طاری ہونا، تھرتھراہٹ، لرزہ، کپکپی، رعشہ، زمین کا ہلنا، خوشی یا غم کی لہر جو جسم میں دوڑ جائے۔ اِرْتِجَاجُ المُخّ: دماغی چوٹ، سر کی چوٹ۔

رجا۔ اَرْجَأَ الامرَ: کام کو مؤخر کرنا۔ ـــ تِ الحاملُ: حاملہ کا وقت وضع حمل قریب ہونا۔ ـ الصائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

○ اَرْجَأَ ہ: کو ملتوی کرنا، ٹال دینا، آئندہ کے لئے اٹھا رکھنا، روک دینا، التواء میں ڈالنا، میں لیت ولعل کرنا، تاخیر کرنا، دیر کرنا۔ اِرْجاء: التواء، دیر، توقف، تاخیر، ٹال مٹول، لیت ولعل۔

رجب: ا۔ رَجِبَ ـَ رَجَبًا منہُ: سے شرمانا۔ ـــ رَجْبًا و رُجُوبًا و اَرْجَبَ الرجلَ: سے ڈرنا، کی تعظیم کرنا، کی عزت کرنا۔ رَجَّبَ ہ: سے ڈرنا، کی تعظیم کرنا۔ ـــ الرجلُ: ماہ رجب میں جانور ذبح کرنا۔ تَرَجَّبَ: ڈرنا، خوف زدہ ہونا۔ ـــ الرجلَ: سے ڈرنا، کی تعظیم کرنا، عزت کرنا۔ رَجَب جمع اَرْجاب و رُجُوب و رِجَاب: جمادی الآخرہ اور شعبان کے مہینوں کے درمیان ساتواں قمری مہینہ، جس کے ۳۰ دن ہوتے ہیں۔ وجہ تسمیہ عربوں کی اس ماہ کی ایام جاہلیہ میں تعظیم و توقیر ہے۔ کہا جاتا ہے: اَجَّلْتُكَ اِلی سبعةِ اَرْجاب: میں نے تمہیں رجب کے سات مہینوں یعنی سات سالوں تک مہلت دی۔ اس بارے میں ایک ضرب المثل ہے۔ عِش رَجَبًا تَرَ عَجَبًا: رجب کے مہینہ تک زندہ رہ، عجائبات دیکھے گا۔ عدت کے زمانہ کو ماہ رجب تک تشبیہ دی گئی ہے۔ حارث بن عباد ثعلبی نے اپنی زبان دراز بیوی کو طلاق دے دی تھی۔ عورت نے جس شخص کو دوسری شادی کے لئے تیار کیا وہ ایک روز حارث کو مل گیا۔ اس نے یہ بات اُس سے کی مراد یہ تھی کہ عدت کے بعد جب تو اس عورت کے ساتھ رہے گا تو اس کی معاشرت بد سے عجائبات ملاحظہ کرے گا۔ الرَّجَبان: رجب وشعبان کے دو مہینے۔ المُرَجَّب (مفع): خوفناک، معظم۔

۲۔ رَجَبَ ـُ رَجْبًا ہُ بکلامٍ سیءٍ: پر برے کلام کی تہمت لگانا۔

۳۔ رَجَّبَ النخلة: کمزوری کی وجہ سے کھجور کے درخت کے نیچے ٹیک لگانا، کھجور کے درخت کے اردگرد کانٹوں کی باڑھ لگانا۔ اسی سے ہے: اَنا جُذَيْلُها المحكك و عُذَيْقُها المُرَجَّب: جُذَيْل جذل کی تصغیر بمعنی تنہ ٹھلک وہ لکڑی جس میں خارش زدہ اونٹ اپنے بدن کو کھجاتا ہے۔ عذیق عذق کی تصغیر بمعنی کھجور اور رجب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹیکی وغیرہ لگا دی جائے یہ اس وقت کہتے ہیں جب اس کی رائے یا عقل سے مصیبت دور ہو۔ الرُجْبَة: کھجور کے درخت کی ٹیکی۔

۴۔ الرُجْبَة: شکار کرنے کا مچان۔ الرَوَاجِب واحد رَاجِبَة (ع ا): انگلیوں کی جڑوں کے جوڑ۔ الاَرْجَاب: آنتیں۔

○ رَجِبَ ـَ و رَجَبَ ـُ رَجَبًا من اعلی: سے ڈرنا، کا احترام کرنا۔ رَجَب: رجب، قمری سال کا ساتواں مہینہ۔

رجح: ا۔ رَجَحَ ـَ رُجْحانًا و رُجُوحًا المیزانُ: ترازو کا جھکنا۔ ـــ الرایُ: رائے کا غالب آنا۔ ـــ ہٗ: سے زیادہ بوجھل، بھاری بھرکم اور بردبار ہونا۔ ـــ ہٗ بیدہ: کو ہاتھ میں لے کر اس کے بوجھ کا اندازہ لگانا۔ ـــ رَجَاحَةً: حلیم و بردبار ہونا، بوجھل ہونا۔ رَجَّحَ و اَرْجَحَ ہٗ: کو جھکانا، بوجھل کرکے جھکانا۔ ـــ لہٗ: کو جھکتا ہوا دینا۔ رَاجَحَ ہٗ: سے جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔ تَرَجَّحَ الرایُ عندہ: کے نزدیک رائے کا غالب ہونا۔ ـ فی القولِ: قول میں مائل ہونا۔ الرُجُح من الجِفان: بھرے ہوئے بڑے پیالے۔ المُتَرَاجِحَة او المتباینة العددیة (ع ج): دو مختلف عددوں کا مجموعہ۔ ـ ذات مجاهیل (ع ج): الجبراء کے دو عددوں کا مجموعہ، جب نامعلوم اعداد کو اس میں موافق عددوں سے بدل دیا جاتا ہے تو متراجحہ صحیح عددوں والی ہو جاتی ہے۔ ان عددوں کو حلول یا جزور المتراجحہ کہا جاتا ہے۔

۲۔ رَجَّحَ ہٗ: کو ہلانا جلانا، جھلانا، لٹکانا۔ عوام اسے اَرْجَحَہٗ کہتے ہیں۔ تَرَجَّحَ الشیءُ: ہلنا، جھولنا۔ عوام اسے تَاَرْجَحَ کہتے ہیں۔ ـــ ت الاُرْجُوحَةُ بہ: سے جھولے کا جھکنا۔ اِرْتَجَحَ فی الارجوحة: جھولے میں جھولنا۔ ـ ت الابلُ: آہستہ دوڑنے میں اونٹوں کا ہلنا۔ الرُجُح من الکتائب: لشکر جرار۔ الاُرْجُوحَة جمع اَرَاجِیح و الرُجَاحَة و الرُجَّاحَة والمَرْجُوحَة: جھولا۔ الاَرَاجِیح: آہستہ قدم دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش، بیابان۔

○ رَجَحَ ـُ رُجُوحًا و رُجْحَانًا: جھکنا (ترازو کے پلڑے کا)، زیادہ وزنی ہونا، حاوی ہونا، بڑا ہوا، زیادہ اہم یا زیادہ باثر ہونا، سب سے اہم، نمایاں یا فائق ہونا۔ ـــ ہ: سے بڑھ جانا، سے بازی لیجانا، پر سبقت لے جانا۔ ـ ان: بہت اغلب ہونا کہ...... رجح عندہ ان: اسے یہ انتہائی ممکن لگا کہ ـ ہ بیدہ: کو ہاتھ میں تولنا۔ رَجَّحَ ہ علی: کو سے زیادہ وزنی کرنا، کو سے زیادہ اہمیت دینا، کو سے زیادہ وقعت دینا۔ ـــ ہ: کو زیادہ بھاری یا بوجھل خیال کرنا۔ ـ ہ علی: کو پر ترجیح دینا، کو سے زیادہ پسند کرنا، کے حق میں ہونا، بہ نسبت دوسری چیز کے، کے سے زیادہ حق میں ہونا۔ ـــ ہ: کو اغلب، غالب، قرین قیاس، ممکن، قابل قبول، حقیقت سے قریب یا واقعیت سے ملتا سمجھنا۔ ـــ ان: یہ خیال کرنا کہ وہ اغلب، قرین قیاس، ممکن، قابل قبول، یا حقیقت سے قریب ہے۔ تَرَجَّحَ: زیادہ بوجھل ہونا، زیادہ وزنی ہونا، مقدار میں زیادہ ہونا، مقدم یا اہم تر ہونا، آگے پیچھے جھولنا، گھڑی کے لٹکن کی طرح ہلنا، ہلنا جلنا، پنڈولے کی طرح نیچے اوپر حرکت کرنا۔ اِرْتَجَحَ: آگے پیچھے جھولنا، گھڑی کے لٹکن کی طرح ہلنا، ہلنا جلنا، جھولا جھولی کھیلنا، ڈانواڈول کھڑا ہونا یا حرکت کرنا۔ رَجَاحَة: برداشت، صبر، عفو و کرم، نرمی، اطمینان، سکون، دلجمعی۔ رُجْحَان: برتری، فوقیت، تفوق،

بالادستی ـــ علی: سے زیادتی، سے زیادہ بھاری ہونا، پراہمیت، تفوق، تسلط ـ رَجَح: وزن میں برتر، زیادہ وقیع، زیادہ مقبول، زیادہ قابل قبول، بہتر، زیادہ اغلب، زیادہ ممکن ـ الأرْجَح أن: زیادہ اغلب ہے کہ، غالباً..... علی الأرْجَح: غالباً، بہت اغلب۔

أرْجَحِيَّة: زیادہ ہونا، زیادہ بھاری ہونا، وزنی ہونا، اہم ہونا، قوی تر ہونا، فوقیت، غلبہ، پھیلاؤ، اشاعت۔

أُرْجُوحَة جمع أرَاجِيح: بچوں کا تختہ کا جھولا، پنڈولا، جھولا، پالنا، گہوارہ ـ رَاجِح: وزن میں برتر، زیادہ وقیع، زیادہ حق دار، زیادہ قابل قبول، پسندیدہ، بہتر، اغلب، ممکن ـ مَرْجُوحَة جمع مَرَاجِيح: جھولا، بچوں کا تختہ کا جھولا، پنڈولا ـ مُرَجَّح: زیادہ وقیع، زیادہ اثر و اقتدار رکھنے والا، زیادہ اہم، زیادہ وزنی، قوی تر، بالاتر، غالب، اغلب، قرین قیاس، ممکن، قابل قبول، حقیقت سے قریب، بہت ممکن، غالباً، پسندیدہ، سہانا، بظاہر موزوں۔

رجد: رَجَدَ ـِ رِجَادًا: غلہ کی بالیوں کو کھلیان لے جانا۔ صفت رَجَّاد۔ رُجِدَ رَجْدًا و رُجِدَ و أُرْجِدَ: کانپنا۔

○ رَجْرَجَ و تَرَجْرَجَ: کانپنا، آہستہ ہلنا، پر ہلکی کپکپی طاری ہونا، ہلنا جلنا، جھولنا ـ رَجْرَج: ہیجان زدہ، بے چین، مضطرب، کانپتا ہوا، گھبرایا ہوا، کپکپاتا ہوا، ہلتا ہوا، جھولتا ہوا ـ الرَّجْرَاج: سمندر۔

رجز: ۱ ـ رَجَزَ ـُ رَجْزًا: رجز پڑھنا۔ صفت رَاجِز و رَجَّاز و رَجَّازَة۔ ـــ بہ: کے سامنے رجز پڑھنا ـ رَجَّزَہٗ: کے سامنے رجز پڑھنا ـ رَاجَزَ صاحبَہٗ: سے رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا ـ تَرَجَّزَ: رجز پڑھنا۔ ـ الرعدُ: گرج کی آواز مسلسل سنائی دینا ـ السحابُ: بادل کا پانی کی زیادتی سے دھیرے دھیرے حرکت کرنا ـ اِرْتَجَزَ: رجز پڑھنا ـ تَرَاجَزَ القومُ: ایک دوسرے کے مقابلہ میں رجز کے اشعار کہنا ـ بِفلانٍ: کے بارے میں رجز نظم کرنا، کہنا ـــ الرَّجَزَ فی القتال: لڑائی میں رجز پڑھنا ـــ الرعدُ: گرج کی آواز مسلسل سنائی دینا ـ الرَّجَز: شعر کے بحروں میں سے ایک بحر جس کا وزن مستفعلن سات بار ہے، ایک بیماری جس میں اونٹوں کے سرین کانپتے ہیں۔ الأرْجَز: سرین کانپنے کی بیماری والا ـ الرِّجَازَة: وہ برتن یا کپڑا جس میں پتھر وغیرہ بھر کر بوجھ کو برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیتے ہیں، عورتوں کی سواری کے لئے اونٹ کی پالکی، وہ چیز جس سے ہودج سجایا جاتا ہے۔ الأُرْجُوزَة جمع أرَاجِيز: بحر رجز کا قصیدہ۔

۲ ـ الرُّجْز: گندگی، دکھ، بتوں کی پرستش ـ الرِّجز: گندگی، گناہ۔ نیز بمعنی الرُّجْز۔

○ اِرْتَجَزَ: بحر رجز میں اشعار کہنا، لکھنا یا اچھے انداز سے پڑھنا، (سمندر کا) گرجنا، طوفانی ہونا، طوفان خیز ہونا، سمندر میں موجیں اٹھنا، سمندر کا متلاطم ہونا ـ رَجَز: شعروں کے ایک بحر کا نام ـ اِرْتِجَاز: بحر رجز کے اشعار، چھوٹا گیت ـ أُرْجُوزَة جمع أرَاجِيز: بحر رجز کی نظم۔

○ أرَجُوز: بچوں کے لئے پتلیوں کے مزاحیہ تماشا میں ایک کردار جس کا نام Punch ہے جو اپنی بیوی جوڈی سے لڑائی کرتا ہے اس کھیل کا نام Punch and Judy show ہے۔

رجس: ۱ ـ رَجَسَ ـِ رَجْسًا البعیرُ: اونٹ کا آواز کرنا۔ ـ ت السماءُ: بادل کا گرجنا ـ تَرَجَّسَ ت السماءُ: بادل کا گرجنا ـــ البناءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا ـ الرِّجْس: خفیف حرکت ـ الرَّجَّاس: سمندر۔ کہا جاتا ہے بَعِيرٌ او سحابٌ رَجَّاسٌ: تیز آواز والا اونٹ یا بادل ـ بعيرٌ رَجُوسٌ و مِرْجَسٌ: تیز آواز والا اونٹ۔

۲ ـ رَجَسَ ـِ رَجْسًا فلانًا عن الامر: کو کسی کام سے روکنا۔

۳ ـ رَجَسَ ـِ رَجْسًا و ارْتَجَسَ: آلہ سے پانی کی گہرائی ناپنا ـ المِرْجَاس: پتھر وغیرہ جو رسی سے باندھ کر پانی میں ڈالا جاتا ہے تا کہ پانی کی گہرائی کا پتہ چلے۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

۴ ـ رَجِسَ ـَ و رَجُسَ ـُ رَجَاسَةً: قبیح کام کرنا۔ صفت: رَجِس۔ الرِّجْس: قبیح کام، قبیح کام پر سزا، شیطانی وسوسہ ـ والرَّجَس والرَّجِس: گندگی، پلیدگی۔

○ رَجِسَ ـَ رَجَسًا و رَجُسَ ـُ رَجَاسَةً: گندہ ہونا، غلیظ ہونا، کوئی شرمناک کام کرنا، کوئی گندہ یا شرمناک رسوائی کا موجب کام کرنا ـ رِجْس جمع أرْجَاس: گندگی، غلاظت، گندی چیز یا کام، ظلم، بیدردی، سفاکی، بدذاتی ـ رَجَس جمع أرْجَاس: گندگی، غلاظت ـ رَجِس: گندا، غلیظ ـ رَجَاسَة: گندگی، غلاظت، خستگی، زبوں حالی ـ رَجَّاس: گرجنے والا، متلاطم (سمندر)، گرجدار، کڑک دار۔

رجع: ۱ ـ رَجَعَ ـِ رُجُوعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَةً و رُجْعَى و رُجْعَانًا: جانا، لوٹنا ـــ الشیءَ عنہ او الیہ: کو سے ہٹانا، کو کی طرف لوٹانا۔ کہا جاتا ہے: رَجَعَ عَوْدُهُ عَلٰی بَدْئِہٖ: وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی پر واپس لوٹ گیا ـــ رُجُوعًا و رِجَاعًا الطیرُ: پرندوں کا گرم خطوں سے گذر کر سرد مقامات میں پہنچنا ـ رَجَّعَ فی صوتہ: حلق میں آواز گھمانا ـــ و تَرَجَّعَ فی المصیبۃ: مصیبت میں انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا ـــ ت الدابّۃُ: جانور کا قدم رکھنا ـ رَاجَعَہٗ فی الامر: کسی معاملہ میں کسی شخص کی طرف رجوع کرنا ـــ ہُ الکلامَ: سے گفتگو دہرانا۔ ـــ الرجلُ: اپنی پہلی نیک یا بد عادت کی طرف لوٹنا۔ أرْجَعَہٗ: کو رد کرنا، پھیرنا ـــ الرجلُ فی المصیبۃِ: مصیبت میں انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا ـ ت الدابّۃُ: جانور کا لید کرنا، گوبر کرنا ـ ت الناقۃُ: اونٹنی کا لاغر ہونا، لاغری کے بعد فربہ ہونا۔ تَرَجَّعَ فی صدری کذا: میرے سینے میں ایک گونج ہوئی ـ تَرَاجَعَ القومُ: لوگوں کا اپنی اپنی جگہوں پر واپس آنا ـــ القومُ الکلامَ بینہم: قوم کا آپس کی گفتگو میں الٹ پھیر کرنا ـ اِرْتَجَعَ الیَّ الشیءَ: اس نے وہ چیز مجھے واپس کر دی ـــ ہُ: کو واپس کرنا ـــ ت المرأۃُ جلبابَہا: عورت کا اپنی چادر کو اپنے چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا ـــ علی الغریم: قرضدار سے مطالبہ کرنا ـ اِسْتَرْجَعَ منہ الشیءَ: سے چیز کی واپسی چاہنا، سے دی ہوئی چیز واپس لینا ـــ فی المصیبۃ: مصیبت میں انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا ـــ الحمامُ فی غنائہ: کبوتری کا گنگنانا ـ الرَّجْع جمع رِجَاع و رُجْعَان و رِجْعَان: خط کا جواب، بارش کے بعد بارش، موسم بہار کی سبزی، گوبر، تالاب ـــ من الارض: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیل گیا ہو ـ رَجْعُ الصدٰی: آواز بازگشت ـ الرَّاجِع جمع رَوَاجِع: شوہر کے مرنے پر اپنے میکے میں جانے والی عورت ـ الرُّجْعَة والرُّجْعَی و الرُّجْعَان و الرَّجُوعة: خط کا جواب ـ الرَّجْعَة: واپسی ـ الرِّجْعَة: واپسی کی قسم، اونٹوں کے ساز و سامان جو منڈی سے لوٹے ہوں، حجت ـ المَرْجِع: واپسی کی جگہ ـ (ك): دوسرے جسم سے آکسیجن لینے والا جسم اور بعض شرائط پائی جانے پر اس آکسیجن سے متحد ہونا ـ الرَّجِیع من الکلام جمع رُجُع: واپس کیا ہوا کلام، موسم بہار کی سبزی، اونٹ کی جگالی، گوبر، لید، پسینہ، ہر واپس کی ہوئی شے، تالاب، دوبارہ گرم کیا ہوا ٹھنڈا کھانا ـ بعیرٌ رجیعٌ: سفر سے تھکا ماندہ اونٹ ـ دابّۃٌ رجیعُ اسفار: چوپایہ جو بار ہا سفر سے واپس آیا ہو ـ ناقۃٌ رَجِیعَة جمع رَجَائِع: سفر سے تھکی ہوئی اونٹنی ـ المَرْجُوع

والمَرْجُوعَة جمع مَرَاجیع: خط کا جواب، گودے کا نشان جو بار بار تازہ کیا گیا ہو۔ کہا جاتا ہے: لیس لهذا البیع مرجوع: اس بیع میں واپسی نہیں ہوگی۔ المُرَاجِع من النساء: وہ عورت جو خاوند کے مرنے پر اپنے ماں باپ کے گھر واپس آگئی ہو۔

۲۔ رَجَعَ ۔ رُجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا الکلامُ فیہ: کلام کا کسی کو فائدہ پہنچانا ـــ العَلَفُ فی الدابة: چارہ کا جانور میں فائدہ دکھانا، پر خوشگوار اثر ڈالنا۔ اَرْجَعَ اللّٰہُ بیعتہ: اللہ تعالیٰ کا کسی کی سوداگری کو فائدہ مند بنانا۔ تَرَجَّعَ الناقةَ: اونٹنی کو دوسری اونٹنی کی قیمت سے خریدنا۔ اِرْتَجَعَ الناقةَ: اونٹنی کو دوسری اونٹنی کی قیمت سے خریدنا۔ کہا جاتا ہے باع جِلَّتَهُ فارتجع منها رِجْعَةً صالحة: اس نے اپنے گھوڑے بیچے اور ان کی قیمت کو منافع کے کاموں میں لگایا۔ الرَّجْع (مص) جمع رِجَاع و رُجْعان و رِجْعان: نفع۔ کہا جاتا ہے ماھو الاسَجْعٌ لیس فیہ رَجْعٌ: یہ محض تُک ہے جس میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔

۳۔ الرَّجْع من الکتف: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے کواہ عند رجع کتفہ: اس نے اس کے کندھے کے نچلے حصہ کے پاس اُسے داغا۔ الرَّجِیع جمع رُجُع: بوسیدہ کپڑا۔ المَرْجِع: کندھے کا نچلا حصہ۔

○ رَجَعَ ۔ رُجُوعًا: واپس آنا، دوبارہ آنا، لوٹنا، پھر ہونا، بار بار ہونا ـــ اِلی: سے رجوع کرنا، کے پاس لوٹنا، کچھ دوبارہ شروع کرنا، پھر شروع کرنا، کا سہارا لینا، پر اکتفا کرنا، کی طرف واپس آنا، کی طرف رجوع کرنا، کو کتاب میں دیکھنا، کے معنے (لغات) میں دیکھنا، (کتاب) سے رجوع کرنا، کو (کتاب) میں دیکھنا۔ اِلی ان: اس حقیقت سے نسبت پذیر ہونا کہ.. ـــ اِلی: سے مشتق ہونا، سے نکلنا، کا منبع ہونا، کی اصل ہونا۔ رجع بہ اِلی: کو کچھ بتانا، پر انحصار کرنا، کی وجہ یا سبب سے ہونا، کے باعث ہونا، کا (حق) ہونا ـــ ل: کے دائرہ اختیار میں داخل ہونا یا آنا ـــ عن: سے باز رہنا، احتراز کرنا ـــ عن/الی: اپنے قول سے ہٹنا، (فیصلہ) منسوخ کرنا ـــ علی: کا مخالف ہو جانا۔ رجع بہ علی فلان: سے کی واپسی کا دعوی کرنا۔ ب علی: سے کا مطالبہ کرنا، کا دعوی کرنا ـــ ب: کا لازمی (نتیجہ) ہونا، کا نتیجہ ہونا ـــ فی: پر اچھا اثر ڈالنا، کے ساتھ کامیاب ہونا۔ رَجَعَ علی عَقِبِہ جمع رجعوا علی اعقابھم: جس راستے آئے اسی پر واپس چلا جانا۔ رجع اِلی الصحة: صحت یاب ہونا۔ رجع اِلی صَوَابِہ: کے حواس ٹھکانے لگنا۔ رجع اِلی نفسہ: اپنا جائزہ لینا۔ یرجع ذلك اِلی ان: یہ اس حقیقت کی وجہ سے ہے کہ۔ یرجع السببُ اِلی: وجہ میں ملنا۔ رجعت بہ الذاکرة اِلی: اس نے یاد کیا، اسے یاد آیا۔ رجع فی کلامہ: اپنے قول سے پھر جانا۔ رَجَّعَ: واپس لانا، لوٹانا، واپس کرنا، واپس بھیجنا ـــ ہ عن: کو سے دور کرنا ـــ: مرتعش سر میں گانا یا گنگنانا ـــ ہ: کو دہرانا، کی گونج پیدا کرنا۔ رجّع صداہ: کی گونج لوٹانا، کو دہرانا۔ رَاجَعَ ہ/ہ: کے پاس واپس آنا ـــ ہ: کی طرف واپس آنا، کا دوبارہ مطالعہ کرنا، کو دہرانا، کو بار بار کرنا، بار بار دہرانا، کے پاس واپس لوٹنا، اطلاع کے لئے سے درخواست کرنا، کسی کتاب سے رجوع کرنا، کو (کتاب) میں دیکھنا ـــ ہ فی: سے کسی معاملہ میں رجوع کرنا، (مشورہ وغیرہ کے لئے)۔ ـــ ہ: سے مشورہ کرنا ـــ ہ/ہ: کا ذکر کرنا، کی طرف اشارہ کرنا، سے متعلق ہونا ـــ ہ: کی پڑتال کرنا، تصدیق کرنا، کا ناقدانہ جائزہ لینا ـــ ہ: (حساب کتاب) کی پڑتال کرنا، آڈٹ کرنا۔ راجعہ عقلُہُ: کے حواس ٹھکانے لگنا۔ راجَعَ نفسَہُ: مصمم ارادہ کرنے کی کوشش کرنا، پورے معاملہ پر دوبارہ غور کرنا، معاملہ پر نظر ثانی کرنا، معاملہ کو پھر سے سوچنا۔ یُرَاجَعُ: دیکھئے۔ اَرْجَعَ: لوٹانا، واپس کرنا ـــ ہ اِلی: کو کی طرف موڑنا ـــ ہ: کو واپسی پر مجبور کرنا ـــ ہ اِلی: کو سے منسوب کرنا۔ تَرَجَّعَ: لوٹنا، دوبارہ آنا، گونجنا، واپس مرتعش ہونا۔ تَرَاجَعَ: ایک دوسرے کی طرف مڑنا، پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا، لوٹنا، ہٹنا، کم ہو جانا، بگڑنا، خراب ہونا، معیار سے گرنا ـــ عن: سے بتدریج انحراف کرنا، تجاوز کرنا۔ ـ: پیچھے رہ جانا، اپنا ذہن تبدیل کرنا۔ استرجع ہ: کی واپسی کا مطالبہ کرنا، کی واپسی کی درخواست کرنا، کو واپس لینا، کو دوبارہ پانا، کو لے لینا ـــ وعدا: وعدہ واپس لینا ـــ ہ: (فیصلہ وغیرہ) منسوخ کرنا، مصیبت میں اناللّٰہ و انا الیہ راجعون کہنا۔ اِسْتَرْجَعَہُ اِلی خاطِرِہ: کو یاد کرنا۔ رَجْع: واپس آنا، واپسی۔ رجعُ الصوت و رجع الصَّدَی: گونج، صدائے بازگشت۔ لَرَجْعِ البصر: پلک جھپکتے میں، ابھی۔ رَجْعِیّ: رجعت پسند، پچھلے زمانہ سے نافذ ہونے والا، ماضی میں عمل کرنے والا، قابل تردید، قابل منسوخی۔ باثرِ رَجْعِیّ: ماضی سے نفاذ کی قوت کے ساتھ۔ رَجْعِیَّة: رجعت پسندی۔ رَجْعَة: واپسی، بار بار ہونا، اعادہ، مراجعت، تنسیخ، استرداد، منسوخی، رسید، فرد حساب۔ رَجْعَة و رِجْعَة: طلاق کے بعد بیوی کی طرف واپسی، اپنی مطلقہ سے دوبارہ نکاح۔ رُجْعِیّ: قدامت پسندی، رجعت پسندی۔ رُجُوع: واپسی، مراجعت، بازیابی، اصلاح، درستی، منسوخی، بازرسی، بحالی، بازدہی ـــ اِلی: کی طرف واپسی، سے رجوع، کچلی (چھوٹی) نوکری پر واپس آنا، کا قابل سراغ ہونا، جو پتہ لگائے جانے کے قابل ہو ـــ عن: کا استرداد، کی تنسیخ، سے پھرنا، کو واپس لینا، سے استعفی، دستبرداری۔ بِرُجُوعِ البَرِید: بواپسی ڈاک۔ رَجِیع: بول و براز، پاخانہ پیشاب، فضلہ۔ مَرْجِع جمع مَرَاجِع: واپسی، سند، حاکم، حکام، ارباب اختیار، عہدے دار جس سے رجوع یا اپیل کی جائے، جائے پناہ، کمین گاہ، مرجع، رجوع، حاکم مجاز، صاحب اختیار، ذمہ دار ایجنسی، منبع، سرچشمہ، ماخذ، مصدر، بنیاد (خصوصا سائنسی)، معتبر یا مستند حوالے کا کام، حوالہ، منبع جس کی طرف کوئی چیز واپس ہو یا جس کی طرف منسوب کی جا سکے، نقطہ آغاز، اصل، رجوع۔ مرجعُ النظر: دائرہ اختیار، سماعت کے اختیار رکھنے والا۔ المرجع الیہ: جس سے رجوع کیا جائے۔ المرجع فی ذلك اِلیَّ: اس ذریعے سے میں کا حوالہ دے رہا ہوں۔ کان مرجع ھذا الشیء اِلی: یہ کی وجہ سے تھا، سے منسوب کیا جا سکتا تھا۔ الیھم مرجع الفضل: خوبی ان کی وجہ سے ہے۔ مَرْجِعِیَة: سند۔ مُرَاجَعَة: بار بار دہرانا، دہرانا، معائنہ، مطالعہ، جائزہ، بغور مشاہدہ، امتحان، پڑتال، تفتیش، حوالہ کے کام کی طرف رجوع کرنا، درخواست، مشورہ یا ہدایت کی درخواست، کسی شخص سے مشورہ، تصدیق، توثیق، جانچ پڑتال، دوبارہ امتحان، آڈٹ۔ (مراجعة الحساب: آڈٹ) نظر ثانی (مسودہ کی)، تصحیح۔ اِرْجَاع: واپسی، بحالی، رقم کی واپسی، بازادائی ـــ اِلی: سے نسبت، انتساب، کی حالت میں لانا۔ تَرَاجُع: پسپائی، ذہن کی تبدیلی، قدامت پسندی، رجعت پسندی۔ اِرْتِجَاع: قدیم شکل یا نظام کی طرف واپسی، قدامت پسندی، رجعت پسندی۔ اِرْتِجَاعِی: رجعت پسند، قدامت پسند۔ اِسْتِرْجَاع: بازیابی، بازیافت، درستی، اصلاح، تلافی، منسوخی، دست برداری، استرداد، تنسیخ۔ رَاجِع: واپس ہونے والا ـــ اِلی: کی وجہ سے، سے منسوب، واجب طور پے کسی شخص کا ـــ ل: کے تابع، پر منحصر۔ الحُمّی الرَّاجِعة: عود کرآنے والا بخار۔ مُرَاجِع: پڑتال کنندہ، تصدیق کنندہ،

ممتحن، نظر ثانی کرنے والا۔ المُرَاجِعُ الحسَابَات: آڈیٹر، کمپٹر ولر، ناظر حسابات۔

رجف: رَجَفَ ـُ رَجْفًا و رَجَفَانًا و رُجُوفًا و رَجِيفًا ہُ: کو زور سے حرکت دینا۔ الرجلُ: سخت بے چین ہونا، کسی خوف کی بنا پر بے کل ہونا۔۔۔ تِ الارضُ: زمین پر زلزلہ آنا۔ القومُ: قوم کا جنگ کے لئے تیار ہونا۔ الرعدُ: رعد کا گڑگڑانا۔۔۔ ت الاسنانُ: دانتوں کا گرنا۔ اَرْجَفَ: لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبریں اڑانا۔ القومُ بالشیء و فِيهِ: میں گھسنا۔۔۔ ت الريحُ الشجرَ: ہوا کا درختوں کو ہلانا۔ و أَرْجَفَ ت الارضُ: زمین میں زلزلہ آنا، بھونچال آنا۔ تَرَجَّفَ و اِرْتَجَفَ: سخت کانپنا و بے چین ہونا۔ اِسْتَرْجَفَ رَأسَهُ: سر کو ہلانا۔ کہا جاتا ہے: خرجوا يسترجفون الارضَ نَجدةً: وہ زمین میں ظلم اور دنگا فساد برپا کرتے ہوئے نکلے۔ الرَّجْفَة: اسم مرۃ، زلزلہ، بھونچال۔ الرَّاجِف (طب): جاڑے سے آنے والا بخار۔ الرَّاجِفَة: قیامت کے دن صور کی پہلی پھونک۔ الرَّجَّاف: بہت کانپنے اور بے چین ہونے والا، سمندر، قیامت اور حشر کا دن۔ التَّرْجَاف: بے چینی۔ المِرْجَفَة: زلزلہ پیما، زلزلہ نگار (Seismograph)۔ الأَرَاجِيف: بری بناوٹی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں اذا وقعت المخاويف، كثرت الاراجيفُ: خوف کے وقت بری اور جھوٹی خبریں زیادہ اڑتی ہیں۔

○ رَجَفَ ـُ رَجْفًا و رَجَفَانًا: ہلنا، کانپنا، کپکپانا، کپکپی لگنا، لرزہ براندام ہونا، رونگٹے کھڑے ہونا۔۔۔ ہ: کو بے چین کرنا، مضطرب کرنا، جھنجھوڑ دینا، متزلزل کرنا، کپکپا دینا۔ اَرْجَفَ ہ: کو لرزہ براندام کرنا، لرزانا۔۔۔ ہ: کو زور زور سے ہلانا، جھنجھوڑنا، ہلانا جلانا۔۔۔ ہ: جھوٹی باتیں اور خبریں پھیلانا۔ اُرْجِفَ بافتراءاتٍ: تہمتیں پھیلانا۔ اِرْتَجَفَ: تھرانا، کانپنا، لرزنا، ہچکولے کھانا، جھٹکے کھانا، ہلنا۔ رَجْفَة: لرزہ، کپکپی، تھرتھراہٹ، زلزلہ، خوف، گھبراہٹ، ہیجان، فالج کا رعشہ۔ رَجَّاف: کانپنے والا، لرزنے والا، ہچکولے کھانے والا، جھٹکے کھانے والا، متحرک، ہلنے والا، زور زور سے ہلایا ہوا، جھنجھوڑا ہوا۔ اِرْجَاف جمع اَرَاجِيف: جھوٹی افواہ، جھوٹی اور پریشان کن بات۔

رجل: ا رَجَلَ ـُ رَجْلاً الفصيلَ: اونٹ کے بچہ کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔۔۔ الشاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھنا۔۔۔ ہُ: کی ٹانگ پر مارنا۔ رَجِلَ ـَ رَجَلاً: پیدل چلنا، ٹانگ میں کوئی تکلیف لاحق ہونا۔ الفصيلُ: اونٹ کے بچہ کا ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دیا جانا۔ ت الدابَّةُ: جانور کا ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ اَرْجَلَ ہُ: کو پیدل چلانا۔۔۔ الفصيلَ: اونٹ کے بچہ کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ تَرَجَّلَ: سواری سے اتر کر پیدل چلنا۔ البئرَ و فی البئرِ: بغیر رسی وغیرہ لٹکائے ہوئے کنویں میں اترنا۔۔۔ الزَّنْدَ: چقماق کی اوپر کی لکڑی کو پاؤں کے نیچے رکھنا۔ اِرْتَجَلَ الشاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھنا۔۔۔ ہُ: کو پاؤں سے پکڑنا۔ الزَّنْدَ: چقماق کی اوپر کی لکڑی کو پاؤں کے نیچے رکھنا۔۔۔ الرجلُ: پیدل چلنا۔۔۔ الفرسُ: گھوڑے کا باری باری تیز اور نرم چال سے چلنا۔ الرَّجْل: پیدل چلنے والا۔ الرِّجْل جمع اَرْجُل: قدم (کہا جاتا ہے هو يُقَدِّمُ رِجلاً و يُؤَخِّرُ اُخرى: کسی معاملہ میں متردد ہونا، پس و پیش کرنا)، پائجامہ، آدمی کا پاخانہ، پیش رفت۔ رِجْلُ البحر: کھاڑی۔ رِجلا السهمِ: تیر کے ہر دو طرف۔ کثیرةُ الأَرْجُل (ح): جوڑدار جانوروں کی ایک قسم جیسے ہزار پا (کنکھجورا) بعض زہریلے ہوتے ہیں۔ الرَّجُل جمع رِجَال و رَجْلَة و رَجُلَة و اَرَاجِل و رِجَالات: پیدل چلنے والا۔ الرَّجِل: پیدل چلنے والا۔ الرَّاجِل (فا) جمع رَجْل و رَجَّالَة و رُجَّال و رِجَال و رُجَالَى و رَجَالَى والرجلان: پیدل چلنے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءَت الخيالةُ والرَّجَّالةُ: سوار اور پیدل آئے۔ اَغَار عليهم بِخَيْلِهِ و رَجْلِهِ: اس نے ان پر اپنے سواروں اور پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِل: پیدل چلنے والا مرد۔ الرُّجْلَة: چلنے کی طاقت، جانور کے ایک پاؤں کی سفیدی۔ الرِّجْلَة جمع رِجَل (ن): خرفہ کا ساگ، خرفہ کے ساگ کے اگنے کی جگہ۔ الرَّجِيل جمع اَرْجِلَة و اَرَاجِل و اَرَاجِيل: پیدل چلنے والا۔۔۔ جمع رَجْلَى و رُجَالَى و رَجَالَى: زیادہ چلنے پر قدرت رکھنے والا۔ مَكَانٌ رَجِيلٌ: وہ جگہ جس کے دونوں طرف دور ہوں۔ فرسٌ رجيل: رام، سدھایا ہوا گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔ الرَّجْلان جمع رُجَالَى و رَجَالَى و رَجْلَى مونث رَجْلَى جمع رِجَال و رَجَالَى: پیدل چلنے والا۔ الأَرْجَل من الدوابّ: ایک ٹانگ میں سفیدی رکھنے والا جانور۔ رَجُلٌ اَرْجَل مونث رَجْلاء جمع رُجْل: بڑے پاؤں والا آدمی۔ التَّرْجِيل: جانور کا ایک ٹانگ میں سفیدی

الأَرَاجِيل: شکاری لوگ۔ الرَّجْلِيُّون واحد رَجْلِيّ: وہ آدمی جو ٹانگوں پر دوڑتے تو گھوڑے ان تک نہ پہنچ سکتے تھے، یہ آدمی سُلَيك بن سُلَيْكَة الغَطَفانيّ والمنتشر بن وهب الباهليّ و اوفی بن مطر المازنی تھے۔

۲ رَجِلَ ـَ رَجَلاً الشَّعْرُ: بالوں کا کچھ گھنگریالے ہونا۔ رَجَّلَ الشعرَ: بالوں میں کنگھی کرنا۔ شعرٌ رَجْل: کم گھنگریالے بال۔ الرَّجَل من الشَّعر جمع اَرْجَال و رَجَالَى: کم گھنگریالے بال۔ الرَّجِل من الشعر: کم گھنگریالے بال۔ المِرْجَل جمع مَرَاجِل: کنگھی۔ المُرَجَّل من الشعر: کنگھی کئے ہوئے بال۔

۳ رَجَّلَ ہُ: کو مضبوط کرنا۔ تَرَجَّلَ ت المرأةُ: عورت کا مرد کی طرح ہونا۔۔۔ ت الشمسُ: سورج کا اونچا ہونا۔ اِرْتَجَلَ النهارُ: دن چڑھنا۔ الرَّجُل: مرد۔ الرِّجُل: بہت سونے والا آدمی۔ الرَّجُل جمع رِجَال و رَجْلَة و رَجُلَة و اَرَاجِل و رِجَالات: مرد۔ کہا جاتا ہے فلان رَجُلٌ فی الرجال: فلاں شخص ان میں کامل مردانگی والا ہے۔ الرَّجُلَة: عورت۔ الرُّجْلَة: مردانگی۔ رَجُلٌ رَجِيل: سخت مضبوط آدمی۔ الرَّجُولَة و الرُّجُولِيَّة والرَّجُولِيَّة و الرُّجْلِيَة: مردانگی، مردی۔ الأَرْجَل: سخت تر۔ کہا جاتا ہے هو اَرْجَلُهم: وہ مردانگی میں ان میں سے سب سے زیادہ کامل ہے۔ المُرَجَّل من النسيج وغيره: کپڑا وغیرہ جس پر آدمیوں کی تصویریں منقش ہوں۔

۴ اَرْجَلَ ہُ: کو مہلت دینا۔

۵ اِرْتَجَلَ: دیگچی میں پکانا۔ المِرْجَل جمع مَرَاجِل: دیگچی، بوائلر (انجن وغیرہ کا)۔

۶ اِرْتَجَلَ الكلامَ: فی البدیہ کہنا۔ کہا جاتا ہے اِرْتَجَلَ الشِعرَ: اس نے فی البدیہ شعر کہے۔۔۔ برأيه: اپنی رائے میں منفرد و تنہا ہونا۔ کہا جاتا ہے اِرْتَجِلْ رَجَلَكَ: اپنی شان کو لازم پکڑ۔ كلامٌ رَجِيل: فی البدیہ کلام۔

۷ الرِّجْل جمع اَرْجَال: کسی چیز کا حصہ، ٹڈی دل (کہا جاتا ہے جاءت رِجْلٌ دِفَاعٌ: بہت بڑا لشکر آیا) عہد، زمانہ۔ (کہتے ہیں كان ذلك فی رِجْلِ فلانٍ: یہ اس کے عہد اور زندگی میں تھا)۔ خالی سفید یا سادہ کاغذ، فقیری، محتاجی، خوف (آپ کہتے ہیں انا من امري على رِجْلٍ: میں اپنے امر کے فوت ہونے سے خائف ہوں) رِجْلُ الغراب و رِجْلُ الجراد: دو قسم کی نباتات۔ رِجْلُ الذِئب (ن): ایک قسم کی

نباتات۔ رِجلُ الجَبَّار و رِجلُ الجوزاء و رجلُ قنطورس (فلک): ستاروں کے نام۔ المُرَجَّل: شراب سے بھری ہوئی مشک۔ الراجیل (ن): اجوائن خراسانی۔

○ رَجِلَ ـ رَجَلاً: پیدل چلنا، چلنا۔ رَجَّلَ ہ: بالوں میں کنگھی کرنا، بالوں کو لٹکانا، کھلا چھوڑنا۔ تَرَجَّلَ: پیدل چلنا، چلنا۔ ـــ من اعلیٰ: سے نیچے اترنا، اترنا۔ ـــ: مردوں کے سے اخلاق و عادات اختیار کرنا، مرد جیسا رویہ اختیار کرنا۔ تَرَجَّلَ فی طریقہٖ: تمام راستہ چلنا۔ اِرْتَجَلَ ہ: فی البدیہہ تقریر کرنا، شعر کہنا، برجستہ تقریر کرنا۔ اِسْتَرْجَلَ: مرد بن جانا، مرد کی عمر کو پہنچنا، بڑا ہو جانا، مرد کی طرح کام کرنا، مردانہ اخلاق و عادات یا خوبیاں ظاہر کرنا۔ رِجْل (مونث) جمع اَرْجُل: پاؤں، ٹانگ۔ رِجْل جمع اَرْجال: دل، جھنڈ (خصوصاً ٹڈیوں کا)، لوبیا، باقلہ، خرفہ۔ رَجِل: پیدل، پیادہ، پاپیادہ، پیادہ رو، پیدل چلنے والا، چلنے والا۔ رَجُل جمع رِجَال: مرد۔ جمع رِجالات: بڑے اور اہم لوگ، سرکردہ شخصیات، ممتاز مرد۔ رِجَالُ الدَّوْلَة: مدبرین، سیاستدان، کاروبار حکومت کے ماہرین، اصحاب تدبیر۔ رِجَالُ السَّنَد: جاسوس، مخبر، خبر دینے والے، خبر رساں، سرچشمہ ہائے معلومات۔ رِجَالِیّ: مردانہ، مردوں کا۔ رُجُوْلَة: مردانگی، جوانمردی، جنس مذکر، مردی، قوت باہ، رجولیت، مردی، آدمیت، بہادری۔ رُجُولِیَّة: بمعنی رُجُوْلَة۔ مِرْجَل جمع مَرَاجِل: ہانڈی، دیگچی، پتیلا، کڑھاؤ، دیگ، کارخانوں یا انجنوں کا بائلر۔ اِرْتِجَال: وہیں بنا دینا، برجستگی، برمحل کلام، برجستہ نظم، بروقت شعر کہنا، فی البدیہہ موزوں کرنا، برجستہ کہنا، برمحل، برجستہ، فی البدیہہ یا بلا کسی تیاری کے تقریر۔ اِرْتِجَالِی: برمحل، فی البدیہہ، برجستہ، بروقت، عین وقت پر کیا ہوا، بلا کسی تیاری کے، بے ساختہ، عین وقت پر تیار کیا ہوا۔ راجِل جمع رَجْل و رَجَالَة و رُجَّال و رُجْلان: پیادہ رو، چلنے والا، پاپیادہ، پیدل، پیدل چلنے والا، پیدل چلنے کا شوقین۔ مُرْتَجَل: برجستہ، برمحل، فی البدیہہ، عین وقت پر کیا ہوا، بلا کسی تیاری کے، بے ساختہ، عین وقت پر ترتیب دیا ہوا، بروقت۔

رجم: ۱۔ رَجَمَ ـ رَجْماً ہ: کو پتھروں سے مارنا، سنگسار کرنا۔ کہا جاتا ہے جَاءَ یَرْجُمُ: وہ دوڑتا ہوا آیا۔ راجَمَ مُرَاجَمَةً ہ: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ ـــ عن قومہٖ: اپنی قوم کی حفاظت کرنا، اپنی قوم کا دفاع کرنا۔ ـــ ہ فی الحرب او الکلام او العَدْوِ: سے لڑائی گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔ تَرَاجَمُوا: ایک دوسرے پر پتھراؤ کرنا۔ الرَّجْم (مص) جمع رُجُوم: جس سے رجم کیا جائے۔ الرُّجُم مفرد رُجْمَة: شہاب جو آسمان میں گرتے نظر آتے ہیں۔ الرَّجِیم: رجم کیا ہوا۔ المِرْجَم من الرجال: مضبوط و سخت آدمی۔ فَرَسٌ مِرْجَمٌ: سخت دوڑنے والا گھوڑا۔ المِرْجَام: گویا ـــ من الابل: مضبوط اونٹ۔

۲۔ رَجَمَ ـ رَجْماً القبرَ: قبر پر کتبہ نصب کرنا، نشان کا پتھر لگانا۔ رَجَّمَ القبرَ: قبر پر کتبہ نصب کرنا، نشان کا پتھر لگانا۔ اِرْتَجَمَ الشیءُ: تہ بتہ ہونا، ڈھیر لگنا۔ الرَّجَم جمع رِجَام: قبر، کنواں، تنور۔ الرُّجُم مفرد رُجْمَة: نشان یا پتھر جو قبر پر نصب کیا جاتا ہے۔ الرُّجْمَة و الرَّجْمَة جمع رُجَم و رِجَام: قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر، قبر، بجو کا بھٹ۔ الرُّجْمَة: پتھروں کی بڑی ڈھیری۔ الرِّجَام واحد رُجْمَة: کنویں کی من، پہاڑیاں۔ الرِّجْمَان: کنویں کا دہانہ جس پر ڈول وغیرہ ڈالنے کے لئے چرخی نصب ہوتی ہے۔

۳۔ رَجَمَ ـ رَجْماً ہ: پر لعنت کرنا، کو گالی دینا، دھتکارنا، چھوڑنا۔ تَرَاجَمُوا بالکلام: ایک دوسرے کے ساتھ گالی گلوچ کرنا۔ الرَّجِیم: ملعون۔ الشیطان الرجیم: ملعون شیطان۔ المَرَاجِم: نازیبا و قبیح باتیں۔ کہا جاتا ہے ترامَوا بالمَرَاجِم: ایک دوسرے سے نازیبا گفتگو کرنا۔

۴۔ رَجَمَ ـ رَجْماً الرجلُ: گمان سے بات کرنا۔ رَجَّمَ: گمان سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے رَجَّمَ بالغیب: بے جانے بوجھے بات کرنا۔ الرَّجْم: ظنی بات۔ کہا جاتا ہے رَجْماً بالغیب: انکل پچو۔ صار فلانٌ رَجْماً: فلاں شخص ایسا بن گیا جس کی حقیقت سے واقفیت نہیں ہو سکتی۔ الرِّجَام واحد رُجْمَة: پتھر وغیرہ جو رسی میں باندھ کر گہرائی معلوم کرنے کے لئے پانی میں ڈالا جاتا ہے۔ حدیثٌ مُرَجَّم: وہ بات جس کی حقیقت نہ کھلے۔

۵۔ الرَّجْم جمع رُجُوم: دوست، ہم جلیس و ہمنشین۔

○ رَجَمَ ـ رَجْماً ہ: پر پتھر پھینکنا، لعنت کرنا، کو برا کہنا، نفرین کرنا، پر لعنت بھیجنا، کو گالی دینا، پر دشنام طرازی کرنا، کو گالیاں دینا۔ رجم بالغیب: ایسی بات کرنا جس کے متعلق اسے کچھ پتہ نہ ہو، قیاس لگانا، انکل سے کہنا، اندازے سے کہنا، اندازہ لگانا، قیاس آرائی کرنا، مستقبل کی پیش گوئی یا پیشین گوئی کرنا۔ رَجَّمَ بالغیب: بمعنی: رَجَمَ بالغیب۔ رَجْم: پتھراؤ، پتھر مارنا یا پھینکنا۔ جمع رُجُوم: پھینک کر مارنے والا ہتھیار، انداختہ۔ رَجْمٌ بالغیب: قیاس، اندازہ، انکل، پیشین گوئی۔ رُجُوم: شہاب ثاقب، گرے ہوئے شہابی پتھر۔ رُجْمَة جمع رُجَم و رِجَام: قبر کا پتھر، کتبہ۔ رَجِیم: پتھر مارا ہوا، لعنت کیا ہوا، مردود ٹھہرایا ہوا، بددعا دیا ہوا۔

رجن: ۱۔ رَجَنَ ـ رُجُوناً بالمکان: کسی جگہ رہنا، اقامت کرنا۔ ـــ الحیوانُ: جانور کا گھروں سے مانوس و مالوف ہونا۔ ـــ رَجْناً الدابةَ: جانور کو چارہ پر گھر میں روکے رکھنا۔ رَجِنَ ـ و رَجُنَ ـ رُجُوناً بالمکان: کسی گھر میں رہنا، قیام کرنا، اقامت کرنا۔ ـــ الحیوانُ: گھروں سے مانوس ہونا (جانور کا)۔ رَجَّنَ الدابةَ: جانور کو چارہ پر گھر میں روک رکھنا۔ اَرْجَنَ الدابةَ: جانور کو چارے پر گھر میں روک رکھنا۔ ـــت الناقةُ: اونٹنی کا گھر میں رہنا۔ اِرْتَجَنَ بالمکان: کسی جگہ رہنا۔

۲۔ رَجَنَ ـ رَجْناً فلاناً: سے شرم و حیا کرنا۔

۳۔ اِرْتَجَنَ الزُّبْدُ: مکھن کا پکانے پر صاف نہ ہونا اور بگڑ جانا۔ ـــ علی القوم امرُھم: قوم پر ان کے کام کا پیچیدہ اور گڑبڑ ہونا۔ الرَّجِینَة: جماعت۔ المَرْجُونَة: ٹوکری۔ کہا جاتا ہے ھم فی مَرْجُونَةٍ: وہ اسی کشمکش و پیچ میں ہیں کہ ٹھہریں یا کوچ کر جائیں۔

۴۔ الرَّجِین: زہر قاتل۔

رجہ: رَجَّہَ ـ رَجْھاً: ہلانا۔ ـــ بالشیءِ: کو دانتوں سے تھامنا۔ اَرْجَہَ الامرَ: کام کو ملتوی کرنا۔

رجا: ۱۔ رَجَا ـ رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً: امید رکھنا۔ ـــ الرجلَ: سے امید باندھنا۔ ـــ الشیءَ: کی امید کرنا۔ رَجَّی و اِرْتَجَی فلاناً: سے امید لگانا۔ ـــ الشیءَ: کی امید کرنا۔ تَرَجَّی الشیءَ: کی امید کرنا عام لوگ کہتے ہیں: تَرَجَّاہ: سے درخواست کرنا۔ الرَّجَاء: جھوٹا حمل۔ الرَّجِیَّة: امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے ما لی فی فلان رَجِیَّة: فلاں شخص میں میرے لئے ایسی کوئی چیز نہیں جس کی امید کروں۔ التَّرَجِّی: امید و توقع۔

۲۔ رَجَا ـ رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً الشیءَ: سے ڈرنا، خوف کھانا۔ اِرْتَجَی الشیءَ: سے ڈرنا، خوف کھانا۔

۳۔ رَجِیَ ـ رَجًا: کلام سے رکنا۔ رُجِیَ علیہ: کا کلام بند ہونا۔

۴۔ اَرْجَی الصیدَ: شکار کو کھو دینا، نہ پانا۔

۵۔ اَرْجَی الامرَ: کام کو ملتوی کرنا۔ الْأُرْجِیَّۃ: ملتوی شدہ چیز۔

۶۔ الرَّجَا و الرَّجَاء جمع اَرْجَاء: کنارا، طرف۔ رَجَوَا البِئْرِ: کنویں کے دونوں کنارے۔

○ رَجَا ۔ رَجَاءً و رَجَاۃً و مَرْجَاۃً: امید ہونا۔ ـــ ہ: کی امید ہونا، کی امید کرنا، توقع کرنا، کی دعا کرنا۔ ـــ ل ہ: کے لئے (کامیابی وغیرہ) کی دعا کرنا۔ ـــ ہ ہ من/ہ أن: کو سے مانگنا، سے کچھ کرنے کو کہنا۔ ـــ ہ من: سے کی درخواست کرنا۔ ـــ من أن: سے درخواست کرنا کہ وہ...... رجاہ فی الحاحٍ: سے التجا کرنا، کی منت سماجت کرنا۔ ارجو عدم المُوَاخَذَۃِ: مجھے آپ کا عفو وکرم طلب کرنا چاہیئے۔ تَرَجّٰی ہ/ہ: کی امید ہونا، کی توقع کرنا، کی امید کرنا۔ ـــ ہ: سے درخواست کرنا۔ اِرْتَجٰی ہ/ ہ: کی امید ہونا، کی توقع کرنا۔ ـــ ہ /ہ: کیا امید کرنا۔ ـــ ہ: سے ڈرنا، دہشت کھانا۔ رَجًا و رَجَاء جمع اَرْجَاء: کنارا، طرف، جانب، رخ، سمت، خطہ، دائرہ جمع اَرْجَاء: (زمین، ملک) کی فراخی، کشادگی، وسعتیں، وسیع علاقے، پورا گردونواح یا علاقہ۔ فی اَرْجَاءِ ہ: کے اندرون یا اندر کے آس پاس۔ فی اَرْجَاءِ الغرفۃ: تمام کمرہ میں۔ فی اَرجاء البلاد: تمام ملک میں۔ تجاوبت ارجاءُ الرَّدْھَۃِ بالتصفیق: سارا آڈیٹوریم تالیوں سے گونج اٹھا۔ شاسِعُ الأَرْجَاء اور واسع الأَرْجَاء: وسیع حدود والا، وسیع الحجم۔ رَجَاء فی/ب: کی امید، توقع، اصرار والی درخواست، التجاء۔ علی رجاءِ: کی امید میں، کی امید رکھتے ہوئے۔ رجاء العِلم: آپ کی اطلاع کے لئے (یادداشتوں وغیرہ پر)۔ راسُ الرجاء الصالح: Cape of Good Hope۔ ایک جگہ کا نام جو سطح سمندر سے بلند ہے۔ رَجَاۃ: امید، توقع۔ رَجِیَۃ: امید، وہ چیز جس کی امید ہو۔ مَرْجَاۃ: امید۔ راجٍ: امید کرنے والا، پرامید۔ مَرْجُو: جس کی امید ہو، متوقع، درخواست کردہ۔ المرجو من فضلك أن: مجھے امید ہے کہ آپ مہربانی فرما کر...... کریں گے۔ المرجو مُرَاعَاۃُ ان: براہ کرم توجہ فرمائیں کہ، دیکھیں کہ، اس حقیقت کی طرف توجہ مبذول کرائی جارہی ہے کہ۔ رَجِیَ ۔: خاموش ہوجانا، خاموش رہنا۔ رُجِیَ علیہ: (ڈر یا حیا سے) خاموش ہونا، کی زبان کو تالا لگ جانا، آواز نکالنے کے ناقابل ہوجانا۔

◠ رجیم: (طبی طور پر مقرر کردہ) غذا، (پرہیزی) غذا (فرانسیسی لفظ)۔

رحّ: ۱۔ الرُّحُح: بڑے پیالے۔ الرَّحَح: کھر کی چوڑائی۔ الرَّحّۃ: کنڈلی مار کر بیٹھا ہوا سانپ۔ الأَرَحّ مؤنث رَحّاء جمع رُحّ: چپٹے کھروں والا۔

۲۔ رَحْرَحَ: مقاصد کی تہ تک نہ پہنچنا۔ تَرَحْرَحَتِ الفرسُ: گھوڑے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگوں کو چیرنا۔ الرَّحْرَح و الرَّحْرَاح: کشادہ، چوڑا۔ کہا جاتا ہے: عیشٌ رَحْرَحٌ و رَحْرَاحٌ: کشادہ و آسودہ زندگی۔ ۔ والرحرحان: کشادہ، چوڑا، کم گہرائی والا۔

۳۔ رَحْرَحَ الشیءَ عن فلان: چیز کو کسی سے چھپانا۔ ـــ بالکلام: غیر واضح کلام کرنا۔

رحب: رَحِبَ ۔ رَحَبًا و رَحُبَ ۔ رُحْبًا و رَحَابَۃً المکانُ: جگہ کا وسیع و فراخ ہونا۔ صفت: رَحْب و رَحِیب و رُحاب: کہا جاتا ہے: رَحُبَکُمُ الامرُ: کوئی کام کر سکنا، کے قابل ہونا۔ رَحَّبَ المکانَ: جگہ کو کشادہ کرنا۔ ـــ بِہٖ و مَرْحَبۃً: کا اچھا استقبال کرنا، کو خوش آمدید کہنا۔ اَرْحَبَ المکانُ: جگہ کا کشادہ ہونا۔ ـــ المکانَ: جگہ کو کشادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: اِرْحِبْ یا وَلَدُ: بیٹے الگ اور دور رہو۔ تَرَاحَبَ: وسیع ہونا، کشادہ ہونا۔ الرُّحْب (مص): چوڑائی، کشادگی، فراخی، پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے: رُحْبًا بکم: تم نے فراخی کو پایا۔ الرَّحْب: وسیع، کشادہ، فراخ۔ کہا جاتا ہے: مکانٌ رَحْبٌ و ارضٌ رَحْبَۃٌ: فراخ جگہ، کشادہ زمین۔ رَحْبُ الصدر: بڑے حوصلے کا آدمی، بڑے دل والا آدمی۔ رَحْبُ الفھم: زیادہ سمجھدار۔ رَحْبُ الذراع بالامر: کام کرنے کے قابل۔ رَحْبُ الباع او الذراع: سخی، فیاض۔ الرُّحْبَی (ع ا): سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَیَان (ع ا): بغل سے متصل دو پسلیاں۔ الرُّحْبَۃ و الرَّحَبَۃ جمع رِحَاب و رُحَب و رُحُبات و رَحَب و رَحَبات: کشادہ زیادہ گھاس والی اور لوگوں کی فرودگاہ زمین، گھروں کے درمیان کھلی جگہ۔ ـــ من الدار: گھر کا صحن۔ ـــ من الوادی: وادی کے ہر دو جانب پانی کے بہاؤ کی جگہیں۔ رُحْبَۃُ السیارات (ا ع): آٹو پارک، کار پارک۔ وہ میدان جہاں کاریں وغیرہ کھڑی کی جائیں، مرمت کی جائیں اور تیل وغیرہ دیا جائے۔ الرَّحِیب: بسیار خور، پیٹو۔ المَرْحَب: کشادگی۔ آنے والے سے خوش آمدید کے طور پر کہا جاتا ہے مَرْحَبًا بك: تو نے فراخی کو پایا اترا و (تجھے) خوش آمدید۔ مَرْحَبَكَ اللّٰہُ و مَسْھَلَكَ: اللہ تعالیٰ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اتارے۔ اھلًا و مَرْحَبًا: تم اپنے اہل میں آئے، تم نے کشادگی پائی۔ لہٰذا دل لگاؤ اور نہ گھبراؤ۔ بددعا کے موقع پر کہتے ہیں: لا مَرْحَبًا بِكَ۔ رَحَائِب التخوم (واحد رَحِیبَۃ): وسیع و عریض ممالک۔ التَّرْحَاب: خوش آمدید۔

○ رَحِبَ ۔ رَحَبًا و رَحُبَ ۔ رُحْبًا و رَحَابَۃً: چوڑا ہونا، کشادہ ہونا، فراخ ہونا، کھلا ہونا، کافی جگہ یا گنجائش والا ہونا۔ رَحَّبَ ب: کسی (شخص یا خبر وغیرہ) کو خوش آمدید کہنا، کا خیر مقدم کرنا، کسی کا بنظر توجہ استقبال کرنا، کسی کو اس کی آمد ناگوار محسوس نہ ہونے دینا، کو خوش آمدید کہنا۔ تَرَحَّبَ ب: کو خوش آمدید کہنا، کا خیر مقدم کرنا۔ رَحْبٌ: چوڑا، کشادہ، فراخ، کھلا، وسیع، کافی جگہ یا گنجائش والا۔ رَحْبُ الصدرِ: سخی، فیاض، فراخ دل، کشادہ دل، وسیع النظر، روادار، بے تعصب، صاف دل، صاف گو، صاف باطن، بے لاگ، مخلص، پُرخلوص، ذمہ داریوں اور پریشانیوں سے آزاد۔ صدرٌ رَحْبٌ: سخاوت، فیاضی، فراخ دلی، کشادہ دلی، وسیع النظری، رواداری، بے تعصبی، صاف دلی، صاف گوئی، حق گوئی، بے لاگ پن، غیر جانبداری۔ رَحْبُ البَاع: سخی، فیاض، فراخ دل، روادار، بے تعصب۔ رَحْبُ الذراع: بمعنی رَحْبُ الباعِ۔ رُحْبٌ: چوڑائی، کشادگی، فراخی، کھلا پن، وسعت۔ اَتَی علی الرُّحْبِ والسَّعَۃِ: کو خوش آمدید کہا جانا۔ وَجَدَ رُحْبًا و سَعَۃً: دوستانہ استقبال کیا جانا۔ رَحَب: وسعت، فراخی، کشادگی، چوڑائی، گنجائش۔ رَحَبُ الصدر: سخاوت، فیاضی، فراخ دلی، بے غمی۔ رَحُبَۃ و رَحَبَۃ جمع رَحَبَات: (عمارت سے گھرا ہوا) چوک جمع رَحَبَات و رِحَاب: فراخی، کشادگی، پھیلاؤ، وسعت، وسیع علاقہ، پہنائی۔ رِحَابُ الکَوْن و رِحَابُ الفَضَاء: فضائے بسیط کی وسعت، پہنائی۔ رَحِیب: بمعنی رَحْب۔ رَحَابَۃ: وسعت، چوڑائی، کشادگی، فراخی، کھلی جگہ، گنجائش۔ رحابۃ الصدر: سخاوت، فیاضی، عالی ظرفی، فراخ دلی، بلند حوصلگی۔ مُرَحَّبًا بك: خوش آمدید۔ تَرْحَاب: خوش آمدید، خیر مقدم، تہنیت، مبارکبادی۔ قَابَلَہُ بترحاب: کا گرمجوشی سے استقبال کرنا۔ تَرْحِیب: خوش آمدید کہنا، خوش آمدید، خیر مقدم، تہنیت، مبارکبادی۔

○ رَحْرَحَ بالکلام: گول یا پہلودار بات کرنا، مبہم بات کرنا، اصل معاملہ سے دور رہنا۔ رَحْرَح و رُحْرَاح: چوڑا، کشادہ، وسیع، چپٹا، بے غم و فکر اور خوشگوار (زندگی)۔

رحض: ۱۔ رَحَضَ ۔ رَحْضًا و اَرْحَضَ الثوبَ: کپڑا دھونا۔ رُحِضَ المحمومُ: بخار والے کو پسینہ آنا۔ ثوبٌ رَحْضٌ: دھو کر گھسا پٹا کپڑا۔ الرُّحَاض: بخار

کے بعد آنے والا پسینہ۔ الـرَحِيْض: دھلا ہوا، دھویا ہوا۔ الـرُحَـاضَة: دھون، دھونے پر گندہ ہونے والا پانی۔ الرُحَضَاء: بخار کے اترتے وقت کا پسینہ، بدن کو شرابور کرنے والا پسینہ۔ الـمِـرْحَـاض جـمـع مَرَاحِيض: غسل خانہ، دھونے کی جگہ، کپڑا دھونے کا ڈنڈا، موگری، عام لوگ اسے "الـمـخـاط" کہتے ہیں، پاخانہ۔ الـمِرْحَضَة و الـمِرْحَاضَة: وہ برتن جس میں وضو کیا جائے۔

۲۔ اِرْتَحَضَ الرجل: رسوا ہونا، شرمندہ ہونا۔

رَحَضَ رُحُضَا: دھونا، کھنگالنا، مل مل کر دھونا۔ مِرْحَاض جمع مَرَاحِيض: غسل خانہ، پاخانہ، بیت الخلاء۔

رحق الرَّحَاق: شراب۔ الرَّحِيق: شراب، ایک قسم کی خوشبو۔ مِسْكٌ رَحِيقٌ: خالص مشک۔ حَسَبٌ رَحِيقٌ: خالص بے کھوٹ حسب۔

رحل رَحَلَ رَحْلًا و رَحِيلًا و تَرْحَالًا عن المكان: کوئی جگہ چھوڑ جانا۔ — اِلى المكان: کسی جگہ منتقل ہونا۔ — البَعِيرَ: اونٹ کی پیٹھ پر کجاوہ باندھنا، اونٹ پر سوار ہونا۔ — البِلادَ: ملک میں ادھر ادھر پھرنا، گھومنا۔ رَحَّلَهُ: کو تنگ کرنا، کوچ کرانا، کے کوچ کرنے میں کوشش کرنا۔ — الثوبَ: کپڑے پر نقش و نگار بنانا۔ رَاحَلَهُ: کی کوچ کرنے میں مدد کرنا۔ اَرْحَلَ: بہت سے سواری کے جانور رکھنا۔ — ت الدابَّةُ: جانور کا قوی پشت اور لاغری کے بعد فربہ ہو کر سفر کے قابل ہونا۔ — هُ: کو سواری دینا۔ — الابل او الناقة: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔ تَرَحَّلَ القومُ عن المكان: لوگوں کا کسی جگہ سے منتقل ہو جانا۔ اِرْتَحَلَ عن المكان: کسی جگہ سے منتقل ہو جانا۔ — البَعِيرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا، اونٹ پر سوار ہونا۔ اِسْتَرْحَلَهُ: سے سواری کا جانور مانگنا، سے سواری پر پالان ڈالنے کے لئے کہنا۔ الرَّحْل (مص) جمع رِحَال: کجاوہ، پالان، سفر میں ساتھ رکھنے والا سامان۔ (کہا جاتا ہے حَطَّ رَحْلَهُ و اَلْقَى رَحْلَهُ: وہ رہ پڑا اور اقامت گزین ہوا)، منزل، قیام گاہ۔ آپ کہتے ہیں عَادَ المسافرُ اِلى رَحْلِهِ: مسافر اپنی رہنے کی جگہ لوٹ آیا۔ الرِّحَال۔ عالیچ الرُّحْلَة: جہت سفر۔ (آپ کہتے ہیں دمشقُ رُحْلَتُنَا: دمشق وہ جہت ہے جس طرف ہم جا رہے ہیں)، سفر۔ بعیر ذو رُحْلَة: قوی مضبوط اونٹ۔ عَالِمٌ رُحْلَة: وہ عالم جس کی طرف لوگ کوچ کر کے آئیں۔ الرِّحْلَة: کوچ۔ (آپ کہتے ہیں غدًا رِحْلَتُنَا: کل ہم کوچ کر جائیں گے)۔ سفرنامہ، سفر کی قسم۔ (آپ کہتے ہیں: رحل فلانٌ رِحْلَةَ مَنْ لا يعود: فلاں شخص نے ایسے شخص کا کوچ کیا جو واپس نہ آئے)۔ بعیر ذو رِحْلَة: قوی اور مضبوط اونٹ۔ الـرَحِيـل (مص): کوچ، وہ اونٹ جس پر پالان کسا ہوا ہو۔ جمل رَحِيْل: چلنے کی طاقت رکھنے والا اونٹ۔ ناقة رَحِيْلَة: چلنے کی طاقت رکھنے والی اونٹنی۔ الـراحِل (فا) جمع رَاحِلون و رُحَّل و رُحَّال: کوچ کرنے والا، منتقل ہونے والا، کسی جگہ کو چھوڑ کر جانے والا۔ الرَحُول: بہت کوچ کرنے والا۔ الـمُرْحِل: بہت سی سواری والے جانوروں والا۔ — و الـمُرَحَّل من الجمال: قوی اونٹ۔ الارْحَل من الخيل والشاء: سفید پشت والا گھوڑا، سفید پشت والی بکری۔ الـمُرَحَّل من الإبل: اونٹ جس پر پالان کسا ہو۔ — من الثياب: نقش و نگار والا کپڑا۔ الرَحَّال جمع رَحَّالة: بہت سفر کرنے والا، کجاوہ بنانے والا۔ — الرَحَّالَة: بہت سفر کرنے والا۔ الرَاحِلَة من الابل جمع رواحِل: سواری کے لائق اونٹ، سفر و بار برداری کے لئے طاقتور اونٹ یا اونٹنی (مذکر و مونث دونوں کے لئے) تا مبالغہ کی ہے۔ الرِحَالَة جمع رَحَائِل: چمڑے کا زین جس میں لکڑی نہ لگی ہو۔ الراحول: کجاوہ۔ الـمَرْحَلَة جمع مَرَاحِل: اس قدر مسافت جس کو مسافر ایک دن میں طے کرے، مسافر کے ایک دن کا سفر۔ مُرْتَحَل البعير: اونٹ پر کجاوہ باندھنے کی جگہ۔

۲ رَحَلَ ـ رَحْلًا و رَحِيلًا و تَرْحَالًا هُ بالسيف: کسی پر تلوار اٹھانا۔

۳ رَحَلَ ـ رَحْلًا و رَحِيلًا و تَرْحَالًا فلان فلانًا بما يكره: کسی کا کسی سے ناگوار طور پر پیش آنا۔ کہا جاتا ہے رَحَلْتُ لهُ نفسي: میں نے اس کی ملامت پر صبر کیا۔ يَرْحَلُ فلانًا: کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔ اِرْتَحَلَ الامرَ: کسی امر پر قابو پانا۔ اِسْتَرْحَلَ الناسَ نفسَهُ: خود کو کسی کے سامنے ذلیل کرنا۔

رَحَلَ ـ رَحِيلًا: (سفر پر) روانہ ہونا، روانہ ہونا، چلے جانا، رخصت ہونا، چھوڑ جانا، ترک وطن کر جانا، منتقل ہو جانا۔ — عن: کسی جگہ سے روانہ ہونا۔ رجل يرحل و يقيم: ہمیشہ مصروف، کارکن شخص۔ رَحَّلَهُ: کو چھوڑ جانے کا باعث ہونا، کو روانہ ہونے پر اکسانا یا زور دینا۔ — ہ الى: کو کسی دوسری جگہ نکال لیجانا، کو کسی دوسری جگہ بسانا، بٹھانا، کو کسی دوسری جگہ نکال دینا، جلا وطن کرنا۔ — ہ: کو ہجرت کرنے دینا، کو سفر کا پروانہ دینا۔ — هم: (بحری جہاز کا) لوگوں کو لیجانا۔ — ہ: کو منتقل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا، اٹھا لے جانا، روانہ کرنا، ارسال کرنا، آگے بھیجنا۔ — ہ: (رقم وغیرہ) کو اگلے صفحے پر لے جانا۔ تَرَحَّلَ: ادھر ادھر پھرنا، بے مقصد پھرنا، بھٹکتے پھرنا، گھومنا، سیر کرنا، مٹرگشت کرنا، ہجرت کرنا، دیس چھوڑنا، ترک وطن کرنا، نقل مکانی کرنا، خانہ بدوش زندگی بسر کرنا، نکالا جانا۔ اِرْتَحَلَ: روانہ ہونا، کوچ کرنا، ہجرت کرنا۔ اِرْتَحَلَ اِلى رحمة ربّهِ: مرنا، فوت ہونا، وفات پانا۔ رَحْل جمع رِحَال: زین، کجاوہ، پالان، کاٹھی، خورجین، سفری سامان (جمع): رکنے یا ٹھہرنے کی جگہ، سفر کے دوران کسی جگہ مختصر قیام۔ شَدَّ الرِحَال: روانہ ہونا، کوچ کر جانا۔ اَلْقَى رِحَالَهُ في: کسی جگہ رکنا۔ رِحْلَة: سفر، سیاحت، سیاحی مہم کا باتصویر تذکرہ۔ رُحْلَة: منزل مقصود، وہ جگہ جہاں پہنچنا ہو۔ رَحِيل: روانگی، ترک وطن کر کے جانا، ہجرت، مہاجرت، کوچ، موت، وفات، انتقال۔ رَحَّال جمع رُحَّل: گھومنے پھرنے والا، کسی جگہ کے چکر لگانے والا، ادھر ادھر پھرنے والا، مٹرگشت کرنے والا، سیر کرنے والا، بھٹکنے والا، ہجرت کرنے والا، نقل مکانی کرنے والا، خانہ بدوش، خانہ بدوشانہ۔ جمع رَحَّالَة: بڑا مسافر، سیاح، غیر معروف علاقہ کی سیاحت کرنے والا، خانہ بدوش، بدوی۔ الطيورُ الرَحَّالَة: نقل مکانی کرنے والے پرندے۔ الأعراب (العُرْبان) الرُحَّل: خانہ بدوش بدوی۔ رَحَّالَة: بڑا سیاح، مسافر، غیر معروف علاقہ کی سیاحت کرنے والا، جہاں گرد، جہان گشت۔ مَرْحَلَة جمع مَرَاحِل: ایک دن کا سفر، سفر کا ایک مرحلہ، راستہ میں رکنے یا قیام کرنے کی جگہ، مرحلہ، مقام، دور۔ يَزِيْدُ عليه بِمَرَاحِل: یہ اس سے کہیں زیادہ ہے۔ في مراحل حياتها: اس خاتون کی زندگی بھر، اس خاتون کی زندگی کے تمام مراحل میں۔ تَرَحُّل: روانگی۔ حياة الترحال: خانہ بدوشانہ زندگی۔ تَرْحِيل: ترک وطن، ہجرت، جلاوطنی، دوسرے ملک میں منتقل ہونا، رحلت، کوچ، خروج، کسی کی روانگی کی تکمیل یا اس کا بروئے کار لانا، دیس نکالا، جلاوطنی، انخلا، دوبارہ آباد ہونا، ایک جگہ سے دوسری جگہ انتقال، نئے گھر میں جانا، مسافر یا اسباب لیجانا، نقل و حمل، حساب کھاتے میں درج کرنا، رقم وغیرہ دوسرے صفحہ پر لیجانا، ارسال، ترسیل۔ تَرْحِيل عُمَّال: کام کرنے والوں کا تقرر۔ اِرْتِحَال: روانگی، کوچ، ترک وطن، جلاوطنی، دوسرے ملک میں منتقلی، خروج، اخراج، موت و وفات۔ رَاحِل

جمع رُحَّل: کوچ کرنے والا، روانہ ہونے والا، چھوڑ کر جانے والا، جدا ہونے والا، سفر کرنے والا، سیاحت کرنے والا جمع اِحِلُون: متوفی، آنجہانی، دنیا سے جانے والا، مرحوم ـ الفقید الراحل: مرحوم۔ رَاحِلة جمع رَوَاحِل: سواری کی اونٹنی ـ شَدَّ رَاحِلَتَہٗ: اونٹ پر پالان کسنا، سفر پر روانہ ہونا ـ مُرَحَّل جمع مُرَحَّلات: رقم وغیرہ جو اگلے صفحہ پر لیجائی گئی ہو ـ مجموعٌ مُرَحَّلٌ: میزان جو اگلے صفحہ پر لیجایا گیا ہو۔

○ راحیل: راحِل (عورتوں کا نام)۔

رحم: ا ـ رَحِمَ ـَ رَحْمَةً و مَرْحَمَةً و رُحْماً و رُحُمًا ہٗ: پر ترس کھانا، رحم دل ہونا، مہربانی وشفقت کرنا، کو معاف کرنا، کی مغفرت کرنا ـ رَحَّمَ و تَرَحَّمَ علیہ: کیلئے رَحِمَہُ اللّٰہ کہنا، یعنی اللہ تعالیٰ اس پر مہربانی کرے اور اسے معاف کرے ـ تَرَاحَمَ القومُ: ایک دوسرے پر رحم کرنا، ترس کھانا ـ اِسْتَرْحَمَ ہٗ: سے مہربانی کی التجا کرنا ـ الرُّحْم و الرَّحْمَة و الرُّحْمَی: نرم دلی ترس جو مغفرت واحسان کا مقتضی ہو ـ الراحم والرَّحُوم: مہربانی کرنے والا، ترس کھانے والا، شفقت کرنے والا، معاف کرنے والا ـ الرَّحِیم جمع رُحَمَاء: بمعنی الراحم ـ اللہ تعالیٰ کا ایک نام، رحم کیا ہوا ـ الرَّحْمَان: مہربانی کرنے والا ـ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ میں سے ایک نام اور اللہ تعالیٰ سے مخصوص ـ المُرَحَّم: رحم اور معاف کیا ہوا ــــ والمرحوم: متوفی ـ المَرْحَمَة جمع مَرَاحِم: رحمت ـ الرَّحَمُوت: رحمت عظیم ـ کہا جاتا ہے: رَهَبُوت خیرٌ من رَحَموت: تیرا ڈرایا جانا اس سے بہتر ہے کہ تجھ پر مہربانی کی جائے۔ (یہ ہمیشہ جوڑا استعمال ہوتا ہے)۔

۲ ـ رَحِمَ ـَ و رَحُمَ ـُ رَحْماً و رَحَمًا و رَحَامَةً و رُحِمَت المرأةُ: ولادت کے بعد عورت کے رحم میں شکایت پیدا ہو جانا ـ صفت رَحُوم و رَحِمَة و رَحْمَاء ـ الرَّحِم والرِّحْم (مؤنث) جمع اَرْحام: بچہ دانی، رشتہ داری ـ کہا جاتا ہے ھو ذو الرحم: رشتہ دار، قرابت والا ـ الرُّحَام (طب): رحم کی ایک بیماری۔

○ رَحِمَ ـَ رَحْمَةً و مَرْحَمَةً ہ: پر رحم کھانا، ترس کھانا، پر مہربانی کرنا، رحم کرنا، کو چھوڑ دینا ـ رَحَّمَ علیہ: کسی کو رَحِمَكَ اللّٰہ کہنا جس کا معنی اللہ تجھ پر رحم کرے ہے ــــ علی: اللہ تعالیٰ سے کسی پر رحم کرنے کی درخواست کرنا، اللہ تعالیٰ سے جو کچھ ہوا اس کے لئے عفو ودرگذر کی التجا کرنا ـ تَرَحَّمَ علیہ بمعنی رَحَّمَ علی ـ تَرَاحَمَ: ایک دوسرے کے لئے انسانی مفاہمت ظاہر کرنا، ایک دوسرے سے محبت اور ایک دوسرے کا احترام کرنا ـ اِسْتَرْحَمَ ہٗ: سے مہربانی یا رحم کی درخواست کرنا ـ رَحِم و رِحْم جمع اَرْحَام: رحم، بچہ دانی، رشتہ داری، قرابت ـ ذوو الارحام: ماں کی طرف سے رشتہ دار ـ رَحْمَة: رحم، ترس، انسانی مفاہمت، مہربان، ہمدردی، عفو ودرگذر ـ کان تحت رَحْمَتِہ: کسی کے رحم وکرم پر ہونا ـ جَعَلَہٗ تحتَ رحمتہ: کو کسی کے رحم وکرم پر چھوڑنا ـ بساط الرحمة: جنازے کے اوپر کی چادر تابوت کو ڈھکنے والی چادر، قبر کی چادر ـ رَحِیم جمع رُحَمَاء و رُحُوم: رحم دل، نرم دل، دردمند، مہربان، غفور، رحیم، کریم، ترس کھانے والا، خدا ترس ـ الرحمان: رحیم، اللہ تعالیٰ کا ایک نام ـ مَرْحَمَة جمع مَرَاحِم: رحم، ترس، دیا، رحم، خدا ترسی، تلطف، مہربانی، ہمدردی، شفقت، عفو، درگذر ـ تَرْحِیم المَوْتَی جمع تَرَاحِیم: مرنے والے کے لئے دعا (مسیحیت میں)۔ اِسْتِرْحام: رحم کی درخواست ـ مَرحوم: متوفی، مرنے والا ـ المرحوم السید: مرحوم جناب فلاں۔

رحا: ا ـ رَحَا ـُ رَحْوًا و رَحَی ـِ رَحْيًا و تَرَحَّتِ الحیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

۲ ـ رَحَا ـُ رَحْوًا الرحی: چکی چلانا ـ الرَّحَی (مونث) تثنیہ رَحَوَان و رَحَیَانِ جمع اَرْحاء و اَرْحِیَة و أَرْحٍ و رُحِيّ و رَحِيّ و اَرْحِيّ: چکی ــــ جمع اَرْحَاء: لڑائی کا گھمسان، داڑھ ـ کہا جاتا ہے طَحَنَہٗ بِاَرْحَائِہٖ: اس نے اسے اپنی داڑھوں سے پیس ڈالا ـ المَرْحَی: گھمسان کی لڑائی ـ المُرَحِّی: چکی بنانے والا۔

۳ ـ الرَّحَی جمع اَرْحَاء: سینہ، قوم کا سردار (کہا جاتا ہے ھو رَحَی قومِہٖ: وہ اپنی قوم کا سردار ہے) بدلی (چھوٹا بادل) وہ قبیلہ جو گھاس پانی کی طلب میں نہ جائے اور اپنی جگہ سے نہ ٹلے۔

○ رَحًی مونث جمع اَرْحَاء و رُحِيّ و اَرْحِيَة: چکی (ہاتھ کی) ـ حَجَرُ الرَّحَی: چکی کا پاٹ ـ دارت رَحَی الحرب/القتال: جنگ (لڑائی کا) یکا یک لگ جانا، جنگ (لڑائی) جاری تھی ـ رَحَوِيّ: گھومنے والا، گردش کرنے والا ـ رَحَّاي جمع رَحّایون: پیسنے والا۔

رخ: ا ـ رَخَّ ـُ رَخًّا ہٗ: کو پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا ــــ الشـ [illegible] پانی [illegible] العجینُ: گندھے ہوئے آٹے میں پانی زیادہ ہو جانا ـ عام لوگ رَخّةٌ کو اتفاق سے ضرب لگانا کے معنے میں لیتے ہیں اور رَخَّ سے سر جھکانا یا زمین کی طرف جھکنا مراد لیتے ہیں ـ اَرَخَّ العجینَ: گندھے ہوئے آٹے میں پانی زائد کرنا ــــ فی الامر: معاملہ میں مبالغہ کرنا ـ اِرْتَخَّ الرجلُ: ڈھیلا ہونا، مضطرب ہونا ـ الرَّخّ: ہلکی پھوار، ترشح (عام لوگوں کی زبان میں)، الرَّخَخ: سہولت، نرمی ـ الرَّخَاخ (ن): نرم وتازہ پودا ـ رَخَاخُ العَیْشِ: زندگی کی آسودگی وفراخی ـ عَیْشٌ رَخَاخٌ: آرام دہ وخوشگوار زندگی ـ اَرضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین ـ اَرْضٌ رَخّاء جمع رَخَاخِيّ: نرم زمین۔

۲ ـ الرُّخّ جمع رِخَاخ و رِخَخَة: شطرنج کا ایک مہرہ ـ واحد رُخَّة جمع رِخَاخ و رِخَخَة (ح): ایک خیالی بڑا پرندہ۔

۳ ـ الرَّخْرَخ و الرَّخْرَاخ: پتلا گارا ـ المُرَخْرَخ: نرم و تازہ۔

○ رَخَّ ـُ رَخًّا ہ: شراب میں پانی ملانا، میں پانی ملا کر ہلکا کرنا ـ رَخّ واحد رخة: ہلکی پھوار، ترشح ـ رُخّ: ایک بڑے افسانوی پرندے کا نام ـ جمع رخاخ و رِخَخَة): رُخّ: شطرنج کا ایک مہرہ ـ رَخَاخ: نرم (زمین)، آرامدہ، خوشگوار اور مطمئن (زندگی)۔

رخت: الرَّخْت جمع رُخُوت: زین۔

رخش: تَرَخَّشَ و اِرْتَخَشَ: مضطرب ہونا ـ الرُّخْشَة: اضطراب۔

رخص: ا ـ رَخُصَ ـُ رُخْصًا الشیءُ: سستی ہونا ـ صفت رَخِیص ـ رَخَّصَ السِعْرَ: بھاؤ مندا کرنا، گھٹانا، سستا کرنا ـ اَرْخَصَ ہٗ: کو سستا کرنا، کو سستا پانا یا سستا خریدنا ـ اِرْتَخَصَ ہٗ: کو سستا سمجھنا یا سستا خریدنا ـ اِسْتَرْخَصَ الشیءَ: کو سستا سمجھنا ـ الرَّخِیص: سستا ـ موتٌ رَخِیصٌ: جلد آنے والی موت۔

۲ ـ رَخُصَ ـُ رَخَاصَةً و رُخُوصَةً: نرم ونازک ہونا ـ صفت رَخْصٌ و رَخِیصٌ مونث رَخْصَة جمع رَخَائِص۔

۳ ـ رَخَّصَ لہٗ کذا او فی کذا: کسی کو کسی چیز کی ممانعت کے بعد اس کی اجازت دینا ـ تَرَخَّصَ فی الامر: کسی امر میں رخصت پر عمل کرنا ــــ فی کذا: کو کسی اجازت دیا جانا ــــ فی حقِّہٖ: اپنے حق میں جو ممکن ہو لینا، حق پورا نہ لینا ـ الرُّخْصَة و الرُّخُصَة: تخفیف، آسانی ـ (کہا جاتا ہے لَكَ فی ھذا الامر رُخْصَة: تیرے لئے اس معاملہ میں تخفیف یا آسانی ہے)، پینے کی باری۔

رَخُصَ ـُ رُخْصًا سستا ہونا، ارزاں ہونا۔ رَخَاصَةً: نرم و لچکدار ہونا، نازک ہونا۔ رَخَّصَ ل ب/فی کو کی اجازت دینا، کو کچھ کرنے کی اجازت دینا، کو کچھ کرنے کا اختیار دینا، کو کا لائسنس دینا ـــــ ل: کو اختیار دینا، مختار کرنا، مجاز کرنا ـ ہ کی قیمت کم کرنا۔ اَرْخَصَ ہ کی قیمت کم کرنا۔ تَرَخَّصَ مع فی کو میں خوش کرنے پر آمادہ ہونا، کو میں جائز شرائط پر ملنا، سے میں معاملہ کو رفع دفع کرنے کو تیار ظاہر کرنا ـــــ فی ب میں رعایتیں دینا۔ فی میں بیجا بے تکلفی سے کام لینا۔ اِسْتَرْخَصَ ہ کو سستا پانا، ارزاں سمجھنا۔ ہ کی اجازت چاہنا۔ رَخْص نرم، لچکدار، نازک۔ رُخْص ارزانی۔ رُخْصَة جمع رُخَص اجازت، رعایت، لائسنس، حق، رسائی، اختیار، رخصت، پرمٹ۔ رُخْصَة قیادة السیارات کار چلانے کا پرمٹ، لائسنس۔ رَخِیص لچکدار، نازک، نرم، سستا، ارزاں، کم قیمت، نکمی و ردی چیز، گھٹیا، بھڑک دار چیز، محض نمائشی۔ تَرْخِیص جمع ترخیصات اجازت دینا، اجازت، اختیار، اختیارات تفویض کرنے والا فرمان، رعایت، لائسنس، قیمت میں کمی، قیمت میں کٹوتی۔ مُرْتَخَص کم قیمت، ارزاں، سستا۔ کل مُرْتَخَصٍ و غالٍ ہر چیز (جو کسی کے اختیار میں ہو)۔ خیال میں آجانے والی ہر کوشش۔

رحف: رَخُفَ ـُ رَخْفًا و رَخِفَ ـَ رَخَفًا و رُخُفًا و رَخَافَةً و رُخُوفَةً العجینُ: گندھے ہوئے آٹے کا ڈھیلا ہونا، پتلا ہونا۔ صفت رَخْفٌ و راخِفٌ۔ اَرْخَفَ العجینَ: آٹے کو پتلا کرنا، آٹے میں پانی زیادہ کرنا۔ الرَّخْف جمع رِخَاف: ڈھیلا یا پتلا آٹا، پتلا مکھن۔ الرَّخْفَة جمع رِخَاف: پتلا آٹا یا مکھن۔ ـ والرَّخِیف: نرم پتلا پتھر۔

رخل: الرِّخْل و الرَّخِل و الرِّخْلَة جمع اَرْخُل و رُخَال و رِخَال و رِخْلان و رِخْلَة و رَخَلَة (ح): بھیڑ کا مادہ بچہ۔ المُتَرَخِّل: بھیڑ کے مادہ بچے بہت رکھنے والا۔

رخم: ۱ رَخُمَ ـُ رَخَمًا و رَخِمَ ـَ رَخَامَةً الصوتُ او الکلامُ: آواز یا کلام کا باریک و نرم ہونا۔ صفت: رَخِیم۔ ـ ت الجاریةُ: لڑکی کا نرم کلام والی ہونا۔ صفت رَخِیمة و رَخِیم۔ رَخَّمَ تَرْخِیمًا الشیءَ: چیز کو باریک و نرم کرنا، کی دم کاٹنا۔ اسی سے نحویوں نے ترخیم المنادیٰ کو لیا ہے۔ یعنی ندا کے طور پر آنے والے نام کے آخری حرف کو حذف کر دینا۔

۲ رَخَمَ ـُ رَخْمًا و رَخَمًا و رَخَمَةً تِ الدجاجةُ البیضَ و علی البیضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت رَاخِم و مُرْخِم و مُرْخِمَة۔ ـ رَخْمًا و رُخْمَةً و رَخَمَةً تِ المرأةُ ولدَها: عورت کا اپنے بچے سے کھیلنا اس سے لاڈ پیار کرنا ـــــ ہُ: پر رحم و مہربانی کرنا۔ رَخِمَ: بمعنی رَحِمَ۔ رَخَّمَ تَرْخِیمًا الدجاجةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔ اَرْخَمَتِ الدجاجةُ علی البیضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت راخِم و مُرْخِم و مُرْخِمَة۔ الرَّخَم (مص): نرمی، محبت۔ الرُّخَمَی: نرم ہوا۔

۳ الرَّخْم: گاڑھا دودھ۔ الرَّخَم واحد رَخَمَة جمع رُخْم (ح): گدھ۔ الرُّخَام: سنگ مرمر۔ الرُّخَامَة: سنگ مرمر کا ایک ہموار تختہ۔ الاَرْخَم من الخیل مؤنث رَخْمَاء جمع رُخْم: وہ گھوڑا جس کا سر سفید اور باقی جسم سفید ہو۔ الرُّخَامَی (ن): ایک قسم کا پودا۔ المَرْخُوم و الیَرْخُوم و الیَرْخُم (ح): نر گدھ۔

رَخُمَ ـُ رَخَامَةً و رَخِمَ ـَ رُخْمًا: آواز کا نرم، ملائم، لطیف، خوشگوار ہونا۔ رَخَمَتْ بیضَها و علی بیضِها: مرغی کا انڈے سینا، انڈوں پر بیٹھنا۔ رَخَّمَ ہ: آواز کو نرم و ملائم کرنا۔ ہ: (لفظ) کو حذف کرنا، مختصر کرنا یا کم کرنا ـــــ ہ: فرش پر سنگ مرمر کے ٹائل لگانا۔ رَخَم واحد رَخَمَة: مصری گدھ۔ رُخَام: سنگ مرمر۔ رُخَامَة جمع رُخَامات: سنگ مرمر کا ہموار تختہ، سلیب (slab)۔ رَخِیم: نرم، ملائم، خوشگوار، خوش آہنگ، سریلی، رسیلی (آواز)، ہلکا سر، نیچا سر۔ تَرْخِیم: کم کرنا، مختصر کرنا، حذف کرنا (خصوصاً منادی کے آخری حرف صحیح کو)۔

رخی: ۱ رَخِیَ ـَ رَخًا و رِخْوَةً و رَخُوَ ـُ رَخَاوَةً: نرم ہونا، آسان ہونا، آسودہ زندگی والا ہونا۔ صفت رَخْو و رُخْو و رِخْو۔ رَخَا ـُ و رَخِیَ ـَ و رَخِیَ ـَ و رَخُوَ ـُ رَخَاءً العیشُ: زندگی کا آسودہ، فراخ و خوشگوار ہونا۔ صفت رَاخٍ و رَخِیّ۔ رَخَّی الشیءَ بالشیءِ: چیز کو چیز میں ملانا، خلط ملط کرنا۔ رَاخَی مُرَاخَاةً الشیءَ: کو نرم کرنا۔ ـ العقلةَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے رَاخَی خناقَهُ او رِبَاقَهُ: اس نے اس کے پھندے دور کر دیئے۔ اَرْخَی اِرْخَاءً الشیءَ: کو ڈھیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے اَرْخَی عمامتَه: وہ مطمئن اور مامون ہوا۔ ـ زِمَامَ النَّاقَةِ: اونٹنی کی نکیل کو ڈھیلا چھوڑنا ـــــ الستر: پردہ چھوڑنا ـــــ دابَّتَهُ: جانور کو اپنی مرضی سے چلنے دینا، تھکائے بغیر دوڑنے دینا ـــــ الفرسَ و للفرسِ: گھوڑے کی رسی دراز کرنا۔ کہا جاتا ہے اَرْخِ لَهُ الحبلَ: اسے کام کرنے میں آزادی دو۔ تَرَاخَی الفرسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست و کاہل ہونا۔ تَرَخَّی: ڈھیلا ہونا، نرم ہونا۔ اِسْتَرْخَی: ڈھیلا ہونا، نرم ہونا۔ ـ ت به حالُهُ: اس کی حالت سختی و تنگی کے بعد اچھی اور خوشگوار ہونا۔ الرَّخَاء (مص): زندگی کی آسودگی و فراخی۔ الرُّخَاء: نرم ہوا جو کسی چیز کو نہ ہلائے۔ المِرْخَاء جمع مَرَاخٍ: تیز دوڑنے والا جانور۔ المُتَرَاخِی مصدر تَرَاخٍ: کہا جاتا ہے اِنّ فی الامر تَرَاخِیًا: اس امر میں گنجائش اور پھیلاؤ ہے ـــــ الاخلاقی: اخلاقی ڈھیلا پن، آوارگی، بدچلنی، اخلاقی کمزوری۔ الاُرْخِیَة جمع اَرَاخِیّ: ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ المَرْخُوِیَّات (ج): بحری یا پانی کے ڈھیلے جانور خصوصاً گھونگھے دار سیدھے اور سیپی۔

۲ رَاخَی مُرَاخَاةً ہُ: کو دور کرنا۔ کہا جاتا ہے خِلْتُ الفرارَ یُرَاخِی الاجلَ: میں نے خیال کیا کہ فرار موت کو دور کر دیتا ہے۔ تَرَاخَی تَرَاخِیًا: پیچھے رہنا، دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے تَرَاخَتِ السماءُ: بارش برسنے میں دیر ہوئی۔ ـ عنه: سے دور ہونا۔

۳ رَاخَتِ المرأةُ: عورت کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔

رَخُوَ ـُ و رَخِیَ ـَ رَخَاوَةً و رَخَاءً: ڈھیلا ہونا یا ہو جانا، کمزور، کاہل یا سست ہونا یا ہو جانا، نرم ہونا یا ہو جانا، سست پڑ جانا، ٹھنڈا پڑ جانا، جھک جانا، گھٹنا، مندا ہونا۔ رَخَا ـُ رَخَا عیشُهُ: متمول زندگی گزارنا، اچھے حالات میں زندگی بسر کرنا۔ اَرْخَی ہ: کو ڈھیلا کرنا، چھوڑنا، نیچا کرنا، گرانا، لٹکانا۔ تَرَاخَی: سست ہونا، جھکنا، خمیدہ ہونا، گر پڑنا، لنگڑا ہو جانا ـــــ عن: میں ناطاقتی یا تھوڑی سرگرمی ظاہر کرنا، کم طاقت ور ہونا، ڈھیلا ڈھالا یا بے پرواہ ہونا، فرض ناشناس ہونا ـــــ: قیمتوں کا گرنا، مصالحت، پیچھے رہنا، (منڈی کا) ماندہ، سرد یا پھیکا پڑنا، کم ہونا، گھٹنا، نڈھال ہونا، اترنا، کمزور ہونا ـــــ عن: سے باز رہنا ـــــ: (پردہ) کا گرنا، نیچا ہونا، دیر کرنا، کم ہونا۔ اِسْتَرْخَی: سست ہو جانا، مندا ہونا، جھکنا، دہرا ہونا، گر پڑنا، لنگڑا ہو جانا، ڈھیلا ڈھالا ہو جانا، چپچپا ہو جانا، نرم ہو جانا، کھلا ہو جانا، کھلنا، گھٹنا، کم ہو جانا، کم مضبوط ہونا، نڈھال ہونا، طاقت زائل ہونا۔ رَخْو و رِخْو: ڈھیلا، ڈھیلا ڈھالا، سست، کاہل الوجود، لنگڑا، نرم، چپچپا، آرام طلب، نکما، پژمردہ، نڈھال، سست رفتار، لچکدار۔ رَخَاء: آرام، آسائش، خوشی، فروغ، اقبال مندی، فراخی، فراوانی،

امیری، امارت، خوشحالی، انصاف، قیمتوں کی گراوٹ۔ رُخَاء: نرم وہلکی ہوا۔ رَخَاوَة: نرمی، ڈھیلا پن، لنگڑاہٹ، بے پروائی، برائی، خرابی۔ رَخَاوَة العُود: کردار کی کمزوری۔ رَخِي: کمزور، نڈھال، پژمردہ، ستایا ہوا، آرام سے، گرم اور آرام دہ۔ تَرَاخٍ: لنگڑاہٹ، سستی، کاہلی، ڈھیلا پن، کمزوری، ناتوانی، تھکاوٹ، تھکن، آلکسی، کمی، تخفیف، قوت میں کمی، ستانا، چھوڑنا، کشادگی۔ اِرْتِخَاء: ڈھیلا ہونا، ست ہونا، الکسانا بے ترتیبی، ڈھیلا پن، کشادگی، مندا ہونا، سرد بازاری، بے پروائی، غفلت، کمی، گھٹاؤ، تخفیف، کٹوتی، نرمی، تسکین، قوت کی کمی، آسائش، آرام، بے پروائی، ڈھیلا پن، ستانا، تخفیف، رعایت، لنگڑاہٹ، کمزوری، ناتوانی، تکان، پژمردگی، سستی، آلکسی، ضعف، کمزوری، بے کیفی۔ اِسترخاء بمعنی ارتخاء راخٍ: خمیدہ جھکنے جانے والا، افسردہ، مضمحل۔ مُتَرَاخٍ: لنگڑا، نرم، ڈھیلا ڈھالا، پرشکن، کمزور، ناطاقت، پلپلا، بے جان، ضعیف، تھکا ماندہ، ست کاہل، مضمحل، بے ہمت، مردہ دل، بے کیف، بے رونق، بے پروا، غافل، آلکسی، آرام طلب۔

ردّ: ا۔ رَدَّ ـُ رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُودًا و رِدِّيدَى هُ عن كذا: کو سے پھیرنا، واپس کرنا۔ — هُ إلى بيته: کو اس کے گھر کی طرف لوٹانا۔ کہا جاتا ہے: مَا يَرُدُّ هذا عليك شيئًا: یہ چیز تم کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچائے گی۔ — اليه جوابًا: کو جواب بھیجنا۔ — عليه الشيءَ: کسی کی کوئی چیز پھیر دینا، قبول نہ کرنا۔ — الشيءَ: چیز کو ایک حالت سے دوسری میں پھیر دینا۔ جیسے: فَرَدَّ شعورَهُنَّ السودَ بيضًا: چنانچہ اس نے ان خواتین کے کالے بالوں کو سفید کرایا۔ — فلانًا: کو خطا کار ٹھہرانا۔ — البابَ: دروازہ بند کرنا۔ — تَرْدَادًا القولَ: بات کو بار بار دہرانا۔ رَدَّدَ القولَ: بمعنی رَدَّ القول ہے اور باب تفعیل کثرت کے لئے ہے۔ رَادَّهُ في الكلام: سے بحث کرنا۔ — هُ الشيءَ: کو چیز واپس کر دینا۔ تَرَدَّدَ: دہرایا جانا۔ — في الأمر: کسی امر میں متردد ہونا، شک وشبہ میں پڑنا۔ — اليه: کسی کے پاس بار بار آنا۔ — في الجواب: جواب میں زبان کا لڑکھڑانا۔ تَرَادَّ الماءُ: پانی کا بہاؤ کے مقام میں کسی روک کی وجہ سے پانی کا پیچھے ہٹنا۔ — في الجواب: جواب میں زبان کا لڑکھڑانا۔ — البيعَ: فسخ بیع پر آپس میں رضامند ہونا۔ اِرْتَدَّ الشيءَ: چیز کو واپس کرنا، کی واپسی چاہنا۔ — على اثره او عن طريقه: اپنے قدموں پر لوٹنا۔ — عن دينه: دین سے پھر جانا۔ — عن هبته: ہبہ کو واپس لے لینا، لوٹا لینا۔ — إلى الصواب: صواب کی طرف لوٹ جانا۔ اِسْتَرَدَّ الشيءَ: کی واپسی کرنے کا سوال کرنا، کی واپسی چاہنا۔ — الهبة: ہبہ کو واپس لوٹا دینا۔ — هُ الشيءَ: کسی سے شے کی واپسی کا سوال کرنا، مطالبہ کرنا۔ الرَّدّ (مص): زبان کی لڑکھڑاہٹ، پیداوار۔ کہا جاتا ہے: ضيعة كثيرة الرد: بہت پیداوار والی جاگیر۔ درهمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ لاتعطني من ردود الدراهم: مجھے کھوٹے درہم نہ دو۔ شيءٌ رَدٌّ: ردی چیز۔ امرٌ رَدٌّ: طریقہ، شریعت کے خلاف کام۔ الرِّدّ: چیز کی ٹیکی یا سہارا۔ الرَّدَّة: ردّ کا اسم مرّہ، خوش روئی کے ساتھ کچھ بدروئی۔ کہا جاتا ہے: في وجهه رَدَّة: اس کے چہرہ میں کچھ بھونڈا پن ہے۔ الرِّدَّة: ارتداد (کہا جاتا ہے: شربت الابل رِدَّةً: اونٹوں نے دوسری بار پانی پیا)، تھوڑی کا پچکنا، پہاڑ کی گونج۔ الأَرَدّ: زیادہ نفع بخش۔ الرُّدَّى: مطلقہ، طلاق دی ہوئی عورت۔ المِرَدّ من الرجال: بہت رد کرنے والا بہت حملے کرنے والا۔ الرَّدَاد و الرِّداد: واپسی۔ الرَّدِيد: وہ بادل جو پانی برسا چکا ہو۔ التَّرْداد: ردّ، تکرار۔ الرَّادَّة والمَرَدَّة: فائدہ۔ کہا جاتا ہے: لا رادَّةَ او لا مَرَدَّةَ فيه: اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ المُرَدَّد: حیران۔ المَرْدُود (مفع): غیر مقبول۔ کہا جاتا ہے: رأيٌ مَرْدُودٌ: نامنظور رائے۔ مَرْدُودُ او عائِدُ آلةٍ ما (ف): مشین کی پیداواری طاقت کی اس طاقت کی طرف نسبت جو اسے خرچ کرتی ہے۔ المَرْدُودَة: مردود کا مونث، استرا۔

۲۔ اَرَدَّ البحرُ: سمندر کا موجزن ہونا۔ — الرجلُ: غصہ سے پھول جانا۔ — ت الشاةُ: بکری کا تھن والی ہونا۔ صفت: مُرِدّ۔ الرِّدَّة: بچہ جننے سے پہلے بکری کے تھنوں کا دودھ سے بھر جانا۔ المُرِدّ (فا) جمع مَرَادّ: غضبناک، ناراض، زیادہ پانی پی جانے والا اونٹ، عرصہ دراز تک سفر میں رہنے والا یا بغیر بیوی کے رہنے والا۔ المَرْدُود: عرصہ تک سفر میں رہنے والا یا دیر تک بغیر بیوی رہنے والا۔

۳۔ رَدَّ ـُ رَدًّا: واپس بھیجنا۔ — هُ الى: کو کے پاس واپس لانا، لیجانا۔ — هُ إلى: کو اس کی جگہ لوٹانا، کو اس کی جگہ دوبارہ رکھنا، لگانا۔ — هُ: کو دھکیلنا، دور کرنا، پیچھے کو گرانا، پچھاڑنا، کی مخالفت کرنا، مزاحمت کرنا، کو طاقت سے روکنا، کا مقابلہ کرنا، کی مقاومت کرنا۔ — هُ (خواہش کی تکمیل وغیرہ) کو مسترد کرنا، (اس خواہش کو [illegible] کو روکنا، حملہ سے بچنا، وار خالی دینا، دفع کرنا، پیچھے ہٹانا۔ — تُهْمَةً: شک وشبہ رد کرنا۔ — هُ إلى: کو کسی کو واپس دینا، لوٹانا، واپس کرنا۔ — السلامَ: سلام کا جواب دینا۔ — على: کسی کو جواب دینا۔ — هُ (روشنی) منعکس کرنا، (آواز) کو لوٹانا۔ — على: کسی چیز کو غلط ثابت کرنا، باطل کرنا، جھٹلانا، غلط ٹھہرانا، (کسی بات) کی تردید کرنا، کو باطل ثابت کرنا۔ — هُ عن: کو سے روکنا، باز رکھنا، کو سے روکے رکھنا، کو سے باز رہنے کو کہنا، کو کوئی کام نہ کرنے پر آمادہ کرنا۔ — هُ إلى: کو (اصل) سے منسوب کرنا، کی اصل یا وجہ معلوم کرنا، دریافت کرنا۔ — هُ على: کو کے پاس لانا، کو کے حوالے کرنا۔ — هُ: کو دوبارہ بطور...... مقرر کرنا، بحال کرنا۔ رَدَّهُ حَاكِمًا: کو دوبارہ گورنر مقرر کرنا، بحال کرنا۔ رَدَّ البابَ: دروازہ بند کرنا۔ رَدَّ حو.. جواب دینا۔ ما يرد هذا عليك شيئًا: یہ تمہاری قطعاً کوئی مدد نہیں کرے گا۔ لا يُرَدُّ: ناقابل تردید۔ رَدَّهُ على عَقِبَيْهِ جمع رَدَّهُمْ على أَعْقَابِهِم: کو اس جگہ واپس دھکیل دینا جہاں سے وہ آیا تھا۔ رَدَّ عَيْنَهُ عنه: اس نے اپنی/اس کی آنکھیں اس سے ہٹا دیں۔ رَدَّدَهُ: کو دور رکھنا، ہٹانا، پھیرنا، موڑنا، کو نہ ہونے دینا، کو روکنا۔ — دہرانا (اکثر)۔ — هُ: کو شروع کرنا۔ — هُ: کسی دھن میں پڑھنا، کو لحن سے پڑھنا۔ رَدَّدَ الصدى: گونج، صدائے بازگشت لوٹانا۔ رَدَّدَ النظر في: کسی چیز کی طرف بار بار دیکھنا۔ رَدَّدَ طَرْفَهُ بين: پہلے ایک اور پھر دوسرے کی طرف دیکھنا، کے مابین آنکھیں بھٹکنے دینا۔ تَرَدَّدَ (آواز، گونج، صدائے بازگشت کا)، اٹھنا، گونج پیدا کرنا (چیخوں کا) بلند ہونا، (ہوا) کا بار بار پلٹنا۔ — على: کے گھر آنا جانا (صلہ إلى اس معنی میں شاذ و نادر استعمال ہوتا ہے)۔ —: لوٹنا، عود کرنا، بار بار واقع ہونا۔ — في: میں، کرنے میں پس وپیش کرنا، تامل کرنا، ہچکچانا، غیر آمادہ ہونا، بیدل ہونا، تذبذب کرنا، شک کرنا، شکی ہونا۔ تَرَدَّدَ على الأَلْسِنَة: (مسئلہ کا) اکثر زیر بحث آنا۔ اِرْتَدَّ: پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا، پیچھے کی طرف جانا، پستی کی طرف جانا، زوال پذیر ہونا۔ — إلى: کی طرف لوٹنا، واپس جانا، آنا، رجوع کرنا، کا سہارا لینا، پر اکتفا کرنا۔ —: (کسی شخص یا چیز کو) چھوڑ جانا، غیر حاضر ہونا۔ — عن: سے باز رہنا، احتراز کرنا، کو چھوڑ دینا، سے دستبردار ہونا، قطع تعلق کرنا، کو اپنا ماننے سے انکار کرنا، کو چھوڑ بیٹھنا، سے چلے جانا، کو ترک کر دینا، ایمان، اصول وغیرہ) سے الگ ہو جانا، کو چھوڑ دینا،

زنر: زَنَر - زَنرًا الاناءَ: برتن بھرنا۔ و۔ الغلامَ: لڑکے کو جینو پہنانا۔ زَنَّر اِلَیَّ بعینه: اس نے مجھے گھور کر دیکھا۔ تَزَنَّر: زنار پہننا، جنیو پہننا، باندھنا۔ و۔ الشیءُ: باریک ہونا۔ الزُنَّار جمع زَنَانِیر و الزُنَّارَة: جنیو۔ الزَنَانِیر: چھوٹی چھوٹی کنکریاں۔

○ زُنَّار و زُنَّارَة جمع زَنَانِیر: پیٹی، کمر کند، پٹکا، کمر کے گرد باندھنے والی رسی یا پٹی۔

زنر: الزَنَرلَخت جسے الا ذادَرَخت (ن) بھی کہتے ہیں۔ ایک خوبصورت درخت جس کا اصل وطن فارس ہے مشرق وسطی میں آرائش کے لئے لگایا جاتا ہے، پھول خوشہ کی طرح ہوتا ہے۔

○ زَنزَانَة جمع زنزانات: جیل کی کال کوٹھڑی،

○ زِنطَارِیَة: پیچش۔

زنف: زَنِفَ - زَنَفًا و تَزَنَّفَ: غضبناک ہونا۔

زنق: زَنَقَ - زَنقًا الفرسَ: گھوڑے کے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔ و۔ البغلَ: خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔ و۔ علی اولاده: مفلس اور کنجوسی کے باعث اپنی اولاد پر خرچ کرنے میں بخل سے کام لینا۔ زَنَّقَ الفرسَ: گھوڑے کے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔ و۔ البغلَ: خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔ و۔ علی اولاده: مفلس اور کنجوسی کی وجہ سے اپنی اولاد پر خرچ کرنے میں بخل کرنا۔ اَزنَقَ علی اولاده: ایضاً۔ الزَنَق جمع زُنُوق: نیزے کی نوک، گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ الزَنقَةُ: تنگ کوچہ، گلی۔ الزِنَاق جمع زُنُق: رسی یا تسمہ جو گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے باندھا جاتا ہے، خچر کا پائے بند۔ گلو بند (ایک زیور) الزِنَاقَة: گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کی رسی کا حلقہ یا کڑی۔ الزَنِیق: محکم، مضبوط۔ رایٌ زَنِیقٌ: صائب رائے المَزنُوق (مفع) بند پیشاب والا۔

○ زَنَقَ - زَنقًا ه: کو کسنا، کس کر لگانا یا باندھنا، کو سکیڑنا، (جانور کی ٹانگیں) ایک ساتھ باندھ دینا۔ زَنَّقَ علی: کے ساتھ بخل سے کام لینا، کے راتب میں کنجوسی کرنا۔ زَنقَة جمع زِنَق: تنگ گلی، بند گلی۔ زِنَاق: گریبان، کالر۔

زنك: الزِنک (ک) ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ بنایا جاتا ہے۔ زِنک۔

زنم: زَنَّم له الخصمَ: (کو) دشمن کے مقابلہ کے لئے بھیجنا۔

۲۔ الزَنِم من الجمال م زَنِمَة: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا چھوڑ دیا گیا ہو۔ الاَزنَم من الجمال م زَنمَاء جمع زُنم: بمعنی الزَنِم، الزَنَمَة: اونٹ یا بکری کے کان کا حصہ جو کاٹا جاتا ہے اور لٹکتا رہتا ہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت، نشان کہا جاتا ہے۔ فی کلامه زَنَمَةُ خیر او زَنَمَةُ شرّ: یعنی اس کی گفتگو میں نیکی یا بدی کی علامت ہے۔ زنمتا الاذن (ع ا): کان کی لویں۔ الزُنَام: مصیبت۔ الزَنِیم: لئیم، کمینہ، منہ بولا بیٹا، ـــــ والمُزَنَّم: قوم میں داخل اجنبی آدمی جس کی قوم حاجت مند نہ ہو۔ ناقة مُزَنَّمَة: اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا گیا ہو۔

○ زُمَردَة: لڑاکا عورت، زن مرد صفت۔

زنا: زَنَا - زُنُوًّا: تنگ ہونا۔ زَنِیّ: تنگ۔ زَنَّی تَزنِیَةً علیه: پر تنگی کرنا۔

زنی: زَنَی - زِنًی وزِنَاءً وزَانَی مُزَانَاةً وزِنَاءً: زنا کرنا۔ زَانٍ جمع زُنَاة: زانی۔ زَانِیَة جمع زَوَانٍ: زانیہ۔ زَنَّی هُ: کی طرف زنا کی نسبت کرنا اور اُسے زانی کہنا۔ اَزنَی ازناءً هُ: کو زنا پر اکسانا، ابھارنا۔ الزَانِیَة (اس میں تاء مبالغہ کے لئے ہے) زناکار۔ الزَنَّاءة: بہت زناکار۔

۲۔ الزَنَّاءة: بندریا۔

○ زِنًی و زِنَاء: زناکاری، زنا، حرام کاری۔

زه: زِه: واہ، خواب، بہت اچھا۔ کبھی تمسخر کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے جس طرح برا کام کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔ بہت خوب۔

زهد: ۱۔ زَهَدَ و زَهِدَ - وزَهُدَ - زُهدًا و زَهَادَةً فی الشیء و عنه: بے رغبتی سے کسی چیز کو چھوڑ دینا، اسی سے ہے زهد فی الدنیا: اس نے دینوی خواہشات ترک کر کے اپنے آپ کو عبادت کے لئے فارغ کرلیا۔ صفت فاعلی: زاهد۔ صفت مفعولی: مزهود فیه و عنه۔ زَهَّدَهُ فی الشیء و عنه: کو میں بے رغبت کرانا۔ تَزَهَّدَ: عبادت کے لئے دنیا ترک کردینا۔ تزاهد القوم فلانًا: کسی کو حقیر جاننا یا ذلیل سمجھنا۔ اِزدَهَدَ الشیءَ: کو تھوڑا خیال کرنا۔ الزُهد والزَهَادَة: (مص) کسی شئے سے بے رغبتی، روگردانی۔ شیءٌ زَهِید: تھوڑی چیز۔ الزَهَد جمع زِهاد: زکات، زکوٰۃ۔ الزَاهِد (فا): جمع زُهد وزُهَّاد وزاهدون: آخرت کی محبت میں تارک دنیا۔ تنگ خو۔ الزَهِید م زَهِیدة جمع زُهدان: تھوڑا کہتے ہیں۔ هو زهید الخُلُق: وہ تنگ خو ہے۔ هو زهید العین: وہ قانع ہے۔ وادٍ زهیدٌ: وادی جس میں تھوڑا پانی سما سکے، حقیر۔ المُزهِد: کم مال والا۔ ارضٌ زَهَادٌ: پانی پی جانے والی زمین۔ الزِهِّید: بہت ہی بے رغبت شخص۔

۲۔ زَهَدَ - زَهدًا النخلةَ: درخت خرما پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔ زَهَدَ و اَزهَدَ النخلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔ الزَهد: کہتے ہیں۔ خُذ زَهدَ ما یکفیك: بقدر کفایت لے لو۔

○ زَهَدَ - وزَهِدَ - وزَهُدَ - زُهدًا ه / فی / عن: سے پرہیز کرنا، دستبردار ہونا۔ کو چھوڑ دینا، سے الگ ہو جانا۔ ه / فی: سے پیچھے ہٹنا، سے تعلق سے انکار کرنا۔ زهد فی الدنیا: تارک الدنیا ہو جانا، زاہدانہ اور پارسا زندگی گزارنا۔ زَهَّدَه فی: کو سے پرہیز کرنے کی ترغیب دینا، کی میں لذت بے لطف کر دینا، کی سے نفرت ابھارنا۔ تَزَهَّدَ: تارک دنیا ہونا۔ اِستَزهَدَ: غیر اہم، چھوٹا، ناچیز تصور کرنا۔ زُهد فی: سے (رضاکارانہ) دستبرداری، سے بے اعتنائی، ـــ زهد: پرہیزگاری، احتراز۔ اجتناب۔ الزُهد فی الدنیا: ترک دنیا، زہد، ریاضت۔ زَهِید: تھوڑا، ادنی، معتدل، غیر اہم، چھوٹا، معمولی سا۔ ـــ من: کا تھوڑا سا، کی تھوڑی سی مقدار۔ زَهادَة: چھوٹا پن، ہلکا پن، قلت، گراوٹ، پستی، معتدلی۔ تَزَهُّد: ترک دنیا، خدا کی عبادت میں وقف زندگی۔ زَاهِد: تارک الدنیا، نفس کش، پرہیزگار، پارسا، اعتدال پسند۔

زهر: زَهَرَ - زُهُورًا السراجُ او القمرُ او الوجهُ: چراغ یا چاند یا چہرے کا چمکنا، روشن ہونا۔ و۔ الشیءُ: کا صاف رنگ ہونا۔ و۔ الزَندُ: چقماق سے آگ نکلنا کہتے ہیں۔ زهرت بك زنادی او ناری: تمہاری وجہ سے مجھے قوت و عزت نصیب ہوئی۔

زَهِرَ - زَهَرًا و زَهُرَ - زُهُورَةً الرجلُ: حسین و بارونق ہونا۔ اَزهَرَ النارَ: آگ جلانا، روشن کرنا۔ تَزَاهَرَ السراجُ و نحوه: چراغ وغیرہ کا چمکنا، روشن ہونا۔ اِزدَهَرَ: روشن ہونا اور چمکنا۔ و۔ بالامر: کی حفاظت کرنا اور دل میں رکھنا کہا جاتا ہے۔ اِزدَهِر بهذا فانّ له شأنا: اس بات کی حفاظت کرو ضائع نہ ہونے دینا۔ زَهَرُ النَردِ: تاش۔ الزَهر والزِهرة: حاجت،

ضرورت کہا جاتا ہے۔ فضيتُ منهُ زُهری وزِهُرِی: میں نے اس سے اپنی ضرورت پوری کی الزُهَر: قمری مہینہ کی ابتدائی تین راتیں۔ الزُهرة: خوبصورتی، رونق اور حسن و جمال۔ زَهرَةُ الدنيا جمع زُهَر وازْهَار وزُهُورو ازَاهِير دنیا کی رونق وخوبی وفراخی وخوشحالی۔ الزُهَرة (فلك): ایک ستارہ جو سورج سے اوسطاً 108 ملین کلومیٹر دور ہے، بہت زیادہ چمکدار ہے، کبھی صبح کا ستارہ اور کبھی شام کا ستارہ ہوتا ہے۔ شام اور عراق کے بعض پڑوسی عربوں کا معبود تھا اور وہ اسے عُزّیٰ کہتے تھے۔ و۔ عند الاقدمین: قدماء کے ہاں حسن کی دیوی۔ الزَاهِر (فا): صاف چمکدار رنگ والا۔ احمرٌ زاهرٌ: گہرا سرخ۔ الأزهر م زهراء جمع زُهْر روشن، صاف رنگ والا، چمکیلے چہرہ والا، چاند (ح) جنگلی بیل۔ الازْهَران۔ سورج و چاند۔ المُزْهِر: مہمانوں کے لئے آگ جلانے والا، مہمان نواز۔ المِزْهَر (مو) جمع مَزَاهِر: سارنگی۔ الزَهّار: بہت چمکیلا کہتے ہیں۔ نجمٌ زَهّارٌ و قمرٌ نوّارٌ: بہت چمکیلا ستارہ اور بہت روشن چاند۔ الزَاهِرِيّة: نازکی چال کہتے ہیں۔ هو يمشي الزاهرية: وہ ناز سے چلتا ہے۔

۲۔ أَزْهَرَ النباتُ: پودے کا شگوفے دار ہونا۔ اِزْهَرَّ و اِزْهَارَّ النباتُ: پودے کا شگوفے نکالنا۔ کلی دار ہونا۔ الزَهْر والزَهَر واحد الزَهْرة والزَهَرة جمع أزْهُر وأزهار وزُهُور وجمع الجمع أزاهر وازاهير: (ز) کلی شگوف پھول۔ الزاهر: خوشنما پودا۔ المَزْهَرِيّة: گلدان، گملہ۔

۳۔ زهرف الشيءَ: کو کھوٹا بنانا۔

○ زَهَرَ۔ زُهُورًا: چمکنا، روشنی دینا، تابندہ ہونا، فروزاں ہونا۔ ازْهَرَ: دہکنا، دمکنا، لہکنا، جھلکنا، چمکنا، روشن ہونا، شگوفے نکالنا، پھولنا، پھلنا، بہار پر آنا۔ اِزْدَهَرَ: آب و تاب سے چمکنا، تابندہ و فروزاں ہونا، شگوفے نکالنا، پھولنا، پھلنا، بہار پر آنا، پورے عروج پر ہونا۔ ترقی کرنا، پنپنا، فروغ پانا۔ زَهْر واحد زَهْرَة جمع زُهُور و أزْهُر و أزهار وأزاهر وازاهير: پھول، شگوفے۔ زهرُ الحديد: ونگی لوہا۔ زهر الثالوث: بنفشہ کے قسم کے پھولوں کے نام۔ زهر الربيع: بسنتی پھول، زهر العسل: شہد آشام (ایک خوشبودار بیل) زهر اللؤلؤ: ڈیزی۔ ماء الزهر: مالٹا جوس۔ زَهْرَة جمع زَهْرات: پھول، شگوفہ، حسن، دمک، آب و تاب۔ زُهْرَة: روشنی، چمک، دمک، آب و تاب، حسن و جمال، طباعی۔ الزُهَرة: سیارہ زہرہ۔ زُهَرِی: آتشک امراضٌ زهرية: جماعی امراض۔ زُهْرِيّة جمع زهريات: گلدان۔ زَهّار: گل فروش۔ زَهْراوی: مسرور، خوش، شاداں، فرحاں شادمان (شخص) أزْهَر: تابناک، چمکدار، روشن تاباں، تابندہ، درخشندہ، درخشاں، زیادہ تابندہ، زیادہ چمکدار، زیادہ روشن، الازهران: سورج اور چاند۔ جامعُ الازهر والجامع الازهر: قاہرہ میں الازہر جامع مسجد اور یونیورسٹی۔ الازهری۔ الازہر یونیورسٹی کا یا کے متعلق جمع أزْهَرِيُون: الازہر یونیورسٹی کا طالب علم۔ مِزْهَر جمع مَزَاهِر: قدیم عربی بربط کی ایک قسم۔ آج کل تلفظ مَزْهَر ہے اور یہ ایک قسم کا طنبورہ ہے مَزْهَرِية: گلدان۔ تَزْهِير: کلی، شگوفہ، شادابی، شگفتگی، ازهار: شادابی، شگفتگی۔ ازدهار: شادابی، شگفتگی، پنپنا، پھول، کلی، شگوفہ، زَاهِر: چمکدار، روشن، تاباں، درخشاں، تابان، مُزْهِر: پھولنے پھلنے والا، بہار پر، چمکدار، روشن، درخشاں، تاباں۔

زهز: زَهْزَقَ الرجلُ: بہت ہنسنا۔ و۔ تِ الأمّ ولدها: ماں کا بچے کو اچھالنا۔ کدانا۔ الزَهْزَق: لئیم، کمینہ۔

زهف: زَهَفَ۔ زُهُوفاً الرجلُ: ہلاک ہونا۔ ازْهَفَ الشيءَ: کو لے جانا۔ و۔ فلاناً: کو ہلاک کرنا۔ اِزْدَهَفَهُ: کو ہلاک کرنا۔ و۔ الشيءَ وبه: چیز کو لے جانا۔ و۔ الحملَ: بوجھ اٹھانا۔ و۔ تْهُ الدابةُ: جانور کا کسی کو پچھاڑنا، پٹکنا۔

۲۔ زَهَفَ۔ زُهُوفاً للموت او الى الموت: موت کے قریب ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔ زَهِفَ۔ زَهَفاً للشيء: کے لئے جلد کرنا، چستی کرنا۔ ازْهَفَ الشيءَ: کی جلدی کرنا۔ و۔ اِلیه الطعنةَ: کو نیزے کی ضرب کے قریب کرنا۔ و۔ تْه الطعنةُ: کو موت کے قریب پہنچا دینا۔ و۔ الرجلُ: شر کی طرف جلدی کرنا۔ و۔ فلاناً: کے ساتھ برائی کرنا۔ و۔ علی الجريح: حملہ کرکے زخمی کا کام تمام کر دینا۔ و۔ بما طلبه: کا مطالبہ پورا کرنا۔ اِنْزَهَفَتِ الدابّةُ: جانور کا مار وغیرہ کی وجہ سے کودنا۔ اِزدهفهُ: سے جلدی کرنے کو کہنا، کو ہلکا جاننا۔ و۔ فلانٌ: شر میں پڑنا۔ و۔ اِلى الموت: قریب المرگ ہونا۔

۳۔ زَهَفَ زُهُوفاً الرجلُ: جھوٹ بولنا۔ ازْهَفَ الرجلُ: چغلی کھانا، جھوٹ بولنا، خیانت کرنا۔ و۔ الخبرَ: خبر میں اضافہ کرنا، خبر میں کچھ بڑھا دینا۔ و۔ له حديثاً: سے جھوٹ بات کہنا۔ و۔ اليه حديثاً: کسی کی طرف ردی بات کی نسبت کرنا۔ و۔ الشيءَ: کو بگاڑنا، خراب کرنا۔ و۔ هُ بالشر: کو برائی پر ورغلانا۔ و۔ بالشيء: کو چیز اچھی لگنا۔ اِزْدَهَفَ فلانٌ: کلام میں زیادتی کرنا۔ و۔ في كلامِهِ: اپنی گفتگو میں سختی کرنا اور آواز اونچی کرنا۔ و۔ العداوةَ وبها: دشمنی اختیار کرنا۔

۴۔ زَهَفَ۔ زُهُوفاً الرجلُ: ذلیل ہونا۔ أزْهَفَ فلاناً: فلاں کو ذلیل کرنا۔

۵۔ أزْهَفَ الشيءَ: کو ڈھیلا کرنا۔ تَزَهَّفَ عنه: سے اعراض کرنا۔ ازدهف عنه: سے اعراض کرنا۔ الشيءُ: چیز کا انحراف کرنا اور مائل ہونا۔

○ زهف اِلی الموت وازدهف الى الموت: قریب المرگ ہونا۔

زهق: ۱۔ زَهَقَ۔ زُهُوقاً الباطلُ: باطل کا مٹنا۔ و۔ زَهْقاً وزُهُوقاً تِ النفسُ: روح کا جسم سے نکلنا۔ و۔ الشيءُ: باطل ہونا، ہلاک ہونا۔ و۔ تْ روحُهُ: بے کلی سے دل ٹوٹنا۔ زَاهَقَ الحقُ الباطلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کر دینا۔ أزْهَقَ الباطلَ: باطل کو مٹا ڈالنا۔ الزَهْق والزَهَق: گڑھا۔ الزَاهِق والزَهُوق: باطل ہلاک ہونے والا۔ سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے "قل جاء الحق و زهق الباطل ان الباطل كان زهوقاً: کہہ دو حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، باطل ہے ہی مٹنے والا) گہرا کنواں۔ بئرٌ زَاهِقة: بہت گہرا کنواں۔ المَزْهَقَة: بطلان و ہلاکت کا سبب۔ جمل مَزْهَقَةٌ لأرواح المطى: سواری کے جانور جان توڑ کوشش کے باوجود اونٹ تک نہیں پہنچ پاتے۔

۲۔ زَهَقَ۔ زَهْقاً وزُهُوقاً تِ الراحلةُ: سواری کا آگے بڑھنا، سبقت کرنا۔ و۔ السهمُ: تیر کا نشانہ سے گزر جانا۔ أزْهَقَ السهمَ: تیر کو نشانہ سے آگے گزار دینا۔ و۔ تِ الناقة السَرْجَ: اونٹنی کا زین کو آگے سرکا کر گردن پر ڈال لینا۔ و۔ في السير: چلنے میں جلدی کرنا۔ اِنْزَهَقَ: سبقت لے جانا اور آگے بڑھنا۔ و۔ تِ الدابة: مار وغیرہ کی وجہ سے جانور کا اچھلنا کودنا۔ الزَهِق: سرکش۔ الزَاهِق (فا) (ج) زُهُقٌ و زُهَق: شکست خوردہ شخص۔ و۔ من السهام: وہ تیر جو نشانہ سے آگے جا کر اس کے پیچھے جا گرے۔ و۔ من المياه: تیز بہتا پانی۔ الزاهقة زاهق کا مونث۔ فرسٌ زَهَقَى: گھوڑی جو گھوڑوں سے آگے نکل جاتی ہو۔ الأزْهُوقة جمع أزَاهِيق: تیز رفتاری میں تعجب انگیز کہتے ہیں۔ فرسٌ ذات ازاهيق: یعنی تیز چلنے میں تعجب انگیز گھوڑی۔ جاءت الخيلُ أزَاهِيقَ و أزَاهِيق: گھوڑں کے گروہ علیحدہ علیحدہ آئے۔

۳۔ زَهَقَ۔ زُهُوقاً العظمُ: ہڈی کا گودے دار ہونا۔ زَاهَقَ الاناءَ: برتن الٹ دینا۔ أزْهَقَ العظمُ: ہڈی

کا گودے دار ہونا۔ و۔الاناءَ: برتن بھرنا۔الزَّاہِق جمع زُهُق و زُهُق: موٹا جانور، بہت لاغر ودبلا جانور۔

۴۔الزَهَق : پست زمین۔الزُہاق والزِهَاق : مقدار کہتے ہیں۔عندی زُهاق مائة دینار: میرے پاس تقریباً سو دینار ہیں۔

○ زَهَقَ ـــ زَهَقًا و زُهُوقًا: مرنا، زائد المیعاد ہونا، ناکام رہنا۔زهقت نفسُهُ وزهقت رُوحُه : مرنا ـــ مِن : سے تھک جانا، اکتا جانا، متنفر ہونا۔أَزْهَقَ ہ: کی تباہی یا زوال کا باعث ہونا، کو تباہ کرنا، نیست و نابود کرنا۔أَزْهَقَ النفس (الروح) : نفرت انگیز ہونا، گھناؤنا ہونا۔زُهُوق : مرنے والا، آنے جانے والا، معدوم ہو جانے والا۔

زهل: ۱۔زَهَلَ۔زَهْلاً عن الشیء : سے دور ہونا۔ زَهِلَ۔زَهَلاً الشیءُ : سفید وچکنا ہونا۔الزَّاهِل : مطمئن دل والا۔الزُّهْلُول جمع زَهَالِيل: چکنا۔

۲۔زَهْلَقَ الشیءَ : کو چکنا وسفید کرنا۔تَزَهْلَقَ: چیز کا چکنا اور سفید ہو جانا کہتے ہیں زَهْلَقَ له الحديث: اس نے اسکو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔الزِهْلِق جمع زَهَالِيق: چکنا، تیز اور ہلکا پھلکا آدمی۔تند ہوا، بتی میں لو کی جگہ۔

۳۔تزهلق الحیوانُ : جانور کا فربہ ہونا۔حمار زِهْلِق : فربہ اور برابر پیٹھ والا گدھا۔الزُهْلُوق: موٹا، فربہ۔

زهم: ۱۔زَهَمَ ۔زُهُمًا وازْهَمَ العظمُ : ہڈی کا گودے سے بھرا ہونا۔زَهِمَ ۔زَهَمًا: بدہضمی میں مبتلا ہونا۔زَهْمان : بدہضمی میں مبتلا ہونے والا : بہت چکنا اور چربی دار ہونا۔زَهِم م زَهِمَة : بہت چکنا، چربی دار۔الزُهم : چربی، بدبو۔سڑاند، ایک قسم کی خوشبو جو زباد کہلاتی ہے۔الزَهَم والزُهْمَة و الزُهُومة: سڑے ہوئے گوشت کی بو۔

۲۔زَهَمَ ۔زَهْمًا الرُجلَ : کے خلاف بہت باتیں کرنا۔و۔ هُ عن كذا : کو سے روکنا، باز رکھنا، پرڈانٹنا۔ زَاهَمَ هُ: آپس میں دشمنی رکھنا۔ایک دوسرے سے جدا ہونا، نزدیک ہونا (ضد)۔

○ زُهْم : ناگوار بو۔زَهِم : بدبودار، متعفن۔زُهْمَة: ناگوار بو۔زُهُومَة: ناگوار بو۔

زها: ۱۔زَهَا ۔زَهْوًا وزُهُوًّا و زُهَاءً الرجُلُ : تکبر کرنا۔ و۔زَهْوًا فلانًا: کو حقیر جاننا، سمجھنا۔و۔الكِبرُ فلانًا: تکبر کا کسی کو خود پسند بنانا۔زُهِيَ الرجُلُ بكذا : پر تکبر کرنا۔أُزهي : تکبر کرنا۔ازْدَهَى الرجُلَ: کو مغرور بنانا، کو حقارت سے دیکھنا۔و ـــ هُ و به : کو ہلکا جاننا۔و۔هُ على الامر : (کو) پر مجبور کرنا۔الزَهْو (مص) فخر، تکبر و غرور، ظلم۔المَزْهُوّ والمُزْدَهَى: متکبر، مغرور۔

۲۔زَهَا ۔زَهْوًا و زُهُوًّا وزُهَاءً الرجُلُ : جھوٹ بولنا۔الزَهْو (مص) باطل اور جھوٹ۔

۳۔زَهَا ۔زَهْوًا وزُهُوًّا و زُهَاءً : پھلنا پھولنا، بڑھنا، نشوونما پانا۔و۔النخلُ : کھجور کا دراز ہونا۔و۔الغلامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔و۔تِ الشاةُ: بکری کا جننے کے قریب ہونا۔و۔تِ الامواجُ السفينةَ : موجوں کا کشتی کو اوپر اٹھا دینا۔و۔يَزْهَى: (یزهو نہیں کہا جاتا) السرابُ الاكمةَ: سراب کا ٹیلہ پر چڑھ جانا۔ازَهی النخلُ : کھجور کا دراز ہونا۔

۴۔زَهَا ۔زَهْوًا و زُهُوًّا و زُهَاءً ا : چمکنا، روشن ہونا، بڑھنا نمو پانا۔و۔النبْتُ : نبات کا پھل دار ہونا۔ و۔ البُسرُ: کچی کھجور کا رنگ پکڑنا۔ و۔السراجَ: چراغ روشن کرنا۔ و۔فلانٌ بالسيف: تلوار چمکانا۔ و۔فلانًا بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔زَهَّى البسرُ : کچی کھجور کا رنگ پکڑنا۔ازْهَى البسرُ : ایضاً۔الزَهْو : (مص) تر وتازہ نبات، رنگدار کچی کھجور۔ و۔ والزُهَاء : تر وتازگی، حسن۔زُهَا الدنيا: دنیا کی زینت اور شان و شوکت۔الزُهُو (مص) رنگدار کچی کھجور۔الزَاهِي(فا) م زاهية: تر وتازہ چمکدار چہرے والا۔

۵۔زَهَا ۔زَهْوًا و زُهُوًّا وزُهَاءً ات الريحُ : ہوا کا چلنا۔و۔تِ الريحُ النباتَ: ہوا کا پودوں کو ہلانا۔ زَهَّتِ المِروَحَةُ الريحَ: پنکھے کا ہوا کو ہلانا، جنبش دینا۔

۶۔الزُهاء: مقدار کہتے ہیں۔عندی زُهاءُ خمسين دينارًا: میرے پاس تقریباً پچاس دینار ہیں۔

○ زها ـ زَهْوًا: شگوفے نکالنا، پھولنا، پھلنا، بہار پر آنا، بڑھنا، پنپنا۔آب وتاب سے چمکنا، چمکدار ہونا، روشن ہونا، جھلکنا، دمکنا، تمتمانا، شیخی بگھارنا، مغرور ہونا۔ ـــ ب: پر فخر کرنا، پر ڈینگ مارنا، بڑ ہانکنا۔أزْهَى: شگوفے نکالنا، پھلنا، پھولنا، بہار پر آنا، پھول کھلانا، بڑھنا، پنپنا، مغرور ہونا، لاف زنی کرنا۔إزْدَهَى و أُزْدِهَى : مطمئن ہونا، مغرور ہونا، متکبر ہونا۔إزْدَهَى ب: میں چمکنا، روشن ہونا، (فضیلت) ظاہر کرنا، کی شیخی مارنا، بڑ ہانکنا۔زَهْو و زُهُو: کلی، شگوفہ، فصل گل، شادابی، شگفتگی، آب وتاب، حسن و جمال، غرور، تکبر، نخوت، اکڑفوں، خود پسندی، بیجا غرور، جھوٹا ناز۔ لاحاصل چیز یا چیزیں۔تفریح زَهِي : درخشاں، شاندار، پرشکوہ، ٹھاٹھ کا، بیش بہا۔زَهَاء : درخشانی، تابانی، تابندگی، آب وتاب، شان وشوکت۔زُهَاء: عدد، مقدار۔زُهاءَ: تقریباً، لگ بھگ، کچھ (عدد، مقدار وغیرہ)۔أزْهَى : زیادہ پنپنے والا، زیادہ مغرور، زیادہ متکبر۔اِزدهاء: پھول، کلی، شگوفے، فصل گل، شادابی، شگفتگی، پنپنا، بہار، جوبن، چمکنا، دمکنا، آب وتاب، شان وشوکت، درخشانی، تابانی، فخر، زاهٍ: چمکدار، تاباں، روشن درخشاں، تابندہ، شان دار، ٹھاٹھ کا، زرق برق، پرشکوہ، خوبصورت، بھڑکیلا۔مَزْهُوب : پر فخر کرنے والا ـــ : مغرور، متکبر، نخوت پسند، شیخی خورہ، لاف زن، خود پسند۔

زاء : زَاءَ ۔زَوْءًا به الدهرُ: سے زمانہ کا پلٹ جانا۔

زاب: زَابَ ۔زَوْبًا : چپکے سے بھاگ جانا۔ الماءُ: پانی کا بہنا۔

زاج: ۱۔زَاجَ ۔زَوْجًا بينهم : کو بھڑکانا کے درمیان فساد ڈالنا۔پھوٹ ڈالنا۔

۲۔زَوَّجَ هُ اِمرأةً او بامرأةٍ او لامرأةٍ : کا کسی عورت سے نکاح کرنا۔و۔الشیءَ بالشیءِ واليه: کو سے ملانا جوڑنا۔زَاوَجَ هُ : ایک دوسرے سے میل جول رکھنا اور ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ و۔و ازْوَجَ بينهما: کو قریب کرنا۔تزَوَّجَ امراةً و بامراةٍ: کسی عورت سے نکاح کرنا۔و۔في قوم: کسی قوم میں انکی کسی عورت سے نکاح کرنا۔تزَوَّجَهُ النوم: اسے نیند آ گئی۔تزَاوَجَ وازْدَوَجَ الكلامُ: کلام کے ایک حصہ کا دوسرے حصہ سے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا۔ و۔القومُ: آپس میں شادی بیاہ کرنا۔الزَوْجُ جمع أزْوَاج و زِوَجَة وجمع الجمع أزاويج : خاوند، شوہر، بیوی، زوجہ، ساتھی، جوڑا۔اشتريتُ زَوْجَي نعال: میں نے جوتی کا جوڑا خریدا۔ہر شئے کی قسم۔الزَوْجة جمع زوجات: بیوی۔الزَوَاج: تَزَوَّجَ کا اسم۔شادی بیاہ۔

۳۔الزاج (ك) : گندھک کے تیزاب کا نمک جو کپڑے رنگنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔عامی لفظ "جاز" ہے۔

○ زَوَّجَ ہ ب/ من : کو کے ساتھ جوڑنا، ملانا ـــ ہ: کو جوڑوں میں ملانا، کو دگنا کرنا، پیدا کرنا ـــ : مساوات قائم کرنا ـــ ہا ہ / ب/ من : عورت کی کسی مرد سے شادی کر دینا۔زَاوَجَ: جوڑا بنانا ـــ بين: متوازی عبارت میں دو لفظ استعمال کرنا۔ دو لفظوں کو ایک جوڑے میں شامل کرنا ـــ بين ـ و): کی کے ساتھ شادی کرنا۔کو ازدواجی بندھن میں کے ساتھ جوڑنا، کو نکاح میں کے ساتھ متحد کرنا۔تزَوَّج ہ/ علی / ب/ من: سے شادی کرنا، سے شادی شدہ ہونا۔تزَاوَجَ:

مختلف خاندانوں وغیرہ کا شادی بیاہ کے ذریعے آپس میں مل جانا۔ جوڑا جوڑی ہونا۔ دوگنا ہونا اِزْدَوَجَ: جوڑا بنانا، شادی کرنا، جوڑا ہونا، دوگنا ہونا، دوبارہ ظاہر ہونا۔ زَوْج جمع اَزواج: جوڑے میں سے ایک، شوہر، بیوی، ساتھی، جوڑا، (جوتیوں کا) جوڑا زوجات: بیوی۔ زِیْجَۃ: شادی۔ زَوْجِی: جوڑوں میں، دوگنا، ازدواجی، شوہر سے متعلق، متاہل زندگی سے متعلق۔ زِیْجِی: ازدواجی، متاہل زندگی کے متعلق۔ زناشوئی۔ زَوْجِیَۃ جمع زوجیات: شادی۔ زواج من: سے شادی۔ وحدۃ الزواج: ایک زوجگی۔ مزواج: اکثر شادی کرنے والا۔ تزویج ھا من: عورت کی کسی سے شادی کرنا۔ زِواج: مثنی بنانا، دوچند کرنا، دوگنا کرنا۔ متوازیت۔ مُزَاوَجَۃ: جوڑا بنانا، دو چیزوں کا اتحاد۔ تَزَوُّج: شادی۔ تَزَوَاج: دو خاندانوں وغیرہ کا شادی بیاہ کے ذریعے آپس میں مل جانا۔ ازدواج ضریبی: ڈبل ٹیکس۔ مُتَزَوِّج: شادی شدہ۔ مُزْدَوِج: دگنا، دوہرا۔ ڈبل۔

زاح: زَاحَ ـ زُوُحًا و زَوَاحًا عن المکان: سے دور ہونا، ہٹ جانا، چلا جانا۔ وـتِ العِلَّۃُ: بیماری جاتی رہنا۔ وـزُوُحًا الابلَ: اونٹوں کو منتشر کرنا، اکٹھا کرنا (ضد) زَاحَ ہٗ: کو اسکی جگہ سے ہٹانا، دور کرنا۔ ازاحَ اللّٰہُ العِلَلِ: اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ ازاح الامرَ: کام کا پورا کرنا کہتے ہیں۔ ازحت عِلَّتہ فی ما احتاج الیہ: میں نے اسکی ضرورت پوری کردی۔ اِنْزَاحَ: زائل ہونا، منتشر ہونا۔

زاد: زاد ـ زَوْدًا: زادِ راہ تیار کرنا اور لینا۔ زَوَّدَ و اَزادَہٗ: کو زادِ راہ دینا۔ تَزَوَّدَ: زادِ راہ لینا کہتے ہیں۔ تزود من الامیر کتاباً الی عاملہ: اس نے امیر سے اس کے گورنر کے نام خط لیکر اسے پہنچایا تا کہ اس سے مدد حاصل کرے۔ تَزَوَّدَ منی طعنۃً بین اُذنیہ: اس نے اپنے دونوں کانوں کے درمیان مجھ سے نیزہ کا زخم کھایا۔ اِزدادَ و اِستَزاد الرجلُ: زادِ راہ طلب کرنا، توشہ، سفر خرچ طلب کرنا۔ الزاد جمع اَزوِدَۃ و اَزْوَاد: توشۂ سفر، زادِ راہ، سفر خرچ۔ المِزْوَد و المَزَاد و المَزَادۃ جمع مَزَاود: توشہ دان۔ نُفَاضَۃُ المزاوِد: توشہ دان میں بچے کچھے ریزے جن کو مسافر آکر جھاڑ دیتا ہے۔ یہ خست کے لئے ضرب المثل ہے۔

◌ زَوَّدَ ہ ب: کو اشیائے خوردنی فراہم کرنا ــــ ہ ہ: کو اشیائے خوردنی و اشیائے ضرورت فراہم کرنا ــــ ہ و ہ ب: کو سے لیس کرنا، (ساز و سامان) مہیا کرنا ــــ ہ ب: کو کوئی (خوبی) عطا کرنا ــ ہ ب: کو سے مالا مال کرنا۔ اَزْوَدَہ: کو اشیائے خوردنی فراہم کرنا۔ تَزَوَّدَ: اشیائے خوردنی مہیا کیا جانا۔ سفر پر اشیائے خوردنی ساتھ لے جانا ــ من: سے معلوم کرنا ــ ب: اپنے آپ کو سے آراستہ کرنا، لیس کرنا، کچھ لینا، زاد جمع اَزواد و اَزْوِدَۃ: اشیائے خوردنی، رسد، ذخیرہ، سٹور۔ زَوَاد: اشیائے خوردنی زُوَّادَۃ: اشیائے خوردنی۔ مِزْوَد جمع مَزَاوِد و مَزَائد: تھیلا (چیزیں رکھنے کا) مَزَادَۃ: ایضاً۔ تَزْوِید ب: کی فراہمی، کی بہم رسائی، سے لیس ہونا، کی فراہمی۔: (جہازوں میں) ملاح رکھنا۔ مُزَوِّد جمع مُزَوِّدُون: ٹھیکے دار، سپلائر، مہیا کرنے والا، فراہم کرنے والا، اشیائے خوردنی بہم پہنچانے والا ٹھیکیدار، کھانے پینے کا سامان بہم پہنچانے والا، بہم رساں خانساماں، ہوٹل کا مالک، یا ناظم۔ مُزَوَّد ب: سے لیس، فرنیچر لگا۔ کچھ مہیا یا فراہم کیا ہوا، سے مسلح، سے متعلق یا مربوط، کے ہمراہ، کی معیت میں۔

زار: ا۔زَارَ ـ زِیارۃً و مَزَارًا و زَوْرًا و زُوَارًا و زَوَارَۃً ہٗ: کے پاس ملنے کے لئے جانا۔ زائر جمع زائرون و زُوَّر و زُوَّار م زائرۃ جمع زُوَّر زَوْر و زائرات: ایسا شخص (جو ملاقات کے لئے آیا ہو) زوَّر الزائرَ: ملاقاتی کی تکریم کرنا، آپ کہتے ہیں۔ زُرْتُھم فزوَّرونی: میں ان سے ملنے گیا تو انہوں نے میری عزت افزائی کی۔ وـالقومُ صاحبَھُم: سے بھلائی کرنا، کے ساتھ نیک سلوک سے پیش آنا۔ ازارَہٗ: کو ملنے جانے پر اُکسانا۔ وـہُ الشیءَ: چیز اس کے پاس لے جانا۔ اِزْدارہٗ: زارہ کا معنی دیتا ہے۔ تَزَاوَرَ القومُ: ایک دوسرے کی ملاقات کو جانا کہتے ہیں۔ ھُمْ یتزاورون: او بینھم تزاورٌ: (وہ ایک دوسرے کو ملنے کے لئے جاتے رہتے ہیں، آپس میں ملاقاتیں کرتے رہتے ہیں)۔ اِسْتَزارَہٗ: کو ملاقات کے لئے کہنا۔ الزَوْر: ملاقاتی (مفرد مثنی اور جمع سب کے لئے) کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ زَوْرٌ و رجال زَوْرٌ و نساء زَوْرٌ۔ الزَوْرۃ: زار کا اسم مرۃ ایک دفعہ ملاقات کے لئے جانا۔ الزَوَّار و الزَوُور: کثرت سے (ملاقات) کے لئے جانے والا۔ الزِیرُ جمع اَزْوَار و ازیار و زِیَرۃ: بدنیت کے بغیر عورتوں سے بات چیت کرنے کا دلدادہ۔ عادت۔ الزِیرۃ: ملاقات کی شکل، کہتے ہیں۔ زرتہ زِیرَۃَ الحبِّ: میں نے محبت میں اس سے ملاقات کی۔ المزار (مص) جمع مزارات: زیارت، ملاقات، زیارت کی جگہ، اولیاء کی زیارت گاہیں۔

۲۔زارَ ـ زِوَارًا الفرسَ: گھوڑے کو زِبار سے باندھنا۔ زَوِرَ ـ زَوَرًا: ٹیڑھے سینے والا ہونا، مائل ہونا۔ زَوَّرَ عنہ: سے پھرنا۔ وـالشیءَ: چیز کو اچھا کرنا، ٹھیک کرنا، درست کرنا، سیدھا کرنا۔ تَزَاوَرَ و اِزْوَرَّ و ازوار عنہ: سے علیحدہ ہونا، منحرف ہونا۔ الزُوْر: طاقت (کہتے ہیں مالہ زُوْرٌ ولا صَیُّورٌ: اس کے پاس نہ تو قوت ہے نہ ہی لوٹنے کی جگہ) عقل، رائے، آقا، رہنما، سردار۔ الزَّوْر: سینہ کا درمیان سے بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے جوڑ کی جگہ۔ فرسٌ عریضُ الزَوْر: چوڑے سینے والا گھوڑا (کہتے ہیں۔ اَلقی زَورَہ: بمعنی اقامت کرنا) قوت ارادی، عقل، سردار، رہنما۔ الزَوْرَۃ: شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھنے والی اونٹنی، دوری۔ الزَوَر (مص): سینہ کے بالائی حصہ کا ٹیڑھا پن یا اس کے ایک جانب کا دوسرے پر ہونا، جھکاؤ۔ الزِوَر: سفروں کے لئے تیار کردہ اونٹ، سخت رفتار۔ سخت۔ و الزِوِیر و الزُوَیر: قوم کا سردار اور رئیس۔ الاَزْوَر م زَوْراء جمع زُوْر: بیچ سے پتلے سینہ والا، ٹیڑھے سینے والا، مائل، جھکاؤ، ترچھی نظر سے دیکھنے والا کہتے ہیں۔ قوم عن مواقف الحق زُوْرٌ: حق کے موقفوں سے منحرف قوم۔ الزَوْراء: کمان، گہرا کنواں، بغداد کا شہر، بغداد کا دجلہ۔ کلمۃٌ زَوْراءُ: پوچ اور لچر بات۔ منارۃٌ زَوْراء: کج منارہ۔ فلاۃٌ زَوْراء: دور کا جنگل۔ الزِّیر جمع اَزْوَار و اَزْیَار و زِیَرۃ: باریک تانت۔ الزِّیر: غضبناک۔ الزِیَار: دو لکڑیاں جس سے سالوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر اسے قابو کرتا ہے اور اپنا کام سر انجام دیتا ہے۔ اس سے فعل بنا کر کہتے ہیں: زَیَّرَ الفرسَ۔ و ــ و الزِوار جمع اَزْوِرَہ: ہر اصلاح اور بچاؤ کی چیز، سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی۔

۳۔زَوَّرَ: جھوٹ کو مزین کرنا، آراستہ کرنا۔ وـالکلامَ: کلام کا ابطال کرنا، اسے جھوٹ سے منسوب کرنا۔ وـالشھادۃَ: گواہی کو جھٹلانا۔ وـنفسَہٗ: پر جھوٹ کی علامت لگانا۔ وـالشیءَ لنفسہ: کسی شئے کو اچھا سمجھ کر اپنے لئے مخصوص کر لینا۔ وـعلیہ: کسی پر جھوٹ باندھنا۔ وـفلاناً علی نفسہ: فلاں پر تہمت باندھنا۔ تَزَوَّرَ: جھوٹ بولنا۔ وـالشیءَ: کو پسند کر کے اپنے لئے خاص کر لینا۔ الزُوْر: جھوٹ، باطل، اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، گانے کی مجلس، کھانے کا مزہ اور اسکی خوشبو۔ الزَوْر: خیالی شکل جو رات میں دکھائی دے۔

۴۔الزُّوْر: کپڑے کی ملائمت اور صفائی۔ الزَارَۃ: بانس وغیرہ کی پانی رکھنے والی جھاڑی اونٹوں کا ریوڑ۔ و۔ والزَاوِرَۃ و الزَاوُورَۃ: پوٹا۔ الزَاوَرَۃ: پوٹا۔ زاوَرَۃ

- القطاة: بھٹ تیتر کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے چوزوں کے لئے پانی لے جائے۔ الزَوْرَاء: پیالہ، چاندی کا برتن۔ الزِّیرَ جمع أَزْوَار وأَزْیار و زِیرَة: کتان (زِیرَة کتان کا ایک ٹکڑا) بڑا مٹکا جو زمین میں گڑھا کھود کر رکھا جا سکے۔

۵- الزورق جمع زَوارِق. چھوٹی کشتی، ڈونگا۔

○ زَارَ - زَوْرًا و زِیارَةً ہ. سے ملاقات کو جانا یا آنا، کو دکھ پہنچانا۔ زَوَّرَ ہ. کو جعلی بنانا، گھڑنا، میں جعلسازی کرنا، جعلی (سکہ یا دستاویز) بنانا، نقل کرنا۔ تَزَاوَرَ: ملاقاتوں کا تبادلہ کرنا۔ ایک دوسرے سے ملنا۔ اِزْوَرَّ عن: سے علیحدہ رہنا، میل جول نہ رکھنا، کا مخالف ہونا۔ اِزْوَرَّ به عن: کو سے سرگشتہ کرنا۔ استزاره: کسی کی ملاقات کی خواہش کرنا۔ زَوْر: گلا یا سینہ کا بالائی حصہ آلام الزَوْر: دکھتا گلا۔ زَوَر: ڈھلان، ڈھال۔ ٹیڑھا پن، جعلسازی۔ غداری، عیاری، بھینگا پن۔ زَوْرَة جمع زَوْرات: ملاقات۔ زِیارَة جمع زیارات: ملاقات، ڈاکٹر وغیرہ کا مریض کو دیکھنے آنا۔ أَزْوَر م زَوْرَاء جمع زُور: ڈھلوان، ترچھا، خمیدہ، کج، بھینگا۔ مَزَار جمع مَزَارات: مزار، آستانہ، درگاہ، مقبرہ۔ تَزْوِیر: جعل سازی، غلط بیانی۔ تَزْوِیر فی السندات: دستاویزات میں جعلسازی۔ اِزْوِرَار: دور رہنا، تنفر، بیزاری، ناپسندیدگی، زائِر جمع زائِرون و زُوَّار مونث زائِرَة جمع زائِرات و زُوَّر. ملاقاتی، مہمان۔ مَزُور: جہاں کوئی گیا ہو، جس سے کوئی ملا ہو۔ مُزَوَّر: جعلی، جعل سازی کیا ہوا، بناوٹی، کھوٹا، دھوکہ سے حاصل کیا ہوا، ملمع کر کے پیش کیا ہوا۔

○ زَوْرَق جمع زَوارِق: کشتی، چپوؤں والی کشتی، ہلکی کشتی۔ ۔ بخاری: دخانی کشتی۔ ۔ الصید: مچھلیاں پکڑنے کی کشتی۔ ـــ النجاة: بچاؤ کشتی، زورق ناسِف: تارپیڈو کشتی۔

زوس: الزُوسْتِیرا (ن): ایک پودا جو بحر اوقیانوس اور بحر متوسط کے ساحلوں پر ہوتا ہے اور مچھلیوں کی غذاء کے لئے مفید ہے۔

زوش: الزَوْش: کمینہ غلام۔ الأَزْوَش: متکبر۔

زوط: زَوَّطَ: بڑا لقمہ بنانا۔ الأَزْوَط: جس کی ایک آنکھ دوسری سے تنگ ہو یا آنکھ کی سیاہی اپنی جگہ سے ہٹی ہوئی ہو۔

زاع: ۱- زَاعَ - زَوْعًا فُلانًا: کو آگے کی طرف دھکیلنا، روکنا۔ و- الشیءَ: (کو) موڑنا۔ و- الدابَّةَ: جانور کی لگام کو ہلا کر اسے تیز چلانا۔

۲- زَاعَ - زَوْعًا له من الطبیخة زُوعَةً: کسی کے لئے خربوزہ کی ایک قاش تراشنا۔ و- وتَزَوَّعَ اللحمُ: گوشت کا پٹھے سے اتر جانا۔ زَوَّعَ الإبلَ: اونٹوں کو منتشر کرنا، پراگندہ کرنا۔ الزُوْعَة جمع زُوَع: لوگوں کا ایک گروہ۔ و- من البطیخة ونحوها: خربوزہ وغیرہ کی ایک قاش یا پھانک۔ و- من النبت: گھاس کا خشک ہونے والا قطعہ۔

۳- الزَاعَة: جنگ پر جانے والا پہلا فوجی دستہ۔ الزُوَع والزُوَع: (ح) مکڑی۔

زاغ: ۱- زَاغَ - زَوْغًا الشيءَ: کو جھکانا۔ ـ الناقةَ: اونٹنی کو نکیل سے کھینچنا۔ و- زَوْغًا و زَوَغانًا: جھکنا، ظلم کرنا۔ و- البصرُ: نگاہ کا پھرنا اور مضطرب ہونا۔ أَزَاغَ ازاغَةً ہُ: کو جھکانا۔

۲- الزاغ: (ح) کوئے سے چھوٹا اس کا ہم شکل پرندہ۔

○ زَاغَ - زَوْغًا و زَوَغانًا عن: سے ہٹنا، تجاوز کرنا، منحرف ہونا۔ ـ: منحرف ہونا، سچائی سے انحراف کرنا، دھوکا دینا۔ تَزَاوَغَ: سیدھے راستہ سے ہٹ جانا۔

زاف: ۱- زَافَ - زَوَفَانَ الحمامةُ: کبوتر کا بازو اور دم پھیلا کر ان کو زمین پر کھینچنا۔ ـ الطائرُ فی الهواء: پرندہ کا ہوا میں چکر کاٹنا۔ و- الرجلُ: آدمی کا اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا۔ ـ الماءُ: پانی پر بلبلے اٹھنا۔ ـ وتَزَاوَفَ: ورزش کرنا۔ الزُوُوف: چلنے میں ڈھیلا پن۔

۲- الزُوفَی والزُوفَاء: (ن) باریک تنے اور صعتر جیسے پتے والی ایک نبات بلغم کے علاج کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

زوق: زَوَّقَ الکلامَ: کلام کو حسین بنانا۔ و- البیتَ: گھر پر نقش ونگار کرنا۔ و- الدرهمَ: درہم پر پارہ کا ملمع کرنا۔ الزَوَاق: لونڈی کی زینت۔ الزَوَقَة: گھروں کو زینت اور نقش و نگار سے آراستہ کرنے والے۔

الزَاوُوق والزَاؤُوق: پارہ۔

○ زَوَّقَ ہ: کو سجانا، آراستہ کرنا، کی آرائش کرنا، کی سج دھج کرنا، کو سنوارنا، سنگارنا، کی زیبائش کرنا، کی ذہن میں تصویر لانا یا قائم کرنا۔ زَوَاق: سجاوٹ، زیبائش، سج دھج، آرائش، سنگھار، تزئین، بھڑکیلا، میک اپ، سنگار کا سامان، مُزَوَّق: سجایا ہوا، آراستہ کیا ہوا، آرائش کیا ہوا۔ رنگین، مرصع (تقریر) بھڑکیلا، زرق برق۔

زاك: زَاكَ - زَوْكًا و زَوَكانًا: شانوں کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو بیچ سے کھولنا یا ٹانگیں، چوڑی کرنا، مغرورانہ چال سے چلنا۔ تَزَاوَكَ تَزَاوُكًا: شرم وحیا کرنا۔ الزَوْك: کوے کی چال۔

زال: ۱- زَالَ - زَوْلًا و زَوَالًا و زَوَلانًا و زُؤُولًا و زُؤُولًا و زَوِیلًا: ہلاک ہونا، جاتا رہنا، ہٹنا، پھر جانا زال عنه ملکه: اس کا ملک اس کے ہاتھوں سے جاتا رہا، نکل گیا۔ و- تِ الشمسُ: سورج کا ڈھلنا۔ و- تِ الخیلُ بر کبانها: گھوڑوں کا اپنے سواروں کو لیکر اٹھنا اور اسی سے ہے۔ زِیلَ بنعشه: اسکی نعش اٹھائی گئی۔ کہا جاتا ہے۔ زال زائلُ الظلِّ: دوپہر ہوگئی۔ زال إِزْیلَ زَوِیلُهُ و زَوَالُهُ: پہلو کا ڈر سے کانپنا۔ و- زَوْلًا: حرکت کرنا۔ اری النجوم تزول ولا تغیبُ: میں ستاروں کو حرکت کرتے ہوئے دیکھتا ہوں فلانٌ یزُولُ فی الناس: فلاں شخص لوگوں میں بہت گھومتا پھرتا ہے۔ اور کسی جگہ ٹکتا نہیں۔ زَوَّلَ الشيءَ: کسی چیز کو لانا۔ و- وأَزَال و ازدال ہُ: کو ہٹانا، ایک طرف کرنا۔ أَزَالَ اللّٰهُ زَوَالَهُ: خدا اسے ہلاک کرے۔ تَزَوَّلَ الشيءَ: کسی چیز کو لانا۔ تزاول القومُ: باہم کوشش کرنا۔ اِنْزَالَ عنه: سے جدا ہونا۔ اِزْوَلَّ اِزْوِلالًا الشيءُ: زائل ہونا، جاتا رہنا۔ الزَوْلُ جمع أَزْوَال: شخص، بہادر، بلا۔ الزَوَال: (مص) سورج کا ڈھلنا کہتے ہیں۔ الساعة الرابعة زوالیّه: یعنی ظہر کے بعد چار بجے ہیں۔ الزَوَّال: بہت حرکت کرنے والا۔ الزائل (فا): کہتے ہیں۔ لیل زائل النجوم: لمبی رات۔ الزائلة جمع زَوائِل: زائل کا مونث، ہر زندہ چیز، ہر متحرک چیز۔ الزمائِل: ستارے، شکار۔ الزَوِیل: (مص) حرکت، طرف، جانب۔ المِزْوَلَة جمع مَزَاوِل: دھوپ گھڑی۔

۲- زَاوَلَ ہُ: کی کوشش کرنا۔ کا ارادہ کرنا، قصد کرنا، تلاش کرنا۔

۳- تَزَوَّلَ الغلامُ: لڑکے کا بہت ظریف ہونا۔ الزَوْلُ جمع أَزْوَال: سبک زیرک خوش طبع جس کی دانائی کو پسند کیا جاتا ہے، سخی، تعجب کہتے ہیں۔ سَیْرٌ زَوْلٌ: عجیب سیر۔ شتوةٌ زَوْلَةٌ: عجیب سردی۔ الزوائل: عورتیں۔

○ زول و زیل زَالَ - زَوالًا عن / من: سے دور چلے جانا، سے پیچھے ہٹ جانا، کسی شخص یا چیز کو چھوڑ بیٹھنا، چھوڑ جانا، چھوڑ دینا۔ ـ: غائب ہو جانا، نظر سے اوجھل ہو جانا، دفعۃً غائب ہو جانا، فضا میں تحلیل ہو جانا، گھٹنا، کم ہونا، ساکن ہونا، ختم ہو جانا، ڈوبنا۔ زَالَ - زَیْلًا: ختم ہونا۔ زال منه الغضب: اس کا طیش کم ہو گیا۔

زال عن الوجود: معدوم ہو جانا۔ لم یزل، ما زال، لا یزال: ابھی تک، تب تک۔ ما زلتُ افعلهُ: میں ابھی تک یہ کر رہا ہوں۔ ما زال قائماً: وہ ابھی تک کھڑا ہے۔ ما زال فی: وہ ابھی تک کے اندر

ہے- لایزال فی حاجة الیه: اسے ابھی تک اس کی ضرورت ہے- لایزال علی ذِکرِ منه: وہ ابھی تک اسے یاد ہے- زَوَّل ہ: کو ہٹانا، خارج کرنا، نکالنا- زَیَّــل ہ: کو علیحدہ کرنا، تباہ کرنا، منتشر کرنا، بکھیرنا- زَاوَلَ ہ: کو کرتے رہنا- خود کو کی نذر کرنا، کیلئے وقف یا مخصوص کرنا، کو تن دہی سے کرنا- زَایَــلَ ہ و ہ: سے الگ ہونا، رخصت ہونا، کو چھوڑ دینا، ـــــ بین: کو جدا کرنا- زَایَــلَ الدارَ: گھر سے نکل جانا، گھر چھوڑ جانا- اَزَال ہ: کو رکوانا، غائب کرانا، یا ہوا میں تحلیل کرانا، کو ہٹانا، خارج کرنا، ختم کرنا، کو ایک ہی ضرب میں ختم کرنا- تـزَایَل: جدا ہونا، بے ربط ہونا، ختم ہونا، رکنا-

زَوْل جمع اَزْوَال: شخص، مشہور انسان، رات کا سایہ، بھوت، پیکر خیالی، روح، وہمی صورت- زَوَال: خاتمہ، گزرنا، مرور، پوشیدگی، غائب ہو جانا، معدوم ہو جانا، انقطاع، اختتام، غروب (آفتاب)، دوپہر- ســریــع الـزوال: عارضی، جلد مرجھا جانے والا، جلد بھول جانے والا- بـعـدَ الـزوال: سہ پہر یا تیسرے پہر میں- عـنـدَ الـزوال: دوپہر کے قریب، دوپہر کو- خــط الــزوال: خط نصف النہار- فـی الساعة الرابعة زوالية: ۴ بجے سہ پہر- زُوْلِیَة جمع زَوَالی: گانٹھ دار کمبل- مِـزْوَلَة جمع مَـزَاوِل: دھوپ گھڑی- مُـزَاوَلَة: (کچھ) کرتے رہنا، (کو) تندہی سے کرنا، محنتی مطالعہ، (کسی کام یا پیشہ کو) کرنا- اِزَالَة: کو ہٹانا، خارج کرنا، دور کرنا- زَائِـل: عارضی، وقتی، ناپائیدار، مختصر مدت کا جلدی مرجھا جانے والا-

○ زَولــوجیــا: حیوانیات، علم الحیوانات- زولــوجی: حیوانیاتی-

زام: ۱- زَامَ - زَوْمًا الرجلُ: مرنا-

۲- الزام: چوتھائی زام من النہار: دن کا چوتھائی حصہ- زامــان مــن الـنهــار: دن کا نصف- الـزَامَة جمع زَامَات: جماعت، گروہ- الزُوْم: عوام کے نزدیک کسی چیز کا نچوڑا ہوا عرق یا شیرہ (اس معنی کے لئے فصیح لفظ النُسُغ) وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے- (فصیح الغُسَالة) الزَوِیْم: ہر جمع شدہ چیز-

۳- زَوْمَلَ الابــلَ: اونٹوں کو ہانکنا- الــزَوْمَلَة: لدے ہوئے گدھے کہتے ہیں- هو ابن زَوْمَلَتِها: وہ اس کا جاننے والا ہے-

○ زام ـ زِوماً: (کتے کا) غرانا- زَوَّمَ: بڑبڑانا- زُوْم جمع اَزْوَام: رس، عرق-

زون: الزُوْن والزِوَن: پستہ قد- الزُوْن: پستہ قد، بت یا مندر- الــزُوْنَة: زینت، عقلمند عورت- الــزِوَان والــزُوَن والزَوَان: گیہوں سے مشابہ ایک دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے اور خواب آور ہے-

زوی: ۱- زَوَی - زُوِیّــاً وزَیًّــا الشیءَ: کو اکٹھا کرنا، پر قبضہ کرنا- و- المالَ وغیرہَ: مال وغیرہ اکٹھا کرنا- زَوَّی الکلامَ: کلام کو اپنے دل میں تیار کرنا- تَزَوَّی: سکڑنا، منقبض ہونا- اِنـزَوَی: منقبض ہونا- و- القومُ بعضهم اِلی بعض: قوم کا یکجا ہونا-

۲- زَوَی - زُوِیّــاً وزَیًّــا الشیءَ: کو ایک طرف ہٹانا، روکنا- و ـــ عنه الشرَّ: سے برائی کو دور کرنا- ـــ عنه حقَّه: کسی کا حق روک لینا- و- الدهرُ القومَ: زمانے کا قوم کو بربادی کے گھاٹ اتارنا- الــزاویة مــن البیت جمع زَوَایَا: گھر کا کونہ، معماروں اور بڑھیوں کی اصطلاح میں دو مستقیم ضلعوں کا ایک پیمانہ جن کے اتصال سے زاویہ قائمہ پیدا ہوتا ہے- (زاویہ کی مختلف اقسام ہیں-)-

○ زَوِیَ ـ زویــاً ہ: (ابرو) سکیڑنا، پر شکن ڈالنا، بھویں سکیڑنا- ـــ ہ: کو ہٹانا، چھپانا- زوی مابین عینیه: اس نے اپنے بھویں سکیڑے- نے (غصہ میں) تیوری چڑھائی- زَوَّی وتَـزَوَّی: کونے میں ہٹ کر رہے جانا- گوشہ نشین ہونا، عزلت گزین ہونا- اِنْزَوَی: ایضاً نیز الگ تھلگ رہنا، گوشہ نشینی اختیار کرنا- انـزوی فی جلدِهِ: شرم وغیرہ سے گڑ جانا- اِنْزِوَاء: تنہائی، خلوت، گوشہ نشینی، عزلت گزینی، علیحدگی- زَاوِیَة جمع زَوَایَا: کونا، گوشہ، زاویہ، چھوٹی مسجد، عبادت کا کمرہ، ایک مسلمان ولی کی قبر پر بنی ہوئی گنبد والی چھوٹی مسجد، تکیہ- حجر الزاویة: کونے کا پتھر- مِن زوایا مـخـتـلفة: مختلف زاویوں سے، مختلف پہلوؤں سے- مُـنـزَوٍ: الگ تھلگ، گوشہ نشینی، یا عزلت گزینی کا، دور افتادہ، دور، غیر واضح مبہم، دھندلا سا-

زیب: ۱- تَزَیَّبَ لحمُهُ: گوشت کا یکجا ہو کر ایک تہہ بہ تہہ ڈھیر بن جانا- الزَیَب: ہوا کی شدت- رجلٌ زَیَبٌ وازْیَبٌ: مضبوط آدمی- الاَزْیَــب: جنوبی ہوا، بہت پانی- (ح) سیہ، خوشی، چستی، چست، خوش، ہشاش بشاش، پستہ قدم چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے والا، کمینہ، منہ بولا بیٹا، اجنبی، ناپسندیدہ بات، مصیبت، دشمنی- الاَزْیَب: شدید بخیل-

۲- الزِیْبَق: پارہ-

زات: زَاتَ - زَیْتــاً و زَیَّــت الطعامَ: کھانے میں تیل ڈالنا- و- الشیءَ: چیز کو تیل سے تر کرنا، کو تیل لگانا- و- القومَ: قوم کو زیتون کا تیل کھلانا یا بطور توشہ زیتون کا تیل دینا- زَاتَ ـ زِیَاتَةً: کے پاس بہت تیل ہونا- اَزْدَاتَ اِزْدِیَاتًا: روغن زیتون ملنا- اِسْتَزَاتَ: روغن زیتون مانگنا- الزَیْت: (مص) جمع زُیُوت: تیل، مختلف قسم کے نباتات وحیوانات سے نکلنے والے تیلوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے خواہ کھانے، روشنی کرنے یا خوشبو لگانے کے لئے استعمال ہوں- الزَیَّات: تیل فروش، تیلی- الــزَیْتُون واحد زَیْتُونَة (ن) زیتون کا درخت، زیتون کا تیل، زیتون کا پھل- الــزَیْتُونِیّ: زیتون کے رنگ کا- الــزَیْتُونِیَّة: پودے جن کے پتے زیتون کے درخت کے پتوں جیسے ہوتے ہیں جنہیں باڑوں کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے- الــزیتــونیــات: (ن) پودوں کا ایک خاندان جو تین قبائل پر مشتمل ہے- (۱) زیتونی (۲) مُرآنی (۳) یاسمینی- الــمَزِیــت والــمَزْیُوت: جس میں تیل ڈالا گیا ہو- المِزْیَنَة: تیل کی کپی جس کے ذریعے مشینوں کو تیل دیا جاتا ہے-

○ زَیَّــتَ ہ: (مشین وغیرہ کو) تیل دینا، گریس لگانا، (کھانے میں) تیل ڈالنا- زَیت حار: السی کا تیل- زیت الحوت: کاڈ مچھلی کا تیل- زیت الخروع: کیسٹر آئل- زیــت الســمك: کاڈ مچھلی کا تیل- زیت التشحیم: مشین کا تیل- زیت الاستصباح: ایندھن کا تیل، فیول آئل- زیــت الغاز: مٹی کا تیل- زیتی: تیل کا- صورةٌ لوحةٌ زیتیة: آئل پینٹنگ- جبل الزیتون: فلسطین کے ایک پہاڑ کا نام- جامع الزیتونة: تیونس کی جامع مسجد اور یونیورسٹی- زیتونی: زیتون رنگ کا، تیونس کی جامع کا طالب علم جمع زیتونیون- مَزْیَتَة: تیل کی کپی- مُـزَیَّت: جس کو تیل دیا گیا ہو-

زیج: الزِیج جمع زِیْجَات و زِیَجَة: (ب) معماروں کا دھاگا جس سے وہ دیواروں کو برابر کرتے ہیں (فارسی لفظ) (فک) علم ہیئت میں اس جدول کا نام ہے جس سے سیاروں کی حرکات کا پتہ لگاتے ہیں-

زاح: زَاحَ - زَیحاً و زُیُوحًا و زِیُوحا و زَیَحَانًا: دور ہونا، چلے جانا- و- اللثامَ: نقاب کھولنا، ہٹانا- اَزَاحَ ہ: کو دور کرنا، لے جانا- اِنْزَاحَ انزیاحًا: دور ہونا، چلے جانا- الزَیْحُ (ہ): دیکھئے الانسحاب- الزِیَّاح: عیسائیوں کے ہاں ایک دینی تہوار جس میں مقدس چیزیں اٹھا کر لوگوں کو دکھائی جاتی ہیں یا انہیں لیکر لوگوں میں گھومتے ہیں- اس سے فعل بنا کر کہا جاتا ہے: زَیَّحَ لایَقُونَةَ: عیسائی اولیاء کی تصویر لے کر لوگوں کو دکھاتے پھرنا- المَزَاح: خلوت کی جگہ، تنہائی کی جگہ-

احَ - زَیْحًا و زیوحًا و زَیَحَانًا: دور جانا، چلے جانا،

رخصت ہونا، ترک کرنا۔ــــ ازَاحَ ہ: کو ہٹانا، دور کرنا، نکال دینا۔ــــ ہ عن: سے پردہ، نقاب وغیرہ اٹھانا۔ ازاح اللثام عن: (کچھ) ظاہر کرنا، منظر عام پر لانا۔ ازاح الستار عن تمثال: یادگار (وغیرہ) کی نقاب کشائی کرنا۔ اِنزَاحَ: چلے جانا، رخصت ہونا، ترک کرنا۔ (پردہ) اٹھایا جانا۔ زِیح جمع اَزیاح (سیدھا) خط، زیّاح جمع ریاحات دینی جلوس۔ ازاحۃ: ہٹانا، دور کرنا، خاتمہ کرنا۔ ازاحۃ الستار: (یادگار کی) نقاب کشائی۔

زاخ: زَاخَ ۔ زَیخًا و زَیَخانًا: ظلم کرنا، ناانصافی کرنا، الگ ہونا۔ ازَاخَ ہُ: کو علیحدہ کرنا۔ تَزَیَّخَ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔

زاد: ۱۔زَادَ ۔ زَیدًا و زِیدًا و زَیدًا و زِیَادَۃً و مَزِیدًا و زَیدَانًا: بڑھنا، زیادہ ہونا۔ و۔الشیءَ: کو بڑھانا۔ و۔فلانٌ: زیادہ دینا۔ زَیَّدَہُ: کو بڑھانا۔ زَایَدَہُ: بڑھنے میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔ تزَیَّدَ السعرُ: بھاؤ کا بڑھنا، اونچا ہونا، نرخ کا گراں ہونا۔ و۔الرجلُ فی حدیثہ: بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ــ فی الشیء: کو بڑھانے میں تکلف کرنا۔ تزَایَدَ فی حدیثہ: بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ تزایدوا فی ثمن الـ لمعۃ: ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا یا بولنا۔ ازدادَ. زادَ (لازم و متعدی) کے معنی میں۔ زیادہ ہونا یا کرنا، زیادہ طلب کرنا۔ اِستَزَادَہُ: سے زیادہ طلب کرنا۔ الزائدم زائِدۃ جمع زَوائِد (فا)۔ زائدۃ الکبد (ع ا): زائدہ جگر۔ الزائدۃ الدُّودِیَۃ: (طب) زائدہ معویہ۔ الزوالدمن الاسنان: کچلیوں کے قریب کے دانت۔ الزِیادۃ (مص) جمع زِیادات و زَیائد: بڑھائی یا بڑھی ہوئی چیز۔ الزَّید و الزِّید: زیادہ کہا جاتا ہے۔ ھم زَیدٌ علی مائۃ: یعنی وہ سو سے زیادہ ہیں۔ التزاید: تدریجی اضافہ، بڑھاؤ۔ المَزِید: (مص ومفع) زیادتی، زیادہ کہا جاتا ہے۔ لامَزِیدَ علی ھذا الامر: یعنی اس پر زیادتی نہیں ہوسکتی۔ المزادۃ جمع مَزادٌ و مزَاید: چمڑوں کے ٹکڑوں سے پانی رکھنے کے لئے تیار کردہ تھیلا یا ڈولچی۔ المُزَایَدۃ او البیع بالمَزاد العلنی: نیلامی نیلام عام۔

۲۔استزادہُ: کو کم سمجھنا اور شکایت کرنا۔

○ زَادَ ــــ زِیادَۃً: بڑا یا زیادہ ہوجانا، بڑھنا، زیادہ ہونا، مرکب ہونا۔ــــ من یا علی: سے زیادہ ہونا۔ــــ علی عن ب: رقم وغیرہ کا سے بقدر زیادہ ہونا۔ــــ علی: تعداد یا رقم سے متجاوز ہونا۔ــــ ہ: کو زیادہ کرنا، مرکب کرنا، بڑھانا، بڑا کرنا۔ــ ہ من و ہ الی: کو سے تک بڑھانا، میں تک اضافہ کرنا۔ــ ہ علی: کو میں شامل کرنا۔ــ علی: میں اضافہ کرنا، کو بڑھانا، بڑا کرنا۔ــ من / فی: کو پھیلانا، لمبا کرنا، بڑا کرنا، وسیع کرنا، بڑھانا، ترقی دینا، آگے بڑھانا۔ــــ ہ ہ: کو کا زیادہ دینا۔ لایزید علی: یہ سے زیادہ نہیں، یہ صرف ...... ہے۔ زاد قائلاً: اس نے مزید کہا۔ زِدْ علی ذلك ان: اس میں یہ بڑھا لیجئے کہ۔ مزید برآں۔ زادَہ علماً: کو اس کے متعلق مزید بتانا، کو مزید اطلاع فراہم کرنا۔ زَیَّدَ: کو زیادہ کرنا، بڑھانا، مرکب کرنا، بڑا کرنا، میں اضافہ کرنا۔ زَایَدَہ: نیلام میں کسی سے زیادہ بولی دینا، سے بڑھ کر بولی دینا۔ تَزَیَّدَ: زیادہ ہونا، (بھاؤ) کا چڑھنا، (کچھ بتانے میں) اضافے کرنا، یا مزید نمک مرچ لگانا، مبالغہ آرائی کرنا، لفاظی کرنا، باتونی ہونا۔ تزید من العلم، من المعرفۃ: اضافی علم حاصل کرنا، اپنا علم بڑھانا۔ تَزَایَدَ: ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا، بتدریج زیادہ ہونا، زیادہ بڑھنا، شدت اختیار کرنا۔ــــ من: کو بڑھاتے چلے جانا۔ اِزداد: بڑھنا، زیادہ ہونا، مرکب ہونا۔ ازدادَ بُکاءً: وہ روئے چلا گیا۔ استزدھا: کا مزید مطالبہ کرنا، کچھ مزید طلب کرنا، اپنے مطالبے بڑھاتے جانا، زیادہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ــــ ہ: زیادہ کی تمنا کرنا، کی وسعت و توسیع کے لئے کام کرنا۔ استزادہ: سے کوئی چیز اور مانگنا۔ الزَیدِیۃ: یمن میں آزاد دولت مشترکہ بنانے والا شیعی فرقہ۔ الزَّیدُود: زیدی فرقہ کے پیرکار۔ زِیادۃ: زیادتی، اضافہ، ترقی، بڑھنا، بڑھوتری، نشوونما، زائد، زیادہ، (بھاؤ وغیرہ) چڑھانا، بڑھانا، بلند کرنا، شدت اختیار کرنا، پیدا کرنا، فالتو تنخواہ، الاؤنس۔ زیادۃً: مزید برآں علاوہ ازیں۔ زیادۃً عَن: سے زیادہ، کے علاوہ، سے قطع نظر۔ حَمَّلَہ زیادۃً عن تحملہ: اس نے اس پر اس کی برداشت سے زیادہ بوجھ لادا۔ زیادۃً علی ذلك: مزید برآں، علاوہ ازیں۔ زیادۃ المَوالِید: پیدائشوں کی بے اعتدالی۔ لِزیادۃِ الابضاح: مزید توضیح کے لئے مزید وضاحت کے لئے۔ اَزیَد: زیادہ فزوں از حد، اونچا تر، عظیم تر، زیادہ بڑا۔ مَزاد جمع مَزادات: نیلام، نیلامی، نیلام عام۔ مَزید علی: سے زیادہ۔ــ: ضرورت سے زیادہ، بہت کثرت، اونچا درجہ، بڑی حد، انتہائی زیادہ سے زیادہ، حد سے زیادہ، بلند ترین، عظیم ترین، اعلی، بہترین، اضافہ شدہ۔ بمزید الشکر: بہت بہت شکریہ کے ساتھ۔ بمزید الاسف: انتہائی افسوس کے ساتھ۔ بمزید الارتیاح: انتہائی خوشی (اطمینان یا تسلی) کے ساتھ۔ لیس لہ من مزید: اس پر کوئی سبقت نہیں لے جا سکتا، کوئی بازی نہیں لے جا سکتا۔ مُزَایَدَۃ جمع مُزَایدات: نیلام، نیلام عام، نیلامی۔ تَزَیُّد: (میں) مبالغہ، اپنے ہی اضافے یا حاشیہ آرائی، بے سروپا باتیں، رام کہانی۔ تَزَایُد: (تدریجی) اضافہ، زیادتی، ترقی، برھوتری، نشوونما، افزائش۔ ازدیاد: اضافہ، افزائش، نشوونما، چڑھائی، اونچا ہونا، شدت اختیار کرنا۔ اِستِزَادۃ: مزید کے لئے جدوجہد، اضافہ، توسیع، پھیلاؤ کے لئے لگاتار کام کرنا، مزید کی خواہش یا طلبی۔ لم یبقَ استزادۃ لمستزید: اس کے بارے میں مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں، اب کوئی بات ایسی نہیں رہ گئی جس کا اضافہ کیا جا سکے۔

زائد عن: سے زیادہ۔ زائد عن الحاجۃ: ضرورت سے زیادہ، فالتو۔ زائِدَۃ جمع زَوائِد: اعضائے زائدہ۔ زائِدۃ مِعَوِیَۃ اوزائِدۃ دُودِیَۃ: زائدہ دودیہ Vermi appendix مُزایِد جمع مُزایدون: بولی دینے والا، بڑھ کر بولی دینے والا۔ مُتَزایِد: ثابت قدمی سے بڑھنے والا، اتار چڑھاؤ والا۔

زبر: زبر: دیکھو زور۔

زیز: ۱۔الزِّیز جمع زِیزان (ح) ایک قسم کا کیڑا جو ریز ریز کی آواز نکالتا ہے اور درختوں پر ملتا ہے۔ الزِیزی والزِیزاء والزِیزاء والزازِیۃ: جمع الزیازی: چھوٹا ٹیلا یا کرخت زمین پر یا اس کے اطراف۔ الزِیزِیّات (ح): حشرات الارض کی ایک صنف۔

۲۔الزَیزَفُونُ (ن): ایک قسم کا پودا۔

زاط: زَاطَ ۔ زَیطًا و زِیاطًا: چیخنا اور بہت جھگڑنا۔ زَیّاط: چیخنے اور بہت جھگڑنے والا۔

زاغ: ۱۔زَاغَ ۔ زَیغًا و زَیَغانًا و زَیغُوغَۃً: جھکنا، ٹیڑھا ہونا۔ و۔البصرُ: نگاہ کا جھکنا۔ زَیَّغَہُ: کو ٹیڑھا کرنا، کی کجی کو درست کرنا۔ ازَاغَہُ عن الطریق: کو راستہ سے بھٹکانا، بدراہ کرنا۔ــــ الرجلَ: کو کجی میں ڈالنا۔ تَزَایَغَ: مائل ہونا۔ الزائغ جمع زاغۃ وزائغون: فا۔ الزَیغ: (مص) حق سے انحراف۔ شک۔ الزُیوغ: جھکاؤ، میلان۔

۲۔تَزَیَّغَ: آراستہ ہونا، مزین ہونا، بناؤ سنگھار کرنا۔

۳۔الزَاغ جمع زِلغان (ح): چھوٹا کوا، جس کے پیٹ اور پیٹھ پر کچھ سفید بال ہوتے ہیں یہ گندگی خور نہیں ہوتا۔ اس کی ایک قسم جو الزاغ الجیفی کہلاتی ہے۔ جو مردار خور ہے۔

○ زاغ ــ زَیغًا و زَیَغانا: ایک طرف ہوجانا۔ــ عن:

سے انحراف کرنا، تجاوز کرنا، سے دور ہونا، سے منہ موڑ لینا۔ ـــــ : (آنکھوں کا) بھٹکنا۔ أزَاغَ ہ: کو منحرف کرنا۔ ازَاغ عني بصَرَہٗ : اس نے میرا دل توڑ دیا۔ زَیْغ و زَیَغان : انحراف، تجاوز۔ زَیْغ و سَدَاد : غلطی کرنا، ٹھیک کام کرنا، باطل و حق۔ زَائِغ: منحرف، مختلف، غلط، توڑ موڑ کر بیان کیا ہوا، شکل بگاڑا ہوا، غلط راستے پر ڈالا ہوا۔ مصنوعی، نقلی۔ نظراتٌ زائِغةٌ: بھٹکی نظریں۔

زاف: ا۔زَافَ ۔ زُیُوفاتِ الدراھمُ علیه : کے درہم کھوٹے ہونا۔ و۔ زَیْفاً الدراھمَ: کھوٹے درہم بنانا یا درہموں کو کھوٹا سمجھنا۔ زَیَّفَ الدراھمَ : کھوٹے درہم بنانا۔ و۔ الرجلَ : کی تحقیر کرنا۔ تَزَیَّفَتِ الدراھمُ : درہم کھوٹے ہونا۔ الزائف (فا) من الدراھم جمع زُیَّف و زُیُوف: کھوٹا درہم۔ الزَیْف: کھوٹا پن کہا جاتا ہے درهمٌ زَیْفٌ: کھوٹا درہم۔

۲۔زاف ۔ف زَیْفاً الحائطَ : دیوار پھاندنا۔ زَیَّفَ البناءُ: عمارت کا بلند ہونا۔ الزَیْف جمع زِیَاف و ازْیَاف و زُیُوف: دیوار کا چھجہ، کنگرہ۔

۳۔زافِ ۔ زَیْفاً و زَیَفَانًا : مٹک کر چلنا۔ ـــ العیرُ : ڈگمگاتے ہوئے تیز چلنا۔ الزَائِف (فا): جمع زُیَّف و زُیُوف: شیر الزَیَّاف م زَیَّافة مٹک کر چلنے والا، شیر۔

○ زافَ ـــ زَیْفًا: نقلی ہونا، مصنوعی ہونا، جعلی ہونا۔ زَیَّفَ ہ: (سکہ وغیرہ) جعلی بنانا، کو نقلی یا جعلی قرار دینا۔ زَیْف: مصنوعی ہونا، غرور، تکبر، جمع زُیُوف: نقلی، مصنوعی، جعلی، کھوٹا۔ أزْیَف: زیادہ مصنوعی، زیادہ جعلی۔ تَزْیِیف: جعلسازی، جعلی بنانا، کھوٹا بنانا۔ زائف: جعلی، گھڑا ہوا، کھوٹا، نقلی۔ اخبارٌ زَائِفةٌ : جھوٹی خبریں۔ نقود زائفةٌ : کھوٹے سکے۔ مُزَیِّف: جعلساز۔ جعلی سکے بنانے والا۔ مُزَیَّف: جعلی، گھڑا ہوا، کھوٹا، نقلی۔

زیق: زَیَّقَ الثوبَ : کپڑے میں گوٹ لگانا۔ تَزَیَّقَتِ المرأةُ: عورت کا بننا سورنا۔ سنگھار کرنا، سرمہ لگانا۔ الزِیق: (ب) دیوار برابر کرنے کے لئے معمار کا دھاگا، کپڑے کی گوٹ۔

○ زَیَّـقَ: چہچہانا، چوں چوں کرنا، چہرمانا، چڑچڑایا چیں چیں کرنا۔ زِیق جمع زِیَاق : کالر، گریبان۔ (لباس کا) حاشیہ، گوٹ، مغزی، سنجاف۔

زاك: زاكَ ۔ زَیَكانًا: ناز و نخرہ سے چلنا۔ الزِیك: چھوٹے چھوٹے جواہر جو ایک بڑے جوہر کے گرد اگرد جڑے ہوئے ہوں۔

زال: ا۔زالَ ۔ زَیْلاً ہٗ عن مکانه : کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔ مَازِلْتُ افعلُ : میں کرتا رہا۔ مازِلتُ بزَیْدٍ و مَازِلتُ زَیْدًا حتی فعَلَ : میں زید کے ساتھ لگا رہا حتی کہ اس سے یہ کر دیا۔ زِلْتُ افعل بمعنی مازلت افعل حرف نفی کو پوشیدہ سمجھتے ہوئے آتا ہے لیکن بہت کم۔ زَیَّلَ ہٗ: کو متفرق کرنا۔ زَایَلَـهٗ : باہم دگر جدا ہونا۔ أزَالَ إزالةً و ازالاً ہٗ عن مکانه: کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔ تَزَیَّلُوا و تزایلوا: متفرق ہونا، جدا ہونا۔ ـــ عنه : سے شرمانا کہا جاتا ہے۔ انا اتزایل عنك فلا اتجاسر علیك: میں تمہارے سامنے شرماتا ہوں۔ الزَیَل : دو رانوں کے درمیان کا فاصلہ۔ الأزْیَل : دونوں کے درمیان فاصلہ والا۔

۲۔رجلٌ مِزْیَل و مِزْیَال : خوش طبع، ہنرمند ذہین۔

زام: زَامَ ۔ زَیْمًا لفلان فاسکته : کو ایک لفظ بول کر خاموش کر دینا۔ تزیمت الخیل وغیرُھا: گھوڑوں وغیرہ کا متفرق ہونا۔ و۔ تَزَیَّمَ اللحمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ گٹھا ہوا ہونا۔ (ضد) الزِیْمَة جمع زِیَم: گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔

زان: ا۔زَانَ ۔ زَیْنًا ہٗ : کو زینت دینا۔ و۔ الشیءَ: کو خوبصورت بنانا، آراستہ کرنا۔ زَیَّنَ تَزْیِینًا و أزَانَ ازانةً و أزْیَنَ ازْیَانًا ہٗ: کو خوبصورت بنانا، آراستہ کرنا۔ تَزَیَّنَ تَزَیُّنًا و اِزَّیَّنَ اِزِّیَّانًا و اِزْدَانَ اِزْدِیَانًا و ازَّیَّنَ اِدِّینانًا وازبانَّ ازْیِنَانًا : آراستہ ہونا، مزین ہونا۔ الزان : سفیدے کی قسم کا درخت۔ امرأةٌ زائِنٌ : سنوری ہوئی عورت۔ الزَیْن (مص) جمع ازیان : آراستگی، خوبصورتی۔ زِیْنُ الدِیك : مرغ کی کلغی۔ الزینة : آراستگی، زینت کی اشیاء۔ سجاوٹ۔ باغوں کا خوبصورت پھولوں، پتوں اور تنوں والا ایک قسم کا پودا۔ امراضُ الزینة : (طب) بالوں، جلد یا ناخن کے امراض۔ الزَیَّان: خوبصورت کہتے ہیں۔ قمرٌ زِیان: بمعنی خوبصورت چاند۔ الزِیَان: زیبائش اور آرائش کی چیزیں۔ الزِینیة (ن) : پھول دار پودے۔ المُزَیِّن : نائی، حجام۔

۲۔الزان : بدہضمی۔ الزانة: بدہضمی۔

○ زَانَ ـــ زَیْنًا ہ: کو آراستہ کرنا، سجانا، کی آرائش کرنا، کا سنگار کرنا۔ زَیَّـن ہ: کی آرائش کرنا، کا سنگار کرنا، کو آراستہ کرنا، سجانا، کی تزئین کرنا، سج دھج کرنا، کی زیبائش کرنا۔ ـــ ہ و ہ: کو اعزاز بخشنا، کو مشرف کرنا۔ ـــ ہ: کی شیو کرنا۔ زَیَّنَتْ نفسَها: (عورت کا) میک اپ کرنا۔ ـــ ہ اِلی / ل : کو مناسب حال روشنی میں کے روبرو پیش کرنا۔ ـــ ہ ل: کو کسی کی آنکھوں کے سامنے خیال میں لا کھڑا کرنا، کسی کے ذہن میں کسی چیز کا تصور پیدا کرنا۔ ـــ ل اَن : کو خیال دلانا کہ، کو کچھ کرنے خیال دینا یا دلانا۔ تَزَیَّن : آراستہ ہونا، سجنا، خوش پوش ہونا۔ بناؤ سنگار کرنا، بننا سنورنا، بن سنور کر نکلنا، شیو کرنا۔ اِزْدَانَ: آراستہ ہونا، سجنا، مشرف ہونا۔ زَیْـن : خوبصورتی، حسن، جمال، خوبصورت، دلکش، نفیس۔ زِیْنَة جمع زینات: سجاوٹ، تزئین، آرائش، زیبائش، زیور، کپڑے، پوشاک، لباس، بناؤ سنگار کا سامان، ہار سنگار۔ زینةُ الوجه: میک اپ۔ بیت الزینة: بیوٹی شاپ۔ اشجار الزینة: زیبائشی درخت۔ نباتات الزینة: زیبائشی پودے۔ خُوَانُ الزینة: ڈریسنگ ٹیبل، سنگار میز۔ غُرْفَة الزنیة: ڈریسنگ روم، سنگار کا کمرہ۔ زَیَّان: خوبصورت۔ زِیان : سجاوٹ، تزئین، آرائش، زیور، زیبائش، آراستگی، زِیانَة: نائی کا پیشہ۔ تَزْیِین : سجانا، آرائش، زیبائش، فرضی بات، بناوٹ، دکھاوا، تصنع، بہانا۔ مُزَیِّن: نائی، حجام، اصلاح ساز، باربر، ہیئر ڈریسر۔ مُزَیَّن : سجایا ہوا۔ آراستہ کیا ہوا۔ ـــ ب : سے مشرف، سے آراستہ کیا ہوا۔ سے زیبائش کیا ہوا، سے خوبصورت یا خوشنما بنایا ہوا۔ مُزْدَان ب: ایضاً

زیا: زَیَّا تزییةً ہٗ : کو پوشاک پہنانا۔ ھذہ زایٌ فزَیِّھا: یہ (ز) ہے اسے زَ کے ساتھ پڑھ۔ تَزَیَّا: پوشاک پہننا۔ و۔ بزی القوم: قوم کا لباس پہننا۔ الزِیّ جمع ازْیَاء: پہننے کی ہیئت یا شکل۔ اقبَلَ بزیّ العرَب و جاء نا بزی غریب : وہ عرب کے لباس میں آیا اور وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔

○ زِنْكو: زنک (Zinc) جست۔

س

س تلفظ سین: حروف تہجی میں بارھواں اور حروف ابجد میں ساٹھ کی تعداد ظاہر کرتا ہے۔ حرف سین مضارع پر داخل ہو کر اسے مستقبل قریب کے لئے مخصوص کر دیتا ہے۔ سوف کے ساتھ اس کے مستقل کی مدت کمتر ہے۔ اسے صرف تنفیس یعنی توسیع کا حرف کہا جاتا ہے کیونکہ یہ مضارع کو تنگ وقت سے وسیع مدت میں منتقل کر دیتا ہے جو مستقبل کا زمانہ ہے۔

ساب: سَأَب - سَأْبًا ہُ: (کا) گلا گھونٹنا۔ ـــ السقاءَ: مشک کو فراخ کرنا، ـــ و سَئِبَ۔ سَأَبًا من الشراب: پانی سے سیراب ہونا۔ السَّأْب (مص): جمع سُؤُوب: بڑی مشک۔ السُؤْبان: مال کا اچھا منتظم المِسْأَب: بڑی مشک، بہت پانی پینے والا۔

سات: سَأَتَ - سَأْتًا: (کا) گلا گھونٹنا۔ السَّأْت (ع ا): گلے کا پہلو تثنیہ: سأتین:

○ ساج جمع سیجان: ساگوان۔

○ ساتن: سائن۔ (ایک قسم کا کپڑا)

سأد: سَأَدَ - سَأْدًا و سَأَدًا ہُ: کا گلا گھونٹنا۔ مُسْئِدَ: کھاری پانی پینے سے بیمار پڑ جانا۔ مَسْؤُد: کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیمار۔ سَئِدَ - سَأَدًا: پینا۔ ـــ الجرحُ: زخم کا کھل جانا اور خراب ہونا۔ سَئِید: کھلا اور خراب زخم۔ أَسْأَدَ إِسْآدًا: ساری رات چلنا۔ کہتے ہیں أسعَدَ یومَہُ إِسعادًا مَنْ أَسْأَدَ لیلتَہُ إِسآدا: جو ساری رات چلا اس نے اپنے دن کو مبارک بنا دیا۔ السُؤاد (طب): کھاری پانی پینے سے پیدا ہونے والی بیماری۔ السُؤْدَة: جوانی کا باقی حصہ

○ سادة: سادہ، صاف، یک رنگا، یکساں

○ قهوة سادہ: قہوہ (بغیر چینی ملائے)

سأر: سَأَرَ - سَأْرًا و أَسْأَرَ الشارِبُ فی الأناء: پینے والے کا برتن میں کچھ باقی رہنے دینا، جوٹھا چھوڑنا۔ سَأْر: جوٹھا۔ باقی بچا ہوا۔ کہا جاتا ہے أسأر الحاسب فی حسبه: حساب کرنے والے نے حساب پوری طرح نہیں کیا۔ سَئِرَ - سَأَرًا الشیءُ: چیز کا باقی رہنا۔ تَسَأَّرَ النبیذَ: جوٹھا نبیذ پینا۔ السُؤْر جمع أسآر: برتن میں بچا ہوا پانی۔ باقی ماندہ۔ جوٹھا۔ کہا جاتا ہے۔ هو سُؤْرُ شرٍ: وہ شریر ہے۔ السُؤْرة جمع سُؤَر: جوانی کا بقیہ۔ ـــ من المال: عمدہ مال۔ السائر (فا) من الشیءِ: چیز کا بقیہ۔ باقیماندہ حصہ۔

○ الساسانیون: ساسانی۔ فارس کے شاہوں کا خاندان۔

سأسأ: سَأْسَأَ سَأْسَأَةً بالحمار: گدھے کو روکنے کے لئے ڈانٹنا یا پینے اور چلے جانے کے لئے بلانا۔ عام بول چال میں۔ سأسأ الماءُ: پانی ہلکے ہلکے بہنے لگا۔ تَسَأْسَأَتِ الامورُ: امور کا مختلف ہونا

سأف: سَأَفَ - سَأْفًا تْ يدُهُ: ہاتھ کا ناخن کے اردگرد سے پھٹنا، تڑخنا۔ سَئِفه: ناخن کے اردگرد سے پھٹا ہوا ہاتھ۔ سَئِفَ - سَأَفًا ت يدُهُ: ہاتھ کا ناخن کے اردگرد سے پھٹنا۔ و۔ و۔ انْسَأَفَ لیفُ النخل: کھجور کے پتوں وغیرہ کا پھٹنا، چھلنا۔ السَّأف: کھجور کی شاخ، دُم کے بال۔ السَّائِفة: جمع سَوَائِف: نیچے کی باریک ریت

○ ساغو: ساگودانہ، سالودانہ

○ ساکو و ساکوہ: عام کوٹ، عام جیکٹ

سأل: سَأَلَ - سُؤَالًا و سَآلَةً و سَآلَةً و سَآلَةً و مَسْأَلَةً و تَسْآلًا: مانگنا، چاہنا، طلب کرنا، درخواست کرنا، عطیہ مانگنا۔ سألتُ اللّٰہَ نعمةً: (میں نے اللہ تعالیٰ سے نعمت مانگی)۔ سألتُہُ عن حالِہ: میں نے اس سے اس کا حال دریافت کیا۔ کبھی ہمزہ کی تخفیف ہو جاتی ہے اور کہا جاتا ہے۔ سَالَ یسال سَلْ: جیسے خاف یخاف خَفْ۔ اس سے اسم مفعول مَسُول ہوتا ہے، جیسے مَخُوف۔ سَاءَلَ و سَایَلَ مُسَاءَلَةً و مُسَایَلَةً ہُ و سَاءَلَ عنه: بمعنی سَأَلَ۔ أَسْأَلَ ہُ سُؤْلَہُ و سُؤْلَتَہُ و مَسْأَلَتَہُ: کی حاجت روائی کرنا، کی ضرورت پوری کرنا۔ تَسَأَّلَ و تَسَوَّلَ: مانگنا۔ تَسَاءَلَ و تَسَاوَلَ القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے سے دریافت کرنا، پوچھنا۔ السُؤْل و السُوْل و السُؤْلَة و السُولَة: التجا، درخواست۔ السَّأَّل و السُؤَلَة و السَؤُوْل: بہت پوچھنے والا۔ السَّائِل جمع سائِلون و سُؤَّال و سُؤَّل و السَّأَلة: مانگنے والا، بھکاری المَسْأَلَة: جمع مَسَائِل: حاجت، مطلب۔

○ سوال: مسئلہ، ایشو، مشکل، معاملہ، قضیہ، کام بات، درخواست مُسَاءَلة: پوچھ گچھ۔ تفتیش۔ تَسَوّل: بھیک مانگنا، سخت ناداری۔ مَسْئُولِیة: ذمہ داری عن (کی) مُتَسَوّل: بھکاری۔ سُؤَال عن: کے متعلق سوال کی درخواست۔ سوال عن: کے متعلق سوال۔ سال - ہُ ہ او عن: سے کچھ پوچھنا یا اس کے متعلق پوچھنا۔ سالَ ہُ عن: سے کے متعلق دریافت کرنا۔ سال ہُ او منہ شیئًا: سے کوئی شئے طلب کرنا۔ سال ہُ او منہ شیئًا: سے کی درخواست کرنا، سے کا مطالبہ کرنا، سے کا دعویٰ کرنا۔ سال ہ عن اخبارہ: سے کسی دوسرے کے بارے میں دریافت کرنا۔ سال ہ رایَہُ: سے اس کی رائے پوچھنا، سے مشورہ کرنا۔ سال ہُ سؤالا: سے سوال کرنا یا پوچھنا۔ یُسْأَلُ عن: وہ کے متعلق جواب دہ ہے، کام کا ذمہ دار ہے۔ تساءل هل عن: اپنے آپ سے پوچھنا، کے متعلق،

کیا۔ تساء ل عن ۔ کے متعلق دریافت کرنا۔

○ سام حضرت نوح کے بڑے بیٹے کا نام، سامی: سام کی نسل کا۔

سام: سَئِمَ ـ سَأَمَةً و سَأْمًا و سَأْمَةً و سَأَمًا و سآمَةً الشئَ و منه: سے اکتا جانا، بور ہونا، بیزار ہونا، سے تھک جانا۔ سَؤُوم: متنفر، بیزار، تھکا ہوا، اکتایا ہوا۔ اَسْأَم إسْآمَاهُ: کو بور کرنا، میں اکتاہٹ پیدا کرنا یا بیزاری کا باعث ہونا، کو تھکا مارنا۔

○ سَئِم تھکا ہوا، اکتایا ہوا، بیزار

○ سآمة: تھکاوٹ، اکتاہٹ بیزاری، بوریت۔

سأ: ۱۔ سَأَ يَسْأُ و سَأْوًا: دوڑنا و ـ الشیء: کا ارادہ کرنا قصد کرنا۔ السّأو (مص): وطن، وہ جہت جس کی طرف جانے کا ارادہ کیا جائے۔ ہمت، عزم ارادہ، پختہ ارادہ، سرگرمی شوق، جوش، کہتے ہیں، ھو بعید السّأو: وہ بڑا باہمت وحوصلہ ہے۔

۲۔ سَأَ يَسْأُ و سَأْوًا الرجلَ: کو رنجیدہ کرنا۔ ـ الثوبَ: کپڑے کا پھیلانے سے پھٹ جانا و۔ بینھم۔ کے درمیان فساد برپا کرنا۔

○ سب: ۱۔ سَبَّ ـ سَبًّا و سِبِّيبَى هُ: کو سخت گالی دینا، کی اہانت کرنا، بیعزتی کرنا، توہین کرنا، ہتک کرنا۔ سَبَّبَ هُ: کو سخت گالی دینا، کی خوب توہین کرنا، بے عزتی کرنا، سَابَّ مُسَابَّةً و سِبَابًا هُ: کو گالی دینا، کی بے عزتی کرنا، کی اہانت کرنا۔ تَسَابَّ الرجلان: ایک دوسرے سے قطع تعلق کرنا اور گالی دینا ایک دوسرے کی توہین کرنا، بے عزتی کرنا۔ اِسْتَبَّ القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔ اِسْتَسَبَّ لهُ: کو گالی گلوچ کے لئے پیش کرنا، یا کھینچ کر لے جانا۔ السِبّ و السُبَبَة و المِسَبّ و المِسَبَّة: بہت گالی دینے والا۔ السُبَّة: جسے لوگ بہت گالیاں دیں، عار، بے عزتی۔ السَبَّاب م سَبَّابَة: بہت گالیاں دینے والا۔ الأُسْبُوبَة: گالی کا باعث کہتے ہیں۔ بینھم اُسْبُوبَة یَتَسَابُّوْنَ بھا: یعنی ان کے درمیان ایک دوسرے کو گالی دینے کا کوئی نہ کوئی باعث ہے۔

۲۔ سَبَّ ـ سَبًّا الحبلَ: رسی کاٹ ڈالنا۔ سَبَّبَ الاسبابَ: اسباب پانا ـــ للماءِ مجرًی: پانی کے لئے نالی درست کرنا۔ الامرَ: کسی امر کا سبب بننا۔ تَسَبَّبَ: اسباب تلاش کرنا۔ ـــ به الیه: کا وسیلہ بننا۔ ـــ بالامر: کا سبب بننا۔ اِسْتَسَبَّ لهُ الامرُ: کا معاملہ درست ہونا۔ السِبّ: جمع سُبُوب: رسی، ڈوری۔ کتان کا باریک ٹکڑا، پردہ، پگڑی، میخ۔ السَبَب جمع اَسْبَاب ذریعہ۔ راستہ۔ (کہا جاتا ہے۔ مالی الیه سببٌ: میرے پاس اس تک پہنچنے کا کوئی راستہ نہیں)۔ رسی کیونکہ اس کے ذریعہ پانی تک رسائی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے۔ قطع اللهُ به السببَ: اللہ تعالیٰ نے اسکی زندگی ختم کر دی)۔ دوستی، قرابت داری کا رشتہ کہا جاتا ہے۔ تقطعت بھم الاسبابُ: انکی دوستیاں اور تعلقات کٹ کر رہ گئے، کہا جاتا ہے۔ تعاطیَ الاسبابَ: اس نے امور معیشت کے اسباب مہیا کئے۔ انقطعت عنه الاسبابُ: اس کے معیشت کے ذرائع جاتے رہے۔ اسبابُ السماء: آسمان کی نگرانی کے برج اور اس کے کنارے۔ السَبِیب: بالوں کی لٹ، زلف، گیسو و۔ من الفرس جمع سَبَائِب: گھوڑے کی دم اور اسکی پیشانی کے بال۔ ایال، کہا جاتا ہے۔ قد عقد واسبائبَ فیلھم: انہوں نے اپنے گھوڑوں کی ایالوں میں گرہیں لگائیں۔ السَبِیبَة جمع سَبَائِب: بالوں کی لٹ، کتان کا باریک ٹکڑا ـــ من الفرس: ایال گھوڑے کی دم اور اسکی پیشانی کے بال۔ المُتَسَبِّب عند المولّدین: (جدید عرب ادباء کی رائے میں) پرچون فروش، خوردہ فروش۔

○ سببٌ اکبر: بڑی یا اصل وجہ اسباب الحکم: رائے اسباب الراحة: عیش وعشرت کی زندگی، تکلفات۔ بِسَبَبِ: کی وجہ سے، کے باعث، کے سبب سے بِسَبَبِ ذلك: اس وجہ سے، لہذا، کے باعث کان السبب فیه: کا باعث ہونا، کا قصوروار ہونا، مورد الزام ہونا۔ یرجع السبب الی: کی وجہ یہ ہے۔ اخذ باسباب الحضارة الحدیثة: عصری تہذیب اختیار کرنا۔ وصل اسبابُه باسبابه: سے مل کر کام کرنا۔ تقطعت الاسبابُ بین: کے درمیان تعلقات منقطع ہیں۔ شاطرهُ اسبات المسرة: کی خوشی میں شریک ہونا۔ سَبَبِیَّة: علت و معلول کا سلسلہ۔ سَبَّابَة: انگشت شہادت، انڈکس فنگر (Index finger) مُسَبِّبات: سببی عوامل۔ السبب و المسبَّب. علت و معلول (Cause and effect)

۳۔ سَبَّ ـ سَبًّا و سِبِّيبَى هُ: کے مقعد میں نیزہ مارنا ـــ سَبًّا الفرسَ: گھوڑے کی کونچیں کاٹنا۔ السَبَّة: مقعد۔

۴۔ السَبَب جمع اسباب فی العروض، علم عروض میں "دو متحرک حرف جیسے لِمَ یا ایک متحرک اس کے بعد ساکن حرف جیسے لَمْ" السَبَّة من الحر او البرد او الدھر: عرصہ۔ السِبَّة: ہفتہ (سریانی لفظ) و۔ والسَبَّابة و المِسَبَّة: انگشت شہادت۔

۵۔ سَبَّ [illegible] پانی بہانا۔ [illegible] الرجل [illegible]

چلنا۔ تَسَبْسَبَ الماءُ: پانی کا بہنا۔

۲۔ سَبْسَبَ الرجلُ: نہایت گندی گالی دینا۔

۷۔ السَبْسَب جمع سَبَاسِب: بیابان، ریگستان، دور کی ہموار زمین کہتے ہیں: ارضٌ سَبَاسِب یا سُبَاسِب: بیابان۔ السَبَاسِب: عید فصح سے پہلے اتوار کی عید کے ایام۔

سبا: ۱۔ سَبَأَ ـ سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً و اِسْتَبَأَ اِسْتِبَاءً الخمرَ: شراب پینے کے لئے خریدنا۔ السِبَاء و السَبِیئَة: شراب، خمر۔ السَبَّاء. شراب فروش۔

۲۔ سَبَأَ ـ سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً الجلدَ: کھال کھینچنا، اتارنا ـــ الجلدَ بالنار: کھال کو آگ سے جلانا۔ ـ الرجلَ: کو کوڑے لگانا۔ و۔ النارُ الجلدَ: آگ کا کھال کو جلانا۔ اِنْسَبَأَ الجلدُ: کھال کا اترنا، چھلنا۔ السُبْأَة: لمبا سفر، دور کا سفر۔ السِبِی من الحیّة: سانپ کی کینچلی۔ المَسْبَأ: پہاڑی راستہ یا عام راستہ۔

۳۔ سَبَأَ ـ سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً الرجلَ: کے ساتھ ہاتھ ملانا، مصافحہ کرنا۔

۴۔ اَسْبَأَ لأمر الله: اللہ کے حکم کے لئے جھک جانا ـــ علی الشر: شرارت پر کمربستہ ہونا شرارت کرنا۔

○ سبا و سبأ: شیبا Sheba: ذھبوا ایدی (ایادی سبا): وہ چاروں طرف بکھر گئے۔

○ سَبَانِخ: پالک (سبزی)

سبت: ۱: سَبَتَ ـُ سَبْتًا: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا، سبت منانا، آرام کرنا ـــ الرجلُ: حیران ہونا۔ سُبِتَ الرجلُ: کو نیند آنا۔ اَسْبَتَ: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ اِسْتَبَتَ: سبت منانا۔ السَبْت (مص): جمع اَسْبُت و سُبُوت: جمعہ اور اتوار کے درمیان کا دن یعنی ہفتہ ـــ: بہت سونے والا۔ السُبَات: نیند یا اونگھ۔ المسبت (فا): وہ شخص جو بیماری وغیرہ کی وجہ سے ہل جل نہ سکے اور نہ آنکھیں کھولے۔ سست، کاہل، بے حس و حرکت۔ المَسْبُوت (مفع): مردہ یا بیہوش۔

۲۔ سَبَتَ ـُ سَبْتًا الشیءَ: کو قطع کرنا ـــ الرأسَ: سر مونڈنا ـــ عنقَهُ: کی گردن پر مارنا۔ گردن مارنا۔ اِنْسَبَتَ الجلدُ: کھال کا نرم ہونا۔ السِبْت: رنگی ہوئی کھال۔

۳۔ سَبَتَ ـُ سَبْتًا الشَعرَ: بال کھلے چھوڑنا۔ اِنْسَبَتَ الشیءُ: چیز کا لمبا ہونا، پھیلنا ـــ الوجهُ: چہرے کا لمبا ہونا۔ السَبْت: زمانہ ـــ السَبْتَة: زمانہ کا ایک عرصہ۔ السُبَات: زمانہ۔ اِبْنَا سُبَات: رات اور دن۔ السَبْتَاء: صحراء، دراز کان والی۔ السَبَنْتَاة: زبان دار عورت۔

[illegible] السَبْت: عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا، چالاک آدمی۔ و السُبُت

خطمی کی مانند ایک پودہ۔ السُّبات : چالاک آدمی۔ السِبُتان. احمق، بے وقوف۔ السَّبَنتَی جمع سَبَانِت و سَبَاتی م سَبنتَاۃ بہادر، آگے بڑھنے والا، چیتا۔

○ سَبَت : جمع سبتات و اَسبِتَة: ٹوکری

○ سِبتَمبُر ستمبر: انگریزی نواں مہینہ۔

○ سَبَج . سنگ موسیٰ

سبج : تَسَبَّجَ سیاہ چادر یا گدڑی اوڑھنا۔ السَّبَج: سیاہ منکے۔ السُّبجَة جمع سُبَج سیاہ چادر یا گدڑی۔ السَّبَّاج سیاہ چادریں یا گدڑیاں بیچنے والا۔ سیاہ کمبل بیچنے والا۔ ثَوبٌ مُسَبَّجٌ: چوڑے عرض کا کپڑا۔

سبح : ا۔ سَبَحَ ۔ سَبحاً : دور تک نکل جانا۔ و۔ فی الکلام: بہت باتیں کرنا۔ و۔ فی الارض : زمین کھودنا۔ ــــ القومُ قوم کا زمین میں پھرنا اور پھیل جانا ــ ۔ سَبحاً و سِباحَةً فی الماء/ بِالْمَاء پانی میں تیرنا۔ ستاروں اور گھوڑوں وغیرہ کے لئے اس لفظ کا استعمال بطور استعارہ کیا جاتا ہے۔ اَسبَحَ ہٗ کو تیرانا۔ السَّبحَة تیرنے کا اسم مرۃ۔ السابح : جمع سابحون و سُبَّاح و سُبَحۃ م سَابِحۃ جمع سَابِحَات و سَوَابِح (فا) تیرنے والا۔ تیراک۔ ــ من الخیل: تیز رفتار گھوڑا۔ السوابح تیز رو گھوڑے السَّابِحَات: کشتیاں۔ ستارے السَّبَّاح تیراک کا اسم مبالغہ۔ زبردست تیراک۔ السَّبُوح : جمع سُبَحاء: تیرنے والا۔ فرسٌ سَبُوحٌ تیز رو گھوڑا ثوبٌ مُسَبَّح: بہت مضبوط کپڑا۔

۲۔ سَبَح ۔ سُبحَاناً : "سبحان اللہ" کہنا۔ سَبَّحَ تسبیحًا: نماز پڑھنا۔ "سبحان اللہ" کہنا۔ و۔ اللّٰہَ و لِلّٰہ خداتعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرنا، اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کرنا ۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی تنزیہ و تمجید کرنا۔ السُّبحَة جمع سُبَح و سُبُحات :دعاء قضیتُ سُبحَتی: میں نے اپنی دعا پوری کرلی۔ نافلہ نماز۔ تسبیح سُبحَةُ اللّٰہ : اللہ تعالیٰ کا جلال۔ سُبُحاتُ وجہِ اللّٰہ اللہ تعالیٰ کے انوار۔ سُبحان (مص) کہتے ہیں سُبحَانَ اللّٰہِ: میں اللہ تعالیٰ کو ہر عیب و برائی سے مبرا کہتا ہوں۔ سُبحَان مِن کذا تعجب کے لئے ہے۔ مراد سُبحانَ اللّٰہ من کذا ہے اللہ تعالیٰ کو اس سے بے عیب اور پاک ٹھہراتا ہوں ۔ مفعول مطلق کی وجہ سے منصوب ہے۔ کہتے ہیں۔ انت اعلمُ بما فی سبحانك تم اپنے دل کی بات بہتر جانتے ہو۔ التَّسبِحَة : (مص) جمع تسابیح کلامِ تسبیح السَّبَّاحة : انگشت شہادت۔

السُّبُّوح والسَّبُّوح صفات باری تعالیٰ میں سے ہیں کیونکہ اسکی تسبیح کی جاتی ہے۔ المِسبَحَة : تسبیح المُسَبِّحَة : بمعنی السَّبَّاحة۔

۳۔ سَبَحَ ۔ سَبحًا الرجلُ : اپنی روزی کمانے کا بندوبست کرنا، انتظام کرنا، سونا، خاموش ہونا۔ ــ عن الامر سے فارغ ہونا۔

۴۔ السَّبحَة : کھال کے کپڑے۔

۵۔ سَبحَلَ سَبحَلَةً : "سبحان اللہ" کہنا۔ السِبَحل: ضخیم جاریةٌ سِبَحلَة: طویل اور لحیم شحیم لونڈی۔

۶۔ سَبحَنَ: "سبحان اللہ" کہنا۔

○ سُبحَانَ اللّٰہِ عن اللہ تعالیٰ ۔ سے بہت بلند ہیں، سے ماوراء ہیں۔

○ مَسبَح : جمع مَسَابِح : تیرنے کا تالاب (Swimming pool) سابحٌ فی افکارہ اپنے خیالات میں کھویا ہوا۔

○ سابحة : بے انجن طیارہ۔ glider بازیابی جہاز۔ باربردار جہاز۔ مُسَبِّحَة: انڈکس فنگر۔

سبخ : ا۔ سَبَخ ۔ سَبخًا : فارغ ہونا۔ گہری نیند سونا۔ سَبَّخَ الرجلُ فارغ ہونا، گہری نیند سونا۔

۲۔ سَبَخ ۔ سَبخًا دور ہونا۔ سَبَّخَ عنه ہلکا کرنا۔ کہتے ہیں۔ اللّٰھم سَبِّخ عنی الحمی او الشِدَّة : اے اللہ! میرا بخار یا سختی ہلکی کردے۔ ــ الحَرَّ گرمی کو ٹھنڈا کرنا۔ ــ العرقُ رگ کا ساکن ہونا۔ ــ الحرُّ گرمی کا کم ہونا، ہلکا ہونا، تَسَبَّخَ الحرُّ او الغضبُ گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔

۳۔ سَبَّخَ القطنَ ونَحوَهُ: روئی وغیرہ دھنا۔ السَّبِیخ: دھنی ہوئی روئی یا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔ السَّبِیخة ج سبائخ دھنی ہوئی روئی یا بکھرے پروں کا ایک گالا یا ٹکڑا کہا جاتا ہے۔ طارت سبائخ القطن دھنی ہوئی روئی کے گالے اڑ گئے۔

۴۔ سَبِخَ ۔ سَبَخًا المکانُ کسی جگہ کا شورے والی ہونا۔ سَبِخ : شوردار۔ أسبَخَ فی الحفر : کھودنے میں زمین شور تک پہنچنا۔ و۔ المکانُ جگہ کا شورے والی ہونا۔ السَّبخة و السَّبَخة ج سِبَاخ: نمکین دلدلی زمین۔ کائی کے مانند پانی کے اوپر آ جانے والی چیز۔ ارضٌ: سَبخَةٌ جمع سِبَاخ و سَبِخَةٌ جمع سَبِخَات شور زمین۔ السِبَاخ من الارض: زمین جسے جوتا اور آباد نہ کیا گیا ہو۔

○ سَبَّخ الارض زمین کو زرخیز کرنا، بار آور کرنا، زمین میں کھاد ڈالنا۔

سَبَخ : گوبر، کھاد، کیمیائی کھاد۔ سَبَخ بلدی: کھاد۔ سَبِخ :کھاری یا نمکین (مٹی) سَبَخة و سَبخَة جمع سِباخ: کھاری دلدل۔ ارض سبخة: نمکین یا کھاری زمین۔ سِبَاخ: جمع اَسبِخَة: گوبر، کھاد۔ کیمیائی کھاد۔ سباخ بلدی :کھاد جمع سَبائِخ ڈھیلی یا نہ کاتی ہوئی روئی۔

سبد : ا۔ سَبَدَ ۔ سَبدًا الشَعرَ بال مونڈنا۔ سَبَّدَ شَعرَهُ : بالوں کو مونڈنا۔ ٹنڈ کرنا۔ (ضد) اَسبَدَ الشَعَرَ : بالوں کو مونڈنا۔

۲۔ سَبَدَ ۔ سَبدًا شاربُهُ: مونچھوں کا بڑی ہو کر ہونٹوں پر آ جانا۔ سَبَّدَ الشَعَرُ مونڈنے کے بعد بالوں کا اُگ آنا (ضد) و۔ الرجُلُ سر میں تیل لگانا چھوڑ دینا۔ و۔ رأسَهُ : سر میں کنگھی کرنا۔ تر کرنا اور پھر چھوڑ دینا۔ الفرخُ چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا۔ و۔ العشب پرانی گھاس میں نئی گھاس کا اُگ آنا۔ اَسبَدَ العشبُ پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگ آنا۔ السَبَدج اَسبَاد کم بال۔ کہتے ہیں۔ (مالهُ سَبَد ولا لَبَد): اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ صوف یعنی کچھ بھی تو نہیں ہے۔ اَسبَاد العشب سبزہ کی نئی نکلی ہوئی نوکیں یا سرے۔ السَبَد : سبز گھاس کا بقیہ۔ السُبَد جمع سِبدان (ح): ایک قسم کا پرندہ۔

۳۔ السِبد جمع اَسبَاد(ح): بھیڑیا۔ مصیبت کہتے ہیں۔ ھو سِبدٌ من الاَسباد وہ بڑا شاطر چور ہے۔ الأسباد سیاہ کپڑے۔ السُبَد : جمع سِبدان بدبختی حوض کی نالی کا کپڑے کا ڈاٹ۔

۳۔ السَبَندَی جمع سَبَانِد و سَبَانِدَہ لمبا، بہادر، (ح) چیتا۔ السَبَانِدة: کھیل کود میں مصروف رہنے والے لوگ۔

سبر :ا۔ سَبَرَ ۔ سَبرًا و اَسبَرَ و اِستَبَرَ الجرحَ او البِئرَ او الماءَ زخم، کنوئیں یا پانی کی گہرائی کا پتہ لگانا، جانچ کرنا، کہتے ہیں۔ ھذہ مفازۃ لاتُسبَرُ: اس بیابان کی وسعت نامعلوم ہے۔ ــ الامر کا تجربہ کرنا۔ ٹھوک بجا کر دیکھنا، جانچنا، آزمانا۔ السَّبرو السِبر : اصل، رنگ، ہیئت۔ (کہتے ہیں۔ فلانٌ حَسَنُ الحِبرِ والسِبرِ فلاں خوش ہیئت اور خوبصورت ہے۔ رَأَیتُهُ سَیِّءَ السِبرِ میں نے اسے پیلا اور بے رونق دیکھا) مشابہت، کہتے ہیں: قد غلب علیه سِبرُ فلان: اس میں فلاں کی مشابہت غالب ہے) حسن، خوبصورتی، جمال السِبَار جمع سُبُر و المِسبَر جمع مَسَابِر و مسابیر زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔ المَسبَر ہیئت و حسن و جمال۔ کہتے ہیں۔ حمدتُ مَسبَرَهُ ومَخبَرَهُ : میں نے

اسکی وضع قطع کی تعریف کی لیکن آزمائش کرکے نہیں جانا۔ المِسْبَار: جمع مَسَابِر و مسابیر وہ آلہ جس سے گہرائی ناپی جائے۔ زخموں کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ مَسْبَرَۃُ الجرحِ زخم کی گہرائی۔ المِسْبَرَۃ: آزمائش، جانچ پڑتال۔ المَسْبُور (مفع): خوش قامت، خوش وضع۔

۲۔ السَّبْر جمع أسْبَار شیر۔ السَّبْرَۃ: جمع سَبَرَات: ٹھنڈی صبح۔ السِّبْر وشمنی السُّبَر والسُّبَرَۃ (ح): ایک لمبے بازوؤں والا شکاری پرندہ۔ السِّبَار: (ح) افریقہ کا ایک درندہ جو بجو کی شکل کا ہوتا ہے۔ السبارۃ ایک قسم کا جہاز۔ السَّابِرِیّ عمدہ باریک کپڑا۔ بلاد فارس میں ایک قصبہ سابور سے منسوب۔ یعنی سابور کا۔ بڑھیا کھجور۔ باریک بناوٹ کی مضبوط زرہ۔ السَّانُورۃ (ب) کھجور کے پتوں کا بڑا ٹوکرا جو مٹی ڈھونے کے کام آتا ہے۔ السبورۃ سلیٹ، اس کا معروف نام لوح الحجر ہے۔

۳۔ سَبُرَتَ الرجلُ قناعت کرنا۔ السُّبْرُتُ والسِّبْرِیت والسِّبْرَاتِ جمع سَبَارِیت۔ و سَبَار مسکین و محتاج۔ السُّبْرُوت مسکین محتاج۔ تھوڑی چیز، امرد لڑکا۔ وہ لڑکا جسے ابھی داڑھی نہ آئی ہو۔ و۔ من الارضِ: چٹیل ریگستان۔ المُسَبْرَت: بے بال شخص۔

○ سَبُّورَۃ: سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔

○ سَبَرَ اغوارَ الشئی کی گہرائی میں جانا، کی تہہ تک پہنچنا کا مکمل مطالعہ کرنا۔

○ سِبَار: جمع سُبُر (طب) زخم سلائی۔ مِسْبَر جمع مَسَابِر ایضاً مِسبار: جمع مسابِر ایضاً۔

○ سِبْس الفوزہ جیسا ایک چھوٹا باجا۔

○ تَسَبْسَبَ (بالوں کا) سیدھا ہونا، (آنسوؤں کا) بہنا۔

○ سَبْسَب جمع سباسب بیابان، بنجر زمین۔ قفر سبسب بیابان، ریگستان، بنجر زمین، اجاڑ، سنسان، بے آباد علاقہ۔

سبط: اسَبِطَ ۔ سَبْطاً و سَبَاطاً و سُبُوطاً و سَبُطَ سُبُوطَۃً و سَبَاطَۃً الشَّعَرُ بالوں کا سیدھا ہونا۔ (یعنی گھونگھریالے نہ ہونا) السَّبْط والسَّبِط من الشعر جمع سباط سیدھے بال (گھونگھریالے بالوں کا الٹ) کہتے ہیں۔ ھو سَبْطُ الجسم یعنی وہ معتدل کاٹھی اور خوبصورت قد کا مالک ہے۔ السِّبط جمع أسْبَاط اولاد کی اولاد مگر زیادہ تر نواسے کے لئے مستعمل ہے۔ یعنی پوتے کے مقابلہ میں جو بیٹے کا بیٹا ہوتا ہے۔ اور السَّبَط یعنی شجرہ سے مشتق ہے۔ و۔ من الیھود یہود کا قبیلہ۔ السَّبَط بہت شاخوں اور ایک جڑ والا درخت۔ تر و تازہ یعنی گھاس۔ شَعَرٌ سَبَطٌ: سیدھے بال۔ السُّبَاطَۃَ: کنگھی کرنے پر گرنے والا بال۔ کوڑا کرکٹ۔ گھورا۔

۲۔ سُبِطَ سَبْطاً بخار ہونا۔ سَبَاطِ: بخار۔

۳۔ سَبُطَ ۔ سَبَاطَۃً المطرُ: دور دور اور خوب بارش ہونا۔ السَّبْط من المطر جمع سِبَاط شدید بارش کہتے ہیں۔ ھو سَبْطُ الیدین او سَبْطُ البَنَانِ وہ بہت سخی ہے۔ فیاض ہے۔

۴۔ سَبَّطَتِ الناقۃُ او النعجۃُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرانا۔ مُسَبِّط: ایسی اونٹنی یا بھیڑ (جو ناتمام بچہ گرائے)۔

۵۔ اَسْبَطَ گر کر نہ ہل سکنا، خوف سے خاموش رہنا۔ —— بالأرضِ زمین سے چمٹنا۔ کمزور ہونا۔ —— عن الامر سے غفلت برتنا۔ و۔ فی نومہ نیند میں آنکھیں بند کرنا۔

۶۔ سُبَاط: جسے شُبَاط بھی کہا جاتا ہے۔ فروری: انگریزی میں سال کے دوسرے مہینہ کا نام۔ السَّابُوط: (ح) ایک سمندری جانور۔ السَّابَاط: جمع سَوَابِط و ساباطات: وہ چھت جو دو مکانوں کے درمیان راستہ میں ہو۔ آرکیڈ، مسقّف راستہ۔ مسقّف گلی۔ محرابی راستہ۔

○ سِبَاط و سُبَاط: آرکیڈ، مسقّف راستہ، مسقّف گلی، محرابی راستہ۔ السَّبَطَانۃ: نے کی طرح کی نلکی جس میں غلہ رکھ کر پرندہ کو مارتے ہیں۔

۷۔ اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَاراً دراز ہو کر لیٹنا۔ ــتْ لہ البلادُ: کے لئے ملک کا درست ہونا۔ —— تِ الابلُ اونٹوں کا تیز چلنا۔ السِّبَطْر سیدھا پھیلا ہوا طویل، سخت تیز۔ اسدٌ سِبَطْرٌ جست لگاتے وقت دراز ہونے والا شیر۔ السِّبَطْرات: کہتے ہیں۔ جِمالٌ سِبَطْرات: زمین پر چلنے والے لمبے لمبے اونٹ۔ السُّبَاطِر والسِّبَطْر دراز قد آدمی۔ السِّبَطْرِیّ مغرورانہ چال۔

○ سَبَّاط: جمع سبابیط جوتا (Shoe) سُبَاطۃ: پھلوں کا خوشہ، گچھا۔

سبع: ۱۔ سَبَعَ ـُ سَبْعاً القومَ کا ساتواں ہونا، کے مال کا ساتواں حصہ لینا۔ —— الحبلَ رسی کو سات لڑی کرنا۔ —— الشیءَ: کو سات بنانا۔ سَبَّعَ کو سات بنانا یا سات گوشے والی بنانا۔ و۔ الاناءَ برتن کو سات بار دھونا۔ —— اللّٰہ لک: اللّٰہ تجھے تیرا اجر سات مرتبہ دے، یا سات گنا دے یا سات بچے دے۔ —— ت المرأۃ عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا۔ القومُ: قوم کا، پورے سات سو افراد پر مشتمل ہونا۔ أَسْبَعَ القومُ کا سات ہونا۔ —— الشیءَ کو سات بنانا۔ — الرجلُ: کے اونٹوں کا گھاٹ پر ساتویں دن جانا۔ سَوَابِع: ساتویں دن گھاٹ پر جانے والے اونٹ۔ اِسْتَبَعَ القومُ: کا سات ہونا۔ السابع (فا): جمع سَبَعَۃ و سابعون: (ع ج): ساتواں سَبْعَۃ م سَبْع: سات السَّبْعُ: سبعۃ کا مونث، سات کہتے ہیں۔ طاف بالبیت سَبْعاً اس نے گھر کا سات دفعہ طواف کیا۔ السبع المثانی سورۃ فاتحہ یا سات پہلی سورتیں السُّبْع (ج) أَسْبَاع: ساتواں حصہ۔ حُمَّی السُّبْع: ساتویں دن چڑھنے والا بخار۔ السِّبْع اونٹوں کا ساتویں روز گھاٹ پر آنا۔ السُّبَاعِیّ: سات گوشے والا سات حرفوں والا لفظ۔ مُولُودٌ سُبَاعِی: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔ ست ماہی (پنجابی) السَّبْعُونَ: ستر: (مذکر و مونث دونوں کے لئے) السَّبِیع: ساتواں حصہ۔ الأُسْبُوع: جمع أسابیع: ہفتہ (سات دن جن میں پہلا اتوار اور آخری سنیچر ہے) المُسَبَّع: سات ماہ کا بچہ۔ (وہ بچہ جس کی ماں مر گئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ دیئے)۔ المُسَبَّع (ہ): سطح جس کی گرد سات برابر ضلع ہوں۔ اگر یہ ضلعے برابر نہ ہوں تو اسے ذو سبعۃ اضلاع کہا جائے گا۔

۲۔ سَبَعَ ۔ سَبْعاً الرجلَ کی غیبت کرنا، کو گالی دینا۔ سَابَعَ مُسَابَعَۃً و سِبَاعاً کو گالی دینا۔

۳۔ سَبَعَ ۔ سَبْعاً الشیءَ: کو چرانا۔ اِسْتَبَعَ الشیءَ: کو چرانا، کی چوری کرنا۔

۴۔ سَبَعَ ـُ سَبْعاً الذئبُ الغنمَ بھیڑیے کا بکری کو چیرنا پھاڑنا۔ سُبِعَتِ الوحشیَّۃُ جنگلی جانور کے بچے کا درندہ کا لقمہ بن جانا۔ مَسْبُوعَۃ وہ جنگلی جانور جس کے بچہ کو درندہ کھا گیا ہو۔ أَسْبَعَ الراعی: چرواہے کے مویشی میں درندہ کا کود پڑنا۔ و۔ المکانُ: میں درندوں کا بہت ہونا۔ و۔ کو درندے کا گوشت کھلانا۔ اِسْتَبَعَ الغنمَ بکری کو پھاڑ ڈالنا۔ السَّبُع و السَّبْع والسَّبَع: جمع أَسْبُع و سِبَاع و سُبُوع و سُبُوعۃ م سَبُعَۃ و سَبْعَۃ درندہ۔ السَّبُع من الطیر شکاری پرندہ۔ یومُ السبع یوم قیامت أرضٌ مَسْبَعَۃ وہ زمین جہاں درندے کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ درندہ گاہ المَسْبُوع درندہ سے ڈرا ہوا۔

۵۔ السُّبَاعِی بڑا اونٹ سُبَاعِی البَدَنِ پورے قد والا آدمی۔ المُسْبَعَۃ نہ بولا بیٹا۔

○ سَبَع شیئاً: کسی چیز کو سات گنا کرنا، کسی چیز کو سات حصوں میں تقسیم کرنا۔

○ سَبُع جمع اَسْبُع و سُبُوع و سُبُوعة: غارت گر جانور، درندہ، شیر۔

○ سُبْع جمع سِباع: غارت گر جانور، درندہ شیر۔

○ سبعة (مونث سَبْع): سات۔ سَبْعَةَ عَشَرَ (مونث سبع عشرة): سترہ۔

○ سُبْع و سُبُع: جمع أَسْبَاع: ساتواں ایک بٹہ سات۔ سُبَاعی: سات حصوں پر مشتمل، سات حرفی لفظ۔

○ الترجمة السبعينية: عہد عتیق کا یونانی ترجمہ، ہفتادی ترجمہ Septuagint سبعینی۔

○ اُسْبُوع الآلام: حضرت مسیح کے مصائب کا ہفتہ (Passion Week)

○ اُسْبُوعی: ہفتہ وار اُسْبُوعیاً: ہر ہفتے، ہفتہ وار۔ اُسوعیة: ہفتہ وار فیچر (ریڈیو پر)

سبغ: ۱۔ سَبَغ ۔ سُبُوغاً العیش: زندگی کا وسیع اور خوشگوار ہونا وـ الشیئُ: کا پورا ہونا۔ اَسْبَغ اللـه علیه النعمة: اللہ تعالیٰ کا کسی پر نعمت کو کامل کرنا ـ لَهُ النفقةَ: کسی پر فراخی سے خرچ کرنا۔ السَابغ: جمع سَوَابِغ (فا): مکمل۔ پورا، وافر، بہت، فزون تر۔ السُبْغة: فراخی، آسودہ حالی۔

۲۔ سَبَغَ ۔ سُبُوغاً الثوبُ: کپڑے کا زمین تک دراز ہونا وـ الی وطنِهِ: وطن کی طرف مائل ہونا ـ المطرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔ اَسْبَغ الثوبَ: کپڑے کو کشادہ اور لمبا کرنا وـ الرجلُ: کا پوری زرہ پہننا۔ ذَنَبٌ سَابِغ: لمبی دم سَابِغ الألیتین: بڑے سرین والا۔ درع سَابِغة: جمع سَوَابِغ: پوری زرہ۔ التسْبِغ و التَسْبِغَة: جمع تسَابِغ: زرہ کا وہ حصہ جو خود کو زرہ کی کڑیوں سے ملاتا ہے اور گردن کی حفاظت کرتا ہے۔ التسْبِیغ عند اهل العروض: اہل عروض کے ہاں فاعلاتن کے آخر پر ایک ساکن حرف کا اضافہ کرنا جس سے وہ فاعلاتان ہو جاتا ہے۔

۳۔ اِسْبَغل الثوبُ: کپڑے کا پانی سے بھیگ جانا اور اسی طرح بالوں کا تیل سے تر ہونا۔ المُسْبَغِل: وسیع اور وافر۔

○ اسبغ الوضوءَ: صحیح وضو کرنا۔

○ سَابِغ جمع سَوَابِغ: لمبا اور ڈھیلا لباس۔

سبق: سَبَقَ ۔ سَبْقاً الی کذا: سے آگے بڑھنا۔ اس سے ضرب المثل ہے۔ (سبق السیف العذل): یعنی حقیقت ثابتہ کو تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے۔ پہلے ہی دیر ہو چکی ہے انسان اس بارے میں کچھ نہیں کر سکتا ـ هُ علی کذا: پر غالب ہونا ـ علی قومه: کرم اور فیاضی میں قوم سے بڑھ جانا۔ اس سے فاعل سابق جمع سَابقون و سُبَّاق ہے۔ سَبَّقَ هُ: سے شرط لینا یا اس کو شرط دینا۔ ـ تِ الشاةُ: بکری کا قبل از وقت بچہ گرانا۔ ـ الطیرَ: پرندے کے پاؤں میں بندھن ڈالنا۔ ـ البدرة بین الشعراء: شعرا کے درمیان دس ہزار کی تھیلی رکھنا کہ جو اپنے ساتھیوں پر غالب آئے اس کو انعام میں لے لے۔ سَابَقَ سِبَاقاً و مُسَابَقَةً هُ: پر دوڑ میں غالب آنا، سے آگے بڑھ جانا آپ کہتے ہیں۔ سابقتُ بین الخیول: میں نے گھوڑوں پر سوار بٹھا کر دوڑایا تاکہ آپ دیکھیں کہ کون اول آتا ہے۔ اَسْبَقَ القوم الی الأمرِ: میں جلدی کرنا، سبقت کرنا۔ و تَسَابَقَ القومُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَ القومُ: ایضاً۔ ـ الرجلان الباب او الی الباب: دونوں نے دروازہ کی طرف، جلد بڑھنے کی کوشش کی۔ اِسْتَبَقَا الصراطَ: راستہ سے آگے بڑھ جانا، راستہ چھوڑ دینا اور بھٹک جانا۔ السَبَقُ: جمع اَسْبَاق و السُبْقَة: شرط جو مقابلہ میں جیت جانے والے کے لئے رکھی جاتی ہے۔ ضرب المثل ہے۔ مَن رُزِقَ السُبْقَة اخذ السُبْقَة: یعنی جو آگے بڑھنے میں جیت جائے گا وہ شرط میں رکھی ہوئی رقم حاصل کرلے گا۔ السِبْقَانِ: کہتے ہیں۔ هما سِبْقَانِ: وہ دونوں آگے بڑھنے میں مقابلہ کر رہے ہیں۔ السابق (فا): دوڑ میں جیتنے والا گھوڑا۔ اسکو المُجَلّی بھی کہا جاتا ہے۔ السابقة: جمع سَوَابِق و سابقات: مونث السابق: اقدمیت برتری سبقت کہتے ہیں۔ له سابقة فی هذا الامر: اسے اس معاملہ میں سبقت، برتری یا پیش روی حاصل ہے۔ السَوَابِق: گھوڑے۔ السَبَّاق: بہت آگے بڑھنے والا۔ السِبَاق: (مص) بندش، قید، سباق الخیل: گھڑ دوڑ۔ السَبُوق والمُسَبَّق من الخیل: سب سے آگے آنے والا گھوڑا۔

○ سبق له ان فعله: وہ پہلے ہی ایسا کر چکا ہے۔ سبق لنا القول ان: ہم پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ...... سبق الحکمُ علیه ب: قبل ازیں اسے کی سزا سنائی گئی تھی۔ سبق لیَ: اس سے پہلے یہ میرے ساتھ ہوا۔ لم یسبق لی ان: میں نے اس سے پہلے کبھی بھی نہیں۔ لم یسبق له مثیل: بے نظیر۔

○ سَبْق: پیش روی برتری، اولیت

○ سبق الاصرار: ضد، خود رائی، سرکشی

○ مِیزَةُ السبق: پہلا قدم، اقدام، پیش قدمی

○ احرز قَصَبَ السَبْق: جیتنا، کامیاب ہونا، سَبَق: جمع اَسباق: شرط کا روپیہ، بدی ہوئی رقم Stake

○ سَبَّاق: فاتح، فتح مند، کامیاب بامراد مقابلہ میں جیتنے والا۔ ریس کار کا ڈرائیور جمع سَبَّاقون۔ قطار سَبَّاق: ایکسپریس ٹرین۔ اُسْبَقِیَة: پیش روی، برتری، اولیت، سینیارٹی۔ حِصانُ السِباق: ریس کا گھوڑا۔ حَلْبَة (میدانُ) السِباق: مقابلہ کی راہ (Race Track) سِبَاقُ القوارب: کشتیوں کی دوڑ (boat race) مسابقة: جمع مسابقات: مقابلہ (Race) سابقٌ لِأوانه: قبل از وقت Premature فی السابق: ایک دفعہ، پہلے، پہلے زمانہ میں۔ کالسابق: پہلے کی طرح۔ کسابق العادة: حسب معمول۔

○ سابقة: سابق کیس سوابق: سابقہ سزائیں (Previous Convictions) من اصحاب (ذوی) السوابق: پیشتر سزا یافتہ من له سوابق: پیشتر سزا یافتہ۔ غیر مَسْبُوق: بے نظیر مُسَبَّقاً: قبل از وقت (Prematuerly) پیشگی Advance In مُسَابِق: مقابلہ میں حصہ لینے والا۔ ریس میں دوڑنے والا۔ مُتَسَابِق: مقابلہ میں حصہ لینے والا مدمقابل۔

سبك: ۱۔ سَبَکَ ۔ سَبْکاً الفضةَ: چاندی پگھلا کر سانچہ میں ڈھالنا۔ ـ الکلامَ: کلام کو عمدہ بنانا ـ تْهُ التجاربُ: تجربات کا کسی کو مہذب بنانا۔ سَبَّکَ الفضةَ: چاندی کو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالنا ـ الکلامَ: کلام کو عمدہ بنانا۔ اِنسَبَکَ الذهبُ ونحوه: سونے وغیرہ کا پگھلا کر سانچے میں ڈھالا جانا۔ السَبِیك: پگھلا ہوا میل کچیل سے صاف السَبِیکَة جمع سبائك: چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچے میں ڈالا گیا ہو۔ المَسْبَك جمع مَسَابِك: پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ فونڈری (Foundry) مسفار خانہ۔ المِسْبَك (حی): حروف ڈھالنے کی مشین۔

○ صناعة سبك المعادن: دھاتیں صاف کرنے کی صنعت (Metalurgicindustry)

○ سَبَّاك: خام دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنے والا (Smeltor, Founder) سِبَاکة: دھاتوں کو پگھلانے والے کا پیشہ اور کام سَبِیکَة جمع سبائك: سونے چاندی وغیرہ کی اینٹ Ingot تسبیك: دم پخت کرنا Stewing, Braising

۲۔ السبکتروسکوب: طیف پیما Spectroscope

سبل: ۱۔ سَبَلَ ۔ سَبْلاً هُ: کو گالی دینا۔ اسبل علی

فلان: کسی کے برخلاف بہت کچھ کہنا۔

۲۔ سَبَّلَ السِترَ: پردہ چھوڑنا، گرانا۔ سَبَّلَ الشَعَرَ: بال کھلے چھوڑنا (عامی)۔ أَسْبَلَ السِتر: پردہ چھوڑنا و۔ الدمعَ: آنسو بہانا۔ ـــ الماءَ: پانی گرانا، ڈالنا۔ ـــ تِ السماءُ: آسمان کا بارش برسانا۔ ـــ الدمعُ اوالمطرُ: آنسو یا بارش کا بہت بہنا، برسنا۔ السَبَل: وہ بارش جو بادل سے نکل آئی ہو مگر ابھی زمین پر نہ پڑی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں پردہ آنکھ پر چھا جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون، ناک۔ اسبل الدمع اولمطر کا اسم۔ ثیاب سَبَل: لٹکائے ہوئے کپڑے۔ السَبَلَة: جمع سِبَالَ: مونچھوں کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ کہتے ہیں۔ جاءَ وَ قد نشَرَ سَبَلَتَهُ: اس نے اگر دھمکی دی۔ جَرَّ سَبَلَتَهُ: اس نے اپنے کپڑے گھسیٹے۔ بعیر حَسَنُ السَبَلة: باریک کھال والا اونٹ۔ الأَسْبَل من الرجال: لمبی مونچھوں والا آدمی۔ عینٌ سَبْلاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ امرأة سبلاء: مونچھوں والی عورت۔ المُسْبِل والمُسْبَل والمُسَبِّل و المُسَبَّل من الرجال: لمبی مونچھوں والا آدمی۔

۳۔ سَبَّلَ المالَ: مال کو اللہ کے راستہ میں لگانا، خیرات کرنا۔ و۔ الشیءَ: کو مباح کرنا۔ اَسْبَلَ تِ الطریقُ: راستہ کا بہت چلتا ہوا ہونا۔ السَبِیل: جمع سُبُل و سُبْل و اَسْبُل و أَسْبِلة و سُبُول: راستہ یا کھلی سڑک (مذکر و مونث) اِبْنُ السبیل: مسافر سبیل اللّٰهِ: جہاد، طلب علم، حج اور ہر امر خیر جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہتے ہیں۔ لیس لك علیَّ سبیلٌ: تمہارے پاس میرے خلاف کوئی حجت نہیں۔ لیس علی فی کذا سبیل: اس بارے میں مجھ سے کچھ باز پرس نہیں، مجھ پر کچھ حرج نہیں، مولدون کہتے ہیں۔ ماعلی المُحْسِن سبیل: محسن پر کوئی احتجاجی بحث نہیں۔ سبیلنا ان نفعل کذا: ہمارے لئے ایسا کرنا مناسب ہے۔ السبیلة: راستہ یا کھلا راستہ۔ السَابِلة جمع سوابِل: بہت چلنے والا راستہ، اسی معنی میں کہتے ہیں۔ سبیل سابلة: نیز سبیل سابلہ سے راستہ پر چلنے والے بھی مراد لئے جاتے ہیں۔

۴۔ اَسْبَلَ الزرعُ (ز): فصل کا خوشہ نکالنا۔ السَبَل: خوشہ، بالی۔ سَبَلٌ من رماحٍ: نیزوں، برچھیوں یا بلموں کا ایک گٹھا۔ السَبَلة و السُبُولة و السَوُلة: خوشہ کہتے ہیں۔ ملأَ الاناءَ الی سَبَلَتہ: اسے برتن کو اوپر تک بھر دیا۔

○ سَبَّلَ الشیءَ: کو خیراتی مقاصد کے لئے وقف کرنا یا مخصوص کرنا۔ اسبل الشیءَ: کو لٹکنے دینا، گرنے دینا، جیسے پردہ وغیرہ۔

○ سَبَل: اناج کی بالیاں واحد سَبَلَة۔

○ سَبَلَة: کھاد، گوبر سَبَلَة جمع سِبَال مونچھیں۔

○ سبیل الی: کا ذریعہ، کے لئے ضروری، کا امکان۔

○ ابن السبیل: آوارہ گرد، بے خانماں، مارا مارا پھرنے والا مسافر۔

○ فی سبیلِ: کی خاطر، کے لئے، کے واسطے، کی مصلحت میں۔ بسبیلِ یا عن سبیلِ: بذریعہ، کے ذریعے، کے باعث، کے نتیجہ میں۔ علی سبیل التجربة: تجربہ کے طور پر آزمائشی طور پر۔ علی سبیل المثال: مثال کے طور پر، خلّی سبیله: کو جانے دینا، رہا کرنا۔ اَخْلَی سبیلهُ: کو جانے دینا، رہا کرنا ضاقت به السبل: اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ کیا کرے، وہ بدحواس ہو گیا۔ لیس علیّ فی ذلك سبیل: مجھے ایسا کرنے سے روکنے کا کوئی جواز نہیں، میں ایسا کرنے میں آزاد ہوں، اگر میں ایسا کروں تو یہ کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

○ طریق سَابِلة: پبلک روڈ، شارع عام، وہ سڑک جس پر بکثرت آمدورفت جاری رہے۔

○ السابلة: پاس سے گزرنے والے

○ مسبول: گرایا ہوا (پردہ)

○ الاسبان: اسپینی لوگ، اسپین والے اسبانی: سپین کا (رہنے والا)

○ سِبِنسَة: جمع سبنسات: مال گاڑی

سبن: ۱۔ اَسْبَنَتِ المرأةُ: عورت کا ہمیشہ سیاہ تہمد باندھنا۔ السَبَنِیَّة: عورتوں کا سیاہ تہمد۔

۲۔ السَبْتُ والسَبْتَة: عرصہ کہتے ہیں۔ اقمت عنده سبتنا: میں اس کے پاس ایک عرصہ ٹھہرا رہا۔ السَبْتیّ جمع سَبَاتِی و سَبَاتٍ: دلیر آگے بڑھنے والا۔ (ح) چیتا۔

سبه: ۱۔ سبِهَ سَبَهًا و سَبَّهَ تَسْبِیهًا: بڑھاپے کی وجہ سے سٹھیا جانا۔ مَسْبُوه و مُسَبَّه: بڑھاپے کی وجہ سے سٹھیایا ہوا۔ السَبَهُ: بوڑھاپے کی وجہ سے عقل جاتی رہنا۔ رجل سَبِهٌ و سَبَاهٌ: متکبر مرد السُبَاه: سکتہ۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل کا جاتا رہنا، بے عقلی، سٹھیاپن۔ رجل سَبَاهِیّ: بڑھاپے کی وجہ سے سٹھیایا ہوا۔ المُسَبَّه: فصیح اللسان۔

۲۔ سَبَهْلَل: کہتے ہیں۔ جاء الرجلُ سَبَهْلَلاً: آدمی بغیر ہتھیار و ڈنڈے کے آیا، بے پرواہ ہو کر آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ هو یمشی سَبَهْلَلا: وہ بیکار آتا جاتا ہے۔

○ سَبَهْلَلا: بے پروائی سے، بے مقصد، یونہی، اتفاق سے، بے سوچے سمجھے۔

○ سَبَاهِلَة: بے روزگار لوگ سست، کاہل، آرام طلب لوگ، آوارہ گرد، خدائی خوار، کوچہ گرد، ہرزہ گرد۔

سبی: ۱۔ سَبَی ـِ سَبْیًا و سِبَاءً العدوَّ: دشمن کو قید کرنا، قیدی بنانا، گرفتار کرنا۔ ـــ الرجُلَ: کو نکال دینا، جلا وطن کرنا۔ ـــ الخمرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جانا ـــ فُلاناً: کسی کو دام محبت میں گرفتار کرنا۔ تَسَبَّی فلانٌ لفلانٍ: کسی کو اپنی طرف مائل کرنا اس سے اظہار محبت کر کے۔ تَسَابَی القوم: ایک دوسرے کو قیدی بنانا۔ اِسْتَبَی اِسْتِبَاءً العدوّ: دشمن کو قید کرنا ـــ قلبَ فلانٍ: کو اپنی محبت کا اسیر بنانا ـــ الخمرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔ السَبْیُ جمع سُبِیّ: قیدی کہتے ہیں۔ جاؤوا بِسَبْیٍ کثیر: وہ بہت سے قیدی لیکر آئے۔ زیادہ تر اَسْرٌ کا لفظ مردوں کے لئے اور سَبْیٌ کا لفظ عورتوں کے لئے مخصوص ہے۔ سَبْیُ الحیّة: سانپ کی کینچلی۔ السَبِیّ: جمع سَبَایا: غلام، جنگی قیدی، لونڈی کہتے ہیں۔ غلام سَبِیٌّ و جاریة سَبِیّ: غلام (لڑکا) اور لونڈی (لڑکی) ـــ و السَبَاء: وہ لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے گیا ہو۔ سَبِیٌّ الحیّة: سانپ کی کینچلی۔ السَبِیَّة: قیدی عورت ایک شہر سے دوسرے شہر لے جائی گئی شراب۔ موتی۔

۲۔ سَبَی ـِ سَبْیًا و سِبَاءً الحافرُ الماءَ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔

سبا: سَبَا (سَبا کی ایک بولی) اس سے ضرب المثل ہے۔ ذهبوا اوتفرقوا ایدی سبا و ایادی سبا: یعنی وہ ایسے متفرق ہوئے کہ پھر کبھی اکٹھے نہ ہو سکے۔

○ سَبَی ـِ سَبْیًا و سِبَاءً: قیدی بنانا قید کرنا، گرفتار کرنا، جنگ میں قید پر مجبور کرنا۔ ـ هُ و شیئًا: کو لبھانا، موہ لینا، فریفتہ کرنا، گرویدہ کرنا، پر جادو کر دینا، کو خوش کرنا، شیفتہ کرنا، کو دھوکا دینا، دھوکے سے کام لینا، کے دل میں شوق پیدا کرنا، شوق آفرین ہونا۔

○ سِبِیْدَاج، سِبِیدَاج: سیندور (White lead)

سِبِیدَاج: سیندور۔

○ س ت: سِجلّ تِجاری کا مخفف تجارتی رجسٹر کاروباری کھاتہ۔

○ است: سرین، پٹھا، چوتڑ، پچھلی طرف ست۔

السَتّ: عیب، بری گفتگو۔ السِتة: (ج) چھ (مذکر کے لئے) سِت: (چھ مونث کے لئے) الساتّ: چھٹا۔

السِتون: ساٹھ (مذکر و مونث دونوں کے لئے)

○ سِتَّةَ عَشَرَ: سولہ مذکر کے لئے

○ سِتَّ عَشْرَةَ: سولہ مونث کے لئے

○ سِت: جمع سِتَّات لیڈی، بیگم، خاتون

○ سِت الحسُن: بلاڈر، بھلانواں (دواء) (Belladonna)

ستر: ا۔ سَتَرَ ـِ سَتْراً و سَتَراً و سَتَّرَ الشیءَ: کو چھپانا، ڈھانکنا۔ سَاتَرَ مُسَاتَرَةً ہُ العداوةَ: سے چھپی دشمنی رکھنا۔ تَسَتَّرَ و إسْتَتَرَ و إنْسَتَرَ: ڈھکا رہنا، چھپنا، پوشیدہ ہونا کہتے ہیں (هو لا یستتر من اللّٰهِ بِسِتْرٍ) وہ اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا۔ السِّتْر جمع سُتُور و أَسْتَار: پردہ، خوف، حیاء کہتے ہیں۔ مالَهُ سِتْرٌ ولاحِجْرٌ: اسے نہ حیاوشرم ہے نہ عقل۔ هتك اللّٰه سِتْرَهُ: اللہ تعالیٰ نے اس کے عیوب اور برائیوں کو بے نقاب کردیا۔ السَّتَر (مص): ڈھال السِّتَار جمع سُتُر: پردہ مدَّ اللیلُ سِتارَهُ: رات نے تاریکی کا پردہ پھیلا دیا۔ رات کا اندھیرا چھا گیا۔ السِّتَارَة جمع سَتَائِر: پردہ السُّتْرَة جمع سُتَر: پردہ، (عام زبان میں) ایک قسم کا لباس، ادباء اسے معطف کہتے ہیں۔ سُتْرَة السطح: چھت پر پردہ کی دیوار۔ السُّتْرَة جمع سِتَر و سِترات: جیکٹ، پٹی دارکوٹ، روئی چغہ۔ بَالْطُو جمع بالطوات: (اوورکوٹ) کو بھی کہا جاتا ہے۔ السَّتَّار: ساتر سے اسم مبالغہ (بہت چھپانے والا) صفات خداوندی سے ہے۔ السَّتِیر: چھپا ہوا، پاکدامن، کہتے ہیں۔ رجُلٌ ستیر و امراة ستیرہ جمع سُتَرَاء: جیسے قتلاء و شہداء۔ شَجرٌ ستیر: بہت شاخوں والا درخت۔ المَسْتُور (مفع) جمع مستورون و مَسَاتِیر: پاکدامن، مستورات۔ المِزْهَر (ن): نباتاتی شاخ جس میں اعضاء تناسل پوشیدہ ہوتے ہیں۔ المِسْتَر و الاستارة: پردہ جاریةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین عورت۔

۲۔ الاستار جمع اَسَاتِر و اَسَاتِیر فی العدد چار۔ فی الوزن: چار مثقال

○ سَتَرَہ / ہ عن: کو سے چھپانا۔ سَتَرَہُ / ہ عن: کو بچانا، کی حفاظت کرنا، پناہ دینا (سے یا کے خلاف) سَتَرَ علی ہ: کو کچھ معاف کردینا۔

○ سِتْر جمع سُتُور و اَسْتَار: نقاب، برقع، پردہ، سکرین، کھڑکی کا پردہ، ڈھکنا۔ کور، (فوجی) حفاظت، پناہ، ڈھال، بہانہ، عذر، معذرت، اعتذار۔

○ سُتَرِی: مسخرہ، بھانڈ، نقال۔

○ سِتَار جمع سُتُر: نقاب، برقع، پردہ، سکرین، ڈھکنا پوشش، پوش، بہانہ، عذر، معذرت، اعتذار۔ الستار الحدیدی: آہنی پردہ۔ الستار الفضی: سینما سکرین۔ ستار من النار (النیران): (توپوں کی) باڑھ (فوج)۔ رَفَعَ الستار عن الشیءِ: کسی چیز کو ظاہر کرنا، افشا کرنا، منظر عام پر لانا، بے نقاب کرنا۔ (کسی یادگار کی) نقاب کشائی کرنا۔ مِن وراء الستار: پردے کے پیچھے (behind the scenes) (مجازا) بیک سٹیج۔

○ سِتَارة جمع ستائر: وہی معنے جو اوپر ستر اور ستار کے تحت درج کئے گئے ہیں۔

○ تَسَتُّر: کَوَر (عسکری)

○ ساتِر: سکرین، فولڈنگ سکرین۔

○ مَسْتُور: چھپا ہوا، غیر مرئی، نقاب پہنے ہوئے، پاکدامن، پارسا، نیک، عفیف۔

○ مَسَاتِیر: پوشیدہ اور خفیہ باتیں۔

○ مُتَسَتِّر: گمنام، غیر معروف۔ مُسْتَتِر: پوشیدہ، چھپا ہوا، پنہاں دیا ہوا، خوابیدہ (Letent) محذوف، مقدر (Unders tood) کے مفہوم میں۔

○ سَتَّفَ ہ: (اشیاء کا) ڈھیر لگانا، انبار لگانا، کو حفاظت کے لئے ایک جگہ رکھنا، قرینے سے رکھنا۔

○ تستیف: انبار لگانا، قرینے سے رکھنا، گودام۔

○ سَتْہ و سِتْہ و سَتَہ جمع استار: مقعد، چوتڑ، پشت۔

ستق: السُّتُّوق والسَّتُّوق: کھوٹا جعلی درہم۔ المُسْتُقَة و المُسْتَقَة: دراز آستین کی پوستین، چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ (فارسی لفظ)۔

ستل: ا۔ سَتَلَ ـُ سَتْلاً و تَسَاتَل و اِنستل و إسْتَتَلَ القومُ: ایک دوسرے کے پیچھے سلسلہ وار نکلنا۔ ـــ اللُؤلُؤُ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا۔ ـ الدمعُ: آنسو کا قطرے قطرے ٹپکنا۔ سَاتِل: قطرے قطرے ٹپکنے والا (آنسو) سَتِلَ ـَ سَتَلاً ہُ: کی پیروی کرنا۔ سَاتَل ہُ: کی پیروی کرنا۔ المُسْتَل جمع مَسَاتِل: تنگ راستہ۔

۲۔ السَّتَل جمع سُتْلان و سِتْلان (ح): عقاب یا اس کے یا گدھ کے مشابہ پرندہ۔ السُّتَالَة: ردی چیز۔

ستن: أَسْتَنَ الرجلُ فی السنة: کا قحط سالی میں پڑنا۔ الأُسْتَن والأُستان: بوسیدہ درخت کی جڑیں۔ الاُسْتُون (آع): پستول وغیرہ کی نالی۔

ستہ: سَتَہَ ـَ سَتْہا الرجُلَ: کے پیچھے لگنا کے سرین پر مارنا۔ السَّتْہُ والسِّتْہُ والسَّتَہُ جمع أَسْتَاہ (ع ا): سرین۔ الأَسْتَہ والسُّتَاهِی جمع سُتْہ و سُتْهان و سَتَاهِی م سَتْهاء: موٹے سرین والا۔

ستا: ا۔ سَتَا ـُ سُتُوّا: جلدی کرنا۔

۲۔ سَتَّی و أَسْتَی الثوبَ: کپڑا بننے کے لئے تانے کو پھیلانا۔ السَّتَا: کپڑے کا تانا۔ سَتَاةُ الثوب: کپڑے کا تانا کہتے ہیں۔ ما انت لحمةٌ ولا سَتَاةٌ: تو نہ نفع کا ہے نہ نقصان کا۔ تو بے ضرر ہے۔ الأُسْتِیُّ: کپڑے کا تانا، تانا تنا ہوا کپڑا۔

۳۔ الستا: بھلائی کہتے ہیں۔ نال منه سَتًّا: اس نے اس سے بھلائی پائی۔

سج: ا۔ سَجَّ ـُ سَجّاً: کو پتلا پاخانہ آنا ـــ الحَائِطَ: دیوار لیپنا۔ السَّجَّة والسَّجَاج: بہت پانی والا دودھ۔ السُّجُج: لیپی ہوئی چھتیں، نیک نفوس۔ المِسَجَّة (ب): لپائی کے کام میں آنے والا لکڑی کا ایک اوزار۔

۲۔ السَّجسَج جمع سَجَاسِج و سَجَاسِیج: زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم، فجر اور سورج نکلنے کا درمیانی عرصہ کہتے ہیں۔ یومٌ سَجْسَجٌ: وہ دن جس میں نہ تو تکلیف دینے والی گرمی ہو اور نہ ہی سخت سردی۔ هواءٌ سَجْسَجٌ: معتدل ہوا۔ رِیحٌ سَجْسَجٌ: معتدل اور نرم ہوا۔

سجح: ا۔ سَجَحَ ـُ سُجُحاتِ الحمامةُ: کبوتری کا کوکو کرنا۔

۲۔ سَجَحَ ـُ سَجْحًا و سَجَّحَ لہٗ بکلام: کے ساتھ اشارہ اور کنایہ سے بات کرنا۔

۳۔ سَجُحَ ـَ سَجَحًا و سَجَاحَةً: معتدل لمبائی والا ہونا، کم گوشت والا ہونا۔ ـ الخدُّ: رخسار کا نرم و ملائم ہونا۔ ـــ خُلقُهُ: نرم اخلاق ہونا۔ کہتے ہیں۔ فی عقلہ رجاحةٌ و فی خُلقہ سجاحة: اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔ اَسْجَحَ الوالی: اچھی طرح معاف کرنا۔ ـ الرجلُ: نرم ولطیف کلام والا ہونا کہتے ہیں۔ اذا سألتَ فاسْجِحْ: یعنی سوال کرو تو نرم اور دلپسند الفاظ بولو۔ اِنْسَجَحَ لہ بکذا: اسے وہ چیز دیدی گئی۔ السُّجُح: نرم و آسان کہتے ہیں۔ رجلٌ سُجُحٌ: خوش خلق آدمی۔ ـ السُّجُحُ: راستہ اور اسکا وسطی حصہ۔ السَّجِیح: نرم و آسان۔ السَّجْحَة و السَّجِیحة: خلق، خصلت فطرت، طبیعت، رکب سجیحةَ رأسِهِ: وہ اپنے لئے ایک رائے پسند کر کے اس پر کاربند ہوگیا۔ السُّجَاح: ہوا۔ الأَسْجَح م سَجْحَاء: جمع سُجُح: خوبصورت مناسب اعضاء والا۔

۴۔ السِّجَاح: سامنے کہتے ہیں۔ جلستُ سِجاحَ وجهه: میں اس کے (منہ کے) سامنے بیٹھا۔ السُّجُح: اندازہ کہتے ہیں۔ بیوتهم علی سُجُح واحد: ان کے گھر ایک ہی اندازہ کے ہیں۔ السَّجِیحة: اندازہ

سجد: ا۔ سَجَدَ ـُ سُجُوداً: عاجزی وخاکساری سے

جھکنا، عبادت میں پیشانی و ناک زمین پر رکھنا۔ ساجد: عاجزی اور خاکساری سے جھکنے والا، عبادت میں پیشانی و ناک زمین پر رکھنے والا، ساجد جمع سُجَّد و سُجُود: مؤنث ساجدہ جمع سَاجدات و سَوَاجد۔ سَاجِدُ المَنخَرُ: خاکساری کرنے والا۔ ذلیل و پست۔ عینٌ ساجدةٌ: جھکی ہوئی آنکھ۔ نَخلَةٌ ساجِدةٌ: جھکا ہوا کھجور کا درخت۔ أَسْجَدَ: سر جھکانا، ــــ عَینَهُ: نگاہ نیچی رکھنا۔ السِجدة: سَجَدَ کا اسم السَجَّاد: بہت سجدے کرنے والا۔ السَجّادة والمِسْجَدة: جائے نماز، مصلّیٰ المَسْجَد جمع مَسَاجد: آدمی کی پیشانی۔ والمسجِد جمع مَسَاجد: سجدہ گاہ، عبادت گاہ، مسجد۔ المسجِدان: مکہ کی مسجد اور مدینہ کی مسجد۔

۲۔ سَجِدَ۔ سَجَداً تِ رِجلُهُ: پاؤں کا سوجنا۔ أَسْجَد: جس کا پاؤں سوجا ہوا ہو۔

○ سَجَدَ لِ: کے سامنے جھکنا و ــ للہ: اللہ کی عبادت کرنا۔ سَجّاد: جمع سجادون: عابد سَجْدَة جمع سَجَدات: عبادت میں ماتھا زمین پر ٹیکنا۔ احد السجدة: ایسٹر کے بعد کا ساتواں اتوار، سفید اتوار (مسیحی اصطلاح) سُجُود: زمین پر ماتھا ٹیکنا، سجدہ، عبادت، نیز ساجد کی جمع۔ سَجّادَہ (اسم جمع) سَجَّاد جمع سجاجید: نماز پڑھنے کا نمدہ، قالین صاحب السجّادہ و شیخ السجادہ: سجادہ نشین (درویشی سلسلے کے سربراہ کا لقب)۔ مَسْجِدٌ جامعٌ: جامع مسجد جہاں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔ المسجد الحرام: مکہ معظمہ کی مسجد۔ المسجد الأقصیٰ: قدس شریف کی مسجد۔

سجر: سَجَرَ ـُ سَجْراً التنّورَ: تنور کو ایندھن سے گرم کرنا۔ ــ الماءُ النهرَ: پانی کا نہر کو بھرنا۔ ــ البَحرُ: سمندر کا جوش مارنا۔ ــ الماءَ فی حلقه: پانی حلق میں ڈالنا، سَجَّرَ الماءَ: پانی جاری کرنا۔ ــــ التنورَ: تندور میں لکڑیاں ڈال کر گرم کرنا۔ سُجِّرِ البحرُ: سمندر کا جوش مارنا چڑھنا اور اس میں لہریں اٹھنا۔ اِنسَجَرَ الاناءُ: برتن کا بھرنا۔ بئرٌ سَجُر: بھرا ہوا کنواں۔ السُجرَة جمع سُجَر: نہر کو بھر دینے والا پانی۔ السَاجِر (فا): ہر جگہ کو بھر دینے والا سیلاب۔ وہ علاقہ جہاں سیلاب آ کر پھیل جائے۔ السَجُور و المِسْجَر: تنور کو گرم کرنے کا ایندھن (لکڑیاں وغیرہ) المُسَجَّر: دریا وغیرہ کا پانی جو تہ نشین ہو گیا ہو۔ المَسْجُور (مفع): ساکن اور بھرا ہوا، خالی (ضد)، وہ دودھ جس میں پانی کا حصہ اس سے زیادہ ہو۔ لُؤلُؤةٌ مَسْجُورَة: بہت آبدار موتی۔

۲۔ سَجَرَ ـُ سَجْراً الکلبَ: کتے کے گلے میں لکڑی باندھنا۔ السَاجُور جمع سَوَاجِیر: لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ اسی سے ہے۔ سَوْجَرَ الکلبَ: یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی۔ کہتے ہیں۔ فی اعناقهم سواجیر: ان کے گلوں میں طوق پڑے ہوئے ہیں۔

۳۔ سَجَرَ ـُ سَجْراً و سُجُوراً تِ الناقةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکلنا۔ سَجَّرَتِ الناقةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔ السَجْر (مص): رعد کی آواز۔

۴۔ سَجَرَ ـُ سَجْراً الشیءَ: چیز کو بھیجنا۔ اِنسَجَرت الإبلُ فی سیرها: اونٹوں کا آگے پیچھے ایک قطار میں چلنا۔ شعرٌ مُسَجَّر و مُنسَجِر: لٹکے ہوئے بال۔ اللُؤلُؤ المسجُور: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔

۵۔ سَاجَرَهُ: کا مخلص دوست بننا۔ السَجِیر جمع سُجَراء: مخلص دوست۔

۶۔ السَجَر و السُجرة فی العین: آنکھ کی سرخی۔ الأَسْجَر م سَجْرَاء: جس کی آنکھ میں سرخی ہو۔ خالص کیچڑ والا تالاب۔

○ سَجَرَ ـُ ہ: ستو یا تنور وغیرہ گرم کرنا۔ سَجَّرَ ہ: پانی کو کناروں سے بہانا۔ مُسَجَّر: لمبے لٹکتے (بال)

○ سِجارة جمع سجارات سَجَایِر و سَجَایِر: سگرٹ۔

سجس: سَجِسَ ـَ سَجَساً الماءُ: پانی کا گدلا اور متغیر ہونا۔ سَجْسٌ و سَجِسٌ و سَجِیس: گدلا اور متغیر (پانی) سَجَّسَ المنهلُ: چشمہ کے پانی کا بدبودار اور خراب ہونا۔ السَجَس (مص): فساد، خرابی، گدلا پن۔ السَجِیس: گدلا کہتے ہیں۔ لا آتیکَ سَجِیسَ اللیالی: میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

سَجَع ـَ سَجْعاً الخطیبُ: مقرر کا مقفی تقریر کرنا۔ سَاجِع ج سُجّاع و سَجّاعة: مُقفّیٰ تقریر کرنے والا (خطیب) ــ تِ الحمامةُ: فاختہ یا کبوتر کا کوکو کرنا۔ سَاجِعةٌ و سُجُوع جمع سُجَّع و سَوَاجِع: کوکو کرنے والی (فاختہ یا کبوتر) ــ تِ الناقةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکلنا۔ اسی طرح کمان کا لمبی آواز نکالنا۔ سَجَّعَ الخطیبُ والحمامةُ: مقرر کا مقفی تقریر کرنا، مقرر کا مقفی تقریر کرنا اور فاختہ یا کبوتر کا کوکو کرنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) وجهٌ سَاجِعٌ: اچھی ساخت کا معتدل چہرہ۔ ناقةٌ [illegible]

السَجْع جمع اَسْجَاع: مقفی کلام۔ السُجْعَة الأُسْجُوعَة ج أَساجیع: قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔

۲۔ سَجَعَ ـَ سَجْعاً فلانٌ ذلك المسجَعَ: کا ارادہ ہونا، کی نیت ہونا، چاہنا۔ السَاجع (فا): کلام یا رفتار میں درمیانی چال چلنے والا (اسکی ضد جائز ہے) المسجَع: مقصد

○ سَجَعَ: فاختہ یا کبوتر کا کوکو کرنا۔ مقفیٰ: نثر میں بات کرنا۔ سَجَّع: مقفی نثر میں بات کرنا۔ سَجْع: مقفی نثر۔ سَجْعَة: مقفی نثر کا ایک ٹکڑا۔ سَاجِعٌ: مقفی نثر میں بات کرنے والا۔

سجف ا۔ سَجَفَ ـُ سَجْفاً و سَجَّفَ البیتَ: مکان پر پردہ لٹکانا۔ اَسْجَفَ السِترَ: پردہ چھوڑنا۔ ــــ البیتَ: مکان پر پردہ لٹکانا۔ ــ اللیلُ: رات کی تاریکی کا پھیل جانا۔ السَجْف والسِجْف جمع سُجُوف وَأَسْجَاف و السِجَاف و السَجیف: بیچ سے چرا ہوا پردہ۔ دو پردے بیچ سے کھلے ہوئے عام طور پر پردہ کہتے ہیں۔ أرخی اللیلُ سُجُوفَهُ: رات نے اپنی تاریکی پھیلا دی۔ السِجاف: گوٹ۔ السِجَافة: پردہ۔ حجاب السُجْفة: رات کی ایک گھڑی کہتے ہیں۔ مَضَتْ سُجْفَةٌ من اللیل: رات کی ایک گھڑی گزر گئی۔

۲۔ سَجِفَ ـَ سَجَفاً: پتلی کمر والا اور نحیف پیٹ والا ہونا۔

○ سُجْفٌ و سِجْفٌ جمع أَسْجَاف و سُجُوف: پردہ، برقع۔ سِجَاف: جمع سُجُف: پردہ، برقع، نقاب۔

سجل: ا۔ سَجَلَ ـُ سَجْلاً الماءَ: پانی گرانا، ڈالنا۔ ــ بہ: کو اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ ہ بالشیءِ: کو اوپر سے پھینکنا۔ سَاجَلَ مُسَاجَلَةً و سِجَالاً ہُ: رفتار یا شعر گوئی میں کسی سے مقابلہ کرنا۔ اَسْجَلَ: بڑا صاحب خیر ہونا۔ ـ ہُ: کو بہت بخشش دینا۔ ــ الحوضَ: حوض کو بھرنا، لبریز کرنا۔ ــ الکلامَ: آزادانہ بولنا۔ ـ الناسَ: کو چھوڑ دینا۔ ـ لهم الامرَ: لوگوں کو کوئی معاملہ سپرد کر دینا۔ ان کے لئے مباح کر دینا اسی سے ہے۔ وهذا مُسْجَلٌ له ان شاءَ اخذه وان شاءَ ترکهٗ: اسے اس امر میں کھلی چھٹی ہے۔ ــ الانعام فی الزرع: چارپایوں کو کھیتی میں چھوڑ دینا۔ تَسَاجَلا: ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ آپس میں مقابلہ کرنا۔ اِنسَجَلَ: اوپر سے گرنا۔ کہتے ہیں۔ سَجَل الماءَ فانسجل: اس نے پانی گرایا اور وہ گرا۔ السَجل: (مص) جمع سِجَال و سُجُول: بڑا ڈول جس میں

تھوڑا بہت پانی ہو۔ ڈول بھر، بخشش، فیاض آدمی۔ بڑا تھن۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے: اعطاہ سَجْلَۃً من کذا: اس نے اس کو فلاں چیز سے اس کا حصہ دیا۔ کہتے ہیں۔ الحرب بینھم سِجَالٌ: یعنی لڑائی کا پانسہ پلٹتا رہتا ہے۔ آج ایک کو غلبہ ہے تو کل دوسرے کو۔ عینٌ سَجُولٌ: آنکھ جو بہت آنسو بہائے۔ السَجِیل: نصیب حصہ کہتے ہیں۔ اعطاہ سَجِیلَۃً من کذا: اس نے اسے کا حصہ دیا۔ ضرعٌ سَجِیل: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دلوٌ سَجِیلٌ و سَجِیلَۃٌ: بڑا ڈول۔ نَاقَۃٌ سَجْلَاءَ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔ المُسْجَل: ہر ایک کے لئے مباح کہتے ہیں۔ فعلناہ و الدھرُ مُسْجَل: ہم نے اس کام کو اس وقت کیا جب کوئی کسی سے نہ ڈرتا تھا۔

۲۔ سَجَّلَ الکتابَ: کتاب لگاتار پڑھنا۔ ـــ الرجلُ: عہد نامہ لکھنا۔ ـــ الاوراقَ: مجلسوں وغیرہ میں اوراق ضبط تحریر میں لانا۔ ـــ القاضی علیہ: قاضی کا اس کے خلاف فیصلہ دینا۔ و۔ ـــ علیہ بکذا: کو بدنام کرنا (کی وجہ سے)۔ ـــ لہ بمالہ: (کو) کیلئے ثابت کرنا۔ السِجِلّ جمع سِجِلَّات: معاہدات کا رجسٹر، احکام و دعوں کے ضبط کرنے کا رجسٹر۔ جوڈیشل ریکارڈ۔

۳۔ شیءٌ سَجِیلٌ: بہت سخت چیز۔ السِجِّیل: کنکر۔ سنگ گل۔ السَوْجَل و السَوْجَلَۃ اور السَاجُول جمع سَوَاجِیل: شیشی کا ڈھکن۔ کور۔

○ سَجَّلَ ہ: کا اندراج کرنا، کو درج کرنا، کو لکھنا، ضبط تحریر میں لانا، ریکارڈ کرنا، نوٹ کرنا، ریکارڈ میں رکھنا، سرکاری ریکارڈ کے لئے بیان تیار کرنا، کی دستاویز بنانا، کی گواہی دینا۔ سَجَّلَ اِصابۃً: ضرب کا نمبر لینا، سکور کرنا، ریکارڈ کرنا۔ سَجَّلَ ہ فی الشرائطِ المُسَجَّلَۃ: ٹیپ پر ریکارڈ کرنا، کو ٹیپ ریکارڈ کرنا۔ "(کھلاڑی کا) ریکارڈ قائم کرنا، (ایجاد وغیرہ) پیٹنٹ کروانا۔ سَجَّلَ علی نفسہ أن: کچھ کرنے یا ہونے کی وجہ سے ریکارڈ پر ہونا۔ سَاجَلَہ: کا حریف یا رقیب ہونا، سے ہمسری یا برابری کا دعویٰ کرنا، سے مقابلہ کرنا، سے مباحثہ کرنا، بحث کرنا، جھگڑا کرنا۔ سَاجَلَہ الحدیثَ: کو گفتگو پر آمادہ کرنا، سے مذاکرات کرنا، گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

○ سِجِلّ جمع سِجِلَّات: لپٹا ہوا کاغذ، طومار، رجسٹر، فہرست، اشاریہ۔ سجلات: تاریخی دستاویزات۔ السِجِلّ التجاری: تجارتی رجسٹر۔ السجل الذھبی: سنہری کتاب۔ سجل الزیارات: وزیٹروں کی کتاب۔ مہمانوں کی کتاب۔ سجل التشریفات: ملاقاتیوں کی فہرست (ڈپلومیٹک اصطلاح) سجل (یا سجلات) الأطیان، السجل العقاری: زمینوں کا رجسٹر۔ اراضی کا رجسٹر۔

○ تسجیل جمع تسجیلات: اندراج کرنا، اندراج، رجسٹریشن، ڈوکومنٹیشن، تصدیق، بکنگ، ریکارڈنگ، ٹیپ ریکارڈنگ، رجسٹری (ڈاک کی) تسجیل عقاری: زمینوں کے رجسٹر میں اندراج۔ آلۃ تسجیل الصوت: ٹیپ ریکارڈنگ۔ مُسَاجَلۃ: مقابلہ مسابقہ، مقابلہ میں حصہ لینا، بات چیت، گفتگو، بحث مباحثہ۔ مُسَجِّل جمع مسجلون: رجسٹرار، وثیقہ نویس، ناظر رجسٹری۔ Notary public۔ مُسَجِّل: جمع مُسَجِّلات: ٹیپ ریکارڈر شریط مُسَجِّل جمع شرائط مُسَجِّلَۃ: میگنیٹک ٹیپ۔ مُسَجِّل الکُلِیَّۃ: کالج کے شعبہ کا سیکرٹری۔ مُسَجَّل: رجسٹرڈ، درج شدہ، ریکارڈ شدہ منضبط، ضبط تحریر میں لایا ہوا۔ رسالۃٌ مُسَجَّلۃ: رجسٹرڈ لیٹر (خط) مُراسلات مُسَجَّلَۃ: رجسٹرڈ (ڈاک) اطنانٌ مُسَجَّلۃ: رجسٹرڈ ٹن۔ حَفْلَۃٌ مُسَجَّلَۃٌ: ریکارڈ شدہ موسیقی کی سنگت۔ concert of recorded music۔

سجم: سَجَمَ ـُ سُجُومًا و سِجَامًا اللمعُ: آنسو بہنا۔ ساجم: بہنے والا آنسو۔ و ـِ سَجْمًا و سُجُومًا و سَجَمَانًا تِ العینُ او السحابۃُ الماءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔ سَجَّمَ تَسْجَامًا و تَسْجِیمًا الماءَ: پانی گرانا۔ اَسْجَمَ الماء: پانی گرانا، ڈالنا۔ ـــ ت السحابۃُ: بادل کا دیر تک برسنا۔ انْسَجَمَ الماءُ: پانی کا گرنا، بہنا۔ ـــ الکلامُ: کلام کا مرتب ہونا۔ تَسَاجَمَتِ اللموعُ: آنسو کا گرنا، بہنا۔ السَجَم: پانی، آنسو۔ عینٌ سَجُوم جمع سُجُوم: آنسو بہانے والی آنکھ نَاقۃٌ سَجُوم: بہت دودھ دینے والی اونٹنی نَاقۃٌ مِسْجَام جمع مَسَاجِیم: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ مکانٌ مَسْجُوم: وہ جگہ جہاں بارش برسی ہو۔ الانْسِجَام: مصدر اِنْسَجَمَ و ـ عند البدیعیین: کلام کا پیچیدگی سے خالی ہونا، آسان ترکیب والا ہونا، شیریں کلمات پر مشتمل ہونا، تکلف سے دور ہونا، دلوں پر اثر انداز ہونے والا ہونا اور پُرتاثیر ہونا۔

۲۔ سَجَمَ ـُ سَجْمًا و سُجُومًا عن الامر: بات میں دیر کرنا، ٹالنا، سے کترانا۔

○ انسَجَمَ: کلام کا رواں ہونا، شستہ ہونا، شیریں ہونا، ہم آہنگ ہونا۔ انسجم مَعَ: سے ہم آہنگ ہونا، کے مطابق یا موافق ہونا۔ اِنْسِجَام: روانی، ہم آہنگی، دلکش شیریں یا سریلا نغمہ، ترتیب، مُنْسَجِمْ: ہم آہنگ، شیریں، مطابق موافق۔

سجن: سَجَنَ ـُ سَجْنًا ہ: کو قید کرنا، جیل میں محبوس کرنا۔ ـــ الھمَّ: غم کو چھپانا۔ السِجْن جمع سُجُون: جیل، قیدخانہ۔ السَجَّان: داروغہ جیل، جیلر۔ السَجِین جمع سُجَناء و سَجْنَی م سَجِین و سَجِینۃ جمع سَجْنَی و سجائن: قیدی۔ ضربٌ سَجِین: ایسی مار جو پٹنے والے کو زمین سے ہلنے نہ دے۔ السَاجِنَۃ جمع سَوَاجِن: ساجن کا مونث۔

۲۔ سَجَّنَ الشیءَ: کسی چیز کو پھاڑنا۔

۳۔ السَاجِنہ جمع سَوَاجِن: پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ السِجِّین: دائم سخت۔ کہتے ہیں۔ جاء سِجِّینًا: وہ علانیہ آیا۔

۴۔ السَجَنْجَل جمع سَنَاجِل: آئینہ، چاندی کا ٹکڑا یا اینٹیں۔

○ سَجْن: نظربندی، قید، حراست۔ سَجِین جمع سُجَناء و سَجْنَی: جیل کا ساتھی، سزایافتہ، سزایاب۔ مَسْجُون جمع مَسَاجِین: قیدی، ساتھی قیدی، سزا یافتہ، سزایاب۔

سجا: ۱۔ سَجَا ـُ سَجْوًا و سُجُوًّا اللیلُ: رات کا خاموش ہونا، سنسان ہونا، ہمیشہ رہنا۔ ـــ تِ الناقۃُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔ سَجَّی تَسْجِیَۃً المیتَ: مردہ پر چادر ڈالنا۔ اسی سے ہے۔ سَجِّ معایبَ اخیکَ: اپنے بھائی کے عیبوں پر پردہ ڈالو، چھپاؤ۔ أَسْجَی الرَجُلُ: آدمی کا کوئی چیز ڈھانپنا، چھپانا۔ ـــ البحرُ: سمندر کی موجوں کا ساکن ہونا۔ ـــ تِ الناقۃُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ السَاجِی (فا): ساکن۔ نرم۔ کہتے ہیں۔ عینٌ سَاجِیَۃ: ساکن تھکی ماندہ جھکی ہوئی آنکھ۔ لیلۃٌ ساجیۃ: سنسان رات۔ اِمْرَأۃ سَجْوَاء الطرف: غیر متحرک آنکھ والی عورت۔ نَاقۃ سَجْوَاء: دودھ دینے کے وقت آرام سے کھڑی رہنے والی اونٹنی۔ رِیحٌ سَجْوَاء: نرم ہوا۔ السَجِیَّۃ جمع سَجِیَّات و سَجَایا: طبیعت، خصلت، خُلق۔

○ سَجَا یَسْجُو سَجْوًا و سُجُوًّا: (رات، سمندر) کا خاموش اور پرسکون ہونا۔ تَسَجَّی ہ: (کوئی لباس، کپڑا وغیرہ) اوڑھ لینا۔ سَجِیَّۃ جمع سجیات و سَجَایَا: طبیعت، مزاج، خو، افتاد طبع، ذہنیت، فطرت، فطرت خصائل، کردار سیرت، اخلاق، اخلاقی قوت جمع سَجِیَّات و سَجَایا: خصوصیت، وصف،

امتیازی وصف، طرہ امتیاز۔ ــــ عن سجیة: ازخود، خودبخود، آپ ہی آپ بیساختہ ساجن: خاموش پرسکون تاریک (رات) مُسَجَّی: کفنائی ہوئی لاش وہ لاش جس کی تجہیز و تکفین ہو چکی ہو۔

۲۔ سَاجَی ہُ: کو چھونا کہتے ہیں۔ اتانا بالطعام فما ساجیناہ: وہ ہمارے پاس کھانا لایا مگر ہم نے اس کو نہیں چھوا۔

سح ا۔ سَحَّ ۔ سَحًّا: بہت موٹا ہونا۔ و۔ الماءَ: پانی کو لگاتار بہت بہانا۔ اسی سے ہے۔ اِسْتَنْشَدْتُہُ قصیدۃً فَسَحَّہَا علیَّ سَحًّا: میں نے اسے شعر سنانے کے لئے کہا تو اس نے لگاتار بغیر رکے اشعار سنائے۔ ــــ ہُ: کو مارنا۔ کہتے ہیں۔ سَحَّہ مائة سوط: اس نے اسے سو کوڑے مارے۔ ــــ سَحًّا و سُحُوحًا: بہت بہنا۔ ــــ سُحُوحًا و سُحُوحَةً تِ الشاةُ: بکری کا موٹاپے کی وجہ سے ایسا چربی دار ہونا گویا کہ چربی اس سے ٹپکی پڑتی ہے۔ سَاحّ و سَاحّةٌ جمع سِحَاح و سُحَاح. خوب موٹی اور خوب چربی دار (بکری)۔ تَسَحَّحَ: بہت بہنا۔ اِنْسَحَّ اِبطُ البعیر عرقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔ السَّحَاح: ہوا، غارَةٌ سَحَّاء: دشمن پر اچانک مصیبت لانے والی لوٹ مار، حملہ۔ عینٌ سَحَّاحة: بہت آنسوؤں والی آنکھ۔ سَحابةٌ سَحُوح: بہت بارش لانے والا بادل ۔ فرسٌ مِسَحّ: عمدہ تیز رفتار گھوڑا۔

۲۔ السَّحُّ والسُّحّ: خشک متفرق کھجور، خرما۔

۳۔ تَسَحْسَحَ الماءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔ السَّحْسَح والسَّحْسَاح من المطر: شدید بارش، گھر کا صحن۔

○ سَحَّ ۔ سَحًّا و سُحوحًا: بہنا، چلنا، پانی کی دھار گرنا۔ سَحَّتِ السماء: موسلا دھار بارش ہونا۔ عینٌ سَحَّاحَةٌ: اشکبار آنکھ۔

سحب: ا۔ سَحَبَ ۔ سَحْبًا: کو زمین پر گھسیٹنا۔ کہتے ہیں۔ جاء یسحب ذیلَہٗ: وہ مغرورانہ چال سے آیا۔ سَحَبَ السیفَ: تلوار سونتنا۔ اسی سے ہے۔ سحبُ اوراق المعاملات: دستاویز وغیرہ مرتب کرنا لکھنا۔ سحبُ الیانصیب: لاٹری نکالنا قرعہ اندازی کرنا۔ اِنْسَحَبَ: زمین پر گھسٹنا۔ السُّحْبَة: آنکھ پر آجانے والا پردہ جو نظر کو کمزور کرتا ہے۔ السَّحَاب جمع سُحُب: واحد سَحَابة جمع سَحَائب: بادل کہتے ہیں۔ اقمتُ عندہ سحابةَ یومنا: میں نے سارا دن اس کے پاس قیام کیا۔

۲۔ سَحَبَ ۔ سَحْبًا الرجلُ: بہت کھانا پینا۔ تَسَحَّبَ من الاکلِ او الشربِ: بہت کھانا یا پینا۔

۳۔ تَسَحَّبَ فی حق فلان: کسی کا حق غصب کر کے اپنے میں ملا لینا۔

۴۔ تَسَحَّبَ علیہ: پر ناز کرنا۔

۵۔ السُّحْبَةُ والسُّحَابة: تالاب میں باقیماندہ پانی۔

۶۔ السَّجْبَل: فراخ وادی، بڑی مشک، بڑا پیٹ۔

○ سَحَبَ ۔ سَحْبًا: زمین پر گھسٹتے ہوئے چلنا۔ سَحَبَ ہ: کو گھسیٹنا۔ ــــ ہ و ہ: کو (کوئی اقدام، حکم وغیرہ) واپس لے لینا۔ ــــ ھم عن: (فوجیوں) کو سے واپس کرنا یا سے نکال لینا۔ سحب منہ ہ: سے کوئی چیز لے لینا، ہتھیا لینا، کو سے بیدخل کرنا کو سے محروم کرنا۔ ــــ (الماءَ): پانی نکالنا۔ ــــ (ہ): روپیہ پیسہ حساب سے نکلوانا۔ دستاویز وغیرہ مرتب کرنا، لکھنا، لاٹری نکالنا۔ ــــ ہ علی: (قانون وغیرہ) کو کسی پر لاگو کرنا، چسپاں کرنا، منطبق کرنا۔ سحب العمل بہ علی: کو پر منطبق کرنا۔ اِنْسَحَبَ: گھسٹنا کوشش کرنا۔ انْسَحَبَ من: سے پسپا ہونا، سے نکل آنا سے واپس آجانا۔ انسحب علی: قانون کا کسی پر لاگو ہونا، چسپاں ہونا منطبق ہونا۔ سحب: (فوجوں کی) پسپائی یا واپسی (اقدامات کا) واپس لینا، (حقوق سے) پیچھے ہٹنا۔ (مال) نکلوانا۔ سَحَابَةَ: کے دوران سحابةَ النہار (الیوم): سارا دن آج سارا دن۔ سرنا سحابةَ یومنا: ہم تمام دن چلتے رہے ہیں۔ سحابةَ اربعة قرون: چار صدیوں کے دوران۔ سَحَّاب: زپ zipper slide انسحاب: واپسی، پسپائی، سے نکل آنا، انخلا (عسکری) استعفا دست برداری، پھیلاؤ، وسعت، اضافہ۔ سَاحِب: (چیک) کاٹنے والا المسحوب علیہ: جس کے نام چیک کاٹا جائے۔

سحت: ا۔ سَحَتَ ۔ سَحْتًا و سَحَّتَ: حرام مال کمانا۔ أَسْحَتَ تجارتَہ: تجارت میں کھوٹ اور حرام مل جانا۔ ہُ: کو خراب کرنا۔ السُّحْت و السُّحُت: جمع اَسْحَات: حرام۔ حرام و ناجائز کمائی، نجس و ناپاک کمائی، جس سے عار لازم آئے مثلاً رشوت۔

۲۔ سَحَتَ ۔ سَحْتًا ہُ: کو ہلاک کرنا اور بیخ و بن سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا و سَحَتَ الشَّحْمَ عن اللحم: چربی کو گوشت سے چھیل کر علیحدہ کرنا وجہَ الارضِ: کو مٹانا۔ سَحَّتَ ہُ: کو ہلاک کرنا، بیخ و بن سے اکھیڑنا، ذبح کرنا۔ أَسْحَتَ ہُ: کو ہلاک کرنا، بیخ و بن سے اکھیڑنا۔ أُسْحِتَ: کا مال تباہ ہونا۔ رجلٌ سُحُتٌ: بہت کھاؤ اور سیر نہ ہونے والا آدمی۔ مالٌ سُحْتٌ و سُحُتٌ: تلف شدہ مال، ہلاک شدہ مال۔ السَّحْت (مص): بوسیدہ کپڑا۔ دکھ، عذاب کہتے ہیں۔ مالہ او دمُہٗ سحتٌ: اس کا مال یا خون تلف کرنے والے کے لئے حلال ہے۔ عامٌ اُسْحُتٌ وارضٌ سَحْتَاء: خشک سال اور روئیدگی سے خالی زمین۔ رجُلٌ سَحِیتٌ: بہت کھاؤ اور سیر نہ ہونے والا آدمی۔ مالٌ سَحِیتٌ: تلف شدہ مال، ہلاک شدہ مال۔ السَّحِیتَة جمع سَحائِت: سب کچھ بہا لے جانے والا بادل۔ مالٌ مُسْحَتٌ: تلف شدہ ہلاکت شدہ مال۔ مالٌ مَسْحُوتٌ: تلف شدہ، ہلاکت شدہ مال۔ مَسْحُوتُ الجوفِ او المعدۃِ: نہ سیر ہونے والا، بدہضمی سے تکلیف اٹھانے والا (ضد) السُّحْتُوت والسَّحْتِیّ: پرانا کپڑا۔

۳۔ السُّحْتُوت والسِحْتِیت: کم چکنائی اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔

○ سُحْت و سُحُت جمع اُسحات: ممنوع اور پابندی لگی ہوئی چیز، حرام کا مال، حرام کی جائیداد۔

سحج: سَحَجَ ۔ سَحْجًا و سَحَّجَ ہُ: کو چھیلنا ــــ الشیءَ بالشیءِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ مَسْحُوج و سَحِیج: چھیلی ہوئی (چیز) تَسَحَّجَ اِنْسَحَجَ: چھلنا السَّحَّاج: بہت چھیلنے والا۔ زمنٌ سَحَّاج: سخت زمانہ جو ہر شئے کو چھیل ڈالے۔ المِسْحَج: بہت کاٹنے والا۔ المِسْحَاج بمعنی مِسْحَج: لکڑی کاٹنے کا چاقو وغیرہ۔ زمنٌ مِسْحَاجٌ: سخت زمانہ۔

۲۔ سَحَجَ ۔ سَحْجَاتِ الدابّةُ: جانور کا بہت تیزی سے ذرا کم دوڑنا۔ السَّحُوج: بہت قسمیں کھانے والی عورت۔ قسم کھانے کی عادت والی عورت۔ المِسْحَجُ من الدواب: تیز چلنے والا جانور۔ المِسْحاج بمعنی سَحُوج ــ من الدوابّ: بمعنی مِسْحَج۔

○ سَحَجَ ۔ سَحْجًا (ہ): کو چھیلنا، تراشنا، چھیل کر اتارنا، دور کرنا، ــ ہ: (کھال) چھیلنا، رگڑ ڈالنا، کھرچ دینا۔ ــــ ہ: کو اتار دینا۔ سَحَّجَ ہ: کو چھیلنا، رگڑ ڈالنا، اتار دینا، تراشنا۔ مِسْحَج جمع مَسَاحِج: رندہ مِسْحَجَة جمع مَسَاحِج: رندہ کرنے والی مشین، رندہ کرنے والا۔ مَسْحُوج: (کھال کی خراش کی طرح) تکلیف دہ، یا جہاں سے گوشت نکل آیا ہو۔

سحر: سَحَرَ ۔ سِحْرًا ہُ: کو دھوکا دینا، پر جادو کرنا، کو فریفتہ کرنا، رجھانا، لبھانا، لٹو کرنا، کا دل چرانا۔ ــ ہُ عن کذا: کو سے پھیرنا سے دور کرنا ہٹانا۔ ــــ عن الامر: کسی معاملہ سے دور رہنا ــــ الفضّةَ: چاندی پر

○ شتا ـ شَتْوًا ب: کسی جگہ موسم سرما گزارنا یا کسی جگہ سردیاں کاٹنا، —: جاڑے میں سوتے رہنا۔ شتی: بارش ہونا۔ تَشَتَّی ب: کسی جگہ موسم سرما گزارنا، سردیاں کاٹنا، سردیوں میں سوتے رہنا۔ شِتَاء جمع أَشْتِیَہ و شُتِیّ: سردی کا موسم، سردیاں، موسم سرما، سرما، بارشیں، بارشوں کا موسم۔ شَتَوِی: سردی کا، سردی کے موسم کا، سردیوں کا۔ مَشْتًی جمع مَشَاتٍ: سردیوں کی رہائشگاہ، سردیاں گزارنے کا مقام، سردیوں کی تفریح گاہ۔ مُشْتًی بمعنی مَشْتًی۔ مشاتٍ: سردی کا، موسم سردی کا۔ تَشَتَّی تَشَتِّیًا بالبلد: کسی شہر میں موسم سرما گزارنا۔ — المکانَ: کسی جگہ موسم سرما میں ٹھہرنا۔ الشِّتَاء جمع أشتیۃ و شُتِیّ: سردی کا موسم ۲۱ دسمبر سے ۳۱ مارچ تک۔ نسبت کے لئے شَتْوِی و شَتَوِی۔ — والشتا: قحط۔ فاکھۃ الشتاء: آگ۔ الشَّتَاۃ و الشَّتْوَۃ: موسم سرما۔

صاحب الشَّتْوَة: وہ شخص جس کے پاس سردی کے موسم میں پناہ ملے۔ الشَّتِيُّ: موسم سرما کی بارش۔ الشَّاتِي: موسم سرما کا۔ یوم شاتٍ و غداة شَاتِيه۔ سردی کا دن، سردی کی صبح۔ الشَّتَوِی: موسم سرما کی بارش۔ المَشْتَى و المَشْتَاة جمع المَشَاتِي: سردی کا زمانہ، یا جگہ، سرما کے ایام گزارنے کی جگہ۔ هذه مَشَاتِينَا و مَصَايِفُنَا و مَرَابِعُنَا: یہ ہماری سردی گرمی اور بہار گزارنے کی جگہیں ہیں۔

شت۔ الشَّتّ جمع شِتَات واحد شَتَّة (ن): جنگلی اخروٹ۔ (ح): شہد کی مکھیاں، پہاڑ کی چوٹی کا کنگرہ، ہر چیز کی بہت زیادہ تعداد۔

شتر: شَتِرَ - شَتَرًا عینُهُ: آنکھ موٹی ہونا۔ الشِّتْر ج شُتُور: پہاڑ کا کنارہ۔ قَنَاةٌ شَتِرَة: پھٹا ہوا نیزہ۔

شثل۔ شَثِلَ - شَثَلًا و شَثُلَ - شُثُولَةً ت اصابعُهُ: انگلیوں کا کھردری اور موٹی ہونا۔ شَثْلُ الاصابع: موٹی اور کھردری انگلیوں والا۔ قَدَمٌ شَثْلَة: موٹے گوشت والا پاؤں۔

شثن: شَثِنَ: بمعنی شَثِل۔

شجّ: ا۔ شَجَّ - شَجًّا الرأسَ: سر زخمی کرنا، توڑنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يَشُجُّ مرّةً و يأسو مرّةً: فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی صحیح۔ - المفازةَ: بیابان طے کرنا۔ - الشرابَ بالماء: شراب میں پانی ملانا۔ - المركبُ البحرَ: جہاز کا سمندر کو چیرنا۔ کہتے ہیں: شجَّ الارضَ براحلته: سواری کو بہت تیز چلانا۔ - - شَجَجًا: زخمی سر والا یا زخم کے نشان والا ہونا۔ صفت: أَشَجّ۔ و شَجِيج جمع شَجَّى و مَشْجُوج و مُشَجَّج۔ شَجَّجَهُ: سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَاجَّ مُشَاجَّةً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ القومُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔ الشَّجَج (مص): پیشانی میں زخم کا نشان۔ الشَّجَاج: ہوا۔ الشَّجَّاج: خصوصاً سر کو بہت زخمی کرنے والا۔ الشَّجَّة ج شِجَاج: سر کا زخم۔ الشجيج و المُشَجَّج: کھونٹی۔

۲۔ شَجَّجَ علی الأمر: کا پختہ ارادہ کرنا۔

○ شَجَّ - ہ: کچھ خصوصاً کھوپڑی کو توڑنا، پھاڑنا، دو ٹکڑے کرنا، (ہڈی) توڑنا، پاش پاش کرنا۔ شَجَّة جمع شِجَاج: سر کا زخم، کھوپڑی کا ٹوٹنا (Skull fracture)۔

شجب: ا۔ شَجَبَ - شَجْبًا ہُ: کو کھینچ کر مشغول کرنا۔ (کہتے ہیں: إنك لتشجبني عن حاجتي: تم تو میری توجہ میرے کام سے ہٹاتے ہو)، کو غمگین کرنا۔ - شَجَبًا الغرابُ: کوے کا جدائی کی خبر دینا۔ - شَجَبًا و شُجُوبًا و شجب - شَجَبًا: غمگین ہونا۔ صفت: شَجِب و شَاجِب۔ أَشْجَبَهُ: کو غمگین کرنا۔ تَشَجَّبَ: غمگین ہونا۔ الشَّجْب (مص) ج شُجُوب و أَشْجَاب: حاجت، غم و اندوہ، رنج و تکلیف جو بیماری یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ الشَّاجِبُ من الغِربان: بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔

۲۔ شَجَبَ - شَجْبًا ہُ: کو ہلاک کرنا۔ - شَجْبًا و شُجُوبًا و شَجِبَ - شَجَبًا: ہلاک ہونا، مرجانا۔ - الشیءُ: جاتا رہنا۔

۳۔ شَجَبَ - شَجْبًا القِنِينةَ بِشِجاب: بوتل کو ڈاٹ سے بند کرنا۔ تَشَاجَبَ الشیءُ: چیز کا مل جل جانا، مخلوط ہونا۔ الشَّجْب (مص) ج شُجُوبٌ و أَشْجَاب: گھر کا ستون۔ الشَّاجِب: بہت بکواس کرنے والا۔ الشِّجَاب جمع شُجُب: بوتل وغیرہ بند کرنے کا ڈاٹ، کارک ڈھکنا۔ - و الشُّجُب و المِشْجَب (مِشْجَب کی جمع مشاجب): کھونٹی، کپڑے ٹانگنے کی کھونٹی، لکڑی کا سٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔ الشُّجْباء: مشک۔

○ شَجَبَ - شَجْبًا و شَجَّبَ ہُ: کو تباہ کرنا، برباد کرنا، پر ہلاکت کا حکم سنانا۔ - ہ: کی مذمت کرنا، پر سخت تنقید کرنا۔ أَشْجَبَ ہ: کو ایذا دینا، تکلیف میں ڈالنا، دکھ دینا، رنجیدہ کرنا، دکھ پہنچانا۔ شَجْب: تباہی، بربادی، شکست فاش، صفوں میں بھگدڑ مچانا (دشمن)، پیس ڈالنا، کچل ڈالنا۔ شِجَاب جمع شُجُب: دیوار میں لگی کپڑے ٹانگنے کی ہک (کھونٹی)۔ مِشْجَب جمع مَشَاجِب: کپڑے ٹانگنے کی دیوار گیر ہک یا کھونٹی، کپڑوں کی ریک clothes rack

شجر ا۔ شَجَرَ - شَجْرًا الشجرةَ: درخت کے کچھ حصہ کو پکڑنا۔ شَجِرَ - شَجَرًا الرجُلُ: بہت جمعیت والا ہونا۔ شَجَّرَ النباتُ: پودے کا درخت بننا۔ - المکانَ: کسی جگہ درخت لگانا۔ شَاجَرَ شِجَارًا و مُشَاجَرَةً ت الماشيةُ: گھاس اور سبزی کے نہ ہونے سے مویشیوں کا درختوں کے پتوں پر گزارہ کرنا۔ - الماشيةَ: مویشیوں کو درختوں کے پتے چرانا۔ أَشْجَرَ المکانُ: کسی جگہ کا درخت اُگانا۔ الشَّجَر جمع أَشْجَار و شَجْرَاء واحد شَجَرَة جمع شَجَرَات: درخت۔ شَجَرَةُ النَّسَب: آباء و اجداد کا نسب نامہ۔ - الزنبق: پرچم پودا (iris)، سوسن کا درخت (lily)۔ شجرة الحياة: خیر و شر معلوم کرنے کا درخت جس کا پھل کھانے سے اللہ تعالیٰ نے آدم کو منع کیا تھا۔ کہتے ہیں: فلانٌ شجرةُ خير: فلاں سے فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں یعنی وہ منبع خیر ہے۔ الشجرة الملعونة: تھور کا درخت۔ الشجرة: اسم مرة۔ مکانٌ شَجِرٌ و شَجِير و أَشْجَر م شَجِرَة و شَجِيرَةٌ و شَجْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔ الشجراء: گنجان درخت، گنجان درختوں والی زمین اس کا مقابل مَرْدَاء ہے یعنی وہ زمین جو درختوں سے خالی ہو۔ کہتے ہیں: قطعتُ كل شجراء و مرداء: میں نے ہر زمین طے کی وہ بھی جو گنجان درختوں والی تھی اور وہ بھی جہاں کوئی درخت نہ تھا۔ الشَّجَّار جمع شَجَّارون: درختوں کا ماہر۔ المَشْجَر ج مَشَاجِر: درخت کی جگہ۔ مکانٌ مُشْجِر م مُشْجِرَة: بہت درختوں والی جگہ۔ ثوبٌ مُشَجَّر: بوٹے دار کپڑا، کپڑا جس پر درختوں کی شکلیں ہوں۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّر کہتے ہیں۔ شج المَطّاط: ربڑ کا درخت۔ شج الخبز: نشاستہ دار پھلوں والا درخت۔

۲۔ شَجَرَ - شَجْرًا و شُجُورًا بينهم امرٌ: کوئی امر لوگوں میں زیر بحث ہونا، مختلف فیہ ہونا، متنازعہ ہونا۔ کہتے ہیں: شَجَرَ ما بينهم: وہ آپس میں جھگڑ پڑے۔ - شَجْرًا الرجُلَ بالرمح: کو نیزہ مارنا۔ شَاجَرَ شِجَارًا و مُشَاجَرَةً ہُ: سے جھگڑنا۔ تَشَاجَرَ القومُ: لوگوں کا آپس میں جھگڑنا، آپس میں گتھنا۔ تَشَاجَرُوا بالرماح: وہ آپس میں نیزوں سے لڑے۔ إِشْتَجَرَ القومُ: قوم کا آپس میں جھگڑا کرنا۔ الشَّجْر (مص) جمع أشجار و شُجُور و شِجار: اختلافی بات۔ رِماحٌ شَوَاجِر: مختلف ضربوں والے نیزے۔

۳۔ شَجَرَ - شَجْرًا الشیءَ: کو باندھنا، جوڑنا، مربوط کرنا۔ - البیتَ: گھر کے ستون لگانا۔ - النباتَ: پودے کی جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اونچا کرنا۔ شَجَّرَ النخلَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔ تَشَاجَرَ الشیءُ: کے بعض کا بعض میں مل جانا۔ إِشْتَجَرَ الرجُلُ: ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھ کر کہنی کا سہارا لینا۔ الشَّجْر ج أشجار و شُجُورٌ و شِجَار: ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ الشَّجْرة: چاہ زنخداں۔ الشِّجَار: ہودہ کی لکڑی، چھوٹی پالکی جو اوپر سے کھلی ہو۔ الشِّجَار بمعنی شِجَار۔ - ج شُجُر: دروازہ

کے پیچھے لگانے کی لکڑی، کنویں کی لکڑی۔ المَشْجَر ج مَشَاجِر: ہودہ کی لکڑی، چھوٹی پالکی جو اوپر سے کھلی ہو۔ المِشْجَر ج مَشَاجِر: بمعنی مَشْجَر: کپڑوں کا ریک۔

۴۔ شَجَرَ ۔ شَجْرًا فلانًا: کو منع کرنا، روکنا۔ کہتے ہیں: ماشَجَرَكَ عن كذا: یعنی تمہیں کس چیز نے ایسا کرنے سے روکا۔ اِشْتَجَرَ نومُه: نیند کا دور ہونا۔ اِنْشَجَرَ نومُه: نیند کا دور ہونا۔ الشَّوَاجِر: مشاغل وموانع۔ الشَّجِير: اجنبی اونٹ یا آدمی۔

۵۔ شَجَرَ ۔ شَجْرًا فَمَهُ: کا لکڑی سے منہ کھولنا۔۔۔ الدابةَ: جانور کو ٹھہرانے کیلئے لگام کو زور سے مارنا کہ وہ منہ کھول دے۔ الشَّجْر جمع أَشْجَار و شُجُور و شِحار منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ الحروف الشَّجْرية ش، ض اور ج یا ش، ج، ق، ک اوری۔ الشِّجار جمع شُجُر: وہ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگائی جاتی ہے تاکہ وہ دودھ نہ پی سکے۔

۶۔ اِشْتَجَرَ الرجلُ: آگے بڑھنا، جلد خلاصی پانا۔ إنشجر: جلد خلاصی پانا، نجات پانا۔

۷۔ الشِّجار ج شُجُر: اونٹ کا داغ۔ الشَّجِير: تلوار، بُرا ساتھی۔

○ شَجَرَ ۔ شَجْرًا: ہونا، واقع ہونا، وقوع میں آنا، رونما ہونا، (عام بے چینی، گڑبڑ) کا اچانک پھیلنا، بڑھنا۔ شَاجَرَ ہ/مع: کے ساتھ لڑنا، جھگڑنا، بحث کرنا۔ تَشَاجَرَ: ایک دوسرے سے جھگڑنا، لڑنا، بحث کرنا۔۔ مع: سے جھگڑنا، بحث کرنا لڑنا۔ شَجَر: اسم جنس واحد شجرة جمع اشجار: درخت، چھوٹی جھاڑیاں، جھاڑیاں۔ شَجَرة جمع شَجَرَات: درخت، چھوٹی جھاڑی، جھاڑی۔ شَجِر: لکڑی کا، درختوں سے بھرا ہوا، جنگل پوش، جنگل والا، بنوں والا۔ شَجِير جمع شُجَرَاء: بُرا ساتھی، برا ساتھ۔ شُجَيْرَة جمع شُجَيْرات: چھوٹی جھاڑی، جھاڑی۔ شِجار: چوبی پلی، چٹخنی، کھٹکا۔ اشْجَر م شَجْراء: لکڑی کا، درختوں سے بھرا ہوا، جنگل پوش۔ تَشْجِير: شجرکاری، جنگل بنانا، بن بنانا (afforestation)۔ شِجار: لڑائی، جھگڑا، بحث مباحثہ۔ مُشَاجَرہ: لڑائی، جھگڑا، بحث۔ مُشَجَّر: پودوں کی شکلوں والا اور شاخ دار (کپڑا)۔ مُشْجِر: جنگل پوش، بہت درختوں والا۔

شجع: ا۔ شَجُعَ ۔ شَجَاعَةً: بہادر شجاع نڈر ہونا۔ ۔ شَجْعًا ہُ: پر بہادری میں غالب ہونا۔ شَجَّعَ ہُ: کو قوی دل بنانا۔۔۔ ہُ على الأمر: کو پر جرأت دلانا۔ شَاجَعَ ہُ: سے دلیری میں مقابلہ کرنا۔ تَشَجَّعَ: بہادر بننا، بہادری کا اظہار کرنا۔ الشُّجاع و الشَّجَاع و الشِّجاع جمع شُجْعان و شِجْعَان و شِجَاع و شُجَعَاء و شُجْعَة و شِجْعَة و شَجَعَة: دلیر، بہادر، جرأت والا، بڑے دل گردہ والا۔ الأَشْجَع م شَجْعَاء جمع شُجْع: اسم تفضیل: (سے) زیادہ بہادر، سب سے زیادہ بہادر، بہادر ترین، بہادر، شیر، پیش پیش رہنے والا اونٹ۔ الشَّجِع: بہادر۔ الشَّجِيع ج شُجْعَان و شِجَاع و شُجَعَاء و أشْجِعَة م شَجِيعَة ج شَجَائِع و شِجَاع و شُجُع: بہادر، دلیر، نڈر۔ الشَّجَاعَة (مص): جرأت، دلیری، منچلاپن خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔

۲۔ شَجِعَ ۔ شَجَعًا: لمبا ہونا۔ صفت: أشْجَع م شَجْعَاء۔ رَجُلٌ شَجْعَةٌ و شُجَعَة: لمبا، بے ڈول آدمی۔ الأَشْجَع: لمبا۔ الشَّجِع: پاگل اونٹ۔ جملٌ شجعُ القوائم: جلد جلد قدم اٹھانے والا اونٹ۔

۳۔ الشُّجُع (ز): درخت کی جڑیں۔ رَجُلٌ شَجْعَةٌ و شُجَعَة: عاجز، بزدل۔ الشُّجاع و الشِّجَاع جمع شُجْعان و شِجْعَان و أَشْجِعَة (ح): ایک قسم کا سانپ، الأشجع: ایک قسم کا سانپ، زمانہ۔۔۔ والإشْجَع (ع ا): الاشاجع کا واحد، انگلیوں کی جڑ یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ المُشْجَع: بہت ہی پاگل۔

○ شَجُعَ ۔ شَجَاعَةً: باہمت، دلاور، جرأت مند، بہادر، نڈر، بے خوف، منچلا، جواں مرد، شجاع ہونا۔ شَجَّعَ ہُ على: کو کی جرأت دلانا، کی ہمت بڑھانا، کا جی بڑھانا (کچھ کرنے پر) کی ہمت افزائی کرنا (کچھ کرنے پر)۔۔ ہ، ہ: کی مدد کرنا، تائید کرنا، پشت پناہی کرنا، کو ترقی دینا، کے لئے کام کرنا، کو تقویت پہنچانا، بڑھانا، فروغ دینا۔ تَشَجَّعَ: کمر ہمت باندھنا، ڈر دور کرنا، اپنے آپ کو نڈر ظاہر کرنا، جرأت مند ہونا۔ شُجَاع: ہیرو۔ شجاعة: جسارت۔ اشجع: نڈر۔ مُشَجِّع: ہمت بڑھانے والا، (کے لئے) کام کرنے والا، تقویت پہنچانے والا، حامی، مددگار، مؤید۔

شجم: الشَّجَم: ہلاکت۔ الشُّجُم: ہلاکتیں، مصائب۔ لمبی اور بڑی مصیبتیں۔

شجن: ا۔ [illegible] غمگین ہونا صفت: شَاجِن۔ شَجَنَ ۔ شَجْنًا و شُجُونًا ہُ: کو غمگین کرنا۔ شَجُونَات الحمامةُ: فاختہ کا درد بھری آواز نکالنا۔ شَجَّنَ ہُ: کو غمگین کرنا۔ أَشْجَنَ ہُ: کو غمگین کرنا۔ تَشَجَّنَ: غمگین ہونا۔۔ الأمرَ: معاملہ کو یاد کرنا۔ الشَّجَن (مص) ج شُجُون و أَشْجان: غم، اندوہ، خواہش نفس۔

۲۔ أَشْجَنَ الكرمُ: انگور کی بیل کا الجھا ہوا اور گنجان ہونا۔ تَشَجَّنَ الشَّجَرُ: درخت کا گنجان اور گھنا ہونا۔ الشَّجْن جمع شُجُون و الشَّاجِنَة ج شَوَاجِن: وادی کا راستہ یا اس کا بالائی حصہ۔ الشَّجَن ج شُجُون و أَشْجَان و الشَّجْنَة و الشِّجْنَة و الشُّجْنَة ج شِجَن و شُجَن و شِجْنات و شُجُنَات و شُجَنَات: الجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں: الحديثُ ذو شُجُون: بات میں بات نکلتی ہے۔

۳۔ تَشَجَّنَ: حرکت کرنا۔

۴۔ الشِّجْنَة ج شِجَن و شُجَن و شِجْنَات و شُجُنَات و شُجَنَات: پہاڑ کی دراڑ، شگاف۔

شجا: ا۔ شَجَا ۔ شَجْوًا و أَشْجَى إِشْجَاءً الرجلَ: کو غمگین کرنا، خوش کرنا (ضد) اُکسانا، کا گلا گھونٹنا (ضد)۔ شَجِيَ ۔ شَجًا: غمگین ہونا۔۔۔ بالشجا: حلق میں ہڈی اٹک جانے سے گلا گھٹنا۔ عَلَيْكَ بالكَظْمِ و إن شَجِيتَ بالعظم: ضبط وتحمل سے کام لے اگرچہ تیرے حلق میں وہ ہڈی اٹک گئی ہو۔ تَشَاجَى: غم کا اظہار کرنا۔ الشجا: غم، رنج اندوہ: حلق میں پھنسی ہوئی ہڈی وغیرہ، گلے کی پھانس۔ الشَّجْو (مص). غم، رنج، گریہ وزاری کا ایک دور کہتے ہیں: بكى فلان شَجْوه و بكت الحمامةُ شَجْوَها: فلاں کچھ دیر رویا، فاختہ نے کچھ دیر درد بھری آواز نکالی۔ مفازةٌ شجواء: دشوار گزار بیابان۔ الشَّجِي و الشَّجِيّ م شَجِيَة و شَجِيَّة: غمگین، فکرمند نسبت شَجَوِيّ: ضرب المثل ہے: ويلٌ للشجي من الخلي و يا ويلَ الشجيّ من الخليّ: یہ اس وقت کہتے ہیں جب آدمی کا ساتھی برا ہو۔ جسے کوئی غم نہ ہو وہ غمگین شخص کی مصیبت میں کوئی مدد نہیں کرتا بلکہ اسے ملامت کرتا ہے۔

۲۔ شَجِيَ ۔ شَجًا الغريمُ عنه: سے قرض خواہ کا چلا جانا۔ أَشْجَى الغريمَ او السائلَ: قرضخواہ یا سائل کو حسب منشا دے دینا۔ الشَّجْو: حاجت، ضرورت۔ کہتے ہیں لہ عندي شَجْوٌ: اسے مجھ سے ضرورت ہے۔

○ شحا: تاثر، احساس، جذبہ، رقت انگیزی، دلگداز کیفیت۔ شَحِی: غمگین، رنجیدہ، پریشان، افسردہ، مغموم، مصیبت میں مبتلا، تشویش مند، خوفناک، ڈراونا، دل ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والا، رقت انگیز۔ مُشَجٍّ: جذبات ابھارنے والا، رقت انگیز، دل گداز، دردناک۔

شحّ: ١- شَحَّ ـِ شَحًّا و شِحًّا و شُحًّا بالشيء و علی الشیء: میں بخل کرنا، کالالچ کرنا، کی حرص کرنا۔ عوام کہتے ہیں: شَحَّ ماءُ الينبوع أو ماء النهر: چشمے یا دریا کا پانی کم ہو گیا اور موسم خزاں میں پانی کی کمی کے دنوں کو ایام الشحائح کہتے ہیں۔ شَاحَّ بالشيء علیٰ فلانٍ: کسی سے کسی چیز پر بخل کرنا۔ تَشَاحَّ القومُ علی الامر و فیه: کسی چیز کے بارے میں آپس میں بخل کرنا۔ الشّحّ (مص): بخیل۔ الشَّحَاح: کنجوس، حریص، لالچی۔ ـ من الأرض: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَندٌ شَحَاحٌ: آگ نہ دینے والی چقماق۔ ماءٌ شَحَاح: تھوڑا پانی۔ الشحیح ج شِحَاح و أَشِحَّه و أَشِحَّاء م شَحِيحَة ج شَحَائح: کنجوس، بخیل، حریص، لالچی۔ إبلٌ شَحَائح: کم دودھ والی اونٹنیاں۔

٢- شَاحَّ مشاحَّةً ہُ: سے جھگڑا کرنا، سے سختی کرنا۔ کہتے ہیں: لا مُشَاحَةَ في الأمر: یعنی یہ صاف اور کھلا معاملہ ہے اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ تَشَاحَّ الخصمان في الجدل: دونوں فریقوں میں سے ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔ ـ علی الشیء: ہر ایک کا کوئی چیز حاصل کرنے کی خواہش کرنا۔

٣- شَحْشَحَ البعيرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا۔ ـ الصُرَدُ: ممولے کا آواز نکالنا۔ ـ الطائرُ: پرندہ کا جلدی سے اڑ جانا۔ ـ منه: سے ڈرنا۔ الشَّحْشَح: وسیع بیابان، بہادر آدمی، غیرت مند، خوش بیان، [illegible]۔ ـــ والشَّحشاح: بخیل، بے خیر، بدخلق، کوئی کام ہمیشہ کرنے والا۔ الشَّحْشَحان: بخیل، غیرت مند، لمبا۔ المُشَحْشَح و المُشَحْشِح: بے خیر شخص، بے فیض آدمی۔

○ شَحَّ ـِ: کنجوس، بخیل، لالچی، حریص، طامع ہونا یا ہو جانا۔ ـــ ب/علی: میں کنجوسی کرنا، کو کم خرچ کرنا، میں کفایت سے کام لینا۔ (علی): کے بارے میں۔ ـ ب، علی: کا لالچی، حریص ہونا۔ ـ: کم پڑ جانا، کم ہو جانا، گھٹنا، گھٹتے گھٹتے بالکل کم رہ جانا۔ شَاحَّ ب علی: سے چھڑوا لینا، روک رکھنا۔ الایام الشحائح: وہ دن جن میں بارش نہ ہو، خشک موسم۔ لا مَشَاحَةَ في ذلك: یہ ناقابل تردید ہے۔ لا مَشَاحَةَ أن: یہ بات ناقابل تردید ہے کہ...، یقیناً، حتمی طور پر۔

شحب: شَحَبَ ـَ و شَحُبَ ـُ و شَحِبَ شُحُوبَةً و شُحُوبًا لونُهُ: بھوک یا بیماری وغیرہ سے چہرہ کا رنگ بدلنا۔ الشاحب (فا): لاغر و دبلا یا متغیر رنگ والا۔ شاحبُ اللون: متغیر رنگ والا۔ شاحبُ الجسم: لاغر اور دبلے جسم والا۔

○ شَحَبَ ـُ شُحُوبًا و شَحُبَ ـُ شُحُوبَةً و شُحِبَ: پیلا، زرد، کمزور، نقیہ، دبلا، لاغر، بے چربی والا، اترے ہوئے منہ والا ہونا یا ہو جانا، بیمار دکھائی دینا، کمزور سا، بیماروں سا نظر آنا۔ شُحوب: پیلا پن، چہرے کی زردی، چہرے کی بے رونقی، لاغری، دبلا پن۔ شَاحِب: پیلا، زرد، کمزور، نقیہ، دبلا، بیمار، کمزور سا، اترے ہوئے چہرے والا، بے رونق، مدہم (روشنی)، پھیکا، ہلکا، صوفیانہ، زرد (رنگ)۔

شحث: شَحَثَ ـَ شَحْثًا المُدْيَةَ: چھری تیز کرنا۔

○ شَحَتَ (= شحذ): بھیک مانگنا۔ شَحَّات: بھکاری۔ شحات العین: گوہانجنی (sty)۔

شحج: شَحَجَ ـِ شَحِيجًا و شُحَاجًا و شَحَجَانًا و تَشْحَاجًا و تَشَحَّجَ البغلُ او الغرابُ: خچر کا ہنہنانا، کوے کا کائیں کائیں کرنا یا اس کی آواز کا بھاری ہونا۔ شُحَاجُ و شَحِيجُ البغل او الغراب: خچر کی ہنہناہٹ، کوے کی کائیں کائیں۔ الشَّحَّاج و الشَّاحِج (ح): جنگلی گدھا۔ بنات شَحَّاج و بنات شاحِج: خچریں۔ الشَّوَاحِج (ح): کوے۔ المِشْحَج: جنگلی گدھا، گورخر۔

شحذ: ١- شَحَذَ ـَ شَحْذًا السكّينَ و نحوه: چھری وغیرہ تیز کرنا۔ شَحُوذ و شَحِيذ: تیز کی ہوئی چھری وغیرہ۔ ـ الجوعُ معدَتَهُ: سخت بھوک لگنا۔ ـ ہُ ببصرِه: کو گھورنا۔ ـــ الشیءَ: کو چھیلنا۔ ـــ في التسول: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہتے ہیں: هو يشحذ الناسَ: وہ لوگوں سے لیچڑپن سے مانگتا ہے۔ ـــ الدابّةَ: جانور کو سختی سے ہانکنا۔ ـ ہُ: کو ہٹانا، دور کرنا۔ شَاحَذَهُ: سے تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مقابلہ کرنا، سے مراسلت کرنا۔ أَشْحَذَ السكّينَ: چھری تیز کرنا۔ تَشَحَّذَهُ: کو ہٹانا، دور کرنا۔ ـــ الرجُلُ: مانگنے میں لیچڑپن اختیار کرنا۔ الشَّحَّاذ ج شَحَّاذَة و شَحَّاذون: بھکاری، گداگر، سوالی۔ الشِّحَاذَة: گداگری کا پیشہ۔ الشَّحْذان و الشَّحَذان: بھوکا، ہانکنے والا، ہلکا چلنے والا۔ رجُلٌ شُحْذُوذٌ: تیز اور غصے کے وقت طیش میں آنے والا۔ المِشْحَذ: چھری چاقو تیز کرنے کی سان، تیز ہانکنے والا۔ المِشحاذ ج مَشَاحِيذ: ٹیلہ، پہاڑ کی چوٹی۔ المَشْحَذة: تیز کرنے کا نوکدار ذریعہ۔ کہتے ہیں: هذا الكلام مَشْحَذَةٌ للفهم: یہ کلام فہم کو تیز کرنے والا ہے۔

٢- الشَّحَّاذ (طب): گوہانجنی۔

شحر: ١- شَحَرَ ـ شَحْرًا: منہ کھولنا۔

٢- الشَّحْر (مص): پانی بہنے کی جگہ، وادی کا درمیان۔ ـــ والشِّحْر: کنارہ، ساحل۔ شَحْرُ و شِحْرُ عمان: عمان و عدن کے مابین ساحل سمندر۔ الشِّحْرَة: تنگ ساحل۔ الشَّحَّار عند العامة: آتش فشانی یا ریتلی زمین، کالک، اس سے فعل بنا کر کہتے ہیں۔ شَحَّرَهُ فَتَشَحَّرَ: اس نے اس پر کالک ملی تو وہ اس سے لتھڑ گیا۔ اس سے اسم شِحتَو ہے (سریانی) الشَّحْرُور ج شَحَارِير نیز اسے الشُّحْرُور بھی کہتے ہیں: ترنم (پرندہ)۔ المَشْحَرَة: کوئلے بنانے کا گودام۔

○ شَحَّرَ ہ: کو کالک سے سیاہ کرنا۔ مَشْحَر: لکڑی کے کوئلہ کی بھٹی یا گودام۔ مَشْحَرِی: لکڑی کے کوئلہ کا برتن۔ مُشَحَّر: دھوئیں سے کالا، کالا سا۔

شحز: شَحِزَ ـ شَحَزًا: گھبرانا، خوفزدہ ہونا۔

شحص: أَشْحَصَ ہُ: کو تھکا دینا۔ ـ ہُ من المکان و شَحَّصَهُ عنه: کو کسی جگہ سے دور کرنا، بیدخل کرنا، جلاوطن کرنا۔

شحط: ١- شَحَطَ ـَ شَحْطًا و شَحَطًا و شُحُوطًا و مَشْحَطًا الاناءَ: برتن کو بھرنا۔ ـ اللبنَ: دودھ کا پانی بڑھانا، زیادہ کرنا۔

شحط: ١- شَحَطَ ـ شَحْطًا و شَحَطًا و شُحُوطًا و مَشْحَطًا فلانًا: سے آگے بڑھنا اور دور ہونا۔ ـ ہُ عند العامة: کو ہٹانا، دور کرنا۔ ـ المکانُ: جگہ کا دور ہونا۔ شَحَطَ ـ شَحْطًا المکانُ: جگہ کا دور ہونا۔ أَشْحَطَهُ: کو دور کرنا۔ الشَّحْط و المِشْحَط: وہ لکڑی جس پر انگور کی بیل زمین سے اٹھا کر لٹکائی جائے۔ عوام اسے "مسوک" کہتے ہیں۔ منزلٌ شاحِطٌ: دور کی منزل۔ الشَّحَّاط: دور۔ شَوَاحِطُ الأودية: دور کی وادیاں۔ الشَّوْحَطَة: لمبی گھوڑی۔

٣- شَحَطَ ـ شَحْطًا و شَحَطًا و شُحُوطًا و مَشْحَطًا تِ العقربُ الرجُلَ: بچھو کا آدمی کو ڈنک مارنا، ڈسنا۔ ـ الجَمَلَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔ شَحِط ـ شَحَطًا الجملَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔ شُحِطَ

ـالدم: خون میں تھڑنا، آلودہ ہونا۔ شَحَّطَ ہٗ: کو خون سے لتھیرنا، آلودہ کرنا۔ تَشَحَّطَ بِالدمِ: خون میں لتھڑنا، خون آلود ہونا۔ الشَحْط (مص): خون وغیرہ سے آلودگی۔

۴۔ شَحَطَ - شَحْطاً ہٗ علی الارض: کو زمین پر گھسیٹنا (سریانی)۔ ـــ عودَ الثقاب: ماچس کی تیلی جلانا۔ السَحْطَة و السِحِیْطَة: ماچس کی تیلی، دیا سلائی۔ الشَحّاطَة: گھروں میں پہنی جانے والی جوتی۔ (عام لوگوں کی زبان میں)۔

۵۔ شَحَطَ - شَحْطاً و شَحَطاً و شُحُوطاً و مَشْحَطاً الطائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ الشَحط: پرندے کی بیٹ۔

۶۔ الشاخُوطَة (ب): نہانی۔ ـــ عند العامة: نزع کے وقت تیز تیز سانس خرانوں کے ساتھ۔

◌ شحط - شحطاً: دور ہونا۔ ـــ ہ: دیا سلائی جلانا۔ ـــ: جہاز کا ساحل پر چڑھ جانا، ریتلے کنارہ سے جالگنا۔ شَحَّط: جہاز کا ساحل پر چڑھ جانا، ریتلے کنارہ سے جالگنا۔ ـــ ہ: جہاز کو ریتلے ساحل سے لگا دینا، یا اس پر چڑھا دینا۔ شَحْطة جمع شَحْطات: (وردی پر) فیتی، ڈوری۔ شَحّاطَة جمع شحاطات: ماچس۔ شحیطة: ماچس۔ شَاحِط: دور، بعید، دور افتادہ، ساحل پر چڑھا ہوا۔

شحك: شَحَكَ - شَحْکاً الجدیَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔ الشِحَاك: تھوتھنی۔

شحل: شَحَّلَ الکرمَ: انگور کی بیل کی شاخوں کو تراشنا۔ اسے فصیح زبان میں قضب کہتے ہیں۔

شحم ۱۔ شَحَمَ - شَحْماً ہٗ: کو چربی کھلانا۔ شَحُمَ - شَحَامَةً: بہت چربی دار ہونا، موٹا ہونا صفت: شَحِم۔ شَحِمَ - شَحَماً: چربی کی خواہش کرنا صفت: شَحِم ـــ: شُحُوماتِ الناقةُ: اونٹنی کا لاغری کے بعد موٹا ہو جانا۔ شَحَّمَ القومَ: لوگوں کو چربی کھلانا۔ اَشْحَمَ: بہت چربی والا ہونا۔ ـــ القومَ: کو چربی کھلانا۔ الشَحْم: جس کے ایک ٹکڑے کو شحمة کہا جاتا ہے۔ ج شُحُوم: چربی۔ الشاحِم: چربی فروش۔ رجُلٌ شاحِمٌ لاحِمٌ: چربی اور گوشت سے بھرا ہوا آدمی یا چربی اور گوشت بہت کھلانے والا۔ الشحّام: چربی فروش، لوگوں کو بہت چربی کھلانے والا۔ الشَحْمَة: چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَةُ الارض: سانپ کی چھتری۔ ـــ العین: آنکھ کا ڈھیلا۔ ـــ الأُذن (ع ا): کان کی لو۔ ـــ الرُمّان: انار کے اندر دانوں کے بیچ میں باریک چھلکا۔ ـــ المَرْج: ایک بوٹی جو دوائی کے طور پر کام آتی ہے۔ ضرب المثل ہے: ما کل بیضاء شحمة ولا کل سوداء تمرة: جس کا یہ مفہوم ہے کہ ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوتی۔ الشَحِم: تھوڑے رس والا انگور۔ الشَحَم: بے جا غرور، جھوٹی شان، اکڑ، اکڑفوں، ہیکڑی، خود پسندی، تکبر۔ الشحیم: فربہ، موٹا۔ المُشَحِّم و المُشْحِم: اپنے گھر میں بہت چربی رکھنے والا، بہت گری والا پھل (عام زبان میں)۔ المُشَحَّم و المَشْحُوم: چربی سے بنائی ہوئی چیز، چربی سے تیار کردہ شے۔

۲۔ الشَحِیم و الشَحِیمَة: موارنہ و سریانیوں کی نمازوں کی کتاب۔

◌ شَحُمَ - شَحَامَةً: چربی دار ہونا یا بن جانا۔ شَحَّمَ ہ: کو گریس لگانا، کو تیل دینا۔ شَحْم جمع شُحُوم و شحومات: مشین کا تیل، گریس، چربی، (پھل کا) گودا۔ شَحْمِی: چربی دار۔ شَحِم: گودا دار پلپلا (پھل)۔ مِشْحَمة جمع مَشَاحِم: گریس کا ڈبہ۔ تشحیم: تیل دینا، گریس لگانا، oiling (of اورlubrication greasing machine)۔ زیوت التشحیم: مشین کے تیل lubricants۔ مُشَحَّم: چربی، چربی دار، گریس دار۔ مُشْحِم: گودا دار، پتلے گودے کا، پلپلا (پھل)۔

شحن: ۱۔ شَحَنَ - شَحْناً السفینةَ: کشتی بھرنا، پُر کرنا۔ ـــ المدینة بالخیل: شہر کو گھوڑوں سے بھرنا۔ أشْحَنَ المکانَ: جگہ بھرنا۔ الشَحْن (مص): (عند البحریة و شرکات سکك الحدید و اصحاب السّیارات الکبیرة): سامان جو کشتیوں، جہازوں، ریل کے ڈبوں یا ٹرکوں میں بار کیا جاتا ہے۔ سَیّارةُ الشَحن: ٹرک۔ الشِحْنَة جمع شِحَن: بار جہاز، جہازی کھیپ، جہاز وغیرہ سے جانے والا مال، بندھے ہوئے گھوڑے۔ (کہتے ہیں: بالبلد شِحنةٌ من الخیل: شہر میں بندھے ہوئے گھوڑے ہیں)۔ جانوروں کے لئے ایک دن رات کا چارہ یا رسد۔ شِحْنَةُ البلد: پولس۔ مرکبٌ شاحِنٌ: سامان سے لدا ہوا جہاز یا کشتی۔ الشاحِنة جمع شاحِنات: مال گاڑی کا ڈبہ، ریل گاڑی کا ایک ڈبہ جس میں مسافر بیٹھتے ہیں۔ اسے حافلة بھی کہتے ہیں۔

۲۔ شَحَنَ - شَحْناً الرجُلَ: کو دھتکارنا، نکالنا، دور [illegible] الکلابُ: کتوں کا شکار کے پیچھے دور تک نکل جانا مگر شکار نہ کرنا۔

۳۔ شَحِنَ - شَحَناً علیه: سے کینہ رکھنا۔ شاحَنَ ہٗ: سے بغض و عداوت رکھنا۔ تَشاحَنوا: آپس میں بغض و کینہ رکھنا، ایک دوسرے سے بغض و کینہ رکھنا۔ الشَحْناء: دشمنی، کینہ، بغض۔ الشِحْنة ج شِحَن: دشمنی۔ عدوٌّ مُشاحِن (فا): سخت دشمنی اور بغض رکھنے والا دشمن۔

۴۔ اَشْحَنَ السیفَ: تلوار کو میان میں ڈالنا، سونتنا (ضد)۔ ـــ له بسهم: کو تیر مارنے کے لئے تیار ہونا۔ ـــ الصبیُّ: بچہ کا رونے کے لئے تیار ہونا۔

◌ شَحَنَ - شَحْناً ہ ب: کو سے بھرنا۔ ہ ب جہاز وغیرہ پر مال لادنا، جہاز میں مال بھرنا، لادنا۔ ـــ ہ: (سامان) لادنا، کو (جہاز وغیرہ کے ذریعے) بھیجنا، بذریعہ (جہاز ریل وغیرہ) ارسال کرنا۔ ـــ ہ ب: کو سے لادنا۔ ـــ ہ: کو ہانکنا، ہانک کر لیجانا، بیجانا، کا پیچھا کرنا، تعاقب کرنا، رگیدنا، کھدیڑنا، کو دھکیلنا، دور کرنا۔ شَاحَنَ ہٗ: سے نفرت کرنا، سے جھگڑنا، بحث کرنا، لڑنا۔ اَشْحَنَ ہ ب: کو سے بھرنا، پر کچھ لادنا، کو کے ذریعے بھیجنا۔ تشاحن: ایک دوسرے سے نفرت کرنا، جھگڑنا، باہم منافرت کرنا۔ شَحْن: لادنا، بھیجنا، (بذریعہ ریل جہاز وغیرہ)۔ جہاز کے ذریعے بھیجا ہوا مال، جہاز کی کھیپ، بار جہاز، جہاز وغیرہ کے ذریعے جانے والا مال، جہاز میں لدنے والا مال (lading)، بوجھ، بار، لادنا، لیجایا ہوا مال۔ بُولِیْسَةُ الشحن: جہاز میں لدنے والے مال کی فہرست۔ سیّارة الشحن: ٹرک، لاری۔ شَحْنَة جمع شحنات: جہاز وغیرہ کے ذریعہ جانے والا مال۔ شِحْنه: پولس، پولس فورس۔ شَحْناء: بغض، کینہ، نفرت، دشمنی، عداوت۔ مُشَاحَنَة جمع مُشاحنات: بغض، کینہ، نفرت، عداوت، دشمنی، جھگڑا، باہمی منافرت، نزاع۔ شَاحِن: لدا ہوا۔ شاحِن المَرْکَم: بیٹری چارجر۔ شَاحِنة جمع شاحنات: ٹرک، لاری۔ مَشْحُون: لدا ہوا (خصوصاً جہاز) چارج شدہ (برق)۔ مشحونات: جہاز وغیرہ میں لدا ہوا مال، جہاز کے ذریعہ لیجایا جانے والا یا جانے والا مال۔

شحا: شَحَا - شَحْواً الرجُلُ: منہ کھولنا، قدموں کو دور دور رکھنا۔ ـــ اللجامُ فمَ الفرسِ: لگام کا گھوڑے کے منہ کو کھولنا۔ ـــ الفمُ: منہ کھلنا۔ اَشْحَی فاہُ: کا منہ کھولنا۔ شَحّی تَشْحِیَةً فوہُ: منہ کھلنا۔

شَحَى عليه: کے بارے میں زبان درازی کرنا۔ شَحَا: ہر وسیع وکشادہ شے۔ الشَحو: اندر۔ شَحْوَة: اسم مرة، قدم۔ کہتے ہیں: فرسٌ بعيدُ شحوة: دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔ رجلٌ بعيد شحوة في مقاصده: اپنے ارادوں میں عالی حوصلہ آدمی۔ الشَحْوَاء: چوڑا کنواں۔

شَحِيَ يَشْحَي شَحًيا: بمعنى شحا۔

ا۔ شَخَّ ـ شَخًّا: پیشاب کرنا۔ — في النوم: نیند میں خراٹے لینا۔ — اللبنُ: دوہنے کے وقت دودھ سے آواز نکلنا۔

۲۔ شَخْشَخَ بِبَوْلِه: پیشاب کی دھار کو دور پھینکنا۔ صفت: شَخْشَاخٌ۔ — ت الناقةُ: اونٹنی کا بیٹھے بیٹھے سینہ ابھارنا۔ الشَخْشَخَة (مص): ہتھیاروں کی جھنکار، کاغذ یا نئے کپڑے اور ہر خشک چیز کی آواز۔

○ شَخَّ ـ شَخًّا: پیشاب کرنا۔ شَخّ: پیشاب۔ شخاخ: پیشاب۔ مِشَخَّة: عوامی پیشاب خانہ public lavatory۔

شخب: ا۔ شَخَبَ ـ شَخْبًا و مَشْخَبًا اللبنَ: دودھ دوہنا۔ — اللبنُ: دودھ کا بہنا۔ — ت اوداجُ القتيل دماً: مقتول کی رگوں کا خون بہنا۔ إِنْشَخَبَ: دوہا جانا۔ الشَخْب (مص): خون۔ — والشُخْب: دوہتے وقت دودھ کی دھار۔ الشُخْبَة جمع شِخَاب: دودھ کی دھار۔ الشِخَاب: دوہتے وقت کا دودھ۔ الأُشْخُوب ج أشاخيب: تھنوں سے دودھ نکلنے کی آواز۔ وَدَجٌ شَخِيب: خون بہانے والی گردن کی کٹی ہوئی رگ۔

۲۔ الشِنْخَاب و الشُنْخُوب و الشُنْخُوبَة جمع شَنَاخِيب: پہاڑ کی چوٹی۔

○ شَخُبَ ـ شَخْبًا: بہنا، زور سے نکلنا، پھوٹ نکلنا۔

شخت: ا۔ شَخُتَ ـ شُخُوتَةً: چھریرے بدن والا ہونا۔ صفت: شَخْت و شَخَت جمع شِخَات: کہتے ہیں: ھو شَخْتُ العطاء: وہ کم دادودہش والا ہے۔ ھو شختُ الخُلق: وہ کمینہ خصلت ہے۔ شَخَّتَهُ اليه: کو تک پہنچانا۔ الشَخْت و الشِخِّيت و الشَخِيت و الشِخْتِيت: بلند غبار۔

۲۔ الشَخْتُور و الشَخْتُورة: چھوٹی کشتی، ڈونگا (کہا جاتا ہے اس کی اصل انگریزی لفظ ہے)۔

○ شَخْبَطَ: (لکھنے میں) گھسیٹنا، شکستہ لکھنا، جلدی جلدی گھسیٹنا۔ شَخْتُور و شَخْتُورَة جمع شَخَاتِير: بجرا، بلّی سے کھینچے والی سیدھی ناؤ (punt)، چپٹے پیندے کی چوبی کشتی۔

شخر: ا۔ شَخَرَ ـ شَخِيراً: حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔ — شَخِيراً و شَخْراً الفرسُ او الحمارُ: گھوڑے کا ہنہنانا، گدھے کا ڈھینچو ڈھینچو کرنا۔ الشَخِير: حلق یا ناک سے نکلنے والی آواز۔ الشِخِّير: بہت خراٹے لینے والا۔

۲۔ شَخَّرَ الحِلس: کجاوہ باندھنے کیلئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ اٹھانا۔ — النخلةَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔ الشَخْرُ من الرَحْل: کجاوہ کی درمیانی جگہ۔

۳۔ الشَخْر من الشباب: آغاز جوانی۔ الشخير: پہاڑی راستہ۔

○ شَخَرَ ـ شَخِيراً: خراٹے لینا۔ نتھنوں سے آواز نکالنا، (گھوڑے کا) ہنہنانا (گدھے کا) رینگنا۔

شخز: شَخَزَ ـ شَخْزاً: بیقرار ہونا، مضطرب ہونا۔ — عليه الامرُ: پر کوئی کام دشوار ہونا۔ — هُ بالرمح: کو نیزہ سے مارنا، کو نیزہ مارنا۔ — بينهم: کے درمیان فساد ڈالنا، دشمنی برانگیختہ کرنا۔ تَشَاخَزَ القومُ: آپس میں بغض وعناد رکھنا۔ الشَخْز (مص): مشقت کی سختی۔

شخس: ا۔ شَخَسَ ـ شَخْسًا الرجلُ: مضطرب ہونا۔ شَاخَسَ امرُ القوم: مختلف ہونا۔ تَشَاخَسَ امرُهم: معاملہ بگڑنا، معاملہ میں اختلاف ہوجانا، منقسم ہوجانا۔ — ت اسنانهُ: بڑھاپے کے باعث بعض دانتوں کا گر کر اونچے نیچے ہوکر بے ترتیب ہونا۔ الشخيس: حکم کے خلاف کرنے والا، امر متفرق۔

۲۔ شَخَسَ ـ شَخْسًا الحمارُ: گدھے کا جمائی لیتے ہوئے منہ کھولنا۔ شَاخَسَ الحمار: گدھے کا لید سونگھ کر سر اونچا کر کے منہ کھولنا۔ تَشَاخَسَ الحمارُ: بمعنی شَخَسَ یا شَاخَسَ الحمار۔

۳۔ أشْخَسَ الرجُلَ و به: کی غیبت کرنا۔ — له في المنطق: کے ساتھ گفتگو میں ترشروئی کرنا۔

شخص: ا۔ شَخَصَ ـ شُخُوصًا الشيءُ: بلند ہونا۔ — النجمُ: ستارہ کا طلوع ہونا۔ — الجرحُ: زخم کا سوجنا۔ — بصرهُ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ — الميتُ بصرهُ و ببصره: میت کی آنکھوں کا کھلا رہ جانا۔ أشْخَصَ الرامي: تیرانداز کے تیر کا نشانہ سے اوپر لگنا یا لگانا (لازم ومتعدی)۔

۲۔ شَخَصَ ـ شُخُوصاً عن قومه او من بلد إلى بلد: چلے جانا، کوچ کر جانا۔ — اليهم: کے پاس واپس آجانا۔ شُخِصَ بـه: کسی امر کے پیش آنے سے کسی کا بیقرار وبیکل ہونا، گھبرانا۔ اسی سے ہے: شُخُوصُ المسافر: مسافر کا اپنی منزل سے نکل جانا۔ أشخص الرجُلُ: کے جانے کا وقت قریب آنا۔ — هُ: کو بے آرام کرنا، بیقرار کرنا۔ — هُ الى قومه: کو قوم میں واپس کرنا، لوٹانا۔

۳۔ شَخُصَ ـ شَخَاصَةً: بدن کا بھاری ہونا، موٹا ہونا۔ شَخَّصَ الشيءَ: کو متعین کرنا، دوسری چیزوں سے ممیز کرنا۔ اطباء کے نزدیک تشخیص امراض بھی اسی سے ہے۔ — الراويةَ: تمثیل پیش کرنا (عام زبان میں)۔ تَشَخَّصَ: معین ہونا۔ — له: کو کسی شخص کی صورت میں دکھائی دینا۔ تَشَاخَصُوا: آپس میں اختلاف کرنا۔ الشَخص ج أشْخُص و أشْخَاص و شُخُوص: وجود جو دور سے دکھائی دے، انسان (مذکر ومونث)۔ — عند المولّدين: پتھر وغیرہ سے بنائی ہوئی مورتی۔ الشخيص م شَخِيصَة: جسیم، سردار۔

۴۔ أشْخَصَ به: کی غیبت کرنا۔ — له في المنطق و أشْخَصَ اليه: سے گفتگو میں ترشروئی کرنا۔ الشخيص من المنطق: ترشروئی سے گفتگو کرنے والا۔

○ شُخْشُخَة جمع شَخَاشِخ: جھن جھن کرنے والا کھلونہ، جھنجھنا، کھلونہ، سقفی روشندان (skylight)۔

○ شَخَصَ ـ شُخُوصا: اٹھنا، بلند ہونا، طلوع ہونا (ستارہ کا)، شخص لِ: کے سامنے آنا۔ — الى: (آنکھ کا) کو گھورنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا؛ (نگاہ کا) پر جما ہونا، گڑا ہونا۔ —: (مرنے والے کی آنکھوں کا) پتھرا جانا۔ — الى: کا کو ملنے کے لئے روانہ ہونا، کا کسی جگہ کیلئے چل پڑنا، کو ملنے کے لئے سفر کرنا، کسی جگہ پہنچنے کے لئے سفر کرنا۔ — من الى: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدل جانا۔ شخص بصره یا شخص ببصره الى: اپنی آنکھیں پر جمانا، گاڑنا، آنکھیں پر گاڑ کر دیکھنا، کو ٹکٹکی لگا کر دیکھنا، گھورنا۔ شَخَّصَ ہ: کی ایک شخص یا فرد کے طور پر نمائندگی کرنا، کا مجسمہ ہونا، کو مجسم بنا کر پیش کرنا، کی صراحت کرنا، تعیین کرنا، کی تفصیلات دینا۔ — ہ و ہ: کو پہچاننا، شناخت کرنا، کی نشان دہی کرنا۔ — ہ: کا کردار ادا کرنا، تمثیل پیش کرنا۔ — مرضاً: بیماری کی تشخیص کرنا۔ أشْخَصَ ہ: کو بھیجنا۔ تَشَخَّصَ لِ: کے سامنے آنا، کے سامنے ظاہر ہونا، اپنے آپ کو کسی کو دکھانا۔ شخص جمع أشخاص و شخوص: فرد، شخص، بدن، جسم، مشہور انسان، (کسی کھیل کا) کردار، کوئی۔ شَخْصي: ذاتی، نجی، کا اپنا، اپنی۔ شخصياً؛ اصالةً: بذات خود قانونٌ (او نظام)

الاحوال الشخصية: نجی حالات کا قانون۔ شخصية جمع شخصيات: انفرادیت، شخصیت، مخصوص طرز زندگی، خصوصیت، مخصوص شخصیت، ذاتی چھاپ، شناخت۔ شخصية اعتبارية: قانونی شخص۔ تحقيق الشخصية: ایک شخص کی شناخت۔ شهادة تحقيق الشخصية: شناختی کارڈ، قلم تحقيق الشخصيّة: شناختی محکمہ bureau of identification۔ شخصاتي: ایکٹر، مزاحیہ اداکار۔ تشخيص: تجسم، تمثل، صحیح تعین، تقرر، تفصیل، تشریح شناخت، تشخیص (مرض) اداکاری (فنکار کا) کام، اداکاری۔ طبيب تشخيصي: مرض کی تشخیص کرنے والا طبیب، ڈاکٹر۔ شاخص: جمی ہوئی گڑی ہوئی (نظر)۔ مُشَخِّص: ایکٹر، نمائندہ۔ مُشَخِّصَة جمع مشخصات: ایکٹریس، شخصیت۔ مُشَخِّصات: خصوصیات۔

شخل: شَخَلَ ـ شَخْلاً الشرابَ: مشروب یا شراب صاف کرنا۔ ـــ الناقةَ: اونٹنی کو دوہنا۔ شَاخَلَ هُ: سے سچی دوستی کرنا۔ الشَخْل و الشَخِيل: سچا دوست۔ المِشْخَل و المِشْخَلَة: چھلنی۔

○ شَخْلَلَ: چھنکنا، ٹن ٹن بجنا۔ ـــ ب: کو کھڑکھڑانا، کھنکھٹانا۔ ـــ: نخرے کرنا، ناز و ادا کرنا۔

شخم: ۱۔ شَخَمَ ـ و شَخِمَ ـ شَخُمَ ـ شُخُومًا و شَخْمًا الطعامُ او اللحمُ: کھانا (یا گوشت) خراب ہو جانا صفت: شَخِم۔ ـ الفمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ شَخَّمَ الطعامَ: کھانا خراب کرنا۔ ـــ الطعامُ: کھانے کا خراب ہونا۔ ـــ الفمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ أَشْخَمَ الطعامُ او اللحمُ: کھانے یا گوشت کا خراب ہو جانا۔ ـــ الفمُ منہ کا بدبودار ہونا۔ الشُخْم: وہ لوگ جن کی ناک تیز خوشبو یا بدبو سے بند ہو گئی ہو۔

۲۔ أَشْخَمَ الرجُلُ: کا رونے کے لئے تیار ہونا۔

۳۔ إِشْخَامَّ النبتُ: گیلی سوکھی گھاس کا آپس میں مل جانا۔

۴۔ رَوضٌ أَشْخَم: نباتات سے خالی باغ۔ عَامٌ أَشْخَم: وہ خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ سبزہ۔ شَعَرٌ أَشْخَم: سفید بال۔

شَدَّ: ۱۔ شَدَّ ـ شَدًّا عضدَه: کی مدد کرنا، کا ساتھ دینا۔ ـــ الشيءَ: چیز کو باندھنا، مضبوط کرنا۔ ـــ العقدةَ: گرہ کسنا، مضبوط کرنا۔ ـ علی يده: کی مدد کرنا، کو قوت پہنچانا۔ ـــ ـ شِدَّةً: قوی ہونا۔ شَدَّدَهُ: کو قوت پہنچانا۔ ـ الضربَ: بہت مارنا۔ ـ عليه: پر تنگی ڈالنا۔ ـ الحرفَ: حرف کو مشدد کرنا۔ ـــ الشيءَ: کو مضبوط کرنا۔ شَادَّهُ في الأمر: پر کسی معاملہ میں غالب آنے کی کوشش کرنا، کا کسی معاملہ میں مقابلہ کرنا۔ أَشَدَّ: مضبوط جانور رکھنا، عقل یا عمر کی پختگی تک پہنچنا۔ تَشَدَّدَ: قوت والا ہونا، کسی کام میں سخت ہونا، بے لچک ہونا۔ تَشَادَّ الشيءُ: مضبوط ہونا۔ إِشْتَدَّ: قوت والا ہونا، قوی ہونا۔ ـــ عليه المرضُ: کی بیماری کا بڑھ جانا۔ الشَدّ (مص): شَدُّ الرِحَالِ: سفر کرنے کا کنایہ ہے۔ لا املكُ شَدًّا و إِرخاءً: میں کچھ نہیں کر سکتا، بے بس ہوں۔ لَشَدَّ ما جنيتَ عليَّ: میرے خلاف تمہارا جرم کتنا سخت ہے۔ الشَدَّة: شد کا اسم مرہ۔ الشِدَّة جمع شِدَد: اشتداد کا اسم، سختی، تنگی، مصیبت۔ شِدَّةُ الأرض: زمین کی سختی، کرختگی۔ الشُدَّى: بمعنی شِدَّه۔ الشديد ج أَشِدَّاء و شِداد و شُدُود: قوی، مضبوط (کہتے ہیں: مِسكٌ شديدُ الرائحة: تیز خوشبو کا مشک)، مضبوط، کنجوس، بخیل۔ رجُلٌ شديدُ العين: وہ شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ الشَدِيدَة جمع شَدَائِد: شدید کا مؤنث۔ الحروفُ الشديدة: وہ آٹھ حروف جو آپ کے اس قول میں جمع ہیں: أَجَدْتَ طَبَقَكَ۔ الأَشُدّ و الأُشُد: کہتے ہیں: بَلَغَ فلانٌ أَشُدَّه: وہ سن بلوغ کو پہنچا، وہ جوانی کی عمر کو پہنچا۔ سن بلوغ ۱۸ سے ۳۰ سال کی عمر۔ المِشَدّ: وہ کپڑے جسے عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔ المُشِدّ: مضبوط چارپایوں والا۔ المُتَشَدِّد (فا): معاملات میں سخت، کنجوس۔

۲۔ شَدَّ ـ شَدًّا الرجُلُ: دوڑنا۔ ـــ شَدًّا و شَدَّةً و شُدُودًا على العدو: دشمن پر حملہ کرنا۔ إِشْتَدَّ في السير: تیز دوڑنا۔ ـ على قرنه في الحرب شَدَّةً: جنگ میں اپنے دشمن پر حملہ کرنا۔ الشَدِيد جمع أَشِدَّاء و شِدَاد و شُدُود: بہادر (خ): شیر۔ الشَدَّة: جنگ میں حملہ۔

۳۔ شَدَّ ـ شَدًّا النهارُ: دن چڑھنا۔ شَدُّ النهار: دن چڑھنے کا وقت۔ کہتے ہیں: أتانا شَدَّ النهار و في شَدِّ النهار: وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا۔ الشَدِيد ج أَشِدَّاء و شِدَاد و شُدُود: بلند۔ کہتے ہیں: هو شديدُ الخُنْزُوانة: وہ بہت متکبر اور خود پسند ہے۔

۴۔ الشَدَّة عند العامة: جوتا، تاش کا پتہ۔

○ شد على: کسی چیز پر زور دینا، پر دباؤ ڈالنا۔ شَدَّ في: پر اصرار کرنا۔ شَدَّ ما و لَشَدَّما: کتنا زیادہ، بہت [illegible] کان سرورنا اذ: جب (ایسا ہوا) تو ہماری خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔ شَدَّ أَزْرَهُ یا شَدَّ مِن ازرِه: کی مدد کرنا، تائید کرنا، کی ہمت افزائی کرنا، کی پشت پناہی کرنا۔ شدّ ازرُهُ: توانا، طاقتور، باہمت، مستعد، سرگرم ہونا۔ شَدَّ الزمام: مضبوطی سے لگامیں تھام لینا، صورت حال پر کنٹرول کر لینا۔ شدّ من عزائمه: کے پکے ارادوں کو تقویت پہنچانا۔ شدّ علی راحلته: سفر پر روانہ ہونا۔ شدّ الرحال إلی: کے لئے روانہ ہونا۔ شدَّ وثاقه: کو بیڑیاں ڈالنا، گرفتار کرنا۔ شدَّ يده علی: سے چپکنا، لگا رہنا۔ شَدَّ علی يديه: کے ہاتھ بھینچنا۔ شدُّ الحبل: رساکشی (tug of war)۔ شديد الاعتناء: بہت متوجہ، بہت محتاط۔ شديد الباس: بہادر، جیالا۔ شديد الشكيمة: ضدی، ہٹ دھرم۔ شديد اللهجة: سخت الفاظ پر مشتمل۔ شديد الوطأة: ظالم، جفاجو، ستمگر، جفاکار، جفا پیشہ، ستم شعار۔ اشدُّ سوادًا: زیادہ سیاہ۔ اشدَّ غضبًا: زیادہ ناراض، زیادہ غضبناک، زیادہ قہر آلود۔ اشدّ مايكون: بہت زیادہ۔ روحُهُم اشدمايكون تعطشًا إلى العلم: وہ علم کے لئے ازحد سرگرم ہیں۔ ظروف مشدِّدة: سنگین حالات۔

شدح: ۱۔ شَدَحَ ـ شَدْحًا: موٹا ہونا، فربہ ہونا، صفت: شادِح۔

۲۔ إِنْشَدَحَ: چت لیٹ کر پاؤں کو کشادہ کرنا۔ الشادح من الكلاء: وسیع سبزہ۔ الأَشْدَح: ہر وسیع شے۔ الشُدْحَة و المُشْتَدَح: کشادگی، فراخی۔ کہتے ہیں: لكَ عنه شُدْحَةٌ او مُشْتَدَح: تمہیں اس کے بارے میں فراخی حاصل ہے۔

شدخ: ۱۔ شَدَخَ ـ شَدْخًا الرأسَ: سر توڑنا۔ ـــ الرجُلَ: کو گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ شَدَّخ الرأسَ: سر توڑنا۔ تَشَدَّخ الرأسُ: سر ٹوٹ جانا۔ إِنْشَدَخَ الرأسُ: سر ٹوٹنا۔ الشَدَخ: ناتمام بچہ۔ قبل از وقت پیدا ہونے والا بچہ۔ الشَدْخَة من النبات: تازہ و لچکدار اور نرم پودے۔ الشادِخ (فا): چھوٹا و نازک۔ غلامٌ شادِخ: جوان لڑکا۔ الشادِخة: شادخ کا مونث۔ المُشَدَّخ (مفع): گردن کٹنے کی جگہ۔

۲۔ شَدِخَ ـ شَدْخًا: اعتدال سے ہٹ جانا۔ ـــ شَدْخًا و شُدُوخًا غُرَّةُ الفرس: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ أَشْدَخ: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ امرٌ شادِخ: اعتدال سے ہٹا ہوا امر۔ الشادِخة: گھوڑے کی

پیشانی کی ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی۔ الأشْدَخُ مِنَ الخَیل: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا مونث شَدْخاء جمع شُدْخ۔ (ح): شیر۔

○ شَدَخ ۔ شَدْخًا ہ و شَدَّخ ہ: کو توڑنا، پاش پاش کرنا، توڑ پھوڑ ڈالنا، تہس نہس کرنا، کچل ڈالنا۔

شدف: ۱۔ شَدَف ۔ شَدْفًا ہٗ: کو ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔ الشُدفة: ٹکڑا۔

۲۔ أشْدَف اللیلُ: رات کا تاریک ہونا، الشَدَفُ ج شُدُوف: تاریکی، ہر چیز کا وجود۔ الأَشْدَف م شَدْفَاء جمع شُدُف (ح) بڑے جسم کا گھوڑا۔

۳۔ شَدِفَ ۔ شَدَفًا الفرسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔ تَشَادَفَ: جھکنا۔ الشَدَف (مص) جمع شُدُوف: رخسارہ کا جھکاؤ، اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ الأَشْدَف م شَدْفاء جمع شُدُف: نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ، مائل رخسارہ والا، بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا۔ کھمپو، سخت تر، مشکل تر۔

۴۔ الشَدِف: لمبا تیز کودنے والا۔

○ شَادِر جمع شَوَادِر: خیمہ، گودام، بڑی دوکان، ذخیرہ۔

شادوف: جمع شوادیف: نہری پانی بلند کرنے کے لئے پانسے کا لمبا موڑ۔ counterpoised sweep for raising irrigation water

شدق: ۱۔ شَدِقَ ۔ شَدَقًا: چوڑی باچھوں والا ہونا، صفت: أَشْدَق م شَدْقَاءُ جمع شُدق۔ تَشَدَّقَ: فصاحت دکھانے کے لئے باچھیں کھولنا۔ لوگوں کے ساتھ تمسخری کرنا۔ ــ بالکلام و فیه: بلا احتیاط ہر قسم کی گفتگو کرنا۔ الشِدق و الشَدق جمع أَشْدَاق و شُدُوق: باچھ، جبڑا۔ شِدْقُ الوادی: وادی کا کنارہ۔ الشَدِیق من الوادی جمع شُدُق: وادی کا کنارہ۔ الأَشْدَق: چوڑی باچھوں والا فصیح الکلام۔

○ تَشَدَّق ب: شیخی سے بلند آواز میں کسی بات کا اعلان کرنا، کی بڑ ہانکنا، ــ: چپڑ چپڑ باتیں کرنا، بچوں کی سی باتیں کرنا۔ ــ بالکلام: ضرورت سے زیادہ احتیاط کے ساتھ کچھ کہنا، بناوٹ سے بات کرنا۔ ضحك بِملءِ (ملءَ) شِدْقَیه: کھیس نکالنا، کھسیانی ہنسی ہنسنا۔ أشدق: چوڑے منہ والا۔ مُتَشَدِّق جمع متشدقون: شیخی خورہ۔

۲۔ الشَدْقَم و الشُدَاقِم: چوڑی باچھوں والا، شیر۔

۳۔ الشِدْیَاق جمع شَدَایِقَه عند للنصاری: کاہن سے ادنیٰ درجہ کا پادری (یونانی لفظ)۔

شدن: شَدَنَ ۔ شُدُونًا الظبیُ: ہرن کا طاقتور ہوکر ماں سے بے نیاز ہونا۔ أشْدَنَت الظبیةُ: ہرنی کا چلنے کے قابل بچہ والی ہونا، صفت: مُشْدِن ج مَشَادِن و مَشَادین۔ الشادِن (فا): جب مطلق بولا جائے تو مراد ہرن کا بچہ ہوتا ہے۔ الشَدْن (ن): چنبیلی کے مانند پھول دینے والا ایک پودا۔

○ شَدَنَ ۔ شَدْنًا: جوان جانور کا اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے والا ہونا، دودھ چھڑانے والی عمر والا ہونا۔

شادِن جمع شوادِن: ہرن کا بچہ۔

شده: ۱۔ شَدَهَ ۔ شَدْهًا الرأسَ: سر کچلنا۔

۲۔ شَدَهَ ۔ شَدْهًا الرجُلَ: کو بوکھلا دینا، حیرت میں ڈالنا، چکرا دینا، حیران کرنا، پریشان کرنا۔ شُدِهَ: حیران ہونا، پریشان ہونا، دہشت زدہ ہونا۔ اَشْدَهَ الرجلَ: کو بوکھلا دینا، حیرت میں ڈالنا، چکرا دینا، حیران کرنا، پریشان کرنا۔ إشْتَدَهَ و إنْشَدَهَ: حیران ہونا۔ الشُداه و الشُدْه و الشَدْه و الشَدَه: حیرت، دہشت۔ المَشَادِه: مشاغل، حیران کرنے والے معاملات۔

○ مَشْدُوه: حیران، پریشان، بوکھلایا ہوا، دہشت زدہ، خوف زدہ۔

شدا: ۱۔ شَدَا ۔ شَدْوًا الرجُلُ: گا گا کر شعر پڑھنا۔ ــ الشِعرَ: شعر کو راگ سے اور گا کر پڑھنا۔ ــ الابلَ: اونٹ کو حدی گا کر ہانکنا۔ أَشْدَی إِشْداءً: عمدہ گانا گانا۔

۲۔ شَدَا ۔ شَدْوًا من العلم شیئًا: کچھ علم حاصل کرنا صفت: شادٍ جمع شُدَاة و شادُون۔ الشَدَا: قوت کا بقیہ۔ ــ من الشیء: چیز کی حد، کنارہ۔ کہتے ہیں: أخَذَ منه شدًا: اس نے اس سے کچھ حصہ لیا۔ لم یبق من المریض إلّا شَدًا: یہ اس وقت کہتے ہیں جب مریض قریب المرگ ہو۔ الشَدْو (مص): بہت میں سے تھوڑا۔ کہتے ہیں: اخذوا شدوًا من ماله: انہوں نے اس کے کثیر مال سے تھوڑا سا لیا۔

۳۔ شَدَا ۔ شَدْوًا هُ فلانًا او بفلانٍ: کو سے تشبیہ دینا۔ ــ شَدْوَهٗ: وہ اس کی چال چلا۔

۴۔ الشَدَا: گرمی، کھجلی، خارش۔

شدی: الشِدِیت: دھماکے سے پھٹنے والا مادہ (فرانسیسی لفظ)۔

○ شدا شیئا من العربیة: تھوڑی سی عربی جاننا۔ شدو: گیت، گانا۔ شادٍ جمع شادُون: تعلیم یافتہ، تربیت یافتہ (فی اللغة مثلًا)۔ شادِیه: گانے والی۔

شذّ: شَذَّ ۔ شَذًّا و شُذُوذًا عن الجمهور او الجماعة: جماعت یا عوام سے جدا ہونا۔ ــ القولُ: قول کا خلاف قیاس ہونا۔ ــ عن الاصول: خلاف قاعدہ ہونا صفت: شاذ ج شُذَّاذ و شَوَاذّ م شَاذَّة ج شَوَاذّ۔ ــ شَذَّاهُ: کو شاذ کرنا، بنانا۔ شَذَّذَهٗ: کو شاذ کرنا، بنانا۔ اَشَذّ: نادر بات کہنا۔ ــ الشیءَ: کو ہٹانا، دور کرنا، شاذ کرنا یا بنانا۔ الشُذَّاذ من الناس: اجنبی لوگ، تھوڑے لوگ۔ کہتے ہیں: جاؤوا شُذَّاذًا: تھوڑے سے لوگ آئے۔ شُذَّاذُ الآفاق: مسافر لوگ۔ الشُذَّان و الشَذَّان: بکھری ہوئی کنکریاں یا پتھریاں۔ شُذَّانُ الناس: متفرق لوگ۔

○ شَذَّ ۔ شَذًّا و شُذُوذًا عن: سے علیحدہ ہونا، الگ ہونا، کے باہر ہونا، سے بچنا، گریز کرنا۔ شَذَّ: اکیلا ہونا، تنہا ہونا، خلاف قاعدہ ہونا۔ شذّ علی او عن: سے منحرف ہونا، ہٹنا، تجاوز کرنا، سے نمایاں ہونا، سے مستثنیٰ ہونا، خالی ہونا، محروم ہونا۔ شَذّ: بے قاعدگی، انحراف، خلاف قیاس ہونا۔ (عن): سے استثناء۔ شذوذ: بے قاعدگی، انحراف، خلاف قیاس ہونا، استثناء۔ (عن): سے۔ تجسس، شک، بنکی کردار۔ شاذٍ جمع شُذَّاذ و شوَاذّ: جدا، علیحدہ، الگ، تنہا، بے قاعدہ، خلاف قیاس، خلاف معمول، غیر معمولی، مافوق العادت، استثنائی، عجیب، جمع شواذ: استثناءات، مستثنیات۔ شاذ الاخلاق: منحرف اخلاق والا۔ شاذ الطبع، شاذ الطباع، شاذ الاطوار: سنکی، نامعقول، حد سے متجاوز، پاگل، سودائی۔ شذاذ الآفاق: اجنبی لوگ، ناواقف لوگ۔ شَوَاذَات: خصوصیات، خبطی عادات۔

شذب: ۱۔ شَذَبَ ۔ شَذْبًا و شَذَّبَ اللحاءَ: چھال چھیلنا۔ ــ الشیءَ: کو کاٹنا۔ ــ المالَ: مال بکھیرنا۔ ــ الشجرَ: درخت کی شاخ تراشی کرنا، اسکی ٹہنیاں چھانٹنا۔ تَشَذَّبَ: کٹنا، چھلنا، بکھرنا، چھانگا جانا۔ ــ القومُ: قوم کا متفرق ہونا۔ الشَذَب ج أَشْذَاب: متفرق لکڑیاں، گھر کا سامان، کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ حصہ۔ کہتے ہیں: فی الارض شَذَبٌ من الکلاء ومالهٗ الاشَذَبٌ من العسکر: ان جملوں میں شذب بقیہ کے معنیٰ میں ہے۔ درخت کے ٹکڑے، چھلکے۔ الشَذَبَة: شَذَب کا واحد: درخت کی کاٹی ہوئی شاخ۔ الشَاذِب (فا). وطن سے دور۔ المِشْذَب: شاخ تراشی کا آلہ۔ المُشَذَّب (مفع): کانٹے اتارا ہوا تنہ۔ فرسٌ مُشَذَّب: لمبا

پتلا گھوڑا۔

۲۔ شَذَبَ ـ شَذْبًا عنه: سے دفع کرنا، ہٹانا۔ شَذَّبَ هُ: کو دھتکارنا، نکال باہر کرنا۔ شَذَّبَ عنهُ: سے دفع کرنا، ہٹانا۔

۳۔ الشَوْذَب من الرجال: لمبا خوبصورت قد والا، ہر چیز کا بہترین حصہ۔

○ شَذَبَ ـ شَذْبًا ه: (کو) کاٹ ڈالنا، الگ کرنا، جدا کرنا، علیحدہ کرنا۔ ـــ ه: درخت کی شاخوں اور باڑھوں کی کانٹ چھانٹ کرنا، تراش کر درست کرنا، تراشنا، چھانٹنا۔ ـــ ه کو بدلنا، کا معالجہ کرنا، کی ترمیم کرنا۔ شَذَّب ه کو بدلنا، کا معالجہ کرنا، میں ترمیم کرنا۔

شذر: ا۔ شَذَّرَ النظمَ: لڑی کو منکے سے جدا کرنا۔ کہتے ہیں: شَذَّرَ کلامَه بشعرٍ: کلام میں شعر داخل کرنا۔ تَشَذَّرَ القومُ: لوگوں کا متفرق ہوکر اپنے اپنے راستے لگنا۔ الشَذْر واحد شَذْرَة ج شَذَرَات و شُذُور: سونے کے ریزے یا ٹکڑے جو کان سے چنیں جائیں۔ منکے جن سے جواہر کی لڑی میں فاصلے دیے جائیں، چھوٹے موتی۔ شَذَرَ و شِذَرَ: کہتے ہیں: تفرقوا شَذَرَ مَذَرَ و شِذَرَ مِذَرَ: وہ مختلف سمتوں میں بکھر گئے۔

۲۔ شَذَّرَ بفلانٍ: کو بدنام کرنا۔ تَشَذَّرَ: لڑائی یا شر کے لئے تیار ہونا، غصے ہونا، چستی سے کام لینا۔ ـــ هُ: کو ڈانٹنا، دھمکی دینا۔ ـــ القومُ فی الحرب: حد سے گزرنا۔

۳۔ الشَوذَر: بڑی چادر، بے آستین قمیص۔

○ تَشَذَّرَ: بکھرنا، متفرق ہونا۔ شَذْرَة جمع شَذَرات و شُذُور: ذرہ، چھوٹا سا ٹکڑا، حصہ۔

شذف: شَذَفَ ـ شَذْفًا: کہا جاتا ہے: ما شَذَفْتُ منه شیئًا: میں اس سے کوئی چیز حاصل نہ کر سکا (یہ کلمہ نفی کے بغیر استعمال نہیں ہوتا)۔

شذم: الشَذَام: بچھو یا بھڑ کا ڈنک، نمک۔ الشَیْذُمان (ح): بھیڑیا۔ الشَیْذُمانة (ح): تیز رو جوان اونٹنی۔

شذا: ا۔ شَذَا ـ شَذْوًا: مشک لگانا۔ الشَذْو (مص): مشک، مشک کی خوشبو۔ الشذا: بو کی تیزی، لکڑی کے ٹکڑے۔ الشَذَاة ج شَذَوَات: شذا کا واحد۔

۲۔ شَذَا ـ شَذْوًا و شَذَّى تَشْذِيَةً بالخبر: خبر کو معلوم کر کے اس کو سمجھانا۔

۳۔ شذا ـ شَذْوًا و أَشْذَى فلانًا: کو اذیت دینا۔ الشَذَا: اذیت، برائی۔ (ح): مکھی۔

۴۔ أَشْذَى هُ عنه: کو سے دور ہٹانا۔

۵۔ الشذا: نمک، خارش، ایک قسم کی کشتی۔ الشَذَاة: قوت کا بقیہ، پرانی چیز۔

شرّ: ا۔ شَرَّ ـ شَرًّا و شَرَارَةً و شَرَرًا: شریر ہونا، شر انگیز ہونا، صفت شر مونث شَرَّة ج أَشرار و شِرار و أَشِرَّاء۔ شَرَّرَ و أَشَرَّ فلانًا: کو برائی کی طرف نسبت کرنا، کو دھتکارنا۔ شَارَّهُ: سے جھگڑا کرنا۔ تَشَرَّرَ: اپنے آپ کو برا ظاہر کرنا۔ تَشَارًّا: آپس میں جھگڑنا۔ الشَرّ (مص) جمع شُرُور: برائی، کینہ، دشمنی، جنگ، عیب۔ کہتے ہیں: هو شَرُّ الناس و هم شِرار و أَشرار و اشِرَّاءُ الناس و هی شَرَّة او شُرَّی النساء: یعنی وہ سب سے برا ہے یا ہیں وہ سب سے بری ہے یا ہیں۔ (اصل میں اشرّ (اسم تفضیل ہے) کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ حذف ہو گئی جیسے خیر میں) جنگ الشَرَّة: اسم تفضیل شر کا مؤنث ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں: هی شَرَّةُ النساء جس طرح کہتے ہیں: هی خیرةُ النساء۔ الشُرّ: مکروہ ناپسندیدہ۔ کہتے ہیں: ماقلت ذلك لِشُرّك یعنی لشیٔ تکرهه: تمہاری کراہت کی وجہ سے میں نے یہ نہیں کہا۔ الشِرُّ: بمعنی شرّ۔ الشَرِیر ج أَشْرَار و أَشِرَّاء م شَرِیْرَة: برا۔ الشِرِّیر ج شِرِّیرُون: بہت برا، ابلیس کا لقب۔

۲۔ شَرَّ ـ شَرًّا اللحمَ أَو الثوبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لئے دھوپ میں رکھنا۔ شَرَّرَ اللحمَ او الثوبَ: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں یا ہوا میں سوکھنے کے لئے رکھنا۔ أَشَرَّ اللحمَ او الثوبَ: بمعنی شرّره: یعنی گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں یا ہوا کے سامنے رکھنا تاکہ وہ خشک ہو جائے۔ ـــ الشیءَ: کسی چیز کو ظاہر کرنا۔ الإِشرارة جمع أَشارير: پنیر وغیرہ سکھانے کی چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا گلہ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ الشَرَّان واحد شَرَّانة (ح): مچھر کے مشابہ ایک کیڑا جو چہرہ کے سامنے بغیر کاٹے اڑتا ہے۔ بھنگا۔

۳۔ شَرَّ ـ شَرًّا فلانًا: پر عیب لگانا، کی ہجو کرنا، کو غیر اہم سمجھنا، پر اعتراض کرنا، نکتہ چینی کرنا، کی عیب جوئی کرنا۔ شَرَّرَ و أَشَرَّ فلانًا: کو لوگوں میں بدنام کرنا۔

۴۔ شَرَّ ـ شَرًّا الماءُ: پانی کا لگاتار قطرہ، قطرہ گرنا اور بہنا۔ ـــ الرمادَ: دھول یا راکھ ڈالنا (عام زبان میں)

۵۔ الشِرَّة: تیزی، چستی، غصہ، طیش، حرص، لالچ۔ شِرَّةُ الشباب: جوانی کی چستی۔ الشَرَر و الشَرَار واحدہ شَرَرَة و شَرَارَة: آگ کے [illegible] چنگاریاں۔

الشَرِیر ج أَشِرَّة: سمندر کا ساحل۔

۶۔ شَرْشَرَ الشیءَ: کسی چیز کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پھاڑنا، کاٹ کر جھاڑنا۔ ـــ السِکّینَ: چھری کو پتھر پر تیز کرنا۔ ـــتِ الماشیةُ النباتَ: مویشی کا گھاس چرنا۔ الشَرْشَر و الشِرشِر واحد شَرْشَرَة و شِرْشَرَة (ن): زمین پر پھیلی ہوئی ایک قسم کی بیل۔ الشِرشِرَة: ہر چیز کا ٹکڑا۔ (ن): ایک قسم کی گھاس۔

۷۔ شَرْشَرَ الماءَ: پانی کو لگاتار ٹپکانا یا قطرہ قطرہ ٹپکانا۔ ـــ الماءُ: پانی کا لگاتار قطرہ قطرہ گرنا یا بہنا۔ تَشَرْشَرَ منه: سے بکھرنا، متفرق ہونا۔ شِواءٌ شَرْشَرٌ: بھنا ہوا گوشت جس سے چربی قطرہ قطرہ ٹپکتی ہو۔ شَرَاشِرُ الذَنَب: دم کے اطراف۔

۸۔ الشَراشِر: نفس، تمام بدن، (کہتے ہیں: القی علیه شَراشِرَهُ: اس نے اس سے اس قدر محبت کی کہ اپنی جان کو اس کی محبت میں قربان کر دیا) بوجھ۔ الشُرشُور ج شَراشیر (ح): ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔ اسے "بُرقش" بھی کہتے ہیں۔

○ شَرَّ ـ شَرًّا و شِرَّةً: برا، گناہگار، بدکار، فاسق، بداعمال، بدطینت، آوارہ، غلط، کینہ پرور، بغض پرور، کینہ جو، بد باطن، برا چاہنے والا ہونا۔ شَرّ جمع شُرور: برائی، بدی، گناہ، مصیبت، آفت، تباہی، بربادی، بے انصافی، ضرر، نقصان، زخم، بداعمالی، فسق و فجور، بدطینتی، ضرر رسانی، شرارت، عناد، بغض، بد باطنی، کینہ۔ شر جمع اشرار: برا، گنہگار، بدکار، فاسق، بداعمال، بدطینت، مجرم۔ شرّ بطور اسم تفضیل: زیادہ برا وغیرہ۔ هَزَمَهم شَرَّ هزیمةٍ: اس نے انہیں شکست فاش دی۔ شَرَارَة جمع شرارات: چنگاری۔ شَمْعَةُ الشرارة: سپارک پلگ۔ مِفْتَاح الشرارة: اگنیشن کی چابی۔ Ignition key۔ آتش زن (موں کا)۔ شَرَّار: ضوفشاں، ضوبار، شعلہ فشاں۔

شرب: ا۔ شَرِبَ ـ شُرْبًا و شَرْبًا و شِرْبًا و مَشْرَبًا و تَشْرابًا الماءَ: پانی پینا۔ پانی سے سیراب ہونا۔ ـــ شَرَبًا: پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا (ضد)۔ کہتے ہیں: اکل علیه الدهرُ و شَرِبَ: وہ ہلاک ہو گیا اور کہتے ہیں: اکل فلانٌ مالی و شَرِبَهُ: فلاں میرا مال کھا پی گیا، یعنی فنا کر دیا۔ شَرَّبَ هُ: کو پانی پلانا۔ ـــ قصبُ الزرع: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا۔ شَارَبَ مُشَارَبَةً و شِرَابًا هُ: کے ساتھ پینا۔ أَشْرَبَ هُ: کو پلانا۔ ـــ الرجُلُ: پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد)۔ تَشَرَّب الثوبُ العرقَ:

کپڑے کا پسینہ کو چوسنا۔ تَشَارَبَا: ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔ اِشْرَأَبَّ للشيء و إليه: گردن لمبی کر کے کسی کی طرف دیکھنا۔ اس سے اسم الشُرَأْبِيْبَة ہے۔ (اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِينه کی طرح) الشَرْب (مص) جمع شارب (فا) الشِرْب (مص) ج أَشْرَاب: پینے کا پانی، پینے کا وقت، پانی کا حصہ، گھاٹ۔ الشَرْبَة: شرب کا اسم مرۃ، ایک بار پینا جو یکبارگی پیا جائے، برتن جس سے پیا جاتا ہے۔ (طب): جلاب۔ مسہل۔ الشُرْبَة: سیراب ہونے کے اندازہ کا پانی۔ الشَرَبَة ج شَرَب و شَرَبات: زیادہ پینا۔ الشَرَاب ج أَشْرِبَة: ہر پینے کی چیز۔ الشَرَابِيّ: سقہ، بہشتی۔ الشَرَبَة و الشَرَّاب و الشِرِّيب: بہت پینے والا، بسیار نوش، شراب کا دلدادہ۔ الشَرَّابة: الشَرَّاب کا مؤنث۔ الشارب جمع شَرْب (فا): (جیسے راکب و رَکب)۔ الشَارِبَة ج شاربات و شوارب: الشارب کا مؤنث۔ دریا کے کنارے رہائش پذیر لوگ۔ الشوارب (ع ا): حلق کی رگیں، گردن میں پانی کی گزرگاہیں۔ الشُرُوب: پینے والے۔ الشَرُوب: بہت پینے والا، پینے کا یا شراب کا دلدادہ۔ ماءٌ شَرُوب: پینے کا پانی، پینے کے قابل پانی۔ الشَرِيب: بہت پینے والا، پینے میں شریک شخص، جو آپ کے ساتھ اپنے اونٹوں کو گھاٹ پر لائے۔ جو آپ کے ساتھ پینے کی چیز طلب کرے یا جسے آپ کے ساتھ پلایا جائے۔ ماءٌ شريب: پینے کے لائق پانی۔ المَشْرَب جمع مشارب: پانی، پینے کی جگہ، آج کل خواہش نفس کے معنی میں بھی آتا ہے۔ کہتے ہیں: وَافَقَ الامرُ مَشْرَبَهُ: معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوا۔ المَشْرَبَة و المَشْرُبَة ج مَشَارِب (ز): نرم اور ہمیشہ سرسبز رہنے والی زمین، پینے پلانے کا کمرہ، پینے کی جگہ۔ کہتے ہیں: طعامٌ ذو مَشْرَبَةٍ: بہت پیاس لگانے والا اور پانی پلانے والا کھانا۔ المِشْرَبَة ج مَشَارب: پانی پینے کا برتن۔ المَشْرُوب (مفع): ہر وہ شے جو پی جائے، ہر پینے کی چیز۔

۲۔ شَرِبَ ۔ شَرَبًا: پیاسا ہونا، پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ أَشْرَبَ الرجُلُ: پیاسا ہونا، پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ الشَرَبَة ج شَرَب و شَرَبات: گرمی کی شدت، پیاس۔

۳۔ شَرُبَ ۔ شُرْبًا و شَرْبًا و شِرْبًا و مَشْرَبًا و تَشْرَابًا السنبلُ الدقيقَ: کھیتی کی بالیوں میں دانوں کا سخت ہونا اور پکنے کے قریب ہونا۔ شَرَّبَ السنبلُ الدقيقَ: کھیتی کی بالیوں میں گودا آنا۔ أَشْرَبَ و أَشْرِبَ الزرعُ: کھیتی کی بالیوں میں گودا آنا۔

۴۔ شَرِبَ ۔ شَرْبًا به: کسی پر جھوٹ بولنا۔ أَشْرَبَ به: کسی پر جھوٹ بولنا۔ کہتے ہیں: أَشْرَبَنی مالم أَشرب: اس نے میرے بارے میں ایسی چیز کا دعوی کیا جس کو میں نے نہیں کیا۔

۵۔ شَرَبَ ۔ شَرْبًا الکلامَ: کلام سمجھنا۔

۶۔ شَرَّبَ القربةَ: نئی مشک پر مٹی اور پانی ملنا تاکہ اس میں پانی خوشگوار رہے۔ أَشْرَبَ اللونَ: کپڑے کو گہرا رنگنا۔ ــ الثوبَ حمرةً: کپڑے کو سرخ رنگ رنگنا۔ کہتے ہیں: أُشْرِبَ حُبَّ فلان: اس کے دل میں فلاں کی محبت بیٹھ گئی۔ اِسْتَشْرَبَ لونُهُ: رنگ کا تیز اور گہرا ہونا۔ الشُرْبَة: چہرہ کی سرخی۔ کہتے ہیں: في وجهه شُرْبَةٌ من حُمْرَةٍ: اس کے چہرے پر سرخی ہے۔

۷۔ أَشْرَبَ الإبلَ: اونٹ باندھنا۔

۸۔ الشَرَبَّة: گھاس والی زمین جس میں درخت نہ ہوں، وادی کا کنارہ، راستہ، طریقہ۔ کہتے ہیں: ماز ال فلانٌ علی شَرَبَّةٍ واحدة: وہ ابھی تک ایک ہی طریقہ پر ہے۔ الشَرَّابة ج شَرَارِيب: ٹوپی وغیرہ کا پھندنا۔ الشَارِب: جانوروں کی کمزوری۔ شَارِبُ الرجُلِ: مونچھ، دونوں طرف کا لحاظ کرتے ہوئے تثنیہ لاتے ہیں اور کہتے ہیں: شاربَا الرجُل: آدمی کی مونچھیں اور اطراف و اجزاء کا اعتبار کرتے ہوئے جمع بھی لاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں: شوارب الرجل۔

۹۔ الشُرَابِث: سخت ہتھیلی والا۔ (ح): شیر۔

○ شَرِبَ ۔ شُرْبًا و مَشْرَبًا ہ: (کچھ) پینا، کی چسکی لگانا۔ شرب في حبه: کا جام صحت نوش کرنا۔ شَرَّبَ ہ ہ: کو پینے کے لئے کچھ دینا، کو کچھ پلانا۔ ــ ہ ب: کو سے شرابور کرنا، بھگونا، تر کرنا، سراب کرنا، کے رنگ میں رنگ دینا۔ شارب ہ: کے پاس بیٹھے ہوئے، کی صحبت میں پینا۔ أَشْرَبَ ہ ہ: کو پینے کے لئے کچھ دینا، کو کچھ پلانا ــ ہ ہ/ب: کو سے شرابور کرنا، بھگونا، تر کرنا، سیراب کرنا ــ ہ ہ: کے رنگ میں رنگ دینا، کے کچھ خوب ذہن نشین کرنا، دل نشین کرنا، کو کا رنگ چڑھانا، کے رگ و پے میں کچھ ساری کرنا، کے دل میں کچھ ڈالنا۔ أُشْرِبَ ہ: سے پُر ہونا، سے بھرا ہوا ہونا، کے رنگ میں رنگا ہوا، کچھ رگ و پے میں جاری و ساری ہونا، دل میں ہونا، میں بھیگا ہونا، کچھ ڈالا یا انڈیلا ہوا ہونا، زندگی کی روح پھونکا ہوا ہونا، سے مغلوب ہونا، سرایت شدہ ہونا۔ اشربه مالم يَشْرَبُ: سے کوئی بات غلط منسوب کرنا۔ تَشَرَّبَ ہ: کو بھگونا، تر کرنا، جذب کرنا، چوس لینا، مدغم کرنا، کو قبول کرنا، اخذ کرنا۔ ــ ہ ب: میں کچھ سرایت کیا ہوا ہونا، کے رنگ میں رنگا ہوا ہونا، کے رگ و پے میں ساری ہونا، کی روح میں پھونکا ہوا ہونا، میں انڈیلا یا ڈالا ہوا ہونا۔ ــ ب: سے بھرا ہوا، پُر ہونا۔ شُرْب: پینا، مشروب، جذب۔ شُرْبَة: مشروب، گھونٹ، چسکی، نگلنا، ہڑپ کرنا، (دوا کی یا پینے والی دوا کی) خوراک۔ شراب: مشروب، شراب، پھل کا رس، پھل کا شربت، شربت۔ شراب التُفّاح: سیب کا جوس، سیب کی شراب (cider)۔ شراب البرتقال: مالٹوں کے رس کا مشروب (orangeade) شَرَّاب: بلانوش، بڑا شرابی، مے نوش۔ شَرِيب: پینے کے قابل، نوشیدنی۔ شِرِّيب: بلانوش، بڑا شرابی، مے نوش۔ شَرَّابَة و شُرَّابَه جمع شراريب: پھندنا، جھالر، گچھا، لچھا، خواتین کے تراشے ہوئے بال (a style of haircut)، ایک سدابہار جھاڑی (ہولی)۔ مَشْرَب: پینا (کھانے کے مقابلہ میں)۔ جمع مشارب: پینے کی جگہ، پانی کا سوراخ، ناند (پینے کے پانی والا) پینے کے پانی کا ذخیرہ یا چشمہ، طعامخانہ، ریستوران (restaurant)، ہوٹل کی شراب گاہ (بار bar)؛ رغبت، میلان، ذوق، تحریک، مدرسہ (فکر کا)۔ مَشْرَبَة جمع مشارِب: پینے کی جگہ، پانی کا سوراخ، پانی کا ناند، پینے کے پانی کا ذخیرہ، چشمہ۔ مَشْرَبِية و مَشْرَبِيَة: چوبی جھروکہ، کھپریلی چھت کا بالاخانہ۔ مَشْرَبِية: ایک قسم کا پینے کا برتن، منقش مرتبان، گلدان۔ مشروبات روحية: الکحلی مشروبات۔ شوربه و شوربا و شُرْبَة: یخنی، آش۔ شُرَاب جمع شُرَّابات: جراب، موزہ۔

۱۰۔ شَرْبَقَ الثوبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

۱۱۔ الشَرْبِين (ن): چیڑھ کا درخت۔

شرث: شَرِثَ ۔ شَرَثًا و اِنْشَرَثَتْ يَدُهُ: پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ ــ الرجُلُ: کی ہتھیلی کی پشت کا سردی سے موٹا ہو کر پھٹ جانا۔ صفت: شَرِث۔ ــت النعلُ: جوتے کا تڑخنا۔ الشَرْث: ہر پرانی بوسیدہ چیز۔ الشَرْثَة: پرانا جوتا۔ الشَرِث من السيوف والأسنّة: تیز تلوار اور بھالا۔

شرج: ۱۔ شَرَجَ ۔ شَرْجًا الشيءَ: کو جمع کرنا۔ ــ الشراب بالماء: شراب میں پانی ملانا۔ ــ الحجارةَ: پتھروں کو ایک دوسرے سے ملا کر تہہ بہ تہہ کرنا۔ ــ الخريطةَ: تھیلے کے کناروں کو ملا کر باندھنا۔ شَرَّجَ الحجارةَ:

پتھروں کوایک دوسرے سے ملا کر تہہ بتہہ کرنا۔ ــــ الخریطة: تھیلے کے کناروں کوملا کر باندھنا۔ ــــ الثوبَ: کپڑے کودوردور ٹانکے لگا کر سینا۔ عوام سَرَّجَ بولتے ہیں۔ شُرِجَ اللحمُ: گوشت میں چربی ملنا۔ أَشْرَجَ الحجارةَ: پتھروں کوایک دوسرے سے ملا کرتہ بتہ کرنا۔ ــ الخریطةَ: تھیلے کے کناروں کوملا کر باندھنا۔ ــ صَدْرَہ علی کذا: کوئی بات دل میں چھپانا۔ تَشَرَّجَ الشیءُ فی الشیء: ایک چیز کا دوسری چیز میں داخل ہونا، گھل مل جانا۔ الشَّرَج ج أَشْرَاج: کاج۔ یہ اس معنی میں اسم جنس ہے۔ الشَّرِیْجَة ج شَرَائِج: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا گون۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دوکان کے دروازے پر لگایا جائے۔ التَّشْرِیج: دوردور ٹانکوں کی سلائی۔ عوام اسے تسریج کہتے ہیں۔

۲۔ شَارَجَہٗ: کے مشابہ ہونا۔ اسی سے ہے: فتیات مُشارِجات: ہم عمر لڑکیاں۔ تَشَارَجَا: باہم مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا۔ الشَّرْج (مص) ج شِرَاج و شُرُوج: نوع۔ کہتے ہیں: ھذا شَرْجُ ذاك: یہ اس کی مثل ہے۔ ھُما شَرْجٌ واحِد: وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ الشَّرِیج ج شَرَائِج: مانند، مثل۔ کہتے ہیں: ھو شریجه: وہ اس کی مثل ہے۔

۳۔ شَرَجَ ـ شَرْجًا: جھوٹ بولنا۔

۴۔ إِنْشَرَجَ الشیءُ: چیز کا پھٹ کر دو ٹکڑے ہونا۔ الشَّرْج جمع شِرَاج و شُرُوج: فرقہ، کہتے ہیں: اصبحوا فی الأمر شَرْجَیں: وہ اس معاملہ میں دو فرقے ہوگئے۔ دو دو فرقوں میں بٹ گئے۔ الشَّرَج جمع أَشْرَاج: کمان کی ترخن۔ الشَّرِیج جمع شَرَائِج: لکڑی کے دو مساوی ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ وہ لکڑی جس کی دو کمانیں بنائی جائیں۔ قَوْسٌ شَرِیج: پھٹی ہوئی کمان۔

۵۔ الشَّرْج جمع شِرَاج و شُرُوج: نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی نالی۔ الشَّرْجَة: نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی نالی، وہ گڑھا جس میں کھال بچھا کر اونٹوں کو پانی پلایا جائے۔ الشَّرَج جمع اشراج: وادی کی چوڑی جگہ۔ الشَّرِیْجَة جمع شرائج: تیر کے پر کو جوڑنے کا پٹھا۔ الشِّیْرِج: تلوں کا تیل۔ عوام اسے سیرج کہتے ہیں۔ (فارسی لفظ)۔ سھمٌ مُشَرَّج: پٹھے سے جڑے ہوئے پر والا تیر۔

۶۔ الشُّرْجُب (ح): عمدہ گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔ الشَّرْجَبَان و الشُّرجبَان: ایک قسم کا بینگن سے مشابہ پودا جو رنگائی کے کام آتا ہے۔

○ شَرَج جمع أَشْرَاج: روزن، سوراخ، چھلا، کاج، تکمہ۔ مقعد، دبر۔ شَرَجِی: مقعدی، دبری۔

شرح: ۱۔ شَرَحَ ـ شَرْحًا اللحمَ: گوشت کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ شَرَّحَ الشیءَ: کو الگ الگ حصوں میں کاٹنا۔ ــــ قطعةَ اللحم: گوشت کے ٹکڑے کو چھوٹے چھوٹے پارچوں میں کاٹنا۔ الشَّرْحة: گوشت کا ٹکڑا۔ الشَّرِیح والشریة جمع شَرَائِح: گوشت کا ٹکڑا، گوشت کا لمبا ٹکڑا۔ عِلمُ التشریح (طب): لاش کی چیر پھاڑ، علم تشریح، تشریح اعضاء۔

۲۔ شَرَحَ ـ شَرْحًا المسألةَ: مسئلہ کے گہرے مطالب کو کھولنا، بیان کرنا۔ ــ الکلامَ: کلام سمجھانا۔ ــ الشیءَ: چیز یا بات کو کھولنا، کشادہ کرنا۔ ــ إلی الشیء: میں رغبت کا اظہار کرنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ یشرح إلی الدنیا: یعنی وہ دنیا میں اپنی رغبت کا اظہار کرتا ہے۔ ــ صَدْرَہ للشیء و بالشیء: پر خوش ہونا۔ شَرَّحَ الشیءَ: کو کھولنا اور ظاہر کرنا۔ اسی سے ہے: شَرَّحَ التینَ تشریحًا: انجیر کو پھاڑ کر سوکھنے کے لئے دھوپ میں رکھنا۔ أَشْرَحَ صدرَہ: شَرَحَ صَدْرَہ کے معنی میں ہے۔ إِنْشَرَحَ: کشادہ ہونا۔ کہتے ہیں: شرح اللّٰه صدرَہ لقبول الخیر فانشرح: اللہ تعالیٰ نے اس کے سینہ کو خیر قبول کرنے کے لئے کشادہ کردیا اور وہ کشادہ ہوگیا۔ الشَّرْح عند المُؤَلِّفِین: تفصیل سے سمجھانا، تفسیر، تشریح، توضیح، وضاحت، بیان۔ الإنشراح: خوشی، شادمانی، مسرت۔

۳۔ شَرَحَ ـ شَرْحًا الشیءَ: کی حفاظت کرنا۔

○ شَرَحَ خاطِرَہ: کو خوش کرنا۔ شَرِیْحَة جمع شرائح: خوردبین کا شیشہ۔ مَشْرَحَة: آپریشن کا کمرہ، آپریشن کی میز، لاش کے معائنہ کا کمرہ۔ شارح: مفسر، تشریح کرنے والا، توضیح کرنے والا۔ مُشَرِّح: ماہر تشریح الاعضاء، چیر پھاڑ کا ماہر۔

شرخ: ۱۔ شَرَخَ ـ شَرْخًا و شُرُوخًا نابُ البعیر: اونٹ کا دانت نکلنا۔ ــــ شُرُوخًا الصبیُّ: بچہ کا جوان ہونا صفت شارخ جمع شَرْخ جیسے صَاحِب و صَحْب۔ الشَّرْخ (مص) ج شُرُوخ: اصل، نوجوانی۔ کہتے ہیں: ھو فی شرخ الشباب: وہ نوجوانی کی عمر میں ہے، اول امر، رگ، چیز کا ابھرا ہوا حصہ۔ شَرْخا الرَّحْل: کجاوہ کا اگلا اور پچھلا حصہ۔ کہتے ہیں: فلانٌ لا یزال بین شَرْخَی رَحْلِه: وہ ہمیشہ سفر ہی میں رہتا ہے۔

۲۔ ال[illegible] کہتے ہیں: ھو شَرْخِی: وہ میرا ہم عمر ہے: ھما شَرْخان: وہ دونوں ہم جولی ہیں یا ہم عمر ہیں، اونٹ کے ہر سال کے بچے۔

۳۔ الشُّرْخُوب ج شَرَاخِیب (ع ا): ریڑھ کی ہڈی۔

○ شَرْخ: عنفوان شباب، جوانی، شباب۔ شَرَخَ ـ شَرْخًا: درز پڑنا، بال آنا، تڑقنا، کرچ اڑنا۔ شرخ جمع شروخ: درز، دراڑ، شگاف، بال ٹوٹنا۔

شرد: ۱۔ شَرَدَ ـ شَرْدًا و شُرُودًا و شُرَادًا و شِرادًا: بدکنا۔ ــ علی اللّٰه: اللہ کی اطاعت سے نکلنا صفت: شارِد ج شَرَد و شَرُود جمع شُرُد م شارِدہ جمع شَوَارِد و شُرَّد۔ شَرَّدَہٗ: کو دھتکارنا، ڈرانا۔ کہتے ہیں: فلانٌ مُطَرَّدٌ مُشَرَّد: اسی طرح کہتے ہیں: فلان طرید شرید: وہ دھتکارا ہوا ہے۔ ــ شملَهُم: جمعیت کو متفرق کر دینا۔ ــ بفلان: کے عیب لوگوں کو سنانا۔ أَشْرَدَہٗ: کو دھتکارنا، نکال دینا، بے گھر کرنا۔ تَشَرَّدَ القومُ: لوگوں کا چلا جانا۔ الشَّرُود: وہ بارش جسے ہوا اڑا کر گھر کے اندر لے جائے (عام لوگوں کی زبان میں)۔ شوارد اللغة: نوادر کلمات اور غیر مانوس الفاظ۔ الشَّرِید: دھتکارا ہوا، نکالا ہوا۔ الشَّرِیْدَة ج شَرَائِد: شرید کا مونث، چیز کا بقیہ۔

۲۔ الشِّرْدَاح: موٹا نرم پتلے گوشت والا۔

○ شَرَدَ ـ شِرادًا و شُرُودًا: (گھوڑے کا) بھاگ نکلنا؛ فرار ہونا، بھاگنا، بھاگ جانا، نو دو گیارہ ہو جانا، مارے مارے پھرنا، ادھر اُدھر پھرنا، منہ اٹھاتے پھرنا، گم کردہ راہ ہو جانا، بھٹکتے پھرنا، (خیالات کا) بٹا ہوا ہونا۔ شرد ذِهنُهٗ: خیالات میں کھو جانا، گم ہو جانا، محو ہو جانا، مستغرق ہونا اور پراگندہ دماغ ہونا۔ شرد به الفکرُ: وہ خیالات میں گم ہے۔ شَرَّدہ: کو ڈرا کر بھگا دینا، باہر نکال دینا، ڈرا دینا۔ تشرّد: آوارہ گردی کرتے پھرنا، بے خانماں زندگی بسر کرنا۔ شُرُودُ الفِکر: پراگندگی افکار، استغراق۔ شرید: بھگوڑا، جلاوطن، تارک وطن، بے خانماں، نکالا ہوا، آوارہ گرد، خدائی خوار، کوچہ گرد، ہرزہ گرد، مارا مارا پھرنے والا، خانہ بدوش۔ تشرید: نکالنا، اخراج، دیس نکالا، جلاوطنی، بے دخلی، خانہ بدوشی کی زندگی، آوارہ گردی، بے خانماں ہونا۔ حیاة التشرید: بے خانماں زندگی، آوارہ گردی۔ تَشَرُّد: آوارہ گردی، خانہ بدوشی کی زندگی۔ شوارد اللغة: زبان کی بے قاعدگیاں یا خلاف قیاس باتیں۔ شارد

النظر (النظرات): خلا میں گھورنے والا، خالی نظر۔ لا تفوته شَارِدَة و لا واردة: اس سے کچھ نہیں بچتا، وہ کچھ بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیتا۔ مُشَرَّد: بھگوڑا، پناہ گیر، بے خانماں، پراگندہ۔ مُشَرَّدُ البال: بوکھلایا ہوا، پریشان، گھبرایا ہوا، مُتَشَرِّد: بے گھر، آوارہ گرد، بے خانماں، خانہ بدوش، من چلا۔

شرذ: شَرَّذَ الجمعَ: (بھیڑ، مجمع) کو متفرق کرنا۔ الشِرْذِمَة جمع شَرَاذِم و شَرَاذِيم: لوگوں کی چھوٹی جماعت۔ ثيابٌ شَرَاذِم: پھٹے ہوئے کپڑے۔

شرز: ۱۔ شَرَزَ ـ شَرْزًا ہُ: کو کاٹنا، صفت: شارِز جمع شُرَّاز۔ شَرَّزَہ: کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الشِيراز جمع شَوَارِيز و شَرَارِيز: پانی نکلا ہوا دہی۔ عوام اسے اللبنة المقطوعة کہتے ہیں۔

۲۔ شَرَّزَہُ: کو ایذا دینا، گالی دینا۔ شَارَزَ: بدخلق ہونا۔ ـ الرجُلَ: سے جھگڑنا، دشمنی کرنا۔ أَشْرَزَہُ: کو ہلاکت اور سختی میں ڈالنا۔ الشَّرْز (مص): قوت، موٹائی، سختی، موٹا، سخت جیسے: عذبهُ اللّٰه عذابا شَرْزًا: اللہ تعالیٰ نے اسے سخت عذاب دیا۔ الشَّرْزَة: اسم مرۃ، ہلاکت اور سختی۔ الشُّرَّاز: وہ جو لوگوں کو سخت عذاب دیں۔ المُشَارِز (فا): سخت، بدخلق۔ المُشَرَّز: باہم بندھا ہوا، ملائے ہوئے کناروں والا۔

شرس: ۱۔ شَرِسَ ـ شَرَاسَةً و شَرَسًا و شَرِيسًا: بدخلق ہونا صفت: شَرِس و شَرِيس و اشرس۔ شَرَسَ ـ شَرْسًا ہُ: کو سخت کلامی سے جلانا۔ شَارَسَ مُشَارَسَةً و شِرَاسًا ہُ: کے ساتھ سختی کا برتاؤ کرنا۔ تَشَارَسَ القَوْمُ: آپس میں دشمنی رکھنا۔ الشَّرْساء: أَشْرَس کا مؤنث۔ الشَّرِيْس (مص): بدخلقی، جھگڑالوپن۔ (کہتے ہیں: قد لان شَرِيْسُہُ: یعنی اس کی بدمزاجی اور جھگڑالوپن کچھ نرم پڑ گیا) بدخلق، بدمزاج، سخت جھگڑالو۔ کہتے ہیں: ھو ذو شريس: وہ بدخلق اور سخت جھگڑالو ہے اور له نفسٌ شريسة: وہ جھگڑالو ذہن والا ہے۔

۲۔ شَرِسَ ـ شَرَسًا ت الماشيةُ: مویشی کا کانٹے دار چھوٹے پودے چرتے رہنا۔ شَرَسَ ـ شَرَاسَةً ت الماشيةُ: مویشی کا خوب چرنا۔ الشَّرِس (مص) والشَّرْس والشِرْس: چھوٹے کانٹے دار پودے۔ شَرِيْس الأَكل: بہت کھانے والا۔ أَرْضٌ شَرِيْسَةٌ و مُشْرِسَةٌ: چھوٹے چھوٹے کانٹے دار پودوں کی کثرت والی زمین۔

۳۔ شَرَسَ ـ شَرْسًا الناقةَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔

۴۔ الشَّرْساء: سفید پتلا بادل۔ الشِرَاس: سریش۔

الشَرِيس (ح): شیر۔

۵۔ شَرْسَفَ شَرْسَفَةً: بدخلق ہونا۔ الشُرْسُوف ج شَرَاسِيف (ع ا): پیٹ کے اوپر پسلی کا کنارہ، بندھا ہوا اونٹ، سختی، مصیبت۔

○ شردق: تَشَرْدَقَ: غلط طور پر نوالہ نگلنا، گلا گھٹ کر مرجانا۔

○ شرذم: تَشَرْذَمَ: دندانے پڑ جانا، نوکیلے کونوں والا ہونا، کٹا پھٹا ہونا۔

○ شَرِسَ ـ شَرَسًا و شَرَاسَةً: آوارہ، برا، بغض پرور، کینہ جو، بد باطن، شرارتی، شرانگیز، بدمزاج، تند خو، کم آمیز، جھگڑالو، چڑچڑا، تنگ مزاج ہونا۔ شَرِس و شَرِيس: آوارہ، برا، بغض پرور، کینہ جو، شرارتی، شرانگیز، بدمزاج، تندخو، کم آمیز، جھگڑالو، چڑچڑا، تنگ مزاج، جنگلی، ظالم، سفاک، سخت غضبناک، غضبناک۔ شَرَاسة و شَرَس: بداعمالی، شرارت، ضرر رسائی، بدطینتی، فسق و فجور، برائی، عناد، بغض، بدباطنی، کینہ، کمینگی، گھٹیاپن، رذالت، کم آمیزی، تندخوئی، چڑچڑاپن۔

شرش: الشَرْشَفُ جمع شَرَاشِف: پلنگ پوش (فارسی لفظ)(bed sheet)۔

شرص: شَرَصَ ـ شَرْصًا ہُ: کو کھینچنا۔ ـ و شَرَّصَ ہُ بکلامِہ: کو گالی دینا۔ الشَرْص (مص): سختی، کھردراپن، اکھڑپن۔ الشِرص ج شِرَاص و شِرَصَة: کنپٹی کے پاس بال گرنے کی جگہ۔

○ شَرَّشَ: جڑ پکڑنا۔ شِرش جمع شُرُوش: جڑ۔ شِرْشُ اللبن: دودھ یا دہی کا پانی۔ شَرْشِيْر: جنگلی بطخ، مرغابی۔ شَرَاشِر: روح، خود، ذات، طبیعت (شخص کی)۔

شرط: ۱۔ شَرَطَ ـ شَرْطًا عليه في بيع و نحوه: سے پر شرط لگانا۔ شَارَطَہُ: ایک دوسرے سے شرط باندھنا۔ سے کسی معاملہ میں کچھ کرنے کا عہد کرنا۔ تَشَرَّطَ: خود پر خواہ مخواہ قیود لگانا۔ ـ في العمل: کام تندہی سے کرنا۔ تَشَارَطَ القومُ: ایک دوسرے کے ساتھ شرط لگانا۔ تَشَارَطُوا على الشيء: پر قائم رہنا، پر عمل کرنا۔ اِشْتَرَطَ له كذا: کے لئے کوئی بات لازمی قرار دینا۔ الشَّرْط (مص) جمع شُرُوط: پابندی۔ (الشرطُ أَمْلَكُ عليك أم لك: یعنی شرط شرط لگانے والے کو شرط کی پابندی کا اختیار دیتی ہے، خواہ اس کے حق میں ہو یا خلاف۔ عند النحاة: شرط: کسی کام کے دوسرے کام کے ساتھ وقوع کی ترتیب: جیسے إن زرتني زرتك: اگر تم مجھے ملنے آؤ گے تو میں بھی تمہیں ملنے آؤں گا۔ اور "ادرس تحفظ" پڑھو تا کہ یاد رکھ سکو۔ ـــ الشُرْطَة: شرط۔ الشَرِيْطَة ج شرائط: شرط۔

۲۔ شَرَطَ ـ شَرْطًا الجلدَ: جلد میں نشتر لگانا۔ شَرَّطَ الجلدَ: جلد میں نشتر لگانا۔ الشريط جمع شُرُط: مشروط۔ الشَرِيْطَة جمع شَرَائِط: پھٹے ہوئے کان والا اونٹ۔ المِشْرَط و المِشْرَاط و المِشْرَطة ج مَشَارِط و مَشَارِيط: نشتر۔

۳۔ شَرِطَ ـ شَرَطًا: کسی بڑے کام میں پڑنا۔ أَشْرَطَ نَفْسَہُ أو مالَہُ في أمر: کسی امر میں جان و مال کو پیش کرنا۔ ـ الإبلَ: فروخت کرنے کے لئے اونٹ کو نشان لگا کر علیحدہ کرنا۔ ـ نفسَہُ لكذا: کے لئے اپنے آپ کو تیار کرنا، آمادہ ہونا۔ ـــ إليه رسولاً: کی طرف جلدی سے قاصد بھیجنا۔ الشَرَط (مص) ج أشراط: علامت، چیز کا شروع۔ الشُرَط: میدان کارزار میں سب سے پہلے اترنے اور جان کی بازی لگانے والا فوجی دستہ۔ الشُرْطَه و الشُرْطِی۔ شُرَط کا واحد: پولس والا۔

۴۔ شَرَّطَ الشيءَ: کو باندھنا، مضبوط کرنا۔ الشريط جمع شُرُط: کھجور کی بٹی ہوئی رسی، تار، جیسے: شريط الكهرباء: بجلی کا تار۔ شريط التلغراف: ٹیلیگراف کا تار وغیرہ۔ الشريطة جمع شرائط: ربن (بالوں کو باندھنے کے لئے ڈوری، پتلا فیتہ، لڑی و لیس وغیرہ جن سے کپڑوں کی آرائش کی جاتی ہے۔ الشِرطة ج شَرَاطيط: کپڑے کا ٹکڑا۔

۵۔ أَشْرَطَ بالشيء و فيه: کو ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا۔ اِسْتَشْرَطَ المالُ: مال کا درستی کے بعد خراب ہونا۔ الشَّرْط جمع أَشْرَاط: گھٹیا، کمینہ، کنجوس۔ الشَرَط جمع أشراط: گھٹیا حقیر مال، چھوٹے چھوٹے مال۔ الأشراط: رذیل لوگ، اشراف (ضد)۔ شُرْطَة كل شيء: عمدہ و بہترین چیز۔ أَشْرَطُ الناس: رذیل ترین لوگ۔

۶۔ الشَرِيط ج شُرُط: عورت کی خوشبو وغیرہ رکھنے کی ڈبیہ۔

۷۔ شَرْطَنَ ہُ: کو ترقی دے کر پادری بنانا، آج کل یوں کہا جاتا ہے: (كَهَّنَہُ و سامَہُ كاهِنًا)۔ الشَرْطونية: پادری بنانا Ordination۔

○ شَرَطَ ـ شَرطًا ہ: کو چیرنا، پھاڑنا، کو چیر ادینا، کو چھیلنا، چھیل کر اتارنا، کریدنا، چاک کرنا۔ ـ على ہ: پر شرط یا فرض کے طور پر کچھ عائد کرنا، کے لئے

کچھ مشروط کرنا۔ ــــ ہ: کی صاف صاف شرط کرنا۔ شَرَّط ہ: کو چیر پھاڑ کر چیتھڑے چیتھڑے یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کو چیرا دینا، چھیلنا، کریدنا۔ شَارَطَ: باہمی شرائط طے کرنا، ایک معاہدہ کرنا۔ ــــ ہ: کے ساتھ شرط لگانا، بدنا یا باندھنا۔ تَشَرَّطَ: سخت شرطیں عائد کرنا۔ تَشَرَّط فی عمله: اپنے کام میں توجہ صرف کرنا، اپنا کام محنت سے سرانجام دینا۔ اِشْتَرَطَ علی ہ: پر کچھ شرط یا فرض کے طور پر عائد کرنا، پر کچھ مشروط کرنا۔ ــــ ہ: کی صاف صاف شرط کرنا۔ اُشْتُرِطَ لِ: کے لئے بنیادی یا اولین شرط ہونا۔ شَرْط جمع شروط: چیر (کھال میں) لمبا کٹ، شگاف، شرط، شرط لازم، (قانون کی) دفعہ (معاہدہ کی)، شق (تحدیدی) شرط۔ شَرْطًا أن، بشرطِ، علی شرطِ أن، علی شَرِیطةِ: اس شرط پر کہ من دون شرطٍ، (بدون) شرط: بلاشرط۔ بلاشرطٍ أو قید: بلاشرط، غیرمشروط۔ شرط الخیار: (کسی ٹھیکہ، معاہدہ، تجارتی معاملہ، ذمہ داری سے پیچھے ہٹنے کے حق کی شق)۔ اشراط الساعة: علامات قیامت۔ شَرْطِی: مشروط۔ جملہ شرطیة: شرطیہ جملہ۔ شَرْطِیة: ٹھیکہ، معاہدہ۔ شَرْطة جمع شُرَط: جنبش، لکیر، نشانِ الحاق (hyphen)، ڈیش (dash)۔ شُرْطَة: پولیس، پولیس والے، سپاہی۔ دار الشُرطة: پولس سٹیشن، تھانہ۔ تقریر الشرطة: پولیس رپورٹ۔ شُرْطِی و شُرَطی جمع شرطیون: پولیس مین، آفیسر۔ شَرِیط جمع شَرَائِط و أشْرِطة: بینڈ، ربن، ٹیپ، ڈوری، رسی، ستلی، طناب، لائن، تسمہ، فیتہ، بٹا ہوا ڈورا، گندھے ہوئے بال، کنگری (chevron)، فیتی، فیتہ، تمغہ کا ربن، سروس ربن، (ریلوے) لائن، فلم کی پٹی film strip فلم۔ شریط سینمائی: (میگنیٹک) ٹیپ۔ شریط مُصَغَّر: مائیکروفلم۔ شریط القیاس: ماپ کی ٹیپ۔ شریط ناطِق جمع شَرَائِط ناطِقة: ساؤنڈ فلم، بولتی فلم، ساؤنڈ ٹریک، میگنیٹک (مقناطیسی) ٹیپ۔ شَرِیط النار: فیوز (fuse) دودة الشريط: tapeworm مَشْرَط: پروگرام۔ مِشْرَط جمع مَشارط: نشتر۔ اشتراط جمع اشتراطات: شرط۔

شرع: ا۔ شَرَعَ - شَرْعًا للقوم: قوم کے لئے قانون بنانا۔ ــــ لهم الطریق: کی رہنمائی کے لئے راستہ پر چلنا یا اس کو ظاہر کرنا۔ کہتے ہیں: شَرَعَ اللّٰهُ لنا کذا یشرَعُه: اللہ تعالیٰ نے اپنی شرع سے یہ ظاہر اور واضح کیا۔ ــــ الرجُلُ: حق کو ظاہر کرنا، باطل کو مٹانا۔ شَرْعًا و شُرُوعًا الطریقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ شَرَّعَ و أشْرَعَ الطریقَ: راستہ کو ظاہر کرنا، واضح کرنا۔ اِشْتَرَعَ الشَرِیعَةَ: قانون بنانا۔ الشَرْع (مص): شریعت۔ کہتے ہیں: شَرْعُكَ ما بلَّغَكَ المحلَّ: تمہیں اتنا زادراہ کافی ہے جو تمہیں تمہاری منزل تک پہنچا دے۔ مراد آسان پر قناعت کرنی چاہیئے۔ ــــ والشِرع و الشَرَع: مثل، برابر۔ کہتے ہیں: الناس فی هذا شرعٌ واحِدٌ: لوگ اس میں برابر ہیں۔ هم فی هذا شرعٌ کا بھی یہی معنی ہے۔ دو ہوں تو کہیں گے: هما شِرعان وہ دونوں برابر ہیں۔ الشِرْعَة ج شِرْع و شَرْع و شِرَع و شِرَاع: شریعت، عادت، مثل۔ کہتے ہیں: هذه شِرعة هذه: یہ اس جیسی ہی ہے۔ الشَرِیعَة جمع شَرَائِع: اسلامی قانون، خدائی احکام، ضابطہ۔ الشَرْعِیّ: شرع کے مطابق، شرع پر منطبق (کوئی عمل وغیرہ)۔ الإبن الشرعی: شرعی بیٹا جسے کوئی شخص اپنا بنالے اور اسے اپنے اصل بیٹے کا درجہ دے۔ المَشرُوع: جائز، جسے شرع جائز قرار دے۔

۲۔ شَرَعَ - شَرْعًا البیتُ: گھر کا لب سڑک ہونا۔ ــــ البابَ إلی الطریق: دروازہ کو راستہ کی جانب کھولنا۔ ــــ شَرْعًا و شُرُوعًا فلانٌ علینا: ہمارے قریب ہونا اور ہماری طرف جھانکنا۔ أشْرَعَ بابَه إلی و علی الطریق: دروازہ راستہ کی طرف کھولنا۔ الشارع جمع شَوَارِع: عام گزرگاہ، بہت آمد و رفت والی سڑک۔ بیتٌ شارِع: سڑک کے قریب واقع مکان۔ الشوارع من النجوم (فلك): ڈوبنے کے قریب ستارے۔ الشریعة جمع شَرَائِع: دہلیز، چوکھٹ۔

۳۔ شَرَعَ - شَرْعًا و شُرُوعًا فی الماء: پانی میں گھسنا یا پانی کو چلو سے پینا۔ ــــ الوَارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا۔ ــــ الماشِیَةَ: مویشی کو پانی پلانا۔ ــــ الأمرَ: کام شروع کرنا۔ ــــ فی الأمر: کام میں مشغول ہونا۔ ــــ بفلان: کسی کو پانی پلانا۔ ــــ یضربُ: کا مارنے لگنا۔ شَرَّعَ و أشْرَعَ ہُ فی الماء: کو پانی میں داخل کرنا۔ الشِرْعَة جمع شِرْع و شَرْع و شِرَع و شِرَاع: پانی کی جانب راستہ۔ الشُرَّع و الشُرُوع: کہتے ہیں: إبِلٌ شُرَّعٌ و شُرُوعٌ: پانی میں گھسے ہوئے اونٹ۔ الشَرِیعَة ج شَرَائِع: [illegible] پینے کا گھاٹ۔ المَشرَع و المَشْرَعَة و المَشْرُعَة جمع مَشارِع: پانی کا گھاٹ۔ الامرَ المَشرُوع: وہ کام جو آپ نے شروع کیا ہو۔

۴۔ شَرَعَ - شَرْعًا و شُرُوعًا الرِمَاحَ فَشَرَعت هِی: نیزوں کو سیدھا کرنا تو ان کا سیدھا ہو جانا۔ أشْرَعَ علیه الرمحَ: نیزہ کو کسی کی طرف سیدھا کرنا۔ الشَارِع م شارِعَة جمع شُرَّع و شُرُوع و شَوَارِع (فا): رماح شارعة و شَوَارِع: سیدھے کئے ہوئے نیزے۔ الشِراع جمع أشْرِعَة و شُرُع: کمان کی تانت۔ الشُرَاعِی من الرماح: لمبا نیزہ جو شُراع نامی شخص سے منسوب ہے، جو نیزے بنایا کرتا تھا۔ الشَرْعَة و الشِرْعَة ج شِرْع و شَرْع و شِرَاعٌ: کمان کی تانت؛ تار بھی کہتے ہیں: ضربوا علی الشَرَع: انہوں نے تانت کو بجایا۔ الشِرْع: سارنگی کے تار۔ جوتے کا تسمہ۔ المشروع: سیدھا کیا ہوا۔

۵۔ شَرَعَ - شَرْعًا الشیءَ: چیز کو بہت اونچا کرنا۔ ــــ الحبلَ: رسی کھول کر اس کے دونوں کناروں کو کڑے میں ڈالنا۔ شَرَّعَ السفینةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔ ــــ الحبلَ: رسی کی گرہ کھولنا۔ أشْرَعَ الشیءَ: کو بہت اونچا کرنا۔ الشِراع جمع أشْرِعَة و شُرُع: ہر نصب کی ہوئی اور اٹھائی ہوئی چیز۔ بادبان اونٹ کی گردن۔ کہتے ہیں: رجلٌ شِراعُ الانف: لمبے بانسے کی ناک والا۔ الشِرَاعِی من الإبل: لمبی گردن والا اونٹ۔ الشَرْعَة جمع أشْرَاع: کشتی۔ الشِرْعَة جمع شِرْع و شَرْع و شِرَع و شِرَاع: بھٹ، تیتر، شکار کرنے کا جال۔ أنف أشْرَع: لمبے بانسے کی ناک۔ المُشَرَّع من البیوت: اونچا مکان۔

۶۔ الشَرَاعَة: شجاعت، بہادری۔ الشَرَّاع: عمدہ کتان بیچنے والا۔ الشریع: بہادر، شجاع، عمدہ کتان۔ ــــ من اللیف: درخت خرما کے سخت چبھنے والے کانٹے۔ المِشْرَع (مو): گھڑی کے رقاص (pendulum) جیسے رقاص والا آلہء موسیقی جو موسیقی سن کر تیز حرکت ظاہر کرتا ہے۔

۷۔ شَرْعَبَ الادیمَ: چمڑے کو لمبائی میں کاٹنا۔ الشَرْعَب: لمبا، طویل۔ الشَرْعَبِیّ: ایک قسم کی چادر، خوبصورت جسم کا لمبا آدمی۔

○ شَرَعَ - شَرْعًا و شُرُوعًا فی: میں داخل ہونا؛ (فی/ب) سے شروع کرنا، آغاز کرنا شرع یفعل: کرنے لگنا؛ ــــ ہ: (اسلحہ وغیرہ) کو (علی) کسی کی

طرف کرنا یا اس کا رخ کسی کی طرف کرنا؛ ـــ ہ: کو کھولنا؛ ـ ہ: (سنگین) کو ـ (علی): (رائفل) پر لگانا ـ ہ: (قوانین) کو رائج کرنا، وضع کرنا، بنانا۔ ـ ہ: (قوانین) وضع کرنا، بنانا۔ (ل) کے لئے۔ شرع مشروعا: کوئی سکیم بنانا۔ شَرَّع (ہ): ہتھیار کا نشانہ۔ (علی) کی طرف کرنا۔ شرّع: قانون سازی کرنا۔ أَشْرَع ہ: ہتھیار نکال کر (علی) کی طرف کرنا یا اس کا رخ کی طرف کرنا۔ أَشْرَع عينيه إلى: کو ایک نظر دیکھنا، پرسری نظر ڈالنا۔ أشْرَع قَلَمَهُ: اپنی قلم نکالنا یعنی لکھنے کے لئے تیار ہونا۔ إشْتَرَعَ ہ: قوانین کو رائج کرنا، وضع کرنا، بنانا ـــ ہ: قوانین، مقرر کرنا یا دینا (ل) کیلئے یا کو، قوانین وضع کرنا (ل) کیلئے۔ الشرع: اسلامی قانون۔ شَرْعًا و فرعًا: مکمل حق کے ساتھ، اچھے مقصد کے ساتھ، کے حق کے طور پر۔ شَرْعيًّا: قانونی طور پر، قانون کی نظر میں، جائز طور پر۔ الطب الشرعي: عدالتی طب۔ القضاء الشرعي: شریعت پر مبنی عدالتی اختیار۔ المحاكم الشرعية: مذہبی عدالتیں۔ شَرْعِيَّه: قانونی استحقاق، قانونی کی مطابقت، جائز حق، جواز۔ شِرْعَة: قانون۔ الشِرْعَة: شریعت، اسلامی قانون۔ شِرَاع جمع شُرُع و أَشْرِعة: بادبان، خیمہ۔ شِراعي: بادبانی۔ سفينة شِرَاعية: بادبانی کشتی۔ طَائِرة شِرَاعِية: بے انجن طیارہ (glider)۔ شَرَّاعَة: جھروکہ، دروازہ میں جھانکنے کا سوراخ۔ شَرِيعة جمع شرائع: باؤلی، باؤلی کا راستہ، قانون۔ نهر الشريعة: دریائے اُردن۔ مَشْرَعَة جمع مشارع: پانی پینے کی جگہ۔ تشريع: قانون سازی۔ سلطة التشريع: قانون سازی کا اختیار، قانون سازی، مجلس قانون ساز، مقننہ۔ تشريعي: قانون ساز۔ الجَمْعِيَّة التشريعية: قانون ساز اسمبلی۔ دورة تشريعية: قانون سازی کا عرصہ، یا اجلاس۔ السُلطة التشريعيه بمعنی سلطة التشريع۔ تثنية الاشتراع: حضرت موسیٰ کی پانچویں کتاب۔ إشْتِرَاعي: قانون سازی کا۔ شارع: قانون ساز، قانون دینے والا جمع شارعون۔ شَارِع جمع شَوارع: گلی، سڑک۔ شارع رئيسي: بڑی سڑک شاہراہ، عام گزرگاہ، شارع عام: عام گزرگاہ، شارع عام۔ مشروع: جائز، قانونی، قانون کے مطابق، جائز حقدار۔ مشروع جمع مشروعات، و مشاريع: پلان، پراجیکٹ، سکیم، ڈیزائن، کار عظیم، ذمہ داری۔ مَشرُوعُ قانون: بل، مسودہ قانون۔ مشروعية: قانونی استحقاق، جواز۔ مُشَرِّع جمع مُشَرِّعُون: قانون ساز، قانون دینے والا۔ مُتَشَرِّع: قانون ساز، قانون دینے والا، ماہر قانون، فقیہ۔ مُشْتَرِع جمع مُشْتَرِعون: قانون ساز، قانون دینے والا، ماہر قانون، فقیہ۔

شرف: ١ـ شَرُفَ ـُ شَرَافَةً و شَرَفًا: شریف ہونا، بلند رتبہ والا ہونا، دین و دنیا میں بلند مرتبہ کا حامل ہونا۔ ـُ شَرُفَاهُ: پر شرف میں غالب آنا، صفت مفعولی: مَشْرُوف۔ شَرَّفَ ہُ: کو بزرگی دینا، کی عزت کرنا۔ شَارَفَ ہُ: شرافت و بزرگی میں کسی پر فخر کرنا۔ تَشَرَّفَ الرجُلُ: شرف حاصل کرنا ـــ بكذا: کو اپنے لئے باعث شرف جاننا۔ تُشُرِّف القومُ: قوم کے عزت دار لوگوں کا قتل ہونا۔ إسْتَشْرَفَ الشاةَ: بے عیب بکری کو تلاش کرنا۔ الشَرَف (مص): بلندی و بزرگی، خاندانی شرافت، شریف۔ کہتے ہیں: هو شَرَفُ قومه و كَرَمُهُم: وہ اپنی قوم کا شریف اور کریم شخص ہے۔ الشَرُفَة: خاندانی شرافت۔ الشُرْفَةُ من المال: مال کا عمدہ حصہ۔ کہتے ہیں: أَعِدُّ زيارتكم شُرْفَةً: میں آپ کی آمد کو مہربانی اور شرف سمجھتا ہوں۔ الشَارِف (فا) جمع شُرَّف و شُرُف و شُرُوف و شُرْف: عنقریب صاحب شرف ہونے والا۔ الشَرِيف ج شُرَفاء و أَشْرَاف مونث شَرِيفَة جمع شرائف و شَرِيفات: صاحب شرف، عزت دار ـــ عند المسلمين: خاندان نبوت سے تعلق رکھنے والا۔ الخط الشريف: سلطان کے ہاتھ یا اسکے حکم سے لکھی جانے والی تحریر۔ نقيب الاشراف: نبی کریم کی اولاد کے نسب نامہ کا ریکارڈ رکھنے والا تا کہ کوئی غیر اس کا دعویٰ نہ کر سکے۔ الشَرِيفَة: کہتے ہیں: فلانٌ نفسُه شَرِيفَةٌ: وہ شریف النفس ہے۔ الأَشْرَف: اسم تفضیل ہے۔

٢ـ شَرَفَ ـُ شَرْفًا الحائطَ: دیوار میں کنگرہ بنانا۔ شَرِفَ ـَ شَرَفًا: بلند ہونا۔ شَارَفَ المكانَ: پر چڑھنا ـــ الشيءَ: کو اوپر سے جھانکنا۔ شَرَّفَ البيتَ: گھر کے کنگرے بنانا ـــ المكانَ: پر چڑھنا۔ أَشْرَفَ الشيءُ: بلند اور اونچا ہونا، کھڑا ہونا ـ المكانَ: پر چڑھنا ـ عليه: کو اوپر سے جھانکنا، پر مہربان و مشفق ہونا۔ تَشَرَّفَ البيتُ: گھر کا کنگرے والا ہونا ـ المكانَ: پر چڑھنا ـ الشيءَ: پیشانی پر ہاتھ رکھ کر کسی چیز کو نظر اٹھا کر دیکھنا ـ للشيء: کو جھانکنا ـ على الشيءِ: کو اوپر سے جھانکنا۔ إشْتَرَفَ: کھڑا ہونا۔ إسْتَشْرَفَ: کھڑا ہونا ـــ الشيءَ: پیشانی پر ہاتھ رکھ کر کسی چیز کو نظر اٹھا کر دیکھنا ـــ هُ حقَّه: کا حق مار لینا۔ الشَرَف جمع أَشْرَاف: بلند جگہ، ناک۔ شرفُ البعير: اونٹ کا کوہان۔ أَشْرَافُ الانسان: آدمی کے کان اور ناک۔ الشَرَفة: شُرَفات کا واحد: مثلث یا مربع برجیاں، جو شہر پناہ یا محل کے اوپر کے حصہ میں بنائی جاتی ہیں۔ الشُرْفَةُ من القصر ج شُرَف: محل کا چھجا، بالکونی۔ الأَشْرَف (ح): چمگادڑ۔ قصرٌ أشرف م شَرْفَاء ج شُرف: چھجوں یا برجیوں والا محل۔ رجُلٌ أَشْرَف: بلند کاندھے والا آدمی۔ منكبٌ أَشْرَف: بلند مونڈھا۔ الشَرْفاء: أشْرَف کا مونث اور چھجوں (بالکونیوں) یعنی شُرَف کا واحد ـ من الآذان: لمبا کان۔ حارِكٌ شَرِيف: مونڈھا۔ المُشْرِف من الاماكن: اونچی جگہ، اوپر سے جھانکنے کی جگہ۔ المُشْرَف جمع مَشَارِف: جھانکنے کی جگہ۔ مَشَارِفُ الارض: زمین کی بلند جگہیں۔ المُسْتَشْرِف: بلند، اونچا۔

٣ـ شَرَفَ ـُ شروفًا ت الناقةُ: اونٹنی کا بوڑھی ہونا۔ الشارِف من النوق جمع شُرَّف و شُرُف و شُرُوف و شُرْف: بوڑھی اونٹنی۔ سهمٌ شارِف: پرانا تیر۔ دَنٌّ شارف: پرانی شراب کا مٹکا۔ الشارِفة جمع شَارِفات و شَوَارِف: الشَارِف کا مونث: بوڑھی اونٹنی۔ الشَوَارِف: شراب کے برتن۔

٤ـ شَارَفَ ہُ: کے قریب ہونا اور آنا۔ أشرف على الموت: قریب المرگ ہونا ـــ ت الخيلُ: گھوڑوں کا تیز دوڑنا ـــ لك الشيءُ: کا تمہارے لئے ممکن ہونا اور تمہاری طاقت میں ہونا ـ ت نفسُهُ على الشيء: کا حریص ہونا، اور اسکی خاطر ہلاک ہونا۔ المَشْرَفي: عرب کے ان دیہات کی طرف منسوب جو مشارفُ الشام کے نام سے معروف ہیں۔ اسی سے ہے: السيوفُ المشرفية: اشرفی تلواریں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ نسبت یمن میں ایک جگہ کی طرف ہے مشارف الشام کی طرف نہیں۔

○ شَرُفَ ـُ شَرَفًا و شَرَافَةً: خاندانی، شائستہ، شریف، عالی نسب، امیرزادہ، مشہور، نامور، ممتاز، سربرآوردہ، بلند رتبہ ہونا۔ شَرَّفَ ہُ: (کو) شریف، عالی نسب، امیر زادہ، مشہور، نامور، ممتاز، سربرآوردہ بنانا، کو سرفراز کرنا، نواب بنانا، ممتاز بنانا، ممتاز کرنا، کی عزت کرنا، کو اعزاز عطا کرنا۔ ہ (ب): کا، کو شرف عطا کرنا

شَارَفَ ہٗ: کیساتھ شرف اور عالی نسبی وغیرہ میں مقابلہ کرنا، ـــ ہٗ: کے قریب جانا، کے اتنا قریب آنا کہ دیکھا جا سکے، کی زد میں ہونا، کو اوپر سے دیکھ سکنا، سے نظر میں آنا، کی نگرانی کرنا، پر تسلط قائم رکھنا، کی نگہبانی کرنا۔ أَشْرَفَ: اونچا، لمبا، بلند ہونا۔ ـــ علی: سے کہیں بلند ہونا، سے اونچا ہونا، کو اوپر سے دیکھ سکنا، سے بڑھنا یا اونچا ہونا، سے نظر میں آنا، (کھڑکی یا دروازہ وغیرہ کا) کی طرف کھلنا، یا اسکا اس کی طرف رخ ہونا، میں تماشائی ہونا، میں تماشا دیکھنا، دیکھا کرنا، (کی) نگرانی کرنا، اوپر سے دیکھنا، کا انتظام کرنا، پر کنٹرول کرنا، کا اہتمام کرنا، کو چلانا، کا نظم و نسق کرنا، کا نگران ہونا، کے قریب ہونا، کو کرنے کو ہونا۔ تَشَرَّفَ ب: سے مشرف ہونا، کا اعزاز ہونا۔ اِسْتَشْرَفَ الی: کی عزت کرنا، کو نظر اٹھا کر دیکھنا۔ شَرَف: مقام بلند۔ شَرَف: بلند مرتبہ، شرافت، عالی نسبی، امتیاز، عظمت، معزز عہدہ، حقیقی منزلت، عزت، احترام، اعزاز، نیک نامی، شہرت وقار، بزرگی، جلال، شان۔ علی شرفِه: کے اعزاز میں۔ شَرَفی: اعزازی۔ شُرْفة جمع شُرَفات و شُرُفات: بالکونی، بوکس (box) (تھیٹر کا) فصیل کی دندانے دار دیوار۔ شِرافة: (مکہ میں) شریف کا دفتر۔ شُرَّافة جمع شُرَّافات: بالکونی، گیلری۔ شریف جمع شُرَفاء و اَشْرَاف: ممتاز، نمایاں، مشہور، نامور، شریف، عالی نسب، امیر زادہ، شائستہ، محترم، نامی گرامی، برتر، بہترین، پر جلال، سرفراز، عالی شان، جلیل القدر، قابل احترام، آبرومند، باعزت، عزت مآب، قابل عزت، (تجارت پیشہ) دیانت دارانہ، شریف، نبی کریم کی اولاد کا لقب۔ الشریف: (عثمانی سلطنت کے دور میں) مکہ کے گورنر کا لقب۔ مَشْرَف: بلند جگہ وہ جگہ جہاں سے دور دور تک نظر آئے، بلندی جمع مشارف: بلندیاں، پہاڑیاں۔ تَشْرِیفة جمع تشریفات: اعزاز، اعزازات بخشی۔ تشریفات: آداب محفل، مجلسی آداب، پروٹوکول۔ التشریفات الملکیة: سابق شاہ مصر کے معائنے اور تشریف آوریوں اور استقبالوں کے متعلق اعلامیہ۔ رئیس التشریفات: مہتمم تقریبات۔ کِسْوَة التشریفة: پریڈ کی وردی۔ مَلابِس التشریفة: جشن کا لباس۔ مُدِیر التشریفات: چیف آف پروٹوکول، ناظم استقبال سفراء۔ تشریفاتی: تقاریب کا ماہر تقریبات، شاہی مہتمم، ناظم استقبال سفراء۔ بَدْلة تشریفاتیة: پریڈ یونیفارم۔ تحت اشْرافِ: کے زیر اہتمام، کے زیر سرپرستی۔ مُشْرِفٌ علی الموت: قریب المرگ۔ مُسْتَشْرَف: Terrace۔ کھلی جگہ، بالاخانہ۔

شرق: ۱۔ شَرَقَ ـُ شَرْقًا الشاةَ: بکری کا کان لمبائی میں چیرنا، صفت مفعولی: شَرْقاء۔ شَرِقَ ـَ شَرَقًا ت الشاةُ: بکری کا لمبائی میں چیرے ہوئے کانوں والی ہونا۔ اِنْشَرَقت القوسُ: کمان کا پھٹنا۔ الشَّرْق ج اَشْرَاق: چھٹن، شگاف، اس سے ہے: مادخل شَرْقَ فمی شیءٌ: یعنی میرے منہ (کے شگاف) میں کوئی چیز اندر نہیں گئی۔ و ـ الشِرق: دروازے کی درز سے داخل ہونے والی روشنی۔ الشَرَّاق (ب): کمرہ میں روشنی اور ہوا داخل ہونے کی درز یا شگاف (عام زبان میں)۔ مِشْرِیقُ الباب: دروازہ کی دراز جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت دھوپ اندر آجائے۔

۲۔ شَرِقَ ـَ شَرَقًا المَرقَ: شوربے کو اس کی گرمائی کے ڈر سے خود ہی حلق کی طرف کھینچنا، (عام زبان میں)۔ شَرِق ـَ شَرَقًا بریقه: تھوک سے گلا گھٹ جانا۔ عوام تَشَرْدَقَ کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک اس کا اسم شَرْدُوقَة ہے۔ ـــ الجرحُ بالدم: زخم کا خون سے بھر جانا۔ ـــ الموضعُ باهلِه: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہو جانا۔ ـــ ت الارضُ: زمین کا پانی جاری ہونے کے قابل نہ ہونا۔ اَشْرَقَ ہٗ بِرِیقِه: کو اچھو لگنا۔ اِشْرَوْرَقَ اِشْرِیراقًا ت العینُ بالدمع: آنکھوں کا آنسوؤں سے ڈبڈانا، سرخ ہونا۔ الشَرْقَة: شَرَقَ کا اسم مرہ۔ کہتے ہیں: اَخَذَتْهُ شَرْقَةٌ کاد یموت منها: اسے اچھو لگ گیا، جس کی وجہ سے وہ مرنے لگا۔ (عوام اسے شَہْقَة بھی کہتے ہیں)۔ شَرْقَة: کالی کھانسی۔ المِشْرَاق: جس سے اچھو لگتا رہتا ہو۔

۳۔ شَرَقَ ـُ شَرْقًا و شُرُوقًا ت الشمسُ: سورج کا نکلنا، طلوع ہونا۔ ـــ النخلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ شَرَقَ شَرْقًا الثمرَ: پھل چننا، توڑنا۔ شَرَّقَ: مشرق کو روانہ ہونا، چمکدار اور خوبصورت چہرہ والا ہونا۔ ـــ اللحمَ: گوشت کے پارچے بنانا یا اسے دھوپ میں خشک کرنا۔ اَشْرَقَت الشمسُ: سورج کا طلوع ہونا اور چمکنا۔ اَشْرَقَ وجهُهُ: چہرے کا چمکدار ہونا۔ ـــ المکانُ: جگہ کا سورج نکلنے سے روشن ہونا۔ ـــ الرجُلُ: طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ ـــ ت الشمسُ المکانَ: سورج کا جگہ کو روشن [illegible] النخلُ: [illegible] ہونا۔ تَشَرَّقَ: دھوپ میں بیٹھنا۔ الشَرْق جمع اَشْرَاق (فلک): سورج نکلنے کی جگہ، سورج۔ الشَرَق (مص): سورج۔ الشَرْقَة: موسم سرماء میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ ـــ و الشَرِقَة: چڑھنے کے وقت کا سورج۔ الشَرِیق جمع شُرُق: طلوع کے وقت کا سورج، خوبصورت لڑکا۔ التشریق (مص): نماز عید۔ أیام التشریق: عیدالضحیٰ کے بعد تین دن جن میں گوشت خشک کیا جاتا ہے۔ الشَارِق (فا) جمع شُرُق: نکلتا ہوا سورج، سورج کے سوا ستاروں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ (کہتے ہیں: لا اُکلّمك ماذرّ شارِق: میں تم سے بات نہیں کروں گا جب تک کوئی طلوع ہونے والا طلوع ہوتا رہے گا، پہاڑ وغیرہ کا مشرقی پہلو۔ المَشْرِق و المَشْرَق و المَتْرُق جمع مَشَارِق: سورج نکلنے کی جگہ یا سمت۔ المَشْرِقان و المغرِبان: موسم گرما اور سرما کے مشرق۔ المَشَارِق والمَغارِب: سورج کے نکلنے اور غروب ہونے کی مختلف جگہیں کیونکہ سورج سال کے اختتام تک ہر روز ایک جگہ طلوع ہوتا ہے اور ایک دوسری جگہ غروب ہوتا رہتا ہے۔ المَشْرِقَة و المَشْرَقة والمَشْرُقة و المِشْراق و المِشْرِیق: سردیوں میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ المُسْتَشْرِق: مشرقی زبانوں، آداب اور علوم کا ماہر۔ اسم استشراق ہے۔

۴۔ شَرِق ـَ شَرَقًا الدم فی عینه: آنکھ میں خون ظاہر ہونا۔ ـ لَوْنُهٗ: شرم سے رنگ سرخ ہونا۔ شَرِقَت عینه: کی آنکھ کا سرخ ہونا۔ ـــ الشیءُ: چیز کا مخلوط ہونا۔ ـــ ت الشمسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ اور اس کے رنگ میں مٹیالہ پن اور سرخی کا مخلوط ہونا۔ شَرَّقَ الشیءَ بالزعفران: چیز کو زعفران میں رنگنا۔ اَشْرَقَ الثوبَ فی الصبغ: کپڑے کو گہرا رنگ دینا۔ اِشْرَوْرَقَ اِشْرِیراقًا ت العین بالدمع: آنسو سے آنکھ کا سرخ ہونا۔

۵۔ شَرَّقَ البناءَ: عمارت کو چونے وغیرہ سے لیپنا۔ الشَّارُوق: چونے کا پلستر، راکھ ملا ہوا چونا۔ المُشَرَّق (مفع): چونے وغیرہ سے پلستر کیا ہوا۔

۶۔ الشَرَقْرَق و الشَرَقْرَاق و الشِرِقْراق و الشَقِرَّاق (ح): ایک چھوٹا پرندہ جسے الأخیل بھی کہا جاتا ہے۔ عوام اسے الشُقُرَّق کا نام دیتے ہیں۔

○ شَرَقَ ـُ شَرْقًا و شُرُوقًا: (سورج کا) نکلنا، طلوع ہونا؛ چمکنا، روشن ہونا، شعاعیں نکلنا۔ شَرِقَ ـَ شَرَقًا اچھو لگنا۔ ـــ بدمعه: بمشکل آنسو روکنا، یا پی جانا۔ شَرَقَ ـُ ہٗ: کی چسکی لگانا، کو چپڑ چپڑ پی جانا،

کا سر پا لگانا، کوسڑ کنا، چوسنا۔ شرَّق: شرق کی طرف جانا۔ ـــ ہ: گوشت کے پارچے کر کے دھوپ میں سکھانا۔ أشرَق: سورج کا نکلنا، چمکنا، شعاعیں نکالنا۔ تَشَرَّق: مشرقی ہونا، شرق کا باشندہ ہونا۔ اِستَشرَق: مشرقی ہونا، مشرقی انداز اختیار کرنا، مشرق کا مطالعہ کرنا۔ شَرْق: طلوع آفتاب، مشرق۔ شرقاً: مشرقی جانب۔ شرق الاردن: ماوراء اردن (۱۹۵۰ تک)۔ الشرق الادنی: مشرق قریب۔ الشرق الاقصٰی: مشرق بعید۔ الشرق الاوسط: مشرق وسطی۔ شرقِیّ: مشرقی۔ الشرقیون: مسیحی چرچ کے مشرقی۔ شرقی اوربا: مشرقی یورپ۔ شِرَاق: گودے دار چیز کی کنڈی، ہلکی لکڑی۔ شُروق: طلوع آفتاب۔ شَراقی: دریائے نیل سے سیراب نہ ہونے والی زمین۔ شَرّاق: سکشن پمپ کا حصہ part of suction pump۔ المَشرِقان: مشرق و مغرب۔ مشارقُ الارض و مغاربُها یا المشرقان و المغربان: پوری دنیا۔ فی المغربین و فی المشرقین: دنیا بھر میں۔ مشرقی: مشرقی جمع مشارقة: مشرقی باشندہ۔ المشرقیات: مشرقی مطالعے۔ تشریق: مشرقی بنانا: گھریلو صنعت کی ترقی (اقتصادی) آزادی کے لئے سرگرمی۔ اِشراق: روحانی جلا (نوفلاطونیت سے ماخوذ تصوف)۔ الاشراقیون: روحانی جلا کے قائل۔ الاستشراق: مشرقی مطالعے۔ مُشرِق: چمکدار، درخشاں، منور، تابان۔ مُستَشرِق: مشرقی تہذیب کا حامل، مشرقی علوم کا ماہر۔ شَرَقْرَق و شَرَقْراق: سبز کٹھ پھوڑا، ہدہد وغیرہ۔

شرك: ا۔ شَرِكَ ـَ شَرَكًا النعلُ: جوتے کا تسمہ ٹوٹنا۔ شَرَّكَ و أشرَكَ النعلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔ الشَرَك جمع شُرُك و أشراك واحد شَرَكة: جال، پھندا، راستے پر جانور کے قدموں کے نشانات۔ الشِراك جمع أشرُك و شُرُك: جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی۔ الشُرَكی و الشُرَّكی: تیز چال۔ کہا جاتا ہے: لَطَمَهُ لطما شُرَكِيًّا: اس نے اسے جلدی جلدی پے در پے طمانچے مارے۔

شَرِكَ ـَ شَرْكًا و شَرِكًا و شِرْكَةً و شَرِكَةً ہ: کا شریک ہونا۔ شارَكَهُ و تشارکا: باہم شریک ہونا، ایک دوسرے کا حصہ دار بننا۔ أشرَكَهُ فی أمرِه: کو اپنے کام میں شریک کرنا۔ ـــ باللّٰه: اللہ کے لئے شریک ٹھہرانا صفت: مُشرِك و مُشرِكی: اسم شِرک۔ اِشتَرَكَ الامرُ: کسی امر کا مشتبہ ہونا۔ ـــ القومُ فی كذا: میں باہم شریک ہونا۔ الشِرْك جمع أشراك: شَرِكَ و أشرَكَ کا اسم، شریک، حصہ، اسی سے ہے بِيعَ شِرْكٌ من داره: اس کے گھر کا حصہ فروخت کیا گیا۔ الشِركة (مص): شریک کا حصہ، دو یا زائد حصوں کا اس طرح مل جانا کہ آپس میں تمیز نہ ہو سکے، عقد پر بھی اسکا اطلاق ہوتا ہے۔ خواہ یہ اختلاط نہ ہو۔ جیسے شرکة تجارية۔ الشریك جمع شُرَكاء و أشراك م شَرِيكة جمع شَرائك: شریک۔ کہتے ہیں: اللّٰه لاشريكَ له: یعنی اللہ تعالی کی بادشاہت، ذات اور صفات میں کوئی شریک نہیں۔ المُشتَرَك (مفع): وہ چیز جس میں دو یا زائد کی شرکت ہو۔ کہتے ہیں: طَرِيقٌ مُشتَرَكٌ و رأيٌ مُشتَرَكٌ و امرٌ مُشتَرَكٌ: مشترکہ راستہ، رائے یا معاملہ۔ لفظٌ مُشتَرَك: وہ لفظ جس کے کئی معانی ہوں، جیسے عین۔ رجلٌ مُشتَرَكٌ: اپنے جی میں باتیں کرنا والا۔ الاشتراکی: اشتراکیت کا تابع۔ الاِشتراكِية: سوشلزم، اشتراکیت، مذہب جس کا موقف معاشرہ کی شکل تبدیل کر کے وسائل پیداوار کو مشترکہ بنانا، دولت کے حصے تمام لوگوں کو دینا نیز مشترکہ کام اور اشیائے صرف کی سب میں تقسیم ہے۔

۞ شَرِكَ ـَ شِرْكًا و شِرْكَةً و شَرِكَةً ہ فی: کا میں شریک ہونا، کے ساتھ میں حصہ لینا، کا میں شریک، حصہ دار، ساجھی یا ہم صحبت ہونا۔ شارَكَ ہ ہ یا فی: کا میں شریک ہونا، کے ساتھ میں شرکت کرنا، کا میں شریک حصہ دار ساجھی اور ہم صحبت ہونا۔ ـــ ہ: کا ہمصحبت ہونا، کے ساتھ اٹھنا، بیٹھنا، کے ساتھ حصہ داری میں شامل ہونا۔ ـــ ہ ہ یا فی: کے ساتھ میں شراکت قائم کرنا، کے ساتھ میں شامل ہونا۔ ـــ ہ: کے ساتھ ہمدردی کرنا۔ شارکه رايه: کی رائے میں شریک ہونا۔ أشرَكَهُ: کو حصہ دار، شریک، ساجھی اور ساتھی بنانا۔ ـــ ہ فی: کو میں حصہ دینا۔ ـــ ہ ب: کسی چیز کو کے ساتھ جوڑنا، باندھنا، نتھی کرنا، کو میں شریک کرنا۔ اشركه بالله: کسی کو اس کی تخلیق اور حکم میں ساتھی یا شریک بنانا۔ اشرك بالله: مشرک ہونا، بت پرست ہونا۔ تَشارَكَ مع: کے ساتھ شراکت کرنا۔ ـــ فی: میں باہم حصہ دار ہونا۔ اِشتَرَكَ مع: کے ساتھ شراکت کرنا، تعاون کرنا۔ ـــ مع فی: کے ساتھ میں شرکت کرنا، کے ساتھ میں حصہ لینا۔ ـــ فی: میں ساتھ مل کر کام کرنا، میں اشتراک میں کام کرنا، میں ہم کاری کرنا، میں حصہ لینا، کا سبب بننا، میں ممد ہونا، میں چندہ دینا، کی تائید کرنا۔ شِرك: شرک، بت پرستی۔ اهلُ الشرك: مشرکین، بت پرست۔ شَرَك جمع شُرُك و أشراك و شِرك: جال، دام، پھندا، گڑھا۔ نصَبَ له شَرَكا: کے لئے جال بچھانا۔ شُرُك: جعلی، غلط، نقلی مصنوعی۔ شِركة و شَرِكة: شراکت، رفاقت جمع شرکات: شرکت، مستقل رفاقت، کمپنی، کارپوریشن، تجارتی فرم، ادارہ، کارخانہ کاروبار، تجارت۔ شركةُ التامين: بیمہ کمپنی۔ شركة تجارية: تجارتی کمپنی، فرم۔ شركة الاذاعة: نشریاتی کارپوریشن۔ شركةُ المُساهَمَة: مشترکہ سرمایہ کی کمپنی یا کارپوریشن۔ شركة سِهامية: مشترکہ سرمایہ کی کمپنی۔ شركة الشركات: ٹرسٹ، اتحاد تجار۔ شِراك جمع شُرُك و أشراك: تسمہ۔ شريك جمع شُرَكاء و أشراك: حصہ دار، حصہ لینے والا، شریک، ساجھی، ساتھی رفیق، متحد، منسلک، نیم وفاقی، حلیف، اتحادی۔ شریک مالک، شریک (جرم)، رفیق (جرم)۔ شريك مُوصٍ: خاموش حصہ دار Silent partner۔ شُرَيك: کنوں والا کیک۔ شَرِيكة: شریک کا مؤنث۔ سياسة التشريك: اتحادی پالیسی۔ بالاشتراك مع: کے ساتھ مشترکہ طور پر، اتفاق رائے سے، کے ساتھ۔ اشتراك شهری: ماہانہ چندہ۔ اشتراكی: اشتراکی، اشتراکیت پسند جمع اشتراکیون۔ اشتراكية: socialism, socialistic۔ الامنُ المشترك: اجتماعی حفاظت۔ بلاغٌ مُشتَرَك: مشترکہ اعلامیہ۔ السوق المشترك: کامن مارکیٹ Common market۔ الشُعور المشترك: اتحاد، یکجہتی، بھائی چارہ کی سپرٹ۔

شرم: ا۔ شَرَمَ ـِ شَرْمًا الشیءَ: چیز کو پھاڑنا۔ ـــ الانف: ناک کا بانسہ کاٹنا۔ ـــ الثَرِيدَة: ثرید کو اطراف سے کھانا۔ ـــ لفلانٍ من ماله: کسی کو اپنے مال میں سے کچھ دینا۔ شَرِمَ ـَ شَرَمًا: کٹی ہوئی ناک والا ہونا صفت: أشرَمُ م شَرْماء جمع شُرْم۔ شَرَّمَهُ: کو پھاڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تَشَرَّمَ و اِنشَرَمَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پھٹنا۔ ـــ الصیدُ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگ جانا۔ الشَرْم (مص) جمع شُروم: خلیج۔ الشارِم (فا): تیر جو نشانہ کے پہلو کو چھید دے۔

۲۔ الشَرْم جمع شُروم: سمندر کا گہرا حصہ، کھاڑی۔ (ن) ایک قسم کا درخت۔

○ شَرْم جمع شُروم: درز، شگاف، چاک، چیر، خلیج، کھاڑی۔

○ شَرْمَطَ ہ: کسی چیز کو چیتھڑے چیتھڑے کر دینا۔ شَرْمُوطَة جمع شراميط: چیتھڑا، دھجی، ٹکڑا، پرزہ، رنڈی، کسبی، پھوہڑ عورت، طوائف۔

شرن: ا۔ شَرِنَ - شَرَنًا الصخرُ: چٹان کا پھٹنا۔ الشَّرْن: شگاف۔

۲۔ الشَّرَنْبَث و الشَّرَنْذ: سخت موٹے ہاتھوں والا۔ (ح): شیر۔

۳۔ الشُّرْنُبَى (ح): ایک پرندہ۔

۴۔ شَرْنَفَ الزرعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو چھانٹنا۔

۵۔ شَرْنَقَ الشيءَ: کو کاٹنا۔ الشَّرَانِق: سانپ کی اتاری ہوئی کینچلی۔ ـــ واحد شَرْنَقَة: ریشم کے کیڑے کا کویا ان کو فيالج (جس کا واحد فيلجه) بھی کہتے ہیں اور مرادف الصُّلَج ہے، جس کا احد صُلَّجة ہے۔

○ شَرْنقة جمع شَرَانِق: ریشم کے کیڑے کا) کویا، (پلیے کا) خول (سانپ کی) کینچلی، سن کا ریشہ، سن کا بیج۔

شره: شَرِهَ - شَرَهًا و شَرَاهَةً إلى الطعام و عليه: کھانے کا بہت حریص ہونا، صفت شَرِه و شَرْهان۔ الشَّرِه: ضرورت سے زیادہ کھانا کھانے والا اسم الشراهة ہے۔ الشَّرْهاء من السنين: خشک سال۔

○ شَرِه - على يا إلى: (کھانے) کا بہت لالچی ہونا، ـ: لالچ سے کھانا، بھوکوں کی طرح کھانا، بسیار خور ہونا، کھاؤ، پیٹو، پُرخور ہونا۔ شَرَهٌ و شَرَاهَةٌ: پرخوری، بسیار خوری، بھوکوں کی طرح کھانا، پیٹو پن، ندیدہ پن، حرص، طمع، لالچ، شیفتگی۔

شرو: ا۔ الشَّرْوُ و الشِّرو: شہد۔

۲۔ الشِّروالی: دیکھو سروال۔

شری: ا۔ شَرَى - شِراءً و شِرىً الشيءَ: کو خریدنا، بیچنا۔ ـــ بنفسه عن قومه: پیش قدمی کر کے قوم کی طرف سے لڑنا، بادشاہ کے پاس قوم کی نمائندگی کرنا۔ شَارَى مُشاراةً و شِراءً الرجُلَ: سے خرید و فروخت کرنا۔ أَشْرَى القومُ: طاعتِ امام سے باہر ہو کر خارجیوں جیسا ہو جانا۔ تَشَرَّى تَشَرِّيًا: خارجی بن جانا۔ اِشترى الشيءَ: چیز خریدنا، بیچنا۔ الشراء جمع أَشْرِيَة و الشِّرَى: خریدنا، بیچنا۔ الشَّرَى و الشَّرَاة: مال کا عمدہ یا ردی حصہ۔ کہتے ہیں: إبلٌ شَرَاةٌ: عمدہ اونٹ۔ الشَّرْوَى: مثل، مانند، مشابہ (واحد تثنیہ، جمع مذکر مونث سب کے لئے یکساں مستعمل ہے)۔ کہتے ہیں هو و هي و هما و هم و هن شَرْوَاك: وہ (سب) تم جیسے ہیں۔ نیز کہتے ہیں انه لا يملك شَرْوَى نقير: وہ نقیر کے برابر بھی کسی چیز کا مالک نہیں ہے۔ یہ کم مائیگی کے بارے میں ضرب المثل ہے۔ نقیر کھجور کی گٹھلی میں گڑھے کو کہا جاتا ہے۔ الشَّرِي من الخيل: اچھا، چنا ہوا گھوڑا۔

۲۔ شَرِيَ يَشْرَى شُرىً الرجُلُ: اصرار کرنا، غضبناک ہونا۔ ـــ الفرسُ في سيره: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ ـــ الفرسُ في لجامِه و البعير في زِمامِه: گھوڑے کا اپنی لگام اور اونٹ کا اپنی مہار کو کھینچنا۔ ـــ زِمامُ الدابّة: لگام کا بہت ہلنا۔ ـــ البرقُ: بجلی کا بہت چمکنا۔ ـــ الشرُّ بينهم: لوگوں کے درمیان برائی پھیلنا۔ شارَى مَشاراةً و شِراءً الرجلَ: سے جھگڑا کرنا اور ضد سے کام لینا۔ اسی سے ضرب المثل ہے: المُشَاراة و المُمَاراة تُفسدان الصداقة القديمة: جھگڑے اور ہٹ دھرمی اور لڑائی سے پرانی دوستی میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ مشاراة: جھگڑنا اور ضد کرنا ہے اور مماراة لڑنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ لايشاري: فلاں شخص کوئی جھگڑا نہیں کرتا۔ اَشْرَى الزِمامَ: لگام کو ہلانا۔ ـــ البرقُ: بجلی کا زور سے چمکنا۔ ـــ الشيءَ: چیز کو جھکانا۔ ـــ بينهم: لوگوں کے درمیان اختلاف ڈالنا۔ تَشَرَّى تَشَرِّيًا: متفرق ہونا۔ تَشَارَى تَشَارِيًا الرجلان: ایک دوسرے پر غضبناک ہونا۔ اِسْتَشْرى اِسْتِشْراءً الرجُلُ في الامر: کسی معاملہ میں اصرار کرنا، غضبناک ہونا۔ ـــ ت الامورُ: معاملات سنگین ہو جانا، مشکل ہو جانا۔ ـــ الفرسُ في سيره: گھوڑے کا تیز چلنا۔ اِشْرَوْرَى اِشْرِيرَاءً: گھبرانا، مضطرب ہونا۔ الشُّراة: خوارج۔ الشَّرِيّ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔ الشَّرِيَّة: الشري کا مونث۔

۳۔ شَرَى - شِرَاءً و شِرىً اللحمَ او الثوبَ او نحوَهما: گوشت، کپڑے وغیرہ کو (سکھانے کے لئے) دھوپ میں رکھنا۔ شَرَّى اللحم او الثوبَ و نحوه: گوشت، کپڑے وغیرہ کو دھوپ میں رکھنا (سکھانے کیلئے)۔

۴۔ شَرَى - شِراءً و شِرىً ہُ: سے ٹھٹھا کرنا، کو رنجیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے فَعَلَ به ما شراهُ: یعنی اس نے اسکے ساتھ وہ کیا جس نے اُسے رنجیدہ کر دیا۔

۵۔ [illegible] شَرِيَ اللّٰهُ فلانًا: [illegible]

پتی کی بیماری میں مبتلا کرنا۔ شَرِيَ يَشْرَى شَرًى الجلدُ: جلد پر پتی اچھلنا۔ صفت شَرٍ۔ أَشْرَى الحوضَ: حوض بھرنا۔ الشَّرَى (طب): پتی اچھلنے کی بیماری، خارش، کھجلی۔

۶۔ الشَّرَاء: جانب، طرف۔ الشَّرَى ج أُشْراء: پہاڑ، سڑک، جانب، طرف۔ (کہا جاتا ہے: دخلوا أشراء الحرَم: وہ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے)، دریائے فرات کی طرف کا وہ علاقہ جہاں شیر بکثرت پائے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں هو كأسد الشرى: وہ شری کے شیر کی مانند ہے۔ الشَّرْيُ۔ واحد شَرْيَة (ن): اندرائن، حنظل۔ (کہتے ہیں: لفلان طعمان أرْيٌ وشَرْيٌ: فلاں میٹھا بھی ہے کڑوا بھی ہے)، درخت خرما جو بیج سے اُگا ہو۔ الشَّارِي جمع شُراة (ف): برق رُبا (lightning rod)۔ الشَّرِيَّة: طریقہ، طبیعت۔ الشَّرْيَان (ع ا): شَرَایین کا واحد: وہ اچھلنے والی رگ جس میں سرخ خون دورہ کرتا ہے۔ الشريان الرؤيّ (ع ا): وہ رگ جو خون کو دل سے پھیپھڑے میں منتقل کرتی ہے۔ الشِّرْيَانات: جسم کی باریک باریک رگیں۔ المُشْتَرِي (فلك): ایک سیارہ کا نام۔ (ح): ایک پرندہ۔

۷۔ شَرْيَفَ الزرعَ: کھیتی کے بڑھے ہوئے ضرر رساں پتے چھانٹنا۔

○ شَرَى - شِرىً و شراءً ہ ب: کو کچھ قیمت لے کر فروخت کرنا۔ ـــ ہ: کو خریدنا۔ ـــ المتاعبَ وغيرها: مصائب و تکالیف کو خود دعوت دینا۔ اشترى ہ: کو بیچنا، خریدنا۔ اِسْتَشْرَى: بدتر ہونا، زیادہ خراب ہونا، بگڑنا، ابتر ہونا۔ شِرًى جمع أَشْرِيَة: خریدنا، سودا، معاملہ۔ شِراء: خریدنا، فروخت۔ راغِبُ الشراء: خریدنے کا متمنی۔ المقدرة على الشراء يا قوةُ الشراء: قوت خرید۔ لا يملك شَرْوَى نقير: اس کے پاس تو کچھ بھی نہیں۔ لا يُجدي شَرْوَى نقير: یہ بالکل بے کار ہے۔ الحُمَّى الشَّرَوِيَة: بچھوا (جلد کی ایک بیماری)۔ اِشتراء: خریدنا۔ شارٍ: بیچنے والا، سیلز مین، خریدنے والا، گاہک۔ مُشْتَرٍ: خریدار، فروخت کندہ، گاہک۔ مُشْتَرَيات: خریدی ہوئی چیزیں۔

شزّ: شَزَّ - شَزَازَةً: بہت خشک ہونا۔ صفت شَزّ و شَزِيز۔

شزب: ا۔ شَزَبَ - شَزُبَ - شَزْبًا و شُزُوبًا: کھردرا ہونا، لاغر ہونا اور خشک ہونا، صفت شَازِب جمع شُزَّب و شَوَازِب: کہتے ہیں رجل شاحبٌ

شازِبٌ: رنگ بدلا ہوا، لاغر آدمی۔ شَزَّبَ الفرسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ الشَزِبَۃ: کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ ـــ من الأُتن دبلی پتلی گدھی۔ الشَزِیب جمع شُزُوب: ان گھڑ لکڑی، نئی نہ پرانی کمان۔

۲- تشارَبَ القومُ على الماء وعیرہ: لوگوں میں سے ہر ایک کا پانی وغیرہ میں اپنے حصہ کے لئے انتظار کرنا۔ کہتے ہیں ھم متشازبون: ان میں سے ہر ایک پانی میں اپنے حصہ کا منتظر ہے۔ الشَزبَۃُ: اسم مرہ۔ الشُزبَۃ: موقع فرصت۔ کہا جاتا ہے: مضت شُزبَتُہُ: یعنی اس کا موقع جاتا رہا۔

۳- الشَوْزَبُ: علامت، نشان۔

شزر: ۱- شَزَرَ ـ شَزْرًا الرجلَ و الیہ: غصہ میں یا بیدلی سے کسی کی طرف ترچھی نظر سے دیکھنا۔ ـــ فلانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا، نظر بد لگانا۔ ـــ ـ شَزْرًا الحبلَ: رسی بٹنا۔ شَازَرَ مُشَازَرَۃً: بے دشمنی کرنا۔ تَشَزَّرَ: غضبناک ہونا۔ ـــ للقتال: آمادہ پیکار ہونا۔ تَشَازَرَ القومُ: ایک دوسرے کو غصہ کی نظر سے دیکھنا۔ اِسْتَشْزَرَ الحبلَ: رسی بٹنا۔ ـــ الشیءَ: کو بلند کرنا، اونچا کرنا۔ ـــ الحبلُ: رسی کا بٹنا۔ ـــ الشیءُ: چیز کا اونچا ہونا۔ الشَزْر (مص): کہتے ہیں: غَزْلٌ شَزْرٌ: دھاگا جو یکساں نہ ہو۔ الشَزَر والشُزْرَۃ: آنکھ کی سرخی۔ الأَشْزَر: م ش۔ عَیْنٌ شَزْرَاء: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔

۲- أَشْزَرَہُ اللّٰہُ: اللہ کا کسی کو ایسی مصیبت میں ڈالنا جس سے خلاصی کی راہ نہ ملے۔ الشَزْر: سختی، دشواری۔

○ نظر الیہ شَزَرًا: کی طرف کنکھیوں سے دیکھنا، کو شک وشبہ کی نظر سے دیکھنا۔ عَیْنٌ شَزْرَاء: کنکھیوں سے دیکھنے والی آنکھ، شک وشبہ سے دیکھنے والی آنکھ۔ نَظْرَۃٌ شَزْرَاءُ: شک وشبہ کی نظر، مشتبہ نظر، شکی نگاہ۔

شزن: ۱- شَزِنَ ـ شَزَنًا الرجلُ: آدمی کا چست ہونا۔ تَشَزَّنَ تَشَزُّنًا و تَشْزِینًا الرجلَ: کو پچھاڑنا۔ ـــ الشاۃَ: بکری کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔ ـــ للسفر: سفر کی تیاری کرنا۔ الشَزْن: چوسر کھیلنے کا مہرہ۔ الشَزَن: طرف، جانب، دوری۔ الشُزْن: طرف، جانب، چوسر کھیلنے کا مہرہ۔

۲- تَشَزَّنَ تَشَزُّنًا و تَشْزِینًا الشیءُ: چیز کا سخت ہونا، دشوار ہونا۔ ـــ لہ فی الخصومۃ: کے ساتھ جھگڑے میں درشتی سے پیش آنا۔ الشَزَن و الشُزُن: سختی، زمین کی سختی۔ ـــ من العیش: زندگی کی تنگی وسختی۔ الشُزُونَۃ: سختی۔

شزا: شَزَا ـ شُزُوًّا: بلند ہونا۔

شسّ: شَسَّ ـ شُسُوسًا الشیءُ: چیز کا خشک ہونا۔ الشاسّ: لاغر، کمزور۔ الشَسّ جمع شِساس و شُسُوس و شَسِیس: پتھر کی مانند سخت زمین۔

شسب: شَسِبَ ـ شَسُبَ ـ شَسْبًا و شُسُوبًا: خشک اور دبلا ہونا۔ صفت: شاسِب جمع شُسُب۔ الشِسْب و الشَسِیب من القسیّ: پتلی لکڑی والی کمان۔ الشَسُوب من النوق: وہ اونٹنی جس کا بچہ جاڑے میں مر گیا ہو اور پھر وہ دودھ نہ دے۔

شسع: ۱- شَسَعَ ـ شَسْعًا و شُسُوعًا المنزلُ: منزل کا دور ہونا۔ صفت: شَسُوع جمع شُسُع و شاسِع۔ شَسِعَ ـ شَسَعًا الفرسُ: وہ گھوڑا جس کے سامنے کے اوپر نیچے کے دو دانتوں اور چار دانتوں اور کچلیوں کے مابین فاصلہ ہو۔ ـــ بہ: کو دور کرنا۔ أَشْسَعَ الشیءَ: کو دور کرنا۔ الشِسْع جمع أَشساع: تنگ زمین، جگہ کی طرف۔ کہتے ہیں: نزل بِشِسْعٍ من الوادی: یعنی وادی کے ایک طرف اترا۔ ادنی من الشِسع: طرف سے زیادہ قریب۔

۲- شَسَعَ ـ شَسْعًا و شَسَّعَ و أَشْسَعَ النعلَ: جوتے کے لئے تسمہ بنانا۔ شَسِعَ ـ شَسَعًاتِ النعلُ: جوتے کا تسمہ ٹوٹنا۔ الشِسع جمع أَشْسَاع: جوتی کا تسمہ، تھوڑا یا بہت مال۔ ھو شِسعُ مالٍ: وہ مال کا اچھا منتظم ہے۔

○ شاسع: دور، دور دراز، چوڑا، بڑا، بہت (فاصلہ)، بہت بڑا، وسیع، عظیم (اختلاف)۔

شسف: شَسَفَ ـ و شَسُفَ ـ شُسُوفًا و شَسافۃً و شَسَافۃً: خشک، لاغر اور دبلا پتلا ہونا۔ صفت: شاسِف و شَسِیف۔ الشِسْف: خشک روٹی۔ الشَسَف: کچی کھجور جسے چیر کر خشک کیا گیا ہو۔ الشَسِیف: وہ شخص جس کا گوشت لاغری سے خشک ہونے لگا ہو۔

شصّ: ۱- شَصَّ ـ شُصُوصًا و شِصَاصًا الرجلُ: دور ہونا۔ کہتے ہیں: ما ادری این شَصَّ: مجھے معلوم نہیں وہ کہاں گیا۔ ـــ ـ شَصًّاہُ عن کذا: کو سے منع کرنا، دور کرنا۔ أَشَصَّ الرجلُ: دور چلا جانا۔ ـــ ہ عن کذا: کو سے روکنا اور دور کرنا۔

۲- شَصَّ ـ شُصُوصًا و شِصَاصًاتِ الناقۃُ: اونٹنی کا بہت تھوڑی دودھ والی ہونا۔ ـــ تِ المعیشۃُ: گزران تنگ ہونا۔ أَشَصَّتِ الناقۃُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ الشَصُوص من النوق او الشیاہ جمع شُصُص و شَصَائِص و شِصَاص: تھوڑے دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ سَنَۃٌ شَصُوص خشک سال۔ کہتے ہیں: نفی اللّٰہ عنک الشَصَائِص اللہ تعالیٰ تم پر سے سختیوں کو ٹالے۔

۳- الشِصّ جمع شُصُوص: مشاق چور۔ ـ والشَصّ جمع شُصُوص: مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ اس کو سنارہ بھی کہتے ہیں۔

○ ششخان: جھری ڈالی ہوئی (بندوق کی نالی)۔ اسلحۃ الششخانۃ: آتشیں اسلحہ۔ مُشَشْخَن: جھری ڈالی ہوئی (بندوق کی نالی)۔

شصب: ۱- شَصَبَ ـ شُصُوبًا و شَصِبَ ـ شَصَبًا العیشُ: گزران کا تکلیف دہ ہونا۔ صفت: شاصِب۔ ـ الامرُ: معاملہ کا سخت ہونا۔ ـــ المکانُ: جگہ کا قحط زدہ ہونا۔ أَشْصَبَ اللّٰہُ عَیْشَہُ: اللہ کی طرف سے کسی کی زندگی کو تکلیف دہ بنانا۔ الشَصْب و الشَصَب: خشکی۔ الشِصب جمع أَشصاب: سختی، خشک سالی۔ عیشٌ شَصِبٌ: پر تکالیف زندگی۔ الشَصِیبَۃ جمع شَصَائِب: سختی، خشک سالی۔

۲- شَصَبَ ـ شَصْبًا الشاۃَ: بکری کا چمڑا اتارنا، بکری کی کھال اُتارنا۔ الشُصُب کھال کھینچی ہوئی بکری۔

۳- الشِصْب جمع أَشْصَاب: حصہ۔ الشَصَّاب: ٹھگ، دھوکے باز، عیار، فریبی۔ الشَصِیب: حصہ، مسافر۔ الشَصِیبَۃ جمع شَصَائب: کنویں کی گہرائی۔ الشصائب: پالان کی لکڑیاں۔

شصر: ۱- شَصَرَ ـ شَصْرًا الثوبَ: کپڑے کی سلائی میں دور دور ٹانکے لگانا۔

۲- شَصَرَ ـ شَصْرًا فلانًا بالرُمح: کو نیزہ مارنا۔ ـــ ہُ الثورُ: کو بیل کا سینگ مارنا۔

۳- الشَاصِر من الظباء م شاصِرۃ جمع شَوَاصِر (ح): مضبوط اور حرکت کرنے کے قابل ہرن کا چھوٹا بچہ۔ الشَصَر م شَصَرۃ جمع أَشصار (ح): مضبوط اور حرکت کرنے کے قابل ہرن کا چھوٹا بچہ۔ (ح): ایک چھوٹا پرندہ۔ ـــ والشوصَر من الظباء: بمعنی شاصر۔

شصا: ۱- شَصَا ـ شُصُوًّا و شَصِیَ یَشْصَی شُصِیًّا البصرُ: نگاہ کا پتھرانا۔ ـ السحابُ: بادل کا اونچا ہونا۔ ـــ تِ القربۃُ: مشک کا پانی سے بھر کر خوب تن جانا۔ ـ المیتُ: مردہ کے ہاتھ اور پاؤں کا اٹھ جانا۔ کہتے ہیں: شصا برجلہ: اُس نے اپنا پاؤں اٹھایا۔ أَشْصَی بصرَہ: ٹکٹکی باندھنا۔

۲- الشَصْو: مسواک، سختی، شدت۔

شطّ: ۱- شَطَّ ـ شَطًّا و شُطُوطًا: دور ہونا۔ ـــ فلانًا بفلاں پر ظلم کرنا، کو دور کرنا۔ ـــ ـ شَطَطًا: زیادتی کرنا، حق سے دور ہونا۔ ـــ فی سلعتہ: چیز کی

مقررہ انداز سے آگے بڑھنا اور اسے بیش قیمت کرنا۔ ـــ علیه فی قوله و حکمه: پر ظلم کرنا۔ شَطَّطَ: زیادتی میں مبالغہ کرنا۔ــ المرکبُ عند البحریة: جہاز کا ساحل کے قریب زمین میں اتنا دھنس جانا کہ اُسے وہاں سے ہٹانا ممکن نہ ہو۔ شَاطَّ هُ: حد سے تجاوز کرنے میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ أَشَطَّ إِشْطَاطًا و اشْتَطَّ إِشْتِطَاطًا: زیادتی کرنا اور حد سے آگے بڑھنا۔ حق سے دور ہونا ـــ علیه: پر ظلم کرنا۔ اسی سے ہے: فاحکم بیننا بالحق ولا تُشْطِط: یعنی حکم میں ظلم نہ کر۔ الشطّ جمع شُطُوط و شُطَّان: دریا یا سمندر کا کنارہ یا ساحل۔ ـــ جمع شُطُوط: کوہان کا پہلو۔ الشَطَّه: اسم مرة۔ الشِطَّة و الشَطَاط و الشِطاط و الشَطاطَة: دوری۔

۲۔ رجُلٌ شاطّ م شاطّة: سڈول بدن کا آدمی۔ جاریة شَطَّةٌ: سڈول بدن کی متناسب الاعضاء لونڈی۔ الشَطَاط و الشِطَاط: خوش قامتی اور اعضاء کا تناسب۔

○ شَطَّ ـ شَطَطا (فی): میں، کیساتھ افراط و تفریط سے کام لینا، مناسب حدود سے تجاوز کرنا، حد سے زیادہ، فزوں از حد، بہت زیادہ ہونا ـــ عن: سے منحرف ہونا، ہٹنا، تجاوز کرنا ـــ عن الموضوع: اصل موضوع سے ہٹ جانا، بھٹک جانا۔ اشتطّ فی: میں، کے ساتھ افراط و تفریط سے کام لینا، بہت دور تک چلا جانا، مناسب حدود سے بڑھ جانا، حد سے زیادہ، فزوں از حد، بہت زیادہ ہونا۔ شط جمع شُطُوط: کنارہ، ساحل، ساحل سمندر، ریتلا کنارہ، ریتلا ساحل۔ شطُّ العرب: عراق میں دجلہ اور فرات کے دریاؤں سے تشکیل پانے والے دریا کا نام، خلیج فارس پر اس دریا کے پار کا علاقہ۔ شَطَّة: کالی مرچ کی ایک قسم۔ شَطَط: حد سے فزوں، مناسب حدود سے بڑھا ہوا، حد یا ضرورت سے زیادہ، زبردستی چڑھائی، تجاوز، خلاف ورزی۔ شَطِیْطَة: کالی مرچ کی ایک قسم۔ مُشِطّ: حد سے زیادہ، فزوں از حد، بہت زیادہ۔

شطا: شَطَأَ ـ شَطْأً و شُطُوءًا: کنارہ یا ساحل پر چلنا۔ شَطَّأَ تَشْطِیْئًا النهرُ: دریا کا دونوں کناروں پر بہنا۔ شَاطَأَهُ: ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارہ پر چلنا۔ أَشْطَأَ الوادی: وادی کا دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں: ملنا لوادی کذا فوجدنا مُشْطِئًا: ہم وادی کی طرف واپس آئے تو اس کو دونوں کناروں پر بہتے پایا۔ الشَطْءُ جمع شُطُوء: کنارہ۔ الشَّاطِیءُ من النهر: جمع شَوَاطِیء و شُطْآن: دریا کا کنارہ: آپ کہتے ہیں: شَاطِیء الاودیه: وادیوں کا کنارہ۔ (اس کی جمع نہیں آتی)۔ ـ من البحر: ساحل سمندر۔

۲۔ شَطَأَ ـ شَطْأً و شُطُوءًا الدابةَ بالحمل: جانور پر بوجھ لادنا۔ ـ فلانًا: فلاں کو مغلوب کرنا۔

۳۔ شَطَأَ ـ شَطْأً و شُطُوءًا تِ الأمُّ بالولد: ماں کا بچہ گرانا (اسقاط حمل کرنا)۔ شَطَّأَ الزرعُ: کھیتی میں بالی آنا۔ أَشْطَأَ الزرعُ: کھیتی میں بالی آنا ـــ الشجرُ بغصونه: درخت کا ٹہنیاں نکالنا۔ الشَطْءُ و الشَطَأ جمع أَشْطَاء: کھیتی کے پتے، درخت خرما کے پودے ـــ من الشجر: درخت کی جڑوں کے گرد نکلنے والی شاخیں۔

۴۔ أُشْطِأَ الرجُلُ: کو زکام ہونا۔ الشُطْأَة: زکام۔

شطب: ا۔ شَطَبَ ـ شَطْبًا الشیءَ: کسی چیز کو کاٹنا یا لمبائی میں پھاڑنا ـــ هُ و شَطَبَ فَوقَهٗ: پر لکیر کھینچنا۔ کہتے ہیں: شَطَبَ الکاتبُ العبارةَ: لکھنے والے کا عبارت قلمزن کرنا، پر خط تنسیخ پھیرنا۔ شَطَّبَ هُ: کے ٹکڑے کاٹنا۔ تَشَطَّبَ: ٹکڑوں میں کٹنا ـــ و إِنْشَطَبَ الماءُ و نحوه: پانی وغیرہ کا بہنا۔ الشَطْب ج شُطُوب (مص): لمبا خوبصورت قد و قامت والا، درخت خرما کی نازک اور سبز شاخ۔ الشَطْبَة: غلط عبارت پر کھینچی ہوئی لکیر۔ خط تنسیخ۔ (ح): اچھے گوشت والا گھوڑا؛ لمبی خوبصورت لڑکی ـــ جمع شُطَب: تلوار ـــ من النخل: کھجور کی سبز شاخ۔ الشِطْبَة: لمبی خوبصورت لڑکی۔ (ح): اچھے گوشت والا گھوڑا ـــ و الشُطْبَة و الشُطَبَة جمع شُطَب: طریقہ یا تلوار وغیرہ کی دھار کا خط۔ الشَطِیْبَة جمع شَطَائِب: اونٹ کی کوہان کا لمبائی میں کٹا ہوا ٹکڑا۔ سَیْفٌ مُشَطَّب: دھاری دار تلوار۔ رجُلٌ مُشَطَّب: تلوار وغیرہ کی ضرب کے منہ پر نشان والا آدمی۔ سیفٌ مَشْطُوبٌ: دھاری دار تلوار۔

۲۔ شَطَبَ ـ شُطُبًا الرجُلُ: دور ہونا ـ عنه: سے بے رغبت ہونا ـ الرمحُ عن مقتله: نیزہ کا نشانہ خطا کرنا۔

۳۔ الشطائِب: مختلف گروہ، شدائد، مصائب۔

○ شَطَبَ ـ شَطْبًا ه: کو ٹکڑوں میں یا پٹیوں میں کاٹنا ـــ ه/علی: کو کاٹنا، قلمزن کرنا، منسوخ کرنا ـــ ه/علی: کو مٹانا، محو کرنا۔ شَطَّبَ فی: میں چیرا دینا، کو لمبائی میں کاٹنا ـــ ه/علی: کو کاٹنا، قلمزن کرنا، منسوخ کرنا ـــ ه/علی: (رہن) منسوخ کرنا، [illegible] کرنا، کھاتے میں اندراج کرنا۔ علی: کو ختم کرنا۔ تشطیب الحسب: حساب میں اندراج۔ ساعة التشطیب: کرفیو curfew۔

شطر: ا۔ شَطَرَ ـ شَطْرًا الشیءَ: چیز کو دو برابر حصوں میں کرنا ـــ بیت الشِعر: شعر کا نصف حذف کرنا ـــ الناقةَ او الشاةَ: اونٹنی یا بکری کا نصف تھن دوہنا ـ شُطُورًا تِ الناقةُ: اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا ـــ بصرُهُ: ترچھا یا بھینگا دیکھنا ـــ شُطُورَةً ت الناقةُ: اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شَطَّر الشیءَ: چیز کو دو حصوں میں تقسیم کرنا، چیز کے دو حصے کرنا ـ الشِعر: شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھانا ـــ الناقةُ و بالناقة: اونٹنی کے نصف تھن کو دوہنا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔ شَاطَرَهُ مالَهٗ: مال کو آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔ الشطر (مص) جمع أَشْطُر و شُطُور: (چیز کا ایک) جز و نصف۔ شطرُ بیت الشعر: شعر کا ایک نصف۔ للناقة شطران قادمان و آخران و کلُّ خِلْفَیْنَ شطرٌ: اونٹنی کے دو شطر اگلے پچھلے ہیں اور دونوں تھنوں میں سے ہر ایک شطر ہے۔ کہتے ہیں: حلب أَشْطُرَ الدهر: اس نے زمانہ کو خوب آزمایا اور اس کی اچھائی برائی سے واقف ہوا۔ هذا حَلَبٌ لك شَطْرُهٗ: یہ ایسا کام ہے جس میں فریقین کے لئے نفع ہے۔ الشِطرة: نوع، قسم۔ کہتے ہیں: اولادُ فلان شِطْرَةٌ: فلاں کی اولاد میں (آدھے لڑکے اور آدھی لڑکیاں ہیں)۔ الشَطْران م شَطْرَی: صرف آدھا بھرا ہوا۔ الشَطُور من النعاج او النوق: ایک تھن دوسرے سے لمبا یا ایک تھن خشک رکھنے والی بھیڑ یا اونٹنی۔ ثوبٌ شَطُور: وہ کپڑا جس کی ایک طرف دوسری سے لمبی ہو۔ الشَطِیر: نصف۔ کہتے ہیں: هذا شَطْرُهٗ و شَطِیرُهٗ: جیسے کہتے ہیں: نصفُهٗ و نصیفُهٗ: مراد یہ اس کا آدھا ہے۔

۲۔ شَطَرَ ـ شُطُورًا تِ الدارُ: دور ہونا ـــ شُطُورًا و شُطُورَةً و شَطَارَةً عنهم: سے جدا ہونا اور دور ہونا ـــ الیهم: پر متوجہ ہونا ـــ علی اهله: شرارت سے اپنے اہل کے خلاف چلنا۔ شَاطَرَ فلانًا: کا کسی کے گھر کے پاس گھر ہونا۔ الشَطْر جمع أَشْطُر و شُطُور: دوری۔ نویً شُطُرٌ: دور منزل۔ الابنُ الشاطِر: اپنے والد کی نافرمانی کی وجہ سے آوارگی میں دور رہ کر واپس آنے والا بیٹا۔ دارٌ شَطُورَةٌ: دوسرے گھروں سے علیحدہ مکان۔ الشطیر جمع شُطَرَاء و شُطُر: دور، اکیلا، مسافر۔

۳۔ شَطَرَ ـ شَطْراً شَطْرَ فلان: کی جانب کا قصد کرنا۔ الشَطْر جمع أَشْطُر و شُطُور: طرف، کنارہ۔ شَطَرَ شَطْرَہٗ: کی جانب کا قصد کرنا۔ وَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ المَسْجِد: اپنا چہرہ مسجد کے مقابل پھیرو۔

۴۔ شَطَرَ ـ شَطَارَةً: چالاک اور خبیث ہونا۔ الشاطر (فا) جمع شُطَّار: ہوشیار چالاک، فریبی، مکار، شریر۔

⊂ شَطَرَ ـ شَطْراً ہٗ: کو آدھا کرنا، کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔ ـــ ہٗ: کو کاٹنا، جدا کرنا۔ شطرَ بصرُہٗ ـُ شُطُوراً: بھینگا ہونا۔ ـُ شُطُوراً و شطورةً و شطارةً عن: سے پیچھے ہٹنا، علیحدہ ہونا، جدا ہونا۔ ـ شَطُوراً و شَطارةً: عیار، مکار، فریبی، چالباز، چالاک، ہوش مند، زیرک، ماہر، کاری گر ہونا۔ شَطَّر ہٗ: کو آدھا کرنا، دو برابر حصہ میں تقسیم کرنا۔ شَاطَرَہٗ ہٗ: کے ساتھ کسی چیز کے دو برابر حصوں کا حصہ دار ہونا۔ ـــ ہٗ: میں حصہ لینا، شریک ہونا۔ شَاطَرَہٗ آراءہٗ، فرحَہٗ: کے آراء یا خوشیوں میں اس کا شریک ہونا۔ تَشَطَّر: عیاری، چالاکی، تیز طبعی، بانکپن، مستعدی، ہوشیاری، کے آثار ظاہر کرنا۔ انشطر ہٗ: میں تقسیم ہونا، میں لمبائی کے رخ پھٹنا۔ شَطْر: تقسیم، جدائی، علیحدگی، تنصیف، نصف، آدھ جمع شُطُور و أَشطر: ایک آدھا نصف ایک طرح کی کشیدہ کاری، سخاف کاری حصہ، طرف۔ شَطْرَ: کی طرف، کی جانب۔ قَصَدَ شطرہ: کی طرف جانا۔ وَلَّی انظارَہٗ شطرَہ: کی طرف نظر کرنا۔ وَلَّی وَجهَهُ شطرَہ: کی طرف اپنا رخ پھیرنا۔

۵۔ الشِطْرَنج جمع شِطْرَنْجَات: شطرنج۔ (ایک مشہور کھیل (فارسی سے معرب ہے)

⊂ لوحة الشِطْرَنج: شطرنج کی بساط۔

شطس: شطس ـ شَطْسًا فی الارض: زمین میں سفر کرنا۔ الشطس (مص): چالاکی، دانائی، عقلمندی۔ الشُطْس و الشُطْسَة: مخالفت، عناد، دشمنی۔ الشطوس: ہر طرف جانے والا، حکم کی خلاف ورزی کرنے والا۔

شطع: شَطِعَ ـ شَطَعًا الرجُلُ: بیماری وغیرہ کی وجہ سے گھبرانا۔

شطف ا۔ شَطَفَ ـ شَطْفًا الرجُلُ: چلے جانا، دور ہونا۔ ـــ عن الشیء: سے ہٹنا، ایک طرف ہونا۔ سهمٌ شاطفٌ: نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ نِيَّةٌ شَطُوف: ۔۔۔ بے پایاں۔

۲۔ شطف ـ شطفًا الثوب وغیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا

۳۔ شَطَّفَ الحطبَ: جلانے کی لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا (عام زبان میں)۔ الشُطْفَة من الشیء جمع شُطَف: ٹکڑا۔

○ شُطْفة جمع شُطَف: چقماق۔ شِطفة: کرچ، چھپٹی، ٹکڑا، ریزہ، قاش۔

شطن: ا۔ شَطَنَ ـ شَطْنًا ہٗ: کی مخالفت کرنا، کو دور کرنا۔ ـــ فی الارض: ملک میں داخل ہونا۔ ـــ شُطُونًا ت الدارُ: گھر کا دور ہونا۔ ـــ الرجُلُ: حق وغیرہ سے دور ہونا۔ شَیْطَنَ شَیْطَنَةً و تَشَیْطَنَ: شیطانی کام کرنا۔ أَشْطَنَہٗ: کو دور کرنا۔ الشَاطِن (فا): حق سے منحرف، شریر، خبیث۔ بئر شَطُونٌ: گہرا کنواں۔ نِيَّةٌ شَطُونٌ: ارادۂ بعید۔ رمحٌ شطونٌ: لمبا ٹیڑھا نیزہ۔ الشطین: دور۔ الشیطان جمع شیاطین: بدروح، ہر سرکش و نافرمان خواہ انسان ہو یا جن یا جانور۔ شیاطین العرب: عرب کے نافرمان و سرکش لوگ۔ (ح): سانپ۔ شَيْطَانُ الشِعر عند العربَ الاقدمین: قدماء عرب کے نزدیک شاعر کو شعروں کی وحی کرنے والا شیطان۔

۲۔ شَطَنَ ـ شَطْنًا ہٗ: کو رسی سے باندھنا۔ الشَطَن جمع أَشْطَان: رسی۔ حربٌ شَطُونٌ: بہت سخت جنگ۔

۳۔ شیطانُ الفلا: پیاس۔ مُخاطُ الشَیْطان: ترمرے۔ شَیَاطِینُ الرأس: غصہ کا جوش۔ کہتے ہیں: رکبہ شیطانُہ: شیطان اس پر سوار ہوا یعنی وہ غضبناک ہوا۔

○ شَطَنَ ـ شَطْنًا ہ ب: کو رسی سے باندھنا، جوڑنا، لگانا، کو سے نتھی کرنا، منسلک کرنا۔ تَشَیْطَنَ: شیطان کی طرح پیش آنا، رویہ اختیار کرنا۔ شیطان جمع شیاطین: شیطان، ابلیس، بھوت پریت، آسیب، خبیث روح، سخت برا آدمی۔ شیطانی: شیطانی، برا، شیطنت والا، ابلیسانہ، نہایت ظالمانہ، ملعون، لعنتی، شیطان کا سا، شیطان سیرت، آسیب زدہ، عفریتی، آسیبی، بھوت پریت کا، جہنمی، دوزخی، نفرت انگیز۔

شطی: شَطِیَ ـ شُطِيًّا: بمعنی شصی۔ شَطَّی تَشْطِيَةً الشاةَ: بکری کی کھال اتار کر اس کے گوشت کو جدا کرنا۔ اِنْشَطَی الشیءُ: شاخ دار ہونا، متفرق ہونا، جدا جدا ہونا۔

شظ ا۔ شَظَّ ـ شَظًّا القومَ: لوگوں کو منتشر کرنا، دھتکارنا۔ شَظَّظَ و أَشَظَّ القومَ: لوگوں کو منتشر کرنا، دھتکارنا۔ الشَظّ (مص) جمع أَشْظَاظ: باقی ماندہ دن۔ الأَشْظَاظ و الشَظَاظ: کہتے ہیں: طاروا أشظاظًا او شَظَاظًا: وہ ہر طرف منتشر ہو گئے۔

۲۔ شَظَّ ـ شَظًّا و أَشَظَّ الجُوالقَ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔ الشِظَاظ جمع أَشِظَّة: ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے گوشوں داخل ہو۔

۳۔ شَظَّ ـ شَظًّا ہٗ الامرُ: کسی معاملہ کا پر شاق ہونا۔ الشَظِیظ جمع أَشْظَاظ: بندھا ہوا بورا، چری ہوئی لکڑی۔

شظف: ا۔ شَظَفَ ـ شَظْفًا ہٗ عن کذا: کو سے منع کرنا، روکنا۔ الشِظَاف: بُعد، دوری۔

۲۔ شَظِفَ ـ شَظَفًا العیشُ: گزران کا تنگ ہونا۔ ـــ الرجُلُ: کی زندگی کا تنگ ہونا۔ صفت: شَظِفُ العیش۔ ـــ ت الیدُ: ہاتھ کا کھردرا ہونا۔ شَظِفَ ـَ و شَظُفَ ـ شَظَافَةً الشجرُ: درخت کا سخت ہونا، صفت: شَظِیف۔ الشَظْف (مص): لاٹھی کی پھٹن۔ الشَظَف (مص) ج شِظَاف و الشَظَاف: تنگی، سختی، روٹی کی خشکی اور سختی۔ الشِظْف جمع شِظَفَة: خشک روٹی، کھونٹی جیسی لکڑی۔ الشَظِف: بد خلق، سخت جنگجو۔ عودٌ شَظِف: ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ أرضٌ شَظِفَة: سخت اور خشک زمین۔

۲۔ شَظَفَ ـ شَظَفًا السهمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان میں گھسنا۔

۳۔ المُشْظَف: بے ارادہ بولنے والا۔

○ شَظَف جمع شِظَاف: بے کلی، الجھن، بے چینی، بے آرامی، سختی، مشکل، زندگی کی کرختگی۔ اقام علی شظفِ العیش: مصائب کی زندگی بسر کرنا۔ شَظِف: سخت، ناہموار، اکھڑ، سادہ (زندگی، کردار)

شظی: ا۔ شَظِيَ يَشْظَى شَظًى: پھٹنا۔ ـــ القومُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔ شَظَّى تَشْظِيَةً القومَ: قوم کو پراگندہ کرنا، متفرق کرنا۔ ـــ الفرسَ: گھوڑے کے گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔ اشْظَی ہٗ: کے گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا۔ تَشَظَّی: پھٹنا، متفرق ہونا۔ ـــ العودُ: لکڑی کے ٹکڑے اڑنا۔ شاعر کہتا ہے: کالدُرَّتین تَشَظَّی عنهما الصَدَفُ: ان دو موتیوں کی طرح جن سے سیپی جدا ہو گئی ہو۔ اِنْشَظَی: پھٹنا۔ الشَظَی (مص): گھٹنے یا بازو کے اگلے حصہ کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان کے چھوٹے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو، قوم میں اجنبی لوگ۔ الشَظِیَّة جمع شَظَایَا و شَظِّی (ع ا) پنڈلی کی ہڈی، لکڑی اور

ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ کمان۔

۲۔ شَظَی - شَظِیًّا السِقاءُ: مشک کا پانی بھرنے سے تن جانا۔ ۔ المیتُ: میت کے ہاتھ پاؤں کا اٹھنا۔

ئ شَظِیَ - شظًی و تَشَظَّی: (چھپٹی، کرچ وغیرہ) کا اُڑنا، بکھرنا، ریزہ ریزہ ہونا۔

شعّ: ا۔ شَعَّ - شَعًّا و شَعَاعًا الماءُ: پانی کا پھیلنا۔ ۔ الماءَ: پانی بکھیرنا۔ کہتے ہیں: شَعَّ الغارةَ علیهم: اس نے ان پر غارت ڈالی (لوٹ مار کی)۔ أَشَعَّ إِشْعَاعًا الماءَ و نحوَهُ: پانی وغیرہ بکھیرنا۔ ۔ ت الشمسُ: سورج کا اپنی کرنیں پھیلانا۔ إِنْشَعَّ الذئبُ فی الغنم: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی مچانا۔ الشَعَاع (مص): خون وغیرہ کا بکھرنا، ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہتے ہیں ضربت بالعصا علی الحائط فتطایرت شَعَاعًا میں نے دیوار پر لاٹھی ماری تو وہ ٹوٹ گئی اور اس کے ٹکڑے اڑ گئے۔ ذهب القومُ شَعَاعًا لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔ طار قلبُهُ شَعَاعًا: اس کا دل غموں سے پراگندہ ہو گیا۔ طارت نفسُهُ شَعَاعًا: اس کا دل خوف وغیرہ سے پراگندہ ہو گیا۔ الشُعَاع جمع أَشِعَّة و شُعُع و شِعَاع: سورج کی کرن۔ (ہ): سیدھی لکیر کا ٹکڑا۔ شُعاع الدائرة (ہ): مرکز اور دائرے کے نقطے کے مابین تعلق قائم کرنے والے دائرہ کے خط مستقیم کا ٹکڑا، نصف قطر۔ الشِعَاع: شعاعیں بھیجنے کا آلہ۔ شُعُّ الشمس: سورج کی کرن۔ الشَعّ من کل شیء: ہر متفرق چیز۔ الشُعَاعیات (ح): گہرے سمندروں میں رہنے والے خوردبینی جانور۔ المُشِعّ جمع مُشِعات (ف): تابکار، وہ چیز جو شعاعیں نکالتی یا ڈالتی ہو جیسے ریڈیم، اورینیم وغیرہ، تابکار، ریڈیو ایکٹو radio -active۔

۲۔ أَشَعَّ إِشْعَاعًا الزرعُ (ز): کھیتی کا خوشہ نکالنا۔ ۔ السنبلُ (ز): بالی کا دانوں سے پُر ہونا۔ الشَعَاع من اللبن: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ شَعَاعُ السنبلِ: خوشہ کا خار۔ شُعَاع شِعاعُ و شَعُّ السنبل: خوشہ کا خار۔

۳۔ شَعَّ - شَعًّا و شَعِیعًا: تیزی کرنا، جلدی کرنا۔ الشَعّ و الشَعِیع: جلدی۔

۴۔ الشُعّ: مکڑی کا جالا۔ الشَعَاع: ہلکا سایہ۔

○ شَعَّ - شَعًّا و شِعاعًا: منتشر ہونا، بکھرنا، پھیلنا، نفوذ کرنا، چمکنا، چمک اٹھنا، شعاعیں نکالنا، بھڑک اٹھنا، شعلہ فشاں ہونا۔ أَشَعَّ ہ: کو نکالنا، خارج کرنا، پھیلانا، منتشر کرنا: کرنیں یا شعاعیں خارج کرنا، نکالنا، مرکز سے پھیلنا، چمکنا، چمک اٹھنا۔ تَشَعَّعَ: شعاعیں یا کرنیں نکالنا، ڈالنا۔ شُعّ: کرنیں، شعاعیں۔ شَعَاع: سراسیمہ، بٹے ہوئے خیال والا، گھبرایا ہوا، پریشان، حیران، الجھا ہوا۔ شُعاع اسم جمع واحد شُعَاعَة جمع أَشِعَّة: کرنیں، شعاعیں (پہیئے کا) تار۔ الأَشِعَّةُ فوق البَنَفْسَجِیَّة ماورائے بنفسجی شعاعیں ultra violet rays: الأَشِعَّة التی تحتَ الأَحْمَر: the infra red rays۔ ماورائے احمر یا تحت احمر شعاعیں۔ صورةُ أَشِعَّة: ایکسرے فوٹو۔ فاعلیةُ الأشعة: تابکاری radioactivity۔ إِشْعَاعی: تنویری، درخشاں۔ تَشَعُّع: تنویر، درخشانی۔ التشعع الحراری: حرارت کی درخشانی۔ التَشَعُّع الشمسی: شمسی تنویر۔ مُشِعَّة: radiator (1) حرارت: (heater): حرارت کش (آلہ) (انجن ٹھنڈا کرنے کا آلہ)۔

۵۔ شَعْشَعَ الشرابَ: شراب میں پانی ملانا۔ ۔ الشیءَ: کسی چیز کے بعض کو بعض کے ساتھ ملانا۔ تَشَعْشَعَ الشهرُ: مہینہ کا اکثر حصہ گزر جانا۔ الشُعْشُع و الشَعْشَع والشَعْشَاع و الشَعْشَعَان والشَعْشَعَانی: لمبا، دانا، زیرک، سبک۔ ۔ من الظلّ: ہلکا سایہ۔ الشَعْشُوع (ن): بن کی نئی سرخ رنگ کی تازہ اور مزیدار شاخ۔

۶۔ شَعْشَعَت الشمسُ: سورج کی روشنی کا پھیلنا۔ ۔ الضوءُ: روشنی کا پھیلنا۔ ۔ علیهم الخیلَ: پر سواروں سے حملہ آور ہونا۔

○ شَعْشَعَ (ہ): مشروب میں پانی ملانا، کو پانی ملا کر ہلکا کرنا۔ ۔: چمکنا، دمکنا، شعاعیں نکالنا۔ مُشَعْشَع: آدھا نشے میں، آدھا پیے ہوئے۔

شعب: شَعَبَ - شَعْبًا الشیءَ: کو جمع کرنا، متفرق کرنا (ضد) پھاڑنا۔ ۔ فلانًا: کو مشغول کرنا۔ ۔ اللجامُ الفرسَ: لگام کا گھوڑے کو اس کے راستہ پر جانے سے روکنا اور پھیرنا۔ ۔ الشیءُ: ظاہر ہونا، نمودار ہونا۔ ۔ القومُ: لوگوں کا متفرق و منتشر ہونا۔ ۔ إلی القوم: ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف رخ کرنا۔ ۔ الامیرُ رسولاً إلی موضع کذا: امیر کا کسی کو ایلچی بنا کر کسی جگہ بھیجنا۔

شَعِبَ - شَعَبًا الرجلُ او الثورُ: آدمی کے دونوں شانوں اور بیل کے دونوں سینگوں میں فاصلہ ہونا۔ شَعَّبَ عنه: سے ہمیشہ کے لئے جدا ہونا۔ شَاعَبَ صاحِبَهُ: ساتھی سے جدا ہونا، دور ہونا۔ أَشْعَبَ عنهُ: سے ہمیشہ کے لئے جدا ہونا۔ تَشَعَّبَ القومُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔ ۔ الزرعُ: کھیتی کا شاخ دار ہونا۔ ۔ النهرُ: نہر کی کئی شاخیں نکلنا۔ ۔ عنه: سے دور ہونا۔ ۔ ت اغصانُ الشجرة: درخت کی شاخوں کا ادھر ادھر پھیل جانا۔ تَشَعَّبَتْهُمُ الفتنةُ: فتنہ و فساد کا لوگوں کو ایک دوسرے سے جدا کرنا یا متفرق کرنا۔ إِنْشَعَبَ عنه: سے دور ہونا۔ ۔ تْ اغصان الشجرة: درخت کی ٹہنیوں کا جڑ سے پھوٹنا۔ ۔ الطریقُ او النهرُ: راستہ یا نہر کا پھٹنا۔ ۔ بہ القولُ: بات میں بات نکلنا۔ الشَعْبُ جمع شُعُوب: دور، دوری، کہتے ہیں: ماءٌ شَعْبٌ: دور پانی، لوگوں کی ایک جماعت۔ الشِعْب جمع شِعاب: پہاڑی راستہ، درہ کوہ، پانی کا راستہ، کنارہ، ونہ۔ الشَعَبُ (مص) جمع شُعُب و شِعاب: دونوں کندھوں یا سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔ کہتے ہیں: شَغَلَتْ شِعَابی جدوای: اپنے بال بچوں پر خرچ کرنے نے مجھے دوسروں پر فضل و کرم سے مشغول رکھا۔ الشُعْبَة جمع شُعَب و شِعَاب: فرقہ، گروہ۔ (کہا جاتا ہے: إِشْعَبْ لی شُعْبَةً من المال: مجھے اپنے مال کا ایک ٹکڑا دو)، پہاڑ کی دراڑ، درخت کی شاخ۔ دو شاخوں یا سینگوں کے درمیان کا فاصلہ، پانی بہنے کی جگہ، وادی کی بڑی نالی۔ شُعَبُ الدهر: حالات زمانہ۔ ۔ الید: انگلیاں۔ ۔ السَفُود: سیخ کے دندانے جن میں گوشت بھوننے کے لئے لگاتے ہیں۔ ۔ الفرس: گھوڑے کا سر اور پیٹھ کا اوپر کا حصہ جو دونوں کندھوں کے درمیان ہوتا ہے۔ ۔ الجسم: ہاتھ پاؤں۔ کہتے ہیں: هذه مَسْأَلةٌ کثیرةُ الشُعَب: یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے کئی نتائج نکلتے ہیں۔ شُعْبَتا الرَحْل: کجاوہ کا آگے اور پیچھے کا حصہ۔ الأَشْعَب م شَعْبَاء جمع شُعْبٌ: دونوں شانوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ رکھنے والا، ٹوٹے سینگ والا۔ الشاعبان: دونوں کندھے۔ شَعْبَان جمع شعابین و شَعْبانات: قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ جو رجب اور رمضان کے درمیان آتا ہے۔ اس کے ۲۹ دن ہوتے ہیں۔ غیر منصرف ہے وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس مہینہ میں عرب پانی کی طلب میں متفرق ہو کر نکل جاتے ہیں۔ المَشْعَب ج مَشَاعِب: راستہ: کہتے ہیں: هذا مَشْعَبُ الحق: یہ حق کا راستہ ہے جس سے حق و باطل میں امتیاز ہوتا ہے۔

۲۔ شَعَبَ - شَعْبًا الشیءَ: کو اکٹھا کرنا، جدا کرنا (ضد)، درست کرنا، خراب کرنا (ضد)۔ تَشَعَّبَ و إِنْشَعَبَ الشیءُ: چیز کا درست ہونا۔ الشَعْب ج

شُعُوب: سر کے ٹکڑوں کے جوڑ کی جگہ، دراڑ۔ (کہتے ہیں: التَأَم شَعْبُهُمْ: وہ متفرق اور منتشر ہونے کے بعد اکٹھے ہو گئے) بڑا قبیلہ، عربوں کا بڑا طبقہ، (یہ طبقے مندرجہ ذیل ہیں: شعب، قبیلہ عمارۃ، بطن فخذ، فصیلہ، شعب قبائل کا مجموعہ ہے۔ اسے بڑا طبقہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ قبائل اس کی شاخیں ہیں، قبیلہ عمائر کا مجموعہ ہے عمارۃ بطون کا اور بطن افخاذ کا جبکہ فخذ فصائل کا مجموعہ ہے۔ چنانچہ خزیمہ شعب ہے، کنانہ قبیلہ قریش عمارۃ و قصی بطن، ھاشم فخذ اور عباس فصیلۃ ہے۔ اس میں ایک ساتواں طبقہ کا بھی اضافہ کیا گیا ہے اور یہ ساتواں طبقہ عشیرۃ ہے اس سے مراد باپ کے قریب ترین بیٹے ہیں)۔ مثل: (کہتے ہیں: هما شَعْبان. وہ مثل ہیں) نیشعب ج شِعاب: بڑا محلّہ۔ الشَعَّاب: دراڑ کو جوڑنے والا۔ الشُعُوبِيَّة: واحد شُعُوبِی: ایک فرقہ جو عرب کو عجم پر ترجیح نہیں دیتا۔ الشِعَابَة: شعّاب کا پیشہ۔ الشَعِيب جمع شُعُب: پرانی مشک، پالان، توشہ دان۔ المُشَعَّب: درست کیا ہوا۔ المِشْعَب جمع مَشَاعِب: سوراخ کرنے کا اوزار، برما۔

۳۔ شَعَبَ – شَعْبًا الرجلُ: مرنا۔ ـته المنِيَّةُ: کو موت کا اچانک آلینا۔ شَاعَبَ ت نفسُهُ: مرنا۔ ـ الحيوةَ: زندگی کو ہلاک کرنا۔ أَشْعَبَ الرجُلُ: مرنا۔ اِنْشَعَبَ الرجُلُ و اِنْشَعَبَتْ نفسُهُ: مرنا۔ شَعُوب موت، غیر منصرف ہے۔

۴۔ شَعْبَذ. شعبدہ بازی کرنا (دیکھو شعوذ)

○ شَعَبَ ھـ/ (ہ): کو اکٹھا کرنا، جمع کرنا؛ کو متفرق کرنا، منتشر کرنا، بکھیرنا۔ شَعَّبَ ہ: کو شاخ در شاخ کرنا، کی شاخیں نکالنا، کو شاخوں یا سب ڈویژنوں میں تقسیم کرنا۔ تَشَعَّبَ: شاخیں نکلنا، تقسیم در تقسیم ہونا، راہیں الگ ہونا، جدا ہونا، مختلف جہتوں میں حرکت کرنا، سے الگ ہو جانا، علیحدہ ہو جانا، متفرق ہونا، منتشر ہونا، سے شاخ نکلنا، کا نتیجہ ہونا۔ شَعْب جمع شُعُوب: لوگ، عوام، قوم، قبیلہ، نسل۔ شِعب جمع شِعاب: پہاڑی راستہ، پہاڑی پگڈنڈی، تنگ گھاٹی، گہری گھاٹی، کھڈ، گہری کھڈ، خلیج، اتھاہ، گہرائی، سمندر میں سطح کے برابر اونچی چٹان۔ شِعَبَة: سمندر میں سطح کے برابر اونچی چٹان۔ شُعْبَة جمع شُعَب و شِعَاب: شاخ، ٹہنی، بازو یا ٹانگ، شاخ در شاخ ہونا، تفرع؛ کونپل، ٹہنی، ڈالی، چشمہ، سوتا، پھوار؛ کا شا، شاخ، سب ڈویژن، سیکشن، ڈیپارٹمنٹ، برانچ، سیل (cell)، مطالعہ کا میدان تعلیم کا شعبہ (discipline)، حصہ، جمع شُعَب: bronchus۔ التِهَابُ الشُعَب: ورم زخرہ، قصبی ورم۔ شُعَبِی: قصبی bronchial۔ أَشْعَب: ایک روایتی کنجوس کا نام۔ اطمعُ من أشعب: اشعب کنجوس سے زیادہ حریص۔ طمعٌ اشعبی: بہت زیادہ لالچ۔ مُتَشَعِّب: کئی پہلوؤں والا، ہمہ گیر۔ شَعْبَذ: شعبدہ بازی کرنا، کرتب دکھانا، ہاتھ کی صفائی دکھانا۔ شَعْبَذَة: شعبدہ بازی، کرتب، ہاتھ کی صفائی، جادو۔

شعث: ۱۔ شَعِثَ – شَعَثًا و شُعُوثَةً الشَعَرُ: بالوں کا غبار آلود اور بکھرے ہوئے ہونا (صفت) أَشْعَث م شَعْثَاء جمع شُعْث: پراگندہ بالوں والا۔ ـ شَعَثًا الامرُ: معاملہ کا پراگندہ ہونا۔ شَعَّثَ الشيءَ: چیز کو بکھیرنا، پراگندہ کرنا۔ ـــ الشاعِرُ: شعر میں تشعیث لانا۔ ـــ من فلان: سے چشم پوشی کرنا۔ ـ من الطعام: تھوڑا سا کھانا کھانا۔ ـ منه شَيئًا: چیز لے لینا، نکال لینا۔ ـ ہ بخیر: کو بھلائی پہنچانا۔ تَشَعَّثَ: بکھرنا، پراگندہ ہونا۔ ـ الشَعَرُ: بالوں کا غبار آلود اور بکھرا ہوا ہونا۔ ـــ الشِعْرُ: شعر میں تشعیث داخل ہونا۔ ـ من الطعام: کھانے میں سے تھوڑا سا کھا لینا۔ الشَعْث و الشَعَث: کام کی پراگندگی۔ کہتے ہیں: لَمَّ اللّٰه شَعَثَهُمْ: اللہ تعالیٰ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔ الشَعِث و الشَعْثان: بمعنی الأشعث (غبار آلود اور بکھرے ہوئے بالوں والا)۔ التشعيث: علم عروض کی اصطلاح میں فاعلاتن کے وتد میں سے ایک متحرک حذف کر دینے کو کہتے ہیں اور وہ مفعولن میں منتقل ہو جاتا ہے۔

۲۔ شَعَّثَ عنه: کی مدافعت کرنا، حفاظت کرنا۔

شعر: ۱۔ شَعَرَ ـ شِعْرًا و شَعْرًا الثوبَ: کپڑے کے اندر بال لگانا یا بھرنا۔ شَعِرَ ـ شَعَرًا: لمبے اور زیادہ بالوں والا ہونا۔ شَعَّرَ الجنينُ: ماں کے پیٹ میں بچہ کے بال نکلنا۔ ـ الثوبَ و نحوه: کپڑے کے اندر بال لگانا یا بھرنا۔ أَشْعَرَ الجنينُ: ماں کے پیٹ میں بچہ کے بال نکلنا۔ ـ الثوبَ: کپڑے کے اندر بال لگانا یا بھرنا۔ ـــ ہ الشِعارَ: کو شعار پہنانا، بدن سے لگنے والا کپڑا پہنانا۔ ـــ ہ بكذا: کو کے ساتھ چپکانا۔ کہتے ہیں: اشْعَرَ الهمُّ قلبي: فکر و غم نے میرے دل کو پکڑ لیا۔ ـ ہ شرًّا: کو شر سے ڈھانپ لینا۔ تَشَعَّرَ الجنين: ماں کے پیٹ میں بچہ کے بال نکلنا۔ اِسْتَشْعَرَ الجنين: ماں کے پیٹ میں بچہ کے بال نکلنا۔ ـــ الشِعارَ: شعار پہننا۔ ـــ بالثوب: کپڑے کو اور کپڑوں کے نیچے پہننا۔ الشَعْر ج أَشْعار و شِعَار و شُعُور واحد شَعْرة جمع شَعَرات: بال۔ الشَعَر (مو): وائلن، سارنگی کے کمانچہ کے تار جن کو چھیڑ کر موسیقی پیدا کی جاتی ہے۔ ـ ج أَشْعار و شِعار و شُعُور واحد شَعَرة جمع شَعَرات: بال۔ الشَعِر و الشَعْرَانی: لمبے اور گھنے بالوں والا۔ الشِعْرَة: بالوں کا ٹکڑا۔ ـــ و الشِعراء: زیر ناف بال اُگنے کی جگہ۔ الشَعار: وہ لباس جو جسم کے ساتھ لگا ہوا ہو۔ الشِعَار جمع أَشْعِرَة و شُعُر: جسم سے لگنے والا کپڑا، گھوڑے کی جھول۔ الشَعِيرَة: خچر کے چھ بالوں کے برابر پیمائش۔ الأَشْعَر م شَعْرَاء جمع شُعْر: گھنے اور لمبے بالوں والا۔ کہتے ہیں: فلانٌ أَشْعَرُ الرقبة: فلاں مضبوط گردن والا ہے گویا کہ شیر۔ الشَعْرَاء جمع شُعْر: پوستین۔ المَشْعَر جمع مَشَاعِر: درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ إناءٌ مَشْعُورٌ: تھوڑا سا پھٹا ہوا برتن (عام زبان میں)۔

۲۔ شَعَرَ ـ شِعْرًا و شَعْرًا الرجُلُ: شعر کہنا۔ ـــ لفلان: کسی کے لئے شعر کہنا۔ شَاعَرَهُ فَشَعَرَهُ: کے ساتھ شعروں میں مقابلہ کرنا اور اس کا اس پر غالب آنا۔ تَشَاعَرَ: بناوٹی شاعر بننا۔ الشِعر (مص) جمع أَشعار: شعر، منظوم کلام، موزوں کلام۔ مثل ہے: اعذبُ الشعر اكذبُه: شعر جتنا دلکش ہوتا اتنا ہی زیادہ جھوٹا ہوتا ہے۔ الأَشْعَر: کہتے ہیں: هذا البيت أَشْعَرُ من هذا: یہ بیت اس بیت سے بہتر ہے۔ الشاعر (فا) جمع شُعَرَاء م شاعِرة جمع شَوَاعِر و شاعِرات: شاعر، شعر کہنے والا۔ شِعْرٌ شَاعِر: عمدہ شعر۔ الشُعْرُور جمع شَعَارِير واحد شُعْرُورَة: بہت کمزور شاعر۔

۳۔ شَعَرَ ـ و شَعُرَ ـ شِعْرًا و شَعْرًا و شَعْرَی و شُعْرَی و شِعْرَی و شَعْرَةً بتثليث الشين شُعورَةً و شُعُورًا و شُعُورَةً و مَشْعُورًا و مَشْعُورَةً و مَشْعُوراءَ به: کو جاننا، محسوس کرنا۔ و ـ له: کو سمجھنا۔ أَشْعَرَهُ الأمرَ و بالأمرِ: کو کوئی خبر دینا، کو سے آگاہ کرنا۔ ـــ امرَ فلان: کے معاملہ کو مشہور کرنا۔ ـ الرجُلَ: کو برے نام سے مشہور کرنا۔ الشِعْر (مص): علم، معرفت، آگاہی، کہتے ہیں: ليتَ شِعري فلانًا أو عن فلان او لِفلان ما صنع: کاش میں جانتا ہوتا کہ فلاں نے کیا کیا۔ المَشَاعِر: حواس۔ رجُلٌ مَشْعُورٌ: پاگل، سودائی، احمق۔

۴۔ أَشْعَرَ القومُ: قوم کا اپنے لئے کوئی خاص علامت

مقرر کرنا، ایک دوسرے کو خاص علامت سے پکارنا۔ اِسْتَشْعَرَ القومُ: قوم کا لڑائی میں ایک دوسرے کو اپنی خاص علامت سے پکارنا۔ کہتے ہیں: اِسْتَشْعِرْ خوفَ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے خوف کو اپنے دل کے لئے شعار بنالو۔ الشِعَار جمع اَشْعِرَة و شُعُر: خاص لفظ جو فوج میں مقرر ہوتا ہے اور جس سے اپنے آدمیوں کو پہچانتے ہیں اور لڑائی کے وقت اس لفظ سے ایک دوسرے کو پکارتے ہیں۔ (اس کو سِرُّ اللیل بھی کہتے ہیں) لڑائی یا سفر میں مقررہ علامت۔ شِعَار الحجّ: حج کی علامات و رسوم۔ المملکۃ واحد شِعَارۃ: حکومت کی علامات۔ شَعَارُ الحج واحد شَعَارۃ: حج کی رسوم و احکام۔ الشَعِیرَۃ جمع شعایر: علامت۔ شعایر الحج (بمعنی) حج کی رسوم و اعمال و نشانات) کا واحد۔ المَشْعَر جمع مَشَاعِر: مناسک حج بجالانے کی جگہ۔

۵۔ اُشْعِرَ المَلِكُ: بادشاہ کا قتل ہونا۔

۶۔ الشَعَار: درختوں والی جگہ، گھنے اور گنجان درخت جہاں لوگ سردی کے موسم میں گرماہٹ حاصل کریں اور گرمیوں کے موسم میں سایہ لیں، درخت۔ الشِعَار جمع اُشْعِرَۃ و شُعُر: کڑک، گنجان درخت۔ الشَعِیر واحد شَعِیرَۃ (ن): جو۔ الشَعِیرَۃ (طب): آنکھ کی پلک میں جو نما نکلنے والی سوجن۔ الشَعِیری: جوکا، جوفروش۔ الأَشْعَر جمع أَشَاعِر: جانور کے کھر کے آس پاس کی کھال، ناخن کے نیچے نکلنے والا گوشت۔ الشَعْراء جمع شُعُر (ح): جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی، لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ (ن): ایک قسم کا آڑو۔ (ن): ایک ترش ذائقہ کا درخت۔ — من الدواھی: سخت مصیبت۔ ارضٌ شعراء: بہت درختوں والی جگہ۔ رمالٌ شُعْراء: ریت جہاں عمدہ قسم کا چارہ اگتا ہو۔ الشِعْرَی (فلک): سخت گرمی میں طلوع ہونے والا ایک ستارہ۔ الشُعْرُوْر جمع شَعَارِیر واحد شُعْرُوْرَۃ (ن): چھوٹی ککڑی۔ الشَعْرِیَۃ جمع شَعْرِیات: لکڑی کی پٹیوں والی کھڑکی جس کی وجہ سے باہر والے اندر والوں کو نہیں دیکھ سکتے، چوبی جھروکہ۔ اسے مَشْرَبِیّہ بھی کہتے ہیں۔ المَشْعَر جمع مَشَاعِر: سایہ دار درخت۔

Ⓒ شَعَرَ – شُعُوراً (ب): کو جاننا۔ — أن: جاننا کہ۔ — ب: سے آگاہ ہونا یا کی آگاہی حاصل کرنا: — ب: کو دیکھنا۔ — ان: دیکھنا کہ۔ — ب: کو محسوس کرنا۔ — ان: محسوس کرنا کہ۔ — ب: سے واقف ہونا، باخبر ہونا۔ لَمْ یشعر اِلا ب۔ و لم یشعر الاو ۔۔ وما شَعَرَ الاب و ما شَعَرَ الاو ۔۔: اس سے پہلے کہ اسے اس کا احساس ہوتا، اچانک ...... تھا یا ...... ہوا۔ أشْعَرَہ ہ/ب: کو کچھ یا کے بارے میں جاننے دینا، کو کی یا کے بارے میں اطلاع دینا، کو کی اطلاع فراہم کرنا، کو کچھ بتانا، پر کچھ ظاہر کرنا۔ استشعر ہ/ب: کو محسوس کرنا، بھانپ لینا، سے واقف ہونا، آگاہ ہونا۔ — ہ: کسی احساس سے مملو ہونا۔ شَعْر و شَعَر: (اسم جمع واحد شَعْرہ جمع اشعار و شُعُور و شِعار: بال، پشم، پوستین۔ شَعْرَۃ (واحد) جمع شعرات: بال۔ لا قدرَ شعرۃ: بال برابر فاصلہ جتنا بھی نہیں۔ شَعْرِی شَعَرِی: بالوں سے بھرا ہوا، بالوں کا۔ شَعْرِیَّۃ جمع شعریات: تاروں کی جالی۔ شَعْریۃ الشَبَّاك: سایہ دار کھڑکی windowshade۔ شِعْرِیَّہ: سویاں۔ شعرانی: بالوں سے بھرا ہوا، لمبے موٹے بالوں والا۔ شِعر: علم، معرفت۔ لیتَ شعری: کاش میں جانتا جمع اشعار: شاعری، فن شاعری، شعر گوئی، نظم۔ شِعْرِی: شعروں میں، منظوم، شاعرانہ۔ شَعْرَی جمع شَعَارَی: جھاڑ جھنکار والا علاقہ۔ شِعار جمع شُعُر و أَشْعِرَہ: شناختی لفظ (password)، پہرے کا لفظ watch word، نعرہ، اصول عمل، ماٹو (motto): نشان بطور علامت، نشانی، ٹوکن (token)، اشارہ، امتیازی نشان یا خصوصیت، علامت (emblem) بلا (badge)۔ شِعارٌ تجاریٌ: ٹریڈ مارک۔ تجارتی نشان۔ شَعِرِیَۃ: سویاں۔ شعور: علم، معرفت، واقفیت، آگہی، ادراک، نکتہ رسی بصیرت، قوت مدرکہ، احساس، جذبہ، ادراکیت، اثر پذیر مزاج، مزاجی کیفیت۔ علی غیرِ شُعُورٍ منه: اس کے متعلق اس کی آگاہی کے بغیر، انجانے میں۔ غابَ عن الشعور: بے ہوش ہوجانا۔ فاقدُ الشعور: بے ہوش۔ الشُعُور بالنفس: خود آگاہی، خود آگہی۔ الشُعُور بالذات: خود آگاہی، خود آگہی۔ دِقَّۃُ الشعور: احساس، اثر پذیری۔ الشعور المشترك: اجتماعی شعور، یکجہتی۔ عدیم الشعور: غیر حساس۔ شُعُوری: دانستہ، جذباتی۔ لاشُعُوری: نادانستہ۔ تحت الشُعوری، نیم شعوری۔ شَعاری: بکریاں۔ شُعْرُور: تک بند (rhymester, poetaster)۔ شَاعِرِیَّۃ جمع شَاعِرِیَّات: شاعری، شعر کہنے کی صلاحیت، [illegible]

تنقیدیں، افتراءات، رسوائیاں، بدنامیاں۔ مَشْعُور: پھٹا ہوا، درزوں والا، پاگل، سودائی، احمق۔ مُشْعِرانی: بالوں سے بھرا ہوا، موٹے اور لمبے بالوں والا۔ شُوَیْعَر: تک بند۔

شعف: ا۔ شَعَفَ – شَعْفاً ہُ الحُبُّ: محبت کا دل پر غلبہ پانا۔ — بالقطران: کو قطران ملنا۔ — الشیءُ الشیءَ: ایک چیز کا دوسری پر چڑھنا۔ شَعِفَ – شَعَفاً بفلانٍ و بحُبِّ فلان: پر فریفتہ ہونا۔ شُعِفَ بفلانٍ: کسی کی محبت کا دل میں بیٹھ جانا، محبت میں بے خود ہونا۔ الشَعَف (مص): کوہان کی چوٹی۔ الشَعْفَۃ: اسم مرۃ۔ الشَعَفَۃ ج شَعَف و شُعُوف و شِعَاف و شَعَفَات: پہاڑ کی چوٹی، بالوں کی لٹ۔ — من القلب: دل کا سرا جو شاہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے۔ شَعَفَۃُ کلِّ شیءٍ: چوٹی۔ الشُعَاف: دیوانگی، محبت کی فریفتگی۔ الشَعَاف: محبت کا دل کو چرانا۔ المَشْعُوف: محبت میں شیفتہ، محبت کا دیوانہ۔

۲۔ شَعِفَ – شَعَفَاتِ الناقۃُ: اونٹنی کو شعف کی شکایت ہونا صفت: شَعْفَاء۔ الشَعَف (طب): اونٹنی کی ایک بیماری جس کے اثر سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

۳۔ الشَعْفَۃ: بارش کا ایک قطرہ، ہلکی بارش جو زمین کی سطح کو تر کردے۔ ضرب المثل ہے: ما تنفع الشَعَفَۃُ فی الوادی الرُغُب: ہلکی بارش وسیع وادی میں کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی جسے بھرنے کے لئے زبردست سیلاب درکار ہو۔ اس شخص کے بارے میں بولی جاتی ہے جس کی ڈھیر ساری ضروریات ہوں اور آپ اسے بہت ہی تھوڑا سا دیدیں۔ سمندر سے پیاسے کو ملے قطرۂ شبنم۔

شعل: ا۔ شَعَلَ – شَعْلاً النارَ: آگ بھڑکانا۔ شَعَّلَ النارَ: آگ بھڑکانا۔ أَشْعَلَ النارَ: آگ بھڑکانا۔ — ہٗ: کو غضبناک کرنا۔ تَشَعَّلَتِ النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِشْتَعَلَت النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ کہتے ہیں: اِشْتَعَلَ الرأسُ شَیْباً: سر کے بالوں میں بڑھاپے کی سفیدی پھیل جانا۔ اِشْتَعَلَ فلانٌ: کسی کا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ غلامٌ شَعْلٌ: جوشیلا نوجوان۔ الشُعْلَۃ جمع شُعَل: آگ کا شعلہ، آگ کی بھڑک، جلتی لکڑی جس سے آگ بھڑکائی جائے۔ الشَعِیل: ہانڈی کے نیچے ستاروں کے مانند چمکنے والی چیز، جلتا ہوا، بھڑکتا ہوا، شعلہ زن، مشتعل۔ الشَعِیلَۃ جمع شُعُل: بھڑکتی ہوئی آگ، جلتی

ہوئی بتی۔ الأشْعَلُ من الناس: وہ جس کی آنکھوں میں پیدائشی سرخی ہو۔ المَشْعَل جمع مَشَاعِل: ہاتھوں میں پکڑی ہوئی جلتی لکڑی تاکہ روشنی کی جائے، قندیل، لیمپ۔ المَشْعَلَة: چولہا۔ جمع مَشَاعِل: قندیل، لیمپ۔

۲۔ شَعَلَ - شَعْلاً الأمرَ: معاملہ کو غور سے دیکھنا۔ أَشْعَلَ السقيَ: خوب پانی پلانا۔ ـــ تِ العينُ: آنکھ کا زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔

۳۔ شَعِلَ - شَعَلاً و اشْعَلَّ الفرسُ: گھوڑے کی دم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا، صفت: شَاعِلٌ و شَعِيلٌ و أَشْعَلُ۔ اِشْعَلَّ اِشْعِلالاً و اِشْعَالَّ اشْعِيلالاً الفرسُ: گھوڑے کا دم یا پیشانی پر سفید داغ والا ہونا۔ الشَّعَل (مص): گھوڑے کی دم یا پیشانی یا کبھی گدی پر سفید داغ۔ الشُّعْلَة جمع شُعَل: بمعنی شَعَل۔

۴۔ أَشْعَلَ الجَمْعَ: جمعیت کو منتشر کرنا۔ ـــ الخيلَ في الغارة: سواروں کو چاروں طرف پھیلانا۔ ـــ تِ القِرْبَةُ: مشک کے پانی کا اِدھر اُدھر سے بہنا۔ ـــ تِ الطعنةُ: چھرے کے گھاؤ کا جگہ جگہ سے خون رسنا۔ اِشْعَلَّ اِشْعِلالاً و اِشْعَالَّ اشْعِيلالاً رأسُ الرجُلِ: کے سر کے بالوں کا کھڑا ہونا۔ کھڑے بال والا ہونا۔

۵۔ المِشْعَل و المِشْعَال جمع مَشَاعِل و مَشَاعِيل: صافی، چھلنی۔

۶۔ الشُّعْلُول جمع شَعَالِيل: آگ کا شعلہ، لوگوں کا گروہ۔ کہتے ہیں: ذهبوا شَعَالِيلَ: وہ علیحدہ علیحدہ چلے گئے۔

○ شَعَلَ - شَعْلاً و شَعَّلَ و أَشْعَلَ ہ: کسی چیز کو جلانا، روشن کرنا، آگ دکھانا، آگ لگانا، شعلہ فشاں کرنا، بھڑکانا، مشتعل کرنا۔ اِشْتَعَلَ: آگ لگنا، جلنا، آگ کا جلنے لگنا، آگ سے شعلے نکلنا، آگ کا بھڑک اٹھنا، جوش میں آنا، دفعۃً جل اٹھنا؛ آگ کا یکایک لگ جانا، یا شروع ہونا یا پھیلنا۔ اِشْتَعَلَ غضباً: سخت غصہ یا طیش سے لال پیلا ہونا۔ اِشْتَعَلَ رأسُهُ شَيْباً: اس کے بال سفید تھے یا ہو گئے۔ شُعْلَة جمع شُعَل: آگ، شعلہ، لپٹ، ٹارچ (torch)۔ مَشْعَل و مَشْعَلَة جمع مَشَاعِل: ٹارچ (torch)۔ مِشْعَال: ٹارچ (torch)، مَشَاعِلِی جمع مَشَاعِلِيَّه: مشعل بردار، جلاد پھانسی پر لٹکانے والا، hangman, executioner۔ مُشْتَعِل: جلتا ہوا، شعلہ فشاں، ملتہب۔

شعم: شَعَمَ - شَعْمًا الرجُلُ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

شعن: ۱۔ أَشْعَنَ عُدْوَّهُ: دشمن کو پیشانی سے پکڑنا۔ اِشْعَانَّ و اشْعَنَّ شَعَرُهُ: کے بالوں کا پراگندہ ہونا۔ الشَّعَن جمع أَشْعَان: سوکھنے کے بعد جھڑے ہوئے پتے یا گھاس۔ رجُلٌ مُشْعَانُ الرأسِ: پراگندہ بالوں والا۔ شَعَرٌ مُشْعُوْنٌ: پراگندہ بال۔ الشعانين: عيد الشعانين: اتوار کی عید (عبرانی)۔

۲۔ شَعْنَبَ الكبشُ: مینڈھے کا کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت: مُشَعْنَب و مُشْعَنِب۔

شعا: ۱۔ شَعَا - شَعْواً الشَعَرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔ شَعِيَ يَشْعَى شَعاً تِ الغارةُ: لوٹ اور غارت کا پھیل جانا۔ صفت: شَعْوَاء۔ اشْعَى القومُ الغارةَ: سخت لوٹ ڈالنا۔ الشَّاعِي (فا) م شَاعِيَة جمع شَوَاعٍ: دور، متفرق، مشترک حصہ۔ کہتے ہیں: جاءت الخيلُ شَوَاعِيَ و و شَوَائِعَ: گھوڑے متفرق آئے۔ غارةٌ شَعْوَاء: دور تک پھیلی ہوئی غارت۔ شجرةٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی شاخوں والا درخت۔ الشُّعَى واحد شَعْوَة: پراگندہ بالوں کے گچھے۔

۲۔ أَشْعَى به: کا اہتمام کرنا۔

۳۔ شَعْوَذَ شَعْوَذَةً: مداری کا تماشا کرنا، شعبدہ بازی کرنا۔ صفت: مُشَعْوِذ و مُشَعْوَذ۔ الشَّعْوَذَة: ہاتھ کی صفائی، شعبدہ بازی۔

○ غارة او حملة او حربٌ شَعْوَاء: وسیع پیمانہ کی دور تک تباہی مچانے والی جنگ یا حملہ۔

○ شَعْوَذَ: شعبدہ بازی کرنا، مداری کا تماشا کرنا، شعبدے دکھانا، شیشہ گری کرنا، جھوٹ سچ ایک کر دکھانا، کرتب دکھانا، ہاتھ کی صفائی سے کام لینا، جادوگری کرنا۔ شَعْوَذَة: شعبدہ بازی، ہاتھ کی صفائی، کرتب، جادوگری، جادو، فسوں گری۔ مُشَعْوِذ: مداری، شعبدے باز، جادوگر، فسوں گر، ساحر، ٹھگ، دھوکے باز، فریبی۔

شغ: شَغْشَغَ الشيءَ: کو اندر کرنا باہر کرنا۔ کہتے ہیں: شَغْشَغَ الطاعنُ: نیزہ باز کا زخم خوردہ کے جسم میں نیزہ کو پھیرنا، ہلانا۔ ـــ المُلْجِمُ: سوار کا جانور کے منہ میں اسے سزا دینے کے لئے لگام اندر باہر کرنا۔ ـــ في الأمر: کام میں جلدی کرنا۔ ـــ في الشرب: پینا کم کرنا۔ ـــ في الاناء ماءً او غيرَهُ: برتن میں پانی وغیرہ بغیر بھرنے کے ڈالنا۔ ـــ البئرَ: کنویں کو گدلا کرنا۔ کہتے ہیں: شَغْشَغَ شربي: اس نے میرا شروب گدلا کر دیا۔

شغب: ۱۔ شَغَبَ - شَغْبًا و شَغَبًا القومَ و بهم و عليهم: لوگوں میں فتنہ و فساد برپا کرنا۔ صفت: شَغِبٌ و شِغَبٌ و شَغَّابٌ و مِشْغَبٌ و مُشَاغِب و ذو مَشَاغِب۔ ـــ شَغْبًا عن الطريق: راستے سے ہٹنا۔ شَغِبَ - شَغَباً و شَغَبًا القومَ و بهم و عليهم: لوگوں میں فتنہ و فساد برپا کرنا۔ صفت: شَغِبٌ و شِغَبٌ و شَغَّابٌ و مِشْغَبٌ و مُشَاغِبٌ و ذو مَشَاغِب۔ شَغَّبَ القومَ و بهم و عليهم: لوگوں میں فتنہ و فساد برپا کرنا۔ شَاغَبَ ہُ: سے جھگڑا کرنا اور بہت غنڈہ گردی کرنا۔ تَشَاغَبَ الرجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہتے ہیں: طلبت منه كذا فتشاغب: میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی تو اس نے میری بات نہ مانی اور وہ چیز مجھے نہیں دی۔ الشَّغْب (مص) والشَّغَب (مص): بہت شور و غوغا۔ الشَّغُوب: شرانگیز، جھگڑالو۔

۲۔ تَشَغْبَرَتِ الريحُ: ہوا کا پیچ کھا کر یا بل کھاتے چلنا۔

○ شَغَبَ و شَغِبَ - شَغْبًا و شَغَبًا: امن و امان میں خلل ڈالنا، امن و امان کو درہم برہم کرنا، پریشانی یا مصیبت کھڑی کرنا، بلوہ اور فساد بھڑکانا، ہنگامہ کھڑا کرنا، اودھم مچانا، دنگا فساد کرنا۔ ـــ هم / على / ب: لوگوں کے مابین اختلاف، نزاع، ان بن، نااتفاقی کا باعث بننا۔ شَاغَبَ: پریشانی یا مصیبت کھڑا کرنا، امن و امان درہم برہم کرنا۔ ـــ على: کے خلاف بغاوت کرنا۔ شَغَب و شَغْب: عام بے چینی، گڑبڑ، پریشانی، مصیبت، تکلیف، خلل، ہلچل، نااتفاقی، نزاع، ان بن، بلوہ، فساد، اودھم، دھما چوکڑی، ہنگامہ، ہلچل، افراتفری، اضطراب، شورش، شور و غوغا، جھگڑا فساد، کہرام، دنگا، لڑائی، ہلڑ، شور، تو تو میں میں، مجادلہ، مناقشہ، مخاصمت، مباحثہ، قیل و قال۔ شَغَّاب: تخریب کار، تحریک میں حصہ لینے والا، فسادی، فتنہ پرور۔ شغوب: سخت شور و غوغا اور بے چینی پیدا کرنے والا، ہنگامہ خیز، شورش پسند، ہنگامہ پرور، پرآشوب۔ مَشَاغِب: پریشانیاں، مصائب، فسادات، گڑبڑیں۔ مُشَاغَبَة جمع مُشَاغَبات: بے ضابطگی، نزاع، نااتفاقی، ان بن، لڑائی جھگڑا، گڑبڑ، فساد، پریشانی، مصیبت، بلوہ، ہنگامہ، شور و غوغا۔ ـــ على: کے خلاف بغاوت۔ مُشَاغِب: فسادی، فتنہ پرور، بلوائی، تخریب کار، تحریک میں حصہ لینے والا۔ جمع مُشَاغِبُون۔

شغر: ۱۔ شَغَرَ - شُغُورًا الرجُلُ: دور ہونا۔ ـــ الناسُ: متفرق ہونا، منتشر ہونا۔ ـــ شَغْراً و شِغَاراً ہُ عن بلده: کو جلاوطن کرنا، شہر بدر کرنا۔ اشْغَرَ

المنهلُ: چشمہ کا راستہ سے ایک طرف ہونا، دور ہونا۔ ــــ تِ الرُّفقةُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔ ــــ الحسابُ علیہ: حساب کا انتشار اور پھیلاؤ کے باعث قابو میں نہ آنا۔ تَشَغَّرَ البعیرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ ــــ فی امرٍ قبیحٍ: کسی بری بات پر ثابت قدم رہنا۔ اِشْتَغَرَ الامرُ: معاملہ کا بڑا اور وسیع ہونا، خلط ملط ہونا۔ ــــ الحسابُ علیہ: حساب کا خلط ملط اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے کسی شخص کے قابو میں نہ آنا۔ ــــ الحربُ بین القومین: دونوں قومیں کے درمیان لڑائی کا وسیع پیمانہ پر چھڑنا اور سخت وسنگین ہونا۔ ــــ فی الفلاۃِ: بیابان میں دور تک جانا۔ الشَّغَر و الشِّغَر: کہا جاتا ہے: تَفَرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ و شِغَرَ بِغَرَ: وہ ہر طرف بکھر گئے۔ الشِّغار (مص): دھتکار، جلاوطنی۔ ــــ بئرٌ شِغارٌ و آبارٌ شِغارٌ: بہت پانی، والا بڑا کنواں یا کنویں۔ المِشْغَر: چھوٹی برچھی جس سے وحشی جانوروں کو بھگایا جاتا ہے۔

۲۔ شَغَرَ ــ شُغُوراتِ الارضُ: ملک کا بغیر محافظ کے ہونا۔ صفت: شاغِرۃ۔ ــــ السعرُ: بھاؤ کا گھٹنا۔ اِناءٌ شَغَارٌ: خالی برتن۔

۳۔ شَغَرَ ــ شَغْرًا الکلبُ: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا۔ ــــ ت الناقةُ: اونٹنی کا ایک ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔ شاغَرَ مُشاغَرۃً و شِغارًا الرجلان علیہ: دو آدمیوں کا دوڑ کر کسی پر حملہ کرنا۔ اِشْتَغَرَ علیہ: پر دست درازی کر کے فخر کرنا۔

۴۔ شاغَرَ مُشاغَرۃً و شِغارًا ہُ: اپنی بہن یا بیٹی کو کسی کے نکاح میں اس شرط پر دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کو مہر کے بغیر اس کے نکاح میں دے گا۔

۵۔ الشَّغَّارۃ: چقماق۔ الشّاغُور: آبشار (آرامی لفظ)۔ الشِّغِّیر: بدخلق۔

۶۔ الشَّغْرَبِیَّة: پہلوان کا اپنے مقابل کی ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر گرانا، پچھاڑنا، ہنگری مارنا۔

○ شَغَرَ ــ شُغُورًا: (ملک کا) قلعہ بندی سے محروم ہونا، غیر محفوظ ہونا۔ (جگہ، آسامی، منصب وغیرہ کا) خالی ہونا۔ شُغُور: آسامی، خالی جگہ (vacancy)۔ شاغِر: خالی اور غیر محفوظ (ملک وغیرہ) خالی (آسامی، جگہ، منصب)۔ شَواغِر: خالی جگہیں vacancies

شغز: ۱۔ شَغَزَ ــ شَغْزًا علیهم: سے زیادتی کرنا، پر دست درازی کرنا۔ ــــ بینهم: کے درمیان فساد ڈالنا، کو بھڑکانا۔ الشِّغِیزۃ: سُوا۔

۲۔ شَغْزَبَ ہُ: کو ہنگری مار کر گرانا، پچھاڑنا۔ تَشَغْزَبَت الریحُ: ہوا کا پیچ کھا کر چلنا۔ بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شغف: ۱۔ شَغَفَ ــ شَغْفًا ہُ: دل کی جھلی کو صدمہ پہنچنا۔ ــــ فؤادَہُ: دل پر چھا جانا، غالب آنا۔ شَغِفَ ــ شَغَفًا حُبُّہُ: محبت کا دل کی جھلی تک پہنچنا۔ شُغِفَ بہ: کسی کی محبت میں فریفتہ ہونا۔ تَشَغَّفَ الناسَ: لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈال کر انہیں پراگندہ کرنا۔ الشَّغْف (مص): دل کا غلاف، دل کا پردہ۔ الشَّغَف (مص): انتہائی محبت۔ شَغَفُ القلبِ: دل کا غلاف۔ الشَّغاف جمع شُغُف و أَشْغِفة: دل کا غلاف۔ سوایداء قلب۔ ــ و الشُّغاف (طب): دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے کا درد۔ المَشْغُوف (مفع) (ب): پاگل پن کی حد تک (کا) عاشق۔ (پر) لٹو، فریفتہ، گرویدہ، (کا) پرجوش دلدادہ، (کی) محبت میں پاگل، سودائی۔

۲۔ شَغَفَ ــ شَغْفًا الیبیسُ: خشک گھاس کا سبز گھاس والا ہونا۔

○ شَغَفَ ــ شَغْفًا ہُ: کو لٹو کرنا، فریفتہ کرنا، گرویدہ بنانا، کو کے سرگرم شوق یا عشق سے مملو کرنا۔ شُغِفَ بہ (حبًّا): کسی شخص یا چیز سے پرجوش محبت کرنا، کسی شخص سے پاگل پن کی حد تک محبت کرنا، کا گرویدہ ہونا، پر فریفتہ ہونا، کسی چیز کا از حد شوقین ہونا۔ اِنشغف بہ: سے بہت محبت کرنا، کا عاشق ہونا، گرویدہ ہونا، پر فریفتہ ہونا۔ شَغَف: جذباتی محبت، جذبہ، عشق، شہوانی خواہش، فریفتگی، شیفتگی، عشق، سرگرم جوش، شوق، جوش، دھن، من بسا خیال، محبت۔ شَغُوفٌ ب: جس پر کسی کے لئے پرولولہ اور پرشوق محبت، شفقت، چاہ لگن دھن مسلط ہو، کا پاگل پن کی حد تک محبت کرنے والا، پر لٹو، کا گرویدہ۔ مشغوف ب: کا پاگل پن کی حد تک عاشق، کا جذباتی طور پر شوقین، پر لٹو، فریفتہ، کا گرویدہ۔

شغل: ۱۔ شَغَلَ ــ شُغْلًا و شَغْلًا و أَشْغَلَ ہُ بکذا: کو میں مشغول کرنا، مصروف کرنا۔ ــــ عنہ: سے غافل کرنا۔ شُغِلَ عنہ بکذا: سے غافل رہنا۔ کہتے ہیں: ما أشغلَهُ: (وہ کتنا مصروف یا مشغول ہے!) لیکن یہ خلاف قاعدہ ہے کیونکہ مجہول صیغہ ہے اس سے تعجب کا صیغہ استعمال نہیں کیا جاتا۔ شَغَّلَ ہُ: کو بہت مشغول رکھنا۔ تَشَغَّلَ بکذا: میں مشغول ہونا۔ تَشاغَلَ بکذا: میں مشغول ہونا۔ ــــ عنہ: سے غافل ہونا۔ اِشْتَغَلَ بکذا: میں مشغول ہونا۔ ــــ قلبُہُ: دل کا فکر مند ہونا، پریشان ہونا۔ الشُّغْل مشغولیت، مصروفیت، کام۔ ــ والشُّغُل و الشَّغَل جمع أَشْغال و شُغُول: مشغولیت، مصروفیت، کام۔ الشاغل (فا): [illegible] کے لئے کہتے ہیں: انا فی شغلٍ شاغِلٍ: میں بہت مشغول ہوں۔ الشُّغْلَة جمع شُغَل: اسم مرة۔ الشَّغِل: مشغول، کام والا۔ الشَّغَّال: بہت کام کرنے والا۔ الأُشْغُولَة و المَشْغَلَة: کام (جو تمہیں مصروف رکھے)۔ المَشْغَل جمع مَشاغِل: وہ جگہ جہاں دستی کام سرانجام دیئے جاتے ہیں یا جنہیں چھوٹی صنعتیں کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات کارخانہ کو بھی کہا جاتا ہے۔ المَشْغُول (مفع): بھرا ہوا۔ کہتے ہیں: مکانٌ مشغولٌ: وہ جگہ جو خالی نہ ہو، بھری ہوئی جگہ۔ مالٌ مَشْغُولٌ: تجارت میں لگایا ہوا مال۔ دارٌ مَشْغُولَةٌ: آباد گھر۔ جاریةٌ مشغولةٌ: شوہر والی لڑکی۔

۲۔ اِشْتَغَلَ فیہ السمُّ: میں زہر کا اثر کر جانا، سرایت کر جانا۔ ــــ الدواء فیہ: میں دواء کا فائدہ مند ہونا، پر دواء کا خوشگوار اثر کرنا۔

۳۔ الشَّغْلَة جمع شَغْل: کھلیان، غلہ کا ڈھیر۔

○ شَغَلَ ہ ب: کو کے ساتھ مشغول رکھنا، مصروف رکھنا۔ ــ ہُ: کو پریشان کرنا، مشغول رکھنا، مصیبت میں ڈالنا۔ ــــ ہ عن: کسی کی سے توجہ ہٹانا، کو سے برگشتہ کرنا، بیگانہ کرنا۔ ــــ ہ: (منصب، عہدہ جگہ وغیرہ) پر فائز ہونا، کو پر کرنا، پر رہنا، لگا رہنا، پر فائز رہنا۔ ــ ہ: (توجہ) منہمک کرنا، مشغول رکھنا۔ ــ ہ: دشمن کی فوج کو مشغول رکھنا۔ شُغِلَ ب: میں مصروف ہونا، مشغول ہونا، زمین کا (عمارات وغیرہ) کے نیچے آیا ہوا ہونا۔ شُغِلَ بہ عن: سے توجہ کا ہٹا ہوا ہونا۔ شَغَلَ نفسہ ب: میں اپنے آپ کو میں مصروف رکھنا، مشغول کرنا، پر کام کرنا، کی طرف توجہ دینا۔ شغل البالَ: پریشان کرنا، تشویش میں ڈالنا، بے چین کرنا، بے قرار کرنا، خلل ڈالنا، درہم برہم کرنا۔ شغل الوقت ل: کے لئے وقت مخصوص کرنا، نذر کرنا، وقف کرنا۔ شَغَّلَ ہ: کو مشغول کرنا، مصروف کرنا۔ ــــ ہ: کو منہمک کرنا، مشغول کرنا۔ ــ ہ: کو ملازم رکھنا، کو ملازمت دینا، کو کام پر لگانا۔ ــ ہ: (مشین) چلانا۔ ــ ہ: کوئی چیز بنانا۔ ــ ہ: (مال) لگانا، سرمایہ کاری کرنا۔ شاغَلَ ہ: کو مشغول رکھنا، کا خیال بٹانا، کی توجہ ہٹانا۔ أشْغَلَ ہ: کو مشغول رکھنا، مصروف رکھنا، کو کام پر لگانا، کو ملازم رکھنا۔ ــ ہ: (عہدہ، منصب) پر فائز ہونا، پر فائز رہنا۔ ــ ہ: کو پر کرنا، لینا۔ ــ ہ: وقت لینا۔ ــ ہ: دشمن کی فوج کو مشغول رکھنا، ایک جگہ پر رکھنا۔ ــــ ہ عن: کو سے ہٹانا، بیگانہ کرنا، ورغلانا، پھسلا کر لیجانا۔ اشْغَلَ البالَ: پریشان کرنا، تشویش میں ڈالنا، بے قرار کرنا،

بے چین کرنا، خلل ڈالنا، درہم برہم کرنا۔ تشاغل ب: اپنے آپ کو میں مشغول رکھنا، مصروف رکھنا یا میں مصروف رہنا، مشغول ہونا؛ پر توجہ کرنا، اپنے آپ کو کیلئے وقف کرنا۔ تشاغل: مصروف ہونے کا بہانہ کرنا، جھوٹ موٹ مصروف ہونا۔ إنشغل ب: سے دلچسپی لینا، میں مصروف ہونا۔ اشتغل علی: کے ساتھ یا ماتحت پڑھنا۔ اشتغل: (مشین وغیرہ کا) کام کرنا، چلنا۔ إشتغل قلبه: دل بے چین ہونا، پریشان ہونا، تشویش مند ہونا۔ إشْتُغِلَ به عن: کسی چیز کے باعث سے توجہ کا ہٹا ہونا۔ شُغُل: پر فائز ہونا، کو پُر کرنا، کو لینا، سے روکنا، باز رکھنا، منع کرنا، سے توجہ ہٹانا، جمع اشغال: قبضہ، عمل، مستعدی، سرگرمی، کام، نوکری، ملازمت، شغل، سے رابطہ، تعلق، معاملہ حق۔ شُغُل شاغِل: پہلا یا اولین کام، وہ کام جو باقی باتوں سے توجہ ہٹانے والا ہو۔ اَشغالٌ شاقة: مشقت (کے کام)۔ اشغالٌ عامةٌ یا اشغالٌ عمومیةٌ: تعمیرات عامہ۔ Public works۔ شغلٌ یَدَوِی: ہاتھ کا کام، محنت، مشقت، handwork, manual labour۔ شغلُ ید: ہاتھ کا بنا ہوا (handmade)۔ في شغلٍ من: میں غرق، مستغرق، کے متعلق پریشان۔ في شغلٍ ب: میں مصروف، مشغول۔ کان في شغل عن: میں بہت زیادہ مصروف، مشغول یا مستغرق ہونا۔ اِلْزَمْ شُغْلَكَ: خواہ مخواہ دخل در معقولات نہ کرو یا اپنے کام سے کام رکھو۔ mind your own business۔ شَغَّال: بہت مصروف، محنتی، فعال، سرگرم، مستعد، چست جمع شغّالون: کام کرنے والا، کارکن۔ شَغِیل جمع شَغِیلة: (شامی استعمال): کام کرنے والا، کارکن، مزدور (نچلے درجے کا) ملازم۔ مَشْغَل جمع مَشَاغِل: ورک شاپ محتاج خانہ workhouse۔ مَشْغَلَة جمع مشاغِل: پیشہ، مشغلہ، عمل، میدان عمل، کام، کوشش، انحراف، انتشار خیال، گہری سوچ، فکر، خلل، گڑبڑ۔ تشغیل: ملازمت، کام، پیشہ، ملازمت مہیا کرنا، کام دینا، کام پر رکھنا، چالو کرنا، چلانا (مشین وغیرہ)، پیدا کرنا، بنانا، روپیہ لگانا، سرمایہ کاری کرنا۔ اِنشغال: مصروف یا مشغول ہونا یا مصروف و مشغول ہونے کی حالت یا کیفیت، عمل، سرگرمی، مستعدی، بہت زیادہ کام (over work)، اندیشہ، پریشانی، تشویش۔ اِشتغال ب/في: میں مصروفیت یا مشغولیت یا مصروفیت یا مشغولیت کی حالت یا کیفیت کے ساتھ یا میں کام کرنا۔ وجد شاغلاً عنه في: اس نے اس بات سے عدم توجہی فلاں بات میں پائی۔ هو في ألف شاغل عن: اسے اس کے بجائے اور ہزاروں باتوں کے متعلق سوچنا پڑتا ہے۔ کان أکبرَ شاغل له: یہ اس کی سب سے بڑی پریشانی تھی۔ مشغول ب: میں مصروف، مشغول۔ — عن: سے توجہ ہٹائے ہوئے، سے خیال ہٹا ہوا۔ مشغول (ٹیلیفون لائن وغیرہ) مصروف۔ مشغول البال: پریشان، تشویش مند۔ المشغولات الذهبية و الفضيّة: سونے اور چاندی کا کام۔ مشغولية: پریشانی اندیشہ۔ مُشَغِّل: ملازم، کارکن۔ مُشْتَغِل ب/في: میں مصروف، مصروف، —: چالو حالت میں، چلتی ہوئی (مشین وغیرہ)

شغم: الشَغِم: حریص، لالچی۔ الشُغْمُوم و الشِغْمِیم: لمبا، خوبصورت۔

شغن: ۱۔ الشُغْنَة جمع شُغَن: تروتازہ شاخ۔
۲۔ الشُغْنُبُ و الشُغْنُوب: نازک و تر شاخ۔

شغا: شَغَا ـ شُغُوًّا و شَغِي تَشْغَى شَغَاتِ السِنُّ: دانت کا دوسرے دانتوں سے زیادہ لمبا ہونا۔ صفت: شَاغِيَةٌ جمع شَوَاغٍ۔ أَشْغَى م شَغْوَاء و شَغْيَاء جمع شُغْوٌ: ایک دانت دوسرے دانتوں سے لمبا رکھنے والا۔ أَشْغَى إشغاءً القومَ به: کے معاملہ میں لوگوں کی مخالفت کرنا۔ — فلانٌ رأیَهُ: کی رائے کو پراگندہ کرنا۔ الشَغْوَاء (ح): عقاب (کیونکہ اس کی اوپر کی چونچ نچلی چونچ سے زیادہ لمبی ہوتی ہے)۔

شفّ: ۱۔ شَفَّ ـ شُفُوفًا و شفیفًا و شَفَفًا الشيءُ: چیز اس قدر پتلی اور شفاف ہونا کہ دوسری طرف کی چیز دکھائی دے۔ صفت: شَفِیف و شَفَّاف۔ — شُفُوفًا الجسمُ: جسم کا لاغری سے پتلا ہونا۔ — ـ شَفًّا و شُفُوفًا ہُ المرضُ او الهمُّ: بیماری یا غم کا کسی کو دبلا کرنا، کمزور کرنا۔ شَفَّفَ ہُ المرضُ او الهمُّ: بیماری یا غم کا کسی کو دبلا کرنا، کمزور کرنا۔ اِسْتَشَفَّ ہُ: کے دوسری طرف کی چیز دیکھنا۔ — له السترُ: کو پردے کے پیچھے کی چیزیں نظر آ جانا۔ — الثوبَ: کپڑے کا عیب دیکھنے کے لئے اس کو روشنی میں پھیلانا۔ — الشيءَ: کو غور سے دیکھنا۔ — الکتابَ: کتاب میں لکھی ہوئی باتوں پر غور و خوض کرنا۔ الشَفّ و الشِفّ جمع شُفُوف: کپڑا، باریک پردہ۔ کہتے ہیں: ثوبٌ شَفٌّ و شِفٌّ: باریک کپڑا۔ الشَفَف: ہلکا پن، تنگ حالی۔ ثوبٌ شَفِیفٌ: باریک کپڑا۔

۲۔ شَفَّ ـ شَفًّا الشيءُ: زیادہ ہونا، کم ہونا (ضد)۔ کہتے ہیں: شففتَ علیه: تو اس پر برتر ہو گیا۔ اَشَفَّ الدرهمَ: درہم کو زیادہ کرنا، کم کرنا (ضد)۔ — ہُ علی فلان: کو فلاں پر فوقیت دینا۔ — علی فلان: پر برتری اور فوقیت لیجانا۔ إسْتَشَفَّ في تجارته: تجارت میں فائدہ حاصل کرنا، نفع اٹھانا، کمانا۔ الشَفّ و الشِفّ جمع شُفُوف: زیادتی نقصان (ضد) نفع، منافع۔

۳۔ شَفَّ ـ شَفًّا الشيءُ: کم ہونا (ضد) کہتے ہیں: هذا درهمٌ یشِفّ قلیلاً: یہ درہم تھوڑا سا کم ہے۔ — شُفُوفًا و شَفِیفًا و شَفَفًا عنه الثوبُ: کپڑے کا سے چھوٹا ہونا۔ أَشَفَّ الدرهمَ: درہم کو زیادہ کرنا یا کم کرنا (ضد)۔ الشَفُّ جمع شُفُوفٌ: کمی، زیادتی۔ الشِف: آسان بات یا چیز۔ — جمع شُفُوف: کمی، زیادتی (ضد)۔ الشَفَف: تھوڑا۔ الأَشَفّ: اسم تفضیل۔ کہتے ہیں: فلانٌ أشف من فلان: فلاں فلاں سے تھوڑا سا بڑا ہے۔

۴۔ شَفَّ ـ شَفِیفًا فمُ فلان: سردی کی وجہ سے دانتوں اور مسوڑھوں میں درد ہونا۔ الشَفَّان: بارش والی ٹھنڈی ہوا۔ الشَفِیف جمع شِفَاف (ضد): ٹھنڈی ہوا، سردی کی شدت، سورج کی گرمی کی تیزی۔

۵۔ شَفَّ ـ شَفًّا الشيءُ: چیز کا حرکت کرنا۔ — له الامرُ: قائم رہنا، دائم رہنا، ہمیشہ رہنا۔

۶۔ شَفَّ ـ شَفًّا و شُفُوفًا الماءَ: سب پانی پی جانا۔ تَشَافَّ و اشْتَفَّ ما في الاناء: برتن کی سب چیز پی جانا۔ کہا جاتا ہے: إسْتَفَّ البعیرُ الحزامَ: اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔ ضرب المثل ہے: لیس الریُّ عن التشاف: جس قدر پینے والا پیتا ہے اس سے پیاس نہیں بجھتی۔ اسی طرح امور کی پوری تحقیق پر بھی محقق کی سیری نہیں ہوتی۔ إسْتَشَفَّ ما في الاناء: برتن کی ہر چیز پی جانا۔ — إلیه: کی پوری پوری رغبت کرنا۔ الشُفَافَة: برتن کا باقی ماندہ پانی۔ شُفَافَةُ النهار: دن کا بقیہ حصہ۔

۷۔ أَشَفَّ الفمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ الشَفّ و الشِفّ جمع شُفُوف: بدبودار پھنسی۔ المَشْفُوف: بدبودار پھنسیوں والا جسم۔

۸۔ شَفْشَفَ به: سے مل جانا، مخلط ہونا۔ — الرجُلُ: کانپنا۔ — علیه: پر ترس کرنا، سے ہمدردی کرنا، کے بارے میں اندیشہ کرنا، پریشان ہونا۔ — الدواء علی الجرح: دواء زخم پر چھڑکنا۔ — الهمُّ فلانًا: غم کا کسی کو لاغر کرنا۔ — الصقیعُ النباتَ: پودے کو

پالے کا مارنا۔ خشک کرنا اور جلا ڈالنا۔ــــ الحرُّ او البردُ الشیءَ: گرمی یا سردی کا چیز کو خشک کر دینا۔ تَشَفْشَفَ النباتُ: پودے کا سوکھنے لگنا۔ الشَفْشَاف: اولوں والی بارش، (عام لوگ اسے النفناف کہتے ہیں) سرد ہوا۔ ثوبٌ شَفْشَافٌ جھنا کپڑا، چھدری بناوٹ کا کپڑا۔

۹۔ شَفْشَفَ الرجلُ. آدمی کا بدخلق ہونا۔ صفت: مُشَفْشِف و مُشَفْشَف۔

○ شَفَّ – شُفُوفًا و شَفِيفًا و شَفَفًا: باریک ہونا، نازک ہونا، شفاف ہونا، صاف شفاف ہونا۔ــــ عن: کو ٹمٹمانے دینا، کا انکشاف کرنا، ظاہر کرنا، کو منظر عام پر لانا، کا راز افشا کرنا۔ اِشْتَفَّ ہ کو پی جانا، پی لینا، خالی کر دینا، کو بے تحاشا کھا جانا۔ اِسْتَشَفَّ ہ: کو اس کی اچھی بری قسم کا پتہ چلانے کے لئے دیکھنا، کی جھلک دیکھنا، کی امید ہونا، کو خوب سمجھنے کی کوشش کرنا، کی تہہ کو پہنچنے کی کوشش کرنا، کے آر پار ہونے کی کوشش کرنا، کو دیکھنا، سمجھنا۔ــــ من: سے ٹمٹمانا۔ اِسْتَشَفَّ: اپنے آپ کو واضح کرنا، محسوس اور واضح ہونا، قابل ادراک ہونا، نمایاں ہونا۔ شَفّ و شِفّ جمع شُفُوف: شفاف کپڑا، جالی۔ شَفَفٌ: شفافیت۔ شُفُوف: شفافیت۔ شُفَافَة گلاس میں بچی ہوئی چیز۔ شَفَّاف: باریک، نازک، شفاف۔ شَفَّافِية: شفافیت۔

شفت: ا۔ شَفْتَرَ القومُ لوگوں کا متفرق ہونا، منتشر ہونا۔ اِشْفَتَرَّ القوم: لوگوں کا متفرق ہونا، منتشر ہونا۔ ــ العودُ: لکڑی کا ٹوٹنا۔ ــ السراجُ: چراغ کا چوڑی بتی والا ہونا۔

۲۔ شَفْتَرَ: غصہ اور رنجش سے ہونٹوں کو موٹا کر کے باہر کی طرف نکالنا، ناک بھوں چڑھانا، روٹھنا۔ صفت: مشَفْتِر: (عام زبان میں)۔ الشَفْتَرة: ہونٹوں کا موٹا اور باہر کو نکلے ہوئے ہونا۔

شفر: ا۔ شَفِرَ – شَفَارَةً: گھٹنا کم ہونا۔ شفَر المالُ: مال کا کم ہونا اور جاتا رہنا۔ــــ الشیءَ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ عیشٌ مُشَفَّرٌ: تنگ زندگی۔

۲۔ شَفَّرَت الشمسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ ـ علی الامر: کام کی طرف متوجہ ہونا۔

۳۔ الشَفْر و الشُفُر جمع أَشْفَار (ع ا): پلک کی جڑ، ہر چیز کا کنارہ۔ ـ من الوادی: وادی کا اوپری کنارہ۔ کہتے ہیں: ما فی الدار شَفْرٌ و شُفْرٌ: یعنی گھر میں کوئی بھی نہیں۔ الشَفْرَةُ جمع شَفْر و شِفَار و شَفَرات: بڑی اور چوڑی چھری، تلوار کی دھار، نیزے کے پھل کا پہلو، موچی کی رانپی۔ کہتے ہیں: ما فی الدار شَفُرَةٌ: یعنی گھر میں کوئی بھی نہیں۔ الشفیر: پلک کی جڑ، ہر چیز کا کنارہ۔ــــ من الوادی: وادی کا اوپری کنارہ۔ المِشْفَر جمع مَشَافِر: شدت، روک، زمین یا ریت کا ایک قطعہ۔ (ع ا): (اونٹ کا) ہونٹ۔

○ شَفْر جمع أَشْفَار: پلکیں اگنے کی جگہ، پپوٹے کا (بیرونی) کنارا، کنارا (پیالے، پہیے وغیرہ کا) کنارا (rim) حاشیہ، جھالر۔ شُفر جمع أَشْفَار: وہ حاشیہ جہاں سے پلکیں اگتی ہیں، پپوٹے کا (بیرونی) کنارا، کنارا، (پیالے پہیے وغیرہ) کا کنارا (rim) جھالر۔ شَفْرَة جمع شَفَرات و شِفَار: بڑا چاقو (تلوار چاقو وغیرہ کا) پھل (blade)، ریزر بلیڈ، جمع شِفَار: کنارا۔ علی شفرة الهاوية: پاتال کے کنارے پر، بر لب جہنم۔ شفیر: وہ حاشیہ جہاں سے پلکیں اگتی ہیں، پپوٹے کا (بیرونی) کنارا، کنارا، (پیالے پہیے وغیرہ کا) کنارا (rim)، جھالر، حاشیہ۔ مِشْفَر جمع مَشَافِر: تھوتھنی، سونڈ۔ شِفْر (فرانسیسی): خفیہ تحریر یا رسم الخط۔ شِفْری: خفیہ تحریر یا رسم الخط میں۔ شِفْرَة: خفیہ تحریر یا رسم الخط۔

شفز: شَفَزَ – شَفْزًا ہُ: کولات مارنا۔

○ شَفْشَفَ ہ: کو خشک کرنا۔

○ شَفَطَ: چوسنا، جذب کرنا، خالی کرنا، پی لینا، چسکی لگانا۔ شَفَّاطة جمع شَفَّاطات: سیفن (siphon) خم دار نلکی۔ شَفَّاطَةُ الغُبار: گردکش (vacuum cleaner)۔

شفع: ا۔ شَفَعَ – شَفْعًا الشیءَ: کو جفت کرنا، دوہرا کرنا۔ کہتے ہیں: کان وترا فشفعه بآخر: وہ طاق تھا تو اس نے ایک اور ملا کر اسے جفت کر دیا۔ وــ ت الناقةُ: اونٹنی کا بچہ رکھتے ہوئے حاملہ ہونا۔ ــ جارهُ: پڑوسی کو حق شفع دینا۔ شُفِعَ: کہتے ہیں: شُفِعَ لِيَ الأشخاص: یعنی نظر کی کمزوری کی وجہ سے ایک چیز کا دو دکھائی دینا، ایسی آنکھ کو شافعہ کہتے ہیں۔ شَفَّعَ الشیءَ: کسی چیز کو جفت بنانا۔ الشَفْع (مص) ج أَشْفَاع و شِفَاع: جفت عدد۔ کہتے ہیں: أَشَفْعٌ هو أم وَتْرٌ: کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ناقة شافِع (فا): پیٹ میں چھوٹے بچہ والی حاملہ اونٹنی۔ عینٌ شافِعَة: ضعف بصارت کی وجہ سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ الشُفْعَةُ جمع شُفَع عند الفقهاء: زمین یا مکان کی ہمسائیگی کی وجہ سے (ہمسایہ کا) حق خرید۔ حق شفعہ۔ ــ من الضحی: چاشت کی دو رکعتیں۔ ناقة شَفُوعٌ: ایک ہی [illegible] دو [illegible] برتن بھرنے والی اونٹنی۔ الشفیع من العدد: جفت عدد۔ــــ جمع شُفَعَاء: حق شفعہ والا۔

۲۔ شَفَعَ – شَفَاعَةً لفلانٍ أو فيه إلى زيد: کی زید سے سفارش کرنا۔ــــ عليه بالعداوة: کے برخلاف مدد دینا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يعادينی وله شافِعٌ: یعنی فلاں کا ایک مددگار ہے جو اسے میرے خلاف دشمنی میں مدد دیتا ہے۔ــــ لفلان فی المطلب: کسی کے لئے کوشش کرنا۔ شَفَّعَنی فی فلان: (کسی کا) فلاں کے بارے میں (میری) سفارش مان لینا۔ تَشَفَّعَ لی و إلیَّ بفلان او فی فلان: (کسی کا فلاں کے بارے میں سفارش کرنے کے لئے مجھ سے) کہنا۔ اِسْتَشْفَعَ زیداً إلی عمرو: (کسی کا زید کو عمرو سے) سفارش کرنے کے لئے کہنا۔ــــ بفلان علی فلان: کسی سے کسی کے خلاف مدد چاہنا۔ الشفیع جمع شُفَعاء: سفارش کرنے والا۔ المُشَفَّع: جس کی سفارش قبول کی جائے۔ المُشَفِّع: سفارش قبول کرنے والا۔

۳۔ الشُفْعَة جمع شُفَع: جنون، پاگل پن، دیوانگی، آنکھ۔ الأَشْفَع: لمبا، دراز۔ المَشْفُوع: دیوانہ مجنون۔ إمرأةٌ مَشْفُوعَة: وہ عورت جس کو نظر بد لگی ہو۔

○ شَفَعَ – شَفْعًا ہ: کو دگنا کرنا۔ــــ ہ ب: کے ساتھ کچھ منسلک کرنا، نتھی کرنا، جوڑنا، بڑھانا، شامل کرنا، آخر میں جوڑ دینا یا لگا دینا۔ــــ ہ ب: کو کسی چیز پر حق شفعہ دینا، کو کسی چیز کے سب سے پہلے مسترد کرنے کا حق دینا۔ــــ شَفَاعَةً: کے ساتھ (الی) کے لئے، کی خاطر، یا کی طرف سے۔ (فی/ل): ثالثی کرنا، کے ساتھ کی خاطر اپنا اثر ورسوخ استعمال کرنا، سے کسی کی خاطر سفارش کرنا، شفاعت کرنا، بیچ میں پڑنا، سے کے لئے التجاء کرنا۔ تَشَفَّعَ فی/ل إلی: کے ساتھ کے لئے، کی خاطر یا کی طرف سے ثالثی کرنا، کے ساتھ، کی خاطر اپنا اثر ورسوخ استعمال کرنا، سے کسی کی سفارش کرنا، یا شفاعت کرنا، سے کی خاطر التجاء کرنا۔ شفیع: ثالث، مصالحت کی کوشش کرنے والا، سفارش کنندہ، شفاعت کنندہ، حامی، موید، سرپرست ولی (عیسائیت میں)، حق شفعہ رکھنے والا۔ شَفَاعة: ثالثی، مصالحت کی کوشش، سفارش، شفاعت، بیچ میں پڑنا، حمایت، تائید۔ شَافِع: ثالث، بیچ میں پڑنے والا، سفارش کنندہ، شفاعت کنندہ، حامی، موید، حق شفعہ رکھنے والا۔ الشافِعی: چار اسلامی مذاہب فقہ میں سے ایک کا بانی، شافعی مذہب کا یا اس سے متعلق یا

اسے منسوب۔ جمع شافعیون یا شوافع: شافعی مذہب کا پیروکار۔ مشفوع ب: کے ہمراہ، سے یکجا، کا حامل۔

شفق: ۱۔ شَفِقَ - شَفَقًا علیه: کی اصلاح وبھلائی کی فکر میں ہونا، پرمہربان ہونا۔ صفت: شَفِقٌ و شَفُوقٌ و شَفِيقٌ۔ ـ من الامر: سے خوف کرنا، کی حرص کرنا۔ ـ علی الشیء: میں بخل کرنا۔ شَفَّقَ ہُ: کو رحم دلانا۔ ـــ الشیءَ: کم کرنا۔ أَشْفَقَ علی الصغیر: چھوٹے پر رحم کھانا، مہربان ہونا۔ أَشْفَقَ علیه و منه: سے ڈرنا کا لالچ کرنا۔ الشَفَقُ جمع أَشْفَاق: خوف، مہربانی۔ الشَفَقَة: مہربانی، رحم، خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہتے ہیں: اخذتنی منه شفقةٌ: مجھ کو اس پر رحم آیا۔ ترس آنا۔ ولی علیه سفقةٌ: مجھے اس پر ترس آتا ہے۔

۲۔ أَشْفَقَ الرجُلُ: آدمی کا شفق کا وقت پانا۔ الشَفَق: غروب آفتاب کے بعد آسمان افق پر سرخی۔ ـــ جمع أَشْفَاق: دن۔

۳۔ شَفَّقَ الثوبَ: کپڑا خراب بننا۔ الشَفَق جمع أَشْفَاق: ردی چیز۔ ثوبٌ شَفَقٌ: کمزور کپڑا۔

۴۔ أَشْفَقَت الریحُ: ہوا کا تیز چلنا اور مٹی ساتھ لیجانا۔

۵۔ الشَفَق جمع أَشْفَاق: کنارہ۔

○ أشفق علی: پر ترس کھانا، پر رحم کرنا، کی غمگساری کرنا، سے ہمدردی کرنا، سے ہمدردی رکھنا۔ ـ أن: پریشان ہونا کہ۔ ـ علی: پر پریشان ہونا۔ ـ ان: افسوس کرنا کہ۔ ـ علی: کے بارے میں افسوس کرنا۔ ـ ان. خوف کرنا کہ۔ ـــ علی: کے لئے ڈرنا۔ من: (سے) ـــ علی: کے بارے میں پریشان ہونا، (من) کے نتیجہ کے طور پر۔ ـــ من: سے بچنا، سے پہلوتہی کرنا، سے کنی کترانا، سے گریز کرنا۔ ـــ من: سے خبردار ہونا، آگاہ ہونا، سے چوکنا چوکس، یا ہوشیار ہونا۔ شفقةٌ: رحم، ترس، ہمدردی، مہربانی۔ سفقت عدیم الشفقة: بے رحم۔ شَفُوقٌ و شَفِيقٌ: رحم دل، ترس کھانے والا، اظہار ہمدردی کرنے والا، پیارا، محبت، محبت آمیز، محبت کا، ہمدردی کا متردد، کا خواہاں، دل سے آمادہ، کا بڑا خیال رکھنے والا، مہربان، مشفق، شفیق۔ اِشْفَاق: رحم، ترس، ہمدردی، مہربانی، رحم دلی، محبت، پیار، چاہت، فکر مندی، پریشانی، تشویش، اندیشہ۔

شفن: ۱۔ شَفَنَ - و شَفِنَ - شُفُونًا الرجلَ و إلی الرجلِ: کو ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ صفت: شَافِن و شَفُون۔ الشَفَن: انتظار، میراث کا منتظر۔ ـــ والشَفِن: عقلمند، دانا۔ الشَفُون جمع شُفُن: بہت غیرت مند۔

۲۔ الشَفَنْتَرِیُّ و الشَفَنْتَرَی: متفرق۔

○ شَافِن: خوددار، غیرتمند۔

شفه: ۱۔ شَفَهَ - شَفْهًا فُلانًا: کے ہونٹ پر مارنا۔ شَافَهَ شِفَاهًا و مُشَافَهَةً ہُ: سے منہ در منہ بات کرنا۔ ـــ الشیءَ: کے قریب ہونا، کو قریب کرنا، نزدیک لانا۔ الشَفَة و الشِفَة من الانسان: ہونٹ، تثنیہ: شَفَتَان جمع شِفَاه و شَفَهَات: نسبت کے لئے: شَفِيّ و شَفَهِيّ و شَفَوِی: تصغیر: شُفَيْهَة: کہتے ہیں: ما كَلَّمَهُ بِبِنْتِ شفة: یعنی اُس نے اس سے ایک بات بھی نہیں کی۔ الشَافِهُ: پیاسا۔ الشُفَاهِيّ و الأَشْفَهُ: بڑے ہونٹوں والا۔ الحروف الشَفَهِيَّة: لبوں سے نکلنے والے حروف جیسے ب، ف، م۔ مـاءٌ مَشْفُوهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں۔

۲۔ شَفَهَ - شَفْهًا فلانًا: سے سوال کر کے سب کچھ خرچ کرا دینا۔ ـ الإناءَ: برتن کا سارا پانی پی جانا۔ کہتے ہیں: كادت العيالُ تشفه مالی: قریب ہے کہ میرے عیال میرا مال ختم کر دیں۔ ـ ہُ عن الامر: کام سے کسی کی توجہ ہٹانا۔ شَفِهَ زیدٌ: زید کا بہت سے سائلین رکھنا۔ ـــ الشیءُ: چیز کے طلبگاروں کا زیادہ ہونا۔ ـ الطعامُ: کھانے کے بہت سے کھانے والے ہونا۔ صفت: مَشْفُوهٌ۔ الشَفَة: کہتے ہیں: هو خفيف الشَفَة: سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا۔ له فی الناس شفةٌ حسنة: وہ لوگوں میں اچھی شہرت رکھتا ہے۔ ما أحسنَ شَفَةَ الناس علیك: لوگ تمہارے کتنے مداح ہیں۔ مـاءٌ مَشْفُوهٌ: پانی جہاں بکثرت آمد ممنوع ہو۔ کہتے ہیں: هو مَشْفُوهُ الموارد: وہ بڑا مہمان نواز اور بہت بخشش والا ہے۔ فلانٌ مَشْفُوهٌ عنـا: فلاں ہم سے غافل ہے۔ اس کے پاس لوگوں کی بکثرت آمد ہے۔

۳۔ شَفَةُ الشیء کالدلو: ڈول جیسی چیز کا کنارا۔

○ شَفَهِی: زبانی۔ الشَفَهِيّ: زبانی امتحان (orals) شَفَهِيًّا: زبانی (orally)۔ شِفَاهًا: زبانی (orally)۔ شِفَاهِيّ: زبانی۔ الشِفَاهِيّ: زبانی امتحان (orals)۔ شِفَاهِيًّا: زبانی (orally)۔ مُشَافَهَةً: زبانی (orally)۔

شفا: ۱۔ شَفَا - شَفْوًا الهلالُ: چاند نکلنا۔ ـــ الشخصُ: ظاہر ہونا۔

۲۔ شَفَا - شَفَوَاتِ الشمسُ: سورج کا غروب ہونے لگنا۔ الشَفَا: چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ جس کا تثنیہ شَفَوان اور جمع أَشْفَاء ہے: ہر چیز کا کنارا اور حد، آدمی کی موت، چاند کی آخری راتوں میں ہونے اور سورج کے غروب کے وقت کہا جاتا ہے: مابَقِيَ منه إلاّ شفًا: وہ تھوڑا سا رہ گیا۔

۳۔ الأَشْفَی: جس کے ہونٹ آپس میں نہ ملتے ہوں۔

شفی: ۱۔ شَفَی - شِفَاءً اللّٰهُ فلانًا من مرضِهِ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو بیماری سے صحت یاب کرنا۔ ـ فُلانٌ فلانًا: کسی کا کسی کے لئے صحت یابی کا طالب ہونا۔ شُفِيَ المریضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا، تندرست ہونا۔ أَشْفَی إِشْفَاءً فلانًا: کی شفا طلب کرنا۔ ـ العلیلُ: مریض کا صحت پانے سے رکنا، مریض کا صحت نہ پانا۔ أشفی المریضَ: مریض کو دوا بتانا۔ کہتے ہیں: اَشْفِنی: مجھے ایسی چیز دو جس سے شفا ہو جائے۔ ـــ ہُ الشیءَ: کو کوئی صحت بخش چیز دینا۔ تَشَفَّی بکذا: سے شفا حاصل کرنا۔ ـ من غَيْظِه: کا غصہ ٹھنڈا ہونا۔ کہتے ہیں: تَشَفَّی من فلان: دشمن کو ایذا دے کر دل ٹھنڈا کرنا۔ اِشْتَفَی بکذا: سے شفایاب ہونا۔ إِسْتَشْفَی إِسْتِشْفَاءً به: سے شفا چاہنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يُسْتَشْفَی برأیه: فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے۔ ـــ المریضُ من علّته: مریض کا بیماری سے تندرست ہونا۔ الشِفاء (مص) جمع أَشْفِيَة و جمع الجمع أَشَافٍ: دوا۔ الشافی من الادوية و نحوها: فائدہ مند دوا وغیرہ۔ الجوابُ الشافی: تسلی بخش جواب۔ المُسْتَشْفَی جمع مُسْتَشْفَيَات: ہسپتال۔

۲۔ شَفَی - شِفَاءً تِ الشمسُ: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ ـــ و شَفِيَ - شَفًی الهلالُ: چاند کا غروب ہونا۔ أَشْفَی إِشْفَاءً علیه: کے قریب ہونا۔ جیسے: أشفی المریضُ علی الموت: بیمار کا موت کے قریب آ پہنچنا، مرنے لگنا۔ ـ المسافر: مسافر کا آخری رات کی چاندنی میں چلنا۔

۳۔ الأَشْفَی جمع أَشَافٍ: ستالی، برما۔

○ أَشْفَی علی: کے بہت قریب ہونا، کے کرنے ہی کو ہونا، کے برلب ہونا۔ أَشْفَی به علی حافةِ الیاس: اس نے اسے مایوسی تک پہنچا دیا۔ شَفًا جمع أَشْفَاء: کنارا، کے قریب ہونا، کے برلب ہونا۔ شَفَوِيّ: زبانی۔ شَفَوِيًّا: زبانی (orally)۔ الحروف الشَفَوِية: شفوی حروف۔ دیکھو

الحروف الشفھیۃ۔ مُشْفٍ: جس پر موت طاری ہو، جانکنی کی حالت میں، حالتِ نزع میں، جس پر سکوتِ مرگ طاری ہو یا مردنی چھا رہی ہو، قریب المرگ۔ شُفِیَ: روبصحت ہونا، صحت یا طاقت بحال ہوجانا۔ شَفَی غُلَّتَہُ (غلیلَہُ): اپنی پیاس بجھانا، اپنی خواہش کی تسکین کرنا، انتقام کی خواہش پوری کرنا۔ شَفَی غَیْظَہُ من: پر غصہ اتارنا۔ تَشَفَّی و اِشْتَفَی ب: سے صحت یاب ہونا، سے صحت بحال ہونا۔ —— من: سے انتقام لینا، پر غصہ اتارنا، سے انتقام کی خواہش پوری کرنا۔ شِفَاء: صحت یابی، خواہش کی تکمیل، تسکین جمع أشْفِیَة: علاج، معالجہ، دوا۔ قابل للشفاء: قابل علاج۔ مَشْفًی جمع مَشَافٍ: ہسپتال۔ تَشَفٍّ انتقام کی خواہش کی تسکین۔ شافٍ صحت یاب کرنے والا، شفا بخش، فائدہ بخش، واضح غیر مبہم (جواب)۔ مُسْتَشْفًی جمع مُسْتَشْفَیَات: ہسپتال، فیلڈ ہسپتال، دن کے مریضوں کا دار الصحت یا دار الشفاء: سینیٹوریم (sanatorium) مُسْتَشْفَی المجاذیب: دماغی ہسپتال meental hospital۔ پاگل خانہ: insane asylum۔

شقّ: ۱۔ شَقَّ ـُ شَقًّا الشیءَ: کو پھاڑنا، متفرق کرنا۔ اسی سے ہے: شَقَّ عَصَا القومِ: اس نے قوم کی جمعیت کو منتشر کردیا۔ شق فلان العصا: فلاں جماعت سے الگ ہوگیا۔ شق الصبحُ: صبح کا طلوع ہونا۔ —— الارضَ بالسِکّۃ (ز): زمین کو ہل کی پھال سے پھاڑنا۔ —— علی المریض: بیمار کی عدم موجودگی بری طرح محسوس کرنا۔ —— شُقُوقًا النبتُ: نبات کا زمین سے نکلنا یعنی اُگنا۔ —— نابُ البعیر: اونٹ کا دانت نکلنا۔ —— شَقًّا و مَشَقَّۃً البرقُ: بجلی کا آسمان کے درمیان سیدھا پھیلنا۔ —— الفرسُ: گھوڑے کا رفتار میں ایک طرف جھکنا۔ شَقَّقَ الحطبَ: لکڑی پھاڑنا، چیرنا۔ —— الکلامَ: بات برملا کہنا۔ شاقَّ شِقَاقًا و مُشَاقَّۃً: کی مخالفت کرنا اور سے دشمنی رکھنا۔ تَشَقَّقَ الحطبُ: لکڑی کا پھٹنا، چرنا۔ کہتے ہیں: شَقَّقتُہُ فتشقق: میں نے اسے پھاڑا تو وہ پھٹ گیا۔ کہتے ہیں: تَشَقَّقَتْ عصاھم بالبین: ان کا معاملہ تتر بتر ہوگیا، ان کی جماعت اختلاف کی وجہ سے پراگندہ ہوگئی۔ تَشَاقَّ القومُ: باہم مخالفت کرنا، آپس میں عداوت رکھنا۔ —— الرجلان: آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ گتھنا، خوب جھگڑنا۔ تَشَاقوا ثیابَھم: ایک دوسرے کے کپڑے پھاڑ دینا۔ اِشْتَقَّ الشیءَ: آدھا لینا۔ —— الفرسُ فی عدوہ: گھوڑے کا دوڑنے میں دائیں بائیں جانا۔ —— الکلمۃُ من الکلمۃ: ایک کلمہ کو دوسرے سے مشتق کرنا۔ جیسے: اشتق ضَرَبَ من الضَّرْب: اس نے مصدر ضرب سے فعل میں ضَرَبَ مشتق کیا۔ —— فی الکلام او الخصومۃ: کلام یا خصومت میں اپنے نکتہ سے ہٹ جانا۔ —— الطریقَ فی الفلاۃ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔ اِنْشَقَّ الشیءُ: چیز میں شگاف پڑنا، دراڑ آنا۔ —— الفجرُ: صبح کا طلوع ہونا۔ —— الامرُ: پراگندہ ہونا۔ کہتے ہیں: اِنْشَقَّتْ عصاھم: ان کا معاملہ پراگندہ ہوگیا۔ الشَّقّ (مص) جمع شُقُوق: دراڑ، پھٹن، شگاف، درز، تڑخن، پھٹی ہوئی جگہ، صبح، ہر چیز کا آدھا۔ الشِّق: انسان کی ایک طرف۔ دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا ایک حصہ، کنارا، اس چیز کا نام جسے آپ دیکھیں۔ ہر چیز کا نصف۔ کہتے ہیں: المال بینی و بینک شِقَّ او شَقَّ شَعرۃٍ: مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔ الشُّقَّۃ جمع شُقَق: مسافت۔ الشُّقَّۃُ الساعِیَۃ (فلك): ایک گھنٹہ کی مسافت جس کا تعین طول کے دو خطوں کے مابین پندرہ درجوں سے کیا جاتا ہے، جو منطقہ کو محدود کرتے ہیں۔ الشِّقَّۃ جمع شِقَق و شِقَاق: کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا، دھجی، پھٹا ہوا نصف حصہ۔ —— جمع شُقَق: مسافت۔ الشقیق: دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔ جمع اَشِقّاء: سگا بھائی، نظیر۔ الشَّقِیقَۃ جمع شَقَائِق (طب): آدھے سر کا درد، بہن، باغات کے درمیان سخت زمین، شدید بارش۔ —— من البرق: افق میں پھیل جانے والی بجلی۔ شَقَائِقُ النعمان (ن): گل لالہ۔ الاشق من الخیل: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فرس اشقُّ المنخرین: کشادہ نتھنوں والا گھوڑا۔

۲۔ شَقَّ ـُ شَقًّا و مَشَقَّۃً الامرُ: کام کا دشوار ہونا۔ —— علی فلانٍ: کو مشقت میں ڈالنا۔ الشَّقّ جمع شُقُوق: مشقت۔ الشِّقّ: مشقت۔ الشِّقَّۃ والشُّقَّۃ جمع شُقَق: مسافت، وہ رخ جس کا مسافر قصد کرے، دور کا سفر، مشقت، وہ راستہ جس کا طے کرنا راہرو کے لئے دشوار ہو۔ المَشَقَّۃ و المِشَقَّۃ جمع مَشَاق و مَشَقَّات: صعوبت، تکلیف، سختی، مشکل، محنت مشقت، جانفشانی، مصیبت پریشانی، زحمت۔

۳۔ تَشَقَّقَ الفرسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔

۴۔ الشِّقّ (ح): بن مانس۔

۵۔ شَقْشَقَۃُ [illegible] الطیرُ: پرندہ کا آواز نکالنا۔ عوام کہتے ہیں: شقشقت الغاسلۃُ الثیابَ او الاناء: یعنی دھونے والی نے بالآخر کپڑے اور برتن پانی سے دھوئے تاکہ صابن کا اثر جاتا رہے۔ الشِّقْشِقَۃ جمع شَقَاشِق: اونٹ کے منہ کا جھاگ جو وہ مستی کے وقت نکالتا ہے۔ فصیح شخص کے لئے کہا جاتا ہے: ھدرت شِقْشِقَتُہُ و فلانٌ شِقْشِقَۃُ قومِہِ: فلاں اپنی قوم میں شریف اور فصیح ہے۔

۞ شَقَّ علی: کیلئے بھاری، سخت یا ناقابل برداشت ہونا، کو رنجیدہ کرنا، دکھ پہنچانا، دق کرنا، پریشان کرنا، تکلیف دینا، کو ملنا، سے ملاقات کو جانا۔ شَقَّتْ جَیْبَھا: عورت کا ماتم کرتے ہوئے گریباں پھاڑ دینا۔ شقَّ سبیلاً: اپنے لئے راستہ نکالنا۔ شَقَّ السکونَ: خاموشی توڑنا۔ شقَّ شارعًا (طریقًا): سڑک یا گلی تعمیر کرنا، بنانا۔ شَقَّ طریقَہ: اپنے راستہ پر چلتے چلے جانا۔ شقَّ طریقاً جدیدا: نئے راستہ میں داخل ہونا، یا نیا راستہ کھولنا۔ شقَّ العصاء: قوم سے الگ ہوجانا۔ شقّ عصا الطاعۃ: بغاوت کرنا۔ شق عصا القوم: لوگوں میں اختلاف کے بیج بونا۔ ماشق غُبارَھم: وہ ان کے معیار پر پورا نہیں اترا۔ لا یُشَقُّ غبارُہُ: اس پر کوئی سبقت نہیں لے جاسکتا، وہ بے نظیر ہے۔ اس جیسا کوئی نہیں۔ انشقت عصاھم: وہ ایک دوسرے سے لڑ پڑے۔ اِنشقت مرارتُہُ: وہ غصہ سے پھٹ پڑا۔ شقُّ الذرّۃ: جوہری انشقاق (atomic fission)۔ شِقُّ المُعَارَضۃ: حزب اختلاف (opposition party)۔ لا۔ —— إلا بِشِقِّ الانفس (بِشِقِّ النفس): صرف سخت کوشش سے، انتہائی مشکل سے، بمشکل۔ شِقَّۃ: اپارٹمنٹ، فلیٹ، کمپارٹمنٹ (ٹرین کا) جمع شِقَق۔ شُقَّۃ جمع شُقَق: مشکل سفر، سفر کی منزل، فاصلہ۔ بُعدُ الشُّقَّہ او بُعُد الشِّقّۃ: بہت وسیع فاصلہ، طویل مسافت۔ بعیدُ الشُّقّۃ و بعید الشِّقّۃ: دور دراز، دور، بعید، دور کا۔ القُطر الشقیق: برادر ملک اللولُ الشقیقۃ: the sister states (برادر ممالک)۔ اشغالٌ شاقّۃ: قید بامشقت۔ انشقاق: علیحدگی، اختلاف، پھوٹ، کھنڈت، افتراق، نااتفاقی، ان بن، نزاع، ناموافقت۔ اَشَقّ: زیادہ تکلیف دہ، زیادہ کٹھن، زیادہ مشکل، زیادہ سخت۔ شَقْشَقَ: (پرندہ کا) چہچہانا، چوں چوں، چیں چیں کرنا۔ —— ب: بڑبڑانا۔ شَقْشَقَ: صبح کا دھیرے دھیرے نکلنا۔ شقشق بالحدیث

عس. کے بارے میں گپ شپ اُڑانا، بک بک کرنا، چڑچڑ باتیں کرنا۔ شَقْشَقَۃُ اللسان: بچوں کی سی باتیں (کرنا)۔ شَقْشَقَۃُ النہار: سویرا، تڑکا، فجر، صبح کی پہلی کرن۔

شقا: شَقَا - شَقْوًا و شُقُوءًا النابُ: کچلی اُگنا۔ ــــ شَعْرَ الراس: سر کے بالوں میں کنگھا کر کے مانگ نکالنا۔ ــــ رَاسَہُ: کا سر پھاڑنا۔ ــــ فلانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔ المَشْقَا: مانگ۔ المِشْقَا و المِسْقَاء و المِشْقَاءَۃ: کنگھا۔

شقح. ۱۔ شَقَحَ - شَقَاحَۃً: بدشکل ہونا، بدنما ہونا، صفت: شَقِح۔ شَقَحَ - شَقْحًا ہُ اللّٰہُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو قبیح بنانا۔ شَاقَحَ مُشَاقَحَۃً ہُ: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ اَشْقَحَ ہُ: کو دور کرنا۔ الشُقْحُ و الشَقْح کہتے ہیں: شَقْحًا و شَقَحًا لہ: دوری ہو اس کے لئے۔

۲۔ شَقَحَ - شَقْحًا الشیءَ: کو توڑنا۔ ــــ الجوزۃَ: اخروٹ کی گری نکالنا۔

۳۔ شَقَّحَ البُرُّ: کھجور کا رنگ پکڑنا۔ اَشْقَحَ البُسْرُ: کھجور کا رنگ پکڑنا۔ ــــ النخلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا، بہار آنا۔ الأشقح م شَقْحاء جمع شُقْح: سرخی مائل، سنہرے بالوں والا۔ الشُقْحِی: سرخ رنگ کا۔

اُشْقِحَ ہ کو دور بھیجنا، کسی دور جگہ منتقل کرنا۔

شقذ: ۱۔ شَقِذَ - شَقَذًا: نظر بد تیزی سے لگانا، نیند نہ آنا، صفت: شَقْذ و شَقِذ و شَقِیذ و شَقَذان۔ الشَقَذ (مص): کہتے ہیں: مالہ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ ہذا لیس بہ شَقَذٌ ولا نَقَذ: اس میں کوئی نقص نہیں۔

۲۔ شَقَذَ - شَقْذًا و شَقِذَ - شَقَذًا: دور چلا جانا۔ شَاقَذَہُ: سے دشمنی کرنا، کو دور کرنا۔ اَشْقَذَہُ: کو دھتکارنا، نکال دینا۔

۳۔ الشَقَذ و الشُقَذ و الشِقَذ جمع شُقْذان و شُقَاذَی (ح): گرگٹ کا بچہ۔ الشِقْذان (ح): بھیڑیا۔ (ح): حشرات الارض، کیڑے مکوڑے۔ (ح): بھٹ تیتر وغیرہ کے چوزے۔ الشَقَذان جمع شِقْدان و الشُقْذ و الشَقْذ (ح): گرگٹ۔ ح: بھیڑیا۔

شقر ۱۔ شَقِرَ - و شَقُرَ - شَقَرًا و شُقْرَۃً: صاف رنگ ہونا، خوبصورت چمڑی والا ہونا، سنہرے بالوں والا ہونا، خوبصورت بالوں والا ہونا، کا سرخ وزرد رنگ ہونا، صفت: اَشْقَر مونث شَقْراء جمع شُقْر۔ اِشْقَرَّ: گہرا سرخ وزرد رنگ ہونا۔ یہ مجرد شَقِرَ و شَقُرَ سے زیادہ بلیغ ہے۔ الشُقْرَۃ: سرخ وزرد رنگ۔ الشُقَّار و الشُقَارَی (ن): سرخ رنگ کی نبات یا گل لالہ۔

۲۔ الشَقْر (الشُقُور کا واحد): اہم کام، ضروری کام: کہتے ہیں: افضیتُ الیہ بِشُقُورِی: یعنی میں نے اسے اپنے معاملہ سے آگاہ کیا اور اسے ان امور سے مطلع کیا جو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ بَثَّہُ شُقُورَہُ: اس نے اس سے اپنے حالات کی شکایت کی۔ الشُقَر (ح): مرغا، جھوٹ۔ کہتے ہیں: جاء بالشُقَر و البُقَر: وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔

۳۔ الشَقِرَّاق و الشِقِرَّاق (ح): فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جو الشُقْرُق اور الشَرَقْرَق کے نام سے معروف ہے۔

۴۔ الشَقِران او عفنُ الحبوب (ز): پودوں کی ایک بیماری جو خصوصًا دانوں کو لگتی ہے۔

شَقِرَ - شَقَرًا و شَقُرَ - شُقْرَۃً: خوبصورت جسم یا چہرے والا ہونا، روشن چمڑی والا ہونا، سنہرے بالوں والا ہونا، خوبصورت بالوں والا ہونا۔ شَقَر: خوبصورت رنگ والا ہونا، سنہرے بالوں والا ہونا۔ شُقْرَۃ: خوبصورت رنگ (جسم و چہرے کا)، سنہرے بالوں کے رنگ کا ہونا، سرخی۔ اَشْقَر م شَقْراء جمع شُقْر: جسم اور چہرے کے خوبصورت رنگ والا، روشن چمڑی والا، سنہرے اور خوبصورت بالوں والا، سرخی مائل رنگ کا۔

شقص: ۱۔ شَقَصَ الذبیحۃَ: ذبیحہ کو کاٹ کر حصہ داروں کے لئے برابر حصے کرنا۔ الشِقْص: نصیب، حصہ، چیز یا زمین کا ٹکڑا یا قطعہ۔ الشَقِیص: شریک، شرکت، حصہ، بہت میں سے تھوڑا۔ المُشَقِّص: قصائی۔

۲۔ الشَقِیص: عمدہ گھوڑا۔ المِشْقَص جمع مَشَاقِص: چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔

شَقْرَق: خوش ہونا، خوش باش ہونا، شگفتہ ہونا، اپنا جی بہلانا۔

شقع: شَقَعَ - شَقْعًا فی الاناء: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔ ــــ الحطبَ: لکڑی کا ڈھیر لگانا (عام زبان میں)۔ شَقَّعَ لہ: کو گالی دینا، کی بے عزتی کرنا، توہین کرنا (عام زبان میں)۔

شقف: الشَقَف واحد شَقَفَۃ: ٹھیکری ٹھیکری کے ٹکڑے۔ الشاقُوف (ب): ہتھوڑا، فصیح لفظ الملطاس یا مِلطس ہے۔ (آرامی زبان کا لفظ)۔ الشَقِیف: پہاڑ کی ڈھلوان اور بڑی چٹان، چھوٹا پتھر (سریانی زبان کی عام بول چال میں)۔ تشقیف الحطب: لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا (سریانی زبان کی عام بول چال میں)۔

شَقَف: اسم جمع واحد شَقَفَۃ: ہانڈی (برتن) کے ٹکڑے۔

شقل: شَقَلَ - شَقْلًا الدراھمَ: درہموں کا وزن کرنا۔ ــــ ہُ: کو اونچا کرنا (سریانی زبان کی عام بول چال میں)۔ الشَاقُول: شاقول کی ڈوری plumb line۔ شَاقُول: (plummet) (شاقول ڈوری سے بندھے ہوئے وزن کو کہتے ہیں، جو معمار لوگ کسی دیوار کے سیدھا ہونے کی جانچ کے لئے استعمال کرتے ہیں)۔

شَقْلَبَ: اشیاء کو اوندھا کرنا، الٹا کرنا، درہم برہم کرنا۔ تَشَقْلَبَ: درہم برہم ہونا، ڈگمگا کر گرنا، گرنا، قلابازی کھانا۔ شَقْلَبَۃ: قلابازی۔

شقن: شَقَنَ - شَقْنًا العطیّۃَ: عطیہ کم دینا۔ شَقُنَ - شُقُونَۃً العطاءُ: عطیہ کم ہونا۔ صفت: شَقْنٌ و شَقِینٌ و شَقِنٌ۔ اَشْقَنَ العطیّۃَ: عطیہ کم دینا۔ ــــ الرجلُ: کم مال والا ہونا۔ المِشْقَن: جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کو برابر کرنے کا آلہ۔

شقا: ۱۔ شَقَا - شَقْوًا اللّٰہُ فلانًا: اللہ کا کسی کو بدبخت بنانا۔ شَقِیَ یَشْقَی شَقًا و شَقَاءً و شَقَاوَۃً و شِقَاوَۃً و شَقْوَۃً و شِقْوَۃً: بدبخت ہونا۔ صفت: شَقِیّ جمع اَشْقِیَاء۔ شَاقَی فلانًا: سے بدبختی میں بڑھنا، (سے زیادہ بدبخت ہونا)، مقابلہ کرنا۔ آپ کہتے ہیں: شاقانی فشقوتہُ: اس نے مجھ سے بدبختی میں مقابلہ کیا تو میں اس پر غالب آیا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت نکلا۔ اَشْقَی اللّٰہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو بدبخت بنانا۔ الشَقا (مص) و الشقاء (مص): سختی، تنگی، بدبختی، غربت، افلاس، بے نوائی۔

۲۔ شَاقَی ہُ فی الحرب و نحوھا: کو لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا۔ ــــ ہُ علی کذا: سے صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ ــــ ہُ (عند العامۃ): کو ہاتھ سے پکڑ کر ہوا میں بار بار اچھالنا (عام بول چال میں)۔

۳۔ اَشْقَی شَعْرَہُ: بالوں میں کنگھی کرنا، کنگھی سے بال بنانا۔ المِشْقَی: کنگھی (مشقاء بھی کہا جاتا ہے)۔

۴۔ الشَاقِی من الجبال جمع شَوَاقٍ و شُقْیَان: پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔

شَقَا - شَقْوًا ہُ: کو ناخوش کرنا، غمگین کرنا، مصیبت زدہ کرنا، کو رنج، تکلیف یا مصیبت پہنچانا۔ شَقِیَ - شَقَاءً و شَقَاوَۃً و شَقْوَۃً: ناخوش ہونا، غمگین ہونا، بدبخت ہونا، مصیبت زدہ ہونا۔ ــــ ب: کو مشکل پانا۔

أَشْقَى ہ: کو ناخوش کرنا، غمگین کرنا، مصیبت زدہ کرنا، کو رنج، تکلیف یا مصیبت پہنچانا۔ شَقَاء و شَقَا: بدقسمتی، بدنصیبی، بدبختی، عسرت، مفلسی، غربت، نکبت، سخت بری حالت، سخت تکلیف، مصیبت، تکلیف، سختی، مشکل، چاکری۔ شَقِی جمع اشقِیاء: ناخوش، غمگین، بدقسمت، سخت غمزدہ، مصیبت زدہ، مفلس، ملعون، مکروہ، بیچارہ، بدنصیب، بدمعاش، مجرم، بدذات، دھوکے باز، ٹھگ، بدطینت، کینہ جو، شریر، شرارتی، شرانگیز۔ شَقْوَة و شَقَاوَة: بدنصیبی، بدبختی، مصیبت، غم، غمزدگی، سخت غربت، نکبت۔ شَقَاوَة: شرارت، شوخی، چھیڑ چھاڑ کی نیت، بدطینتی، کینہ جوئی، شرارتی پن۔

شك ا۔ شَكَّ ـ شَكًّا فی الامر: کسی بات پر شک و شبہ کرنا۔ صفت فاعلی: شَاكٌّ صفت مفعولی: مَشْكُوكٌ فیہ۔ ـ علیہ الامر: پر معاملہ مشتبہ ہونا، معاملہ بھاری یا ناقابل برداشت ہونا، گراں گزرنا۔ شَكَّكَ ہٗ: کو شک میں ڈالنا۔ تَشَكَّكَ فی الامر: پر شک و شبہ کرنا۔ الشَّكّ (مص) جمع شُكُوك: شک شبہ۔ الشَّكَّة: اسم مرۃ۔ الشَّاكَّة جمع شوَاكّ: شاک کا مؤنث۔

۲۔ شَكَّ ـ شَكًّا ہٗ بالرمح: کو نیزہ مار کر ہڈی تک بٹھا دینا۔ ـ ت الشَّوْكَةُ رِجلَهٗ: پاؤں میں کانٹا چبھنا۔ ـ الخیّاطُ الثوبَ: درزی کا کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا۔ ـ الشیءَ اِلی الشیء: ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔ ـ فی السلاح: پورے ہتھیار پہننا، کامل مسلح ہونا۔ صفت: شَاكُ السِلاحِ و شَاكٌ فی السلاح جمع شُكَّاك۔ ـ القومُ بیوتَهم: لوگوں کا اپنے گھروں کو ایک ڈھنگ یا قطار میں بنانا۔ اسی سے عام لوگوں کا قول ہے: شَكَّ اللؤلؤ او الخرزَ و غیرهما: اس نے موتیوں کو ایک لڑی میں پرو دیا۔ الشَّكَّة: پہلو، کندھے وغیرہ کا چبھتا ہوا درد۔ (عام بول چال میں)۔ الشِّكَّة جمع شِكَك: اسم نوع ہتھیار پہننے کا ایک انداز۔ (کہا جاتا ہے: فلانٌ مُختلِف الشِّكَّة: فلاں مختلف اخلاق کا حامل ہے)، لکڑی کی پچر جو کلہاڑی وغیرہ کو تنگ کرنے کیلئے لگائی جائے۔ بیوتٌ شِكَاك: ایک ہی قطار میں بنے ہوئے مکانات۔ الشَّكِیكَة جمع شَكَائِك و شُكُك: طریقہ، گروہ۔ المِشَكّ جمع مَشَاكّ: سوراخ کرنے کا اوزار، زرہ۔ مِشْكَاكُ العصافیر او التبغ: عام بول چال میں: وہ جگہ جہاں رسی یا لکڑی پر چڑیاں یا تمباکو کے پتے اکٹھے رکھے جاتے ہیں۔

۳۔ شَكَّ ـ شَكًّا الیه البلادَ: تک ملک طے کر کے پہنچنا۔ ـ شَكًّا فلانًا و الیه: کی طرف مائل ہونا۔ الشُّكَّة: مسافت۔ کہتے ہیں بینهما شُكَّة بعیدة: ان کے درمیان بہت لمبی مسافت ہے۔

۴۔ الشَّكّ جمع شُكُوك: ہڈی میں چھوٹی درز، چوٹ مار دوائی۔ الشِّكّ (ت): چیک (cheque)۔ الشَّاكَّة جمع شَوَاكّ (طب): حلق کا ورم۔ الشَّكَاكَة: زمین کا کونہ۔ الشَّكِیكَة جمع شَكَائِك و شُكُك: پھلوں کی ٹوکری، عادت: کہتے ہیں دَعْهُ علی شَكِیكَتِه: اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔

شَكَّ ـ شَكًّا ہ ب: کو سے چیرنا، چھیدنا۔ ـ ہ ب: پر کچھ رکھنا۔ ـ ہ: کو چبھونا، کھونپنا، بھونکنا۔ ـ فی / ب: پر شک کرنا، پر اعتبار نہ کرنا، کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھنا، پر شبہ کرنا، کو مشکوک سمجھنا، مشتبہ سمجھنا، پر اعتراض کرنا، کے متعلق شک کا اظہار کرنا، کے متعلق شکوک ذہن میں رکھنا، کے متعلق شک ہونا۔ شَكَّكَ ہٗ فی: کو کے متعلق شک میں ڈالنا، کو کے متعلق شک سے بھرنا۔ تَشَكَّكَ فی / ب: پر شک کرنا، کے متعلق شکوک و شبہات رکھنا۔ تَشَكَّكَ: شکی ہونا، متشکک ہونا، شک و شبہ کی نظر سے دیکھنا۔ بلاشك، لاشكَّ و لاشك، مِن دونِ شك: بے شک، بلاشبہ، یقیناً، وثوق سے۔ لاسبیل الی الشك فیه: غالباً، یقینی، غیر مشتبہ، مسلمہ، شک و شبہ سے بالا۔ لایتطرق الیه الشك: غالباً، یقیناً۔ مَشْكُوكٌ فیه: مشکوک، مشتبہ، غیر یقینی۔ مَشْكُوكٌ فی امره: مشتبہ (شخص)، شَكَّكَ: ادھار پر بیچنا، ادھار پر خریدنا، ادھار لینا۔

شکر: ا۔ شَكَرَ ـ شُكْرًا و شُكُورًا و شُكْرَانًا الرجُلَ و لَه: (ل سے زیادہ فصیح ہے)، کی کسی احسان و بھلائی پر تعریف کرنا، کا شکریہ ادا کرنا، شکر کرنا۔ کہتے ہیں: شَكَرَ اللّٰهُ سعیَكَ: اللہ تم کو تمہاری کوشش کا بدلہ دے۔ شَكَرْتُ لفلان نعمتَه: میں نے فلاں کی مہربانی پر اس کا شکریہ ادا کیا۔ شَكَرَ اللّٰهَ و لِلّٰه و باللّٰه و نعمةَ اللّٰه و بنعمة اللّٰه: اس نے اللہ کا شکر کیا، اللہ کی مہربانی کا شکر کیا۔ صفت: شاکر جمع شاکِرون و شُكَّر۔ شَاكَرَہٗ: کو اپنی شکرگزاری دکھانا۔ تَشَكَّرَ لَه: کا شکریہ ادا کرنا۔ الشَّكُور جمع شُكُر: بہت شکرگزار (مذکر و مؤنث)۔ الشَّكُور (فی اسمائه تعالی): اللہ تعالیٰ جو تھوڑے عمل پر زیادہ بدلہ دیتا ہے۔

۲۔ شکر ـ شَكَرًا ت النَّاقةُ: اونٹنی کے تھنوں کا دودھ سے بھر جانا۔ صفت: شَكِرَة جمع شَكِرَات و شَكَارَى و شَكَرِیّ و مِشْكَار۔ ـ الرجُلُ: بخل کے بعد سخاوت کرنا۔ عَیْنٌ شَكْرَی: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ أشْكَرَ الضرعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ صفت: شَكْرَان م شَكْرَی جمع شُكَارَی و شَكَارَی۔ اِشْتَكَرَت السماءُ: آسمان کا بارش برسانا۔ ـ الضرعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ الشَّكْرَة: اسم مرۃ۔ ـ والشَّكَرِیَّة: تھنوں کا دودھ سے بھرا ہونا۔ الشَّكُور: وہ چہرہ جو بیماری کے نتیجہ میں جسم کے لاغر ہونے پر لاغر نہ ہو۔ المَشْكَرَة: کہتے ہیں نباتٌ مَشْكَرَةٌ: زیادہ دودھ پیدا کرنے والی گھاس۔

۳۔ شَكِرَ ـ شَكَرًا ت الشجرةُ: درخت کی جڑ میں شاخ نکلنا۔ أشكر الشجرُ: درختوں کی جڑوں میں سے شاخیں نکلنا۔ اِشْتَكَرَ الشجرُ: درختوں کی جڑوں سے شاخیں اُگنا۔ ـ الجنینُ: پیٹ کے بچے کا روئیں دار ہونا۔ الشَّكِیر ج شُكُر: بڑے درختوں کی جڑوں میں اگنے والی شاخیں، بڑے پودوں، پروں اور بالوں میں چھوٹے پودے، پر اور بال، درخت کی چھال، گدی اور چہرے کے پاس اگنے والے بال۔ شكیر الابل: چھوٹے اونٹ۔

۴۔ شَاكَرَہٗ الحدیثَ: سے گفتگو شروع کرنا۔

۵۔ اِشْتَكَرَت الریاحُ: ہواؤں کا تیز چلنا۔ اِشْتَكَرَ الرجُلُ فی عَدْوِه: دوڑنے میں جدوجہد کرنا۔ ـ البردُ او الحرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا۔

۶۔ الشَّاكِرِیّ جمع شَاكِرِیَّة: مزدور، نوکر (فارسی)۔ الشَّاكِرِیَّة: نوکر کی مزدوری، اجرت، ٹیڑھے سر کی چھری (عام بول چال)۔ (ط): دودھ کے ساتھ پکائے ہوئے گوشت کا کھانا (عام بول چال)۔ الشَّكَارَة: مالک کی زمین میں چھوٹا قطعہ جسے مالی اپنے لئے کاشت کرتا ہے (عام بول چال)۔ ریشم کے کیڑے جنہیں نانبائی اپنی دوکان یا لڑکے اپنے گھروں میں پالتے ہیں اور ان کو کھلانے کے لئے شہتوت کے پتے جمع کرتے ہیں (عام بول چال)۔ الشَّوْكَرَان و الشَّیْكَرَان و الشَّیْكُرَان (ن): ایک زہریلا پودا۔

شَكَرَ ـ شُكْرًا و شُكْرَانًا ہ / ل ہ / ل / علی: کا کے لئے شکریہ ادا کرنا، کا کے لئے شکرگزار، ممنون، احسان مند، متشکر ہونا۔ ـ ہ / ل: کی تعریف کرنا، حمد و ثنا کرنا، کی تعریف کے پل باندھنا۔ یُشْكَرُ علیه: شکریہ کے لائق، قابل ستائش، قابل تعریف، ستودہ۔ تَشَكَّرَ ل ہ: کا کے لئے شکریہ ادا کرنا، کا کے لئے

شکرگزار، ممنون، احسان مند، متشکر ہونا۔ شُکراً لك: میں آپ کا شکرگزار ہوں، شکریہ۔ شَکَرَہ شُکراً جزیلاً: کا بہت بہت شکریہ ادا کرنا۔ شُکری: شکریہ کا۔ شُکران: احسان مندی، شکرگزاری، ممنونیت، تشکر، شکریہ، تعریف، ستائش۔ شکور: بہت شکرگزار، ممنون، احسان مند۔ شاکر: شکرگزار، ممنون، احسان مند۔ مُشکور: شکریہ کا مستحق، قابل ستائش، قابل تعریف، ستودہ۔ شِکارَہ جمع شکائِر: بڑا تھیلا، ٹاٹ یا بورے کا تھیلا۔

شکز شَکَزَ ـ شَکزاً ہُ: کو انگلی چبھونا، زبان سے تکلیف دینا ـــ ہ بالرُمح: کو نیزہ مارنا۔ الشکُز و الشَکَز: بدخلق۔ الشَکّاز: فسادی، بدخو۔

شکس شَکُسَ ـ شَکَاسَةً و شَکِسَ ـ شَکَساً: بخیل ہونا، سخت مزاج ہونا۔ صفت: شَکِس و شَکُس جمع شُکُس۔ شَاکَسَ مُشَاکَسَةً ہُ: کی مخالفت کرنا، سے سختی سے پیش آنا۔ تَشَاکَسَ القومُ: لوگوں کا آپس میں مخالفت کرنا۔ کہتے ہیں: اللیلُ و النہارُ یتشاکسان: یعنی رات اور دن ایک دوسرے کے مخالف ہیں۔ الشَکِیس: نحوست۔ المِشکَس: بخیل، سخت مزاج۔

شَکُسَ ـ شَکَاسَةً و شَکِسَ ـ شَکَساً: بغض پرور اور کینہ جو ہونا، جھگڑالو ہونا، چڑچڑا ہونا، تنگ مزاج ہونا، بدمزاج ہونا، تیکھا ہونا، اکھڑ ہونا، روٹھا ہوا ہونا، جلا بھنا ہونا، تندخو ہونا، معاندانہ ہونا۔ شَاکَسَ ہُ: سے جھگڑنا، سے جھگڑا کرنا۔ تَشَاکَس: ایک دوسرے سے جھگڑا کرنا، جھگڑالو ہونا، چڑچڑا ہونا، تنگ مزاج ہونا۔ شَکِس جمع شُکُس: بغض پرور، کینہ جو، جھگڑالو، چڑچڑا، تنگ مزاج، بدمزاج، تیکھا، اکھڑ، روٹھا ہوا، جلا بھنا، تندخو، معاندانہ۔ شَکَاسَة: بغض، کینہ، جھگڑالو پن، چڑچڑاپن، تنگ مزاجی، بدمزاجی، تیکھا پن، اکھڑ پن، تندخوئی، معاندت۔ مُشَاکَسَہ جمع مشاکسات: جھگڑا، اختلاف، نزاع، تو تو میں میں، سازش، تیکھا پن، چڑچڑا پن، بدمزاجی، ہرقت کی جھاڑ جھپاڑ۔ تشاکس: لغویت، نامعقولیت، لغو، مہمل یا بے تکی بات، بے تکا پن۔

شَاکوش و شکوس جمع شواکیش: ہتھوڑا۔ ابو شاکوش: شارک (مچھلی)۔

شکص الشَکِص والشَکِیص: بدخلق۔ الشکیصة من الابل: وہ اونٹنی جس کے تھنوں میں نہ تو دودھ ہو اور نہ ہی وہ حاملہ ہو۔

شکع: ۱۔ شَکِعَ ـ شَکَعاً المریضُ: مریض کا بہت آہ وزاری کرنا۔ صفت: شَاکِع و شَکِع و شَکُوع ـــ الرجُلُ: غضبناک ہونا، دردمند ہونا۔ اَشکَعَ ہُ: کو غضبناک کرنا، ملول کرنا، ناراض کرنا۔

۲۔ شَکِعَ ـ شَکَعاً الزرعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا۔

شکل: ۱۔ شَکَلَ ـ شَکلاً الامرُ: معاملہ کا مشتبہ ہونا، عام لوگ کہتے ہیں: شکل فلانٌ المسألةَ: فلاں نے مسئلہ کو بلا تصفیہ چھوڑ دیا، ملتوی کر دیا، التواء میں ڈال دیا ـــ الکتابَ: عبارت پر اعراب لگانا ـــ العنبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَکِلَ ـ شَکَلاً: بہت مبہم ہونا، مشکل ہونا ـــ الشیءُ: سرخی مائل سفید ہونا۔ شَکَّلَ الامرُ: معاملہ کا مشتبہ ہونا ـــ الکتابَ: عبارت پر اعراب لگانا۔ العنبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ أشکَلَ الامرُ: معاملہ کا مشتبہ ہونا۔ کہتے ہیں: اشکلت علیَّ الاخبارُ: خبریں میرے لئے مشتبہ ہو گئیں ـــ الشیءُ: بہت مشکل ہونا ـــ الکتابَ: کتاب پر اعراب لگانا۔ العنبُ: انگور کا پکنے لگنا ـــ النخلُ: کھجور کا پک کر تیار ہونا۔ تَشَکَّلَ العنبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ اِشتَکَلَ و اِستَشکَلَ الامرُ: معاملہ مشتبہ ہونا۔ الشَکل جمع أشکال و شُکول: دشوار امر۔ کہتے ہیں: اُمورٌ أشکال: یعنی مشتبہ امور۔ شکلُ الکتابِ: اعراب اور حرکات (کتاب کی)۔ الشَکلَةُ: واحد حرکت۔ الشُکلَةَ: سرخی مائل سفیدی۔ الأشکَل جمع شُکل: سرخی مائل سفید، جس کی آنکھ کی سفیدی میں سرخی ہو۔ الشَکلاءُ: لأشکل کا مونث۔ الأشکَلَة: التباس، مشابہت۔ الشَکِیل: لگام کے لوہے پر لگا ہوا خون ملا جھاگ۔ المُشکِل و المُشکِلَة جمع مَشَاکِل و مُشکلات: دشوار یا مشتبہ امر۔

۲۔ شَکَلَ ـ شَکلاً المریضُ: بیمار کا روبصحت ہونا۔ شَکَّلَ الشیءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا۔ شَاکَلَ مُشَاکَلَةً ہُ: کے مشابہ ہونا، کے موافق ہونا۔ أشکَلَ المریضُ: بیمار کا روبصحت ہونا۔ تَشَکَّلَ: صورت اختیار کرنا۔ تَشَاکَلا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا، موافق ہونا۔ الشَکل جمع اشکال و شُکُول: مشابہت، کسی چیز کی محسوس یا وہمی شکل و صورت، مثل، نظیر، قصد و ارادہ۔ (کہتے ہیں: ـــ ألته عن شکل فلان: میں نے فلاں کے ارادہ کے متعلق پوچھا)، جو آپ کے موافق ہو اور آپ کے لئے موزوں ہو۔ (آپ کہتے ہیں: لیس ھذا من شکلی: یعنی یہ بات نہ تو مجھ سے موافقت رکھتی ہے اور نہ میرے لئے موزوں ہے) منظر کا حسن۔ کہتے ہیں: فلانٌ شکلُہُ جمیل: وہ دیکھنے میں خوبصورت ہے یا خوش شکل ہے، خوبرو ہے۔ فلانٌ یحب الشکلَ: فلاں شخص خوبصورت منظر پسند کرتا ہے۔ الأشکال: موتی یا چاندی کے ایک دوسرے سے ملتے جلتے زیورات۔ الشِکل: مثل۔ الشُکلَة و الشَاکِل: مشابہت۔ کہتے ہیں: فیہ شُکلَةٌ أو شَاکِلٌ من ابیہ: اس میں اپنے والد کی مشابہت ہے۔ الأشکَل جمع شُکل: کہتے ہیں: ھذا أشکلُ بہ: یہ اس کے مشابہ ہے۔ الأشکَلَة: مشابہت۔ کہتے ہیں: فیہ أشکَلَةٌ من ابیہ: اس میں اپنے باپ کی مشابہت ہے۔ الشَاکِلَة جمع شَوَاکِل: شاکل کا مونث: شکل صورت طریقہ، راستہ، نیت۔ التَشکِیلَة: مجموعہ۔ کہتے ہیں: تشکیلةٌ من الدبابات: ٹینکوں کا مجموعہ۔ المُشَکَّل: صورت و شکل والا۔ المُشاکَلَة (مص): کہتے ہیں: فی فلانٍ مُشاکَلة من ابیہ: فلاں میں اپنے باپ کی مشابہت ہے۔

۳۔ شَکَلَ ـ شَکلاً و شَکَّلَ الدابةَ بالشکال: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ یعنی پائے بند سے جانور کے پاؤں باندھنا۔ الشِکال جمع شُکُل: وہ رسی جس سے جانور کے پاؤں باندھے جاتے ہیں۔ پائے بند، وہ دھاگا جو اونٹ کے پیش بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن ـــ فی الخیل: گھوڑے کی تین ٹانگوں کا سفید رنگ اور چوتھی کا اور رنگ ہونا۔ الشَکلاء: حاجت، ضرورت۔ الشَاکِلَة جمع شَوَاکِل: حاجت۔ الأشکَلَة: ضرورت۔ آپ کہتے ہیں: لنا عندہ أشکَلَةٌ: ہماری اس کے پاس ایک (اٹکی ہوئی) ضرورت ہے۔ المَشکُول: پائے بند سے بندھا ہوا ـــ من الخیل: وہ گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید رنگ کی ہوں اور چوتھی مخالف رنگ کی۔

۴۔ شَکَلَ ـ شَکلاً و شَکَّلَت المرأةُ شَعرَھا: عورت کا دائیں بائیں جانب زلفیں گوندھنا۔ شَکِلَ ـ شَکَلاً ت المرأةُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔ تَشَکَّلَتِ المرأةُ: عورت کا اپنے بالوں میں پھول لگانا، عورت کا پھولوں سے اپنے آپ کو سجانا (عام بول چال)۔ الشکل جمع أشکال و شُکول: عورت کا ناز و نخرہ۔ الشِکل: عورت کا ناز و نخرہ۔ امرأة شَکِلَة: ناز و نخرے والی عورت۔ التشکِیلَة: عورت کے بالوں میں لگے ہوئے پھول، گلدستہ (عام

بول چال)۔المرأة المُشکَّلَة: عورت جس نے بالوں میں پھول لگا رکھے ہوں (عام بول چال)۔

۵۔الشَاکِلَة جمع شَوَاکل: کولہا، کمر، کنارا، پہلو طرف۔ جیسے شاکلة الطریق: راستہ کی ایک طرف۔اصاب شاکِلةَ الصواب و فلانٌ یری برأیه الشواکِلَ. اس نے ورق کا پہلو پالیا۔ وہ اپنی رائے سے ورق کے پہلو دیکھ لیتا ہے۔الشَواکِل: بڑے راستہ سے نکلنے والے راستے۔ کہتے ہیں ھذا طریق ذو شَوَاکِل: اس راستے سے بہت سے راستے پھٹتے ہیں۔ الشَوکلَة: کونا، جانب۔(ن) شَوکَل کا واحد۔ ایک کانٹے دار درخت۔

○ شَکَل ـ شکلاً ہ: جانور کی ٹانگیں ایک ساتھ رسی سے باندھنا (تا کہ وہ زیادہ دور نہ جاسکے)۔۔۔ ہ: عبارت پر اعراب لگانا۔۔۔: مشکوک ہونا، مشتبہ ہونا، مبہم ہونا، الجھا ہوا ہونا، مشکل ہونا۔شَکَّل: بمعنی شَکَلَ: ۔ ہ: کو بنانا، تخلیق کرنا، ڈھالنا، تخلیق کرنا، منظم کرنا، ترقی دینا، میں تنوع پیدا کرنا، کو بدلنا، مختلف کرنا، متنوع کرنا، بوقلموں کرنا، میں رنگارنگی یا تنوع پیدا کرنا۔أشْکَلَ علی: کیلئے مشکوک ہونا، مشتبہ ہونا، مبہم ہونا، غیر واضح ہونا، دھندلا ہونا، پیچیدہ ہونا، الجھا ہوا ہونا، مشکل ہونا۔تَشَکَّل: بننا، شکل اختیار کرنا، ڈھلنا، تخلیق پانا، منظم ہونا، ترقی پانا، متنوع ہونا، بوقلموں ہونا، مشتبہ ہونا، درجہ بند ہونا، کم ڈھلان والا ہونا، مختلف درجے بندیاں کرنا۔۔ لِ: کے لئے مادی صورت میں آنا، مرئی شکل میں ظاہر ہونا۔تَشَکَّل بشکله: کی شکل اختیار کرنا۔استشکل ہ: کو مشتبہ سمجھنا نیز بمعنی اشْکَلَ۔ شَکْل جمع أشکال و شُکول: مشابہت، مماثلت، مظہر خارجی، شکل، صورت، نقشہ، ساخت، وضع قطع، بناوٹ، کاٹھی (انسان کی) ادراک کی صورت، مثال، نمونہ، قطع، کاٹ، طریقہ انداز، اسلوب، قسم۔شَکْلاً: رسمی طور پر۔ ھم و اشکالھم: وہ اور ان جیسے۔شکلی: رسمی۔شکلیات: ضابطے کی کارروائیاں۔شِکْل: ناز نخرہ، عشوہ گری، شَکِلة: ناز نخرہ والی عشوہ طراز عورت، ناز نخرے والی عشوہ گر۔شُکلی: لڑاکا، جھگڑالو، چڑچڑا۔شِکال جمع شکالات و شُکُل: بیڑی، سانکل، سنگلی۔ تَشکیل: بنانا، بناوٹ، ڈھلائی، تخلیق، تنظیم، ترقی، کوچ کی وردی۔تشکیلات: ترتیبات، تنظیمات۔ تشکیلة: یکساں مختلف میل، انتخاب، تنوع، بناوٹ، ترتیب۔مشاکَلَة: مشابہت، مماثلت۔إشکال: ابہام، تاریکی، دھندلا پن۔تشاکُل: مشابہت، مماثلت۔شَاکِلة: راستہ، طریقہ، رویہ، انداز، جمع شواکل: پہلو، کوکھ، جانب، چڈا، جانگھ۔علی شاکلةِ: کے انداز میں، کی قسم کا، جیسا، کے مانند۔ علی شاکلتھم: ان جیسا، ان کی طرح۔کان علی شاکلته: اسی قسم کا، اسی طرز، انداز، اسلوب کا ہونا۔ مُشَکَّل: مختلف، طرح طرح کا، گوناگوں، کئی، متعدد، متفرق، بوقلموں، با اعراب۔مُشْکِل: الجھا ہوا، مبہم، مشتبہ، مشکوک، غیر واضح، دھندلا، گدلا، تیر و تار، مشکل، پیچیدہ، الجھا ہوا، مسئلہ، ناحل شدہ سوال۔ مُشْکِلة: مسئلہ، قضیہ، ناحل شدہ مسئلہ، قضیہ، مشکل۔

شکم: ا۔ شَکَمَ ـ شَکْمًا ہُ: کو دینا، بدلہ دینا۔۔ فلاناً: کو رشوت دینا۔ شَکْماً و شَکِیماً ہُ: کو دانت سے کاٹنا۔ شَکِمَ ـ شَکَماً: بھوکا ہونا۔ أَشْکَمَ ہُ: کو بدلہ دینا۔الشَکْم و الشُکْمَی: بدلہ، عطیہ، رشوت۔الشَکِیْمَة جمع شَکَائِم و شُکُم و شَکِیم: تکبر، ظلم کی دادرسی۔۔۔ من اللجام: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے۔ ذُو شکیمة یا شدیدُ الشکیمه: خوددار، غیرت مند، جو تابع نہ ہو۔

۲۔الشَکِمَ (ح): شیر۔الشَکِیمة جمع شَکَائِم و شُکُم و شَکِیم: عہد، طبیعت، مشابہت۔

○ شَکَمَ ـ شَکْماً ہ: (جانور) کو لگام دینا۔۔ ہ: کو رشوت دینا، خاموش کرنا، کے منہ میں کپڑا ٹھونسنا، کی زبان بندی کرنا۔شَکِیمة جمع شَکَائِم و شُکُم و شکیم: چھوٹا سا ٹکڑا، دہانہ۔ جمع شکائِم: (پہیے کا) بریک (brake)، آسانی سے قابو میں نہ آنا، نہ جھکنا، ضد، ہٹ دھرمی، توہین، تذلیل، تحقیر۔شدید الشکیمة: ضدی، سرکش، ہٹ دھرم، ہٹیلا، ہٹ کا پکا، منہ زور۔قوة الشکیمة: زور، طاقت، ہمت، توانائی۔ قَوِیُّ الشکیمة: توانا، طاقت ور، باہمت، مستعد، سرگرم، چاق، چوبند، زوردار، جاندار، ہوشیار، چست، پھرتیلا۔

شکه: شَاکَهَ شِکَاھاً و مُشَاکَھَةً ہُ: کے مشابہ ہونا۔ أَشْکَهَ الامرُ: کام دشوار ہونا۔تَشَاکَھا: ایک دوسرے سے مشابہ ہونا۔

شکا: ا۔ شَکَا ـ شَکْوَیً و شَکْواً و شَکَاةً و شَکَاوَةً و شِکَایَةً و شَکِیَّةً الیه زیداً: سے زید کی شکایت کرنا۔شَاکٍ: شکایت کرنے والا۔مَشْکُوّ و مَشْکِیّ: جس کی شکایت کی جائے۔مَشْکُوّ الیه: جس سے شکایت کی جائے۔شَکْوَی: شکایت۔۔۔ الأَصَرَ و العِلّة: بات، بیماری کا گلہ کرنا

مند ہونا۔۔۔ امرَہُ إلی اللّٰه: اللہ سے اپنے مسئلہ کا اظہار کرنا۔شَکَّی تَشْکِیَةً الشاکِیَ: کی شکایت ماننا۔شَاکَی ہُ: کی شکایت کرنا، اپنی افتاد سے مطلع کرنا۔أَشْکَی إشکاءً فلاناً: کی شکایت قبول کرنا، کو شاکی پانا، کے سامنے اپنی شکایت بیان کرنا یا اپنی تکالیف شوق کا ذکر کرنا، کے ساتھ قابل شکایت برتاؤ کرنا، کی شکایت کو دور کرنا (ضد)۔۔۔ فلاناً من فلان: سے کسی کی خوشنودی کے لئے کوئی چیز لینا۔ کہتے ہیں: ھو یُشْکِی بکذا: یعنی اس پر فلاں الزام لگایا جا رہا ہے۔تَشَکَّی الیه: سے شکایت کرنا۔ تَشَاکَی تَشَاکِیًا القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کی شکایت کرنا۔ إشْتَکَی الیه: سے شکایت کرنا۔ الشَکْوَی جمع شَکَاوَی: جس چیز کی شکایت کی جائے۔الشَکْوَة جمع شَکَوَات و شَکَاء: شکا کا اسم مرۃ۔الشَکِیّ م شَکِیَّة جمع شَکَایَا: جس کی شکایت کی جائے۔۔۔ و الشاکِی: شکایت کرنے والا۔

۲۔ شکا ـ شَکْوَی و شَکْواً و شَکَاةً و شَکَاوَةً و شِکَایَةً و شَکِیَّةً مرضَهُ للطبیب: طبیب سے اپنے مرض کی حالت بیان کرنا۔ شَکْوًا و شَکْوَی و شَکَاةً المرضُ فلاناً: بیماری کا کسی کو دکھ دینا۔ تَشَکَّی: بیمار ہونا۔۔۔ من جرحٍ: زخم سے کو درد ہونا۔اِشْتَکَی: بیمار ہو جانا۔۔۔ من جرجه: کا اپنے زخم کی وجہ سے تکلیف میں ہونا۔الشَکْو والشَکْوَی والشَکَاء والشَکَاة والشَکْوَاء: بیماری۔الشَکْوَة جمع شَکَوَات و شَکَاء: شَکْو بمعنی بیماری کا واحد۔الشَکِیّ م شَکِیَّة جمع شَکَایَا: دردمند، دکھی۔۔۔ والشَاکِی: تھوڑی بیماری والا، معمولی مریض۔

۳۔الشَکْو (ح): چھوٹا اونٹ۔الشَکْوَة والشُکَیَّة: دودھ یا پانی کے لئے چمڑے کا برتن۔رجُلٌ شاکی السلاح: ہتھیار بند، رعب داب کا آدمی (شائک کا الٹ ہے)۔الشکاة: عیب۔المشْکاة: طاق، چراغ رکھنے کا طاق، چراغ۔

شکی: شَکَی ـ شَکْیًا الیه: سے شکایت کرنا۔ الشَکِیَّة: بقیہ۔

○ شکا ـ شَکْواً و شَکْوَی و شکاةً و شَکَایَةً و شَکِیَّةً ہ/ہ/من: کی شکایت کرنا۔ل/الی: سے۔ ۔ ہ/من: کے بارے میں شکایت کرنا۔۔: شکایت کرنا۔ہ/ہ/من: کی، کے بارے یا کے خلاف شکایت کرنا یا استغاثہ دائر کرنا۔لِ/الی: کے ہاں، پاس۔

ہ: بخار وغیرہ ہونا، میں مبتلا ہونا۔ تَشَکَّی: بمعنی شکا۔ تَشَاکَی ہ: کی، کے بارے میں ایک دوسرے سے شکایت کرنا۔ اِشتکی: بمعنی شکا۔ شَکْوَة: شکایت، شکوہ، استغاثہ، وجہ شکایت۔ جمع شَکَوات و شِکاء: مشکیزہ (پانی یا دودھ کیلئے)۔ شَکْوَی جمع شَکَاوَی: شکایت، الزام دینا، متہم کرنا، تکلیف، مصیبت، وجہ، شکایت۔ شَکَاة: شکایت، الزام دینا، متہم کرنا، تکلیف، مصیبت، وجہ شکایت۔ شِکَایَة: شکایت، الزام دینا، متہم کرنا، اتہام، تکلیف، مصیبت، وجہ، شکایت۔ شَکِیَّة: شکایت، اتہام، تکلیف، مصیبت، وجہ، شکایت۔ شَکَّاء: شکایتیں کرنے کا عادی، شکوہ شکایت کرنے والا۔ مِشکاة جمع مِشْکَاوَات و مَشَاكٍ: طاق (چراغ رکھنے کے لئے) چراغ، لیمپ، آویزاں لیمپ۔ شاكٍ: شکایت کنندہ، مستغیث۔ مشکومنه: جس کی شکایت کی گئی ہو، متہم، جس پر الزام لگایا گیا ہو، ملزم، مدعا علیہ۔ مُشتكٍ: شکایت کنندہ، مستغیث۔ مُشتكَى عليه: جس کی شکایت کی گئی ہو، متہم، ملزم، مدعا علیہ۔ شِکُوریا: کاسنی (chicory)۔ شُکُولاتَه: چاکلیٹ (chocolate)۔ شَاکُوس و شَکُوس: ہتھوڑا۔ ابوشاکوس: شارک (مچھلی)۔

شلّ: ۱۔ شَلَّ - شَلاًّ و شَلَلاً و شُلَّ و اُشِلَّت یَدُہٗ: کے ہاتھ کا سوکھنا، بیکار ہونا، شل ہونا۔ اَشَلّ: یعنی جس کا ہاتھ سوکھ گیا ہو۔ شَلَّاء: سوکھا ہوا ہاتھ تیر اندازی ونیزہ بازی کے استاد کے حق میں دعا کے طور پر کہا جاتا ہے: لاشُلَّتْ یداكَ یا لا شُلّت عشرُكَ: یعنی خدا کرے تمہارے ہاتھ یا ہاتھوں کی دس انگلیاں بیکار نہ ہوں۔ أَشَلَّ: خشک ہاتھ والا ہونا۔ شَلالِ: (مبنی بر کسر) شَلَل کا اسم۔ تیرانداز کو دعا دیتے ہوئے کہتے ہیں: لاشَلالِ: خدا کرے تمہارا ہاتھ بیکار نہ ہو۔ الشَّلَلِ (طب): ہاتھ کی خرابی۔

۲۔ شَلَّ - شَلَّات العینُ دمعَها: آنکھ کا آنسو بہانا۔ اِنْشَلَّ المطرُ: بارش کا برسنا۔ ـ السیلُ: سیلاب کا بڑھنا شروع ہونا۔ الشُّلُلُ و الشُّلُل و الشَّلُول: تیز رفتار۔ الشَّلِیل جمع أَشِلَّة: وادی کے درمیان پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ الشَّلَّالات واحد شَلَّال: آبشار۔ رجُلٌ مِشَلٌّ: تیز چلنے والا۔

۳۔ شَلَّ - شَلّاً الثوبَ: کپڑے کی ہلکی سلائی کرنا۔ ـ الدرعَ و شَلَّها علیه: زرہ پہننا۔ الشِّلَّة عند الخیاطین دھاگے کا لچھا۔ الشِّلالَة عند الخیاطین کپڑے کی ایک پرت کو دوسرے پرت سے جوڑنے کے لئے ان کے کناروں کو سینا۔ الشَّلِیل جمع أَشِلَّة: اونی کپڑے کا ٹکڑا جو جانور کے پٹھے پر کجاوہ کے پیچھے ڈالا جاتا ہے، بڑی زرہ کے نیچے پہنی جانے والی چھوٹی زرہ، زرہ کے نیچے پہنا جانے والا کرتہ۔ المِشَلّ: گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔

۴۔ شَلَّ - شَلاًّ و شَلَلاً الابلَ: اونٹوں کو ہانکنا، ہکالنا۔ کہتے ہیں: مرّ فلان یشُلُّهم بالسیف: فلاں شخص لوگوں کو تلوار کے زور پر ہانکتا گزرا۔ الصبحُ یشُلُّ الظلامَ: صبح تاریکی کو بھگا دیتی ہے۔ ـــ الشیءَ: چیز کو کاٹنا۔ اِنْشَلَّ الذئبُ فی الغنم: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی مچانا۔ ـــ ت الابلُ: اونٹوں کا بھاگنا۔ الشَّلَّة: اسم مرۃ۔ الشِّلال: متفرق لوگ۔ کہتے ہیں: جاء القومُ شِلالاً: لوگ اونٹوں کو باہر نکالتے ہوئے آئے۔

۵۔ الشَّلَل: کپڑے کا داغ جو دھونے سے نہ جائے۔ الشُّلَل و الشُّلُل و الشَّلُول: خوش مزاج ساتھی۔ الشَّلَّة و الشُّلَّةُ و الشُّلَّی: دور کا مقصد، سفر کی سمت۔ رجُلٌ مِشَلٌّ: اچھی صحبت والا آدمی۔

۶۔ شَلْشَلَ شَلْشَلَةً و شِلْشالاً الماءُ: پانی کا ٹپکنا۔ ـ الماءَ و بالماء: پانی ادھر ادھر چھڑکنا۔ عام لوگ کہتے ہیں: شَرْشَر۔ ـــ الماءَ: پانی ٹپکانا۔ ـــ السیفُ الدمَ: تلوار کا خون گرانا۔ صفت مفعولی: شَلْشَلٌ و مُشَلْشِلٌ و مُشَلْشَلٌ: یعنی ٹپکایا ہوا پانی یا تلوار کا گرایا ہوا خون۔ تَشَلْشَلَ الماءُ: پانی کا پھیلنا اور بکھرنا۔ ـــ السیفُ بالدم: تلوار کا خون گرانا۔ کہتے ہیں: جاءَ و جرحُهُ یتشلشل دماً: وہ ایسی حالت میں آیا کہ زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔ الشَّلْشَل: ٹپکنے والی مشک۔ ماءٌ شَلْشَلٌ: مسلسل ٹپکنے والا پانی، ماءٌ ذو شَلْشَل: قطرہ قطرہ ٹپکنے والا پانی۔

۷۔ الشَّلْشَل و الشُّلْشُل من الرجال: تیز وسبک دست، خوش مزاج۔

○ شَلَّ - شَلاًّ و شَلَلاً: خشک ہونا، مرجھانا، لنگڑا ہو جانا، نشو ونما رکی ہوئی ہونا، کو فالج ہونا، پر فالج گرنا، لولا لنگڑا ہونا۔ شَلَّ ہ: کو بے بس کرنا۔ شَلَّ حَرَکَتَهٗ: کو گھیرے میں لینا، کچل دینا۔ اَشَلَّ ہ: (ہاتھ) کو مرجھا دینا، کی نشو ونما روک دینا، بے اثر کرنا، کا اثر توڑنا، کو روک دینا۔ اِنْشَلَّ: مفلوج ہونا، لنگڑا لولا ہونا۔ شَلَّة: منزل مقصود۔ شِلَّة جمع شِلَل: (سوت کا) لچھا یا گچھا، کنڈلی، پیچ، پیچا، ریل (spool)، جماعت، گروہ۔ شَلَل: فالج، مفلوج کرنا (مجازاً)۔ شَلَل الاطفال: بچوں کا فالج۔ الشلشل الاهتزازی: رعشہ۔ مشلول: فالج زدہ، مفلوج، ماؤف، لنگڑا لولا۔ اَشَلّ: مرجھایا ہوا، نشو ونما رکا ہوا (ہاتھ)، مفلوج، فالج زدہ، ماؤف، لنگڑا لولا۔ شَلَّال جمع شَلَّالات: آبشار۔ ـــ شَلَبِی: بانکا، چھیل چھبیلا، خوبصورت۔ شَلَّت: ٹھوکر لگانا، لات مارنا، ٹھکرانا۔ شَلْتَة جمع شَلْتات و شِلت: گدا (mattress)۔

شلح: شَلَّحَ تَشْلِیحاً ہٗ: کو ننگا کرنا۔ اسی سے ہے: تشلیحُ قطاعِ الطرق للمسافرین: راہزنوں کا مسافرین سے پیسے اور زیورات وغیرہ چھین لینا۔ شلَّحَ الثیاب: کپڑے اتارنا (سریانی)۔ الشَّالُوح: لمبی لکڑی (عام بول چال)۔ الشَّلْحَاء و الشَّلْحَی جمع شُلُح: تیز دھار تلوار (تلوار کا ایک آلہ ہونے کے لحاظ سے مونث لائی گئی ہے)۔ المَشْلَح: لبادہ، چوغہ (عام بول چال)۔ المُشَلَّح: حمام کا وہ کمرہ جہاں کپڑے اتارے جاتے ہیں۔

○ شَلَحَ - شَلْحاً ثیابَه: کپڑے اتارنا۔ ـــ راہب (پادری کا) مذہبی خدمات سے دستبردار ہونا۔ شَلَّحَ ہ: کو ننگا کرنا، کو لوٹنا۔ مَشْلَح جمع مَشَالح: اون یا اونٹ کے بالوں کا لمبا چوغہ، لبادہ جس پر سنہری سوزن کاری کی گئی ہو۔ تشلیح: لوٹنا، ڈاکہ۔ مُشَلَّح: عمومی حمام میں سنگار خانہ۔ شَلْشَلَ: ٹپکنا، رسنا۔

شلخ: شَلَخَ - شَلْخاً ہٗ بالسیف: کو تلوار سے کاٹنا۔ ـ الشِّلْخ (مص): اصل، جڑ، رگ، آدمی کی اولاد۔ کہتے ہیں: ہو شِلْخُ سُوءٍ: وہ بدی کی اولاد ہے۔ الشَّلِیخ (ط): گوشت، دودھ اور پیاز سے تیار کردہ کھانا۔ بعض اسے الشاکریة کہتے ہیں۔

شلط: الشَّلْطَاء: چھری۔ الشِّلْطَة جمع شِلَط: باریک اور لمبا تیر۔

شلغ: شَلَغَ - شَلْغاً الرأسَ: سر کچلنا۔

شلف: شَلَفَ - شَلْفاً البنتَ: لڑکی کو اغوا کرنا۔ شَلِیفَةٌ: مغویہ (سریانی کی عام بول چال میں)۔ الشِّلْفُ من الحدید: لوہے کی سلاخ (عام بول چال)۔ الشَّلْفَة عند العامة: نیزہ، برچھا، برچھی، بلم نیزہ کی انی، انی (سریانی)۔ الشالوف عند العامة: آبشار، آبشار گرنے کی جگہ۔ الشلّافة من النساء: بدکار عورت

○ شِلْفَة: (ریزر کا) بلیڈ (blade)۔

شلق: ۱۔ شَلَقَ - شَلْقاً ہٗ: کو لمبائی میں پھاڑنا یا چیرنا۔ ـــ ہٗ بالسوط: کو کوڑے سے مارنا۔ ـــ الحائطُ عند العامة: دیوار کا کچھ حصہ گر جانا یا پھٹ جانا۔ الشِّلْقَاء: چھری۔ الشَّلْقَة و الشِّلْقَة:

دیوار وغیرہ کے کچھ حصہ کا گرنا یا پھٹ جانا (عام بول چال)۔ المِشْلِیق: ہنستے وقت منہ کھولنے والا۔

۲۔ اِشْتَلَقَ: غور کی آنکھ سے دیکھنا (عام بول چال)۔

۳۔ الشِلْق و الشَلِق (ح): الاشلاق کا واحد: نرم کانٹوں کی ایک مچھلی۔ الشَلْقَة و الشِلْقَة: گوہ کے انڈے۔ الشَلَقَة: گھوڑے سدھانے والے۔ الشَلَّاق: فقیروں کا تھیلا۔ الشَوْلَقِی: مٹھائی فروش، مٹھائی کا بہت دلدادہ۔

○ شلق. (سوکھی گھاس کا) گٹھا، گانٹھ۔

شلم: الشِلْم: چنگاری۔ کہتے ہیں: فلانٌ یتطایر شِلْمُهُ: یعنی غصہ سے اس کے منہ سے چنگاری نکلتی ہے۔ الشَلْمَة: اچنبھا، خلاف توقع بات۔ الشَیْلَم و الشَوْلَم و الشالَم (ن): گیہوں میں اگنے والا کڑوا دانہ۔ (ن) جو یا بغیر چھلکے کا جو۔

شلن: الشِلِنْ: شلنگ (انگریزی نقدی)

شلا: ۱۔ شَلَا ـ شَلْوًا: چلنا۔ أَشْلَى إشْلاءً الكلبَ على الصيد: کتے کو شکار پر اکسانا، ابھارنا۔ ـــ الناقةَ: اونٹنی کو دوہنے یا چرنے کے لئے بلانا۔ الشَلَا: ہر چیز کا جسم۔ الشِلْو جمع أشلاء: ہر چیز کا جسم، گوشت کا ایک عضو۔ (ح): اونٹنی کا بچہ، ہر کھال کھینچا ہوا، جس میں سے کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ چھوڑ دیا گیا۔ اشلاء اللجام: لگام کے پرانے تسمے۔ ـــ الانسان: انسان کے اعضاء (متفرق ہونے کے بعد) کہتے ہیں: بنو فلان أشلاءٌ فی بنی فلانٍ: فلاں کے بیٹے فلاں کے بیٹوں میں ان کی باقیات ہیں۔ الشَلِیّ: ہر چیز کے باقیات۔ الشَلِیَّة جمع شَلایا: مال کا بقیہ، گوشت کا ٹکڑا۔ المُشَلَّی: نحیف، دبلا۔

۲۔ شَلَا ـ شَلْوًا الشیءَ: چیز کو بلند کرنا، اونچا کرنا۔ شَلَّی الماءَ الحارَّ: گرم پانی کو بار بار ہاتھ سے اونچا لیجا کر گرانا تاکہ ٹھنڈا ہو جائے (عام بول چال میں)۔

۳۔ اِشْتَلَی فلانًا: کو چھڑانا۔ اِسْتَشْلَی ہُ: کو چھڑانا۔

۴۔ اِسْتَشْلَی: غضبناک ہونا۔

شمّ: شَمَّ ـ شَمًّا و شَمِیمًا و شِمِّیمَی الوردَ: (گلاب کے پھول کو) سونگھنا۔ شُمَّ: آزمائش کیا جانا۔ شَمَّمَ الزهرَ: پھول سونگھنا۔ ـــ ہ الزهرَ: کو پھول سنگھانا۔ شامًّا مُشامَّةً و تَشامًّا: ایک دوسرے کو سونگھنا۔ أَشَمَّ ہُ الوردَ: کو گلاب کا پھول سنگھانا۔ کہتے ہیں: أَشْمِمْنِی یدَکَ: مجھے اپنا ہاتھ پکڑاؤ۔ تَشَمَّمَ ہُ: کو آہستہ آہستہ سونگھنا۔ اِسْتَشَمَّ الشیءَ: کو سونگھنا۔ اِشْتَمَّ ہُ: کو سونگھنا چاہنا، سونگھنا۔ الشَمّ (مص): سونگھائی۔ الشَمَم (ضد): نزدیکی، دوری۔ الشامَّة: سونگھنے کی حس۔ الشَمَّام و الشَمُوم: بہت سونگھنے والا۔ الشَمَّامات: عمدہ خوشبوئیں۔ الشَمِیم: عمدہ خوشبو۔ المَشْمُوم (مفع): سونگھی ہوئی چیز مشک۔

۲۔ شَمَّ ـ شَمَمًا: تکبر کرنا۔ ـــ الجبلُ او الانفُ: پہاڑ یا ناک کی چوٹی کا بلند ہونا۔ صفت: أَشَمّ و شَمِیم: أَشَمَّ: سر اونچا کر کے گزرنا۔ کہتے ہیں: عرضتُ علیه کذا فاذا هو مُشِمّ لا یریده: میں نے اسے کوئی چیز پیش کی تو اس نے ناک اونچی کر لی گویا وہ اسے ناپسند کرتا ہے۔ الشَمَم: ناک کے بانسہ کا ستواں اور خوبصورت ہونا۔ شَمّامَةُ القِنْدِیل: وہ جگہ جہاں باہر نکلی ہوئی بتی کو آگ دکھا کر لیمپ روشن کیا جاتا ہے۔ الشمیم: بلند، اونچا۔ الاَشَمّ م شَمّاء جمع شُمّ: مغرور سردار، کریم، اونچی ناک والا، حساس ستوان ناک والا، نخوت پسند، نک چڑھا، متکبر، غیور؛ خاندانی، نہایت معزز۔

۳۔ أَشَمَّ القاریُ الحرف: قاری کا اشمام کر کے وقف کرنا۔ الإشمام عند القراء او النحاة: (قاریوں یا نحویوں کے نزدیک) ہونٹ کے ساتھ بغیر آواز نکالے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔

۴۔ أَشَمَّ عن الامر: معاملہ سے الگ ہونا۔

۵۔ الشَمَّام (ن): سردا۔

شمب: الشمبانیا: فرانس کی ایک عمدہ شراب۔

○ شَمَّ ـ شَمًّا و شَمِیمًا ہ: کو سونگھنا، سونگھ کر دیکھنا۔ ـــ ہ: ناس لینا۔ ـــ من: سے نکلنا، جاری ہونا۔ شم النسیم او الهواء: تازہ ہوا میں سانس لینا، تازہ ہوا کھانا، چہل قدمی کرنا، سیر کرنا۔ ـــ شمما: تکبر کرنا، نخوت پسند ہونا، نک چڑھا ہونا۔ شَمَّمَ ہ ہ: کو کچھ سونگھنے کے لئے دینا، کو کچھ سنگھانا۔ أَشَمَّ: بمعنی شَمَّمَ۔ تَشَمَّمَ ہ: کو سونگھنا، سونگھ کر دیکھنا۔ تَشَمَّمَ الأخبارَ: خبروں کی ٹوہ رکھنا۔ اِشْتَمَّ ہ: کچھ سونگھنا، کو سونگھ کر دیکھنا۔ ـــ ہ من: کو سے سمجھنا، سے کچھ خیال کرنا، سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ۔ شَمّ: سونگھنا، سونگھنے کی حس۔ شم النسیم: مصر میں مارچ کے اواخر، اپریل میں یا مئی کے اوائل میں منائی جانے والی عام تعطیل۔ شَمَّة: نسوار کی چٹکی، بو، کسی چیز کا ہلکا سا کش، مہک۔ شمم: غرور، تکبر [illegible] تمباکو کی نسوار لینے والا۔ شَمّام: اسم جمع واحد شمّامة: سردا۔ اَشَمّ م شَمّاء جمع شُمّ: حساس یا خوبصورت ناک والا، متکبر، نخوت پسند، نک چڑھا، غیور، خاندانی، از حد محترم و معزز۔ شامَّة: سونگھنے کی حس۔ مشموم: کستوری، مشک، نافہ آہو۔

شمت: ۱۔ شَمِتَ ـ شَماتًا و شَماتَةً بفلان: کی مصیبت پر خوش ہونا، صفت فاعلی: شامِت جمع شُمّات: صفت مفعولی: مشموتٌ به شَمَّتَ العاطسَ و شَمَّتَ علیه: چھینک لینے والے کو یَرْحَمُكَ اللّٰه کہہ کر دعا دینا یا کسی کے حق میں یہ دعا کرنا کہ وہ کسی ایسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو کہ کوئی اس پر خوش ہو۔ ـــ ہُ: کو ناکام کرنا، محروم کرنا۔ أَشْمَتَ ہُ اللّٰهُ بعدوہ: اللہ کا کسی کو دشمن کی تکلیف سے خوش کرنا۔ تَشَمَّتَ القومُ: قوم کا بغیر غنیمت ناکام لوٹنا۔ الشامِت جمع شُمّات (فا): مصیبت زدہ پر خوش ہونے والا۔ الشامِتَة جمع شوامِت: شامت کا مؤنث۔ کہتے ہیں: باتَ بلیلةِ الشوامِت: اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری۔ باتَ طوعَ الشوامِت: اس نے اس طرح رات گزاری جیسے وہ گزارتا ہے جو دشمنوں کو خوش کرنے والا ہو۔ الشِمات و الشُماتی: نامراد، ناکام لوگ (اس کا واحد نہیں آتا) کہتے ہیں: رجع القوم شِماتًا او شُماتی: لوگ ناکام و نامراد واپس آ گئے۔

۲۔ شَمَّتَ بینهما: دونوں کو جمع کرنا۔

۳۔ الشامِتَة: جانور کی ٹانگ۔

○ شَمِتَ ـ شَماتًا و شَماتَةً ب: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا، کے افسوسناک حادثہ پر فخر و ناز سے دیکھنا۔ شَمَّتَ ہ: کو مایوس کرنا۔ أَشْمَتَ ہ ب: کو دوسرے کے افسوسناک حادثات پر کینہ پرور لطف اندوز ہونے کا باعث بننا۔ شَمات: کینہ پرور لطف اندوزی۔ شَماتَه: کینہ جو مسرت، بدباطنی کا کینہ۔ شامِت جمع شُمّات جمع شوامت (مونث): دوسروں کی مصیبت پر خوش ہونے والا، کینہ پرور۔

شمج: ۱۔ شَمَجَ ـ شَمْجًا الثوبَ: کپڑے پر دور دور ٹانکے لگانا۔ ـــ ہُ عن کذا: کو سے ہٹانا، الگ کرنا۔

۲۔ شَمَجَ ـ شَمْجًا الشیءَ: کو ملانا۔

۳۔ شَمَجَ ـ شَمْجًا فلانًا: کو جلدی کرانا۔ ناقةٌ شَمَجَی: تیز رفتار اونٹنی۔

۴۔ الشَمّاج: انگور کا بقیہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا گیا ہو۔

شَمْجَرَ الرجلُ: خوف زدہ کی طرح دوڑنا۔

شمح: الشَّمْحَط و الشِّمحاط و الشُّمْحُوط: بہت لمبا۔

شمخ: ۱۔ شَمَخَ ۔ شَمْخًا و شُمُوخًا الجبلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔ صفت: شَامِخٌ جمع شُمَّخ م شَامِخَة جمع شَوامِخ و شَامِخَات۔ ـ و شَمَّخَ انفَهُ بأنفِهِ: تکبر و فخر سے ناک چڑھانا۔ صفت: شَمَّاخ۔ تَشَمَّخَ بانفه. تکبر کرنا۔ تَشَامَخَ: بلند ہونا، تکبر کرنا۔ الشَامِخ (فا): نسبٌ شَامِخٌ: شریف نسب۔ رجلٌ شَامِخٌ: بہت متکبر شخص۔ الشَمَّاخ: شامخ کا اسم مبالغہ۔ جبلٌ شَمَّاخٌ: بہت بلند پہاڑ۔

۲۔ الشِمْخ: درخت کی شاخ، ٹہنی، چھوٹا درخت (عام بول چال)۔ مفازةٌ شَمُوخ و شَمَخٌ: دور تک پھیلا ہوا بیابان۔

۳۔ شَمْخَرَ شَمْخَرَةً: تکبر کرنا۔ إِشْمَخَرَّ اشمِخراراً الشئُ: لمبا ہونا۔ ــ الجبلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔ الشُمَّخْر و الشِمَّخْر: متکبر شخص، بلند نظر، بڑا اونٹ یا شخص۔

○ شَمَخَ ۔ شَمْخًا و شُمُوخًا: بلند ہونا، اونچا ہونا، دھندلا سا اور بڑا دکھائی دینا (پہاڑ عمارت وغیرہ)، بہت اونچا ہونا۔ ـ علی: کو حقارت کی نظر سے دیکھنا، پر ناک چڑھانا۔ ــ انفَهُ او بانفِهِ: خود پسند، مغرور، متکبر ہونا۔ تَشَامَخَ: اونچا ہونا، بلند ہونا، دھندلا سا اور بڑا دکھائی دینا (پہاڑ عمارت کا) مغرور و متکبر ہونا، شیخی بگھارنا۔ تَشَامُخ: مغرور، تکبر، نخوت۔ شَامِخ جمع شُمَّخ و شَوامِخ: اونچا، بلند، بلند و بالا، غرور، متکبر، نخوت پسند۔ شامخ الانف: مغرور، متکبر، نخوت پسند، نک چڑھا۔ متشامخ: اونچا، بلند، مغرور، متکبر، نخوت پسند، بہت اونچا۔ مُشْمَخِرّ: بلند (عمارت وغیرہ)۔

شمذ: الشَمْذَر و الشِمْذَر و الشِمْذار: تیز رفتاری۔ الشِمْذارَة و الشَمَيْذَر: چست نوجوان۔

شمر: ۱۔ شَمَرَ ۔ شَمْراً: تیز چلنا، گزرنا، تکبر سے چلنا۔ شَمَّر تَشْمِيراً: تیز چلنا، تیزی سے گزر جانا۔ ـ ہُ: کو تیز چلانا۔ ــ السفينةَ او الصقرَ: کشتی یا شکرے کو چھوڑنا۔ ــ ت الحربُ و شَمَّرت عن سافيها: لڑائی کا تیز ہونا، شدت اختیار کرنا۔ ــ للامر: کسی کا کام کا ارادہ کرنا اور اس کے لئے تیار ہونا۔ ـ فی الامر: کام میں چستی کرنا۔ ـ إلی المکان: کسی جگہ کا قصد کرنا۔ أَشْمَرَہُ: کو جلدی کرانا۔ تَشَمَّرَ: تیزی سے گزر جانا، تکبر سے گزرنا۔ ــ للامر: کسی کام کا ارادہ کرنا، کام کے لئے تیار ہونا۔ إِنْشَمَرَ: تیزی سے یا تکبر سے گزرنا۔ ــ للامر: کام کا ارادہ کرنا، کام کے لئے تیار ہونا۔ الشِمْر: تجربہ کار، ماہر، دانا، بینا۔ شَرٌّ شَمَرٌّ: سخت مصیبت۔ الشِمِّير و الشَمَّرِیّ و الشِمَّرِیّ و الشِمِّرِی: محنتی، کاموں کا کر گزرنے والا، تجربہ کار۔ ــ من الابل: تیز رفتار اونٹ۔ المُشَمِّر (فا): محنتی، کاموں کا کر گزرنے والا، تجربہ کار۔

۲۔ شَمَرَ ۔ شَمراً النخلَ: درخت خرما سے کھجوریں کاٹنا۔ شَمَّر تَشْمِیراً الشیءَ: چیز کو سکیڑنا۔ ــ الثوبَ عن ساقيه: کپڑے کو پنڈلیوں سے اٹھانا۔ أَشْمَرَہُ بالسیف: کو تلوار سے لپیٹنا کرنا۔ ناقةٌ او شاةٌ شامِرٌ و شامِرَةٌ جمع شوامِر: اونٹ یا بکری جس کے تھن پیٹ سے چپکے ہوئے ہوں۔ لِثَةٌ شامِرَةٌ: دانت کی جڑ سے چپٹا ہوا سوڑھا۔

۳۔ شَمَرَ ۔ شَمْراً ت نفسُهُ من الشیء: دل کا کسی چیز سے نفرت کرنا (سریانی عام بول چال)۔

۴۔ الشِمْر: فیاض، سخی۔ الشُمْرَة و الشَمار (ن): ایک قسم کا خوشبودار پودا۔ الشَمُّور: الماس۔

۵۔ شَمْرَجَ الثوبَ: کپڑے کی اچھی سلائی نہ کرنا اور دور دور ٹانکے بھرنا۔ الشُمْرُج: باریک بناوٹ کا کپڑا۔ ثوبٌ مُشَمْرَج: باریک بناوٹ کا کپڑا۔

۶۔ شَمْرَجَ فی الکلام: کلام میں گڑبڑ کرنا، کلام کو خلط ملط کرنا۔ الشِمْراج جمع شَمَارِیج: جھوٹ میں خلط ملط کلام۔ الشماریج: باطل اور جھوٹی باتیں۔

۷۔ شَمْرَخَ العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔ الشِمْراخ جمع شَمَارِیخ: کھجور یا انگور کا خوشہ، پہاڑ کی چوٹی، بادل کا بالائی حصہ۔ الشُمْرُوخ جمع شماریخ: کھجور یا انگور کا خوشہ، موٹی شاخ پر چھوٹی باریک اُگنے والی ٹہنی۔

۸۔ الشُمَارِق و الشماریق و المُشَمْرَق من الثیاب: قطع کیا ہوا کپڑا۔

○ شَمَّرَ ہ: (کپڑا) اٹھانا، چڑھانا، لپیٹنا۔ ـب ــ: تیار ہونا۔ شَمَّر للامر: کام کا آغاز کرنا۔ ــ عن ساعِدِه: آستین چڑھا کر بازو کا اوپر کا حصہ ننگا کرنا، کام کرنے لگنا۔ ــ عن ساعد الجد: اپنے قوی مجتمع کرنا۔ تَشَمَّرَ: پھرتی سے کام کرنے لگانا۔ مُشَمِّر: (کسی کام میں) سرگرمی سے منہمک۔ شُمْرُوخ جمع شَمَارِیخ: کھجور کے گچھے سے بھرا ہوا ڈنٹھل، شاخ جس کے پتے اتار دیئے گئے ہوں، چھوٹی ٹہنی، بم کی بتی۔

شمز: شَمَزَ ۔ شَمْزًا ت نفسُهُ منه: کو مکروہ سمجھ کر نفرت کرنا۔ تَشَمَّزَ الوجهُ: چہرے کا سکڑنا۔ إِشْمَأَزَّ إِشْمِئزازاً: (جس کا اسم فعل زِیزَة ہے): خوف زدہ ہونا، کراہت سے رونگٹے کھڑے ہونا۔ ــ الشیءَ: کو مکروہ جاننا۔ ــ مِنه: سے منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

○ إِشْمَأَزَّ: سکڑنا۔ ــ من: سے دبکنا (خوف وغیرہ سے) پیچھے ہٹنا، پر کانپنا، رونگٹے کھڑے ہونا، سے نفرت کرنا، کراہت کرنا، گھن کھانا، سے سخت نفرت کرنا، کے لئے کراہت محسوس کرنا، سے گھن آنا۔ إِشْمِئزاز: کپکپی، تھرتھری، لرزہ، کراہت، نفرت، بیزاری، سخت نفرت۔ مُشْمَئِز من: سے متنفر، سے گھن کھائے ہوئے، سے برگشتہ۔

شمس: ۱۔ شَمَسَ ۔ شُمُوسا و شِمَاسًا: باز رہنا، انکار کرنا۔ ــ لہ: سے دشمنی ظاہر کرنا، برائی کا ارادہ کرنا۔ ــ الفرسُ: گھوڑے کا سرکش ہونا، مچلنا، نہ کسی کو سوار ہونے دینا اور نہ زین کسنے دینا۔ صفت: شَمُوس جمع شُمُس و شُمْس و شَامِس جمع شَوامِس: عام لوگ کہتے ہیں: شَمَسَ فلاناً عند الناس: اس نے لوگوں میں فلاں پر تہمت لگائی۔ صفت مفعولی: مَشْمُوس: (جس پر تہمت لگائی گئی ہو)۔ شَمِسَ ۔ شَمَسًا لی: (میرے لئے) کسی شخص کی عداوت کا ظاہر ہونا اور اس عداوت کو چھپا نہ سکنا۔ شَمَّسَ ہُ: کو نفرت دلانا۔ شَامَسَ ہُ: سے دشمنی کرنا، سے معاندت کرنا۔ تَشَمَّسَ علینا: (ہم سے) بخل کرنا۔ الشَمُوس: شراب۔ ــ جمع شُمُس و شُمْس: سخت دشمن اور مخالف۔ الشَامِس من الخیل جمع شَوامِس: سرکش گھوڑا، مچلا گھوڑا۔ ــ من الرجال: سخت مزاج۔ المُتَشَمِّس (فا): بہت قوی، بخیل۔

۲۔ شَمَسَ ۔ شَمْساً و شَمِسَ ۔ شَمَساً و أَشْمَسَ الیومُ: دن کا دھوپ والا ہونا۔ صفت: شَامِس و مُشْمِس۔ شَمَّسَ الکافِرُ: کافر کا سورج کی پرستش کرنا۔ ــ الشیءَ: چیز کو دھوپ میں پھیلانا۔ تَشَمَّسَ: دھوپ میں بیٹھنا، کھڑا ہونا۔ الشَمْس (تصغیر شُمَیْسَة) جمع شُمُوس (فلك): سورج۔ کہتے ہیں: بسط الشیءَ فی الشمس: اس نے چیز کو دھوپ والی جگہ میں پھیلایا۔ دخلت الشمسُ إلی البیت: سورج کی کرنیں گھر میں پہنچیں۔ ـ عند الصوفیة: نور یعنی حق تعالیٰ ــ من الایام: دھوپ والا دن۔ الشَمِس و الشَمُوس من الایام: دھوپ والا دن، جس میں بادل چھائے ہوئے نہ ہوں۔ الشَامِس (فا) من الایام جمع شَوامِس:

دھوپ والا دن۔ الشَّمْسِيَّة: چھتری۔ فصیح تر ظُلَّة یا مِظَلَّة: دھوپ کی چھتری کے لئے وعالة بارش کی چھتری کے لئے ہے۔

۳۔ شَمَّسَ فلانٌ: شَمّاس ہونا۔ الشَّمّاس عیسائیت میں مذہبی خدمات سرانجام دینے والے کے ایک عہدہ کا نام ہے۔ الشَّمّاس جمع شَمَامِسَة: پادری سے کم درجہ کے عہدہ کا نام۔ یہ سریانی لفظ ہے اور اس کا معنی خادم ہے۔ الشَّمَّاسِيَة: شمّاس کا وظیفہ۔

۴۔ الشَّمْس: ایک قسم کی کنگھی، ایک قسم کا ہار۔ الشَّمْسِيَّة (مو): ہرنا، ہرنالٹو۔

○ شَمَسَ ـُ شُمُوسًا و شِماسًا: گھوڑے کا سرکش، اڑیل، آرام سے کھڑا نہ ہونے والا ہونا۔ ـــــ ـَ و شَمِسَ ـَ شَمْسًا: دن کا دھوپ والا ہونا۔ شَمَّسَ ہ کو دھوپ میں رکھنا۔ شَمَّسَ: (مسیحیت میں) ڈیکن deacon کے فرائض سرانجام دینا۔ أَشْمَسَ: (دن کا) دھوپ والا ہونا۔ تَشَمَّسَ: دھوپ میں بیٹھنا، دھوپ کھانا، دھوپ میں لیٹنا۔ سَمْتُ الشَّمْس: گرہن سے متعلق۔ شروق الشمس: طلوع آفتاب۔ ضَرْبَةُ الشَّمس: لُو کا اثر sun stroke۔ گرمی سے نڈھال ہونا۔ عَبّاد الشَّمس: سورج مکھی۔ غروبُ الشَّمس: غروب آفتاب۔ شمسي: سورج کا، آفتابی، شمسی۔ الحروف الشمسیه: شمسی حروف۔ صورةٌ شمسيّة: فوٹو، فوٹوگراف۔ التصویر الشمسي: فوٹوگرافی۔ شَمْسِيَّة جمع شَمْسِيات: چھاتہ چھتری، پردہ، سکرین۔ شمسية الشباك: کھڑکی کا پردہ۔ شمسية الطيار: پیراشوٹ parachute شَمُوس جمع شُمُس: سرکش، اڑیل، آرام سے نہ کھڑا ہونے والا (گھوڑا)۔ شامس: دھوپ والا (دن) مُشْمِس: دھوپ والا (دن)۔

شمص: ۱۔ شَمَصَ ـِ شَمْصًا و شَمَّص الدوابَّ: جانور کو بہت تیز ہانکنا۔ ـــــ ہُ بالسوط: کو کوڑے مارنا۔ ـــــ الرجُلَ: کسی کو اذیت دے کر غضبناک کرنا۔ ـــــ ہُ الشيءُ: کو کسی بات کا بےقرار کرنا۔ شَمِصَ ـَ شَمَصًا: جلدی جلدی بولنا۔ أَشْمَصَ و اِنْشَمَصَ: خوفزدہ ہونا۔ تَشَمَّصَ: سکڑنا۔ الشِّماص: نکل جانا، بچ جانا۔ الشُّمَاص: جلدی، عجلت۔ الشَّمُوص من الخيل: سرکش گھوڑا۔

○ شَمْشَمَ ہ: کی ناس لینا۔

شمط: ۱۔ شَمَطَ ـُ شَمْطًا الشيءَ: کو ملانا۔ شَمِطَ ـَ شَمَطًا و أَشْمَطَ اشْمِطَاطًا و اشْمَاطَّ اِشْمِئْطَاطًا و اشْمَأَطَّ اشْمِئْطَاطًا: کے سر کا سیاہ و سفید بالوں والا ہونا۔ صفت: أَشْمَط جمع شُمْط و شُمْطان م شَمْطاء جمع شُمْط۔ شَمَّطَ ہُ بہ: کو سے ملانا۔ أَشْمَطَ الرجُلُ: خاکستری بالوں والا ہونا، سیاہی مائل سفید بالوں والا ہونا۔ ـــــ ہُ بہ: کو سے ملانا۔ الشَّمَط و الشَّمْط و الشِّمْط جمع شِمَاط و أَشْمَاط: مسالحہ۔ الشَّمِيط: مخلوط، صبح۔ الشَّمَاطَاتُ في الراس: سر کے سفید بال۔ الشَّمُّوط من الخيطان: دھاگے کا گولا یا گٹا۔

۲۔ شَمَطَ ـِ شَمْطًا الشجرُ: درخت کے پتے جھڑنا۔ عام بول چال میں کہتے ہیں: شمط الشيءَ: اس نے چیز ہتھیالی۔ و شمط الغرسةَ: اس نے پودا اکھیڑ دیا۔ شمط أُذُنَه: اس نے اس کا کان کھینچا (سریانی)۔ الشِّمطاط جمع شَماطِيط: جماعت، گروہ، گلہ۔ کہتے ہیں: جازوا شماطيط: وہ علیحدہ علیحدہ آئے، الگ الگ آئے۔ ثوبٌ شِمطاط: قطع کیا ہوا کپڑا۔ الشُّمْطُوط و الشِّمْطِيط: گروہ، جماعت۔

۳۔ شَمَطَ ـِ شَمْطًا الاناءَ: برتن کو بھرنا۔ ـــــ النباتُ: پودے کا اونچا اٹھنا (عام بول چال)۔ الشَّمُّوط: جوار کا بھٹا (عام بول چال)۔ الشُّمْطُوطُ: طویل دراز، لمبا۔

○ شَمِطَ ـَ شَمَطًا: خاکستری، بالوں والا ہونا، سیاہی مائل سفید بالوں والا ہونا، کے بالوں کا خاکستری ہو جانا۔ أشمط م شَمْطَاء جمع شُمْط و شُمْطان: خاکستری بالوں والا، سیاہی مائل سفید بالوں والا۔

شمظ: شَمَظَ ـُ شَمْظًا ہُ: کو منع کرنا، روکنا، سے نرم گرم گفتگو کرنا، تختی کے بغیر اکسانا اور متحرک کرنا۔ ـــــ الشيءَ: کو خلط ملط کرنا، ملانا، گڈمڈ کرنا، کو تھوڑا تھوڑا کر کے لینا۔

شمع: ۱۔ شَمَعَ ـَ شَمْعًا و شُمُوعًا و مَشْمَعًا: کھیلنا، مذاق کرنا۔ صفت: شَمُوع۔ کہتے ہیں: أَشامِعٌ أنت أم جاد: یعنی تم مذاق کر رہے ہو یا سنجیدگی میں کہہ رہے ہو۔ شَمَّعَ الرجُلَ: کو کھیل کود یا مذاق پر آمادہ کرنا، اکسانا۔ الشِّمَاع و الشِّمَاعَة: ہنسی خوشی، مذاق۔ الشَّمُوعُ من النساء: خوش طبع مذاق کرنے والی عورت۔

۲۔ شَمَعَ ـَ شُمُوعًا الشيءُ: متفرق ہونا۔ أَشْمَعَ السِّراج: چراغ کا روشن ہونا۔

۳۔ شَمَّعَ الشيءَ: کسی چیز کو پگھلے ہوئے موم میں ڈبونا، یا کسی چیز پر پگھلا ہوا موم ڈالنا۔ الشَّمَع و الشَّمْع (واحد شَمَعَة و شَمْعَة جمع شَمَعات: موم (شہد یا چربی وغیرہ کا) الشَّمَّاع: موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ الشَّمْعَدان جمع شَمَاعِد و شَمْعَدانات: چراغدان لفظ دان فارسی لفظ ہے۔ عربی میں شمعدان کے ہم معنی لفظ مَائِلة ہے۔ المَشْمَعَة: موم بتی بنانے یا بیچنے کی جگہ۔ المُشَمَّع: پن روک، غیر نفوذ پذیر لباس یا ربڑ کا لباس، برساتی۔

۴۔ إِشْمَعَطَّ اشْمِعْطَاطًا: غصہ سے بھر جانا۔ ـــــ القومُ في الطلب: تلاش میں جلدی کرنا اور پھیل جانا۔ ـــــ ت الإبلُ او الخيلُ: اونٹوں یا گھوڑوں کا بکھر جانا۔

۵۔ شَمْعَلَ و تَشَمْعَلَ القومُ: متفرق ہونا، پھیل جانا۔ إِشْمَعَلَّ القومُ: متفرق ہونا اور پھیل جانا۔ ـــــ ت الحربُ: لڑائی کا بھڑکنا۔ ـــــ ت الغارةُ: لوٹ پھیل جانا۔ ـــــ ت الإبلُ: اونٹوں کا خوشی میں آکر ادھر ادھر پھیل جانا۔ ـــــ الرجُلُ: روانگی میں جلدی کرنا۔

○ شَمَّعَ ہ: کو موم سے رگڑنا یا ملنا۔ ـــــ الفَتْلَةَ: کھسک جانا، فرار ہو جانا، بھاگ جانا۔ شَمْع و شَمَع اسم جنس واحد شمعة جمع شُمُوع: موم، موم بتی۔ الشمع الاحمر: (مہر لگانے کی) لاکھ (sealing wax)۔ شمعُ الختم: مہر لگانے کی) لاکھ۔ شمع لتلميع الارضية: فلوروَیکس flour wax۔ شَمْعَة و شَمَعَة: موم بتی۔ شمعة الشرارة: سپارک پلگ (spark plug): انجن میں گیس بھڑکانے والا پرزہ، آتش زن۔ شمعي: مومی۔ شَمَّاع: موم ساز یا فروش۔ شَمّاعَة: ہیٹ یا کپڑوں کا ریک، کپڑے ٹانگنے کی کھونٹی۔ مُشَمَّع وہ کپڑا جس میں پانی سرایت نہ کرتا ہو۔ مُشَمَّعات: پن روک سامان، کتان کا کپڑا جو غیر نفوذ پذیر ہو۔ پن روک کور یا کوٹ، آئل کلاتھ، مومی کپڑا، کرمچ (linoleum)۔ مُشَمَّع بتيومين للسقف: کولتار کا کاغذ۔ مِعطَفٌ مُشَمَّع: برساتی۔ شَمْعَدان جمع شمعدانات و شَماعِد: شمعدان condle stick۔

شمق: ۱۔ شَمِقَ ـَ شَمَقًا: پاگل کی طرح خوش ہونا۔ تَشَمَّقَ: خوش ہونا۔ الشَّمَاقَة: خوشی، جنون۔ الشِّمِق و الشَّمَقْمَق: شادمان۔

۲۔ تَشَمَّقَ الشيءُ: گھس جانا۔

۳۔ الشِّمِق و الشَّمَقْمَق: لمبا، طویل۔

شمل: ۱۔ شَمَلَ ـُ شُمُولًا ت الريحُ: شمالی ہوا چلنا۔ ـــــ شَمْلًا الشيءَ: کو شمالی ہوا کے سامنے کرنا۔ ـــــ بِہ: کو بائیں جانب لینا۔ شَمِلَ ـَ شَمَلًا

شاہ: ۱۔ شَاهَ ـُ شَوْهًا و شُوهَةً الوجهُ: چہرہ کا قبیح ہونا۔ شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا الوجهُ: چہرے کا بدصورت ہونا۔ شَوَّهَ اللّٰهُ وجهَه: اللہ کا کسی کے چہرے کو بدشکل بنانا۔ تَشَوَّهَ: بدشکل ہونا ـــــ لِفلان: اپنے آپ کو کسی کے لئے ناشناسا اور بدصورت بنانا۔ الشَّوَه (مص): بدشکلی، خوبصورتی (ضد)۔ الشُّوهَة: بدصورتی۔ الشَّوْهاءُ: بدمزاج عورت، بدشکل عورت، خوبصورت عورت (ضد)۔ المُشَوَّه: بدشکل، ناموافق اجزاء والا۔

۲۔ شَاهَ ـُ شَوْهًا و شوهَةً الرجُلَ: سے حسد کرنا، کو نظر لگانا۔ کہتے ہیں: شاهت نفسُه إلى كذا: کا لالچ کرنا، کی طمع کرنا، کی آرزو کرنا، تمنا کرنا۔ تَشَوَّهَ لِفلان: نظر لگانے کے لئے کسی کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔ کہتے ہیں: هو يتشَوَّهُ اموال الناس ليصيبها بالعين: یعنی وہ نظر لگانے کے لئے لوگوں کے مالوں کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھتا ہے۔ نیز کہتے ہیں لا تُشَوِّهْ علَيَّ: یعنی یہ نہ کہہ تو کتنا خوبصورت ہے تا کہ مجھے نظر لگائے۔ الشَّائِه (فا) جمع شُوَّه: حاسد، نظر لگانے والا، تیز نظر۔ رجلٌ شاهُ البصر و شاهي البصر: تیز نظر آدمی۔ الأشْوَه م شَوْهاء جمع شُوْه: جلد نظر بد لگانے والا۔ الشَّوْهَاء: منحوس عورت۔ فرسٌ شوهاء: تیز نظر گھوڑا۔

۳۔ شَاهَ ـُ شَوْهًا و شَوْهَةً الرجُلَ: کو خوفزدہ کرنا۔

۴۔ شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهَات العنقُ: گردن کا لمبا ہونا، چھوٹا

ہونا (ضد) ۔الشَوَہ: گردن کی لمبائی اور بلندی، سر اٹھانا۔الأَشْوَہ م شَوْھاء جمع شُوْہٌ: دراز گردن والا، متکبر۔

۵۔تَشَوَّہَ الرجُل شَاۃً: بکری کو شکار کرنا۔الشاۃ (ح): غنم کا واحد مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے آتا ہے۔ج شاءٌ و شِیاہٌ و شِواہٌ و أَشَاوِہ و شِیہٌ و شِیَّہٌ و شَوِیٌّ۔: اور شاۃ کا اسم مُصَغّر شُوَیَّۃ و شُوَیْھَۃ جمع شُوَیھات۔ نسبت کے لئے کہا جاتا ہے: شاوِیّ: بکرا، بکری۔الشاھِی: بکریوں والا۔ ارضٌ مَشَاھَۃٌ: بہت بکریوں والی زمین۔

۲۔الشُوْھَۃ: دوری۔الشاہ: بادشاہ نسبت شاھی و شاھانی۔ (فارسی): بادشاہ کا، بادشاہ کے متعلق۔ شاھانُ شاہ: شہنشاہ (فارسی)۔الشاہ بلُّوط (ن): کستنہ کا درخت (فارسی)۔شَاہُ بَنْدَر: تاجروں کا سردار، رئیس التجار (فارسی)۔الشاھترج (ن): ایک پودا جو باغوں اور راستوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ اس کے پتے اور بیج خارش اور کھجلی کے علاج کے کام آتے ہیں۔

○ شَوِہَ – شَوَھا و شَاہَ ۔ شُوْھاً: بدشکل ہونا یا ہو جانا، بدنما ہونا، بدصورت ہونا یا ہو جانا، حلیہ بگڑنا۔شَوَّہَہٗ: کی شکل بگاڑنا، کا حلیہ بگاڑنا، کے ہاتھ پیر کاٹنا، کو بدنام کرنا، پر افتراء کرنا، بہتان باندھنا، کو گالیاں دینا۔ شَوَّہَ الاذاعۃَ: نشریہ جام کر دینا۔شَوَّہَ وجہَ الحقیقۃ: حقیقت کو توڑ مروڑ کر بیان کرنا۔شَوَّہَ وجہَ وظیفتِہ: اپنے پیشہ کی ذلت کا موجب ہونا۔ **تَشَوَّہ بمعنی شَوِہ و شَاہَ۔** شَوَہ: بدشکلی، خِلقت میں خرابی و نقص بدنمائی، بدصورتی، شکل بگاڑنا، بے راہ روی، کج روی۔اَشْوَہ م شوھاء جمع شُوْہ: بدشکل، بدصورت بگڑی ہوئی شکل والا خلقت میں خرابی والا، بدہیئت، کج رو، بے راہ رو۔شائہ: بمعنی أَشْوَہ۔ مُشَوَّہ: بدشکل، بدصورت، بگڑی ہوئی شکل والا، ہاتھ پاؤں کٹا ہوا، بے راہرو، کج رو۔ مُشَوَّہ الحرب: جنگی معذور (جو جنگ میں معذور ہو گیا ہو)، معذور، تجربہ کار۔تشویہ: ہاتھ پاؤں کاٹ دینا، بدشکل بنا دینا، رسوائی، بدنامی، ہتک عزت، لنگڑا لولا کر دینا۔

شوی: ا۔شَوَی – شَیًّا اللحمَ: گوشت کو آگ پر بھوننا صفت مفعولی مَشْوِیّ۔ ــــ الماءَ: پانی گرم کرنا۔شَوَّی القومَ: لوگوں کو بھنا ہوا گوشت کھلانا۔ أَشْوَی القومَ: لوگوں کو بھنا ہوا گوشت کھلانا ــــ السَعَفُ: درخت خرما کی شاخ زرد ہو کر سوکھ جانا۔ اسی سے ہے ما أعیاہ و ما أشواہ: وہ کس قدر کمزور ہے۔ــ الزرعُ: بھوننے کے لائق ہونا۔ إشتوی إشْتِوَاءً: بھن جانا ــــ الرجُلُ: بھونا ہوا گوشت وغیرہ لینا۔ إنْشَوَی إنْشِواءً: بھننا۔الشِواء والشُواء: بھنا ہوا گوشت وغیرہ۔ ــــ والشِواءۃ والشُواءۃ و الشَواۃ: بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔ الشَوَّاء: گوشت بھوننے والا۔الشَوی: بھنا ہوا گوشت۔سَعَفَۃٌ شَاوِیَۃٌ: درخت خرما کی سوکھی ہوئی شاخ۔المِشْوَاۃ جمع مَشَاوٍ: گوشت بھوننے کا آلہ، گوشت بھوننے کی سیخ، کڑاہی۔

۲۔شَوَّی و أَشْوَی الرجلَ: آدمی کے ہاتھوں، ٹانگوں اور پہلوؤں کو زخمی کرنا، جس سے موت واقع نہ ہو۔ السھمُ: تیر کا نشانہ خطا کرنا۔الشَوَی: اعضاء جسمانی جن کا زخم مہلک نہ ہو، ہاتھ، ٹانگیں، پہلو، آسان کام۔ ــــ والشَوَاۃ: کھوپڑی اور اس کی کھال، کاسہ ٔ سر اور اس کی چمڑی۔

۳۔أَشْوَی الرجُلُ: گھٹیا مال خریدنا۔الشَوَی: گھٹیا مال۔الشُوَایۃ و الشَوَایۃ و الشِوَایۃ والشَوِیَّۃ من المال: ردّی مال۔

۴۔أَشْوَی الرجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ الشُوَایۃ و الشَوَایۃ و الشِوَایۃ و الشَوِیّۃ جمع شَوَایا: ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔

۵۔الشَوَایا (واحد شَاوِیَۃ): دامن کوہ میں ہموار میدان

○ شَوَی – شَیًّا ہ: گوشت بھوننا، کباب کرنا۔شِواء وشُوَاء: بھنا ہوا، کباب کیا ہوا گوشت وغیرہ۔شَوِی: بھنا ہوا، کباب کیا ہوا۔شَوَاۃ جمع شَوًی: کھوپڑی کی کھال، چندیا۔شَوَایۃ: کباب، سیخ، کباب کا برتن۔مِشْواۃ: سیخ، کباب بنانے کا برتن۔

شاء: ا۔شَاءَ – شَیْئًا و مَشِیئَۃً و مَشَاءَۃً و مَشَائِیَۃً ہُ: کا ارادہ کرنا، کو چاہنا صفت فاعلی شَاءٍ: صفت مفعولی: مَشِیءٌ۔ ـ اللّٰہُ الشيءَ: اللہ کا کسی چیز کو مقدر کرنا۔ تعجب کے موقعے پر کہتے ہیں: ماشاءَ اللّٰہ۔ الشِیئَۃ: شاء کا اسم۔ـ والمَشِیئۃ: ارادہ، چاہنا۔ کہا جاتا ہے کلُّ شيءٍ بشیئۃ اللّٰہ: ہر چیز اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے ہوتی ہے۔

۲۔شَیَّأَہٗ علی الامر: کسی کو کسی کام پر اکسانا ابھارنا۔ أَشَاءَ إشَاءَۃً ہُ: کو مجبور کرنا۔

۳۔شَیَّأَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ: اللہ کا کسی کو سیاہ رو کرنا۔المُشَیَّأ: بدشکل، ناہموار جسم کی ساخت والا۔

۴۔تَشَیَّأَ تَشَیُّؤًا: کا غصہ ٹھنڈا ہونا۔

۵۔[illegible] أشیاء [illegible] أَشْیاوات وأَشَاوَات و أَشَایَا تصغیر شُیَیٌّ وشِیَیْءٌ: چیز، جو چیز جانی پہچانی جائے اور اس کی خبر دی جا سکے۔اشیاء: غیر منصرف ہے۔

○ شَاءَ ۔ مَشِیئَۃً: چاہنا ــ ہ/أن: کی خواہش کرنا، خواہش کرنا کہ۔ان شاء اللّٰہ: اگر اللہ نے چاہا، امید ہے کہ مجھے یا ہمیں ایسی امید ہے۔ماشاء اللّٰہُ: جو کچھ، جیسا، جب تک اللہ تعالیٰ چاہے، حیرت انگیز! صحیح ہے۔خوب شاباش مرحبا۔الی ماشاء اللّٰہ: ہمیشہ ہمیشہ کے لئے۔لَفَّقَ ماشاء لہ التلفیقُ: اس نے انتہائی شرمناک جھوٹ گھڑے۔شيء: چیز، کوئی چیز۔شيء من: کچھ، بہت۔شيء من لنشاط: کچھ سرگرمی۔شيء من القلق: کچھ بے چینی، کچھ پریشانی۔بدونِ شيءٍ من الجھد: بغیر کسی مطلق کوشش کے۔ھذا شيءٌ و ذاك شيء آخر: یہ اور وہ دونوں یکسر مختلف چیزیں یا باتیں یا معاملے ہیں۔في الامر شيء: کوئی نہ کوئی بات ضرور غلط ہے، کوئی نہ کوئی چھوٹی سی بات مزا کرکرا کرنے والی ہے۔ بعض الشيء: کسی قدر، ایک حد تک، کچھ۔في شيءٍ اور بشيءٍ: (انکار پر مبنی جملوں میں) کسی طرح نہیں، کسی بات میں بھی نہیں، ہرگز نہیں، کسی صورت بھی نہیں، نہیں، قطعاً نہیں۔علی شيء کثیر من: بہت جیسے۔علی شيء کثیر من البساطۃ: بہت سادہ۔الشيءُ الکثیر: سب سے زیادہ اکثر۔ أَشْبَہُ شيءٍ ب: کے بہت زیادہ مانند، بالکل اس جیسا۔شیئًا بعد شيءٍ یا شیئًا فشیئًا: ذرا ذرا کرکے، آہستہ آہستہ، یکے بعد دیگرے، بتدریج۔ لاشيء: کچھ نہیں، ذرا بھی نہیں، مطلق نہیں، بالکل نہیں، صفر، معدوم شے، معدوم۔لیس بشيءٍ: یہ کچھ نہیں، یہ کوئی اہم بات نہیں۔لیس ھذا في شيء من ذلك: اس کا اُس سے قطعاً کوئی تعلق نہیں۔شَیْئی: واقعیت پسندانہ، واقعاتی۔شُوَیَّۃ: کسی حد تک کچھ۔

شاب: ا۔شَابَ – شَیبًا و شَیْبَۃً ومَشِیبًا: سفید بالوں والا ہونا۔صفت أَشْیَب و شاءِب م شائبۃ (شَیباء نہیں مگر شمطا بھی کہا جاتا ہے)۔کہتے ہیں: شَابت رؤوس الآکام: ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔شَیَّبَ الحزنُ فلاناً و بفلان: غم کا کسی کو بوڑھا کر دینا۔أشاب الحزنُ فلاناً و بفلان: غم کا کسی کو بوڑھا کر دینا۔ــ الرجُلُ: بوڑھی اولاد والا ہونا۔الأَشْیَب جمع شِیب و شُیُب: سفید سر والا ـــ من الأیّام: ابر آلود اور برف باری کا دن۔الشِیب: برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔الشائِب

(فا) م شَائِبَة جمع شُيَّب: سفید بالوں والا۔ مبالغہ کے طور پر شیبٌ شائب کہا جاتا ہے۔ شَيْبَان و شِيْبَان ماہ دسمبر۔ یوم شَيْبَانٌ: بادل برف اور سردی والا دن۔ الشَّيْبَة اسم مرۃ۔ شاب کا اسم۔

۲۔ الشِّيْب (ح): بھیڑیئے سے بجو کا بچہ۔

○ شاب – شَيْبًا و شَيْبَةً و مَشِيْبًا: سفید بالوں والا ہو جانا، خاکستری رنگ والا ہو جانا، (بالوں کا) سفید یا خاکستری ہو جانا، بوڑھا ہو جانا۔ ــــ سفید بالوں والا بنانا۔ ــ ہ کا رنگ اڑا دینا۔ شَيَّبَ ہ: کو سفید بالوں والا بنا دینا، (غم وغیرہ کا) کسی کے بالوں کو سفید کر دینا۔ شَيْب بالوں کا خاکستری رنگ، خاکستری یا سفید بال، بڑھاپا۔ أَشْيَب م شَيْبَاء جمع شِيْب سفید، خاکستری (بال) سفید بالوں والا، خاکستری بالوں والا (شخص) بوڑھا، بوڑھا شخص۔ مَشِيْب بالوں کا خاکستری رنگ، سفید یا خاکستری بال، بڑھاپا۔ شَائِب: سفید، خاکستری (بال): سفید یا خاکستری رنگ کے بالوں والا (شخص)، بوڑھا، بوڑھا شخص۔

شاح ا۔ شاحَ – شَيْحًا علی حاجته: چوکنا رہنا، چوکس ہونا۔ شَيَّحَ ہٗ: کو ڈرانا۔ ــ خصمَهٗ: دشمن کو تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔ أَشَاحَ إشَاحَةً فی امره: میں چوکنا ہونا یا رہنا۔ ــ وجهَه و بوجهِهِ و ــ عنه وجهَهٗ سے کراہت کے ساتھ منہ پھیر لینا۔ الشَّيْح من الرجال چوکنا محتاط، چوکس۔ الشِّيَاح: ڈر۔ الشَّيْحَان و الشِّيْحَان و المُشِيْح: غیرت مند، ہوشیار۔

۲۔ شَاحَ – شَيْحًا علی حاجته کوشش کرنا۔ أَشَاحَ إشَاحَةً فی امره: میں کوشش کرنا۔ شَايَحَ مُشَايَحَة و شِيَاحًا: لڑنا، جنگ کرنا ــ فی الامر: میں کوشش کرنا۔ الشِّيح من الرجال کاموں میں کوشش کرنے والا۔ الشِّيَاح (مص) کوشش۔

۳۔ أَشَاحَ إشَاحَةً المكانُ: کسی جگہ کا شیح نامی گھاس پیدا کرنا۔ الشِّيْح واحد شِيْحَة (ن): گھاس کی ایک قسم جسے مویشی چرتے ہیں، خوشبودار پودا۔

۴۔ أشاحَ إشاحةً الفرس بذَنَبه گھوڑے کا اپنی دم کو ڈھیلا چھوڑنا۔

۵۔ الشِّيَاح قحط۔ الشَّيْحَان و الشِّيْحَان و المُشِيْح: طویل، لمبا، دراز۔

○ شَيَّحَ ہ: کو خشک کرنا ــ بوجهه او بعينِهِ عن: سے اپنا منہ یا آنکھیں پھیر لینا، ہٹا لینا۔ شَيَّاح: بلاٹنگ پیپر، سیاہی چوس۔ شِيْح افسنتین کی مشرقی قسم۔

شاخ: ا۔ شَاخَ – شَيْخًا و شِيُوخَةً و شُيُوخَةً و شِيُوخِيَّةً و شُيُوخِيَّةً و شَيْخُوخَةً و شَيْخُوخِيَّةً: بوڑھا ہونا۔ شَيَّخَ: بوڑھا ہونا ــ ہٗ: تعظیم کے لئے کسی کو شیخ کہہ کر بلانا، یا شیخ کہنا۔ تَشَيَّخَ: بوڑھا ہونا۔ الشَّيْخ جمع شُيُوخ و شِيُوخ و أَشْيَاخ و شِيْخَة و شِيَخَة و شِيْخَان و مَشْيَخَة و مَشِيْخَة و جمع الجمع مَشَايِخ و اشاييخ م شَيْخَة تصغیر شُيَيْخ و شِيَيْخ: بوڑھا، بڑی عمر کا۔ امراء و مقدموں سے چھوٹے درجے کے معززین کا لقب، استاد، عالم، قوم کا سردار، کسی صنعت کا بڑا شخص یا ہر اس شخص کو کہتے ہیں جو لوگوں کی نظر میں علم، فضیلت اور مرتبہ و درجہ وغیرہ کے لحاظ سے بڑا ہو۔ شیخ المرأة: عورت کا شوہر۔ الشَّيْخُون۔ بوڑھا۔

۲۔ شَيَّخَ عليه: پر عیب لگانا، طعن و تشنیع کرنا ــ به: کو رسوا کرنا۔

۳۔ شیخ النار: ابلیس سے کنایہ ہے۔ الشُّيَيْخَة: ایک پھولدار پودا جو کھیتوں اور راستوں کے کناروں پر اگتا ہے۔

○ شیخ جمع شیوخ وغیرہ: بوڑھا، معزز شخص، سردار، شیخ، بزرگ، سردار قبیلہ، خلیج فارس کے ساحل پر ریاستوں میں سے ہر ریاست کا حاکم، استاد، بڑا، عظیم، سینئر۔ شیخ البحر: ویل مچھلی کا بچہ۔ شیخ البلد: گاؤں کا چوہدری۔ شیخ السجّادہ: سجادہ نشین۔ شیخ الاسلام: مفتی اعظم کا لقب۔ شیخ المدينة: پولس انسپکٹر۔ مشيخة الجامع الاعظم: تونس میں جامع اعظم یونیورسٹی کی پروفیسری یا پروفیسر صاحبان، یا اس یونیورسٹی کا ایک شعبہ۔ مجلس الشيوخ: سینیٹ (Senate)۔ شيخة جمع شيخات: میٹرن (matron)۔ شِيَاخَة: شیخ کا منصب، یا مرتبہ۔ شَيْخُوخَة: بڑھاپا، ضعیفی، سٹھیا جانا۔ شيخوخی: بڑھاپے کا، ضعیفی کا، سٹھیا جانا۔ شيخوخی: بڑھاپے کا، ضعیفی کا، سٹھیا ہوا، بڑھاپے کی خصوصیت۔ مَشْيَخَة جمع مَشْيَخَات و مَشَايِخ شیخ کا منصب یا مرتبہ، خلیج فارس کے ساحل پر آزاد علاقوں میں سے ہر ایک آزاد علاقہ، تیونس کا انتظامی ضلع۔ (یونیورسٹی کے پروفیسر، یا اس کی پروفیسری یا شعبہ)۔

شاد۔ ا۔ شَادَ – شَيْدًا البناءَ: عمارت بلند کرنا۔ شَيَّدَ البناءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ أَشَادَ بذكره: کی تعریف کر کے شہرت دینا ــ عليه قبيحًا و بقبيح: کسی کو برائی سے مشہور کرنا، بدنام کرنا ــ عليه: کسی کے بارے میں برائی کو شہرت دینا ــ المغنّی: گانے والے کا بلند آواز سے گانا ــ صوته و بصوته: اونچی آواز میں برائی بیان کرنا جو تہمت مذمت ہے۔ ــ الضالّةَ: گمشدہ چیز کی وضاحت کرنا ــ البنيانَ: عمارت کو لمبا کرنا۔ المَشِيد و المُشَيَّد: بلند و بالا۔

۲۔ شاد – شَيْدًا و شَيَّدَ الحائطَ: دیوار پر چونے کا پلستر کرنا ــ جلدَه بالطيب جسم پر خوشبو ملنا۔ ــ الشِّيد: گچ وغیرہ کا پلستر۔ المَشِيد (مفع): پلستر شدہ۔

۳۔ شَادَ – شَيْدًا الرجلُ: آدمی کا ہلاک ہو جانا۔ أَشَادَ إشَادَةً ہٗ: کو ہلاک کر دینا۔

۴۔ شاد – شِيَادًا الإبلَ: اونٹوں کو بلانا۔

○ شَادَ – شَيْدًا ہ: (عمارت وغیرہ) کھڑی کرنا، تعمیر کرنا، قائم کرنا، بنانا۔ شَيَّدَ ہ: بمعنی شَادَهٗ۔ أشاد: بمعنی شاد۔ أشاد به یا بذكره: کی تعریف کرنا، شہرت کرنا، حمد کرنا، حمد و ثنا کرنا، کو خراج تحسین پیش کرنا۔ شِيد: (دیوار کا) پلستر، پلاسٹر آف پیرس، چونا، گارا۔ تَشْيِيد کھڑا کرنا، قائم کرنا، تعمیر کرنا، بنانا (عمارت وغیرہ) تعمیر۔ إشادة (ب): کی تعریف، سفارش، تعریف کے پل باندھنا، سراہنا۔ مُشَيَّد: بلند و بالا، اونچی شاندار، رعب دار مرعب کن (عمارت)۔

شیر: الشِّيْر عند العامة: گرنے کو تیار بڑی چٹان۔ اسے مِسَار بھی کہتے ہیں۔ (دونوں سریانی لفظ ہیں)۔

شیز: شَيَّزَ البُرْدَ: چادر پر سرخ دھاری ڈالنا۔ الشِّيز و الشِّيزَى: سیاہ اور بہت سخت لکڑی یا آبنوس کی لکڑی۔ کہتے ہیں فلان يملأ الشِّيزی: فلاں شخص آبنوس کی لکڑی کا بنا ہوا کشکول کھانے سے بھر دیتا ہے، سخاوت سے کنایہ ہے۔

شاش: أَشَاشَت النخلةُ: درخت خرما کا نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔ الشِّيش: نرم گٹھلی کی کھجور۔ عام لوگ گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ کو کہتے ہیں۔ الشِّيْشَة: حقہ۔

○ شِيش: نیچہ، کٹاری، گتکا۔ معلمُ الشيش: تیغ زنی، شمشیر زنی، پٹے بازی سکھانے والا۔ لعبةُ الشيش: تیغ زنی، شمشیر زنی، پٹے بازی، شمشیر بازی۔ شيشة: نارغیلی کی بوتل، نارغیلہ: حقہ۔

شاص: ا۔ شَيَّصَ القومَ: قوم کو ایذائیں پہنچا کر سزا دینا۔ الشِّيَاص: بدمزاجی۔ المُشَايَصَة: دشمنی، منافرت۔

۲۔ شَيَّصَت النخلةُ: درخت خرما کا ردی کھجور لانا۔

اَشَاصَ ت النخلةُ درخت خرما کا رَدّی کھجور لانا۔ الشِیص ردی کھجور۔ الشِیصاء واحد شِیصاءَ ۃ: نرم گٹھلی کی کھجور۔

۳۔ الشِیص (واحد شیصہ) (ح) ایک قسم کی مچھلی۔

شاط ۱۔ شَاطَ - شَیْطاً و شِیَاطَةً و شَیْطُوطَةً الشیءُ چیز کا جلنا ـــ ت القدرُ ہانڈی کی تہہ میں لگی ہوئی چیز کا جل کر لگ جانا ـــ الزیتُ تیل کا گاڑھا ہو کر جلنے کے قریب ہونا۔ شَیَّطَ و أَشَاطَ الصقیعُ النبتَ او الدواءُ الجرحَ پالے کا پودوں کو اور دوا کا زخم کو جلا دینا۔ الرأس او الکُراعَ سری یا پایوں کے بالوں کو آگ پر جھلسانا ـــ القِدرَ ہانڈی کو جوش دینا۔ تَشَیَّطَ جلنا، جل جانا۔ اشْتَاطَ اشتاطَ علیہ پر غصہ سے بھڑکنا۔ اسْتَشَاطَ علیہ پر غصہ سے بھڑکنا ـــ فی الحرب جنگ میں اپنی جان جھونکنا۔ الشِیَاطُ روئی وغیرہ جلنے کی بو۔ عام لوگ اسے شِوِیط کہتے ہیں: التَشْیِیط و المُشَیَّط: قوم کے لئے بھونا ہوا گوشت۔

۲۔ شَاطَ - شَیْطاً و شِیَاطَةً و شَیْطُوطَةً ت الذبیحةُ ذبیحہ کا سب گوشت بانٹ لینا ـــ فلانٌ: فلاں کا ہلاک ہونا ـــ دمُہُ کا خون رائیگاں جانا ـــ فلانٌ الدماءَ: خون ملانا، یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔ أَشَاطَ اللحمَ علی القوم: گوشت کو لوگوں پر تقسیم کرنا ـــ فلاناً: کو ہلاک کرنا ـــ دمَ الجزور قربانی کے اونٹ کا خون بہانا ـــ السلطانُ دمَہ و بدمہ: کسی کو قتل کے لئے سامنے لانا، کے خون کو مباح کرنا۔

۳۔ شَاطَ - شَیْطاً و شِیَاطَةً و شَیْطُوطَةً فی الامر کام میں جلدی کرنا۔ اسْتَشَاطَ الحمامُ کبوتر کا خوش ہو کر اڑ جانا ـــ من الامر ہلکا ہونا۔

۴۔ الشَیْطِیّ فضا میں بلند ہونے والا غبار۔ المُسْتَشِیط بہت ہنسنے والا، موٹا اونٹ۔

۵۔ شَیْطَنَ و شَیْطان: دیکھو شطن۔

○ شَاطَ - شَیْطاً (خوراک کا) جل جانا۔ شَیَّطَ ہ کو ہلکا سا جلانا، ذبیحہ کے بال و پر جلانا، جھلسنا۔ أَشَاطَ بمعنی شَیَّطَ۔ تَشَیَّطَ بمعنی شَاطَ۔ اِسْتَشَاطَ غضباً طیش میں آنا، آگ بھبھوکا ہو جانا۔

شاع ۱۔ شَاعَ - شَیْعاً بالخبر خبر پھیلانا ـــ شَیْعاً و شُیُوعاً و مَشَاعاً و شَیَعَاناً و شَیْعُوعَةً الخبرُ: خبر کا پھیلنا ـــ فیہ الشیبُ: کسی میں بڑھاپا ظاہر ہونا۔ أَشَاعَ إشاعةً الخبرَ و بالخبر خبر پھیلانا، نشر کرنا۔ تَشَیَّعَ ہُ الشَیْبُ میں بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونا ـــ اللبنُ فی الماء: دودھ کا پانی میں بکھرنا۔ تَشَایَعَت الابلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا۔ الشائع (فا): حدیثٌ شائع و شَاعٌ: پھیلی ہوئی افشا شدہ بات۔ شَاعٌ: (عین کلمہ کے حذف کے ساتھ) پھیلا ہوا۔ الشَاعَة: پھیلی ہوئی خبریں (یہ شائع کی جمع ہے)۔ المَشَاع و المُشَاع: پھیلا ہوا۔ رجلٌ مِشْیَاعٌ: وہ شخص جو اپنے راز کو نہ چھپائے۔ راز کو پھیلانے والا امرد۔

۲۔ شَاعَ - شِیَاعاً ہُ: کے پیچھے پیچھے چلنا، ساتھ ساتھ چلنا، کا ساتھ دینا، کے ہمراہ جانا۔ اسی سے ہے: شَاعَکم السلامُ (سلامتی تمہارے ساتھ رہے)۔ شَاعَکُم اللہُ بالسلام: خدا تمہارے ساتھ سلامتی رکھے۔ شَیَّعَ ہُ کے ساتھ اسے رخصت کرنے کے لئے یا اس کی منزل تک پہنچانے کے لئے جانا ـــ الشیء کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا ـــ الرجلُ: شیعہ ہونے کا دعوی کرنا۔ شَایَعَ ہُ: کے ہمراہ جانا، کے سپرد کوئی کام کرنا ـــ بھم الدلیلُ: رہنما کا لوگوں کو بلانا ـــ بالابل: اونٹوں کو پکار کر بلانا۔ أَشَاعَ بالابل: بعض اونٹوں کے پیچھے رہ جانے پر بلانا۔ کہتے ہیں اَشَاعَکم اللہُ السلامَ و بالسلام: اللہ سلامتی کو تمہارا تابع کرے۔ تَشَیَّعَ: شیعہ ہونے کا دعوی کرنا۔ تَشَایَعَ تَشَایُعاً القومُ: مختلف گروہ ہو جانا۔ تَشَایَعُوا علی الامر کسی معاملہ پر اتفاق کرنا۔ تَشَایَعُوا فی دارٍ: کسی گھر میں شریک ہونا۔ اِشْتَاعَا اِشْتِیَاعاً فی دار: دو کا کسی گھر میں شریک ہونا۔ الشِیَاع: چرواہے کی بانسری یا آواز۔ یہ نام اس لئے رکھا گیا ہے کہ چرواہا اس سے اپنے اونٹوں کو اکٹھا کرتا ہے)۔ الشیعة: واحد شِیعِیّ: فرقہ (واحد، اثنین اور جمع یہ مذکر و مؤنث پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ یہ نام اغلباً حضرت علی اور ان کے اہل بیت کے طرفداروں کے لئے خاص ہے اور متوالی جس کی جمع مَتَاوِلہ ہے کے نام سے بھی معروف ہے۔ یعنی شام میں شیعہ فرقہ کا ایک رکن۔ شِیعَةُ الرجل جمع شِیَع و أَشْیَاع کسی آدمی کے پیرو اور مددگار۔ سہمٌ شائعٌ و شاعٌ وہ حصہ جو مشترک ہو اور تقسیم نہ ہوا ہو۔ الشاعة: بیوی۔ المُشَیَّع جمع شُیَعَاء ہ شَیَعَة حصہ دار، شریک۔ کہتے ہیں ھذا شَیِّعٌ لھذا وہ اس معاملہ جو دونوں میں مشترک ہے حصہ دار ہے۔ نیز کہتے ہیں الدارُ شَیِّعَةٌ بینھما گھر دونوں کے درمیان مشترک ہے۔ المُشُیُوعی کمیونسٹ [illegible]

المَشَاع و المُشَاع: مشترک، غیر منقسم۔ اسی سے ہے مَشَاعُ القری: وہ اراضی یا جنگلات جن میں گاؤں کے سب باشندے شریک ہوں۔ المَتَشَایِع و المُشْتَاع: شریک، ساجھی۔

۳۔ شَاعَ - شَیْعاً الاناءَ: برتن کو بھرنا۔ المَشِیع بھرا ہوا برتن، کمینگی سے بھرا ہوا، کینہ در کینہ۔

۴۔ شَیَّعَ الرجلَ: کو جرأت دلانا، قوی کرنا ـــ النارَ: آگ تیز کرنے کے لئے اس میں لکڑیاں ڈالنا ـــ الشیءَ بالنار: چیز کو آگ سے جلانا۔ تَشَیَّعَ ہُ الغضبُ: کے دل میں غصہ بھڑکنا ـــ فلانٌ فی الشیء: کی محبت میں جان ہلاک کرنا۔ الشِیَاعُ: وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔ الشُیُوع: وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔ المِشْیَاع: تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ المُشَیَّع (مفع): بہادر، جلد باز۔

۵۔ شَیَّعَ شھرَ رمضان: رمضان کے مہینہ کے بعد چھ دن روزے رکھنا۔ الشَیْع جمع أَشْیَاع: مقدار۔ (کہتے ہیں اقمتُ عندہ شھراً او شَیْعَ شھر: میں اس کے پاس ایک ماہ یا اس کی مقدار رہا۔ کان معہ مائةُ رجل او شَیْعُ ذلک: اس کے ساتھ ایک سو آدمی یا اسکے لگ بھگ تھے۔) مثل۔ کہتے ہیں ھذا شَیْعُ ذاك: یہ اس کی مثل ہے۔ اسی سے ہے کما فعل بأَشْیَاعِھم: جس طرح کے ان کے مثل لوگوں کے ساتھ کیا۔ کہتے ہیں نزلوا موضع کذا او شَیْعَہُ: وہ فلاں جگہ یا اس کے قریب اترے۔ آتیكَ غداً او شیعَہُ: میں تیرے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

۶۔ المِشْیَعَةُ: وہ ٹوکری جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔

○ شاع - شَیْعاً و شُیُوعاً: پھیلنا، فاش ہونا، معلوم ہونا، عام ہونا (خبر وغیرہ) ـــ فی: پر پھیلانا، پر منتشر کرنا (احساس کا) کسی شخص یا چیز میں سرایت کرنا، رچ بس جانا، کسی شخص یا چیز پر غلبہ یا تسلط رکھنا۔ شاع فی پر چسپاں ہونا، لاگو ہونا، موزوں ہونا، سے عام طور پر منسوب ہونا، پر محمول ہونا۔ أشاع: کو پھیلانا، افشا کرنا، کی نشر و اشاعت کرنا، کو پھیلانا، مشہور کرنا، کے علم میں لانا، عام لوگوں کے نوٹس میں لانا۔ شَیَّعَ ہُ: کو چھوڑنے جانا، کی مشایعت کرنا، کے ساتھ جانا، ہمراہ ہونا، کے ہمرکاب ہونا، کی حفاظت کے لئے اس کے ہمراہ جانا، کو خدا حافظ کہنا، کو الوداع کہنا، سے رخصت ہونا، کی آخری رسوم میں شریک ہونا۔ شَیَّعَ ہ: کو بھیجنا۔ ہ: (کسی جتھے، ٹولی، گروہ وغیرہ)

سے وابستہ ہونا۔ شُیِّعَتِ الجنازۃُ: مرحوم کو اس کی آخری آرام گاہ تک لے جایا گیا، جنازہ یا تجہیز و تکفین کا واقع ہونا۔ شَایَعَ ہ علی۔ کسی بات میں کسی کی پیروی کرنا، خود کو کسی بات میں کسی کے مطابق بنانا، کسی بات میں کسی سے متفق ہونا۔ ہ/ ہ علی: کسی بات میں کسی شخص یا چیز کی حمایت کرنا، کسی بات میں کسی شخص یا چیز کا ساتھ دینا، طرفداری کرنا، جانبداری کرنا۔ أشاع ہ/ب: کو پھیلانا، افشا کرنا، کو شائع کرنا، کی نشر و اشاعت کرنا، کو علم میں لانا، عوام کے علم میں لانا، مشہور کرنا۔ تَشَیَّعَ ل فی: کسی معاملہ میں کسی شخص یا بات کی حمایت کرنا، کسی معاملہ میں کسی شخص یا چیز کے لئے ساتھ دینا۔ ل۔ کسی شخص، چیز، جتھا گروہ سے جا ملنا، یا میں شامل ہونا، کسی غرض کے لئے، کسی سے متحد ہونا، کو پسند کرنا، کو منظور کرنا ــــ: شیعہ ہو جانا، شیعہ بن بیٹھنا۔ تَشَایَعَ علی: میں یا کے متعلق یا بارے میں کسی سے متفق ہونا۔ شِیْعَۃ جمع شِیَع: پیرو، حامی، حمایتی وابستہ، طرف دار، ہوا خواہ، متبع، مرید، چیلا، گروہ، ٹولہ، جتھا، جماعت، فرقہ۔ الشیعۃ: حضرت علی کا گروہ، شیعہ (جو حضرت علیؓ کو نبی کریمؐ کا جائز اور حق دار خلیفہ تسلیم کرتے ہیں) جمع أشیاع: پیرو، حامی، متبع اور کٹر طرفدار۔ شِیْعِی جمع شیعیون: شیعہ۔ شِیَاع: اشتراک (جائداد غیر منقولہ میں)۔ شُیُوع: نشر و اشاعت، پھیلاؤ (خبر وغیرہ)۔ علی الشُیُوع: مشترکہ طور پر، مشترکہ قبضہ میں۔ شُیُوعِی: کمیونسٹ، اشتمالی، اشتمالی انداز کا جمع۔ شُیُوعِیُون: کمیونسٹ، اشتمالی۔ شُیُوعِیَۃ: اشتمالیت، کمیونزم۔ تشییع الجنازۃ: تجہیز و تکفین، تدفین۔ مُشَایَعَۃ: کٹرپن، جانبداری۔ إشاعۃ: پھیلانا، نشر و اشاعت (خبروں کا) افواہ، خبر، اطلاع۔ إشَاعِیَۃ: اجتماعیت۔ تَشَیُّع ل: (کے لئے) کٹرپن، جانبداری، تعصب۔ شائع: دور دور تک پھیلا ہوا، مشہور و معروف عام، عوامی، عمومی، ہمہ گیر، عالمگیر۔ الشائع أنَّ: افواہ ہے کہ …. شائع الذیوع: بہت مشہور، دور دراز تک پھیلا ہوا۔ عام۔ شائع الاستعمال: عام استعمال میں، عموماً مستعمل، عام طور پر تسلیم شدہ۔ مِلک شائع: مشترکہ جائداد۔ شَائِعۃ جمع شائعات و شَوَائِع: افواہ۔ مُشَایِع: طرفدار، جانبدار، پیرو، حامی، کٹر۔ مَشَاع: دور دور تک پھیلا ہوا، معروف، عوامی، عام، عالم گیر، ہمہ گیر، مشترک، مشترک یا اجتماعی ملکیت، مشترک، لگان داری، کرایہ داری (اسلامی قانون میں)، عوامی ملکیت، عوامی جاگیر، زمینداری۔ مُتَشَیِّع: جانبدار، کٹر۔ مُشْتَاع: حصہ دار، شریک، ہم شریک، ہم مالک

شاق: شَاقَ ـ شَیْقَاً ہ إلیہ: کو سے کس کر باندھنا۔ کہتے ہیں شاق الطُنُبَ إلی الوتد: اس نے رسی کو کھونٹی کے ساتھ مضبوطی سے باندھ دیا۔ الشِیق: پہاڑ کی چوٹی یا اس کی دشوار جگہ، جانب پہاڑ کی تنگ درز، جانور کی دم کے بال ــــ واحد شِیقَۃ (ح): ایک سمندری مچھلی۔

شال: شَالَ ـ شَیْلاً الشیءَ: کسی چیز کو کسی جگہ سے نکالنا۔ دودَ القزّ: ریشم کے کیڑے پالنا۔ الشَیْلۃ: بھاری پتھر یا لوہے وغیرہ کا ٹکڑا جسے اٹھا کر طاقت کا امتحان لیا جاتا ہے۔ الشَیّال: بوجھ اٹھانے والا، قلی۔ الشِیَالۃ: قلی کا پیشہ۔ الشَیَّالۃ: کپڑے کا ٹکڑا جس کے ذریعہ ہانڈی آگ سے اتاری جاتی ہے (عام زبان)۔

○ شال ـ شیلا ہ: کو اٹھا کر لیجانا، لیجانا، اٹھانا، اونچا کرنا۔ شَیْلَۃ جمع شَیْلات: بوجھ، بار۔ شِیَالۃ: لیجانا، نقل و حمل، بار برداری، خرچہ بار برداری، اجرت بار برداری۔ شَیّال جمع شَیّالون و شَیّالۃ: قلی، بار بردار۔ مِشال: لیجانا، بار برداری، نقل و حمل، اجرت، بار برداری۔

شام: ۱۔ شَامَ ـ شَیماً: بدن پر تل ہونا۔ صفت: أشْیَم م شَیْمَاء جمع شِیم و شُوم۔ الشَامَۃ جمع شام و شامات: تل۔ (کہتے ہیں: صاروا شاماً فی البلاد: وہ شہروں میں بکھر گئے جیسے بدن پر تل بکھرے ہوتے ہیں)۔ زمین میں سیاہ نشان، چاند کے بیچ کی سیاہی (ح): سیاہ اونٹنی۔ المَشِیم و المَشُوم و المَشْیُوم: تل والا۔

۲۔ شَامَ ـ شَیْماً السیفَ: تلوار کو میان میں کرنا، تلوار کو میان سے نکالنا (ضد)۔ ــــ شَیْماً و شُیُوماً الرجلُ: لڑائی میں جم کر حملہ کرنا ــــ فی الشیء میں داخل ہونا ــــ الشیء فی الشیءِ: کو میں چھپانا۔ شَیَّمَ یدیہ فی رأس فلانٍ او ثوبہ: کے سر یا کپڑے کو پکڑ کر لڑنا ــــ فی الشیء او الامر: میں داخل ہونا۔ أشَامَ و اِنْشَامَ و اشْتَامَ فی الشیء او الامر: میں داخل ہونا۔ تَشَیَّمَ الشیءُ فی الشیءِ: کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا ــــ الشیبُ فلاناً: کسی پر بڑھاپا آجانا۔ المَشِیمَۃ جمع مَشِیم و مشایم: وہ جھلی جس میں بچہ ماں کے پیٹ سے بوقت پیدائش نکلتا ہے۔

۳۔ شَامَ ـ شَیْماً البرقَ: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہتے ہیں شَامَ مخایلَ الشیءِ: کسی چیز کے انتظار میں اس کی طرف دیکھنا۔ اِنْشَامَ الرجُلُ: منظور نظر ہونا۔

۴۔ شَامَ ـ شَیْماً و شُیُوماً الشیءَ: کا اندازہ کرنا، تخمینہ لگانا۔ کہتے ہیں: شِمْ مابینھما: ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

۵۔ تَشَیَّمَ أباہ: خصلت میں اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔ الشِیمۃ و الشِیْمَۃ جمع شِیَم: خُلق، طبیعت، عادت۔

۶۔ الشَیَم: وہ زمین جس میں پہلے کھدائی نہ کی گئی ہو اور وہ اپنی سختی پر برقرار ہو۔ الشَیَام: نرم زمین، مٹی۔ الشِیَام جمع شِیَم: مٹی۔ (ح): چوہا۔

○ شام ـ شیما ہ: کا منتظر ہونا، کی توقع کرنا۔ شِیْمِیَۃ جمع شَیَامِی: بھنور، گرداب، بگولا، گرداب، چکر۔

شان: شَانَ ـ شَیْناً ہُ: شکل بگاڑنا، کو ذلیل کرنا، پر عیب لگانا۔ شَیَّنَ الشِینَ: حرف "ش" لکھنا۔ المَشَاین: عیوب، مصائب۔

○ شَائِن و مُشَیِّن: ذلت آمیز، شرمناک، رسوا کن، رسوائی کا موجب۔

شاہ: شَاہَ ـ شَیْھاً ہُ: کو نظر بد لگانا۔ الشَیُوہُ: نظر بد لگانے والا۔ کہتے ہیں ھو شَیُوہٌ من أشْیَہِ الناس: اس کو سب سے زیادہ نظر لگتی ہے۔ شِیبی: الشَای (ن): چائے کا پودا، چائے۔

ص

ص تلفظ صاد، حروف تہجی کا چودھواں حرف۔ حروف ابجد میں اس کا نمبر شمار ۹۰ ہے۔

صنب. ا۔ صَئِبَ ۔صَأْباً من الشرابِ شراب یا مشروب سے سیر ہونا، بھرنا۔ المِصْأَب: شراب یا مشروب سے بھرا ہوا یا سیر شدہ۔

۲۔ صَئِبَ ۔صَأَباً و أَصْأَبَ الرَّأْسُ: سر کا لیکھوں سے پر ہونا۔ الصُّؤَابة جمع صُئْوَاب و صِئْبَان: لیکھ؛ جوں کا انڈا۔ الصِّئبان: چھوٹے چھوٹے اولے۔

○ ص: صفحہ کا مخفف ص ب: صندوق البرید کا مخفف: ڈاک کا ڈبہ، پوسٹ بکس۔

صاص: صَأْصَأَ الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنے کے قریب ہونا۔ الرجلُ: بزدل ہونا۔ و تَصَأْصَأَ منه: سے ڈرنا کا مطیع ہونا۔ الصِّئْصَاء: ردی کھجوریں۔ صِئْصِئَةُ الدیك: مرغ (کی ٹانگ) کا پنجہ، چنگل۔

صنك ا۔ صَئِكَ ۔صَأْكاً: بدبودار پسینہ آنا۔

۲۔ صَئِكَ ۔صَأَكَ الدمُ: خون کا جمنا۔ بہ: سے چمٹنا۔ صَاءَكَ مُصَاءَكَةً: کے ساتھ سختی سے پیش آنا، کوتنگی ڈالنا۔ الصَّئِكُ من الرجال: مضبوط آدمی۔

صئل: صَئُلَ يَصْئُلُ صَآلَةً البعيرُ. اونٹ کا لوگوں پر حملہ آور ہونے اور انکو مار ڈالنے لگنا۔ صفت صَؤُول۔ صَأَلَ يَصْئِلُ صَئِيلاً الفرسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔

صأم: صَأَمَ ۔صَأْمًا الجيشَ على القوم: فوج کو لوگوں تک پہنچنے کا راستہ دکھانا۔ صَئِمَ ۔صَأَماً: بہت پانی پینا۔ الصَّائِم: پیاسا۔

صأى: صَأَى يَصْئِي و يَصْأَى صُئِيًّا و صَئِيًّا و صِئِيًّا و تَصَاءَى الفرخُ: چوزہ کا چوں چوں کرنا، بچھو کا آواز نکالنا، اسی سے مثل مشہور ہے: یلدغ و یَصْئِیْ: (بچھو ڈستا بھی ہے اور آواز بھی نکالتا ہے) مراد ظلم بھی کرتا ہے اور شکایت بھی کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ جَاءَ بما صَأَى و صمت: یعنی وہ ناطق اور صامت دونوں قسم کا مال لایا غالباً ناطق مال سے مراد جانور اور صامت مال سے عام اشیاء صرف ہے۔ أَصْأَى الفرخَ: چوزے سے چوں چوں کرانا۔

صب: ا۔ صَبَّ ۔صَبًّا الماءَ: پانی گرانا، بہانا۔ ۔ فی الوادی: وادی میں اترنا۔ الدرعَ: زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدرعَ علی فلانٍ: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی کہتے ہیں۔ صَبَّ علیہ البلاءَ من صبب: اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰهُ علیہ صاعقةً: اللہ اس پر بجلی گرائے۔ صَبَّ رجْلَه فی القید: اس نے اس کے پاؤں میں بیڑی پہنائی۔ -- صَبًّا الماءُ: پانی کا گرنا، پانی کا بہنا۔ أَصَبَّ إِصْبَاباً القومُ: قوم کا نیچے اترنا۔ تصبَّبَ الماءُ ونحوہ: پانی وغیرہ کا بہنا۔ تَصَابَّ الماءَ: بقیہ پانی پینا۔ ــــ العیشَ: باقی ماندہ زندگی گزارنا۔ انْصَبَّ الماءُ: پانی گرنا۔ علیہ: پر اترنا کہتے ہیں: انصبت قدماہ فی الوادی: اس کے پاؤں وادی میں ٹھہر گئے۔ اصْطَبَّ الماءُ: پانی گرنا۔ ــــ الماءَ: باقی ماندہ پانی پینا۔ العَیْشَ: باقی ماندہ زندگی گزارنا۔ ماءٌ صَبٌّ: بہا ہوا پانی۔ الصُّبّ: گرایا ہوا کھانا وغیرہ۔ الصُّبَّة: گرایا ہوا کھانا وغیرہ، برتن میں بچا ہوا پانی یا دودھ (ط) شوربا۔ الصَّبَب جمع أَصْبَاب: دریا یا راستہ کا ڈھلان۔ نشیبی زمین یا راستہ۔ الصُّبَابَة جمع صُبَابات: برتن میں بچا ہوا پانی وغیرہ۔ کہتے ہیں۔ لم ادرك من العیشِ إلا صُبَابَةً: یعنی مجھے بچی کھچی زندگی ملی ہے۔ الصَّبِیب: پسینہ، خون، بقم کا نچوڑ، اوپر سے گرائی ہوئی چیز، عام لوگ کہتے دم صبیب: ملاوٹ سے خالی خون۔ المَصَبّ جمع مَصَابّ: گرنے کی جگہ، دریا کا دہانہ۔ المِصَبّ: حروف وغیرہ ڈھالنے کا آلہ۔ المَصْبُوب علی الشیء: (مفع) پر برانگیختہ کیا ہوا۔

۲۔ صَبَّ ۔صَبَابَةً الیہ: پر عاشق ہونا، فریفتہ ہونا۔ الصَّبّ: (مص) عاشق، سخت فریفتہ کہتے ہیں۔ رجلٌ صَبٌّ جمع صَبُّون م صَبَّة جمع صَبَّات: عاشق (مرد) عاشق (عورت) الصبابة: سوزش، عشق، سخت محبت۔

۳۔ صُبَّ الشیءُ: چیز کا مٹایا جانا، نیست و نابود اور برباد کیا جانا۔

۴۔ الصُّبَّة: جماعت، گروہ، ٹولہ، گھوڑوں، اونٹوں اور بکریوں کا ایک گلہ، تھوڑا مال۔ الصَّبِیب: (ن) ایک پھولدار پودا، پھولوں سے رنگ بنایا جاتا ہے، اولہ، عمدہ شہد، سرخ رنگ، تلوار کی دھار کہتے ہیں۔ و ضعت صبیب السیف فی بطنہ: میں نے اپنی تلوار کی دھار اس کے پیٹ کے کنارے میں رکھ دی۔

۵۔ صَبْصَبَہُ و تَصَبْصَبَ: اس نے اسے پراگندہ کیا تو وہ پراگندہ ہوگیا۔ تصبصبَ اللیلُ: رات کا زیادہ حصہ گزر جانا۔

۶۔ تَصَبْصَبَ الحرُّ: گرمی کا تیز ہوجانا۔ ــ علینا فلانٌ: (ہم پر) بہت جری ہونا۔ الصبصاب و الصَّبْصَب والصُّبَاصِب: سخت، مضبوط۔

○ صَالَة جمع صالات: ہال، بڑا کمرہ۔

صالُون: سیلون، بیٹھک، دیوان خانہ، کمرہ استقبال۔ عَرَبَةُ صالون: پارلر کار، کلب کار۔

○ صبّ ۔صَبًّا ہ فی: کو میں انڈیلنا، گرانا، ڈالنا، خالی کرنا، بھرنا۔ علیہ بلاءً: کو مصیبت میں ڈالنا۔ صب الغارة: دھاوا بولنا، حملہ کرنا ــــ صِباً: (میں)

انڈیلا جانا، گرنا، بہنا۔ —علی: پر پڑنا، واقع ہونا، پر اتفاقاً پہنچ جانا، ٹوٹ پڑنا، چڑھ دوڑنا، اچانک حملہ آور ہونا۔ صَبابَةً إلی: سے سرگرم محبت کرنا۔ تَصَبَّبَ: گرنا، بہنا۔ ہ: میں رنگا ہوا ہونا، میں بکثرت ہونا، میں نہانا، — حل ہونا، پگھلنا۔ تَصَبَّبَ عَرَقًا: پسینہ میں شرابور ہونا، پسینہ آجانا۔ اِنْصَبَّ: انڈیلا جانا، گرایا جانا، بہنا، زور سے نکلنا۔ — علی / الی: کا پکا ارادہ کئے ہوئے ہونا، میں منہمک ہونا، پر تلا ہوا ہونا، کو تندہی سے کرنا، کچھ بننے یا کرنے کی کوشش کرنا، کی طرف رخ ہونا، کا نشانہ یا ہدف ہونا۔ صَبّ جمع اَصْبَاب: ڈھلان، پہاڑی علاقہ۔ صَبِیب: گرایا ہوا، بہایا ہو، خون، پسینہ۔ صَبَابَہ: عشق، سرگرم محبت، پرولولہ خواہش آرزو۔ صُبَابَة: بقیہ، باقی ماندہ، بچا کھچا۔ مَصَبّ جمع مَصَبَّات و مَصَابّ: نکلنے کا راستہ، بچنے کا ذریعہ، نجات، چھٹکارا، دریا کا دہانہ، نالی، نالی کا پائپ، قیف، دودکش۔ مصبوبات: ڈھلی ہوئی دھاتوں کی چیزیں، فونڈری کا تیار کردہ مال۔

صبا: ۱۔ صَبَا - وَصَبُوًّ - صُبًا و صُبُوءًا: مذہب تبدیل کرنا، ایک مذہب سے نکل کر دوسرے میں چلا جانا، صابی ہونا۔ صفت۔ صَابِی جمع صَابِئون و صابئة۔

۲۔ صَبَأً - وَصَبُوًّ - صُبْأً و صُبُوءًا علیھم: پر حملہ کرنا۔ العدوَّ علیھم: دشمن کو تک پہنچنے کا راستہ دکھانا۔ النابُ او النباتُ: دانت یا نبات کا نکلنا، پھوٹنا۔ اَصْبَأَ اصباءً القومَ: پر حملہ کرنا۔ النابُ او النباتُ: دانت یا نبات کا نکلنا، پھوٹنا۔

۳۔ الصَبَأوت والصَبَاؤُوت جمع صِبْئِ: شان و شوکت، حسن و بزرگی (عبرانی میں) ربُّ الصَبَاؤت: شان والا۔ الصابئون و الصَابِئة: (صابی کی جمع) ستاروں کی پرستش کرنے والی ایک قوم بعض کے نزدیک وہ قوم جو خود کو دین نوح علیہ السلام کا پیرو جانتی ہے۔ اور کہا گیا ہے: ان کے علاوہ ہیں۔

صبح: ۱۔ صَبَحَ - صَبْحًا القومَ: قوم کے پاس صبح کے وقت آنا۔ صَبَّحَ ہٗ: کے پاس صبح کے وقت آنا، کو صبح کی شراب پلانا۔ — الرجلَ: کو صبح کے وقت سلام کرنا کہتے ہیں۔ صَبَّحَک اللّٰہ بالخیر: اللہ تمہاری صبح بخیر کرے۔ — القومَ الماءَ: قوم کو چلا کر صبح کے وقت پانی پر لانا۔ اَصْبَحَ: صبح میں داخل ہونا، نصف رات کو جاگنا۔ تَصَبَّح یا رَجُل کا معنی ہے: اے شخص! غفلت سے بیدار ہو جا۔ تَصَبَّحَ: صبح کا ناشتہ کرنا۔ صبح کو سونا۔ — سے صبح کو ملنا۔ اِصْطَبَحَ الرجلُ: صبح کی شراب پینا۔ الصُّبْح جمع أَصْبَاح: دن کا پہلا حصہ۔ الصُّبْحَة: ناشتہ۔ والصَّبْحَة: صبح کی نیند۔ الصَّبَاح: دن کا پہلا حصہ، شام کا مقابل، آپ کہتے ہیں۔ آتیہ صباحَ مساءَ: میں اس کے پاس صبح شام آتا ہوں۔ أَتیتہٗ ذا صباحٍ: میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔ عِمْ صباحًا: تمہاری صبح خوشگوار ہو، یا تمہاری صبح عیش و آرام والی ہو، جب عرب کسی انسان وغیرہ سے براشگون لیتے تو کہا کرتے تھے۔ صَبَاحُ اللّٰہِ لا صباحُك۔ یَومُ الصَّبَاح: لوٹ مار کا دن۔ الصَّبَاحِیَّة: سال نو کے دن بچوں کو دیا جانے والا تحفہ۔ جسے السَّنَوِیَّة: کہا جاتا ہے۔ عوام کے نزدیک: شادی کی رات کے بعد صبح کو دلہن کو دیا جانا والا تحفہ۔ الصَّبْحان م صَبْحَی جمع صَبَاحَی: صبح کی شراب پینے والا۔ رَجُلٌ صَبْحَان: جو صبح کی شراب پینے میں جلدی کرے۔ الصَّبُوح: صبح کے وقت کھائی یا پی جانے والی کوئی بھی چیز، صبح کے وقت دوہا ہوا دودھ کہتے ہیں۔ اَتیتہٗ ذا صَبُوحٍ: میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔ الصَّبِیحَة والاصبوحة: صبح۔ المُصْبَح: صبح کا وقت، صبح کرنا، صبح کرنے کی جگہ۔ المِصْبَح: بڑا پیالہ۔ المِصْبَاح جمع مَصَابیح: بڑا پیالہ (صبح کی شراب پینے کا)

۲۔ صَبِحَ - صَبَحًا و صُبْحَةً: روشن و چمکدار ہونا۔ — الحدیدُ: لوہے کا چمکدار ہونا۔ صَبُحَ - صَبَاحَةً الوجہُ: چہرے کا چمکدار اور روشن ہونا۔ — الغلامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاح و صَبِیح۔ تَصَابَحَ: بتکلف خوبصورت بنا کہتے ہیں۔ فلانٌ یتصابح و یتحاسن: فلاں شخص بتکلف صاحب حسن و جمال بنتا ہے۔ غلام صُبَاح م صُبَاحَة جمع صِبَاح: خوبصورت (لڑکا/لڑکی)۔ الصَّبِیح جمع صِبَاح م صَبِیحة جمع صِبَاح: خوبصورت، روشن چہرے والا۔ الصَّبْحان م صَبْحَی جمع صُبَاحَی: خوبصورت چہرے والا۔ الصُّبَاحِیَة: چوڑے نیزے۔ الصَّبَاحِیَة: حسن و جمال، خوبصورتی۔ المِصْبَاح جمع مَصَابیح: چوڑا نیزہ۔

۳۔ صَبِحَ - صَبَحًا و صُبْحَةً الشَّعَرُ: بالوں کا چمکدار ہونا۔ اِصْبَاحَّ اِصْبِیحَاحًا الشَّعَرُ: بالوں کا چمکدار ہونا۔ الصُّبْحَة: سرخی مائل سیاہ رنگ۔ الصُّبَاحِیّ: بہت سرخ رنگ خون۔ الأَصْبَح م صَبْحَاء جمع صُبْح: شیر، پیدائشی طور پر سرخی مائل سفیدی والے بال، سرخی مائل سیاہ رنگ کا۔ الثور الاصبح: دونوں آنکھوں کے درمیان سرخی مائل سیاہ رنگ والا بیل۔

۴۔ صَبَحَ - صَبْحًا عن الحق: حق ظاہر کرنا۔ أَصْبَحَ الحقُّ: حق ظاہر ہونا۔

۵۔ اَصْبَحَ المصباحَ: چراغ جلانا۔ اِصْطَبَحَ: چراغ روشن کرنا کہتے ہیں۔ الشمع ما یُصْطَبَحُ بہ: موم بتی روشن کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اِسْتَصْبَحَ الرجلُ: چراغ جلانا، روشن کرنا۔ الصُّبَاح م صُبَاحَة جمع صِبَاح: قندیل کا شعلہ۔ المِصْبَح: چراغ۔ المِصْبَاحُ جمع مصابیح: چراغ۔ مَصَابِیحُ النجوم: روشن ستارے جیسے سورج چاند وغیرہ۔

۶۔ أصبح زید عالماً: زید عالم ہوگیا۔

ت صَبَحَ - صَبْحًا ہٗ: کو صبح کا مشروب پیش کرنا۔ صَبُحَ - صَبَاحَةً: خوبصورت ہونا، حسین ہونا، خوش شکل ہونا، خوش انداز ہونا، دلکش ہونا۔ -- (چہرے کا) چمکنا، شگفتہ ہونا، چمکدار ہونا، روشن ہونا۔ صَبَّحَ ہٗ: کو صبح کا مشروب پیش کرنا، کے پاس صبح کو آنا، — ہ/علی: کے لئے اچھی صبح کی خواہش کرنا۔ یُصَابِحُہٗ ویُمَاسِیہٖ: وہ صبح شام اس پر توجہ کرتا ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ مشغول رہتا ہے۔ اَصْبَحَ: صبح میں داخل ہونا، صبح کرنا، بیدار ہونا، بیدار رہنا، اپنے حواس میں ہونا، واضح ہونا یا ہو جانا۔ صبح کو ہونا یا واقع ہونا۔ أصبح فی: ایک صورت حال میں پہنچ جانا، ایک حالت کو پہنچنا، کسی جگہ پہنچنا جہاں، —: ہونا، بڑھنا۔ اصبح الصباحُ: صبح ہوگئی۔ أصبح علی الخیر: اچھی صبح والا ہونا، دن خوش خوش شروع کرنا۔ تُصْبِحُ علی خیر: رات کے وقت الوداعی کلمات، خدا کرے تم کل صبح بخیر ہو۔ یفعلہ اذا أصبح ویفعلہ اذا أمسی: وہ یہ صبح شام کرتا ہے، وہ ہمیشہ یا لگاتار یہ کرتا رہتا ہے۔ أَصْبَحَ الحقُّ: حق واضح ہوگیا۔ لَمْ یُصْبِح یفعل: اس نے یہ اس کے بعد نہیں کیا۔ لم یصبح لہ وجود: وہ اس کے بعد نہ رہا۔ اصطبح: صبح کا مشروب پینا۔ -- ہ: کو (جیسے لیمپ کو) روشن کرنا، کو جلانا، — ب: کو روشن کرنے کے لئے استعمال کرنا۔ اِسْتَصْبَحَ: دن شروع کرنا۔ صُبْح جمع اصباح: سویرا، تڑکا، فجر، طلوع صبح، طلوع سحر، صبح۔ صُبْحَة: صبح سویرے، ناشتہ۔ صَبَاح: صبح۔ صباحًا: صبح کو۔ صباحَ مَساءَ: صبح کو شام کو، صبح شام۔ صباحَ الیوم: آج صبح۔ صباحك بالخیر صباح بالخیر عِمْ صباحا: صبح بخیر۔ صباحِی: (صبح کا) صُبَاح و صَبْحَان م صَبْحَی: خوبصورت، حسین، دلکش۔ صبیح جمع صِبَاح: خوبصورت، حسین دلکش، پیاری شکل کا۔ صَبَاحَة: خوبصورتی حسن، جمال۔ صَبِیحَة: صبح صَبُوح: صبح کا مشروب، صبح

سویرے کی طرح خوبصورت، چمکدار، روشن۔ مِصْبَاح جمع مَصَابِیح: لیمپ، روشن (مشہور شخصیت) (کار وغیرہ کی) سامنے کی بتی۔ مِصبَاحُ الاضاءۃ: تاباں روشنی، روشنی کا بلب۔ مصباح کشاف: سرچ لائٹ۔ مصباحٌ کَهْرَبائی: بجلی کی روشنی، روشنی کا بلب۔ مصباح کھربائی یدَوی: برقی فلیش لائٹ، بیٹری، ٹارچ، برقی مشعل۔ اصباح: صبح۔ اِسْتِصْبَاح: روشن کرنا۔ غاز الاستصباح: روشنی کرنے والا گیس۔ مُصْبَح: صبح۔

صبر: ا۔ صَبَرَ ـِ صَبْراً علی الامر: کو بہادری سے برداشت کرنا صفت صَابر و صَبِیر و صَبُور۔ صَبَّرَہُ: کو صبر کرنے کے لئے کہنا، صبر دلانا۔ صَابَرَ صِبَاراً و مُصَابَرَۃً ہُ: پر صبر میں غالب آنا۔ أَصْبَرَہُ: کو صبر کرنے کے لئے کہنا۔ تَصَبَّرَ: بناوٹی صبر کرنا۔ علیہ پر صبر کرنا۔ اصْطَبَرَ و اِصَّبَرَ علیہ: پر صبر کرنا۔ اصَّارَّ اصْبِیرَاراً علیہ: پر صبر کرنا۔ الصَّبْرُ: (مص) مصیبت کی شکوا شکایت کے بغیر برداشت، صبر اور حوصلہ۔ الصَّبْرۃ: اسم مرۃ۔ الصَّبَّار: بہت صبر کرنے والا۔ الصَّبَّارَۃ: (اع) فوجی سپاہی جو کسی شہر یا کیمپ کے گرد گھات لگانے کی جگہوں میں ٹھہرے رہتے ہیں اور جب دشمن کو آتا ہوا دیکھتے ہیں تو فوراً اسکی اطلاع دے دیتے ہیں۔ اس کا اسم الصَّبَر ہے۔ الصَّبُور جمع صُبُر: بردبار۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم۔ بہت صابر۔ الصبیر جمع صُبَرَاء: صبر کرنے والا۔

۲۔ صَبَرَ ـِ صَبْراً عن الشیء: سے رکنا۔ ـــ الدابّۃَ: جانور کو بلا چارہ کے باندھے رکھنا۔ ـــ ہُ: کو مجبور کرنا، لازم ٹھہرانا۔ ہ عن الامر: کو سے روکنا۔ صبرتُ نفسی عن کذا: میں نے کسی بات سے اپنے آپ کو روکے رکھا۔ صبرتُ علی ما أکرہ و صبرت عما أحسب: میں نے اپنے آپ کو اس چیز سے باز رکھا جو میں پسند نہیں کرتا اور جو چیز مجھے پسند ہے اس سے رکا رہا۔ صَبَّرَ المیّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا رکھنا تاکہ وہ سڑ نہ جائے۔ أَصْبَرَ: شیشی کو ڈاٹ لگانا۔ ـــ القاضی فلاناً: قاضی کا مخالف سے بدلہ دلانا۔ اِصْطَبَرَ و اصَّبَرَ منہ: سے بدلہ لینا۔ الصَّبْرُ: (مص) کہتے ہیں۔ قُتِل صبراً: یعنی اسے قتل ہونے تک محبوس رکھا گیا۔ حلف صبراً: اسے حلف اٹھانے تک محبوس کیا گیا۔ یمین الصَّبْر: قید کر کے لی گئی قسم۔ شہرُ الصَّبْر: رمضان کا مہینہ۔ الصَّبَر جمع اَصْبار: برف۔ الصِّبار: کارک، ڈاٹ۔ الصَّابُورۃ: کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا ہوا بوجھ جس کی وجہ سے ایک طرف نہ جھکے۔ الصَّبُورۃُ من الرِجال: قتل کئے جانے کے لئے قید کیا گیا شخص۔ المَصْبُور: قتل کے لئے قید کیا ہوا شخص۔ المَصْبُورَۃ: مصبور کا مونث، قسم۔

۳۔ صَبَرَ ـُ صَبْراً و صَبَارَۃً بہ: کا ضامن بننا۔ ـــ ہُ: کو ضامن دینا کہتے ہیں۔ اصْبُرْنی: مجھے ضامن دو۔ الصَّبَارَۃ: ضمانت۔ الصَّبِیر جمع صُبَرَاء: ضامن، قوم کا مکھیا اور چودھری۔

۴۔ صَبَّرَ الکأسَ: پیالہ کو کناروں تک بھرنا۔ اِسْتَصْبَرَ الشیءُ: کثیف ہونا، کا ڈھیر لگنا۔ الصِبْرُ جمع أَصْبَار: چیز کا کنارہ طرف۔ سفید بادل کہتے ہیں۔ اخذ الشیء بأَصْبَارِہ: اس نے چیز پوری لے لی۔ ملأ الکأسَ الی اِصْبارِھا: اس نے پیالہ کناروں تک بھر دیا۔ الصُّبْر جمع أَصْبَار: بمعنی الصِبر۔ والصُّبْر: کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔ الصُّبْرۃ جمع صِبار: غلہ کا انبار (اَخَذَہُ صُبْرَۃً: اس نے اس کو بے ماپے تولے سب کا سب لے لیا) سخت پتھروں کا ڈھیر۔ الصبارۃ و الصُّبارۃ: چکنے پتھر۔ الصبَّارۃ: بنجر سخت زمین۔ الصبیر جمع صُبَرَاء: پہاڑ۔ و الصِّبَرَۃ: چوڑی روٹی۔ الصَّابُورِیَّۃ: (ب) مٹی وغیرہ ڈھونے کے لئے اوپر سے چوڑی نیچے سے تنگ ٹوکری۔ المَصْبُور م مصبورَۃ: قتل کے لئے قید کیا ہوا، ڈھیر لگایا ہوا۔

۵۔ أَصْبَرَ اللبنُ: دودھ کی کھٹاس کا تیز ہو کر کڑواہٹ تک پہنچنا۔ الشیءُ: ایلوے کی طرح کڑوا ہونا۔ الصَّبِر جمع صُبُور واحد صَبِرَۃ جسے المَقْر اور المَقِر بھی کہتے ہیں۔ ایلوا، ابو صابر: نمک۔ الصُّبَار والصُّبَّار: املی۔ الصِبار: ترش درخت کا پھل۔

۶۔ أُصْبِرَ الرجُلُ: مصیبت میں پڑنا۔ اِسْتَصْبَرَ الشیءُ: سخت ہونا۔ الصَّبْرَۃ: سردی کی شدت۔ صَبْرَۃُ الشتاء: سردی کا درمیانی زمانہ۔ موسم سرما کا وسط۔ الصَّبَارَۃ الصَّبَّارَۃ: سردی کی شدت۔ اُمّ صَبَّار وام صَبُّور: مصیبت۔

۷۔ الصَّبَّار: (ن) ایک پودا۔ ـــ والصُّبَیّر: (ن) ایک پودا۔

◌ صَبَرَ ـِ صَبْراً ہُ: کو باندھنا، بیڑی پہنانا، کو بیڑیاں ڈالنا، روکنا، پر پابندی لگانا۔ ـــ صابر ہونا، برداشت کرنا، ثابت قدم رہنا۔ ـــ علی: کو خاموشی سے، صبر سے، مضبوطی سے برداشت کرنا، کو بھگتنا، جھیلنا، سہنا۔ صبر عن: سے باز رہنا، احتراز کرنا، اجتناب کرنا، علیحدہ ہونا، جدا ہو جانا، [illegible] دینا۔ ل: کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا، کے مقابلہ میں جما رہنا۔ صَبَّرَہ: کو صبر کرنے کے لئے کہنا، کو فہمائش کرنا، نصیحت کرنا کہ وہ صبر کرے۔ ـــ ہ: (دل کو) تسلی دینا، تشفی دینا، دلاسا دینا، کی دل جوئی کرنا۔ ـــ ہ: کو پائیدار بنانا۔ دیرپا بنانا، کا تحفظ کرنا، بچائے رکھنا، محفوظ رکھنا، کو ڈبوں میں بند کرنا۔ بطنہُ: ہلکا کھانا کھانا۔ صابَرہُ سے صبر و استقامت میں مقابلہ کرنا، مضبوطی سے برداشت کرنا۔ تَصَبَّرَ: صبر کرنا، برداشت کرنا، سہنا، ثابت قدم رہنا۔ اصطبر بمعنی تَصَبَّرَ۔ قتلہ صبراً: کو حراست کے دوران قتل کرنا۔ لاصبرَ لی: میں اسے برداشت نہیں کر سکتا، یہ ناقابل برداشت ہے۔ قلۃ الصبر: بے صبری، بے تابی۔ قلیل الصبر و قلَّ صبرُہُ: بے صبر صبر کا دامن ہاتھ سے چھوڑنے والا۔ لم یَبْقَ فِی قوسِ صبری مِنْزَع: میرے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔ صَبْر: بیڑیاں ڈالنا، صبر و تحمل، اطمینان، سکون، دلجمعی، استقلال، ثابت قدمی، مضبوطی، ضبط نفس، جذبات پر قابو، ٹھنڈا مزاج، استقلال، ثابت قدمی، صبر، برداشت حوصلہ۔ صَبِر و صَبْر ایلواء: (aloe) صُبْرَۃ: ڈھیر۔ صُبْرَۃً: بحیثیت مجموعی، سارا ایک ہی بار۔ صَبّار: بہت صابر، برداشت کرنے والا، ثابت قدم۔ صُبار و صُبَّار: املی۔ صُبَیّر: املی۔ صَبُور جمع صُبُر: (بہت) صابر، برداشت کرنے والا، ثابت قدم۔ صَبَارَہ و صَبَّارَۃ: سخت سردی۔ تصبیرۃ: قبل از دوپہر ہلکا کھانا، معمولی کھانا۔ مُصَابَرَۃ و اصطبار: برداشت، صبر، استقلال، ثابت قدمی، صابر۔ مَصَبَّرات: مربہ جات، ڈبوں میں بند کھانے پینے کی اشیاء۔ صَبَّرَ ہ: (بحری جہاز وغیرہ) میں توازن قائم رکھنے کے لئے بھرائی کرنا۔ صابُورۃ: جہاز کی بھرائی، بوجھ (توازن قائم رکھنے کے لئے)

صبع: ا۔ صَبَعَ ـَ صَبْعًا بہ و علیہ: کی طرف انگلی سے اشارہ کر کے بتانا۔ فلاناً علیہ: کو اشارہ سے کے متعلق بتانا، پتہ دینا۔ ـــ صَبعًا و مَصْبَعَۃً ہُ: کی انگلی پر مارنا۔ ـــ الشیءَ: میں اپنی انگلی ڈالنا۔ ـــ بین القوم: غیر کو قوم کا پتہ دینا۔ ـــ فی الطعام: کھانے میں انگلی ڈالنا۔ الأُصْبُع والإِصْبُع والأَصْبُع والأَصْبَع والإِصْبَع والأُصْبَع والأَصْبِع والإِصْبِع والأُصْبِع جمع أَصَابِع: (اع) انگلی۔ مونث ہے، کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے۔ علی ماشیتہ اصبع: چرواہے کے مویشی پر خوبصورتی کا اثر ہے کہ انگلیوں سے اس کی طرف اشارہ کیا جا سکتا

ہے۔ اصابع الید: ہاتھ کی انگلیاں (ابہام، سبّابۃ، وسطی، بنصر خنصر) الاُصْبُوع جمع اَصَابِیع: انگلی۔ المُصَبَّع: سیخ (گوشت بھونے کی)

۲۔ صَبَعَ ۔ صَبْعًا و مَصْبَعَةً ہٗ: کو (متکبر) بنانا۔ من ولاہ السلطان صبعہ الشیطان: بادشاہ جس کو حاکم بناتا ہے شیطان اسے متکبر بنا دیتا ہے۔ (شیطان اس میں تکبر کی روح پھونک دیتا ہے) المَصْبَعۃ: تکبر۔ المَصْبُوع: متکبر۔

صَبَعَ ھا: (مرغی میں انگلی چھونا تاکہ معلوم کیا جائے کہ کیا وہ انڈا دینے والی ہے) اِصْبَع جمع أصابع و اصبع القدم: انگلی (ہاتھ یا پاؤں کی) سادہ پیمائش: 3.125 سینٹی میٹر۔ اصابع من البطاطس: (تلے ہوئے آلو (فرانسیسی) بَصْمَۃُ الاصابع: انگلیوں کا نشان۔ طابع الاصابع: انگلیوں کا نشان۔ لہ اِصْبَعٌ فی ھذا الامر: اس معاملہ میں اس کا ہاتھ ہے۔ صُبَاع: انگلی۔ صباع و صُباع القدم: پاؤں کی انگلی۔ اُصْبُوع جمع اصابیع: انگلی (ہاتھ یا پاؤں کی) مُصَبَّع: گرل (grill)

صبغ: ۱۔ صَبَغَ ۔ صَبْغًا و صِبَغًا الثوبَ: کپڑے کو رنگنا کہتے ہیں۔ صبغونی فی عینك: انہوں نے آپ سے میرے متعلق بری بات کر کے مجھے آپ کی نظر میں وہ شخص بنا دیا جو میں نہیں ہوں۔ ۔۔۔ صُبُوغًا ضرع الناقۃ: اونٹنی کے تھن کا بھرنا اور خوش رنگ ہونا۔ صَبَّغَ: صبغ کا مبالغہ ۔۔۔ و أصْبَغَ النخلُ: کھجور کا پکنے لگنا۔ اصطَبَغَ بکذا: سے رنگین ہونا۔ الصِبَغ و الصِبْغ جمع اَصْبَاغ و الصِبَاغ جمع أصْبِغَۃ و الصِبْغَۃ: رنگ۔ الصُبْغَۃ: کچی پکی کھجور۔ الصِباغۃ: رنگریزی۔ الصَبَّاغ: رنگریز، رنگنے والا، جھوٹا۔ الأصْبَغ من الطیر و الشاء م صَبْغَاء جمع صُبْغ: سفید دم کا پرندہ یا بکری۔ من الخیل: وہ گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ الصَبِیغ: رنگا ہوا۔ کہتے ہیں۔ ثوبٌ صَبِیغ و ثِیَابٌ صَبِیغ: رنگا ہوا کپڑا، رنگے ہوئے کپڑے۔ المَصْبَغۃ: رنگنائی کا کارخانہ۔ جگہ جہاں رنگائی کا کام کیا جاتا ہو۔

۲۔ صَبَغَ ۔ صَبْغًا و صِبَغًا یدہ فی الماء: پانی میں ہاتھ ڈبونا۔ یدَہ بالعمل: کام میں مشغول ہونا۔ فلانًا فی النعیم: کو نعمتوں میں غرق کرنا۔ ہٗ بالماء: کو پانی سے بپتسمہ دینا۔ اصطبغ: بپتسمہ لینا۔ أصْبَغَ علیہ النعمۃَ: کو کامل نعمت سے نوازنا۔ تَصَبَّغَ فی دینہ: کسی پر دین کا رنگ اچھی طرح چڑھنا اور مذہب میں پختہ ہونا۔ اِصْطَبَغَ بِالصِبْغ ای الادام: سالن سے روٹی کھانا، کہتے ہیں۔ اصْطَبَغَ بالخلّ او فی الخلّ: اس نے سرکہ کو سالن بنالیا۔ الصِبْغ: سالن، جیسے سرکہ، تیل۔ الصِبْغَۃ: نوع، بپتسمہ، اصطباغ، ملت، دین۔ (الصَبْغہ عام بول چال میں) الصابِغ (فا) بپتسمہ دینے والے یوحنا کا لقب۔ الأصْبَغ م صَبْغاء جمع صُبغ: بڑا سیلاب۔

○ صَبَغَ ۔ صَبْغًا و صِبَغًا ہ ب: کو کا انداز، کی چاشنی یا ہلکا سا اثر یا شکل دینا۔ صبغہ صِبغۃً اخری: کی کایا پلٹنا، کو قلب ماہیت کرنا، تبدیل کر کے کچھ اور بنا دینا۔ اصْطَبَغ: رنگا جانا، رنگین ہونا، بپتسمہ دیا جانا، بپتسمہ لینا۔ صِبْغ جمع أصْبَاغ: رنگ، رنگ تیار کرنے کی چیز، رنگ کا کوٹ، وارنش، میک اپ، گریس پینٹ، چہرے کا روغن۔ صِبْغَۃ: رنگ، ٹنکچر (Tincture) جھلک۔ شائبہ، انداز، ہلکا سا روپ، کچھ، قدرے، تھوڑا سا نازک فرق، طبیعت، کردار، پینٹ۔ (کا کوٹ) (Coat of paint) وارنش، بپتسمہ، دین۔ صبغۃ الافیون: افیون کی ٹنکچر۔ صبغۃ الیود: آیوڈین کی ٹنکچر۔ صِبْغَۃٌ مَحَلِّیَۃ: لوکل ٹچ، لوکل کلر۔ اخرجہ من صبغتہ: کسی شخص یا چیز کو تبدیل کرنا، کی شکل یا صورت بگاڑنا۔ صِبَاغ جمع أصْبِغَۃ: رنگ، رنگ تیار کرنے کی چیز، مسالہ، چٹنی۔ صابغ: رنگنے والا، بپتسمہ دینے والا۔ مَصْبُوغ: رنگا ہوا۔ ب: جس میں کی جھلک ہو، جو بو سے متاثر ہو، جس کو کا رنگ چڑھا ہوا ہو، جس کے رگ و پے میں کچھ جاری و ساری ہو۔

صبن: ۱۔ صَبَنَ ۔ صَبْنًا الشیء عنہ: کو سے روکنا، باز رکھنا، کو دوسری طرف پھیر دینا۔ اِنْصَبَنَ و اصْطَبَنَ عَنْہُ: سے پھر جانا۔

۲۔ صَبَنَ ۔ صَبْنًا المقامرُ الکعبین: جواری کا پانسہ ہاتھ میں کر کے پھینکنا۔

۳۔ التَصَبُّن (ك): کیمیائی عمل جس میں نمکین ایتھر اور پانی کے باہمہ گر عمل سے سپرٹ اور ایسڈ کی تخلیق ہوتی ہے اسے تصبن کا نام دینے کی وجہ بھی یہ ہے کہ اس قسم کے باہمہ گیر عمل کے ذریعہ صابن بنایا جاتا ہے۔ الصابون: صابن، صابن کی ایک ٹکیہ کو صابونہ کہتے ہیں۔ یہ فارسی لفظ ہے۔ عربی میں اس کا مقابل غاسول ہے۔ الصبّان والصابونی: صابن بنانے یا بیچنے والا۔ الصابونیۃ: (ن) ایک پودا جس کی جڑیں زمانہ قدیم میں کپڑے دھونے کے لئے استعمال کی جاتی تھیں۔ المَصْبَنَۃ: صابن بنانے کا کارخانہ۔

○ صَبَّنَ ہ: کو صابن سے دھونا، رگڑنا۔ صابون: صابن حجر الصابون: سوپ سٹون (Soap Stone) صابونہ: صابن کی ٹکیہ۔ صابونی: صابن کا سا، صابن کا بنا ہوا۔ صَبّان: صابن کا بائلر Soap boiler۔

صبا: ۱۔ صَبَا ۔ صَبْوَۃً و صُبُوَّۃً و صُبُوًّا الیہ ولہ: کا مشتاق ہونا۔ صَبِیَ یَصْبَی صَبَاءً الیہ: کا مشتاق ہونا۔ أصْبَی الشیءُ فلانًا: کسی چیز کا کسی کو اپنا شوقین بنانا کہتے ہیں۔ أصْبَتْہُ المکارمُ: عالی ظرف خصوصیات نے اسے اپنا گرویدہ کرلیا۔ تَصَبَّی تَصَبِّیًا المرأۃَ: عورت کو فریب دینا، فریفتہ کرنا۔ ہ الشیءُ: کسی چیز کا کسی کو شوق میں ڈالنا، گرویدہ کرنا۔ تَصَابَی تصابیًا المرأۃَ: عورت کو فریب دینا فریفتہ کرنا۔ اسْتَصْبَی الیہ: کا مشتاق ہونا۔ الصِباء: شوق۔

۲۔ صَبَا ۔ صَبْوًا و صُبُوًّا و صِبًا و صَبَاءً: بچپن کی طرف مائل ہونا، بچوں کی خصلت والا ہونا، صفت صَابٍ مونث صَابِیَہ۔ صَبِيَ یَصْبَی صَبَاءً: بچوں جیسے کام کرنا۔ أصْبَی الرجُلُ: بچہ والا ہونا۔ تَصَبَّی تَصَبِّیًا و تَصَابَی تَصَابِیًا: کھیل کود کی طرف مائل ہونا۔ اسْتَصْبَی: بچوں کا سا کام کرنا۔ ہٗ: سے بچے کی طرح پیش آنا۔ الصِبا و الصَبَاء: بچپن کہتے ہیں: رأیتُہُ فی صباہ او فی صَبَائِہ: میں نے اسے اس کے بچپن میں دیکھا تھا۔ الصَبْوَۃ: بچپنا پن۔ الصَبِیّ جمع صُبْیان و صِبْیان و صُبْوَان و صِبْوَان و اَصْبِیَۃ و صِبْیَۃ و صَبْیَۃ و صُبْیَۃ و صِبْوَۃ و أصْبٍ م صَبِیَّۃ جمع صَبَایا: بچہ، جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔ الصَبِیۃ: لڑکی۔ الصُبَیَّۃ والأُصَیْبِیَۃ: صبیۃ و أصْبِیَۃ: کی تصغیر (صَبِیّ کی جمعیں) امرأۃ مُصْبِیَۃ و مُصْبٍ: بچہ والی عورت۔

۳۔ صَبَا ۔ صَبَاءً و صُبُوًّات الریحُ: پروائی ہوا چلنا۔ صُبِیَ و أصْبَی القومُ: کو پروائی ہوا لگنا۔ الصَبَا (مص) تثنیہ صَبَوان و صبیان جمع صَبَوَات و أصْبَاء: پروائی ہوا (مونث) اس کی مقابل ہوا الدبور کہلاتی ہے۔ الصَابِیَۃ: شمال مشرقی ہوا۔ صَابَی مُصَابَاۃً رمحَہُ: نیزہ کو مارنے کے لئے جھکانا۔ السیفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف کرنا، الٹانا اور جھکانا۔ الکلامَ: بے قاعدہ بولنا۔

۵۔ الصَبِیُّ: تلوار کی دھار، پاؤں کا پنجہ کہتے ہیں۔ بہ وجع فی صَبِیّ قدمہ: اس کے پاؤں کے پنجہ میں درد ہے۔ الصَبِیّان: ٹھوڑی کے قریب داڑھی کے کنارے۔

○ صَبَا ۔ صَبْوًا و صُبُوًّا و صِبًا و صَبَاءً ا: بچہ ہونا

(مزاج میں) بچوں کا سا ہونا ــــ صَبُوًّا و صَبْوَةً الــــی: کی طرف پھرنا، کی طرف جھکنا، مائل ہونا، کی رغبت محسوس کرنا، کی آرزو کرنا، کا متمنی ہونا۔ صَبِــیَ ــ صَبَـاءً و صِبًـا: بچہ کی طرح پیش آنا، بچوں جیسا رویہ اختیار کرنا، کام کرنا۔ تَصَبّٰی: بچہ جیسا برتاؤ کرنا، بچوں جیسا رویہ اختیار کرنا، کھیل کود کی طرف مائل ہونا، دوبارہ نوجوان ہو جانا، دوبارہ جوان بننا، اعادہ شباب سے گزرنا، دوبارہ جوانی حاصل کرنا ــــ ها: (عورت) سے معاشقہ کرنا، عشق بازی کرنا ــــ ہ / ھ: کسی کو (یا دِل کو) آکسانا، ترغیب دینا، ورغلانا، سلانا، لبھانا، موہ لینا، فریفتہ کرنا، شیفتہ کرنا۔ صَبًـا جمع صَبَـوَات و أَصْبَـاء: مشرقی ہوا، پروا۔ صِبًــا و صِبًــی: بچپن، لڑکپن، جوانی شباب، رجحان، میلان، رغبت، شوق، آرزو، خواہش، تمنا۔ صباء: بچپن، لڑکپن، جوانی، شباب۔ صَبْـوَة: جوانی کا شوق، عاشقانہ مزاج، شوق طبیعت، شہوانی خواہش، بچوں جیسے اخلاق و عادات۔ صُبُـوّ: جوانی کا شوق، عاشقانہ مزاج، شہوانی خواہش، بچوں جیسے اخلاق و عادات۔ صُبُـوَّة: بچپن، لڑکپن، جوانی، شباب۔ صَبِـیّ جمع صِبْیَة و صُبْیَة و صِبْیَـان و صُبْیَـان و أَصْبِیَة: لڑکا، جوان۔ صَبِیَّة جمع صَبَـایَـا: لڑکی۔ صِبْیَـانی: طفلانہ، بچوں کا سا (مزاج میں) بچپن والا، بچپنا، احمقانہ، بچوں کا۔ صَـابٍ: جوان، کم سن، نوعمر، نابالغ، بے پروا، غافل، جلد باز، عاقبت نا اندیش۔

صتّ: ا۔ صَتَّ ـ صَتًّـا ہُ: کو زور سے دھکیلنا، ہاتھ سے مارنا۔ بـکلام او بـداهیة: پر تہمت لگانا، یا مصیبت ڈالنا۔ صَــاتَّ مُصَـاتَّةً و صِتَــاتًــا ہُ: سے جھگڑنا۔ تَـصَــاتَّ الـقومُ: آپس میں لڑنا، جھگڑنا۔ الـصِّـتّ والصُّتّة: ضدیت۔ الصَّتِیت: آواز، شور۔

۲۔ الـصَّـتُّ والصِّتّ والصُّتَّة: جماعت گروہ آپ کہتے ہیں: رأیت صَتًّا من الناس: یعنی میں نے لوگوں کا ایک گروہ دیکھا۔ الـصَّـتَـت: درپے کہتے ہیں۔ هــو بِصَتَتِهِ: وہ اس کے درپے ہے۔ الصَّتِیت: جماعت، گروہ۔ المِصْتِیت: کاموں میں مستعد و چست۔

صتع: صنع ـ صَتْعًا ہُ: کو پچھاڑنا۔ تَصَتَّعَ: کسی کام میں تردد کرنا۔ الصَّتَع: قوی نوجوان (ح) گورخر۔

صتم: صَتَّمَ الشی ءَ: کو مکمل کرنا۔ تَـصَتَّـمَ: تیز دوڑنا۔ الصَّتْم والصَّتَم: سخت مضبوط، خوب مضبوط آپ کہتے ہیں: أَلْفٌ صَتْمٌ: پورا ہزار۔ الـصَّـتْمة و الـصَّتِیمة: سخت چٹان۔ الـمُـصَتَّم (مفع): بند گلی یا وادی۔

صجّ: صَـجَّ ـ صَجًّـا: لوہے کو لوہے پر مارنے سے آواز نکلنا۔ الصُّجُج و الصجیج: لوہے پر لوہے کے پڑنے کی جھنکار۔

صحّ: ا۔ صَحَّ ـِ صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا: تندرست ہونا، بیماری کا جاتا رہنا۔ الشی ءُ: چیز کا ہر عیب سے بری اور سالم ہونا۔ صَحَّحَ المریضَ: بیمار کی بیماری دور کرنا، بیمار کو صحت یاب کرنا ــ الکتابَ: کتاب کی غلطی کو ٹھیک کرنا۔ أَصَحَّ اصْحَاحًا ہُ: کو تندرست کرنا یا پانا، کی بیماری دور کرنا۔ الرجُلُ: آدمی کے بال بچوں یا اسکے مویشی کا تندرست ہونا۔ تَصَحَّحَ بکذا: کسی چیز سے علاج کرنا۔ اِسْتَصَحَّ من مرضه: تندرست ہونا۔ الصِّحَّة (مص) صحت، تندرستی۔ الصحیح جمع أَصِحَّاء و صِحَاح و أَصِحَّة و صَحَائح: تندرست، عیب وغیرہ سے پاک۔ الـمَـصَـحّ جمع مَصَاحّ و مَصَحَّات: جائے صحت، ہسپتال (تپ دق کے مریضوں کا) الـمَصَحَّة و المِصَحَّة: صحت بخش یا محافظ صحت کہتے ہیں۔ الصومُ مِصَحَّة: روزہ صحت بخش ہے یا صحت کا محافظ ہے۔ أرضٌ مَصَحَّةٌ: وبائی امراض سے پاک زمین، یا وہ زمین جہاں بیماریاں کم ہوں۔

۲۔ صَحَّ ـِ صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا الخبرُ: خبر کا مطابق واقع ثابت ہونا یعنی درست ہونا۔ صفت صحیح و صَحَاح کہتے ہیں۔ صَحَّ لی علی فـلان کـذا: فلاں کے خلاف میری بات درست نکلی۔ اسْتَصَحَّ الکلامَ: بات کو صحیح پانا۔ الصَّحیح جمع أَصِحَّاء و صِحَاح و أَصِحَّة و صَحَائح: قابل اعتبار۔ الإصْحَاح والأَصحاح من التوارة والانجیل: توات یا انجیل کا ایک باب۔

۳۔ الصَّحَاح من الطریق: دشوار راستہ۔

۴۔ صَحْصَحَ الامرُ: ظاہر ہونا۔ الـصَّحْصَـح و الـصَّحْصَحَان جمع صَحَاصِح: نباتات سے خالی ہموار زمین۔ التُّرَّهات الصَّحَاصِح و تُرَّهاتُ الصحاصِح: خرافات زٹلیات۔ الـصُّحْصُح والـصُّحْصُوح من الرجال: باریک بین آدمی۔ المُصَحْصِح: سچی محبت رکھنے والا، بیہودہ گو۔

صحب: ا۔ صَحِبَ ـ صُحْبَةً و صَحَابَةً و صِحَابَةً و صَاحَبَ مُصَاحَبَةً ہُ: کا ساتھی ہونا، دوست ہونا کے ساتھ زندگی گزارنا۔ أَصْحَبَ الرجُلُ: ساتھی والا ہونا، کے بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے جیسا ہونا، بدقت مطیع و فرمانبردار ہونا کہتے ہیں۔ أَصْحَبْتُهُ فهو مُصْحِبٌ میں نے وہ کام کیا [illegible] ساتھی بن گیا اور اس نے مجھ سے کنی کترانا چھوڑ دیا۔ ہُ الشی ءَ: کو کیساتھ کر دینا ــــ الزقَّ: مشک پر بال چھوڑ دینا۔ تَصَاحَبَ الرجلان: باہم سفر کرنا۔ معه: کو ساتھی بنانا (عام بول چال) اِصْطَحَبُوا: ایک دوسرے کے ہمراہ ہونا۔ اسْتَصْحَبَ ہُ: کا ساتھی بننا، کو ساتھی بننے کے لئے کہنا، کو ساتھی بنانا ــــ ہُ الشی ءَ: کسی چیز کو اپنے ساتھ رکھنے کے لئے کہنا ــ الشی ءَ: کو ساتھ کر دینا۔ الصاحِب (فا) جمع صَحْب و أَصحاب و صُحْبَة و صِحَاب و صُحْبَان و صِحَابَة و صَحَابَة و أصاحِیب أصحاب کی جمع: ساتھی، ساتھ زندگی گزارنے والا، گورنر وزیر۔ صَاحِ: کہتے ہیں یا صاحِ یعنی اے ساتھی۔ الـصَّاحِبَة جمع صَاحِبَات و صَوَاحِب: صاحب کا مونث۔ بیوی۔ الصحابه: نبی کریم ﷺ کے وہ ساتھی جنہوں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا اور آپ کی صحبت میں رہے۔ الصَّحَابی: صحابہ کی طرف منسوب، ایک صحابی۔ المُصَاحِب (فا): ساتھ رہنے والا، دشواری سے مطیع و فرمانبردار ہونے والا۔ الـمِصْحَاب: مطیع، فرمانبردار۔ المُصْحَب (مفع): اپنے آپ سے باتیں کرنے والا پاگل۔ عودٌ مُصْحَب: وہ لکڑی جس کا چھلکا نہ اتارا گیا ہو۔ ادیمٌ مَصْحُوبٌ: چمڑا جس کی اون یا بال نہ اتارے گئے ہوں۔ الـمُصْحِب: مطیع، فرمانبردار۔ ادیمٌ مُصْحِب: چمڑہ جس پر اون اور بال ہوں۔ عودٌ مُصْحِب: نہ چھیلی ہوئی لکڑی۔ ادیم مَصْحُوب: چمڑا جس سے اون یا بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عـودٌ مَصْحُوب: نہ چھیلی ہوئی لکڑی کہتے ہیں: اِذْهَبْ مَصْحُوبًا و مُصَاحَبًا: صحیح سالم جاؤ۔

۲۔ صَحَبَ ـ صَحْبًا المذبوحَ: ذبیحہ کی کھال کھینچنا۔

۳۔ أَصْحَبَ فلانًا: کو محفوظ رکھنا ــــ ہُ عن کذا: کو سے منع کرنا، روکنا۔ اصْطَحَبَ فلانًا: کی حفاظت کرنا۔ صاحبُ الشی جمع صَحْب و أصحاب و صُحْبَة و صِحَابٌ و صُحبان و صِحابَة و صَحَابَة و اصحاب کی جمع أصاحیب: (چیز) کا مالک مثلاً کہتے ہیں: صاحبُ حماة: حمات کا حاکم (گورنر)

۴۔ أَصْحَبَ الماءُ: پانی کا کائی والا ہونا۔

۵۔ تَصَحَّبَ منه: سے شرم کرنا، حیا کرنا کہتے ہیں۔ فلانٌ ما یتصَحَّب من شیء: فلاں شخص بالکل شرم و حیا نہیں کرتا۔

○ صَحَّ علی: پر لاگو ہونا، کے حسب حال ہونا، سے متعلق ہونا، پر منطبق ہونا، پر صادق آنا۔ عــن: سے نتیجہ نکلتا ہے کہ۔ صح ل کے لئے ایک حقیت ہونا۔

۱۰۔ صَقْعَرَ فی اذنه: کے کان میں چلانا۔ الصُقْعَر: ٹھنڈا پانی، سڑا ہوا پانی۔

○ صَقَعَ - صَقْعًا و صُقَاعًا: مرغ کا بانگ دینا، ککڑوں کوں کرنا۔ صُقِعَ زمین کا پالے سے ڈھکی ہونا۔ صَقِعَ برف ہونا، یخ ہونا، یخ ٹھنڈی ہونا، منجمد ہونا۔ صُقْع جمع أَصْقَاع رقبہ، علاقہ، سرزمین، دیہات، ضلع، زمین، مقام، جگہ۔ الأَصْقَاع المُتَجَمِّدَة الجَنوبِيَة قطب جنوبی منجمد۔ صَقْعَة پالا، سخت ٹھنڈ۔ صَقِيع پالا، یخ۔ أصقع زیادہ فصیح۔ مِصْقَع جمع مَصَاقِع فصیح، بلند آواز شخص۔

صقل: ۱۔ صَقَلَ - صَقْلًا و صِقَالًا الشیءَ: کو چکنا کرنا، کو پالش کرنا، جلا دینا، صاف کرنا، کا رنگ صاف کرنا۔ صفت: صَاقِل جمع صَقَلَة صفت مفعولی: مصقول۔ صَقِلَ - صَقَلًا: صیقل شدہ ہونا، چکنا ہونا۔ الصَقَّال: الصاقل کا مبالغہ۔ الصَقِيل: پالش شدہ، صیقل شدہ، تلوار۔ الصَيْقَل جمع صَيَاقِل و صَيَاقِلَة: صاقل کا مبالغہ، تلواریں تیز کرنے والا۔ المِصْقَلَة: جس چیز سے پالش کیا جائے۔ ریگ مار۔

۲۔ صَقَلَ - صَقْلًا و صِقَالًا الدابَّةَ: جانور کو دبلا کرنا۔ الصَقَل گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔ الصُقْل پہلو، سبک جانور۔ والصُقْلَة: کمر۔ الصَقِل: کم گوشت کا گھوڑا۔ فرسٌ صَقِل لمبے پہلوؤں والا گھوڑا۔

۳۔ صَقَلَ - صَقْلًا و صِقَالًا هُ بالعصا کو لاٹھی سے مارنا۔ به الارضَ کو زمین پر گرا دینا۔

۴۔ الصَقِل: مختلف چال والا۔ الصِقَالَة: پاڑ۔ المِصْقَل من الخطباء فصیح و بلیغ مقرر۔

○ صَقَلَ - صَقْلًا و صِقَالًا ه: کو پالش کرنا، رگڑ کر صاف کرنا، صیقل کرنا، جلا دینا۔ ه: (اسلوب، ذوق وغیرہ) کو شاندار بنانا۔ انصقل صاف و ہموار ہو جانا۔ صَقَّل پالش کرنا، صیقل کرنا، جلا دینا۔ صقل الاذهان ذہنی تربیت۔ صَقِيل پالش شدہ، صیقل شدہ، صاف و ہموار، روشن، چمکیلا، چمکدار، بھڑکیلا۔ صَقَّال پالش کرنے والا، صیقل کرنے والا، صاف و ہموار کرنے والا۔ صَيْقَل جمع صَيَاقِلَة پالش کرنے والا، صیقل کرنے والا، صاف و ہموار کرنے والا۔ مِصْقَلَة جمع مَصَاقِل وہ اوزار جس سے جلا دی جائے، صیقل کیا جائے۔ مصقول: پالش شدہ، صیقل شدہ، تیز فہم، شاندار (سمجھ)۔

صك: ۱۔ صَكَّ - صَكًّا هُ: کو زور سے مارنا، تھپڑ مارنا۔ اصْطَكَّ القومُ بالسيوفِ تلواروں سے ایک دوسرے سے لڑنا۔ الأَصَكّ م صَكَّاء جمع صُكّ مضبوط و قوی۔ الصَكَّاك: زور سے طمانچہ مارنے والا۔ الصَكِيك: کمزور ضعیف۔ المِصَكّ مضبوط و قوی۔ المَصْكُوكَات: درہم و دینار۔

۲۔ صَكَّ - صَكًّا الباب: دروازہ بند کرنا۔ المِصَكّ: چٹخنی۔

۳۔ صَكَّ - صَكَكًا الرجُلُ او الفرسُ: آدمی یا گھوڑے کے گھٹنوں کا چلنے میں آپس میں ٹکرانا۔ صفت ـ أَصَكّ و تَصَاكَّت الرُكَبُ زانوؤں کا ایک دوسرے سے رگڑ کھانا۔ اصطكَّت ركبتاهُ: چلنے میں گھٹنوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔ الأصَكّ م صَكَّاء جمع صُكّ: وہ جس کے گھٹنے چلنے میں آپس میں ٹکرائیں۔ وہ جس کے دانت اور داڑھیں آپس میں ملے ہوئے ہوں۔ المِصَكّ: مضبوط و قوی۔

۴۔ الصَكّ جمع أَصُكّ و صُكُوك و صِكَاك: کتاب، تحریری معاہدہ، اقرار نامہ (فارسی) الصَكَّاك وثیقہ نویس، چیکوں کی حفاظت کرنے والا۔

○ صَكَّ - صَكًّا: مارنا۔ ه زور دار ه بند کرنا، مقفل کرنا۔ صكت به الاذانُ نے کانوں کو جھنجھناہٹ ہونا، کانوں کا بجنا۔ صَكَّ سمعَهُ (آواز کا) کانوں پر پڑنا۔ کے کانوں میں گرجنا۔ اِصْطَكّ: آپس میں ٹکرانا (گھٹنوں کا) کانپنا، ہلنا (دانت) بجنا۔ صَكّ جمع صُكُوك و صِكَاك و اَصُكّ معاہدہ کی دستاویز، قانونی دستاویز، دستاویز، تحریر، چیک (Check, cheque)

صكم: صَكَمَ - صَكْمًا هُ: کو مارنا۔ - الفرسُ على لجامه: گھوڑے کا لگام کو چبا کر گردن دراز کرنا جیسے وہ اپنا غلبہ ظاہر کر رہا ہو۔ الصَكْمَة سخت صدمہ۔ الصَوَاكِم مصائب و حوادث کہتے ہیں: صَكَمَتْهُ صَوَاكِمُ الدهر اس پر زمانہ کی مصیبتیں پڑیں۔

صل: ۱۔ صَلَّ - صَلِيلًا السلاحُ: ہتھیار کی جھنکار سنائی دینا۔ - الشیءُ آواز کرنا۔ - المِسمارُ کیل کا کسی چیز میں ٹھونکا جانا۔ ـــ ت الابلُ پیاس کی وجہ سے اونٹوں کی آنتوں کا خشک ہو جانا اور پانی پیتے وقت ان سے آواز سنائی دینا۔ ـــ السقاءُ مشک کا خشک ہونا۔ -- صُلَالًا الخفَّ: موزے میں استر لگانا۔ الصِل جمع أَصْلَال شمشیر براں، تیز تلوار۔ والصَل ہلکی اور متفرق بارش۔ الصَلَّة اسم مرة۔ ہلکی اور متفرق بارش، رنگائی سے پہلے خشک چمڑا، جوتا جو خشک ہونے کی وجہ سے آواز کرتا ہو، رنگائی میں سڑانڈ والا چمڑا، زوردار اور دور دور تک ہونے والی بارش۔ الصِلَالَة جمع أَصِلَّة چرمی موزے کا استر۔ الصَّلال و المِصْلَال من الطين خشک کھنکتی مٹی جو لوہے کی طرح بجے۔ الصَلِيل: (مص) لوہے یا تلوار کی جھنکار خصوصاً تلوار کی جھنکار۔ المُصَلِّل: کثیر بارش۔

۲۔ صَلَّ - صُلُولًا اللحمُ گوشت کا بدبودار ہونا۔ — پانی کا رنگ اور مزہ بدلنا۔ أَصَلَّ اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ القِدَمُ الماءَ دیر تک ٹھہرے رہنے سے پانی کو متغیر کر دینا، سڑانا اور بدبودار کرنا۔ الصُل سڑا ہوا گوشت وغیرہ۔ الصَلَّة بچا ہوا پانی وغیرہ۔ ماءٌ صلالٌ: متغیر پانی۔

۳۔ صَلَّ - صَلًّا الشرابَ: مشروب یا شراب صاف کرنا۔ - الحبَّ المختلط بالتراب: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے علیحدہ کرنا، اس کا مشہور فعل صَوَّل ہے کہتے ہیں۔ صَوَّلت المرأةُ القمحَ وغیرہ عورت نے گندم کو مٹی سے صاف کیا۔ صُلَالَة الحَبّ غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ المِصَلَّة صاف کرنے کا برتن۔

۴۔ صَلَّ ـُ صَلَّات الصالة القومَ: قوم کو مصیبت پہنچنا۔ الصِل جمع أَصْلَال مصیبت (ح) ایک بہت

زہریلا سانپ کہتے ہیں: هوَ صِلُّ أصلالٍ: وہ بڑا ہی چالباز اور فریبی ہے۔ الصَّالّة: مصیبت۔

۵۔ الصِّل جمع أَصْلال: ہمسر، ثانی کہتے ہیں: هذا صِلُّ داك: یہ اس کا مدمقابل ہے۔ الصَّلَّة: سرین، تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے، ترمٹی۔ الصُّلَّة: بدبودار ہوا۔ المُصَلِّل: شریف، فیاض سردار، خالص النسب

۶۔ صَلْصَلَ صَلْصَلَةً الحليُّ او اللجام: زیور، یا لگام کا آواز دینا۔ الرعدُ: بادل کا صاف گرجنا۔ —— الجرسُ: گھنٹی کا گونجنا۔ فلانًا: کو دھمکی دینا۔ تَصَلْصَلَ اللجام او لحليُّ: زیور یا لگام کا آواز دینا۔ الصَّلْصَال: سوکھی بجنے والی مٹی (طا) ریت سے ملی ہوئی مٹی۔ —— و الصُّلاصِل و المُصَلْصِل: آواز دینے والا گدھا۔

۷۔ الصُّلْصُل: گھوڑے کی پیشانی، گھوڑے کی پیٹھ کا سفید حصہ۔ چھوٹا پیالہ، برتن میں بچا ہوا پانی وغیرہ، ماہر چرواہا۔ الصَّلْصَالة: زمین جس پر کوئی نہ ہو۔ المُصَلْصَل: (مصدر میمی) شریف فیاض سردار، خالص النسب۔

○ صَلَّ ـِ صَلِيلًا: بجنا، چھن چھن کرنا، جھنکار پیدا کرنا، کھڑکھڑانا، جھن جھن کرنا۔ صِلّ جمع اصلال: ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ صَلِيل: کھڑکھڑاہٹ، گڑگڑ، جھن جھن، پھٹ پھٹ، گڑگڑاہٹ (ہتھیاروں کا) تصادم، ٹکراؤ (سکوں کی) جھنکار، چھن چھن، جھناکا۔

صلب: ۱۔ صَلَبَ ـِ صَلْبًا ہُ: کو سولی دینا۔ صَلَبَ اللصَّ: چور کو سولی دینا۔ المسیحیُّ: عیسائی کا اپنے اوپر ہاتھ کے اشارہ سے صلیب بنانا۔ الصَّلَبُوت: (عیسائیوں کی اصطلاح میں)، چھوٹی صلیب۔ الصَّلِيب جمع صُلْبان و صُلُب: سولی جس پر جناب مسیح کو سولی دی گئی، سولی کا نشان، جو دو متقاطع خطوں کی شکل کا ہوتا ہے، سولی۔ جمع صُلَب: سولی دیا گیا (شخص) اونٹ کا داغ۔ ذو الصليب: الاخطل، نصرانی شاعر کا لقب۔ بعیر مُصَلَّب م مُصَلَّبَة: اونٹ جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ شیءٌ مُصَلَّب علیه: وہ چیز جس پر صلیب کی تصویر بنی ہو۔ ثوبٌ مُصَلَّب: وہ کپڑا جس پر صلیب جیسی شکل بنی ہو۔ مُصَلَّب الطرق (عند العامة): چوراہا۔ بعیرٌ مَصْلُوب م مَصْلُوبة: وہ اونٹ جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔

۲۔ صَلَبَ ـِ صَلْبًا العظام: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔ اصطلب العظام: ہڈیوں کا گودا نکالنا۔ الصُّلْب جمع أَصْلاب و أَصْلُب و صِلَبَة: ریڑھ کی ہڈی۔ و۔ جمع صِلَبَة: حسب کہتے ہیں۔ هو من صُلْبِ فلان: وہ اس کی نسل اور اولاد سے ہے۔ الصَّلَب جمع صِلَبَة و أَصْلاب: ریڑھ کی ہڈی، گودا۔ الصَّالِبُ والصَّالَب: ریڑھ کی ہڈی۔ الصُّلَّب: ریڑھ کی ہڈی۔ الصَّلِيب جمع صُلُب: گودا، (کہتے ہیں: استخرج صَلِيبَ العظم: اس نے ہڈی کا گودا نکالا)۔ خالص نسب والا کہتے ہیں: هو عربيٌّ صليبٌ: وہ خالص عربی نسب کا ہے۔

۳۔ صَلُبَ ـُ و صَلِبَ ـَ صَلابَةً: سخت ہونا۔ —— على المال: بخیل و کنجوس ہونا۔ صَلَّبَ الشيءَ: چیز کو سخت کرنا۔ الشيءُ: سخت ہونا، خشک ہونا۔ تَصَلَّبَ: سخت ہونا۔ الصُّلْب جمع اصلاب و أَصْلُبٌ: سخت، کٹر۔ کہا جاتا ہے: هو صُلْبٌ في دينه: وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ راعٍ صُلْبُ العصا: اونٹوں پر سختی کرنے والا چرواہا۔ جمع صِلَبَة: قوت، طاقت، موٹے پتھروں والی جگہ، فولاد۔ الصَّلَب جمع صِلَبَة و أصلاب: وہ زمین جو سخت ہو، ان زمینوں کو کہا جاتا ہے جو عرصہ تک پڑی رہیں اور جوتی نہ جائیں: انها لأَصْلابٌ منذ اعوام: یعنی کئی سالوں سے غیر مزروعہ ہیں۔ الصُّلَّب: سخت، سان۔ الصُّلَّبَة: سان کے پتھر۔ الصُّلَّبِيّ: سخت، سان پر پالش اور تیز کیا ہوا۔ سِنان صُلَّبِيّ: تیز کی ہوئی نیزہ کی انی۔ الصُّلَّبِيَّة: (جس میں تا، مبالغہ کی ہے)۔ بہت سخت۔ الصَّلِيب جمع صُلُب: سخت۔ ماءٌ صَلِيبٌ: پانی جس کی وجہ سے مویشی مضبوط اور سخت ہو جائے۔ سنانٌ مُصَلَّب: تیز کی ہوئی نیزہ کی انی۔

۴۔ صَلَبَ ـِ صَلْبًا اللحمَ: گوشت بھوننا۔ ـتْهُ الشمسُ: آفتاب کا کسی کو جھلس دینا۔ ـتْ عليه الحُمّى: کسی کو بخار کا چمٹ جانا اور تیز ہونا۔ صفت۔ مصلوب علیه الصالِب (فا) حُمّى صالِبٌ: جاڑے لرزے کا سخت بخار۔

۵۔ صَلَبَ الحجرَ: پتھر اٹھانا (سریانی)۔ أَصْلَبَتِ الناقةُ: بچہ کو دودھ پلاتے وقت اونٹنی کا گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔

۶۔ الصُّلَب: (ح) ایک پرندہ۔ الصَّلِيب جمع صُلُب: جھنڈا۔

○ صَلُبَ ـُ صَلابَةً و صَلِبَ ـَ: سخت ہونا، مضبوط و ٹھوس ہونا، جمنا، اکڑنا، کڑا ہونا۔ صَلَّبَ ہ / ہُ: کو سخت بنانا، مضبوط کرنا، ٹھوس بنانا، بے لوچ بنانا۔ ہ: کا بوجھ اٹھانا، کو اٹھائے رکھنا، کا سہارا ہونا، کو تھامے رکھنا۔ —— ہ: (دل) سخت کرنا۔ تَصَلَّبَ: سخت ہونا، مضبوط ہونا، ٹھوس ہونا، جمنا، کڑا ہونا، اپنے آپ کو سخت ظاہر کرنا۔ صُلْب: سخت، فولاد، جمع اصلب و اصلاب: ریڑھ کی ہڈی، پٹھا (کتاب وغیرہ کا) متن۔ صُلْب الرای: ضدی، ہٹ کا پکا، ہٹ دھرم، خودسر، سرکش، خودرائے، اپنی رائے سے نہ ہٹنے والا۔ صَلْب الرَّقَبَة: ضدی ہٹ کا پکا، ہٹ دھرم، خودسر، سرکش، خودرائے، اپنی رائے سے نہ ہٹنے والا۔ صُلْب العُود: مضبوط جسم کا، ہٹا کٹا، قوی ہیکل، ضدی، ہٹ دھرم، مدافعت کرنے والا، نہ جھکنے والا، بے رحم، بے درد۔ هو ابن صُلْبِهِ: وہ اس کا اپنا بیٹا ہے۔ اولاد ہے۔ درامة مستخرجة من صُلب الحياة: حقیقی زندگی سے ماخوذ ڈرامہ۔ في صلبه: دل میں، اپنے دل کی گہرائی میں۔ صَلِيب: سخت، مضبوط، ٹھوس، کڑا۔ صَلابَة: سختی، بے حسی، بے رحمی، ضد، ہٹ دھرمی، سرکشی منہ زوری، نہ جھکنا، تقصف، عدم رواداری۔ صَلابَة العُود: سختی، شدت، ضد، ہٹ دھرمی، بے لوچ ہونا، بیرحمی، بیدردی۔ تصلب: سختی، بے حسی۔ متصلب: نہ جھکنے والا، بے لچک، بیرحم، سخت۔ صَلَبَ ـِ صَلْبًا ہ: کو سولی دینا، سولی پر لٹکانا یا چڑھانا۔ صَلَّبَ علی: پر صلیب کا نشان بنانا۔ —— بلیات سے محفوظ رہنے کے لئے صلیب بنانا۔ —— ہ: ہاتھ باندھنا۔ صَلْب: سولی دینا، دار کشی۔ صَلِيب جمع صُلْبان صُلُب: صلیب، سولی۔ الصليب الاحمر: ریڈ کراس۔ شارة الصليب و اشارة الصليب: صلیب کا نشان۔ عُود الصليب: Peony ایک پھولدار پودا۔ الحروبُ الصليبية: صلیبی جنگیں۔ الصليبيون: صلیبی جنگجو۔ صَلَبُوت: صلیب پر مسیح کا چھوٹا سا مجسمہ۔ مُصَلَّب: چوراہا۔

صلت: ۱۔ صَلَتَ ـُ صَلْتًا الفرسَ: گھوڑے کو ایڑ لگانا۔ الصلت في عَدْوِهِ: دوڑ میں دوسرے سے آگے نکل جانا۔ الصَّلْت والاصْلِيت و المُنْصَلِتُ من الرجال: بہادر سرگرم۔ من السيوف: صیقل شدہ پار ہونے والی تلوار۔ الصَّلَتان و الأُصْلُتِيّ والإِصْلات و المُصْلَت والمِصْلات من الرجال: بہادر سرگرم کہتے ہیں۔ هو من مصاليت الرجال: وہ بہادر اور چست و سرگرم مردوں میں سے ہے۔

۲۔ صَلُتَ ـُ صُلُوتَة الرجُل: کشادہ، ہموار، پیشانی والا ہونا۔ أَصْلَتَ السيفَ: تلوار کو میان سے باہر نکالنا، تلوار سونتنا۔ الصَّلْت: چمکدار، ہموار ابھری ہوئی پیشانی کہتے ہیں: جبينٌ صَلْتٌ: چمکدار ہموار ابھری ہوئی پیشانی۔ والصُّلْت جمع أَصْلات: بڑی چھری۔

۳۔ المُصَالَتَة: شاعر کا دوسرے شاعر کے شعر کو لفظاً و معناً

چرالینا، یہ بدترین شعری سرقہ ہے۔

○ صَلَتَ - صُلُوتَۃً: چمکدار ہونا، بھڑکیلا ہونا، ہموار ہونا۔ أصلت السیفَ: تلوار کو میان سے نکالنا۔ أُصلِت السیف: تلوار کا میان سے باہر نکلنا۔

صلج: ۱- صَلَجَ - صَلْجًا الفضّۃَ: چاندی کو پگھلانا۔ الصُلُج: کھرے درہم۔ الصَولج: خالص چاندی۔ الصَلیجَۃ: پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کی اینٹ

۲- صَلَجَ - صَلْجًا ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔

۳- صَلِجَ - صَلَجًا سمعُہُ: بہرا ہو جانا۔ تَصالَجَ الرجُل: بہرا ہونے کا تصنع کرنا، بہرا بننا، کان نہ دھرنا۔ الصَولَج: کان، کان کا سوراخ۔

۴- الصَلَجَۃ جمع صُلَج: ریشمی کیڑے کا خول، کویا۔ الصَولج: ٹیڑھی لکڑی۔ الصَولَجان والصَولَجانَۃ جمع صَوالِجَۃ: ٹیڑھے سرے والی لاٹھی۔ اسی سے صولَجان الملک: عصائے شاہی۔ الأَصْلَج: بہت چکنا۔

صلح: ۱- صَلُحَ - ُ و صَلَحَ - صَلاحًا و صُلُوحًا و صَلاحِیَۃً: درست و ٹھیک ہونا، کی خرابی کا دور ہونا کہتے ہیں۔ صلحت حالُ فلان: اسکی حالت کی خرابی دور ہوگئی اور مجاز کے طور پر کہتے ہیں۔ ہذا یصلُح لك صَلاحًا: یہ تمہارے لئے موزوں اور مفید ہے۔ صلح الرجُلُ: نیک ہونا۔ فی عملہ: کام میں درست ہونا۔ صَالَحَ صِلاحًا و مُصالَحَۃً ہُ: کے موافق ہونا۔ أَصْلَحَ الشیءَ: چیز کو ٹھیک کرنا، درست کرنا۔ — الیہ: کے ساتھ نیکی کرنا۔ کہتے ہیں۔ أَصلح اللّٰہُ لہ فی ذریتہ ومالہ: اللہ اس کی اولاد اور مال میں اس پر احسان فرمائے۔ اِستَصْلَحَ الشیءُ: ٹھیک ہونا۔ الصَلاح: (مص) اچھائی موزونیت مفید ہونا، افادیت، نیکی، انصاف، دیانتداری، پارسائی، تقوی۔ الصلاحیۃ: وہ حالت جس سے چیز کی درستی ہو۔ الاِصْلاحِیَّۃ جمع اصلاحِیّات: حکومتی ادارہ جس میں نوعمر مجرموں کے اخلاق درست کرنے کے لئے قید کیا جاتا ہے اور انہیں کوئی نہ کوئی ہنر بھی سکھایا جاتا ہے تاکہ رہا ہو کر اپنی روزی کما سکیں، اصلاحی قیدخانہ۔ الصالح جمع صالحون و صُلّاح: درست، ٹھیک، نیک، حقوق اور ذمہ داریوں کو پورا کرنے والا کہتے ہیں۔ ہو صالحٌ لکذا: وہ اس کا اہل ہے، کبھی کثیر کے معنی بھی دیتا ہے جیسے لہ حظٌ صالحٌ من الادب: یعنی اس کا ادب میں کافی حصہ ہے۔ الصَالحۃ: صالح کا مونث کہتے ہیں۔ اتتنی صالحۃ من فلان: فلاں کی طرف سے مجھ کو بہت نعمت یا بھلائی پہنچی۔ الصُلّح جمع صالح۔ الصلیح ج صُلَحاء: صالح۔ المَصْلَحَۃ جمع مَصالِح: نیک تجویز۔ مصلحت کہتے ہیں۔ ہو من اہل المفاسد لا المصالح: وہ ایسے کام کرنے والوں سے ہے جو برائی کا باعث ہوتے ہیں، کسی اچھائی یا بھلائی کی ترغیب نہیں پیدا نہیں کرتے۔

۲- صَالَحَ صِلاحًا و مُصالَحَۃً ہُ: سے صلح کرنا۔ أَصْلَحَ بینہم: کے مابین صلح کرانا۔ تَصَالَحَ واصْتَلَحَ واصْطَلَحَ و اصَّلَحَ القومُ: صلح صفائی سے رہنا۔ الصُلح: سلامتی، مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مونث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے) کہتے ہیں۔ ہُم لنا صُلح: یعنی ان کی ہم سے صلح ہے۔ (عند ارباب السیاسۃ): امن۔ الصُلُوح: کہتے ہیں۔ قومٌ صُلُوحٌ: آپس میں موافقت رکھنے والے لوگ۔ الاصطلاح جمع اصطلاحات: کسی خاص قوم یا جماعت کا کسی لفظ اور کلمہ کے معنی پر اتفاق کرنا جو اصل معنی کے علاوہ ہو۔

○ صَلَحَ - صَلاحًا و صُلُوحًا و مَصلَحَۃً و صَلُحَ - صَلاحًا صَلاحِیَۃً: اچھا ہونا، ٹھیک ہونا، مناسب ہونا، نیک ہونا، خدا ترس ہونا، خدا پرست ہونا، دیندار ہونا، اچھا ہونا، خوب کامیابی سے چلنا، پنپنا، مفید ہونا، قابل عمل ہونا، کارآمد ہونا، پائیدار ہونا، موزوں ہونا ل (کے لئے)۔ ل کے لئے موزوں ہونا، میں مفید ہونا۔ سے خوب میل کھانا، ملتا جلتا ہونا۔ مع کے فٹ آنا، پر منطبق ہونا۔ (میں، پر، کیساتھ) مع قابل قبول، قابل تسلیم، قابل تقرر یا اہل ہونا، جائز ہونا، روا ہونا۔ صَلَّحَ ہ: کو ترتیب سے رکھنا، موافق یا مطابق بنانا، مرمت سے بالکل پہلا سا بنا دینا، سدھارنا، کی تلافی کرنا، کی مرمت کرنا، کو بہتر بنانا، کی اصلاح کرنا۔ صَالَحَ ہ: کے ساتھ صلح کرنا، تصفیہ، مصالحت، سمجھوتہ کرنا۔ بین: کے مابین امن قائم کرنا، میں مصالحت کرانا، صلح کرانا۔ أَصْلَحَ ہ / من: کو ترتیب سے رکھنا، کے مطابق یا موافق بنانا، جانچ پڑتال کرکے یا کھول کر ٹھیک کرنا، مرمت کرکے پہلا جیسا بنا دینا، دوبارہ تعمیر کرنا، ترمیم کرنا، کی تلافی کرنا، بہتر بنانا، کی اصلاح کرنا، مرمت کرنا۔ ہ: کو موزوں یا فٹ بنانا، موافق یا مطابق بنانا، کو بدلنا، ترمیم کرنا۔ — کی اصلاح کرنا، کا علاج کرنا، چارہ کرنا۔ ہ / من: زمین کو قابل کاشت بنانا، کاشت کرنا۔ — ہ: کو ترقی دینا، بڑھانا، کے لئے کام کرنا، کو تقویت پہنچانا، کی ہمت بڑھانا، کا دل بڑھانا، کو جرأت دلانا۔ ہ: کو فروغ دینا، کو خوش قسمت بنانا۔ بین: کے درمیان صلح کرانا، [illegible] سمجھوتہ [illegible] کرنا۔ تَصالَحَ: ایک دوسرے سے صلح کرنا، ہم آہنگ ہونا۔ اِنْصَلَحَ: ٹھیک ہونا، صحیح ہونا، ترقی یافتہ ہونا، سدھرنا۔ اصطلح: بمعنی تَصالَحَ ونیز ۔ علی: پر رضامند ہونا، کو قبول کرنا، اختیار کرنا۔ اِسْتَصْلَحَ ہ: کو اچھا، مناسب، موزوں، فٹ، کارآمد، قابل عمل یا پائیدار سمجھنا۔ ہ: زمین کو قابل کاشت بنانا، زمین پر کاشت کرنا۔ صُلْح: امن، صلح، مصالحت، تصفیہ، ترتیب، دوستی، سمجھوتہ، صلح کرانا، جھگڑا چکانا، امن کا فیصلہ۔ لَجْنَۃٌ صُلْحِیَّۃٌ: ثالثی کمیٹی۔ صلاحیۃ: مناسبت، موزونیت، اہلیت، استعداد، لیاقت، افادیت، قابل عمل ہونا خوبی، کارآمد ہونا، صحیح یا کام کی حالت (مشین وغیرہ کی) قابلیت، قانونی طور پر جائز ہونا، معقول ہونا۔ موزنیت، مطابقت جمع صَلاحِیّات: کامل یا انتدابی اقتدار، مختار نامہ یا صلاحیۃ تامۃ: (اس معنی میں) جہات ذات الصلاحیۃ: اہل یا مجاز ارباب اختیار۔ مُطْلَق الصلاحیۃ: plenipotentiary (ڈپلومیٹ) مدار المہام: اَصلح: بہتر زیادہ مناسب، زیادہ صحیح، زیادہ نیک، زیادہ موزوں، زیادہ شان شایاں۔ مَصْلَحَۃ جمع مَصالِح: معاملہ، قضیہ کام بات ضرورت۔ ہنگامی صورت حال، ہر وہ بات جو سودمند، مفید، یا تقویت پہنچانے والی ہو۔ فائدہ، نفع، منفعت، بہتری، مفاد، دلچسپی، خیر، بہبود، بہبودی، حاکم، ذی اقتدار، محکمہ، حکومتی ایجنسی، انتظامیہ۔ مصلحۃ الآثار المصریۃ: مصری آثار قدیمہ کی انتظامیہ۔ مصالح الامۃ: بہبود عوام۔ مصلحۃ البرید: محکمہ ڈاک۔ مصلحۃ الحدود: مزروعہ علاقہ سے باہر کے علاقوں کی انتظامی ایجنسی۔ المصالح الحکومیۃ: حکومتی ایجنسیاں۔ مصلحۃ الصحۃ: محکمہ صحت۔ المصلحۃ العامۃ: عوامی بہبود۔ فی مصلحۃ فلان: فلان کے مفاد میں۔ فی المصلحۃ و المَفْسَدَۃ: اچھے اور برے وقتوں میں، بہتر اور بدتر کے لئے۔ لمصلحۃ فلان: کے حق میں، کے مفاد میں، کی منفعت کے لئے، یا کی خاطر، کے مفاد میں۔ خدم مصالح فلان: کے مفاد کے لئے کام کرنا، کے مفادات کی خدمت کرنا۔ معہد اصلاحی: اصلاحی قیدخانہ۔ السلف الصالح: قابل احترام آباؤ اجداد۔ صالحُ السَیر: قابل گزر (سڑک) صالح للعمل: کام کے لئے موزوں، استعمال کے لئے تیار، کام کے لائق، قابل عمل۔ صالح ل: کے لئے قابل قبول، پر منطبق۔ الصالح العام: بہبود عوام۔ فی صالح: کے حق میں، کے مفاد میں۔ لِصالح: بھی

معنی۔ کان من صالِحِہٖ: یہ اس کے مفاد میں تھا۔ صوالح شخصية: ذاتی مفادات۔ الصالحات: اچھے اعمال، نیک اعمال۔

صلخ: ا۔صَلِخَ ۔صَلَخًا سمعُهُ: بہرہ ہونا۔ تَصَالَخَ الرجُلُ: بہرہ بننا۔ الأَصْلَخ م صَلْخاء جمع صُلْخ: بہرہ۔ الصَّلَخ (مص) بہراپن۔

۲۔اِصْلَخَّ: لیٹنا۔

۳۔الصَّالِخ: خارش۔ کہتے ہیں جَرَبٌ صالِخٌ و سالِخٌ (ح) کالا سانپ۔ الأَصْلَخ م صَلْخاء جمع صُلْخ من الجمال: خارشی اونٹ۔ الصَّلَخ: خارش۔ صَلُوخ: مہلک مصیبت۔

۴۔اِصْلَخَدَّ الرجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ الصَّلَخْدُ و الصِّلَخْد و الصِّلِخْد و الصِّلْخَاد و الصُّلاخِد والصَّلَخْدَى جمع صَلاخِد: قوی، ذہین دلیر۔

۵۔الصَّلَخْدَم من الابل: طاقت ور اونٹ۔

صلد: ا۔صَلَدَ ۔صُلُودًا الزندُ: چقماق کا بغیر آگ نکالے ہوئے آواز دینا۔ السائلَ: سائل کو کچھ نہ دینا۔ صَلُدَ ۔صَلادَةً: کنجوس ہونا۔ صَلَّدَ تَصْلِيدًا: کنجوسی کرنا۔ أَصْلَدَ الزندُ: چقماق کا بغیر آگ نکالے آواز دینا۔ — الرجلُ: کی چقماق کا آگ نہ دینا۔ — الزندَ: چقماق کو بغیر آگ نکالے آواز دینے والا کر دینا۔ فرسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے (یہ گھوڑے کی بری صفت ہے) رجُلٌ صَلْدٌ: کنجوس مرد۔ الصَّالد (فا): آگ نہ دینے والا چقماق۔ الصَّالِدَة جمع صَوالد. صالد کا مونث۔ الأَصْلَدَم صَلْداء جمع صُلْد: کنجوس عودٌ صَلّادٌ: لکڑی جس سے آگ نہ جلے۔ الصَّلُود: آگ نہ دینے والا چقماق۔ بہت ہی کنجوس قِدر صَلُودٌ: دیر سے ابلنے والی ہانڈی۔ امرأةٌ صَلُودٌ: بے برکت عورت۔ فرسٌ صَلُودٌ: گھوڑا جسے دیر سے پسینہ آئے عود مِصلاد: لکڑی جس سے آگ نہ جلے ناقةٌ مِصلاد: بچہ والی بے دودھ کی اونٹنی۔

۲۔صَلَدَ ۔صُلُودًا ت الارضُ: زمین کا سخت ہونا ۔ صُلعَتُهُ: کا گنج کا چمکنا۔ أَصْلَدَت الارضُ: زمین کا سخت ہونا۔ الصَّلْد جمع أَصْلاد: سخت چکنا، بنجر کہتے ہیں۔ ارضٌ صَلْدٌ و مکانٌ صَلْدٌ: زمین اور جگہ جہاں کچھ نہ اگے جبینٌ صَلْدٌ: سخت پیشانی۔ راسٌ صَلْدٌ: وہ سر جس پر بال نہ اگیں۔ الصَّلُود. سخت، خشک۔ الصَّلَوْدَد: سخت، چکنا۔ الصِّلداء والصِّلْدَاءَة: سخت ناہموار زمین۔

۳۔صَلَدَ ۔صَلَدَات الدابةُ: جانور کا دوڑتے وقت پاؤں زمین پر مارنا، کھڑا ہونا۔ بیدیه: دونوں ہاتھ سے تالی بجانا۔ الصَّالِدَة جمع صَوالِد: پیسنے میں آواز نکالنے والا دانت۔

۴۔صَلِدَ ۔صَلَدًا الرجُلُ فی الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا

۵۔الصَّلُود و الصَّلِيد: اکیلا۔

۶۔الصَّلْدَح: چوڑا پتھر۔ الصَّلَوْدَح: بہت سخت۔

۷۔الصِّلْدِم جمع صَلادِم: سخت، سخت سموں والا (ح) شیر۔

صَلَدَ ۔صلادة و صلودةً: سخت مضبوط یا ٹھوس ہونا یا ہو جانا (زمین وغیرہ کا) أَصْلَدَ: یہی معنی صَلْد جمع اصلاد: سخت، مضبوط، ٹھوس، خشک، بنجر، بے آب و گیاہ (زمین) سخت، بے لوچ، مردہ، بے جان، بے کیف، بے حس و حرکت، جامد۔ صُلُودة: سختی، مضبوطی، ٹھوس پن (زمین وغیرہ کا)

صلر: الصِّلَّور: (ح) دریا کی ایک مچھلی۔

صلص: الصَّالُصَة: (ط) ٹماٹروں، لیموں یا مصالحوں کے رس سے بنایا ہوا شیرہ۔

صَلْصَة جمع صلصات و صلص: چٹنی (اٹلی کی زبان کا لفظ)

صلط: ا۔الصَّلَطة او الصَّلاطَة (ط): سرکہ یا ترشہ سے تر سبزیوں نیز نمک، لہسن تیل اور رائی سے تیار کردہ خوراک۔ (اٹلی کی زبان کا لفظ)

۲۔اِصْلَنْطَحَت البطحاءُ: ہموار زمین کا کشادہ ہونا۔ الصُّلاطِح والمُصْلَنْطِح: چوڑا، وسیع۔

صلع: ا۔صَلِعَ ۔صَلَعًا: کے سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گر جانا۔ صفت أَصْلَع جمع صُلْع و صُلْعان کہتے ہیں صَلِعَت الشجرةُ: درخت کی شاخوں کے سرے جھڑ گئے۔ صَلَّعَ الشيءَ: کو اچھی طرح یا خوب ظاہر کرنا (عام زبان میں) صفت مفعولی مُصَلَّع: (عام زبان میں) ک۔ وانْصَلَعَت الشمسُ: سورج کا بادلوں کی اوٹ سے نکل کر چمکنا۔ —ت الحيّةُ: سانپ کا صاف ستھرا مٹی کے بغیر نکلنا۔ تَصَلَّعَت الشمس: سورج کا بادلوں کی اوٹ سے نکل کر چمکنا ۔—ت السماءُ: بادلوں سے ابر کا ہٹ جانا، چھٹ جانا۔ الحيّةُ: سانپ کا صاف ستھرا اور مٹی میں آلودہ ہوئے بغیر نکلنا۔ الصَّلَع (مص): سر کے اگلے حصہ سے بالوں کا غائب ہونا۔ الصُّلْعَة والصَّلَعَة: سر کا گنجا حصہ۔ کہتے ہیں۔ صَكَّهُ علی صُلْعَتِه: اس نے اس کے سر کے گنجے حصہ پر مارا۔ الصَّلْعاء جمع صُلْع: الاصلع کا مونث۔ خالی بیابان۔ رَمْلَة صَلْعاء: زمین کا ریتلا قطعہ جس پر کوئی درخت نہ ہو۔ الصُّلَّع و الصُّلاع و الصَّلِيع: چوڑی چٹان۔ من الأَمْكِنَة: کچھ نہ اگانے والی جگہ۔ رأسٌ صَلِيع: سر جس کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔

۲۔صِلاعُ الشمس: سورج کی گرمی۔ الصَّلْعاءُ: مصیبت۔ جمع صُلْع۔

۳۔صَلْعَم: ﷺ کا مخفف۔

صَلِعَ ۔صَلَعًا: گنجا ہونا۔ صَلَع: گنجا پن۔ صُلْعَة و صَلْعَة: گنجی چندیا، گنجا سر۔ أَصْلَع م صَلْعاءُ جمع صُلْع و صُلْعان: گنجے سر والا۔

صَلِعَ ۔صَلَعًا: گنجا ہونا۔ صَلَع: گنجا پن صُلَعَة و صَلْعَة: گنجی چندیا، گنجا سر۔ أَصْلَع م صَلْعاءُ جمع صُلْع و صُلْعان: گنجا، گنجے سر والا۔

صلف: ا۔صَلِفَ ۔صَلَفًا: ڈینگ مارنا۔ صفت صَلِف جمع صَلِفُون و صُلَفاء، صَلافَى... — لصاحبه: اپنے ساتھی کے متعلق ناپسندیدہ باتیں کرنا۔ تَصَلَّفَ: بتکلف، ڈینگیں مارنا، چاپلوسی کرنا۔

۲۔صَلِفَ ۔صَلَفًا السحابُ: بادل کا بہت گرجنا اور کم برسنا۔ ت المرأةُ عند زوجها: عورت کا خاوند کی نظر میں کم قدر ہونا۔ صفت صَلِفَة جمع صَلِفات و صَلائف: اس سے مثل ہے من يبغ فی الدين يَصْلَفْ: جو شخص لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اور دین سے تمسک نہ رکھے، وہ لوگوں کی ہمدردیاں کھو بیٹھتا ہے۔ أَصْلَفَ: بے خیر ہونا۔ فلانًا: کو ناپسند کرنا، سے نفرت کرنا۔ تَصَلَّفَ القومُ: سخت زمین میں جا پڑنا۔ الصَّلِف: بے مزہ کھانا۔ اناءٌ صَلِف: کم پانی پینے والا بھاری برتن۔ سحابٌ صَلِف: بہت گرجنے، کم برسنے والا بادل۔ ارضٌ صَلِفَةٌ: کچھ نہ اگانے والی زمین، بنجر زمین۔ الأَصْلَف جمع صَالِف: سخت بنجر زمین۔ الصلفاء و الصِّلْفاء و الصَّلْفاء و الصِّلْفاءَة جمع الصَّلافَى: سخت بنجر زمین۔ طعامٌ صَلِيف: بے مزہ کھانا۔ المُصْلِف (فا): بیوی کی ناقدری کرنے والا۔

۳۔أَصْلَفَ: مشکل سے سانس لینا۔ الصَّلِف: بھاری برتن۔

۴۔الصُّلُف واحد صُلُفَة: کھجور کے درخت کے گودے کے مخفی حصے۔ الصَّلِيف: گردن کا پہلو، کہتے ہیں أَخَذَهُ بصليفه: اس نے وہ سب لے لیا۔

۵۔صَلْفَعَ: محتاج و مفلس ہونا ۔ رأسَهُ: کا سر مونڈنا۔

صَلِفَ ۔ صَلَفًا و تَصَلَّف: ڈینگ مارنا، بڑ ہانکنا، شیخی بگھارنا، زبان درازی کرنا، اینٹھ کر چلنا، رعب جمانا۔ صَلَف: شیخی، لاف زنی، زبان درازی، ڈینگ، بڑ، گمان، تکبر، خود پسندی، غرور، اکڑ، اکڑفوں، ہیکڑی، نری لفاظی، محض عبارت آرائی، خود بینی۔ صَلِف جمع صُلَفاء: شیخی باز، لاف زن، ڈینگ مارنے والا، شان وشوکت دکھانے کا شوقین، زبان دراز، اینٹھ کر چلنے والا، شیخی خورہ۔ تصلف بمعنی صَلَف۔ متصلف بمعنی صَلِف۔

صلق: ا۔ صَلَقَ ۔ صَلْقًا الرجُلُ: مصیبت میں چلانا۔ صَلَقًا نابُہٗ: دانت پیسنا۔ أَصْلَقَ الرجُلُ: مصیبت میں چلانا۔ نابٌ: دانت کا آواز دینا۔ تصلّق المریضُ: درد سے لوٹ پوٹ ہونا۔ ت المرأۃ: عورت کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ اصْطَلَقَ البعیرُ بنابہ: اونٹ کا دانت پیسنا۔ الصَّلْق: (مص) زور کی آواز۔ المِصْلق و المِصْلاق من الخطباء جمع مَصَالِق و مَصَالِیق: پرجوش مقرر، خوش بیان مقرر۔

۲۔ صَلَقَ ۔ صَلْقًا ہٗ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ ته الشمسُ: سورج کا کسی کو گرمی سے تکلیف پہنچانا۔

۳۔ الصُّلافة: ایک جگہ پر زیادہ مدت ٹھہرا ہوا پانی۔ الصَّلَق جمع أَصْلاق جمع الجمع اَصالیق: ہموار زمین۔ الصَّلِیق: چکنا۔ الصَّلِیقة جمع صَلائِق: چپاتی، پتلی روٹی، گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ المَصَالِیق: بڑے بڑے پتھر، ہلکے پھلکے اونٹ۔

۴۔ صَلْقَعَ: محتاج ومفلس ہونا۔ رأسَهٗ: کا سر مونڈنا۔ الصَّلْقَع: خالی کہتے ہیں: مکانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ و صَلنقَعٌ بَلَنقَعٌ: یعنی خالی جگہ۔

۵۔ صَلْقَعَ صوتَه: سخت آواز نکالنا۔ الصَّلَفْقَع: سخت تیز۔

صلم: ا۔ صَلَمَ ۔ صَلْمًا و صَلَّمَ الشیءَ: چیز کو جڑ سے کاٹنا۔ ہٗ: (کے) کان اور ناک جڑ سے کاٹنا۔ اصْطَلَمَہٗ: کو جڑ سے اکھیڑنا کہتے ہیں۔ اصْطَلَمَهُمُ الدهرُ: زمانہ نے انہیں جڑ سے اکھاڑ دیا یعنی ان کا خاتمہ کر دیا۔ رجلٌ أَصْلَمُ م صَلْماء جمع صُلْم الأذنین: وہ شخص جس کے کان ایسے کٹے ہوں کہ گویا پیدائشی ایسے ہیں۔ الصَّیْلَم: تلوار، مصیبت، سخت کام۔ وقعة صَیْلَمةٌ: جڑ سے اکھیڑ دینے والی جنگ۔ المُصَلَّم الأذنین: جس کے کان پیدائشی طور پر کٹے ہوں۔

۲۔ الصَّلَم و الصَّلَمة: (جیسے خَدَم و کَفَر) واحد صَالِم: مضبوط اور بہادر لوگ۔ الصُّلامَة والصَّلامَة والصِّلامَة: جمع صُلامات و صَلامات و صِلامات: لوگوں کی ایک جماعت، عمر، سخاوت اور بہادری میں برابر لوگ۔ الصَّیْلَم: ایک وقت کا کھانا۔

۳۔ صَلْمَعَ: محتاج ومفلس ہونا۔ الرَّأْسَ: سر مونڈنا۔ الشیءَ: چیز کو جڑ سے اکھیڑنا، کو چکنا کرنا۔ صَلْمَعَةٌ هو صَلْمَعَةُ بنُ قَلْمَعَةٌ: وہ اور اس کا باپ غیر مشہور ہیں۔

صلہ: ا۔ اصْلَهَبَّ الشیءُ: دراز ہونا، لمبا ہونا۔ الصَّلْهَب: بڑا گھر۔ والمُصْلَهِبّ: لمبا مرد۔

۲۔ الصَّلْهَج: بڑی چٹان (ح) مضبوط اونٹنی۔

۳۔ اصْلَهَمَّ: سخت ہونا۔ الصِّلْهام: جری، بہادر (ح) شیر۔

صلا: ا۔ صَلا ۔ صَلْوًا فلانًا: کو پیٹھ کے درمیان مارنا۔ صَلِیَ تَصْلَی صَلًا و أَصْلَی اصلاءً ات الناقةُ: جننے کے قریب ہونے کی وجہ سے اونٹنی کے دُبر و دُم کے درمیان کے حصہ کا ڈھیلا ہونا۔ الصَّلا: (مص) جمع صَلَوات و أَصْلاء: انسان اور ہر چوپائے کی پیٹھ کا درمیانی حصہ۔

۲۔ صَلَّی صَلاةً: دعا کرنا، نماز پڑھنا۔ ۔ اللّٰہ علیہ: اللہ کا کسی کو برکت دینا، کی تعریف کرنا، دعا کرنا کہ اسے خوش نصیبی عطا فرمائے۔ الصَّلاة جمع صَلَوات او الصلٰوۃ: (واؤ سے) نماز، دعا، تسبیح۔ من اللّٰہ: اللہ کی اپنے بندوں پر رحمت اور انکی تعریف۔ المُصَلّی: نماز ادا کرنے کی جگہ، جنازہ گاہ۔

۳۔ صَلَّی تَصْلِیَةً الفرسُ: گھوڑ دوڑ میں گھوڑے کا دوسرے نمبر پر آنا۔ صفت مُصَلٍّ

صَلی: ا۔ صَلَی ۔ صَلْیًا اللحمَ: گوشت بھوننا۔ مَصْلِیّ: بھنا ہوا گوشت۔ فلانًا النار وفیها و علیها: کو آگ میں ڈالنا۔ صَلِیَ ۔ صَلًی و صِلًی و صُلِیًّا و صِلِیًّا النارَ وبها: آگ کی گرمی برداشت کرنا، یا آگ میں جلنا۔ ۔ الأمرَ وبالأمرِ: معاملہ کی شدت برداشت کرنا۔ صَلَّی العصا علی النار او بالنار: لاٹھی کو آگ میں تپا کر نرم کرنا اور سیدھا کرنا۔ شاعر کے اس قول میں: "فما صلّی عَصَاكَ کمستدیم: یعنی اس نے تمہاری حالت اس طرح ٹھیک نہیں کی جس طرح آپ کسی کام کو تندہی سے سرانجام دیتے ہیں۔ یَدَہٗ: ہاتھ تاپنا۔ أَصْلَی یَدَہٗ: ہاتھ تاپنا۔ ہٗ النارَ: کو آگ میں ڈالنا۔ تَصَلَّی تَصَلِّیًا النارَ وبالنار: آگ کی گرمی برداشت کرنا، آگ تاپنا۔ عصاہ علی النار: لاٹھی کو آگ پر تپانا۔ اِصْطَلَی اصْطِلاءً بالنار: آگ تاپنا کہتے ہیں۔ فلان لا یَصْطَلی بنارہ [illegible] مقابلہ نہیں ہوسکتا۔ الصِّلاء والصَّلَی: آگ یا بڑے پیمانہ کی آگ، ایندھن۔

۲۔ صَلَی ۔ صَلْیًا الرجُلَ: خوشامد ودرآمد سے کسی کو کسی برائی کرنے پر مجبور کرنا، دھوکہ دینا۔ ۔ للصید: شکار کے لئے جال بچھانا۔ ۔ لَهُ الشرَكَ: کے لئے جال بچھانا (عام زبان میں) ت الحیَّةُ: سانپ کا اپنی گردن اٹھا کر کسی گزرنے والے کی گھات میں رہنا تاکہ اس پر جھپٹا مار سکے (عام زبان میں) صَلِیَ البِسّینُ للفأرة: بلی کا چوہے کی گھات میں بیٹھنا (سریانی عام زبان میں) المِصْلاة و المِصْلَی جمع مَصَالٍ: شکار کرنے کا جال، پھندا کہتے ہیں: ان للشیطان فخاخًا و مَصَالِیَ: شیطان کے بہت سے جال اور پھندے ہیں۔

۳۔ الصَّلایَة والصَّلاءَة جمع صُلِیٌّ وصِلِیٌّ: پیشانی، خوشبو کوٹنے کا بٹا، سِل (جس پر چیزیں کوٹی جاتی ہیں)۔

صَلّی: نماز ادا کرنا، دعا کرنا، عبادت کرنا۔ صَلّی بالناس: لوگوں کو نماز پڑھانا، نماز میں امامت کرنا۔ صَلَّی علی: کے حق میں دعائے خیر کرنا، (اللہ تعالیٰ کا) کسی کو خوش رکھنا۔ صلٰوۃ و صلاۃ: نماز، سفارش، شفاعت، سفارش کی نماز، برکت، دعائے خیر، اشیرباد، خدا کی رحمت، خدا کا لطف وکرم۔ صلاةُ التراویح: ماہ رمضان کے دوران راتوں کو ادا کی جانے والی نماز۔ صلاة الستار: گرجے میں شام کی نماز۔ مُصَلٍّ: نمازی، عبادت کرنے والا۔ صَلون: سیلون، بیٹھک، دیوان خانہ، کمرۂ استقبال۔ صَلَی ۔ صَلْیًا ہ: کو بھوننا۔ صَلِیَ ۔ صَلًا و صُلِیًّا و صِلاءً ہ / ب: میں جلنا، کے شعلہ یا کی لپیٹ میں ڈالا جانا۔ صَلَّی ہ ب: کو سے یا پر گرم کرنا، تپانا۔ اَصلی ہ ہ: مندرجہ بالا معنی۔ اَصْلَی ہ ہ: (خصوصًا النار) کو کسی چیز یا خصوصًا آگ میں جلانا۔ اصلاہ نارا من الغیرۃ: کو حسد، بدگمانی، غیرت یا محبت کے سخت تپشوں سے گزارنا۔ اصلاہ نارا: کو آگ لگانا، پر فائر کرنا (عسکری اصطلاح میں) تَصَلّی ب: اپنے آپ کو کسی چیز پر یا کے ذریعہ یا (بالنار) آگ پر گرم کرنا، یا آگ تاپنا۔ اصْطلیَ: بمعنی تَصَلّی۔ لا یُصْطَلَی بنارِہ: وہ ناقابل تسخیر ہے، اسے شکست نہیں دی جا سکتی۔ مُصْطَلًّی: چولہا، انگیٹھی۔

صمّ: ا۔ صَمَّ ۔ صَمًّا القارورةَ: شیشی کو بند کرنا۔ الجُرحَ: زخم پر لیپ لگا کر باندھنا، زخم کی مرہم پٹی کرنا۔ صَمَمًا و صَمًّا: کا کان بند ہونا، اونچا

سننا، بہرا ہونا یا بالکل نہ سننا۔ صفت اَصَمّ م صَمَّاء جمع صُمّ و صُمَّان کہتے ہیں۔ صَمَّتِ الأُذُنُ: کان بند ہو گیا۔ صُمَّ صداہ: (یعنی اس کی آواز بند ہو گئی) مراد وہ ہلاک ہو گیا، مر گیا۔ صَمَّمَہٗ: کو بہرا کرنا۔ أَصَمَّ: کا کان بند ہونا۔ ـــ ہٗ: کو بہرا کرنا یا بہرا پانا۔ ـــ القارورۃَ: شیشی بند کرنا۔ ـــ دعاؤہٗ: ایسے لوگ پانا جو بہرے ہوں، جو نہ تو اسکی سرزنش سنتے ہوں نہ جواب ہی دیتے ہوں۔ ـــ اللّٰہُ صدی فلان: اللہ اسے ہلاک کرے۔ تَصَامَّ عن الحدیث: بہرا بننا۔ الصِمّ: سخت مصیبت۔ الصِمَّۃ جمع صِمَم: صم کا اسم نوع۔ شیشی وغیرہ کا ڈاٹ۔ الصَمَم (مص) بہرا پن۔ صَمَامِ کقطامِ: سخت مصیبت کا اسم علم ہے کہتے ہیں۔ صَمِّی صَمَامِ: یعنی اے مصیبت اور زیادہ ہو جا نیز کہتے ہیں۔ صَمَامِ صَمَامِ: یعنی خاموش رہ کر بہرے بن جاؤ۔ الصِمَام جمع أَصِمَّۃ والصِمَامَۃ: شیشی کا ڈاٹ۔ الأَصَمّ: ٹھوس، مضبوط کہتے ہیں۔ حجرٌ أَصَمّ و صخرۃٌ صَمَّاء: ٹھوس، پتھر، چٹان۔ رمحٌ أصَمّ: مضبوط نیزہ۔ رجلٌ اصَمّ: وہ مرد جو اپنی خواہش کا بندہ ہو اور اس سے کسی بہتری کی امید نہ ہو۔ دھرٌ اَصَمّ: بہرا زمانہ جو کوئی شکایت نہ سنتا ہو۔ الشهر الأصم: ماہ رجب (جس میں جنگ کی حرکت اور اسلحہ کی جھنکار سنائی نہیں دیتی تھی اور نہ ہی کسی مدد کے لئے پکارنے والی کی کوئی آواز) (مُوَلَّدِین: (زمانہ حال کے مصنفین) کے نزدیک) دسمبر کا مہینہ کیونکہ بارشوں کی کثرت اور سردی کی وجہ سے اس میں لوگ پرسکون رہتے ہیں۔ الصَمَّاء جمع صُمّ: الاَصَمّ کا مونث، سخت زمین، بڑی مصیبت۔ الصَمَّان والصُمَّانَۃ: ہر سخت پتھریلی زمین۔

۲۔ صَمَّ ۔صَمًّا عزیمتَہٗ: پکا ارادہ کرنا۔ صَمَّمَ علی الامرِ وفیہ: اپنی رائے پر چلنا اور منع کرنے والے کی بات پر کان نہ دھرتا گویا بہرا ہو۔ ـــ السیفُ: تلوار کا ہڈی سے پار ہو جانا اور اسے کاٹ ڈالنا۔ الصِمّ (ح) شیر۔ الصِمَّۃ جمع صِمَم: بہادر (ح) شیر۔ رجُلٌ صَمَمٌ: پکے ارادہ والا مرد۔ المُصَمِّم (فا): ثابت قدم، کام میں نہ رکنے والا۔ السیف المُصَمِّم: قاطع تلوار۔ التصمیم جمع تَصَامِیم: پلان، ڈیزائن، سکیچ، پلاننگ، منصوبہ بندی، ڈیزائننگ، ڈیزائن، کسی منصوبہ کا پختہ تعاقب۔

۳۔ صَمَّ ۔صَمًّا الرجُلَ بحجر: کو پتھر مارنا۔

۴۔ صَمَّمَ الشیءَ: کسی چیز کو دانتوں سے کاٹنا۔ الصِمَّۃ (ح): زہر سانپ۔

۵۔ صَمَّمَہٗ الحدیثَ: کو کلام یاد کرانا۔

۶۔ الصِمَّۃ جمع صِمَم (ح) مادہ۔ سیہی۔ الصمیم: عضو کو قائم رکھنے والی ہڈی۔ ـــ من کل شَیءٍ: ہر چیز کا خالص حصہ (واحد اور جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے) آپ کہتے ہیں: رجُلٌ صمیم و رجال صَمِیم م صَمِیمَۃ: کہتے ہیں۔ ھو من صمیمِ القوم: یعنی وہ قوم کا اصل اور خالص ہے۔ ـــ من البرد او الحرّ: سخت سردی یا گرمی کہتے ہیں۔ ذھب فی صمیم الحرّ: وہ سخت گرمی میں چلا گیا۔

۷۔ صَمْصَمَ صَمْصَمَۃً فی الامر او السیر: ثابت قدمی سے کام جاری رکھنا، یا چلتے رہنا۔ الصَمْصَام والصَمْصَامَۃُ: نہ مڑنے والی تلوار۔ الصِمْصِم والصُمَاصِم والصُمَاصِمۃ من الخیل: چلنے میں ثابت قدم گھوڑا۔

۸۔ صَمْصَمَت القَنفذۃُ: سیہی کا آواز نکالنا۔

۹۔ صَمْصَمَ (فی اصطلاح العامۃ): کنجوس ہونا، پس انداز کرنا کہتے ہیں۔ رجُلٌ یُصَمْصِمُ مالہ و رجُلٌ صِمْصِیم: کنجوس جو مال بچا کر رکھے۔

۱۰۔ الصِمْصِم: چھوٹا، موٹا۔ الصَمْصَمَۃ والصِمْصِمۃ جمع صِمْصِم و صَمَاصِم: قوم کا وسط لوگوں کی جماعت

○ صَمَّ ۔صَمًّا و صَمَمًا: بہرا ہونا یا ہو جانا۔ صَمَّ ۔صَمًّا ہ: کسی چیز، بوتل وغیرہ کو بند کرنا، ڈاٹ لگانا۔ صَمَّمَہٗ: کو بہرا کر دینا۔ ـــ علی: کا پختہ ارادہ کرنا، کا فیصلہ کرنا، پر جما رہنا، ڈٹا رہنا، قائم رہنا۔ ـــ ہ: (کسی چیز) کا خاکہ یا نقشہ یا ڈیزائن تیار کرنا کا منصوبہ بنانا، پروگرام بنانا، کی منصوبہ سازی کرنا۔ ـــ ہ ل بـ کے لئے کسی چیز کا خاکہ بنانا، تیار کرنا، یا نقشہ بنانا یا تیار کرنا، ڈیزائن بنانا یا تیار کرنا۔ أَصَمَّ بہرا ہونا یا ہو جانا۔ ہٗ: کو بہرا کر دینا۔ ہ/عن: کو سے بہرا بنا دینا۔ تَصَامَّ عن: کو نہ سننا، پر کان نہ دھرنا۔ صِمَّۃ: پلگ (plug)، کارک (Cork) سٹاپر (Stoppr) صَمَم: بہرا پن۔ کان فی صمم عن: کے متعلق پنبہ بگوش ہونا۔ صِمَام جمع صِمَامات بمعنی صِمَّۃ (نیز) والو۔ (ریڈیو) ٹیوب۔ صِمامُ الأَمَان (الأَمن): سیفٹی والو۔ صِمامُ التقویم ریکٹی فائر ٹیوب۔ رفع الصِمَام عن: کو اپنی رائے پر چلنے دینا، کو بے لگام کرنا (جیسے احساس کو)۔ صمیم: بالکل اندرونی گہرا، عمیق، دلی قلبی، دل، گودا، مغز، جوہر، اصل، روح، ست، لب لباب، سب سے اہم بات، سچا، اصلی، حقیقی، مخلص۔ من صمیم القلب دل کی گہرائی سے، پورے اخلاص سے، انتہائی خلوص کے ساتھ۔ فی صمیم: کے درمیان میں، میں، کے دوران۔ ضَرَبہ فی الصمیم: کو از حد متاثر کرنا، کے دل پر گہرا اثر کرنا۔ صَمِیمی: دلی، قلبی، پر تپاک، پر جوش، گرمجوشانہ۔ اصم اصلخ: بالکل بہرا۔ جَذر اصم: جذر اصم، (ریاضی) آلۃ صماء: رضا کارانہ آلہ کار۔ تصمیم علی: کا پختہ عزم، ارادہ، فیصلہ، باعزم عمل، کسی منصوبہ کی پختہ جستجو، منصوبہ بندی، منصوبہ بنانا، ڈیزائن، ڈیزائننگ (جمع تصمیمات و تصامیم) پلان، ڈیزائن، سکیچ۔ من تصمیم فلان: فلاں کا ڈیزائن کردہ۔ مُصَمِّم علی: کچھ کرنے کا مصمم ارادہ کرنے والا۔ مُصَمِّم الازیاء: فیشن کا خالق، ڈیزائنر (ملبوسات کا)

صما: صَمَأَ ۔صَمْأً: طلوع کرنا۔ ـــ فلانًا علی الأمر: کو پراکسانا، برانگیختہ کرنا۔

صمت ۱۔ صَمَتَ ۔صَمْتًا وصُمُوتًا و صُمَاتًا: خاموش رہنا۔ صَمَّتَ: خاموش رہنا۔ ـــ ہٗ: کو خاموش کرنا۔ ـــ ت المرأۃُ ولدھا: عورت کا اپنے بچے کو کچھ کھلا کر بہلانا۔ أَصْمَتَ: خاموش رہنا۔ ہٗ: کو خاموش کرنا۔ ـــ العلیلُ: بیمار کی زبان کا بند ہونا۔ الصُمَات: (مص) خاموشی۔ کہتے ہیں: رماہ بِصُمَاتِہ و سُکاتِہ: اس نے اس کو چپ کرا دیا۔ الصِمْتَۃ والصُمْتَۃ: وہ کھانا وغیرہ جس سے بچہ چپ کرایا جائے اور بہلایا جائے۔ الصامِت من المال: سونا چاندی۔ (النمال الناطق: حیوان) کہتے ہیں۔ مالہ ناطِق ولا صامِت یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ الصِمِّیت والصُمُوت: کم گو، بہت چپ رہنے والا۔ ضَرْبۃٌ صَمُوت اندرونی ضرب، مار۔ جاریۃٌ صَمُوتُ الخلخال: موٹی ٹانگوں والی لڑکی جس کی پازیب کی آواز سنائی نہ دے۔ المُصْمِت (فا) کہتے ہیں: انہ یشکو الی غیر مُصْمِت: وہ اس سے شکایت کرتا ہے جو اس کی شکایت کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔

۲۔ الصُمات: پیاس کی سرعت، قصد، ارادہ کہتے ہیں: ھو علی صُمَاتِ الأَمر او بصُمَاتِہ: وہ کام کرنے کو تیار ہے۔ بات من القوم علی صُمَات: وہ لوگوں سے قریب ہوا۔ الصَمُوت: بھاری زرہ، شہد سے بھرا ہوا چھتہ۔ الصامِت (فا): گاڑھا دودھ۔ المُصْمَت: (مفع) ٹھوس۔ بابٌ مُصْمَتٌ: بند دروازہ جس کے بند ہونے کی جگہ کا پتہ نہ ہو۔ حائطٌ

مُصْمَتٌ: وہ دیوار جس میں کوئی دراڑ نہ ہو۔ فرسٌ مُصْمَتٌ: یک رنگا گھوڑا۔ اناءٌ مُصْمَتٌ: وہ برتن جس پر چاندی کی قلعی نہ ہو۔ أَلْفٌ مُصْمَت و مُصَمَّت: پورا ایک ہزار۔

○ صَمَتَ ـُ صَمْتًا و صمُوتًا: خاموش ہونا، کم گویا کم سخن ہونا، اپنی زبان پر قابو رکھنا، خاموش ہونا یا ہو جانا، معاملہ کا دب جانا۔ صَمَّتَ ہٗ و أَصْمَتَ ہٗ: کو خاموش کرنا۔ صَمْت: خاموشی۔ فی صمت: خاموشی سے، چپ چاپ۔ صَمُوت: خاموشی صامت کی جمع خاموش رہنے والے۔ صُمُوت: خاموش، کم گو، کم سخن۔ صَامِت جمع صُمُوت: خاموش۔ سینما صامتة: خاموش فلم (Silent film) مُصْمَت: یکساں (رنگ) سادہ، بے درو دریچہ (دیوار) بناوٹ میں یکساں، ایک ہی چیز سے بنا ہوا، بڑا ٹھوس، جو کھوکھلا نہ ہو، کسا ہوا۔

صمح: ۱۔ صَمَحَ ـِ صَمْحاً ہٗ الحرُّ: گرمی کا کے دماغ کو پگھلا دینا۔ الصُماح: پگھلی ہوئی چربی جو پاؤں کی پھٹن پر رکھی جائے۔ داغ دینا۔ یومٌ صَامِحٌ و صَموحٌ: سخت گرمی کا دن۔

۲۔ صَمَحَ ـِ صَمْحًا ہٗ بالسوط: کو کوڑے سے مارنا۔ الأَصْمَح: شجاعت کی وجہ سے بہادروں کے سروں پر ضرب لگانے والا۔ حافِر صَموُحٌ: سم، کھر جو سخت آواز دے۔

۳۔ صَمَحَ ـِ صَمْحًا فلانًا: سے سختی سے سوال کرنا۔ الصِمْحَا والصِمْحَاءَۃ: سخت زمین۔

۴۔ الصُمَاح: بدبودار پسینہ۔

صمخ: ۱۔ صَمَخَ ـُ صَمْخًا ہٗ: کے کان کے سوراخ پر مارنا۔ انفَہٗ: کا ناک توڑنا۔ الصِمْخ ضرب جس سے چہرے پر نشان پڑ جائے۔ الصِمَاخ جمع صُمُخ و أَصْمِخَۃ والأَصْمُوخ: کان کا سوراخ کہتے ہیں: ضرب اللّٰہ علی صِماخِہ اللہ اس کو سلائے۔ كُلُّ أُذن وَلُودٌ و كلُّ صِماخ بيُوضٌ: یعنی ہر لمبے کان والا انسان کی طرح جنتا ہے اور ہر چھوٹے کان والا پرندوں کی طرح انڈے دیتا ہے۔

۲۔ الصِمْخ: ایک منجمد چیز جو بکری کے تھنوں میں بچہ دینے کے بعد ہوتی ہے اور اس کے نکلنے کے بعد دودھ صاف ہو جاتا ہے۔ عام لوگ اسے شمندور کے نام سے جانتے ہیں۔ الصُمَاخ جمع صُمُخ: کم پانی والا کنواں۔

۳۔ إِصْمَخَدَّ: غصہ سے پھولنا۔

صمد: ۱۔ صَمَدَ ـُ صَمْداً و صَمَّدَ فلانًا وله واليه: کا قصد کرنا کہتے ہیں۔ صَمَدَ صَمْدَ هذا الامرَ: اس نے اس کام پر اعتماد کیا۔ تَصَمَّدَله بالعصاء: کو لاٹھی سے مارنا۔ الصَمَد: سردار جس کی طرف مہمات میں رجوع کیا جائے، اور اس کے بغیر کام پورے نہ ہوں، ہمیشہ رہنے والا، اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام۔ الصَمْدَۃ: صَمَدَ کا اسم مرۃ۔ الصامد: چلی جانے والی چیز کا باقی حصہ (عام زبان میں) المُصَمَّد والمَصْمُود: جس کا قصد کیا جائے۔

۲۔ صَمَدَ ـِ صَمْدًا ہٗ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ ت الشمسُ وجهَهٗ: آفتاب کا چہرہ کو جھلس دینا۔ صَمَّدَہٗ بالعصاء: کو لاٹھی سے مارنا۔ صَامَدَ صِمَاداً و مُصَامَدَۃً ہٗ: سے لڑنا تلوار بازی کرنا۔

۳۔ صَمَدَ ـَ صَمْداً القارورۃَ: شیشی پر ڈاٹ لگانا۔ صَمَّد الرجلُ رأسَهٗ: سر پر رومال باندھنا۔ الصِمَاد: شیشی کا ڈاٹ۔ والصِمادۃ: پگڑی کے علاوہ سر پر لپیٹنے کا کپڑا یا رومال۔ الصَمْدة (فی اصطلاح المسیحین): وہ رومال جو پادری مقدس قربانی کے برتنوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

۴۔ صَمَدَ ـُ صَمْداً تِ الماشطۃُ العروسَ (فی اصطلاح العامۃ): خادمہ کا دلہن کو اونچی چوکی پر بٹھانا، اسی طرح صَمَدَ الكاهن الصورة والقربان: پادری کا تصویر اور قربانی کو اونچی جگہ رکھنا (سریانی) أَصْمَدَ اليه الأمرَ: معاملہ کے سپرد کرنا۔ الصَمْد (مص) جمع أَصْماد و صِمَاد: اونچی جگہ۔ الصَمَد: بلند۔ الصَمْدة والصُمْدة بلند مضبوط گڑی ہوئی چٹان۔

۵۔ صَمَّدَ الدراهمَ: تھوڑا تھوڑا کر کے درہم جمع کرنا اور محفوظ کر لینا (عام زبان میں) الصامد: چیزیں جمع کرنے والا (عام زبان میں)

۶۔ الصَمَدُ: ٹھوس، لڑائی میں بھوک پیاس برداشت کرنے والا۔

۷۔ صَمْدَحَ اليومُ: دن کا بہت گرم ہونا۔ الصَمَيْدَح: گرم دن۔

۸۔ الصُمادِح: بہت سخت چیز، ہر چیز کا خالص حصہ، واضح راستہ (ح) شیر۔ الصُمادِحی: ہر چیز کا خالص حصہ۔ والصَمَيْدَح بہت سخت۔

○ صَمَدَ ـُ صُمُدًا ہ / ہ / ل / الی: کے پاس کی طرف جانا۔ ہ / ل / الی کی طرف توجہ کرنا، کوتن دہی سے کرنا صُمُودًا فی وجهہ اول: کے مقابلہ میں آنا، کا مقابلہ [illegible] مخالفت کرنا، ڈاٹ لگانا وغیرہ۔ صَمَّدَ ہ / ہ: کے پاس جانا۔ ہ: کو بند کرنا، ڈاٹ لگانا (روپیہ) بچانا۔ صَامَدَہ: سے لڑنا، سے ہاتھا پائی کرنا۔ صَمَد: خدا تعالیٰ ابدی، ازلی اور ابدی، دائمی، امٹ، خدائے لم یزل۔ صَمَدَانی: ابدی، ازلی، لازوال، دائمی۔ صِمَادۃ: سر پر رکھنے کا رومال وغیرہ۔

○ صَمْصَمَ فی: پر جما رہنا، ڈٹا رہنا، قائم رہنا۔

صمر: ۱۔ صَمَرَ ـُ صَمْراً و صُمُورًا الماءُ: پست زمین سے ہموار زمین پر پانی کا آہستہ آہستہ بہنا۔ الصِمْر: آہستہ آہستہ چلنے والے پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔

۲۔ صَمَرَ ـُ صَمْراً و صُمُوراً: بخیل ہونا۔ صَمَّرَ و أَصْمَرَ الرجُلُ: بخیل ہونا۔ ـــ المتاعَ: سامان جمع کرنا۔ الصَامِر (فا) جمع صامِرون: بخیل۔

۳۔ صَمَرَ ـِ صَمْراً و صَمِر ـَ صَمَراً اللبنُ: دودھ کا ترش ہونا۔ أَصْمَرَ اللبنُ: دودھ کا بہت ترش ہونا۔ الصَمْرۃ والصامُورۃ: ترش دودھ، جس میں مٹھاس نہ ہو۔

۴۔ صَمَّرَ و أَصْمَرَ الرجُلُ: شام کے وقت آنا۔ الصُمَيْرُ: شام کا وقت۔

۵۔ الصَمْر: تازہ مشک کی خوشبو۔ ـــ و الصَمَر: بدبو۔ الصُمْرُ جمع أَصْمار: کسی چیز کا کنارہ کہتے ہیں۔ ملأ الكأسَ الى أَصْمارها او أَصبارها: یعنی اس نے پیالہ کو اس کے کناروں تک بھر دیا۔ الصَمِر: بدبودار کہتے ہیں۔ یدی من السمك صَمِرۃ: یعنی میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔ الصَمِير: پتلا خشک آدمی جس سے پسینہ کی بدبو آتی ہو۔

صمع: ۱۔ صَمَعَ ـَ صَمْعًا ہٗ بالعصا او السیف: کو لاٹھی یا تلوار سے مارنا۔

۲۔ صَمَعَ ـَ صَمْعًا الظبیُ: ہرنی کا زمین میں چلا جانا۔ صَمِعَ ـَ صَمَعًا: لاپرواہی سے گذر جانا۔ صَمَّعَ علی رأیه: اپنی رائے پر ڈٹا رہنا۔ انْصَمَعَ فی غضبه: اپنے غصہ پر قائم رہنا۔ الأَصْمَع جمع صُمْعان: تیز کاٹنے والی تلوار، قلب ذکی، اوپر چڑھنے والا۔ الأَصْمَعَان: ہشیار دل اور پکی رائے۔ الصَمِع: تیز فہم، بہادر، فولادی دل والا۔

○ صومعة جمع صوامع: راہب کا حجرہ، غلہ کا گودام، منار، منارہ۔

۳۔ صَمِعَ ـَ صَمَعًا فی الكلام: کلام میں غلطی کرنا۔ صَمِعَ ـَ صَمَعَات أُذُنُہٗ: کانوں کا چھوٹے ہونے

کے سبب سر سے چمٹا ہونا، چھوٹے اور سر سے چمٹے ہوئے کان کو صَمعاء اور ایسے کان والے کو۔ اصمع کہتے ہیں۔ الأَصمَع م صَمعاء جمع صُمع چھوٹے کان والا، لطیف پر، وہ پودا جس کا پھل ابھی غلاف سے نہ نکلا ہو۔

صمغ ا۔ صَمَّغ الشیء: میں گوند ڈالنا، کو گوند لگانا (عام زبان میں) اُصمِغَت الشجرۃ درخت سے گوند نکلنا۔ الشدق باچھ کا زیادہ تھوک اور جھاگ والی ہونا۔ استَصمَغَ الشجرۃ: درخت سے گوند نکالنا۔ الصُمغ و الصَمَغ: (واحد صَمغَة) و (صَمَغَة) جمع صُموغ: گوند۔ الصَمغُ العربی صمغ عربی، ببول یا کیکر کی گوند، عام لوگ اسے صِمغ کہتے ہیں۔ الصِمغان و الصِمغتان و الصامِغان و الصِماغان۔ باچھیں۔ الصمع و الصِمغة ولادت کے بعد تھن کے اندر پائی جانے والی ایک منجمد چیز۔ الصَمغان: وہ شخص جس کے کان، ناک، منہ آنکھ سے گوند کے مانند ریزش نکلے۔

۲۔ استصمغ فلانٌ: کونا سور نکلنا، کو زخم ہونا۔ الصُمغة: ناسور۔

○ صَمَّغَ ہ: کو گوند لگانا۔ ہ: کولئی سے چپکانا، یا جوڑنا۔ اُصمَغ: (درخت کا) گوند نکالنا۔ صمغ جمع صُموغ گوند، گندا بروزہ، بروزہ۔ صمغ اللك. چپڑا لاکھ، چپڑا۔ صمغ مَرن ربڑ۔ شجر الصمغ ربڑ کا درخت۔ صَمغِی: چیپ دار، گوند جیسا چپچپا۔

صمق ۔ ۱۔ اُصمَق الباب دروازہ بند کرنا۔ اللبنُ او الماءُ دودھ یا پانی کا مزہ بدل جانا، خراب ہونا۔ ـــ الرجل مرد کا خبیث ہونا۔ الصَمقة: خراب دودھ

۲۔ صَمقَرَ اللبنُ: دودھ کی کھٹاس کا تیز ہونا۔ ـت الشمسُ سورج کا بہت گرم ہونا۔ صمك: اِصمأكَّ الرجلُ غضب ناک ہونا۔ ـــ اللبنُ دودھ کا جم کر پنیر جیسا ہو جانا ـــ ت الأرض: زمین کا بارش سے تر ہونا۔ الجرحُ زخم کا پھولنا۔ الصَمكُوك و الصَمكِيك: جاہل، برائی کی طرف جلدی کرنے والا، قوی، مضبوط، سخت دل ظالم، لیس دار چیز۔

صمل: ا۔ صَمَلَ ۔ صُملاً و صُمولاً الشیءُ. سخت ہونا، خشک ہونا۔ أَصمَلَ ہُ الصیامُ: روزوں کا کسی کو لاغر کر دینا۔ اِصمَألَّ سخت ہونا۔ ـــ النباتُ. نباتات کا گھنا ہونا۔ الصُمُلّ مضبوط جسم کا۔ الصامِل و الصَمِیل: خشک، سوکھا ہوا۔

۲۔ صمل ۔ صَملاً و صُمولاً الرجل عن الطعام. کھانے سے رک جانا۔

۳۔ صَمَلَ ۔ صَملاً و صُمولاً ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔

۴۔ المُصمئِلّ: غصہ سے پھولا ہوا۔ المُصمَئِلَّة: مصیبت۔

○ صَمَلَ ۔ صُملاً: سخت ہونا، باقی اور جاری رہنا، جمے رہنا، ڈٹے رہنا، قائم رہنا۔ صَمل. سختی، لچک نہ ہونا۔ صَمُولة جمع صَوامِل و صامُولة جمع صوامیل. ڈھبری، ریٹ۔

صمی: ا۔ صَمَی ۔ صَمیاناً الرجلُ: پلٹنا۔

۲۔ صَمَی ۔ صَمَیاناً الرجلُ: کودنا، جلدی کرنا ـــ صُمیًا الصیدُ: شکار کا نظروں کے سامنے مر جانا کہتے ہیں ما اَصمَاكَ علیه: تمہیں کس چیز نے اس پر اکسایا۔ أَصمَی اصمَاءً الرجُلُ: جلدی کرنا۔ ـــ الصیدَ: شکار کو تیر مار کر قتل کر دینا اور اس کا وہیں ٹھنڈا ہو جانا ـــ الفرسُ علی لجامه: گھوڑے کا لگام کو چبانا اور چلنا۔ انصَمَی انصِماءً علیه: پر گرنا۔ ـ الطائرُ: پرندہ کا ٹوٹ پڑنا۔ الصَمَیَان: (مص) جمع صِمیان: سچا اور جچا ہوا حملہ کرنے والا بہادر شخص۔ رجُلٌ صَمیانٌ: لوگوں پر جھپٹنے والا اور ایذا دینے والا آدمی۔

۳۔ صَمَی ۔ صَمیاً الامرُ فلاناً: کسی پر آ پڑنا۔ أَصمَی اصماءً منیّتُهُ: موت سے دوچار ہونا۔

○ صِملاخ جمع صَمالِخ: کان کا میل۔ أصماہُ: کو کاری ضرب لگانا۔ ـ ہ/ ہ: کو مہلک ضرب لگانا۔ رَمَی فأَصمَی: کو تیر، گولی وغیرہ مار کر موقع پر ہلاک کر دینا۔

صنّ: ا۔ أَصَنَّ: گندہ بغل ہونا ـــ الماءُ: پانی کا خراب ہونا۔ اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ الصِنّ: پشم پر لگا ہوا پیشاب جو بہت سڑتا ہے۔ الصُنَّة: پیشاب کی بدبو (عام زبان میں) الصِنَّة: گندہ بغلی، بدبو۔ الصُنان جمع أصِنَّة: گندہ بغلی، بدبو۔

۲۔ أَصَنَّ: تکبر سے ناک چڑھانا ـــ الرجُلُ: غصہ سے بھر جانا۔ علی الامر: پر اصرار کرنا۔

۳۔ أَصَنَّ الرجُلُ: خاموش ہونا۔

۴۔ الصَنّ جمع صِنان: روٹیاں رکھنے کی ڈھکنے دار ٹوکری۔ الصِنّ: سردی کے آخری سات دنوں کی ابتداء۔ الصَنان. بہادر۔ الأَصَنّ: بے پروا بننے والا۔

○ صَنّ ٹوکری۔ صِنَّة. بغل سے خارج ہونے والی بو۔

صنب: ا۔ الصِنَاب (ط): (یونانی لفظ) ایک قسم کا سالن جو رائی اور تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ ـــ و الصِنابة لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔ الصِنابیّ: سفیدی مائل بھورے رنگ والا۔

۲۔ صَنبَرَ صَنبَرَةً ت النخلةُ درخت خرما کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔ الصَنبَر. پتلی کمزور چیز۔ الصُنبُر جمع صَنابِر: کمزور، ذلیل لاوارث آدمی۔ و الصُنبورة جمع صنابیر: باریک تنے اور کم پھل والا کھجور کا درخت وہ کھجور کا درخت جو کسی دوسرے کھجور کے درخت کی جڑ سے بغیر بوئے پھوٹ نکلا ہو۔

۳۔ الصِنبرُّ جمع صَنابِر سرد ہوا، گرم ہوا، سردی کے آخری سات دنوں میں دوسرا دن کہتے ہیں۔ لیلةٌ صِنَبرٌ و صِنبِرٌ: سخت سردی یا گرمی والی رات۔ صنابر الشتاء: جاڑے کی شدت۔ الصُنبُور جمع صَنابیر کمینہ، چھوٹا بچہ، مصیبت، سرد ہوا، گرم ہوا (ضد) حوض میں پانی نکلنے کی نالی۔ الصَنَوبَر: چیڑ کا درخت۔ الصَنَوبَری: صنوبر کے پھل کے مشابہ گول لمبا یا مخروطی۔ الصَنَوبَریات: (ن) نباتاتی نوع جن میں صنوبر (چیڑ) سرو وغیرہ کے درخت شامل ہیں۔

۴۔ صَنبَعَ البخیلُ: سوال کے وقت بخیل کا منقبض ہونا۔

صنت: أصنَتَ الشیءَ: کو محکم کرنا، مضبوط کرنا۔ الصَنّوت جمع صَنانِیت: شیشی کا ڈھکنا۔

صنج: ا۔ صَنَجَ ۔ صُنوجاً ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ صَنَّجَ تَصنیجاً به: کو پچھاڑنا۔ عوام کہتے ہیں: صَنَّجَت رقبتُهُ: کی گردن کے پٹھے اکڑ گئے۔ صحیح شَنَّجَت ہے۔ الصَنج جمع صُنوج: (مو) جھانجھ، مجیرا، چنگ۔ الصَنّاج و الصَنّاجَة: جانجھ بجانے والا۔ صَنّاجَةُ الجیشِ: فوجی طبل۔

۲۔ صَنَجَ ۔ صُنوجاً الناسَ: لوگوں میں سے ہر ایک کو اسکی اصل کی طرف موڑنا۔ صَنج کہتے ہیں: ما ادری ایَّ صنجٍ هو: میں نہیں جانتا وہ کس قسم کا آدمی ہے۔

۳۔ لیلة قمراء صَنّاجَةٌ: روشن، چاندنی رات۔

○ صِنجَة و سِنجة: سنگین۔

صند: ا۔ الصِندِد جمع صنادید: سردار، بہادر ـــ من الریح او البرد: تند ہوا یا سخت سردی کہتے ہیں: یوم حامی الصِندید او الصَنادیر: سخت گرم دن۔ من الغیث: موٹی موٹی بوندوں کی بارش۔ الصادید: لشکر کی جماعت۔ مصیبتیں۔

○ صِندید جمع صنادید: رہنما، مشہور، ممتاز، نمایاں،

بہادر، دلیر۔

۲-صَنْدَقَ البضاعةَ (ت): سامان صندوق میں رکھنا۔ الصُنْدُوق جمع صَنَادِیق: صندوق الصُنْدوقة: چھوٹا صندوق۔

۳-الصَنْدَلَ: (ن) ایک خوشبودار لکڑی کا درخت، صندل۔ والصُنَادِل: بڑے سروالا۔ الصَندلانی جمع صَنَادِلة. عطار۔

○ صُنْدُوق و صَنْدُوق جمع صَنَادیق: کریٹ، صندوق، پیٹی، لکڑی کا صندوق، ٹرنک بکس، بکسا، سوٹ کیس، ڈبہ، دکان میں روپیہ رکھنے کی غلک، تختہ کے نیچے کی غلک، الماری، کوفر، ادائیگیوں کا دفتر، خزانچی کا دفتر، خازن کا دفتر، کوئی عوامی ادارہ جہاں روپیہ جمع کرایا جائے یا کسی مقصد کے لئے ادا کیا جائے جیسے بیماری کا فنڈ، صحت کا بیمہ وغیرہ صندوق البرید: پوسٹ بکس۔ صندوق المكاتيب: میل بکس۔ صندوقُ النقْدِ الدُوَلِیّ: بین الاقوامی مالیاتی ادارہ یعنی International Monetaryy Fund جس کا مخفف IMF ہے۔ صندوق التوفیر: سیونگز بینک۔ ابو صندوق: کبڑا۔ امین الصندوق: خزانچی، خازن۔ دفتر الصندوق: کیش بک، روکڑ، بہی۔ صَنْدَل: صندل، چندن، سینڈل، چپل جمع صنادل: بجرا، نواڑا۔

صنر: الصِنَارو الصِنَار: (واحد صِنَارة صِنَّاره (ن): چنار کا درخت (فارسی لفظ) الصِنَّارة جمع صَنَانیر: تکلے کے سرے پر مڑا ہوا لوہا۔ صِنَّارَةُ الصیَّاد: مچھلی پکڑنے کا کانٹا، بنسی کہتے ہیں۔ رجُلٌ صِنَّارَةٌ و صَنَّارَة: بدخلق آدمی (اسکی جمع صنابر آتی ہے) الصِنَّور: بخیل، بدخلق۔

○ صِنَّارَة جمع صَنَانیر: ہک، آنکڑا، کانٹا، مچھلی پکڑنے کا آلہ۔ صُنْبُور جمع صَنَابیر: (پانی کی) ٹونٹی۔

صنع: اصَنَعَ-صَنْعًا و صُنْعًا الشیءَ: کو بنانا۔ به صَنِیعًا قبیحًا: کے ساتھ برائی کرنا۔ صَنَّعَ الشیءَ: اچھی کاریگری سے چیز کو آراستہ کرنا، خوبصورت بنانا۔ أَصْنَعَ الرجُلُ: سیکھنا، مہارت سے کوئی کام سرانجام دینا۔ تَصَنَّعَ: بناوٹی مزین ہونا، بناوٹ کرنا۔ ت المرأةُ: عورت کا پاؤڈر، کریمیں وغیرہ استعمال کرکے بناؤ سنگار کرنا۔ اصطنع شیًا: کسی چیز کے بنانے یا تیار کرنے کا حکم دینا۔ استَصْنَعَهُ الشیءَ: کو کے بنانے کے لئے کہنا۔ الصُنْع (مص) کام۔ رجُلٌ صُنْعُ الیدین جمع رجال صَنَعُون: اچھا

ہوا، درزی، کپڑا، پگڑی، حوض، قلعہ، گوشت بھوننے کی سیخ۔ رجَلٌ صِنع الیدین جمع رجال صِنعُون: ماہر کاریگر اور دستکار۔ الصَنْعَة: اسم مرة۔ الصَنَعَة: ہنر، کاریگری۔ الصَنَاع: پانی کو وقتی طور پر روکنے کے لئے نالی میں لگائی ہوئی لکڑی۔ رجُلٌ صَنَاع الیدین جمع صُنُع و صَنَعُ الیدین: کاریگری میں ماہر، اسی طرح کہتے ہیں۔ امرأةٌ صَنَاعُ الیدین و امرأتان صَنَاعان و نِسوةٌ صُنُع: (مذکر کی طرح) دستکاری میں ماہر ایک، دو یا زائد عورتیں، شاعر و بلیغ کے لئے کہتے ہیں۔ هو صَنَعُ اللسان ولهُ لسانٌ صَنَع۔ الصِناعة والصَناعة جمع صِناعَات و صَنَائِع: ہنر، پیشہ، محنت، کاریگری، کیفیت علم سے تعلق رکھنے والا علم جیسے منطق کہا جاتا ہے کہ صَنَاعَة: محسوسات کے لئے ہے اور صِناعة: معانی کے لئے۔ الصِناعِیّ: صنعتی، مصنوعی، اس کے مقابل طبیعی ہے۔ الصَناعة: پانی کو روکنے کے لئے نالی میں لگانے کی لکڑی۔ الصَنِیع جمع صُنُع: بنا ہوا۔ صیقل شدہ تلوار، تیر، عمدہ صاف کپڑا کہتے ہیں۔ رجُلٌ صنیعُ الیدین: دستکاری میں ماہر شخص۔ ج م صنیعة الیدین قومٌ صَنْعَی و صِنْعَی و صُنْعَی و صَنَعَی و أَصْنَاعُ الایدی: کام کے ماہرین۔ الصَانِع (فا) جمع صُنَّاع: ہاتھ سے کام کرنے والا۔ الصَانِعَة: الصانع کا مونث کہتے ہیں۔ امرأةٌ صانِعَةُ الیدیں: دستکاری میں ماہر عورت، عوام نوکرانی کو صانعة اور نوکر کو صانع کہتے ہیں۔ المَصْنَع جمع مَصَانِع: جس میں بارش کا پانی جمع ہو جیسے حوض، کارخانہ۔ المَصْنَعَة: گھروں سے دور ہٹ کر شہد کی مکھیوں کے لئے جگہ۔ و المَصْنُعَة جمع مصانع: وہ جگہ جہاں بارش کا پانی جمع کیا جاتا ہے جیسے حوض۔ المَصَانِع: دیہات، قلعے، محلات۔

۲-صَنَعَ-صَنْعًا و صُنْعًا الیه معروفًا: کے ساتھ بھلائی کرنا، احسان کرنا۔ أَصْنَعَ الرجُلُ: دوسرے کی مدد کرنا۔ اصْطَنَعَ عنده صنیعَةً: کے ساتھ نیکی کرنا۔ فلانٌ: خیراتی کھانا پکانا۔ الرزقَ: رزق پیش کرنا۔ الصُنع: احسان، رزق۔ الصَنِیع جمع صُنُع: احسان، کھانا۔ الصنیعة جمع صَنَائع: احسان۔ المَصْنَعَة: کھانے کی دعوت کہتے ہیں۔ کُنَّا فی مَصْنَعة فلان: ہم فلاں کے ہاں کھانے کی دعوت پر تھے۔

۳-صَنَعَ-صَنْعًا و صَنْعَةً الفرس: گھوڑے کو اچھا

لنفسه: کو اپنے لئے چن لینا۔ صَنْعَةُ الفرس: گھوڑے کو سدھارنے کا ہنر۔ الصَنِیع جمع صُنُع: سدھایا ہوا گھوڑا کہتے ہیں۔ سیفٌ صَنِیع: صیقل کی ہوئی تلوار۔ فلانٌ صنیعی: فلاں میرا تربیت یافتہ ہے۔ الصَنِیعَة: کہتے ہیں: هو صَنِیعتی: میں نے اس کی تربیت کی، ماہر بنایا اور نیک کاموں کے لئے وقف کر دیا۔

۴-صَانَعَ مُصَانَعَةً ہُ: کو دھوکا دینا فریب دینے کی کوشش کرنا، کو رشوت دینا۔ مثل ہے: من صانَعَ بالمال لم یحتشم من طلب الحاجة: رشوت دینے والا اپنا کام کروانے سے نہیں شرماتا۔ ہُ عن الشیء: کو کے متعلق دھوکا دینا۔ الرجَلَ: کو رفیق بنانا۔

۵-الصَنَع: (ح) ایک چھوٹا جانور۔

○ صَنَعَ-صَنْعًا و صُنْعًا و صَنِیعًا ہ: کچھ کرنا، بنانا، کو تربیت دینا، کو شاندار طریقے سے کرنا، کا خاکہ، نقشہ یا ڈیزائن بنانا۔ صَنَعَ الیه معروفا: پر مہربانی کرنا۔ صنع معه جمیلا: پر کرم فرمائی کرنا۔ صنع به صنیعا قبیحا: کے ساتھ برائی کرنا۔ صَانَعَ ہ / ہ: کے ساتھ تعاون کرنا۔ ہ: کی خوشامد کرنا، سے چاپلوسی سے کام نکالنا۔ ہ ب: کو کچھ رشوت دینا۔ تَصَنَّعَ: کا بہانہ کرنا یا بنانا، کا حیلہ کرنا، تصنع کرنا، بنا (بناوٹی چیز) سر منڈھانا، جھوٹ، موٹ کرنا، بناوٹ سے کام لینا، جھوٹا اظہار کرنا۔: مصنوعی طریقہ سے بولنا یا لکھنا (عورت کا) اپنے حسن کی دلکشی بڑھانے کے لئے مختلف ذرائع استعمال کرنا۔ اصطنع ہ: کا حکم دینا، کی تخلیق کرنا (مرکبات کے ذریعے) بنانا، کو ایجاد کرنا، کا بہانہ کرنا۔ ہ ل: کو کیلئے استعمال کرنا، کو میں بدلنا۔ ہ ل: کو کا پابند بنانا، کو ذمہ دار بنانا۔ استصنع ہ ہ: سے کچھ بنوانا۔ صَنْع و صُنْع: پیداوار، بنانا، ڈیزائن کرنا، کاریگری، مہارت۔ صنع الید: دستکاری۔ بدیع الصُنع: حیرت انگیز کاریگری، مہارت کا۔ صُنْعی: مصنوعی، ترکیبی۔ صُنْع: مہربانی، کرم، بہتری، نفع منفعت، بہبود، فائدہ۔ صَنْعَة: کام، کاریگری، مہارت، بنانا، فن، فنی مہارت، فنکارانہ مہارت، ہنر، پیشہ، کام۔ صاحب الصَنْعَة: کاریگر، دستکار، صناع، ماہر، متخصص، سپیشلسٹ۔ صَنَاع الید: ماہر، سبک دست، کاریگر، منجھا ہوا۔ مَشَّاق صِنَاعَة جمع صِناعَات و صَنَائِع: فن، مہارت، پیشہ، بزنس، کاروبار، دستکاری انڈسٹری، صنعت (جمع کے معنی میں (صنعت کی شاخیں، صنعتیں۔

کاریگرلوگ، دستکارلوگ۔ رجلُ الصناعة: صنعتکار دستکارلوگ، دکاندار لوگ۔ اصحابُ الصنائع والحِرَف: مصنوعی، ترکیبی۔ نقلی (imitation) صِناعیّ: صنعتی، ماہرانہ، دستکاری کے متعلق، صنعتی، سِرّ صناعی: عملی گُن، خوبصورت یا ماہرانہ دستکاری۔ الفن الصِناعیّ: کام، حقیقت، نیکی، بھلائی، بہبود، مہربانی، کرم فرمائی، رضاکار آلہ کار، کھانا۔ صَنیع: کام، نیکی، بھلائی، بہبود، مہربانی کرم، رضاکار، آلۂ کار۔ صنیعة جمع صنائع

مَصْنَع جمع مصانع: فیکٹری، پلانٹ، مل، کارخانہ، فرم۔ مصانع: بڑی بڑی عمارات، تنصیبات، انسانی ہاتھوں کے کام۔ مصانع: ارباب (اصحاب)۔ صنعتکار، کارخانے دار۔ المصانع: تنخواہ، اجرت۔ مَصْنَعِیَّة: صنعتیں، قائم کرنا۔ تصنیع: صنعتی بنانا۔ تَصَنُّع: منافقت، مکاری، نیت کو پوشیدہ رکھنا، بناوٹ، تصنع، جھوٹی مروت، تکلف، عجیب مخصوص انداز۔ اصطناع: بنانا اصطناعی: مصنوعی، ترکیبی نقلی۔ صانِع جمع صُنّاع: بنانے والا، خالق، کاریگر، دستکار، کام کرنے والا، کارکن، مل مزدور، نوکر۔ مَصنوع (مصنعی) جمع مصنوعات: مصنوعہ چیز، پیداوار، مَصنوعات: پیداوار، اشیاء، مصنوعہ سامان۔ مُتَصَنِّع: باریکیاں پیدا کرنے والا، ظاہر دار، بناوٹی، تصنع والا۔ مُصْطَنِع: مصنوعی، ترکیبی، بناوٹی، نقلی، جعلی۔ مِفتاحٌ مصطنع: بنی چابی، ماسٹر کی (master key)

صنف: ا۔ صَنَّفَ الشیءَ: کی صنفیں بنانا، کے زمرے بنانا، کو ایک دوسرے سے تمیز کرنا۔ الشجرُ: درخت کا طرح طرح کے پتے نکالنا۔ التمرُ: کھجور کا کچھ کچھ پکنا۔ تَصَنَّفَ الشجرُ او النباتُ: درخت یا نباتات کا مختلف قسموں میں ہونا۔ الصِّنف جمع أصناف وصُنوف: صفت کہتے ہیں۔ صِنفُهُ كذا: اس کی صفت ایسی ہے۔ والصَّنف جمع أصناف وصُنوف: نوع، قسم کہتے ہیں۔ عنده صنفٌ من الامتعة: اس کے پاس چیزوں کی ایک قسم ہے۔

۲۔ تَصَنَّفَ الشجرُ او النباتُ: درخت یا نباتات کا پتے نکالنا۔ ـتِ الشفةُ: ہونٹ کا پھٹنا، چھلنا۔ ـتِ الساقُ: ٹانگ کا پھٹنا۔ الأَصْنَف جمع صُنف (ح) وہ شتر مرغ جس کی ٹانگیں پھٹی ہوئی ہوں۔

۳۔ صنَّف الکتابَ: کتاب تصنیف کرنا، مرتب کرنا۔ التصانیف: (واحد تصنیف) تصنیف شدہ کتابیں۔ المُصَنَّف جمع مُصَنَّفات: کتاب (تالیف شدہ)

۴۔ جمع أصناف کپڑے کا کنارہ، حاشیہ۔ الصُّنفة والصَّنِفة من الثوب: کپڑے کا کنارہ، حاشیہ۔

۵۔ الصُّنافِر: ہر چیز کا اصل۔ الصُّنافِرة: کہتے ہیں۔ ولدٌ صُنافِرةٌ: جس کے باپ کا پتہ نہ ہو۔

○ صَنَّفَهُ: کی الگ الگ ڈھیریاں بنانا، کی چھانٹ چھانٹ کر قسمیں الگ الگ کرنا، کی درجہ بندی کرنا، قسم مقرر کرنا۔ (کتاب) مرتب کرنا، تالیف کرنا، لکھنا۔ صَنف و صِنف جمع أصناف و صُنوف: قسم، نمونہ، مثال، چیز، جنس، نوع، طبقہ، درجہ، زمرہ، جنس۔ (sex) صِنفاً: جنس کی صورت میں۔ تصنیف: ترتیب، درجہ بندی، الگ الگ ڈھیریاں بنانا، چھانٹ چھانٹ کر قسمیں الگ الگ کرنا، تالیف، تدوین، تحریر، انشاء، لکھنا جمع تصانیف: ادبی (تخلیقی) کام، کلیات، تحریریں۔ تَصْنِفَة: چھانٹ چھانٹ کر بنائی ہوئی قسم، انتخاب، چنی ہوئی چیزیں۔ مُصَنِّف: مصنف، لکھنے والا، قلم کار۔ مُصَنَّف جمع مُصَنَّفات: ادبی کام۔

○ صَنفَرَهُ: کو ریگمال سے رگڑنا، کو ریگمال کرنا۔

صنق: ا۔ صَنِقَ ۔ صَنَقاً جسدُهُ او إبطُهُ: جسم یا بغل کا بہت بدبودار ہونا۔ صفت۔ صَنِق۔ أَصْنَقَ الرجلَ العرقُ: پسینہ کا کسی کی بغل کو بدبودار بنانا۔ الصَّنَق (مص) بغل کی تیز بدبو۔ الصَّنِق: بدبودار۔ الصائِق جمع صَنِقة: سخت بدبودار۔

۲۔ أَصْنَقَ علیه: پر اصرار کرنا۔

۳۔ أَصْنَقَ فی مالِه: مال کی اچھی دیکھ بھال کرنا۔ المُصْنِق والمِصْناق: اونٹوں کی اچھی خدمت کرنے والا۔

۴۔ رجلٌ صَنِق: بھاری بھرکم مرد، لحیم شحیم، جسیم، موٹا، فربہ آدمی۔

صنم: صَنِمَ ۔ صَنَماً العبدُ: غلام کا مضبوط وقوی ہونا صفت۔ صَنِم م صَنِمة جمع صَنِمات ۔ ـت الرائحةُ: بو کا خراب ہونا۔ صَنَّمَ: آواز دینا۔ الصَّنَم جمع أصنام: بت (فارسی، آرامی یا عبرانی لفظ) الصَّنَمة: (جانور کے) پر کا قلم، مصیبت۔

صنا: ا۔ أَصْنَى إصناءً و تَصَنَّى تَصَنِّیاً: حرص کی وجہ سے ہانڈی کے پاس بیٹھ کر کباب بنانا، گوشت بھوننا، یہاں تک کہ راکھ لگ جائے۔ الصِّناء و الصِّنَى: راکھ۔

۲۔ أَصْنَى النخلُ: درخت خرما کا جڑ سے دو شاخیں نکالنا۔ الصِّنو م صِنوة جمع أَصْناء و صِنوان: سگا بھائی، بیٹا، چچا۔

سگا بھائی، بیٹا، چچا۔ او الصِّنو: ایک جڑ سے دو یا دو سے زائد کھجور کے درخت پھوٹیں تو ہر ایک کو صِنو یا صُنو کہتے ہیں۔ تثنیہ۔ صِنوان جمع صِنوان و صُنیان کہتے ہیں۔ رَکِیَّتان صِنوان: پاس پاس ایک ہی چشمے سے نکلنے والے دو کنویں۔ الصِّنْوة: سگی بہن، بیٹی، پھوپھی۔ والصِّنْوة: درخت خرما کا ننھا پودا، کونپل۔

۳۔ الصِّنو جمع صُنُوّ: دو پہاڑوں کے درمیان گہرائی جس میں تھوڑا پانی بہتا ہو۔ الصانی: خدمت گار۔ الصِّنایَة: تمام، کل، کہتے ہیں۔ أَخَذَ بصنایته: اس نے تمام کا تمام لے لیا۔

○ صِنو جمع صِنوان و أَصْناء: دو میں سے ایک، جڑواں بھائی۔

صه: ا۔ صَهْ: اسم فعل بمعنی چپ رہ خاموش ہو۔ (مذکر مونث اور جمع کے لئے یکساں ہے) کہتے ہیں۔ صَهٍ: خاموش۔ صَهَّ القومَ: لوگوں کو جھاڑ جھاڑ کرنا، ڈانٹنا۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔

۲۔ صَهْصَهَ بالقوم: صہ صہ کہہ کر لوگوں کو خاموش کرنا۔

صهب: ا۔ صَهِبَ ۔ صَهَباً و صُهْبَةً و صُهُوبًا و اصْهَبَّ و اصْهابَّ الشعرُ: بالوں کا سرخ یا سرخ سفید ہونا صفت۔ أَصْهَبُ الصُّهاب: ایک جگہ جس کی طرف اونٹ منسوب ہوتے ہیں۔ الصُّهابی من الجمال: جو بہت سفید نہ ہو۔ موضع صُہاب کی طرف منسوب اونٹ جو بہت سفید نہ ہو۔ الأَصْهَب م صَهْباء جمع صُهْب: سرخی ملی سفیدی والا (ح) شیر۔ أَصْهَبُ السِّبال: دشمن۔ الصَّهْباء: الأَصْهب کا مونث: شراب۔ المُصَهَّب: چربی ملا گوشت، نیم بریاں گوشت۔

۲۔ الصُّهابی: وافر، سخت، اسی سے ہے۔ الموت الصُّهابی: سخت قسم کی موت۔ الصَّیْهَب جمع صَیاهِب: لمبا تڑنگا آدمی، سخت چٹان، ہموار زمین، گرمی کی تیزی، گرم دن، جگہ جہاں دھوپ کی گرمی سے گوشت بھن جائے۔ الأَصْهَب م صَهْباء جمع صُهْب: ٹھنڈا دن۔

صهد: ا۔ صَهَدَ ۔ صَهْداً تْهُ الشمسُ: آفتاب کا کسی کو جھلسنا (صخدته بھی اس معنی میں ہے) الصَّهدان الصَّیْهَد والصَّیْهود: گرمی کی تیزی۔

۲۔ الصَّهوَد: جسیم۔ الصَّیْهَد والصَّیْهود: بے آب و گیاہ بیابان، متحرک سراب۔ عزٌّ صَیْهودٌ: ناقابل تسخیر قوت۔

ا۔ کو پگھلانا، کو پگھلی

ہوئی چربی ملنا۔ الخبزَ: کو پگھلی ہوئی چربی کا سالن بنانا۔ صفت مفعولی صہیر و مَصْہُور۔ ـــ ته الشمسُ: کو سورج کا گرمی پہنچانا۔ فُلانًا بالیمین: کو سخت قسم کھلانا۔ اصْطَہَرَ الشیءَ: کو پگھلانا۔ واصْہارَّ الحرباءُ: گرگٹ کی پیٹھ کا دھوپ کی گرمی سے چمک اٹھنا۔ انْصَہَرَ الشیءُ: پگھلنا۔ الصَّہْر: (مص) گرم۔ الصُّہارۃ: پگھلائی ہوئی چیز، ہڈی کا گودا، چربی کا ٹکڑا۔ الصَّہور جمع صُہُر: پگھلانے والا، گوشت بھوننے والا۔ الصَّہِیر: پگھلنے والا۔

۲۔ صَہَرَ۔ صَہْرًا الشیءَ: کو قریب کرنا، نزدیک کرنا۔ صَاہَرَ مُصَاہَرَۃً القومَ و فی القوم: کا سسر بننا، داماد بننا۔ أَصْہَرَہُ: کو قریب کرنا، نزدیک کرنا۔ ـــ بالقوم و الیہم و فیہم: کا سسر بننا، داماد بننا۔ الجیش للجیش: لشکر کے ایک حصہ کا دوسرے حصے کے قریب ہونا۔ الصِّہْر جمع اصْہار م صِہْرَۃ: قرابت، داماد یا بہنوئی۔

۲۔ صَہْرَجَ الغرفۃَ: کمرہ کو چونے سے لیپنا۔ الصارُوج: چونا (ان بجھا) الصِّہْرِیج والصِّہارِج (ج) صَہارِیج و الصِّہْرِی: پانی کا حوض، تالاب، تیل کی ٹینکی، پانی یا تیل جیسی اشیاء لے جانے والا ٹرک۔ حوض صَہارِج: حوض یا ٹنکی جس کو چونے سے لیپا گیا ہو۔ (فارسی لفظ)

○ صَہَرَ۔ صَہْرًا ہ: کو پگھلانا۔ صَاہَرَ ہ او فی: کا شادی کے ذریعے رشتہ دار بن جانا۔ أصْہَرَ ب او الی: شادی کے ذریعہ کا رشتہ دار بن جانا۔ تَصَاہَرَ: شادی کے ذریعہ رشتہ دار ہونا۔ انْصَہَرَ: پگھلنا، ختم ہو جانا، جاتا رہنا، آہستہ آہستہ نظروں سے غائب ہو جانا، ٹوٹنا، شدت کم ہونا، زور ٹوٹنا۔ مَصَاہِر: پگھلانے والی بھٹیاں۔ مِصْہَر جمع مِصْہَرات فیوز۔ مُصَاہَرۃ قرابت، قرابت داری، رشتہ داری، تعلق (ازار بندی) اِنْصِہار: پگھلانے کا عمل۔ سِلْک الانصہار الواقی: فیوز۔ صِہْرِیج و صَہْرِیج جمع صَہَارِیج: حوض، ٹینکی، تالاب، پانی کی بڑی ٹینکی۔

صہص: الصَّہْصَلِق والصَّہْصَلِیق من الاصوات: سخت آواز۔

صہل: صَہَلَ۔ یَصْہِلُ صَہِیلًا و صَاہِلَۃً وصُہَالًا الفرسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔ تَصَاہَلَ ت الخیلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے کی طرف ہنہنانا۔ الصَّہَل: گلا پڑنے کے ساتھ آواز کی تیزی۔ الصَّاہِل جمع صَوَاہِل (فا): گھوڑا (جس طرح نابح کتے کو کہا جاتا ہے) الصَّاہِلَۃ جمع صَوَاہِل صَاہِل کی مونث۔ الصَّوَاہِل: گھاس میں مکھیوں وغیرہ کی بھنبھناہٹ۔ الصُّہَال والصَّہِیل: گھوڑے کی آواز، ہنہناہٹ۔ الصَّہَّال من الخیل: بہت ہنہنانے والا گھوڑا۔

صہا: ۱۔ صَہَا۔ صَہْوًا و صُہِیًّا یَصْہَی صَہًی: نمناک زخم والا ہونا۔ ـ الرجلُ: مالدار ہونا۔

۲۔ صَہِیَ۔ صَہْیًا: عمر رسید ہونا۔

۳۔ صَاہَی الدابۃَ: جانور کی پیٹھ پر سوار ہونا۔ أَصْہَی اصْہاءً الفرسُ: گھوڑے کی پیٹھ کا درد کرنا۔ الصَّہْوَۃ جمع صِہَاء و صَہَوَات: گھوڑے کی پیٹھ (کہتے ہیں۔ استوی علی صَہْوَۃِ العِزّ: وہ طاقت کی پشت پر سوار ہوا) کوہان کا پچھلا حصہ۔ جمع صُہًی: پہاڑ کی چوٹی کا برج۔ جمع صِہَاء: پست زمین جس میں پانی اکٹھا ہو جائے، پانی کا چشمہ۔

○ صِہْیَوْن: صہیون (zion)

صِہْیَوْنِی: صہیونی (zionistic, zionist)

صِہْیَوْنِیۃ: صہیونیت۔

نوٹ: صہیون کے تین مفہوم ہیں (۱) بیت المقدس، القدس، یروشلم (۲) اس کی مقدس پہاڑی، (۳) آسمانی بادشاہت، صہیونیت، ایک تحریک ہے جس کا نقطۂ عروج اسرائیل کی نام نہاد ریاست کا قیام ہے۔

صاب: ۱۔ صَابَ۔ صَوْبًا و مَصَابًا المطرُ: بارش برسنا۔ الشیءُ: اوپر سے اترنا۔ ـــ صَوْبًا الماءُ: پانی بہانا۔ ـہ المطرُ: کو بارش کا پہنچنا۔ ـــ ت السماءُ الارضَ: آسمان کا زمین پر پانی برسانا۔ صَوَّبَ الماءَ: پانی گرانا۔ ـ الاناءَ: برتن کو جھکانا تاکہ اس میں کا پانی وغیرہ نکل جائے۔ ـ راسَہٗ: سر کو نیچے کرنا۔ ـ المکانَ وغیرہٗ: کسی جگہ وغیرہ کا ڈھلوان ہونا۔ اَصَابَ الشیءَ: کو نیچے لانا، پانا، جڑ سے اکھیڑنا۔ ـــ ت المصیبۃُ فلانًا: پر مصیبت نازل ہونا۔ إِصَابَۃً و مُصَابَۃً الدھرُ القومَ بامو الھم اونفوسھم: زمانہ کا لوگوں کو ان کے مال اور جانوں کی تکلیف دینا، لوگوں پر مالی و جانی مصیبت ڈالنا۔ تَصَوَّبَ: نیچے اترنا۔ انْصَابَ انصیابًا الماءُ: پانی بہنا، زور سے نکلنا۔ الصَّاب (واحد صابۃ): (ن) ایک کڑوا پودا، اس پودہ کا رس، ع ق۔ الصَّابَۃ: مصیبت۔ الصَّوْب: بخشش، عطاء۔ والمَصِیب: بارش والا بادل۔ مطرٌ صَیُّوبٌ: برسنے والی بارش۔ الأَصْوَب: اسم تفضیل، سخت مصیبت والا۔ المُصِیبۃ جمع مَصَائِب و مَصَاوِب و [illegible] والمَصُوبَۃ: مصیبت، بلا، صدمہ، ناگہانی آفت، حادثہ، سانحہ۔

۲۔ صَابَ۔ صَوْبًا و صَیْبُوبَۃً السھمُ نحوَ الرمیۃِ: تیر کا سیدھا جا کر نشانہ پر لگنا۔ ـــ صَیِّبًا السھمُ القرطاسَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔ صَوَّبَ السھمَ: تیر کو سیدھا کرنا۔ ـ الفرسَ: گھوڑے کو دوڑنے کے لئے چھوڑنا۔ ـ رأیَہٗ: رائے کی تصدیق کرنا۔ ـ فلانًا: کی تصدیق کرنا۔ أَصَابَ السھمُ: تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔ ـــ الرجلُ: درست کرنا۔ ـ الشیءَ: کو ٹھیک خیال کرنا۔ ـہ بعینہ: کو نظر لگانا۔ اسْتَصَابَ اسْتِصَابَۃً او اسْتَصْوَبَ اِسْتِصْوَابًا الرأیَ او الفعلَ: کسی رائے یا فعل کو ٹھیک خیال کرنا۔ الصَّوْب (مص) درستگی، جانب کہتے ہیں: فلانٌ مُستقیمُ الصَّوْب: فلاں شخص اپنے مقصد سے دائیں بائیں نہیں ہٹا۔ الصَّوَاب: درستگی، درست، ٹھیک، لائق، حق، عام لوگ اس کو عقل اور شعور کے معنی میں استعمال کرتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں۔ غاب اوطار صوابہٗ: اس کا عقل و شعور جاتا رہا۔ الصَّائب (فا): جمع صُوَّابَۃ وصُیَّاب وصِیَاب (جیسے نائم و نیام) ٹھیک، صحیح، حق۔ صُیَّابَۃ القوم: قوم کے چیدہ لوگ۔ الصَّوِیب: ٹھیک رائے والا۔ الصَّیُوب: ذہین۔ المُصَاب: مصیبت (کا شکار) چوٹ ضرب۔ المُصِیب: صحیح، درست۔

۳۔ أَصَابَ من الشیء: بٹولینا۔ المِصْوَب: چمچہ، ڈوئی۔

۴۔ الصابۃ: عقل کی کمزوری کہتے ہیں۔ فی عقلہ صابۃٌ: یعنی اس کی عقل میں کچھ جنون ہے۔ الصُّوبَۃ: غلہ کا ڈھیر۔ المَصَاب: تھوڑا یا گل (ن) گنا۔ الصُّوبَج والمَصُوبَج: بیلن۔

۵ ○ صَابَ۔ صَوْبًا و صَیْبُوبَۃً ہ: (نشانہ) پر لگنا، صحیح ہونا، درست ہونا۔ متعلق ہونا (رائے کا) برمحل ہونا، موزوں ہونا، مناسب ہونا۔ صَابَ ام اقلع: سب حالات کے تحت۔ یقینًا۔ صَوَّبَ (ہ الی): کا رخ کی طرف کرنا۔ ـــ (ہ): سے اتفاق کرنا، متفق ہونا۔ (ہ ہ): سے میں اتفاق کرنا، متفق ہونا۔ ـــ ہ: کو ماننا، ہاں کہنا، کی اجازت یا منظوری دینا، پر رضامندی ظاہر کرنا، کو پسند کرنا، پسندیدگی کی نظر سے دیکھنا۔ أصَابَ ہ: نشانہ پر لگنا۔ ـــ ہ: کو حاصل کرنا، تک پہنچنا۔ ـــ ہ: کے لئے ہاتھ بڑھانا۔ ـــ ہ: کو حاصل کرنا، جیتنا۔ ـ ہ: (علم، معرفت کا کچھ حصہ) اکتساب کرنا۔ ـ ہ: (کھانا وغیرہ) کھانا تناول کرنا۔

پر پڑنا، واقع ہونا، کو پیش آنا، واقع ہونا۔ — ہ ب: کو کچھ دینا، کے لئے کچھ مختص کرنا، متعین کرنا، کو کچھ عطا کرنا، سے سرفراز کرنا۔ ب ہ: کوئی چیز کسی کے حصہ میں آنے دینا۔ مــن: کو نقصانات پہنچانا، — درست ہونا، حق پر ہونا، صحیح کام کرنا، صحیح بات کہنا۔ اُصیب ب. مصیبت (وغیرہ) زدہ ہونا) بیماری میں مبتلا ہونا، تکلیف میں پڑنا۔ —: مارا جانا۔ اصــاب اصــابــات: (کھیلوں میں) گول کرنا۔ اصــاب فی عــمــلــه: صحیح کام کرنا، درست طور پر کوئی کام کرنا۔ اُصِیبَ بجراحٍ: کوئی زخم آنا۔ اصیب بخسارة: نقصان اٹھانا۔ اصیــبَ اصــابةً شــدیدةً: سخت چوٹ کھانا۔ استــصــوب ہ: کو پسند کرنا، پسندیدگی کی نظر سے دیکھنا، منظور کرنا، کی منظوری دینا۔ صــوب: طرف، جانب، صحیح اور حق بات، مناسب صحیح۔ صوبَ: کی طرف، کی جانب۔ من کل حَدَبٍ و صــوبٍ یا من کل صوب و حدب یا من کل فــج و صــوب: سب طرف سے، چاروں طرف سے، ہر طرف سے۔ فی کل صوب وحدب: ہر جگہ، چاروں طرف، سب جگہ۔ صَیِّب: بارش والا بادل۔ صَابَہ جمع صَابَات: کنائی۔ صواب حق، موزوں اور صحیح درست، مناسب، ٹھیک، درستگی، موزونیت، عقل، سمجھ، ذہانت، فہم فراست، ذہن دماغ، شعور۔ صَوابا: ٹھیک، انصاف سے۔ هو عــلــی صــواب: وہ حق پر ہے۔ سَــلَكَ طِریق الــصــوابِ والحقِ: بالکل صحیح طریقے سے کام کرنا، صحیح راستہ پر چلنا۔ رجــع (فــاء) الــی صــوابــه: دوبارہ عقل وشعور حاصل کرنا، دوبارہ ہوش میں آنا، دوبارہ معقول ومناسب ہوجانا۔ قَــصَــدَ صــوابَــهُ، اضاع صوابَهُ: ہوش کھودینا۔ غاب عن صوابه: بیہوش ہوجانا۔ غــائــب عــن صــوابــه: بیہوش۔

أصــوَب: زیادہ برمحل، زیادہ موزوں، زیادہ مناسب، زیادہ صحیح۔ اُصْــوَبِیَة: مناسبت، مصلحت، دانشمندی۔ اصابة جمع اصــابات: مارنا، گول، سکور، زخم، چوٹ، کسی بیماری کا شکار ہونا (بیماری، حادثہ کا) حملہ۔ اصــابة الــعمل: صنعتی حادثہ۔ مــحــل الاصابة: حادثہ کی جگہ، استــصــواب: پسند، پسندیدگی، اجازت منظوری۔ صــائــب: برمحل، موزوں، مناسب، ٹھیک درست، برجستہ، برمحل، موزوں، مناسب، ٹھیک، صحیح۔ مُصِیبَة جمع مُــصِیبَــات و مَــصَــائــب: بدبختی، حادثہ، مصیبت، آفت، سانحہ۔ مُــصَــاب ب: کا شکار، میں مبتلا، جس پر کوئی تکلیف آپڑی ہو، جس کو دکھ پہنچا ہو، —: چوٹ زدہ، زخمی، بیمار، زخمی شخص، جنگ یا حادثہ کا مقتول یا مجروح، حادثہ کا شکار۔ ——: بدبختی مصیبت، آفت، سانحہ۔ مُصابٌ الِیم: المناک، پر ملال حادثہ، غمگین واقعہ، موت۔ صَوْبَة: ولایتی چولہا (stove) (ترکی کا لفظ ہے اور اس معنی میں شام میں مستعمل ہے)

صات: ۱۔ صَاتَ ـُ صَــوْتــاً: آواز نکالنا، آواز دینا، پکارنا۔ صَــوَّتَ تــصــویــتــاً: آواز نکالنا، آواز دینا۔ الطستُ: طشت بجانا۔ فی الانتخابات: انتخابات میں اپنے پسند کے امیدوار کو ووٹ دینا۔ أَصَــاتَ اصــاتَةً: آواز نکالنا، آواز دینا۔ الــطــستَ: طشت بجانا۔ انْصَات: کہتے ہیں۔ دُعِیَ فانصات: اسے پکارا کیا گیا تو اس نے سنا اور چلا آیا۔ الــصَــوْت جمع اَصْــوَات: آواز، ہر قسم کا راگ، نحویوں کے نزدیک: اسماء اصوات: (وہ الفاظ ہیں جن سے آواز کی نقل کی جائے) جیسے طَــقْ: پتھر گرنے کی آواز ہے یا حیوانات سے کام لینے کے لئے جو آواز نکالی جائے جیسے هَلاَ گھوڑے کو۔ عَدَسْ خچر کو ڈانٹنے کے لئے یا تعجب کی حکایت کی جائے جیسے وَیْ یا درد کی حکایت ہو جیسے اخ یا حسرت وافسوس کے لئے ہو جیسے آہ۔ الــصــات والصَیِّت: بلند اور تیز آواز والا کہتے ہیں۔ رَجُــلٌ صــاتٌ و صوتٌ صَیِّتٌ: یعنی بلند آواز والا آدمی اور تیز آواز۔ الصِیتَة: اسم نوع۔ التــصــویــت: انتخابات میں ووٹ دینا، ووٹ۔ الــمِــصْــوَات بہت آواز دینے والا کہتے ہیں۔ مــا بــالــدار مِــصْــواتٌ: گھر میں کوئی بھی نہیں۔ الــمُــصَــوِّت جمع مُــصَــوِّتــون: ووٹر، ووٹ دہندہ، رائے دہندہ۔

۲۔ أَصَــاتَ بِفُلانٍ: کسی کو ایسی بات سے مشہور کرنا جس کو وہ پسند نہیں کرتا۔ انــصَــاتَ به الزمانُ: زمانہ نے اس کو مشہور کر دیا وہ مشہور ہوگیا۔ الصَّوْت والصَّات والــصِــیْــت و الــصِــیتَة: اچھی شہرت کہتے ہیں۔ انْتَشَــرَ صــوتُهُ بین الناس: یعنی اس کی اچھی شہرت لوگوں میں پھیل گئی۔

۳۔ انْصَاتَ الرجُل: چپکے سے چلا جانا۔

۴۔ انْــصَــاتَ الرجُل: کبڑا ہونے کے بعد کسی کے قد کا سیدھا ہوجانا۔

○ صَــاتَ ــِــ صَــوْتــاً: آواز دینا یا نکالنا، آواز بلند کرنا، چلانا۔ صَــوَّتَ بمعنی صــات نیز ووٹ دینا، ووٹ ڈالنا (انتخابات میں) صَوْت جمع اصوات: آواز، لہجہ، سر، موسیقی، نغمات، دھن، شور، شہرت، نیک نامی، چرچا، مشہوری، ووٹ (جمع حروف ندبہ وفجائیہ) بُــعــد الــصــوت: شہرت ناموری۔ رجــع الــصــوت گونج، صدائے بازگشت، بازارتعاش۔ علم الاصوات: صوتیات (Phonetics) قــوّة الصوت: (آواز کا) حجم یا گونج، زور، شدت۔ (ریڈیو کی اصطلاح میں) بصوتٍ مَسْمُوع اتنی آواز سے کہ سنی جاسکے۔ بصوت عالٍ: زور سے چلا کر۔ بصوت وَاطِیٍ: نیچی آواز میں، دھیمے پن سے، سرگوشی کے انداز میں۔ صَــوْتِــی ملفوظ، آواز کا، نطقی، صوتی، سمائی، گونجتا ہو، گونج پیدا کرنے والا۔ صُوَات: چلانے والا۔ صِیت: (اچھی) شہرت، مسلمہ حیثیت، وقار ناموری۔ مشہوری۔ بــعدُ الصِیت: شہرت، ناموری۔ ذائع الــصِیت: مشہور، نامی گرامی۔ صَیِّت: بلند آواز کا، لاؤڈ سپیکر (شام میں مستعمل ہے) مِــصْــوَات: مُحَرِّدشنو، آواز رسان، مائکروفون۔ تــصــویــت: ووٹ دینا، ووٹ ڈالنا، پولنگ۔ (polling) صــائــت: کولن دار (مرکب الفاظ میں) سیــنــمــا صائتة: بولتی فلم۔ مُــصَــوِّت: ووٹر، رائے دہندہ، ووٹ دینے کا حقدار، حق رائے دہی کا مالک۔

صــاج: الــصــاج: توا (روٹی پکانے کا) پتلی چادر کا لوہا۔ الصُوجه (ن): ایک اناج کا پودا۔

○ صاج مُضَلَّع: نالی دار چادر۔

صــاح: ۱۔ صَــاحَ ـُ صَــوْحــاً هُ: کو چیرنا، پھاڑنا۔ تَــصَــوَّحَ: پھٹنا۔ انــصَــاحَ انْصِــیَــاحاً: پھٹنا۔ الفجرُ: صبح کا روشن ہونا۔

۲۔ صَــوَّحَ الــبــقــلُ: خشک ہونا۔ سبزی ترکاری کا خشک ہو۔ ته الشمسُ اوالریحُ: کو سورج یا ہوا کا خشک کردینا۔ تَــصَــوَّحَ: خشک ہونا۔ الــصــاحة: بنجر زمین۔ الصُواح: کھجور کا خشک شگوفہ۔ الصُوحان: خشک۔

۳۔ الصَوْح والصُوح: دریا کا کنارہ۔ دامنِ کوہ۔ الصُواح: گھوڑوں کا پسینہ۔

○ صَوَّحَ ہ: کو خشک کرنا۔ مُــصَــوَّح مرجھائی ہوئی یا خشک کی ہوئی (جڑی بوٹی وغیرہ۔)

صاخ: صَاخَ ـُ صَوْخاً فی الارض: زمین میں دھنسنا۔ أَصَــاخ اصــاخَةً لــه والیــه: کی بات پر کان لگانا، کو سننا۔ کہتے ہیں: اَصَــاخ عــن کــذا: سے واپس ہونا، باز رہنا۔ اَصَاخَ علی حقِ فلان: وہ فلاں کے حق ضائع کرنے پر خاموش رہا۔ الصاخة جمع صَاخ و صَــاخَــات: مصیبت، ہڈی میں چوٹ کا اثر۔ بــلــدٌ صُوَّاخٌ: وہ جگہ جہاں پاؤں دھنس جاتے ہوں۔

أصاخ اليه وله: کو غور سے سننا، پر کان لگانا، کان دھرنا۔

صود: الصوديوم Sodium صودا Soda صودا کاویۃ کاسٹک سوڈا۔ نترات الصودا sodium nitrate

صار ۱۔ صَارَ ـ صُوَرًا آواز دینا، عام لوگ کہتے ہیں۔ صَوَّرَہ بصوتہ اپنی آواز کی تیزی سے اسکو بہرا کر دیا (سریانیہ) الصُور نرسنگھا، بگل۔

۲۔ صار ـ صُوراً الشیءَ: کو جھکانا آپ کہتے ہیں۔ صارَ عُنُقَهُ او وجهَهُ اِلَیّ اس نے اپنی گردن یا اپنا چہرے میری طرف جھکایا اور میری طرف متوجہ ہوا، کو اپنی طرف جھکانا کہتے ہیں۔ صُرتُ الغصن لا حنی الشمر میں نے پھل توڑنے کے لئے ٹہنی کو اپنی طرف جھکایا اور یوں بھی کہتے ہیں: صارہُ لِصیرُہ یصیر اً اس نے اسے اپنی طرف جھکایا۔ صَوِرَ یَصْوَرُ صَوَراً جھکنا صفت۔ أصْوَر کہتے ہیں۔ هو اصْوَر الی کذا: وہ اپنی گردن یا اپنے چہرے کو کسی چیز کی طرف جھکائے ہوئے ہے۔ أَصَارَہُ کو جھکانا، توڑنا۔ تَصَوَّرَ الرجُلُ: گرنا یا گرنے کی طرف مائل ہونا کہتے ہیں: طعنه فتصوّر: اس نے اسے خنجر مارا تو وہ گر پڑا یا گرنے لگا۔ اِنْصَارَ انصِیاراً جھکنا یا ٹوٹنا۔ الصُوَرُ جمع صِیْرَان: گردن کا پہلو۔ الصَوَرُ (مص) میلان، جھکاؤ، کجی کہتے ہیں۔ فی عنقه صَوَرٌ: اس کی گردن میں کجی ہے، یعنی گردن ٹیڑھی ہے۔ الصَوْرَۃُ: اسم مرۃ جھکاؤ، الأَصْوَرُ: جھکاؤ دار۔

۳۔ صَارَ ـ صُوْرًا الشیءَ: کو کاٹنا، جدا جدا کر دینا، الگ الگ کر دینا۔ صَوَّرَہُ: کی تصویر بنانا، کی تصویر کھینچنا، کی شکل بنانا۔ صُوِّرَ میرے خیال میں آیا۔ تَصَوَّرَ الشیءَ: کسی چیز کی شکل کو خیال میں لانا۔ لَہٗ الشیءُ: چیز کی شکل کا سامنے آجانا۔ الصُورَۃ جمع صُوَر و صِوَر و صُوْر: شکل، حلیہ، تصویر، خیالی تصویر، ہو بہو نقش، خصوصیت (کہتے ہیں: صورۃ الامر کذا: معاملہ کی خصوصیت یوں ہے)۔ قسم، چہرہ (کہتے ہیں۔ صورۃ العقل کذا: عقل کی ہیئت اس طرح پر ہے)۔ (فلک) ستاروں کا ایک مجموعہ۔ الصَیِّر۔ اچھی صورت والا کہتے ہیں۔ رجُلٌ صَیِّرٌ شَیِّرٌ: اچھی شکل اور ہیئت کا مرد۔ التَصَوُّرِیّ: تصورات و افکار پر بحث کے فن سے متعلق۔ التَصْوِیر (ف ح) افراد اور اشیاء کی رنگوں میں تصویر کشی کا فن (پینٹنگ، فوٹوگرافی)۔ التصویر الشمسی: فوٹو گرافی، آلۃُ تصویر کیمرا۔ التصویرۃ جمع تصاویر اسٹیچو، بت، مجسمہ۔ المُصَوِّر (فا): تصویر بنانے والا۔ مُصَوِّر الکائنات اللہ تعالیٰ۔ المُصَوَّر او المُصَوَّر الجغرافی اٹلس (Atlas)

۴۔ الصَوْر جمع صِیران و أَصْوَار چھوٹا درخت خرما۔ جمع صِیران: دریا کا کنارہ۔ الصارۃ من الجبل: پہاڑ کی چوٹی۔ صارۃُ المِسْك مشک کا ڈبہ۔ الصَوْرَۃ: سر کی کھجلی۔ الصُوار و الصِوار جمع صِیران: گایوں کا گلہ، خوشبو، تھوڑا مشک، مشک کا ڈبہ۔ الصُوَّار: گایوں کا گلہ۔ الصِیار جمع صِیران: گایوں کا گلہ۔

صَوَّرَ ہ کی شکل بنانا، کو تخلیق کرنا۔ ہ/ ہ ب کی رنگین تصویر کھینچنا۔ ہ بالتصویر بنانا۔ ہ/ ہ کی تصویر بنانا، کی فوٹو کھینچنا۔ ہ کو پیش کرنا، کی الفاظ میں تصویر کھینچنا، کی شبیہ بنانا، کی تصویر کھینچنا۔ صُوِّرَ لہ اسے دکھائی دیا، اس کے خیال میں آیا۔ تُصُوِّرَ: معنی کے لحاظ سے۔ صَوَّرَ کا صیغہ مجہول۔ ہ (کسی شی) کی تصویر ذہن میں قائم کرنا، کا قیاس کرنا، اندازہ کرنا، کا تصور کرنا، کو خیال کرنا، سمجھنا، سوچنا۔ ہ/ ہ کو سوچنا، خیال کرنا، تصور کرنا، سمجھنا۔ ہ/ ہ ہونا (کوئی شخص یا چیز)۔ تَصَوَّرَ لہ: کو نظر آنا، معلوم ہونا، لگنا، دکھائی دینا۔ لا یتصورہ العقلُ: جس کا تصور تک ذہن میں نہ آسکے، ناقابل یقین، ناقابل تصور، بعید از قیاس۔ صُوْرَۃ جمع صُوَر: شکل، صورت، تصویر، باتصویر نمونہ، تصویر، مثال، تمثیل مجسمہ، بت، عکس، مشابہت، نقش، نقشہ، نقش ثانی، ہو بہو نقل، نقل، کاربن کاپی، ڈپلیکیٹ (شی) طریقہ، انداز، اسلوب۔ صُوْرَۃً: رسمی طور پر۔ صُوْرَۃٌ جامعۃٌ: مجموعی، کلی تصویر۔ صُوَرٌ مُتَحَرِّکَۃٌ متحرک فلم۔ دار الصُوَر المتحرکۃ سینما۔ صُوْرَۃ شمسیۃ: فوٹو گراف۔ صورۃٌ طِبْقَ الأصل: صحیح نقل۔ ہو بہو تصویر۔ صُوْرَۃ مُکَبَّرۃ بڑی کی ہوئی تصویر۔ enlarged photo graph۔ فی صُورۃِ آدمی: انسانی شکل میں۔ بصُورۃٍ جَلِیَّۃ: ظاہر ہے کہ، صاف طور پر۔ بصورۃ محسوسۃ: محسوس طور پر، واضح طور پر، قطعی طور پر۔ بصورۃ خاصۃٍ: خاص کر، خصوصاً، بالخصوص۔ بصورۃٍ عامّۃٍ عام طور پر، عموماً، بالعموم۔ بصورۃ مُکَبَّرۃٍ: بڑے پیمانہ پر۔ بصُورۃٍ مَلحوظَۃٍ نمایاں طور پر، واضح طور پر۔ علی صُورۃٍ کیمیائیۃٍ: کیمیاوی طور پر، کیمیاوی ذریعہ سے۔ فی صُورۃٍ مُصَغَّرۃٍ: کم پیمانے پر۔ چھوٹے پیمانے پر۔ فی صورۃ ما اِذا: اگر اس صورت میں کہ۔ صُوَرِی: رسمی، سطحی، بناوٹی، مصنوعی، نقلی، دھوکے میں یا مغالطے میں ڈالنے والی مغالطہ آمیز، غیر حقیقی، خیالی، فرضی، موہوم، بظاہر، دیکھنے میں۔ تصویر رنگین تصویر، فوٹوگرافی۔ التصویر الشمسی فوٹوگرافی، فلمایا ہوا منظر، شاٹ، ٹیک۔ آلۃ التصویر کیمرا۔ تَصَوُّر جمع تصورات تخیل، قوت متخیلہ، پرواز خیال، قوت تخلیق، تصور، خیال آرائی، تخیل، خیالی پلاؤ، خیال فکر، ذہنی شکل۔ تصوری صرف تصور میں موجود فرضی، غیر حقیقی، موہوم المذہب التصوری مثالیت، تصوریت، اصول پرستی۔ مُصَوِّر شکل بنانے والا، خالق۔ مُصَوِّر، فوٹوگرافر، کیمرامین۔ مُصَوِّرِ الکائنات خالق کائنات باری تعالیٰ المصور الکہربائی للقلب (electro cardio graph) مُصَوِّرہ: کیمرا۔ مُصَوَّر: باتصویر جمع مُصَوَّرات: فوٹوگرافر کا سٹوڈیو، فلمی سٹوڈیو۔ مُصَوَّر الجغرافیا اٹلس Atlas صُور طائر (جنوبی لبنان کا ایک قصبہ) صوص الصُوص لئیم: بخیل جو چھپا کر کھائے تاکہ مہمان اسے نہ دیکھے۔ عند العامۃ عوام کے نزدیک، مرغی کا وہ چوزہ جو ابھی انڈہ سے نکلا ہو مگر اس کے لئے فصیح لفظ توب ہے۔ صُوصُ الباب: دروازہ کی نچلی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے اس کے مقابل اوپر کی سطح صحیح کہلاتی ہے۔

صاع ـ صَوْغًا الحبَّ: اناج کو صاع سے ناپنا۔ الصاع ایک پیمانہ جمع أصواع و أصْوُع و أَصْؤُع و صُوْع و صِیعان الصَوْع و الصُوْع جمع أَصْوَاع و اَصْؤُع و اُسْوُع و صُوُع و صِیعان ایک پیمانہ۔ صیعان۔ پانی پینے کا پیالہ۔

۲۔ صَاعَ ـ صَوْعًا القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ الشیءَ: کو موڑنا، بکھیرنا۔ القومَ: لوگوں کے پاس اطراف سے آنا۔ ت النحلُ: شہد کی مکھیوں کا ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔ ـ الرجُلَ: کو خوف دلانا، گھبرانا۔ تَصَوَّعَ: متفرق ہونا، دور ہونا، پھیلنا۔ الشعرُ: بالوں کا جھڑنا، سکڑنا، پراگندہ ہونا۔

۳۔ صَوَّعَ موضعًا للقطن: روئی دھننے کے لئے جگہ تیار کرنا۔ الصَاع: وہ صاف زمین جس میں کھیلا جائے۔ الصَاعَۃ: روئی یا اون دھننے کے لئے تیار کی ہوئی زمین کہتے ہیں۔ اتخذ لصوفك صاعَۃً: اون دھننے کے لئے جگہ تیار کر۔

۴۔ صَوَّعَت الریحُ النباتَ: ہوا کا پودوں کو ہلانا۔

الطائرُ براسه: پرندہ کا سر کو ہلانا۔ الفرسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا کہتے ہیں۔ صَوَّع به فرسُهُ: سے گھوڑے کا سرکشی کرنا اور قابو میں نہ آنا۔ تَصَوَّع النباتُ. پودے کا ہلنا۔

۵۔ صَوَّعَ الشيءَ: چیز کو گول اور تیز نوک والی بنانا۔

۶۔ انْصَاعَ انصياعًا: جلد واپس آنا، گزرنا۔

۷۔ الصَّاع: کھیلنے کا ڈنڈا (صولجان) سینے کا وسط، سینہ۔ والصَّاعَة: پست زمین۔

○ انْصَاعَ: ناراض ہو کر اٹھ جانا۔ --ل: کا حکم ماننا، کے حکم کی تعمیل کرنا، کی بات مان لینا، کی خواہش کے آگے جھک جانا، کے آگے دب جانا، کی اطاعت اختیار کرنا، فرمانبرداری کرنا۔ صَاع جمع أَصْوُع و أَصْوَاع و صِيعان: ایک مکعب پیمانہ۔ صَاعًا بِصَاعٍ: اوے کا بدلہ، ترکی بترکی جواب۔ ردّ له الصَّاع صَاعَين او كال له صاعًا بصاعين: سے دوہرا انتقام لینا، کو اینٹ کا جواب پتھر سے دینا۔ صاعة: دیوان خانہ، بیٹھک، کمرہ استقبال۔

صاغ: ا۔ صَاغَ ـ صَوْغًا الماءُ: پانی کا زمین میں بیٹھ جانا۔

۲۔ صَاغَ ـ صَوْغًا الشيءَ: چیز کو درست نمونہ پر تیار کرنا۔ الكلمةَ: ایک کلمہ سے خاص وزن پر دوسرا کلمہ بنانا کہتے ہیں۔ صَاغَ الكلامَ: اس نے کلام گھڑ لیا۔ اللّٰهُ فلانًا صِيغةً حَسَنَةً فلاں کو اللہ تعالیٰ نے اچھے طریقے سے پیدا کیا کہتے ہیں۔ صِيغَ على صِيغَتِهِ: وہ اسکی طبیعت پر پیدا کیا گیا۔ — صِيغَةً و صِيَاغَةً و صَيغُوغَةً الشيءَ: کو پگھلانا، ڈھالنا۔ انْصَاغَ انْصِيَاغًا: پگھلنا، ڈھلنا۔ الصَّوْغُ: (س) کہتے ہیں۔ هو صوغُ اخيه وہ اپنے بھائی کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد پیدا ہوا اور ان کے درمیان کوئی اور پیدا نہیں ہوا۔ هُما صَوْغَانِ دو پیدائش وغیرہ میں ایک ہی طرح کے ہیں۔ هذا صَوْغُ هذا: یہ اس جیسا ہے۔ الصَّوْغَة: اسم المرة کہتے ہیں۔ هو صَوْغَةُ اخيه: وہ اپنے بھائی کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد اور دونوں کے درمیان کوئی اور پیدا نہیں ہوا۔ الصَّائِغ (فا) صَاغَةٌ و صُيَّاغ و صُوَّاغ: زرگر، سنار کہتے ہیں۔ هو من صاغة الكلام: وہ خوبصورت انداز سے لکھنے والا ہے۔ الصِّيغَة جمع صِيَغ: نوع، اصل کہتے ہیں۔ هو من صيغةٍ كَرِيمَةٍ وہ شریف اصل ہے (کہتے ہیں۔ صيغةُ الامر كذا و كذا: امر کی شکل اس طرح اور اس طرح ہے) تصویر [illegible] سونے یا چاندی وغیرہ کے زیورات (عام زبان میں) الصِياغة: زرگری، سنار کا پیشہ۔ الصَوَّاغ والصَيَّاغ والصَيِّغ: جھوٹا، نمک مرچ لگا کر بات کرنے والا۔ المَصَاغ: ڈھالے ہوئے زیورات۔

۳۔ صَاغَ ـ صَوْغًا له الشرابُ: کے لئے مشروب کا خوشگوار ہونا صحت بخش ہونا۔

○ صَاغَ ـ صَوْغًا و صِيَاغَةً ه: کو بنانا، ڈھالنا، تخلیق کرنا۔ (قاعدہ، قانون) بنانا، وضع کرنا (لفظ) گھڑنا، وضع کرنا (جھوٹ) گھڑنا، تراشنا، ایجاد کرنا، اختراع کرنا۔ صَاغَ الذهب والفضة: زرگری کرنا۔ صَوْغ: بنانا، ڈھالنا، تخلیق کرنا۔ صيغة: بنانا، ڈھالنا، تخلیق کرنا۔ جمع صِيَغ: شکل، بیرونی شکل، انتخاب الفاظ، اظہار مفہوم کے لئے الفاظ کا استعمال، متن) روایت، بیان (مراسلہ معاہدہ وغیرہ کا) فارمولا، زیورات، سونے چاندی کے زیور، شکل (گرامر میں) صيغة الفاعل: فعل معروف۔ صيغة المفعول: فعل مجہول۔ بصيغةٍ حاسِمَة: فیصلہ کن شکل میں، غیر مبہم الفاظ میں۔ صِيَاغة: ترکیب دینا، سنوارنا، بنانا، مسودہ تیار کرنا، لفظوں میں ادا کرنا، بنانا، تشکیل، ڈھالنا، زرگری۔ مَصَاغ: زیورات، جواہرات، سونے چاندی کی اشیاء۔ صائغ جمع صُيَّاغ و صاغة و صُوّاغ: زرگر، سنار، جوہری۔ مَصُوغات: سونے چاندی کے زیورات، جواہرات، زیورات۔ صاغ: باترتیب، ٹھیک، مناسب، صحیح سالم، اچھی حالت میں، معمول کے مطابق، باقاعدہ، فوج اور پولیس میں کیپٹن اور میجر کا درمیانی) عہدہ، بحریہ میں لیفٹیننٹ اور لیفٹیننٹ کمانڈر کے درمیان کا عہدہ۔ عُمْلَةٌ صاغ: معیاری نظام زر۔ غِرش صاغ: معیاری۔ غِرش (سکہ مصری) صاغقول اغاسی: (ترکی لفظ) مصر میں کیپٹن اور میجر کے درمیان کا فوجی عہدہ۔

صاف: ا۔ صَافَ ـ صَوْفًا عن كذا: سے انحراف کرنا۔ السهمُ عن الهدف: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا۔ أصافَ هُ: کو جھکانا، مائل کرنا۔

۲۔ صَافَ ـ صَوْفًا و صُوُفًا و صَوِف يَصْوَف صَوَفًا الكبشُ: مینڈھے کا بہت اون والا ہونا صفت أَصْوَف۔ الصُّوف جمع اصْواف للشاء: اون۔ اس کے ایک قطعہ کو صُوفة: کہتے ہیں۔ اخذه بصوف رقبته اس نے اسے زبردستی پکڑ لیا۔ اعطاه اياه بصوف رقبته: اس نے اس کو مفت دیا یا سارا دیدیا۔ اس سے مثل ہے۔ خَرْقاءُ وجدت صُوفًا: بے وقوف عورت کو اون مل گئی۔ مطلب یہ کہ بیوقوف کو مال مل جائے تو وہ اسے ضائع کر دیتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ صوفته حمراء. والزامات کا نشانہ ہے، اس کی طرف فوراً بدگمانی کا رخ ہو جاتا ہے۔ الصَوَّاف. اون فروش۔ الصاف والصافِيّ والأَصْوَف والصائف: اونی اون دار۔ الصَوْفان م صَوفانة: جس پر بہت اون ہو۔ الصَوِف و الصُوفاني: جس پر بہت اون ہو۔ جُبَّةٌ صَيِّفَةٌ: بہت اون والا جبہ۔

۳۔ صَوَّفَ هُ: کو صوفی بنانا۔ تَصَوَّف: صوفی ہو جانا، صوفیوں جیسے اخلاق اختیار کرنا۔ الصُّوفِيَّة: عبادت گزاروں کی جماعت۔ واحد الصُوفيّ: مسلمانوں کے نزدیک صوفی وہ ہے جو خود کو فنا کر کے اللہ تعالیٰ سے متعلق رہے جس میں اعلیٰ درجہ کا خلوص اور حقائق کے ادراک کی استعداد ہو۔

۴۔ الصُوفان واحد صوفانة: ایک نرم خشک چیز جو لکڑی کے اندر ہوتی ہے اور جلد آگ پکڑتی ہے۔ فُطْرُ الصُوفان: سماروغ جو درخت کے تنے پر اگتی ہے اور اس سے صوفان نکالا جاتا ہے۔

○ صُوف جمع أَصْواف: اون۔ صوفي: اون کا۔ اونی، صوفی۔ صوفية: صوفی طریقہ زندگی۔ الصُوفية: اسلامی تصوف، روح اور خالق کے ارتباط کا عقیدہ۔ صُوفان: آگ پکڑنے والی کوئی سوکھی چیز۔ صوفانة: آگ پکڑنے والی کوئی سوکھی چیز۔ صواف: اون کا تاجر۔ التصوف: صوفیہ، اسلامی تصوف، روح اور خالق کے ارتباط کا عقیدہ، صوفی طرز زندگی۔ المتصوفة: صوفی لوگ، عارفین باللہ۔ صوفيا: بلغاریہ کا دارالحکومت۔

صاق: صَاقَ الدابةَ: جانور ہانکنا۔ الصاق والصُوق والصَوِيق: دیکھئے الساق والسوق والسويق: (ساق، پنڈلی، تنہ) سَوْق: ہانکنا۔ سويق: ستو)

صاك: صَاكَ ـ صَوْكًا به الزعفرانُ والمِسكُ ونحوهما: سے زعفران یا مشک وغیرہ کا چپکنا۔ تَصَوَّكَ في رجيعه و برجيعه: اپنے گوبر سے لتھڑنا۔

صال: ا۔ صَالَ ـ صَوْلًا و صَوْلَةً عليه: پر کود پڑنا۔ صَوْلًا و صِيَالًا و صَالًا و صُؤُولًا و صَيَلَانًا و مَصَالَةً عليه: پر حملہ کر کے مغلوب کرنا۔ صَاوَلَ مُصَاوَلَةً و صِيَالًا و صِيَالَةً هُ: ایک کا دوسرے پر کود پڑنا، ایک دوسرے پر حملہ آور ہونا۔ تَصَاوَلا: ایک دوسرے پر حملہ آور ہونا، کود پڑنا۔ الصَوْلَة: سطوت، غلبہ، حملہ کہتے ہیں۔ لقيتُهُ اوّلَ صَوْلةٍ: میں اسے

پہلی دفعہ ملا۔ الصَّؤُول من الرجال: لوگوں کو مار پیٹ کرنے والا، ان سے گستاخی کرنے والا۔

۲۔ صِیْلَ لَہُ الامرُ: اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی کے لئے کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔

۳۔ صَوَّلَ البَیْدَرَ: کھلیان کے اطراف میں جھاڑو دینا۔ الشیءَ: کو دھونا، جیسے چونے کو دھونا، پانی میں ڈال کر صاف کرنا، جیسے گیہوں، کو صاف کرنا۔ صُوْلَۃ الحِنطۃ: پانی میں صاف کیا ہوا گیہوں۔ الصُّوَالۃ: کھلیان کے اطراف کا کوڑا کرکٹ، کوڑا کرکٹ جو غلہ کے دھونے سے نکلتا ہے۔ المِصْوَل جمع مَصَاوِل: برتن جس میں کوئی چیز صاف کرنے کے لئے بھگوئی جائے۔ المِصْوَلَۃ: خرمن صاف کرنے کی جھاڑو۔

○ صَالَ ۔صَوْلاً و صَوْلَۃً و صِیَالاً علی: پر کودنا، چھلانگ لگانا، پر حملہ کرنا۔ صَوَّلَ ہ: (سونا، گیہوں وغیرہ) کو پانی سے دھونا۔ صَاوَلَ ہٗ: سے مقابلہ کرنا۔ صَوْلَۃ جمع صَوْلات: حملہ، طاقت، ظلم، جور و استبداد، ظلم و جور، جور و جبر۔ صَوْل: (ترکی میں) سارجنٹ، میجر (انگریزی میں) ٹیکنیکل سارجنٹ۔ صَوْل تعیلم: ماسٹر سارجنٹ۔ صول تعیین: کوارٹر ماسٹر سارجنٹ۔ صَوْلَجَان جمع صَوَالِجَۃ: خمیدہ سرے والا عصا، پولو موگرا، عصائے شاہی، عصائے حکومت۔

صام: ۱۔ صَامَ ۔صَوْمًا و صِیَامًا: روزہ رکھنا، صائم روزہ دار جمع صائمون و صُوَّام و صُوَّم و صُیَّم و صِیَام۔ صَامَ الشَّہرَ: مہینہ میں روزے رکھنا۔ صَوَّمَ ہٗ: کو روزہ رکھوانا۔ اصْطَام: روزہ رکھنا۔ الصَّوْم: (مص) جمع أصْوَام: کام سے رکنا، مقررہ اوقات میں کھانے پینے سے رکے رہنا، روزہ دار، مفرد و جمع کے لئے یکساں کہتے ہیں۔ ھُوَ صَوْم وھِیَ صَوْم وھم صَوْم: وہ مرد روزہ دار ہے۔ وہ عورت روزہ دار ہے وہ لوگ روزہ دار ہیں وغیرہ وغیرہ۔ عند المسیحین: (عیسائیوں میں) آدھی رات سے دوپہر تک کھانا ترک کرنا، انکا یہ کہنا کہ النصرانی فی صومہ کا معنی ہے نصرانی اس کی بیعت میں ہے۔ شہر الصوم: رمضان کا مہینہ۔ الصَّوَام من الاراضی: خشک بے آب زمین۔ الصَّوْمَان جمع صَیَامَی: روزہ دار۔ الصَّائِم: کھانے پینے سے رکا رہنے والا کہتے ہیں۔ یَوْمٌ صائِمٌ: دن جس میں روزہ رکھا جائے۔ مَاءٌ صَائِمٌ: ٹھہرا ہوا، رکا ہوا پانی۔ الصَّائمۃ من الخیل: بغیر چارہ کے کھڑا ہوا گھوڑا۔ الصَّوَّام: بہت روزے رکھنے والا کہتے ہیں۔ ھو صَوَّامٌ قَوَّامٌ: وہ دن کو روزہ رکھتا ہے اور رات کو کھڑا رہتا ہے۔

۲۔ صَامَ ۔صَوْمًا و صِیَامًا النہارُ: دوپہر کا وقت ہونا۔ ت الشمسُ: سورج کا نصف النہار پر ہونا۔ ت الریحُ: ہوا کا ٹھہرنا۔ الصَّائِمۃُ من السَّکاکین: کند چھری۔ من البکرات: نہ پھرنے والی چرخی۔ مَصَام و مَصَامَۃُ الفرس: گھوڑے کے کھڑے ہونے کی جگہ کہتے ہیں۔ جئتُہُ والشمسُ فی مَصَامِہا: میں اس کے پاس آیا تو سورج نصف النہار پر تھا۔

۳۔ صَامَ ۔صَوْمًا و صِیَامًا و اصْطَامَ النعامُ: شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔ صومُ النعامِ: شتر مرغ کی بیٹ

۴۔ صَامَ ۔صَوْمًا و صِیَامًا و اصطام مِنیتَہُ: موت چکھنا۔

۵۔ صَوْمَعَ الشیءَ: کو جمع کرنا۔

۶۔ صَوْمَعَ البناءَ: عمارت بلند کرنا۔ الصَّوْمَع جمع صَوَامِع: پہاڑ یا بلند جگہ جس پر راہب و عبادت گزار تنہائی کی خاطر رہتا ہو۔ راہب کی کٹی، گرجا۔ الصَّوْمَعَۃ جمع صَوَامِع بمعنی الصَّوْمَع، پہاڑ کی چوٹی۔ (ح) عقاب۔

۷۔ الصَّوْمَعَۃ جمع صَوَامِع: ایک قسم کی ٹوپی۔

۸۔ صَوْمَلَ الرجُلُ: بھوک سے کھال کا خشک ہو جانا۔

○ صَامَ ۔صَوْمًا و صِیَامًا عن: سے باز رہنا، پرہیز کرنا، کھانے پینے اور مجامعت سے پرہیز کرنا، روزہ رکھنا۔ صوم: باز رہنا، پرہیز کرنا، اجتناب کرنا، روزہ رکھنا، روزہ۔ الصوم: ماہ رمضان میں روزے رکھنا۔ الصوم الکبیر: بڑا روزہ، ایسٹر کا چلہ۔ عیدُ صومِ الغُفران: یوم کفارہ (عیسائیت میں) صِیام: روزہ رکھنا، روزہ۔ صَائِم جمع صائمون و صُوَّم و صِیَّم و صِیَام: روزہ دار۔ الصُّوْمَال: صومالیہ۔ صُومالی: صومالیہ کا باشندہ، صومالیہ کا، صومالی۔

صان: ۱۔ صَانَ ۔صَوْنًا و صِیَانًا و صِیَانَۃً و اصْطَانَ اصْطِیَانًا ہٗ: کی حفاظت کرنا۔ صفت مفعولی۔ مَصُوْن و مَصُوُوْن (مَصُوُوْن نادر الاستعمال ہے) — الثوبَ او العِرضَ: کپڑے یا عزت کو دغدار ہونے سے بچانا۔ تَصَوَّنَ ہٗ: کو بچانے کا دکھاوا کرنا۔ وتَصَاوَن من العیب: خود کو عیب سے بچانا۔ الصَّوَان والصِّوَان والصُّوَان والصِّیَان والصُّیَان والصَّیَان جمع أصْوِنَۃ: الماری، صندوق۔ المَصَان و المِصْوَان: کمان وغیرہ کا غلاف۔ التَّصُوْنَۃ: گھر کی چاردیواری، باغ کی چاردیواری (عام زبان میں)

۲۔ الصَّوَّانۃ جمع صَوَّان (ط ا): چقماق کا پتھر، ذبر، چوٹر۔

○ صَانَ ۔صَوْنًا و صِیَانَۃً ہ: کو محفوظ رکھنا، کا تحفظ کرنا، کو بچانا، کو بچائے رکھنا، کو رکھنا، رہنے دینا، کو برقرار رکھنا، کو چالو رکھنا۔ ہ / ہ / عن: کو سے محفوظ رکھنا، کی حفاظت کرنا، کو سے بچانا۔ ہ / ہ / عن: کا کے خلاف دفاع کرنا۔ تَصَوَّنَ: اپنی عزت برقرار رکھنا، پاکدامن رہنا (خاتون) کا باعصمت رہنا۔ اپنے آپ کو الگ رکھنا، تنہائی میں رکھنا، اپنے آپ کو بچانا، محفوظ رکھنا۔ صون: پاکدامنی، عزت مندی، دفاع، حفاظت، محفوظ رکھنا، برقرار رکھنا۔ صَوَّان واحد صَوَّانۃ: چقماق (granite) ایک عمارتی پتھر۔ اَدَوَاتٌ صَوَّانیۃ: چقماق کے اوزار۔

صوّ: الصَّوّ: خالی کہتے ہیں: اناءٌ صَوٌّ: خالی برتن۔ الصُّوَّۃ جمع صُوًی: وجمع الجمع أصْوَاء: آواز بازگشت، ٹیلہ، پہاڑی، نشان راہ کا پتھر۔ ـ البحریۃ: (سمندر میں راستہ بنانے یا اس کے خطرناک حصوں کی اطلاع دینے والی وہ چیز جو سمندر میں تیرتی رہتی ہے، تیرونا، پیراک، پیپا۔ الصُّوَّۃ البحریۃ: کا دوسرا نام۔ عَوَّامۃ اور شَمَنْدُورَۃ: ہے۔ الصُّوَی والأصْوَاء: قبریں۔

○ صُوَّۃ جمع صُوًی: نشان راہ کا پتھر۔ صَوَی ۔صُوِیًّا وَصَوِیَ ۔صَوًی و صَوًی: بالکل سوکھ جانا، مرجھانا، مرجھا جانا۔ صَوَی: آہستہ آہستہ نکلنا، چیں چیں کرنا، چوں چوں کرنا، چہچہانا۔

صوی: صَوَی ۔صُوِیًّا و صَوَّی تصویۃً و أصْوَی اصواءً النخلُ: درخت کھجور کا خشک ہو جانا، صفت: صَوِیّ و صاوٍ۔ ـ الضرعُ: تھن کا خشک ہو جانا صفت صاوٍ۔ صَوِیَ ۔صَوًی النخلُ: کھجور کے درخت کا خشک ہو جانا صفت صَوِیٌّ و صَاوٍ۔ الضرعُ تھن کا خشک ہو جانا صفت صَاوٍ ۔ الرجُلُ: قوی ہونا۔ ابو صُوَیّ او الصَّرَّارۃ (ح) ایک پرندہ جس کی آواز سے سانپ ڈرتے ہیں۔

صاب: ۱۔ صَابَ ۔صَیْبًا: درست ہونا صفت صائب۔ ۃ السہمُ: کو تیر لگنا۔ سَہْمٌ صَیُوبٌ جمع صُیُوب: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

۲۔ الصُّیَّاب والصُّیَاب و الصُّیَابۃ: خالص، ہر عمدہ شے کہتے ہیں۔ ھو من صُیَّابہم: یعنی وہ ان کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔ الصُّیَّبۃ بمعنی الصُّیَّاب: (کہتے ہیں۔ ھو من صُیَّابتہم: وہ ان کے بہترین

لوگوں میں سے ہے)۔ سردار۔ هو صُيَّابةَ قومه: وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ صُيَّابة القوم: قوم کی جماعت

صاح: ا۔ صَاحَ ِ صَيْحًا و صَيْحَةً و صِيَاحًا و صَيَحَانًا زور سے چیخنا۔ به: کو پکارنا، آواز دینا۔ ــ عليه: کو ڈانٹنا۔ ــ ت عصافيرُ بطنه: بھوکا ہونا۔ صِيحَ بِهِم: وہ ڈر گئے۔ ــ فيهم: ہلاک ہوگئے۔ صَيَّحَ: بہت چیخنا۔ صَايَحَ القومَ: ایک دوسرے کو پکارنا۔ صَايَحَ به: کو پکارنا، آواز دینا۔ تَصَايَحَ القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو پکارنا۔ الصَّيْح: (مص) کہتے ہیں۔ غَضِبَ من غير صيح ولا نَفْر: وہ یونہی غضبناک ہوا۔ الصَّيْحَة: صاح کا اسم مرة، عذاب الٰہی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سزا، اچانک غارت۔ الصَّائِحَة: صَائِح: کا مونث نیز صيحة السناحة. تجہیز و تکفین پر عورتوں کا بین، ماتم، گریہ وزاری۔ الصَّيَّاح: بہت چیخنے والا۔

۲۔ صَاحَ ِ صَيْحًا و صُيُحَةً و صِيَاحًا و صَيَحَانًا۔ العنقودُ: تر خوشے کا بڑھنا۔

۳۔ صَيَّحَ ت الريحُ او الشمسُ البقلَ: ہوا یا سورج کا سبزی کو سکھا دینا۔ تَصَيَّحَ البقلُ: سبزی کے اوپر کے حصہ کا خشک ہوجانا۔

۴۔ صَيَّحَ الشيءَ: کو توڑنا، پھاڑنا۔ تَصَيَّحَ: پھٹنا، چٹخنا۔ تَصَايَحَ جفنُ السيف: تلوار کی نیام کا پھٹ جانا، چخ جانا۔ انْصَاحَ: پھٹنا، چٹخنا۔ الفجرُ و البرقُ: صبح اور بجلی کا ظاہر ہونا۔ ــ ت الأرضُ: زمین کے کچھ حصے کا روئیدگی سے ڈھک جانا۔

○ صَاحَ ِ صَيْحًا و صِيَاحًا: چلانا، چیخنا، بلبلا اٹھنا، چیخ مارنا، ککڑوں کوں کرنا، بانگ دینا۔ صاح صَيْحَةً: چیخ مارنا۔ ب: کو پکارنا۔ ــ علي او في: سے چلا کر کہنا۔ صَيَّحَ: زور سے چلانا، دھاڑنا، گرجنا، چیخنا، چلانا۔ تَصَايَحَ: ایک دوسرے کو پکارنا، چلانا، شور مچانا، چیخ پکار کرنا، شور و غل کرنا۔ صَيْح: چیخنا، چلانا، شور و غوغا، چیخ پکار۔ صَيْحَة جمع صَيْحَات: چیخنا، چلانا، شور و غوغا۔ صيحةُ الحرب: جنگی چیخ و پکار۔ أَرْسَلَ صَيْحَاتٍ: چیخیں مارنا۔ صَاحَ صيحةً: چیخ مارنا۔ على صَيْحَةٍ: جہاں تک چیخ و پکار پہنچ سکے۔ ذَهَبَ صيحةً في وادٍ: صدا بصحرا ہونا۔ صِيَاح: چیخنا، چلانا، شور و غل، پرندے کی چیخ۔ صَيَّاح: چیخنے والا، اونچی آواز والا، شور مچانے والا، پرخروش، گلا پھاڑ پھاڑ کر کہنے والا۔ تصايح: شور مچانا، غور شورو غل، گرج، چیخ، چیخ و پکار۔

صاد: ا۔ صَادَ ِ صَيْدًا الطيرَ: پرندے کا شکار کرنا۔ صفت صائد ۔ فُلانًا: کے لئے شکار کرنا۔ ــ المكانَ: جگہ میں شکار کرنا۔ أَصَادَهُ: کو شکار پر اکسانا۔ تَصَيَّدَ الطيرَ: پرندے کا شکار کرنا۔ اصْطَادَ الطيرَ: پرندے کا شکار کرنا۔ المكانَ: جگہ میں شکار کرنا۔ الصَّيْد: (مص) شکار۔ الصَّيَّاد: شکاری۔ الصَّيُود جمع صِيد و صُيُود: شکاری کہتے ہیں۔ كلبٌ صَيُود و صقرٌ صَيُود: شکاری کتا اور شکاری باز یا شکرا یا شاہین۔ ــ مِن النساء: اپنے خاوند سے حیلے بہانے سے کچھ نہ کچھ حاصل کرنے والی عورت۔ المَصِيد: پکڑا ہوا شکار۔ المِصْيَد و المِصْيَدَة و المَصْيَدة و المَصِيدَة جمع مَصَائِد: جال، گڑھا پھندا، دام، شکار کرنے کی کوئی چیز یا سامان۔ المَصَاد و المصْطَاد و المُتَصَيَّد: جائے شکار، شکارگاہ۔

۲۔ صَادَ ِ صَيْدًا زيدًا: زید کو ٹیڑھی گردن والا بنانا۔ صَيِدَ يَصْيَدُ صَيَدًا: ٹیڑھی گردن والا ہونا۔ أَصَادَ البعيرَ: اونٹ کو اذیت دینا، اسکی گردن کی کجی کا علاج کرنا (ضد) الأَصْيَد م صَيْدَاء جمع صِيد: ٹیڑھی گردن والا اونٹ، تکبر سے سر کو بلند کرنے والا۔ بادشاہ (ح) شیر۔ الصَّاد: (طب) اونٹ کی ایک بیماری جس کی وجہ سے اسکی ناک سے ریزش بہتی رہتی ہے اور وہ اپنا سر اونچا رکھتا ہے۔ شیر۔ بعيرٌ صاد: بیماری سے سر اونچا رکھنے والا اونٹ۔ ناقةٌ صارَةٌ: بیماری سے سر اونچا رکھنے والی اونٹنی۔ الصَّيَد: (مص) و الصِّيد: اونٹ کی مذکورہ بالا بیماری۔ الصَّيْدَاء الأَصْيَد کا مونث۔ الصَّيَّاد (ح) شیر۔

۳۔ الصَّاد: حرف تہجی۔ جمع صِيدَان: پیتل، تانبا۔ الصَّيْدَاءُ: کنکر، پتھری۔ ارضٌ صَيْدَاء: سخت زمین۔ الصَّيُود من النساء: بدخلق عورت۔ الصَّيْدَان: سونا، تانبا۔ صَيْدَانُ الحصى: چھوٹے کنکر۔ الصَّيْدَانَة: بھوت، ــ من النساء: بدخلق عورت، بہت باتونی عورت۔

۴۔ الصَّيْدَلة: دوافروشی۔ الصَّيْدَلي و الصَّيْدَلاني: دوافروش۔ الصَّيْدَلِيَّة: دواؤں کی دوکان۔

۵۔ الصَّيْدَن: مضبوط عمارت، چاندی کی اینٹ، تنگ چادر (ح) بجو: (ح) لومڑی، بادشاہ، عطر فروش، زمین کے اندر گھر بنانے اور اس کو لوگوں سے چھپا کر رکھنے والا ایک جانور۔ الصَّيْدَنَانِي (ح) لومڑی اور مذکورہ جانور کی مضبوط عمارت۔

○ صاد ِ صَيْدًا ہ: کو شکار کرنا، مچھلی پکڑنا۔ تَصَيَّدَ ہ: کو شکار کرنا، پکڑنا۔ اصطاد: بمعنی صَادَ ۔ اصطاد في الماء العَكِر: گندے پانی میں مچھلیاں پکڑنا۔ صيد: شکار کرنا، شکار، مچھلی پکڑنا۔ صيدُ السمك: مچھلی پکڑنا۔ من صيد خَيَالِه: اس کے خواب و خیال میں، اس کے تصور کی پیداوار۔ صَيَّاد جمع صيادون: شکاری مچھلی پکڑنے والا۔ صياد السمك: مچھیرا، مچھلی پکڑنے والا، رام چڑیا۔ صَيْدَا: لبنان کا ایک شہر۔ مَصْيَدَة جمع مَصَايِد: ماہی گاہ۔ صَيْدَلَة: عطار کا پیشہ، دوا سازی، عطاری، علم دوا سازی۔ صَيْدَلِي جمع صَيَادِلَة: دوافروش، دواساز۔ عطار۔ صَيْدَلاني: دواساز، دوافروش۔ عطار۔ صَيْدَلِيَّة: دواؤں کی دکان، عطار خانہ۔

صار: ا۔ صَارَ ِ صَيْرًا و صَيْرُورَةً و مَصِيرًا: واپس ہونا، ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہونا جیسے صار زيدٌ غنيًّا: زید مفلسی کی حالت سے تحول کی حالت میں منتقل ہوگیا یعنی امیر ہوگیا، منتقل ہونا۔ ــ الى كذا او الى فلان: کسی چیز یا شخص تک پہنچنا (یہ افعال ناقصہ میں سے ہے) صَيَّرَ تَصْيِيرًا و أَصَارَ إِصَارَةً ہ: کو ایک حالت یا شکل سے دوسری حالت یا شکل میں بدل دینا۔ تَصَيَّرَهُ: سے مشابہ ہونا۔ الصَّيْر: (مص) کام کا انجام و نتیجہ۔ الصِّير: بمعنی الصَّيْر چیز کا کنارہ یا طرف، جب کوئی شخص کام ختم کرنے کے قریب ہوتا ہے تو کہتے ہیں۔ فلانٌ على صِيرِ الأَمرِ ۔ الصَّائِرة: خشک گھاس۔ الصَّيُّور و الصَّيُّورَة: کام کا انجام و نتیجہ۔ المَصِير (مص) جمع مَصَايِر: کام کا انجام و نتیجہ، وہ جگہ جہاں پانی پہنچتا ہے۔

۲۔ صَارَ ُ صَيْرًا ہ: کو کاٹنا۔ الشيءَ: کو روکنا۔ الصِّير: دروازہ کی دراڑ۔ الصِّيَار: گایوں کا گلہ۔ الصِّيَارَة و الصِّيرَة جمع صِيَر و صِيَر: گائے یا بکریوں کا باڑہ۔ الصَّيِّر: قبر۔

۳۔ الصِّير: چھوٹی نمکین مچھلیاں، یہودیوں کا پادری۔ الصِّيَار: چنگ کی آواز۔ الصَّيِّر: جماعت۔ الصَّيُّور: عقل و رائے۔

○ صَارَ ِ صَيْرًا و صَيْرُورَةً و مَصِيرًا ہ: کوئی چیز ہوجانا۔ (مضارع کے ساتھ)، کو شروع کرنا، تک جانا، کسی ایسی صورت حال میں ہونا جہاں کسی ایسے نقطہ تک پہنچنا جہاں، واقع ہونا، ہونا، عمل میں آنا۔ ــ لِ: کے حصہ میں آنا، پر پڑنا، واقع ہونا۔ ــ الى او عند: کے پاس جانا۔ الى: کسی جگہ پہنچنا۔ الى: پر ختم ہونا۔ الى: کام انجام ہونا، نتیجہ ہونا۔ صار به الى: کو تک لے جانا۔ يُصَارُ الى: تک جانا، کوئی آخرکار کے ساتھ، ختم ہوگا۔ صَيَّرَهُ ہ: کو کچھ بننے پر اکسانا،

کو میں بدلنا۔ صِیر: دروازہ کی دراڑ۔ چھوٹی نمکین مچھلی۔ صَیرُورَۃ: ہونا، ترقی یافتہ حالت، نتیجہ۔ مَصِیر: ترقی یافتہ حالت، (کام کی) رفتار جمع مَصَایِر: پہنچنے کی جگہ، نتیجہ، تقدیر، قسمت۔ نصیب نصیبہ، مقدر، انجام، حشر، زندگی۔ تقریر المصیر: حق خود اختیاری۔ مصیرُ کلِّ حَيٍّ: ہر زندہ کا طریقہ یا دستور۔

صیص: الصِیْصَۃ والصِیْصِیَۃ جمع الصَّیاصِی: جولاہے کا کونچ جس سے وہ تانا بانا درست کرتا ہے۔ بننے کی سلائی، مرغ کا خار، ہرن اور گائے کا سینگ، کھجور توڑنے کا دستہ، قلعہ۔ گڑھی اوہ ر پناہ لینے کی جگہ۔

صاع: صَاعَ ۔ صَیعًا و أَصَاعَ الغنمَ: بکریوں کو متفرق کرنا۔ القومَ: ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔ تَصَیَّعَ الماءُ: پانی کا اضطراب کرنا، جوش مارنا۔ انصاعَ الرجُلُ: تیزی سے واپس لوٹنا۔ — الطیرُ: پرندے کا فضا میں چڑھنا۔

صاف: ۱۔ صَافَ ۔ صَیْفًا و تَصَیَّفَ بالمکان: کسی جگہ موسم گرما میں اقامت کرنا۔ — واصَّیَّفَ المکانَ: کسی جگہ موسم گرما گزارنا۔ صِیْفَ المکانُ او الرجُلُ: کسی جگہ یا آدمی پر موسم گرما کی بارش ہونا۔ صفت مفعولی مَصِیْفٌ و مَصْیُوفٌ صَیَّفَ بالمکان: کسی جگہ موسم گرما میں قیام کرنا۔ المکانَ: کسی جگہ موسم گرما میں رہائش پذیر ہونا کہتے ہیں۔ ھذا الطعام یصُیِّفُنِی: یہ کھانا مجھے موسم گرما کے لئے کافی ہے۔ صُیِّفَ المکانُ او الرجُل: کسی جگہ یا آدمی پر موسم گرما کی بارش ہونا۔ صفت مفعولی۔ مُصَیَّف۔ صَایَفَ مصایَفۃً و صِیافًا: سے موسم گرما کے لئے معاملہ کرنا۔ (جیسے الشہر سے مُشاھَرۃ) اَصَافَ اصافۃً القومُ: موسم گرما میں داخل ہونا۔ ت الدَابَّۃ: جانور کا موسم گرما میں بچے دینا۔ اصْطَافَ اصْطِیَافًا بالمکان: کسی جگہ موسم گرما میں اقامت کرنا۔ الصَّیْفُ جمع أَصْیَاف: موسم گرما۔ ۲۱ جون سے ۲۱ اپریل تک کا چار موسموں میں سے ایک موسم (شام، لبنان، عراق، اردن) الصَیفَۃ جمع صِیَف: موسم گرما، یہ صیف سے اخص ہے۔ الصَّیْفِیّ: موسم گرما میں پیدا ہونے والا، موسم گرما میں اگنے والی گھاس (ز) موسم گرما میں چنے، کاٹے جانے والے اکٹھے کئے جانے اور توڑے جانے والے پھل جیسے انجیر، انگور، سیب، ناشپاتی وغیرہ۔ والصَّیِّفُ: موسم گرما میں اگنے والی گھاس۔ والصَیِّفَۃ: موسم گرما کی بارش کہتے ہیں۔ اصابتنا صَیِّفَۃٌ غزیرۃٌ: موسم گرما میں ہم پر کثرت سے بارش ہوئی۔ الصَّاف: گرم۔ الصَّائِف: گرم کہتے ہیں۔ صَیفٌ صائف: بہت گرم موسم گرما (جیسے کہا جاتا ہے۔ لیلٌ لائِل: تاریک رات، اندھیری رات)۔ الصائفۃ جمع صَوَائِف۔ الصائف کا مونث، موسم گرما کا وقت، گرمی کے موسم کی جنگ۔ صائفۃُ القوم: قوم کی موسم گرما کی خوراک۔ المصِیف و المُتَصَیَّف و المُصْطَاف: موسم گرما گزارنے کی جگہ۔ ارضٌ مِصْیَاف جمع مَصَایِیف: وہ زمین جس کی سبزی دیر سے نکلے اور وہاں موسم گرما کی بارش بکثرت برسے۔ المَصَایِیف: موسم گرما میں پیدا ہونے والے بچے۔

۲۔ صَافَ ۔ صَیفًا و صُیُوفًۃ السھمُ عن الھدفِ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ —— عنّی وجھُہُ: اس کا چہرہ میری طرف سے مڑ گیا۔ أَصَافَ اصافۃً اللّٰہُ عنہ الشرَّ: اللہ تعالیٰ کا کسی سے شر کو دور کرنا۔ المَصِیف: ندی کا موڑ۔

۳۔ اَصَافَ اصَافۃً: بڑھاپے میں شادی کرنا، یا بڑھاپے میں اولاد ہونا۔ رجُلٌ مِصْیَاف جمع مَصَایِیف: وہ مرد جو بالوں کے خاکستری ہونے تک شادی نہ کرے۔

○ صَافَ ۔ صَیْفًا: موسم گرما والا ہونا۔ ہ/ب: میں موسم گرما گزارنا۔ صَافَ الزمانُ أم شتاً: ہر وقت، سب حالات میں۔ صَیَّفَ، تَصَیَّفَ و اصطاف بمعنی صَافَ۔ صَیْفِی: موسم گرما کا یا سے متعلق۔ تَوقِیت صَیْفِی: گھڑیاں آگے کرنے کا وقت۔ مَصِیف جمع مَصایِف: گرمائی رہائش گاہ، گرمیاں گزارنے کی جگہ، آرام کرنے کا مرکز، تعطیلاتی کیمپ۔ اصطیاف: گرمیاں گزارنا۔ صائفۃ: موسم گرما (کا وقت)۔ مُصْطَاف: گرمیاں گزارنے کی جگہ جمع مصطافون: چھٹیاں گزارنے والے، موسم گرما میں کسی جگہ آنے والے۔

صِیق: الصِیق: پسینہ، بدبو، آواز۔ جمع صِیقَان: چڑیا۔ والصِیقۃ جمع صِیَق: ہوا میں چکر لگانے والا غبار۔

صاك: صَاكَ ۔ صَیْكًا بہ الطیبُ او الدمُ: سے خوشبو یا خون کا چمٹنا۔

صیل: صِیْلَ لہُ کذا: اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی کے لئے کچھ مقرر کیا جانا۔

صیم: الصِیَمّ: سخت مانگ، زبردست مانگ۔

صین: الصَوَانی واحد صینیۃ چینی برتن، چین کے برتن۔ الصِینِیَّۃ: سینی، کشتی، ٹرے۔ الصیوان جمع صَوَاوِین: بڑا خیمہ، سر پردہ، کپڑے کا خیمہ۔

○ الصین: چین (ملک)، چینی۔ بلاد الصین: چین۔ صینی: چین کا، چینی (صفت و اسم) چینی کے برتن۔

ض

ض: تلفظ ضاد۔ حروف تہجی کا پندرہواں حرف اور حروف ابجد میں یہ عدد ۸۰۰ کے برابر ہے۔

ضئب: الضِئب (ح): اچھلی، موتی۔

ضأد: ۱۔ ضَأدَ ضَأدًا ہٗ: اسے دشمنی میں غالب آنا۔

۲۔ ضئِدَ ضُؤادًا: کو زکام ہونا۔ اضأدَ اِضأدًا ہٗ: کو زکام میں مبتلا کرنا۔ الضُؤد و الضُؤد و الضُؤودۃ: زکام۔ المَضؤود: زکام زدہ۔

○ ضاد: حرف عربی کا مخصوص حرف ہے۔ لہٰذا اھلُ الضاد: عربی بولنے والے، عرب۔ ابناءُ الضاد: عربی بولنے والے، عرب۔ اقطارُ الضاد: عربی بولنے والے ممالک۔ لغة الضاد: عربی زبان۔

ضأز: ضأزَ ضأزًا و ضازاً ہٗ: پر ظلم و زیادتی کرنا۔ ۔ ہٗ حقّه: کا حق کم کرنا۔ قِسمةٌ ضُوزَی و ضأزَی و ضِئزَی: ناقص تقسیم۔ الضَیأز: معاملات میں کود پڑنے والا۔ الضُوَزۃ: حقیر آدمی۔

ضأض: ضأضأ ضأضأۃً و ضَوضًا و ضَوضاۃً القومُ فی الحرب: لڑائی میں شور کرنا۔ الضأضاء و الضَوضاء و الضَوضَی: جنگ میں لوگوں کا شور۔ الضُوضُو (ح): ایک پرندہ جس کے پروں پر رنگا رنگ کے نقطے ہوتے ہیں۔ ـــــ الأخیل بھی کہلاتا ہے۔ ـ و الضِئضِیٔ: جز، معدن۔

ضأط: ضئِطَ ضأطًا الرجُل: چلتے ہوئے جسم اور کندھے ہلانا۔

ضئك: ضئِكَ: کو زکام لگنا۔ الضُؤاك: زکام۔

ضئل: ضَؤُل ضآلۃً و ضُؤولۃً: حقیر ہونا، دبلا ہونا۔ ضاءَلَ شخصَهٗ: خود کو حقیر کرنا۔ تضاءَلَ: چھوٹا ہونا، کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ ـــــ الشیءُ: سکڑنا۔ اِضطال: چھوٹا ہونا، کمزور ہونا صفت مُضطِل۔

الضئیل جمع ضُؤَلاء و ضِئال و ضئیلون: چھوٹا چھوٹا، پتلا، حقیر، کمزور، لاغر۔ الضُئولة: کمزور، لاغر۔ الضئیلۃ: مؤنث الضئیل: پتلا سانپ، حلق کا کوا۔

○ ضَئُول ضآلۃً و ضُؤولۃً: چھوٹا ہونا، ننھا سا ہونا، بہت کم یا ناکافی ہونا، دبلا، پتلا یا لاغر ہونا، تھوڑا ہونا، معمولی ہونا، چھدرا ہونا، کمزور ہونا، ناتواں ہونا؛ قلیل ہونا، کم ہونا، سمٹنا، گھٹتے گھٹتے بالکل کم رہ جانا، گھٹ جانا، کم ہو جانا، قیمتیں وغیرہ گرنے لگنا، ختم ہونے کے قریب ہونا، سکڑنا، گھٹنا۔ ضآلۃ، ضِئالۃ و ضُؤلۃ: چھوٹا ہونا، ننھا سا ہونا، بہت چھوٹا باریک یا رقیق ہونا، بہت کم ہونا، معمولی ہونا، ناکافی ہونا، دبلا پتلا یا لاغر ہونا (دبلاپن، لاغری)، کمی، قلت، کمزوری، لاغری، پتلا پن، قلت، گھٹنا، سکڑنا۔ تضاؤل: بمعنی ضآلۃ۔

ضأن: ۱۔ ضأنَ ضأنًا الضأنَ: دنبیوں کو بکریوں سے جدا کرنا۔ اضأنَ اِضآنًا: بہت بھیڑوں یا دنبیوں والا ہونا۔ الضأن (ح): اسم جنس، بھیڑ، دنبہ۔ الضائِن (فا) جمع ضأن و ضان و ضئین و ضِئین: کمزور، ناتواں، کہتے ہیں: رجُلٌ ضائنٌ: کمزور آدمی۔ (ح): بھیڑ، دنبہ۔ ـــ من الغنم: اون والا بکرا، یا بھیڑ یا مینڈھا۔ الضائنۃ جمع ضوائن: الضائن کا مؤنث۔ الضِئنیّ: دہی بلونے کی بڑی مشک۔ الضانِیّ عند المولّدین: بھیڑ یا دنبے کا گوشت۔ (ھمزہ کو نظرانداز کرکے اور یاء کی تخفیف کے ساتھ)۔

۲۔ الضائن جمع ضان و ضئین و ضِئین: ریت کا سفید اور چوڑا قطعہ۔

○ ضامۃ: مہرہ بازی۔ ضان (اسم جنس): بھیڑ، مینڈھا۔ ضانِی: بھیڑ یا بکری کا گوشت (mutton)۔

ضائن: بھیڑ، دنبہ۔

ضأی: ضأی ضأیًا الرجُل: پتلے جسم والا ہونا۔

ضبّ: ۱۔ ضَبَّ ضَبًّا: چپ ہونا۔ اضبَّ: چپ ہونا، چیخنا، بولنا (ضد)۔ ـ علی الشیءِ: کو چھپانا، پکڑنا، گرفت میں لینا۔ ـ علی ما فی نفسه: اپنے بھید کو چھپانا۔ دل کی بات پر خاموش رہنا۔ ـ علی غلٍّ فی قلبه: دل میں کینہ کو چھپانا۔ الضب و الضِب جمع ضِباب: پوشیدہ کینہ۔ کہتے ہیں: رجُلٌ خبٌّ ضبٌّ: بات پر قائم رہنے والا، حیلہ جو، بہانہ ساز۔

۲۔ ضبَّ ضبًّا و ضبیبًا الریقُ او الدمُ: تھوک یا خون کا بہنا۔ ـــ الشفةُ: ہونٹ میں خون بہنے کی بیماری پیدا ہونا۔ أضبَّ الماءُ او الریقُ: تھوک یا پانی بہنا۔ ـــ الماءَ او الدمَ: پانی یا خون کو بہانا۔ الضب (طب): ہونٹ کی بیماری جس سے خون بہتا ہے۔ الأضبّ م ضبّاء جمع ضُبّ من الجمال: ہونٹ سے خون بہنے والی بیماری والا اونٹ۔ الضبیب (مص): ضبیبُ السیف: تلوار کی دھار۔

۳۔ ضبَّ ضبًّا الناقةَ: اونٹنی کا دودھ پوری مٹھی سے دوہنا۔ ـ علی الشیءِ: پر حاوی ہونا، مشتمل ہونا۔ عوام ضَبَّبَ کہتے ہیں۔ ـ علیه: کو مضبوطی سے پکڑنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ یضبُّ فوه او تضب لثاتهُ بکذا او علی کذا: فلاں شخص اس کا سخت حریص ہے۔ ضَبَّبَ علی الشیءِ: کو مضبوطی سے پکڑنا۔ اضبَّ علی الامر: کام پر حاوی ہونا۔ ـ علی المطلوب: کامیابی کے قریب ہونا۔ ـــ القومُ: کام کے لئے اکٹھے کھڑے ہونا۔ الضَبّة جمع ضِباب: خوب نچوڑ کر دوہنا۔ (اع): بندوق وغیرہ کا گھوڑا۔ المِضباب: بخیل۔

۴۔ ضبَّ ضبًّا الشیءُ: چیز کا زمین سے چمٹنا۔ الضَبّة

جمع ضِباب: برتن کھولنے کا اوزار۔

۵- ضَبُبَ و ضَبِبَ یَضَبُّ ضِبابةً المکانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِب م ضَبِبَة۔ ضَبَّبَ علی الضَّب: گوہ کو بھڑکانا۔ — البابَ: دروازہ میں بلی لگانا۔ أَضَبَّ المکانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ الضَّبّ جمع أَضُبّ و ضُبّان و ضِباب و مَضَبَّة (ح): گوہ، سوسمار، مثل ہے: اعقد من ذَنَب الضَّب: یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی گتھی سلجھانا مشکل ہے۔ لفظی ترجمہ: یہ گوہ کی دم سے بھی زیادہ پیچیدہ ہے۔ عرب کہتے ہیں: لا افعله حتی یرِدَ الضَّبُّ: یعنی میں یہ کام اسوقت تک نہیں کروں گا جب تک گوہ پانی پر نہ آئے۔ ان کے خیال میں تھا کہ گوہ کبھی پانی پر نہیں آتی۔ الضَّبَّة جمع ضِباب (ح): مادہ گوہ۔ لوہے یا لکڑی کا دستہ جو دروازہ میں لگاتے ہیں۔ ارضٌ مَضَبَّة جمع مَضابّ: وہ زمین جہاں گوہ بکثرت پائے جاتیں۔

۶- اَضَبَّت الارضُ: زمین کا زیادہ سبزی والا ہونا۔ — الیومُ: دن کا کہر والا ہونا۔ — الشَّعَرُ: بالوں کا زیادہ ہونا، گھنے ہونا۔ — القومُ فی بغیتهم: لوگوں کا مقصد طلبی میں متفرق ہونا۔ أَضَبُّوا علیه: پر کثرت کرنا۔ اَضَبُّوا لفلان: کی تلاش میں بکھر جانا۔ الضَّبَّة جمع ضِباب: شگوفہ جو ابھی کھلا نہ ہو۔ الضَّبابَة جمع ضَباب: کہر۔

۷- تَضَبَّبَ الصبیُّ: بچہ کا موٹا ہونے لگنا۔ الضَّبیبَة: گھی و کھجور کے شیرہ سے تیار کردہ بچوں کے لئے ایک کھانا۔

۸- الضَّبُّ (طب): اونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اونٹ کے اگلے پاؤں کی بیماری۔

○ ضَبَّ ضَبًّا علی: کو پکڑنا، کو مقفل رکھنا، کو حفاظت سے رکھنا، سنبھال کر رکھنا، کی احتیاط سے نگہبانی کرنا۔ ضَبَّبَ بمعنی ضَبَّ۔ — ہ: (دروازہ کو) چٹخنی لگانا۔ اَضَبَّ: (دن کا) کہر آلود ہونا۔ ضَبّ جمع ضِباب و أَضُبّ و ضُبّان: چھپکلی۔ ضَبّ: سامنے کا دانت۔ ضَبَّة جمع ضَبّات و ضِباب: دروازہ کی چٹخنی، بلی، ٹھکے کا قفل۔ ضَباب: دھند، کہر۔

ضبأ: ۱- ضَبَأَ ضَبْأً و ضُبُوءًا الرجلُ: زمین یا درخت ت چھپ جانا۔ صفت: ضَبِیءٌ۔ — ہُ بالأرض: کو زمین سے چمٹانا۔ — الصائدُ: شکاری کا شکار سے چھپنا اور اس کے لئے داؤں کرنا۔ — الیه: کی پناہ لینا۔ — منه: سے شرمانا۔ اَضْبَأَ الشیءَ: کو چھپانا۔ — علیه: پر خاموش رہنا، کو چھپانا۔ — ما فی یده و علیه: ہاتھ کی چیز کو پکڑے رکھنا۔ اِضْطَبَأَ اِضْطِباءً منه: سے چھپنا۔ المَضْبَأ جمع مَضابِئ: چھپنے کی جگہ۔

۲- ضَبَأَ ضَبْأً و ضُبُوءًا علی القوم: لوگوں کے پاس اچانک آپہنچنا۔

ضبث: ضَبَثَ ضَبْثًا و اضْطَبَثَ بالشیء و علیه: پر سختی سے قبضہ کرنا۔ — به: کو سختی سے پکڑنا۔ ضُبِثَ علیه: مار کھانا۔ الضَّبْثَة جمع ضَبَثات و اَضْباث: قبضہ، گرفت۔ الضُّباث: شیر کے پنجے۔ الضَّبّاث و الضَّبِث و الضَّبُوث (ح): شیر۔ المَضابِث (مفرد مِضْبَث): شیر کے پنجے۔

ضبح: ۱- ضَبَحَ ضَبْحًا و ضُباحًا تِ الخیلُ فی عَدْوها: دوڑنے میں گھوڑوں کا اپنی تھوتھنی سے آواز نکالنا۔ — ضُباحًا الأرنبُ والثعلبُ والقوسُ: خرگوش، لومڑی اور کمان کا آواز نکالنا۔ اِنْضَبَحَ: تھوتھنی سے آواز نکلنا۔

۲- ضَبَحَ ضَبْحًا تِ النارُ العودَ: آگ کا لکڑی کو متغیر کرنا۔ اِنْضَبَحَ لونُهُ: متغیر ہو کر راکھ جیسے رنگ کا ہونا۔ الضِّبْح: راکھ۔ الضَّبْحاء: آگ سے جھلسی ہوئی کمان۔

۳- ضابَحَ ہُ: کا منہ در منہ مقابلہ کرنا، کو گالی دینا، برا بھلا کہنا۔ تَضابَحَ: ایک دوسرے سے مڈبھیڑ ہونا، ایک دوسرے کو گالی دینا۔

○ ضَبَحَ ضَبْحًا ہ: کو (آگ کا) کالا کرنا۔ —: گھوڑے کا تھوتھنی سے آواز نکالنا۔

ضبر: ۱- ضَبَرَ ضَبْرًا الحجارةَ: پتھر تہ بہ تہ رکھنا۔ — الکتبَ: کتابیں جمع کرنا یا انکا بنڈل باندھنا۔ — ضَبْرًا و ضَبَرانًا الفرسُ او المُقَیَّد: گھوڑے کا پاؤں جوڑ کر کودنا۔ یا بندھے ہوئے شخص کا پاؤں جوڑ کر کودنا۔ ضَبَّرَ الشیءَ: کو جمع کرنا۔ الضَّبْر (مص) جمع ضُبُور (ا ع): محاصرہ میں قلعہ کے نزدیک پہنچنے کا آلہ جو ٹینک سے مشابہ ہوتا تھا۔ محاصرہ کی مشین۔ فرسٌ ضَبْرٌ: طاقتور گھوڑا۔ الضِّبار و الضُّبار: کتابیں۔ الضَّبارة: طاقت، اچھی صحت اور اچھی جسمانی ساخت۔ الضِّبارة جمع ضَبائر: لوگوں کی ایک جماعت، گروہ۔ (آپ کہتے ہیں: رأیتهم یخرجون من المکان ضَبائِرَ ضَبائِرَ: یعنی میں نے لوگوں کو اس جگہ سے گروہ در گروہ نکلتے دیکھا) مجمع۔ — و الضَّبارة جمع ضبائر و الإضْبارة جمع اضابیر: کتابوں یا تیروں کا بنڈل۔ الضِّبِرّ: بہت کودنے والا۔ الضَّبُور و الضَّبْر: سخت۔ (ح): [illegible]

۲- الضَّبْر: افلاس، غربت، تنگدستی۔ الضِّبْر: بغل۔

○ ضُبارة و إضْبارة جمع اضابیر: مِسَل (dossier, file)۔ أُضْبُور: مِسَل (dossier, file)۔

ضبز: ضَبَزَ ضَبْزًا ہُ: کو تیز نظر سے دیکھنا۔ الضَّبز و الضَّبِیز من الذِئاب: شعلہ بار نظر سے دیکھنے والا بھیڑیا۔

ضبس: ضَبِسَ ضَبَسًا علی الغریم: قرضدار سے سختی کے ساتھ تقاضا کرنا۔ ضَبِسَ ضَبَسًا ت نفسُهُ: کے جی کا بگڑنا، متلانا۔ الضَّبْس: بخیل، کنجوس۔ الضِّبْس: شریر، کہتے ہیں: هو ضِبْسُ شرّ: وہ شریر ہے۔ الضَّبِس: شرارتی، شرانگیز، برائی کی طرف جھکنے والا، مائل بہ شر۔ الضَّبِیس: شرارتی، برائی کی طرف جھکنے والا۔ مائل بہ شر، سخت مزاج، بھاری روح و جسم والا، بزدل، احمق۔

ضبط: ۱- ضَبَطَ ضَبْطًا و ضَباطةً ہُ: سے چمٹنا، پر غلبہ پانا اور قوی ہونا۔ — علیه: کو گرفتار کرنا۔ ضَبَطَتِ الارضُ: زمین پر عام بارش ہونا۔ تَضَبَّطَ ہُ: کو گرفتار کر کے قید کرنا۔ — الضأنُ: دنبے کا طاقتور اور موٹا ہونا، تھوڑی گھاس کھانا۔ اِنْضَبَطَ: مضبوط ہونا، قابو میں آنا، مناسب ترتیب میں ہونا۔ کہتے ہیں: ضبطه فانضبط: اس نے اس کو مضبوط کیا تو وہ مضبوط ہو گیا، جیسے کہتے ہیں: قَهَره فانقهر: اس نے اس پر غلبہ پایا اور وہ مغلوب ہو گیا۔ الضَّبْط (مص): روکنا۔ الضابِط (فا) ضُبّاط: قوی (ح): شیر۔ (ا ع): جس کا رتبہ کم از کم سیکنڈ لفٹیننٹ ہو، افسر رابطہ (liaison officer)۔ (ا ع): سول اور فوجی تنظیموں میں رابطہ کا ذریعہ۔ الأَضْبَط (ح): شیر۔

۲- ضَبَطَ ضَبْطًا و ضَباطةً ہُ: کی پوری پوری حفاظت کرنا۔ العملَ: کام مکمل کرنا اور اچھی طرح کرنا۔ — الکتابَ: کتاب کی تصحیح کرنا اور اس پر حرکات لگانا۔ اِنْضَبَطَ: محفوظ ہونا۔ آپ کہتے ہیں ضبطه فانضبطَ: اس نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔ الضابِط جمع ضُبّاط: وشیا حاکم، قائد، گورنر، افسر۔ — و الضابطة (عند العلماء): قاعدہ کلیہ، کلی قانون۔ الضابطیّة: واحد ضابطیّ) پولیس والے، پولیس کا پیشہ۔

۳- ضَبِطَ ضَبَطًا: دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت: اَضْبَط م ضَبْطاء جمع ضُبْط۔

○ ضَبَطَ ضَبْطًا (ہ/ہ): کو چھینا، پکڑنا، گرفتار کرنا، روکنا، گرفت میں لینا۔ — ہ: کو روکنا، پر قابض ہونا، کو رہنے دینا، سے باعزم نبٹنا، کا ماہر بن جانا، زیر کرنا، پر

قابو پانا، کو قابو میں لانا، کو قابو میں رکھنا ـــ (ہ/ ہ): کو قابو میں رکھنا، روکنا، روکے رکھنا، کو زیر کرنا، مغلوب کرنا، کو قابو میں کرنا ـــ ہ: کو گرفت میں لینا، کی قرقی کرنا، کو قرق کرنا، ضبط کرنا، کو درستی کے ساتھ کرنا یا اچھی طرح کرنا، کو بالکل ٹھیک ٹھیک کرنا، کی صحیح تعریف کرنا، کو نظام کے تحت لانا، باقاعدہ بنانا، ٹھیک کرنا، کو ترغیب دینا، ہم آہنگ بنانا، موافق یا مطابق بنانا، پر سختی سے عمل کرنا یا عمل پیرا ہونا (وقت) ٹھیک رکھنا، ترتیب دینا، ترتیب سے رکھنا، کی تصحیح کرنا، کا اندراج کرنا، ٹھیک ماپنا، کو تول یا ناپ کر دینا، کو پورا پورا لینا ـ اِنضبط: رکنا، نظام کے تحت آنا، ترتیب میں رکھا جانا، سدھایا جانا، تربیت دیا جانا، متعین ہونا، استوار ہونا، قائم ہونا۔ ضَبْطًا: ٹھیک طور پر، ٹھیک ٹھیک، پابندی، وقت کیساتھ ـ بالضبط: ٹھیک طور پر ٹھیک ٹھیک، وقت کی پابندی سے۔ ضبطُ الحسابات: کھاتہ نویسی (book keeping) ضَبْطُ الشهوة: پرہیزگاری محتاط زندگی، پارسائی ضبط النفس: جذبات پر قابو (self command)، ضبط نفس، self control ـ جهاز الضبط: کنٹرول کا آلہ، controlling device ضَبْطِيَة: پولیس اسٹیشن، پولیس مَضْبَطَة جمع مَضابِط: پروٹوکول protocol، کارروائی، روداد (minutes)۔ اِنضباط: ضبط و انضباط (discipline) لجنة الانضباط: تادیبی یا انضباطی مجلس disciplinary board ضَابِط: آلۂ کنٹرول controlling device، کنٹرول، گورنر، ریگولیٹر، جمع ضُبّاط: آفیسر جمع ضَوابِط: عام قاعدہ، معیار، اصول، قانون، (اخلاقی) وعظ و نصیحت ضابِط آمر: سینئر آفیسر senior officer ضابط مامور: لفٹیننٹ۔ ضابط الصف: جمع ضُبّاط الصف: نان کمشنڈ آفیسر ضابط الصوت Volume control صف ضابط جمع صف ضابط: نان کمشنڈ آفیسر بغیر ضابط ولا رادع: مکمل طور پر بے لگام۔ Completing unrestrained: قابو سے باہر (out of all control) ضابِطة: پولیس جمع ضَوابِط: کنٹرول کرنے والی طاقت یا حکم مضبوط: درست، صحیح، ٹھیک، بالکل ٹھیک۔

ضبع: اضَبَعَ ضَبْعًا و ضُبُوعًا و ضَبَعانًا البعیرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا ـــ القومُ للصلح: صلح کا ارادہ کرنا اور اس کی طرف مائل ہونا ـــ ضَبْعًا ہُ: کو مارنے کے لئے اپنا ہاتھ بڑھانا ـــ علی فلان: کو بد دعا دینے کے لئے ہاتھ اٹھانا ـ ضَبَعَت الخیلُ او الابلُ: گھوڑوں یا اونٹوں کا اپنی چال میں پہلوؤں کو پھیلانا ـ ضابَعَ مُضابَعَةً ہُ: ہر ایک کا دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا ـــ الرجلَ: سے مصافحہ کرنا ـ اِضْطَبَعَ: اپنا ایک بازو ننگا کرنا، بازو ننگا کرکے چادر کو دائیں بغل کے نیچے سے لاکر بائیں کاندھے پر ڈالنا ـــ الشیءَ: کو بغل میں لینا ـ الضَّبْع (مص) جمع اَضْباع: بازو، بازو کا درمیان، بغل ـ کہتے ہیں: اخذ بضبعه: اس نے اس کی معاونت کی اور اس کو قوی کیا ـ و الضِباع: دعا کیلئے ہاتھ اٹھانا ـ الضابِع (فا) من الخَیل او الابل جمع ضُبَّع: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا یا اونٹ۔

۲ضَبَعَ ضَبْعًا الرجلَ: ظلم کرنا، جور کرنا۔

۳ضَبِعَ الرجلُ: بزدل ہونا۔

۴الضِّبْعُ و الضَّبْعُ جمع اَضْباع: کنارہ پہلو ـ الضَّبُع جمع اَضْبُع: کنارہ، پہلو۔ جمع ضِباع و اَضْبُع و ضُبُع و ضَبْع و ضُبُوعَة و ضَبُعات و مَضْبَعَة (ح): بجو (مونث ہے مگر مذکر و مونث دونوں پر بولا جاتا ہے۔ اس کی تصغیر خلاف قیاس اُضَيْبِع ہے۔ کبھی مادہ کو ضُبْعَة بھی کہدیا جاتا ہے۔ اسکی دو قسمیں مشہور ہیں: دھاریدار اور سفید اور کالے دھبے والی۔ موخر الذکر اول الذکر سے بڑی اور طاقتور ہے ـ الضَّبُع: سخت قحط کا سال۔ جمع ضِباع و اَضْبُع و ضُبُع و ضُبُعٌ و ضُبُوعة و ضَبُعات و مَضْبَعَة (ح): وحشی بجو ـ الضِبْعان: (جس کی مثنی ضِبْعان ہے نہ کہ ضِبْعانان) جمع ضَباعِین م ضِبْعانة جمع ضَباعِین و ضِبْعانات (ح): نر وحشی بجو۔

○ ضَبْع و ضَبُع: (مؤنث) جمع ضِباع و اَضْبُع: چرخ، لکڑبگڑ۔

ضبن: اضَبِنَ ضَبْنًا المکانُ: جگہ کا تنگ ہونا صفت: ضَبِن۔

۲ضَبَنَ ضَبْنًا عنه الهدیةَ: تحفہ کو کسی تک پہنچنے سے روکنا، منع کرنا۔

۳ضَبَنَ ضَبْنًا ہُ: کو بغلوں کے نیچے رکھنا یا لینا۔ اَضْبَنَ و اضْطَبَنَ الشیءَ: کو بغلوں کے نیچے رکھنا یا لینا ـ الضَّبْن (مص): بغل کے نیچے رکھنا یا لینا۔ الضِّبْن: بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہتے ہیں: فلانٌ فی ضِبْن فلان: فلاں شخص فلاں شخص کی یا سرپرستی میں ہے ـ الضَّبْنَة و الضِّبْنَة و الضُّبْنَة و الضَّبَنَة: کنبہ، عیال، بال بچے۔ (کہتے ہیں فلان فی ضَبْنَةِ فلان: فلاں شخص فلاں شخص کی پناہ میں ہے یا سرپرستی میں ہے)، بیوی۔

۴الضَبان: چمڑے یا کپڑے کا ٹکڑا جو کفش دوز جوتی کے اندر کی طرف رکھتا ہے۔ (ترکی لفظ)۔

○ اِضْطَبَنَ: بغل کے نیچے لینا ـ ضِبْن: بغل۔ (arm-pit)

ضبا: ضَبَا ضَبْوًا الیه: کی پناہ لینا ـــ تْهُ النارُ: کو آگ کا بھوننا، متغیر کرنا ـ اَضْبَی الشیءَ: کو اونچا کرنا، پکڑنا، روکنا ـــ علیه: کو جا پکڑنا ـ الضابی (فا): راکھ ـ الضَبْوَة عند العامة: تمباکو رکھنے کی چمڑے کی تھیلی۔ صحیح لفظ الضَبَّة ہے۔ یہ الظَبْيَة کی تحریف بھی ہوسکتی ہے جس کا معنی چمڑے کا بٹوہ ہے۔ المَضْبَاة: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔

ضج: اضَجَّ ضَجًّا و ضَجِیجًا و ضَجَاجًا و ضُجَاجًا: چیخ پکار کرنا، شور مچانا ـ ضَاجَّ ضِجَاجًا و مُضَاجَّةً ہُ: کے ساتھ جھگڑنا ـ اَضَجَّ اِضْجَاجًا القومُ: چیخنا، شور مچانا ـ الضَّجَّة: چیخ پکار۔ کہتے ہیں: سمعتُ ضَجَّةَ القوم: میں نے لوگوں کی چیخ پکار سنی ـ الضَّجَّاج: بہت چلانے والا ـ الضَّجُوج من النوق: دودھ دیتے وقت چلانے والی اونٹنی۔

۲ضَجَّجَ الرجلُ: جانا، مائل ہونا۔

۳ضَجَّجَ الطائرَ و نحوَہُ: پرندہ وغیرہ کو زہر دینا۔ الضِجاج: ہر زہریلا پودا جو پرندوں یا درندوں کے لئے زہر کا کام دے۔

۴الضَجَاج: ہاتھی دانت، ایک قسم کا مہرہ ـ الضِجَاج: کھانے کا گوند۔

○ ضَجَّ ضَجًّا و ضجیجًا: شور مچانا، اودھم مچانا، چلانا، چیخ و پکار کرنا، شور و غوغا برپا کرنا ـ ضَجَّ: بمعنی ضَجَّ ـ ضَجَّة: چیخ، شور و غل، چیخ پکار، شور، غل غپاڑہ ـ ضجیج: بمعنی ضجّة ـ ضَجُوج: چلانے والا، شور کرنے والا، چیخ مارنے والا، چلانے والا، دھاڑنے والا، گرجنے والا ـ ضَجّاج: زور سے دھاڑنے والا، گرجنے والا، چلانے والا، شور و غوغا کرنے والا۔

ضجر: ضَجِرَ ضَجَرًا و تَضَجَّرَ منه و به: سے یا پر، بے قرار و بے چین ہونا، دل تنگ و غمگین ہونا۔ صفت ضَجِر ـ اَضْجَرَہُ: کو ستانا، تنگ کرنا۔ الضَّجَر (مص): غم و اندوہ کی بے کلی، دل کی تنگی۔ الضَّجَر: تنگ جگہ ـ الضُّجْرَة: بے قراری، کبیدگی ـ الضَّجِرَة و الضَّجُور: بہت بے قرار، بہت تنگ دل ـ المُضْجِر جمع مَضَاجِر و مَضَاجِیر: کبیدہ خاطر کرنے والا، بے قرار و بے

چین کرنے والا۔

○ ضَجِرَ ـَـضَجَراً من او ب: پر، کے متعلق ناراض ہونا، غصے ہونا، برہم ہونا، تنگ ہونا، پریشان ہونا، دق ہونا، برافروختہ ہونا، ہیجان میں آنا، اشتعال میں آنا، بھڑکنا، نا مطمئن ہونا، ناخوش ہونا، بے چین ہونا، بے کل ہونا، افسوس کرنا، غم کرنا۔ اَضْجَرَ ہٗ: کو غصہ دلانا، تنگ کرنا، پریشان کرنا، دق کرنا، برہم کرنا، تکلیف دینا، زحمت دینا، سخت اذیت دینا، سخت کوفت پہنچانا، تشویش میں ڈالنا، بے چین کرنا، بدحواس کرنا، کے چھکے چھڑانا۔ تَضَجَّرَ بمعنی ضَجِرَ۔ ضَجَر: برہمی، جھنجھلاہٹ، ہیجان، جھلاہٹ، پریشانی، پریشان کن بات، غصہ، بے اطمینانی، ناخوشی، عدم اطمینان، غیر مطمئن کرنے والی بات، خفگی، آزردگی، دکھ، رنج، الم، ملال، اندوہ، غم کا باعث، سخت غم، وجہ ملال۔ ضَجِر: برہم، تنگ، پریشان، برافروختہ، غصہ میں، ہیجان زدہ، ناراض، چڑچڑا، بدمزاج، خفا، بیزار، روٹھا ہوا، اداس، ناخوش، بے کل، بے چین، پریشان، غم زدہ، تکلیف میں، بے آرام۔ مُضْجِر: پریشان کن، برہم کرنے والا، برافروختہ کرنے والا، تنگ کرنے والا، دق کرنے والا، ہیجان میں لانے والا، اشتعال دلانے والا، سخت غصہ دلانے والا، اکتا دینے والا، تھکا دینے والا۔ مُتَضَجِّر: بمعنی ضَجِر۔

ضجع: اضَجَعَ ـَـضَجْعًا و ضُجُوعًا و انْضَجَعَ اِضَّجَعَ و اضْطَجَعَ: پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَّعَ و تَضَجَّعَ فی الامر: کام میں کوتاہی کرنا۔ ضَاجَعَ ہٗ: کے ساتھ لیٹنا، صفت مُضَاجِع۔ کہتے ہیں: ضَاجَعَہُ الهمُّ: اسے غم لگا رہا۔ اَضْجَعَ ہٗ: کو پہلو کے بل لٹانا۔ تَضَاجَعَ عن الامر: کام سے غافل ہونا۔ الضَّجْعَۃُ (الضجع کا واحد): ایک بار کا سونا، رائے کی کمزوری۔ الضِّجْعَۃ: لیٹنے کی ہیئت، سستی، کاہلی۔ الضُّجْعَۃ: رائے کی کمزوری۔ و الضُّجَعَۃ و الضُّجُعِیّ و الضِّجْعِیّ و الضُّجُعِیَّۃ و الضِّجْعِیَّۃ: بہت لیٹنے والا، ست کاہل۔ الضَّاجِع جمع ضَوَاجِع: احمق ــــ من الدوابّ: نامبارک جانور، بے خیر جانور۔ رجُلٌ ضَاجِعٌ: بہت لیٹنے والا، ست، کاہل۔ الضَّاجعۃ جمع ضَوَاجِع: ضَاجِع کا مونث۔ الضَّجُوع: کمزور رائے والا، آہستہ رفتار بادل۔ الضَّجِیع م ضَجِیعۃ: ساتھ لیٹنے والا۔ المَضْجَع جمع مَضَاجِع و المُضْطَجَع: خواب گاہ۔ مَضَاجِعُ الغَیْث: بارش کی کثرت کی جگہیں۔ المَضْجُوع: کمزور رائے والا۔

۲ـضَجَعَ ـَـضَجْعًا و ضُجُوعًا النجمُ: ستارے کا غروب ہونے کے لئے جھکنا۔ ضَجَعَت الشمسُ: سورج کا غروب ہونے کے لئے جھکنا۔ أَضْجَعَ الشیءَ: کو پست کرنا۔ ــ الحرفَ: حرف کو کسرہ کی طرف امالہ کرنا ــــ جُوالقَہٗ: بھری ہوئی گون کو خالی کرنا۔ الضِّجْع: میلان، جھکاؤ۔ کہتے ہیں ضِجْعُہٗ اِلَیّ: اس کا جھکاؤ یا میلان میری طرف ہے۔ الضِّجْعَۃ: نیند، خواب، آرام و راحت۔ الضَّاجِع جمع ضَوَاجِع: وادی کا موڑ اور اس کا ڈھلوان، دریا کا دہانہ اور موڑ ــــ من النجوم: غروب ہونے کے لئے جھکنے والا ستارہ۔ کہتے ہیں: اراك ضاجعا الی فلان: میں تمہیں فلاں شخص کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔ الضَّاجِعَۃُ جمع ضَوَاجِع: دریا کا دہانہ۔ الضَّجُوع: بھاری مشک جو اٹھانے والے کو جھکا دے، بڑا ڈول۔

۳ـالضَّجْع: صابون، ہر وہ چیز جس سے کپڑا صاف کیا جائے۔ الضَّاجِعَۃ جمع ضَوَاجِع: پہاڑی ــــ و الضجعاء: زیادہ بکریاں۔

○ ضَجَعَ ـَـضَجْعًا و ضُجُوعًا: پہلو کے بل لیٹنا، لیٹنا، جھکنا، ٹیک لگانا، منہ کے بل گرا ہونا، سو جانا۔ ضَاجَعَ ها: عورت کے ساتھ مباشرت کرنا، مجامعت کرنا۔ انضجع بمعنی ضَجَعَ۔ اِضْطَجَعَ و اِضَّجع بمعنی: ضجع۔ ضَجْعَۃ: لیٹنے کی حالت، لیٹنا، نیند، خواب۔ ضُجَعَۃ: دیر سے اٹھنے والا، ست، کاہل الوجود، جس کی ہڈیوں میں سستی پڑی ہو، مٹھا۔ ضُجَعِیّ: دیر سے اٹھنے والا، ست، کاہل الوجود، جس کی ہڈیوں میں سستی پڑی ہو، مٹھا۔ ضَجِیْع: شریک بستر، ہم بستر، ہم خواب، ساتھی۔ مَضْجَع جمع مَضَاجِع: بستر، پلنگ۔ اخَذَ مَضْجَعَہٗ: سونے کے لئے لیٹنا۔ اَقَضَّ مَضْجَعَہٗ یا اَقَضَّ علیہ المَضْجَعَ یا اَقْلَقَ مَضْجَعَہٗ: کی نیند حرام کرنا، کو سونے نہ دینا، کو سونے سے محروم کرنا۔ مُضَاجِع: ہم بستر۔ مُضْطَجَع: پلنگ، بستر۔

ضجم: ضَجِمَ ـَـضَجَمًا الفمُ او العنقُ: منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ اَضْجَمُ م ضَجْماء: ٹیڑھے منہ یا گردن والا۔ کہتے ہیں فی فمہ ضَجَم: اس کے منہ میں ٹیڑھا پن ہے۔ تَضَاجَمَ الفمُ: منہ کا ٹیڑھا ہونا ــــ الامرُ بینهم: کسی امر کا متنازع فیہ ہونا، کسی امر میں اختلاف ہونا۔

ضح: الضِّحّ: سورج، دھوپ، ہر چیز جس پر دھوپ

۲ـضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ السرابُ: سراب کا متحرک ہونا ــــ الامرُ: کام کا واضح ہونا۔ الضَّحْضَح: تھوڑا پانی۔ الضَّحْضَاح: تھوڑا پانی یا پایاب پانی، بہت اونٹ۔

○ ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ: سراب کا مرتعش ہونا، جھلملانا۔ ضَحْضَاح: کم گہرا، اتھلا، پایاب (پانی)۔

ضحك: اضَحِكَ ـَـضَحْكًا و ضِحْكًا و ضَحِكًا و ضِحِكًا: ہنسنا۔ (کہتے ہیں ضحك منه و به و علیه: وہ اس پر ہنسا)۔ کشادہ روئی کرنا جس سے اس کے دانت ظاہر ہو جائیں۔ ضَاحَكَ ہٗ: ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ایک دوسرے پر ہنسی میں غالب آنا۔ أَضْحَكَ ہٗ: کو ہنسانا۔ تَضَحَّكَ و اِسْتَضْحَكَ بمعنی: ضَحِكَ۔ تَضَاحَكَ: ہنسنا ــــ الرجلُ: بتکلف ہنسنا ــــ القومُ: ایک دوسرے کو ہنسانا۔ الضَّاحِكۃ جمع ضَوَاحِك: ضَاحِك کا مونث۔ ہر وہ دانت جو ہنسی میں ظاہر ہو۔ کہتے ہیں افترّ عن ضَوَاحِکہ: وہ آہستہ آہستہ ہنسا۔ الضُّحْکَۃ: وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں۔ الضُّحَکَۃ: وہ شخص جو لوگوں پر ہنسے ــــ و الضُّحُکَّۃ و الضَّحّاك و الضَّحُوك و المِضْحَاك: بہت ہنسنے والا۔ الأُضْحُوكَۃ جمع أَضَاحِیك: ہنسانے والی چیز۔

۲ـضَحِكَ ـَـضَحْكًا و ضِحْكًا و ضَحِكًا ضِحِكًا الطریقُ: راستہ کا ظاہر ہونا ــــ ت الارضُ عن النبات: زمین کا نباتات اگانا ــــ الشیبُ براسه: سر میں بڑھاپا ظاہر ہونا ــــ طلعُ النخلۃِ: درخت خرما کا شگوفہ پھوٹنا۔ الضَّحْك (مص): سفید دانت، پھول، کھجور کا شگوفہ، جھاگ، برف، راستے کا وسط: شہد۔ الضَّاحِك (فا): بہت سفید پہاڑی پتھر۔ کہتے ہیں: لہ رَأْیٌ ضَاحِكٌ: اس کی رائے واضح ہے جس میں کوئی شبہ نہیں۔ الضَّحُوك جمع ضُحُك و الضَّحّاك: راستے کا وسط، واضح راستہ۔

۳ـضَحِكَ ـَـضَحَكًا الرجُلُ: تعجب کرنا۔ الضَّحَك: تعجب۔

۴ـأَضْحَكَ الحوضَ: حوض کو پانی سے لبریز کرنا۔

○ ضَحِكَ ـَـضَحْكًا و ضِحْكًا و ضَحِكًا من او ب: پر ہنسنا، کی ہنسی اڑانا ــــ من/ب/علی: پر فقرے کسنا، کا مذاق اڑانا، پر پھبتی کسنا، آوازے کسنا، کا منہ چڑانا، کو گھٹیا یا برا جاننا، حقیر سمجھنا۔ ضَحِكَ بملءِ شِدْقَیہِ او مِلْءَ شِدْقَیہِ: کھیں نکالنا، کھسیانی ہنسی ہنسنا۔ ضَحِكَ عَلَی ذَقَنِہِ (جمع علی ذقونهم): کو بیوقوف بنانا، کو بنانا، کو جھوٹی بات کا یقین دلانے کی

کوشش کرنا۔ ضَحِكَ فی ذقنه: کے منہ پر ہنسنا۔ ضَحَّكَ هُ: کو ہنسانا۔ أَضْحَكَ و اسْتَضْحَكَ (ہ س): کو کے متعلق ہنسانا۔ ما يُضْحِكُ الثَّكْلَى: جو اس عورت کو بھی ہنسا دے جس کا بچہ مر گیا ہو۔ مراد بہت ہی مزاحیہ۔ ضَحْكٌ و ضِحْكٌ: ہنسنا، ہنسی قہقہہ۔ ضَحْكَةٌ جمع ضحكات: قہقہہ، ہنسنا۔ ضُحْكَةٌ: تمسخر کا نشانہ، ہنسی اڑانے کی چیز۔ ضَحُوكٌ: اکثر یا ہمیشہ ہنسنے والا، ہنسی، قہقہہ۔ ضَحّاكٌ: اکثر یا ہمیشہ ہنسنے والا، ہنسی، قہقہہ، مسخرا، جوکر، بھانڈ۔ أُضْحُوكَةٌ جمع أَضاحيك: تمسخر کا نشانہ، ہنسی اڑانے کی چیز، ہنسی، دل لگی، چہل، ہنسی ہنسی میں دیا ہوا جھانسا، عملی مذاق۔ أَضْحَكُ: زیادہ مضحکہ خیز یا احمقانہ جس پر زیادہ ہنسی آئے، زیادہ مزاحیہ۔ مَضْحَكَةٌ: تمسخر کا نشانہ، ہنسی اڑانے کی چیز۔ ضاحِكٌ: ہنسنے والا۔ ضاحِكُ السِّنِّ: خوش باش، شادمان، خوش زندہ دل، ہنس مکھ، شگفتہ، دلکشا۔ مُضْحِكٌ: مضحکہ خیز، جس پر ہنسی آئے، مزاحیہ، مزاحیہ اداکار، بھانڈ، مسخرا۔ قصة تمثيلية مضحكه: طربیہ (comedy)۔

ضحل: ضَحَلَ ۔ضَحْلاً الغديرُ: تالاب میں کم پانی ہونا۔ ـــ الماءُ: پانی کا نتھرا ہوا ہونا، صاف شفاف ہونا۔ کہتے ہیں: ما أَضْحَلَ خيرَكَ: تمہاری سخاوت کتنی کم ہے!۔ الضَّحْلُ جمع ضِحال و أَضْحال و ضُحُول: کم گہرا، اتھلا پانی۔ المَضْحَل: کم پانی والی جگہ۔

ضحا: ١۔ ضَحا ۔ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا الرَّجُلُ: دھوپ کھانا، دھوپ میں بیٹھنا۔ ـــ الشيءُ: کو دھوپ لگنا۔ ـــ الطريقُ: راستہ کا ظاہر ہونا۔ کہتے ہیں: ضحا ظِلُّهُ: یعنی وہ مر گیا۔ شَجَرةٌ ضاحِيَةٌ: بے سایہ درخت۔ ضَحِيَ يَضْحَى ضَحًا و ضَحاءً ا: کو دھوپ لگنا، دھوپ کھانا، کھل جانا۔ ـــ ت الليلةُ: رات کا بے بادل ہونا۔ ضَحَّى تَضْحِيَةً فُلانًا: کو چاشت کے وقت کھانا کھلانا۔ ـــ الغنمَ: بکریوں کو چاشت کے وقت چرانا۔ ـــ بالشاة: قربانی کے ایام میں بکری کو چاشت کے وقت ذبح کرنا، کو چاشت کے وقت ذبح کرنا (بلا قید ایام قربانی)۔ ـــ الرجلُ: فدیہ ہو جانا۔ ضَحَّى بنفسه او بمصلحته او بماله فی سبیل کذا او من اجل کذا: (عصر حاضر کے ادباء کے نزدیک) کسی راہ میں یا خاطر اپنی جان، مفاد یا مال کو قربان کر دینا۔ ـــ عن الامر: معاملہ کو بیان کرنا، ظاہر کرنا۔ ضاحَى مُضاحاةً الرجلَ: کے یہاں بوقت چاشت آنا۔ أَضْحَى: چاشت کے وقت میں ہونا۔ ـــ الشيءَ: کو ظاہر کرنا۔ کہتے ہیں: أَضْحَى اللّٰهُ ظِلَّكَ: اللہ تجھے ہلاک کرے (بددعاء کے طور پر)۔ ـــ يفعل كذا: وہ ایسا کرنے لگا (چاشت کے وقت یا مطلقاً) (نوٹ: اس صورت میں یہ لفظ کان کا عمل کرتا ہے)۔ تَضَحَّى تَضَحِّيًا: چاشت کے وقت کھانا، چاشت کے وقت سو جانا، دھوپ کھانا۔ اسْتَضْحَى اِسْتِضْحاءً للشمس: (خاص طور پر) سردی کے موسم میں دھوپ کھانا یا دھوپ میں بیٹھنا۔ الضَّحاء: (سورج نکلنے کے بعد) قبل از دوپہر (کا وقت، چاشت کا وقت۔ الضَّحْو (مص) و الضَّحْوَة: قبل از دوپہر، چاشت کا وقت۔ الضُّحى: چاشت کا وقت جب سورج چڑھ آیا ہو، سورج، بیان، کہتے ہیں: ما لِكَلامِهِ ضُحًى: اس کی گفتگو کسی قدر غیر واضح ہے۔ الضَّحْيانُ م ضَحْيانَةٌ: بوقت چاشت کھانے والا۔ الضَّحِيَّةُ جمع ضَحايا: دن کا چڑھنا، چاشت کا وقت، قربانی کی بکری، ذبیحہ۔ الأَضْحاة جمع أَضْحًى و الأُضْحِيَّة و الإِضْحِيَّة جمع أَضاحِيّ: قربانی کی بکری۔ یوم الأَضْحَى: قربانی کا دن۔ الأَضْحَى م ضَحْياء من الخيل: سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ الضّاحِي (فا): دھوپ کھانے والا۔ ضاحِيُ الجِلْد: کھال کا وہ حصہ جو سورج کے سامنے رہے۔ الضّاحِيَة جمع ضَواحٍ: الضاحی کا مونث؛ ہر چیز کا سامنے کا پہلو۔ کہتے ہیں: شَكَتْ ضَواحِيه: اس کے دھوپ کھانے والے اجزاء جیسے کندھے وغیرہ نے تکلیف دی۔ شَجَرَةٌ ضاحِيَةُ الظِّلِّ: وہ درخت جس کا سایہ نہ ہو۔ کہتے ہیں: فَعَلَهُ ضاحِيَةً: اس نے وہ کام سرعام کیا۔ ضَواحِي البلدة: شہر کا گرد و نواح۔ ـــ الحوض: حوض کے اطراف۔ يومٌ إِضْحِيانٌ: بے ابر کا دن۔ لَيلةٌ إِضْحِيانَةٌ و إِضْحِيَةٌ: روشن رات۔ أرضٌ مَضْحاةٌ: سورج کے سامنے کی زمین، دھوپ والی زمین۔

٢۔ ضَحَّى تَضْحِيَةً عن الامر: کام میں دیر لگانا، آہستگی کرنا۔ کہا جاتا ہے: ضَحِّ رُوَيْدًا: جلدی نہ کر۔ أَضْحَى عن الامر: سے دور ہونا۔

○ ضَحَّى ب: کو قربان کرنا، کی قربانی دینا۔ ضَحَّى بنفسه: اپنی جان کی قربانی دینا۔ ـــ بالنفس و النفيس: جان و مال کی قربانی دینا۔ بين عشية و ضُحاها: ایک دن سے دوسرے دن تک، یکایک، اچانک۔ ذَهَبَ او وَقَعَ ضَحِيَّتَهُ: کا شکار ہونا۔ عيد الاضحى: عید قربانی۔ یوم الاضحی: قربانی کا دن، دس ذوالحجہ۔ أُضْحِيَة جمع أَضاحِي: قربانی کا جانور، خونی قربانی۔ ضَحِيَة جمع ضَحايا: قربانی کا جانور، شکار۔ تَضْحِيَة: قربانی دینا جمع تَضْحِيات: قربانی۔ ضاحٍ للشمس: دھوپ والا، جہاں سورج کی روشنی پہنچے۔ ضاحِيَة جمع ضَواحٍ: گرد و پیش، گرد و نواح، قرب و جوار، دور افتادہ علاقے، نواحی بستی۔ مُضَحًّى: وہ جگہ جہاں ناشتہ کیا جائے۔

ضخ: ضَخَّ ۔ضَخًّا الماءَ: پانی گرانا۔ ـــ ت العينُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔ اِنْضَخَّ الماءُ: پانی گرنا۔ المِضَخَّة (ف): فوارہ، پچکاری۔ ـــ الماصّة: کنویں سے پانی نکالنے کا آلہ۔

ضَخَّ ہ: (پانی) نکالنا، دھار بنا کر نکالنا، پھوٹ بہانا، پانی کا فوارہ چھوڑنا۔ مِضَخَّة جمع مِضَخّات: پچکاری، فوارہ، پھوار، پمپ (pump)۔ مِضَخَّة جَذّابَة: خلا پیدا کر کے کھینچنے والا پمپ (suction pump)۔ مِضَخَّةُ الحرائق (او الحريق): آگ بجھانے والا انجن fire engine۔ مِضَخَّة رافِعَة: Suction pump۔

ضخز: ضَخَزَ ۔ضَخْزًا عينَهُ: آنکھ نکالنا۔

ضخم: ضَخُمَ ۔ضَخامَةً و ضِخَمًا: موٹا ہونا، جسیم ہونا، ضخیم ہونا۔ صفت: ضَخْم جمع ضِخام م ضَخْمَة جمع ضَخْمات۔ ضَخَّمَ هُ: کو ضخیم بنانا۔ الضُّخام: ہر بڑے جسم کی چیز۔ الأَضْخَم: ضخیم، جسیم، موٹا، زیادہ جسیم یا ضخیم۔ المِضْخَم: بہت مارنے والا، بڑی قدر و منزلت والا سردار۔

○ ضَخُمَ ۔ضَخامَةً: بڑا جسیم، ضخیم، بھاری، موٹا، بھاری بھرکم یا طول طویل ہونا یا ہو جانا۔ ضَخَّمَ هُ: کی افراط زر کرنا، میں ہوا بھرنا۔ تَضَخَّمَ: پھیلنا (ہوا یا گیس کا) بھر جانا۔ ضَخْم جمع ضِخام: بڑا، کافی بڑا، عظیم، ضخیم، بھاری، بھاری بھرکم، طول طویل، بہت وسیع، خاصا موٹا، جسیم، لحیم شحیم، موٹا، فربہ، گول مٹول، موٹا تازہ، گداز جسم والا، شاندار پرشکوہ، ٹھاٹھ کا، عظیم الشان۔ المِدْفَعِيَّةُ الضَّخْمَةُ: بھاری توپ خانہ، بھاری توپیں۔ تَضَخُّم و تضخم مالی او نقدی: افراط زر (inflation)۔ مُضَخِّم جمع مُضَخِّمات: آلہ جہیر الصوت، بلند گو amplifier۔ مُضَخِّمُ الصَّوت: لاؤڈ سپیکر loud speaker۔

ضد: ١۔ ضَدَّ ۔ضَدًّا فُلانًا فی الخصومة: پر جھگڑے میں غالب آنا۔ ـــ هُ عن كذا: کو سے نرمی کے ساتھ ہٹانا۔ ضادَّ مُضادَّةً هُ: کی مخالفت کرنا۔ أَضَدَّ: تردید کرنا، ناراض ہونا۔ تَضادَّا تَضادًّا: ایک دوسرے کی

مخالفت کرنا۔ الضِد جمع أضداد و ضِدّ: مخالف، مثل نظیر (ضد)، دشمن۔ الأضداد: وہ کلمات جن کے متضاد معنی ہوں۔ جیسے ضد کا لفظ جس کا معنی مخالف اور نظیر ہے۔ کہتے ہیں: ھو ضدّہ: یعنی وہ اس جیسا یا اس کی مثل ہے یا اس کا مخالف ہے۔ الضدید: ضد۔ نظیر۔ کہتے ہیں: لا ضدید له: اس کا کوئی نظیر نہیں۔

٢- ضَدَّ ـضَدًّا القربةَ: مشک بھرنا۔

٣- اَضَدَّ: غضبناک ہونا۔

◌ ضادَّ: متضاد ہونا، مخالف ہونا، مخالفانہ ہونا، معاندانہ ہونا، الٹ ہونا، معکوس ہونا۔ ـــ ہ، ہ: کے خلاف کام کرنا، کا مخالف ہونا۔ ـــ ہ: کو دشمن بنانا، بیری بنانا۔ ـــ ہ: کے خلاف کرنا، کی خلاف ورزی کرنا۔ ـــ (ہ/ ہ): کے خلاف ہونا۔ ـــ ہ: کے متضاد ہونا۔ ـــ (ہ/ ہ): کے مخالف کام کرنا۔ تَضادَّ: ایک دوسرے کے خلاف ہونا، مخالف ہونا، متضاد ہونا، ایک دوسرے کی تردید کرنا۔ ضِدّ جمع أضداد: مخالف، متضاد، نمایاں فرق، دو مخالف معانی رکھنے والا لفظ؛ دشمن، حریف، مقابل، مدمقابل، مخالف، مرض شکن ٹیکہ، تریاقی ٹیکہ (antitoxin)، تریاق (antidote) بمعنی مخالف بہ خلاف۔ ضِدَّ: کے خلاف۔ کان علی الضد من ذلك: الٹ کرنا یا سوچنا، مخالف موقف اختیار کرنا۔ ضِدّیة: تخالف، تباین، تضاد، مخالفت، مقابلہ، دشمنی۔ مُضادّ: مخالف، مقابل، نیز بمعنی counter, contra, anti-، مُضادات: تریاق کی خاصیت رکھنے والی ادویہ۔ مُضادات للحبل: مانع حمل ادویہ contraceptives۔ مُضادات حشریة: کیڑے مار ادویہ insecticides۔ مضادات للفساد: جراثیم کش ادویہ antiseptics، متضاد: مخالف۔ متضاد، مقابل۔

ضدی: ضَدِیَ یَضْدَی ضَدًّی علیه: پر غضبناک ہونا، صفت: ضادٍ م ضادِیة جمع ضَوَاد و ضادِیات۔ ضادَی مُضاداةً ہ: کی مخالفت کرنا۔ أَضْدَی إضداءً الاناءَ: برتن بھرنا۔

ضرّ: ضَرَّ ـضَرًّا و ضُرًّا فلانًا و لفلان: کو نقصان پہنچانا۔ ضُرَّ بصرُہ: اندھا ہونا۔ ضَرَّرَ تضریرًا ہ: کو بہت زیادہ نقصان پہنچانا۔ ضارَّ ضِرارًا و مُضارّةً ہ: کو نقصان پہنچانا۔ أضَرَّ الرجلُ: اندھا ہوجانا۔ ـــ ہ: کو تکلیف پہنچانا۔ تَضَرَّر: نقصان پانا۔ إستضَرَّ به: سے نقصان پانا۔ الضَرّ و الضُرّ و الضَرَر جمع أضرار: نقصان، سختی، تنگی، بدحالی، کمی۔ الضَرّاء: سختی، تنگ حالی، قحط، جانی و مالی نقصان۔ الضُرّة: جانی و مالی نقصان۔ الضَرّة: اسم مرة، تکلیف، تنگ حالی۔ الضَرارة: جانی و مالی نقصان، اندھا ہوجانا۔ الضارّ النافع: نفع بخش نقصان پہنچانے والا۔ (اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے)۔ الضارُورة: نقصان۔ الضَرِیر: نقصان۔ ـــ جمع أضِرّاء و اُضرار م ضَرِیرة جمع ضَرائر: اندھا، دبلا بیمار، نقصان زدہ۔ التضِرّة و التضُرّة: تنگ حالی۔ المَضَرّة جمع مَضار: نقصان۔

٢- ضَرَّ ـضَرًّا و ضُرًّا ہ إلی کذا: کو پر مجبور کرنا۔ کہتے ہیں: لا یضرك علیه رجلٌ: تم کوئی مرد نہیں پاؤ گے جو اس شخص سے زیادہ تم کو دے سکے۔ ضارَّ ضِرارًا و مَضارّةً ہ: کی مخالفت کرنا۔ أضَرَّہ علی الأمر: کو کسی کام پر مجبور کرنا۔ إضطَرَّہ إلی کذا: کو پر مجبور کرنا، کو کا حاجت مند بنانا۔ ـــ أُضطُرَّ: مجبور کیا جانا۔ الضِرّ: رجلٌ ضِرٌّ أضرارٍ: اپنی ذات میں مصیبت مرد۔ الضَرّة: حاجت ضرورت۔ الضُرُورة و الضارُور و الضارُورة و الضارُوراء: حاجت، ضرورت، اس سے مثل ہے: الضرورات تبیح المحظورات: ضرورت کسی قانون کو نہیں جانتی۔ الضَرُورِیّ: ضروری۔ جس پر انسان مجبور ہو۔ جس میں کرنے نہ کرنے کا اختیار چھین لیا گیا ہو۔

٣- ضارَّ امرأتَه: اپنی عورت پر سوتن لانا۔ أضَرَّ الرجلُ: سوت لانا۔ الضِرّ و الضُر: مرد کا کسی کو سوت کر کے لانا۔ ضَرّة المرأة: عورت کے خاوند کی بیوی، یعنی عورت کی سوت، سوتن۔ جمع ضَرائر۔ کہتے ہیں: بینھم داء الضرائر: ان کے درمیان حسد ہے۔ الضریر: غیرت۔ رجلٌ مُضِرّ: دو یا زائد بیویوں والا۔ إمرأة مُضِرّ و مُضِرّة: سوتنوں والی عورت، عورت جس کی سوت یا سوتن ہوں۔

٤- ضارَّ ضِرارًا و مُضارّةً ہ: کی مخالفت کرنا، سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا، سے مسابقت کی سعی کرنا۔ أضَرَّ به: کے بہت قریب ہونا اور سے چمٹ جانا، کو نقصان پہنچانا۔

٥- أضَرَّ إلیه و علیه: کی طرف جلدی کرنا۔ ـــ یعدو: دوڑتے ہوئے رفتار تیز کرنا۔ ـــ علی السیر الشدید: تیز رفتاری برداشت کرنا۔ الضریر: صبر، صابر، کہتے ہیں: انه ضَرِیرٌ و ذو ضَرِیر علی الشيء: وہ اس بات پر صبر کرنے والا اور اسے برداشت کرنے والا ہے۔ نیز کہتے ہیں: ناقة ذات ضَرِیر: بہت دیر سے تھکنے والی اونٹنی۔

٦- الـ [illegible] چیونٹی۔ (صحیح الذرّ ہے)۔ الضَرّة: پستان کی جڑ، پستان یا تھن، بہت مال۔ الضَرّتان: چکی کے دونوں پاٹ۔ الضَرِیر: وادی کا کنارہ، نفس، بقیہ جسم۔

◌ ضَرَّ ـضَرًّا (ہ/ ہ): کو نقصان پہنچانا، کمزور کرنا، تکلیف پہنچانا، زخمی کرنا، کے لئے نقصان دہ، ضرر رساں ہونا۔ ضارَّ ہ/ ہ: کو نقصان پہنچانا، کمزور کرنا، تکلیف دینا، زخمی کرنا، کے لئے نقصان دہ اور ضرر رساں ہونا۔ أضَرَّ ہ/ ہ/ ب: کو نقصان پہنچانا، کمزور کرنا، زخمی کرنا، کیلئے نقصان دہ و ضرر رساں ہونا۔ ـــ ہ علی: کو پر مجبور کرنا۔ ـــ ہ: پر تشدد کرنا، پر دباؤ ڈالنا، پہلی بیوی پر دوسری بیوی لانا۔ تَضَرَّر: نقصان اٹھانا، زخمی ہونا۔ ـــ من: کی یا کے متعلق شکایت کرنا۔ إضَّرَّ: بمعنی تضرّر۔ إضطَرَّہ إلی: کو پر مجبور کرنا۔ أُضطُرَّ الی: پر مجبور کیا جانا۔ ـــ: ہنگامی صورت حال میں ہونا، ناگہانی ضرورت پیش آنا، سخت دباؤ میں ہونا۔ ـــ إلی: کی اشد ضرورت ہونا، کا ضرورت مند ہونا، کی ضرورت رکھنا۔ ضُرّ و ضَرّ: نقصان، تکلیف، زخم، چوٹ، گھاٹا۔ ضُرّ: گھر میں پہلے بیوی کے ہوتے دوسری بیوی لانا۔ ضَرّة جمع ضَرّات و ضرائر: سوت، سوتن، تھن۔ ضَرَر جمع أضرار: نقصان، گھاٹا، خسارہ۔ ما الضَرَر؟: اس کی کیا اہمیت ہے؟ اس کا کیا نقصان ہے؟۔ أخَفُّ الضَرَرین: دو برائیوں میں سے چھوٹی برائی۔ ضَرّاء: تکلیف، عسرت، مفلسی، آفت، مصیبت، ادبار، نحوست۔ في السرّاء و الضرّاء: اچھے اور برے دنوں میں۔ ضَرِیر: اندھا۔ ضَرُورة جمع ضَرُورات: ضرورت، مشکل، تکلیف، دباؤ، مجبوری، پابندی، حاجت، عسرت مفلسی، بری حالت، ناگہانی ضرورت، احتیاج، درشتی۔ ضرورةً و بالضرورة: لازمًا۔ عند الضرورة: ضرورت پڑنے پر، اگر ضروری ہو۔ للضرورة القُصوی: سخت ضرورت کی حالت میں، بدترین صورت حال میں۔ للضرورة أحکامٌ اور الضرورات تبیح المحظورات: ضرورت کسی قانون کو نہیں جانتی۔ ضروری: ضروری، اشد ضروری، مطلوب، ناگزیر، اٹل۔ ضروریات: ضرورتیں، احتیاجات۔ کان من الضروری: ضرور ہونا۔ ضروریات الحیاة: زندگی کی ضروریات۔ ضروریات الاحوال: ہنگامی صورت حالات، صورت حال کی ضروریات۔ مَضَرّة جمع مَضَرّات و مَضار: نقصان، خسارہ، گھاٹا، دقت، دشواری، ناموافق صورت حال (علی کیلئے)۔ إضطرار: مجبوری،

زبردستی، دباؤ، جبر ضرورت، ہنگامی صورت حال، بری حالت، حالت زار، ناگوار صورت حال، ناگہانی ضرورت۔عند الاضطرار: ہنگامی صورت حال میں، ناگہانی ضرورت پڑنے پر۔اضطراری: متشددانہ، تشدد آمیز، جابرانہ، لازمی، ناگزیر، اشد ضروری، ضروری۔ضارّ و مُضِرّ: نقصان دہ، ضرر رساں، مضرت رساں (ب: کے حق میں، کیلئے)۔مُضْطَرّ الی: پر مجبور، کا حاجتمند، ضرورت مند۔مُضْطَرّ: غریب، مفلس، قلاش۔

ضرا: ضَرَا ۔ضَرْوًا الشیءُ: چھپنا۔اِنْضَرَأَ انضراءً۔ت الابلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا۔ت الشجرةُ: درخت کا خشک ہونا۔

ضرب: ۱۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا ہٗ: کو تلوار یا لاٹھی وغیرہ کی ضرب سے مارنا۔۔۔ت العقربُ: بچھو کا ڈسنا۔۔۔العدوَّ بقنابل مدافعة او بقذائف المُدَمِّرَة: دشمن پر توپوں کے گولے اور تباہ کن بم پھینکنا۔ضَرُبَ ۔ضَرَابَةً: سخت مار والا ہونا۔ضَرَّبَ ہٗ: کو بہت مارنا، پیٹنا۔ضَارَبَ مُضَارَبَةً و ضِرَابًا ہٗ: ایک دوسرے پر مار میں غالب آنا، ایک دوسرے کو مارنا، ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔اَضْرَبَ الخُبْزُ: روٹی کا پکنا۔تَضَارَبَ القومُ: ایک دوسرے کو مارنا۔اِضْطَرَبَ القومُ: باہم مار پٹائی کرنا۔ کہتے ہیں اِضطرب حَبْلُهُمْ: ان میں ہنگامہ کھڑا ہو گیا۔الضَّرْبَةُ: اسم مرہ۔ ایک دفعہ کہتے ہیں لا آخذ مالی علیك الا ضربةً واحدةً: میں تمہارے ذمہ واجب الادا اپنی رقم یکمشت لوں گا۔الضَّرِب و الضَّرُوب: مارنے والا۔الضَّرَّاب: بہت مارنے والا۔ اسی سے ہے ضَرَّابَةُ الناقوس: گھنٹی بجانے کا ہتھوڑا۔الضَّرِیب جمع ضُرَبَاء: مارنے والا، مارا ہوا، پٹا ہوا۔الضَّرِیبَة جمع ضَرَائِب: چوٹ کھایا ہوا جسم کا حصہ، جسے تلوار سے ضرب لگائی گئی ہو۔۔۔من السیف: تلوار کی دھار۔المَضْرِب جمع مَضَارِب: مارنے کی جگہ یا زمانہ۔والمَضْرَب جمع مَضَارِب: تلوار یا تلوار کی دھار، گودے والی ہڈی۔مَضْرِبَةٌ و مَضْرَبَةُ السیف: تلوار کی دھار۔المِضْرَب والمِضْرَاب جمع مَضَارِب: بہت مارنے والا، مارنے کا اوزار جیسے گھنٹی بجانے کا ہتھوڑا۔المِضْرَبَة: مارنے کا اوزار۔

۲۔ضَرَبَ ۔ضَرَبَانًا الشیءُ: چیز کا متحرک ہونا۔۔۔العِرقُ: رگ کا پھڑکنا۔۔۔الجرحُ او الضرسُ: زخم یا داڑھ میں سخت درد ہونا۔۔۔فی الماء: پانی پر تیرنا۔۔۔بیدہ: ہاتھ سے اشارہ کرنا۔۔۔بالقداح: تیروں کو گھمانا۔۔۔فی البوق: بگل بجانا۔ضَرَّبَ ہٗ فی الحرب: کو جنگ میں دلیر بنانا اور ترغیب دینا۔تَضَرَّبَ الشیءُ: چیز کا متحرک ہونا، موج مارنا۔اِضْطَرَبَ: متحرک ہونا، موج مارنا، ایک دوسرے کو مارنا۔۔۔الامرُ: کسی امر کا خلل پذیر ہونا۔۔۔من کذا: سے بے آرام ہونا۔۔۔فی امورہ: میں متردد و مشکوک ہونا۔الضَّرْب جمع ضِرَاب: تیز ذہن، سرگرم شخص۔المُضْرِب و المُضْرِبَةَ من الحیات: بے حرکت سانپ۔

۳۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا الصلاةَ: نماز قائم کرنا۔۔۔الخیمةَ: خیمہ نصب کرنا۔۔۔اللیلُ: رات کا لمبا ہونا۔ت العنکبوتُ نسیجَها: مکڑی کا جالا تننا۔۔۔بنفسه الارضَ: میں اقامت کرنا، سفر کرنا (ضد)۔ضَرَّبَ المظلّةَ بالخیوط: دھاگوں سے چھتری کو مضبوط کرنا۔اَضْرَبَ فی المکان: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔الضارب جمع ضَوَارِب: لمبی تاریک رات، پست زمین جس میں درخت ہوں، وادی نما۔المِضْرَب جمع مَضَارِب: بڑا خیمہ۔

۴۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا ہٗ البردُ: کو ٹھنڈ لگ جانا۔ضَرِبَ ۔ضَرَبًا النباتُ: پودوں کا ہوا یا ٹھنڈ سے مرجھا جانا۔ضُرِبَتِ الارضُ: زمین پر کہر گرنا۔اَضْرَبَ القومُ: لوگوں کا پالے سے ڈھک جانا۔الضَّرْب جمع اَضراب: ہلکی بارش۔ کہتے ہیں مطرٌ ضَرْبٌ: یعنی ہلکی بارش۔الضَّرِیب جمع ضرائب: پالا، برف۔

۵۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا علی یدہ: کو روک دینا۔القاضی علی یدہ: قاضی کا کسی کو اپنے مال کے تصرف سے روک دینا۔۔۔علی اذنہ: کو سننے سے منع کرنا۔۔۔عن فلان کذا: کو سے روک لینا۔۔۔فلانًا عن فلانٍ: فلاں کو فلاں سے روکنا۔ کہتے ہیں: ضُرِبْتُ عنه صفحًا: میں نے اس سے منہ پھیر لیا اور اسے نظر انداز کر دیا۔ضربتُ عنه جَرْوَتی: میں نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے پاس سے چلا گیا۔ضَرَبَ بذقنه الارضَ: بزدلی کرنا، خوف کھانا۔اضرب عنه: سے اعراض کرنا۔ اسی سے ہے اَضْرَبَ العاملُ عن العمل: کارکن نے ہڑتال کر دی، یعنی کام پر نہیں گیا۔ صفت مُضْرِب م مُضْرِبَة۔الاضراب جمع اضرابات: ہڑتال۔

۶۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا الزمانُ: زمانہ گزر جانا۔۔۔ت الطیرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں نکل جانا۔۔۔بنفسه الارضَ: زمین میں سفر کرنا، اقامت کرنا (ضد)۔ضَرْبًا و ضَرَبَانًا فی الارض: تجارت یا غزوہ کیلئے زمین پر سفر کرنا۔ضَرَبَت عینُهُ: آنکھ کا گڑھے میں بیٹھنا، آنکھ کا اندر دھنس جانا۔ضَارَبَ ہٗ و ضَارَبَ له فی المال و بالمال: کے مال سے تجارت کرنا۔الطیرُ الضوارِبُ: خوراک کے متلاشی پرندے۔

۷۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا الشیءَ بالشیء: چیز کو چیز سے ملانا۔ضَرَّبَ الشیءَ بالشیء: چیز کو چیز سے ملانا۔۔۔النجّادُ المُضَرَّبَةَ: پوشش والے کا رضائی کو سینا۔۔۔ت المرأةُ اللحافَ: عورت کا لحاف کو لمبے لمبے ٹانکیں لگا کر سینا (عام زبان میں)۔الضَّرِیبَة من الصوف و نحوہ جمع ضرائب: اون یا روئی کی پونی۔بساطٌ مُضَرَّب: کمبل۔المُضَرَّبَة: رضائی۔

۸۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا الدرهمَ: درہم ڈھالنا۔۔۔الخاتمَ: انگوٹھی ڈھالنا۔۔۔علی المکتوب: خط پر مہر لگانا۔اِضْطَرَبَ فلانٌ: حصہ مقرر کرنے کا مطالبہ کرنا، کچھ ڈھالنے کے لئے کہنا۔ کہتے ہیں: اِضطربتُ خاتمًا من ذهب: میں نے سونے کی انگوٹھی ڈھالنے کا حکم دیا۔درهمٌ ضَرْبٌ: ڈھالا ہوا درہم۔دار الضرب: ٹکسال۔الضریبة جمع ضَرَائِب: طبیعت، عادت۔ کہتے ہیں هذه ضریبته التی ضُرِبَ علیها: یہ اس کی عادت ہے جو اس کی جبلت میں داخل ہے۔المَضْرِب جمع مَضَارِب: اصل۔

۹۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا الاجلَ: مدت مقرر کرنا۔۔۔المثلَ: مثال بیان کرنا۔۔۔له سَهْمًا من ماله: کے لئے اپنے مال سے حصہ مقرر کرنا۔ضُرِبَ ذلك مثلًا: کو مثال بنایا جانا۔الضَّرْب (مص) جمع اَضراب: مثل، شکل، قسم۔۔۔ جمع ضُروب و اضراب و اَضْرُب فی العروض: علم عروض میں دوسرے مصرعے کا آخری جزء۔ اس کی مثال شاعر کے قول میں دیکھئے۔

فِیْ فَمِیْ مَاءٌ وَهَلْ یَنْ
طِقُ مَنْ فِیْ فِیْهِ مَاءُ

(میرے منہ میں پانی ہے۔ کیا جس کے منہ میں پانی ہو وہ بول سکتا ہے؟) اس شعر کے دوسرے مصرعہ میں (فیہ ماء) ضرب ہے۔الضَّرِیب جمع ضرائب: قسم، مثل، شکل، آدمی کی ہیئت، حصہ۔

۱۰۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا الجزیةَ علیهم: پر جزیہ لگانا، عائد کرنا۔۔۔علیهم الذِّلَّةَ: کو ذلیل کرنا۔الضریبة جمع ضرائب: جزیہ۔

۱۱۔ضَرَبَ ۔ضَرْبًا بینهم: لوگوں کے درمیان فساد

کرانا۔ الدھرُ بیننا: کوجدا کرنا ضَرَّبَ بینھم: کوبھڑکا دینا ۲ الضَّربة: فساد، آفت ضَرَبانُ الدھر: حوادثِ زمانہ۔

۱۲ ضَرَبَ ضَرْبًا الیہ: کی طرف مائل ہونا ۲ أَضْرَبَ: سر جھکانا۔ کہتے ہیں أَضْرَبَ حاشًا لأمرِ کذا: اپنے آپ کو ذہنی طور پر کیلئے تیار کرنا، جی میں ٹھان لینا کہ کا مصمم ارادہ کرنا۔

۱۳ ضَرَبَ ضَرْبًا الحاسبُ کذا فی کذا: کو سے ضرب دینا۔ ن فی ك (ع ح): علم حساب میں مثلاً ایسے اعداد کو جو "ن" کے برابر ہوں "ک" میں جمع کرنا۔ جیسے ۱۳×۳ = ۱۳ +۱۳+۱۳=۳۹۔ ۱۳ کو مضروب اور ۳ کو مضروب فیہ کہتے ہیں، جب کہ ۳۹ جداء، یا حاصل ضرب ہے۔ ب، ج د ہ: اس میں ب کو ج سے پھر اس کے حاصل کو ج سے پھر اس کے حاصل کو د سے پھر اس کے حاصل کو ہ سے ضرب دینا۔ اس میں حاصل ضرب (جداء) متغیر نہیں ہوتا۔ اگر ب، ج د ہ کی ترتیب تبدیل ہو جائے۔ ب ج د ہ کو مضاریب، عوامل، اضلاع کہا جاتا ہے۔

۱۴ اِسْتَضْرَبَ العسلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا الضَّرَبُ و الضَّرَبَ: سفید اور گاڑھا شہد۔

ضَرَبَ ضَرْبًا ہ/ہ ب: کو سے مارنا، چوٹ لگانا۔ ۔ ب علی: سے پر مارنا۔ ہ علی: کو پر مارنا۔ ہ/ہ: کو نشانہ کرنا، پر فیر کرنا، پر گولہ باری کرنا، گولہ اندازی کرنا۔ ہ و علی: (باجا وغیرہ) بجانا، (ٹائپ رائٹر پر) ٹائپ کرنا، ۔۔۔: (بچھو کا) ڈسنا۔ ضرب بین: کو جدا کرنا۔ ہ علی: کچھ کسی شخص یا چیز پر عائد کرنا۔ عن: سے منہ موڑنا، سے الگ ہونا، کو چھوڑ دینا، سے پہلو بچانا، کنی کترانا، احتراز یا گریز کرنا۔ ضربًا و ضَرَبانًا: (رگ دل کا) دھک دھک کرنا، دھڑکنا، (زخم، دانت کا) بہت دکھنا، درد کرنا؛ حرکت کرنا، ہلنا۔ فی: میں، ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھرنا، منہ اٹھائے پھرنا، گشت کرنا، سفر کرنا؛ (گلیوں میں) کوچہ گردی کرنا، سیر کرنا، چہل قدمی کرنا۔ (جہاز کا) بحری سفر کرنا؛ (پرندے کا) گرمیوں میں سرد اور سردیوں میں گرم علاقے کو چلے جانا ضرب إلی: مائل ہونا (رنگ کا)، ایک رنگ سے دوسرے رنگ میں بتدریج بدلنا، (جیسے مائل بہ سرخی، یا مائل بہ سیاہی ہونا) ضرب ضرابًا ھا: (اونٹنی) کو ڈھکنا، اونٹنی پر سوار ہونا ضَرَبَ لہ اجلا: کیلئے تاریخ مقرر کرنا ضَرَبَ الارزَّ: چاول نکالنا، چاول کا چھلکا اتارنا ضَرَبَ فی الارض: سفر کرنا۔

ضرب بویةً علی: کو لیپنا، پوتنا، پراستر کاری کرنا، پر روغن کرنا ضَرَبَ الباب: دروازہ کھٹکھٹانا ضرب خطا: لکیر کھینچنا ضرب الجرس: گھنٹی بجانا ضرب حَقنًا: پچکاری لگانا، انجکشن دینا۔ ضرب اخماسا لاسداس اور ضرب اخماسَہُ فی أَسداسِہِ: دماغ پر بہت زور دینا، غم واندوہ سے سوچنا کہ کوئی راہ نجات ملے، سمجھ میں نہ آنا کہ کیا کرے، بدحواس ہو جانا، ساز باز کرنا، سازش کرنا، ہوائی قلعے تعمیر کرنا، دن میں خواب دیکھنا ضرب خیمة: خیمہ نصب کرنا۔ ضرب الرقمَ القیاسی: ریکارڈ توڑنا ضرب السلام: فوجی سلامی دینا ضرب ضریبةً علی: پر ٹیکس عائد کرنا ضرب اطنابَہُ فی: میں جڑ پکڑنا، جم جانا، مستحکم ہونا، رواج ہونا، عام ہونا ضرب اطنابہ علی: میں آباد ہو جانا، مستقل رہائش اختیار کرنا۔ ضَرَبَ طُوبًا: اینٹ بنانا ضرب عددا فی آخر: ایک عدد کو دوسرے سے ضرب دینا ضرب عنقہ: کا سر قلم کرنا، کو قتل کرنا، مار ڈالنا، کی گردن مارنا، کا سر کاٹ ڈالنا ضرب قالبَہُ: کی نقالی کرنا، کا نمونہ اتارنا، کا سا بنانا، کا چربہ اتارنا ضرب بہ کفًا: کے چہرے پر تھپڑ مارنا، کو تھپڑ لگانا، طمانچہ مارنا، چپت رسید کرنا ضرب مثلاً ل: پر کوئی ضرب المثل چسپاں کرنا ضرب لہ مثلاً: کو مثال دینا، کے لئے نمونہ پیش کرنا یا نمونہ کا حوالہ دینا ضرب مثً: مثال دینا۔ ۔ ہ ل یا ب ءی: کے لئے کسی چیز کو بطور مثال پیش کرنا ضرب الامثال: دانائی کی باتیں بتانا، اخلاقی اصول، واضح کرنا ضرب نقودًا: سکے ڈھالنا (نوٹ چھاپنا) ضرب موعدًا: ملاقات کے وقت یا جگہ پر اتفاق کرنا، ملاقات کا وقت مقرر کرنا ضرب إلی الحمرة یا إلی الصفرة: سرخی مائل ہونا، سفیدی مائل ہونا ضرب بہ الارض: کو زمین پر پھینکنا۔ ضرب فی الخیال: غیر حقیقی یا خیالی ہونا، اپنے خیالوں میں مستغرق یا عالم خیال میں ہونا، ناممکن کا خواہاں ہونا ضرب براسہ علی صدرہ: اپنے سر کو سینہ پر جھکا دینا ضرب بسھم مصیب فی: میں عملی حصہ لینا ضرب بسھم و نصیب فی: میں شرکت کرنا، میں شریک ہونا، حصہ دار ہونا ضرب فیہ بعِرقٍ: میں شریک ہونا، حصہ دار ہونا ضرب بہ عُرضَ الحائط: کو حقارت کی نظر سے دیکھنا، مسترد کرنا، ترک کر دینا، سمندر میں پھینک دینا ضرب بنظرہ إلی: پر اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا ضرب بوجہ صاحبہ: [illegible]

مٹانا، کاٹ ڈالنا، محو کرنا ضرب عنہ صَفحًا: کو دور کر دینا، نظر انداز کر دینا، پر کوئی توجہ نہ دینا، چھوڑ جانا۔ ضرب فی حدید بار: بے اثر و نتیجہ اقدامات کرنا۔ ضربَ بینی و بینہ الایام: قسمت نے مجھے اس سے جدا کر دیا یا ہم دونوں کو الگ کر دیا۔ ضرب لنفسہ سَبعَةَ ایّام: اس نے سات دن قیام کرنے کا فیصلہ کیا ضَرَّبَ ہ ب: کو کے ساتھ ملانا، میں کی آمیزش کرنا ضَرَّبَ بین: میں اختلاف رائے پیدا کرنا، نا اتفاقی، ان بن یا نزاع کا بیج بونا، میں پریشانی کا باعث ہونا ضَرَّبَ ہ: لحاف، رضائی سینا ضَارَبَ ہ: سے لڑنا، جھگڑنا، مقابلہ کرنا ضَارَبَ: سٹا کرنا۔ أَضْرَبَ عن: سے روگردانی کرنا، منہ موڑنا، کو چھوڑ دینا، ترک کر دینا، سے کنی کترانا، سے بچنا أَضرب فی: میں رہنا، قیام کرنا، اقامت گزین ہونا أضرب جاشًا ل: کے لئے تیار و آمادہ ہونا، کو کرنے کا مصمم ارادہ کرنا أضرب صفحًا عن: سے اجتناب کرنا، باز رہنا أضرب (عن العمل): کام کرنا بند کر دینا، ہڑتال کرنا أضرب عن الطعام: بھوک ہڑتال کرنا تضارب: ہاتھا پائی پر اتر آنا، جھگڑا کرنا، دنگا کرنا، لڑائی کرنا، ایک دوسرے کو مارنا، پیٹنا (آراء وغیرہ کا)۔ منقسم ہو جانا، اختلاف کرنا، باہم دگر آویزاں ہونا، اختلاف رائے رکھنا، اختلاف رکھنا، متصادم ہونا، متضاد ہونا اَضطرب: (لہروں کا) متصادم ہونا، امڈ آنا، نرمی سے ٹکرانا؛ کام بے چینی یا گڑبڑ کی حالت میں ہونا، افراتفری، ہنگامہ، ہل چل، جوش، بے چینی، اضطراب، بیقراری یا کہرام کی حالت میں ہونا، ہیجان زدہ ہونا، پریشان ہونا، تیز ہلچل میں ہونا، ادھر ادھر ہلنا، دوڑ دھوپ ہونا، کھلبلی پڑنا، افراتفری، دوڑنا، دھکم دھکا ہونا، اندھا دھند دوڑ کرنا، ہلنا جلنا، لڑکھڑا کر چلنا، تھرتھرانا، پریشان ہونا، بے چین ہونا، غیر منظم ہونا، بے ترتیب ہونا، بوکھلانا، الجھنا، درہم برہم ہونا، کانپنا، لرزنا، تھرانا ضرب جمع ضروب: قسم، نوع، نمونہ، مثال، کئی، متعدد جمع اضراب: مانند، مماثل، مشابہ، جیسا؛ ضرب خانہ اور دار الضرب: ٹکسال ضرب النار: شوٹنگ، فائرنگ، شیلنگ، گننگ، بمباری وضع السلاح تحت الضرب: ہتھیار سے نشانہ باندھنا، فائر کرنے کے لئے تیار ہونا، ہتھیار سنبھالنا ھو و اضرابہ: وہ اور اس جیسے اور لوگ ضَربةُ الشمس: لو کا اثر (sunstroke)۔ سخت گرمی سے نڈھال ہونے کی کیفیت۔ (heat stroke ضربة قاضیة: مہلک یا کاری ضرب

(علی کیلئے)۔ ضربة جزاء: (فٹ بال میں) پنلٹی کک (penalty kick)۔ ضِراب: ہم بستری، مباشرت۔ ضَریبة: ٹیکس، محصول، خراج، کردار، طبیعت، مزاج، خو، افتادِ طبع جمع ضرائب۔ ضریبة الدخل: انکم ٹیکس۔ ضریبہ کسب العمل: ورک ٹیکس۔ ضریبة الملاهی: داخلہ ٹیکس، تفریحی ٹیکس۔ مَضْرِب جمع مضارب: کیمپ کا موقع یا جگہ، کیمپ، جگہ، موقع، علاقہ، راستہ، بڑا خیمہ۔ کان مضربَ المَثَل (الامثال): زبان زدِ خاص و عام ہونا، مثال ہونا، سبق آموز اور عبرت انگیز ہونا، بے مثال، فقید المثال یا منفرد ہونا، مثال کے طور پر پیش کیا جانا۔ مِضْرَب جمع مضارب: بلا (bat)۔ لکڑی کا ہتھوڑا، موڑا، موگری، ریکٹ (racket) (ٹینس وغیرہ میں)۔ مِضْرَب جمع مضارب: چھوٹی متھنی یا ہونی۔ مُضارَبة جمع مُضارَبات: سٹہ، خاموش شراکت، محدود شراکت۔ إضراب جمع اضرابات: ہڑتال۔ مُضارِب جمع مُضارِبون: سٹے باز۔ مُضْطَرَب: کھیل کا میدان (مجازی)۔ اضطرابات عصبیة: اعصابی بیماریاں۔

ضرج: ۱۔ ضَرَجَ ۔ضَرْجًا الثوبَ بالدم: کپڑے کو خون آلود کرنا، خون سے لتھیڑنا۔ ضَرَّجَ ہٗ: کو خون آلود کرنا۔ ۔۔ الثوبَ: کپڑے کو سرخی سے رنگنا، لتھیڑنا۔ ۔۔ انفَ بالدم: ناک سے خون بہانا۔ تَضَرَّجَ الشیءُ: چیز کا لتھڑنا۔ ۔۔ الخدُّ: رخسار کا سرخ ہونا۔ الضَرِیج: ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ الإضْرِیج: سرخ ریشم، سرخ رنگ، زرد رنگ کی چادر۔

۲۔ ضَرَجَ ۔ضَرْجًا الشیءَ: چیز کو پھاڑنا۔ تَضَرَّجَ: پھٹنا۔ ۔۔ الزهرُ: پھول کھلنا۔ اِنْضَرَجَ: پھٹنا۔ ۔۔ لنا الطریقُ: کیلئے راستہ کا چوڑا ہونا۔ ۔۔ مابین القوم: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔ المِضْرَج مَضارِج: پھٹا پرانا مستعمل کپڑا، چیتھڑا۔ المَضارِج: مشقتیں۔ عینٌ مَضْرُوجَة: بڑی موٹی آنکھ۔

۳۔ ضَرَجَ ۔ضَرْجًا الشیءَ إلی الارض: چیز کو زمین پر ڈالنا۔ ضَرَّجَ الجیبَ: کھلا لٹکانا۔ ۔۔ الابلَ: اونٹوں کو حملہ میں دوڑانا۔ أضْرَجَ الجیبَ: تھیلے کو لٹکانا۔ اِنْضَرَجَت العُقابُ: عقاب کا اپنے شکار پر جھپٹنا۔ عَدْوٌ ضَریجٌ: تیز دوڑ۔ الإضْرِیج: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

۴۔ ضَرَّجَ الکلامَ: کلام کو آراستہ کرنا۔ تَضَرَّجَت المرأةُ: عورت کا آراستہ ہونا۔

۵۔ الضَرْجَع جمع ضَراجِع (ح): چیتا۔

○ ضَرَجَ ۔ضَرْجًا ہ بالدم و ضَرَّجَ ہ بالدم: کو خون کے دھبے ڈالنا، کو خون آلود کرنا۔ تَضَرَّجَ: سرخ ہونا یا ہوجانا۔ مُضَرَّجَ الیدین: خون آلود ہاتھوں کے ساتھ، جرم کرتے ہوئے یا ارتکاب جرم کی حالت میں پکڑا ہوا۔

ضرح: ۱۔ ضَرَحَ ۔ضَرْحًا الشیءَ: چیز کو پھاڑنا۔ ۔۔ القبرَ: قبر کھودنا۔ ۔۔ للمیت: میت کے لئے قبر کھودنا۔ اِنضَرَحَ الشیءُ: چیز کا پھٹنا۔ الضَرِیح جمع ضَرائِح: قبر۔

۲۔ ضَرَحَ ۔ضَرْحًا الشیءَ: چیز کو ایک طرف کرنا، ہٹانا۔ کہتے ہیں: ضَرَحَ شهادةَ فلان عنی: یعنی اس نے فلاں کی میرے بارے میں گواہی کو باطل قرار دے کر مسترد کر دیا۔ و ضَرَحْتُ عنی الثوبَ: میں نے کپڑا اتار ڈالا۔ ۔۔ ضَرْحًا و ضِراحًا ت الدابةُ برجلها: جانور کا دولتی مارنا۔ ضارَحَ ہٗ: ایک دوسرے کو تیر مارنا، گالی دینا، کے قریب ہونا اور مقابل ہونا۔ أضْرَحَ ہٗ: کو دور کرنا۔ اِضطَرَحَ الشیءَ: کو پھینک دینا۔ اِنْضَرَحَ ما بَین القوم: قوم کا باہمی تعلق ٹوٹ جانا، لوگوں کے درمیان اختلافات کی خلیج وسیع ہو جانا۔ الضَرْح: دوری، وحشت۔ نِیةٌ ضَرَحٌ: فاسد ارادہ۔ الضَرُوح من الدواب: دولتی مارنے والا جانور۔ قوسٌ ضَرُوحٌ: تیز زور سے پھینکنے والی کمان۔ الضَرِیح جمع ضَرائِح: دور، بعید۔

۳۔ ضَرَحَ ۔ضُروحًا و ضَرَحَات السوقُ: کساد بازاری ہونا۔ أضْرَحَ السوقَ: کساد بازاری کرنا۔

۴۔ أضْرَحَ ہٗ: کو خراب کرنا۔ الضَرْح: خراب آدمی۔

۵۔ الضَرْح: جلد، کھال، چمڑا۔ المَضْرَحُ (ح): شکرا، لمبے بازوؤں والا گدھ۔ المَضْرَحی: شکرا، لمبے بازوؤں والا گدھ، فیاض سردار۔ المِضْرَحی: ہر سفید چیز۔

○ ضَرِیح جمع ضَرائِح و اضرحة: قبر، مقبرہ۔

ضرس: ۱۔ ضَرَسَ ۔ضَرْسًا الشیءَ: کسی چیز کو داڑھ سے شدت کے ساتھ کاٹنا۔ کہتے ہیں: ضَرَسَتْهُ الدهرُ: زمانہ اس کے لئے ناقابل برداشت ہو گیا۔ ضَرَسَتْهُ الخُطُوبُ: بدقسمتیوں اور حوادث نے اس کو آزمائش میں ڈال دیا۔ ۔۔ البئرَ: کنویں کو پتھروں سے بند کرنا۔ ۔۔ الرجُلُ: شام تک خاموش رہنا۔ ضَرِسَ ۔ضَرَسًا ت الاسنانُ: دانتوں کا ترشی سے کھٹا ہونا۔ ضَرَّسَ ہ الزمانُ: کو زمانہ کا آزمائش میں ڈالنا۔ ۔۔ تْهُ الحروبُ او الایامُ: جنگوں یا دنوں کا کسی کی آزمائش کر کے تجربہ کار بنا دینا۔ ضارَسَ الامورَ: کا تجربہ کرنا اور جاننا۔ ۔۔ ہٗ: سے جنگ کرنا، دشمنی کرنا۔ أضْرَسَ ہٗ بالکلام: کو باتوں سے خاموش کر دینا۔ ۔۔ ہٗ: کو رنجیدہ کرنا۔ ۔۔ الحامضُ الاسنانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا۔ تَضارَسَ القومُ: ایک دوسرے سے لڑنا، دشمنی کرنا۔ ۔۔ البناءُ: عمارت کا ناہموار ہونا۔

الضِرس جمع أضراس ضُرُوس (ع ا): داڑھ دانت، مشہور یہ ہے کہ نچلے جبڑے میں دونوں طرف پانچ یا چار داڑھیں ہیں۔ ۔۔ جمع ضُرُوس: کنواں پاٹنے کا پتھر، دشوار چڑھائی والا ٹیلہ۔ الضَرِس: سخت مزاج، تجربہ کار، جنگجو اور مسافر، بھوک کے سبب غضبناک۔ الضَرُوس من النوق: وہ بد خلق اونٹنی جو دوہنے والے کو کاٹے۔ حربٌ ضروسٌ: سخت مہلک جنگ۔ الضَریس جَراسَی: پیٹھ کے منکے، پتھروں سے پاٹا ہوا کنواں، بھوکا۔ ۔۔ المُضَرَّس (مفع): مصیبت زدہ۔ ۔۔ من الوشی: وہ کپڑا جس پر دانتوں کی طرح کے نقوش ہوں۔ رجُلٌ مُجَرَّس مُضَرَّس: تجربہ کار۔ التَضریس جمع تَضارِیس: یاقوت یا موتی یا داڑھ کی طرح کے لکڑی کے ٹکڑے میں چیرا۔ تضاریس الارض: دانتوں کی طرح زمین کی باہر نکلی ہوئی بلندیاں۔

۲۔ الضِرْس جمع ضُرُوس: تھوڑی سی بارش۔ کہتے ہیں: وقعت فی الارض ضُروسٌ من مطَر: زمین پر کہیں کہیں تھوڑی سی بارش ہوئی۔

ضرص: الضَرْضَم (ح): شیر نر (درندہ)۔

○ ضَرِسَ ۔ ضَرَسًا ہ: کو سختی سے دانتوں سے کاٹنا۔ ضَرِسَ ۔ضَرَسًا: (دانتوں کا) ترش چیزیں کھانے یا پینے سے کند ہو جانا۔ ضَرَّسَ ہ: کو سختیاں جھیل سکنے والا بنانا، جنگجو بنانا۔ ۔۔ و أضْرَسَ الاسنانَ: (ترش اشیاء ماکولات و مشروبات کا) دانتوں کو کند کر دینا۔

ضِرس جمع اضراس و ضروس: ڈاڑھ۔ ضِرس العقل: عقل داڑھ۔ حرب ضَرُوس: شدید قاتلانہ جنگ۔ تضاریس الارض: سطوح مرتفع، زمین کے نشیب و فراز۔ تضاریس الوجه: چہرے کی جھریاں۔

ضرط: ۱۔ ضَرَطَ ۔ضَرْطًا و ضَرِطًا و ضُراطًا و ضَرِیطًا: گوز کرنا، پاد مارنا۔ ضَرَّطَ الحمارُ: گدھے کا بہت گوز کرنا۔ ۔۔ و أضْرَطَ الحمارَ: گدھے سے ایسا کام لینا کہ اس کا گوز خارج ہو جائے۔ ۔۔ بفلان: سے ٹھٹھے کے طور پر منہ سے گوز کی سی آواز نکالنا۔ الضَرّاط و الضَرُوط و الضِرَوَّط:

گوز کرنے والا، بہت گوز کرنے والا۔

۲۔ ضَرِطَ ضَرَطًا: ہلکی داڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت: أضْرَط۔

۳۔ مُضَرِّطُ الحجارة: حیرہ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔

ضرع: ضَرَعَ ضُرُوعًا من الشیء: سے قریب ہونا۔ ــــ ت الشمسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ ضَرَعَ من فلان: چپکے چپکے کسی کے قریب آنا۔ ــــ الشمسُ: سورج کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ ــــ ت القِدرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ــــ الرُبَّ: شیرہ کو اچھی طرح نہ پکانا۔ ضارَعَ ت الشمسُ: سورج کا غروب ہونے لگنا۔ ــــ ت القِدرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ تضَرَّعَ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ـ الظل: سایہ کا سکڑنا۔

۲۔ ضَرَعَ ـ ضَرْعًا فرسَهُ: گھوڑے کو سدھانا۔ ضَرَاعَةً و ضَرِعَ ـ ضَرَعًا و ضَرُعَ ضَرَاعَةً: کمزور ہونا۔ ــــ إلیه: سے فروتنی کرنا، انکساری کرنا۔ صفت: ضارِع و ضَرِع۔ جمع ضارِعُون و ضُرُوع و ضَرَعَة۔ اَضْرَعَ الرجلَ: کو ذلیل کرنا۔ ــــ ت الحُمّٰی فلانًا: بخار کا کسی کو کمزور کر دینا۔ اسی سے یہ مثل ہے: الحمّٰی أضرَعتنی للنوم: بخار نے مجھے نیند کے آگے ذلیل کر دیا۔ ضرورت کے وقت ذلیل ہونے کے موقع پر بولی جاتی ہے۔ ــــ ته الحاجة إلی فلان: ضرورت کا کسی کو اپنے معاملات سپرد کر دینا۔ ـ لفلان مالًا: کے لئے مال خرچ کرنا۔ تضرَّعَ: فروتنی کرنا، انکساری کرنا، ذلیل ہونا۔ ـ إلی اللّٰه: اللہ تعالٰی سے عاجزی کے ساتھ دعا کرنا۔ اِسْتَضْرَعَ له: سے انکساری کرنا، کے سامنے ذلیل ہونا۔ الضَّرَع (مص): کمزور، بزدل۔ کہتے ہیں: رجُلٌ ضَرَعٌ: بزدل مرد۔ قوم ضَرَعٌ: بزدل لوگ۔ الضارِع: کمزور، نحیف، ہر چھوٹی چیز۔ الاَضْرَع: کمزور، نحیف۔ الضَّرُوع: ذلیل۔

۳۔ ضارَعَهُ: کے مشابہ ہونا۔ تضارَعَا: دو کا ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الضِّرْع جمع ضُرُوع: مثل مانند۔ المُضارِع: مشابہ، وہ فعل جو زمانہ حال و مستقبل دونوں کے معنی دے اور ماضی پر اَنَیْتُ میں سے ایک حرف زائد کرنے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔

۴۔ اضرعت الشاةُ: بکری کے تھنوں کا نمودار ہونا یا بڑا ہونا۔ (صفت: ضَرْعاء و ضَرُوع و ضَرِیع و ضَرِیعه: بچہ پیدا ہونے سے پہلے دودھ اتر آنا۔ الضَّرْع جمع ضُرُوع: تھن۔ (گائیوں بھیڑ بکریوں کا جیسے عورت کا پستان: الثدی)۔ الضَّرْعاء و الضریعة من الشاء و البقر: بڑے تھن والی بکری یا گائے۔ الضَّرُوعُ: بڑے تھن والی بکری یا گائے۔

۵۔ الضِّرْع جمع ضُرُوع: قوت حمل۔

○ ضَرْع جمع ضُرُوع و ضِراع: تھن۔ الزرع و الضرع: کاشتکاری اور مویشی پالنا۔ ضِرْع: جیسا، مانند، مثل۔ ضَرَاعَة: فرمانبرداری، اطاعت شعاری، انقیاد، عاجزی، انکساری، فروتنی، عجز و انکسار، التجا، بھیک مانگنا۔ مضارعة: مشابہت، مماثلت۔ ضارِع: کمزور، اخلاقی لحاظ سے کمزور۔ تضرع: التجاء کرنا، بھیک مانگنا، التماس۔

ضرغ: ضَرْغَمَ و تضَرْغَمَ: شیر کا سا کام کرنا، شیر کے مشابہ ہونا۔ الضَّرْغَم جمع ضَرَاغِم (ح): شیر۔ الضِّرْغام و الضِّرغامة (ح): شیر، بہادر، طاقتور۔

ضرف: ۱۔ الضَّرْف عند العامة: گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے وغیرہ کا برتن، اس کا مترادف (زق) مشک ہے، صحیح ظرف ہے۔ الضَّرْفة: کثرت۔ کہتے ہیں: هو فی ضَرْفةِ عیش: وہ آسودہ حال ہے۔

۲۔ ضَرْفَطَهُ بالحبل: کو رسیوں میں جکڑنا۔

ضرك: ضَرُكَ ضَرَاكة: بے وقوف یا موٹا اور توانا ہونا۔ الضُّراك: موٹا آدمی، مضبوط توانا آدمی۔ (ح): شیر۔ الضَّرِیك جمع ضَرائك و ضَرْکاء: بے وقوف، اندھا، سدا روگی، زبوں حال غریب شخص۔ (ح): نرگدھ۔

ضرم: ۱۔ ضَرِمَ ضَرَمًا: سخت بھوکا یا غضبناک ہونا۔ ـ علیه: پر غصے سے بھڑکنا۔ ـ فی الطعام: حرص سے کھانا۔ تضَرَّمَ الرجُل علیه: پر غصے سے بھڑکنا۔ الضَّرَم (مص): بھوک کا غصہ۔ الضَّرِم: بھوکا۔

۲۔ ضَرِمَ ضَرَمًا ت النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ ضَرَّمَ و أضْرَمَ و اسْتَضْرَمَ النارَ: آگ جلانا اور روشن کرنا۔ تضَرَّمَت النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِضْطَرَمَت النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ ــــ المَشِیبُ: بڑھاپا نمودار ہونا۔ الضَّرَم: ایندھن، اس سے مثل ہے: نفخت فی غیر ضَرَم: جب کوئی بے نتیجہ یا بے فائدہ کام کیا جائے تو اس وقت یہ مثال بولی جاتی ہے۔ الضَّرَمة جمع ضَرَم: چنگاری، آگ۔ کہتے ہیں: ما فی الدار نافخ ضَرَمةٍ: یعنی گھر میں کوئی بھی نہیں۔ الضِّرام: بھڑک، جلن، چیپٹی۔ الضِّرامة: جلتی ہوئی لکڑی۔ الضریم [illegible]

۳۔ الضَّرْم (ن): لیونڈر کا درخت۔ الضِّرْم (ن): لیونڈر کا درخت۔ (ح): عقاب کا چوزہ۔ الضَّرَم (ح): عقاب کا چوزہ۔ الضِّرام: وسیع میدان۔ الضِّرامة (ن): بطم کا درخت۔ الضَّرِیم: ایک قسم کا گوند۔

○ ضَرِمَ ضَرَمًا: آگ پکڑنا، آگ لگنا، جلنا، جل اٹھنا، بھڑکنا، (جنگ کا) یکایک لگ جانا؛ شروع ہونا یا پھیلنا، بھڑکنا۔ ضَرَّمَ (ہ): آگ جلانا، روشن کرنا۔ ضَرَّمَ النارَ فی: کو آگ لگانا۔ اضرَمَ بمعنی ضَرَّمَ۔ تضَرَّمَ: جلنا، جل اٹھنا، شعلے نکلنا، غصے سے لال پیلا ہونا، (جذبات) کا شعلہ فشاں ہونا۔ ضِرام: آگ، بھابھڑ۔ اضطرام بمعنی ضِرام۔ مُضْطَرِم: جلتا ہوا، شعلہ فشاں۔

ضرا: ضَرَا ضُرُوًّا العِرقُ: رگ سے بغیر رکے خون نکلنے لگنا۔ ضَرِیَ یَضْرَی ضَرَاوَةً و ضَرًی و ضُرِیًّا و ضَرَاءَةً بالشیء: کسی چیز کا بہت شوق رکھنا، حریص ہونا۔ ــــ ضَرًی و ضِراءً و ضَرَاءً الکلبُ بالصید: کتے کا شکار کا خوگر ہونا، گوشت اور خون کھالی جانا، صفت: ضَرٍ و ضارٍ م ضارِیة جمع ضَوارٍ۔ ــــ ضَرًی النبیذُ: شراب کا تیز ہونا۔ ضَرَّی الکلبَ بالصید: کتے کو شکار کا عادی بنانا اور سدھانا۔ أَضْرَی الکلبَ بالصید: بمعنی ضَرَّی الکلب بالصید۔ ـ الرجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔ الضِّرْوُ م ضِرْوَة جمع ضِرَاء و أضْرٍ: شکاری کتا۔ الضَّرَی (مص): لڑائی کی تیزی۔ ضَراوة الحرب: جنگ کی تیزی۔ حرب ضارِیة: شدید جنگ۔ الضَّرِیّ: ایک قسم کی شراب۔ الضارِی من الآنیة: شراب کا برتن۔ الضَّواری جمع الضاری کی ـ من الحیوانات: درندے۔

۲۔ ضرا ضُرُوًّا الرجُل: چھپنا۔ اِسْتَضْرَی للصید: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔ الضَّراء: پوشیدگی۔ کہتے ہیں: هو یمشی الضراء: وہ درختوں کے پیچھے چھپ کر چلتا ہے) گنجان، گھنا درخت، وسیع کھلا میدان

○ ضَرَّی ہ ب: کو کے ساتھ لڑنے پر اکسانا۔ ضَراوة: لالچ، طمع، بہت بھوکا ہونا، لذیدہ ہونا، بہت شائق ہونا۔ ضارٍ: بہت بھوکا، ندیدہ، بلا کا شائق، سخت لالچی، حریص، سفاک، وحشی جمع ضَوارٍ: درندے، غارت گر جانور واحد ضارٍ۔

ضری: ضَرِیَ ضَرْیًا العرقُ بالدم: رگ سے خون بہنا۔ صفت: ضَرِیّ۔

ضز: ۱۔ ضَزَّ ضَزَزًا: تنگ باچھوں والا ہونا۔ أَضَزَّهُ [illegible]و پیسنا۔ ــــ علیه: پر بخل کرنا۔ الأضَزّ جمع ضُزّ

تنگ باچھوں والا، داڑھوں کے ملنے کی وجہ سے صاف بات نہ کر سکنے والا۔

۲۔ الاضزّ جمع ضزّ: بدخلق۔ المُضِزّ: بدخلق، غضبناک۔

صزن: ضَزَنَ ـضَزْناً ہُ: سے کچھ چھیننا۔ تَضَازَنَ القَومُ: کسی چیز پر قبضہ کیلئے جھگڑنا۔ الضَیزَن: قابل وثوق محافظ انسان کے بال بچے، شریک، پانی بھرتے ہوئے جھگڑنے والا۔

ضع: ضَعْضَعَ ہُ: کو گرا کر زمین کے برابر کر دینا۔ تَضَعْضَعَ: ذلیل ہونا، فرمانبرداری کرنا۔ (کہتے ہیں: تَضَعْضَعَ به الدهرُ: زمانہ نے اُسے ذلیل کر دیا) کمزور ہونا، بیماری یا غم سے کمزور اور خفیف الجسم ہو جانا۔ ـــــ مالُہُ: کا مال کم ہو جانا، تھوڑا ہو جانا۔ الضَعْضَع و الضَعْضَاع: ہر کمزور چیز، بے رائے و تدبیر آدمی۔ الضَعْضَعَة (مص): شدت، انکساری۔

○ ضَعْضَعَ ہ: کو مسمار کرنا، تباہ کرنا، گرانا، کی اندر ہی اندر جڑیں کھوکھلی کرنا، کو کمزور کرنا۔ تَضَعْضَعَ: کمزور ہونا، روبتنزل ہونا، زوال میں آنا، برباد ہونا، شکستہ ہونا، فنا ہونا، کمزور یا کمزور تر ہونا، رو بہ انحطاط ہونا، (تنظیم وغیرہ) کا ٹوٹنا، برخاست ہونا۔ ضَعْضَعَة: مسماری، جڑیں کھوکھلی کرنا، ضعف، ناتوانی، خرابی، صحت، ارادے کی کمزوری، ضعف ہمت، کمزوری۔ ضَعْضَعَة الكِبَر: ضعفی، سٹھیا جانا، سٹھیاپا۔ متضعضِع: شکستہ، زوال میں آیا ہوا، کمزور، ناتواں، فرمانبردار، منقاد، منکسر المزاج۔

صعط: ضَعَطَ ـضَعْطاً ہُ: کو ذبح کرنا۔

ضعف: ۱۔ ضَعَفَ ـضَعْفاً و ضُعْفاً و ضَعُفَ ـ ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً: کمزور ہونا، ناتواں ہونا۔ ضَعَّفَ ہُ: کو کمزور کرنا۔ ـــــ الحدیثَ: حدیث (بات) کو ضعیف کی طرف منسوب کرنا۔ ـ و تَضَعَّفَ و استَضعَفَ ہُ: کو ضعیف پانا یا خیال کرنا۔ اَضْعَفَ ہُ: کو کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضعوف: جب کہ قیاس کے مطابق مُضعَف ہونا چاہیئے، اسکی مثال یہ قول ہے: اِسعَدَہُ اللّٰہ: چنانچہ وہ شخص مسعود کہلاتا ہے نہ کہ مُسْعَد۔ ـــــ الرجُلُ: کمزور جانوروں والا ہونا۔ الضَعف: کمزوری، ناتوانی (عوام کے نزدیک) مرض۔ الضُعف: کمزوری۔ الضَعَف: کمزوری، عقل اور رائے کی کمزوری۔ الضُعفان جمع ضَعافی و المضعوف: کمزور۔ الضعیف جمع ضِعاف و ضُعَفاء و ضَعَفَة و ضَعفَی م ضعیفة: کمزور۔ ـــــ من الكلام درجہ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔ (عوام کے نزدیک): مریض۔ کہتے ہیں: ھُوَ ضعیف یعنی وہ بیمار ہے۔ ارضٌ مُضَعَّفَة: وہ زمین جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔

۲۔ ضَعَفَ ـضَعْفاً القومَ: سے زیادہ ہونا، دوگنا یا کئی گنا ہو جانا۔ ـ الشیءَ: کو دوچند کرنا۔ ضَعَّفَ و ضاعَفَ و اضعَفَ ہُ: کو دوگنا کرنا، دوچند کرنا۔ تَضاعَفَ الشیءُ: دوچند ہونا۔ ضِعْفُ الشیء جمع اَضْعاف: دوگنا، دوچند۔ لوگوں کا کہنا ہے: لك ضِعْفُهُ: تمہارے لئے اس کا دوگنا یا تین گنا یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ یہ کہنا جائز ہے: ھذا ضِعفُ ھذا: یہ اس جتنا ہے۔ ھذا ضعفاہُ: یہ اس کا دوگنا یا دوچند ہے۔ أضعافُ الكتاب: کتاب کی سطور کا درمیانی فاصلہ۔ الاضعاف من الجسد: جسم کے اعضاء یا ہڈیاں۔ مُضاعَف: دوچند، دوگنا (کیا ہوا) کئی گنا کیا گیا۔ المُضاعَفة من الدروع: ایسی زرہ جس کے حلقے دہرے دہرے ہوں۔

○ ضَعُفَ ـضُعْفاً و ضَعْفاً: کمزور ہونا، یا ہو جانا، نرم و نازک ہونا، شکستہ ہونا یا ہو جانا، بے بس ہونا یا ہو جانا، نامرد ہونا یا ہو جانا، مردہ دل، پژمردہ ہونا یا ہو جانا، کم ہونا یا ہو جانا، گھٹنا یا گھٹ جانا۔ أضعَفَ (ہ/ ہ/من): کو کمزور کرنا، لاغر کرنا، ناتواں بنانا، مضمحل کرنا، پر ضعف طاری کرنا۔ اِستضعَفَ ہ: کو کمزور سمجھنا، کیساتھ تکبر سے پیش آنا۔ ضُعف و ضُعفُ الارادہ: ارادہ کی کمزوری۔ الضعف العصبی: اعصابی کمزوری۔ ضعف التناسل: نامردی۔ ضعیف الارادة: کمزوری ارادے والا۔ ضعیف العقل: کمزور دماغ والا۔ ضعیف القلب: کمزور دل۔ ھذا الضعیف: یہ ناچیز (اظہار انکسار کے طور پر) مُستَضعَف: جسے کمزور سمجھا گیا، مظلوم، مصیبت زدہ۔ ضَعَّفَ و ضاعَفَ ہ: کو دوگنا کرنا، شدید تر کرنا، کئی گنا کرنا۔ تَضاعَفَ: دوگنا ہونا، دوچند ہونا، کئی گنا ہونا۔ ضِعف جمع اضعاف: دوگنا، دوچند، کئی گنا۔ مئة ضِعفِهِ: کا سو گنا۔ ثلاثة اضعافِهِ: کا تین گنا۔ أضعاف اضعافه: کا کئی گنا۔ اضعافاً مضاعَفة: کئی گنا، سو گنا۔ تضاعیف: تحریر کے ٹکڑے کا مضمون، مافیہ، متن، تہیں سطروں کے درمیان جگہ۔ فی تضاعیفه: کے اندر، پر مشتمل۔ مضاعفة: دوگنا یا کئی گنا ہونا یا کرنا۔ مضاعفات: (بیماری) کی پیچیدگیاں۔ تَضاعف: دوگنا یا کئی گنا ہونا۔ مُضعَّف: دوگنا، کئی گنا۔ مُضاعَف: دوگنا، کئی گنا۔

ضعل: ضَعِلَ ـضَعَلاً: ماں باپ کے آپس میں قریب النسب ہونے سے بچہ کا پتلے جسم والا ہونا۔

ضعا: ضَعَا ـضَعْوًا: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

ضغ: اَضَغَّت الارضُ: زمین کا سرسبز و شاداب ہونا۔ ـ القومُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ اِضطَغَّت الارضُ: زمین کا سرسبز و شاداب ہونا۔ الضَغِیغ: سرسبزی، شادابی، تروتازگی۔ الضغیغة: سرسبز و شاداب باغ، آسودہ و خوش حال زندگی، پتلا گوندھا ہوا آٹا، مخلوط لوگوں کی جماعت۔

۲۔ ضَغضَغَ الشیخُ اللقمةَ: بے دانت بوڑھے کا لقمہ کو چبانا، مسوڑھوں سے لقمہ چبانا۔ ـــ الرجُلُ: غیر واضح کلام کرنا۔ ـ الکلامَ: کلام کو زیادہ کرنا۔

ضغب: ۱۔ ضَغَبَ ـضَغْباً: بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز نکالنا، ڈرانا۔ الضَغِیب و الضُغاب: خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔

۲۔ الضُغبُوس جمع ضَغابِیس (ح): لومڑی کا بچہ، کمزور آدمی۔

ضغث: ضَغَثَ ـضَغْثاً الحدیثَ: گفتگو کو خلط ملط کرنا۔ ـ الشیءَ: کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ ـ الثوبَ: کپڑے کو دھوتے ہوئے اچھی طرح صاف نہ کرنا۔ ضَغَثَ النباتَ: سبزی کے مٹھے بنانا۔ اَضغَثَ الحالِمُ الرؤیا: خواب دیکھنے والے کا اپنا خواب گڈمڈ کر کے بیان کرنا۔ اِضطَغَثَ الحطبَ: لکڑیاں اکٹھی کرنا، جمع کرنا۔ الضِغث جمع أضغاث: سبز و خشک گھاس کا مٹھا۔ ـ من الخبر و الامر: گڈمڈ اور بے حقیقت خبر یا معاملہ۔ اَضغاثُ اَحلام: گڈمڈ، غیر واضح خواب جن کی حقیقت بیان نہ کی جا سکے۔ اس سے مثل ہے: ضِغثٌ علی إبّالة: مصیبت پر مصیبت، سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ کلام ضَغثٌ و ضَغِثٌ: نامبارک کلام۔ التَضغِیث (مص): بارش جس سے زمین اور نباتات بھیگ جائیں۔

○ ضَغَثَ ـَہ: (قصہ) کو گڈمڈ کرنا۔ اضغاثُ الاحلام: گڈمڈ خواب۔ زادَ ضِغثاً علی إبّالہ: کسی چیز یا بات کو زیادہ خراب کر دینا۔

ضغط: ضَغَطَ ـضَغطاً و اضغطَ ہُ: بھینچنا، نچوڑنا، بھیڑ کرنا، دبانا، نئے ادباء اس فعل کو علی کے صلہ سے متعدی بناتے ہیں۔ اور ضغط ہ کے بجائے ضغط علیہ کہتے ہیں۔ ضاغَطَ ضِغاطاً و مُضاغَطَةً ہُ: ایک دوسرے کو بھینچنا، تنگ کرنا۔ تَضاغَطُوا: ایک دوسرے کو بھینچنا، تنگ کرنا۔ اِنضَغَطَ: مغلوب ہونا۔ اِضتَغَطَ عَلَیہ: (قیاس کے مطابق اضطغط): پر سختی کرنا۔ الضُغطَة: تنگی، مجبوری، سختی، بے آرامی۔ کہتے ہیں: اَخَذتَ فلانا ضغطة: تو نے اس پر سختی کی تا کہ اسے مشکلات

میں پھنسائے۔ الضَغطَة: اضطرار، تنگی، مصیبت، قہر۔ ضَغطَة القبر: قبر میں میت پر تنگی۔ الضاغِط (فا) محافظ، نگہبان۔ الضاغوط: کابوس کی بیماری۔ الضغیط جمع ضُغطَی م ضغیطة: کمزور رائے والا۔ المَضغط جمع مَضاغِط: پست زمین۔ المِضغَط: کمپریسر (compressor)۔

○ ضَغَطَ۔ ضَغطًا (ہ ہ): کو دبانا، نچوڑنا۔ (ہ): کو سکیڑنا۔ علی: پر دباؤ ڈالنا، کو کچلنا، دبا دینا، روکنا، روک دینا، ممنوع قرار دینا، پچھاڑنا، زیر کرنا، پر بوجھ ڈالنا۔ انضغط: دبنا، نچڑنا، سکڑنا۔ ضَغط: دباؤ، داب، تاکید، زور، کچلنا، امتناع، خاتمہ، وولٹیج voltage، کھچاؤ۔ الضغط الجوی: فضائی دباؤ۔ ضغط الدم و الضغط الدموی: بلڈ پریشر۔ ضغط الهواء: ہوا کا دباؤ۔ تحت ضغط الرأی العام: رائے عامہ کے دباؤ کے تحت۔ ضُغطَة: دباؤ۔ ضُغوطِیة: (ہوا کا) دباؤ۔ ضاغوط: کابوس۔ مَضاغِطُ هَوائِیة: کمپریسرز compressors۔ تَضاغَط: دباؤ، داب۔ اِنضغاط: دباؤ اور سکڑنے کی قابلیت۔ آلَةٌ ضاغِطَة: کمپریسر compressor۔ هواء مضغوط: سکڑی ہوئی ہوا compressed air۔

ضغم: ضَغَمَ۔ ضَغمًا الشیءَ و به: کو دانتوں سے کاٹنا۔ کہتے ہیں: ضَغَمَهُ ضَغمَةَ الأسد: اُس نے اُسے دانتوں سے خوب کاٹا۔ الضُغامَة: دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔ الضَیغَم جمع ضَیاغِم: دانتوں سے کاٹنے والا۔ و الضَیغَمِیّ (ح): شیر۔

ضغن: ۱۔ ضَغِنَ۔ ضَغنًا علیه: سے کینہ رکھنا۔ ضاغَنَهُ: سے کینہ رکھنا۔ تضاغَنَ و اِضطَغَنَ القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہتے ہیں: اضطغن فلانٌ علی فلان ضغینةً: یعنی فلاں نے فلاں کے خلاف کینہ اپنے دل میں رکھا۔ الضِغن جمع اَضغان: کینہ۔ الضاغِن و الضَغِن: کینہ ور۔ الضَغِینَة جمع ضَغائِن: کینہ۔

۲۔ ضَغِنَ۔ ضَغنًا الیه: کی طرف مائل ہونا، جھکنا۔ الضِغن جمع أضغان: شوق، جھکاؤ، میلان، کجی۔ فرسٌ ضاغِن: منہ زور گھوڑا جو بغیر مارے نہ چلے۔ فرس ضغِن: منہ زور گھوڑا جو بغیر مارے نہ چلے۔ عُودٌ ضغِن: ٹیڑھی لکڑی۔

۳۔ اِضطَغَنَهُ: کو بغل کے نیچے لینا۔ الضِغن جمع أضغان: گود، بغل۔

۴۔ الضِغن جمع أضغان: جانب، پہاڑ کا پہلو۔

○ ضَغِنَ۔ ضَغنًا علی: کے خلاف بغض رکھنا، کینہ رکھنا، کے خلاف دل میں نفرت رکھنا، پر برہم ہونا۔ تَضاغَنَ: ایک دوسرے کے خلاف بغض و کینہ رکھنا۔ ضِغن جمع اضغان و ضغینة جمع ضغائِن: کینہ، بغض، عناد، بدباطنی، کینہ جوئی، بدخواہی، کسی کا برا چاہنا، دلی نفرت۔ ضَغِن: بغض پرور، کینہ جو، بدخواہ، کینہ ور، کینہ پرور، برا ماننے والا، برہم۔

ضغا: ۱۔ ضَغا۔ ضَغوًا المقامِرُ: جواری کا خیانت کرنا۔

۲۔ ضَغا۔ ضَغوًا الیه: کی اطاعت اختیار کرنا، فرمانبرداری کرنا، کے آگے ذلیل ہونا۔ ضَغوًا و ضُغاءً السنّورُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ تَضاغی: بھوک یا مار سے اینٹھنا اور چلانا۔ الضُغاء (مص): ذلیل آدمی کی آواز۔

ضفّ: ۱۔ ضَفَّ۔ ضَفًّا و ضَفَفًا القومُ علی الماءِ و الطعام: پانی یا کھانے پر بھیڑ کرنا۔ ضَفّا الشیءَ: چیز کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ تَضافَّ القومُ: بھیڑ کرنا۔ الضَفَّة: جماعت۔ عینٌ ضَفُوفٌ: بہت پانی والا چشمہ۔ الضَفِیف: کہتے ہیں: هو من لفیفنا و ضفیفنا: وہ ان لوگوں میں سے ہے، جن کی مصیبت کے وقت ہم انہیں اپنے ساتھ شامل کر لیتے ہیں۔ ماءٌ مَضفُوف: وہ پانی جس پر بہت بھیڑ لگے۔

۲۔ تَضافَّ القومُ: کم مال والا ہونا۔ ضَفُّ الحال: بدحال، زبوں حال والا۔ الضَفَف: مال کی قلت، عیال کی کثرت، حاجت، کمزوری۔ الضُفافة: بے عقل۔

۳۔ الضَفَّة و الضِفَة جمع ضِفاف: دریا کا کنارہ، سمندر کا ساحل۔ الضَفَف: کام میں جلد بازی۔

۴۔ ضَفضَفَةُ القوم: لوگوں کی جماعت، گروہ۔

○ ضَفَّة: بھیڑ، ہجوم، انبوہ، ازدحام، (لوگوں کا)۔ ضَفَف: غربت، افلاس، بے نوائی۔

ضفد: ۱۔ ضَفَدَ۔ ضَفدًا ہٗ: کو تھپڑ مارنا۔

۲۔ ضَفدَعَ الماءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا۔ الرجُلُ: سکڑنا، کوز کرنا۔ الضِفدِع جمع ضَفادِع و ضَفادِی: (جو بہت کم مستعمل ہے) واحد ضِفدِعَة (ح): مینڈک۔

○ ضِفدِعٌ بشریٌّ: آبدوز سپاہی (frogman) (فوجی اصطلاح)

ضفر: ا۔ ضَفَرَ۔ ضَفرًا و ضَفَّرَ الحبلَ: رسی بٹنا۔ الشَعرَ: بال گوندھنا۔ اِنضَفَرَ: گندھا ہوا ہونا، بٹا ہوا ہونا۔ کہتے ہیں: اِنضَفَرَ الحبلان: دو رسیاں آپس میں بٹ گئیں۔ الضَفر (مص) جمع ضُفُور و أضفُر [illegible]

لٹ یا زلف، ریت کا ایک بڑا تودہ۔ الضِفار جمع ضُفُر: کجاوہ کا تنگ۔ الضَفِرَة: ریت کا ایک بڑا تودہ یا ڈھیر۔ کنانة ضَفِرة: بھرا ہوا ترکش۔ الضَفِیر: گندھے ہوئے بالوں کی رسی، ساحل سمندر، کجاوہ کا تنگ۔ الضَفِیرَة جمع ضَفائِر: زلف، کہتے ہیں: کنانةٌ ضَفِیرَة: بھرا ہوا ترکش۔

۲۔ ضَفَرَ۔ ضَفرًا البِناءَ: پتھروں سے عمارت کو بغیر چونے اور گارے کے بنانا۔

۳۔ ضَفَرَ۔ ضَفرًا و ضَفَّرَ الرجُلُ: دوڑنے میں کودنا۔

۴۔ ضَفَرَ۔ ضَفرًا و ضَفَّرَ الدابةَ: جانور کے منہ میں لگام ڈالنا۔

۵۔ ضافَرَهُ علی الامر: کی کام میں مدد کرنا۔ تضافروا علی الامر: کام میں ایک دوسرے کی مدد کرنا، تعاون کرنا

○ ضَفَرَ۔ ضَفرًا ہ: (بالوں کو) گوندھنا، (بالوں کی) چوٹی کرنا، چٹیا کرنا۔ ہ: کسی چیز کو گوندھنا، بٹنا، بل دے کر ایک کرنا۔ ہ: (رسی) کو بٹنا۔ ضَفَّرَ بمعنی ضَفَرَ۔ ضافَرَهُ: کی مدد کرنا، کا ہاتھ بٹانا، کو مدد دینا، کی اعانت کرنا۔ تَضافَرَ علی: کچھ کرنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ تَضافَرَ: مضبوطی سے بٹا ہوا ہونا، گندھا ہوا ہونا، مربوط ہونا، بندھا ہوا ہونا، جڑا ہوا ہونا (مع: کے ساتھ) (گواہی کا) مربوط ہونا۔ ضَفر جمع ضُفُور: (زین کا) تنگ۔ ضِفار جمع ضُفُر: (زین کا) تنگ۔ ضَفِیرة جمع ضَفائِر: چوٹی (گندھے ہوئے بال) بالوں کی لٹ، زلف، گیسو، کاکل، جھالر، کلابتون، لچھا، لڑ، گچھا۔

ضفز: ا۔ ضَفَزَ۔ ضَفزًا: کودنا، پھاندنا۔ فلانًا: کو دفع کرنا، کو ہاتھ پاؤں سے مارنا۔ الفرسَ: گھوڑے کو لگام دینا۔ البعیرَ: اونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ ڈالنا۔ اِضطَفَزَهُ: کے منہ میں اس کی کراہت کے باوجود لقمہ ڈالنا۔ الضَفِز: کچلا ہوا جو جو اونٹ کو بطور چارہ دیا جاتا ہے۔ الضَفّاز: چغل خور۔ الضَفِیزة جمع ضَفائِز: بڑا لقمہ۔

ضفط: ا۔ ضَفَطَ۔ ضَفطًا ہٗ بالحبل: کو رسی سے مضبوط باندھنا، جکڑنا۔ الضافِط (فا): قریب کا مسافر۔ الضافِطة: الضافِط کا مؤنث، لاد و اونٹ، شتربان، رذیل لوگ۔ الضَفّاط و الضَفِطّ و الضَفِیط: شتربان، رذیل شخص۔

۲۔ ضَفَطَ۔ ضَفطًا الرجُلُ: اپنی حاجت پوری کرنا۔ بسَلحِه: پاخانہ کرنا۔

۳۔ ضَفُطَ۔ ضَفاطَةً: ڈھیلے اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ تضافَطَ اللحمُ: گوشت کا گتھا ہوا ہونا۔ الضَفّاط

والضَفِط و الضَفِيط: بڑے پیٹ والا، ڈھیلا ڈھالا موٹا۔ الضَفَنَّط: ڈھیلا ڈھالا موٹا، بڑے پیٹ والا۔

۴ـ ضَفَطَ ـضَفَاطَةً: جاہل اور کمزور رائے والا ہونا۔ الضَفُطَه: جہالت۔ رائے کی کمزوری الضَفَّاط و الضِفِطّ و الضَفِيط: بے وقوف۔

۵ـ الصافِطَة: رذیل لوگ۔ الضَفَّاط و الضِفِطّ و الضَفِيط: بوجھل شخص۔ الضُفَّاط: رذیل لوگ۔

ضفن: ۱ـ ضَفَنَ ـضَفْناً اِليه: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا۔ ـ بحاجته: اپنی ضرورت پوری کرنا۔ ـ مع الضعيف: کمزور کے ساتھ آنا۔

۲ـ ضَفَنَ ـضَفْناً برجله: لات مارنا۔ ـ به الارضَ: کو زمین پر گرانا۔ ـ فلاناً: کسی کے سرین پر لات مارنا۔

۳ـ ضَفَنَ ـضَفْناً عليه: پر ظلم کرنا۔

۴ـ الضِفَنّ و الضِفَنَّ: بے وقوف، چھوٹے قد والا موٹا۔

ضفا: ضَفَا ـضَفُوًّا الرأسُ: سر کا بہت بالوں والا ہونا۔ ـــ الحوضُ: حوض کا کناروں پر سے بہنا۔ ـــ الثوبُ: کپڑے کا لمبا چوڑا ہونا۔ صفت: ضَافٍ الضفا تثنیہ ضَفَوَان: پہلو، جانب۔ ضَفْوَةُ العيش: مرفہ الحالی۔ سرفہ حالی۔

○ ضَفَا ـضَفُوًّا: وافر، کثیر، فراوان یا بہت ہونا کی افراط، کثرت یا بہتات ہونا، کناروں پر سے بہنا۔ أَضْفَى ہ على: کو وافر مقدار میں کوئی چیز دینا یا کیلئے مختص کرنا، کو کوئی چیز دینا، کو کوئی چیز انعام دینا۔ ـــ علی کو ہ: کوئی چیز رکھنے دینا، کو کسی چیز کا مالک ہونے دینا، کو سے پُر کرنا۔ ـ علی ہ: کو میں لپیٹنا، کو سے ڈھانپنا، کو پر پھیلانا۔ ضَفْوَةُ العيش: مطمئن اور آرام دہ زندگی۔ ضَافٍ: کثیر، وافر، فراوان، بہت، بافراط، لبریز، فراخ، کشادہ، مفصل، دور تک پھیلا ہوا، بہت، بڑا، پورا، جامع، مکمل۔

ضق: ضَقَّ ـضَقًا: آواز نکالنا۔

ضك: ضَكَّ ـضَكًّا ہُ: کو دبانا۔ ـ الامرُ فلاناً: معاملہ کا کسی پر تنگ ہونا۔ ـــ ہُ بالحُجَّة: کو دلیل سے مغلوب کرنا۔

ضكز: ضَكَزَ ـضَكْزاً ہُ: کو سختی سے چھونا۔

ضكل: الضَكُل: تھوڑا پانی۔ الضَيكل جمع ضَيَاكِل و ضَيَاكِلَة: بڑے تن و توش کا آدمی، ننگا، برہنہ، فقیر۔ الأُضْكَل: ننگا۔

ضلّ: ۱ـ ضَلَّ ـضَلالاً و ضَلالَةً: کج راہ ہونا، دین سے پھرنا، حق یا راستہ سے ہٹنا، بھٹکنا۔ صفت: ضالّ جمع ضُلّال و ضالّون۔ ـــ الطریقَ او عنهُ: راستہ سے بھٹکنا۔ ـ الشيءُ عنه: سے چیز کا ضائع ہونا اور جاتا رہنا۔ ـــ سعيُهُ: کوشش میں ناکام ہونا۔ ـــ الرجُلَ: کو بھول جانا۔ ضَلَّلَ تَضْلِيلاً و تَضْلالاً ہُ: کو گمراہ کرنا، کو گمراہ کہنا۔ اَضَلَّ الشیءَ: کو ضائع کرنا۔ ـــ ہُ اللّٰہُ: اللہ کا کسی کو گمراہ کرنا۔ ـــ فلانٌ فرسَهُ: کے گھوڑے کا بھاگ جانا اور اسے پتہ نہ لگنا کہ کہاں گیا۔ ـــ الشیءَ و الرجُلَ: کو گمراہ پانا۔ اسی سے ہے: اتی قومَهُ فاضلهم۔ یعنی وہ اپنی قوم کے پاس آیا تو انہیں گمراہ پایا۔ تَضَالَّ: گمراہی کا دعوی کرنا۔ اِسْتَضَلَّ: گمراہ ہونے کو کہنا۔ الضَلّ و الضُلّ و الضَلال و الضَلالَة: گمراہی، باطل۔ کہتے ہیں: ھو ضُلّ بنُ ضُلٍّ او ضِلّ بنُ ضِلّ او ضُلُّ اَضْلالٍ او ضَلُّ اَضْلالٍ: وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں کہ کون ہے یا اس میں کوئی بھلائی نہیں۔ الضَلَل: گمراہی، پتھروں کے نیچے یا درختوں کے مابین بہنے والا پانی جس کو دھوپ نہ پہنچتی ہو۔ الضَلَّة: رہنمائی میں مہارت کہتے ہیں: دلیل بہ ضُلَّة: وہ رہنمائی میں ماہر ہے۔ الضَلّه: ضلّ کا اسم مرہ، حیرت، نیکی یا برائی کی طلب میں سخت حیرت یا مدہوشی۔ الضِلَّة: گمراہی کہتے ہیں: ذھب دمہ ضِلَّةً: اس کا خون رائیگاں گیا۔ ذھب ضِلَّةً: معلوم نہیں وہ کہاں گیا۔ ھو تِبْعُ ضِلَّة: وہ فریبی ہے، اس میں خیر و بھلائی کی کوئی چیز نہیں۔ ھو یلومنی ضِلَّةً: وہ مجھے ملامت کرنے میں راہ راست پر نہیں۔ الضَالَّة جمع ضَوَالّ: الضال کا مؤنث، وہ کھوئی ہوئی چیز جس کی تلاش کی جائے۔ الضَلُول: گمراہ۔ الضِلِّيل: بہت زیادہ گمراہ۔ المَلِكُ الضِلِّيل: زمانہ جاہلیت کے شاعر امرئ القیس کا لقب۔ الأُضْلُولَة جمع اَضَالِيل: غلطی، گمراہی۔ المَضَلّ: جس میں لوگ گمراہ ہوں۔ المُضِلّ (فا): سراب۔ المَضَلَّة و المَضِلَّة: گمراہی۔ ارضٌ مَضَلَّة و مَضِلَّة: وہ زمین جس میں راستہ بھول جائیں جمع میں ارضونٌ مَضَلّات کہتے ہیں: المُضَلَّل: بہت گمراہ، گمراہی کا بہت پیچھا کرنے والا، جس کو نیکی کی توفیق نہ ہو۔

۲ـ ضَلَّ ـضَلالاً و ضَلالَةً الشیءُ: چیز کا تلف ہونا۔ ـ الرجلُ: آدمی کا مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو جانا۔ اَضَلَّ الشیءَ: کو ہلاک کرنا، دفن کرنا، غائب کرنا۔ الضَلّ و الضُلّ و الضلال و الضَلالَة: ہلاکت۔

○ ضَلَّ ـضَلالاً و ضَلالَةً: راستہ بھول جانا۔ ـــ ہ/ عن: راستہ سے بھٹک جانا، بھٹکتے پھرنا۔ ـ غلطی کرنا۔ ـــ سعيه: کی کوشش کا بیکار، فضول یا لاحاصل ہونا۔ ضَلَّلَ ہ: کو غلط راہ پر لگانا، غلط خیال دلانا، سے غلطی کرانا، کو گمراہ کرنا، راہ سے بھٹکانا، کو بہکانا، سبز باغ دکھانا، دھوکا دینا، دغا دینا، فریب یا جُل دینا۔ ضَلَّلَ نفسه: اپنے آپ کو بہکانا، سبز باغ دکھانا۔ اَضَلَّ بمعنی ضَلَّلَ نیز اَضَلَّ ہہ: کو راستہ سے بھٹکانا۔ ـ ہ: کو ضائع ہونے دینا۔ ضُلّ: غلطی، خطا۔ ضَلال: راستہ سے بھٹکنا، حق سے بھٹکتے پھرنا، غلطی۔ ضَلالُ الألوان: رنگوں میں امتیاز سے عاری، رنگوں کا اندھاپن۔ ضَلالَه: غلطی گمراہی۔ اُضلوله جمع اضالیل: غلط عقیدہ، گمراہی، ضلالت، غلط طرز عمل۔ مَضَلَّه: گمراہ ہونے کا موقع یا امکان۔ تضلیل: غلط راہ پر لگانا، ڈالنا یا گمراہ کرنا، مغالطہ وسوسہ، توہم، دھوکا، فریب، دغابازی۔ ضالّ: راستے سے بھٹکنے والا، مارے مارے پھرنے والا، گم کردہ راہ، گمراہ، بھٹکا ہوا، گم گشتہ کھویا ہوا، برباد شدہ، غلط، غیر صحیح، نادرست، جھوٹا۔ ضالة و ضالة منشودة: مستقل جستجو کا مقصود، طویل عرصہ سے عزیز خواہش کا مقصد۔ مُضَلِّل: گمراہ کن، فریب دہ، پرفریب مغالطہ آمیز۔ مُضِلّ: گمراہ کن، مغالطہ میں ڈالنے والا، دھوکے میں ڈالنے والا۔

ضلع: ۱ـ ضَلَعَ ـضَلْعًا الرجُلَ: کی پسلی پر مارنا۔ ضَلُعَ ـضَلاعَةً: قوی اور مضبوط پسلیوں والا ہونا، صفت: ضَلِيع، ضَلِعَ ـضَلَعًا و ضَلْعًا الرجُل: شکم سیر یا سیراب ہونا۔ ضَلَّعَ الثوبَ: کپڑے پر پسلی کی شکل کی صورتیں بنانا۔ ـــ ہُ: کو بوجھل کرنا۔ اضلع ہُ: پر بوجھ ڈالنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ اَضْلَعَتْهُ الخطوبُ: حوادث نے اس پر بوجھ ڈال دیا۔ تَضَلَّعَ: خوب شکم سیر یا سیراب ہونا۔ اسی سے ہے: تَضَلَّعَ من العلوم: علوم سے وافر حصہ پانا۔ اِضْطَلَعَ: قوی اور مضبوط ہونا۔ ـــ بحمله: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اسکی قوت رکھنا۔ الضِلَع جمع اَضْلُع و ضُلوع و اضلاع (ع ا): پسلی (مونث ہے) مثلث یا تکون کا ایک ضلع۔ الضِلَع من البطیخ: خربوزے کی قاش۔ ضِلَع السِلق و نحوہ: چقندر وغیرہ کے پتے کی موٹی رگ۔ الضِلْع جمع اَضْلُع و ضُلوع و اضلاع: پسلی، ابرو۔ ـــ من البطیخ: خربوزہ کی قاش۔ کہتے ہیں: ھم علیّ ضِلَعٌ جائرة: وہ دشمنی میں میرے خلاف متحد ہیں۔ الضَلَع: طاقت۔ الضِلَعَة بغل کی شکل، پہلو۔ الضِلَعة (ح): ایک قسم کی سبز رنگ اور چھوٹی ہڈی کی مچھلی۔ الأَضْلَع جمع ضُلْع: مضبوط موٹا آدمی۔ الضَلِيع جمع ضُلْع م ضَلِيعَة: مضبوط.

مضبوط پسلیوں والا۔ رجُلٌ ضَلِیعُ الفم: بڑے منہ والا آدمی۔ المُضْلع من الاحمالِ: بوجھل عاجز کرنے والا بوجھ۔ کہتے ہیں: ھو مُضْلعٌ بھذا الامر: وہ یہ کام کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ المُضَلَّعَ (مفع): پہلوؤں والا، متعدد الاضلاع۔ ــ من الشیاب: دھاری دار کپڑا، پہلوؤں والا۔

۲۔ ضَلَعَ ـضَلْعًا الشیءُ: ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت: ضَالِع۔ ــ علیہ: پر ظلم کرنا۔ ضَلِعَ ـضَلَعًا وضَلْعًا: پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔ صفت: ضَلِع: اس سے ہے: لأقیمن ضَلَعَك او ضَلْعَك: میں تیرا ٹیڑھا پن سیدھا کردوں گا۔ ــ مع فلان: کے ساتھ جھکنا۔ ضَلَّعَ ہٗ: کو جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔ أضْلَعَ ہٗ: کو جھکانا۔ اِلضَّلْعِ (مص): جھکاؤ، ٹیڑھا پن۔ کہتے ہیں: ضَلْعُكَ مع فلان تمہارا جھکاؤ اور پیار، محبت فلاں کے ساتھ ہے۔ الضَلَع (مص): پیدائشی ٹیڑھا پن۔ الضُلُوع: زمین کا ڈھلوان۔ قوسٌ ضَلِیع وَضَلِیعَةٌ و مَضْلُوعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

۳۔ الضَلَع: قوت اخلاق کی وسعت۔ الضِلَع: اکیلا پتلا پہاڑ۔ جال، پھندا۔

○ ضَلَعَ ـضَلْعًا مع: کی حمایت کرنا، کسی غرض کیلئے کسی کے ساتھ متحد ہونا۔ ضَلُعَ ـضَلَاعَة: مضبوط و قوی ہونا، موٹا تازہ، ہٹا کٹا یا قوی ہیکل ہونا۔ ضَلِعَ ـضَلَعاً: ٹیڑھا ہونا، خمیدہ ہونا، مڑنا۔ ضَلَّعَ ہ: کو ٹیڑھا کرنا، موڑنا، جھکانا۔ تَضَلَّعَ من: سے لبالب، یا کھچا کھچ بھرا ہونا، پرہجوم ہونا، میں ماہر ہونا۔ اضطلع ب: میں ماہر ہونا، کا ذمہ لینا، کو اپنے سر لینا۔ إستضلع من: میں ماہر ہونا، سے خوب واقف ہونا۔ ضَلْع: تعلق، محبت، شفقت، لگن، چاہ، لگاؤ، وابستگی۔ ضَلْعُہُ معہ: اس کی ہمدردیاں اس کے ساتھ ہیں، وہ اس کا طرف دار اور حمایتی ہے۔ ضِلْع و ضِلَع جمع ضُلُوع و أَضْلَاع و أَضْلُع: پسلی، چاپ، قتلہ، قاش، ٹکڑا، پہلو طرف ضلع (کسی مثلث یا تکون کا)۔ الأَضْلاع: مینہ۔ ضلع البرمیل: پیپے کی پٹی، چپٹی۔ متساوی الاضلاع: مساوی الاضلاع equilateral۔ کان لہ ضلع فی الامر: اس کا اس معاملہ میں ہاتھ تھا، اس نے اس معاملہ میں ایک کردار ادا کیا۔ ضَلِیع: مضبوط، قوی ہیکل، واقف حال، ماہر تجربہ کار۔ ضَلَاعَة: طاقت، موٹا تازہ یا قوی ہیکل ہونا، جسم کا قوی ہونا۔ مُضَلَّع: پسلی دار، کثیر الاضلاع جمع مُضَلَّعَات کثیر الاضلاع شے۔ صاج مُضَلَّع: سلوٹ یا نال دار لوہا corrugated iron۔ مُتَضَلِّع من: میں ماہر، سے واقف۔

ضمّ: ا۔ ضَمَّ ـضَمًّا الشیءَ: کو جمع کرنا۔ ــ الشیءَ إلیہ: کو اپنی طرف کھینچنا۔ ــ الشیء: پر قبضہ کرنا۔ آپ کہتے ہیں: ضمّ علی یدی: اس نے میرا ہاتھ پکڑا۔ ضم فلانا الیہ: کو اپنے ساتھ رکھنا۔ ــ الحرفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا (حرف پر پیش لگانا)۔ ــ ہٗ إلی صدرہ: سے معانقہ کرنا، کو گلے لگانا۔ کہتے ہیں: ضَمَّ جناحَہ عن الناس: وہ لوگوں پر مہربان ہوا، ان کے ساتھ نرمی سے پیش آیا۔ ضَامَّہٗ الیہ: کو اپنے ساتھ ملانا۔ أَضَمَّہُ الشیءَ إلی فلان: چیز کو کسی کے ساتھ فلاں کے پاس بھیجنا۔ تَضَمَّمَ الشیءَ: کو بڑی تفصیل کے ساتھ پیش کرنا۔ تَضَامَّ القوم: لوگوں کا باہم جمع ہونا، متحد ہونا۔ إضْطَمَّ ہٗ: کو اپنی طرف کھینچنا۔ ــ علیہ: کو شامل کرنا، پر مشتمل ہونا۔ إنضَمّ: جڑنا، ملنا۔ ــ علی کذا: پر مشتمل ہونا۔ الضَمُّ (مص) عند النحاة: نحویوں کے نزدیک: پیش (ـُ)۔ الضَمَّة: گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔ پیش (ـُ)۔ الضِمَام: ملانے کا ذریعہ۔ الضَمُوم: دو لمبی پہاڑیوں کے درمیان کی وادی۔ الضَمِیم م ضَمِیمَة: ساتھی۔ الإِضْمَامَة جمع أَضَامِیم: جماعت، گروہ۔ ــ من الکتب: تحریرات کا پلندہ۔ المُنْضَمّ علی کذا: پر مشتمل۔ کہتے ہیں: أَصْبَحَ مُنْضَمًّا: وہ دبلا پتلا ہو گیا۔

۲۔ ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً فلانٌ علی المال: سب مال لے لینا۔

۳۔ ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً الرجُلُ: کا دل کو قوی اور بہادر بنانا۔ ــ الأَسَدُ: شیر کا دھاڑنا۔ الصمصم والضُمَاضِم (ح): شیر، جرأت والا، جسیم، غصہ والا

○ ضَمَّ ـضَمًّا ہ: کو قریب لانا، ملانا، جوڑنا، کھینچ کر قریب کرنا، سمیٹنا، سکیڑنا؛ کو جمع کرنا، کا میزان لگانا؛ اکٹھا کرنا، فصل کاٹنا۔ ــ ھُم: لوگوں کو متحد کرنا۔ ــ ہ: سے گلے ملنا، معانقہ کرنا۔ ــ ہ الی: کو سے ملانا، جوڑنا، کو کے آخر میں لگا دینا، جوڑ دینا، کو میں شامل کرنا۔ ــ ہ/ ہ إلی: کو میں جمع کرنا، کو سے جوڑنا، کو سے متحد کرنا۔ ــ ہ: (ہونٹ) بند کرنا، بھینچنا۔ ــ علی: کسی شخص یا چیز کو زور سے پکڑنا، ہاتھوں سے پکڑنا، تھیانا، پکڑنا۔ ضَمَّ ہ: (قسمت کا) کسی کو ناگوار صورت حال میں پھنسا دینا۔ ضَمَّ الصفوف: صفیں متحد کرنا۔ ضَمَّہُ إلی صدرہ: کو گلے ملنا، گلے لگانا، آغوش میں لینا، ہم آغوش ہونا، جمع ہونا۔ إنْضَمَّ: قریب آنا، مل جانا، ہجوم ہونا، بندھا ہونا۔ ــ إلی: سے متحد ہونا، میں جمع ہونا، شامل ہونا، سے شرکت کرنا، کیساتھ شریک ہونا، کا ہم صحبت ہونا، کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، سے ملحق ہونا، کا سے الحاق ہونا۔ إلی: (کسی تنظیم وغیرہ) میں شامل ہو جانا۔ ــ علی: پر مشتمل ہونا۔ ضمیمة: اضافہ، ضمیمہ، تکملہ، (تنخواہ میں) اضافہ۔ تضامًّا مع: مع، ہمیت، اور، بھی، (together with)، مَضْمُوم: بند، بھنچا ہوا، سکڑا ہوا۔ مُنْضَمَّة: لازمی (جمع لوازم) متعلقہ چیز (جمع متعلقات)۔

ضمج: ضَمَجَ ـضَمْجًا جسدَہٗ: جسم پر خوشبو لگانا۔ ــ بالارض: زمین سے پیوست ہونا۔ ضَمَّجَ جَسَدَہٗ: جسم پر خوشبو لگانا۔ أَضْمَجَ بالارض: زمین سے پیوست ہونا۔ الضَمَج: آفت۔ الضَمْجَة جمع ضُمُج (ح): کھٹمل۔

ضمح: إضْمَحَلَّ: گھٹنا، نیست ہونا۔ ــ السحابُ: بادل کا اڑ جانا، کھل جانا۔

○ إضْمَحَلَّ: نظروں سے اوجھل ہو جانا، غائب ہو جانا، کافور ہو جانا، دفعۃً غائب ہو جانا، ہوا میں تحلیل ہو جانا، معدوم ہونا، سمٹنا، آہستہ آہستہ نظروں سے غائب ہو جانا، کم ہو جانا، گھٹ جانا۔

ضمخ: ضَمَخَ ـضَمْخًا و ضَمَّخَ جسدَہ بالطیب: بدن پر خوشبو لگانا، تھوپنا۔ تَضَمَّخَ و اضْطَمَخَ وَانضَمَخَ بالطیب: خوشبو سے لتھڑنا، لت پت ہونا۔ الضِمْخَة: عورت۔ (ح): موٹی اونٹنی۔

○ ضَمَخَ ـضَمْخًا و ضَمَّخَ ہ/ ہ ب: کو کا تیل لگانا، کو کا تیل ملنا، کو کی خوشبو لگانا۔

ضمد: ا۔ ضَمَدَ ـضَمْداً رضَمَّدَ الجرحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہتے ہیں: اضْمُدْ علیك ثیابك: یعنی اپنے آپ پر کپڑے باندھ لے۔ ضَمَدَہٗ بالعصا: اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔ اسی طرح: ضمد رأسہ بالسیف: کے سر پر تلوار ماری۔ اَضْمَدَ القومَ: لوگوں کو اکٹھا کرنا۔ تَضَمَّدَ الجرحُ: زخم پر پٹی کا بندھ جانا۔ الضِمْد: ساتھی، دوست۔ الضِمَاد و الضِمَادَة: پٹی جس کو زخم پر باندھا جاتا ہے۔ سر کا فیتہ یا پٹی۔ کہتے ہیں: انا علی ضِمَادةٍ من الامر: میں معاملہ کے قریب پہنچ گیا ہوں۔

۲۔ ضَمِدَ ـضَمَدًا: خشک ہونا۔ الضَمْد: خشک، تر (ضد)۔

۳۔ ضَمِدَ ـضَمَداً: سخت غضبناک ہونا۔ ــ علیہ: سے کینہ رکھنا، نفرت کرنا۔

۴۔الضمد اچھی بکریاں، خراب بکریاں (ضد) کینہ وری۔ الضمد ظلم، بقیہ حق۔ کہتے ہیں لنا علی فلان ضمدٌ: فلاں کے اوپر قرض وغیرہ کا ہمارا حق باقی ہے۔ الضامد لازمی، ضروری۔

ضماد زخم پر پٹی باندھنا، پٹی، فیتہ، عورت کا کئی معاشقے جاری رکھنا۔ ضمادہ زخم پر پٹی باندھنا، پٹی۔ مضمّد مرد نرس۔ مضمّدۃ نرس، گدّی، پٹی، ٹھنڈے پانی کی پٹی۔

ضمر ضمر و ضمُر ضمورًا لاغر، نحیف اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت: ضامر مونث ضامر و ضامرۃ جمع ضُمّر و ضوامر۔ ضمّر و اضمر الفرس گھوڑے کو دبلا کرنا۔ ضمّر وجہُہ لاغری سے چہرہ کا سکڑنا۔ انضمر الغصنُ شاخ کا خشک ہونا۔ ضطمر مل جانا۔ الفرسُ گھوڑے کا دبلا ہو جانا۔ الضمر و ضمرۃ لاغر و دبلے پیٹ والا، نازک بدن، تنگ۔ الضُمْر و الضُمُر لاغری، دبلاپن۔ الضمیر جمع ضمائر مرجھایا ہوا انگور۔ المضمار گھوڑے چھریرے کرنے کی جگہ یا مدت، گھڑ دوڑ میں وہ جگہ جہاں تک دوڑا جاتا ہے۔ گھوڑ دوڑ اور سدھانے کا میدان۔

۲۔اضمر الامر بات کو چھپانا۔ — فی نفسہ شیئًا اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا۔ الخبرَ خبر کی تہہ تک پہنچنا۔ — ت الارضُ فلانًا: زمین کا کسی کو سفر یا موت کی وجہ سے غائب کر دینا۔ الشاعرُ شاعر کا اضمار برتنا۔ الضمر ضمیر۔ والمُضمَر پوشیدہ۔ الضمار پوشیدہ، ٹالا ہوا وعدہ (جیسے: عطاء لم یکن عدۃً ضمارًا عطیہ ٹالا ہوا وعدہ نہ تھا)، تنگی، مال جس کی واپسی کی امید نہ ہو۔ — من الدین قرض جس کی مدت مقرر نہ ہو۔ الضمیر جمع ضمائر انسان کا باطن۔ — عند النحاۃ نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو متکلم، مخاطب اور غائب پر دلالت کرے۔ جیسے انا، انت، ھو۔ الاضمار (مص) عند العروضیین علم عروض میں دوسرے حرف کے اسکان کو کہتے ہیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُنْ کی "ت" جو مُستَفعِلن میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

ضمر و ضمُر ضمرًا و ضمورًا کمزور، پتلا، دبلا، لاغر یا سکڑا ہوا ہونا۔ ضمّر ہ کو کمزور بنانا، پتلا کرنا، پتلا اور لمبا کرنا۔ اُضمر ہ بمعنی ضمّر ہ۔ نیز اضمر فی نفسہ ہ کو اپنے دل میں چھپا رکھنا، چھپانا، مخفی رکھنا، خفیہ رکھنا، صیغۂ راز میں رکھنا۔ — فی نفسہ کو اپنے تک رکھنا۔ — ہ ل کسی جذبہ یا احساس وغیرہ کو کسی کی طرف اپنے دل میں یا ذہن میں رکھنا۔ اَضمَرَ لہ الشر کے خلاف کینہ، بغض رکھنا، کے خلاف دل یا ذہن میں نفرت رکھنا۔ تضمّر پتلا، دبلا، لاغر، کمزور ہو جانا۔ انضمر بالکل سوکھ جانا، مرجھا جانا، پژمردہ ہونا، چرمر ہو جانا۔ دین ضمار قرض جس کی واپسی ناممکن سمجھی جاتی ہے۔ ضمیر دل، ذہن، نفس، شعور، ضمیر، ضمیر (گرامر)۔ تانیب الضمیر پشیمانی، ندامت، توبہ، پچھتاوا۔ حیّ الضمیر فرض شناس، ایماندار، بااصول، بڑا محتاط، متدین، بہت بچنے والا۔ مرتاحُ الضمیر امن پسند ذہن والا۔ فاقِد الضمیر بے ایمان، بددیانت۔ مضمار جمع مضامیر گھوڑ دوڑ کا میدان (race course)، گھوڑوں کے دوڑنے کا راستہ، اکھاڑہ، دنگل، میدان عمل، میدان۔ مُضمَر خفیہ، چھپا ہوا، مخفی، پوشیدہ، ضمیر (گرامر)۔ اسمٌ مُضمَر ضمیر (گرامر)۔

ضمز ضمز ضمزًا چپ رہنا، منہ بند رکھنا۔ — اللُقمۃَ بڑا لقمہ بنا کر نگلنا۔ — علی مالہ اپنے مال پر بخل کرنا۔ صفت: ضامز و ضموز۔ الضَمْز و الضَمُوز جمع ضُمُوز تنہا پہاڑ، پست ٹیلہ۔

ضمس: ضمَسَ ضمْسًا ہ کو آہستہ آہستہ چبانا، کو چوری چھپے چبانا۔

ضمن: ۱۔ضمِنَ ضمْنًا و ضمانًا الشیَ و بہ کا ضامن ہونا۔ ضمّنہُ الشیءَ کو کا ذمہ دار بنانا۔ تضمّنَ الشیءَ عنّی: اس نے میری طرف سے چیز کا ذمہ لیا۔ تضامنَ الغرماءُ قرضداروں کا قرض خواہ کے سامنے باہم ذمہ داری لینا کہ وہ ان میں سے جس سے چاہے اپنی پوری رقم وصول کرنے کا حق دار ہے۔ کا مشترک ذمہ دار ہونا اور کیلئے قانونًا جوابدہ ہونا۔ — القومُ علی امر لوگوں کا کسی بات پر متحد و متفق ہونا۔ الضامِن کفیل، ذمہ دار۔ الضمان (مص) تاوان، ڈنڈ، کفالت۔ — الاجتماعی مشترکہ ضمانت، کفالت۔ شرکاتُ الضمان: بیمہ کمپنیاں۔ الضمانۃ الدولیۃ بین الاقوامی ضمانت۔ الضمین جمع ضُمَنی ضامن، کفیل۔

۲۔ضمِنَ ضمْنًا و ضمانًا ہ: کو جمع کرنا۔ ضمّنَ الشیَ الوعاءَ چیز کو برتن میں رکھنا۔ — الشاعِر شاعر کا تضمین کرنا یعنی دوسرے کے شعر اپنے کلام میں شامل کرنا۔ تضمّنَ الشیءَ پر مشتمل ہونا۔ الضِمن چیز کا اندر۔ ضِمنُ الکتاب کتاب کا پیٹ۔ التضمین (مص) شاعر کا دوسرے شاعر کے شعر کا کچھ حصہ اس کے لفظوں اور معنی میں لے کر اپنے کلام میں شامل کرنا۔ المَضمُون (مفع) من الجملۃ جمع مضامین جملہ کا مضمون یا مافیہ۔ المُضمَّن (مفع) من الاصوات غیر مکمل آواز۔

۳۔ضمِنَ ضمَنًا و ضمانۃً الرجلُ: پرانی بیماری والا ہونا۔ صفت: ضمِن۔ الضمَن و الضُمنۃ و الضَمان و الضمانۃ: پرانا مرض، زمانہ۔ الضمِن پرانی بیماری میں مبتلا۔ (کہتے ہیں ھو ضمِنٌ علی اھلہ یعنی وہ اپنے گھر والوں پر بوجھ ہے)، عاشق۔ الضمین جمع ضَمنی مرض کہن میں مبتلا۔

ضمِنَ ضمانًا ہ ب کیلئے ذمہ دار یا جوابدہ ہونا، کیلئے ضمانت ہونا، کیلئے ضمانت دینا، کا ذمہ دار ہونا۔ — ل ہ: کو کی ضمانت دینا۔ — ہ من کے خلاف کا بیمہ کرنا۔ ضمن لنفسہ شیئًا کسی چیز کے متعلق واقعی پر یقین ہونا۔ ضمّن ہ من کا بیمہ کرانا۔ — ہ ہ کسی چیز کو کسی چیز میں ڈالنا، داخل کرنا، شامل کرنا، ملفوف کرنا، لف کرنا۔ تضمّن ہ پر مشتمل ہونا، محیط ہونا، کا نتیجہ ہونا، کا مفہوم ہونا، کو شامل ہونا۔ تضامن ہ کا مشترکہ طور پر ذمہ دار یا جوابدہ ہونا، کی مشترکہ ذمہ داری لینا۔ ضِمن اندر۔ ضِمنَ میں، کے اندر، کے اندر اندر، کے درمیان میں۔ ضِمنًا پوری طرح سے، خاموشی سے۔ مفہوم ضمنًا مُضمَر۔ فی ضمنِ پر مشتمل، کا، کے تحت۔ من ضِمنِھم کے درمیان۔ مباشرۃً و ضِمنًا: بلاواسطہ اور بالواسطہ۔ ضمنی شامل، مخفی، مضمر، بن کہے، خاموش۔ ضمان ذمہ داری، ضمانت، کفالت، اجازت نامہ، یقین دہانی، زندگی کا بیمہ، حفاظت، بیمہ۔ الضمان الجماعی مشترکہ دفاع یا ضمانت (collective security)۔ الضمان المُشترک: مشترکہ ضمانت/دفاع۔ محدود الضمان: محدود ذمہ داری کا، لمیٹڈ۔ شرکۃ الضمان: بیمہ کمپنی۔ ضمین جمع ضُمَناء ب: کا ذمہ دار، کیلئے جواب دہ، ضامن، گارنٹی دینے والا؛ ضمانت دینے والا، زمین کے ساتھ بک جانے والا غلام، کاشتکار۔ ضمانۃ ضمانت۔ اضمن بہتر ضمانت دینے والا۔ تضامُن: باہمی ذمہ داری، جوابدہی، اتحاد۔ شرکۃ التضامن: باہمی ذمہ داری کی تجارتی کمپنی۔ ضامِن ذمہ دار، جوابدہ، ضامن، کفیل۔ مضمون گارنٹی شدہ، بیمہ شدہ، ضمانت دیا گیا، بیمہ شدہ چیز جمع مضامین کسی مراسلہ وغیرہ کا مضمون، مافیہ، مفہوم، منشا، معنی۔ مضمون الوصول رجسٹری شدہ (خط وغیرہ)۔

متضامں: باہمی، مشترکہ، باہم دگر، اتحاد میں شامل۔

ضنّ: ضَنَّ ـضنًّا و ضِنًّا و ضنّةً و ضَنَانَةً و ضَنَّةً واضْطَنَّ بالشيء: میں بخل کرنا۔ ــ بالمكان: جگہ نہ چھوڑنا۔ الضِنّ و الضِنّة (مص). وہ چیز جس میں بخل کیا جائے، خاص۔ کہتے ہیں: هو ضِنّي و ضِنّتي: وہ میری خاص چیز ہے۔ الضَنّ: بہادر۔ الضَنِين: بخیل، کنجوس۔ کہتے ہیں: انما يَضَنّ بالضنين: اس مثل کا مفہوم یہ ہے کہ جو شخص تمہاری دوستی پر جما رہے اس کی دوستی کو قائم رکھنا ضروری ہے۔ الضنائن: وہ چیزیں جس کی نفاست کی وجہ سے ان میں بخل کیا جائے۔ ضنائنُ الله: خداتعالیٰ کی مخلوق میں خاص لوگ۔ الضَنَانَة (مص) کہتے ہیں: هجمتُ على القوم و هم بضناتهم: میں نے لوگوں پر حملہ کیا، وہ متفرق نہیں ہوئے۔ بلکہ اکٹھے رہے۔ المَضَنّة و المِضَنّة جمع مَضَانّ: وہ چیز جس پر بخل کیا جائے۔

○ ضَنّ ـضنًّا ب. کو چھپانا۔ ــ على ب. سے کسی چیز میں کنجوسی کرنا، سے کسی چیز کو روکنا۔ ــ على ب. کسی شخص سے دریغ کرنا۔ ما ضنّ بمشقة على کی خاطر کسی کوشش سے نہ کترانا۔ ضنًّا ب میں کفایت شعاری کرنے کیلئے، مناسب غور کے پیش نظر۔ ضنين: کنجوس، لالچی، حریص، طامع، کفایت شعار، کم خرچ، بہت کم، ناکافی۔

ضنا ۱۔ ضَنَأَ ـضنأً و ضُنُوءًا: چھپنا۔ ــ في الأرض: زمین میں جانا۔ إضْطَنَأ لهُ و منهُ: سے شرمانا۔

۲۔ ضَنَأَ ـضنأً و ضُنُوءً المالُ: مال زیادہ ہونا۔ ــ و ضَنِئَ ـضنأً و أضْنَأَت المرأةُ: عورت کا بہت اولاد والی ہونا۔ صفت: ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ جمع ضَوَانِئُ۔ الضَنْءُ جمع ضُنُوء: کثرت نسل۔ ــ والضِنْءُ: اولاد (اس کا واحد نہیں آتا)۔

۳۔ الضَنْءُ جمع ضُنُوء: اصل، کان (معدن)۔ الضُنَاة و الضَنَاءَة: ضرورت۔

○ ضِنُو: بچے۔

ضنب: ضَنَبَ ـضَنْبًا به الارضَ: کو زمین پر پٹک دینا۔ ــ بالشيء: پر قبضہ کرنا، کو گرفت میں لینا۔

ضنط: ضَنِطَ ـضَنَطًا الشحمُ: چربی کا موٹا اور ٹھوس ہونا۔ انْضَنَطَ القومُ: لوگوں کا بھیڑ کرنا۔ الضُنْط: تنگی۔ الضَنَط (مص) چربی، نشاط، شیخی۔ انضباط: کنویں وغیرہ پر بہت بھیڑ۔

ضنك ۱۔ ضَنُكَ ـضَنَاكَةً: کمزور رائے، جسم یا عقل والا ہونا۔ صفت: ضَنِيك جمع ضُنُك ــ ضَنَاكَةً و ضَنْكًا و ضُنُوكًا: تنگ ہونا۔ الضَنْك (مص): ہر تنگ شے (مذکر و مونث)۔ کہتے ہیں: مكانٌ ضَنْكٌ: تنگ جگہ۔ عيشةٌ ضنكٌ: تنگ زندگی، مشکلات میں مبتلا حالات۔ الضَنَاكَة (مص): تنگ زندگی۔ الضَنِيك: تنگ زندگی، تنگ گزران، محض خوراک پر خدمت کرنے والا۔

۲۔ ضُنِكَ ضَنْكًا: زکام والا ہونا۔ أَضْنَكَهُ اللهُ: اللہ کا کسی کو زکام میں مبتلا کرنا۔ الضُنَاك و الضُنْكَة: زکام۔

۳۔ الضِنَاك: مضبوط جسم والا (مذکر و مونث)۔ (رجلٌ ضِنَاكٌ: مضبوط جسم والا مرد۔ امرأةٌ ضناك: مضبوط جسم والی عورت) بڑا درخت۔ الضَنِيك: کٹی ہوئی چیز۔

○ ضَنُكَ ـضَنْكًا و ضَنَاكَةً: حالات کا مشکلات میں گھرا ہونا، مقید یا محدود ہونا، تنگ ہونا؛ کمزور ہونا، تھکا ہوا ہونا۔ ضَنْك: غربت، افلاس، تہی مائگی، فلاکت، مفلوک حالی، حسرت، مفلسی، مشکلات۔ عيش ضنك: سخت خراب یا گھٹیا زندگی۔ مَضَانِك: مشکلات، سختیاں۔ مُضْنِك: کمزور، تھکا ہوا۔

ضنا ۱۔ ضَنِيَ ـضَنًى (واوی): بیماری سے کمزور و نحیف ہونا۔ صفت: ضَنًى و ضَنٍ: کہتے ہیں: تركتهُ ضَنًى و ضَنِيًا: میں نے اسے بیماری کی وجہ سے کمزور و لاغر چھوڑا۔ ضَنًى میں مذکر، مونث اور جمع برابر ہیں۔ جیسے: هو ضَنًى، هي ضَنًى، هم ضَنًى و هنّ ضَنًى نون کو کسرہ دینے کی صورت میں تثنیہ جمع و تانیث ضروری ہوگی۔ جیسے: هو ضنٍ، هي ضَنِيَة، هما ضَنِيَان یا ضنيتان، هم أضْنَاء، هن ضَنِيَات ضَانَى مُضَانَاةً الشيءَ او الامرَ: چیز یا معاملہ وغیرہ کی تکلیف برداشت کرنا۔ أَضْنَى إضْنَاءً المرضُ فلانًا: بیماری کا کسی کو سست و ناکارہ بنانا۔ ــ الرجُلُ: بیماری سے لاحق ہونے والی کمزوری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔ تَضَنَّى: جھوٹ موٹ بیمار بننا۔ إنْضَنَى: بیماری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔ الضَنَى: بیماری، لاغری، بدحالی۔ الضَنَى: خوفناک دردیں۔

۳۔ الضِنْو و الضَنْو و الضَنَى: بچے۔ کہتے ہیں: له ضنو كثير: اس کے بہت سے بچے ہیں۔

ضنی: ضَنَى ـضَنًى و ضَنَاءً ت المرأةُ: عورت کا کثیر الاولاد ہونا۔ ــ نصيبُ فلان: فلاں کے حصہ کا زیادہ ہونا۔ ضَنِيَ ـضَنًى و ضَنَاءً تِ المرأةُ: عورت

ضهب ۱۔ ضَهَبَ ـضَهْبًا هُ بالنار: کو آگ سے متغیر کرنا۔ ضَهَّبَ اللحمَ: گوشت کو نیم بریان کرنا۔ ــ القوسَ: کمان کو نرم کرنے کے لئے آگ پر تپانا۔ صفت: ضَهْبَاء۔ الضَيْهَبُ: پہاڑ کا وہ گرم حصہ جس پر سخت گرمی پڑتی ہو اور گوشت بھونا جا سکے۔ لحمٌ مُضَهَّبٌ: نیم بریاں گوشت (قیمہ)۔

۲۔ ضَهَبَ ـضُهُوبًا: کمزور ہونا۔

۳۔ ضَهَّبَ القومُ: لوگوں کا زیادہ ہونا، تیز چلنا۔ ضُهُبُ القومِ: مخلوط لوگ۔

۴۔ ضَاهَبَ مُضَاهَبَةً هُ: سے برابر برتاؤ کرنا، کو گالی گلوچ کرنا، کی سخت توہین کرنا۔

ضهت: ضَهَتَ ـضَهْتًا هُ: کو خوب روندنا۔

ضهد: ضَهَدَ ـضَهْدًا هُ: پر غلبہ کرنا۔ أضْهَدَهُ و أضْهَدَ به و أضْطَهَدَهُ: پر دباؤ ڈالنا، ظلم کرنا، کو ستانا اور مجبور کرنا۔ الضُهْدَة: غلبہ، قہر۔ کہتے ہیں: هو ضُهْدَةٌ لكل أحد: جو چاہے اسے دبا لے اور ظلم کا نشانہ بنائے۔ الضَهْيَد: بہت سخت۔

○ ضَهَدَ ـضَهْدًا ہ: کو دبانا، کچلنا، پر ظلم کرنا، سے ظالمانہ برتاؤ کرنا، کو اذیتیں دیتے رہنا۔ إضطهد: بمعنی ضَهَدَہ۔ إضطهاد جمع اضطهادات: خاتمہ، ظلم، استبداد، برا برتاؤ، سختی، بدسلوکی، ایذا رسانی، غلامی۔ مُضْطَهِد: ظالم، بے انصاف، جابر فرمانروا، ظالم آمر ایذاء دینے والا، ایذا دہندہ۔

ضهر: الضَاهِر: پہاڑ کی چوٹی، وادی۔ الضَهْرَ: پہاڑ کی چوٹی، وادی، کھوا۔

ضهز: ضَهَزَ ـضَهْزًا و ضُهْشًا هُ: کو خوب روندنا۔ ــ ت الدابّةُ: جانور کا آگے کے دانتوں سے کاٹنا۔

ضهل ۱۔ ضَهَلَ ـضَهْلًا و ضُهُولًا اللبنُ: دودھ کا تھوڑا تھوڑا کر کے جمع ہونا۔ ــ ت الناقةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کا دودھ کم ہونا۔ صفت: ضَهُول جمع ضُهُل۔ ــ هُ حقّهُ: کا حق کم کرنا۔ أَضْهَلَ النخلُ: درخت خرما پر کھجوروں کا پکنے لگنا۔ إسْتَضْهَلَ الخبرَ: حسب امکان خبر حاصل کرنا۔ الضَهْل: جمع شدہ دودھ، تھوڑا پانی۔ الضَاهِلَة من العيون: کم پانی کا چشمہ۔

۲۔ ضَهَلَ ـضَهْلًا و ضُهُولًا و تَضَهَّلَ إلى فلان: بغیر لڑنے کی نیت کے کسی کی طرف لوٹنا۔ أَضْهَلَ إلى فلان مالًا: مال کو کسی کی طرف کر دینا۔

ضهو: الضَهْوَاء: بے پستان اور بے دودھ عورت۔ الضَهْوَة جمع أضْهَاء: تالاب، جوہڑ۔

ضهي: ۱۔ ضَهِيَ تَضْهَى ضَهًى ت المرأةُ: عورت کا بے پستان اور بے دودھ والی ہونا۔ صفت: ضَهْيَاء

جمع ضُہَی۔ ــ الارضُ: زمین کا بنجر ہونا، بے پانی بیابان ہونا۔

۲۔ ضَاهَی مُضاهاةً الرجُلَ: کے مشابہ ہونا، کا ہم شکل ہونا۔ الـضَهِیّ: مشابہ۔ کہتے ہیں: هو ضَهِیُّكَ: یعنی وہ تمہارے مشابہ ہے۔

○ ضَاهَی ٥/ ٥: جیسا، مانند، کا جوڑ، کے برابر، سے ملتا جلتا یا مشابہ ہونا یا مشابہت رکھنا۔ ــ ٥، ب، علی: کا سے مقابلہ کرنا، سے پہلو بہ پہلو رکھ کر مقابلہ کرنا۔ ــ بیس / بیس: دو چیزوں کا ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔ ــ ب: کا نمونہ اتارنا، کا سا بنانا، کا چربہ اتارنا، کا سا ہونا، جیسا ہونا، کی نقل اتارنا، کے نقش قدم پر چلنا۔ ضَهًی: سنِ یاس، حیض کی دائمی پابندی۔ ضَهِی: جیسا، مانند، سے ملتا جلتا، مشابہ، مماثل۔ مُضاهاة: مشابہت، مماثلت، یکسانی، مطابقت، (کے ساتھ) مقابلہ، موازنہ (علی)۔ مُضَاهٍ: مانند، مماثل، مشابہ، ملتا جلتا، مطابق۔

ضاء: ا۔ ضَاءَ ـضَوءًا و ضُوءًا و ضِیاءً القمرُ وغیرہ: چاند وغیرہ کا چمکنا روشن ہونا۔ ضَوًّا تَضوِئةً البیتَ: گھر کو روشن کرنا۔ أضاء إضاءةً البیتُ: گھر کا روشن ہونا۔ البیتَ: گھر کو روشن کرنا۔ تَضَوَّأَ: آگ کی روشنی میں موجود لوگوں کو دیکھنے کے لئے اندھیرے میں کھڑا ہونا۔ ــ ٥: ایسی جگہ جانا جہاں وہ کسی کو اس کی آگ کی روشنی میں دیکھ سکے۔ اِستضاءَ به: سے روشن ہونا۔ ــ من فلان: سے مشورہ کرنا۔ الـضَوْءُ و الـضُوءُ جمع أَضْوَاء و الـضِیَاء و الـضواء: روشنی۔ المَضِیءُ و الـمُضِیءُ: روشن، روشن کرنے والا۔

۲۔ ضَوًّا تَضوِئةً عن الامر: سے پھرنا۔

○ ضَاءَ ـضوءًا: جھلکنا، چمکنا، چمک اٹھنا، شگفتہ ہونا، شعائیں نکلنا، یا ڈالنا، روشن ہونا۔ ضَوَّأَ ٥: کو جلانا، روشن کرنا، چمکانا، میں چراغاں کرنا، کو جگمگا دینا۔ اضاءَ بمعنی ضاءَ۔ اضاء علی: پر روشنی ڈالنا۔ ــ ٥: کو روشن کرنا، جگمگانا، میں چراغاں کرنا۔ ــ ٥: (ذہن کو) روشن خیالی عطا کرنا۔ تَضَوَّأَ بمعنی: ضاء۔ اِسْتَضَاءَ: جگمگانا، روشن ہونا، روشنی طلب کرنا۔ ــ ب: سے، کے ذریعے میں، کے ساتھ روشن خیالی یا بصیرت حاصل کرنے کا خواہاں ہونا، سے روشن خیالی یا رہنمائی حاصل کرنا۔ ضَوْء جمع أَضْوَاء: روشنی، چمک دمک، آب تاب، تمتماہٹ۔ ضَوْءُ الشمس: سورج کی روشنی، دھوپ۔ ضوءُ القمر: چاندنی۔ ضوءٌ کاشفٌ: سرچ لائٹ search light۔ ضوء النهار: دن کی روشنی۔ علی ضوءِ: کی روشنی میں، کے حالات کے تحت، جیسا کہ، سے دکھائی پڑتا ہے، کے مطابق، بقدر، حسب، بموجب، بلحاظ، بقول، بحکم۔ ضَوئِی: روشنی کا۔ سنة ضَوئِیة: روشنی کا سال۔ ضِیاء: روشنی، چمک دمک، آب و تاب، تمتماہٹ۔ إضاءَة: روشن کرنا۔ مِصباحُ الاضاءَةِ: تاباں لیمپ۔ مُضِیء: چمکتا، روشن، تاباں تابندہ، روشنی دینے والا، رخشندہ، درخشاں، تابناک۔

ضاج: ا۔ ضَاجَ ـضوجًا عن کذا: سے نفرت کرنا۔ ــ الوادی: وادی (دریا) کا کشادہ، وسیع یا فراخ ہونا۔ تَضَوَّجَ الوادی: دریا کا بل کھاتے ہوئے جانا۔ إنضاج الوادی: وادی (دریا) کا کشادہ، وسیع یا فراخ ہونا۔ إنضوج فی ضَوْج الوادی: دریا کے موڑ میں داخل ہونا۔ الـضَوْج جمع أضواج: دریا کا موڑ۔

۲۔ الضوجان م ضَوجَانة: سخت بنجر۔

ضوح: ضَوَّحَ اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

ضار: ضَارَ ـضَوْرًا: بہت بھوکا ہونا۔ ــ ٥ الامرُ: کسی بات کا کسی کو نقصان دینا، ایذا دینا۔ تَضَوَّرَ: بھوک یا چوٹ کی تکلیف سے لوٹ پوٹ ہونا، تڑپنا۔ ــ الذئبُ ونحوُہُ: بھوک سے بھیڑیے وغیرہ کا چیخنا، کراہنا۔ الضَور: سخت بھوک۔

۲۔ الضُور: سیاہ بادل، ابرِ سیاہ۔ الضُورَة: حقیر، ذلیل۔

○ ضار ـضورًا (٥/٥): کو نقصان پہنچانا، زخمی کرنا، کسی کی طرف سے کسی کا دل پھرنا: شدید قسم کی بھوک لگنا، بھوکوں مرنا۔ تَضَوَّرَ: تکلیف سے لوٹ پوٹ ہونا، تڑپنا۔ ــ ٥: تکلیف یا بھوک سے تڑپنا، جھرجھری لینا، لوٹ پوٹ ہونا۔ ضَوْر: سخت بھوک۔

ضاز: ضَازَ ـضَوزًا الثمرةَ: پھل چبانا۔ ــ ٥ حقّهُ: کو اس کا حق کم دینا۔

ضوض: ضَوْضَی ضَوْضاةً و ضِیضاءً: شور کرنا، غل مچانا۔ صفت: مُضَوْضٍ۔ الضَوْضَی و الضوضاء و الضیضاء: شور، غل، شور و غوغا، ہنگامہ، گڑبڑ، جنگ یا بھیڑ میں لوگوں کی چیخ پکار۔

ضوط: ضَوَّطَ الاشیاءَ: چیزیں جمع کرنا۔ تَضَوَّطَ الشیءُ: کا ڈھیر لگنا۔ الـضَوَط: جبڑے کا ٹیڑھا پن۔ الأضوَط: ٹیڑھے جبڑے والا، احمق۔ الضَوَیْطَة: تالاب کی تہ میں موجود پتلی کیچڑ، کیچڑ، مثلاً گندھا ہوا آٹا، بے وقوف۔

ضاع: ا۔ ضَاعَ ـضَوعًا ٥: کو ہلانا، متحرک کرنا، میں ہلچل ڈالنا، کو مضطرب کرنا، ڈرانا۔ ــ المِسكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا۔ ــ الصبیُّ: روتے ہوئے لوٹ پوٹ ہونا۔ تَضَوَّعَ المسكُ و الصبیُّ: خوشبو کا پھیلنا، بچے کا لوٹ پوٹ ہونا۔ ــ و إنضاعَ الفرخُ: چوزے کا اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا تا کہ اسے چوغہ دے۔ رجل مَضُوع: ڈرا ہوا آدمی۔

۲۔ ضَاعَ ـضَوعًا الدابةَ: جانور کو کمزور کرنا۔

۳۔ الـضُوَع و الضِوَع جمع أَضْوَاع و ضِیعَان (ح): بلبل، الو۔ المُضْوَاع: بلبل کی آواز۔

○ ضَاعَ ـضَوعًا خوشبو کا پھیلنا، منتشر ہونا، نکلنا، (کسی چیز کا) خوشبودار ہونا، معطر ہونا، خوشبو چھوڑنا۔ تَضَوَّعَ: بمعنی ضَاعَ۔

ضاف: ضَافَ ـضَوفًا عن الشیءِ: سے ہٹنا، تجاوز کرنا۔

ضان: ا۔ ضَانَ ـضَوْنةً و تَضَوَّنَ تَضَوُّنًا: کثیر الاولاد ہونا۔ الضَوْنة (مص): چھوٹی لڑکی۔

۲۔ الضَیوَن جمع ضَیَاوِن (ح): بلا۔

ضو: الـضَوَّة: شور و غوغا، چیخ پکار، ہنگامہ، کہرام، لڑائی کا شور۔

ضوی: ا۔ ضَوِیَ ـضَوًی: پیدائشی یا دبلے پن سے پتلی ہڈی والا ہونا۔ أَضْوَی: نحیف و دبلا ہونا۔ ــ الرجُلَ: کو کمزور کرنا۔ ــ ٥ حقّهُ: کو اس کا حق کم دینا۔ ــ الأمرَ: کچا کام کرنا۔ ــ ت المرأةُ: عورت کا کمزور بچہ جننا۔ الـضَاوِی م ضَاوِیَة: کمزور، دبلا، پیدائشی یا کمزوری کی وجہ سے دبلے پتلے جسم والا۔

۲۔ ضَوَی ـضَیًّا و ضُوِیًّا الیه: سے جا ملنا، کی پناہ لینا۔ ــ ٥ الیه: کو کی طرف مائل کرنا۔ أَضْوَی ٥ إلیه: کو کی طرف مائل کرنا، جھکانا۔ إنْضَوَی إنضواءً الیه: کے ساتھ اتحاد کرنا، سے متحد ہو جانا۔

۳۔ ضَوَی ـضَیًّا و ضُوِیًّا الرجُلُ: رات کو آنا۔ الضَاوِی (فا): رات کو آنے والا۔

○ ضَوَی ـضَوًّی إلی: کے پاس جایا کرنا، سے رجوع کرنا۔ ضَوِیَ ـضَوًی: کمزور ہونا، پتلا ہونا، دبلا ہونا، دھان پان ہونا، چھوٹا ہونا۔ أَضْوَی ٥/ ٥: کو کمزور کرنا، کمزور، ناتوان یا ضعیف بنانا یا کرنا، کو تکلیف پہنچانا، زخمی کرنا، نقصان پہنچانا، سے دل پھیرنا۔ إنْضَوَی الی: کے ساتھ شامل ہونا، کے نقش قدم پر چلنا، سے لگاؤ ہونا، کے گرد (یا تحت لواء ٥) کے جھنڈے تلے جمع ہونا، مل کر بیٹھنا یا چلنا۔

ضاج: ضَاجَ ـضَیجًا و ضُیوجًا و ضَیَجَانًا عنه و الیه: کی طرف جھکنا، مائل ہونا۔ ــ ت عظامُهُ: لاغری کی وجہ سے کی ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضاح: ا۔ ضَاحَ ـضَیْحًا ت البلادُ: ملک کا خالی ہونا،

ویران ہونا۔

۲-ضَاحَ-ضَیحًا اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا-ضَیَّحَ اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا۔ فلانًا: کو پانی ملا دودھ پلانا-تَضَیَّحَ اللبنُ: دودھ کا پانی کی ملاوٹ والا ہو جانا۔ الرجُلُ: پانی ملا دودھ پینا-الضَیح (مص): شہد۔ والضَیَاح: پانی ملا دودھ، شوربا-الضَیحةُ: پانی ملے دودھ کا مشروب-عیشٌ مَضیُوحٌ: ملاوٹی غذا۔

ضار: ضَارَ-ضَیرًا هُ الامرُ: کام یا بات کا کسی کو نقصان دینا، ایذا دینا۔

ضاز: ضَازَ-ضَیزًا: ظلم کرنا۔ هُ حقهٗ: کو اس کا حق کم دینا-الضَیز (مص): ٹیڑھاپن، کجی-قِسمةٌ ضِیزٰی: ظالمانہ تقسیم۔

ضاط: ضَاطَ-ضَیطًا و ضَیَطَانًا فی مشیته: موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور کندھوں کو ہلانا۔ صفت: ضُیطان و ضَیَّاط۔

ضاع: ۱-ضَاعَ-ضَیعًا و ضِیعًا و ضَیعَةً و ضَیَاعًا: ضائع ہونا، ہلاک ہونا، تلف ہونا، بیکار ہونا۔ صفت: ضائع جمع ضُیَّع و ضِیَاع۔ ضَیَّعَ الشیءَ: کو کھونا، گم کرنا، نظر انداز کرنا، ہلاک کرنا۔ مثل ہے: الصیفَ ضَیَّعتِ اللبنَ: تو نے دودھ تو گرمیوں میں ہی ضائع کر دیا-أَضَاعَ هُ: کو ضائع کرنا-الضَیَاعُ (مص) والضِیع الضِیَع۔ کہا جاتا ہے: مات ضَیَاعًا و ضِیعًا و ضَیعًا: اس کے مرنے پر کسی نے اس کی کمی نہ تو بری طرح محسوس کی اور نہ کوئی اس کے بارے میں پریشان ہوا-الضَیعَة: تصغیر-ضُیَیعَة جمع ضِیَع و ضِیَاع و ضَیعات۔ ضاع کا اسم مرۃ۔ المِضیَاع: بہت ضائع کرنے والا-المَضیَعَة والمَضِیعَة: جہاں ضائع ہونے کے متعدد اسباب ہوں۔ کہتے ہیں: بلدکم مضیعةُ العلم: یعنی تمہارے شہر میں علم ضائع ہو رہا ہے۔

۲-أَضَاعَ الرجُلُ: بہت جائداد والا ہونا-الضَیعَة (تصغیر ضُیَیعَة جمع ضِیَع و ضِیَاع و ضَیعات: جائداد، اچھی فصلیں دینے والی زمین، پیشہ، ہنر۔ کہتے ہیں: کانت ضَیعَة العرب سیاسةَ الإبلِ: عربوں کا پیشہ، اونٹوں کی دیکھ بھال تھا۔

۳-تَضَیَّعَ المِسكُ: مشک کا بھڑکنا، مشک کی خوشبو کا پھیلنا-الضَیَاع: ایک قسم کی خوشبو۔

◌ ضَاعَ-ضَیعًا و ضَیَاعًا علی: کیلئے کھو جانا، گم ہو جانا۔ ـــــ: غائب ہو جانا، نظروں سے اوجھل ہو جانا، ہلاک ہو جانا-ضَیَّعَ و أضَاعَ (ہ/ہ): کو تباہ کرنا، ہلاک کرنا، کی راہ میں حائل ہونا، میں مزاحم ہونا، کو ناکام بنا دینا، بگاڑنا، خراب کرنا، کا ستیاناس کرنا۔ ـــــ ہ: کو گنوانا، کھونا، گم کرنا، سے محروم ہو جانا، کو اجاڑنا، اڑانا، ضائع کرنا، بے فائدہ خرچ کرنا، نظر انداز کرنا، میں غفلت کرنا، پر نہ لگ سکنا، (موقع) گنوا دینا۔ أَضَاعَ صَوَابَهُ: طیش میں آنا-ضَیَّع حقهُ: اپنے حق سے محروم ہونا-الصَیفَ ضَیَّعتِ اللبنَ: تم نے موقع گنوا دیا، کھو دیا-أَضَاعَ عَلَیه فرصةً: کے ہاتھ سے موقع نکال دینا-اضاع الوقت: ضائع کرنا۔ ضَیعَة جمع ضِیَاع: زمینداری، تعلقہ، دیہی جائداد، جاگیر، چھوٹا گاؤں، کھیڑا-ضِیَاع: نقصان، خسارہ، تباہی، ستیاناس-ضیاعُ الوقت: وقت کا ضیاع۔ مِضیَاع: فضول خرچ، مسرف، ضائع کرنے والا۔ اضاعة الوقت: وقت کا ضائع کرنا۔ ضائع جمع ضُیَّع و ضِیَاع: ضائع، گم، غریب، مصیبت زدہ-مَضِیعَة: تباہی، بربادی، نقصان-مُضِیعَةٌ للوقت: وقت کا ضیاع-مُضَیِّع: فضول خرچ، مسرف، ضائع کرنے والا۔

ضاف: ۱-ضَافَ-ضَیفًا الیه: کی طرف مائل ہونا، ہٹنا۔ ـــت الشمسُ: سورج کا غروب ہونے کے لئے جھکنا۔ ـــ السهمُ عن الهدف: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا-ضَیَّفَ هُ الیه: کو اپنی طرف جھکانا۔ ـــ الرجلُ: مائل ہونا، ہٹنا۔ ـــتِ الشمسُ: سورج کا غروب ہونے کے لئے جھکنا-أَضاف علیه: جھانکنا، کے قریب ہونا، کا بندوبست کرنا۔ ـــ الشیءَ إلی الشیء: کو کی طرف جھکانا، کو کا سہارا دینا، کو سے ملانا۔ ـــ الکلمة الی الکلمة: خاص طریقہ سے ایک لفظ کو دوسرے لفظ کی طرف نسبت کرنا-تَضَیَّفَ الرجُلُ: مائل ہونا۔ ـــت الشَمسُ: سورج کا غروب ہونے کے لئے جھکنا-تَضَایَفَ الوادی: وادی کا تنگ ہونا-إنضَافَ الیه: سے مل جانا۔ الضِیف: پہلو۔ کہتے ہیں: هو فی ضِیف فلان: وہ فلاں کے پہلو میں ہے-المُضَاف: اتحادی، منہ بولا بیٹا-مَضَایِف الوادی: وادی کے پہلو۔

۲-ضَافَ-ضَیفًا و ضِیَافَةً هُ: کا مہمان ہونا۔ (کہتے ہیں: ضاف الهمُّ فلانًا: پریشانی نے اُسے آلیا)، سے مہمانی طلب کرنا-ضَیَّفَ هُ: کو مہمان بنانا، کو ضیافت کا کھانا پیش کرنا-أضافَ الرجُلَ: کو پناہ دینا، مجبور کرنا۔ ـــ فلانا علی فلان: فلاں کو فلاں پر مہمان اتارنا۔ ـــ تَضَیَّفَ هُ: کے پاس بطور مہمان آ [illegible] ضیافت طلب کرنا۔ به: سے فریاد کرنا۔ ـــ من فلان إلی فلان: سے کی پناہ لینا-الضَیف: مہمان مفرد اور جمع کیلئے مونث ضَیف و ضَیفة جمع أضیاف و ضُیُوف و ضِیاف و ضِیفان و أضائِف: الضَیفَن: طفیلی جو مہمان کے ساتھ آئے-الضِیافة: مہمانی-المُضَاف فی الحرب: جنگ میں گھرا ہوا-المَضِیف و المَضیَفة: مہمان خانہ-المِضیَاف: بڑا مہمان نواز، بہت مہمانوں والا، میزبان۔ المَضِیفة: غم فکر-المُضِیفة: غم فکر۔ ـــ جمع مُضِیفات: (آج کل) ہوائی میزبان خاتون (airhostess)

۳-ضَافَ-ضَیفًا الرجُلُ: خوف کرنا۔ ـــ منه: سے ڈرنا-أضافَ: خوف کرنا۔ ـــ منهُ: سے ڈرنا۔

۴-أَضَافَ الرجُلُ: دوڑنا، جلدی جلدی چلنا۔

◌ ضَافَ-ضِیافةً: بطور مہمان رکنا یا ٹھہرنا-ضَیَّفَ هُ: کو مہمان ٹھہرانا، کا مہمان نوازی سے استقبال کرنا، کی مہمان نوازی کرنا، کو کھانا کھلانا، کی دعوت کرنا۔

أضاف: بمعنی ضَیَّفَ۔ نیز أضاف ہ إلی: میں کا اضافہ کرنا، کو کے آخر میں لگا دینا، جوڑ دینا، کو میں شامل کرنا، کو سے منتھی کرنا، جوڑنا، مربوط کرنا، کو سے منسوب کرنا، کو سے نسبت دینا، کو پر محمول کرنا-اضاف اسما إلی اسم: نام کی دوسرے سے اضافت کرنا۔ أضِف إلی ذلك ان: مزید برآں یہ کہ-انضاف الی: میں جمع ہونا، سے منتھی ہونا، مربوط ہونا، کے آخر میں لگنا یا جڑنا-إستَضَافَ هُ: کو اپنا مہمان بنانے کی دعوت دینا، کی میزبانی کرنا-انت فی ضیافتی: آپ میرے مہمان ہیں-مَضَافة: ہوسٹل، گیسٹ ہاؤس، سرائے-مَضیَفة: مہمانوں کا کمرہ، گیسٹ ہاؤس-بالاضافه الی: کے مقابلہ میں، مزید برآں، علاوہ ازیں-مُضَافًا إلی ذلك: مزید برآں، علاوہ ازیں۔

ضاق: ضَاقَ-ضِیقًا و ضَیقًا: تنگ ہونا۔ صفت: ضَیق و ضَائِقٌ و ضَیِّق۔ ـــ الرجُلُ: بخیل ہونا، بخل کرنا-ضَیَّقَ تَضیِیقًا هُ: کو تنگ کرنا-ضُیِّقَ علیه: مشکل میں ڈالا جانا، دباؤ میں ہونا-أضَاقَ إضاقةً هُ: کو تنگ کرنا۔ ـــ الرجُلُ: محتاج ہونا، حاجت مند ہونا۔ تَضَیَّقَ: تنگ ہونا-تَضَایَقَ: تنگ ہونا۔ ـــ الامرُ به او علیه: پر کام کا مشکل ہونا۔ کہتے ہیں: تَضَایَقَ القومُ: لوگوں کا کسی جگہ پر بے چینی محسوس کرنا، بے آرامی محسوس کرنا، کشادہ دل نہ ہونا یا کشادہ مکانوں والے نہ ہونا-الضَیق (مص): غم و فکر جس سے سینہ

تنگ ہو جائے، تنگی ۔۔۔ و الضیق. شک ۔ الضِیق (مص) شدت ۔ الضیقة و الضَیقَة جمع ضِیَق و ضُیَق. بدحالی، افلاس، تنگدستی محتاجی ۔ الضائِق جمع ضَائقة (جیسے سائدوسادہ): تنگ ۔ کہتے ہیں: فلانٌ ضائقٌ صدرہٗ بکذا فلاں شخص اس سے سینہ تنگ ہے ۔ الأضیَق م ضِیقَی و ضُوقَی اسم تفصیل (زیادہ تنگ، تنگ تر) ۔ المَضِیق جمع مَضایق تنگ جگہ، مشکل کام، آبنائے، (پہاڑی) درہ، تنگ درہ، گھاٹی۔

○ ضاقت به الارضُ. سمجھ میں نہ آنا کہ کیا کرے، بدحواس ہوجانا ۔ ضَاقَتْ به الحیاةُ زندگی نے اسے بزدل کردیا، اس پر برا وقت آگیا ۔ ضاقت به السبُلُ اس سے آگے اس کا بس نہ چلتا تھا، اسکی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیا کرے، وہ بدحواس ہوگیا ۔ ضَاقَ ذَرْعاً بـ کے معیار پر پورا نہ اترنا، کچھ کرنے سے قاصر رہنا، کسی چیز کو برداشت نہ کرسکنا، سے اکتا جانا، تھک جانا، بے زار ہوجانا، کے متعلق بے چین ہونا، کا ستایا ہونا ۔ ضاق عنه ذَرْعًا بمعنی ضَاق ذَرْعًا بـ ضاق صدرُهٗ. برہم ہونا، جھنجلایا ہوا ہونا، ناراض ہونا، غصہ میں ہونا ۔ ضاقت یدُهٗ عن. سے قاصر رہنا، کا نااہل ہونا، اتنا غریب ہونا کہ ....، ضَیَّقَ علی. کو دق کرنا، ستانا، پریشان کرنا، زچ کرنا، کچلنا، پر ٹوٹ پڑنا، چاروں طرف سے حملہ کرنا، گھیر لینا ۔۔۔ علی فی. کو کسی چیز کے بغیر رکھنا ۔ ضَیَّق الحصار: ناکہ بندی سخت کردینا ۔ ضایَقَ هٗ: کو پریشان کرنا، دق کرنا، ستانا، زچ کرنا، غصہ دلانا، تنگ کرنا، پر چاروں طرف سے حملہ کرنا، ٹوٹ پڑنا ۔ ہ / ہ: کو تکلیف دینا، پریشان کرنا، امن تباہ کرنا، میں خلل ڈالنا، کو درہم برہم کرنا، روکنا، کی راہ میں حائل ہونا، میں روڑا اٹکانا، رکاوٹ ڈالنا، کو سخت متاثر کرنا، کو بری طرح پچھاڑنا یا زیر کرنا یا اس پر بوجھ ڈالنا، کی پریشانی کا باعث بننا ۔ تضایق: تنگ ہونا یا ہوجانا، پریشان ہوجانا ۔۔۔ من: پر یا کے متعلق ناراض ہونا، غصہ ہونا ۔ ضِیقُ ذاتِ الید: غربت افلاس، بے نوائی ۔ ضِیقُ المقام: کھلی جگہ کا فقدان، محدودیت ۔ ضَیق النطاق: کھلی جگہ کی عدم موجودگی، تھوڑا فاصلہ، محدود حد، تنگ جگہ ۔ ضِیق الید. غربت افلاس، بے نوائی ۔ ضَیِّق: تنگ، کسا ہوا، مضبوطی سے لگا ہوا، مقید، محدود ۔ ضَیِّقُ الصدر ب: پر پریشان، سے، پر ناراض ۔ ضیق العقل: تنگ نظر ۔ ضَیِّقُ النطاق: تھوڑا فاصلہ، تھوڑی دسترس یا رسائی والا، محدود ۔ ضَیقة: تنگ حالات، غربت، افلاس، کوفت سخت اذیت ۔ ضائِقه جمع ضوائق ناگوار صورت حال، خطرناک صورت مشکلات، مشکل، تشویشناک نازک صورت حال، بحران۔ ضائِقَة العیش: پُر مشکلات حالات ۔ ضائقة مالیه: مالی مشکلات ۔

ضاك: ضَاكَ ضَیَكَانًا الناقةُ: سخت گرمی کی وجہ سے اونٹنی کا ٹانگیں چوڑی کرکے چلنا اور رانوں کو تھنوں سے نہ ملا سکنا ۔ صفت: ضَائِك جمع ضُیَّك ۔ ۔۔۔ علیه (غیظًا). پر طیش میں بھر جانا۔

ضیل: أَضَال إضالةً و أَضْیَلَ إِضیالاً المکانُ جگہ کا ضال نامی درخت اگانا ۔ الضال جس کا واحد ضالة ہے: ایک پھل دار درخت جو افریقہ کے شمالی ساحلوں پر اگتا ہے ۔ الضالة: ہتھیار۔

ضام: ضام ضَیْمًا هٗ: پر ظلم کرنا، دباؤ ڈالنا ۔ ۔۔۔ واستضامَهٗ حقهٗ: کا حق کم کرنا ۔ الضَیم: ظلم جمع ضُیُوم ۔ ضِیمُ الجبل: پہاڑ کا کنارہ ۔ الضامة: حاجت، ضرورت۔

○ ضَامَ ضَیْمًا ه: پر ظلم کرنا، کو نقصان پہنچانا، سے ناانصافی برتنا ۔ اِسْتَضَامَه: بمعنی ضامه ۔ ضَیم جمع ضُیُوم: ظلم، ناانصافی، نقصان۔

ط

ط حروف تہجی کا سولہواں اور حروف ابجد کا نواں حرف۔

طاطا ۱۔ طأطأ الرأس وغیرہ سر وغیرہ جھکانا، کہتے ہیں۔ طأطأ رأسه عن كذا اس نے اس پر اپنا سر نیچا کرلیا۔ ت المرأة ستر ها عورت کا پردہ ڈالنا۔ الحفرة گڑھے کو گہرا کرنا۔ فلانٌ من فلان کو مرتبے سے گرا دینا۔ ۔ فی قتل القوم لوگوں کو خوب اور شدت کیساتھ قتل کرنا۔ تطأطأ جھکنا، پست ہونا، نیچا ہونا۔ الطأطا، پست زمین۔(ح) چھوٹا اونٹ، ننھا اونٹ۔

۲۔ طأطأ و بيد گھوڑے کو دوڑانے کے لئے اگلی دونوں کوکھوں میں ایڑ لگانا۔ يده بالعنان دوڑانے کے لئے باگ کو ڈھیلی چھوڑ دینا۔

مُطاطئ سر جھکائے ہوئے۔ مُطأطأ الراس سر جھکائے ہوئے۔

طب ۱۔ طبَّ ۔ طِبًّاہٗ کا علاج کرنا، کہتے ہیں۔ ما كنتَ طبيباً ولقد طَبِبْتَ او طَبَبْتَ تم طبیب نہ تھے مگر اب طبیب بن گئے ہو۔ الرجلُ صبر و تحمل سے کام لینا، نرمی کرنا۔ مثل ہے۔ من احبَّ طبَّ: جو دوست رکھتا ہے، نرمی اور تحمل سے کام لیتا ہے، کہتے ہیں۔ اصنع صنعة من طبَّ لمن حبَّ اس شخص جیسا معاملہ کرو جو کسی کے ساتھ محبت کرے تو نرمی کرتا ہے۔ طُبَّ الرجل کس پر جادو کیا جانا۔ طبّبَہٗ کا علاج کرنا۔ طابَّ مُطابّةً الامر کسی کام پر توجہ کرنا۔ تطبَّبَ زیر علاج ہونا، حکمت کرنا، حکیم بن جانا۔ الرجلُ طبی میدان میں مشغول ہونا، عطائی بننا۔ لفلان کے لئے طبیبوں سے مشورہ کرنا۔ استطبَّہٗ سے دوا تجویز کرانا، طبیب سے مشورہ لینا۔ الطبّ (مص) طب جاننے والا، اپنے کام کا ماہر، کہتے ہیں۔ هُوَ طَبٌّ بهذا الامر وہ اس کام سے واقفیت رکھتا ہے۔ والطِبّ الطُبّ جسمانی و روحانی علاج، جادو، نرمی۔ الطَبّة۔ الطَبّ: کا مونث۔ الطِباب وہ چیز جس سے علاج کیا جائے۔ کہتے ہیں۔ هذا طِبابُ مرضك یہ چیز تمہاری بیماری کا علاج ہے۔ الطِبابة: طبیب کا پیشہ۔ الطبيب جمع أطِبَّة و اَطِبَّاء م طبيبة: علم طب کا جاننے والا، فن طب کا ماہر و حاذق۔

۲۔ طَبَّ ۔ طَبًّا خَرَزَ القربةِ مشک میں پیوند لگانا۔ طَبَّبَ القربةَ مشک میں پیوند لگانا۔ الطبابة من الخرز دو سوراخوں کے درمیان تسمہ۔

۳۔ طَبَّبَ الخيّاطُ الثوبَ درزی کا کپڑے میں پیوند لگا کر اسے بڑھانا۔ الطِبّة جمع طِبَب و الطِبابة جمع طِباب کپڑے، بادل، کھال، یا زمین کا مستطیل ٹکڑا۔

۴۔ الطِبّ ارادہ، خواہش، حالت، عادت کہتے ہیں۔ فلانٌ طِبّهُ المجون فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔ الطَبّة کنارہ کہتے ہیں۔ هو فی تلك الطَبّة: وہ اس کنارہ میں ہے۔

۵۔ طَبْطَبَ طَبْطَبَةً الماءُ او السيلُ پانی یا سیلاب کا آواز دینا۔ الوادی دریا کا بہنا۔ الماءَ پانی کو حرکت میں لانا۔ الطَبْطابة گیند کا بلا۔ الطَبْطَبِيّة مارنے کا کوڑا۔

طَبَّ ۔ طَبًّا و طِبًّا و طُبًّاہٗ/ہ کا دواؤں سے علاج کرنا، کو طبی علاج مہیا کرنا۔ طبَّ ل کا چارہ کرنے کی کوشش کرنا، سے نپٹنا۔ طَبَّبَ ہٗ/ہ کا علاج کرنا، کو طبی علاج مہیا کرنا۔ تطبَّبَ طبی علاج کروانا، حکمت کرنا، طبی میدان میں مشغول ہونا۔ استطبَّ ہٗ سے طبی مشورہ طلب کرنا، ڈاکٹر سے مشورہ کرنا۔

طِبّ طبی علاج، دوا، علم طب۔ طب الاسنان فن علاج دندان، دندان سازی۔ الطب البيطري حیوانات کی بیماریوں اور علاج کا علم۔ (Veterinary Science)۔ الطب الشرعي عدالتی طب Forensic mdecine۔ الطب النفساني نفسیاتی امراض کا علاج۔(psychiatry) علم الطب: علم طب، طب۔ كُلِّيَةُ الطب طبی کالج (medical college)۔ طبی طبی، علم طب یا طبی پیشے سے متعلق۔ لائقٌ طِبّيًّا جسمانی طور پر موزوں Physically fit طَبَّة جمع طَبَّات گدی، تکیہ، ڈاٹ۔(بجلی کا) پلگ (پانی کا) ڈاٹ، پلگ plug، کاگ Stopper۔ طبيب جمع اطباء و اَطِبّة: حکیم، ڈاکٹر (physician, doctor) طبيب بيطري: ڈنگر ڈاکٹر (veterinarian) طبيب خاص پرائیویٹ ڈاکٹر طبيب الاسنان: دانتوں کا ڈاکٹر (dentel surgeon) طبيب شرعي طبی ممتحن medical examiner طبيب الامراض الجلدية جلدی امراض کا ڈاکٹر (Dermatolo- gist) طبيبہ خاتون ڈاکٹر۔ طِبابة طبی علاج، طبی پیشہ۔ تطبيب صحت یاب کرنے کا فن، طبی پریکٹس یا پیشہ۔ مُتَطبِّب عطائی۔

طبج: طَبِجَ ۔ طَبَجًا الرجلُ بیوقوف ہونا۔ صفت۔ أطْبَج۔ على رأسه وعلى كل أجوف سر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔ تَطَبَّجَ فی الكلام مختلف رنگوں میں کلام کرنا۔

طبخ ۱۔ طَبَخَ ۔ طَبْخًا و طَبَّخَ اللحمَ گوشت پکانا۔ إطَّبَخَ الرجُلُ پکی ہوئی چیز لینا، اپنے لئے پکانا۔ اللحمَ گوشت پکانا۔ انطبخ پکنا۔ الطَبْخ (مص) و الطِبْخ: پکی ہوئی چیز۔ الطُباخة ہانڈی کا

جھاگ، پکی ہوئی چیز۔الطِباخة: پکانے کا ہنر، باورچی گری۔الطَبّاخ: پکانے والا اس کو طاھی بھی کہا جاتا ہے۔عد العامة: عوام کے نزدیک انگھٹی۔مناسب ہے کہ اسے مُنصَب کہا جائے۔طَبّاخُ العنبِ والتین عند العامة عوام کے نزدیک کہر جو پہاڑوں میں انگوروں اور انجیروں کے پکنے سے پہلے پھیل جاتی ہے اور ان کے پلنے کے عمل کو تیز کر دیتی ہے۔الطبیخ ج اَطبِخة پکی ہوئی چیز، چونہ، پختہ اینٹ۔الطابِخُ (فا) شدید بخار، تیز بخار۔الطابخة: طابخ کا مونث۔دوپہر۔المَطبَخ جمع مَطابِخ: باورچی خانہ۔المِطبَخ جمع مطابخ: کوئی بھی کھانا پکانے کا آل، جیسے چولہا۔انگیٹھی، ولایتی چولہا۔المُطَبَّخ والمُطَّبَخ: باورچی خانہ۔التینُ المَطبُوخ (ط): انجیر سے تیار کردہ ایک کھانا۔

۲۔ طَبَخَ الصبیُ: بچہ کا بڑھنا۔

۳۔ الطَباخ والطُباخ: مضبوطی، طاقت، موٹاپا کہتے ہیں۔مافی کلامه طباخ: اسکی گفتگو میں کوئی فائدہ نہیں۔الأطبَخ: احمق، بہت زیادہ بیوقوف۔

طَبَخَ ۔طَبخاً: کو پکانا۔انطَبَخَ: پکنا، پکوایا جانا۔طَبخ: پکانا۔طباخی، پکائی ہوئی کوئی کھانے کی چیز۔سیلولائڈ Celluloid طُبخة: پکائی ہوئی خوراک کی کوئی چیز، کھانا، ڈش، کھانے کا دور، دورطعام۔طَبّاخ: خانساماں، باورچی۔طَبیخ: پکی ہوئی کھانے کی چیز، کھانا۔طِباخة: پکانے کا فن، طباخی، پکوان کا طریقہ۔طرز طباخی۔مَطبَخ جمع مطابِخ: باورچی خانہ، طعام گاہ۔

طبر: طَبَرَ ۔ طَبراً: کود کر چھپ جانا۔الطَبَر و الطَبَرزِین: کلہاڑا، یہ دونوں فارسی لفظ ہیں۔الطَبَری: طبرستان کا، طبرستان سے متعلق۔

طبز: طَبَزَ ۔طَبزاً ہُ: کو بھر دینا۔الطِبز: پہاڑ کا کونا، نکڑ (ح) دو کوہانوں والا اونٹ۔

طبس: طَبَسَ ہُ: کو گارے سے لیپنا۔الطَبس: ہر ایک کالی چیز۔الطِبس (ح) بھیڑیا۔بحرٌ طَبِسٌ: بہت پانی والا بڑا دریا یا سمندر۔

طبش: ا۔ الطَبش: لوگ۔الطَبشة: بچوں کو مارنے کی لمبی چھڑی۔یہ عام زبان ہے۔فصیح لفظ المِخفَقة ہے۔

۲۔ الطَبشُورة جمع طَباشِیر: چاک

طبع: طَبَعَ ۔طَبعاً الشیءَ: کی تصویر بنانا۔علیہ: پر مہر لگانا۔کہتے ہیں۔طبع اللّٰه علی قلبه: یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کے دل پر مہر لگا دی جس سے وہ غور کرتے اور نیکی کی توفیق سے محروم ہو گیا۔ الدِرهَم: سکہ ڈھالنا ۔۔ السیفَ: تلوار بنانا، ڈھالنا۔اللّٰهُ الخلقَ: اللہ تعالیٰ کا مخلوق کو پیدا کرنا۔طُبِع علی الجهل: جہالت پر پیدا کیا جانا۔طَبَّعَ الدابةَ عند العامةِ: عوام کے نزدیک، جانور کو سدھانا۔صحیح لفظ اضھا ہے۔تَطَبَّعَ: بھرنا، ڈھلنا۔ بطباع ابیه: اپنے باپ کے سے اخلاق و اطوار اختیار کرنا۔انطَبَعَ: ڈھلنا، منقوش ہونا، نقش ابھرنا۔الطَبع: (مص) جمع طِباع: فطری خصلت، نمونہ، شکل مثال کہا جاتا ہے۔اضرِبهُ علی طبع هذا: اسے اس کی شکل پر ڈھالو۔الطَابِع (فا): فطری خصلت مزاج ۔۔۔ و الطَابَع جمع طَوابِع: انگوٹھی، مہر، چھاپ۔کہا جاتا ہے هذا کلامٌ علیه طابَعُ الفصاحة: اس کلام پر فصاحت کی چھاپ ہے۔طوابعُ البرید: ڈاک کے ٹکٹ۔عوام اسے اوراق البول کہتے ہیں۔الطوابع الأمِیرِیّة: رسیدی ٹکٹ۔الطوابع القنصلیة: وہ ٹکٹ جو قونصل استعمال کرتے ہیں۔الطِباع: فطری خصلت، مزاج۔الطَبّاع: طابع اسم فاعل کا مبالغہ، تلوار ساز۔الطِباعة: چھاپنے کا پیشہ۔دار الطِباعة: چھاپہ خانہ، پرنٹنگ پریس۔الطُبعَان: مہر لگانے کی چیز۔الطَبیعَة: فطرت، مزاج، فطری، عادت جمع طَبائِع: مخلوقات جن سے دنیا بنی ہے جیسے کہتے ہیں۔جمالُ الطبیعة: یعنی دنیا کا حسن۔الطَبائِعُ الأربعُ: سردی، گرمی، خشکی تری۔الطَبیعی: طبیعت سے مختص، جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے، علم طبیعیات کا ماہر۔علم الطَبیعِیّات: علم خواص اشیاء۔المَطبَعَة والمَطبَع جمع مَطابِع: چھاپہ خانہ۔المِطبَعَة جمع مَطابِع: چھاپنے کی مشین، پریس۔المَطبُوع (مفع): قدرتی غیر بناوٹی، غیر ظاہرداری پر مبنی، جس پر طبیعت کی نشو و نما ہوئی ہو۔من الشعراء: بلا تکلف شعر کہنے والا شاعر۔

۲۔ طَبَعَ ۔طَبعاً الدلوَ: ڈول بھرنا۔طَبَّعَ الاناءَ: برتن بھرنا۔تَطَبَّعَ النهرُ بالماء: دریا کے پانی کا کناروں سے بہہ پڑنا۔الطِبع جمع طُبُوع و طِباع: پانی جذب ہونے کی جگہ، پیمانہ بھر مشکیزہ، دریا۔

۳۔ طَبِعَ ۔طَبَعاً: گندا ہونا، میلا کچیلا ہونا، گندے اخلاق والا ہونا۔السیفُ: تلوار پر زنگ چڑھنا۔صفت طَبِعٌ و أطبَع، طَبَّعَ الاناءَ: برتن گندا کرنا۔الطِبع والطَبَع جمع أطباع: زنگ، میل، عیب۔الطَبِع: بد خلق، کمینہ خصلت۔سیفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔

طُبِعَ علی: کے لئے قدرتی رجحان رکھنا یا میلان رکھنا۔طَبَعَهُ بطابِعه: پر اپنی چھاپ لگانا یا چھوڑنا، کو اپنی امتیازی خصوصیت دینا۔طُبِعَ علیه، میں جبلی ہونا، پیدائشی یا خلقی ہونا۔طَبَّعَ ہ: جانور کو پالتو بنانا، سدھانا۔تَطَبَّعَ بطابِعهِ: کی خصوصیت اختیار کرنا یا پانا، کی چھاپ رکھنا۔انطَبَعَ: مہر لگنا، نقش ابھرنا، چھپنا، منقوش ہونا، نقش ہونا، دل میں بیٹھنا۔انطَبَعَ فی: پر نقش یا ٹھپا چھوڑنا، پر اثر یا تاثر یا دھندلا سا تصور چھوڑنا۔انطَبَعَ علی: کے لئے افتاد طبع رکھنا۔طَبعٌ: (کتاب وغیرہ) چھاپنا، طبع، مطلوبہ چیز، چھاپا جمع طِباع: اثر، تاثر، ٹکٹ، مہر، نشان، خصوصیت، انوکھا پن، وصف، طبیعت، مزاج، خو، افتاد طبع، فطرت، خصلت (فطری) میلان۔طَبعُ الحَجَر. پتھر کی چھپائی۔طبع الحروف: ٹائپ میں چھاپنے کا فن۔تحتَ الطبع: زیر طبع۔مُسَوَّدَةُ الطبع: پروف شیٹ، Proof sheet، گیلی پروف (galley proof)۔

۲۔ طَعِمَ - طَعْمًا الغصنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی سے مل جانا۔ طَعَّمَ الغصنَ (ز): ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا۔ ۔ الصحیح (طب): کو ٹیکہ لگانا۔ طَاعَمَ و تَطَاعَمَ الحَمام: کبوتر کا اپنی مادہ کی چونچ میں اپنی چونچ ڈالنا۔ أَطْعَمَ الغصنَ: بمعنی طَعَّمَ الغصنَ: اِطَّعَمَ: عرب کہتے ہیں: هو لا يَطَّعِمُ: نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے نہ اصلاح ہی اس میں کوئی خوشگوار اثر کرتی ہے۔ المَطْعُوم (ز): پیوند (ٹہنی وغیرہ)۔ ٹیکہ۔ التطعیم (ز): قلم لگانا، پیوند لگانا، پیوند کاری۔

۳۔ طَعِمَ - طَعْمًا و طُعْمًا علیہ: پر قادر ہونا۔ الطُعْم: قدرت۔

○ طَعِمَ - طَعْمًا ہ: کو کھانا، چکھنا، مزے سے چکھنا، کا لطف اٹھانا، سے لطف اندوز ہونا۔ طَعَّمَ ہ: (درخت وغیرہ) کو پیوند لگانا۔ ۔ ہ ب: کو کا ٹیکہ لگانا۔ ۔ ہ ب: پر کسی چیز کی پچی کاری کرنا، منبت کاری کرنا۔ أَطْعَمَ ہ ہ: کو کچھ کھلانا، کو کچھ کھانے کے لئے دینا، کو کوئی خوراک دینا، کو کوئی غذا پہنچانا، کو کھانا یا مشروب پیش کرنا۔ أَطْعَمَہُ من جوع: کی بھوک مٹانا۔ تَطَعَّمَ ہ: کو چکھنا۔ استطعم بمعنی تَطَعَّمَ نیز کھانا طلب کرنا۔ طَعْم جمع طُعُوم: مزہ، ذائقہ، لذت، خوشگوار ذائقہ۔ طَعْمِيَة: ایک قسم کا سموسہ۔ طُعْم: پیوند، دانہ، چارہ (شکار کو پکڑنے کے لئے) جانور یا پرندہ جو وحشی جانوروں کو پھانسنے کے لئے رکھا جائے، کسی شخص کو خطرہ میں ڈالنے کے لئے فریب دینے والا شخص۔ جمع طُعُوم: چیچک کے ٹیکہ کی دوا، ویکسین، (Vaccine) طَعِم: مزے دار، لذیذ، چٹپٹا، اشتہا انگیز، بھوک لگانے والا۔ طُعْمَة جمع طُعَم: خوراک، چارہ، دانہ، شکار، [illegible] ہو جانا۔ طُعْمَةٌ لِمَدَافِعِ الحرب: توپوں کا چارا۔ أُضْرِبَ عَنِ الطعام: بھوک ہڑتال کرنا۔ مَطْعَم ج مَطَاعِم: طعام خانہ، ریستوران۔ کھانے کا کمرہ۔ میس (mess) بحری جہاز پر کھانے کا ہال کمرہ، خوراک، تطعیم: ٹیکہ لگانا۔ inoculation یا Vaccination منبت کاری، پچی کاری، جڑاؤ کا کام، مرقع کام۔

طعن: ۱۔ طَعَنَ - طَعْنًا ہُ بالرمحِ: کو نیزہ مارنا، نیزہ چبھونا۔ طَعْنًا و طَعَنَانًا فی الرجل و علیہ: میں عیب نکالنا، کو طعنہ مارنا۔ تَطَاعَنَ تطاعُنًا و طِعانًا و اِطَّعَنَ القومُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔ الطَعْنَة جمع طَعْن و طَعَنَات: نیزے کی ضرب، نیزہ کی ضرب کا نشان۔ الطَعَّان و المِطْعَن و المِطْعَان جمع مَطَاعِن و مَطَاعِين: بڑا نیزہ باز۔ هو طَعَّانٌ فی اعراض الناس: وہ لوگوں کی تحقیر کرنے والا ہے۔ وہ گستاخ ہے۔ الطَعِين جمع طُعُن: نیزہ کی ضرب کھایا ہوا۔ الطِعِّين: جنگ میں ماہر نیزہ باز۔ المَطْعَنَة: نیزہ بازی۔

۲۔ طَعَنَ - طَعْنًا فی المفازة: بیابان میں جانا۔ فی السِنّ: بوڑھا ہونا۔ الفرسُ فی العِنان: گھوڑے کا لگام کھینچ کر تیز چلنا۔ طَعْنًا و طَعَنَانًا اللیلَ: ساری رات چلنا۔

۳۔ طُعِنَ الرجُلُ: طاعون کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ الطاعُون جمع طَوَاعِين (طب): طاعون کی بیماری، پلیگ، وباء سے موت۔

○ طَعَنَ - طَعْنًا ہ / ہ ب: کو کچھ گھونپنا، بھونکنا، چبھونا، کو سے چھیدنا۔ ہ: کو خنجر وغیرہ، گھونپنا، بھونکنا۔ فی / علی: کو بدنام کرنا، رسوا کرنا، کی بدگوئی کرنا، کی ساکھ ختم کرنا، کو لفظوں سے ایذا دینا، کی برائی کرنا۔ فی حکم: فیصلہ کے خلاف دلیل پیش کرنا، فیصلہ کو چیلنج کرنا، حکم کے خلاف اپیل کرنا، حکم پر نکتہ چینی کرنا۔ ۔ فی: کو غلط ثابت کرنا، کی تردید کرنا۔ ۔ فی: میں داخل ہونا۔ طعن فی السن: بوڑھا ہو جانا۔ طعن فی قول: عقیدہ کو غلط ثابت کرنا یا اسکی تردید کرنا۔ تطاعن: ایک دوسرے کو زور سے دھکیلنا، ایک دوسرے پر حملہ کرنا، باہم جنگ کرنا۔ مَطاعن فی: کے خلاف سب و شتم۔ دشنام طرازیاں۔ طَاعِن و طاعِن فی السن: بوڑھا۔ رسالة طاعنة: سخت ہجو۔ مطعون: طاعون زدہ۔

طغر: طَغَرَ - طَغْرًا ہُ: کو ہٹانا، دور کرنا۔ الطُغْرَاء و الطُغْرَی جمع طُغْرَاءَات و طُغْرَیات: فرامین

شاہی اور سکوں پر بنائی جانے والی علامت، عوام اسے طُرّہ کہتے ہیں۔ (ترکی لفظ) الطُغرانی: ایسی علامت بنانے والا۔

○ طُغْراء: مونوگرام۔ ریاستی دستاویزات اور سکے۔

طغم: ا۔ تَطَغَّمَ علیہ: کے بارے میں جاہل بننا۔ الطُغْمَةِ جمع طُغُمَات و طُغَم جتھا، ٹولہ، جمعیت، حلقہ، گروہ۔ الطَغَم. سمندر، بہت پانی۔ الطَغام: (واحد طَغامَة) کمینے لوگ (واحد جمع) اوباش۔ معمولی پرندے۔ الطَغامَة: بے وقوف۔ الطُغُومَة و الطُغومِيَّة: بے وقوفی، کمینگی۔

○ طَغَام: عام لوگ، عوام، منکسر المزاج، عاجز، غیر اہم۔

۲۔ طَغْمَشَ الرجُلُ: کمزور نظر ہونا۔ الیہ. کی طرف کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت: مُطَغْمِش۔

طغا: طَغَا ۔ طُغُوًا و طُغُوًّا و طُغْوَانًا. حد سے گزر جانا۔ البحرُ. سمندر کا جوش میں آنا۔ — السیلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔ طَغَّى ہٗ: کو سرکشی پر اکسانا۔ اَطْغَى ہٗ: کو سرکشی پر اکسانا۔ — ہُ المالُ و نحوہُ: مال وغیرہ کا کسی کو سرکش بنا دینا۔ تَطَاغَى الموجُ: لہر کا جوش مارنا۔ الطَغْوَة جمع طَغَوَات. بلند جگہ۔ الطَغْوَى: طغا کا اسم۔ الطَاغُوت جمع طَوَاغٍ و طَوَاغِيت: ہر سرکش، گمراہ کرنے والا، شیطان، ہر باطل معبود۔ الطَوَاغِي و الطَوَاغِيت: بت خانے۔

○ طَغَا ۔ طُغوا و طَغَى ۔ طَغْيًا و طَغِيَ ۔ طَغًا و طُغيانًا: مناسب حدوں سے تجاوز کرنا، بڑھنا (سمندر کا) طوفانی یا طوفان خیز ہونا، ہنگامہ خیز ہونا، بہت زوروں کا ہونا، سخت تیز ہونا (دریا کا) کناروں سے باہر آ جانا، دریا میں سیلاب آنا۔ — علی سے چھلکنا، کناروں سے باہر آنا، کو زیر آب کرنا، غرق کرنا، سیلاب میں مبتلا کرنا، پر بھرمار کر، بوچھاڑ کرنا۔ علی: کو زیر کرنا، پر قابو پانا، کو قابو میں لانا، کو گرفت میں لینا، مٹھی میں لینا، پر واقع ہونا، پڑنا، پر ظلم و تشدد کرنا، پر وحشت طاری کرنا، سے سختی کا سلوک کرنا۔ طَغَى ۔ علی: میں سب سے اہم، نمایاں یا سب پر فائق ہونا۔ میں رواج ہونا، عام ہونا، پر غلبہ یا تسلط کرنا، سے زیادہ اہم ہونا یا زیادہ بھاری یا وزنی ہونا، سے زیادہ وقیع ہونا۔ طغوان: سیلاب، طوفان، سیل۔ طُغیان: سیلاب، طوفان، سیل، ظلم، جور و استبداد، خاتمہ۔ دہشت گردی ۔ طاغٍ جمع طُغاة ظالم حکمران، بے انصاف، ظالم، جابر، مستبد حاکم، مطلق النان حاکم۔ طَاغِيَة: بمعنی طاغ نیز غنڈا، بے حس، ظالم، جنگلی، بن مانس، گوریلا۔

طعی: طَغَا و طَغِيَ ۔ طَغْيًا و طُغْيَانًا و طِغيانًا بمعنی فعل طغا (و' والا) — الکافرُ: کافر کا کفر میں غلو کرنا۔ عام لوگ کہتے ہیں: طَغَاهُ الشیطان: شیطان نے اسے بھلائی کے راستے سے دور کر دیا۔ الرجُلُ: ظلم و نافرمانی میں حد سے گزر جانا۔ الماءُ: پانی کا بلند ہونا۔ طَغَّى و اَطْغَى فلانًا. کو سرکشی پر اکسانا، کو سرکش بنانا۔ الطُغْيَة: ایک بار کی سرکشی یا شرارت، سرکش گھوڑا وغیرہ، پہاڑ کی چوٹی، ہر بلند جگہ۔ الطَاغِي (فا) جمع طُغَاة و طَاغُونَ: ظالم۔ الطَاغِيَة: الطاغی کا مونث، جبار، متکبر، سرکش، بیوقوف، بجلی، رومی بادشاہوں کا لقب، غالبًا عربوں نے یہ نام غیر عربوں کا رکھا تھا۔

طف: ا۔ طَفَّ ۔ طَفًّا الشیءُ منہ: کے قریب ہونا۔ طَفَّ المكيالَ: پیمانہ کو تھوڑا سا کم بھرنا۔ بہ موضعَ کذا: کو دھکیل کر کسی جگہ کے قریب کرنا۔ اَطَفَّ لہ: کو دھوکا دینے کا ارادہ کرنا کی کوشش کرنا۔ علیہ: پر مشتمل ہونا۔ استَطَفَّتِ الحاجةُ: ضرورت کا پورا ہونا۔ الطف جمع طُفُوف: کنارہ، پہلو، ساحل گھر کا صحن، دامن کوہ۔ طَفَافُ الشمسِ: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا کہا جاتا ہے۔ اتنا عند طفاف الشمس: وہ ہمارے پاس سورج کے غروب ہونے کے وقت کے قریب آیا۔ الطَافَة: باغ کا گرداگرد، پہاڑوں اور میدان کے درمیان قطعہ زمین۔ الطفيف: نامکمل، ناقص، غیر اہم، بہت تھوڑا، ناقابل اعتناء۔

۲۔ طَفَّ ۔ طَفًّا الحائطَ: دیوار پر چڑھنا۔ ہُ برجلہ اویدہ: کو پاؤں یا ہاتھ سے اٹھانا۔ اَطَفَّ علیہ: پر جھانکنا۔ اَطَفَّ الکیلَ: پیمانہ بھرنا۔ — عَلَيْهِ بحجرٍ: کو پتھر مارنے کے لئے اٹھانا۔ اَطَفَّ لہ السیفَ: تلوار کی طرف جھکانا۔ استَطَفَّ علیہ: کو اوپر سے جھانکنا۔ الطَفّ (مص) جمع طُفُوف: اونچی زمین۔ — و الطَفَف و الطَفَاف و الطِفَاف و الطُفَافة من الأناء: برتن کا کنارہ، پیمانے سے فالتو یا بقیہ۔ اناءٌ طَفَّان: کناروں تک یا اوپر تک بھرا ہوا برتن۔

۳۔ طَفَّفَ علی عِیالہ: بال بچوں پر بخل و کنجوسی کرنا۔ الطَفِيف: تھوڑا، حقیر، خسیس، معمولی، گھٹیا۔

۴۔ طَفَّفَ الطائرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا۔

۵۔ الطَفّ و الطَفَّاف من الخیل: چست و سبک اور تیز رفتار گھوڑا۔ الطَفَاف و الطِفَاف: رات کی تاریکی۔

۶۔ طَفْطَفَ طَفْطَفَةً: دشمنوں کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا، جب کوئی شخص ایسے منصب پر فائز ہو جائے جس کا وہ مستحق نہ ہو تو عوام کہتے ہیں۔ ھو یطفطف علیہ۔ الطَفْطَفَة (مص) جمع طَفَاطِف و الطِفْطِفَة: کمر، ڈھیلا اور متحرک گوشت۔ الطَفْطَاف: پہلو، ساحل، درخت کی تر و تازہ، نرم شاخیں۔

○ طَفَّفَ ہ۔ کو ناقص یا ناکافی بنانا۔ علی: کے حق میں کنجوس ہونا، پر بہت تھوڑا خرچ کرنا کو تھوڑا دینا۔ طفیف. ناقص، کم، معمولی، غیر اہم، معمولی، یونہی سا، بہت ہی کم، ناقابل اعتناء۔ تَطْفِيف. کنجوسی کرنا، کنجوسی بخل، جزرسی، از حد کفایت شعاری۔

طفی: طَفِئَ ۔ طُفُوءًا ت النارُ: آگ کا بجھنا۔ — ت عینُہٗ. آنکھ کا بے نور ہونا۔ اَطْفَاءَ النارَ: آگ بجھانا۔ کہا جاتا ہے: اَطْفَأَ الفتنةَ او الحربَ: اس نے فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔ اِنْطَفَأَ اِنْطِفاءً تِ النارُ: آگ بجھ جانا۔ الاِطْفَائی جمع اطفائیون: آگ بجھانے والا۔ الاِطْفَائِيَة: آگ بجھانے والا محکمہ۔ مُطْفِئُ الجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَضْفِ: مصیبت۔ مُطْفِئَةُ الرضف: چربی جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی دور کر دے۔ المِطْفَاة جمع مَطَافِئ: آگ بجھانے کا آلہ۔

○ اَطْفَأَ النورَ: روشنی بجھانا۔ العطشَ: پیاس بجھانا۔ الکِلْسَ: چونا بجھانا، چونا پانی میں بجھانا۔ اطفأ جَذْوَةَ یومِہِ و اَحْرَقَ فَحْمَةَ لیلہ فی العمل: دن رات، کام کرنا۔ اِنْطَفَأَ بمعنی طَفِئَ، طَفَّايَة: آگ بجھانے کا آلہ۔ مِطْفَأة جمع مطافئ: آگ بجھانے کا سامان، آگ بجھانے والا آلہ، آگ بجھانے والا انجن Fire extinguisher ۔ Fire engine

اطفاء: آگ بجھانا۔ جَہَازُ اِطفاء الحریق: آگ بجھانے کا سامان۔ رِجالُ الاطفاء: آگ بجھانے کا محکمہ، آگ بجھانے والے۔ فائر مین Fire men رجالُ المطافی: آگ بجھانے کا محکمہ، آگ بجھانے والے۔ Fire men عملیات الاطفاء: آگ بجھانے کی کارروائیاں۔ اطفائية: آگ بجھانے کا محکمہ۔ مُطْفَأ: بجھا ہوا، پھیکا، مدہم، بے رونق، کُند، پھیکا، ہلکا، بے لطف، بے کیف، سپاٹ۔

طفح: ا۔ طَفَحَ ۔ طَفْحًا و طُفُوحًا الاناءُ: برتن کا بھر کر کناروں سے بہنا۔ الاناءَ: برتن کو بھرنا (لازم و متعدی) ۔ السکرانُ مخمور کا شراب سے پُر ہونا۔ ت المرأة بالولد: عورت کا پورے دنوں کا بچہ جننا، کہا جاتا ہے۔ اِطْفَحْ عنّی: میرے پاس سے چلے جاؤ۔ طَفَّحَ و اَطْفَحَ الاناءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ کناروں سے بہنے لگے۔ اِطَّفَحَ القِدرَ: ہانڈی کے جھاگ نکالنا۔ الطِفاح: پُری، بھرائی۔ الطُفَاحَة: ہانڈی کے جھاگ۔ الطَفْحَان م طَفْحَى: کناروں سے بہنے

والا۔ الطَافِحة: الطافح کا مونث۔ فرسٌ طَفَّاحُ القوائم: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ المِطْفَحَة: کفگیر۔

۲۔ طَفِحَ ۔ طَفْحًا و طُفُوحًا الرجُلُ: غشی کھانا (عام زبان میں)

۳۔ الطَفْحَان م طَفْحَانَة: بیوقوف، ست (عام زبان میں) الطَافِحَة: خشک۔

○ طَفَحَ ۔ طَفْحًا و طُفُوحًا ب: کیساتھ کناروں سے بہنا۔ طَفَّحَ ہ: (برتن کو) کناروں تک بھرنا، لبالب بھرنا۔ أَطْفَحَ بمعنی طَفَّحَ ۔ طَفْح: از حد بہتات، وفور، بھرا ہونا یا بھرنا، جلد کی پھنسن، سرخ باد۔ طَفْحَة: جلد کی پھنسن، سرخ باد۔ طَفْحِي: پھوٹ نکلنے والا، سرخ بادکا۔ طُفُوح: از حد بہتات، وفور، بھرا ہونا، بھرنا۔ طُفَاحة: جھاگ، کف۔ طَفْحَان م طَفْحَى: کناروں سے بہتا ہوا، لب لب بھرا ہوا، لب لب۔ مِطْفَحة: کفگیر۔ طَافِح: کناروں سے بہتا ہوا، لبالب، کناروں تک بھرا ہوا، اتنا بھرا ہوا کہ کناروں سے بہتا ہو۔

طفذ: طَفَذَ ۔ طَفْذًا المیتَ: میت کو دفن کرنا۔

الطَفْذ و الطَفَذ جمع أَطْفَاذ: قبر۔

طفر: طَفَرَ ۔ طَفْرًا و طُفُورًا: کودنا، پھاندنا۔ طَفَّرَ اللبنُ: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ ــــ الفرسَ النَهْرَ: گھوڑے کو ندی کودانا۔ أَطْفَرَ الفرسَ النهرَ: گھوڑے کو ندی کودانا۔ الطَفْرة: کود، پھاند ــــ عند العامة: بدن پر نکلنے والی پھنسیاں ــــ من اللبن: بالائی، ملائی۔ الطَفَّران عند العامة: جس کے پاس مال نہ ہو، مفلس۔

○ طَفَرَت جَوَانِحُها: عورت کا سینہ مسرت آمیز اضطراب سے، زور سے اونچا نیچا ہوا۔ طَفْرة: کود، پھاند، اضطراری حرکت، جوش، تندی، تیزی، کامیاب قدم۔ طَفْرَةً: ایک جست میں۔ طَفْرَان: کنگال، محتاج مفلس۔ طَفَر: گھوڑے کا پٹھا۔

طفس: طَفِسَ ۔ طَفَسًا و طَفَاسَةً: گندا ہونا۔ صفت طَفِس طَفَسَ ۔ طُفُوسًا الرجُلُ: مرجانا۔

طفق: طَفِقَ ۔ طَفْقًا و طُفُوقًا يَفْعَلُ كذا: کچھ کرنے لگنا۔ الموضعَ: جگہ پر رہنا۔

طَفَقَ ۔ طَفْقًا و طُفُوقًا يفعلُ كذا: کچھ کرنے لگنا۔ ــــ بمراده: مراد میں کامیاب ہونا اپنی مراد کو پالینا۔ أَطْفَقَ ہُ بمراده: کو اسکی مراد میں کامیاب کرنا۔

○ طَفِقَ ۔ طَفَقًا يفعل كذا: کچھ کرنا شروع کرنا، کچھ کرنے لگنا، اچانک کچھ کرنا۔

طفل: ا۔ طَفُلَ ۔ طُفُولَةً و طَفَالَةً: نرم ونازک اور پروردہ ناز ونعمت ہونا۔ طَفَّلَ ہُ: سے نرمی کرنا۔ طَفَّلَ الراعی الابِلَ: چرواہے کا نرمی سے اونٹوں کو ہانکنا تاکہ ان کے بچے ان سے آملیں۔ أَطْفَلَت الأنثى: عورت کا چھوٹے بچے والی ہونا۔ تَطَفَّلَ: بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ الطَفْل جمع طِفَال و طُفُول م طَفْلَة: ہر نازک ونرم شے۔ الطِفْل جمع أَطْفَال م طِفْلَة: ہر چیز کا چھوٹا کہا جاتا ہے۔ هو يسعى لی فی اطفال الحاجات: وہ میری چھوٹی موٹی ضرورتوں کے سلسلہ میں مشغول رہتا ہے۔ کہا جاتا ہے: جاریةٌ طِفْلٌ و طِفْلَةٌ: چھوٹی لڑکی کبھی طفل واحد اور جمع کے معنی دیتا ہے کیونکہ وہ اسم جنس ہے ہر وحشی جانور کا بچہ۔ ریحٌ طَفِلٌ: نرم چلنے والی ہوا۔ الطَفَل (مص): بچپن (کی حالت)۔ الطُفُولِيَة و الطَفَالَة و الطُفُولَة: بچپن۔ المُطْفِل جمع مَطَافِل۔ بچہ والی (انسان یا جانور میں سے) کہا جاتا ہے: لَيْلَةٌ مُطْفِل۔ سرد رات جو بچوں کی موت کا باعث ہو۔

۲۔ طَفَلَ ۔ طُفُولًا: تاریکی میں داخل ہونا۔ ــــ ت الشمسُ: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ طَفَّلَ الليلُ: رات کا نزدیک آنا۔ ــــ ت الشمسُ: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ أَطْفَلَ: تاریکی میں داخل ہونا۔ ت الشمسُ: سورج کا غروب کے وقت سرخ ہونا۔ الطِفْل: رات، غروب ہونے کے قریب سورج۔ الطَفَل: تاریکی، اندھیرا۔ طَفَلُ الغداةِ: طلوع آفتاب کے تھوڑی دیر بعد۔ العشيِّ: غروب آفتاب کے تھوڑی دیر پہلے۔

۳۔ طَفِلَ ۔ طَفَلًا و طُفِّلَ النباتُ: مٹی لگنے سے پودے کا نہ بڑھنا۔

۴۔ طَفَّلَ الرجُلُ: طفیلی ہونا۔ تَطَفَّلَ: طفیلی ہونا۔ الطُفَيْلی: بن بلائے دعوت میں آنے والا (ن ح) طفیلی پودا یا کیڑا Parasite (جو دوسرے پودوں یا کیڑوں پر گزارہ کرتے ہوں)

۵۔ طَفَّلَ الكلامَ: بات سوچنا۔ أَطْفَلَ الكلامَ: بات سوچنا۔

۶۔ الطِفْل: حاجت، ضرورت، چنگاری، کہا جاتا ہے۔ تطايرت أطفالُ النار: چنگاریاں ہر طرف اڑیں۔ الطُفَال و الطَفَال: خشک گارا۔ الطَفِيل: تالاب میں بچا ہوا گدلا پانی۔

○ طَفَّلَ علی: کے سر پر زبردستی جا کر مسلط ہونا، کے سر پر سوار ہو جانا، کے معاملہ میں خواہ مخواہ دخل دینا، پر بوجھ بننا، طفیلی ہونا۔ علی مائدته: دوسرے کے خرچ پر زندگی بسر کرنا۔ تَطَفَّلَ [illegible] بن بلائے آنا، بے وقت آنا، خلل ڈالنا، کے سر پر سوار ہو، خواہ مخواہ دخل دینا۔ طِفْل جمع اطفال: شیر خوار بچہ، ننھا منا بچہ، گود کا بچہ، دودھ پیتا بچہ۔ طِفْلَة: بچی۔ طَفْل: نرم ونازک، کمہار کی چکنی مٹی۔ طِفْلِي: بچہ کا، بچوں کا، بچپن کا، بچوں کا سا، طفلانہ۔ طَفَل. ایامِ طفلی (عالمِ) شیر خوارگی (عالمِ) طفولیت، بچپن، بچپن کا مرحلہ۔ طَفْلة: کمہار کی چکنی مٹی۔ طُفَال: چکنی مٹی، کمہار کی چکنی مٹی، نباتاتی کھاد والی زرخیز مٹی۔ طَفَالة: شیر خوارگی، بچپن، بچپن کا مرحلہ، ابتدائی مرحلہ، شروعات، طلوع سحر، ابتدائی عرصہ۔ طُفُولة. شیر خوارگی، بچپن، ابتدائی بچپن، بچپن کا مرحلہ۔ طُفُولِية: شیر خوارگی، بچپن، بچپن کا مرحلہ۔ طُفُولی. بچہ کا، بچپن کا یا شیر خوارگی کا یا کے متعلق، بچوں کا سا، طفلانہ۔ طُفَيْلی: ناخواندہ مہمان، مداخلت کرنے والا، سر پر سوار ہونے والا، زبردستی سر پر سوار ہونے والا، طفیلی، مفت خورہ، طفیلی پودا یا کیڑا، بے حد خوشامدی، چاپلوس، ٹوڈی۔ علم الطُفَيلِيَات: طفیلی پودوں یا کیڑوں کا علم۔ مُتَطَفِّل: طفیلیانہ، طفیلی، مفت خورہ، ناخواندہ مہمان۔

طفن: طَفَنَ ۔ طُفْنًا: مرنا۔ ــــ ہُ: کو قید کرنا۔ اطْفَأَنَّ المكانُ: جگہ کا قابل اطمینان ہونا۔ ــــ الرجلُ: اچھی عادت والا ہونا۔ اتطَفَاتِين: جھوٹ، لغو، بیہودہ گفتگو، قید۔

طفا: ا۔ طَفَا ۔ طَفْوًا و طُفُوًّا: پانی کے اوپر تیرنا اور پانی میں نہ ڈوبنا۔ السمكُ الطافی: پانی میں مرنے اور اس پر تیرتی رہنے والی مچھلی۔ ــــ الظبیُ: ہرن کا تیز دوڑنا۔ ــــ فوق الفرس. گھوڑے پر کود کر سوار ہونا۔ الطَفَاوة: ہانڈی کا جھاگ وغیرہ (کہا جاتا ہے۔ اصبنا طفاوةً من الربيع: ہمیں موسم بہار کا کچھ حصہ ملا،) سورج یا چاند کا ہالہ۔ الطَفْوَة: کمزور اور پتلا پودہ۔

۲۔ طَفَا ۔ طَفْوًا و طُفُوًّا فلانٌ: مرنا۔ ــــ فی الارض: زمین میں داخل ہونا۔

۳۔ الطُفْيَة جمع طُفًى (ح): ایک زہریلا سانپ۔

○ طَفَا ۔ طَفْوًا و طُفُوًّا: تیرنا، بہے چلے جانا، ظاہر ہونا، سطح پر آنا۔ طفابه الى السطح: کو سطح پر لانا۔ طُفَاوة: کوئی تیرتی یا بہتی چیز، جہاز کا سمندر میں تیرتا ہوا مال، جہاز کے تیرتے ہوئے ٹکڑے، ہالہ (سورج یا چاند کے گرد) طَافٍ سطحی، اوپری (Super ficial)

طَافِيه: تیرتا ہوا برفانی تودہ (Floating ice berg)

طق: ا۔ طَقّ: پتھر پر پتھر کے گرنے کی آواز۔

۲۔ طَقطَقَ طَقطَقَةً الدوابُّ: جانوروں کا پاؤں سے آواز نکالنا۔

○ طَقَّ ۔طَقًّا: بھک کرنا، بھک سے اڑنا، تڑخنا، کڑکڑ کرنا، کھٹ کھٹ کرنا، پھڑ پھڑانا، پھٹنا، پھوٹنا، پھٹ کر اڑ جانا، دھماکے سے پھٹنا۔

طقس: الطَقس جمع طُقُوس: طریقہ خصوصاً مذہبی طریقہ، رسم ـــ عند العامة: موسم، آب و ہوا (یونانی لفظ) الطَقسوس (ن): ایک قسم کا درخت۔

○ طَقَّسَ: عسائیوں کی دعاؤں کی کتاب میں لا کر رکھنا۔ تَطَقَّسَ: مذہبی رسوم ادا کرنا، مذہبی رسوم پر چلنا۔ طقوس: رسم، رسومات، مذہبی رسم، پادریوں کا ایک منصب۔ طَقسی: عیسائیوں کی نماز کے متعلق۔ الطقسات: عیسائیوں کی نماز کی کتابیں۔ طَقطَقَ: تڑخنا، تڑاقے سے نکلنا یا بند ہونا، کھڑ کھڑ کرنا، جھن جھن کرنا، کھڑکھڑانا، چھک چھک کرنا، بھک کرنا، دھماکہ سے ٹوٹنا، چٹخنا، چڑچڑانا، سرسرانا۔

○ طَقَّمَ ہ: (گھوڑے) کو جوتنا، لگام دینا۔ طَقم جمع طُقُوم و طُقُومَة و أطقُم: بہت سی امدادی اشیاء، سلسلہ، سوٹ، جوڑا (کپڑوں کا) سیٹ (اوزاروں وغیرہ کا) گھوڑے کا ساز و یراق۔ طقم الاسنان: (مصنوعی) دانتوں کا چوکا یا سیٹ۔ طَاقِم بمعنی طَقم نیز (جہاز کا) عملہ۔ طاقم الاسنان: (مصنوعی) دانتوں کا چوکا یا سیٹ (Denture)

طلّ ۱۔ طَلَّ ۔طَلًّا الغَریمَ: قرض خواہ کو ٹالنا۔ ہُ حقَّہ: کو اس کا حق بہت کم دینا یا حق مار لینا۔ وطُلَّ طَلًّا الدم: خون رائیگاں جانا، خون کا انتقام نہ لیا جانا۔ صفت طلیل و مَطلُول۔ أطَلَّ علی حقی: میرے حق پر غالب آنا۔ الدمَ: خون بغیر قصاص کے چھوڑ دینا، کہا جاتا ہے۔ أطَلَّ علی فلان بالاذی: کو مسلسل ایذا دینا۔ أُطِلَّ الدمُ: خون بغیر قصاص کے چھوڑا جانا صفت مُطَلّ الطِلاء: بے بدلہ خون۔

۲۔ طَلَّ ۔طَلًّا تِ السماءُ الارضَ: آسمان کا شبنم برسانا۔ الطَلّ (مص) جمع طِلال و طِلل: تھوڑی سی بارش، شبنم، نمی۔ الطَلَّة: اسم مرہ، شبنم کا تر کیا ہوا باغ۔ المَطلُول (مفع) من الاماکن: شبنم پڑنے والی جگہ۔ المُطِلّ: کہر۔

۳۔ طَلَّ ۔طَلًّا ہُ بالدھن: کو تیل کی مالش کرنا، پر تیل لگانا۔ طَلَلُ السفینة: کشتی کا پردہ۔

۴۔ طَلَّ ۔طَلًّا الابلَ: اونٹوں کو تیز ہانکنا۔

۵۔ طَلَّ ۔طَلالَةً الشیءُ فلانًا: کو حیران کرنا، کو پسند آنا۔ الطَلّ: خوبصورت، قابل ستائش۔ الطَلَّة: الطَلّ بمعنی خوبصورت قابل ستائش کا مونث، دل پسند خوشبو، لذیذ شراب، بیوی، خوراک اور لباس میں کثرت۔ الطَلالَة (مص): اچھی حالت، خوبصورتی، شادمانی۔

۶۔ أطَلَّ الزمانُ: زمانہ کا قرب ہونا۔ ـــ علیہ: کو اوپر سے جھانکنا۔ تَطَالَّ: دور کی چیز دیکھنے کے لئے گردن اونچی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ تطاللتُ لہ: میں نے دور سے اسے دیکھنے کے لئے اپنی گردن اونچی کی۔ استَطَلَّ علیہ: کو اوپر سے دیکھنا۔ الفرسُ ذَنَبَہ و بذَنَبہ: گھوڑے کا اپنی دم کھڑی کرنا۔ الطُلَّة جمع طُلَل: گردن۔ الطَلَل جمع أطلال و طُلُول: اونچی جگہ، کھنڈرات، ہر چیز کا جسم، کہا جاتا ہے۔ اعجبنی طَلَلُہُ راقنی ھیکلُہُ: مجھے اس کا جسم اچھا لگا۔ من الدار: گھر کا چبوترہ۔ طَلَلُ الماء: پانی کی سطح، کہا جاتا ہے۔ مشی علی طللِ الماء: وہ پانی کی سطح پر چلا۔ الطَلالَة: ہر چیز کا جسم، کھنڈرات۔ المُطَلّ: بلند جگہ جہاں سے نیچے دیکھا جائے۔

۷۔ الطِلّ: بڑی عمروالا سرد (ح) سانپ۔ ـــ والطُلّ: دودھ، خون، اونٹنی کے دودھ کی قلت۔ الطِلّ (ح): سانپ۔ الطُلَّة جمع طُلَل: ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار۔ الطَلِیل جمع طِلَّة و أطِلَّة و طُلُل: پرانی چٹائی۔

۸۔ طَلطَلَ ہُ: کو ہلانا۔ الطُلطِل و الطُلطِلة: مصیبت۔ الطُلاطِل: موت، سخت بیماری۔ الطُلاطِلة: مصیبت، موت، حلق کا کوا، عام لوگ اس کو طَنطَلَة کہتے ہیں۔

○ طَلَّ ۔طَلًّا ہ: (زمین پر) خصوصاً آسمان کا، چھڑکاؤ کرنا، پر (آسمان سے) پھوہار پڑنا، ترشح ہونا (آسمان کا) کو شبنم سے تر کرنا، (آسمان سے زمین) پر اوس پڑنا۔ طَلَّ ۔ُ: ظاہر ہونا، اٹھنا، دھندلا سا اور بڑا دکھائی دینا، نظر آنا، ظاہر ہونا، معلوم ہونا، لگنا۔ أطَلَّ علی: کو اوپر سے دیکھنا، سے کہیں بلند ہونا، کسی اونچی جگہ سے کسی جگہ کا نظر آنا (کمرے کھڑکی وغیرہ کا) پر یا کی طرف کھلنا۔ اطَلَّ من: سے آہستہ آہستہ، ذرا سا نکلنا، سے باہر دیکھنا، ظاہر ہونا، نظر آنا۔ طَلَل جمع اطلال: کھنڈرات، آثار، باقیات۔ دم مطلول: خون جس کا انتقام نہ لیا گیا ہو۔

طلب: ۱۔ طَلَبَ ۔طَلَبًا الشیءَ: کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا، طلب کرنا۔ الیہ: کی طرف راغب ہونا (مولدین کے نزدیک) طلبہ الی المبارزة: کو مقابلہ میں بلانا۔ بدم فلان فلانًا: کا سے انتقام لینے کا ارادہ کرنا۔ فلانةً: سے منگنی کرنا، عام لوگ کہتے ہیں۔ طلبھا من ابیھا فطَلَّبَہ ایاھا: یعنی اس نے لڑکی کے باپ سے اس کا رشتہ مانگا جو اس نے منظور کر لیا۔ طَلَّبَ الشیءَ: کو مہلت دے کر مانگنا۔ طالَبَ طِلابًا و مُطالَبَةً ہُ: سے اپنا حق طلب کرنا۔ اسم الطَلَب اور الطِلبَة۔ أطلَبَ ہُ: کو مانگنے کے لئے مجبور کرنا (کہا جاتا ہے۔ أطلبہ الفقرُ: یعنی تنگدستی نے اسے مانگنے پر مجبور کر دیا) کو وہ چیز دینا جو اس نے مانگی ہو (ضد)۔ تَطَلَّبَ و اطَّلَبَ الشیءَ: کو بار بار تکلف سے مانگنا۔ الطِلب جمع أطلاب و طِلَبة: مانگی ہوئی چیز، طلب کرنے والا۔ الطِلبَة: مطالبہ کا اسم، مانگنے کی نوعیت۔ و الطَلِبَة: مانگی ہوئی چیز۔ الطَلبَة: اسم مرۃ، ایک دفعہ کا مانگنا، مخصوص دعا جیسے طلبة العذراء: حضرت مریم کی دعاء۔ الطالب (فا) جمع طَلَبَةٌ و طُلّاب و طَلَب و طُلَّب: طالب علم، شاگرد۔ الطَلُوب جمع طُلُب و الطَلِیب جمع طُلَباء و الطَلّاب: بہت طلب کرنے والا، بہت تلاش کرنے والا۔ الطَلِیبَة جمع طَلائِب: الطلیب کا مونث۔ المَطلَب جمع مَطالِب: مطلب، مقصد، مسئلہ، فنکار کا موضوع۔ المَطلُوب (مفع) جمع مَطالِیب: حق وغیرہ، جو طلب کیا جائے (ع ح) دیکھئے القرض۔

۲۔ طَلِبَ ۔طَلَبًا: دور ہونا۔ أطلَبَ الماءُ: پانی کا دور ہونا اور بغیر مانگے حاصل نہ ہونا۔ الطُلبَة: دور کا سفر۔ بئر طُلُوب: گہرا کنواں۔ ماءٌ مُطلِبٌ: دور کا پانی۔

○ طَلَبَ ۔طَلَبًا و مَطلَبًا ہ / ہ: کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا۔ ـــ ہ: کے لئے روانہ ہونا، کی راہ لینا۔ ـــ ہ / ہ: کو ملنے یا دیکھنے جانا۔ ـــ ہ: کی استدعا کرنا، کی درخواست دینا۔ ـــ ہ من: کو سے لینے کی کوشش کرنا، سے کا مطالبہ کرنا۔ ـــ من ہ: سے کوئی چیز مانگنا، سے کسی چیز کا سوال کرنا۔ ـــ الی ہ: سے کا مطالبہ کرنا۔ ـــ ہ من: سے کچھ چاہنا۔ الی أن: سے چاہنا کہ وہ کچھ کرے۔ الی: سے تقاضا کرنا، اپیل کرنا، کو مدعو کرنا، سے درخواست کرنا، التماس کرنا، التجا کرنا، کی منت سماجت کرنا۔ ـــ ہ من: سے کچھ طلب کرنا، مانگنا۔ ـــ ہ: کی تلاش میں ہونا، کی جستجو کرنا۔ طالَبَ ہ / ب: سے کچھ واپس طلب کرنا، سے کی واپسی کی درخواست کرنا۔ ـــ ہ / ب: سے کا مطالبہ کرنا۔ ب: کا مطالبہ کرنا۔ تَطَلَّبَ ہ: کا مطالبہ کرنا، کو ضروری اور مطلوب بنانا۔ طَلَب: تلاش، جستجو، تعاقب، جمع طَلَبات: مطالبہ، دعوی، دعوت، درخواست، خواہش، تمنا، آرزو، التماس، التجا، حکم، آرڈر، کمشن، طلب، (تجارت میں)۔ تحت طلبہ: کے ہاتھ میں، کے سپرد، کی تحویل میں۔ عند

الطلب اور لدی الطلب: مطالبہ پر، بذریعہ درخواست، اگر خواہش ہو، استدعا پر، درخواست پر۔ العرض و الطلب: رسد و طلب Supply and demand طلب العلم: جستجوئے علم و معرفت، شوق مطالعہ۔ طلب عدم الثقة: عدم اعتماد کی قرارداد یا تحریک طَلَبَہ نماز، عیسائیوں کی سنگت والی دعا۔ طَلَبِیَة جمع طلبات: آرڈر Order، کمشن (Commision) (تجارت) مَطْلَب: تلاش، جستجو، تعاقب جمع مَطَالِب: مطالبہ، درخواست، خواہش، دعویٰ، مشکل، مسئلہ جمع مَطَالِب: (حکومت کے مطالبات، ٹیکس taxes) طَالِب جمع طُلَّاب و طَلَبَة: متلاشی، تعاقب کرنے والا، دعویدار، مدعی، درخواست دہندہ، عرضی دعویٰ پیش کنندہ، امیدوار، طالب علم، طالب العلم، شاگرد، بحری فوج کا ایک منصب جہاز کا نوجوان، زیر تربیت افسر Midshipman طُلَّابُ الحاجات: درخواست گزار لوگ۔ طَالِبُ الزواج: شادی کی درخواست کرنے والا۔ مطلوب: (اشتہارات میں) ضرورت ہے Wanted، واجب الادا (Due نامعلوم (مقدار) مَطَالِیب: خواہش، آرزو، تمنا۔ مطلوبات: ذمہ داریاں، قرضے۔ مطالیب: دعوے۔ مُتَطَلَّبَات: ضروریات Requirements۔

طلث: طَلَثَ ۔ طُلُوثًا الماءُ: پانی کا بہنا۔ طَلَّثَ علی کذا: سے زیادہ ہونا۔ الطُلْثَة: ضعیف العقل اور ضعیف البدن جاہل۔

طلح: ا۔ طَلَحَ ۔ طَلْحًا و طَلَاحَةً البعیرُ: اونٹ کا تھکا ماندہ ہونا، صفت طَلْح و طِلْح و طَلِیح۔ ـــ البعیرَ: اونٹ کو تھکانا۔ طَلِحَ ۔ طَلَحًا: خالی پیٹ ہونا، صفت طَلِیح و طَلُح و طِلْح۔ ـــ البعیرَ: اونٹ کو تھکانا۔ طَلِحَ: خالی پیٹ ہونا۔ صفت طَلِیحٌ و طَلُحٌ و طِلْحٌ۔ طَلَّحَ البعیرَ: اونٹ کا تھکنا۔ أَطْلَحَ البعیرَ: اونٹ کو تھکانا۔ الطِلْح جمع أَطْلَاح و طِلَاح تھکا ہوا، لاغر کہا جاتا ہے: بعیرٌ طِلْحٌ و ناقةٌ طِلْحٌ: لاغر اونٹ اور لاغر اونٹنی۔ ناقةٌ طَالِحٌ و ابلٌ طُلَّح تھکی ہوئی اونٹنی اور تھکے ہوئے اونٹ۔ ابل طِلَاحٌ سفر سے تھکے ہوئے اونٹ۔ الطَلِیح تھکا ہوا لاغر (کہا جاتا ہے: بعیرٌ طَلِحٌ و ناقةٌ طَلِیح و طلیحة جمع طَلَائِح و طَلْحَی: لاغر اونٹ اور لاغر اونٹنی۔)

۲۔ طَلَحَ ۔ طَلَاحًا: خراب ہونا، فاسد ہونا۔ الطَالِح (فا) جمع طَالِحُون و طُلَّح شریر، فسادی، بدکار۔

۳۔ طَلِحَ ۔ طَلَحَاً ت الابلُ: ببول کھانے سے اونٹوں کے پیٹ خراب ہو جانا۔ الطَلْح (واحد طَلْحَة (ن) ببول کا درخت، کیلا۔ مکانٌ طَلِح م طَلِحَة: وہ جگہ جہاں ببول کے درخت بکثرت ہوں۔ الطِلَاح (ن): کیکر کا درخت۔

۴۔ طَلَّحَ علی فلان: سے اصرار کرنا، پر زور دینا۔

۵۔ الطَلْح: (واحد طَلَّحة) کھجور کا گابھا، شگوفہ۔ الطِلْح (ح): چیچڑی۔ الطَلَح: نعمت، کہا جاتا ہے۔ ھو فی طَلَح: وہ خوشحالی کی زندگی گزار رہا ہے۔ الطَلِیح (ح): چیچڑی، مچھر۔ الطَلْحِیَّة جمع طَلَاحِیّ: کاغذ کا ایک ورق۔ عام لوگ طرحیہ کہتے ہیں (آرامی زبان کا لفظ) المُطَّلِح فی المال: ظالم۔ فی الکلام: بدگو، مفتری۔

○ طَلَحَ ۔ طَلَاحًا: برا ہونا یا ہو جانا، بد ہونا یا ہو جانا، بد اعمال ہونا یا ہو جانا، آوارہ ہونا یا ہو جانا، فاسق، فاجر اور بدکار ہونا یا ہو جانا۔ طَلْح: اسم جنس، واحد طلحة: جمع طُلُوح: ببول، کیکر، کیلے کا درخت، کیلا۔ طَلْحِیَة: جمع طَلَاحِی: کاغذ کا ایک ورق Sheet of paper طَلِیحہ: رم Ream of paper (جو صحیح تو 480 لیکن عموماً 500 کاغذ کے ورقوں پر مشتمل ہوتا ہے)۔ طَالِح: برا، بد، بد اعمال، آوارہ، فاسق، فاجر، بدکار، بہت برا۔

طلخ: ا۔ طَلَخَ ۔ طَلْخًا الشیءَ: کو سیاہ کرنا ـــ الکتابة: تحریر خراب کر دینا ـــ فلانا بالقذر: کو گندا کر دینا، پر دھبا ڈالنا۔ الطَلْخ: گندہ پانی، خراب پانی۔

۲۔ إِطْلَخَّ الدمعُ: آنسو بہنا، بکھرنا۔

۳۔ الطَلْخاء: بیوقوف عورت۔

۴۔ اطْلَخَمَّ الرجُلُ: تکبر کرنا۔ أمورٌ مُطْلَخِمّات: سخت امور۔

طلس: ا۔ طَلَسَ ۔ طَلْسًا البصرُ: بینائی جاتی رہنا۔ الکتابةَ: تحریر مٹانا، عوام کہتے ہیں۔ طلسہ بالدھان ونحوہ: کو پینٹ سے ڈھکنا یا پر وارنش کرنا۔ (سریانی لفظ) أُطْلِسَ بہ فی السجن: جیل میں ڈالا جانا۔ طَلَّسَ الکتابةَ: تحریر مٹانا۔ تَطَلَّسَ الکتابُ: خط کا مٹنا، محو ہونا۔ انْطَلَسَ الامرُ: بات یا معاملہ کا چھپنا۔ اِطْلَنْسَی اطْلِنساءً العَرَقُ: پسینہ کا تمام بدن پر بہنا۔ الطِلْسُ جمع أَطْلَاس: محو شدہ تحریر۔ الطَلَّاسة: تختہ سیاہ پر لکھی ہوئی تحریر مٹانے کا کپڑا۔ الطَلِیس: نابینا، اندھا۔

۲۔ طَلِسَ ۔ طَلَساً و طَلُسَ ۔ طُلْسَةً: خاکستری رنگ کا مائل بسیاہی ہونا، صفت أَطْلَس جمع طُلْس الطَلْس: کالی چادر۔ الطِلْس جمع أَطْلَاس: میلا کپڑا۔ الطُلْسَة (مص) جمع طُلَس: سیاہی مائل خاکستری رنگ، پتلا، بادل، ہلکا بادل۔ الأَطْلَس: بے بال، سیاہی مائل خاکستری رنگ کا بھیڑیا، پرانا کپڑا، میلا، چور۔

۳۔ تَطَلَّسَ و تَطَیْلَسَ الرجلُ: طیلسان پہننا۔ الطَیْلَس جمع طَیَالِس و الطَیْلَسَان و الطَیْلِسان و الطَیْلُسَان جمع طَیَالِس و طَیَالِسَة: سبز چادر جسے علما، مشائخ پہنتے ہیں۔ الأَطْلَس: ریشمی کپڑا۔

۴۔ طَلْسَمَ عن القِتَال: لڑائی سے، پیچھے ہٹنا ـــ الرجُلُ: سر جھکانا، منہ بگاڑنا ـــ الساحرُ: جادوگر کا جادو کی لکیریں کھینچنا، منتر لکھنا۔ الطِلَسْم جمع طَلَاسِم والطِلَّسْم جمع طِلَّسْمات: جادوگر کی لکیریں یا تحریر جس سے وہ موذی اثرات دور کرنے کا دعویٰ کرتا ہے (یونانی لفظ)۔

○ طَلَسَ ۔ طَلْسًا ہ: کو مٹانا، محو کرنا، کا نام و نشان مٹانا (خصوصاً تحریر مٹانا) طِلْس: مٹایا ہوا، محو کیا ہوا، جو پڑھا نہ جا سکے۔ أَطْلَس: ساٹن (Satin) جمع أَطَالِس: اٹلس (Atlas) (جغرافیائی نقشوں کی جلد) طَلْسَانہ: منڈیر Coping طَیْلَسَان جمع طَیَالِسَة: چادر۔

طلع: ا۔ طَلَعَ ۔ طُلُوعًا و مَطْلَعًا و مَطْلِعًا الکوکبُ ونحوہ: ستارہ وغیرہ کا طلوع ہونا۔ و طَلِعَ ۔ طُلُوعًا و طَلَّعَ النخلُ: درخت خرما کا پھوٹنا۔ أَطْلَعَ الکوکبُ: ستارہ کا طلوع ہونا، نمودار ہونا ـــ الفجرَ: فجر کے طلوع کو دیکھنا ـــ النباتُ: نباتات کا اگنا۔ النخلُ: درخت خرما کا شگوفہ نکالنا۔ الشجرُ: درخت کا پتے لانا، درخت کے پتے اگنا ـــ ت النخلةُ: درخت خرما کا دراز ہونا ـــ الرجُلُ: قے کرنا۔ تَطَلَّعَ ہُ: کو دیکھنا۔ اطَّلَعَ الفجرَ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا۔ اسْتَطْلَعَ ہُ: کے ظاہر ہونے کی خواہش کرنا۔ الطَلْعُ مِن النخل (ز): کھجور کا گابھا، خوشہ۔ غبارُ الطَلْع: زرگل (Potten) الطَلْعَة: (اسم مرۃ) دیدار، چہرہ۔ امرأةٌ طُلَعَةٌ: متجسس عورت کہا جاتا ہے۔ نفسٌ طُلَعَةٌ: اپنی محبت کی طرف بہت زیادہ مائل نفس۔ الطُلَعَاء و الطُوَلَع: قے۔ الطَلِیعَة من الجیش جمع طَلَائِع: مقدمۃ الجیش۔ طَالِع (فا): ہلال، پہلی رات کا چاند، صبح کاذب۔ جمع طَوَالِع: زائچہ، جنم پتری۔ الطُلُوع بمعنی طَالِع۔ الطُلُوع جمع طُلُوعات: پھوڑا (عام زبان میں) المَطْلَع (مص) جمع مَطَالِع: ستاروں کے نکلنے کی جگہ، شعر کی ایک قسم

''زجل'' کا ٹکڑا جو مُغنّی کہلاتا ہے۔ موسیقی کا پہلا حصہ۔ مطلعُ القصیدۃ: قصیدہ کا پہلا بیت۔ المَطْلِع (مص) جمع مَطالِع (فلك): ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ۔

۲۔ طَلَعَ ۔ُ و طَلِعَ ۔َ طُلُوعًا الجبلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ طَلَّعَ الکیلَ: پیمانہ کو بھرنا۔ أَطْلَعَ الرامی: تیرانداز کا تیر نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔ علی الشیء: کو جھانکنا۔ تَطَلَّعَ المکیالُ: پیمانہ کا بھرنا۔ ــ الماء من الاناءِ: پانی کا برتن کے کناروں سے چھلکنا۔ ــ الرجُلَ: کو پالینا، اور اس پر غالب آنا۔ الطَّلْع: مقدار، آپ کہتے ہیں۔ الجیش طلعُ الفٍ: لشکر کی مقدار ایک ہزار ہے۔ و الطِّلع: بلند جگہ۔ الطِّلاع من الاناء جمع طُلُع: برتن کی لبالب پڑی۔ طِلاع الشیء: چیز کی مقدار کہا جاتا ہے: هذا طِلاعُ هذا: یہ اسکی مقدار ہے یہ اس جتنی ہے۔ عینٌ طِلاعٌ: آنسوؤں سے بھری آنکھ۔ قدحٌ طِلاع: بھرا ہوا پیالہ۔ الطلّاع: طالع کا اسم مبالغہ کہا جاتا ہے۔ هو طَلّاعُ الثنایا والانْجُدِ: وہ بڑے بڑے امور کا قصد کرنے والا ہے یا وہ کاموں کا تجربہ کار ہے اور ان کو بحسن وخوبی سرانجام دیتا ہے۔ المَطْلَع و المَطْلِع جمع مَطالِع: سیڑھی، دیکھ بھال کرنے کی جگہ۔ المُطَّلِع (فا): قوی غالب آنے والا، بلند مرتبہ۔

۳۔ طَلَعَ ۔ُ و طَلِعَ ۔َ طُلُوعًا علی الامر: امر کو جاننا، سے آگاہ ہونا۔ طَالَعَ مُطَالَعَةً و طلاعًا ہُ: غور وفکر سے پر مطلع ہونا۔ الکتابَ: کتاب پڑھنا۔ ــ ہُ بالامر: کو معاملہ پیش کرنا، کہا جاتا ہے۔ طالِعْنی کلَّ وقت بکُتُبك: ہر وقت اپنی کتابیں مجھے پیش کرتے رہو۔ أَطْلَعَ ہُ طِلْعَ امرہ: کو حقیقت حال سے واقف کرنا۔ ــ ہ علی سِرِّہ: کو اپنے بھید سے واقف کرنا۔ تَطَلَّعَ ہُ: کو جان لینا۔ اِطَّلَعَ الامرَ و علیہ: معاملہ کو جاننا، سے آگاہ ہونا۔ طِلْعَ العدو: دشمن کے پوشیدہ حال سے واقف ہونا۔ اسْتَطْلَعَ ہُ: سے حقیقت امر دریافت کرنا۔ رایَ فلان و استَطْلَعَ ہُ رَأْیَہُ: کی رائے دریافت کرنا۔ الطِّلْع: اِطَّلَعَ کا اسم کہا جاتا ہے۔ اِطَّلِع طِلْعَ العدو: دشمن کی اصل حالت سے واقفیت حاصل کر۔ الطلیعة من الجیش جمع طَلائِع (ا ع): ہراول دستہ جسے لشکر سے آگے دشمن کے حالات معلوم کرنے کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ (واحد جمع دونوں کے لئے) مَطْلَعُ الامر: کسی کام کے حصول کا ذریعہ اور طریقہ۔

۴۔ طَلَعَ ۔ُ طُلُوعًا و مَطْلَعًا و مَطْلِعًا علیهم: کی طرف متوجہ ہونا، آنا۔ عنهم: سے دور ہونا، اور غائب ہونا۔ ۔ُ و طَلِعَ ۔َ طُلُوعًا البلادَ: کسی ملک کا قصد کرنا۔ المکانَ: کسی جگہ پہنچنا۔ ــ من البلاد: ملک سے نکلنا۔ أَطْلَعَ الیه معروفًا: سے اچھا سلوک کرنا، سے مہربانی کرنا، پر نوازش کرنا۔ علی فلان: کے پاس اچانک آنا۔ اِطَّلَعَ علینا: وہ ہمارے پاس اچانک آیا۔ الطَّلْع و الطِّلْع: گوشہ، کنارہ المُطَّلَع (مفع): آنے کی جگہ، جانے کی جگہ، اونچی جگہ۔

۵۔ الطِّلع (ح): سانپ۔

○ طَلَعَ ۔ُ طُلُوعًا و مَطْلَعًا: (خصوصا اجرام سماویہ کا) طلوع ہونا، چڑھنا، نکلنا، نظر آنا، ظاہر ہونا، نمودار ہونا، دکھائی دینا (دانت کا) نکلنا (پودے کا) اگنا، کی کونپل پھوٹنا۔ من: سے باہر جانا، سے نکلنا، سے باہر آنا، سے نمودار ہونا۔ علی: پر اچانک آجانا، کو جالینا۔ علیہ ب: کے پاس کچھ لے جانا یا لانا۔ طَلَعَ ۔ُ طُلُوعًا و طَلِعَ ۔َ ہ: پر چڑھنا، کے اوپر جانا، کی چوٹی پر جانا (موٹر، ٹرین وغیرہ) میں سوار ہونا، میں سفر کرنا۔ طَالَعَ ہ: کا مطالعہ کرنا، کو پڑھنا، کو بغور پڑھنا، کی طرف نظر کرنا، دیکھنا، کا معائنہ کرنا، پر نظر ڈالنا، پر غور کرنا۔ ــ ہ ب: کو سے آگاہ کرنا، مطلع کرنا، کو کی اطلاع دینا، پر کچھ واضح کرنا، سے کی وضاحت کرنا، سے کی توضیح کرنا، کی تشریح کرنا، توجیہ کرنا، کو کچھ تفصیل سے سمجھانا، یا کے سامنے نیا نظریہ پیش کرنا، پر کچھ افشا کرنا، ظاہر کرنا، کو کئی بصیرت دینا۔ ــــ ہ: پر سورج کا چمکنا۔ أَطْلَعَ: (دانت) نکلنا، (پودا کا) نکلنا، (پودے کی) کونپل پھوٹنا۔ ــ ہ علی: کو سے آگاہ کرنا۔ ــ ہ علی / من: کو کی یا کے بارے میں اطلاع دینا۔ ہ علی / من: کو سے متنبہ کرنا، آگاہ کرنا، کو کی اطلاع دینا۔ ہ علی: کو کے متعلق بتانا۔ ہ علی: سے کی توضیح کرنا، پر کچھ واضح کرنا، کو کی طرف توجہ دلانا، پر کچھ افشا کرنا، پر کا انکشاف کرنا، کو کچھ دکھانا، پر کچھ ظاہر کرنا، کو کی بصیرت دینا۔ تَطَلَّعَ اِلی: پر نگاہ رکھنا، کا انتظار کرنا، کا منتظر ہونا، پر تلا ہونا، کی طرف دیکھنا، بغور دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ ــ فی / ب: کو توجہ سے دیکھنا، کو گھورنا۔ اطَّلَعَ: دیکھنا۔ علی: کو دیکھنا، کا مطالعہ کرنا، کو پڑھنا، بغور پڑھنا، سے آگاہ ہونا، مطلع ہونا، کے بارے میں معلومات حاصل کرنا، کا معائنہ کرنا، جائزہ لینا، کی تحقیقات کرنا، کے بارے میں اچھی طرح واقف ہونا، کے متعلق خاص الخاص اطلاعات رکھنا، سے خفیہ طور پر آگاہ ہونا، کو معلوم کرنا، دریافت کرنا، کا پتہ لگانا۔ اِسْتَطْلَعَ ہ: کو دریافت کرنے، کا گہرا مطالعہ کرنے یا کی دیکھ بھال کرنے کی کوشش کرنا، کے متعلق پوچھنا، دریافت کرنا۔ ہ: میں اشتیاق یا تجسس ابھارنا۔ استطلع رأیَہٗ: سے مشورہ کرنا، کی رائے یا مشورہ دریافت کرنا۔ استطلع خبَرہ: کے بارے میں معلومات تلاش کرنا۔ طَلْعَة: شکل، صورت، ظاہری شکل، وضع وقطع، خارجی مظہر، چہرہ، بشرہ، لباس، وضع طرز لباس۔ طُلُعَة: متجسس، مشتاق، جاننے کا شائق۔ طَلّاع: سخت کوشش کرنے والا، آرزومند، متمنی۔ طلّاعُ الثنایا و الانجد: قابل، لائق، کارگزار، توانا، طاقت ور، باہمت، مستعد، سرگرم، چاق چوبند، جاندار۔ طلّاعٌ الی التعرف: جاننے کا شائق، خبروں کا شوقین۔ طَلِیعَة: اگلی صف، اولین صف، محافظ دستہ، جمع طَلائِع: نقیب، پیش رو، عجیب واقعہ، پہلی علامت، نشانی، دلیل، علامت، شروعات۔ فی الطلیعه: سامنے، سرفہرست۔ مَطْلَع جمع مَطَالِع: طلوع، اجرام سماویہ کے طلوع کا وقت، چڑھنے کی جگہ، نقطہ آغاز، روانگی کا وقت، فجر، اچانک آغاز، شروع، آغاز، ابتداء، پیش لفظ، تمہید، دیباچہ، مقدمہ، کسی نظم کی ابتدائی ابیات، اپنا نقطہ نگاہ، سیڑھی۔ قاعة المطالعة: مطالعہ کا کمرہ۔ حُبُّ الاستطلاع: تجسس۔ حُبًّا فی الاستطلاع: تجسس کی خاطر۔ طائرة الاستطلاع: دیکھ بھال کا طیارہ۔ حسنُ الطَّالِع: خوش نصیبی، مبارک ستارہ، خوش بختی۔ لحسنِ طالعی: میری خوش قسمتی سے، خوش نصیبی سے۔ سَیِّئُ الطالع: بدنصیب، بدبخت، بدقسمت۔ سَاءَ طالعه: اس کے برے دن آگئے۔

طلف: ا۔ طَلَّفَ علیه: پر زیادہ کرنا، میں اضافہ کرنا۔ الطَّلَف: زائد چیز۔

۲۔ أَطْلَفَ ہُ کذا: کو کوئی چیز بخشنا، دینا۔ الطَّلَف: بخشش، آسان چیز۔ الطَّلِیف: لی ہوئی، گرفت شدہ، اقتباس شدہ، کھینچا ہوا۔

۳۔ أَطْلَفَ الدمَ: خون کو رائیگاں کرنا۔ الطَّلْف و الطَّلَف: رائیگاں کہا جاتا ہے۔ ذهب دمه طَلَفًا: اس کا خون رائیگاں گیا۔ الطلیف: رائیگاں، باطل۔

طلق: ا۔ طَلَقَ ۔ِ طَلْقًا الشیءَ فلانًا: کو کوئی چیز دینا۔ و أَطْلَقَ یدَہ بخیر: بھلائی کا ہاتھ کھولنا۔ رجلٌ طَلْقُ الیدین: سخی آدمی۔

۲۔ طَلَقَ ۔ُ طَلاقًا ت المرأةُ من زوجها: عورت کا اپنے شوہر سے جدا ہونا اور اس کو چھوڑ دینا۔ صفت طَالِق جمع طُلَّق و طالِقة جمع طَوالِق۔ ــ ت الناقةُ: اونٹنی کا پائے بند سے کھلنا۔ طَلِقَ ۔ طَلَقًا: دور ہونا۔

طَلَّقَ قومَہُ: قوم کو چھوڑ دینا اور جدا ہونا۔ المرأۃَ زوجُہا: خاوند کا اپنی عورت کو طلاق دینا، قیدِ نکاح سے آزاد کرنا۔ أطلَقَ المرأۃَ عورت کو طلاق دینا۔ المواشی: مویشی کو کھلا چھوڑنا۔ الاسیر قیدی کو رہا کرنا۔ فی کلامِہ: کلام کو تمام لانا مقید نہ کرنا، کہا جاتا ہے۔ أطلق خُلَہ جلدی کرنا۔ اطلق الدواء بطنَہُ: دوا دست لائی۔ أطلَقَ خیلہ فی الحلبۃ اس نے دوڑنے کے راستہ میں اپنے گھوڑوں کو دوڑایا۔ تَطَلَّقَت الخیلُ: گھوڑوں کا آزادی سے منزل مقصود کی طرف جانا۔ انطَلَقَ: جانا۔ انُطلِقَ بہ: کو لے جایا جانا۔ استَطلَقَ البطنُ (طب) دستوں کا آنا۔ الظبیُ: ہرن کا تیزی سے دوڑنا۔ الامرَ: کی جلدی کرنا۔ الطَلَق ج أطلاق آنتیں۔ أمعاء (ج) ہرن۔ والطُلُق و الطُلُق و الطَلِق و الطلیق آزاد، غیر مقید کہا جاتا ہے: حُبس طُلُقاً و طُلُقاً: وہ بغیر ہتھکڑی کے قید کیا گیا۔ فرسٌ طلقُ الید گھوڑا جس کے پاؤں پر سفیدی نہ ہو۔ الطِلْقَ: غیر مقید، آزاد، حلال۔ الطَلَق (مص) جمع أطلاق: گھوڑے کی ایک دوڑ۔ الاطلاق (مص): کہا جاتا ہے: علی الاطلاق یعنی عام طریقہ پر بلا استثناء الطَلاّق و المِطلاق و المِطلیق: بہت طلاقیں دینے والا۔ المُطلَق: آزاد، غیر مقید۔ من الخیل: وہ گھوڑا جس کے ایک پاؤں میں سفیدی نہ ہو، کہا جاتا ہے: مُطلَقاً: یعنی عام طریقہ پر بلا استثناء۔

۳۔ طَلَقَ۔ طُلُوقاً و طُلُوقۃً اللسانُ: زبان کا فصیح ہونا، خوش بیان ہونا۔ انطَلَقَ لسانُہٗ: زبان کا رواں ہونا۔ طَلُقٌ و طِلِقٌ اللسان فصیح، زبان کی روانی والا، کہا جاتا ہے: لسانُہٗ طُلُق و طَلِقٌ و طَلیق: اسکی زبان فصیح اور روانی والی ہے۔

۴۔ طَلُقَ۔ طُلُوقۃً و طَلاقَۃً الرجُلُ ہنس مکھ ہونا، خندہ پیشانی والا ہونا۔ تَطَلَّقَ وجہُہٗ: خندہ پیشانی والا ہونا۔ انطلق وجہُہُ: کشادہ رو ہونا۔ ـــ ت نفسُہٗ للامرِ کا کیلئے شرح صدر ہونا۔ اِطَّلَقَ: خندرو ہونا، ہشاش بشاش ہونا۔ رجُلٌ طلقُ الوجہِ: ہنس مکھ آدمی۔ یوم طَلْقٌ: وہ دن جس میں نہ گرمی ہو نہ سردی۔ رجُلٌ طِلقٌ و طُلُقٌ و طَلِقٌ و طلیقُ الوجہ: کشادہ رو آدمی، ہنس مکھ آدمی۔

۵۔ طُلِقَ طَلْقاً ت المرأۃ: عورت کو دردِ زہ ہونا۔ صفت مُطلُوقۃ۔ الطَلْق (مص) جمع أطلاق: دردِ زہ۔

۶۔ طَلَّقَ و أطلَقَ النخلۃَ درخت خرما میں گابھا دینا، قلم لگانا۔

۷۔ الطِلْقُ: حصہ، کھال کا بنا ہوا بند۔ و الطَلَق: ابرک۔ الطَلَقَ جمع أطلاق: مضبوطی سے بنی ہوئی رسی، کھال کا بنایا ہوا بند، کہا جاتا ہے: اصبت من مالہ طَلَقاً: مجھے اس کے مال سے ایک حصہ ملا۔ الطُلَقاء: وہ لوگ جو اسلام میں مجبوراً داخل ہوئے۔ یا وہ لوگ جن کو فتح مکہ کے دن اسلام قبول کئے بغیر کوئی چارہ کار نہ تھا۔ لفظی معنی صرف وہ لوگ جن کو آزاد کیا گیا ہو۔ المُطلَق (مو): انگلی جمائے بغیر تار پر ضرب لگانا (موسیقی)۔

○ طَلَّقَ علی: (قاضی کا) عورت کے خلاف طلاق کا فیصلہ دینا۔ طلَّقت نفسَہا: عورت کا طلاق لینا۔ طُلِّقَتَ علیہ: (عدالتی فیصلہ کے ذریعہ) عورت کو اپنے خاوند سے طلاق ملنا۔ أطلَقَ ہ علی: (آتشیں اسلحہ) پر پھینکنا، چھوڑنا، داغنا۔ ــ ہ علی: پر کا فائر کرنا۔ أطلق ہ ہ: کو بھیجنا۔ ــ ہ: (آواز) نکالنا۔ اطلق زوجتہ: اپنی بیوی کو طلاق دینا۔ ــ ہ: کو رائج کرنا، ترویج دینا، عمومی رواج دینا، عام کرنا۔ ہ علی: کو پر لاگو کرنا، منطبق کرنا، چسپاں کرنا۔ اطلق علیہ اسم: کا ...... نام رکھنا، کو کے نام سے پکارنا۔ یُطلَق علی: یہ کے لئے مطلق قانونی طور پر جائز ہے یا معقول ہے، یہ پر منطبق ہوتا ہے۔ أطلَقَ الحبل علی الغارب: کو کھلی چھٹی دینا، پر کوئی قیود عائد نہ کرنا۔ اطلق حرباً من عقالہا جنگ شروع کرنا۔ أطلَقَ الدَوَاءُ بطنَہ: دواء نے اسکی قبض کھول دی۔ اطلق الرصاص علی: پر گولی چلانا، پر فائر کرنا۔ اطلق رجلیہ إلی الریح: سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جانا۔ اطلق ساقیہ للریح: سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جانا۔ اطلق الارادۃ ل فی: کو کسی معاملہ میں کھلی چھٹی دینا۔ أطلق سبیلہ: کو رہا کر دینا، آزاد کر دینا، کو جانے دینا۔ اطلق السبیل لِعَبَرَتِہ: کھل کر آنسو بہانا۔ اطلق سَرَاحَہُ: کو آزاد کرنا، چھوڑ دینا، رہا کرنا۔ اطلق العنان لہ: کو کھلی چھٹی دینا، کا اظہار کرنا۔ أطلَقَ لِحیَتَہُ: داڑھی بڑھانا، رکھنا۔ اطلق لسانہ فیہ اطلاقا شنیعا: کی چغلی کھانا، کے بارے میں ہتک آمیز باتیں کرنا۔ اطلق ألسِنَتَہُم ب: کو پر برانگیختہ کرنا۔ اَطلق النفسَ علی سَجِیَّتِہا اپنے وجدان کو کھلی چھٹی دینا۔ اطلق النارَ علی: پر فائر (تُفنگ) کرنا۔ اطلق النارَ فی: کو آگ لگانا۔ أطلق یدہ ب: کے ساتھ فراخدل ہونا۔ اطلق یدہ فی (ل): کو میں یا کرنے کے لئے کھلی چھٹی دینا، کو کے لئے غیر محدود اختیار دینا۔ اطلقوا ایدیہم فی البلاد انہوں نے ملک سے جابرانہ سلوک کیا ملک کے ساتھ [illegible]

یجری: وہ جلدی میں روانہ ہوا۔ انطَلَق مُسرِعاً: وہ جلدی سے چلا گیا تیزی سے گیا۔ انطلق لسانُہ علی: کے خلاف باتیں کرنا۔ انطق وجہُہُ: اس کا چہرہ روشن ہو گیا، وہ خوش باش ہو گیا۔ استطلق بطنُہ: اس کی قبض کھل گئی۔ سریع الطَلَق: تیز فائر کرنے والی بندوق، توپ وغیرہ۔ طَلْقَۃ جمع طَلَقات: طلاق۔ طلقۃ بالثلاثۃ: طلاق بائن۔ طَلقَۃ جمع طَلَقات: چھرّہ، فائر۔ طلقۃ ناریۃ: فائر، طلاق: طلاق۔ طلاق بالثلاثۃ اطلاق بائن طلاق رجعی: قابل تنسیخ طلاق، کتاب الطلاق، طلاق نامہ۔ حَلَفَ با الطلاق: ہر مقدس چیز کی قسم کھانا۔ طَلُوقۃ جمع طَلائِق: اسپ نر، نسل کشی والا گھوڑا، بیج کا گھوڑا۔ نقطۃ الانطلاق: روانگی کی جگہ، نقطۂ آغاز۔ طالِق: مطلقہ (عورت) ہی طالِقٌ ثلاثاً: وہ تین طلاقی ہے، اسکو بائن طلاق ہو چکی ہے۔ الدول ذات الحکم المطلق: آمریت پسند ممالک۔ مُطلَق اسراح: آزاد، رہا شدہ۔

طلم: ا۔ طَلَمَ۔ طَلْماً و طَلَّمَ الخبزۃَ: روٹی کو ہاتھ سے برابر کرنا۔ طَلَّمَ الخبزۃَ: روٹی کو ہاتھ سے برابر کرنا۔ العَرَق عن جبینہ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔ الطُلُم: روٹی چوڑی کرنے کا تختہ، چکوٹی۔ الطُلْمۃ جمع طُلَم: روٹی جسے عام لوگ طلمیہ اور طلموسہ کہتے ہیں (سریانی لفظ) المِطلَمَۃ: بیلن عوام اسے شوبک کہتے ہیں۔

۲۔ الطَلَم: دانتوں کا میل۔

۳۔ طَلْمَسَ: تیوری چڑھانا، ترش روئی کرنا۔ ـ الکتابَ: تحریر مٹانا۔ اِطلَمَّسَ اللیلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔ الطِلِمساء: تاریکی، وہ زمین جس میں کوئی نشان وغیرہ نہ ہو، پتلا بادل۔

○ طُلُمبَۃ جمع طلمبات: پمپ (pump)

طَلْمَسَ: تیوری چڑھانا، کڑے تیوروں سے دیکھنا، قہر آلود نگاہیں ڈالنا، تیز تیز نظروں سے دیکھنا۔

طلہ: طَلَہَ۔ طَلْہاً الرجُلُ فی البلاد: ملک میں جانا۔ اطَّلَہَ اِطِّلاہاً: اطلاع پانا۔ الطُلَہ: پتلا بادل۔ الطُلْہَۃ: بقیہ مال۔

طلا: ا۔ طلا۔ طَلْواً ہُ: کو تانگ باندھ کر روکنا۔ طَلَی ہ طَلْیاً ہُ: کو تانگ باندھ کر روکنا۔ أطلَتِ الوَحشِیَّۃُ: جنگلی جانور کا (مادہ)، بچہ والی ہونا۔ الطَلاَ و الطلو جمع أطلاءَ و طِلاء و طُلِیّ و طِلیان و طُلیان: ہرنی کا وہ بچہ جو ابھی پیدا ہوا ہو، ہر چھوٹی چیز۔ [illegible] الطِلوَۃ: جنگلی جانوروں کا بچہ۔

۲۔ طَلاَ ۔ طَلاوَۃً الرجُلُ: دیر کرنا۔

۳۔ اِطْلَوْلَی اِطْلِیْلاَءً: خوش کلام ہونا۔ الطُلُوَۃ: صبح کی سفیدی۔ الطُلاوۃ والطَلاوَۃ والطِلاوَۃ: خوبصورتی، رونق (کہاجاتا ہے: ھذا کلام ما علیہ طلاوۃ: یہ غیر شستہ کلام ہے۔ (یعنی ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں) جادو، سحر۔

۴۔ الطِلْو (ح): بھیڑیا۔ الطُلاوَۃ: پینٹ۔ والطَلاوَۃ والطِلاوۃ: منہ میں کھانے کا بقیہ، خون یا دودھ کے اوپر کی جھلی۔

○ طَلَی ۔ طَلْیاً و طَلْوًا ہ ب: کو سے پینٹ کرنا، کو کا روغن کرنا، کو سے لیپنا، پوتنا، کی استر کاری کرنا، کو کا کوٹ کرنا، پلستر کرنا، پر کچھ چڑھانا، کا ملمع کرنا، پر کا پتر چڑھانا۔ طَلَی ہ بالذھب: پر سونے کا پتر چڑھانا، پر سونے کا ملمع کرنا۔ طلی ہ بالکھرباء: کو طرح دینا، پر نکل کرنا، چاندی کا پانی چڑھانا، ملمع کرنا، صیقل کرنا۔ طلی ہ بالمِیناء: پر میناکاری کرنا۔ لم تَنْطَلِ علیہ ھذہ الحیلۃ: یہ چال اس پر نہ چلی، یہ چال اسے بیوقوف نہ بنا سکی۔ طِلاء: پینٹ، پینٹ کرنا، روغن، روغن کرنا، استرکاری، کوٹنگ، مُلَمَّع کرنا، پر (مٹھائی) چڑھانا، میک اپ، چہرے کا پینٹ۔ الطلاء بالکھرباء: نکل کرنا، ملمع کرنا، طرح دینا، چاندی کا پانی چڑھانا، صیقل کرنا۔ طَلِی: دل خوش کن، پسندیدہ، عمدہ، خوبصورت۔ طَلاوَۃ: حسن، جمال، آن، شان، خوش پوشی، شستگی، پاکیزگی۔ الطُلْیان: اٹلی والے (The Italians) طُلَیْطِلَۃ: طلیطلہ Toledo (سپین کا ایک شہر)

طلی: ا۔ طَلَی ۔ طَلْیًا البعیرَ القُطْرانَ او بالقطران: اونٹ پر قطران ملنا، (قطران: ایک روغنی سیال مادہ جو صنوبر جیسے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے، تیز تار کول)۔

طَلِیَ ۔ طَلًی فوہُ: کے دانتوں کا زرد ہونا۔ طَلّی تَطْلِیَۃً البعیرَ القطرانَ: اونٹ پر قطران ملنا۔ اللیلُ الافاقَ: رات کا عالم کو ڈھانپنا۔ تَطَلّی و اِطَّلی بالقطران: قطران سے مالش کیا جانا۔ الطَلَی جمع اَطْلاء: قطران ملا ہوا۔ الطُلاء: جمے ہوئے خون پر کی جھلی۔ الطِلاء: قطران، انگور کا گاڑھا رس۔ ـــ والطَلایَۃ: ہر مالش کی چیز۔ الطَلِیّ والطِلْیان: دانتوں کی زردی۔

۲۔ طَلَی ۔ طَلْیًا الشیءَ: کو روکنا۔ طَلّی تَطْلِیَۃً فلانًا: کو قید کرنا۔ الطِلاء: ہرن کے بچے کی ٹانگ باندھنے کی رسی۔ الطَلی جمع اَطْلاء: ہرن کا بچہ۔ الطَلِی جمع طُلْیان: ہرن کا چھوٹا بچہ۔ المُطلّی: عمر قیدی۔

۳۔ طَلِیَ ۔ طَلًی لسانُہٗ: زبان کا ثقیل ہونا، بھاری ہونا۔ اُطْلَی: کمزوری وغیرہ کی وجہ سے گردن کا جھکی ہوئی ہونا یا جھکنا۔ الطَلَی جمع اَطْلاء: سخت بیمار۔ الطُلْیَۃ والطُلاۃ جمع طُلًی: گردن۔ المُطَلّی: خطرناک طور پر بیمار۔

۴۔ طَلَّ تَطْلِیَۃً: گانا۔ تَطَلّی: لہو و لعب میں مشغول ہونا۔ الطَلَی: خواہش کہا جاتا ہے: قضی طَلاہ: اس نے اپنی خواہش پوری کرلی۔ الطِلَی: لذت۔

۵۔ طَلّی تَطْلِیَۃً فلانًا: کو گالی دینا۔

۶۔ الطَلَی جمع اَطْلاء: شخص، وجود۔ الطُلّی: دودھ کا گھونٹ۔ المِطْلَی والمِطْلاء جمع مَطالٍ: تنگ ندی۔

○ طَلَی: اس لفظ کے جدید معنی اور اس کے قدیم معنی سے پہلے درج کئے جاچکے ہیں۔

طم: ا۔ طَمَّ ۔ طَمًّا و طُمُومًا الاناءَ: برتن بھرنا۔ ـــ الماءُ: پانی کا ڈھانپ لینا۔ الشیءُ: بکثرت ہونا۔ الامرُ: معاملہ کا سنگین ہونا۔ ـ طَمًّا البئرَ: کنویں کو پاٹ کر زمین برابر کرنا۔ الطِمُّ: بڑی تعداد (کہا جاتا ہے۔ جاء بالطِمّ والرِمّ: وہ بہت سا مال لیکر آیا) پانی، سمندر۔ الطَمَّۃ: راکھ میں دبا ہوا انگارہ۔ الطُمَّۃ من الناس: لوگوں کا گروہ۔ طُمَّۃُ القوم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ طَمْبُمُ الناس: لوگوں کی کثرت اور مختلف قسم کے لوگ۔ الطَامَّۃ: بڑی مصیبت، قیامت۔

۲۔ طَمَّ ۔ طَمًّا و طُمُومًا الشَعرَ: بال کاٹنا، بالوں کو ملا کر بل دینا۔ اَطَمَّ و اسْتَطَمَّ الشَعرُ: بال کاٹنے کا وقت قریب پہنچنا۔

۳۔ طَمَّ ۔ طَمًّا و طَمِیمًا الفرسُ: گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔ الطِمّ: عمدہ گھوڑا۔ فرسٌ طَمُومٌ: تیز رو گھوڑا۔ الطمیم (مص): نرم اور ہلکی دوڑ، عمدہ گھوڑا۔ الأطَامِیم: ٹانگیں۔

۴۔ طَمَّ ۔ طَمًّا و طُمُومًا و طَمَّمَ و تَطَمَّ الطائرُ: پرندہ کا ٹہنی پر اترنا۔

۵۔ الطِمَّ تعجب، تعجب آنگیز۔

۶۔ طَمْطَمَ: کھلے سمندر میں تیرنا۔ الطَمْطَام: کھلا سمندر، بحر مواج، تلاطم خیز سمندر۔ الطِمْطِم والطِمْطِمِیّ والطُمْطُمَانِی: زبان کی لکنت والا۔ الطَمَاطِم: ٹماٹر، ولائتی بینگن۔

○ طَمَّ ۔ طَمًّا و طُمُومًا ہ: سے چھلکنا، کو غرقاب کرنا، زیر آب کرنا، سیلاب میں مبتلا کرنا، گھیر لینا۔ اِنْطَمَّ: طَمَّ کا قرینہ مجہول۔ طِمّ: بڑی مقدار یا بڑی تعداد، سمندر۔ الطِمّ والرِمّ: بہت بڑی دولت۔ طُماطَۃ وطَماطِم: ٹماٹر۔ طَماطِم: اسم جنس ہے۔ واحد طَماطِمَۃ۔

طما: طَمْأَنَ: دیکھئے طمن۔

طمث: ا۔ طَمَثَ ۔ طَمْثًا الشیءَ: کو چھونا۔

۲۔ طَمَثَ و طَمُثَ ۔ طَمْثًا ت المرأۃُ: عورت کو حیض آنا۔ صفت طامِث بمعنی حائض: حیض والی عورت، وہ عورت جسے حیض آیا ہوا ہو)۔ الطَمْث (مص): میل کچیل، فساد، خون، شک کہا جاتا ہے۔ مابفلانٍ طَمْثُ رِیْبَۃٍ: فلاں میں شک کا میل نہیں ہے۔

○ طَمَثَ ۔ طَمِثَ ۔ طَمْثًا: عورت کو ماہواری ہونا، حیض آنا۔ طَمَثَ ۔ طَمْثًا ھا: لڑکی کا پردہ بکارت زائل کرنا (فض بکارتھا) طَمْث: ماہواری حیض۔

طمح: ا۔ طَمَحَ ۔ طَمْحًا و طِماحًا و طُمُوحًا بصرُہٗ الیہ: کی طرف نظر اٹھنا و غور سے دیکھنا۔ کو نظر اٹھا کر دیکھنا۔ ـــ بانفِہ: ناک چڑھانا، مغرور ہونا۔ طَمَّحَ الفرسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اٹھانا ـــ بالشیءِ فی الھواء: کو ہوا میں پھینکنا۔ اَطْمَحَ بَصَرَہٗ الیہ: کی طرف نظر اٹھانا۔ الطِماح (مص): تکبر، فخر۔ الطَمَّاح: بلند نظر، بلند نگاہ، حریص۔ بحرٌ طَمُوحُ الموج: بلند موج سمندر۔

۲۔ طَمَحَ ۔ طَمْحًا و طِمَاحًا و طُمُوحًا بہ: کو لے جانا۔ فی الطلب: تلاش میں بہت کوشش کرنا ـــ طِماحًا و طُمُوحًات الدابَّۃُ: جانور کا سرکش اور منہ زور ہونا۔ ت المراۃُ علی زوجھا: عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت: طَامِح جمع طَوامِح۔ طَمَحاتُ وطَمَحاتُ الدھرِ: مصائب زمانہ۔

○ طَمَحَ ۔ طُمُوحًا الی: (آنکھ، نظروں کا) کی طرف رخ کرنا۔ الی: کی آرزو کرنا، کا متمنی ہونا، پر تل جانا، کے لئے کوشش یا جدوجہد کرنا، کا آرزومند ہونا، کا مشتاق ہونا، کے لئے لالچ، طمع یا حرص و آز سے کام لینا۔ ب: کو لے جانا، کو ہٹا دینا، دور کردینا۔ طُمُوح: جدوجہد، سخت کوشش، آرزو، تمنا، خواہش، لالچ، طمع، عالی حوصلگی، بلند نظری، اولوالعزمی، بلند تمنائیں، مقصد کی بلندی۔ طَمُوح: بلند آرزو اور تمنا کرنے والا، حوصلہ مند اولوالعزم، لالچی، طامع، حریص خواہش مند، مشتاق، دلدادہ، شیفتہ، شائق متمنی، شوقین، سرگرم۔ طَمَّاح بمعنی طَمُوح۔ مَطْمَح جمع مطامح: سخت آرزو یا خواہش کا مقصد، جدوجہد کا مقصد، مقصد، مدعا، عالی حوصلگی، بلند نظری، اولوالعزم، بھڑکتی ہوئی خواہش۔ طَامِح بمعنی طَمُوح۔

طمخ: طَمَخَ - طُمُخًا بِأَنْفِهِ: تکبر کرنا۔

طمر: ا۔ طَمَرَ - طُمُرًا المطمورة: کھائی کو بھرنا ـــ طَمْرًا الشیء: کو دفن کرنا، چھپانا۔ طُمُورًا: جانا۔ طَمرَّ الشیء: کو لپیٹنا، دفن کرنا ـــ البیتَ: گھر کے پردے لٹکانا۔ الطَّامِر (فا): کہا جاتا ہے: ھو طامر بن طَامِر: وہ اور اس کا والد دونوں غیر معروف ہیں۔ الطُّمُرُّ: جہل، نادانی۔ المَطْمُورَة جمع مَطامیر: تہ خانہ جس میں غلہ وغیرہ چھپایا جاتا ہے۔ قید۔

۲۔ طَمَرَ - طَمْرًا و طُمُورًا و طِمَارًا و طَمَرانًا: اوپر یا نیچے کودنا، اچھلنا، کودنا۔ طَمَرَ علی فرسه: گھوڑے پر پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔ الطِّمْر والطِّمِرّ م طِمِرَّة والطِّمِر والطُّمْرُور والطِّمْرِير: لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔

۳۔ طَمَرَ - طُمْرًا و طَمِرَ - طَمَرًا الجرحُ: زخم کا سوجنا۔ ت الیدُ: ہاتھ کا سوجنا، متورم ہونا۔ طَمِرَ فی ضرسه: داڑھ میں سخت درد ہونا۔

۴۔ الطِّمْر جمع أطمار: پرانا بوسیدہ کپڑا، مفلس، نادار کہا جاتا ہے لاحت الشمسُ فی الأطْمار: سورج کا زرد ہو جانا اور اسکی کچھ روشنی کا جاتا رہنا۔ الطَّامِر: جمع طَوَامِر (ح): پسو۔ طُمُرَّةُ الشباب: آغاز جوانی۔ الطَّامُور و الطُّومَار جمع طَوَامیر: کاغذ، صحیفہ کہا جاتا ہے: کتب فی الطومار او الطوامیر: اس نے لپٹے ہوئے کاغذ یا کاغذوں پر لکھا۔ المِطْمَر (ب): معمار کا دھاگا۔ المِطْمَار: معمار کا دھاگا۔ مِطمار: بوسیدہ کپڑے پہننے والا، کہا جاتا ہے ھو علی مطمارِ ابیه: وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے، وہ ساخت اور اخلاق و عادات میں اپنے باپ پر گیا ہے۔

○ طَمَرَ - طَمْرًا ہ: (کو خصوصاً لاش کو) دفن کرنا، مٹی سے ڈھانپنا۔ طَمَّرَ ہ: (کسی چیز کو) چھپانا۔ ہ: (کنویں) کو مٹی سے بند کرنا۔ طِمْر جمع طمار: پورا نا بوسیدہ لباس، چیتھڑے، دھجیاں پھٹے ہوئے ٹکڑے۔ طِمِرّ: یکدم بھڑک اٹھنے والا جنگی گھوڑا، دوڑ کا گھوڑا۔ (Race horse) مِطْمار: شاقول کی ڈوری۔ مَطْمُور: زیر زمین۔ مَطْمُورَة: اناج کے لئے زیر زمین گودام۔ طَمَّرَ ہ: (گھوڑے کے) کھریرا کرنا، کو مالش کرنا۔ طُمَّار: کھریرا۔ طُومَار جمع طَوَامیر: لپٹا ہوا کاغذ کاغذوں کی ریل۔

طمس: ا۔ طَمَسَ - طُمُوسًا: دور ہونا کہا جاتا ہے: لا ادری این طمس: میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں چلا گیا۔ بعینه: دور تک دیکھنا۔

۲۔ طَمَسَ - طَمْسًا و طُمُوسًا: مٹنا ـــ النجمُ اَوالبصرُ: ستارے یا آنکھ کی روشنی جاتی رہنا ـــ طَمْسًا الشیء: کو مٹانا، ہلاک کرنا، ڈھانکنا، کے اثر کو جڑ سے اکھیڑ دینا ـــ الغیمُ النجومَ: بادل کا ستاروں کی روشنی کو زائل کر دینا۔ تَطَمَّسَ و اِنْطَمَسَ: مٹنا، مٹ جانا۔ ربوعٌ طِمَاسٌ: مٹے ہوئے مکانات۔ الطَّمِیس و المَطْمُوس: اندھا۔

۳۔ طَمَسَ - طَمَاسَةً الشیء: کا اندازہ کرنا۔

○ الطِّماس: عسیر الفہم۔ طَامِس: مردہ، ناپید، دھندلا، مبہم، غیر واضح، ناقابل فہم، عسیر الفہم، غامض، مُغلق۔

طمع: طَمِعَ - طَمَعًا و طَمَاعًا و طَمَاعِيَةً فی الشیء وبه: کا لالچ کرنا، کی حرص کرنا۔ صفت طَامِع و طَمِع و طَمُع جمع طَمِعُو۔ طُمَعَاء و أطماع و طَمَاعَی طَمُعَ - طَمَاعَةً: بہت لالچ کرنا، بہت لالچی ہونا۔ طَمَّعَ ہُ: کو حرص دلانا۔ أَطْمَعَ ہُ: کو لالچ میں ڈالنا۔ تَطَمَّعَ: لالچی ہونا، خواہش مند ہونا۔ الطَّمَع (مص) ج أطْمَاع: وہ چیز جس کی خواہش کی جائے، لشکر کی تنخواہ۔ الطَّمَاعة: خواہش مندی۔ الطَّمَّاع و المِطْمَاع: بہت لالچی، بڑا حریص۔ المَطْمَع جمع مَطَامِع: جس کی خواہش کی جائے۔ المَطْمَعة: طمع کو برانگیختہ کرنے والی چیز۔

○ طَمُعَ - طَمَاعَةً: حوصلہ مند ہونا، اولوالعزم ہونا۔ طَمِعَ - طَمَعًا ب / فی: کی حرص کرنا، کا لالچ کرنا، کا آرزو مند یا متمنی ہونا۔ طمع ب من: کسی سے توقع کرنا۔ فی: کی امید ہونا۔ طَمَّعَ ہ فی: کو کا آرزو مند بنانا، کو کا لالچ دینا ـــ ہ: کو للچانا، سبز باغ دکھانا، کو اکسانا، ترغیب دینا، ورغلانا، غلط راہ پر لگانا۔ ہ فی: کو کی امید دلانا، کو کی جرات دلانا، کا میں جی بڑھانا، کی پرہمت بندھانا۔ مَطْمَعَه: پرکشش شئے، کشش، ورغلاہٹ، غلط راہ پر لگانا، لالچ، ترغیب، تحریص۔ مِطماع: لالچ سے بھرا ہوا، بہت اولوالعزم۔

طمغ: طَمِغَ - طَمَغَات عینهُ: کی آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔

طمل: ا۔ طَمَلَ - طَمْلاً الخبّازُ الخبزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑا کرنا۔ الطَّمْل (مص): گوندھا ہوا آٹا۔ خبزٌ طَمِیل: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔ المِطْلَمة: بیلن، عوام اسے شوبک کہتے ہیں۔

۲۔ طَمَلَ - طَمْلاً الثوبَ: کپڑے کو گہرا رنگنا ـــ الدمُ السهمَ وغیرہُ: خون کا تیر وغیرہ کو تھیڑنا۔ طَمِلَ - و طُمِلَ طَمَلاً: خون تیل وغیرہ سے لتھڑنا۔ صفت طَمِیل۔ أَطْمَلَ الکتابَ: تحریر کو مٹانا۔ الطِّمْل جمع طُمول: [illegible] کیا کر رہا ہے اور اسے کیا کہا جا رہا ہے، لالچی، حریص، طامع، سیاہ کمبل، بدحال، بدہیت فقیر، ہار، نیکلس، پرانا لباس ـــ والطَّمُلة و الطُّمْلَة والطَّمَلَة: گدلا پانی، کیچڑ۔ الطَّامِل (فا): بدکار اور بے شرم، جسے اپنے کئے کی کوئی پرواہ نہ ہو۔ الطُّمُول: بمعنی بالا۔ الطُّمُولَة: خباثت، بدکاری۔ الطَّمِیل: گدلا پانی، ہار۔ سهمٌ طَمِیل: خون آلود تیر۔

۳۔ طَمَلَ - طَمْلاً الراعی الابلَ: چرواہے کا اونٹوں کو سختی سے ہانکنا۔

۴۔ انْطَمَلَ الرجُلُ: چوروں کا شریک بننا۔

۵۔ الطَّمْل: ساری مخلوق۔ خلقت۔ الطِّمْل ج طُمُول: بے وقوف۔ الطمیل: گمنام۔ چٹائی، چوڑا اپھل، (ح) بکری کا بچہ۔

طمن: ا۔ طَمْأَنَ طَمْأَنَةً و طَأْمَنَ ظهرَہُ: پیٹھ کو جھکانا، نیچا کرنا۔ تَطَأْمَنَ: پست ہونا۔ اطْمَأَنَّ اطْمِئنانًا و طُمَأْنِينَةً: پست ہونا۔ المُطْمَئن من الارض: پست نشیبی، زمین، ہموار زمین۔۔

۲۔ طَمْأَنَ طَمْأَنَةً طَأْمَنَ الشیء: کو ساکن کرنا، عوام کہتے ہیں۔ طَمَّنَهُ: اس نے اس پر سکون کیا، چپ کرایا۔ اطْمَأَنَّ اطمئنانًا و طُمَأْنِينَةً الیه: سے سکون حاصل کرنا، قرار پکڑنا کہا جاتا ہے۔ اطْمَأَنَّ عما کان یفعله: جو کر رہا تھا اسے چھوڑ دیا۔ الطَّمُن جمع طُمُون والمُطْمَئِن: پرسکون، ساکن، آرام سے لطف اندوز۔

○ طَمَّن ہ / ہ: کو چپ کرانا، کو ساکن یا ساکت کرنا، تسکین دینا، بند کرنا، روکنا، کا جوش فرد کرنا، ٹھنڈا کرنا، دھیما کرنا، آفاقہ دینا، گھٹانا، کم کرنا، کی تخفیف کرنا، کو تسلی دینا، تسکین پہنچانا۔ تطَامَن: نیچا ہونا یا ہو جانا، نشیبی ہونا، بیٹھنا، بیٹھ جانا، عام سطح پر آنا، فرو ہونا، دھنس جانا، پرسکون ہونا، ساکت ہونا، گھٹنا، کم ہونا یا ہو جانا، جھکنا، جھکا ہونا۔ تطمین: تشفی، تسکین، تخفیف، تسلی۔ مُتَطَامِن: نیچا، نشیبی۔

طما: طَمَا - طُمُوًّا الماءُ: پانی کا بلند ہونا اور دریا کو بھر دینا۔ البحرُ: دریا کا چڑھنا یا طغیانی میں آنا، دریا کا بھرا ہوا ہونا۔ النبتُ: پودے کا اونچا ہونا۔ ت همَّته: خیال کا بلند ہونا۔ به الهمُّ او الخوفُ: سے غم یا خوف کا بڑھ جانا۔ طَمِیَ - طَمْیًا الماءُ والبحرُ والنبتُ: پانی، دریا اور پودے کا بلند ہونا، اونچا ہونا، طغیانی میں آنا اور اونچا ہونا۔

○ طَمَا - طُمُوًّا و طَمَی - طَمْیًا: کناروں پر سے بہنا۔ طَمْی: سیلابی کیچڑ، گار، سیلاب کی لائی ہوئی مٹی یا ریت

طن: طَنَّ - طَنًّا و طَنِینًا و طَنَنَ الذبابُ او الناقوسُ

۳۔ استَظَلَّت العيونُ: چشمے کے پانی کا نیچے بیٹھ جانا۔

۴۔ الظِلّ من الثوب: کپڑے کا رواں۔ ظلّ الشباب او الشتاء: جوانی یا جاڑے کا آغاز کہا جاتا ہے: فلانٌ يباري ظِلَّ راسه: فلاں تکبر کرتا ہے۔

○ ظلّ يسكن البيتَ: وہ گھر میں رہتا رہا۔ ظلّ صامتاً: وہ خاموش رہا۔ ظلّ على موقف: وہ ایک موقف (نقطہ نگاہ یا رویہ) پر ڈٹا رہا، جما رہا، قائم رہا۔ في ظِلّ: کی حمایت یا سرپرستی میں، کے زیر اہتمام کے زیر حاکمیت۔ تحت ظلّ: کی حمایت یا سرپرستی میں، کے زیر اہتمام۔ ثقيل الظِلّ: سخت، ناپسندیدہ، بے حد غرور، نا قابل حد تک غرور، نا قابل برداشت، نا گوار۔ خفيفُ الظِلّ: پسندیدہ، نفیس۔ استثقَلَ ظِلّهُ: کو ناپسند کرنا، کو نا قابل برداشت، بے حد مغرور یا مغز چاٹ پانا۔ تقَلَّصَ (یا قلص) ظِلُّهُ: اسکی ساکھ، وقار یا اختیار جاتا رہا۔ ظُلَّة جمع ظُلَل: سائبان، شامیانہ، چتر، پناہ کا جھونپڑا یا خیمہ، پناہ، جھونپڑی، کھوکھا، سٹال، ساحل پر بنی ہوئی کرسی۔ ظليل: سایہ دار، چھاؤں میں بنی ہوئی یا رکھی ہوئی کوئی چیز۔ مِظلّة و مَظلّه جمع مِظلّات و مَظال: چھتری، زنانہ چھاتہ، دکان کا سائبان۔ لیمپ شیڈ، سائبان، شامیانہ، برآمدہ، بیرونی ڈیوڑھی، پیش دہلیز۔ مِظَلّة واقية: پیراشوٹ، ہوائی چھاتہ۔ مظلة هابطة: پیراشوٹ، ہوائی چھاتہ۔ جندي المظلّة جمع جنود المظلات (او المظلة): چھاتا فوجی۔ مِظَلِيّ جمع مِظَليُّون: چھاتہ فوجی جمع مِظَلّيُّون: چھاتا فوج، ہوائی جہاز میں جانے وال فوج۔ مُظَلِّل: سایہ دار۔ مُظِلّ: سایہ دار۔

ظلع: ا۔ ظَلَعَ ـ ظَلْعًا البعيرُ: اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا صفت ظَالِع: الظَلْع (مص): عیب کہا جاتا ہے۔ اربَعْ على ضَلْعِك: جو بات تم نہیں کر سکتے اس سے باز رہو۔ لا يَرْبعُ على ظَلْعِك من ليس يحزنهُ امرُك: جس کو تمہاری حالت پر رنج ہوتا ہے صرف وہی تمہارا خیال رکھتا ہے۔ ارْقَ على ضَلْعِك: (ارقا بھی کہا جاتا ہے) پہلے اپنی اصلاح کر و یا اپنی حد سے تجاوز نہ کرو، اپنی خامی پر نظر رکھو۔ الضَلْع: لنگڑا پن۔ الظَالِع (فا): (مذکر و مونث دونوں کے لئے) جمع ظُلَّع: مائل، جھکا ہوا۔ الظُلاع: (طب) جانوروں کے پاؤں کی بیماری۔

۲۔ ظَلَعَ ـ ظَلَعَت بهم الارضُ: زمین ان پر تنگ ہوگئی۔

۳۔ الظَالِع: (مذکر و مونث کے لئے) جمع ظُلَّع: متہم، مشکوک۔ مونث کو ظالعہ بھی کہا جاتا ہے۔ متّهم: (جس پر تہمت لگی ہو) مونث کو ظالِعَة: بھی کہا جاتا۔

○ ظَلِعَ ـ ظَلَعًا: لنگڑانا، لنگڑا کر چلنا۔

ظَالِع: لنگڑا، لولا۔

ظلف: ا۔ ظَلَفَ ـ ظَلْفًا: کھر پر مارنا ـــ ظَلْفًا القومَ: قوم کے نشانات قدم پر چلنا ــ اثرَهُ: اپنے پاؤں کے نشانات کو چھپا دینا تا کہ اس کا پیچھا نہ کیا جا سکے۔ ظُلِفَ الرجلُ: سخت [illegible] قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔ ظَلِفَ ـ ظَلَفًا ت الارضُ: زمین کا سخت ہونا۔ ــ ت معيشةُ فلان: کی زندگی کا تکلیف دہ ہونا۔ ظَالَفَ مُظَالَفَةً اثرَهُ: کے نشانات قدم کو چھپا دینا تا کہ پیچھا نہ کیا جا سکے۔ تَظَلَّفَ و اظَّلَفَ: سخت زمین میں جا پڑنا۔ الظِلْف جمع ظُلُوف و اَظْلاف: پھٹا ہوا، کہا جاتا ہے۔ جاؤوا على ظِلْفِه: وہ اس کے قدم کے نشانوں پر آئے)، اس کا پیچھا کرتے ہوئے آئے۔ ضرورت۔ حاجت، گزران کی تنگی۔ الظَلَف: سخت و پتھریلی زمین۔ ارضٌ ظَلْفَة و ظَلِفَة و ظَلَفَة: پتھریلی زمین۔ الظَلِيف جمع ظُلُف و ظُلُف: بدحال، ذلیل، سخت مشکل کام۔ الاُظْلُوفة جمع اَظَالِيف: سخت مٹی، نوکیلے پتھروں والی زمین۔

۲۔ ظَلَفَ ـ ظَلْفًا نفسَهُ عن الشيء: اپنے آپ کو کسی چیز یا بات سے باز رکھنا، روکنا۔ ظَلِفَ ـ ظَلَفًا ت نفسُهُ عن كذا: سے رکنا، باز رہنا۔ ظَلَّفَ هُ عن كذا: کو سے دور کرنا۔ اَظْلَفَ هُ: کو دور کرنا، ہٹانا۔ رجلٌ ظَلِفُ النفس: بری باتوں سے پرہیز کرنے والا۔ رجلٌ ظَليفُ النفس: پاکیزہ نفس، برائیوں سے پرہیز کرنے والا۔

۳۔ ظَلَّفَ على كذا: پر زیادہ کرنا، میں اضافہ کرنا۔

۴۔ الظَلْف: مباح، جائز و باطل کہا جاتا ہے: ذهب دمُهُ ظَلْفًا: اس کا خون رائیگاں گیا۔ الظَلَف: پانی اور کیچڑ سے اونچی جگہ، کہا جاتا ہے۔ ذهب دمُهُ ظَلَفًا: اس کا خون ناحق اور رائیگاں گیا۔ اخذه بظَلَفِهِ: اس نے سب کچھ لے لیا اور کچھ نہ چھوڑا۔ الظَلِف: پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ۔ الظَلِفَة: کہا جاتا ہے۔ اخذه بظَلِفتِهِ: اس نے سب لے لیا، کچھ نہیں چھوڑا۔ الظَلِيف: کہا جاتا ہے۔ ذهب دمُهُ ظليفًا: اس کا خون ناحق اور رائیگاں گیا، کہا جاتا ہے: اخذه بظَلِيفِه و بظَلِيفَتِهِ: اس نے سب لے لیا اور کچھ نہیں رہنے دیا۔ الظَلْفَاء: ہموار لمبی چٹان۔

○ ظِلْف جمع ظُلُوف و اُظْلاف: پٹھا ہوا کھر۔

ظلم: ا۔ ظَلَمَ ـ ظُلْمًا و ظَلْمًا و مَظْلِمَةً هُ: پر ظلم کرنا، اسی سے ہے۔ ظُلْمُ الراعي لِرَعِيَّتِهِ: سرپرست کا اپنے محکوموں پر ظلم۔ ــ هُ حقَّهُ: کے حق کو کم کرنا۔ ظَلَّمَ هُ: کو ظالم کہنا۔ ــ هُ الحاكمُ: حاکم کا کسی کو اس پر ظلم کرنے والے سے حق دلانا اور اسکی مدد کرنا کہا جاتا ہے۔ تَظَلَّم فلان اِلى الحاكم من فلان فَظَلَّمَهُ: حاکم سے کسی کے ظلم کی شکایت کرنا اور حاکم کا اس سے انصاف کرنا۔ اَظْلَمَ الرجُلُ: مظلوم ہونا۔ تَظَلَّم

منه: کے ظلم کی شکایت کرنا۔ ہٗ حَقَّهٗ: کے حق کو گھٹانا۔ الرجُلُ: ظلم پر صبر کرنا، کہا جاتا ہے۔ ظلمتُهٗ فتظَلَّمَ: میں نے اس پر ظلم کیا تو اس نے اس پر صبر کیا۔ تَظَالَم القومُ: ایک دوسرے پر ظلم کرنا۔ اِظَّلَمَ و اِنْظَلَمَ: ظلم برداشت کرنا۔ الظُّلْم: حق کی کمی، ظلم۔ الظُّلامَة و المَظْلِمَة جمع مَظَالِم: بے انصافی، ظلم، ظلم سے لی ہوئی چیز۔ الظَّالِم جمع ظَالِمون و ظَلَمَة و ظُلَّام (فا): ظالم۔ الظِّلام: ظلم، کہا جاتا ہے۔ نظر اِلَیَّ ظِلامًا: اس نے میری طرف ترچھی نظر سے دیکھا۔ الظَّلَّام و الظِّلِّیم و الظَّلُوم: بہت ظلم کرنے والا۔ الظَّلِیم جمع ظِلْمَان و الظُّلْمان و أَظْلِمَة: مظلوم۔ الظَّلِیمَة: ظلم سے لی ہوئی چیز۔

۲۔ ظَلَمَ - ظُلْمًا و ظَلْمًا و مَظْلِمَةً: چیز کو بے موقع رکھنا۔ مثل ہے: من استرعی الذئب فقد ظلم. جس نے بھیڑیے کو بکریوں کا چوکیدار بنایا تو اس نے بکریوں پر ظلم کیا، یہ مثل اس وقت بیان کی جاتی ہے جب کوئی خائن کو امین بنائے یا امانت کو اسکی جگہ پر نہ رکھے۔ ۔ الارضَ: زمین کو بے موقع کھودنا۔ الطریقَ: راستے سے ہٹ جانا، کہا جاتا ہے: ما ظَلَمَكَ أنْ تفعل کذا: تجھے ایسا کرنے سے کس نے روکا۔ ظَلَمَ البعیرَ: اونٹ کو بغیر کسی بیماری کے ذبح کرنا۔ کل ما اعجلته عن اوانه فقد ظلمتَه: جس کام کو آپ اس کے صحیح وقت سے پہلے کریں تو یہ اس پر ظلم ہے۔ الظُّلم (مص): چیز کو اس جگہ نہ رکھنا جہاں اسے رکھنا چاہئے۔ بے محل بات۔ المَظْلُومَة (مفع): وہ زمین جسے کھودنے کی جگہ نہ کھودا گیا ہو۔

۳۔ ظَلِمَ - ظَلْمًا اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ أَظْلَمَ اللیل: رات کا تاریک ہونا۔ ۔ اللّٰهُ اللیلَ: اللہ کا رات کو تاریک بنانا۔ الرجُلُ: اندھیرے میں داخل ہونا۔ ما أظلَمَه وما أضوَأَهٗ: وہ کس قدر تاریک ہے وہ کس قدر روشن ہے (دونوں خلاف قیاس ہیں) لیلٌ ظَلِمٌ: نہایت تاریک رات۔ الظَّلَم جمع ظُلُوم: وجود، بدن۔ الظُّلْمَة و الظُّلُمَة جمع ظُلَم و ظُلُمات و ظُلَمات: تاریکی، اندھیرا۔ الظُّلَم: قمری ماہ کی آخری تین راتیں۔ الظَّلام: تاریکی، اندھیرا، رات کا پہلا حصہ۔ الظَّلْماء: تاریکی لیلة ظَلْمَاء: سخت تاریک رات کبھی لیلٌ ظَلْماء: بھی کہہ دیا جاتا ہے لیکن یہ خلاف قیاس ہے۔ الظَّلامِیّ: ظلامیة: مذہب رکھنے والا۔ الظَّلامِیَّة: ان لوگوں کا مذہب جو عام لوگوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کو اچھا نہیں سمجھتے۔ امرٌ مِظْلام: بہت کٹھن کام۔

۴۔ أَظْلَمَ الرجُلُ: دانتوں کی چمک حاصل کرنا، چمکدار دانتوں والا ہونا۔ الظَّلْم جمع ظُلُوم: برف، دانتوں کی چمک۔

۵۔ الظَّلْم جمع ظلومٌ: پہاڑ۔ الظَّلِیم جمع ظِلمان و ظُلْمان و اُظْلِمَة (ح): شتر مرغ۔

○ ظَلَمَ - ظَلْمًا و ظُلْمًا: ظلم کرنا، برا کام کرنا۔ ۔ ہٗ: پر ظلم کرنا، سے برا سلوک کرنا، کو نقصان پہنچانا، پر ظلم کے پہاڑ توڑنا۔ ظَلِمَ - وأَظْلَمَ: تاریک ہونا یا ہو جانا، تیرہ و تار ہونا، گھٹا ٹوپ ہونا۔ تَظَلَّم من: کی شکایت کرنا، کے بارے میں شکایت کرنا۔ اِنْظَلَمَ و اِظَّلَمَ: مظلوم ہونا، بے انصافی کا شکار ہونا۔ ظُلْمًا: ظلم سے، بے انصافی سے، ناروا طور پر، غلطی سے۔ بحرُ الظلمات: بحر اوقیانوس۔ ظَلَّام: بدکار، بدمعاش، غلط کار، موذی، مجرم، بد ذات، ظالم۔ ظُلامَة جمع ظلامات: بدی، ظلم، بے انصافی، سخت ظلم۔ اَظْلَم: زیادہ تاریک، زیادہ برا، خراب یا شرمناک، زیادہ بدنام، زیادہ وحشی یا بدمعاش۔ مَظْلِمَة جمع مظالِم: برائی، ظلم، بے انصافی، بے انصافی کا کام، سخت ظلم۔ اِظلام: تاریکی، اندھیرا۔ ظالِم جمع ظالِمُون و ظُلَّام و ظَلَمَة: بے انصاف، جانبدار، غیر منصف، ناجائز، ظالم، گنہگار، مجرم، قانون شکن۔ مَظْلُوم: مظلوم، جس پر ظلم کیا گیا، جس سے برا سلوک کیا گیا، جس سے ناانصافی کی گئی۔ مُظْلِم: تاریک، گھٹا ٹوپ، اندھیرا، اندھیری، سیاہی مائل، کالا سیاہ، دھندلا سا۔

ظمی: ظَمِئَ - ظَمَأً و ظَمْأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً: سخت پیاسا ہونا۔ الیہ: کا مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِئٌ و ظَامِئٌ و ظَمْآن صفت مونث ظَمِئَة و ظَامِئَة و ظَمْای و ظَمْآنة جمع ظِمَاء (مذکر و مونث دونوں کے لئے) ظَمَّأَهٗ: کو پیاسا کرنا۔ الفرسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ اَظْمَأَهٗ: کو پیاسا کرنا۔ تَظَمَّأَ: پیاس پر صبر کرنا۔ الظِّمْء جمع أظماء و الظَّمَا و الظَّمَاء: پیاس۔ الظُّمَاء: سخت پیاس۔ المَظْمَأ: پیاس کی جگہ (زمین کی)

○ ظَمِئَ - ظَمَأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً: پیاس لگنا، پیاسا ہونا۔ ظَمَّأَہٗ: کو پیاس لگانا۔ ظِمْء ظَمَأ و ظَمَاءٌ: پیاس۔ ظَمْآن (مذکر) پیاسا۔ ظَمْای (مونث) پیاسی ظَامِئ: پیاسا۔

ظمی: ظَمِیَ - ظَمًی: گندم گوں ہونا۔ الأَظْمَی: گندم گوں۔ الظَّمْیَاء جمع ظُمْی الأظمی کا مونث (گندم گوں (عورت) شفة ظَمْیَاء: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عینٌ ظَمْیَاء: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لثة ظَمْیَاء: کم خون والا مسوڑھ۔ ساقٌ ظَمْیَاء: کم گوشت والی پنڈلی۔

ظن: ۱۔ ظَنَّ - ظَنًّا الشیءَ: کو جاننا کا یقین کرنا۔ ظنوا ان لا ملجأ من اللّٰه الا الیه: انہوں نے یقین سے جان لیا کہ اللہ کے عذاب سے کہیں پناہ نہیں مگر اس کے پاس (اور گمان کے معنی بھی دیتا ہے) جیسے ظننتُ زیدًا صاحِبَك: میں نے زید کو تمہارا ساتھی سمجھا (گمان کیا) مبتداء اور خبر پر آتا ہے اور دونوں کو بطور مفعول منصوب کرتا ہے جیسا کہ آپ نے ابھی ملاحظہ فرمایا۔ و اَظَنَّ و اِظَّطَنَّ ہٗ بکذا: کو سے متہم کرنا۔ أَظَنَّ ہٗ بکذا: کو سے متہم کرنا۔ ۔ ہٗ الشیءَ: کو کے وہم میں مبتلا کرنا، کے دل میں کا وہم ڈالنا۔ فیہ الناسَ: کو لوگوں کی الزام تراشی کا نشانہ بنانا۔ تَظَنَّنَ و تَظَنَّی: گمان کرنا۔ الظَّنّ (مص) جمع ظُنُون و جج اظَانِین: (خلاف قیاس) گمان، یقین، شک، فقہا کے نزدیک، غالب ظن جو یقین سے جڑا ہوا ہوتا ہے۔ الظِّنَّة جمع ظِنَن و ظَنَائِن: تہمت۔ فیہ ظِنَّة: اس میں تہمت ہے۔ الظَّنَانَة: تہمت۔ الظَّنَّان: بدظن، بدگمان، غیر معتبر۔ الظَّنُون: بدگمان، بدظن۔ رجل ظَنُون: کم حیلہ، کمزور، غیر معتبر آدمی۔ وہ شخص جس کی خبر پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ بئرٌ ظَنُونٌ: وہ کنواں جس میں پانی ہونے یا نہ ہونے کا پتہ نہ ہو۔ دَینٌ ظَنُونٌ: وہ قرض جس کے وصول ہونے یا نہ ہونے کا پتہ نہ ہو۔ الظَّنِین جمع اظِنَّاء: متہم مشکوک، بدظنی کی وجہ سے ناپسندیدہ۔ الأَظَنّ: خیال رکھے جانے کے زیادہ لائق۔ نفسٌ ظَنَّاء: متہم نفس۔ مَظِنَّة الشیء جمع مَظَانٌّ: وہ جگہ جہاں کسی چیز کے وجود کا گمان اور خیال ہو۔ فلانٌ مظنةُ الخیر: فلاں شخص میں بھلائی کا وجود اس کی مانوس چیز ہے۔ فی المسألة مظنة اعتراض: اس مسئلہ میں اعتراض کی گنجائش ہے۔

۲۔ الظِّنَّة جمع ظِنَن و ظَنَائِن: تھوڑی چیز۔ الظَّنِین جمع اظِنَّاء: بے خیر شخص۔

○ ظَنَّ - ظَنًّا ہ: کا خیال کرنا، یقین کرنا کہ فرض کرنا کہ، گمان کرنا کہ، ــــ ہ ہ / ہ: کو کوئی شخص یا چیز خیال کرنا، سمجھنا ــ ہ ہ: کسی چیز کو کچھ سمجھنا، -- ہ/ ب: پر شک کرنا۔ ظَنَّہ یفعل: کو خیال کرنا کہ وہ کچھ کرنے کا اہل ہے، کے متعلق یقین کرنا کہ وہ کچھ کرے گا۔ لا اظُنّ احدا یُنکِرُ: میں نہیں سمجھتا کہ کوئی انکار کرسکتا ہے۔ لا اظنُّك تخالِفنی: مجھے یقین نہیں کہ تم میری مخالفت یا

تردید کرسکتے ہو۔ ظَنَّ فیہ القدرةَ علی: اس نے اسے اس کا اہل سمجھا۔ ظن به الظنون: کے متعلق بری رائے رکھنا۔ ظن به الغباء کے متعلق شک کرنا کہ وہ بے وقوف ہے۔ اَظَنَّ ہ: پر شبہ کرنا۔ تَظَنَّن: اندازہ لگانا، قیاس آرائی کرنا۔ ظَنّ: رائے، خیال، فرض کرنا، یقین، شک، تذبذب۔ حُسنُ الظن: اچھی رائے۔ سُوءُ الظن: بدگمانی، عدم اعتماد، بے اعتمادی، شک، شبہ۔ فی اغلب الظن، فی اکثر الظن: غالباً۔ اکثر الظن اَنَّ: غلب گمان ہے کہ، یہ عین ممکن ہے کہ۔ ظناً منه اَنَّ: چونکہ اس کا یقین تھا کہ۔ حَسُنَ ظَنُّهُ به: کے متعلق اچھی رائے رکھنا۔ اَحْسَنَ الظَنَّ ب: کے متعلق اچھی رائے رکھنا۔ ساءَ به ظناً: کے متعلق بری رائے رکھنا۔ اَساءَ الظَنَّ ب: کے متعلق بری رائے رکھنا۔ ظَنِّیّ: مفروض، فرض کیا ہوا، احتمال، فرضی، مفروضہ۔ مَظَنَّة جمع مظان: کسی چیز کی توقع کرنے کی جگہ یا وقت۔ وہ جگہ جہاں کسی چیز یا شخص کے ملنے کا غالب امکان ہو۔ اس کا اغلب محل وقوع، شک، شبہ، بے اعتمادی۔ التمستُه فی مظانه: میں نے اسے وہاں تلاش کیا جہاں مجھے اس کو پانے کی توقع تھی یا جہاں غالباً تھا۔ فی غیر مظانه: وہ مقامات جہاں وہ نہیں ہوسکتا تھا۔ مَظْنُون: فرضی، مفروضہ، فرض کردہ، مشتبہ۔ ظَنُون: مشتبہ، شکی، بدگمان۔ ظَنِین: مشتبہ، مشکوک، ناقابل اعتبار (علی کے بارے میں) مشتبہ شخص۔ ظِنَّة جمع ظِنَن: شک، شبہ، بے اعتمادی۔

ظنب: الظُنْبُوب جمع ظَنَابِیب: پنڈلی کا اگلا حصہ کہا جاتا ہے۔ قَرَعَ ظَنَابِیبَ الامر: اس نے کام آسان کردیا۔ قَرَعَ لِهٰذا الامر ظُنْبُوبَهُ و ساقَهُ: اس نے اس کام میں خوب کوشش کی۔

ظهر: ۱۔ ظَهَرَ ـ ظُهُوراً: ظاہر ہونا، باہر آنا، نمودار ہونا۔ ظَهْراً و ظُهُوراً علی السرِّ: راز جان لینا، راز سے مطلع ہونا، آگاہ ہونا۔ ـ ظَهْراً الثوبَ: کپڑے کا ابرہ بنانا۔ بِعِلْمِهِ: اپنے علم پر فخر کرنا، ناز کرنا۔ ظَاهَرَ بَیْنَ الثوبین: دو کپڑے اوپر نیچے پہننا۔ اَظْهَرَ به: کا مرتبہ بڑھانا۔ الشیءَ: کو ظاہر کرنا۔ ـ ہُ علی السرّ: کو راز سے آگاہ کرنا، کو راز بتانا، کو راز سے مطلع کرنا۔ تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا۔ بالشیء: کو ظاہر کرنا۔ الظِهَارَة من الثوب: ابرہ یعنی دوہرے کپڑے کی اوپر کی تہہ۔ الظُهُور (مص): عید الظهور عند المسیحین: عید تجلی، حضرت عیسیٰ کی معجزانہ تبدیل ہئیت کا دن۔ الظَاهِر (فا): بیرونی، واضح۔ عند النحویین: اسم جو ضمیر نہ ہو۔ اسے المُظْهَر بھی کہا جاتا ہے۔ ظاهر البلد: بیرون شہر۔ الظاهرة ج ظاهرات و ظواهر: ظاہر کا مؤنث۔ ـ من العیون: ابھری ہوئی آنکھ۔ ظَاهِرَةَ الجبل: پہاڑ کی چوٹی۔ الظَوَاهِر: بلند وادیاں بلند زمینیں۔ الظَاهِرِیَّة: مذہب جو کہتا ہے کہ معرفت مظاہر یا محسوس حوادث میں محدود ہے۔ المَظْهَر: ظہور کی جگہ۔ المُظْهَر (مفع) عند النحاة: اسم جو ضمیر نہ ہو۔ اسے الظاہر بھی کہا جاتا ہے۔

۲۔ ظَهَرَ ـ ظَهْراً و ظُهُوراً البیتَ: گھر پر چڑھنا۔ ـ علیه: پر برتر ہونا، پر غالب ہونا۔ ـ بفلان: پر غالب ہونا۔ اَظْهَرَہ علی عدوہ: کو دشمن پر غالب کرنا۔ اِسْتَظْهَرَ علیه: پر چڑھنا۔ غالب آنا۔

۳۔ ظَهَرَ ـ ظَهَارَةً: مضبوط پیٹھ والا ہونا۔ ـ ظَهْراً ہُ: کی پیٹھ پر مارنا۔ الشیءَ وبه: کو پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ ـ ظَهْراً و ظُهُوراً بحاجتی: حاجت کو ہلکا جان کر اس کو پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ ظَهِرَ ـ ظَهَراً: پیٹھ میں شکایت ہونا، صفت: ظَهِر۔ ظَهَّرَ و اِظَّهَرَ حاجتی: حاجت کو پیٹھ پیچھے ڈالنا اور بھلا دینا۔ اَظْهَرَ الشیءَ: کو پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ تَظَاهَرَ القومُ: ایک دوسرے سے دور ہونا، ایک دوسرے کی طرف پیٹھ موڑنا۔ اِسْتَظْهَرَ: احتیاط کرنا۔ ـ الشیءَ: بچانے کے لئے کسی چیز کو پیٹھ پیچھے کرنا۔ لَهُ: کے لئے تیار ہونا۔ الظَهْر (مص) جمع اَظْهُر و ظُهُور و ظُهْران: پیٹھ کہا جاتا ہے۔ لاتجعل حاجتی بِظَهْرٍ: میری حاجت کو نہ بھولنا اور اپنی پیٹھ پیچھے نہ رکھنا۔ قَلَّبَ الامرَ ظَهْراً لبطنٍ: اس نے بات کو خوب الٹا پلٹا، معاملہ اچھی طرح طے کیا۔ قلب له ظَهْرَ المجَنّ: وہ اس کے لئے بدل گیا اور دشمنی کی۔ ظَهْرُ الانسان: پیٹھ۔ قِدرٌ ظَهْرٌ: پرانی ہانڈی۔ الظَهْر لدوّ اونٹ، سخت زمین کہا جاتا ہے۔ اعطاہ عن ظَهْرِ یدٍ: اس نے اسے از خود بغیر بدلے کے دیا۔ قَتَلَه ظَهْراً: اس نے اسکو اچانک مار دیا۔ هو یا کلُ علی ظَهْرِ یدی: وہ میرے ہاتھ سے کھاتا ہے یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔ هو نازل بین ظهریهم و ظهرانیهم و بین اَظْهُرهم: وہ ان کے درمیان اترا۔ رأیتُهُ بین ظَهْر انَی اللیل: میں نے اسکو عشا اور فجر کے درمیان دیکھا۔ الظِهْرَة: کہا جاتا ہے: جعل حاجتی ظِهْرَتَهُ: اس نے میری حاجت کو اپنی پیٹھ پیچھے رکھا اور بھول گیا۔ الظِهْرِیّ جمع ظَهَارِیّ: فراموش شدہ۔ ضرورت کے لئے تیار رکھا ہوا اونٹ۔ ظُهارة الدابّة: جانور کی پیٹھ پر اسکی حفاظت کے لئے رکھی جانے والی چیز۔ الظَهِیر: مضبوط پیٹھ والا، جسے پیٹھ [illegible] الظَهِیر جمع ظُهَرَاء [illegible] مؤنث۔ المُظْهِر (فا): سواری والا۔ المُظَهَّر: مضبوط پیٹھ والا۔

۴۔ ظَهَرَ ـ ظَهْراً و ظُهُوراً علیه: کی مدد کرنا۔ ظَاهَرَ مُظَاهَرَةً و ظِهاراً ہُ: کی معاونت کرنا۔ تَظَاهَرَ القومُ: ایک دوسرے سے تعاون کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا، اس سے ہے تَظَاهَرَ الناسُ تَظَاهُرَةً جمع تَظَاهُرات: لوگوں کا اکٹھے ہوکر سڑکوں پر آنا اور اپنے کسی کام کا مطالبہ کرنا۔ اِسْتَظْهَرَ به: سے مدد مانگنا۔ الظُهْرَة: مدد۔ والظُهْرَة: مددگار و معین کہا جاتا ہے۔ جاءنا بِظِهْرَتِه و بظُهْرَته و بِظَهَرَتِهِ: وہ اپنی قوم اور قبیلہ کے ساتھ ہمارے پاس آیا۔ ظَاهِرَةُ الرجُلِ: آدمی کا کنبہ۔ الظَهِیر: مددگار۔

۵۔ ظَهَّرَ و اَظْهَرَ: دوپہر میں چلنا یا داخل ہونا۔ الظُهْر جمع اَظْهَار: دوپہر، نصف النہار کی گھڑی۔ الظَهِیرة: دوپہر، نصف النہار کی حد۔

۶۔ اَظْهَرَ الکتابَ: کتاب کو ازبر پڑھنا۔ اِسْتَظْهَرُ الدرسَ: سبق کو حفظ کرنا اور ازبر پڑھنا۔ الظَهْر: جو آپ سے اوجھل ہو کہا جاتا ہے۔ قَرَاَهٗ علی ظهر قلبه او من ظهر القلب او علی ظهر لسانه: کو حفظ کرکے کتاب کے بغیر پڑھنا، کہا جاتا ہے۔ قَرَاَهٗ ظاهِراً: حفظ کرکے کتاب کے بغیر پڑھنا۔

۷۔ الظَهْر: بہت سامال، خشکی کا راستہ کہا جاتا ہے: ساروا فی طریق الظَهْر: وہ خشکی کے راستے چلے۔ ـ جمع الظُهران: تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ الظَهَرَة: گھر میں موجود سامان اور کپڑے۔ الظُهار: تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

○ ظَهَرَ ـ ظُهُوراً: دکھائی دینا، محسوس ہونا، صاف واضح اور بین ہونا، آشکار ہونا (ل: کو) معلوم ہونا، پتہ چلنا، نمودار ہونا، نظر آنا، دکھائی دینا، ظاہر ہونا۔ -- ل: کو دکھائی دینا۔ ـ: بیماری کا پھوٹ پڑنا، باہر آنا، ظاہر ہونا (کتاب رسالہ وغیرہ) کا چھپنا، شائع ہونا۔ -- من: سے پیدا ہونا۔ ہ: پر چڑھنا۔ -- علی: پر بالادستی حاصل کرنا، فتح یاب ہونا، کا بہتر حصہ لینا، پر غالب آنا، غلبہ حاصل کرنا، کو فتح کرنا، کو نیچا دکھانا، کو اپنے تسلط میں لینا، سے واقف ہونا، کا علم ہونا، سے مطلع ہونا، سے شناسا ہونا، کو جاننا، کے متعلق اطلاع پانا، جاننا، آگاہ ہونا، کو سیکھنا۔ ظَهَّرَ (ہ): ہنڈی کی پشت پر دستخط کرنا۔ ظَاهَرَہ: کی مدد کرنا، تائید کرنا۔ اَظْهَرَ ہ: کو ظاہر کرنا، دکھانا، پیش کرنا، کا اعلان کرنا، کو تفصیل سے سمجھانا۔ ہ: فلم ڈیولپ کرنا۔ ہ علی: کو پر فتح یاب کرنا، کو سے واقف کرنا، کو میں شامل کرنا، کو کے بارے

میں معلومات دینا، کو کی اطلاع دینا، کو کے متعلق آگاہ کرنا، سے کی وضاحت کرنا، کو کچھ دکھانا، پر کچھ ظاہر کرنا۔ تَظَاھَرَ ب کو واضح کرنا، دکھانا، کی نمائش کرنا، کی نمود و نمائش کرنا، کا تصنع کرنا، کا بہانہ کرنا، (کچھ) سننا، کی نقل کرنا۔ ــــ: مظاہرہ کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ -- علی: کے خلاف متحد ہونا۔ استَظْھَرَ ہ کو دکھانا، بے نقاب کرنا۔ ہ کو زبانی یاد کرنا۔ ب سے مدد چاہنا، سے مدد کی اپیل کرنا۔ علی پر غالب آنا، کو فتح کرنا، زیر کرنا، پر بالادستی حاصل کرنا، کا بہتر حصہ لینا۔ طَھر ذیگی لوہا۔ ظَھْرُ الحدید و زھر الحدید و حدید الظھر ذیگی لوہا۔ ظَھْر جمع ظُھُور و اُظْھُر: پشت، پیٹھ، عقب، عقبی حصہ، پچھلا حصہ، پچھلی طرف، پچھلا پہلو، الٹ، ڈسٹ کور کا مڑا ہوا حصہ، کتاب کے شروع یا آخر کا ورق (Fly leaf) عرشہ جہاز (Deck) اوپر کا حصہ، چوٹی، سطح۔ ظُھُورَات: عارضی۔ سلسلة الظھور ریڑھ، فقرات۔ ظَھْراً لبطن: الٹا، اوندھا، الٹ پلٹ، درہم برہم۔ ظَھْراً علی عقب یکسر، بالکل، مکمل طور پر۔ بظھر الغیب: کسی کی پیٹھ پیچھے، چھپ کر، عیاری سے، دغا بازی سے، خفیہ طور پر، چوری چھپے۔ بین اَظْھُرِھم کے درمیان، ان میں۔ من بین اظھرنا ہمارے درمیان سے، ہم میں سے۔ علی ظھر الباخرة دخانی جہاز پر۔ عن ظھر القلب، عن ظھر قلب، یا عن ظھر الغیب زبانی، ازبر۔ مستخدم ظھورات: عارضی ملازم۔ ظُھر جمع اَظْھار دوپہر، دن کا وسط، دوپہر کی نماز (مونث) بعدَ الظُھر سہ پہر تیسرے پہر۔ قبل الظھر دوپہر سے پہلے۔ نبذہ (طرحہ) ظِھْرِیاً پر کوئی توجہ نہ دینا، کی پرواہ نہ کرنا، کو نظر انداز کرنا۔ ظَھِیر مددگار، تائید کنندہ، پشت پناہی کرنے والا، بیک (کھیلوں میں) حُبُّ الظُھور دکھاوے کا شوق۔ الظَھران ذھران، سعودی عرب میں تیل کے وسیع علاقہ کا ایک شہر۔ بین ظَھرانیھم: ان کے درمیان، ان میں۔ ظَھِیرة دوپہر، دن کا وسط، دن کے وسط کی گرمی۔ أَظْھَرَ زیادہ واضح، زیادہ صاف، زیادہ ظاہر، زیادہ آشکار۔ مَظْھَر جمع مَظَاھِر (بیرونی) ظہور، بھیس، رویہ، چال چلن، منظر، چہرہ، شکل، صورت، رخ پہلو۔ جمع مَظَاھر اظہارات۔ مظَاھِر الحیاة زندگی کے اظہارات۔ فی المَظْھَر: خارجی طور پر، بیرونی ظہور میں، ظاہری طور پر، بظاہر، نظر بظاہر۔ تظھیر ہنڈی کی پشت پر دستخط، ہنڈی کی پشت پر دستخط کے ذریعہ ایک سے دوسری جگہ منتقلی۔ ظِھَار: اسلام سے قبل طلاق کی ایک شکل جس میں طلاق دینے والا اپنی بیوی کو کہتا تھا۔ انتِ علیَّ کظَھرِ امّی: تو مجھ پر میری ماں کی پشت کی طرح حرام ہے۔ مُظَاھَرة مدد، تائید، پشت پناہی، جمع مُظَاھَرات: عوامی مظاہرہ، ریلی۔ تَظَاھُر مکاری، منافقت، تصنع، بناوٹ، کچھ اور بن بیٹھنا۔ جھوٹ موٹ کچھ بننا۔ جمع تظاھرات عوامی مظاہرہ، ریلی۔ ظاھر جو دکھائی دے، جو محسوس ہو، بین واضح، ظاہر، صاف، نمایاں، خارجی، بیرونی دیکھنے میں، بظاہر، دکھاوے کا، بناوٹی، فرضی، مبینہ، ظاہری صورت یا حالت، سطح، شہر کے دور افتادہ علاقے۔ جمع ظواھر بیرونی حس احساس، لفظی معنی۔ ظاھر اللفظ: کسی بات کا لفظی معنی۔ الظَاھر أن: ایسا معلوم ہوتا ہے کہ۔ حسبَ الظَاھر بیرونی شکل میں، بیرونی طور پر، خارجی طور پر۔ فی الظاھر بظاہر، ظاہر نظر بہ ظاہر، ظاہر ہے کہ، صاف طور پر۔ فی الظَاھِر و فی ظاھر الامر: بظاہر نظر بظاہر۔ من الظاھر: باہر سے۔ ظَاھِرَة مظہر عجیب و غریب واقعہ، بیرونی نشان یا علامت، بیرونی علامت۔ ظواھر الحیات: حیاتیاتی مظاہر۔ علم الظواھر الجویة موسمی پیش گوئی کا فن، موسمیات۔ متظاھر جمع متظاھرون: مظاہرہ کرنے والا۔

ظَوت: الظوءة احمق آدمی۔

ظَاف: ظَاف ۔ ظُوفاً ہ: کو دھتکارنا، دفع کرنا۔ ظُوفُ و ظَافُ الرقبة گردن کا چمڑا یا کھال کہا جاتا ہے۔ ترکتہ بظُوفِ رقبتہ او بظافِھا میں نے اس اکیلا چھوڑ دیا۔

ظوی: أظْوَی بیوقوف ہونا، نادان ہونا۔ الظیّة سڑنے والی لاش۔ الظَیّ والظَیّان شہد۔ المَظواة والمَظْیاة من الاراضی زمین جہاں بہت شہد پایا جاتا ہو۔

ظیا: ظَیّأ تظْییاً ہ کو غمگین کرنا۔ الظَیّأة احمق آدمی۔

ع

ع تلفظ عَین حروف تہجی کا اٹھارھواں، حروف ابجد میں ستر کے عدد پر مشتمل ہے۔

عبّ ا۔ عَبَّ ـُ عَبًّا الماءَ: پانی سانس لئے بغیر یا برتن میں جھک کر اور منہ لگا کر پینا۔ ـــ الدلوُ بھرتے وقت ڈول کا گڑگڑ کرنا۔ تَعَبَّبَ النبیذَ: شراب کو ڈگڑا کر پینا۔ العَبَاب: پانی پینا، کہتے ہیں۔ اذا أصابت الظباءُ الماءَ فلا عَبَاب وان لم تصبه فلا اباب: یہ مثال اس وقت دی جاتی ہے جب کوئی شخص کسی چیز کو حاصل کر کے اس سے بے نیاز ہو جائے۔

۲۔ عَبَّ ـُ عَبًّا چہرے کا تغیر کے بعد خوبصورت ہونا۔

۳۔ عَبَّ ـُ عُبابًا البحرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا اور بڑھ جانا۔ العَبّ: اولا۔ عَبُّ الشمس: آفتاب کی روشنی۔ العُبُب: اچھلتا پانی۔ العُبَابُ: بڑا سیلاب، سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ البحر: سمندر کی موج، لہر کہا جاتا ہے۔ جاءوا بِعُبَابِهِم: وہ سب کے سب چلے آئے۔ العُبِّيَّة والعِبِّيَّة: غرور، فخر، تکبر۔ اليَعبُوب جمع يَعَابِيب: بہت پانی والا تیز رو دریا۔ لمبا تیز رفتار گھوڑا، بادل۔

۴۔ الأَعَبّ محتاج فقیر، سخت ناک والا۔ العُبّ جمع عِبَاب: آستین کا کنارہ، آستین کی گردن سینہ چھاتی، کہتے ہیں۔ وَضَعه فی عبه: اس نے اس چیز یا بات کو سینے میں چھپالیا۔

۵۔ عَبْعَبَ الجیشُ: لشکر کا شکست کھا جانا۔ تَعَبْعَبَ الشیءَ: کسی چیز کو بالکل برباد کر دینا۔ العَبْعَب چوڑا کپڑا، نرم کمبل جو اونٹ کے بالوں سے بنا ہو۔ ـــ والعَبْعَاب بلند قامت آدمی۔ کشادہ حلق اور توند والا۔ خوبصورت اور کامل خلقت والا۔

○ عَبَّ ـُ عَبًّا ہ: کو لمبے لمبے گھونٹوں میں پی ڈالنا۔ نگل جانا۔ ـــ ہ (مشروب) کو، انڈیل دینا۔ ـــ ہ کو چٹ چٹ پی جانا، کا سڑ پا لگانا۔ کو نُڑ کنا۔ عُبّ وعِبّ: چھاتی کی جیب۔ عُبَاب: تیز دھاریں، سیلاب، موجیں لہریں، سمندر یَعْبُوب تند و پر شور دریا۔

عبأ ا۔ عَبَأَ ـَ عَبْأً المتاعَ: سامان تیار کرنا۔ ـ الجیش للحرب: لڑائی کے لئے لشکر کو تیار کرنا۔ الی فلان وله: کا ارادہ کرنا۔ لا أَعْبَأُ بِهِ: میں اس کی تو بالکل پرواہ نہیں کرتا۔ عَبَّأ تَعْبِئَةً و تَعْبِيئًا المتاعَ: سامان تیار کرنا۔ ـ الجیشَ للحرب: لشکر کو لڑائی کے لئے تیار کرنا۔ التَّعْبِئَة (مص) (ا ع): ریاست کی تمام قوتوں کو جن میں مرد اور سامان جنگ گولہ بارود وغیرہ شامل ہیں جنگ کیلئے تیار کرنا۔

۲۔ إعْتَبَأَ ما عنده جو کچھ اس کے پاس ہو لے لینا۔

۳۔ العِبْءُ جمع أعْبَاء بوجھ، گٹھری، بوری۔ ـــ والعَبْءُ جمع أَعْبَاء: مثل و نظیر۔ العَبَاءُ جمع أَعْبِئَة والعَبَاءَة چوغہ۔ المَعْبَاءَة۔

○ مَا عَبَأَ بِ: کی پروا نہ کرنا، پر کوئی توجہ نہ دینا، کو کوئی اہمیت نہ دینا، پر اصرار نہ کرنا۔ لا یُعْبَأُ بِهِ غیر اہم۔ غیرُ عَابِئٍ: غیر جانبدار، نہ ادھر نہ ادھر، نہ حامی نہ مخالف۔ عَبَّأَ ہ: کو تیار کرنا، کا انتظام کرنا۔ ـــ ہ کی صف بندی کرنا۔ جیشًا فوجوں کو حرکت میں لانا۔ ـــ ہ ب: کو سے بھرنا، کو اس میں کچھ ڈال کر بند کرنا، پر سامان لادنا۔ ـــ ہ فی کو میں انڈیلنا۔ ـــ ہ کو بوتل میں ڈالنا یا بھرنا۔ عِبْءٌ جمع أَعْبَاء علی: پر بوجھ پر بار۔ عِبْءُ الإثبات: ثبوت کا بوجھ (burden of proof) نهض او قام بالاعباء کُلِّها: سارے بوجھ اپنے اوپر لے لینا، تمام بوجھ اٹھانا۔ تَعْبِئَة: (فوجوں کا) اجتماع mobilization خاص دستہ کی تیاری (drafting) فوج میں جبری بھرتی۔ (Conscription) بوتلیں بھرنا۔

عبث ا۔ عَبَثَ ـِ عَبْثًا الشیءَ بالشیءِ: ایک چیز کو دوسری سے ملا دینا۔

۲۔ عَبِثَ ـَ عَبَثًا: کھیل کود کرنا، مذاق کرنا۔ ـــ بالدین وغیرہ دین وغیرہ کی توہین کرنا صفت۔ عَابِث وعِبِّيث۔ العَبَث (مص): لغو، بیہودہ، کہتے ہیں۔ فعل ذلك عَبَثًا: اس نے یہ کام لغو کیا۔ عَبِيثَةُ الناس: بھیڑ، ہجوم، اراذل۔

۳۔ عَبَوْثُران وعَبَيْثُران (ن): ایک خوشبودار پودا (ثاء کے فتحہ کے ساتھ بھی آتا ہے)۔

○ عَبِثَ ـَ عَبَثًا حماقت کرنا، ادھم مچانا۔ ـــ ب: سے مذاق کرنا، سے دل بہلانا، یونہی کسی چیز کو ہلاتے رہنا، کو خوش اسلوبی سے نبٹانا، سے نبٹنا۔ سے بے ڈھنگے پن سے کام لینا، کو غلط یا ناجائز استعمال کرنا، کے خلاف جرم کرنا، کی خلاف ورزی کرنا، سے تجاوز کرنا، کو نقصان پہنچانا۔ عَابَثَ ہ: سے چھیڑ چھاڑ کرنا، سے اپنا دل خوش کرنا۔ سے دل لگی کرنا، سے چال چلنا۔ عَبَثًا: فضول، بیکار، لاحاصل، بے فائدہ، یونہی، من العبث ان (ایسا کرنا)، احمقانہ اور بے فائدہ ہے۔ ولکن عبثًا استطاع ان یُجیبَهُ لیکن: وہ اسے جواب نہ دے سکا۔

عبد ا۔ عَبَدَ ـُ عِبادَةً و عُبُودَةً و عُبُودِيَّةً و مَعْبَدًا و مَعْبَدَةً اللّٰهَ: اللہ تعالیٰ کو ایک جاننا، اس کی عبادت کرنا، اس کے آگے خشوع و خضوع کرنا اور اس کی اطاعت کرنا، کہتے ہیں۔ مَا عَبَدَكَ عنّی: تجھے کس چیز نے مجھ سے روکا۔ عَبُدَ ـُ عُبُودَةً و عُبُودِيَّةً: آباؤ اجداد سے غلامی میں چلے آنا۔ عَبَّدَہ کو فرمانبردار

بنانا، غلام بنالینا۔ ــ الطریقَ: راستہ یا سڑک بنانا پختہ کرکے آمدورفت کے لائق بنانا۔ ــ البعیرَ: اونٹ کو قطران ملنا، کہا جاتا ہے۔ مَاعَبَّدَ ان فعل کذا: اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔ أَعْبَدَهُ الغلامَ: کو لڑکے کا مالک بنانا۔ ــ الغلام: کو غلام بنانا۔ تَعَبَّدَ: عبادت کیلئے علیحدہ ہونا۔ ــ هُ: کو فرمانبرداری کے لئے بلانا، کو غلام بنانا، سے اپنے غلام کا سا برتاؤ کرنا۔ اِعْتَبَدَ و اسْتَعْبَدَهُ کو غلام بنانا۔ العَبْد جمع عَبِید و عِبَاد و عَبَدَة و عَبْدُون و أَعْبُد و عُبْدَان و عِبْدان و عِبِدّان و أَعْبَاد و جج أَعَابِد و مَعَابِد و أَعْبِدَة: انسان، آزاد ہو یا غلام۔ غلام مملوک، حبشی۔ عبدٌ قِنٌّ و عبدُ قِنٍّ خالص غلام، خاندانی غلام، العِبَاد عَبْد کی جمع۔ حیرۃ کے چند عرب نصرانی قبیلے، نسبت کے لئے عِبَادِیٌّ آتا ہے۔ العَابِد (فا) جمع عَبَدَة و عُبَّاد و عَابِدُوْن م عَابِدَة جمع عابدات و عَوَابِد: خادم۔ العَبْدِیَّة و العُبُودَة و العُبُودِیَّة و التَّعْبِیدَة: غلامی (آقاؤں کی) اطاعت۔ المَعْبَد جمع مَعَابِد و المُتَعَبَّد: عبادت گاہ۔ المُعَبَّد (مفع) مُعَظَّم و مُکَرَّم، پختہ سڑک۔

۲۔ عَبِدَ ــ عَبَدًا و عَبَدَةً ہُ: سے لگا رہنا، جدا نہ ہونا۔ ــ علی الشئ: کا حریص ہونا۔ صفت عَابِدٌ و عَبِدٌ۔ العَبْدَة: بقاء۔

۳۔ عَبِدَ ــ عَبَدًا و عَبَدَةً الرجُلُ: نادم ہونا۔ علی نفسہ: اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ــ ما قالہ: اپنے کا انکار کرنا۔

۴۔ عَبِدَ ــ عَبَدًا و عَبَدَةً علی فلانٍ: پر غضبناک ہونا ہے۔ ــ منہ: پر منہ ناک بھنویں چڑھانا۔ العَبَدَة: خود داری، شرمیلا پن، شرم، حقارت۔

۵۔ عَبَّدَ الرجُل: جلدی کرنا، بھاگ جانا، کہتے ہیں۔ عَبَّدَ یعدو: وہ کچھ تیز دوڑا۔ تَعَبَّدَ القوم: قوم کا متفرق ہونا۔ العَبَادِید و العبابید: (واحد کے بغیر): لوگوں کے فرقے یا گھوڑوں کے گلے، دور دراز راستے۔

۶۔ أَعْبَدَ القوم: اکھٹے ہونا جمع ہونا۔

۷۔ العَبَدَة: طاقت، موٹاپا ــ دَرَاهِمُ عَبْدِیَّة: قدیم درہم۔ المِعْبَد جمع مَعَابِد: کسی، پھاوڑا۔ المُعَبَّد: میخ، کھونٹی۔

○ عَبَدَ ــ عِبَادَةً و عُبُودَةً و عُبُودِیَّةً ہ: (خدا، اللہ تعالی، دیوتا، بت) کی بندگی کرنا، کا بندہ ہونا، کی عبادت کرنا، پرستش کرنا، پوجا کرنا۔ ــ ہ: (اللہ تعالی یا انسان) کی بندگی کرنا، پرستش کرنا۔ کو پوجنا، کی تعظیم کی کرنا، کا احترام کرنا، سے عقیدت رکھنا، کو مثالی سمجھنا، دیوی، دیوتا بنانا، پوجنا، معبود ٹھہرانا۔ عَبَّدَہ: کو غلام بنانا، کو زیر کرنا، مغلوب کرنا، کو زیر نگین کرنا، کو محکوم بنانا۔ ــ ہ: سڑک بنانا، کو آمدورفت کے قابل بنانا۔ تَعَبَّدَ: اپنے آپ کو اللہ تعالی کی عبادت کے لئے وقف کرنا، نذر کرنا، مخصوص کرنا۔ اِسْتَعْبَدَہُ: کو غلام بنانا، کو زیر کرنا، مغلوب کرنا، کو زیر نگین کرنا، عَبْد جمع عَبِید عُبْدان و عِبدان: غلام، زمین کیساتھ بک جانے والا غلام، کاشتکار، نوکر، ملازم جمع عِبَاد: اللہ کا بندہ، انسان، العِبَاد: انسانیت، نوع انسانی، عبد اللّاوِی و عبد لاوی: خربوزہ کی ایک قسم، عَبْدَة جمع عبدات: لونڈی، زمین کیساتھ بک جانے والی لونڈی۔ عَبّادالشمس عَبَّادَةُ الشمس: سورج مکھی۔ عِبادة: عبادت، پرستش، پوجنا، تعظیم، احترام، عِبادات: عبادت، پوجاپاٹ۔ تعبید الطرق: سڑک کی تعمیر، عابد جمع عابدون و عُبّاء و عَبَدَة: عبادت کرنے والا۔ معبود: جس کی عبادت کی جائے، پرستش کی جائے، پوجا کی جائے، معبود، دیوتا، خدا، اللہ۔ مُعَبَّد: قابل گزر، ہموار، پختہ (سڑک)۔ عَبَدان مغربی ایران کا جزیرہ اور شہر، تیل کا مرکز۔

عبر : ۱۔ عَبَرَ ــُ عَبْرًا: غم زدہ ہونا، کا آنسو بہنا۔ ــ العینُ: آنکھ کا آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ عوام کہتے ہیں عبرت العینُ علیہ: کی حرمت جاتی رہنا۔ عَبِرَ ــَ عَبَرًا: کا آنسو بہنا، صفت عَابِر (مذکر ومونث) عَبِرَ بہ الامرُ: کام کا کسی پر دشوار ہونا۔ اسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا، غمگین ہونا۔ و ــ ت العینُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔ العَبُر: وہ عورت جس کا بچہ گم ہوگیا ہو۔ ــ و العَبَر: آنکھ کی گرمی جو رلاتی ہے۔ العَبِر م عَبِرَة و العَبْران م عَبْرَی جمع عَبَارَی: غمگین، آنسو بہانے والا، اشکبار۔ العَبْرَة جمع عِبَر و عَبَرات: آنسو، غم۔

۲۔ عَبَرَ ــُ عَبْرًا الدراهمَ: درہموں کو پرکھنا۔ ــ الکتابَ: کتاب کا خاموش مطالعہ کرنا۔ ــ عَبْرًا و عِبارةً الرُّؤیا: خواب کی تعبیر کرنا۔

عَبِرَ ــ عَبَرًا منہ: سے عبرت حاصل کرنا۔ عرب کہتے ہیں: اللّٰهمَّ اجعلنا ممن یعبرُ الدنیا ولا یعبرُها: اے خدا ہمیں ان لوگوں سے کر جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے اور بغیر تیری رضا مندی حاصل کئے جلدی سے نہیں مرجاتے۔ عَبَّر الرؤیا: خواب کی تعبیر کرنا ــ عما فی نفسہ: دل کی بات ظاہر کرنا، مافی الضمیر کا اظہار کرنا۔ ــ عن کذا: کے بارے میں کہنا، بات کرنا۔ الدراهم: درہموں کا وزن کرنا اور ان کی مالیت معلوم کرنا۔ اعتبر الشئ: کو آزمانا، شمار کرنا۔ ــ الرجُلَ: پر اعتبار کرنا۔ ــ منہ: پر تعجب کرنا۔ ــ بہ: سے نصیحت حاصل کرنا۔ اِسْتَعْبَرَ الدراهمَ: دراہم کو پرکھنا اور شمار کرنا۔ ــ ہُ الرؤیا والدراهمَ: سے خواب کی تعبیر اور درہموں کی مالیت بتانے کے لئے کہنا۔ العَابِر جمع عَابِرُون و عُبّار و عَبَرَة م عابِرَة: غور کرنیوالا۔ العِبْرَة جمع عِبَر: نصیحت (کہتے ہیں۔ لك بفلان عِبْرَة: تیرے لئے فلاں شخص میں نصیحت ہے) تعجب۔ وہ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔ حالات پر نظر۔ العِبارة (مص): عَبَّرَ کا اسم معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ، کہا جاتا ہے فلانٌ حسنُ العبارة: فلاں شخص خوش بیان ہے۔ هذا عِبارةٌ عن کذا: یہ اس کے ہم معنی ہے اور دلالت میں برابر ہے۔ مقدار یا ترکیب یا افادۃ العَبّار: خوابوں کی تعبیر کرنے والا۔

۳۔ عَبَرَ ــُ عَبْرًا و عُبُورًا السبیلَ: راستہ طے کرنا، گزرنا، مرنا۔ ــ النهرَ و الوادی: نہر یا وادی عبور کرنا۔ ــ بہ الماءَ: کو پانی پار کرانا۔ عَبَّرَہُ بالماء: کو پانی پار کرانا، کو پانی سے گزارنا۔ ــ بہ: کو ہلاک کرنا، العَابِر (فا) جمع عَابِرُوْن و عُبّار و عَبَرَة م عَابِرَة: گزرنے والا، کہا جاتا ہے۔ دخلَ عَابِرَ سبیل: وہ داخل ہوا، بغیر ٹھہرے، گذرتے ہوئے۔ العَابُور: نقل مکانی کرنے والے پرندے۔ العُبُر: مضبوط قوی (واحد جمع، مذکر مونث) کہا جاتا ہے۔ جِمالٌ عُبْر أَسْفَار: یعنی چلنے میں قوی اونٹ۔ ــ: بہت تیز چلنے والے بادل۔ العُبْر و العِبْر: قوی، مضبوط (واحد جمع مذکر مونث) کہتے ہیں۔ جِمال عِبْرُ اسفار: چلنے میں قوی اونٹ۔ فلانٌ عِبْرٌ لکلِّ عمل: فلاں ہر کام کے لائق اور اس کا ماہر ہے۔ ــ من الوادی: دریا کا ساحل اور کنارہ۔ العَبْرَة جمع عِبَر و عَبَرات: عبر کا اسم مرۃ۔ العَبّار: عابر کا اسم مبالغہ۔ جَمَلٌ عَبّار: چلنے میں قوی اونٹ المَعْبَر: گزرگاہ، گھاٹ۔ المِعْبَر و المِعْبَرَة: دریا عبور کرنے کا ذریعہ، جیسے کشتی پل۔

۴۔ العُبْر: ہر چیز کی زیادتی، انسانوں کا گروہ، بھیڑ۔ (خ): عقاب۔ مجلسٌ عُبْرٌ و مجلسٌ عِبْرٌ: بہت سے آدمیوں کی مجلس۔ بناتُ عِبْرٍ: جھوٹ، باطل، لہو بنات عِبر: جھوٹا۔ العِبْری و العِبْرانی: یہودی۔ یہودیوں کی زبان العِبْرانِیَّة: یہودیوں کی زبان، یہودیت۔ العَبِیر: مہک، خوشبو، سہمٌ عَبِیر: بہت سے پروں والا تیر۔ قومٌ عَبِیر: بہت سے لوگ۔ المُعْبَر: بہت سے بالوں یا پروں والا۔

○ عَبَرَ ـُ عَبْرًا و عُبُورًا ہ: کو پار کرنا، کو قطع کرنا، میں سے گزرنا، کو پایاب مقام سے پار کرنا، میں سے ہو کر گزرنا، کے اوپر سے گزرنا، کو کشتی میں پار کرنا۔ ـــ: (وقت کا) گزرنا، مرجھانا، تمتمنا، مرجانا۔ عَبِرَ ـَ عَبَرًا: آنسو بہانا۔ عَبَّرَ ہ: خواب کی تعبیر بتانا۔ ـــ عن: کو صاف صاف بیان کرنا۔ کا اعلان کرنا، کو وثوق سے کہنا، کا اظہار کرنا ـــ ہ: سکہ کا وزن متعین کرنا، کو وزن کرنا۔ اِعْتَبَرَ: نصیحت حاصل کرنا، خبردار کیا جانا، سبق حاصل کرنا ـــ ب: سے سبق حاصل کرنا، سے عبرت حاصل کرنا۔ ـــ ہ کو خیال کرنا، سمجھنا، کو وزن کرنا، کو حساب میں رکھنا۔ ـ ہ / ہ ہ، کو کچھ سمجھنا۔ ـ ہ کی عزت کرنا، احترام کرنا، کا پاس کرنا۔ اِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا، رونا۔ عَبْرة جمع عَبَرات و عِبَر: آنسو۔ عِبْرة عبرت، مثال، سبق، نصیحت، قاعدہ، وعظ، و نصیحت، پند و مواعظت، اہم بات چیز وغیرہ فیصلہ کن (بات) مَوْطِنُ العبرة: اہم نقطہ فیصلہ کن یا قطعی نقطہ۔ لاعِبْرة به: یہ بات توجہ کی مستحق نہیں، اہم نہیں۔ العِبْرة ب / فی: فیصلہ کن یا قطعی عامل یا عوامل یہ ہے یا یہ ہیں۔ فیصلہ کن بات یہ ہے۔ لاعبرة ملن: اگر کوئی...... تو یہ بات اہم نہیں۔ بِعبارة اُخری: دوسرے لفظوں میں عبارة فعبارة: جملہ بہ جملہ، لفظ بہ لفظ، عبارة عن: پر مشتمل، کے مترادف، کے مساوی، کا ہم معنی، کا معنی مَعْبَر جمع مَعَابِر: عبور کرنے کی جگہ، گزرگاہ، پایاب مقام، تنگ درہ، گھاٹی، لوبی؛ مِعْبَر: عبور کرنے کا ذریعہ، گھاٹ، گھاٹ کی پار لے جانے کی کشتی، پل۔ تَعْبِیر: اظہار، اصطلاح بتعبیر آخر: دوسرے لفظوں میں اعتبارًا ل / ب: کے بارے میں، کے متعلق، کے پیش نظر، اعتبارًا من: سے، سے شروع ہو کر، سے موثر۔ باعتبار الشی: کے بارے میں، کے پیش نظر باعتبار ان: اس حقیقت کے پیش نظر کہ، باعتبارہ: بحیثیت، بطور، کے الفاظ میں، باعتبارہ اقدم الوزراء: کے سینئر وزیر ہونے کی حیثیت سے۔ بھذا الاعتبار: اس نقطہ نظر سے علی اعتبار ان: اس حقیقت کے پیش نظر کہ علی هذا الاعتبار: اس نقطہ نظر سے۔ فی کل اعتبار: سب پہلوؤں سے، ہر پہلو سے۔ اعتبارًا او حقیقةً: موضوعی نقطہ نظر سے یا فی الحقیقت۔ صاروخ عابرُ القارات: بین البراعظمی بیلسٹک میزائل (ICBM)۔

عبس: ا۔ عَبَسَ ـِ عَبْسًا و عُبُوسًا: تیوری چڑھانا۔ ـــ الوجهُ: ترش روئی کرنا۔ عَبَّسَ الوجهُ: ترش روئی کرنا ـــ وجهَهُ: تیوری چڑھانا۔ تَعَبَّسَ: ترش رو ہونا۔ العَبُوس و العَبَّاس: بہت ترش رو۔ شیر۔ یوم عَبُوسٌ: سخت دن۔

۲۔ عَبِسَ ـَ عَبَسًا البعیرُ: اونٹ کی دم پر خشک مینگنی ہونا۔ ـ الوسخُ فی یده و علیها: کے ہاتھ میں یا ہاتھ پر میل خشک ہونا۔ اَعْبَسَ الرجلُ: میلا ہونا ـــ ت الابلُ: دم پر خشک مینگنی والا ہونا۔ ـ الثوبُ: کپڑے پر میل کا خشک ہو جانا۔ العَبَس: اونٹ کی دم پر خشک مینگنی و پیشاب۔

○ عبرود: بندوق۔

○ عَبَسَ ـِ عَبْسًا و عُبُوسًا: تیوری چڑھانا، ناک منہ چڑھانا، گھورنا، تیز نظروں سے دیکھنا۔ عبس فی وجهه: کو کڑے تیوروں سے دیکھنا۔ عَبُوس: تیوری چڑھانے والا، کڑے تیوروں سے دیکھنے والا، اداس، غمگین۔ عَبُوسه: تیوری، کڑی تیوری، اداس نظر، اداس چڑچڑا بیزار اور سخت۔ عُبُوس: اداسی، بے کیفی، سختی، سنجیدگی۔ عابس: تیوری چڑھانے والا، کڑے تیوروں سے دیکھنے والا، اداس، غمگین، حزین۔ عَبَّاسی جمع عباسیون: عباسی (خاندان سے تعلق رکھنے والا)۔

عبش: عَبَشَ ـُ عَبْشًا الشیَ: کی اصلاح کرنا، کو درست کرنا۔ العَبْش (مص): درستی، اصلاح۔ ـــ والعَبَش و العُبْشة: غباوت، کند ذہن ہونا۔ العُبْشة والعَبَشة: غفلت۔

عبط: ا۔ عَبَطَ ـِ عَبْطًا الذبیحةَ: موٹے تازے جانور کو ذبح کرنا ـــ الضرعَ: تھن کو خون آلود کرنا۔ ـــ ت الدواهی فلانًا: پر بلا سبب مصیبت پڑنا۔ ـــ الکذبَ علیه: پر بلا وجہ جھوٹ بولنا ـــ فلانٌ الشیَ: کو صحیح پھاڑنا ـــ الشیُ: پھٹنا۔ عام لوگ کہتے ہیں۔ عَبَطَهُ: اس نے اسے بازوں میں لے کر چھاتی سے لگالیا۔ اَعْبَطَهُ الموتُ: بحالت تندرستی و جوانی مرجانا۔ اِعْتَبَطَ الذبیحةَ: موٹا جانور ذبح کرنا ـــ هُ الموتُ: بحالت تندرستی و جوانی مرجانا۔ ـــ الرجُلَ: کو ظلماً قتل کر دینا ـــ الرجُلُ: بخار میں مبتلا ہونا، زخمی ہونا۔ العَبْط: گھڑا ہوا جھوٹ، سفید جھوٹ ـــ العَبْطة: اسم مرة۔ کہا جاتا ہے۔ مَاتَ عَبْطَةً: وہ بحالت تندرستی جوانی میں مرگیا۔ العَبِیط جمع عُبُط و عِبَاط: وہ ذبح کردہ جانور، جو موٹا تازہ اور تندرست ہو۔ دم عَبِیط: خالص تازہ خون، اَدِیم۔ عبیط: پھٹا ہوا چمڑا۔ الحذف الاعتباطی عند النحاة: بغیر کسی علت کے حذف کرنا۔

۲۔ عَبَطَ ـِ عَبْطًا الترابَ: مٹی اڑانا ـــ ت الریحُ وجهَ الارض: ہوا کا [illegible] کر دینا۔

۳۔ عَبَطَ ـِ عَبْطًا الرجُلَ: کی غیبت کرنا ـــ عِرضَهُ: گالی دینا اور بے آبرو کرنا۔ اعتبط العِرْضَ: گالی دینا اور بے آبرو کرنا۔

○ عبیط: کند ذہن، غبی، فاتر العقل، احمق، بے وقوف۔ اعتباطًا: یونہی، بے سوچے سمجھے۔ اتفاق سے، من مانے طور پر۔

عبق: ا۔ عَبِقَ ـَ عَبَقًا و عَبَاقَةً و عَبَاقِیَةً الطیبُ به: کو خوش بو لگنا ـــ المکانُ بالطیب: کسی جگہ میں خوشبو پھیل جانا، جگہ کا خوشبو سے مہک جانا۔ فلانٌ بالشی: کا حریص ہونا، پر فریفتہ ہونا، کا گرویدہ ہونا ـــ بالمکان: میں رہائش اختیار کرنا۔ عَبَّقَ رائحةَ الطیب: خوشبو پھیلانا۔ العَبِق: خوشبودار، وہ چیز جس سے خوشبو مہکے۔ رجُلٌ عبقٌ لَبِقٌ: خوش مزاج آدمی۔ العَبَقة: گھی وغیرہ کا بقیہ، سانس رکنے کا عارضہ۔ العَبَاقِیَة: چہرے پر زخم کا نشان۔

۲۔ العَبَاقِیَة: مکار اور شاطر آدمی۔

۳۔ عَبْقَرَ عَبْقَرَةً السرابُ: سراب کا چمکنا۔

۴۔ عَبْقَرة: ایک جگہ جس کے متعلق عربوں کا خیال تھا کہ وہاں بہت جن رہتے ہیں۔ العَبْقَرِیّ م عبقرِیَّة: عبقر کی طرف منسوب، سردار، ہر چیز سے برتر۔ جس کا کمال، طاقت اور مہارت تعجب انگیز ہو ـــ والعَبْقَرِیّ. ایک قسم کا عمدہ قالین۔ العَبْقَرِیَّة: عبقری کی کیفیت، شاعر اور ادیب کی قوت تخلیق۔

○ عَبِقَ ـَ عَبَقًا ب: سے چمٹنا، خوشبو کا مہکتے رہنا۔ خوشبو دینا، خوشبو سے مہکنا، عَبِق: خوشبودار۔ عَبَقَة: سینہ پر دباؤ، سانس گھٹنے کا احساس۔ عابق: خوشبودار۔ عَبْقَر: جنوں کا فرضی مسکن، پرستان، حیرتوں کی سرزمین۔ عَبْقَرِی: رنگین قالین، طباع، خوش تدبیر، ایجاد کا ماہر، اختراع پسند، ملنسار، خوش مزاج، جمع عَبْقَرِیُّون و عَبَاقِرَة: طباع شخص، خوش تدبیر شخص، غیر معمولی ذہین۔

عبك: عَبَكَ ـُ عَبْكًا الشیَ بالشی: چیز کو چیز میں ملانا۔ العَبَکة: ٹکڑا، تھوڑی چیز۔ مشک کا میل، رسی کی گرہ، کہتے ہیں۔ یبلی الحبل و تبقی العَبَکة: رسی جل گئی مگر بل نہ گیا۔

○ عَبَک: اونی کپڑا۔

عبل: ا۔ عَبَلَ ـِ عَبْلًا الشجرةَ: درخت کے پتے جھاڑنا ـــ الشجرُ: درخت کے پتے نکلنا ـــ الشیَ: کو کاٹنا ـــ به: کو لیجانا۔ اَعْبَلَ الشجرُ: درخت کا نکلے ہوئے پتوں والا ہونا، درختوں کے پتے گرنا ـــ العَبَل جمع عُبَال: گرے ہوئے پتے، نکلے

ہوئے پتے۔

۲۔ عَبَل ـِ عَبْلًا الحبلَ: رسی بٹنا۔ ـ الشیءَ: کورد کرنا، وروکنا۔ اَعْبَلَ الشجرُ: درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔ العَبَل جمع أعْبَال: لپٹی ہوئی پتیاں۔

۳۔ عَبَلَ ـِ عَبْلًا الشیءَ: کوروکنا۔

۴۔ عَبِل ـَ عَبَلًا و عَبُلَ ـُ عُبُولًا و عَبَالَةً: بڑا ہونا، صفت عَبْل و عَبِل جمع عِبَال وعَابِل جمع عُبَّل م عَبْلَة جمع عَبْلَات وعِبَال کہا جاتا ہے۔ رجُلٌ عَبْلُ الذراعَین: بڑے بازوں والا آدمی۔ فرسٌ عَبْلُ الشَّوٰی: موٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ اَعْبَلَ: بڑا اور موٹا ہونا، سفید ہونا۔ ـ العَبَال (ن): پہاڑی گلاب۔ العَبِیل م عَبِیلَة: بڑا، الأَعْبَل جمع أعْبِلَة: ایک سخت پتھر جو سرخ، سفید اور کالا ہوتا ہے۔ العَبْلَاءُ جمع عِبَال: چٹان، سفید چٹان۔ المِعْبَلَة جمع مَعَابِل: تیر کا لمبا چوڑا پھل۔

○ عَبْلٌ جمع عِبَال: گول مٹول، گداز، موٹے (بازو) عَبَال اسم جنس واحد عَبَالَة: ایک قسم کا جنگلی گلاب اَعْبَل: ایک عماراتی پتھر (گرینیٹ)

عبم: عَبُمَ ـُ عَبَامَةً و عَبَامًا: بیوقوف ہونا۔ ماءٌ عُبَام: بہت پانی۔ العَبَام جمع عُبُم: تھکا ماندہ، ست، موٹا، بیوقوف، بے عقل، بے ادب، بزدل۔

العَبَامَاء: بیوقوف

عبن: عَبَنَ ـُ عَبْنًا: کھردرا اور موٹا ہونا۔ صفت: عَبَنّ و عَبَنّی م عَبَنَاة و عَبَنَّیَات۔

عبه ۱۔ العَبْهَر (ن): نرگس چنبیلی، ـ والعُبَاهِر: بھرے جسم والا، لمبا۔

۲۔ عَبْهَلَ ہٗ: کو عتاب کرنا۔ ـ الإبلَ: اونٹوں کو آزاد چھوڑنا، العَبَاهِل من الإبل: آزاد چھوڑے ہوئے اونٹ۔ العَبَاهِلَة (واحد عَبْهَل): وہ یمنی بادشاہ جو اسلامی دور سلطنت میں بدستور حاکم رہنے دیئے گئے۔

عبا: عَبَا ـُ عَبْوًا: کے چہرے کا دمکنا۔ ـ المتاعَ: سامان تیار کرنا۔ العَبْو (مص): بوجھ، جاریَة عَابِیَة: حسین لڑکی۔

عبی: عَبَّی تَعْبِیَةً الجیشَ: لشکر کو تیار کرنا اور مسلح کرنا۔ تَعَبَّی: تیار ہونا۔ العَبِیّ: حصہ کہتے ہیں۔ هذا عبیك من الجزور: ذبح کردہ جانوروں سے یہ تمہارا حصہ ہے۔ رجُلٌ عَبَاءٌ و عَبًّا: بھاری جسم والا اکھڑ مرد۔ العَبَایَة جمع عَبَایَات و عَبًی: چوغہ۔

○ عَبَّی تَعْبِیَةً ہ ب: کو سے بھرنا، کو میں بند کرنا، پیک کرنا، بندوق وغیرہ میں گولی وغیرہ بھرنا، میں کارتوس یا بجلی بھرنا۔ عُبُوَّة جمع عُبُوَّات: پیکیج، پیک (کسی چیز وغیرہ کا)، ڈبہ، بوتل وغیرہ مع ان چیزوں کے جو اس میں ہوں۔ چیزدان۔ عَبَایَة: چوغہ۔

عتّ: عَتَّ ـُ عَتًّا ہٗ بالمسألة: سے سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ ـ ہٗ بالکلام: کو جھڑکی دینا۔ عَاتَّ ہٗ: سے جھگڑا کرنا، کے سامنے بات کو برابر دہرانا۔ تَعَتَّتَ فی کلامه: بار بار وہی باتیں دہرانا، العَتَت: درشتیٔ کلام۔

عتب: ۱۔ عَتَبَ ـُ عَتْبًا و عُتْبَانًا و مَعْتَبًا و مَعْتَبَةً و مَعْتِبَةً علیه: کو سرزنش کرنا، پر خفگی کرنا۔ ـ عَتْبًا و عِتَابًا و عِتِّیبَی فُلانًا: کو ملامت کرنا۔ عَاتَبَ عِتَابًا و مُعَاتَبَةً ہٗ علی کذا: پر کو ملامت کرنا، کی وجہ سے پر غصہ کرنا، کو ناز سے خطاب کرنا۔ أَعْتَبَ ہٗ: سے ناراضگی کا سبب دور کرنا۔ کو راضی کرنا۔ تَعَتَّبَ القومُ: ایک دوسرے پر اظہار ناراضگی کرنا، کہتے ہیں۔ فلانٌ لا یُتَعَتَّبُ بشیءٍ ولا یُتَعَتَّبُ علیه فی شیءٍ: یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَاتَبَ الرجُلَان: ایک دوسرے پر عتاب کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ ناز سے گفتگو کرنا۔ اِسْتَعْتَبَ ہٗ: کو رضامند کرنا، سے رضامندی کی درخواست کرنا، کہتے ہیں۔ اسْتَعْتَبْتُهُ فأَعْتَبَنی: میں نے اس سے رضامندی کی درخواست کی تو اس نے مجھے رضامند کر دیا، یعنی ناراضگی دور کر دی۔ ما بعد الموت مُسْتَعْتَبٌ: موت کے بعد طلب رضا کا موقعہ نہیں۔ العُتَب: بہت عتاب کرنے والا۔ العُتْبَی: رضا، کہتے ہیں۔ اعطاه العُتْبَی: اس نے اسے رضامند کر لیا۔ الأُعْتُوبَة جمع أعَاتِیب: سبب عتاب۔ العَتُوب: وہ شخص جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ المَعْتَبَة والمَعْتِبَة (مص): عتاب غضب۔ المَعْتُوب (مفع): جس پر عتاب کیا جائے۔

۲۔ عَتَبَ ـُ عَتْبًا و عَتَبَانًا و تَعْتَابًا: ایک پاؤں پر کودنا۔ ـ البعیرُ: اونٹ کا تین ٹانگوں پر چلنا۔ عَتَّبَ الرجُلُ: دیر کرنا۔ العَتْب (مص): لنگڑا پن، کہتے ہیں۔ برجله عَتْبٌ: اس کے ایک پاؤں میں لنگ ہے۔

۳۔ عَتَبَ ـِ عَتَبَانًا من مکان إلی مکان و من قول إلی قول: ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔ أَعْتَبَ عنه: سے پھر جانا۔ اِعْتَتَبَ: معاملہ میں میانہ روی اختیار کرنا۔ ـ منه و عنه: سے پھر جانا۔ ـ الطریقَ: آسان راہ کو چھوڑ کر دشوار راہ اختیار کرنا۔ العَتَب و العَتَبَة: سخت زمین العُتْبَة: وادی کا موڑ۔ العَتُوب: راہ۔

۴۔ عَتَبَ ـِ عَتَبَانًا البرقُ: بجلی کا بار بار چمکنا۔

۵۔ عَتَّبَ البابَ: دروازہ کی دہلیز بنانا۔ ـ عَتَبَةً: کو دہلیز بنانا۔ تَعَتَّبَ بابَ فلان: کے دروازہ پر قدم رکھنا، کی دہلیز پر پڑا رہنا۔ العَتَبَة جمع عَتَب و عَتَبَات: چوکھٹ، سیڑھی کا قدمچہ، پایہ۔

۶۔ العَتَب: سبابہ اور بیچ کی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیانی حصہ، فساد۔ ـ والعَتَبَة: ناپسندیدہ بات یا معاملہ۔ سختی عَتَبَاتُ الموت: موت کی سختیاں۔

○ عَتَبَ ـِ عَتْبًا و مُعْتَبًا علی: کی عیب جوئی کرنا، کو الزام دینا، کو قصوروار ٹھہرانا، کو ملامت کرنا، کی مذمت کرنا، کو جھاڑ جھپاڑ کرنا، سرزنش کرنا، عَتَبَ بابَه: کی دہلیز پار کرنا۔ عَتَّبَ: ہچکچانا، تذبذب میں پڑنا، تامل ہونا، تامل کرنا، سست ہونا، دیر کرنا، عَاتَبَ ہٗ علی: کو کا الزام دینا، کو پر ملامت کرنا، کی پر مذمت کرنا، کو پر جھاڑ جھپاڑ کرنا، کو پر سرزنش کرنا، عَتْب: عیب جوئی، الزام تراشی، الزام، ملامت، زجر و توبیخ، ڈانٹ، ڈانٹ ڈپٹ، جھاڑ جھپاڑ، سرزنش، سرکاری سرزنش۔ عَتَبَة جمع عَتَب و أعْتَاب: چوکھٹ، دہلیز، سردل۔ العتبة العلیا: چوکھٹ، دہلیز، قدمچہ، سیڑھی۔ عِتَاب: سرزنش، جھار جھپاڑ، الزام تراشی، ڈانٹ ڈپٹ، مُعَاتَبَة: جھاڑ جھپاڑ، سرزنش، زجر و توبیخ۔

عتد: ۱۔ عَتُدَ ـُ عَتَادًا و عَتَادَةً الشیءُ: تیار ہونا۔ عَتَّدَ و أَعْتَدَ الشیءَ: کو تیار کرنا۔ العَتَاد جمع أعْتُد و عُتُد و أعْتِدَة: وہ سامان جو کسی مقصد کے لئے تیار کیا جائے۔ سامان جنگ جیسے اسلحہ، جانور، لڑنے کے آلات وغیرہ۔ العَتَد و العَتِد من الخیل: دوڑ کے لئے تیار کیا ہوا گھوڑا، مضبوط، صحیح سالم (مذکر و مونث)۔ العُتُدَة جمع عُتُد: سامان، کہا جاتا ہے۔ خذ للأمر عُتُدَتَهُ: کام کے لئے اس کا سامان لے لو۔ العتید: حاضر و تیار العتیدة: العتید کا مونث سنگھاردان۔

۲۔ تَعَتَّدَ فی صنعته: کام کو احتیاط سے کرنا، باریک بینی سے کرنا۔

۳۔ العَتَاد جمع أعْتُد و عُتُد و أعْتِدَة: بڑا پیالہ۔ العَتِید: بھاری جسم کا۔

○ عَتُدَ ـُ عتادا: تیار ہونا۔ أعْتَدَ ہ: کو تیار کرنا، عَتَاد جمع أعْتُد و أعْتِدَة: ساز و سامان، ساز و یراق (جنگی) سامان، مال سامان گولہ بارود (Ammunition) عتاد حربی: سامان جنگ، سامان، گولہ بارود (Ammunition) عتید: تیار، مستقبل کا، آنے والا، عنقریب ہونے والا، قریبی، آئندہ، محترم، مقدس، باضابطہ۔

عتر: ١۔ عَتَرَ ـِ تَعْتَارًا العتيرةَ: عتیرہ ذبح کرنا۔ العِتْر: ہر وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ والعَتِيرة جمع عَتَائِر: وہ بکری جسے عرب ماہ رجب میں اپنے معبودوں کے لئے ذبح کیا کرتے تھے۔

٢۔ عَتَرَ ـِ عَتْرًا و عَتَرَانًا الرمحُ: نیزہ کا ہلنا۔ العِتْر: بکواس۔

٣۔ عَتَرَ ـِ عَتْرًا الشيءَ: مضبوط ہونا۔ رجُلٌ عِتْرٌ: قوی مرد (عام زبان میں)۔ العَتَّار: بہادر، مضبوط طاقت ور گھوڑا۔ المُعَتَّر من الرجال: موٹا آدمی۔

٤۔ العِتْر: اصل، اسی سے ضرب المثل ہے۔ عادت الی عِتْرِها لَمِيسُ: لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی، یہ ضرب المثل ایسے شخص کے لئے بولی جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت کی طرف پھر لوٹ جائے۔ العِتْرة: اولاد، کنبہ، خالص مشک کا ٹکڑا، خشک گوار تھوک، (ن) مرز نجوش (نباتات)۔ المُعَتَّر: بخت بدحال

٥۔ العُتْرُب (ن): سماچ (درخت)

٦۔ عَتْرَسَ هُ: کو سختی سے کھینچنا، زور سے پکڑنا، تشدد سے لے لینا۔ ـــ هُ مالَهُ: کا مال غصب کرنا۔ العِتْرِس و العَتَرَّس: سختی سے کھینچنے والا، بڑے ڈیل ڈول کا موٹے جوڑوں والا۔ (ح) شیر (ح) مرغ۔ العِتْرِيس: سخت غضبناک و سرکش۔ مصیبت۔ بلا

٧۔ عَتْرَفَ له: کے لئے سخت ہونا۔ تَعَتْرَفَ: نخوت پسند و متکبر ہونا۔ ـــ العُتْرُوف و العِتْرِيف جمع عَتَارِيف: خبیث، فاجر، مضبوط اونٹ۔

عتف: عَتَفَ ـِ عَتْفًا الشَعَرَ: بال اکھیڑنا، العِتْفُ من الليل: رات کا ایک حصہ۔

عتق: ١۔ عَتَقَ ـِ عَتْقًا و عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَةً العبدُ: غلام کا آزاد ہونا، صفت۔ عتيق و عـاتِق، أُعْتِقَ العبدَ: غلام کو آزاد کرنا۔ العِتْق: آزادی۔ العُتْق: آزادی۔ العَاتِق جمع عُتَّق: کنواری۔ العَتِيق جمع عُتَقَاء و عُتُق: آزاد کردہ غلام۔ اَمَةٌ عَتِيق: آزاد کردہ لونڈی۔

٢۔ عَتَقَ ـُ عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ ـُ عَتَاقَةً: قدیم ہونا، پرانا ہونا۔ ـــ ت الخمرُ: شراب کا پرانا اور عمدہ ہونا۔ صفت عَاتِق و عَتِيق و عُتَاق۔ ـــ ت اليمينُ عليه: پر قسم کا واجب ہونا، کہا جاتا ہے: على فلان يمين عتقت: فلاں پر قسم واجب ہوگئی۔ عَتَّقَ الخمرَ: شراب کو پرانی کرنا۔ ـــ الثوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔ العِتق و العُتق: کہنگی۔ العَاتِق: جمع عُتَّق: عمدہ شراب، پرانی شراب، کشادہ مشک۔ ـــ و العاتِقَة: پرانی سرخ کمان۔ العُتَاق: پرانی عمدہ شراب۔ العَتِيق جمع عُتَقَاء و عُتُق: کہنہ، قدیم، پرانا۔ البيتُ العتيق: کعبہ شریف۔ العَتِيقَة جمع عَتَائِق: عتیق کا مونث۔ المُعَتَّقَة: پرانی عمدہ شراب، ایک قسم کا عطر۔

٣۔ عَتَقَ ـُ عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ ـُ عَتَاقَةً الشيءُ: درست ہونا۔ أَعْتَقَ ماله: اپنا مال ٹھیک کرنا۔ العِتْق (مص): خالص الاصل ہونا، حسن و جمال، شرافت نجابت۔ العُتُق (ن): درخت جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ العَتِيق جمع عُتَقَاء و عُتُق: کریم، عمدہ، فرسٌ عَتِيقٌ جمع عِتَاق: خوش منظر گھوڑا۔ العتيقة جمع عَتَائِق: عتیق کا مونث۔

٤۔ عَتَقَ ـِ عَتْقًا الفرسُ: گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے دوڑ میں آگے نکل جانا۔ اَعْتَقَ الفرسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔

٥۔ عَتَّقَ فلانا بفيه: کو منہ سے کاٹ کھانا۔

٦۔ العُتُق جمع عاتق: کندھے۔ العَاتِق جمع عواتق و عُتُق (ع ا): کاندھا۔ عـاتِقُ الثريّا (فلك): ایک ستارہ کا نام۔

○ عَتُقَ ـُ عَتَاقَةً و عَتَقَ ـِ عَتْقًا و عِتْقًا: پرانا ہونا، بوڑھا ہونا، (شراب کا) پختہ ہونا، شیریں ہونا۔ عَتَقَ: (غلام کا) آزاد ہونا۔ أَعْتَقَ هُ: کو (خصوصا غلام کو) آزاد کرنا۔ إنْعَتَقَ من: سے اپنے آپ کو آزاد کرنا، سے چھٹکارا حاصل کرنا۔ عِتْـــق: مدت (خصوصا شراب کی)......، آزادی (غلامی کی ضد)، عَتِيـــق: پرانا، قدیم، پختہ، پرانی لذیذ (شراب)، قدیم روایت کا، مدتوں کا، کہنہ، فرسودہ، دقیانوسی، متروک، غیر مروج، آزاد کردہ غلام، شریف، اونچے خاندان کا۔ عتيق الطراز: پرانی وضع کا، دقیانوسی، عَـاتِق جمع عَوَاتِق: کندھا۔ اخذه على عاتقه: اپنے ذمہ لینا، کا کام سنبھالنا۔ القى المسؤولية على عاتقه: پر ذمہ داری ڈالنا، وقع على عاتق فلان: کے خرچ پر ہونا، کے حصہ میں آنا۔

عتك: ١۔ عَتَكَ ـِ عَتْكًا و عُتُوكًا: لڑائی میں حملہ کرنا۔ ـــ الفرسُ: گھوڑے کا کاٹنے کے لئے حملہ کرنا۔ ـــ على الأمر: کسی کام کرنے کا خطرہ مول لینا۔ إلى المكان: کسی جگہ کی طرف مڑنا۔

٢۔ عَتَكَ ـِ عَتْكًا و عُتُوكًا البلدَ: شہر پر ظلم کرنا۔ ـــ عليه بخير او شرّ: کے ساتھ بھلائی یا برائی سے پیش آنا۔

٣۔ عَتَكَ ـِ عَتْكًا و عُتُوكَاتِ القوسُ: کمان کا پرانی ہونے کی وجہ سے سرخ ہونا، صفت: عَـاتِكَة جمع عَوَاتِك: [illegible] کہنگی کی وجہ سے سرخ۔ ـــ من الايام: سخت گرم دن۔

٤۔ عَتَكَ ـِ عَتْكًا و عُتُوكًا اللبنُ: دودھ کا سخت کھٹا ہونا۔

٥۔ العَتْك: زمانہ، کہا جاتا ہے: مَضَى عليه عتكٌ: اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ العَاتِك: کریم۔ ہر خالص چیز اور رنگ، النبيذ العاتِك: صاف شراب۔

○ عتك ـِ عتكًا: حملہ کرنا۔ عَاتِك: صاف، خالص، نتھری ہوئی (شراب بالخصوص)۔

عتل: ١۔ عَتَلَ ـِ عَتْلًا هُ: کو سختی سے کھینچنا، کہا جاتا ہے۔ عَتَلَهُ إلى السجن: اس نے اسے زور سے جیل میں دھکیل دیا۔ ـــ الشيءَ: چیز کو اٹھانا۔ عَتَلَ ـُ عَتْلًا الي الشر: برائی کی طرف جلدی کرنا صفت عَتِل، تَعَتَّلَ: اپنی جگہ سے نہ ہٹنا۔ إنْعَتَلَ: کھنچ جانا۔ اپنی جگہ سے نہ ہٹنا، کہا جاتا ہے۔ لا انعتلُ معك شبرًا: میں اپنی جگہ سے ایک بالشت بھی نہیں ہٹوں گا۔ العَتَلَة جمع عَتَل: مٹی کا بڑا ڈھیلا۔ گدالہ، بڑی لاٹھی۔ العَتَّال: باربردار، قلی۔ العِتالة: باربرداری کا پیشہ۔ العَتِيل جمع عُتُل و عُتَلاء: مزدور، خادم۔ ارلمِعْتَل: کھینچنے یا اٹھانے میں قوی اور مضبوط۔

٢۔ العُتُلّ: بہت کھانے والا، سخت مزاج، ہر سخت چیز۔ داءٌ عَتِيل: سخت بیماری۔

○ عَتَلَة جمع عتل: بیل، گدالا۔

عتم: ١۔ عَتَمَ ـِ عَتْمًا عن الامر: کام کرتے کرتے رک جانا۔ عَتَّمَ عن الامر: کام کرتے کرتے رک جانا۔ ـــ الطائر: پرندے کا انسان کے سر پر پھڑ پھڑاتے رہنا۔ أَعْتَمَ عن الامر: کام کرتے کرتے رک جانا۔

٢۔ عَتَمَ ـِ عَتْمًا قِرَى الضيف: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ ـــ الليلُ: رات کا ایک حصہ گزر جانا۔ ـــ ـِ عَتْمًا و تعتَّمت الناقةُ: اونٹنی کا عشا کے وقت دوہا جانا صفت عَاتِمَة جمع عَاتِمَات و عواتم عَتَمَ الرجُلُ: تاریکی میں چلنا۔ ـــ قِرَاهُ: کی مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ ماعَتَمَ ان وقف بنا: اس نے دیر نہیں کی، حمل عليهم فما عَتَّمَ: اس نے ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا۔ أَعْتَمَ قِرَى الضيف: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا یا دیر ہونا (لازم و متعدی) ـــ حاجتَهُ: کی حاجت کو موخر کرنا۔ ـــ ت الحاجة: حاجت میں تاخیر ہونا یا حاجت کا موخر ہونا۔ ـــ الرجلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا۔ ـــ ت الناقةُ: اونٹنی کا عشاء کیوقت دوہا جانا۔ ـــ الليلُ: رات

کا ایک حصہ گزر جانا۔ اِسْتَعْتَمَ الرجُلَ: کو دیر کرانا۔ ـــ النَعَمَ: بھیڑ بکری اونٹ وغیرہ کے دوہنے میں دیر کرنا۔ ـ ت الناقۃُ: اونٹنی کا عشاء کے وقت دوہا جانا۔ الـقَـمَـۃَ: دیر کرنا، رات کی پہلی تہائی، رات کی تاریکی، الـعَـاتِـم م عاتِمہ فا: کہا جاتا ہے جاءَ ناضیفٌ عاتمٌ: ہمارے پاس شام کو دیر سے مہمان آیا۔ النجومُ العاتِمات: وہ ستارے جو غبار کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔ الـعَـتُـوم: وہ اونٹنی جو عشاء کے وقت دودھ دے۔ العَتُومَۃ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ المِعْتَام: دیر کرنے والا کہا جاتا ہے۔ رجُلٌ مِعْتَام القِرَی: دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔

۳۔ العُتْـم و العُتُم (ن): جنگلی زیتون کا درخت۔ واحد عُتْمۃ و عُتُمہ۔

○ عَتَـمَ ـِ عَتْما: ہچکچانا، تذبذب میں پڑنا، متامل ہونا، تامل کرنا، عَتَّـمَ ہ: کو تاریک کرنا، کو دھندلا نا کرنا، پر گھٹا کا چھا جانا، (روشنی) گل کرنا، بلیک آؤٹ کرنا۔ عَتَّم (بالخصوص حرف نفی کیساتھ): جیسے لا یعتّم ان. لم یعتّم ان، ماعتم ان: زیادہ دیر نہیں ہوئی یا ہوگی کہ، جلد ہی تھوڑی دیر میں، اَعْتَمَ: ہچکچانا، تذبذب میں پڑنا، متامل ہونا، پس و پیش کرنا، عُتَـم اسم جنس واحد عُتْمہ: جنگلی زیتون کا درخت۔ عَتمۃ تاریکی، اندھیرا، دھندلکا۔ عَتَمۃ: رات کی پہلی تہائی۔ عَتَامَۃ: ابہام، غیر واضح ہونا، غیر شفاف ہونا جمع عَتَـامـات تاریکی، اندھیرا، تَـعْتِـیم تاریک کرنا، دھندلا کرنا، گھٹا کا چھا جانا، بلیک آؤٹ، مُعْتِم تاریک۔

عتن: عَتَنَ ـِ عَتْنا ہُ اِلی السجن: کو قید خانہ کی جانب زور سے دھکیلنا۔ اُعْتَنَ علی غریمہ: قرض دار پر سختی کرنا، تشدد کرنا، کو تکلیف پہنچانا۔ الـعاتِـن والعَتُون جمع عُتُن: قوی، سخت۔ الـعَتِـن من الرجال: سخت حملہ کرنے والا۔

عتہ ا۔ عَتِـہَ ـَ و عُتِہَ عَتَہًا و عُتْہًا و عَتَاہًا و عُتَاہًا و عَتَاہَۃً و عَتَاہِیَۃً: کم عقل ہونا، حیران ہونا، الجھاؤ میں پڑنا، گھبرا جانا، پریشان ہو جانا، پاگل ہونا، بوکھلا جانا، صفت: مَـعْتُوہ و مُعَتَّـہ و عَتَاہِیَۃ تَعَتَّہَ: جاہل بننا، پاگل بننا۔ ـــ عـنـہ: سے تغافل برتنا۔ الـعَتَاہَۃ (مص): گمراہی، بے وقوفی۔ والـعَـتَـاہِیۃ: جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔

۲۔ عَتِـہَ ـَ عَتَہًا و عُتْہًا و عَتَاہًا و عُتَاہًا و عَتَاہَۃً و عَتَاہِیَۃً و عُتِہَ فی العلم: علم میں حریص ہونا، ـــ فـلانٌ فـی فـلان: کو ایذا دینے کا خواہش مند ہونا، صفت عتیہ جمع عُتَہَاء۔

○ عُتِـہَ عُتْـہًا و عَتَہًا و عَتَاہَۃً: بیوقوف ہونا یا ہو جانا۔ فاتر العقل ہونا یا ہو جانا، کم عقل ہونا یا ہو جانا، پاگل ہونا، دیوانہ ہونا یا ہو جانا۔ عُتْـہ و عَتَـہ: حماقت، بیوقوفی، کم عقلی، بے عقلی، فتور عقل، عَتَـاہَۃ: بمعنی عُتْـہ و عَتَـہ مَعْتُوہ جمع مَـعَاتِیہ: احمق، پاگل، جنونی، مختل الحواس، کم عقل، بے عقل، پاگل شخص۔

عتا: عَتَـا ـُ عُتُوًّا و عُتِیًّا و عِتِیًّا: تکبر کرنا، حد سے تجاوز کرنا۔ صفت عاتٍ جمع عُتَـاۃ و عُتِیّ، ـــ عن الادب: ادب کو قبول نہ کرنا۔ الـعَاتِی: سرکش۔ لیلٌ عاتٍ: بہت اندھیری رات۔ مَـلِك عاتٍ: سنگدل، تندخو بادشاہ، ـ العَتِیّ جمع اَعْتَاء: سرکش۔

معقود اللسان: جس کی زبان کو تالا لگا ہوا ہو۔ بول نہ سکنے والا۔ کان الامل معقودًا ان: امید تھی کہ۔ مُعَاقِد: ٹھیکہ لینے والا فریق ٹھیکہ دار۔ المتعاقدان: دونوں فریق (ٹھیکہ دینے اور لینے والے)۔

المُعْتَقَد ان: یہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ یقین کیا جاتا ہے کہ مُعْتَقَد: یقین کیا گیا جمع معتقدات: ایمان کی شق، ایمان کا اصول، عقیدہ، اصول، ایمان، مذہب، مسلک، پختہ یقین، اعتقاد رائے، خیال۔

عقر: ۱- عَقَرَ ـِ عَقْرًا ہُ: کو زخمی کرنا ذبح کرنا۔ ـــ الابلَ: اونٹوں کی کونچیں کاٹ ڈالنا۔ ـــ بالصید: شکار کے پیچھے لگنا، پر حملہ کرنا۔ عقَّر الابل: اونٹوں کو بہت زخمی کرنا۔ عَاقَرَ مُعَاقَرَةً ہُ: پر اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔ تَعَقَّرَ واعْتَقَرَ ظہرُ الدابة من الرحل او السرج: جانور کی پیٹھ کا کجاوے یا زین سے زخمی ہو جانا۔ تَعَاقَرَ الراعیان: دو چرواہوں کا اونٹوں کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔ اِنْعَقَرَ ظہرُ الدابة من الرحل او السرج: کجاوے یا زین سے جانور کی پیٹھ کا زخمی ہو جانا۔ ـــ ت قوائم البعیر: اونٹ کی کونچیں قطع ہو جانا، کٹ جانا۔ العاقور: پیٹھ کو زخمی کر دینے والی زین۔ العُقَر: جانور کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ العُقَرَة بمعنی عُقَر و عاقور۔ العقَّار جمع عَقَاقِیر: بہت زخمی کرنے والا۔ العِقِّیر: مبالغہ کا صیغہ۔ العَقُور جمع عُقُر: کاٹنے والا جانور وغیرہ العَقِیر جمع عَقْرَی: زخمی العَقِیرَة: زخمی شکار وغیرہ، کٹی ہوئی پنڈلی۔ نخلة عَقِیرَة: کٹے ہوئے سر کا کھجور کا درخت۔ گانے، رونے یا پڑھنے والے کی آواز، کہتے ہیں: رَفَعَ عَقِیرَتَه: اس نے اپنی آواز بلند کی۔ المِعْقَر: جانور کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ ـــ والمِعْقَار و المُعَقِّر من السروج: پیٹھ زخمی کرنے والی زین۔

۲- عَقَرَ ـِ عَقْرًا به: کو چلنے سے روک دینا۔ ـ عَقْرًا و عُقْرًا و عُقَارًا ت المرأۃُ او الناقةُ: عورت یا اونٹنی کا بانجھ ہونا۔ صفت عاقر: اسی سے ضرب المثل ہے۔ الحرکةُ وَلُودٌ والسکونُ عَاقِرٌ: حرکت حاملہ اور سکون بانجھ ہے۔ عَقَرَ ـُ عُقْرًا و عَقَارَةً و عِقَارَةً ت المرأۃُ او الناقةُ: عورت یا اونٹنی کا بانجھ ہونا۔ ـ عُقْرًا الامرُ: بے نتیجہ ہونا، عُقِرَت المرأۃُ او الناقةُ: عورت یا اونٹنی کا بانجھ ہونا۔ اَعْقَرَ اللّٰه المرأۃَ: اللہ کا کسی عورت کو بانجھ بنانا۔ العُقْر (مص) بے اولاد۔ بیضةُ العُقْر: مرغی کا پہلا انڈہ۔ العَقْرَة والعُقْرَة والعَقَارَة: عدم حمل، بانجھ پن کہتے ہیں: حملت بعد عُقْرَة: وہ بانجھ پن یا عدم حمل کے بعد حاملہ ہوئی۔ امرأةٌ عُقَرَة: رحم کی بیماری والی عورت۔ العَاقِر جمع عُقَّر و عَوَاقِر: بانجھ عورت، رجلٌ عَاقِر: بے اولاد مرد۔ رجلٌ عَقِیر: بے اولاد مرد۔

۳- عَقِرَ ـَ عَقَرًا الرجلُ: دہشت زدہ ہونا۔ أَعْقَرَہُ: کو دہشت زدہ کرنا۔ العَقِیر جمع عَقْرَی: دہشت زدہ۔

۴- عَاقَرَ مُعَاقَرَةً الشیءَ: کو لازم پکڑنا، کا عادی ہونا۔ ـ الخمرَ: شراب پینے میں مداومت کرنا۔ تَعَقَّرَ الغیثُ: لگاتار بارش برسانا۔ العُقَار: شراب۔

۵- عَاقَرَ مُعَاقَرَةً ہُ: سے نفرت کرنا، کو گالی دینا، کی ہجو کرنا۔

۶- تَعَقَّرَ الرجلُ: زیادہ جائیداد والا ہونا۔ ـــ النباتُ: نباتات کا لمبی ہونا۔ العَقْر: گھر کا درمیانی حصہ، محلّہ، اونچی عمارت، مکان۔ العُقْر جمع اَعْقَار: محلہ، گھر کا درمیانی حصہ، گھر کی سب سے خوبصورت جگہ۔ بہترین گھاس، قصیدے کا بہترین شعر، محل، جہیز العَقَار جمع عَقَارَات: گھر کا سامان، زمین (جائیداد) ہر وہ چیز جس کی اصل اور استحکام ہو جیسے، زمین، گھر۔ العُقَار: گھر کا سامان، بہترین مال اور گھاس۔ العَقَّار جمع عَقَاقِیر: درخت، العُقْرَی: زمین (جائیداد)۔ العِقِّیر: درخت۔ المُعْقِر: بہت جائیداد والا۔

۷- تَعَقَّرَ شحمُ الناقة: اونٹنی کی چربی کا گھٹا ہوا ہونا۔

۸- العَقْر: دو چیزوں کے درمیان کی کشادگی۔ العُقْر جمع اَعْقَار: تالاب کا پچھلا حصہ یا تالاب کا وہ مقام جہاں پینے والا کھڑا ہو۔ ـ و العُقُر: بڑی آگ۔ العَقَار جمع عَقَارَات: لال رنگ۔ العَقَّار جمع عَقَاقِیر: جڑی بوٹیاں، مطلق دوا۔ الاَعْقَر م عَقْرَاء جمع عُقْر: وہ اونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔

العَقْرَاء: اَعْقَر کا مونث۔ ریت کا ٹیلہ۔ ارضٌ مَعْقَرَة: بہت بچھوؤں والی سرزمین۔

۹- العَقْرَب جمع عَقَارِب (ح): بچھو (مذکر و مونث) اکثر مونث آتا ہے۔ کنیت ام عِرْیَط وام ساهرة ہے۔ مذکر کو عُقْرُبان بھی کہتے ہیں۔ کبھی مادہ کو عَقربہ بھی کہا جاتا [illegible]

عقربُ الساعة: گھڑی کی سوئی۔ عقربُ الصُدغ: گھنگھریالے بال جو کنپٹیوں پر عورتیں لٹکاتی ہیں۔

العقارب: سختیاں، چغلیاں، کہتے ہیں: دبَّتْ عقاربُهُ ودبّت منه عقاربُ السعایة و انه لتدبُّ عقاربُهُ: وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عیشٌ ذُو عَقَارِب: سختی اور تنگی کی زندگی عَقَاربُ الشتاء: ٹھنڈ کی شدت۔ العقرَبَاء (ح): مادہ بچھو۔ المُعَقْرَب: موڑا ہوا، ٹیڑھا گھٹا ہوا، مضبوط جسم، کامل مددگار۔

ارضٌ مُعَقْرِبَة: بہت بچھوؤں والی زمین۔

○ عَقَرَ ـِ عَقْرًا ہُ/ ھ: کو زخمی کرنا۔ عَقُرَ ـُ وعَقَرَ ـِ عُقْرًا و عَقْرًا و عَقَارَةً: بنجر ہونا، بانجھ ہونا، بے اولاد ہونا۔ عَاقَرَہ: کا عادی ہونا۔ اَعْقَرَہُ: کا ہوش اڑا دینا، کو حواس باختہ کرنا، کو مدہوش کرنا، عُقْر و عَقْر: بنجر پن، بانجھپن، درمیان، مرکز، فی عقر الدار: گھر کے ہی اندر۔ فی عقر دارہ: ان کے اپنے گھر میں فی عقر دیارھم: ملک کے اندر، ان کے اپنے ملک میں، ان کے اپنے میدان میں۔ عُقْر: لونڈی سے ناجائز جنسی تعلق کا ہرجانہ، بے اولاد مرد۔ عَقَار جمع عَقَارَات: غیر منقولہ جائیداد، زرعی جائیداد۔ عُقَار: بچا کھچا، بقیہ۔ عَقَارِی: غیر منقولہ جائیداد کا یا سے متعلق، غیر منقولہ جائیداد یا زرعی جائیداد پر مشتمل۔

بنك عقاری: غیر منقولہ جائیداد کا بینک۔ زرعی زمین رہن رکھنے والا بینک۔ رهن عقاری: غیر منقولہ جائیداد یا زرعی جائیداد کا رہن۔ زرعی ضمانت۔

القسم العَقَاری: زرعی جائیداد کا بندوبست۔

مِلك عقاری: زرعی جائیداد۔ عَقُور: بھوکا، لالچی کاٹنے والا (جانور)۔ عَقَّار جمع عَقَاقِیر: دواء، کھانے یا لگانے کی دوا، علاج عَقَارَة: بنجر پن، بانجھ پن۔ عَقِیرَة: آواز۔ عَاقِر (م): بنجر، بانجھ (عورت)۔

عَقْرَب جمع عَقَارِب: بچھو، ڈنک، نیش، کانٹا، خار۔ (گھڑی یا گھنٹے کی) سوئی۔ بالوں کی لٹ، زلف، گیسو، گھنگھریالے بال، زلف پرشکن، گیسوئے تابدار، آسمان کا ایک برج (العقرب)۔ مُعَقْرَب: ٹیڑھا، پیچ دار، موڑ والا، مڑا ہوا، بل دار، گھنگھریالا۔

عقش: عَقَشَ ـُ عَقْشًا العودَ: لکڑی کو موڑنا۔ ـ المال: مال کو جمع کرنا۔

عقص: ۱- عَقَصَ ـِ عَقْصًا الشعرَ: بالوں کی چوٹی بنانا یا ان کو گوندھنا۔ ـ المرأۃُ شَعَرَھا: بالوں کا جوڑا بنانا۔ عَقِصَ ـَ عَقَصًا التیسُ: مینڈھے کا پیچھے کو مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ ـ الرجلُ: آدمی کا مڑی ہوئی انگلی والا ہونا۔ العَقَص: جمع شدہ ریت جس میں راستہ

نہ ہو۔ العُقَصَۃ من القرن وغیرہ جمع عُقَص: سینگ وغیرہ کی گرہ۔ العِقْصَہ جمع عِقَص و عِقَاص والعَقِیْصَہ جمع عَقَائِص وعِقاص: بالوں کی چوٹی۔ العِقَاص جمع عُقُص: موباف۔ الأَعْقَص م عَقْصاء جمع عُقْص مڑی ہوئی انگلیوں والا، جس کے دودانت اندرکو ہوں۔ — من التیوس: مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ المِعْقَص جمع مَعاقِص: ٹیڑھا تیر۔ المِعْقَاص: مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ، بکری۔

۲۔ عَقِص ـَ عَقَصًا الرجلُ: بخیل ہونا۔ العَقِیص: بخیل۔ الأَعْقَص م عَقْصاء جمع عُقْص: بخیل۔

۳۔ عَقِصَ ـ عَقَصًا الرجلُ: بدخلق ہونا۔ العَقِص: بدخلق۔

○ عَقَصَ ـِ عَقْصًا ہ: بالوں کو گوندھنا، بالوں کی چوٹی (چٹیا) کرنا۔ عَقِیصَۃ جمع: عَقَائِص وعِقَاص: بالوں کی چوٹی (چٹیا) گندھے ہوئے بال، بالوں کی لٹ، زلف، گیسو۔

عقف: ۱۔ عَقَفَ ـِ عَقْفًا و عَقَّفَ العُودَ ونحوہ: لکڑی کو کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا صفت مفعولی۔ اَعْقَف و مَعْقُوف۔ تَعَقَّفَ و اِنْعَقَفَ العودُ ونحوہُ: لکڑی وغیرہ کا مڑنا اور ٹیڑھا ہونا، العَقْفَاء اعقف کا مونث جمع عُقْف: لوہا وغیرہ جس کا کنارہ ٹیڑھا اور مڑا ہوا ہو، مڑے ہوئے سینگوں والی بکری۔ — والعُقَیْفَاء (ن): ایک گھاس جسے کھانے سے بکریاں مرجاتی ہیں۔ العُقَاف: ایک بیماری جس سے بکریوں کی ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔ ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں۔ جمع عَوَاقِف ہے۔ العُقَّافَۃ: لکڑی جس کی ایک جانب ٹیڑھی ہو۔ العَقُوف من ضروع البقر: گائے کا تھن جس سے دھار دوہتے وقت سیدھی نہ نکلے۔ شَوْکَۃ عَقِیْفَۃ: مڑا ہوا کانٹا۔ المَعْقُوف: جسے ٹانگیں ٹیڑھی کرنے والی بیماری ہو شَیْخ مَعْقُوف: ٹیڑھی کمر والا بوڑھا۔

○ عَقْعَق جمع عَقَاعِق: چتلا کوا (magpie)

○ عَقَفَ ـِ عَقْفًا ہ: کو موڑنا، ٹیڑھا کرنا، عَقَّفَ ہ: بمعنی عَقَفَ۔ عُقْفَۃ جمع عُقَفات: پھندا، چھلا، کاج۔ اَعْقَف م عَقْفَاء: مڑا ہوا، ٹیڑھا، مَعْقِف: سیدھا قوس Square bracket۔ مَعْقُوف: ٹیڑھا، مڑا ہوا، جھکا ہوا، سروں کے نزدیک جھکا ہوا، سائیکل کے ہینڈل کی شکل کی مونچھ، دوہرا۔ معقوفان: سیدھی قوسیں Square brackets۔ مُنْعَقِف: سیدھا قوس Square bracket۔ بین منعقفین: سیدھے قوسین میں۔

عقل: ۱۔ عَقَلَ ـُ عَقْلاً البعیرَ: اونٹ کی ٹانگ اور ران ملا کر رسی سے باندھنا۔ — الدواءُ بطنَہ: دواء کا کسی کو قبض کر دینا۔ — ـِ عَقْلاً و عُقُولاً المصارعُ خصمَہُ: کشتی لڑنے والے کا اپنے مد مقابل کو ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر گرا دینا۔ عَقْلاً و معقولاً الغلامُ: لڑکے کا سمجھدار ہونا، دانا ہونا، کہتے ہیں ما فعلت مُنذ عَقَلْتُ: میں نے یہ کام اس وقت سے نہیں کیا جب مجھے سمجھ آ گئی تھی۔ — فلانٌ بعد الصبا: اپنی غلطی کو سمجھ لینا۔ — عَقْلاً الشیٔ: کو سمجھنا، پر غور و فکر کرنا، صفت عَاقِل جمع عاقلون و عُقَلاء و عُقَّال مونث عَاقِلَۃ جمع عاقِلات و عَوَاقِل۔ عَقِلَ ـَ عَقَلاً البعیرُ: اونٹ کا ٹیڑھی ٹانگوں والا ہونا صفت اعقل م عَقْلاء جمع عُقْل۔ عَقَّلَ البعیرَ: اونٹ کی ٹانگ اور ران ملا کر باندھنا۔ — الغلامُ: لڑکے کا عقل مند ہونا۔ — الغلامَ: لڑکے کو عقلمند بنانا۔ — الرجُلَ عن حاجتہ: آدمی کو اس کی ضرورت کے حصول سے روک دینا۔ عَاقَلَ مُعَاقَلَۃً ہ فعَقَلَہُ: کا سمجھ بوجھ میں مقابلہ کرنا اور اس پر غالب آنا۔ اَعْقَلَ ہُ: کو عقل مند پانا۔ تَعَقَّلَ ہُ: کو روکنا۔ — الرِجْلَ: پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا۔ — الرحْلَ او السرجَ: کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا۔ — الغلامُ: لڑکے کا سمجھدار ہونا۔ عقلمند بننا۔ تعَاقَلَ: اپنے آپ کو عقلمند ظاہر کرنا۔ اِعْتَقَلَ ہُ: کو قید کرنا، کوکی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر پچھاڑ دینا۔ — الرُمْحَ: نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا۔ — البعیرَ: اونٹ کی ٹانگ اور ران ملا کر باندھنا۔ — الرَحْلَ او السرجَ: کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا۔ — الرِجْلَ: پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا۔ الشاۃَ: بکری کی ٹانگ کو اپنی ٹانگ اور ران کے درمیان دبا کر دوہنا۔ — الدواء بطنَہُ: دوا کا کسی کو قبض کر دینا۔ اُعْتُقِلَ لسانُہُ: زبان کا بند ہو جانا۔ بول نہ سکنا۔ العَقْل (مص) جمع عُقُول: روحانی روشنی جس سے غیر محسوسات کا ادراک ہوتا ہے۔ دل۔ العَقْلیّ: عقل سے منسوب، جس میں باطنی حس کو دخل نہ ہو، عقلیت کا دعویدار۔ العَقْلِیَّۃ: وحی کے بغیر عقل کو کافی سمجھنے والوں کا مذہب۔ العُقْلَۃ جمع عُقَل: جس سے باندھا جائے۔ العُقْلَۃ: زبان کی بندش۔ العِقَال جمع عُقُل: رسی جس سے اونٹ کے زانوں کو باندھا جاتا ہے۔ سر پر باندھنے کی رسی۔ العُقَّال (طب): جانوروں کے پاؤں کی بیماری۔ العَاقِل (فا) جمع عُقَلاء و عاقِلون و عُقَّال: سمجھدار دانا، عورت کو بھی عاقل کہتے ہیں۔ — جمع عُقَّال عند الدروز: دروزیوں کے نزدیک، دین کے اسرار کا واقف، اس کے مقابل میں ان کے نزدیک جاہل ہوتا ہے۔ العَاقِلَۃ: عاقل کی مونث۔ قوت فہم عَاقِلَۃُ الرجُل: پدری رشتہ دار۔ العَقُول: قابض دواء۔ امور کو سمجھنے والا۔ العَقِیل: معقول۔ العَقِیْلَۃ جمع عَقَائِل من النساء: شریف پردہ دار عورت۔ — من الابل: عمدہ اونٹ۔ — من القوم: سردار۔ — من کل شیٔ: ہر چیز کا عمدہ ترین ٹکڑا۔ عَقِیْلَۃُ البحر: موتی۔ المَعْقِل جمع مَعَاقِل: اونٹوں کو باندھنے کی جگہ۔ المَعْقُول جمع مَعْقُولات: سمجھا ہوا۔ عقل، کہتے ہیں: مالہ حول ولا مَعْقُول: اس کے پاس نہ تو طاقت ہے نہ عقل۔ عَلِمَ مَعْقُولاً وعَدِمَ معقولا: اس نے بات کو جان لیا مگر عقل سے بے بہرہ رہا۔ عِلْمُ المعقولات: وہ علم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے۔

۲۔ عَقَلَ ـِ عَقْلاً القتیلَ: مقتول کی دیت دینا، خون بہا دینا۔ — عن فلان: کسی کی طرف سے تاوان یا دیت دینا۔ — لہ دمَ فُلان: مقتول کے بدل قاتل کو قتل کرنے کے مطالبہ کے بجائے خون بہا پر راضی ہو جانا۔ اَعْقَلَ الرجُلُ: پر سال کی زکوۃ واجب ہونا۔ تَعَاقَلَ القومُ دمَ القتیل: ادائیگی دیت (خون بہا) میں شرکت کرنا۔ اِعْتَقَلَ من دم فلان: کی دیت لینا۔ العَقْل جمع عُقُول: دیت، خون بہا۔ العِقَال جمع عُقُل و عُقْل: اونٹوں اور بکریوں کی ایک سال کی زکوۃ کہتے ہیں: اَدَّیْتُ عِقَالَ سَنَۃٍ: میں نے ایک سال کی زکاۃ ادا کر دی۔ عِقَالُ المئین: وہ شریف جس کے قید ہونے پر دو سو اونٹوں کو بطور فدیہ دیا جائے۔ العَاقِل جمع عَاقِلَۃ: دیت دینے والا۔ المَعْقُلَۃ جمع مَعَاقِل: دیت، جرمانہ، تاوان، کہتے ہیں: صار دمُہ مَعْقُلَۃً علی قومہ: اس کا خون قوم پر تاوان ہو گیا جسے وہ ہر سال ادا کرتی ہے۔

۳۔ عَقَلَ ـِ عَقَلَت المراۃُ شعرَھا: عورت کا اپنے بالوں میں کنگھا کرنا۔

۴۔ عَقَلَ ـِ عَقْلاً و عُقُولا الوعلُ: بارہ سنگے یا پہاڑی بکرے کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر محفوظ ہو جانا۔ — الیہ: کی، کے پاس پناہ لینا۔ العَاقِل جمع عاقِلۃ (ح): پہاڑی بکرا، بارہ سنگا۔ المَعْقِل جمع مَعَاقِل: جائے پناہ، پناہ گاہ، بلند پہاڑ۔

۵۔ العَاقُول جمع عَوَاقِیل: دریا کا بڑا حصہ۔ موج، وادی یا دریا کا موڑ، بے نشان زمین، مبہم معاملات۔

○ عَقَلَ ـ عَقْلاً البعیرَ: اونٹ کی ٹانگیں ایک ساتھ

باندھ دینا۔ — ہ: کو نظر بند کرنا، پر نگرانی رکھنا، قید کرنا، روکنا، گرفتار کرنا، کو کشتی میں گرا دینا، پچھاڑ دینا۔ — ہ ل: کو مقتول کا خون بہا دینا۔ عَقُلَ: عقل اور سمجھ کی صلاحیت دویعت کیا جانا، معقول ہونا، سمجھ، عقل، فہم وفراست اور ذہانت رکھنا، ہوش میں ہونا، واقف، آگاہ، باخبر ہونا۔ — ہ: کو سمجھنا، کا ادراک کرنا۔ عَقَّلَ لسانہ: کی زبان بند کر دینا، کو ساکت کر دینا۔ عَقَّلَ ہ: کو معقول یا ہوشمند وزیرک بنانا۔ کو عقل سکھانا۔ تَعَقَّلَ: معقول ہونا، ہوشمند ہونا، زیرک ہونا، عاقل ہونا مبنی بر عقل ہونا، معقول ہونا، عقل کے معیار پر پورا اترنا، ذہین ہونا، سمجھ دار ہونا، معاملہ فہم ہونا، ہوشیار ہونا، عقلمند ہونا۔ — ہ: کو پوری طرح سمجھنا، کا ادراک کرنا۔ اِعْتَقَلَ ہ: کو گرفتار کرنا، قید کرنا، کو نظر بند کرنا۔ — ہ: کو قرق کرنا، ضبط کرنا، کو باڑے میں بند کرنا، پر قبضہ کرنا۔

عَقْل: خون بہا، دیت جمع عُقُول: سمجھ، سوجھ بوجھ، عقل، حس، ہر معقول بات، ہوشمندی، ادراک، فہم، بصیرت، دقت نظر، معقولیت، دل، ذہن نفس، شعور، ذہانت، سمجھ، عقل وفہم فراست، ذہن، دماغ۔ مُخْتَلّ العقل: پاگل دیوانہ، آپے سے باہر، سلیم (صحیح) العقل: ہوشمند، اعتدال پسند۔ العقل الباطن (اللاشعوری او غیر الواعی): تحت شعور، لاشعور، نادانستہ، غیر ارادی۔ العقل الشعوری (او الواعی اوالظاھر) تحت الشعوری، نیم شعوری۔ العقل المُمَیِّز: واقف آگاہ، باخبر، عقل الکترونی: بجلی کا کمپیوٹر۔ عَقْلِی: معقول مبنی بر عقل، عقلیت پر مبنی، دماغی، ذہنی، نفسی، نفسیاتی، عقلی جمع عَقْلِیُّون: دانشمند، دانش ور، صاحب علم و فراست، ذی فہم، عقلیت پسند، العَقْلِیَّات: ذہنی عالم۔ المذهب العقلی: عقلیت پسندی۔ الامراض العقلیة: دماغی امراض۔ عَقْلِیَّة: ذہنیت، ذہنی رویہ۔ عُقْلَة جمع عُقَل: گرہ، گانٹھ، گومڑی، جوڑ، جوڑ کی ہڈی، داب، ورزشی پینگ، ورزشی جھولا، عِقَال جمع عُقُل: اونٹ کے پاؤں باندھنے کی ڈوری۔ سر کی پٹی جو اونٹ کے بالوں سے بنی ہوتی ہے اور کوفیہ کو اپنی جگہ پر رکھتی ہے۔ کوفِیة: سر کی چادر کو کہتے ہیں۔ اَطْلَقَ حربا من عِقالها: جنگ شروع کرنا۔ عَقُول: سمجھدار، معقول، عقلمند، ہوشمند، زیرک، صاحب فہم وبصیرت، صاحب ادراک، ذہین، سمجھدار، قبض کی دوا، عَقِیلة جمع عقائل: بہترین، پسند، بیوی، شریک زندگی۔ السیدة عقیلته: کی بیوی۔ عقائل الصفات: بہت ہی عمدہ خوبیاں۔

اَعْقَل: زیادہ ہوشیار، زیادہ طباع، حاضر جواب، ہونہار، زیادہ ذہین، سمجھدار، مَعْقِل جمع مَعَاقِل: پناہگاہ، جائے پناہ، قلعہ، بلند مقام، گڑھی، مضبوط مرکز، گڑھ، مرکز، مشین گن کا پختہ اڈا، زمین دوز جائے پناہ، مستحکم مورچہ مَعْقُلة جمع مَعَاقِل: دیت، خون بہا۔ تَعَقُّل: سمجھ، ادراک، شناخت، فہم، نکتہ رسی، بصیرت، ادراک، شناخت، فہم، نکتہ چینی، بصیرت، ہوشمندی، معاملہ فہمی، تدبیر، عقلمندی۔ بِتَعَقُّلٍ: معقولیت سے، ہوشمندی، ذہانت سے۔ اِعْتِقَال: گرفتاری، قید، حراست، نظر بندی، اکڑن، کھچاوٹ، مُعَسْکَرُ الاعتقال: مرکز اسیران سیاسی، سیاسی قیدیوں کا کیمپ۔ (Concentration camp) عَاقِل جمع عاقلون و عُقَلاء و عُقَّال: سمجھدار، معقول، عقلمند، ہوشمند، زیرک، ذہین، عقلیت پر مبنی، مبنی بر عقل، صاحب فہم وفراست، صاحب ادراک، ہوشیار، ہوشمند، معاملہ فہم مدبر، دانشمند، علم وعقل والا، اپنی ذہنی صلاحیتوں پر مکمل قابض، ہوشمند، اعتدال پسند، عَاقِلة: چھوٹا قبیلہ (یا خاندان) جو بدوی کے غیر تحریری قانونی رو سے اپنے ہر رکن کیلئے خون بہا کی ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔ معقول: معقول، ہوشمندانہ، قابل فہم، بظاہر معقول، منطقی، عقل کے معیار پر پورا اترنے والا، عقل پر مبنی، عقلیت پر مبنی، تشویش مند حس یا حاسہ، ادراک فہم، سمجھ، ذہانت، فہم، فراست، ذہن، دماغ، نکتہ رسی، بصیرت، معاملہ فہمی، تدبیر، تمیز، عقل، عقل سلیم، سوجھ بوجھ، عام فہم وفراست، غیر معقول: ناقابل فہم، احمقانہ، بیہودہ۔ بے تکا، بے محل، لچر۔ مَعْقُولیة: قابل فہم ہونا۔ سمجھ میں آسکنا۔ منطقی، معقولیت پسند یا معقول ذہنیت، منطقیت، معقولیت پسندی، معقول ومناسب ہونا۔ مُعْتَقَل جمع مُعْتَقَلات: سیاسی قیدیوں کا کیمپ، جیل کیمپ، نظر بندی کا کیمپ، قیدیوں کا کیمپ۔

عقم: عَقَمَ ـِ عَقْمًا و عُقْمًا ت المرأة او الرحمُ: عورت یا رحم کا بانجھ ہونا۔ — ہ عَقْمًا و اَعْقَمَ اللّٰه المرأة: اللہ کا کسی عورت کو بانجھ کرنا۔ عَقُمَ ـُ عَقْمًا وعَقِمَ ـَ عَقَمًا ت المرأة والرحمُ: عورت یا رحم کا بانجھ ہونا، عُقِمَ عَقْمًا وعُقْمًا ت المرأة او الرحمُ: عورت یا رحم کا بانجھ ہونا۔ — ت مَفَاصِلُه: جوڑوں کا خشک ہونا۔ عَقَمَ اللّٰه المرأةَ: اللہ تعالیٰ کا کسی عورت کو بانجھ کرنا۔ — الشیءَ: کے جراثیم کو مارنا۔ العَقَام: بے اولاد۔ حربٌ عَقَام: سخت لڑائی۔ حربٌ عُقَام: سخت لڑائی۔ داءٌ عُقَام: لاعلاج بیماری۔ یوم عُقَام: سخت [illegible] المرأة العقیم جمع عقائم وعُقُم بے اولاد عورت الرجل العَقِیم جمع عُقَماء و عِقام و عَقْمَی: بے اولاد مرد۔ عقل عَقِیْمٌ: .. عقل جس میں کوئی بھلائی نہ ہو۔ حربٌ عقیمٌ: [illegible] کہتے ہیں۔ الدنیا عَقِیْمٌ: دنیا بے برکت ہے۔ العَقِیمة من الارحام جمع عَقَائِم: بانجھ رحم۔ المَعْقُوم من الرجال: بے اولاد مرد۔

۲_ عَقِمَ ـَ عَقَمًا: خاموش ہونا۔ عَقَّمَ ہ: کو خاموش کرنا۔

۳_ عَاقَمَ مُعَاقَمَةً ہ: سے جھگڑنا۔ العَقَام: بدخلق۔

۴_ اِعْتَقَمَ الیہ: کے پاس آنا جانا۔ — فی الأمر: میں دخل دینا۔ المَعْقِم: ہڈیوں کا جوڑ، ریڑھ کی ہڈیوں کے مہرے۔ جمع مَعَاقِم۔ مَعَاقِمُ الخیل: گھوڑے کے جوڑ۔

۵_ العَقْم والعَقْمَة والعِقْمَة: سرخ کپڑا، نقش ونگار کی ایک قسم۔ العُقْمِیّ: خاندانی شرافت والا۔ والعِقْمِیّ من الکلام: پر اسرار بات۔

○ عَقَمَ ـُ وعَقُمَ ـُ عَقْمًا و عُقْمًا: بانجھ ہونا (عورت کا رحم کا) عَقَمَ ـِ عَقْمًا ہ: (رحم) کو بانجھ کر دینا۔ عَقَّمَ ہ / ہ: کو بانجھ کر دینا۔ — ہ: کے جراثیم مار ڈالنا، کو پاسچر کرنا (پاسچری طریقہ سے صاف کرنا) سے وبائی اثر دور کرنا، کو جراثیم سے پاک کرنا۔ تَعَقَّمَ: بانجھ ہونا۔ عَقْم وعُقْم وعَقَم: بانجھ پن۔ عُقْمَة: بانجھ پن، عقیم جمع عُقُم وعِقام: بانجھ، بے کار، بے ثمر، غیر موثر، بے اثر، غیر پیدا آور، لاحاصل، بے فائدہ، فضول، (کام، کوشش)۔ تعقیم: جراثیم کشی، اتلاف جراثیم، پاسچری (پاسچری طریقہ سے صاف کرنا) (Pasteurization) وبائی اثر دور کرنا اور جراثیم سے پاک کرنا۔ (Disinfection) مُعَقِّم: وبائی اثر دور کرنے والا، جراثیم سے پاک کرنے والا اور ایسے آلات۔ مُعَقَّم: بانجھ بنایا ہوا، پاسچر کیا ہوا، وبائی اثر دور کیا ہوا، جراثیم سے پاک کیا ہوا۔

عقا: ۱_ عَقَا ـُ عَقْوًا و اعْتَقَی اِعْتِقَاءً: کنواں کھودنا اور ایک طرف سے سوت نکالنا۔

۲_ عَقَا ـُ عَقْوًا العَلَمُ: جھنڈے کا بلند ہونا۔

۳_ عَقَا ـُ عَقْوًا الامرَ: سے نفرت کرنا، سے کراہت کرنا۔

۴_ عَقَا ـُ عَقْوًا فلانًا: کو روکنا۔ — وعَاقَی ہ: کو سے روکنا۔ اِعْتَقَی الرجُلُ: رکنا۔ — فلانًا: کو روکنا۔

عقی: ۱_ عَقِیَ ـَ عَقْیًا الامرَ: کو مکروہ جاننا۔ اَعْقَی عُقَاءً: کڑوا ہونا۔ — الشیَ: کو مکروہ جاننا، ناپسند

کرنا۔

۲- عَقَى ـِ عَقْيًا و عَقَّى الولدَ: بچے کو گھٹی پلانا۔ العِقْى جمع اَعْقَاء: نومولود کا پاخانہ۔

۳- عَقَّى الطائِرُ: اونچا اڑنا۔

۴- العَقْوَة جمع عِقَاء: گھر کا اردگرد۔ میدان، محلّہ۔ العِقيان: خالص سونا۔

علك: ۱- عَكَّ ـُ عَكًّا اليومُ: دن کا سخت گرم اور حبس والا ہونا۔ ـ ته الحُمَّى: کو لگاتار بخار ہونا۔ ـ ہٗ بالامر اور بالقول: کو بار بار کہہ کر تھکا دینا۔ ـ ہٗ بالحُجَّة: کو دلیل سے مغلوب کرنا۔ ـ ہٗ بالسوط: کو کوڑے سے مارنا۔ ـ ہٗ بشر: کو بار بار نقصان پہنچانا۔ عُكَّ: گرمی سے جوش مارنا۔ ـ الرجُلُ: کو سخت بخار چڑھنا۔ عَاكَّ ہٗ علیہ: کو پر مائل کرنا۔ العَكَّة و العُكَّة: گرمی کی شدت اور حبس، تیز بخار۔ گرم ریت۔ جمع عِكاك: لیلةٌ عَكَّة: سخت گرم رات۔ العِكَّة جمع عِكَاك و العِكَاك: بمعنی عَكَّة (حبس کے ساتھ سخت گرمی) العَكِيك جمع عِكَاك: حبس کے ساتھ سخت گرمی۔ یومٌ عكيكٌ: سخت گرم دن۔

۲- عَكَّ ـِ عَكًّا الرجُلَ: کے حق میں ٹال مٹول کرنا۔ ـ ہٗ عن حاجته: کو اس کی ضرورت سے باز رکھنا۔

۳- عَكَّ ـِ عَكًّا الكلامَ: بات کی وضاحت کرنا۔

۴- العُكَّة جمع عُكَك و عِكَاك: گھی کی چھوٹی مشک۔ سَمِنَ الصبی حتی صار كالعُكَّة: بچہ گھی کی چھوٹی مشک کی مانند موٹا ہو گیا، عوام ولد مُعَكْعِك (گھی کی چھوٹی مشک مانند موٹا بچہ) کہتے ہیں۔

○ عَكَّ ـِ عَكًّا: (دن کا) حبس والا ہونا، گرم مرطوب اور ہمس والا ہونا۔ عَكّ: حبس والا، حابس، گرم مرطوب اور ہمس والا، سخت گرم۔ عَكَّة و عَكَّاء و عَكّا: عکہ (فلسطین کی بندرگاہ) عكيك: حبس والا، گرم مرطوب اور ہمس والا اور سخت گرم (دن)۔

عكب: ۱- عَكَبَ ـُ عَكوبًا القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ ـ تِ الابلُ: اونٹوں کا ہجوم کرنا۔ عَكَّبَتِ النارُ: آگ کا دھوئیں والی ہونا۔ تَعَكَّبَتْهُ الهمومُ: پر غموں کا ہجوم کرنا، کو غموں کا گھیر لینا۔ اِعْتَكَبَ الغبارُ: گرد و غبار اٹھنا۔ ـ ـ الغبارَ: گرد و غبار اڑانا۔ ـ المكانُ: جگہ کا غبار والی ہونا۔ ـ تِ الابلُ: اونٹوں کا ایک جگہ جمع ہونا اور غبار اڑانا۔ المعاكِب (فا) جمع عُكُوب: بھیڑ۔ انبوہ العَكَب و العَكُوب و العاكوب: گرد و غبار۔ العُكاب: گرد و غبار، دھواں، ہانڈی کی بھاپ۔ العُكُوب: گرد و غبار۔

۲- عَكَبَ ـُ عُكوبًا الرجلُ: آدمی کا ٹھہر جانا۔

۳- عَكِبَ ـَ عَكَبًا: پاؤں کی انگلیوں کے قریب قریب ہونے والا ہونا صفت اَعْكَب م عَكْباء جمع عُكْب۔

۴- عَكِبَ ـَ عَكَبًا: موٹے ہونٹ اور جبڑے والا ہونا۔

۵- الاَعْكَب و العِكاب و العُكُب: العنکبوت (مکڑی) کا اسم جمع۔ العَكُّوب (ن): ایک خاردار سبزی جس کی گوند زمین سے نکال کر کھائی جاتی ہے (سریانی لفظ)۔

۶- العِكْبِر: ایک چیز جس کو شہد کی مکھی پروں پر لگا کر لاتی ہے اور شہد کی جگہ میں ان کو رکھتی ہے۔

۷- عَكْبَشَ ہٗ: کو مضبوط باندھنا۔ تَعَكْبَشَ فيه الغُصنُ: میں ٹہنی کے کانٹے چبھنا۔

عكد: ۱- عَكَدَ ـِ عَكْدًا و اعْكَدَ اليه: کے پاس پناہ لینا۔ عَكَدَ ـُ عَكَدًا به و اعْتَكَدَہٗ: کا ساتھ دینا، کے ساتھ لگا رہنا۔ العُكْدَة: گوہ کا بل۔

۲- عَكَدَ ـِ عَكْدًا و اعْكَدَ الامرُ فلانًا: کے لئے کوئی کام وغیرہ ممکن ہونا۔ العُكْدَة: طاقت۔

۳- عَكِدَ ـَ عَكَدًا الضبُّ: گوہ کا موٹا ہونا صفت: عَكِد اِسْتَعْكَدَ الضبُّ: گوہ کا موٹا ہونا۔ ـ الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔

۴- عُكْدُ الشيءِ: چیز کا درمیان کہتے ہیں: عُكْدُك هذا الامر: یہ کام تمہارا مطلوب و مقصود ہے۔ العُكْدَة: دم کی ہڈی۔ عُكْدَةُ اللسان: زبان کی جڑ۔

عكر: ۱- عَكَرَ ـُ عَكْرًا و عُكُورًا عليه: پر حملہ کرنا، پھرنا مڑنا، مائل ہونا۔ کہتے ہیں: عَكَر عليه الزمان بخير: زمانہ اس پر خیر و برکت کے ساتھ مائل ہوا۔ اِعْتَكَرَ عليه: پر حملہ کرنا۔ العَكْرَة و المَعْكَر: بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ کرنا۔ العَكَّارة: بہت حملے کرنے والا۔

۲- عَكِرَ ـَ عَكَرًا الماءُ ونحوہٗ: پانی وغیرہ کا گدلا ہونا۔ صفت عَكِر۔ عَكَّرَ الماءَ: پانی کو گدلا کرنا۔ اَعْكَرَ الليلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ ـ الماءَ: پانی کو گدلا کرنا۔ تَعَاكَرَ القومُ في الحرب: گھمسان کی جنگ کرنا۔ اِعْتَكَرَ الليلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔ ـ المطرُ: سخت بارش برسنا۔ ـ تِ الريحُ: ہوا کا گرد و غبار اڑا لانا۔ ـ القومُ في الحرب: گھمسان کی جنگ کرنا۔ العَكَر: تلوار کا زنگ۔ ـ من كل شيء: تلچھٹ، جیسے مثلاً تیل کی تلچھٹ۔ العَكَرَة: اختلاط، التباس، کہتے ہیں: وقعوا في عَكَرةٍ: وہ معاملہ کی گڑبڑ میں پڑ گئے۔

۳- اَعْكَرَ الرجلُ: اونٹوں کے گلے والا ہونا۔ العَكَرَة جمع عَكَر: اونٹوں کا گلہ۔

۴- العِكْر: اصل، جڑ (کہتے ہیں: رجع فلانٌ الی عِكْرِہ: فلاں شخص اپنی اصل کی طرف لوٹ آیا۔) عادت۔ العَكَرَة جمع عَكَر: زبان کی جڑ۔

۵- عِكْرِمُ الليل: رات کی تاریکی۔ عِكْرِمَةُ (معرفة) اور العِكْرِمَة (ح): کبوتری یا مادہ قمری۔

○ عَكِرَ ـَ عَكَرًا: گدلا، میلا یا کیچڑ والا ہونا یا ہو جانا۔ عَكَّرَ ہ / علی: کو نیلا یا گدلا کرنا یا کیچڑ والا کرنا، میں خلل ڈالنا، کو درہم برہم کرنا، میں تلاطم برپا کرنا، (امن) تباہ کرنا۔ عَكَّرَ الصفوَ: امن کی حالت تباہ کرنا، نظام درہم برہم کرنا۔ عَكَّر صفوہ و عَكَّر عليه الصفو: کی خوشدلی کو مار ڈالنا، کی خوش طبعی کو پامال کر دینا۔ تَعَكَّرَ: گدلا یا میلا یا کیچڑ والا ہو جانا (صورت حال کا) بگڑ جانا، ابتر ہو جانا، خراب ہو جانا، سنگین ہو جانا، بدتر ہو جانا۔ عَكَر: گدلا پن، میلا پن، کیچڑ والا ہونا، تلچھٹ، دُرد، گاد۔ عَكِر: گدلا، میلا، کیچڑ والا، متلاطم، درہم برہم۔ عَكَارَة و عِكَارَة: تلچھٹ، دُرد، گاد۔ تعكير: گدلا کرنا میلا کرنا، کیچڑ والا کرنا، یا ایسا کرنے کا عمل۔ گڑبڑ، خلل، ہلچل، طلاطم پیدا کرنا، ابتری، پراگندگی، بے ترتیبی۔ مُعَكَّر: گدلا، میلا، کیچڑ والا۔ تلچھٹ دار، متلاطم، درہم برہم۔

عكز: ۱- عَكَزَ ـُ عَكْزًا الرمحَ: نیزہ گاڑنا۔ ـ علی عُكَّازته: اپنی چھڑی پر ٹیک لگانا، کا سہارا لینا۔ ـ بالشيء: سے راہ پانا۔ عَكَّزَ الرمحَ: نیزے میں پھل لگانا۔ تعكّز قوسَهٗ: کمان کو سہارا بنانا۔ ـ علی عُكَّازته: ڈنڈے کو سہارا بنانا۔ العُكَّاز و العُكَّازة جمع عَكَاكيز و عُكَّازات: ڈنڈا جس کے نیچے پھل یا سم لگا ہوا، جس پر ٹیک لگائی جائے، پادری کا ڈنڈا۔

۲- عَكِزَ ـَ عَكَزًا: سکڑنا۔ العِكْز: بخیل، کنجوس۔

۳- العِكْز: بدخو۔

○ تَعَكَّزَ علی: (لاٹھی وغیرہ پر) ٹیک لگانا۔ عُكَّاز و عُكَّازة جمع عُكَّازات و عَكَاكيز: ڈنڈا، سونٹا، لاٹھی، عصاء، چھڑی، بید یا بیساکھی۔

عكس: ۱- عَكَسَ ـِ عَكْسًا الكلامَ و نحوَہٗ: بات کو الٹ دینا۔ ـ الشيءَ: کے آخر کو اول کر دینا کو زمین کی طرف جھٹکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ ـ راسَ البعير: اونٹ کے سر کو موڑنا۔ ـ البعيرَ: اونٹ کو نکیل لگا کر رسی کو ٹانگ سے باندھ دینا۔ ـ ہٗ عن الامر: کو سے ہٹا دینا، پھیر دینا۔ ـ علی فلان امرَہٗ: معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا۔ ـ تِ المرآةُ صورةَ فلان: آئینہ کا کسی کی شکل کو منعکس کرنا۔ عَاكَسَ مُعَاكَسَةً و عِكَاسًا الكلامَ: بات کو پلٹ دینا۔ ـ ہٗ: ایک دوسرے کی

پیشانی کو پکڑنا، کی مخالفت کرنا، (عامی زبان میں)۔ تَعَكَّس فی مشيته: رینگ کر چلنا۔ تَعَاكَسَ و اعْتَكَسَ: پلٹ جانا۔ اِنْعَكَسَ: پلٹ جانا، کہتے ہیں۔ اِنعكس النورُ: روشنی پلٹ گئی اور ایک سطح شدہ پر پڑنے کے بعد واپس ہوگئی۔ عِكاسُ البعير: نکیل کی رسی جو اونٹ کے گھٹنے پر باندھتے ہیں۔ عَكْسُ القضيّة (ھ): دوسرا مسئلہ جسے پہلے مسئلہ کے نتیجہ نے عائد کیا ہو اور اس کا نتیجہ پہلے مسئلہ کا مفروضہ ہو۔ العَكِيس: رسی جس سے اونٹ کو روکتے ہیں۔ (ز): درخت کی شاخ جس کو زمین میں دبا دیتے ہیں کہ اس سے درخت نکلے۔

٢۔ عَكَسَ ـِ عَكْسًا الطعامَ: کھانے میں دودھ ملا شوربہ ڈالنا۔ اِعْتَكَسَ دودھ ملا ہوا شوربہ بنانا۔ العَكِيس: شوربے میں ملایا ہوا دودھ۔

٣۔ عَكِس ـَ عَكَسًا: تنگ خو ہونا۔

٤۔ العَكِيسَة: بہت سے اونٹ۔ اندھیری رات۔ العُكَاس (ح): مکڑی (نر)۔

○ عَكَسَ ـِ عَكْسًا ہ کو اوندھا کرنا، الٹانا، الٹا کرنا، کو منعکس کرنا، کا آئینہ دار ہونا۔ عَاكَسَ ہ/ ھ: کا توڑ کرنا، دفعیہ کرنا، کی مخالفت کرنا، کی تردید کرنا، کے الٹ ہونا، کے برعکس ہونا۔ ـــ ھ: کی راہ میں حائل ہونا، میں مزاحم ہونا۔ ـــ ہ/ ھ: کو درہم برہم کرنا، میں خلل ڈالنا، کو تکلیف دینا، زحمت دینا، میں تلاطم پیدا کرنا، کو تباہ کرنا۔ ـــ ہ: کو جان بوجھ کر چھیڑنا، پریشان کرنا، تنگ کرنا، دق کرنا، کے سر ہو جانا، ستانا، زچ کرنا۔ تَعَاكَسَ: اوندھا ہونا، الٹنا، منعکس ہونا۔ انعكس: الٹایا جانا، اوندھا ہونا۔ ـــ علی: پر منتج ہونا۔ ـــ علی / عن: میں یا پر منعکس ہونا۔ عَكْس: الٹا ہونا یا کرنا، واپس آنا، الٹا کرنا، اوندھا کرنا، انعکاس، الٹ، الٹا، بالکل الٹ، بالکل برعکس، پشت، دوسری جانب، عكسَ ذلك اور علی عكس ذلك: کے برعکس، کے برخلاف، کے علی الرغم، کان علی العكس من: کے برعکس ہونا، کے برخلاف ہونا۔ بالعكس: نہیں بلکہ کے الٹ، بالعکس۔ والعكسُ بالعكس: اور یونہی اس کے برعکس بحث المسالة طردًا و عكسًا: اس نے مسئلہ کا تمام پہلوؤں سے مطالعہ کیا۔ عكسی: برعکس، متناقض، متضاد، مخالف، مخالفانہ، برخلاف، ناموافق، نامساعد، عِكْيس: داب، کونپل، مُعَاكَسَة جمع مُعَاكَسَات: خلل، گڑبڑ، ہلچل، چھیڑ چھاڑ، تنگ کرنا، ناک میں دم کرنا، پریشانی، جدوجہد، لڑائی، جنگ۔ مُعَاكَسَة الحالة الجوية: موسم کی خرابی۔ اِنعكاس: منعکس ہونا جمع انعكاسات: غیر شعوری فعل۔ انعكاسی: انعکاس سے متعلق، غیر شعوری، اضطراری۔ حركة انعكاسية: غیر شعوری یا اضطراری عمل، غیر شعوری فعل۔ عَاكِس: پردہ، لیمپ پوش Lamp shade۔ عکس انداز (Reflector) عَاكِسَة: عکس انداز (Reflector)۔ لیمپ سرپوش۔ مُعَاكِس: الٹا، الٹ، جوابی، الزامی، مخالف، برعکس، شکن، توڑ، مار۔ هَجمةٌ مُعَاكِسة: جوابی حملہ Counter-attack مُتَعَاكِس: مقابل، بالمقابل، الٹ، مخالف، متصادم، باہم دگر آویزاں۔ مُنْعَكِس: منعکس (Reflected) صورة منعكسة: آئینہ میں عکس، منعکس عکس، عکس، غیر شعوری فعل۔ افعال مُنْعَكِسَة: غیر شعوری یا اضطراری اعمال۔

عكش: ١۔ عَكَشَ ـِ عَكْشًا الشیءَ: کو جمع کرنا۔ صفت فاعلی عَكِش صفت مفعولی مَعْكُوش۔ ـ الرجُلَ: کو مضبوط باندھنا۔ ـــ علیه: پر حملہ کرنا۔ عَكِشَ ـَ عَكَشًا الشَعَرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔ ـــ النبتُ: نباتات کا بہت اور گنجان ہونا۔ تَعَكَّشَ الامرُ: دشوار ہونا۔ الشیءُ: سکڑنا۔ ـــ الشَعَرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔ العَكِش من الشَعَر: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ شَجَرةٌ عَكِشَة: بہت ٹہنیوں والا گنجان درخت العُكَاش والعُكَّاش والعُكَاشَة والعُكَّاشة (ح): مکڑی، مکڑی کا جالا۔

٢۔ العَكِش: بے خیر شخص۔

○ عَكَاشَة: بھونڈاپن، بھداپن، پھوہڑپن۔ عُكَاشَةُ و عُكَّاشة: مکڑی۔ مکڑی کا جال۔

عكص: عَكَصَ ـِ عَكْصَاهُ عن حاجته: کو اس کی حاجت سے ہٹانا، پھیرنا۔ عَكِصَ ـَ عَكَصًا: بدخلق ہونا۔ صفت عَكِص۔ ـت الدابةُ: جانور کا سرکشی کرنا۔ تَعَكَّصَ بكذا عليه: پر کا بخل کرنا۔ رملة عَكِصَة: دشوار گزار ریت کا ٹیلہ۔

عكظ: عَكَظَ ـِ عَكْظَاهُ: کو روکنا۔ تَعَكَّظَ عليه الامرُ: پر کام وغیرہ دشوار ہونا۔

٢۔ عَكَظَ ـِ عَكْظًا الشیءَ: کو رگڑنا۔ ـ الاديمَ: چمڑے کو دباغت کے لئے رگڑنا۔ ـــ ہ: کو مغلوب کرنا، کے فخر کو رد کرنا۔ ـــ بالشیء: پر فخر کرنا۔ تَعَكَّظَ القومُ: اکٹھا ہونا، بھیڑ کرنا۔ تَعَاكَظَ القومُ: آپس میں مقابلہ کرنا، آپس میں فخر کرنا۔ آپس میں جھگڑا کرنا۔ عُكَاظ: عرب کے ایک بازار کا نام جہاں عربی قبائل جمع ہو [illegible] اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مونث)

٣۔ عَكَظَ ـِ عَكْظًا و عَكَّظَ ہُ عن حاجته: کو اس کی حاجت سے ہٹانا اور پھیر دینا۔ عَاكَظَ مُعَاكَظَةً ہُ: کو ٹال دینا۔

٤۔ العَكِظ و العَكِيظ: پستہ قد۔

عكف: ١۔ عَكَفَ ـُ عَكْفًاهُ عن الامر: کو کسی کام سے منع کرنا۔ عَكَّفَ ہُ عن كذا: کو سے روکنا، منع کرنا۔

٢۔ عَكَفَ ـُ عَكْفًا ہ علی الامر: کو کسی چیز پر روکے رکھنا۔ عَكْفًا و عُكُوفا علی الامر: پر جمے رہنا۔ ـــ القومُ حوله وبه: کے گرد اگرد چکر لگانا۔ ـــ وتَعَكَّفَ و اِعْتَكَفَ فی المكان: کسی جگہ میں بند رہنا، ٹھہرنا۔ عَكَّفَ الجوهرَ: کو تہ بتہ رکھنا۔ عاكف مُعَاكَفَةً ہُ: کے ساتھ ساتھ رہنا۔ العَاكِف (فا) جمع عَاكِفُون و عُكَّف و عُكُوف: مقیم۔

٣۔ عَكَّفَ الشَعَرَ: بالوں کو گھنگریالے کرنا۔ العَكِف من الشَعر: گھنگریالے بال۔ شَعَرٌ مَعْكُوف: کنگھی چوٹی کئے ہوئے بال المُعَكَّف (مفع): مڑا ہوا، ٹیڑھا۔

○ عَكَفَ ـُ عُكُوفًا علی: سے وابستہ رہنا، پر جمے رہنا، سے لگا رہنا، چمٹنا، لپٹنا، اپنے آپ کو کی نذر کرنا، کیلئے وقف کرنا، مخصوص کرنا، تن دہی سے کوئی کام کرنا، کا عادی ہونا، کو دل کھول کر یا جی بھر کے کرنا، کو اپنے اوپر طاری کئے ہونا، پر تلا ہونا، میں مشغول ہونا، اپنے آپ کو میں مشغول رکھنا۔ ـــ فی: میں تنہا رہنا۔ عَكَفَ ـُ عَكْفًاہ عن: کو سے روکنا، منع کرنا۔ عَكَّف ہ عن: کو سے روکنا۔ تَعَكَّفَ ھ: میں تنہا رہنا (عن سے)۔ اِعْتَكَف بمعنی تَعَكَّف: نیز اِعْتَكَف الی: اپنے آپ کو کی نذر کرنا، کیلئے وقف کرنا، مخصوص کرنا، اپنے آپ کو میں مشغول رکھنا۔ عَاكِف جمع عَاكِفُون و عُكُوف و عُكَّف علی: کا عادی، کو اپنے اوپر طاری یا مسلط کئے ہوئے، پر آمادہ، تلا ہوا، میں از حد مشغول۔

عَكَل: ١۔ عَكَلَ ـِ عَكْلًا الشیءَ: کو بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا۔ المتاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ ـ البعيرَ: اونٹ کو رسی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ العِكَال: اونٹ کے گھٹنے باندھنے کی رسی۔ المِعْكَل جمع مَعَاكِل: چرواہے کی سوئی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔

٢۔ عَكَلَ ـُ عَكْلًا الرجُلَ: کو پچھاڑنا۔ ـــ فلانٌ: مرنا۔ اِعْتَكَل الثوران: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔

عَكَل ـِ عَكْلًا فی الامر: کی کوشش کرنا۔

۴- عَکَلَ ـِ عَکْلاً و اَعْکَلَ و اِعْتَکَلَ علیه الامرُ: پر معاملہ مشکل اور مشتبہ ہونا۔

۵- اِعْتَکَلَ الرجُلُ: جدا ہونا۔

۶- العُکُلُ و العِکَل جمع اَعْکَال: لئیم، کمینہ۔ العَاکِل جمع عُکُل: بخیل، پستہ قد۔

عکم: ا- عَکَمَ ـِ عَکْمًا المتاعَ: سامان کو اکٹھا کر کے کپڑے سے باندھنا، کی گٹھری باندھنا۔ ـ البعیرَ: اونٹ پر باندھنا۔ ـ لارضِ کذا: کسی خطہ کا ارادہ کرنا۔ عَاکَمَ مُعَاکَمَةً ہٗ علی فلان: کے خلاف کسی کی مدد کرنا۔ اَعْکَمَ ہٗ: کو باندھنے میں مدد دینا۔ اِعْتَکَمَ الشیُٔ: کا ڈھیر لگنا۔ العِکْم جمع اَعْکَام و عُکُوم: بنڈل، گٹھڑ، بوجھ، کنوئیں کی چرخی، عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ بوری جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا بوجھ

-

۲- عَکَمَ ـِ عَکْمًا علیه: پر حملہ کرنا۔

۳- عَکَمَ ـِ عَکْمًا ہٗ عن زیارته: کو کسی سے ملنے سے روکنا۔ عُکِمَ عنه: کو ملنے سے باز رکھا جانا۔ العَکُوم: پھرنے کی جگہ، کہتے ہیں۔ ماله عَکُومٌ عن کذا: اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔

۴- عَکَمَ عَکْمًا الرجلُ: انتظار کرنا۔ ـ عن الامر: سے پیچھے ہٹنا۔

۵- عَکَمَ ـِ ت الابلُ: اونٹوں کا فربہ ہونا۔ المِعْکَم: پر گوشت۔

○ عَکَمَ ـِ عَکْمًا ہ: کا پلندا بنانا، کی گٹھڑی باندھنا، کو پیک کرنا، کو کپڑے میں باندھنا۔

عکن: تَعَکَّنَ البطنُ: موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹیں پڑنا۔ العُکْنَة جمع عُکَن و اعکان: پیٹ کی سلوٹ۔ درعٌ ذات عُکَن: وسیع و کشادہ زرہ۔ العِکان: گلا۔ العَکْنَاء من النوق او الشاء: موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔

عکا: ا- عَکَا ـُ عَکْوًا ذَنَبَ الدابَّة: جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہتے ہیں: فرسٌ مَعْکُوٌّ: دم مڑا گھوڑا۔ ـ ہٗ فی الحدید: کو قید کرنا اور باندھنا۔ (ہتھکڑی لگانا)۔ الضبُّ بذَنَبه: گوہ کا اپنی دم موڑنا۔ ـ علی قومه: اپنی قوم کی طرف مائل ہونا۔ ـ ت الابلُ: اونٹوں کا فربہ ہونا۔ ـ بازاره: ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔ العَکْوَة جمع عُکًا و عِکَاء: جانور کی دم کی جڑ، زبان کی جڑ، ازار کی سخت گانٹھ، ہر چیز کا موٹا اور بڑا حصہ۔ العُکْوَة جمع عُکًا و عِکَاء: بمعنی العَکْوَة: گلا۔ العَکِیّ من البان الضأن: بھیڑوں کا دودھ جو ایک دوسرے پر دوہنے کی وجہ سے گاڑھا ہو گیا ہو۔ الاَعْکَی م عَکْوَاء: سخت دم کی جڑ والا، سخت پہلوؤں والا۔

۲- عَکَا ـُ عَکْوًا الدخانُ: دھواں اوپر چڑھنا۔

عَکِیَ ـِ عَکًیا: مرجانا۔ ـ بازاره: ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔ ـ بالمکان: کسی جگہ میں قیام کرنا۔ صفت عاکٍ جمع عُکَاة۔ عَکَّی: مرجانا۔ ـ الدخان: دھوئیں کا آسمان میں چڑھنا۔ اَعْکَی: مر جانا۔ ـ ہٗ: کو باندھنا۔

علّ: ا- عَلَّ ـُ عَلًّا و عَلَلاً و تَعِلَّةً: دوسری بار پینا، لگاتار پینا۔ ـ ہٗ: کو دوسری بار لگاتار پلانا۔ ـ ہٗ ضربًا: کو لگاتار مارنا۔ عَلَّلَ ہٗ: کو بار بار پلانا۔ ـ الثمرةَ: بار بار پھل توڑنا۔ اَعَلَّ الرجُلَ: کو بار بار پلانا یعنی گھونٹ گھونٹ پلانا۔ تَعَالَلَ الصبیُّ ثدیَ اُمِّه: بچے کا اپنی ماں کے پستان سے تمام دودھ چوس لینا۔ اِعْتَلَّ الرجُلُ: دوسری بار پینا۔ العَلَّة جمع عَلاَّت: سوکن۔ کہتے ہیں: بنو علات: ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے، اس کے برعکس کو اولاد (الاخیاف کہتے ہیں)۔ العَلَل (مص): دوسری بار پینا، کہتے ہیں عَلَلٌ بعد نَهَل: پہلی بار پینے کے بعد لگاتار پینا، مراد تھوڑے پر اکتفاء کے بعد پیاس بجھانا۔ العُلاَلَة: پہلی بار دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ، بقیہ دودھ وغیرہ، نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی اور دوڑ کے بعد دوڑ۔ العَلِیلة جمع عَلِیلاّت و عَلاَئِل: بار بار خوشبو لگانے والی عورت۔

۲- عُلَّ عِلَّةً: بیمار ہونا۔ عَلَّلَ الکلمةَ: کلمہ کے اعلال کی وجہ بیان کرنا۔ تعلیل کرنا، میں اعلال داخل کرنا۔ ـ ہٗ: کا علاج کرنا۔ ـ ہٗ بکذا: کو میں مشغول کرنا، کو سے پھیرنا، سے کا دل بہلانا۔ ـ المالَ: مال کا بہترین انتظام کرنا۔ اَعَلَّ ہٗ اللّٰہ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو بیمار کرنا۔ ـ الکِلمةَ: کلمہ میں اعلال داخل کرنا۔ تَعَلَّلَت المرأةُ من نفاسها: عورت کا نفاس سے پاک ہونا۔ ـ بکذا: میں مشغول ہونا۔ تَعَالَّت المرأةُ من نفاسها: عورت کا نفاس سے پاک ہونا۔ اِعْتَلَّ: بیمار ہونا۔ ـ بالامر: میں مشغول ہونا، کے لیے عذر بیان کرنا۔ ـ عنه: سے بیمار پڑنا۔ عَلَّ بمعنی لَعَلَّ، العَلّ جمع اَعْلاَل: بیماری سے سکڑی ہوئی جلد والا، بڑی عمر کا لاغر شخص۔ العَلَّة جمع عَلاَّت: بہلاوہ۔ العِلَّة جمع عِلاّت وعِلَل و جمع الجمع اعلال: بیماری، مشغول کرنے والا واقعہ۔ ـ فی العروض: وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضروب میں لازمی پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے۔ کہتے ہیں: لایَعْدَمُ مانِعٌ عِلَّةً: یہ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو عذر کر کے اپنے مال میں کمی اور اسے جوں کا توں چھوڑنے کو روک لے۔ العِلاّت: حالات و مختلف کام، کہتے ہیں: جری علی عِلاَّتِه: بہرحال یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ العُلاَلَة و التَعِلَّة: بہلاوہ۔ العَلِیل جمع اَعِلاَّء والمُعَلّ والمَعْلُول: مریض، بیمار۔ العلیلة جمع عَلِیلاَت و عَلاَئِل: علیل کا مونث۔ الاعلال (مص): حرف کو الٹنے، ساکن کرنے یا حذف کرنے سے بدلنا۔

۳- عَلَّلَ الشیَٔ: کی علت بیان کرنا اور دلیل سے ثابت کرنا۔ تَعَلَّلَ: حجت کا اظہار کرنا اور اس پر قائم رہنا۔ العِلَّة جمع عِلاّت و عِلَل و جج اَعْلاَل: باعث۔ عِلَّة الشی: چیز کا سبب۔

۴- اِعْتَلَّت الریحُ: ہوا کا نرم ہونا۔ ـ ت الکلمةُ: کلمہ میں حرف علت ہونا، حرف علت والا ہونا۔ حروف العِلَّة: الف، واو اور یاء۔

۵- اِعْتَلَّ ہٗ: پر کسی جرم کا جھوٹا الزام لگانا۔

۶- العَلّ جمع اَعْلاَل: موٹا بکرا، بے خیر شخص۔

۷- الیَعْلُول جمع یَعَالِیل: (یاء زائد ہے) سفید حوض، پانی کے بلبلے، سفید بادل یا تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔

○ عَلَّ ولَعَلَّ: شاید، ہوسکتا ہے کہ من یدری لعلّ کون جانتا ہے کہ شاید۔ عَلَّ ـِ وعُلَّ: بیمار ہونا یا بیمار پڑ جانا۔ عَلَّلَ ہ ب: کو میں مشغول رکھنا۔ کیساتھ کی توجہ ہٹانا۔ ـ ہ ب: سے کا جواز پیش کرنا، سے کی توجیہ کرنا، سے کا محرک یا باعث بننا، سے کی وضاحت کرنا، عَلَّلَ نفسَهُ (النفسَ) ب: کی امیدیں جی بھر کے کرنا، امید لگائے رکھنا، کی خواہش زندہ رکھنا، پر امید لگائے رکھنا کہ...... اس خیال کا عادی ہونا کہ عَلَّلَ نفسَهُ بآمالٍ: امیدوں سے جی بھر کے مزے لینا، لاحاصل امیدیں لگائے رکھنا، عَلَّلَ الآمالَ ب: کی امید لگائے رکھنا۔ عَلَّلَه بالوعود: کو وعدوں سے ٹالنا۔ تَعَلَّلَ ب: میں مشغول ہونا، کے ذریعے اپنی توجہ ہٹانا، سے دل بہلانا۔ تَعَلَّلَ: معذرت کرنا، عذر پیش کرنا۔ تَعَلَّلَ ب: کا عذر کرنا، کا بہانہ کرنا، کو بطور مصلحت استعمال کرنا، کو بطور عارضی بندوبست استعمال کرنا۔ تَعَلَّلَ بعِلَّةٍ: کا بہانہ بنانا، عذر کرنا، کو بطور معذرت کا عذر پیش کرنا، اِعْتَلَّ: بیمار ہونا یا پڑ جانا، کمزور و لاغر ہونا، ناقص ہونا، معذرت کرنا، عذر پیش کرنا۔ ـ ب (علی کیلئے) وجہ یا عذر پیش کرنا۔ ـ ب: کو بطور عذر، بہانہ پیش کرنا۔ عِلَّة جمع عِلاّت وعِلَل:

بیماری، مرض، کمی، نقص، کمزوری (جمع عِلَل) باعث، سبب، موقعہ، عذر، بہانہ، معذرت، علیٰ عِلاّتِہ: اپنی خامیوں کے باوجود، جیسے وہ ہے۔ العِلّة والمَعْلُول: علت و معلول، سبب و مسبب (Cause + Effect)۔ اتخذ المعلول علة: وہ غلطی سے معلول کو علت سمجھا۔ مُعَلّ: بیمار۔ مُعْتَلّ: بیمار، کمزور (حرف) ناقص (لفظ)۔

علب :۱۔ عَلَبَ ـُ عَلْبًا و عَلَّب الشیَٔ: کو کاٹنا، پر نشان لگانا، پر خراش لگانا۔ عَلِبَ ـَ عَلَبًا السیفُ: تلوار کا دندانہ دار ہونا۔ العَلْب (مص) جمع عُلُوب: ضرب وغیرہ کا نشان۔

۲۔ عَلَبَ ـُ عَلْبًا و عَلِبَ ـَ عَلَبًا: سخت ہونا صفت: عَلِب۔ ـــ و اسْتَعْلَبَ اللحمُ: سخت ہونے کے بعد گوشت کی بو بدل جانا۔ العَلْب و العِلْب و العُلِب جمع عُلُوب: سخت جگہ جہاں کچھ نہ اگے۔ سخت چیز، کہتے ہیں۔ رجُلٌ عِلْبٌ: خشک اور ظالم شخص۔ العِلْبَة جمع عِلَب: درخت کی موٹی گرہ۔ العِلباء جمع عَلابِی (ع ا): گردن کے پہلو کا عضلہ۔ کہتے ہیں۔ تَشَنَّج عِلباؤہُ وہ بوڑھا ہو گیا۔

۳۔ العُلْبَة جمع عِلاب و عُلَب: چمڑے یا لکڑی کا ڈبہ وغیرہ، گتے کا ڈبہ۔ عُلْبَة الکتاب: کتاب کی جلد بندی کیلئے گتے یا کپڑے یا چمڑے وغیرہ پر مشتمل سامان۔

○ عَلَّبَ ہ کو ڈبوں میں بند کرنا، کو ٹین کے ڈبے یا ڈبوں میں بند کرنا۔ کو بوتلوں، ڈبوں یا کپسول میں محفوظ کرنا۔ عُلْبَة جمع عُلَب و عِلاب: ڈبہ، بوتل، کپی، کیس (جیسے سگریٹ کیس) ٹین کا ڈبہ، کنستر۔

علث :۱۔ عَلَثَ ـِ عَلْثًا الشیَٔ: کو جمع کرنا۔ ـــ الشیَٔ بالشیِٔ: کو سے ملانا کہتے ہیں۔ عَلَثَ البُرَّ بالشعیر: اس نے گیہوں جو میں ملا دیئے۔ العَلَث: گیہوں وغیرہ میں ملی ہوئی وہ چیز جو نکال کر پھینک دی جاتی ہے۔ جو میں ملی ہوئی گندم۔ العُلاثة دوسری چیزیں ملی ہوئی چیز۔ ادھر ادھر سے چیزیں اکٹھی کرنے والا۔ العَلِیث جو اور گیہوں کی روٹی۔ العِلثة جو میں ملا ہوا گیہوں۔

۲۔ عَلَثَ ـِ عَلْثًا الزندُ: چقماق کا آگ نہ دینا۔ تَعَلَّثَ الشیَٔ: کو اچھی طرح نہ بنانا۔ اِعْتَلَثَ: بغیر انتخاب کے کچھ لے لینا۔ ـــ زندًا درخت سے جس کے متعلق پتہ نہ ہو کہ وہ آگ دیگا یا نہیں۔ چقماق حاصل کرنا۔ العَلِث و المُعْتَلِث: بیکار تیر۔ اَعْلاثُ الزاد: بغیر انتخاب کے کھایا جانے والا کھانا۔

۳۔ عَلِثَ ـَ عَلَثًا القومُ: آپس میں شدت سے لڑنا۔ تَعَلَّثَ به: سے چمٹنا۔

۴۔ تَعَلَّثَ له الذنوبَ: کی غلطیوں کے لئے عذر تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔

۵۔ العَلِث و المُعْتَلِث: جو اپنے باپ کے غیر کی طرف منسوب ہو۔

علج :۱۔ عَلَجَ ـُ عَلْجًا ہُ: پر معالجہ میں غالب آنا۔ کہتے ہیں۔ عالجه فعَلَجَهُ: اس نے معالجہ میں اس سے مقابلہ کیا اور اس پر غالب ہوا۔ عَالَجَ مُعَالَجَةً و عِلاجًا ہُ: کو تن دہی سے کرنا، کو بجالانا۔ ـــ المریضَ: مریض کا علاج کرنا۔ تَعَالَجَ: علاج کرنا۔ ـــ القومُ: آپس میں لڑنا۔ اِعْتَلَجَ القومُ: آپس میں لڑائی کرنا، کشتی کرنا۔ اِعْتَلَجَتِ الوحشُ: درندوں کا ایک دوسرے کو مارنا۔ ـــت الامواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔ اعتلجت الهمومُ في صدره: غم اس کے سینہ میں متصادم ہوئے۔ رجُلٌ عَلْجٌ و عَلِجٌ عُلَجٌ و عُلَّجٌ: سخت کاموں کو کرنے والا۔ العِلْج جمع عُلُوج و اَعْلاج و عِلَجَة (ح): جنگلی گدھا، گدھا۔ کہتے ہیں۔ هو عِلْجُ مال وہ مال کے سامنے ہے العِلاج (مص) دواء، طاقت۔ دفاع۔

۲۔ عَلِجَ ـَ عَلَجًا: سخت ہونا مضبوط ہونا۔ تَعَلَّجَ الرملُ: ریت کا اکٹھی ہونا۔ اِعْتَلَجَتِ الارضُ: زمین کا لمبے لمبے سبزہ والی ہونا۔ ـــ الرملُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔ اِسْتَعْلَجَ جلدُہُ: کی کھال موٹی ہونا۔ ـــ فلانٌ: کی داڑھی نکل آنا۔ العِلج جمع عُلُوج و اَعْلاج و عِلَجَة: طاقتور فربہ جنگلی گدھا، عجمی کافروں کا طاقتور بڑے ڈیل ڈول والا مرد۔ بعض لوگ مطلق کافر پر اس کا اطلاق کرتے ہیں۔

۳۔ العُلْجم لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی والا تالاب۔ العُلْجُم انتہائی سیاہ۔ العُلْجُوم جمع عَلاجِیم: انتہائی سیاہ، بہت کھجوروں کے درختوں والا باغ ـ سمندر کی لہر، بہت پانی، جھاڑی، لوگوں کی جماعت، رات کی تاریکی (ح) نر مینڈک (ح) مینڈھا (ح) پہاڑی بکرا (ح) بوڑھا بیل (ح) ایک سفید رنگ کا پرندہ (ح) نر بطخ (ح) نر شتر مرغ۔

○ عَالَجَ ہُ: (مریض) کا علاج کرنا۔ ـــ ہ (بیماری) کا علاج کرنا (موضوع) پر کہنا یا لکھنا، کو پیش کرنا۔ ـــ ہ/ ہ میں مشغول رہنا، میں لگا رہنا، سے وابستہ ہونا، سے برتاؤ رکھنا، پر توجہ کرنا، کا رخ کرنا۔ ـــ ہ (ادبی صنف) و ترقی دینا، بہتر بنانا، کو پیش کرنا، پر کچھ کہنا یا لکھنا، [illegible] کاوش کرنا، کا بوجھ یا کی ذمہ داری اٹھانا، سے گزرنا، برداشت کرنا، کڑیاں جھیلنا، کو چلانا، پر کام کرنا، کو بنانا۔ کو ٹھیک کرنا، کو سبکدستی سے چلانا یا پر سبکدستی سے کام کرنا یا اسے خوش اسلوبی سے نبٹانا، کو ہاتھ میں لینا یا سے نبٹنا، سے کام لینا، ـــ ہ اَن: کوشش کرنا کہ، بڑی محنت اور کوشش سے کوئی کام کرنا۔ ـــ ہ: کو چھونا، پر اثر ڈالنا، پر اثر انداز ہونا، کو آمادہ کرنا۔ عَالَجَ الرَمَقَ الاخیرَ: بر لب مرگ ہونا، مر رہا ہونا۔ عَالَجَهُ بطعنة: کو چھرا گھونپ دینا۔ تَعَالَجَ: زیر علاج ہونا، طبی علاج سے مستفید ہونا۔ اِعْتَلَجَ: ایک دوسرے کیساتھ کشتی لڑنا، لڑنا، جدوجہد کرنا، ہاتھ پاؤں مارنا، سخت اضطراب یا افراتفری اور بے چینی میں ہونا، چڑھنا اور اترنا ابھر کر گرنا، امنڈ آنا، کانپنا، لرزنا، تھرانا۔ عِلْج جمع عُلُوج: کافر، بے ڈول، بے ڈھنگا، بھونڈا بھدا شخص۔ گنوار، ان گھڑ۔ عِلاجی: شفا بخش، دافع مرض، معالجاتی، علاجی۔ تَعَالُج: طبی علاج۔

علد: عَلِدَ ـَ عَلَدًا: سخت ہونا، صفت عَلُدٌ: العَلْد جمع اَعْلاد: گردن کا پٹھا۔ ـــ ن نبات یا پودا، جس کے بیج ننگے رہتے ہیں۔ کچھ پھول نر اور کچھ مادہ ہوتے ہیں۔ ایک قسم بحر ابیض متوسط کے ساحلوں پر اگتی ہے۔ العَلَنْدیٰ و العُلَنْدیٰ جمع عَلانِد و عَلادی العَلَنْدد من کل شیٔ ہر موٹی اور سخت چیز۔

علز :۱۔ عَلِزَ ـَ عَلَزًا و عَلَزانًا: بے چین ہونا صفت عَلِز ـ من کذا بیمار بننا۔ اَعْلَزَہُ: کو عاجز کرنا۔ ـــ ہُ الوجعُ: کو درد کا بےچین کر دینا۔ عَلَزُ الموت: مرنے والے کی بے چینی۔

۲۔ عَلِزَ ـَ عَلَزًا و عَلَزانًا الی الشیٔ: کی طرف مائل ہونا، کا مشتاق ہونا۔

علس : عَلَسَ ـِ عَلْسًا الماءَ: پانی پینا۔ ـــت الابلُ: اونٹوں کو کھانے کے لئے کچھ مل جانا۔ عَلَّسَ الداءُ: بیماری کا سخت ہو جانا۔ ـــ الرجُلُ آدمی کا شور مچانا۔ کہتے ہیں: ما عَلَّسوہ تَعْلِیسًا: انہوں نے اُسے کچھ نہیں کھلایا۔ العَلْس و العُلاس و العَلُوس کھانا، خوراک۔ المُعَلَّس من الرجال آزمودہ شخص۔

علص: عَلَّصَت التُخْمَةُ فی معدته بدہضمی کے سبب معدہ میں درد ہونا۔ عَالَصَ عِلاصًا ہُ ایک دوسرے کو مارنا۔ اِعْتَلَصَ منه شیئًا: سے بہت ہی تھوڑی سی چیز لینا۔ العِلَّوص بدہضمی۔ یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں: رجُل عِلَّوص: یعنی بدہضمی میں مبتلا شخص

علض: عَلَضَ ـِ عَلْضًا الوتدَ و نحوہُ: کھونٹی کو

اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

علط: ۱۔ عَلَطَ ـُ عَلْطًا الناقةَ: اونٹنی پر داغ لگانا۔ عَلَّطَ الناقةَ: اونٹنی پر داغ لگانا۔ ـــ البعیرَ. اونٹ کی گردن سے پٹہ نکال دینا۔ تعَلَّطَ القوسَ: پر تانت چڑھنا۔ اِعْلَوَّطَ البعیرَ: اونٹ کی گردن پر لٹک کر سوار ہونا۔ ـــ الامرَ: سوچے سمجھے بغیر کسی معاملہ میں تیزی سے جا گھسنا۔ العُلُط من النوق جمع اَعلاط: بے مہار اور بے نشان اونٹنی، اعلاطُ الکواکب: بے نام ستارے۔ العِلاط جمع اَعْلِطَة و عُلُط: گردن کا پہلو، اونٹ کی گردن کی رسی، آفتاب کی شعاع۔ ـــ والاِعْلِیط: اونٹ کی گردن کا نشان۔

۲۔ عَلَطَ ـِ عَلْطًا و عَلَّطَ هُ بشرٍّ: کی بدگوئی کرنا۔ اِعْتَلَطَ الرجلَ وبه: سے جھگڑا کرنا۔ اَلعِلاط جمع اَعْلِطَة و عُلُط: لڑائی اور جھگڑا۔

علف: ۱۔ عَلَفَ ـِ عَلْفًا الدابةَ جانور کو چارہ دینا صفت مفعولی عَلِیف جمع عَلائِف و مَعْلُوفة۔ عَلَّفَ و أعْلَفَ الدابةَ: جانور کو چارہ دینا۔ تَعَلَّفَ: چارہ ڈھونڈنا۔ اِعْتَلَفَ ت الدابةُ: جانور کا چارہ کھانا۔ اِسْتَعْلَفَ ت الدابةُ: جانور کا ہنہنا کر چارہ مانگنا۔ العِلَف: بہت کھانے والا۔ العَلَف جمع عُلُوفة و اَعْلاف و عِلاف: چارہ۔ العَلّاف جمع عَلّافة: چارہ کا مالک، چارہ فروش العَلُوفة (واحد جمع کیلئے): جانور جسے گھر پر چارہ دیا جائے اور چرنے کیلئے نہ بھیجا جائے۔ ـ جمع عُلُف: چارہ۔ العَلِیفة جمع عَلائِف: وہ جانور جسے چارہ کھلایا جائے چرنے کے لئے نہ بھیجا جائے۔ المَعْلَف و المِعْلَف جمع مَعالِف: چارہ کھانے کی جگہ۔

۲۔ عَلَفَ ـِ عَلْفًا الرجُلُ بہت پینا۔

۳۔ عَلَّفَ و اَعْلَفَ الطلحُ: کیکے کی پھلی نکلنا۔ العُلَّف: ببول کی پھلی۔

۴۔ عَلْفَطَ الشیٔ بالشیٔ کو میں ملانا۔

○ عَلَفَ ـ عَلْفًا ہ (مویشی کو) چارا کھلانا، کے آگے چارہ ڈالنا۔ عَلَف جمع اَعْلاف و عِلاف و عُلُوفه: چارا، علّاف جمع عَلّافة چارا فروش۔ عُلُوفة جمع عَلائِف جانور جسے تھان پر چارہ دیا جاتا ہو۔ جمع عُلُف: چارہ۔ مِعْلَف جمع مَعالِف: ناند (جس میں چارہ ڈالا جاتا ہے۔ کھرلی۔ مَعْلُوف وہ جانور جسے تھان پر ہی چارا دیا جاتا ہے اور موٹا کیا جاتا ہو۔

علق: ۱۔ عَلَقَ ـُ عَلْقًا و عُلُوقًا البعیرُ و نحوہ الشجرَ و من النبات: اونٹ وغیرہ کا پودے یا سبزی کو اوپر اوپر سے چرنا۔ ـ الصبیُّ: بچہ کا انگلیاں چوسنا۔ عَلِقَ ـ عَلَقًا ت الابلُ فی الوادی: اونٹوں کا وادی میں چرنے کیلئے جانا۔ العَلَق (واحد عَلَقَة): درخت کا وہ حصہ جہاں چوپائے پہنچ سکیں۔ العُلْقَة جمع عُلَق: درخت کا وہ حصہ جسے چوپائے کھاتے ہیں، کھانے سے پہلے جس چیز سے دل بہلایا جائے۔ تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں: لم یبْقَ عنده عُلْقَة: اس کے پاس کچھ بھی نہیں رہا۔ المَعْلاق: درخت کا وہ حصہ جہاں تک چوپایوں کی رسائی ہو سکے۔ کھانے سے پہلے وہ چیز جس سے دل بہلایا جائے۔ العَلاقَة جمع عَلائِق: گزر بسر کا ذریعہ۔

۲۔ عَلَقَ ـُ عَلْقًا الرجُلَ: کو گالی دینا۔ و ـ ہ بلسانه: کو بدگوئی کے ذریعہ تکلیف پہنچانا۔ العَلاقَة جمع عَلائِق: دشمنی۔ المِعْلاق جمع مَعالِیق: زبان۔ رجُلٌ مِعْلاقٌ: جھگڑالو۔

۳۔ عَلِقَ ـ عُلُوقًا الوحشُ بالحبالة: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا۔ ـــ ت المرأةُ و کُلُّ انثی بالولد: عورت یا ہر مادہ کا حاملہ ہونا۔ ـــ ت الدابةُ: جانور کو پانی پیتے ہوئے جونک کا چمٹ جانا۔ ـ الشوكُ بالثوب: کپڑے میں کانٹا لگ جانا۔ ـــ عِلْقًا امرَہ: کو جان لینا۔ ـــ یفعل کذا: کچھ کرنے لگنا۔ عُلِقَ الرجُلُ: کے گلے میں جونک لگ جانا صفت مَعْلُوق۔ عَلَّقَ الشیٔ بالشیٔ و علیه و منه: چیز کو چیز کے ساتھ، یا اس پر یا اس سے لٹکانا۔ ـــ الامرَ: سے چمٹنا۔ ـــ للدابةِ: جانور کو چارہ دینا۔ ـــ باباً علی دارہ: گھر میں دروازہ لگانا۔ ـــ البابَ دروازہ بند کرنا۔ اَعْلَقَ القوسَ: کمان لٹکانے کے لئے تسمہ بنانا۔ ـــ الصائدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا۔ ـــ الرجُلُ خون چوسنے کیلئے جونک لگانا۔ ـ ظفرَہُ بالشیٔ: کسی چیز کو ناخن چبھونا۔ ـــ الشیٔ بالشیٔ: کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ لٹکانا۔ تَعَلَّقَ الشیٔ کو لٹکانا۔ الشوكُ بالثوب او الصیدُ بالحبالة: کانٹے کا کپڑے میں الجھنا، شکار کا جال میں پھنسنا۔ العَلْق (مص جمع اَعْلاق و عُلُوق: کپڑے میں سراخ کہتے ہیں: فی ثوبه عَلْقٌ: اس کے کپڑے میں کسی چیز کے الجھنے سے پھٹن ہے۔ العِلْق (مص) جمع اَعْلاق و عُلُوق: بمعنی عَلْق۔ العُلُق: اشغال، موتیں۔ العَلَق مص (واحد عَلَقَة): خون (ح) جونک، ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی۔ العِلْقَة: قسم، نوع۔ العَلاقَة جمع عَلائِق: موت، مال و دولت، بیوی، اولاد کا تعلق، رفتہ کہتے ہیں: مابینهما عَلاقَة ان دونوں میں کوئی تعلق نہیں۔ العِلاقَة جمع عَلائِق: ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز، کہتے ہیں: عِلاقةُ السیف و السوط و القوس: تلوار، کوڑے، کمان کا تسمہ۔ درخت پر لٹکتا ہوا پھل۔ ڈھل العَلُوق: جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ موت، مصیبت۔ العَلِیق: جانور کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔ العُلَّیق و العُلَّیقَی (ن): خاردار جھاڑی، جھاڑ بیری، جھاڑ، رس بھری۔ التَعْلِیقَة جمع تَعالِیق: حاشیہ کتاب۔ المُعَلَّقَة: مُعَلَّق کا مونث، وہ عورت جس کا شوہر لاپتہ ہو گیا ہو اور نہ شادی شدہ ہو اور نہ مطلقہ۔ المُعَلَّقات: زمانہ جاہلیت کے سات قصیدے، جن کو کعبہ میں لٹکایا گیا تھا۔ المِعْلَق: وہ پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رکھتا ہے۔ المِعْلاق جمع مَعالِیق: ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ذبح شدہ جانور کے پھیپھڑے، جگر اور دل۔ (عام زبان میں)۔ فصیح لفظ سُحارَہ ہے۔

۴۔ عَلِقَ ـ عُلُوقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلاقَةً فلانًا و عَلِقَ به: سے محبت کرنا۔ ـــ حُبُّهُ بقلبه: سے محبت کرنا، کہتے ہیں: عَلِقَ منه کلَّ مَعْلَقٍ: اس نے اس سے محبت کی اور محبت دل کے پردوں میں داخل ہو گئی۔ عَلِقَ مَعالِقَهُ: وہ اپنے مقام میں واقع ہوا۔ عُلِّقَ ہُ: کی طرف کے دل کا مائل ہونا۔ تعَلَّقَ و اِعْتَلَقَ فلانًا وبه: سے محبت کرنا۔ العَلْق و العِلْق جمع اَعْلاق و عُلُوق ہر نفیس چیز، کہتے ہیں: هو عِلْقُ عِلْمٍ: وہ علم کا شائق ہے اور اس کی طرف رجحان رکھتا ہے۔ العِلْقَة: بہترین کپڑا۔ العُلْقَة جمع عُلَق: تعلق کہتے ہیں۔ لی فی هذا المال عُلْقَة: مجھے اس مال سے تعلق ہے۔ العَلاقَة (مص) عَلائِق ذوقی، ربط، محبت کہتے ہیں: لی فی هذا عَلاقَة: مجھے اس سے تعلق ہے۔

۵۔ عَلِقَ ـ عُلُوقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلاقَةً دمَ فلانٍ کو قتل کرنا۔

۶۔ العُلُق: بہت یا کثیر جماعت۔ العِلْقَة بغیر آستینوں کی قمیض۔

۷۔ عَلْقَمَ الشیٔ کڑوا ہونا۔ ـــ الطعامَ کھانے میں کڑوی چیز ملانا۔ العَلْقَم (ن) اندرائن، حنظل، ہر کڑوی چیز۔

○ عَلِقَ ـ عَلَقًا: لٹکنا، ـ ب: سے چمٹنا، چپکنا، چسپاں ہونا، ـ ب: کا رائج ہونا، چل نکلنا، ـ فی کو لگنا۔ ـ ب / فی: میں پھنس جانا، ـ ب: سے منسلک ہونا، پر چسپاں ہونا، چپکنا، لگنا ـــ عُلُوقًا و عَلاقَةً ب: کے ساتھ ہونا، رہنا، سے وابستہ ہونا، کیلئے مخصوص ہونا،

کیلئے وقف ہونا، کا شائق ہونا۔ عَلِقَ یفعل: کرنا شروع کرنا، کرتے رہنا۔ عَلِقَت عُلُوقًا: عورت کا حاملہ ہوجانا۔ عَلَّقَ ہ علی / ب: کو پر لٹکانا۔ — ہ علی / ب کو سے منسلک کرنا، جوڑنا، لگانا، باندھنا۔ — ہ کو فیصلے کے بغیر چھوڑ دینا، ملتوی رکھنا، کو التوا میں رکھنا۔ — ہ ب / علی: کو سے مشروط کرنا، کو پر منحصر کرنا، سے وابستہ کرنا۔ —— علی پر تبصرہ کرنا، تنقید کرنا، کی شرح لکھنا یا کی شرح کرنا، کی فرہنگ لکھنا، پر حاشیہ چڑھانا، کی تشریح کرنا، پر نوٹ لکھنا، کی تفسیر کرنا، کے بارے میں نوٹ لکھنا۔ — ہ کی یادداشت قلمبند کرنا، جلدی سے کچھ لکھنا۔ عَلَّقَ الآمال علی: سے امیدیں وابستہ کرنا۔ عَلَّقَ اَهمِيَّةً (خطورةً) علی: کو اہمیت دینا۔ اَعْلَقَ ہ ب: کو پر لٹکانا، کو سے منسلک کرنا، جوڑنا، باندھنا۔ — جونکیں لگانا۔ تَعَلَّقَ ب: سے لٹکنا، سے چمٹنا، چپکنا، پر چسپاں ہونا، کے ساتھ رہنا، سے وفاداری کرنا، سے چمٹا رہنا، کو تھامے رہنا، سے منسلک ہونا، سے وابستہ ہونا، کیلئے مخصوص ہونا، وقف ہونا، کا شائق ہونا۔ — علی / ب: پر بھروسہ کرنا، پر منحصر ہونا، یا سے مشروط ہونا، سے متعلق ہونا، کا رکن ہونا، سے وابستہ ہونا، سے تعلق رکھنا، تَعَلَّقَ بحبه: کا دلدادہ ہونا، سے پیار کرنا، محبت کرنا، سے دلی طور پر وابستہ ہونا۔ فیما یتعلق ب: کے متعلق، کے بارے میں جہاں تک اس کا تعلق ہے۔ عِلْق و عَلَق جمع اعلاق: بیش قیمت، گراں بہا، قیمتی چیز، قدر و قیمت والی چیز۔ عَلَق (اسم جنس واحد عَلَقَة) جمع عَلَقات: جونک، طبی جونک، (منجمد) خون، خون کا منجمد قطرہ، عَلَقَة: زد و کوب، مار پیٹ، شاندار، عمدہ۔ عَلِيق جمع عَلَائِق: چارا، علاق کوٹ ٹانگنے کا ہینگر۔ عَلَاقَة: تعلق، وقف، شدید الفت، جاں نثاری، محبت، چاہ، لگن، پیار، بندھن، رشتہ، ربط، واسطہ۔ — ب: سے الحاق، شرکت، سے ربط، اتصال، تعلق، سے رشتہ، العلاقات العامة: تعلقات عامہ Public relations ذو عــــلاقة ب: سے متعلق۔ السلطات ذات العلاقة: مجاز حکام۔ قَطْعُ العلاقات (العلائق): تعلقات کا انقطاع۔ تَوَتُّرُ العلاقات (العلائق): تعلقات کی کشیدگی، عِلاقة جمع عَلائِق: چمڑے کا تسمہ، فیتہ، تسمہ، فیتہ، جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ عَلَاقَة کوٹ ٹانگنے کا ہینگر۔ اعلق بالذهن: جس کی طرف ذہن زیادہ مائل ہو۔ مِعْلاق جمع معالیق: (جانور کے) اعضاء رئیسہ جیسے دل، جگر، پھیپھڑے، وغیرہ۔ تعلیق: لٹکانا، عارضی قیام، معافی یا منسوخی، التواء، تعلیق، تعویق، تاخیر، تعطل، معطلی، علامت تخییر (Oblique) جمع تعلیقات و تعالیق۔ شرح، تفسیر، تنقید، تبصرہ، توضیحی ریمارکس، لٹکتا ہوا لیمپ۔ تعلیق الطلاق: مشروط قطع تعلق، مشروط اعلان طلاق، تعلیق علی الانباء: خبرنامہ۔ تَعْلِيقَة جمع تعلیقات و تعالیق: حاشیہ، شرح، نوٹ۔ مُعَلِّق: کمنٹری والا۔ شارح (ریڈیو، پریس)۔ مُعَلَّق ب / علی: پر منحصر، سے مشروط۔ جِسْرٌ مُعَلَّق: لٹکتا پل، معلق پل Suspension bridge۔ مسائل مُعَلَّقَة: زیر غور مسائل۔ Pending questions۔ رَغْبَتُه مُعَلَّقَة ب: اس کی خواہش کا رخ کی جانب ہے۔ مُعَلَّقَة جمع مُعَلَّقات: بڑا اشتہار، اٹھایا ہوا اشتہار، Placard، پوسٹر، اشتہار۔ من متعلقاته: پر منحصر، کے اختیار سے متعلق۔ ذاقَ العَلْقَمَ مِن: سے پریشانی اٹھانا، سے تلخی میں مبتلا ہونا۔ سے اذیت پانا، کی حیلہ بازیاں یا پر فریب استدلال جھیلنا۔

علك ۱۔ عَلَكَ ـِ عَلْكًا العِلْكَ و نحوه: مصطگی وغیرہ چبانا۔ — نابيه: دانت پیسنا۔ عَلَّكَ الجلد: کھال کو اچھی دباغت دینا۔ العِلْك جمع عُلُوك و اَعْلاك: ہر چبائی جانے والی گوند۔ مصطگی العِلْكَة: مصطگی کا ایک ٹکڑا۔ العَلِك: ہاتھ وغیرہ سے چمٹ جانے والی چیز۔ العُلاك و العَلاك: چبائی جانے والی چیز۔ العَلّاك: بہت چبانے والا، گوند بیچنے والا۔ مصطگی فروش۔

۲۔ عَلَكَ يَدَيْهِ علی مالِهِ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔

○ عَلَكَ ـُ عَلْكًا ہ کوئی چیز چبانا، چابنا۔ — اللجامَ: (گھوڑے کا) اپنی لگام کا دھانہ چابنا یا چیڑ چیڑ چبانا۔

غنث غَـنِثَ ـ غَـنَثًا الرجلُ سانس لے لے کر پینا۔ ــ ت نفسُہ جی متلانا۔ تَـغَـنَّثَ ہُ الشیءُ بوجھل ہونا، بھاری ہونا، سے چمٹنا۔

غنج: غَـنِجَ ـ غَـنْجًا و تَغَنَّجَ ناز و نخرہ کرنا صفت۔ غَنِج و مِغْناج مونث غَـنِجَة و مِغْنَاج کل کے بعض ادباء غنو بھی کہتے ہیں الغُـنْج و الغُنُج والغُنَاج ناز و نخرہ الغُنَاج کاجل جس کو عورتیں گودنے کے لئے استعمال کرتی ہیں۔ الأُغْنُوج جمع اغانیج ناز و نخرہ کرنے کی چیز

غَـنِجَ ـ غُنْجًا و تَغَنَّجَ (ت المرأة: نخرے کرنا، ناز نخرے کرنا عشوہ گر ہونا، ناز و ادا کرنا۔ غُـنْج عشوہ گری، دکھاوے کی محبت، ناز و نخرہ، ناز و ادا، چونچلے، جلوہ فروشی، اٹھلانا ــــ غَـنِجَة عشوہ گر، ناز نخرہ کرنے والی، ناز و ادا کرنے والی، چونچلے باز، جلوہ فروش، اٹھلانے والی۔ مِغْنَاج نازنین، دکھاوے کی محبت کرنے والی۔

غند: تَغَنْدَرَت المرأةُ بانکی، چھیل چھبیلی چال چلنا، چھیل چھبیلوں والا انداز اختیار کرنا، صفت مونث غَنْدُورَة مذکر غَنْدُور (عام زبان میں) الغُـنْدَر و الغُنْدُر من الغِلْمان موٹا تازہ لڑکا۔ الغَنْدَرَة ناز و نخرہ والی چال (عام زبان میں)

غَـنْدُر موٹا، گول مٹول، گداز بدن، غَـنْدُور جمع غَـنَادِرَة بانکا، چھیلا، چھیل، چھبیلا، تَـغَنْدَرَ بانکا، چھیل چھبیلا ہونا۔

غُندَقجی اسلحہ ساز، بندوق ساز

غَنْغَرِینا جسم کا گلنا، فساد نسیج Gangrene

غنص: غَنِصَ ـ غَنَصًا تنگ سینہ والا ہونا۔

غنظ: غَـنَظَ ـِ غَنْظًا مرنے کے قریب ہونا قریب بہ ہلاکت کرنا۔ ــــ الامرُ فلانًا پر مشکل ہونا۔ ــــ وأَغْنَظَ ہٗ کو غصہ سے بھر دینا۔ غَانَظَ ہٗ بختی کرنا، ایک دوسرے کو مشقت میں ڈالنا۔ الغَـنْظ و الغَنَظ و الغَـنَاظ و الغِنَاظ دقت لگا رہنے والا رنج و غم۔ المَغْنُوظ (مفع): غمگین

غنف: الغَنَافِلْيُون (ن) ایک پودا جس کے پیلے یا سفید پھولوں کے ہار بنا کر قبروں پر رکھے جاتے ہیں۔

غنم: غَـنِمَ ـ غَنْمًا الشیءَ کو مفت پانا۔ ــ غُنْمًا و غَـنْمًا و غَنِيمَةً و غُنْمانًا غنیمت حاصل کرنا۔ غَـنَّمَ ہٗ کذا کو اس کے حصہ سے زائد دینا۔ اَغْـنَمَ ہُ الشیءَ کو (مال) غنیمت دینا۔ تَـغَـنَّمَ و اغْتَـنَمَ و اسْتَغْنَمَ الشیءَ کو غنیمت سمجھنا، سے فائدہ اٹھانا الغُنْم جمع غُنُوم و الغُنَيْم و الغَنِيمَة جمع غَنَائِم غنیمت جو جنگ میں حاصل کی جائے۔ (عموماً) کمائی، کہا جاتا ہے۔ غَنِيمَةٌ بارِدَةٌ غنیمت جو بغیر مشقت کے ملے۔ کہتے ہیں۔ الغُنْم بالغُرْم کمائی غُرم کے بالمقابل ہے چنانچہ جس طرح مالک کمائی کا اکیلا مالک ہوتا ہے۔ اور اسی میں کوئی اور اس کا شریک نہیں ہوتا اس طرح جرمانہ بھی اکیلے ہی برداشت کرتا ہے۔ الغَنَّام بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔ المَغْنَم جمع مَغَانِم غنیمت، کہا جاتا ہے۔ مَغْنَمٌ بارِدٌ بڑی اچھی غنیمت۔ غُنَاماك ان يفعل كذا تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔ تم زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہو۔

۲۔ تَـغَـنَّمَ فلانٌ بکریاں حاصل کرنا۔ جیسے تَأَبَّلَ کا معنی ہے اونٹ حاصل کرنا۔ الغَنَم جمع اَغْنَام و غُنُوم و اَغَانِم (ح): بکریاں واحد شاۃ۔ غَنَمٌ مُغَنَّمَة و مُغْنَمَة بہت بکریاں۔ الغَنَّام بہت بکریوں والا۔ بکریاں چرانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔

غَـنَمَ ـ غُنْمًا و غَنَمًا و غَنِيمَةً غنیمت حاصل کرنا۔ ــ ہٗ کچھ جنگ کے مال غنیمت کے طور پر حاصل کرنا، لینا۔ کو فتح کرنا، حاصل کرنا، پانا ــ لوٹ مار کرنا، لوٹنا، تاخت و تاراج کرنا، غارت گری کرنا، چرانا، غبن کرنا، تباہ کر دینا۔ غَـنَّمَ ہٗ کو کچھ بے غرضی سے دینا، کو کچھ عطا کرنا، کو کچھ مرحمت کرنا۔ اَغْنَمَ ہٗ کو کچھ بطور مال غنیمت دینا۔ اِغْتَنَمَ ہٗ کو بطور جنگی مال غنیمت لینا، کو فتح کرنا۔ اِغْتَنَمَ الفُرْصَةَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔

اسْتَغْنَمَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔

غنم: غنیمت، مال غنیمت، لوٹ کا مال، ناجائز آمدنی، نفع، فائدہ، کمائی، بخشش غنیمة باردة: آسان شکار۔ راضٍ من الغنيمة بالاياب: اپنی جان بچانے پر خوش۔ اقتنع من الغنيمة بالاياب: خالی ہاتھ لوٹنا پڑنا، کچھ کئے بغیر لوٹنا پڑنا۔ غَانِمٌ کامیاب، عاد سالمًا غانِمًا وہ بخیر و عافیت لوٹا۔

غنو: الغُنْوَة بے نیازی کہا جاتا ہے لہُ عنہُ غُنْوَةٌ وہ اس سے بے نیاز ہے۔

غنی: غَنِيَ ـ غِنًى و غَنَاءً و غُنْيَانًا مال دار ہونا۔ ــ بالشيءِ من غيرہ دوسرے کی چیز پر ہی اکتفاء کرنا، پر ہی بس کرنا۔ غَـنَّى تَغْنِيَةً ہُ اللہُ اللہ کا کسی کو مالدار بنانا۔ اَغْنَى اِغْنَاءً الرجلَ کو مالدار بنانا۔ ــ عنہ کو کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ اَغْـنَى عنہ غَنَاءَ فلانٍ و مَغْـنَاہ و مُغْنَاہ و مَغْنَاتَہُ و مُغْنَاتَہُ کا قائم مقام ہونا۔ ما یُغْـنِی عنك هذا یہ تجھے کوئی فائدہ نہیں دے گا۔ ما اغـنى شيئًا اس نے کچھ فائدہ نہ دیا۔ تَـغَـنَّى تَغَنِّيًا مالدار ہونا۔ تَـغَانَى مالدار ہونا۔ ــ القومُ ایک دوسرے سے بے نیاز ہونا۔ اِغْتَنَى امیر ہونا امیر ہو جانا۔ اِسْتَغْنَى امیر ہونا یا ہو جانا اسْتَغْنَى اللہَ اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا کہ وہ اسے مالدار کر دے۔ ــــ عنہ بہ پر اکتفا کرنا۔ الغِنَى (مص): اکتفاء، کفایت، دولت مندی کہا جاتا ہے: مالہُ عنہ غِنًى اس کے بغیر اس کو چارہ نہیں۔ لا غِنَى عنہ ناگزیر ہے۔ ضروری ہے۔ اس کے بغیر چارہ نہیں۔ الغَنَاء: اکتفاء۔ دولت مندی، کفایت الغُنْيَة و الغِنْيَة و الغُنْيَان کفایت۔ دولت، کہا جاتا ہے۔ مالہٗ عنہ غُنْيَةٌ و غُنْيَانٌ اس کے لئے اس کے بغیر چارہ نہیں۔ لا غُنْيَةَ و غُنْيَانَ عنہ اس کے بغیر چارہ نہیں الغَنِيّ جمع اَغْنِيَاء دولتمند، مالدار، مکتفی کہا جاتا ہے۔ هو غَنِيٌّ عنہ وہ اس سے مستغنی ہے۔ الغَانِي (فا): دولتمند، مالدار رجُلٌ غانٍ عن کذا اس سے مستغنی آدمی الغَانِيَة جمع غَانِيَات و غَوَانٍ غانی کا مونث۔ حسن و جمال کی وجہ سے زیب و زینت سے بے نیاز عورت، مالہٗ عنہ مَغْنًى اس کیلئے اس کے بغیر چارہ نہیں۔

۲۔ غَنِيَ ـ غِنًى الرجلُ شادی کرنا۔ ــ ت المرأةُ: عورت کا خوبصورت ہونے کی وجہ سے بناؤ سنگھار سے بے نیاز ہونا۔ تَـغَـنَّى تَغَنِّيَاتٍ المرأةُ عورت کا شادی شدہ ہونا۔ الغَانِيَة جمع غانیات و غَوَانٍ: شادی شدہ عورت۔

۳۔ غَنِيَ ـ غِنًى و مَغْنًى بالمكان میں ٹھہرنا، اقامت کرنا، صفت غانٍ کہا جاتا ہے غَنُوا بدیارهم ثمّ فَنُوا وہ اپنے گھروں میں ٹھہرے پھر فنا ہو گئے۔ ــــ فلانٌ زندہ رہنا۔ المَغْنَى جمع مَغَانٍ: منزل رہنے کی

جگہ۔ کہا جاتا ہے: خرجت مبانیھم و خلت مغانیھم ان کی عمارتیں باہر کو نکلی ہوئی تھیں اور ان کے گھر خالی تھے۔

۴۔ غنی تغنیًا گانا۔ — الشعرَ و بالشعرِ گانا، شعر ترنم سے پڑھنا یا گانا۔ — بالمرأة عورت کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔ — الشاعرُ بفلان شاعر کا کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔ تغنی تغنیًا بالمراۃ و بالشعر و بفلان عورت کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔ شعر ترنم سے پڑھنا، کسی کی مدح کرنا، کسی کی ہجو کرنا۔ الغِناء من الصوت گیت، سر، راگ۔ الأغنِیّة و الإغنِیّة و الأُغنِیة جمع اغانی و اغان گیت، سر، راگ۔ المُغناۃ غنائیہ (Opera)

۵۔ غنی إغناءً عنہ کذا کو سے دور کرنا، ہٹانا، علیحدہ کرنا۔

○ غنی ـ غِنًی و غَناءً جی سے آزاد ہونا۔ امیر ہونا، دولتمند ہونا، مالدار ہونا۔ غنِی عن کی ضرورت نہ ہونا، کو چھوڑ سکنا، کے بغیر کام چلا سکنا، کے بغیر کر سکنا، کی ضرورت نہ ہونا۔ غنی ہ / ب کچھ گانا۔ — ہ کو کچھ گا کر سنانا، — ہ کو گنگنانا۔ — ب کسی کی مدح کرنا، کی تعریف کے پل باندھا، اغنی کو احتیاج سے آزاد کرنا، کو امیر بنانا، کو مالدار بنانا۔ — ہ / عن کے لئے کافی ہونا، کیلئے کارآمد ہونا، ممد ہونا، کو فائدہ دینا، مدد دینا، کام دینا۔ — عن کیلئے کافی ہونا، کو قانع کرنا، مطمئن کرنا، راضی کرنا، کے لئے بدل ہونا، قائمقام ہونا، پاسنگ ہونا، — ہ عن کیلئے کو غیر ضروری یا زائد از ضرورت بنانا — عن کی کمی پوری کرنا، کا متبادل یا قائم ہونا۔ — ہ عن کو سے نجات دلانا، سے بچاؤ دینا، سے نجات دلانا۔ — عن کو سے بچانا، کی سے حفاظت کرنا، کی کے خلاف مدد کرنا۔ ما اغنی (عنہ شیئا) کے لئے کارآمد نہ ہونا، مفید نہ ہونا، فائدہ مند نہ ہونا۔ لایُغنی فتیلا عنہ کیلئے بالکل بے کار ہے۔ یہ کسی کی کوئی مدد نہیں کرتی۔ یہ ایک دمڑی کی بھی نہیں۔ تغنی ب کو گانا، گنگنانا۔ — ب کی مدح کرنا، کی تعریف کے پل باندھنا، إغتنی ب کے ذریعہ امیر ہو جانا، مالدار ہو جانا۔ — استغنی مالدار ہو جانا، دولت مند ہو جانا۔ — عن کا ضرورت مند نہ ہونا، کے بغیر کام چلا سکنا، کو چھوڑ سکنا، کے بغیر کر سکنا، کا حاجتمند نہ ہونا۔ — ب کے ساتھ کرنا، اہتمام کرنا، مطمئن ہونا۔ لایُستغنی عنہ ناگزیر، اٹل، واجبی، لابدی۔

غِنًی دولت، مرفہ الحالی، تونگری، دولت کی بہتات۔ مال و متاع سیم و زر، تموّل۔ لا غِنًی عنہ ل کیلئے ناگزیر۔ مالہ عنہ غِنًی وہ اس کو غیر ضروری سمجھ کر ترک نہیں کر سکتا۔ وہ اس کے بغیر کام نہیں چلا سکتا۔ ھو فی غِنًی عنہ وہ اس کے بغیر کام چلا سکتا ہے، اسے اس کی کوئی ضروری نہیں۔ کان فی غِنًی عن سے دست بردار ہونا، کو چھوڑ دینا، سے ہاتھ اٹھانا، کو غیر ضروری سمجھ کر ترک کرنا، کی کوئی ضرورت نہ ہونا، کو کرنے کی ضرورت نہ ہونا۔ غُنیَۃ: مالہُ عنہ غُنیَۃ بمعنی مالہُ عنہ غِنًی غَنِیّ جمع اغنیاء بے زر خیز دولتمند، مالدار، خوشحال غنیُّ الحرب جنگ سے ناجائز نفع حاصل کرنے والا جنگی نفع اندوز۔ غنی عن البیان بدیہی، صاف ظاہر، خود تشریحی اس میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں کہ (أن) غَناء دولت۔ مرفہ الحالی، تونگری، دولت کی بہتات، مال و متاع، سیم و زر، تمول۔ — عن کیلئے افادہ۔ لا غَناء فیہ بے کار مصرف، ناکافی، بے فائدہ لہ غَناء عنہ وھو فی غَناء عنہ وہ اس کے بغیر کام چلا سکتا ہے، اُسے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ غِناء گانا، گیت، غِنائی گانے کا، الحانی۔ حَفلۃ غِنائیۃ نغمہ و سرود کا جلسہ، محفل سرود، سرودمنڈی۔ أُغنِیۃ جمع اغنیات و اغان گیت، شیریں نغمہ، دھن۔ غانیۃ خوبصورت لڑکی یا عورت، حسینہ جمع غانیات و غوان۔ مُغَنٍّ گلوکار گانے والا۔ مُغَنِّیۃ گلوکارہ، گانے والی۔

غہب: غَہِبَ ـ غَہَبًا و اَغہَبَ عنہ سے غافل ہونا، کو بھول جانا، الغَہَب مص کہا جاتا ہے اَصابَ الصید غَہَبًا اس کے ہاتھ شکار بلا ارادہ آ گیا۔ فَعَلہ غَہَبًا وہ کام اس سے قصد کئے بغیر ہو گیا۔ الغُیہَب جمع غیاھِب غافل، کند ذہن اور کمزور آدمی۔

۲۔ إغتہب اندھیرے میں چلنا۔ الغَیہَب جمع غیاھِب تاریکی، بہت سیاہ گھوڑا، بہت تاریک رات، الغیہبۃ غیہب کا مونث الغَیہَبان تاریکی۔

۳۔ الغُیہُبان چیت۔ الغَیہَلۃ ہی کا شور۔

غوث: غاثَ ـ غَوثًا و أغاثَ إغاثۃً و مَغوثۃً ہ کی مدد کرنا، کہا جاتا ہے۔ اغاثنا اللّٰہُ بالمطر اللہ تعالیٰ نے بارش کر کے ہماری سختی دور کر دی۔ غَوَّثَ الرجُل مدد کیلئے چلانا۔ اِستغاثَ الرجُل و بہ سے مدد چاہنا۔ الغَوث مدد۔ خوراک وغیرہ کی مدد الغُواث و الغَواث مدد۔ الغِیاث و الغُویث خوراک وغیرہ کی مدد۔ المَغاوِث پانی۔ اس کا واحد نہیں آتا۔ ○ اِستغاث ہ، ب علی ـــ کے خلاف مدد کی اپیل کرنا، سے کے خلاف مدد چاہنا، مدد کے لئے پکارنا۔ غَوثۃ مدد کیلئے پکار، مدد غِیاثۃ اِغاثۃ مدد۔ وکالۃ إغاثۃ اللاجئین (التابعۃُ للامم المتحدۃ) اقوام متحدہ کی ریلیف اور ورکس کی ایجنسی (UNRWA) اِستغاثۃ مدد کی اپیل، مدد کے لئے پکار، مُغیث مدد کرنے والا۔ مددگار۔

غوج: غاجَ ـ غَوجًا العصن شاخ کا جھکنا، مڑنا اور دہرا ہونا۔ تَغَوَّجَ العصن شاخ کا مڑنا۔ — الرجُل فی مشیہ چال میں لچکنا۔

غور: غارَ ـ غَورًا پستی کی طرف آنا۔ — الماء پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ صفت غائر۔ — غُورًا و غُؤُورًا ت عینہ آنکھ کا دھنس جانا۔ غَورًا و غُؤُورًا و غِیارًا فی الامر کسی معاملہ کو گہری نظر سے دیکھنا۔ — فی الشیء میں داخل ہو جانا۔ — غِیارًا و غُؤُورًا ت الشمسُ سورج کا غروب ہونا۔ غَوَّر پستی کی طرف آنا۔ — الماء پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ — ت الشمسُ او النجوم سورج یا ستاروں کا غروب ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ غَوَّرَ النَہارُ: سورج کا ڈھل جانا۔ اَغارَ اِغارۃً پستی کی طرف آنا، زمین میں جذب ہو جانا۔ تَغَوَّر پستی کی طرف آنا۔ ظاہرُ العین آنکھ کا دھنس جانا۔ اِستغارَ الرجُل سنت زمین میں اترنے کا ارادہ کرنا۔ الغار جمع اَغوار و غِیران کھوہ، غار۔ الغاران (ع ا): خانہ چشم کی ہڈیاں، اوپر نیچے کے تالو۔ الغائرۃ۔ غائر کا مونث الغَور (مص) پست زمین۔ زمین میں جذب ہونے والا پانی۔ کھوہ، غار، گڑھا۔ — فلانٌ بعیدُ الغَور فلاں گہری نظر رکھنے والا ہے۔ عرفتُ غورَ المسألۃ میں نے مسئلہ کی حقیقت معلوم کر لی۔ ماءٌ غَورٌ زمین میں جذب ہونے والا پانی۔ الغَوری: ہر چیز کی گہرائی۔ المَغار و المُغار و المَغارۃ و المُغارۃ جمع مَغاوِر و مغارات کھوہ، غار، کہف۔

۳۔ غارَ ـ غَورًا الشیءَ او القومَ تلاش کرنا، کو طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے: غُرتَ فی غیر مُغار: تم نے ایسی جگہ تلاش کیا جہاں وہ نہیں ہے۔ غَوَّرَ القومَ شکست دینا۔ غاوَرَ مُغاوَرۃً العدوَّ دشمن پر حملہ کرنا، لوٹ ڈالنا۔ ـ القومُ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ اَغارَ اِغارۃً تیز چلنا۔ — اِغارۃً و غارۃً و مُغارًا الفرسُ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ — علیہم پر حملہ کرنا۔ — بہم و الیہم کی مدد کیلئے آنا۔ تَغاوَرَ القومُ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ اِستغارَ علیہم پر حملہ کرنا۔ الغار گرد و غبار، بڑا لشکر، الغارۃ (مص)

جمع غارات: لوٹ مار، غارت گری، اغارہ کا اسم۔ تیز غارت ڈالنے کیلئے گھوڑے کہاجاتا ہے۔ شَنَّ الغارۃ علیھم: غارت گری کیلئے گھوڑوں کو ہر طرف سے چڑھا لانا۔ العَارَۃُ الحَوتۃُ: ہوائی حملہ۔ المَغَارَ والمَغَارَۃ جمع مَغَاوِر و مَعَارات: حملہ۔ المُغار: حملہ کی جگہ۔ ـــ و المُغارَۃ ج مَعَاوِر و مَغَارات: حملہ۔ ـ المِعوَار والمغاوِر من الرجال: چھاپہ مار، فرسٌ مِعوار: تیز رفتار گھوڑا۔

۳۔ غَارَ ـُ غَوْرًا الرجُلُ: دوپہر کو سوجانا۔ النہارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ عَوَّرَ الرجُلُ: دوپہر میں چلنا، اترنا یا سونا الغَائِرَۃ: دوپہر، دوپہر کو سونا۔ الغَوْرَۃ دوپہر کا سونا۔ سورج۔

۴۔ غَارَ ـِـ غِیَارًا لھم اللّٰہُ و غَارَھُمْ: اللہ تعالیٰ کا لوگوں کی رزق اور خیر سے مدد کرنا۔ اِغْتَارَ اِغْتِیارًا: نفع اندوز ہونا۔ غلہ حاصل کرنا۔ اِسْتَغْوَرَ اِسْتِغوارًا ہٗ: سے غلہ مانگنا۔ الغِوَرَ: خون بہا۔

۵۔ اَغَارَ اِغارَۃً الحبلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔ اِسْتَغَارَ الرجُلُ: موٹا ہونا۔ الجرحُ: زخم کا سوجنا۔ الغارَۃ: مضبوط جوڑوں والے گھوڑے۔ کہاجاتا ہے۔ حبلٌ شدید الغارۃ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔

۶۔ الغار: انگور کے پتے، رنخدان، غیرت۔ ـــ واحد غَارَۃ (ن): ایک قسم کا درخت لارل پودہ (Laurel)

○ غَارَ ـُ غورًا فی: میں گھس جانا، اندر تک چلے جانا۔ غَارَ ـُ غورًا: (آنکھوں وغیرہ کا) کا اندر دھنس جانا۔ (پانی کا) رسنا، خارج ہونا، نکلنا، (چشمے کا) خشک ہونا۔ غَوَّرَ بمعنی غار ـُ غوراً۔ اَغَارَ: زمین میں سفر کرنا، ـــ علی: پر غارت گری کی غرض سے یلغار کرنا۔ دھاوا بولنا، یورش کرنا، ہلہ بولنا، پر چھاپہ مارنا، پر چڑھائی کرنا، حملہ کرنا، لشکر کشی کرنا، پر ٹوٹ پڑنا، کے خلاف جارحیت کا ارتکاب کرنا، غور جمع اغوار: پیندا، تلا، تہہ، زمین کا نشیب، زمین کا جھکاؤ، کھڈ، گڑھا۔ گہرائی (مجازاً بھی)۔ بعیدُ الغور: گہرا، عمیق، اتھاہ، ناقابل فہم، غار جمع اغوار وغیران: کھوہ، گپھا، غار، کہف۔ غَارہ جمع غارات: غارت گری، چھاپہ، چڑھائی، یلغار، حملہ، تاخت، یورش، دھاوا۔ ـــ علی: پر حملہ، ـــ: اونٹوں کی ایک رفتار، چال، غارۃ جَوِّیَۃٌ: ہوائی حملہ۔ غارات متواصلۃ اومتوالیۃ: موجوں کی صورت میں حملے۔ شَنَّ غارَۃ علی: پر حملہ کرنا، پر حملہ شروع کرنا۔ مَغَار: کھوہ، غار، گپھا، کہف، مَغَارَۃ جمع مَغَارات، مُغَاوِر ومغایر: کھوہ، گپھا، کہف۔ غار۔ مِغوار جمع مَغاوِیر: تیز، تیز رفتار، سبک رو گھوڑا، حملہ آور، جارح، بہادر، دلیر، جی دار، جری جمع مغاویر: کمانڈوز (Commandos) دہشت طاری کرنے والے دستے، اِغارَۃ جمع اغارات علی: پر حملہ۔ غَائِر: نشیب میں واقع، نشیبی، آنکھوں کا گڑھا، مُغِیر: حملہ آور، جارح، جارحیت کرنے والا۔

غوز: غَازَ ـُ غَوْزًاہُ: کا قصد کرنا الغاز جمع غازات (ل): گیس، پٹرول، تیل gas, patroleum, oil۔ الغازات السامۃ: زہریلی گیسیں غازی: گیس کا، گیس جیسا، میاہ غازیۃ: کاربونیٹڈ واٹر، صحت بخش پانی، سوڈا واٹر، قدرتی چشموں کا پانی جس کا پینا مفید ہوتا ہے۔ mineral water۔ غازوزہ: سوڈا واٹر۔

غوص: ۱۔ غَاصَ ـُ غَوْصًا وغیاصًا غِیَاصَۃً و مَغَاصًا فی الماء: پانی میں غوطہ لگانا۔ پانی میں اترنا۔ صفت غائِص جمع غَوَّاص و غَاصَۃ ـــ علی المعانی: معانی کی تہہ کو پہنچنا غَوَّصَ ہٗ فی الماء: کو پانی میں غوطہ دینا۔ کو پانی میں اتارنا۔ الغَوَّاص: بہت غوطے لگانے والا۔ موتی وغیرہ نکالنے کے لئے سمندر میں غوطہ لگانے والا (ح): پانی میں غوطہ لگانے والا پرندہ۔ الغَوَّاصۃ غَوَّاص کا مونث (ا ع): آبدوز کشتی، میرین کشتی الغِیَاصۃ: غوطہ خور کا پیشہ، غوطہ خوری (پیشہ) المَغَاص (مص) جمع مَغَاوِص: غوطہ لگانے کی جگہ۔

۲۔ غَاصَ ـُ غَوْصًا وغیاصًا وغِیاصَۃً ومَغَاصًا علی الشیء: پر حملہ کرنا۔

۳۔ المَغَاص جمع مَغَاوِص: پنڈلی کا اوپر کا حصہ۔

○ غَاصَ ـُ غَوْصاً و مَغَاصًا و غِیاصًا و غیاصَۃً فی: میں غوطہ مارنا، غوطہ لگانا، تہ آب ہونا، میں سر سے پاؤں تک بھیگا ہوا ہونا۔ ـــ علی: کے لئے غوطہ لگانا۔ ـــ: موتی نکالنے کا کام کرنا۔ غَوَّصَ ہٗ فی: کو میں غوطہ دینا، کو میں زور سے پھینکنا یا گھسیڑنا، دھکیلنا، تہہ آب کرنا، سر سے پیر تک بھگونا۔ غَوِیص: گہرا، غَوَّاص جمع غَوَّاصُون: غوطہ زن، غوطہ خور، موتی نکالنے کے لئے غوطہ زنی کرنے والا۔ غَوَّاصَۃ جمع غَوَّاصات: آب دوز، مغاص اللؤلؤ: موتیوں کے لئے غوطہ خوری، غوطہ لگا کر موتی نکالنا۔

غوط: غَاطَ ـُ غَوْطًا الحفرۃَ: گڑھا کھودنا، ـ فیہ: میں داخل ہونا، میں دھنسنا کہا جاتا ہے۔ ھذا رمل تغوط فیہ الاقدام: اس ریت میں پاؤں دھنس جاتے ہیں۔ ـ فی الماء: پانی میں غوطہ لگانا۔ غَوَّطَ البئرَ: کنویں کو گہرا کھودنا۔ تَغَوَّطَ: پاخانہ کرنا، رفع حاجت کرنا۔ تَغَوَّطَ و بَالَ: اس نے پیشاب پاخانہ کیا۔ تغاوطا فی الماء: ایک دوسرے کو غوطہ دینا الغاط جمع غُوط واَغْواط وغِیاط و غیطان: پست زمین۔ الغائط (فا): پست زمین، رفع حاجت کی جگہ، پاخانہ۔ الغَوْط والغَوْطَۃ جمع غُوْط و اَغْوَاط و غِیَاط و غِیطان: پست زمین۔ الغُوطۃ: بہت پانی اور درختوں والی جگہ۔ بئر غَوِیْطۃ: گہرا کنواں۔

۲۔ غَوَّطَ الطعَامَ: کھانے کے بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

۳۔ اِنْغَاطَ العودُ: لکڑی کا مڑنا۔

۴۔ الغَاط: جماعت، گروہ۔

○ غَوَّط ہ: (کنواں) گہرا کرنا، گہرا کھودنا۔ تَغَوَّطَ: رفع حاجت کرنا۔ غَوْط جمع غُوط و اَغْوَاط و غِیَاط و غِیطان: خلا، گڑھا، وادی، نشیب کھڈ۔ الغُوطۃ: دمشق کے جانب جنوب ایک سرسبز و زرخیز مقام۔ غَوِیط: گہرا۔ غائط: پاخانہ غُوطی: قوطی (Gothic)

غوغ: الغَاغ (ن): پودینہ واحد الغَاغَۃ: بہت سے گھلے ملے لوگ۔ الغَوْغاء: وہ ٹڈی جس کے پر نکل آئے ہوں یا اڑنے کیلئے تیار ہو۔ بہت سے مختلف لوگ، کمینے لوگ شر پسند لوگ۔ شور وغل (عوام کی زبان میں)

○ غَاغَۃ: بے ترتیب مجمع، رذیلوں کی ٹولی، نیچ ذات کے لوگ، گنوار۔ آواز، شور، ہنگامہ، شوروغل، غل غپاڑہ، شور وغوغا، ہنگامہ، غوغا بمعنی غاغۃ

غوف: الغَوافۃ (ن): ایک قسم کا درخت، اس درخت کا پھل۔

غول: ۱۔ غَالَ ـُ غَوْلًاہُ: کو ہلاک کر دینا، اچانک بے خبری میں پکڑ لینا۔ ـتہُ الخمرُ: شراب کا پینے والے کو مدہوش کرنا۔ تَغَوَّلَتِ الارضُ بفلان: زمین کا کسی کو ہلاک کرنا، بے راہ کرنا۔ ـــت الغیلانُ القومَ: چھلاوہ کا لوگوں کو منزل سے بھٹکا دینا۔ اِغْتَالَ اِغْتِیالاہٗ: کو ہلاک کرنا، اچانک پکڑ لینا۔ کو قتل کر دینا، مار ڈالنا۔ الغَائِلۃ جمع غَوَائِل: غائِل کا مونث۔ مصیبت، ہلاکت، شر، فساد۔ الغَوْل (مص): دردسر، مدہوشی، ریگستان کی دوری، مشقت۔ الغُول جمع اغوال وغِیلان: مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ، غول بیابانی / ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو۔ موت۔ الغضب غول الحکم: غصہ سے انصاف نہیں ہوتا۔ (ن) سانپ۔ الغِیلَۃ اغتیال کا اسم ہے۔ المغول: ہلاک کرنے کا

آلہ۔ لمبی پیکان۔ لاٹھی جس کے اندر پتلی سی تلوار ہوتی ہے۔ گپتی۔ المَغَالۃ ہلاکت۔

۲۔ غَاوَل مُغَاوَلَۃً جلدی چلنا، تَغاوَلاً ایکدوسرے سے سبقت کرنا۔

۳۔ تَغَوَّلَتِ المرأۃ متلون ہونا۔ ـــ الامرُ: معاملہ کا ابتر ہونا۔ ـــ الغُول جمع اغوال: گونا گوں شکلیں اختیار کرنے والا جادوگر اور جن۔

۴۔ الغَال جمع غالات: قفل، تالا (فارسی) الغَوْل: بہت مٹی، پست زمین۔ الاَغْوَل من العیش: آسودہ زندگی

○ غَالَ ـُ غَوْلاً ہٗ / ھ کو بے خبری میں لے جانا، چھیننا، پکڑنا، ہتھیانا، زبردستی چھیننا، ـ ہٗ: کو مار ڈالنا، ہلاک کر دینا۔ اغتال بمعنی غَالَ نیز اِغْتَالَ ہٗ: کو دھوکے سے قتل کرنا قتل کرنا، غال جمع غالات: تالا، قفل، غُوْلٌ (عموماً مونث) جمع اَغْوال و غیلان: غول بیابانی، ریگستانی بھوت جو مختلف شکلوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ بھوت پریت، آسیب، بدروح، جن، بھتنا، پری، جن، آدم خورد (جن)، ہم جنس خور (حیوان) مصیبت، آفت، تباہی، غِیلَۃ: دھوکے سے قتل قتلہٗ غِیلَۃً: کو دھوکے سے قتل کر دینا۔ اِغْتِیَال جمع اغتیالات: قتل، قتل کرنا، دھوکے سے کیا جانے والا قتل، غَائِلۃ جمع غَوَائِل مصیبت، آفت، تباہی، بربادی، خطرہ۔

غوی: ا۔ غَوَی ـِ غَیًّا و غَوِیَ یَغْوَی غَوَایَۃً: گمراہ ہونا، ناکام و محروم ہونا۔ ـــ الرجُلَ: کو گمراہ کرنا۔ غَوَّی و اَغْوَی الرجُلَ: کو گمراہ کرنا، تَغَاوَی: گمراہ اور جاہل بننا۔ اِنْغَوَی الرجُلُ: گرنا، جھکنا، اِسْتَغْوَی الرجُلَ: کو گمراہ کرنا، کی گمراہی کا طالب ہونا، کہا جاتا ہے۔ استغواہ بالامانی الکاذبۃ: کو جھوٹی امیدوں سے گمراہ کیا۔ الغَاوِی جمع غَاوُوْن و غُوَاۃ فا ـــ (عندالعامۃ:) جو بنا ٹھنا رہنا پسند کرے۔ ـــ والغَوِی والغَیَّان: گمراہ، خواہش پرست کہا جاتا ہے۔ الغَاوِیۃ: غاوی کا مونث کہا جاتا ہے بتُّ غَوِّی و مُغْوِیًا و مُغَوِّیًا و مَغْوِیاً: میں نے رات اکیلے گزاری، الغَوِی: گمراہ، خواہش پرست کہا جاتا ہے۔ بتُّ غَوِیًّا: میں نے رات اکیلے گزاری الغَیَّۃ والغِیَّۃ: گمراہی، کہا جاتا ہے۔ انہ ولدُ غَیَّۃٍ: وہ حرام زادہ ہے، ولد الزنا ہے۔ المَغْوَاۃ جمع مَغَاوٍ والمُغَوَّاۃ جمع مُغَوَّیات: گمراہی کی جگہ، کہا جاتا ہے۔ حَفَرَ لاَخِیْہِ مَغْوَاۃً: اس نے اپنے بھائی کو مشکل میں ڈال دیا۔

۲۔ غَوَی ـِ غَیًّا: ہلاک ہونا۔ غَوَّی الفصیلُ: اونٹ کے بچہ کو بدہضمی ہونا اور لاغری سے قریب بہ ہلاک ہونا صفت: غَوٍ۔ غَوِیَ یَغْوَی غَوَایَۃً: ہلاک ہونا۔ ـ غَوِیَ الفصیلُ بمعنی الفصیل صفت: غَوٍ ـ۔ تَغَاوَی القومُ علیہ: کے خلاف اس کو قتل کرنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا، اس کی اصل غَوَایَۃ یا غَیّ: ہے الاُغْوِیَّۃ جمع اَغَاوِیّ: مصیبت، ہلاکت، (کہا جاتا ہے: وقع الناسُ فی اُغْوِیَّۃٍ: لوگ ہلاکت میں پڑ گئے۔) درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔

۳۔ رأسٌ غاوٍ: چھوٹا سر یا بہت زیادہ ادھر ادھر رخ پھیرنے والا سر۔ الغاوِیَۃ: پانی سے بھری ہوئی مشک

○ غَوَی ـــ غَیًّا و غَوَایَۃً: سیدھے راستے سے بھٹک جانا، گمراہ ہو جانا، (اپنے کاموں میں) غلطی کرنا۔ ـــ ہٗ: کو گمراہ کرنا۔ ـــ ہٗ ب: کو پر بہکانا، کو کچھ کرنے پر ورغلانا، کو کی ترغیب دینا، کو پر اکسانا، ابھارنا، کو کی رغبت دلانا، کو کا لالچ دینا، کو پر للچانا، پھسلانا، کو لالچ دے کر کسی کام میں پھانسنا غَوِیَ ـَ: للچانا، حرص کرنا، تمنا کرنا، خواہش کرنا، پسند کرنا، غَوَّی ہٗ: کو گمراہ کرنا، ترغیب دینا، رغبت دلانا، ورغلانا، لالچ دینا، اَغْوَی بمعنی غَوَّی اِستَغْوَی ہٗ: کو گمراہ کرنا۔ ـــ ہٗ ب: کوئی طمع دینا، کو سے ورغلانا، بہکانا، کو سے للچانا ورغلانا، پھسلانا، ترغیب دینا، کو سے لبھانا، کو سے چارہ دینا، کو سے دانہ ڈالنا، کو سے جال میں پھانسنا، کو سے دام میں گرفتار کرنا، کو سے دھوکا دینا، کو سے جیتنا، کو سے آمادہ کر لینا، کو سے اپنے اوپر مہربان کر لینا۔ غَیّ: مداخلت، خلاف ورزی، حد سے تجاوز، جرم، غلطی گناہ، ترغیب، بہکاوا، تحریص، لالچ، حرص کا پھندا، لالچ، لبھاؤ، غَیَّۃ و غِیَّۃ جمع غَیَّات: غلطی، گناہ، پسند، ذوق غَوَایَۃ: غلطی، گناہ، ترغیب تحریص، بہکاوا، لبھاؤ، لالچ۔ اُغْوِیۃ جمع اَغَاوِی: دھوکے کی جگہ، جنگلی جانوروں کو پکڑنے کا گڑھا۔ پھندا، دام، جال، جانور پکڑنے کا پنجرا، بند گڑھا۔ اِغْواء: بہکاوا، ترغیب، اغوا، تحریض، لالچ، حرص کا پھندا۔ غاوٍ: ترغیب دینے والا۔ تحریص دینے والا، لالچ دینے والا، بہکانے والا جمع غُوَاۃ: شائق، شوقین، رسیا، عاشق، فنون لطیفہ کا شائق، فن میں شدید شوق رکھنے والا اناڑی، دل بہلاوے کے لئے کام کرنے والا مُغَوَّاۃ جمع مُغَوَّیات: جنگلی جانوروں کو پکڑنے کا گڑھا، دھوکے کی جگہ، دام، جال۔

○ غنی ھ (جھنڈا) اونچا کرنا۔ غایۃ جمع غایات انتہائی [illegible]

ـ لغایۃ: کی حد تک۔ کان غایۃ فی الجمال: غیر معمولی حسن ہونا۔ الغایۃ تبرر الواسطۃ: مقصد ذرائع کا جواز فراہم کرتا ہے۔ الظلق لغایۃ: منزل مراد کیلئے روانہ ہونا۔ غائیۃ: کائنات میں ایک علت العمل کے وجود کا عقیدہ

غیب: غَابَ ـِ غَیْبًا و غَیْبَۃً و غِیَابًا و غُیُوبًا و مَغِیبًا عنہُ: سے دور ہونا، جدا ہونا۔ ـــ غِیَابًا و غَیْبُوبَۃً: غیر حاضر ہونا۔ ـــ ت الشمسُ: سورج کا غروب ہونا، لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل ہونا۔ الشیئُ عَنْ فلان: سے پوشیدہ ہونا۔ ـ عن بلادہ: سے سفر کرنا۔ ـ غَیَابًا و غَیَابًا و غِیبۃً و غِیَابَۃً و غُیُوبَۃً الشیئُ فی الشیئ: ایک چیز کا دوسری چیز میں پوشیدہ اور چھپا ہوا ہونا۔ ـــ غَیْبَۃً و اغْتَابَ اِغْتِیَابًا ہٗ: کی عیب گیری کرنا، غیبت کرنا۔ غَیَّبَ ہٗ: کو دور کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ غَیَّبَہٗ غَیَابُہٗ: وہ اپنی قبر میں مدفون ہوا۔ غَایَبَ مُغَایَبَۃً ہٗ: سے غائبانہ کہنا۔ کہا جاتا ہے۔ انا معَکُمْ لا اُغَایِبُکُمْ: میں تم سے مخاطب ہوں۔ اَغَابَ القومُ: غروب آفتاب کے وقت آنا۔ ـ ت المرأۃُ: عورت کے خاوند کا غائب اور غیر حاضر ہونا صفت مُغِیب و مُغِیْبَۃ و مُغْیب تَغَیَّبَ عنہ: سے غائب ہونا۔ تَغَایَبَ القومُ: غائب ہونا۔ الغَائِب جمع غَیَب و غُیَّب و غُیَّاب و غائبون: فا۔ غائبُك: جو آپ سے غائب ہو۔ الغَابۃ جمع غابٌ و غَابَات: پست زمین۔ بانس کی جھاڑی۔ جنگل۔ لمبا نیزہ لوگوں کی جماعت۔ غَابَۃُ البحر: مَتَحَجر سمندری کیڑوں کے جمع کرنے کی جگہ۔ الغَیَاب (مص): قبر۔ غَیَابُ الشجر: درختوں کی جڑیں۔ الغَیَابۃ: قبر، پست زمین ـ من کل شیئ: پردہ ہر چیز جو آپ کو چھپائے۔ ـ من الوادی او الجبّ: وادی یا کنویں کی گہرائی۔ الغَیْب (مص): جمع غِیَاب و غُیُوب: شک۔ غائب اور پوشیدہ چیز، راز۔ بھید۔ پست زمین کہا جاتا ہے۔ سمعت صوتاً من وراء الغیب: میں نے ایسی جگہ سے جو مجھے نظر نہیں آتی تھی آواز سنی۔ الغَیْبَۃ: قبر، پست زمین الغِیْبَۃ: عیب گیری، غیبت۔ الغَیَّاب غائب کا اسم مبالغہ غَیَّابُ الشجر: درخت کی جڑیں۔ الغَیُوب: غائب کا اسم مبالغہ الغَیْبُوبۃ: غروب۔ کہا جاتا ہے۔ لقیتہُ عند غیبوبۃ الشمس: میں اسے غروب آفتاب کے وقت ملا۔

○ غَابَ ـِ غَیْبًا و غَیْبَۃً وغیابًا و غَیْبُوبۃ و مَغِیبًا: غیر حاضر ہونا، یار ہنا، دور ہونا یار ہنا، ـــ عن: سے غیر

حاضر ہونا، سے ہٹ جانا، چلے جانا، کو چھوڑ دینا، کی
نظروں سے اوجھل ہوجانا، سے غائب ہوجانا
شی میں گم ہونا، میں نظر سے اوجھل ہوجانا، میں نگل
جانا عن سے چھپنا، پوشیدہ ہونا مغیبا:
(سورج ستاروں وغیرہ کا) غروب ہونا غاب
الشیُٔ عن باله معاملہ اس کی یادداشت سے نکل گیا،
وہ معاملہ کو بھول گیا غاب عن صوابه: بیہوش ہو
جانا غش کھا جانا غاب عن الوجود: بیہوش ہونا
جانا لا یغیبُ عنه الشمسُ یہ تاریکی کے پردہ
میں چھپی ہوئی نہیں غیّب ہ کو لیجانا، دور کرنا، کو
غائب کرنا، کو نظروں سے اوجھل کر دینا ہ/ ہ عن:
کو سے چھپانا ہُ کو سب کچھ بھلا دینا، کو ہر شے
سے غافل کر دیا غیّبهٗ عن الوجود: کو ذہن سے
نکال دیا غیّبهُ الثریٰ: زمین نے اُسے،
ڈھک دیا، دفن کر دیا تغیّب عن: سے غیر حاضر
ہونا، دور ہونا، دور رہنا: حاضر نہ ہونا، وہاں نہ
ہونا عن (کام یا مدرسے) سے بھاگ جانا۔
اغتابَ ہُ: پر تہمت لگانا کی غیبت کرنا غیب: غیر
حاضری، غیر موجودگی چھپا ہوا، پوشیدہ، غیر مرئی، جمع
غیوب: وہ جو چھپا ہوا، پوشیدہ ہے اور نظر نہیں آتا۔ وہ
جو حواس سے پرے اور ماورائے عقل ہے۔ مافوق
الفطرت آسمانی یا خدائی رغیبًا یا عن ظهرِ
الغیب: دل سے، حافظہ علّامُ الغیوب: اللہ
تعالیٰ جو نظر نہ آنے والی اور حواس اور عقل سے ماورا
باتوں کو مکمل طور پر جانتا ہے عالِمُ الغیب: نظر نہ
آنے والی دنیا ظهر الغیب: پیٹھ پیچھے، چپکے چپکے،
دھوکے سے ظیر بعین الغیب اِلیٰ: کو پہلے سے
بھانپ لینا، کی پیش بینی کرنا۔ سے پہلے سے واقف
غیبی: مخفی، پوشیدہ، غیر مرئی حکم غیابی:
یکطرفہ فیصلہ Judgement by default
غیابیا: غیر حاضری میں مُغیِّبات بیہوش کرنے
والی دوائیں یا نشے کی چیزیں سن کرنے والی، مخدر
دوائیں مُغیّبات پوشیدہ، حواس اور عقل سے
ماوراء، خدائی غیتو Ghetto شہر کا یہودی علاقہ

غیث۔ غاثَ ـِ غیثًا اللّٰهُ البلادَ (اللہ تعالیٰ کا) ملک
پر بارش برسانا غیثتِ الارضَ زمین پر بارش ہونا۔
ایسی زمین مغیثة و مغیوثة کہلاتی ہے غیث
البعیرُ اونٹ کا موٹا ہونا الغیث جمع غیوث
واغیاثٌ بارش، کبھی بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔
بارش کے پانی سے اگنے والی گھاس۔ کہا جاتا ہے۔
رعینا الغیثَ: ہم نے مویشیوں کو برسات سے اگے
ہوئے پودے چرائے کہا جاتا ہے غیثٌ مُغیثٌ:
عام بارش سحاب غیّثٌ: بہت بارش برسانے والا
بادل بئرٌ ذاتُ غیث: بہت پانی والا کنواں۔
غاث ـِ غیثًا النورُ: نور کا روشن ہونا۔
غَاثَ ـِ غیثًا ہ کو بارش کا پانی دینا ہ/ ہ: (اللہ
تعالیٰ کا) کسی شخص یا چیز پر بارش بھیجنا غیث جمع غیوث
واغیاث (بہت) بارش۔

غید۔ غیِدَ ـَ غیَدًا الغلامُ: لڑکے کا جھکی ہوئی گردن
والا ہونا، نرم کندھوں والا ہونا، صفت اغیَد:
صفت مونث غیداء جمع غید۔ تغایدَ فی مشیَتِه:
نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا الغیَد (مص):
نزاکت الاغیَد: نرم و نازک پھلکا اغیَد:
بہت نباتات والی جگہ الغادة جمع غادات: نازک
و نرم اندام عورت، تروتازہ درخت غیدانُ الشباب:
آغازِ جوانی۔
غید غید جلدی کرو، جلدی کرو،
غیدقَ المطرُ: بارش بہت برسنا الغیداق: سرسبز،
فیاض، الغیدق والغیدقان: نرم و نازک و ملائم
تغایدَ: عشوہ طرازی سے لچک کر چلنا غید: نزاکت،
نازک خوبصورتی، نرمی، ملائمت، (عورت کی) غادۃ
جمع غادات نوجوان لڑکی، نوجوان خاتون الغید:
نوجوان خاتون الغیَد م غیداء جمع غید: نوجوان
اور نازک۔

غیر۔ غارَ ـَ غیرةً و غیرًا و غارًا الرجلُ علی
امرأتهٖ من فلان وهی علیه من فلانة: آدمی
کا اپنی بیوی پر کسی اور مرد سے اور عورت کا اپنے خاوند
پر کسی اور عورت سے) غیرت کرنا۔ صفت غیران
و غیور و مِغیار صفت مؤنث غیوراء و غیریٰ: جمع
غیاریٰ و غُیاریٰ و غُیُر و مَغاییر الاسم
الغیرة: اغارَ اِغارةً ہٗ: کو غیرت پر ابھارنا، کی
غیرت کو برانگیختہ کرنا الرجلُ اِمرأتهٗ: مرد کا دوسری
شادی کرکے پہلی بیوی کو غیرت دلانا غایرَ علی
اِمرأته: عورت پر غیرت کرنا تغایرَ الزوجان:
ایک دوسرے پر غیرت کرنا الغیرة جمع غیر: غارَ کا
اسم۔ غیرت نخوت۔
غارَ ـِ غِیارًا ہٗ: کو نفع دینا۔ کہا جاتا ہے غارہٗ بخیر
کو خیر کا نفع دینا غارهم اللّٰهُ بمطر: اللہ تعالیٰ کا
لوگوں کو بارش سے سیراب کرنا غیرًا و غیرةً:
کو خون بہا دینا اِغتارَ اِغتیارًا الرجلُ: رسد مہیا
کرنا، غلہ مہیا کرنا الغیرة جمع غیر خون بہا، گندم کا
المغیر والمغیور بارش سے سیراب شدہ جگہ۔
مکانٌ مغیرٌ و مغیورٌ و ارضٌ مغیرةٌ و مغیورةٌ:
بارش سے سیراب شدہ جگہ، زمین۔
غیّرَ الشیَٔ: کو بدل دینا، تبدیل کرنا غایرَ غِیارًا
و مُغایرةً ہٗ: سے تبادلہ کرنا، کی مخالفت کرنا، سے بیع
میں مقابلہ کرنا، کا غیر ہونا تغیّرَ: بدل جانا تبدیل ہو
جانا تغایرتِ الاشیاءُ: مختلف ہونا غیر جمع
اَغیار: غیّرَ کا اسم۔ کہا جاتا ہے من یکفر باللّٰه
یلقی الغیرَ: جو اللہ تعالیٰ کا کفر کریگا۔ اس کی حالت
خراب ہو جائیگی غیر: جھوٹ و باطل غیر:
سوا جمع اغیار جاء غیرُهم. ان کے سوا/
علاوہ اور لوگ آئے جاءَ القومُ غیرَ فلانٍ فلاں
کے سوا سب لوگ آئے۔ یہاں غیر منصوب ہے۔ اور
مستثنیٰ بنا ہے اور فلاں مضاف ہے۔ اور بمعنی لا ہو تو
حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے
اضطرّ غیرَ باغٍ ولا عادٍ: غیر باغ لا باغیًا
ہے اور کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اس صورت میں
اسم ہوتا ہے اور معنی الاضافة کے ساتھ ہوتا ہے اور
اس کے معنی سمجھ میں آتے ہوں تو لفظی طور پر اس سے
منقطع ہو جاتا ہے اور اس سے پہلے لیس یا لا آتا ہے
اس معنی الاضافة کے وقت رفع اور نصب جائز
ہے۔ آپ کہتے ہیں قبضتُ عشرةً لیس غیرُها
ولیس غیرَها: میں نے دس سے زیادہ نہیں لئے
مضاف الیہ کے محذوف ہونے کی صورت میں رفع۔
ضم نصب اور فتح جائز ہے۔ اس صورت میں آپ کہتے
ہیں قبضت عشرةً لیس غیرٌ و لیسَ غیرُ ولیس
غیرًا ولیس غیرَ یعنی مفہوم الا ہوتا ہے۔ کہا
جاتا ہے فعله غیر مرةٍ اس نے وہ کام ایک سے
زائد مرتبہ کیا غِیَرُ الدهر: حوادثِ زمانہ الغیریة:
غیریت کے خلاف یعنی دو چیزوں میں سے ہر ایک کا
ایک دوسرے کے خلاف ہونا۔ ایثار، ایثار پیشگی، بے
غرضی (altruism)
الغیر دیا(ن) ایک قسم کا پودا۔
غارَ ـَ غیرةً من: سے حسد کرنا علی: کے لئے
مقابلہ کرنا۔ کے لئے جوش یا سرگرمی کا مظاہرہ کرنا۔
علی مِن: کی سے غیرت میں آکر حفاظت کرنا، کو سے
غیرت مندی کیساتھ بچائے رکھنا ہ/ من.
کو تبدیل کرنا، بدلنا ترمیم کرنا غایرَہٗ/ ہ: کے
مقابل ہونا۔ سے نمایاں فرق رکھنا: مختلف ہونا،
غیر مشابہ ہونا ہ/ ہ: کسی شخص یا چیز سے بالکل مختلف
ہونا۔ کو تبدیل کرنا (جیسے لباس تبدیل کرنا)۔
بین: کے مابین اولا دبدلی کرنا ہ. سے بول تول

کرنا۔ سے سودا کرنا، سے معاملہ کرنا، سے خریدتے
وقت تکرار کرنا، کے خلاف مقابلہ میں حصہ لینا، سے
مقابلہ کرنا۔ غارَه: کو غیرت دلانا۔ تغیر: بدلنا،
تبدیل ہونا، مختلف ہونا۔ تغایر: مختلف ہونا، مختلف
العناصر ہونا۔ غیر: کے علاوہ، سے مختلف، نئے انداز
کا نہیں، نہ غیر، بمعنی dis, in, un, non۔ غیر:
کے سوا، کے سوائے، ماسوا اس کے لیے۔ الغیر: دوسرے
لوگ، ساتھی، پڑوسی، وغیرہ۔ وغیر ذلک: وغیرہ اور
دوسرے لوگ اور دوسری چیزیں۔ لاغیر: اور بس
غیر: یہی سب ہے۔ فقط، بس اتنا ہی۔ کچھ اور نہیں،
صرف۔ غیر اَنَّ: مگر یہ کہ، بہرحال، اس کے باوجود،
لیکن، مگر بہرصورت، بہرکیف۔ غیر واحدٍ: ایک
سے زائد، کئی۔ غیر مرۃٍ: ایک سے زیادہ دفعہ، بسا
اوقات، کئی بار، اکثر بیشتر۔ بغیر، من غیرِ یا بی غیر (ما): کے بغیر،
بے بغیر۔ غیر تروٍّ: بلاسوچے، بلا
جھجک۔ فی غیرِ ماتهیب: بلاخوف۔ علی غیر
معرفة منه من غیر علم منه: اس کے علم کے
بغیر، اس کے جانے بغیر، بے جانے بوجھے، نادانستہ
طور پر۔ غیری: بے غرض۔ غیریّة: ایثار، بے نفسی،
دوسروں کی بہبود کا جذبہ۔ غِیَرُ الدهر: قسمت یا زمانہ
کے نشیب و فراز۔ غیرۃ: حسد، غیرت، سرگرمی، شوق،
جوش، ولولہ، چوکسی، فکرمندی، تشویش، سنجیدہ تعلق۔ علی:
کیلئے پریشانی، غیرت مندی، خودداری، احساس
عزت۔ غیور ج غُیُر: بہت حاسد، پرجوش، سرگرم،
متمنی، شوقین، مشتاق، خواہشمند، بے قرار، سنجیدگی سے
فکرمند، پریشان۔ غیار: تبادلہ، ادل بدل، ادلا بدلا،
تبادلہ اشیاء، چیز کے بدلے چیز، بدل، قائم مقامی،
جانشینی عوض۔ ج غیارات: زخم پر باندھنے کی پٹی، زخم
کی مرہم پٹی۔ قطع الغیار: زائد پرزے (Spare parts)
مغایر للاداب: نازیبا، فحش، ناشائستہ،
غیر اخلاقی۔ متغیر: تغیر پذیر، متلون۔ تیار متغیر:
الٹی رو، بدلی رو، اے سی (بجلی) Alternating
crrent۔

غیض: غاضَ یغیضُ غیضًا و مَغاضًا الماءُ: پانی کا
کم ہونا، نیچے اتر جانا۔ الثمنُ: قیمت کا گھٹنا۔ الماءَ
او الثمنَ: پانی یا قیمت کو کم کرنا۔ دمعۃً: آنسو
روکنا۔ غَیَّضَ و اَغاضَ الماءَ او الثمنَ: پانی یا
قیمت کو کم کرنا۔ دمعۃً: آنسو روکنا۔ تغیّضَ وانغاض
الماءُ: پانی کا کم ہونا، نیچے چلا جانا، نیچے اتر جانا۔
الثمنُ: قیمت کا کم ہونا، گھٹ جانا۔ الغیض (مص)
اسقاط شدہ بچہ، کم، تھوڑا کہا جاتا ہے۔ هذا غیضٌ
من فیضٍ: یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ الغیضۃ جمع
غِیاض و اَغیاض و غیضات: غاض سے اسم مرۃ:
پانی جمع ہونے کی جگہ میں درختوں کا جھنڈ، جھاڑی،
بن۔ المَغیض ج مغایِض: جوہڑ، کہا جاتا ہے۔
ماءٌ مَغیضٌ: پانی جس کا نکاس جوہڑ میں ہو۔
غاضَ ــِ غَیضًا و مُغاضًا: کم ہونا، گھٹنا، سمٹنا،
غاضَ لونُهُ: اس کا رنگ سفید پڑ گیا، وہ پیلا زرد
ہو گیا۔ غیض: وقت سے پہلے پیدا ہونے والا رحم مادر
کا بچہ۔ غیضۃ ج غیضات و غِیاض و اغیاض:
درختوں کا جھنڈ، جنگل۔

غیط: غاطَ ــِ غیطًا فیه: میں داخل ہونا۔ الغَیط: باغ۔
المُغایِطۃ: خصومت، جھگڑا کہا جاتا ہے: بینهم
مُغایطۃٌ: ان کے مابین جھگڑا ہے، اور تو تو میں میں
ہے۔ غَیط ج غیطان: میدان (Field)

غیظ: غاظ ــِ غیظًا و غَیَّظ و غایَظ و اغاظَهُ: کو
غصہ دلانا۔ کہا جاتا ہے غایَظَ صاحبَهُ فی
العمل: اس نے کام میں اپنے ساتھی سے مقابلہ کیا اور
اس پر غالب آیا۔ تغیَّظ: غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔
الحرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ اغتاظ: غصہ ہونا۔ ناراض
ہونا۔ الغَیظ (مص): غصہ یا سخت غضب طیش تاؤ و
فور ناراضگی۔ غیاظ: غم، مشقت۔ المَغیظ:
ناراض، بھڑکایا ہوا، طیش دلایا ہوا، غضبناک کیا ہوا۔
غصہ دلایا ہوا۔
غاظَ ــِ غیظاه و غَیَّضه و اَغاضه: کو بھڑکانا،
طیش دلانا، غضبناک کرنا، غصہ دلانا، اشتعال دلانا،
مشتعل کرنا، خفا کرنا، پریشان کرنا، برانگیختہ کرنا، برہم
کرنا، آگ بگولہ کرنا، دق کرنا، ستانا۔ تغیَّظ و انغاظ
و اغتاظ من: پر غضبناک ہونا، برہم ہونا، سے غصہ
ہونا۔

غیف: غافَ ــِ غَیَفانًا الشجرۃُ: درخت کا اپنی
شاخوں کے ساتھ دائیں بائیں جھکنا صفت
غَیفاء۔ اغافَ الغصنَ: شاخ کو جھکانا۔ غَیَّف و
تَغَیَّفت الشجرۃُ: درخت کا شاخوں کے ساتھ
دائیں بائیں جھکنا۔ الاغیف م غیفاء: نازک بدن،
کہا جاتا ہے عیش اغیف: آسودہ زندگی۔ شجرۃ
غیفاءُ: جھکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ الغَیَفان
والغیَّفان: متکبرانہ چال
غَیَّفَ: بھاگنا، بزدل ہونا۔ تَغَیَّفَ عن الامر:
کام سے ہٹنا، باز رہنا۔
الغیاف: غافۃ (ن): [illegible]
درخت۔ الغُیَّف: پرندوں کا جھنڈ۔ الغَیّاف: بہت
لمبی داڑھی والا۔

غیق: غَیَّقَ المالَ: کو بگاڑنا، خراب کرنا۔ فی رایه
میں غیر مستقل مزاج ہونا۔ الطائرُ: پرندہ کا اپنی جگہ
پر پھڑپھڑانا۔ بصرَهُ: نگاہ کو پھیرنا۔ تغیَّقت
العینُ: آنکھ کا تاریک ہونا۔ غاقِ (مبنی علی
الکسر): کوے کی آواز کی حکایت: کائیں کائیں اگر
اسے نکرہ بنایا جائے غاقٍ کہا جائے گا۔ الغاق
(ح): کوا۔ عام لوگ القاق کہتے ہیں۔ الغاق و الغاقۃ
(ح): مرغابی۔

غیل: غالَ ــِ غَیلًا و اَغالَ اِغالۃً ت المرأۃُ
ولدَها: عورت کا حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ کو دودھ
پلانا۔ صفت غائلۃ و مُغیل۔ اَغیَلَ اِغیالًا ت المرأۃ
ولدَها: عورت کا حاملہ ہونے کیحالت میں بچہ کو دودھ
پلانا۔ ت الغنمُ: بکری کا سال میں دو دفعہ بچہ دینا۔
الغیل (مص) م غَیلَۃ ج اَغیال: حاملہ عورت کا
دودھ۔ الغِیلۃ: حمل کے وقت دودھ پلانا۔
غالَ ــِ غیالًا و غیالۃً و غؤولًا ه: کو چرانا۔ الغائلۃ
ج غوائل: شر، پوشیدہ کینہ۔ الغوائل: مصائب۔
مصیبت۔ الغیلۃ: دھوکا، دھوکے سے مار ڈالنا کہا جاتا
ہے قتلہ غِیلۃً: کو دھوکہ دیکر کسی جگہ لیجا کر قتل کر
دیا۔ الغیّال: مبالغہ کا۔ المَغالۃ: شر، برائی۔
اَغیَلَ اِغیالًا ت الشجرۃُ: درخت کا بڑا اور گنجان
ہونا۔ تَغَیَّلَ القومُ: قوم کے مویشیوں کا زیادہ ہونا۔
ـ و استَغیَلَ ت الشجرۃُ: درخت کا گنجان شاخوں
والا ہونا۔ صفت مِغیال۔ اِغتالَ اغتیالًا الغلامُ: لڑکے
کا موٹا تازہ ہونا۔ الغَیِّل م غَیِّلَۃ ج اَغیال: موٹا
لڑکا۔ الغِیل ج اَغیال و غُیول: بن۔ جنگل، بہت
گنجان شاخوں والا درخت، شیر کی جگہ۔ الغیّال: شیر
الاَغیَل: پرگوشت۔ المِغیال: گھنا سایہ دار درخت
المغائلۃ ج غوائل: حوض کا شگاف۔ الغیل جمع
اُغیال: زمین پر بہنے والا پانی، بہتے پانی کے چشموں کی
وادی۔ دور کی چیز جو نزدیک نظر آئے۔ الغیل ج اغیال
و غُیول: پانی والی وادی۔

غیم: غامَ ــِ غَیمًا و غَیَّمَ و اَغامَ اغامۃً و اَغیَمَ
اِغیامًا و تغیَّم ت السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
الغَیم (مص) ج غیوم و غیمۃ: بادل
غَیُوم: ابر آلود دن۔
غامَ ــِ غَیمًا البعیرُ: اونٹ کا پیاسا ہونا صفت۔
غیمان م مونث غَیمی۔ غَیِمَ البعیرُ: اونٹ کا
پیاسا ہونا۔ صفت مغیوم۔ اَغیَمَ اِغیامًا البعیرُ

اونٹ کا پیاسا ہونا۔ القومُ: لوگوں کا پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ اَغیَموا فی المکان: وہ اس جگہ ٹھہرے۔ الغیُم: پیاس اونٹوں کی ایک بیماری جو پیاس سے لگتی ہے۔

ض غامَ ـِ غَیمًا (آسمان کا) ابرآلود ہونا، بادلوں سے گھرا ہوا ہونا، بادلوں سے بھر جانا، پر بادل چھا جانا، کہر اور سخت دھند سے ڈھنپا ہونا، دھندلا جانا۔ غَیَّم: آسمان کا ابرآلود ہونا، بادل بنانا، (سانپ کا) لہرانا، بہتے چلے جانا۔ اَغَامَ و اَغیَمَ: آسمان کا ابرآلود ہونا۔ غیم واحد غیمۃ جمع غیوم و غیام بادل، کہر، دھند، غائِم. ابرآلود، بادلوں سے بھرا ہوا، چھائے ہوئے بادلوں والا۔ مُتَغَیِّم. بادلوں سے بھرا ہوا، ابر آلود، چھائے ہوئے بادلوں والا۔

غین ا۔ غانَ ـِ غَینًا پیاسا ہونا۔

۲۔ غانَ ـِ غَینًات نفسُہٗ: جی متلانا۔ ــت السماءُ: آسمان پر بادل چھا جانا۔ غِینَت السماء: آسمان پر بادل چھا جانا۔ ـعلی قلبہ: پر خواہشات کا غالب آنا۔ اَغانَ السحابُ السماءَ: بادلوں کا آسمان پر چھا جانا۔ اُغِینَ علی قلبہ: پر خواہشات کا غالب آنا۔ الغَینُ: بادل۔ الغَینَۃ: پانی کے بغیر گھنے درخت۔ الغَینَۃ: جنگل۔ بن، درختوں کا جھنڈ۔ الاَغیَن م غَینَاء جمع غِین من الشجر و النبات: سبز اور لمبا درخت اور پودا۔

۳۔ غَیَّن غَینًا: حرف غین لکھنا۔ الغین: حروف تہجی کا ایک حرف (غ)

۴۔ الغِینَۃ: پیپ۔ مردار سے بہنے والا مادہ غیہ: الغَیهَم: تاریکی

ض غَینَۃ: رخسار پر کا تل۔ خنزیر غینی: (گنی کا سور) امریکی چوہا۔

غِینیا۔: گنی Guine غِینیا الجدیدہ: نیوگنی (ملک)۔

غیی: ا۔ غَیَّا تَغیِیَۃً و اَغیَا اِغیاءً الغَایَۃ ای الرایۃ: جھنڈا گاڑنا۔ ـ للقوم: لوگوں کے لئے جھنڈا گاڑنا۔ الغَایَۃ جمع غَایات و غایٌ اور نسبت کیلئے کہیں گے غَائی: جھنڈا۔

۲۔ غَیَّا تَغیِیَۃً الطیرُ علی الشیء: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔ غَایَا مُغَایاۃً القومُ فوق راسہ بالسیوف: کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا جیسے وہ اس پر سایہ کر رہے ہوں۔ اَغیَا اِغیَاءً الطیرُ: پرندے کا پھڑ پھڑانا۔ —— السحابُ: بادل کا ایک جگہ ٹھہر جانا۔ تَغَایَات الطیرُ علی الشیء: پرندوں کا منڈلانا۔ کہا جاتا ہے۔ تَغَایَوا علیہ حتی قَتلوہ: انہوں نے مل جل کر اسے قتل کر دیا۔ الغَایَۃ: پھڑ پھڑانے والا پرندہ۔ الغَیَایۃ جمع غَیَایات: بادل، گرد و غبار کی طرح ہر چیز جو سایہ کرے۔

۳۔ اَغیَا اغیاءً الرجُلُ: شرافت اور معاملہ میں انتہا تک پہنچنا۔ ــ الفرسُ فی ساقہ: گھوڑے کا دوڑ میں حد مقررہ (منزل) تک پہنچنا۔ الغایۃ جمع غایات و غایٌ نسبت غائی: انتہا، مدت، مقصود فائدہ، کہا جاتا ہے۔ غایتُك ان تَفعَلَ کذا: تمہاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔ انت بعیدُ الغایۃ: تمہاری رائے درست ہے۔ الغَیَابۃ جمع غَیَابات: کنویں کی گہرائی۔ المُغَیَّا: وہ جگہ جہاں گھڑ دوڑ کے لئے جھنڈا نصب کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ الغایۃ لا تدخل فی المُغَیَّا: یعنی جھنڈا اس جگہ نہیں گاڑا جاتا جہاں اس کو گاڑنے کا ارادہ ہو۔ مقصود مفاد تک پہنچنے کی مشکل سے کنایہ ہے۔

۴۔ الغَایَۃ: چڑیوں کو شکار کرنے کی نے۔ الغَیَایۃ جمع غیایات: سورج کی شعاع کی روشنی الغَیَّۃ: مادہ غوی دیکھیں۔

ف

ف تلفظ فا۔ حروف تہجی کا بیسواں اور حروف ابجد میں اسی (۸۰) کے برابر ہے۔

بطور حرف عطف مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے۔

۱۔ ترتیب: جیسے: قام زید فعمر: زید کھڑا ہوا پھر عمر۔

۲۔ تعقیب: جیسے: حبسهُ فَقَتَله: اس کو قید کیا بعد میں قتل کر دیا۔ (قید کر کے قتل کر دیا)۔

۳۔ سببیت: ضَرَبَهُ فمات: اس کو مارا تو وہ مر گیا۔

۴۔ حرف رابطہ: جواب کو شرط سے مربوط کرنے کے لئے جیسے: ان کنتم تحبوننی فاحفظوا وصایایَ: اگر تم مجھ سے محبت کرتے ہو تو میری یہ وصیتیں ذہن میں رکھنا۔

۵۔ شبہ جواب کو شبہ شرط کے ساتھ مربوط کرنے کے لئے جیسے: الذی یأتینی فلَهُ درهمٌ: میرے پاس آنے والے کے لئے ایک درہم ہے۔

۶۔ حرف ناصبہ جو حرف مضارع پر بتقدیر ان داخل ہو جیسے: زُرْنِی فاکرمَكَ: میرے پاس آؤ گے تو تمہاری عزت کروں گا۔ یہ سببیہ کہلاتا ہے۔

۷۔ استئناف: یہ پہلے معنی کے ساتھ تعلق توڑ کر دوسرے سے ابتداء کرنے کے لئے آتا ہے۔ جیسے: یقول لَهُ کُنْ فیکونُ: وہ اس سے کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ یہاں یکون رفع کے ساتھ آتا ہے۔ اس وقت معنی ہوتا ہے فھو یکون۔

۸۔ زائدہ: جیسے: زیدٌ فلا تضرِبْهُ: (زید کو نہ مار)۔ (۲) خرجت فاذا الاسد فی الدار: میں نکلا شیر گھر میں تھا۔ (۳) لما قمتَ فقُمنا: جب تو کھڑا ہوا ہم بھی کھڑے ہو گئے۔

○ ف: فدان (مربع کا پیمانہ) کا مخفف۔ ف: تب، اور تب، اور ایسے، اسی طرح، یوں، اس حد تک، اتنا، اس لئے، لہٰذا، لیکن تب، تاہم، لیکن مگر اس وقت؛ چونکہ، اس لئے کہ (انشائیہ کیساتھ) تاکہ۔ یوماً فیوماً: دن بدن، روز بروز، روزانہ۔ شیناً فشیناً: دھیرے دھیرے، آہستہ آہستہ، بتدریج، رفتہ رفتہ۔ امر فقتلوہ: اس نے حکم دیا کہ اسے قتل کر دیا جائے۔ فَاِنَّ: چونکہ اس لئے کہ۔ فاء: حرف فا کا نام۔ فَابِرِیْقَة اور فابَرِیکَة: فیکٹری، کارخانہ، پلانٹ۔

فات: اِفْتَاتَ برأیه: رائے میں منفرد ہونا۔ — علیَّ الباطِلَ: کے میرے خلاف باطل گھڑ لینا۔ اُفْتِتَ: اچانک مر جانا۔

○ اِفتات علی: کے بارے میں جھوٹ بولنا، کے خلاف سخت اقدام کرنا؛ (فرض وغیرہ) کی خلاف ورزی کرنا۔ افتاتَ برأیه: اپنی رائے پر عمل کرنا۔ اِفْتِیَات: ظلم، استبداد، تشدد۔

فَاتُورَة جمع فواتیر: بل، بیجک (bill, invoice)۔

الفَاتِیکان: ویٹیکن۔ (the Vatican) (روم کے پاپا کی بارگاہ جو ویٹیکن پہاڑی پر ہے)، پاپائی حکومت

فاد: ۱۔ فَادَ - فَاْدًا ہُ: کے دل پر مارنا، دل پر لگنا۔ الخوفُ فلاناً: خوف کا کسی کو بزدل بنا دینا۔ فُئِدَ فأدًا و فَئِدَ - فأدًا: دل کی بیماری والا ہونا۔ الفُؤاد جمع اَفْئِدَة: دل، بسا اوقات عقل پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ الفَئِید: بزدل جس میں دلاوری کا نام تک نہ ہو۔ المَفؤُود: دل کی بیماری والا، دلیری سے خالی، بزدل۔

۲۔ فَادَ - فَادًا الخبزَ: روٹی کو بھوبھل میں رکھنا۔ — اللحمَ فی النار: گوشت کو آگ پر بھوننا۔ تفادت النارُ: آگ کا جلنا۔ اِفْتَادَ الرجُلُ: بھوننے کے لئے آگ جلانا۔ — اللحم فی النار: گوشت کو آگ پر بھوننا۔ الفَئِیْد: آگ، بھنا ہوا۔ الأفْؤُود جمع اَفَائِید: بھوبھل میں رکھی ہوئی روٹی، بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ المِفْأد و المِفْآد و المِفْأدة جمع مَفَائِد و مَفَائِید: آگ کریدنے کی لکڑی یا لوہے کی سلاخ، سیخ۔ المُفْتَأَد: آگ جلنے کی جگہ۔ المَفْؤُود: بھوبھل میں رکھی ہوئی روٹی، بھنا ہوا (گوشت)

○ فُؤَادِیَة: فؤاد کیپ (جیسے جناح کیپ)، مصری ہوائی فوج کی موسم گرما کی میدان جنگ کی ٹوپی۔

فار: فَأَرَ - فَأْرًا التراب: مٹی کھودنا۔ — الشیءَ: کو دفن کرنا، چھپانا۔ فَئِرَ - فَأَرًا المکانُ: جگہ کا چوہے والا یا بہت چوہوں والا ہونا۔ الفَأْر (مص) جمع فِئْران و فِئَرة: (مذکر و مونث کیلئے) (ح): چوہا۔ مکانٌ فَئِرٌ و ارضٌ فَئِرةٌ و مَفَارَة: جگہ اور زمین جہاں بہت چوہے ہوں۔ الفَأْرَة (ح): فأر کا واحد، مشک کا نافہ۔

○ فَأرَة و فَارة جمع فارات: رندہ (Plane)۔ چوہا۔

فاس: فَأَسَ - فَأْسًا الخشبةَ: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا۔ — الرجُلَ: کو کلہاڑی مارنا، سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔ الفأس (مص) جمع أفؤُس و فؤُوس: کلہاڑی۔ فاس بھی کہا جاتا ہے یہ لفظ مؤنث ہے۔ فأسُ الرأس: سر کے پچھلے حصہ کی ابھری ہوئی ہڈی۔ فأسُ الفم: منہ کا وہ کنارا جہاں دانت ہوتے ہیں۔ فأسُ اللجام: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔

○ فَارِس و بلاد فارِس: فارس (Persia)۔ فارسی: Persian۔ فَارُوز: فیروزہ (turquoise)۔ فَازِلین: ویسلین (vaseline)۔ فَاس (مونث) جمع فُؤُوس و

فاس تیشہ، تبر، کلہاڑی، پھاوڑا، کدال، بیلچہ، کھرپا۔
فاشستی مراکش کا ایک شہر (Fez یا Fes)۔
فاشستیۃ:
فسطائی fascist, fascistic۔
فاشی:
فاشیہ فسطائیت (fascism)۔ فسطائی۔
فاصولیا باقلا، لوبیا، پھلی۔
فاف فافا فافاۃ
فافاء اور فافا۔ حرف فاء کو کثرت سے بولنا
فافا صفت:
ہکلانا، ہتلانا، لکنت کرنا، رک رک کر بولنا، اٹک
فاق فاق یفوق فوقا: بولنے اور بات کرنے میں رکنا الفواق و الفؤاق:
ہچکی آنا۔
فاکون جمع فواکین معدہ سے نکلنے والی ہوا، ہچکی۔
ریل کار، کوچ (railroad)
car, coach۔
فال فال برایہ تفیلا ۃ ما لشیء: کو سے اچھی فال دلانا۔
تفأل و تفاءل و انتال بہ: سے اچھی فال لینا۔
الفال جمع فؤول و افؤل: نیک شگون۔ جیسے
مریض کسی کو یا سالم کہتے سنے تو اس سے سمجھے کہ وہ
لا فال علیک: صحت یاب ہو جائے گا۔ کہا جاتا ہے
الفیال: اللہ کرے تجھے کوئی بدبختی پیش نہ آئے۔
بچوں کا ایک کھیل، (جس میں کسی چیز کو مٹی میں دبا کر اس
کے دو ڈھیر بنا کر سوال کرنا کہ چیز کس ڈھیر میں ہے)
المفایل: یہ کھیل کھیلنے والا۔
تفاءل ب معہ:
فال جمع فؤول و افؤل: کو اچھا شگون سمجھنا، کو مبارک آغاز سمجھنا۔
نیک شگون، پسندیدہ
فال، رجائیت پسند، نظریہ امید، اچھا شگون، فال
قرأ الفال:
نیک، فالِ نیک، شگون۔
تفاؤل: قسمت کا حال
متفائل: بتانا۔
رجائیت، پرامیدی۔
رجائیت پسند، رجائیت پسندانہ، پرامید۔
ثام: ثام فاما من الماء:
— البعیر: پانی سے سیراب ہونا۔
فاما و تفأم البعیر: اونٹ کا گھاس سے منہ بھرنا۔
افأم الدلو: اونٹ کا گھاس سے منہ بھرنا۔
فأم و افأم القتب: ڈول بھرنا۔
الفئام جمع فؤوم: پالان کو وسیع کرنا۔
۲۔ لوگوں کی جماعت، (اس لفظ
فطعوہ فوما: سے اس کا واحد نہیں آتا) کہا جاتا ہے:
فالس انہوں نے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔
فالوکج والز: ایک رقص جس میں جوڑے جوڑے
فالوذجی: ناچتے ہیں۔ waltz۔
فانلات: فانلہ و فانلا جمع فالودہ۔
فالودہ جیسا، ملائم۔
فانلات: فلالین (flannel)، فلالین کی نیچے پہننے
کی قمیض under shirt۔
زیر جامہ

(under wear, under clothing)۔
فانوس جمع فوانیس: فانوس سحری: لالٹین۔
جادو کی لالٹین، (سلائیڈ) پروجیکٹر، آلہ تظلیل۔
فأی: فای ۔ فأوا و فایا راقی فلاں:
۱۔ افأی: کے سر کو تلوار
تفأی:
القدح: سے پھاڑنا۔ تنگ وادی میں جا پڑنا۔
انفأی:
الشیء: پیالہ کا پھٹنا۔ کھلنا۔
— بین الشیئین:
چیز کا پھٹنا، کھلنا۔
الفأو (مص):
چیز کے درمیان درز، شگاف ہونا۔
دو پہاڑوں کے درمیان شگاف، وادی میں تنگ جگہ جو
کھلی جگہ کو لے جائے، ریت کا تودہ، راستہ، پہاڑوں
الفئۃ جمع فئات و فئون:
کے درمیان عمدہ زمین۔
الفأو: جماعت، گروہ۔
۲۔ فئۃ جمع فئات: چکنی جگہ، آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔
گروہ، ٹولہ، جماعت، طبقہ، فوجی
دستہ یا رسالہ، منڈلی، جتھا، پارٹی، پلٹن (platoon)
(ہلکے اسلحہ کی)، شرح ٹیکس (تشخیص محاصل کی)، ٹیکس،
فاوریقہ جمع فواریق:
فیس، قیمت
فبرائر: کارخانے
فبارك (جمع): کا پلانٹ۔
فروری (February)۔
فت ۔ فتا و فتت الشیء: کارخانے۔
۱۔ فت فی ساعدہ: کو انگلیوں سے
ریزہ ریزہ کرنا۔ کہا جاتا ہے:
فت فی عضدہ: اس
نے اس کو کمزور کر دیا۔ اس نے
اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان و اعضاء کو منتشر
تفتت و انفت الشیء:
کر دیا۔ ٹوٹ جانا۔
الفت (مص):
اهل بیت فت و فت و فت: ہم
بچھو میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے:
الفتۃ و الفتۃ: وہ منتشر لوگ ہیں۔
خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور
چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ (کہا جاتا
ہے: ھذا لا یساوی فتۃ: یہ تو مینگنی برابر بھی
الفتات: الفتوت
نہیں)، کھجوروں کا ڈھیر۔
و الفتیت: الفتیتۃ جمع فتائت: چورا
چورا کیا ہوا۔
المفتوت:
فتفت فتفتۃ الیہ: شدہ چیز کا ٹکڑا۔ چورا کیا ہوا۔
۲۔ سے چپکے چپکے بات کرنا۔ کہا جاتا
ماھذہ الفتفتۃ و الدندنۃ:
ہے: یہ کیا سرگوشی اور
الفتافت:
زیر لب بات چیت ہے؟۔ سرگوشیاں،
پوشیدہ باتیں، کانا پھوسیاں، کھسر پھسر۔
فت ۔ فتا فی:
فت فی ساعدہ: کو کمزور کرنا، پیچھے سے کاٹنا، کی اندر
یافت فی عضدہ: کی اندر جڑوں کو کھوکھلی کرنا، کو ختم کرنا۔
کو کمزور کرنا، کی طاقت ختم کرنا،
فتت: کی حوصلہ شکنی کرنا، کی ہمت توڑنا، کو بددل کرنا۔
۵: کو ریزہ ریزہ کرنا، کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کو ضائع

یفتت القلب (الاکباد): کرنا، اجاڑنا، کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کرنا۔
دل شکن، دل ٹکڑے
تفتت:
ٹکڑے کر دینے والا۔
ریزہ ریزہ ہو جانا،
انفت بمعنی
تفتت ۔ فتۃ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا، ختم ہونا، منتشر ہونا۔
فتات: ایک قسم کا روٹی کا آش یا اس کی یخنی۔
فتیت: روٹی کے ٹکڑے، بھورے، لقمے، نوالے۔
فتیتۃ:
روٹی کے ٹکڑے، بھورے، چوری۔
فتا: فتا ۔ فتا النار: روٹی کی یخنی کی ایک قسم۔
— ہ عن الامر:
آگ بجھانا۔
فتیء ۔ فتا عنہ
کو کسی کام سے روک دینا۔
مافتأ ۔ وما فتیء سے
رکنا، کو بھول جانا۔ کہا جاتا ہے:
— یفعل ذلك:
وہ یہ کر رہا ہے یہ افعال ناقصہ میں
سے ہے اور سوائے ماضی اور مضارع کے دوسرے
افعال کا اس سے استعمال نہیں ہوتا۔
— و فتیء ۔ ہ:
(ما نافیہ کے ساتھ): کچھ ہوتا رہنا۔
فتیء ۔ فتأ عن:
سے رکنا، باز رہنا، کو کرنے سے
مافتیء یفعل: رکنا۔
کو کرتے رہنا، کو مسلسل کرنا،
لگاتار کرنا۔
فتح: فتح ۔ فتحا الباب:
۱۔ دروازہ کھولنا۔
القناۃ:
پانی جاری رکھنے کے لئے) نالی نکالنا۔
اللہ علیہ:
اللہ تعالی کا کسی کو سکھلا دینا، معرفت بخشنا۔
علی فلاں: — سِرَّہ
کسی پر اپنا بھید ظاہر کرنا۔ فتح: بمعنی
فتح:
تشدید کے ساتھ مبالغہ کے لئے آتا ہے۔
فاتح
البیع:
بیع میں آسانی کرنا۔ تفتح:
— ت الاکمۃ عن النور:
کلی کا کھلنا۔ انفتح: کھل جانا۔
— عن الشیء: افتتح و
کھل جانا۔
استفتح الابواب: کھلنا۔
الفتح:
دروازے کھول دینا۔
— جمع
ایک قسم کی حرکت جس سے منہ کھل جاتا ہے۔
فتوح:
اللہ تعالی کی طرف سے عنایت کردہ روزی،
الفتحۃ:
دریاؤں کا جاری پانی۔ فتح کا اسم مرۃ:
الفتح:
ایک مرتبہ کھولنا، زبر کی علامت۔ کھلا ہوا
الفتحۃ جمع
وسیع دروازہ، کھلی ہوئی بڑی شیشی۔
فتح: الفتاح:
کشادگی۔ صیغہ مبالغہ۔ اللہ تعالی
کی ایک صفت کیونکہ وہ اپنے بندوں کے لئے رزق اور
رحمت کے دروازے کھولتا ہے۔ المفتح جمع
مفاتح:
چابی، کنجی، پانی کی نالی، دفینہ، خزانہ، کنز۔
المفتاح جمع مفاتیح:
چابی، کنجی۔
فتح ۔ فتحا الحاکم بین الناس:
لوگوں کے درمیان
فاتحہ:
حاکم کا فیصلہ کرنا۔
کو فیصلہ کے لئے لے
یوم الفتح:
جانا۔
الفتاح و
یوم قیامت۔
الفتاح و الفتوحۃ:
الفتاحۃ و
حکومت۔

الفُتَاحَة: دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے: بینهما فُتَاحات: ان دونوں کے درمیان دشمنیاں ہیں۔ الفَتَّاح: حاکم، قاضی۔

فَتَحَ فَتْحاً البلادَ: ملک پر غلبہ حاصل کرنا، ملک کا زبردستی مالک ہو جانا، ملک کو فتح کرنا۔ فَتْحاً و فَتَاحَةً اللّٰهُ علی فلان: کی مدد کرنا۔ فَتَّحَ البلادَ: ملک کو فتح کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرجُلُ: مدد طلب کرنا۔ الفَاتِح جمع فَتَحة و فاتحون (فا): فتح کرنے والا، کھولنے والا۔ الفُتُح (مص) جمع فُتُوح: مدد۔ الفُتُوحات: جنگ سے فتح کئے جانے والے ممالک۔ الفَتَاحَة (مص): مدد۔

فَاتَحَهُ بالامر: کے بارے میں سے پہلے مخاطب ہونا۔ ـــ فلاناً: سے بھاؤ کرنا مگر اسے کچھ نہ دینا۔ اِفْتَتَحَ و اِسْتَفْتَحَ الامرَ بكذا: کو سے شروع کرنا۔ الفَاتِحَة من الشيء جمع فَوَاتِح: چیز کا آغاز اور اس کی ابتداء اسی سے فَاتِحَةُ الكتاب: کتاب کا آغاز، کتاب کی ابتداء، کتاب کا شروع۔ الفَتْح جمع فُتُوح و الفُتُوح جمع فُتُح: موسم بہار کی پہلی بارش۔ الاِسْتِفْتَاح (مص): حرف استفتاح نحویوں کے نزدیک الا ہے۔ الا کُلُّ شيءٍ ما خلا اللّٰه باطل: بے شک اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز باطل ہے۔ الافْتِتَاحِيَة: اخبار کا اداریہ۔

تَفَتَّحَ في الكلام و بالمال على فلان: اپنی گفتگو اور مال کا کسی سے اظہار کرنا اور اس پر فخر کرنا۔ تَفَاتَحَ القومُ كلاماً بينهم: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔ الفُتُحَة جمع فُتَح: اپنے علم و ادب یا مال کا اظہار اور اس پر فخر۔

○ فَتَحَ ـ فَتْحاً ہ: کو کھولنا؛ (ٹونٹی) کھولنا، بٹن دبا کر روشنی کرنا، بٹن دبا کر (مشین وغیرہ) رواں کرنا، (نہر) کھودنا، (سڑک) تعمیر کرنا: کو کھولنا، (تقریر وغیرہ) شروع کرنا، سے تعارف کرانا، آشنا کرانا، کو فتح کرنا، سر کرنا۔ ـــ علی ہ: پر کا انکشاف کرنا، کو کچھ دکھانا، پر کچھ ظاہر کرنا، کو پر افشا کرنا، کو پر فتح عطا کرنا (اللہ کا)، (اللہ کا) کسی کے اقتدار میں کسی چیز کو دینا۔ ـــ علی: پر نفع کے دروازے کھولنا (خدا کا)۔ ـــ علی ہ/ب: (اللہ کا) کسی کے دل پر کچھ ڈالنا، پر کا القاء کرنا، الہام کرنا، کو کچھ عطا کرنا۔ فَتَحَ البختَ: قسمت کھلنا۔ فَتَحَ عینیه علی آخرهما: اپنی آنکھیں پوری کھولنا، کھلی آنکھوں سے تکنا، گھورنا۔ فَتَحَ الشهیةَ: بھوک، اشتہاء پیدا کرنا، تیز کرنا۔ فَتَّحَ ہ: کو کھولنا، پھول کی کلی کا کھلنا۔ فَاتَحَ ہُ: سے پہلے خطاب کرنا، سے پہلے بات کرنا۔ ـــ ہ في: سے کے بارے میں گفتگو شروع کرنا۔ ـــ ہ ب/ہ: پر کوئی بات ظاہر کرنا، پر کا انکشاف کرنا۔ تَفَتَّحَ: کھلنا۔ ـــ عن: کھلنا تا کہ کوئی چیز قابل فہم ہو جائے۔ تَفَتَّحَ: دل کا اثر پذیر ہونا۔ اِنْفَتَحَ: کھلنا، کھولا جانا۔ اِفْتَتَحَ ہ: کا افتتاح کرنا، کا تقریب سے آغاز کرنا، کو کھولنا۔ ـــ ہ ب: کو سے شروع کرنا، کو سے رواج دینا، کو تمہید سے شروع کرنا۔ ـــ ہ: کو فتح کرنا، سر کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ ہ: کو شروع کرنا، کا آغاز کرنا۔ ـــ علی: کے خلاف اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کرنا، پر فتح کی اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا کرنا۔ فَتْح: کھولنا، آغاز، ابتداء، مقدمہ، تمہید، تعارف، شناسائی۔ فَتْحُ الاعتمادِ: بنک میں حساب کھولنا، ہنڈی پیش کرنا۔ فُتُوح و فُتُوحات: خیرات، عطیات، چندے، کسی ولی کے مقبرے کے ساتھ بنی ہوئی مسجد کے لئے جہاں تعلیم اور علاج کی سہولتیں فراہم کی گئی ہوں۔ فُتْحَة جمع فُتَح و فُتَحات: شگاف، سوراخ، راستہ، درز، موقع، موکھا، روشن دان، روزن، خندق، کھائی، پانی کے بند کا دروازہ جس کو کھول کر پانی چھوڑا جاتا ہے۔ فَتَّاح: (روزی اور نفع کے دروازے) کھولنے والا (باری تعالیٰ کی ایک صفت)۔ فَتَّاحَة جمع فَتَّاحَات: ڈبہ وغیرہ کھولنے کا اوزار۔ مِفْتَاح جمع مَفَاتِيح: چابی، کنجی، بٹن، سوچ، لیور (lever)، پیڈل (سائیکل گاڑی وغیرہ کا)، لٹو، (ریڈیو کھولنے اور بند کرنے کا)، (شہنائی وغیرہ کا) والو volve، کھونٹی، کیل، میخ، پن، (ریلوے کا) کانٹے والا۔ مُفَاتَحَة: گفتگو کا آغاز۔ اِفْتِتَاحِي: مَبْلَغ اِفْتِتَاحِي: شروع کی بولی، سب سے کم بولی۔ فصل (مقال) افتتاحی، المقالة افتتاحية: اداریہ، ایڈیٹوریل، اہم مضمون۔ فَاتِح: کھولنے والا، شروع کرنے والا، فاتح، ہلکا (رنگ)۔ فَاتِح البخت: نجومی، جوتشی۔ أزرق فاتح: ہلکا نیلا۔ مَفْتُوح: کھلا، کھلا ہوا۔ الباب مفتوح على مصراعيه: دروازہ کے دونوں پٹ کھلے ہوئے ہیں۔ مُفَتِّح: اشتہاء انگیز، بھوک بڑھانے والا۔ مُفْتَتَح: آغاز، شروع، ابتداء، افتتاح۔

فَتَخَ ـ فَتْخاً و فَتَّخَ اصابعهُ: انگلیوں کو موڑنا، نرم کرنا۔ فَتِخَ ـ فَتَخاً: ڈھیلے، نرم اور کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت اَفْتَخ ـ اَفْتَخَ الرجُلُ: کا تھکنا، سانس پھولنا۔ تَفَتَّخَ: انگلیوں میں چھلا پہننا۔ جوڑوں کا ڈھیلا اور نرم ہونا۔ الفَتْخَة و الفَتَخَة جمع فَتَخ و فَتَخات و فُتُوخ و فِتَاخ: چھلا، بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ (نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں)۔ الأفْتَخ مونث فَتْخَاء جمع فُتْخ: نرم کمزور اور ڈھیلے جوڑوں والا۔ رجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْف: کمزور نگاہ والا مرد۔ الفَتْخَاء: نرم بازوں والا عقاب۔ الفَتَخ و الفَتَخَة: بالائی بازو اور بازو کا اندرونی حصہ۔ فُتُوخ الأسد: (واحد فَتْخ) شیر کے پنجے۔ الأسد افتخ مونث فَتْخَاء جمع فُتْخ: چوڑے کندھے والا شیر۔

فَتَرَ ـ فُتُوراً و فُتَاراً: تیزی کے بعد ساکن ہونا، سختی کے بعد نرم پڑنا۔ ـــ الماءُ: پانی کی حرارت کم ہونا۔ ـــ فَتْرَةً و فُتُوراً الحرُّ: گرمی کا کم ہونا۔ فَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا، سختی کے بعد نرم پڑنا۔ ـــ السحابُ: بادل کا ٹھہرنا، آمادۂ بارش ہونا۔ ـــ الماءَ: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔ تَفَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا، سختی کے بعد نرم پڑنا۔ ـــ الماءُ: پانی کی حرارت کم ہونا۔ الفَتْرَة جمع فَتَرَات: صلح، بخار کی دو باریوں کے درمیان کا زمانہ۔ ماء فاتور: نیم گرم پانی۔

فَتَرَ ـ فُتُوراً و فُتَاراً عن العمل: کام میں کوتاہی کرنا۔ ـــ فَتْراً و فُتُوراً جسمُهُ: کے جسم کے جوڑوں کا نرم اور کمزور ہو جانا۔ ـــ ہ: کو سکون اور نرمی پر آمادہ کرنا۔ فَتِرَ: کمزور پلکوں والا ہونا۔ اَفْتَرَ ہ الداءُ او السکرُ: کو بیماری یا نشہ کا کمزور کر دینا۔ ـــ الشرابُ: پینے والے کو شراب کا مست کر دینا۔ تَفَتَّرَ عن العمل: کام میں کوتاہی کرنا۔ اِسْتَفْتَرَ الفرسُ: گھوڑے کی سواری نہ کئے جانے پر اور کھلا چھوڑنے پر تھکن جاتی رہنا۔ الفَتْرَة: کمزوری، پژمردگی۔ الفَتَر: سستی، کمزوری۔ الفُتَرَة و الفُتَر جمع فُتَرَات (ح): ایک قسم کی مچھلی جس کو پکڑنے سے کپکپی پیدا ہو جاتی ہے۔ اسے رعادہ بھی کہتے ہیں۔ الفُتَار: ابتدائی نشہ۔

فَتَرَ ـ فَتْراً ہُ: کو فتر سے ناپنا۔ الفِتْر: انگشت شہادت اور انگوٹھے کے سروں کے درمیان کا کھلی ہوئی حالت میں فاصلہ۔

الفَتْر: کھجور کی چٹائی جس پر آٹا چھانا جاتا ہے۔ الفَاتُورَة جمع فَوَاتِير (ت): فہرست جو سامان کے ساتھ بھیجی جاتی ہے اور جس میں سامان کی اقسام، ان کی مقدار، قیمت اور اخراجات کی تفصیل درج ہوتی ہے، بیجک (invoice)۔

فَتْرَصَ ـ فَتْرَصَةً ہُ: کو کاٹنا۔

فَتَرَ ـ فُتُوراً: کم ہونا، مدھم پڑنا، اتر جانا، دب جانا،

فرو ہونا، اونگھنا، کمزور ہو جانا، مضمحل ہونا، ڈھیلا ہونا یا پڑنا، (پانی کا) ٹھنڈا ہونا، نیم گرم ہونا۔ — عن: میں ڈھیلا ہو جانا، نافرض شناس ہونا، دلچسپی نہ رکھنا، کوتاہی کرنا۔ فتّرَ ہ: کو فرو کرنا، گھٹانا، کا زور کم کرنا، کی شدت کو گھٹانا، کو ہلکا کرنا، کا درد دور کرنا، کو آرام دینا، کو نرم کرنا۔ — ہ/ ہ: کو کمزور کرنا، کو بے ہمت یا مردہ دل کرنا، کو غافل کرنا، نڈھال کرنا، ڈھیلا کرنا۔ — ہ: (پانی) کو نیم گرم یا شیر گرم بنانا۔ افتَر ہ/ ہ: کو کمزور کرنا، بے ہمت کرنا، غافل کرنا، نڈھال کرنا۔ تفتّر: (پانی کا) نیم گرم ہونا، اونگھنا، کمزور ہونا، مضمحل ہونا، ڈھیلا ہونا یا پڑنا۔ فِتر جمع اَفتار: چھوٹی بالشت، کونہ۔ فترۃ: سستی، الکسی، ضعف، کمزوری، تھکان، بے کیفی، ڈھیلا پن یا اضمحلال، ناتوانی، ناطاقتی، نقاہت، پژمردگی، نیم گرمی، شیر گرماہٹ، بے اعتنائی، بے توجہی، عدم دلچسپی، غیر جانبداری، سرد مہری (احساس و جذبات کی) جمع خالی وقت وقفہ، توقف، عرصہ، تھوڑی سی دیر، مدت وقت۔ فترۃُ الانتقال: عبوری عرصہ۔ بین فترۃ و اخری: کبھی کبھی، وقتاً فوقتاً۔ فی الفترۃ بعد الفترۃ: کچھ کچھ وقفوں کے بعد تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد، کبھی کبھی، کبھی کبھار۔ فُتور: سستی، الکسی، ماندگی، کمزوری، ناتوانی، تھکاوٹ، تکان، ڈھیلا پن، بے پروائی، نیم گرماہٹ، شیر گرماہٹ۔ فاتِر: نڈھال، سست رفتار، پژمردہ، کمزور، بے ہمت، ڈھیلا، ڈھیلا ڈھالا، نرم، پھیکا، ہلکا، ماند، سرد، پھیکا مندا (بازار حصص: stock exchange) نیم گرم، شیر گرم۔ مُتفتِّر: وقفہ والا۔

فتش: ۱۔ فتَشَ ـ فتشاً و فتّشَ الشیءَ: کا معائنہ کرنا، کی جانچ پڑتال کرنا، کو جانچنا، کا امتحان کرنا، کی تلاشی لینا۔ — عنہ: کے بارے میں دریافت کرنا اور کی تفتیش کرنا۔ الفتّاش: صیغہ مبالغہ، بہت جستجو کرنے والا، بہت تلاش کرنے والا۔ المُفتّش جمع مُفتّشون: انسپکٹر، معائنہ کار۔

۲۔ الفتّوش (ط): ایک قسم کا کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز، اجوائن اور کھیرے وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

۳۔ الفِتیش عند العامۃ: آتشی تیر (rocket)۔

○ فتّشَ ہ: کا پورا جائزہ لینا، کی جانچ پڑتال کرنا، کو ڈھونڈنا، (کی) تلاش کرنا، کی تفتیش کرنا، کا گہرا مطالعہ کرنا، پر خوب غور کرنا۔ — عن: کو پوچھنا، کا حال پوچھنا، کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا۔ — ہ/ ہ/علی: کی نگرانی کرنا، کا انتظام کرنا، کو قابو میں رکھنا، پر تسلط قائم رکھنا، کا معائنہ کرنا۔ — علی: کا نگران ہونا، کی نگرانی کرنا، کو قابو میں رکھنا، کا معائنہ کرنا۔ فتّاش: مکمل امتحان یا جائزہ لینے والا، تحقیقات کرنے والا، محقق، چھان بین کرنے والا۔ تفتیش جمع تفاتیش: امتحان، بغور مشاہدہ، جائزہ، چھان بین، جانچ پڑتال، تلاشی، تلاش، تحقیقات، پوچھنا، دریافت کرنا، گہرا مطالعہ، غور و خوض، نگرانی، کنٹرول، فریضہ، کار متعلقہ، مفوضہ کام، طائرانہ نظر، جائزہ، معائنہ، نظر ثانی، کنٹرولنگ باڈی (controling body)، کنٹرول بورڈ، عدالتی (یا سرکاری) تحقیقات، آبپاشی کا دور یا علاقہ۔ اور اسے تفتیشُ الری بھی کہا جاتا ہے: تفتیش جوّی: ہوائی یا فضائی معائنہ۔ مُفتّش: انسپکٹر، سپروائزر۔ مُفتّشیۃ: نظارت۔

فتغ: فتَغَ ـ فتغاً الشیءَ: پر قدم رکھ کر کچل ڈالنا، کو کچل دینا، ریزہ ریزہ کرنا۔ تفتّغ: کچلا جانا، ریزہ ریزہ ہونا۔

فتق: ۱۔ فتَقَ ـ فتقاً و فتّقَ الشیءَ: کو پھاڑنا۔ — الثوبَ: کپڑے کی سیون توڑنا، کپڑے کو ادھیڑنا۔ — بین القوم: قوم میں اختلاف پیدا کرنا جس کی وجہ سے ان میں جنگ دوبارہ شروع ہو جانا۔ فتِقَ ـ فتقاً المکانُ: جگہ کا سرسبز ہونا۔ افتقَ القومُ: خوشگوار موسم سے متمتع ہونا۔ — قرنُ الشمس: آفتاب کا بادلوں میں سے نظر آنا۔ — السحابُ: بادل کا کھل جانا، چھٹ جانا۔ تفتّقَ: پھٹنا۔ اِنفتقَ: پھٹنا۔ — ت الماشیۃُ: مویشی کا موٹا ہو جانا۔ الفتق (مص): سرسبزی۔ (طب): کھال کے نیچے لٹکنے والی بیماری۔ عوام لوگ اسے فِتاق کہتے ہیں۔ — جمع فُتوق: صبح: کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے: خرج فلان الی فتق: فلاں شخص کشادہ جگہ کی طرف نکل گیا۔ الفتَق: صبح۔ الفِتاق: سورج کی پہلی شعاعیں، آفتاب۔ الفتیق: موٹائی سے پھٹ جانے والی چیز۔ الصبح الفتیق: روشن صبح۔ الفیتق: دربان، بڑھئی لوہار۔ مَفتقُ القمیص: قمیص کا گریبان۔ المفتوق (مفع): فتق کی بیماری والا۔

۲۔ فتَقَ ـ فتقاً و فتّقَ الکلامَ: کلام کو واضح کہنا۔ تفتّقَ فلانٌ بالکلام: کی زبان کا رواں ہونا۔ امرأۃٌ فتُقٌ و مُتفتّقۃٌ: تیز زبان، جلد جواب دینے والی عورت۔ رجلٌ فتیقُ اللسان: تیز زبان مرد۔

۳۔ فتَقَ ـ فتقاً العجینَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔ — و فتّقَ المسکَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔ الفِتاق: مختلف دواؤں کا مرکب، خمیر۔

۴۔ افتقَ الرجلُ: پر آفتوں کا دباؤ ہونا۔ الفتق: زندگی میں خلل، خشک سالی، قحط سالی۔ — جمع فُتوق: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہوئی ہو لیکن ارد گرد بارش ہو چکی ہو۔ کہا جاتا ہے: عامٌ ذو فُتوق: کم بارش والا سال۔ الفُتوق: آفتیں جیسے بیماری، بھوک، تنگ دستی اور قرض۔

۵۔ الفِتاق: درخت خرما کی سفید جڑ۔ الفیتَق: بادشاہ۔

○ فتَقَ ـ فتقاً (ہ): کپڑے کی سیون توڑنا، کو ادھیڑنا، کے ٹانکے، بخیے توڑنا، سلائی ادھیڑنا، کو چیرنا، پھاڑنا، چیر کا شگاف ڈالنا، چاک کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کاٹنا۔ فتقَ الذھنَ: کو اس کا راستہ صاف اور واضح دکھانا، کو چیزیں ان کی اصلی روشنی میں دکھانا۔ الضرورۃُ تفتقُ الحیلۃَ: ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ فُتقت لہٗ حیلۃٌ: اس کے دل میں ایک بہانہ آیا، سے ایک بہانہ سوجھا۔ فتّق ہ: کی سیون، سلائی، ٹانکے توڑنا، کے بخیے ادھیڑنا، کو چیرنا، چاک کرنا، پھاڑنا، چیر کر شگاف ڈالنا، کاٹنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تفتّقَ: سیون، سلائی ادھڑنا، بخیے ٹانکے ٹوٹنا، پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، چرنا۔ — عن: کو وجود میں لانا، پیش کرنا، منصوبہ پکانا، کی تدبیر نکالنا یا کرنا، کا جتن کرنا، بندوبست کرنا، ایجاد کرنا، اختراع کرنا۔ اِنفتقَ: (کپڑے وغیرہ کے) ٹانکے یا بخیے ٹوٹنا، کی سلائی یا سیون ادھڑنا، پھٹنا، چرنا، چاک ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، ٹوٹنا، کٹنا۔ — عن: کو پیش کرنا، وجود میں لانا، تخلیق کرنا۔ فتق جمع فُتوق: چیر، شگاف، پھٹا ہوا ہونا، چاک، درز، دراڑ، چیر، کاٹ، سوراخ، چھید، آنت کا خصیہ میں اتر جانا، بادخایہ (hernia) فوتوں کا ورم (rupture)۔ مصاب بالفتق: مرض بادخایہ فوتوں کے ورم میں مبتلا۔ فِتاق: بادخایہ، فوتوں کا ورم (hernia, rupture)۔ فتیق: ٹانکے، سیون، سلائی، ادھڑا ہوا، پھاڑا ہوا، چیرا ہوا، کاٹا ہوا، چاک شدہ، تیز، مفتوق ادھڑا ہوا، پھاڑا ہوا، چیرا ہوا، کاٹا ہوا: فوتوں کے ورم میں مبتلا۔

فتك: ۱۔ فتَكَ ـ فتكاً و فِتكاً و فُتكاً و فُتوكاً الرجلُ: دلیر ہونا، بہادر ہونا، نڈر ہونا۔ — بفلان: کو اچانک دبوچنا یا قتل کر ڈالنا۔ فاتكَ مُفاتكۃً ہ: سے کھلم کھلا لڑائی کرنا۔ — الشیءَ و الامرَ: کو سختی سے کرنا۔ افتكَ الرجلُ: بمعنی فتكَ۔ تفتّكَ بامرہ: کو خود رائی سے کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔ الفاتِك (فا) جمع فُتّاك: بہادر، دلیر۔ کہا جاتا ہے: ھو فاتكُ القلب: وہ کام کو کر گزرنے والا ہے۔

۲۔ فتَكَ ـ فتكاً و فِتكاً و فُتكاً و فُتوكاً فی الامر: پر اصرار کرنا، کو خوب کرنا۔ — فُتوكاً فی الخبث: خباثت میں مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: ما افتكہٗ: وہ

بہت جھگڑالو ہے۔

۳۔ فَتَكَ ـُفُتُوكًا فی صناعتِهٖ: اپنے پیشہ میں ماہر ہونا۔ فَاتَكَ مُفَاتَكَةً ہٗ: کا ہنرمندی میں مقابلہ کرنا۔

۴۔ فَتَّكَ القُطْنَ: روئی دھنا۔

۵۔ فَاتَكَهٗ مُفَاتَكَةً: کو منہ مانگی قیمت دینا۔

○ فَتَكَ ـِفَتْكًا ب: کو قتل کرنا، کو دھوکے سے قتل کرنا۔ ــــ ب: کو تباہ کرنا، کو نیست و نابود کرنا۔ ــــ ب: پر اچانک حملہ کرنا، پر حملہ کرنا، دھاوا بولنا۔ فتك به فتكًا ذريعًا: کو روکنا، آگے نہ بڑھنے دینا، تباہ کرنا، کا نام و نشان مٹا ڈالنا، کو حرف غلط کی طرح مٹا دینا، کو جڑ سے اکھاڑنا، کا قلع قمع کرنا، کا استیصال کرنا، (بیماری) کا کے بڑے حصہ کو تباہ یا ہلاک کر دینا۔ فَتْك: دھوکے سے قتل، قتل، تباہی، تباہ کاری، بربادی، فناءِ کامل۔ فَتْكة جمع فَتَكَات: بربادی، ویرانی، غارت، تاراجی، تباہی، تباہ کاری۔ فَتَّاك: جان لیوا، مہلک، قاتلانہ۔ ــــ ب: پر خوفناک اثر کرنے والا، پر تباہی لانے والا۔ اَفْتَك: زیادہ مہلک، زیادہ جان لیوا، زیادہ تباہ کن۔ فَاتِك جمع فُتَّاك: قاتل۔

فتل: ۱۔ فَتَلَ ـِفَتْلًا الحبلَ: رسی بٹنا۔ کہا جاتا ہے: فتل وجهَهٗ عنهم: اس نے ان سے اپنا چہرہ پھیر لیا۔ فتل ذُؤَابَةَ فلانٍ: اس نے اس کو اس کی رائے سے ہٹا دیا۔ مازال يفتل من فلان في الذِروةِ والغارب: وہ فلاں کی فریب دہی کیلئے چکر لگاتا ہے۔ فَتِلَ ـَفَتَلًا: دور دور پہلوؤں والا ہونا صفت: اَفْتَل مونث فَتْلاء۔ فَتَّلَ الحبل: رسی بٹنا۔ تَفَتَّلَ و اِنْفَتَلَ: بٹنا بٹا ہوا ہونا۔ الفَتْلَة جمع فَتْل: ایک بار بٹنا، ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔ الفَتَّال: بہت بٹنے والا۔ الفَتِيل مونث فَتِيلة: بٹا ہوا (دھاگا)، بدن کی میل کی بتی جو ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے: ما اَغْنَى عنك فتيلًا: وہ تمہارے کچھ کام نہ آیا۔ الفَتِيلَة جمع فَتَائِل و فَتِيلات: وہ بتی جس سے چراغ روشن کیا جاتا ہے: المِفْتَل: بٹنے کا آلہ۔ مَفْتُول (مفع) الخلق: مضبوط اور گٹھے ہوئے جسم والا۔

۲۔ فَتَلَ ـِفَتْلًا البلبلُ: بلبل کا چہچہانا۔ الفَتَّال (ح): بلبل۔

۳۔ الفَتْلَة جمع فَتْل: بیری اور ببول کے دانے رکھنے کا برتن۔ کہا جاتا ہے: ما اغنى عَنْك فَتْلَةً: میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہ دوں گا۔ الفَتَلَة جمع فَتَل: درخت عرفط یا عضاہ کا دانہ۔ کہا جاتا ہے: ما اغنى عنك فَتَلَةً: وہ اس کے کسی کام نہ آیا۔ الفَتِيل: کھجور کی گٹھلی کے شگاف میں باریک بتی۔

○ فَتَّلَ ـفَتْلًا ہٗ: کو بٹنا، کو بل ڈالنا، کو لپیٹنا، کو مروڑنا، کی چوٹی گوندھنا، کو کاتنا۔ فَتَّلَ ہٗ: کو بٹنا، کو بٹنا، مروڑنا، بل دینا، بٹ کر ہار بنانا، گھمانا، کا لچھا بنانا، کو چکر دینا، کو چوٹی کی صورت میں گوندھنا، (رسی کی) لڑیوں کو آپس میں بل دے کر گوندھنا۔ تَفَتَّلَ: بٹنا، بٹا جانا، گھمایا جانا، چوٹی کی صورت میں گوندھا جانا۔ اِنْفَتَلَ بمعنی تَفَتَّلَ۔ اِنْفَتَلَ من: کو ایڑیوں کے بل مڑ کر چھوڑ جانا، سے پھر جانا۔ اِنْفَتَلَ من الباب: دروازے سے چپکے سے نکلے جانا۔ شَمَّعَ الفَتْلَةَ: بھاگ جانا، فرار ہو جانا۔ فَتَّال: رسی بٹنے والا۔ فَتِيل: جمع فتيلات و فتائِل: بتی (wick)، شتابہ، (جمع) فیتہ، بتی، بارود کی بتی (fuse)، تار کی بہت باریک جالی (gauze)، خون روکنے کے لئے روئی یا پٹی کی گدی (tampon)، توپ کے فتیلہ کی ڈوری۔ فَتِيلة جمع فتيلات و فَتَائِل: بتی (wick)، بجلی کے قمقمہ کے باریک تار (filament) مَفْتُول: لمبا تڑنگا، گٹھیلا، زور آور، مضبوط جسم کا، گھٹا ہوا، پہرے کا مینار، دیدبان (نجد)۔ مَفْتُول الساعِد: مضبوط، گھٹا ہوا، ہٹا کٹا، سنڈا، مسٹنڈا، کسرتی بدن کا، موٹا تازہ، جسیم طاقتور۔

فتن: ۱۔ فَتَنَ ـِفَتْنًا و فُتُونًا ہٗ: کو تعجب میں ڈالنا، مائل کرنا، فریفتہ کرنا۔ ــــ فُتُونًا و فَتَنَ اِلَي النساء: عورتوں سے بدکاری کرنے کا ارادہ کرنا۔ فَتَّنَ و اَفْتَنَ ہٗ: کو تعجب میں ڈالنا، مائل کرنا، فریفتہ کرنا۔ الفِتْنَة جمع فِتَن: مال و اولاد۔ فِتْنَةُ النهار (ن): ایک پودا جس کے پھول دن کے وقت کھلتے ہیں اور رات کو بند ہو جاتے ہیں۔ الفَتَّان: فتنہ انگیز۔ الفَتَّانَة: فَتَّان کا مونث۔

۲۔ فَتَنَ ـِفِتْنَةً و مَفْتُونًا فلانًا: کو گمراہ کرنا۔ ــــ فتنا فلانًا عن رايه: کو اس کی رائے سے روک دینا، پھیر دینا۔ فُتِنَ في دينهٖ: دین سے اعراض کرنا۔ اُفْتُتِنَ في دينهٖ: دین سے اعراض کرنا۔ الفِتْنَة جمع فِتَن: گمراہی، کفر، رسوائی۔ الفاتِن (فا): حق سے گمراہ کرنے والا شیطان، چور۔ الفَتَّان: شیطان، چور۔

۳۔ فَتَنَ ـِفَتْنًا و فُتُونًا ہٗ: کو فتنہ میں ڈالنا۔ ــ الرجُلُ: فتنہ میں پڑنا (لازم و متعدی) صفت: فاتِن جمع فُتّان۔ فَتَّنَ و اَفْتَنَ ہٗ: کو فتنہ میں ڈالنا۔ تَفَتَّنَ ہٗ: کو فتنے میں ڈالنے کے لئے تکلف کرنا۔ اِفْتَتَنَ: فتنہ میں پڑنا۔ ــــ ہٗ: کو فتنہ میں ڈالنا۔ الفِتْنَة جمع فِتَن: اختلاف آراء۔ لوگوں کے مابین واقع ہونے والی جنگ و جدل۔

۴۔ فَتَنَ ـِفِتْنَةً و مَفْتُونًا فلانًا: کی آزمائش کرنا۔ ــــ فَتْنًا الشيءَ: کو جلا دینا۔ فِتْنَةُ الصائِغِ الذهبَ: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔ فُتِنَ: مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل کا جاتا رہنا۔ اِفْتُتِنَ: بمعنی فُتِنَ۔ الفَتْن (مص): حال، فن، قسم۔ العُمرُ فَتْنان: عمر کی دو قسمیں ہیں، اچھی اور بری یا میٹھی اور کڑوی۔ الفِتْنَة (مص) جمع فِتَن: آزمائش، عبرت، عذاب، بیماری، جنون، دیوانگی۔ فتنہ الفَتَّان: سنار۔ الفَتَّانان: سونا اور چاندی۔ الفَتَّانة: کسوٹی۔ الفَتِين جمع فُتُن (ط ا): سیاہ گرم زمین جس کے پتھر جل گئے ہوں۔ ذهبٌ فَتِين: جلا ہوا سونا۔ الفَتِين: بڑھئی۔ المَفْتُون (مفع): دیوانہ۔

○ فَتَنَ ـِفَتْنًا و فُتُونًا ہٗ من: کو سے پھیر دینا۔ ــ ہٗ: کو آزمائشوں اور لالچوں میں ڈالنا، کو اکسانا، ترغیب دینا، پھنسانا، ورغلا، پھسلا کر لے جانا، موہ لینا، لبھانا، دھوکا دینا، کو فریفتہ کرنا، گرویدہ کرنا، لبھانا، شیفتہ کرنا، مسحور کرنا، وجد میں لانا، لٹو کرنا۔ فَتَنَ ـِفَتْنًا ہٗ: کو سخت اذیت پہنچانا یا دینا۔ ــــ على: کے خلاف مخبری کرنا۔ فُتِنَ ب: پر فریفتہ ہونا، سے مسحور ہونا، پر لٹو ہونا، کا گرویدہ ہونا، سے محبت ہو جانا، پر پاگل ہو جانا، کے پیچھے پاگل سا ہو جانا۔ اَفْتَنَ ہٗ: کو فریفتہ کرنا، گرویدہ، مسحور کرنا۔ اِفْتَتَنَ ہٗ: کو حرص و طمع میں ڈالنا۔ اِفْتَتَن: مسحور ہونا، سحر زدہ ہونا، اکسائے میں آنا، لٹو ہونا، فریفتہ ہونا۔ اِفْتَتَن و اُفْتُتِنَ: حرص و طمع میں آ جانا، صحیح راستے سے ہٹ جانا نیز اُفْتُتِنَ بمعنی فُتِنَ۔ فِتْنَة جمع فِتَن: ترغیب، تحریص، لالچ، آزمائش، دلفریبی، دلکشی، دلربائی، دلبری، دل آویزی، حسن و جمال، کشش، ورغلانا، غلط راہ پر لگانا، فریفتگی، شیفتگی، سازش، ساز باز، گٹھ جوڑ، بغاوت انگیز تقریر یا اقدام، بلوہ، فساد، اودھم، دھاچوکڑی، اختلاف، نااتفاقی، ان بن، نزاع، جھگڑا، فساد۔ مفاتن: دلکش خوبیاں، حسن و جمال، ساحرانہ قوتیں۔

فتو: ۱۔ فَتَا ـُفُتُوًّا الرجُلَ: پر جوانمردی اور سخاوت میں غالب ہونا۔ فَاتَى الرجُلَ: پر جوانمردی اور سخاوت میں غالب آنے کی کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے: فَاتَوني فَفَتَوتُهم: انہوں نے جوانمردی اور سخاوت میں مجھ پر غالب آنے کی کوشش کی تو میں ان پر غالب ہو گیا۔ تَفَتَّى تَفَتِّيًا الرجُلُ: سخی ہونا۔ تَفَاتَى: سخی ہونا، اپنے آپ کو جوان ظاہر کرنا۔ الفُتُوَّة: سخاوت اور جوانمردی۔ الفَتَى تثنیہ فَتَوان و فَتَيَان جمع فِتْيَان و فِتْيَة و فِتْوَة و فُتُوّ و فُتِيّ و فِتِيّ: سخی۔

فَتِيَ -فَتًى جوان ہونا۔ فتّی تفتیۃً ت البنتُ:
۲۔ پردہ نشیں ہونا، لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے اجتناب کرنا۔
تفتّی تفتّیاً: جوان ہونا۔ ـ ت البنتُ لڑکی کا پردہ
نشین ہونا، لڑکوں کے ساتھ کھیلنا بند کرنا۔ ـ الرّجلُ:
جوان بننا، جوانوں کا انداز اختیار کرنا۔ کہا جاتا ہے:
أبردُ من شیخٍ یتفتّی جوانوں کے انداز اختیار
کرنے والے بوڑھے سے زیادہ ٹھنڈا۔ الفتاء و
الفتوّۃ جوانی۔ الفتی تثنیہ فتوان و فتیان
جمع فِتیان و فِتْیَۃ و فُتُوّۃ و فُتُوّ و فِتِیّ و فُتِیّ:
نو جوان، غلام۔ الفتیان رات اور دن۔ کہا جاتا
ہے: لا أفعلُهُ ما اختلفَ الفتَیان: جب تک رات
دن ایک دوسرے کے پیچھے آتے رہیں گے میں یہ ہرگز
نہیں کروں گا۔ الفتاۃ جمع فتیات و فتوات فتی کا
مؤنث، نوجوان عورت، لونڈی۔ الفتیّ جمع فِتاء و
افتاء م فتیّۃ: ہر ایک جوان سال۔ الفتیّۃ (ن):
ایک پھلدار پودا۔
۳۔ فاتی الرّجلَ: سے پوچھنا۔ أفتی إفتاءً فلانًا فی
المسألۃِ کو کسی مسئلہ میں فتوی دینا۔ تفاتی القومُ
الی العالِمِ لوگوں کا فتوی دریافت کرنے کے لئے
عالم کے پاس جانا۔ استفتی استفتاءً العالِمَ فی
مسألۃٍ عالم سے کسی مسئلہ میں فتوی طلب کرنا۔ الفتوی
و الفُتوی و الفُتیا جمع الفتاوِی و الفتاوَی:
شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ۔ المُفتی (فا)
ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے سکے۔
(ے) فتِیَ -فتاءً نوجوان ہونا، جوان ہونا۔ أفتی ہٗ فی
کو کسی مسئلہ میں یا اس کے متعلق باقاعدہ قانونی رائے
دینا، کو کے بارے میں معلومات فراہم کرنا، سے کسی
نظریہ وغیرہ کی وضاحت کرنا، کو کچھ پیش کرنا۔ ـ فی
کے بارے میں رائے دینا۔ ـ ب کے لئے یا کے حق
میں قانونی رائے کے ذریعے فیصلہ کرنا۔ ـ بان
(قانونی) رائے کے طور پر بیان کرنا کہ...... استفتی
ہٗ فی سے میں یا کے بارے میں باقاعدہ قانونی رائے
دریافت کرنا، سے کے بارے میں حسب ضابطہ رائے
طلب کرنا۔ ـ ہٗ فی کے بارے میں کی معلومات کی
استدعا کرنا، سے میں یا کے متعلق مشورہ طلب کرنا،
سے میں یا کے بارے میں مشورہ کرنا، کے بارے میں
کسی کی رائے طلب کرنا۔ فتی جمع فِتیان و فِتیۃ
جوان، نوجوان، نوعمر، الفتیّ جوانی والا، کمسن، نابالغ،
غلام، ہیرو (hero)۔ فتیا فتوی۔ فتوی جمع فتاوٍ و فتاوی
فتوی۔ فتوّۃ: جوانی، کم سنی، جوانمردی،
سخاوت، نیک دلی جمع فتوات: غنڈا، دھونسیا، مردم
آزار، بھاڑے کا غنڈا، جھگڑالو، دنگئی، فسادی، مار پیٹ
پر اترانے والا، بددیانتی کا کاروبار کرنے والا۔ استفتاء:
استصواب، استصواب رائے عامہ (referendem)،
رائے شماری، (plebiscite)، سرکاری قانونی رائے
۲۔ کیلئے درخواست، صلاح مشورہ، مشاورت، مشورہ
کرنا۔ استفتاء الشعب یا استفتاء شعبی
استصواب رائے عامہ (plebisute, referendem)
مفتی فتوی دینے والا۔
فَثّ: فَثَّ -فَثًّا القفّۃَ ٹوکری کی چیزیں بکھیرنا۔
الحارَّ بالبارد گرم کو ٹھنڈا کرنا، جوش کم کر دینا۔
انفَثَّ العودُ لکڑی کا ٹوٹنا۔ ـ الرّجلُ: ـ سے
شکستہ دل ہونا۔ المَفثّ:
تمر فثّ متفرق کھجوریں۔
زیادتی، کثرت۔
فثا: فثا -فثوًا و فثوءًا القِدرَ ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا۔
ـ الغضبَ غصہ کی تیزی کم کرنا۔ ـ الشیءَ عنہ
کو سے روکنا۔ افثأ تھکنا، سست ہونا۔ الحرُّ کا
گھٹ جانا، کم ہو جانا۔ ـ بالمکان میں اقامت
کرنا، ٹھہرنا۔ انفثأ الحرُّ گرمی کا کم ہو جانا۔
(ے) فثأ -فثأ ہٗ کو بجھانا (جیسے بھوک، پیاس وغیرہ)
فثج -فثجًا الشیءَ کو کم کرنا۔ ـ الماءَ الحارَّ
بالبارد ٹھنڈے پانی سے گرم پانی کی گرمی کم کرنا۔
و فثجَ و افثجَ و افثنجَ بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے:
فلانٌ بحرٌ لا یُفثَجُ: فلاں بحر ناپیدا کنار ہے۔
الفاثِجُ (فا) جمع فواثِجُ حاملہ اونٹنی۔
فثر: الفاثور سنگ مرمر کی میز، آفتاب کی ٹکیہ، فرش، بڑا
پیالہ، شراب کا برتن، جاسوس۔
فثغ: فثغ -فثغا رأسَہٗ کا سر پھوڑنا۔
فج: فَجَّ -فجًّا ما بین رِجلیہ دونوں پیروں کو کشادہ
اور دور کرنا۔ عام لوگ کہتے ہیں: فجّ الشیءَ فانفجّ
اس نے چیز کو پھاڑا تو وہ پھٹ گئی۔ ـ ت النّاقۃُ للحلب
اونٹنی کا دودھ دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔ ـ القوسَ
کمان کھینچنا۔ ـ فجَجًا چلنے میں ٹانگوں کا درمیان
کشادہ ہونا۔ صفت: افجّ م فجّاء جمع فجّ: افجّ
ما بین رِجلیہ ٹانگیں چوڑی کرنا صفت: مُفِجّ۔
فی المشی جلدی چلنا، دو پہاڑوں کے درمیان
چوڑے راستہ پر چلنا۔ ـ الارضَ بالمحرات:
زمین پر ہل چلانا۔ تفاجّ ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔ انفجّ
ت القوسُ کمان کا کھنچ جانا۔ افتجّ الرّجلُ درہ
کوہ میں چلنا، دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ پر
چلنا۔ الفجاج دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ،
درہ۔ الفجّ جمع فِجاج: دو پہاڑوں کے درمیان
کشادہ راستہ۔ الفُجّۃ: دو پہاڑوں کے درمیان
کشادگی۔ الإفجیج جمع وادی، تنگ اور گہری
وادی۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ یمشی مُفاجًّا: فلاں
شخص اپنی ٹانگیں پھیلا کر چلتا ہے۔
۲۔ الفِجّ و الفجاجۃ من الفواکہ و غیرہا کچا میوہ
وغیرہ۔ الفُجُج نیچے کاہل وست لوگ جن کی صحبت
کو ناپسند کیا جائے۔
(ے) فجّ -فجًّا رجلیہ ٹانگیں پھیلانا۔ افجّ ٹک بھرنا،
جلدی چلنا۔ فجّ جمع فِجاج راستہ، دو پہاڑوں
کے درمیان سڑک۔ من کلّ فجٍّ عمیقٍ یا من کل
فجٍّ و صوبٍ ہر طرف سے، سب جگہوں سے۔
فجّ کچا، برا (پھل)، غیر مہذب (گفتگو)۔
فجأ: فجأ -و فجِیءَ -فجأً و فجأۃً و فُجاءۃً و
فاجأ مُفاجأۃً و افتجأ افتجاءً الرّجلَ پر اچانک
ٹوٹ پڑنا، کے پاس رات کو بے خبری میں آنا، پر
سبقت کرنا۔ الفجاءۃ (مص) اچانک۔ حرف
المفاجأۃ لفظ اذا ہے۔ جیسے خرجت فاذا الاسد
بالباب۔ اس کو اذا الفجائیۃ بھی کہتے ہیں۔ اس کے
بعد اسم ابتداء کی وجہ سے مرفوع اور خبر محذوف ہوتی ہے
اور عموماً یہ خبر "موجود" ہوتی ہے۔
○ فجأ -و فجِیءَ -فجأً و فجأۃً و فجاءۃً و
فاجأہٗ کے پاس اچانک آجانا، پر غیر متوقع طور پر
آپڑنا، ٹوٹ پڑنا، کا اچانک سامنا کرنا یا غیر متوقع
طور پر کے سامنے آجانا، کو بے خبری میں آلینا۔ ـ ہٗ
ب کو سے حیران کر دینا۔ ـ ہٗ پر حملہ کرنا۔ فجأۃً
و فجاءۃً یکا یک، اچانک، غیر متوقع طور پر، بے
خبری میں، ناگہاں۔ فجائی اچانک، غیر متوقع،
حیرت انگیز۔ مفاجأۃ جمع مفاجآت اچنبھا، خلاف
توقع بات، تعجب، حیرت، بے خبری میں جالینا۔ فُجائیٌ:
اچانک غیر متوقع، حیرت انگیز۔ مفاجِیءٌ اچانک،
یکلخت، یکا یک، غیر متوقع، حیرت انگیز۔ مُفاجئات:
حیرت انگیز واقعات، حیرتیں، خلاف توقع باتیں۔
فجر: فجرَ -فجرًا الماءَ پانی (کا راستہ کھول کر)
اسے جاری کرنا اور بہانا۔ ـ القناۃَ نالی نکالنا۔
اللہُ الفجرَ اللہ تعالیٰ کا صبح کر دینا۔ فجّرَ الماءَ:
زور سے پانی بہانا، جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے
ہے۔ افجرَ فجر میں داخل ہونا۔ ـ الینبوعَ:
چشمہ جاری کرنا۔ تفجّرَ الماءُ پانی کا جاری ہونا۔
ـ الصبحُ صبح کا روشن ہونا۔ انفجرَ الماءُ پانی
کا جاری ہونا۔ ـ الصبحُ صبح کا روشن ہونا۔ ـ عنہ
اللیلُ: سے رات کا ختم ہو جانا۔ ـ علیہم العدوُّ:

پر دشمن کا کثرت سے اور ہر طرف سے آجانا۔ الفَجْرُ

صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے: طریقٌ فَجْرٌ:

کھلا ہوا صاف راستہ۔ مص

پانی

الفُجْرَة جمع فُجَر

بہنے کی جگہ۔ وادی کا وہ وسیع و عریض

من الوادی

حصہ جس میں پانی بہتا ہو۔ دو پہاڑوں کے

الفِجار

درمیان کشادہ راستے۔ پانی

المَفْجَرَة و المُنْفَجَر

بہنے کی جگہ۔ ریگستان میں بنا ہوا راستہ

مُفْجَرُ الرمل

۲۔ فَجَرَ ـُ فُجُوراً عن الحق: حق سے تجاوز کرنا۔

زین سے ایک طرف جھک جانا۔

عن سرجه:

جھوٹ بولنا، زنا کرنا، گناہ کرنا۔

فُجُراً و فُجُوراً

کا معاملہ بگڑ جانا، خراب ہو جانا۔

امرهم

— فَجَراً

فلاناً: کی نافرمانی کرنا، مخالفت کرنا، کو جھٹلانا۔

فَجَّرَ

الرجل: کی بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔

فاجَرَ

عورت سے زنا کرنا۔

فجر: و مفاجرة المرأة

حق سے تجاوز کرنا، جھوٹ بولنا، زنا کرنا، کفر

أفْجَرَ

کرنا۔ کو فاجر پانا۔

— فلاناً:

تَفاجَرَ القومُ

گناہوں میں منہمک ہونا۔

اِفْتَجَرَ فی الکلام:

بات گھڑ لینا، بناوٹی بات کہنا۔ فجر کا اسم مرۃ

الفَجْرَة:

بمعنی ایک بار۔ کہا جاتا ہے: رَکِبَ فَجْرَةَ: وہ جھوٹ

پر سوار ہوا یعنی جھوٹ بات بنائی۔ تانیث اور علمیت کی

وجہ سے غیر منصرف ہے۔ الفجور کا اسم ہے اور

فَجارِ

معرفہ ہے۔ جیسے: فحملتُ بَرَّةَ واحتملتَ فَجارِ

بَرّة بِرّ سے اسم ہے۔ عورت کو فجارِ کہا جاتا ہے یعنی اے

فاجرہ۔ اور صرف نداء ہی کی صورت میں استعمال ہوتا

ہے۔ (میں نیکی لے کر آیا اور تو گناہ)۔

الفاجر (فا)

زانی، گناہوں

جمع فاجرون و فَجَرَة و فُجّار

کے پیچھے چلنے والا، جادوگر۔ فاجر کا مونث۔

الفاجِرَة:

کہا جاتا ہے: یمینٌ فاجِرَةٌ: جھوٹی قسم۔

زانی، گناہوں میں منہمک۔ الفاجُور

الفَجُور جمع فُجُر

زانیہ، زانی، گناہوں میں منہمک۔

۳۔ فَجَرَ ـُ فَجْراً و فُجُوراً: کمزور نگاہ والا ہونا۔

۴۔ فَجَرَ ـُ فَجْراً و فُجُوراً من مرضه: صحیح و تندرست ہونا۔

۵۔ فَجَرَ ـَ فَجَراً: فیاضی و سخاوت کرنا۔ أفْجَرَ: مال کثیر لانا۔

تَفَجَّرَ و انْفَجَرَ بالعطاء: فیاضی و سخاوت کرنا۔

الفَجَر: سخاوت، بخشش، عطیہ، بھلائی، مال، کثرتِ مال۔

۶۔ فَجَرَ ـُ ہ (زمین) کو پھاڑنا، چیرنا، تباہ کرنا، (دبی ہوئی چیز) کو کھود کر نکالنا۔ گناہ کرنا، عیاشی

فُجُوراً:

کرنا، بدچلنی کی زندگی بسر کرنا، عیاشیوں میں منہمک ہونا، بدکاری کرنا، زنا کرنا۔

فَجَّرَ ہ (پانی وغیرہ

کیلئے) راستہ بنانا، میں پانی نکلنے کا راستہ بنانا۔

(پانی وغیرہ) کو بہانا، جاری کرنا۔ کو پھاڑنا،

چیرنا۔ (کو بھک سے اڑانا، کا دھماکہ کرنا۔

بدکاری کرنا، زنا کرنا۔ زور سے

أفْجَرَ تَفَجَّرَ

نکلنا، پھوٹ نکلنا، یکا یک نکلنا، پھیل جانا، پھوٹ پڑنا،

توڑ کر نکل جانا۔

۲۔ انْفَجَرَ بمعنی تَفَجَّرَ بین انفجر

دھماکے سے پھٹنا، پھوٹنا، خارج ہونا، پھٹنا، پھوٹنا،

پھٹ کر اڑ جانا، توڑ (کر) نکلنا، بھک سے اڑ جانا، زور

سے پھٹنا، دھماکے کے ساتھ اڑنا۔ میں بکثرت

ہونا۔ پر اچانک آپڑنا، ٹوٹ پڑنا، حملہ کرنا،

— علی

پر جھپٹنا۔ سویرا، تڑکا، طلوعِ صبح، طلوعِ سحر، فجر،

فَجْر

صبح کا جھٹپٹا، (مجازاً) آغاز، شروع، ابتداء۔

(مونث) فجر کی نماز۔ فحاشی، بداخلاقی، بے

فُجُور

انصافی، فسق و فجور، سیاہ کاری، بدکاری، عیاشی،

آوارگی، اوباشی، لفنگا پن، آوارگی اور بدچلنی کی زندگی،

زنا، حرامکاری، ناجائز جنسی تعلق، زن غیر منکوحہ سے

زنا، غیر شادی شدہ عورت سے برضا مجامعت، زنا

کاری۔ پھوٹ پڑنا،

انفجار جمع انفجارات:

پھٹنا، زمین کے اندر سے اوپر آجانا، زور سے پھٹنا،

دھماکا، انفلاق، انشقاق۔ دھماکے

مواد الانفجار:

سے پھٹنے والے، بھک سے اڑ جانے والے مادے۔

دھماکے سے اڑ جانے والا، دھماکے کے

اِنْفِجاری:

ساتھ پھٹنے والا، بارود سے اڑانے والا۔

مُتَفَجِّر

بمعنی انفجاری۔ مُنْفَجِر بمعنی انفجاری

فاجِر

رند مشرب، آوارہ، بدکار، لچا، شہدا، آزاد رو،

فاسق، فاجر، عیاش، شہوت پرست، تماش بین، زانی،

زناکار، جھوٹا، گستاخ، بے تمیز، بدتہذیب، بے شرم،

بے حیا، بے عزت مونث:

فاجرہ جمع فواجر:

زانیہ۔ کسبی، رنڈی، فاحشہ، چھنال، لچی، طوائف،

بیسوا۔

فجس: فَجَسَ ـِ فَجْساً: تکبر کرنا، شرارت گھڑنا۔

کو مغلوب کرنا۔ باطل پر فخر کرنا۔

فلاناً:

أفْجَسَ

تَفَجَّسَ علیه: پر تکبر کرنا، پر بڑائی ظاہر کرنا۔

فجع: فَجَعَ ـَ فَجْعاً و فَجَّعَ ہ کو دردمند کرنا، (اس

کے اہل اور مال سے محروم کرکے)۔ کہا جاتا ہے:

فُجِعَ فی ماله و بماله: اسے مال کی وجہ سے تکلیف

ہوئی۔ مصیبت کا آدمی کو اس

أفْجَعَتْهُ المصیبةُ

کی محبوب چیزوں سے محروم کرکے تکلیف میں مبتلا

کرنا۔ دردمند ہونا۔ انسان

تَفَجَّعَ

کو لاحق ہونے والا بڑا غم۔ جدائی کا کو ا کہا جاتا ہے:

الفاجع (فا)

امرأة فاجع ... مثل فاجع

کرنے والا، سراسیمہ۔

لوگوں پر

مصائب لانے والی موت۔ موتٌ فاجِعٌ:

مصیبت، ڈرامہ، ٹریجڈی، حزنیہ۔ المیہ، شدید حادثہ جمع فواجع

الفاجعة

لوگوں پر مصیبت لانے والی موت۔

موتٌ فَجُوعٌ:

مصیبت۔

الفَجِيعَة جمع فَجائِع:

افسوس کرنے والا، سراسیمہ۔ رجُلٌ مُتَفَجِّعٌ:

۲۔ پیٹو، پرخور، کھاؤ ہونا صفت:

اِنْفَجَعَ:

(عام زبان میں)۔ مَفْجُوع

فُجْعان: اسم الفَجْعَة

کے سر پر مصیبت اور سخت غم مسلط

فَجَعَ ـَ فَجْعاً ہ:

کرنا، کو ایذا دینا، دکھ پہنچانا، تکلیف میں ڈالنا، مغموم

کرنا۔ کو کسی سے محروم کرکے سخت غمزدہ کرنا۔

— ب:

وہ اپنے بیٹے کی موت سے سخت متاثر

ہوا۔ فُجِعَ بولده: کو سخت اذیت دینا، کو سخت کوفت

پہنچانا، تنگ کرنا، دق کرنا، مغموم کرنا، رنج پہنچانا،

فَجَّعَ ہ

رنجیدہ کرنا، دکھ پہنچانا۔ دردناک طور پر متاثر

ہونا یا ہو جانا، ذہنی طور پر مغموم ہونا۔ تَفَجَّعَ:

پرخوری،

بسیار خوری۔ پرخوری، بسیار خوری۔ فَجَعَة:

فَجاعَة:

تکلیف دہ، دردناک، المناک، پرملال، صبر آزما۔ فَجُوع:

حادثہ، مصیبت، آفت، سیہ بختی، سانحہ جمع

فَجِيعَة:

بہت بھوکا، ندیدہ، بڑا لالچی، پیٹو،

فَجائِع

کھاؤ، پرخور، بھوک سے بے حال۔ فَجْعان:

سوہانِ

روح، روحانی اذیت، ذہنی تکلیف، ایذا، دکھ، تکلیف،

تَفَجُّع

سخت غم۔ دردناک، تکلیف دہ، الم ناک، پر

ملال، صبر آزما، رنج دہ۔ فاجِع: جمع حادثہ،

مصیبت، آفت، سیہ بختی، سانحہ، بلائے ناگہانی، فاجعة فواجع

ڈرامہ، المیہ، حزنیہ، ٹریجڈی۔ خوف،

دہشتیں، خوف زدہ کرنے والی چیزیں۔ مُفْجِعات:

ڈھیلا

فجل: فَجَلَ ـُ فَجْلاً و فَجِلَ ـَ فَجَلاً الشیءُ:

اور موٹا ہونا۔ کو چوڑا کرنا۔

فَجَّلَ الشیءَ:

کو گھڑنا، ایجاد کرنا۔ جو الفَجِل

پھیلے

والا، مجازی۔ وہ شخص جس کے دونوں

الأفْجَل:

قدموں کے درمیان دوری ہو۔

مولی (ایک ترکاری)۔ الفُجْل و الفُجُل

واحد فُجْلَة (ن):

مولی فروش۔ الفَجّال:

فجم: فَجِمَ ـَ فَجَماً: موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت:

أفْجَم

میں دندانے ڈالنا،

فَجَمَ ـَ فَجْماً ہ:

(چاقو) کو کند کرنا۔ کھنڈا ہونا،

دندانے دار ہونا، (عام زبان میں)۔ تَفَجَّمَ و انْفَجَمَ:

وادی کا کشادہ ہونا۔ تَفَجَّمَ و

اِنْفَجَمَ الوادی:

وادی کی کشادہ جگہ۔ فَجْمَة

الوادی و فُجْمَةُ الوادی

سداب کھانے میں مداومت کرنا۔

فجن: أفْجَنَ:

الـفـيُـجَـن (ن): سُذاب (ایک قسم کی نبات) اسے سذَاب بھی کہتے ہیں (یونانی لفظ)۔

فحو: فَجَا ـُ فَجْوًا البابَ: دروازہ کھولنا۔ ـــ القوسَ: کمان کھینچنا۔ فَـجِـيَ ـَ فَجاً: پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت: اَفْـجَى مونث فَجْوَاء۔ ـــ ت القوسُ: کمان کا کھنچا ہوا ہونا۔ ـــ ت الناقةُ: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔ تَـفَـاجَى: کشادہ جگہ ہونا۔ اِنـفَجَى البابُ: دروازہ کھلنا۔ ـــ القومُ عن فلانٍ: سے علیحدہ ہونا، ہٹ جانا۔ ـــ ت القوسُ: کمان کھنچ جانا۔ الـفَجْوَة جمع فَجَوَات و فِجَاء: دو چیزوں کے درمیان کشادگی، گھر کا صحن، کشادہ زمین۔ الفَجْواء: اَفْجَى کا مونث، کشادہ زمین۔

○ فَجْوَة جمع فَجَوَات و فِجاء: شگاف، سوراخ، درز، موکھا، روشن دان، روزن، رخنہ، افقی لوح قبر۔

فـجـى: فَجِيَ ـَ فَجًى: پنڈلیوں یا پاؤں کے درمیان دوری کرنا۔ فَجَّى تَفْجِيَةً الشيءَ: کو ظاہر کرنا۔ ـــ الشيء عنه: کو سے دور کرنا، علیحدہ کرنا۔ اَفْـجَى اِفْجاءً الرجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔

فَحَّ: ۱۔ فَحَّ ـِ فَحًّا و فَحِيحًا و تَفْحَاحًا النائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ ـ ت الافعى: سانپ کا پھنکارنا۔ عام لوگ کہتے ہیں: فَـحَّـت الرائحَةُ: خوشبو کا پھیلنا۔ الـفُحُح: پھنکارنے والے سانپ۔ فُحَّةُ الفُلفُل: مرچ کی تیزی۔ الـفَحِيح (مص) فَحِيحُ الافعى: سانپ کی پھنکار۔

۲۔ فَـخْـفَـحَ: نیند میں خراٹے لینا، آواز بیٹھ جانا، گلو گرفتہ ہونا۔ الفحفاح م فحفاحة: بیٹھی ہوئی آواز والا، گلو گرفتہ بہت بولنے والا۔

○ فَحَّ ـِ فَحًّا و فحيحًا: (سانپ کا) پھنکارنا۔ (طوفان کا) سیٹیاں بجانا۔

فحج: ۱۔ فَحَجَ ـَ فُحُجًا: تکبر کرنا۔

۲۔ فَحِجَ ـَ فَحَجًا و فَحْجَةً في مشيته: قدم کے اگلے حصے کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا، صفت: اَفْحَج۔ فَحَّجَ في مشيته: قدم کے اگلے حصے کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ ـــ رِجْلَيْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔ اَفْـحَجَ عن الامر: سے رکنا، ہٹ جانا۔ تَـفَـحَّـجَ الرجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔ اِنْـفَـحَجَ ت ساقاهُ: کی ٹانگوں کا دور دور ہونا۔

فحس: فَحَسَ ـَ فَحْسًا الشيءَ من الماء وغيره: کسی چیز کو ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔

فحش: ۱۔ فَحُشَ ـُ فُحْشًا و فَحَاشَةً الامرُ: برا ہونا۔ ـــ ت المرأةُ: عورت کا قبیح ہونا، بوڑھی ہونا۔ ـــ فَحَّشَ بِهِ: پر طعن و تشنیع کرنا۔ اَفْحَشَ: بری بات کہنا، برا کام کرنا۔ تَفَحَّشَ عليهم بلسانِهِ: سے بدکلامی کرنا، کو گالیاں سنانا۔ تَفَاحَشَ: بری بات کہنا، برا کام کرنا۔ ـــ الامرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔ الفُحش (مص): قبیح قول یا فعل۔ الـفَاحِش مونث فَاحِشَة: بدصورت قبیح، بدخلق۔ کہا جاتا ہے: غبنٌ فاحِش: پر فریب کھیل، ناقابل برداشت فراڈ۔ رجُلٌ فـاحِش: قول اور جواب میں حد سے گزرنے والا۔ مونث فاحشۃ۔ الـفـاحِشَة جمع فَوَاحِش و الـفَحشاء: زنا، بہت سخت قبیح گناہ۔ الـفَحَّاش م فَحَّاشَة: فاحش کا اسم مبالغہ۔

۲۔ اَفْحَشَ الرجُلُ: بخل کرنا۔ الـفَاحِش م فاحِشَة: بہت بخیل۔

○ فَحُشَ ـُ فُحْشًا: ننگ انسانیت ہونا، حد سے زیادہ ہونا، بہت زیادہ ہونا، بے انداز ہونا، نہایت قابل نفرت ہونا، سخت نفرت انگیز ہونا، کریہ ہونا، خبیث ہونا، نابکار ہونا، بے درد ہونا، فحش ہونا، ناشائستہ ہونا، اخلاق سے گرا ہوا ہونا، نامناسب ہونا، ناموزوں ہونا، برا ہونا، خراب ہونا، بے شرم ہونا، بے حیا ہونا، ڈھیٹ ہونا۔ اَفْـحَـشَ: ناشائستہ زبان استعمال کرنا، بد زاتیاں کرنا۔ تَفَاحَش بمعنى فَحُشَ و اَفْحَشَ۔ فُحْش: ننگ انسانیت ہونا، کراہت، ظلم، بے دردی، سفاکی، بدذاتی، فحاشی، ناشائستگی، فحش، نازیبائی، ناشائستہ زبان۔ فَحشَاء: ننگ انسانیت ہونا، نفرت، استکراہ، ظلم، بے دردی، بدذاتی، سفاکی، برا کام، جرم، زنا، بدکاری، زنا کاری۔ فَـحَّـاش: ناشائستہ، فحش، اخلاق سے گرا ہوا، بدکار، عیاش، تماش بین، اوباش، شہوت پرست، بولنے اور عمل میں بے شرم، بے حیا۔ تـالیف فَـحَاش: فحاشی، طوائفی ادب porno graphy۔ تـفـاحـش: ننگ انسانیت ہونا، نفرت انگیزی، مکروہ پن۔ فـاحِـش: ننگ انسانیت (شخص) غیر معتدل، بہت زیادہ، بے اندازہ، بے حد (گراں)، بہت (مہنگا)، بیہودہ، لغو، بے سروپا، خلاف عقل، غیر موزوں، غیر مناسب، خلاف فطرت، بے معنی، نامعقول، مکروہ، قابل نفرت، غلیظ، ناپاک، کریہ، ناگوار، گھناؤنا، نفرت انگیز، ظالم، نابکار، خبیث، بدذات، نامرغوب، انمل، بے جوڑ، مخالف، متضاد، ناپسندیدہ، برگشتہ کرنے والا، نفرت انگیز، ناشائستہ، فحش، نازیبا، سوقیانہ، بے حیائی کا، بے شرمی کا، خلاف تہذیب، بدزبان، بدصورت، کمینہ یا پاپی پن کا، بے ادب، بے تمیز، گستاخ، شوخ چشم۔ فَـاحِشَة: کسبی، رنڈی، کنچنی، چھنال، فاحشہ عورت، طوائف۔ جمع فَوَاحِش: انسانیت سوز عمل، ظلم، نابکاری، خبث، خباثت، برا کام، جرم، زنا کاری، بدکاری، فسق، حرامکاری، بدکاری، زنا۔ مُـفْـحِشَة: کسبی، رنڈی، کنچنی، طوائف۔

فحص: ۱۔ فَحَصَ ـَ فَحْصًا عنه: کی تفتیش کرنا، کھود کریدنا۔ فَـاحَـصَ فِحَاصاً و مُفَاحَصَةً ہُ: ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔ تَـفَحَّـصَ و اِفْـتَحَصَ عنه: کی کھود کرید کرنا۔ الـفَحْص (مص) جمع فُحُوص: امتحان، آزمانا۔ الـفَحْصَة: فحص کا اسم مرۃ بمعنی ایک دفعہ امتحان لینا۔ الـفَحَّاص: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔ الـفـحـيـص: ساتھی کے عیوب اور بھیدوں کو معلوم کرنے میں لگا رہنے والا۔

۲۔ فَحَصَ ـَ فَحْصاً المطرُ الترابَ: بارش کا مٹی کو الٹ پلٹ کر دینا۔ ـــ الترابَ: مٹی کھودنا۔ ـــ بِرِجْلِهِ: پاؤں سے کھودنا، کریدنا۔ ـ للخبزة: روٹی کے لئے آگ میں جگہ بنانا۔ فَحَّصَ و اَفْحَصَ ہُ عنه: کو سے دور کرنا۔ الـفَحْص جمع فُحُوص: ہر رہنے کی جگہ۔ الـمَفْحَص جمع مَفَاحِص و الاُفْحُوص جمع اَفَاحِيص: وہ جگہ جو سنگخوار انڈے دینے کے لئے تلاش کرے۔ کہا جاتا ہے: ليس له مَفْحَصُ قطاة: اس کے لئے سنگخوار کے انڈے دینے جتنی جگہ بھی نہیں۔

۳۔ فَحَصَ ـَ فَحْصًا الظبيُ: ہرن کا تیز دوڑنا۔

۴۔ الفَحْصَة: ٹھوڑی کا گڑھا، چاہ زنخدان، چاہ ذقن۔

○ فَحَصَ ـَ فَحْصًا ہ: زمین کی کھود کرید نا۔ ـــ ہُ: کا امتحان لینا۔ ـــ ہ: کا طبی طور پر بغور مشاہدہ کرنا۔ ـــ ہ/ہ: کو جانچنا، کی آزمائش کرنا، کا تجربہ کرنا۔ ـــ ہ: کی تفتیش کرنا۔ ـ ہ/ہ: کی جانچ پڑتال کرنا۔ ـ عن: کو ڈھونڈنا، کی تلاش کرنا، کے بارے میں پوچھنا، کی تفتیش کرنا، کے بارے میں معلومات طلب کرنا۔ تَفَحَّص عن: کو ڈھونڈنا، کی تلاش کرنا، کے بارے میں پوچھنا، کی تفتیش کرنا، کے بارے میں معلومات طلب کرنا۔ ـــ ہ/ ہ: کا طبی معائنہ کرنا۔ فَـحْـص جمع فُحُوص: آزمائش، امتحان، (طبی یا مدرسہ کا) طبی معائنہ، تفتیش، جانچ پڑتال، تلاش، تحقیقات، پوچھنا، دریافت کرنا۔ اُفْحُوص جمع اَفَاحِيص: گڑھا جس میں پرندہ انڈے دیتا ہے، گھونسلا بنانے کی جگہ، نسل کشی کی جگہ۔

فحل: ۱۔ فَحَلَ ـَ فَحْلاً و افْتَحلَ اهلَهُ فحلاً كريمًا: جفتی کے لئے عمدہ سانڈ ڈھونڈنا۔ تَفَحَّل: سانڈ کے

مشابہ ہونا۔ الفَحْل جمع فُحُول و افْحُل و فِحال و فِحَالة و فُحُوله (ح): ہر حیوان کا نر، سانڈ۔ فُحُول الشعراء: فضیلت رکھنے والے شعراء، ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔ الفَحُلَة من النساء: ایسے اخلاق والی جو عورت جنس کے لائق نہ ہو، تیز زبان عورت۔ الفِحْلَة و الفُحُولَة و الفِحالَة: مردانگی۔ الفَحِيل: نر، سانڈ، مردانگی کا پیکر۔ فَحْلٌ فَحِيل: شریف نسل مرد۔

۲۔ تَفَحَّلَ الشجرُ: درخت کا بے پھل ہونا۔ اِسْتَفْحَلَت النخلةُ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔ الفَحْل والفُحَّال جمع فَحَاحِيل: نر کھجور۔

۳۔ اِسْتَفْحَلَ الامرُ: بڑا ہونا، سنگین ہونا۔

○ اِسْتَفْحَلَ علی: (معاملہ کا) کے لئے بھیانک ہونا، ڈراؤنا ہونا، تکلیف دہ ہونا، نہایت اہم ہونا، بھاری ہونا، مخدوش ہونا، مشکل ہونا۔ استفحل بے قابو ہو جانا، حد سے زیادہ ہو جانا (نقصان کا)، ناقابل تلافی ہونا۔ فَحْل جمع فُحُول: (بڑے جانوروں کا) نر، نسل کشی والا گھوڑا، ممتاز شخصیت، مشہور شخصیت، ستارہ (نامی شخص) عظیم فنکار، شاندار (شخص یا شے)۔ الشعراء الفُحُول: عظیم شعراء۔ فُحُولَة: فضیلت، شرف، برتری، تفوق (کا) مکمل یا کامل نمونہ، کمال۔ اِستفحال: دہشت ناکی، ہولناکی، شدت، اہمیت، متانت، تشویشناکی، مشکل۔ مُستفحِل: خوفناک، ہولناک، دہشت ناک، سنگین، تشویشناک، اہم، مشکل، حد سے زیادہ، ناقابل برداشت، بہت زوردار، قابو سے باہر، خطرناک طور پر پھیلنے والا۔

فحم: ۱۔ فَحَمَ ـ فَحْماً: جواب نہ دے سکنا۔ فَحِمَ ـ و فُحِمَ فَحْماً و فُحاماً و فُحُوماً الصبیُّ: بچے کی آواز روتے روتے بند ہو جانا۔ أَفْحَمَ ہٗ: کو دلیل دے کر خاموش کرنا۔ کہا جاتا ہے: هاجاهُ فأفْحَمَهُ: اس نے اس کا ہجو میں مقابلہ کیا تو اس نے اسے خاموش کر دیا۔ ــــ الهمُّ الشاعِرَ: غم کا شاعر کو شعر کہنے سے منع کرنا۔ أُفْحِمَ الصبیُّ: بچہ کی آواز کا روتے روتے بند ہو جانا۔ الفَحُوم: جواب نہ دے سکنے والا۔ المُفحِم فا۔ جوابٌ مُفْحِمٌ: مسکت جواب۔ المُفْحَم (مفع): بے زبان، گونگا، شعر نہ کہہ سکنے والا۔ کہا جاتا ہے: وجدهُ مُفْحَماً: اس نے اسے شعر نہ کہہ سکنے والا پایا۔

۲۔ فَحَمَ ـ فُحُومات البئرُ: کنویں کے پانی کا ٹھہرنا۔ الفَاحِم (فا)۔ ماءٌ فاحِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔

۳۔ فَحُمَ ـ فُحُوماً و فُحُومَةً: کالا ہونا۔ فَحَّمَ الشیءَ: کو کالا کرنا۔ أَفْحَمَ الرجُلُ: عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل ہونا۔ الفَاحِم: کالا۔ الفَحْم و الفَحَم: کوئلہ۔ الفَحْمَة جمع فِحَام و فُحُوم: کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمةُ اللیل: رات کی سخت تاریکی۔ الفَحَّام جمع فَحَّامة: کوئلہ فروش۔ الفَحَّامَة: اٹلی کی ایک جماعت جس کے ارکان ایک خفیہ سیاسی تنظیم سے تعلق رکھتے ہیں۔ carbonaro، فری میسن freemason۔ رجُل فَحَام: ملحد، بے دین۔ الفُحُومَة: سیاہی۔ الفَحِیم: کوئلہ، کالا۔ (ك): دیکھئے الکربون (carbon)۔ المِفْحَم: گاڑیوں کے انجنوں میں وہ جگہ جہاں ایندھن سے ہوا کا امتزاج ہوتا ہے (جیسے کار کے انجن میں)۔ المَفْحَمة: کوئلوں کی جگہ، وہ جگہ جہاں کوئلے بنائے جاتے ہیں۔ عام لوگ اسے مشحرہ کہتے ہیں (یہ لفظ سریانی الاصل ہے)۔

○ فَحُمَ ـ فُحُوماً و فُحُومَةً: کالا ہونا یا ہو جانا۔ فَحَمَ ـ فَحْمًا: گم سم ہونا، دم بخود ہونا، جواب نہ دے سکنا۔ فَحَّمَ ہٗ/ ہ: کو (لکڑی کے کوئلے سے) کالا کرنا، کو کالا بنانا۔ ــــ ہ: کو جلا کر کوئلہ بنانا، کو کاربن بنانا، کو لکڑی کے کوئلہ کی شکل میں تبدیل کرنا۔ أفْحَمَ ہٗ: کو گم سم کرنا، کو دم بخود کرنا، کے اوسان خطا کرنا، کو دہشت زدہ کرنا، کو دلائل سے خاموش کرنا، اکھڑپن سے کسی کی بھوک اڑا دینا، کو چلتا کرنا (to give some one the brush off)۔ فَحْم: (واحد فحمۃ) کوئلہ، کوئلے، (لکڑی کا) کوئلہ، کوئلے جمع فُحُومات: کوئلے، کوئلوں کی قسمیں۔ فحمٌ حَجَرِی: پتھر کا کوئلہ۔ فحم حطب: لکڑی کا کوئلہ۔ فحم قوالب: کوئلے کے چورے اور مٹی سے بنی ہوئی اینٹیں۔ فحم کُوك: کوک (coke)۔ فَحْمَة جمع فحمات: کوئلے کا ڈلا یا ڈلی۔ فحمةُ اللیل: گہری تاریک رات جمع فِحام و فُحُوم: سیاہی۔ فَحْمی: کالا، کوئلے جیسا کالا۔ فَحِیم: کالا، سیاہ۔ فَحَّام: کوئلہ کا تاجر، کوئلہ فروش، کان سے کوئلہ نکالنے والا، کان کن۔ فَاحِم: کالا، سیاہ۔ اسود فاحم یا فاحمُ السَواد (مونث): کوئلہ جیسا کالا، کالا سیاہ، قیر گوں، کالا بھجنگ۔

فحو: فَحَا ـ فَحْوًا و فَحَّی بکلامه إلی کذا: اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔ الفَحَا والفِحَا جمع أفْحاء: مسالہ یا خشک مسالہ۔ الفَحْوَی و الفَحْوَاءُ و الفُحَوَاء من الکلام جمع فَحَاوٍ: مضمون کلام، کلام کا معنی۔

○ فَحْوَی یا فَحْوَاء: مطلب، مفہوم، معنی، ٹھیک مفہوم، اہمیت، منشاء، نیت، مدعا (خط، تقریر وغیرہ کا)۔

فخ: ۱۔ فَخَّ ـ فَخًّا و فَخِیخًا النائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ ــــ تِ الأفعی: سانپ کا پھنکارنا۔ اِفْتَخَّ النائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ الفَخَّة: خراٹے لینے والے کی نیند۔

۲۔ فَخَّ ـ فَخًّا و فَخِیخًا ت الرائِحَةُ: خوشبو کا بھڑکنا۔

۳۔ فَخَّ ـ فَخًّا و فخفیفًا ت رِجْلاہُ: کی ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت: أفَخّ مونث فَخَّاء جمع فُخّ۔

۴۔ الفَخّ جمع فِخَاخ و فُخُوخ: جال کہا جاتا ہے: و ثب فلان مِنْ فَخِّ الشیطان: اس نے گناہ سے توبہ کر لی۔ الفَخَة: گندی عورت۔

۵۔ فَخْفَخَ فَخْفَخَةً الرجُلُ: باطل پر فخر کرنا۔ الفَخْفَخَة (مص): کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ، باطل پر فخر۔

○ فَخّ جمع فِخَاخ و فُخُوخ: گڑھا، پھندا، دام، جال، جانور پکڑنے کا پنجرا۔

فخت: ۱۔ فَخَتَ ـ فَخْتًا السقفَ: چھت میں سوراخ کرنا۔ ــــ رأسَهُ بالسیف: کے سر پر تلوار مارنا۔ ــــ الشیءَ: کو کاٹنا۔ ــــ الاناءَ: برتن کھولنا۔ اِنْفَخَتَ السقفُ: چھت کا سوراخ دار ہونا۔ الفَخْت: چھت میں گول سوراخ۔

۲۔ فَخَتَ ـ فَخْتًا الرجُلُ: جھوٹ بولنا۔

۳۔ فَخَّتَ تِ الفاخِتَةُ: فاختہ کا کوکو کرنا۔ تَفَخَّتَ: فاختہ کی چال چلنا، تعجب کرنا۔ الفُخْت: چاند کی روشنی یا چاند کا سایہ۔ الفاخِتة جمع فَوَاخِت (ح): فاختہ، ایک پرندہ کا نام۔

۴۔ الفَخْت: چال۔

○ فَخَتَ ـ فَخْتًا ہ: میں سوراخ کرنا، چھید کرنا۔

فخج: فَخَجَ ـ فَخْجًا الرجُل: تکبر کرنا۔ فَخِجَ ـ فَخَجًا: جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت: أفْخَج۔

فخذ: ۱۔ فَخَذَ ـ فَخْذًا ہٗ: کی ران پر مارنا، کی ران کو توڑنا۔ فُخِذَ: کی ران کا توڑا جانا۔ تَفَخَّذَہٗ: کی ران پر ران رکھنا۔ الفَخْذ و الفِخْذ و الفَخِذ جمع أفْخاذ (ع ا): ران، (یہ لفظ مونث سماعی ہے)۔

۲۔ فَخَّذَ قومَهُ: اپنے لوگوں کو قبیلہ وار پکارنا۔ ــ بینهم: کو جدا جدا کرنا۔ ــــ القوم عن فلان: کو مدد نہ دینا۔ ــــ فلاناً: کو قبیلے سے بھگا دینا۔ اِسْتَفْخَذَ: جھک جانا، مطیع ہو جانا۔ الفَخْذ جمع أفْخَاذ: قبیلہ (مذکر)

۳۔ تفَخَّذَ: معاملے سے ہٹ جانا۔

○ فَخِذ و فَخْذ و فِخْذ (مونث) جمع أفْخَاذ:

ران (بھیڑ بکری وغیرہ کے گوشت کی) ٹانگ، قبیلہ کی ایک شاخ (چھوٹی)۔ فَخْذَة: (بھیڑ بکری وغیرہ کے گوشت کی) ٹانگ، ران۔ فَخِذِی و فَخْذِی: ران یا ران کی ہڈی کے متعلق۔

فخر: ۱۔ فَخَرَ ـ فَخْراً و فَخَراً و فَخَاراً و فَخَارَةً و فِخِّیرَی و فِخِّیراء: فخر کرنا (اپنے یا اپنے اہل کی امتیازی خصوصیات، شاندار کارناموں اور عالی ظرف اعمال پر)۔ ـ ہُ: پر فخر میں غالب ہونا۔ ـ ہُ علی فلان: کو فخر میں پر فضیلت دینا۔ فَخِرَ ـ فَخَراً و تَفَخَّرَ منہ: پر ناک چڑھانا، تکبر کرنا۔ فَخَّرَ و اَفْخَرَہُ علی فلان: کو فخر میں فضیلت دینا۔ فَاخَرَ فِخَاراً و مُفَاخَرَةً ہُ: پر فخر میں غالب ہونا۔ تَفَاخَرَ القومُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا، ہر ایک کا اپنے اپنے مَفَاخِر پر فخر کرنا۔ اِفْتَخَر: فخر کرنا۔ الفَخْر و الفَخَر (مص): فضیلت، بڑائی۔ الفُخْرَة: فخر۔ الفُخُور: فخر کرنے والا۔ الفخیر: فخر کرنے والا، فخر میں مغلوب۔ الفِخِّیر و الفِخِّیرَة: بہت فخر کرنے والا۔ (تاء مبالغہ کے لئے ہے)۔ المَفْخَرَة و المَفْخُرَة جمع مَفَاخِر: افعال حمیدہ وہ اعمال جن پر فخر کیا جائے۔

۲۔ اِسْتَفْخَرَ الشیءَ: کو قابل فخر سمجھنا، کو قابل فخر بنانا۔ الفَاخِر: ہر چیز میں کا عمدہ۔

۳۔ الفَاخُور جمع فَیَاخِیر: ایک قسم کا پھول۔ الفَاخُورَة: مٹی کے برتن بنانے کی جگہ (عام بول چال میں)۔ الفَخَار (واحد فَخَارَة): مٹی کے برتن، ٹھیکری، پکی ہوئی مٹی۔ الفَخَّارَة جمع فَخَّار: مٹی کا مرتبان۔ الفَخَّارِی: کمہار، مٹی کے برتن بیچنے والا (عام لوگ اسے فاخوری کہہ کر پکارتے ہیں)۔

○ فَخَرَ ـ فَخْراً و فَخَراً و فَخَاراً ب: پر اترانا، ڈینگ مارنا، بڑ ہانکنا، شیخی بگھارنا، پر فخر کرنا۔ فَخِرَ ـ فَخَراً: نفرت کرنا، حقیر جاننا، حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ فَاخَرَہ: کے ساتھ ناموری، بزرگی وغیرہ میں مقابلہ کرنا۔ ـ ب: پر مغرور ہونا، متکبر ہونا، پر فخر کرنا۔ ـ ہ ب: کے سامنے کی ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا۔ تَفَخَّر: مغرور و متکبر ہونا۔ تَفَاخَر و اِفْتَخَر بمعنی فَخَرَ۔ اِسْتَفْخَرَ ہ: کو بہت عمدہ یا اعلی پانا۔ فَخْر: ناموری، بزرگی، جلال، گھمنڈ، فخر، فخر و ناز، فخر و مباہات، لاف زن شاعری۔ غیرَ فخرٍ یا ولا فخرَ: بغیر کسی شیخی یا فخر کے (کہتا ہوں)۔ فَخْرِی: اعزازی۔ فَخْرَة: ناموری، بزرگی جلال، گھمنڈ، فخر۔ فَخَار: ناموری، بزرگی، جلال گھمنڈ، فخر۔ فَخُور: لاف زن، ڈون کی لینے والا، شیخی بگھارنے والا۔ ـ ب: پر خوش، شادان۔ فَخِیر: ڈینگیں مارنے والا، شیخی بگھارنے والا، شیخی خورہ، تحکمانہ انداز اختیار کرنے والا، دون کی لینے والا۔ فَخَّار: پکی ہوئی مٹی، مٹی کے برتن، کراکری (crockery)۔ فَاخُورَة: مٹی کے برتن، ظروف سازی کا کارخانہ۔ فَاخُوری: کمہار۔ اَفْخَر: زیادہ عمدہ، زیادہ شاندار، زیادہ پر شکوہ۔ مَفْخَرَة جمع مَفَاخِر: فخر کی بات وغیرہ، وہ چیز جس پر گھمنڈ کیا جائے، شاندار کارنامہ، کار نمایاں، کارنامہ، پُر شکوہ خصوصیت یا خوبی۔

فخز: فَخَزَ ـ و فَخِزَ ـ فَخْزاً و فَخَزاً و تَفَخَّزَ: تکبر کرنا، بڑائی ظاہر کرنا۔ الفَخْز (مص): فضیلت

فخل: تَفَخَّلَ: حلم و وقار ظاہر کرنا، اپنے سب سے اچھے کپڑے پہننا۔

فخم: فَخُمَ ـ فَخَامَةً: موٹا ہونا، ضخیم ہونا، عظیم المرتبہ ہونا۔ فَخَّمَہُ: کی تعظیم کرنا۔ ـ الحروف فی اللفظ: حروف کو پُر پڑھنا۔ الفَخْم: عظیم المرتبہ۔ ـ من المنطق: درست بات۔ الفُخْمِیَّة: بڑائی، برتری۔ الاَفْخَم: اعظم، بڑے مرتبہ والا۔

○ فَخُمَ ـ فَخَامَةً: شان و شوکت والا ہونا، پُر شکوہ، رعب دار ہونا، مرعوب کن ہونا، شاندار ہونا، عالیشان ہونا، بڑا ہونا، عظیم ہونا۔ فَخَّمَ ہ: میں شدت پیدا کرنا۔ ـ ہ: کی عزت کرنا، سے احترام سے پیش آنا، کی تعظیم کرنا، کا ادب و احترام کرنا۔ ـ ہ: (کسی حرف) کو زوردار بنانا، کسی لفظ کا زور دے کر تلفظ کرنا۔ فَخْم: شان و شوکت والا، پرشکوہ، رعب دار، مرعوب کن، شاندار، بہت عمدہ، بڑا، عظیم۔ فَخَامَة: شان و شوکت، رعب داری، مرغوب کن وضع قطع، شان و شکوہ، چمک دمک، آب و تاب، امتیاز، اونچا رتبہ، غیر بادشاہی ریاست کے سربراہ کا لقب، غیر ملکی معزز عہدے داروں کو دیا جانے والا لقب جیسے اعلیحضرت، والا حضرت، مونث علیا حضرت اور فضیلت مآب (highness, excellency) جن کے ساتھ Her یا His, I you لگایا جاتا ہے۔ صاحب الفخامة بھی کہا جاتا ہے۔ فخامة الدولة: جمہوریہ کے صدر کا لقب۔ فخامة رئیس الدولة: ان ہی معنوں میں۔ فخامة الرئیس: کسی غیر ملکی سربراہ مملکت کا لقب (His Excellency, the President)۔ فَخَامَةُ المعتمد السامی: بمعنی His excellency, the High Commissioner۔ فضیلت مآب، ہائی کمشنر۔ آلَةُ التفخیم: آلہ جہیر الصوت، بلند گو (amplifier)۔ مُفَخَّم: معزز۔ الحروف المُفَخَّمة: تاکیدی حروف۔

فد: ۱۔ فَدَّ ـ فَدِیداً الطائرُ: پرندے کا پھڑ پھڑانا۔

۲۔ فَدَّ ـ فَدِیداً ت الإبلُ: اونٹوں کا زمین کو کھروں سے روندنا، چھیلنا، کریدنا۔ ـ الرجُلُ: دوڑنا۔ فَدَّدَ: تکبر و غرور سے چلنا۔ الفَدَّاد جمع فَدَّادُون: متکبر، بہت روندنے والا، سینکڑوں ہزاروں اونٹوں کا مالک۔

۳۔ فَدَّ ـ فَدِیداً الرجُلُ: آواز بلند کرنا۔ فَدَّدَ: خرید و فروخت میں چلانا۔ الفَدَّاد جمع فَدَّادُون: بہت چلانے والا۔ الفَدَّادُون: چرواہے، اونٹ والے، گائے بیل والے، کاشتکار اور ان کے علاوہ دوسرے لوگ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشیوں میں بلند ہوتی ہو۔ الفَدَّادَة: فَدَّاد کا مونث (ح): مینڈک۔

۴۔ الفَدَّادَة: بزدل۔

۵۔ فَدْفَدَ فَدْفَدَةً: آواز بلند کرنا۔ الفُدْفُدُ و الفُدَفِد: سخت آواز والا، بلند آواز والا۔

۶۔ فَدْفَدَ فَدْفَدَةً: بھاگتے ہوئے دوڑنا۔ الفُدْفُد و الفُدَفِد: زمین کو بہت زیادہ روندنے والا۔

۷۔ الفَدْفَد جمع فَدَافِد: سخت جگہ، بلند جگہ، جنگل۔

○ فَدْفَد جمع فَدَافِد: بنجر زمین، ویران اور غیر آباد زمین کا ایک قطعہ، بیابان، ریگستان۔

فدح: فَدَحَ ـ فَدْحاً ہُ الامرُ او الحملُ او الدَّینُ: کو کسی معاملہ، یا سامان یا قرض کا گرانبار کرنا، یا ان کا اس پر بوجھ ہونا اور اسکو حد سے زیادہ زیر بار کرنا۔ اَفْدَحَ و اِسْتَفْدَحَ الامرَ: کو بوجھل پانا۔ الفادِح: مشکل، بوجھل۔ کہا جاتا ہے: نزل بہ امرٌ فادِحٌ و رکبہٗ دینٌ فادِحٌ: اس پر ایک گرانبار کام آ پڑا اس پر قرض گرانبار ہو گیا۔ الفادِحة جمع فَوَادِح: سخت مصیبت۔ فَوَادِحُ الدهرِ: مصائب زمانہ۔

○ فَدَحَ ـ فَدْحاً ہُ: پر تکلیف دہ ہونا، پر بوجھ ڈالنا، لادنا، کا دل پر بوجھ ہونا۔ اِسْتَفْدَحَ ہ: کو بوجھل سمجھنا، تکلیف دہ سمجھنا۔ فَدَاحَة: سختی جابریت، بار، گرانی، بار ہونا۔ اَفْدَح: زیادہ سخت، زیادہ گراں، زیادہ بوجھل، زیادہ بھاری، زیادہ تکلیف دہ، زیادہ، زیادہ متین و سنجیدہ، زیادہ بھاری۔ فادِحة جمع فَوَادِح: آفت، بلا، مصیبت، شامت، قہر، ناگہانی مصیبت۔

فدخ: فَدَخَ ـ فَدْخاً الشیءَ: کو توڑنا۔ ـ العودَ: تازہ لکڑی کو توڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

فدر: ۱۔ فَدَرَ ـ فَدْراً و فُدُوراً اللحمُ المطبوخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔ الفِدْرَة جمع فِدَر:

ٹھنڈے پکے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔ الفَادِر جمع فُدُر و فَوَادِر و فُدُور: ٹھنڈا پکا ہوا گوشت۔

۲۔ فَدَّرَ الحجارةَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔ تفدّر الحجرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔ الفَدِر: جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔ الفِدْرة جمع فِدَر: پہاڑ کا ایک حصہ، رات کا ایک ٹکڑا۔

۳۔ الفَدَر جمع فُدُور و الفَدُور جمع فُدُر (ح): پہاڑی بکرا۔ الفَدِر: بیوقوف۔ الفُدُرَة: قوم سے علیحدہ رہنے والا اور تنہا جانے والا۔ الفُدُر: چاندی، موٹا لڑکا۔ الفادِر جمع فُدُر و فَوَادِر و فُدُور (ح): پہاڑی بکرا، علیحدہ رہنے والی اونٹنی۔ الفادِرة: فادر کا مؤنث، پہاڑی کی چوٹی پر بڑی چٹان۔ المَفْدَرة: وہ جگہ جہاں بہت سے پہاڑی بکرے رہتے ہوں۔

○ فدر جمع فُدُور: جنگلی بکرا، مرگ، ہرن، سانبھر، نیل گائے، روہی، سابر۔

فدس. افْدَسَ الرجُلُ: کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔ الفُدُس جمع فِدَسَة (ح): مکڑی۔ الفَيْدَس: مٹکا۔

فدش: فَدَشَ ـفَدْشًا رأسَهُ: کا سر پھوڑ دینا۔ ـفَدْشًا هُ: کو دفع کرنا، عام لوگ اسے دَفَشَهُ کہتے ہیں۔ الفَدُش (ح): مادہ مکڑی، پھوہڑ، بے وقوف۔

فدع: فَدَعَ ـفَدْعًا هُ: کو کچلنا، یا تھوڑا سا پھاڑنا۔ فَدِعَ ـفَدَعًا: ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت: افْدَع مونث فَدْعاء جمع فُدْع۔ فَدَّعَ هُ: کے جوڑ ٹیڑھے کر دینا۔ الفَدَع: ہاتھ یا پیروں کے جوڑوں میں کجی، جوڑوں کی کجی۔ الفَدَعَة: جوڑوں کی کجی کی جگہ۔

فَدَغَ: ـفَدْغًا هُ: کو توڑنا۔ انْفَدَغَ: ٹوٹنا۔ ـ الشيءُ اليابسُ: خشک چیز کا نرم ہونا۔ المِفْدَغ جمع مَفادِغ: توڑنے کا آلہ۔ فدغ: فَدَّكَ القطنَ: روئی دھنا۔ ـ ہ القطنَ: سے روئی دھنوانا۔

فدم: ا۔ فَدَمَ ـفَدْمًا الابريقَ و على الابريق: چھاگل پر سر بند لگانا۔ فَدَّمَ و افْدَمَ فَمَ الآنية: برتن پر سرپوش رکھنا۔ الفِدام جمع فُدُم: چھوٹی چھلنی، یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر لوٹے میں ڈالی جانے والی چیز کو صاف کرنے کے لئے باندھا جاتا ہے۔ ـــ والفِدامَة: چھینکا جو اونٹ کے منہ پر اس لئے باندھا جاتا ہے تا کہ وہ کھا یا کاٹ نہ سکے۔ الفَدام جمع فُدُم و الفَدَّام و الفَدَّامَة و الفَدُّوم: بمعنی الفِدَام۔ المُفَدَّمات: قبضے والے لوٹے، مٹکے۔

۲۔ فَدُمَ ـفُدُومَةً و فَدَامَةً: بیوقوف ہونا۔ الفَدْم م فَدْمَة جمع فِدَام: کلام میں عاجز، بیوقوف، کم سمجھ، گاڑھے خون والا۔

۳۔ الفَدْم م فَدْمَة جمع فِدَام: گہرے سرخ رنگ والا۔

○ فَدَمَ ـفَدْما ہ: (کا) منہ بند کرنا، (موکھا، روزن، سوراخ) بند کرنا۔ فَدُم جمع فِدَام: بے ڈکا، مٹھا، ست، کند ذہن، غبی، بیوقوف، احمق۔

فدن: ا۔ فَدَّنَ الإبلَ: اونٹوں کو موٹا کرنا۔

۲۔ فَدَّنَ البناءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الفادِن جمع فَوَادِن (ب): وہ آلہ جس سے تعمیر کی درستگی کا امتحان کیا جاتا ہے۔ الفَدَن جمع افْدان: بلند عمارت۔

۳۔ فَدَّنَ الثوبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔ الفَدَن جمع افْدَان: سرخ رنگ۔

۴۔ الفَدَان جمع فُدُن و افْدِنَة و فَدَادِين: بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ الفَدَّان جمع فُدُن و افْدِنة و فَدَدِين: بمعنی الفَدَان: کھیتی۔ ـــ في المساحة: چار سو مربع قصبہ زمین (سریانی لفظ)۔ فَدَّانُ الارض عند الفلاحِين: اتنی زمین جو بیلوں کی جوڑی ایک دن میں کاشت کر سکے۔

○ فَدَّن ہ: کو ہموار کرنا، مویشیوں کو موٹا کرنا، چارہ کھانے کیلئے تھان پر باندھ رکھنا۔ فَدَّان جمع فَدَادِين: بیلوں کی جوڑی جمع افْدِنَه: ایک مربع کا پیمانہ۔ جو ۴۲۰۰،۸۳۳ میٹر کے برابر ہوتا ہے (مصری پیمانہ)۔ فادِن جمع فوادِن: شاقول، شاقول کی ڈوری، ڈوری سے بندھا ہوا لٹو جس سے زیر تعمیر دیوار کی سیدھ دیکھی جاتی ہے۔ ساہول، گنیا۔

فدو: الفَدَوْكَس (ح): شیر، مضبوط مرد۔

فدی: ا۔ فَدَى ـفَدًى و فِدًى و فِداءً الرجُلَ من الأسر و نحوه: مال وغیرہ دے کر کسی کو قید وغیرہ سے چھڑانا صفت (اسم فاعل): فادٍ: صفت (اسم مفعول)۔ مَفْدِي: کہا جاتا ہے: فَدَتِ المرأةُ نَفْسَها من زوجها: عورت نے مال دے کر اپنے خاوند سے طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔ ـــ و فَدَّى تَفْدِيَةً فلانًا بنفسه: کو اپنے متعلق کہنا کہ میں تم پر فدا کیا جاؤں۔ فَادَى فِدَاءً و مُفَادَاةً الرجُلَ: کو فدیہ لے کر چھوڑ دینا یا فدیہ دے کر چھڑانا، چھوڑنے کی درخواست کرنا۔ افْدَى اِفْداءً فلانًا الاسيرَ: سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا۔ تَفَادَى تَفَادِيًا القومُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا، بعض کا بعض کے ذریعے بچنا۔ ـــ الرجُلُ من كذا: سے پرہیز کرنا، اور یکسو ہونا۔ افْتَدَى به: فدیہ دے کر چھٹنا۔ ـــ منه بكذا: سے پرہیز کرنا۔ کہا جاتا ہے: افتدت المرأةُ نفسها من زوجها: عورت کا مال دے کر اپنے شوہر سے طلاق لینا اور چھٹکارا حاصل کرنا۔ انْفَدَى اِنْفِدَاءً: فدیہ دیا جانا۔ الفِداء و الفَدَى و الفِدَى: فَدَى کے مصدر۔ وہ مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے۔ کہا جاتا ہے: فِداكَ ابي و فِدًى لَكَ ابي: یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔ اس جملہ سے دعاء و اظہار محبت و تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں۔ کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور حرف باء کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں: بابي التلميذ المجتهد: میں اس محنتی طالب علم پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔ الفِدائي: جانباز، عالم فدائی یا جندی فِدائی: جانباز عالم یا فوجی۔ الفِدْية جمع فِدًى و فِدَيات: وہ مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے۔ الفَادِي (فا): حضرت مسیح علیہ السلام کا لقب جنہوں نے اپنا خون دے کر انسانوں کو بچا لیا (عیسائیوں کا عقیدہ)۔ المُفَادَاة: دشمن کو اس کی قوم کا قیدی دے کر اپنی قوم کا قیدی اس سے حاصل کرنا۔

۲۔ افْدَى اِفْدَاءً الرجُلُ: موٹا ہونا۔ الفَدَاء جمع افْدِية: حجم، کوٹھی یا برتن جن میں گیہوں، جو یا کھجوریں وغیرہ رکھی جاتی ہیں۔ وہ جگہ جہاں تاجر سامان اور اناج وغیرہ کا ڈھیر لگا کر رکھتا ہے۔

○ فَدَى ـفِدًى و فِداءً ہ/ ہ ب: کو کوئی چیز بطور فدیہ دے کر چھڑانا۔ ـــ ہ بَ: کے لئے کی قربانی دینا۔ فَادَى ب: کی قربانی دینا، کو پیش کرنا۔ تَفَادَى من: سے بچنا، سے حفاظت کی تدابیر اختیار کرنا، سے بچنے کی کوشش کرنا۔ ـ ہ/من: سے دور ہونا، دور رہنا، سے چھٹکارا حاصل کرنا، کو نہ ہونے دینا، کو دور کرنا، سے بال بال بچنا، کا ازالہ کرنا، سے پہلو تہی کرنا، کنی کترانا، احتراز یا گریز کرنا۔ افْتَدَى بمعنی فَدَى۔ نیز افتدى ہ ب: کو کوئی اور چیز کی قربانی دے کر حاصل کرنا۔ افتدى ب: اپنے آپ کو کوئی چیز بطور فدیہ دے کر چھڑانا۔ ـــ من: اپنے آپ کو سے آزاد کرانا۔ افتداه بالنفس: کسی شخص یا چیز کے لئے اپنی قربانی دینا، کسی شخص یا چیز کے لئے اپنی جان اور مال کو خطرہ میں ڈالنا۔ فِدًى و فِدًى: فدیہ دے کر چھڑانا، فدیہ، قربانی (کیلئے، کو بچانے یا آزاد کرانے کے لئے)۔ جُعِلْتُ فِداكَ: میں تمہارے قربان جاؤں۔ مات فدى للوطن: اس نے اپنے وطن کی خاطر موت کو گلے لگایا۔ فِدية جمع فِدَيات و فِدًى: فدیہ، نجات، چھڑانا، فک کرانا، کفارہ۔ فِداء: فدیہ، نجات، چھڑانا، فک کرانا، فدیہ دینا، قیمت جو کسی شخص کو کسی چیز

کے لئے ادا کرنی پڑے۔ قربانی (جو کوئی شخص کسی چیز کے لئے دیتا ہے)۔ جَعَلَ کل شیءٍ فداءَہ: اس نے اس کے لئے ہر چیز قربان کردی یا چھوڑ دی یا ترک کردی۔ فِدَائی: جو خاص طور پر اپنے ملک کے لئے اپنے آپ کو قربان کردے، جانباز جمع فدائیون، لڑنے والے جو اپنی جانوں کو بے دھڑک خطروں میں ڈال دیتے ہیں، اپنی جانوں کی قربانی دینے والے فوجی، فدائیین، منتخب حملہ آور دستے کے سپاہی، منتخب دستے جنہیں سخت شدید حملے کرنے کی تربیت دی گئی ہو (shock troops)۔ فِدَائِیة: فدائیت، اپنی جان قربان کرنے کا جذبہ۔ مُفاداة: قربانی۔ فادٍ: نجات دہندہ۔ مُنجِی و مُنَجّی، مَفْدِی: قربانی، اور ایثار کی چیز، کسی بادشاہ کے نام، وطن، عرش وغیرہ کے بعد استعمال ہوتا ہے۔ بمعنی محترم محبوب۔

فذّ: ۱۔ فَذّ ۔فَذًّا ہُ: کو سختی سے دھتکارنا۔

۲۔ اَفَذَّتِ الشاۃُ: بکری کا ایک بچہ جننا۔ صفت: مُفِذّ و مُفِذّة: اور اگر یہی عادت ہو تو اسے مِفْذاد کہتے ہیں۔ تَفَذَّذَ و اسْتَفَذّ بالامر: میں اکیلا ہو جانا، آزاد ہو جانا۔ الفَذّ (مص) جمع اَفْذاذ و فُذُوذ: فرد، اکیلا، جوئے کا پہلا تیر۔ کلمة فَذّة و فاذّة: شاذ، غیر معمولی، کم کم یا کبھی کبھی استعمال ہونے والا لفظ۔ الافَذّ: بے پر تیر۔ کہا جاتا ہے: اکلنا فَذاذَی و فُذاذَی و فُذاذًا و فَذاذًا: ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا، ہم نے اکیلے اکیلے کھایا۔

۳۔ فَذْ فَذْ فَذْ فَذَّة: اچانک کودنے کے لئے سمٹنا۔

○ فَذ جمع اَفْذاذ و فُذُوذ: اکیلا، صرف، تن تنہا، ایک ہی، دوسرے کے بغیر، واحد، مفرد، یکتا، بے مثال، کمیاب، غیر معمولی، انوکھا، نرالا، خلاف دستور، کم کم یا کبھی (واقع ہونے والا)۔ اَفْذاذ: غیر معمولی لوگ عجیب و غریب لوگ۔

فذلك: فَذْلَكَ فَذْلَكَةً الحسابَ: حساب سے فارغ ہونا۔ الفَذْلَكَة (مص): حساب وغیرہ کی تفصیل کا خلاصہ، میزان کل۔

○ فذلكة: مختصر خلاصہ، ملخص، تلخیص، طائرانہ نظر، خاکہ، مساحت، ماحصل، مختصر صورت۔

فصل: ۱۔ فَصَلَ -فَصْلًا الشیءَ: کو قطع کرنا، جدا کرنا، علیحدہ اور ممتاز کرنا۔ فصلُ الخصومات: جھگڑوں کو فیصلہ کر کے قطع کر دینا۔ - بینهما: دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ہونا، رکاوٹ ہونا، حائل ہونا۔ - الولدَ عن الرَضاع: بچہ کا دودھ چھڑانا۔ — فُصُولًا الرجُلُ عن البلد: شہر سے نکل جانا۔ — الكرمَ: انگور کی بیل کا دانا نکالنا۔ فَصَّلَ الكلامَ: کلام کی وضاحت اور تفصیل کرنا۔ یہ أجمَلَ کی ضد ہے۔ —— الشیءَ: (ایک باب) کو چند فصول پر منقسم کرنا، کے چند الگ ٹکڑے کرنا۔ — الثوبَ: کپڑے کو سینے کے لئے قطع کرنا۔ — القصّابُ الشاةَ: قصائی کا بکری کاٹ کر علیحدہ علیحدہ ٹکڑے کرنا۔ — العِقدَ: ہار کے دو ہم رنگ موتیوں یا چھاتیوں کے درمیان میں ایک دوسرے رنگ کا موتی یا مہرہ ڈالنا۔ فَاصَلَ شریکَهُ: اپنے حصہ دار سے علیحدہ ہو جانا۔ عام لوگ کہتے ہیں: فَاصَلَهُ فی السِعر: وہ اپنے حصہ دار سے نرخ کے معاملہ میں علیحدہ ہو گیا۔ اسم المُفاصَلَة۔ افصَلَ المولودُ: بچہ کے دودھ چھڑانے کا وقت آ جانا۔ المریضُ: مریض کا مر جانا (عام زبان میں)۔ تَفَصَّلَ: ہر ہر عضو کے ٹکڑے ہو جانا۔ تفاصَلَتِ الأشیاءُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔ اِفتَصَلَ النخلةَ عن موضِعِها: کھجور کے پودے کو اس کی جگہ سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ — الولدَ عن الرَضاع: بچہ کا دودھ چھڑانا۔ اِنفَصَلَ: جدا ہونا (یہ اِتَّصَلَ کی ضد ہے)۔ - عنه: سے علیحدگی اختیار کرنا۔ اِستَفصَلَ: تفصیل طلب کرنا۔ الفَصْل (مص): حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ - جمع فُصُول: دو چیزوں کے درمیان کی روک، دو زمینوں کے درمیان کی حد، فرع۔ (کہا جاتا ہے: للنسب اصول و فصول: یہاں فصول سے مراد فروع ہے)۔ سال کے چار موسموں اور حصوں میں سے ایک حصہ یعنی موسم بہار، گرمی، خریف، سردی۔ —— من الجسد: دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ جس کو جوڑ کہتے ہیں۔ —— من الكتاب: کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ قولٌ فَصْلٌ: قول حق جس میں باطل کا شائبہ نہ ہو۔ یومُ الفَصْلِ: قیامت کا دن۔ فصْلُ الخطاب: حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا خطاب، خطیب کے قول اما بعد کو بھی فصل الخطاب کہا جاتا ہے۔ الفَصْلَة: فصل کا اسم مرة۔ کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔ الفِصْلة او الكَاسِيَة (ز): پھول کے چاروں طرف سبز پتوں کے غلاف کا ایک ٹکڑا، جو کبھی جدا ہوتا ہے تو کبھی ساتھ۔ الفِصَال: بچہ کا دودھ چھڑانا۔ الفَصَّال: انعام حاصل کرنے کے لئے لوگوں کی تعریفیں کرنے والا۔ سیفٌ فَصَّال: شمشیر قاطع۔ الفاصِل فا: حکمٌ فاصِلٌ: نافذ ہونے والا حکم۔ الفاصِلَة جمع فواصِل: فاصل کا مؤنث۔ ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔ الفاصلة الصُغری: (علم عروض میں): تین متحرک حروف کے بعد چوتھا حرف ساکن ہونا جیسے: ضَرَبَتْ۔م۔ الفاصِلة الكُبری: چار متحرک حروف کے بعد پانچواں ساکن ہونا: جیسے: ضَرَبَكُمْ (سجع میں): شعر کا قافیہ۔ الفَصِيل جمع فِصَال و فُصْلان و فِصلان: شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار، اونٹنی یا گائے کا بچہ جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو۔ الفَصِيلة جمع فَصَائِل: فصیل کا مونث، ران کے گوشت کا پارچہ یا حصہ بدن کا ٹکڑا، قبیلہ اور [illegible] کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے: جاؤوا بفصيلتهم: وہ سب آئے۔ الفَيْصَل جمع فَيَاصِل: حاکم، قاضی، وہ حکم یا فیصلہ جو حق و باطل میں امتیاز کر دے، جو چیز چند امور میں فیصلہ کر دے، تلوار قاطع۔ حكمٌ فَيْصَلٌ: نافذ شدہ حکم۔ حكومةٌ فيصلٌ: نافذ ہونے والی حکومت۔ ضربةٌ فيصلٌ: وہ مار جو دو ہمسروں میں فیصلہ کن ہو۔ الفَيْصَلی: حاکم، جج۔ المَفصِل جمع مَفاصِل: بدن کے اعضاء کا جوڑ۔ المفاصِل: ایک دوسرے سے ملے ہوئے پتھر، دو پہاڑوں کے درمیان کی ریگستانی یا پتھریلی زمین جس کا پانی نہایت ہلکا اور صاف ہوتا ہے۔ داءُ المَفاصِل (طب): جوڑوں کے درد کی بیماری۔ المِفصَل: زبان۔ المِفصَال: جس کی عادت فیصلہ کی ہو۔ المُفَصَّلَة: (بڑھیوں کی اصلاح میں) قبضہ جو دروازوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے۔ الانفصالی: علیحدگی پسند۔ الإنفِصَالِيَة: علیحدگی پسندی، علیحدگی پسند کی کیفیت۔

۲۔ الفَاصُولِية و الفَصُولِيَة او اللُوبِياء (ن): پھلی (bean)۔

○ فَصَلَ -فَصْلًا ہ/ ہ عن: کو سے جدا کرنا، علیحدہ کرنا، منقطع کرنا۔ —— بین: دو چیزوں کو یا شخصوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ علیحدہ کرنا۔ —— ہ: کو کاٹنا، الگ کرنا، جدا کرنا، دو ٹکڑے کرنا، کاٹ ڈالنا، کا سلسلہ منقطع کرنا، میں مداخلت کرنا، کی راہ میں حائل ہونا، رکاوٹ کھڑی ہو جانا، بات کاٹنا، قطع کلام کرنا۔ —— ہ عن/من: کو سے سبکدوش کرنا، کو سے برخاست کرنا، برطرف کرنا، کو سے نکال دینا، کو سے محروم کرنا، —— ہ: جھگڑے وغیرہ کا فیصلہ کرنا۔ —فی: میں، کے بارے میں فیصلہ کرنا۔ - ہ: کی قیمت متعین کرنا۔ — ہ عن الرضاع: بچہ کا دودھ چھڑانا (مصدر فصال)۔ فَصَلَ -فُصُولًا من/عن: سے دور چلے جانا (جگہ) چھوڑ دینا، ترک کر دینا، (سے) نکل جانا۔ فَصَّلَ ہ: کو خاص حصوں میں تقسیم کرنا، کی ٹولیاں بنانا، کو ترتیب دینا، کی درجہ بندی کرنا، کو قسم وار کرنا؛ کو منطقی ترتیب سے پیش کرنا، کی تفصیلات دینا، کو مفصل بیان کرنا، کے کوائف درج کرنا، کو واضح کرنا، کپڑے کو قطع کرنا (سلائی کے لئے)۔ فَاصَلَ ہ: سے جدا ہونا، علیحدہ ہونا۔ —— ہ علی: سے کیلئے سودے بازی کرنا، کے بارے میں بول تول کرنا۔ إنفصل عن: سے جدا ہونا، الگ ہونا، علیحدہ ہونا۔ —— عن/من: سے سبکدوش ہونا، برطرف ہونا، برخواست ہونا، سے نکالا جانا، سے محروم ہونا (سیاسی جماعت) کو چھوڑ دینا۔

فصل الگ ہونا یا کرنا، جدا ہونا یا کرنا، علیحدگی، منقطع ہونا یا کرنا، کاٹنا، علیحدگی؛ تقسیم۔ —— من/عن: سے سبکدوشی، برطرفی، برخاستگی؛ فیصلہ، حکم (جج کا) جمع فُصُول: حصہ، جزباب، ایکٹ (ڈرامہ کا)؛ سمفنی کی حرکت؛ (اخبار وغیرہ میں) مضمون؛ جماعت، درجہ (سکول میں)؛ موسم۔ فصل الخطاب: فیصلہ، بے غلط حکم۔ بینی و بینك فصل الحطاب: ہم اور تم میں ہمیشہ کیلئے بول چال بند ہوگئی۔ فصل التمثیل: (تھیٹر کا) موسم۔ القول الفصل آخری لفظ، آخری فیصلہ۔ یوم الفصل: قیامت کا دن۔ فَصْلَة: نکتہ کوما comma۔ فصلة مَنْقُوطَه: سیمی کولن: وقف ناقص semicolon۔ (؛)۔ فِصْلَة: طبع ثانی، طبع جدید۔ فَصِيلَة جمع فَصَائِل: جنس، قسم، نوع، خاندان، کنبہ، گروہ، فوج یا بیڑے کا وہ حصہ جو علیحدہ کسی مہم پر بھیجا جائے، دستہ (فوجی): اڈا (سیاسی) پلاٹون (platoon)، سکواڈرن (squadron)۔ فصيلة دم: خون کی قسم (blood group)۔ فصيلة الاعدام: فیری دستہ (firing squad)۔ فصيلة الاستکشاف: دیکھ بھال کا دستہ (reconnaissance squad)، گشت (patrol)۔ فَيْصَل: فیصلہ کن اصول یا معیار، ثالث۔ فَيْصَلِيَّة: فیصل ٹوپی، عراقی میدان جنگ کی ٹوپی۔ تفصيلا اور بالتفصيل: تفصیل کے ساتھ، تفصیل سے، بڑی دقت نظر سے، بڑی باریک بینی سے۔ س تفصیل: کاناپ کے مطابق قطع کیا ہوا، (فلاں) درزی کا۔ ثیاب التفصیل: درزی کے سلے ہوئے کپڑے۔ مَحْبُوك التفصيل: پورے فٹ کپڑے۔ تفصيلي: مفصل، خاص، تجزیاتی، تحلیلی۔ بالتفصیل۔ تفصيليًا: علیحدہ علیحدہ، فردا فردا، ایک ایک کرکے۔ المساحة التفصيلية: مساحت (land surrvey)۔ اِنْفِصَال: علیحدگی، انقطاع، خلل اندازی، قطع کلام، خلل، رکاوٹ۔ حرب الانفصال: امریکہ کی خانہ جنگی۔ انصار الانفصال: علیحدگی پسند separatist۔ اِنْفِصَالی: علیحدگی پسندانہ (جمع، اِنْفِصَالِيُّون) علیحدگی پسند۔ إنفصالية: علیحدگی پسندی (separatism)۔ فَاصِل: افتراقی، علیحدہ کرنے والا، تقسیم کرنے والا، جدا کرنے والا، فیصلہ کن، قطعی، جدائی، علیحدگی، فراق، تقسیم، خلل اندازی، قطع کلام۔ بلا فاصِل: بلا خلل و قطع کلامی، بلا انقطاع۔ فاصل الحرارة: حاجز حرارت (heat insulating)۔ مُبَارَاة فاصِلَة: آخری مقابلے، آخری میچ۔ خط فاصِل: حد بندی کی لکیر۔ فَاصِلَة جمع فواصِل: تقسیم، شگاف، درز، درمیانی فاصلہ، وقفہ، سکتہ (کوما (،))۔ ڈیش dash (۔)، قرآنی آیت کا قافیہ اختتام۔ مُفَصَّل: تفصیلی، باریک بینی یا بڑی دقت نظر سے بیان کردہ، مفصل، قرائی، درزی کا سلا ہوا، رواج کے مطابق سلا ہوا۔ مُفَصَّلاً: بالتفصیل، تفصیلی طور پر، بڑی دقت نظر سے، بڑی باریک بینی سے۔ مُفَصَّلَة جمع مُفَصَّلات: قبضہ دروازوں وغیرہ پر لگایا جانے والا (hinge)۔ منفصل: علیحدہ، الگ، جدا کیا ہوا۔

فصم: ١۔ فَصَمَ ـِ فَصْمًا الدملجَ ونحوه: بازوبند وغیرہ کو بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا۔ تَفَصَّمَ وانفصَمَ: جدا کئے بغیر ٹوٹنا، پھٹنا، دراڑ پڑنا۔ الفصیم والأفصَم: ٹوٹا ہوا، پھٹا ہوا۔

٢۔ فَصَمَ ـِ فَصْمًا الشیءَ: کو کاٹنا، قطع کرنا۔ فُصِمَ البیتُ: مکان منہدم ہوجانا۔ أفْصَمَ عنه المطرُ او الحُمّى: سے بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔ الفَصِيم و الأفصَم: منقطع، کٹا ہوا۔

○ فَصَمَ ـِ فَصْمًا ہ: کو چٹخانا، میں شگاف ڈالنا، کو چیرنا، پھاڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، جدا کرنا۔ فُصِمَ: مکان تباہ ہوجانا۔ اِنْفَصَمَ: شگاف دار ہونا، چٹخا ہوا ہونا، پھٹنا، چرنا۔ فَصْم جمع فُصُومات: طاق، طاقچہ، موکھا، جھروکا۔ اِنفصام: شگاف، فکر و عمل میں تضاد کی بیماری، فکر و عمل میں بے تعلقی۔

فصی: ١۔ فَصَى ـِ فَصْيًا الشیءَ من الشیءِ و عنه: کو سے جدا کرنا، دور کرنا۔ فَصَّى تَفْصِيَةً اللحمَ من او عن العظم: گوشت کو ہڈی سے چھڑانا اور علیحدہ کرنا۔ فَاصَ مُفَاصَاةً ہ: سے جدا ہونا۔ أفْصَى إفصاءً: خیر یا شر سے نکل جانا، چھٹکارا پانا۔ —— عنا المطرُ: بارش ہم سے منقطع ہوگئی۔ —— الصائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا نہ پھنسنا۔ تَفَصَّى تَفَصِّيًا وانفصَى إنفِصَاءً الرجُلُ من الرجل وعنه: مرد کا مرد سے جدا ہونا۔ —— من او عن الشدّة اوغیرها: سختی وغیرہ سے رہائی پانا۔ کہا جاتا ہے: تَفَصَّى من الدیون: وہ قرضوں سے باہر نکلا اور ان سے خلاصی پائی۔ الفُصْيَة: خیر اور شر سے رہائی، چھٹکارا۔ —— مابین الحرّ و البرد: موسم کا اعتدال۔ کہا جاتا ہے: یومُ فُصْيَةٍ و فُصَيَّةٍ و یوم مُفْصٍ و لیلةُ فُصْيَةٍ و فُصَيَّةٍ و لیلة فُصْيَة: معتدل دن، معتدل رات۔ الفَصِيَّة جمع فَصَايَا: خیر سے محرومی، شر سے رہائی۔

٢۔ تَفَصَّى تفصِّيًا الشیءَ: پر پوری طرح غور کرنا، کی تہہ تک پہنچنا۔

٣۔ الفَصَى واحد فَصَاة: خشک انگور کا دانہ۔

فضّ: ١۔ فَضَّ ـُ فَضًّا الشیءَ: کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ —— القومَ: قوم کو متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے: فَضَّ اللّٰه جمعَهُمْ و فضضتُ حلقة القوم: اللہ تعالیٰ ان کی جمعیت کو متفرق کردے۔ (میں نے قوم کے حلقہ کو توڑ دیا)۔ —— ختمَ البابِ و الختمَ عن الکتاب: دروازہ اور کتاب کی مہر توڑنا، اور کھولنا۔ —— الشیءَ علی القوم: کو قوم پر تقسیم کرنا۔ —— مابینهما: کے درمیان قطع تعلق کرنا۔ —— اللؤلؤةَ: موتی بیندھنا۔ —— الدموعَ: آنسو بہانا۔ —— اللّٰهُ فاهُ: اللہ کا کسی کے دانتوں کو گرا دینا۔ لافُضَّ فُوْكَ: یہ اس شخص کے لئے دعا ہے جو بہترین گفتگو کرے کہ تمہارے دانت نہ گرائے جائیں۔ فَضَّضَ الشیءَ: پر چاندی کا ملمع کرنا، پر چاندی کی جڑائی کرنا۔ أفَضَّ العطاءَ: بہت دینا۔ تفضّضَ: متفرق ہونا، منتشر ہونا۔ إفْتَضَّ الماءَ: پانی آہستہ آہستہ یا تھوڑا تھوڑا گرانا۔ إنْفَضَّ: ٹوٹ جانا، متفرق ہونا، منتشر ہونا۔ —— ت الدموعُ: آنسو بہنا۔ الفَضّ (مص): بکھرے ہوئے لوگ۔ کہا جاتا ہے: فی المدینة فَضٌّ: شہر میں ہر طرف لوگ بکھرے ہوئے ہیں۔ تمرٌ فَضٌّ: بکھری ہوئی کھجوریں۔ الفاضة جمع فَوَاضّ: فاضّ کا مونث، مصیبت۔ الفَضَض: وہ پانی جو نہاتے وقت ادھر ادھر بکھر جائے، ہر متفرق و منتشر چیز۔ کہا جاتا ہے: خرج فَضَضٌ من الناس: متفرق فرقے نکلے۔ الفِضّة (ث): چاندی۔ —— والفَضّة: وہ زمین جہاں پتھر ایک دوسرے کے اوپر بکھرے ہوئے ہوں۔ الفُضَاض و الفِضَاض و الفُضَاضَة: ریزے، ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے: طَارُوا فُضَاضًا: وہ متفرق ہوکر اڑ گئے۔ الفَضِيض: ہر متفرق اور منتشر چیز، ٹوٹا ہوا، خوشگوار پانی یا بہتا ہوا پانی۔ المِفْضَاض و المِفَضّ و المِفَضّة: ہنگا، موگری۔

٢۔ فَضْفَضَ فَضْفَضَةً الثوبُ او العیشُ: لباس کا کشادہ ہونا، زندگی کا آرام دہ ہونا۔ —— ہ: کو کشادہ کرنا۔ الفَضْفَاض: کشادہ کپڑا، خوش اور آرام دہ زندگی، فیاض شخص۔ ارضٌ فَضْفَاض: وہ زمین جہاں بارش کی کثرت سے پانی جمع ہو۔ جارِية فَضْفَاضَة: پرگوشت اور طویل قامت لڑکی۔ درع فَضْفَاضَة و فُضَافِضَة: کشادہ زرہ۔ سحابة فَضْفاضَة و فُضَافِضَة: بہت پانی والی بدلی۔

○ فَضَّ ـُ فَضًّا ہ: کو توڑ کر کھولنا، کو بیرم سے کھولنا، کو زور

لگا کر کھولنا، (مہر) توڑنا، کو بکھیرنا، منتشر کرنا، تباہ کرنا؛ (موتی) میں چھید ڈالنا، کو چھیدنا؛ جلسہ، اجلاس ختم کرنا؛ (پارلیمنٹ) توڑنا، (جھگڑا) چکانا، طے کرنا؛ (آنسو) بہانا۔ فض بكارتها: لڑکی کا کنوار پن ختم کرنا۔ لافض فوك: تم نے کتنی اچھی گفتگو کی ہے! فضض ہ: پر (چاندی) کا ملمع کرنا، پر (چاندی) چڑھانا۔ انفض: کھل جانا، ٹوٹ جانا، (مہر) کا ٹوٹ جانا، بکھر جانا، منتشر ہو جانا، دشمن کی صفوں میں بھگدڑ مچنا۔ (فوج وغیرہ کا) منتشر ہونا، خدمت سے سبکدوش ہونا۔ (اجلاس) ختم ہونا۔ افتض ها: لڑکی کا کنوار پن ختم کرنا، کا ازالہ بکارت کرنا۔ فضة: چاندی۔ فضی: چاندی کا سا، نقرئی، سیمیں، چاندی کا بنا ہوا۔ فضیات: چاندی کے برتن۔ الجمهورية الفضية: ارجنٹائن (Argentina)۔ الستار الفضی: فضی پردہ، پردۂ سیمیں۔ مفض: کھولنے کا اوزار (opener)۔ افتضاض: پردہ بکارت کا ازالہ۔

فصح:۱۔ تفصح و انفصح الرجل عرقا و بالعرق: کی بالوں کی جڑوں میں پسینہ آنا اور تر نہ ہونا۔ الفصیح: پسینہ۔ تفصح الشیء: کشادہ ہونا، وسیع ہونا۔ — جسدہ بالشحم: کے جسم کا موٹاپے سے پھٹ جانا۔ انفصحت القرحة: زخم کا کھل جانا۔ — الافق: افق کا ظاہر ہونا۔ — البدن: بدن کا بہت موٹا ہو جانا۔ — البطن: پیٹ کے نرم حصوں کا ڈھیلا پڑ جانا۔ — الامر: ڈھیلا اور کمزور ہونا۔

فضح:۱۔ فضح ـ فضحاً ہ: کی برائیاں ظاہر کرنا، کو رسوا کرنا۔ — المعمی: معمہ حل کرنا۔ — القمر النجوم: چاند کا اپنی روشنی سے ستاروں پر غالب آنا۔ — الصبح: صبح کا طلوع ہونا۔ — الصبح فلانا: پر صبح کا نمودار ہونا اور اس کی روشنی کا غالب آنا۔ فضح و افضح الصبح: صبح کا طلوع ہونا۔ فاضح ہ و تفاضح: ایک دوسرے کو رسوا کرنا، ایک دوسرے کی برائیوں کو ظاہر کرنا۔ افتضح الامر: مشہور ہو جانا۔ — الرجل: رسوا ہو جانا، کی برائیوں کا ظاہر ہو جانا۔ الفاضح (فا): صبح۔ الفضاحة و الفضوح و الفضوحة و الفضاح: رسوائی، برائیوں کا ظاہر ہو جانا۔ الفضاح: صیغہ مبالغہ۔ الفضوح: رسوا کرنے والا، برائیوں کو ظاہر کرنے والا، رسوا شدہ۔ الفضیح: مال یا مویشیوں کا برا کارپرداز۔ الفضیحة جمع فضائح: فضیح کا مونث، برائی، رسوائی۔ المفضحة جمع مفاضح: رسوائی کا باعث اور سبب۔

۲۔ فضح ـ فضحا: تھوڑا سفید ہونا صفت: افضح م فضحاء جمع فضح۔

۳۔ افضح النخل: کھجور کے درخت کا سرخ یا زرد پھل والا ہونا۔

○ فضح ـ فضحاً ہ: کی برائیوں یا جرائم کو بے نقاب کرنا، کو بے نقاب کرنا، کی اصلیت بتانا، کی حقیقت سے آگاہ کرنا، کو شرم دلانا، کو ذلیل کرنا، کا موجب رسوائی ہونا۔ — ہ: (چاند کا ستاروں کو) ماند کرنا، سے زیادہ چمکنا۔ — ها: (عورت) کی عصمت دری کرنا۔ — ہ: کو ظاہر کرنا، فاش کرنا، افشا کرنا۔ انفضح: بے نقاب ہونا، مشتبہ بننا، ذلیل ہونا، رسوا ہونا۔ افتضح: مشہور ہو جانا، معلوم ہو جانا۔ افتضح امرہ: وہ بے نقاب ہو گیا۔ فضح: پردہ دری، تذلیل، شرمساری، تضحیک، سبکی، بے قدری، ذلت، خواری، رسوائی۔ فضیح: شرمسار، بے نقاب، مشتبہ، رسوا، شرمناک رسوائی کا موجب، بدنام، رسوا کن، موجب رسوائی، فضیحت ناک۔ فضیحة: پردہ دری، تذلیل، شرمساری، تضحیک، سبکی، بے قدری، ذلت، خواری، رسوائی، جمع فضائح: موجب رسوائی یا رسوا کن عمل یا چیز، بدنامی، رسوائی، ذلیل حرکت، فضیحت، بے عزتی، ذلت، شرمناک بات، شرمناک واقعہ، بدنامی یا رسوائی کی باتیں (scandal)۔ فضاح: رازوں کو افشا کرنے والا، شرمناک باتوں کو بے نقاب کرنے والا۔ افتضاح: ذلت، رسوائی، کھلی بے عزتی، بدنامی۔ فاضح: شرمناک رسوائی کا موجب، شرمناک، بدنام، رسوا کن، موجب رسوائی، فضیحت ناک، ذلت آمیز، موجب بدنامی، دل آزار۔ مفضوح: بے نقاب، بدنام، موجب بدنامی، شرمناک رسوائی کا موجب، شرمناک، مشتبہ، شرمندہ، ذلیل۔

○ فضفاض: چوڑا، ڈھیلا، لہراتا، لٹکتا (لباس)، بہت، وافر؛ فربہ اور گول مٹول (لڑکی)؛ پرتکلف بلند آہنگ اور نری لفاظی والا یا صرف عبارت آرائی پر مشتمل (خطاب، گفتگو وغیرہ)

فضخ: فضخ ـ فضخا الشیء: (کھوکھلی) چیز کو توڑنا۔ — الرأس: سر کچلنا۔ — العین: آنکھ پھوڑنا۔ افضخ العنقود: انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کا وقت آنا۔ افتضخ البسر: کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔ انفضخ: ٹوٹنا، کشادہ ہونا۔ — ت القرحة: زخم کا کھل جانا۔ — ت الدلو: ڈول کا پانی چھلکنا۔ — زید: زید کا بہت رونا۔ فضخ الماء: پانی کی چھلک۔ الفضوخ: [illegible] بنانے والی شراب۔ الفضیخ: انگور کا شیرہ، کھجور کی شراب، بہت پانی ملا ہوا پتلا دودھ۔ المفضخة جمع مفاضخ: وہ پتھر جس سے کچی کھجوریں توڑی جاتی ہیں، چوڑا ڈول۔

فضل:۱۔ فضل ـ و فضل ـ فضلا: باقی رہنا۔ افضل من الشیء: کا بقیہ چھوڑ دینا۔ تفضل الرجل: شب خوابی کا لباس پہننا، یا کام کاج کا لباس پہننا۔ استفضل من الشیء: کا بقیہ چھوڑ دینا یا باقی رکھنا۔ الفضل جمع فضول: بقیہ۔ کہا جاتا ہے: فی یدہ فضل الزمام: اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ (ع ح): زیادہ چیز سے کم چیز نکالنے کے بعد جو بچ جائے۔ الفضلة جمع فضلات و فضال: فضل کا اسم مرہ، چیز کا باقی بچا ہوا حصہ، بقیہ شراب۔ — والفضل و الفضال: وہ کپڑا جو نیند کے وقت یا کام کے وقت پہنا جائے یا جس کو گھر میں استعمال کیا جائے۔ کہا جاتا ہے: رجل فضل: کام کاج کے کپڑے پہننے والا امرد۔ امرأة فضل: کام کاج کے کپڑے پہننے والی عورت۔ الفضالة جمع فضالات: بقیہ۔ و الفاضل عند العامة: چیز کا باقی ماندہ حصہ۔ الفضول: مال غنیمت میں سے بچ جانے والا حصہ جو تقسیم نہ کیا جائے۔ المفضل و المفضلة جمع مفاضل: وہ لباس جو کام یا نیند کے وقت پہنا جاتا ہے یا گھر میں پہنا جاتا ہے۔

۲۔ فضل ـ و فضل ـ فضلاً: زاید ہونا۔ افضل علیہ: پر بڑھنا۔ (کہا جاتا ہے: رأیت صفهم قد افضل علی صفنا: میں نے ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے۔) سے زیادہ ہونا۔ الفضل جمع فضول: زیادتی، بڑھوتری۔ کہا جاتا ہے: فلان لا یملك درهما فضلا عن دینار: وہ درہم کا مالک نہیں تو دینار کا کیسے ہو سکتا ہے۔ فضلا کا نصب مصدر ہونے کی وجہ سے ہے۔ الفضول: حاجت سے زائد مال۔ فضول البدن: جو طبعی طور پر بدن کے مساموں یا مخارج سے نکلے جیسے پسینہ، تھوک وغیرہ۔ الفضولی: غیر متعلق چیزوں میں مشغول ہونے والا، عام لوگ اسے الحشری کہتے ہیں۔ فواضل المال: مال کے منافع یا غلہ۔

۳۔ فضل ـ فضلا ہ: پر فضل میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے: فضل فلان علی غیرہ: وہ دوسروں پر فضل میں غالب ہو گیا۔ فضل و فضل ـ فضلا: صاحب فضل ہونا، صاحب فضیلت ہونا۔ فضل ہ علی غیرہ: پر دوسروں کے مقابلہ میں فضل و فضیلت والا ہونے کا حکم لگانا، کو دوسروں پر ترجیح دینا، کو سے

زیادہ اچھا بنانا۔ فَاضَلَ فِضَالاً و مُفَاضَلَۃً: پر فضل میں فخر کرنا۔ ـــ بین الشیئین: ایک چیز کی دوسری پر فضیلت کا حکم لگانا۔ اَفْضَلَ علیہ: سے بھلائی کرنا، پر مہربانی کرنا۔ ـــ علیہ فی الحسب: سے حسب میں بڑھ جانا۔ تَفَضَّلَ علیہ: پر مہربانی کرنا، پر فضل کا دعوی کرنا۔ المولّدون: (جدید عرب مصنفین) کے نزدیک تَفَضَّلْ (امر کے صیغہ کے ساتھ) کا لفظ مخاطب کو "تشریف لائیے"، تشریف رکھئے یا کھانا تناول کرنے کی دعوت دینے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں گویا خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں: جناب آپ کی کرم فرمائی ہوگی اگر آپ میرے گھر تشریف لائیں گے۔ تَفَاضَلَ الرجُلان: ایک دوسرے پر فضل کا دعوی کرنا۔ الفَضْل جمع فُضُول: احسان یا اس کی ابتداء بغیر کسی وجہ کے۔ الفَاضِل جمع فاضِلون و فُضلاء م فاضِلَۃ جمع فاضِلات و فَوَاضِل: صاحب فضل، صاحب فضیلت۔ الفاضِلَۃ: فضل میں بلند مرتبہ، ہبہ، نعمت۔ الفَضَّال: بہت فضل والا۔ الفَضُول: بہت فضل کرنے والا۔ الفَضِیل جمع فُضَلاء: صاحب فضل، صاحب فضیلت۔ الفضیلۃ جمع فَضَائِل: فضل میں بلند مقام و درجہ و مرتبہ، خوبی، وصف، فضیلت، شرف۔ الافضَل جمع افضَلون و اَفَاضِل م فُضلی جمع فُضلَیَات و فُضَل: فضل میں بڑھا ہوا۔ المِفضَل: بہت فضل والا۔ المِفضال م مِفضالۃ: بہت فضل والا۔ کہا جاتا ہے: ھو مِفضالٌ علی قومہ: وہ اپنی قوم سے بھلائی اور احسان کرنے والا ہے۔ المُفَضَّل: بہت فضل والا، وہ شخص جس کے متعلق حکم لگایا گیا ہو کہ وہ دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ صاحب فضل ہے۔

○ فَضَلَ ـُ و فَضِلَ ـَ فَضْلاً: زائد رہنا، چھوڑا جانا، بچنا۔ فَضَلَ ـُ فَضْلاً ہ/ ہ/ علی: سے بازی لیجانا، سبقت لیجانا، سے بہت عمدہ ہونا، پر شرف رکھنا۔ ـــ: بہت عمدہ ہونا، اعلی ہونا، بڑھیا ہونا، برتر ہونا، اول درجے کا ہونا، اعلی درجے کا ہونا، بہت خوشنما ہونا، اچھا ہونا، بہتر ہونا، زیادہ کافی ہونا۔ فَضَّلَ ہ/ ہ علی: کو پر ترجیح دینا، کو سے زیادہ پسند کرنا، کو پر ترجیح دینا، کو پر یا کے سامنے رکھنا۔ فَاضَلَ ہُ: سے برتری یا پیش روی میں مقابلہ کرنا۔ فَاضَلَ بین شیئین: دو چیزوں کا آپس میں مقابلہ کرنا تاکہ دیکھا جائے کہ ان میں سے کونسی چیز ترجیح کی مستحق ہے۔ اَفْضَلَ علی: کو نفع مرحمت کرنا، پر احسان کرنا، مہربانی کرنا۔ ـــ علی ب: کو کچھ پیش کرنا، کو کوئی اعزاز عطا کرنا، کو کچھ دینا، عطا کرنا، کو کچھ انعام کے طور پر دینا۔ تَفَضَّلَ بمعنی اَفْضَلَ نیز تفضّل ب: کی یا کرنے کی مہربانی کرنا، کرنے کے قابل یا لائق سمجھنا یا مناسب سمجھنا، نوازش، یا عزت افزائی کے طور پر کرنا۔ تَفَضَّلْ: مہربانی کر کے، مہربانی ہوگی، ازراہ نوازش، ازراہ کرم۔ تفضّل: گھریلو لباس پہننا، گھر کے اطراف میں جانے کا لباس پہننا۔ فضلاً عن: کے پاس یا پہلو میں، اسکا تو ذکر ہی کیا۔ not to speak of, to say nothing of] let alone۔ فَضْلاً عن ذلك: اور، مزید برآں، علاوہ ازیں۔ بفَضْلِ ـــ: کی وجہ سے، کی بدولت، thnaks to, owing to, due to۔ من فضلك: ازراہ کرم، ازراہِ نوازش۔ یرجع الفضل فی ذلك الیہ یا الفضلُ فی ذلك عائدٌ الیہ: اس کا سہرا اُس کے سر ہے۔ لیس بالفضول أن: یہ بات زائد از ضرورت نہیں کہ۔ فضولُ الاحادیث: لاحاصل بات چیت، ناکارہ الفاظ۔ من فضولِ الکلام أن: یہ غیر ضروری بات ہوگی کہ...... یہ کہنا الفاظ کا ضیاع ہوگا کہ۔ فَضْلۃ جمع فَضَلات: بقیہ، بچا کھچا، پس خوردہ، باقی، زائد، ضرورت سے زیادہ چیز، ردی، بیکار اور ٹوٹی پھوٹی چیزیں، کترن، بیکار سمجھ کر پھینکی ہوئی چیز، آخور، فضلہ، بیکار گوشت (چھیچھڑے اوجھڑی وغیرہ)، ردی مال (جمع) پاخانہ پیشاب، بول و براز، فضلہ۔ فُضول: تجسس، دخل در معقولات۔ فُضُولی: متجسس، دخل در معقولات کرنے والا، پرائے پھڈے میں ٹانگ اڑانے والا۔ تو کون؟ میں خواہ مخواہ، بے اختیار کار پرداز، فُضُولِیۃ: تجسس، خواہ مخواہ، دخل اندازی، اصرار، غیر دانش مندی۔ فَضِیل جمع فُضلاء: نمایاں، ممتاز، بہت خوب، اول درجے کا، نہایت عمدہ، مستحق، فاضل، عالم فاضل۔ فُضَالۃ جمع فضالات: بمعنی فضلۃ: نیز گندگی تلچھٹ۔ فَضِیلَۃ جمع فَضَائِل: اخلاقی برتری، تفوق، فضیلت، شرف، اعلی قسم، پارسائی، پاکدامنی، نیکی خیر خوبی، وصف، حق، استحقاق، فائدہ، نفع، فوقیت، غلبہ، عمدگی، خوشنمائی۔ صاحب الفضیلۃ: اسلامی علماء کا لقب جیسے مثلاً ریکٹر (پرنسپل یا وائس چانسلر) اور شیخ الازھر یونیورسٹی کے) نیز شیخ کے ساتھ بھی یہ لقب لگایا جاتا ہے جیسے کہا جاتا ہے: فضیلۃ الشیخ۔ فُضلیَاتُ السیدات: قابل احترام یا محترم خواتین۔ مِفْضَل: فائق، ممتاز، انتہائی نمایاں، بہت عمدہ، بہت فیاض، بہت فراخ دل۔ مِفضَلۃ جمع مَفَاضِل: گھر میں پہننے کا لباس، روزمرہ کا لباس۔ مِفضَل بمعنی مِفضَل۔ تفضیل: ترجیح، مدد اور ہمدردی کرنا، لحاظ، پاس، انتہائی عزت۔ اسم التفضیل: اسم تفضیل جیسے کریم سے اکرم۔ مُفَاضَلۃ: مقابلہ، موازنہ۔ تفاضل: برتری کے لئے مقابلہ (دو خدمات) میں کمیتی تفاوت، فرق۔ حساب التفاضل: احصاء تفریقی (differential calculus) تَفَاضُلی: احصائے تفریقی کے متعلق۔ تَفَضُّل: ہمدردی، مہربانی، کرم فرمائی، لطف و کرم، نوازش، کرم، خوش اخلاقی، تواضع، شائستگی۔ فاضِل: باقیماندہ، بچا کھچا، زائد ضرورت سے زیادہ۔ جمع فَوَاضِل: باقی، باقی ماندہ، بچا کھچا، زائد، ضرورت سے زیادہ، ضرورت سے زیادہ چیز، بیشی۔ (جمع فاضِلون و فُضلاء) نمایاں، ممتاز، بہت عمدہ، درجہ اول کا، برتر حقوق، بہت عمدہ، مستحق، عالم فاضل، تہذیب و تمدن اور ثقافت نیز شائستگی والا۔ مُفَضَّل: قابل ترجیح، ترجیح دیا گیا، زیادہ پسندیدہ، ترقی دیا ہوا (شخص)۔

فضو: ۱۔ فَضَا ـُ فَضَاءً و فُضُوًّا المکانُ: جگہ کا کشادہ ہونا، خالی ہونا صفت: فاضٍ۔ ـــ فَضُوًّا الشجرُ بالمکان: کسی جگہ میں درختوں کی بہتات ہونا۔ اَفْضَی إفضاءً المکانُ: جگہ کا کشادہ ہونا۔ الرجُلُ: محتاج ہونا۔ ـــ المکانَ: جگہ کو کشادہ کرنا۔ ـــ الیہ: کے پاس پہنچنا، تک پہنچنا۔ ـــ الیہ بسِرّہ: کو اپنے بھید سے آگاہ کرنا۔ ـــ بفلان: کو کھلی جگہ لیجانا۔ ـــ بہ إلی کذا: کو تک پہنچانا۔ تَفَضَّی للامر: کے لئے فارغ ہونا۔ الفَاضِی (فا): وسیع، کشادہ۔ کہا جاتا ہے: مقام فاضٍ: کشادہ مقام، خالی، باہر کو نکلا ہوا۔ ـــ عند العامّۃ: کام سے فارغ۔ اسم الفضاوۃ ہے۔ فَضَاوَۃُ البال: غم و فکر سے فراغی اور خالی ہونا۔ الاناء الفَاضِی: خالی برتن (عام زبان میں)۔ الفَضَاء جمع اَفْضِیَۃ: خلا، وسیع زمین، میدان۔ کہا جاتا ہے: مکانٌ فَضَاءٌ: کشادہ اور وسیع جگہ۔ الفضاء: زمین پر جاری پانی، بسا اوقات پاخانہ کیلئے کنایہ کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے: ان امرھم فَضًا بینھم: ان کا کوئی امیر نہیں۔

۲۔ الفَضَا: خشک انگور کا دانہ۔ سھمٌ فَضًا: اکیلا تیر۔ طَعَامٌ فَضًا: ملا جلا کھانا۔

○ فَضَّی ہ: کو خالی کرنا۔ اَفْضَی إلی: کے پاس آنا، تک پہنچنا، آنا، کے پاس پہنچنا۔ ـــ ب إلی: کو کے پاس یا تک لیجانا، کا نتیجہ ہونا۔ ـــ إلی ب: کو کوئی اطلاع دینا، کو سے مطلع کرنا، کو کچھ بتانا۔ تَفَضَّی ل: کے

لئے فرصت ہونا، کے لئے فارغ الوقت ہونا۔ فضاء: وسیع اور لامحدود کھلی جگہ۔ فضائے بسیط، خالی جگہ، کائناتی فضاء، آسمان، خلا، وسیع علاقہ، وسعت۔ سفینۃ الفضاء: خلائی جہاز۔ رمی بہ فی الفضاء: کو ہوا میں پھینک دینا۔ جمع أفضِیَة: کھلا علاقہ، زمین کا کھلا قطعہ، کھلی سرزمین، کھلا دیہاتی علاقہ۔ فِضائِی: سفینۃ فضائیۃ: خلائی جہاز۔ فاضٍ: خالی، غیر مقبوضہ، غیر مشغول، فارغ، فراغت میں۔

فطأ: فَطَأَ ـ فَطْأً ہُ: کو توڑنا۔ ـ بہ الارضَ: کو زمین پر پٹک دینا۔ ـــ بہ عن رأیہ: کو رائے سے ہٹا دینا۔ فاطأَ مُفاطأۃً بہ الارضَ: کو زمین پر پٹک دینا۔

۲۔ فَطَأَ ـ فَطْأً القومَ: قوم کے پاس ایسی چیز لانا جو اسے پسند نہ ہو۔

۳۔ فَطِئَ ـ فَطَأً: دھنسی ہوئی پیٹھ اور ابھرے ہوئے سینے والا ہونا۔ صفت: أفْطَأ م فَطْآء جمع فُطْءٌ۔ الفُطْأۃ: پیٹھ کا دھنسا اور سینہ کا ابھرا ہوا ہونا۔

۴۔ أَفْطَأَ إفْطاءً: فراخ حال ہونا۔ ـ فلاناً: کو کھلانا۔

۵۔ أَفْطَأَ إفْطاءً: بدخلق ہونا۔

۶۔ تَفاطَأَ: سینہ ابھارنا اور پیٹھ دھنسانا۔ ـــ عنہ: سے پیچھے ہٹنا۔ ـــ عن القوم: شکست کھانا اور حملہ آور ہونے کے بعد لوگوں سے لوٹ آنا۔

فطح: ۱۔ فَطَحَ ـ فَطْحًا و فَطَّحَ الشیءَ: کو چوڑا کرنا۔ ـــ العودَ: لکڑی کو چھیل کر چوڑا کرنا۔ ـــ ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ فَطِحَ ـ فَطَحًا رأسُہُ أو أنفُہُ: سر یا ناک کا چوڑا ہونا۔ صفت: أَفْطَح۔ راسٌ مُفَطَّحٌ: چوڑا سر۔

۲۔ الفِطَحْل جمع فَطاحِل: بڑا سیلاب۔ جَمَلٌ فِطَحْلٌ: موٹا اونٹ۔ زمنُ الفِطَحْلِ: بہت پرانا زمانہ، لوگوں نے کہا کہ وہ زمانہ جس میں لوگ اس وقت تک پیدا ہی نہیں ہوئے تھے۔ فَطاحِل العلماء: بڑے علماء۔

○ فَطَحَ ـ فَطْحًا و فَطَّحَ ہ: کو پھیلانا، چوڑا اور چپٹا کرنا، ہموار کرنا۔ أَفْطَحُ و مُفَطَّح: چوڑے سر والا، چوڑی ناک والا۔ فَطاحِل: (فِطَحْل کی جمع): اہم، نمایاں، ممتاز سرکردہ لوگ یا شخصیات، مشہور شخصیات، ستارے۔ زمن الفِطَحْل: قدیم زمانہ قبل از آدم زمانہ۔

فطر: ۱۔ فَطَرَ ـ فَطْراً الشیءَ: کو پھاڑنا۔ ـــ نابُ البعیر: اونٹ کے دانت ظاہر ہونا، نکلنا۔ ـــ اصبعَ فلانٍ: کی انگلی پر مارنا جس سے خون نکلنے لگنا۔ ـــ الرجلُ الشاۃَ: انگلیوں کے اطراف سے بکری کو دوہنا۔ فَطَّرَ الشیءَ: کو پھاڑنا۔ تفطَّر و انفطرَ: پھٹنا۔ ـ ت الارضُ بالنبات: زمین کا پھٹ کر نباتات نکالنا۔ ـــ القضیبُ: شاخ کے پتوں کا نکلنا شروع ہونا۔ الفاطِر (فا): جس کے دانت نکل آئے ہوں۔ الفَطْر (مص): بکری یا اونٹنی کا انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔ ـ جمع فطور: پھٹن۔ الفِطْر: انگور جب کہ اس کے سرے ظاہر ہوں۔ الفُطْر: فِطر۔ ـ واحد فطْرَۃ: نباتات۔ (ن): سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ ـ الزراعی (ن): ایک پودا، (کھمبی، چھتری، کنار، ککرمتا، کلاہ باران)۔ سیفٌ فُطارٌ: کند تلوار۔ الفُطارِی: بے نفع آدمی۔ الأُفْطُور جمع أفاطِیر: ناک اور چہرے میں پھٹن۔ الفَطِیر: تازہ دودھ۔ المَفْطَرۃ جمع مَفاطِر (ز): کھیت جس میں کنار، کھمبی اگائی جاتی ہے۔

۲۔ فَطَرَ ـ فَطْراً الأمرَ: کو پیدا کرنا، شروع کرنا۔ اِفْتَطَرَ الأمرَ: کو اختیار کرنا، ایجاد کرنا۔ الفِطْرَۃ جمع فِطَر: اختراع۔ وہ صفت جس سے ہر موجود شے اپنی ابتدائی پیدائش میں متصف ہو۔ انسان کی طبعی صفت، دین، سنت۔

۳۔ فَطَرَ ـ فَطْراً العجینَ: خمیر ہونے سے پہلے روٹی پکانا۔ الفَطِیر: ہر وہ چیز جو وقت سے پہلے جلدی میں کی جائے۔ کہا جاتا ہے: ھذا رأیٌ فَطِیرٌ: بدیہی رائے جو بغیر سوچے دل میں آئے۔ عیدُ الفَطِیر: یہود کی ایک عید۔ عجینٌ فَطِیرٌ: بے خمیر گندھا ہوا آٹا۔ خُبزٌ فَطِیرٌ: تازہ روٹی۔ الفَطِیرَۃ جمع فَطائِر (ط): بے خمیر روٹی، میٹھی پیسٹری، کیک جیسی سفید روٹی (جو انڈوں اور مکھن سے تیار کی گئی ہو)۔

۴۔ فَطَرَ ـ فَطْراً و فِطْراً و فُطُوراً الصائمُ: روزہ دار کا افطار کرنا۔ فَطَّرَ الصائمَ: روزہ دار کو افطار کرانا، کو ناشتہ دینا۔ أفْطَرَ الصائمُ: روزہ دار کا کھانا اور پینا، کے افطار کا وقت قریب آنا۔ صفت: مُفْطِر جمع مَفاطِیر: کہا جاتا ہے: قوم مَفاطِیرُ: وہ لوگ جو کھائیں اور پئیں یا ان کے افطار کا وقت قریب آ جائے۔ ـ الصائمَ: روزہ دار کا روزہ افطار کرانا، کو ناشتہ دینا۔ الفاطِر: بے روزہ (عام زبان میں)۔ الفِطْر (مص): عید الفِطْر: رمضان کے روزوں کے بعد مسلمانوں کی عید۔ الفَطُور و الفَطُورِیّ: افطاری، ناشتہ۔ الفَطُور: نصف النہار یا دن کے شروع کے اوقات میں کھایا جانے والا کھانا (عام زبان میں)۔

○ فَطَّرَ فطّر ہ: [illegible]

دینا، توڑ کر جدا کر دینا۔ ـ فُطُوراً: روزہ کھولنا، افطار کرنا، افطاری کرنا، روزہ کے بعد کھانا پینا، ناشتہ کرنا۔ ـ فَطْراً ہ: اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کو بنانا، خلق کرنا، وجود میں لانا۔ ـــ ہ علی: اللہ تعالیٰ کا کسی کو کوئی (خوبی وغیرہ) عطا کرنا۔ فُطِرَ علی: کیلئے طبعی میلان رکھنا۔ فُطِرَ علی: کی فطرت میں ہے۔ أفْطَرَ: روزہ کھولنا، روزہ افطار کرنا، ناشتہ کرنا۔ تَفَطَّرَ: پھٹنا، دو ٹکڑے ہونا، ٹوٹنا۔ اِنْفَطَرَ بمعنی تَفَطَّرَ نیز اِنْفَطَرَ بالبُکاء: رونے لگنا۔ فَطْر جمع فُطُور: شگاف، درز، فتق، پھٹنا۔ فِطْر: افطار۔ صَدَقَۃُ الفِطْر: رمضان کے بعد دی جانے والی خیرات۔ فُطْر: اسم جنس (واحد فُطْرَۃ)، سماروغ (fungi)، کھمبیاں۔ فُطْرِی: کھمبی کی طرح پیدا ہونے والا، کھمبی کا سا۔ فُطْرِیات: طفیلی کھمبیاں، کھمبیاں، کھمبیوں کی کاشت۔ المرضُ الفطری: داد جیسی بیماری mycosis۔ فِطْرَۃ: تخلیق، نیچر طبیعت، طبعی رجحان، فطری میلان، جسمانی ساخت، فطرت، مزاج طبیعت، افتاد طبع، پیدائشی، خلقی یا جبلی کردار، جبلت، وجدان، حیوانی عقل۔ فِطْرَۃً: طبیعت کے لحاظ سے۔ فِطْرِی: طبیعی، فطری، قدرتی، جبلی، پیدائشی، خلقی۔ الانسانُ الفطری: جنگلی انسان۔ الدیاناتُ الفِطْرِیۃ: فطری مذاہب، فطری ادیان۔ فُطُور: ناشتہ۔ فَطِیر: بے خمیر، خام، کچا، ناپختہ، تازہ، نیا، نیا بنایا ہوا، بے خمیر روٹی۔ فَطایِری جمع فَطایِرِیَّۃ اور فَطاطِری جمع فَطاطِرِیَّۃ: پیسٹری یا انڈوں اور مکھن سے تیار کردہ سفید روٹیاں بنانے یا بیچنے والا۔ افطار: روزہ کھولنا، ناشتہ، رمضان میں سورج غروب ہونے کے بعد پہلا کھانا۔ الفاطِر: خالق (سبحانہ و تعالیٰ)۔

فطس: ۱۔ فَطَسَ ـ فُطُوسًا: مرجانا۔ صفت: فَاطِس۔ ـــ فَطْسًا: دم گھٹنا (عام زبان میں)۔ فَطَّسَ ہُ: کو مار ڈالنا۔

۲۔ فَطَسَ ـ فَطْسًا و فَطَّسَ ہُ بالکلمۃ: کوئی بات کے روبرو کہنا، کے منہ پر کہنا۔

۳۔ فَطَسَ ـ فَطْسًا الحدیدَ: لوہے کو چوڑا کرنا۔ فَطِسَ ـ فَطَسًا: چپٹی ناک والا ہونا۔ صفت: أفْطَس: چپٹی ناک کو بھی أفْطَس (م فَطْساء جمع فُطْس) کہتے ہیں۔ الفَطَسَۃ: ناک کا چپٹا پن۔ الفِطِّیس جمع فَطاطِیس: بڑا ہتھوڑا۔ الفِطِّیسَۃ: سور کی تھوتھنی، سونڈ، انسان کا ہونٹ، ہر درندہ اور کھر والے جانور کی تھوتھنی، ناک۔

۴۔ الفَطَس (واحد فَطَسَة): حَبُّ الآس۔ الفَطَسَة: مِہرہ جس کا تعویذ بنایا جائے۔

○ فَطَسَ ہٗ: کو مار ڈالنا، کو گلا گھونٹ کر مارنا۔ اِنفَطَس: ناک کا چپٹا ہو جانا۔ فطِیس: گلا گھونٹا ہوا، دم روکا ہوا، سانس روکا ہوا، مار ڈالا ہوا۔ فَطِیسَة جمع فطَائِس: لاش، مرا ہوا جانور، مردار، جانور کی بے سری لاش۔ افطَس: چپٹی ناک والا۔

فطم: فَطَمَ ـِ فَطْمًا الولدَ: بچے کا دودھ چھڑانا۔ — الحبلَ: رسی کو کاٹ دینا۔ — ہٗ عن العادۃ: کو عادت سے روکنا، منع کرنا، کی عادت چھڑانا۔ کہا جاتا ہے: لأفطِمَنّك عما انت علیہ: میں تمہاری لالچ کو منقطع کر دوں گا۔ فَطَّمَ الشجرُ: درخت پر پھل نہ رہنا۔ — الموسمُ: موسم کا ختم ہو جانا (عام زبان میں)۔ اَفطَمَ الرضیعُ: شیرخوار بچے کے دودھ چھڑانے کا وقت آ جانا، بچے کا دودھ چھڑانے کے قریب ہونا۔ تَفاطَمَ القومُ: ایسے مویشیں کے بچے والا ہونا جو دودھ چھڑانے کے بعد اپنی ماؤں سے لپٹے رہیں۔ اِنفَطَمَ: دودھ چھٹنا۔ — عنہ: سے رکنا، باز رہنا۔ ناقة فاطِمٌ و فاطِمَة: وہ اونٹنی جس کا بچہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔ الفِطَام: بچے کا دودھ چھڑانا، دودھ چھڑانے کا زمانہ۔ فِطامُ القزِّ عند مُربّی دُودِہٖ: (ریشم کے کیڑے پالنے والوں کے نزدیک)، کیڑوں کو کھلانے کے بعد ریشم کے گولے بنانے کے لئے چھوڑ دینا۔ الفَطِیم جمع فُطُم: دودھ چھڑایا ہوا (بچہ)۔ المَطِیمَة: وہ بکری جس کا بچہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔

○ اِسفطَمَ: دودھ چھڑایا جانا۔ — عن: سے باز رہنا، الگ رہنا، پرہیز کرنا، اجتناب کرنا۔ فَاطِمی (صفت واسم) فاطمی جمع الفاطمیون: (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ سے نسبت رکھنے والا)۔

فطن: فَطَنَ ـُ و فَطُنَ ـُ و فَطِنَ ـَ فَطْنًا و فِطْنًا و فُطْنًا و فَطَنًا و فُطُنًا و فِطْنَةً و فَطَانَةً و فِطَانَةً و فُطُونَةً و فَطَانِیَةً و فِطَانِیَةً للامرِ و بہ و إلیہ: کا ادراک کرنا، سمجھنا، میں ماہر ہونا۔ فَطَّنَہٗ بالامرِ و لہٗ و الیہ: کو، کا ادراک کرانا، کو کچھ سمجھانا۔ — التلمیذَ: شاگرد کو سمجھدار بنانا۔ فَاطَنَ مُفَاطَنَةً ہٗ بالکلام: کو سمجھانے کے لئے بات کو لوٹانا۔ تَفَطَّنَ لکلامِہٖ: کو سمجھ لینا۔ کہا جاتا ہے: تَفَطَّنْ لما اقول لك: میں جو تجھے کہتا ہوں اسے سمجھ لے۔ الفَاطِن و الفَطِن و الفَطِین و الفَطُون و الفَطُن و الفَطْن جمع فُطُن و فُطْن: زیرک، سمجھدار۔ الفِطْنَة جمع فِطَن: مہارت، سمجھ۔ الفطونة: زیرک، سمجھدار، ہوشیار۔

○ فَطِنَ ـَ و فَطَنَ ـُ و فَطُنَ ـُ فِطْنَةً: ہوشیار یا چالاک ہونا یا ہو جانا، تیز فہم، ذہین یا تیز طبع ہونا یا ہو جانا، دانشمند یا زیرک ہونا یا ہو جانا، دانا یا سمجھدار ہونا یا ہو جانا، صاحب فراست، عاقل و فہیم ہونا یا ہو جانا۔ اِلـی/لِ/ب: کا دھیان کرنا، کو پوری طرح سمجھ لینا، ذہن نشین کرنا، سمجھنا، کا ادراک کرنا، سے آگاہ، واقف یا باخبر ہونا یا ہو جانا۔ — الی: کے متعلق رائے رکھنا۔ فَطَّنَ ہٗ: کو سمجھدار بنانا۔ — ہٗ إلی/لِ/ب: کو کا ادراک کرانا، کچھ سمجھانا ذہن نشین کرانا۔ — ہٗ إلی/لِ/ب: سے کی وضاحت کرنا، کو کی یاد دہانی کرانا۔ تَفَطَّنَ لِ: کو سمجھ لینا، کا ادراک کرنا۔ فَطِن و فَطِین (جمع فُطَنَاء): ہوشیار، چست و چالاک، ذہین زیرک، صاحب فراست، عاقل، فہیم، سمجھدار۔ فِطنة جمع فِطَن: چالاکی، ہوشیاری، عیاری، زیرکی، تیز فہمی، فراست، زرف نگاہی، بصیرت، تیز نگاہی، ذکا، دقیقہ رسی، باخبری، واقفیت۔ فَطَانَة: ہوشیاری، چالاکی، پھرتی، تیز فہمی۔ تَفَطُّن: باخبری، واقفیت، ذہانت، سمجھ، فہم فراست۔

فطو: فَطَا ـُ فَطْوًا الدابةَ: جانور کو تیز ہانکنا۔

فَظَّ: ا۔ فَظَّ ـَ فَظَاظَةً و فِظَاظًا و فَظَظًا: سخت کلام اور بدخلق ہونا۔ — ـُ فَظًّا و افتَظَّ: جنگلوں میں اوجھ کا پانی نچوڑنا اور پینا اور یہ اس طریقہ پر ہوتا ہے کہ اونٹوں کو سیراب کر لیتے ہیں اور پھر ان کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ جگالی نہ کرنے پائیں اور پھر جب پیاس لگتی ہے تو اونٹ کا پیٹ چاک کر کے اوجھ کو نچوڑتے اور پیتے ہیں۔ الفَظّ (مص) جمع أفظَاظ: بہت بدخلق اور سخت کلام شخص۔ — جمع فِظَاظ و فُظُوظ: اوجھ کا پانی جو جنگلوں میں اونٹ کی اوجھ سے نچوڑ کر پیا جاتا ہے۔ (ح): بری شکل و صورت کا ایک آبی درندہ، اس کے نر کے بالائی جبڑے میں دو لمبے لمبے دانت ہوتے ہیں، سمندری گھوڑا walrus۔ الفَظَاظَة: ٹکڑا۔

○ فَظّ جمع أفظَاظ: اکھڑ، ناشائستہ، گستاخ، منہ پھٹ، بدتہذیب، بے ڈھنگا، بھونڈا، کڈھب، گنوار، اجڈ، غیر تعلیم یافتہ۔ فَظَاظَة: اکھڑپن، ناشائستگی، گستاخی، بدتہذیبی، بھونڈاپن، گنوارپن۔

فظع: ا۔ فَظِعَ ـَ فَظَعًا فلانٌ بالأمر و من الامر: کام کو بڑا سمجھنا اور اس کو انجام دینے کی استطاعت کے بارے میں اعتماد نہ کرنا۔ فَظُعَ ـُ فَظَاعَةً الامرُ: کی قباحت بڑھ جانا، قباحت میں حد سے گذر جانا۔ صفت: فَظِع و فَظِیع۔ فَظَّعَ الامرَ: کو قبیح بتانا، میں مبالغہ کرنا۔ اَفظَعَ الامرُ: کی قباحت بڑھ جانا۔ — ہٗ: کو سخت امر قبیح میں ڈالنا۔ — الامرَ: کو قبیح پانا۔ اُفظِعَ: کو مصیبت آ پڑنا۔ تَفَظَّعَ و اِستَفظَعَ الامرَ: کو قبیح پانا۔

۲۔ فَظِعَ ـَ فَظَعًا الاناءُ: برتن کا بھر جانا۔ الفَظِیعُ: خوشگوار پانی یا آبِ زلال۔

○ فَظُعَ ـُ فَظَاعَةً: کریہ، نفرت انگیز، سخت نفرت انگیز، قابل نفرت، سخت بدنما، گھناؤنا، بدصورت، سخت برا، وحشیانہ، ظالمانہ، خبیث نابکار، بے درد، خوفناک یا دہشتناک ہونا یا ہو جانا۔ اِستَفظَعَ ہٗ: کو کریہ، نفرت انگیز، قابل نفرت، سخت برا، سخت بدنما، گھناؤنا، بدصورت، وحشیانہ، ظالمانہ، بے درد، خوفناک، دہشتناک پانا، کو قابل نفرت، سخت برا، مکروہ پانا۔ فَظِع و فَظِیع: کریہ، نفرت انگیز، سخت نفرت انگیز، قابل نفرت، سخت بدنما، گھناؤنا، بدصورت، سخت برا، وحشیانہ، ظالمانہ بے درد، خوفناک، دہشت ناک۔ فَظَاعَة: مکروہ پن، نفرت انگیزی، گھناؤنا پن، ہیبت ناکی، بدصورتی کراہت، تنفر، اکراہ، وحشت ناکی، انتہائی حماقت، بدتہذیبی، پاجی پن، ڈراؤنا پن، وحشت انگیزی، دہشت، خوف، بدحواسی، جمع فظائع: فظائع: مظالم، سفاکیاں۔ مُفظِع بمعنی فَظِع و فَظِیع۔

فظی: أَفظَی إِفظَاءً الرجُلُ: بدخلق ہونا۔

فعّ: فَعفَعَ فَعفَعَةً بالغنم: بکریوں کو فع فع کہہ کر ڈانٹنا۔ صفت: فعفاع و فَعفَع۔ تَفَعفَعَ الرجُلُ فی امرہ: میں جلدی کرنا۔

فعل: ا۔ فَعَلَ ـَ فِعلًا: کرنا، بنانا۔ اس سے اسم فعل ہے۔ فَعَّلَ البیتَ الشِعرِیَّ: کی تقطیع کرنا اور وزن تقطیع کا ایسے اجزاء سے ہو جس کا مادہ ف ع ل ہے۔ اِنفَعَلَ: ہو جانا ہونا، متاثر ہونا۔ اِفتَعَلَ الشیءَ: کو ایجاد کرنا۔ — الخطَّ: میں جعلسازی کرنا۔ کہا جاتا ہے: اِفتَعَلَ علیہ زوراً و کذبا: اس نے اس پر جھوٹ و بہتان باندھا۔ الفِعل جمع فِعال و أفعَال و جج افاعیل: عمل، کام۔ الفَعلَة: فعل کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے: کانت منه فَعلَةٌ حسنة او سیئة: اس سے ایک اچھا یا برا کام ہو گیا۔ الفِعلَة: عادت۔ فَعَالِ: اسم فعل امر کے معنی میں یعنی اِفعَلْ (کر)۔ الفَعَال: اچھا کام۔ کرم، کبھی شر میں بھی استعمال ہوتا ہے جس طرح خیر میں۔ الفِعَال: فعل کی جمع۔ جس کو بہت سے آدمی کریں۔ الفَاعِل جمع فاعِلون و

فَعَلَہ م فاعِلة جمع فاعِلات و فوَاعِل فا۔ جمع فَعَلَة: جسے روز زمین میں یا کسی اور جگہ کام کرنے پر لگایا جاتا ہے۔ التفاعل الكيماوی (ك): کیمیاوی ترکیب، عمل، کیمیاوی تاثیر و تاثر۔ الافاعيل و التفاعيل عند العروضيين: علم عروض کی اصلاح میں اشعار کے اوزان اور وہ چار ہیں۔ فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ مَفَاعَلَتُنْ و فَاعِلاتُنْ اور بقیہ اوزان ان ہی چاروں سے ماخوذ ہیں۔ المُفتعَل (مفع): ہر وہ چیز جو بغیر مثال سابق کے بنائی جائے۔ کہا جاتا ہے: جاء فلانٌ بالمُفتعَل: فلاں نے بڑا کام کیا۔ شِعْرٌ مُفتَعَل: عجیب و غریب شعر۔ —— فِعال الفأسِ: کلہاڑے کا دستہ۔

○ فعَل - فعْلاً ہ: کچھ کرنا۔ — کام کرنا، عمل کرنا، کوئی سرگرمی انجام دینا۔ — فی ب: پر اثر و نفوذ رکھنا، تاثیر رکھنا، کو متاثر کرنا، کو کام میں لانا، استعمال کرنا، پر اثر انداز ہونا۔ — ب ہ: سے کچھ کرنا۔ — ہ فی: کے ساتھ کچھ کرنا۔ فعَل فیہ فعلاً کرِیھًا: پر ناخوشگوار تاثر یا اثر رکھنا۔ فَعَّل ہ: شعر کی تقطیع کرنا۔ تفاعَل: باہم گر اثر انداز ہونا یا عمل کرنا، باہمی عمل کرنا۔ — مع: کے ساتھ ملنا، یکجا ہونا۔ —: دھڑے، اکیلے یا اتحاد میں شامل ہونا۔ اِنفعَل: ہونا۔ لِ: سے متاثر ہونا، سے اثر پذیر ہونا، کے زیر اثر ہونا۔ —: مضطرب ہونا، برانگیختہ ہونا، مشتعل ہونا، برہم ہونا، پریشان ہونا، درہم برہم ہونا۔ اِفتعَل كِذبًا علی: کے خلاف جھوٹ گھڑنا، تراشنا، ایجاد کرنا، اختراع کرنا۔ — ہ: (کچھ جیسے تحریر میں) جعلسازی کرنا، کو جعلی بنانا یا کرنا۔ —— ہ: کو ایجاد کرنا، اختراع کرنا۔ فِعْل: عمل، سرگرمی، کرنا، کام، وظیفہ، فرض منصبی جمع اَفعَال و فِعَال: کام کار، فعل، عمل، اثر، تاثر، تصادم، ٹکر۔ جمع افعال: فعل (گرامر) جمع اَفَاعِيل: عظیم کارہائے، کارنامے، کارہائے نمایاں، پھرتی یا چالاکی کے کام، جوڑ توڑ، ریشہ دوانیاں، فتنہ پردازیاں۔ فِعلاً یا بالفعل: فی الحقیقت، دراصل، فی الواقع، البتہ، ضرور، بلاشک، عملاً، واقعی، عملی طور پر۔ بِفِعْلِ ......: کے باعث، کی وجہ سے۔ فِعْلِی: واقعی، اصلی، حقیقی، واقعاتی، کاری، کارگر، موثر، تیر بہدف، مجرب، یقینی اثر کرنے والا، زود اثر، تاثیر بخش، عملی، بالفعل، فی الواقع، حقیقت میں، درحقیقت، فعل کا (گرامر)۔ فَعْلَة: کام، کار، فعل، عمل۔ فَعَّال: کاری، کارگر، موثر، تیر بہدف، مجرب، زود اثر۔ فَعَّالِیَة: اثر آفرینی، تاثیر، اثر، مستعدی، تیزی، پھرتی، سرگرمی۔ اَفعَل: زیادہ کارگر، موثر، تیر بہدف یا زیادہ یقینی اثر کرنے والا۔ تفاعل: باہمدگر عمل، باثر، باہمی عمل، تعامل۔ کیمیاوی مرکب کی تشکیل، کیمیائی عمل، کیمیاوی تاثیر و تاثر۔ اِنفعال: تأثر، بے حرکت ہونا، حالت جمود، تحریک، ہیجان، چلن جمع اِنفِعَالات: تحریک، حرکت، اضطراب، جوش، اشتعال، کھلبلی، ہلچل، ہنگامہ، بے قراری، بے کلی۔ اِنفِعَالی: اشتعال پذیر، زود رنج، تنگ مزاج، چڑچڑا، جلد غصہ میں آجانے والا، پُر احساس، جذباتی، قلبی کیفیات سے متعلق۔ اِنفِعَالِیة: اشتعال پذیری، تنگ مزاجی، چڑچڑاپن، زود رنجی۔ فَاعِل: موثر، اثر آفرین، یقینی تاثیر رکھنے والا، کارگر، کارگزار۔ جمع فَاعِلون: کرنے والا، ادا کار، مرتکب جمع فَعَلَة: کام کرنے والا، کارکن، ہل مزدور، مزدور، محنت کش۔ فَاعِل (گرامر): اسم الفاعل: اسم فاعل (گرامر)۔ ذُوْرَادِيُوم فَاعِل: تابکار (radioactive)۔ مَفعُول: مفعول (گرامر)۔ مفعول بہ: مفعول (گرامر۔ جمع مَفَاعِيل: اثر، تاثر، تصادم، ٹکر، اثر آفرینی، قانونی طور پر جائز ہونا، معقول ہونا۔ اسم المفعول: اسم مفعول (گرامر)۔ سری مَفعُولُهُ: موثر ہونا یا ہو جانا۔ — علی: کے لئے قانونی ہونا یا ہو جانا۔ سَارِیُ المَفعُول: قانونی، ضابطہ کے مطابق، قانوناً مکمل۔ مَفعُول رَجْعِيّ: شعاع تابی، گرمتابی، شعاع کا انجذاب، تابکاری (radioactivity)۔ مُنفَعِل: برانگیختہ، مشتعل، جوش میں، پرجوش، گھبرایا ہوا، مضطرب، پریشان، چڑچڑا، زود رنج، تنگ مزاج، جلد غصے میں آجانے والا۔ مُفتَعَل: مصنوعی، بناوٹی، جعلی۔

فعم: فَعَمَ - فَعْمًا الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ — و فَعِمَ - فَعْمًا الرجُلَ: کو غضبناک کرنا۔ فَعُمَ - فَعَامَةً و فُعُومَةً الإِنَاءُ او الساعدُ: برتن یا بازو کا بھر جانا۔ صفت: فَعْمٌ اور فَعْمَل: (لام زائد لگانے سے) کہا جاتا ہے: هو فعمُ الأوصَال: وہ تومند ہے، بھرے ہوئے اعضاء والا ہے۔ فَعَّمَ الاناءَ: برتن کو بھرنا۔ اَفعَمَ الاناءَ: برتن کو بھرنا۔ — المسكُ البيتَ: گھر کو مہکانا، خوش بو سے بھر دینا۔ — الرجُلَ: کو خوشی سے بھر دینا، خوش کرنا، غضبناک کرنا۔ اِفعَوعَمَ: بھر جانا، بہہ پڑنا، چھلک جانا۔ سیل مُفعَمٌ: لبالب سیلاب۔

○ اُفعِمَ ہ ب: کو سے بھرنا، لبالب بھرنا، مجمع کا راستہ روک لینا۔ مُفعَمٌ ب: سے لبالب بھرا ہوا، سے پورا بھرا ہوا، سے پر، سے لبریز، سے حد سے زیادہ بھرا ہوا، سے چھلکتا ہوا، پھوٹ کر بہتا ہوا، سے مکمل طور پر بھرا ہوا۔

فعی: ۱۔ فَعَّى تَفْعِيَةً الجملَ: اونٹ پر سانپ کی شکل کا نشان بنانا۔ تَفَعَّى: بد خلقی میں سانپ کی طرح ہونا۔ الفَاعِي: غصہ میں جھاگ نکالنے والا۔ الفَاعِيَة: الفاعی کا مؤنث، چغل خور عورت۔ الأفعَى جمع اَفَاعٍ (ح): خبیث قسم کا سانپ، اس کی قسمیں ہیں جو سب کی سب زہریلی ہوتی ہیں۔ الافاعِي (ع ا): رگیں جو بن ران کی رگ سے پھیلتی ہیں۔ الأُفعُوان (ح): نر سانپ۔ ارضٌ مُفعَاة: سانپوں والی سر زمین۔ المُفَعَّاة: سانپ کی شکل کا نشان۔

۲۔ الفَاعِيَة: حنا کے پھول۔ الافعَاء: خوشبوئیں۔

فغ: فَغَّ - فَغَّةً الطيبُ: خوشبو مہکنا، خوشبو بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے: فَغَّتني الرائحة فغا: مجھ پر بہترین خوشبو مہکی۔

فغر: ۱۔ فَغَرَ - فَغْرًا فَاهُ: منہ کھولنا۔ — فوهُ: کا منہ کھلنا۔ اِنفَغَرَ فوهُ: منہ کھلنا۔ — النَّورُ: کلی کھلنا۔ الفَغْر (مص): گلاب کا کھلا ہوا پھول۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ واسعُ فَغْرِ الفم: کشادہ دروازے والا۔ الفَغْرَة: اسم مرة۔ کہا جاتا ہے: وُلِدَ بالفغرة: وہ ثریا کے طلوع ہونے کی ابتدا میں پیدا ہوا۔ یہ جاڑے کے زمانہ میں ہوتا ہے۔ الفَغْرَة جمع فُغَر: وادی کا دہانہ۔ الفَاغِرَة (ح): پرندہ۔ المَفْغَرَة: وسیع زمین، پہاڑ کا شگاف (غار سے چھوٹا)۔

۳۔ الفَاغِرَة: ایک قسم کی خوشبو۔

○ فغفوری: عمدہ چینی کی مٹی (کے برتن)

فغم: ۱۔ فَغَمَ - فَغْمًا و فُغُومًا الطيبُ فلانًا: کی ناک کو خوشبو سے بسا دینا۔ اَفغَمَ المكانَ: جگہ کو خوشبو سے بسا دینا۔ —— الإناءَ: برتن کو بھرنا۔ —— الرجُلَ: کو خوشی سے بھر دینا۔ اِنفَغَمَ المكانُ: جگہ کا خوشبو سے بھر جانا۔ الفَغْم (مص): کھانے کا وہ حصہ جو دانتوں سے نکالا جاتا ہے۔ فَغْمَةُ الطِيب: خوشبو کی بھڑک۔ المَفغوم (مفع): زکام میں مبتلا۔ شیءٌ مَفغوم: خوشبو سے بسی ہوئی چیز۔

۲۔ فَغَمَ - فُغُومًا و تَفَغَّمَ الوردُ: گلاب کا پھول کھلنا۔ اِنفَغَمَ و اِفتَغَمَ الزكامُ: زکام کا اچھا ہونا۔

۳۔ فَغَمَ - فَغْمًا و فُغُومًا و فَاغَمَ مُفَاغَمَةً فلانًا: کا بوسہ لینا۔ تَفَاغَمَ: ایک دوسرے کو بوسہ دینا۔ الفُغْم و الفَغَم: منہ، ٹھوڑی مع جبڑوں کے۔

۴۔ فَغِمَ - فَغَمًا بالشيءِ: کا مشتاق ہونا، حریص ہونا۔ — بالمكان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ الفَغِم: حریص۔ کہا جاتا ہے: كلبٌ فَغِمٌ على الصيد: شکار کا حریص

کنا۔ المُفغم (مفع): شائق، شوقین، متمنی، کی محبت میں گرفتار، مشتاق، خواہش مند۔ کہا جاتا ہے: هو مفغم به: وہ اس کا مشتاق ہے۔

فغو ۱۔ فغا -فغوًا الامرُ: پھیلنا۔ اَفغی الريحانُ: خوشبودار پودے کا شگوفہ دار ہونا۔ - الشجرُ: درخت میں کلی کھلنا۔ الفغو (مص): حنا کا پھول۔ الفغوة: خوشبو۔ کہا جاتا ہے: فغوة الطيب: خوشبو کی بھڑک۔ الفاغية: حنا کی کلی، حنا کی ٹہنی جو الٹی لگائی جانے پر حنا سے زیادہ خوشبودار پھول دے، ہر خوشبودار کلی۔

۲۔ فغا -فغوًا الزرعُ: کھیتی کا خشک ہونا۔ اَفغى فلانٌ: تمول کے بعد محتاج ہونا، حسن کے بعد بدصورت ہونا، طاعت کے بعد نافرمان ہونا۔ - ہٗ: کو غضبناک کرنا۔

فق ۱۔ فقفقَ فقفقةً: سخت محتاج ہو۔

۲۔ فقفقَ فقفقةً الكلبُ: کتے کا ڈر کی وجہ سے بھونکنا۔ - ت القِدرُ: ہانڈی ابلنے سے بلبلے نکلنا جن کی آواز سنی جائے (سریانی عام زبان)۔ - و تفقفقَ الرجُل فی کلامه: بات حلق سے نکالنا۔ فقفقةُ الماء: پانی ٹپکنے اور بہنے کی آواز۔ الفقفاق و الفقفاقة: بے وقوف بکواس کرنے والا۔

فقا فقَا -فقـا و فقـا تفقئة الدُمَّلَ: پھوڑے کو چیرنا (پیپ نکالنے کے لئے)۔ - العينَ: آنکھ پھوڑنا۔ - فلانٌ ساطرَيه: کا غضب دور کرنا۔ تفقا: چرنا، پھٹنا، شگاف ہونا۔ - فلانٌ شحمًا: چربی سے بھر جانا۔ اِنفقا: آنکھ کا نکل جانا، پھٹنا، چرنا۔ الفقْءُ جمع فُقُوء: وہ باریک سی جھلی جو جنین کے سر یا ناک کے اردگرد ہوتی ہے اور ولادت کے وقت پھٹ جاتی ہے۔ - الفقِیء جمع فقآن: پتھر کا گڑھا، سخت زمین کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ الفقاة و الفاقئاء: بمعنی الفقء۔

ⓒ فقَ -فقـا ہٗ: (آنکھ) نکال باہر کرنا۔ (پھوڑے، دنبل) کو نشتر سے کھولنا۔ فقاعينه: (دشمن یا مخالف) پر کاری ضرب لگانا، کو تباہ و برباد کر دینا۔ تفقا: پھٹنا، بھک کرنا، بھک سے اڑنا، دھماکے سے پھٹنا۔

فقح ۱۔ فقحَ -فقحًا و فقحَ الجروُ: کتے کے پلے کا آنکھیں کھولنا۔ - النباتُ: نباتات کا کلی دار ہونا، شگوفہ کھلنا۔ تـفـقّـحَ: گفتگو میں کھل جانا، کھل جانا۔ الفقحَة جمع فِقاح: دبر کا حلقہ۔ - من النبت: کلی۔ - و الفُقّاحة: ہتھیلی۔ الفُقّاح من كل بنت: کلی۔

تـفـفّـحَ: شر پر آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ متفقّحٌ للشر: فلاں شخص شر پر آمادہ ہے۔

۳۔ تفاقحَ القومُ: ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کرنا۔

فقد: فَقَدَ -فَقْدًا و فِقدانا و فقدانا و فقودا هٗ: سے گم ہونا، کو نہ پانا۔ اَفْـقَـدَهٗ الشيءَ: سے کو گم کرانا۔ تفقدَهٗ: گمشدہ کی تلاش کرنا۔ تفاقدَ القوم: بعض کا بعض کو کھو دینا۔ اِفتقدَهٗ: کو گم کرنا۔ کہا جاتا ہے: ما اِفتـقدتُهٗ منذ اِفتقدتُهٗ: جب سے میں نے اسے گم کیا ہے، تلاش نہیں کیا۔ کو گم کرنے کے بعد تلاش کرنا۔ - و أستـفقدَ المريضَ: بیمار کی عیادت کرنا (عام زبان میں)۔ الفَاقِد (فا): وہ عورت جس کا شوہر یا بیٹا مر گیا ہو۔ الفَقِيد: گم شدہ۔ کہا جاتا ہے: مَاتَ غير فقيد او غيرَ مفقود: وہ مر گیا کسی نے اس کے مرنے کی پروا نہیں کی۔

ⓒ فقدَ -فقدا و فِقدانا و فُقُدانًا ہٗ/ ہٗ: کو نہ پانا، کو کھو دینا، کو نہ رکھنا، سے محروم ہونا۔ - ہٗ: کی موت سے غمگین ہونا۔ - ہٗ: کو کہیں رکھ کر بھول جانا، (موقع) گنوانا۔ فـقـد صوابَه: پاگل ہو جانا۔ افقدَہٗ ہٗ: سے کچھ گنوا دینا، کو سے محروم کرنا۔ تـفـقّدَ ہٗ: کو تلاش کرنا، طلب کرنا۔ - ہٗ: کا جائزہ لینا، کا مطالعہ کرنا، معائنہ کرنا، پڑتال کرنا، کی تحقیقات کرنا، (کسی جگہ) جانا، (فوجی دستوں وغیرہ کا) معائنہ کرنا۔ اِفتـقـدَ: بمعنی تفقدَ نیز اِفتقد ہٗ/ہٗ: کو کھو دینا۔ اِستفقدَ ہٗ/ہٗ: کو نہ پانا، نہ پکڑ سکنا، کو یاد کرنا۔ فَقِيد: گم شدہ، وفات یافتہ، مرحوم۔ فـقيدُ العِلم: جس کی وفات پر اہل علم و سائنس کو افسوس ہو۔ الـفـقيـد الراحل: مرحوم۔ فِقدَان و فقدان: خسارہ، عزیز کی وفات۔ فـقـدانُ الـصـواب: پاگل پن، حماقت۔ فـقـدانُ الذاكره: یادداشت کی خرابی۔ فاقِد الشعور: بے ہوش، غشی میں، حواس باختہ، بے حس۔ فـاقِدُ الضمير: بے باک، بددیانت، بلا جھجک۔ فـاقد و التهذيب: غیر تعلیم یافتہ لوگ، بے تہذیب لوگ۔ مُتَـفَـقِّـد: کنٹرولر، انسپکٹر۔

فقر: ۱۔ فقرَ -فقرا: کھودنا۔ - الشيءَ: کو کاٹنا، پر اثر کرنا۔ - عينَه: آنکھ پھوڑنا، نکال باہر کرنا (عام زبان میں)۔ فقّرَ: کھودنا۔ - الفسيلة: پودا لگانے کیلئے زمین کھودنا۔ - الشيءَ: کو کاٹنا، پر اثر کرنا۔ الفقر جمع افقر: چھنن، کاٹ۔ الـفـقـر: ترتیب سے بنے ہوئے کنوئیں جو ایک دوسرے تک پہنچتے ہوں اور ان کا آپس میں رابطہ ہو۔ الـفـقـرة جمع فـقـر و فقرات: گڑھا۔ الـفِـقـرَة جمع فِقَر: فقر کا اسم نوع۔ ذو الـفـقـار: امام علی بن طالب رضی اللہ عنہ کی تلوار کا لقب۔ الـفـقـير جمع فقر: گڑھا جس میں کھجور کا پودا لگایا جائے۔ عوام اسے پٹش کہتے ہیں، نالی کے منہ سے پانی نکلنے کی جگہ۔ رکيَّة فقِيرَة: کھدا ہوا کنواں۔ المُفقر من السيوف: وہ تلوار جس کی پشت مشجر ہو۔

۲۔ فقرَ -فقراتهُ الداهيةُ: پر بھاری یعنی کمر توڑ مصیبت آ پڑنا۔ - الخرزَ: کو موتی پرونے کے لئے بیندھنا۔ فقِرَ -فقرا: ریڑھ کی ہڈی میں بیماری یا اس کی شکستگی کی وجہ سے درد ہونا صفت: فقِير و فقِر و مفقور۔ فقرتهُ الداهية: پر بھاری یعنی کمر توڑ مصیبت آ پڑنا۔ - الخرزَ: کو موتی پرونے کے لئے بیندھنا۔ افقرَ ظهرُ المهر: بچھیرے کا سواری کے قابل ہونا۔ - ہٗ الصيدُ: کو شکار کا اپنی پہلو سے موقع دینا۔ - ہٗ ظهرَ مهرِہ: کو سواری کے لئے بچھیرا استعار دینا۔ - ہٗ الارضَ: کو زمین کھیتی باڑی کے لئے مستعار دینا۔ الـفَاقِرة جمع فوَاقِر: کمر توڑ مصیبت۔ الـفـقر جمع فُقَر: جانب پہلو۔ الـفـقرَة جمع فُقَر و فُقُرات: ہر عظیم، قرب۔ کہا جاتا ہے: هو مِنك فُقرَةً: یعنی وہ تم سے قریب ہے۔ الـفـقرَة جمع فُقَر: ریڑھ کی ہڈی (کا جوڑ)۔ الـفِـقرَة ج فِقَر و فِقرات و فِقَرات: ریڑھ کی ہڈی۔ - جمع فِقَر: قصیدہ کا عمدہ شعر، کلام یا جملہ کا لطیف نکتہ۔ الـفـقـارَة جمع فـقـار: ریڑھ کی ہڈی (کا جوڑ)۔ فـقـارُ الـجوزاء: برج جوزاء کے ستارے۔ الـفـقـارِی: فقار ظہر کی طرف منسوب، ریڑھ کی ہڈیوں کا، ریڑھ کی ہڈیوں کے متعلق، ریڑھ کی ہڈیوں سے منسوب۔ الفَيْقَر: مصیبت۔ الـمُفقِر: طاقت ور مرد، سواری کے قابل بچھیرا۔ الـمـفـقّـر: مضبوط ریڑھ کی ہڈیوں والا۔ رجُل مُفقر: فرمانبردار۔

۳۔ فـقُرَ -فـقـارَةً: مفلس ہونا۔ افقرَہٗ: کو مفلس بنانا۔ تفاقَرَ: اپنے آپ کو فقیر ظاہر کرنا، مفلس ہونے کا دعوی کرنا۔ افتقرَ: مفلس ہونا۔ - اليه: کا محتاج ہونا۔ صفت: فـقِيـر جمع فُقَراء م فقِيرَة جمع فقِيرات و فقَائِر و فقراء۔ الفقُر جمع فقور و مفَاقِر: افلاس، غم۔ الـفُقْر جمع فُقُر: مفلسی۔ الـفقِير جمع فـقـراء م فقيرة ج فقِيرات و فقَائِر و فقراء: محتاج۔ المَفاقِر: اسباب افلاس، اس کے لئے کوئی واحد نہیں ہے۔ کہا گیا ہے کہ یہ فقر کی جمع ہے، خلاف قیاس جیسے: حُسْن کی جمع محَاسِن اور یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ یہ مَفقُرَة بمعنی فقُر کی جمع ہو۔

۴۔ الـفـقـرَة جمع فقر و فقرات: گریبان۔ الـفِـقرَة جمع فِقَر: پہاڑ وغیرہ کا نشان۔

○ فَقَر ـ فَقْراً ہ: کو چھیدنا، برمانا، میں سوراخ کرنا، کو چھیدنا، کو بیندھنا۔ فَقُر ـ فَقَارَۃ: مفلس ہونا یا ہو جانا، تنگ دست، حاجتمند یا محتاج ہونا یا ہو جانا۔ فَقَّر ہ: کو چھیدنا، میں چھید کرنا، سوراخ کرنا، کو بیندھنا، برمانا۔ اَفْقَرَ ہ ہ: کو دبلا کرنا، ضعیف کرنا، کو کنگال کر دینا، کو غریب بنانا، مفلس کرنا۔ ــــ ہ إلی: کو کا محتاج کرنا، ضرورت مند کرنا۔ اِفْتَقَرَ: مفلس ہو جانا۔ ــــ إلـی: کی حاجت ہونا، کی ضرورت ہونا، درکار ہونا، کا محتاج ہونا، کا کم یا ناکافی ہونا، میں ناقص ہونا، کو طلب کرنا۔ فَقْر: مفلسی، ضرورت احتیاج، کمی، طلب۔ فِقْـرَۃ: سیکشن پیرا، پیراگراف، پیچ (passage)، عبارت، عبارت کا کوئی حصہ۔ فِقْـرۃ: کسی تحریر کا جز یا حصہ، دفعہ یا شرط (article)، مخصوص حصہ، خاص جملہ، خاص مضمون۔ السِلْسِلَۃُ الفِقْرِیَۃُ یا العمود الفِقْرِی: سلسلۃ الظہر (the spinal column) حیوانات فِقْرِیۃ: ریڑھ کی ہڈی والے جانور vertebrates فَقَار (اسم جنس واحد فَقَارَۃ): فقرہ، سلسلۃ الظہر۔ السِلْسِلَۃُ الفَقَارِیۃ: سلسلۃ الظہر۔ فَقِیر جمع فُقَراء: بھکاری درویش، صوفی بھکاری، غریب، غریب آدمی۔

فقس: ۱فَقَسَ ـ فَقْسًا البیضۃَ: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا، پھاڑنا۔ ــ الطائِرُ بیضتَہُ: پرندہ کا انڈے کو توڑ کر بچہ نکالنا۔ ــ البارودۃَ: بندوق چلانا (عام زبان میں)۔ فَقَّسَ السمنَ فتفقَّسَ: گھی کو آگ پر گرم کر کے جھاگ نکال کر اُسے صاف کرنا (عام زبان میں)۔ تَفَقَّسَ و اِنْفَقَسَ الشیءُ: الٹ جانا۔ تَفَاقَسَ الولدان: دو لڑکوں کا اپنے اپنے ہاتھ میں انڈہ لینا پھر ایک کا دوسرے کے انڈے کو ضرب لگانا۔ اس طرح ٹوٹنے والے انڈے کو صحیح انڈے والے کا لے لینا۔ اس سے اسم المُفاقَسَۃ ہے۔ (عام زبان میں)۔ المِفْقَاسُ: جال کی لکڑی جو پرندے پر الٹ جاتی ہے تو پرندے کو پکڑ لیا جاتا ہے۔

۲فَقَسَ ـ فَقْسًا الرجُلَ: کو بالوں سے پکڑ کر نیچے کھینچنا۔ ــ الشیءَ: کو چھین لینا۔ ــ ہُ عن الامر: کو سے زبردستی روکنا۔ ــــ فُقُوسًا: کودنا۔ تَفَاقَسَ الرجُلان: ایک دوسرے کے بالوں کو پکڑ کر نیچے کھینچنا۔

۳فَقَسَ ـ فَقْسًا الحیوانَ: کو قتل کرنا، مار ڈالنا۔ ــ فُقُوسًا: اچانک مر جانا۔

۴فَقَسَ ـ فَقْسًا ہُ: (کمانی) کو ڈھیلا کرنا، (پھیلی ہوئی چیز) کو کسنا، سمیٹنا، سکیڑنا (عام زبان میں)۔ الفُقَاس (طب): جوڑوں کی بیماری۔

۵۔ الفَقُّوس (واحد فَقُّوسَۃ) (ن): خربوزہ کی ایک قسم۔

○ فَقُّوس (فَقُّوص): بڑے کھیرے یا ککڑی کی ایک قسم۔ مِفْقَس جمع مَفَاقِس: بچے نکالنے کا آلہ، انڈے سینے کی مشین، کمزور پیدائش کے بچے پالنے کی مشین (incubator)۔

فقش: فَقَشَ ـ فَقْشًا البیضۃَ: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔ شجرٌ فاقِشٌ: پھل سے خالی درخت (عام زبان میں)۔ فَقْشَۃُ الثوب: کپڑے کے دامن میں شگاف (عام زبان میں)۔

فقص: فَقَصَ ـ فَقْصًا و فَقْصاً البیضۃَ و نحوھا: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا، پھاڑنا۔ صفت مفعولی: فَقِیصَۃ و مَفْقُوصَۃ۔ تَفَقَّصَ و انْفَقَصَت البیضۃُ عن الفرخ: انڈہ ٹوٹ کر بچے کا نکلنا۔

○ فَقَّصَ ہ: (انڈے) سینا، (پرندے کا) انڈوں سے بچے نکالنا۔ فَقُّوص بمعنی فَقُّوس۔ تفقیص: انڈے سینا، انڈوں سے بچے نکالنا۔ آلۃ لتفقیص البیض یا آلۃ التفقیص: بچے نکالنے، انڈے سینے کی مشین (incubator)۔

فقط: فَقَّطَ الحسابَ (ت): متعین مقدار کے بعد فقط لکھنا تاکہ کوئی اس میں اضافہ نہ کر سکے۔ فَقَطْ: ف اور قط سے مرکب لفظ جس کے معنی ہیں لاغیر یعنی صرف، بس، آپ کہتے ہیں: رایتُہُ مرۃ فقط: یعنی میں نے اسے صرف ایک دفعہ دیکھا، یہ ظرف ہے اور زمانہ ماضی سے مخصوص ہے۔

فقع: فَقَعَ ـ فَقْعًا و فُقُوعًا لونُہ: کے رنگ کا صاف اور خالص ہونا یا گہرا زرد ہونا، سخت پیلا ہو جانا۔ فَقِعَ ـ فَقَعًا: رنگ کا گہرا ہونا، اس کا استعمال اکثر زرد رنگ کے لئے ہوتا ہے، سرخ ہونا (رنگ کا)۔ فَقَّعَ الادیمَ: چمڑے کو سرخ رنگ رنگنا۔ تَفَاقَعَت عیناہُ: کی آنکھوں کا سفید ہونا۔ الفَاقِع (فا): خالص صاف رنگ۔ مشہور یہ ہے کہ یہ صفت کے طور پر زرد رنگ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ الفَاقِعَۃ جمع فَوَاقِع: الفاقع کا مونث۔ الفَقْعُ و الفِقْعُ جمع اَفْقُع و فُقُوع و فِقَعَۃ: سانپ کی چھتری جو نرم اور سفید ہوتی ہے۔ کھمبی۔ الفَقَع: سخت سپیدی۔ لونٌ فُقَاعِیّ: تیز یا گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے أبیضُ فُقَاعِیّ: بہت سفید۔ الأَفْقَع م فَقْعاء جمع فُقْع: بہت سفید۔ الفَقِیع (واحد فَقِیعَۃ) (ح): کبوتر کی ایک قسم جو سفید رنگ ہوتی ہے، سرخ فام مرد۔

۲فَقَعَ ـ فَقْعًا و فُقُوعًا الرجل: گرمی کی

مر جانا، اسی سے عام لوگوں کا کہنا ہے: فَقَعَ فلانٌ: وہ غم سے حقیقت میں یا مجازاً مر گیا۔ فَقَعَتْہُ فَقْعًا الفواقعُ: مصائب نے اس کو ہلاک کر دیا۔ فَقَّعَہُ فمات فَقْعًا (فی اصطلاح العامۃ): اس نے اسے مار ڈالا، حقیقت میں یا مجازاً غم یا حسرت سے مر گیا۔ الفاقِعَۃ جمع فَوَاقِع: مصیبت۔

۳فَقَعَ ـ فَقْعًا و فُقُوعًا الغلامُ: لڑکے کا بڑھنا۔

۴فَقَعَ ـ فَقْعًا الشیءَ: کو چرانا۔

۵فَقَعَ ـ فَقْعًا الشیءُ: پھٹنا اور پھٹنے سے آواز نکلنا (سریانی عام زبان میں)۔ فَقَّعَ: بے معنی گفتگو کرنا۔ ــ اصابعَہُ: انگلیاں چٹخانا۔ ــ الوردۃَ: گلاب کی پتی کو ایک ہاتھ پر رکھ کر دوسرے ہاتھ سے مار کر پھاڑنا اور آواز نکالنا۔ اِنْفَقَعَ: پھٹنا۔ فُقْعُ الذئب (ن): ایک قسم کی بڑی کھمبی جو سفید اور گیند کی شکل کی ہوتی ہے، اس کی کئی قسمیں ہیں۔ الفُقَّاع: جو یا پھلوں کی شراب۔ الفُقَّاعِی: جو یا پھلوں کی شراب بیچنے والا۔ الفَقَاقِیع واحد فُقَّاعۃ: بلبلے۔

۶۔ اَفْقَعَ: محتاج ہونا، ضرورت مند ہونا، کا برا حال ہونا۔ الفَقَع: مفلسی۔

۷۔ الفَقَّاع: بڑا سخت خبیث۔ الفِقِّیع (واحد فِقِّیعَۃ) (ز): کچی انجیر (عام زبان میں)۔

○ فَقَعَ ـ فَقْعًا: پھٹنا، بھک کرنا، دھماکے سے پھٹنا۔ فَقَّعَ: بھک کرنا، ٹوٹ جانا، تڑاقے سے کھلنا، انگلیاں چٹخانا، درز پڑنا، بال آنا۔ اِنْفَقَعَ بمعنی فَقَّعَ۔ فاقع: چمکدار زرد، چمکدار گہرا، چمکیلا، شوخ، تیز (رنگ)۔ فاقِعَۃ جمع فَوَاقِع: چھالا، آبلہ، پھپھولا، پھنسی، گومڑا، مسا، دبل۔

فقل: فَقَلَ ـ فَقْلاً البیدرَ: کھلیان میں غلہ بکھیرنا۔ اَفْقَلَ المکانُ: جگہ کا سرسبز ہونا۔ الفَقْل (مص): سرسبزی۔ المَفْقَلَۃ جمع مَفَاقِل: غلہ بکھیرنے کا آلہ۔

قبض ا۔ قَبَضَ۔ قَبْضًا بیده الشیئَ و علی الشیئ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا، پنجے سے پکڑنا۔ الشیئَ: سمیٹنا کہا جاتا ہے۔ اللّٰه یقبض و یبسط یعنی اللہ کسی پر وسعت ڈالتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔ — الطائرُ جناحَهُ: پرندے کا بازو سمیٹنا۔ الحادی الابلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا۔ — فی حاجته: میں جلدی کرنا، دامن سمیٹنا۔ — القومُ: تیز چلنا۔ — ہ اللّٰهُ: کو وفات دینا۔ — بطنُه: قبض ہونا۔ الدارَ و نحوَها: پر قبضہ کرنا۔ — منه المالَ: سے اپنے لئے مال لینا۔ — قُبْضَةً: مٹھی بھر لینا، کہا جاتا ہے۔ اِنَّهُ یَقْبِضُنِی مَاقَبَضَكَ: جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف دی۔ قُبِضَ: مرنا۔ المریضُ: قریب المرگ ہونا۔ قَبَّضَ۔ الشیئَ: کو جمع کرنا، سمیٹنا، سکیڑنا کہا جاتا ہے۔ قَبَّضَ وَجْهَهُ فَتَقَبَّضَ: اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا، اور کہا جاتا ہے۔ قَبَّضَ مَابَیْنَ عَیْنَیْهِ: اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ — المالَ فلاناً: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ قَابَضَ مُقَابَضَةً ہ: کے ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ اَقْبَضَ السیفَ: تلوار کا قبضہ بنانا۔ — فلاناً المتاعَ: کو سامان پر قبضہ کرنے کے لئے ابھارنا۔ تَقَبَّضَ: جمع ہونا۔ — الجلدُ فی النار: آگ میں کھال کا سکڑ جانا۔ — علی الامر: پر توقف کرنا۔ — الیه: پر کودنا۔ تَقَابَضَ المتبایعان: فروخت کنندہ کا قیمت وصول کرنا اور خریدار کا خریدی ہوئی چیز وصول کرنا۔ اِقْتَبَضَ قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا۔ — منه المال: کو اپنے لئے لینا۔ اِنْقَبَضَ الشیئُ: سمٹنا، ملنا۔ — بطنُهُ: قبض ہونا۔ — فی حاجته: میں جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا۔ — القومُ: تیز چلنا۔ القَبْضُ (مص): تیز ہانکنا کہا جاتا ہے۔ صَارَ المَالُ فِی قَبْضِه: مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ عند العروضیین: لفظ کے پانچویں جگہ سے ساکن حرف کا حذف کر دینا جیسے فَعُوْلُنْ سے نون حذف کیا تو باقی فَعُوْلُ رہ گیا اس جزء کا نام مقبوض رکھا گیا۔ القَبَضُ: قبضہ کیا ہوا مال، سکڑنا، جلدی، تقسیم سے پہلے مال غنیمت۔ القُبْضَةُ: جس پر تو نے قبضہ کیا، مقبوضہ شئے۔ — من الشیئ: مٹھی بھر چیز۔ القَبْضَةُ: قَبَضَ کا اسم مرہ۔ مقبوضہ شئے (کہا جاتا ہے: صَارَ الشیئُ فِی قَبْضَتِه: مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔) موت۔ — من الشیئ: مٹھی بھر چیز۔ قَبْضَةُ السَّیْفِ: تلوار کا دستہ یا قبضہ۔ القُبَضَةُ: منتظم چرواہا کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ: قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑنے والا مرد۔ القَابِضُ (فا): تیز ہانکنے والا۔ — من الادویة: قبض کرنے والی دوا۔ قَابِضُ الاَرْوَاحِ: حضرت عزرائیل علیہ السلام۔ القُبَاضُ و القُبَاضَةُ: سکڑ جانا، جلدی۔ القَبَّاضُ و القَبَّاضَةُ: بہت سخت قبضہ کرنے والا، تیز ہانکنے والا۔ القَبِیْض: سکڑا ہوا، تیز، اپنے کام پر متوجہ عقلمند کاریگر۔ المِقْبَضُ والمَقْبَضُ والمَقْبِضُ والمِقْبَضَةُ والمَقْبُضَةُ والمَقْبِضَةُ: تلوار وغیرہ کا قبضہ ج مَقَابِضُ۔

۳۔ قَبَضَ ـِ قَبْضًا یدَهُ عن الشیئ: کو پکڑنے سے باز رہنا۔ — ہ عن الامر: کو سے ہٹانا۔ — الرجُلُ عن القوم: قوم کو چھوڑ دینا۔ تَقَبَّضَ الرجُلُ من الامر: سے نفرت کرنا۔ اِنْقَبَضَ الرجُلُ عن القوم: کو چھوڑ دینا۔ القَابِضُ (فا) من الطعام: زبان پکڑنے والی خوراک

○ قَبَضَ ـِ قَبْضًا ہ / ب / علی: کو لینا، پکڑنا، ہتھیانا، زور سے پکڑنا، مٹھی میں لینا، دبانا، بھینچنا، چنگل میں لینا، کو قبضہ میں لینا، روکنا، قابو میں رکھنا۔ — علی: کو گرفتار کرنا۔ — ہ: کو وصول کرنا، جمع کرنا، سمیٹنا، سکیڑنا۔ — البطنَ: کو قبض کرنا (یعنی کسی کو قبض ہو جانا) — ہ: کو مایوس کرنا، ناامید کرنا، بے دل کرنا، کی ہمت توڑنا، کو بددل کرنا، افسردہ کرنا، دبانا، پست کرنا۔ قُبِضَتْ روحُهُ یا قُبِضَ: مرنا۔ قَبَضَ اللّٰه روحَهُ یا قَبَضَهُ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو موت دینا، مارنا۔ قَبَضَ یَدَهُ عن: کو کسی شخص یا چیز پکڑنے سے روکنا۔ قبض النفسَ / الصدرَ: کو دبانا، پست کرنا، بددل کرنا، افسردہ کرنا۔ قَبَّضَ ہ: کو سمیٹنا، سکیڑنا۔ — ہ ہ: کو کے قبضہ میں دینا۔ — ہ (قیمت) ادا کرنا۔ قَبَّضَ النفسَ الصدرَ: کو دبانا، پست کرنا، بددل کرنا، افسردہ کرنا۔ تَقَبَّضَ: سکڑنا، سمٹنا، جھریاں پڑنا، قبض ہونا۔ اِنْقَبَضَ: سکڑنا، سمٹنا، جھریاں پڑنا، قبض ہونا، وصول ہونا۔ — عن: سے کٹ جانا، منقبض ہونا۔ — وانقبض صدرُهُ: دبنا، افسردہ ہونا، ناامید ہونا، مایوس ہونا، شکستہ دل ہونا۔ قَبْض: پکڑنا، پکڑ، گرفت، قبضہ لینا، تھامنا، قبضہ کرنا۔ — علی: کی گرفتاری، —: (روپیہ) وصول کرنا، (روپیہ کی) وصولی، سکڑنا، سکیڑ، سمٹاؤ، قبض۔ القبضُ والدَفع: آمد و خرچ آمدنیاں اور مصارف (اخراجات)۔ اَلقی القبض علی: کو گرفتار کرنا۔ قَبْضَة جمع قبضات: گرفت، پکڑ، قابو، قبضہ، مٹھی بھر، ۵،۱۲ سینٹی

میٹر کا پیمانہ۔ جمع قِبَاض موٹھ، قبضہ، دستہ، قبضة الید مٹھی، مُکا۔ في قبضته: کے قبضہ میں، کے ہاتھوں میں، کے بس میں۔ في قبضة يده بمعنی بالا۔ وَقَع في قبضته: کے قبضہ میں آجانا۔ قُبُضَة جمع قُبَض مٹھی بھر۔ قِبَاضة: (ٹیکس وغیرہ) کی فراہمی، ٹیکس لگانا، جمع کرنا۔ قَبَضَاي جمع قبضايات: مضبوط بازو (خصوصاً سیاستدانوں اور ممتاز شخصیتوں کا باڈی گارڈ۔ مَقْبِض و مِقْبَض جمع مَقَابِض دستہ، موٹھ، قبضہ۔ مِقْبَض جمع مَقَابِض دستہ، موٹھ (چھری وغیرہ کی) تَقَابُض (کسی سامان تجارت اور اس کے ہم قیمت زر کا خریدار اور فروخت کنندہ کی طرف سے علی الترتیب) باہمی قبضہ میں لینا۔ انقباض سکڑنا، سمٹنا، قبض (بیماری) کوفت، (ذہنی) اذیت، افسردگی، اداسی انقباض الصدر بمعنی بالا قابض قبض کن، پریشان کن، وصول کنندہ، شکنجہ، چمٹا، پکڑنے یا تھامنے کا آلہ۔ جمع قابضون و قُبَّاض (ٹیکس) کلکٹر۔ عُضلة قابِضة عضو کو جھکانے اور موڑنے والا پٹھا۔ قابِض علی الامر: حاکم، فرمانروا۔ مَقْبُوضٌ علیه: زیرحراست شخص۔ مقبوضات و مقابیض: حکومت کا مالیہ، مال گزاری، آمدنی مُنْقَبِض: پریشان، مایوس، ناامید، بے دل، افسردہ، افسردہ دل، سرنگوں، گومگو کی حالت میں۔ مُنقبِض النفس (الصدر) بمعنی بالا۔

قبط: قَبَطَ ـُ قَبْطًا الشیئ: کو ہاتھ سے جمع کرنا، ملانا۔ قَبَّطَ وجهَهُ: ترش روئی کرنا، منہ بگاڑنا۔ القُبَّاط والقُبَیْطُ والقُبَّیْطی والقُبَّیْطاء: ایک قسم کی مٹھائی، ریوڑی۔

۲۔ قَبَطَ ـُ قَبْطًا الولدُ عند العامه: بچہ کا ڈر کر بھاگنا (سریانیہ)۔ القَبُّوطُ (ح) ٹڈی (عامیہ)

۳۔ القِبْطُ والقُبْطُ او الاقباطُ واحد قِبْطِيٌّ مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت۔ القُبْطِيَّة والقِبْطِيَّة ج القَباطِيّ والقَباطِي: کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔

○ قَبَّط وَجْهَهُ: بھویں سکیڑنا، تیوری چڑھانا، قہر آلود نگاہیں ڈالنا، کڑے تیوروں سے دیکھنا۔ القِبْط والقبط جمع الاقباط قبطی لوگ قِبْطِي وقَبطي قبطی۔

قُبطان جمع قَباطِين و قَباطِنة: کپتان (جہاز کا) کپتان (ایک فوجی عہدہ دار)

قبع: قَبَع ـ قُبُوعًا القنفذُ: سیہی کا اپنے کھال میں سر چھپانا۔ رأسَهُ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔ الرجُل في قميصه: گریبان میں سر ڈالنا۔ ـ في الارض: میں جانا۔ قَبَع قَبْعًا الجوالقَ: گون کے کنارے موڑنا۔ قَبَع قَبْعًا و قُبُوعًا النجمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا۔ ـت المرأةُ: عورت کا چھپنا۔ ـ في منزله: گھر میں چھپنا۔ صفت قابِع ج قُبَّع۔ قَبَعَ قَبْعًا وقِباعًا وقُباعًا واقتبعَ المزادةَ: مشک کے منہ سے منہ لگا کر پینا۔ اِنْقَبَعَ الرجُلُ: سر کا کپڑے میں داخل کرنا۔ الطائر في وكره: پرندے کا گھونسلے میں داخل ہونا۔ القُبَّع: بگل، عوام کے نزدیک، سر کا رومال یا ٹوپی اسے قُبُوعَة بھی کہا جاتا ہے۔ یہ سریانی لفظ قبع سے ماخوذ ہے۔ القُبَع والقُباع (ح) سیہی، ایک قسم کا دریائی جانور۔ القُبَعَة (ح): ایک چھوٹا سا پرندہ جب اسے پتھر وغیرہ سے ڈرایا جائے تو ڈرتے ہوئے بھاگ کر بل میں داخل ہو جاتا ہے۔ القُبَّعَة بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی، ٹوپی۔ القَبِيعَة من السيف: تلوار کے دستہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

۲۔ قَبَعَ ـَ قَبْعًا و قِباعًا و قُباعًا الخنزيرُ: سور کا غرانا۔ ـ الفيلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔ القَبَّاع خنزیر۔ القَبِيعَة والقُنْبُعَة: سور کی ناک کا بانسہ۔

۳۔ قَبَعَ ـَ قَبْعًا وقُبُوعًا عن اصحابه: سے تخلف کرنا۔ ـ الرجُلُ: تھکنا، ہانپنا۔ القُبَّاع بزدل۔ القَوابِع: گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

۴۔ قَبَعَ ـَ قَبْعًا الشیئَ عند العامة: کو اکھیڑنا، کھینچنا (سریانیہ) اِنْقَبَعَ الشيئُ: اکھڑنا (عامیہ)

۵۔ القُباع: بیوقوف مرد، ایک بڑا پیمانہ کہا جاتا ہے یا ابنَ قابعاءَ و یا ابنَ قَبَعَة یعنی اے احمق۔ القُباعِيُّ: بڑے سر والا امرد

۶۔ القَبَعْثَرى والقَبَعْثَر ج قَباعِث: بہت بڑا (ح) بڑا اونٹ۔

قبق: ۱۔ قَبْقَبَ قَبْقَبَةً الفحلُ: بڑبڑانا۔ القَبْقَبُ: پیٹ۔ القَبْقَبَةُ (مص) گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ القُبْقابُ ج قَبابِيبُ: کھڑاؤں۔

۲۔ قَبْقَبَ قَبْقَبَةً الرجُلُ: بے وقوف ہونا۔ القَبْقابُ والقُباقِبُ: بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا، سخت آدمی۔

۳۔ القُباقِبُ آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے۔ انك لاتفلح العام والا لقابل ولا القُباقِب: یعنی نہ تم اس سال کامیاب ہو گے نہ آئندہ سال اور نہ تیسرے سال۔ القِبْقِب (ح) دریائی سیپی۔

○ قَبَعَ ـ قبوعًا: (خارپشت، سیہی کا) اپنا سر اندر کھینچ لینا: سکیڑ لینا، سمیٹ لینا، بیٹھنا، دبکنا، گھات میں بیٹھنا۔ ـ قبعًا و قِباعًا و قُباعًا: (سور کا) غرانا (ہاتھی کا) چنگھاڑنا۔ قُبَّعَة ج قُبَّعات: ہیٹ، ٹوپی، نمدے کی چھوٹی ٹوپی۔ مُقَبَّع: ہیٹ پہنے ہوئے، سر پر ہیٹ رکھے ہوئے۔

○ قَبْقَبَ: ابھرنا، پھولنا، قُبْقاب جمع قَباقِيب لکڑی کی کھڑاویں۔ قبقابُ الانزلاق: برفانی کھڑاؤں (Skate) مِسْمارٌ قَباقِيبي چھوٹا کیل، نیلا کوکا۔

قبل: ۱۔ قَبَلَ ـُ قَبْلًا على الشيئ: کو شروع کرنا اور اس سے جدا نہ ہونا، میں مشغول ہونا۔ قَبِلَ ـِ قَبالةً به: کا کفیل و ضامن ہونا۔ قَبَلَ ـَ قَبالةً به: کا کفیل و ضامن ہونا۔ قَبَّلَ العامِلَ العملَ: مزدور سے کام کا عہد لینا، اسم قَبالة۔ اَقْبَلَ على الشيئ: میں مشغول ہونا۔ تَقَبَّلَ العملَ: کام کی ذمہ داری اٹھانا۔ القِبَل: طاقت، قدرت، جیسے مالي به قِبَل: مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے۔ لِيْ قِبَلَ فلانٍ دَيْنٌ: میرا فلاں کے پاس قرض ہے۔ القُبُلَة ج قُبَل: کفالت۔ القَبالة (مص) ضمانت، عہد (کام یا قرض وغیرہ کا) القَبِيلُ ج قُبُل وقُبَلاءُ: ضامن، کفیل۔

۲۔ قَبَلَ ـُ قَبْلًا المكانَ: کی طرف متوجہ ہونا کہا جاتا ہے۔ قَبَلَتِ الماشِيَةُ الوادِيَ: جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔ ـ اليومُ: دن کا قریب ہونا۔ ـ الرجُلُ: آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ قَبَلَ قَبْلًا وقُبُولًا ت ريحُ القَبُول: پروائی ہوا چلنا۔ قَبِلَ ـَ قَبَلًا الرجُلُ: بھینگی نظر والا ہونا۔ قُبِلَ القومُ: کو پروائی ہوا لگنا۔ قابَلَهُ: کے سامنے ہونا۔ ـ الشيئَ بالشيئ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔ اَقْبَلَ اليومُ: دن کا قریب ہونا۔ ـ اليه: کے پاس آنا۔ ـ عليه: کی طرف متوجہ ہونا۔ ـ القومَ: کو پروائی ہوا لگنا۔ ـت الارضُ بالنبات: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ ـ فلانًا الشيئَ: کو کے آگے کرنا، کہا جاتا ہے۔ اقبلتُ زيدًا مرة وادبرته: یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کیا کبھی پیچھے کیا۔ اور کہا جاتا ہے۔ اِذْهَبْ به فاَقْبِلْهُ الطريقَ: اس کو لے جاؤ، راستہ بتلاؤ اور سامنے کرلو۔ ـ الزرعُ ونحوُهُ: کھیتی وغیرہ میں بکثرت غلہ ہونا صفت۔ مُقْبِلٌ مونث مُقْبِلة (عامیہ)۔ تَقَبَّلَ اباه: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقابَلَ الرجُلانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ اِقْتَبَلَ الامرَ: کام ازسرنو کرنا۔ اِقْبَلَّ اِقْبِلالًا و اِقْبالَّ اِقْبِيلالًا ـت عينُهُ: کی نگاہ کا بھینگا ہونا۔ اِسْتَقْبَلَ الرجلَ: کی طرف توجہ کرنا۔ کی طرف رخ کرنا ـ الشيئَ: کے مقابل ہونا، کے سامنے ہونا۔ ـ

الرجُلَ: کے مقابل ہونا، کی طرف منہ کرنا۔ القَابِلُ (فا) ح قَبَلَۃ۔: آئندہ سال۔ القَابِلَۃُ ج قَوَابِلُ وقَابِلَاتٌ: آنے والی رات۔ قَوَابِلُ الامرِ: شروعات کہاجاتا ہے۔ اخذت الامر من قوابله: یعنی میں نے کام کو اس کے شروعات سے لیا۔ القُبُلُ والقُبْلُ ح اَقْبَال: اگلا حصہ۔ من الزمان: ابتدائی زمانہ کہاجاتا ہے۔ اَقْبَلَ قُبُلَہٗ یعنی اس نے اس کا قصد کیا، کہاجاتا ہے۔ رایتہٗ قُبُلًا: یعنی میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا، کہا جاتا ہے۔ رأیتہٗ قَبَلًا وقَبَلِیًّا: یعنی میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔ القَبَلُ (مص): سامنے کی بالائی زمین، بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا (کہاجاتا ہے: حَیَّا اللّٰہُ قَبَلَہٗ: اللہ باقی رکھے اس چیز کو اس سے پہلے نظر آئے) ہر چیز جو پہلے نظر آئے، واضح راستہ، ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے۔ فی العین آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا۔ — فی العینین: ہر ایک آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا، کہاجاتا ہے۔ رَاَیْتُہٗ قَبَلًا: میں نے اسے صاف سامنے دیکھا۔ کہاجاتا ہے اتانی من قبله: وہ میرے پاس اس کے ہاں یا طرف سے آیا۔ رأیتہٗ قِبَلًا: میں نے اسے صاف سامنے دیکھا القَبَلَۃُ ج قَبَلٌ والقَبْلَۃُ والقُبْلَۃُ: ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اس سے جادو کرتی ہے۔ القِبْلَۃُ قِبَل کا اسم نوع، جہت، اسی سے ہے قِبْلَۃُ المُصَلِّی: جہت جدھر نماز پڑھی جاتی ہے، جس چیز کا سامنا کیا جائے، کہاجاتا ہے۔ مَالَہٗ فی ھٰذا الاَمْرِ قِبْلَۃٌ وَلَادِبْرَۃٌ: اس کیلئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کہاں سے پکڑے، اور کہاجاتا ہے اجعلو بیوتکم قِبْلَۃً: اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔ القِبَالُ من النعل: تسمہ، کہا جاتا ہے رجل منقطعُ القِبَال: مرد بدرائے، کہاجاتا ہے جلس قُبَالَتَہٗ: وہ اس کے سامنے بیٹھا۔ الاَقْبَلُ مونث قَبْلَاءُ ج قُبْلٌ: وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ — رَجُلٌ اَقْبَلُ: ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ القَبُوْلُ (مص): عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا، اچھی ہیئت، بادِ صبا۔ القَبِیْلُ: خدا کی اطاعت (دَبِیْرٌ: خدا کی نافرمانی) کہاجاتا ہے مَایعرف قبیلا من دبیر: وہ آنے جانے والے کو نہیں پہچانتا، کہاجاتا ہے مِنْ قبیل ذالك: اس کی جہت سے اور کہاجاتا ہے رأیته قبیلا: میں نے اس کو صاف صاف سامنے دیکھا۔ جمع قُبُل و قُبَلاء: شوہر تَقَابُل: اسے استقبال بھی کہاجاتا ہے استقبالُ ومُقابلۃُ القمرِ (اوسیّارۃ) والشمس (فلك): زمین کا چاند (یا سیارۃ) اور سورج کے درمیان ہونا اور جب چاند سورج کے سامنے آجاتا ہے تو چاند کو گرہن لگ جاتا ہے۔ الاِسْتِقْبَالُ (مص) من الزمان: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔ الرَّجُلُ المُقَابَلُ (مفع): ماں باپ کی طرف سے شریف مرد، کہاجاتا ہے۔ رجل مُقابَلٌ مُدَابَرٌ نجیب الطرفین مرد۔ رجل مُقْتَبَلُ الشباب: نوجوان مرد جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔ المُسْتَقْبِل (فا) والمستقبَل من الزمان: آئندہ زمانہ۔

۳۔ قَبِلَ۔ قَبُوْلًا و قُبُوْلًا الکلامَ: کی تصدیق کرنا۔ — الشیئَ: کو لینا۔ قَبِلَ قِبَالَۃً ت المرأۃ: عورت کا دائی جنائی ہونا۔ ت القابلۃُ الولدَ: بچہ کی دایہ گری کرنا۔ تَقَبَّلَ ہٗ: کو لینا۔ اللّٰہُ دعاءَہٗ: کی دعا قبول کرنا۔ — تہُ السعادۃُ: میں نیک بختی ظاہر ہونا۔ القَابِلُ ج قَبَلَۃٌ: آمادہ قبول، متاثر۔ القَابِلَۃُ ح قَوَابِلُ و قَابِلَاتٌ: قابل کی مونث۔ دائی جنائی۔ القَابِلِیَّۃُ: قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔ — (طب): کھانا کھانے کو جی چاہنا۔ القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطیف تدبیر۔ القَبُوْلُ: دائی جنائی۔ القَبِیل من النساء: دائی جنائی۔ المُقَبَّلُ: مقبول (مفع)۔

۴۔ قَبَّلَ ہٗ: کو بوسہ دینا۔ — تہُ الحُمّٰی: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔ القُبْلَۃُ ج قُبَلٌ: بوسہ۔

۵۔ اِقْتَبَلَ الکلامَ: فی البدیہہ کہنا۔ القَبَلُ: فی البدیہہ کلام کہنا۔

۶۔ اِقْتَبَلَ الرجُلُ: بے وقوفی کے بعد عقلمند ہونا۔

۷۔ قَبْل: پہلے، آگے یہ ظرف زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے جیسے مَاتَ الخلیفۃُ و مات الوزیر قبلَہٗ و من قبلِہٖ، کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے، اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم ہوتا جیسے مات الخلیفۃُ و مات الوزیر قَبْلُ و مِن قَبْلُ اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں ہو تو معرب جیسے مات الخلیفۃ و مات الوزیر قبلاً و من قبل و من قبلٍ قُبَیْلُ: قَبْلُ کی تصغیر کہاجاتا ہے۔ جاءَ فلان قُبیلَ العصر: یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔ القُبُلُ والقُبْلُ من الجبل ج اقبال: دامن کوہ۔ القَبِیْلُ ج قُبُلٌ و قُبَلاءُ: تین یا زائد کی جماعت۔ القَبِیْلَۃُ ج قَبَائِلُ: ایک باپ کے بیٹے، کنویں کے من کا پتھر، چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ — قَبَائِلُ الرَّأس: سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قَبَائِلُ الطَّیْر: پرندوں کی قسمیں قبائلُ الشجرۃ: درخت کی شاخیں۔ قَبَائِلُ الثَّوبِ: کپڑے کے ٹکڑے۔ المُقَبَّلُ من الثیاب: پیوند لگا ہوا کپڑا۔

○ قَبِلَ — قَبُوْلًا و قُبُوْلًا ہ/ھ/ب: کو قبول کرنا، تسلیم کرنا۔ — ہ: کا مہمان نوازی سے استقبال کرنا۔ ہ/ھ: کا خیر مقدم کرنا، کو پسند کرنا، پسندیدگی کی نظر سے دیکھنا۔ — ھ: پر متفق ہونا، کو برداشت کرنا، — ھ/ب: سے متفق ہونا۔ — ہ/ھ فی: کو میں داخل کرنا۔ — مِن: کا حکم ماننا، کی بات مان لینا، کی خواہش کے آگے جھک جانا، کی اطاعت اختیار کرنا۔ قَبِلَ — وقَبُلَ — قَبَالَۃً ب: کی ضمانت دینا، کا ذمہ دار ہونا، کا ضامن ہونا۔ قَبِلَ الذھابَ مَعِی: وہ میرے ساتھ جانے پر رضامند تھا۔ داءٌ یقبلُ الشفاءَ: قابل علاج مرض، بضائعِ تقبلُ الالتھابَ: (انتہائی) آتش گیر تجارتی مال۔ اثمانٌ لاتقبلُ المزاحمۃَ: مسابقت کی طاقت سے باہر قیمتیں۔ قبل شکًّا: بادل نخواستہ شک کو تسلیم کرنا۔ قَبَّلَ ہ/ھ: کو چومنا۔ —: جنوب یا جنوبی طرف جانا۔ قَابَلَ ہ/ھ: کے بالکل سامنے ہونا یا کے بالکل سامنے کھڑا ہونا، کے آمنے سامنے ہونا۔ — ہ: کا سامنا کرنا، سے مزاحم ہونا، — ھ ب: (صورت حال) کا (ہوشیاری) کے ساتھ سامنا کرنا۔ — ہ: سے ملنا، ملاقات کرنا۔ — ھ ب: (خطرہ) کا کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ — ہ: سے مڈبھیڑ ہونا، اتفاقی ملاقات ہونا، سے ملاقات کو آنا جانا، سے ملاقات کرنا، سے بات چیت کرنا، انٹرویو کرنا (رسمی ملاقات میں) کا استقبال کرنا۔ کو شرف باریابی دینا۔ — ہ/ھ ب: کا (خبر، خوشی) سے استقبال کرنا۔ — ھ ب: کو کے ساتھ واپس کرنا، چکانا، ادا کرنا، کا سے بدلہ دینا، — ھ ب/علی: کا سے مقابلہ کرنا، کتاب کے نسخوں کا سے مقابلہ کرنا۔ قابَلَہٗ علی الرحب و السعۃ: کسی شخص یا چیز کا خیر مقدم کرنا۔ قابَلَہٗ بالمثل: سے ادلے کا بدلہ لینا کو ترکی بترکی جواب دینا، کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا، سے بدلہ لینا۔ اَقْبَلَ علی: کسی شخص یا جگہ کے قریب آنا، قریب ہونا، کے پاس آنا، کی طرف بڑھنا، پیش قدمی کرنا، کا رخ کرنا، کی طرف توجہ کرنا، میں مشغول ہونا، کسی شخص یا چیز کی طرف توجہ دینا، اپنے آپ کو کی نذر کرنا، کے لئے وقف کرنا، مخصوص کرنا، کسی کام میں لگ جانا، یا اس کا آغاز کرنا، کسی کام کو تن دہی سے کرنا، کسی کام میں مشغول رہنا، لگا رہنا، میں دلچسپی لینا، کے پاس جانا یا آنا۔ —: فصل کا بافراط ہونا، آگے بڑھنا۔ اقبل بفعل: کچھ کرنے

لگنا۔ اقبل علیه الدهرُ یا اقبلت علیه الدنیا: وہ خوش قسمت ہے، خوش بختی، اس کو پسند کرتی ہے۔ تَقَبَّلَ ہ: کو قبول کرنا، وصول کرنا، ـــــ دعاءَ ہ: اللہ تعالیٰ کا کسی کی دعا کو سننا یا منظور کرنا۔ تَقَابَلَ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا، آمنے سامنے ہونا، دو شخصوں کا آپس میں ملنا۔ ـ مع: سے ملاقات کرنا۔ ـ: مقابلہ کیا جانا، مقابلہ ہونا۔ اِقتَبَلَ ہ/ ہ: کو پانا۔ ـــــ ہ: کو خوشی سے تندہی کے ساتھ کرنا۔ اِستَقبَلَ ہ/ ہ: کی طرف منہ کرنا۔ رخ کرنا، سے ملنا، کو ملنے جانا۔ ـــــ ہ/ ہ: کا سامنا کرنا۔ ـــــ ہ: کو ذمے لینا، ہاتھ میں لینا، کی ذمہ داری یا کا بوجھ اٹھانا۔ ـ ہ: ملنے آنے والے یا مہمان کا استقبال کرنا۔ (ریڈیو) سننا۔ قبلُ یا من قبلُ و قبلًا: پہلے، قبل ازیں۔ مِن ذی قبلُ، عن ذی قبلُ: پہلے کے مقابلہ میں۔ قبلَ: سے پہلے قبلَ كُلِّ شیٍ: سب سے پہلے، سب سے بڑھ کر یہ کہ مِنْ قبلِ: سے پہلے۔ قبلَ ان: سے پہلے۔ قبلئذٍ: پہلے، ایک موقع پر، ایک زمانہ میں، اگلے وقتوں میں، سابق میں۔ قُبَیلَ: سے کچھ پہلے۔ قُبَیلَ ان: سے کچھ پہلے۔ قُبُل و قُبْل: اگلا حصہ، ماتھا، پیشانی۔ مِنْ قُبُلٍ: سامنے، سامنے سے۔ قِبَل: طاقت، قوت، قابلیت۔ قِبَلَ: کی موجودگی میں، کے سامنے، کے قریب، کے رخ، کی طرف۔ لاقِبَلَ لهُ به: یہ اس کے بس میں نہیں۔ وہ اس کو پورا کرنے کے قابل نہیں۔ مِنْ قِبَلِ: کی طرف سے، کی جانب سے، کی وساطت سے، کے ذریعے سے۔ مِنْ قِبَلِ نفسه: خود اس کی طرف سے، خود اس سے لِیْ قِبَلَهُ دَیْنٌ: وہ میرا مقروض ہے۔ قُبْلَة جمع قُبُلات و قُبَلات و قُبَل: بوسہ۔ قِبْلَة: قبلہ، کعبہ جس کی طرف نماز میں مسلمان رخ کرتے ہیں۔ مسجد میں قبلہ رخ گوشہ، طاق صلوٰۃ۔ اُولَی القِبْلَتَیْن: دو قبلوں میں سے پہلا قبلہ (یروشلم، بیت المقدس) قِبْلَةُ الأنظار: مرکز نگاہ، نگاہوں کا ہدف، نصب العین، مقصد زندگی۔ قِبْلَةُ الاهتمام: مرکز توجہ، وسیع وعریض دلچسپی کا مرکز۔ قِبْلِی: جنوبی۔ الوَجْهُ القبلی: بالائی مصر۔ قَبُول و قُبُول: (دوستانہ) استقبال، خوش آمدید، منظوری، یکدلی، رضامندی، داخلہ، عَدَمُ قُبُولِ التَفْرِقَة: سالمیت، ناقابل تقسیم ہونا۔ قَبِیل: ذمہ دار، کفیل، ضامن، قسم، صنف، نوع، قبیلہ، مِنْ هذا القَبِیل: اس قسم کا، اس جیسا، ایسا، اس پہلو سے۔ مِنْ قَبِیلِ الایضاح: تشریح کے طور پر، بطور مثال۔ مِنْ كُلِّ قَبِیلٍ و دَبِیر: ہر نہج کا۔ لَیْسَ مِن هذا الامر فی قبیلٍ ولادبیر: وہ کم از کم اس معاملہ میں ملوث نہیں ہے، اس کا اس معاملہ سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہے۔ قبیلة جمع قَبائِل: قبیلہ، قَبَلی: قبائلی (قبیلہ کا، قبیلہ کے متعلق) قَبَالَة: ذمہ داری، کفالت، ضمانت، معاہدہ۔ تَقْبِیل: چومنا، بوسہ لینا، قِبالَ: کے مقابل، کے سامنے، کے بالمقابل، دوبدو۔ مُقَابَلَة: مڈبھیڑ، مقابلہ، اتفاقی ملاقات، ملاقات، بات چیت، گفت وشنید، بحث مباحثہ، انٹرویو، باریابی، رسمی ملاقات، استقبال، موازنہ۔ مُقَابَلَةَ ذلك یا فی مقابلةِ ذلك: کے بدلے، کے عوض، کے مبادلہ میں، کی تلافی میں، کی ہم قیمت کے طور پر، کے لئے تشریحُ المقابلة: تقابلی تشریح (الاعضاء)۔ المقابلة بالمثلِ: بدلہ، پاداش، انتقام، انتقامی کارروائی۔ اَخَذَ بالمقابلة: ادلے کا بدلہ لینا، ترکی بترکی جواب دینا۔ اِقْبال: قریب آنا، آگے بڑھنا، گفت وشنید، ملاقات، آنا، آمد ـ علی: کی طرف مڑنا، متوجہ ہونا، کو تندہی سے کرنا، کا جوابی اقدام، کی اثر پذیری، میں دلچسپی، ـــــ: طلب، مانگ، اچھی قسمت، بہبود، خوشحالی، اِقبالاً و ادباراً: آگے اور پیچھے، ادھر ادھر، اوپر نیچے۔ تَقَبُّل: اخذ کرنے کے استعداد، اثر پذیری، قابلیت، احساس، اقتبال: استقبال۔ استقبال جمع استقبالات: استقبال، پورا چاند، مستقبل۔ استقبالاً: مستقبل میں، آئندہ، آلةُ الاستقبال: ریسور (Receiver)۔ غَرفةُ الاستقبال: استقبالیہ کمرہ، ملاقات کا کمرہ، دیوان خانہ، بیٹھک، کان فی اِستقباله: وہ اس کے خیر مقدم کیلئے موجود تھا، وہ اسے ملنے آیا تھا، اس نے اس کا استقبال کیا۔ قَابِل: وضع حمل کا ماہر طبیب، آنے والا، آئندہ (ماہ وغیرہ)۔ ـ ل: کا امکان رکھنے والا، کا مستوجب، سے اثر پذیر، پر آمادہ، رضامند، تیار۔ ـ: ریسور (ریڈیو) قابلٌ للموت: فانی۔ قابلٌ للشفاء: قابل علاج۔ قابلٌ للالتهاب: آتش گیر، بھڑک اٹھنے والا، قابلٌ للتوصیل: قابل ایصال (برقیات) غیرُ قابل للرجوع: ناقابل تنسیخ، ناقابل واپسی، یکون جوازُ السفر قابلاً للتجدید اربع مرّات: پاسپورٹ چار بار تجدید کروایا جاسکتا ہے۔ قابلة جمع قابلات و قَوابل: دائی، جنائی جمع قَوابل: ظرف، برتن، وہ چیز جس میں کچھ رکھا جائے جمع قَوابل: شروعات۔ قابلیّة: صلاحیت، استعداد، طاقت، گنجائش، وسعت، قابلیت، مناسبت، موزونیت، رجحان، شوق، میلان۔ ـ ل: کی طرف رجحان، میلان، کی ذمہ داری، سے اثر پذیری، کا احساس، قابلیةٌ للتوصیل: ایصالیت قابلیة القِسْمَة: تقسیم پذیری۔ مَقْبُول: قابل قبول، معقول، تسلی بخش، خوشگوار، بامروت، خلیق، ملنسار، خوش خلق، بہت پسندیدہ، مرغوب، پسند خاطر، ہر دل عزیز، جس کا خیر مقدم کیا جائے۔ مُقَبِّلات: اشتہا انگیز اشیاء۔ مُقَابِل: سامنے، بالمقابل، الٹا، الٹ، جوابی، الزامی، ہم قیمت چیز، تنخواہ، معاوضہ، صلہ، جزا، اجرت، تلافی، مُقابلَ ذلك یا فی مقابل ذلك: بدیں وجہ، کے مطابق، کے بدلے، کے عوض، کے مبادلہ میں، کے معاوضہ میں، کے ہم قیمت کے طور پر، کے لئے، مقابلَ تقدیم الكوبون: کوپن پیش کرنے پر۔ مائة سفینةٍ مقابلُ خمسین فی العام السابق: گزشتہ سال ۵۰ بحری جہازوں کے مقابلہ میں ۱۰۰ بحری جہاز۔ بدون مقابلٍ یا مِن غیرِ مقابلٍ: بلا معاوضہ، مفت، مُقبِل: آنے والا، آئندہ (ماہ، سال وغیرہ) فی مُقْتَبَلِ العمر: عنفوان شباب میں مُقْتَبَلَ اللیل: رات کے شروع میں، رات ہوتے ہی مُسْتَقْبِل: ریسور، ریسونگ، سیٹ۔ مُسْتَقْبَل: سامنے کا حصہ، ماتھا، مستقبل کا، مستقبل کے متعلق۔ مستقبل (آئندہ زمانہ)

قبن: ا۔ قَبَنَ ـِ قُبُونًا الرجُلُ: ملک میں جانا۔ اقْبَنَ: دشمن سے شکست کھانا، بے خوف تیز دوڑنا۔ القُبْنَةُ: ضروریات میں بھاگ دوڑ۔ القَبِینُ: تیز رو۔

۲۔ قَبَنَ الشیئَ: کو قبان سے تولنا ـ ہ بیدیه: کو ہاتھ سے تولنا، جانچنا القَبَّان: بھاری چیزوں کو تولنے کا کنڈا یہ لفظ ترکی زبان کے کبان کا معرب ہے۔ القَبَّانِیُّ: بھاری چیزوں کو تولنے والا۔ القِبَانَةُ: تولنے کا پیشہ۔ القُبُونَةُ: تولنے کا کام۔

۳۔ القَبِینُ: اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا مرد۔

○ قَبَّنَ ہ: آہنی ترازو پر تولنا۔ قَبَّان: آہنی ترازو، ترازو کی ڈنڈی، گاڑیاں تولنے کا پل یا پلیٹ فارم۔

قبو: قَبَا ـُ قَبْوًا البناءَ: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا۔ قَبَا ـُ قَبًا الشیئَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔

قَبَّی تَقْبِیَةً ہ عن الارض: (عمارت) کو تھوڑا سا اونچا کرنا (عامیہ)۔ تَقَبَّی الشیئُ: گنبد جیسا ہونا۔ القَبْوُ: کچھی ہوئی عمارت۔ القَبْوَةُ: قبا سے اسم مرہ، (ب) مستطیل شکل کا چھوٹا قبہ، پانی کے اوپر سے گزرنے کے لئے پل نما چیز۔

۲۔ قَبَا ـُ قَبْوًا الزعفرانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا۔ ـــــ الشیئَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا۔ قَبَا قَبًا الحرفَ: کو ملانا۔ قَبَّی تَقْبِیَةً المتاعَ: سامان مہیا

کرنا۔ الثوبَ: کپڑے کو قبا بنانا۔ تَقَبّٰی القباءَ: قبا پہننا۔ اقْتَبٰی المتاعَ: سامان مہیا کرنا۔ القَبَاءُ ج اَقْبِیَةٌ: ایک کپڑا جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ یہ گویا قبا الحرف (ملنا ملانا) سے مشتق ہے مولدون اسے قنباز کا نام دیتے ہیں عوام کے نزدیک یہ شیئ قبا (الف مقصورہ کے ساتھ) بمعنی نکمی چیز ہے۔ القَبْوَةُ: دونوں ہونٹوں کا ملنا۔ المَقْبُوُّ (مفع): جمع کیا ہوا، ملا ہوا۔ المَقْبِیُّ: بہت چربی والا۔

۳۔ قَبّٰی تَقْبِیَةً علٰی فلان: پر ظلم کرنا۔ تَقَبّٰی الرجُلَ: کے پاس پیچھے سے آنا۔ اِنْقَبٰی عنه: سے پوشیدہ ہونا۔

۴۔ القَابُ والقِبَاءُ: مقدار کہا جاتا ہے۔ بینهما قباءُ قوسین و قابُ قوسین: دونوں کے مابین دو کمانوں جتنی مقدار ہے قریب سے کنایہ۔

قبی: القَبیُ: مقدار۔ القَبَایَةُ: بیابان۔

○ قَبْو جمع اَقْبِیَة: قبہ، گنبد، محراب دار چھت، تہ خانہ، سرنگ، گیلری، زیر زمین راستہ، کان میں افقی راستہ، قبو الوقایة مِن الغارات الجوّیة: ہوائی حملہ سے بچنے کی پناہ گاہ۔ قَبْوَة: قبہ، گنبد، محراب دار، چھت، قِباء: فاصلہ۔ قَبَا۔ قَبْواً ہ: کو محراب نما گنبد بنانا، پر محراب دار چھت بنانا، کو محراب بنانا، پر ڈاٹ لگانا۔ کو موڑنا، جھکانا۔ قبودان: کپتان۔

قتّ: ۱۔ قَتَّ۔ قَتًّا: جھوٹ بولنا۔ ۔ الشیئ: کسی چیز کو مہیا کرنا۔ ۔ الیہ فلان وقَتَّ اثرَ فلان: ارادہ معلوم کرنے کے لئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔ وقَتَّ الاحادیث: سخن چینی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ هو یَقُتُّ الحدیثَ: وہ باتوں میں تزویر و تحسین پیدا کرتا ہے۔ تَقَتَّتَ الحدیث: بات کے پیچھے پڑنا، کان لگانا۔ القَتُّ (مص): تیار یا تیار کیا ہوا جھوٹ۔ القَتَّاتُ و القَتُوتُ: چغل خور، بقول بعض لوگوں کی بے خبری میں ان کی باتیں سننے والا خواہ آگے پھیلائے یا نہ پھیلائے۔ اِمْرَاَةٌ قَتَّاتَةٌ و قَتُوتٌ: چغل خور عورت۔ القِتِّیْتٰی: چغلی۔ رَجُلٌ قِتِّیْتٰی: چغل خور۔ قَوْلٌ مُقَتَّتٌ و مَقْتُوتٌ: جھوٹا قول۔

۲۔ قَتَّ۔ قَتًّا الشیئَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا، کم کرنا۔ قَتَّتَ الافاویه: مسالے وغیرہ ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا۔ القَتُّ (ن): اسپست یا خشک اسپست، واحد قَتَّة: ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی لوگ کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ القَتَاتُ (ن) ایک قسم کی نباتات۔ زَیْتٌ مُقَتَّتٌ: ایک تیل جس میں مختلف خوشبوئیں پکاتے یا خوشبودار تیل ملاتے ہیں۔

۳۔ قَتَّ۔ قَتًّا الثوبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا۔ اِقْتَتَّ الشیئَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

○ قَتَّ۔ قَتًّا ہ: کے متعلق غلط بیانی کرنا، کو خلاف واقعہ بیان کرنا، کو نظروں سے گرانا، دل سے اتارنا، حقیر سمجھنا، کو حد سے زیادہ کم کرنا۔ قَتَّات: بہتان لگانے والا، غیبت کرنے والا۔

قتب: ۱۔ قَتَبَ۔ قَتْبًا ہ: کو بھنی ہوئی آنتیں کھلانا۔ القِتْبُ جمع اَقْتَابٌ: آنتیں (مذکر مونث)۔ گول پیٹ القِتْبَةُ: آنتیں۔ القَتَبُ ج اَقْتَابٌ: آنتیں۔

۲۔ اَقْتَبَ البعیرَ: اونٹ پر پالان باندھنا۔ ۔ ہ یمینًا: کو سخت قسم دینا۔ ہ الدَیْنُ: کو قرض کا گرانبار و بوجھل کر دینا۔ القِتْبُ ج اَقْتَابٌ: پالان۔ القَتَبُ ج اَقْتَابٌ: کجاوہ، کہا جاتا ہے۔ هُوَ قَتَبٌ یَعَضُّ بالغارِب: یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔ القَتِبُ: تنگ خو، جلدی غصے میں آنے والا۔ القَتُوبَةُ: وہ اونٹ جس پر پالان ہو۔ رجُلٌ مُقَتَّبُ الکاهلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔

○ قَتَب جمع اَقْتَاب: کُب کوہان، کبڑا پن۔ مُقَوْتَب: کبڑا۔

قتد: قَتَّدَ القتادَ: قتاد کاٹ کر اس کے کانٹے دور کر کے اونٹوں کو چارہ دینا۔ قَتَّدَ القتادُ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔ القَتَادُ (ن): ایک درخت جس کے کانٹے سوئی کی طرح ہوتے ہیں کہا جاتا ہے مِنْ دون هٰذا الامر خَرْطُ القتاد: یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دور کرنا ہے۔ القَتَدُ و القِتْدُ ج اَقْتَادٌ و اَقْتُدٌ و قُتُودٌ: کجاوہ کی لکڑی۔

○ قَتَاد: کتیرا (گوند) حلبہ Tragacanth جَلَسَ علی قَتَاد: وہ کانٹوں کی سیج پر بیٹھا تھا۔

قتر: ۱۔ قَتَرَ۔ قَتْرًا وقُتُورًا علٰی عیالِه: بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا صفت قَاتِرٌ وقَتُورٌ و اَقْتَرُ۔ قَتَرًا الرجُلُ: کی روزی کا تنگ ہونا۔ قَتَّرَ علٰی عیالِه: بال بچوں کے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔ اَقْتَرَ: کا مال کم ہونا۔ ۔ علی عیاله: بال بچوں کے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔ اللّٰهُ رِزْقَهٗ: اللہ کا کی روزی تنگ کرنا۔ القَتْرُ (مص): زندگی گزر بسر کرنے کے لئے کافی یا اس سے کم روزی۔ القُتْرَةُ ج قُتَرٌ: تنگ زندگی۔ القَاتِرُ والقَتُورُ والاَقْتَرُ: بخیل جو بال بچوں پر خرچ کرنے میں تنگی سے کام لے۔ التَقْتِیرُ (مص): قابل گزاران روزی۔

۲۔ قَتَرَ۔ قَتْرًا وقُتُورًا وقَتِرَ۔ قَتَرًا البخورُ او اللحمُ: بودار ہونا۔ ۔ ت النارُ: دھوئیں والی ہونا۔ قَتَّرَ اللحمُ: گوشت کا بودار ہونا۔ ۔ الصیادُ للاسد: شکاری کا شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا۔ ۔ الرجُلُ: پکی ہوئی چیز کی بو تیز کرنا۔ ۔ الوحشَ: اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے۔ اَقْتَرَ النارَ: آگ کو دھوئیں والی کرنا۔ ۔ ت المراۃ: عود کی دھونی لینا۔ القَتْرَةُ: قَتَرَ کا اسم مرہ۔ القِتْرَةُ: قتر کا اسم نوع۔ القُتَارُ: پکی ہوئی چیز کی بھاپ، بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بو۔ لحمٌ قاتِرٌ: گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بو ہو۔

۳۔ قَتَرَ۔ قَتْرًا وقُتُورًا الشیئَ: بعض کو بعض سے ملانا۔ ۔ الامرَ: کو کرتے رہنا۔ قَتَّرَ الشیئَ: ایک دوسرے کے قریب کرنا۔ اَقْتَرَ الشیئَ: کے قریب رہنا۔ سُرُجٌ قَاتِرٌ و مُقْتِرٌ: آرام دہ زین جس سے جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ القِتْرُ: تیر کا پھل۔

۴۔ قَتَرَ۔ قَتْرًا وقَتَرًا و قُتُورًا مابین الامرین: کا اندازہ کرنا۔

قَتَّرَ مابین الامرین: کا اندازہ کرنا۔ القَتْرُ: اندازہ۔ القَتَرُ: اندازہ۔

۵۔ قَتَرَ۔ قَتْرًا و قُتُورًا الدرعَ: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا۔ القُتْرَةُ ج قُتَرٌ: زرہ کا حلقہ۔ القَتِیرُ: زرہ کی میخوں کے سرے، زرہ، بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتدا۔

۶۔ قَتَّرَہٗ: کو خاک پر پچھاڑنا۔ القَتَرُ: گرد و غبار۔ القَتَرَةُ: گرد و غبار۔ الاَقْتَرُ: خاکستری رنگ والا۔

۷۔ تَقَتَّرَ لامر کذا: سے نرمی برتنا۔

۸۔ تَقَتَّرَ: غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔ ۔ للامر: کے لئے آمادہ ہونا۔ ۔ فلانًا: کو فریب دینے کا ارادہ کرنا۔ ۔ للصید: شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ ۔ عنه: سے جدا ہونا۔ تَقَاتَرَ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔ اِقْتَتَرَ الصائدُ: قترہ میں چھپنا۔ القُتْرُ والقُتُرُ ج اَقْتَارٌ: گوشہ، جانب۔ القُتْرَةُ ج قُتَرٌ: شکاری کا مچان، عام لوگ اسے یلقوم کہتے ہیں۔ ابُو قِتْرَةَ: ابلیس کی کنیت۔ اِبْنُ قِتْرَةَ ج بَنَاتُ قِتْرَةَ (ح): ایک سانپ جس کا ڈسا ہوا انسان بچ نہیں سکتا قترہ ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مونث معرفہ ہے۔

۹۔ القِتْرُ: تیر کا نے جو ٹھکانے پر پھینکا جائے۔ القِتْرُ:

مغرور، متکبر۔ القِترَةُ قِترٌ کا واحد القُترَةُ ج قُتَرٌ: روشندان۔ قُترَةُ البُستَانِ: باغ کی نالی۔ قُترَةُ البَاب: دروازہ بند کرنے کی جگہ۔

قتع: ۱۔ قَتَعَ ـَ قُتُوعًا: ذلیل ہونا۔ القَتَعَةُ: ذلیل کہا جاتا ہے هُوَ اَقتَعُ مِنهُ: یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مونث قَتعَاءُ ج قُتعٌ۔

۲۔ قَاتَعَ مُقَاتَعَةً ہٗ: سے مقاتلہ کرنا۔ کے ساتھ لڑنا

۳۔ القِتعُ: شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا جو ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔ القَتَعُ واحد قَتَعَةٌ (ح): ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے بقول بعض دیمک۔

قَتَعُ السَّاقِ: ایک پروں والا کیڑا جو پھل آور درختوں کے تنوں میں داخل ہو کر انہیں کھوکھلا کر دیتا ہے۔

○ قَتَرَ ـِ قَترًا و قُتُورًا و قتّر علی: سے کنجوسی کرنا، کے بارے میں کفایت شعار ہونا، کو پیٹ بھر کر کھانا نہ دینا۔ اَقتَرَ: غریب ہونا یا ہو جانا، قتّر علی: سے کنجوسی، کفایت شعاری۔ قَتَرة: گرد و غبار۔ قُتَار: عطر، خوشبو، مہک، پھولوں کی باس، کسی پکی ہوئی یا بھونی ہوئی چیز کی باس۔ تقتیر علی بمعنی قتّر علی، قاتر و مُقتِر علی: سے کنجوسی کرنے والا، کے بارے میں کفایت شعار۔

قتل ۱۔ قَتَلَ ـُ قَتلًا و تَقتَالًا ہٗ: کو مار ڈالنا صفت قَاتِلٌ ج قَاتِلُونَ و قَتَلَةٌ و قُتَّالٌ: کہا جاتا ہے۔ قتله باخیه: یعنی اس نے اسے اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا اور کہا جاتا ہے۔ قتله الله یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بد دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح، ثناء اور استحسان پر بھی بولا جاتا ہے۔ قتّل القوم: بہت سے لوگوں کو قتل کرنا۔ قَاتَلَ قِتَالًا و قِيتَالًا و مُقَاتَلَةً ہٗ: سے جنگ کرنا، دشمنی کرنا۔ ـــ ہٗ اللّٰهُ: پر لعنت کرنا اور استحسان کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشعَرَهٗ: مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بد دعا۔ اَقتَلَ ہٗ: کو قتل کے لئے پیش کرنا۔ تَقَتَّلَ القَومُ: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ تَقَاتَلَ و اِقتَتَلَ القَومُ: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ ایک دوسرے کو قتل کرنا۔ اُستُقتِلَ: قتل ہونے کے لئے سر جھکانا (جیسے اِستَسمَاتَ) قتل کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ ـــ فی الامر: کی کوشش کرنا۔ کیلئے جان جوکھوں میں ڈالنا۔ القَتلُ (مص) ـ فی المجاز: شدید ضرب۔ القَتلُ العَمدُ: قتل جو مقصود ہو۔ القَتلُ الخطأ: قتل جو مقصود نہ ہو۔ القِتلُ ج اَقتَالٌ: دشمن، دوست، ہمسر (جنگ وغیرہ میں) نظیر، جنگجو، بہادر کہا جاتا ہے۔ اِنَّهٗ لَقِتلُ شَرٍّ وہ شر کا جاننے والا ہے۔ القِتلَة: قتل کا اسم نوع، کہا جاتا ہے۔ قَتَلَهٗ قِتلَةَ سُوءٍ: اس نے اس کو برے طریقے سے قتل کیا۔ القَتَالُ: نفس، قوت، کہا جاتا ہے۔ نَاقَةٌ ذَاتُ قَتَالٍ: یعنی مضبوط اونٹنی۔ القَتُولُ ج قُتُلٌ و قُتْلٌ: بہت قتل کرنے والا (مذکر و مونث)۔ القَتِيلُ ج قَتلَى و قُتَلَاءُ و قَتَالَى: مقتول (مذکر و مونث)۔ المَقتَلُ ج مَقَاتِلُ: جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس کو ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے، قتل کی جگہ، قتل۔ المُقَاتِلَة واحد مُقَاتِل: لڑنے والی جماعت، تاء تانیث جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے۔ المُقتَتَل: میدان جنگ۔

۲۔ قَتَلَ ـُ قَتلًا و تَقتَالًا الخمرةَ: شراب میں پانی ملانا، اسی بنا پر اس شراب کو مقتولہ کہتے ہیں۔ جب اس میں پانی ملا دیا جائے کیونکہ اس کی شدت کم ہو جاتی ہے ـــ الجوعَ او البردَ: بھوک یا سردی کی تیزی کو ختم کر دینا، کہا جاتا ہے۔ قَتَلَ غَلِيلَهٗ: یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی، اور کہا جاتا ہے۔ قَتَلَ الشَّيءَ خُبرًا: یعنی اس نے علم کے لحاظ سے اس کا احاطہ کر لیا۔ تَقَتَّلَ لِفُلَان: کے آگے جھکنا، کا فرمانبردار ہونا۔ المُقَتَّلُ: تجربہ کار، باخبر۔

۳۔ تَقَتَّلَ للامر: کام آہستہ کرنا۔

۴۔ تَقَتَّلَ: چلنے میں لچکنا۔

○ قَتَلَ ـُ قَتلًا ہٗ: کو کم کرنا، کی شدت کو گھٹانا، کو ہلکا کرنا، معتدل کرنا، نرم کرنا۔ البردَ: سردی کو کم کرنا، الجوعَ: بھوک کی شدت گھٹانا۔ ـــ ہٗ ب: میں کی ملاوٹ کرنا۔ ـــ ہٗ: کو جاننا، میں کمال حاصل کرنا۔ قَتَلَهٗ خُبرًا او عِلمًا یا قتله درسًا و بحثًا: بے خبر یا علم یا مطالعہ اور تحقیق سے پوری طرح واقف ہونا اور کمال حاصل کرنا۔ قَتَلَ الموضوعَ بحثًا: کسی موضوع کا پوری طرح مطالعہ کرنا، کسی موضوع پر تفصیل سے لکھنا، کہنا یا اسے جامع طور پر پیش کرنا۔ قَتَلَ الدهرَ خِبرَةً: زندگی کا لمبا تجربہ رکھنا، دنیا سے باخبر ہونا۔ قَتَّلَ هُم: لوگوں کا قتل عام کرنا، لوگوں میں شدید خونریزی کرنا۔ قَاتَلَ ہٗ: سے لڑنا، کے ساتھ یا خلاف لڑنا۔ قَاتَلَهُ اللّٰهُ: مردود حرامزادہ (لفظی معنی، اللہ تعالیٰ اس سے لڑے)۔ تَقَاتَلَ و اِقتَتَلَ: ایک دوسرے کے ساتھ لڑنا، جنگ کرنا۔ اِستَقتَلَ: اپنی زندگی خطرہ میں ڈالنا، موت کی پروا نہ کرنا۔ قَتل: قتل کرنا، قتل، خونریزی، قتل عام، مردم کشی، قتل انسانی، خفیہ قتل، انسان کا قتل۔ قتل بسبب: بالواسطہ قتل۔ قتل الخطأ: اتفاقی قتل۔ القَتلُ العَمدُ یا القتلُ العَمدِی یا القتلُ عمدًا یا القتلُ العَمدُ مع سَبقِ الاصرار: پہلے سے سوچا ہوا قتل، عمداً قتل۔ القِتلُ جمع اَقتَال: دشمن، حریف، مخالف، رقیب، مدمقابل، قَتِيل جمع قَتلَى: مقتول، جنگ میں مارا گیا شخص، جنگ یا حادثہ کا مقتول۔ قتیلُ الحرب: جنگ میں قتل ہونے والا۔ قَتَّال: قاتل، قاتلانہ، جان لیوا، مہلک، اَقتَل: تاثیر میں زیادہ جان لیوا یا زیادہ مہلک۔ مَقتَل: قتل، موت، قاتلانہ جنگ جمع مَقَاتِل: جسم کا عضو رئیسی (جس کا زخم موت کا باعث ہو)۔ ہدف بننے والی غیر محفوظ جگہ۔ ضَرَبَهٗ فی مَقَاتِلِهٖ یا اصاب منه المَقتَل: اس نے اس کے انتہائی غیر محفوظ مقام پر ضرب لگائی۔ مَقتَلَة جمع مقتلات: خونریزی، قتل عام، تقتیل: خونریزی، قتل عام، قِتال: جنگ، جدوجہد، جھگڑا، لڑائی۔ ساحة القتال: میدان جنگ، میدان کارزار، لڑائی کا میدان۔ قَاتِل: قاتلانہ، جان لیوا، مہلک جمع قُتَّال و قَتَلَة: قاتل، قاتِلات: مہلک عوامل (ل: کے خلاف) مُقَتَّل: تجربہ کار، مشاق، ماہر، آزمایا ہوا، تجربہ کیا ہوا، جانچا ہوا۔ مُقَاتِل: لڑنے والا، جنگجو، نبرد آزما، جنگ آزما، لڑائی کا، جنگ کا (مرکب الفاظ میں) مُقَاتِلَة: جنگجو لوگ، لڑنے والے، جنگ کرنے والے، لڑنے والی افواج۔ مُقَاتِلَة جمع مُقَاتِلات: لڑاکا طیارہ، ہلکا بمبار طیارہ۔ مُقتَتَل میدان جنگ، جنگ کا میدان یا علاقہ۔ مُستَقتِل: موت کی پروا نہ کرنے والا، بہادرانہ، ہیرو کا سا۔

قتم: قَتَمَ ـ قَتَامَةً و قُتُومًا: سیاہی مائل ہونا۔ قَتَمَ قُتُومًا وجهُهٗ: کے چہرے کا متغیر ہونا۔ ـــ قُتُومًا و قَتِمَ ـَ قَتَمًا الغبارُ: غبار کا بلند ہونا۔ اَقتَمَ اليومُ: بہت غبار والا دن ہونا۔ اِقتَمَّ اِقتِمَامًا الشيءُ: کالا ہونا، سیاہی مائل ہونا۔ القَتَمُ (مص): گرد و غبار۔ القُتمَةُ: خاکستری مائل سرخ رنگ۔ القَتَامُ والقَتَمَةُ: سیاہ گرد و غبار۔ لڑائی کا غبار، تاریکی، سیاہی۔ القَاتِمُ (فا) ج قَوَاتِمُ: کالا، کہا جاتا ہے۔ اَسوَدُ قَاتِمٌ کالا سیاہ اور کہا جاتا ہے۔ مکان قاتم الاعماق: کچھ سیاہی مائل وسیع جگہ۔ الاَقتَمُ: سیاہی مائل، بھورا

قتن: قَتَنَ ـُ قُتُونًا السمكُ: مچھلی کا خشک ہونا اور اس کی تری کا زائل ہونا۔ قَتُنَ ـُ قَتَانَةً و اَقتَنَ: کم خوراک ہونا، دبلا ہونا۔ القَاتِنُ (فا): سیاہی مائل کہا جاتا ہے: اَسوَدُ قَاتِنٌ: بہت سیاہ۔ القَتَانُ و القُتَانُ: سیاہ گرد و غبار۔ القَتِينُ: کم خوراک (مذکر و مونث) دبلا پتلا، باریک نیزہ، ذلیل و خوار، چھچھڑی۔

قتو: ۱۔ قَتَا ـُ قَتْوًا وقَتًا و قُتًی وقِتًی و مَقْتًی الملوكَ: کی اچھی خدمت کرنا صفت قَاتٍ۔ اِقْتَوٰی الرجُلَ: سے خدمت لینا (اس کی کوئی نظیر نہیں ہے)۔ القَتْوَةُ قَتَا سے اسم مرہ۔ المَقْتَی ج مَقْتَوُونَ ومَقَاتِوَةٌ ومَقَاتِيَةٌ: جو پیٹ بھر خوراک پر خدمت کرے اور اکثر بادشاہ کے خدام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ المَقْتَوِیّ: بمعنی مَقْتَی۔

۲۔ القَتْوَةُ: چغلی۔

قتّ: قَتَّ ـُ قَتًّا الشیئَ: کو کھینچنا۔ الابلَ: اونٹوں کو پانی پلانا۔ ـــ قَتًّا و قِتِّيْتٰی المالَ: کو بکثرت جمع کرنا۔ القُتَاتُ: سامان کہا جاتا ہے جَاءَ القَوْمُ بِقُتَاتِهِمْ و قُتَاتِهِمْ: قوم اپنے تمام ساز وسامان کے ساتھ آ گئی۔ القَتَاتَةُ و القِتِّيْتَةُ و المَقَتَّةُ: لوگوں کی جماعت۔

۲۔ قَتَّ ـــ قَتًّا و اِقْتَتَّ الشجرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔

۳۔ القَتَّاتُ: چغل خور۔

۴۔ قَتْقَتَ قَتْقَتَةً الوتدَ: کو نکالنے کے لئے حرکت دینا۔ ـ المکیالَ: پورا تولنا۔

قثأ: اَقْثَأَ المکانُ: جگہ کا بہت ککڑی والی ہونا۔ ـ القومُ: لوگوں کے پاس بہت ککڑی ہونا۔ القُثَّاءُ والقِثَّاءُ واحد قُثَّاءَةٌ (ن): ککڑی المَقْثَاةُ والمَقْثُؤَةُ ج مَقَاثِئُ: ککڑی کی جگہ۔ کہا جاتا ہے ارضٌ مَقْثَاةٌ ومَقْثُؤَةٌ: ککڑی والی زمین۔

قثر: تَقَثَّرَ الرجُلُ: متردد ہونا، گھبرانا۔ اِقْتَثَرَ الشیئَ: کو گھر کے لئے سامان بنانا۔ القُثْرَةُ: گھر کا سامان۔

○ قَثَّ ـُ قَثًّا و اِقْتَثَّ ہ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔

قثم: ۱۔ قَثَمَ ـِ قَثْمًا الشیئَ: کو شیر کے پاخانہ سے لتھیڑنا۔ قَثِمَ ـَ وقَثُمَ ـُ قُثْمَةً و قَثَمًا: شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔ قَثَامِ (مبنی بر کسرہ) (ح) مادہ بجو، کیونکہ وہ اپنے آپ کو شیر کے پاخانہ سے لت پت کرلیتی ہے۔ اس بناء پر اس کا نام قثام رکھ دیا گیا ہے۔

۲۔ قَثَمَ ـِ قَثْمًا المالَ: بہت مال لینا۔ ـُ قَثْمًا له من المالِ: کو یک بارگی مال دینا۔ اِقْتَثَمَ المالَ: بہت مال لینا۔ ـ الشیئَ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ القَاثِمُ (فا): دینے والا۔ القُثُمُ: سخی لوگ۔ القُثَمُ: بہت دینے والا (قاثم سے معدول ہے)۔ ـ و القَثُوْمُ: خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔

۳۔ قَثَمَ ـُ قَثْمًا فی مشیه: سست چلنا۔

۴۔ قَثِمَ ـُ قَثَمًا و قَثَامَةً: گرد آلود ہونا۔ القُثْمَةُ: خاکستری رنگ۔

۵۔ اِقْتَثَمَ الرجُلَ: کو ذلیل کرنا۔

قثو: قَثَا ـُ قَثْوًا وقَثَی یَقْثِی قَثْیًا و اِقْتَثَی المالَ: مال جمع کرنا۔ القَثَا: ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔

قجّ: القُجَّةُ: دراہم کے محفوظ کرنے کی تھیلی (عامیہ)۔

○ قَثَاطِیر: پیشاب نکالنے کی نالی قَثْطَرَةٌ: پیشاب نکالنے کی نالی۔

قحّ: ۱۔ قَحَّ ـُ قُحُوحَةً و قَحَاحَةً: خالص ہونا۔ القُحُّ ج اَقْحَاحٌ: خالص کہا جاتا ہے: فلانٌ کریمٌ قُحٌّ واعرابی قُحٌّ: فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے۔ القح مونث القُحَّةُ: سخت اور بدخو کہا جاتا ہے اعرابیة قحة: سخت اور بدخو اعرابیہ۔ القُحَاحُ: خالص۔

۲۔ قَحْقَحَ الصوتُ: آواز کا حلق میں گھومنا۔ ـ القردُ: بندر کا ہنسنا۔

○ قَحَّ: کھانسنا، کھنکارنا، کھوں کھوں کرنا۔ قَحْبَة جمع قِحاب: رنڈی، کسبی، طوائف، بیسوا۔

قحب: ۱۔ قَحَبَ ـُ قَحْبًا و قُحَابًا و قَحَّبَ: کھانسنا۔ ـــ سُعَالٌ قَاحِبٌ: سخت کھانسی۔ القَحْبُ: کھانسی والا، سن رسیدہ۔ القَحْبَةُ جمع قِحاب ـ قَحْبٌ کا مونث۔ بڑھیا۔

۲۔ قَحَبَ ـُ قَحْبًا و قُحَابًا و قَاحَبَ و تقَحَّبَ ت المرأةُ: عورت کا بدکار ہونا۔ القَحْبَةُ ج قِحَابٌ: بدکار، زانیہ۔

قحث: قَحَثَ ـَ قَحْثًا الشیئَ: کل چیز لے لینا۔

قحد: ۱۔ قَحَدَ ـَ قَحْدًا و اَقْحَدَ البعیرُ: اونٹ کا بڑی کوہان والا ہونا۔ اِسْتَقْحَدَت الناقةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔ القَحَدَةُ ج قِحَادٌ و اَقْحُدٌ: کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ـــ نَاقَةٌ قَحِدَةٌ و نَاقَةٌ مِقْحَادٌ ج مَقَاحِیدُ: بڑے کوہان والی اونٹنی۔ المَقْحَدَةُ: کوہان کی جڑ۔

۲۔ القَحَّادُ: وہ شخص جس کا نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔

قحز: قَحَزَ ـَ قَحْزًا: کودنا، بے چین ہونا، مضطرب ہونا۔ القَاحِزَاتُ: سختیاں۔

۲۔ قَحَزَ ـَ قُحُوزًا: نیم مردہ کی طرح گرنا۔ ـ قَحْزًا و قُحُوزًا به: کو پچھاڑنا۔ ـــ قَحْزًا و قُحُوزًا و قَحَزَانًا الرجُلَ: کو ہلاک کرنا۔ قَحْزًا ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ قَحَّزَ به: کو پچھاڑنا۔ ـ ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ و تقَحَّزَ له الکلام: سے سخت کلامی کرنا۔ القُحَّازَةُ (مص): پرندوں کے شکار کا جال۔ التَقْحِیزُ: وعید، دھمکی۔ برائی جُوْعٌ مُقْحِزٌ: سخت بھوک۔

قحط: ۱۔ قَحَطَ ـَ قَحْطًا ہُ: کو سخت مار مارنا۔ المِقْحَطُ: نہ تھکنے والا گھوڑا۔

۲۔ قَحَطَ ـَ قَحْطًا المطرُ: بارش رکنا۔ ـَ قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوطًا العامُ: سال کا بے بارش اور خشک ہونا صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِطُ۔ قَحِطَ ـَ قَحَطًا المطرُ: بارش رکنا۔ ـَ قَحْطًا وقَحَطًا وقُحُوطًا العامُ: سال کا بے بارش اور خشک ہونا صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِطُ۔ قَحْطًا البلدُ: ملک کا بے بارش اور خشک سالی والا ہونا۔ قُحِطَ قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوطًا العامُ: سال کا خشک ہونا۔ قَحْطًا البلدُ: ملک کا بے بارش ہونا اَقْحَطَ العامُ: سال کا بے بارش اور خشک ہونا۔ البلدُ: ملک میں بارش رکنا۔ ـ الناسُ: لوگوں کا بے بارش ہونا۔ ـــ اللّٰهُ الارضَ: اللہ کا زمین میں قحط ڈالنا۔ عَامٌ قَحِطٌ و مَقْحُوطٌ: سال جس میں بارش نہ ہو اور خشک سالی رہے عَامٌ قَحِیطٌ: خشک سال سَنَةٌ قَحِیطٌ: خشک سال۔

۳۔ قَحَطَ ـَ قَحْطًا الوَحْلَ و نحوَہ عند العامة: کیچڑ وغیرہ ہٹا دینا قَحَّطَ القدرَ وغیرها عند العامة: ہنڈیا کے نیچے لگا ہوا کھانا کھرچ ڈالنا، اسم قحیط القُحَاطَةُ: (کیچڑ وغیرہ جس کو ہٹا دیا جاتا ہے (عامیہ)۔ المِقْحَطَةُ: کیچڑ ہٹانے کا آلہ (عامیہ)

۴۔ قَحَّطَ النخلةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔

○ قَحَطَ ـَ قَحْطًا و قُحوطًا و قَحِط ـَ قَحَطًا: بارشوں کا رکنا، نہ برسنا۔ ـ وقُحِطَ: سال کا بے بارش ہونا۔ قَحَّطَ النخلةَ: کھجور کے درخت پر زرگل چھڑکنا۔ ـــ ہ: کو چھیل کر اتارنا، کھرچ کر اتارنا۔ اَقْحَطَ: سال کا بے بارش ہونا۔ قَحْط: بارش کا نہ ہونا، قحط باران، خشک سالی، قحط، کال، کمی، قلت، احتیاج، قَحْطان: جنوبی عرب کے لوگوں کا روایتی بزرگ۔

قحف: قَحَفَ ـَ قَحْفًا ہُ: کی کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ ـ الرُمَّانةَ: انار چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔ القِحْفُ ج اَقْحَافٌ و قُحُوفٌ و قِحَفَةٌ: کھوپڑی، کھوپڑی کا وہ حصہ جو ٹوٹ کر جدا ہو جائے، لکڑی کا پیالہ، کہا جاتا ہے۔ رماہ باقحاف راسه: اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے، اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا اور کہا جاتا ہے فلان ماله قدّ ولا قِحفٌ: فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ قِدّ: چمڑے کے پیالے کو کہتے ہیں۔

۲۔ قَحَفَ ـَ قُحَافًا: کھانسنا ـــ قَحْفًا الشیئَ

بہالے جانا۔ — الحبَّ: دانے کو بکھیرنا۔ — ما فی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا۔ اِقتحَفَ — مافِی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا۔ — السیلُ کُلَّ شیئٍ: سیلاب کا ہر چیز بہالے جانا۔ القَاحِفُ (فا) ح قُحُفٌ: برتن سے سب کچھ نکالنے والا۔ القِحَافُ: ڈگڈگا کے پینا۔ القُحَافُ: بہالے جانے والا سیلاب۔ القُحَافَۃ: ہر وہ چیز جس کو ایک ہی سانس میں پی لیا جائے۔ عَجَاجَۃ قَحُوفٌ: آندھی جو سب چیزوں کو اڑالے جائے۔ المِقْحَفَۃ ج مَقَاحِفُ: وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔

○ قَحَفَ ـ قَحْفاً ہ: گونگنا، ہڑپ کرنا، (دریا کا) کو بہا لیجانا، اِقتَحَفَ ہ: گونگنا، ہڑپ کرنا، کو دریا کا بہالے جانا۔ القِحْف جمع قُحُوف و اَقحاف و قِحَفَۃ: کاسہ سر، کھوپڑی کا استخوانی حصہ۔ قُحاف: تند و پرشور (دریا)۔

قحل: قَحَلَ ـ قُحُولاً و قَحِلَ ـ قَحْلاً و قَحَلاً و قُحِلَ الشیئُ: خشک ہونا صفت۔ قَاحِلٌ و قَحِلٌ و قَحْلٌ و اِنقَحَلَ: اس سے ہے۔ قَحَلَ الشَّیْخُ: بوڑھے کی ہڈیوں پر کھال خشک ہوگئی اور بہت بوڑھا ہوگیا۔ اور کَیفَ نَرُدُّ شَیْخَکُم وَقَدْ قَحَلَ: ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مرگیا اور اس کی کھال خشک ہوگئی۔ اَقْحَلَ الشیئُ: کو خشک کرنا کہا جاتا ہے۔ اَقْحَلَہُ الصوم: روزے نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔ تَقَحَّلَ الشیخ: بڑھاپے وغیرہ کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ — فی لبوسہ وحالہ: برے لباس اور حال والا ہونا۔ القَاحِلُ: (فا) ـ من الجلود: خشک کھال۔ القُحَال: بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہوجاتی ہے۔ القُحُولَۃ: خشکی۔ المُتَقَحِّل من الرجال: خشک کھال والا، بدحال۔

۲ـ قَاحَلَ مُقَاحَلَۃً ہٗ: کے ساتھ رہنا۔

○ قَحِلَ ـ قَحْلاً و قُحِلَ: خشک ہونا یا ہوجانا، بے برگ و گیاہ اور بنجر ہونا یا ہوجانا۔ قَحَل: خشکی، سوکھاپن، بنجر پن، قاحِل: خشک، سوکھا، بنجر، بے آب و گیاہ۔ قُحُولَۃ: خشکی، سوکھاپن، بنجر پن۔ قَحْلاء: (مونث) ـ خشک قَحِل: خشک، سوکھا، بنجر، بے آب و گیاہ۔

قحم: ۱ـ قَحَمَ ـ قَحْماً و قُحُوماً فی الامر: کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا۔ — الیہ: کے قریب ہونا۔ ـ قُحْماً المفاوزَ: بیابان طے کرنا۔ قَحَّمَہٗ فی الامر: کو معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ — الفرسُ رَاکِبَہٗ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَہٗ فی الامر: کو معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ — فرسَہُ النہرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا۔ — الکلمۃ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْل کا لفظ یَدَ اور مَنْ کے درمیان اس قول میں قطع اللّٰہُ یَدَوَرِجْلَ مَنْ قَالَھَا: کیونکہ اصل ترکیب یوں ہے۔ قطع اللّٰہ یدمن قالہا ورجلہ اللّٰہ یہ کہنے والے کا ہاتھ اور پاؤں کاٹے۔ اُقْحِمَ القوم: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلے جانا۔ تَقَحَّمَ الفرسُ النہرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا، گھسنا۔ — الامر: کسی معاملہ میں اپنے آپ کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔ — الفرسُ براکبہ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اِقتَحَمَ: معنے کے لحاظ سے اقحم کا فعل لازم ہے۔ اِقتَحَمَ الامرَ: کسی معاملہ میں اپنے آپ کو شدت اور مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔ — المنزل: میں ہجوم کرنا۔ — النجمُ: ستارے کا غروب ہونا۔ اِنقَحَمَ: بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔ القَحْمُ: مونث قَحْمَۃٌ ج قِحَام: بہت بوڑھا۔ القُحْمَۃُ ج قُحَمٌ: مشکل کام، ہلاکت، بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا، قحط۔ — القُحَمُ فی الخصومات: وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کرے، کہا جاتا ہے۔ لِلْخُصُومَۃِ قُحَمٌ (جھگڑے کے لئے خطرات میں کودنا پڑتا ہے) اور القُحَمُ من الشہر: مہینے کی آخری تین راتیں، کیونکہ ان میں چاند سورج کے قریب نہیں ہوتا۔ قُحَمُ الطریقِ: راستہ کی دشواریاں۔ القَحَامَۃ والقُحُومَۃ: بہت بڑھاپا۔ القَحُوم: بہت بوڑھا۔ المِقْحَام ج مَقَاحِیم: القاحم سے اسم مبالغہ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ المَقَاحِمُ: ہلاکتیں اس کا مفرد قُحْمَۃ ہے لیکن یہ لَمْحَۃ کی جمع مَلَامِحُ کی طرح خلاف قیاس ہے۔

۲ـ اِقتَحَمَ فلاناً: سے حقارت کرنا، کہا جاتا ہے اِقتَحَمَتْہُ عَیْنِی: میری آنکھوں نے اس کو ذلیل سمجھا۔ القَحْمُ مونث قَحْمَۃ ج قِحَام: دبلا۔ المُقْحَمُ: کمزور۔

۳ـ المُقْحَمُ: وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔

○ اَقْحَمَہٗ فی: میں دھکیلنا، گھسیٹنا، کھینچنا، مبتلا کرنا۔ — ہ فی: کو میں بھرنا، کو میں زبردستی ڈالنا۔ اَقْحَمَ نفسَہٗ بینہم: خود کو لوگوں کے درمیان کھینچ کر پہنچانا۔ اِقتَحَمَ ہ: میں زور سے گرنا، کود پڑنا، اندھا دھند کود پڑنا، میں زور سے داخل ہونا، زبردستی گھس آنا، پر چڑھائی کرنا، چڑھ دوڑنا، حملہ کرنا، حملہ آور ہونا، میں غائب ہوجانا، پر تیر کی طرح جھپٹنا، بلہ بولنا، پر ایک دم سے دھاوا کر کے قبضہ کرلینا، (خطرہ، مشکلات) کی پرواہ نہ کرنا۔ قُحْمَۃ جمع قُحَم: جوکھوں والا کام۔ مِقْحَام جمع مَقَاحِیم: بے توجہی سے خطرہ میں کود پڑنے والا، غیر محتاط، نڈر، بے باک، بے وقوف، جیالا۔

قحو: قَحَا ـ قَحْواً الدواءَ: دوا میں گل بابونہ ڈالنا۔ و اِقتَحَی المالَ: کل مال لے لینا۔ اَقحَت الارضُ: زمین کا گل بابونہ اگانا۔ القُحْوَانُ والاُقحُوَانُ: گل بابونہ، واحد قُحْوَانَۃ واُقحُوَانَۃ ج اَقَاحِیُّ واَقَاحٍ، اس کی تصغیر اُقَیحِیَانٌ ہے اور اس کا واحد اُقَیحِیَانَۃ ہے (ن) ایک پودا جس کے سفید پھول اور اس کے پھولوں کے پتے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ انہیں الگ الگ ہونے کی وجہ سے دانتوں سے تشبیہ دی جاتی ہے اس کو بابونہ کہتے ہیں۔ اقاحی الامر: کام کے اوائل۔ المِقْحَاۃ: پھاوڑہ۔

○ اُقحُوان جمع اَقَاحٍ و اَقَاحی: بابونہ، گل بہاری، ڈیزی (daisy)

قد: قَدْ: مندرجہ ذیل معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ ۱۔ بمعنی حَسْبُ جیسے قَدْزَیْدٍ دِرْہَمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِیْ دِرْہَمٌ: بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِی دِرْہَمٌ: ۲۔ اسم فعل بمعنی کَفٰی یا یَکْفِی جیسے قَدْنِی دِرْہَمٌ بمعنی یَکْفِینِی دِرْہَمٌ: ان سب صورتوں میں قَدْ اسم ہے، ۳۔ مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ یَقْدَمُ الغائبُ الیومَ توقع ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ یَصْدُقُ الکَذُوبُ جھوٹا آدمی کبھی سچ بول لیتا ہے اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ اَفْلَحَ مَنِ اتَّقَی اللّٰہَ جو اللہ سے ڈرا اس نے یقیناً فلاح پائی قرآن میں ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا، قَدْ اَفْلَحَ المُؤْمِنُوْنَ اور حال سے قریب کرنے کے لئے جیسے قَدْ قَامَ فُلَانٌ جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہوچکا ہو اور مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ اَشْہَدُ الغَارَۃَ الشَّعْوَاءَ تَحْمِلُنِی: مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔

قدّ: ۱ـ قَدَّ ـ قَدّاً الشیئَ: کو جڑ سے کاٹنا، لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا، تم کہتے ہو قَدَدْتُ الشَّیئَ نِصْفَیْنِ: اور کبھی مفعول ثانی پر حرف جار با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قددت الشیئ بنصفین ـ قَدَّ المسافرُ الفلاۃَ: بیابان طے کرنا۔ — الکلامَ: بات کاٹنا۔ قُدَّ: پیٹ درد والا ہونا۔ ـ فلان قَدَّ السیف: فلاں کا

اچھے طریقے سے کاٹنا۔ قَدَّدَ الشیئَ: کو جڑ سے کاٹنا، لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ — اللحمَ: کے ٹکڑے کرنا اور اسے خشک کرنا۔ تَقَدَّدَ: پھٹنا۔ الشیئُ: خشک ہونا۔ — الثوبُ: کٹ جانا اور پرانا ہونا۔ — القوم: متفرق ہونا مختلف الرائے فرقے ہونا۔ — الثوبُ علیه: کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔ اِقْتَدَّ — الشیئَ: بمعنی قَدَّہٗ۔ الشیئُ: پھٹنا — الامورَ: کی تدبیر کرنا، تمیز کرنا۔ اِنْقَدَّ: پھٹنا۔ اِسْتَقَدَّ الامرُ: برابر ہونا۔ القَدُّ (ح): ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔ القَدُّ (مص) ج اَقُدٌّ و قُدُودٌ و قِدَادٌ و اَقِدَّةٌ: کوزا یا چابک، بکری کے بچہ کی کھال، آدمی کی قامت، اور اعتدال مقدار کہا جاتا ہے۔ هٰذا عَلٰی قَدِّ ذَاكَ یعنی یہ اس کی مقدار کے مطابق ہے۔ (—) عوامی گیتوں کے وزن پر صحیح الاعراب فصیح کلام ترتیب دینا۔ القِدُّ ج اَقُدٌّ: چمڑے کا برتن، تسمہ، کاٹی ہوئی چیز، چابک، — کہا جاتا ہے مَالَهٗ قِدٌّ ولا قِحْفٌ یعنی نہ تو اس کے پاس چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ القِدَّةُ ج قِدَدٌ و اَقِدَّةٌ: چمڑے کا تسمہ، چیز کا ٹکڑا، مختلف الرائے فرقہ کہا جاتا ہے۔ کُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔ — عند الکتّاب: چٹی، رول، رولر (ruler) عند البنائیں والنجارین: ناپنے کی چٹی۔ القُدَادُ: پیٹ کا درد۔ القَدِیْدُ: کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت، پرانا کپڑا۔ القُدَیْدُ: چھوٹا ٹاٹ۔ القِدِّیدِیُّوْنَ: فوج کے توابع جیسے درزی نائی وغیرہ۔ بعض کے نزدیک یہ لفظ تقدد سے ہے اور معنی ہے فوج کے وہ ماتحت جو ملک میں اشد ضرورت کیلئے بکھر جاتے ہیں اور ان کے کپڑے پھٹ جاتے ہیں۔ المَقَدُّ: راستہ، ہموار جگہ۔ المِقَدُّ والمُقَدُّ والمِقَدَّةُ: کاٹنے کی چھری۔ المَقْلُوْدُ: دبلا، کمزور (عامیہ)

٢۔ اِسْتَقَدَّ الامرُ: ہمیشہ ہونا۔

٣۔ القَدَادُ (ح) الیَرْبُوْع جنگلی چوہا، (ح) سیہی۔

○ قَدْ: فعل سے پہلے آتا ہے، کام کی تکمیل پر دلالت کرتا ہے کبھی اب سے پیشتر، قبل ازیں یا پہلے، پہلے ہی سے کے معنی دیتا ہے، مضارع پر آئے تو کبھی کبھی، کبھی کبھار، گاہے گاہے، بعض اوقات اور شاید ممکن ہے، سکنا، غالباً وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔ قِدٌّ جمع اَقُدٌّ: (چمڑے کا) لمبا ٹکڑا یا چوڑی پٹی، تسمہ، فیتہ۔ قِدَّةٌ جمع قِدَد: پٹری، مسطر، رولر۔ تفرقوا طرائقَ قِدَدًا: مختلف حصوں یا گروہوں میں بٹ جانا، کا اجتماع ختم ہونا، ٹوٹنا۔ قَدِیْد: گوشت کے لمبے ٹکڑے جنہیں نمک لگا کر سکھا لیا گیا ہو۔ عَلٰی قَدِّہٖ: اسی قامت، قد، ضخامت، حجم کا، یکساں ضخامت کا، اتنا ہی بڑا۔

قدح ١۔ قَدَحَ — قَدْحًا فی عِرضه: کو طعنہ مارنا، پر عیب لگانا، میں نقص نکالنا، کہا جاتا ہے۔ قَدَحَ فِی سَاقِ اَخِیْهِ: اس نے اپنے بھائی کو دھوکہ دیا۔ قَادَحَهٗ وتَقَادَحَا: ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا یا مناظرہ کرنا۔ المِقْدَاحُ: لوگوں میں خفیہ سازشیں کرنے والا (عامیہ)۔

٢۔ قَدَحَ — قَدْحًا الدودُ فی الاسنان او الشجر: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ القَدْحُ (مص): دانت یا لکڑی کا کیڑا۔ القَادِحُ (فا): دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔ القَادِحَةُ ج قَوَادِحُ القادح کا مونث (ح) درخت یا دانت کا کیڑا۔

٣۔ قَدَحَ — قَدْحًا فی القِدح: تیر کے پھل میں سوراخ کرنا اور عوام اسے سوراخ کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ — ختام الخابیة: مٹکے کی مہر کو توڑ دینا۔ الطبیبُ العینَ: آنکھ کے اندرونی حصے سے پانی نکالنا۔ — ت العینُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ قَدَّحَتِ العینُ: آنکھ کا دھنس جانا — الفرسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔ القِدْحُ ج قِدَاحٌ و اَقْدُحٌ و اَقْدَاحٌ وقِدْحَانٌ جج اَقَادِیْحُ: بغیر پر اور نصل کے تیر، سوراخ (عامیہ)۔

٤۔ قَدَحَ — قَدْحًا الشیئَ: کا چلو لینا۔ المَرَقَ: شوربا نکالنا۔ — القِدرَ: ہانڈی کی چیز چمچے سے نکالنا۔ اِقْتَدَحَ المَرَقَ: شوربا نکالنا۔ القِدرَ: ہانڈی میں جو کچھ ہو چمچے سے نکالنا۔ القُدْحَةُ من المَرَق: چمچہ بھر شوربا۔ القَدِیْحُ: شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچے سے نکلے۔ المِقْدَحُ والمِقْدَحَةُ: چمچہ۔

٥۔ قَدَحَ — قَدْحًا بالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا کہا جاتا ہے قَدَحَ الشیئُ فی صدری یعنی چیز نے میرے سینے پر اثر کیا، اور کہا جاتا ہے اِضِی لِیْ اَقْدَحْ لك: یعنی تم میرے لئے ہو جاؤ میں تمہارے لئے ہو جاؤں گا۔ اِقْتَدَحَ بالزَّنْد: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا — الامرَ: معاملہ کی تدبیر کرنا۔ اِسْتَقْدَحَ زِنَادَہٗ: چقماق سے آگ نکالنا۔ القَدَحُ: اقتداح النار کا اسم۔ القُدْحَةُ: قدح کا اسم نوع۔ حُمّٰی قَادِحَةٌ: بہت تیز بخار۔ القَدَّاحُ: چقماق کا پتھر، لائٹر۔ القَدَّاحَةُ: چقماق کا [illegible] لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ چقماق اور سٹیل، لائٹر۔ الاَقْدُحُ والقَدُوْحُ (ح): مکھی۔ المِقْدَحُ والمِقْدَاحُ: چقماق کا لوہا۔

٦۔ القِدْحُ ج قِدَاحٌ واَقْدُحٌ واَقْدَاحٌ و قِدْحَانٌ جج اَقَادِیْحُ: جوئے کا تیر، کہا جاتا ہے۔ صَدَقَهُم وَسْمَ قِدْحِهٖ: یعنی ان سے سچ کہا۔ القَدَحُ ج اَقْدَاحٌ: پینے کا برتن، چھوٹے اور بڑے دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے اور قَدَحٌ: خالی برتن کو کہتے ہیں اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں کہا جاتا ہے لاتجعلونی کقدح الراکب: یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ اس لئے کہ سوار سارے سامان کو رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے۔ القدحُ الفردُ: یہ کنایہ ہے لے پالک سے۔ القِدَاحة: پیالہ بنانے کا پیشہ۔ القَدَّاحُ: پیالہ بنانے والا، پیالہ پکڑنے والا۔ ترو تازہ پودے کے اطراف، نباتات کے شگوفے (کھلنے سے پہلے)۔

٧۔ اِقْدَحَرَّ اِقْدِحْرَارًا الرجلُ: شرارت، گالی گلوچ یا لڑائی کے لئے تیاری کرنا۔

○ قَدَحَ — قَدْحًا فی: میں سوراخ کرنا، کو چیرنا۔ — فی: کسی شخص پر بہتان باندھنا، کو بدنام کرنا، رسوا کرنا، پر تہمتیں دھرنا، کو بدنام کرتے پھرنا، کو ڈانٹنا، جھڑکنا، برا بھلا کہنا، کی عیب جوئی کرنا، کو قصوروار ٹھہرانا، (گواہ، گواہی) کو قابل اعتراض قرار دیکر مسترد کرنا۔ — فی / ب: کو نقصان پہنچانا، کی قدر و قیمت گھٹانا، کو بے وقعت کرنا، حقیر سمجھنا، گھٹا کر بتانا، برے لفظوں میں بیان کرنا، کم کرنا، نگاہوں سے گرانا۔ — فی / ب: کے نام کو بٹہ لگانا۔ — فی: کی خلاف ورزی کرنا، سے انحراف کرنا، تجاوز کرنا، (قانون) شکنی کرنا۔ قَدَحَ و قَدَّحَ النارَ: چقماق سے آگ جلانا، قَدَحَ زناد الفکر: بغور سوچنا، دماغ پر بہت زور دینا۔ قَدَحَ فِکْرَہٗ: سخت غور کرنا۔ قَدَحَ شَرَرًا: چنگاریاں نکالنا۔ اِقْتَدَحَ واقتدح النار: چقماق سے آگ جلانا۔ — ہ: کی اہمیت یا قدر و قیمت کا اندازہ کرنا، پر غور کرنا۔ قِدْح جمع قِداح و اَقْدُح واقداح واَقَادِیح: تیر کا ڈنڈا، تیر، غیب دان تیر، حکمی فال کا تیر۔ قَدْح: غیبت، بدگوئی، بہتان، جھوٹا الزام، افترا، رسوائی، ہتک، ازالہ حیثیت عرفی، تذلیل، بدنامی، الزام، کلنک کا ٹیکہ، ڈانٹ، سرزنش زجر و توبیخ، الزام، ملامت، لعن طعن۔ — (فی / ب): بے قدری، ہتک، تحقیر، رسوائی، خفت قَدَح جمع اَقْداح: پینے کا پیالہ، پیالی، جام، ساغر، گلاس، چائے کا گلاس، خشک اشیاء

ناپنے کا پیمانہ۔ قَدَّاح و قَدَّاحَة جمع قَدَّاحات: چقماق، لوہا یا فولاد جسے چقماق سے انگاڑیاں نکالنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، چقماق اور فولاد، (سگریٹ) لائٹر مِقْدَحَه: لوہا یا فولاد جسے چقماق سے انگاریاں نکالنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ له القِدحُ المُعلّى في: کیلئے فیصلہ کن اہمیت کا حامل ہونا۔

قدر: ا۔ قَدَرَ ـِ قَدْرًا و قُدْرَةً و مَقْدِرَةً و مَقْدَرَةً و مَقْدُرَةً و مِقْدَارًا و قَدَارَةً و قُدُوْرَةً و قُدُوْرًا و قِدْرَانًا و قَدَارًا و قِدَارًا على الشيئ: پر قوی ہونا۔ ـــ قَدْرًا و قَدَرًا علي الشيئ: پر قدرت رکھنا، کو جمع کرنا، روکنا۔ ـــ اللّٰهَ: اللہ کی تعظیم کرنا۔ قَدِرَ ـَ قَدْرًا و قُدْرَةً و مَقْدِرَةً و مَقْدَرَةً و مَقْدُرَةً و مِقْدَارًا و قَدَارَةً و قُدُوْرَةً و قُدُوْرًا و قِدْرَانًا و قَدَارًا و قِدَرًا على الشيئ: پر قوی ہونا۔ و ـــ قَدَرًا على الشيئ: پر قدرت رکھنا۔ قَدَّرَ على الشيئ: پر قدرت رکھنا، کو جمع کرنا، بند کرنا۔ ـــ اللّٰهُ فلانًا على كذا: اللہ کا کسی کو پر قادر بنانا۔ قَادَرَ مُقَادَرَةً ہٗ: کا توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اَقْدَرَ اللّٰهُ فلانا على كذا: اللہ کا کسی کو پر قادر بنانا۔ ـــ الانسانُ: ہانڈی میں پکانا۔ اِقْتَدَرَ عليه: پر قوی ہونا، قدرت پانا۔ ـــ الرجُلُ: ہانڈی میں پکانا۔ القَادِرُ (فا): مونث قَادِرَةٌ: ہانڈی میں پکانے والا، ہانڈی کا پکا ہوا کہا جاتا ہے۔ بَيْنَنَا لَيْلَةٌ قَادِرَةٌ: ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔ القَدْرُ ج اَقْدَارٌ. طاقت و قوت، مالداری، تونگری، عزت و وقار، حالت القِدْرُ ج قُدُوْرٌ اور اس کی تصغیر قُدَيْرَةٌ و قُدَيْرٌ: ہنڈیا۔ القَدَرُ ج اَقْدَارٌ: طاقت و قوت۔ القُدْرَةُ: فعل یا ترک فعل کی طاقت۔ قُدْرَة آلَةٍ مَا: سیکنڈ میں کام کی مقدار بتانے والا آلہ۔ القُدَارُ: ہنڈیا میں پکانے والا۔ القَدَارُ و القِدَارُ: قدرت۔ القَدَارَةُ و القُدُوْرَةُ: (دونوں مصدر ہیں) قوت، اقتدار، مالداری، الاَقْدَرُ: اسم تفضیل، مونث القَدْرَاءُ۔ بَنُوْ قَدْرَاء: مالدار لوگ۔ القَدِيْرُ: صاحب قدرت، اللہ تعالیٰ کا نام، ہنڈیا میں پکا ہوا گوشت۔ المِقْدَارُ ج مَقَادِيْرُ: قدرت۔ المَقْدَرَةُ و المَقْدُرَةُ و المَقْدِرَةُ: قوت، مالداری۔ المُقْتَدِرُ (فا): ہنڈیا میں پکانیوالا۔ المَقْدُوْرُ (مفع): کہا جاتا ہے۔ امرٌ مقدورٌ عليه: یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو۔

۲۔ قَدَرَ ـِ قَدْرًا الشيئَ بالشيئ: کو کسی مقدار کے مطابق کرنا، کا سے اندازہ کرنا۔ ـــ الامرَ: کی تدبیر کرنا۔ ـــ لأمرِ كذا: پر غور و فکر کرنا، کی تدبیر کرنا، کا قیاس کرنا۔ قَدَّرَ الشيئَ بالشيئ: کا سے اندازہ کرنا، مقدار کے مطابق بنانا۔ ـ الرجُلُ: معاملہ کی درستی اور تدبیر میں غور و فکر کرنا۔ قَادَرَ مُقَادَرَةً ہٗ: کا اندازہ کرنا، کا توانائی میں مقابلہ کرنا۔ ـــ بين الشيئين: ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کے لئے اندازہ کرنا، کہا جاتا ہے۔ فلانٌ يُقَادِرُنِي: فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔ تَقَدَّرَ الثوبُ عليه: کپڑے کا کی مقدار کے مطابق ہونا۔ تَقَادَرَ الرجُلان: ہر ایک کا دوسرے سے مساوات کا طالب ہونا۔ اِقْتَدَرَ الشيئَ بالشيئ: کا سے اندازہ کرنا۔ اِنْقَدَرَ: اندازہ کے مطابق ہونا، کہا جاتا ہے۔ قَدَرْتُ الثوبَ فانْقَدَرَ: میں نے کپڑے کا اندازہ کیا تو وہ اندازے کے موافق ہوگیا۔ القَدْرُ (مص) ج اَقْدَارٌ: چیز کی انتہا، چیز کا بغیر کمی و زیادتی کے دوسری کے برابر ہونا کہا جاتا ہے۔ هٰذَا قَدْرُ ذاك: یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ القَدَرُ (مص) ج اَقْدَارٌ: چیز کی انتہا۔ التَقْدِيْرُ (مص) ج تَقَادِيْرُ عند النحاة: کلمہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا جیسے اگر آپ سے کہا جائے: مَنْ مَعَكَ؟ آپ کے ساتھ کون ہے؟ تو آپ جواب دیں اَخِيْ: میرا بھائی تو اس میں مَعِي کا لفظ لفظوں میں محذوف ہوگا۔ المِقْدَارُ ج مَقَادِيْرُ: چیز کی انتہا، ایک معروف پیمانہ جس سے کسی چیز کی گنتی، پیمائش یا وزن کا پتہ چل جائے۔ المُقَدِّرُ: درختوں یا کھیتی کی مقدار کا تخمینہ لگانے والا (عامیہ)۔

۳۔ قَدَرَ ـِ قَدْرًا و قَدَرًا الرزقَ: کو تقسیم کرنا۔ ـــ اللّٰهُ عليه الامر: کا فیصلہ کرنا، حکم لگانا۔ ـــ على عياله: اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ ـــ قَدَارَةً الشيئَ: کو تیار کرنا، کا وقت متعین کرنا۔ قَدَّرَ اللّٰهُ عليه الامرَ و قَدَّرَ له الامرَ: کا فیصلہ کرنا حکم لگانا۔ ـ على عياله: پر تنگی کرنا۔ تَقَدَّرَ له كذا: کے لئے آمادہ ہونا۔ اِسْتَقْدَرَ اللّٰهَ خيرًا: خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا۔ ليلةُ القدر: ماہ رمضان کی آخری دس راتوں میں سے کوئی ایک طاق رات مثلاً پچیسویں رات، ستائیسویں رات وغیرہ۔ القَدَرُ ج اَقْدَارٌ: اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کے متعلق فیصلہ اور حکم لگانا۔ تقدیر الٰہی، ارادہ کا تعلق اشیا کے ... ان کے اوقات میں القَدَرِيَّةُ: ایک جماعت جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اس کے برعکس ہے۔ التَقْدِيْرُ ج تَقَادِيْرُ: تقدیر الٰہی، ـ عند المتكلمين: ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا۔ المَقْدَرَةُ: قضاء و قدر۔ المَقْدُوْرُ (مفع): فیصلہ شدہ معاملہ۔

۴۔ قَدِرَ ـَ قَدَرًا: چھوٹی گردن والا ہونا۔ القَدَرَةُ: چھوٹی شیشی۔ الاَقْدَرُ: پستہ قد بقول بعض کے نزدیک چھوٹی گردن والا۔

۵۔ القَدَرُ ج اَقْدَارٌ. کندھے کا سرا۔ القُدَار: درمیانہ قدر مرد ـ (ح): بڑا اژدہا، چست و چالاک لڑکا۔ القَدَّارُ: پتھر جو پانی بہنے کی جگہ پر لگایا جائے۔ القَدْرَاءُ: کان نہ بڑا نہ چھوٹا۔ المُقْتَدِرُ: کام کا ساتھی، ہر چیز کا وسط کہا جاتا ہے۔ رجلٌ مُقْتَدِرُ الطُول: درمیانہ قامت کا مرد۔ المُقَادَرَةُ: تنگ مکان۔ المُقَدَّرُ: ایک پٹی جسے عورت تزئین و آرائش کیلئے لگاتی ہے (عامیہ)۔

۶ قَدَرَ ـُ قَدْرًا ہ: اللہ تعالیٰ کا کو مقسوم میں لکھ دینا۔ ـِ قُدْرَةً و مَقْدُرَةً و مَقْدَرَةً و مَقْدِرَةً و قَدِرَ ـَ قَدَرًا: طاقت، قابلیت یا اختیار رکھنا۔ ـ على: پر قابو رکھنا، کا ماہر ہونا، کے مساوی ہونا، کے قابل ہونا، کچھ کرنے کا امکان رکھنا۔ ـ على/ان: کچھ کرنے کے قابل ہونا، کی پوزیشن میں ہونا، کا اہل ہونا، کو کرنے جوگ ہونا، کو کر گزرنے والا ہونا۔ قَدَّرَ ہ على: اللہ تعالیٰ کا کچھ کسی کے لئے مقرر کرنا، مقدر کرنا، ٹھہرانا، ـ ہ: اللہ تعالیٰ کا کچھ مقدر کرنا، کا پہلے سے فیصلہ کر دینا، مقرر کرنا۔ ـ ہ: کا اندازہ کرنا، کو جانچنا، ـ ہ ب: کا اتنا اندازہ لگانا، کی اتنی تشخیص کرنا، پر اتنا ٹیکس لگانا، کو اتنا شمار کرنا، کی قیمت کا اتنا اندازہ کرنا۔ ـ ہ: متوقع چیز کا اندازہ کرنا، کو پہلے سے بھانپ لینا۔ ـــ ان: قیاس آرائی کرنا کہ، فرض کرنا کہ، قیاس کرنا کہ، یقین کرنا کہ، خیال کرنا کہ، کی رائے ہونا کہ۔ ـ ہ/ ہ: کی توقیر کرنا، احترام کرنا، کی قدر کرنا، کو عزیز رکھنا، کی بڑی قدر کرنا، کو آنکھ کا تارا سمجھنا۔ ـ ہ ل: کی میں توقیر کرنا، قدر کرنا، بڑی قدر کرنا، کو میں عزیز رکھنا، آنکھ کا تارا سمجھنا۔ ـــ ہ على: کو کچھ کرنے کا قابل بنانا، کو کچھ کرنے کا اختیار یا طاقت دینا، مجاز بنانا۔ لا قَدَّرَ اللّٰهُ: اللہ نہ کرے۔ قُدِّرَ فَكَانَ: ہو کر رہنے والا ہوگیا۔ قَدَّرَہٗ حَقَّ قَدْرِہٖ: کی صحیح قدر کرنا، کی قدر و قیمت، کی داد دینا۔ (یہاں ضمیر منصوب شخص یا چیز کے لئے ہے) لا يُقَدَّرُ: بے انداز، بے حد، بہت ہی، انمول، لامحدود، بہت ہی بڑا۔ ـــ اَقْدَرَہٗ على: کو کچھ کرنے کے قابل بنانا، کو کچھ کرنے کی پوزیشن میں کرنا۔ تَقَدَّرَ: مقرر ہونا، معین ہونا، ٹھہرایا جانا۔ مقسوم میں لکھا جانا، مقدر ہونا، تقدیر کا لکھا ہونا، فیصلہ سنایا جانا اِقْتَدَرَ: بمعنی قَدَرَ يَقْدِرُ۔ استقدرہٗ: اللہ سے طاقت یا صلاحیت طلب کرنا۔ قَدْر جمع اَقْدَار: حد، گنجائش، مقدار، کمیت،

شمار، گنتی، عدد، تعداد، پیمانہ، شرح، رقم درجہ، قیمت، مسلمہ حیثیت، رتبہ، خدائی حکم۔ لیلةُ القدر: سورۃ ۹۷ کے مطابق وہ رات جس میں قرآن مجید کی وحی ہوئی، یہ رات ۲۶ اور ۲۷ ماہ رمضان کی درمیانی رات کو بتائی جاتی ہے۔ قـدرٌ مِن: کی کوئی حد، کا کوئی درجہ۔ قَدْرَ، بِـقَدْرِ، عـلـیٰ قَدْرِ: کے حسب حال، کے مناسب، کے مطابق، کے تناسب سے بِـقَـدْرِ مـا: کی حد تک، علی قَدْرٍ ما: کسی حد تک، نسبۃً۔ قَدْرَ المُستطاع، بـقـدرِ المستطاع علی قدرِ المستطاع، قَدْرًا الـطـاقةِ، قَدْرَ الامکان بقدرِ الامکان اور علی قـدرِ الامکان: جہاں تک ممکن ہے، جتنا ممکن ہے، حتی المقدور، مقدور بھر۔ اغـلـبـة قـدرُها مائةُ صوتٍ: ایک سو ووٹوں کی اکثریت ذَوُو قدر۔ اہم لوگ، ممتاز لوگ۔ قَـدَر جمع اَقْـدار۔ خدا کا ازلی فیصلہ، تقدیر، قسمت، مقدر، قضا، نصیبہ، مـذهـبُ القَدَر: تقدیر پر ایمان، مسئلہ جبر۔ الـقـضاء و القدر: قسمت اور خدائی فیصلہ۔ قَـضَـاءً و قَـدَرًا، بالقضاء و القَدَر: قسمت سے، خدائی حکم یا فیصلہ سے، جَـاءَ عـلـی قَدَرٍ: وہ صحیح وقت پر آپہنچا، الـقَـدَرِية: انسان کے اختیار و ارادہ پر زور دینے والا ایک اسلامی مکتبہ فکر۔ قِـدْر (مذکر و مونث) جمع قُـدُور: ہانڈی، برتن، کیتلی، قِـدْرَة: مندرجہ بالا معانی، قَـدَرَة: چھوٹی بوتل، فلاسک Flask، قُدْرَةٌ علی: کی صلاحیت، استعداد، قابلیت، کے لئے اختیار، طاقت ــــ: اثر آفرینی، صلاحیت، قابلیت، لیاقت، مناسبت، (اللہ تعالیٰ کی) قدرت کاملہ۔ الـقدرة علی العمل: طاقت، وسعت، القدرة عـلـی الانتقاء: قوتِ انتخاب۔ قَـدِير: قوت والا، اختیار اور قابو والا، طاقت ور، اثر آفرین، ـــ علی: کی پوری مہارت والا، میں کامل، پر پورے غلبہ والا ـــ: قادر مطلق، خدائے قدیر۔ اَقْـدَر: زیادہ طاقت ور، زیادہ اہل ـــ علی: کا زیادہ اہل، کو کرنے کا زیادہ قابل۔ الـمَقْدُرَة الحربية: فوجی وسائل، فوجی طاقت۔ مِـقْدار اَدْنٰی: کم سے کم، مِـقـدار اَقْصٰی: زیادہ سے زیادہ۔ بِـمـقدارِ مـا: جتنی حد تک، جتنے درجے تک، جتنا۔ بهـذا الـمقدار: اس حد یا درجہ تک، اتنا بِـمـقدار: کسی حد یا درجہ تک، کچھ، تـقـديرًا: عملاً، درحقیقت، اصل میں، فی الواقع تـقـديرًا لِهذا: کی قدر دانی یا دادرسی کے طور پر، عـلـی اَقَلِّ تـقـدير: بہرحال، بہرصورت، کم از کم عـلـی اَكْثَرِ تقدير: زیادہ سے زیادہ۔ عن مُبْلَغِ تقديري: (جہاں تک میں اپنے لئے اندازہ لگا سکتا ہوں۔ فـی مـقـدوره اَن: کو کرنے کے قابل ہونا، کا اہل ہونا، کی پوزیشن میں ہونا، کا امکان رکھنا۔ مُقَدَّرات: قسمتیں، تقدیریں، تخمینے، ابتدائی اندازے۔

قدس: ۱۔ قَـدُسَ ـُ قُدْسًا و قُدُسًا: پاک ہونا، بابرکت ہونا۔ قَـدَّسَ اللّٰهُ فلانًا: کو پاک کرنا، بابرکت کرنا۔ ـ الرجُلُ اللّٰهَ: اللہ کی تنزیہ کرنا، کے قدوس ہونے کی صفت بیان کرنا ــ لِلّٰه: اللہ کی پاکی بیان کرنا اللہ کے لئے اپنے آپ کو پاک کرنا کہا جاتا ہے۔ نَـحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ: یعنی ہم اپنے آپ کو تیرے لئے پاک کرتے ہیں۔ ــ الرجُل: بیت المقدس میں آنا ــ الکاهنُ عند النصارٰی: عشاء ربانی ادا کرنا۔ تَـقَـدَّس: پاک ہونا۔ الـقُـدْسُ (مص): یروشلم، بیت المقدس بعض عیسائی کاتب قدس کو حضرت کے معنی میں استعمال کرتے ہیں جب وہ علماء دین بالمقابل احترام لوگوں سے مخاطب ہوتے ہیں: مثلاً قُـدْسُ الاَبِ العَامِ۔ کہتے ہیں قُدْسُ الاَقْدَاسِ عِنْدَ الیَهُوْدِ: مقدس جگہ یہاں یہودی علماء سال میں صرف ایک مرتبہ داخل ہوتے ہیں۔ حظیـرة القُدُس: جنت۔ الـقُدُسُ (مص) روحُ الـقُدُس و الروحُ القُدُس عند النصارٰی: اقانیم ثلاثہ میں سے تیسرا اقنوم۔ روحُ الـقُـدُس عـنـد المسلمین: حضرت جبریل علیہ السلام۔ القَدَاسَةُ: پاکی، یہودی عالم کا لقب کہا جاتا ہے۔ قَـدَاسة الـحبـر الاعـظـم او صـاحـب القـداسة۔ القَادِسُ: بیت حرام۔ الـقَدَّاسُ ج قَدَادِيْسُ عند الـنـصـارٰی: عشائے ربانی کی رسم۔ القَـدُّوْسُ و الـقُـدُّوْسُ: اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام یعنی ہر نقص و عیب سے پاک۔ الـقِـدِّيْـسُ مونث قِدِّيْسَةٌ: عنداللہ مقبول، عیسائیوں کے نزدیک ولی، وہ مومن جو طاہر و فاضل کی حیثیت سے وفات پائے (نصرانیہ)۔ المَقْدِسُ: مقدس جگہ، بیتُ المَقْدِس: قدس شریف کا حرم، (یروشلم میں)، نسبت کے لئے مَـقْـدِسِيّ۔ المُقَدِّسُ (فا): یہودی عالم، راہب۔ البَـيْـتُ الـمُـقَـدَّس: بیت المقدس، نسبت کے لئے مُـقَـدَّسِـيٌّ۔ الارضُ المُقَدَّسَة: ارض فلسطین۔ ارضٌ مُقَدَّسَةٌ: مبارک زمین۔

۲۔ الـقُـدُسُ: وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم کرنے کے لئے کنویں میں ڈالا جائے، الـقُدُسُ و القَدَسُ: چھوٹا پیالہ۔ القَادِسُ ج قَوَادِسُ: بڑی کشتی، اونٹوں کی سیرابی کے لئے پانی میں رکھا جانے والا چھوٹا پتھر۔ الـ[illegible] قَوَادِيسُ: [illegible] دانے ڈالنے کا برتن، عوام اسے کور کہتے ہیں، نہر سے پانی نکالنے کا برتن۔ الـقُـدَاسُ: اونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر، چاندی کا بنا ہوا موتی، بڑی شرافت۔ القَدُوْسُ: سخت اقدام کرنے والا۔ القَدِيْسُ: موتی۔

○ قَـدَّسَ اللّٰهُ سِرَّهٗ: اللہ اس کے راز کو مقدس قرار دے، کسی وفات پائے ہوئے مسلمان ولی کا ذکر آنے پر کہا جاتا ہے) قُدَّاس جمع قُـدَّاسات و قـدادِيـس: عشائے ربانی کی رسم، نماز یا دعا (مسیحیت میں) قُـدَّاسةُ البـابا: تقدس مآب پاپائے روم۔ الـكتابُ الـمُـقَـدَّس: مقدس الہامی کتابیں، بائبل (پرانا اور نیا عہدنامہ)

○ قادِس: جنوب غربی سپین کی بندرگاہ کا نام۔

قدع: ۱۔ قَـدَعَ ـَ قَدْعًا الفرسُ: گھوڑے کا دوڑنا ـــ الامرَ: کو کر گزرنا ـــ الـخمسين من عمره: پچاس سال کی عمر سے تجاوز کرنا۔

۲۔ قَـدَعَ ـَ قَدْعًا السفينةَ: کشتی کو پانی میں دھکیلنا ـــ من الشراب: کو گھونٹ گھونٹ پینا۔ تَقَدَّعَ له بـالشر: سے برائی کے لئے آمادہ ہونا۔ تَقَادَعَ القومُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا اور کھینچنا، پے در پے مرنا ـــ القومُ بالرماح: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔ ـــ علی الشیئ وفیه: پر جوق در جوق گرنا کہا جاتا ہے۔ تقادع الـذبـابُ فـی المَرَق: شوربے میں مکھیاں پے در پے گریں۔ القَدُوْعُ: کسی چیز پر گرنے والا۔

۳۔ قَـدَعَ ـَ قَدْعًا فرسَهُ باللجام: گھوڑے کو لگام سے کھینچنا ـــ الذبابَ عنه بکذا: کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا ـــ ہ عن کذا: کو سے روکنا۔ قَدِعَ ـَ قَدَعًا: رکنا ـــ تْ عینُهٗ: زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا، کہا جاتا ہے۔ قَدِعَتْ لیَ الخمسُوْنَ: میں تقریبا پچاس سال کی عمر کو پہنچ گیا۔ قَادَعَهٗ بعیرُهٗ: اونٹ کا اپنے مالک سے کلیلیں کرنا۔ اَقْدَعَهٗ عن کذا: و سے روکنا۔ الـرجُلَ: کو گالی دینا۔ تَقَادَعَ القومُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا۔ اِنْقَدَعَ: رکنا ـــ عن الشیئ: سے شرم کرنا۔ القَدَعُ: بزدلی، انکساری مَـاءٌ قَـدِعٌ: پانی جو کھاری ہونے کی وجہ سے پیا نہ جا سکے۔ اِمْرَاَةٌ قَدِعَةٌ: شرمیلی کم بولنے والی عورت۔ القَدُوْعُ: ذلیل۔ اِمْرَاَةٌ قَدُوْعٌ: شرمیلی کم بولنے والی عورت۔ الـمِقْدَعَةُ: مورچھل، مکھی ہانکنے کی چوڑی لاٹھی۔

القَدَعُ: زیادہ رونے کی وجہ سے نظر کی کمزوری۔ القَدِعُ:

بہت رونے والا۔ القِدْعَةُ: چھوٹا سینہ بند۔ المُقَدَّعُ: جھری دار۔

قدف: قَدَفَ ـُ قَدْفًا الماءَ: پانی کا چلو لینا۔ پانی گرانا۔ ـــ ہ: کو کسی حیلہ فراڈ سے اس کی جگہ سے لے جانا (عامیہ) القُدَافُ: مٹی کا گھڑا، پیالہ۔ التَقْدِیْفُ عند البحریۃ: یہ تقدیف کا محرف ہے اس طرح المِقْدَافُ المقداف کا تحریف شدہ ہے۔

قدم: ١ـ قَدَمَ ـُ قَدْمًا و قُدُوْمًا القومَ: قوم سے آگے نکلنا۔ قَدَّمَ القومَ: قوم سے سابق ہونا۔ ـــ ہُ: کو آگے کرنا۔ ـــ ہُ الی الحائط: کو دیوار کے قریب کرنا۔ بین یدیہ: آگے بڑھانا۔ یمینًا: قسم کھانا۔ ـــ الیہ بکذا: کو کا حکم دینا۔ اَقْدَمَ فلانًا: کو آگے بڑھنا۔ ـــ یمینًا: قسم کھانا۔ تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا، بہت پیش قدمی کرنیوالا ہونا۔ ـــ القومَ: قوم سے سابق ہونا۔ ـــ الیہ بکذا: کو کا حکم دینا، کہا جاتا ہے: فلان یتقدم بین یدی ابیہ: فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔ اِقْتَدَمَ بمعنی تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا۔ اِسْتَقْدَمَ القومَ: سے آگے کو بڑھ جانا۔

قَادِمُ الرَّحْلِ: کجاوے کا اگلا حصہ۔ ـــ الانسانِ ج قَوَادِمُ: انسان کا سر۔ القُدُمُ: آگے گزرنے والا، کہا جاتا ہے مَضٰی قُدُمًا: وہ سیدھا گیا ادھر ادھر نہیں مڑا، مذکر و مونث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔ القَدَمُ: آگے بڑھنا، اولیت خواہ خیر میں ہو یا شر میں، کہا جاتا ہے لفلان فی کذا قَدَمُ صِدْقٍ او قَدَمُ سوءٍ: یعنی فلاں کے لئے اس معاملہ میں اچھی اولیت یا بری اولیت ہے، اور کہا جاتا ہے۔ لفلان عند فلان قدم: یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ القِدَمُ: اولیت کہا جاتا ہے۔ لہ قِدَمٌ فی ہذا الامر: اس کو اس معاملہ میں اولیت ہے۔ القُدْمَةُ: معاملہ میں اولیت۔ التَقْدِمَةُ ج تَقَادِمُ: مصدر قَدَّمَ کا۔ القَادِمَةُ: لشکر، قَوَادِمُ اور القُدَامٰی کا واحد ہے، بازو کے اگلے پر، جو بڑے ہوتے ہیں اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں۔ جو قوادم کے نیچے ہوتے ہیں۔ قَادِمَةُ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ قَادِمَةُ العسکر: فوج کا اگلا دستہ۔ القَدَمَةُ من الغنم: بکری جو چرنے میں سب سے آگے ہو۔ القُدَامٰی: فوج کا اگلا دستہ۔ قُدَّامُ: آگے، مونث ہے اور اس کی تصغیر قُدَیْدِیْمَةٌ: اور کبھی یہ مذکر استعمال ہوتا ہے تو اس کی تصغیر قُدَیْدِیْمٌ: آتی ہے کہا جاتا ہے: لقیتہ قُدَّامَ ذاك و قدیدیمةً ذاك: یعنی میں نے اس سے اس سے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔ القُدَّامُ و القَدَّامُ و القِدِّیْمُ: شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا، سردار، بادشاہ۔ القَیْدُوْمُ و القَیْدَامُ: اگلا حصہ۔ قَیْدُوْمُ الجَبَلِ: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ الاَقْدَمُ: اسم تفضیل۔ التَقْدِمَةُ ج تَقَادِمُ: ہدیہ۔ المُقْدِمُ ج مَقَادِیْمُ من الرحل: کجاوہ کا اگلا حصہ ـــ من العین: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ۔ ـ من الوجہ: چہرے کا وہ حصہ جو سامنے ہو۔ المُقَدَّمُ فی اصطلاح اہل لبنان: دس بڑے عہدوں میں سے تیسرا عہدہ، سب سے بڑے عہدہ کا نام امیر پھر خوند پھر مُقَدَّم پھر شَیْخ (اع) فوجی عہدہ۔ اس کے متوازی عہدہ کا نام۔ قوماندان۔ ـــ عند المنطقیین: یہ صدر قضیہ شرطیہ ہے جس پر اس کے مابعد قضیے مترتب ہوتے ہیں جیسے آپ کہیں ان کانت الشمس طالعۃ فالنہار موجود: اس سے کم درجہ قضیہ کو تالی کہتے ہیں، ـــ ج مَقَادِیْمُ من الرحل: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ـــ من العین: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ۔ ـ من الوجہ: چہرہ کا سامنے والا حصہ۔ المُقَدِّمَةُ: پیشانی، پیشانی کے بال، موقوف علیہ خواہ عقلی ہو یا عادی یا وضعی جیسے آپ کہیں کل مرکّبٍ فاسدٌ و کل جسمٍ مرکّبٌ فکل جسمٍ فاسدٌ: یہ مقدمہ (مقدمۃ القیاس) کے نام سے معروف ہے۔ اس پر قضیوں کا نتیجہ مرتب ہوتا ہے چنانچہ کل مرکّبٍ فاسدٌ یہ قضیہ کبریٰ ہے، کل جسم مرکّبٌ قضیہ صغری و کل جسم فاسد نتیجہ ہے ـــ من کل شیئ: ہر چیز کا شروع۔ و المُقَدِّمَةُ من الجیش: فوج کا اگلا حصہ، ہراول ـــ من الکتاب: دیباچہ ـــ مقدمۃ الرحل: کجاوہ کا اگلا حصہ۔

٢ـ قَدَمَ ـُ قَدْمًا و قُدُمًا و قُدُوْمًا علی قِرْنِہ: ہمسر پر جرأت کرنا، دلیری کرنا۔ قَدِمَ ـَ قَدْمًا و قُدُمًا و قُدُوْمًا علی قِرْنِہ: ہمسر پر جرأت کرنا۔ ـــ علی الامر: پر بہادری دکھانا۔ اَقْدَمَ علی قِرْنِہ: پر جرأت کرنا۔ علی الامر: پر بہادری دکھانا۔ تَقَدَّمَ و اِسْتَقْدَمَ: بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ اِقْتَدَمَ بمعنی تَقَدَّمَ۔ القَدُمُ و القُدُمُ: دلیر کہا جاتا ہے ہُوَ یَمْشِی القُدُمَ: وہ لڑائی میں آگے آگے رہتا ہے۔ القَدَمُ: بہادر (مذکر مونث، مفرد اور جمع واقع ہوتا ہے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَدَمٌ و امْرَأَةٌ قَدَمٌ و رِجَالٌ قَدَمٌ و نِسَاءٌ قُدُمٌ: اور کہا جاتا ہے ہو ذو قدم یعنی وہ بہادر ہے۔ القَدِمُ: بہت اقدام کرنے والا۔ القُدْمَةُ: جرأت۔ الاَقْدَمُ (ح) شیر۔ القَدُوْمُ ج قُدُمٌ: دلیر، بہت اقدام کرنے والا۔ القُدْمِیَّةُ: مغرورانہ چال، کہا جاتا ہے فلان یمشی القدمیۃ: یعنی فلاں کی چال مغرورانہ ہے اور کہا جاتا ہے ہُوَ یَمْشِی القُدُمِیَّةَ و الیَقْدُمِیَّةَ و التَقْدُمِیَّةَ: وہ جنگ میں دشمن پر پیش قدمی کرنیوالا اور مکارم اخلاق میں بلند مرتبہ ہے۔ المِقْدَامُ و المِقْدَامَةُ ج مَقَادِیْمُ: بہت زیادہ اقدام کرنے والا، اس میں تاء مبالغہ کے لئے ہے۔

٣ـ قَدُمَ ـُ قِدَمًا و قَدَامَةً: پرانا ہونا، حدث کی ضد۔ صفت قَدِیْمٌ و قُدَامٌ۔ تَقَادَمَ: بمعنی قَدُمَ۔ القُدُمُ: خاندانی شرافت۔ القِدْمُ: پرانا زمانہ۔ کہا جاتا ہے کان کذا قِدْمًا: ایسا پرانے زمانہ میں ہوا۔ القِدَمُ: حدوث کی ضد۔ قِدَمُ العَالَمِ او اَزَلِیَّةُ العَالَمِ: فلسفی مذہب کہ عالم ازلی ہے اس کے وجود کی کوئی علت نہیں ہے لہذا یہ قدیم ہے۔ القَدِیْمُ و القُدَامُ ج قُدَمَاءُ و قُدَامٰی و قَدَائِمُ مونث قَدِیْمَةٌ ج قَدِیْمَاتٌ و قَدَائِمُ: پرانا۔

۴ـ قَدِمَ ـَ قُدُوْمًا و مَقْدَمًا و قِدْمَانًا المدینةَ: شہر میں آنا۔ ـ من سفرہ: سفر سے واپس ہونا۔ الی الامر: کا قصد کرنا۔ اَقْدَمَہُ البلدَ: کو شہر میں آنے پر آمادہ کرنا۔ اِسْتَقْدَمَ الرجلَ: سے آنے کو کہنا۔ القَادِمُ ج قُدُوْمٌ و قُدَّامٌ و قَادِمُوْنَ (فا)۔ العام القادم: آئندہ سال۔ القَادِمَةُ۔ القادم کا مونث۔ المَقْدَمُ: آنے کا وقت۔

۵ـ قَدِمَ ـَ قُدُوْمًا و اَقْدَمَ علی العیب: عیب پر راضی ہونا۔

٦ـ القَدَمُ: برج کپڑا۔ القَدَمُ ج اَقْدَامٌ و قُدَامٌ اسم تصغیر۔ قُدَیْمَةٌ: پاؤں (مونث کبھی مذکر بھی آجاتا ہے) ـ فی القیاس: پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑھی کے کنارے تک، کہا جاتا ہے۔ جَعَلَ دِمَاءَہُمْ تَحْتَ قَدَمَیْہِ: ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا، اور کہا جاتا ہے اِجْعَلْ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمِكَ: اسے اپنے قدم کے نیچے کر دو یعنی معاف کر دو، اور کہا جاتا ہے وَضَعَ قَدَمَہُ فِی العَمَلِ: یعنی اس نے کام شروع کر دیا۔ القَدِمُ (ط ا): سخت سنگستان۔ القَدَمَةُ: سخت سنگستان۔ القُدَّامُ: قصاب۔ القَدُوْمُ و القَدُّوْمُ ج قُدُمٌ و قَدَائِمُ: تیشہ، کلہاڑا (مونث)۔

٧ـ القُدَامِسُ: سخت کہا جاتا ہے، عِزٌّ اَوْ حَسَبٌ قِدْمَاسٌ: یعنی پرانا شرف یا حسب۔ القُدْمُوْسُ ج قَدَامِیْسُ: پرانا، (کہا جاتا ہے۔ عِزٌّ او حَسَبٌ قُدْمُوْسٌ: یعنی پرانا شرف یا حسب، سخت، بڑی چٹان، ہراول، لشکر کا اگلا حصہ۔ جَیْشٌ قُدْمُوْسٌ: بڑا لشکر۔

القدموسة: بڑی چٹان۔

قدن. القَدَنُ: کافی کہاجاتا ہے۔ قَدْنُ زَیْدٍ دِرْهَمٌ: زید کے لئے ایک درہم کافی ہے۔

قدو: ا۔ قَدَا ۔ قُدُوًّا: قریب ہونا، سفر سے واپس ہونا۔ به فرسُهُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ اقْدَى اِقْدَاءً: بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا۔ — من السفر: سفر سے واپس آنا۔

۲۔ قَدَا ۔ قُدُوًّا وقَدِىَ يقْدٰى قَدًى و قَدَاةً و قَدَاوَةً الطعامُ: کھانے کا مزیدار وخوشبودار ہونا صفت قَدٍ و قَدِىٌّ: آپ کہیں گے۔ شَمِمْتُ قَدَاةَ القِدْرِ: میں نے ہنڈیا کی خوشبو کو سونگھا۔ اقْدٰى اِقْدَاءً المسكُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا۔ القَدَا: خوشبو، کہاجاتا ہے۔ مَا اقدٰى طعَام فلانٍ: یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار وخوشبودار ہے۔

۳۔ اقْدٰى اِقْدَاءً: خیراور امور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا۔ تَقَدّٰى تَقَدِّيًا على دابته: چوپایہ پر سوار ہو کر درمیان راستہ میں چلنا۔ — ت الدابة براكبها: چوپایہ کا سوار کو وسط راستہ پر لیجانا۔ القَدْوٰى: استقامت

۴۔ اِقتَدٰى اِقتِدَاءً بفلان فى كذا: کی میں پیروی کرنا۔ القِدْوُ ج اَقْدَاءٌ: جڑ جس سے شاخیں نکلیں۔ القِدَةَ والقَدْوَةُ والقِدْوَةُ والقُدْوَةُ و القِدْيَةُ: نمونہ، اسوہ، کہاجاتا ہے۔ لِى بِكَ قُدْوَةٌ: میرے لئے تمہاری زندگی میں اسوہ ہے۔

قدى: ا۔ قَدٰى ۔ قَدْيًا الطعامُ: مزیدار وخوشبودار ہونا۔

۲۔ قَدٰى ۔ قَدَيَانًا الفرسُ: تیز رفتار ہونا کہاجاتا ہے قَدَتْ قَادِيَةٌ: قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا۔ قَادٰى مُقَادَاةً الرجُلَ: سے مقابلہ کرنا۔ القَادِيَةُ ج قَوَادٍ: دیہات سے آنے والی قحط زدہ قوم۔ القِدَةَ: نمونہ: القِدْيَةُ: قِدى کا اسم نوع، روش، طریقہ، سیرت کہاجاتا ہے۔ خُذْفِى هِدْيَتِكَ وَقِدْيَتِكَ: اپنی روش و طریقہ کو اختیار کرو۔

۳۔ قَدّٰى نى هذا الامرُ: یعنی یہ مجھے کافی ہے، عوام کہتے ہیں هٰذَا يُقَدِّى: یعنی یہ کافی ہے۔ القَدٰى والقِدٰى: مقدار، اندازہ، کہاجاتا ہے۔ بَيْنَهُمَا قَدٰى رُمْحٍ: ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کا فاصلہ مقدار ہے۔ یعنی نیزہ کی لمبائی جتنی دوری ہے۔

۴۔ تَقَدّٰى: ناز سے چلنا۔ المُتَقَدِّىُ (فا) (ح): شیر۔

۵۔ القِدَةُ ج قِدَاتٌ (ح): ایک قسم کا سانپ۔

○ قَدَمَ ۔ قُدْمًا و قُدُومًا ہٗ: سے پہلے یا آگے ہونا۔ قَدِمَ — قُدُوماً وقِدماناً و مَقْدَمًا ہ: کسی جگہ پہنچنا۔ —: آنا۔ — ہ/ على / اِلى: کے پاس پہنچنا۔ — ہ/على/الى: کسی جگہ پہنچنا۔ — على: کو کرنے کی جسارت کرنا۔ قَدُمَ — قِدَمًا: قدیم ہونا، پرانا ہونا، قَدَّمَ ہ/ ہ: کو پہلے یا آگے کرنا، کے آگے لیجانا، کو آگے چلانا، کو آگے بھیجنا۔ — ہ ل: کو بطور تعارف پیش کرنا جیسے کسی کتاب کا دیباچہ، تمہید، مقدمہ، پیش لفظ۔ ہ/ہ: کو سرفہرست رکھنا۔ — ہ: گھنٹہ آگے کرنا۔ — ہ: کو پہلے کرنا۔ — ہ/ہ على: کو سے پہلے برتری دینا، — ہ على: کو پر ترجیح دینا۔ — ہ على: کو پر ترجیح دینا — ہ على: کو کیلئے بطور قانونی سرپرست مقرر کرنا۔ — ہ ل: کو کے لئے تیار کرنا، تیار رکھنا، الگ کرنا، مخصوص کرنا، — ل: کا سوچنا، کا اہتمام کرنا۔ ہ ل / اِلى: کوئی چیز کسی کو پیش کرنا، کو پر ظاہر کرنا، کوئی چیز کسی کو دینا، کو کے سپرد کرنا، کو کے پاس بھیجنا، کو کے سامنے رکھنا، کو کوئی چیز بطور تحفہ یا ہدیہ دینا۔ — ہ/ ہ ل / اِلى: کو کے روبرو پیش کرنا۔ ہ ل / الى: کوئی کتاب کسی کے نام معنون کرنا، کسی کتاب کا کسی کے نام انتساب کرنا۔ — ہ: رپورٹ وغیرہ مسل میں لگانا، — ہ ل / اِلى: درخواست وغیرہ کسی کو پیش کرنا، کے سامنے شکایت رکھنا۔ — ہ: جواب دینا۔ — ہ: امتحان دینا۔ — ہ اِلى / أمام: کو کسی متعلقہ حاکم یا عدالت کے روبرو پیش کرنا۔ — ہ ل / اِلى: کا سے تعارف کرانا، کی سے شناسائی کرانا۔ قَدَّمَ (لازم): پہلے یا آگے ہونا، گھنٹہ کا آگے ہونا۔ قَدَّمَهُ بين يديه: کسی چیز کو دوسری چیز سے آگے بھیجنا، کسی چیز کو دوسری چیز سے آگے ہونے دینا۔ قَدَّم له الثمن: کو پیشگی قیمت ادا کرنا۔ قَدَّم خِدْمَةً: کوئی خدمت کرنا۔ — خطوَةً: ایک قدم آگے رکھنا۔ قَدَّمَ الشكرَ لَهُ: کا شکریہ ادا کرنا۔ قَدَّمَ نفسَهُ اِلى البوليس: خود کو پولیس کے حوالے کرنا۔ ماقَدَّمْتُ واَخَّرْتُ: جو کچھ میں نے کیا ہے۔ ماقَدَّمَتْ يداك؟: تم نے کیا جرم کیا ہے يُقَدِّمُ رِجلًا ويُؤَخِّرُ اُخرى: ہچکچانا، تذبذب میں پڑنا، متامل ہونا، پس و پیش کرنا، کوئی فیصلہ نہ کرسکنا۔ فرقُ شهورٍ لاتُقَدِّمُ ولاتؤخر: چند ماہ کا فرق جو اہم نہیں ہے اَقْدَمَ: بہادر، نڈر یا بے باک ہونا۔ — على: کچھ کرنے کی جسارت کرنا، کچھ کرنا، کی جرات کرنا، پر حملہ کرنا۔ تَقَدَّمَ ہ/ہ/على/عن: سے آگے یا پہلے ہونا، سے آگے جانا۔ ھم /على: میں سب سے آگے ہونا۔ —: قدیم ہونا۔ — نحو: کی طرف جانا، بڑھنا، باقاعدہ قدم اٹھا کر چلنا۔ —: ترقی کرنا۔ — اِلى: کے قریب آنا، کو براہ راست مخاطب کرنا، کے پاس آنا۔ — بين يديه / اِلى / ل / اِلى: کے روبرو پیش ہونا۔ (کھیلوں میں) مخالف ٹیم سے ملنا۔ یا اس کا سامنا کرنا۔ — الى / ل ب: کو درخواست پیش کرنا۔ — اِلى ب: کو کا حکم دینا، کو کی ہدایت کرنا، کو کوئی کام سپرد کرنا۔ — به: کو ترقی دینا، بڑھانا۔ تقدمت به السنُ: عمر رسیدہ ہونا کما تقدَّمَ: جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا۔ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ماتَقَدَّمَ من ذنبه و ما تأخر: اللہ نے اس کے تمام گناہ بخش دیئے ہیں۔ وقتُ بغداد مُتَقَدِّمٌ ساعتينِ عن وقتِ اور باالوسطى: بغداد کا وقت وسطی یورپ کے وقت سے دو گھنٹے آگے ہے۔ تقدَّمَ نحوہ: کے پاس آنا، کے نزدیک ہونا۔ تقدَّمَ منه: کی جانب بڑھنا، کی طرف جانا۔ تقدَّمَ للامتحان: امتحان دینا۔ تقادَمَ: پرانا ہونا۔ فرسودہ ہوجانا، متروک ہونا۔ تقویم پارینہ ہونا۔ تقادَمَ الزمنُ: بہت سا وقت گزر گیا ہے۔ تقادَمَ عهدُهُ: یہ بہت پہلے ہوا، اس کا تعلق ماضی سے ہے۔ اِسْتَقْدَمَ ہ: کو آنے کے لئے کہنا، کو بلانا، بلوانا، بلا بھیجنا۔ قِدَمٌ: عرصہ سے گزرا ہوا وقت، زمانہ قدیم۔ قِدَمًا: زمانہ قدیم میں، گزشتہ زمانہ میں، پرانے زمانہ میں، اگلے وقتوں میں، قِدَمٌ: عرصہ سے گزرا ہوا وقت، زمانہ قدیم، عہد رفتہ، عہد پارینہ، بہت ہی پرانا دور، قدامت، اَزلیت، اولیت، تقدم۔ مُنذُ القِدَمِ: عہد رفتہ سے، زمانہ قدیم سے، قدیم روایت کے ذریعے سے، دیر سے چلا آتا۔ قِدَمُ عَهْدِهِ ب: کے ساتھ اس کی پرانی شناسائی، بے تکلفی یا واقفیت، قَدَمٌ (عموماً مونث) جمع اقدام: پاؤں، پیر، فٹ (12 انچ پیمانہ) قدم، قَدَمٌ مُكَعَّبَةٌ: مکعب فٹ۔ سَمْتُ القَدَمِ: سمت النظیر۔ اِصْبَعُ القَدَمِ: پاؤں کی انگلی، على قَدَمَيهِ: برپا، پیدل۔ على اطرافِ قَدَمَيهِ یا على الأقدام: پنجوں کے بل۔ على قَدَمِ الحَذَرِ: پریشان، بزدل، ڈرپوک، بودا، ڈرا ہوا، سہا ہوا على قدم الاُهبَةِ والاستعداد: انتہائی چوکسی کی حالت میں جَرٰى على قدمٍ وساقٍ یا قام على قدم وساق: مکمل طور پر موثر ہوجانا، زوروں پر ہونا، پورے زور سے جاری ہونا۔ ليس لَهُ قَدَمٌ فى: اس کا اس میں کوئی کردار نہیں، وہ اس میں الجھا ہوا نہیں یا ملوث نہیں۔ مَضٰى (سَارَ) قُدُمًا: سیدھا آگے جانا۔ قَدِيمٌ جمع قُدَمَاءُ و قُدَامٰى و قَدَائِمُ: پرانا، قدیم، قدیمی، عتیق، بہت پرانے دور کا، ازلی طور پر پہلے سے موجود۔ — القديم: اللہ تعالیٰ، قديمًا یا فى القديم: پرانے وقتوں میں، زمانہ قدیم میں۔ اگلے وقتوں میں۔ منذ القديم یا مِن قديمٍ: پرانے وقتوں سے چلا آتا قديمُ العهد ب:

پرانا شناسا، بے تکلف یا واقف، میں مدتوں کے تجربہ کا حامل، کا طویل عرصے حامل، دراسات قدیمة: کلاسیکی مطالعے۔ قُدُوم: آنا، آمد۔ قَدُوم جمع قُدُم: بہادر، نڈر، دلیر، شجاع، بے خوف، باہمت، جرأت مند، دلاور۔ قَدُوم و قَدُّوم جمع قَدَائِم و قُدُم: بسولہ، تیشہ۔ قُدَّام: سامنے کا حصہ۔ قُدَّامَ: کے سامنے۔ قَیدُوم: جہاز کا اگلا حصہ۔ اَقْدَم: زیادہ پرانا، زیادہ قدیم الأَقْدَمُون: بہت پرانے لوگ۔ أَقْدَمِیَة: اولیت، سنیارٹی۔ مَقْدَم: آنا، آمد۔ مِقْدَام: بہادر، دلیر، شجاع، نڈر، بے خوف، سٹاف سارجنٹ (فوجی عہدہ) تقدیم آگے بھیجنا، (دیکھو قَدَّمَ) پیشکش، گزارش، مسل میں لگانا، نذر، وقف، تہدیہ، ٹینڈر (نیلام کا) بولی۔ محضر، محضرنامہ جمع تقادیم: سرکاری طور پر مسلمہ سرپرستی (تیونس میں) تَقْدِمَة: پیشکش، ٹینڈر، بولی تہدیہ (سماجی) تعارف، پیشکش، نذر (مسیحیت میں) جمع تقادِم: تحفہ، ہدیہ اِقْدام: بہادری، جسارت، دلیری، بے خوفی، نڈر پن، مضبوط دلی، ہمت، مہم پسندی، مہم جوئی، پہلا قدم، اقدام، پیش قدمی، تَقَدُّم: پیش قدمی، برتری، اولیت، سنیارٹی، فوقیت، پیش قدمی، ترقی، برتری، بڑھنا تَقَدُّمِی: ترقی پسند، ترقی پسندانہ تَقَادُمُ العهد (الزمن): زمانہ کا بڑھنا یا گزرنا مَعَ تَقَادُمِ الزَّمَنِ: زمانہ کی رفتار کے ساتھ، مُقَدِّم: پیشکش کرنے والا، ٹینڈر دینے والا، دینے والا، پیش کرنے والا۔ معطی۔ قادِم: آنے والا، نووارد، آئندہ (مہینہ وغیرہ) مُقَدِّم الطلب: درخواست دہندہ۔ مُقَدَّم: سامنے کا حصہ، جہاز کا اگلا حصہ، ہوائی جہاز وغیرہ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ نسبتوں کی مساوات کا مسلمہ اصول، اورسیئر۔ سپروائزر، فورمین۔ میجر، لفٹیننٹ کرنل، سرکاری طور پر مقرر کردہ سرپرست وقف جائیداد کا ناظم یا متولی۔ مُقَدَّم علیه: قانونی نابالغ جسے سرکاری طور پر مسلمہ سرپرستی کے تحت رکھا گیا ہو۔ مُقَدَّمًا: پیشگی، پہلے ہی سے، قبل از وقت۔ مُقَدِّمَة و مُقَدَّمَة: جمع مقدمات: سامنے کا حصہ، اگلا حصہ، سامنا، ماتھا، رخ، پیش، جہاز کا اگلا حصہ، پیش منظر، سب سے نمایاں حصہ، ہراول، محافظ دستہ، دیباچہ، پیش لفظ، تمہید، مقدمہ۔ مُتَقَدِّم: پہلے، آگے، آگے بڑھتا ہوا، بہت ترقی یافتہ، آگے، اگلے حصہ میں موجود، پہلا، اول، اہم، مذکورہ بالا، پہلے مذکور، ترقی یافتہ، سینئر (کھلاڑی) المتقدم ذِكْرُهُ: مذکورہ بالا المتقدم فی السنّ او فی العمر: سن رسیدہ۔ متقدم علی اِبَّانِهِ: قبل از وقت، بڑا جلد باز، بے توقع، بے محل المُتَقَدِّمُون والمُتَأخِرُونَ: پہلے اور بعد کے، سب۔

قذّ: ۱۔ قَذَّ ـُ قَذًّا الریشَ: تیر کے پر کے اطراف کو کاٹنا اور ہموار کرنا۔ ـ الرجُلَ: کی گدی پر مارنا۔ ـ السهمَ: تیر میں پر لگانا۔ ـ وقَذَّذ الشَعَرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا۔ اَقَذَّ السهمَ: تیر میں پر لگانا۔ تَقَذَّذَ القومُ: قوم کا متفرق ہونا کہا جاتا ہے فُلانٌ لَایَدَعُ شَاذَةً ولَا قَاذَّةً: یعنی وہ بہادر ہے جسے دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے۔ القُذَّةُ ج قُذَذ و قِذاذ: انسان یا گھوڑے کا کان، تیر کا پر۔ القُذَاذَةُ ج قُذَاذَاتٌ: پر کا تراشہ سونے وغیرہ کا ریزہ، کہا جاتا ہے۔ اِنَّ لِی قُذَاذَاتٍ و جُذَاذَاتٍ ـ القُذَاذَاتُ: سونے کے ٹکڑے اور جُذَاذَاتٍ: چاندی کے ٹکڑے۔ القُذَّانُ: بڑھاپے کی وجہ سے دونوں طرف کنپٹی کی سفیدی، پرندہ کے بازوں کی سفیدی۔ سَهمٌ اَقَذُّ: پروں والا تیر ج قُذٌّ جج قِذَاذٌ (ضد): بے پر کا تیر، کہا جاتا ہے مَالَهُ اَقَذُّ ولَا مَرِیشٌ: یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ المَقَذُّ: گدی، سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے یا آگے یا پیچھے کی طرف، سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ۔ المَقَذُّ و المِقَذَّةُ: پر تراشنے کا آلہ، چھری وغیرہ۔ المُقَذَّذُ و المَقْذُوذُ: بال تراش کر ہموار کیا ہوا۔ ہر ہموار چیز، آراستہ و پیراستہ۔ المُقَذَّذَةُ و المَقْذُوذَةُ: گول کان۔

۳۔ قَذَّ ـُ قَذًّا الحجرَ و کلَّ غلیظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا۔

۴۔ القُذَّةُ ج قِذَّانٌ (ح): پسو۔ القُذُذُ (ح): پسو۔

قذح: قَاذَحَ مُقَاذَحَةً ہُ: کو گالی گلوچ کرنا۔ تَقَذَّحَ لفلانٍ بالشر: کے ساتھ شرارت کرنا۔

○ اِقْتَدَی ب: کسی شخص یا چیز کی نقل کرنا۔ ـ ب: کی ریس کرنا، کی ہمسری کی کوشش کرنا، کے نقش قدم پر چلنا کی پیروی کرنا، قُدْوَة و قِدْوَة: نمونہ، نقش، عمدہ مثال یا اچھا نمونہ۔ قَدِی: مزیدار، لذیذ، چٹپٹا، خوش ذائقہ (کھانا)۔ اِقتداء: نقل، ریس، ہمسری کی کوشش۔ ـ ب: کے نمونہ یا مثال کی پیروی۔

○ حَذْوَ القُذَّةِ بالقُذَّة: بالکل ہو بہو، بالکل ویسا ہی مغالطہ آمیز ایک سا۔

قذر: ۱۔ قَذَرَ ـُ قَذَرًا و قَذَارَةً: گندا ہونا میلا ہونا صفت قَذْرٌ و قَذِرٌ و قَذَرٌ و قَذُرٌ۔ ـ قَذْرًا الشیءَ: کو گندا کرنا۔ قَذُرَ ـُ قَذَرًا و قَذَارَةً: گندا ہونا، میلا ہونا صفت قَذْرٌ وقَذِرٌ و قَذَرٌ و قَذُرٌ۔ قَذِرَ ـَ قَذَرًا و قَذَارَةً: گندا ہونا ـ قَذَرًا الشیءَ: کو گندا کرنا، مکروہ جاننا، سے پرہیز کرنا، کو گندا سمجھنا۔ قَذَّرَ الشیءَ: کو گندا کرنا۔ اَقْذَرَہُ: کو گندا پانا ـ فلانًا: کو تنگ دل کرنا۔ تَقَذَّرَ الشیءَ و منه: کو میل کچیل کی وجہ سے مکروہ جاننا۔ اِسْتَقْذَرَ الشیءَ: کو گندا سمجھنا، میل کچیل کی وجہ سے مکروہ جاننا۔ القَذَرُ (مص) ج اَقْذَارٌ و مَقَاذِرُ علی غیر القیاس: میل کچیل، کبھی پاخانہ پر بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ رَجُلٌ قُذَرَةٌ: ملامت سے دور مرد۔ القَاذُورَةُ ج قَاذُورَاتٌ: بدکار عورت جیسے زانیہ ـ والقَاذُورُ و ذو قاذورة: جو بدخلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے، جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے۔ القَذُورُ بمعنی القاذور ـ من النساء: مردوں سے الگ تھلک رہنے والی عورت یا شک و شبہ سے دور، رَجُلٌ مَقْذَرٌ ج مَقَاذِرُ: مرد جس سے لوگ پرہیز کریں المَقَاذِرُ: گندگیاں۔ المُقَذِّرُ ج مُقَذِّرُونَ: فواحش کا ارتکاب کرنے والا۔

۲۔ القَذْرُوفُ قَذَارِیفُ: عیب۔

○ قَذَر: میل، ناپاکی، جمع اَقْذار: گند، گندگی، غلاظت، خستگی، زبوں حالی۔ قَذِر و قَذُر: گندا، میلا، ناپاک، غلیظ، گھناؤنا۔ قَذُور: نازک مزاج، نازک طبع، ناپاک۔ قَذَارَة: گندگی، میلا پن، ناپاکی۔ قَاذُورَ جمع قاذورات: گند، غلاظت، خستگی، گندگی، میلا، کوڑا کرکٹ، آخور، (اخلاقی) آلودگی۔ مَقَاذِر: گندی چیزیں، گند، غلاظت۔

قذع: ۱۔ قَذَعَ ـَ قَذْعًا ہُ: کو گالی دینا، سے بے ہودہ بکنا۔ قَذَّعَ ثوبَهُ: کپڑے کو گندا کرنا، میلا کچیلا کرنا۔ قَاذَعَ ہُ: سے گالی گلوچ کرنا۔ اَقْذَعَ فلانًا: کو گالی دینا اور اس سے بے ہودہ بکنا۔ ـ لفلان: کو سخت سست کہنا ـ القولَ: برا کہنا ـ الرجُلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا۔ تَقَذَّعَ له بالشر: سے برائی کی تیاری کرنا۔ سے برائی کرنے کی تیاری کرنا۔ القَذَعُ: گندا، بے حیائی، فحاشی ـ و القَذِیعُ والاَقْذَعُ: قبیح، بدخلق، قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا القَذِعُ: گندگی والا، بے حیا القَذِیعَةُ: گالی گلوچ، قبیح قول یا فعل کہا جاتا ہے رَمَاہُ بالمُقْذِعَاتِ او المُقَذِّعَاتِ: اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔

۲۔ تَقَذَّعَ الرجُلُ: ناپسند کرنا۔

۳۔ القُذَعْمِلُ: موٹا اونٹ۔ القُذَعْمِلَةُ: پست قامت خسیس عورت، کہا جاتا ہے۔ مَاعِنْدَہ قُذَعْمِلَةٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔ مَافِی السَّمَاءِ قُذَعْمِلَةٌ: آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں۔

○ قَذَعَ ـ قَذْعًا ہ: کو بدنام کرنا، پر بہتان باندھنا، کو بدنام کرتے پھرنا ـ: چغلی کھانا، بدنامی کرنا، بہتان

تراشی کرنا۔

قذف: ۱۔ قَذَفَ ـِ قَذْفًا: قے کرنا۔ ـــ المَلّاحُ: چپو سے کشتی چلانا۔ ـــ بقوله: بغیر سوچے سمجھے بک دینا۔ ـــ الحجرَ و بالحجر: پتھر پھینکنا۔ ـــ ہٗ بکذا: پر کی تہمت لگانا۔ ـــ فلاناً بالحجر: کو پتھر مارنا۔ ـــ الرحُلَ: پر شک سے تہمت لگانا۔ قَاذَفَ ہٗ: ایک دوسرے پر تہمت لگانا اور ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تَقَاذَفَ الماءُ: پانی کا تیز بہنا۔ ـــ الفرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ ـــ القوم: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ ـــ القومُ بالحجارة: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔ ـــ ت به الامواجُ: کو تھپیڑے مارنا اور کہا جاتا ہے۔ تَقَاذَفَتْ بهِ الابْوَابُ: کو دروازوں نے دھکا دیا یعنی کوئی شخص کسی دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے پر مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا۔ اِنْقَذَفَ: پھینکا جانا۔ اِسْتَقْذَفَ فلانا بالحجر: کو پتھر مارنا۔ ـــ الرجُلَ: پر کی تہمت لگانا۔ القَاذِفُ: (فا) کہا جاتا ہے: هُمْ بَيْنَ حَاذِفٍ وقَاذِفٍ: وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان میں ہیں۔ نَاقَةٌ قَاذِفٌ: تیز دوڑنے والی اونٹنی کہ اونٹوں سے دوڑنے میں آگے نکل جائے۔ القَاذِفَةُ ج قَاذِفَاتٌ: بمبار طیارہ۔ القَاذُوْفُ (ا ع): چھوٹی توپ۔ القُذُفُ: پھسلن کی جگہ۔ والقَذُوْفُ: دور کہا جاتا ہے۔ فَلَاةٌ اونِيَةٌ قُذُفٌ: دور کا بیابان۔ بَلْدَةٌ قَذُوْفٌ: دور دراز کا شہر، قَوْسٌ قَذُوْفٌ: تیر کو دور پھینکنے والی کمان۔ نَاقَةٌ قَذُوفٌ و قَذُوْفٌ: دوڑنے میں اونٹوں سے آگے نکل جانے والی اونٹنی۔ القَذَفُ: پھسلن کی جگہ، دور کہا جاتا ہے۔ فَلَاةٌ اونِيَّةٌ قَذَفٌ: دور کا بیابان۔ القِذَافُ: ہر وہ چیز جو پھینکی جائے، تیز روی۔ نَاقَةٌ قِذَافٌ: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ القَذَّافُ اسم مبالغہ منجنیق ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دور تک پھینکا جائے، سواری۔ القَذِيْفُ: دور۔ ـــ (ا ع): میزائل۔ القَذِيْفَةُ: ہر وہ چیز جو پھینکی جائے اس سے ہے قذائف المدافع والطائرات: توپ کے گولے، وہ بم جسے جہاز دشمن پر گراتے ہیں۔ القَذِيْفَةُ اليَدَوِيَّةُ: ہینڈ گرنیڈ یا دستی بم۔ المِقْذَفُ ج مَقَاذِفُ۔ المِقْذَافُ ج مَقَاذِيْفُ: چپو۔ المَقَاذِفُ: ہلاکتیں۔ المُقَذَّفُ: لعنت کیا ہوا، کہا جاتا ہے، فَارِسٌ مُقَذَّفٌ: جنگ آزمودہ شہسوار۔ فَرَسٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز رفتار گھوڑا۔ سَيْرٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز چال۔

۲۔ القُذُفُ والقَذَفُ والنَّذُفُ: جانب، گوشہ۔ القُذْفَةُ ج قِذَافٌ و قُذَفٌ و قُذُفٌ و قُذُفَاتٌ: جانب گوشہ، کنگرہ، پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو۔ اقْذَافُ القَصْرِ: محل کے کنگرے۔ القَذَافُ: تھوڑا پانی۔ القَذَّافُ: ترازو۔ المُقَذَّفُ: پر گوشت۔

قذل: ۱۔ قَذَلَ ـُ قَذْلًا ہٗ: کی گدی پر مارنا۔ القَذَالُ ج قُذُلٌ و اَقْذِلَةٌ: گدی، سر کا پچھلا حصہ۔

۲۔ قَذَلَ ـُ قَذْلًا ہٗ: پر عیب لگانا۔ القَذَلُ: عیب۔

۳۔ قَذَلَ ـُ قَذْلًا ہٗ: کا پیچھا کرنا۔ ـــ في الامر: میں کوشش کرنا۔

۴۔ قَذَلَ ـُ قَذْلًا فلانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا۔

قذم: ۱۔ قَذَمَ ـُ قَذْمًا له من المال: کو مال یک بارگی دینا۔ قَذِمَ ـَ قَذَمًا الماءَ: پانی کا گھونٹ لینا۔ القُذَمُ: بہت دینے والا سردار۔ القُذْمَةُ: پانی کا گھونٹ۔ القِذَمُ: بہت دینے والا سردار۔ ـــ والقُذَامُ من الآبار: بہت پانی والا کنواں۔ بئرٌ قَذُوْمٌ ج قُذُمٌ: بہت پانی والا کنواں۔ القَذِيْمَةُ ج قَذَائِمُ: مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے۔

۲۔ اِنْقَذَمَ: تیز دوڑنا۔

○ قَذَفَ ہ / ب: کو پھینکنا، بے کار سمجھ کر پھینک دینا، ترک کر دینا، زور سے پھینکنا، اچھالنا۔ ـــ / ہ / ب: کو زور سے پھینکنا، دھکیلنا، ٹھیلنا۔ ـــ ہ / ب: (کشتی) کھینا، (کچھ) نکالنا، چھوڑنا۔ ہ / ہ / ب: کو نکالنا، نکال باہر کرنا، خارج کرنا۔ ہ / ب: کو بے دخل کرنا، نکال دینا، ـــ ب: کچھ گرانا۔ ـــ ہ / ہ ب: پر کچھ پھینکنا۔ ـــ ہ ب: کو کا الزام دینا، پر کی تہمت لگانا۔ ـــ ہ: کو بدنام کرنا، پر بہتان باندھنا۔ ـــ: قے کرنا۔ قَذَفَ ہ بالقنابل: پر بم مارنا قَذَفَ علیه الشتائم: کے خلاف فحش زبان استعمال کرنا۔ قَذَّفَ: چپو چلانا، کشتی کھینا۔ تَقَاذَفَ ب: ایک دوسرے پر کچھ پھینکنا۔ ـــ ہ: کو آگے پیچھے پھینکنا۔ ـــ ہ / ب: کو ادھر ادھر دھکیلنا۔ تَقَاذَفَتْ به الامواجُ: موجوں سے ادھر ادھر اچھلنا۔ اِنْقَذَفَ: پھینکا جانا، اچھلنا، پٹخنا، ڈالا جانا قَذْف: بدنامی، تہمت، بہتان، جھوٹا الزام۔ القذف بالقنابل: بمباری۔ طائرةُ قذف القنابل: بمبار طیارہ۔ قَذْفي: بدنام کن، ہتک آمیز، افترا پرداز۔ طیارة قَذَّافة: بمبار طیارہ۔ قَذِيْفَة جمع قَذَائِف: گولی، گولا، بم، فتیلہ، بم کی بتی قذیفة نَسَّافَة: آبدوز گولہ، تارپیڈو (Torpedo) قذیفة يَدَوِية: دستی بم۔ مِقْذَاف جمع مَقَاذِف و مقاذیف: چپو۔ تَقْذِيف کشتی کھینا، چپو چلانا۔ قَاذِفَةُ القنابل جمع قاذفات القنابل: بمبار طیارہ۔ قَاذِفَةُ اللَهَب یا قاذفة النار: شعلے اگلنے والی کل، آگ اگلنے والی کل۔ مَقْذُوف جمع مَقَاذِيف و مَقْذُوفَة جمع مَقْذُوفَات: میزائل (Missile) گولہ، گولی۔

قذی: ۱۔ قَذَى ـِ قَذْيًا وقَذًى و قُذِيًّا و قَذَيَانًا ت عينُہٗ: آنکھ کا کیچڑ نکالنا۔ قَذِيَ ـَ قَذًى و قَذَيَانًا و قَذَيَات عينُہٗ: آنکھ میں تنکا پڑنا صفت قَذِيَةٌ و قَذِيَّةٌ و مَقْذِيَّةٌ۔ ـــ الشرابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا۔ قَذَّى ـ عينَہٗ: آنکھ سے خس و خاشاک نکالنا۔ اَقْذَى عينَہٗ: آنکھ میں خس و خاشاک ڈالنا۔ اِقْتَذَى الطائرُ: سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا۔ القَذَى ج قُذِيٌّ و اَقْذَاءٌ والقَذَاةُ: آنکھ یا پینے کی چیز میں گرا ہوا تنکا، خس و شاک وغیرہ، کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ يُغْضِي عَلَى القَذَى: یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے شکایت نہیں کرتا۔ ـــ صَارَ الامْرُ قَذًى فِي عَيْنِهِ: یعنی معاملے نے اسے تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالے کی کوشش کی۔ عربوں کی مثال ہے۔ يُبْصِرُ اَحَدُكُمُ القَذَى فِي عَيْنِ اَخِيْهِ يَعْمَى عَنِ الجِذْعِ فِي عَيْنِهِ: دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نگاہ رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے۔ القِذَى ج قِذِيٌّ و اَقْذَاءٌ: باریک خاک۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَذِيُّ العين: وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو۔

۲۔ قَذَى ـِ قَذْيًا وقَذًى و قُذِيًّا وقَذَيَانًا ـُ قَادِيَةٌ: لوگوں کی جماعت آئی۔ القَوَاذِي واحد قَادِيَةٌ: جو سب سے پہلے تمہارے پاس آئے۔ الاقْذَاءُ: گھٹیا لوگ۔

۳۔ قَاذَى مُقَاذَاةً الرجُلَ: کو بدلہ دینا۔

○ اَقْذَى عينَہٗ: کو پریشان کرنا، تنگ کرنا، دق کرنا، قَذًى واحد قَذَاة: آنکھ یا پینے کی چیز میں پڑنے والی کوئی چیز، (گردکا) ذرہ یا گندگی جو سیال یا مائع کی سطح پر تیر رہی ہو۔ آنکھ میں کوئی خارجی چیز۔ قَذًى في عينه: آنکھ کا کانٹا، خار۔ اَغْضَى على القذى: پریشانی کو صبر و تحمل سے برداشت کرنا، کھسیانی ہنسی ہنسنا اور اسے برداشت کرنا۔ زہر کا گھونٹ پی کر خاموش رہنا یا زہر کا گھونٹ پی کر رہ جانا۔ غَمَّضَ جفونَہٗ على القذى: بمعنی بالا۔ قَذًى جمع اقذاء: پتلی گرد۔ جمع اَقْذَاء: ہوا میں تیرتے ہوئے ذرات۔

قرّ: ۱۔ قَرَّ ـِ قَرًّا اليومُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔ قَرَّ ـَ قُرَّةً و قَرَّةً و قُرُوْرَةً ت عينُہٗ: خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔ شخص کی صفت قريرُ العين اور عَيْنٌ کی

صفت قَرِيرَةٌ۔ قَرَّ ـِ قَرًّا القِدْرَ: ہانڈی میں ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ ـــ علیه الماءَ: پر ٹھنڈا پانی ڈالنا، کہا جاتا ہے قَرَّ الكَلَامَ فِي أُذُنِهِ: اس نے کے کان سے منہ لگا کر بات کی۔ قُرَّ قَرًّا و قِرًّا: کو سردی لگنا۔ اَقَرَّ اِقْرَارًا: ٹھنڈک میں داخل ہونا۔ ـــ اللّٰهُ الرجُلَ: کو سردی پہنچانا، سردی زدہ کو خلاف قیاس مُقْرُوْرٌ کہتے ہیں اور مُقَرٌّ نہیں کہا جاتا۔ ـ اللّٰهُ عينَهُ و بعينِهِ: کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا۔ تَقَرَّرَ القُرَّةَ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا۔ اِقْتَرَّ الرجُلُ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا، ٹھنڈے پانی سے نہانا۔

القَارُّ (فا) ـ يَوْمٌ قَارٌّ: ٹھنڈا دن۔ مثال ہے وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلّٰى قَارَّهَا: یعنی جو بھلائی کا مزہ لیتا رہا اسے اب برائی چکھاؤ یا جو تجھ سے نفع حاصل کرتا رہا اس سے اب اپنا بوجھ اٹھواؤ۔ القَارَّةُ: القار کی مونث۔ عَيْنٌ قَارَّةٌ: ٹھنڈی آنکھ، یا کنایہ ہے مسرور ہونے سے۔ القُرُّ: سردی۔ يَوْمٌ قَرٌّ: ٹھنڈا دن۔ لَيْلَةٌ قَرٌّ: ٹھنڈی رات۔ القُرَّةُ (مص): کہا جاتا ہے۔ هُوَ قُرَّةُ عَيْنِي: وہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ و قُرَّةُ العَيْنِ (ن) ایک قسم کی گھاس جو پانی بہنے کی جگہ ہوتی ہے یہ جرجیر کے علاوہ ہے کیونکہ جرجیر کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔ اَبُو قُرَّةَ: گرگٹ کی کنیت کیونکہ اس پر سردی کا بہت غلبہ رہتا ہے اس لئے وہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔ لَيْلَةٌ قَرَّةٌ: ٹھنڈی رات۔ القَرَّتَانِ: صبح و شام۔ القِرَّةُ: ٹھنڈک۔ عربوں کی مثال ہے حِرَّةٌ عَلٰى قِرَّةٍ: اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔ القَرَرَةُ والقِرَارَةُ والقَرَارَةُ والقُرَارَةُ و القُرُوْرَةُ: پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔ الاَقَرُّ: اسم تفضیل، کہا جاتا ہے اَیُّ الاَیَّامِ اَقَرُّ: کون سا دن زیادہ ٹھنڈا ہے۔ القَرُوْرُ: ٹھنڈا پانی۔ المَقْرُوْرُ: ٹھنڈا، سردی زدہ۔

۲۔ قَرَّ ـِ قَرَارًا وقُرُوْرًا و قَرًّا و تَقْرَارًا و تَقِرَّةً فی المکان او علی الامر: کام پر ثابت قدم رہنا۔ جگہ میں ٹھہر جانا۔ قَرَّرَهُ فی المکان او علی العمل: کو جگہ میں ٹھہرانا، کام پر ثابت قدم رکھنا کہا جاتا ہے۔ قَرَّرْتُ عِنْدَهُ الخَبَرَ حَتّٰی اسْتَقَرَّ: یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا۔ ـــ هُ بالامر: سے کا اقرار کرانا۔ ـــ ہ علی الحق: سے حق منوانا۔ قَارَّ مُقَارَّةً فی الصلوٰۃ: نماز میں سکون اختیار کرنا۔ حرکت نہ کرنا۔ ـــ الرجُلَ: کی موافقت کرنا۔ اَقَرَّ اِقْرَارًا فلانًا فی المکان: کو جگہ میں ٹھہرانا۔ ـــ العاملَ علی العمل: مزدور کو کام پر باقی رکھنا۔ ـــ الرجُلُ: ٹھہرنا، تابعدار ہونا۔ ـــ بالحق: کو مان لینا، کا اقرار کرنا۔ ـــ الکلامَ لهُ: سے کو بیان کرنا۔ ـــ القِدْرَ: ہانڈی سے چمٹی ہوئی چیز کو اتارنا۔ ـــ الطائر فی عُشِّهِ: پرندے کو گھونسلے میں باقی رکھنا۔ ـــ تِ الناقةُ: اونٹنی کا حمل ٹھہرنا صفت مُقِرٌّ۔ تَقَرَّرَ: ثابت ہونا۔ تَقَارَّ فی المکان: میں ٹھہرنا اور ثابت رہنا۔ اِقْتَرَّ فلانًا فی العمل و علیه: کو کام پر باقی رکھنا۔ اِسْتَقَرَّ بالمکان: میں ٹھہرنا، ثابت رہنا۔ القَارَّةُ عند اهل الجغرافیا: براعظم جیسے براعظم ایشیا، براعظم یورپ اور براعظم امریکا۔ المَقَرُّ: کسی جگہ میں قرار، ٹھہرنے کی جگہ کہا جاتا ہے۔ وَقَعْتَ بِقُرِّكَ: یعنی جس چیز کے تم خواہشمند تھے اور اس کے لئے کوشاں، تم نے اسے پالیا مثلاً طالب قصاص کو کہا جاتا ہے جب وہ قصاص لے لے۔ القَرُّ (مص) مردوں کی سوار ہونے کی جگہ جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے۔ اور بعض کے نزدیک ہودج کو کہتے ہیں۔ يَوْمُ القَرِّ: یوم النحر سے اگلا دن، جس میں حجاج منیٰ میں قیام کرتے ہیں۔ (۱۱) ماہ ذوالحج) القُرَّةُ والقَرَرَةُ والقُرَرَةُ والقُرَارَةُ: ہانڈی کی تلی میں جو لگ جائے، ہانڈی کی کھرچن۔ القِرَّةُ: قَرَّ کا اسم نوع۔ القَرَارُ: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھہرے، ٹھہرنے کی جگہ، سکون و اطمینان حاصل کرنے کی جگہ، کہا جاتا ہے صَارَ الاَمْرُ اِلٰى قَرَارِهِ: یعنی معاملہ انتہا کو پہنچ گیا۔ (مو) قطعہ کا سر جہاں پہنچ کر گلوکار آواز ختم کر دیتا ہے۔ اَهْلُ القَرَارِ: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں برخلاف بدیوں کے کیونکہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں۔ دَارُ القَرَارِ: دار آخرت۔ القَرَارَةُ: ٹھہرنے کی جگہ، سکون و اطمینان حاصل کرنے کی جگہ، گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ القَرَارِيُّ: درزی، قصاب، شہری جو کسی کا احسان نہ لے۔ القَرَابِيُّ عند العامة: شہر میں رہائش پذیر یہ قراری کا تحریف شدہ ہے۔ القَارُوْرَةُ ج قَوَارِيْرُ: شراب، خوشبو وغیرہ کا برتن، آنکھ کا ڈھیلا، کیونکہ یہ بھی صاف شفاف ہونے میں شیشے کی بوتل جیسا ہوتا ہے انسان غور کرے تو اسے آنکھ کے ڈھیلے میں اپنا عکس نظر آجاتا ہے، تازہ یا خشک کھجوروں کا برتن۔ الاِقْرَارُ (مص) شَرْعًا: ایک پر دوسرے کے شرعی حقوق بتانا۔ التَّقْرَارُ والتَّقِرَّةُ (مص): ثبوت، سکون۔ المَقَرُّ ج مَقَارُّ والمُسْتَقَرُّ: رہنے کی جگہ۔ مَقَرُّ البئر: کنویں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔ المَقَرَّةُ: پانی کا حوض، گھڑا۔

۳۔ قَرَّ ـُ قَرِيْرًا ت الحيَّةُ: سانپ کا پھنکارنا۔ ـ قَرًّا وقَرِيْرًا ت الدجاجةُ: مرغی کا کڑکڑاہٹ بند کرنا۔ القُرُّ: پانی پر تیرنے والا ایک لمبا کیڑا جو ایسی آواز نکالتا ہے جیسے کہہ رہا ہو قُرْقُرْ: عام لوگ اسے حبل القُرّ کہتے ہیں۔ القَرَّةُ والقُرَّةُ والقِرَّةُ (ح): مینڈک۔

۴۔ تَقَرَّرَ واِقْتَرَّت الابلُ: آسودہ ہونا، بہت موٹا ہونا۔

۵۔ قَرُّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہہ۔ القَرَارَةُ: چھوٹا قد۔ القُرِّيُّ: کمی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہو۔

○ قَرَّ ـِ قَرَارًا فی / ب: میں یا کسی جگہ میں رہنے لگنا، آباد ہونا، رہائش پذیر ہونا، آرام کرنا، رہنا، ٹھہرنا، دیر کرنا، دیر لگانا، قَرَّ الرایُ علی: کا فیصلہ ہونا، پر فیصلہ پہنچنا، پر قرارداد پاس ہونا یا بدیں معنی و مفہوم قرارداد پاس ہونا۔ قَرَّ رایُهُ علی: کا ارادہ کرنا، فیصلہ کرنا۔ لایقرله حال: متلون مزاج ہونا لایقرله قرار: بے چین ہونا، بے تاب یا بے قرار ہونا، پس و پیش کرنا، متذبذب ہونا۔ قَرَّ ـَ قَرًّا: ٹھنڈا ہونا، سرد ہونا، ٹھنڈے دل و دماغ کا ہونا۔ قَرَّ عَيْنًا: امید قائم رکھنا۔ قَرَّت عينُهُ ب: پر خوش ہونا، مسرور ہونا۔ قَرَّرَہ فی: کو میں یا کسی جگہ میں آباد کرنا، بٹھائے رکھنا۔ ـ ہ فی: کو میں قائم کرنا، مستقل بنیادوں پر استوار کرنا۔ ـــ ہ: کو نمٹانا، کا فیصلہ کرنا، کو مقرر کرنا، ٹھہرانا، کا جدول بنانا، کا گوشوارہ تیار کرنا، کو ٹھیک کرنا، کو دعوے سے کہنا، کو مستحکم کرنا، کی توثیق کرنا، کو بیان کرنا، کہنا۔ ـ عن: کی خبر مرتب کرنا۔ ـ: بیان دینا ـ ہ علی / ب: سے کا اعتراف کرنا یا کو تسلیم کرنے پر مجبور کرنا۔ اَقَرَّہ فی: کو میں یا کسی جگہ آباد کرنا، ٹھہرانا۔ ـ ہ فی: کو میں قائم کرنا۔ ـ ہ: کی حفاظت کرنا۔ کے حفاظتی اقدامات کرنا۔ ـــ ہ فی: کو میں بٹھانا۔ ـ ہ: کو قائم کرنا، کی بنیاد رکھنا۔ ـ ہ فی: کو میں مسند نشین کرنا۔ ـــ ہ: کو وثوق سے کہنا۔ ـــ ہ / ب: پر رضامندی ظاہر کرنا، سے متفق ہونا، کو ماننا، قبول کرنا۔ ـــ ب: کا اعتراف کرنا، کو قبول کرنا، مان لینا۔ ـ ل ہ / ب: کو کچھ دینا، کو مراعات دینا۔ اَقَرَّ عينَهُ: کو خوش کرنا، مسرور کرنا، کی آنکھ ٹھنڈی کرنا، تَقَرَّرَ: مقرر ہونا، طے پانا، کا فیصلہ ہونا، ٹھیک ہونا، باقاعدہ بنایا جانا۔ قرار پانا، (صورت حال کا) حل ہو جانا اِسْتَقَرَّ ب / فی: میں آباد ہونا، رہائش پذیر ہونا، میں آرام کرنے کے لئے آنا۔ ـ ب / فی اِلی: کے ساتھ کسی جگہ آرام کرنا، مقیم ہونا، رہنا، ٹھہرنا۔ ـ فی: میں مضبوطی سے جم جانا، پھنس جانا، پیوست ہو جانا۔ ـــ: مضبوط

ہونا، ٹھوس ہونا، پائیدار ہونا، مستقل ہونا، مستحکم ہونا (صورت حال، حالات کا) مستحکم ہونا۔ ـــ علی: انجام کار کسی حالت کو پہنچنا یا اسے حاصل کر لینا، آخر کار کسی جگہ میں ایک مضبوط مقام پالینا، بالآخر کچھ ہو جانا۔ ـــ قائم ہونا، ساکن یا غیر تغیر پذیر ہونا۔ استقر خاطِرُہٗ علی: اس کا ذہن پر مرکوز ہو گیا۔ استقر الرائ علی: کا فیصلہ ہونا، پر یا بدیں معنی و مفہوم ایک قرارداد منظور ہوئی۔ استقر رایه علی: کا ارادہ کرنا، فیصلہ کرنا، کے لئے، پر یا کچھ کرنے کا فیصلہ کرنا۔

استقرله الامور: اس کی صورت حال مستحکم ہو گئی تھی لایستقرله قرار: بے چین ہونا، پس و پیش کرنا، متذبذب ہونا، لم نستقر بعدُ علی حال: ہم ابھی تک کسی پائیدار حال تک نہیں پہنچے، ہمیں ابھی تک کسی حتمی پوزیشن تک رسائی نہیں ہوئی۔ استقر امرہ علی۔ وہ آخر کار ہو گیا، استقر فی نفسه کے لئے شک و شبہ سے باہر ہونا۔ استقر به المقامُ (یا المکانُ): مستقل طور پر آباد ہونا، بیٹھ جانا، اپنی نشست سے حرکت نہ کرنا۔ استقر به المجلسُ: بیٹھ جانا، نشست پر بیٹھ جانا، ایک نشست لینا۔ استقر به الحال: مضبوطی سے قائم ہونا، آباد ہونا، محفوظ صورت میں ہونا۔ قَرّ: ٹھنڈا، سرد، قُرّ: ٹھنڈ، سردی قِرّۃ: ٹھنڈ، سردی قُرّۃ العین: آنکھ کے لئے تسلی، ڈھارس، سامان راحت، خوشی، مسرت، محبوب قَرار: آرام سے بیٹھ جانا، آباد ہونا، سکون، غیر تغیر پذیری، جڑا ہوا ہونا، جما ہوا ہونا، مضبوطی، مستقل مزاجی، استحکام، استقلال، ثابت قدمی، تسلسل، پائیداری، غیر تغیر پذیری، آرام، ساکن ہونا، دوران، مدت، مسکن، قیام گاہ، فرودگاہ، گھر، مکان، رہائش، سکونت، قیام گاہ، جائے آرام، (کسی برتن کا) پیندا، تہہ، (سمندر کی) گہرائی جمع قرارات: فیصلہ، قرارداد، تحریک۔ لاقرارَ لهٗ: بے ثبات، متلون، ناپائیدار، قابل تغیر، پیندے کے بغیر، اتھاہ، بے پایاں، لامحدود دارُالقرار: آخرت، آئندہ زندگی، عالم آخرت قرار الموجة: دو موجوں کے درمیان کھوکھلی جگہ، قرارات التعدیل: ترمیمی قواعد۔ قرارۃ: پیندا، تہہ، نشیبی زمین، نشیب، گڑھا، گہرائی۔ فی قرارۃ النفس: دل کی گہرائی میں۔ قریرُ العین: خوش، مسرور، خوش و خرم، تسکین دادہ، قارورۃ جمع قواریر: لمبی گردن والی بوتل۔ مَقَرّ جمع مَقارّ: مسکن، قیام گاہ، فرودگاہ، رہائش، سکونت، قیام گاہ، گھر، مکان، گودام، نشست، مرکز، جگہ، مقام (سمندر میں) حالت مقر العَمَل: کام کرنے کی جگہ مقر القیادۃ: ہیڈ کوارٹرز مقر الوظیفة: سرکاری مرکز تقریر المصیر: حق خوداختیاری حق الشعوب فی تقریر مصیرها: اقوام کا حق خوداختیاری، تقریر الحالة الجویة: موسمی رپورٹ تقریرُ الشُرطةَ: پولیس رپورٹ۔ الاداءات (غیر) القارّة: بلاواسطہ یا بالواسطہ ٹیکس (جمع) لجنةٌ قارّةٌ: مستقل کمیٹی، قارّۃ جمع قارّات: براعظم، خشکی کا بڑا ٹکڑا۔ مُقَرِّر: رپورٹر۔ مُقَرَّر: قائم شدہ، فیصلہ شدہ، مقرر کیا ہوا جمع مُقَرَّرات: نصاب (سکول کالج وغیرہ کا) فیصلے مُقَرَّر المیزانیة: مجوزہ بجٹ حقیقة مقررۃ: مکمل حقیقت۔ اموالٌ مُقَرَّرۃ: بلاواسطہ ٹیکس (جمع) مُستَقَرّ: مسکن، رہائش گاہ، قیام گاہ، نشست گاہ، آرام کرنے کی جگہ، سکونت، صدر مقام، مرکز، نشست۔

قرأ۔ اقرأ ـــ قَرْءًا وقِرَاءَةً وقُرآنًا واقترأ الکتابَ: کو پڑھنا، کا مطالعہ کرنا۔ ـــ قِرَاءَةً علیه السلامَ: کو سلام پہنچانا اور امر کی صورت میں اِقرَأ عَلَیهِ السَّلامَ: کہا جاتا ہے اس کا تعدیہ بنفسہ غلط ہے اس لئے اِقرَأهُ السَّلامَ: نہیں کہنا چاہئے۔ قارأ قِراءً ومُقارَأَۃً: کا شریک درس و قرأت ہونا۔ اَقرأ اِقراءً الرجلُ: کو پڑھانا۔ ـــ هُ السلامَ: کو سلام پہنچانا۔ تقرّأ: فقیہ ہونا۔ اِستقرأ اِستقراءً فلانًا: کو پڑھنے کے لئے کہنا۔ ـــ الامورَ: معرفت احوال کے لئے کا تتبع کرنا۔ القِراءَۃُ: (مص) ج قِراءاتٌ: پڑھنے کی کیفیت۔ الاَقرَأُ: عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا، زیادہ پڑھنے والا، کہا جاتا ہے۔ اَقرَؤُکُم فلانٌ: تم میں سے فلاں سب سے زیادہ پڑھتا ہے۔ القَرَّاءُ ج قَرّاءُونَ: اچھا پڑھنے والا۔ الاستِقراءُ: تتبع کرنا۔ ـــ عند المنطقیین: کلی کے اکثر افراد میں کوئی چیز مستقل ہونے کے ذریعے کل کے لئے حکم ثابت کرنا جیسے آپ کہیں کل حیوان یحرك فکه الاسفل عند الاکل لان الانسان و البهائم و السباع کذالك الخ: کہ ہر حیوان کھاتے وقت نیچے والے جبڑے کو حرکت دیتا ہے اس طرح انسان، چوپائے اور درندے سب ایسا ہی کرتے ہیں لہٰذا ہم نے حکم ثابت کر دیا کہ تمام جانور کھاتے وقت نیچے والے جبڑے کو حرکت دیتے ہیں المِقرَأُ: پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈیسک: رحل وغیرہ۔ المَقرُوُّ والمَقرِیُّ والمَقرُوءُ: جو چیز پڑھی جائے۔

۲۔ قَرَأَ ـُـ قَرْءًا و قُرْءًا الشیءَ: کو جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ ـــ ت الناقة: اونٹنی کا حاملہ ہونا۔ ـــ ت الحامل: حاملہ کا جننا۔ اَقرَأَ اِقراءً الامرُ: قریب ہونا۔ من السفر: سفر سے واپس ہونا۔ القُرآن (مص): کتاب اللہ قرآن مجید۔

۳۔ اَقرَأَ اِقراءً عنه: سے پھرنا۔ ـــ النجمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔

۴۔ اَقرَأَ اِقراءً الحاجةَ: ضرورت کو موخر کرنا۔ ـــ زیدٌ: زید کا پیچھے ہٹنا۔ ـــ ت الحاجة: حاجت کا موخر ہونا۔

۵۔ اَقرَأَ اِقراءً ـــ ت الریاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا، القُرءُ ج اَقراءٌ وقُروءٌ واَقرُؤٌ: وقت۔

۶۔ اَقرَأَ اِقراءً الرجلُ: عبادت کرنا۔ تَقَرَّأَ: عبادت کرنا۔ القارِئُ ج قُرّاءٌ وقارِئُونَ قَرَأَۃٌ: عبادت گزار۔ القُرّاءُ ج قُرّاءُونَ و قَرارِئُ: عبادت گزار۔ المُتَقَرِّئُ: عبادت گزار۔

۷۔ القَرءُ ج اَقراءٌ و قُروءٌ واَقرُؤٌ: قافیہ۔ اَقراءُ الشِعرِ: شعر کی اقسام اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔ القِراءَۃ: وبا۔

قفل ۱۔ قَفَلَ ۔ قَفْلًا و قُفُولًا: سفر سے لوٹنا۔ ـ الاميرُ الجندَ: امیر کا فوج کو لوٹانا۔ اَقْفَلَ الجيشُ: فوج کا لوٹنا، واپس آنا ـــ القومَ: کو پیچھے سے دیکھتے رہنا۔ اقفلهم عن مبعثهم: کو لوٹانا۔ اِنْقَفَلَ الغزاةُ: غازیوں کا واپس ہونا۔ ـــ الرجُلُ: جس کام میں ہوا سے کر گزرنا۔ القَافِلُ ج قَافِلَةٌ و قُفَّالٌ: لوٹنے والا۔ القَافِلَةُ ج قَوَافِلُ القافل کا مونث، سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے، ان پر بھی تفاؤلاً قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے۔ القَفَلُ: خچروں کا گلہ (عامیہ)۔ القَفَلُ (مص) اسم جمع بمعنی قافلہ۔ القَفْلَةُ: گدی، سر کا پچھلا حصہ۔

۲۔ قَفَلَ ۔ قَفْلًا و قُفُولًا و تَقَفَّلَ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔

۳۔ قَفَلَ ۔ قَفْلًا و قُفُولًا الشيئَ: کا اندازہ کرنا۔

۴۔ قَفَلَ ۔ قَفْلًا الطعامَ: خوراک گرانی میں بیچنے کے لئے جمع کرنا۔ اَقْفَلَ القومَ على الامر: کو ـــ پر جمع کرنا۔ القُفْلُ من الغزل: دھاگے کا بنڈل (عامیہ)۔

۵۔ قَفَلَ ۔ قُفُولًا الفرسُ: لاغر ہونا صفت قَافِلٌ ۔ قَفَلَ ۔ قُفُولًا و قَفِلَ ۔ قَفَلًا الجلدُ: کھال کا خشک ہونا۔ قَفَّلَ الجلدُ: کھال کا خشک ہونا اَقْفَلَ الجلدَ: کھال خشک کرنا۔ القَافِلُ (فا) ج قَافِلَةٌ و قُفَّالٌ: خشک کھال یا ہاتھ والا۔ خَيْلٌ قَوَافِلُ: دبلے گھوڑے۔ القَفْلُ (مص) والقَفْلَةُ والقَفَلَةُ: سوکھا ہوا درخت۔ القَفِيلُ: خشک درخت، کوڑا۔ ـــ جِلْدٌ قَفِيلٌ: خشک کھال۔

۶۔ قَفَّلَ الابوابَ: دروازے بند کرنا۔ اَقْفَلَ البابَ و على البابِ: دروازہ پر تالا لگانا۔ ـــ البابَ: دروازہ بند کرنا۔ تَقَفَّلَ واِنْقَفَلَ واِقْتَفَلَ البابُ: دروازہ بند ہونا۔ اِسْتَقْفَلَ البابُ: دروازہ بند ہونا۔ ـــ الرجُلُ: بخل کرنا، کہا جاتا ہے۔ اِسْتَقْفَلَتْ يَدَاهُ فَهُوَ مُسْتَقْفِلٌ: یعنی وہ بخیل ہے۔ القُفْلُ ج اَقْفَالٌ و اَقْفُلٌ و قُفُولٌ: تالا۔ القُفَلَةُ: ہر سنی ہوئی چیز کو یاد کر لینے والا القَفَّالُ: اسم مبالغہ۔ القَفِيلُ: تنگ کھائی۔ رَجُلٌ مُقْفَلُ اليَدَيْنِ ومُتَقَفِّلُهُمَا و مُقْتَفِلُهُمَا: بخیل کنجوس آدمی جس کے ہاتھوں سے کسی کو کچھ خیر پہنچے ہی نہیں۔

۷۔ [illegible]

(ع ا) ہاتھ میں ایک رگ جس کی فصد لی جاتی ہے۔

۸۔ اَقْفَلَ المالَ: ایک ہی مرتبہ میں سب مال دینا۔ القَفْلَةَ: ایک ہی مرتبہ میں دینا کہا جاتا ہے۔ اَعْطَاكَ الْفًا قَفْلَةً: اس نے تمہیں ایک ہزار ایک ہی مرتبہ میں دے دیا۔

۹۔ القَفْلُوطُ ۔ الکراث الاندلسی دیکھیں۔

○ قَفَلَ ۔ قُفُولًا: واپس آنا، گھر آنا، لوٹنا۔ ـ قَفْلًا ہ کو بند کرنا، کو بلی سے بند کرنا، کو تالا لگانا، قفل لگانا، مقفل کرنا، چٹخنی لگانا، کو جمع کرنا، کا انبار لگانا، کا ڈھیر لگانا، کو سینت سینت کر رکھنا، کا ذخیرہ کرنا۔ قَفَّلَ و اَقْفَلَ ہ کو تالا لگانا قفل لگانا، بند کرنا، (بتی وغیرہ) بند کرنا، کی بہم رسانی، منقطع کرنا، (راستہ) روکنا، کو چٹخنی لگانا، تالا لگانا، قفل لگانا، مقفل کرنا، بلی سے بند کرنا۔ قُفْل جمع اَقْفَال و قُفُول: تالا، قفل، بلی، چٹخنی، قَفَّال: قفلساز، تالوں والا، قَافِل جمع قافلة و قُفَّال: گھر آنے والا، لوٹنے والا، وطن واپس آنے والا، قَافِلة جمع قَوَافِل: کاروان، قافلہ، سپاہیوں کی قطار، کانوائے، بدرقہ۔ قافلة (تجارية) بحرية او قافلة السُّفُن: بحری سامان تجارت، اور مسافر جو بدرقہ کی حفاظت میں پہنچائے جائیں۔ بحری (تجارتی) قافلہ۔

قفن ۱۔ قَفَنَ ۔ قَفْنًا ہُ: کو گدی پر مارنا۔ لاٹھی یا کوڑے سے مارنا۔ ـــ الشاةَ: بکری کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا صفت مفعولی قَفِينَةٌ ۔ ـــ قُفُونًا: مرنا۔ قَفَّنَ رأسَهُ: کا سر کاٹ دینا۔ اَقْفَنَ و اِقْتَفَنَ الشاةَ: کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔ القَفْنُ (مص): موت جنگ۔ القَفَنُ والقَفَنَّ: گدی۔ شَاةٌ قَفِينٌ: ذبح کردہ بکری۔

۲۔ قَفَنَ ۔ قَفْنًا الكلبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔

۳۔ القَفَنُّ: سخت بدزبان مرد۔ القَفَّانُ: امین، تولنے کا ایک پیمانہ۔ ـ قَفَّانُ كُلِّ شيئٍ: کے متعلق مکمل چھان پھٹک۔

قفو ۱۔ قَفَا يَقْفُو قَفْوًا وقُفُوًّا الرجُلَ: کی گدی پر مارنا۔ ـــ اثرَہ: کے نقش قدم کی پیروی کرنا۔ ـــ اللهُ اثرَہ: کو مٹانا، محو کرنا۔ قَفَّى تَقْفِيَةً فلانًا زيدًا و بزيدٍ: کو زید کے پیچھے بھیجنا۔ کہا جاتا ہے۔ قَفَّيْتُ عَلَى اَثَرِہ بِفُلَان: میں نے فلاں کو اس کے نقش قدم پر چلایا۔ ـــ عليه: کو لیجانا۔ تَقَفَّى الرجُلَ: کا پیچھا کرنا۔ الاکمة: ٹیلے پر چڑھنا۔ ـ واِسْتَقْفَى فلانًا بالعصا: کے پیچھے سے آکر اس کے گدی پر لاٹھی مارنا۔ اِقْتَفَى ہُ: کی پیروی کرنا۔ القَافِيَةُ ج قَوَافٍ: گلے کا پچھلا حصہ، شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ساکن ماقبل

متحرک، مثلاً اگر آپ کہیں کہ مَا اَطْوَلَ اللَّيْلَ عَلٰی مَنْ لم يَنَمْ: تو اس میں لَمْ يَنَمْ قافیہ ہوگا۔ — من كل شيئٍ: ہر چیز کا آخری کہا جاتا ہے۔ اَتَيْتُهٗ عَلٰی قَافِيَةِ الشَّيْئِ: میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔

القَفَا و القَفَاءُ ج اَقْفٍ و اَقْفِيَةٌ و اَقْفَاءٌ و قُفِيٌّ و قِفِيٌّ و قَفُوْنَ: گردن کا پچھلا حصہ، گدی (مذکر ہے کبھی مونث بھی استعمال ہو جاتا ہے) کہا جاتا ہے۔ لَا اَفْعَلُهٗ قَفَا الدَّهْرِ: میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔ القُفْيَةُ: شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے کہا جاتا ہے۔ هُوَ قَفِيُّهُمْ و قَفِيَّتُهُمْ: وہ ان کا قائم مقام ہے۔ یہ قَفَوْتَ اَثَرَهٗ: (تو نے اس کا پیچھا کیا) سے ماخوذ ہے، کہا جاتا ہے۔ لَا اَفْعَلُهٗ قَفِيَّةَ الدَّهْرِ: یعنی میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔ شَاةٌ قَفِيَّةٌ: سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔ جھٹکا کی ہوئی بکری۔ التَّقْفِيَةُ (مص) عند الشعراء: اشعار میں آخری حرف کا موافق ہونا۔ الكلام المُقَفّٰى: وہ کلام جس میں قافیہ اور سجع ہو۔ المَقْفِيُّ من الغنم: گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔

۲۔ قَفَا ـُ قَفْوًا و قُفُوًّا الرجُلَ: پر فجور کی صریحاً جھوٹی تہمت لگانا۔ تَقَافَى الرجُلَ: پر جھوٹی تہمت لگانا۔ — القوم: ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔ القِفْوَةُ: تہمت، بری بات کی طرف نسبت کرنا، گناہ۔ القِفْيَةُ: عیب۔ القَفِيُّ: متہم بھائی۔

۳۔ قَفَا ـُ قَفْوًا و قُفُوًّا الرجُلَ بامر: کو سے متعین کرنا، مخصوص کرنا۔ اَقْفَى الرجل بامر: کو سے متعین کرنا، مخصوص کرنا۔ — كذا علٰى كذا: کو پر فضیلت دینا۔ کو پر ترجیح دینا۔ تَقَفَّى الشيئَ: کو چننا۔ — بفلان: کے اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ اِقْتَفَى الرجُلُ بامر: کو سے متعین کرنا، مخصوص کرنا۔ — الشيئَ: کو اختیار کرنا۔ بفلان: کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔ القَفَاوَةُ: مہربانی، نوازش، مہمان کا اکرام، کھانا جس سے مہمان کی تواضع کی جائے، موروثی عزت، کہا جاتا ہے: بِئْسَ القفوة قفوتك: یہ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو، اور کہا جاتا ہے هُوَ صَفْوَتِيْ و قَفْوَتِيْ: وہ میرا برگزیدہ ہے۔ القَفِيُّ: نہایت مہربان، معزز مہمان، وہ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے، بہترین بھائی۔ القَفِيَّةُ: فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو، کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے۔ رَجُلٌ مُقْفًى و مُقَفًّى بِهٖ: چنا ہوا مرد، عزت کیا ہوا مرد۔

۴۔ قَفَّى تَقْفِيَةً: آنا۔

۵۔ القَفْوَةُ: غبار جو بارش کی ابتدا میں اٹھتا ہے۔ القَفِيَّةُ: گوشہ۔

قفى: قَفَى ـِ قَفْيًا الرجُلَ: کی گدی پر مارنا، کو بے حیائی سے متہم کرنا۔ القِفْيَةُ: عیب۔

قفل: القَاقُلَّةُ او الهَالُ (ن) الانچی: ایک پھل کا نام۔ القَاقُلّٰى: ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔ Saltwort

قـقـم: القَاقُمُ و القَاقُوْم (ح): ایک جانور جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اس سے بو آتی ہے اس کی کھال سے عمدہ اور بیش قیمت پوستین بنائی جاتی ہے (یہ غیر عربی لفظ ہے)۔

○ قفى: قافیہ بندی کرنا، ہم قافیہ ہونا۔ — ۵۵ / ب: کو کسی کے پیچھے بھیجنا۔ اِقْتَفَى اَثَرَهٗ: کے نقش قدم کی پیروی کرنا، کا تعاقب کرنا، کی مثال پر عمل کرنا، کے نقش قدم پر چلنا۔ قَفَا (مذکر و مونث) جمع اَقْفِيَة و اَقْفٍ و اَقْفَاء و قُفِي و قِفِي: گدی، پشت سر، پشت، دوسری جانب، (کپڑے کی) الٹی طرف۔ اِقْتِفَاء: (کسی کے) نقش قدم پر لنا، کے نقش قدم کی پیروی۔ قَافِيَة: جمع قَوَافٍ: قافیہ، ذو معونیت، گدی۔

قلّ: قَلَّ ـِ قِلًّا و قُلًّا و قِلَّةً: کم ہونا اور کبھی قَلَّ کے ساتھ ما کافہ کا الحاق ہوتا ہے جیسے قَلَّمَا جِئْتَنَكَ: اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا نہیں ہوتا اور قلما دو معنی کے لئے آتا ہے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے۔ — الرجُلُ: کم مال والا ہونا۔ الجِسْمُ: بدن کا دبلا اور چھوٹا سا ہونا، کہا جاتا ہے هُوَ يَقِلُّ عَنْ كَذَا: یعنی وہ اس سے چھوٹا ہے۔ قَلَّلَ الشيئَ: کو کم کرنا۔ — الشيئَ فی عين فلان: کو کچھ کم تر دکھلانا۔ قَالَّ لَهُ العطاءَ: کو تھوڑا دینا۔ اَقَلَّ الشيئَ: کو کم کرنا۔ — الرجُلُ: کم لانا، کم مال والا ہونا، محتاج ہونا۔ تَقَلَّلَ الشيئَ: کو کم سمجھنا۔ تَقَالَّ الشيئَ: کو کم گننا۔ اِسْتَقَلَّ الشيئَ: کو گننا اور کم سمجھنا۔

القِلُّ: چھوٹی دیوار۔ و القُلُّ: کم — من الشيئ: کم تر چیز، کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ قُلٌّ: اکیلا آدمی۔ هُوَ قُلُّ ابْنِ قُلٍّ: وہ اور اس کا باپ غیر معروف آدمی ہے اور قَلَّ رَجُلٍ اَوْ اَقَلُّ رَجُلٍ يَقُوْلُ ذَالِكَ اِلَّا زَيْدٌ: یعنی سوائے زید کے اس بات کو کوئی نہیں کہتا۔ القِلَّةُ ج قِلَلٌ: کمی۔ القُلّٰى: پست قد لڑکی۔ القَلِيْلُ ج قَلِيْلُوْنَ و اَقِلَّاءُ و قُلُلٌ و قُلُلُوْنَ مونث قَلِيْلَةٌ ج قَلِيْلَاتٌ و قَلَائِلُ: کم، لاغر، کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَلِيْلُ الخَيْرِ: کم خیر مرد اور قَلِيْلٌ من الرجال يقول ذالك: یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ اور مَا اَخَذْتُ مِنْهُ قَلِيْلَةً وَلَا كَثِيْرَةً: میں نے اس سے کچھ نہیں لیا، تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔ القُلُلُ من الناس: متفرق لوگ۔ القُلَالُ و القُلَالُ ج قُلُلٌ: کم چیز۔ و الاَقَلُّ: زیادہ کم۔ — و المُقِلُّ: فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔ قَوْمٌ اَقِلَّةٌ: گھٹیا قسم کے لوگ۔

۲۔ قَلَّ ـِ قِلًّا و قُلًّا و قِلَّةً الشيئُ: بلند ہونا۔ قَلَّ قَلًّا الشيئَ: کو اٹھانا۔ — هٗ عن الارض: کو سے بلند کرنا، اٹھانا۔ اَقَلَّ الشيئَ: کو بلند کرنا، لیجانا۔ — ته الرعدةُ: کو کپکپی لگنا۔ تَقَالَّت الشمسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔ اِسْتَقَلَّ الشيئَ: کو اٹھانا اور بلند کرنا۔ — الطائرُ فی طيرانه: پرندہ کا اڑان میں بلند ہونا۔ — القومُ: کوچ کرنا۔ — السحابُ: بادل کا بلند ہونا۔ — فلانٌ غضبًا: ناراضگی کی وجہ سے اٹھ جانا۔ — ته الرعدةُ: کو کپوانا۔ — بالامر: کی طاقت رکھنا۔ — برأيه: رائے میں متفرد ہونا۔ — بكذا: میں اکیلا ہونا اور اس میں کسی کو شریک نہ کرنا۔ القِلُّ: کپکپی۔ القُلَّةُ ج قُلَلٌ و قِلَالٌ: سر یا پہاڑ یا ہر چیز کا بالائی حصہ، بڑا مٹکا، چھوٹا کوزہ۔ قُلَّةُ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ کی چاندی یا لوہے سے زیبائش۔ القِلَالُ: زمین سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے والی تھونی۔ القَلَّةُ: مرض سے صحت یابی یا حصول دولت۔ القِلَّةُ ج قِلَلٌ: مرض سے صحت یا حصول دولت، کپکپی، کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ طَوِيْلُ القِلَّةِ: یعنی لمبے قد کا مرد۔ قُلَالَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ الاِسْتِقْلَال (مص): ملک، کی آزادی و خود مختاری۔ المُسْتَقِلُّ (فا): کہا جاتا ہے هُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهٖ: وہ خود مختار ہے اور بِلَادٌ مُسْتَقِلَّةٌ: اپنے معاملات میں خود مختار ملک۔ المُقَلَّلُ (مفع) من السيوف: تلوار جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔

۳۔ القُلَّةُ ج قُلَلٌ و قِلَالٌ: لوگوں کی جماعت۔ القِلِّيَّةُ: نصاریٰ کے گرجا کے مشابہ عمارت کہا جاتا ہے۔ رَحَلُوْا بِقِلِّيَّتِهِمْ: وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہ چھوڑا۔ اَكَلَ الضَّبَّ بِقِلِّيَّتِهٖ: یعنی وہ گوہ کو کھال اور ہڈی سمیت کھا گیا۔ اور اَخَذَهٗ بِقِلِّيَّتِهٖ وَبِقِلِّيْلَتِهٖ و بِاَقْلِيْلَاهُ و بِقِلِّيْلَاهُ: اس نے سب لے لیا۔

۴۔ قَلْقَلَ قَلْقَلَةً: آواز کرنا۔ قَلْقَلَ قَلْقَلَةً و قِلْقَالًا و قَلْقَالًا الحزنُ دَمْعَهٗ: غم کا اس کے آنسو بہانا۔ — الشيئَ: کو حرکت دینا۔ — فی الارض: زمین میں چلنا۔ تَقَلْقَلَ: متحرک ہونا، ہلکا ہونا اور تیز چلنا۔ — فی

البلاد: آنا جانا۔ القَلْقَال: مسلسل سفر پر رہنے والا، ہمیشہ سفر پر رہنے والا۔ القُلْقُلُ: سفر میں ہلکا پھلکا۔ والقَلاقِل: سریع الحرکت مددگار۔ القِلْقِل والقُلْقُلانُ (ن): انار کے مشابہ ایک درخت جسے مرچ کے برابر گول نرم اور سیاہ رنگ کے دانے لگتے ہیں۔ حُرُوْفُ القَلْقَلَةِ: یہ پانچ حروف ہیں ب، ج، د، ط، ق۔

اِلَّا مَاقَلَّ ونَدَرَ: صرف چند استثناءات کے ساتھ۔ اِسْتَقَلَّ بِحِمْلٍ: کوئی بوجھ ذمے لینا، استقل بِصَنْعِهِ: یہ اس نے اکیلے ہی بنایا ہے، اسے صرف اسی نے بنایا ہے۔ اِسْتَقَلَّ بِمُهِمَّةٍ (بوَاجِبٍ): کوئی کام یا فرض اپنے ذمے لینا۔ قَلَّما: کبھی کبھار، شاذ و نادر، شاذ ہی، بمشکل۔ قِلّ کپکپی، لرزہ، لہر (خوشی یا خوف کی) قلة بحالی صحت، صحت یابی، آسودہ حالی کی بحالی۔ قلة بلندترین جگہ، چوٹی، نوک، سرا، پھننگ، (توپ کا) گولا جمع قلل جگ، صراحی، جھجری۔ (قلة الاحساس: بے حسی، کند ذہنی، قِلّة الحياء: بے شرمی، بے حیائی۔ قِلّة الصبر: بے صبری، بے تابی۔ قلة الوجود: کمی، قلت، کمیابی، اندرت۔ بقِلَّتِهِ: مکمل طور پر، پوری طرح، سارا، تمام کا تمام، تمام تر۔ رَحَلوا بقلتهم: وہ سب اکٹھے روانہ ہوئے یا مع سامان کوچ کر گئے۔ قَلِيلاً: ایک حد تک، کسی حد تک، کچھ، کبھی کبھار، شاذ و نادر۔ قليلاًما: کبھی کبھار، شاذ و نادر۔ قليلاً قليلاً: تھوڑی دیر میں، کچھ دیر بعد، بتدریج۔ الكُلّ الا قليلا: تقریباً ہر چیز، تقریباً سب بعدَ قليل: تھوڑی دیر بعد عن قليلٍ یا عَمَّا قليل: جلد، تھوڑی دیر بعد، ليس منه لا بِقليلٍ ولا بِكثيرٍ: سے مطلقاً کوئی تعلق نہ ہونا۔ قليل الادب: غیر مہذب ناشائستہ، گنواروں کا سا، گستاخ۔ قليل الحياء: بے شرم، بے حیاء۔ قليل الارتفاع: نیچا، قليل الصبر: بے صبر، بیتاب، شاذ قليل الوجود: نہ ہونے کے برابر، کمیاب۔ اَقَلّ: (کم تر، (سے) کم (سے) چھوٹا۔ شاذ تر۔ الاَقَلّ: کم از کم۔ على الاقل يا بالاقل: کم از کم۔ على اقل تقدير بمعنی على الاقل۔ لا اَقَلَّ من ان: آدمی کم از کم جو کر سکتا ہے وہ یہ ہے کہ، (میں آپ وغیرہ) کم از کم۔ اقل من القليل: بالکل غیر اہم، قریب قریب ناقابل ذکر، یونہی سا۔ واقل من هذا و ذلك ان: سے قطع نظر۔ مُقِلّ: غریب، مفلس، قلاش۔ مُسْتَقِل: آزاد، خود مختار، جدا، الگ۔ خاص استقلال: آزادی۔ استقلالی تحریک آزادی کا حامی، آزادی کا یا آزادی سے متعلق۔

قلب ا۔ قَلَبَ ـِ قَلْبًا الشيئَ: کو الٹ پلٹ کر دینا، اوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا۔ ــــ القوم: کو پھیر دینا، کہا جاتا ہے قَلَبَ المُعَلِّمُ الصِّبْيَانَ: معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا۔ ــ ت البسرةُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ ــــ المجنونُ عينَهُ: غضبناک ہونا۔ ـــ الارضَ للزراعة: ہل کے ساتھ زمین کی اندرونی تہہ کو الٹ پلٹ کرنا کہا جاتا ہے۔ قلب الامر ظهرًا لِبطنٍ: اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔ قَلَبَ ـُ قَلْبًا هُ: کے دل پر مارنا۔ ــ النخلةَ: کا گودا نکالنا۔ ــ اللّٰهُ فلانًا اليه: اللہ کا کسی کو موت دینا۔ قَلِبَ ـَ قَلَبًا: الٹے ہونٹوں والا ہونا صفت اَقْلَبُ ــ ت الشفةُ: ہونٹ کا الٹا ہونا صفت۔ قَلْبَاءُ۔ قُلِبَ البَعيرُ: اونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔ قَلَّبَ هُ بمعنی قَلَبَهُ اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے کہا جاتا ہے۔ اَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيهِ: وہ نادم ہونے لگا اور کہا جاتا ہے۔ قَلَّبَ الأُمُوْرَ: اس نے امور کے انجام پر نظر ڈالی۔ اَقْلَبَ الشيئَ: کو الٹ دینا۔ ــ الخبزُ: روٹی الٹنے کے قابل ہونا۔ العنبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا۔ ـــ القوم: دل کی بیماری میں مبتلا اونٹوں کا مالک ہونا۔ ــ ہ اللّٰہ اليه: اللہ کا کسی کو مارنا۔ تقلَّبَ: پلٹنا۔ ــ على فراشه: کروٹیں لینا۔ ــ في الامور: میں اپنی مرضی سے تصرف کرنا، کہا جاتا ہے۔ انا اَتَقَلَّبُ فِيْ نِعْمَانِهِ: میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہوں۔ اِنْقَلَبَ: الٹایا جانا، اوندھا ہونا، واپس ہونا۔ القَالِبُ (فا) ج قَوَالِبُ: جوتا بنانے کا فرمہ۔ سرخ رنگ کی کچی کھجور، کہا جاتا ہے شَاةٌ قَالِبُ لَوْنٍ: ماں کے مخالف رنگ کی بکری۔ القَالَبُ ج قَوَالِبُ: سانچہ۔ القُلَابُ (طب): دل کی بیماری۔ القَلْبُ (مص) ج قُلُوْبٌ (ع ا): دل، عقل۔ ــ قَلْبُ الجَيْشِ: فوج کا درمیانی حصہ۔ ــ قلبُ كل شيئ: گودا، خالص کہا جاتا ہے جِئْتُكَ بِهٰذَا الأَمْرِ قَلْبًا: میں تمہارے پاس محض اسی کام کے لئے آیا اور کہا جاتا ہے۔ رَجُل قَلْبٌ: یعنی خالص النسب۔ اور اس میں مذکر و مونث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے۔ اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ افعال القلوب ظن اور اس کے امثال قَلْبٌ ج اَقْلَابٌ وقُلُوْبٌ و قِلَبَةٌ من الشجر: درخت کے اندر کا نرم گودا۔ قُلْبُ النَّخْلَةِ: کھجور کا گودا۔ القُلْبُ والقِلْبُ ج اَقْلَابٌ وقُلُوْبٌ وقِلَبَةٌ من الشجر درخت کے اندر کا نرم گودا۔ القُلْبَةُ: سرخی ــــ (ط) ۔ اُبالی ہوئی گندم (عامیہ)۔ القُلَبَةُ: وہ بیماری جس سے بیمار بستر پر پڑ جائے۔ القُلَّبُ: پلٹنے والا، بہت پلٹنے والا، کہا جاتا ہے رَجُلٌ حُوَّلٌ قُلَّبٌ یا حُوَّلِيٌّ قُلَّبِيٌّ: یعنی حیلہ گر، معاملہ کے الٹ پلٹ کا ماہر۔ القَلُوْبُ: بہت الٹنے پلٹنے والا۔ القَلِيْبُ ج قُلُبٌ و قُلْبٌ واَقْلِبَةٌ: کنواں، پرانا کنواں (مذکر اور کبھی مونث استعمال کیا جاتا ہے)۔ المِقْلَبُ: ہل۔ المَقْلُوْبَةُ (مفع): کان۔ المُنْقَلَبُ: لوٹنے کی جگہ۔ انقلاب کا اسم ظرف، کہا جاتا ہے كُلُّ امْرِئٍ يَصِيْرُ اِلٰى مُنْقَلَبِهِ: ہر شخص اپنے انجام کو پہنچ جاتا ہے۔

ـ۲ قَلْبُ العَقْرَبِ: منازل قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ القُلْبُ: کنگن۔ ــ (ح): سفید سانپ۔ ــ(ن): کا سرا الجرد یکھیں۔ القَلُوْبُ والقِلَابُ (ح): بھیڑیا۔ القَلُوْبُ والقِلَّوْبُ والقِلِّيْبُ (ح): بھیڑیا۔ ــ (ح): شیر۔

قلت: ا۔ قَلِتَ ـَ قَلَتًا: ہلاک ہونا۔ اَقْلَتَ هُ: کو ہلاک کرنا۔ ـــــ هُ فَقَلِتَ: اس نے اسے فاسد کیا پس وہ فاسد ہو گیا۔ ـــ ت المرأةُ و كل انثى: بے اولاد ہونا اور قَلَتَ اسم ہے۔ المِقْلَاتُ ج مَقَالِيْتُ: وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے، وہ عورت جس کے ہاں صرف ایک بچہ ہو پھر وہ حاملہ نہ ہو۔ المَقْلَتَةُ: ہلاکت، خوف ناک جگہ۔

ـ۲ القَلْتُ ج قِلَاتٌ: چٹان کا گڑھا، آنکھ وغیرہ کا گڑھا، عضو کے ہر گڑھے کو قَلْتٌ کہتے ہیں، کہا جاتا ہے۔ طَعَنَهُ فِيْ قَلْتِ خَاصِرَتِهِ: اس نے اس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا، اور کہا جاتا ہے۔ طَعَنَهُ فِيْ قَلْتَي تَرْقُوَتَيْهِ: اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ رَجُل قِلْتٌ وقَلِتٌ: کم گوشت والا۔ القَلْتَةُ: دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ــ شَاةٌ قَلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔

○ قَلَبَهُ رأسًا: کو الٹانا۔ قلب له ظَهْرَ المِجَنِّ: کو ڈھال کی پشت دکھانا، سے سرد مہری یا رکھائی سے پیش آنا، بے رخی سے کام لینا، بے اعتنائی برتنا، کا دشمن بن جانا۔ قَلَّبَهُ بين يَدَيهِ: کو اپنے ہاتھوں میں چاروں طرف گھمانا، کو مضطرب کرنا۔ قَلَّبَهُ بعقلِهِ: پر غور و فکر کرنا۔ قَلَّبَهُ ظَهْرًا لِبَطْنٍ: کو الٹا کرنا، الٹانا، الٹنا پلٹنا۔ قَلَّبَ كَفَّيهِ: پچھتانا۔ متاسف ہونا، سراسیمہ ہونا۔ قَلَّبَ فيه البصرَ: کی جانچ پڑتال کرنا۔ قَلَّبَ فيه النظرَ: کی جانچ پڑتال کرنا۔ تَقَلَّبَ فی وَظَائِفَ عَدِيْدَةٍ: وہ کئی مناصب پر فائز رہا۔ تَقَلَّبَ في النِّعْمَةِ (یا النعيم) اور تقلَّبَ فی اعطاف العيش الناعم: آسودہ زندگی اِنْقَلَبَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ: الٹنا، الٹ جانا، مکمل ہو، پر تباہ و برباد

ہونا۔ اِنْقَلَبَ اِلَی الهجوم حملہ کرنا، حملہ میں پہل کرنا۔ قَلْب. الٹا ہونا یا کرنا، اوندھا کرنا یا ہونا، انقلاب، تبدیلی، تغیر، قلب ماہیت، ادل بدل (الفاظ کا)، قلب حروف، تقلب (گرامر) اوندھی کھوپڑی کا ہونا، (حکومت کا) خاتمہ کرنا۔ قَلْب جمع قُلُوب دل، وسط، مرکز، گودا، مغز، خلاصہ، مخلص، ست، جوہر، روح، لب لباب، بہترین یا منتخب ترین حصہ، ذہن، روح، قلب الأسد ایک ستارہ کا نام، اسد نامی ستاروں کے جھرمٹ کا سب سے روشن/اہم ستارہ۔ قلب الهجوم. سنٹر فارورڈ۔ سويداء القلب: دل کا انتہائی اندر کا حصہ، دل کا بنیادی حصہ۔ ضعيف القلب: بزدل، ڈرپوک، دل کا ہلکا، قاسی القلب: سنگدل، قساوة القلب سنگدلی، انقباض القلب: دل شکستگی، شکستہ دلی۔ عن ظهر القلب: زبانی (جیسے زبانی حفظ کرنا یا زبانی یاد کرنا میں) من صميم القلب: انتہائی خلوص سے، دل کی گہرائی سے۔ من كلِّ قلبه: پورے دل سے۔ قلبًا و قالبًا: جان و دل سے۔ قُلُوبات (السُّكَّر): ٹافیاں، چوسنے والی میٹھی ٹکیاں (خواہ دوا کی ہوں)۔ قَلْبِيًّا: تپاک سے، جوش و خروش سے، خلوص سے۔ عربة قَلّابَة: چھکڑا، قَلّاب خلّاط: گھومنے والا آمیزہ کار (Rotary Mixer) مَقْلَب: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ، سازش، ساز باز، اندر ہی اندر گٹھ جوڑ، اپریل فول کا مذاق۔ جمع مقالب مقْلَب جمع مقالِب: کھرپا عند تقليب النظر: زیادہ قریبی معائنہ یا جائزہ پر۔ تَقَلُّب جَوِّي موسم کی تبدیلی۔ سريع التقلب: بہت متلون، ناپائیدار، ہر آن بدلنے والا۔ دائرة الانقلاب: خط سرطان یا خط جدی۔ مقْلُوب ایسا عدد جس سے مقررہ عدد کو ضرب دی جائے تو حاصل ایک ہو۔ (ریاضی)۔ مُتَقَلِّب و متقلب الاطوار (یا الاحوال) پس و پیش کرنے والا، متذبذب، متلون۔ مُنْقَلَبٌ شَتَوِيٌّ: خط جدی۔ مُنْقَلَبٌ صَيْفِيٌّ: خط سرطان۔ قَلْبَق لمبی، عموماً سطوانی، پشم کی ٹوپی۔

قلح: ۱۔ قَلِحَ ـَ قَلَحًا: زرد دانتوں والا ہونا۔ ــــ ت اسنانُهُ: کے دانتوں کا زرد ہونا صفت مذکر قَلِحٌ و اَقْلَحُ مونث قَلِحَةٌ و قَلْحَاءُ ج قُلْحٌ۔ قَلَّحَهُ: دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔ تَقَلَّحَ: میلے کپڑے والا ہونا۔ القَلْحُ (ح): بوڑھا گدھا۔ القِلْحُ میلا کپڑا۔ القَلَحُ و القُلاحُ: زردی جو دانتوں پر آ جاتی ہے، اونٹ کے دانتوں کے درمیان کا سبزہ۔ الاَقْلَحُ (ح): گبریلا۔ رَجُلٌ اَقْلَحُ تجربہ کیا ہوا مرد۔

۲۔ تَقَلَّحَ البلادَ قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی کرنا۔

۳۔ اِقْلَحَمَّ الرجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔ شَيْخٌ قِلْحَامَةٌ: بہت بوڑھا۔ القِلْحَمُّ: بوڑھا، متکبر

۴۔ القَلْحُونَ (ن) توت کی تا: شاخ (عامیہ سریانیہ)

۵۔ قَوْلَحة جمع قَوَالِح: (مکئی وغیرہ کا) بھٹا۔

قلخ: قَلَخَ ـَ قَلْخًا و قَلِيخًا الشجرةَ: درخت اکھاڑنا۔ قَلَخَ قَلْخًا و قَلِيخًا و قُلاخًا البعيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔ قَلَخَهُ بالسوط: کو کوڑا مارنا۔ ــــ النبتُ: نباتات کا سخت ہونا۔ القَلْخُ (ن) کھوکھلا، نرکل یا بانس۔ (ح): بوڑھا گدھا۔ ــــ و القُلاخُ: بڑے سر والا۔

قلد: ۱۔ قَلَدَ ـِ قَلْدًا الماءَ في الحوض او الشرابَ في البطن: پانی کو حوض میں یا مشروب کو پیٹ میں جمع کرنا۔ ــــ الزرعَ کھیتی سیراب کرنا۔ ــــ ت الحمّى فلانًا: کو بخار ہر روز آنا۔ اَقْلَدَ البحرُ عليهم: کو غرق کر دینا۔ تَقَالَدَ القومُ الماءَ: پانی پر باری باری آنا۔ اِقْتَلَدَ الماءَ: پانی کا چلو لینا۔ اِقْلَوَّدَ النعاسُ فلانًا: پر نیند کا غالب آنا۔ القِلْدُ ج اَقْلادٌ: پانی کا حصہ، بڑے پیالے کے مشابہ برتن، چوتھیا بخار کا دن، بخار کی باری کا دن، آبپاشی کا دن، آبیاری کا دن، آسمانی بارش، کہا جاتا ہے۔ سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِي كُلِّ اُسْبُوعٍ: یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ القَلُودُ: بہت پانی والا کنواں۔ المِقْلَدُ: برتن، توبرہ، ناپنے کا پیمانہ۔

۲۔ قَلَدَ ـِ قَلْدًا الحبلَ: رسی بٹنا۔ ــــ الحديدةَ: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا ــــ الشيءَ: کو موڑنا۔ القَلْدُ (مص) ج اَقْلادٌ و قُلُودٌ: پیچ دیا ہوا اور اینٹھا ہوا کنگن، (کہا جاتا ہے۔ سِوَارٌ قَلْدٌ: گوندھا ہوا کنگن) رسی کی لڑی جو لڑی سے لپٹی ہوئی ہو القِلادُ و الاَقْلِيدُ: انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔ القَلِيدُ و المَقْلُودُ: بٹا ہوا۔ المِقْلَدُ: ٹیڑھے سر کی چھڑی۔

۳۔ قَلَدَ ـِ قَلْدًا الرجُلَ السيفَ: کو تلوار کا پرتلہ لگانا، پہنانا قَلَّدَهُ السيفَ: تلوار کو قائل کرنا۔ کے گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔ ــــ هُ القلادةَ: کو ہار پہنانا۔ ــــ البعيرَ: اونٹ کی گردن میں کھینچنے کے لئے رسا ڈالنا۔ کہا جاتا ہے۔ قُلِّدَ حَبْلَهُ: وہ آزاد چھوڑ دیا گیا۔ ــــ هُ العملَ: کو کام سپرد کرنا۔ ــــ هُ الدَّيْنَ: کو قرض سونپ دینا۔ ــــ فلانًا القضاء في بلد كذا: کو کا قاضی بنانا، کہا جاتا ہے قَلَّدَهُ فِي كَذَا اس نے اس کی فلاں بات میں بغیر کسی غور و فکر کے پیروی کی۔ تَقَلَّدَ السيفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔ ــــ الامرَ کا ذمہ دار ہونا، کو برداشت کرنا۔ ــــ ت المرأةُ القلادةَ: عورت کا ہار پہننا۔ القِلْدُ: کہا جاتا ہے اَعْطَيْتُهُ قِلْدَ اَمْرِي میں نے اپنے معاملہ کو مکمل طور پر اس کے سپرد کر دیا۔ القَلادَةُ (ن): ایک پودے کا نام۔ القِلادَةُ ج قَلائِدُ و قِلادٌ: ہار، مالا۔ ــ (فلک) چھ ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلائِدُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بناء پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔ القِلِّيدُ: خزانہ۔ الاِقْلِيدُ ج اَقَالِيدُ کنجی، چابی (یونانیہ)۔ التَّقْلِيدُ (مص) ج تَقَالِيدُ و تَقْلِيدَاتٌ: فرمان شاہی جو پیروی کے لئے حاکم کے نام جاری ہو، عقائد، عادات، علوم اور اعمال (جو آباؤ اجداد، اساتذہ اور معاشرے سے منتقل ہوئے ہوں) التَّقَالِيدُ عند النصارى: عیسائیوں کی سینہ بسینہ مذہبی باتیں۔ جو بائبل میں درج نہ ہوں المِقْلادُ ج مَقَالِيدُ: خزانہ ــ و المِقْلَدُ ج مَقَالِدُ: کنجی، کہا جاتا ہے۔ ضَاقَتْ مَقَالِدُهُ او مَقَالِيدُهُ اس کے اوپر اس کے معاملات تنگ ہو گئے۔ اَلْقَى اِلَيْهِ مقاليدَ الامور: اس نے اپنے امور اسے سونپ دیے۔ المُقَلَّدُ (مفع): سردار قوم، آگے بڑھنے والا گھوڑا، ہار پہننے کی جگہ، کندھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بناء پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔ القِلْدُ ج اَقْلادٌ: جماعت۔ القِلْدَةُ: گھی کا تلچھٹ، کھجور۔ القَلْدَةُ: دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔

قلز: قَلَزَ ـُ قَلْزًا الرجُلُ: پینا، چست ہونا، کودنا، لنگڑانا۔ ــــ هُ الماءَ: کو پانی گھونٹ گھونٹ پلانا۔ تَقَلَّزَ الوعلُ: پہاڑی بکری کا دوڑنا، چست ہونا۔ اِقْتَلَزَ الكاسَ: کو گھونٹ گھونٹ پینا۔ القَلُزُ من الرجال: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔ القِلِزُّ مونث قِلِزَّةٌ و القُلُزُّ مونث قُلُزَّةٌ: مضبوط مرد۔

۲۔ قَلَزَ ـِ قَلْزًا: کو مارنا۔ ــــ الارضَ بعصاه: زمین کو لاٹھی سے کریدنا۔ ــــ بسهمه او بقفيه: تیر پھینکنا۔ یا الٹی کرنا۔ و قَلَّزَ و اَقْلَزَ الجرادُ: انڈے دینے کے لئے دم کو زمین پر مارنا۔ (ٹڈی کا)

۳۔ القِلِزُّ و القُلُزُّ مونث قِلِزَّةٌ و قُلُزَّةٌ: سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔

۴۔ قَلْزَمَ الشيءَ: کو نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الشيءَ: کو نگلنا۔ ــــ الرجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔ القِلْزِم: کمینہ۔ القُلْزُمُ: مصر اور مکہ کے درمیان ایک تاریخی شہر کا نام ہے اور اس کے نام پر بحر قلزم ہے۔ القَلْزَمَةُ (مص): کمینہ پن، شور۔

مقالید الأُمور: بنیادی مناصب، اقتدار، مقالیدُ الحکم حکومت یا اقتدار کی لگامیں، کنٹرول، تسلّمَ مقالیدَ الحکم: حکومت (کا کام) سنبھالنا، اقتدار پر قبضہ کرنا۔ اَلقی الیہ مقالید الامور: کے سپرد انتظام، بندوست، دیکھ بھال کرنا، کو نگران مقرر کرنا، تقلید جمع تقالید نقل اتارنا، نقل، خیالات و تصورات کی اندھی اور بے چون و چرا قبولیت، (کسی ماخذ کی مجاز حیثیت پر) غیر معترضانہ ایمان، کسی مذہب کے قانونی فیصلہ کو اپنا لینا (جمع تقالید) روایت، ریت، رسم، رواج، دستور۔ تقلیدی: روایتی، رواجی، رسمی، تقلیدی مبنی پر غیر معترضانہ ایمان۔ مقلَّد: نقل کیا ہوا، نقل، تقلید کیا ہوا، جعلی، روایت سے بندھا ہوا، مصنوعی، بناوٹی۔ اقلید جمع اقالید: چابی۔ بحر [illegible]: بحرِ قلزم، سرخ سمندر۔

قلس: ا۔قلسَ ـِ قلسًا و قلسانًا الرجلُ: کھانے یا پانی کا پیٹ سے کے منہ تک آنا (منہ بھر کر یا کم، جب بہت زیادہ ہو جائے تو الٹی کہلاتا ہے)۔ بہت شراب پینا۔ ـــت نفسُهٗ: کا جی متلانا۔ ـــت الکأسُ بالشراب: پیالہ کا چھلک پڑنا۔ ـــ الاناءُ: چھلک پڑنا۔ ـــ البحرُ بالماء، الطعنةُ بالدم: سمندر کا کناروں سے باہر آنا، چہرے کے گھاؤ سے خون باہر نکلنا۔ ـــ النحلُ العسلَ: شہد کی مکھی کا شہد نکالنا۔ ـــت السحابةُ الندی: تھوڑا برسنا۔ القالسُ: وہ شخص کہ بدہضمی کی وجہ سے جس کے منہ تک کھانا پانی باہر آ جائے۔ القَلَسُ: بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو منہ تک آئے، قے۔ قَلَسُ البحر: بادل۔ القَلّاسُ: اسم مبالغہ۔ بحرٌ قلّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔ القِلِّیسُ (ح): شہد، شہد کی مکھی۔

۲۔قلَسَ ـِ قلْسًا و قلَسانًا الرجلُ: گانے میں ناچنا، عمدہ گانا۔ قلّسَ: دف بجانا اور گانا۔ ـــ القومُ: گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا۔

۳۔قلّسَ: سجدہ کرنا۔ ـــ لہٗ: سے سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا۔

۴۔قلّسَ الرجلَ: کو ٹوپی پہنانا۔ تقلّسَ: ٹوپی پہننا۔ القلّاسُ: ٹوپی بنانے والا۔

۵۔القَلْسُ ج قُلُوسٌ و اَقلاسٌ: کشتی و جہاز کی موٹی رسی (یونانیہ)۔

۶۔قلسَی الرجلَ: کو ٹوپی پہنانا۔ تقلسَی قلسی تقلسیًا: ٹوپی پہننا۔

۷۔الاَنقَلیس و الاِنقَلیس (ح): ایک قسم کی نہری اور سمندری مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے، بام مچھلی (یونانیہ)۔

قَلَسَ ـِ قَلْسًا: ڈکار لینا، ڈکار آنا۔ قلّسَ لـ: کے سامنے سر تسلیم خم کرنا۔ ـــ علی: کو چھیڑنا، سے مذاق کرنا، کا مذاق اڑانا، منہ چڑھانا۔ ـــ ہ: کے سر پر ٹوپی (قلنسوہ) رکھنا۔ قَلْس جمع قُلُوس: بحری جہاز کھینچنے کا رسا، رسہ۔

قلش: القَلّاشُ: چھوٹا سکڑا ہوا۔ القَلّاشةُ: کوتاہی، چھوٹا پن۔ القَلّاش و الاَقلَشُ: حیلہ گر (فارسیہ)۔

قَلَّشَ: (پرندوں کا) پر جھاڑنا، کینچلی بدلنا۔ قالوش جمع قالوشات: جوتا پوش، موزہ پوش، طوفانی موسم میں جوتوں اور پاؤں کو محفوظ رکھنے کے لئے جوتوں کے اوپر پہننے کے پتلے ربڑ کے جوتے۔ قَلْشِیس جمع قَلاشِیس: پٹی (جو بچاؤ کیلئے ٹانگوں یا پنڈلیوں پر لپیٹتے ہیں)۔

قلص: قلصَ ـِ قلوصًا الرجلُ: کودنا۔ ـــ القومُ: اکٹھا ہو کر چلنا۔ ـــ الماءُ: پانی کا ختم ہونا۔ الغلام: جوان ہونا۔ ـــ ب النیز: اوپر تک چڑھنا۔ ـــت نفسُهٗ: کا جی متلانا۔ ـــ القومُ عن الدار: سے ہلکے پھلکے اور اکٹھے ہو کر چلنے کا وقت آنا۔ ـــ الظلُّ عن کذا: سے سایہ کا سمٹ آنا صفت قالص۔ ـــ الثوبُ بعد الغسل: دھونے کے بعد کپڑے کا سکڑنا۔ ـــت الشفةُ: ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔ قَلِصَ ـَ قَلَصًا ت نفسُهٗ: کا جی متلانا۔ قلّصَ ت الناقةُ براکبھا: اونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا، دوڑے جانا۔ ـــ القومُ: اونٹنیوں پر سوار ہونا۔ ـــت الدرعُ: زرہ کا چست ہونا۔ ـــ قمیصه فتقلّص ھو: کو سمیٹنا، کا سمٹنا۔ اَقلصَ ت الناقةُ: کا دودھ خشک ہو جانا۔ ـــ البعیرُ: کے کوہان کا کچھ حصہ ظاہر ہونا۔ ـــت الناقةُ: گرمیوں میں موٹی ہونا۔ تقلّص: اکٹھا ہونا، سکڑنا، قریب ہونا۔ ـــ فی علم الطبیعیات: سکڑنا۔ القَلَصةُ ج قَلَصٌ و قَلَصاتٌ: پانی جو کنویں میں بکثرت ہو کر ختم ہو جائے، کہا جاتا ہے۔ ما وجدتُ فی البئرِ الّا قلَصةً من الماءِ: کنویں میں میں نے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔ القلّاصُ: اونٹنی کو دوہنے والا۔ ـــ من المیاہ: ختم ہونے والا پانی۔ القلوصُ: جوان لڑکی۔ (ح) جبازی پرندہ کا چوزہ، جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو۔ ـــ من الابل جمع قلائص و قلاص و قُلُص و قُلصان: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی، جوان یا چلتی ہوئی اونٹنی، وہ اونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ القلیصُ: بہت زیادہ۔ ـــ من المیاہ: ختم ہونے والا پانی۔ المِقلاصُ: اونٹنی کو دوہنے والا۔ ـــ من النوق: گرمی [illegible] لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

قَلَصَ ـِ قُلُوصًا: سکڑنا (دھلے ہوئے کپڑے کا)، کم ہونا، گھٹنا، دھیرے دھیرے نظروں سے اوجھل ہونا (سائے کا) پیچھے ہٹنا۔ قلَصَ ظِلُّهٗ: اس کے وقار کے زوال کا وقت آ گیا، یہ کم ہو گیا، سمٹ گیا، گھٹتے گھٹتے بالکل کم رہ گیا۔ قلّصَ ہ: کو سکیڑنا، قریب کرنا (آستین وغیرہ) چڑھانا، اڑسنا، کو بڑھانا، جمع کرنا۔ تقلّصَ ظلّه بمعنی قلص ظلّهٗ۔ اَقلصُ: زیادہ چھوٹا، زیادہ کم۔

قلط: قَلَطَ ـُ قَلْطًا ہ عند العامة: سے میل کچیل دور کرنا (سریانیہ)۔ القَلْط عند العامة: کوڑا کرکٹ بہا لیجانا۔ القَلَطِیُّ و القِیلِطُ: مرد خبیث، سرکش۔ ـــ و القُلاطُ: بہت پست قد، آدمی ہو یا بلی یا کتا۔ القُلَیْط عند العامة: گندگی یا میل کچیل کا ڈھیر (سریانیہ)۔ القِلِیطُ: خصیہ میں سوجن۔ القَلّیطة: روئی کی ایک قسم (عامیہ سریانیہ)۔ القَیلط و القیلَط: خصیہ میں سوجن والا۔

قلع: ا۔قَلَعَ ـَ قَلْعًا الشیءَ: کو جڑ سے اکھیڑنا، کو اس کی جگہ سے پھیر دینا۔ ـــ الوالی فلانًا: کو معزول کرنا۔ قَلِعَ ـَ قَلَعًا و قلعةً الراکبُ: سوار کا زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔ ـــ المصارعُ: کشتی کرنے کے وقت کے قدم ثابت نہ رہنا۔ قُلِعَ قَلْعًا الرجلُ: حملہ میں ثابت نہ رہنا یا زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔ قلّعَ الشیءَ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ قالعَا مُقالعةً: ایک دوسرے کو اکھیڑنا۔ اَقلعَ الامیرُ: قلعہ بنانا۔ ـــ الشیءُ: روشن ہونا۔ ـــ اصحابُ السفینة: روانہ ہونا۔ الملّاحُ السفینةَ: بادبان اٹھانا۔ ـــ عن کذا: سے باز رہنا اور اسے چھوڑنا۔ ـــت الحمّی عن فلان: سے بخار کا اتر جانا کہا جاتا ہے یا سماءُ اقلعی۔ یعنی اے آسمان بارش سے رک جا۔

تقلّعَ: جڑ سے اکھڑنا۔ ـــ فی مشیه: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔ اقتلع: جڑ سے اکھڑنا۔ ـــ الشیءَ: کو جڑ سے اکھیڑنا، چھین لینا۔ اِنقلعَ: جڑ سے اکھڑنا۔ القُلَعُ: چلنے میں قوی مرد۔ القُلْعُ ج اَقلُعٌ و قُلُوعٌ: بسولی، چرواہے کا تھیلہ۔ قُلْعُ الحُمّی: بخار کا اترنے کا دن، کہا جاتا ہے۔ ترکتُهٗ فی قُلْعٍ من حُمّاہُ: میں نے اس کو بخار کی اتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القُلْعُ: وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے، بادبان، بخار اترنے کا دن، کہا جاتا ہے۔ ترکتُهٗ فی قِلْعٍ من حُمّاہُ: میں نے اسے بخار اتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ المَقلَعُ: کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو۔ ـــ من الحمّی: بخار

اترنے کا دن، کہا جاتا ہے۔ تَرَكْتُهُ فِيْ قَلَعٍ مِنْ حُمَّاهُ: میں نے اسے بخار اتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القَلِعُ: کھرنڈ والا، جو حملہ یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔۔ شَيْخٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔ القُلْعَةُ: کھرنڈ والا، کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے، ہمیشہ نہ رہنے والا مال، مانگا ہوا مال، جو درخت سے اکھیڑا جائے، کہا جاتا ہے۔ هُوَ عَلٰى قُلْعَةٍ: وہ سفر پر ہے اور کہا جاتا ہے۔ مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ و قُلُعَةٍ: یعنی ہم اس مکان کے مالک نہیں۔ وهٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ: یعنی یہ ایسا مکان ہے کہ جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والا اٹھا دیا جاتا ہے یا بار بار اٹھنا پڑتا ہے القَلَعَةُ ج قِلَاعٌ و قُلُوْعٌ: قلعہ، کھجور کا چھوٹا پودا جو کھجور کی جڑ سے اکھیڑا جائے، چرواہے کا توشہ دان۔۔ الطائرةُ (ا ع): بڑا جنگی ہوائی جہاز۔ القِلْعَةُ ج قِلَعٌ: قَلْعٌ کا اسم نوع، لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ القَلَعَةُ ج قِلَاعٌ و قَلَعٌ: چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور اس پر چڑھنا دشوار ہو۔۔ ج قَلَعٌ: بڑا ٹیلہ، قلعہ، بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ القُلَعَةُ: کھرنڈ والا، جگہ جس میں اس کا مالک نہ رہ سکے کہا جاتا ہے۔ مَجَالِسُ قُلْعَةٌ: ایسی نشستیں جن پر بیٹھنے والوں کو اپنے سے باعزت فرد کے آنے کی وجہ سے بار بار اٹھنا پڑے، کہا جاتا ہے مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ: یعنی ہم اس کے مالک نہیں۔ القُلَاعُ: مٹی جو خشک ہو جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو، واحد قُلَاعَةٌ: خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی، پھنسیاں جو منہ یا زبان پر ہوں قُلَاعُ الأُذُنِ: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔ القُلَاعَةُ: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اکھیڑا جائے، کہا جاتا ہے رُمِيَ بِقُلَاعَةٍ: یعنی اُسے لاجواب کر دیا گیا۔ القِلَاعَةُ: کشتی و جہاز کا بادبان۔ القُلَّاعُ: وہ شخص جو حملہ یا زمین پر قائم نہ رہ سکے، سپاہی، کفن چور، سپہ سالار، بڑا جھوٹا، داڑھ اکھیڑنے والا، بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ القَلُوْعُ ج قُلُعٌ (ح): بڑی اونٹنی، کمان جو کھینچنے میں الٹ جائے۔ إِقْلَاعُ الحُمّٰى و مَقْلَعُهَا: بخار کا اترنا۔ المَقْلَعُ ج مَقَالِعُ: پتھر اکھاڑنے کی جگہ۔ المِقْلَاعُ ج مَقَالِيْعُ: پتھر پھینکنے کا آلہ، گوپھن۔

۲۔ قَلِعَ ـَ قَلَعًا و قَلَعَةً الرجلُ: کند ذہن ہونے کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا۔ القَلِعُ: کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔

۳۔ القَلْعُ: عمدہ سیسہ کی کان، رَصَاصٌ قَلْعِيٌّ و قَلَعِيٌّ: عمدہ کان کا سیسہ۔ القِلْعُ: مردوں کے پہننے کی صدری۔ القَلَعُ: خون۔

۴۔ تَقَلْعَثَ فی مشیه: اس طرح چلنا جیسے کیچڑ سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہو

۵۔ اِقْلَعَدَّ الشَعَرُ: بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔۔۔ فلانٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔

۶۔ قَلْعَطَهُ فتَقَلْعَطَ (عند العامة): کو بہت میلا کچیلا کرنا جس پر اس کا بہت میلا کچیلا ہونا (سریانیہ)۔ القَلْعَطَةُ عند العامة: میلا کرنا (سریانیہ)۔ المُقَلْعَطُ عند العامة: میلا، کنجوس (سریانیہ)۔

۷۔ اِقْلَعَطَّ الشَعَرُ: بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔ القَلْعَطَةُ: بالوں کا سخت گھنگھریالے ہونا۔ المُقْلَعِطّ (فا): چھوٹے اور سخت گھنگھریالے بالوں والا سر۔

۸۔ المُقْلَعِطُّ: خوف زدہ بھاگنے والا۔

۹۔ اِقْلَعَفَّ الشیئُ: سمٹنا۔ ت اَنَامِلُ فُلَانٍ: کی انگلیوں کا سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

○ الحُمّٰى القُلَاعِيَة: پاؤں اور منہ کی بیماری۔ مَقْلَع جمع مَقَالِع: پتھر کی کان۔ اِقْلَاع: بحری جہاز کی روانگی، بحری جہاز کا چلنا، ہوائی جہاز کا اٹھنا، پرواز کرنا۔ قُلْعُوط: کافر، بدعتی۔

قلف: ا۔ قَلَفَ ـِ قَلْفًا الشجرةَ: درخت سے چھال اتارنا۔۔ الظُفُرَ: کو جڑ سے اکھاڑ لینا۔ قَلَفَ قَلْفًا و قَلَفَةً ۔ الدَّنَّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا۔ قَلَفَ ـُ قَلْفًا القُلْفَةَ: کو کاٹنا۔ قَلِفَ ـَ قَلَفًا الصبیُّ: بے ختنہ ہونا یا اس کے عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا صفت: اَقْلَفُ۔ قَلَّفَ الجزورَ: کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تَقَلَّفَ القشرُ عن الشجرة: درخت سے چھال کا اترنا۔ اِقْتَلَفَ الظفرَ: کو جڑ سے کاٹ لینا۔ اکھیڑنا القِلْفُ: واحد قِلْفَةٌ: درخت کی چھال۔ القِلْفَةُ: ناخن جڑ سے اکھڑا ہوا۔ القُلْفَةُ و القَلَفَةُ ج قُلَفٌ: عضو تناسل کی کھال۔ القُلَافَةُ: درخت وغیرہ کی چھال۔ القَلِيْفُ: مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔۔ واحد قَلِيْفَةٌ: دریائی کھجور جس کا چھلکا اتر گیا ہو۔ خشک میوہ ۔ ج قُلُفٌ و القَلِيْفَةُ ج قَلِيْفٌ و المَقْلُوْفَةُ ج مَقْلُوْفَاتٌ: بڑا ٹوکرہ۔ الاَقْلَفُ مونث قَلْفَاءُ ج قُلْفٌ: بے ختنہ، عضو تناسل کی بڑی کھال والا، کہا جاتا ہے۔ هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ: وہ اچھی باتوں کو قبول نہیں کرتا اور کہا جاتا ہے۔ عَامٌ اَقْلَفُ: سرسبز سال اور عَيْشٌ اَقْلَفُ: خوش حال زندگی۔ التَقْلِيْفُ: کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔ المَقْلُوْفُ: مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑائی گئی ہو۔

۲۔ قَلَفَ ـِ قَلْفًا الشیئَ: کو پلٹنا۔

۳۔ قَلَفَ ـَ قَلْفًا و قِلَافَةً و قَلَّفَ السفينةَ: کشتی کے تختوں کو کھجور کے درخت کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا اسم القِلَافَةُ ہے۔

۴۔ اِنْقَلَفَت السُرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے سلوٹ والی ہونا۔ القِلْفُ واحد قِلْفَةٌ: سخت جگہ۔ القَلَفَةُ من الشفاه: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

۵۔ قَلْفَحَ الطعامَ: سب کھانا کھا لینا۔

۶۔ تَقَلْفَعَ عنه الشیئُ: سے کا چھل جانا۔ القِلْفِعُ و القِلَفِعُ: خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا، لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔ القِلْفِعَة: سانپ کی چھتری، زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اگنے سے ہٹ جائے، اونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔

○ قَلُفَة جمع قَلُفات: فورمین، ہل مزدور، محنت مشقت کرنے والا۔ قَلَفُوْن و قَلَفُوْنِيَة: گندہ بروزہ، عام یا سیاہ رال۔

قلق: ا۔ قَلَقَ ـَ قَلْقًا الشیئَ: کو حرکت دینا۔ قَلِقَ ـَ قَلَقًا: مضطرب ہونا، بے قرار ہونا صفت مذکر قَلِقٌ و مِقْلَاقٌ: صفت مونث قَلِقَةٌ و مِقْلَاقٌ۔ اَقْلَقَهُ: کو بے قرار کرنا۔۔ الشیئَ من مکانه: کو اس کی جگہ سے حرکت دینا۔۔ القومُ السيوفَ فی الغمد: آسانی کیلئے تلواروں کو میان ہی میں حرکت دینا۔

۲۔ القُلْقَاسُ (ن): اروی (یونانیہ) ۔۔۔ الرومی والکنکر: آلو کی شکل کی سبزی کچالو۔

○ مُقْلِق: سازشی، موذی، مصیبت شخص۔

○ قَلْقَلَ ہ/ ھ: کو ہلانا، جھنجوڑنا، غیر یقینی بنانا، کو درہم برہم کرنا، میں خلل ڈالنا، کو پریشان کرنا، میں ہیجان پیدا کرنا، ہلچل ڈالنا، اضطراب پیدا کرنا، کو برانگیختہ کرنا۔ ۔ ہ: کو جوش میں لانا، بھڑکانا، بغاوت پر اکسانا۔ تَقَلْقَلَ: حالت اضطراب میں ہونا یا ہو جانا، ہل جانا، جھنجوڑا جانا، پریشان ہونا، تشویش میں مبتلا ہونا، بے چین ہونا، مضطرب ہونا، جوش میں آنا، بھڑکنا، بغاوت پر برانگیختہ ہونا۔۔۔ من: اپنی جگہ سے ہلنا، حرکت کرنا۔۔۔: (صورت حال کا) غیر محفوظ ہونا، غیر یقینی ہونا۔ قَلْقَلَة جمع قَلَاقِل: عام بے چینی، گڑبڑ، جوش، اضطراب، ہنگامہ، ہلچل، افراتفری، شورش، بلوہ، کھلبلی، تصادم، صدمہ۔ قُلْقَيْلَة جمع قلقیلات: ڈھیلا، مٹی کا ڈھیلا۔ مُقَلْقَل: حالت اضطراب میں، بھڑکا ہوا، ہلایا ہوا، غیر یقینی، درہم برہم، ہیجان زدہ، ہلچل میں آیا ہوا وغیرہ۔

قلم: ا۔ قَلَمَ ـِ قَلْمًا و قَلَّمَ الشیئَ: کو کاٹنا۔ قَلَّم الشیءَ: کو تھوڑا تھوڑا کاٹنا۔ الظفر: ناخن تراشنا۔

الـقَلَمُ ج اَقْلَامٌ و قِلَامٌ: قلم، قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہوتا ہے بننے سے پہلے اسے قصبہ یا یراعۃ کہتے ہیں۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ الـقُلَامَۃُ: تراشہ۔ قُلَامَۃُ الـظـفـر: ناخن کا تراشہ۔ الاِقْـلِـیْـمُ ج اَقَـالِـیْمُ: ملک، صوبہ، ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ الاِقْلِیْمِیَّۃُ اقلیمیہ علاقائیت، علاقائی خودمختاری، علاقہ پرستی، الاِقْـلِـیْمِیُّ: مذہب اقلیمیہ کا پیرو۔ علاقائی خودمختاری کا مطالبہ کرنے والا، علاقہ پرست۔ التَقْلِیْمُ اور بقول بعض التَشْحِیْلُ (ز). درخت کی قطع وبرید کرنا، درخت چھانگنا۔ المِقْلَامُ: قینچی۔ الـمَقْـلَـمَۃُ ج مَقَالِمُ. قلمدان مَـقَـالِمُ الرُمْحِ: نیزے کی گرہیں کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَقْلُوْمُ الظُـفْـرِ ومُـقَلَّمُ الظُفْرِ یعنی فلاں ضعیف وذلیل ہے۔

۲۔ الـقَـالِـمُ ج قَـلَـمَۃٌ. جس کی بیوی نہ ہو۔ کنوارا۔ الـمُـقَـلَّـمَۃُ: بیوہ عورت، کہا جاتا ہے سَارَتْ اَلْفٌ مُـقَلَّمَۃٌ: یعنی ایک ہزار فوجیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔

۳۔ قَـلْـمَعَ رأسَـہُ: کے سر پر مار کر اسے جدا کرنا۔ ــــ الشیئَ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ الـقَلْمَعَۃُ (مص): کمینے لوگ۔

قلن : ا۔ قَلْنَسَ ہُ: کو ٹوپی پہنانا۔ ــ الشیئَ: کو چھپانا۔ تَـقَلْنَسَ. ٹوپی پہننا۔ الـقَلَنْسُوَۃُ والقُلَنْسِیَۃُ ج قَلَانِـسُ وقَلَانِیْـسُ وقَلَاسٍ و کَلَاسِیُّ اور تصغیر قُـلَـیْـنِسَۃُ و قُلَیْسِیَۃُ: ٹوپی، (مختلف شکل کی) پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قـلـوسـۃ کہتے ہیں (لاطینیہ)۔

۲۔ قَلْنَسَ الرجُلُ سینہ پر ہاتھ رکھ کر فروتن کی طرح کھڑا ہونا۔

قـلـو : ا۔ قَلَا َ ـُـ قَلًا و قَلَاءً الرجُلَ: سے بغض رکھنا۔ تَـقَـلّٰـی الـیـہ: سے نفرت کرنا بغض رکھنا۔ تَـقَالَی الرجُلَان: ایک دوسرے سے بغض رکھنا، کہا جاتا ہے۔ بَیْنَھُمْ تَقَالٍ: ان کے درمیان باہمی بغض ہے۔

۲۔ قَلَا َ ـُـ قَـلْـوًا اللحَمَ وغَیْرَہُ: گوشت وغیرہ کڑاہی میں بھوننا صفت فاعلی قَلَّاءٌ: اور صفت مفعولی مَـقْـلُـوٌّ ۔ تَـقَـلّٰـی عـلٰی فراشـہ: بستر پر تلملانا۔ اِقْـلَوْلٰی اِقْـلِـیْلَاءً: بے آرام ہونا، جگہ سے علیحدہ ہونا، سکڑنا، کوچ کرنا، پریشان ہونا۔

۳۔ قَلَا ـُـ قَلْوًا الابلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔ ــــ القُلَۃَ وبـالـقُلَۃِ: کو پھینکنا۔ الـقُـلَۃُ ج قُلَاتٌ وقِلُوْنٌ و قُـلُـوْنٌ ۔ والمِقْلٰی والمِقْلَاءُ: گلی ڈنڈا۔ القِلْوُ: ہلکا پھلکا، جوان ہلکا گدھا۔ القِلْوَۃُ: جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔

۴۔ اِقْـلَـوْلٰی اِقْلِیْلَاءً الطائِرُ: پرندے کا اڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اترنا۔ ــ ہُ: کی پیٹھ پر سوار ہونا۔ ـــ فی الجبل: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا۔ القَلَوْلَی: بلند پرواز پرندہ۔

۵۔ الـقُـلَـۃُ: ہرن کے پھنسانے کے لئے ایک قسم کا پھندا۔ القِلْوُ: ترشہ، الکلی۔

قلی ا۔ قَـلٰی یَقْلِیْ قَلْیًا اللحمَ وغیرَہُ: گوشت وغیرہ بھوننا صفت قَلَّاءٌ: بھوننے والا مَـقْـلِـیٌّ: بھونا ہوا (گوشت)۔ الـقَلَّاءُ: کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں گوشت بھوننے والا۔ القَلَّاءَۃُ: وہ جگہ جہاں گوشت کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔ الـقَلِیَّۃُ ج قَلَایَا (ط): جو بھونا جائے، شوربا جو اونٹ کے گوشت سے تیار کیا جائے۔ المِقْلٰی والمِقْلَاۃُ ج مَقَالٍ: کڑاہی، فرائی پان۔ الـمَقْلَاۃُ: وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے۔ المَقْلِیُّ: جو بھونا جائے۔

۲۔ قَلٰی یَقْلِیْ قَلْیًا فلانًا: کے سر پر مارنا۔ القُلٰی واحد مونث قُلَۃٌ: پہاڑوں کی چوٹیاں، مردوں کی کھوپڑیاں۔

۳۔ القِـلْی والقِلْیُ: کڑوے پودے سے بنی ہوئی چیز۔ القِلِیَّۃُ: راہب کی کوٹھڑی (یونانیہ) القِلَایَۃُ پادری کی رہائش گاہ (یونانیہ)

۴۔ قَلٰی یَقْلِیْ وقَلِیَ یَقْلٰی قِلًی و قَلَاءً و مَقْلِیَۃً الرجُلُ: سے بغض رکھنا، صفت فاعلی قَالٍ صفت مفعولی مَقْلِیٌّ۔

قَلَّمَ اظافِرَ خَصْمِہِ: اپنے مخالف کو بے اثر کرنا، غیر مسلح کرنا، بِقَلَمِہِ: کے قلم سے لکھا ہوا، قلم الحِبْرِ: فاؤنٹین پین، قَلم حِبرٍ جافٍ اور قلم حِبرٍ ناشف: بال پوائنٹ پین، قَلم التحریر: ایڈیٹر کا کمرہ، خبرنویسی کا کمرہ۔ قلم الحَرکۃ: محکمہ ٹریفک، قلم الحسابات: محکمہ پڑتال حسابات۔ قَلَم الادارۃ: دفتر انتظامیہ، صدر دفتر، قلم الرَصاص: پنسل، قلم السیاحۃ: محکمہ سیاحت، قلم الاستعلامات: دفتر معلومات۔ قلم المطبوعات: پریس اور معلومات کا دفتر قلم القیودات: زندگی پر اثر انداز ہونے والے اعداد وشمار کا دفتر۔ دفتر اندراج۔ قلم الکُتَّاب: دفتر محررین۔ قلم الکُوبیۃ: کاپنگ پنسل، آرٹ پنسل، قلم المرور: ٹریفک کنٹرول بورڈ۔ مِقْلَمَۃ جمع مِقْلمات: قلمدان۔

تقلیم: کاٹنا، تراشنا، کاٹ چھانٹ کرنا، کاٹ چھانٹ [illegible] الاظافِرِ: ناخن تراشی۔ مُقَلَّم: کاٹا ہوا، تراشا ہوا، کانٹ چھانٹ کیا ہوا، دھاری دار بنایا ہوا۔ مُقَلَّمُ الظُفْرِ: بے بس، کمزور، بے اختیار۔ اَقْلَمَ: عادی ہونا، (آب وہوا) راس آنا۔ تَـاَقْـلَمَ: خود کو (آب وہوا وغیرہ) کا عادی بنانا۔ اِقلیم جمع اقالیم: علاقہ، صوبہ، انتظامی ضلع (مدیریۃ) الاقالیم: ملک، دیہات، مفصلات، دیہات کا علاقہ۔ اِقلیمی: موسمی، موسم کا، علاقائی، مقامی، قلمرو کا، ممالک محروسہ کا۔ المیاہ الاقلیمیۃ: علاقائی سمندر، ساحلی سمندر، قَلَنْدَار: گھومنے پھرنے والا درویش، قلندر، درویش۔ القِلْوِیات: ترشے، تیزاب کے ہم رشتہ ترشے۔ قَلَّایَۃ: تلنے کا برتن، کڑاہی، پکانے کا برتن (ہانڈی) تَقْلِیَۃ: لہسن، دھنیا اور پگھلے ہوئے مکھن سے بنائی چٹنی جو مسالہ کے طور پر پیش کی جاتی ہے۔

قَلْوَزَ: (پگڑی) باندھنا۔

قَلْوَظَ: پیچوں سے جوڑنا، پیچ لگانا، پیچ کسنا۔ قَلَاوُوظ: (قلاوزجی کہا جاتا ہے): پیچ، جہاز کا پائلٹ۔ قَلَّایَۃ: راہب کا حجرہ۔ قبطیوں کے لاٹ پادری کی رہائش گاہ۔ قِلِّیَۃ: راہب کا حجرہ۔

قمّ : ا۔ قَـمَّ ـُـ قَمًّا البیتَ: گھر میں جھاڑو دینا صفت۔ قَامٌّ و قَـمَّـامٌ ـــ شاربَہُ: مونچھ جڑ سے مونڈنا۔ ـــ مـاعلـی الـمـائدۃ: دسترخوان پر رکھا ہوا کھانا کھانا۔ تَـقَمَّمَ ما علی المائدۃ: دسترخوان پر پڑا سب کچھ کھالینا۔ اِقْـتَمَّ ما علی المائدۃ: دسترخوان پر رکھا کھانا سارا کھالینا۔ الـقُـمَّۃُ: کوڑا گھر، شیر کا لقمہ۔ القُمَامَۃُ ج قُمَامٌ: جھاڑو۔ القَمِیْمُ: ستو۔ المِقَمُّ و الـمُقْتَمُّ: دسترخوان پر پڑا سب کچھ کھا جانے والا۔ الـمِقَمَّۃُ ج مَقَامٌ: جھاڑو۔ والمَقَمَّۃُ. پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔

۲۔ قَمَّ ـُـ قَمًّا الشیئُ: خشک ہونا۔ قَمَّمَ ہُ: کو خشک کرنا۔ القَمِیْمُ: خشک سبزی۔

۳۔ قَـمَّـمَ الـنـجم: ستارے کا آسمان کے درمیان میں پہنچنا۔ تَـقَـمَّـمَ ـــ الشیئَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ ـــ الـنـخـلـۃَ: کھجور کے درخت پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا۔ ـــ الرجُلُ قِرْنَہُ: ہمسر پر غالب آنا۔ القِمَّۃُ ج قِمَمٌ: ہر چیز کی چوٹی بدن، قد وقامت۔

۴۔ اِقْتَمَّ الشیئَ: سے نبٹنا، پر اعتماد کرنا، میں غلطی نہ کرنا۔

۵۔ القِـمَّۃُ ج قِـمَـمٌ والـقُـمَـامَۃُ ج قُـمَـامٌ: لوگوں کی جماعت۔

۶۔ قَـمْـقَـمَ قَمْقَمَۃً ما علی المائدۃ: دسترخوان پر باقی ماندہ تلاش کر کے اکٹھا کرنا۔ رَجُـلٌ قَـمْـقَـامٌ: کمینہ جو

گندی چیزوں کا دلدادہ ہو۔

۷۔ تقمقم. پانی میں ڈوب جانا ۔۔۔ الشیئَ. پر چڑھنا۔ [illegible] پر۔ القَمْقام بڑا معاملہ ۔۔۔ والقُمْقام والقَمْقَم کثیر تعداد، سمندر یا اس کا بڑا حصہ۔ ح، چھوٹے بندر ۔۔۔ ج قماقِمُ و قُماقِمَةٌ بہت بخشش والا سردار۔ القمقمان عدد کثیر، سمندر یا اس کا بڑا حصہ۔ ح چھوٹے بندر۔

۸۔ تقمقم ۔۔۔ پر بڑبڑانا، شاکی ہونا۔ (عامیہ)۔

۹۔ القمقم حلق، مٹکا، پانی گرم کرنے والا تانبے کا برتن، عطر فروش کا برتن، گلاب پاش (فارسیہ)۔ القمقمة گلاب پاش، لمبی گردن کی بوتل۔ القِمقِمُ خشک پکی کھجور۔ القَمْقام والقُمْقام والقَماقِم والقمقمان واحد قَمْقامَةٌ (ح). جوں کی ایک قسم۔ القماقم ماہ ستمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینہ کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔ عام لوگ اسے بواحیر کہتے ہیں۔

قمأ القمأ ۔۔۔ قمأ المکانَ وبه: میں داخل ہونا اور اقامت کرنا ۔۔۔ و قمؤ ۔ قُمُوءًا وقُمُوءَةً وقَمَاءً وقَماءً وقَماءةً ت الماشیةُ: جانور کا موٹا ہونا ۔۔۔ ت الابلُ بالمکان: میں سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔ قامأ مُقاماءَةً: سے موافقت کرنا، کہا جاتا ہے ماقامأہُ المکانُ. جگہ اسے موافق نہیں آئی۔ اقمأ الشیئُ او المکانُ فلانًا: چیز یا جگہ کا کسی کو تعجب میں ڈالنا ۔۔۔ ت الماشیةُ: جانور کا موٹا ہونا۔ تقمأ فلان المکان جگہ کا کسی کو موافق ہونا اور اس کا اس میں اقامت کرنا۔ القَمْءُ: وہ جگہ جہاں اونٹ یا اونٹنی رہیں اور موٹے ہو جائیں اور اسی طرح عورت اور مرد بھی۔ القُمْأةُ. سرسبزی۔ القَمْأةُ. سرسبزی ۔۔۔ ج قِمَاءٌ والمَقْمَأةُ والمَقْمُؤةُ. وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔

۲۔ قمأ ۔ قمْأةً. کو اکھیڑنا ۔۔۔ وقَمُؤَ ۔ قَمَاةً وقُمَاةً وقِمَاءَةً و قَمَاءَةً ذلیل وخوار ہونا صفت قَمِیٌٔ ج قِمَاءٌ و قُمَاءٌ ۔ اقمأ الرجلَ: کو ذلیل کرنا۔ القُمْأہُ والقُمَاءُہُ: آرام سکون، دلجمعی۔ القمیٔ: ذلیل وخوار۔

۳۔ تقمّأ الشیئَ: کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا، عمدہ چیز لینا۔ اقتمأ الشیئَ: کو جمع کرنا۔

قمح القمحَ ۔ قُمُوحًا و قامَحَ و اِنقَمَحَ البعیرُ سیرابی کی وجہ سے پینے سے رک جانا صفت قامِحٌ ج قِمَاحٌ و قُمَّحٌ قَمَّحَ فلانًا. کو حق سے کم دے کر ہٹانا۔

اقمَحَ الرجُلُ. سر اٹھانا اور آنکھ بند کرنا ۔۔۔ بانفه: بڑائی جتانا، مغرور ہونا ۔۔۔ الغُلُّ الاسیرَ: آہنی طوق کا تنگی کی وجہ قیدی کے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا۔ تَقَمَّحَ البعیرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اٹھانا ۔۔۔ الشرابَ و من الشرابِ: کو ناپسند کرنا۔ شَهْرَا قُمَاحٍ وقِمَاحٍ: دو رومی مہینوں کے نام کانون اول، کانون ثانی۔ (دسمبر اور جنوری)

۲۔ قمِح ۔ قَمْحًا و تَقَمَّحَ واقتَمَحَ السویقَ. ستو پھانکنا ۔۔۔ الشرابَ: کو ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔ اقمَحَ فلانٌ: شراب پینا۔ القُمْحَةُ: پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔ (منہ بھر پھنکی، منہ بھر پانی) رَجُلٌ قَمُوحٌ للنبید: نبیذ بہت پینے والا۔ القَمِیحَةُ: پھنکی (ستو یا دوا وغیرہ کی)۔

۳۔ اقمَحَ السنبلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا، بننا ۔۔۔ البُرُّ: گندم کا پکنا۔ القَمْحُ گندم واحد قَمْحَةٌ: گندم کا دانہ۔ القَمْحِیَّةُ اور اسے قِلْیَةٌ: بھی کہتے ہیں (ط): ابلی ہوئی چھلکے سمیت گندم میں چینی گلاب کا عرق اور انار دانہ وصنوبر دانہ وغیرہ ملا کر تیار کیا ہوا حلوہ۔

۴۔ القُمْحَةُ والقُمَّحانُ والقُمَحانُ (ن): زعفران۔ القُمْحانَةُ: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔

۵۔ القَمَحْدُوَةُ ج قَمَاحِدُ: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ۔

قمد: قَمَدَ ۔ قَمْدًا و قُمُودًا: انکار کرنا، باز رہنا، نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔ قَمِدَ ۔ قَمَدًا: لمبی اور موٹی گردن والا ہونا صفت اَقْمَدُ: مونث قَمْدَاءُ ۔ اَقمَدَ الرجُلُ: گردن بلند کرنا۔ القُمُدُ والقُمَادُ: مضبوط، موٹا۔ القُمُدُّ: مضبوط، موٹا۔ والقُمُدَّةُ والقُمُدَّانِیَّةُ: لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔

قَمَّحَ ہ: صرف ایک حصہ دینا، کو قسطوں میں ادائیگی کرنا قَمْحِیٌ گندم گوں۔ قَمْحَة: جمع قمحات: گیہوں کا مغز، گرین = 1/4 قیراط۔ قَمّاح. غلہ فروش، آٹے دال کی دکان والا۔

قمر. القَمَرَ ۔ قَمْرًا: جوا کھیلنا ۔۔۔ الرجُلَ: پر جوئے میں غالب آنا ۔۔۔ الرجُلَ مالَهُ: کا مال چھین لینا۔ قَامَرَ مُقَامَرَةً وقِمَارًا ہُ: باہم جوا کھیلنا۔ تَقَمَّرَ الرجُلَ: پر جوئے میں غالب آنا۔ تَقَامَرَ القومُ: باہم جوا کھیلنا۔ القِمَارُ (مص). جوا۔ القَمِیرُ ج اَقْمَارٌ. (جیسے نصیر ج انصار): جواری، کہا جاتا ہے هُوَ قَمِیرُكَ: وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے۔

۲۔ قَمِرَ ۔ قَمَرًا الشیئُ: بہت سفید ہونا ۔ الرجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا، چاندنی رات میں بے خواب ہونا۔ اَقمَرَ اللیلُ: چاندنی کا کھیت کرنا ۔۔۔ الهلالُ: ہلال کا پورا چاند بننا ۔۔۔ القومُ چاندنی میں ہونا، چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا۔ تَقَمَّرَ. چاندنی رات میں شکار کے لئے نکلنا ۔۔۔ الرجُلَ. کے پاس چاندنی رات میں آنا۔ الطیرَ: پرندے کو شکار کے لئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا ۔۔۔ الطیرَ والظباءَ: پرندوں یا ہرنیوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا۔ اِقْمَارَّ اِقْمِیرَارًا: سفید ہونا، چاند کے رنگ کا ہونا۔ القَمَرُ ج اَقْمَارٌ (فلك): چاند، تین رات سے لے کر آخر ماہ تک کو قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال، کہا جاتا ہے اِستَرعَیتُهُ الشَّمْسَ والقَمَرَ: یعنی میں نے اس کو نظر انداز کر دیا۔ القَمَرَانُ (فلك): آفتاب و ماہتاب۔ الاقمار التوابع (فلك). اجرام فلکی جو سیاروں کے گرد گردش کرتے ہیں جیسے چاند زمین کے۔ مثلاً مریخ کے دو چاند اور مشتری اور زحل کے کئی چاند۔ اَقمَارُ العلمِ وشُمُوسُهُ: علماء۔ القُمْرَةُ: سبزی مائل سفید رنگ، تیسری رات کا چاند۔ لَیلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔ الحُرُوفُ القَمَرِیَّةُ: چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے القَمَرُ میں۔ الاَقمَرُ: سفید، سبزی مائل سفید رنگ والا۔ وَجْهٌ اَقمَرُ چاند کے مشابہ چہرہ۔ القَمْرَاءُ: الاقمر کا مونث: چاندنی روشنی۔ القُمْرِیُّ ج قُمْرٌ وقَمَارِیُّ مونث قُمْرِیَّةٌ (ح). فاختہ کی مانند ایک خوش آواز پرندہ۔ القُمْرِیَّةُ چھوٹی کھڑکی۔ القَمَرِیَّةُ (ن): ایک بیل، جس کے پھلوں کے بیج ہلالی شکل کے ہوتے ہیں۔ تزین و آرائش کے لئے بوئی جاتی ہے، ایک پھول جس کی دو قسمیں ہیں ایک سدا بہار جو خوشبودار ہوتا ہے اور ایک موسمی جو بے بو ہوتا ہے۔ لَیلَةٌ مُقمِرَةٌ و مُقمِرٌ: چاندنی رات، عربوں کی ایک مثال ہے اَنشَطُ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ: یعنی چاندنی رات کے ہرن سے زیادہ چست اور پھرتیلا کہتے ہیں کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ اسے شکار کر لیتا ہے اس وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے اَغَرُّ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ یعنی چاندنی رات کے ہرن سے زیادہ دھوکے میں آنے والا۔

۳۔ قَمِرَ ۔ قَمَرًا الکلأُ والماءُ وغیرُهما: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا۔ اَقمَرَت الابلُ: اونٹوں کا سیراب ہونا، بہت گھاس میں چرنا۔ الماءُ القَمِرُ: بہت پانی۔ سَحَابٌ اَقمَرُ: پانی سے بھرا ہوا بادل۔

۴۔ اَقْمَرَ الثمرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آ جائے، پکنے سے پہلے سردی آ جانا اور مٹھاس جاتا رہنا۔

۵۔ قَمْرَةُ المَرْكَبِ عند المَلاَّحِيْنَ. یہ کامیرا سے معرب اطالوی لفظ ہے بمعنی کوٹھری۔ المَقْمُوْرُ (مفع) برائی، ناپسندیدہ بات، اسی سے ایک مثال ہے۔ وَضَعْتُ يَدِيْ بَيْنَ إحْدٰى مَقْمُوْرَتَيْنِ: میں نے برائیوں میں سے ایک برائی میں ہاتھ ڈالا۔

قمز اقَمَزَ ـِ قَمْزًا التمرَ کو اکٹھا کرنا، کو انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔ اَقْمَزَ الرجُلُ: بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔ القَمْزُ: بے کار مال۔ القُمْزَةُ ج قُمَزٌ: کھجور کی ایک مٹھی، نباتات کا ایک شگوفہ جس میں دانہ ہو۔

۲۔ قَمَزَ ـُ قَمْزًا بمعنی نفر۔ (عوام کے حسب استعمال۔)

قمس ۔ اقَمَسَ ـِ قَمْسًا هُ في الماء کو پانی میں غوطہ دینا۔ ۔ـت الدلو في الماء: ڈول کا پانی میں ڈوب جانا۔ ۔ به في البئر کو کنویں میں پھینکنا۔ ۔ الولد في البطن. بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ قَمَسَ ـِ ـُ قَمْسًا و قُمُوْسًا في الماء: پانی میں غوطہ لگانا۔ قَمَّسَ الرجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔ قَامَسَ قِمَاسًا و مُقَامَسَةً هُ: سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ اَقْمَسَ الكوكبُ: ستارے کا غروب ہونا۔ ۔ هُ في الماء: کو پانی میں غوطہ دینا۔ ۔ الولدُ في البطن: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ تقامَسُوْا في الماء: باہم غوطہ زنی کرنا۔ اِنْقَمَسَ في الماء: پانی میں غوطہ لگانا۔ ۔ في الركية: کنویں میں کود پڑنا۔ ۔ الكوكبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ القَامُوْسُ ج قَوَامِيْسُ: سمندر، سمندر کا بڑا اور گہرا حصہ، علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب۔ موجودہ زمانہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔ القِمَاسُ: کنویں میں پانی کی زیادتی۔ القَمَّاسُ: غوطہ خور۔ القَمُوْسُ: کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔ القَمِيْسُ: سمندر۔ القِمِّيْسُ ج قَمَامِيْسُ: سمندر۔ القَوْمَسُ ج قَوَامِسُ: سمندر کی گہرائیاں، سمندر کے پانی کا بڑا حصہ۔ القَوَامِسُ: مصیبتیں۔

۲۔ قَامَسَ قِمَاسًا و مُقَامَسَةً هُ: سے مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا، کہا جاتا ہے هُوَ يُقَامِسُ حُوْتًا: وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرنا۔

۳۔ القُمَّسُ ج قَمَامِسُ و قَمَامِسَةٌ: شریف انسان۔ القَوْمَسُ ج قَوَامِسُ: امیر۔

قمر قَمَرَ ـِ قَمْرًا۔ جوا کھیلنا۔ ـِ ہُ کو جوئے میں ہرانا، قُمِرَ: جوئے میں ہار جانا۔ قَمِرَ ـَ قَمَرًا: برف چندھا ہونا یا ہو جانا۔ قَمَّرَ ہ: (روٹی، ڈبل روٹی وغیرہ) سینکنا۔ قَامَرَہ: کے ساتھ جوا کھیلنا۔ ـ ب: کو شرط یا داؤ کے طور پر رکھنا، کو خطرے میں ڈالنا، کا خطرہ مول لینا۔ ـ علی: پر بازی لگانا، پر سٹا کرنا۔ قامر علی الجوادِ الخاسر: غلط گھوڑے پر بازی لگانا۔ اَقْمَرَ: (رات کا) چاندنی ہونا۔ حجر القمر: جپسم کی ایک قسم۔ قَمَرَة جمع قَمَرات: ہلال، نیا چاند، چاندنی، روشندان۔ قَمَر: برف کوری۔ ۔ جمع قمار: چاند، نقلی چاند (مصنوعی سیارہ)۔ قَمَرِیة جمع قَمَرِیات. روشندان، چھوٹی کھڑکی۔ اَقْمَر مونث قَمْراء، چاندنی (رات) روشن، چاند جیسا سفید، سفیدی مائل۔ مَقْمَر و مَقْمُرَة جمع مَقَامِر جوا خانہ۔ قِمار: جوا، بازی، شرط لگانا۔ اٰلة لعب القِمار: سکہ ڈال کر جوئے وغیرہ کا ٹکٹ نکالنے والی مشین۔ مُقَامَرَة: جوا کھیلنا۔ مُقَمِّر و مُقَمِّر كهربائي: ٹوسٹر، توس سینکنے والی مشین۔ مُقَمَّر: ڈبل روٹی کے ٹکڑے جو آگ پر سینکے ہوئے ہوں، روٹی جو آگ پر سینکی گئی ہو۔ مُقَامِر: جوئے باز۔ مُقْمِر: چاندنی (رات) قَمَرة و قَمُرَة جمع قمرات: برتھ (Berth)، جہاز میں دیوار گیر بستر یا نشست کیبن (Cabin)، خاص کمرہ (State Room) قُمْرُق جمع قَمَارِق۔ محصول درآمد (و برآمد)۔

قوف: ا۔ قَافَ يَقُوْفُ قَوْفًا و اِقْتَافَ اثرَ فلان: کی پیروی کرنا، کے پیچھے جانا تَقَوَّفَ اثرَ فلان: کا کھوج لگانا، کو تلاش کرنا ــــ ہ فی المجالس: کو بات کرنی سکھلانا، کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے: هُـوَ يَتَـقَـوَّفُ عَـلَيَّ مَالِيْ: وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔ الـقَـائِفُ (فا) ج قَافَةٌ: کھوج لگانے والا قیافہ شناس، مولود کے اعضاء کو دیکھ کر اپنی فراست سے اس کا نسب بتانے والا۔ الـقَـوَافُ والـقَـوَّافُ: کھوج لگانے والا۔ الاَقْوَفُ: اسم تفضیل، کہا جاتا ہے۔ هو اَقْـوَفُ الـنَّـاسِ لِلْاَثَرِ: وہ لوگوں میں سے نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔

۲۔ الـقَـافُ مِن الرقبة: گدی کے بال الـقُوْفُ: کان کا بالائی حصہ۔ ـ والقُوْفَةُ مِن الرقبة: گدی کے بال، کہا جاتا ہے۔ اَخَـذْ تُهُ بقُوْفِ رَقَبَتِهِ: میں نے اس کی پوری گدی پکڑ لی۔ القَوْفِيُّ: ہر خوشبودار دھونی۔

○ قَـاعٌ جمع قِيـعَـان و اَقْـوَع و اَقْـوَاع: ہموار پست زمین، سب سے نچلا حصہ، پیندا، دو موجوں، انخفاض، کان کا فرش، گہرا بڑا گڑھا، اتھاہ، قـاع النهـر: دریا کی تلہٹی، بِـلادُ القاع: نیدرلینڈز (نشیبی ملک ہالینڈ و بلجیم) قـاعَة جمع قـاعـات: پختہ و فرش والا صحن، ڈیوڑھی، ہال، کافی بڑا کمرہ۔ قاعةُ المحاضرات: لیکچر ہال، (یونیورسٹی) آڈیٹوریم قاعةُ التدريس: لیکچر روم، کلاس روم قـاعةُ الـطعام: کھانے کا کمرہ، مشترکہ کھانے کا ہال، قـاعة العرش: تاج والا کمرہ قـاعة المطـالعة: ریڈنگ روم، سٹڈی ہال۔ قـاعة الافراح: خاص ضیافت کا ہال، بال روم (اجتماعی رقص کا کمرہ)

قوق: ا۔ قَـاقَ يَقُـوْقُ قَـوْقًـا ت الدجاجةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔ الـقَـاقَ: بے وقوف۔ (ح): پہاڑی کوا۔ عندالعامة ج قِيْقَانٌ (ح): کوا۔ ـ والقُوْقُ: لمبی گردن والا آبی پرندہ۔ ــــ والقِيْـقُ من الرجال: بہت لمبا مرد۔ الـقُـوْقَةُ (ح): ایک قسم کا پرندہ جو اجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔ الـقَـاوُوْقُ ج قَوَاوِيْقُ: ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو عجمی ممالک میں استعمال کی جاتی ہے (فارسیہ)

۲۔ قَوْقًا قَوْقَاةً ت الدجاجةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔

۳۔ قَوْقَلَ قَوْقَلَةً الرجلُ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔

۴۔ قَوْقَى قَوْقَاةً و قِيْقَاءً: چیخنا، چلانا۔

○ قاق جمع قيقان: پہاڑی کوا، قاقُ الماء: قوق (ماہی خور پرندہ) ام قُوَيق: الو، بوم۔ القوقاز اور القوقاس: کاکیشیا، قفقاز، کوہ قاف۔ بحیرہ اسود سے بحیرہ کیسپین تک پھیلا ہوا سلسلہ کوہ الـقـوقازيون: اس علاقہ کے لوگ۔

قَوْقَع: سیپی قَوْقَعَة جمع قَوَاقِع: گھونگا۔

قول: ا۔ قَـالَ يَقُوْلُ قَوْلًا وقَالًا وقِيْلًا و قَوْلَةً و مَقَالًا و مَقَالَةً: کہنا، بولنا۔ ــــ بكذا: کا حکم کرنا، پر اعتقاد رکھنا۔ غالب ہونا ــــ به: سے محبت کرنا اور اسے اپنے لئے خاص کرنا۔ ــــ لهُ: سے خطاب کرنا۔ ــــ عنه: سے روایت کرنا۔ ــــ عليه: پر افترا کرنا، تہمت لگانا۔ برأسه: سر سے اشارہ کرنا ــ بيده: ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ ـ برجله: چلنا۔ ـ بثوبه: کپڑے کو بلند کرنا۔ ـ فيه وعنه: میں اجتہاد کرنا۔ اور قَالَ ظَنَّ کے معنی میں بھی آتا ہے اور اس کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو جیسے۔ اَتَـقُوْلُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا بمعنی اَتَظُنُّهُ مُنْطَلِقًا: اور بعض کے نزدیک ظَنَّ کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو، صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُـلْـتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا بمعنی ظَنَنْتُ اور کبھی یہ مَالَ اور اَقْبَلَ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قول سے تعبیر کرتے ہیں کہا جاتا ہے قَـالَ فَـأَكَلَ و قَـالَ فَـضَـرَبَ وغیرہ۔ قَوَّلَ هُ: کو بات کہنے کی تعلیم دینا یا اس کا یعنی کہنے کا حکم دینا۔ ــــ واَقَالَ اِقَالَةً واَقْوَلَ اِقْوَالًا فلانـاً مـالم يَقُلْ: سے نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ قَـاوَلَ مُـقَـاوَلَةً هُ فـی الامر: سے پر مباحثہ کرنا۔ تَـقَوَّلَ عليه القولَ: کے متعلق جھوٹ گھڑنا۔ تَـقَـاوَلُـوْا فی الامر: پر گفت و شنید کرنا۔ اِقْتَالَ الشيئَ: کو پسند کرنا۔ ـ عليهم: پر حکم لگانا۔ ــــ بـالثوبِ ثوبا: کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔ الـقَـائِـلُ ج قُـوَّلٌ و قُـيَّـلٌ و قَالَةٌ و قُوُوْلٌ (فا)۔ الـقَالُ: ابتدایا سوال، کہنے والا جیسے رَجُـلٌ قَالٌ: بمعنی قَـائِـل۔ القَالُ والقِيْلُ: (دونوں مصدر ہیں): گفتگو کہا جاتا ہے۔ كَثُـرَ قَـالُ النَّاسِ وقِيْلُهُمْ لوگوں کی باتیں بڑھ گئیں۔ الـقَـالَةَ: لوگوں کے اندر بھلی یا بری پھیلی ہوئی بات، کہا جاتا ہے۔ كَثُـرَتْ قَـالَةُ النَّاسِ: لوگوں میں پھیلی ہوئی اچھی یا بری بات بڑھ گئی۔ ــــ والـقَوْلَةُ بمعنی الـقـول۔ الـقَـوْلُ ج اَقْوَالٌ جج اَقَـاوِيْلُ: کلام یا ہر ایک لفظ، گفتگو آرا و اعتقادات، کہا جاتا ہے۔ هٰـذَا قَـوْلُ فـلان: یہ فلاں کی رائے یا اعتقاد ہے۔ الـقِيْـلُ: جواب۔ الـقَيْـلُ ج اَقْـوَالٌ واَقْيَـالٌ و قُيُوْلٌ: رئیس۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب۔ الـقُـوَلَةُ والقَوَّالَةُ والقَوُوْلُ والقَوُّوْلُ ج قُوُلٌ و قُـوْلٌ والـتِقْوَلَةُ والـتِقْوَالَةُ: خوش بیان بہت بولنے والا۔ الـقَوَّال جمع قُـوُل و قُوُل: خوش بیان، بہت بولنے والا۔ ـ ج قَوَّالُوْنَ: گویا۔ ـ فی اصطلاح الـزجّـالين: ترنم اور لے سے پڑھنے والا۔ الـمَقَالُ (مص): گفتگو۔ المَقَالَةُ: گفتگو، کتاب کا ایک حصہ۔ المُقَاوَلَةُ: دو یا زائد اشخاص کے درمیان کسی کام یا عمارت کی تعمیر یا تجارت وغیرہ کے مسئلہ پر باہمی شرکت پر بات چیت، گفتگو، بحث، معاہدہ، سودا وغیرہ الـمِقْوَلُ ج مَـقَـاوِلُ و مَقَاوِلَةٌ: زبان ــــ والمِقْوَال ج مَـقَـاوِل و مَـقَاوِلَةَ: اچھی گفتگو کرنے والا، تیز زبان شخص ــ اِمْرَاَةٌ مِقْوَلٌ و مِقْوَالَةٌ: اچھی گفتگو کرنے والی۔ تیز زبان عورت الـمَقُوْلُ والمَقُوْوْلُ (مفع) مَـقُـوْلُ الـقَـوْلِ عـنـد النحاة: القول کا مفعول۔ كَلِمَةٌ مُقَوَّلَةٌ: بار بار کہا ہوا کلمہ۔

۲۔ قَـالَ يَـقُـوْلُ قَوْلًا و قَالًا و قِيْلًا و قَوْلَةً و مَقَالًا و مَقَالَةً: مرنا۔ ــ القومُ بفلان: کو قتل کرنا۔ الحائطُ: دیوار گرنا۔

۳۔ قَـالَ يَـقُـوْلُ قَوْلًا و قَالًا و قِيْلًا و قَولَةً ومَقَالًا و مَقَالَةً: آرام کرنا۔ القَالَةُ: دوپہر کا قیلولہ۔

○ قَـالَ ـُ قولا ہ ل: کچھ کسی سے کہنا، کچھ کسی کو بتانا۔ ــ ہ عن و فی: کے متعلق یا بارے میں کسی کو کچھ بتانا، کہنا۔ ــــ ہ: کا اظہار کرنا، کچھ کہنا، بولنا، زبان سے نکالنا۔ ـ عن: کے بارے بات کرنا، سے متعلق ہونا، پر ہونا۔ ـ ب: کو بیان کرنا، (رائے) رکھنا، کو وثوق سے کہنا۔ کو پیش کرنا، کی تعلیم دینا، تسلیم کرنا، کی وکالت کرنا، تائید کرنا، کے حق میں بولنا، کی حمایت کرنا، نظریہ ہونا، کے لئے جدوجہد کرنا (نظریہ وغیرہ) کا حامی ہونا، کو بیان کرنا۔ ـ علی: کے خلاف بولنا، کے متعلق جھوٹی باتیں بتانا۔ قـال برأسه: سر کے اشارے سے کہنا۔ قِـيْـلَ فـی الـمَثَلِ: کہاوت، ضرب المثل ہے کہ...... ولايُقَالُ اِنَّ: کوئی کہہ نہیں سکتا کہ، کوئی نہ کہے کہ اَوقُـلْ: یا اس کے بجائے یا ٹھیک ٹھیک کہنا چاہئے کہ...... وقُلْ مِثْلَ هذه فی یا وكذلك قل فی یا وقُلْ مِثْلَهُ فی: یہی بات کے بارے میں کہنی چاہئے،

یہی بات کے بارے میں کہی جا سکتی ہے، یہی بات سے مطابقت رکھتی ہے۔ قَاوَلَ ہ: سے صلاح مشورہ کرنا، سے شرائط کی بات چیت کرنا، سے شرائط طے کرنا، سے گفت وشنید کرنا، سے قیمت پر بول تول کرنا، معاملہ طے کرنا، سودا کرنا، کے ساتھ سودا کرنا، معاملہ طے کرنا۔ ـــ: جھگڑنا، شور مچا کر جھگڑنا، بحث کرنا، ٹھیکہ دینا یا لینا۔ تَقَوَّلَ علی: کے بارے میں افواہیں پھیلانا، جھوٹی باتیں گھڑنا، بنانا ـــ ہ کو مضمر معنی میں بیان کرنا (جھوٹا بیان) دینا، کا ادعاء کرنا۔ تَقَوَّلَ الاقاویلَ: حماقت کی باتیں کرنا۔ اِسْتَقْوَلَ (ریڈیو پر آواز) ادا کرنا، پیش کرنا۔ قَال و قِیل و قِیل و قال: طویل گفتگو، مباحثہ یا لاطائل گفتگو، فضول گفتگو، گپ شپ۔ قالة گفتگو، تقریر۔ سُوءُ القالة: کینہ جو گپ شپ، چغل خوری، ہتک عزت۔ قَوْل جمع اقوال و اقاویل: لفظ، تقریر، قول، کہنا، بیان اعلان، رپورٹ (کسی مذہب کی) تعلیم، عقائد، جمع اقوال: (عدالت میں) شہادت، تصدیقی بیان، اَقَاوِیل: مقولے، محاورے، کہاوتیں، ضرب الامثال۔ قولاً و عَمَلاً یا بالقول و الفعل: قول اور عمل سے اقوال الشہود: شہادتیں، حلفی بیانات، گواہیاں۔ أَعْطَ قَولَه: (نیلام، نیلامی میں) بولی دینا۔ قَولَة: قول، ارشاد، مقولہ، اعلان۔ قَوَّال: بکواسی، باتونی، فصیح، بے تکلف باتیں کرنے والا، جگہ جگہ جا کر گانے والا، مطرب۔ مِقْوَل جمع مُقَاوِل: فونوگراف، گراموفون، باتیں کرنے والی مشین۔ مقال: تقریر، مقالہ، رسالہ، تحریر کا ٹکڑا، تعلیم، حجت، عقائد۔ مَقَالَة جمع مقالات: مضمون، جواب مضمون، مقالہ، رسالہ۔ مقالة اِفتتاحِية: اداریہ، ادارتی مقالہ، افتتاحیہ۔ مقاوَلة: گفتگو، مکالمہ، مشاورت، مناقشت، معاہدہ، ٹھیکہ، تصفیہ، سودا، معاملہ، کاروبار۔ بالمقاولة: ٹھیکہ کے کام کے مطابق، بقدر کام۔ تقوُّل جمع تقوُّلات: بات چیت، افواہ، گپ شپ۔ قَائِل جمع قُوَّل: کہنے والا، بتانے والا، بیان کرنے والا، کہانی کہنے والا۔ ـــ ب: کا حامی، موید، محرک۔ مَقُول جمع مقولات: بات، جو کہا جائے، اظہار خیال، لفظ الفاظ، گفتگو۔ المقولاتُ العَشْر: دس مقولے (فلسفہ) مقاوِل: ٹھیکیدار، عمارتی ٹھیکیدار قَوُل: فوج کا بازو، فوجی دستہ، جیش (ترکی) قول اغاسی: ایجوٹینٹ میجر (Adjutant major) قَولَحَة جمع قَوَالِح: مکی، جوار، باجرہ وغیرہ کا) بھٹا یا تکہ۔ قَولَنج: قولنج، تشنج۔ قَولَون: قولون، بڑی آنت۔

قوم ۱۔ قَامَ يَقُومُ قَوْمًا و قَوْمَةً و قِيَامًا و قَامَةً: کھڑے ہونا، ٹھہرنا، تم چلنے والے کو کہتے ہو۔ قُمْ لِیْ: یعنی میری وجہ سے ٹھہرو۔ ـــ الامرُ: اعتدال پر ہونا۔ قَوَّمَ دَرْأَهُ: کی کجی کو دور کرنا۔ قَاوَمَ قِوَامًا و مُقَاوَمَةً ہ: کے ساتھ کھڑا ہونا، کی مخالفت کرنا۔ اَقَامَ اِقَامَةً و قَامَةً ہ: کو کھڑا کرنا۔ ـــ المائِلَ او المُعوَّجَ: کو سیدھا کرنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ مَا اَقْوَمَهُ: وہ کتنا اعتدال پر ہے اور یہ مزید سے آنے کی وجہ سے شاذ ہے۔ تَقَوَّمَ: سیدھا ہونا۔ تَقَاوَمُوْا فی الحرب: بعض کا بعض کے لئے کھڑا ہونا۔ استقام استقامةً: اعتدال پر ہونا، سیدھا ہونا۔ اِسْتَقَامَ لَهُ الْاَمْرُ: اس کے لئے معاملہ ٹھیک ہو گیا۔ ـــ الشِعْرُ: شعر موزوں ہونا۔ القائِمُ (فا) ج قُوَّمٌ و قُيَّمٌ و قُوَّامٌ و قُيَّامٌ و قِيَمٌ و قِيَامٌ (فا) قَائمُ المَاءِ: واٹر ورکس۔ القائِم مقام ج قُوَّامُ المَقَامات۔ و قَائِمٌ مقامُوْنَ عند ارباب السیاسة: نائب۔ القَائِمةُ ج قَائِمَاتٌ و قَوَائِمُ: القائم کا مونث۔ قائمة الدابة: جانور کی اگلی یا پچھلی ٹانگ۔ قَائمةُ الخُوَانِ او السَّرِيرِ: دسترخوان یا تخت کا پایہ۔ القَامَةُ من الانسان ج قَامَاتٌ و قِيَمٌ: قد و قامت۔ ـــ ج قِيَمٌ: چرخی مع سامان کہا جاتا ہے۔ اِسْتَقَوْا عَلَى القَامَةِ: انہوں نے چرخی پر پانی کھینچا۔ القَوْمُ ج قِيمَانٌ: دشمن لوگ۔ القَوْمَةُ (مص): قَامَ سے اسم مرہ: رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام، قامة الانسان: انسان کی قامت۔ القُوَامُ: چوپایہ کے پاؤں یا ٹانگوں میں لگنے والی ایک بیماری۔ القَوَامُ: اعتدال، عدل۔ قَوَامُ الانسان: قد و قامت۔ القِوَامُ: سیدھا، کہا جاتا ہے۔ رُمْحٌ قِوَامٌ: سیدھا نیزہ۔ القَوَّامُ ج قَوَّامُوْنَ: اچھے قد و قامت والا۔ قَوْمِيَّةُ الانسان و قُومِيَّتُهُ: قد و قامت القَوِيْمُ ج قِيَامٌ: اچھے قد و قامت والا۔ معتدل القِيَامَةُ: موت کے بعد اٹھنا۔ يَوْمُ القِيمَةِ: قبروں سے اٹھنے کا دن۔ القِيمَةُ ج قِيَمٌ: قام سے اسم نوع۔ ـــ قِيمَةُ الانسانِ: انسانی قامت۔ اَمْرٌ قَيِّمٌ: سیدھا معاملہ۔ الدِّيَانَةُ القَيِّمَةُ: سیدھا دین، راست بازی کہا جاتا ہے۔ ذلك دينُ القيِّمَةِ: یعنی ذلك دينُ الامةِ القيِّمة: یہ سچی امت کا دین ہے الأَقْوَمُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ اَقْوَمُ كَلَامًا مِنْ فُلَانٍ: فلاں بنسبت فلاں کے زیادہ سیدھی سادھی گفتگو کرنے والا ہے۔ المَقَامُ ج مَقَامَاتٌ: کھڑے ہونے کی جگہ۔ المِقْوَمُ: ہل کا دستہ۔ المُقِيْمُ (فا): کہا جاتا ہے۔ هٰذَا اَمْرٌ مُقِيْمٌ مُقْعِدٌ: یہ معاملہ [illegible]

۲۔ قَامَ يَقُومُ قَوْمًا و قَوْمَةً و قِيَامًا و قَامَةً بالامر: کا انتظام کرنا، کہا جاتا ہے قَامَ بِیْ وَقَعَدَ یعنی اس نے میرے متعلق بری خبریں پھیلائیں۔ ـــ الحقُّ: حق ظاہر اور ثابت ہونا۔ ـــ اهلَه: اہل وعیال کی ضروریات کو پورا کرنا۔ ـــ علی الامر: کی نگہبانی کرنا، پر مداومت کرنا۔ ـــ ت الصلوٰةُ: نماز شروع ہو گئی۔ ـــ فی الصلوٰةِ: کو شروع کرنا، کہا جاتا ہے۔ قَامَ يَفْعَلُ كَذَا: یعنی ایسا کرنے لگا۔ قَوَّمَ الشيءَ: کو سیدھا کرنا اور اسی سے تَقْوِيمُ البُلْدَانِ: ہے جس کا معنی ہے شہروں کا طول وعرض بیان کرنا۔ اَقَامَ اِقَامَةً و قَامَةً الشيءَ: کی مداومت کرنا۔ ـــ بالمكان: میں رہنا، کو وطن بنالینا۔ ـــ الحقَّ: حق ظاہر کرنا۔ ـــ للصلوٰة: اقامت کہنا۔ ـــ الصلوٰةَ: کامل طریقہ سے نماز ادا کرنا۔ تَقَوَّمَ الشيءُ: سیدھا ہونا، کہا جاتا ہے۔ قَوَّمْتُهُ فَتَقَوَّمَ: میں نے اسے سیدھا کیا تو وہ سیدھا ہو گیا۔ قَائِمُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔ القَائِمَةُ: کتاب کا ورق۔ قَائِمَةُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔ العَيْنُ القَائِمَةُ: ایسی آنکھ جس کی بینائی زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا اپنی جگہ پر قائم ہو۔ القَامَةُ (مص) ج قَامَاتٌ و قِيَمٌ: لوگوں کی جماعت۔ القُوْمُ: کسی جگہ میں اقامت کرنا، ارادہ۔ القَوْمُ: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔ ـــ ج اَقْوَامٌ و اَقَاوِمُ و اَقَائِمُ و اَقَاوِيمُ: لوگوں کی جماعت۔ قَوْمُ الرَّجُلِ: قریبی رشتہ دار جو ایک دادا میں شریک ہوں۔ القَوْمِيُّ: جس کی طرف قوم کی نسبت ہو۔ قومی القَوْمِيَّةُ: سیاسی واجتماعی اصول جس کی رو سے اپنی قوم کے معاملات کو ترجیح دی ہوتی ہے۔ قومیت، قومی جذبہ، قوم پرستی قَوْمِيَّةُ الامرِ: معاملہ کی درستگی۔ القَوَامُ: گزارا لائق خوراک۔ القِوَامُ: گذارہ لائق خوراک۔ قِوَامُ الامرِ و قِيَامُهُ: مایہ درستگی، جس سے کسی چیز کا قیام ہو کہا جاتا ہے۔ هُوَ قِوَامُ اَهْلِهِ و قِيَامُهُمْ: وہ اپنے اہل وعیال کے لئے سہارا ہے۔ القَوَّامُ ج قَوَّامُوْنَ: امور کا منتظم، اچھی نگرانی کرنے والا، امیر۔ القَيُّوْمُ و القَيَّامُ: وہ ذات جو ابدی اور قائم بالذات ہے۔ دونوں اللہ تعالیٰ کے نام ہیں۔ القَيِّمُ علی الامر: مونث قَيِّمَةٌ: متولی منتظم۔ قَيِّمُ المَرْأَةِ: شوہر۔ الاِقَامَةُ ج اِقَامَاتٌ: اَقَامَ سے مصدر ہے، کہا جاتا ہے۔ طَوٰی بِسَاطَ الاِقَامَةِ: یعنی کوچ کیا۔ اِقَامَةُ الجُنْدِیِّ: فوجی کی ڈیوٹی۔ التَّقْوِيمُ (مص): جنتری۔ ـــ الرومی او الیولیوسی: سال کبیسہ والی جنتری جس میں فروری کا مہینہ 29 دن کا ہوتا ہے اور سال چار پر پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔ ـــ

الهجري: بارہ قمری مہینوں کے سال والی جنتری جو ۳۵۴ شمسی دنوں کا ہوتا ہے اور بیسہ سالوں میں ۳۵۵ شمسی دنوں کا۔ الغريغوري: گری گورین کلنڈر، جس میں صدیوں والے سال جیسے ۱۶۰۰ اور ۱۷۰۰ اس وقت تک سال کبیسہ شمار نہیں کئے جاتے جب تک وہ ۴۰۰ پر پورا پورا تقسیم نہ ہوں۔ ـــ تَقْوِيْمُ البُلْدَانِ: ممالک کے طول وعرض اور زمین کے خراج کا بیان۔ المَقَامُ ج مَقَامَاتٌ: مرتبہ ـــ و المُقَامُ: کھڑا ہونا، کھڑے ہونے کی جگہ اور وقت المُقَامَةُ: کھڑا ہونا، قیام کرنا، جائے قیام، لوگوں کی جماعت۔ المَقَامَةُ ج مَقَامَاتٌ: سرداری، مجلس، لوگوں کی جماعت، خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع میں بیان کی جائے۔ اسی سے ہے۔ **مقامات حریری۔**

۳- قَامَ يَقُوْمُ قَوْمًا وقَوْمَةً وقِيَامًا و قَامَةً الماءُ: پانی کا نکلنے کی جگہ نہ پانے کی وجہ سے ٹھہر جانا، جامد ہونا۔ ـــ ت به دابَّتُهُ: کے جانور کا تھک جانا ـــ مِيْزَانُ النَّهَارِ: دوپہر ہونا۔

۴- قَامَ يَقُوْمُ قَوْمًا و قَوْمَةً و قِيَامًا و قَامَةً ت السوقُ: بازار کا رائج ہونا۔ ـــ المتاعُ بكذا: کی قیمت کے برابر ہونا۔ قَوَّمَ المتاعَ: کی قیمت لگانا۔ قَاوَمَ قِوَامًا و مُقَاوَمَةً الشيئَ: کا قائمقام ہونا، کہا جاتا ہے۔ قَاوَمَ الثَّمَنُ المَتَاعَ: یعنی قیمت کا سامان کا قائمقام ہونا۔ اَقَامَ اِقَامَةً وقَامَةً السوق: بازار لگانا۔ تَقَاوَمَ القومُ الشيئَ بينهم: آپس میں چیز کی قیمت کا اندازہ لگانا۔ اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً المتاعَ: یعنی سامان کی قیمت لگانا۔ القَائِمَةُ (ت): حساب کھاتہ۔ القِيْمَةُ ج قِيَمٌ: قیمت القِيْمِيُّ: قیمت کی طرف منسوب۔ القَيِّمُ: ہر قیمت والی چیز، کہا جاتا ہے۔ كِتَابٌ قَيِّمٌ: قیمتی کتاب۔ مَقَامُ او مَخْرَجُ الكسر (ع ح): نسب نما (کسی کسر میں لائن کے نیچے کا عدد) چنانچہ ۴/۳ میں ۴ نسب نما ہے۔

۵- قَامَ يَقُوْمُ قَوْمًا و قَوْمَةً و قِيَامًا وقَامَةً به ظَهْرُهُ: کو دردمند کرنا۔ ـــ علىٰ غريمه: قرضدار سے مطالبہ کرنا۔ اِقْتَامَ اِقْتِيَامًا انفَهُ: کی ناک کاٹنا۔

۶- القُوْمَانْدُسُ: بحری فوجی کمانڈو (لاتینیہ)۔

○ قَامَ ـ قَوْمَةً و قِيَامًا: اٹھنا، کھڑا ہونا، سیدھا کھڑا ہونا (آوازوں، شور، ہوا) کا اٹھنا۔ قام عليه: کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا، کے خلاف بغاوت کرنا، پر حملہ کرنا قام لَهُ: کے اعزاز میں اٹھنا۔ ـــ: (مردے) کا زندہ ہونا، جی اٹھنا، چڑھنا، روانہ ہونا (ٹرین کا) روانہ ہونا۔ اِلى: کی طرف جانا ـــ: کھڑا رہنا، ہونا، موجود ہونا، واقع ہونا۔ ـــ ب: پر مشتمل ہونا ـــ على: پر مبنی ہونا، پر بنا ہونا، کتاب وغیرہ کا) اپنے اصلی موضوع کے لئے ایک مشکل رکھنا قام يَفْعَلُ: کچھ کرنا شروع کرنا ـــ ب: کو اپنا شغل بنانا، میں مصروف ہونا، سے دلچسپی لینا، کو اپنے سر لینا، کی ذمہ داری لینا، کا بیڑا اٹھانا، کو کرنا، بجا لانا، عمل میں لانا، انجام دینا پورا کرنا، سے کام لینا، کے لئے جدوجہد کرنا، کی تائید کرنا، کی حمایت کرنا، وکالت کرنا، کی تصدیق کرنا ـــ على: کا نگران ہونا، کا انتظام کرنا، کو چلانا، کی دیکھ بھال کرنا، کو محفوظ رکھنا، کی نگہداشت کرنا، کا خیال رکھنا، پر توجہ کرنا، کی نگہبانی کرنا ـــ ب: کی قیمت کا ہونا۔ قام البرهانُ على: کے لئے ثبوت مہیا کیا گیا تھا۔ قام بِأَعْبَاءِ الحكم: حکومت کے بوجھ اپنے ذمے لینا، اقتدار سنبھالنا، قام بِأَوَدِهِ: کی ضروریات کا اہتمام کرنا، کی ضرورت کے وقت اس کی مدد کرنا۔ قام بِدَوْرٍ: کردار ادا کرنا۔ قام بِشَأْنِهِ: کی دیکھ بھال کرنا، کو اپنے زیر حمایت لینا، قام بِالمَصَارِيفِ: اخراجات ادا کرنا، خرچ چکانا۔ قام بالواجب عليه: اپنا فرض ادا کرنا۔ قام بِوَعْدِهِ: اپنا قول نبھانا۔ قَامَتِ الحربُ على ساقٍ: جنگ سخت تھی یا سخت ہو گئی، جنگ بھڑک اٹھی، جنگ شروع ہو گئی۔ قَامَ الحقُّ: حق واضح تھا یا واضح ہو گیا۔ قامت الصلاةُ: نماز کا وقت ہو گیا۔ قام على قَدَمٍ و ساقٍ: مکمل طور پر موثر ہو جانا، ہو رہا ہونا، پورے زوروشور سے جاری ہونا۔ قاموا قومةَ رجلٍ واحدٍ: وہ ایک آدمی کی طرح اٹھے۔ لم تَقُمْ لَهُ قائمةٌ بَعْدُ: وہ مزاحمت کرنے کے قابل نہ رہا، وہ قریب قریب ختم ہو گیا۔ لاتقوم للاعداء قائمة: دشمنوں کے خلاف کوئی مزاحم یا مدافعت نہیں ہے۔ قامتْ قِيامتُهُ: جوش میں آنا، ناراض ہونا، خشمناک ہونا، برافروختہ ہونا، غصہ میں بھرا ہوا ہونا، قامت قيامته ل (من): سے پریشان ہو جانا، سے صدمہ پہنچنا، پر شدت سے مضطرب ہونا، قَامَ في وَجْهِهِ: کی مزاحمت کرنا، مخالفت کرنا، کے مقابلہ میں آنا۔ قَامَ مَقَامَهُ: کی جگہ لینا، کی قائمقامی کرنا، کسی کی جگہ قائم مقام ہونا، کی حیثیت سے کام کرنا، کی جگہ کام کرنا، کی جگہ لینا۔ قَامَ منه مقامَهُ: کسی کی جگہ لینا۔ قَامَ وقَعَدَ: سخت پریشانی کی حالت میں ہونا، بری طرح پریشان ہونا، بہت مضطرب ہونا قام وقعدل: سے سخت دہشت زدہ ہونا۔ لاقَامَ ولاقَعَدَ: پائیدار نہ ہونا، دیرپا نہ ہونا، لايُقَوَّمُ بِثَمَنٍ: بے انداز، بہت ہی زیادہ، بے حد، انمول، لايُقَاوَمُ: ناقابل مزاحمت اَقَامَ اَوَدَهُ: کی ضروریات کا اہتمام کرنا، وقت ضرورت کی مدد کرنا، أَقَامَ البرهانَ الجَلِيَّ على: کے لئے واضح ثبوت مہیا کرنا، کو واضح طور پر ثابت کرنا اقام الحُجَّةَ: احتجاج کرنا، اقام حسابًا ل: کو حساب پیش کرنا، کو اپنا معاملہ بتانا، اقام الدليلَ على ان: ثابت کرنا کہ اقام الشعائر الدينية: عبادتی رسومات ادا کرنا۔ اقام الصلاةَ: نماز ادا کرنا، أَقامَ العدلَ: انصاف کرنا۔ قانون سے کام لینا۔ اَقَامَ القُدَّاسَ على: کے لئے دعا کرنا۔ اَقَامَ قضيةَ (او دعوى) على: کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنا، پر مقدمہ کرنا۔ اَقَامَ لَهُ وَزْنًا: کو بہت اہمیت دینا، کو سہارا جاننا، لايُقَامُ لَهُ وزنٌ: ناقابل ذکر ہونا، اہم نہ ہونا۔ أَقَامَ مُبَارَاةً: مقابلہ کرنا۔ أَقَامَهُ مَقَامَهُ: کو کسی دوسری جگہ لانا۔ اَقَامَ نَفْسَهُ مَقَامَ الحامي: محافظ بننا۔ اَقَامَهُ واَقْعَدَهُ: کو سخت پریشان کرنا، کو سخت جوش کی حالت میں ڈالنا، اَقَامَ الدنيا و اَقْعَدَها: زمین اور آسمان ہلا دینا، ہلچل پیدا کرنا، ہیجان یا سنسنی پیدا کرنا۔ لايُقِيمُ له قيامةً: وہ اپنی طرف سے کسی مزاحمت یا مدافعت کی پیش بندی کرتا ہے۔ استقام له الكلامُ في: اس نے کے بارے میں سچی بات بتائی۔ اس نے کے متعلق عقل کی بات کی۔ عالِمُ الاقوام: عالم اقوام، ماہر نسلیات، سيقول قوم إنَّ: لوگ کہیں گے کہ۔ قَوْمَة: اٹھنا، بغاوت۔ قَوْمِي: قومی، نسلی، قوميات: قومی خصوصیات جمع قَوْمِيَة: فرانسیسی شمالی افریقہ کے مقامی قبائل سے بھرتی کئے ہوئے مقامی گھڑسوار رسالہ کا رکن۔ قَوْمِيَة: قوم پرستی، وطن پرستی، قومیت قَيِّم: قیمتی، گراں بہا، سیدھا، محافظ، مہتمم، نگران، ناظم القَيِّمة: سچا دین کتب قَيِّمة: گراں بہا یا قیمتی کتابیں قِيمَة جمع قِيَم: قیمت، قدر، مقدار، ذو قيمة: قیمتی، گراں بہا لاقيمة له: بیکار، ناکارہ، فضول۔ قِيمي: قیمت سے متعلق، قیمت کے معیار کا قیمت کے مطابق، ناقابل تبادلہ، مال قيمي: ناقابل تبادلہ اشیاء۔ قِوامُ اهْلِهِ: گھر کا خرچ چلانے والا قِوامة: سرپرستی۔ قَوِيم: سیدھا، کھڑا، صحیح، مناسب، مستند، معتبر، سچا (دین)، مضبوط، ٹھوس إلى قيام الساعة: یوم آخرت تک، ہمیشہ کے لئے القَيُّوم: خدائے لم یزل۔ اَقْوَم: زیادہ سیدھا، زیادہ صحیح، زیادہ مضبوط، زیادہ مناسب، زیادہ موزوں التقويم الجريجوري: گری گورین کلینڈر۔ تقويم زمني: تاریخ نگاری، تاریخ۔ علم تقويم البلدان: جغرافیہ مُقَاوَمَة جوية: ہوائی جہازوں کے ذریعے دفاع۔ مقاومة سَلْبِيَة: مقاومت

مجہول۔ دون مقاومة: بغیر مزحمت، مقابلہ کے بغیر۔ محلُ الاقامة: رہائش گاہ۔ قائِمٌ باعمال المُفَوَّضِیة اور قائمٌ بالاعمال: مدارالمہام، ناظم الامور Charge daffaires۔ قائمٌ براسه، قائمٌ بذاته، قائم الذات و قائم بنفسه: آزاد، قائم بالذات، خودموجود۔ فی قائم حیاتِه: کی زندگی کے دوران قائم الزاویة: مستطیل، زاویہ قائمہ کا، الزاویة القائمة: زاویہ قائمہ۔ قائم مقام: ضلعی صدر، لیفٹیننٹ کرنل، بحری کمانڈر۔ قائمقامیة: قائم مقام کی سربراہی میں انتظامی ضلع۔ قائمة جمع قوائم: ستون جمع قوائم و قائمات: فہرست، بدلی جدول، رجسٹر، اشاریہ، نقشہ، جدول، گوشوارہ، بچک، بل، فرد حساب۔ قائمة الطعام: مینو، طعام نامہ۔ مُقوِّم: تخمینہ لگانے والا، تشخیص کنندہ، قیمت کا اندازہ لگانے والا جمع مُقوِّمات: بنانے والا عنصر، ترکیبی عنصر، اے سی بجلی سے ڈی سی بجلی حاصل کرنے کا ایک آلہ Rectifier، ریڈیوسیٹ میں متبادلہ رووں کی تصحیح کرنے والا آلہ Detector، جمع مُقوِّمات: عناصر، ضروری اجزاء، ترکیبی اجزا، تشکیلی قوت یا علت عاملہ، بنیادی عوامل، بنیادی اصول مقومات الحیاة: گزر اوقات کے وسائل، دنیاوی جائیداد، دولت، مقومات الجمال: سنگار کا سامان مقومات العُمران: تمدنی عوامل مُقَوَّمات: قیمتی جائیداد، قیمتی چیزیں، اقدار، اثاثہ، املاک۔ مُقاوِم: مزاحمت کرنے والا، مقاومت کرنے والا، مدافعت کرنے والا، نارضامند، مخالف، حریف، مقابل، دشمن، مدمقابل، مقیمٌ بواجباته: فرض شناس، ایماندار، وفادار، مقیم عام: ریذیڈنٹ جنرل مُقیمی: رہائشی۔ مقیمیة: ریذیڈنسی، قومِسیر: کمشنر، (فرانسیسی لفظ) قومُندان: کمانڈر، کمانڈنٹ۔

قون: تَقَوَّنَ الرجُلُ: زبان درازی کرنا۔ القَان (ن): ایک درخت جس سے کمانیں بناتے ہیں۔ القَاوُوْنُ (ن): ککڑی کی ایک قسم۔ القُوْنَةُ ج قُوَنٌ: لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو جوڑتے ہیں۔ —— عندالعامة: ایقونہ: اس کی وضاحت کیلئے لفظ ایقونة دیکھیں۔ (سریانیہ)۔

قوه: ۱۔ قَوَّهَ تقویها الرجُلُ: چلانا۔ تَقَاوَهَ الرجُلان: نشان مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہنچانا۔

۲۔ قَوَّهَ تَقْوِیهًا الصیدَ: شکار کو گھیر کر کسی جگہ لانا اِستَقْوَهَ هُ: سے شکار کو گھیر کر کسی جگہ لانے کیلئے کہنا۔

۳۔ ایْقَهَ: اطاعت کرنا، سمجھنا، کہا جاتا ہے۔ ایْقَهْ لِهٰذا: یعنی اس کو سمجھو۔ —— واسْتَیْقَهَ: اطاعت کرنا اور یہ دونوں اَوْقَهَ اور اِستَوْقَهَ کے مقلوب صیغے ہیں۔ القَاهُ: اطاعت، کہا جاتا ہے مَالَكَ عَلَیَّ قَاهٌ: تجھے مجھ پر کوئی قدرت نہیں۔

۴۔ القَاهُ: عزت، خوش حال زندگی۔ القَاهِیُ: خوش حال زندگی والا۔ القُوْهَة: باسی دودھ۔

۞ قُوْنَة جمع قُوَن: بت، مجسمہ، تصویر، مذہبی مجسمہ، تصویر اولیاء، صنم، مورتی، قونیة: کونیا (اناطولیہ کا ایک شہر)

قوی: ۱۔ قَوِیَ یَقْوٰی قُوَّةً: توانا ہونا۔ — علی الامر: کی طاقت رکھنا۔ قَوَّی الرجُلَ او الشیءَ: کو مضبوط کرنا۔ قَاوٰی مُقَاوَاةً الرجُلَ: پر طاقت میں غالب ہونا، تم کہوگے۔ قَاوَانِی فَقَوِیتُهُ: اس نے مجھ سے قوت میں مقابلہ کیا تو میں غالب ہوگیا۔ اَقْوٰی اِقْوَاءً: مضبوط جانور والا ہونا۔ — الحبلَ: رسی کو جابجا موٹا بٹنا۔ — الشِعْرَ: اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا۔ تَقَوّٰی: قوی ہونا، مضبوط ہونا۔ تَقَاوٰی تَقَاوِیًا القومُ المتاعَ بینهم: آپس میں بڑھاتے بڑھاتے قیمت انتہائی قیمت پر پہنچنا۔ اِقْتَوٰی اِقْتِوَاءً الرجُلُ: مضبوط اور قوی ہونا۔ — المتاعَ: کی قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا۔ — الشیءَ: کو اپنے لئے خاص کرنا۔ اِسْتَقْوٰی اِسْتِقْوَاءً: قوی ہونا۔ القُوَّةُ ج قُوَّاتٌ و قُوًی و قِوًی: زور۔ — ج قُوًی: رسی کی لڑی، توانائی۔ قوة عددٍ ما: کسی عدد کو اسی سے ضرب دینے کا حاصل، مثلاً ۷ کا دوسرا حاصل ضرب ۷×۷=۴۹ ہے اور $۷^{۲}$ لکھا جاتا ہے۔ تیسرا حاصل ضرب ۵×۵×۵=۱۲۵ ہے اور $۵^{۳}$ لکھا جاتا ہے۔ القُوٰی: عقل۔ القَوِیُّ ج اَقْوِیَاءُ: مضبوط، زوردار۔ المُقْوِیُّ (فا): الفَرَسُ المُقْوِیُّ: مضبوط گھوڑا۔ المُقَوّٰی: گتا، دفتی۔

۲۔ قَوِیَ یَقْوٰی قِیًّا و قَوَایَةً ت الدارُ: گھر کا خالی ہونا۔ — قَوًی: بہت بھوکا ہونا۔ — المطرُ: بارش بند ہونا۔ اَقْوٰی اِقْوَاءً: چٹیل میدان میں اترنا محتاج ہونا، مالدار ہونا۔ — ت الدارُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ — القومُ: قوم کا توشہ ختم ہونا۔ — الرجُلُ: خالی ہاتھ آنا — البقعة: کو خالی کرنا۔ تقاوٰی تقاوِیًا: بھوکے رات بسر کرنا۔ — القومُ الدلوَ: سب کا ڈول کے منہ پر منہ لگا کر پینا۔ بَلَدٌ قَاوٍ: خالی شہر۔ القَاوِیَةُ: القَاوِی کا مونث۔ انڈا، کم بارش کا سال۔ اِبِلٌ قَاوِیَاتٌ: بھوکے اونٹ۔ القَوَاءُ ج اَقْوَاءٌ: خالی اور چٹیل میدان۔ بغیر بارش کے زمین، بھوک کہا جاتا ہے۔ بَاتَ القَوَاءَ: اس نے بھوکے رات بسر کی۔ [illegible] جمع اَقْوَاء: خالی زمین اور چٹیل میدان القَوَی: خالی زمین، چٹیل میدان، بھوک کہا جاتا ہے بات القَوَی: اس نے بھوکے رات گزاری ہے۔ القَوَایَةُ: بغیر بارش کے زمین۔ —— والقِیُّ: خالی اور چٹیل میدان۔ القُوَیُّ: قَاوٍ: کی تصغیر چوزہ۔ التَقَاوِی (مص) تَقَاوِی الاَمطَارُ: بارش کی قلت۔ بَلَدٌ مُقْوٍ: شہر جو بارش سے خالی ہو۔

۳۔ قَاوٰی مُقَاوَاةً هُ: کو دینا۔ اِقْتَوٰی اِقْتِوَاءً شیئاً بشیئٍ: کو سے تبدیل کرنا۔ القَاوِیُ: پکڑنے والا۔ لینے والا

۴۔ اِقْتَوٰی اِقْتِوَاء علی فلان: پر عتاب کرنا۔

۞ قُوَات: مسلح افواج، فوجی (جمع) بالقُوة: زبردستی، جبلی طور پر، عملاً، درحقیقت بقوة وجلاء: اونچی اور واضح آواز سے مُنْسَرِق القوة: کمزور کیا ہوا، تھکا ہوا، ناتواں، مضمحل قوة احتیاطیة: ریزرو فوج، فاضل فوج۔ قوةُ الاذاعة: نشریاتی قوت۔ قوة الارادہ: قوت ارادی، قوة الاستمرار: مادہ کا جمود قوة حافظة: یادداشت، حافظہ۔ قوة الحدود: سرحدی پہرہ دار۔ قوة خفیفة: آزادانہ حرکت کرنے والی ہلکی فوج۔ قوة دافعة کهربائیة: EMF برق زا طاقت۔ قوة دفاعیة: کامل دفاعی قوت۔ قوة سطحیة: سطحی مہم جو دستہ (بحریہ) قوة الشراء: قوت خرید۔ قوة الصوت: آواز کا حجم، یا آواز کی گونج، زور، شدت (ریڈیو) قوة عاقِلة: عقلی، ذہنی قوت، ادراک کی صلاحیت، قوة عراك: لڑاکا فوج۔ القوة علی العمل: کام کرنے کی طاقت، پیداواری وسعت۔ قوة القانون: قانونی طاقت قوة قاهرة: فاتح فوج۔ قوة مرکزیة: مرکزی طاقت۔ قوة مرکزیة جاذبة: مرکز مائل قوت۔ قوة مرکزیة طاردة: مرکز گریز قوت۔ قوة مُضادّة للطائرات: طیارہ شکن دفاع۔ قوة معنویة: اخلاقی قوت، قوت مقابلہ، حوصلہ، ہمت، جوش، ولولہ۔ قوة النَبت: نمود کی صلاحیت قوة نظامیة: باقاعدہ فوج۔ قوات بحریة و بریة و جوّیة: بحری، بری اور ہوائی افواج اَلعابُ القُوَی: ورزشیں، کسرتیں، کود پھاند، کھیل کود۔ قَوِیُّ العارضة: پرجوش، زودفہم، تَقَاوِی: بیج (بونے کیلئے) ورق مُقَوّٰی: گتا، دفتی گتا۔

قیأ: قَاءَ یَقِیءُ قَیْئًا ما اَکَلَهُ: قے کرنا، کھایا پیا الٹی کر دینا صفت قَائِیٌ — ت الطعنةُ الدمَ: نیزہ کا خون نکالنا، کہا جاتا ہے۔ قَاءَتِ الاَرضُ الکَمْأَةَ: زمین کا سانپ کی چھتری کو اگانا اور قَاءَ الرَّجُلُ نفسَهُ:

مرنا۔ قَیَّأ تَقْیِئَةً و اَقَاءَ اِقَاءَةً فلانًا ما اکله: کو قے کرانا۔ تَقَیَّأ تَقَیُّؤًا و اِسْتَقَاءَ اِسْتِقَاءَةً: بتکلف قے کرنا۔ القُیَاءُ: قے۔ القَیُوْءُ والقَیُوُّ: بہت قے کرنے والا۔ المُقَیِّئُ: قے آور دوا۔

قیت : القِیْتَارُ والقِیْتَارَةُ ح قَیَاتِیْرُ، والقِیْثَارُ والقِیْثَارَةُ ح قَیَاثِیْرُ (مو): سارنگی (یونانیہ)۔

قیح : قَاحَ یَقِیْحُ قَیْحًا و قَیَّحَ واَقَاحَ وتَقَیَّحَ الجرحُ (طـــ): زخم کا پیپ والا ہونا یا اس سے پیپ بہنا۔ القَیْحُ: پیپ، پیپ جس میں خون کی آمیزش نہ ہو۔

○ مُقَیِّئ جمع مُقَیِّئات: قے، آور دوا۔ الجَوْزُ المُقَیِّئ: کچلہ، فلوس ماہی۔

○ قِیْثَار جمع قیاثیر و قیثار و قیثارة جمع قیاثیر: چھتارا، قدیم یونانی بربط، لائر

○ مُتَقَیِّح: پیپ دار، پیپ بھرا ہوا، پیپ آلودہ، پیپ خارج کرنے والا۔

قید : ا۔ قِیْدَ الرجُلُ: بیڑی ڈالا جانا۔ قَیَّدَ تَقْیِیْدًا ہٗ: کو بیڑی ڈالنا، روکنا۔ ـــ ہٗ بالاحسان: کو احسان مند بنانا۔ ـــ الکتابَ: پر اعراب لگانا۔ ـــت الخطَّ: پر نقطے اور اعراب لگانا۔ ـــ الحسابَ: حساب لکھنا۔ ـــ الکاتبُ والمتکلمُ: کلام کی غرض اور معنی کو محدود و مقید کرنا۔ تَقَیَّدَ: بیڑی میں ہونا۔ القَیْدُ ج قُیُوْدٌ واَقْیَادٌ: جانور کے پاؤں میں باندھنے کی رسی وغیرہ، بطور استعارہ کہا جاتا ہے۔ فَرَسٌ قَیْدُ الاَوَابِدِ: تیز رفتار گھوڑا یعنی وہ اپنی تیز رفتاری کی وجہ سے وحشی جانوروں کے لئے قید کی مانند ہے کہ وہ ان کو بھاگنے سے روک دیتا ہے۔ قَیْدُ الاَسْنَانِ: مسوڑھا۔ القِیَادُ: رسی جس سے جانور کو کھینچا جائے۔ المُقَیَّدُ من الخیل او الابل: سدھا ہوا تابعدار گھوڑا یا اونٹ۔ المُقَیَّدُ (مفع) ج مقایید: بندھا ہوا اونٹ وغیرہ، پازیب پہننے کی جگہ، گھوڑے کے پاؤں کو رسی باندھنے کی جگہ، اونٹ کو باندھنے اور چھوڑنے کی جگہ۔ ـــ من الشِعر: برخلاف مطلق۔ کِتَابٌ مُقَیَّدٌ: اعراب لگی ہوئی کتاب، کہا جاتا ہے۔ اِمْرَأَةٌ مُقَیَّدَةُ الخِمَارِ: یعنی آزاد عورت۔

۲۔ القَیْدُ والقِیْدُ والقَادُ: اندازہ، کہا جاتا ہے بَیْنَهُمَا قَیْدُ رُمْحٍ اَوْقَادُ رُمْحٍ: ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

○ قید الاسنان: مسوڑا، مسوڑے۔ قید الانساب: شجرہ، شجرہ نسب۔ من غیر قید او رابطٍ: غیر مشروط، بلاقید، بلاشرط۔ قَلَمُ القیودات: انسان کے انفرادی یا اجتماعی وجود کے نمایاں پہلوؤں (وفات امراض وغیرہ) سے متعلق حقائق و اعداد و شمار درج کرنے کا دفتر، دفتر اندراج عام۔ بقید الحیاة یا علی قید الحیاة: زندہ۔ قَیْدَ شَعْرَةٍ: بال برابر لا...... قِیْدُ اَنْمُلَةٍ: نہ ایک انچ نہ ایک ذرہ سا بھی۔ علی قید ساعاتٍ مَعْدُوْدَةٍ: چند گھنٹوں میں۔ علی قید عشرة کیلومتراتٍ: دس کلومیٹر کے فاصلہ پر۔ عن قید البصر: جو نظر آسکے۔ المشروع علی قید الدرس: منصوبہ زیر غور ہے۔ المسألة قیدَ البحث: مسئلہ کی تحقیق کی جارہی ہے۔ مسئلہ زیر تحقیق ہے۔ رسوم قیدیة: بکنگ فیس، رجسٹریشن فیس۔ تَقْیِیْدُ النسل: برتھ کنٹرول۔ رسم التَقْیِیْد: رجسٹریشن فیس۔ غیر مُقَیَّد: غیر محدود، بلا پابندی۔ مُلْکٌ مُقَیَّد: آئینی ملوکیت، بادشاہی نظام والا ملک۔

قیر : قَیَّرَ الشیئَ: کسی چیز پر قار ملنا۔ القَارُ والقِیْرُ: سیاہ رنگ کی ایک چیز جس کو کشتی اور اونٹوں وغیرہ پر ملتے ہیں۔ القَیَّارُ: کول تار، لک والا

۲۔ اِقْتَارَ الحدیثَ: کی تحقیقات کرنا۔

۳۔ القَیُّوْرُ: غیر معروف النسب، کہا جاتا ہے ھٰذَا اَقْیَرُ مِنْ ذَاکَ: یہ اس سے زیادہ کڑوا ہے۔

۴۔ القِیْرَاطُ: دیکھو مادہ ق رط۔

۵۔ القَیْرَوَانُ ج قَیْرَوَانَاتٌ: گھوڑوں کا گلہ، فوج کا بڑا حصہ، قافلہ۔

۶۔ القِیْرِ یُوْسُ (ن): ایک پودا۔

○ قَیَّرَ ہ: کولتار بچھانا، رال لگانا۔ قار و قیر: کولتار، رال، قِیر، قِیراط جمع قراریط: انچ، اناج ناپنے کا پیمانہ جو ۳۲/۱ قدح کے برابر ہوتا ہے، لمبائی جوڑائی ناپنے کا پیمانہ جو ۲۴/۱ فدان کے برابر ہے۔ سکہ کا پیمانہ جو ۱۹/۱ درہم کے برابر ہے۔ قَیْروان جمع قیروانات: کاروان، قافلہ۔ القیروان: شمالی مشرقی تونس کے شہر کا نام۔

قیس : ا۔ قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا و قِیَاسًا: نازے چلنا۔

۲۔ قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا و قِیَاسًا: بھوکا ہونا۔

۳۔ قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا الطبیبُ قعر الجراحة: زخم کی گہرائی ناپنا۔ صفت قَائِسٌ۔ ـــ الشیئ بغیرہ او علی غیرہ: کے نمونہ پر اندازہ کرنا۔ ـــ قَیْسًا وقِیَاسًا ہٗ: پر سابق ہونا۔ قَایَسَ قِیَاسًا ومُقَایَسَةً بین الامرین: کا اندازہ کرنا۔ ـــ الشیئَ بکذا او الیٰ کذا: کا سے اندازہ کرنا۔ ـــ الرجُلَ: سے اندازہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔ ـــ ہ فی کذا: پر میں سابق ہونا۔ اقْتَاسَ الشیئَ بغیرہ وعلیہ والیہ: کا دوسری چیز پر اندازہ کرنا۔ تَقَیَّسَ: قبیلہ قیس غیلان سے مشابہ ہونا۔ قبیلہ قیس کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا یا قبیلہ قیس کے حلیف ہونے یا پڑوسی ہونے یا ان سے ولاء کا تعلق ظاہر کرنا۔ اِنْقَاسَ: اندازہ ہونا۔ اِقْتَاسَ الشیئَ: کا اندازہ کرنا کہا جاتا ہے۔ هُوَ یَقْتَاسُ بِاَبِیْهِ: وہ اپنے باپ کی پیروی کرتا ہے۔ القَاسُ والقِیْسُ: اندازہ کہا جاتا ہے۔ بَیْنَهُمَا قَاسُ رُمْحٍ اَوْقِیْسُ رُمْحٍ: ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کے مقدار کا فاصلہ ہے۔ القِیَاسُ (مص) فی المنطق: مسائل پر مشتمل قول جن کے تسلیم کرلینے سے ایک دوسرا قول لازم ہو، جیسے ہم کہیں: عالم متغیر ہے اور ہر متغیر چیز حادث ہوتی ہے اس لئے عالم بھی حادث ہے کہا جاتا ہے ھٰذَا قِیَاسُ ذَاکَ: یہ اس کے مشابہ ہے۔ القِیَاسِیُّ: مطابق قیاس۔ القَیَّاسُ: بہت قیاس کرنے والا۔ المِقْیَاسُ ج مَقَایِیْسُ: مقدار، جس سے اندازہ کیا جاسکے۔

۴۔ القَیْسَرِیُّ ج قَیَاسِرُ وقَیَاسِرَةٌ: بزل من الابل: بڑا اونٹ۔ قَیْسَارِیَّةُ القیصریة کی تحریف ہے۔ القیصریة: یہ چند شہروں کا نام ہے جو قیاصرہ روم کے ناموں پر رکھے گئے تھے جیسے قیساریہ فلسطین، قیساریہ فلبس وغیرہ۔

قیص : ا۔ قَاصَ یَقِیْصُ قَیْصًا البطنُ: پیٹ کا حرکت کرنا۔

۲۔ قَاصَ یَقِیْصُ قَیْصًا السِنُّ: دانت کا جڑ سے گرنا۔ تَقَیَّصَ الضِرسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں پھٹ جانا۔ ـــ الحائطُ: دیوار کا جھکنا اور گرنا۔ ـــت البئرُ: کنویں کا گرنا۔ اِنْقَاصَ الضِرسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں پھٹ جانا۔ ـــ الحائطُ: دیوار کا جھکنا اور گرنا۔ ـــت البئر: کنویں کا بہت پانی والا ہونا اور اس کی وجہ سے گرنے کے قریب ہونا۔

○ وقِس علیه: وغیرہ وغیرہ۔ وقِس علی هذا۔ قیاسًا علی ذلک: کی مطابقت میں، کے مطابق، کے مماثل۔ بالقِیاس اِلی: کے مقابلہ میں۔ علی القیاس: معمول کے مطابق۔ بغیر قیاس: غلط، غیر منطقی۔ اَخَذَ قیاسَهُ: کا ناپ لینا۔ متناسِب القِیاس: تناسب میں برابر، حسب حال، مناسب، متناسب۔ قیاسٌ عالَمِیٌّ: عالمی ریکارڈ۔ قِیاسٌ فاسِدٌ: غلط استنباط، غلط نتیجہ، مغالطہ، غلط دلیل، باطل استدلال، سفسطہ، ایک مغالطہ آمیز دلیل، غیر صحیح استدلال کی ایک مثال۔ شریط القیاس: (کپڑے وغیرہ کا) گز۔ قِیاسی: مماثل، مشابہ، نمونہ کے قاعدہ یا معیار کے موافق، منطقی، ہم مرتبہ، مد مقابل۔ رقم قیاسی: ریکارڈ (کھیلوں

میں) قَیِّس: ناظر مساحت، مساحت ارض کا ماہر، تحت المقیاس: معیار سے کم، غیر معیاری۔ مِقیاسُ التیّار: برقی رو کو اکائیوں میں ناپنے کا آلہ۔ مِقیاسُ الجُہد: کیمیائی برق پیما۔ مقیاسُ الحرارۃ: تپش پیما۔ تھرمامیٹر۔ مقیاسُ الزلزال: زلزلہ پیما، مقیاسُ الکہربائیۃ: برق پیما۔ مقیاسُ الزوایا: پروٹیکٹر، زاویے ناپنے کا آلہ۔ مقیاسُ المغنطیسیۃ: مقناطیسیت پیما۔ مقیاسُ التنفس: تنفس پیما۔ مقاییس الاطوال: لمبائیوں کی پیمائش کا آلہ۔ مقاییس المسطحات: سطح کی پیمائش، مقاییس السطوح بمعنی بالا۔ مقاییس الحَجم: حجم کا ناپ۔ مقاییس الکیل: خشک اور سیال اشیاء اور گنجائش کے پیمانے۔ مقاییس ابعاد۔ قَیسرِی جمع قیاسِر و قیاسِرۃ بڑا، کلاں، عظیم، جسیم، ضخیم۔ قَیسُورِیۃ: فلسطین کی قدیم بندرگاہ۔ قَیسَارِیۃ جمع قَیاسِر: عوامی عمارتوں کا ایک وسیع بلاک جس میں سٹور، ورکشاپ، وغیرہ ہوں۔ مسقّف مارکیٹ بازار قیشانی: عمدہ قسم کے چینی یا مٹی کے روغنی اور نقوش بنائے ہوئے ظروف، چینی کے برتن۔ قَیصَلانَۃ: ایک قسم کے تازہ پانی کی بڑی مچھلی، چاند مچھلی، کھارے پانی کی مچھلی جس کا جسم گول چپٹا اور چاند کا سا ہوتا ہے۔ قیصر جمع قَیاصِر و قَیاصِرۃ: قیصر، شہنشاہ العَمَلِیۃ القیصریۃ: پیٹ اور بچہ دانی کی دیواروں کو چاک کر کے بچہ کو نکالنے کا عمل جراحی۔ قیصریۃ: فلسطین کی ایک قدیم بندرگاہ کا نام۔ (نیز بمعنی قیساریۃ)

قیض: قَاضَ یَقِیضُ قَیضًا الشیئَ: کو پھاڑنا۔ ــــ الشیئُ: پھٹنا۔ ــــ ت السنُّ: دانت کا ہلنا۔ ــــ البئرَ: کو کھودنا۔ قِیضَ ت البئرُ: کنویں کا بہت پانی والا ہونا۔ تَقَیَّضَ ت البیضۃُ: انڈے کا ٹوٹنا۔ ــــ الحائطُ: دیوار گرنا۔ اِنقَاضَ الحائطُ: دیوار گرنا۔ ــــ ت الرکبۃُ او السنُّ: گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔ اِقتَاضَ الشیئَ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ القَیضُ (مص): انڈے کا خشک چھلکا۔ القِیضَۃ جمع قِیَض: ہڈی کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ المَقِیضُ: انڈے کی جگہ۔ بَیضَۃٌ مَقِیضَۃٌ: توڑا ہوا انڈا۔ بئرٌ مَقِیضَۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔

۱۔ قَاضَ یَقِیضُ قَیضًا الشیئَ بالشیئِ: کو کی مانند بنانا۔ ــــ الشیئَ من الشیئِ: کو کے بدلہ میں لینا۔ قَایَضَ قِیَاضًا و مُقَایَضَۃً فلانًا بکذا: سے کا مبادلہ کرنا اسی سے ہے بیع المقایضۃ تَقَیَّضَ اباہُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَایَضَ تَقَایُضًا الرجلان: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔ القَیضُ والقِیَاضُ: مساوی، برابر اور مماثل کہا جاتا ہے ھٰذا قَیضٌ او قِیَاضٌ لِکَذَا: یہ اس کے برابر اور مماثل ہے۔ ہُمَا قَیضَانِ: وہ دونوں ہم شکل ہیں بیعُ المُقَایَضَۃِ: سامان کے بدلے سامان کی بیع یعنی ایک چیز کا دوسری سے مبادلہ جو قیمت میں اس کے برابر ہو۔

۳۔ قَیَّضَ اللّٰہُ لہ کذا: کو کیلئے مقدر کرنا۔ ــــ اللّٰہ فلانا لفلان: کے پاس لانا۔ تَقَیَّضَ لہ کذا: کے لئے مقدر ہونا، سبب ہونا۔

۴۔ القَیضُ و القَیضَۃُ: بکری کی گدی پر داغ لگانے کا گرم کیا ہوا پتھر۔

قیط۔ القِیطَانُ واحد قِیطَانَۃٌ ج قَیَاطِینُ: ریشم وغیرہ کے ریشوں سے بنی ہوئی رسیاں۔

قیظ: قَاظَ یَقِیظُ قَیظًا الیومُ: سخت گرم ہونا ــــ و قَیَّظَ و اِقتَاظَ القومُ بالمکانِ: میں گرمی کا زمانہ گزارنا۔ تَقَیَّظَ القومُ بالمکانِ: میں گرمی کا زمانہ گزارنے کے لئے قیام کرنا۔ ــــ ہُ الشیئُ: کا گرمی کے زمانہ کے لئے کافی ہونا۔ قِیظُوا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔ قَایَظَ قِیَاظًا و مُقَایَظَۃً ہٗ: گرمی کا زمانہ کے ساتھ گزارنا، سے موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔ القَائِظُ والقَیِّظُ: سخت گرمی والا۔ یومٌ قائظٌ: سخت گرم دن۔ قَیظٌ قائظٌ: سخت گرمی۔ القَیظُ ج اَقیَاظٌ و قُیُوظٌ: گرمی کی شدت، گرمی کا موسم۔ المُقَیَّظِیُّ: جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔ المَقَاظُ والمَقِیظُ والمَقیَظُ: گرمی کا زمانہ بسر کرنے کی جگہ۔ المُقَیِّظَۃُ (ن): گرمی تک سرسبز رہنے والی سبزی۔

قیع: قَاعَ یَقِیعُ قَیعًا الخنزیرُ: سور کا آواز نکالنا۔

○ قِیَاض: تبادلہ مال، تبادلہ زر، مبادلہ۔ مقایضۃ: تبادلہ مال، تبادلہ زر، مبادلہ، تبادلہ مال یا زر کی تجارت، معاوضہ، مبادلہ کا کاروبار، تبادلہ اجناس کا سودا۔

○ قیطوس: قیطس سبع البحر مجمع الکواکب وھیل جو فلکی خط استواء پر برج حمل اور برج حوت کے جنوب اور برج دلو اور النہر کے درمیان واقع ہے۔

○ قیظ النہار: دن کی گرمی۔ مَقِیظ: گرمیوں کی رہائش گاہ۔ قائظ: بہت گرم، موسم گرما کے وسط کا۔

قیف: قَیَّفَ و تَقَیَّفَ اثرَہٗ: کو تلاش کرنا۔ القِیَافَۃُ: کھوج، تلاش۔

قیق: ۱۔ قَاقَ یَقِیقُ قَیقًا ت الدجاجۃُ: مرغی کا کڑکڑانا۔ القِیقُ (ح): کبوتر کے برابر ایک پرندہ جس کے بازو مخطط اور دم کالی ہوتی ہے اور بہت بولتا رہتا ہے۔ اور جسے ابو زریق بھی کہتے ہیں۔

۲۔ القِیقُ: بے وقوف۔ القَیقَبَۃُ و القِیقَاءَۃُ ج قَوَاقٍ و قَیَاقٍ و قِیَقٌ: سخت زمین قَیقَبَّۃُ البیضَۃِ: انڈے کے سخت چھلکے کے نیچے کا باریک چھلکا۔

۳۔ القَیقَبُ: وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ زین کا تسمہ۔ ــــ (ن) ایک درخت۔ جس کی متعدد قسمیں ہیں، بعض قسمیں باغوں اور عام جگہوں پر آرائش کے لئے لگائی جاتی ہیں ایک قسم کنڈا میں شکر کی ایک قسم پیدا کرتی ہے جو اس ملک میں بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ القَیقَبَانُ: زین، ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔

○ قَیَّفَ ہ: کے نقش قدم کی پیروی کرنا، کا بغور مطالعہ کرنا، جائزہ لینا، کی تحقیق کرنا۔ ــــ ہ: پر تبصرہ کرنا، تنقید کرنا، نکتہ چینی کرنا۔ قِیافۃ: نقش پا پر چلنا، بہروپ، بھیس۔

○ قَیقَب: میپل ایک درخت جس کی لکڑی فرنیچر، آلات موسیقی اور فرش بندی میں استعمال کی جاتی ہے، آرائشی سایہ دار درخت کے طور پر بھی اہم ہے۔

قیل: ۱۔ قَالَ یَقِیلُ قَیلًا و قَائِلَۃً و قَیلُولَۃً و مَقَالًا و مَقِیلًا: دوپہر میں سونا۔ ــــ قَیلًا: دوپہر کے وقت دودھ دوہنا اور پینا۔ قَیَّلَ ہٗ: کو دوپہر میں پلانا۔ عوام کہتے ہیں۔ قَیَّلَ فلانٌ: جب وہ قیلولہ کرے اس سے اسم قَیلُولۃ ہے اَقَالَ اِقَالَۃً الابلَ: کو دوپہر میں پانی پلانا۔ تَقَیَّلَ: دوپہر میں سونا۔ ــــ ت الابلُ: اونٹوں کا دوپہر میں پانی پینا۔ القَائِلُ ج قُیَّلٌ و قُیَّلٌ و قُیَّالٌ: دوپہر کو سونے والا۔ القَائِلۃُ: قائل کا مونث، دوپہر۔ ــــ و القَیلُولَۃُ: دوپہر میں سونا، دوپہر میں لیٹنا اگرچہ نیند نہ آئے۔ القَیِّلُ: اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔ ــــ و القَیُولُ: دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔ القَیلَۃُ و القَیُولَۃُ: اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔ رَجُلٌ قَیَّالٌ: دوپہر کو دوہی جانے والی اونٹنی کا مالک دَوحَۃٌ مِقیَالٌ: بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔ المَقِیلُ (مص): قیلولہ کرنے کی جگہ، دوپہر کو سونا یا لیٹنا۔ المَقیَلُ: دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔

۲۔ قَایَلَ ہٗ: کو معاوضہ میں دینا، کا تبادلہ کرنا۔ اِقتَالَ شیئًا بشیئٍ: کو سے تبدیل کرنا۔

۳۔ اَقَالَ اِقَالَۃً اللّٰہُ عثرتک: کو گرنے سے اٹھانا، اس سے ہے الاقالۃ فی البیع جو بیع توڑنے کے معنی میں ہے درگزر کرنا ــــ البیعَ: بیع توڑنا ــــ ہٗ من منصبہ: کو اس کے منصب سے سبکدوش کرنا۔ تَقَایَلَ الرجلان البیعَ: بیع کو فسخ کرنا۔ اِستَقَالَ اِستِقَالَۃً ہٗ عثرتہ: سے لغزش معاف کرنے کو کہنا ــــ ہُ البیعَ

سے بیع فسخ کرنے کو کہنا۔ — من منصبہ: منصب سے سبکدوشی کی درخواست کرنا۔ الاِقَالَةُ (مص): عقد فسخ کرنا، منصب سے سبکدوشی۔

۴۔ تَقَيَّلَ اباهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ القَيْلُ: حِمیرُ کا ایک بادشاہ جو قبیلہ کے پہلے بادشاہوں سے مشابہت رکھتا تھا۔ سردار

۵۔ تَقَيَّلَ الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔

○ اقال اللہ عثرتک: اللہ تمہارا جرم معاف کرے۔ قَيْلُولَةَ: دوپہر کو یا قدرے پہلے کیا جانے والا آرام یا آنکھ جھپکی، دوپہر کو تھوڑی سے نیند، مَقِيل: آرام کرنے کی جگہ، رکنے کی جگہ۔ استقلة: استعفی ریٹائرمنٹ، مُسْتَقِيل: عہدہ سے مستعفی، ریٹائرڈ، برخواست شدہ، برطرف شدہ۔

○ قِيلَةَ مائية: فتق آبی، نزول الماء: آب نزول جسم کے کیسوی جوف خصوصاً کیسہ فایہ میں خوناب کا ذخیرہ۔

قین: ۱۔ قَانَ يَقِينُ قَيْناً الحديدَ: لوہے کو برابر کرنا۔ — الاناءَ: برتن کو درست کرنا۔ — الشيئَ: کو جمع کرنا۔ — ت المرأةُ المرأة: کا بناؤ سنگھار کرنا۔ — اللہُ فلاناً على كذا: کو پر پیدا کرنا۔ قَانَ يَقِينُ قَيْناً وقِيَانَةً: لوہار ہونا۔ قَيَّنَ هُ: کو مزین کرنا۔ — القِيَانَ: عورتوں کی تربیت کرنا اور ادب سکھانا صفت مُقَيِّنٌ۔ تَقَيَّنَ: مزین ہونا۔ النبتُ: اچھا ہونا۔ اِقْتَانَ اقتیاناً النبتُ: اچھا ہونا۔ — الرجل: مزین ہونا۔ — ت الروضة: باغ کا سرسبز وشاداب ہونا۔ القَيْنُ ج قُيُونٌ واَقْيَانٌ: لوہار، ہر کاریگر۔ — ج قِيَانٌ: غلام۔ القَيْنَةُ: لونڈی، گانے والی۔ (گلوکارہ)۔ کنگھی چوٹی کرنے والی المُقَيِّنَةُ المُقَيِّنُ کا مونث، کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

۲۔ القَانُ واحد القَانَةُ (ن): ایک درخت جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ القَيْنَةُ ج قِيَانٌ: ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔

ک

ك تلفظ الكاف حروف تہجی کا بائیسواں حرف، یہ مہموسہ حروف میں سے ہے، حروف ابجد کے لحاظ سے یہ ۲۰ عدد کے قائم مقام ہے ا۔ یہ مخاطب اور مخاطبہ کے لئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہوتا ہے جیسے ضَرَبَكَ وَكِتَابُكَ و ضَرَبَكِ و كِتَابُكِ وضَرَبَكُمَا و كِتَابُكُمَا و ضَرَبَكُمْ و كِتَابُكُمْ و ضَرَبَكُنَّ و كِتَابُكُنَّ اور کبھی یہ حروف جار کے طور پر مستعمل ہوتا ہے تو اس صورت میں یہ تشبیہ کے لئے ہوتا ہے جیسے زیدٌ کالاسد کبھی تعلیل کے لئے جیسے اذکروا اللہ کما ھداکم: (اور اللہ کو یاد کرو کیونکہ اس نے تمہاری رہنمائی کی ہے) اور تاکید کے لئے اس صورت میں یہ زائدہ ہوکر آتا ہے جیسے لیس کمثلہ شیءٌ: یعنی اس کی مثل کوئی چیز نہیں۔ ۳۔ اور کبھی یہ غیر حرف جار کی صورت میں استعمال ہوتا ہے اس صورت میں یہ خطاب کے معنی دیتا ہے۔ اس وقت یہ کبھی اسم اشارہ کے ساتھ مل کر آتا ہے جیسے ذالك اور تلك، کبھی یہ ضمیر منصوب منفصل کے ساتھ جیسے ایاك اور ایاکما اور کبھی اسماء افعال کے ساتھ مل کر آتا ہے جیسے رویدك

○ كَ: جیسے، کی مانند، کی طرح، تقریباً، قریب قریب کی حیثیت سے۔ كَالأَوَّلِ: پہلے کی طرح، جیسا کہ شروع میں، جیسا کہ آغاز سے۔ كَهٰذَا: اتنا، ایسا۔ رجلٌ کھذا: ایسا آدمی، اس جیسا آدمی۔ هُمْ كَالمُجْمِعِيْنَ علی ذلك: وہ اس بارے میں تقریباً متفق، یکدل یا یک آواز ہیں، وہ عملاً اس پر متفق ہیں۔ انا كَمُسْلِمٍ: میں ایک مسلمان کی حیثیت سے۔ كَأَنَّ: جیسے، گویا۔ کَانّی بھا: یہ ایسا ہے جیسے میں اسے اپنے سامنے دیکھ رہا ہوں، مجھے خیال آتا ہے کہ وہ، مجھے ایسے لگتا ہے کہ وہ كَذَا: ایسے، اس طرح وغیرہ وغیرہ، اتنا، اس قدر۔ كَذَا و كَذَا: فلاں فلاں، اتنا، اس قدر، ایسا ایسا، بمکان کذا و کذا: ایسی ایسی جگہ عُمْرُهُ کذا سَنَوَاتٍ: اس کی عمر اتنے برس ہے۔ كَذَلِكَ: اس طرح، یوں، اس حد تک، اتنا، یکساں، برابر، اسی طرح، اسی طور پر، علی ھذا القیاس۔ كَمَا: جیسے، بھی، نیز، دوسری طرف بھی، یکساں، برابر، اسی طرح، اسی طور پر۔ كَمَا أَنَّ: معاملہ ایسا ہونے کی وجہ سے كَمَا لَوْ كَانَ حاضراً: گویا وہ حاضر ہو۔ مدینۃ الکاب: کیپ ٹاؤن (ایک شہر کا نام)۔

کاب: ا۔ كَئِبَ ـــ كَأْبًا و كَأْبَةً و كَآبَةً: غمزدہ ہونا، برا حال ہونا، غم سے شکستہ دل ہونا، صفت كَئِبٌ اور كَئِيبٌ مجازاً کہا جاتا ہے، ارضٌ کئبۃ الوجہ: یعنی سیاہی مائل زمین جس طرح غمگین آدمی کا چہرہ ہوتا ہے أَكْأَبَ الرجلُ: غمگین ہونا۔ الرجلَ: کو غمگین کرنا۔ اِكْتَأَبَ: غمگین ہونا۔ الكَأْبَاء: سخت غم، اِمرأۃ کأباء: سخت غمگین عورت، کہا جاتا ہے۔ مَا أَكْأَبَهُ: اس کا غم کس قدر زیادہ ہے۔ المُكْتَئِبُ: غمگین، کہا جاتا ہے "رمادٌ مُكْتَئِبُ اللون" یعنی سیاہی مائل راکھ۔

۲۔ أَكْأَبَ الرجلُ: ہلاکت میں پڑنا۔

○ كَئِبَ ـ كَأْبًا و كَأْبَةً و كَآبَةً علی: کے بارے میں غمگین ہونا، مغموم ہونا، دل شکستہ ہونا، بددل، افسردہ، ناامید یا مایوس ہونا۔ ــ ل: کی وجہ سے غمگین، مغموم، دل شکستہ، بددل، افسردہ، ناامید یا مایوس ہونا، سے یا کی وجہ سے پریشان ہونا۔ أَكْأَبَهُ: کو افسردہ کرنا، مایوس کرنا، بددل کرنا، کی حوصلہ شکنی کرنا۔ اِكْتَأَبَ: اداس ہونا۔ ــــ علی یال: بمعنی كَئِبَ علی یال۔ كَأْب، كَأْبَة و اِكْتِئَاب: غم، غمناکی، الم، رنج، دکھ، ملال، اندوہ، افسردگی، دل شکستگی، اداسی، حزن و ملال۔ كَئِب و كَئِيب: غمگین، مایوس، دل شکستہ، اداس، بددل، افسردہ، ناامید، غم زدہ، حزین، چڑچڑا، بدمزاج، سنجیدہ۔ مُكْتَئِب: غمگین، مایوس، دل شکستہ، اداس، بددل، افسردہ، ناامید، غم زدہ، چڑچڑا، سنجیدہ، سیاہ رنگ کا، بھیانک۔

○ کَابل: کیبل (Cable)

○ کابُل: کابل (افغانستان کا دارالحکومت)۔ کابُلی: کابلی، کابل کا، مہوگنی کی لکڑی (مہوگنی: ایک قسم کی سخت اور سرخ لکڑی جو امریکہ میں پائی جاتی ہے)۔

○ کابین جمع کَبَائِن و کبَاین: کیبن (Cabin) کَاتِدْرَائِيَة: بڑا گرجا۔

○ کاثُولیکی: کیتھولک، کیتھولک (کیتھولک مذہب کا ایک رکن)۔

کاج: كَأَجَ ـــ كَأْجًا الرجُلُ: کی حماقت زیادہ ہونا۔ الکناج: حماقت، نادانی۔

○ کاخِیَة جمع کَوَاخِن: خانساماں، منتظم رسد، مہتمم

کاد: كَأَدَ ـ كَأْدًا: غمگین ہونا۔ تَكَأَّدَ و تكَاءَدَ الامرُ فلانًا: پر معاملہ مشکل ہونا۔ ـــ الامر: کی مشقت اٹھانا، اِكْوَأَدَّ الشیخُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ الکَأْدَاء: غم، سختی، پرہیز، تاریک رات، عقبۃ کَأْدَاءُ و کَؤُودٌ: دشوار گزار گھاٹی جس پر چڑھنا سخت مشکل ہو۔ الکُؤَدَاء: غمی یا تھکاوٹ کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔

○ کاد: جنس کا جو۔

○ کادھندی: کاجو کا درخت۔

○ عَقَبَة کَأْدَاء یا عقبۃ کَؤُود: ناقابل تسخیر رکاوٹ۔

○ کَادِر: (فوجی یونٹ، حکومتی ایجنسی، کارپوریشن وغیرہ

کا) ڈھانچہ، عملہ، بنیادی تنظیم، بنیادی یونٹ، بنیادی بحری جہاز کا عملہ۔

○ کار جمع الکارات: کام، پیشہ، ایشو کنلو کاریگر، دستکار۔ ارھلٌ الکارات: کاریگر، دستکار لوگ۔ عَداوَة الکار: پیشہ ورانہ حسد، تجارتی رقابت۔

○ کارتون: گتہ، جمع کارتونات: گتے کا ڈبہ۔

○ کارِدیال: کارڈیل: سٹرومن کیتھولک پادریوں میں سے ایک جو نئے پاپائے اعظم کے انتخاب کیلئے اکٹھے ہوتے ہیں۔

○ کارِیکاتورِیَة: کارٹون: کسی کے مضحکہ خیز پہلو کو اورنمایاں کرنے والا خاکہ یا ایسی نقل۔

○ کَاز: (غاز کے معنی میں) گیس۔

○ کَازِینُو جمع کَازِینُوهات: رقص گاہ، کاسینو۔

کاس: الکَاس ج کُؤُوس و اَکْؤُس و کَاسَات و کِئَاس: پیالہ (مؤنث) شراب کا س یا کَاسُ الزهرة (ن): گل کا غلاف جو کبھی ایک دوسرے سے دور اور کبھی باہم ملے ہوئے اجزاء سے بنتا ہے۔ یہ کاسیات کہلاتے ہیں اور غالبًا یہ کاس پتوں کی طرح سبز ہوتا ہے۔ الکَاسَة: عام لوگ اس کو کاسة کہتے ہیں بمعنی پیالہ ہے۔ الکَاسِیَة: اس کے لئے "الفَصْلَة" کا لفظ ملاحظہ فرمائیں۔ کَاسِیَةُ النُّورِ (ن): ایک عمدہ خوشبودار پودا اصل گہوارہ شمالی امریکا ہے۔ خوبصورتی کے لئے کاشت کیا جاتا ہے۔ کَاسِیَاتُ النَّور (ن): خوشبودار پودے۔

○ کَأْس (مؤنث) جمع کُؤُوس و کِئَاس و کَاسَات: پیالی، پیالہ، کپ، جام، گلاس، (پینے کا) ساغر، (عشائے ربانی کا) ساغر، پھول کا کٹورا، مند گل۔

○ کاساتا: Cassata اٹلی کی آئس کریم۔

کاص: کَاصَ ـِ کَاصًا: کو ذلیل کرنا، مغلوب کرنا ـ الشیئَ: کو بہت کھانا یا پینا۔ محاورہ کَاصْنَا عِنْدَهُ مِنَ الطَّعَامِ مَاشِئْنَا یعنی ہم نے اس کے پاس سے جو کچھ چاہا خوب کھایا۔

○ کاغِط: کاغذ (مراکشی لفظ)

○ کاف: حرف (ک)۔

○ کَافُور: کافور، کپور، کافور کا درخت، نیلی گوند۔

کاک: ۱۔ کَأْ کَأَ۔ کَأْکَأَة: کمزور ہونا۔ بزدلی دکھانا، پیچھے ہٹنا۔ تکَأْکَأَ: بزدلی دکھانا، پیچھے ہٹنا۔ ـ فی کلامه: گفتگو میں عاجز آجانا، بات نہ کرسکنا۔ الکَأْکَاء: زبردست بزدلی، بھاگتے وقت چور کی دوڑ۔

۲۔ تکَأْکَأَ القومُ: قوم کا اکٹھے ہوجانا۔

۳۔ المُتَکَأْکِئُ: پست قد۔

○ کَاکَنج و کَاکَنج: آلو بالو، شاہ دانہ (پھل)۔

کال: کَالَ ـِ کَالًا و کِلَّةً و کُؤُولًا: قرض کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا جیسے تمہارا قرض کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض سے بیچ لو۔

○ کالو جمع کالوهات: گٹا، گوکھرو۔

○ کالون: گیلن۔ کالُون و کِیلُون جمع کَوالین: (دروازوں کا) قفل، تالا۔ کوالینی: تالے والا، قفل ساز۔

○ کَامْبُودِیا: کمبوڈیا (ایک ملک کا نام)

○ کَامْبِیُو: شرح مبادلہ (اٹلی زبان کا لفظ)

○ کامِخ و کامَخ جمع کَوَامِخ: سرکا کی چٹنی، اچار، مخلوط اچار

○ کَامِیرا: کیمرہ Cemera

○ کامیه: ابھروان نقش والا نگینہ۔

○ سوقُ الکانتو: لنڈا بازار۔

کان: کَانَ ـُ کَانًا ـ الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ کَأَنَّ: یہ حرف مشبہ بالفعل ہے جو اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ یہ درج ذیل معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۱۔ تشبیہ جیسے کَأَنَّ زَیْدًا اَسَدٌ (زید تو گویا شیر ہے)۔ یہ اکثر اسی معنی میں مستعمل ہے۔ ۲۔ شک وظن جیسے کَأَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ شاید زید کھڑا ہے۔

۳۔ تقریب جیسے کَأَنَّکَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ ایسا دکھائی دیتا ہے جیسے جاڑا آپہنچا ہو۔ بِنَا کَأَنِّي بِکَ تَنْحَطُّ یوں لگتا ہے جیسے تم زوال میں آگئے ہو۔ پہلی مثال میں کاف اور باء زائد ہیں الشتاء کان کا اسم اور مقبل خبر ہے اور دوسری مثال میں باء اور یاء زائد ہیں کاف کان کا اسم اور جملہ تنحط اس کی خبر ہے۔

○ کَانتِین: کنٹین (Canteen)

○ کَاهِیَة جمع کَوَاهٍ و کَهَایَة: (تیونس کے ایک انتظامیہ ضلع کا) چیف آفیسر، ڈپٹی، نائب، ماتحت، چھوٹا (Sub)

○ کَاوُتْشُق: ربڑ

کای کَأَیْ یَکْأَیُ کَأْیًا الرَّجُلُ: گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ اکای عنه: کو ناپسند کرنا۔ کَأَیِّنْ یا کَأَیٍّ: یہ اسم کاف تشبیہ اور ای سے مرکب ہے یہ بھی کم خبریہ کی طرح عمومًا کثرت اور بہتات کے معنی دیتا ہے جیسے کَأَیٍّ مِن رجلٍ یا کأی رجلًا رأیتُ (میں نے بہت سے افراد دیکھے) لیکن یہ لفظ استفہام کے معنی میں بہت کم استعمال ہوتا ہے جیسے حضرت ابن مسعود نے حضرت ابی بن کعب سے پوچھا تھا۔ "کَأَیٍّ تَقْرَءُ سورةَ الاحزاب" (تم سورۃ احزاب کتنی مرتبہ پڑھتے ہو؟) انہوں نے جواب دیا، تہتر مرتبہ)۔

کب: ۱۔ کَبَّ ـُ کَبًّا الاناءَ: برتن کو اوندھا کردینا ـ الرَّجُلَ عَلٰی وَجْهِهِ ولِوَجْهِهِ: کو منہ کے بل پچھاڑ دینا۔ ـ الشیئُ: بھاری ہونا۔ کَبَّبَ: کباب بنانا۔ اَکَبَّ فلانًا: کو پچھاڑ دینا ـ الرجُلُ: بچھڑنا، گر جانا۔ تکَبَّبَتِ الابل: اونٹ کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرجانا۔ الکُبَّةُ ج کُبَبٌ: بوجھ کہا جاتا ہے۔ اَلْقٰی عَلَیْهِ کُبَّتَهُ: اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈال دیا۔ الکَبَابُ: کباب (جو آگ پر بھون کر پکایا جاتا ہے)۔ المُکِبُّ والمِکْبَاب: زمین کی طرف بہت زیادہ دیکھنے والا۔

۲۔ کَبَّ ـُ کَبًّا الغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا۔ اَکَبَّ عَلَی العلمِ وغیرہ: پوری لگن کے ساتھ علم وغیرہ میں مشغول ہونا۔ ـ علیه: کسی کو بچانے کے لئے اس پر جھک جانا۔ تَکَبَّبَ: کپڑے میں لپٹنا۔ ـ الرمل اوالشجر: ریت یا درخت کا تہ بہ تہ ہونا۔ تَکَابَّ القومُ علی الشیئ: قوم کا کسی چیز پر رش کرنا۔ اِنْکَبَّ علی امرٍ: کسی کام میں محو ہوجانا۔ الکُبَّةُ ج کُبَبٌ: بہت بڑے اونٹ، گھوڑوں کی جماعت، بھیڑ، دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ، لڑائی میں حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے کَانَتْ لهم کَبَّةٌ فی الحرب انہوں نے لڑائی میں بڑا شور شرابہ کیا، گوشت اور گندم کے آٹے کے چھان کو باریک پیس کر اور ملا کر کچا، یا بھون کر یا پکا کر کھایا جانے والا کھانا۔ کُبَّةُ الغزل او الخیط: کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ۔ کُبَّةُ السمِیلة: (ط) گوشت کے بغیر آٹے کے چھان کو بھون کر کھایا جانے والا کھانا (عامی لفظ)۔ الکَبَّة: لوگوں کی جماعت، بھیڑ، گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ۔ جنگ میں (حملہ کہا جاتا ہے۔ کانت لهم کبة فی الحرب: انہوں نے جنگ میں شور وغل کیا۔ کَبَّةُ الشتاء: سردی کی یکدم آمد اور شدت۔ کبة النار: آگ کا بڑا حصہ۔ الکُبَابُ: چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت، بہت سے اونٹ اور بکریاں۔ المِکَبُّ ج مِکَبَّات و مَکَابّ: دھاگہ یا سوت لپیٹنے والی ریل یا گولہ۔

۳۔ الکُبّ: ایک قسم کی کڑوی گھاس

۴۔ کَبْکَبَ: کَبْکَبَةً و کِبْکِبَةً۔ الشیئَ: کسی چیز کو الٹ پلٹ کرنا، پچھاڑنا، پست زمین پر پھینکنا۔ ـ المواشی الشاردة: بدک کر بھاگے ہوئے مویشیوں کو اکٹھا کرنا۔ تَکَبْکَبَ القومُ: اکٹھے ہونا۔ فی

نیانه کپڑے میں لپٹنا۔الکُبَاکِب ج کَبَاکِب اورالکُبُکُبُ گٹھے بدن والا۔الکُبُکُبُ والکِبْکِب ایک قسم کا کھیل۔الکبکبة: تثلیث الکاف کے ساتھ اورالکُبْکُوب و الکُبْکُوبَة لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت۔الکُبْکُوب ج کَبَاکِیب۔ کبة الغزل دھاگے کا لچھا۔(عام لوگوں کی زبان میں)

○ کَبَّ ـُ کَبًّاهُ لوجهه یا علی وجهه کو جھکانا، منہ کے بل گرانا۔ ہ کو الٹ دینا، کا خاتمہ کرنا، کو ختم کرنا، ڈگمگا کر گرانا، درہم برہم کر دینا، کو الٹنا، الٹا کرنا، اوندھا کرنا، پلٹنا۔ ہ (سیال چیز) کو انڈیلنا۔کَبَّتَ ہ کو گولا بنانا، کا ڈھیر بنانا، کو ڈھیر کرنا۔اَکَبَّ ہ کو نیچے گرانا، جھکانا۔ خود کو نیچے گرانا، سجدہ کرنا۔ علی پر جھکنا، تکیہ لگانا، خود کو کے لئے وقف کرنا، نذر کرنا، پر کامل توجہ کرنا۔اِنْکَبَّ علی وجهه: منہ کے بل گر پڑنا۔ علی: پر جھکنا، تکیہ لگانا، پر کامل توجہ دینا، کے لئے خود کو وقف کرنا، نذر کرنا۔ : خود کو نیچے گرانا، خود کو جھکانا، الٹنا، انڈیلا جانا، ڈگمگا کر گرنا، گرنا، الٹا ہونا، اوندھا ہونا، چت ہو جانا، ڈھیر ہو جانا۔اِنْکَبَّ علی قَدَمَیْهِ: کے قدموں پر گرنا، کے سامنے جھکنا۔کَبّ: جبیں سائی، سجدہ ریزی، زمین پر منہ کے بل پڑ جانا، زوال، بربادی، خاتمہ، الٹ پلٹ، تہ بالا کر دینا، جھکنا، جھکاؤ۔کُبَّة جمع کُبَب: گولا، تاگے کا گولا، انٹی، لچھا، ریل، سوت کی انٹی، کوفتہ۔کَبَاب: کباب، تلا ہوا یا بھنا ہوا گوشت، کوفتہ۔کباب صینی: چینی کباب (پھل)۔کَبَابة و کُبَابة: چینی کباب (پھل) کُبَیْبَة: ایک قسم کا کوفتہ، ایک قسم کا برگر۔کِبِبَة بطاطس: قیمہ کا سموسہ، قیمہ اور آلو کا سموسہ۔کُبَّایة جمع کبابات: گلاس (پینے کا)۔مِکَبّ جمع مَکَبّات و مَکَابّ: دھاگے کا گولا، سوت کی انٹی، دھاگے کی ریل، دھاگے کی نلکی، ریل۔اِکباب علی: کے لئے نذر، وقف، میں مشغولیت، کا تعاقب، کی جستجو۔مُکِبّ علی: کیلئے وقف، نذر کیا ہوا، کا خوگر، کا عادی، میں منہمک، ڈوبا ہوا، کا پکا ارادہ کئے ہوئے، میں دل وجان سے، پوری توجہ سے مشغول۔مُنْکَبّ علی: مندرجہ بالا معنی میں۔

○ کَبَارِیه جمع کباریهات: طعام خانوں کا تفریحی رقص وسرود۔

کبت: ا۔کَبَتَ ـِ کَبْتًاهُ: کو پچھاڑنا۔کہا جاتا ہے کبته لوجهه: کو پچھاڑنا، ہلاک کرنا۔ ذلیل ورسوا کرنا، پھیرنا، توڑنا، مطیع کرنا (کہا جاتا ہے: کَبَتَ اللّٰهُ العدوَّ: اللہ دشمن کو ذلیل کرے) توہین کرنا، ذلیل کرنا، غصہ سے رد کرنا، کہا جاتا ہے: کَبَتَ فلانٌ غیظَهُ فی جوفه: (فلاں نے اپنے غصے کو اندر ہی اندر ضبط کر لیا) یعنی اظہار نہیں کیا۔اِنْکَبَتَ پچھاڑا جانا، رسوا ہونا، پھرنا، ٹوٹنا۔المُکْبَت: غم سے بھرا ہوا۔

۲۔الکَبُّوت: بڑی ساری چادر، کمبل جسے سردیوں میں حرارت کیلئے اوڑھا جاتا ہے۔ ہمعصر اہل زبان نے اس پر مِعْطَف: کا لفظ بولا ہے (یہ فرانسیسی لفظ ہے)۔

○ کَبَتَ ـِ کَبْتًا ہ کو کچل ڈالنا، دبا دینا، زیر کرنا، ہلکا کرنا، دھیما کرنا، قابو میں کرنا یا رکھنا۔کَبَتَ غیظَهُ فی جوفه: غصہ ضبط کرنا۔ انفاسَهُ: کی سانس پھلا دینا۔کَبُّوت جمع کَبَابِیت: کلاہ، ٹوپی، پیراکی کی ٹوپی، ٹوپی دار لبادہ، کار یا گاڑی کا بالائی حصہ۔

○ کُبْتُولة: ڈھیر، ڈلا، موٹا ٹکڑا، [illegible]، گولی، گیند [illegible]: گول۔

○ کَبْتن: کیپٹن (فوجی عہدہ)

کبث: کَبِثَ ـَ کَبَثًا اللحمُ: گوشت کا خراب ہو کر بدبودار ہو جانا صفت کَبِثٌ و مَکْبُوث۔ کَبَّثَ السفینةَ: کشتی کو زمین کی طرف لے کر لانا، ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

کبح: کَبَحَ ـَ کَبْحًا الدابةَ باللجام: جانور کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ ــه عن الحاجة: کو ضرورت سے باز رکھنا۔ ــ [illegible] بالسیف: کو تلوار سے مارنا ــ الحائطُ [illegible]: دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور اندر نہ گھسنے دینا۔ [illegible] باللجام: چوپایہ کو لگام کھینچ کر روکنا۔

۲۔ [illegible] ہ: ایک دوسرے کو گالی دینا اور برا بھلا کہنا۔

۳۔ [illegible]: بلند ہونا صفت [illegible]۔

۴۔الکَبِیح ج کَوَابِح: بدشگونی اور بدفالی کی چیز۔بعیر اَکْبَح: سخت اونٹ۔

○ کَبَحَ ـَ کَبْحًا ہ: کو روکنا، کی روک تھام کرنا، کو قابو میں رکھنا۔ ـہ عن: کو سے روکنا۔کَبَحَ جماحَهُ: کی عدول حکمی کو قابو میں رکھنا، کسی شخص یا چیز کو دبانا، کچل دینا۔کَبْح: روکنا، کنٹرول کرنا، پابندی، خاتمہ۔مِکْبَح: بریک (گاڑی وغیرہ کا)

کبد: ا۔کَبَدَ ـِ کَبْدًا ہ: کے جگر پر مارنا۔ــ الامرَ: کسی کام کا ارادہ کرنا۔کَبِدَ ــ کَبَدًا و کُبَادَ: جگر کی تکلیف کی شکایت کرنا صفت مَکْبُود۔ کَبَّدَتِ الشمسُ السماءَ: سورج کا آسمان کے درمیان میں پہنچ جانا۔تَکَبَّدَ اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہو جانا حتی کہ [illegible] الامرَ: کا قصد کرنا۔ــ الفلاةَ: کے درمیان یا بڑے حصے کا قصد کرنا۔ ــ المکانَ: جگہ کے درمیان میں پہنچنا۔ــت الشمسُ السماءَ: سورج کا آسمان کے درمیان میں پہنچنا۔الکِبْد ج اَکْبَاد و کُبُود من الامعاء: جگر، کلیجہ۔سُوْدُ الاَکْبَاد: دشمن۔ (جمع) الکَبُد من الأمعاء (ع ا): جگر، کلیجہ (مذکر و مونث)۔ــ من السماء: آسمان کا درمیان۔الکَبِد ج اکباد و کُبُود: پسلی، پہلو، پیٹ، کسی چیز کا درمیانی حصہ، کسی چیز کا بڑا حصہ۔ من الامعاء (ع ا): جگر، کلیجہ۔کَبِدُ الارض: زمین کی کانوں کی چیزیں مثلاً سونا چاندی وغیرہ۔کَبِدُ القوس: کمان کے علاقے کے دونوں طرف کا درمیانی حصہ، محاورہ بولا جاتا ہے: [illegible] فلاں کی طرف [illegible] لوگ علم وغیرہ حاصل کرنے [illegible] آتے جاتے ہیں۔ [illegible] پیٹ کا بڑا ہونا [illegible] کا درمیانی حصہ۔ [illegible] السماء: آسمان کا درمیانی حصہ۔ [illegible] کا اہم حصہ [illegible]: جگر کی تکلیف [illegible]۔ [illegible] بڑے جگر والا، جس شخص کی جگر والی جگہ [illegible] ہو۔ درمیان سے موٹا آدمی۔ [illegible] رفتار، (ح) پرندہ [illegible]: ہر چیز کا وہ تودا جس کا درمیان کا حصہ بڑا ہو، وہ کمان جس کا دستہ پوری ہتھیلی سے پکڑا جا سکتا ہو۔ [illegible] من السماء: آسمان کا وسط [illegible]: کالی ہے مثلاً ایک پودا جو پھول بڑا کرتا ہے، دھوپ پڑنے پر اس کے پتے جگر کے رنگ جیسے دکھائی دیتے ہیں۔

۲۔ کَابَدَ (بـ) [illegible] لوگوں کا سردی کی تکلیف [illegible] کسی کام میں تکلیف برداشت کرنا۔ [illegible] مسافر کا رات کی تکلیفیں اور خوف برداشت کرتے ہوئے سفر جاری رکھنا۔ [illegible]: مشقت کی برداشت۔الکَبَد: مشقت [illegible] ہتھ چکی، (کیونکہ اس کو چلاتے وقت تکلیف ہوتی ہے۔)

۳۔الکَبَد: ہوا۔الکَبْدَة: محبت کا مہرہ۔الکَبَّاد: چکوترہ (عامی زبان میں)۔

○ کَبَدَ ـُ کَبْدًاهُ: (تکلیف، نقصان وغیرہ) کا کسی کو بری طرح متاثر کرنا، ایذا دینا، تھکا دینا۔کَبَّدَهُ ہ: کو نقصان وغیرہ پہنچانا۔کَابَدَ ہ: کو برداشت کرنا۔تَکَبَّدَ ہ: (نقصانات، سختیاں وغیرہ) برداشت کرنا، جھیلنا، کو کرنے کی جسارت پر مجبور ہونا، کے خطرہ میں ہونا، (نقصانات) اٹھانا۔کَبْد، کِبْد اور کَبِد: (مذکر و مونث) جمع اکباد و کُبُود: جگر، کلیجہ، دل، اندر،

درمیان وسط، کَـــاد و کُـــاد کی ترش پودوں کا نام کَبَّاد چکوترا، چکوترے کا پیڑ۔

کبر ا۔ کَبَرَ ـُـ کَبْرًا۔ فلانًا بالسنّ: سے عمر میں بڑا ہونا۔ کَبِرَ ـَـ کِبَرًا و مَکْبِرًا فی السِنّ: عمر رسیدہ ہونا۔ کَبُرَ ـُـ کِبَرًا و کُبْرًا و کُبَارَۃً فی القَدْرِ: بڑا ہونا اور جسیم ہونا صفت کَبِیر و کُبَّار و کُبَار۔ علیہ الامرُ: پر کام کا مشکل ہونا، سخت ہونا اور بھاری ہونا۔ کَبَّرَ تَکْبِیرًا و کِبَّارًا: اللہ اکبر کہنا۔ الشیئَ: کسی چیز کو بڑا بنانا۔ کَابَرَہُ: سے دشمنی رکھنا، پر غلبہ حاصل کرنا۔ ـــ ہ عَلَیٰ حَقِّہِ: کے حق کا انکار کرنا۔ کُوبِرَ الرجُلُ فی مالِہ: ظلم اور زبردستی سے کسی کا مال لے جانا صفت مُکَابَر عَلَیْہ۔ اَکْبَرَ الامرَ: کام کو بڑا اور عظیم سمجھنا ـــ الرجُلَ: کو بڑا شمار کرنا۔ کی تعظیم کرنا۔ تَکَبَّرَ: مغرور ہونا، تَکَابَرَ: تکبر کرنا ـــ الرجُلُ: اپنے آپ کو بڑا اور بلند مرتبہ ظاہر کرنا۔ استکبر: تکبر کرنا۔ ـ الامرَ: کام کو بڑا سمجھنا۔ الکَابِر: بڑا، جد امجد، بلند شان، سردار۔ الکُبْر: کسی چیز کا بڑا حصہ، شرافت، بلندی۔ کہا جاتا ہے۔ ھُوَ کُبْرُ ھُمْ و کُبُرُّھُمْ و کُبْرَتُھُمْ: وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے یا نسب میں ان کے زیادہ قریب ہے اس میں واحد جمع مذکر مونث سب برابر ہیں۔ الکِبْر: کسی چیز کا بڑا حصہ، شرافت اور بلندی۔ تکبر، بڑا گناہ، کفر و شرک۔ الکِبَرُ و الکَبْرَۃ: عمر میں بڑا ہونا، محاورۃً بولا جاتا ہے۔ عَلَاہُ الکِبَرُ او عَلَتْہُ کَبْرَۃٌ: جب وہ بوڑھا ہو جائے۔ الکِبْرَۃ: بڑھاپا، گناہ کبیرہ، کہا جاتا ہے۔ ھُوَ کِبْرَ تُھُمْ: یعنی وہ ان کا بڑا ہے یا نسب و قرابت میں زیادہ قریب ہے اور کہا جاتا ہے۔ فلان کِبْرَۃُ ولدِ ابیہ: (فلاں اپنے باپ کی اولاد میں اخیر ہے) اس میں واحد جمع، مذکر مونث سب برابر ہیں۔ الکُبَار و الکُبَّار: بڑا الکَبِیرُ: اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔ جمع کِبَار و کُبَرَاء: بڑا، استاذ، رئیس۔ الکَبِیرَۃ ج کَبِیرات و کَبَائِر: الکبیر کا مونث، گناہ کبیرہ۔ الاَکْبَر ج اَکَابِر و اَکْبَرُون: اسم تفضیل کہا جاتا ہے الاَکْبَر و الاَصْغَر یعنی بڑا اور چھوٹا (اور کہا جاتا ہے۔ اتانی فلان اَکْبَرَ النہار (فلاں میرے پاس دن چڑھے آیا)۔ اَکَابِرُ القوم: قوم کے شریف لوگ۔ الکُبْرَیٰ ج کُبَر و کُبْرَیَات۔ الاکبر کا مونث کہا جاتا ہے ھذہ الجاریۃ من کُبْرَی بناتِ فلان (یعنی یہ فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی بیٹی ہے۔ الکِبْرِیَاء: بزرگی، غرور۔ المَکْبِر، والمَکْبَرَۃ والمَکْبُرَۃ: عمر رسیدہ ہونا۔ المُکَبِّرَۃ (ف) باریک چیزوں کو بڑا کر کے دکھانے والا آلہ، دوربین۔ المَکْبُورَاء: اسم جمع بمعنی کُبَرَاء

۲۔ الکَبَر ج کِبَارِ و اَکْبَار طبلہ (فارسی لفظ) الکَبَر یا الاَصَف (ن): ایک چھوٹا سا خاردار درخت جس کے پھول سفید رنگ کے خوبصورت ہوتے ہیں۔ ان میں سے کچھ وسطی خطوں میں پائے جاتے ہیں اس کے پھولوں اور پھلوں کو ملا کر پیس کر سفوف تیار کی جاتی ہے جسے عامی زبان میں الکُبَّار کہا جاتا ہے۔ الکُبْرَان ج کَبَارِین: سینہ بند پر پہنا جانے والا لباس (عامی لفظ ہے) الاِکْبِر والاَکْبَر: خشک حلوے کی مانند ایک میٹھی چیز جسے شہد کی مکھی شہد اور موم کے علاوہ جمع کرتی ہے۔

۳۔ کَبْرَتَ الشیئَ: پر گندھک ملنا الکِبْرِیت (ك): گندھک، سرخ یاقوت، سرخ سونا، کہا جاتا ہے ذَھَبٌ کِبْرِیتٌ او فِضَّۃٌ کِبْرِیتٌ: یعنی خالص سونا یا خالص چاندی۔

○ کَبُرَ ـُـ کُبْرًاہُ ب: سے ـ سال بڑا ہونا، سے ـ سال عمر میں بڑا ہونا۔ کَبُرَ ـُـ کُبْرًا و کِبَرًا و کَبَارَۃً: بڑا، چوڑا ہونا یا ہو جانا، بڑھنا، زیادہ بڑا یا چوڑا ہو جانا، مشہور ہو جانا، اہمیت حاصل کر لینا، اہم ہو جانا۔ ـــ عن: سے ناقابل یقین حد تک بڑا یا چوڑا ہونا، کو حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ ـــ نہایت تکلیف دہ ہونا، دوبھر ہونا، پریشان کن ہونا، ظالمانہ ہونا۔ ـ علی: کیلئے ناقابل برداشت معلوم ہونا، نہایت مشکل یا سخت ہونا، کو ایسا معلوم ہونا کہ وہ اسے دور نہ کر سکے گا۔ کَبَّرَ ھ کو زیادہ بڑا کرنا، بڑا کرنا، بڑھانا، چڑھانا، عظمت عطا کرنا، پھیلانا، وسیع کرنا، لمبا کرنا، میں اضافہ کرنا، کو چوڑا کرنا، بلند کرنا، میں شدت پیدا کرنا، کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، میں مبالغہ کرنا، کو بانس پر چڑھانا، کو بگاڑنا، زیادہ سنگین بنانا، کو بدتر بنانا، ـــ ہ/ ھ کی تعریف کرنا، کی حمد کرنا، حمد و ثنا کرنا، کو سرفراز کرنا، کی تعریف کے پل باندھنا۔ کَابَرَہ: سے کبر و نخوت، حقارت یا تذلیل کے ساتھ سلوک یا برتاؤ کرنا، سے سبقت لیجانا چاہنا، سے بازی لیجانے کی کوشش کرنا، سے بہتر کام کرنے کی جدوجہد کرنا یا اس کے لئے اس کا مقابلہ کرنا، سے مقابلہ کرنا، ـــ ہ/ ھ کی مخالفت کرنا، مدافعت کرنا، تردید کرنا۔ ـــ ھ: سے قطع تعلق کرنا، کا بدلہ لینا، کی قانون شکنی کرنا، کی خلاف ورزی کرنا۔ ـــ ہٹ دھرمی سے اپنی رائے پر اصرار کرنا۔ اَکْبَرَ ھ کو بڑا، اہم یا خوفناک سمجھنا۔ ـــ ہ: کی تعریف کرنا، کی تعریف کے پل باندھنا، کو بڑھانا، کیلئے احترام کا مظاہرہ کرنا، کے لئے مودب ہونا۔ ـــ ھ کو سراہنا، پسند کرنا، بنظر استحسان دیکھنا۔ تَکَبَّرَ و تَکَابَرَ مغرور و متکبر ہونا، شیخی بگھارنا، اینٹھ کر چلنا، رعب جمانا۔ ـ علی: کے سامنے حد سے زیادہ مغرور ہونا، کو اپنی مرضی کے تابع کرنے والا ہونا۔ اِسْتَکْبَرَ ھ کو بڑا یا اہم سمجھنا۔ ـ علی: سے تکبر کرنا، اکڑ یا ہیکڑی کا مظاہرہ کرنا۔ کِبْـــر: بڑائی، وسعت، وسعت، حجم، ضخامت، جسامت، اہمیت، بزرگی، عظمت، آن بان، وقار، درجہ، رتبہ، حیثیت، نیک نامی، شہرت، شرافت، نجابت، غرور تکبر، گستاخی، دلیری، بدماغی۔ کُبْر: بڑائی، بزرگی، عظمت، وسعت، حجم، ضخامت، جسامت، پھیلاؤ، کشادگی، فراخی، قوت، طاقت، جلال، شان، کبریائی، شہرت، درجہ، رتبہ، حیثیت، نیک نامی، شرافت، نجابت، بڑا حصہ، کثیر یا بڑی تعداد، کِبَر: بڑائی، وسعت، قد و قامت، ڈیل ڈول، بزرگی، برتری، ناموری، عمر رسیدگی، کَبْرَۃ: عمر رسیدگی۔ کَبِیر جمع کِبَار و کُبَرَاء: بڑا، کافی بڑا، قد آور، جسیم، بھاری، بڑی جسامت کا، وسیع، فراخ، گنجائش والا، لمبا چوڑا، بڑے رقبہ کا، محیط، جامع، اہم، معتدبہ، کثیر مہیب، عظیم، پہاڑ کا پہاڑ، طاقت ور، زور آور، بارسوخ، ذی اثر، صاحب اختیار، ممتاز، اہم، عمر رسیدہ۔ کَبِیرُ اُمَرَاءِ البحار: امیر البحر، بحریہ کا اعلیٰ افسر۔ کَبِیرۃ الخَدَم: گھریلو خادموں کی سربراہ (عورت) کَبِیرُ الاساقفۃ: لاٹ پادری، اسقف اعظم۔ کَبِیرُ السِن: عمر رسیدہ۔ کبَرُا القُضَاۃ: چیف جسٹس۔ چیف مجسٹریٹ ابو کبیر: ہنگ کُلُّ صغیرۃ و کبیرۃ: ہر مفرد تفصیل کِبَار الضُبّاط: سینئر افسران کبار المُوَظَّفِین: سینئر عہدیداران۔ کِبَارُ الھَیْئَات: پبلک کارپوریشنوں کی سرکردہ شخصیات کَبِیرَۃ جمع کبیرات و کَبَائِر و کُبَر: بڑا گناہ، سنگین بدعنوانی، نہایت برا جرم۔ کُبَّا و کُبَار: بہت بڑا، جسیم۔ کِبْرِیَاء: آن بان، شان کبریائی، کر و فر، عظمت، غرور، تکبر، تمکنت، زعم، بدماغی۔ اَکْبَر جمع اَکْبَرُون و اَکَابِر، م کُبْرَیٰ جمع کُبْرَیَات: زیادہ بڑا، زیادہ وسیع، زیادہ عمر رسیدہ، سینئر مرتبہ کا المفتی الاَکْبَر: مفتی اعظم۔ سوریا الکُبْرَیٰ: عظیم تر شام اَکَابِرُ القوم: قوم کے رہنما الاکبر والاَعْیَان: رؤسا و ممتاز لوگ۔ تکبیر: بڑا کرنا، توسیع کرنا، بڑھوتی، بڑھا چڑھا کر دکھانا، عظمت، سرفرازی، زور دار بنانا، شدید کرنا، پھیلاؤ، بڑھاوا، مبالغہ، تعلّی، غلو، حرف مبالغہ (گرامر) تعریف، حمد و ثنا، اللہ اکبر اونچی آواز میں کہنا۔ مُکَابَرَۃ: تکبر، خود بینی، غرور، نخوت، بے جا غرور، خود پسندی، شان و

شکوہ، ضد، ہٹ دھرمی، خودسری، خودرائی۔ اِکبار: تحسین، مدح، پسندیدگی، احترام، ادب، لحاظ، تعظیم، تکَبُّر و تکابر: غرور، تکبر، خود بینی، گستاخی، بددماغی، مُکَبِّر جمع مُکَبِّرات: آلہ (جہیر الصوت) بلندگو۔ مُکَبِّر الصَّوت یا مُکَبِّرٌ صوتیٌّ: لاؤڈ سپیکر۔ نَظَّارَۃ مُکَبِّرَۃ: محدب شیشہ، کلاں نما۔ مُکَبِّرَۃ جمع مُکَبِّرات: محدب شیشہ، کلاں نما۔ مُکَبَّر: بڑا کیا ہوا، بڑھا چڑھا کر بیان کیا ہوا۔ صورۃ مُکَبَّرَۃ: بڑی کی ہوئی تصویر۔ بِصورۃٍ مُکَبَّرَۃٍ: اضافی طور پر، بڑے پیمانے پر، مُکابر: گستاخ، مغرور، خودرائے، دوسروں کو حقیر سمجھنے والا، جھگڑالو، شورہ پشت، لڑاکا، حجتی، نزاع انگیز، تکرار کرنے والا، ضدی، ہٹ دھرم، خودسر، خودرائے، مُصر۔ مُتَکَبِّر: مغرور، متکبر، آمرانہ، تحکمانہ، نک چڑھا، نخوت پسند، حقارت سے دیکھنے والا۔ کَبَر: ایک خاردار جھاڑی۔ کَبْرَتَ ہ: پر گندھک کا لیپ کرنا، کو گندھک کی دھونی دینا، گندھک سے صاف کرنا، کو ولکنائز کرنا۔ کِبریت: گندھک، ماچس، عودُ کِبریت: ماچس کی تیلی۔ یَنبُوع کبریتی: گندھک کا چشمہ۔ کِبریتات: سلفیٹ (Sulfate) کُبَرِی یا کوبری جمع کَبَارِی: پل، عرشہ جہاز۔

کبس: ۱۔ کَبَسَ ـِ کَبْسًا البئرَ: کنویں کو مٹی سے پاٹنا۔ رَأسَہُ فِی الثوب: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔ ـــ القومُ دارَہُ: لوگوں کا گھر پر اچانک حملہ کرنا۔ الناصیۃُ جبھتَہُ: پیشانی کے بالوں کا پیشانی کو چھپا لینا۔ اللِفت ونحوَہُ فی الخلّ: شلغم وغیرہ کو کھٹا کرنے کے لئے سرکہ میں بھگو دینا صفت کَبِیس و مَکْبُوس ج مَکَابِیس: (عامیہ)۔ کَبَّسَ علی الشیئِ: میں گھس پڑنا۔ تکَبَّسَ الرجلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَکَبَّسَ علی الشیئ: میں گھس پڑنا ـــ و اِنکَبَسَ النھرُ و او البئرُ: نہر یا کنویں کا مٹی سے بھر جانا۔ الکابسۃ مونث الکابس کی: پیشان پر لٹکے ہوئے بال۔ ارنبۃٌ کابسۃ: اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ الکِبْس: کنواں پاٹنے والی مٹی، مٹی کا گھر، پہاڑ کی جڑ میں غار، خزانہ۔ الکَبْسَۃ: اچانک حملہ۔ الکُبَّاس: سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ الکَبِیس: ایک قسم کا زیور جس کے اندر خوشبو بھری ہوتی ہے۔ المَکَابِیس: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہیں۔ المُکَبِّس (فا): لوگوں کے پاس اچانک آ کر ان کو دبانے والا۔

۲۔ کَبَسَ ـــ کَبْسًا علی الشیئ: کو زور سے بھینچنا (سریانی لفظ) کَبَّسَ الجسدَ: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔ ـــ المھرَ: بچھیرے کو خوب سدھانا (عامی لفظ)۔ الثورَ: بیل کو ہل چلانے کا عادی بنانا۔ الکابُوس: پریشان کن خواب جس میں سویا ہوا شخص ایسا محسوس کرتا ہے جیسے کوئی اس کا گلا گھونٹ رہا ہو۔ المِکْبَس ج مَکَابِس والمِکْبَاس ج مَکَابِیس: اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ، زیتون کو نچوڑ کر تیل نکالنے کا آلہ۔ المُکَبِّس (فا): سر نیچا رکھنے والا۔

۳۔ کَبَسَ ـِ کَبْسًا السنۃَ بیومٍ: سال میں ایک دن زیادہ کرنا۔ السنۃُ الکَبِیسۃ مِن السنین الشمسیۃ: وہ سال جس میں فروری کا مہینہ 29 دن کا ہوتا ہے یہ ہر چار سال کے بعد ہوتا ہے۔ ـــ ل: جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے۔

۴۔ کَبِسَ ـَ کَبَسًا: بڑے سر والا ہونا صفت اَکْبَس مونث کَبْسَاء ج کُبْس۔ الکِبْس: بڑا سر۔ الکُبَاس: بڑے سر والا، پُر گوشت۔ ھامۃٌ کُبَاسٌ: موٹی گول کھوپڑی۔ ہ الکِبْس: اصل۔ جبالٌ کُبْسٌ و کُبَّسٌ: سخت پہاڑ۔ الکِبَاسَۃُ جمع کَبَائِس: کھجوروں کا گچھا۔ الکَبِیس: کھجور کی ایک قسم۔ الکَبْسُول: واحد کَبْسُولۃ کارتوس کے اندر بھرا ہوا بارود۔ بعض عام لوگ اسے کبسون کہتے ہیں اس کی واحد کبسونہ ہے (عام لاطینی لفظ ہے)۔

○ کَبَسَ ـِ کَبْسًا علی: پر دباؤ ڈالنا، کو دبانا، بھینچنا۔ ہ: کسی جگہ حملہ کرنا، چھاپہ مارنا، پر اچانک حملہ کر کے قبضہ کر لینا، کو سرکہ وغیرہ میں ڈال کر محفوظ رکھنا، کا اچار ڈالنا۔ کَبَّسَ ہ: کو سختی سے دبانا یا نچوڑنا، کی چمپی کرنا، کے ہاتھ پاؤں دبانا۔ کَبْس: دبانا، نچوڑنا، ـــ ہ: چھاپہ، حملہ (سرکہ وغیرہ میں) محفوظ رکھنا، اچار ڈالنا۔ کَبْسَۃ: چھاپہ، اچانک حملہ ـــ علی: پر دباؤ۔ کَبَّاس: پسٹن، پریس، بندوق کا گز۔ مُوسَی کَبَّاس: قلم تراش۔ کَبِیس: (سرکہ میں) محفوظ کیا ہوا، اچار، مربہ، الحاق کیا ہوا، لفظ یا ہندسہ۔ سنۃ کَبِیسَۃ: لیپ کا سال۔ کَابُوس جمع کَوَابِیس: کابوس، ڈراؤنا خواب، وہم کی پیداوار، ھوّا۔ مِکْبَس جمع مَکَابِس یا مِکْبَاس جمع مَکَابِیس: پریس (پمپ کا) پسٹن، بندوق کا گز۔ مِکْبَس القُطْن: روئی دبانے کی مشین۔ مِکْبَسُ الخطابات: نقل اتارنے کی مشین۔ مِکْبَسٌ مائی: شکنجہ آبی۔ تَکْبِیس: چمپی، ہاتھ پاؤں دبانا، مالش۔ آلۃٌ کابسۃ: کمپریسر (Compressor) مَکْبُوس: چھاپہ مارا ہوا، حملہ کیا گیا یا ہوا، محفوظ کیا ہوا، اچار ڈالا ہوا [illegible] مَکْبُوسَۃ ڈبوں میں بند ماکولات، مربے۔ کَبْسُول یا کَبْسُولۃ: کیپسول، بندوق داغنے کا آلہ، بم کی بتی، فوٹو اتارنے کی گھنڈی۔

کبش: کَبَشَ ـُ کَبْشًا الشیئَ: کو مٹھی بھر کر لینا۔ الکَبْش: قوم کا سردار، بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ بنانے کے لئے لگایا جائے، ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا تھا ـــ جمع کِبَاش وَاَکْبَاش واَکْبُش و کُبُوشَۃٌ: مینڈھا جب دو سال کا ہو اور بقول بعض چار سال کا۔ الکِبَاشُ: بہادر لوگ۔ کَبْشُ التوت وکَبْشُ القرنفل ج کُبُوش: توت اور قرنفل کے پھل۔ الکَبْشَۃ عند الخیّاطین جمع کُبَش: (عامی لفظ) گھنڈی، تکمہ، بکسوا۔ الکَبَّاش: مینڈھوں والا۔

○ کَبْش جمع کِبَاش واَکْبَاش: مینڈھا، نر بھیڑ، وہ بھیڑ جو سب سے آگے چلتی ہے اور اس کے گلے میں گھنٹی بندھی ہوتی ہے۔ اگوا کار بھیڑ۔ سردار، رہنما، سربراہ، سالار، مکھیا، سرخیل، قائد، سرغنہ، قلعہ شکن گاڑی، دھرمٹ، ٹھوکنے کوٹنے کی مشین، جمع کُبُوش: پشتہ، بند، سہارا، آڑ، شہتوت کا درخت، کَبْشُ التصادم جمع کُبُوش: ریلوے انجن کا ٹکر روک، بمپر۔ کُبُوش قَرَنفُل: لونگ (جمع) کَبْشَۃ: مٹھی بھر، ذرا سا، گرفت، پکڑ۔ کَبْشَۃ: ڈوئی، کفچہ، کُبُشَۃ جمع کُبَش: ہک، شکنجہ، سنڈاسی، کسنے والی چیز، بکسوا، آنکڑا، جڑاؤ پن۔

کبع: کَبَعَ ـَ کَبْعًا الشیئَ: کو کاٹنا۔ ـــ ہ عن کذا: کو سے منع کرنا۔ کَبَّعَ الشیئَ: کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

۲۔ کَبَعَ ـَ کُبُوعًا: ذلیل ہونا، جھکنا۔

۳۔ کَبَعَ ـَ کَبْعًا الدراھمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔

۴۔ الکُبَع (ح): ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کو جمل البحر بھی کہتے ہیں۔

○ کَبْکَبَ ہ: کو ڈگمگا کر گرانا، اوندھا کرنا، الٹ دینا، تلے اوپر کر دینا، الٹا دینا، پلٹانا، گرانا، پھینکنا، پچھاڑنا۔

کبل: ۱۔ کَبَلَ ـِ کَبْلاً ہُ: کو بیڑی ڈالنا، قید کرنا۔ ـــ ہُ الدَّیْنَ: سے قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنا۔ کَبَّلَ ہُ: کو بیڑی ڈالنا، قید کرنا۔ کَابَلَ مُکَابَلَۃً ہ الدَّیْنَ: کو قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔ ـــ الدارَ: مکان کے خریدنے میں دیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خریدے پھر حق شفعہ کا دعوی کر کے لے لینا۔ تکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا، قید ہونا۔ اِکتَبَلَ الاسیرَ: قیدی کو بیڑی ڈالنا۔ ـــ الکِیسَ: تھیلی کو باندھنا۔ ـــ خیرَہُ: مال روکے رکھنا، مال خیرات نہ کرنا۔ الکَابُولُ: شکاری کا جال۔ الکَبْلُ: ج کُبُولٌ واَکْبُلٌ: بیڑی، بیڑی

سے بڑی کوئی چیز۔ ڈول کا کنارہ یا ڈول کا وہ کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہوا ہو۔ اَلْكِبْلُ ج كُبُوْلٌ و اَكْبُلٌ: بیڑی یا بڑی بیڑی۔

۲۔ الكُبُلُ بہت بالوں والی پوستین۔ الكَبَلُ والكابليّ: تنگ کپڑا وغیرہ کہا جاتا ہے۔ فَرْوٌ كَبَلٌ او كَابِلِيٌّ

کبن ۱۔ كَبَنَ ـِ كَبْنًا الثوبَ: کپڑے کو اندر موڑ کر سینا۔ ـ الشيئَ: کو غائب کرنا۔ كَبِنَ ـَ كَبَنًا و كُبُوْنًا الرجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے دانتوں کا منہ کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ ـــ الظبيُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا۔ اِكْبَانَّ اِكْبِنَانًا: سمٹنا۔ ـ الظبيُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا۔ ـ الرجُلُ: شکستہ دل ہونا۔ الكَبْنُ: (مص) ڈول کا کنارہ، ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔ الكُبُنّ: روٹی۔ بخیل، کنجوس، کمینہ الكُبُنَّةُ: خشک روٹی، کمینہ بخیل۔ المَكْبُوْنُ من الخيل ج مَكَابِيْنُ مونث مَكْبُوْنَةٌ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔

۲۔ كَبَنَ ـــِ كَبْنًا و كُبُوْنًا آہستہ آہستہ دوڑنا، پرسکون ہونا، مطمئن ہونا۔

۳۔ كَبَنَ ـــِ كَبْنًا عن الشيئِ: کسی چیز سے بددل ہونا۔ سے باز رہنا ـــ عنه لسانَهٗ: سے زبان روک لینا۔ ـــ هَدِيَّتَهٗ: تحفہ روک لینا۔ كَبِنَ ـــِ كَبْنًا و كُبُوْنًا: پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے پر احسان کرنا۔ اَكْبَنَ لسانَهٗ عَنْهُ: سے زبان روک لینا۔

۴۔ كَبَنَ ـِ كَبْنًا و كُبُوْنًا: موٹا ہونا۔

۵۔ كَوْبَنَ الفرسَ: گھوڑے پر کوبان ڈالنا۔ الكُوْبَانُ: ایک مخصوص شکل کا کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالا جاتا ہے (عامی لفظ)۔

۶۔ الكُبَانُ: اونٹ کی ایک بیماری۔ المَكْبُوْنُ ج مَكَابِيْنُ مونث مَكْبُوْنَةٌ: کبان کی بیماری والا اونٹ۔ رجل مكبون الاصابع: سخت اور مضبوط انگلیوں والا مرد۔

کبو: ۱۔ كَبَا يَكْبُوْ كَبْوًا و كُبُوًّا لِوَجْهِهٖ: منہ کے بل گرنا ـــ ماءً في الوعاء: برتن میں پانی ڈالنا۔ ـــ الكوزَ: کوزہ میں موجود چیز کو گرا دینا۔ كَابٰى مُكَابَاةً السيفَ: تلوار کو میان میں رکھنا۔ اِنْكَبٰى: منہ کے بل گرنا۔

الكَبْوَةُ: کبا کا اسم مرہ۔ تیرگی۔

۲۔ كَبَا يَكْبُوْ كَبْوًا و كُبُوًّا ت النارُ: آگ کی چنگاری کا راکھ میں پوشیدہ ہونا۔ ـــ الغبارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا۔ ـــ الجمرُ: چنگاری کا بلند ہونا۔ ـــ الرجُلُ: بیٹھے بیٹھے اونگھتے رہنے کے بعد جاگ کر پھر اونگھنے لگنا صفت كابٍ (عامية)۔ كَبّٰى تَكْبِيَةً النارَ: آگ پر راکھ ڈالنا۔ ـــ ثوبَهٗ بالكِبَاء: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا۔ تَكَبّٰى على المِجْمَرة: عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔ اِكْتَبٰى بالعود: عود سے دھونی لینا۔ الكَابِيْ: (قا) بلند کہا جاتا ہے۔ فلان كابي الرماد: فلاں بہت راکھ والا ہے یہ اس کے مہمان نواز ہونے سے کنایہ ہے۔ غبارٌ كابٍ: بلند غبار۔ الكَابِيَة مونث الكابي کا جھاگ ـــ نار كابية: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔ الكِبَاءُ: پانی کے ادھر ادھر غلیظ جھاگ، کوڑا کرکٹ۔ الكُبَاءُ: بلند۔ الكِبَا ج كُبًّى: دھونی کی لکڑی۔ الكُبْوَةُ: دھونی دینے کی انگیٹھی۔

۳۔ كَبَا يَكْبُوْ كَبْوًا و كُبُوًّا الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔ ـ السهمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ اَكْبٰى اِكْبَاءً الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔ اَكْبَيْتُ الزندَ: میں نے چقماق سے آگ کے بغیر دھواں نکلنے دیا الفحمُ الكابي: بجھا ہوا کوئلہ۔ رجُلٌ كابٍ: باوجود خیر کی طرف دعوت کے متوجہ نہ ہونے والا مرد۔

۴۔ كَبَا يَكْبُوْ كَبْوًا و كُبُوًّا الشيئَ: کسی چیز کو صاف کرنا۔ ـــ البيتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ الكِبَا و الكِبٰى ج اَكْبَاءٌ والكُبَةُ ج كُبُوْنٌ: کوڑا کرکٹ۔ الكُبْوَةُ: غبار۔

۵۔ كَبَا يَكْبُوْ كَبْوًا و كُبُوًّا النبتُ: نباتات کا مرجھانا۔ ـ النورُ: روشنی کم ہونا۔ ـ لونُ الصبح والشمس: صبح یا آفتاب کا تاریک ہونا۔ اَكْبٰى اِكْبَاءً وجهَهٗ: چہرہ تبدیل کرنا۔

○ كَبَا ـُ كَبْوًا و كُبُوًّا: ٹھوکر کھانا، پھسل پڑنا۔ ـ ہ: برتن خالی کرنا، برتن کی چیزوں کو گرا دینا۔ ـــ: (روشنی کا) دھندلانا (رنگ کا) پھیکا پڑ جانا، (گرد و غبار کا) بلند ہونا، چکر کھانا۔ اَكْبٰى: لائٹر کا شرارہ نہ دینا۔ اِنْكَبَا: سر کے بل گرنا، ٹھوکر کھا کر گرنا، پھسل پڑنا۔ كَبْوَة: سقوط، الٹ کر گرنا، اُتارنا، ٹھوکر کھا کر گرنا، غلط قدم، گرد و غبار، كابٍ: پھیکا (رنگ) دھندلی (روشنی)، زرد، پرسکوت، موٹا، فربہ، چربیلا، بھرا ہوا، کمزور، زار و نزار، سست، ڈھیلا ڈھالا۔

کت: ۱۔ كَتَّ ـُ كَتًّا ہٗ: کو شمار کرنا کہا جاتا ہے۔ اتانا بجيش ما يُكَتُّ: (وہ ہمارے اوپر بے شمار فوج لے کر آیا اور کہا جاتا ہے۔ ما تَكُتُّهٗ او تَكُتُّ النجومَ: تو اسے یا ستاروں کو شمار نہیں کر سکتا۔

۲۔ كَتَّ ـُ كَتِيْتًا: آہستہ آہستہ چلنا۔

۳۔ كَتَّ ـُ كَتًّا الكلام في اذنه: کے کان میں چپکے چپکے کوئی بات کہنا۔ اَكَتَّ الكلامَ في اذنه: کے کان میں چپکے سے کوئی بات کہنا۔ اِكْتَتَّ الكلام في اذنه: کے کان چپکے چپکے کہنا۔ ـ الحديثَ: بات سننا۔

۴۔ كَتَّ ـِ كَتًّا البعيرُ: اونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ كَتَّتِ القدرُ: ہنڈیا کا ابلنا۔ تَكَاتَّ الناسُ: لوگوں کا شور کے ساتھ جمع ہونا۔ الكَتَّةُ: کت کا اسم مرہ۔ الكَتِيْتُ (مص) ہانڈی اور شراب وغیرہ ابلنے کی آواز

۵۔ كَتَّ ـِ كَتًّا الرجُلَ: مرد کو ذلیل کرنا، رنجیدہ کرنا۔

۶۔ الكُتُّ: کم گوشت مرد یا عورت، دبلا، دبلی۔ الكَتَّةُ: زمین کی سبزی۔ الكُتَّة: ردی مال۔ الكَتِيْتُ: بخیل، کہا جاتا ہے۔ رجل كتيتُ اليدين یعنی بخیل مرد۔ الكَتِيتة ایک قسم کا کھانا۔

۷۔ كَتْكَتَ الرجُلُ: قہقہہ کے بغیر ہنسنا، آہستہ آہستہ چلنا یا جلدی میں قریب قریب قدم رکھنا تَكَتْكَتَ الرجُلُ: آہستہ چلنا۔ الكَتْكَاتُ: تیز اور لگاتار بولتے چلے جانے والا۔

○ كَتَّ ـِ كَتًّا: بھنبھنانا كَتّ و كَتِيت: بھنبھناہٹ

کتالوج جمع کتالوجات: فہرست، فہرست کی الماری۔

کتب: كَتَبَ ـُ كَتْبًا و كِتَابًا و كِتْبَةً و كِتَابَةً الكتابَ: کو لکھنا۔ ـ عليه كذا: پر کچھ واجب کرنا، کہا جاتا ہے۔ كتب الله على عبادهِ الطاعةَ و على نفسه الرحمةَ یعنی اللہ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے ـ كَتْبًا القِرْبَةَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔ كَتَّبَ الكتابَ: کو لکھنا۔ ـــ الولدَ: بچے کو لکھنا سکھانا۔ ـ الجنودَ: فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔ كَاتَبَ مُكَاتَبَةً ہٗ: ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا، کے ساتھ مل کر لکھنا۔ ـ العبدَ: غلام کو مال معینہ کی ادائیگی کی شرط پر آزاد کرنا۔ اَكْتَبَ ہٗ: کو لکھنا سکھانا، کو لکھنے والا پانا۔ ـــ ہٗ القصيدة: کو قصیدہ لکھوانا۔ ـ القِرْبَةَ: مشک کا منہ باندھنا۔ تَكَتَّبَ الرجُلُ: کپڑے سمیٹ کر ہوشیار ہونا۔ ـ ت الكَتَائِبُ: فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔ تَكَاتَبَ القومُ: ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا۔ اِكْتَتَبَ الكتابَ: کو لکھنا، املاء کرانا، لکھوانا، سے لکھنے کو کہنا الغلامَ: کو لکھنا سکھانا۔ ـ القربةَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا ـ بطنُهٗ: بند ہونا۔ ـــ الرجلُ: رجسٹر یا دیوان وغیرہ میں اپنا نام لکھنا، اس سے ہے۔ اكتتب بمال او اعانة: کچھ مال چندہ یا عطیہ دینا۔ اِسْتَكْتَبَ ہُ الشيئَ: کو کچھ

لکھنے کو کہنا۔ ـــ ہُ القصیدةَ: سے نظم املاء کرانے کو کہنا۔ ـــ الغُلامَ: کو کاتب بنانا۔ الکَاتِبُ: (فا) ج کَاتِبُوْنَ و کَتَبَةَ و کُتَّابٌ: عالم۔ محرر۔ الکُتْبَةُ ج کُتُبٌ: سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔ الکِتْبَةَ (مص): کتاب کی نقل، کسی حصہ یا رزق کا رجسٹر میں درج ہونا، حالت۔ الکِتَابُ (مص) ج کُتُبٌ و کُتْبٌ: جس میں لکھا جائے۔ خط، صحیفہ، حکم، فرض، اندازہ۔ ـ علی الاطلاق: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ ـ اھل الکتاب: وہ لوگ جن پر آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔ ـ ام الکتاب: اصل کتاب۔ سورة الفاتحہ۔ الکُتُبِیُّ: کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔ الکِتَابَةُ (مص) لکھا ہوا۔ مال معین کی ادائیگی پر غلام کو آزاد کرنا۔ الکُتَّابُ ج کَتَاتِیْبُ: کاتب کی جمع۔ تعلیم گاہ۔ الکُتْبُ: بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔ الکَتِیْبَةُ ج کَتَائِبُ: لشکر کا دستہ یا گھوڑوں کی جماعت۔ المَکْتَبُ ج مکاتب: تعلیم گاہ، لکھنے کی جگہ۔ المَکْتَبَةُ ج مَکَاتِبُ: لائبریری۔ المُکْتِبُ (فا) ـــ رجل مُکْتِب: جس کے پاس کتابیں ہوں لوگ وہاں سے لکھتے رہتے ہوں۔ المُکَتِّبُ: (فا) لکھائی سکھانے والا۔ المَکْتُوْبُ (مفع) ج مَکَاتِیْبُ: خط جو کوئی دوسرے شخص کے پاس بھیجے۔

○ کَتَبَ ـــُ کَتْبًا و کِتْبَةً و کِتَابَةً ہ: کو لکھنا، ریکارڈ کرنا، درج کرنا، کا مسودہ تیار کرنا، (شعر) کہنا، ـــ ہ ل: کو کچھ وصیت کے ذریعے دینا، میراث کے طور پر دینا، ـــ ہ علی: کو کا حکم دینا۔ ـــ ہ علی / ل: کو اللہ تعالیٰ کا ازل سے کسی کے لئے مقرر کرنا، مقدر کرنا۔ کُتِبَ ل: کے لئے مقدر ہونا، کے مقدر میں ہونا۔ کَتَبَ علی نفسہ ان: کا پکا ارادہ کرنا، کو اپنا فرض بنا لینا۔ کَتَبَ عنہ: کے املا کرانے پر لکھنا۔ کَتَبَ کِتَابَہٗ: کسی کے لئے نکاح نامہ لکھنا۔ ـــ علی: کا سے نکاح کرنا۔ کَتَّبَ ہ ہ: سے کچھ لکھوانا۔ ـــ ہ: فوجیوں کو سواروں کے دستوں میں متشکل کرنا یا ان کی صف بندی کرنا یا انہیں پھیلانا۔ کَاتَبَ ہٗ: کے ساتھ خط و کتابت رکھنا۔ کے ساتھ خطوط کا تبادلہ کرنا، کے ساتھ خط و کتابت کرنا، مراسلت کرنا، أَکْتَبَ ہ ہ: کو کچھ املا کرانا، سے کچھ لکھوانا۔ تکاتَبَ: ایک دوسرے کو لکھنا، باہم خطوط کا تبادلہ کرنا، خط و کتابت جاری رکھنا۔ اِنکَتَبَ: چندہ دینا۔ اِکْتَتَبَ ہ: کچھ لکھنا، کی نقل کرنا، کی نقل بنانا۔ ـــ: اپنا نام درج کرنا۔ ـــ ل: میں چندہ دینا۔ ـــ ب ل: کچھ رقم کسی کو چندہ میں دینا۔ ـــ: مندرج ہونا، ریکارڈ ہونا، درج ہونا۔ اِسْتَکْتَبَ ہ ہ: سے کچھ لکھنے کو کہنا، کو کچھ املا کرانا، سے کچھ لکھوانا۔ ـــ ہ: سے نقل بنوانا۔ کِتَاب جمع کُتُب: تحریر کا ٹکڑا، ریکارڈ، پرچہ، خط، نوٹ، پیغام، دستاویز، معاہدہ، بالخصوص شادی کا معاہدہ (نکاح نامہ)، کتاب۔ الکتاب: قرآن، بائبل اَھْلُ الکتاب: اہل کتاب، مسیحی اور یہودی کتابُ الزواج: شادی کا معاہدہ۔ کتابُ الطلاق: طلاق کا بل کِتَابٌ تعلیمی: نصاب کی کتاب، درسی کتاب کتابُ الِاعتماد: کاغذات نمائندگی، مراسلہ تعارف دارُ الکتب: لائبریری کُتُبِی جمع کتبیہ: کتب فروش۔ کتابخانہ و کُتُبخانہ لائبریری، کتابوں کی دکان۔ کُتَّاب جمع کَتَاتِیب۔ کُتَّاب۔ قرآنی مدرسہ کُتَیِّب: کتابچہ، کِتَابَة: لکھائی، فن کتابت، خط (طرز تحریر) قلمکاری، نظام تحریر، دستی تحریر، نقش، کتبہ، سکے وغیرہ، پر لکھی ہوئی عبارت، بلے کارڈ، پوسٹر، تحریر کا ٹکڑا، ریکارڈ، پرچہ، معتمدی، تحریری تعویذ، گنڈا، ٹونا، ٹوٹکا جمع کتابات: تحریریں، مضامین۔ کِتابةً: تحریری طور پر بالکتابة: لکھا ہوا۔ بدُون کتابة: نہ لکھا ہوا، زبانی، کورا یا سفید یا سادہ کِتابةُ التاریخ: تاریخ نویسی، وقائع نگاری، تاریخی تحریر۔ کِتابةُ الدولة: ریاستی سکرٹریٹ۔ کِتابةٌ عامَّةٌ: سیکرٹریٹ جنرل۔ اِسمُ الکتابة: قلمی نام آلةُ الکتابة: ٹائپ رائٹر۔ لُغَةُ الکتابة: ادبی (کتابی) زبان۔ ورق الکتابة: لکھنے کا کاغذ۔ کِتابی: لکھا ہوا، تحریری، ادبی، منشیانہ، الہامی کتابوں کا یا الہامی کتابوں پر مبنی (یعنی قرآن، بائبل کا یا ان پر مبنی) الہامی دین کا پیروکار (کسی امتحان کا) تحریری حصہ۔ اسلوبٌ کتابی: ادبی اسلوب غلطة کتابیة: سہو قلم، کلرک کی غلطی اعمالٌ کِتابیة: کلرک کا کام، دفتری کام، ڈیسک ورک الکمالُ الکِتابی: ادبی کمال، مکمل ادبی نمونہ، لغةٌ کِتابیة: ادبی (کتابی) زبان مُوَظَّفٌ کِتابی: کلرک۔ کَتِیبة جمع کتائب: سکواڈرن، رسالہ، سواروں کا دستہ، گھوڑے سوار فوج۔ بٹالین، رجمنٹ، زرہ بکتر، رسالہ یا گاڑیوں پر سوار یونٹوں کی بٹالین، تحریر کا ٹکڑا، پرچہ، ریکارڈ، دستاویز، لکھا ہوا تعویذ۔ مَکْتَب جمع مَکَاتِب: دفتر، بیورو، کاروباری دفتر، مطالعہ کا کمرہ، سکول، ابتدائی سکول، محکمہ، ایجنسی، ڈیسک۔ مکتبُ الأخبار و مکتبُ الأنباء: خبر رساں ایجنسی، پریس ایجنسی، تار ایجنسی مکتب البرید: ڈاکخانہ مکتب البرید الرئیسی: بڑا ڈاکخانہ مکتبُ البرق: ٹیلگراف آفس مکتب التحریر: ایڈیٹوریل روم مکتبُ التلیفونات: ٹیلیفون سنٹرل آفس مکتبُ السفریات: ٹریول ایجنسی۔ مکتب الصِحَّة: ہیلتھ بورڈ مکتب الاستعلامات: دفتر معلومات، خبر رساں ایجنسی، پریس ایجنسی، تار سروس مکتبة جمع مکتبات و مَکَاتِب: لائبریری، کتابوں کا سٹور، ڈیسک۔ مِکْتَاب: ٹائپ رائٹر۔ مکاتبة: خطوط کا تبادلہ۔ خط و کتابت اِکْتِتَاب: نام درج کرنا، رجسٹریشن، بھرتی کرنا جمع اکتتابات: چندہ۔ اِستکتاب: املاء، آلة استکتابیة: ڈکٹافون۔ کاتِب جمع کاتبون و کُتَّابُ و کتبة: لکھنے والا، لکھاری، قلمکار، مصنف، کلرک، منشی، کاتب، سیکرٹری، ٹائپسٹ کلرک، دفتری کارکن، دفتری ملازم، رجسٹرار، بیمہ کا ماہر، عدالت کا کلرک، دستاویزات وغیرہ کی تصدیق کرنے والا کاتِبُ الدولة: ریاست کا انڈر سیکرٹری کاتِبُ السِرّ: پرائیویٹ سیکرٹری کاتِب قِصَصی: افسانہ نگار، ناول نگار کاتب المَحْکَمة: کورٹ کلرک۔ آلةٌ کاتِبة: ٹائپ رائٹر۔ کاتِبة جمع کاتِبات: خاتون سیکرٹری، مصنفہ، ادیبہ۔ مکتوب: لکھا ہوا، ریکارڈ کیا ہوا، ـــ علیٰ / ل: کا مقدر۔ ـــ: لکھی ہوئی چیز، تحریر۔ جمع مَکَاتِیب: تحریر، پیغام، نوٹ، خط، مراسلہ مُکَاتِب: اخبار کا نامہ نگار یا رپورٹر۔ مُکْتَتِب: چندہ دینے والا، اخبار یا رسالہ کا خریدار۔

کتح: کَتَحَ ـــَ کَتْحًا الطعامَ: کو پیٹ بھر کر کھانا۔ ـــ اللبی الارض: کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔ کَتَحَتْہُ الرِّیْحُ: پر ہوا کا گرد و غبار اڑانا۔

کتخ: الکُتْخُدَا و الکُتْخُدَای: دو فارسی زبان کے لفظ ہیں جو سیاستدانوں میں سے گورنر کے سیکرٹری یا منیجر کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

کتد: ۱۔ الکَتَد و الکَتِدُ: ج اَکْتَادٌ و کُتُوْدٌ: انسان کے دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ کہا جاتا ہے۔ خرجوا علینا اَکْتَادًا و اُکْدَادًا: (وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔ الاَکْتَدُ: وہ شخص جس کے کندھوں کا درمیانی حصہ ابھرا ہوا ہو۔

۲۔ کَاتِدْرَائِیَّةٌ: بشپ کے علاقہ کا بڑا گرجا

کتر: الکَتَرُ: لڑکھڑاہٹ کی چال۔ ـــ و الکَتْرُ: بلند کوہان۔ الکِتر: بلند کوہان، بلند عمارت، گنتا، اندازہ، چھوٹا ہودا، ہر چیز کا درمیانی حصہ۔ الکُتْرَةُ: چال میں نشے والی لڑکھڑاہٹ، بلند کوہان۔ الکِتْرَةُ: قبہ، گنبد، کوہان کا ایک ٹکڑا۔

کتش: کَتَشَ ـــُ کَتْشًا لاھلہ: اپنے گھر والوں کے لئے کمائی کرنا۔

کتع: کَتَعَ ـ کَتَعًا بہ: کو لے جانا۔ ـــ کُتُوعًا فی الارض: دور ہونا اور بھاگ جانا۔

کَتِعَ ـــ کَتَعًا فی العمل: مستعد ہونا، کوشش کرنا۔ تَکَاتَعَ الرجُلان: ایک دوسرے کا پیچھا کرنا کہا جاتا ہے۔ جاء مُکْتِعًا و مَکْوتِعًا: وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

۲۔ کَتِعَ ـ کَتَعًا: سکڑنا، مل جانا۔ لنجا ہونا۔ حَوْلٌ کَتِیعٌ: پورا سال۔ الأکْتَعُ مونث کَتْعَاءُ: جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ یہ لفظ اجمع کا تابع بھی ہے لیکن اس موقع پر یہ اجمع کے بغیر استعمال نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے رأیتھم اجمعین اکتعین۔ میں نے ان سب کو دیکھا۔ الکَتْعَاءُ: یہ بھی مونث کی تاکید کیلئے جمعاء کا تابع ہے کہا جاتا ہے اشتریتُ الدارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ: میں نے پورا مکان خرید لیا۔ کُتَعُ: ج کَتْعَاء: یہ مونث کی تاکید کے لئے آتا ہے کہا جاتا ہے۔ اشتریتُ ھذہِ الدارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ ورأیتُ اخواتك جُمَعَ کُتَعَ: میں نے یہ سارا گھر خرید لیا ہے، میں نے تیری تمام بہنوں کو دیکھا۔ کتع وصف اور عدل دو اسباب کی بناء پر غیر منصرف ہے اور کتع کو جمع کے بعد بطور تاکید استعمال کرتے ہیں لیکن یہ جمع کے بغیر تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ رأیٌ مُکْتَعٌ: متفقہ رائے۔

۳۔ کَتَّعَ اللحمَ: گوشت کے ٹکڑے کرنا۔ الکَتِیعُ: تن تنہا، اکیلا کہا جاتا ہے۔ ما بالدار کَتِیعٌ او کُتَاعٌ: یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔

۴۔ کَاتَعَ ہُ اللّٰہُ: خدا اسے تباہ کرے۔

۵۔ الکُتَعُ: ج کِتْعَانٌ: ذلیل کمینہ۔ الکُتْعَۃُ ج کِتَاعٌ۔ والکُتْعَۃُ ج کُتَعٌ، والکِتْعَۃُ ج کِتَعٌ: چھوٹا ڈول۔ الکَتْعَاءُ: لونڈی۔ الکَتِیعُ: کمینہ، ذلیل۔

○ أکْتَع جمع کُتْع: مڑی ہوئی انگلیوں والا لنجا۔

کتف: ۱۔ کَتَفَ ـ کَتْفًا و کِتَافًا الرجُلَ: کے کندھے پر مارنا، کی مشکیں کسنا۔ السرجُ الدابۃَ: زین کا جانور کے کندھے کو زخمی کرنا۔ ـ کَتْفًا و کَتِیفًا: آہستہ چلنا یا کندھے ہلاتے ہوئے چلنا، کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔ ـ کَتْفًا و کَتَفَانًا الطائرُ: پرندے کا بازؤں کو پیچھے کی طرف ملا کر اڑنا۔ کَتِفَ ـ کَتَفًا: چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا، کندھے میں درد کی شکایت کرنا۔ ـ الرجُلُ: مرد کا آہستہ چلنا۔ کَتَّفَ الرجُلَ: کسی کی مشکیں کسنا۔ ـ ت الفرسُ: گھوڑے کا چلنے میں کندھوں کو ہلانا۔ تکَتَّفَ: سینے پر ہاتھ باندھنا۔ ـ ت الخیلُ: گھوڑے کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔ اِکْتَتَفَ البندقیۃَ: نشانہ کے لئے بندوق کندھے پر لٹکانا۔ الکَتِفُ والکِتْفُ والکَتْفُ ج کِتَفَۃٌ و أکْتَافٌ (ع ا): شانہ، کندھا (مونث) ضرب المثل ہے اِنَّہُ لَیَعْلَمُ مِن أینَ تُؤکَلُ الکَتِفُ: اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو معاملات کے داؤ پیچ سے واقف ہو۔ الکَتَفُ: (مص) کندھے کے درد کی وجہ سے جانور کی لنگڑاہٹ، کندھے کی کمی و کوتاہی۔ الکِتَافُ ج أکْتِفَۃٌ و کُتُفٌ و کُتْفٌ: مشکیں کسنے کی رسی۔ الکُتْفَانُ والکِتْفَانُ: واحد کِتْفَانَۃٌ (ح) ٹڈیاں جو پہلی مرتبہ اڑیں۔ الکَتِیفَۃُ: ج کَتَائِفُ: دروازے کی چٹخنی۔ الأکْتَفُ من الرجال، مونث کَتْفَاءُ ج کُتْفٌ: جس کا کندھا درد کر رہا ہو۔ ـ من الخیل والجمال: وہ اونٹ یا گھوڑا جس کے کندھے میں درد ہو۔ ـ من الخیل: وہ گھوڑا جس کے کندھے کا اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔ المِکْتَافُ: وہ جانور جس کا شانہ زین کے لگنے سے زخمی ہو گیا ہو۔

۲۔ کَتَفَ ـــ کَتْفًا و کِتَافًا و کَتَّفَ الاناءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پتر سے جوڑنا۔ الکَتِیف جمع کُتُف: لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔

۳۔ کَتَفَ ـــ کَتْفًا و کِتَافًا الامرَ: کو ناپسند کرنا۔ الکاتف (فا): ناپسند کرنے والا۔ الکَتِیفَۃُ: ج کَتَائِفُ: کینہ۔

۴۔ کَتَفَ ـ کَتْفًا و کَتِیفًا فی الامر: میں نرمی کرنا۔

۵۔ کَتَّفَ اللحمَ و نحوَہُ: گوشت وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ الکَتِیفُ ج کُتُفٌ: چوڑی تلوار۔ الکَتِیفَۃُ: ج کَتَائِفُ: جماعت۔

○ کَتَفَ ـ کَتْفًا ہ: کے ہاتھوں میں ہتھکڑی ڈالنا۔ ـ ہ کو باندھنا۔ کَتَّفَ: ہاتھ پشت پر باندھنا۔ ـ ہ: ہاتھ پشت پر یا سینہ پر باندھنا۔ تکَتَّفَ و اِسْتَکْتَفَ: ہاتھ باندھنا۔ تَکَاتَفَ: کندھے ملا کر کھڑا ہونا، ایک دوسرے کی تائید و حمایت کرنا، متحد ہونا، متحد رہنا۔ کَتِف، کَتْف و کِتْف جمع أکْتَاف و کِتَفَۃ: کندھا، مونڈھا، پہاڑ کی ڈھلان، پل کا کنارے کا سہارا۔ جمع اکتاف: اڑواڑ، ستون۔ مَا ھکذا تُؤکَلُ الکتف: ایسا کرنے کا یقیناً یہ طریقہ نہیں اس سے نبٹنے کا یہ طریقہ نہیں۔ کِتَاف جمع کُتُف: بیڑی، ہتھکڑی۔ أکْتَف مونث کَتْفاء جمع کُتْف: چوڑے کندھوں والا۔ کَتْکَت: سوزن کاری کا ریشمی دھاگا، ریشم کی روی کَتْکُوت جمع کَتَاکِیت: چوزہ۔ چینگا۔

کتل: ۱۔ کَتَلَ ـ کَتْلاً ہُ: کو قید کرنا۔ کَاتَلَ ہُ اللّٰہُ: کو اللہ کا تباہ و برباد کرنا۔ الکَتَالُ: تنگ زندگی۔ الأکْتَلُ: مصیبت۔ المِکْتَلُ: زمانے کی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت۔

۲۔ کَتِلَ ـ کَتَلاً: چمٹنا صفت کَتِلٌ۔ الحمارُ: گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا کَتَّلَ الشیءَ: کو جمع کرنا، گول بنانا، عوام الناس اسے "کَبْتَلَہ" بولتے ہیں۔ تَکَتَّلَ الشیءُ: جمع ہونا، تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔ عوام الناس اسے تَکَبْتَلَ کہتے ہیں۔ ـــ القصیرُ: پست قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔ الکَتَالُ: گوشت، قوت ـــ و الکَتَلُ سخت جسم، کہا جاتا ہے۔ القی علیہ کَتَالَہُ: اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

الکُتْلَۃُ: ج کُتَلٌ: گوشت کا ٹکڑا۔ ـــ من الطین ونحوہ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ ـــ الکُتْلَۃُ الجُزَیْئِیَّۃُ لجسم ما (ك): کسی جسم کے حصوں کی معین تعداد کا عدد۔ الذَّرِّیَّۃُ لجسم ما (ك): کسی جسم کے ذرات کی معین تعداد کا عدد۔ ذراتی آکسیجن ۱۶ گرام ہے۔ الأکْتَلُ: سخت۔ المِکْتَلُ والمِکْتَلَۃُ ج مَکَاتِلُ: چمڑے وغیرہ کا بنا ہوا ٹوکرا۔

۳۔ اِنْکَتَلَ: گزرنا، جانا۔

۴۔ الکُتَالُ: وہ ضرورت جس کو تم پورا کرو، نقص، مشقت، درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ الکَتِیلَۃُ ج کَتَائِلُ (ن): وہ کھجور کا درخت جس تک ہاتھ نہ پہنچ سکے۔

۵۔ الکَتَلْبَۃُ (ن): ایک خوبصورت درخت جو آرائش کے لئے لگایا جاتا ہے۔ جس کا اصلی گہوارہ شمالی امریکہ ہے اسکے پتے چوڑے جبکہ پھول بڑے بڑے اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں جن پر مختلف رنگوں کی لکیریں ہوتی ہیں۔

۶۔ الکَاثُولِیكُ: واحد کاثولیکی: کیتھولک عیسائی جو پاپائے روم کو اپنا پیشوا مانتے ہیں (یونانیہ)۔

○ کَتَلَ ـُ کَتْلاً و کَتَّلَ ہ: کو اکٹھا کرنا، ڈھیر کرنا، ڈھیر بنانا۔ تَکَتَّلَ: ڈھیر لگنا، گچھا ہونا، چپکے لینا، ایک اتحاد یا گروہ میں متحد ہونا۔ کُتْلَۃ جمع کُتَل: ڈلا، ٹکڑا، ڈھیلا، منجمد شے کا چکتا، بیشتر حصہ، ل ڈھیر، مکعب، بلاک، شہتیر، لنٹل، سرول۔ کُتَلٌ بشریۃ: لوگوں کے ہجوم، انبوہ کتلۃ الجسد: جسم کا ڈھانچہ۔ کتلۃٌ من الاعصاب: نڈر، ہٹا کٹا شخص۔ الکتلۃُ الوطنیۃ: قومی اتحاد۔ مِکْتَل جمع مکاتِل: بڑی ٹوکری۔ تَکَتُّلٌ: اتحاد سازی، بلاک سازی۔ سِیَاسَۃُ التکتل: اتحادوں کی پالیسی۔ مُتَکَتِّل: منجمد، ڈلی دار، گٹھلیوں والا، جڑا ہوا، گچھا بنا ہوا، اکٹھا کیا

ہوا، مرتکز، مرکوز، ٹھیک پیوست کیا ہوا، اچھی طرح چنا یا جمایا ہوا، موٹا تازہ، ہٹا کٹا، مشٹنڈا، گٹھیلا، بھاری بھر کم۔

کتم: کَتَمَ ـُ کَتْمًا و کِتْمَانًا الشیئَ: کو پوشیدہ کرنا۔ کبھی کَتَمَ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے کہا جاتا ہے، کَتَمْتُ زیدًا الحدیثَ: میں نے زید سے بات چھپائی اور مفعول اول میں مِن کی زیادتی بھی جائز ہے اور کہا جاتا ہے کَتَمْتُ مِن زیدٍ الحدیثَ ـ کُتُومًا و کِتَامًا الاناءُ: برتن کا دودھ یا پانی کو بہنے سے روکے رکھنا۔ کَتَّمَ الشیئَ: کو پوشیدہ کرنا، چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ کَاتَمَ مُکَاتَمَةً ہُ السرَّ کسی سے راز چھپانا کہا جاتا ہے۔ کاتمه العداوة یعنی اس نے دشمنی کو اس سے چھپایا۔ تکَاتَمَ الرجلان الحدیثُ ایک دوسرے سے بات پوشیدہ رکھنا۔ اکْتَتَمَ الشیئَ کو پوشیدہ کرنا، چھپانا۔ اِنکَتَمَ: چھپنا۔ اِسْتَکْتَمَ السرَّ فلانًا: سے راز چھپانے کو کہنا۔ الکَاتِمُ (فا) کہا جاتا ہے۔ سِرٌّ کَاتِمٌ: بمعنی مکتوم یعنی چھپا ہوا بھید۔ قَوْسٌ کَاتِمٌ: ثابت و درست کمان جس میں چٹخن وغیرہ نہ ہو۔ الکِتْمَةُ: کسی چیز کو چھپانا۔ الکَتْمَةُ: اسم مرہ، کہا جاتا ہے۔ ما راجعته کَتْمَةً: یعنی میں نے اس سے ایک لفظ بھی جواب میں نہیں کہا۔ الکُتَمَةُ و الکَتَّامُ و الکَتَّامَةُ: بھید وغیرہ کو بہت زیادہ چھپانے والا۔ الکَتُومُ: بھید کو چھپانے والا۔ من القِسِیّ: وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے یا وہ کمان جو درست اور صحیح ہو۔ الکَتِیمُ من القِسِیّ: وہ کمان جو بالکل درست ہو یا جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ کَتِیمٌ: درز جو زیادہ کشادہ نہ ہو اور اس سے پانی نہ ٹپکے۔ سحابٌ مُکْتَتِمٌ: ایسا بادل جس میں گرج نہ ہو۔

۲۔ اُکْتُتِمَ الشیئُ: زرد ہونا۔

۳۔ الکَتَمُ و الکِتْمَانُ (ن): ایسا پودا جس سے بالوں کو رنگا جاتا ہے اور اس سے لکھنے کے لئے سیاہی بنائی جاتی ہے۔ الاَکْتَمُ: بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔

○ کَتَمَ ـُ کَتْمًا و کِتْمَانًا ہ عن: کو سے چھپانا، پوشیدہ رکھنا، راز میں رکھنا۔ ـ ہ: (غصہ، جوش وغیرہ) کو دبانا، روکنا۔ ـ ہ: (سانس روکنا، ـ ہ: (آواز) کو نیچا کرنا، دبا دینا۔ ـ ہ: (آگ) بجھانا۔ کَتَمَ انفاسَهُ: کا سانس پھلانا، کو مدہوش کر دینا۔ کَتَّمَ ہ: کو چھپانا۔ کَاتَمَ ہ ہ: سے کچھ چھپانا، راز میں رکھنا۔ تَکَتَّمَ: خاموش رہنا، (کے بارے میں) خاموشی اختیار کرنا۔ اِکْتَتَمَ: بمعنی کَتَمَ۔ اِسْتَکْتَمَ ہ ہ: سے کوئی بات راز میں رکھنے کو کہنا، سے راز کی بات کہنا، کو میں راز دار بنانا۔ کَتْم و کِتْمان: اخفاء، چھپانا، خاموشی (جوش و جذبہ وغیرہ) دبانا۔ کَتِیم: سختی سے بند کیا ہوا، ہوا بند، نا قابل گذر، غیر نفوذ پذیر۔ کَتُوم: خاموش، اخفائے راز کا دلدادہ، چپ، نہ بتانے والا، کم گو، کم سخن، موقع محل دیکھ کر بات کرنے والا۔ کِتَام: قبض۔ تکَتُّم: اخفاء، پوشیدگی، خاموشی، پردہ داری، راز داری۔ اِکْتِتَام: بمعنی: تَکَتُّم۔ کاتِمُ السِرّ: (پرائیویٹ) سیکرٹری۔ مَکْتُوم: چھپا ہوا، پوشیدہ، محفوظ کیا ہوا (راز): جسے قبض کی شکایت ہو۔

کتن: کَتِنَ ـَ کَتَنًا: دھوئیں سے سیاہ ہونا۔ ـ الشیئُ: سے میل کچیل لگنا۔ ـ الوسخُ علی الشیئ: پر میل کا چسپاں ہونا۔ ـ فلانٌ: سیاہ لب ہونا۔ ـ ت النخلةُ: کھجور کے درخت کی جڑوں پر مٹی کا چڑھ جانا۔ کَتَّنَ و اَکْتَنَ الشیئَ: کو چپکانا۔ تَکَتَّنَتِ المراۃُ: عورت کا برقعہ، دستانے اور موزے پہننا۔ الکِتْنُ: پیال۔ الکَتَنُ: میل کچیل، دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی، چسپیدگی ہونٹ کی سیاہی، کھجور کی جڑ کی مٹی۔ الکَتِنُ: پیال۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ: میلی کچیلی مشک۔ الکَتَّانُ (ن): السی کا پودا۔ (ن) سبز کائی کہا جاتا ہے لبس الماءُ کَتَّانَهُ: پانی کائی والا ہو گیا۔ الکَتَّانِیَّةُ (ن): السی کے پودے کے پتوں جیسے پتوں والا ایک پودا۔ اس کی ایک قسم زرد رنگ کے بڑے بڑے پھولوں والی ہے جو خوشوں کی شکل کے ہوتے ہیں۔ آرائش کے لئے کاشت کیا جاتا ہے۔ الکَتَّانِیَّاتُ (ن) ایک قسم کا پودا۔ الکَتُّونَةُ: وہ قمیص جسے کاہن لوگ مذہبی تقریب کے وقت نیچے پہنتے ہیں (سریانیہ)

○ کَتِنَ ـَ کَتَنًا: گندہ ہونا، کالک کے دھبوں والا ہونا، دھوئیں سے کالا ہونا۔ کَتَّنَ ہ: کو گندہ کرنا، کالا کرنا۔ کَتَن: گندگی، کالک، دھواں۔ کَتَّان و کِتَّان: پٹ سن، کتان، کتان کا کپڑا۔ کَتَّانِی: کتان کا بنا ہوا، سن کا، پٹ سن کا۔ کَتِینَة: گھڑی کی چین۔

کتو: کَتَا یَکْتُو کَتْوًا: چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔ اکْتَی اِکْتَاءً: دشمن پر غالب آنا۔ اِکْتَوْتَی اِکْتِیْتَاءً: غصہ سے بھر جانا، بغیر کام کے اپنی آپ تعریف کرنا۔

کث: ا۔ کَثَّ ـِ کَثَاثَةً و کُثُوثَةً و کَثٌّ ـ کَثًّا: سخت ہونا، گاڑھا ہونا۔ ـ الشَعَرُ: بالوں کا گھنا ہونا۔ ـ تِ اللِحْیَةُ: داڑھی گھنی، چھوٹی اور گھنگھریالی ہونا۔ اَکَثَّ الرجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔ صفت: کَثٌّ ج کِثَاثٌ و اَکَثُّ مونث کَثَّاءُ ج کُثٌّ۔ الکَثُّ والکَثِیثُ: گھنی کہا جاتا ہے۔ ہو کَثُّ اللحیة و کثیثها: وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ وامراۃ کَثَّةٌ و کَثَّاءُ: گھنے بالوں والی عورت۔

۲۔ کَثَّ ـِ کَثَاثَةً و کُثُوثَةً و کَثَّ ـ کَثًّا بسلحه: پاخانہ کرنا۔

۳۔ الکَاثُّ: کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اگ آئے۔ الکَثِیثُ: سن وغیرہ کا باریک دھاگہ جو بکھر جائے۔

۴۔ کَثْکَثَ الرجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔ الکَثْکَثُ والکِثْکِثُ: مٹی، پتھر کی کنکریاں۔

○ کَثَّ ـِ کَثًّا و کَثَاثَةً و کُثُوثَةً: خصوصا بالوں کا) گاڑھا یا گھنا ہونا۔ کَثَث: گاڑھا پن، گھنا پن۔ کَثّ و کَثِیث: گاڑھا، گھنا، گنجان اگا ہوا، ٹھوس طور پر، پر ہجوم۔

کثا: کَثَأَ ـَ کَثْأً و کَثًا تَکْثِئَةً اللبنُ ونحوہُ: دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا۔ ـ الرجُلُ: بالائی کھانا۔ ـ تِ القدرُ: ہنڈیا کا جھاگ دینا۔ ـ القِدرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا۔ الکَثَأَۃُ والکُثْأَۃُ من اللبن: بالائی ـ من الماء: پانی کی سطح پر جو آجائے کہا جاتا ہے۔ خذ کثاۃَ قِدرِكَ: اپنی ہنڈیا کے جھاگ کو علیحدہ کرو۔

۲۔ کَثَأَ ـَ کَثْأً و کَثًا تَکْثِئَةً اللحیةُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ ـ الزرعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا۔ ـ ت اوبارُ الابل: اونٹوں کے بالوں کا نکلنا۔ ـ اَکْثَأَتِ اللحیةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔ الکَثَأَۃُ او الکُثْأَۃُ (ن): بشام مشرق وسطی اور متوسط کے علاقوں میں اگنے والی ایک سبزی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور یہ سبزی سلاد کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

کثب: ا۔ کَثَبَ (ـُ) کَثْبًا الشیئَ: کو جمع کرنا ـ الشیئُ: جمع ہونا۔ ـ القومُ: اکٹھا ہونا ـ لبنُ الناقةِ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔ ـ الترابَ: مٹی اڑانا ـ الماءَ: پانی گرانا۔ کَثَّبَ الشیئُ: کم ہونا۔ اَکْثَبَ فلانًا: کو تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔ اِنکَثَبَ الرملُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔ جو کوئی چیز دوسری چیز میں ڈالی جائے تو وہ اس میں مل جاتی ہے۔ الکَاثِبَةُ: ج کَوَاثِبُ: الکاثب کی مونث۔ ـ من الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ الکُثْبَةُ: ج کُثَبٌ: ہر تھوڑی اکٹھی چیز، تھوڑا پانی یا دودھ۔ الکُثَابُ: زیادہ۔ الکَثِیبُ: ج کُثُبٌ و کُثْبَانٌ و اَکْثِبَةٌ: ریت کا ٹیلہ۔

۲۔ کَثَبَ ـِ کَثْبًا الصیدُ فلانا: شکار کا کسی کے قریب ہونا کہا جاتا ہے۔ کَثَبَكَ الصیدُ فارْمِهِ (شکار

تیرے قریب آگیا اس کو تیر مارو)۔ — فی المکان: کسی جگہ میں داخل ہونا۔ — علیہ: پر حملہ کرنا، کہا جاتا ہے۔ جاء یکتبُہٗ: (وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا)۔ کَاثَبَ القومَ: قوم سے قریب ہونا۔ اَکْثَبَ الرجلَ و الیہ ومنہ ولہ: کے قریب ہونا کہا جاتا ہے۔ اَکْثَبَکَ الصیدُ فارْمِہٖ۔ بمعنی کَثَبَکَ الصیدُ فارْمِہٖ الکَثَبُ: قُرب کہا جاتا ہے۔ رماہ من کَثَبٍ اوعَنْ کَثَبٍ: یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔ اَلْکَثَّابُ و الکُثَّابُ: بے پیکان و بے پر کا تیر۔

۴۔ الکُثْبَۃُ: ج کُثَبٌ: پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔

○ کَثَب: نزدیکی، قربت، قرب، قرب و جوار۔ علی کثب من یا عن کَثَبٍ من: کے قریب، کے قرب و جوار میں۔ مِن یا عن کثب: نزدیک سے، تھوڑے فاصلہ پر۔

کثج: کَثَجَ ـِ کَثْجًا من الطعام: بقدر کفایت کھانا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ بہت غلہ لے جانا۔

کثح: ۱۔ کَثَحَ ـَ کَثْحًا الشیئَ: کو جمع کرنا، بکھیرنا — من المال: خواہش کے موافق لینا۔ کَثَحَتِ الریحُ الترابَ علیہ: ہوا کا کسی پر غبار ڈالنا۔ — و کَثَّحَ عن کذا: کو ننگا کرنا کہا جاتا ہے۔ کَثَّحَتْہُ الریحُ: یعنی اس کو ہوا نے ننگا کردیا۔ الکُثْحَۃُ من الناس: چھوٹی سی جماعت۔

۲۔ تَکَثَّحَ بالحصی: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔ تَکَاثَحَ القومُ بالسیوف: تلوار بازی کرنا۔

کثر: کَثَرَ ـُ کَثْرًا الرجلَ: پر کثرت میں غالب ہونا۔ کَثُرَ ـُ کَثْرَۃً و کَثَارَۃً: بہت ہونا صفت کَثْرٌ و کَثِیْرٌ و کُثَارٌ و کَاثِرٌ و کَیِّثْرٌ۔ کَثَّرَ ہٗ: کو زیادہ کرنا۔ کَاثَرَہٗ: پر کثرت میں غالب آنا، کثرت مال یا کثرت تعداد میں فخر کرنا۔ — الماءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ جمع کرنا۔ اَکْثَرَ الرجلُ: بہت مالدار ہونا، بہت لانا۔ — الشیئَ: کو بہت شمار کرنا، بہت پانا، کو بہت کرنا، کہا جاتا ہے۔ اکثر اللّٰہُ فینا مثلَکَ: (اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر شامل کرے) تَکَثَّرَ فلانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔ — بمالِ غیرِہٖ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا۔ — من الشیئ: سے بہت لے لینا۔ — بالکلام: بہت گفتگو کرنا۔ تَکَاثَرَ القومُ: کثیر ہونا، کثرت میں ایک دوسرے پر غالب آنا۔ — الشیئ: کو بہت سمجھنا۔ اِسْتَکْثَرَ الشیئَ: کو بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا۔ — من الشیئ: کو بہت کرنا یا بہت کی رغبت کرنا۔ الکُثْرُ: بہت — کُثْرُ الشیئ: چیز کی بہتات کہا جاتا ہے۔ الحمدُ لِلّٰہ علی القُلِّ والکُثْرِ (قلت و کثرت پر اللہ کا شکر ہے)۔ الکِثْرُ: بہت الکَثْرَۃ: بہت الکِثْرَۃُ: بہت یہ ردی لغت ہے لیکن بعض نے کہا ہے کہ اگر یہ لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسا کہ کہا جائے القِلَّۃُ والکِثْرَۃُ۔ الکُثْریٰ من البنیذ ونحوہ: : نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔ الکُثَارُ: بہت۔ — و الکِثَارُ: جماعتیں۔ کہا جاتا ہے۔ فی الدار کُثار او کِثار من الناس: یعنی گھر میں بہت لوگ ہیں یا لوگوں کی جماعتیں ہیں، اور یہ صرف حیوان کے لئے مخصوص ہے دیگر چیزوں پر نہیں بولا جاتا۔

● کَثِیْرٌ: بہت، واحد کے برعکس ہے، کہا جاتا ہے۔ رجال کثیر و کثیرۃ و کثیرون و نساء کثیر و کثیرۃ و کثیرات: اور کہا جاتا ہے۔ کَثِیْرًا اما یعملون کذا: (وہ اکثر ایسا کرتے ہیں) یہ ظرفیت کی بناء پر منصوب ہے کیونکہ یہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے اور بعض نے اسے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منسوب کیا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کے لئے مانتے ہیں۔ الکَیْثَرُ: بہت فیاض مرد۔ المُکْثِرُ: مال دار۔ المِکْثَارُ والمِکْثِیْرُ: باتونی (مذکر اور مونث دونوں کے لئے)۔ المَکْثُوْرُ (مفع): مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت زیادہ لوگ اکٹھے ہو جائیں اور اسے دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

۲۔ اَکْثَرَ النخلُ: کھجور کے درخت کا شگوفہ دار ہونا۔

○ کَثَرَ ـُ کَثْرًا ہ / ہ: سے تعداد میں زیادہ ہونا۔ کَثُرَ ـُ کَثْرَۃً: بہت ہونا، کئی یا متعدد ہونا۔ — عن: سے زیادہ ہونا۔ —: اکثر و بیشتر واقع ہونا۔ بڑھنا کَثَّرَہٗ: کو بڑھانا، زیادہ کرنا، بڑا کرنا، میں اضافہ کرنا، کو بہت کرنا۔ کَاثَرَ ہ / ہ: سے تعداد میں زیادہ ہونا، سے مقدار میں مقابلہ کرنا۔ اَکْثَرَ من: کسی چیز کو بہت کرنا، — ل من: کو کچھ بہت یا اکثر دینا۔ — من / فی: کوئی چیز متواتر، ہمیشہ یا اکثر کرنا۔ — ہ: کو بڑھانا، میں اضافہ کرنا، تَکَاثَرَ علی: کے خلاف جمع ہونا، ٹولہ بنانا، جتھا بنانا۔ اِسْتَکْثَرَ بمعنی اَکْثَرَ نیز استکثر ہ: کو بہت زیادہ سمجھنا، حد سے زیادہ خیال کرنا، بے انداز پانا، کو بہت اونچا یا نہایت تکلیف دہ یا احتیاط طلب سمجھنا۔ — ہ علی: کو کے بارے میں زحمت کے لائق خیال نہ کرنا۔ — ہ علی: سے کی وجہ سے جلنا یا رشک کرنا۔ —: بہت کا مطالبہ کرنا، بہت طلب کرنا۔ اِسْتَکْثَرَ بِخَیْرِہٖ: کا شکریہ ادا کرنا۔ کُثْر: بڑی مقدار، بہتات، بڑا حصہ، زیادہ حصہ، کَثْرۃ: بڑی مقدار، بڑی تعداد، بہتات، کثرت، کثیر مجمع، فراوانی، کثیر تعداد۔ — من: کا بڑا حصہ۔ بِکَثْرَۃٍ: افراط سے، بہتات سے، کثرت سے، بڑی تعداد، بڑی مقدار الکثیرِ من: کی اکثریت، میں سے اکثر۔ کَثِیرًا: بہت، بڑی حد تک، اکثر کثیرًا ما: اکثر۔ بِکَثِیر: بہت زیادہ، کہیں زیادہ۔ الکثیر مِن اور الکثیرون من: کی اکثریت، میں سے اکثر، کافی، میں سے بہت سے، بہت کثیرٌ علی: کے لئے ضرورت سے زیادہ۔ الشیئُ الکثیر: چیز کی اکثریت ہذا کثیرٌ: یہ بہت یا کافی تعداد ہے۔ فی کثیر مِن الاوقات اور فی احیان کثیرہ: اکثر، کَثِیراء: جنس کتیر کی جھاڑیاں، گوند کتیرا جو ان جھاڑیوں سے اخذ کیا جاتا ہے۔ اکثر: زیادہ، اکثر، بڑا حصہ، زیادہ بڑا حصہ۔ الاکثرون: اکثریت، اکثر فاکثر: زیادہ اور زیادہ علی الأکثر: زیادہ سے زیادہ۔ اکثر الامر: زیادہ سے زیادہ۔ اکثر من ذلك: بھی، کے علاوہ، مزید برآں۔ اکثریۃ: اکثریت۔ مِکْثار: بہت باتونی، بکواسی، بڑبڑیا۔ تکاثر: بڑھوتری، بڑھنا، اضافہ، ازدیاد، افزائش، مُکْثِر: امیر، دولتمند، مُتَکَاثِر: بہت، متعدد، کئی، گوناگون، مُتَکَاثِرُ الرِقاع: کئی جگہ پیوند لگا ہوا۔

کثع: ۱۔ کَثَعَ ـَ کَثْعًا اللبنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔ کَثَّعَ اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ — ت الارضُ: کی روئیدگی کا ظاہر ہونا۔ — ت القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔ — الجرحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا۔ فلانٌ السقاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔ الکُثْعَۃُ و الکُثُعَۃُ: بالائی، ہانڈی کا جھاگ۔

۲۔ کَثَعَ ـَ کُثُوْعًا ت الغنمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ — کَثْعًا و کُثُوْعًا و کَثِعَ ـَ کَثَعًا ت الشفۃُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ لٹکنے کے قریب ہو جائے ایسے ہونٹ کو کَاثِعَۃٌ اور ہونٹ والے کو اَکْثَعُ کہتے ہیں۔ کَثَّعَتْ لِحْیَۃُ فلان: کی داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ — الغنمُ بمعنی کَثَعَ۔ الکُثْعَۃُ: اوپر والے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔ اِمْرَأَۃٌ مُکْثِعَۃٌ: ہونٹوں یا مسوڑھوں میں بہت خون والی عورت۔

۳۔ الکَثَعَۃُ: مٹی، گار، کیچڑ۔

کثف: ۱۔ کَثُفَ ـُ کَثَافَۃً و تَکَاثَفَ: موٹا ہونا، بہت ہونا، گنجان ہونا صفت۔ کَثِیْفٌ۔ کَثَّفَ ہ: کو موٹا

کرنا۔ اِستَکثَفَ الشیئُ: گاڑھا ہونا۔ ـ الشیئَ: کو گاڑھا پانا یا گاڑھا شمار کرنا۔ الکَثفُ: جماعت۔ الکُثَافُ: بہت۔ الکَثِیفُ: گاڑھا، موٹا کہا جاتا ہے۔ رجُلٌ کَثِیفٌ: یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد) بہت کہا جاتا ہے: عسکرٌ کثیفٌ و ماءٌ کثیفٌ یعنی بہت زیادہ لشکر اور پانی۔

المُکَثِّفُ (ف): کپیسٹر، کنڈنسر۔

۲۔ اَکثَفَ منه: کے قریب ہونا، قدرت دینا۔

۳۔ اِستَکثَفَ الامرُ: بلند ہونا۔

کثل: کَثَلَ ـُ کَثلاً الشیئَ: کو جمع کرنا۔ الکَثلُ: گروہ۔ الکَوثَلُ والکَوثَلُ: کشتی کا پچھلا حصہ۔ دنبالۂ کشتی۔

۲۔ تَکَثلَكَ کیتھولک ہو جانا۔ کَاثُولِیكُ: دیکھئے کاتولیك کیتھولک ہو جانا۔ الکَثلَکَةُ: پاپائے روم کی زیر پیشوائیت مسیحی جماعت (یونانیہ)

○ کَثُفَ ـُ کَثَافَةً: موٹا ہونا، گاڑھا ہونا، کثیف ہونا، ٹھوس ہونا، گھنا ہونا، جمنا، زیادہ گاڑھا ہونا، زیادہ ٹھوس یا گھنا ہونا۔ کَثَّفَ ہ: کو گاڑھا کرنا، گاڑھا بنانا، کثیف کرنا، ٹھوس کرنا، بھینچنا، دبانا، دبا کر چھوٹا کرنا، یکجا جمع کرنا (برقیات میں) صلاحیت بڑھانا۔ تَکَثَّفَ و تکاثَفَ: زیادہ گاڑھا ہونا۔ مرتکز یا مرکوز ہو جانا، ایک نقطہ پر جمع ہو جانا، گاڑھا ہونا، برا ہونا، ناقص ہونا کَثِیف جمع کِثَاف: موٹا، گاڑھا، کثیف، گھنا، ٹھیک پیوستہ، اچھی طرح جما ہوا، بھاری، کھردرا، گھٹیا، خراب، برا، شیرے کی طرح کی (چٹنی وغیرہ)۔ کَثَافَة: گاڑھا پن، گھنا پن، کثافت، بھاری پن، مضبوطی، شدت، تیزی، زیادتی، ٹھوس پن، استحکام، درجۂ کثافت یا سالمات کو ملائے رکھنے کا درجہ، سمائی۔ کثافة السُکّان: گنجانی آبادی۔ کثافة الصوت: بلند آوازی، پر آوازی، گونج، آواز کا زور۔ مُکَثِّف جمع مُکَثِّفَات: آلۂ تکثیف، کپیسٹر (Capacitor) مَکَثِّف متغیّر: تغیر پذیر کپیسٹر۔ مُکَثَّف: گاڑھا کیا ہوا، سیال بنایا ہوا، مُتَکَاثِف: گاڑھا، وزنی، ٹھوس، گھنا، گنجان، اکٹھا ہونے والا، مرتکز۔

○ الکَثلَکَة: عیسائیوں کا رومن کیتھولک مذہب۔

کثم: ۱۔ کَثَمَ ـِ کَثمًا الشیئَ: کو جمع کرنا، منہ میں رکھ کر توڑنا۔ کَثِمَ ـَ کَثَمًا: شکم سیر ہونا، بڑے پیٹ والا ہونا صفت۔ اَکثَمُ۔ کَاثَمَ ہ: کے قریب آنا، سے میل ملاپ کرنا۔ اَکثَمَ القِربَةَ: مشک بھرنا۔ ـــ ہُ الصیدُ: سے شکار کا قریب ہونا۔ الکَاثِمُ والکَثِمُ من الطین وغیرہ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔

کَثَمُ الطریق: راستہ کا ظاہری حصہ، کہا جاتا ہے۔ رماہ عن کَثَم (اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا)۔ الاَکثَمُ: چوڑا راستہ۔ وَطبٌ اَکثَمُ: دودھ سے بھری ہوئی مشک۔

۲۔ کَثَمَ ـِ کَثمًا الاثرَ: کا اتباع کرنا، کی پیروی کرنا۔

۳۔ کَثَمَ ـِ کَثمًا ہُ عن الامرِ: کو کسی چیز سے باز رکھنا۔ اَکثَمَ فی بیته: گھر میں روپوش ہونا۔ تَکَثَّمَ: حیران ہونا، توقف کرنا، چھپنا۔ اِنکَثَمَ من وجه کذا: سے پھر جانا۔

۴۔ اِنکَثَمَ: غمگین ہونا۔

۵۔ الکُثنَةُ: گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری

کح: ۱۔ الکُحُّ: خالص کہا جاتا ہے۔ هُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ: وہ خالص عربی ہے۔

۲۔ کَحکَحَ ہُ: کو عاجز کر دینا۔ (عامی زبان)

○ کَحَّ ـُ کَحًّا: کھانسنا۔ کُحَّة: کھانسی کَحکَحَ: کھانسنا، ہلکا سا کھانسنا۔ خشک کھانسی کھانسنا۔ کَحکَحَة: تھوڑی خشک کھانسی۔ کَحَتَ ـَ و کَحَّتَ ہ: کو کھرچ کر اتارنا، صارف کرنا، کو چھیل کر اتارنا۔ کحب: کَحَّبَ الکَرمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔ الکَاحِبُ: بہت، کہاوت ہے۔ عِندَہُ دَرَاهِمُ کَاحِبَةٌ: (اس کے پاس بہت درہم ہیں)۔ الکَحَبُ واحد کَحَبَة: کچا انگور۔

کحث: کَحَثَ ـَ کَحثًا له من المال: کو دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔

کحص: ۱۔ کَحَصَ ـــ کُحُوصًا الاثرُ: نشان مٹنا، ـ الظلیمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ وہ دکھائی نہ دے۔ ـــ الرجلُ: پیٹھ موڑ کر بھاگنا۔ ـــ کَحَصًا البِلَی فلانا: کو مٹانا، محو کرنا۔ ـ و کَحَّصَ الاثرَ: نشان مٹانا۔ الکَاحِصُ (فا) مونث کَاحِصَةٌ ج کَوَاحِصُ: نشان محو کرنے والا۔ اطلالٌ کَوَاحِصُ: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔

۲۔ کَحَصَ ـــ کَحصًا برجله: پاؤں سے کریدنا۔ ـ الارضَ: زمین سے غبار اڑانا۔ ـــ الشیئ: کو کوٹنا۔ الکَاحِصُ (فا) مونث کَاحِصَةٌ ج کَوَاحِصُ: پاؤں سے کریدنے والا۔

کحط: ۱۔ کَحَطَ ـــ کَحطًا العامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ۔

کحف: الکُحُوفُ: جسم کے اعضاء، عام لوگ بولتے ہیں۔ کَحَفَ مؤخَّرَ حذائِهِ: (جوتی کا پچھلا حصہ اندر کو موڑنا)۔

کحل: ۱۔ کَحَلَ ـُ کَحلًا العینَ: آنکھ میں سرمہ لگانا ـــ فلاناً: کی آنکھوں میں سرمہ لگانا صفت کَاحِلٌ و کُحَّالٌ کہاوت ہے۔ کَحَلَ السُّهَادُ عَینَهُ: بیداری اور بے خوابی سے کنایہ ہے۔ ـَ کَحُلًا و اَکحَلَ المکانُ بالخضرة: کسی جگہ نباتات کی ابتدائی سبزی ظاہر ہونا۔ کَحِلَ ـَ کَحَلًا الرجُلُ: سرگیں آنکھوں والا ہونا۔ ـــ ت العینُ: آنکھ کا سرگیں ہونا۔ کَحَّلَ العینَ: آنکھ میں سرمہ لگانا۔ فلانا: کی آنکھ میں سرمایہ لگانا۔ تَکَحَّلَ: آنکھ میں سرمہ لگانا۔ ـ المکانُ بالخضرة: کسی جگہ ابتدائی سبزی ظاہر ہونا۔ اِکتَحَلَ: سرمہ لگانا۔ ـــ السهادَ: بیدار رہنا، نیند نہ آنا۔ ـ المکانُ بالخضرة: کسی جگہ نباتات کی ابتدائی سبزی ظاہر ہونا۔ ـ وجهُهُ بالهمّ: چہرے پر رنج کے اثرات ظاہر ہونا، کہا جاتا ہے مَا اکتَحَلَت عَینِی بِكَ: (میں نے تمہیں نہیں دیکھا)۔ اِکحَالَّ تِ العینُ: آنکھ کا سرگیں ہونا۔ ـ المکان بالخضرة: کسی جگہ پہلی سبزی ظاہر ہونا۔ الکُحلُ: سنگ سرمہ، شفایابی کے لئے آنکھ میں ڈالی جانے والی چیز۔ الکُحلِیُّ: سرمہ ساز۔ الکِحلُ والکَحلَةُ: تعویذ کا مہرہ یا نظر بد کا مہرہ۔ الکَحَلُ: پیدائشی طور پر پلکوں والی جگہ کا سیاہ ہونا ضرب المثل ہے۔ لیس التکحل فی العینین کالکَحَل: آنکھوں میں سرمہ لگانا پلکوں والی جگہ کی سیاہی جیسا نہیں عَینٌ کَحِلٌ و کَحِیلٌ وَکَحِیلَةٌ ج کَحلَی و کَحَائِلُ: سرگیں آنکھ۔ الکِحَال: سنگ سرمہ، تعویذ کا مہرہ، یا نظر بد کا مہرہ۔ اَعیُنٌ کُحَلَاءُ: سرگیں آنکھیں کحائل کی طرح۔ الاَکحَلُ مونث کَحلَاءُ ج کُحلٌ: سرگیں آنکھ والا۔ الکَحلَاءُ مونث الاکحل کی: وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں، سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ الکُحَیلُ: نفط یا قطران جو اونٹوں پر ملا جاتا ہے۔ المِکحَلُ والمِکحَالُ: سرمہ کی سلائی۔ المُکحُلَةُ: سرمہ دانی۔ المُکَحَّلَةُ (ن): ایک خوبصورت پھولدار پودا جو مشرق وسطی کے خشک علاقوں خصوصا لبنان میں اگتا ہے اس کے پھول نیلے رنگ کے ہوتے ہیں جس کی خوشبو بہت اچھی اور تیز ہوتی ہے یہ ہالینڈ میں خاص طور پر اگایا جاتا ہے اس کی مختلف شکلیں اور مختلف رنگ ہوتے ہیں۔

۲۔ کَحَلَ ـَ کَحُلًا العامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ ـــ ت السنونَ القومَ: کو قحط لاحق ہونا۔ اَکحَلَ العامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ اِکتَحَلَ فلانٌ: نرمی کے بعد سختی میں مبتلا ہونا۔ الکَحلُ (مص): سخت قحط کا سال۔ کَحلُ و کُحَلُ و کَحلَةُ: (غیر منصرف) آسمان

کے نام ہیں کہا جاتا ہے۔ صَرَّحَتْ کُحُلُ: (جبکہ آسمان میں بادل نہ ہوں)۔

۳۔ الکُحُلُ: مال کثیر۔ الکُحُولُ او الکُحُولُ الاِتِیلِیْكُ او الاِیْتَانُوْلُ: عام لوگوں کی زبان میں اس کو سبیرتو (ك) بولا جاتا ہے: سپرٹ، الکحل (Alcohal) الکُحُوْلَات (ك): بنیادی طور پر الکحول الاتیلیك: کے خواص کا حامل مواد۔ الاَکْحَلُ: بازو کی ایک شریان کا نام جس کی فصد کھولی جاتی ہے۔ الکُحْلَاءُ والکُحَیْلَاءُ: (ن) جسے" لسان الثور '' بھی کہا جاتا ہے۔ جنگلی گھاس پھوس جس پر خوشنما نیلے پھوگ لگتے ہیں۔ Blue weed۔

○ مااِکْتَحَلَ غَمَاصاً (یا غِمَضًا): نیند نہ آنا، کُحْل جمع اَکْحال: سرمہ پوٹے رنگنے کی کوئی چیز، کَحَلَ: کناروں، پپوٹوں کو کالا کرنا۔ کَحِلَ: سرمہ سے سیاہ کیا ہوا، کالے کئے ہوئے پوٹے۔ کُحْلِی: گہرا نیلا۔ کُحْلَة: دیوار کے جوڑوں کو بھرنا۔ اَکْحَل مونث کَحْلَاء جمع کُحْل: سیاہ (آنکھ) الاَکْحَل: بازو کی درمیانی رگ کَحْلَاء: ایک قسم کی نیل جھاڑی۔ کَحِیل جمع کَحَائل: سرمہ سے کالا کیا ہوا پوٹہ، شریف ترین نسل کا گھوڑا۔ کُحُول: الکحل، سپرٹ۔ الکُحُولی: الکحلی، نشہ آور۔ کُحَیْلِی و کُحَیْلَان: شریف ترین نسل کا گھوڑا۔ کِحال: پسا ہوا سرمہ۔ الکَحَّال: آنکھوں کا ڈاکٹر مِکْحَل و مِکْحال: سرمہ لگانے کی سلائی۔ مُکْحُلَة جمع مَکاحِل: کحل کا برتن، شمسی ربع دائرہ، رائفل، گن، کاحِل جمع کَوَاحِل: ٹخنہ کی ہڈی۔

کحی، کَحیٰ یَکْحِیُ کَحْیًا الشیٔ: خراب ہونا۔

کخ: کَخَّ ـِ کَخًّا و کَخِیْخًا فی نومہ: خراٹے لینا۔ کِخْ و کَخْ: (کاف کی زبر اور زیر کے ساتھ) جب بچے کو کسی چیز کے پکڑنے سے روکنے یا کسی چیز سے بچانے کے لئے ڈانٹ کر آواز دی جاتی ہے اسے کخ کہتے ہیں۔

○ کِخْیَة و کاخِیَة جمع کَوَاخ: خانسامہ، جہاز کا ملازم (مسافروں کی خدمت کے لئے)

کدّ: ۱۔ کَدَّ ـُ کَدًّا: کام میں محنت کرنا، روزی تلاش کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا۔ الراسَ: سر میں کنگھی کرنا یا سر کو خوب کھجانا۔ ـــ الرجُلَ: کو تھکانا۔ کَدَّدَہٗ: کو تختی سے ہٹانا۔ تَکَدَّدَ: تکلیف برداشت کرنا۔ اِکْتَدَّ واِسْتَکَدَّہٗ: سے کام میں محنت کرانا۔ الکَدُّ (مص): جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے (ہاون دستہ) محاورہ ہے۔ لَیْسَ ھٰذا مِنْ کَدِّكَ ولَامِنْ کَدِّ اَبِیْكَ: (یہ تمہاری اور تمہارے باپ کی کوشش سے حاصل نہیں ہوئی)۔ الکِدَّۃُ: سخت زمین کیونکہ اس پر چلتے ہوئے چوپایوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ الکَدُوْدُ: سخت محنتی آدمی بِئْرٌ کَدُوْدٌ: وہ کنواں جس کا پانی مشکل سے نکل سکے۔ الکَدِیْدُ: سخت زمین، وادی سے زیادہ فراخ زمین، موٹا پسا ہوا نمک۔ ـــ قَوْمٌ اَکْدَادٌ و اَکَادِیْدُ: شکست خوردہ لوگ (ان الفاظ کا واحد مستعمل نہیں ہوتا) محاورہ بولا جاتا ہے۔ رأیتھم اَکْدَادًا واَکَادِیْدَ: (میں نے انہیں ٹولیوں کی شکل میں دیکھا) اور "اِبِلٌ اَکْدَادٌ: تیز چلنے والے اونٹ۔ المِکَدُّ: کنگھی۔ المَکْدُوْدُ: (مفع) مغلوب۔ ـــ اَرْضٌ مَکْدُوْدَۃٌ: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔

۲۔ کَدَّ ـُ کَدًّا و اِکْتَدَّ الشیٔ: کسی چیز کو ہاتھ سے چھینا۔ الکُدَدَۃُ والکَدَدَۃُ: ہانڈی کی کھرچن۔ ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ الکُدَادَۃُ: بمعنی الکُدَدَۃ۔ کُدَادَۃُ السَّمَنِ: گھی کی تلچھٹ۔ ـ کُدَادَۃُ الکَلَاءِ: تھوڑی گھاس۔ الاَکِدَّۃُ: چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ حصہ۔

۳۔ کَدَّ ـُ کَدًّا: سائل کی طرح انگلی سے اشارہ کرنا۔

۴۔ اَکَدَّ واِکْتَدَّ: روک لینا، کنجوسی کرنا۔ الکَدُوْدُ: کنجوس۔

۵۔ کَدْکَدَ الرجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں بوجھ محسوس کرنا۔ ـــ علیہ: پر حملہ کرنا۔ وتَکَدْکَدَہٗ: کو تختی سے ہٹانا۔ الکَدْکَدَۃُ (مص): کسی سخت چیز پر کوئی چیز مارنے کی آواز۔

○ کَدَّ ـُ کَدًّا: سخت محنت کرنا، کوشش کرنا، زور لگانا، جدوجہد کرنا، مشقت کرنا، جان مارنا۔ ـ ہٗ: کو تھکا دینا، کَدَّدَہٗ: کو لیجانا، کا پیچھا کرنا، کو دور کرنا۔ اِکْتَدَّ و اِسْتَکَدَّہٗ: کو تھکا دینا، دور کرنا، تیزی سے بھیجنا، پر زور دینا۔ کَدّ: تکلیف، بڑی محنت اور کوشش، سخت محنت، مشقت، جانفشانی۔ کُدُوْد: محنتی، سخت محنت کرنے والا، مستعدی سے کام کرنے والا مَکْدُوْد: تھکا ہوا، جس نے بہت زیادہ کام کر ڈالا ہو۔

کدأ: ۱۔ کَدَأَ ـَ کَدْأً و کُدُوْءًا النبتُ: نباتات کا سردی یا پانی نہ ملنے کی وجہ سے مرجھا جانا اور نہ بڑھنا۔ وکَدَأَ البَرْدُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو زمین سے اوپر نہ بڑھنے دینا۔ کَدِئَ ـَ کَدْءًا و کُدُوْءًا النبتُ: نباتات کا سردی یا پانی نہ ملنے کی وجہ سے مرجھا جانا یا اگنے میں دیر کرنا ـــ کَدَأَ البَقْلُ: سبزیوں کا چھوٹا اور خراب ہونا۔ ـ تِ الاِبِلُ: اونٹوں کا کم بالوں والا ہونا۔ اَرْضٌ کَادِئَۃٌ: دیر سے اگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَادِئَۃُ الاَوْبَارِ: کم بال والے اونٹ۔

۲۔ کَدِئَ ـَ کَدْأً الغُرَابُ: کوے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا۔

کدب: الکَدُبُ والکُدُبُ والکَدَبُ واحد کَدُبَۃٌ: جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔ الکَدِبُ واحد کَدِبَۃٌ بمعنی الکَدُبُ ـ دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔

کدج: کَدَجَ ـُ کَدْجًا الرجُلُ: بقدر کفایت پینا۔

کدح: کَدَحَ ـَ کَدْحًا فِی العَمَلِ: کام میں بہت محنت کرنا۔ ـــ لِعِیَالِہٖ: اہل وعیال کے لئے رزق کمانا۔ رأسَہٗ بالمشط: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ کرنا۔ ـــ وکَدَّحَ الوجہَ: چہرے کو نوچنا۔ تَکَدَّحَ الجِلدُ: پر خراش آنا، کہا جاتا ہے۔ وَقَعَ مِنَ السَّطحِ فَتَکَدَّحَ: (وہ چھت سے گر پڑا اور اسے خراش آئی۔ اِکْتَدَحَ لعیالہ: اہل واعیال کے لئے رزق کمانا۔ الکَدْحُ (مص) ج کُدُوْحٌ: خراش۔

○ کَدَحَ ـَ کدحًا فی: میں یا کے ساتھ بہت محنت کرنا، مشقت کرنا۔ کَدْح: محنت، مشقت تندہی، سرگرمی، سعی، جدوجہد، غلامانہ کام۔

کدر: ۱۔ کَدَرَ ـُ وکَدُرَ ـُ وکَدِرَ ـَ کَدَرًا و کَدَارَۃً وکُدُوْرًا وکُدُوْرَۃً و کُدْرَۃً: گدلا ہونا، مٹیالہ ہونا۔ العیشُ: زندگی تلخ ہونا، کہا جاتا ہے۔ کَدَرَ عَلیٰ فُلَانٍ: وہ فلاں پر غضبناک ہوا۔ کَدَّرَ الشیٔ: کو گدلا کرنا، میلا کرنا، کہا جاتا ہے۔ کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ: اس نے فلان کی زندگی تلخ کر دی۔ ـــ الرجُلَ: کو غمگین کرنا۔ تَکَدَّرَ الشیٔ: بمعنی کَدِرَ ـ علیہ: وہ فلاں پر غضبناک ہوا۔ بعض دفعہ یہ مِنْ کے ساتھ متعدی ہوتا ہے تو اس وقت کہا جاتا ہے۔ تکدَّر منہ۔ اِکْدَرَّ الشیٔ: گدلا ہونا۔ الکَدْرُ والکَدِرُ والکَدِیْرُ من العیش او الالوان وغیر ذالك: تلخ، غیر صاف، میلا، گدلا۔ الکُدْرَۃُ (مص) من الالوان: مٹیالا رنگ۔ الکَدَرَۃُ ج کَدَرٌ: باریک بادل۔ من الحوض: حوض کی کیچڑ یا کائی وغیرہ۔ الکُدْرِیُّ (ح): یہ قطا کی قسم کا پرندہ ہے جس کی پیٹھ کا رنگ مٹیالا اور سیاہی مائل اور گردن زرد رنگ کی ہوتی ہے۔ والکُدَارِیُّ: باریک بادل۔ الکُدَارَۃُ: ہانڈی میں گھی کی تلچھٹ۔ الاَکْدَرُ مونث کَدْرَاءُ ج کُدْر: مٹیالا۔ عَیْشٌ اَکْدَرُ: مکدر زندگی۔

۲۔ کَدَّرَ الماءَ: پانی گرانا۔ اِنْکَدَرَ فی السیر: تیز دوڑنا چلنا۔ علیہ القومُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ ـــ ت النجومُ: بکھر جانا۔ الاَکْدَرُ مونث کَدْرَاءُ ج کُدْرٌ: سخت سیلاب۔

۳۔ الکَدَرَۃُ ج کَدَرٌ: کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا۔ الکُدْرُ

مونث کُدُرَّةٌ: موٹا قوی گھٹے بدن والا جوان۔ حِمَارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔

○ کَدَّرَ ہ علی: کو کے لئے خراب کرنا، کے سکون میں خلل ڈالنا۔ تَکَدَّرَ من: کسی بات پر ناراض ہونا، غصہ ہونا، پریشان ہونا، سے دل کو ٹھیس پہنچنا، کا پر ناگوار گزرنا، کا کو برا لگنا پر یا کے بارے میں چڑچڑا ہو جانا۔ اِنْکَدَرَ: میلا ہو جانا، گدلا ہو جانا، سپاٹ ہونا، پرندہ کا جھپٹنا۔ کَدَر میلا پن، گدلا پن، پریشانی کُدْرَة: گدلا پن، میلا پن، تاریکی، کَدَرَة: گندگی یا غلاظت کا ڈھیلا۔ کَدِر و کَدِیر: میلا، گدلا، غلیظ، تاریک، دھندلا، پریشان، مضطرب۔ تَکْدِیر پریشان کرنا، دل کو ٹھیس پہنچانا، ٹھیس، ناراضگی، غصہ، رنجش، برملا توہین، گستاخی، بدسلوکی، مُتَکَدِّر من پر ناراض، غصے، سے چوٹ کھایا ہوا، پریشان، دل کو ٹھیس پہنچا ہوا۔

کدس ا۔ کَدَسَ ۔ کَدْسًا و کُدَاسًا ہُ: کو دفع کرنا۔ ہٹانا۔ ــــ المُثْقَلُ فی سیرِہِ: گرانبار انبار آدمی کا دوڑنا۔ تَکَدَّسَ الرجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا اور چلتے ہوئے سینہ ابھارنا ــ الفرسُ: گھوڑے کا گرانبار کی طرح چلنا۔

۲۔ کَدَسَ ۔ کَدْسًا و کُدَاسًا ت الخیلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا۔ بہ الارضَ: کو پچھاڑنا۔ و۔ کَدْسًا و کَدَّسَ الحصیدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔ تَکَدَّسَ: ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ ــــ ت الخیلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا۔ الکُدْسُ ج اَکْدَاس: کٹی ہوئی کھیتی یعنی دانوں کا ڈھیر۔ اَکْدَاسُ الرَّملِ: ریت کا تہہ بتہ ڈھیر۔ الکُدَاسُ من الثلج او الحصید وما اشبہ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی وغیرہ کا ڈھیر۔ الکُدَاسَةُ: ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔ الکُدَّاسُ ج کَدَادِیسُ: کٹی ہوئی کھیتی یعنی دانوں کا ڈھیر۔ المُتَکَادِسٌ (فا) من الشجر: گنجان درخت،

۳۔ کَدَسَ ۔ کَدْسًا و کُدَاسًا ت الدابَّةُ: چوپائے کا چھینکنا۔ کَدْسًا: بدفالی لینا۔ الکَادِسُ ج کَوَادِسُ: چھینک وغیرہ جس سے بدفالی لی جائے۔ الکُدْسَةُ والکُدَاسُ: جانوروں کی چھینک، کبھی انسانوں کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

○ کَدَسَ ۔ کَدْسًا و کَدَّسَ ہ: کو ڈھیر کرنا، کا انبار لگانا، کو دبانا۔ تَکَدَّسَ ڈھیر لگنا، ڈھیر ہونا، دبنا۔ کُدْس جمع اَکْدَاس. ڈھیر، انبار، (بھوسے وغیرہ کا لیپا ہوا) ڈھیر۔ کُدَّاس ج کدادیس بمعنی سابق کُداسة بمعنی سابق تکدیس: (بھوسے وغیرہ کا) لیپا ہوا، ڈھیر، ڈھیر، انبار۔

کدش۔ کَدَشَ ۔ کَدْشًا ہُ: کو خراش لگانا، تلوار یا نیزہ سے مارنا، کاٹنا۔ الکَدْشُ: زخم، کہا جاتا ہے۔ جِلْدٌ کَدِش: خراش زدہ کھال۔

۲۔ کَدَشَ ــــ کَدْشًا ہُ: کو سختی سے ہٹانا، ہانکنا، نکالنا۔ تَکَدَّشَ الرجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گر جانا۔

۳۔ کَدَشَ ۔ کَدْشًا لعیالہ: اپنے اہل و عیال کے لئے حیلہ کرنا اور محنت و مشقت سے کمائی کرنا۔ ــ و اَکْدَشَ و اِکْتَدَشَ من فلان عطاءً: سے کو حاصل کرنا۔ الکَدَّاشُ. بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔

۴۔ اَکْدَشَ بخبر. تھوڑی سی خبر دینا۔

۵۔ الکَدِیشُ مونث کَدِیشَةٌ ج کُدُشٌ. عام سا گھوڑا (عامی زبان) وہ اس سے فعل بنا کر کہتے ہیں۔ کَدَّشَ الجَوَادُ: دوڑنے اور حملہ کرنے والا گھوڑا عام گھوڑا ہو گیا۔

○ کَدِیش جمع کُدُش: چھکڑے کا گھوڑا، چھوٹا گھوڑا، ٹٹو، سواری کا ٹٹو، تھکا ہوا گھوڑا، مریل، ناکارہ گھوڑا (مزاحا)

کَدع: کَدَعَ ۔ کَدْعًا ہُ: کو ہٹانا، دفع کرنا۔ الکُدْعَةُ: ذلیل و رسوا۔

کُدف: اَکْدَفَ الفرسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔ الکَدَفَةُ: ٹاپ یا چاپ کی آواز۔

کدم: کَدَمَ ۔ کَدْمًا: اگلے دانتوں سے کاٹنا۔ کَادَمَ ت الدابَّةُ الحشیشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔ تَکَادَمُوا بالأفواہ: ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔ الکَدْمُ (مص) ج کُدُوم: اثر نشان۔ الکَدَمُ: دانت سے کاٹنے کا نشان۔ الکُدَمُ واحد کُدَمَة: بہت نشانوں والا، بہت لڑاکا (ح): سبز سر والی کالی ٹڈی۔ الکَدْمَةُ: کَدَمَ کا اسم مرہ، داغ، نشان۔ الکُدَامُ: ہر چیز کا بقیہ حصہ، جیسے چری ہوئی چراگاہ کا، گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اگ آئیں۔ الکُدَامَةُ: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ حصہ، دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔ الکَدَّامُ والکَدُومُ: دانت سے کاٹنے والا۔ المَکْدَمُ: دانت سے کاٹنے کی جگہ۔ المُکَدَّمُ: دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُکَدَّمٌ: جنگ کا زخمی۔

۲۔ کَدَمَ ۔ کَدْمًا الصیدَ: شکار کو بھگانا، کہا جاتا ہے۔ کَدَمَ فی غیرِ مَکْدَمٍ: بے موقع طلب کیا۔

۳۔ [illegible] من الحبال والاکسیة: مضبوط بٹی ہوئی رسی اور مضبوط بنا ہوا کپڑا۔ اَسِیرٌ مُکْدَمٌ: رسی سے بندھا ہوا قیدی۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ: موٹے شیشہ کا پیالہ۔

۴۔ الکُدَامُ: بوڑھا مرد۔

○ کَدَمَة جمع کَدَمَات: دانت کا زخم، ہلکا زخم، خراش، گپت مار، بھیتری مار، اندرونی مار۔

کدن: ا۔ کَدَنَ ۔ کَدْنًا بالثوب: پٹکا باندھنا۔ الکُدُنُ والکِدْنُ ج کُدُونٌ: کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے، پالکی، کجاوہ۔

۲۔ کَدَنَ ۔ کَدْنًا الفدَّانَ (ز): زمین میں ہل چلانے کے لئے بیلوں کی جوڑی بنانا (عامی زبان)۔ الکَدْنَةُ: زمین کا رقبہ جس میں ایک دن میں ہل چلایا گیا ہو (عامی زبان میں)

۳۔ الکَدْنُ والکِدْنُ ج کُدُونٌ: جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ الکَدَنُ: ضیالہ۔ الکَدِنُ مونث کَدِنَةٌ ج کَدِنَاتٌ: بہت چربی اور گوشت والا۔ الکِدْنَةُ: کوہان ــ والکُدْنَة: چربی اور گوشت کی بہتات ــ الکَدَانَة: نااہلی فرومائیگی۔ الکَدَّانُ: نرم پتھر (یہ کَذَّانُ کی تحریف ہے)۔ اس کے ایک ٹکڑے کو کَدَّانَة کہتے ہیں۔

کدہ: کَدَہَ ۔ کَدْھًا الشیءَ: کو توڑنا۔ ــ ہ بالحجر: کو پتھر سے سخت رگڑنا۔ ــــ شَعرَہُ بالمشط: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔ ــــ لاھلہ: مشقت سے عیال کیلئے کمائی کرنا۔ ــــ ہُ الھمُّ: کو غم کا مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "ھو مکدوہ من الھم": (وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے)۔ ــــ علیہ: پر غالب ہونا۔ کَدَّہَ الشیءَ: کو توڑنا۔ ــــ ہ بالحجر: کو پتھر سے سخت رگڑنا۔ ــ ہُ الھمُّ: کو غم کا مشقت میں ڈالنا۔ ــ علیہ: پر غالب آنا۔ تَکَدَّہَ: ٹوٹنا۔ الکَادِہُ (فا) ج کُدَّہُ: توڑنے والا۔ الکَدْہُ (مص) ج کُدُوہ: پتھر کی رگڑ کا اثر۔

کدو: کَدَا یَکْدُو کَدْوًا و کُدُوًّا الزرعُ: خراب فصل ہونا۔ ــ ت الارضُ: کے پودوں کا دیر سے اگنا۔ کِدَاءً الشیءَ: کو کاٹنا، کو منع کرنا۔

کَدِیَ یَکْدَی کَدًی بالعظم: ہڈی کا گلے میں اٹکنا۔ ــ المسکُ: بے خوشبو ہونا صفت کَدِیو کَدِیٌّ۔ ــ ت اصابعہُ: کی انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔ تَکَدَّی تَکَدِّیًا: مشقت برداشت کرنا۔

کَدِیَ: ا۔ کَدَی یَکْدِی کَدْیًا الرجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔ ــــ الرجُلَ: کو روکنا، مشغول کرنا۔ کَدَّی

تکْدِیَةً: سوال کرنا، خیرات مانگنا۔ اَکْدٰی اِکْدَاءً: دینے میں بخل کرنا۔ ـــ المطرُ: بارش کم ہونا۔ ـــ العامُ: خشک سالی ہونا۔ المعدنُ: جوہر نہ بنانا۔ ـــ النبتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا۔ ـــ الرجُلُ: مالدار ہونے کے بعد محتاج ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ الحافرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے نہ کھود سکنا، کہا جاتا ہے۔ حَفَرَ فاکدٰی: یعنی اس نے اسے کھودا تو سخت زمین پایا، ایسے ہی کہا جاتا ہے۔ سألہ فاکدٰی: یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اسے سخت زمین کی مانند پایا۔ ـــ ہ عن کذا: کو سے باز رکھنا، منع کرنا۔ تکَدّٰی تکَدِّیًا: عطیہ طلب کرنا اور سوال کرنے میں تکلف کرنا۔ الکادِیَۃُ: زمانہ کی سختی۔ الکُدْیَۃُ ج کُدًی: عطیہ طلب کرنا، باصرار مانگنے کا پیشہ، سخت ٹھوس زمین، بڑی سخت چٹان، زمانے کی سختی۔

۲۔ کَدٰی یَکْدِیُ کَدْیًا الوجہَ: چہرے میں خراش لگانا۔

۳۔ الکُدْیَۃُ، والکَدَاۃُ والکُدَایَۃُ: مٹی یا غلے کا ڈھیر۔

کذ: کَذَّ ـُ کَذًّا: کھردرا ہونا۔ اَکَذَّ: نرم پتھر پر چلنا۔ الکَذَّانُ واحد کَذَّانَۃٌ: نرم پتھر۔

کذب: کَذَبَ ـِ کَذِبًا و کِذْبًا و کَذْبَۃً و کِذْبَۃً و کِذَابًا و کِذَّابًا: جھوٹ بولنا، جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔ ـــ تِ العینُ: دھوکہ دینا۔ ـــ الرایُ: خلاف واقعہ ہونا، کہا جاتا ہے۔ کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ: یعنی تیری نظر نے تجھے دھوکہ دیا۔ کَذَبَ السیرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ کذب القومُ السُرَی: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے، یہ کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے کہا جاتا ہے۔ کَذَبہُ الحدیثَ جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔ کُذِبَ الرجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔ کَذَّبَ ہٗ: کو جھوٹا بنانا، جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ ـــ نفسَہٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا۔ ـــ عن فلان: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ ـــ عن امر اَرَادَہٗ: سے رک جانا۔ ـــ عَنّا الحرُّ: سے گرمی کا کم ہونا کہا جاتا ہے مَا کَذَّبَ ان فعل کذا: یعنی اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔ ـــ تَکْذِیْبًا و کِذَّابًا بالامر: کا انکار کرنا، کہا جاتا ہے۔ کَذَّبَ بآیاتِ ربّہٖ: اس نے اپنے رب کی نشانیوں کا انکار کیا۔ کَاذَبَ کِذَابًا و مُکَاذَبَۃً ہٗ: کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا ہے۔ اَکْذَبَ ہٗ: کو جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ کو جھوٹا پانا۔ کا جھوٹ ظاہر کرنا۔ ـــ نفسَہٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا کہا جاتا ہے اَکْذَبَ فلانٌ: جبکہ اسے آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا وہ سویا ہوا ہے اس سے اسم الاُکْذَابُ ہے تَکَذَّبَ: بتکلف جھوٹ بولنا۔ ـــ فلانًا وعلیہ: کو جھوٹا سمجھنا۔ تکَاذَبَ القومُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔ الکَاذِبُ ج کَذَبَۃٌ و کُذَّابٌ و کُذُبٌ (فا): جھوٹا۔ الکَاذِبَۃُ ج کَاذِبَاتٌ و کَوَاذِبُ: جھوٹی، جھوٹ۔ الکَذَّابُ بتثلیث الکاف والکُذْبٰی والکُذْبَانُ: جھوٹ۔ الکَذَّابُ والکُذَبَۃُ والتِّکِذَّابُ و المَکْذَبَانُ والمَکْذَبَانَۃُ: بڑا جھوٹا۔ الکَذَّابَۃُ مختلف رنگوں سے منقش کیا ہوا کپڑا جو ایسا دکھائی دے جیسے اس پر اصلی نقش و نگاری کی گئی ہے۔ الکَذُوبُ: نفس۔ (کیونکہ یہ انسان کو ایسی چیزوں کی آرزو دلاتا ہے جو انسان کی پہنچ اور بساط سے باہر ہوتے ہیں) ـــ ج کُذُبٌ والکَذْبَانُ والکَیْذَبَانُ والکَیْذُبَانُ: بڑا جھوٹا۔ الکَذُوبَۃُ: بڑا جھوٹا۔ نفس۔ الاُکْذُوبَۃُ ج اَکَاذِیْبُ: جھوٹ۔ التَّکَاذِیْبُ: لغو باطل باتیں۔ المَکْذَبَۃُ والمَکْذُبَۃُ ج مَکَاذِبُ والمَکْذُوبُ والمَکْذُوبَۃُ ج مَکَاذِیْبُ: جھوٹ۔

○ کَذَبَ ـِ کِذْبًا و کَذِبًا و کَذْبَۃً و کِذْبَۃً: جھوٹ بولنا، دھوکا دینا، گمراہ کرنا، بہکانا۔ ـــ ہ / علی: سے جھوٹ بولنا۔ کَذَّبَ ہ: کو جھوٹا کہنا، پر جھوٹ کا الزام لگانا، پر یقین نہ کرنا، کی بات کو باور نہ کرنا۔ ـــ ب / ہ: کو غلط ثابت کرنا، کو تسلیم نہ کرنا، کو ماننے یا پہچاننے سے انکار کرنا، کی تردید کرنا۔ ما کَذَّبَ اَنْ فعل: وہ ایسا کرنے میں نہ ہچکچایا۔ اَکْذَبَ ہ: سے جھوٹ بلوانا، کو جھوٹا کہنا، کو جھوٹا ثابت کرنا۔ پر جھوٹ کا الزام لگانا۔ کِذْب و کَذِب و کَذْبَۃ و کِذْبَۃ: جھوٹ، فریب، دھوکا، چال، داؤ و مکر، دغا، دروغ۔ کذب، کذبۃ ایریل: اپریل فول کا مذاق کَذُوب: جھوٹا۔ کَذّاب: جھوٹا، ٹھگ، دھوکے باز، عیار، فریبی، اُکْذُوبَۃ جمع اَکَاذِیب: جھوٹ۔ اَکْذَب: زیادہ جھوٹا۔ اَکْذَبُ مِن مُسَیْلِمَۃ: مسیلمہ سے زیادہ جھوٹا (بالعموم) تکذیب: رد، تردید، تکذیب، انکار، تسلیم کرنے سے انکار۔ کاذِب: جھوٹا، دروغ گو، مغالطہ یا دھوکے میں ڈالنے والی (چیز) مغالطہ آمیز، پر فریب، بظاہر صحیح، بناوٹی، مصنوعی، فرضی، جھوٹ موٹ، امل کاذب: مغالطہ آمیز امید، بلاغ کاذِب: بہتان، تہمت، اتہام، رسوائی، بدنامی، ہتک عزت۔ مَکْذُوب: جھوٹ، غلط، گھڑی ہوئی (بات) جھوٹا (الزام وغیرہ)۔

کذو: کَذَا: یہ دو طریقوں سے مستعمل ہے۔

۱۔ یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصل حالت پر رہیں جیسے رأیت زیدا فاضلا و رأیتُ عمرًا کذا: نیز اس پر ھا تنبیہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے۔ ھکذَا

۲۔ یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو لیکن عدد سے کنایہ ہو جیسے قبضت کذا و کذا درھما یا غیر عدد سے جیسے بمکان کذا و کذا یعنی کسی ایک جگہ پر۔ دیکھو ○ ك۔

کرّ: ۱۔ کَرَّ ـُ کُرُوْرًا: لوٹنا، مڑنا، کہا جاتا ہے۔ انھزم عنہ ثم کر علیہ: یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا، پینترا بدلنے کے لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا صفت کَرَّارٌ اور اسی سے کہا جاتا ہے۔ الجواد یصلح للکرّ والفرّ: (گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے)۔ ـــ اللیلُ والنہارُ: رات دن کا باری باری آنا۔ کَرًّا و کُرُوْرًا و تکْرَارًا الفارسُ علی العدو: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔ ـــ کَرِیْرًا المریضُ: جان دینا۔ کَرَّ ـِ کَرًّا صَدْرُہٗ: سے گلا گھٹتے ہوئے کی آواز نکلنا۔ کَرَّرَ تکْرَارًا و تکْرِیْرًا و تکِرَّۃً الشیئَ: کو بار بار کرنا۔ تکَرَّرَ: بار بار ہونا۔ الکَرَّۃُ ج کَرَّاتٌ: لڑائی میں حملہ، صبح و شام کو کرّتان اور قرّتان کہتے ہیں۔ الکَرَّارُ: لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ الکَرِّیُّ: لڑائی میں حملہ الکَرِیْرُ (مص) گلا گھٹے ہوئے کی طرح سینے کی آواز، گرد و غبار کی وجہ سے گلو گرفتگی۔ المَکَرُّ: لڑائی میں حملہ کی جگہ۔ المِکَرُّ: لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا کہا جاتا ہے۔ فرس مِکَرٌّ مِفَرٌّ: ایسا سدھایا ہوا گھوڑا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور سوار بھاگنے کا ارادہ کرے تو اسے لے کر بھاگ جائے۔ ناقۃٌ مِکَرَّۃٌ وہ اونٹنی جس کو دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

۲۔ الکُرُّ ج کِرَارٌ: کنواں ـــ ج اَکْرَارٌ: ایک پیمانہ کا نام (عبرانیہ) چادر۔ الکُرُّ ج کُرُوْرٌ: کھجور کے پتوں کی رسی۔ کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی، جہاز کا رسا ـــ الکَرُّ ج کِرَارٌ: کنواں و ـــ ج اَکْرَارٌ و کُرُوْرٌ: نماز پڑھنے کے لئے مصلّٰی۔ الکَرَّۃُ: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ و ـــ ج کَرَّاتٌ (ع ح): ایک لاکھ۔

۳۔ کَرْکَرَ کَرْکَرَۃً الشیئَ: کو بار بار دہرانا۔ ـــ الرحی: چکی گھمانا ـــ الحَبَّ: دانے پیسنا۔ ـــ الرجُلُ: ہنسنا ـــ فی الضحک: بہت زیادہ ہنسنا۔

بالدجاجة: مرغی کو بلانا۔ تکرکرَ فی الامر: میں مضطرب ہونا ـــ الماءُ: اپنے بہنے کی جگہ پر لوٹ جانا ـــ الطائرُ: ہوا میں منڈلانا۔ الکَرکَرَةُ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ الکُرکُورَةَ: گہری وادی۔

۴۔ کَرکَرَ کَرکَرَةً الشیءَ: کو جمع کرنا۔ ـــ ت الریاحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو منتشر ہونے کے بعد اکٹھا کرنا، یا بادلوں کو پھیرنا۔ الکِرکِرَةُ ج کَرَاکِرُ: لوگوں کی جماعت۔ الکَراکِرُ: گھوڑے کے جوڑ۔

۵۔ کَرکَرَ کَرکَرَةَ الرجُلَ: کو روکنا۔ ـــ الرجُلُ: شکست کھانا۔ ـــ الامرَ عنه: کو سے دفع کرنا، رد کرنا، ہٹانا۔

۶۔ الکَرکَرُ (ح) ایک آبی پرندہ۔ الکَرکَرَةُ: گاڑھا دودھ۔ الکِرکِرَةُ ج کَرَاکِرُ چوپائے کا سینہ۔

○ کَرَّ ـُ کَرًّا و کُرُورًا و تکرارًا علی: کسی شخص یا چیز پر رخ بدل کر حملہ کرنا ـــ: مڑنا واپس آنا، پھر ہونا، پسپا ہونا، ـ علی: پر حملہ کرنا، کو پچھاڑنا، زیر کرنا۔ ـــ کَرِیرًا: گلے میں کھڑکھڑ کرنا۔ کَرَّرَہٗ: کو دہرانا، دوبارہ کرنا، بار بار کرنا، ـــ ہ علی: بار بار کسی سے سوال کرنا۔ علی ہ: ـے بار بار کوئی سوال کرنا۔ ہ: کی توضیح کرنا کو واضح کرنا، صاف کرنا، صاف یا شفاف کرنا، کی تصحیح کرنا، کو پاک کرنا، خالص بنانا (چینی وغیرہ) کو مصفے کرنا، نتھارنا۔ تَکَرَّرَ: دہرایا جانا، پھر ہونا، مکرر کیا جانا، بار بار کہا جانا یا کیا جانا۔ خالص بنایا جانا۔ مُصَفّٰی کیا جانا۔ خالص کیا جانا۔ نتھرنا۔ کَرّ: حملہ الکَرّ و الفَرّ: (میدان جنگ میں) حملہ اور پسپائی بینَ کَرٍّ و فَرٍّ: ایک ایک کرکے، باری باری سے، اپنی اپنی باری سے، رہ رہ کر، رک رک کر، ٹھہر ٹھہر کرنا، کبھی کم کبھی زیادہ، جھٹکوں سے، علی کَرِّ الدھور اور علی کَرِّ الزَمَنِ: دوران وقت میں۔ کَرَّة: حملہ، واپسی، اعادہ، بار بار ہونا، ـــ جمع کَرَّات: ایک وقت، ایکبار، ایک لاکھ، کَرَّةً: ایک بار، ایک دفعہ ایک مرتبہ، کبھی کبھی، کبھی کبھار، گاہے گاہے، بعض اوقات۔ کَرَّةً اُخرٰی: دوبارہ، ایکبار دفعہ پھر۔ کَرَّةً بَعدَ کَرَّةٍ: بار بار، اکثر، کُرُور: واپسی، اعادہ، بار بار ہونا۔ کے بعد ہونا، کے بعد آنا، سلسلہ، ترتیب۔ کُرَّارِیَة جمع کُرَّارِیَات: ریل، دھاگے کی نلکی، مَکَرّ جمع مَکَرَّات: ریل تکرِیر: دہرانا، اعادہ، بار بار دہرانا، وضاحت، تصحیح، صفائی، مصفّٰی کرنا مَعمَل تکرِیرِ السُکَّر: چینی صاف کرنے کا کارخانہ۔ تَکرار: دہرانا اعادہ، بار بار دہرانا تَکرَارًا: بار بار، مکرر، تکرار سے، تواتر سے، اکثر، بیشتر، کئی بار، مرارًا و تکرارًا: بار بار، اکثر، مُکَرَّر: دہرایا ہوا، بار بار دہرایا ہوا، دوبار کے بعد، ایسا عدد جو دوسرے سے پورا پورا تقسیم ہو جائے، تصحیح شدہ، صاف کیا ہوا پاک کیا ہوا، سُکَّر مُکَرَّر: صاف کی ہوئی چینی۔ مُتَکَرِّر: بار بار ہونے والا، بار بار کہا ہوا، بار بار کیا ہوا، مکرر کیا ہوا، دہرایا ہوا، متعدد بار، اکثر، اکثر اوقات، بار بار واقع ہونے والا۔

○ کَرَاج جمع کراجات: گیراج Garage

○ کَرَار جمع کرارات: مودی خانہ، نعمت خانہ، بھنڈارہ، توشہ خانہ، خانہ جہاں مختلف اشیاء رکھی جاتی ہیں۔

○ کَرَافَتَة: نیک ٹائی، پرانی وضع کا گلوبند۔

○ کَرَاکُوفِیا: جنوبی پولینڈ کے ایک شہر کا نام (Cracow)

○ کَرَامِیل: سوختہ شکر کی مٹھائی۔

کرب: ۱۔ کَرَبَ ـُ کَرْبًا القَیدَ علی المقیَّد: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا ـــ الحبلَ: رسی بٹنا ـــ الدلوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا ـــ ہُ الامرُ: پر معاملہ کا دشوار ہونا ـــ ہُ الغمُّ: کو سخت غم ہونا ـــ کُرُوبًا الفاقةَ: کو بوجھل کرنا۔ کَرِبَ ـَ کَرَبًا الرجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا۔ کَرِبَ: کو غم لاحق ہونا۔ کَرَّبَ الدلوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسی باندھنا۔ اِکتَرَبَ اِکتِرَابًا واِکرَابَّ اِکرِنبَابًا: سخت غمگین ہونا۔ الکَرْبُ ج کُرُوبٌ، والکُربَةُ ج کُرَبٌ: غم اور مشقت الکَرَبُ واحد کَرَبَةٌ: ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسی۔ الکَرَبَةُ ج کَرَبٌ: گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے۔ الکَرَابَةُ ج کَرَائِبُ: سخت مصیبت۔ الکَرِیبُ: مغموم، غمگین۔ الکَرِیبَةُ ج کَرَائِبُ (مونث الکَرِیبُ کا) سخت مصیبت۔ المُکْرَبُ: مضبوط رسی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ ـــ من المفاصل: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔ المَکرُوبُ: غمگین۔

۲۔ کَرَبَ ـُ کُرُوبًا: قریب ہونا ـــ ت النارُ: آگ بجھنے لگنا۔ ـ ت الشمسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ فلانٌ: کھجور کے تنے کے قریب گری ہوئی کھجوریں کھانا، کہا جاتا ہے کَرَبَ یَفعَلُ یعنی وہ کرنے لگا، اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے۔ ـ کَرَبًا فلانٌ: گری ہوئی کھجوریں لینا۔ کَرَّبَ الرجُلُ: چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔ کَارَبَ مُکَارَبَةً وکِرَابًا ہُ: کے قریب ہونا۔ اَکرَبَ: قریب ہونا۔ الامرُ: قریب الوقوع ہونا۔ ـــ الاناءُ: برتن بھرنے کے قریب ہونا ـــ القربةَ: مشک بھرنا ـــ فی السیر: دوڑنا۔ تَکَرَّبَ: تنہ کے قریب کی کھجوریں چننا۔ الکَرَبُ واحد کَرَبَةٌ: کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑیں۔ الکُرَابَةُ، والکَرَابَةُ ج اَکرِبَةٌ: کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے الاِکرَابُ (مص): جلد بازی، تم کہتے ہو۔ خذ رجلیك باکراب: یعنی جانے میں جلدی کرو۔ الکَرُوبِیُّونَ والکَرُوبِیَّةُ واحد کَرُوبٌ: اور کبھی کاف کو شین سے بدل دیا جاتا ہے: یا اشرف ملائکہ یا مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُبِیمْ کہتے ہیں اور کبھی عبرانی لفظ کو ہی استعمال کرتے ہیں۔

۳۔ کَرَبَ ـُ کُرُوبًا: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی باڑی کرنا ـــ کَرْبًا وکِرَابًا الارضَ للزرعِ: کھیتی کے لئے زمین میں کھیتی باڑی کرنا۔ کَرَّبَ الرجُلُ: بمعنی کَرَبَ ـُ کُرُوبا: الکَرِیبُ من الارض: بغیر پانی و بغیر درخت کے زمین۔

۴۔ الکَرَابُ واحد کَرَبَةٌ: وادی میں پانی بہنے کی جگہیں، کہا جاتا ہے۔ مَا بالدار کَرَّابٌ: یعنی گھر میں کوئی نہیں۔ الکَرِیبُ: بانس کی گرہ، نانبائی کا بیلن۔ المِکرُوبُ: (طب) ایسی زندہ کائنات جو دوربین یا خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتی، یک خلیہ جو پانی، خون یا ہوا میں ہوتا ہے یہ متعدی امراض والے مریضوں سے تندرست لوگوں کو بیماریاں منتقل کرتا ہے خلیہ یونانی لفظ ہے جس کو عربی میں جرثومہ کہتے ہیں۔

۵۔ الکُربَجُ ج کَرَابِجُ: دکان یا دکان کا سامان۔ الکِربَاجُ: کوڑا (فارسی لفظ)۔ الکَرَابِیجُ: (ط) چند معجونوں کو ملا کر بنایا ہوا حلوہ جس کو گڑ ریوڑی کے ساتھ ملا کر کھایا جاتا ہے اسے کرابیج حلب: بھی کہا جاتا ہے۔

۶۔ کَربَدَ فی عَدوِہٖ: تیز دوڑنا۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔

۷۔ کَربَسَ: بیڑی پہنے ہوئے کی طرح چلنا۔ تَکَربَسَ من ظهر فرسه: گھوڑے کی پیٹھ سے گر جانا۔ الکِربَاسُ ج کرابیس: کھردرا کپڑا، شراب چھاننے کی چیز۔ رَجُلٌ مُکَربَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔

۸۔ کَربَشَ: چھلانگ لگانے کے لئے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ ـــ الشیءَ: کو لپیٹنا اور باندھنا۔ تَکَربَشَ الجلدُ: کھال کا سکڑنا۔

۹۔ کَربَعَ ہُ: کو پچھاڑنا۔ ـــ الشیءَ بالسیف: کو تلوار سے کاٹنا ـــ قوائمه: کی ٹانگیں جدا کرنا۔ تکَربَعَ:

چوتڑوں کے بل گرنا۔

۱۰۔ کَرْبَلَ: کیچڑ میں چلنا، پانی میں گھسنا۔ الشیئ بالشیئ: کو سے ملانا۔ ــــ الحنطةَ: گندم چھاننا، صاف کرنا۔ الکِرْبَالُ ج کَرَابِیْلُ: گندم صاف کرنے والا چھلنا، روئی دھننے کی کمان۔ الکَرْبَلَةُ (مص): پاؤں کی سستی، کہا جاتا ہے۔ جَاءَ یَمْشِیْ مُکَرْبِلًا: یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔

۱۱۔ الکُرْبُوْنُ او الفحیم (ك): ایک مفرد جسم جو کہ کوئلہ بنانے کی تمام اقسام کا بنیادی عنصر ہے، تمام زندہ کائنات کی ترکیب میں دخل رکھتا ہے الماس ایک صاف بلوری عنصر ہے۔ الکَرْبُوْنَاتُ: ایک سفید رنگ کا سفوف کاربونک ایسڈ Carbonic acid اور ایک اور جسم سے مرکب ہے (یونانی)۔

○ کَرَبَ ـُ کَرْبًا ہ: کو رنج، تکلیف یا مصیبت پہنچانا، مغموم کرنا، تشویش میں مبتلا کرنا، ستانا۔ ــ ہ: جانور پر بہت زیادہ بوجھ لاد دینا۔ اَکْرَبَ: جلدی کرنا، دوڑنا، دوڑ پڑنا۔ اِنْکَرَبَ و اِکْتَرَبَ: پریشان ہونا، رنجیدہ ہونا، مصیبت زدہ ہونا، تکلیف زدہ ہونا، بے چین ہونا، متفکر ہونا، بے تاب ہونا، اندیشناک ہونا، خائف ہونا، کَرْب جمع کُرُوْب: پریشانی، تشویش، غم، افسوس، رنج، آزردگی، ملال، الم، مصیبت، تکلیف، اندیشہ، چنتا، تردد، فکر، خوف، خدشہ، تشویش، پریشانی، بے چینی، اضطراب، عذاب، اذیت، دماغی الجھن، ذہنی کرب۔ کُرْبَة جمع کُرَب: بمعنی کَرْب۔ مَکْرُوْب و مُکْتَرِب: غمگین، پریشان، رنجیدہ، ملول، غم زدہ، آزردہ، تکلیف زدہ، مصیبت زدہ، خائف، بے چین، متفکر، بے تاب، ڈرا ہوا، دہشت زدہ، خوف زدہ، بوکھلایا ہوا، گھبرایا ہوا۔

○ کَرِب: کریب (سیاہ، ریشم یا روئی کا شکن دار کپڑا وغیرہ)

○ کَرُوْب و کُرُوْبی جمع کَرُوْبِیُوْن و کَارُوْبِیْم: فرشتۂ اعظم

○ کُرْبَاج و کِرْبَاج جمع کرابیج: کوڑا، درّا۔

○ کِرْبَاس جمع کَرَابِیس: سفید روئی کا کپڑا۔

○ کِرْبَال جمع کَرَابِیل: روئی تومبنے کی کمان، موٹے سوراخوں والی چھلنی۔

○ کَرْبَلَا: عراق کے ایک شہر کا نام۔

○ کَرْبُوْن: کوئلہ ورق کربون: کاربن پیپر۔

○ کُرَّات (کُرَّات): پیاز کا سا پودا، گندنا۔

○ اَکْرَت: گھتی دار یا بل دار (بال) پیچ دار (بال) گھونگر والے (بال)

○ کَرْتَنَ علی: کو قرنطینہ میں رکھنا، لمبی قید میں رکھنا۔ تَکَرْتَنَ: قرنطینہ میں رکھا ہوا ہونا۔

○ کَرْتُوْن جمع کَرَاتِین: گتا، گتے کا ڈبہ۔

کرت: کَرْتَحَ ہُ: کو پچھاڑنا، تَکَرْتَحَ فی مشیه: تیزی سے گزر جانا۔

کرث: ۱۔ کَرَثَ ـِ کَرْثًا و اَکْرَثَ الغمُّ فلانًا: کو سخت غمگین کرنا۔ اِکْتَرَثَ بالامر: کی پرواہ کرنا، کہا جاتا ہے۔ هو لا یکترث لهذا الامر: وہ اس معاملہ کی پرواہ نہیں کرتا۔ اِنْکَرَثَ الحبلُ: رسی کا ٹوٹنا۔ الکَارِثُ مونث کَارِثَةٌ ج کَوَارِثُ: غم انگیز معاملہ۔ الکَرِیْثُ: غم انگیز معاملہ کہا جاتا ہے۔ انهَ لکریث الامر: جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔

۲۔ الکُرَّاثُ و الکَرَّاثُ واحد کَرَّاثَةٌ: گندنا، بدبودار قسم کی سبزی، جس کی بعض قسمیں لہسن سے مشابہ ہوتی ہیں بعض قسمیں سالانہ ہوتی ہیں اور بعض اس سے بھی زیادہ دیر تک رہتی ہیں یہ ان علاقوں میں ہوتی ہیں جن کی آب و ہوا معتدل ہوتی ہے اس کے تنے کو پکا کر کھایا جاتا ہے اور اس کے استعمال سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔ الاَنْدَلُسِیّ او القُفْلُوط: یہ ایک قسم کی سبزی ہے اس کا حجم بہت چھوٹا ہوتا ہے مشرق وسطی میں کم کاشت کی جاتی ہے اس کا چھلکا مسالہ بنانے کے کام آتا ہے اس کے پتوں کو سلاد میں ملایا جا سکتا ہے۔

۳۔ کَرِثَ و تَکَرْثَأَ الشَعَرُ ونحوہُ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔ الکِرْثِئُ: تہ بتہ بادل، انڈے کے اوپر کا چھلکا۔ الکِرْثِئَةُ و الکُرْثَأَةُ: گنجان سبزی۔

○ کَرَثَ ـُ کَرْثًا ہُ: کو افسردہ کرنا، پریشانی میں ڈالنا، تشویش میں ڈالنا، مغموم کرنا، تکلیف دینا، پر دباؤ ڈالنا، کو ایذا دینا، اَکْرَثَ ہ بمعنی کَرَثَ ہ۔ اِکْتَرَثَ ل: کی نگہداشت کرنا، پر توجہ دینا، میں دلچسپی لینا۔ کَرِیْث: افسردہ، پریشان، تشویش میں مبتلا، تکلیف زدہ، روحانی اذیت میں مبتلا، تشویش زدہ، مصیبت میں مبتلا، تنگ کیا ہوا، ناراض کیا ہوا کَرَّاث و کُرَّاث (بمعنی کُرَّات) پیاز کا سا پودا، گندنا۔ اِکْتِرَاث: توجہ، نگہداشت، دلچسپی، التفات، دھیان، فکر، تشویش۔ کَارِث: دباؤ ڈالنے والا، جابرانہ، ظالمانہ، تکلیف دہ، دردانگیز، ضرررساں، قِلَّةُ الاکتراث: بے اعتنائی، بے توجہی، عدم دلچسپی کَارِثَة جمع کَوَارِث: شامت، آفت، عظیم تباہی، کَارِثَةُ الامطار: قدرتی آفت، تیز و تند بارشیں۔

کرج: کَرِجَ ـَ کَرَجًا و کَرَّجَ و اَکْرَجَ و تَکَرَّجَ الخبزُ: خراب ہونا اور اس کے اوپر پھپھوندی لگنا عوام اسے عفّن سے تعبیر کرتے ہیں۔ الکُرْجُ واحد کُرْجِیٌّ: لوگوں کی ایک قوم ـ و الکُرَّجُ: بچھیرے کی شکل کی ایک چیز جس پر کھیلتے ہیں (فارسی)۔ الکُرَّجِیُّ: مخنث، ہیجڑا۔

کرح: الکِرْحُ ج اَکْرَاحُ: راہب کی کوٹھڑی (سریانی)

کرخ: کَرَخَ ـَ کَرْخًا الماءَ الی مواضعه: کو اس کی جگہوں کی طرف چلانا۔ الکَرْخَانَةُ: کارخانہ۔ مولدین قحبہ خانہ کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ (فارسی)

کرد: ۱۔ کَرَدَ ـُ کَرْدًا الدابةَ: کو ہانکنا۔ ـ العدوَّ: دشمن کو ہٹانا۔ کَارَدَ مُکَارَدَةً ہ: کو دفع کرنا۔ ہٹانا۔

۲۔ کَرَدَ ـُ کَرْدًا الشیئَ: کو کاٹنا۔ الکَرْدُ: گردن کی جڑ کہا جاتا ہے۔ اَخَذَہُ بِکَرْدِہٖ اَوْ بِکَرْدَکِہٖ: اس نے اس کی گردن کو پکڑ لیا۔ کی جڑ (گدی)

۳۔ کَرْدَحَ: پستہ قد شخص کی طرح دوڑنا۔ تَکَرْدَحَ فی عَدْوِہٖ: پستہ قد شخص کی طرح دوڑنا۔ جیسے لڑھک رہا ہو۔ الکُرَادِحُ: پستہ قد شخص۔ الکِرْدَاحُ: دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔ الکَرْدَحَةُ (مص): تیز دوڑ۔

۴۔ کَرْدَحَ فُلانًا: کو پچھاڑنا۔

۵۔ الکِرْدِحُ: مضبوط مرد۔ بڑھیا۔ المُکَرْدِحُ: ذلیل و خوار۔

۶۔ کَرْدَسَ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ ــــ الخیلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا۔ ــــ الشیئَ: کو باندھنا اور بیڑی ڈالنا۔ کُرْدِسَ الرجلُ: کے ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔ تکَرْدَسَ: سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔ الکُرْدُوْسُ: کندھے کی ہڈی۔ الکُرْدُوْسَةُ ج کَرَادِیْسُ و کَرَادِیْسُ: ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں، گھوڑوں کا بڑا اگلا۔ کَرَادِیْسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔ المُکَرْدَسِ: گھٹے بدن والا اصل میں یہ یونانی لفظ تھا اسے عربی بنایا گیا ہے۔

۷۔ کَرْدَسَ الحمارَ: گدھے کو تیز ہانکنا۔ ــــ ہ: کو پچھاڑنا۔

۸۔ کَرْدَمَ: موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ ــ القوم: کو جمع کرنا۔ تکَرْدَمَ: گھبرا کر دوڑنا۔ الکَرْدَمُ ج کَرَادِمِ: بہادر ــ من الرجال: موٹا پستہ قد۔ الکُرْدُوْمُ ـ من الرجال ج کَرَادِیْمُ: موٹا پستہ قد۔

۹۔ الکَرْدِیْنَالُ ج کَرَادِلَةٌ: (کارڈینال) گرجا کا ایک

اونچا عہدہ۔

○ الکُرْد: کردلوگ بِلاد الکُرْد: کردستان کُرْدِی: کردی جمع اَکراد: کردلوگ جبلْ الاکراد: کردی پہاڑیاں، کردستان۔ کَرْدَس ہ: کا ڈھیر لگانا۔ — ہ/ہ: کو کھچا کھچ بھرنا، کا ہجوم کرنا۔

○ کِردان جمع کَرَادِین: ہار، چمپاکلی۔

کرز: کَرَزَ ـِ کُرُوْزًا: داخل ہونا، پوشیدہ ہونا۔ — الی فلان: کی پناہ لینا۔ کَارَزَ مُکَارَزَۃً الی المکان: دوڑ کر مکان میں چھپنا۔ — عنہ: سے بھاگنا۔ — ہ: سے بھاگنا اور آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ الکُرْزُ ج اَکْرَاز و کِرَزَۃ: چرواہے کا تھیلا، چھوٹی بوری۔ الکُرَازُ ج کِرْزَانُ والکُرَّازُ: شیشی، تنگ سروالا کوزہ۔ الکَرَّازُ ج کَرَارِیْزُ: (ح) چرواہے کا تھیلا اٹھانیوالا بے سینگ کا مینڈھا کیونکہ سینگوں والا مینڈھا سینگوں سے ٹکراتا رہتا ہے۔ — من المعز: گھنٹی دار بکری جس کے پیچھے ریوڑ چلتا ہے۔

۲۔ کَرَزَ ـِ کَرْزًا: وعظ کرنا اور انجیل کی بشارتیں سنانا۔ (سریانی)۔ الکَارِزُ والکَارُوْزُ: انجیل کا واعظ۔ الکِرَازَۃ: مسیحی حقائق کا وعظ۔

۳۔ کَرَّزَ البازیَ: باز کو سدھانے کے لئے آنکھوں کو سینا اور کھلانا حتی کہ وہ سیکھ جائے۔ الکُرَّزُ ج کَرَارِزَۃ (ح): باز۔ و الکُرَّزِیُّ والمُکَرَّزُ: لئیم، خبیث۔

۴۔ کُرِّزَ البازِی: باز کے پروں کا گرنا۔ کَارَزَ مُکَارَزَۃً القومُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔

۵۔ کُرْزُ الجُعَلِ ج اَکْرَازٌ و کِرَزَۃٌ: گبریلا کی گولی۔ الکَرَزُ واحد کَرَزَۃٌ: (ن) پھولوں والا ایک پودا جو ابتدائی طور پر ایران میں اگا اس کا پھل شفتالو کی طرح لیکن اس سے ذرا چھوٹا ہوتا ہے اسے تازہ بھی کھایا جاتا ہے اور مشروبات کی تیاری میں بھی استعمال کیا جاتا ہے اب یہ تمام معتدل آب و ہوا والے علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ (یونانی) الکُرَّزُ ج کَرَارِزَۃٌ: حاذق ماہر، نجیب۔ الکَرِیْزُ: پنیر۔

۶۔ کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرجُلُ: دوپہر میں کھانا۔ الکَرْزَمُ: بہت کھانے والا، چھوٹی ناک والا، کلہاڑا۔ الکِرْزِمُ ج کَرَازِمُ والکِرْزِیْمُ ج کَرَازِیْمُ: کلہاڑا، سخت مصیبت۔

○ کَرْز و کَرَازَۃ: وعظ، انجیل کا وعظ یا خطبہ، الکَرَازَۃُ المَرْقُسِیَۃ: عیسائی ولی مرقس کا مشنری صوبہ (میدان)، مصری عیسائی قبیلہ کا دائرہ اختیار۔ تکْرِیز جمع تکارِیز: نیاز، نیاز، چڑھاوا، اشیرباد (عیسائیت میں)۔ کَرَز واحد کَرَزَۃ: گیلاس، شاہ دانہ۔ کَرَزِی: گیلاس جیسا سرخ۔

کرس: کَرَّسَ البناءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔ اَکْرَسَ المکانُ: کا بول و براز سے لتھڑنا۔ — ہ: کو بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔ تکَرَّسَ: بنیاد رکھا جانا۔ — الشیئُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا۔ — اُسُّ البناء: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا — الحبَّ ونحوہُ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔ الکِرْسُ ج اَکْرَاس '' جج اَکَارِسُ و اَکَارِیْسُ: اصل، بول و براز سے لتھڑا ہوا، ہر چیز کا ڈھیر، بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ کِرْسُ الحوض: حوض کے اردگرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔ الکُرَّاسُ والکُرَّاسَۃُ ج کَرَارِیْسُ: کتاب کا جزء، پمفلٹ الکُرْسِیُّ ج کَرَاسِیُّ و کَرَاسٍ: تخت، کرسی، جس پر بیٹھا جائے، (کہا جاتا ہے۔ اجعل لھذا الحائط کرسیا: اس دیوار کے لئے پشتہ بنادو) علم کہا جاتا ہے۔ ھو من اھل الکرسی: یعنی وہ اہل علم میں سے ہے۔ — الرسولیُّ: پادری کا مرکز اعمال۔ کُرْسِیُّ الملكِ: تخت شاہی۔ کُرْسِیُّ الاسقفِ: پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ الجوزاء (فلك): مجمع النجوم کا ایک ستارہ۔ الکَرَاسِیُّ: علماء۔ الکِرْیَاسُ ج کَرَایِیس: چھت کے اوپر پاخانہ۔ المُکَرَّسُ (مفع) من القلائد: دودھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المُکَرَّسُ (مفع): جوان پستہ قد پر گوشت۔ — من القلائد: بمعنی المُکَرَّسُ

۲۔ کَرَّسَ الشیئَ لہٗ: کو کیلئے وقف کرنا، خاص کرنا۔ — نفسَہٗ علی الشیئ: کیلئے وقف ہونا۔ الاسقفُ البیعۃَ او الاوانی الکنسیَّۃَ وَغیرَھا: پادری کا گرجے اور گرجے کے برتنوں وغیرہ کو وقف کرنا، (خدمت الٰہی کے لئے مخصوص کرنا)۔ تکَرَّسَ: وقف ہونا، خدمت اللہ کے لئے مخصوص ہونا۔ اِنکَرَسَ علیہ: پر اوندھا ہونا۔ — فی الشیئ: میں اوندھا ہو کر داخل ہونا۔

۳۔ الکَرَوَّسُ: بڑے سروالا۔ ہر ضخیم چیز، سیاہ۔

۴۔ الکَرَسْتہ ء فی اصطلاح السکافین: جوتی بنانے والا چمڑہ۔ تاجر الکرستہ: چمڑے کا تاجر (ترکیہ)

۵۔ کَرْسَعَ کَرْسَعَۃً الرجُلُ: دوڑنا۔

۶۔ کَرْسَعَ کَرْسَعَۃً فلانًا: کے گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔ الکُرْسُوْعُ ج کَرَاسِیْعُ: گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ کُرْسُوْعُ القلمِ: ٹخنے کا جوڑ۔ المُکَرْسَعُ مونث مُکَرْسَعَۃٌ: گٹے کے چھنگلیاں کی طرف ابھرا ہوا حصہ والا

۷۔ الکُرْسَعَۃُ والکُرْسُوْعَۃُ: لوگوں کی جماعت۔

۸۔ کَرْسَفَ الدابَّۃَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔ — البعیرَ: اونٹ کے پاؤں کس کر باندھنا۔ — اللواۃَ: دوات میں صوف ڈالنا۔ تکَرْسَفَ: کونچ کٹنا، پاؤں بندھنا، دوات میں صوف پڑنا۔ — الشیئُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔ الکِرْسَافَۃُ: آنکھ کی کدورت اور سیاہی۔ الکُرْسُفُ والکُرْسُوْفُ: روئی۔ الکُرْسُفَۃُ والکُرْسُوْفَۃُ: روئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔

۹۔ الکِرْسِنَّۃُ والکِرْسَنَّۃُ (ن): ایک پھلی دار پودا جو چارہ کے کام آتا ہے۔

○ کَرَّسَ ہ: (عمارت) کی بنیاد رکھنا۔ تکَرَّسَ: متحد رہنا، مربوط رہنا، کُرْسِی جمع کَرَاسی و کَرَاسٍ: کرسی، تخت۔ اسقف کا علاقہ، نشست، پروفیسر کا عہدہ، یونیورسٹی کی پروفیسری، بنیاد، پایا، نیو، گولی (مشین کا پرزہ) کرسی بِیل یا کرسی بِلّی: بال، بیرنگ، کرسی دائِر: چول اور چھلے والا اسٹول، گھومنے والا اسٹول، گھومنے والی کرسی۔ الکرسی الرَسُولی: داعی کا علاقہ۔ کرسی طویل: آرام کرسی یا صوفہ، کرسُی المَلِك: تخت شاہی کرسُی المَمْلَکَۃ: راجدھانی، دارالسلطنت، دارالحکومت۔ کرسی ھزّاز: جھولنے والی کرسی، جھولا کرسی۔ اُستاذ کرسی: مکمل پروفیسر۔ کُرَّاسۃ جمع کراسات و کراریس: چوبیس تختے کاغذ، کتابچہ، نوٹ بک، کاپی بک، نقشوں کی کتاب، خاکوں کی کتاب، رسالہ، پمفلٹ، گلدستہ (کتاب کا) کَرَّسَ ہ: (عیسائیت میں) کسی چیز کو دینی کام کے لئے وقف کرنا۔ — ہ: اصولوں کو (مثلاً) مقدس قرار دینا۔ — ہ ل: کو سے منسوب کرنا، کو کی نذر کرنا۔ تکْرِیس: نذر نیاز، وقف، انتساب، رسومات کے ساتھ آغاز، افتتاح (مسیحیت میں) نذر، وقف، تہدیہ، کتاب معنون کرنے کا مقدمہ، نذر کرنا، وقف کرنا، مُکَرَّس: نذر کیا ہوا، وقف کیا ہوا، دینی کام کے لئے وقف شدہ۔ ماءٌ مُکَرَّس: متبرک پانی۔

○ کُرْسُوع جمع کَرَاسِیع: کلائی کی ہڈی

○ کَرْسَفَ ہ: کسی جانور کی کونچیں کاٹنا، کِرْسِنَّۃ و کِرْسَنّۃ: پھلی دار پودے جو چارے کے کام آتے ہیں۔

کرش: ۱۔ کَرِشَ — کَرَشًا الجلدُ: آگ سے کھال سکڑنا۔ — الرجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔ کَرَّشَ: ترش روئی کرنا۔ مُکَرَّشَۃ: (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔ تکَرَّشَ القومُ: اکٹھا ہونا، جمع ہونا۔ —

وجهُهُ: ترش رو ہونا۔ اِستَکرَشَ الرجُلُ: تیوڑی چڑھانا اور ترش روئی کرنا۔ ـــــ الجديُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا اور وہ کھانا شروع کردے۔ ـــ ت اِنفَحَۃُ الجدی: بکری کے بچے کے انفحہ کا کرش ہونا۔ (بکری کا بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو انفحہ کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کرش کہتے ہیں۔ الکِرْشُ والکَرِشُ ج کُرُوْشٌ: کھروں والے اور جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مونث) ـــــ ج اَکْرَاش و کُرُوْش: خوشبو کا ڈبہ، کپڑے کی گٹھڑی، لوگوں کی جماعت، مرد کے اہل وعیال، چھوٹی اولاد۔ (ن) ایک بہترین قسم کی گھاس جسے کھا کر اونٹ اور گھوڑے موٹے ہوجاتے ہیں۔ کَرِشُ القوم: قوم کا بڑا حصہ۔ کَرِشُ کُلِّ شَیئٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔ الاَکْرَشُ من الرجال مونث کَرْشَاءُ ج کُرْشٌ: بڑے پیٹ والا۔ اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پرگوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی انگلیوں والا قدم۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ والی گدھی۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ التَّکْرِیْشَۃُ (ط): اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔ المُکَرَّشَۃُ (ط): گوشت وغیرہ پر مشتمل کھانا جو اوجھ کے ٹکڑے میں پکایا جاتا ہے۔

۲۔ الکَرْشَنَۃُ: عربی حروف کو اجنبی حرفوں کے انداز میں لکھنا یا اس کے برعکس کرنا۔ الکَرْشُوْنِیُّ: عربی الفاظ جو سریانی حروف میں لکھے جائیں (سریانیہ)۔

○ کَرِشَ ـــ کَرَشًا: جھریاں پڑنا، شکن پڑنا، مرجھانا، سوکھ کر جھری دار ہونا، پرشکن ہونا، بل ڈلنا، اینٹھنا، چیں بہ جبیں ہونا، کَرَّشَ: اپنے چہرے پر جھریاں ڈالنا، شکن ڈالنا، بھنویں سکوڑنا، تیوری چڑھانا، چیں بہ جبیں ہونا، خفگی کی نگاہ سے دیکھا، گھورنا، آنکھیں نیلی پیلی کرنا، گھرکنا، چشم نمائی کرنا۔ تَکَرَّشَ بمعنی کَرِشَ۔ کِرْش و کَرِش (مونث) جمع اَکْرَاش و کُرُوْش: پیٹ، شکم، توند، کِرْشَۃ: آنت، انتڑی، اوجھڑی، آنتیں، انتڑیاں۔ کَرِیشۃ: کریب (کپڑے کی ایک قسم) اَکْرَش اور مُکَرِّش: توند والا، توندل، بڑے پیٹ والا۔

کرص: کَرَصَ ـ کَرْصًا الشیئَ: کو کوٹنا، ہاتھ سے نچوڑنا۔ کَرَّصَ: پنیر کھانا۔ الکَرِیْصُ: پنیر، پنیر بنانے کی جگہ۔ اِکْتَرَصَ الشیئَ: کو جمع کرنا۔ المِکْرَصُ: دودھ دوہنے کا برتن۔

کرض: کَرَضَ ـ کَرْضًا الشیئَ: کو تہہ بتہہ رکھنا۔

کرظ: کَرَظَ ـ کَرْظًا فی عرض فلان: کو طعنہ دینا، کی عزت میں عیب لگانا کہا جاتا ہے۔ هُوَ مَکْرُوْظُ الحَسَبِ: اس کا حسب معیوب ہے۔

کرع: کَرَعَ ـ کَرْعًاۃً: کی پنڈلی پر تیر مارنا۔ کَرِعَ ـ کَرَعًا: پنڈلی کی تکلیف کی شکایت کرنا، پایہ کھانے کا شوقین ہونا، باریک پنڈلی والا ہونا۔ ـــ ت الساقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔ تکَرَّعَ الرجُلُ: وضو کرنا، اطراف اعضاء پر پانی بہانا۔ الکَرَعُ: جانور کی ٹانگیں، کمینے فرد یا یہ لوگ، جنہیں جانور کی ٹانگوں سے تشبیہ دی گئی ہے، کمینی طبیعت کا/ کے مالک، واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے، کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ کَرَعٌ و رِجَالٌ کَرَعٌ۔ الکُرَاعُ ج اَکْرُعٌ و اَکَارِعُ: گائے اور بکری کے پائے (مذکر ومونث) بعض کے بقول کُرَاع ٹخنوں کے نیچے کے حصہ کو کہتے ہیں۔ والکُرَاعُ مِنَ الانسانِ: گھٹنے سے نیچے کی پنڈلی، گھوڑے، گدھے، خچر، ہر شئے کا کنارہ۔ کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کا گوشہ کہا جاتا ہے۔ اِمْشِ فِی کُرَاعِ الطَّرِیقِ: یعنی راستے کے کنارے پر چلو۔ اَکَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔ الکُرَاعِیُّ: پائے بیچنے والا۔ الکَرَّاعُ: کم تر لوگوں کا ہم نشیں۔ الاَکْرَعُ: پتلی پنڈلیوں والا۔ فَرَسٌ مُکْرَعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔

۲۔ کَرَعَ ـ کَرْعًا و کُرُوْعًا فی الماء او الاناء: پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔ کَرِعَ ـ کَرَعًا و کُرُوْعًا فی الماء او لاناء: منہ لگا کر پانی پینا۔ کَرَعَاتِ السماءُ: آسمان کا بارش برسانا۔ اَکْرَعَ القومُ: کو منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔ ـــ ہُ الصیدُ: سے شکار کا قریب ہونا۔ الکَارِعُ (فا): پانی میں غوطہ لگانے والا پیے یا نہ پیے۔ الکَارِعَۃُ ج کَارِعَاتٌ، الکَارِعُ کی مونث۔ الکَارِعَاتُ: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔ الکَرَعُ (مص): منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ الکَرَّاعُ: (اسم مبالغہ فعّال کے وزن پر) بارش کے پانی سے اپنے جانوروں کو سیراب کرنے والا۔ الکَرِیعُ: برتن نہ ہونے کی وجہ سے چلو بھر کر دریا سے پانی پینے والا۔ المَکْرَعُ ج مَکَارِعُ: جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ المُکْرَعَۃُ من النخیل وغیرہ: پانی میں لگائے ہوئے کھجور وغیرہ کے درخت۔

○ کَرَعَ وکَرِعَ ـــ کَرْعًا و کُرُوْعا: چسکی لینا، ہونٹوں سے تھوڑا تھوڑا پینا۔ تَکَرَّعَ: پاؤں دھونا، ٹانگیں دھونا (نماز کی تیاری کرتے ہوئے) وضو کرنا، ڈکار لینا۔ کَرْعَۃ: چسکی، چسکی لینا، وہ مقدار جو ایک دفعہ نگلی جاسکے۔ کُرَاع (مذکر ومونث) جمع اَکْرُع و اَکَارِع: پاؤں، خصوصا بھیڑ یا بیل کے پائے، ٹانگ، حد، انتہا، اکارِع الأرض: زمین کے دورترین علاقے۔ تَکْرِیْعَۃ: ڈکار لینا، ڈکار، کارِع جمع کَوَارِع: پاؤں، جانوروں کے پائے، ٹخنہ، ٹخنہ کی ہڈی، جمع بھیڑ کے پایوں سے تیار کیا ہوا کھانا۔ کَرَفْس: اجوائن خراسانی۔

کرف: کَرَفَ ـ کَرْفًا و کِرَافًا و اَکْرَفَ الحمارُ وغیرُہُ: گدھے وغیرہ کا پیشاب کو سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ ـ الشیئَ: کو سونگھنا۔ الکِرْفُ: ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

۲۔ الکَرَّافِیَّۃُ (عند العامۃ): چھوٹی گردن اور کھلے جسم والی صراحی (اطالوی زبان)۔

۳۔ کَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ ـ القومُ: خلط ملط ہونا۔ تَکَرْفَأَ السحابُ: بادل کا تہہ بتہہ ہونا۔ الکِرْفِئُ: بلند بادل اور اس کے ایک حصہ کو کِرْفِئَۃ کہتے ہیں، انڈے کے اوپر کا چھلکا۔

۴۔ المُکْرُفِحُ: بدصورت چہرہ والا۔

۵۔ کَرْفَسَ کَرْفَسَۃً: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ ـ البعیرَ: کونچ باندھنا۔ تکَرْفَسَ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔ الکُرْفُسُ (ن): روئی۔ الکَرَفْسُ (ن): جوائن کی نسل کی ایک سبزی ہے جو بحر متوسط کے ساحلوں اور دیگر کئی علاقوں میں بھی کاشت کی جاتی ہے ابتدائی طور پر اس کو طبی پودے کے طور پر اگایا گیا تھا بعد میں یہ غذائی اجناس میں شامل ہوگئی اور اس کی مختلف قسمیں ہیں ان میں سے ایک کَرَفْسٌ کَرَنْبِی ہے جس کی جڑیں کھائی جاتی ہیں۔ (سریانیہ)۔

کرك: الکُرْکِیُّ: ج کَرَاکِیُّ (ح): سارس نام کا ایک پرندہ مٹیالہ رنگ، گردن اور ٹانگیں لمبی، دم بالکل چھوٹی، تھوڑے گوشت والا، کبھی کبھی پانی میں رہتا ہے۔ الکَرْکِیُّ: مثلا تقطیر کے لئے مستعمل ہے (عامی زبان میں)

۲۔ الکَرْکَدَّنُ (ح): گینڈا، بہت بڑے کھر دار جسم اور بالوں سے عاری چھوٹی ٹانگوں اور مضبوط جسم والا جانور، ٹانگیں چھوٹی جبکہ جسم مضبوط، سر پہ ایک سینگ ہوتا ہے، بعض قسموں میں ایک سینگ کے اوپر ہی ایک اور سینگ ہوتا ہے اس کو مِرْمِیس اور وَحِیدُ القرن بھی کہتے ہیں (فارسیہ)

۳۔ کَرْکَسَ الشیئَ: کو رد کرنا، ہٹانا۔ ـــــ الدابۃَ: چوپائے کو باندھنا ـــ و تَکَرْکَسَ الانسانُ: اوپر

سے نیچے لڑھکنا۔

۴۔ الکُرْکُمُ: مصطگی (ن) زعفران (ن): مصطگی ایک نباتات کی جڑ جو ورس یا اس کے مشابہ ہے۔ (دیکھو الورس)

۵۔ الکُرْکَنْدُ: سرخ رنگ کا گوند، گینڈا۔

○ کُرْك: پوستین، سمور، جانور کی ملائم کھال۔ کَرْکَة: عرق نکالنے، مقطر کرنے یا جوہر کشید کرنے کا آلہ یا بوتل۔ بھبکا۔ قرنبیق۔ کُرْکی جمع کَرَاکِي: کلنگ، کرکول، سارس۔ لق لق۔ کَرَّاکَة جمع کَرَّاکات: دریاؤں وغیرہ کی تہہ سے کیچڑ نکالنے کی مشین (ڈریج) اصلاحی قید خانہ۔

○ کَرْکَبَ ہ: کو بے ترتیب کرنا، تلے اوپر کر دینا، درہم برہم کر دینا، گڈمڈ کر دینا۔ —: شور برپا کرنا۔ کَرْکَبَة: بے ترتیبی، افراتفری، پراگندگی۔ ابتری۔ خلط ملط، بدنظمی۔ گڑبڑ۔

○ کَرْکَنّ و کَرْکَدَن: گینڈا، کرکدن، کرکدن بحری: ایک سینگ والی وہیل مچھلی جو بحر شمال میں ہوتی ہے۔ کَرْکَرَ ہ: کو دہرانا، مکرر کرنا، بار بار کہنا یا کرنا۔ —: پیٹ کا گڑگڑانا، گدگدی ہونا۔ لطف آنا۔ کَرْکَرَ فی الضحك: کھلکھلا کر ہنسنا، زور سے ہنسنا، کَرْکَرَة: اونچی آواز میں ہنسی، پیٹ کی گڑگڑاہٹ

○ کُرْکُم: پسی ہوئی (ہلدی)، زرد چوب، ہلدی پٹرس۔

○ کَرْکَنْد: مختلف رنگوں کا لعل، یاقوت۔ جھینگا مچھلی۔

○ کَرْکوز: نقلی کھیل۔

○ کَرْکون: تھانہ، پولیس چوکی۔

کَرَمَ ـُ کَرْمًا ہُ: پر کرم میں غالب ہونا، کہا جاتا ہے کَارَمَہٗ فَکَرَمَہٗ: اس نے اس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہو گیا۔ کَرُمَ ـُ کَرَمًا و کَرَمَةً و کَرَامَةً: سخی اور فیاض ہونا، عزیز و نفیس ہونا۔ السحابُ: بادل کا بارش لانا۔ کَرَّمَ تکرِیمًا و تکرِمَةً ہٗ: کی تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْهَہٗ: اللہ تعالیٰ انہیں باعزت کرے۔ — و کَرِمَ السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔ کَارَمَ ہٗ: پر کرم میں مفاخرت کرنا۔ — کَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔ اَکْرَمَ: کریم اولاد والا ہونا — فلانًا: کی تعظیم کرنا۔ — نفسَہٗ عن المعاصی: خود کو گناہوں سے بچانا، محفوظ رکھنا، تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ مَا اَکْرَمَہٗ لی: یعنی وہ میری کس قدر تعظیم کرتا ہے اور فعل رباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔ تَکَرَّمَ: بتکلف کرم کرنا۔ — و تَکَارَمَ عن کذا: سے بچنا، دور رہنا۔ اِسْتَکْرَمَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ — الشیئَ: اچھی چیز طلب کرنا، اچھی چیز پانا۔

الکَرْمُ ج کُرُوْمٌ واحد کَرْمَةٌ: (ن) انگور کی بیل، اس کا اصلی گہوارہ ایشیا کو چک ہے قدیم زمانے سے بحر متوسط کے کناروں پر اگائی جا رہی ہے وہیں سے پوری دنیا میں پھیلی۔ تازہ اور خشک دونوں قسم کا انگور کھایا جاتا ہے انگور سے نبیذ، عرق اور شیرہ بنایا جاتا ہے۔ فصیل والا گنجان باغ انگور، بعض کے نزدیک اسے کرم اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس سے بنائی جانے والی شراب سخاوت اور کرم پر ترغیب دیتی ہے۔ ہار۔ بِنْتُ الکَرْمِ اَوِ الکَرْمَةِ اَوِ الکُرُوْمِ: شراب کہا جاتا ہے۔ اَفْعَلُ ذَالِكَ وَکَرْمًا و کُرْمَةَ و کُرْمَةَ عَیْنٍ لَكَ: یعنی تمہاری تعظیم کے لئے کرتا ہوں۔ الکَرَمُ (مص): درگزر، بخشش، فیاضی ہار میں ایک قسم کی کاریگری، صفت بمعنی کریم و طیّب اور یہی لفظ واحد، جمع، مذکر اور مونث سب کے لئے مستعمل ہے۔ رَجُلٌ کَرَمٌ وَنِسَاءٌ کَرَمٌ وَاَرْضٌ کَرَمٌ۔ الکَرْمَةُ: انگور کی بیل، یہ کرم سے خاص ہے، کہا جاتا ہے۔ اَفْعَلُ ذَالِكَ وَکَرْمَةً لَكَ یعنی کَرَامَةً اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَرْمَةٌ یعنی کَرِیْمٌ اور کہا جاتا ہے۔ افعل ذالك وکَرْمَی وکُرْمَانًا لك یعنی و کَرَامَةً لَكَ۔ الکُرَامُ ج کُرَامُوْنَ: کریم۔ الکَرَامَةُ (مص) خارق عادت امر جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو کہا جاتا ہے۔ اَفْعَلُ ذَالِكَ وکَرَامَةً لَكَ اور لَهٗ عَلَيَّ کَرَامَةٌ فلاں کے لئے میرے ہاں بزرگی ہے۔ الکَرَّامُ انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی والا۔ الکُرَّامُ و الکُرَّامَةُ ج کُرَّامُوْنَ: بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ الکَرِیْمُ ج کِرَامٌ و کُرَمَاءُ: درگزر کرنے والا، اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے، صاحب کرم، کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ کَرِیْمٌ سخی انسان اور لفظ کَرِیْمٌ کا اطلاق ہر اچھی، پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ: معانی کے لحاظ سے پسندیدہ اور الفاظ اور فوائد کے اعتبار سے بہت اچھا۔ وَجْهٌ کَرِیْمٌ جمال و محاسن کے اعتبار سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَانِ: حج اور جہاد۔ الکَرِیْمَةُ ج کَرِیْمَاتٌ و کَرَائِمُ و کِرَامٌ، الکَرِیْمُ کا مونث: صاحب کرم و حسب، کہا جاتا ہے، فُلَانَةٌ کَرِیْمَةُ قَوْمِهٖ: فلاں اپنی قوم میں شریف ہے۔ کَرِیْمَةٌ میں تاء مبالغہ کے لئے ہے، ہر عضو شریف جیسے ہاتھ کان۔ کَرِیْمَةُ الرَّجُلِ: بیٹی۔ کَرَائِمُ المَالِ: عمدہ اور بہترین مال۔ الکَرِیْمَتَانِ: دونوں آنکھیں۔ الاُکْرُوْمَةُ: کرم کا فعل۔ التَّکْرِمَةُ (مص): تکیہ، تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔ المِکْرَامُ: لوگوں کا اکرام کرنے والا، فیاض۔ المَکْرُمُ و المَکْرُمَةُ ج مَکَارِمُ: شریف، فیاض، اَرْضٌ مَکْرُمَةٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔ المَکْرُمُ و المَکْرُمَةُ: کریم، کرم کا فعل، کہا جاتا ہے۔ فِعْلُ الْخَیْرِ مَکْرُمَةٌ یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔ المَکْرُمَانُ: کریم، بہت وسیع اخلاق والا اور یہ ندا ہی کے لئے مخصوص ہے کہا جاتا ہے۔ یَامَکْرُمَانُ، المُکَرَّمُ (مفع): ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔

۲۔ الکَرْمَةُ (ع ا): ران کی گول ہڈی کا سرا۔ الکَرُوْمُ (لٹ): کروم (Chrome) ایک دھاتی عنصر (Chromium)۔

کرن: الکُرُنْبُ و الکَرَنْبُ: اسے ''ملفوف'' بھی کہا جاتا ہے (ن) کرم کلا، بند گوبھی (Cabbage) (یونانیہ)۔ الکُرُنْبُ و الکَرَنْبُ اللِّفْتِیُّ: کرم کلا کی ایک قسم ہے جس کے بیج اور تنا سخت ہوتے ہیں اسے شلغم کی طرح کھایا جاتا ہے اور چارہ کے طور پر جانوروں کو بھی کھلایا جاتا ہے۔ فَرَاشَةُ الکَرَنْبِ: پروں والا نقصان دہ کیڑا ہے۔ اس کا رنگ اکثر سفید ہوتا ہے اس کی بعض اقسام بند سبزیوں کے لئے نقصان دہ ہوتی ہے اسے دودۃ الکرنب یا دودۃ الملفوف: بھی کہا جاتا ہے الکُرُنْبِیَّةُ (ط): ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔ الکَرَنْبِیَّاتُ: (ح) فراشتۃ الکرنب کی طرح کا ایک پردار کیڑا۔

۲۔ کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنا میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا۔ ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ الشیئَ بالسیف: کو تلوار سے کاٹنا۔ — النخلۃَ: تنا کو کھجور کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔ الکِرْنَافُ و الکُرْنَافُ واحد کُرْنَافَةٌ ج کَرَانِیْفُ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنا میں باقی ماندہ حصہ۔ اَنْفٌ مُکَرْنِفٌ: موٹی ناک۔

○ کَرُمَ ـُ کَرَمًا و کَرَمَةً و کَرَامَةً: شریف و نجیب ہونا، عالی منش و عالی ظرف ہونا۔ شریف النفس ہونا، سخی و فیاض ہونا، فراخدل ہونا، آزاد خیال ہونا، قیمتی ہونا، گراں بہا ہونا، کَرَّمَ ہ: کو شریف اور عالی منش کہنا، کا احترام کرنا، کا عقیدت مند ہونا، کی توقیر کرنا، کا بڑا احترام کرنا، کے ساتھ ادب و تعظیم سے پیش آنا — ہ علی: کو پر سرفراز کرنا۔ دوسروں کے سامنے کسی کو اعزاز بخشا عطا کرنا، کَرَّمَ اللّٰہُ وجهَہٗ: اللہ تعالیٰ

اسے اعزاز عطا فرمائے۔ کَارَمَ ہ: سے سخاوت میں مقابلہ کرنا، سے تہذیب، ادب اور احترام کے ساتھ ملنا۔ کَرَّمَ ہ: کو شریف، نجیب، عالی نفس یا عالی ظرف کہنا، کی عزت کرنا، احترام کرنا، سے ادب، احترام اور مہمان نوازی کے ساتھ پیش آنا، کو اعزاز عطا کرنا۔ —: خود کو عالی منش اور فیاض ثابت کرنا۔ — ہ ب: کو اعزاز عطا کرنا، کو کچھ پیش کرنا۔ کا تحفہ دینا یا کا ہدیہ پیش کرنا، کو کچھ عطا کرنا، عنایت کرنا، مرحمت کرنا۔ تَکَرَّمَ: فیاض بننا، فیاضی کا تصنع کرنا۔ اپنی سخاوت کا رخ دکھانا۔ شریف ہونا، نجیب ہونا، دوستانہ، مہربان ورحم دل ہونا۔ — ب علی: کسی کے متعلق یا کی طرف سے کچھ (ب) کرنے کی مہربانی کرنا۔ علی ب: کو کچھ پیش کرنا، کو ازراہ نوازش کچھ عطا کرنا۔ کَرْم: اسم جمع جمع کُرُوم: انگوری بیل، انگور، انگوری بیلیں، باغ بوستان (پھلدار درختوں کا) بِنْتُ الکَرْم: شراب۔ کَرْمَۃ: انگوری بیل۔ کَرَم: شریف طبیعت، خو، افتادِ طبع۔ اعلی نفسی، اعلی ظرفی، شریف النفسی، سخاوت، فیاضی، مہربانی، دوستانہ سلوک، دوستی، رواداری، بے تعصبی، بڑی فیاضی کَرَمًا: بڑی مہربانی سے، بڑی مروت سے، بڑی نوازش سے، کرم الاخلاق: شریف النفسی، شریف کردار کَرَمُ المَحْتِد: اعلی خاندان۔ کُرْمَۃً لَکَ و کُرْمَانًا لَکَ: تمہاری خاطر، تمہارے اعزاز میں، آپ پر کرم فرمائی کے طور پر۔ کَرَامَۃ: شرافت، نجابت، عالی نفسی، عالی ظرفی، شریف دلی، فیاضی، فراخدلی، عظمت، قدر ومنزلت، عزت، احترام، مسلمہ حیثیت، وقار، عزت کی علامت، احترام کا نشان، کرم فرمائی جمع کَرَامات (کسی ولی وغیرہ کا) معجزہ حُبًّا وکَرَامَۃً لَکَ: تمہاری خاطر، تمہارے اعزاز میں، بڑی خوشی سے، بڑی سے بڑی مسرت سے صَاحِبُ کرامات: معجزہ کرنے والا۔ کَرِیم جمع کُرَمَاء و کِرام: شریف، نجیب، ممتاز، بلند مرتبہ کا، نمایاں، غیر معمولی، عالی منش، عالی ظرف، شریف دل، سخی، فیاض، مہمان نواز، نیک اور رحم دل محسن، مہربان شفیق، دوست، بامروت، مدد کرنے والا۔ قابل عزت، قابل احترام، مہذب، شائستہ، قیمتی، بیش بہا، بیش قیمت، نسلی، نسل دار، الکریمان: جہاد اور مکہ معظمہ کا حج کریمُ الاخلاق: عالی منش، عالی ظرف، شریف النفس، شریف دل، شریف، نجیب، کریمُ الاصل: اعلی خاندان کا، خاندانی، حجر کریم: قیمتی پتھر، گوہر، حصان کریم: نسلی گھوڑا دخل کریم: معقول یا آبرومندانہ آمدنی۔ المَعَادِنُ الکریمۃ: قیمتی دھاتیں، کَرِیْمَۃ جمع کَرَائم: قیمتی چیز، جسم کے اعضا رئیسہ میں سے ایک عضو جیسے آنکھ، دختر، بیٹی الکریمتان: دو آنکھیں کَرائمُ المال (الاموال): نہایت قیمتی اشیاء (کسی کی ملکیتی) کَرَّام جمع کَرَّامون: انگور کی بیلیں اگانے والا۔

○ اَکْرَم جمع اَکَارِم: شریف تر، نجیب تر، زیادہ ممتاز، زیادہ قیمتی، نہایت قابل احترام، بڑا عالی منش، بہت شریف دل، نہایت سخی، مَکْرَم و مَکْرُمَۃ جمع مَکَارِم: شریف وصف، اعلی خوبی۔ مَکَارِمُ الاخلاق: شریف خصوصیات یا اوصاف، اوصاف حمیدہ، کردار کی خوبیاں مَکْرُمَۃ جمع مَکَارِم: شریف کام تکریمًا لَکَ: تمہارے اعزاز میں۔ إکرامًا لَہٗ: اس کے اعزاز میں۔ إکرامِیَۃ جمع اکرامیات: اعزازیہ، اعزازی تنخواہ، سالانہ انعام مُکَرَّم: معزز، محترم، مقدس، بے حد محترم۔ المُکَرَّمَۃ: مکہ کا لقب (چنانچہ کہا جاتا ہے مکۃ المُکَرَّمَۃ)

○ کَرْمَشَ و تَکَرْمَشَ: سکڑنا، تہوں میں آجانا، شکن پڑنا، چرمر ہوجانا، شکن زدہ ہوجانا، کَرْمَشَۃ: تہہ، سلوٹ، شکن، چنٹ بنی جانے والی چیز۔

○ الکَرْمَل: کارمل پہاڑ (شمالی فلسطین میں بلند قطعہ زمین جو سمندر میں چلا گیا ہے)۔

○ کَرَمِلًا: سوختہ شکر کی مٹھائی۔

○ الکَرِمِلِین: روسی قلعہ Kremlin، روسی سویت حکومت کا صدر مقام۔

○ کُرَنْتِینَۃ جمع کرنتینات: قرنطینہ۔

○ کُرْناف جمع کَرَانِیف: کھجور کے درخت کا ٹھنٹھ یا بچا ہوا ٹکڑا۔ کُرنافۃ جمع کرنافات: بندوق کا کندا، رائفل کا کندا۔

○ کَرَنْک جمع کَرَنْکَات: دھری پھیر، چکر کہنی، گھمیا (Crank Shaft, Crank)

○ کرنیش و کورنیش جمع کَرَانِیش: کگر، کارنس، کارنس کا آرائشی حاشیہ، چھجا، ساحلی سڑک، جو سمندر کے کنارے کنارے چلتی ہو یا کنارے پر واقع ہو۔

کرہ: کَرِہَ — کَرْهًا و کُرْهًا و کَرَاهَۃً و کَرَاهِیَۃً و مَکْرَهَۃً و مَکْرُهَۃً الشیئَ: کو ناپسند کرنا صفت فاعلی۔ کَارِہٌ صفت مفعولی مَکْرُوہٌ۔ کَرُہَ — کَرَاهَۃً و کَرَاهِیَۃً الامرُ او المنظرُ: قبیح ہونا صفت: کَرِیْہٌ۔ کَرَّہَ الشیئَ فلانًا و کَرَّہَ الشیئَ الی فلان: چیز کسی کو ناپسند کرانا۔ اَکْرَہَ الرجُلَ: کو ناپسندیدہ امر پر اکسانا۔ — فلانًا علی الامر: کو پر مجبور کرنا۔ تَکَرَّہَ و تکارَہَ الشیئَ: کو ناپسند کرنا۔ — ہ: پر غضبناک ہونا۔ اِسْتَکْرَہَ الشیئَ: کو قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔ الکَرْہُ والکُرْہُ (مص): انکار اور مشقت، جس پر کسی کو مجبور کیا جائے اور بعض کے بقول کُرْہُ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہُ بالفتح جس پر کوئی غیر تمہیں مجبور کرے اور کہا جاتا ہے۔ شَیئٌ کُرْہٌ: مکروہ چیز، رَجُلٌ کَرِہٌ: ناراض مرد۔ وَجْہٌ کَرِہٌ: قبیح چہرہ۔ فَعَلَہٗ کَرْهًا: یعنی اس نے اس کو مجبورًا کیا۔ الکَرِہُ: قبیح۔ الکَرَاهَۃُ (مص): سخت زمین۔ الکَرَاهِیَنُ: کراہت کہا جاتا ہے۔ اَتَیْتُکَ کَرَاهِیَنَ اَنْ تَغْضَبَ: تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔ الکَرِیہَۃُ ج کَرَائِہُ مونث الکَرِیہُ کی: لڑائی کی شدت، مصیبت، کہا جاتا ہے۔ لَقِیتُ دُونَہٗ کَرَائِہَ وَمَکَارِہَ: اس کی وجہ سے میں مصیبتوں اور پریشانیوں سے دوچار ہوا۔ ذو الکَرِیہَۃِ: شمشیر براں، قاطع تلوار۔ المَکْرَہُ ج مَکَارِہ: مکروہ، ناپسندیدہ، المُکْرَهَۃُ و المَکْرُهَۃُ ج مَکَارِہُ: ناپسندیدہ۔ دشوار چیز۔ المَکْرُوہُ (مفع): شر۔ المَکْرُوهَۃُ: سختی کہا جاتا ہے۔ هُوَ ذُو مَکْرُوهَۃٍ: وہ سختی میں ہے۔

○ کَرِہَ ہ: پر غصہ کرنا، طیش کھانا، سے متنفر ہونا، نفرت کرنا، کراہت کرنا، گھن کھانا، کو ناپسند کرنا۔ کَرُہَ — کَرَاهَۃً: ناپسند ہونا، قابل نفرت ہونا، نفرت انگیز ہونا۔ کَرَّہَ ہ/علی ہ: کو سے متنفر کرنا۔ — ہ/الی ہ: میں کسی چیز سے نفرت جگانا یا ابھارنا۔ اَکْرَہَ ہٗ علی: کو پر مجبور کرنا۔ تَکَرَّہَ ہ: سے نفرت رکھنا، سے نفرت محسوس کرنا، نفرت کرنا۔ اِسْتَکْرَہَ ہ: سے نفرت رکھنا، سے نفرت محسوس کرنا، سے نفرت کرنا۔ — ہ علی: کو پر مجبور کرنا۔ کَرْہ و کُرْہ: نفرت، ناپسندیدگی، جبلی نفرت، کراہت، بیحد یا سخت نفرت، تنفر۔ کَرْهًا و کُرْهًا و علی کُرْہ و علی کُرْہٍ منہ: نارضامندی سے، بیدلی سے، ہچکچاہٹ سے، بادل نخواستہ، لاچاری سے، مجبورًا، جبرًا، قہرًا، ناجائز دباؤ میں آکر۔ کَرِہ: قابل نفرت، سخت ناپسندیدہ، ناگوار۔ کَرِیہ: ناخوشگوار، ناپسند، ناگوار، کریہ، گھناؤنا، نفرت انگیز۔ کَرَاهَۃ: بمعنی کَرْہ و کُرْہ۔ کَرَاهِیَۃ: بمعنی کراهۃ نیز بمعنی: تضاد، ناموافقت (طلاق کی وجہ کے طور پر)، حرامی پن، پاجی پن، کمینہ پن، مکروہ پن، لائق ملامت ہونا۔ علی کَرَاهِیَۃ: نارضامندی سے، بادل نخواستہ، بے دلی سے، لاچاری سے۔ کَرِیهَۃ جمع کَرَائِہ: آفت، مصیبت، اِدبار، نحوست، بدقسمتی،

بدنصیبی، سیاہ بختی۔ مَکْرَہ: قابل نفرت چیز، ناخوش گوار صورت حال۔ مَکْرَهَة و مَکْرُهَة: نفرت، سخت نفرت۔ مَکَارِہ. قابل نفرت چیزیں، مصائب، آفات، افتادیں۔ اِکْرَاہ: مجبوری، زبردستی، زور آوری، دباؤ، زور، قہر، بل، طاقت، قوت، شہ زوری، قوت کا استعمال۔ بِالاِکْرَاہ: زبردستی، زبردستی سے۔ اِکْرَاهی: لازمی، جبری، بالجبر، تشدد آمیز۔ تَکَرُّہ: نفرت، کراہت، ناپسندیدگی، بیر، بے زاری، ناخوشی، تنفر، گھن۔ کَارِہ: بے دل، نارضامند، ناخوشی، بے مرضی کا، بے دلی کا، متنفر، مخالف۔ مُکْرَہ: جبر کیا ہوا، مجبور کیا ہوا۔ مُتَکَرِّہ: نارضامند، ناخوش، غیر آمادہ۔

کرو ۱۔ کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا الارض: زمین کھودنا۔ ۔البئرَ کنویں کا من درختوں کے تنوں سے بنانا۔

۲۔ کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا الامرَ: کا بار بار اعادہ کرنا۔ بالکُرَةِ: گیند سے کھیلنا۔ الکُرَةُ ج کُرًی و کُرِيْنٌ و کِرِيْنٌ و کُرَاتٌ و اُکَرٌ: ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ، ہر گول چیز اور اس کی طرف نسبت کے لئے۔ کُرَوِیٌّ و کُرِیٌّ اور اس سے ہے الکُرَاتُ: ورزشی کھیلوں میں مستعمل گیندیں جیسے باسکٹ بال، فٹ بال وغیرہ۔ الکُرَةُ السَّمَاوِيَّةُ (فلک): کرہ آسمانی ایک خیالی کرہ جس پر ستارے بھی فرض کر لئے گئے ہیں اس کا مرکز زمین کا ہی کوئی ایک حصہ ہے اس کا قطر لامتناہی طور پر بڑا ہے جہاں زمین اور ستاروں کے اندازے بیچ ہیں۔ الکُرَةُ السماوية المحلية الخاصة بمکان مامن الارض (فلک): آسمانی کرہ، جس پر اس جگہ کی مقداریں تحریر کی جاتی ہیں۔ جیسے افق، سمت الراس، نظیر السمت، خط الزوال اور جہات اربعہ۔ خط زوال اور جہات اربع۔ کُرَةُ الثوابت (فلک): اپنی جگہ جمے ہوئے ستاروں کا کرۂ آسمانی۔

۳۔ کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا ت الدابَّةُ: تیز دوڑنا۔

۴۔ کَرِیَ ۔ کَرًا ت المرأةُ: عورت کا موٹے بازوؤں والی ہونا۔ ــــــ ت الساقُ: پنڈلی کا باریک ہونا۔ الکَرَا: بازوؤں کی موٹائی یا پنڈلیوں کی باریکی۔

۵۔ الکَرَا (ح) کَرَوَانٌ کا مذکر۔ الکَرَوَانُ مونث کَرَوَانَةٌ ج کِرْوَانٌ و کَرَاوِيْنُ (ح): لمبی ٹانگوں، بھورے رنگ اور لمبی چونچ والا ایک پرندہ کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں جبکہ اس کا نام اس کے الٹ رکھا گیا ہے، کیونکہ کری کا معنی اونگھ ہے۔

۶۔ الکَرُّوسَةُ: چھکڑا، سواری (اطالوی)

۷۔ الکَرَوْيَا والکَرَوْيَاءُ: زیرہ (یونانی)

کری: ۱۔ کَرَی یَکْرِیْ کَرْيًا الرجلُ: تیز دوڑنا۔ ــــ المُکَرِّیُّ من الابل: آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔

۲۔ کَرَی یَکْرِیْ کَرْيًا النهرَ: نہر میں نیا گڑھ کھودنا۔

۳۔ کَرَیَ یَکْرِی کَرْيًا بالکرة: گیند سے کھیلنا۔

۴۔ کَرِیَ یَکْرَی کَرًی الرجلُ: اونگھنا صفت کَرٍ و کَرِیٌّ و کَرْيَانٌ ۔ اَکْرَی اِکْرَاءً فلانٌ: طاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ تکَرَّی تکَرِّيًا: سونا۔ الکَرِیُّ ج اَکْرِيَاءُ: اونگھنے والا۔ الکَرْيان: اونگھنے والا۔

۵۔ کَارَی مُکَارَاةً و کِرَاءً ہُ الدابَّةَ او الدارَ: کو چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا صفت۔ مُکَارٍ ۔ اَکْرَی اِکْرَاءً فلانًا دابتَهُ او دارَهُ: کو چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم الکَرْوُ والکُرْوُ والکَرْوَةُ ۔ تکَارَی واِسْتَکْرَی الدارَ وغیرها: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔ اِکْتَرَی منه الدارَ وغیرَها: سے مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔ الکِرَاءُ والکِرْوَةُ: کرایہ الکَرِیُّ ج اَکْرِيَاءُ: کرایہ پر لینے والا، کرایہ پر دینے والا المُکَارِیُ ج مُکَارُوْنَ: جانوروں کو کرایہ پر دینے والا اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔

۶۔ اَکْرَی اِکْرَاءَ الشیئُ: زیادہ ہونا، کم ہونا (ضد) ــــ الامرَ: کو مؤخر کرنا، پیچھے ڈالنا۔ ــــ الحدیثَ: بات طویل کرنا۔ الکَرِیُّ: بہت چیز۔

۷۔ الکَرِیُّ واحد کَرِیَّةٌ (ن) ایک درخت جو ریگستان میں اگتا ہے۔

○ کَرُو: کھودنا، کھدائی۔ کُرَة جمع کُرَات و کُرًی: گولا، گول چیز، گیند۔ کُرَةُ الأَرض و کُرَةٌ أَرْضِيَة: کرۂ زمین، کُرَةُ الثَّلج: برف کا گولا۔ کُرَةُ السلَّة: باسکٹ بال۔ کُرَةُ الطاوِلة: ٹیبل ٹینس۔ کرةُ القَدَم: فٹ بال کُرَةُ الکَوَاکِب: جرم سماوی۔ کرات لَحْم: کوفتے، قیمہ کی چھوٹی چھوٹی گولیاں۔ کُرَةُ الید: ہاتھ کی گیند، نِصفُ الکُرَة: نصف کرہ۔ کُرَيَّة: قطرہ۔ الکريات الحُمْرَاء: (احمر)، خون کے سرخ جسمیات (سیلز)۔ کُرِی و کُرَوی: کروی، قطراتی، گول، گیند کی شکل کا، گیند جیسا، کروی شکل کا، مُدَوَّر، خون کا قطروں پر مشتمل۔ کُرَوِيَة: گولائی، کرویت۔ مدوریت، کروية الأَرض: زمین کی گولائی، کَرَوان و کِروان: لمبی ٹانگوں کے پرندہ کی ایک قسم۔ کَرُوب و کَرُوبی جمع کروبیون و کَرُوبیم: فرشتۂ اعظم۔ کَرَوسة جمع کروسات: بستہ۔ کَرَکی جمع کَرَاکی [illegible]

خاکہ، مُسَوَّدَہ

کَرُوم: ایک دھاتی عنصر۔ کَرَوَیا: زیرہ، زیرہ رومی۔

کَرِیَ ۔ کَرًی: سونا، سویا ہوا ہونا، محو خواب ہونا۔

○ کَرَیَ ــــِ کَرْيًا ہ کو کھودنا (جیسے نہر کھودنا) کاری واَکْرَی ہ ہ کو کچھ کرایہ پر دینا۔ تَکَرَّی: سونا، سویا ہوا ہونا، محو خواب ہونا۔ اِکْتَرَی واِسْتَکْرَی ہ کو کرائے پر لینا، پٹے پر لینا۔ ــــ ہ: کو ملازم رکھنا، نوکر رکھنا، کی خدمات حاصل کرنا۔ کَرًی: نیند، خواب۔ کِرَاء: کرایہ، پٹہ، امکانی کرایہ، اجرت، کرایہ پر لینا، یا دینا، اجرت، تنخواہ۔ اِکْرَاء: کرایہ، کرایہ پر لینا، یا کرایہ پر دینا، پٹہ پر دینا، ٹھیکہ پر دینا۔ اِکْتِرَاء: کرایہ، کرایہ پر لینا یا دینا، پٹہ پر لینا، مُکَارٍ جمع مُکَارون: بھاڑے پر لینے یا دینے والا (خصوصًا گھوڑوں، گدھوں اور خچروں کو)، گدھے ہانکنے والا، خچر والا، خچربان۔ مُکْرٍ: پٹہ دینے والا، اجارہ یا ٹھیکہ دینے والا، کرایہ پر لینے والا، مکان والا، زمیندار، مُکْرًی: کرایہ یا پٹہ لیا دیا ہوا۔ مُکْتَرٍ ومُسْتَکْرٍ: کرایہ پر لینے یا دینے والا، مزارع، لگان دار، کرایہ دار، پٹہ پر لینے والا مکترِ ثانٍ: ضمنی پٹہ دار، ضمنی کرایہ دار، کَرِّی: شوربہ دار سالن، سالن۔

○ کَرِيطَة جمع کَرَارِط: چھکڑا، مال برداری کی گاڑی، کَرَارِطی: چھکڑا بان۔ کُرِيك جمع کُرِيکات: بیلچہ۔ کَرِيم: کریم۔ کريم الحِلاقة: شیونگ کریم۔ کَرِيمَة: کریم، (مسالہ کے طور پر پیش کردہ) ایک قسم کی گاڑھی چٹنی۔

کز: کَزَّ ـُ کَزًّا الشيءَ: کو تنگ کرنا۔ ــ ت خُطاہ: کے قدم قریب قریب ہونا۔ ــ ت المرأةُ دملجها: عورت کا بازو بند کو بازو سے بھر دینا۔ ــــــ کَزَازَةً وکُزُوزَةً: سکڑنا، خشک ہونا۔ عوام کہتے ہیں۔ کَزَّ علی اَسْنَانِه: غصے کی وجہ سے دانت پیسنا۔ کُزَّ: کو سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔ اَکَزَّ اللّٰهُ فلانًا: اللہ کا کسی کو کپکپی کی بیماری لگانا صفت مفعولی مَکْزُوْزٌ۔ اِکْتَزَّ: سکڑنا۔ الکَزُّ (مص) ج کُزٌّ: سکڑا ہوا یا خشک کہا جاتا ہے۔ وَجْهٌ کَزٌّ: قبیح چہرہ اور کہا جاتا ہے۔ ذَهَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ: یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط سونا یا اونٹ اور کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ کَزُّ الیَدَيْنِ: فلاں بخیل ہے۔ الکَزَّةُ: الکَزُّ کی مونث، کہا جاتا ہے قَوْسٌ کَزَّةٌ: یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں ہے اور بَکْرَةٌ کَزَّةٌ: یعنی تنگ چرخی الکَزَزُ: بخل۔ الکُزَازُ والکُزَّازُ (طب): سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام ہے۔

○ کَزَّ ـُ کَزَازَةً و کُزُوزَةً: خشک اور سخت ہو جانا، سوکھ جانا، سوکھ کر جھریوں دار ہو جانا، سکڑ جانا، مرجھانا۔ ــــ مِن: سے نفرت و بیزاری رکھنا، پر کراہت محسوس کرنا، سے ناپسندیدگی رکھنا۔ ــــ ہ: کو سکیڑنا، تنگ کرنا۔ کُزَّ: تشنج زدہ ہونا۔ کزّ علی اَسْنانِہٖ: دانت پیسنا۔ کَزّ جمع کُزّ: خشک، مرجھایا ہوا، سکھایا ہوا، رطوبت خارج کیا ہوا، سکڑا ہوا، سخت، غیر لچکدار، نہ جھکنے والا، بے لوچ، سخت۔ کزّ الیدین: کنجوسی والا، بخل والا، کنجوس۔ کَزَاز: کنجوسی، بخیلی۔ کُزَاز و کُزَّاز: تشنج۔ کَزَازَة: خشکی، بیزاری، افسردگی، اکتاہٹ، کنجوسی، سختی، بے لوچی۔

○ کُزبَرَة و کُزبُرَة: دھنیا، کشیز۔

○ کَزَرُونَة: پکانے کا برتن۔

کزب: ا۔ کَزِبَ ـَ کَزَبًا مُشطُ الرِجلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا اور سکڑنا۔

۲۔ الکُزبَرَةُ و الکُزبُرَةُ و الکَزبُرَةُ: (ن): دھنیا کا پودا، اس کا اصل گہوارہ جنوبی یورپ ہے۔ اس کے پتے گلابی یا سفید رنگ کے ہوتے ہیں یہ بعض مشروبات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کُزبُرَةُ البئر: (ن): یہ سرخس کا ایک پودا ہے اس کے باریک باریک پتے ہوتے ہیں اور شاخیں بھی باریک ہوتی ہیں اور بالوں جیسی ملائم ہوتی ہیں یہ غاروں میں اور چشموں کے کناروں پر اگتا ہے۔

کزم: ا۔ کَزَمَ ـُ کَزمًا: منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ الجوزۃَ ونحوَھا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا۔ ــــ ہٗ: کو دانت سے سخت کاٹنا۔ کَزِمَ ـَ کَزَمًا: بخیل ہونا، بہت کھانیوالا ہونا، صفت اَکْزَمُ۔ کَزَّمَ البردُ اَصابعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔ اَکْزَمَ: سکڑنا۔ تَکَزَّمَ الفاکھۃَ: پھل کو بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔ الکَزُمُ: تنگ ہتھیلی اور چھوٹی انگلیوں والا۔ الکَزَمُ: بہت کھانا، ناک یا انگلیوں کی کوتاہی، گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی، بخل، کہا جاتا ہے۔ فِی یَدِہٖ کَزَمٌ: جبکہ افعالِ خیر کے لئے ہاتھ نہ کھلے۔ المنکَزِمُ: چھوٹی ہتھیلی اور قدموں والا۔

۲۔ کَزِمَ ـَ کَزَمًا: میں پیش قدمی سے ڈرنا۔ اَکْزَمَ عن الطعام: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔ الکَزِمُ من الرجال: بزدل خائف مرد۔ الکَزْمَانُ من الرجال: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔

کزر: الکَزُوَرِینَا (ن): ایک آسٹریلوی اور باسفک کے جزائر کا پودا، جسے تزین کے لئے اگایا جاتا ہے۔

کس: ا۔ کَسَّ ـُ کَسًّا الشیئَ: کو باریک کوٹنا۔ الکَسِیسُ: خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں، شکر بقول بعض شراب جو جو اور بھٹہ سے بنی ہوتی ہے، کھجور کی نبیذ۔

۲۔ کَسَّ ـَ کَسَسًا: چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا صفت۔ اَکَسُّ مونث کَسَّاءُ ج کُسٌّ الکَسِیسُ: ٹوٹی ہوئی روٹی۔ المَکْسُوسُ (مفع): ٹوٹی ہوئی روٹی۔

۳۔ کَسْکَسَ کَسْکَسَةً الشیئَ: کو باریک کوٹنا۔ الکُسْکُس (ط): آٹے اور گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے بنایا ہوا کھانا۔ الکَسْکَسَةُ (مص): وقف کے وقت مونث کی کاف کو سین کے ساتھ ملا دیتے ہیں جیسے بکِس و اَکْرَمْتُکِسْ، بلکِ اور اَکْرَمْتُکِ: میں یہ بنو تمیم کی لغت ہے۔ الکَسْکَاسُ: موٹے جسم کا چھوٹے قد کا آدمی۔

کسأ: کَسَأَ ـَ کَسْأً ہٗ: کا پیچھا کرنا۔ الدابۃَ: چوپایہ کو ہانکنا۔ ــــ القومَ: پر جھگڑے میں غالب آنا۔ ــــ ہٗ بالسیف: کو تلوار سے مارنا۔ الکَسْءُ من اللیل: رات کا ایک ٹکڑا۔ الکُسْءُ و الکُسُوءُ من کل شیئٍ ج اَکْسَاءٌ: پچھلا حصہ، کہا جاتا ہے۔ رَکِبَ کُسْأَہٗ: یعنی وہ گدی کے بل گرا۔ واتینا فِی اَکْسَاءِ الشَّھرِ: یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔ وَمَرُّوا فِی اَکْسَاءِ المُنھَزِمِینَ اَوعَلٰی اَکْسَائِھِمْ: یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔

کسب: ا۔ کَسَبَ ـِ کَسْبًا و کِسْبًا الشیئَ: کو جمع کرنا۔ مالًا و عِلمًا: مال یا علم حاصل کرنا، طلب کرنا، کمانا۔ الاثمَ: گناہ اٹھانا۔ لاھلہ: کے لئے کمائی کرنا۔ ــ و کَسَّبَ اَکْسَبَ فلانًا مالا او علما: کو مال یا علم حاصل کرانا۔ تکَسَّبَ مالا او علما: مال یا علم حاصل کرنا۔ ــ الرجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔ ــ و اِسْتَکْسَبَ فلانًا: کو کمائی کرانا۔ اِکْتَسَبَ مالاً او علمًا: علم یا مال حاصل کرنا، کی کمائی کرنا۔ الکَاسِبُ (فا) اَبُو کَاسِبٍ (ح): بھیڑیا۔ الکَاسِبَةُ ج کَوَاسِبُ (الکَاسِبُ کی مونث): الکواسب: انسان یا پرندے کے اعضاء۔ الکَسْبُ (مص): کمائی۔ الکِسْبَةُ و الکَسِیبَةُ: کمائی۔ الکَسَّابُ و الکَسُوبُ: بہت کمائی کرنے والا۔ المَکْسَبُ و المَکْسِبُ و المَکْسِبَةُ ج مَکَاسِبُ: کمائی۔

۲۔ الکُسْبُرَةُ (ن) دھنیا۔

کست: الکَسْتَنَةُ او القَسْطَلُ (ن): شاہ بلوط یہ "بلوط" کی جنس کا ایک پودا ہے اس کی عمر کئی سو سال ہوتی ہے۔ معتدل آب و ہوا والے ممالک مثلاً یورپ یا ترکی میں پایا جاتا ہے یہ چونا مٹی میں برقرار نہیں رہ سکتا۔ اس کا پھل بھون کر کھایا جاتا ہے۔ کَسْتَنَةُ الحِصَانِ او قَسْطَلَةُ الحِصَانِ (ن): یہ صابونی جنس کا درخت ہے موسم بہار میں اس پر سفید رنگ کے پھولوں کے گچھے نظر آتے ہیں یا ان کا رنگ گلابی ہوتا ہے اس کا پھل گندمی رنگ کا ہوتا ہے جو کہ کستنہ کے پھل جیسا ہوتا ہے لیکن یہ کڑوا ہوتا ہے کھایا نہیں جا سکتا۔

○ کَسَبَ ـِ کَسْبًا ہ کو حاصل کرنا، جیتنا، اکتساب کرنا، پیدا کرنا، کمانا۔ ــــ: نفع و فائدہ اٹھانا، استفادہ کرنا، جیتنا، کمانا، حاصل کرنا۔ کَسَبَ ھُتَافًا: کے لئے خوش آمدید حاصل کرنا، کیلئے باآواز تحسین و آفرین کہلوایا جانا۔ ماکسبت یداہُ: آخرت میں اچھے برے اعمال کی کمائی۔ کَسَّبَ ہ ہ کو کچھ حاصل کرانا یا کرنے دینا۔ ــــ ہ: کو نفع میں حصہ لینے دینا۔ ــــ اَکْسَبَ ہ ہ کو کچھ حاصل کرانا یا کرنے دینا، کیلئے کچھ حاصل کرنا۔ ــ ہ / ہ ہ کو کا حصہ دینا، کچھ پہنچانا، اکسب مَنَاعَةً ضِدَّ: کو سے محفوظ کرنا، مستثنیٰ کرنا، تکَسَّبُ ہ کو کمانا، حاصل کرنا، پانا، اِکْتَسَبَ بمعنی بالا نیز۔ ــ ہ کا کسی کے پاس ہونا، پر قابض ہونا، کا مالک ہونا۔ ــ ہ (کوئی نئی خوبی، رنگ، مختلف، رخ، پہلو وغیرہ) اختیار کرنا۔ کَسْب: حصول، تحصیل، اکتساب، آمدنی، کمائی، نفع، فائدہ، جوئے کی جیت، حاصل شدہ چیز، حاصل کیا ہوا علم، علم، علم و فضل، کُسْب و کُسْبَة: کھلی مَکْسَب و مَکْسِب و مَکْسِبة جمع مَکَاسِب: نفع، فائدہ تَکَسُّب: منافع کمانا، حصول، تحصیل، اکتساب، دستیابی، آمدنی، کمائی، نفع، فائدہ۔ اِکْتِسَاب: حصول، تحصیل، اکتساب، حاصل کرنا، پانا، جیتنا۔ اکتسابٌ بِمرورِ الزمان: طویل قبضہ کی بنا پر حق ملکیت۔ کَاسِب: جیتنے والا، کمانے والا، مہیا کرنے والا، روزی رساں۔ مُکْسِب: نفع بخش، پر منفعت۔ کُسْبُرَة: (بمعنی کزبرہ): دھنیا، کشنیز، کُسْتُبَان جمع کَسَاتِبِین: انگشتانہ، شام، چھلا، سیتے وقت انگلیوں کی حفاظت کے لئے پہنا جانے والا چھلا۔

○ کُسْتَك و کُسْتِیك جمع کَسَاتِك: گھڑی کی چین

○ کُسْتُلِیَة و کُسْتَلِیَة: کباب، پسندے، تکہ بوٹی۔

کسح: ا۔ کَسَحَ ـَ کَسْحًا البیتَ: گھر میں جھاڑو

دینا۔ ــــ ت الریحُ الارضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لے جانا۔ ــ الشیئَ: کو کاٹنا اور لے جانا، (کہا جاتا ہے۔ اَتَیْنَا بَنِیْ فُلَانٍ فَکَسَحْنَاهُمْ یعنی ہم فلاں لوگوں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔) کَسِحَ ــَـ کَسَحًا: ایک پاؤں بوجھل ہونے کی وجہ سے گھسٹ کر چلنا، (صفت اَکْسَحُ ج کُسْحَانٌ:) ہاتھ پاؤں کا بے حس ہونا، کہا جاتا ہے۔ مَا اَکْسَحَهٗ: وہ کس قدر بوجھل ہے۔ اِکْتَسَحَ الشیئَ: کو لے جانا، کہا جاتا ہے۔ اَغَارُوْا عَلَیْهِمْ فَاکْتَسَحُوْهُمْ: یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔ کَاسِحَةُ الْاَلْغَامِ وَتُسَمّٰی اَیْضًا کَانِسَةُ الْاَلْغَامِ: سرنگیں ہٹانے یا صاف کرنے والا جہاز Mine sweeper۔ الکَسْحُ (مص): عاجزی۔ الکَسِیْحُ: وہ شخص کہ امداد طلبی پر تمہاری مدد نہ کرے۔ الکُسَاحُ: اونٹوں کی ایک بیماری۔ الکُسَاحَةُ: کوڑا کرکٹ، ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ الکَسِیْحُ والکُسَّحُ والکَسْحَانُ: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ الاَکْسَحُ ج کُسْحَانٌ: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا، لنگڑا، لنجا۔ المِکْسَحَةُ: جھاڑو۔ المُکَسَّحُ: چھیل کر ہموار کیا ہوا، کہا جاتا ہے۔ عُوْدٌ مُکَسَّحٌ: ہموار لکڑی۔ جَمَلٌ مَکْسُوْحٌ (مفع): سخت لنگڑا اونٹ۔

۲۔ کَاسَحَ مُکَاسَحَةً ہٗ: سے بہت سخت جھگڑا کرنا۔

○ کَسَحَ ــَـ کَسْحًا: جھاڑو دینا، صاف کرنا، صفائی کرنا، خالی کرنا۔ کَسِحَ ــَـ کَسَحًا: لنگڑا ہونا، لولا ہونا۔ کَسَّحَ ہٗ: کو لنگڑا لولا کرنا۔ ــــ ہٗ: کو موڑنا، مروڑنا، ٹیڑھا کرنا۔ اِکْتَسَحَ ہٗ: کو بہا لیجانا، سے آگے نکل جانا، ندی نالے کا پانی سے بھر کر ابل جانا اور زمین پر پھیل جانا، کو پانی سے بھر دینا۔ ــ ہٗ: (مفتوحہ شہر) کو تاخت و تاراج کرنا، میں لوٹ مار کرنا، کو تباہ کر دینا۔ ــ ہٗ: کو چھین لینا، اچک لینا، قبضہ میں لے لینا۔ کَسْح: جھاڑو دینا، صفائی کرنا، لنگڑاپن، فالج، لقوہ، معذوری، کُسَاح: سوکھا (بیماری) کُسَاحَة: فضلہ، کوڑا کرکٹ، خس و خاشاک، ردی چیزیں۔ کَسِیح: لنگڑا، مفلوج، لولا اَکْسَح: لنگڑا، لولا، مفلوج، شل اعضاء والا، سن اعضاء والا۔ مِکْسَحَة: لمبی جھاڑو۔ اِکْتِسَاح: بہا لیجانا، اٹھا لے جانا، علیحدگی، اخراج، سیلاب کا پھیل جانا، کناروں سے بہنا، تہ آب ہونا، غرقابی۔ استحصال بالجبر، غصب، قبضہ بالجبر، ضبطی، کَاسِحة الالغام: سرنگیں ہٹانے یا صاف کرنے والا جہاز۔ مُکَسَّح: لولا، لنگڑا کیا ہوا، لولا، لنگڑا، لنگڑا شخص، مفلوج، فالج

زدہ۔

کسد :۱۔ کَسَدَ وکَسُدَ ــُـ کَسَادًا وکُسُوْدًا الشیئُ: خواہشمندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ ـــ ت السوقُ: بازار میں مندا ہونا۔ (شَیْئٌ کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سُوْقٌ کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَةٌ واَکْسَدُ ہے اَکْسَدَ القومُ: مندے بازار والے ہونا ـ ت السوقُ: بازار میں مندا ہونا ـ الشیئَ: کو غیر رائج بنانا۔ الکَسِیْدُ بمعنی الکَاسِدُ: گھٹیا۔

۲۔ اِنْکَسَدَ ت الغنمُ اِلی الغنمِ: بکریوں کا بکریوں کے پاس واپس ہونا۔ لوٹنا۔

۳۔ الکُسْدُ: قسط، (ایک دوا کا نام)۔

○ کَسَدَ وکَسُدَ ــُـ کَسَادًا وکُسُوْدًا: مالِ تجارت کا منڈی نہ پانا، متحرک نہ ہونا یا اچھی طرح نہ بکنا (کاروبار، منڈی کا) مندا ہونا، سست ہونا۔ اَکْسَدَ: (منڈی) کا مندا ہونا، سست ہونا، ماند یا سرد ہونا۔ کَسَاد: سامان تجارت کی عدم فروخت، اقتصادی مندی، سرد بازاری، تجارتی جمود، معاشی انحطاط، کساد بازاری۔ مُکَاسَدَة: دوسرے ملک کی صنعت تباہ کرنے کے لئے وہاں مال کے انبار لگانا۔ کَاسِد و کَسِیْد: بری طرح فروخت ہونے والا (مال) سامان تجارت کی طلب میں کمی والا (مال)، مندا (کاروبار) ماند، سرد (تجارت) سست (منڈی)۔

کسر :۱۔ کَسَرَ ـِـ کَسْرًا العودَ وکُلَّ صلبٍ: کو توڑنا لیکن توڑنے والی چیز اس میں نفوذ نہ کر سکے۔ المتاعَ: سامان ایک ایک کرکے بیچنا۔ ــ الشعرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا۔ ــ الحرفَ: حرف کو زیر دینا۔ الوسادةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا۔ من طرفه وعلیٰ طرفه: نگاہ پست کرنا۔ العسکرَ: لشکر کو شکست دینا۔ فلانًا عن مراده: کو اس کی مراد سے پھیرنا۔ ــ الوصیةَ: وصیت منسوخ کرنا۔ ــ الطائرُ جناحَیْهِ: پرندے کا اترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا ــ کُسُوْرًا الطائرُ: پرندے کا اترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا۔ کَسِرَ ــَـ کَسَرًا: کامل ہونا۔ کَسَّرَ: بمعنی کَسَرَ: جب مشدد ہو تو مبالغہ اور کثرت کیلئے ہوتا ہے۔ ــ الکلمةَ: (یہ صرفیوں کا اصطلاحی لفظ ہے) کلمہ کی بناوٹ میں تھوڑی سی تبدیلی کر کے اس کو جمع مُکَسَّر بنانا کہا جاتا ہے۔ کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّةِ اَبْوَابٍ: اس نے کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔ ـــ ت المرآةُ ونحوُها النورَ علی کذا فتکَسَّرَ: آئینہ نے [illegible] روشنی توڑ ڈالی اور اسکا [illegible]

کَاسَرَ مُکَاسَرَةً ہٗ فی البیعِ: سے کم قیمت کا مطالبہ کرنا۔ تَکَسَّرَ: ٹوٹنا۔ ــ الشیئَ: کو توڑنا۔ اِنْکَسَرَ: ٹوٹنا۔ ــ العسکرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مَکْسُوْرٌ ہے اور مُنْکَسِرٌ: نہیں کہا جائیگا۔ ــــ الحرُّ: گرمی کم ہونا۔ العجینُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا۔ ــــ عن الشیئِ: سے عاجز ہونا۔ اِکْتَسَرَ الشیئَ: کو توڑنا۔ الکَاسِرُ (فا) ج کُسَّرٌ (ح): عقاب، کہا جاتا ہے۔ عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کئے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب ـ ـ کَاسِرُ الحجر او القَلْبُ (ن): ہنواڑ۔ الکَاسِرَةُ ج کَاسِرَاتٌ وکُسَّرٌ وکَوَاسِرُ: الکَاسِرُ کی مونث۔ الکَوَاسِرُ: شکاری پرندے۔ الکَسْرُ (مص): حرف کے نیچے لگائی جانے والی زیر (ـــِ) بہت کم ـ ـــ ج کُسُوْرٌ و جج کُسُوْرَاتٌ (ع، ح): کسر، ایک سے کم عدد جیسے تہائی، چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ـــ والکِسْرُ ج اَکْسَارٌ وکُسُوْرٌ: عضو کا جزو یا گوشت والی ہڈی کا جزو (کہا جاتا ہے: اَتَیْتُهٗ وهو یطعم الناسَ من کُسُوْرِ الابلِ: میں اس کے پاس آیا وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضا کھلا رہا تھا) گھر کا ایک کونہ، کونہ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ کُسُوْرُ الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) کہا جاتا ہے۔ هٰذِهٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ یہ زمین اونچی نیچی ہے۔ الکَسْرَةُ ج کَسَرَاتٌ: کَسَرَ کا اسم مرہ، زیر کی حرکت اور علامت، شکست، کہا جاتا ہے۔ وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الکَسْرَةُ: یعنی وہ شکست کھا گئے وبعینه کَسْرَةٌ مِنَ السَّهَرِ: یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے۔ هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ وهَزَرَاتٍ: وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔ الکِسْرَةُ ج کِسَرٌ و کِسْرَاتٌ وکِسَرَاتٌ: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ الکُسَارُ والکُسَارَةُ من الحطب ونحو: کھورا چورا، چھپٹی۔ الکَسَّارُ: مبالغہ کے لئے فعّال کا وزن۔ الکَسِیْرُ ج کَسْرٰی وکَسَارٰی: ٹوٹا ہوا۔ التَکَسُّرُ (طب): ایسی حالت جس میں سردی گرمی کی وجہ سے اعضاء میں تبدیلی محسوس ہوتی ہو۔ الانکسارُ (ف): شعاعوں کا انتشار یا انعطاف۔ التکسیرُ (مص) (ہ): پیمائش۔ المَکْسِرُ ج مَکَاسِرُ: توڑنے کی جگہ، آزمائش، دراصل یہ مِنْ کَسْرِكَ العُوْدَ: (یعنی لکڑی توڑنے) سے ماخوذ ہے پتہ چلے کہ لکڑی سخت ہے یا نرم ہے کہا جاتا ہے۔

فلان طَيِّبُ المَكْسِرِ: یعنی آزمائش کے وقت اچھا ہے۔ مَكْسِرُ الشَّجَرَةِ: درخت کی جڑ یا درخت کا تنا جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ المُكَاسِرُ من الحيران: وہ پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشے سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے۔ هُوَ جَارِي مُكَاسِرِيْ وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔ المُكَسَّرُ (مفع) من الاودية: وادی جس کے موڑ بھرے ہوں۔ الجَمْعُ المُكَسَّرُ: جمع سالم کی ضد، جس میں جمع بناتے وقت واحد کی حالت سلامت نہ رہے جیسے رجل سے رجال۔ المَكْسُوْرُ (مفع) ـ صَوْتٌ مَكْسُوْرٌ: کمزور آواز۔ المُتَكَسِّرُ (فا) کہا جاتا ہے رَأَيْتُهُ مُتَكَسِّرًا: میں نے اسے سست دیکھا ہے۔

۲۔ كَسْرٰی وكِسْرٰی ج اَكَاسِرَةٌ وَاَكَاسِرُ وكَسَاسِرَةٌ وكُسُوْرٌ: شاہان فارس کا نام اور نسبت کرتے ہوئے کہیں گے كَسْرَوِيٌّ اگر كِسْرٰی کی طرف نسبت ہو كِسْرَوِی اور كِسْرِيٌّ: (فارسیہ) الاِكْسِيْرُ: وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنادے لیکن یہ ان کا فضول خیال ہے (یونانیہ)

○ كَسَرَ ـِ كَسْرًا ہ: کو توڑنا، پاش پاش کرنا، (ہڈی وغیرہ) توڑنا۔ ـ ہ: (دروازہ وغیرہ) کو توڑ کر کھولنا، (کسی چیز سے) کھولنا، زور لگا کر کھولنا، توڑنا (مجازاً: طاقت، مزاحمت وغیرہ کو)، (قانونی فرض) کی خلاف ورزی کرنا، بے حرمتی کرنا، کو تباہ کرنا، نیست و نابود کرنا، (دشمن کی صفوں میں) بھگدڑ مچانا، (دشمن کو) شکست دینا، (کسی حرف صحیح کے نیچے) زیر لگانا۔ كسر خاطِرَهُ: کی امید توڑنا، توقع باطل کرنا، کا لحاظ نہ کرنا، کی برملا توہین کرنا، سب کے سامنے سبکی کرنا۔ كُسِرَتِ الرِيحُ: آندھی کا رک جانا، پرسکون ہو جانا۔ كَسَرَ الصَّمْتَ: خاموشی توڑنا۔ كَسَرَ العَطَشَ: پیاس بجھانا۔ کسره عن مرادِهٖ: کو اپنا مقصد پورا کرنے سے باز رکھنا یا اس کا مقصد پورا کرنے میں حائل ہونا۔ كَسَرَ عينَهُ: کو شرمندہ کرنا۔ کسر قلبَهُ: کا دل توڑنا، کو بددل کرنا، کی حوصلہ شکنی کرنا، ہمت توڑنا۔ کسر من حِدَّتِهٖ: کسی چیز کو کند کرنا، کھنڈا کرنا، ہلکا کرنا، نرم کرنا، کسی شخص یا چیز کو اعتدال پر لانا، کی سختی کم کرنا۔ كَسَّرَ ہ: کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، کو پاش پاش کر دینا۔ تَكَسَّرَ: ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پاش پاش ہونا، ٹوٹنا، (روشنی کی شعاعوں کا) منعطف ہو جانا، مہذب ہونا، شائستگی سیکھنا۔ اِنْكَسَرَ: ٹوٹنا، شکست کھانا، (طاقت، شدت، سختی، تشدد کا) ٹوٹ جانا، منعطف ہونا، (گرمی وغیرہ کا) گھٹنا، کم ہو جانا، (پیاس کا) بجھنا۔ اِنْكَسَرَتْ ساقُهُ: اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ كَسْر: توڑنا، پاش پاش کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا ــــ جمع كُسُور: ٹوٹ پھوٹ، شگاف، رخنہ، ہڈی کا ٹوٹنا، سڑکنا، شکستگی، کڑک ــــ جمع كُسُور: کسر، کسر عُشری و اعشاری: کسر اعشاریہ۔ و کسور (ہندسوں کے بعد) اور کچھ، کچھ اوپر جیسے جنیهٌ و كُسُور: ایک پاؤنڈ اور کچھ، ایک پاؤنڈ اور کچھ اوپر۔ كَسْر و كِسْر: کسر البیت، گھر کا گوشہ، کونا۔ جثم فی کسر بیتہ: گوشہ نشینی اختیار کرنا، چار دیواری میں قیام رکھنا۔ كِسْرَة جمع كِسَر و كِسرات: (ٹوٹا ہوا) ٹکڑا، روٹی کا ٹکڑا۔ كَسِير جمع كَسْرٰی و كَسَارٰی: ٹوٹا ہوا، تڑکا ہوا، پاش پاش کیا ہوا، شکست خوردہ۔ كَسَّارَة: سروتہ، صلبُ المَكْسِرِ: توڑنے میں سخت، تنومند، شہ زور، زور آور، مضبوط جسم کا، گھٹا ہوا، سخت، مضبوط۔ طَيِّبُ المكسر: آزمائش میں پورا اترنے والا، اپنی قدر و قیمت ثابت کرنے والا، عمدہ قسم کا۔ لَيِّنُ المكسر: نرم، شریف۔ جمع التكسير جمع مُكَسَّر۔ تَكَسُّر: ٹوٹا ہوا ہونا، توڑنا، انعطاف۔ تكسرُ الأَشِعَّةِ: شعاعوں کا انعطاف۔ اِنْكِسار: ٹوٹنا، ٹوٹا ہوا ہونا، ہڈی کا ٹوٹنا، پھٹنا، خلاف ورزی، رخنہ، جلدی ٹوٹ جانا، شکست، دل شکستگی، حوصلہ شکنی، اداسی، پشیمانی، شعاعوں کا انعطاف، انکسار القلب: شکستہ خاطری، دل شکستگی، پشیمانی۔ كاسِر: توڑنے والا، ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا، وغیرہ ــ جمع كَوَاسِر: سفاک (شکاری جانور) كاسِرُ الحَجَر: کوہ ایس کا سرخ، سفید یا زرد پھولوں کا پودا۔ طَيْرٌ كَاسِرٌ: شکاری پرندہ۔ كَوَاسِر الطير: شکاری پرندے۔ مَكْسُور: ٹوٹا ہوا، تڑکا ہوا، ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا، شکست خوردہ، ناکام؛ یکسر عاری، لفظ جس کے نیچے زیر ہو۔ مُكَسَّر: ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا، پاش پاش کیا ہوا، ٹوٹا ہوا، ٹوٹی پھوٹی (زبان)۔ مُكَسَّرَات: بادام اور سخت پوست کے گری دار میوے۔ جمع مُكَسَّر: ٹوٹی ہوئی جمع۔

○ كَسَرُونة: پکانے کا برتن۔

كَسَعَ: ۱۔ كَسَعَ ـَ كَسْعًا ہ: کو دھتکارنا، دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ کے چوتڑوں پر ہاتھ یا لات سے مارنا۔ ــ السفينةَ فی البحر: کشتی کو سمندر میں اتارنا اور چلانا ــــ ہ بكذا: کو کا تابع بنانا، کہا جاتا ہے۔ وَرَدَتِ الخَيْلُ يَكْسَعُ بَعْضُها بَعْضًا: گھوڑے اس حال میں آئے تھے کہ وہ ایک دوسرے کے پیچھے تھے، اور کہا جاتا ہے۔ اِتَّبَعَ فُلانٌ اَدْبَارَهُمْ يَكْسَعُهُمْ بِالسَّيْفِ: فلاں ان کے پیچھے گیا اور وہ ان کو تلوار سے دھتکار رہا تھا۔ كَسَعْتَ الرَّجُلَ بِمَا سَاءَهُ: جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔ الكُسْعَة: کام کرنے والے بیل، گدھے (کیونکہ انہیں چھڑی کے ساتھ ہانکا جاتا ہے) غلام

۲۔ كَسَعَ ـَ كَسْعًا و اِكْتَسَعَت الخيلُ باذنابها: گھوڑوں کا ٹانگوں میں دم دبانا۔

۳۔ تَكَسَّعَ فی ضلاله: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔

۴۔ الكَسَعُ فی الخيل: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی۔ الكُسَعُ: روٹی کے ٹکڑے۔ الكُسْعَةُ ج كُسَعٌ: پیشانی پر سفید داغ، پرندے کی دم کے نیچے سفید پر۔ الاَكْسَعُ من الخيل: کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی والا گھوڑا۔ ــ من الطير: دم کے نیچے سفید پر والا پرندہ ــــ رَجُلٌ مُكَسَّعٌ: کنوارا مرد۔

کسف: ۱۔ كَسَفَ ـِ كَسْفًا اللّٰهُ الشمسَ او القمرَ: کو اللہ کا گرہن لگانا۔ ــ الشيئَ: کو ڈھانکنا۔ بَصَرَهُ: نگاہ پست کرنا۔ ـت الشمسُ النجومَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔ ــ هُ الحزنُ وغيرُهُ: غمگین کر دینا۔ ــ كُسُوْفًا تِ الشمسُ: آفتاب میں گہن لگنا، (سورج کو گرہن اس وقت لگتا ہے جب چاند سورج اور زمین کے درمیان حائل ہو جائے۔)۔ وجهُهُ: تیوری چڑھانا ــ ـتْ حالُهُ: برا حال ہونا۔ بالُهُ: کے جی میں برا خیال آنا، کی امید کا کھوٹا ہونا۔ تَكَسَّفَتِ الشمسُ: بمعنی کسفت۔ اِنْكَسَفَتِ الشمسُ والقمرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔ الكَاسِفُ (فا): کہا جاتا ہے۔ فُلانٌ كَاسِفُ البَالِ: فلاں برے حال والا ہے۔ وكَاسِفُ الوَجْهِ: ترش رو۔ يَوْمٌ كَاسِفٌ: سخت و خوفناک دن۔ رَجُلٌ كَاسِفٌ: غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو اور اس کا رنگ فق ہو چکا ہو۔ الكَسْفُ (مص): عربوں کی ضرب المثل ہے۔ اَكَسْفًا وامْسَاكًا: یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی؟ یہ مثال ترش رو اور بخیل کے لئے بولی جاتی ہے۔

۲۔ كَسَفَ ـِ كَسْفًا الثوبَ: کپڑا کاٹنا ــ كُسُوْفًا اَمَلُهُ: کی امید منقطع ہونا۔ كَسَّفَ الشيئَ: کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الكِسْفَةُ ج كِسْفٌ وكِسَفٌ واَكْسَافٌ وكُسُوْفٌ: ٹکڑا۔ الكَسِيْفَةُ: ٹکڑا۔

○ کَسَفَ ـِ کُسُوفًا: تاریک ہونا، یا ہو جانا (سورج) کو گرہن لگنا۔ —— ہ: کو سرزنش کرنا، کو شرمندہ کرنا۔ اِنْکَسَفَ: گرہن لگنا، شرمندہ ہونا، شرمانا۔ کَسْف: اندھیرا ہونا، اندھیرا، تاریکی، کُسُوف حجاب، پوشیدگی، گرہن، گہن، اندھیرا، تاریکی، سورج گرہن۔ انکساف بمعنی بالا۔ کاسِف غمگین، شکستہ خاطر، رنجیدہ، آزردہ، اداس، افسردہ، دل، سرنگوں، تاریک۔

○ کَسْکَسَ: پیسنا، سفوف بنانا، کوٹنا، پیچھے ہٹنا، پسپا ہونا۔ کُسْکُسُو اور کُسْکُسِی شمال مشرقی افریقہ کا ایک کھانا۔ کُسْکاس و کَسْکاس: چھلنی جس سے یہ کھانا تیار کیا جاتا ہے۔

کسل: ۱۔ کَسِلَ ـَ کَسَلًا و تکاسَلَ: کاہل ہونا جس کام میں سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِل و کَسْلانٌ ج کَسَالٰی و کُسَالٰی و کَسْلٰی و کَسَالٰی مونث کَسِلَةٌ و کَسْلانَةٌ و کَسْلٰی۔ أَکْسَلَ الامرُ فلانًا: کو معاملہ کا کاہلی میں ڈالنا۔ الکِسَالَةُ: بے کاری۔ الکَسُوْلُ: کاہل، ناز پروردہ لڑکی کا وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ المِکْسَال: کاہل (مذکر و مونث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ نَسَبٌ مِکْسَل: وہ نسب جسے سرداری اور افعال خیر میں خود داری نہ ہو۔ المَکْسَلَةُ: جو چیز کاہلی کا سبب بنے، کہا جاتا ہے۔ الشِّبَعُ مَکْسَلَةٌ: آسودگی کاہلی کا باعث ہے اور فُلَانٌ لَاتُکْسِلُهُ المَکَاسِلُ: فلاں کو کاہلی کے اسباب کاہل نہیں کرتے۔

۲۔ الکِسْل والمِکْسَل: دھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اتار دی جائے۔

○ کَسِلَ ـَ کَسَلًا: سست ہونا، کاہل ہونا، وقت بے کار کھونا۔ کَسَّلَ ہ: کو سست، کاہل، یا بے پروا بنانا۔ تَکَاسَلَ: بمعنی کَسِلَ کَسَل: سستی، کاہلی، بے پروائی، غفلت، بے عملی، نکما پن۔ کَسِل و کَسُول: سست، کاہل، بے کار۔ کَسْلان مونث کَسْلانة و کَسْلٰی جمع کَسَالٰی و کُسَالٰی و کَسْلٰی: سست کاہل، نکما، آرام طلب، بیکار، یونہی پڑا ہوا، بے عمل۔ مِکْسَال: جس کی ہڈیوں میں سستی پڑی ہو، کاہل الوجود، تَکَاسُل: سستی، کاہلی، مٹھاپن، آرام طلبی، نکما ہونا، مُتَکَاسِل: سست کاہل، آرام طلب، نکما، بے ہمت

کسم: ۱۔ کَسَمَ ـِ کَسْمًا الیابسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا۔ —— عَلٰی عیاله: اپنے عیال کے لئے روزی کمانے کے لئے محنت کرنا۔ —— نارَ الحروب: لڑائی بھڑکانا۔ الکُسَمُ (مص): خشک چیز کا چورا جو ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔ الکَسُوْمُ: گزرنے والا۔

۲۔ الکَسْمُ عِنْدَ العَامَّةِ: متناسب جسم کہتے ہیں فُلَانَةٌ جَمِيْلَةُ الکَسْمِ: فلاں عورت خوبصورت جسم کی مالک ہے۔ الکَیْسُوْمُ: بہت گھاس، کہا جاتا ہے۔ هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٌ و یَکْسُوْمٌ: یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔ خَیْلٌ اَکَاسِمُ: بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔ رَوْضَةٌ اُکْسُوْمٌ: ج اَکَاسِیْمُ: گنجان و سرسبز باغ۔

○ کَسَمَ ـِ کَسْمًا علی عیاله: اپنے گھر والوں کے لئے روزی کمانا۔ کَسَّمَ ہ: کی شکل بنانا، کو صورت دینا، متشکل کرنا، کو شکل دینا۔ کَسْم: لباس کی قطع، کاٹ، لباس۔ پوشاک، فیشن، شکل، صورت، طریقہ، انداز۔ کِسِیْم: ٹیکس، محصول، بلدیاتی محصول۔ تَکْسِیْم: بنانا، شکل دینا، تشکیل دینا، ڈھالنا، نقش بنانا مُکَسَّم: خوشنما، خوش شکل، طرح دار، دیدہ زیب۔

کسو: کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا الثوبَ فلانًا: کو کپڑے پہنانا۔ —— ہ شِعْرًا: کی اشعار سے مدح کرنا۔ کَسِیَ یَکْسٰی و کَسِیَ کَسًا الثوبَ: کپڑا پہننا۔ اَکْسٰی الثوبَ فلانًا: کو لباس پہنانا تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بالکساء: کپڑا اوڑھنا، پہننا۔ اِکْتَسٰی: لباس پہننا۔ —— ت الارضُ بالنبات: نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُهٗ ثَوْبًا: میں نے اسے کپڑے پہنائے۔ اِسْتَکْسٰی فلانًا: کسی سے لباس مانگنا۔ الکَاسِیْ: (قا) لباس پہننے والا ج کُسَاة۔ الکِسَاءُ ج اَکْسِیَة: کپڑا۔ الکُسْوَةُ والکِسْوَةُ ج کُسًی و کِسًی: لباس۔ الاَکْسٰی: بہت پہننے والا، بہت لباس دینے والا، عربوں کی ضرب المثل ہے۔ هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ: یہ مثال اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔

۲۔ کَسِیَ یَکْسٰی کَسًاءً: بزرگ ہونا۔ کَاسٰی مُکَاسَاةً فلانًا: پر فخر کرنے میں غالب آنا۔ الکَسَاءُ: بزرگی و شرافت۔

○ کَسَا ـُ کَسْوًا ہ ہ: کو کچھ پہنانا، (پوشاک) پہنانا، کو میں ملبوس کرنا، کو کچھ اڑھانا۔ —— ہ ہ/ب: کو سے آراستہ کرنا، سے باندھنا، کو (غلاف) چڑھانا، پر (استر) لگانا کو سے منڈھنا، پر خول چڑھانا، (گوشت) لگانا، کچھ لگانا، کو میں بند کرنا، کو سے ڈھکنا، پر (کچھ) رکھنا۔ کساہ صبغة کذا: کوئی شکل / وضع قطع دینا، کو کسی جیسا دکھانا۔ کَسِیَ ـَ کَسًا: پوشاک پہننا۔ أَکْسٰی [illegible] کو کچھ پہنانا [illegible]

تَکَسّٰی: لباس پہننا۔ —— ب: میں ملبوس ہونا، سے سنورنا، کچھ پہننا، سے اپنے آپ کو ڈھانپنا۔ اِکْتَسٰی: بمعنی بالا نیز، (درخت کا) پتے نکالنا۔ کِسْوَة جمع کُسًی و کِسًی و کَسَاوٍ: لباس، کپڑا، کپڑے، پوشاک، کپڑوں کا جوڑا، وردی، (دیواروں وغیرہ کی) آرائش، استر کاری، تختہ بندی، کپڑے لٹکانا، نیا پلستر۔ الکِسْوَة الشریفة: غلاف کعبہ۔ کِسْوَة التشریفة: تقریبات میں پہننے والا لباس، جشن کی وردی۔ کِسَاء جمع اَکْسِیَة: لباس، پوشاک۔

کسی: الکُسْی ج اَکْسَاءٌ: چوتڑ کا پچھلا حصہ، ہر چیز کا پچھلا حصہ کہا جاتا ہے۔ رَکِبَ اَکْسَاءَهٗ وہ گدی کے بل گرا۔

○ کَشَّ ـِ کَشًّا من: سے اچھل کر پیچھے ہٹنا (خوف وغیرہ کی وجہ سے) کُشَّة: بالوں کی لٹ۔

○ کُشتبان و کُشتِبان جمع کَشَاتِبین: انگشتانہ۔

کش: ۱۔ کَشَّ ـِ کَشًّا و کَشِیْشًا الزندُ: چقماق سے آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا۔ —— ت الجرّةُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔ و ـ کَشِیْشًا الجَمَلُ: اونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا۔ ـ ت الحیّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ ـ تِ البقرةُ: گائے کا آواز نکالنا۔ تَکَاشَّ تِ الافاعی: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔ الکَشِیْشُ (مص): شراب کے جوش کی آواز۔

۲۔ کَشَّ ـِ کَشًّا الرجُلَ وغیرَهٗ: کو دھتکارنا، ڈانٹنا۔ — الدجاجةَ: مرغی کو کش کش کہہ کر ڈانٹنا۔ (عامیہ) — الدیكُ: کمزور ہونا اور دوسرے مرغ سے شکست کھا جانا (عامیہ)

۳۔ الکُشّ: وہ چیز جس سے کھجور کے درخت کو گابھا دیا جائے۔ الکُشَّة: پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔

۴۔ کَشْکَشَ کَشْکَشَةً: بھاگ جانا۔ —— ت الحیّةُ: سانپ کا اپنی جلد سے آواز نکالنا۔ الکَشْکَشُ ج کَشَاکِش: خوبصورتی کے لئے کپڑے کے بارڈر وغیرہ پر کی گئی کڑھائی۔ ثَوْبٌ مُکَشْکَش: دلکش کڑھائی والا کپڑا (فارسیہ) الکَشْکَشَةُ: (مص) کاف ضمیر خطاب مونث کو شین سے بدل دینا۔ جیسے اَکْرَمْتُشِ وعَلَیْشِ: بجائے اَکْرَمْتُكِ اور عَلَیْكِ: کہنے کے۔

کشا: ۱۔ کَشَا ـَ کَشْأً الشیئَ: کو چھیلنا۔ فلانًا بالسیف: کو تلوار سے مارنا۔ کَشِیَ ـَ کَشًا و کَشَاءً

ثُ یدُهُ: کاہاتھ پھٹنا، جھری دار ہونا۔ تَکَشَّأَ الشیئُ: چھل جانا۔

۲۔ کَشَأَ ــــ کَشْأً اللحمَ: گوشت بھون کر خشک کرنا صفت کَشِئٌ۔ ــ الرجُلُ: بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ ــ الشیئَ: کو اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا۔ وکَشِیَٔ ـ کَشْأً وکَشَاءً الرجُلُ من الطعام: کو شکم سیر ہو کر کھانا صفت کَشِئٌ وکَشِیٌّ۔ کَشَّأَ تَکْشِئَةً اللحمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔ اَکْشَأَ اللحمَ: گوشت بھون کر خشک کرنا۔ ــ الرجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ تَکَشَّأَ اللحمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔ ــ الرجُلُ من الطعام: کو پیٹ بھر کر کھانا۔ الکَشِیُٔ: بھنا ہوا اور پکا ہوا گوشت۔

۳۔ الکُشَاۃُ: عیب، کہا جاتا ہے مافی جَسَدِهٖ کُشَاۃٌ: اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔

کشب: کَشَبَ ـِ کَشْبًا وکَشَّبَ اللحمَ: بہت گوشت کھانا۔

کشت: الکُشْتُبَانُ ج کَشَاتِبِیْنَ: انگشتانہ۔ (درزی جسے، انگلی پر چڑھا کر سوئی استعمال کرتا ہے) زَهْــرُ الکُشْتُبَانِ: ایک نباتاتی پودا۔

کشث: الکَشُوْثُ والکُشُوْثُ والکُشُوْثٰی والکَشُوْثٰی والکَشُوْثَاءُ: ایک قسم کی طفیلی نباتات جس کی جڑ اور پتے نہیں ہوتے۔ پھول چھوٹے اور گول ہوتے ہیں اور جڑی بوٹیوں کے لئے نقصان دہ ہوتی ہے۔

○ کَشَحَ ـَ کَشْحًا له بالعداوۃ: سے نفرت کرنا، سے دل میں دشمنی رکھنا ــ هم: (ہجوم) کو منتشر کرنا، تتر بتر کرنا ــــ ه: کو ہانک کر لیجانا، کا پیچھا کرنا، تعاقب کرنا۔ کاشحه بالعداوۃ: بمعنی کَشَحَ له بالعداوۃ اِنْکَشَحَ: منتشر ہونا، تتر بتر ہونا، دور ہونا، زائل ہونا۔ ـ کَشْح جمع کُشُوْح: کولھے کا خط، پٹھا، کولھا، پہلو، جانب، کمر، کوزی طَوَی کشحَهُ علٰی: کو اپنے تک رکھنا، کو راز میں رکھنا طَوَی کشحَهُ (کشحًا) عن: کسی سے رخ موڑنا، سے تعلقات ختم کر دینا۔ وَلَّاهُ کَشْحَهُ: کو فراموش کر دینا۔ کُشَاحَۃ: خفیہ اور چھپی دشمنی، نفرت، آزردگی، دل میں بیٹھا ہوا کینہ، تلخی، بغض۔ کاشِح: چھپا دشمن۔

کشح: اکَشَحَ ـَ کَشْحًا البیتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ ــ القومَ: کو پراگندہ کرنا، دھتکارنا۔ ــ البعیرَ: اونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ــــ ه: کے پہلو پر داغ دینا۔ ــ له بالعداوۃ: سے دشمنی کرنا ــ عن الماء: پانی پر سے واپس ہونا ــــ الطائرُ: پرندے کا تیز واپس آنا۔ ــ الظلامُ اوالضوءُ: تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا۔ ــ العودَ: لکڑی چھیلنا یا اس کی چھال اتارنا۔ کُشِحَ الرجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا صفت مَکْشُوْحٌ ــــ القومُ عن الماء: پانی سے ہٹ کر متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ کَشِحَ ـَ کَشَحًا: کے پہلو کا درد کرنا۔ کَشَّحَ البعیرَ: اونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ــ ه: کے پہلو پر داغ دینا۔ ــ العود: لکڑی چھیلنا، کی چھال اتارنا ــــ ه عند العامۃ: کو بھگانا یا دھتکارنا کہا جاتا ہے۔ کَشَّحَ الذُبَابَ: مکھی کو بھگانا یہ کَشٌّ سے تبدیل شدہ ہے۔ کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَۃً فلانًا بالعداوۃ: سے دشمنی رکھنا۔ اِنْکَشَحَ القومُ عن الماء: پانی سے ہٹ کر متفرق ہونا، بکھرنا۔ الکَاشِحُ (فا): پوشیدہ دشمنی رکھنے والا اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بناء پر پہلو تہی کرے۔ الکَشْحُ (مص) من الجسد ج کُشُوْحٌ: پہلو، کہا جاتا ہے طَوٰی کشحَهُ علَی الامْرِ: اس نے کام پر ہمیشگی کی اور کہا جاتا ہے طَوٰی کَشْحَهُ عَنْ فُلَانٍ اَوْطَوٰی کَشْحًا عَنْهُ: یعنی اس نے اس سے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ الکَشَحُ (طب): پہلو کی بیماری جس پر داغ دیا جاتا ہے اور بعض کے بقول ذات الجنب کو کہتے ہیں۔ الکِشَاحُ: پہلو کا داغ۔ الکُشَاحَۃُ: باطنی عداوت اور قطع تعلق۔ المِکْشَاحُ: کلہاڑا ــ و المِکْشَحُ: تلوار کی دھار۔

۲۔ کَشَحَ ـَ کَشْحًا ت الدابۃُ: چوپائے کا ٹانگوں کے درمیان دم دبانا۔

کشد: کَشَدَ ـِ کَشْدًا الشیئَ: کو دانتوں سے کاٹنا۔ ــــ الناقۃَ: تین انگلیوں سے اونٹنی کا دودھ دوہنا۔ اَکْشَدَ: خالص مکھن بنانا۔ الکِشْدَۃُ: مکھن۔ الکَاشِدُ والکَشَدُ والکَشُوْدُ ج کُشُدٌ: اہل وعیال کے لئے بہت کمانے والا۔

کشر: اکَشَرَ ـِ کَشْرًا عن اَسنانِهٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اس سے اسم الکِشْرَۃُ۔ ــ السبعُ عن نابه: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا ــــ فلانٌ لَهٗ: پر چیتے جیسا بننا۔ کَشَّرَ عن اسنانه: بمعنی کَشَرَ۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ کَاشَرَ مُکَاشَرَۃً ہٗ: باہم ہنسنا، باہم دانت نکالنا۔ اَکْشَرَ له عن انیابه: کو دھمکی دینا۔ تَکَشَّرَ: دانت نکالنا۔ الکُشَرُ: انگور کا خوشہ جس سے انگور کھائے جا چکے ہوں۔ المُجَارُ المُکَاشِرُ (فا): قریبی پڑوسی۔

۲۔ کَشِرَ ـَ کَشْرًا: بھاگنا۔

۳۔ الکُشْرُ: خشک روٹی۔

○ کَشَرَ ـِ کَشْرًا و کَشَّرَ: دانت دکھانا، منہ بنانا۔ ــ علی: پر کھس نکالنا، سے مسکرانا ــــ: گھورنا، قہر آلود نگاہیں ڈالنا۔ کَشَّرَ عن اسنانه: دانت دکھانا۔ کشر عن نابه (انیابه): دانت دکھانا۔ کِشْرَۃ: بنا ہوا منہ، رونی صورت۔ تکْشِیرَۃ: دانتوں کی چمک، دمک، کوندھو جاری۔ مُکَاشِری: وہ میرا سب سے نزدیک پڑوسی ہے۔

کشط: کَشَطَ ـِ کَشْطًا الشیئَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ ــــ الجلَّ عن الفرس والغطاءَ عن الشیئِ: جھول کو گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اتارنا، ننگا کرنا ــــ الحرفَ: کو موقع سے ہٹا دینا۔ ــ البعیرَ: اونٹ کی کھال اتارنا۔ تَکَشَّطَ السحابُ فی السماء: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے اور متفرق ہونا۔ اِنْکَشَطَ: اتارا جانا۔ ننگا ہونا۔ ــ الروعُ: خوف زائل ہونا۔ اِسْتَکْشَطَ الشیئَ: کَشَطَهٗ: کا ہم معنی ــ البعیرُ: اونٹ کی کھال اتارنے کے وقت کا قریب ہونا۔ الکِشَاطُ: انکشاف، اتری ہوئی کھال۔ الکَشَّاطُ: قصاب۔ الکُشْطَۃُ: کھال اترے ہوئے اونٹوں کے مالک۔

○ کَشَطَ ــِ کَشْطًا ه: لپٹا ہوا کاغذ، (پوشش وغیرہ) اتارنا، (کچھ) اتارنا، نکالنا، (لکھی ہوئی چیز) محو کرنا، مٹا ڈالنا، (کچھ) الگ کرنا۔ ه ب: کو سے کھرچنا، چھیلنا، رگڑ کر صاف کرنا۔ مِکْشَط: چھیلنے والا چاقو۔

کشع: کَشَعَ ــَ کَشْعًا القومُ عن قتیلٍ: قوم کا مقتول سے جدا ہو جانا۔ کَشِعَ ـَ کَشَعًا: بددل ہونا، زچ ہونا۔

کشف: اکَشَفَ ـِ کَشْفًا وکَاشِفَۃً الشیئَ وعن الشیئِ: کو ظاہر کرنا، کھولنا، کہا جاتا ہے کَشَفَ اللّٰهُ غَمَّهٗ اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ اور کہا جاتا ہے کَشَفَتْهُ الکَوَاشِفُ: یعنی بدنامیوں نے اسے رسوا کر دیا۔ کَشِفَ ـَ کَشَفًا: شکست کھانا۔ ــ الرجُلُ اوالفرسُ: آدمی یا گھوڑے کا کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔ کَشَّفَ الشیئَ: کو کھولنا، ظاہر کرنا ــــ فلانًا عن الامر: کو بات ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔ کَاشَفَهٗ بکذا: کو سے خبردار کرنا۔ کو پر ظاہر کرنا۔ ــــ هٗ بالعداوۃ: سے کھلم کھلا دشمنی کرنا۔ اَکْشَفَ: ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔ تَکَشَّفَ الشیئُ: ظاہر ہونا۔ ــــ البرقُ: بجلی کا آسمان پر پھیلنا ــــ الرجُلُ: رسوا ہونا۔ تَکَاشَفَ القومُ: ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا، ایک دوسرے کے راز فاش کرنا۔ اِنْکَشَفَ الشیئُ: ظاہر ہونا۔ اِکْتَشَفَ الشیئَ: کو ظاہر کرنا،

کھولنا، اسی سے ہے الاکتشافات: ان نئی تحقیقات کے لئے جو طبی اور صنعتی امور کے متعلق ہوں اِسْتَکْشَفَ عن الشیئ: کو ظاہر کرنیکا مطالبہ کرنا۔ الکَاشِفُ ج کَشَفَةٌ (فا) ۔ الکَاشِفَةُ (مص) ج کَوَاشِفُ۔ الکاشف کی مونث۔ رسوائی۔ الکَشْفُ (مص) ــــ عند اصحاب الجمارك (کسٹم والوں کے نزدیک) ایک کاغذ جس پر سامان کی مقدار اور اس کا ریٹ درج ہوتا ہے۔ عند العروضیین: (اہل عروض کے نزدیک) ساتویں متحرک کا گرا دینا جیسا کہ مفعولات میں تاء کو گرا دیا اور مفعولا بن گیا جس کو مفعولن کی طرف منتقل کر لیا ــــ الالھی عند الصوفیین: وصال الٰہی کے مختلف طریقے اپنا کر صوفی پر حقائق الٰہیہ کا انکشاف۔ صوفیاء کے نزدیک اہل کشف سے مراد وہ لوگ ہیں جو تصوف میں اس اعلیٰ مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ وہ ظاہری نگاہ کے بجائے روحانی نگاہ سے حقائق کائنات کو دیکھ لیتے ہیں۔ الکَشَفُ: سر کے اگلے حصے کے بال گر جانا، پیشانی کے بالوں کا گھنگریالے بن جانا یہ چند بال ہوتے ہیں جو پیشانی پر ابھرے ہوتے ہیں۔ الکَشَفَةُ: سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔ الکَشَّافُ: اسم مبالغہ سے فعال کا وزن کہا جاتا ہے ھُوَ کَشَّافُ الغُمَم: وہ غموں کو زائل کرنے والا ہے ــــ ج کَشَّافَةٌ: بوائے سکاؤٹ۔ تہذیبی ریاضی و انسانی تنظیم کا رکن الکَشَفِیَّةُ: تہذیبی ریاضی انسانی تنظیم۔ بوائے سکاؤٹ تنظیم الکَشِیفُ بمعنی مکشوف کھلا ہوا، ظاہر الاَکْشَفُ: جس کے سر کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔ وہ شخص جس کے پیشانی کے بال گھنگھریالے ہوں۔ وہ جس کے پاس لڑائی کے وقت نہ ڈھال ہو اور نہ خود، لڑائی میں شکست خوردہ۔ الکَشْفَاءُ: الاکشف کی مونث ہے۔

۲۔ الکَشَفُ فی الخیل: دم کے بالوں کی پیچیدگی۔ الاَکْشَف: وہ گھوڑا جس کے دم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔

○ کَشَفَ ــــ ِ کَشْفًا ہ عن: کو سے نکالنا، الگ کرنا، اتارنا، کھولنا، اٹھانا ـہ / عن: آشکارا کرنا، ظاہر کرنا، منکشف کرنا، عیاں کرنا، فاش کرنا، بے نقاب کرنا، ننگا کرنا، واضح کرنا، پر روشنی ڈالنا، کی توضیح کرنا، کا اظہار کرنا، کو کھولنا، کو معلوم کرنا، ظاہر کرنا ــــ عن: کا مطالعہ کرنا، کی جانچ پڑتال کرنا، تفتیش کرنا ــــ علی: کا طبی معائنہ کرنا۔ کشف القناع عن: کسی چیز یا شخص کو بے نقاب کرنا، کے چہرے سے نقاب اٹھانا۔ کشف علیه طِبِّیًا: کا طبی (ڈاکٹری) معائنہ کرنا۔ کشفت الحربُ عن ساقِها: جنگ شدید تھی یا شدید ہو گئی، پھیل گئی، یکا یک شروع ہو گئی۔ کاشَفَ ہُ ب: کو کچھ دکھانا، پر کچھ واضح کرنا، کو کا ثبوت دینا، کو سے آگاہ کرنا ــــ ہ ہ / ب: کے علم میں کچھ لانا، کو کی اطلاع دینا۔ کاشَفَهُ بالعداوۃ: سے کھلی دشمنی واضح کرنا۔ تَکَشَّفَ: فاش ہونا، بے نقاب ہونا، کھل جانا، ننگا ہونا، منکشف ہونا، ظاہر ہونا، منظر عام پر آنا، معلوم ہونا، پتہ چلنا، دیکھا جا سکنا، مرئی ہونا، نظر آنا، دکھائی دینا، واضح ہونا عن شیئ: کچھ دکھانے کے لئے پوری طرح کھلنا۔ تکشَّفَ الامرُ عن لاشَیٔ: معاملہ بے نتیجہ نکلنا۔ تَکَشَّفَ عن منتھی العَجْز: خود کو یکسر بے بس ظاہر کرنا۔ اِنکَشَفَ: (پردہ کا) ہٹنا، اٹھنا ــــ ل: پر فاش ہونا، منکشف ہونا، ظاہر ہونا، واضح ہونا۔ اِکْتَشَفَ ہ: کو دریافت کرنا (بالخصوص سائنس کے اصولوں کے مطابق) ــــ ہ: کو معلوم کرنا، دریافت کرنا، کا پتہ لگانا، کو فاش کرنا۔ اِسْتَکْشَفَ ہ: کو دریافت کرنے، کی کوشش کرنا، کا کھوج لگانا، کو تلاش کرنا، کی تحقیق کرنا، چھان بین کرنا، تفتیش کرنا، کے متعلق حقائق جاننے کی کوشش کرنا ــ: دیکھ بھال کرنا، دشمن کی طاقت کا اندازہ کرنے کے لئے جانا ــــ ہ: کوئی چیز سائنس کے اصولوں کے مطابق دریافت کرنا ــــ ہ: کا پتہ لگانا، کی نشاندہی کرنا، کو ڈھونڈ لینا۔ کَشْف: بے نقابی، دریافت، بے حجاب کرنا۔ بے نقاب کرنا، پردہ دری، اظہار، انکشاف، تجلی، جلوہ، تحقیق، تفتیش، تلاش، جستجو، دیکھ بھال، مطالعہ، جانچ پڑتال، جائزہ، معائنہ، بوائے سکاؤٹ تحریک ــــ جمع کُشُوف و کُشُوفات: رپورٹ، سرگزشت، بیان، تفصیل، خلاصہ تحریر، مجمل بیان، فہرست، فرد، جدول، نقشہ، گوشوارہ، چارٹ، نظام الاوقات، رجسٹر، جمع کشوف: انکشافات، دریافتیں۔ کشف طبی: طبی معائنہ۔ کشف الاقتراع: رجسٹر حاضری کشف الحساب: بیجک (فہرست اشیاء مع قیمت) کَشْفِی: بوائے سکاؤٹوں کا یا ان کے متعلق حرکة کشفیة: بوائے سکاؤٹ تحریک۔ کَشَّاف جمع کَشَّافة: دریافت کنندہ، انکشاف کرنے والا، معلوم کرنے والا، اختراع کرنے والا، موجد، غیر معلوم علاقہ کی سیاحت کرنے والا، دیکھ بھال کرنے والا، سکاؤٹ، بوائے سکاؤٹ۔ کَشَّاف کَھْرَبَائی: سرچ لائٹ مِصباح کَشَّاف و نور کشاف جمع انوار کشافة: [illegible] معروف علاقوں کی سیاحت۔ (دشمن علاقوں کی) دیکھ بھال، بوائے سکاؤٹ تحریک، دشمن کی طاقت کا اندازہ کرنے کے لئے جانا۔ کِشافی: بوائے سکاؤٹ کی۔ کَشِیف: کھلا، بے نقاب، بے پوشش۔ اِکتشاف: دریافت، گرفت، انکشاف، محل وقوع، جمع اکتشافات: (سائنسی) دریافت۔ طائِرَةُ الاستکشاف: دیکھ بھال والا طیارہ۔ لاستکشاف البعید المَدَی: دور تک دیکھ بھال۔ اِسْتِکْشَافِی: غیر معروف علاقہ کی سیاحت کا یا اس سیاحت کے متعلق، دریافت کا، دریافت کے متعلق، دیکھ بھال کا، دیکھ بھال کے متعلق، مخبر یا نگران کا، مخبر یا نگران جہاز کا۔ کاشِف جمع کَشَفَة: بے نقاب کرنے والا، ظاہر کرنے والا وغیرہ، غیر معلوم علاقہ کی سیاحت کے مقاصد کا حامی۔ دیکھ بھال کا ذریعہ دریافت کا باعث، پتہ لگانے کا باعث، پوشیدہ چیز کو منظر عام پر لانے والا۔ ممتحن، جانچ پڑتال کرنے والا۔ تحقیقات کرنے والا، دریافت کرنے والا، نگران، معائنہ کنندہ، انسپکٹر، کسی علاقہ کا سربراہ، ڈسٹرکٹ چیف، ڈٹیکٹر (ریڈیو) کاشِف و کاشفة: جوہر یا مادہ جو دوسرے جوہر یا مادہ کے وجود کا پتہ لگانے کے لئے کیمیائی رد عمل پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ضَوءٌ کاشفٌ جمع اضواء کاشِفة او نورٌ کاشِف جمع انوَارٌ کاشِفة: سرچ لائٹ زورقٌ کاشِفُ الالغام: سرنگوں کی جگہوں کی دریافت کا جہاز، سرنگیں ہٹانے یا صاف کرنے کا جہاز۔

○ کَاشِف بَلُّورِی: کرسٹل ڈیٹکٹر (ریڈیو) کاشِفُ المُحِیط: بالا بین (Pcriscope) بَانَ بالکاشِف: خود کو آشکارا کرنا (واضح طور پر اور کسی غلطی کے بغیر) مَکشوف: ننگا کیا ہوا، کھول کر ڈالا ہوا، بے ڈھکا، کھلا، بے چھت، بے پوشش، بے نقاب عریاں۔ کھلا، کسی دفاع کے بغیر فوجی تنصیبات یا قلعہ (مورچہ) بندیوں سے خالی (علاقہ) (عسکری اصطلاح میں) کافی رقم کے بغیر مَکْشُوف الرأس: بغیر ٹوپی ننگے سر بالمکشوف یا علی المکشوف: کھلم کھلا، بر سر عام علی الاعلان: سب کے سامنے (دکھائی دینے والا) مُکتَشِف: دریافت کنندہ۔ غیر معروف علاقوں کی سیاحت کرنے والا، انکشاف کرنے والا مُکتَشَفَات: (سائنسی)، دریافتیں، انکشافات۔

کشك: ا۔ الکَشْكُ: آبِ جو (فارسیہ) الکِشْكُ (ط): ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے

کے بعد پکایا جاتا ہے۔ (ب) گنبد دار محل (فارسیہ)

۲۔ الکَشکُولُ والکَشکُولَۃُ: بھکاریوں کا برتن جس میں وہ اپنی مانگی ہوئی چیزیں ڈالتے ہیں (یہ دونوں لفظ آرامی لغت کے ہیں) بہاؤ الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے کیونکہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔

○ کُشک جمع اکشاک: (اخبار فروشوں وغیرہ کا) کھوکھا، (باغ میں بنی ہوئی) چھوٹی جھونپڑی، کھیل کے میدان کا بنگلہ، لکڑی کا کیبن، کیبن، جھونپڑی، شیڈ، ٹیلیفون بوتھ (فون گاہ) سٹال، سٹینڈ (کسی میلہ وغیرہ میں) عارضی دوکان۔ کشک الاستحمام: غسل خانہ، ساحلی بنچ، کُشکُ الاشارات: سگنل خانہ (ریلوے سٹیشن سے فاصلہ پر بنی ہوئی عمارت جہاں سے سگنل اوپر نیچے کئے جاتے ہیں اور پٹری بدلی جاتی ہے) کشک الدیدبان: سنتری خانہ۔ کُشکُ مُحوِّل: ٹرانسفارمر گاہ۔ کِشکُ الماز: موصلی سفید، مارچوبہ، ناگ دون۔

○ کَشکَش: سرسر کرنا، سرسرانا، بھاگ جانا، فرار ہو جانا، چنت ڈالنا، چوٹی گوندھنا۔ کَشکَش جمع کَشاکِش: سیون، ٹانکا، سنجاف، مغزی، گوٹ، جھالر، حاشیہ، کنارہ۔ روایۃ کِشکِشیَۃ: ہنسی کی نقل، عام پسند سوانگ۔ کشکول: بھکاری کا تھیلا، اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مجموعہ، البم۔ کشمش: کشمش، مویز، منقی، مُنقّی۔

○ کَشمِیرُ: کشمیر (پاکستان کے شمال میں واقع ایک ریاست) اب اس کے دو حصے ہیں: ایک آزاد کشمیر، دوسرا مقبوضہ کشمیر کہلاتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر ہندوستان کے قبضہ میں ہے۔ کشمیرا: نرم اونی کپڑا۔

کشم: ۱۔ کَشَمَ ـِ کَشمًا القثاءَ او الجزرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔ کَشِمَ ـَ کَشَمًا: پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا صفت اَکشَمُ، الکُشمُ (ح): تیندوا۔ اَنفٌ کَشِمٌ: جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔ الاَکشَمُ: تیندوا۔ اَنفٌ اَکشَمُ: جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔

۲۔ کَشَمَ: رونے کے لئے آمادہ ہونا۔ ـــ انفہ: کی ناک توڑ دینا۔

۳۔ الکِشمِشُ والحَبَّۃُ منہ، کِشمِشَۃٌ (ن): کشمش، کشمش پودے کا اصلی گہوارہ یورپ اور شمالی ایشیا ہے یہ درخت پر گچھوں کی شکل میں ہوتا ہے سفید یا سرخ رنگ کے چھوٹے چھوٹے انگور کی مانند خوشے ہوتے ہیں اس کا پھل بہت لذیذ ہوتا ہے۔ اور یہ مختلف قسم کے مربہ جات میں استعمال ہوتا ہے۔

○ کَشنَی: پتلے پھلی دار پودے جو چارے کے کام آتے ہیں، ایک قسم کا خودرو چارہ۔

کشو: کَشَا یَکشُو کَشوًا ہُ: کو دانتوں سے کاٹ کھانا۔

کشی: الکُشیَۃُ ج کُشًی: گوہ کے پیٹ کی چربی یا اس کی دم کی جڑ۔

کص: ۱۔ کَصَّ ـِ کَصًّا القومُ: اکٹھا ہونا۔ کَصِیصًا الماءُ بالناس: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا۔ تَکَاصَّ واِکتَصَّ القومُ: اکٹھا ہونا، بھیڑ کرنا۔ الکَصِیصَۃُ ج کَصَائِصُ: جماعت۔

۲۔ کَصَّ ـِ کَصًّا وکَصِیصًا الصوتُ: آواز باریک ہونا۔ الکَصِیصُ: ٹڈی کی آواز۔

۳۔ اَکُصَّ: بھاگنا اور شکست کھانا۔ الکَصِیصُ: خوف، تنگی، اضطراب، شدت مشقت کی وجہ سے پیچ وتاب، مکروہ۔ ناپسندیدہ۔

۴۔ الکَصِیصُ: پستہ قد موٹا نرم (پلپلا) مرد۔ الکَصِیصَۃُ ـ کَصَائِصُ: ہرن کو شکار کے لئے پھنسانے کا پھندا۔

۵۔ کَصکَصَ: تیز چلنا۔

کصم: کَصَمَ ـِ کُصُومًا: پشت پھیرنا، پیٹھ دکھانا۔ ـــ کَصمًا: دانتوں سے کاٹنا۔ الرجُلَ: کو سختی سے ہٹانا۔

کصی: کَصِیَ یَکصِیُ کَصًا: بلند مرتبہ کے بعد گھٹیا ہو جانا۔

○ کَضَّ: (کظّ)۔ تکَضَّضَ: لبریز ہونا، بھرا ہوا ہونا، منہ تک بھرا ہوا ہونا، زیادہ بوجھ لدا ہوا ہونا۔ اِکتَضَّ ب: سے لبریز ہونا، بھرا ہوا ہونا، منہ تک بھرا ہوا ہونا۔ ـ: موہنا منہ بھرا ہوا ہونا۔ تکَضُّض: بہت زیادہ زور، حد سے زیادہ محنت، حد سے زیادہ زیرباری۔

کضل: کَضَلَ ـُ کُضلاۃً: کو ہٹانا۔

۲۔ الکَلْبُ: ٹیلہ کا کنارا، وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ — من الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری، کہا جاتا ہے۔ اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِہٖ: وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا۔ الکُلْبَۃُ: شراب فروش کی دکان۔

○ کِلَاسِکِی: کلاسک، کلاسیکل، قدیم تمدن یا ادب کا، مستند، معیاری، یونانی اور رومی طرز کا، کَلَاکِس جمع کَلَاکِسَات: ہارن، بھونپو۔

○ کَلِبَ — کَلَبًا: پاگل ہو جانا، پانی سے خوف کے مرض میں مبتلا ہونا۔ — علی: کی للچا کر خواہش کرنا، کا حریص

ہونا۔ تکَالَبَ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا، ایک دوسرے کی طرف دوڑنا۔ ـــــ علی: پر حملہ کرنا، جھپٹا مارنا، کو چنگل مار کر دبوچ لینا۔ ـــــ: بہت زوروں کا ہونا، سخت تیز ہونا۔ اِستَکلَبَ: بہت زوروں کا ہونا، سخت تیز ہونا، گھن گرج والا ہونا، سگ گزیدہ ہونا، پاگل ہونا، از خود رفتہ ہونا، مخبوط ہونا۔ کَلبِی: کتوں سے متعلق، کلبی۔ کَلِب باؤلے پن سے متاثر، پاگل، سگ گزیدہ، حریص۔ کَلَب: ہڑک، باؤلے کتے کے کاٹنے سے دیوانگی، پانی سے خوف، سخت پیاس۔ ـــــ علی: کی حرص۔ کُلّاب و کُلُّوب جمع کلالِیب: ہک، سنڈاسی۔ کُلّابَة جمع کُلّابات: سنسی، چمٹا، چمٹی۔ کَلِیب جمع کَلبَی: سگ زدہ، بہت زوروں کا۔ تَکالُب: شدید جنگ، لڑائی، طیارہ جھڑپ، بلوہ، گڑبڑ، دنگا، لالچ، حرص۔ مَکلُوب: سگ زدہ، پاگل، دیوانہ۔ کَلبَش: ہتھکڑیاں، بیڑیاں۔

کلت: ا۔ کَلَتَ ـِ کَلتًا الشیئَ: کو جمع کرنا۔ ـــ الفرسَ: گھوڑے کو دوڑانا کہا جاتا ہے۔ اِنَّہٗ لَکُلَتَةٌ فُلَتَةٌ کُفَتَةٌ: وہ گھوڑا بہت اچھلنے کودنے والا ہے سوار نہیں ہونے دیتا۔ ـــ ہ فی الاناء: کو برتن میں انڈیلنا۔ ـــ بہ: کو پھینکنا۔ اِنکَلَتَ ـ الماءُ: پانی ڈالا جانا۔ ـــ الرجُلُ: منقبض ہونا۔ اِکتَلَتَ الماءَ: پانی پینا۔ الکُلتَةُ: کھانے کا حصہ۔

۲۔ الکَلِیتُ والکِلِّیتُ: لمبا پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

۳۔ کَلتَبَ کَلتَبَةً فی اَمرِہٖ: معاملہ میں مداہنت برتنا۔ الکَلتَبُ والکُلتُبُ: معاملات میں مداہنت برتنے والا۔

کلث: کَلثَمَ کَلثَمَةً لحمُ الوجہ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔ الکُلثُومُ: چہرے اور رخساروں پر زیادہ گوشت والا۔ جھنڈے کے سر پر ریشم کا ٹکڑا۔

کلج: الکَلَجُ: بہادری۔ الکُلُجُ: قوی مرد۔ (جمع)

کلح: کَلَحَ ـَ کُلُوحًا و کُلاحًا وجھُہٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا صفت کَالِحٌ، کہا جاتا ہے۔ کَلَحَ فِی وَجہِ الصَّبِیِّ اوالمَجنُونِ: بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈالنا۔ کَلَّحَ وجھَہٗ: کو ترش رو بنانا۔ کَالَحَ فلانًا: سے قوت میں مقابلہ کرنا، باہم سختی کرنا۔ ـــــ القمرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ اَکلَحَ وجھَہٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ ـــ وجھہ: تیوری چڑھانا۔ تَکَلَّحَ البرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ ـــ الوجہُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ ـــ الرجُلُ: مسکرانا۔ اِکلَوَّحَ وجھُہٗ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا، کہا جاتا ہے۔ دَھرٌ کُلاحٌ: سخت اور تنگی کا زمانہ۔ کَلاحِ: مبنی بر کسرہ: قحط زدہ سال۔ الکَلَحَةُ: منہ اور اس کا ارد گرد۔ الکَالِحُ (فا) وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں، کہا جاتا ہے۔ دَھرٌ اَوشِقَاءٌ کَالِحٌ: سخت زمانہ یا سخت تکلیف۔ الکَولَحُ: قبیح۔

○ کَلَحَ ـَ کُلاحًا و کُلُوحًا: تیوری چڑھانا، کڑے تیوروں سے دیکھنا، اداس نظر آنا۔ اَکلَحَ و تَکَلَّحَ: بمعنی بالا کَلَحَة: منہ کے ارد گرد کی جگہ، وضع قطع، چال ڈھال، چہرے کا اتار چڑھاؤ۔ کَالِح: سنجیدہ، اداس، مرجھایا ہوا، سوکھا پھیکا، بے رنگ، ہلکا بھورا۔

کلد: ا۔ کَلَدَ ـِ کَلدًا و کَلَّدَ الشیئَ: کو تہ بتہ جمع کرنا۔ تَکَلَّدَ الرجُلُ۔ موٹے گوشت والا ہونا، قوی ہونا۔ الکَلَدُ واحد۔ کَلَدَة: سخت زمین۔

۲۔ الاِکلِیدُ۔ چابی (جیسے اقلید) (یونانیہ)۔

کلر کالوری او حُرَیرَةٌ (ف): ایک گرام پانی گرم کرنے کے لئے حرارت کی ضروری مقدار ایک سنٹی گریڈ۔ الکُلُورُ (ك): بسیط مادہ گلا گھونٹنے والی بو کی حامل ایک سبزی مائل زرد گیس یہ زہریلی گیس 1915ء کی جنگوں میں پہلی بار استعمال کی گئی۔ جراثیم کش مواد اور رنگ اور داغ دھبے دور کرنے والے محلولات بنانے میں شامل ہے۔ الکُلُورُو مِیسِیتِینَ: ٹائیفائڈ بخار کے علاج کے لئے استعمال ہونے والی دوا (یونانی ولاطینی)۔

کلز: کَلَزَ ـِ کَلزًا و کَلَّزَ الشیئَ: کو جمع کرنا۔ اِکلَنزَّ اِکلِنزَازًا البازی: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا۔ الرجُلُ: سکڑنا۔ الکِلَزُّ: مضبوط پٹھے والا مرد۔

کلس: ا۔ کَلَّسَ البیت: پر گچ سے استر کاری کرنا۔ ـــ الشیئ: کو گچ کی مانند بنانا۔ تَکَلَّسَ: چونا یا گچ ہونا، چونے یا گچ کی مانند ہونا۔ الکِلسُ: چونا۔ الکَلّاسُ: چونے والا یا چونا بیچنے والا۔ الکَلسیُومُ: کیلیم (Calcium)

۲۔ کَلَّسَ و تَکَلَّسَ من الماء: پانی سے سیراب ہونا۔

۳۔ کَنَّسَ عن قِرنِہٖ: بزدل ہونا اور مد مقابل سے بھاگنا۔ ـــ علیہ: پر حملہ کرنا۔ سیفٌ کَلّاسٌ: کاٹنے والی تلوار۔ المُکَلِّسُ: تیز دوڑنے والا۔

۴۔ الکُلسَةُ: سیاہی مائل، بھورا رنگ۔ الکَلسَةُ ج کَلَسَاتٌ: جرابیں۔ اسے قَلشِینٌ ج کَلاشِینُ بھی کہا جاتا ہے (عامیہ لاتینیہ)۔ الاَکلَسُ: سیاہی مائل بھورے رنگ کا۔

الاَنکَلِیسُ: (ح) ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو کَنکُلُوسٌ بھی کہتے ہیں ([illegible]) عربی میں اسے الجِرّی کہتے ہیں)

۵۔ الکَلاسِیکِیَّةُ یا الادب الکَلاسِیکِیُ: لاطین اور یونان کے قدیم اور بڑے بڑے ادباء کے مقرر کردہ ادبی طریقوں کے مطابق مدرسی ادب کا دبستان۔

۲۔ کَلسَمَ: ادائے حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔ ـــ الرجُلُ: تیز جانا۔ ـــ الیہ: کا قصد کرنا۔

کلص: کَلصَمَ الرجُلُ: بھاگنا۔ فرار ہونا۔

○ کَلَخ: شاہ بادیان کَلَخ: ایک چھتر دار پودے کلخ فارسی کا رس (گوند) جس کی بو بہت گندی ہوتی ہے اور اسے تشنج وغیرہ کا دورہ روکنے کے لئے استعمال کرتے ہیں، بلکہ اخراج بلغم اور پلستر کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

○ الکَلدان: کلدانی قوم کا (بابل کا) باشندہ۔ کَلدانی: (اسم وصفت) نجومی، منجم، جوتشی۔

○ کَلَّسَ ہ: پر چونے سے استر کاری کرنا، سفیدی کرنا۔ ـــ ہ: کو جلا کر چونا بنانا، چونے کی تہہ جما کر پتھر بنا دینا۔ کِلس: چونا۔ کِلسِی: چونے کا۔ حجارة کلسیة: چونے کا پتھر۔ کَلّاسَة: چونے کی بھٹی۔ مُکَلَّس: چونا بنایا ہوا۔ چونے کا پتھر بنایا ہوا۔ کَلسَة جمع کَلَسات: جراب موزہ، پاتابہ، کَلسُون جمع کَلسُونات: تنگ مہری کا پائجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے۔

○ کَلسِیطَة جمع کَلَاسِط: بمعنی کَلسَة۔

کلع: ا۔ کَلَعَ ـَ کَلعًا الوسخُ علٰی راسہ او فی فی راسہ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ ـَ کَلَعًا تُ قَدَمُہٗ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔ ـــــ الوسخُ علٰی راسہ او فی راسہ: کے سر پر میل کا خشک ہونا۔ ـــــ راسُہٗ: سر کا میلا ہونا۔ ـــ ت قوائمُ الدابَّةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا۔ کَلِعَ کَلَعًا و کُلاعًا البعیرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔ اَکلَعَہٗ الوسخُ: پر میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔ تَکَلَّعَ القومُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔ الکَلَعُ: بوائی، پاؤں کی پھٹن اور میل۔ الکَلِعُ مونث کَلِعَة: بوائی والا، جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو، کہا جاتا ہے۔ ھُوَ اَسوَدُ کَلِعٌ: یعنی وہ میل سے کالا ہے۔ الکُلعَةُ: ایک مرض جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔ الکَلَعَةُ: بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ، بہت سی بکریاں۔ الکَولَعُ: میل، کچیل۔

۲۔ الکِلعُ ج کَلِعَةٌ: مرد بد، فرومایہ۔ الکُلاع: سختی شدائد میں صبر، مواقع جنگ

کلف: کَلِفَ ـَ کَلَفًا الوجہُ: چہرے کا چھائیوں والا ہونا، چہرے پر سیاہیاں پڑ جانا۔ صفت اَکلَفُ مونث کَلفَاءُ۔ اِکلَافَّ اِکلِفَافًا: جھائیں کے رنگ کا

ہونا۔ الکُلْفُ: سیاہی زردی مائل، جھائیں۔ الکُلْفَۃُ: جھائیں کا رنگ۔ اَلْکَلْفَاءُ مونث اَکْلَفُ کی: تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔

۲۔ کَلِفَ ـَ کَلَفًا بہ: کا عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ۔ ــ الامرَ: کو مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَ ہٗ: کو دشوار کام کا حکم دینا۔ اُکْلِفَ ہٗ بکذا: کو کا عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الامرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔ الکِلْفُ: عاشق زار۔ الکَلَفُ: کسی چیز کی محبت اور دل کی مشغولیت اور مشقت۔ الکُلْفَۃُ: مشقت، رنج، سختی، کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو۔ الکَلَافَۃُ: سخت محبت، اشتیاق۔ التَّکْلِفَۃُ ج تَکَالِیفُ: مشقت، شاعر کا کہنا ہے سَئِمْتُ تَکَالِیفَ الْحَیَاۃِ: میں زندگی کی مشقتوں سے تنگ آ گیا ہوں۔ الکَلُوفُ: دشوار امر۔ المُکَلَّفُ والمُتَکَلِّفُ: لایعنی امور میں پڑنے والا۔

کلك: ۱۔ الکَلَكُ ج کَلَکَاتٌ: عراق کے دریاؤں میں چلائی جانے والی کشتی جسے طوف بھی کہا جاتا ہے۔ (فارسیہ)۔

○ کَلِفَ ـَ کَلَفًا: چہرے کا سرخ سانولے رنگ کا ہو جانا، چہرے پر چھائیاں پڑنا ــ ب: کو پسند کرنا ــ ب: کا پکا ارادہ کئے ہوئے ہونا، پر تلا ہوا ہونا، کا متمنی ہونا، خواہاں ہونا، آرزومند ہونا ــ ب: سے بہت لگاؤ رکھنا، کا بہت شائق ہونا، کی محبت میں گرفتار ہو جانا۔ کَلَّفَ ہ ہ/ب: کو کچھ تفویض کرنا، کے سپرد کوئی کام کرنا ــ ہ ہ: کو کچھ مہنگا پڑنا، پر خرچ کرنا۔ کَلَّفَ خاطِرَہٗ: زحمت اٹھانا۔ کَلَّفَہٗ شَطَطًا: سے بہت کی توقع کرنا یا مطالبہ کرنا۔ کَلَّفَ نَفْسَہٗ عَنَاءَ (مؤونۃ یا مَشَقَّۃً): کی زحمت اٹھانا، ناک میں دم آنا۔ کَلَّفَہٗ ثَمَنًا باهظًا: کو بھاری قیمت ادا کرنا۔ مَهْمَا کَلَّفَہُ الامرُ: ہر قیمت پر، کچھ بھی کیوں نہ ہو۔ تَکَلَّفَ ہ/ب: پر کا بوجھ پڑنا ــ ہ: کوئی کام، خرچہ اٹھانا ــ ہ: (اخراجات) برداشت کرنا پڑنا، (خرچ) ادا کرنا، چکانا، (کوئی کام) سنبھالنا ــ ہ: کو بے دلی سے کرنا، کو بناوٹی انداز سے کرنا، میں تصنع کرنا، خود کو کچھ کرنے پر مجبور کرنا، کو مشکل سے کرنا مثلاً تَکَلَّفَ الضَّحْکَہ: زبردستی ہنسنا ــ: تصنع کرنا، غیر فطری ہونا، تصنع سے بھرا ہونا، سرد مہرانہ ہونا، پر تکلف ہونا، رسمی ہونا، ظاہری ہونا تکلفات کا بہت پابند ہونا، تکلفات برتنا یا تکلفات سے کام لینا ــ ہ علی: کوئی رقم کے لئے خرچ کرنا ــ علی ہ: کو اتنا مہنگا پڑنا۔ کَلَف واحد کَلَفَۃ: چھائیاں۔ کَلَفُ الشمس: سورج کے داغ۔ کَلِفٌ ب: کا بہت عاشق، سے بہت لگاؤ رکھنے والا، کا بہت شائق۔ کُلْفَۃ جمع کُلَف: بے کلی، بے چینی، بے آرامی، تکلیف، تکلیف دہ (شخص، کام یا چیز)، تکلف، اداب، پر تکلفی، سرد مہرانہ رویہ، تصنع، بناوٹ، راہ و رسم کی پابندی، انداز، اخراجات، مصارف، لوازمات (بٹن، بکسوئے، ڈوریاں، فیتے، تسمے وغیرہ)۔ الکُلَفُ الشَّمْسِیَّۃ: سورج کے داغ۔ کَلَّاف: سائیس۔ کَلَّافِی: گدھوں کو کرائے پر دینے والا۔ اَکْلَف مونث کَلْفَاء جمع کُلْف: بھورا سرخ، چھائیاں پڑا ہوا، داغ دار۔ تکلیف جمع تکالیف: بوجھ ڈالنا، دق کرنا، جان کھانا، پریشان کرنا، تکلیف دینا، آرام میں خلل ڈالنا، سپرد کرنا، اختیار دینا، سونپنا، ذمہ داری عائد کرنا، مطالبہ کرنا، جواز، اختیار، اجازت، اللہ تعالیٰ کا حکم، بار، بوجھ، ناراضی، زحمت، وبال جان، ہنگامہ، دردسری، جھنجھٹ، طور طریقہ، خوش اخلاقی کا تکلف، اخراجات، مصارف، ٹیکس، محصولات، محاصل، ٹیکس کا بوجھ، قانونی گنجائش۔ بلا تکلیف: بے تکلفانہ، بے تکلفانہ طور پر۔ کَشف التکلیف: کھیوٹ، خسرہ (پٹواری کا کھاتہ)۔ تکالیف المعیشۃ: مصارف زندگی۔ تَکَلُّف: دباؤ، مجبوری، پابندی، راہ و رسم کی پابندی، تصنع، بناوٹ، مکاری، منافقت۔ مُکَلَّفٌ ب: کا اختیار دیا ہوا، کی اجازت دیا ہوا، کا مجاز، کا مختار جسے کچھ تفویض کیا گیا ہو، کا پابند، کا مستوجب، کے لئے ذمہ دار، پر مجبور ــ: ٹیکس کی زد میں آنے والا، ٹیکس ادا کرنے والا، دینی اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا پابند، قانونی طور پر لائق، صحیح الدماغ۔ مُکَلَّفَ بالشؤون: مدارالمہام، ناظم الامور۔ مُتَکَلَّف: رسمی، پر تکلف، پابند رسوم، زبردستی کا، ظاہری، بناوٹی، مصنوعی۔ ضحکۃ متکلفۃ: زبردستی کی ہنسی۔

○ کَلَك جمع کَلَکات: ہوا بھری مشکوں کا بیڑا۔

○ کَلْکَتَّا: کلکتہ (ہندوستان کے ایک شہر کا نام)

○ کَلَاکِیع العِظَام: ہڈی کے ٹوٹے ہوئے ٹکڑے یا حصے۔

۲۔ الکَلْکَلُ ج کَلَاکِلُ (ع ا): سینہ یا ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ ــ من الفرس: بیٹھنے کی حالت میں گھوڑے کے سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے۔ الکلاکل: جماعتیں۔ الکُلْکُلُ مونث کُلْکُلَۃ، والکُلَاکِلُ مونث کُلَاکِلَۃ: گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ الکَلْکَال (ع ا): سینہ۔

○ کَلْکَلَ و تَکَلْکَلَ: کھال کا کھردرا ہونا، جلد کا سخت ہونا۔ تَحْتَ کَلْکَلِہ و تحتَ کَلَاکِلِہ: کے مار ڈالنے والے بوجھ کے نیچے۔ نَاءَ بکلکلِہ: کو سختی سے کچلنا، کے دل پر بھاری بوجھ ہونا۔ کَلْکَلَۃ: جلد کی سختی یا موٹاپا۔ مُکَلْکَل: کھردری کھال، سخت (جلد)۔

کلم: ۱۔ کَلَمَ ـِ کَلْمًا ہٗ: کو زخمی کرنا کہا جاتا ہے۔ هذا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ والعینَ: یہ ان چیزوں میں سے ہے جو آنکھ اور آبرو کو زخم لگائے۔ کَلَّمَ تَکْلِیمًا ہٗ: کو زخمی کرنا۔ الکَلْمُ (مص): جمع کُلُوم و کِلَام: زخم۔ الکَلِیم جمع کَلْمَی: زخمی، مجروح۔

۲۔ کَلَّمَ تَکْلِیمًا و کِلَّامًا ہٗ: سے بات چیت کرنا۔ کَالَمَ مُکَالَمَۃً ہٗ: سے گفتگو کرنا۔ تَکَالَمَ الرجُلان: جدائی کے بعد باہم گفتگو کرنا کہا جاتا ہے۔ کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فاصبحا یَتَکَالَمَان: دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ گفتگو کرنے لگے۔ تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا و تِکِلَّامًا الرجُلُ کلمۃً وبکلمۃٍ: بات کہنا۔ الکِلْمَۃُ ج کِلْمٌ و الکَلْمَۃُ ج کَلَمَاتٌ: لفظ، مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ الکَلِمَۃُ ج کَلِمٌ و کَلِمَاتٌ: کلمہ ــ کَلِمَۃ التقوٰی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَلْعَشْرُ الکَلِمَاتِ: اللہ تعالیٰ کے دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الکَلِمَۃُ اور کَلِمَۃُ اللّٰہِ: سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب، کلمہ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔ الکَلَامُ: قول، گفتگو۔ عِلْمُ الکَلَامِ: یہ ان مدون علوم شرعیہ میں سے ہے جس میں اللہ تعالیٰ، اس کی صفات اور قانون اسلام میں مبدأ و معاد میں ممکنات کے احوال کے متعلق بحث کی جاتی ہے۔ الکَلُمَانِیُّ والکَلَمَانِیُّ والکِلِّمَانِیُّ والکِلِمَّانِیُّ: ان سب میں تاء لگانے سے مونث کا صیغہ ہو جائیگا: فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا، بہت بولنے والا۔ رَجُلٌ تِکْلَامٌ و تِکِلَّامٌ و تِکْلَامَۃٌ و تِکِلَّامَۃٌ: عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔ الکَلِیمُ ج کُلَمَاءُ: تمہارا ہم کلام۔ کَلِیمُ اللّٰہ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ رَجُلٌ کِلِّیمٌ: بہت بولنے والا۔ المُتَکَلِّمُ (فا): علم الکلام کا ماہر۔ المُتَکَلَّمُ: گفتگو کی جگہ، آپ کہیں گے، مَا اَجِدُ مُتَکَلَّمًا: یعنی میں گفتگو کی جگہ نہیں پاتا ہوں۔

۳۔ الکُلَامُ: سخت زمین۔

○ کَلَّمَ ہٗ: سے مخاطب ہونا، سے بات چیت کرنا، گفتگو کرنا۔ کَالَمَ ہٗ: سے بات چیت کرنا، گفتگو کرنا، سے باتیں کرنا۔ تَکَلَّمَ مع عن / علی: کے ساتھ کے

متعلق بات چیت کرنا۔ ـــــہ / ب: کچھ کہنا، بولنا۔

كَلْم جمع كُلُوم و كِلام: زخم، چرکا، خراش، گھاؤ۔

كَلِمَة جمع كلمات لفظ، تکلم، تقریر، خطاب، اظہار، قول، رائے، گفتگو، مقولہ، کہاوت، دانشمندوں کا قول، مختصر اعلان، چند تعارفی یا ابتدائی کلمات، مختصر رسالہ (جو کسی خاص موضوع پر لکھا جائے) اہمیت، وزن، اثر، سند، غلبہ، طاقتور حیثیت۔ كلمةً فكلمةً: لفظ بلفظ، لفظی، لغوی معنی میں، حقیقی معنی میں۔ بكلمة أُخرى: دوسرے لفظوں میں۔ ألْقَى كلمةً: تقریر کرنا، خطاب کرنا۔ لِي كلمةٌ معك: مجھے آپ سے بات کرنی ہے۔ جمعوا كلمتهم علي: انہوں نے اتفاق رائے سے فیصلہ کیا کہ۔ وہ پر متفق تھے۔ اجتمعت كلمتهم انہوں نے مل کر کام کیا، وہ متحد ہوگئے۔ اجتمعت كلمتهم على وہ متفق تھے کہ۔ جمعُ الكلمة یا توحید الكلمة: اتحاد، کامل اتفاق رائے۔ اتحادُ الكلمة: ہم آہنگی، اتفاق، اتحاد۔ تقسيمُ الكلمة: نااتفاقی، ان بن، نزاع، اختلاف رائے، پھوٹ، ناچاقی۔ أعْلَى كلمتَهُ: کا وقار بلند کرنا۔ عُلُو الكلمة والكلمةُ العُلْيا: برتری، تفوق۔ قَالَ كلمتَه: اس نے جو کچھ کہنا تھا کہہ دیا، اس نے اپنی بات کہدی۔ كلمةُ اللّٰه: خدا کا ارشاد، الہامی کتابیں۔ كلمةُ المرور: شناختی لفظ، پہرے کا لفظ، (کسی پارٹی کا) نعرہ، قیدی کا نہ بھاگنے کا قول۔ الكلماتُ العَشر: شریعت موسوی میں دس خدائی احکام۔ احکام عشرہ۔ كلمة تمهيديه: تمہید، دیباچہ۔ كلمةُ السِرّ و كَلِمُ السّر: قیدی کا نہ بھاگنے کا قول، پہرے کا لفظ، توثیقی دستخط۔ كلام: کہنا، بولنا، گفتگو، تقریر، زبان، انداز اظہار، اسلوب بیان، بات، بات چیت، بحث، مباحثہ، مناقشہ، قیل و قال، لفظ، الفاظ، قول، مقولہ، بیان، اظہار خیال، ضرب المثل، کہاوت، بولی، محاورہ، جملہ، فقرہ۔ بالكِلام: زبانی۔ فَتَحَ فمه بالكلام: کچھ کہنے کے لئے منہ کھولنا، کچھ کہنے کے لئے تیار ہونا۔ كلامٌ فارغ: طفلانہ گفتگو، بیہودہ گفتگو، بے معنی بات۔ طريقة الكلام: بولنے کا انداز، بندش الفاظ۔ علمُ الكلام: علم کلام۔ كثير الكلام: باتونی، بکواسی، بھڑبھڑیا۔ لغة الكلام: عام بول چال کی زبان، عامیہ بول چال، غیر ادبی زبان، روزمرہ کی بول چال۔ مُشادة كلامية: لفظوں کی جنگ، بحث، لڑائی۔ كلامي: لفظوں یا بولی کا یا ان کے متعلق، زبانی، تعلیمی، مدرسی، دینیاتی۔ كَلِيم جمع كَلْمَى: زخمی۔ جمع كُلَماء: شخص مخاطب، بولنے والا، ترجمان، نمائندہ، (کسی کی طرف سے) بولنے والا۔

كَلُماني و كَلَماني و كِلِّماني: فصیح، خوش اسلوب، یا زبان میں روانی والا رداء سے بولنے والا۔

تَكَلُّم: بولنا، کہنا، بات، گفتگو، بات چیت۔ تقریر۔

مُتَكَلِّم: بولنے والا، ترجمان، متکلم، عالم دین، ماہر دینیات، مسلم متکلم، علم کلام سے متعلق۔

كلى: ۱۔ كَلَى يَكْلِي كَلْيًا الرجلَ: کے گردے پر لگنا اور اسے تکلیف دینا صفت مفعولی مَكْلِيٌّ۔ كَلِيَ ـــ كَلًى: کے گردے پر لگنا اور تکلیف دہ ہونا۔ كُلِيَ: درد گردہ میں مبتلا ہونا۔ اِكْتَلَى: کے گردے پر لگنا۔ ہ: کے گردے پر مارنا۔ الكُلْوَةُ ج كُلًى و كُلْوَاتٌ (ع ۱): گردہ۔ الكُلْيَةُ ج كُلًى و كُلْيَاتٌ (ع ۱): اس کا تثنیہ كُلْيَتَيْنِ: گردے۔ من القوس: کمان کے قبضہ سے تین بالشت۔ من السحاب: بادل کا نیچے کا حصہ۔ الكُلَى من الطير: پرندہ کے بازو کے چار پر۔ كُلَى الوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب، کہا جاتا ہے غَنَمٌ حَمْرَاءُ الكُلَى: دبلی پتلی بکریاں، اور کہا جاتا ہے لقيته بشحم كلاه: میں نے اس سے آغاز جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔ الكَلِيُّ: درد گردہ والا۔

۲ كَلَّى تَكْلِيَةً: چھپنے کی جگہ میں آنا۔

۳ اِكْلَوْلَى اِكْلِيلَاءً: شکست کھانا۔

۴ كِلَا و كِلْتَا: یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معنیً مثنّٰی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور كِلْتَا سے مونث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے۔ جیسے أَتَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ وكِلْتَا المَرْأَتَيْنِ: اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے: جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا ورأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا والمَرْأَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا: اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے كِلْتَا الجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا: اور زَيْدٌ و عَمْرٌو كِلَاهُمَا قائمٌ اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی جائز ہے جیسے كلاهما قَامَا وزيدٌ وعمرٌو كِلَاهُمَا قائمان: اور یہ کم ہے اور كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِه: جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی۔ كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

۵ الاكْلِيرُسُ: واحد كُلِيرِيكِيُّ ج اِكْلِيرِيكِيُّونَ: گرجا کے خادم جیسے شمامسة وقسوس اساقفہ (یونانی)

○ كُلْيَة و كُلْوَة جمع كُلًى و كلاوِى: گردہ۔ كُلْوِي: گردوں کا یا گردوں سے متعلق۔ التهاب كُلْوِي: ورم گردہ۔ مَغَص كُلْوِي: درد گردہ۔

○ كِلِيم جمع أَكْلِمَة: گلیم، قالین، کمبل۔

كم: ۱۔ كَمَّ ـــ كَمًّا الشيءَ: کو چھپانا، پوشیدہ کرنا۔ البعيرَ: اونٹ کے منہ پر کھونٹی چڑھانا۔ الناسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ كُمَّ كَمًّا و كُمُومًا ت النخلةُ: کھجور کے درخت میں شگوفہ آنا صفت مَكْمُومٌ۔ كَمَّمَ و أَكَمَّ القميصَ: کرتے میں آستین لگانا۔ ـــ ت النخلةُ: کھجور کے درخت میں شگوفہ آنا۔ تَكَمَّمَ بثيابه: کپڑے اوڑھنا، لپیٹنا۔ ہ: کو بند کرنا۔ تُكُمِّمَ القومُ: مدہوش ہونا، ڈھانکا جانا۔ الكُمُّ ج أَكْمَامٌ و كِمَمَةٌ: آستین۔ الكِمُّ ج أَكِمَّةٌ و أَكْمَامٌ و كِمَامٌ و أَكَامِيمُ: غلاف شگوفہ اسی سے ہے أَكْمَامُ الزَّرْعِ: کھیتی کا غلاف۔ أَكِمَّةُ الخَيْلِ: واحد كِمَامٌ: توبڑہ۔ الكُمَّةُ: گول ٹوپی، ڈھکنا۔ الكِمَامُ: کھونٹی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تا کہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔ الكِمَامَةُ: توبڑہ، پھول کا غلاف، کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ المِكَمَّةُ: کھونٹی۔ المَكْمُومُ (مفع) من النخل: کھجور کا وہ درخت جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

۲ كَمْ: كَمْ: کی دو قسمیں ہیں۔ (پہلی) استفہامیہ: یہ (کتنی تعداد) کے معنی دیتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لكَ: یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں، کم استفہامیہ کا ممیز منصوب ہوتا ہے یہ کسی حال میں مجرور نہیں ہوتا۔ (دوسری) کم خبریہ: یہ کثرت کا معنی دیتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ اوكَمْ عَبِيدٍ مَلَكْتُ: میں بہت سے غلاموں کا مالک ہوں کم خبریہ کا ممیز مِن کی تقدیر کے ساتھ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جب اسے كَمْ سے جدا کر دیا جائے تو پھر یہ منصوب استعمال ہوتا ہے جیسے كَمْ لِي عَبْدًا۔ الكَمُّ والكَمِّيَّةُ: مقدار۔ الكَمِّيُّ مونث كَمِّيَّةٌ: كَمْ کی طرف منسوب۔

۳ كَمْكَمَ كَمْكَمَةً الشيءَ: کو چھپانا۔ تَكَمْكَمَ: گول ٹوپی پہننا۔ في ثيابه: کپڑوں میں اپنے آپ کو ڈھانپنا۔ الكُمْكُام مونث كُمْكُمَةٌ: پستہ قد، گٹھے جسم والا۔

○ كَمْ: كم ولدًا لك: تمہارے کتنے بیٹے ہیں۔ كَمْ مَرَّةً یا كَمْ مِن مَرَّةٍ: کتنی دفعہ، کتنی بار۔ كَمْ بالحَرِي؟: کس قدر۔ ابِكَمْ: کتنے میں۔ نَظَرِيَّةُ

الکَمّ: نظریہ مقادیر معینہ، مقداری نظریہ۔ کَمِّی: کمیتی، کمیت کا۔ کَمِیَّۃ جمع کَمِیَّۃ جمع کَمِیَّات: مقدار، کمیت، تعداد، شمار، گنتی۔

○ کَمَّ ـ کَمًّا ہ: جانور پر چھینکا چڑھانا۔ کم فمہٗ: کا منہ بند کرنا، کو خاموش کرنا۔ کَمَّمَ ہ: کی آواز کپڑا منڈھ کر دبا دینا، کی زبان بندی کرنا۔ ـ ہ: بندوق وغیرہ کا منہ کیل ٹھونک کر بند کرنا۔ کِمّ جمع اَکمام و اَکِمَّۃ و کِمام و اکامیم: پھول کا کٹورا مندگل۔ کِمامۃ جمع کِمامات و کمائم: چھینکا، منہ بند کرنے کا کپڑا، نقاب گیس ماسک (گیس نقاب) پھول کا کٹورا، مندگل۔

کمأ: ۱۔ کَمَأَ ـ کَمْأً ہ: کو سانپ کی چھتری کھلانا۔ کَمِئَ ـ کَمَأً: پوشیدہ ہونا۔ ـ عن الاخبار: سے ناواقف ہونا، بے خبر ہونا۔ ـ ت یدُہٗ من البرد او العمل: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔ اَکْمَأَ اِکْمَاءً المکانُ: جگہ کا بہت سانپ کی چھتری والا ہونا۔ الرجلَ: کو سانپ کی چھتری کھلانا۔ تَکَمَّأَت علیہ الارضُ: کو زمین کا پوشیدہ کرنا، کہا جاتا ہے۔ خَرَجَ الناسُ یتکمّؤون: یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔ الکَمْءُ (مص) ج اَکْمُؤ و کَمْأۃ (ن): سانپ کی چھتری، اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں۔ الکَمّاءُ: سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔ المَکْمَأۃ والمَکْمُؤۃ: سانپ کی چھتری کی جگہ۔

۲۔ اَکْمَأَ اِکْمَاءً تِ السنُّ فلانًا: کو عمر کا بوڑھا کر دینا۔

۳۔ تَکَمَّأَہ: کو ناپسند کرنا۔

کمب: الکُمْبِیَالۃ (ت): ہنڈی، ڈرافٹ۔ الکَمْبِیُو (ت): ادلا بدلی، مبادلہ، مبادلہ زر، شرح مبادلہ۔

○ کَمْءٌ جمع اَکْمُؤ: ایک کھمبی جس کی جڑیں کھانے میں ملائی جاتی ہیں۔ کلاہ باران، ککرمتا، کھمبی، سانپ کی چھتری۔ کماۃ (جمع) کھمبیاں۔

○ کَمَان: وائلن۔ ولایتی سارنگی، چوتارہ، کمانجی: سارنگی نواز

○ کَمْب: کیمپ۔ کَمْبرِیت: مہین سفید سوتی کپڑا یا رومال۔

کمت: ۱۔ کَمُتَ ـ کُمْتًا و کَمَاتۃً و کُمْتۃً الفرسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔ کَمَّتَ الثوبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔ کُمِّتَ تکمیتًا الخمرُ والفرسُ وغیرُھما: شراب اور گھوڑے وغیرہ کو کمیت بنایا جانا۔ اَکْمَتَ و اِکْمَتَّ و اِکْمَاتَّ الفرسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔ الکُمْتۃ: کمیت رنگ۔ الکُمَیْتُ من الخیل ج کُمْتٌ: (مذکر و مونث کے لئے) سرخ سیاہ رنگ والا گھوڑا اور یہ خلاف قیاس اَکْمَت کی تصغیر ہے۔ ایک شراب کا نام کیونکہ اس میں سیاہ اور سرخ رنگ پایا جاتا ہے کہا جاتا ہے۔ خَیْلٌ کُمَاتِیٌّ: کمیت گھوڑے۔

۲۔ کَمَتَ ـ کَمْتًا الغیظَ: غصہ کو دبانا۔

۳۔ الکَمِیتۃ: جڑ، اصل، کہا جاتا ہے۔ اَخَذَہٗ بِکَمِیتَتِہٖ یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔

۴۔ کَمْتَرَ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔ ـ القربۃ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ ـ السقاء: مشک کو بھرنا۔ ـ القصیر: پستہ قد کا دوڑنا۔ الکُمْتُرُ و الکُمَاتِرُ: موٹا، پستہ قد، سخت مضبوط۔

○ کُمَیْت: سرخی مائل بھورا، بادامی قرمزی (رنگ)۔ (مذکر و مونث)

کمث: کَمْثَرَ الشیءَ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔ الکُمَاثِرُ: پستہ قد۔ الکُمَّثْرٰی واحد کُمَّثْرَاۃ (ن) ناشپاتی۔

کمج: الکَمَجُ (ع ا) بُنِ ران۔ الکُمَاجُ واحد کُمَاجَۃ: عام روٹی کی نسبت زیادہ موٹی گول۔

کمح: کَمَحَ ـ کَمْحًا الدابّۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔ اَکْمَحَ الدابّۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔ ـ الکرم: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔ اَکْمَحَ الرجُلُ: متکبر ہونا۔

کمخ: ۱۔ کَمَخَ ـ کَمْخًا بانفہ: تکبر کرنا۔ ـ الفرسَ باللجام: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ اَکْمَخَ الکرمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔ الکُمَاخ: تکبر، بڑا بننا۔

۲۔ الکَامَخ ج کَوَامِخ: سالن، بعض نے اسے سرکہ کی چٹنی کے ساتھ خاص کیا ہے۔ (فارسیہ)۔ الکَمْخۃ: برتن وغیرہ پر جمی ہوئی میل (عامیہ فارسیہ یا ترکیہ)۔

کمد: ۱۔ کَمَدَ ـ کَمْدًا و کُمُودًا القصّارُ الثوبَ: دھوبی کا کپڑے کو کوٹنا اور اسم الکِمَادُ ہے۔ کَمِدَ ـ کَمَدًا: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔ ـ الرجُلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا صفت کامِدٌ و کَمِدٌ و کَمِیدٌ۔ ـ الثوبُ: پرانا ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔ اَکْمَدَ الھمُّ فلانًا: غمگین کرنا، اداس کرنا، دل کو بیمار کرنا۔ الکَمْدُ و الکَمَدُ و الکُمْدۃ: بدلا ہوا ہلکا، پھیکا، سیاہ یا صوفیانہ رنگ، افسردگی، دھندلا پن، سیاہ فامی، غم، سخت پریشانی۔ اَکْمَدُ اللون: بدلے ہوئے رنگ والا۔

۲۔ کَمَّدَ و اَکْمَدَ العضو: عضو کی ٹکور کرنا صفت مفعولی مَکْمُودٌ۔ الکِمَادُ: ٹکور کرنا، سینکنا ـ و الکِمَادۃ: ٹکور کرنے کی پٹی

○ کَمْخا: ریشمی کپڑا، بیل، بوٹے دار کپڑا۔

○ کَمِدَ ـ کَمَدًا: غمگین ہونا، رنجیدہ، مغموم، بیمار دل والا ہونا۔ (رنگ کا) دود آلود، سیاہ، پھیکا، ہلکا یا صوفیانہ ہونا، رنگ بدل جانا، یا خراب ہو جانا۔ اِسْتَکْمَدَ: رنگ کا دود آلود، سیاہ، پھیکا، ہلکا یا صوفیانہ ہو جانا۔ کَمِد و کَمِید: غمگین، پریشان، دل کی بیماری میں مبتلا تاریک۔ اَکْمَد: سیاہ رنگ کا، کالا، سیاہ فام۔ تَکْمِید: سینک، ٹکور۔ مُکَمَّد و مُکَمَّدۃ جمع مُکَمَّدات: ٹکور کرنے کی پٹی۔

کمر: ۱۔ الکَمَرُ (ب): ہر وہ عمارت جس میں محراب یعنی ڈاٹ ہو جیسے پل وغیرہ (فارسیہ)

۲۔ کَمَرَ ـ ہٗ بالغطاء: کو چھپا لینا، ڈھانپ لینا تاکہ کچھ نظر نہ آئے (عامیہ) الکَمَرُ: بالوں کا حصہ (فارسیہ)

۳۔ الکُمْرُکُ او الجُمْرُکُ (ت) کسٹم، کسٹم کلیرنس آفس، کہتے ہیں۔ کُمْرُکُ البِضاعۃِ و بِضاعۃ مُکَمْرَکَۃ: کسٹم کا سامان۔ (فارسیہ اس کی عربی مَکْس ہے)۔

کمز: کَمَزَ ـ کَمْزًا العجینَ ونحوَہٗ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھوں سے گول بنانا۔ الکُمْزَۃ ج کُمَزٌ: کھجور وغیرہ کا گچھا، ریت یا مٹی کا ٹیلہ۔

کمس: ۱۔ کَمَسَ ـ کُمُوسًا: تیوری چڑھانا۔ الاَکْمَسُ: جو دیکھ نہ سکتا ہو۔

۲۔ الکِیمُوسُ (ك) معدی ترشہ (یونانیہ)

○ کَمَر جمع اَکْمار: بیلٹ کَمَرۃ جمع کَمَرات: شہتیر، کڑی، کرین کا بازو جو چیزیں اٹھانے کے کام آتا ہے۔ کمرۃ حَمّالۃ اور کمرۃ تحمیل قضبان الونش: (چلتی کرین کا) پل، شہتیر، مَکْمُور: قیمہ اور سبزیوں سے تیار کیا ہوا کھانا۔

○ کُمْرُکی: کسٹم کا یا کسٹم سے متعلق، تامینی محصول کا یا تامینی محصول سے متعلق۔ (تامینی محصول ایسی درآمدات پر لگایا جاتا ہے جن سے ملک کی صنعت کی حفاظت مقصود ہو)۔

○ کُمْسَارِی جمع کمساریۃ: بسوں وغیرہ کا کنڈکٹر۔

کمش: ۱۔ کَمَشَ ـ کَمْشًا الناقۃ: اونٹنی کے تھن باندھنا تاکہ اس کا بچہ دودھ نہ پی سکے، عوامی زبان میں اسے کَمَشَہ کہتے ہیں۔ کَمَشَ مِنَ الشیءِ کَمْشَۃً: اتنی چیز لینا جو ہاتھ میں آجائے۔ کَمُشَ ـ کَمَاشَۃً تِ المرأۃ: عورت کا چھوٹے پستان والی ہونا۔ اَکْمَشَ بالناقۃ: اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔ تَکَمَّشَ

الجلدُ ونحوہ: سکڑنا۔ اِنْکَمَشَ الثوبُ بعدالغسل: کپڑے کا دھلنے کے بعد سکڑنا، سمٹنا۔ ــــ علی نفسہ: سکڑنا، منفرد ہونا۔ الکَمُشُ والکَمُوْشُ والکَمِشَۃُ والکَمِیْشَۃُ من الاناث: چھوٹے تھن یا پستان والی۔ الکَمَّاشَۃُ لوہار کا اوزار جسے ان کی زبان میں سنسی (سَنسی) کہا جاتا ہے۔ الاَکْمَشُ ج کُمْشٌ: چھوٹے قدم والا۔

۲۔ کَمَشَ ــُـ کَمْشًا الزادُ توشہ ختم ہونا۔ ــــ فلانا بالسیف: تلوار سے کسی کے اعضاء کو کاٹنا۔ الاَکْمَشُ مؤنث کَمْشَاءُ ج کُمْشٌ: جو نہ دیکھ سکتا ہو۔

۳۔ کَمِشَ ــَـ کَمَشًا: پھرتیلا اور پکے ارادے والا۔ کَمُشَ ــُـ کَمَاشَۃً: دلیر ہونا۔ ــــ واَکْمَشَ فی السیر و نحوہ: تیز چلنا۔ کَمَّشَ الحادی: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا۔ ــــ فلانًا: سے جلدی کرانا۔ ــــ ذیلہٗ: کا دامن سمیٹنا۔ تَکَمَّشَ واِنْکَمَشَ الرجُلُ: دوڑنا۔ الکَمْشُ والکَمِشُ والکَمِیْشُ من الرجال: پھرتیلا، پکے ارادے والا، عربوں کی مثال ہے، کَمِیْشُ الازارِ: ازار سمیٹنے والا یعنی پھرتیلا۔

○ کَمَشَ ــُـ کَمْشًا ہ: کو مضبوطی سے پکڑنا، پکڑنا، گرفت میں لینا۔ تَکَمَّشَ: جھریوں دار ہو جانا، شکن پڑنا، سکڑنا، سمٹنا، سکڑتے رہنا، دبک کر پیچھے ہٹنا۔ اِنْکَمَشَ: جھریوں دار ہونا، شکن پڑنا، سکڑنا، سمٹنا، کسنا، مقید ہونا، محدود ہونا، دبک کر پیچھے ہٹنا، اپنے آپ میں منہمک یا مشغول ہو جانا۔ و علی نفسہ: اپنے خیالات مجتمع کرنا، اپنی طاقت مجتمع کرنا۔ کَمْشَۃ: مٹھی بھر، کَمِش و کَمِیش: ماہر، کاریگر، تجربہ کار، چالاک، ہوشیار، کَمِیْشُ الازار: بمعنی بالا (نیز) سرگرم، چست، پھرتیلا، محنتی، مستعدی سے کام کرنے والا، کارکن، لائق، قابل، اِنکماش: مشغولیت، دھن، انہماک، استغراق، محویت، اپنے آپ میں مشغولیت، مُنْکَمِش: سکڑا ہوا، اینٹھا ہوا، رگ چڑھا، مضبوطی سے پکڑا ہوا، اکڑا ہوا، منہمک۔ مشغول، کم آمیز، اپنے آپ میں مگن۔

کمع: ا۔ کَمَعَ ــَـ کَمْعًا فی الاناء: برتن میں منہ لگا کر پینا۔ ــــ فی الماء: پانی میں اترنا۔ اِکْتَمَعَ الاناءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔

۲۔ کَمَعَ ــَـ کَمْعًا قوائمَ الدابۃِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا۔ ــــ ت الدابۃُ: آہستہ چلنا۔ الکَمْعُ: ران کی گرہ۔

۳۔ کَامَعَ ہٗ: کو اپنے ساتھ ملانا، سے ہم بستری کرنا۔ الکِمْعُ: قبا، پست زمین، وادی کا گوشہ، اترنے کی جگہ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ فِیْ کِمْعِہٖ یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ میں ہے۔ والکَمِیْعُ: ہم بستری کرنے والا۔ المُکَامِعُ (فا): آپ کے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔

○ کَامَعَ ہٗ: کے ساتھ سونا، کو آغوش میں لینا، سے بغلگیر ہونا، کے ساتھ جنسی میل جول رکھنا، سے مباشرت کرنا۔ کَمِیع: ہمبستر، ساتھی۔

کمل: ا۔ کَمَلَ ــُـ وکَمُلَ ــُـ وکَمِلَ ــَـ کَمَالًا و کُمُوْلًا و تَکَمَّلَ وتَکَامَلَ و اِکْتَمَلَ: پورا ہونا، کامل ہونا۔ کَمَّلَ واَکْمَلَ الشیئَ: کو پورا کرنا۔ ــــ واِسْتَکْمَلَ الشیئَ: کو پورا کرنا۔ الکَامِلُ (فا) ج کَمَلَۃٌ: جس کے اجزاء پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں، ناقص کی ضد، علم عروض کی ایک بحر کا نام ہے جس میں چھ مرتبہ مُتَفَاعِلُنْ آتا ہے۔ الکَمَلُ: کامل، پورا، کہا جاتا ہے۔ اَعْطَیْتُہُ المَالَ کَمَلًا: میں نے اس کو پورا مال دیا، یہ لفظ واحد اور جمع میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول۔ اَعْطَیْتُہُ المالَ کُلَّہٗ: جیسا ہے۔ الکَمَالُ (مص): اسم مصدر ہے کہا جاتا ہے، لَکَ کَمَالُ الشَّیْئِ: یعنی یہ ساری چیز تمہاری ہے۔ الکَمِیْلُ: پورا، کامل۔ تَکْمِلَۃُ الشَّیْئِ: جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔ المِکْمَلُ: خیر یا شر میں کامل مرد۔

۲۔ الکَامِیْلِیَا: (ن) ایک سدابہار پودا گہوارہ استوائی ایشیا اور انڈونیشیا پتے چمکدار، پھول بڑے بڑے گلابی اور سرخ رنگ کے گرم ممالک اور بحر ابیض متوسط کے علاقوں میں تزئین و آرائش کے لئے اگایا جاتا ہے۔

○ کَمَلَ و کَمُلَ ــُـ و کَمِلَ ــَـ کَمِلَ ــَـ کَمَالًا و کمولًا: پورا ہونا یا ہو جانا، کامل ہونا، ختم ہونا، مکمل ہو جانا، انجام پذیر ہونا۔ کَمَّلَ و اَکْمَلَ ہ: کو ختم کرنا، مکمل کرنا، پایہ تکمیل کو پہنچانا، بجالانا، کی تعمیل کرنا، کو عمل میں لانا۔ ــ کے نقائص دور کرنا، میں اضافہ کرنا، کو بڑھانا۔ تَکَامَلَ و اِکْتَمَلَ: پورا ہونا، کامل ہونا، تمام ہونا، مکمل ہونا، یا ہو جانا، ختم ہونا یا ہو جانا، بجالایا جانا، انجام کو پہنچنا، تکمیل کو پہنچنا، کمال کو پہنچنا، پختہ ہونا۔ اِسْتَکْمَلَ ہ: کو مکمل کرنا، پورا کرنا۔ ــ ہ میں اضافہ کرنا، کو بڑھانا۔ ــ ہ شرط وغیرہ پوری کرنا، کَمَال جمع کمالات: کمال، اعلیٰ درجہ کی خوبی، تکمیل، اختتام، اتمام، انجام، پختگی، انتہاء، بِکَمَالِہٖ: مکمل طور پر، پوری طرح، سراسر، بالکل۔ کَمَالی: پرتکلف، انتہائی آرام دہ، اعلیٰ خوبی والا، کمالیات: تکلفات کَمَالَۃ: اضافہ، تکملہ، ضمیمہ۔ اَکْمَلُ: زیادہ مکمل، زیادہ کامل۔ لندن بِاَکْمَلِھَا: پورا لندن۔ تَکْمِیْلِی: مکمل کرنے والا، ضمنی، انتخاب تکمیلی: ضمنی انتخاب۔ تَکْمِلَۃ: ضمیمہ، تکملہ تَکَامُل: انضمام، ادغام، ملا کر وحدت بنا دینا، حساب التکامل: حساب کلیات (IntegralCalculus) کَامِل جمع کَمَلَۃ: پورا، کامل، پکا، اصلی، خالص، کھرا، بے میل، پورے وزن کا، غیر محدود، پوری طاقت کا، مکمل، انجام کو پہنچا ہوا، ختم کیا ہوا، سب، سارا، تمام، جملہ، پورا کا پورا، سب کا سب، کل بِکَامِلِہٖ: تمام تر، یکسر، سب ملا کر، کل، بالکل، سراسر، پوری طرح، سارا مُتَکَامِل: پورا، کامل، پورے کا پورا، کلی۔

کمن: ا۔ کَمَنَ ــُـ کُمُوْنًا: چھپنا، سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔ کَمِنَ ــَـ کُمُوْنًا: چھپنا، سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل اندازی کرنا، کی آنکھ میں تاریکی ہونا۔ ــــ ت عینُہٗ: کی آنکھ کا تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔ کَمِنَ کُمُوْنًا: آنکھ کا تاریکی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔ ــــ ت عینُہٗ: کی آنکھ کا تاریکی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔ اَکْمَنَ الشیئَ: کو چھپانا۔ تَکَمَّنَ واِکْتَمَنَ: چھپنا۔ الکُمْنَۃُ: آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم، ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہے۔ الکَمِیْنُ: گھات، مورچہ۔ ــــ ج کُمَنَاءُ: بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا، کہا جاتا ہے۔ ھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ کَمِیْنٌ: اس معاملہ میں ایسا فساد ہے جو نا قابل سمجھ ہے۔ المَکْمَنُ ج مَکَامِنُ: چھپنے کی جگہ۔ المُکْتَمِنُ: غمگین۔

۲۔ الکَمُّوْنُ واحد کَمُّوْنَۃٌ (ن) زیرہ، (عبرانیہ)۔ الکَمُّوْنُ الحُلْوُ: سونف، بادیان۔

۳۔ الکَمَنْجَۃ (مو): دو تارہ، سارنگی (فارسیہ)۔

○ کَمُنَ ــُـ و کَمِنَ ــَـ کُمُوْنًا: چھپنا، چھپا ہوا ہونا، پوشیدہ، پنہاں، دبا ہوا، یا خوابیدہ ہونا۔ ــــ فی: میں کمین گاہ رکھنا۔ ــــ ل: کی گھات لگانا، کی گھات میں بیٹھنا، کو راستہ میں روکنا، کی رہزنی کرنا۔ تَکَمَّنَ ل: بمعنی کمن ل: کُمّون: زیرہ۔ کُمّون اسود: کالا زیرہ۔ کمون برّی: کالا زیرہ۔ کمون حُلو: سونف، بادیان، تخم بادیان۔ کَمِین جمع کُمَنَاء: پوشیدہ، چھپا ہوا، گھات میں بیٹھا ہوا، کمین گاہ، خفیہ حملہ۔ دَبَّرَ کمینًا: خفیہ منصوبہ بنانا۔ نَصَبَ لہ کَمِینًا: کے لئے جال بچھانا۔ مَکْمَن جمع مَکَامِن: جگہ جہاں کچھ چھپایا گیا ہو۔ کمین گاہ، چھپنے کی جگہ ھنا مَکْمَنُ السرّ: یہی وہ جگہ ہے جہاں راز پنہاں ہے۔

کَـــامِـن: چھپا ہوا، پنہاں، دبا ہوا، خوابیدہ، خفیہ جمع کَـوَامِـن: پوشیدہ پس منظر، پنہاں گہرائیاں، بنیادی عوامل۔

کمه ۱۔ کَـمِـهَ ـَ کَمَهًا: اندھا ہونا، تونڈی والا ہونا۔ ــــ بصرُهُ تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا۔ النهارُ: دن کا غبار والا ہونا۔ الرجُلُ کا رنگ بدلا ہوا ہونا۔ کی عقل زائل ہونا تمام معانی میں صفت اَکْـمَـهُ مونث کَمْهَاءُ ج کُمْهٌ۔ تَـكَمَّهَ فی الارض: زمین میں حیران پھرنا صفت کَامِهٌ و مُتَكَمِّهٌ: الاَکْمَهُ: اندھا، مادرزاد اندھا، کہا جاتا ہے۔ ذهبت اِبلُهُ کُمَّهِی: یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔ مُكَمَّهَةُ العَيْنَيْنِ: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

۲۔ کَمْهَلَ الرجُلُ: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا۔ ــ المالَ: مال جمع کرنا۔ تَكَمْهَلَ الشیئُ: جمع ہونا۔ اِکْمَهَلَّ الرجُلُ: سمٹ کر بیٹھنا، سردی سے سکڑنا۔

۳۔ کَمْهَلَ علینا (ہمارا) حق روکنا۔ الحدیثَ: کو پوشیدہ کرنا، معمہ جیسا کرنا۔

○ کَمَـه: (پیدائشی) اندھاپن۔ اَکْمَـه م کَمْهَاء جمع کُمْه: اندھا، پیدائشی اندھا۔

کمی ۱۔ کَمَـى يَكْـمِي کَمْيًا شهادتَهُ وغيرَهَا: کو چھپانا۔ و کَمَّـى نفسَهُ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَکْـمَـى شهادتَـهُ وغيرَهَا: کو چھپانا۔ ــ المحارِبُ: جنگجو کا لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ ــ الرجُلُ مـنـزلَهُ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔ تَكَمَّى الشیئُ: چھپنا۔ ــ الشیئَ: کی حفاظت کرنا اور اسے چھپانا۔ ــــ ت الفتنةُ الناسَ: فتنہ کا لوگوں کو گھیر لینا۔ تُـكُمِّيَ الجيشُ: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا۔ ــ القومُ: مدہوش ہونا، گھیر لیا جانا۔ اِنكَمَى: پوشیدہ ہونا۔ اِكْتَمَى اِكْتِمَاءً: چھپنا۔ الكَمِيُّ ج كُمَاةٌ و اَكْمَاةٌ: بہادر، ہتھیار بند، زرہ پوش، بھید کا محافظ۔ المُتَكَمِّي: ہتھیار بند۔

۲۔ اَکْمَى على الامر: کا پکا ارادہ کرنا۔

○ کَمِیُون جمع کمیونات: ٹرک، لاری۔

کنّ ۱۔ کَـنَّ ـُ کَنًّا و کُنُونًا الشیئَ: کو گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا۔ ــــ العلمَ وغيرَهُ فی نفسه: کو دل میں چھپانا۔ فی اصطلاح العامة: ٹھہر جانا، کہتے ہیں۔ کَـنَّـتِ الرِّيحُ: ہوا تھم گئی۔ کَـنَّـنَ و اَکَـنَّ الشیئَ: کو گھر میں چھپانا۔ اور دھوپ سے بچانا۔ ــــ العلمَ وغيـرَهُ فی نفسه: کو دل میں چھپانا۔ تَـكَنَّى تَكَنِّيًا: ہمیشہ گھر میں رہنا اس کی اصل تَكَنَّنَ ہے۔ اِکْتَنَّ الرجُلُ: چھپنا۔ ــ الشیئَ: کو چھپانا۔ ــ ت المـرأةُ: عورت کا شرم و حیاء سے منہ چھپانا۔ اِسْتَكَنَّ: چھپنا گھر کی طرف لوٹنا۔ الكِنُّ ج اَكْنَانٌ و اَكِـنَّـةٌ: گھر، منزل، چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ الكَنَّةُ ج كَنَائِنُ۔ کَنَّ کا اسم مرہ الكِنَةُ: چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ الكُنَّةُ ج كُنَّاتٌ و كِنَانٌ: الكَـسِي الكُنّي، کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی، ڈھلوان چھت، سایہ بان، دیوار میں لگا ہوا تختہ۔ الكِنَان جمع اَكِنَّة: چیز کو چھپانا اور اس کی حفاظت کرنا۔ الكِنانة ج كَنَائِنُ و كِنَانَاتٌ: ترکش، تیردان۔ الكَانُونُ و الكَانُونَةُ: وہ بھاری بھرکم شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے، وہ شخص جو بیٹھ کر اخبار و واقعات کا پتہ لگائے۔ ــ ج كَوَانِينُ: انگیٹھی۔ ــ كَانُونُ الاَوَّلُ و كَـانُونُ الثَّانِي: رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری، بعض کے نزدیک، یہ رومی نہیں بلکہ سریانی ہیں اور اس سے مراد موسم سرما ہے اور بعض کے بقول یہ عربی الفاظ ماخوذ ہیں سخت سردی کے اور اس میں ثقل و حرکت کی مشکل کا معنی دیتے ہیں۔ الكَنِينُ: چھپا ہوا۔ المُسْتَكِنَّةُ: کینہ۔

۲۔ اَکْتَنَّ الشیئُ: سفید ہونا۔ الكِنَّةُ: سفیدی۔

۳۔ الكَنَّةُ ج كَنَائِنُ: بہو یا بھاوج۔

۴۔ کَنْكَنَ: گھر میں بیٹھنا، سست ہونا، بھاگنا۔

○ کَنَّ ہ: کو چھپانا، مخفی رکھنا، ڈھانپنا، بچانا۔ ــ ہ ل کیلئے دل میں (دوستی) کو جگہ دینا۔ ــــ: ہوا کا مدہم پڑنا۔ تھمنا۔ کَنَّنَ ہ: کو چھپانا، مخفی رکھنا، صیغہ، راز میں رکھنا، کو کم کرنا، ہلکا کرنا، اَکَنَّ ہ: بمعنی کَنَّـن ہ اِکْتَنَّ: چھپا ہونا، چھپایا ہوا ہونا۔ اِسْتَـكَـنَّ: چھپا ہونا، پناہ طلب کرنا، آرام سے لیٹنا، مدھم ہونا، تھمنا۔ کَـنّ و کِنّ جمع اَکْـنَـان و اَکِنَّة: جگہ جہاں کوئی پناہ لئے ہوئے ہو، پناہ، گھونسلا، گھر، مکان، جھونپڑا، کنج، حجلہ۔ کِنَّة: پناہ گاہ، اوٹ، کُنَّة جمع کُنَّـات و کِنَان: سائبان، شامیانہ، ڈھلوان چھت۔ کِنانة جمع کِنانات و کَنَائِن: ترکش۔ ارض کِنَانَة و الکِنَانَة: مصر (کنانہ قبیلہ کی سرزمین) کَانُون جمع کَوانِین: ولایتی، چولہا، سٹوو (Stove) کانون الاول: دسمبر (مہینہ) کانون الثانی: جنوری۔ کَنِین: چھپا ہوا، پوشیدہ، اچھی طرح محفوظ کیا ہوا۔ مَکْنُون: چھپا ہوا، پوشیدہ، اچھی طرح محفوظ، پوشیدہ محتویات۔

○ کَنَار: کنارہ، پیہے کا کنارہ، بارڈر، کنارا، گوٹ، مغزہ، سنجاف، کنی، کَنَارِی: کناری (جزائر کنیری کی زرد بلبل)۔

کنب ۱۔ کَنَبَ ـُ کُنُوبًا الرجُلُ: سخت ہونا، فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ کَنَبَ ـِ کَنْبًا الشیئَ فی جرابه: کو میں جمع کرنا، ذخیرہ کرنا۔

کَنِبَ ـَ کَنَبَاتِ الیدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔ اَکْنَبَ الشیئُ والیدُ: سخت ہونا۔ ــ علیه بطنُهُ: کا پیٹ سخت ہونا۔ علیه لسانُهُ: کی زبان رکنا۔ الکَابِبُ (فا): شکم سیر۔ الکَنَبُ (مص): کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔ الکِنَابُ: خوشہ خرما۔ الکَنِيبُ: خشک درخت۔ المِكْنَبُ و المُكْنِبُ: کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ المُكْنَبُ: سخت بدن والا، پستہ قد۔

۲۔ الکُنُبَّةُ: ظالم خبیث۔

۳۔ کَنْبَثَ و تَكَنْبَثَ الرجُلُ: سکڑنا۔ رَجُلٌ کُنْبُثٌ و کُنَـابِثٌ: مضبوط و قوی مرد، گٹھے بدن کا مرد۔ الکُنْبُثُ (ن): ایک پودے کا نام الکِنَابِثُ: گرنے والی ریت۔

۴۔ الکِنْبَرَةُ: ناک کا موٹا سرا۔

۵۔ تَكَنْبَشَ القومُ: خلط ملط ہونا۔ الکَنْبُوشُ والکُنْبُوشُ ج کَنَابِيشُ: عرق گیر (فارسیہ) منہ چھپانے کا برقعہ (فارسیہ)

کنت ۱۔ کَنَتَ ـُ کُنْتًا ـ فی خَلْقِه: جسمانی طور پر مضبوط ہونا، قوی ہونا۔ کَنِتَ ـَ کَنَتًا السقاءُ: مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔ سِقَاء کَنِيتٌ: پانی روکنے والی مشک جس میں سے پانی نہ ٹپکے۔ الکُنْتِيُّ: قوی مضبوط۔

۲۔ اِکْتَنَتَ الرجُلُ: خضوع کرنا، راضی ہونا۔

۳۔ الکُونت: یورپ کے ممالک کا نواب یا راجہ لاطینی لفظ ہے۔ عرب انہیں قُمْط و کُنْد و قُمَّس و قُومس کہتے تھے۔

۴۔ الکُنْتَرَاتُو ج کُنْتَرَاتَات: دو فریقوں کے درمیان کسی معاملے پر مشروط معاہدہ۔ ایسے معاہدہ کی دستاویز (ایطالیہ)۔

کنث: کَنَثَ کَنْثَاةً ت اللحيةُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔ رَجُلٌ کَنْثَأُ اللحية و کُنْثَأُهَا: لمبی داڑھی والا مرد۔

کند ۱۔ کَنَدَ ـُ کُنُودًا النعمةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ الکُنُدُ (مذکر و مونث) ناشکرا۔ الکَنَّادُ: ناشکرا۔ الکَنُودُ (مذکر و مونث) ناشکرا، نافرمان، خدا کو ملامت کرنے والا، نعمتوں کو بھولنے اور مصائب کو یاد کرنے والا، بخیل۔ اَرْضٌ کَنُودٌ: بنجر زمین۔

۲۔ کَنَدَ ـُ کَنْدًا الشیئَ: کو کاٹنا۔ الکِنْدَةُ: پہاڑ کا ایک

ٹکڑا۔ الکَنَّادُ: بہت کاٹنے والا۔

۳۔ الکُنْدُرُ (ن): ایک خاردار درخت کا گوند، مضبوط بناوٹ والا، جمع کی صورت میں کہاجاتا ہے۔ فِتیانٌ کَنادِرَۃٌ: مضبوط بناوٹ کے نوجوان۔ الکَنْدُرَۃُ: باز کے بیٹھنے کی جگہ، سخت واونچی زمین۔ الکُنْدُرَۃُ: عورتوں کی جوتیوں کی ایک قسم (عامیہ ترکیہ)۔ الکُنْدُورُ (ح): جنوبی امریکا میں گدھ کی ایک قسم جس کا جسم بہت مضبوط اور بڑا ہوتا ہے۔ اسے فضا میں سب سے زیادہ پرواز کرنے والا پرندہ سمجھا جاتا ہے۔

کنر: الکُنَارُ: بیر (فارسیہ)۔ الکَنَارُ: (عامی فارسیہ) کپڑے کا کنارا، سمندر کا کنارا، ہر شیٔ کا محیط۔ الکَنَارِیُّ (ح) جزائر خالدات یا جزائر کناریا کی ایک خوش الحان چڑیا زردی مائل رنگ کی اس چڑیا کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ الکَتَّارَۃُ: کتان کے کپڑے کا ایک ٹکڑا (یونانیہ) ـــ و الکَنَّارَۃُ ج کَنَانِیر اور کَنَارات: بربط، ڈھول یادف۔

○ کَنَب: جلد کی سختی کَنِب و مُکْنِب: سخت (کھال)

○ کَنَبہ یا کَنَبَیہ جمع کنبہات: صوفہ (Sofa)

○ الکُنْج: کونگو (ایک ملک کا نام)

○ کَنْجَرُو: کنگرو، مضبوط دم اور پچھلی ٹانگوں کا Kangaroo آسٹریلیا کا ایک بڑا جانور جو چھلانگتا ہوا چلتا ہے۔

○ کُنُود: ناسپاسی، ناشکر گزاری، احسان فراموشی، بے وفائی، نمک حرامی۔

○ کَنَدا: کینڈا (ایک ملک کا نام) کَنَدِی: کنڈا کا، کنیڈی۔

○ کُنْدُر: لوبان۔ کُنْدُرَۃ جمع کَنَادِر: (مغربی طرز کا) پاپوش۔

○ کُنْدُش: نیل کنٹھ کی قسم کا ایک یورپی پرندہ جو خوب بولتا ہے، بکواسی آدمی۔

کنز: کَنَزَ ـِ کَنْزًا المالَ: کو جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، زمین میں دفن کرنا۔ ـــ الرمحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا۔ ـــ الشیئَ فی وعاءٍ او ارض: کو برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا۔ السقاءَ: مشک بھرنا ـــ کَنَازًا و کِنَازًا التمرَ: کھجور کو موسم سرما کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔ تَکَنَّزَ لحمُہُ: کے گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ اِکْتَنَزَ: بھرنا، جمع ہونا۔ ـــ اللحمُ: جمع ہونا، سخت ہونا۔ ـــ الشیئ فی الوعاءِ: کو برتن میں ہاتھ سے دبانا۔ الکَنْزُ ج کُنُوزٌ (مص): ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رشک چیز، زمین میں دفن کیا ہوا مال، جس میں مال محفوظ رکھا جائے مثلاً صندوق الماری وغیرہ کہا جاتا ہے۔ شَدَّ کَنزَ القِربۃ یعنی مشک کو بھر دیا۔ رجل کَنِزُ اللحم: بہت اور سخت گوشت والا۔ الکَنَازُ: کھجور یا گندم ذخیرہ کرنے کا وقت۔ الکِنَازُ ج کُنُزٌ و کِنَازٌ: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا، کہاجاتا ہے۔ جاریۃ او ناقۃ کناز: بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ الکَنَّازُ: مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ الکَنِیزُ: کھجوریں جو سردی کے زمانہ کے لئے جمع کی جائیں کہاجاتا ہے۔ رجل کنیز اللحم: سخت اور بہت گوشت والا مرد۔ المَکْنَزُ ج مَکَانِزُ: جس میں ذخیرہ (جمع) کیا جائے۔ رَجُلٌ مکنوزُ اللحم: ٹھوس اور بہت گوشت والا۔ رجل مُکْتَنِزُ اللحم: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا کہاجاتا ہے۔ کتابٌ مُکْتَنَزٌ بالفوائد: معلومات سے لبریز کتاب

○ کَنَزَ ـِ کنزاً فی الارض ہ: زمین میں (خزانہ) دفن کرنا۔ ـــ ہ: کوئی چیز ذخیرہ کرنا، سینت سینت کر رکھنا، کا ڈھیر لگانا، کو بچا کر رکھنا، جمع کرنا۔ اِکْتَنَزَ: مضبوط ہونا، کسا ہوا ہونا، موٹا تازہ، ہٹا کٹا، قوی ہیکل ہونا، لمبا تڑنگا ہونا۔ ـــ ہ: روپیہ پیسہ جمع کرنا، دولت جمع کرنا، خزانہ جمع کرنا، (دولت، خزانہ) چھپانا۔ کَنْز جمع کُنُوز: خزانہ۔ کَنِز: مضبوط، کسا ہوا (گوشت)، موٹا تازہ، ہٹا کٹا، قوی ہیکل، لمبا تڑنگا (جسم)۔ اِکْتِنَاز: جسم کا کسا ہوا، موٹا تازہ، ہٹا کٹا ہونا، سخت اور کسی ہوئی کاٹھی۔ مُکْتَنِز: سخت، کسا ہوا (گوشت)، ہٹا کٹا (جسم)، بھینچے ہوئے (ہونٹ)، مضبوط، چوڑا چکلا۔ مُکْتَنَز: انبار لگا، جمع کیا ہوا، چھپایا ہوا، دفن کیا ہوا۔

کنس: ا۔ کَنَسَ ـُ کَنْسًا البیتَ: گھر میں جھاڑو دینا کہاجاتا ہے۔ کَنَسَ فی وجہِ فلانٍ: اس نے فلاں سے مذاق کیا۔

کَنَسَ ـِ کُنُوسًا الظبیُ: ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہو کر چھپ جانا۔ کَنَّسَ البیتَ: گھر میں جھاڑو دینا، کہا جاتا ہے۔ (مَرُّوا ابھم فکنسوھم: وہ انکے پاس سے گزرے اور ان کی جڑ مٹادی۔ تَکَنَّسَ الظبیُ: ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہو کر چھپ جانا۔ ـــ الرجُلُ: خیمہ میں داخل ہونا۔ ـــ ت المرأۃُ: عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔ اِکْتَنَسَ تِ الظباءُ والبقرُ: ہرنیوں یا گائیوں کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ الکَانِسُ (فا) ج کُنَّسٌ و کُنُوسٌ و کَوَانِسُ: ہرن جو اپنی پناہ گاہ میں داخل ہو۔ الجواری الکُنَّس: ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔ الکِنَاسُ ج اَکْنِسَۃ و کُنُسٌ: ہرن کے پناہ لینے کی جگہ۔ الکُنَاسَۃُ: کوڑا کرکٹ، کوڑا کرکٹ کی جگہ۔ الکَنَّاسُ: بھنگی، جھاڑو دینے والا۔ الکَنِیسُ: تو بڑا۔ المَکْنَسُ: ہرنیوں یا وحشی گائیوں کے گرمی سے بچنے کے لئے چھپنے کی جگہ۔ المِکْنَسَۃُ ج مَکَانِسُ: جھاڑو۔ المُکَانِسُ: ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔

۲۔ الکَنِیسُ: یہودیوں کی عبادت گاہ۔ الکَنِیسۃُ ج کَنَائِسُ عند النصارٰی: گرجا، اور نصارٰی اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں، یہودیوں کی عبادت گاہ۔

○ الکَنَسَۃ: امام شافعیؒ کے مقبرہ میں علماء کی حاضری جہاں وہ گرد وغبار جھاڑتے ہیں۔ کَنِیس: یہودی معبد کَنِیسَۃ جمع کَنَائِس: گرجا، یہودیوں کی اپنی مجلس، یہودی معبد مِکْنَسَۃ جمع مَکَانِس: جھاڑو، جھاڑو دینے والی مشین۔ مِکْنَسَۃ کَھرَبائیۃ: گرد کش۔

○ مِکْنَاس و مِکناسَۃ: شمالی مراکش کے ایک شہر کا نام

کنش: کَنَشَ ـُ کَنْشًا الثوبَ: کپڑے کے کنارے بٹنا، المسواکَ الخشن: مسواک کا سرا نرم کرنا۔

۲۔ اَکْنَشَ ہٗ عن الامر: سے کام میں جلدی کرانا۔

۳۔ الکُنَّاشَۃُ: بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔ الکُنَاشَاتُ: واحد کُنَاشَۃ: جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں۔ الکِنْشَاء من الرجال: چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بالوں والا بدصورت مرد۔

○ کُنَّاش و کُنَّاشَۃ: تراشے لگانے کی کاپی کُنَّاشات: بنیادی اصول، سرچشمے۔

کنص: کَنَّصَ: مذاق سے ناک کو حرکت دینا۔ الکُنَاصُ: قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔

○ کُنْصُول جمع کُنْصُولات: برقی یا مکینیکل ساز و سامان کے سوچوں، کنٹرولوں وغیرہ کے لئے منقش تختہ ۲۔ فرش پر رکھنے کا ریڈیو یا ٹیلیویژن کا کیبنٹ۔ ۳ کی بورڈ پر مشتمل فریم۔

○ کَنْغَر: کنگرو: اگلی چھوٹی اور پچھلی لمبی ٹانگوں والا آسٹریلیا کا ایک جانور۔

کنظ: کَنَظَ ـِ کَنْظًا و تکَنَّظَ الامرُ فلانًا: کو غمگین کرنا۔ الکُنْظَۃ: غم، دباؤ۔

کنع: ا۔ کَنَعَ ـَ کُنُوعًا: سمٹنا۔ ملنا ـــ ت العُقابُ: عقاب کا حملہ کرنے کیلئے بازوؤں کو سمیٹنا۔ ـــ اصابعہٗ: انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔ ـــ الامرُ: قریب ہونا۔ ـــ النجمُ: ستارے کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ ـــ المسکُ بالثوب: مشک کا کپڑے سے چپکنا۔ ـــ الیہ: سے فروتنی کرنا اور نرم ہونا۔ کَنِعَ ـَ کَنَعًا: خشک

ہونا، سکڑنا صفت کَنِعٌ ـــ الرجُلُ: پچھاڑا جانا ـــ الشیئُ لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔ کَنَعَ الشیئَ کو سکیڑنا، ملانا۔ ـــ یدَہُ: کا ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا۔ ـــ فلانا بالسیف: کے بند دست پر تلوار مارنا۔ اَکْنَعَ: فروتنی کرنا، نرم ہونا، ذلت کے قریب پہنچنا، سوال کرنا۔ ـــ الابلَ اونٹوں کو قریب کرنا۔ ـــ القومُ: اکٹھا ہونا۔ ـــ ت العُقابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا۔ تَکَنَّعَ قلعہ بند ہونا۔ ـــ الاسیرُ فی قِدِّہ: قیدی کا تسمہ سے باندھا جانا۔ ـــ بہ: سے چمٹنا۔ اِکْتَنَعَ: حاضر ہونا، قریب ہونا۔ ـــ القومُ اکٹھا ہونا۔ ـــ علیہ: پر مہربان ہونا۔ ـــ فلانٌ مِنِّی: کا میرے قریب ہونا۔ الکَانِعُ (فا): وہ جو قریب ہو، چھوٹا ہو، بعض بعض سے قریب ہو، کہا جاتا ہے۔ انفٌ کَانِعٌ چپٹی ناک، اسیرٌ کَانِعٌ تسمہ سے بندھا ہوا قیدی۔ رَجُلٌ کَانِعٌ: وہ شخص جو اہل وعیال سمیت تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل واحسان کی طمع کرے۔ الکُنَاعُ مرض کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے۔ الکَنِیْعُ سکڑا ہوا، راستے سے ہٹا ہوا، ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔ من الجوع سخت بھوک۔

الاَکْنَعُ ج کُنْعٌ: شل شدہ، کٹے ہوئے ہاتھ والا، ـــ من الامور: ناقص، ادھورا کام۔ المُکَنَّعُ: کٹے ہوئے ہاتھ والا اور فالج زدہ شخص المُکَنَّعُ بمعنی المُکْنَعُ یَدٌ مَکْنُوعَۃٌ: شل ہاتھ۔ المَکْنُوعُ (مفع): دونوں ہاتھ کٹا ہوا۔

۲۔ کَنَعَ ـ کُنُوعًا عن الامر: کسی معاملہ میں بزدل ہونا اور بھاگنا۔ کَنَعَ عنہ: سے علیحدہ ہونا۔ المکنیع: راستے سے ہٹ جانے والا۔

۳۔ کَنَعَ ـ کُنُوعًا باللّٰہ: اللہ کی قسم کھانا۔

کنف: ۱۔ کَنَفَ ـُ کَنْفًا الشیئَ: کی حفاظت کرنا، کو اپنے میں ملانا۔ ـــ الابلَ وللابل: اونٹوں کے لئے باڑ بنانا۔ ـــ الدارَ: گھر میں لیٹرین بنانا۔ ـــ یدَہُ: پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا۔ ـــ الرجُلَ: کی مدد کرنا۔ ـــ فلانًا عن الامر: کو سے روکنا۔ کَنَّفَ الرجُلَ: کا احاطہ کرنا، کو گھیرنا۔ کَانَفَ و اَکْنَفَ الرجُلَ: کی مدد کرنا۔ اِکْتَنَفَ: اونٹوں کے لئے باڑہ بنانا۔ ـــ القومُ فلانًا: قوم کا کسی کو گھیرنا۔ ـــ القومُ: لیٹرین بنانا۔ الکِنْفُ: تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن۔ الکَنَفُ ج اَکْنَافٌ: جانب، سایہ، پرندے کا بازو، طرف۔ کَنَفُ الانسان: پہلو، یا دونوں بازو اور سینہ، کہا جاتا ہے۔ انت فی کنف اللّٰہ: تم اللہ تعالیٰ کے حفظ وامان میں ہو۔ الکَانِفَۃُ: روکنے والا الکَنَفَۃُ: گوشہ، الکِنَافَۃُ ج کِنَافَاتٌ (ط) چیمٹری۔ الکَنِیْفُ ج کُنُفٌ و کُنْفٌ: پردہ، پردہ کرنے والا، ڈھال، جانوروں کا باڑہ، لیٹرین، دروازے کا چھجہ یا چھپر کہا جاتا ہے۔ رجلٌ مُکَنَّفُ اللِحْیَۃِ: بھاری داڑھی والا مرد، دراز ریش مرد۔

۲۔ کَنَفَ ـُ کَنْفًا عنہ: سے علیحدہ ہونا۔

۳۔ الکُنْفُرْوَا (ن): پھیلنے والا پودا، یہ میٹھے پانی میں پایا جاتا ہے اس کے پتے شریانوں کی شکل میں ملائم، لمبے اور باریک ہوتے ہوئیں، یہ بڑی تیز رفتاری سے بڑھتا ہے اور اسے زرد رنگ کے فوم بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

کنک: الکَنْکَرُ (ن) دیکھیں قلقاس رومی۔

○ کَنَفَ ـُ کَنْفًا ہ: کی نگہبانی کرنا، حفاظت کرنا۔ ـــ ہ: کے گرد باڑھ لگانا۔ ـــ ہ/ ھ کو گھیرے میں لینا۔ ـــ ہ: کی مدد کرنا، اعانت کرنا۔ کَانَفَ و اَکْنَفَ ہ: کو پناہ دینا، کی حفاظت کرنا، مدد کرنا، اعانت کرنا۔ اِکْتَنَفَ ھ کا دونوں جانب سے احاطہ کرنا، کو گھیرے ہوئے ہونا، کی احاطہ بندی کرنا، کو آغوش میں لینا۔ کَنَفٌ جمع اَکْنَاف: جانب، پہلو، طرف، بازو، سایہ، پناہ گاہ، جنگلا، کٹہرا، باڑہ، گود، فی کَنَفِ: کی آڑ میں، کی اوٹ میں، کے ماحول میں۔ فی اَکْنَافِہٖ: کی زیر حفاظت کی زیر سرپرستی میں۔ کُنَافَۃٌ جمع کنافات: سویاں۔ کَنِیفٌ جمع کُنُفٌ: طہارت خانہ، فلش، بیت الخلا، پیشاب خانہ مُکْتَنَفٌ ب: سے گھرا ہوا، سے احاطہ کیا ہوا۔

○ کَنْفَاش: کینوس Canvas

○ کَنْکَۃ (تنکۃ) جمع کنکات: کافی (قہوہ) کی پیالی۔

○ کَنْکَنَ: گھر پر ٹھہرنا، رہنے لگنا، آرام سے رہنا، جیسے اپنے گھر میں ہو، ساتھ لگنا۔

○ کَنْکِینا: کونین۔

کنہ: اَکْنَہَ و اِکْتَنَہَ الشیئَ: کی حقیقت کو پہنچنا۔ الکُنْہُ: چیز کا جوہر، اصل قدر، حقیقت غایت اور وقت۔ شاعر کا کہنا ہے۔ فانَّ کلامَ المرءِ فی غیرِ کنہہٖ یعنی اس نے بے موقع بات کہی۔

○ کَنَہَ: اِکْتَنَہَ ہ کی تہہ تک پہنچنا، کا کھوج لگانا، کی چھان بین کرنا، کو پوری طرح سمجھنا۔ اِسْتَکْنَہَ ہ کا کھوج لگانے کی کوشش کرنا، کی تہہ تک پہنچنا، کو سمجھنا، معلوم کرنا، دریافت کرنا۔ کُنْہٌ انتہا، بنیادی نکتہ، ماہیت، اصل حقیقت، حقیقی فطرت، اصلی وجود۔ یَعْرِفُہٗ کُنْہَ المعرفۃ: وہ اسے پوری طرح سے سمجھتا ہے۔ تَکَہُّنَات: قیاس آرائیاں، قیاسات، پیشن گوئیاں۔ اِکْتِنَاہ و اِسْتِکْنَاہ: تہہ تک رسائی، تیز فہمی، تحقیق، کھوج۔

کنو: کَنَا یَکْنُو کِنَایَۃً بالشیئِ عن کذات: سے کا کنایہ کرنا، لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا۔ الکُنْوَۃُ و الکِنْوَۃُ کنیت۔ دیکھو کنی یکنی

کنی: کَنٰی یَکْنِیْ کِنَایَۃً بالشیئِ عن کذا: لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ذکر کرنا مثلاً آپ کہیں زَیْدٌ کَثِیْرُ الرَّمَادِ: اور مراد لو کہ زید کریم ہے۔ متکلم کو کَانٍ اور لفظ کو مَکْنِیٌّ عَنْہُ کہتے ہیں۔ کَنٰی ـ کُنْیَۃً و کِنْیَۃً و کَنّٰی تَکْنِیَۃً زیدًا ابافلان و کَنَاہُ او کَنَّاہُ بِاَبِی فلان: کی کنیت رکھنا۔ اَکْنٰی اِکْنَاءً زیدا اَبافلان: کی کنیت رکھنا۔ تَکَنّٰی تَکَنِّیًا بکذا: اپنی کنیت رکھنا۔ ـــ الرجُلُ: مشہور ہونے کے لئے اپنی کنیت بیان کرنا۔ چھپنا۔ اِکْتَنٰی اِکْتِنَاءً بکذا: اپنی کنیت رکھنا۔ الکَانِیْ ج کُنَاۃٌ و کَانُوْنٌ (فا) الکُنْیَۃُ و الکِنْیَۃُ و الکُنْوَۃُ و الکِنْوَۃُ ج کِنًی و کُنًی: وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کے لئے بولا جائے، وہ نام جو اب، ابن، ام یا بنت سے شروع کیا جائے۔ الکِنَایَۃ (مص) ـــ فی الاصطلاح: اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شیئ معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لئے کرتے ہیں مثلاً سامعین سے بات کو مبہم رکھنا جیسے آپ کہیں۔ ھُمْ بَنُوْ اُمِّیْ یعنی وہ میری امی کے بیٹے ہیں (مراد بھائی)۔ الکَنِیُّ ہم کنیت، کہا جاتا ہے۔ ھُوَ کَنِیُّہٗ یعنی دونوں کے لئے ایک کنیت ہے جیسے تم کہتے ہو۔ ھُوَ سَمِیُّہٗ یعنی دونوں ہم نام ہیں۔

○ کَنَا ـُ و کَنٰی ـِ کِنَایَۃً ب عن: کو کے لئے مجازاً استعمال کرنا۔ کا سے اشارہ کرنا۔ تلمیح کرنا، کنایہ کرنا۔ کَنٰی ـِ کُنْیَۃً و کِنْیَۃً و کَنّٰی ہ ب: کو کے خاندانی نام، عرفیت سے پکارنا۔ تَکَنّٰی و اِکْتَنٰی ب: کے خاندانی نام (عرفیت) سے معروف ہونا۔ خود کو کے خاندانی نام سے پکارنا۔ کی کنیت رکھنا۔ بِالْکِنَایَۃ: بہ واسطہ، بالواسطہ، ھو کنایۃ عن: وہ کے مترادف ہے، اس کا مطلب ہے۔ معنی ہے کہ، وہ کی علامت ہے، وہ پر مشتمل ہے۔ کِنَایَۃً عن: کے مترادف، کی جگہ، کے بجائے۔ مَکْنِیٌّ عنہ مجازاً اظہار کیا ہوا۔ مُکَنًّی: خاندانی نام والا، عرفیت والا۔

کہب: کَہِبَ ـَ و کَہُبَ ـُ کَہَبًا و کُہُوْبًا: سیاہی مائل بھورا ہونا صفت: کَاہِبٌ و اَکْہَبُ۔ اِکْہَابَّ اِکْہِیْبَابًا لونُہٗ: کا رنگ متغیر ہونا۔ الکُہْبَۃُ: سیاہی مائل بھورا رنگ۔ رَجُلٌ اَکْہَبُ اللَّوْنِ: متغیر رنگ والا۔

کھد: کَهَدَ ـ کَهْدًا و کَهَدَانًا الحمارُ: گدھے کا دوڑنا۔ الرجُلُ تھکنا۔ الحمارَ: گدھے کو دوڑانا۔ ـ فی الطلب: پر اصرار کرنا۔ اَکْهَدَ: تھکنا۔ ـ فلانًا: کو تھکانا۔ الکَهْدُ (مص): مشقت۔ الکهداء: باندی، کہا جاتا ہے۔ اَتَانٌ کَهُوْدُ الیَدَیْنِ: تیز رفتار گدھی۔

کھر: کَهَرَ ـ کَهْرًا فلانًا: کے ساتھ حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا، کو جھڑکنا، پر قہر کرنا۔ الکَهُوْرُ ج کَهَاوِیْرُ: ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے۔ الکُهْرُوْرَةُ ج کَهَاوِیْرُ بمعنی الکَهْرُوْر ترش روئی۔

۲۔ کَهَرَ ـ کَهْرًا النهارُ: دن کا بلند ہونا۔ الحرُّ: گرمی تیز ہونا۔

۳۔ کَهَرَ ـ کَهْرًا الرجُلُ: ہنسنا۔

۴۔ کَهَرَ ـ کَهْرًا فلانا: سے خسر داماد کا تعلق کرنا۔

۵۔ کَهْرَبَ الشیئَ: میں قوت کہربائیہ (یعنی برقی طاقت) بھرنا (فارسیہ)۔ تَکَهْرَبَ فلانٌ او الشیئُ: بجلی کو چھونے کی وجہ سے اس میں قوت کہربائیہ سرایت کرنا۔ ـ فلانٌ: غصے سے بھر جانا۔ الکَهْرُبا: ایک درخت کا گوند کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے۔ الکَهْرَبَاءُ: کہرباء (ف): بجلی۔ الکَهْرَبَائِیَّةُ و الکَهْرَبِیَّةُ: بجلی کی طاقت۔ السیَّال الکهربائی: بجلی کی تاروں میں چلنے والی قوت۔ الکُهَیْرِبُ (ف): الیکٹرون (Electron)

○ کَهْرَبَ ہ: میں بجلی لگانا، کو برقانا، برقی بنانا، بجلی سے چلنے والا بنانا، کو برقپاروں میں تبدیل کرنا۔ تَکَهْرَبَ: بجلی لگا ہوا، برقایا ہوا ہونا، برقی بنایا ہوا ہونا، برقی بنایا ہوا، بجلی سے چلنے والا بنایا ہوا ہونا، برقی ہو جانا، بجلی بھرا ہوا ہونا، برقپاروں میں تبدیل ہونا۔ کَهْرَبَة: بجلی لگانا، بجلی سے چلنے والا بنانا، برقانا، برقی بنانا، بجلی، برق، برقی قوت کُهَیْرِب جمع کهارب: الیکٹرون کُهَیْرِبی: الیکٹرونک۔ الیکٹرون، منفی برقیہ والا۔ المِجْهَر الکهیربی: الکٹرونی خردبین۔ کَهَارِبی: الیکٹرونی، کَهْرَبَاء و کهربا: کہربا، عنبر، بجلی، برق۔ الکَهْرَبَاء: ٹرالی، ٹرام۔ کَهْرَبَائِی و کَهْرَبِی: برقی، بجلی والا، بجلی کا مستری، الیکٹریشن۔ تیار کهربائی: برقی رو۔ جامعة کهربائی: سٹوریج بیٹری، سیکنڈری بیٹری، مخزن برق، برقی مخزن۔ مصباح کهربائیة: برقی لیمپ، روشنی کا بلب۔ علاج کهربائی: برقی علاج۔ عالم کهربائی: برقی معالج۔ مَغْنَطِیس کَهْرَبَائی: مقناطیسی برق۔ مَغْنَطِیسِیَة کهربائیة: برقی مقناطیسیت۔ نورٌ کهربائی: برقی روشنی۔

کَهْرَبَائِیَة و کَهْرَبِیَة: بجلی، برق۔ مُکَهْرَب: بجلی بھرا۔ بجلی لگایا ہوا، برقایا ہوا، برقی بنایا ہوا۔ برق ایصال کرنے والا۔ برق پاروں میں تبدیل کیا ہوا۔ برقی آتش زن لگا ہوا۔ کَهْرَطِیسی: برقی مقناطیسی۔ کَهْرَمان: عنبر کہربا۔

کھف: تَکَهَّفَ الجبلُ: پہاڑ کا غاروں والا ہونا۔ اِکْتَهَفَ الکهفَ: غار میں داخل ہونا۔ الکَهْفُ ج کُهُوْفٌ: غار: (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ۔

○ اصحاب الکهف: غار میں سات سونے والے۔

کھك: ا۔ کَهْکَهَ المقرورُ: سردی زدہ شخص کا سانس سے ہاتھوں کو گرم کرنا۔ ـ الشیئُ: گرم ہونا۔ شیخ کَهْکَهٌ: بوڑھا جو سردی کھائے ہوئے ہاتھوں کو سانس سے گرم کرے۔ الکَهْکَهَةُ (مص): حرارت۔

۲۔ کَهْکَهَ الاسدُ او البعیرُ: کہ کہ کی آواز نکالنا۔ الکَهْکَهَةُ: شیر یا اونٹ کی آوازوں کی نقل۔

۳۔ تَکَهْکَهَ عنه: ضعیف و کمزور ہونا۔ الکَهْکَاهُ والکَهْکَاهَةُ، ضعیف، خوفناک۔

کھل: ا۔ کَهَلَ ـ کُهُوْلا و کَهُلَ ـ کُهُوْلَةً: ادھیڑ عمر ہونا۔ کَاهَلَ مُکَاهَلَةً الرجُلُ: ادھیڑ عمر ہونا۔ تَکَهَّلَ النباتُ: پودے کا پوری لمبائی کا ہونا۔ اِکْتَهَلَ: ادھیڑ عمر کا ہونا۔ ـ النباتُ: پودے کا پوری لمبائی کا ہونا۔ الکَهْلُ ج کَهْلُوْنٌ و کُهُوْلٌ و کِهَال و کُهْلَانٌ و کُهَّل: جس کی عمر تقریباً تیس سے پچاس سال ہو۔ ادھیڑ عمر (شخص)۔ الکَهْلَةُ ج کَهْلَاتٌ و کَهَلَاتٌ: کَهْل کی مونث۔ ادھیڑ عمر (عورت)۔ الکُهُوْلَةُ والکُهُوْلِیَّةُ: کہالت کی حالت، ادھیڑ عمر۔

۲۔ کَاهَلَ مُکَاهَلَةً الرجُلُ: شادی کرنا۔

۳۔ الکَاهِلُ ج کَوَاهِلُ (ع ا): گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ۔ کَاهِلُ القَوْمِ: قوم کا معتمد، کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ شَدِیْدُ الکَاهِلِ: فلاں صاحب شوکت و وقعت ہے۔ الکَهُوْلُ (ح): مکڑی۔

○ کاهل: ثَقَلَ کاهِلَهُ: پر بوجھ ڈالنا، لادنا، کو زیر بار کرنا۔ ثَقَلَ کاهلَ المیزان: بجٹ پر بوجھ ڈالنا۔ تخفیف العبء عن کاهله: کسی شخص یا چیز سے بوجھ اتار دینا۔

کھم: ا۔ کَهَمَ ـ کَهْمًا ت الشدائدُ فلانًا: کو خوف دلانا، آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔ کَهَمَ ـ کَهَامَةً الرجُلُ: لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔ کَهِمَ ـ کَهَامَةً و کُهُوْمًا: کمزور ہونا۔ السیفُ: کند ہونا۔ [illegible] کَهَامَةً [illegible] کند ہونا۔ کَهُمَ ـ کَهَامَةً و تکَهَّمَ الرجُلُ: لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔ اَکْهَمَ بصرُهُ: کی نگاہ کمزور ہونا۔ الکَهَامُ و الکَهِیْمُ: سست، عمر رسیدہ، جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی قَوْمٌ کَهَامٌ: کہا جاتا ہے۔

۲۔ کَهْمَسَ الرجُلُ: چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا، چلنے میں غبار اڑانا۔ الکَهْمَسُ (ح): شیر (ح) بھیڑیا، بدصورت، پست قد مرد۔

○ کَهَامَة: کمزوری، ناتوانی، دھار کا کند ہونا، تھکاوٹ، تھکن۔

کھن: ا۔ کَهَنَ ـ کَهَانَةً و تَکَهَّنَ تَکَهُّنًا و تَکْهِیْنًا لفلان: کو غیب کی باتیں بتلانا۔ کَهُنَ ـ کَهَانَةً: کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔ الکَاهِنُ (فا) دوسرے کے کام کا متکفل اور اس کی ضرورت پوری کرنے کی کوشش کرنے والا۔ الکَاهِنُ ج کَهَنَةٌ و کُهَّانٌ: جو اسرار معرفت اور احوال غیبیہ جاننے کا دعوی کرے ـ عند الیهود و عبدة الاوثان: پروہت۔ عند النصاری: پادری جو کہنوت کے درجہ پر ہو (یہ لفظ یا تو عبرانی لفظ کُهِن سے ماخوذ ہے یا سریانی لفظ کُهْنا سے)۔ الکِهَانَةُ: کاہن کا پیشہ۔ الکَهْنُوْتُ: کہانت، کاہن کا رتبہ۔ سر الکَهْنُوْتِ مقدس گرجوں کی سات مذہبی رسموں میں سے ایک، جس کے ذریعے کاہن (پادری) حضرت عیسیٰ کے جسم اور خون کی عشائے ربانی میں پڑھی جانے والی دعاء کی تلاوت میں تقدیس اور گناہوں سے بریت کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔ (سریانیہ)

۲۔ کَاهَنَ مُکَاهَنَةً: لطف و کرم سے پیش آنا۔

۳۔ الکَهِیْنُ: قبیح صورت شخص (عامیہ)۔

○ تَکَهَّنَ ب: کی پیشین گوئی کرنا، پیش گوئی کرنا، کے واقع ہونے (عموماً ناگوار) کی علامت ہونا۔ کَهَانَة: پیش گوئی، پیشین گوئی۔ کِهَانَة: غیب دانی، قسمت کا حال بتانا۔ کَهْنُوت: دینی پیشوائی، دینی پیشواؤں کا نظام۔ رجال الکهنوت: پادری لوگ، تمام پادری۔ کَهْنُوتِی: دینی پیشوائی سے متعلق، مُلائی، مُلایانہ، پادریوں سے متعلق۔ مَکْهَن: دار الاستخارہ۔ کاهِن جمع کُهَّان و کَهَنَة: غیب داں، قسمت کا حال بتانے والا، کاهن، پادری، پیش گوئی کرنے والا۔ رئیس الکَهَنَة و کبیرُ الکَهَنَة: بڑا پادری۔ مُتَکَهِّن: غیب دان، قسمت کا حال بتانے والا، پیش گوئی کرنے والا۔

○ کُهْنَة: چھیتڑے کاٹ، کباڑ، ردی مال، چیتھڑے کیا

ہوا، پھٹا پرانا۔ کُھَنجِی: چیتھڑے جمع کرنے والا۔

کھی: کَھِیَ یَکْھٰی کُھیً: کے چہرے میں جھائیں ہونا۔ الاکھی: چہرے میں جھائیں والا۔ جس کے منہ سے بدبو آئے۔

۲۔ کَھِیَ یَکْھٰی کُھیً: کمزور ہونا، بزدل ہونا۔ اَکْھٰی عن الطعام: سے رک جانا۔ اُکْتُھِیَ اِکْتِھَاءً ہٗ: کی تعظیم واجلال کرنا، یہ اکھی (بزدل) سے ماخوذ ہے کیونکہ کمزور بڑے کے سامنے بات نہیں کرسکتا۔ الأکھی: کمزور۔ بزدل

۳۔ کَاھٰی مُکَاھَاۃً الرجُلَ: باہم فخر کرنا۔ الاَکْھَاءُ: شرفاء

۴۔ اَکْھٰی الرجُلُ: انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا۔

۵۔ اَلأَکْھٰی: بے شگاف پتھر۔

○ کِھایۃ: تیونس کا ضلع، کاھِیۃ جمع کَوَاہٍ: ضلع کا افسر اعلیٰ ڈپٹی۔

کوء: کَاءَ یَکُوْءُ کَوْءًا وکَأْوًا عنه: سے خوف کرنا، کے مقابلہ میں بزدل ہونا۔ اَکَاءَ اِکَاءً و اِکَاءَۃً ہٗ: کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔ الکَاءُ والکَاءَۃُ والکَیْءُ والکَیْئَۃُ: کمزور دل والا، بزدل۔

○ کُوَۃ جمع کُوَات وکُویً و کِواء: چھوٹی کھڑکی، موکھا، سوراخ، روزن، بالائی کھڑکی، سقفی روشندان جھانکنے کا سوراخ۔

○ کَوَالِینی جمع کوالینیۃ: قفل ساز، تالوں والا۔

کوب: کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا واِکْتَابَ: بے دستہ کٹورہ پیالہ یا کوزہ سے پانی پینا۔ الکُوْبُ ج اَکْوَابٌ: بے دستہ کوزہ، کٹورہ، پیالہ۔ الکُوْبَۃُ: ڈگڈگی

۲۔ کَوَّبَ الشیئَ: کوبٹے سے کوٹنا۔ الکُوْبَۃُ: دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔

۳۔ الکُوْبَانُ: فارسیوں کا لباس (عامیہ) الکَوْبَۃُ: فوت شدہ پر حسرت وافسوس۔ الکُوْبَۃُ: شطرنج، نرد۔

○ کُوب جمع کَواب: (پینے کا) گلاس، پیالی، پیالہ، جام کُوْبہ: پینے کا گلاس، پان کی شکل کا تاش۔ کُوْبَرْتَۃ: عرشہ جہاز، کُوبرِی جمع کَبَارِی: پل۔

○ کوبنہاج: کوپن ہیگن (فرانس کا ایک شہر) کوبنہاج: بمعنی بالا

○ کُوبِیَا: کاپی قلمُ کوبیا: کاپنگ پنسل، آمٹ پنسل۔

○ کوبیل: سنگریزوں کا فرش، صاف سنگریزے۔

○ کوبِیۃ: کاپی۔

○ الکویت: کویت (ایک ملک کا نام)

○ کُوتَر جمع کَوَاتِر: دو ستولوں والی کشتی۔

کوث: ا۔ کَوَّثَ الزرعُ: کھیتی کا چار پانچ پتوں والی ہونا۔ الکَوْثُ: جوتا۔ الکُوْثَۃُ: فراخی، زرخیزی۔

۲۔ تَکَوْثَرَ الغبارُ: زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔ الکَوْثَرُ: بہت اور تہ بتہ، یا گھنا و گنجان چیز۔ بہت اور تہ بتہ غبار، بہت بڑا فیاض سردار، ایک نہر جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ جنت میں ہے، شیریں پانی۔

۳۔ الکَوْثَلُ والکَوْثَل: جہاز کا پچھلا حصہ۔

○ کَوثَۃ: زرخیزی، بہتات، فراوانی، وفور، افراط۔

○ کَوثَر: بہت، فراخ، کشادہ، وسیع، کثیر، وافر، فراواں، بڑی مقدار۔

○ کَوثَل: جہاز کا دنبال۔

کوح: ا۔ کَاحَ یَکُوْحُ کَوْحًا ہٗ: پر لڑائی میں غالب آنا۔ ــ الشیئَ: کو پانی میں ڈبونا، مٹی میں دبانا۔ کَوَّحَ ہٗ: کو غالب بنانا۔ ــ فلانًا: کو ذلیل کرنا، رد کرنا۔ الزمامُ البعیرَ: نکیل کا اونٹ کو مغلوب کرنا۔ کَاوَحَ مُکَاوَحَۃً ہٗ: سے گالی گلوچ کرنا۔ سے لڑائی کرنا اور اس پر غالب آنا۔ اَکَاحَ اِکَاحَۃً ہٗ: سے لڑنا، پر غالب آنا، کو ہلاک کرنا۔ تکَاوَحَ الرجلان: باہم جنگ وجدال کرنا۔

۲۔ الکَاحُ والکِیحُ ج کُیُوْحٌ واَکْیَاحٌ: دامن کوہ کہا جاتا ہے: رَجَعَ اِلٰی کُوْحِہٖ: یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی پھر باز رہا۔

کوخ: الکُوْخُ ج اَکْوَاخٌ وکُوْخَانٌ وکِیْخَانٌ و کِوَخَۃٌ: جھونپڑی (اسی سے ہے۔ کُوْخُ الصَّائِدِ: شکاری کی جھونپڑی، کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لئے بنالیا کرتے ہیں۔ الکَاخ ج اَکْوَاخٌ وکُوْخَانٌ وکِیْخَانٌ وکِوَخَۃٌ: جھونپڑی۔ لَیْلَۃٌ کَاخٌ: تاریک رات۔ الکَاخِیَۃُ ج کَوَاخٍ عند ارباب السیاسۃ: والی کا معتمد، محافظ اسرار، یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا (فارسیہ)

کود: ا۔ کَادَ یَکُوْدُ کَوْدًا بنفسہ: جان دینا۔

۲۔ کَادَ یَکُوْدُ کَوْدًا ہٗ: کو منع کرنا۔

۳۔ کَادَ یَکَادُ کَوْدًا و مَکَادًا و مَکَادَۃً: فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا جیسے کَادَ یَضْرِبُ: مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف اَنْ بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے۔ اَکَادُ اُخْفِیْھَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا ہے اور عُرِفَ مَا یَکَادُ مِنْہُ: یعنی جو ارادہ کیا جائے معلوم ہو جانا اور کَادَ کبھی زائد ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے۔ لَمْ یَکَدْ یَرَاھَا: یعنی لَمْ یَرَھَا، کے معنی میں اور کَادَ کے عوض میں کِیْدَ یَفْعَلُ کَذَا بھی سنا گیا ہے۔ المَکَادَۃُ (مص): کہا جاتا ہے۔ لَا مَھَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَۃً: نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔

۴۔ کَوَّدَ الشیئَ: کو جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔ الکَوْدَۃُ: مٹی وغیرہ کا تودہ۔

۵۔ اِکْوَادَّ۔ اِکْوِنْدَادًا: بوڑھا ہونا اور کانپنا۔

۶۔ الکَوْدَنُ ح کَوَادِنُ، الکَوْدَنِیُّ (ح) غیر اصیل گھوڑا، ہاتھی۔

کوذ: کَوَّذَ الازارُ: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر والے حصہ تک آجانا۔ الکَاذۃ: ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔ الکَاذِیُّ (ن): کیوڑہ۔

○ کاد: یَکَادُ أن: کرنے لگنا، کَادَ یَمُوْتُ: وہ تقریبا مر گیا۔ کِدْتُ اَذْھَب: میں تقریبا چلا گیا۔ یکاد یکون فی حکم العدم: یہ تقریبا کالعدم ہے۔ ما کاد یقوم: جیسے ہی وہ اٹھا۔ لا تکاد تری: تم مشکل سے کبھی دیکھو گے، جس لمحے تم دیکھو۔ لم یکد یرَاھا: جیسے ہی اس نے اسے دیکھا، جس لمحے اس نے اسے دیکھا۔ لم یکد: ...... حتی ما کاد: ...... حتی، جیسے ہی، جس لمحے۔ وہ بالکاد: تقریبا، قریب، قریب،

○ کُودِیۃ زار: زار روس کی رسومات کی خاتون قائد۔

کور: ا۔ کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا العمامۃ و نحوھا علی راسِہ: سر پر پگڑی وغیرہ باندھنا۔ ــ الحمّالُ الکارۃَ: قلی کا گٹھڑی اٹھانا۔ ــ الارضَ: زمین کھودنا۔ کَوَّرَ ہٗ: کو پچھاڑنا، نیزہ مار کر گرادینا۔ ــ العامۃَ: سر پر پگڑی باندھنا، اس سے ہے۔ تکویر الحساب: متفرق چیزوں کو ایک ہی مجموعہ میں جمع کرنا۔ ــ المتاعَ: کو تہ بتہ رکھنا۔ اللّٰہُ اللیلَ علی النھار: رات کو دن میں داخل کرنا۔ کُوِّرَتِ الشمسُ: آفتاب کی روشنی لپیٹا جانا اور بقول بعض مضمحل کیا جانا اور جاتا رہنا۔ تَکَوَّرَ: گرنا، پچھاڑا جانا۔ اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا: عمامہ باندھنا۔ ــ الشیئُ: بعض کو بعض پر پٹکنا۔ ــ الرجُلَ: پچھاڑا جانا، گرنا، کہا جاتا ہے۔ کَوَّرَہٗ فَاکْتَارَ: یعنی اس نے اسے پچھاڑا تو وہ گر گیا۔ اِسْتَکَارَ اِسْتِکَارَۃً: اپنی پیٹھ پر گٹھڑی اٹھانا۔ الکَارَۃُ ج کَارَاتٌ: غلہ کی ایک معلوم مقدار۔ ــ من الشیاب: دھوبی کی کپڑوں کی گٹھڑی۔ الکَوْرُ (مص) ج اَکْوَارٌ: عمامہ کا پیچ، بڑی جماعت، اونٹوں یا گایوں کا گلہ، زیادتی (کور العمامۃ: سے ماخوذ) الکُوْرُ: بھڑوں کا چھتہ۔

الکُوْرُ ج اَکْوَارٌ و اَکْوُرٌ و کِیْرَانٌ و کُوْرَانٌ: مٹی کی انگیٹھی۔ الکُوْرَۃُ ج کُوَرٌ: قصبہ۔ الکُوَارَۃُ: شہد کی مکھیوں کے لئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ یا موم سمیت شہد، آٹے یا گندم کا ذخیرہ کر کے رکھنے کی مٹی کی کوٹھی۔ الکِوَارَۃُ: پگڑی۔ الکُوَّارَۃُ: شہد کی مکھیوں کیلئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ یا موم سمیت شہد۔ المِکْوَرُ و المِکْوَرَۃُ: پگڑی۔ المَکْوَرِیُّ والمِکْوَرِیُّ مونث مَکْوَرِیَّۃٌ: چوڑے بدن کا پست قد۔

۲۔ کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا فی مشیتہ: تیز چلنا۔ کَارَ کِیَارًا الفرس ذنبہ: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔ کَتَرَ کَتَرَ الفرس: دوڑنے میں دم اٹھانا۔ الرجل: تیز چلنا۔ تَکَوَّرَ تَکَوُّرًا: تیز چلنا۔ تَکَوَّرَ: تیز دوڑ۔

۳۔ کَوَّرَ کَوَّرَہٗ عنہ: ضعیف و کمزور سمجھ۔ ذلیل کرنا۔ الکُوْرُ و المَکْوَرُ: اونٹ کا کجاوہ یا کجاوہ مع سامان۔

۴۔ تَکَوَّرَ: تیز گزر جانا۔ اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا الرجلُ للرجلِ: کو گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔

۵۔ الکَوْرُ ج کَارَاتٌ: ایک قسم کا جہاز — عند العامۃ: صنعت و حرفت (فارسیہ) الکُوْرُ: طبیعت، عادت، کہا جاتا ہے لَہٗ کُوْرٌ کَرِیْمٌ: اس کی طبیعت اچھی ہے۔ المَکْوَرِیُّ و المِکْوَرِیُّ مونث مَکْوَرِیَّۃٌ: کمینہ۔ الکُوْرَارُ: ایک نباتی زہر جسے جنوبی امریکہ کے اصلی باشندے تیروں کو زہر آلود کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

○ کَوَّرَہٗ: کو لپیٹنا، کنڈل بنانا، لپیٹ کر گولا بنانا — ہ (پگڑی) باندھنا — ہ: کو گول بنانا، گیند کی شکل کا بنانا۔ قبضۃً: اپنی (مٹھی) بھینچنا۔ تَکَوَّرَ: گول ہو جانا، گیند کی شکل کا ہونا یا ہو جانا، کروی ہونا یا ہو جانا، لوٹ پوٹ ہونا، ڈھیر ہونا۔ کُوْرٌ جمع کُوَّارٌ و اَکْوَارٌ و کِیْرَانٌ: اونٹ کی پالان، کاٹھی، بھٹی (دھاتوں کو گلانے کی)، بھٹی، تنور، دھونکنی۔ کُوْرَۃٌ جمع کُوَرٌ: ضلع، دیہاتی علاقہ، قصبہ، گاؤں، گیند۔ کُوَارَۃٌ جمع کَوَائِرُ: چھتا (شہد کی مکھی کا) کُوْرِیٌّ: گیند کی شکل کا، کروی۔ مِکْوَرٌ و مِکْوَرَۃٌ: پگڑی۔ مُکَوَّرٌ: گیند کی شکل کا، گول، کروی۔ مُکَوَّرَۃٌ: ڈھیر کے حساب سے، ساراکی ایک بار، تھوک۔

○ کوردُون جمع کوردونات: فیتہ، ڈوریہ، ڈوری، لیس، فیتہ، گوٹ، کناری۔

○ کَوْرَس: گلوکاروں کا طائفہ (مجازاً): گرجے کی بھجن منڈلی۔ کَوْرِسْبَہ جمع کُورسیبات: زنانہ زیر جامہ۔ کُوْرِک و کُوْرِیک: بیگار

○ کوریش: دیکھو کریش

○ کوریا: ایک ملک کا نام کوری: کوری کوریائی۔

کوز۔ کَازَ یَکُوْزُ کَوْزًا: کوزے سے پینا۔ الشیءَ: کو جمع کرنا۔ تَکَوَّزَ القومُ: قوم کا اکٹھا ہونا۔ اِکْتَازَ: کوزے سے پینا۔ الماءَ: پانی کو کوزے سے لے لینا۔ الکُوْزُ ج اَکْوَازٌ و کِیْزَانٌ و کِوَزَۃٌ: کوزہ (ارامیہ)۔ مُکَوَّزُ الرَّأسِ: لمبے سر والا۔

۲۔ الکَازُ: پٹرول (عامیہ)۔ عند الاساکفۃ: چمڑا کاٹ چھانٹ کرنے کی موچی کی رامی (فارسیہ)۔

کوس۔ ۱۔ کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا علی رأسہ: سر کے بل الٹ پڑنا — فی البیع: قیمت گھٹانا، کہا جاتا ہے۔ لَا تَکُسْنِیْ یا فلان فی البیع: یعنی اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹانا۔ واَکَاسَ اِکَاسَۃً: کو پچھاڑنا۔ کَوَّسَ الشیءَ علی رأسہ: کو سر پر اوندھا کرنا۔ تَکَوَّسَ الرجلُ: سرنگوں ہونا۔

۲۔ کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا البعیرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا — فی السیر: آہستہ آہستہ چلنا کہا جاتا ہے۔ فلان یَکُوْسُ فی السَّیْرِ: فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے۔ الکُوْسِیُّ من الخیل: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا مونث کُوْسِیَّۃٌ۔

۳۔ کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسَانَ الحیۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔ تَکَوَّسَ لحمُہٗ: گوشت کا تہ بہ تہ ہونا — العشبُ: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔ لُمْعَۃٌ کُوْسَاءُ ج کُوْسٌ: آپس میں لپٹا ہوا خشک گھاس کا مٹھا۔ رَمْلٌ کُوْسٌ: تہ بہ تہ جما ہوا ریت۔ المَکْنَسُ: سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔

۴۔ اِکْتَاسَ ہٗ عن حاجتہ: کو ضرورت سے روکنا۔

۵۔ انکَلُس: کَاسٌ: کا مخفف بمعنی پیالہ۔ الکَوْسُ: دریا کا تلاطم، ڈوبنے کے قریب ہونا۔ الکُوْسُ ج کُوْسَاتٌ: ڈھول، ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں اسے عام طور پر زاویہ کہتے ہیں (فارسیہ) الکُوْسَا واحد کُوْسَاۃٌ (ن) امریکی اصل کی کھیرے کی طرح لمبی شکل کی سبزی جسے پکا کر کھایا جاتا ہے عام لوگ ایک کو کوسیۃ کہتے ہیں۔ المِکْوَسُ ج مَکَاوِسُ: چکی کے پتھر درست کرنے کی چھنی۔

۶۔ کَوْسَجَ و تَکَوْسَجَ الرجلُ: کوسج ہونا۔ الکَوْسَجُ جمع کَوَاسِجُ: صرف تھوڑی پر داڑھی والا، کم دانتوں والا، آہستہ چلنے والا گھوڑا (ح)، ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرے کی طرح ہوتی ہے۔

کوش: کَوِشَ یَکْوَشُ

عام لوگ کہتے ہیں۔ کاش اس وقت کہتے ہیں جب کوئی دنیا کی محبت شدت اختیار کر لے یا اس میں منہمک ہو جائے صفت کایش اور اسم کَوْشَۃٌ ہے۔

○ کُوز جمع کِوَاز و کِیْزَان: مٹی یا ٹین کا چھوٹا جگ۔ مگ، آبخورہ کوز الذُّرَۃ: مکئی۔

○ کُوْس جمع کوسات: چھوٹا ڈھول۔

○ کُوَیِّس: عمدہ، اچھا، خوب، نفیس، شاندار دلکش، حسین، خوبصورت، خوش انداز، خوبرو، خوبصورت اَکْوَس: زیادہ خوبصورت، زیادہ دلکش، نفیس تر، زیادہ شاندار۔

○ کَوْسَج: کنار مچھلی، تیغ ماہی۔

○ کُوْشَۃ جمع کُوَش: بھٹہ، پژاوہ (خصوصاً): چونے کی بھٹی۔

کوع: کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعًا الکلبُ: گرمی کی وجہ سے کہنی پر چلنا، زخمی ہونے کی وجہ سے کلائی پر چلنا۔ کَوِعَ یَکْوَعُ کَوَعًا: بڑی کہنی والا ہونا، مڑی ہوئی کلائی والا ہونا، صفت اَکْوَعُ مونث کَوْعَاءُ ج کُوْعٌ۔ کَوَّعَہٗ بالسیف: کو تلوار مار کر کلائی ٹیڑھا کرنا۔ تَکَوَّعَتْ یَدُہٗ: کی کلائی کا ٹیڑھا ہونا۔ الکَاعُ ج اَکْوَاعٌ (ع ا): انگوٹھے کی جانب کہنی کا کنارا۔ الکُوْعُ ج اَکْوَاعٌ (ع ا): بمعنی الکَاعُ — عند العامۃ: راستہ کا موڑ اس سے فعل بنا کرتے ہیں۔ کَوَّعَ: یعنی وہ تنگ گلی میں چلا۔ الکَوَعُ (مص): کلائی کی جانب ہتھیلی کا ٹیڑھا پن ایک ہاتھ کا دوسرے ہاتھ کے بالمقابل آنا، پاؤں کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف جھکاؤ۔

○ کُوْع و کَاع جمع کِوَاع و کیعان: کلائی کی ہڈی، کہنی کُوْع: پائپ کا کونہ (مڑا ہوا)، زاویہ، پائپ کا بل، (سڑک کا) موڑ، پائپ کا کونہ لا یعرف کُوْعَہٗ من البوع: اسے اپنی کہنی سے اپنے گھٹنے کا پتہ نہیں یعنی وہ بے وقوف ہے۔

کوف: کَافَ یَکُوْفُ کَوْفًا الادیمَ: چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔ کَوَّفَ الرجلُ: کوفہ میں آنا۔ الکَافَ: حرف کاف لکھنا۔ تَکَوَّفَ القومُ تَکَوُّفًا و کَوَفَانًا علی غیر القبلۃ: جمع ہونا۔ الرجلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔ الکُوْفَۃُ: ریت کا گول سرخ ٹیلہ، عراق کا ایک تاریخی شہر۔ الکُوْفِیُّ: کوفہ کی جانب منسوب، اور اسی سے ہے خط کوفی۔ الکُوْفِیُّوْنَ: کوفہ کے نحوی حضرات۔ الکُوْفِیَّۃُ: کوفی کا مونث، سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکَفِیَّۃُ کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک یہ لفظ عربی ہے اور کوفہ سے منسوب ہے جبکہ بعض کہتے ہیں یہ لفظ

اصل میں اٹلی زبان میں کوفا تھا جس کا معنی ٹوپی کے ہیں بعد میں اسے عربی الفاظ میں شامل کرلیا گیا۔ الکُوفَانُ و الکَوفَانُ و الکَوَفَانُ و الکُوَّفَانُ: ریت کا گول ٹیلہ، گول چیز، نرکل بانس ولکڑی کا جھنڈ، کہا جاتا ہے۔ ظَلُّوا فِی کُوفَانٍ مِنْ اَمْرِهِمْ: ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا، اور کہا جاتا ہے۔ اَلنَّاسُ کُوفِی مِنْ اَمْرِهِمْ: لوگ گڑبڑی میں ہیں

۲۔ کَوَّفَ ـــ الادیمَ: چمڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ الشیئَ: علیحدہ کرنا۔

۳۔ الکُوفَانُ و الکَوفَانُ و الکَوَفَانُ و الکُوَّفَانُ: عزت وشوکت، (کہا جاتا ہے۔ هُمْ فِی کُوفَانٍ مِنْ ذَالِكَ: یعنی وہ لوگ اس سے عزت وشوکت میں ہیں۔) مشقت۔

۴۔ کَوفَلَتِ المرأۃُ ابنَها: عورت کا اپنے بیٹے کو کافولیۃ میں لپیٹنا۔ الکافولیۃ: مربع شکل کا سفید کپڑے کا ٹکڑا، جس میں بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔ (عامیہ)

○ تکَوَّفَ: بھیڑ کی شکل میں اکٹھا ہونا۔

کوك: ۱۔ الکُوکَۃُ (ن): دو سے تین میٹر تک اونچا بیضوی شکل کے پتوں والا ایک پودا جس سے کوکین نکالی جاتی ہے۔ الکُوکَائِینُ: کوکا کے درخت سے نکالا جانے والا مواد جو طب میں مقامی نشہ آور دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ نشئی لوگ اس کے متمنی ہوتے ہیں۔

۲۔ کَوکَبَ الحدیدُ: چمک اٹھنا، چم چم کرنا۔ الکَوکَبُ ج کَوَاکِبُ (فلك) ستارہ، تلوار، پانی، گرمی کی شدت، لوہے کی چمک دمک سردار قوم، شہسوار، قید خانہ، ہتھیار بند آدمی، باغ کے شگوفے بقریب البلوغ لڑکا، آنکھ کا پھولہ، فوج کا یونٹ۔ کَوکَبُ البئر: کنویں کا سوت، کہا جاتا ہے۔ ذَهَبُوا تَحْتَ کُلِّ کَوکَبٍ: وہ منتشر ہوگئے۔ یوم ذو کواکب: سختیوں والا دن یعنی مصائب اس قدر طویل اور سخت ہوگئے حتی کہ دن کو تارے نظر آنے لگے۔ الکَوکَبَۃُ (فلك): ستارہ، ایک کلی۔ المَکَوکَبُ: آنکھ کے پھولے والا۔

۳۔ الکَوکَبُ ج کَوَاکِبُ: لمبی نباتات، پہاڑ، چیز کا بڑا حصہ۔ الکَوکَبَۃُ: جماعت۔

۴۔ کَوکَی کَوکَوَۃً الرجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ پستہ قد کا دوڑنا۔ الکَوکَاۃُ والکُوَاکِیَۃُ: پستہ قد۔ المَکَوکَی: بے برکت، کیکڑا۔

○ کولومبو: کولمبو، سیلون کا دارالحکومت۔

○ کولومیا: ایک ملک کا نام

○ کولونیا: ہلکی خوشبو کی ایک قسم۔

○ کَولیرا: ہیضہ

○ کُولیس جمع کَوَالِیس: سٹیج وغیرہ کے پیچھے منقش پردہ وَرَاءَ الکوالیس: پس پردہ، سٹیج کے پیچھے (مجازاً)

○ کَوالِین: کالون کی جمع: (دروازے کا) قفل۔

کول: تَکَوَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔ تَکَوَّلَ وانکَالَ انکِیَالًا القومُ علیه: کسی پر مار پیٹ اور گالی گلوچ سے ٹوٹ پڑنا۔ تَکَاوَلَ الرجُلُ: کوتاہی کرنا۔ الکُولَۃُ (ن): استوائی افریقہ کا ایک درخت جو گرم خطوں میں کاشت کیا جاتا ہے اس کا پھل جو جوزہ الکُولا کہلاتا ہے۔ دل اور پٹھوں کی تحریک ونشاط کے مادہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ الکَولَانُ والکُولَانُ واحد۔ کُولَانَۃٌ: (ن) بردی نام کی ایک گھاس۔ الاَکْوَلُ ج اَکَاوِلُ: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔

○ کوف: تکَوَّفَ: بھیڑ کی شکل میں اکٹھا ہونا الکُوفَۃ: (عراق کے ایک شہر کا نام، کوفہ، کوفی: کوفی، کوفی خط، الکوفیون: کوفہ کے نحوی۔

○ کَوك: پتھر کا کوئلہ، نیم سوختہ کوئلہ

○ کَوکَبُ جمع کَوَاکِب: ستارہ (مجازاً) فلمی ستارہ، سٹیج وغیرہ کا ستارہ، آنکھ کا پھولہ، کوکب سینمائی: فلم سٹار۔ کَوکَبَۃ: ستارہ، گروہ، فوجی دستہ، پارٹی جمع کَوَاکِب: زرہ پوش یونٹوں اور سواروں کے رسالہ کا دستہ (سکواڈرن) کَوکَبِی: ستارہ شکل کا، ستارہ جیسا، ستارے کی مانند، ستاروں کا، ستاروں سے بھرا ہوا، ستاروں کے متعلق۔

○ کَوکتیل: کوکٹیل، ملی جلی شراب، ملے جلے پھلوں کا رس۔

کوم: ۱۔ کَوَّمَ تَکْوِیمًا التراب: مٹی کو جمع کرنا اور تودہ تودہ کرنا۔ ـــ المتاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا۔ ـــ ثیابَهٗ فی ثوبٍ واحدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔ اِکْتَامَ اکتیامًا الرجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔ الکُومُ ج اَکْوَام: اونٹوں کا گلہ، بلند جگہ، (ٹیلہ کی طرح) الکُومَۃُ والکَومَۃُ ج کُوَمٌ واَکْوَام: مٹی وغیرہ کا ڈھیر۔ الاَکْوَمُ: مونث کَومَاءُ ج کُوم: بلند، بڑی کوہان والا اونٹ۔

۲۔ الکومِسیُون: آڑھت، دلالی، کمیشن۔ فی اصطلاح السیاسیین: (سیاستدانوں کی اصلاح میں): ایک باقاعدہ گروہ جو سیاسی اور اتحادی دعووں پر غور کے بعد ان کے بارے میں رپورٹ مرتب کرتا ہے یا فیصلے صادر کرتا ہے۔) (اس کی عربی لَجْنَۃ ہے)۔ الکومِسیُونجی: اشیاء درآمد کرنے والا۔ (ترکیہ)۔

○ کَوَّمَ ہ: کا ڈھیر لگانا، کو اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔ تَکَوَّمَ: ڈھیر لگنا، جمع ہونا، ڈھیر ہوجانا۔ کَوم جمع کُوَام و کِیمان: ڈھیر، انبار، پہاڑی، کیمان: بالخصوص، کوڑا کرکٹ کے ڈھیر کَومَۃ و کُومَۃ: جمع کومات و کُوَم: ڈھیر، انبار، تودہ۔ کومۃ الحطب: چتا۔

○ کوماندان: کمانڈنٹ، کمانڈر

○ کومساری: دیکھو کمساری

○ کومسیونجی: آڑھت بیوپاری

○ کومودیو: بیڈ کے پہلو کی میز

○ کومیدیا: طربیہ، بزمیہ، کامیڈی Comedy

کون: ۱۔ کَانَ یَکُونُ کَوْنًا وکِیَانًا وکَیْنُونَۃً الشیئُ: نو پید ہونا، واقع ہونا، پایا جانا، ہونا۔ کان افعال ناقصہ میں سے ہے مبتداء اور خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لئے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو کان کا اسم کہا جاتا ہے، جیسے کان زیدٌ قائما اور کبھی تامہ ہوتا ہے فقال اللّٰہ لِیَکُنْ نُورٌ فکَانَ نُورٌ اور یہ ثَبَتَ کے معنی میں آتا ہے جیسے، کَانَ اللّٰہُ وَلَا شَیئَ مَعَہٗ۔ اور حَضَرَ کے معنی میں بھی جیسے وَاِنْ کَانَ ذُوْعُسْرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ اور وَقَعَ کے معنی میں جیسے مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ اور یَنْبَغِیْ کے معنی میں جیسے مَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا: اور استقبال کے معنی کے لئے جیسے یَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا اور زمانہ ماضی کے لئے جیسے کَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ تِسْعَۃُ رَهْطٍ زمانہ حال کے لئے جیسے کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ اور کبھی دوام واستمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے کَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَحِیْمًا اور کہا جاتا ہے صَارَ اِلٰی کَانَ یعنی مر گیا، تثنیہ اور جمع میں کہا جاتا ہے صَارَا اِلٰی کَانَا اور صَارُوْا اِلٰی کَانُوْا اور کُنْتُ الکُوفَۃَ یعنی میں کوفہ میں تھا۔ مَنَازِلُ اَقْفَرَتْ کَاَنْ لَمْ یَکُنْهَا اَحَدٌ: منازل خالی ہو گئے گویا جیسے کہ وہاں کوئی تھا ہی نہیں، وکُنَاهُمْ بمعنی کُنَّالَهُمْ دَخَلَ الامر فی خبر کان یعنی معاملہ گزر گیا۔ کَوَّنَ تَکْوِیْنًا الشیئَ: کو پیدا کرنا، ایجاد کرنا۔ تَکَوَّنَ: پیدا ہونا، ایجاد ہونا۔ الکَائِنُ (فا): ہونے والا، واقعہ، حادثہ۔ الکَائِنَۃُ ج کَائِنَاتٌ وکَوَائِنُ: الکائن کا مونث، حادثہ۔ الکَائِنَاتُ: موجودات۔ الکَوْنُ (مص) عالم وجود۔ الکَوْنِیُّ۔ کَوْنٌ کی جانب منسوب۔ الکُونِیُّ: لمبی عمر والا۔ الکِیَانُ (مص): طبیعت فطرت۔ التَّکْوِیْنُ: معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سفر التکوین: بائبل کی پہلی کتاب (موسیٰ کے پانچ سفروں میں سے پہلا

الموسوم کتاب پیدائش) ـــ ج تکَاوِیْنُ: صورت، ہیئت۔ الکُنْتِیُّ ج کُنْتِیُّوْنَ و الکُنْتُنِیُّ ح کُنْتُنِیُّوْنَ، عمر رسیدہ گویا کہ وہ اپنے قول۔ کُنْتُ فِیْ شَبَابِیْ کَذَا و کَذَا: کی طرف منسوب کیا گیا ہے، تم کہتے ہو۔ اَصْبَحْتُ کُنْتِیًّا: یعنی میں بڑی عمر والا ہوگیا، کُنْتُنِیْ میں نون وقایہ ہے تا کہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کہ ضَرَبَنِیْ میں فتح ظاہر ہونے کے لئے نون لاتے ہیں۔ الْمَکَانُ ج اَمَاکِنُ و اَمْکِنَۃٌ و اَمْکُنٌ: (اخیر والا نادر ہے) کسی شئے کے ہونے کی جگہ۔ المکانۃ جمع مَکَانات: موضع، جگہ، مرتبہ۔ کہا جاتا ہے۔ مَکُوْنٌ فِیْہِ: یعنی اس میں موجود۔ المَکِیْنُ: مرتبہ والا، کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ مَکِیْنٌ عِنْدَ فُلَانٍ: فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔

۲۔ کَانَ یکُوْنُ کَوْنًا و کِیَانًا علی فلان: کا ضامن ہونا، ذمہ دار بننا۔ کُتَانَ اِکْتِیَانًا بفلان و علیہ: کا ضامن ہونا، ذمہ دار بننا۔ الکِیَانَۃُ: کفالت۔

۳۔ تکَوَّنَ: متحرک ہونا۔

۴۔ اِسْتَکَانَ اِسْتَکَانَۃً لفلان: سے فروتنی کرنا، عاجزی کرنا۔

۵۔ کَیْوَانٌ (فلک) فارسی میں زحل کا نام۔

○ کَانَ ـ کَوْنًا و کِیَانًا و کَیْنُوْنَۃً: ہونا، واقع ہونا۔ کان ل: کا ہونا، کا حق ہونا، کی ملک ہونا، کا رکن یا فرد ہونا۔ کان لہ بیتٌ: اس کا ایک گھر تھا، وہ ایک گھر کا مالک تھا۔ ل: کے لئے صحیح آدمی ہونا، کا اہل ہونا۔ من: کے متعلق ہونا، کا جزو ہونا۔ ـــ علی: کا فرض ہونا، پر واجب ہونا، لازم یا لازمی ہونا۔ ـ اِلی: کو دینا، سونپا یا تفویض کیا جانا، کا حصہ ہونا، پر چھوڑا جانا۔ علی اَتَمِّ ما یکون: انتہائی قابل فہم مکمل انداز میں، مکمل طور پر ممکن۔ اقوالهم اقرب ما تکون اِلی الصواب: ان کی باتیں بالکل ٹھیک ہیں، صداقت کے بڑی حد تک قریب ہیں۔ لم یکن ل یا ما کان ل: وہ کیلئے صحیح آدمی نہیں ہے یا نہ تھا، وہ کا اہل نہ تھا، کے قابل نہ تھا، غالبًا ہونے والا نہیں یا نہ تھا۔ لم یکُن لِیَصْعُبَ علیہ أنْ: اس کے لئے مشکل نہ ہوتا کہ وہ، کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ نہ کر سکتا۔ ما کان منہ الا ان یا لم یکن منہ الا ان: اس کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ...... کرنے کے لئے اس کے پاس کچھ نہ تھا مگر یہ کہ......، اس نے اس سے زیادہ کچھ نہیں کیا۔ ما کان لہ ان: اس کے لئے کچھ کرنا، ناممکن ہے یا تھا۔ وہ کے قابل نہیں یا نہ تھا۔ أَصْبَحَ فِی خبرِ کَان: غائب ہوجانا، کھو جانا، نظروں سے اوجھل ہوجانا، تقویم پارینہ ہونا، متروک ہونا، ماضی سے متعلق ہوجانا۔ کان و کان: رباعیوں پر مشتمل نظم کی ایک مقبول صورت۔ کَوَّنَ ہ: کو بنانا، تخلیق کرنا، وجود میں لانا، صورت دینا، کی تشکیل کرنا۔ تَکَوَّنَ: پیدا ہونا، صورت پانا، وجود میں آنا، بننا، صورت پذیر ہونا، ظہور میں آنا، بڑھنا، پختگی یا تکمیل کو پہنچنا ـــ من: سے تیار ہونا، پر مشتمل ہونا، سے بنایا جانا۔ اِسْتَکَانَ: منکسر المزاج ہونا، عاجز ہونا، سخت بری حالت میں ہونا، اطاعت اختیار کرنا، تسلیم کرنا، معافی مانگنا، ذلیل ہونا، مطیع ہونا۔ ـــ الی: کا ہو رہنا۔ کَوْن جمع اَکْوَان: وجود، زندگی، ہستی، حادثہ، وقوع۔ الکون: دنیا، عالم موجودات، کائنات، کون و مکان۔ الکون الاعلی: باری تعالی، اللہ تعالی۔ لِکَوْنِہٖ مجنونًا: کیونکہ وہ پاگل ہے۔ مَعَ کَوْنِہٖ مجنونًا: اگرچہ (ہرچند، باوجودیکہ، گو) وہ پاگل ہے۔ کَوْنِی: کائنات، نظام کائنات سے متعلق، کائناتی، کونی۔ الاشعۃ الکونیۃ: کائناتی شعاعیں، فضائی کرنیں۔ نظام کونی: نظام کائنات، کارخانۂ قدرت۔ کِیان: وجود، ہستی، جوہر، اصل، طبیعت۔ الکُوْن: مجموعہ، میزان۔ مَکان جمع اَمْکِنَۃ و اَمَاکِن: جگہ، موقع، محل، جائے وقوع، محل وقوع، عبارت کا ٹکڑا، خطہ، حلقہ، موقع، آبادی (ریل گاڑی کے ڈبہ میں) نشست، حیثیت، اہمیت، وزن، فضائے بسیط، موجودگی، صورت حال، شرائط، حالات۔ مَکَانَ ـــ: کی جگہ، کی جائے۔ لو کُنْتُ مکانک: اگر میں تمہاری جگہ ہوتا، اگر میں تو ہوتا۔ مکانہٗ: موقع پر، فورًا۔ مَکَانَكَ: رک جا۔ فی کُلِّ مکان: ہر جگہ۔ اَخْلَی مکانًا: راستہ یا جگہ دینا۔ اِحْتَلَّ مکانًا مَکِینًا: مضبوط حیثیت کا حامل ہونا۔ ھو من الشجاعۃِ بمکان: وہ انتہائی بہادر ہے۔ ذلك من الأهمیۃ بمکان: یہ بہت اہم ہے۔ هذه النَّظَرِیۃُ مِنَ الضعفِ بمکان: یہ نظریہ کسی حد تک کمزور ہے۔ مکان الشیء من نفسہ: کسی کے لئے کسی چیز کی اہمیت، کسی چیز کی اہمیت جو وہ کسی کے دل میں رکھتی ہو۔ مکان الحادث: موقع واردات، کارروائی کا مقام۔ اَمَاکِن وَعِرَۃ: سخت ناہموار علاقہ۔ مَکَانَۃ جمع مَکَانَات: جگہ، محل، موقع، حیثیت، اثر، رتبہ، قدر و منزلت، عظمت۔ مکانۃ الصدر: برتری، اولیت، سبقت، فوقیت، ترجیح۔ مکانی: مقامی، لوکل۔ م کانیۃ: مکانیت۔ تَکْوِین: بنانا، تشکیل دینا، صورت دینا، وضع کرنا، بناوٹ، تشکیل، پیدائش، تخلیق، آفرینش، ایجاد، ابتدا، آغاز ـــ جمع تَکَاوِین: (چٹانوں کی) بناوٹ، ساخت۔ جمیل التکوین: خوش شکل، دیدہ زیب۔ سفر التکوین: کتاب پیدائش (بائبل میں)۔ تَکَوُّن: ابتداء، آغاز، پیدائش، ظہور، اصل، ابھرنا، سر نکالنا، بڑھنا، بالیدگی، ترقی، ترتیب، بناوٹ۔ اِسْتِکانۃ: اطاعت، فرمانبرداری، جمود، خاموشی سے برداشت، دستبرداری، تابع داری۔ کائن: شخص، موجود، زندہ، واقع، حسی، وجود، کل ذی روح، حیوان، انسان، بشر، جانور ـــ جمع کائنات: چیز، موجود، جیتا جاگتا، زندہ۔ الکائِن المُطْلَق: واجب الوجود، قائم بالذات، حاکم علی الاطلاق، اللہ تعالی۔ الکائنات: پیدا شدہ چیزیں، کائنات، کون و مکان، دنیا والے۔ کائِنًا من کانَ: جو کوئی بھی ہو، جو بھی ہو، کوئی بھی ہو۔ کائِنًا ما کان: یہ کچھ بھی ہو، کچھ بھی ہو۔ مُکَوِّن: پیدا کرنے والے، تخلیق کرنے والا۔ مَکَوَّن: بنایا ہوا، پیدا کیا ہوا، تخلیق شدہ ـ من: سے بنا ہوا، سے مرکب، پر مشتمل، سے تشکیل پایا ہوا، صورت دیا ہوا۔ مُسْتَکِین: ذلیل کیا ہوا، کچلا ہوا، فرمانبردار، اطاعت شعار، انقیاد پذیر، منقاد، راضی برضا۔

○ کونتراتو: اتفاق، موافقت، معاہدہ، عہد نامہ، میثاق، ٹھیکہ۔

○ کَونکُرادتُو: مقروض اور قرض خواہ کے مابین تصفیہ، مصالحت، راضی نامہ۔

○ کُونْیَاك: کنیاک: فرانسیسی برانڈی (انگور کی شراب)

کوه: کَاهَ یَکُوْہُ کَوْهًا الشیئَ: کا منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔ کَوِہَ یَکْوَہُ کَوَهًا: متحیر ہونا۔ کَوَّہَ النارَ: آگ بھڑکانا۔ تَکَوَّہَ علیہ الامرُ: کیلئے وسیع ہونا اور متفرق ہونا۔

کوی: ا۔ کَوٰی یَکْوِیْ کَیًّا فلانًا: لوہے وغیرہ سے کی جلد کو داغ دینا۔ ـ الثیاب: کپڑے پر استری کرنا۔ ـتِ العقربُ فلانًا: کو بچھو کا ڈسنا، تم کہتے ہو۔ کَوَانِیْ بعَیْنِہٖ: یعنی اس نے مجھے تیز نظر سے دیکھا۔ اَکْوٰی اِکْوَاءً: زبان سے انسان کو تکلیف پہنچانا۔ کَاوٰی مُکَاوَاۃً الرجُلَ: باہم گالی گلوچ کرنا۔ اِکْتَوٰی: داغ لگنا ـــ الرجُلُ: اپنے آپ کو داغ لگانا۔ اِسْتَکْوٰی فلانًا: سے داغ لگانے کو کہنا ـــ الرجُلُ: کے داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔ الکَوَّاءُ: اسم مبالغہ، بد زبان، بہت گالی بکنے والا۔ الکَیَّۃُ: کَوٰی سے اسم مرہ، داغ لگانے کی جگہ۔ المِکْوَاۃُ ج مَکَاوٍ: استری۔ المِکْوَاۃ و الکَاوِیَاءُ: بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ،

کاویا۔

۲۔ کَوّٰی فی دارہ کُوًّی: اپنے گھر میں روشندان بنانا۔ تَکَوّٰی تکوّیًا الرجلُ: تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔ الکَوُّ والکَوَّۃُ والکُوَّۃُ ج کِوَاءٌ و کُوًی و کَوَّاتٌ و کُوَّاتٌ۔ روشندان، کُوَی النہر۔ دریا کے نالے۔

۳۔ اُکْتَوٰی الرجلُ: اپنی آپ کی تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت اس میں نہ ہوں۔

کی کَیْ حرف تعلیل ہے فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اَنْ مقدرہ کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے جَاءَ کَیْ یَسْأَلَ یعنی وہ آیا تاکہ سوال کرے، اور مَا استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے کَیْمَ جِئْتَ: یعنی تم کیوں آئے ہو؟ اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا، وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ھَا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیْمَہْ جیسا کہ لِمَہْ میں کہا جاتا ہے اور یہ مَا مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے یُرْجَی الفَتٰی کَیْمَا یَضُرُّ وَیَنْفَعُ۔ اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبًا داخل ہوتا ہے جیسے جِئْتُکَ کَیْ تُکْرِمَنِیْ: میں تمہارے پاس اس لئے آیا کہ تم میرا اکرام کرو اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِکَیْ تُکْرِمَنِیْ۔

○ کَوَی ۔ کَیًّا ۔ کو جلانا، داغنا، جھلس دینا۔ ہ: کو داغنا، پر پکا نشان لگانا۔ ۔: پر استری کرنا۔۔: (تیزاب وغیرہ) کا جلانا، کاٹنا (بچھو کا) ڈنک مارنا۔ اِکْتَوَی: جلنا۔ داغا جانا، استری کیا جانا، خود کو جلانا، اپنی جلد جلانا۔ کَیّ: جلانا، داغنا، داغنے کا لوہا، استری کرنا، کَیَّۃ داغ، کَوَّاء: بدگو، مفتری، استری کرنے والا۔ کَوَّایۃ استری کرنے والی۔ کَوِیَّۃ سلوٹ، شکن (پتلون کی)۔ مِکْوَاۃ و مِکْوًی جمع مَکَاوٍ: استری، داغنے کا لوہا۔ مَکْوَجِی: استری کرنے والا، کَاوٍ: کیمیاوی عمل سے جلانے والا۔ کَی و لِکَی: تاکہ (کرنے) کے لئے کی غرض سے۔ کَیْ لا و لِکَی لا: تاکہ نہ، ایسا نہ ہو، مبادا، کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ کَیْمَا و لِکَیْمَا: تاکہ۔

○ کِیت: ہندوستانی لباس کا سامان۔

کاء: کَاءَ یَکِیْئُ کَیْئًا عن الامر: سے اعراض کرنا۔ الکَاءُ والکَیْئُ والکَاءَۃُ والکَیْئَۃُ: بزدل۔

کیت: کَیَّتَ الوعاءَ: برتن بھرنا۔ الجھازَ: سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔ کَیْتَ و کَیْتَ۔ اور کبھی کَیْتِ و کَیْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے تم کہتے ہو۔ قَالَ فُلَانٌ کَیْتَ و کَیْتَ: یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا، اور کَیْتَ کَیْتَ واو کے بغیر بھی استعمال کرتے ہیں اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

کیح: کَاحَ یَکِیحُ کَیْحًا السیفُ فیہ: میں تلوار کا اثر کرنا، کہا جاتا ہے مَا کَاحَ فِیْہِ السَّیْفُ: یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔ اَکَاحَ اِکَاحَۃً ہ: کو ہلاک کرنا۔ الکُیُحُ سخت، موٹا (مذکر و مؤنث کیلئے)۔ کَیِّحٌ اُکْیَحُ: سخت موٹا۔

○ کَیْتَ و کَیْتَ اور کَیْتِ و کَیْتِ: فلاں فلاں، ایسا ایسا، اس اس طرح، یوں یوں۔

کید: ۱۔ کَادَ یَکِیْدُ کَیْدًا ہ: سے مکر کرنا، فریب کرنا، کو مکر سکھلانا، سے جنگ کرنا، سے برا ارادہ کرنا۔ الشیئَ: کو تیار کرنا۔ لِفلان: کیلئے حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ یَکِیْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِیْ مَاھُوَ: جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے۔ وَبَلَغُوْا الاَمْرَ الَّذِیْ کَادُوْا یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کرلیا۔ کَایَدَ مُکَایَدَۃً ہ: سے مکر و فریب کرنا۔ تَکَایَدَ الرجلان: ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔ اِکْتَادَ اِکْتِیَادًا ہ: کے ساتھ حیلہ کرنا، مکر و فریب کرنا۔ الکَیْدُ (مص) ج کِیَادٌ: مکر، خباثت، حیلہ سازی اور کوشش کرنا، لڑائی کیونکہ اس میں بھی حیلہ سازی کی جاتی ہے، کہا جاتا ہے۔ غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْدًا یعنی اس نے لڑائی نہیں کی لَا کَیْدًا وَلَا ھَمًّا: یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ ارادہ ہی ہے۔ یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کسی کو ناپسندیدہ کام پر اکسایا جائے۔ الکَیَّادُ: بہت مکار۔ المَکِیْدَۃُ ج مَکَایِدُ کَادَ سے اسم، مکر، دھوکا، خباثت، فراڈ۔

۲۔ کَادَ یَکِیْدُ کَیْدًا الزندُ: چقماق کا آگ نکالنا۔۔ بنفسہ: جان دینا۔ الرجُلُ: قے کرنا۔ الکَیْدُ ج کِیَادٌ: قے کرنا۔

○ کَادَ ۔ کَیْدًا و مَکِیْدَۃً ہ: کو دھوکا دینا، الو بنانا، حکمت علی سے نیچا دکھانا۔ ل: کسی شخص یا چیز کو ہوشیار جوڑ توڑ سے نقصان پہنچانا۔ ل: کیلئے جال بچھانا، کے زوال کا منصوبہ تیار کرنا، کے خلاف سازش کرنا۔ کَایَدَہُ: بمعنی کَادَہُ: نیز کَایَدَہُ: کے ساتھ دورخی سے کام لینا۔ کَیْد جمع کِیَاد: چال، تدبیر، حیلہ، چالبازی، داؤں، عیاری، دھوکا، داؤ پیچ۔ مَکِیْدَۃ ج مَکَایِد: چال، دھوکا، فریب، تیز کارروائی، چالاک رسائی، ہوشمند پالیسی، داؤں، سازش، ساز باز، جوڑ توڑ، تدابیر، خفیہ منصوبے، سکیمیں، اندر ہی اندر گٹھ جوڑ۔

کیر: ۱۔ کَارَ یَکِیْرُ کِیَارًا الفرسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا۔ اَکَارَ علیہ یضربہ: کو مارنے لگنا۔ تَکَایَرَا: ایک دوسرے کو مارنا۔ الکِیْرُ ج اَکْیَارٌ و کِیَرَۃٌ: لوہار کی بھٹی۔

الکَیِّرُ: دوڑنے میں دم اٹھانیوالا گھوڑا۔

۲۔ کِیْرِیَالِیْسُوْنُ یہ یونانی لفظ ہے جو کیر (سید، سردار) اور اَیْسُون (رحم دل) سے مرکب ہے یعنی رحم دل سردار۔

○ کِیر جمع اَکْیَار و کِیرَان: دھونکنی۔

○ کِیرُوسِین: مٹی کا تیل۔

کیس: ۱۔ کَاسَ یَکِیْسُ کَیْسًا و کِیَاسَۃً الغلامُ: زیرک ہونا۔ فلانًا: پر دانائی میں غالب آنا۔ کَیَّسَ تَکْیِیْسًا ہ: کو زیرک و ذہین بنانا۔ کَایَسَ مُکَایَسَۃً ہ: کا دانائی میں مقابلہ کرنا۔ ہ فی البیع: کا بیچنے میں مقابلہ کرنا۔ اَکَاسَ اِکَاسَۃً و اَکْیَسَ اِکْیَاسًا: ذہین اولاد والا ہونا۔ تَکَیَّسَ: دانائی ظاہر کرنا، بتکلف دانا بننا۔ الکَیْسُ (مص) عقل، سمجھ، دانائی، زیرکی، سخاوت، کاموں میں سنجیدگی۔ الکِیَاسَۃُ (مص): مفید چیز کے استخراج کی قدرت۔ الکَیِّسُ ج اَکْیَاسٌ و کَیْسٰی مؤنث کَیِّسَۃ ج کَیَّاسٌ: عقل مند، دانا، اچھی سمجھ بوجھ اور ادب والا، عوام کُوَیِّسْ کہتے ہیں۔ المُکَیِّسُ: سمجھدار۔ الاَکْیَسُ مؤنث کَیْسٰی و کُوْسٰی ج کِیَسٌ: اسم تفضیل عوام اَکْوَسُ کہتے ہیں۔ المِکْیَاسُ ج مَکَایِیْسُ من النساء: وہ عورت جو عقل مند بچوں کو جنم دے۔

۲۔ کَیَّسَ ہ: کو تھیلی یا بٹوہ میں رکھنا۔ الکِیْسُ ج اَکْیَاسٌ و کِیَسَۃٌ: تھیلی، بٹوہ۔۔ کِیْسُ البَوْغِ اور اسے کِیْسُ الغُبَیْرَاتِ (ن) بھی کہتے ہیں۔ مستورات الزہر کے خلیوں کی تھیلی دیکھو مستورات الزہر۔

۳۔ الکَیْسُ: جماعت۔ کَیْسَانُ (الف لام کے بغیر) غدر کے لئے اسم کہا جاتا ہے۔ دَکِبَ فُلَانٌ کَیْسَانَ: جب کوئی بے وفائی کرے تو اس کے لئے یہ جملہ استعمال کیا جاتا ہے۔

○ کیس: کَاسَ ۔ کِیَاسَۃً: ہوشیار ہونا، طباع ہونا، ہونہار ہونا، زیرک ہونا، چالاک ہونا، ذہین ہونا۔ نفیس ہونا، شاندار ہونا، دلکش ہونا، حسین ہونا، خوبصورت ہونا، خوش انداز، خوبرو ہونا، طرح دار ہونا، وضع دار ہونا۔ کَیْس: ہوشیاری، زیرکی، تیز فہمی، نزاکت، لطافت، باریک بینی، نفاست، دلکشی، خوش اسلوبی، خوبصورتی، دلربائی، خوش وضعی، لطافت، کِیس: مذکر و مؤنث جمع اَکْیَاس و کِیَسَۃ: تھیلا، بورا، تھیلی، بٹوا، ترکی تولیہ۔ کِیس الوسادۃ: تکیہ کا غلاف، کِیسُ الصفراء: پت، صفراء، علی کِیسِہِ: اس کے خرچ

پر۔ کَیِّس جمع کَیَاس و کَیْسَی مونث کَیِّسَۃ جمع کِیَاس: زیرک، ہوشیار، چالاک، تیزفہم، سمجھدار، دانشمند، شاطر، ماہر، نفیس، تیز، شاندار، خوش پوش، خوش وضع، خوبصورت حسین، دلکش، صاحب طرز، خوش وضع۔ کَیَاسَۃ: چالاکی ہوشیاری، ذہانت، تیزفہمی، مہارت، زیرکی، داشمندی، کائیاں پن، فراست، خوش اخلاق، شائستگی، تہذیب، حسن، جمال، طرحداری، وضع داری۔ اَکْیَس مونث کُیْسَی و کُوْسَی جمع کِیَس: زیادہ زیرک، زیادہ چالاک، زیادہ ماہر، زیادہ وضع دار، زیادہ شاندار، زیادہ نفیس، زیادہ نفاست پسند۔ مُکَیِّس و مُکَیِّسَاتِی: مالشیا، جسم کی مالش کرنے والا۔

کیص: ا۔ کَاصَ یَکْبُصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیْصَانًا الطعام: کوتنہا کھانا ـــ من الطعام والشراب: بہت کھانا پینا، کہا جاتا ہے کَصْنَا عِنْدَہٗ مَاشِئْنَا: ہم نے اسکے پاس جوجی میں آیا کھایا۔ الکَیْصُ (مص): سخت بخل، بہت کنجوس ـــ رَجُلٌ کِیصٌ و کِیْصِی و کِیُصَی و کَیْصَی: تنہا اترنے والا، تنہا کھانیوالا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا۔

۲۔ کَاصَ یَکِیْصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیْصَانًا: کسی چیز سے عاجز ہونا۔

۳۔ کَاصَ یَکِیصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیْصَانًا الرجلُ: تیز چلنا، کہا جاتا ہے: مرّ یکیصُ: وہ جلدی سے گزرا۔

۴۔ کَایَصَ مُکَایَصَۃً الامرَ والعمل: کی مشق کرنا۔ الکَیِّصُ والکِیَصُّ من الرجال: مضبوط پٹھے والا۔

۵۔ الکَیُصُ: گھٹے ہوئے بدن کا پستہ قد۔ الکِیُصُ: پستہ قد اور موٹے ڈھیلے جسم والا، درشت خو، شرارتی۔

کیع: کَاعَ یَکِیْعُ کَیْعًا و کَیْعُوْعَۃً عنہ: کے بارے میں بزدل ہونا، سے خائف ہونا، صفت کَاعٍ و کَائِعٌ ج کَاعَۃٌ عوام کہتے ہیں کَعِیَ عَنْہُ یعنی سے عاجز آنا۔

کیف: ا۔ کَافَ یَکِیْفُ کَیْفًا الشیئَ: کو کاٹنا۔ کَیَّفَ الشیئَ: کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تَکَیَّفَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ اِنْکَافَ اِنْکِیَافًا الشیئُ: کٹنا۔ الکِیْفَۃُ ج کِیَفٌ: کپڑے کا ٹکڑا جس سے دامن کے اگلے حصہ کو پیوند لگائیں۔

۲۔ کَیَّفَ ہٗ: کسی سے حال احوال پوچھنا ـــ الشیئَ: کے لئے کیفیت معلوم بنانا ـــ ہٗ فکَیَّفَ: اس نے اسے خوش کیا تو وہ خوش ہوگیا (عامیہ) کَیَّفَ: کسی کیفیت پر ہونا۔ الکَیْفُ عند الحکماء: کسی چیز کی نارمل حالت جو نہ تقسیم ہونے کا تقاضا کرے نہ ہی اس کی ذاتی نسبت ہو جیسے سفیدی اور سیاہی۔ عندا العامۃ: مزاج اور سرور۔ کَیْفَ: اسم مبہم مبنی علی الفتح ہے اور اس کا اکثر استعمال استفہام کے لئے ہوتا ہے جیسے کَیْفَ زَیْدٌ اور کبھی شرط کے لئے آتا ہے کبھی مَا لگاتے ہیں اور کبھی نہیں لگاتے۔ جیسے کَیْفَمَا تَصْنَعْ اَصْنَعْ اور کَیْفَ تَصْنَعْ اَصْنَعْ اور کہا جاتا ہے۔ کَیْفَ لِیْ بِفُلَانٍ: اس کے جواب میں تم کہتے ہو کُلَّ الکَیْفِ جر کے ساتھ مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر برقرار رہتے ہوئے۔ کَیْفِیَّۃُ الشیئ ج کَیْفِیَّاتٌ: صفت، حالت۔

○ کَیَّفَ ہٗ: کو صورت دینا، تشکیل کرنا، بنانا، کی صورت بنانا، (سانچے میں ڈھال کر) بنانا ـــ ہٗ/نفسَہٗ: کو اختیار کرنا، ہم آہنگ بنانا، بدلنا، میں ترمیم کرنا، کے مطابق بنانا ـــ ہٗ: کو نظام کے تحت لانا، باقاعدہ بنانا ـــ ہٗ: کو خوش کرنا، محظوظ کرنا، (نشہ کا) کو مخمور کرنا، مدہوش کرنا، حواس باختہ کرنا۔ تَکَیَّفَ: صورت پانا، تشکیل پانا، بننا، شکل اختیار کرنا، بدلنا، مطابق ہونا، خوش ہونا، ہلکا سا مخمور ہونا، مدہوش ہونا ـــ ہٗ: تمباکو نوشی کرنا۔ کَیْفَ حالكَ؟ تم کیسے ہو؟ کیف لا: کیوں نہیں۔ فکیفَ ب: ذرا تصور میں لائیے کتنا زیادہ (یا کم)......کتنا زیادہ، اور کتنا کم...... کیف ما: کتنا ہی، کیسا ہی۔ کیف ما کان الحال: جو بھی صورت ہو، بہرحال، بہر صورت۔ کَیْف: حالت، مزاج، مزاج کیفیت، ذہن کی حالت، خوشی، اختیار، حق انتخاب، پسند، جمع کیوف: افیون آمیز، خواب آور یا نشاآور (دوا وغیرہ)۔ علی کیفك: آپ کی مرضی پر، جیسے آپ چاہیں، پسند کریں۔ اصحابُ الکَیْف: جو یائے سرور لوگ، لذت طلب لوگ۔ کَیْفِی: خود مختارانہ، اختیار پر مبنی، سمجھ پر منحصر، اختیاری، کیفیت، کیفیتی، ماہیتی۔ کیفیۃ: طریقہ، انداز، خاصہ، حالت، جزئیات، تفصیلات، کسی واقعہ کے خاص حالات۔ کیفیۃ العمل: (مشین وغیرہ کا) چلنا۔ کیفیۃ الاستعمال: استعمال کی ہدایات۔ تکییف الھواء: ہوا کو صاف کرکے حسب منشا سرد یا گرم کرنا (air Conditioning)۔ مُکَیِّفَۃُ الھواء: ایئر کنڈیشنر۔ مُکَیِّفات: بیہوش کرنے والی دوائیں، نشہ آور چیزیں۔

کیك: الکَیْکَۃُ ج کَیَاکِیُ: انڈہ اور اس کی تصغیر: کُیَیْکَۃٌ و کُیَیْکِیَۃٌ۔

○ کِیکَۃ [illegible]

○ کَالَ ـــ کَیْلًا و مَکَالًا و مَکِیلًا ہٗ: کو تولنا، ناپنا، کا وزن کرنا ـــ ہٗ ب: کو ناپ کرکے مقابلہ کرنا، کو کے پیمانہ سے ناپنا، تولنا ـــ ہٗ ل: کچھ کسی کو دینا۔ کَالَ لہ الشتائم: کو ڈھیر ساری گالیاں دینا۔ کَالَ لہ اللَطَمَات: کی پٹائی کرنا۔ کَایَلَ ہٗ: سے برابر کا بدلہ لینا۔ کَیْل جمع اَکْیَال: پیمانہ، خشک پیمانہ، رکھنے کا ظرف۔ کَیْلَۃ جمع کَیْلات: ایک خشک پیمانہ۔ کَیْلِی و مَکِیل: حجم ناپنے والا۔ کَیَّال: اناج ناپنے والا، صحیح ناپ کا تعین کرنے والا، مالک، آقا۔ الموازین و المکاییل: پیمائش ناپ تول کرنے کے اوزار۔ کِیلو و کیلوجرام جمع کیلو جرامات: کلوگرام۔

○ کِیلُوسِیکَل جمع کیلو سیکلات: کلوسیکل (ریڈیو)

○ کِیلُومِتر جمع کیلو مترات: کلومیٹر۔

○ کیلوواط: کلوواٹ

○ کیلون بمعنی کالون: گیلن۔

کیل: ا۔ کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا و مَکِیْلًا و مَکَالًا القمحَ وغیرہ: گیہوں وغیرہ کو ناپنا، تولنا اور یہ کبھی دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے کِلْتُ زَیْدًا الطَّعَامَ: اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے جیسے کِلْتُ لِزَیْدٍ الطَّعَامَ۔

کَالَ الدراھمَ: کو تولنا۔ الشیئ بالشیئ: کا سے اندازہ کرنا کہا جاتا ہے ھٰذَا طَعَامٌ لَا یَکِیْلُنِی: یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لئے کافی نہیں ہے۔ کَیَّلَ تَکْیِیْلًا القمح وغیرہ: گندم وغیرہ ناپنا۔ کَایَلَ مُکَایَلَۃً ہٗ: دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا۔ کو گالی دینا اور بڑھ جانا، کہا جاتا ہے۔ کَایَلْتُ فُلَانًا: یعنی اس نے میرے لئے اور میں نے اس کے لئے ناپا۔ دونوں مکایلان کہے جائیں گے اور کہا جاتا ہے۔ کَایَلَ الفَرَسُ الفَرَسَ فِی الجَرْیِ: یعنی ایک گھوڑے نے دوڑنے میں دوسرے گھوڑے کا مقابلہ کیا، اور کہا جاتا ہے۔ کَایَلْنَاھُمْ صَاعًا بِصَاعٍ: یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا۔ تَکَایَلَ الرجلان: گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا، ایک کا دوسرے کے لئے ناپنا۔ اِکْتَالَ اِکْتِیَالًا منہ وعلیہ: اپنے لئے ناپنا۔ الکَیْلُ (مص) ج اَکْیَالٌ: ناپنے کا آلہ۔ الکَیْلَۃُ ج کَیْلَاتٌ: کال سے اسم مرہ، ناپنے کا برتن ـــ فی بر الشام: دودھ کا پیمانہ۔ الکِیْلَۃُ کَالَ کا اسم اور اسم نوع۔ عرب کی ضرب الامثال میں ہے اَحَشَفًا وَسُوْءَ کِیْلَۃٍ: یہ اس وقت بولتے ہیں میں جب کوئی دو دوسری باتوں کو جمع کرے۔ مراد یہ ہے کہ بری کھجور بھی

اور پھراس پر بری تول بھی۔ الـكِيَـالَةُ: ناپنے کا پیشہ، ناپنے کی اجرت۔ الـكَيَّـالُ: وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے۔ الـمِكْيَـلُ والـمِكْيَلَةُ ج مَكَـايِل والـمِكْيَـالُ ج مَكَـايِيلُ: جس سے ناپا جائے۔ الـمَكِيْلُ: جسے ناپا جائے۔ الـمَكْيُوْلُ: ناپا ہوا آلَةُ الكَيْلِ: ترازو (عامیہ)

۲۔ كَـالَ يَـكْـيَلُ كَيْلًا الزندُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ كَيِّلَ الرجُلُ: بزدل ہونا۔ تَـكَيَّلَ الرجُلُ: میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا۔ الـكَيُّـول ج أكْيَـال: چنگاری جو چقماق سے گرے۔ الـكَيُّوْلُ: میدان جنگ میں آخری صف، اس کو چقماق کے بے آگ ہونے سے اس لئے تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ جنگ کی آخری صف میں کھڑا ہونے والا ابھی لڑائی نہیں لڑ سکتا) بزدل، اونچی زمین، اونچی جگہ پر کھڑا ہوا۔ نگران۔ و الكَيِّلُ: چنگاری جو چقماق سے گرے

۳۔ الـكَـال: ایک ٹیڑھا سا ہتھیار جو قلعہ گرانے کے کام آتا ہے (فارسیہ)

۴۔ الـكِيْلُوْسُ: ایک سفید سیال یا دودھ جیسا جو رغبت سے کھائی جانے والی چیزوں کا نچوڑ ہوتا ہے۔

۵۔ الـكِيْـلُـوْ غـرَام: ایک ہزار گرام کے مساوی وزن (گرام اوقیہ کا بیسواں جزء ہوتا ہے) (یونانیہ)۔

○ كَيْمُوس: معدی ترشہ کیـمیـاء: کیمیا، علم کیمیا۔ کیمیا گری، کیمیا سازی۔ الـكيـميـاء الإحْيائية: جاندار اشیاء کی کیمیاء کا سائنسی مطالعہ (Biochemistry) كيـميـاء التـربة: زرعی کیمیاء۔ كِيمِي: کیمیاوی۔ كِيميائي و كيمياوِي كيميائي جمع كيمائيون و كيمـاويون: کیمیادان، دواساز، دوافروش، کیمیا گر، كيماويات: کیمیاوی مرکبات۔

کیم: الكِيْمِيَاءُ والكِيْمِيَا: اکسیر، جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے۔ عِـلْـمُ الـكيميا او الكيميا عند القدماء: وہ علم جس سے کسی معدنی چیز کو دوسری چیز میں تبدیل کرنے کا ارادہ کیا جاتا ہے بالخصوص اس کو اکسیر کے ذریعے سونے میں تبدیل کرنا مقصود ہوتا ہے۔ (اکسیر حجر الفلاسفہ ہے) یا تمام بیماریوں کے لئے دوا کا استنباط ہے۔ عِـلْـمِ الكيميا او الكيميا عند المتأخرين: وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع وخواص سے بواسطہ حل وترکیب کے بحث ہو اور نسبت کیلئے كِيْـمِـي و كِيْمَوِيٌّ کہتے ہیں ج كِيْمِيُّوْنَ و كِيْمِوِيُّوْنَ: (یہ دونوں لفظ یونانی ہیں)۔

کین: كَـانَ يَكِيْنُ كَيْنًا لفلان: سے فروتنی کرنا۔ اَكَانَ اِكَـانَةً ُ اللّٰـهُ: اللہ کا کسی کو عاجز کر دینا، مطیع کرنا، فرمانبردار بنانا۔ اِكْتَـانَ اِكْتِيَـانًا: غمگین ہونا اور غم کو چھپانا۔ اِسْتَـكَـانَ اس کے لئے دیکھیں (ک، و، ن)۔ الكِيْنَةُ: ذلت وہ سختی، حالت کہا جاتا ہے: بَاتَ فُلَانٌ بِـكِيْنَةِ سُوْءٍ یعنی اس نے بری حالت میں رات گزاری۔

۲۔ الكَيْنَةُ (ز): بیربیری کا پھل، ضمانت۔

الـكِيْنَا: کونین: بخار کی مشہور دوا۔ (اسپانیہ)۔ شجرة الـكينـا (ن): اس کے متعلق معلومات کے لئے او کالیپتوس دیکھیں۔

○ کینا: کونین: خشب الكينا: سنکونا، کونین کا پیڑ۔ سنکونا کی چھال، كِينِين: کونین۔

کیه: كَاهَ يَكِيْهُ كَيْهًا فلانًا: کا منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔ الكَيِّهُ: وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز آچکا ہو۔

○ كِيَهك و كِيَهَك: قبطی سال کا چوتھا مہینہ۔

○ كَيْوَان: زحل (ستارہ)

○ كِيوبِيد: کیوپڈ، کام دیوتا، کام دیو۔

ل

ل تلفظ لام: حروف تہجی کا تیئسواں حرف۔ حرف ابجد میں تیس کے برابر ہے۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) جار (۲) جازم (۳) غیر عاملہ۔ جار: اسم ظاہر اور یائے متکلم کے ساتھ مکسور اور ضمیر اور مستغاث کے شروع میں مفتوح ہوتا ہے۔ جیسے (۱) لِزید (زید کے لئے) (۲) مستغاث 'یا' کے ساتھ براہِ راست مربوط ہونے کی صورت میں: جیسے یَالَلّٰہِ: (اے خدا مدد فرما)۔ (۳) ضمیر کے ساتھ مفتوح: جیسے لَکَ (تیرے لئے) لیکن یا کے ساتھ مکسور جیسے لِی (میرے لئے)۔ اسم پر داخل ہونے کی صورت میں اس کے متعدد معانی ہیں۔ (۱) اِختصاص۔ جیسے الجنۃُ للمؤمنِ: جنت مومنین کے لئے خاص ہے۔ (۲) استحقاق: جیسے العِزّۃُ لِلّٰہ (عزت کا مستحق اللہ ہی ہے) ما فی السمٰوٰت وما فی الارض: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے ان کا مالک اللہ ہی ہے۔ (۴) تبلیغ جیسے قُلتُ لہ: میں نے اس سے کہا۔ (۵) تعدیہ جیسے ما اشدَّ حبَّ زید لِعَمرو (زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے)۔ (۶) قسم جیسے لِلّٰہِ لأفْعَلَنَّ (خدا کی قسم میں اس کو ضرور کروں گا۔ یعنی واللّٰہ کے معنی میں)۔ (۷) صیرورت جیسے وُلِدَ الإنسانُ لِحیٰوۃٍ اَبَدِیَّۃٍ (انسان ہمیشہ کی زندگی کے لئے پیدا ہوا ہے)۔ (۸) الی، علی، فی اور عند اور بعد کے معنی میں۔ اور کبھی زائد بھی ہوتا ہے جیسے ضربتُ لِزید (میں نے زید کو مارا)۔ (۱۰) تعلیل جئتُکَ لِتُعَلِّمَنِی (میں تیرے پاس آیا تا کہ تو مجھے تعلیم دے)۔ (۱۱) تاکید النفی کے لئے۔ اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس لئے لام الجحود کہلاتا ہے۔ جیسے ما کان زیدٌ لِیُکرِمَکَ (زید تیری تعظیم کے لئے ہرگز تیار نہ تھا)۔ (۱۲) لام جازم اور یہ لام الامر ہوتا ہے اور لامِ طلب کہلاتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے: لِیَحْکُمِ اللّٰہُ: (خدا فیصلہ کرے)۔ کبھی مفتوح بھی آتا ہے۔ "ف" اور "و" کے بعد متحرک ہونے سے ساکن زیادہ آتا ہے جیسے: فَلْیَستَجِیبوا لی ولْیُؤمِنُوا بِی پس چاہئے کہ وہ میری بات مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں) کبھی ثُمَّ کے بعد ساکن ہوتا ہے: ثُمَّ لْیَقْضُوا (پھر پورا کریں)۔ (۱۳) غیر عامل لام: ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ یہ یا تو لام ابتداء ہوتا ہے جیسے: لَزیدٌ قائمٌ: زید کھڑا ہے)۔ اِنَّ زیداً لقائمٌ: (زید ضرور کھڑا ہے) یا لام جواب جلو، لولا اور قسم کے بعد آتا ہے جیسے: لَو عُدْتم لَعُدْنا (اگر تم واپس ہوتے تو ہم بھی واپس ہو جاتے)۔ لولا زیدٌ لَہَلَکْنَا (اگر زید نہ ہوتا تو ہم ہلاک ہو جاتے)۔ واللّٰہ لزیدٌ کریمٌ (بخدا زید فیاض ہے)۔ (۴) لام زائدہ: جیسے: اَرَاکَ لَشَاتِمِی (میں خیال کرتا ہوں کہ تو مجھے گالی دینے والا ہے) اسی طرح اسمائے اشارہ سے ملحق لام جو دوری پر دلالت کریں۔ لام جو اصل میں ساکن ہو جیسے تِلْکَ میں، لیکن دو ساکنوں کے اکٹھا آنے کی وجہ سے مکسور ہوتا ہے جیسے ذٰلِکَ میں۔

لا: لا تین طرح استعمال ہوتا ہے۔ (۱) نافیہ جنس کے چار معانی ہیں: اولاً: بمعنی نفی جنس، اس صورت میں اس کا اسم فتح پر مبنی ہوتا ہے، بشرطیکہ مفرد ہو، اور مضاف اور مشبہ بالمضاف ہو تو منصوب ہوتا ہے جیسے: لا رجُلَ فی الدار (گھر میں کوئی مرد نہیں)۔ لا غلامَ رجُلٍ حاضرٌ (کسی مرد کا نوکر موجود نہیں)۔ ثانیاً: لیس کا عمل کرے تو اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور واحد کی نفی کے لئے آتا ہے جیسے: لا رجُلٌ قائمٌ: کوئی ایک مرد کھڑا نہیں۔ لیس کا عمل کرنے والے لا اور جنس کی نفی والے لام میں فرق یہ ہے کہ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ لا رَجُلَ فی الدار: تو آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ بل رجلان او رِجالٌ (بلکہ گھر میں دو یا زائد مرد ہیں)۔ کیونکہ آپ نے گھر میں مردوں کی جنس کی مطلق نفی کر دی تھی۔ جب آپ کہتے ہیں: لا رجُلٌ فی الدار (گھر میں ایک مرد نہیں) تو آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ بَلْ رجُلان او رجالٌ (بلکہ گھر میں دو یا زائد مرد ہیں)۔ کیونکہ لیس کا عمل کرنے والا لا ایک کی نفی کرتا مگر واحد کی سوا کی نفی نہیں کرتا۔ ثالثاً: لا نافیہ عطف کے لئے ہوتا ہے جیسے: جاء زیدٌ لا عَمرو (زید آیا نہ کہ عمرو)۔ رابعاً: حرف جواب نعم کا نقیض (یعنی الٹ) جیسے: أقامَ زیدٌ؟ (کیا زید کھڑا ہے) کے جواب میں کہا جائے گا لا (نہیں)۔ لا ناہیہ: طلب کے لئے اور مضارع پر داخل ہونے سے مخصوص ہے اور اسے جزم دیتا ہے جیسے: لا تَخَف (مت ڈر) زائدہ کے طور پر آ کر معنی کو تقویت دیتا ہے اور حذف کیا جائے تو معنی میں کوئی خلل نہیں ڈالتا جیسے: ما مَنَعَکَ ان لا تَقُومَ جیسے: ما منعک ان تقوم بھی کہا جا سکتا ہے کیونکہ (تجھے کس بات نے روکا کہ تو کھڑا نہ ہوا اور تجھے کھڑا ہونے سے کس بات نے روکا) کا ایک ہی معنی ہے۔

○ ل: سچ مچ، خلوص سے، واقعی، یقیناً، قطعاً، بے شک، لازماً، (اکثر ان کے بعد، مسند یا خبر کو متعارف کراتے ہوئے) جیسے: ان ربی لسمیع الدعاء: میرا پروردگار سچ مچ دعا کو سنتا ہے۔ لَو اور لَولا کے ساتھ آتے ہوئے جیسے: لو کنتَ تفعَلُ لکانَ انفعَ:

اگر تم نے یہ کیا تو زیادہ نفع بخش ہوگا۔ لَـوْلَا تـابَ لَهَـلَكَ: اگر وہ توبہ نہ کرتا تو ہلاک ہوجاتا، قسم کا حرف ہونے کی حیثیت سے لَعَمْرُكَ: تمہاری زندگی کی قسم۔ لِ: کیلئے، کی خاطر، کی طرف سے، کی ہمدردی یا پاسداری میں، کے واسطے، کی خاطر، کی وجہ سے، کے سبب سے، کے مقصد کیلئے، کے وقت، جب، کا، از، کی تصنیف، کا لکھا ہوا، مصنفه، بمعنی إلی؛ لی علیه مال: وہ میرا مقروض ہے۔ مَالهٗ و مَا علیه: اس کا حق اور فرض، اس کا سرمایہ اور قرض لـه ان: اسے حق ہے کہ، وہ ایسا کرسکتا ہے، اس کے لئے ممکن ہے کہ، وہ اس کی استطاعت رکھتا ہے کہ، لیسَ لی أن: مجھے کوئی حق نہیں کہ، یہ میرے لئے مناسب نہیں، مجھ کو زیب نہیں دیتا کہ۔ لكَ ذلك لكَ هـذا: تم وہ رکھ سکتے ہو، یہ اب تمہارا کام ہے، یہ کرنا تمہارا کام ہے، یہ ٹھیک ہے، ٹھیک، منظور: هـل لكَ في یا الَكَ في: کیا آپ پسند کریں گے، کیا آپ چاہتے ہیں، کیا آپ محسوس کرتے ہیں۔ قرأتُ له کتابا: میں نے اس کی ایک کتاب پڑھی، میں نے اس کی کتابوں میں سے ایک پڑھی۔ لاتـدوم لَـهُ حـالٌ: اس کی کوئی حالت بھی پائدار نہیں وہ کبھی بھی زیادہ دیر تک وہی نہیں ہوتا۔ قَـامُوْا لِمعُاوَنَتِنا: وہ ہماری مدد کرنے لگے۔ لسبعِ لیالٍ خَلَوْنَ مِن شعبانَ: جب شعبان کے مہینہ کی سات راتیں گذر چکی تھیں۔ لِلْمَرَّةِ الأُولَی: پہلی بار، مرتبہ، لِاوَّلِ وَهْـلَةٍ: فوراً، دیکھتے ہی۔ اَخُـوْهُ لِأَبِيْـهِ و اُمِّـهِ: اس کا پدری اور مادری بھائی، اس کا سگا بھائی۔ ۳۔ تا کہ، (کرنے) کے لئے، کی غرض سے، (حکم یا دعوت کے اظہار کے طور پر) جیسے: لِيَـكْتُبْ: وہ لکھے، اسے لکھنے دو۔ 'و' یا 'ف' 'ل' سے پہلے آئے تو وَلْ یا فَلْ پڑھا جاتا ہے۔ لِأَجْلِ......: کے لئے، کے باعث، کی وجہ سے، کے سبب۔ لان: تا کہ، کہ، (کرنے) کے لئے، کی غرض سے۔ لِئَلَّا: تا کہ نہ، مبادا، ایسا نہ ہو۔ لِأَنَّ: کی بنا پر، چونکہ، اس لئے کہ لِذَلِكَ: اس لئے۔ لِکَی، لِکَیْمَا: کہ، تا کہ (کرنے) کے لئے، کی غرض سے۔ لِـمَ: کیوں، کس وجہ سے، کس لئے۔ لـماذا: کیوں، کس لئے، آخر کیوں۔ لِهذا: اس لئے، اس وجہ سے۔ لا: نہیں، نہ جیسے: لاتقل: نہ کہو۔ لا اِلَـهَ الا اللّٰه: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ لا خیرَ فیه: اس میں کوئی خیر نہیں، یہ اچھا نہیں۔ لا بُـدَّ مِـنْـهُ: اس سے کوئی مفر نہیں، یہ اٹل ہے، یہ ناگزیر ہے، یہ ہو کر رہنے والا ہے۔ لا جَـرَمَ: یقیناً۔ لَاشَكَّ: کوئی شک نہیں، بلاشبہ۔ لاسِيَّمَا: خصوصاً، خاص کر، بالخصوص۔ الَا: دیکھو۔ بِلا: بغیر۔ وَلَا: نہ ہی۔ حتی ولا: نہ ہی، بھی نہیں۔ لم یُعْطِنی حتی ولا قِرشاً: اس نے مجھے ایک قرش بھی نہیں دیا۔ لا ... ولا: نہ (یہ) ......نہ (وہ)۔ لَا أبـالِيَـه: بے پروائی، بے رخی، بے اعتنائی، نہ اچھا نہ برا رویہ۔ لا اَدْرِيَـه: لاادریت، مادہ پرستی، مادیت، شک، ارتیاب۔ اللَّا أنَـا: معروض، تُو۔ (nonego)(أنَا میں (ego) کا الٹ)۔ لا أنـانية: بے نفسی، بے غرضی جس میں خود غرضی نہ ہو۔ لاجِـنْـسِيَةَ: بے قومیت۔ (state lessness, being without natioality)۔ لادیـنـی: مذہب دشمن، لامذہب، بے دین۔ لادیـنـية: مذہب سے بیگانگی یا دشمنی، کفر۔ لَاسامِی: سامی نسل کا مخالف، یہودیوں کا مخالف، یہودیوں کے خلاف۔ لَاسَامِيَة: سامی نسل کی مخالفت۔ لاسِلْكِي: بے تار برقی، ریڈیو (صفت)، ریڈیو، براڈ کاسٹنگ، ریڈیو پیغام، نشریہ۔ اشـارة لا سِلْكِيَة: ریڈیو پیغام، لاسلکی پیغام۔ اللَّا شَعُور: تحت الشعور، لاشعور، بیہوش، بے ہوشی، بے خبری، لاشـعوری: بیہوش، بے خبر۔ غافل لَاشَيَ: نیستی، فنا، عدم۔ لاشَئَ: کچھ نہیں۔ لاشَيْئِيَة: لاوجود، نیستی، عدم، فنا، عدمیت۔ لاشیت: بے حقیقت چیز، معدومیت۔ لامُبَالاة اور لامُبالِية: بے پروائی، بے رخی، بے اعتنائی، نہ اچھا نہ برا رویہ۔ لامـر کـزية: مرکزیت کو توڑ دینا، مقامی اقتدار قائم کرنا۔ لامسـئولية: بے پروائی، غیر ذمہ داری۔ لانـظـام: نظام کا فقدان گڑبڑ، ابتری، بے ترتیبی۔ اللَّانِهَـايَة: ذات لامحدود۔ لانِهائی: لامحدود، لامتناہی۔ اللاتِين: قدیم لاطینی لوگ۔ لاتینی: لاطینی۔ الحی اللا تینی: پیرس کا ایک محلہ۔ اللاتینية: لاطینی زبان، لاطینی (نسل یا زبان کا)۔ لَادِن: افیون کا ست، افیون کا آمیزہ، الکحل اور افیون کا محلول۔ لَازُوَرْدُ: آسمانی، نیلا آسمانی، نیلگوں۔ لازوردی: نیلا آسمانی، نیلگوں، لاجوردی۔ لازُوَرْدِيَـه: آسمانی، آسمان کا نیلا رنگ۔ لاسِيه: ڈوری، فیتہ۔

لاب: المُلْتَبِب: سیدھا۔

لات: لاتَ: یہ حرف نفی لیس کا معنی دیتا ہے۔ اس کا صرف ایک معمول ہی ذکر کیا جاتا ہے اور اسم عموماً محذوف ہوتا ہے اور خبر مذکور ہوتی ہے۔ جیسے: نَدِمَ البُـغَاةُ وَلَاتَ سـاعةَ مَـنْدَمٍ۔ باغی نادم ہوئے مگر اس وقت جب ندامت کا وقت نہ رہا تھا۔ لات ساعةَ مندمٍ کا معنی ہے لاتَ الساعةُ ساعة مندم)۔

لاز: اللازَوَرْد: لاجورد۔ اللاز وردی: لاجوردی، نیلا، آسمانی نیلا۔

لاط: لَأَطَ ۔لَأْطًا ہٗ: پرزور دے کر حکم دینا۔ ہٗ بسهم: کو تیر مارنا۔ ہٗ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ ــــ علی فلان: پر سختی کرنا۔ ــــ فلانٌ فی مررہٖ: کسی طرف دیکھے بغیر جلدی جلدی بھاگتے ہوئے گزرنا۔ ــــ فلاناً: کا نظروں سے اوجھل ہونے تک نگاہوں سے تعاقب کرنا۔

لأظ: لَأَظَ ۔لَأْظًا ہٗ: کو اداس کرنا، دھتکارنا، کی مخالفت کرنا۔ ــــ فلاناً فی التقاضی: پر ادھار کی ادائیگی میں سختی کرنا۔

لأف: لَأَفَ ۔لَأْفًا الطعامَ: کھانا اچھے طریقے سے کھانا۔

لأك: اَلَاكَ اِلاكَةً ہٗ اِلی فلان: کو پیغام پہنچانا۔ کہا جاتا ہے: أَلِـكْـنِـی اِلی فلان: میرا پیغام اس کو پہنچا دو (اصل میں الَاك ہے)۔ اِسْتَلْأَكَ لَـهٗ: کے پاس پیغام لیجانا۔ المَلْأَك: پیغام۔ ــــ جمع مَلائِكة و مَـلائِك و امْـلاك: پیغام رساں فرشتہ (مفرد مَلَاك اور جمع مَـلَـئِكَة بھی لکھا جاتا ہے)۔ الـمَلَك: بمعنی المَلْأَك ــ فی الحسب: گرد کے اوپر۔ المُلْأَكَة: پیغام۔

○ مَـلائِـكـی: فرشتوں سے متعلق، حسین اور معصوم، آسمانی، مقدس، قدوسی، پیکر حسن وخوبی۔

لحب: لَحَبَ ـ لَحْبًا الطریقَ: راستہ پر چلنا، راستہ کو واضح کرنا۔ — الشیءَ: پر اثر کرنا۔ — بفلانٍ الارضَ: کو زمین پر پچھاڑنا۔ — ہ بالسیف: کو تلوار سے مارنا۔ — اللحمَ: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا۔ — اللحمَ عن العظم: گوشت ہڈی پر سے چھیلنا۔ — الرجلُ: سیدھا گزرنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے: مرّ یلحَبُ: وہ تیز تیز چلتا ہوا گزرا۔ — لُحُوبًا الطریقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ — ظهرُ الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کا ڈھلان میں ہموار ہونا۔ لَحِبَ ـ لَحَبًا الرجلَ: کو بڑھاپے کا لاغر و دبلا کر دینا۔ — لحمُ زیدٍ: زید کا لاغر ہونا۔ لَحَّبَ الشیءَ: پر اثر کرنا، کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ — فلانًا: کو ذلیل کرنا۔ — ہ بالسیف: کو تلوار سے مارنا۔ اِلتَحَبَ الطریقَ: راستہ پر چلنا۔ اللاحِب: کھلا، واضح راستہ۔ طریقٌ لاحِبٌ: صاف واضح راستہ، (ف) چڑھنے اترنے کا ذریعہ، سیڑھی۔ اللَحب (مص): کھلا اور واضح اور صاف راستہ۔ اللَحِیب: اونٹنی جس کی پیٹھ پر گوشت تھوڑا ہو۔ المِلحَب: گالی دینے والا، بدزبان، کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار، فصیح زبان۔ المَلحُوب مع۔ رجلٌ ملحوبٌ: لاغر آدمی۔ طریقٌ مَلحُوبٌ: کھلا صاف راستہ۔ طریقٌ مُلَحَّبٌ: کھلا صاف راستہ۔

○ لاحِب: کھلی، گزرنے کے قابل سڑک۔ الکٹروڈ (electrode)۔

لحت: لَحَتَ ـ لَحْتًا العصا: لاٹھی کو چھیلنا۔ — فلانًا بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ — الرجلَ: سے سب کچھ چھین لینا۔ کہا جاتا ہے: لَحَتُوکم کما یُلحَتُ القضیبُ: جس طرح چھڑی کی چھالی اتاری جاتی ہے اسی طرح انہوں نے تمہاری کھال اتار ڈالی۔ اللُحت (مص): خالص، سچا۔ اللُحاتة: اتاری ہوئی چھال۔

لحج: ۱۔ لَحَجَ ـ لَحْجًا الیه: کے پاس جانا۔ لَحِجَ ـ لَحَجًا الشیءُ: تنگ ہونا۔ — السیفُ و نحوُہ: تلوار کا میان میں چپٹ کر نہ نکلنا۔ — بالمکان: کسی جگہ میں پڑا رہنا۔ اللَحَجُ: کج ہونا صفت اَلحَج۔ لَحَّجَ علیه الخبرَ: کو غلط خبر دینا۔ لَحَّجَ علیه الامرَ: کو گڈمڈ کرکے غلط بتانا۔ اَلحَجَہُ الیه: کو پر مجبور کرنا۔ تَلَحَّجَ الامرَ علی فلان: کو کے سامنے غلط پیش کرنا۔ اِلتَحَجَ الیه: کی طرف مائل ہونا، کی طرف جھکنا۔ — فلانًا الیه: کو کی طرف مائل کرنا اور مجبور کرنا۔ اِستَلحَجَ البابُ: دروازہ کا بند ہونا۔ اللُحُج جمع اَلحاج: اونٹ کا پالان۔ مکانٌ لَحِجٌ: تنگ جگہ۔ المَلاحِج: تنگ جگہیں یا حالتیں۔ المَلاحِیج: پہاڑوں میں تنگ راستے۔ المُلحَج: جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے: إن فی الناس لَمُلحَجًا: بیشک لوگوں میں پناہ کی جگہ ہے۔ قفلٌ مُلحَجٌ: بند قفل۔ المُلتَحَج: جائے پناہ۔

۲۔ لَحَجَ ـ لَحْجًا ہُ: کو مارنا۔ — ہُ بعینه: کو نظر لگانا۔ لَحِجَ ـ لَحَجًا عینُه: آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔ اللُحجُ (ع ا): آنکھ کا گڑھا۔ اللُحْج جمع اَلحاج: آنکھ کا گڑھا، گھر کا گوشہ، پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ، وادی کا کنارہ۔ اللَحَج: آنکھ کا کیچڑ۔

○ لَحَج: عدن کی ایک سلطنت اور شہر کا نام۔

لحد: لَحَدَ ـ لَحْدًا المیتَ: کو دفن کرنا۔ اللحدَ: بغلی قبر کھودنا۔ — للمیت: میت کے لئے بغلی قبر کھودنا۔ — السهمُ عن الهدف: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ — إلی فلانٍ: کی طرف جھکنا، مائل ہونا۔ — فی الدین: مذہب سے پھر جانا، ملحد ہو جانا۔ — علیّ فی شهادته: کا میرے خلاف گواہی میں گنہگار ہونا۔ لاحَدَ مُلاحَدَةً صاحبَهُ: ہر ایک کا دوسرے سے کجی اختیار کرنا۔ اَلحَدَ إلحادًا المیتَ والحدَ للمیتِ: مردے کو دفن کرنا، لحد کھودنا، مردے کے لئے بغلی قبر کھودنا۔ — عن الدین: دین سے پھر جانا، دین میں طعن کرنا، جھگڑا کرنا، احکام خداوندی کو ترک کرنا، ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ تعالیٰ کی ذات میں شک کرنا۔ — فی الحَرَم: حرم کی بے حرمتی کرنا۔ — السهمُ الهدفَ: تیر کا نشانہ کے ایک پہلو میں لگنا۔ — بہ: کو بدنام کرنا، پر عیب لگانا۔ اِلتَحَدَ عن الدین: دین سے پھر جانا۔ — إلی کذا: کی طرف مائل ہونا۔ — إلی فلان: کی پناہ لینا۔ اللاحِد (فا): گورکن۔ قبرٌ لاحِدٌ: بغلی قبر۔ اللَحد واللُحد ج اَلحاد و لُحُود: بغلی قبر، قبر۔ الإلحاد: اَلحَدَ کا مصدر، کفر۔ اللَحُود: مائل، جھکنے والا۔ المُلحِد (فا) جمع مَلاحِدَة و مُلحِدُون: کافر۔ المَلاحِدَة: دہریہ، نیچری (کفار کا ایک فرقہ جو دہریے اور نیچری کہلاتے ہیں)۔ المُلحَد: بغلی قبر، قبر۔ المَلحُود: بغلی قبر، قبر۔ قبرٌ مَلحُودٌ: بغلی قبر۔ المِلحادة: دین میں بہت طعن کرنے والا۔ المُلتَحَد: جائے پناہ۔ لحّاد: گورکن۔

○ اِلحادی: کفر، بے دینی، دہریت سے متعلق۔

لحز: ۱۔ لَحَزَ ـ لَحْزًا ہُ: سے اصرار کرنا، پر زور دینا۔ لَحِزَ ـ لَحَزًا: بخیل ہونا صفت لَحُزٌ و لَحِزٌ۔ تَلَحَّزَ: بخیل ہونا۔ تلاحَزَ القومُ: گفتگو کرنے میں مقابلہ کرنا۔ — الصِبیانُ: بچوں کا آپس میں اشعار کا تبادلہ کرنا۔ المَلحَز جمع مَلاحِز: تنگ جگہ، الجھاؤ، پیچ، مخمصہ، جنجال۔ کہا جاتا ہے: وقعوا فی المَلاحِز: وہ مخمصوں میں پڑ گئے۔ المُتَلاحِز من الشجر: ایک دوسرے میں گھسے ہوئے درخت۔

۲۔ تَلَحَّزَ: ترش چیز کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔

۳۔ تَلَحَّزَ: لڑائی یا سفر کے لئے کپڑے سمیٹنا۔

۴۔ تَلَحَّزَ عنه: سے پیچھے رہ جانا۔

لحس: ۱۔ لَحِسَ ـ لَحْسًا الدودُ الصوفَ: اون کو کیڑا لگنا۔ — الجرادُ الخَضِرَ: ٹڈی کا سبزی کو چاٹ جانا۔ — لَحْسًا و لَحْسَةً و لُحْسَةً و مَلحَسًا القصعةَ: پیالے کو زبان یا انگلیوں سے

چاٹنا۔ اس سے ضرب المثل ہے: أَسْرَعُ من لحسِ الكلبِ انفَهُ: کتے کے اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز رفتار۔ لَحَّسَ ہُ الشيءَ: کو کوئی چیز چٹانا۔ الْحَسَتِ الارضُ: زمین کا شروع سبزہ نکالنا۔ ـ الماشِيَةَ: مویشی کو تھوڑا سا چرانا۔ اِلْتَحَسَ منه حقَّهُ: سے اپنا حق لینا۔ سنةٌ لاحِسةٌ: سخت سال۔ کہا جاتا ہے: أَخَذَتْهُم لَوَاحِسُ: انہیں سخت سالوں نے آلیا کہ تمام سبزہ چاٹ ڈالا۔ لاحِسةُ السُّكَّر (ح): دیمک۔ اللاحُوس: منحوس، حریص، جو ہر چیز جسے حاصل کر سکے لے لے۔ اللَّحَس: سبزہ جس کے نمودار ہونے پر اونٹ بکریاں وغیرہ اسے نہ کھا سکنے پر چاٹنے لگیں۔ کہا جاتا ہے: مالكَ عندي لُحْسَةٌ: میرے پاس تمہارے لئے کچھ نہیں۔ اللَّحَّاس: بہت چاٹنے والا۔ اللَّحَّاسَة: لحّاس کا مؤنث۔ (ح): شیرنی۔ اللَّحُوس: مکھی کی طرح مٹھاس کا پیچھا کرنے والا، حریص۔ اللَّحُوسُ و المُلْحِس: لالچی جو ہر چیز جسے حاصل کر سکتا ہو لے لے۔ المِلْحَس: لالچی، بہادر۔

۲۔ اللُّحْسُم جمع لَحَاسِم: وادی کا تنگ نالہ۔

○ لَحَسَ ـ لَحْسًا ہ: کو چٹ کر جانا (بالخصوص کیڑے کا اون کو)، کو کھا جانا، کو بے تحاشا کھانا۔ لَحِسَ ـ لحسًا و لَحْسَةً و لُحْسَةً و مَلْحَسًا ہ: کو چاٹنا، چاٹ ڈالنا، کو چپڑ چپڑ پی جانا، کا سڑپا لگانا، کو سڑکنا۔ مُلْحوس: چاٹا ہوا، فاتر العقل۔

لحص: اللَحَصَ ـ لَحْصًا خبرَ فلان: کی خبر خوب اچھی طرح معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا کر کے بیان کرنا۔ لَحَّصَ خبرَهُ: کی خبر خوب اچھی طرح معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا کر کے بیان کرنا۔ اِلْتَحَصَ البيضةَ و نحوها: انڈے وغیرہ کو تھوڑا تھوڑا پینا۔

لَحِصَ ـ لَحَصًا في الامر: میں لگ جانا۔ لَحَّصَ في كذا: کو مشکل میں ڈالنا، مصیبت میں مبتلا کرنا، سخت کرنا، مضبوط کرنا ـــ ہُ عن كذا: کو سے روکنا ـــ الكتابَ: کو پختہ کرنا۔ اِلْتَحَصَ الامرُ: سخت ہونا ـــ ہُ عن كذا: کو سے روکنا ـــ ہُ إلى كذا: کو پر مجبور کرنا ـــ ہُ الشيءُ: کے ساتھ لگا رہنا ـــ تِ الإبرةُ: سوئی کا ناکہ بند ہونا ـــ تْ عينُهُ: آنکھ کا گیچڑ سے چپک جانا۔ اللَّحَص: اوپر کے پپوٹے کی سلوٹ۔ لحاصِ: سختی، مصیبت، پریشانی۔ اللَّحِيص: تنگ۔ المَلْحَص: جائے پناہ۔

ـ اللَّحَصَان: دوڑ، تیز رفتاری، سرعت۔

لحط: لَحَطَ ـ لَحْطًا ہُ: پر پانی چھڑکنا، کی آرائش کرنا۔

اِلْتَحَطَ الرجُلُ: غضبناک ہونا۔

لحظ: اللَحَظَ ـ لَحْظًا و لَحَظَانًا فلانًا و إلى فلان بالعين: کو گوشہ چشم سے دیکھنا، پر نظر رکھنا۔ لَحْظًا و لَحَّظَ تَلْحِيظًا البعيرَ: اونٹ کے داغ لگانا۔ لاحَظَ لِحاظًا و مُلاحَظَةً ہُ: پر نظر رکھنا، ایک دوسرے کو گوشہ چشم سے دیکھنا۔ تَلَحَّظَ الشيءُ: تنگ ہونا۔ اللاحِظَة جمع لَوَاحِظ: لاحظ کا مؤنث، آنکھ۔ اللُّحْظ (مص) جمع لِحَاظ و ألحاظ: آنکھ کا اندرونی حصہ۔ اللَّحْظَة جمع لَحَظَات: لحظ کا اسم مرہ۔ کہا جاتا ہے: جلست عنده لحظةً: یعنی میں اس کے پاس آنکھ کھلنے اور بند ہونے یا پلک جھپکنے جتنی دیر بیٹھا۔ ایک لمحہ بیٹھا۔ اللَّحَاظ و اللِّحاظ جمع لُحُظ: کنپٹی کے رخ میں آنکھ کا گوشہ، آنکھ کے نیچے کا نشان۔ اللَّحَّاظ: سخت دیکھنے والا۔ اللَّحُوظ: تنگ۔ التَّلْحِيظ (مص): آنکھ کے نیچے کا داغ۔ المَلْحَظ جمع مَلاحِظ: دیکھنا، دیکھنے کی جگہ۔

۲۔ تَلاحَظَتِ الأشياءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے أحوالهم متشاكلة متلاحظة: ان کے حالات ایک دوسرے جیسے ہیں۔ اللَّحِيظ: شبیہ، نظیر۔

۳۔ اللِّحَاظ: گھر کا صحن۔ لِحاظُ السهمِ: تیر کے اوپر کے پر۔ لِحاظُ الريشة: نیچے کے سفید پر۔

○ لَحَظَ ـ لَحْظًا و لَحَظَانًا ہ/ ہ: کو بغور دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، کو دیکھنا، پر نظر ڈالنا، (حیرانی یا شک کی نظر سے) دیکھنا، کی طرف دیکھنا ـ ہ/أن: کو دیکھنا/ دیکھنا کہ ـــ لاحَظَ ہ/ ہ: کو بغور دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، کو دیکھنا، پر نظر ڈالنا، کو (حیرانی یا شک کی نظر سے دیکھنا)، کی طرف دیکھنا ـــ ہ: کو دیکھنا، کو دیکھ لینا ـــ ہ/أن: کو دیکھنا، دیکھنا کہ...... کے بارے میں اظہار خیال کرنا، کہنا کہ، رائے زنی کرنا کہ ـــ ہ: کو سمجھنا، خیال کرنا، کو یاد رکھنا، کو ذہن میں رکھنا، پر توجہ کرنا، کی نگرانی کرنا۔ لاحَظَ عليه شيئًا: میں کچھ دیکھنا۔ مما يُلاحَظُ أنَّ: دیکھا جائے گا کہ؟ ظاہر ہے کہ، صاف طور پر۔ لَحْظ جمع ألحاظ: سرسری نظر، اچٹتی ہوئی نظر، نظر، نگاہ۔ لَحْظَة جمع لحظات: سرسری نظر، اچٹتی ہوئی نظر، جھلک، لمحہ، آن، گھڑی، لحظہ۔ اللحظة الراهنة: موجودہ لمحہ، اس وقت۔ في لحظة: ایک لمحہ میں، فوراً، فی الفور۔ في هذه اللحظة: اس وقت۔ لَحَظاتٍ: چند لمحوں کے لئے۔ لَحْظَتَئِذٍ: اس لمحہ۔ مُلاحَظة جمع ملاحظات: دیکھنا، ادراک، مشاہدہ، اظہار خیال، تبصرہ، کہنا، رائے زنی، اتفاقی بیان، شرح (کی) پابندی، پر عمل، توجہ، نگرانی، انتظام، کنٹرول۔ ذو ملاحظة: قابل ذکر، قابل توجہ، مشہور، نمایاں، ممتاز۔ لاحظة جمع لَوَاحِظ: آنکھ، سرسری نظر، نگاہ۔ مَلْحُوظ: مشہور، قابل ذکر، قابل لحاظ، غیر معمولی۔ مَلْحُوظة جمع مَلْحُوظات: مشاہدہ، اظہار خیال، تبصرہ، ریمارک، شرح، نشان، علامت۔ مُلاحِظ: ڈائریکٹر، سپرنٹنڈنٹ، اوورسیر، سپروائزر، فورمین۔ والمُلاحَظ أنَّ: ظاہر ہے کہ، صاف طور پر۔

لحف: اللَحَفَ ـ لَحْفًا ہُ: کو لحاف وغیرہ سے ڈھکنا ـــ ہُ الثوبَ: کو کپڑے پہنانا ـــ النارَ الحطبَ: لکڑیوں کو آگ پر ڈالنا۔ کہا جاتا ہے لَحَفَني فضلَ لحافِه: اس نے مجھ کو زائد عطیہ دیا۔ لُحِفَ القمرُ: چاند کا آخری راتوں میں ہونا۔ لَحَّفَ إزارَهُ: چادر کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔ لاحَفَ ہُ: کے ساتھ رہنا۔ کہا جاتا ہے فلانٌ يضاجع السيفَ و يلاحفُ الخوفَ: فلاں شخص تلوار کے ساتھ لڑتا ہے اور خوف کے ساتھ رہتا ہے۔ لاحفه: کی مدد کرنا۔ ألحَفَ الرجُلُ: تکبر سے چادر زمین پر گھسیٹنا ـــ السائلُ: اصرار سے مانگنا ـــ شارِبَهُ: مونچھ کو بہت نیچے سے کاٹنا ـــ الظفرَ: ناخن جڑ سے اکھیڑنا ـــ ہُ الثوبَ: کو کپڑے پہنانا، کپڑوں کو اس کا لحاف بنانا ـــ الرجُلَ: کے لئے لحاف خریدنا ـــ ضيفَهُ: سخت سردی میں اپنا بستر اور لحاف مہمان کو دینا۔ تَلَحَّفَ و التَحَفَ: اپنے لئے لحاف بنانا ـــ باللحاف وغيره: لحاف وغیرہ اوڑھنا۔ اللِّحْفَة: لحف کا اسم نوع۔ لیٹنے کا انداز، لپٹے ہوئے کی حالت۔ اللِّحاف جمع لُحُف و المِلْحَف جمع مَلاحِف: اوڑھنے کا کپڑا، دوسرے لباس پر پہنا ہوا لباس۔ المِلْحَفة جمع مَلاحِف: اوڑھنے کا کپڑا، دوسرے لباس پر پہنا ہوا لباس، لحاف پر پہنائی ہوئی چادر جو لحاف کو میلا ہونے سے بچائے اور سردی کو روکنے میں زیادہ طاقتور ہو۔

۲۔ لَحَفَ ـ لَحْفًا ہُ: کو مکا مارنا ـــ ہُ سهمًا: کو تیر مارنا۔ أُلْحِفَ به: کو نقصان پہنچانا، کو زخمی کرنا۔

۳۔ لَحَفَ ـ لَحْفًا الشيءَ: کو چاٹنا ـــ عنه اللحمَ: سے گوشت اتارنا۔ لُحِفَ لَحْفَةً الرجُلُ في مالِهِ: کے مال میں میں سے کچھ جاتا رہنا۔

۴۔ ألْحَفَ الرجُلُ: دامنِ کوہ میں چلنا۔ اللِّحف: دامن کوہ۔

○ لَحَفَ ـ لَحْفًا ہُ: کو ڈھکنا، کو کمبل وغیرہ میں لپیٹنا۔ ألْحَفَ ہُ: کو ڈھکنا، کو کمبل وغیرہ میں لپیٹنا۔ التَحَفَ:

فوراً درخواست کرنا یا طلب کرنا۔ تَلَحَّفَ و الْتَحَفَ ب: اپنے آپ کو میں لپیٹنا۔ اپنے آپ کو سے ڈھکنا۔

لِحف: دامن کوہ۔ لِحاف جمع لُحُف و اَلْحِفة: چادر، کھیس، کمبل، بستر کی چادر، پلنگ پوش، لحاف، رضائی، گرم گلوبند، شال۔ مِلْحَف و مِلْحَفَة جمع ملاحف: چادر، شال، کھیس، کمبل۔ اِلْحاف: (درخواست دہندہ کا) اصرار۔ مُلْتَحِف ب: میں لپٹا ہوا، سے ڈھکا ہوا۔

لحق: ا۔ لَحِقَ ۔ لَحْقًا و لَحَاقًا فُلانًا و بفلانٍ: سے آملنا، کے پاس آپہنچنا۔ ـــــ اِلی قومٍ کذًا: سے وابستہ رہنا۔ لُحُوقًا الفرسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔ ـــــ الثمنُ فلانًا: پر قیمت کا لازمی ہونا واجب ہونا۔ لاحَقَ ہٗ: کا پیچھا کرنا۔ اَلْحَقَ ہٗ: سے آملنا، کے پاس آپہنچنا۔ ـــــ ہٗ بفلان: کو سے ملا دینا۔ تلاحَقَ: ایک دوسرے کے پیچھے جانا۔ ـــــ تِ المطایا: بعض سواری کا دوسری سواری سے آملنا۔ اِلْتَحَقَ بہ: سے آملنا، سے وابستہ ہونا۔ اِسْتَلْحَقَ ہٗ: کو اپنے خاندان کی طرف منسوب کرنا۔ اللاحِق (فا): دوسری بار کا پھل۔ ابو لاحق (ح): باز۔ اللاحِقَة جمع لَواحِق: لاحق کا مؤنث: دوسری بار کا پھل۔ اللَحَق: لوگ جو دوسرے لوگوں کے جانے کے بعد ان سے آملیں۔.....جمع اَلْحاق: پہلی چیز کے ساتھ ملنے والی چیز، دوسری بار کا پھل، زائد چیز، ضمیمہ۔ لَحَقُ الغنم: بھیڑ بکریوں کے بچے جو ان سے آملنے کو ہوں۔ اللِحاق: کمان کا غلاف۔ اللُوَیْحِق (ح): ایک شکاری پرندہ۔ المِلْحاق: تیز رفتار اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ پائیں، تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ المُلْحَق: خاندان سے ملایا ہوا لے پالک، زائد چیز، تتمہ، ضمیمہ، انڈکس۔

۲۔ اِسْتَلْحَقَ الرجُلُ: وادی کی کھلی زمین میں کھیتی کرنا۔ الاَلْحَاق (مفرد اللَحَق): وادی کی وہ جگہیں جہاں سے پانی کا بہاؤ بند کر کے بوائی کی جائے، دریا برآمد زمین، (alluvial soil)۔

○ لَحِقَ القِطار او بالقطار: ٹرین پکڑنا۔.....ب: کو چھونا، سے چمٹنا، کے ساتھ وابستہ ہونا، کے پاس رہنا، کے ساتھ شامل ہو جانا، کے ساتھ چلے آنا، کا جانشیں ہونا، کے بعد آنا، سے متحد ہونا، کے پاس جانا۔ ـــــ بمدرسة: سکول میں داخلہ لینا۔..... بخدمتہٖ: کی ملازمت اختیار کرنا۔ لحق ہ: کو مغلوب کرنا، پر نازل ہونا، کے دل پر اثر کرنا، کو تکلیف میں ڈالنا (بیماری، خوف، نقصان وغیرہ کا)، کے لئے لازمی ہونا، پر واجب ہونا، پر فرض ہونا، کے لئے ضروری ہونا۔ لاحَقَ ہ: کا پیچھا کرنا، کا تعاقب کرنا۔ اَلْحَقَ ہ ب: کو سے منسلک کرنا، کو سے جوڑنا، کو میں شامل کرنا، کو میں ملفوف کرنا، کو سے متعلق قرار دینا۔ ـــــ ہ ب: کو کے ذریعہ بڑھانا، زیادہ کرنا۔ ـــــ ہ ب: کو کسی تنظیم میں داخل کرنا، کو کسی تنظیم میں رکن کے طور پر داخل کرنا، کو میں بھرتی کرنا، کا میں نام درج کرنا۔ ـــــ ب ہ: کو (زخم وغیرہ لگانا)، کو (سزا) دینا، کو (تکلیف/نقصان) پہنچانا۔ اُلْحِقَ ب: (کسی تنظیم، سوسائٹی وغیرہ میں) داخل ہونا، کا رکن ہونا، ملازمت اختیار کرنا۔ تَلاحَقَ: پیچھے پیچھے لگا رہنا، ایک دوسرے کا تعاقب کرنا، مسلسل سلسلہ میں گھل مل جانا، غیر محسوس طور پر ایک دوسرے میں منتقل ہونا۔ اِلْتَحَقَ ب: کے پاس پہنچنا، کو جا لینا، میں شامل ہونا، کے ساتھ چلنا۔ ب: کسی ملازمت کو اختیار کرنا، سکول یونیورسٹی میں داخلہ لینا،..... فوج، تنظیم وغیرہ میں شامل ہو جانا، کا رکن بن جانا۔ ـــــ ب: کسی شعبہ میں داخل ہو جانا، سے وابستہ ہو جانا، سے ملحق ہو جانا۔ اِلْتَحَقَ: لگاؤ ہونا، جانثار، وفادار ہونا۔ التحق بالحکومة: حکومت کی ملازمت کر لینا۔ اِسْتَلْحَقَ ہ: کو شامل کرنا۔ لَحَق جمع اَلْحاق: سیلاب کی چھوڑی ہوئی قابل کاشت زمین، دریا برآمد زمین۔ سابقًا..... لاحقًا: پہلے..... بعد میں، بعد ازاں۔ اِسْتِلْحاق: اِلحاق (annexation)، ولدیت کا اقرار، اعتراف avowal of paternity۔ لاحِق: آملنے والا، آپہنچنے والا، بعد کا، اگلا، ذیل کا، حسب ذیل، اضافی، بڑھایا ہوا، شامل کیا ہوا، ملحق شدہ، جوڑا ہوا، منسلکہ، چسپاں شدہ، لگایا ہوا، نتھی شدہ، ٹانکا ہوا۔ لاحِقَہ ج لَواحِق: تعلیق، ذیل، ملحقات، متعلقات، ساز و سامان، متعلقہ چیزیں، زوائد، ماتحت علاقے۔ مُلْحَق ب: کے ساتھ شامل، منسلک، نتھی، میں ملفوف۔ مُلْحَق: متصل، ملحق، ملا ہوا، ملحقہ، ہمسایہ (ہمسائیگی میں)؛ حاشیہ میں لکھا یا چھپا ہوا، حاشیہ پر، متعلق، مناسب، موزوں، مشتمل، ہمراہ، ساتھ، متحد، ضم شدہ، ضمیمہ، تکملہ جمع مُلْحَقات و ملاحق: ذیل، ملحقات، تتمہ، اضافہ، بیشی، مکرر، عبارت مابعد، عبارت مزید، نوشتہ مابعد، ضمیمہ (اخبار، رسالہ یا کتاب کا) زائد کاغذ کا تختہ، ملفوف، تعلیق، ذیلی، ملحقات، آویزاں، آگے نکلا ہوا یا بڑھایا یا جھکا ہوا، لاکٹ، تعویذ، ٹیگ (tag)، لیبل، چٹ، پیچھے لگی ہوئی گاڑی، گاڑی، ذیلی مکان، مکان کا چھوٹا ملحقہ حصہ (annexe)، ذیلی عمارت، عمارت کا بازو پہلو، نکلا ہوا حصہ، عمارت میں کیا گیا اضافہ۔ جمع مُلْحَقون: اتاشی (attache)، معاون، مددگار (assistant) جمع مُلْحَقات: الحاقی صوبے، ماتحت علاقے۔ ملحقٌ تجاریٌ: تجارتی اتاشی (Commerical attache)۔ ملحق بحری: بحری اتاشی (naval attache)۔ ملحق جوّی: ہوائی اتاشی (air attache)۔ ملحق عسکری یا ملحق حربی: ملٹری اتاشی۔ ملحق صُحُفِی: پریس اتاشی۔ ملحق فخری: رسمی اتاشی (titular attache)۔ مُتَلاحِق: لگاتار، مسلسل، پے در پے، متواتر۔ متلاحقُ الحرکة: مسلسل حرکت میں۔

لحك: لَحَكَ ۔ لَحْكًا الشیء بالشیء: چیز کو چیز سے چمٹانا۔ ـــــ الصبیَّ: بچہ کے منہ میں دوا ٹپکانا۔ لَحِكَ لَحْكًا العسلَ: شہد چاٹنا۔ لاحَكَ الشیءَ بالشیء: چیز کو چیز سے چمٹانا۔ لُوحِكَ ت فقارُ ظهرہ: پیٹھ کے منکوں کا ایک دوسرے میں پھنسا ہوا ہونا۔ تلاحَكَ الشیء بالشیء: چیز کو چیز سے چمٹانا۔..... الشیءُ: مخلوط ہونا۔ ـــــ البنیانُ: عمارت کا مرمت شدہ ہونا۔ اللُحَكة و اللُحَكا (ح): ریت میں رہنے والی ایک قسم کی چھپکلی۔ المَلاحِك: تنگیاں، تنگ جگہیں، تنگ درے۔

لحم: ا۔ لَحَمَ ۔ لَحْمًا الامرَ: کو مضبوط و مستحکم کرنا۔ الصائغُ الفِضّةَ: سنار کا چاندی کو ٹانکا لگانا۔ لَحِمَ ۔ لَحْمًا بالمکان: کسی جگہ میں ٹک کر رہنا۔ لاحَمَ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا۔ الشیء بالشیء: چیز کو چیز کے ساتھ ملانا، جوڑنا۔ بین الشیئین: دو چیزوں کو ایک دوسرے سے جوڑنا۔ اَلْحَمَ الشیءَ: کو درست کرنا۔ ـــــ الثوبَ: کپڑا بننا۔ اَلْحِم ما اَسْدَیْتَ: جسے تو نے شروع کیا ہے اسے مکمل کر۔ ـــــ الشعرَ: شعر نظم کرنا۔..... فلانًا الخطبُ: سے معاملہ کا لگا رہنا، چمٹنا۔ ـــــ ہٗ بصرَہٗ: کو تیز نظری سے دیکھنا۔ ـــــ الرجُلَ: کو غمگین کرنا۔ ـــــ الشیءَ بالشیء: چیز کو دوسری چیز سے جوڑنا۔ ـــــ فلانًا الارضَ: کو زمین پر گرا دینا، پچھاڑ دینا۔ ـــــ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ ـــــ ت الدابّةُ: جانور کا چلتے چلتے رک جانا۔ ـــــ ہُ القتالُ: لڑائی سے چھٹکارا نہ پانا۔ تلاحَمَ الشیءُ: جڑ جانا۔ ـــــ القومُ: آپس میں قتال کرنا۔ تِ الشجّةُ: زخم پر انگور آنا۔ اِلْتَحَمَ الشیءُ: جڑ جانا۔ ـــــ تِ

الحرُب بینھم: کے درمیان گھمسان کی جنگ ہونا۔ —— الجرحُ للبرء: زخم کا انگور لانا۔ اِستَلحَمَ الزرعُ: کھیتی کا گنجان ہونا۔ — الخطبُ فلانا: کو معاملہ کا مشغول کرنا۔ اُستُلحِمَ الرجُلُ: لڑائی میں پھنس جانا، چھٹکارانہ پانا۔ اللُحمَة جمع لُحَم: قرابت، کپڑے کا بانا۔ لُحمةُ الثوب: کپڑے کا بانا۔ اللِحَام: دراڑ کو جوڑنے والی چیز۔ المُلحَم: قوم سے جڑا ہوا، قیدی، ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا سفید ابریشم کا ہوتا ہے اور بانا ریشم کا نہیں ہوتا۔ المَلحَمة جمع مَلاحِم: گھمسان کی جنگ کا موقع، قتل عام، خون ریز جنگ، رجزیہ شاعری سے کنایہ، جیسے ہومر کی مشہور رزمیہ نظم (Iliad)۔ المُلاحَم من الحبال: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کہا جاتا ہے: شَجَّةٌ مُتَلاحِمَةٌ: بھرا ہوا زخم۔

۲۔ لَحَمَ ـلَحمًا القصَّابُ العظمَ: قصائی کا ہڈی سے گوشت اتارنا۔ —— هٗ: کو گوشت کھلانا، کو نقصان پہنچانا، کو تکلیف دینا۔ لَحِمَ ـلَحمًا الصقرُ و نحوهُ: شکرہ، شاہین، باز وغیرہ کا گوشت، کی خواہش رکھنا.... لَحمًا و لَحُمَ ـلَحَامَةً: بہت گوشت والا جسم رکھنا، لحیم ہونا، گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔ لُحِمَ لَحمًا: قتل کیا جانا صفت لَحِیم: اَلحَمَ الرجُلُ: کے گھر میں بہت گوشت ہونا۔ — القومَ: کو گوشت کھلانا۔ — الزرعُ: کھیتی میں دانہ پڑنا۔ — هٗ عِرضَ فلانٍ: کو گالی دینے کا موقع دینا۔ —— بین القوم شرًّا: قوم کے درمیان فساد ڈلوانا۔ اُلحِمَ الرجُلُ: مرنا۔ اللاحِم: گوشت کھلانے والا، گوشت رکھنے والا۔ بازٌ لاحِمٌ: گوشت کھانے یا اس کی خواہش رکھنے والا باز۔ اللَحُم واللَحَم جمع لِحَام و لُحُوم و لِحمان و لُحمَان و اَلحُم من جسم الحیوان: گوشت۔ کہا جاتا ہے: اَکَلَ لَحمِی: ورَتَع فی لحمی: اس نے میری غیبت کی۔ لحمُ کلّ شیءٍ: ہر چیز کا گودا۔ لحمُ البحر (ح): کیڑا۔ اللَحِم: جسم میں بہت گوشت والا، گوشت کی بہت اشتہا رکھنے والا۔ (ح): شیر۔ بازٌ لَحِمٌ: گوشت خور یا گوشت کی اشتہاء رکھنے والا باز۔ اللُحمَة جمع لُحَم: شکار میں سے باز کا حصہ۔ اللَحمةُ: گوشت کا ٹکڑا۔ اللَحَّام: گوشت بیچنے والا۔ اللَحِیم: جسم میں بہت گوشت والا، مقتول۔ کہا جاتا ہے: هذا لَحِیمُ ذاك: یہ اس کے مطابق ہے۔ المُلحِم (فا): گوشت کھلانے والا، بہت گوشت رکھنے والا۔ المُلحَم (مفع): جسے گوشت کھلایا جاتا ہو۔ المَلحَمة جمع مَلاحِم: بوچڑ خانہ، مذبح۔ المُستَلحِم (ح): شیر۔

۳۔ اِستَلحَمَ الطریقُ: راستہ کا کشادہ ہونا۔ — الطریقَ او الطریدَةَ: راستہ پر چلنا، شکار کا پیچھا کرنا۔

○ لَحَمَ ـلَحمًا هٗ: کی مرمت کرنا، کو پیوند لگانا، ویلڈ کرنا، ٹانکا لگانا۔ لَحِمَ: پھنس جانا۔ لَحَّمَ هٗ: کو ٹانکا لگانا۔ تَلاحَمَ: لڑائی میں شامل ہونا، باہمی قتال میں مشغول ہونا، متحد رہنا، ایک دوسرے کی تائید کرنا، متحد یا مربوط رہنا، متحد ہونا۔ اِلتَحَمَ بـ: سے وابستہ رہنا، پر جمارہنا، کے ساتھ فوری رابطہ میں ہونا، کے ساتھ لگا رہنا، کے ساتھ بالکل ٹھیک ہونا۔ اِلتَحَمَ: دوبدو لڑنا (جنگ وغیرہ میں)، متحد رہنا، متحد ہونا، مربوط ہونا، (زخم کا) بند ہونا، بھر جانا، مندمل ہونا۔ بلَحمِهِ و شَحمِهِ: اپنی حقیقی انسانی شکل میں۔ لَحمًا و دَمًا: قدیم دیرینہ، پورا پکا، کٹر بانا، مزمن۔ لَحمَة و لُحمَه جمع لُحَم: فیصلہ کن عنصر، اصل مقصود یا مدعا۔ لِحام جمع لحامات: ٹانکا لگانا، ویلڈنگ، ٹانکا، ٹانکا لگا جوڑ یا شگاف...... لَحَّام: قصائی، ٹانکا لگانے والا، ویلڈر (welder)۔ لَحَامَة: فربہی۔ لَحِیم: موٹا، فربہ۔ اِلتحام: قریبی اتحاد، اتصال، چسپیدگی، جوڑ، میل، ساتھ، تعلق، رابطہ، پیوند، رشتہ، پیوستگی، ربط، وابستگی، مڈبھیڑ، ہاتھا پائی، گتھم گتھا ہونا، گھمسان کی لڑائی، جدوجہد جنگ، لڑائی، محاربہ، مجادلہ۔ مُلتَحِمَة: جڑا ہوا۔

لحن: ۱۔ لَحَنَ ـلَحنًا و لَحَنًا و لُحُونًا و لَحانَةً و لَحَانِیَةً فی کلامه او فی القراءَةِ: اعراب میں غلطی کرنا صفت لاحِن و لحَّان و لَحَّانَة۔ — لَحنًا لفلانٍ: کسی سے کنایہ میں بات کرنا کہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحِن: اس معنی میں، اسے لحّان نہیں کہا جائے گا...... الیه: کی طرف مائل ہونا، کے پاس جانا۔ لَحَّنَ هٗ: کو غلطی کرنے کا الزام دینا۔ — فی القراءَةِ: قرأت میں ترنم کرنا، سر سے پڑھنا۔ — الأناشِیدَ (مو): گیتوں کے سر بنانا۔ اللَحن (مص) فی الکلام جمع الحان و لُحون: اعراب اور ساخت میں غلطی جیسے منصوب کا رفع اور مضموم کا فتحہ..... من الاصوات: آواز، سر، لہجہ، طرز تکلم۔ صناعةُ الالحان: موسیقی۔ لحن الکلام: الفاظ کا معنی و کنایہ۔ اللَحَن: زبان، لغت۔ اللُحنَة: وہ جس کی لوگ غلطیاں پکڑیں۔ اللُحَنَة: بہت غلط تلفظ کرنے والا، لوگوں کی غلطی بہت پکڑنے والا۔ الالحَن: سریلی آواز سے گانے یا پڑھنے والا۔ المُلَحِّن: نغمہ ساز، نغمہ گر۔

۲۔ لَحَنَ ـلَحنًا قولَهٗ: کی بات سمجھنا۔ لَحِنَ ـ لَحَنًا الرجُلُ: دانا و ذہین ہونا، دلیل جان لینا۔ — الکلامَ: کلام سمجھنا۔ لاحَنَ القومَ: پر کوئی چیز دہرانا۔ اَلحَنَ فلانا القولَ فلَحِنَهُ: کو بات سمجھانا اور اسکا اسے سمجھ لینا۔ اللاحِن (فا): نتائج کلام کو جاننے والا۔ اللَحَن: ذہانت۔ اللَحِن: ذہین۔ الالحَن: زیادہ سمجھدار

○ لَحَنَ ـلَحنًا و لُحونا و لَحَانَةً: قواعد کے خلاف عربی بولنا (جس میں سوقیانہ الفاظ استعمال کیے گئے ہوں)۔ لَحِنَ ـلَحنا: ذہین ہونا، سمجھدار ہونا۔ لَحَّنَ: گانا، گنگنانا، نغمہ سرا ہونا، لحن سے پڑھنا، گا کر ادا کرنا، نغمہ نکالنا، گانے لگنا، راگ بنانا، نغمہ گری کرنا۔ لَحن جمع الحان و لُحُون: لے، دھن، طرز، سر، قواعد (زبان) کی غلطی، محاورے کی غلطی سوقیانہ لفظ یا محاورہ۔ لَحِن: ذہین، سمجھدار، عقلمند، زیرک، ہوشمند۔ تَلحِین جمع تلاحِین: نغمہ نگاری، نغمہ گری، موسیقی کی ترتیب۔ مَلحُون: غلط، قواعد صرف و نحو کے خلاف (زبان): عام بول چال میں شاعری۔ مُلَحِّن: نغمہ ساز، نغمہ گر۔ تَلحِینی: گانے کے قابل۔

لحو: ۱۔ لَحَا یَلحُو لَحوًا الشَجرة: درخت کا چھلکا اُتارنا۔ — هٗ: کو گالی دینا۔ اِلتَحَی اِلتِحاءً الشجرة: درخت کا چھلکا اُتارنا۔ المِلحَی: لکڑی چھیلنے کا اوزار۔

۲۔ لَحوَجَ لَحوَجَةً علیه الخبرَ: پر خبر کو خلط ملط کرنا، اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

○ لَحَا ـلَحوًا و لَحَی ـلَحیًاه: کی بے عزتی کرنا، توہین کرنا، ہتک کرنا، اہانت کرنا، کو ذلیل کرنا، کو گالی دینا۔ تَلاحَی: ایک دوسرے پر گالیوں اور دشنام طرازیوں کا انبار لگانا، ایک دوسرے کو گالی دینا۔ اِلتَحی: داڑھی رکھنا۔ لَحو و لَحی: بے عزتی، توہین، ہتک، اہانت، تذلیل، گالی، گالی گلوچ، گالیوں کی بوچھاڑ، سب و شتم۔ لَحی: جبڑا۔ لَحیان جمع الحِ و لُحِی: جبڑے کی ہڈی۔ لِحیَة جمع لحیً و لُحیً: داڑھی، گل مچھے، پوری داڑھی۔ اَطلَق لِحیَتَهُ: داڑھی رکھنا۔ لُحَیَّة: (بحر قلزم پر، شمالی مغربی یمن کا ایک) شہر۔ اَلحی: لمبی داڑھی والا۔ مُلتَحٍ: داڑھی والا۔ مُلتَحٍ بلِحیَةٍ سوداء: کالی داڑھی والا۔

لحی: لَحَی یَلحَی لَحیًا الشجرةَ: درخت کا چھلکا اتارنا، درخت کو چھیلنا...... فُلانًا: کو ملامت کرنا، گالی دینا، پر عیب لگانا۔ صفت فاعلی: لاحٍ صفت

مفعولی: مَلْحِیّ۔ کہاجاتا ہے لِحا اللّٰہُ فُلاناً: اللہ تعالیٰ فلاں پر لعنت کرے۔ لاحَی لِحاءً و مُلاحَاۃً الرجُلَ: سے جھگڑنا، ضرب المثل ہے: من لاحاك فقد عاداك: جو تجھ سے جھگڑے وہ تجھے دشمن سمجھتا ہے۔ ــــ فلاناً: کو دور کرنا، منع کرنا، ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ اَلْحَی اِلحاءً: قابل ملامت کام کرنا۔ ــــ العودُ: لکڑی کا چھلکا اتارنے کا وقت آنا۔ تَلاحَی تلاحِیًا القوم: ایک دوسرے کو گالی دینا، آپس میں جھگڑنا لعنت ملامت کرنا، آپس میں بغض وحسد رکھنا۔ اِلتحی التحاءً العُودَ: لکڑی چھیلنا۔ اللحاء (مص): لکڑی یا درخت کی چھال۔ ضرب المثل ہے: لاتَدْخُلْ بینَ العَصَا و لِحائِها یعنی تو ایک گھر والوں یا جن سے تیرا کوئی تعلق نہیں ہے ان کے درمیان دخل نہ دے۔ اللُحْبان: تھوڑا پانی۔ - واحد لُحْبانۃ: سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔

۲۔ تَلَحَّی تَلَحِّیًا: پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے لپیٹنا۔ اِلْتَحَی اِلْتِحاءً: کی داڑھی اگنا، داڑھی رکھنا۔ اَللَّحْی جمع اَلْحٍ و لُحِیٌّ: جبڑا۔ ڈاڑھی نکلنے کی جگہ اور یہ لَحیانِ ہیں۔ لَحْیا الغدیر: تالاب کے دونوں کنارے۔ لَحْیانَ سے تشبیہ کے طور پر جو منہ کے دونوں جانبوں کو کہتے ہیں۔ اللِحْیَۃ جمع لِحیً و لُحیً (نسبت کی صورت میں) لِحْوِی: داڑھی۔ لِحْیَۃُ التَیس (ن): ایک پودا۔ لِحْیَۃ الحمار (ن): ایک پودا۔ اللَحْیانُ م لَحْیانۃ: لمبی داڑھی والا۔ الاَلْحَی او اللِحْیانی: لمبی یا بڑی داڑھی والا۔

لخّ: ۱۔ لَخَّ ـ لَخًّا و لَخِخَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا زیادہ آنسوؤں اور موٹی پلکوں والا ہونا صفت لَخِخۃ۔ ــ فی الکلامِ: غیر واضح گفتگو کرنا۔ ــ فی الحضر: کھودنے میں جھکنا۔ لَخِخَ ـ لَخَخات عینُہٗ: آنکھ کا زیادہ آنسوؤں والی اور موٹی پلکوں والی ہونا۔ صفت لَخِخۃ۔ تلاخّ الوادی: وادی کا تنگ اور درختوں سے بھری ہونا۔ اِلْتَخَّ الامرُ: کام کا پیچیدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اِلتخّ علیہم الامر: ان کے لئے معاملہ پیچیدہ ہوگیا۔ ــ العشبُ: گھاس کا گنجان اور گھنا ہونا۔ وادٍ لاخٍ: بہت تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔ اللخۃ (ع ا): ناک۔ اصل لَخوخ: معیوب اصل۔ وادٍ مُلْتَخٌّ: بہت گنجان درختوں والی وادی۔ سکرانٌ مُلْتَخٌّ: مخبوط الحواس شرابی۔

۲۔ لَخَّ ـ لَخًّا الخبرَ: پوری خبر معلوم کرنا۔ لَخَّ فی الجبل: پہاڑ کے کنارے کنارے جانا۔

۳۔ لَخَّ ـ لَخًّا ہٗ: کو تھپڑ مارنا۔ ــ ہٗ بالطیب: کو خوشبو لگانا۔ امرأۃ لَخّۃ: بدبودار گندی عورت۔

۴۔ اللَخْلَخانِیّۃ: ناقص اظہار۔

○ لَخْلَخَ ہ: کو زور زور سے ہلانا، الگ کر دینا، جھٹک دینا۔ تَلَخْلَخَ: ڈگمگانا، کانپنا، ہلنا، تھرانا، لڑکھڑانا۔ مُلَخْلَخ: لرزان، متزلزل، لڑکھڑانے والا، زوال پذیر۔

لخب: لَخَبَ ـ لَخْبًا و لاخَبَ مُلاخَبَۃً ہٗ: کو تھپڑ مارنا۔ اللَخَب واحد لَخَبۃ (ن): درخت گوگل۔ المُلَخَّبُ: جھگڑوں میں جسے خوب تھپڑ مارے گئے ہوں۔

لخص: لَخِصَ ـ لَخَصًا: کے اوپر والے پپوٹے کا گوشت دار ہونا۔ ــ تْ عینُہٗ: متورم آنکھ والا ہونا۔ ایسے شخص کی صفت اَلْخَص: ایسی آنکھ کی صفت لَخْصاء جمع لُخْص۔ لَخَّص الکلام: کلام کو مختصر کرنا، بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے: لَخِّصْ لی خبرَكَ: مجھ سے اپنی خبر تھوڑا کر کے بیان کر۔ ــــ الشیءَ: کا نچوڑ، خلاصہ یا لب لباب نکالنا۔ اللَخَص (مص): آنکھ کے پپوٹوں کی پیدائشی موٹائی۔ ضرع لَخِصٌ: بہت گوشت والا تھن جس سے دودھ بمشکل نکلے۔ رجُلٌ لَخِصٌ: وہ مرد جس کا بالائی پپوٹا موٹا ہو۔ جفنٌ لَخِصٌ: گوشت دار یا سوجا ہوا پپوٹا۔ اللَخَصۃ جمع لِخاصٌ: آنکھ کے اندر کا گوشت۔ الألْخَص: زیادہ واضح۔ المُلَخَّص (مفع): کہا جاتا ہے: ھذا مُلَخَّصُ ماقالوہ: یہ ان کے قول کا خلاصہ ہے۔

○ لَخَّص ہ: کو مختصر کرنا، کا خلاصہ کرنا، کا لب لباب بیان، کا اختصار کرنا، کو مختصر بنا دینا، کی تخفیف کرنا، کا انتخاب کرنا، اقتباس کرنا، کا خلاصہ بنانا، کی روح دینا، کا خاکہ بنانا، کو مختصر طور پر بیان کرنا۔ یُلَخَّصُ فی اُن: اس کا خلاصہ اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ...... تَلَخَّص فی: کا میں خلاصہ ہونا، کا میں اختصار ہونا، کی میں تخفیف ہونا، مختصراً معنی یا مطلب یہ ہونا کہ، گویا کہ، کا کی روح ہونا، کی تخفیف ہونا۔ تَلْخِیص: خلاصہ، ملخص، اختصار، لب لباب، جوہر، روح، پورا خاکہ، مختصر بیان، مختصر رپورٹ۔ مُلَخَّص: مختصر کیا ہوا، خلاصہ کیا ہوا، تخفیف کیا ہوا جمع مُلَخَّصات: نچوڑ، اقتباس، خلاصہ، انتخاب، روح، جوہر، لب لباب، مطلب۔

لخف: لَخَفَ ـ لَخْفًا ہٗ: کو سخت مارنا۔ اللَخْف (مص): پتلا جھاگ۔ اللِخاف واحد لَخْفَۃ: سفید [illegible]

لخم: لَخَمَ ـ لَخْمًا ہٗ: کو تھپڑ مارنا۔ ــ الشیءَ: کو کاٹنا۔ ــ الرجُلُ: پُرگوشت چہرے والا ہونا۔ لاخَمَ لِخامًا و مُلاخَمۃً ہ: ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا، طمانچے مارنا۔ اللَخْمَۃ: سستی، افسردہ دلی۔ رجُلٌ لُخَمَۃٌ و لَخَمَۃٌ: سست، ڈھیلا، ناکارہ، کاہل، کمینہ، تنگ دل، خسیس، کنجوس، بخیل۔

○ لَخَمۃ و لُخَمۃ: سست، اناڑی، بھدا، ناکارہ، بے ڈھنگا۔

لخن: لَخِنَ ـ لَخَنًا: بدبودار ہونا۔ ــ الرجُلُ: قبیح باتیں کرنا، گندہ بغل ہونا صفت اَلْخَن م لَخْناء جمع لُخْن۔ لَخَّنَ ہٗ: کو یاابنَ الخناء کہنا۔لو(اے گندہ بغل عورت کے بیٹے) کہنا۔

لخو: لَخا یَلْخُو لَخْوًا ہٗ: کو ناک کے راستے سے کوئی دوا چڑھانا۔

لخی: ۱۔ لَخِیَ یَلْخَی لَخًی: بہت بکواس کرنا۔ لَخَی یَلْخِی لَخْیًا و اَلْخَی ہٗ: کو ناک کے ذریعے دوا چڑھانا، کو دوا نگلوانا، کو مال دینا۔ لاخَی لِخاءً و مُلاخاۃً الرجُلَ: سے دوستی کرنا، کا حلیف ہونا، سے تعاون کرنا۔ ــــ فُلاناً علی فلان: کسی کو کسی کے خلاف اکسانا۔ ــ بہ: کی غیبت کرنا، چغلی کھانا۔ اللخا او اللَخَی واللَخاء والمِلْخَی: جس سے ناک میں دوائی چڑھائی جائے۔ الأَلْخَی: بکواسی، بیہودہ گو۔ ــ و اللَخْی من الجمال: اونٹ جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔ اللَخْواء: الأَلْخَی کا مؤنث: عقاب جس کی چونچ کا اوپر کا حصہ نچلے حصہ سے لمبا ہو۔

۲۔ اِلْتَخَی اِلْتِخاءً الصبیُّ: بچہ کا تر کی ہوئی روٹی کھانا۔ اسم اللَخاء ہے۔

لدّ: الَدَّ ـ لَدًّا الرجُلَ: سے سخت جھگڑا کرنا، سے جھگڑے میں غلبہ حاصل کرنا۔ ــــ ہٗ عن الشیء: کو سے منع کرنا۔ لَدًّا و لُدُودًا اللَدُودَ: لدود دواء تیار کرنا۔ ــــ فُلاناً اللَدُودَ: کو لدود دوائی منہ کے گوشے سے پلانا۔ لادٌّ: منہ کے گوشے دوائی پلانے والا۔ مَلْدُود: جس کو منہ کے گوشے دوائی پلائی جائے۔ ـ لَدَدًا: سخت دشمن یا جھگڑالو ہونا صفت اَلَدّ۔ کہا جاتا ہے ھُوَ اَلَدُّ بَیِّنُ اللَدَد: وہ سخت جھگڑالو ہے۔ لَدَّدَ بہ: کو بدنام کرنا۔ لادَّ لِداداً و مُلادَّۃً الرجُلَ: سے سخت جھگڑا کرنا، سے جھگڑے میں غلبہ حاصل کرنا۔ ــ عنہ: کی مدافعت کرنا۔ اَلَدَّ الرجُلَ: کو لدود دوائی پلانا، سے سخت جھگڑا کرنا، سے جھگڑے میں غلبہ حاصل کرنا۔ ــ ہٗ: کو سخت جھگڑالو پانا۔ ــ بہ: کو

ٹالنا۔ کہا جاتا ہے: اَلْدَدْتُ بہ: میں نے دشمنی میں اس کو عاجز کردیا۔ تَلَدَّدَ: دائیں بائیں دیکھنا۔ اِلْتَدَّ: الدود دواء نگلنا۔ — عن الشیء: سے ایک طرف کو ہو جانا۔ اَللَّادُّ و اللَّدُّ جمع اَلِدَّة و الاَلَدّ م لَدَّاء جمع لِدا سخت جھگڑالو۔ اللَّدَدُ (مص): سخت جھگڑا۔ اللَّدود جمع اَلِدَّة: سخت جھگڑالو۔ منہ کے گوشے سے پلانے کی یا کھلانے کی ایک دواء۔ اللَّدِید جمع اَلِدَّة: سخت جھگڑالو، منہ کے ایک گوشے سے دی جانی والی ایک دواء۔ اللَّدِیدَان: گردن کے دو پہلو (کانوں کے نیچے)۔ وادی کے دو پہلو، ہر چیز کے دو پہلو۔ الاَلَنْدَدُ و الیَلَنْدَدُ: سخت جھگڑالو۔ المُتَلَدَّد (ع): گردن۔ کہا جاتا ہے: ما لہ عنہ مُحْتَدٌّ و لا مُلْتَدّ: اس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

۲۔ لَدَّدَہٗ: کو حیران کرنا۔ تَلَدَّدَ: حیران ہونا۔ — فی المکان: کسی جگہ ٹھہرنا۔

۳۔ اللَّدّ (مص): بورا، تھیلا۔

لَدَّدَ: کو بدنام کرنا، کی بے عزتی کرنا، پر تہمت لگانا۔ — ہ: پریشان کرنا، حواس باختہ کرنا، الجھانا، ہوش گم کرنا، حیرت میں ڈالنا۔ تَلَدَّدَ: بے بسی سے دائیں بائیں رخ بدلنا، پریشان ہو جانا، حیرت زدہ ہونا، منہ زور ہونا، سرکش ہونا، خود رائے ہونا، ضدی ہونا، اڑنا، ضد کرنا۔ لَدَد: سخت جھگڑا۔ لَدُود و اَلَدّ م لَدَّاء جمع لُدّ و لِدَاد و اَلِدَّاء: سخت، تیز تند، خونخوار، ہیبت ناک، مہیب، سنگدل، سنگ طبع، ضدی۔ عَدُوٌّ اَلَدّ: شدید دشمن، پکا دشمن، بڑا دشمن۔ عدو لَدُود: شدید دشمن، پکا دشمن، بڑا دشمن۔ مُتَلَدِّد: ضدی، ہٹ دھرم، سرکش، باغی، اڑیل۔

لدس: ۱۔ لَدَسَ ـِ لَدْسًا ہ بیدہ: کو ہاتھ سے مارنا۔۔۔۔۔ ہ بحجر: کو پتھر مارنا۔ المِلْدَس جمع مَلَادِس: گٹھلی توڑنے کا بڑا پتھر۔

۲۔ لدس ـَ لَدْسًا الشیءَ: کو چاٹنا۔ لَدَّسَ الخفَّ: موزے میں پیوند لگانا، موزے کی مرمت کرنا۔ اَلْدَسَتِ الارضُ: زمین کا کچھ سبزہ اُگانا، روئیدگی نکالنا۔ اللَّدِیس جمع لُدَاس: موٹا۔

۳۔ اللِّدْس: سست و نرم۔

لدغ: لَدَغَ ـَ لَدْغًا و تَلْدَاغًا ہٗ: کو ڈسنا۔ کہا جاتا ہے: لَدَغَہٗ بکلمۃ: اس نے اُسے لفظوں سے تکلیف دی، بدنام کیا۔ اَلْدَغَ العقربَ فُلانًا: کو ڈسنے کیلئے اس پر بچھو چھوڑنا۔ اللَّادِغ م لَادِغۃ جمع لُدَّغ (فا): ڈسنے والا۔ اللَّدْغَۃ: ایک بار ڈسنا۔ اللُّدَّاغ: کانٹا یا اس کی تیز نوک۔ اللُّدَّاغۃ من الرجال: طعن و تشنیع کرنے والا۔ اللَّدِیغ جمع لَدْغَی و لُدَغاء (مذکر و مؤنث کیلئے)، ڈسا ہوا۔ کہا جاتا ہے: ہم قومٌ لَدْغَی و لُدَغاء: وہ لوگوں کو طعن و تشنیع کرنے والے ہیں۔ المِلْدَغ: گفتگو سے ڈسنے والا، طعن و تشنیع کرنیوالا۔

لَدَغَ ہ: سانپ وغیرہ کا، کو ڈسنا، — ہٗ: کو طعنہ دینا، ملامت کرنا، کو ٹھیس پہنچانا، کو دل گیر کرنا۔

لدك: لَدِکَ ـَ لَدَکًا و لَدَکًا بہ: سے چپکنا۔

لدم: لَدَمَ ـِ لَدْمًا ہٗ: کو تھپڑ مارنا، کو کسی بھاری چیز سے مارنا جس کے لگنے کی آواز آئے۔۔۔۔۔ الخبزَ من المَلَّۃِ: روٹی کو بھوبل سے نکالنا۔ لَدَّمَ الثوبَ: کپڑے کو پیوند لگانا، درست کرنا۔ اُلْدِمَتْ علیہ الحُمَّی: کو بخار رہنا۔ تَلَدَّمَ الثوبُ: بوسیدہ ہونا، پیوند لگانے کے قابل ہونا۔ — الثوبَ: کپڑے کو پیوند لگانا۔ اِلْتَدَمَ: مضطرب ہونا، پریشان ہونا۔ — ہٗ: کو مارنا، دھکا دینا۔ — تِ النساءُ: عورتوں کا ماتم، میں منہ پر طمانچے مارنا۔ اللَّادِم جمع لُدَّم (فا)۔ اللَّدْم (مص): پتھر کی زمین پر گرنے کی آواز۔ اللَّدَم: عزت دار رشتہ۔ اللِّدَام: پیوند۔ اللَّدَّام: پیوند لگانے والا، رفوگر۔ اللَّدِیم من الثیاب: بوسیدہ پیوند لگا کپڑا۔ المِلْدَام: پتھر جس سے گٹھلی توڑی جاتی ہے۔ المِلْدَم: بمعنی المِلْدَام؛ بیوقوف، پرگوشت، بھاری۔ اُمّ مِلْدَم: بخار۔

لدن: ۱۔ لَدُنَ ـُ لَدَانَۃً و لُدُونَۃً: نرم ہونا صفت لَدْن م لَدْنَۃ جمع لُدْن و لِدَان۔ — ت اخلاقہٗ: نرم خو ہونا، پسندیدہ اخلاق والا ہونا۔ لَدَّنَ الشیءَ: کو نرم کرنا۔ — ثوبَہٗ: کپڑا تر کرنا، بھگونا۔ کہا جاتا ہے: ہو لَدْنُ الخَلِیقۃ: وہ نرم طبیعت ہے۔

۲۔ لَدَّنَہٗ فی الامر: کو کٹھنائی میں ڈالنا۔ تَلَدَّنَ: کاہلی کرنا۔ — بالمکان: کسی جگہ میں رہنا۔ — علیہ: سے معذرت چاہنا۔ کہا جاتا ہے: تَلَدَّنَتْ علیَّ راحِلَتی: میری سواری نہیں چلی۔

۳۔ اللَّدْن من الطعام: وہ کھانا جو اچھی طرح نہ پکایا گیا ہو، خراب پکا ہوا کھانا۔ لَدُن و لَدَنْ و لُدُن و لِدن و لَدُن و لـدُن: ظرف زمان و مکان۔ عند کے معنی میں، پاس، موجودگی میں۔ ظرف مکان کے طور پر زیادہ قریب اور خاص ہے۔ ظرف حاضر میں استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے: لَدُنْہُ مالٌ: اس کے پاس مال ہے۔ مبنی ہے من سے مجرور کہنا بھی جائز ہے۔ کہا جاتا ہے: جِئْتُ من لدنہ: میں اس کے پاس سے آیا۔ ظرف زمان سے قبل واقع ہو تو ظرف کو اضافت سے مجرور بنانا جائز ہے۔ جیسے لَدُن غُدْوَۃٍ (صبح کو) تمیز کے طور پر نصب آتا ہے۔ جیسے: لَدُن غُدْوَۃً۔ کہا جاتا ہے: لی الیہ لُدُنَّۃ: مجھے اس سے حاجت ہے۔

○ لَدُنَ ـُ لَدَانَۃً و لُدُونَۃً: نرم ہونا، ملائم ہونا، لچکدار ہونا، لوچ دار ہونا، سکڑنے پھیلنے والا ہونا۔ لَدَّنَ ہ: کو نرم کرنا، ملائم کرنا، پتلا کرنا، اعتدال پر لانا، ڈھیلا کرنا، ہلکا کرنا، کم کرنا۔ لَدْن جمع لُدْن و لِدان: نرم، سلیم الطبع، لچکدار، اثر پذیر۔ ملائم، سکڑنے پھیلنے والا (elastic)، لوچدار، ڈھلنے والا، ڈھلنے کے قابل۔ لَادَن و لَادِن: افیون کا ست، افیون کا آمیزہ۔ الکحل اور افیون کا محلول۔ لَدَانَۃ و لُدُونَۃ: نرمی، ملائمت، لوچ، لچک، جھکنے کی صلاحیت، ڈھل جانے کی صلاحیت، صورت پذیری۔ لَدائِن: پلاسٹک۔ لَدُن: پر، پاس، قریب، سامنے، قریب، کے قریب، کی موجودگی میں، کے سامنے، کے آگے، ساتھ، کے پاس۔ مِن لَدُن: سے، کی طرف سے، سے، جب سے، تب سے۔ لدن ان: یہی معنی۔ لَدُنّی: باطنی، صوفیائی، پرجلال۔ العلم اللدنی اور العلوم اللدنیۃ (تصوف میں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے براہ راست بذریعہ باطنی وجدان عطا کردہ معرفت۔

لدی: اَلْدَی اِلْدَاءً: زیادہ ہم عمروں والا ہونا۔ اللِّدَۃ جمع لِدَات و لِدُون: ہم عمر، ہم تربیت۔ (کہا جاتا ہے: ہو لِدَتی: وہ میرا ہم عمر ہے) وقتِ ولادت۔ لَدَی: ظرف مکان بمعنی لَدُن۔ اضافت کے ساتھ آتا ہے۔ لُدُن کی طرح اسے مِن سے مجرور بنانا جائز نہیں۔ آپ کہتے ہیں: لَدَیَّ مالٌ: میرے پاس مال ہے۔

○ لدی: پر، پاس، قریب، کی موجودگی میں، کے سامنے، پہلے، ساتھ۔ لَدَی الحاجۃ: ضرورت کی صورت یا حالت میں، اگر ضروری ہوا۔ لَدَیْہِ: اس کے پاس ہے۔ ما لَدَیْکَ: حالت جس میں آپ ہیں، تمہاری ذہنی حالت۔ لیس لَدَینا ...... غیر ما: ہم اس سے زیادہ نہیں جانتے کہ......

لَذّ: ۱۔ لَذَّ ـَ لَذَاذًا و لَذاذَۃً الشیءُ: لذیذ ہونا، خوش مزہ ہونا، مرغوب ہونا، مزے دار ہونا صفت لَذّ و لَذِیذٌ۔ لَذَّ و تَلَذَّذَ و اِلْتَذَّ الشیءَ و بہ: کو لذیذ پانا۔ لَذَّذَہٗ: کو خوش کرنا، محظوظ کرنا۔ تَلَاذَّا: ایک دوسرے سے لذت حاصل کرنا۔ اِسْتَلَذَّ الشیءَ: کو لذیذ پانا۔ اللَّذّ (مص): مزے دار، مرغوب، نیند۔ کہا جاتا ہے: رجُلٌ لَذٌّ: شیریں کلام، میٹھی گفتگو کرنے والا۔ اللَّذَّۃ جمع لَذَّات: مزا، خوشی، آرام، لذت، سرور، خوشنودی، شراب۔ الاَلَذّ: زیادہ لذیذ۔ المَلَذّ جمع مَلَاذّ:

لذت کی جگہ۔ المَلَذَّۃ جمع مَلَذَّات: خواہش۔

۲۔ لَـذْ لَـذَ۔ چست وپھرتیلا ہونا۔ الـلَـذْلاَذ: چست و پھرتیلا، جلدی کرنے والا۔ (ح): بھیڑیا۔

○ لَذَّ -لَذاذًا و لَذاذَۃً: میٹھا ہونا، شیریں ہونا، لذیذ ہونا، خوش ذائقہ ہونا، خوشگوار ہونا، مزیدار ہونا، تسکین دہ ہونا۔ لَذَذ و اَلَذَّ ہ: کوخوش کرنا، محظوظ کرنا، کی خواہش پوری کرنا۔ تَـلَذَّذ و اِلْتَذّ ب: سے خوش ہونا، مسرور ہونا، لطف اندوز ہونا، سے تسکین پانا۔ ہ: کولذیذ پانا، خوشگوار پانا، سے مزہ اٹھانا۔ اِسْتَلَذّ ہ: کولذیذ یا خوشگوار پانا، کومسرت بخش یا خوش آئند پانا، سے لطف اندوز ہونا۔ مَـلَـذَّۃ جمع مَـلَـذّات و مَلاذ: فرحت، خوشی، مسرت، شادمانی طرب، سرور، لذت، سہولت، آرام پہنچانے والی چیز، لطف، مزا، تفریح، عیش پسندی، عیاشی۔ مُتَـلَـذِّذ: خوش خوراک، لذیذ کھانوں اور شرابوں کا شوقین، عیش پسند، شہوت پرست۔

لدب: لَذَبَ ـلُذُوبًا و لاذَبَ مُلاذَبَۃً بالمکان: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔

لذج: لَذَجَ ـلَذْجًا ہُ: سے سوال میں اصرار کرنا۔......

الماءَ: پانی کا گھونٹ لینا۔

لذع: ۱۔ لَذَعَ ـلَذْعًات النارُ الشیءَ: آگ کا چیز کو جلا ڈالنا۔ ـ الحُبُّ قَلْبَہُ: محبت کا دل کو تکلیف پہنچانا۔ ـ فلانًا بلسانہ: کوگفتگو سے دکھ پہنچانا۔ ـــ البعیرَ: اونٹ کو داغنے کے لوہے سے داغنا۔ ـــ الرجُلُ بذکائہ: ذہانت سے جلد سمجھ لینا۔ تَلَذَّعَ: تیزفہم ہونا، ذہین ہونا، دائیں بائیں متوجہ ہونا جیسے کوئی بات اُسے پریشان کررہی ہو۔ ـــ تِ النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَذَعَ: درد سے جلن ہونا۔ اللاذِعۃ جمع لَواذِع: لاذِع کا مؤنث۔ لواذِعِ الکلام: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے: نعوذ باللّٰہ من لواذعہ: ہم اس کی ایذادہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ اللَّـذّاع: لاذع کا اسم مبالغہ۔ کہتے ہیں: رجُل مَذّاع لَذّاع: وعدہ خلاف (کیونکہ ایسا آدمی اپنی زبان سے اچھا وعدہ کرکے وعدہ خلافی سے دکھ دیتا ہے)۔ اللَّـذُع: جلن پیدا کرنے والی شراب (نبیذ)۔ اللَّـوْذَع واللَّوْذَعِیّ: تیزفہم، فصیح اللسان، خوش بیان۔

لَذَعَ ـلَذْعًا الطائرُ: پرندہ کا پھڑپھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا ہلانا۔

○ لَذَعَ ـلَذْعًا ہ: کوجلانا۔..... ہ: پرداغ لگانا، کلنک کا ٹیکہ لگانا، کو داغنا، کو باتوں سے دکھ پہنچانا، کی توہین کرنا، کے دل کو ٹھیس پہنچانا۔ تَـلَذَّعَ: جلنا۔ لَـذْع: جلنا، آگ، آتش، بھابھڑ، آتش زدگی۔ لذع النبادق: رائفل فائر (rifle fire)۔ لَـذّاع: جلتا ہوا، بہت گرم، جھلستا، تیز، چبھتا ہوا، درشت خو، سخت تکلیف دہ، طنز بھرا، دل خون کرنے والا۔ لَوْذَع و لَوْذَعی: زیرک، دانشمند، طباع، خوش تدبیر، ایجاد کا ماہر، اختراع پسند، بذلہ سنج، ذکی، زودفہم، حاضر جواب۔ لَوذَعِیَۃ: اپج، خوش تدبیری، ایجاد، کا مادہ، اختراع، زیرکی، فراست، ہوشمندی، زود فہمی، ذکاوت، چوکسی، ہوشیاری۔ لاذع: تیز، چبھتا ہوا، سخت تکلیف دہ، طنز بھرا، دل خون کرنے والا۔ لاذِعَۃ جمع لَواذِع: طعنہ۔ اللاذِقِیَۃ: لاذکیہ (مغربی شام کی ایک بندرگاہ)۔

لذم: لَذِمَ ـلَذَمًا ہُ الشیءُ: کوکوئی چیز اچھی لگنا، بھلی معلوم ہونا۔ ـ بالشیءِ: کسی چیز پر شیفتہ ہونا، کسی چیز کا حریص ہونا۔ ـــ بالمکان: کسی جگہ ٹک کر رہنا۔ اَلْذَمَہُ الشیءَ و بہ: کو کا حریص بنانا، شیفتہ بنانا۔ ـ بالمکان: کسی جگہ میں ثابت قدم ہونا۔ ـ ہُ بفلانٍ: کوکسی سے وابستہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: اَلْذِمْ لفلانٍ کرامتَکَ: فلاں کے لئے اپنا احترام جاری رکھو۔ اُلْذِمَ بفلان: پر فریفتہ ہونا۔ رجُل لَذِم و لُذُوم بالشیءِ: کسی چیز کا شوقین۔ اللُّذَمَۃ: کسی چیز کا عادی، گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ المِلْذَم: بہادر، شجاع۔ رجُل مِلْذم بالشیءِ: کسی چیز کا شوقین۔

لذن: اللاذَن (ن): ایک آبی پودا، پھول چوڑے گلابی یا سفید رنگ کے، بحرابیض متوسط کے ساحلوں پر جھاڑی بنوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔...... والـلاذنۃ: ایک قسم کی گوند۔

لذی: لَذِیَ یَلْذَی لَذًی بالامر: سے چمٹنا، کا شوقین ہونا۔ الـذی: اسم موصول ہے۔ اس میں پانچ لغات ہیں: اللذِ و اللذْ و اللذِیُّ و اللذِیِ و لَذِی: مؤنث اللَّتی۔ تثنیہ اللذان و اللَّذا و اللَّذانِّ جمع اللذِیْن و اللاوون و اللاؤُو۔ بعض حالت رفع میں اللذون اور نصب اور جر میں والـلذِین کہتے ہیں۔ تصغیر اللذی کی اللّذیّا تثنیہ اللّذَیّان اور جمع اللّذَیُّون ہے۔ معنی: وہ شخص جو، وہ چیز جو، وہ (جو شخص)، وہ (جو چیز) جو۔

○ بعدَ اللُّتَیّا والّتی: طویل بحثوں کے بعد، بعدازخرابی بسیار، خدا خدا کرکے۔

لزّ: لَزَّ ـلَزًّا و لَزَزًا و لِزازًا الشیءَ بالشیءِ: چیز کو چیز سے باندھنا، ملانا، جوڑنا، لگانا، لازم کرنا...... الشیءُ بالشیءِ: سے چپکنا، لگا یا لپٹا رہنا۔ ـــ ہ الی کذا: کو پر مجبور کرنا ـــ ہُ بالرمح: کو نیزہ مارنا ـــ القومُ: اکٹھا ہونا، بھیڑ کرنا۔ لَزَّزَ اللّٰہُ فلانًا: اللہ کا فلاں شخص کو مضبوط اور گھٹے ہوئے جسم والا بنانا۔ لازَ لِزازًا و مُلازَّۃً: کے ساتھ رابطہ کرکے اُسے جھگڑے میں تنگ کرنا۔ اَلَزَّ الشیءَ: کو باندھنا، چمٹانا۔ اِلْتَزَّ بہ: سے چمٹنا، ملنا۔ الـلَّـزّ (مص): دروازہ کی کنڈی۔ اللِّزّ: ساتھی، وابستہ دامن۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ لِزُّ شرٍّ و لَزِیزُ شرٍّ: فلان ایسا شخص ہے جو شرارت سے باز نہیں آتا۔ اللزز و اللِزاز (مصدر ہیں): دروازہ کی بلّی، سخت جھگڑا۔ عیشٌ لَزِزٌ: تنگ زندگی، بدحالی۔ اللَّزِیزَۃ جمع لَزائِز: لزیز کا مؤنث۔ اللزائز سینہ کی ہڈیاں۔ المِلَزّ: سخت جھگڑالو (مذکر و مؤنث کے لئے)۔ المِلَزّہ (اع): چمڑے یا دھات کا گول ٹکڑا جس کے درمیانی حصہ میں چھید ہوتا ہے اور پائپ کے منہ کے نیچے باندھتے ہوئے رکھا جاتا ہے۔ اس کو روندل کہتے ہیں۔

○ لَزَّ ـلَزًّا و لَزَزًا و لِزازًا ہ ب: کو سے باندھنا، کو سے مربوط کرنا یا سختی سے جوڑنا، کو سے متحد کرنا، کو سے چمٹانا۔ لَزَّزَ ہ: کو سختی سے جوڑنا، دبانا۔ لَزَّز: لبالب یا کھچاکھچ بھرنا ـــ ہ الی: کو پر مجبور کرنا۔ تَلازّ: باہم کھچاکھچ بھرا ہوا ہونا، ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَـلَزَّزَ و اِلْتَزَّ ب: سے متحد ہونا، جڑا ہونا، مربوط ہونا، سے چپکنا، لگا یا لپٹا رہنا، کے ساتھ پکا یا قائم رہنا۔ لِزّ و لَزّ: بلّی، کھٹکا، چٹخنی، اڑواڑ، تختوں کو ملانے اور دبانے کا اوزار، مڑا ہوا تار یا سلاخ۔ مُلَزَّز: لبالب یا بھرا ہوا، کھچاکھچ بھرا ہوا، ساتھ ملا ہوا، مضبوط، ٹھوس، مضبوط، پختہ، چست۔

لزا: لَزَا ـلَزًّا الاناءَ: برتن بھرنا۔ ـ الماشیۃَ: مویشی کو سیر کرنا۔ ـ فلانًا: کو دینا۔ کہا جاتا ہے: لَزَاتَہُ اُمُّہُ: کو (ماں کا) جننا۔ لَزَّا و اَلزَا الاناءَ و الماشیۃَ: برتن بھرنا، مویشی کو سیر کرنا۔ تَلَزَّا الاناءُ: برتن کا بھر جانا۔

لزب: ۱۔ لَزَبَ ـلُزُوبًا: مضبوطی سے قائم ہونا۔ ـــ بہ: سے چمٹنا۔ ـ ت السَنَۃُ: قحط سالی ہونا۔ ـ ـلَزْبات العقربُ فلانًا: بچھو کا کسی کو ڈسنا۔ ـ ت ـلَزْبًا الطینُ: مٹی کا سخت اور چپکنے والی ہونا۔ لَزُبَ ـلَزُبًا و لُزُوبًا الطینُ: مٹی کا سخت اور چپکنے والی ہونا۔ ـــ الشیءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔ تلازَبَ الشیءُ: تہ بتہ ہونا۔ اللازب (فا): ثابت، کہا جاتا ہے: صارَ الامرُ ضربۃَ لازبٍ: کام ضروری اور ناگزیر ہوگیا۔ طینٌ لازبٌ: ہاتھ سے چپکنے والی مٹی۔ اللِّزْب: تنگ راستہ۔ اللَّزْبَۃ جمع لِزَب و لَزَبات: شدت، سختی، قحط۔ سَنَۃ لَزْبَۃ: سخت سال، قحط کا سال۔ المِلْزاب جمع مَلازیب: انتہائی کنجوس، بڑا بخیل۔

۲۔ اللَزِب جمع لِزاب: تھوڑا۔ کہا جاتا ہے: هو عَزَبٌ لَزَبٌ: وہ کنوارا ہے۔ اللِزّاب (ن): ایک قسم کا بڑا درخت۔ اس سے بہت عمدہ لکڑی حاصل ہوتی ہے۔ لبنان کے اونچے علاقوں اور جبل الشیخ میں اُگتا ہے۔

○ لَزَبَ ـُـ لُزُوبًا: مضبوط ہونا، مضبوطی سے جما ہونا، برقرار رہنا۔ ــ ب: سے چپکنا، لگا یا لپٹا رہنا۔ لَزِبَ ـَـ لَزَبًا: متحد رہنا، مربوط ہونا۔ لَزِب جمع لِزاب: تھوڑا۔ لَزْبة جمع لِزب: مصیبت، بلا، آفت، مصیبت ناگہانی۔ لازِب: چپکنے والی (چیز)، سخت مضبوط، مضبوطی سے جمی ہوئی (چیز)۔ صَارَ ضربةَ لازِب: ضروری ہو جانا، ناگزیر ہو جانا۔ ضُرب ضربةَ لازِبٍ: سخت مصیبت سے دوچار ہونا، مصیبت کا شکار ہونا۔

لزج: لَزِجَ ـَـ لَزَجًا و لُزُوجًا: لیسدار ہونا، چپکنے والا ہونا۔ صفت لَزِج۔ ــ العَسَلُ باصبعه: انگلیوں سے شہد کا چپک جانا۔ تَلَزَّجَ: چپکنے والا ہونا، لیسدار ہونا۔ ــ البقلُ: سبزی کا لچکدار ہونے کی وجہ سے ایک کا دوسرے پر جھکنا۔ ــتِ الدابةُ البقولَ: جانور کا سبزی کا پتہ چلانا۔ رجُلٌ لَزُجَةٌ و لَزِجَةٌ و لَزِيجة: گھر پر رہنے والا۔ اللَزُوجَة: لَزِج کا اسم، لسلساپن، چپ چپاپن، چپچپاہٹ، گاڑھاپن۔

○ لَزِج: چپکنے والا، لیس دار، جس پر لیسدار تہ جمع ہو گئی، چپچپا، لسلسا، گاڑھا، جوڑنے والا، ثابت قدم۔

لزق: لَزِقَ ـَـ لَزَقَاتُ الرِئةُ بالجنبِ: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔ ــ لُزُوقًا و اِلْتَزَقَ به: سے چمٹنا، چپکنا۔ لَزَّقَ الشیءَ: کو چپکانا، کو اناڑی پن سے کرنا۔ لازَقَ لِزاقًا و مُلازَقَةً ہ: کو چپکانا۔ اَلْزَقَ ہ به: کو سے چپکانا۔ اللِزْق: پہلو، ساتھی۔ کہا جاتا ہے: هو لِزقی او بِلِزقی: وہ میرا ساتھی ہے یا میرے پہلو میں ہے۔ اللَزَاق (مص): لئی، سریش۔ لِزاق الذهب و لزاق الحجر و لزاق الرخام: ان خاص دھاتوں سے بنائی جانے والی دوائیں۔ اللَزُوقَة: پٹی، مرہم جو جسم کے درد والے حصہ پر لگایا جاتا ہے تاکہ درد میں کمی ہو یا درد دور ہو...... عند الحرائین: پلستر۔ اُذُنٌ لَزْقاء: سر سے چپکا ہوا کان۔ اللزون و اللَزُوق (طب): زخم کی دوا۔ اللَزِّيق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے: هوَ لَزِيقي: وہ میرے پہلو میں ہے۔ اللُزَيق (ح): سمندری گھونگھا۔ اللُزَيقاء و اللزَّيقَى (ن): بارش کی صبح پتھروں کی جڑوں میں اُگنے والی چیز۔ المُلزَق: منہ بولا بیٹا۔

○ لَزِقَ ـُـ لُزُوقًا ب: سے چپکنا، چمٹنا، کے ساتھ لگا رہنا۔ لَزَّقَ ہ: کو ملانا، لگانا، جوڑنا، نتھی کرنا، کو لئی سے جوڑنا، چسپاں کرنا، فہرست میں نام درج کرنا...... ہ ل: کو کسی کے گلے دھوکے سے منڈھنا۔ اَلْزَقَ ہ: کو لئی سے جوڑنا، کو جوڑنا، کو لگانا، نتھی کرنا، چسپاں کرنا۔ اِلتزق بمعنی لَزِق: لَزِق: (سے) متصل، ملحق، (سے) ملحقہ، (سے) ملا ہوا، (کی) ہمسائیگی میں۔ لِزْقَه یا بلزْقه: کے پہلو کے قریب، کے قریب۔ لَزِق: چپکنے والا، چپچپا، لسلسا۔ لَزُقة: بندھن، پٹی (جس پر پانی اثر نہ کرے اور زخم خراب نہ ہو)، زخم پر باندھنے کی پٹی، پلاسٹر۔ لِزاق: لیسدار، چپکانے والا، جوڑنے والا، ثابت قدم، سریش، سیمنٹ، لئی۔ لَزُوق و لازوق: پٹی، پلاسٹر، چپکانے والا پلاسٹر، پلاسٹر۔

لزم: ا۔ لَزِمَ ـَـ لُزُومًا و لَزْمًا و لَزَامًا و لِزامًا و لِزامَةً و لُزْمَةً و لَزْمانًا الشیءُ: لازم رہنا، ہمیشہ ثابت رہنا۔ ــ بیتَهُ: گھر میں رہنا، کہیں نہ جانا۔ ــ ہُ المالُ: پر مال واجب ہونا۔ ــ الغریمَ و بهِ: قرض دار کو چمٹے رہنا۔ ــ الامرُ: کا حکم واجب ہونا۔ ــ کذا عن کذا: سے لازم آنا۔ لازَمَ لِزامًا و مُلازَمَةً ہُ: کے ساتھ رہنا، جدا نہ ہونا۔ اَلزَمَ اِلزاماً الشیءَ: کو لازم کرنا، ہمیشہ رکھنا۔ ــ ہُ المال والعملَ او بالمال و العمل: مال یا کام کو پر واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے: الزمتُ خصمی: میں اپنے حریف پر جھگڑے میں غالب آیا۔ اِلتَزَمَ ہ: کے ساتھ رہنا، جدا نہ ہونا۔ ــ فلانًا: کو پکڑنا، گرفت میں لانا، کو پکڑنے کی کوشش کرنا۔ ــ العملَ او المالَ: کام یا مال کو اپنے پر واجب کرنا۔ ــ القریة او العشر او غیرَهما: پیداوار کے بدلہ گاؤں کی مالگذاری یا عشر وغیرہ کا ضامن ہونا۔ اِستَلزَمَ الشیءَ: کو ضروری سمجھنا، ضروری کرنا۔ اللازِم م لازِمَة جمع لَوَازِم (فا): ضروری۔ کہا جاتا ہے: صَارَ الامرُ ضَرْبَةَ لازِمٍ: یہ کام ضروری ہو گیا۔ لَزَامِ: لگاتار، پیوستہ۔ ضَربةُ لِزامٍ: لگاتار، پیوستہ ضرب۔ اللِزَام (مص): موت، حساب، بہت چمٹنے والا۔ اللُزَمَة: چمٹا رہنے والا، جدا نہ ہونے والا۔ اللُزُومیة: لَزِمَ کا اسم۔ المُلازِم (ا ع): فوجی عہدہ جو لفٹیننٹ کے برابر ہے۔ المِلزَم و المِلزَمَة جمع مَلازِم: لکڑی یا لوہے کا شکنجہ۔ المَلزُوم: لازم کیا ہوا۔

۲۔ لَزِمَ ــ لَزْمًا الشیءَ: کو جدا کرنا، ممیز کرنا۔ الیزام: فیصلہ۔ واللِزم: فیصلہ کرنے والا۔

○ لَزِمَ ـُـ لُزُوما ہ: سے چمٹنا، چپک جانا، جڑا رہنا، کے ساتھ جانا، کی رفاقت کرنا، سے لگاؤ رکھنا، تعلق ہونا، میں ثابت قدم رہنا، پر قائم رہنا، پر جمے رہنا، میں لگے رہنا، کو کرتے رہنا، کی کوشش کرتے رہنا۔ ــ ہ: کے ساتھ جڑا رہنا، سے مربوط ہونا، کے قریب رہنا، کے ساتھ باوفا رہنا۔ ــ ہ/ہ: سے جدا نہ ہو سکنا۔ ــ ہ: میں مستقل اقامت کرنا۔ لَزِمَ: ضروری ہونا، لازمی ہونا۔ لَزِمَ ہُ: کے لئے مطلوبہ (شے) ہونا، اشد ضروری ہونا، ناگزیر ہونا، پر فرض ہونا، واجب ہونا، کا فرض ہونا۔ لَزِمَ دارَہ (فراشہ): گھر پر رہنا، صاحب فراش ہونا۔ لزم الصمت: خاموش رہنا۔ لازَمَ ہُ: کے ساتھ جانا، کی رفاقت کرنا، سے چپکنا، چسپاں ہونا، پر قائم رہنا، کے ساتھ رہنا، کو لگاتار کرنا، کے ساتھ لگا رہنا، کی صحبت میں ہونا، کے اردگرد ہردم ہونا، کو سونپا جانا، کے ساتھ جانا، کی معیت میں ہونا، کی خدمت کرنا، تیمارداری کرنا...... ہ/ہ: سے جدا نہ ہو سکنے والا ہونا، لاینفک ہونا۔ ــ ہ: کوئی کام کرتے رہنا، پر جما رہنا، ڈٹا رہنا، قائم رہنا، میں ثابت قدم رہنا، کے لئے ثابت قدمی سے کام کرنا، کے لئے اچھی طرح نبھائی ہوئی کارروائی یا سرگرمی کرنا۔ اَلزَمَ ہ ہ: کو پر مجبور کرنا، کو پر ٹھونسنا...... ہ ہ/ب: پر کوئی کام بطور فرض عائد کرنا، کو کا پابند کرنا۔ الزمه الحُجَّة: پر ثبوت دینے کے لئے زور ڈالنا، کو دلیل تسلیم پر مجبور کرنا۔ الزمه الفراش: کو بستر میں رہنے کا پابند کرنا۔ اَلزَمَهُ المال او بالمال: پر کسی رقم کی ادائیگی عائد کرنا۔ تَلازَمَ: جدا نہ ہو سکنے والا ہونا، ایک دوسرے سے مصروف ہونا، وابستہ ہونا۔ اِلتَزَمَ ہ: سے چمٹنا، لگا رہنا، جڑا رہنا، کو کرتے رہنا، میں ثابت قدم رہنا، پر جما رہنا، میں لگا رہنا، کی کوشش کرتے رہنا، کو تسلیم کرنا، کی اطاعت کرنا، کا بوجھ یا ذمہ داری اٹھانا، کی عادت ڈال لینا، کو دستور بنا لینا، کو اپنا فرض بنا لینا، اپنے آپ پر عائد کرنا۔ ــ ہ/ب: کو فرض کی طرح لینا، اختیار کرنا، کا عہد کرنا، اپنے آپ کو کچھ کرنے کا پابند کرنا، کو اپنے سر لینا، کی ذمہ داری لینا، کا بیڑہ اٹھانا، کا فرض منصبی، فرض، اخلاقی فرض ہونا، کا پابند ہونا، کا مستوجب ہونا، پر مجبور ہونا، کا ذمہ دار ہونا، کا اجارہ لینا، کا اجارہ قائم کرنا بلا شرکت غیرے کوئی (تجارت وغیرہ) کرنا۔ اِستَلزَمَ ہ: کو ضروری سمجھنا، کو ضروری بنانا، کی ضرورت پیدا کرنا، کو ناگزیر بنانا، کا تقاضا ہونا، کی ضرورت ہونا، درکار ہونا، کی حاجت ہونا، کا مطلوب ہونا۔ لُزْمة جمع لُزُمات: سرکاری رعایت، لائسنس، حق رائے دہی یا شہریت یا وہ حق جو کسی فرد یا جماعت کو دستور میں دیا گیا ہو۔ لُزوم: احتیاج، ضرورت، حاجت محتاجی، ضروری چیز۔ حسب اللزوم: جیسا کہ مطلوب ہے، ضروری

ہے۔ عند اللزوم: ضرورت پڑے تو، ضرورت پڑنے کی صورت میں، اگر ضروری ہو۔ لِزام: ضروری، ضروری مطلوبہ چیز، ضرورت، فرض، ذمہ داری کا احساس۔ کان لِزاما علیه ان: کا فرض ہونا کہ، کیلئے ضروری ہونا کہ۔ اَلْزَم: زیادہ ضروری، سب سے زیادہ ضروری۔ مَلْزَمَة: قطع عدد یا لفظ جو فرموں کے شمار کے لئے چھاپا جاتا ہے۔ مِلْزَمَة: شکنجہ۔ اِلزام: دباؤ، جبر، مجبوری، زبردستی۔ الزامی: لازمی، ضروری، جبری، مطلوب۔ اِلتزام جمع التزامات: ضرورت، فرض، فریضہ، احساس ذمہ داری، احساس فرض، ذمہ داری، وعدہ، پابندی، ٹھیکہ، ٹھیکہ کا معاہدہ، ٹھیکہ پر دینا، رعایت، لائسنس، حق رائے دہی و شہریت: وہ حق جو کسی فرد یا جماعت کو دستور میں دیا گیا ہو، اجارہ۔ التزاماً ٹھیکہ کے ذریعے، کام کے مطابق۔ قام بالتزاماته: اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا۔ کاللازم: جیسا کہ اسے ہونا چاہئے، مناسب طور پر، خوش اسلوبی سے۔ لازِمَة: مقررہ وصف، جبلی خصوصیت، معینہ طرز کلام۔ مُلْزوم: مجبور، پابند، رہین منت، ذمہ دار، جواب دہ، مستوجب، جسے رقم ادا کرنا ہو۔ مَلْزُوم بالاداء: قابل محصول، ٹیکسوں کا مستوجب۔ مَلْزُومِيّة: فرض، ذمہ داری، پابندی۔ مُلازم: سیکنڈ لفٹیننٹ۔ ملازم اوّل: فسٹ لفٹیننٹ۔ ملازمٌ ثان: سیکنڈ لفٹیننٹ۔ مُلْتَزِم: پابند، معاہدہ شدہ، مراعات یافتہ، اجارہ دار، ٹھیکیدار۔ مُلْتَزَم جمع مُلْتَزَمات: ضرورت۔ مُسْتَلْزَمات: ضرورتیں، بنیادی شرطیں، اولین شرائط، مطلوبہ (اشیاء)، ضروری یا ناگزیر نتائج۔

لزن: لَزَنَ ـلَزَنًا و لَزِنَ ـلَزَنًا و تَلازَنَ القومُ: لوگوں کا بھیڑ کرنا، جمگھٹا کرنا۔ اللَزْن (مص): سختی۔ عیش لَزْنٌ: تنگ زندگی۔ ماءٌ لَزْنٌ: تنگ پانی جو مشقت کے بعد حاصل ہو۔ مکانٌ لَزْنٌ و لَزِنٌ و مَلْزُونٌ: بھیڑ والی جگہ۔ اللَزْنة واللزنة جمع لِزَن: سختی۔ لیلةٌ لَزُنَةٌ: بھوک، سردی یا خوف وغیرہ سے سخت رات۔ زمانٌ اَلْزَنٌ: سخت زمانہ۔

لزو: اللَازُوَرْد واللازَوَرْد: ایک قیمتی پتھر سرخی و سبزی مائل نیلگوں رنگ کا جو بطور زیور استعمال ہوتا ہے۔ العلازوردی: نیلگوں رنگ کا۔

لسّ: الَسَّ ـلَسًّا القصعةَ: پیالہ چاٹنا۔ ـت الدابّةُ الکلأَ: جانور کا گھاس کو زبان کے کنارے سے کھانا۔ ــ الطعامَ: کھانا کھانا۔ اَلَسَّ المکانُ: کسی جگہ کا شروع سبزہ اگانا۔ اللُساس: پودوں کی کونپلیں۔ ـ واللُساس (ن): کھردرا گھاس۔

۲۔ اللُسُس: ماہر اونٹ والے۔

لسب: لَسَبَ ـلَسْبًا تْهُ الحيّةُ: کو سانپ کا ڈسنا۔ ــه بالسوط: کو کوڑے سے مارنا۔ ــ بلسانه: کو سخت سست کہنا۔ لَسِبَ ـلَسَبًا به: سے چپکنا۔ ــ العسلَ: شہد چاٹنا۔ اَلْسَبَ الحيّةَ فلانًا: کو سانپ سے ڈسوانا۔ رجُلٌ لَسّابَةٌ للناس: لوگوں کو طعن و تشنیع کرنے والا آدمی۔ کہا جاتا ہے ما ترك لَسُوبًا او لَسُّوبا: اس نے کچھ نہیں چھوڑا۔

○ لَسْتِك و لَسْتِيك: ربڑ، مٹانے والی ربڑ۔

لسد: لَسَدَ ـلَسْدًا و لَسِدَ ـلَسَدًا الاناءَ: برتن چاٹنا۔ ــ العسلَ: شہد چاٹنا۔ ــ اُمَّهُ: ماں کا تمام دودھ پی جانا۔ فصيل مِلْسَدٌ: اونٹنی یا گائے کا بچہ جو اپنی ماں کا تمام دودھ پی جاتا ہو۔

لسع: الَسَعَ ـلَسْعًا هُ: کو ڈسنا بعض کے نزدیک ڈنک سے ڈسنے کو لسع اور منہ سے ڈسنے کو لَدْغ کہتے ہیں۔ چنانچہ بچھو ڈنک سے ڈستا ہے اور سانپ منہ سے۔ ــهُ بلسانه: کو زبان یا بات سے تکلیف پہنچانا۔ اَلْسَعَ فلانًا عقربًا: کو بچھو سے ڈسوانا۔ ــ بين القوم: قوم میں اختلاف ڈلوانا۔ اللُسَعَة و اللَسّاع: باتوں سے دکھ پہنچانے والا۔ اللَسِيع جمع لَسْعَى و لُسَعاء: ڈسا ہوا۔

۲۔ لَسَعَ ـلَسْعًا في الارض: زمین میں سفر کرنا۔

۳۔ لُسِعَ الرجُلُ: خانہ نشین ہونا۔ المُلَسَّعَة: خانہ نشین۔ المُلَسِّعَة: مقیم گروہ۔

۴۔ اللُسُوع: بہت سے شگاف۔ المِلْسَع: ماہر رہبر۔

○ لَسَعَ ـلَسْعًا ہ: کو ڈنک مارنا۔ ــ ہ: کو جلانا۔ ــ ہ: کو باتوں سے ٹھیس پہنچانا۔ لَسْعَة: ڈنک۔ طنز بھرے لفظ۔ لاسِع: ڈنک مارنے والا، جلانے والا، طنز بھرا، درشت خو، تنگ مزاج، تیز، چبھتا ہوا۔

لسق: لَسِقَ ـلُسُوقًا و اَلْسَق و اَلْتَسَق: چمٹنا، چپکنا۔ کہا جاتا ہے هو لِسْقِي و لَسِيقي: وہ میرا قریبی دوست ہے۔ اللُسُوق (طب): ایک دوا لزوق جیسی (دیکھو اللزوق) الملَسَّق: مُتَبَنّٰی، منہ بولا بیٹا۔

لسم: لَسَمَ ـلَسْمًا: چکھنا۔ کہا جاتا ہے ما لَسَمَ لَسَامًا: اس نے کوئی چیز نہیں چکھی۔ لَسِمَ ـلَسَمًا: حیا کی وجہ سے چپ رہنا، بول نہ سکنا۔ ــ ہُ: کے ساتھ ہونا۔ اَلْسَمَهُ الطريقَ: کو راستہ پر رکھنا۔ ــ ہُ کلاماً: کو کلام سکھانا، کو کلام کی تلقین کرنا۔ ــ و استَلْسَمَ الشيءَ: چیز طلب کرنا، ڈھونڈنا۔

لوك: لاَكَ يَلُوكُ لَوكًا اللقمةَ: نوالہ کو ہلکے سے چبانا اور منہ میں پھیرنا۔ الفرسُ اللجامَ: گھوڑے کا لگام چبانا اور کاٹنا۔کہا جاتا ہے هو يَلُوكُ اعراضَ الناس. وہ لوگوں کی عزتوں پر نکتہ چینی کرتا ہے۔کہا جاتا ہے أَلُكْنِى إلى فلان. اس کو میرے بارے میں بتاؤ اور میرا پیغام اس کے پاس لیجاؤ۔(اصل میں أَلْئِكْنى ہے۔دیکھو لاك)۔اللَوَاك: چبایا جانے والا نوالہ، لقمہ۔کہا جاتا ہے ماذَاقَ لَوَاكًا: اس نے لقمہ بھی نہیں چکھا۔

لاَكَ ۔لَوكًا ه: کو چبانا، کے متعلق متواتر باتیں کرنا ۔۔۔ سُمْعَتَهٗ: کی شہرت خراب کرنا، کو بدنام کرنا۔لاَكَ الكلامَ: بات کرتے ہوئے رکنا، ہکلانا، اظہار مافی الضمیر مکمل طور پر نہ کرنا۔السؤالُ الذی تلوكُهٗ الالسنة: وہ سوال جو ہر شخص کے لب پر ہے۔ماتَلُوكُهٗ الالسنُ: وہ بات جو لوگ کرتے ہیں، عام افواہ ہے، لوكاندہ اولوكَنْدَہ جمع لوكندات: سرائے، ہوٹل۔

لول: اللَوْلاء: سختی، تکلیف۔کہا جاتا ہے وقع فی اللولاء: وہ سختی اور تکلیف میں پڑ گیا۔

۲۔لولا: یہ دو جملوں پر داخت ہوتا ہے، پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے دوسرے کے انتفاء پر دلالت کرتا ہے: اگر نہ۔جیسے لولا زيدٌ لاكرمتك: اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیری عزت کرتا۔اس کے بعد شروع میں آنے کی وجہ سے اسم مرفوع ہوتا ہے۔اگر اس کے بعد ضمیر ہو تو وہ مرفوع ہونی چاہئے۔جیسے لولا انتم لكنا مؤمنين: (اگر تم نہ ہوتے تو ہم مومن ہوتے) لولای، لولاك اور لولاہ: بہت کم مسموع ہے۔تحضیض اور عرض کیلئے آئے تو مضارع سے مخصوص ہوتا ہے یا جو لفظ اس کی تاویل میں آئے اس سے۔جیسے لولا تستغفرون الله (تم اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے (بمعنی تحضیض) اور لولا اخرتنی إلى اجل قريب: (تو نے مجھے تھوڑی مدت تک کیوں مہلت نہ دی) یہ بمعنی عرض ہے۔توبیخ و تندیم کے لئے آئے تو ماضی سے مخصوص ہوتا ہے۔جیسے لولا جاؤوا عليه باربعة شهداء: (وہ اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے)۔لولا کی اصل لو اور لا کا مرکب ہے۔اس کا جواب ضروری ہے۔اس کے جواب میں اکثر لام آتا ہے۔مگر لَمْ سے منفی ہو تو لام نہیں آئے گا۔

۳۔اللولب: دیکھئے لوب

۴۔لَوْلَى لَوْلاءَةً: واپس مڑنا۔کہا جاتا ہے لَوْلَى مُدْبِرًا: وہ واپس مڑ گیا۔

لوم: لاَمَ يلُومُ لَوْمًا و مَلامًا و مُلاَمَةً هٗ فی كذا و علی كذا: کو کسی بات میں یا کسی بات پر ملامت کرنا، پر نکتہ چینی کرنا، اعتراض کرنا۔فاعلی صفت لائم مفعولی صفت مَلِيم و مَلُوْم۔لَوَّمَ تَلْوِيمًا هٗ: کو ملامت کرنا، تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔لاَوَمَ مُلاوَمَةً و لِوامًا هٗ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ألاَمَ إلامَةً هٗ: کو ملامت کرنا۔صفت فاعلی مُلِيم صفت مفعولی: مُلام اور اسم المَلاَمَة جمع مَلاوِم: ملامت ۔۔۔ الرجُلُ: قابل ملامت کام کرنا۔تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا: اپنے آپ کو ملامت کرنا۔تَلاوَمُوا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔إلْتَامَ التيامًا: ملامت قبول کرنا۔إسْتَلامَ استلامَةً: ملامت کا مستحق ہونا ۔۔۔ اليهم: ایسا کام کرنا جس پر لوگ اسے ملامت کریں۔اللائِم ج لُوَّم و لُوَّام و لُيَّم فا: ملامت کرنے والا۔اللاَئِمَة جمع لَوَائِم: لائم کا مؤنث: ملامت کرنے والی، ملامت۔کہا جاتا ہے استحق اللائمة: وہ ملامت کا مستحق ہوا جاء بلامَة: اس نے قابل ملامت کام کیا۔اللَوْم (مص): ملامت۔اللُوَم: بہت ملامت۔اللَوْمَى و اللَوْمَاء: ملامت۔اللَوْمَة: لام کا اسم مرۃ۔کہا جاتا ہے جاء بلومة: اس نے قابل ملامت کام کیا۔الملُومة: ملامت کیا ہوا۔جسے لوگ ملامت کریں، امکان، توقع، تاخیر۔کہا جاتا ہے لی فیہ لومة: مجھے توقع ہے۔اللُوْمَة: بہت ملامت کرنے والا۔اللَوَّام: بہت ملامت کرنے والا۔اللَوَّامَة: بہت ملامت کرنے والا۔النفس اللَوَّامَة: غلط کاری پر ملامت کرنے والا نفس۔کہا جاتا ہے انت الوم من فلان: تو فلاں سے زیادہ اس بات کا حق دار ہے کہ تجھے ملامت کی جائے۔المُتَلَوِّم (فا): برے کام کی وجہ سے قابل ملا

۲۔لِيمَ به: کاٹا جانا۔إسْتَلامَ إسْتِلامَةً إلى ضيفِهٖ: مہمان سے اچھا سلوک نہ کرنا۔

۳۔لَوَّمَ تَلْوِيمًا لامًا: حرف لام لکھنا۔اللاَم جمع لامات: حرف تہجی جس کا ذکر شروع میں کیا جا چکا ہے۔اللاَمِيّ: لام سے منسوب۔لاَمِيَةُ العجم: طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔لامِيةُ العرب: شنفری کا قصیدہ لامیہ۔

۴۔تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا: بیماری کی جگہ (معلوم کرنے کے لئے اس) کا کھوج لگانا ۔۔۔ فی الامر: میں دیر کرنا۔المُتَلَوِّم: حاجت پوری کرنے کا منتظر۔

۵۔اللاَمَ جمع لامات: خوف، وجود، نزدیکی، سخت چیز۔اللاَمَة: خوف۔اللاَمِيون (ن): ایک قسم کا پودا جس کے پتے موٹے اور پھول سفید اور گلابی رنگ کے ہوتے ہیں۔متروکہ مقامات پر بکثرت پایا جاتا ہے۔پھولوں کے لئے کاشت کیا جاتا ہے۔اس کی اہم قسم اللاميون الابيض ہے۔اللامی (ز): درخت کی سفید رنگ کی گوند جو چبائی جاتی ہے۔اللَوْم: خوف۔اللُّوْم: ہمزہ والے اللُّؤْم کا مُخَفَّف۔

○ لُومَان: اصلاحی قید خانہ، قید با مشقت (penal servitude)۔لُومَانجی: مجرم، اصلاحی قید خانہ میں داخل یا مقیم (immate of a penitentiary)

لون: لَوَّنَ تَلْوِيناً الشیءَ: کو رنگین کرنا۔البسرُ: کھجور میں پکنے کا اثر ظاہر ہونا۔کہا جاتا ہے: لَوَّنَ الشيبُ فيه: بڑھاپے کا بالوں میں ظاہر ہونا۔تَلَوَّنَ الشیءُ: رنگدار ہونا، مختلف رنگ کا ہونا۔الرجُلُ: متلون مزاج ہونا۔إلْوَنَّ الونانًا: بمعنی تلَوَّن۔اللَوْن جمع أَلْوَان: وہ چیز جو ایک چیز کو دوسری چیز سے ممتاز کر دے، رنگ، قسم۔کہا جاتا ہے عنده لونٌ من الثياب: اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔تَنَاوَلَ كذا و كذا لونا من الطعام: اس نے ایسی ایسی قسم کا کھانا کھایا۔لَغَى بالوان من الحديث: اس نے کئی قسم کی باتیں کیں۔التَلْوِين: طرح طرح کے کھانے پیش کرنا، اسلوب کلام کا بدلنا۔المُتَلَوِّن (فا): مُتَلَوِّن مزاج والا۔

○ لَوَّنَ ه: کو بوقلمون بنانا، میں مختلف رنگوں کے ٹکڑے لگانا، پچیکاری کرنا، کو رنگدار بنانا، رنگین بنانا، کو رنگنا، پر رنگ کرنا، کو ہلکا سا رنگ دینا، میں ہلکی سی جھلک پیدا کرنا، پر روغن کرنا، پر استرکاری کرنا (چہرے وغیرہ کا) بناؤ سنگار کرنا، (پر) سرخی لگانا۔تَلَوَّنَ: رنگدار یا رنگین ہونا، ہلکا سا رنگ دار ہونا، رنگ فق ہونا، ایک رنگ آنا

ایک رنگ جانا، رنگ بدل جانا یا خراب ہو جانا، بوقلموں ہونا، متلون ہونا، ناپائدار ہونا۔..... لَون: رنگ، رنگ آمیزی، کسی (رنگ کا) ہلکا سا روپ، ہلکا سا رنگ، جھلک، شائبہ، رنگ کی کمی بیشی (shade)، قسم، صنف، جنس، نمونہ، مثال، وضع ڈھنگ، صورت، خاص قسم کا کھانا (dish) روش۔ جمع الوان: کی تمام اقسام (جب مضاف ہو) جیسے: الوانُ الاطعمة: ہر طرح کے کھانے۔ مختلفُ الالوان: بوقلموں، متعدد رنگوں کا، گوناگوں، مختلف رنگوں کا، طرح طرح کا، کئی۔ جَلّٰی اَلْوانَهٗ: کے مختلف پہلو واضح کرنا، کو نمایاں کرنا۔ لَونی: رنگدار، رنگین، رنگ کا، رنگ سے متعلق، رنگوں سے متعلق۔ تلوین: رنگ دینا، رنگ کرنا دیکھئے لَوَّنَ۔ مُلَوَّن: رنگدار، رنگین، کئی رنگ کا، بوقلمون، منظر بدل آلے سے متعلق (kaleidoscopic)۔ مُتَلَوِّن: رنگ دار، رنگین، کئی رنگا، متعدد رنگوں کا، ہلکے رنگ والا، بوقلموں رنگینی والا، ضوبار، جھل مل کرنے والا، غیر مستقل، متلون مزاج، گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ، غیر وضع دار، بے اصول، متزلزل، موجی، ترنگی، وہمی، خبطی، لہری۔

لوہ: لاهَ یَلُوهُ لَوهًا و لَوَهَانًا و تَلَوَّه السرابُ: سراب کا چمکنا، جھلک دکھانا۔ لوهُ السراب و لَوهتُه لُؤُوهتُه: سراب کی چمک۔ اللَاهَة (ح): سانپ۔

○ لَوِنجی و لاوِنجی: خدمت گزار، غسل کے لئے خدمت گزار۔ لَونجیَة: گھر کی منتظمہ، خدمت گزار عورت، نوکرانی۔ لَوَندَا: لیونڈر lavender ماءُ اللَوَندَا: عطر لیونڈر، (لیونڈر ایک قسم کی خوشبو)۔

لوی: لَوَی یَلْوِی لَیًّا و لِیًّا و لَیَّانًا و لِیَّانًا ہ دَینَهٗ و بِدَینِهٖ: (ع اور لام کلمہ و کے ساتھ): سے قرض میں ٹال مٹول کرنا۔ ـــ فلانًا بحقه: کے حق سے انکار کرنا۔ لَوِیَ یَلْوَی لَوًی النبتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ القِدحُ او الرملُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا۔ ـــ ت المعدةُ او الظهرُ: معدہ کا درد والا ہونا، کمر کا جھکنا، صفت مذکر: لَوٍ صفت مؤنث: لَوِیَة۔ ـــ ت اللحیّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔ لاوَی مُلاواةً و لِوَاءً ت الحیّةُ الحیّةَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔ اَلْوَی اِلْوَاءً بحق فلان: کے حق کا انکار کرنا۔ ـــ بکلامه: کلام میں تبدیلی کرنا ـــ بیده او بثوبه: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا۔ ـــ به: کو لیجانا۔ ـــ بما فی الاناء: برتن کی چیز کو اپنے لئے خاص کرنا۔ ـــ بهم الدهرُ: زمانہ کا لوگوں کو ہلاک کرنا۔ ـــ البقلُ: سبزی کا مرجھانا۔ ـــ النبتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ ـــ القومُ: لوگوں کا قطعہ ریت کے موڑ پر پہنچنا۔ ـــ الرجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا، دوسرے کے لئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا کھا لینا، امیر لشکر کا جھنڈا لینا۔ ـــ الامیرُ لَهٗ لواءً: امیر لشکر کا کسی کے لئے جھنڈا نصب کرنا۔ ـــ فلانٌ اللواءَ: جھنڈا اونچا کرنا اور نصب کرنا۔ تَلَوَّی تَلَوِّیًا الشیءُ: مڑنا۔ ـــ البرقُ فی السحاب: بجلی کا بادل میں چمکنا۔ ـــ تَلاوَیا: ایک دوسرے پر لپٹنا (جیسے سانپ وغیرہ کا دوسرے پر لپٹنا)۔ تَلاوَوا تَلاوِیًا علی فلان: کے پاس جمع ہونا۔ اِلْتَوَی اِلْتِواءً القِدحُ او الرملُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا۔ ـ الشیءُ: مڑنا۔ لَوِیَّةً: دوسرے کے لئے کھانا چھپا کر رکھنا ـــ علیه الامرُ: پر دشوار ہونا۔ اِستَلْوَی بهم الدهرُ: زمانہ کا لوگوں کو ہلاک و ویران کرنا۔ اللاوی جمع لاوون و لُوَاة فا۔ اللَاوِیاء (ن): ایک پودا۔ اللِواء جمع اَلوِیَة و اَلوِیَات: جھنڈا (رایۃ سے چھوٹا) (اع): میجر جنرل۔ ـــ (فی التقسیم الاداری): ضلع، صوبہ، بریگیڈیر جنرل۔ کہا جاتا ہے: بعثوا بالسواء و اللِواء: انہوں نے مدد طلب کی۔ اللَوَاء (ح): ایک قسم کا پرندہ۔ اللَوَّة: بدشکلی۔ اللُوَی: باطل باتیں۔ اللَوَی (مص): کمر کی خمیدگی، معدے کا درد۔ اللِوَی جمع اَلْوَاء و اَلْوِیَة: ریت کا موڑ یا ریت کا تنگ حصہ۔ اللَوِیّ: خشک یا مرجھائی ہوئی سبزی یا گھاس، خشک یا تر کے درمیان حالت کی گھاس۔ اللُوَیّ (ن): ایک درخت کہا جاتا ہے کہ رسیوں کی طرح اگتا ہے اور درختوں سے لپٹ جاتا ہے۔ اللَوِیَّة جمع لَوَایا: دوسرے کے لئے چھپایا ہوا کھانا۔ اللِیَّة: قرابتیں۔ الأَلْوَی: ٹیڑھا سینگ پیدائشی مڑی ہوئی دم، جمع لُیّ۔ ـــ من الطریق: غیر معروف دور کا راستہ۔ کہا جاتا ہے: رَمَاهُ اللّٰهُ بِاَحوَی اَلْوَی: اللہ تعالیٰ اُسے بڑے سے بڑے مصائب میں مبتلا کرے۔ ـــ م لَیّاء: سخت جھگڑالو، جنگجو، تکلیف دہ، اکیلا، عزلت نشیں۔ اللَیّاء: الأَلْوَی کا مونث: زمین جو پانی سے دور ہو۔ الأَلْوَاء: وادی کے پہلو، ملک کے علاقے، اطراف۔

۲۔ اَلْوَی اِلْوَاءً فلانٌ: بہت تمنا کرنا۔

۳۔ اللاوون و اللاؤو: الذین کی جمع۔ اللات: ایک بت کا نام۔ اللاوِیاء: داغنے کا لوہا۔ اللَاوِیّ جمع لاوِیُّون: لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام کی طرف منسوب۔ سِفرُ اللَاوِیِّین: موسیٰ علیہ السلام کی پانچ کتابوں میں سے ایک کتاب۔ اللَوَّة و اللِیَّة: دھونی دینے کی عود۔ اللَوَی: بمعنی اللاتی جوالتی کی جمع ہے۔ اللَوِیّ: لَو سے منسوب۔

○ لَوَی ـ لَیًّا لُوِیًّا ہ: کو موڑنا، جھکانا، خم کرنا، بل دینا، مروڑنا، توڑنا، مروڑنا، لپیٹنا، کا حلیہ بگاڑنا، کو مسخ کرنا، کی غلط تاویل کرنا، (سر) موڑنا، (منہ) پھیرنا۔ ـــ علی: کی طرف رخ کرنا، کی طرف توجہ کرنا، کا سامنا کرنا، کو یاد کرنا، کے متعلق فکر مند ہونا، کی طرف توجہ کرنا۔ لَوَی فیه اللسانَ: کی غیبت کرنا، کی برائی کرنا۔ لایلوی علی شیء: کسی چیز کی پرواہ نہ کرنا، ازحد غیر محتاط ہونا۔ لَیًّا و لَیَّانًا ہ عن: کو سے چھپانا، کو سے صیغہ راز میں رکھنا۔ لَوِیَ ـ لَوًی: ٹیڑھا ہونا، جھکا ہوا ہونا، خمیدہ ہونا، لوٹ پوٹ ہونا، بل کھانا، چکر کھانا، بیل کا چڑھنا، کنڈلی مارنا، (سانپ وغیرہ کا)۔ لَوَّی ہ: کو موڑنا، جھکانا، خم کرنا، بل دینا، مروڑنا، توڑنا، مروڑنا، پیچیدہ کرنا، الجھانا، میں الجھاؤ پیدا کرنا۔ اَلْوَی ہ/ب: کو موڑنا، بل دینا، جھکانا۔ ـــ ہ عن: کو سے ہٹانا، پھیرنا، موڑنا ـــ بیده: ہاتھ ہلا کر اشارہ کرنا۔ ـ ہ: (جھنڈ) اونچا کرنا، اٹھانا۔ ـ ب: کو لیجانا ہٹانا، دور کرنا۔ اَلْوَی عنان الشیء عن: کو سے ہٹانا، پھیرنا، موڑنا، سے روکنا، باز رکھنا۔ ـــ: قابو میں رکھنا۔ تَلَوَّی: بٹا ہوا ہونا، بل دیا ہوا ہونا، مروڑا ہوا ہونا، چکر دار ہونا، پیچ در پیچ ہونا، پیچیدہ ہونا، پیچدار ہونا، جھکا ہوا ہونا، ٹیڑھا ہونا، موڑ والا ہونا، مڑنا، بل کھانا، بل کھاتے ہوئے جانا، کنڈل مارنا، بل کھاتے ہوئے چلنا، لوٹ پوٹ ہونا، پیچ و تاب کھانا، ہوشمندی اور چالاکی کا مظاہرہ کرنا۔ اِلْتَوَی: جھکا ہوا ہونا، مڑا ہوا ہونا، بل دیا ہوا ہونا، بٹا ہوا ہونا، بل دیا ہوا ہونا، مروڑا ہوا ہونا، بل کھاتے ہوئے جانا، میں پیچ و خم ہونا، لپٹنا، چھپا ہوا ہونا، مروڑا جانا، بل دیا جانا، اینٹھنا، بدشکل ہونا، ہٹ جانا، نکل جانا ـــ عن: کو چھوڑ دینا ـــ علی: کے لئے مشکل ہونا یا ہو جانا، الجھا ہوا ہونا یا ہو جانا، پیچیدہ ہونا یا ہو جانا۔ لَیُّ الشیشة: حقہ کی لچکدار نلکی۔ لایعرف الحیَّ من اللیّ: اسے سانپ اور پانی دینے والی باغ کی نرم نالی میں تمیز نہیں، اسے بارش سے نکل کر اندر آنے کا بھی ہوش نہیں۔ لَوًی جمع اَلْوَاء: (پیٹ کا) مروڑ، قولنج، درد شکم، تکلیف درد، سختی۔ قاسی الالواء و اللأواء: ہزاروں موتیں مرنا۔ لَوًی جمع اَلْوَاء و اَلْوِیَة: خمیدگی۔ لِواء جمع اَلْوِیَة و اَلْوِیَات: جھنڈا، علم، پرچم، بریگیڈ (فوج کا) (brigade)، میجر جنرل، ریئر ایڈمرل rear admiral، صوبہ، ضلع (عراق میں ملک کے ۱۴ الواء ہیں)۔ امیرُ اللواء: بریگیڈیر جنرل۔ لواء جوی: ہوائی فوج کا بریگیڈ۔

عَقَدَ لواءَ شیء: کسی چیز کی بنیاد رکھنا، کسی چیز کو شروع کرنا، کسی چیز کو وجود میں لانا، کسی چیز کی تخلیق کرنا، کو بنانا، کا باعث ہونا، کو ابھارنا، کا باعث بننا۔ البارجة المعقود لواء ها للامیرال: امیر البحر کا (پرچمی) جہاز۔ عُقِدَلَه لواءُ المجد ز النصر) اسے شہرت (فتح) کا لارل انعام میں دیا گیا۔ غیرُ لاوٍ علی: وہ بے لاپرواہ ہے۔ مُلْتَوًی جمع مُلْتَوَیات: (سڑک کا) موڑ، پیچ بل، گولائی، خم۔

لوی: لَوَی (ع کلمہ واو اور کلمہ لام ی سے) یَلْوِی لَیًّا و لَوِیًّا و لُوِیًّا الحبلَ: رسی بٹنا، موڑنا — الغلامُ: لڑکے کا بیس سال کا ہونا — عن الامر: میں سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے لَوَتِ اللیالی کفَّهُ علی العصا: راتوں نے اسے بوڑھا کر دیا — لَیًّا و لَیَّانًا امرَهُ عنی: اس نے اپنی بات مجھ سے پوشیدہ رکھی — سِرَّهُ: راز چھپانا، بھید کو صیغہ راز میں رکھنا — الحزنُ قلبَهُ: غم کا دل کو پھیر دینا — علیه: کی طرف جھکنا اور اس کا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے مرَّ لایلوی علی احد: وہ بغیر رکے اور انتظار کئے گزر گیا — راسَهُ او براسه: سر کو پھیر لینا، اعراض کرنا — ت الناقةُ بذنبها: اونٹنی کا اپنی دم کو ہلانا — فلانا علی فلان: ایک کو دوسرے پر فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے فلانٌ لا یلوی ظهرَه: کسی کی سختی کا اظہار کرنا ہو تو کہتے وہ اپنی پیٹھ نہیں موڑتا۔ لَوَّی تَلْوِیَةً علیه الامرَ: پر کام مشکل کر دینا۔ کہا جاتا ہے لَوَّی اعناق الرجال: وہ غالب آ گیا۔ اَلْوَی اِلْوَاءً برأسه: سر کو جھکانا — ت الناقة بذنبها: اونٹنی کا اپنی دم کو ہلانا۔ تَلَوَّی تَلَوِّیًا الحبلُ: رسی کا بٹنا — ت الحیَّة: سانپ کا کنڈلی مارنا۔ اِلْتَوَی اِلْتِوَاءً الحبلُ: رسی کا بٹنا — الامرُ: مشکل ہونا — عن الامر: میں سستی کرنا۔ اللَّیَّة جمع لِوًی: لَوَی کا اسم مرہ۔ مُلْتَوَی الوادی: وادی کا موڑ۔ المَلاوِی: پیچ دار راستے۔ کہا جاتا ہے یسلکو الملاوی: وہ پیچ دار راستوں پر چلے۔

لیا: اَلْیَأَ اِلْیَاءً ت الناقةَ: اونٹنی کا آہستہ چلنا۔

○ لِیَاء: شارک مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔

لیت: ۱۔ لَاتَ یَلِیتُ لَیْتًا عن کذا: کو سے ہٹانا، روکنا — زیدًا حقَّهُ: زید کے حق کو کم کرنا۔ اَلَاتَ اِلَاتَةً ہ عن کذا: کو سے ہٹانا، روکنا۔ کہا جاتا ہے ما الاتَهُ من عمله شیئا: اس نے اس کے کام میں سے کچھ کم نہیں کیا۔

۲۔ لات: دیکھیں لات۔ اللِّیت جمع لِیَات: گردن کا پہلو۔ تثنیہ لیتان ہے۔ لَیْتَ: عموماً ناممکن کی تمنا کا حرف ہے۔ جیسے لیت الشباب یعود: کاش جوانی لوٹ آئے، کسی قدر ممکن الحصول تمنا کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے لیتَ العلیلَ صحیح: کاش بیمار تندرست ہو جائے، یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ ماحرفیة سے مل کر اسماء کے ساتھ خاص ہونے سے بند نہیں ہوتا اس لئے لَیْتَمَا قام زید نہیں کہا جاتا۔ یائے متکلم سے متصل ہو تو کہا جاتا ہے لیتنی و لیتی لیکن موخر الذکر نادر ہے۔

○ لَیْتَ و یالَیْتَ: کاش۔ لیتنی مِتُّ لاجلك: کاش میں تمہارے لئے مرجاتا۔ لیته کان هنا: کاش وہ یہاں ہو۔ یا لیتَ کان یذهب: کاش وہ چلا جاتا۔ لیتَ شِعری: کاش میں جانتا۔ لیترجِیَه جمع لترجیات: عیسائیوں کی دعاؤں کی کتاب، عیسائیوں کی نماز (کی ترکیب) (liturgy)۔ لیتوانیا: لیتھوانیا (ملک کا نام)۔ لیتوانی: لیتھوانیا کا باشندہ Lithuanian

لیث: ۱۔ لَیَّثَ تَلْیِیثًا و لُیِّثَ و تَلَیَّثَ تَلَیُّثًا الرجلُ: شیر کی مانند ہونا۔ لَایَثَ مُلَایَثَةً ہُ: سے شیر جیسا معاملہ کرنا، میں شیر کی صفت پر فخر کرنا۔ اِسْتَلْیَثَ: شیر کی مانند ہونا۔ اللَّائِث (ح): شیر۔ اللَّیْث جمع لُیُوث و مَلْیَثَة (ح): شیر، طاقت اور شدت۔ اللَّیْثَة جمع لَیْثَات (ح): شیرنی (ح): مضبوط اونٹنی۔ الأَلْیَث م لَیْثَاء جمع لِیث: بہادر۔ کہا جاتا ہے ھو الیَثُ اصحابه: وہ اپنے ساتھیوں سے زیادہ مضبوط اور قوی ہے۔ المَلِیث: مضبوط قوی۔ المُلَیَّث: موٹا، چربی دار۔

۲۔ اللَّیْث جمع لُیُوث و مَلْیَثَة (ح): مکڑی کی ایک قسم، خوش بیان بلیغ۔

لیس: لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرجلُ: بہادر ہونا۔ تَلَیَّسَ الرجلُ: صاحب طاقت و قوت ہونا۔ الأَلْیَس م لَیْسَاء جمع لِیس: بہادر، نڈر، بے خوف، بیباک (ح)، شیر، اونٹ جو ہر قسم کا بوجھ اٹھا لے۔ کہا جاتا ہے قوم لِیسٌ و لُوسٌ: سخت قوم۔

۲۔ لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا عنه: سے غافل ہونا۔ تَلَایَسَ تَلَایُسًا عنه: سے چشم پوشی کرنا۔

۳۔ لَیْسَ: حال کی نفی اور قرینہ سے غیر حال کی نفی کرنے کا لفظ۔ جیسے لَیْسَ خلقُ اللهِ مِثلَه: اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس جیسی نہیں، یہ غیر منصرف فعل ہے اس کا وزن فَعِلَ لیکن عین کلمہ ساکن ہو گیا ہے، اسم کو رفع خبر کو نصب دیتا ہے جیسے کان اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ جیسے لَیْسَ زیدٌ قائما: زید کھڑا نہیں، اس کی خبر کو مقدم کرنا جائز نہیں۔ اس سے استثناء کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے جاء نی القوم لیس زیدًا: زید کے سوا سب لوگ میرے پاس آئے، اس کے اسم کے بعد الا بھی آتا ہے لیس الطیبُ الا المسك: خوشبو تو صرف مشک ہے۔ جملہ فعلیہ پر آنے کی مثال: لیس یقوم زیدٌ: زید کھڑا نہیں، مبتداء اور خبر پر آنے کی مثال لیس زیدٌ قادم: لیس کی خبر پر نفی پر زور دینے کے لئے ب آتی ہے جس سے اس کا لفظ مجرور ہو جاتا ہے، اگرچہ محلاً منصوب ہوتا ہے۔ جیسے لیس اللّٰه بظالم: اللہ تعالیٰ ظالم نہیں۔

۴۔ لَیَّسَ الشیءُ بالشیء: ایک چیز کا دوسری سے چمٹنا یا چپکنا (عوام کی زبان میں)۔ اللُّیِّیس: (جس کے ایک قطعہ کو لیّسینة کہا جاتا ہے) ناکارہ ریشم، ریشم کی ردی (عوام کی زبان میں)۔ الأَلْیَس م لَیْسَاء جمع لِیس: گھر پر ہی رہنے والا۔ کہا جاتا ہے ابلٌ لیس علی الحوض: تالاب سے جدا نہ ہونے والے اونٹ۔ المَلَایِس: سست رو۔

۵۔ تَلَایَسَ تَلَایُسًا الرجلُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔ الأَلْیَس م لَیْسَاء جمع لِیس: خوش خلق۔

○ لیس ب: نہیں ہے وہ (کوئی چیز یا شخص)۔ لیس الا: صرف، اور کچھ نہیں، اس کے سوا کچھ نہیں۔ لیس ...... سوی: صرف، محض، نرا، اور کچھ نہیں۔ لیس علی شیءٍ من الحقیقة: اس میں ذرہ بھر صداقت نہیں۔ لیس ... فقط ...... بل: یہی نہیں، بلکہ ...... بھی۔ لیس لنا شیء: ہمارے پاس کچھ نہیں۔ لیس له أن: اس کو کوئی حق نہیں کہ، اسے نہیں چاہئے کہ۔ لیس من: سے متعلق نہیں، سے متعلق نہ ہونا۔ اَلَیْسَ کذلك: کیا ایسا نہیں۔ لستُ بفاعل: میں یہ نہیں کر سکتا۔ لَیِسَ: بہادر ہونا، دلاور ہونا، باہمت ہونا، جرات مند ہونا، دلیر ہونا، شجاع ہونا۔ اَلْیَس: دلیر، شجاع، بہادر، باہمت، جرأت مند۔ لیسانس: سند یافتہ ہونے کی ڈگری۔

لیص: لَاصَ یَلِیصُ لَیْصًا: ایک طرف ہونا، یکسو ہونا، مائل ہونا، جھکنا — الشیءَ: کو نکالنے کے لئے ہلانا۔ اَلَاصَ اِلَاصَةً الشیءَ: کو نکالنے کے لئے ہلانا — فلانا عن کذا: کو سے پھسلانا، کے لئے ورغلانا۔

لیط: لَاطَ یَلِیطُ لَیْطًا: چمٹنا — الشیءُ بقلبه: محبوب ہونا، دل سے چپکنا ..... فلانًا بفلانٍ: کو سے لاحق کرنا۔ کہا جاتا ہے ما یلیط به النعیم: اسے آسائش راس نہیں۔ لَیَّطَ تَلْیِیطًا ہُ به: کو سے

جوڑنا۔ الاطَ إلاطَةً ہُ: کو چپکانا۔ اللِیاط: سیمنٹ، چونا، رنگ، سود۔ اللَیط (مص): رنگ۔ اللِیط: رنگ، عادت، کھال، ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے: اَتیتُہُ ولِیطُ الشمس لم یُقشر: میں اس کے پاس صبح صبح آیا جب ابھی سورج کی لالی ختم نہیں ہوئی تھی۔ اللِیطَة جمع لِیط و لِیاط و الیاط: نرکل کا چھلکا، کمان، نیزے کا ڈنڈا۔

۲۔ لاطَ یَلیطُ لیطا اللّٰہُ فلانا: اللہ کا کسی کو لعنت کرنا۔

لیع: لاعَ یَلیعُ لَیَعَانًا: تھکنا، اکتانا، بزدل ہونا، گھبرانا۔ لوعَةً ولَیعَةً الجوعُ فلانا: بھوک کا کسی کو سوزش میں مبتلا کرنا۔ الاعَ: تنگ دل ہونا، زچ ہونا۔ ریح لِیاع: سخت یا گرم ہوا۔ اللَیعَة: لاع کا اسم مرۃ۔ لَیعَةُ الجوعِ: بھوک کی شدت، بھوک کی جلن۔

لیغ: ۱۔ لاغَ یلیغ لَیغاً الشیءَ: کو پرے پھسلانا، ورغلانا۔ ۔ الشیءَ: کو لینے کیلئے پھسلانا۔ الألیَغ م لَیغاء جمع لِیغ: صاف بات نہ کرسکنے والا، اس سے ضرب المثل ہے۔ درّی بما عندك یالیغاء: یعنی دل کی بات کھل کر بتا۔ یہ ضرب المثل اس کے لئے بولی جاتی ہے جو دل کی بات چھپاتا ہو۔

۲۔ تَلیَغ تلیُغا: بے وقوف ہونا۔ اللَیَغ: کامل حماقت۔ اللِیَاغة: بے وقوف، احمق۔ کہا جاتا ہے: رَجُل لِیَاغة: بے وقوف مرد۔ الألیَغ م لَیغاء جمع لِیغ: بے وقوف۔

۳۔ کہا جاتا ہے: طعامٌ سَیِغٌ لَیِغٌ: خوشگوار خوش ذائقہ کھانا۔

لیف: ۱۔ لافَ یَلیفُ لَیفًا الطعامَ: کھانا کھانا۔

۲۔ لَیَّفَ تَلییفًا ت فسیلةُ النخل: کھجور کے پودے کا زیادہ اور موٹی چھال والا ہونا۔ ۔ فلانٌ اللیف: لیف کو بنانا۔ المُلیِّفُ فلانا: مالشئے کا کسی کے بدن کو کھجور کے ریشے سے ملنا، اسفنج سے ملنا۔ اللیف واحد لیفة: کھجور وغیرہ کی چھال، ریشہ۔ اللِیفانی: کھجور کی چھال کے مشابہ، اسفنجی، لمبی داڑھی والا۔ لحیة لِیفانیّة: گھنی داڑھی۔ المُلیِّف: حمام کا ملازم جو بدن ملنے پر مقرر ہوتا ہے۔

○ لَیَّفَ ہ: کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔ تَلَیَّفَ: ریشے بنانا، ریشہ دار ہونا۔ لِیف اسم جمع واحد لِیفة جمع الیاف: ریشے۔ لیف هندی: ناریل کے ریشے، ناریل کے ریشوں کی رسی۔ الیافُ الکتان: پٹ سن کے ریشے۔ لِیفة: ریشہ، کھجور کے ریشوں کا گچھا جو برش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ لِیفَة الاستحمام: نہانے کا اسفنج۔ لِیفی و لیفانی: ریشہ دار۔

لیق: ۱۔ لاقَ یَلیقُ لَیقًا و لَیقَةً الدواة: دوات میں صوف ڈالنا، روشنائی کو ٹھیک کرنا۔ ایسی دوات مَلیقَة۔ ۔ ت الدواة: روشنائی کا دوات کے صوف سے چمٹ جانا۔ ۔ لَیقًا و لِیَاقَةً و لَیَاقًا و لَیعقانًا بفلان: کے پاس پناہ لینا، سے چمٹنا۔ کہا جاتا ہے: مَالِقتُ بعدك بارضٍ: تمہارے بعد میں کہیں نہیں ٹکا۔ ھذا امرٌ لا یلیق بك ولا یَلیقُكَ: یہ کام تمہارے مناسب نہیں، تمہیں زیب نہیں دیتا۔ فلانٌ لا یلیق ببلد: فلاں شخص کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ ۔ به الثوبُ: کپڑے کا کسی کے موزوں و مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے: مایلیق ان تفعل کذا: تیرے لئے ایسا کرنا مناسب نہیں۔ لَیَّقَ الطعامَ: کھانے کو نرم کرنا۔ ۔ الثریدَ بالسمن: ثرید میں زیادہ گھی ڈالنا۔ الاقَ إلاقةً الدواةَ: دوات میں صوف ڈالنا، دوات کی روشنائی کو ٹھیک کرنا۔ ۔ فلانا بنفسه: فلاں کو اپنے ساتھ لگالینا۔ کہا جاتا ہے: ما الاقتنی البصرةُ: میں بصرہ میں نہیں ٹھہرا۔ فلانٌ لا یُلیقُهُ بلدٌ: کوئی شہر اُسے اپنے سے منسلک نہیں کرتا۔ فلانٌ ماتلیق یدُهُ شیئا: فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی۔ ھذا سیفٌ لا یلیق شیئا: یہ تلوار جس کو چھوتی ہے کاٹ ڈالتی ہے۔ اِلتَاقَ اِلتِیاقًا له: سے چمٹا رہنا، کے ساتھ ساتھ رہنا۔ ۔ فلانٌ بفلان: فلاں شخص کا فلاں شخص سے دوستی کرنا، کہا جاتا ہے: اِلتَاقَ قلبی بفلانٍ: میرا دل اس پر آگیا، مجھے اس سے محبت ہو گئی۔ اِستَلاقَ ہُ به: کو کے ساتھ جوڑ دینا۔ اللیق: ایک سیاہ چیز جو سرمہ میں ڈالتے ہیں۔ اللیقة جمع لِیَق: لاقَ کا اسم: دوات کا صوف، چکنی مٹی دیوار وغیرہ لیپنے کے لئے۔ اللَیَاق: مستقل مزاجی، چراگاہ۔ وجهٌ مُلتَاقٌ: خوبصورت پیارا چہرہ۔

۲۔ اِلتَاقَ اِلتِیاقًا الرجل: مستغنی ہونا۔

۳۔ اللِیَاق: آگ کا شعلہ۔ اللِیق: بادل کے متفرق ٹکڑے۔

۴۔ لَیقَنَ الشیءَ: پر لَیقُونه کی تہ چڑھانا۔ لیقونہ ایک روغن کا نام ہے۔

○ لاقَ ۔ لَیقًا ب: کے لئے موزوں ہونا، کو زیب دینا، سجنا، پھبنا، کے لئے مناسب ہونا، کے شایاں ہونا، کے لئے ٹھیک ہونا، کے لائق کے قابل ہونا، پر فٹ آنا، کے لئے فٹ ہونا۔ ۔ کپڑے کا سجنا، پھبنا، فٹ ہونا۔ لِیقة جمع لِیَق: صوف جو دوات میں ڈالا جاتا ہے، پوٹین، چکنی مٹی، گارا، چونا۔ لِیَاقة: موزونیت، مناسبت، سلیقہ، شائستگی، شعور، قابلیت، مہارت، صلاحیت، کمال، لیاقت، کارگزاری، کارکردگی، استعداد، اہلیت، استحقاق، خوبی، صحیح سلوک، بے داغ چال چلن، طور طریقہ، اچھے اطوار۔ مُخِل باللیاقة: نامناسب، نامعقول، ناشائستہ، ناموزوں، غیر شایان شان۔ ألیَق: زیادہ موزوں، زیادہ مناسب، زیادہ ٹھیک زیادہ برمحل، زیادہ فٹ (ب کے لئے)۔ لائق: موزوں، مناسب، ٹھیک برمحل، شایان شان، خوش، زیبا، مطابق موافق، فٹ، قابل، لائق، سزاوار، مستحق، قابل تعریف۔

لیل: لایَلَ مُلایَلَةً ہُ: کو ایک رات کے لئے اجرت پر لینا۔ کہا جاتا ہے: عامَلَهُ مُلایَلَةً: اس نے اس کے ساتھ رات کے لئے وہی معاملہ کیا جو اس نے دن کے لئے کیا تھا۔ الالَ إلالاً و الیَلَ إلیالاً القوم: لوگوں کا رات میں داخل ہونا۔ لیلٌ لائلٌ: لمبی اور سخت تاریک رات، مہینہ کی سب سے زیادہ تاریک رات۔ اللَیل: سورج کے غروب ہونے سے فجر کے طلوع تک کا وقت یا سورج نکلنے تک کا وقت۔ مذکر و مؤنث جمع لَیَالی۔ لیائل بھی کہا جاتا ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ اللیل واحد ہے جمع کے معنی میں۔ اور اس کا واحد لَیلَة ہے جیسے تمر کا واحد تمرہ ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ اللیل اللیلة کی مانند ہے جس طرح عشی اور عشیّة۔ اللیلة جمع لَیلات: بمعنی اللیل یا اس کا واحد جیسے اوپر بیان ہوا۔ اللَیلیُّ: رات کی طرف منسوب، رات کا سفر پسند کرنے والا۔ لُیَیلی الخمر: شراب کی سرگرانی یا نشہ کی ابتداء۔ ام لَیلَی: سیاہ رنگ کی شراب۔ لَیلَة لیلی: طویل سخت تاریک رات۔ لَیلَة لَیلاء: طویل سخت تاریک رات۔ لَیل ألیَل و مُلیَّلٌ: طویل سخت تاریک رات۔

○ لَیَالی: لَیلاً: رات کو۔ لَیلَ نَهَارَ: دن رات۔ لَیلَة جمع لَیلات و لَیَالٍ و لَیَائِل: رات (دن کے مقابلہ میں) شام۔ اللَیلَةَ: آج رات۔ بینَ لیلةٍ و ضحاها: ایک رات پہلے، رات کی رات۔ لیلةَ امسِ: گزشتہ رات، گزشتہ شام۔ لَیلَة الدُخلة: شب عروسی۔ لَیلة راقصة: شام کا ناچ، شام کا رقص۔ لیلة زاهِرة: شام کی دلفریب پارٹی۔ لیلة شادِیَة: صوتی موسیقی کی محفل۔ لیلة لیلاء: تاریک رات۔ فی لیلةٍ لیلاء: رات کی تاریکی میں، رات کے پردوں میں۔ لیلةُ القدر یا لیلة القضاء: وہ رات جس رات قرآن کا نزول ہوا، ۲۶ اور ۲۷ رمضان کی درمیانی رات۔ لیلة المعراج: ۲۷ رجب کی رات جب اللہ تعالیٰ کے پیغمبر نے سات آسمانوں کا سفر کیا۔

ليلة النصف من شعبان: ۱۴ اور ۱۵ شعبان کی درمیانی رات جب عام عقیدہ کے مطابق زندگی کا آسمانی درخت ہلایا جاتا ہے اور آئندہ سال مرنے والوں کے پتے گر جاتے ہیں۔ ليلة النقطة: ۱۷ جون کی رات جب آسمان سے ایک معجزہ نما قطرہ گرتا ہے اور دریائے نیل کے سالانہ چڑھاؤ کا سبب بنتا ہے۔ بنت ليل: اس کا ... ام ليلى: رات کا ... شراب، (ج) رات کا ... ليلى: ایک عورت کا نام۔ كل يبكي على ليلاه: ہر کوئی اپنی رات ... دیتا ہے جیسے چاہے کرتا ہے۔ ... کرتا ہے۔ كل يدعي وصلا بليلاه: ہر شخص دعویٰ کرتا ہے کہ وہ منتخب کیا گیا ہے۔ ... اپنے طریقے سے ... ہوتا ہے۔ ليلك: ایک چھوٹی جھاڑی جس کے خوشبودار پھول ... کی صورت میں لگتے ہیں۔

... تیلمودات ... کا ... قید خانہ۔

ليم: شکل و شباہت میں کسی سے مشابہ ہو جانا۔ هو ليمه: وہ اس کا ہم شکل اور جسم کی ساخت میں اس جیسا ہے۔ ليمون (ن): لیمو (درخت اور پھل)۔ ليمون حلو (ن): مالٹے سے مشابہ پھل کا درخت، جس کا رس مغربی ممالک میں بہت پسند کیا جاتا ہے۔ ليمون حامض (ن): کھٹا لیمو (کا درخت)۔ ليمون هندي (ن): ایک درخت جس کا پھل بڑے مالٹے کی طرح گول ہوتا ہے اور امریکا میں چینی ملا کر کھایا جاتا ہے۔

○ ليمون (اسم جمع واحد ليمونة) ج ليمونات: لیموں، لیموں کا درخت۔ شراب الليمون: لیمونیڈ، ترنجاب (lemonade)۔

لين: لان يلين لينا وليانا وليانة: نرم ہونا، ملائم، ہموار ہونا۔ صفت لين ولين۔ ۲۔ ألان إلانة الشيء: کو نرم کرنا، ملائم کرنا، ہموار کرنا۔ لاين ملاينة ولياناً ہ: سے نرمی کرنا، نرم برتاؤ کرنا، چاپلوسی کرنا، پھسلانا۔ لين تليينا الشيء: کو نرم و ملائم بنانا۔ کہا جاتا ہے: ألان فلان جناحه: اس نے لوگوں سے نرم برتاؤ کیا۔ ليّن الشيء: کو نرم کرنا۔ تلين الشيء: نرم ہونا۔ تلاين فلان: سے چاپلوسی کرنا۔ استلان الشيء: کو نرم جاننا، نرم پانا۔ لين (مص): زندگی کی آسودگی، ناز و نعمت کی زندگی۔ کہا جاتا ہے: هو في لين من العيش: وہ آسودگی و ناز و نعمت کی زندگی گزار رہا ہے۔ اللين ج لينون: نرم۔ رجل هين لين: سادہ اور نرم مرد۔ لين (مص) واحد لينة: عجوہ کے علاوہ ہر کھجور کا درخت۔ لينة: لين کا مؤنث، لان کا اسم مرۃ۔ جمع ليّنات۔ الليونة (مص): الان کا اسم، نرمی، ڈھیلاپن۔ الليانة: نرمی۔ اللين ج لينون و ألْيِناء: نرم۔ ۲۔ الألين ج لين: نرم، بہت نرم۔ الملينة: نرمی، مہربانی، عاجزی، نرم طبیعت۔ کہا جاتا ہے: إنه لذو ملينة: وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔ الملين من الأدوية: قبض کشا دوا۔

۳۔ الليْنوفر، اللينوفر (ن): کنول کا پھول۔

○ لايس: سخت، نا ملائم، نہ جھکنے والا۔ لاست قناته: اپنے آپ کو مطیع ظاہر کرنا، نرم ہونا، جھک جانا، دب جانا۔ لين القياد: تربیت پذیری، اصلاح پذیری۔ حروف لين (ا، و، ی)۔ لين العريكة: نیک دل، سلیم الطبع۔ لين القياد: اثر پذیر، قابو میں آنے والا، فرمان پذیر، مطیع، اطاعت شعار۔ ... وہ اسہال میں جلاب ہے۔ ليونة: نجت ... فرمانبرداری، اطاعت۔ مليّنات: قبض کشا دوا، ... دوائیں۔

ليه: لاه يليه ليها: چھپنا، چھپا ہوا ہونا، بلند ہونا، اونچا ہونا۔

ليو: الليوان: ایوان، محل، کشادہ فراخ مکان، جو ہر سمت جہات سے گھرا ہوا ہو (فارسی لفظ)۔

ليي: لياء: ایک قسم کا سفید ... اللياء: پانی سے دور واقع زمین۔

م

د۔ تلفظ میم۔ حروف تہجی کا ۲۴واں حرف۔ یہ حروف شفویہ میں سے ہے۔ اور حروف ابجد میں ۴۰ کے برابر ہے۔ جمع مذکر پر دلالت کرتا ہے جیسے ذلکم بما کنتم تستکبرون فی الارض۔ کبھی حرف قسم کے طور پر اللہ تعالیٰ کی جلالت سے مخصوص ہوتا ہے۔ جیسے: مالله لافعلنّ۔ کبھی حرف جر کے بعد استفہام کے اسم کے طور پر آتا ہے۔ جیسے بمَ و علامَ۔ اس کی اصل ما استفہامیہ ہے۔ اس پر فتحہ آتی ہے۔

○ ما: کیا؟۔ اِلی مَ: کدھر (کو)؟ کہاں؟ کس راستے؟ بمَ: کس کے ساتھ؟ جس سے کہ؟ لِمَ: کیوں؟ کس لئے؟ حتی ما: کتنی دور؟ کس مقام تک؟

ما ا۔ حرف نفی جیسے: ماھذا بشرا (یہ انسان نہیں)۔ ۲۔ حرف زائد: جیسے فبما رحمة من اللّٰه لِنتَ لھم۔ پس خدا کی رحمت سے تو ان کے لئے نرم ہوا (یعنی برحمة من اللہ کے معنی ہیں) ۳۔ حرف کافۃ عن العمل جیسے: کانما یساقون إلی الموت (گویا وہ موت کی طرف ہانکے جاتے ہیں)۔ ۴۔ حرف مصدر جیسے: وضاقت علیھم الارض بما رحبت (ای برحبھا) باوجود فراخ ہونے کے زمین ان پر تنگ ہوگئی۔ ۵۔ مصدریہ کے ساتھ وقت ملحوظ ہوتا ہے، اور مصدریہ ظرفیہ کہلاتا ہے، جیسے: واوصانی بالصلوٰة والزکاة مادمتُ حیًّا (اس نے مجھے زندہ رہنے تک نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا یا اس نے مجھے اس وقت تک نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم دیا جب تک میں زندہ رہوں۔ گویا عربی میں کہا گیا مدةَ دوامی حیاً (زندہ رہنے تک یا اس وقت تک جب تک میں زندہ رہوں) ۶۔ اسمیہ استفہامیہ اور اس سے غیر عاقل کے متعلق سوال کیا جاتا ہے جیسے: ما عندک (تیرے پاس کیا ہے۔ اور عاقل کی صفات کے بارے میں بھی اس کے ذریعے پوچھا جاتا ہے جیسے: ما زیدٌ (زید کیا ہے؟) تو مثلاً جواب میں کہا جائے گا: عاقلٌ او احمقُ: عقل مند ہے یا بے وقوف ہے۔ ۷۔ حرف سے مجرور ہو تو اس کا الف محذوف ہو جاتا ہے اور میم پر فتحہ رہ جاتی ہے۔ جیسے بِمَ و علامَ (کس سے، کس پر)۔ کبھی میم ساکن بھی ہو جاتی ہے۔ ۸۔ اسم موصول کے طور پر جیسے: ما عندکم ینفد وما عند اللّٰه باق (ای الذی عندکم) (جو کچھ تمہارے پاس ہے، ختم ہو جائے گا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے باقی رہے گا)۔ ۹۔ جزاء کے اسم کے طور پر: مایفعلْ افعلْ: جو کچھ وہ کرے گا میں کروں گا اس صورت میں یہ جملہ شرطیہ ہوتا ہے اور دونوں فعل مجزوم ہوتے ہیں۔ ۱۰۔ تعجب کے اسم کے طور پر جیسے: ما احسَنَ زیداً (زیاد کیا ہی خوبصورت ہے!) مصدر کی تاویل میں فعل کے ساتھ ما اسمیہ کے طور پر جیسے بَلَغَنی ما صنعت (ای صنیعک) (مجھے تیرا فعل پہنچ گیا۔ یعنی جو تو نے کیا مجھے پہنچ گیا۔ ۱۱۔ نکرہ موصوفہ کے طور پر جیسے: مررتُ بما معجبٍ لک (ای بشیءٍ معجبٍ لکَ) (میں ایسی چیز سے گزرا جو تجھے پسند ہے) ۱۲۔ ابہام کے لئے بطور اسم جیسے: اَعطِنی کتاباً ما: مجھے کوئی کتاب دے۔ جاء لامرٍ ما (ای لامرٍ من الامور) (وہ کسی کام سے آیا)۔ یہ ما ابہامیہ کہلاتا ہے لیکن اس قول میں جیسے غسلتُہٗ غسلاً نِعِمّا تو یہ غسلتُہٗ نِعمَ الغسل کے مفہوم میں ہے یعنی میں نے اس کو خوب دھویا۔

۲۔ الماھیة من الامر او الشیٔ: کسی چیز یا امر کی حقیقت، نوعیت یا جو کیا جائے اور ہر وہ چیز جو یہ پوچھنے والے کے جواب میں کہے کہ ماھو (وہ کیا ہے؟) خصوصیت، خاصیت، ماہیت، وصف، خصلت، خاصہ، جوہر، ست، روح، نوع، نوعیت، بناوٹ، ترکیب، ساخت، قسم۔

۳۔ الماء: دیکھیں موہ۔

○ ما: کیا۔ لِما: کیوں۔ کس لئے، کس وجہ سے؟ ماذا: کیا؟ لِماذا: کیوں؟ مالکَ: تمہیں کیا ہوا۔ یہ کیا ہے مالیَ ومالک (وغیرہ) کیوں، کس لئے، کس وجہ سے، میں کیوں، تم کیوں؟ ما انتَ و ذاک: اس کا تمہارے ساتھ کیا تعلق، تم اس کے بارے میں کیا جانتے ہو۔ ما اَجمَلَہٗ: وہ کتنا خوبصورت ہے؟ ما افضَلَ عمرَ: عمر کتنا اعلیٰ ہے: ۲۔ وہ جو، جو، جو کچھ بھی، جو بھی، وہ سب۔ کثیراً ما: اکثر، اکثر اوقات، بارہا، بسا اوقات۔ بما فیہ: جس میں کوئی چیز شامل یا داخل ہو، پر مشتمل۔ (کے) سمیت، مع، بشمول، ساتھ، ما کان من امضاء المعاھدة: یہ حقیقت کہ معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں، معاہدہ پر دستخط ہو کر۔ ۳۔ کچھ، کوئی، کوئی ایک، ایک خاص، بعض مخصوص، تھوڑا سا، لامرٍ ما: کسی بات کی وجہ سے، کس وجہ سے، یوماً ما: کسی دن، مستقبل میں کسی وقت۔ ۴۔ ما اِن: نہیں، نہ۔ ما اِن حتّیٰ: اِدھر (ایسا ہوا) اُدھر۔ بمشکل (ایسا ہوا) جب ...... وما ھِیَ اِلاّ اَنْ وما ھو الا ان: جلد ہی، تھوڑی دیر میں، لازمی طور پر، اسی وقت، اس وقت، تب، چنانچہ اس سبب سے وما ھی الا ان...... حتّی: جونہی، جونہی کہ، جیسے ہی، (وہ) ابھی بمشکل ...... کہ ...... ۵۔ مادمتُ: جب تک میں۔ مادمتُ حیًّا: جب تک میں زندہ رہوں یا رہا۔ مالَمْ: جب تک ...... نہ، جب تک نہ۔ ما واتتنی الفرصُ: جب بھی مجھے موقع ملا۔ مابین: پیش دالان۔ ڈیوڑھی، میر صاحب

کا دفتر (عثمانی ترکیہ میں)۔ ماتینیہ: سینما کا صبح کا شو، تیسرے پہر کا ناٹک۔ مَاجستیر: ماسٹر، سکول ماسٹر۔ مَاخُور جمع مَوَاخِیر: چکلہ۔ قحبہ خانہ۔

ماج: ا۔ مَوُجَ ۔ مُوُوجَةً: بے وقوف ہونا۔ الماج: بے وقوف، بے آرام، مضطرب، اضطراب۔

۲۔ مَؤُجَ ۔ مُؤُوجَةَ الماءُ: پانی کا کڑوا اور کھارا ہونا۔ المَاج: کڑوا اور کھارا پانی۔

ماد: مَأَدَ ۔ مَأْدًا: نرم و نازک ہونا۔ النباتُ او الشجرُ: نباتات کا لہلہانا، تر و تازہ ہونا اور اس میں پانی بہنا۔ درختوں کا لہلہانا، تر و تازہ ہونا اور ان میں پانی بہنا۔ اَمْأَدَ الريُّ النباتَ: آبپاشی کا نباتات کو تر و تازہ کرنا۔ اِمْتَأَدَ الخیرَ: بھلائی کمانا۔ المَاد و اليَمْؤُود: تر و تازہ نازک۔ کہا جاتا ہے: رجُلٌ غُصْنٌ مَأْدٌ و يَمْؤُودٌ: تر و تازہ اور نرم نازک مرد۔ جاريةٌ مَأْدَةٌ و يَمْؤُودٌ و يَمْؤُودَةٌ: تر و تازہ اور نرم نازک لڑکی۔ المَيِّد: نازک۔

مار: ا۔ مَأَرَ ۔ مَأْرًا بين القومِ: قوم میں فساد ڈلوانا، قوم کو فساد پر ابھارنا۔ مَئِرَ ۔ مَأَرًا على فلان: کیلئے دشمنی محسوس کرنا۔ مَاءَرَ مِئَارًا و مُمَاءَرَةً بين القوم: قوم میں فساد ڈلوانا، قوم کو فساد پر ابھارنا۔ اِمْتَأَرَ على فلان: کے لئے نفرت محسوس کرنا، سے نفرت کرنا۔ المَئِرُ: مفسد، فسادی ـــ من الامور: سخت مشکل کام۔ المِئر: مفسد۔ المِئْرَة جمع مِئَر: دشمنی، چغل خوری۔ امرٌ مَئِير: سخت کام۔

۲۔ مَأَرَ ۔ مَأْرًا السقاءَ: مشک کو وسیع کرنا۔ مَئِرَ ۔ مَأَرًا الجرحُ: زخم کا خراب ہونا، سوج جانا۔

۳۔ مَاءَرَ مِئَارًا و مُمَاءَرَةً: سے فخر میں مقابلہ کرنا ......ه في فعله: کسی کام میں برابری کرنا۔ تَمَاءَرَ و تَمَاءَرُوا: آپس میں فخر کرنا۔

☆مار: (عیسائیوں کے ولیوں کے ناموں سے پہلے لگایا جاتا ہے بمعنی روحانی نواب۔ ولی (عیسائیوں میں)

مَارِس: مارچ (مہینہ)۔ مَارِسْتَان: پاگل خانہ۔ مارش: چلتے وقت فوج کا گیت، کوچ کی دھن۔ مارشال: مارشل، فیلڈ مارشل۔ مارشال جوی: ایئر مارشل (air marshal) مارشالیة: مارشال کا عہدہ یا حیثیت۔ مَارُك جمع مار کات: مارک۔ (نظام زر کے متعلق یونٹ) مارکسی: کارل مارکس کا پیروکار۔ مارکسی۔ مارکسیة: مارکسزم۔ marxism مارکة جمع مارکات: مارک۔ نشان، نشانی، ٹوکن۔ مارکة تجارية: ٹریڈ مارک (trade mark) مارونی (جمع مَوَارِنَة (اسم و صفت) maronite

مازوت: مازوت mazut، بھاری تیل۔

ماس: مَأَسَ ۔ مَأْسًا عليه: پر غضبناک ہونا ـــ بين القوم: لوگوں میں فساد ڈلوانا ـــ الدبّاغُ الجلدَ: رنگریز کا چمڑے کو ملنا، مسلنا۔ ـــ و مَئِسَ ۔ مَأَسًا الجرحُ: زخم کا سوجنا، خراب ہونا، کشادہ ہونا۔ المَاس: وہ شخص جو کسی کی نصیحت پر توجہ نہ کرے اور قبول نہ کرے۔ المائِس و المَآس و المَؤُوس و المِمْأَس و المِمْآس: چغل خور۔ فساد انگیز۔ مفسد۔

☆مَاس و مَاسَة (الماس کیلئے): ہیرا۔ الماس۔ ماسی: ہیرے جیسا۔

ماسُورَة جمع مَوَاسِير: پائپ۔ ٹیوب۔ پانی دینے والی نرم نالی (hose)۔ پانی کا پائپ، نل۔ بڑی نالی (water main)، بندوق (وغیرہ) کی نالی، بڑی نالی کا پائپ۔ پائپ لائن (pipeline) خصوصاً تیل کی۔ مَاسُون، فری میسن freemason۔ مَاسُونی: فری میسنی۔ مَاسُونِية: فری میسن نظام (freemasonry) (فری میسن: ایک خفیہ انجمن (دراصل مسیحی) کا رکن)

ماش: مَأَشَ ۔ مَأْشًا عنه بكذا: کوے کے ذریعے ہٹانا...... المطرُ الارضَ: بارش کا زمین کو سیراب کرنا۔ مطرٌ مَئِيش: زمین کو سیراب کرنے والی بارش۔

☆ماشِك جمع مَوَاشِك: چمٹا، آگ کا چمٹا۔ (fire tongs - tongs)

ماق: مَئِقَ ۔ مَأَقًا الصبيُّ: بچہ کا سکی لینا۔ صفت مَئِق ـــ الرجُلُ: سخت غضبناکی سے رونے والا ہونا۔ اَمْأَقَ: سکی لینا۔ اِمْتَأَقَ: سکی لینا، سسکی لینا۔ ـــ غضبُهُ: سخت غضبناک ہونا۔ الیّ بالبُکاء: میرے پاس روتے ہوئے آنا۔ المَأَق: رونے کی شدت۔ شدت گریہ۔ جمع آمَاق و اَمْآق و مَوَاقٍ مَآق و المُؤْقِي و المَؤْقِي و المَأْقِي جمع مَآق: ناک کی طرف کا آنکھ کا کویا۔ گوشۂ چشم جہاں سے آنسو بہتے ہیں۔ المَئِق: جلد رو پڑنے والا۔ اس سے مثل ہے: انا تَئِقٌ و انت مَئِقٌ: تئق جلدی سے شرارت کرنے اور انتقام لینے والے کو اور مَئِق جلدی سے رونے لگنے والے کو کہتے ہیں۔ مثل دو مختلف مزاج والوں پر بولی جاتی ہے۔ دوسرا شخص رونے پر اکتفاء کرتا ہے اور جوابی کاروائی نہیں کرتا۔ المَأْقَة: شدت غضب، غصہ کی تیزی، حمیت، غرور، تکبر۔ المَأَقَة: گریہ۔ رونا، ہچکی۔ سکی۔ المُؤْق و المُؤُق جمع آماق و اَمْآق و مَوَاقٍ و مَآق۔ (ع:) ناک کی طرف کا آنکھ کا کویا ـــ جمع آماق من الارض: زمین کے نشیبی اطراف یا پوشیدہ اطراف۔ المَوَاقِئُ واحد مَاقِئٌ: ناک کی طرف آنکھوں کے کوئے۔

☆مَئِقَ ۔ مَأَقًا: سسکی بھرنا۔ سسکی لینا، ہچکی لینا۔ مَأْق جمع مَآقٍ: آنکھ کا اندرونی گوشہ۔ مَأْقَة: ہچکی۔ سسکی، ہچکی، ہچکی بھرنا، سسکی لینا۔ مُوق جمع آماق: آنکھ کا اندرونی گوشہ۔

☆مَاكِيَاج: میک اپ۔ بناؤ سنگار۔

مَاكِينَة جمع ماکینات و مَكَائِن: مشین (machine)

مال: مَالَ و مَيْلًا۔ و مُؤُلَ ۔ مُؤُولَةً و مَآلَةً: موٹا ہونا، ہٹا کٹا ہونا۔ صفت مَئِل و مَآل: کہا جاتا ہے: جَاءَهُ امرٌ ما مَأَلَ لهُ مَأْلًا: اس کو ایسا معاملہ پیش آیا جس کے لئے وہ تیار نہ تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔ المَآل: پناہ گاہ۔ جائے پناہ۔ المَأْلَة جمع مِئَال: باغ۔ چمن۔ المُتَمَئِّل: سیدھا دراز قامت مرد۔

۲۔ المَالَج جمع مَآلِج: کرنی۔ لپائی کو برابر کرنے کا آلہ۔ فارسی لفظ ہے۔ فصیح عربی میں اسے المِسْيَعة کہتے ہیں۔ عوام کہتے ہیں بمالش یا مالج (ہمزہ کے بغیر)۔

☆مالطة: مالٹا Malta ایک ملک کا نام۔ مَالطِی (صفت اور اسم) مالٹا کا، مالٹا کا باشندہ۔

مَالِنخُولِيَا یا مَالِيخُولِيَا: مالیخولیا۔ خفقان۔ وحشت۔ سودا (Melancholia)

مام: مَأْمَأَ مَأْمَأَةً الشاةُ او الظبيةُ: بکری یا ہرنی کا ممیانا۔ میں میں کرنا۔

مان: ا۔ مَأَنَ ۔ مَأْنًا القومَ: کو خوراک دینا۔ کہا جاتا ہے مَانَهُمْ يَمُونُهم (اجوف سے)..... الرجُلَ: سے چوکنا رہنا، بچنا۔ کہا جاتا ہے: اَتَانِي هذا الامرُ فما مَأَنْتُ لهُ او ما مَأَنْتُ مَأْنَهُ: یہ معاملہ مجھے پیش آیا تو میں نے اس کی کوئی پرواہ نہیں کی یا اس کا مجھے علم نہ ہوا یا میں اس کے لئے تیار نہ تھا اور میں نے اس کے لئے کوئی تیاری نہیں کی تھی۔ کہا جاتا ہے: اِمَأَنْ مَأْنَكَ و اشْأَنْ شَأْنَكَ: جو تجھے اچھا لگے وہ کر۔ انا اَمْأَنُهُ: میں اسے اچھی طرح کرتا ہوں۔ مَأَّنَ تَمْئِنَةً الشيءَ: کو تیار کرنا ـــ فلانًا: کو بتانا، اطلاع دینا۔ في الامر: پر غور کرنا، نظر کرنا۔ سوچنا۔ مَاءَنَ مُمَاءَنَةً في الامر: پر غور و تدبر کرنا۔ المَأَن: کدال۔ المُؤْنَة و المَؤُونَة جمع مُؤَن: خوراک، شدت، بوجھ۔ المَئِنَّة: نشان، علامت۔ المَمْأَنَة: مناسبت، موزونیت۔ اہلیت، قابلیت۔ کہا جاتا ہے: هو مَمْأَنَةٌ لكذا: وہ اس کا

اہل ہے۔ وہ اس کے لئے موزوں ہے۔

۲۔ مَأَنَ - مَأْناً الرجُلَ: کے ناف پر مارنا۔ المَأْنُ: کمر۔ پہلو۔ المَأْنَةُ جمع مَأْنَاتٌ و مُؤُونٌ۔ کمر۔ پہلو۔ ناف اور اس کے گرد کا حصہ۔

۳۔ تَمَاءَنَ تَمَاؤُناً الشیٔ: پرانا ہونا۔

☆مَأَنَ - مَأْنَاہ: کو خوراک مہیا کرنا، کھانے پینے کا سامان فراہم کرنا، ذخیرہ فراہم کرنا، کو سامان خورد و نوش فراہم کرنا۔ مَأْنَةٌ جمع مَأْنٌ و مُؤُونٌ: ناف۔ ناف۔ ناہالی علاقہ۔ مُؤْنَةٌ و مَؤُونَةٌ جمع مُؤَنٌ: سامان خورد و نوش خوراک، ذخیرہ، سٹاک (stock)۔ سپلائی۔ بوجھ۔ جھنجھٹ۔ دقت۔ تکلیف۔ زحمت۔ مشکل۔ محنت۔ کوشش۔ مُؤَنٌ حَرْبِیَةٌ: سامان حرب۔

ماو: مَأَ: یَمْؤُو مُؤَاءً السنورُ: بلی کا میاؤں کرنا۔۔۔ الجلدَ: چمڑے کو کھینچ کر چوڑا کرنا۔۔۔ بینھم: لوگوں میں فساد برپا کرنا۔ تَمَأَّى تَمَئِّیاً الجلدُ: چمڑے کا کھینچ کر چوڑا ہونا۔ الشرُّ بینھم: لوگوں میں فساد پھیلنا۔ المَأْوَةُ جمع مَأْوٌ: نشیبی زمین۔

مای: ۱۔ مَأَى یَمْأَى مَأْیاً الجلدَ: چمڑے کو کھینچنا ۔۔۔ الشجرُ: درختوں کا پتوں سے بھر جانا۔۔۔ بینھم: لوگوں میں فساد ڈالنا۔۔۔ فی الامر: میں مبالغہ کرنا۔ تَمَأَّى تَمَئِّیاً السقاءُ: مشک کا چوڑا اور پھیلنا۔۔۔۔ الشرُّ بینَ القومِ: لوگوں میں فساد کا پھیل جانا۔

۲۔ مَأَى یَمْأَى مَأْیاً القومَ: لوگوں اور اپنے آپ کو شامل کر کے سو وال کرنا۔ صفت مَمْئِیُّون: أَمْأَى إِمْآءً القومُ: لوگوں کا سو ہو جانا صفت مُمْئُون ۔۔۔ القومَ: قوم کا اپنے سمیت تعداد میں سو کرنا۔ المِائَةُ جمع مِئَات و مِئُون و مُئُون و مُؤُون و مِئِی (لکھنے میں الف کے ساتھ مگر لفظاً نہیں): سو۔ نسبت کے لئے مِئَوِی۔ کہا جاتا ہے شارطہ مُمَاءَاةً: اس نے اس کے ساتھ سو پر یا سو کی شرط لگائی جیسے کہا جاتا ہے شارطہ مُؤالفة: اس نے اس کے ساتھ ہزار ہزار کی شرط لگائی یا ہزار پر شرط لگائی۔

☆فی المئة: فی صد۔ فیصدی۔ مِئَوِی و مِئِینی: ۔ سوواں عیدٌ مِئَوِی: سوویں سالگرہ۔ صد سالہ سالگرہ۔ نِسْبَةٌ مِئَوِیَة یا نِسْبَةٌ مِئِینِیَة: فی صد۔ درجة مئویة: سنٹی گریڈ (Centigrade)۔

مایو: مئی (May)

مت: مَتَّ - مَتّاہُ: کو کھینچنا۔۔۔ الحبلَ: رسی کو بغیر چرخ کے کھینچنا۔۔۔ إلی فلان بقرابةٍ: سے تعلق پیدا کرنا، کا رشتہ دار ہونا کہا جاتا ہے بمت بیننا رَحِمٌ ماتة: ہمارے درمیان قریبی رشتہ داری ہے۔۔۔ ہُ: سے قرابت ڈھونڈنا۔ مَاتَّ فلاناً: کو رشتہ کے تعلقات یاد دلانا۔ الماتَّة جمع مَوَاتٌّ و المَتَات: وسیلہ، قرابت۔ رشتہ داری، حرمت۔

○مَتَّ - مَتّاً ہ: کو پھیلانا، بڑھانا، لمبا کرنا، وسیع کرنا، کھینچنا (میں) مبالغہ کرنا۔۔۔۔ إلی ب: کے ساتھ بذریعہ شادی رشتہ قائم کرنے کی کوشش کرنا۔۔۔۔ الی: کے ساتھ تعلقات میں حصہ لینا، شادی کر کے کا رشتہ دار ہونا یہ ہو جانا، کے خاندان میں شادی کرنا، کے متعلق ہونا، کا ساتھی بننا، رفیق بننا، ہم صحبت ہونا، سے متحد ہونا، سے مربوط ہونا۔ مَتَّ بصلة إلی: کے ساتھ قریبی رابطہ رکھنا، شادی سے کسی کا رشتہ دار ہونا۔ سے مربوط ہونا، سے تعلق ہونا۔ مت لہ باقرب الصلة: کے ساتھ انتہائی خوب اور گہرا تعلق ہونا۔ مَاتَّة: قریبی تعلقات، خاندانی تعلقات، رشتہ داری۔

متا: مَتَا - مَتْواً ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔

متح: ۱۔ مَتَحَ - مَتْحاً الماءَ: پانی کنویں سے نکالنا۔۔۔ الدلوَ وبھا: ڈول کھینچنا۔ صفت فاعلی ماتِحٌ و مَتُوح۔۔۔۔ الشیٔ: کو اکھیڑنا۔۔۔ الشجرةَ: درخت کاٹنا۔۔۔ الخمسین: پچاس کے قریب ہونا۔ تَمَتَّحَت الابلُ فی سیرھا: اونٹوں کا چلتے ہوئے پاؤں ہلانا۔ اُمْتُتِحَ الشیٔ: کو جڑ سے اکھیڑنا۔ المَتّاح: بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے یوم مَتّاحٌ و فرسخ مَتّاح: بہت لمبا دن۔ بہت لمبا فرسنگ (لمبائی کا پیمانہ)۔ المَتُوح: پانی نکالنے والا۔ دُور۔ بئر مَتُوحٌ: قریب پانی والا کنواں۔

۲۔ مَتَحَ - مَتْحاً و مَتِح و اُمْتُحَ الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینا۔

۳۔ مَتَحَ - متحاً فلاناً: کو مارنا، پچھاڑنا۔

○مَتَحَ - مُتُحاً ہ: پانی کنویں سے نکالنا

متخ: ۱۔ مَتَخَ - مَتْخاً الشیٔ: کو اکھیڑنا۔ کاٹنا، اونچا کرنا۔۔۔ بالدلو: ڈول کھینچنا۔۔۔ الشیٔ: بلند ہونا۔ ۔۔۔۔الخمسین: پچاس کے قریب ہونا۔۔۔۔ الشیٔ: کو اکھاڑنا۔ عودٌ مِتِّیخ: لمبی اور نرم لکڑی۔

۲۔ مَتَخَ - مَتْخاً بسلحہ: بیٹ کرنا۔۔۔۔ ہُ بالسھم: کو تیر سے مارنا۔۔۔۔ فلاناً: کو مارنا۔ دور کرنا۔ المِتِّیخة: چھڑی، لاٹھی، کوڑا (جس سے مارا جائے)۔

۳۔ مَتَخَ - مَتْخاً الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینا۔۔۔۔ فی الشیٔ: میں گڑ جانا۔

متد: مَتَدَ - مُتُوداً بالمکان: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔

متر: ۱۔ مَتَرَ - مَتْراً الحبلَ: رسی کو کھینچنا۔ تَمَاتَرَ القومُ الشیٔ: کو ملکر کھینچنا۔ اِمْتَرَّ اِمْتِراراً الحبلُ: رسی کا کھنچنا۔ المِتْر جمع اَمْتار: میٹر۔ المیتیورو کراف: موسمی حالات میں تغیر ریکارڈ کرنے کا آلہ۔

۲۔ مَتَرَ - مَتْراً بسلحہ: بیٹ کرنا۔ تماتر: گرنا۔

۳۔ مَتَرَ - مَتْراً الشیٔ: کو کاٹنا۔

○مِتْرِی: میٹر سے متعلق، پیمائش سے متعلق۔

مِتْرَ الیُوز: مشین گن۔

متس: مَتَسَ - مَتْساً الشیٔ: کو اکھیڑنے کے لئے جھکانا۔

متش: مَتَشَ - مَتْشاً الشیٔ: کو انگلیوں سے بکھیرنا۔ جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔۔۔ اخلافَ الناقة: اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوہنا۔ مَتِشَ - مَتَشاً ت عینُہُ: دھوپ کی تمازت یا بھوک سے آنکھ کا چندھیانا، دھندلی ہونا۔ جس کی آنکھ چندھیا جائے یا دھندلی ہو جائے اسے اَمْتَش کہتے ہیں۔ مونث مَتْشاء جمع مُتْش۔

متع: ۱۔ مَتَعَ - مُتُوعاً الشیٔ: لمبا ہونا، دراز ہونا۔۔۔ النھارُ: دن چڑھنا یا سر پر آ جانا۔۔۔ السرابُ: پہلے پہر سراب کا بلند ہونا۔ الحبلُ: رسی کا مضبوط ہونا۔ ۔۔۔۔ النبیذُ: نبیذ کا بہت سرخ ہونا۔۔۔ الرجلُ: سخی و خوش طبع ہونا۔ مَتْعاً و مُتْعَةً بالشیٔ: کو لے جانا۔ مَتُعَ - مَتَاعَةً الرجُلُ: خوش طبع ہونا، ظریف ہونا۔ مَتَّعَ الشیٔ: کو لمبا کرنا۔۔۔ ہُ اللّٰہُ بکذا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو کسی چیز سے دیر تک فائدہ اور حظ اٹھانے دینا۔۔۔۔ المرأةَ المطلّقةَ: مطلقہ عورت کو مہر دینا۔ اَمْتَعَہُ اللہ بکذا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو کسی چیز سے دیر تک فائدہ اور حظ اٹھانے دینا۔ کہا جاتا ہے۔ اَبْقَاكَ اللّٰہُ و اَمْتَعَ بِكَ: اللہ تعالیٰ تمہاری عمر دراز کرے۔۔۔ بمالہ: کے مال سے فائدہ اٹھانا۔ متمتع ہونا۔۔۔۔ عن کذا: سے مستغنی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ اَمْتَعَنی بفراقہ: اس نے اپنی جدائی کو میری متاع بنا دیا۔ تَمَتَّعَ و اِسْتَمْتَعَ بکذا و من کذا: سے عرصہ تک فائدہ اور لذت حاصل کرنا۔۔۔ بمالہ: مال سے آسودہ زندگی گزارنا۔ المَاتِع (فا): طویل۔ دراز، بہت عمدہ چیز۔ بہت اونچے یا نیچے پلڑے والا ترازو۔ عمدہ، عمدہ بٹی ہوئی رسی۔ بہت سرخ نبیذ یا سرکہ۔ رجل ماتع: اچھی عادتوں میں کامل۔ المُتْعَة: مشک۔ ڈول۔ رسی۔۔۔ والمتعة جمع مُتَع و مِتَع: تَمْتِیع کا اسم۔ تھوڑا زاد، ذریعہ معاش، شکار یا خوراک جس سے تمتع حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے۔ اَبْغِنی متعةً اعیش بھا۔ ذریعہ معاش حاصل کرنے میں میری مدد کرتا کہ اسکے ذریعے زندگی بسر کروں۔ مُتْعَةُ المرأةِ، قمیص۔ آزار و چادر جو مطلقہ

عورت کو دیے جاتے ہیں۔ یہی متعة الطلاق ہے۔ المَتَاع جمع أَمْتِعَة و **جمع الجمع** اَماتِع و أَماتِيع: چاندی سونے کے علاوہ زندگی کا سامان، پہننے اور بچھانے کی چیزیں۔ ہر وہ فانی چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ پھر وہ فنا کی نذر ہو۔ کہا جاتا ہے: انما الحياة الدنيا متاعٌ: دنیا کی زندگی محض فائدہ اٹھانے کی چیز ہے جسے دوام نہیں۔

۲۔ مَتَعَ ۔ مَتْعاً و مُتُعاً بفلان: سے جھوٹ بولنا۔

○ مَتَعَ ۔ مَتْعاً و مُتْعَةً ب: کو لیجانا۔ مُتوعاً: مضبوط، سخت اور ٹھوس ہونا۔ متعَ النهارُ: دن چڑھ آنا، سورج کا اونچا ہونا۔ مَتَّعَ ہ ب: کو سے لطف اندوز کرنا۔ ــــ ہ ب کو کچھ فراہم کرنا، کو سے لیس کرنا، کو کچھ مہیا کرنا۔ ــــ ها مطلقہ عورت کو کچھ بطور معاوضہ دینا۔ مَتَّعَهُ اللّٰه: اللہ تعالیٰ اسے تمام عمر خوشیاں دے۔ مَتَّعَ البصرَ آنکھ کی تسکین کرنا۔ أَمْتَعَ ہ ب. کو سے لطف اندوز کرنا۔ ...... ب: کا بلا ملکیت حق استعمال و استفادہ رکھنا۔ تَمَتَّعَ و اِسْتَمْتَعَ ب. سے لطف اندوز ہونا، مزا اٹھانا، سے استفادہ کرنا۔ مُتْعَة جمع مُتَع: لطف، خوشی، لذت، سرور، تسکین، فرحت، تفریح، مطلقہ عورت کو دیا گیا ہرجانہ/ معاوضہ، تلافی۔ متعة: عارضی شادی جنسی لطف اندوزی کے لئے اور مقررہ وقت کے لئے ملکیت کے حق کے بغیر شادی۔ اسے نکاح المتعة بھی کہا جاتا ہے۔ اماكن المتعة مراکز تفریح مَتَاع جمع اَمْتِعَة: لطف، خوشی، تسکین، خوشی کی چیز، ضروریات زندگی، خانگی سامان، جائداد منقولہ، اثاثہ، سامان، مال، مال تجارت، فرنیچر، سامان، برتن، گھر کے استعمال کی چیزیں، روز مرہ استعمال کی چیز، اشیاء چیزیں، متفرقات۔ متاع العين: آنکھوں کا سامان راحت۔ سَقَطِ المتاع: سکریپ۔ ردی۔ الامتعة الشخصية: ذاتی سامان۔ متاع المراة: شرمگاہ۔ أَمْتَعَ: زیادہ پرلطف، زیادہ راحت بخش، زیادہ مسرت بخش۔ تفریحی، فرحت افزا۔ اَسْهُمُ تَمَتُّعٍ: شرکت کی اسناد، حصے جن سے ان کا حامل ووٹ کے حق کے بغیر خالص منافع میں شریک ہو جاتا ہے۔ مُمَتِّع: خوشگوار۔ مزیدار۔ لطیف، پرلطف، راحت بخش، مسرت بخش، تسکین دہ، طمانیت بخش، مُمْتِع خوشگوار، مزیدار، لطیف، پرلطف، راحت بخش، مسرت بخش تسکین دہ، طمانیت بخش، دلچسپ، مُمَتَّع ب: سے لطف اندوز۔ سے استفادہ کرنے والا، پر قابض۔

متك: مَتَكَ ۔ مَتْكاً الشيَ: کو کاٹنا ماتَكَ مُماتَكَةً ہ في البيع: پر بیع کی مہارت میں غالب آنا۔ تَمَتَّكَ الشرابَ: (شراب یا مشروب) گھونٹ گھونٹ کر کے پینا۔ المَتْك: مکھی کی ناک۔ (ن) لیمو۔ (ن) سوسن: مکھی کا گوہ۔ المُتْك و المُتُك: مکھی کی ناک۔ (ن) لیمو۔ سوسن۔

متل: مَتَلَ ۔ مَتْلاً الشيَ: کو ہلانا، حرکت دینا۔

متن: ا۔ مَتَنَ ۔ مُتُوناً ہ بالسوط: کو زور سے کوڑے مارنا۔ ــ الشيَ: کو کھینچنا۔...... الرجُلُ: سفر کرنا۔ ــ بفلان: کے ہمراہ دن بھر چلنا۔ ــ بالمكان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ مَتْناً و أَمْتَنَ فلاناً: کی پیٹھ پر مارنا۔ مَتُنَ ۔ مَتَانَةً: سخت ہونا، مضبوط ہونا، قوی ہونا۔ صفت مَتْن و مَتِين۔ مَتَّنَ الخَيمةَ: خیمہ کو خوب کسنا۔ ــــ الشيءَ: کو مضبوط کرنا۔ سخت کرنا۔ ــ الدلوَ: ڈول کو مضبوط باندھنا۔ الطعامَ: کھانے کو مصالحہ دار بنانا ـ لمن سابقَهَ: آگے بڑھنے والے سے کہنا کہ تم فلاں مقام تک پہنچو میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔ مَاتَنَ فلاناً: کو بہت دور کرنا۔ کو ٹالنا، الرجُلَ: سے اس جیسی ٹال مٹول کرنا۔ ہ في الشِعْرِ: سے شعر گوئی میں مقابلہ کرنا اور اس پر غالب آنا۔ کہا جاتا ہے: بينهما مُمَاتَنَةٌ: ان دونوں میں آپس میں ہر بات میں مقابلہ ہے۔ تَمَاتَنَ الشاعِرَان في الشعر: شعر میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔ المَاتِن (فا): کتاب کا مصنف (شارح کے مقابلہ میں)۔ المَتْن (مص) جمع متان و مُتُون: پیٹھ (مذکر و مونث) مَتْنُ الشيء: چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتْن الارض: زمین کا بلند اور ہموار حصہ۔ مَتْنُ الطريق: راستہ کا درمیان۔ مَتْنُ الكتاب: کتاب کی اصل عبارت بغیر شرح و حاشیہ۔ مَتْن اللُغَة: لغت کے اصول و قواعد اور مفردات۔ مَتْنَا الظهر: پیٹھ کے ہر دو رخ اور پہلو۔ کہا جاتا ہے: سَارَ مَتْنَ النهار: وہ تمام دن چلا۔ المَتْنَة جمع مِتَان و مُتُون: سخت و بلند زمین۔ مُتْنَةُ الظهر: پیٹھ کا پہلو۔ المتان جمع مُتُن: دو عمودوں کے درمیان کا فاصلہ۔ المتَانَة: شدت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے: في رأيه متانة: اس کی رائے میں شدت اور طاقت ہے۔ سنجیدگی ہے۔ المَتِين جمع مِتَان: بہت سخت۔ طاقت ور۔ مضبوط۔ قوی: کہا جاتا ہے: حبل متين ورای متين: مضبوط رسی اور رائے۔ ...... في اسماء ہ تعالیٰ: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنہ میں سے ہے۔ بہت مضبوط جسے اپنے افعال میں کوئی مشقت اور تکلیف نہیں کرنی پڑتی۔ التَمْتِين (مص) جمع تَمَاتِين و التِمْتَان: خیمہ کی رسیاں۔ سيرٌ مُمَاتِن دور کا سفر۔ کہا جاتا ہے۔ سار سيراً مماتناً وہ بہت چلا۔

۲۔ مَتَنَ ۔ مُتُوناً الكبشَ: مینڈھے کے بیضے رگوں سمیت نکالنا۔

۳۔ مَتَنَ ۔ مُتُوناً الرجُلُ: قسم کھانا۔

○ مَتُنَ ۔ متانةً: مضبوط، قوی اور ٹھوس ہونا۔ مَتَّنَ ہ: کو سخت اور مضبوط بنانا، کو مضبوط کرنا، مستحکم کرنا، استوار کرنا، کی قلعہ بندی کرنا۔

مَتْن جمع مُتُون و مِتان: پیٹھ کا نصف یا پہلو۔ پیٹھ (خصوصاً جانوروں کی نیز مجازاً)، بڑی یا اصلی چیز، بڑا حصہ، دھڑ، متن (کسی دستاویز یا اخبار رسالہ وغیرہ کا، (حواشی اور شرحوں وغیرہ کے بغیر۔ کسی حدیث کا متن، اسناد کے بغیر۔ کتاب کا متن، تبصرہ کے بغیر۔ عموماً لغوی اور ادبی متن۔ سڑک کا درمیانی حصہ۔ پختہ فرش والی جگہ۔ سطح۔ عرشہ۔ جہاز۔ على متنِ جہاز، کشتی یا طیارے میں۔ على متن البحر: بذریعہ سمندر، جہازوں پر آنے والا مال وغیرہ)۔ على متن الهواء: بذریعہ فضا، ہوائی جہاز میں آنے والا (سامان وغیرہ) مَتْن و متين: مضبوط، قوی، ٹھوس۔ متَانَة: پائداری، ثابت قدمی، طاقت۔ قوت۔ زور۔ مضبوطی۔ سنگینی۔ استواری۔ سختی۔ دشواری۔ خود ارادی۔ ارادہ۔ عزم۔ ریڑھ کی ہڈی، کردار کی مضبوطی۔ ہمت۔ برداشت۔ تحمل ضبط۔ ایجاز۔ اجمال۔ اسلوب کی بلاغت۔ تمتين: مضبوط کرنا، مضبوطی۔

مته: مَتَهَ ۔ مَتْهاً الدلوَ: ڈول نکالنا۔

مَتِهَ ۔ مَتَهاً: بیہودہ اور فضول باتوں میں مشغول رہنا۔ تَمَتَّهَ: دور ہونا۔ میں مبالغہ کرنا، بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔ حیران ہونا بے وقوف ہونا۔ بے وجہ تعریف کا طالب ہونا، تکبر کرنا۔ تَمَاتَهَ عن الشيء. سے غافل ہونا۔...... القومُ: دور ہونا۔

متو: ا۔ مَتَا يَمتوا مَتْوًا الشيءَ: کو کھینچنا، اُمْتَى إمْتَاءً: بہت رزق والا ہونا۔ عمر دراز ہونا۔ بری طرح چلنا۔ تَمَتَّى: انگڑائی لینا۔

۲۔ مَتَا يَمتو مَتْوًا ہُ بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔

۳۔ مَتَى: زمانہ کے بارے میں سوال کرنے کا اسم: کب۔ اسم شرط دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے: مَتَى اضع العمامة تعرفوني: (جب میں عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لوگے۔) جب، جس وقت۔

○ مَتَى: جب، کس وقت؟ إلى مَتَى و حَتَّى متى: کب تک؟ کتنی دیر؟ کب، جب۔ جب بھی۔ متى ما: جب بھی۔

مث: ا۔ مَثَّ ۔ مَثًّا العظمُ: ہڈی کا گودا بہہ جانا۔ ــــ

الرقُّ و السقاءُ: مشک کا ٹپکنا۔ الرجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ بہنا۔ کہا جاتا ہے: جَاءَ یمثُّ: وہ آیا تو اس کی جلد پر تیل جیسی چکنائی نظر آتی تھی۔ ـــالحدیثَ: بات پھیلانا۔ ـــیَدَهُ: رومال سے ہاتھ پونچھنا۔ ـــ شارِبَهُ: مونچھ کی چکنائی کو ہاتھ سے پونچھنا۔ ـــ الجرحَ: زخم صاف کرنا۔ نبتٌ مَثّاثٌ: نم پودا۔

۲ـ مثمَثَ مثمثةً و مِثماثاً زِقُّ السمن و نحوهُ: گھی وغیرہ کے مشکیزہ کا رسنا۔ اسم المَثْماث۔ ـــ الفتیلةَ: بتی کو تیل سے خوب تر کرنا۔ ـــامرَهم: کے معاملہ کو خلط ملط کرنا۔ ـــفلاناً: کو پانی میں غوطہ دینا۔ ـــالشیءَ: کو ہلانا۔

○ مَثاث: کریم، سنگار کا سامان، غازہ، گلگونہ۔

متج: مَتَجَ ـ مَتْجاً الشیءَ: کو خلط ملط کرنا۔ ـفلاناً: کو کھانا کھلانا۔ ـــالبئرَ: پانی نکال کر کنواں صاف کرنا۔ بالعطیة: عطیہ بخشنا۔

مثد: مَثَدَ ـ مَثْداً بین الحجارة: پتھروں میں چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کا کام انجام دینا۔ الرجُلَ: کو دیدبان مقرر کرنا۔ الماثِد (فا): دیدبان

مثل: ۱ـ مَثَلَ ـ مُثولاً فلاناً: کے مانند ہونا، کے جیسا ہونا۔ ـالتماثِیلَ: مجسمے بنانا۔ ـفلاناً بفلان: کو سے تشبیہ دینا۔ ـمَثْلاً و مُثْلةً بالرجل: کو عبرت ناک سزا دینا۔ ـــبالقتیلِ: مقتول کا مثلہ کرنا، کے ناک کان کاٹ دینا۔ مَثُلَ ـ مَثالةً: فضیلت والا ہونا۔ مَثّلَ تمثیلاً الشیءَ لفلان: کی ہو بہو تصویر بنانا۔ ـــالحدیثَ و بالحدیث: بات کو بیان کرنا ـــالمِثالَ: کو نمونہ بنانا۔ ـــالتماثِیلَ: مجسمے بنانا۔ بفلان: کو عبرت ناک سزا دینا …… بالقتیل: مقتول کا مثلہ کرنا، نک کان وغیرہ کاٹ ڈالنا۔ ـ تمثیلاً و تمثالاً الشیءَ بالشیءِ: کو سے تشبیہ دینا، کو اس جیسا بنانا، کے مانند بنانا۔ آج کل کے لوگ کہتے ہیں: مَثّلَ الروایةَ: ڈراما سٹیج پر لانا، ڈراما کرنا۔ ڈرامہ سٹیج پر پیش کرنا۔ ـدوراً فی الروایة: (ڈراما میں) کا کردار ادا کرنا، رول ادا کرنا، کھیل میں بڑا اداکار یا اداکارہ ہونا۔ … بلادَه فی بلاد اخری: اپنے ملک کی کسی دوسرے ملک میں نمائندگی کرنا ـــ شخصاً فی حفلة او غیرها: کسی تقریب وغیرہ میں کسی شخص کی نمائندگی کرنا، کا قائم ہونا، کی طرف سے کام کرنا۔ ان سب میں اسم تمثیل ہے، جو مصدر پر مبنی ہے۔ مَاثَلَ مُماثلةً ہُ: کے مشابہ ہونا ـــہُ بفلان: کو سے تشبیہ دینا۔ اَمْثَلَ ہُ فلاناً و بِه: کو اس کے مانند بنانا۔ ـــ الحاکِمُ فلاناً: کو حاکم کا قصاص میں قتل کرنا ـــ الحاکِمُ فلاناً من فلان: حاکم کا کسی سے قصاص لینا۔ تمَثّلَ الحدیثَ و بالحدیث: کو بیان کرنا۔ ـ الشیءَ: کی مثال کا تصور کرنا ـ له الشیءُ: کا تصور ہونا۔ کو نظر آنا، کو لگنا، معلوم ہونا۔ بالشیءِ: کو محاورے کے طور پر استعمال کرنا۔ کی ضرب المثل بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے: هذا البیت مَثَل یُتمَثّل به: یہ مصرعہ ایک مثال ہے جس کو محاورے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ـ منه: سے بدلہ لینا۔ ـمثالاً: کو نمونہ بنانا ـبه: کے مشابہ ہونا۔ آج کل کہا جاتا ہے: تمَثّلَ الادبَ: اس نے آپ کو ادب میں گم کر لیا ہے۔ وہ ادب میں گم ہو کر رہ گیا ہے۔ ـالغذاءُ: غذاء کا اپنی صورت کھو دینا اور کھائی ہوئی غذا کی شکل اختیار کرنا۔ تَماثَل الشیئان: باہم مشابہ ہونا ـــالعلیل من عِلّتِهِ: بیمار کا صحت یابی کے قریب ہونا۔ اِمْتَثَلَ المَثَلَ و بالمثل: مثال بیان کرنا۔ ……الشیءَ: کسی شئے کے نمونہ پر بنانا۔ ـــالطریقةَ: طریقہ کی پیروی کرنا۔ مــن القاتل: قاتل سے قصاص لینا۔ المِثْل جمع اَمْثال: شبہ، نظیر، مشابہت، مماثل (مذکر مونث، تثنیہ اور جمع کے لئے) کہا جاتا ہے: هو و هی و هما و هم و هنّ مِثْلُهُ: وہ (مذکر) وہ (مونث) وہ دو مذکر و مونث اور وہ (جمع مذکر) اور وہ جمع مونث) اس کی مانند ہے اور ہیں)۔ هم امثالهم (وہ ان کے مانند ہیں) بھی کہا جاتا ہے۔ فلانٌ مُسترادٌ لِمِثْلِهِ: اس کی مثل طلب کی جاتی ہے اور اس کی حرص کی جاتی ہے۔ اسی طرح: هی مُسترادة لمثلها۔ المَثَل جمع أمثال: مشابہ۔ نظیر۔ بات۔ کہاوت۔ عبرت۔ صفت۔ دلیل۔ حجت۔ المَثُلَة: عقوبت۔ عبرت ناک سزا، جیسے ناک کان کاٹنا۔ آفت۔ المَثُلَة جمع مَثُلات: گزری ہوئی صدیوں میں نازل ہونے والا عذاب جس سے عبرت حاصل کی جاتی ہے۔ عقوبت۔ عبرت ناک سزا۔ المِثال جمع اَمْثِلَة و مُثُل و مُثْل ـ مقدار۔ شبہ۔ چیز۔ قصاص۔ المَثالَة: فضیلت۔ اچھی حالت۔ المِثالی: مثالیت پسند۔ اصول پرست۔ (idea list) الشیء المثالی (چیز) مثالی، معیاری۔ المِثالیّة: اصول پرستی۔ مثالیت، تصوریت۔ (idealism)۔ المَثِیل جمع مُثُل: شبیہ۔ نظیر۔ ہمسر۔ الأمْثَل جمع اَماثِل و مُثُل مونث مُثْلی: افضل بہتر کہا جاتا ہے: المریضُ الیوم اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج بہتر ہے۔ اماثِل القوم: قوم کے برگزیدہ۔ الطریقة المُثْلی: حق کے مشابہ راستہ۔ الاُمْثولة جمع اَماثِیل و اُمْثولات: اشعار کے وہ مصرعے جن کو محاورے کے طور پر بیان کیا جائے۔ التِمثال جمع تماثِیل: تصویر، مجسمہ۔ التمَثّل و التمثیل فی الغذاء: غذا کا اپنی صورت کھو دینا اور کھائی ہوئی چیز کی صورت اختیار کرنا۔

۲ـ مَثَلَ ـ مُثولاً القمرُ: چاند کا ظاہر ہونا، غائب ہونا (ضد)۔ …… الرجُلُ: اپنی جگہ سے ہٹنا۔ زمین سے چمٹنا۔ ـــومَثَلَ ـ مُثولاً بین یدی فلان: کے سامنے کھڑا ہونا۔ تمَثّل بین یدیه: کے سامنے کھڑا ہونا۔ اِمْتَثَلَ الامرَ: حکم بجالانا۔ الماثِل (فا) جمع مَثَّل۔ مِن الرسوم: مٹا ہوا نشان۔ کہا جاتا ہے: مِثال ماثِل: مشہور مثال۔ المائِلة: ماثل کا مونث: لیمپ، چراغدان۔

۳ـ المِثال جمع اَمْثِلَة و مُثُل و مُثْل: بستر

○ مَثُلَ ـ مَثولاً ہ: کے مشابہ ہونا، کسی جیسا ہونا، یا نظر آنا، کی مشابہت رکھنا، کی نقل کرنا، تقلید کرنا، کی نقل اتارنا، کے نقش قدم پر چلنا ہ ب: کو سے تشبیہ دینا، ـ ہ: کا نمونہ ہونا، کا مطلب ہونا، کے معنی ہونا، کا مظہر ہونا، کی علامت ہونا، پر مشتمل ہونا۔ ـــبین یدیه. کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔ کے روبرو پیش ہونا۔ ـــ: اپنے آپ کو آنکھ کے سامنے پیش کرنا، نظر آنا، دکھائی دینا، کھڑا ہونا، آگے آنا، داخل ہونا (خصوصاً اداکار کا سٹیج پر آنا، مثل بین یدی المَلِك: بادشاہ کی خدمت میں شرف باریابی پانا، بادشاہ کا کسی کو شرف باریابی بخشنا ـ مَثْلاً ب: کو زخمی کرنا، اس کے جسم کا کوئی حصہ ناکارہ کرنا، کے ہاتھ پیر کاٹنا۔ ـ مَثْلاً و مُثْلة ب: کسی کو دوسروں کے لئے تازیانہ عبرت بنانا۔ مَثُلَ ـ مُثولاً بین یدیه: کے سامنے کھڑا ہونا، پیش ہونا۔ مَثّلَ ہ ب کو کے مانند بنانا، کو سے مشابہ بنانا، کو کسی جیسا بنانا، کو کے مماثل بنانا۔ ذہن نشین کرنا۔ ـب ل/ ہ علی: کو مثال کے طور پر پیش کرنا۔ ……ب ل: کی مثال دے کر کسی کو سمجھانا۔ …… ہ ب: کو کسی کی ہو بہو نقل (تشبیہ) کے طور پر استعمال کرنا…… ہ ب: کو سے تشبیہ دینا۔ ـب: کو سخت سزا دینا، سے سختی کے ساتھ پیش آنا، کو زخمی کر کے جسم کا کوئی حصہ ناکارہ بنانا، کے ہاتھ پیر کاٹنا۔ …… ہ/ہ: کو دکھانا، کو تصویر سے یا وضاحت سے پیش کرنا، کی تصویر کھینچنا، کا تصور کرنا، کی لفظوں میں تصویر کھینچنا، بیان کرنا، کو نقل کرنا …… ہ: کی رنگین تصویر کھینچنا، کا نیم مجسمہ بنانا، کا مجسمہ بنانا۔ …… ہ/ہ: کی نمائندگی کرنا۔ سٹیج یا سکرین پر اداکاری کرنا، بطور اداکار پیش ہونا۔ …… دوراً: پارٹ یا رول ادا کرنا۔ کسی رول میں بطور بڑا اداکار یا اداکارہ کام کرنا۔

ے کھیل کو سٹیج کرنا، تمثیل پیش کرنا، مَثَّل به أشنعَ تِمثیل کو کی دہشتناک مثال بنا دینا، کو سخت ترین ظالمانہ سزا دینا۔ مَاثَلَ ہ / ہ: کے مشابہ ہونا، کے مانند ہونا، کے مانند دکھائی دینا، کی مشابہت رکھنا، کے مماثل ہونا، کسی شخص یا چیز جیسا ہونا، ہ ب کو سے تشبیہ دینا۔ تَمثَّلَ ب: کسی کی مانند ہونا، کا ہم شکل ہونا، کا اتباع کرنا، کی شکل پر ہونا، کی شکل اختیار کرنا — ہ: کو جذب کرنا، سمونا۔ — ب: کی طرح کرنا، کی نقل کرنا۔ — ب: کا تصور کرنا — ہ: کا خیال آنا۔ — ب: کو بطور مثال پیش کرنا یا کو بطور تشبیہ استعمال کرنا۔ — فی: میں دکھائی دینا، پیش ہونا۔ ہ: کو مجسم کرنا، کو عملی شکل دینا یا عملی شکل میں لانا، کو شخص تصور کرنا، کو مجازی رنگ میں پیش کرنا کو نمونہ بنانا۔ بین یدیه: کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا، کے روبرو پیش ہونا۔ تَماثَلَ: باہم مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا، مشابہ ہونا۔ مِن: سے صحت یاب ہونا۔ تماثل للشفاء یا الی الشفاء: روبصحت ہونا۔ اِمتَثَلَ ہ: کو بطور نمونہ یا مثال لینا، کی نقل کرنا، کی اتباع کرنا۔ — ل: کی اطاعت اختیار کرنا، کی فرمانبرداری کرنا، کا محکوم ہونا، کے زیر نگیں ہونا۔ — ہ: حکم ماننا، حکم کی تعمیل کرنا۔ مِثل جمع اَمثال: ایک جیسی، مشابہ، مماثل (چیز) ایسی ہی قسم کی (چیز) مشابہت، مماثلت تشبیہ۔ ہو بہو نقل، شکل، بھیس، تصویر، عکس، مساوی، ہم معنی، کے مانند، جیسا، جیسی، مِثلَ و کمِثلِ: کے مانند، کے مشابہ، کے مماثل۔ هم مِثلُه: وہ اس کے مانند ہیں۔ وہ اس کی قسم کے ہیں۔ بالمثل: اسی طرح اسی انداز سے یکساں، برابر، نیز بھی۔ مِثلَ ما: کے علاوہ، مزید برآں، بالکل اسی طرح۔ بمثل ما: بالکل اسی انداز سے، اسی طرح

اجرُ المثل: کافی ادائیگی یا تنخواہ۔ عَامَلَهُ بالمثل: کو ویسا ہی بدلہ دینا، سے ویسا ہی سلوک کرنا۔ مبدأ المعاملة بالمثل: عمل ردعمل کا اصول، رعایت باہمی اصول۔

مقابلة المثل بالمثل: انتقامی کارروائی، انتقام۔

اَمثَالُهُ: اس جیسے لوگ، اس کی قسم کے لوگ۔

امثالُ ابی بکر: حضرت ابوبکر جیسے لوگ۔ الی ثَلاثة امثاله: تین گنا، مِثلما: جیسا۔ مِثلِي: جس کی جگہ دوسرا لے سکے، جسے ہٹایا جا سکے۔ قابل تبادلہ۔

مَثَل جمع اَمثال: مشابہت، تشبیہ استعارہ۔ مثال، تمثیل، کہاوت، ضرب المثل، مقولہ، مِثال، سبق، مماثل حالت، نصب العین، نمونہ، مَثَلاً: مثال کے طور پر، مثله کمثل: وہ کے مشابہ ہے، کے مانند ہے۔ مَثَل أسمیٰ یا مثل اعلیٰ: نصب العین، مطمح نظر، آئیڈیل۔

الامثال السائرة: کہاوتیں۔ علی رأی المَثَل: کہاوت کے مطابق، جیسا کہ کہاوت ہے: مِثَال جمع اَمثِلَة و مُثُل: یکساں چیز، ایک جیسی، مشابہ، مماثل (چیز)۔ استعارہ تشبیہ، تمثیل، مثال، کہاوت، مقولہ، ضرب المثل، مثالیہ، مجازیہ (allegorry) مثال، نمونہ، معیار، عبرتناک سزا، ماڈل، تصویر (image) علی مِثال کے انداز میں، کے اسلوب پر، کے نمونہ پر۔ مِثال اعلیٰ جمع مُثُل علیا: آئیڈیل نصب العین۔ مطمح نظر۔ مُثُل عالیہ: ideals۔ مِثالی: تمثیلی، مثالی، مجازی، مثالی امتیازی نمائندہ نمونہ، سبق آموز، عبرت ناک، عبرت انگیز۔

مثالی النزعة: مثال پسند، مشابہت پسند۔

مَثَّال: جمع مثالون: سنگ تراش، مجسمہ ساز۔ مَثَالَة: مثالیت، سبق آموزی، کمال، برتری جمع مثالات و مثائل: سبق، کام، تفویض۔ مَثِیل جمع مُثُل: مانند، ایک جیسا، مماثل، مشابہ، یکساں، ہمسر، برابر کا، ہم مرتبہ، مدمقابل۔ مثیلہ مؤنث مثیلتها: اس کی قسم کا، اس کی قسم کی، لامثیل له، لیس له مَثِیل اور لم یسبق له مثیل: بے نظیر، بے مثال، یکتا، یگانہ۔

مُثُول: سیدھا کھڑا ہونا، پیش پیش کشی، باریابی۔

اُمثُوله جمع اُمثولات و اماثیل: مثال، سخت ترین یا شدید ترین مثال، تنبیہ، سبق، کہاوت کام۔ اَمثَل مؤنث مُثلیٰ جمع اماثِل: کمال کے قریب تر، نصب العین کے قریب تر ہونے والا، مثالی، سبق آموز، کامل۔ السبیل المُثلیٰ لِ: کا مثالی راستہ۔ تِمثال جمع تماثیل: مجسمہ، بت، سوار کا مجسمہ، تمثال نصفی: سر کا مجسمہ، نیم مجسمہ (bust)۔ تمثیل جمع تماثیل: مثالوں کا اقتباس، توضیح، نقل، مثال، تشبیہ، صورت گری، تصویر سازی، شبیہ سازی، تصویر کشی، الفاظ میں تصویر کشی، مصوری، بیان، نمائندگی، سفارتی نمائندگی، ڈرامائی نمائندگی، ایکٹنگ، ایکٹر کا کوئی رول ادا کرنا، انجام دہی، بجا آوری، عمل، کرتب، شو، ڈرامائی آرٹ، عبرت ناک سزا، تمثیل تجاری: تجارتی ایجنسی، تمثیل فلانٍ: (فلمی اشتہاروں میں) ممتاز اداکار اور اداکارائیں فلاں فلاں۔ بدل التمثیل: نمائندگی کا الاؤنس، پیشہ ورانہ اخراجات کا الاؤنس۔ خرچہ الاؤنس۔ دار التمثیل: تھیٹر، منڈوا، غنائیہ خانہ (opera house) فن التمثیل: ڈرامائی آرٹ، تھیٹر، مجسمہ سازی، سنگتراشی، نقاشی، بت تراشی، بت گری، علی سبیل التمثیل: تشریح یا توضیح کے

تَمثِیلی: تھیٹر یا سٹیج سے متعلق، ڈرامائی انداز کا اداکاری کا، اداکاروں اور اداکاراؤں کا، اداکاری سے متعلق، اداکار سے متعلق، دکھاوے کا، ظاہر داری کا، ناٹکی، تمثیلی، سوانگ کے متعلق تماشہ گاہ میں دکھائے جانے کے قابل اچانک۔ ملعب تمثیلی: تھیٹر، منڈوا، تمثیلیه غنائیة: اوپرا Opera۔ مماثلة: مشابہت، مماثلت، یکسانیت، تشبیہ، ملتی جلتی شکل و صورت، مطابقت، موافقت، تناسب، قطعی برابری، مساوات، تمثل: رچ بس جانا، جذب ہونا، تماثل: برابر کا ہونا، ٹکر کا ہونا، مساوی ہونا، ہم خیالی، ہم آہنگی، اتفاق رائے کا مطابقت، موافقت، لگاؤ، مشابہت، مماثلت، یکسانیت، صحت یابی، افاقہ۔ امتثال: حکم کی تعمیل، اتفاقرائے فرمانبرداری اطاعت حکم کی بجا آوری۔ مَاثِل: کھڑا رکھا ہوا، نمائش کیا ہوا، نمائش میں، ظہور میں آنے والا، سامنے آنے والا، اچانک آپڑنے والا، خلاف توقع پڑنے والا، نظر آنے والا، معلوم ہونے والا، لگنے والا، ظاہر ہونے والا، خود پیش ہونے والا، ماثل امام عینیه: کی آنکھوں کے سامنے حاضر، ماثل للعیان: آنکھوں کے سامنے، مرئی، واضح، جاذب توجہ، ظاہر، ماثل فی حضرته: کے سامنے، کی موجودگی میں۔ ماثِلة: لمپ، شیشے کا جھاڑ۔ مُمَثِّل: نمائندگی کرنے والا، نمائندہ، نمائندگی سے متعلق جمع مُمَثِّلون: نمائندہ، سفارتی نمائندہ، ڈپٹی، ایجنٹ، موسیقار، مطرب، کھلاڑی، سٹیج کا کھلاڑی، ایکٹر، اداکار، مزاحیہ اداکار comedian۔ ممثل تجاری: تجارتی ایجنٹ۔

مُمَثِّلة جمع مُمَثِّلات: اداکارہ (actress)۔

مُمَثِّلِیّة: نمائندگی۔ ایجنسی۔ مُمَثِّلِیّة سیاسیة: سفارتی نمائندگی۔ مُمَثَّل: بیان کردہ، نقل لفظوں میں تصویر کھینچا ہوا، تصویر کھینچا ہوا، شبیہ بنایا ہوا، نمائندگی کیا ہوا، ذہن نشین کیا ہوا۔ مماثل: مشابہ، مانند، کی طرح کا، ملتا جلتا، مثل، مطابق، ہم شکل: مُتَماثِل: باہم مشابہ، مانند، ملتا جلتا، ایک جیسی قسم کا ہم نسبت، ہم مقدار، ہم وزن، یکساں، مساوی، ایک دوسرے کے مطابق، ویسا ہی، اسی شکل کا، ہم شکل، ہو بہو ملتا جلتا، رچ بس جانے والا، ذہن نشین ہونے والا۔ مُمتَثِل: فرمانبردار، حکم کی تعمیل کرنے والا۔ فرمانبردار۔ مطیع اطاعت شعار، اطاعت پذیر۔ انقیاد پذیر۔

مثن: مَثَنَ ـ مَثنًا الرجل: کے مثانہ پر مارنا۔

مَثِنَ ـ مَثَنًا: مثانہ میں پیشاب نہ روک سکنا۔ صفت اَمثَن و مَثِن مؤنث مثناء و مَثِنة: مُثِنَ مَثنًا: مثانہ کی

بیماری والا ہونا۔ صفت مَمْثُون و مَثِین۔ المثانۃ جمع مَثَانات: پیشاب کے رہنے کی جگہ (انسان اور حیوان میں)۔ بچہ دانی۔

مج ا۔ مَجَّ ـ مَجًّا الشرابَ او الشیء و بہ من فمہ: منہ سے پانی یا کوئی چیز پھینکنا۔ استعارہ کے طور پر کہتے ہیں: ھذا کلام تمجہ الاسماعُ: یہ ایسا مکروہ کلام ہے کہ کان اس کو پھینکتے ہیں اور سننا نہیں چاہتے۔ مَجَّجَ العنبُ انگور کا میٹھا ہونا۔ خوش ذائقہ ہونا۔ اَمَجَّ العودُ لکڑی کا تر ہونا۔ اِنْمَجَّ: ٹپکنا۔ الـمَاجّ (فا) جمع مُجَّاج و مَاجُّون: جس کی رال بڑھاپے کی وجہ سے ٹپکتی ہو۔ الـمُجّ: پتھر پر شہد کے قطرے۔ الـمَجَّۃ: مَجّ کا اسم مرّۃ۔ کہا جاتا ہے: مابقی فی الاناء الا مَجَّۃ: برتن میں صرف اتنا رہ گیا ہے جو ایک بار میں منہ سے پھینکا جاتا ہے، یعنی کلی بھر۔ المُجُج (ح): شہد کی مکھیاں، مست لوگ۔ المَجَج: باچھوں کا ڈھیلا پن۔ انگوروں کا پکنا۔ الـمُجَاج: تھوک۔ مُجَاج النحل شہد۔ مُجَاج العنب: شراب۔ مُجَاج المزن: بارش۔ کہا جاتا ہے: خبزَ مُجاجًا: اس نے مکی کی روٹی پکائی۔ الـمُجَاجَۃ: تھوک۔ مُجَاجَۃُ الشیء: نچوڑ۔ الـمَجَّاج: بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔

۲۔ اَمَجَّ الفرسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔ ـــ الرجُلُ: کسی ملک میں پھرنا۔

۳۔ المَجّ: ماش کے دانے۔ المُجَاج: ٹہنی۔ شاخ، ماش کے دانے۔

۴۔ مَجْمَجَ الکتابَ: تحریر کو صاف نہ لکھنا۔ ـــ فی حدیثہ: بات صاف نہ کرنا۔ الـمَجْمَاج: ڈھیلا۔ بہت یا موٹے گوشت والا۔

C مَجَّ ہ۔ کو تھوکنا، اگلنا، باہر نکالنا۔ کو مسترد کرنا، کو دل سے نکالنا، کو (بے کار سمجھ کر) پھینک دینا۔ مَجَّجَ: پک جانا، پکنا، شیریں ہونا۔ مُجَاج و مُجَاجَۃ: تھوک، لعاب دہن، رس۔

مجح: مَجَحَ ـ مُجُوحًا و مَجِحَ ـ مَجَحًا و تَمَجَّحَ الرجُلُ: تکبر کرنا، فخر کرنا۔ ـــ الدلوَ فی البئر: ڈول کنویں میں ہلانا۔ المَجَّاح: تکبر کرنے والا۔ متکبر۔

مجد ا۔ مَجَدَ ـ مَجْدًا: بزرگی والا ہونا۔ ـــ فلانًا: پر بزرگی میں غالب ہونا۔ مَجُدَ ـ مَجَادَۃً: بزرگی والا ہونا۔ صفت ماجد و مَجِید جمع امجاد۔ مَجَّدَ فلانًا: کی تعظیم کرنا، کی تعریف کرنا، کی بزرگی کی طرف نسبت کرنا۔ مَاجَدَ مِجَادًا و مُمَاجَدَۃً ہ: کا بزرگی میں مقابلہ کرنا۔ اَمْجَدَ فلانًا کی تعظیم کرنا، کی بزرگی کی طرف نسبت کرنا ـــ فلانٌ وُلْدَہُ ولِوُلْدِہ: کے لئے بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے: ھولاء قوم اَمْجَدَھُمْ ابوھم: ان لوگوں کے والد نے ان کے لئے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا تھا۔ تَمَجَّدَ: بزرگ ہونا۔ تَمَاجَدَ: باہم فخر کرنا۔ اپنی بزرگی بیان کرنا، کہا جاتا ہے تماجدوا فیما بینھم: انہوں نے آپس میں فخر کیا اور اپنی بزرگی بیان کی۔ اِسْتَمْجَدَ: بزرگی کا طالب ہونا، اچھے صفات میں مشہور ہونا۔ الـمَجْد (مص) جمع اَمْجَاد: عزت، بلندی۔ بلند زمین۔ الماجد (فا) مونث ماجدۃ جمع مَوَاجِد: بزرگی والا، خوش خلق۔ الامْجَد جمع اَمَاجِد: اسم تفضیل: زیادہ بزرگ۔ الـمَجِیدی: آل عثمان کے سلاطین میں سلطان عبدالمجید کی طرف منسوب چاندی کا سکہ جس کی قیمت ۲۰ قرش تھی۔

۲۔ مَجَدَ ـ مَجْدًا الراعی الابلَ: چرواہے کا اونٹوں کو چارے سے سیر کرنا۔ ...... مَجْدًا و مُجُودًا ت الابلُ: اونٹوں کا بہت چارے والی زمین میں سیر ہو کر چرنا۔ صفت ماجدۃ جمع مَوَاجِد و مُجَّد و مُجُد۔ مُجَّدَ الراعی الابلَ: چرواہے کا اونٹوں کو چارے سے سیر کرنا۔ ...... العطاءَ: بہت بخشش عطا کرنا۔ ...... لفلان من کذا: کو سے زیادہ کرنا۔ اَمْجَدَ العطاءَ: بہت بخشش عطا کرنا۔ ...... لفلان من کذا: کو سے زیادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ اَمْجَدَہُ ذمًّا و سبًّا: کی بہت عیب گوئی کرنا اور اس کو بہت گالیاں دینا۔ نزلو ابھم فامجدوھم قِرًی: وہ ان کے پاس بہت کچھ لے کر آئے۔ ...... الراعیُ الابلَ: چرواہے کا اونٹوں کو چارے سے سیر کرنا۔ ...... ت الابلُ: اونٹوں کا بہت چارے والی زمین میں سیر ہونا۔ شیءٌ ماجدٌ مونث مَاجدۃ جمع مَوَاجِد: بہت چیز۔

C مَجَدَ ـ مَجْدًا و مَجُدَ ـ مَجَادَۃً: پرشکوہ ہونا، شاندار ہونا، مشہور ہونا، نامور ہونا، سرفراز ہونا۔ مَجَّدَ و اَمْجَدَ: تعریف کرنا، تعریف کے پل باندھنا، حمد و ثنا کرنا، ستائش کرنا، حمد کرنا، شہرت کرنا، تَمَجَّدَ تعریف کیا جانا، ستائش کیا جانا، حمد کیا جانا، حمد و ثنا کیا جانا، ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا، مایہ فخر ہونا، اترانا۔ مَجْد جمع امجاد: ناموری، مایہ ناز، بزرگی، جلال، شان، جلوہ، تجلی، شان شوکت، شان و شکوہ، کر و فر۔ بڑائی، عظمت، شرافت، عالی ظرفی، قدر و منزلت، نیک نامی، شہرت، امتیاز۔ مَجْدِی: لائق ستائش، قابل تعریف، ستودہ، پرشکوہ۔ مجید: پرشکوہ، مشہور نامور، جلیل القدر، نمایاں شاندار، معروف، محمود، قابل تعریف، لائق ستائش، عمدہ، بہت خوب، عالی شان، عالی ظرف۔ الکتاب المجید: قرآن۔ امجاد (مجید کی جمع)، ممتاز لوگ، عالی مرتبہ لوگ، عظمت و رفعت کے مالک۔ اَمْجَد جمع اَمَاجِد: زیادہ پرشکوہ، زیادہ روشن، زیادہ تاب دار، زیادہ مشہور، زیادہ معروف، زیادہ نامور، زیادہ عالی مرتبہ، زیادہ گرامی قدر، زیادہ ممتاز، زیادہ نمایاں۔ تمجید: تعریف، ستائش، حمد و ثنا، تکبیر۔ تمجید، تنویر، سربلندی، سرفرازی، معبود بنالینا، حد سے زیادہ احترام۔

مجر: ا۔ مَجَرَ ـ مَجْرًا: پیاسا ہونا۔ مَجِرَ ـ مَجَرًا من الماء و نحوہ: کے پیٹ کا پانی سے بھرنا مگر سیراب نہ ہونا۔ ـــ و اَمْجَرَت الشاۃُ: پیٹ میں بچہ بڑا ہونے سے بکری کا بوجھل ہونا اور اٹھ نہ سکنا۔ الـمَجْر: بڑی فوج۔ بہت ہر چیز کا۔ الـمَجَر: حاملہ بکری کے پیٹ میں بچہ کا بڑا ہونا۔ شاۃٌ مَجِرَۃ: حمل بڑا ہونے سے کمزور بکری۔ الأمْجَر: بڑے پیٹ اور دبلے جسم والا۔ المُمْجِر من النساء جمع مُمَاجِر: جڑواں بچے جننے والی عورت۔

۲۔ مَاجَرَ مِجَارًا و مُمَاجَرَۃً و اَمْجَرَ فلانًا فی البیع: سے زیادہ لینا، سود لینا۔ الـمَجْر: حاملہ اونٹنی اور بکری کے پیٹ کا بچہ۔ حاملہ جانور کے پیٹ کے بچہ کا خریدا جانا۔ زیادتی، سود، جوا۔

۳۔ المَجْر: عقل۔ الْمَجَر: ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے باشندے۔ اس ملک کے سونے کے سکوں کی ایک قسم۔ المِجَار: اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

○ مَجَرَ ـ مَجْرًا: پیاسا ہونا، پیاس لگنا، پیاس محسوس کرنا۔ مَجْر: بہت بڑا لشکر۔ مَاجُور جمع مَوَاجِیر: پنالی۔ ناند، کونڈا۔ مَجَرِی: ملک ہنگری کا۔ مَجْرِیط: میڈرڈ (Madrid)۔

مجس: مَجَّسَ ہُ: کو مجوسی بنانا۔ تَمَجَّسَ: مجوسی ہونا۔ الـمَجُوس: سورج یا آگ کی پرستش کرنے والے۔ واحد مَجُوسی: کبھی مجوسی، جادوگر، دانا اور فلسفی کو بھی کہتے ہیں۔ (یہ لفظ میخ گوش سے جو فارسی لفظ ہے مُعَرَّب ہے۔ اس کے معنی چھوٹے کانوں والا ہے۔ المَجُوسِیَّۃ: مجوسی کا مونث، مجوسیوں کا مذہب

مجع: ا۔ مَجَعَ ـ مَجْعًا و مَجُعَۃً و تَمَجَّعَ و اِمْتَجَعَ: کھجوریں کھا کر اوپر سے دودھ پینا۔ مَجَّعَ تمجیعًا ضیفَہُ: اپنے مہمان کو کھجور اور دودھ کا بنا ہوا کھانا کھلانا۔ اَمْجَعَ الفصیلَ: اونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔ المُجَاعۃ: کھجور اور دودھ سے بنے ہوئے کھانے کا بچا کھچا۔ الـمَجِیع: کھجور اور

دودھ سے بنا ہوا کھانا۔

۲۔ مَجِعَ - و مَجُعَ ـ مَجَاعَةً: باہم مخول کرنا۔ بے شرم و بے حیا ہونا۔ مَاجَعَ مُمَاجَعَةً ہُ: باہم مخول کرنا۔ ایک دوسرے سے مخول کرنا۔ تَمَاجَعا: باہم مخول کرنا۔ المِجُع: مخول کرنے والا۔ و المَجُع: جاہل، احمق۔ المُجَعَة: جاہل، احمق۔۔۔۔۔ و المِجُعَة: جاہل (عورت)۔ المَجِعَة و المِجَعَة و المُجَعَة و المَاجِعَة: بے حیا مخولی عورت۔ المَجّاع و المَجّاعَة و المُجَّاعَة: بے حیا مخولی مرد۔

مجل: مَجَلَ ـ مَجْلاً و مُجُولاً و مَجِلَ ـ مَجَلاً ت يَدُهُ: ہاتھ میں کام کرنے کی وجہ سے آبلہ پڑنا۔ عوام بقبقت کہتے ہیں۔ اَمْجَلَتْ يَدُهُ: کے ہاتھ میں آبلہ پڑنا۔ ـــ العملُ يَدَهُ: کے ہاتھ میں آبلہ ڈالنا۔ ـــ مَجَل: امتلأ قيحا ودما: نے سر کا پیپ اور خون سے بھر جانا۔ الماجِل (فا): پہاڑ یا وادی کے دامن کا پانی۔ المَجْل (مص): آبلہ۔ المَجْلَة جمع مِجال و مجل (طب): آبلہ عوام اسے بقُوقَة کہتے ہیں۔

○ مَجْلَة جمع مِجال اسم جمع مَجَل: چھالا۔ آبلہ۔ مَاجِل جمع مَوَاجِل: حوض، ٹنکی۔ مُمَجْمَج: مبہم، غیر واضح، جلدی جلدی گھسیٹا ہوا، جو پڑھا نہ جا سکے۔

مجن: ۱۔ مَجَنَ ـ مُجُونا الشيءُ: موٹا اور سخت ہونا۔ ـــ مُجُونا و مُجْنا و مَجَانَة: مخول کرنا اور بے حیا ہونا۔ صفت ماجن جمع مُجّان۔ تَمَجَّنَ: بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَمَجَّن في كلامه: اس نے باتوں میں مخول کیا اور بے حیائی کی۔ تَمَاجَن: آپس میں مزاح کرنا۔ المَجَّان: بڑا مخولی۔

۲۔ المَجَّان: بہت کافی اور کشادہ۔ کہا جاتا ہے۔ ماءٌ مَجَّانٌ: بہت پانی۔ مفت۔ عطیہ بلا قیمت۔ کہا جاتا ہے۔ اَخَذَهُ او فَعَلَه مَجَّانًا: اس نے وہ چیز مفت لی یا وہ کام مفت کیا۔ هذا الشيءُ لك مَجَّان: یہ چیز تمہاری ہے اور مفت ہے۔ طَرِيْقٌ مُمَجَّنٌ: لمبا راستہ۔

○ مَجَنَ ـ مُجْنًا و مُجُونًا و مَجَانَةً: مذاق کرنا، دل لگی کرنا، ہنسی اڑانا، چھیڑنا، فقرہ کسنا، طعن کرنا، مضحکہ اڑانا، چڑانا، چوٹ کرنا۔ مَاجَنَ ہ: کی ہنسی اڑانا، پر طنز کرنا، پر چوٹ کرنا، کا مضحکہ اڑانا، کو چڑانا، پر آوازے کسنا، کو طعنے دینا، لعنت ملامت کرنا، سے مذاق کرنا، کی ہنسی اڑانا، پر استہزاء کرنا، کو ہیچ سمجھنا، کو چھیڑنا، سے غیر محتاط مذاق کرنا۔ تَمَجَّنَ: گستاخانہ مذاق کرنا۔ تَمَاجَن: ایک دوسرے کا مذاق اڑانا، ایک دوسرے پر ہنسنا، ایک دوسری کی ہنسی اڑانا۔ مَجَانَة: بھانڈپن، مسخراپن، جمع مجانات، شوخی، شرارت، عملی مذاق، خرمستی، غیر مہذب حرکت ہنسی، ٹھٹھا۔ مضحکہ خیز حرکت۔ مَجَّان: گستاخ، ڈھیٹ، بے شرم، بے حیا، جسے روکا نہ گیا ہو، اٹھکیلیاں کرنے والا۔ آوارہ، مسخرا، بھانڈ، مفت۔ مَجَّانا یا بالمَجّان: مفت، بلا قیمت۔ مَجّانی: مفت، بلا قیمت۔ مَجّانِيّة: بلا معاوضہ کام کرنا۔ بے غرضانہ خدمت، فیس سے استثناء۔ فیس کی معافی۔ مُجُون: بھانڈپن، مسخراپن، بے شرمی، بے حیائی، گستاخی، ڈھٹائی، بے تمیزی۔ مُجُونی: بے حیا طنز کرنے والا، ترش رو۔ مَاجِن جمع مُجّان: گستاخ، ڈھیٹ، بے شرم، بے حیا، شوخ، بے ادب، بدتہذیب، بھانڈ، مسخرا۔ مَاجِن جمع مَوَاجِن جمع مَوَاجِن: حوض، ٹنکی۔ مَجنيزِيوم: میگنیشم: ایک معدنی عنصر، ایک سفید قسم کی مٹی۔

مح: ۱۔ مَحَّ ـ مَحًّا و مَحَحًا و مُحُوحًا و مُحُوحَةً و اَمَحَّ الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔ ـــ الاثرُ: نشان کا مٹنا۔ ـــت الدارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔ الماحّ و المَحّ: پرانا کپڑا۔

۲۔ المُحّ: خالص چیز۔ ـــ و المُحَّة: انڈے کی زردی۔ المُحاح: بھوک۔ المَحَّاح: جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔ کام کر کے نہ دینے والا۔ الاَمَحّ: موٹا۔

○ مَحّ: بوسیدہ۔ تار تار، پھٹا پرانا، فرسودہ۔ مُحّ: بہترین یا پسندیدہ ترین حصہ۔ مختصر مگر معنی خیز، خلاصہ، ملخص، اہم، ماحصل، جوہر، انڈے کی زردی۔

محت: ۱۔ مَحَتَ ـ مَحْتا فلانًا: کسی کو بہت غضبناک کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ انی لأَمْحَتَنَّك: میں تمہیں غیض و غضب سے بھر دوں گا۔

۲۔ مَحُتَ ـ مُحَاتَةً اليومُ: دن کا گرم ہونا۔ المَحْت جمع مُحَتاء و مُحُوت: گرم دن، سخت چیز۔

۳۔ المَحْت جمع مُحَتاء و مُحُوت: عقل مند، ذہین، تیز فہم، خالص۔ کہا جاتا ہے۔ هُوَ عَرَبِيٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ: وہ خالص عرب ہے۔

محج: ۱۔ مَحَجَ ـ مَحْجًا الرجلُ: جلدی کرنا۔ ـــ العودَ او اللحمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا۔ ـــ شيئًا عن شيءٍ: کو سے پونچھنا۔ ـــتِ الريحُ الارضَ: ہوا کا غبار اڑا لیجانا۔

۲۔ مَحَجَ ـ مَحْجًا الجلدَ: چمڑے کو نرم کرنے کے لئے ملنا۔ [illegible] میں) ڈول ہلانا۔

۳۔ مَحِجَ ـ مَحَجًا الرجلُ: جھوٹ بولنا۔ مَاحَجَ مِحَاجًا و مُمَاحَجَةً ہُ: سے ٹال مٹول کرنا۔ المَحَّاج: جھوٹا۔

محر: المَحَارَة: کستورا مچھلی، کستورا مچھلی کا کھپرا، خوردنی سمندری صدفیہ، کرنی، کرنڈی۔

محس: مَحَسَ ـ مَحْسًا الجلدَ: چمڑے کو نرم کرنا اور رنگنا۔ الأَمْحَس: ماہر چمڑا رنگنے والا۔

محش: ۱۔ مَحَشَ ـ مَحْشًا الجلدَ: کھال پر سے گوشت چھیلنا۔ ...... الطعامَ: بہت کھانا کھانا۔ ـــ السيلُ مَا مَرَّ عليه: سیلاب کا ہر اس چیز کو بہا لیجانا جس پر سے اس کا گزر ہو۔ ـــ مَحْشَةً وجهَهُ بالسيف: تلوار مار کر کسی کے چہرے کی کھال چھیل دینا۔ ...... و اَمْحَشَ الحرُّ او النارُ الجلدَ: گرمی یا آگ کا کھال جلانا۔ اِمْتَحَشَ: جلنا۔ ـــ فلانٌ غضبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ ـــ القمرُ: چاند کا چھپ جانا۔ ...... تهُ النارُ: کو آگ کا جلانا۔ المُمْحَاش: جلا ہوا۔ المَحَاش: آپس میں عہد کرنے کے لئے آگ کے گرد جمع ہونے والے۔ سنة مَحُوش و مُمْحِشَة: خشک سال۔

۲۔ المَحَاش: گھر کا سامان۔

محص: ۱۔ مَحَصَ ـ مَحْصًا الظبيُ في عدوه: ہرن کا بہت تیز دوڑنا۔ ـــ المذبوحُ برجلِهِ: مذبوح کا تڑپنا۔ ـــ بفلان الارضَ: کو زمین پر پٹکنا۔ ـــ فلانٌ من فلان: سے بھاگ جانا۔ اِنْمَحَصَ فلانٌ من يده: کے ہاتھ سے نکل جانا۔ اِمْتَحَصَ الظبيُ في عدوه: ہرن کا تیز دوڑنا۔

۲۔ مَحَصَ ـ مَحْصًا اللهُ مَابِكَ: اللہ کا تمہاری مصیبت دور کرنا۔ ـــ الشيءَ: کو ہر عیب سے پاک کرنا۔ ـــ الذهبَ بالنار: آگ سے سونے کو ملاوٹ سے پاک کرنا۔ ـــ الحبلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔ ...... السِنانَ: بھالے کو صیقل کرنا۔ ـــ البرقُ: بجلی کا چمکنا۔ مَحِصَ ـ مَحَصًا الحبلُ: رسی کا نرم اور ہموار ہونا۔ مَحَّصَ الشيءَ: کو کم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ مَحَّصَ اللهُ عن فلان ذنوبَهُ: اللہ تعالیٰ نے اسکے گناہ کم کر دیے اور اسے ان سے پاک کر دیا۔ ـــ اللحمَ: گوشت کو پٹھے سے صاف کرنا یعنی پٹھے نکال کر صاف کرنا۔ ـــهُ عنه: کو سے دور کرنا اور پاک صاف کرنا۔ ـــ الرجلَ: کو آزمانا۔ اُمْحِصَ من المرض: مریض کا بیماری سے صحت یاب ہونا۔ ـــتِ الشمسُ: سورج کا گرہن سے نکلنا۔ ـــهُ عنه: کو سے دور کرنا۔ تَمَحَّص

الظلامُ: اندھیرے کا دور ہونا۔ انْمَحَصَ الورمُ: ورم کا کم ہونا۔ ـــت الشمسُ: سورج کا ظاہر ہونا۔ المُحُص من الخیل: مضبوط ساخت کا گھوڑا۔ المَحِص من الحبال و الاوتار: نرم رسّی یا تانت۔ المَحّاص: ماحص کا اسم مبالغہ۔ برق مَحّاصٌ: چمکنے والی بجلی۔ الأمْحَص: ہر جھوٹے سچے کا عذر قبول کرلینے والا۔ المَحِیص و المُمَحَّص من الخیل: مضبوط ساخت کا گھوڑا۔ ـــ من الأسنّة: صیقل شدہ بھالا۔ المَمْحُوص من الخیل: مضبوط ساخت کا گھوڑا۔

○ مَحَصَ - مَحْصًا ہ: کو صاف کرنا، پاک کرنا، کو واضح کرنا۔ مَحَّصَ ہ: کو صاف شفاف کرنا، پاک کرنا، واضح کرنا۔ نیز مَحَّصَ ہ: کی تصحیح کرنا، کو ٹھیک کرنا، کو جانچنا، کی آزمائش کرنا، کا تجربہ کرنا، کا بغور مشاہدہ کرنا۔ أمْحَصَ: دوبارہ نظر آنا، دوبارہ ظاہر ہونا، دوبارہ آنا، دوبارہ برآمد ہونا، دوبارہ نکلنا، دوبارہ ظہور میں آنا، دوبارہ باہر نکلنا۔ تَمَحَّصَ: مندرجہ بالا معانی۔ نیز تَمَحَّصَ، واضح ہونا، پاک ہونا۔ انْمَحَصَ: واضح ہونا، پاک ہونا۔ مَحِیص: روشن، چمکیلی، کوندنے والی (تلوار)۔ تَمْحِیص: توضیح، وضاحت، جانچ پڑتال، مکمل امتحان، جائزہ۔

محض: مَحَضَ - مَحْضًا فلانا الودَّ او النصحَ: سے خالص محبت و دوستی کرنا، کی خالص خیر خواہی کرنا۔ ـــ الرجُلَ: کو خالص دودھ پلانا۔ مَحُضَ ـ مُحُوضَةً نسبُ الرجل و مَحُضَ الرجل فی نسبہ: خالص نسب ہونا یا ہوجانا۔ مَحِضَ - مَحَضًا: خالص دودھ پینا۔ مَاحَضَ ہ الودَّ: سے خالص محبت اور دوستی کرنا۔ أمْحَضَ فلانًا الودَّ او الحدیثَ: سے محبت یا گفتار میں سچا ہونا۔ ـــ لہٗ النصحَ: کی سچی خیر خواہی کرنا۔ امْتَحَضَ الرجُلُ: خالص دودھ پینا۔ المَاحِض: خالص دودھ کا مشتاق۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَاحِضٌ: خالص نسب والا۔ المَحْض (مص) جمع مِحَاض من اللبن و نحوہ: خالص اور ملاوٹ کے بغیر دودھ وغیرہ۔ عام طور پر خالص اور صریح۔ کہا جاتا ہے عَرَبیٌّ مَحْضٌ اور عربیۃ مَحْضًا: خالص نسب کا عرب۔ (مصدر ہونے کی وجہ سے) اس میں مذکر مؤنث اور تثنیہ اور جمع یکساں ہیں۔ اگرچہ تانیث و تثنیہ اور جمع بھی جائز ہے۔ المَحِض: خالص دودھ کا مشتاق۔ الأُمْحُوضة: خالص یا مخلصانہ نصیحت۔ المَمْحُوض مؤنث مَمْحُوضَة: خالص کہا جاتا ہے فِضَّةٌ مَمْحُوضَةٌ: خالص چاندی جس میں کھوٹ نہ ہو۔

○ مَحَضَ - مَحْضًا ہ: سے کسی بات میں مخلص ہونا، کو محبت پیار وغیرہ دکھانا، پر محبت پیار وغیرہ واضح کرنا۔ مَحُضَ ـ مُحُوضَةً: خالص نسب والا ہونا، خالص ہونا، بے ملاوٹ ہونا، بے کھوٹ ہونا، کھرا، اصلی اور حقیقی ہونا۔ أمْحَضَ ہ: سے کسی بات میں مخلص ہونا۔ تَمَحَّضَ ل: اپنے آپ کو صرف کے لئے وقف کرنا، مخصوص کرنا، نذر کرنا یا صرف کسی کام میں لگ جانا، کے لئے وقف ہونا۔ مَحْض: خالص نسب کا خالص، بے ملاوٹ، بے کھوٹ، اصلی، حقیقی، کھرا، بالکل، محض، نرا، سراسر، یکسر، صاف۔ مَحْضًا: کھرا، محض، نرا۔ بِمَحْضِ إختیارہ: مکمل طور پر از خود، خود بخود، خود آپ سے، آپ ہی آپ۔ لِمَحْضِ صالِحِھَا: محض اس کے مفاد میں، صرف اس کی اپنی بھلائی کے لئے۔ أُمْحُوضَة: مخلصانہ نصیحت، صلاح، مشورہ، رائے، ہدایت۔

محط: مَحَطَ - مَحْطًا و مَحَّطَ الوترَ: تانت کو برابر کرنے کے لئے سونتنا۔ ـــ السھمَ: تیر چلانا۔ اِمْتَحَطَ السیفَ: تلوار سونتنا۔..... الرمحَ: نیزہ کھینچنا۔ ـــ البعیرُ: اونٹ کا دوڑنا۔ عام مَاحِطٌ: کم بارش کا سال۔

محق: مَحَقَ - مَحْقًا الشیءَ: کو باطل کرنا، مٹانا۔ ..... اللّٰہُ الشیءَ: کو کا گھٹانا، کو بے برکت کرنا۔ ـــ فلانًا: کو ہلاک کرنا۔ الحرُّ الشیءَ: گرمی کا کسی چیز کو جلا ڈالنا۔ مُحِقَ الرجُلُ: قریب المرگ ہونا۔ مَحَّقَ الشیءَ: کو باطل کرنا، مٹانا۔ أمْحَقَ المالُ: مال کا ہلاک و برباد ہونا۔ ـــ الرجُلُ: کے مال پر تباہی آ پڑنا۔ ـــ القمرُ: چاند کا مہینہ کی آخری راتوں میں ہونا۔ تَمَحَّقَ و امَّحَقَ: مضمحل ہونا، باطل ہونا، مٹنا۔ إمْتَحَقَ: مضمحل ہونا، باطل ہونا، مٹنا۔ ـــ الحرُّ الشیءَ: گرمی کا کسی چیز کو جلانا۔ ـــ النباتُ: پودے کا خشک ہونا اور گرمی سے جلنا۔ ـــ الرجُلُ: قریب المرگ ہونا۔ ـــ الشیءُ: چیز کی خیر و برکت جاتی رہنا۔ انْمَحَقَ: مضمحل ہونا، باطل ہونا، مٹنا۔ ـــ الھلالُ: مہینہ کے آخر میں چاند کا دکھائی نہ دینا۔ المَاحِق فا۔ مَاحِقُ الصیف: موسم گرما کی شدت۔ یومٌ ماحِقٌ: سخت گرم دن۔ المَحْق (مص): کھجور کے قریب قریب لگے ہوئے پودے۔ المَحَقَة: ہلاکت۔ المَحَاق و المُحَاق و المِحَاق: قمری ماہ کا اخیر (آخری تین راتیں)۔ سنانٌ مَحِیقٌ: باریک اور تیز بھالا۔ الأمْحَق: بے برکت تھوڑی چیز۔ المَمْحَقَة: مَحْق سے مَفْعَلہ کا صیغہ جو کسی چیز کے وجود کی کسی جگہ کثرت پر دلالت کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے التبذیر ممحقةٌ للمال: فضول خرچی مال کے لئے سخت تباہ کن ہے۔

○ مَحَقَ ـ مَحْقًا ہ: کو مٹانا، محو کرنا، کا نام و نشان مٹا ڈالنا، چھیل ڈالنا، جڑ سے اکھاڑنا، کا استیصال کرنا، قلع قمع کرنا، کو تباہ کرنا، نیست و نابود کرنا۔ أمْحَقَ: چاند کا گھٹنا، نظر نہ آنا، تلف ہونا، فنا ہونا، مرجانا۔

تَمَحَّقَ و انْمَحَقَ و امَّحَقَ نیز إمْتَحَقَ: مٹ جانا، مٹنا، تباہ ہونا، برباد ہونا، تلف ہونا، فنا ہونا، نیست و نابود ہونا۔ مَحْق: مٹانا، محو کرنا، نام و نشان مٹانا، قلع قمع، استیصال، بیخ کنی، بربادی، تباہی، پائمالی، فنا، انہدام، ہلاکت کالعدم ہونا۔ مَحَاق و مُحَاق و مِحَاق: چاند کا گھٹنا۔

محك: مَحَكَ ـ مَحْكًا و مَحِكَ ـ مَحَكًا و تَمَحَّكَ الرجلُ: باتوں میں جھگڑنا، اور بھاؤ کرنے میں جھگڑا کرنا۔ صفت مَحِكٌ و ماحِكٌ و مَحْكان۔ مَاحَكَ مُمَاحَكَةً فلانا: سے جھگڑنا۔ مَحَّكَ الرجُلُ: باتوں میں جھگڑنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑا کرنا۔ ـــ الخصومُ فلانًا: کو دشمنوں کا غضبناک کرنا۔ تَمَاحَكَ الخصمان: آپس میں جھگڑنا۔ المُمْتَحِك: جھگڑالو۔ بدخلق۔

○ مَحُكَ ـ مَحْكًا و مَحِكَ ـ مَحَكًا: جھگڑالو ہونا، کٹ حجتی ہونا، حجتی، تکراری یا الٹی کھوپڑی کا ہونا۔ جھگڑنا، تو تو میں میں کرنا، شور مچا کر جھگڑنا، معمولی باتوں پر الجھنا، ہٹ دھرمی سے جھگڑنا۔ مَاحَكَ ہ: سے جھگڑا کرنا، سے تو تو میں میں ہونا، سے بھڑنا، بحث بحثی کرنا۔ أمْحَكَ و تَمَحَّكَ: بمعنی مَحَكَ۔ مَحِك: جھگڑالو، کٹ حجتی، مباحثہ جو، معمولی معمولی باتوں پر الجھنے والا۔ جھگڑالو شخص، معمولی باتوں پر الجھنے والا شخص، تو تو میں میں کرنے والا۔ مَاحِك و مُمَاحِك بمعنی مَحِك۔

محل: امْحَلَ ـ و مَحِلَ ـ مَحْلًا و مُحُولًا و مَحُلَ ـ مَحَالَةً المکانُ: جگہ کا قحط زدہ ہونا۔ صفت ماحل۔ امْحَلَ المکانُ: جگہ کا قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِل۔ الارضُ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ: یہ قحط زدہ زمین ہے۔ ـــ المطرُ: بارش کا رکنا۔ ـــ القومُ: قوم کا قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلُون۔ ـــ اللّٰہُ الارضَ: اللہ کا زمین کو قحط زدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: ارضٌ مَاحِلٌ: قحط زدہ زمین۔ المَحْل جمع مُحُول و أمْحَال: شدت۔ قحط، سخت بھوک، بارش کی بندش،

زمین کی خشکی، کہا جاتا ہے: رجُلٌ مَحْلٌ: بے فیض شخص۔ ارضٌ مَحْلٌ و مَحْلَةٌ و مَحُولٌ و مَحُولة جمع ارضون مَحْلٌ و مُحُولٌ: قحط زدہ زمین۔ ارضٌ مُمْحِلٌ و مُمْحِلة: قحط زدہ زمین۔ ارض مِمْحَال: قحط زدہ زمین۔

۲۔ مَحَلَ ـ و مَحِلَ ـ و مَحُلَ ـ مَحْلاً و مِحَالاً به الی الامیر: امیر سے کی چغلی کھانا۔ صفت مَاحِلٌ و مَحُولٌ و مَحَّالٌ۔ ــ بصاحبه: پر بہتان لگانا، کے بارے میں ایسی بات کہنا جو اس نے نہیں کہی۔ مَحَّلَ فلاناً: کو قوی کرنا۔ آپ کہتے ہیں: مَحِّلْنِي يا فلان: اے فلاں شخص مجھے قوی کر۔ مَاحَلَ ـ مِحَالاً و مُمَاحَلَةً: سے مکر کرنا، قوت آزمائی کیلئے آپس میں زور کرنا۔ ــ سے دشمنی کرنا، کو ہٹانا، سے جھگڑا کرنا۔ ــ تَمَحَّلَ الشيءَ و له: کو حیلہ سے طلب کرنا ــ لفلان حقَّهُ: کا حق حاصل کرنے کی تجویز کرنا۔ تَمَاحَلَ القومُ: آپس میں حیلہ بازی کرنا۔ الماحِل (فا): جھگڑا کرنے والا حریف۔ کہا جاتا ہے: رأيتُهُ ماحِلاً: میں نے اس کا رنگ بدلا ہوا دیکھا۔ المَحْل جمع مُحُول و امْحَال: دھوکہ، مکر۔ المَحِل: دھتکارا ہوا یہاں تک کہ تھک جائے۔ کہا جاتا ہے: دَجلٌ مَحِلٌ: مکار، حیلہ باز۔ المِحَال: مکر، فریب، جھگڑا، عذاب، مصیبت، سزا، سختی، طاقت، ہلاکت، ہلاک کرنا، حیلوں بہانوں سے کسی کام کی آرزومندی، تدبیر، دشمنی۔ المَحَالَة جمع مَحَال۔ مَحَال کی جمع مُحُل: کہا جاتا ہے: لا مَحَالة: ضروری، لابد، بیشک۔ المَحَّال: مکار، فریبی، دھوکے باز، شیطان۔

۳۔ مَحَّلَ الشيءَ: کو لمبا کرنا۔ تَمَاحَلَتْ بهم الدارُ: کے گھر دور ہونا۔ المُتَمَاحِل: لمبا اور بے ڈھنگا آدمی یا اونٹ۔ رجُلٌ مُتَمَاحِلٌ: بہت لمبا مرد۔ رأيتُهُ مُتَمَاحِلاً: میں نے اسے بدلے ہوئے جسم میں دیکھا۔ فَلاةٌ مُتَمَاحِلَةٌ: وسیع ریگستان۔ فِتنةٌ متماحِلةٌ: طویل اور نہ ختم ہونے والا فتنہ۔

۴۔ تَمَحَّلَ الدراهِمَ: نقد درہم لینا۔

۵۔ المَحْل جمع مُحُول و امْحال: گرد و غبار۔ المَحَال: بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔ المَحَالة جمع مَحَال جس کی جمع مُحُل ہے بڑی چرخی، اونٹ وغیرہ کی پیٹھ کا مہرہ۔ وہ لکڑی کا تختہ جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ المِمْحَلة: دودھ کا مشکیزہ۔

○ مَحَلَ ـ و مَحِلَ ـ مَحْلاً و مُحُولاً و مَحُلَ ـ مَحَالَةً: زمین کا بنجر ہونا، سال کا بے برگ و بار ہونا۔ مَحَلَ و مَحِلَ ـ و مَحُلَ ـ مَحْلا و مِحالاً ب: کے خلاف سازش کرنا، ساز باز کرنا۔ امْحَلَ: بنجر ہونا، خشک ہونا۔ ــه (زمین کو) بنجر کرنا۔ بارش نہ ہونا، بارش کا رکنا، بارش میں تاخیر ہونا۔ تَمَحَّلَ ه: فریب یا ساز باز سے کوئی چیز حاصل کرنے کی خواہش کرنا، کے لئے فریب سے جدوجہد کرنا، بہانہ ڈھونڈنا۔ ــ ل: کا اشتہار دینا، کو مشتہر کرنا (عیاری سے یا ناجائز ذرائع سے)۔ تَمَحَّلَ العذرَ: بہانہ کرنا، عذر کرنا، بہانہ بنانا۔ مَحْل: بنجر پن، بانجھ پن، عدم زرخیزی، خشکی، سوکھا پن، قحط سالی، خشک سالی، امساک باران کال، کمیابی، کمی، تنگی، قحط، عیاری، چالاکی، ہوشیاری، حکمت، مکاری، استادی، حیلہ گری، دروغ بیانی، دھوکہ، دغا، مکر، فریب۔ مَحَالَة جمع مَحَال: چرخی، گھرنی۔ مِحَال: عیاری، مکاری، ہوشیاری، چالاکی، استادی، فریب، مکر۔ مَاحِل: بنجر، بانجھ، کلر، شور، عریان، روکھا، بے رنگ، سنسان، ویران۔ مُمْحِل: بنجر، بانجھ، کلر، شور۔

محن: ۱۔ مَحَنَ ـ مَحْناً ه عشرين سوطاً: کو بیس کوڑے مارنا۔ ــ الناقةَ: اونٹنی کو چلا کر تھکانا ــ فلاناً: کو آزمانا، پرکھنا ــ الفضَّةَ: چاندی کو تپا کر کھوٹ سے پاک کرنا۔ اسم المِحْنَة۔ ــ البئرَ: کنویں کی مٹی اور کیچڑ نکالنا ــ الثوبَ: کپڑا پہن کر پرانا کرنا ــ و مَحَّنَ الادیمَ: چمڑے کو نرم کرنا، لمبا کرنا۔ اِمْتَحَنَ الشيءَ: کو آزمانا۔ اسی سے ہے امتحانُ الطلبة: طالب علموں کا امتحان لینا ــ القولَ: پر غور کرنا، کو سوچنا ــ الفضَّةَ: چاندی کو تپا کر صاف کرنا۔ المَحْن (مص): ہر نرم چیز۔ لگاتار چلنا یا کام کرنا۔ کہا جاتا ہے: کان فی مَحْنٍ: وہ ثابت قدم ہے۔ لگاتار کام کرنے والا ہے۔ المِحْنَة جمع مِحَن: آزمائش۔

۲۔ مَحَنَ ـ مَحْناً فلاناً شيئاً: کو کوئی چیز دینا۔ المَحْن: عطیہ، بخشش۔

○ مَحَنَ ـ مَحْناً و اِمْتَحَنَ ه/ه: کو آزمانا، کا امتحان لینا، کو جانچنا ــ هُ: کی آزمائش کرنا، کا امتحان کرنا، امتحان لینا۔ مِحْنَة جمع مِحَن: سخت آزمائش، کڑی آزمائش، سخت امتحان، مصیبت، رنج، دکھ، رنج و الم، قہر، بپتا، ایذا، سختی، مشکل، تکلیف، بدنصیبی، بدبختی۔ امتحان جمع امتحانات: ٹسٹ، تجربہ، امتحان۔ امتحان الدخول: داخلہ کا امتحان۔ إمتحان نهائي: آخری امتحان۔ مُمْتَحِن: امتحان لینے والا، ٹسٹ لینے والا۔ مُمْتَحَن: امتحان لیا ہوا، آزمایا ہوا، ٹسٹ لیا ہوا، جس کا امتحان لیا جائے، امتحان دینے والا، امیدوار، [illegible]

محو: مَحَا یَمْحُو و یَمْحَی مَحْوًا الشیءَ: کو مٹانا، کا نام و نشان مٹا دینا۔ صفت مَمْحِيّ و مَمْحُوّ کہا جاتا ہے: محت الريحُ السحاب و الصبحُ الليلَ: ہوا بادل کو اڑا لے گئی اور صبح رات کو لے گئی۔ ـ و اِمَّحَی و امْتَحَی الشیءُ: مٹنا، نام و نشان مٹنا۔ (امتحی امَّحَی کے معنی میں کمزور لغت ہے)۔ مَحَّی الشیءَ: کو مٹانا، دور کرنا۔ تَمَحَّی تَمَحِّیاً من القوم: قوم سے معافی کی درخواست کرنا۔ المَحْو (مص): چاند کا سیاہ داغ۔ المَحْوَة: اسم مرہ، عار، بارش، کہا جاتا ہے۔ اصابت الارضَ مَحْوَةٌ او هَبَّتْ مَحْوَةٌ۔ شمالی ہوا چلی کیونکہ وہ بادل کو اڑا لے جاتی ہے۔ المِمْحَاة: پونچھنے کا چیتھڑا، تولیہ، ربڑ، عوام اسے مِحَّايَة کہتے ہیں۔

○ محا ـ مَحْوًا ه: کو دھو ڈالنا، دور کرنا، مٹا ڈالنا، حرف غلط کی طرح مٹانا، محو کرنا، چھیل ڈالنا، کاٹنا، قلمزن کرنا، کا نام و نشان مٹانا، کو جڑ سے اکھاڑنا، کا استیصال کرنا، قلع قمع کرنا، بجھانا، ختم کرنا، خارج کرنا، منسوخ کرنا، نیست و نابود کرنا۔ لا یُمْحَی اَمِت، مَحَّی ه: کو دھو ڈالنا، مٹا ڈالنا، حرف غلط کی طرح مٹانا، کو بجھانا، ختم کرنا، کا قلع قمع کرنا، جڑ سے اکھاڑنا، جڑ بنیاد سے اکھیڑنا۔ تَمَحَّی و اِنْمَحَی و اِمَّحَی و امْتَحَی: مٹنا، محو ہونا، نام و نشان مٹنا، ختم ہونا، حرف غلط کی طرح مٹنا۔ قلع قمع ہونا، دفعۃً غائب ہو جانا، فضا میں تحلیل ہو جانا۔ نظر سے اوجھل ہونا، کھو جانا، کافور ہو جانا۔ مِمْحَاة و مَحَّايَة: جس شئے سے مٹایا جائے، ربڑ (eraser)۔ ماحِيَة: ربڑ، جس شئے سے مٹایا جائے۔

محی: مَحَی یَمْحَی و یَمْحِی مَحْيًاهُ: کو مٹانا۔

مخج: مَخَجَ ـ مَخْجًا و تَمَاخَجَ الدلوَ و بالدلو: پانی بھرنے کے لئے ڈول کو ہلانا۔ تَمَخَّجَ الدلوَ و بالدلو: پانی بھرنے کے لئے ڈول کو ہلانا ــ الماءَ: پانی کو ہلانا۔

مخ: مَخَّخَ و تَمَخَّخَ و اِمْتَخَّ العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔ اَمَخَّ العظمُ: ہڈی کا گودے دار ہونا ــ العودُ: لکڑی کا تر ہونا ــ الزرعُ: کھیتی کا پر مغز ہونا ــ ت الشاةُ: بکری کا موٹی ہونا۔ المُخّ جمع مِخَاخ و مِخَخَة: گودا، بھیجا، دماغ، آنکھ کی چربی، نرم، خالص، کہا جاتا ہے: لا اری لأمرك مُخًّا: مجھے تمہارے کام میں بھلائی نظر نہیں آتی ــ و المُخَّة: گودے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے: هولاء مُخُّ القوم و مُخَّةُ القوم: یہ قوم کے برگزیدہ ہیں۔ المُخَاخة

ہڈی کا وہ گودا جو چوسنے سے منہ میں آجائے۔ المَخِیخ: گودے دار ہڈی۔ شاۃٌ مَخِیخۃٌ جمع مَخَائِخ: گودے والی بکری۔ اِبل مَخائِخ: بہترین اونٹ۔ کہا جاتا ہے لَہُ لِسانٌ مِمُخٌّ وہ فصیح اللسان ہے۔

مُخ جمع مِخاخ و مِخخۃ دماغ، گودہ، مغز، ہڈیوں کا مغز، حرام مغز، گری، ست، روح، جوہر، پاک ترین اور سب سے بڑھ کر پسندیدہ حصہ۔ مُخِی دماغ کا دماغی، مغز کے متعلق۔

المُخا موچا (جنوب مغربی یمن کی بندرگاہ)

مخر: ۱۔ مَخَرَ ـَ مَخْراً و مُخوراً السفینۃُ: کشتی کا پانی کو آواز کے ساتھ چیرتے ہوئے چلنا۔ ـــ الارضَ: زمین کو زراعت کیلئے پھاڑنا۔ کو پانی دینا۔ ـــ السابحُ: تیرنے والے کا ہاتھوں سے پانی کو چیرنا۔ ـــ الذئبُ الشاۃَ: بھیڑیے کا بکری کے پیٹ کو پھاڑنا۔ ـــ مَخْراً البیتَ: گھر کا عمدہ سامان لینا۔ تَمَخَّرَ و اِسْتَمْخَرَ الریحَ: ہوا کی طرف ناک کرنا۔ ہوا کی سمت میں پیٹھ کرنا۔ اِمْتَخَرَ الریحَ: ہوا کی طرف ناک کرنا، ہوا کی سمت پیٹھ کرنا۔ ـــ الشیءَ: کو اختیار کرنا۔ ـــ القومَ: قوم کے بہترین لوگوں کا انتخاب کرنا۔ ـــ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ المَخْر (مص)۔ المَخْرَۃ: مخر کا اسم مرہ۔ منہ سے نکلنے والی بدبو۔ ـــ السِخرۃ والمَخرۃ: منتخب شی، پسندیدہ چیز۔ الماخِرۃ جمع مَواخِر۔ ماخر کا مؤنث: کشتی۔ الماخور جمع مَواخِر و مَواخِیر: بدکاروں کی مجلس۔ آوارگی کا اڈہ۔ بدکاری کے اڈے کا دلال۔

۲۔ بناتُ مَخْرٍ: ہلکے سفید بادل۔

۳۔ مَخْرَقَ مَخْرَقَۃً: جھوٹ بولنا، جھوٹ تراشنا۔

○ مَخَرَ ـ مَخْراً و مُخوراً: ہل چلانا۔ ـــ ہ: کو پھاڑنا، دو ٹکڑے کرنا، کشتی کا سمندر سے گزرنا۔ ماخِر و ماخِرۃ جمع مواخِر: کشتی، جہاز۔ ماخور جمع مَواخیر طوائف کا گھر، رنڈی کا مکان، چکلا۔

○ مَخْرَقَ: شیخی بگھارنا، جھوٹ موٹ کہنا، دھوکا دینا، بے ایمانی کرنا، دغابازی کرنا۔

مخض: مَخَضَ ـ مَخْضاً اللبنَ دودھ بلونا۔ لبنٌ مَخِیضٌ و مَمْخُوض: بلویا ہوا دودھ۔ ـــ الشیءَ: کو زور سے ہلانا۔ ـــ بالدلو: پانی بھرنے کے لئے ڈول کو کنویں میں ہلانا۔ ـــ البئرَ بالدلو: کنویں سے اکثر ڈول ڈال اور ہلا کر پانی نکالنا۔ ـــ الرأیَ: رائے پر خوب غور کرنا۔

مَخِضَ ـ مَخاضاً و مِخاضاً و مُخِضَ و مَخَّضَت الحامل: حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا صفت ماخِض جمع مُخَّض و مَواخِض۔ اَمْخَضَ اللبنُ: دودھ کے بلوے جانے کا وقت قریب آنا۔ ـــ الرجُلُ: بچے جننے کے قریب اونٹنیوں والا ہونا۔ تَمَخَّضَ اللبنُ: دودھ کا مکھن نکلا ہوا ہونا، دودھ بلونے کے برتن میں ہلنا۔ ـــ الولدُ: بچہ کا ماں کے پیٹ میں پھرنا۔ ـــ الحامِلُ: حاملہ کا جننے کا وقت قریب آنا اور دردزہ ہونا۔ ـــ المساءُ: آسمان کا برسنے کے قریب ہونا۔ ـــ الدھرُ بالفتنۃ: زمانہ نے فساد پیدا کردیئے۔ تَمَخَّضَت اللیلۃُ عن صباحِ سوءٍ: رات بری صبح لائی۔ اِمتخض اللبنُ: دودھ کا مکھن نکلا ہوا ہونا، مکھن دودھ کا مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا۔ ـــ الولدُ: بچے کا پیٹ میں ہلنا۔ اِسْتَمْخَضَ اللبنُ: دودھ کے جمنے میں دیر ہونا۔ ـــت الحاملُ بولدھا: حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا۔ المَخاض: دردزہ۔ الاِمْخاض: دودھ جب تک بلونی میں رہے۔ المِمْخَض و المِمْخَضَۃ جمع مَماخِض: مشکیزہ۔ دودھ بلونے کا برتن بلونی۔

○ مَخَضَ ـ مَخْضاً ہ: دودھ بلونا، دودھ سے مکھن نکالنا۔ ـــ ہ: کسی چیز کو زور سے ہلانا۔ مَخِضَ ـ مَخاضاً و مِخاضاً: جننے ہی والی ہونا، دردزہ میں مبتلا ہونا۔ تَمَخَّضَ بمعنی مَخَضَ نیز تَمَخَّضَ عن: پھل دینا، کو وجود میں لانا، بنانا، تخلیق کرنا، کا باعث ہونا، کو کرنا، عمل میں لانا۔ تَمَخَّضَ: دودھ کا بلویا جانا، دودھ سے مکھن نکلنا۔ مَخاض: دردزہ۔ مَخیض: مکھن نکلی لسی، چھاچھ ...... مَخّاضۃ و مِمْخَضۃ جمع مَماخِض: چاٹی، مٹکی۔

مخط: ۱۔ مَخَطَ ـُ مَخْطاً الشیءَ: کو کھینچ کر لمبا کرنا۔ ـــ السیفَ: تلوار سونتنا۔ ـــہٗ بیدہ: کو ہاتھ سے مارنا۔ ـــ المُخاطَ: رینٹ صاف کرنا۔ ـــ الصبیَّ: بچہ کی رینٹ صاف کرنا۔ ـــ غرسَ فلانٍ: کے پودے کی پرورش کرنا اور اس کی نمود و پرداخت کرنا۔ ـــ الولدُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ ـــ مَخْطاً و مُخوطاً السھمُ: تیر کا پار ہونا صفت ماخِط مَخَطَ الولدَ: بچے کی رینٹ صاف کرنا۔ اَمْخَطَ السھمَ: تیر کو پار کرنا۔ تَمَخَّطَ: رینٹ صاف کرنا۔ اِمْتَخَطَ: رینٹ صاف کرنا۔ ـــ الشیءَ: کو چھین لینا۔ ـــ السیفَ: تلوار سونتنا۔ المَخْط (مص): راکھ۔ المُخاط جمع اَمْخِطَۃ: رینٹ۔ ناک کی ریزش مُخاط الشیطان: دوپہر کے وقت مکڑی کے جالے کی طرح اوپر سے نیچے آتی ہوئی دکھائی دینے والی چیز۔ اس کو مُخاط الشمس اور لعابُ الشمس بھی کہتے ہیں۔ المُخاطِی: مخاط کی صفت والا۔ المَخْطَۃ: ایک دفعہ کا ناک جھاڑنا۔ ایک بار۔

۲۔ مَخَطَ ـُ مَخْطاً الرجُلُ فی الارض: زمین میں تیز چلنا۔ ـــ الجملُ بہ: اونٹ کا کسی کو جلدی لیجانا۔

۳۔ تَمَخَّطَ الرجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔

۴۔ المُمْخط: چھوٹا کپڑا۔ المَخِط جمع مُخاط: فیاض سردار۔

○ مَخَطَ ـُ مَخْطاً و مُخوطاً و تَمَخَّطَ: ناک سنکنا یا صاف کرنا۔ مُخاط: ناک کا لیس دار مادہ۔ ناک کی ریزش، ناک (بمعنی ناک کا لیس دار مادہ)۔ مُخاط الشمس و مُخاط الشیطان: شیطان کی ڈور، جالا

مخل: المُخل جمع مُخال و مُخول: سبل، گدالا، بیرم (lever)۔ پتھر اٹھانے یا توڑنے کا آلہ۔

مخمخ: مَخْمَخَ ہٗ: کا گودا نکالنا۔ مغز نکالنا۔

○ مَخْمَضَ: منہ کھنگالنا۔

مخن: ۱۔ مَخَنَ ـَ مَخْناً: رونا۔ ـــ البئرَ: کنویں سے پانی نکالنا۔ ـــ العودَ: لکڑی چھیلنا۔

۲۔ مَخُنَ ـُ مَخْناً و مُخوناً: لمبا ہونا صفت مَخُنٌ و مَخِنٌ م مَخُنَۃ و مَخِنَۃ۔ المِخَنٌّ: لمبا تڑنگا آدمی۔ المِخَنَّۃ: مِخَنّ کا مؤنث۔ لمبی تڑنگی عورت۔

۳۔ المخنۃ: گھر کا صحن۔

مخی: مَخِیَ الرجُلَ عن الامر: کو معاملہ سے ہٹانا، دور کرنا۔ اَمْخَی اِمْخاءً و امْتَخَی الیہ: سے عذر کرنا۔ ـــ منہ: سے بری ہونا، بیزار ہونا۔ تَمَخَّی الیہ: سے عذر کرنا، معذرت کرنا۔ ـــ منہ: سے بری ہونا، بیزار ہونا۔ ...... العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔

مَدَّ ـُ مَدًّا الشیءَ و بالشیءِ: کو پھیلانا، کھینچنا۔ ...... الحرفَ: حرف کو کھینچ کر پڑھنا۔ ...... الارضَ: زمین میں دوسری جگہ کی مٹی ڈالنا، یا کھاد ڈالنا۔ ...... الابلَ: اونٹوں کو دیر تک پانی پلانا۔ ...... الرجُلَ: کو مہلت دینا، کی فریادرسی کرنا اور مدد کرنا۔ ...... الجندَ: فوج کو کمک پہنچانا۔ ...... الدواۃَ: دوات میں پانی اور روشنائی بڑھانا، دوات میں روشنائی ڈالنا، قلم کو روشنائی مہیا کرنا۔ من الدواۃ: دوات سے لکھنے کے لئے قلم کے ذریعے روشنائی لینا۔ ...... البعیرَ: اونٹ کو جو یا تل یا آٹا ملا ہوا پانی پلانا۔ ...... اللہُ عمرَہٗ: اللہ کا کسی کی عمر دراز کرنا۔ ...... النھارُ: دن کا چڑھنا۔ ...... النھرُ والبحرُ۔ دریا یا سمندر کا چڑھنا (لازم و متعدی)۔ کہا جاتا ہے قَلَّ ماءُ رکیتنا فمدَّتھا رکیّۃٌ اخری: کنویں کا پانی کم ہوگیا تو دوسرے کنویں نے اس کو بڑھا

دیا۔ هذا الوادی یَمُدُّ فی وادی کذا: یہ نالہ دوسرے نالے کے پانی کو بڑھاتا ہے۔ مَدَّ نظرَهُ اِلیہ: کی طرف نگاہیں موڑنا، پر اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا۔ السراجَ بالسلیط: چراغ میں تیل ڈالنا۔ فی السیر: گزرنا۔ ـــ ہُ فی غَیِّہ: کی گمراہی میں زیادتی کرنا۔ مَدَّدَ الشیءَ: کو پھیلانا۔ مادَّ مِدادًا و مُمادَّۃً ہُ: کو ٹال مٹول کرنا۔ بڑھانا ـُ الثوبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔ اَمَدَّ النھارُ: دن کا چڑھ آنا۔ ـــ الجرحُ: زخم میں پیپ پڑنا۔ ـــ الرجُل: کو مہلت دینا، کی فریادرسی کرنا، کی مدد و اعانت کرنا۔ الجندَ: لشکر کو کمک پہنچانا۔ الدواۃ: دوات میں روشنائی یا پانی ڈالنا۔ ـــ الکاتب: کاتب کے قلم کو ڈوبا دینا۔ ـــ اَجلَہُ: کی مدت دراز کرنا، مؤخر کرنا۔ ہُ اللّٰہُ فی الخیر: کی بھلائی یا نیکی زیادہ کرنا۔ فلانًا بالمال: کو مال دینا، فی مشیتہ: چال میں مٹکنا، ناز و انداز سے چلنا۔ ـــ ہُ فی غَیِّہ: کی گمراہی میں زیادتی کرنا، کی گمراہی کو بڑھانا۔ مَدَّدَ الشیءَ: کو پھیلانا۔ مَادَّ مِدادًا و مُمادَّۃً ہُ: کو کھینچنا، ٹال مٹول کرنا۔ ـــ ہُ الثوبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔ اَمَدَّ النھارُ: دن کا چڑھنا، بلند ہونا۔ ـــ الجرحُ: زخم میں پیپ ہونا۔ ـــ الرجُل: کو مہلت دینا، کی اعانت کرنا، فریادرسی کرنا۔ ـــ الجندَ: فوج کی مدد کرنا۔ ـــ الدواۃ: میں روشنائی ڈالنا، روشنائی یا پانی زیادہ کرنا۔ ـــ الکاتبَ: کو قلم کا ڈوبا دینا۔ ـــ اَجَلَہ: کو طویل کرنا، مؤخر کرنا۔ ـــ ہُ اللّٰہُ فی الخیر: کو خیر میں زیادہ کرنا۔ فلانًا بمالٍ: کو مال دینا۔ ـــ فی مشیتہ: ناز و انداز سے چلنا۔ ـــ ہ فی غَیِّہ: کی گمراہی میں زیادتی کرنا۔ تَمَدَّدَ: پھیلنا، انگڑائی لینا۔ تَمَدَّدوا الشیءَ بینھم: چیزوں کو آپس میں پھیلانا۔ تَمادَّا الثوبَ: مل کر کپڑا کھینچنا۔ اِمتَدَّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔ فی مشیتہ: مٹک مٹک کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔ ـــ النھارُ: دن کا آدھا ہونا۔ ـــ بہم السیرُ: کا سفر دراز ہونا۔ ـــ اِلی الشیء: کو دیکھنا۔ اِستَمَدَّ من الدواۃ: دوات سے روشنائی لینا۔ ـــ القومُ الامیرَ علی العدو: قوم کا امیر سے دشمن کے خلاف مدد مانگنا۔ المادَّۃ جمع مَوَادّ و مادّات: مادّ کا مؤنث: جس سے کسی چیز کی ترکیب ہو، جس پر وہ مبنی ہو۔ مادہ المادَّۃ الاولیٰ: پہلا مادہ، جس سے کوئی چیز بالقوۃ حاصل ہوتی ہے۔ مَوادُّ اللغۃ: الفاظ لغت۔ موادُّ العِلم: علمی مباحث۔ المادِّی: مادہ کی طرف منسوب۔ مادہ پرست۔ المادِّیَۃ: مادہ پرستی۔ المَدّ (مص): فاصلہ، وسعت، کہا جاتا ہے بینی و بینہ قدرُ مَدِّ البصر: میرے اور اس کے درمیان نظر کی وسعت جتنا فاصلہ ہے۔ حرف مدّ: جیسے آ، الف پر کی علامت۔ دن کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے اتیتُہ مدَّ النھار و مدَّ الضحی: میں اس کے پاس دن چڑھے آیا۔ مدُّ البحر: سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اور خشکی تک پھیل جانا۔ اس کے مقابل جزر کا لفظ ہے۔...... جمع مُدُود: سیلاب۔ المُدّ جمع اَمداد و مِداد و مِدَدَۃ: ایک پیمانہ جو ۱۸ فرنگی لیٹروں کے برابر ہے۔ المَدَّۃ: مدّ کا اسم مرۃ۔ قلم کا ایک ڈوب۔ صرف مد (~)۔ المُدَّۃ جمع مُدَد: ایک مرتبہ قلم سے لی ہوئی سیاہی۔ عرصہ۔ زمانہ کا ایک حصہ کم ہو یا زیادہ۔ زمان و مکان کی غایت و انتہاء، کہا جاتا ہے لھذہ الامۃ والارض مُدَّۃ: اس امت اور زمین کی ایک انتہاء ہے۔ المِدَّۃ: پیپ۔ المَدَد: امداد، فریادرسی، کہا جاتا ہے اَمدَدتُہ بمَدَدٍ: میں نے مدد سے اس کو قوت دی اور اس کی اعانت کی۔ المِداد: سیاہی، روشنائی، چراغ کا تیل، کھاد، مثال و طریقہ۔ آپ کہتے ہیں: ھم علی مِدادٍ واحدٍ: وہ ایک ہی طریقہ پر ہیں۔ سبحانَ اللّٰہ مِدادَ السمٰوات: اللہ تعالیٰ آسمانوں کے شمار اور کثرت سے بہت بلند ہے۔ المَدّاد: فاؤنٹین پین۔ المِدّان: کھاری پانی۔ المدِید: چارہ۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔ جمع مُدُد۔ مؤنث مَدِیدَۃ: کھنچا ہوا، لمبا۔ کہا جاتا ہے قدٌّ مدید: لمبا قد۔ فلانٌ مدید القامۃ: فلان طویل القامت ہے۔ قَنَّۃ مَدیدۃ: طویل نیزہ، لمبی برچھی۔ المُدَیدَۃ: تھوڑی مدت، مدت کی تصغیر۔ الاِمِدَّۃ: تانا۔ الاِمِدّان: کھارا پانی۔ الاُمدُود: عادت۔ المَمَدّ: مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔ المُمتَدّ: علم عروض ایک بحر کا نام۔ المَمدُود (مفع) علم صرف میں ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ جیسے صحراء۔ مال مَمدُود: بہت مال۔

۲۔ المَدّان والاِمِدّان: نمکین یا کھارا پانی۔ بہت زیادہ کھارا پانی۔

○ مَدَّ ـُ مَدًّا ہ: کو پھیلانا، لمبا کرنا، بڑا کرنا، وسیع کرنا، کشادہ کرنا، وسعت دینا، سارس کی طرح گردن آگے کو کرنا، میں دیر کرنا، کو ملتوی کرنا، التوا میں ڈالنا، کھینچنا۔ ترتیب دینا، کا نقشہ ذہن میں تیار کرنا، [illegible] لائن بچھانا۔ (جال) پھیلانا، کو لمبا کرنا، کھینچنا، کو طول دینا، مہلت دینا۔ ـــ: (سیلاب، دریا) کا چڑھنا۔ ـــ ہ: کی مدد کرنا، کو امداد دینا۔ ـــ ہ ب: کی سے تائید کرنا، کو کچھ مہیا کرنا، کو کچھ بہم پہنچانا، کو کچھ سپلائی کرنا۔ ـــ ھ: لشکر کو کمک پہنچانا۔ ـــ ھ: زمین میں کھاد ڈالنا۔ مدّ عمرَہُ: اللہ کا کسی کی عمر دراز کرنا۔ مدًّا البصرَ اِلی: کی طرف آنکھیں موڑنا، پر سرسری نظر ڈالنا۔ مدّ جذرًا فی الارض: درخت کا زمین میں جڑ پکڑنا۔ مدّ الحبالۃَ لہ: کے لئے جال بچھانا۔ کے لئے پھندا لگانا۔ مدّ رجلَہ بقدرِ کسائہٖ: چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا۔ مدّ رجلیہ بقدرِ لحافہ: چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا۔ مدّ سَمعَہُ: چوکنا ہونا، کان کھڑے کرنا۔ مدّ المائدۃَ: دسترخوان بچھانا۔ مدّ فی المشی: ڈگ بھرنا۔ مدّ المواسیرَ: پائپ بچھانا۔ مدّ الیہ یدہ: کی طرف ہاتھ بڑھانا۔ مَدَّدَ ہ: بمعنی مدّ یعنی کو پھیلانا، لمبا کرنا، بڑا کرنا، وسیع کرنا، کشادہ کرنا، کو وسعت دینا۔ ـــ: زخم کا پیپ خارج کرنا، میں پیپ پڑنا، زخم خراب ہو جانا، ناسور بن جانا۔ مَادَّی: تاخیر کرنا، ٹال مٹول کرنا، ملتوی کرنا، ڈھیل کرنا، معرض تعویق میں ڈالنا۔ ـــ ہ: کو روز بروز کوئی عذر کر کے ٹال جانا۔ اَمَدَّہ: کی مدد کرنا، کو مدد دینا، کی اعانت کرنا۔ ـــ ہ ب: کی سے تائید کرنا، حمایت کرنا، ہمت بڑھانا، کی کفالت کرنا، کا کفیل ہونا، کا سہارا ہونا۔ ـــ ہ/ھ ب: کو کچھ مہیا کرنا، کو کچھ بہم پہنچانا، کو سے آراستہ کرنا۔ ـــ ھ ب: کو کچھ پہنچانا۔ فوج کو کمک پہنچانا۔ ـــ: ملتوی کرنا، تاخیر کرنا، مہلت دینا، پیپ پڑنا۔ اَمَدَّ باجلہ: اللہ کا کسی کو زندگی میں ایک اور مہلت دینا۔ تَمَدَّدَ: پھیلنا، بڑھنا، لمبا ہونا، بڑا ہونا، وسیع ہونا، کشادہ ہونا، (بستر وغیرہ پر) لیٹنا یا پر یوں گرنا کہ ٹانگیں پھیل جائیں، پر دراز ہونا، پاؤں پسار کر لیٹنا۔ اِمتَدَّ: پھیلنا (تاریں، پائپ لائن) بچھنا۔ ـــ اِلی: تک پھیل جانا، تک پہنچنا۔ ـــ: ایک فاصلہ تک، پھیلا ہوا ہو، لمبا ہونا، طویل ہونا۔ اِلی: بڑھ کر، تک پہنچنا، بڑھ کر کچھ ہو جانا۔ اِستَمَدَّ ھ مِن: کچھ سے لینا، حاصل کرنا، نکالنا، اخذ کرنا، سے مستنبط کرنا، مشتق کرنا۔ ـــ ھ: اپنے آپ کو کچھ بہم پہنچانا یا فراہم کرنا۔ ـــ ہ: سے مدد طلب کرنا۔ مدّ جمع مُدُود: پھیلاؤ، وسعت، بڑھاؤ، فراخی، کشادگی، لمبا کرنا، کھچاؤ، زیادتی، درازی، دوری، طول دینا، طوالت، وقفہ، التواء، چڑھاؤ، پانی یا سیلاب کا چڑھنا۔ ـــ ب: کی فراہمی، بہم رسانی۔ مدَّ البصر: حد نگاہ، مدُّ البصر: جہاں تک آنکھ دیکھ سکے۔ مدُّ النظر: دور بینی، دور اندیشی۔ حروف المد: ا، و اور ی۔

مَدّة: الف پر مد کی علامت جیسے آ۔ مَدّ جمع أَمْداد و مِداد: ایک پیمانہ مَدَدة۔ پیپ، پیپ پڑا ہوا مادہ۔ مُدَّة جمع مُدَد: عرصہ (وقت کا) وقفہ، مدت، وقت، دیر، دوران، محدود یا مقررہ وقت، میعاد۔ مُدَّةَ: کے اندر، کے اندر اندر، کے دوران میں، کے دوران۔ في مُدّةِ: کے اندر اندر، کے دوران میں، کے دوران۔ مدة (من الزمن) عرصہ، مدت، وقت، زمانہ، عہد دور، وقفہ۔ مُدّةً من الزمن: کچھ دیر کے لئے، کچھ عرصہ کیلئے، کچھ وقت کیلئے۔ مَدَد جمع أُمْداد: مدد اعانت، سہارا، پشت پناہی، کمک جمع أمداد: وسائل، معاون ذرائع۔ مِداد: سیاہی، روشنائی، چراغ کا تیل، کھاد، گوبر، نمونہ، اسلوب۔ سَجَّلَهُ بمدادِ الفخر: کو سنہرے حروف سے لکھنا۔ علی مدادٍ واحدٍ: ایک ہی نمونہ یا عمدہ مثال کی نقل میں یا تقلید میں، ایک ہی نمونہ یا عمدہ مثال جیسا۔ مَدِید جمع مُدُد: پھیلا ہوا، پھیلایا ہوا، کھنچا ہوا، لمبا کیا ہوا، لمبا، طول پکڑ جانے والا، بہت طول پکڑ جانے والا، دراز، بڑا، پتلا اور لمبا، دبلا پتلا، چھریرا، بلند، بہت، زمانٌ مَدیدٌ یا مُدّةٌ مَدِیدةٌ: طویل وقت، لمبا عرصہ۔ عمر مدید: بڑی عمر۔ مدیدُ البصر: دوبین، دور اندیش، مرد آخر بین۔ مَدّاد: ایک بیل جو دیوار یا درختوں وغیرہ پر چڑھی ہوتی ہے۔ اِمِدّة: تانا، تار، امدادات: معاون چیزیں، کمک، رسد (supplies)۔ علی امتداد: کے کنارے، کے کنارے پر، کے ساتھ، کے شانہ بشانہ، کے پہلو بہ پہلو۔ مادّ: زمین پر پھیلنے والی ایک بیل مادّة جمع مواد: چیز، شے، مال، مادہ، مادی قبضہ، اصل، اصل جز، جس چیز سے کچھ بنایا جائے سامان (material) جزو، جزو ترکیب، مشتمل حصہ، لازمی جز۔ جز، ترکیبی، بنیادی جز، مکمل اور کیمیادی عنصر، بنیاد، موضوع، مرکزی خیال، جواب مضمون، موضوع، مبحث (مدرسے کا) مضمون، میدان مطالعہ، تعلیمی شعبہ، موضوع (subject matter) نصابی مضمون، مضمون، مقالہ (قانون وغیرہ کا) پیراگراف یا فقرہ، شرط معاہدہ۔ جمع: سامان، مال، جس سے کچھ بنایا جائے۔ اسباب، عوامل، عناصر۔ مادة اصلية: کسی لفظ کی اصل۔ مَوَادُّ اوّلية: ابتدائی عناصر، خام مال، مواد تجارية: اشیائے تجارت، سامان تجارت۔ مواد التجميل سنگار کا سامان۔ مواد جنائية: مجرموں کے مقدمات (criminal cases)۔ موادُّ حربيةٌ: جنگی سامان۔ مواد خام: خام مال۔ مواد الصاغة: جن چیزوں سے رنگ تیار کئے جاتے ہیں، رنگ، رنگنے کے مسالے۔ مواد صُلبَة: ٹھوس اجزاء یا اشیاء۔ مواد مَصنوعة: بنائی ہوئی چیزیں، ریڈی میڈ چیزیں۔ مواد التطبيب: کھانے یا لگانے کی دوائیں، دوائیں۔ مواد الإعاشة و مواد المعيش: کھانے پینے کی اشیاء خوراک۔ مواد غذائية: اشیائے خوراک، کھانے پینے کا سامان، خوراک، غذائی اشیاء، چارا۔ مواد اللغة: کسی زبان کا ذخیرہ الفاظ۔ مواد مضادةٌ لِلحَیَویات: جراثیم کش ادویہ۔ موادُّ مُلتَهِبة: آتش گیر مادے، ایندھن، فوراً جل اٹھنے والے مادے۔ مواد مدنية: دیوان مقدمات۔ مواد النَسیج: کپڑے پارچے۔ مادی: مادی، حیوانی، جسمانی، دہری، مادہ پرستانہ جمع مادیون: دہریہ، مادہ پرست، خارجی، معروضی، واقعیت پسندانہ غیر جذباتی۔ مادِية: مادیت، مادہ پرستی، دہریت۔ الماديات و المعنويات: مادی اور خیالی اشیاء۔ مَمْدُود: بڑھایا ہوا، وسیع کیا ہوا، پھیلا ہوا، لمبا کیا ہوا، طول دیا ہوا، باہر نکالا ہوا، بڑا، دور تک پھیلا ہوا بہت۔ مدّہ لگایا ہوا۔ مُمَدَّد: پھیلا ہوا، بے قاعدہ، پھیلا ہوا، پڑا ہوا، دراز، لیٹا ہوا، لمبا، کھنچا ہوا۔ مُمْتَدّ: پھیلا ہوا، کھلا، وسیع، کشادہ، جامع۔ مُسْتَمَدّ من: سے لیا ہوا، سے اخذ کیا ہوا، سے مستنبط، سے مشتق۔ مَدَالِیَہ جمع مَدَالِیَات: تمغہ۔ مَدَالِیُون: بڑا تمغہ، لاکٹ، تعویذ، (کان کا) آویزہ، (گلے کا) ہار۔

مدح: مَدَحَ – مَدَحًا و مَدَّحَ ہٗ: کی تعریف کرنا۔ مَادَحَ ہٗ: کی تعریف کرنا۔ تَمَدَّحَ: غیر موجود خوبیوں پر فخر کرنا، اپنی تعریف آپ کرنا۔ ـــ الرجُلَ: کی تعریف کرنا..... إلى الناس: لوگوں سے تعریف چاہنا۔ تَمَادَحَ القومُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔ اِمْتَدَحَ: وسیع ہونا۔ ـــ فلانًا: کسی کی تعریف کرنا۔ اِمَّدَحَ: وسیع ہونا۔ المِدْحَة جمع مِدَح: مدح کا اسم۔ تعریف۔ المَدِيح جمع مَدَائِح و الأُمْدُوحَة جمع أَمَادِيح: تعریف۔ المَمَادِح: اچھی صفات، پسندیدہ خوبیاں (مقابح کا الٹ)۔

○ نَزَعَ ـِ نَزْعًا ہ: کو اکھیڑنا، کو زور لگا کر نکالنا، نکالنا۔ ہ عن: کو سے ہٹانا، دور لیجانا، اکھاڑنا۔ کو سے قلم زن کرنا۔ ـــ ہ: کپڑے اتارنا۔ ـــ عن / من ہ: کو سے محروم کرنا، کی کوئی چیز لوٹنا، کے کپڑے وغیرہ اتار لینا، ـــ ہ من: کو سے چھین لینا۔ ـــ ہ: کو معزول کرنا، برخاست کرنا، کا مرتبہ کم کرنا۔ ـــ ب: کو بطور ثبوت یا تردید یا تغلیط میں پیش کرنا۔ ـــ إلی: کی طرف جانا، ترک وطن کر کے کسی ملک میں جا بسنا۔ ـــ نزوعا الی: کی خواہش یا تمنا ہونا، کی سخت آرزو ہونا، کا آرزو مند ہونا، متمنی ہونا، کی تمنا رکھنا، کی تمنا ظاہر کرنا، کی طرف مائل ہونا، کا رجحان رکھنا، کو اختیار کرنا، کو لینا، کا ذمہ لینا، کو اپنے سر لینا، سے رجوع کرنا۔ ـــ عن: سے غیر حاضر ہونا، سے تجاوز کرنا، انحراف کرنا، سے رکنا، باز رہنا، سے بچنا، کو چھوڑ دینا، سے الگ رہنا، پرہیز کرنا۔ ـــ: حالت نزع میں ہونا، نزع منہ نازع إلی: کی خواہش محسوس کرنا، کی طرف رجحان معلوم کرنا یا دریافت کرنا۔ نزّع ہ: کو دور کرنا، لیجانا۔ نازَعَ ہ: سے لڑنا، جھگڑنا، جھگڑا کرنا، کا مقابلہ کرنا، سے مسابقت کی سعی کرنا۔ ـــ ہ: سے جھگڑنا، کا مقابلہ کرنا [illegible] چاہنا، پر اعتراض کرنا۔ ـــ ہ: سے کوئی چیز چھیننے کی کوشش کرنا، پر کسی کے حق کے خلاف دلیل لانا یا پیش کرنا۔ ـــ: نزع کی حالت میں ہونا۔ تنازع: ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا، مسابقت کی سعی کرنا۔ ـــ ہ: کے لئے حریف ہونا، رقیب ہونا، پر ایک دوسرے کے حق کے خلاف دلیل لانا یا پیش کرنا، پر جھگڑا جاری رکھنا، پر مختلف الرائے ہونا، اختلاف کرنا۔ اِنْتَزَعَ ہ من: سے کو اکھیڑنا، سے کو نکالنا، سے کچھ پھاڑنا، چیرنا۔ ـــ من ہ: سے کوئی چیز چھیننا، سے کوئی چیز اکھیڑنا، پھاڑنا۔ ـــ ہ: کو لینا، لے جانا، کھینچنا، ادھار لینا، عاریۃ لینا۔ نَزْع: ہٹانا، پیچھے ہٹنا، نکال دینا، اخراج، معزولی، عہدہ سے برخاستگی، موت کی کشمکش، موت کی اذیت۔ نزع السلاح: تخفیف اسلحہ، نہتہ کرنا، مؤتمر نزع السلاح: تخفیف اسلحہ کی کانفرنس۔ نزع الملکیۃ: بے دخلی، جائیداد غصب کرنا۔ نَزْعَۃ جمع نَزَعات: رجحان، رغبت، میلان، وضع، رویہ، انداز نظر، نقطہ نگاہ، موقف، اپوزیشن۔ نُزُوع إلی: کے لئے کوشش، جانفشانی، دوڑ دھوپ، جدوجہد، چاہ، تمنا، آرزو، اشتیاق، کی طرف رجحان، جھکاؤ، میلان طبع۔ نَزّاع إلی: کی طرف جھکاؤ، کا رجحان، کی طرف میلان طبع رکھنے والا۔ نَزِیع جمع نُزّاع: غیر ملکی، پردیسی، اجنبی، نو وارد۔ مَنْزَع جمع مَنازِع: نیت، مراد، غرض، مطلب، عزم، مقصد، منشا، قصد، ارادہ، دھیان، اشتیاق، مدعا، مطمح نظر، طریقہ، راستہ، طرز، ڈھنگ، انداز، طور طریقہ، لچھن، چال چلن، مِنْزَع: تیر۔ نِزاع: لڑائی، جدوجہد، نزاع، جھگڑا، مقابلہ، مناقشہ، قضیہ، بحث، موت کی کشمکش، موت کی اذیت۔ بِلا نِزاع: مسلمہ طور پر، حتمی طور پر، یقینی طور پر، ناقابل تردید طور پر، بے شک، بلاشبہ، یقیناً، ناقابل انکار طور پر۔ علیہ نِزاع: قابل بحث، مابہ النزاع، متنازع، لانِزاعَ فیہ: جس میں مخالفت نہ، جس کی تردید نہ کی گئی ہو، مانا ہوا، آشکارا۔ مُنازَعَۃ جمع مُنازَعات: لڑائی، جدوجہد، جھگڑا، فساد، تنازعہ، بحث، مناقشہ، تکرار، نزاع، ان بن، نااتفاقی، ناچاقی، اختلاف، نزاعی معاملہ، امر متنازع (عدالت میں) اصل معاملہ جس پر اختلاف ہو (Case at issue) نازِعَۃ جمع نَوازِع: رجحان، میلان، جھکاؤ۔ مَنْزُوع: ہٹایا ہوا، دور کیا ہوا۔ مِنطقۃ مَنْزُوعَۃ السلاح: علاقہ جہاں سے فوج نکال لی گئی ہو۔ مُنازِع: موت کے ساتھ جدوجہد کرنے والا، حالت نزع میں، مقابلہ کرنے والا، جدوجہد کرنے والا، لڑنے والا، جنگجو، جھگڑالو،

مخاصم، مقدمہ باز، لَیسَ مِن مُنَازِعٍ فی: کوئی انکار نہیں کرے گا کہ۔۔۔ مُنَازَعٌ علیہ: قابل بحث متنازعہ۔ مُتَنَازِع: باہم دگر آویزاں، متصادم۔ مُتَنَازَعٌ علیہ و مُتَنَازَعٌ فیہ: متنازعہ، قابل بحث، متنازعہ فیہ معاملہ۔ مُنتَزَعٌ مِن: سے لیا ہوا، نکالا ہوا۔

نزغ: نَزَغَ ـَ نَزغاً ہُ: کو ہاتھ سے ٹھونکا لگانا یا نیزہ مارنا، کو خفیف سی حرکت دینا، پر عیب لگانا۔ ـــ ہُ بکلمۃٍ: کو طعن و تشنیع کرنا۔ ـــ بین القوم: لوگوں میں فساد ڈالنا، کہا جاتا ہے۔ نَزَغَ الشیطانُ بینھم: شیطان نے انہیں ایک دوسرے کے برخلاف اکسایا۔ نَزَغَہُ الشیطانُ إلی المعاصی: شیطان نے اسے گناہوں پر اکسایا۔ النازغۃ جمع نَوَازِغ: نَازِغ کا مونث۔ النوازغ: فساد ڈالنے والیاں۔ النَزغ (مص)، اکسانے والا کلام۔ ـــ نَزغُ الشیطان: شیطانی وسوسے، گناہوں پر مجبور کرنے والے ہتھکنڈے۔ النزغۃ جمع نَزَغَات: نزغ کا اسم مرۃ، طعن و تشنیع۔ النَزَّاغ والمِنزَغ و المِنزَغَۃ: غیبت کرنے والا، فساد ڈالنے والا۔ النَزِیغۃ: برا کلمہ۔

نَزغٌ و نَزغَۃٌ جمع نَزَغَات: گناہوں کی ترغیب۔ نزغ الشیطان: شیطان کے وسوسے۔ شیطانی القاء والہامات

نزف: نَزَفَ ـِ نَزفاً ماءَ البئرِ: کنویں کا سارا پانی نکال دینا۔ ـــ ت البئرُ: کنویں کا سارا پانی نکالا جانا۔ ـــ دمَ فلانٍ: کا خون پچھنوں یا فصد سے نکالنا۔ ـــ عبرتَہُ: کے آنسو ختم کر دینا۔ ـــ الدمُ فلاناً: زیادہ خون نکلنے سے کمزور ہو جانا۔

نَزِفَ ـَ نَزَفَات عبرتُہُ: کے آنسو خشک ہونا۔ نَزِفَ ماءُ البئرِ: کنویں کا سارا پانی نکالا جانا۔ الرجلُ: بے عقل ہونا یا بدمست ہونا۔ الرجلُ دَمًا: نکسیر پھوٹنے سے سارا خون نکل جانا۔ ـــ فی الخصومۃ: جھگڑے میں کی حجت ختم ہونا۔ اَنزَفَ البئرَ: کنویں کا سارا پانی نکال دینا۔ ـــ الرجلُ: کے لئے کچھ نہ بچنا، مست ہو جانا، کی عقل جاتی رہنا، کی جھگڑے میں حجت ختم ہو جانا۔ ـــ العبرات: آنسو روک دینا، ختم کر دینا۔ ـــ ت البئرُ: کنویں کا سارا پانی نکالا جانا۔ اِستَنزَفَ الدمعَ او الماءَ: آنسو یا پانی خشک کرنا یا نکال لینا۔ النازِف جمع نُزَّف: فا عِرقٌ نازِفٌ: رگ جس سے خون نہ بہتا ہو۔ النَزف (مص)، نزفُ الدم: خون کا بہنا۔ النُزف: کنویں کا پانی نکلنا، بہت سا خون نکلنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوری۔ النُزفَۃ جمع نُزَف: تھوڑا پانی وغیرہ۔ نَزَافِ: اسم فعل بمعنی امر کہا جاتا ہے نَزَافِ ماء البئر: کنویں کا سارا پانی نکال دے۔ النَزُوف: کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال دیا گیا ہو۔ النَزِیف: بافراط خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور، پیاس سے خشک رگوں اور زبان والا، بدمست، بخار میں مبتلا۔ بئرٌ نَزِیف: تھوڑے پانی والا کنواں۔ المِنزَفَۃ: جس سے پانی نکالا جائے۔ المَنزُوف: زیادہ خون نکلنے سے کمزور، پیاس سے خشک رگوں اور زبان والا، بے عقل۔

نَزَفَ ـِ نَزفًا ہ: کو خشک کرنا، خالی کر دینا، کو کھینچ لینا، کل خرچ کر ڈالنا، کمزور کرنا۔ ہ: کنواں خشک کرنا، خون نکال دینا۔ ـــ: خشک ہونا، خالی ہونا، خرچ ہونا۔ نُزِفَ دمُہُ: کا بہت خون ضائع ہو جانا، کا خون نکلنا، خون نکلنے سے مر جانا۔ اَنزَفَ ہ: کنویں کا پانی نکالنا، کو خالی کرنا۔ ـــ: خالی ہونا، خرچ ہو جانا، کمزور ہونا۔ اِستَنزَفَ ہ من: کو سے خالی کرنا، کھینچ لینا، لینا۔ ـــ ہ: کو خالی کرنا، خرچ کرنا، ختم کرنا، نگلنا، ہڑپ کر جانا، کھا جانا، سارا استعمال کر لینا۔ نَزف: خالی کرنا، سخت تھکاوٹ، خون کا بہنا، جریان خون، خون کا ضائع جانا۔ النزف الدموی: جریان خون۔ نُزفَۃ: تھوڑی مقدار (سیال شے کی) قلیل مقدار۔ نَزِیف: خون ضائع ہونے کی وجہ سے، کمزور، خون نکلنا، بہنا جریان خون۔ مَنزُوف: خون ضائع ہونے کی وجہ سے کمزور۔

نزق: ۱۔ نَزَقَ ـِ نَزقًا و نُزُوقًا الفرسُ: گھوڑے کا کود اور اچھل کر تیزی سے آگے بڑھنا۔ نَزِقَ ـَ نَزَقًا و نُزُوقًا الفرسُ: گھوڑے کا کود اور اچھل کر تیزی سے آگے بڑھنا۔ ـــ نَزَقًا و نُزُوقًا الرجُلُ: غصہ سے طیش میں آنا اور خفیف العقل ہونا۔ صفت نَزِق م نَزِقَۃ: نَزَّقَ الفرسَ: گھوڑے کو مار کر کدانا۔ نَازَقَ نِزَاقًا و مُنَازَقَۃً ہُ: کے قریب ہونا، کو گالی دینا۔ اَنزَقَ الفرسَ: گھوڑے کو مار کر کدانا۔ ـــ فلانٌ: کم عقل ہو جانا۔ ـــ النعیمُ فلانًا: کو نیکی ہونے پر اکسانا۔ ـــ الرجُلُ فی الضحك: بہت ہنسنا۔ تَنَازَقَا: ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔ النَزق (مص): پھرتی، حماقت اور جہالت سے جلد بازی۔ مکانٌ نَزَق: نزدیک جگہ۔ النَزقَۃ: اسم مرۃ، دوڑ کا آغاز۔ النَزِقَۃ والنزاق مِن النوق: سرکش اونٹنی۔ المُنَازِق: باتونی۔

۲۔ نَزَقَ ـِ نَزقًا الاناءَ: برتن کو لبالب بھرنا۔ نَزِقَ ـَ نَزَقًا الاناءُ: برتن کا لبالب بھرنا۔

۳۔ النَیزَق جمع نَیَازِق: چھوٹا نیزہ۔

نَزَقَ ـِ نَزقًا و نَزِقَ ـَ نَزَقًا و نُزُوقًا: زور سے آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنا، دوڑ پڑنا، ٹوٹ پڑنا، جلد بازی کرنا، سخت عجلت میں ہونا، تیز و تند ہونا، پر جوش ہونا، جلد بازی کرنا، سخت عجلت میں ہونا، تیز و تند ہونا، پر جوش ہونا، خالی دماغ، باولا یا سنکی ہونا، سبک ہونا اوچھا ہونا، بے احتیاط ہونا، ناعاقبت اندیش ہونا، سنگدل ہونا، بے رحم ہونا۔ نَزَّقَ ہ: گھوڑے کو مہمیز کرنا، تیز دوڑانا، آگے بڑھانا۔ نَزَق: جلدی، پھرتی، تیزی، عجلت، جلد بازی، تہور، شتابی، ناعاقبت اندیشی، جوش، شدت، سختی، بے عقلی، من چلا پن، بے احتیاطی، لاپرواہی، بے فکری، بے مروتی، ہلکا پن، سنکی، اوچھا پن۔ نَزِق: پھرتیلا، جلد باز، تیز، ناعاقبت اندیش، تند خو، تیز مزاج، زود رنج، چڑچڑا، غیر محتاط، بے دھڑک سر کے بل، سخت، عجلت میں، بے سمجھے بوجھے، تند، شدید، سخت، گرم، پر جوش، آندھی کی طرح کام کرنے والا، بے فکر، بے پروا، بے احتیاط، غافل، لاپروا، سہل انگار، توجہ نہ کرنے والا، خالی دماغ، باولا، سنکی، بے فکرا، خفیف، ہلکا، غیر سنجیدہ، بے نتیجہ باتیں کرنے والا، وحشی، کم عقل، وہمی، بے وقوف، سطحی، بہت معمولی بیہودہ۔

نزك: نَزَكَ ـُ نَزکًا ہُ: کو نیزہ مارنا، کو برا کہنا، پر عیب لگانا، ناحق الزام لگانا۔ النَزَّاك و النُزَك: عیب لگانے والا، النَزِیکَات: شریر لوگ۔ النَیزَك جمع نَیَازِك: چھوٹا نیزہ۔ ـــ جمع نَیَازِك (فلك): ٹوٹنے والا ستارہ۔ شہاب ثاقب

نزل: نَزَلَ ـِ نُزُولًا من علوٍّ إلی اسفل: اوپر سے نیچے اترنا۔ ـــ فلانٌ عن الحق: اپنا حق چھوڑ دینا۔ ـــ بہ: کو اتارنا۔ ـــ بہ الامرُ: پر واقع ہونا، آ پڑنا۔ ـــ نِزَالَۃً: سفر کرنا۔ کہا جاتا ہے: مازلتُ انزل: میں سفر کر رہا ہوں۔

ـــ نُزُولًا و مَنزَلًا و مَنزِلًا القومَ و بالقوم و علی القوم: کے ہاں مہمان اترنا۔ نَزِلَ ـَ نَزَلًا المکانُ: جگہ کا سختی کی وجہ سے تھوڑی سی بارش سے بہنے لگنا۔ ـــ الزرعُ: کھیتی کا بڑھنا۔ ـــ نَزَلَۃً الرجلُ: کو زکام ہونا۔ نَزَّلَ الشیءَ مکانَ الشیءِ: کو کی جگہ رکھنا، کو کا قائم مقام کرنا۔ ـــ القومَ: لوگوں کو منازل میں اتارنا۔ ـــ ہُ: کو اتارنا۔ ـــ اللّٰہُ کلامَہُ علی انبیائہ: اللہ کا اپنے نبیوں کو اپنے کلام کی وحی کرنا یا نازل کرنا۔ ـــ الشیءَ: کو مرتب کرنا۔ الحاسبُ الرقمَ: رقم لکھنا۔ نَازَلَ نِزَالًا و مُنَازَلَۃً ہُ فی الحرب: کے مقابلہ میں جنگ کے دوران اترنا اور اس سے لڑنا۔ کہا جاتا ہے حاربوا بالنزال: دونوں فریق اپنے اونٹوں سے گھوڑوں پر اتر کر آپس میں لڑے۔ اَنزَلَ اِنزَالًا و مُنزَلًا الضیفَ: کو مہمان اتارنا۔ ـــ الشیءَ: کو

اتارنا۔ ــــ اللہُ الکلامَ: اللہ کا وحی کرنا، کہا جاتا ہے: انزلَ حاجتہ علی کریم: اس نے فیاض سے حاجت روائی کی درخواست کی۔ تَنَزَّلَ ٹھہر ٹھہر کر اترنا۔ ـ عن الحق: حق چھوڑنا۔ ـ فلاناً: کو اتارنا۔ تَنَازَلَ القومُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑ پر سوار ہونا اور لڑنا۔ میدان جنگ میں اتر کر مصروف پیکار ہونا۔ ــــ القومُ فی السفر: کبھی اس کے پاس کھانا کبھی اس کے پاس۔ ــــ الرجُلُ: اپنی حیثیت سے گر جانا، روادارانہ ہونا۔ اِسْتَنْزَلَ ہٗ: کو اتارنا، سے اترنے کو کہنا۔ ـ ہٗ عن رایہ او حقہ: کو اپنی رائے یا حق سے نیچے اترنے کیلئے کہنا۔ اُسْتُنْزِلَ فلانٌ: مرتبہ سے اتارا جانا۔ النَازِلَۃ جمع نازلات و نوَازِل: نازل کا مونث: سخت مصیبت۔ النزل (طب) زکام، کھانسی، اور بخار (عام زبان میں)۔ ــــ جمع نزول. جمع شدہ۔ النُزُل جمع انزال مہمان کا کھانا۔ ــــ والنَزَال جمع انزال فصل کی نمو، کھیتی کی بالیدگی، داد و دہش اور فضل۔ النُزُلُ. منزل، مہمان لوگ، برکت والا کھانا۔ ــــ جمع انْزال: مہمان کا کھانا۔ النزل: وہ مکان یا جگہ اکثر و بیشتر لوگ اتریں، سخت جگہ جہاں سیلاب آ جائے۔ مکانٌ نزِل: جگہ جہاں اکثر و بیشتر اترا جائے۔ النَزَل جمع انْزَال: بارش۔ رجُلٌ ذونزَلٍ: بہت بخشش، فضل اور برکت والا۔ انْزَالُ القوم: قوم کی روزیاں۔ النَزْلَۃ جمع نزَلات: نزول کا اسم مرۃ۔ لقد راٰہٗ نَزْلَۃً اُخری: اس نے اسے دوسری بار بھی دیکھا۔ ــــ (طب): زکام، نزلہ۔ ارضٌ نزِلَۃٌ: اچھی کھیتی کی زمین کہا جاتا ہے: ترکتُھم علی نزَلاتھم ونزِلاتھم: میں نے انہیں اچھی حالت میں چھوڑا۔ النِزَالَۃَ: سفر، مہمانی، کہا جاتا ہے: کنا فی نِزَالَۃِ فلانٍ: ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ فلان من نزالۃِ سُوءٍ: فلاں کا باپ کنجوس ہے۔ النُزَالۃ: جگہ کا تھوڑی سی بارش سے سختی کی وجہ سے بہہ پڑنا۔ النَزَّال: بہت اترنے والا، بہت مقابلہ کرنے والا۔ النَزِیل جمع نُزَلاء: مہمان (کہا جاتا ہے: فلانٌ نَزِیلی: فلاں شخص میرے ساتھ گھر میں مہمان ہے) برکت والا کھانا۔ کہا جاتا ہے، ثوبٌ نَزِیلٌ: مکمل کپڑا۔ التَّنْزِیل: ترتیب، اوپر سے نیچے اترنا۔ المَنْزِل جمع مَنَازِل: اترنے کی جگہ، گھر، چشمہ۔ المَنْزِلَۃ جمع مَنَازِل: اترنے کی جگہ، گھر، رتبہ، کہا جاتا ہے: لہ منزلۃ عند الامیر: وہ امیر کے ہاں مرتبہ والا ہے۔ رفیعُ المَنْزِلَۃ: بلند مرتبہ شخص۔ المُنَزَّلَۃ (ط): گوشت اور بینگن سے تیار کیا ہوا سالن۔ المَنْزُول: مہمانوں کے لئے تیار کی ہوئی جگہ، مہمان خانہ۔

○ نَزَلَ من ہ: ٹرین سے اترنا، کار سے اترنا، جہاز سے اترنا۔ ـ: ہوائی جہاز کا اترنا، بارش کا برسنا، آسمان سے اترنا، خصوصاً قرآن مجید کی وحی ہونا۔ قیمتوں کا گرنا، پانی کی سطح گرنا، کم ہونا، دریا وغیرہ کا اتر جانا، رکنا آرام کے لئے، پڑاؤ ڈالنا، خیمہ زن ہونا۔ ــــ ب/ علی / عند: کے ہاں قیام کرنا۔ ــــ ہ: کسی جگہ رہنا، سکونت کرنا، بود و باش کرنا۔ ــــ: اکھاڑے، دنگل، میدان جنگ یا میدان عمل میں اترنا، قدم رکھنا، لڑائی شروع کرنا، مخالف فریق کے سامنے آنا، سے مڈبھیڑ ہونا، مقابلہ کرنا۔ ــــ عن ل: کے حق میں سے دست بردار ہونا۔ ــــ عن: کو چھوڑنا، ترک کرنا، سے استعفیٰ دے دینا، سے باز رہنا، پرہیز کرنا۔ ــــ ب: پر نازل ہونا، پڑنا، ٹوٹ پڑنا، چڑھ دوڑنا (مصیبت، سزا وغیرہ کا) کو ایذا دینا، دکھ پہنچانا، تکلیف میں ڈالنا، کو پیش آنا۔ ــــ علی: پر حملہ کرنا، کا آغاز کرنا، پر جھپٹا مارنا۔ ــــ ب إلی: کو کسی جگہ لیجانا۔ نَزِلَ ـ نَزْلَۃً: زکام ہونا۔ :

نزل إلی البَرّ: زمین پر اترنا، ساحل پر اترنا، نزل الی المیدان: لڑائی شروع کرنا۔ نزل دون منزلتہ: سطح سے گر جانا، نزل ضیفاً علی: کی مہمان نوازی سے فائدہ اٹھانا، کے ہاں بطور مہمان مقیم ہونا۔ نزل علی حکمہ: کی بات مان لینا، کی خواہش کے آگے جھک جانا، کی اطاعت اختیار کرنا، کی فرمانبرداری کرنا، کے حسب معیار کام کرنا۔ نزل عند ارادتہ: کی مرضی منشا یا ارادہ کا پاس یا لحاظ کرنا یا اسے تسلیم کرنا، کے حکم کی تعمیل کرنا۔ نزل عند رغبتہ (یا طلبہٖ) کی خواہش یا مطالبہ کو پورا کرنا، کی حسب خواہش کام کرنا، کے مطالبہ پر عمل کرنا۔ نزل مَنْزِلاً: جگہ یا پوزیشن پر فائز ہونا، جگہ یا پوزیشن تک پہنچنا۔ نزل منزلَہ اللائقَ: اپنی جائز جگہ پر فائز ہونا، قابض ہونا۔ نزل منزلۃ فلان: کی پوزیشن پر لگا رہنا، کی حیثیت سے کام کرنا۔ نَزَّلَ: اتارنا۔ ــ ہ: کو اتارنا ــ ہ: کو نیچے کرنا، گرانا۔ ــــ ہ علی: پیغمبر پر وحی کرنا ــــ ہ: کا انکشاف کرنا، کی وحی بھیجنا، کا الہام کرنا، کو اتارنا، کو نیچے رکھنا۔ ــــ ہ / من: کو گرانا، کم کرنا حد سے زیادہ کم کر دینا، بہت کم کر کے دکھانا، میں تخفیف کرنا، کو چھوٹا کرنا، کو گھٹانا۔ ــــ ہ: کو جھکانا، ٹیڑھا کرنا، کو ڈوبا دینا، (جھنڈا) نیچا کرنا، اتارنا۔ ــــ ہ عن: کو سے سبکدوش کرنا، برخاست کرنا الگ کر دینا، موقوف کرنا۔ ــــ ہ عن العرش: کو تخت سے اتارنا، معزول کرنا۔ ــــ ہ: کی میزبانی کرنا، کو ٹھہرانا، کے قیام کا انتظام کرنا۔ ــــ ہ من: کو سے مجرا کرنا، کم کرنا، کو سے تفریق کرنا، منفی کرنا۔ ـ ہ فی: کو میں ڈالنا، داخل کرنا، جڑاؤ کام کرنا، کی میں منبت کاری کرنا، پچی کاری کرنا (جیسے ہاتھی دانت کی، لکڑی میں)

نَزَّلَ دَرَجَتَہٗ: کا منصب گھٹانا، کی تنزلی کرنا۔ نَازَلَ ہ: کے ساتھ مصروف پیکار ہونا، سے کسی مسئلہ پر بحث کرنا، سے متصادم ہونا۔ انْزَلَ: اتارنا۔ ــــ ہ علی: اللہ کا کسی چیز کو پر نازل کرنا، پر کسی چیز کی وحی کرنا۔ ــــ ہ: اللہ تعالیٰ کا کوئی چیز عطا کرنا، دینا۔ ـ ہ ہ: کو میں اتارنا، ٹھہرانا، رکھنا، رہائش دینا۔ ـ ہ: (مال) اتارنا۔ ـ ہ إلی البر: کو جہاز سے ساحل پر لیجانا۔ ـ ہ: فوجیں زمین پر اتارنا، ساحل پر رکھنا، جہاز سے اتارنا۔ ــــ ہ: جھنڈا اتارنا۔ ــــ ہ إلی: تعداد، قیمت وغیرہ، ...... تک کم کرنا۔ ــــ ب ہ: کو کا نقصان پہنچانا۔ ــــ ہ علی: کو پر مجبور کرنا۔ ما انزلَ اللّٰہ بہ من سلطان: اللہ تعالیٰ نے اسے کوئی اختیار اور قوت نہیں دی (مرادی معنی): بے کار، فضول، ناکارہ، بے اثر، بے نتیجہ، لا حاصل، بے ثمر، بے فائدہ، بے بنیاد، لغو، بے سر و پا، نامعقول، بعید از قیاس، بے تکا، لچر، الٹی گنگا، مکمل طور پر من مانا، اٹکل پچو۔ انزل ہ الی البحر: جہاز کو پہلی مرتبہ پانی میں اتارنا۔ انزَلُوھم ضَیوفاً علیھم: انہوں نے انہیں مہمان بنایا۔ انْزَلَ بہ خسارۃً فادحۃ: کو بھاری نقصان پہنچانا۔ انزل ہ منزلۃَ فلان: کو کی حیثیت میں فائز کرنا، کو کا مرتبہ دینا، کو کے برابر منصب دینا، تَنَزَّلَ إلی: تک کم ہونا، تک جھکنا، فروتنی کرنا، ــــ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا، خاکساری کرنا، اپنے آپ کو خوار کرنا، ــــ عن: کو چھوڑ دینا، ترک کر دینا، سے باز رہنا۔ تَنَازَلَ عن لِ: سے کے حق میں دستبردار ہونا ــــ عن: سے بے نیاز رہنا، کو چھوڑ دینا۔ ــــ عن ل: کو کے حوالے کر دینا، کو پر چھوڑ دینا، کو کوئی چیز منتقل کرنا، ــــ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا، خاکساری کرنا، فروتنی کرنا تنازل (یا تنزل) عن العرش ل: تخت سے کے حق میں دستبردار ہونا۔ تنازل عن منصب: منصب سے مستعفی ہونا إسْتَنْزَلَ ہ: کو اترنے کے لئے کہنا۔ ــــ ہ: کی التجا کرنا۔ ــــ ہ: کو اتارنا۔ ــــ ہ عن: سے کو چھوڑنے کی اپیل کرنا، کو سے دستکش ہونے کی اپیل کرنا۔ ـ ہ: محصور کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا ــــ ہ من: کو سے منہا کرنا، تفریق کرنا۔ نُزُل جمع نُزُول و نُزْل: شب باشی کی جگہ، ہوٹل، سرائے جمع نُزول. بدوؤں کی چھوٹی قبائلی وحدت، (خانہ بدوشوں) کا پڑاؤ، ڈیرہ۔ نُزُل: مہمان کو دیا جانے والا کھانا۔ نَزْلَۃ: رہنا، رکنا، ٹھہرنا، قیام، آمد۔

نَزلَةُ الحج: مکہ معظمہ سے محمل کی واپسی کا جشن۔ نَزلَة زکام۔ نزلةٌ شعبية: قصبی زکام۔ نزلة صَدرِيَة: ورم نرخرہ۔ نزلة وَافِدة: انفلوئنزا (Influenza) نزالة نوآبادی۔ نُزُولاً علی: کے مطابق کے پاس ادب سے۔ نزولا عند رغبته: اس کی خواہش کی تکمیل میں، اس کی خواہش کے لحاظ میں، اس کی درخواست پر، نزولا عند طلبه: اس کے مطالب کی تعمیل میں، اس کی درخواست کے مطابق، نزول المطر بارش۔ نُزُولی: (قیمتوں اور شاکوں) کے گرنے کے متعلق یا سے متعلق۔ اثر بازگشت کا، گرتی ہوئی، ڈوبتی ہوئی نزیل جمع نُزَلاء: مہمان، اجنبی، پردیسی، شب باش، منزل گزین، خرچ دے کر کھانا کھانے والا، مقیم، داخل، قابض، کرایہ دار۔ مَنزِلُ الاستراحة: ریسٹ ہاؤس (Rest House) منازل اللَّهو واللعب تفریحی مراکز۔ اهلُ المنزل: اہل خانہ، بیوی بچے، صاحب المنزل: مالک مکان۔ منزلي گھریلو، خانگی، پرائیویٹ (نجی)، مَنزِلَة: ڈگری، گریڈ، منصب، پوزیشن، درجہ، رتبہ، مرتبہ، حیثیت (Status) عظمت، قدر و منزلت۔ تَنزِيلُ الرُّتبَة یا تنزیلُ المَقَام: تَنَزّلی Demotion، تنزيلٌ نقديٌّ: نظامِ زر میں قیمت کی کمی، روپے کی قیمت میں کمی، سکہ رائج الوقت کی قیمت کی کمی (Currency devaulation) نِزَال و مُنَازَلة: جنگ کے لئے فوجوں کی صف بندی، لڑائی، جنگ و جدل، معرکہ کارزار، محاربہ۔ انزال الی البحر: بحری جہاز کو سمندر میں اتارنا۔ انزال إلی العمل: بحری جہاز کی سفر کیلئے تیاری۔ عدمُ التنازل: بے رحمی، سنگدلی، سیاست میں کٹرپن یا انتہا پسندی یا غیر مصالحانہ رویہ۔ عقد التنازل: علاقہ یا حقوق دوسرے کے حوالے کرنے کی دستاویز (deed of cession) نازل: رہنے والا، مقیم۔ نازِلة جمع نَوَازِل: وقوع، واقعہ، افسوسناک حادثہ، سانحہ، واردات، مصیبت، شکست، قسمت کا گھونسا یا وار، آفت بپتا، (عدالتی) مقدمہ، قانونی کارروائی۔ نازلةٌ مدنية: سول ایکشن اوراق نازلة: مقدمہ کی دستاویزات۔ قِسمُ النوازِل: (عدالت کے) متنازع فیہ امور کے لئے شعبہ۔ قام بنازلة: قانونی کارروائی کرنا، مقدمہ شروع کرنا۔ مَنزُول: ایک قسم کی بیہوش کرنے والی دوا یا نشے کی چیز۔ مُنَزَّل: مرصع، پچی کاری کیا ہوا، منبت کاری کیا ہوا۔

نزہ نَزَہَ ــُ نَزْهًا الابلَ: اونٹوں کو پانی سے دور رکھنا، ہٹانا۔ نَزِہَ ـ وَنَزُہَ ـُ نَزَاهَةً و نَزَاهِيَةً: برائی سے پاک ہونا، پاکدامن ہونا۔ ـ المكانُ: جگہ کا صحت افزا ہونا۔ نَزَّہَہُ: کو بری بات سے دور رکھنا، ہٹانا۔ ـ نفسَهُ عن القبيح: اپنے آپ کو برائی سے پاک رکھنا۔ ـــ اللّٰهَ عن السوء: اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی تقدیس و پاکی بیان کرنا۔ تَنَزَّہَ عن کذا: سے دور اور محفوظ ہونا کہا جاتا ہے: يَتَنَزَّهُ عن المطامع و عن ملائم الاخلاق: وہ مذموم اخلاق و خواہشات کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ ـ فلانٌ: ہوا خوری کرنا۔ اِستَنزَہَ عن کذا: سے دور ہونا۔ فلانٌ: سیر و تفریح یا ہوا خوری کا خواہاں ہونا۔ النازِہ: فا کہا جاتا ہے: هو نازِہُ النفس: وہ پاکدامن ہے۔ النَّزہُ والنَّزِہ والنَّزِيه جمع نُزَهاء وانزَاہ ونِزَاہ: پاکدامن، برائیوں سے دور مکان نَزہ ونَزِہ ونَزِیہ: لوگوں سے دور جگہ صحت افزا اور عمدہ آب و ہوا کا مقام۔ النَزہ والنَزَاهَة: برائی سے دوری النُّزهَة جمع نُزَہ: سیر و تفریح۔ کہا جاتا ہے: هو بنُزهة من الماء او عن الماء: وہ پانی سے دور ہے۔ المُتَنَزَّہ: تفریح گاہ، سیر و تفریح کی جگہ، ہوا خوری کی جگہ۔

نَزنَزَ: بچہ کو ہلانا جلانا، جھولا جھلانا، گود میں اچھالنا۔

نَزُہَ ـُ نَزَاهَةً عن: سے دور ہونا، پاک ہونا، آزاد ہونا، بچنا، دور رہنا، باز رہنا۔ نَزِہَ ـَ نَزَاهَةً: محترم ہونا، قابل عزت ہونا، آبرومند ہونا، باعزت ہونا، مہذب و شائستہ ہونا، مناسب و معقول ہونا۔

نَزَّہَہُ عن: کو سے بالا سمجھنا یا قرار دینا۔ تَنَزَّہ بمعنی نزہ نیز تَنَزَّہَ عن: سے بہت بلند ہونا۔ تَنَزَّہَ: سیر کیلئے جانا، چہل قدمی کرنا، سیر کرنا، ہوا خوری کرنا، ٹہلنا، باہر جانا، جی بہلانا، مزے کرنا، اچھا وقت گزارنا۔ نَزَہٌ ونَزَاهَةٌ: پاکیزگی، بے گناہی، بے قصوری، دیانت، دیانت داری، نیکی، ایمانداری، غیر تمندی، غیر جانبداری، نَزِہ و نَزِیہ جمع نُزَهاء ونِزَاہ: پاک، پارسا، نیک، پرہیزگار، عفیف، پاکدامن، بے گناہ، بے قصور، ملامت سے بالا، پاکدامن، ریکارڈ کا حامل، مہذب شائستہ، باعزت، آبرومند، قابل عزت، دیانت دار، نیک، خدا ترس، انصاف پرور، متدین، صحیح، غیر جانبدار۔ نُزهَة جمع نُزَہ ونزهات: سیر، چہل قدمی، ہوا خوری۔ سیر گاہ، گشت گاہ، تفریحی سواری یا سفر۔ تفریح، تفریح گاہ، پکنک کا میدان، قابل دید مقام، سیاحوں کو کشش کرنے والی چیز۔ مَنزَهة جمع مَنَازِہ: تفریح گاہ، پارک، باغ۔ مُتَنَزِّہ جمع مُتَنَزِّهون: سیر کرنے والا، چہل قدمی کرنے والا، ہوا خوری کرنے والا، تفریح کرنے والا۔ مُتَنَزَّہ: سیر گاہ، گشت گاہ، سیر، چہل قدمی، ہوا خوری، پارک۔ مُتَنَزَّہٌ جمع متنزهات: سیر گاہ، گشت گاہ، سیر چہل قدمی، تفریح گاہ، پارک۔

نزو: ۱۔ نَزَا يَنزُو نَزوًا ونُزُوًّا ونَزَوَانًا: کودنا۔ ـ الذكرُ علی الأنثی: نر کا مادہ سے جفتی کرنا۔ چوپایوں اور درندوں سے مخصوص اسم النِزاء والنُزاء۔ ـ بہ قلبُهُ إلی کذا: دل کا کسی کا مشتاق ہونا۔ ـــ ت الحُمُرُ: گدھوں کا خوشی سے اچھلنا کودنا۔ ـــ الطعامُ: خوراک کا مہنگا ہونا۔ ـ علیہ: پر گر کر اسے روندنا۔ ـــ نَزَوَانًا عنه: سے بھاگ جانا۔ نُزِیَ نَزوًا الرجلُ: کا خون بہنا، کہا جاتا ہے: اصابہ جرحٌ فنُزِیَ منہ فمات: وہ زخمی ہو کر خون بہنے اور نہ رکنے کی وجہ سے مرگیا۔ نَزَّی تَنزِيَةً و تَنَزِّيًا وانزَی إنزاءً ہُ: کو کودانا۔ تَنَزَّی تَنَزِّيًا إلی الشر: برائی میں جلدی کرنا۔ إنتَزَی إنتِزَاءً: برائی میں جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ اِنتَزَی علی ارض کذا فاخذها: اس نے کسی زمین پر قبضہ کرنے میں جلدی کی۔ النَزوَة: کودائی، کودنا، چھلانگ۔ النَازِيَة: نازی کا مونث: تیزی، تیز روی۔ أكَمةٌ نَازِيَةٌ: اردگرد کی پہاڑیوں سے اونچی پہاڑی۔ النَزَوَان (مص): جوش و تیزی، کہا جاتا ہے: بہ نزوانٌ: اس میں جوش اور تیزی ہے۔ النَزِيُّ والنَزَّاء والمُنتَزِی: بہت اچھلنے کودنے والا۔ النَزِيَّة: نَزِیّ کا مونث، اچانک پیدا ہونے والا شوق، اچانک آنے والی مصیبت۔

۲۔ النَازِيَة: کم گہرا پیالہ۔ النَازِيّ: نازی (ہٹلر کی جرمنی میں) قومی اشتراکی پارٹی کا رکن۔ النَازِية: جرمنی کا قومی عقیدہ، (Nazism) النَزوَة: چھوٹی چیز۔ النَزِيَّة: بادل، کم گہرائی والا پیالہ، کلہاڑی کی دھار۔

نَزَا ـُ نُزُوًّا ونُزُوًّا ونَزَوَانًا: کودنا، اچھلنا، پھلانگنا، پھاندنا، چھلانگ لگانا، چونک اٹھنا، خوف سے اچھل پڑنا، چھلانگیں لگاتے ہوئے جانا۔ ـــ نزوانًا عن: سے بچ نکلنا۔ نزا بہ قلبہ إلی: کا آرزومند ہونا، متمنی ہونا، کا مشتاق ہونا، کی آروز ہونا، کی آرزو میں مرنا۔ تَنَزَّی: کودنا، اچھلنا، پھلانگنا، پھاندنا، چھلانگ لگانا، سخت ہیجانی یا اضطراب کی حالت میں ہونا، مضطرب ہونا۔ (سینہ کا) ابھر کر گرنا، چڑھنا اترنا۔ کانپنا، تھرانا، لرزنا۔ نَزَوَان: جست، زقند، جھپٹ، محصور فوج کا حملہ آوروں پر حملہ یا ہوائی دستے کی مہم، پھٹ پڑنا، (وبا کا) پھوٹ پڑنا، (جنگ کا) اچانک شروع ہونا، وفور

جوش۔ نَزْوَة جمع نَزَوات: چھلانگ، خوف سے اچھل پڑنا، جست، چھلانگ، زقند، طرارہ، چوکڑی، جھپٹ، محصور فوج کا نکل کر حملہ کرنا، ہیجان، وفور جوش، جنگ کا آغاز، تلاطم، چڑھنا، امنڈنا، جھلملاتی لو، لرزاں شعلہ، جھونکا، جوش، تندی، تیزی، تشدد، شدت تختی، لہر، موج، غلبہ، حملہ، اچانک غلبہ، دورہ، ترنگ، من کی موج کاری، تخیل کی جولانی۔

نس: ۱۔ نَسَّ ـِ نَسًّا و نَسِیسًا فلانٌ: ہر ایک کام میں پھرتیلا ہونا۔ الناقةَ: اونٹنی کو ہانکنا، ڈانٹنا، کہا جاتا ہے: کان یَنُسُّ اصحابَهٗ: وہ اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا۔ و ـــ نَسًّا و تَنْسَاسًا القومُ: پانی پر آنا۔ نَسَّسَ الماشیةَ: مویشیوں کو چلانا۔ النَسِیس (مص) جسم میں بقیہ سانس، دم، اپسیں، آخری سانس، کہا جاتا ہے: بلغ منه نسیسته: وہ مرنے کے قریب ہوا، مرنے لگا۔ ـــ جمع نُسُس: ہانکا ہوا، انسان وغیرہ کی انتہائی کوشش، طبیعت۔ النَّسَس: بیکار اور ردی چیزیں۔ النَسِیسة جمع نَسَائِس: طبیعت، کہا جاتا ہے: بلغ منه نسیسته: وہ مرنے کے قریب ہوا۔ التَنْسَاس (مص): تیز چال۔ المِنَسَّة و المِنْسَاس: لاٹھی۔

۲۔ نَسَّ ـِ نَسِیسًا و نُسُوسًا الخبزُ او اللحمُ: روٹی یا گوشت کا خشک ہونا۔ نَسَّ ـِ نُسُوسًا الحطبُ: جلنے میں لکڑی کا اپنے سرے سے پانی یا جھاگ نکالنا۔ أَنَسَّ الدابّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔ النَاسّ فا، خبزٌ ناسٌّ: خشک روٹی۔ النَسِیس جمع نُسُس: سخت بھوک، جلنے والی لکڑی کے دوسرے سرے پر نکلنے والا پانی یا جھاگ۔ النَسِیسة جمع نَسَائِس: جلتی لکڑی کے سرے پر ظاہر ہونے والا پانی۔

۳۔ نَسَّ ـِ نُسُوسًا لفلان: سے دریافت کرنا۔ تَنَسَّسَ منه الاخبارَ: سے خبر کی بھنک لینا، سے خبر کی تاک میں رہنا۔ النَسِیسة جمع نَسَائِس: چغلی۔

۴۔ نَسْنَسَ الطائرُ: پرندے کا جلدی کرنا۔ ـ البعیرَ: اونٹ کو ہانکنا، ڈانٹنا۔ ـــ ت الریحُ: ہوا کا چلنا۔ نَسْنَاسُ الانسانِ وغیرہ: انسان وغیرہ کی کوشش اور صبر و استقامت۔

۵۔ نُسْنِسَ الرجلُ: کمزور ہونا۔ النِسْنَاس: سخت بھوک۔ النَسْنَاس (ح): ایک خیالی جانور جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ انسان کی شکل کا ہوتا ہے۔ ـ عند العامة: بندر کی ایک قسم۔

نسأ: ۱۔ نَسَأَ ـَ نَسْأً و مَنْسَأَةً الشیءَ: کو موخر کرنا، کہا جاتا ہے: نَسَأَ اللّٰهُ أَجَلَهٗ و فی أَجَلِه: اللہ تعالیٰ اس کی موت کی گھڑی کو موخر کرے۔ ـــ فلانًا: کی نگہبانی کرنا۔ ـ ہ البیعَ و فی البیع: کو ادھار بیچنا۔ ـ نَسَأَ الدابّةَ: جانور کو ڈانٹنا، ہانکنا، کو تالاب سے دور ہٹانا۔ ـــ نَسَأَ عن فلان دَیْنَهٗ: کو قرض کی ادائیگی میں مہلت دینا۔ نَسَّأَ تَنْسِئَةً الدابّةَ: جانور کو ہانکنا، ڈانٹنا۔ أَنْسَأَ إِنْسَاءً الشیءَ: کو موخر کرنا، کہا جاتا ہے: أَنْسَأَ اللّٰهُ اجلَهٗ و فی اجله: اللہ تعالیٰ اس کی موت کی گھڑی کو موخر کرے۔ ـــ ہ البیعَ و فی البیع: کو کوئی چیز ادھار دینا۔ ـــ عنه: سے پیچھے اور دور ہونا۔ إِنْتَسَأَ عنه: سے پیچھے ہونا۔ ـــ تِ الابلُ فی المرعی: اونٹوں کا چراگاہ میں دور نکل جانا۔ إِسْتَنْسَأَ غریمَهٗ: قرض خواہ سے مہلت مانگنا اور اس کا مہلت دیدینا۔ النَسَاء: درازی عمر۔ النُسْأَة و النَسِیئَه: مہلت، تاخیر، کہا جاتا ہے: باعَهٗ بنسیئةٍ: اس نے اسے ادھار پر کوئی چیز فروخت کی۔ النَسِیء: تاخیر، کہا جاتا ہے: إِنَّ لی عنك لَمُنْتَسَأً: مجھے تمہاری وجہ سے بلندی اور آسودگی ملی ہوئی ہے۔ المِنْسَأَة و المَنْسَأَة و المِنْسَاة و المَنْسَاة: چرواہے کی بڑی لاٹھی۔

۲۔ نَسَأَ ـَ نَسْأً تِ الماشیةُ: مویشی کا موٹاپا ظاہر ہونا۔ النَاسِی (فا) جمع نَسَأَة: موٹا جانور یا انسان۔

۳۔ نَسَأَ ـَ نَسْأً اللبنَ بالماء: دودھ میں پانی ملانا۔ ـ ہ: کو لسی پلانا۔ النَسْء (مص): بہت پانی والا دودھ (دودھ کی لسی) عقل زائل کرنے والی شراب۔ النِسْء: گھل مل کر رہنے والا۔ النَسِیء: بہت پانی والا دودھ۔

۴۔ النَسْء: موٹاپا یا اس کا آغاز۔

☾ نَسَأَ ـَ نَسْأً ہ: کو ملتوی کرنا، (کام) لٹکائے رکھنا، میں دیر لگانا، کو موقوف رکھنا، ٹالنا، میں تاخیر کرنا، ڈھیل کرنا، کو معرض تعویق میں ڈالنا۔ ـ نَسَأَہٗ: کو ادائیگی کیلئے مہلت دینا، کو قرض دینا، ادھار دینا۔ اَنْسَأَ: بمعنی نَسَأَہ نَسَاء: لمبی عمر۔ نِسَاء: عورتیں۔ نَسِیئة: قرض، ادھار، ادائیگی میں تاخیر۔ نَسِیئَةً: ادھار۔ مِنْسَأَة: چھڑی، ڈانڈا، سونٹا، لاٹھی، عصا۔

نسب: ۱۔ نَسَبَ ـِ نَسَبًا و نِسْبَةً الرجلَ: کے اوصاف بتانا، کا نسب بیان کرنا، کا نسب دریافت کرنا۔ ـ ہٗ إلی فلان: کو سے منسوب کرنا۔ نَسَبًا و نَسِیبًا و مَنْسِبَةً الشاعرُ بالمرأة: محبوبہ کے بارے میں سرور آفرین نظم کہنا، غزل میں محبوبہ کی خوبی بیان کرنا، سے معاشقہ کرنا۔ نَاسَبَ مُنَاسَبَةً ہٗ: کے نسب میں شریک ہونا، کا قریبی ہونا، کا مشابہ ہونا۔ تَنَسَّبَ الرجلُ إلیك: مرد کا (تیرے) خاندان یا نسب میں ہونے کا دعویٰ کرنا۔ اس سے ضرب المثل ہے، القریب من تَقَرَّبَ لا من تَنَسَّبَ: قریبی وہ ہے جو محبت اور پیار کی وجہ سے نزدیک ہو نہ کہ خاندان اور نسب میں ہونے کا دعویٰ کرے۔ تَنَاسَبَ القومُ إلی أَحْسَابِهِم: اپنا نسب ظاہر کرنا یا بیان کرنا، منسوب ہونا۔ تَنَاسَبَ: باہم مشابہ ہونا۔ اِنْتَسَبَ الرجلُ: اپنا نسب ظاہر کرنا، بیان کرنا۔ اِنْتَسَبَ إلی ابیه: اپنے باپ سے منسوب ہونا۔ اِسْتَنْسَبَ: اپنا نسب بتانا۔ ـ الرجلَ: سے اس کا نسب پوچھنا۔ ـــ الشیءَ: کو مناسب و موزوں پانا۔ النَسَبُ (مص) جمع أَنْسَاب: قرابت، رشتہ داری۔ النِسْبَة و النُسْبَة: قرابت، رشتہ داری، دو چیزوں کے درمیان ربط اور تعلق، چیزوں اور تعداد اور مقدار کے درمیان کی نسبت، مثلاً کہا جاتا ہے کہ ۴ کی ۸ سے نسبت ۵ کی ۱۰ سے نسبت جیسی ہے۔ بالنسبة الی کذا: کی بابت، کے متعلق، کے بارے میں، جہاں تک اس کا تعلق ہے، کی بابت، کی نسبت، درباره کے مقابلہ میں کے سلسلہ میں۔ النِسْبِیَّة: نظریہ اضافت، یہ نظریہ کہ فاصلہ اور وقت محض اضافی ہیں۔ النَسَابة: قرابت، النَسَّاب جمع نَسَّابون و النَسَّابة جمع نَسَّابات: نسب کا علم رکھنے والا، شجرہ کا جاننے والا۔ النَسِیب (مص) جمع أَنْسِبَاء و نُسَبَاء (جیسے شریف و شرفاء): مناسب، قریبی، رشتہ دار، خاندانی عورتوں کے متعلق لطیف شعر۔ الأَنْسَب: اسم تفضیل، زیادہ مناسب، زیادہ لائق، زیادہ آرام دہ، کہا جاتا ہے: هذا الشعر أَنْسَبُ من ذاك: یہ شعر اس شعر سے زیادہ لطیف ہے۔ المُنَاسِب (فا): قریبی، مشابہ، رشتہ دار۔ المَنْسُوب جمع مَنَاسِیب مفع۔ شِعر مَنْسُوب: عشقیہ غزل۔ خطٌّ مَنْسُوب: (ثلث کا) کا قاعدہ۔

۲۔ نَیْسَبَ بینهما: دونوں کے درمیان چغلخوری کے لئے دوڑ دھوپ کرنا۔ النَیْسَب: چیونٹیوں کی قطار، چیونٹیوں کا راستہ یا سانپ کا راستہ۔ ـــ و النَیْسَبَان: سیدھا اور واضح راستہ۔

☾ نَسَبَ ـُ نَسَبًا نِسْبَةً ہ إلی: کا سے تعلق قائم کرنا، واسطہ یا ربط قائم کرنا، کو کے سپرد کرنا، کو کے پاس بھیجنا، کو سے مربوط کرنا، کو سے لازم و ملزوم بنانا، کی اصل کا پتہ لگانا۔ ـ ہ إلی: کے آباؤ اجداد کا پتہ لگانا۔ ـــ ہ إلی / لِ: کو سے منسوب کرنا، کو سے متہم کرنا۔ نَاسَبَ ہ: کا رشتہ دار ہونا۔ ـــ ہ/ہ: کا جوڑا ہونا،

کے برابر ہونا۔ ـــ ہ: کے مطابق ہونا۔ ـــ ہ/ہ: کے لئے موزوں ہونا، کوفٹ آنا۔ ـــ ہ: کو زیب دینا۔ سجنا۔ پھبنا۔ کے لئے مناسب ہونا۔ موزوں ہونا۔ ـــ ہ: سے ہم آہنگ ہونا، کے مطابق ہونا، کے لئے آرام دہ ہونا، ـــ ہ: کے خاندان سے ہونا، شادی سے کا رشتہ دار ہونا۔ تَنَاسَبَ: ایک دوسرے کا رشتہ دار ہونا، ایک جیسا ہونا، ملتا ہوا، یکساں، مشابہ، یا ہم شکل ہونا، باہم مماثل، مساوی ہونا، مطابقت رکھنا، متناسب ہونا، باہم فٹ ہونا، ـــ مع: کے مطابق ہونا، کے لئے آرام دہ ہونا۔ اِنْتَسَبَ الی: سے متعلق ہونا، کی اصل یا نسل سے ہونا، سے اپنے آباؤ واجداد کا کھوج لگانا۔ سے اپنا نام حاصل کرنا، کے نام پر نام والا ہونا۔ سے متعلق ہونا، کا رشتہ دار ہونا، کا ہم صحبت ہونا، سے تعلق رکھنا، سے اپنے آپ کو وابستہ کرنا، سے ملحق ہونا، کسی سیاسی پارٹی میں شامل ہونا، کسی جماعت میں داخل ہونا، سے الحاق ہونا اِسْتَنْسَبَ ہ: کے آباؤ اجداد کا کھوج لگانا۔ ـــ ہ: کو مناسب اور موزوں سمجھنا۔ کو پسند کرنا۔ کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھنا۔ کی منظوری دینا، کی تلافی کرنا۔ نَسَب جمع اَنساب: سلسلہ نسب، نسب، شجرہ نسب، پشت، پیڑھی، نسل و مذہب، اصل، خونی رشتہ، برادری، قرابت، روحانی رشتہ، رشتہ داری، مشابہت، نسبت، لگاؤ، تعلق، شادی کے ذریعہ رشتہ داری، سلسلة النسب: شجرہ نسب، خاندان، نسب، علم الانساب۔ علماء الانساب: نسب دان، ماہر انساب۔ نِسْبَة: تعلق، لگاؤ، نسبت، انتساب، خاصیت، تہمت، الزام، بہتان، خونی رشتہ داری، برادری، قرابت، مشابہت، بذریعہ شادی رشتہ داری، ربط، ہم آہنگی، موافقت، مطابقت، مشابہت جمع نِسَب: تعلق، لحاظ، سپردگی، نسبت، لگاؤ، علاقہ، برتاؤ، ڈھنگ، طرز عمل، نسبت عددی یا حسابی، مقدار، قدر تناسب، شرح، نرخ، اندازہ، درجہ پایہ، ناپ تول، پیمائش، تناسب، مناسبت، قرینہ، اربعہ متناسبہ، جسامت، فیصد، فی صدی، تناسب فی صدی، نسبت جسے لفظ کے آخر میں 'ی' لگا کر ظاہر کیا جاتا ہے۔ نِسْبَةً الی (لِ) یا بالنسبة إلی: کی بابت، کے متعلق، کے بارے میں، جہاںتک اس کا تعلق ہے، کی بابت، کی نسبت، کے مقابلہ میں، کے سلسلہ میں علی نِسْبَة: کے تناسب میں، کے مطابق کے موافق، کے مناسب۔ نِسْبَةُ الموت: شرح اموات۔ نِسْبَة مِئَوِیَة: فی صد، فی صدی، تناسب فی صدی۔ نِسْبِی (قواعد) موصولہ (منطق) لازم و ملزوم۔ متناسب، اضافی، اعتباری، قرابت دار، منحصر، موقوف، نسبتی، تقابلی، تناسبی، متناسب، ہم نسبت، ہم مقدار۔ نِسْبِیًّا: نسبتی طور پر، اضافی طور پر بنسبتہً وزنٌ نِسبی: ثقل نوعی، کثافت نوعی (Specific gravity)۔ نِسْبِیَة: نظریہ اضافت (یہ نظریہ کہ فاصلہ اور وقت محض اضافی ہیں) نَسِیب: قدیم عربی قصیدہ کا عاشقانہ تعارف جمع اَنسباء: رشتہ دار، رشتہ دار (بذریعہ شادی)، دیور یا جیٹھ، بہنوئی، داماد، ممتاز خاندان کا، عالی نسب، خاندانی، اونچے خاندان کا۔ اَنْسَب: کافی سے زیادہ، زیادہ مناسب، زیادہ موزوں، زیادہ اہل، زیادہ صحیح، زیادہ ٹھیک، زیادہ درست۔ لمناسبةِ یا فی مناسبةِ یا بمناسبة: کے موقع پر۔ لهذه المناسبة: ان حالات کی وجہ سے، اس وجہ سے، اس لئے، فی کل مناسبةٍ: جب موقعہ ملے، ہر موزوں موقعہ پر۔ عدم التناسب: عدم تناسب، عدم توازن۔ اِنتساب: رکنیت الحاق، طالِبٌ بالانتساب: الحاقی طالب علم۔ منسوب جمع مناسیب: سطح، پانی کی سطح، ارتفاع۔ مَنْسُوبُ البحر: سطح سمندر۔ مناسیب عالیه: پانی کی بلند سطحیں، مد، جوار بھاٹا۔ مَنْسُوبِیَة: خویش پروری۔ متناسب الاجزاء: متناسب، متوازن، ہم آہنگ۔ مُنْتَسِب: رکن، الحاقی۔ عُضْوٌ مُنْتَسِب: کسی ادارے کا معمولی رکن۔

نست: النَّاسُوت: انسانی فطرت، انسان، نسل انسانی، بشریت، بشری خصائل، انسانی ہمدردی۔

نسج: ۱۔ نَسَجَ ـِـ نَسْجًا الثوبَ: کپڑا بننا۔ ـــ الکلامَ: کلام کا خلاصہ کرنا کلام گھڑنا، کلام میں ردو بدل کرنا، کو آراستہ کرنا۔ ـــ الشاعرُ الشعرَ: شاعر کا شعر نظم کرنا۔ ـــ الغیثُ النبات: بارش کا نباتات کو گنجان اگانا۔ ـــ تِ الریحُ الترابَ او الماءَ: ہوا کا مٹی یا پانی پر لہریں بنانا۔ اِنْتَسَجَ: بلنا، بنا جانا، ریت کا یا پانی کا دھاری والا ہونا۔ النَّسْج: مص: کہا جاتا ہے: ثوبٌ نَسْجُ الیمن: یمن کا بنا ہوا کپڑا۔ النساجة: [illegible] النَّسَّاج: کپڑے بننے والا، کلام کا خلاصہ کرنے والا، یا کلام گھڑنے والا اور اس میں ردو بدل کرنے والا، کلام کو آراستہ کرنے والا، جھوٹا۔ النسیج جمع نُسُج: بنا ہوا۔ هو نسیج وَحْدِهِ: وہ لاثانی ہے اچھی صفات کے لحاظ سے منفرد ہے۔ النُّسُج: جائے نمازیں۔ النَّسِیجَة جمع نَسَائِج نَسِیج کا مونث۔ المَنْسَج والمَنْسِج: بننے کی جگہ، جولاہے کا کارخانہ۔ المِنْسَج والمنساج: کرگہ۔

۲۔ نَسَجَ ـُـ نَسَجَانًا الناقةُ فی سیرها: اونٹنی کا تیز رفتار سے چلنا۔ المَنْسِج والمَنْسَج من الدابة: جانور کے کندھوں اور گردن کی جڑ تک کا بالائی حصہ، کہا جاتا ہے: وَضَعَ رمحَهُ علی منسج فرسه: اس نے اپنا نیزہ گھوڑے کی گردن پر رکھا۔

○ نَسَجَ ـِـ نَسْجًا ہ: کو بننا، کو سلائی سے بننا۔ نَسَجَ علی مِنْوَالِهِ: کی تقلید کرنا، کے نقش قدم پر چلنا، کی طرح عمل کرنا۔ نَسَجَ نَسْجَه: یہی معنی۔ انتسج: بنا جانا۔ نَسْج: بننا، کپڑا، بناوٹ، بافت، ساخت۔ نَسْجُ الخیال: فرضی قصے کہنا۔ پرواز تخیل۔ نَسَّاج: بننے والا، جولاہا، پارچہ باف۔ نِسَاجَة: بننے کا پیشہ یا فن۔ پارچہ بافی کی صنعت۔ نسیج جمع نُسُج وانسِجَة وانسَاج: بناوٹ، بافت، پارچہ، بافتہ بنی ہوئی چیز، بنا ہوا کپڑا، پارچہ۔ نسیج خلوِی: جالی دار کپڑا۔ نَسِیجُ العَنْکَبُوت: مکڑی کا جالا، تار عنکبوت، جالے جیسی بودی شئے۔ نسیجُ وَحْدِه: اپنی قسم یا نوع میں منفرد، لاثانی، یکتا، لاجواب، انوکھا، نرالا۔ نَسِیجُ عصرِهِ: اپنے وقت کا بے مثال، یکتائے روزگار، مِنْسَج: جولاہے کا کرگہ۔ مَنْسَج و مَنْسِج جمع مَنَاسِج: جولاہے کی دکان جولاہے کا کارخانہ۔ مَنْسُوج: بنا ہوا، بنا ہوا کپڑا، کپڑا، پارچہ، بافتہ، بناوٹ، بافت، ریشہ۔ مَنْسُوجات: بنی ہوئی چیزیں، اناج گلہ، کپڑے۔

نسح: نَسَحَ ـ نَسْحًا الترابَ: مٹی بکھیرنا۔ نَسِحَ ـَ نَسَحًا: لالچ کرنا، طمع کرنا۔ النُّسْح والنُّساح: کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔ المِنْسَاح: غبار اڑانے کا آلہ۔

نسخ: نَسَخَ ـ نَسْخًا الشیءَ: کو زائل کرنا، باطل کرنا، مسخ کرنا۔ ـــ الکتابَ: کتاب کو حرف بحرف نقل کرنا۔ نَاسَخَ مُنَاسَخَةً ہُ: ایک دوسرے کو محو کرنا۔ تَنَاسَخَتِ الأزمنةُ: زمانوں کا پے در پے آنا۔ ـــ الورَثَةُ: میراث تقسیم ہونے سے پہلے وارثوں کا ایک دوسرے کے بعد مر جانا۔ تَنَاسُخًا: ایک دوسرے کو محو کرنا، ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔ تَنَاسَخُوا الشیءَ: چیز کو ایک دوسرے کو منتقل کرنا، یکے بعد دیگرے لینا۔ اِنْتَسَخَ الشیءَ: کو زائل کرنا۔ الکتابَ: کو نقل کرنا۔ الشیءُ الشیءَ: ایک چیز کا دوسری چیز کا قائم مقام ہونا۔ اِسْتَنْسَخَ الشیءَ: کو زائل کرنا، کوئی چیز لکھنے کو کہنا۔ النَّاسِخ (فا): کتابوں کو نقل کرنے والا۔ النَّسْخ عند التناسُخِیَّة: تناسخ، آواگون،

روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل ہونا ایسا عقیدہ رکھنے والوں کو تناسخیہ کہتے ہیں۔ النُسْخَة جمع نُسَخ: وہ کتاب جس سے نقل کی جائے، نقل کی ہوئی کتاب، کہا جاتا ہے: کتب القاضی نُسْخَتَيْنِ بحکمه: جج (منصف) نے اپنے حکم کی دو نقلیں کیں۔ بلدةٌ نسیخةٌ ونُسَخِيٌّ: دور کا شہر۔ التناسُخ (مص): روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل ہونا جو تقمص کے نام سے معروف ہے۔ ایسا اعتقاد رکھنے والے التناسُخِيَّة کہلاتے ہیں۔ تَنَاسُخُ الازمنةِ والقُرون: زمانوں اور صدیوں کا پے درپے آنا۔

○ نَسَخَ۔ نَسْخًا ہ: کو قلمزد کرنا، منسوخ کرنا، ختم کرنا، کالعدم قرار دینا، واپس لینا۔ —— ہ معاہدہ، ٹھیکہ وغیرہ) منسوخ کرنا۔ —— ہ ب: کو کے بدلہ میں دینا، رکھنا، لگانا وغیرہ، کو کی جگہ رکھنا، کو کا قائم بنانا۔ —— ہ: تحریر کی نقل کرنا۔ نَاسَخَ ہ: کو منسوخ کرنا، ترک کرنا، کی جگہ لینا۔ تَنَسَّخ: قلمزد کیا جانا، منسوخ ہونا، کالعدم قرار دیا جانا۔ تَنَاسَخ: ایک دوسرے کا جانشین ہونا، ایک دوسرے کے بعد آنا، پے درپے آنا، روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا، روح کا تناسخ ہونا۔ اِنْتَسَخَ ہ: کو منسوخ کرنا، ختم کرنا، کو کالعدم قرار دینا، (تحریر وغیرہ) کو نقل کرنا، کی کاپی کرنا۔ اِسْتَنْسَخَ ہ: کے خاتمہ کا مطالبہ کرنا، تحریر وغیرہ کی نقل کرنا، کاپی کرنا۔ نَسْخ: خاتمہ، انسداد، موقوفی، منسوخی، نسخ، تنسیخ، ترک، ابطال، نقل کرنا، کاپی کرنا۔ قَلَمُ النَسْخ: کاپنگ پینسل Copying pencil۔ آلةُ النَسْخ: نقل گیر کل Duplicating machine چھاپ کل mimeograph، نقلیں تیار کرنے والا پریس نَسْخِي: عام رواں عربی رسم الخط، عام خوش نویسانہ انداز۔ نُسْخَة جمع نُسَخ: نقل، (کتاب اخبار وغیرہ کی) کاپی۔ نَسَّاخ جمع نَسَّاخة: نقل نویس، منشی، کاتب، کلرک، تَنَاسُخ: کے بعد ہوتا یا آنا سلسلہ جانشینی، تناسخ: آواگون، مرنے کے بعد روح کا نئے جون میں آنا (Metempsychosis) استنساخ: نقل کرنا، نقل، کسی کتاب کی نقل۔ ناسخ: نقل کرنے والا، منسوخ کرنے والا، ختم کرنے والا۔ آیة ناسخة: قرآن مجید کی وہ آیت جو دوسری آیت کو منسوخ کرے۔ منسوخ: منسوخ (قرآنی آیت)

نسر: ا۔ نَسَرَ۔ نَسْرًا ہُ عنه: کو سے اتارنا، ادھیڑنا۔ —— الجرحُ اللحمَ: زخم کا گوشت میں شگاف کر دینا۔ —— الرجُلَ: پر تہمت لگانا، کی بدگوئی کرنا۔ —— نَسْرًا ہُ البازی: بازی کا چونچ سے کا گوشت نوچنا۔ نَسَّرَ الحبلَ: رسی کا بل کھولنا۔ تَنَسَّرَ: گدھوں کا شکار کرنا۔ —— الحبلُ: رسی کا ٹوٹنا۔ الجرحُ: زخم کا پھول اور پھٹ کر مواد بہنا۔ —— الثوبُ و نحوهُ: کپڑے وغیرہ کا گھس گھس کر ختم ہو جانا۔ —ت النعمةُ عن فلان: سے آسودگی کا رخصت ہو جانا۔ انْتَسَرَ طرفُ الحبل: رسی کا کنارہ ٹوٹ جانا۔ اِسْتَنْسَرَ الطائرُ: پرندے کا قوت میں گدھ کی طرح ہونا۔ ضرب المثل ہے۔ ان البغاث بارضنا یستنسر: ہماری زمین میں کمزور بھی طاقتور ہو جاتا ہے۔ النَسْر (نون کی تثلیث کے ساتھ) زبر زیادہ مشہور اور فصیح ہے جمع نُسُور وأنْسُر ونِسَار (ح): گدھ، کنیت ابو الابرد اور ابو الاصبغ وابو مالک وابو المنہال وابو یحییٰ ہے۔ مادہ کو ام قَشْعَم کہتے ہیں۔ جمع نُسُور: گھوڑے کے سم کا اندرونی غدود۔ النَسْران (فلك): دو ستارے۔ ایک النسر الطائر اور دوسرا النسر الواقع کہلاتا ہے۔ النُسَارِيّة: عقاب، الناسُور جمع نَوَاسِیر: ناسور، ہمیشہ بہنے والا زخم۔ عوام اس سے فعل بنا کر کہتے ہیں: نَوْسَرَ الجرحُ او العظمُ: زخم یا ہڈی میں ناسور ہو گیا (معرب سریانی لفظ) المِنْسَر والمَنْسِر جمع مَنَاسِر: شکاری پرندے کی چونچ (اع) بڑے لشکر کے آگے رہنے والا فوجی دستہ۔

۲۔ النِسْرِین: واحد نِسْرِینة (ن): گل سیوتی (فارسی لفظ)

○ تَنَسَّرَ: پھٹ جانا، ٹوٹنا، ٹوٹ جانا، تراقے سے کھلنا۔ مِنْسَر ومَنْسِر جمع مناسر: گروہ، منڈلی، جتھا، جماعت، زمرہ، ٹولی، طائفہ، غول، فوجی دستہ یا رسالہ۔ نُسْطُوری جمع نَسَاطِرة: یونان کے قدیم فرضی پیر دانا اور بادشاہ کاپا کے متعلق۔

نسع: ا۔ نَسَعَ۔ نَسْعًا و نُسُوعًا فلانٌ فی الارض:
وَنَسَّعَت الأسْنَانُ: دانتوں کا ڈھیلے مسوڑوں والا ہونا۔ اِنْتَسَعَت الابلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں پھیل جانا۔

۲۔ نَسَعَ۔ نُسُوعًا الشیءُ: دراز ہونا، لمبا ہونا۔ أنْسَعَ الرجُلُ: شمالی ہوا کھانا۔ النَاسِع (فا): لمبی گردن، النِسْع جمع نُسْع و نِسَع نُسُوع وأنْسَاع: اونٹ کے تنگ کا تسمہ، اس کے ٹکڑے کو نِسْعَة کہا جاتا ہے، ہاتھ کا جوڑ۔ —— والریحُ النِسْعِيَّة: شمالی ہوا۔ [illegible] النُسُوع (مص): لمبائی۔ المِنْسَع: شمالی ہوا۔ المُنْسَعَة: لمبی نباتات والی زمین۔

۳۔ أنْسَعَ الرجُلُ: پڑوسیوں کو بہت ایذا دینا۔

نسغ: ا۔ نَسَغَ۔ نَسْغًا ہُ بالسوط: کو چابک مارنا۔ —— الخبزةَ: روٹی پر لوہے وغیرہ سے گودنا۔ ——ت الواشمةُ بالإبْرَة: جسم کو گود کر نقش بنانا۔ —ہُ بکلمة: کو طعن و تشنیع کرنا۔ —ہُ بکذا: اللبنَ بالماء: دودھ میں پانی ملانا۔ نَسَّغَ ہُ: کو نیزہ مارنا۔ —ت الشجرةُ: کٹنے کے بعد درخت کا پھوٹ آنا۔ أنْسَغَ ہُ: کو نیزہ مارنا۔ —ہُ بالسوط: کو چابک مارنا۔ —تِ الشجرةُ: کٹنے کے بعد درخت کا پھوٹ پڑنا۔ —ت الفسیلةُ: کھجور کے پودے کا گودا نکالنا۔ النَاسِغ جمع نُسَّغ فا، رجُلٌ ناسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر۔ النُسْغ (ز): پودہ کا رس جو تنے اور پتوں میں دوڑتا ہے۔ المِنْسَغَة: جسم گودنے کا آلہ، روٹی گودنے کی چیز۔

۲۔ نَسَغَ۔ نَسْغًا فی الارض: زمین میں جانا۔ —— وَنَسَّغَت اسنانُہ: دانتوں کی جڑیں ڈھیلی پڑنا۔ اِنْتَسَغَتِ الإبلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں پھیل جانا، بکھر جانا۔ —— الرجُلُ: سوچ بچار کرنا۔ النَسِیغ: پسینہ۔

○ نُسغ: پودے کا عرق، رس۔

نسف: ا۔ نَسَفَ۔ نَسْفًا البناءَ: عمارت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ —— الجبالَ: پہاڑوں کو گرانا۔ —— الشیءَ: کو چھاننا۔ —— الحبَّ بالمِنْسَف: غلہ کو چھاج سے پھٹکنا —— ت الریحُ الترابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا، اڑانا۔ —— نَسْفًا و نُسُوفًا ہُ: کو دانت سے کاٹنا۔ أنْسَفَتِ الریحُ الترابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا، اڑانا۔ تَنَسَّفَ فی الصراع: کشتی میں مدمقابل کو پچھاڑنا۔ تَنَاسَفَا الکلامَ: ایک دوسرے کو رازدار بنانا۔ هما یتناسفان: وہ ایک دوسرے سے راز کی باتیں کر رہے ہیں۔ اِنْتَسَفَ البناءَ: عمارت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ —— الشیءَ: کو اکھیڑنا۔ —ت الریحُ الشیءَ: کو ہوا کا اکھیڑ کر متفرق کرنا۔ اڑا دینا۔ —— الکلامَ: کان میں بات بتانا۔ انتسفوا الکلامَ بینهم: بات کو چھپانا۔ انْتُسِفَ لونُه: کا رنگ متغیر ہونا۔ النسفه: (بتثلیث النون) والنَسَفَة جمع نِسَف ونُسَف ونِسَاف: جھاواں۔ النُسَافَة: زمین کا غبار، غلہ کا پچھوڑن۔ دودھ کی جھاگ۔ النَسَّاف والنُسَّاف جمع نَسَاسِیف: ایک سینگ دار بڑی چونچ والا پرندہ۔ النَسَّافة (اع): تارپیڈو

بوٹ (Torpedo boat) تارپیڈو کشتی۔ الطائرۃُ النسّافۃ: ہوائی جہاز جو دشمن کے جہازوں کو بھک سے اڑا دے۔ المَنْسِف جمع مَناسِف. اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑے۔ عقبۃٌ نَسُوفٌ: لمبی اور دشوار گزار گھاٹی۔ السِیف: کاٹنے کا نشان، راز۔ سِیٌّ نسیف: چھانی ہوئی چیز۔ کلامٌ نسیف: پوشیدہ گفتگو۔ النسیفۃ: جھاواں۔ المِنْسَف جمع مَناسِف: چھاج۔ — والمِنْسَف جمع مَناسِف: گدھے کی تھوتھنی۔ المِنْسَفَۃ: عمارت اکھیڑنے کا آلہ، چھلنی۔

۲۔ نَسَفَ — نَسْفًا ونُسُوفًا الاناءُ: برتن کا بھر کر بہہ جانا۔ النسفان من الآنیۃ: بھر کر بہنے والا برتن۔

نَسَفَ — نَسْفًا ہ: کو پیسنا، سرمہ کر دینا، کو ناقابل تقسیم ذرات میں تقسیم کرنا، پر پھوار ڈالنا، ہلکا چھڑکاؤ کرنا، ہوا کا گرد و غبار اڑا لیجانا اور بکھیرنا، کو بھک سے اڑا دینا، بحری جہاز کو تارپیڈو مارنا یا تارپیڈو مار کر تباہ کرنا یا ڈبو دینا۔ اَنْسَفَ ہ: ہوا کا گرد و غبار اڑا لیجانا اور بکھیر دینا۔ اِنْتَسَفَ ہ: کو اڑا دینا، مسمار کر دینا، زمین کے برابر کر دینا، کو بھک سے اڑا دینا۔ نَسْف: بھک سے اڑانا۔ تباہی انہدام۔ نُسَافۃ: بھوسہ، چوکر، گھاس پھوس، کٹی ہوئی گھاس یا چربی۔ نَسَّافۃ جمع نَسّافات: تارپیڈو کشتی۔ مِنْسَف و مِنْسَفَۃ جمع مَناسِف: چھاج، ناسِف و ناسِفَۃ: دھماکے سے پھٹنے والا یا بھک سے اڑ جانے والا مادہ) ڈینامائٹ (Dynamite)

نسق: نَسَقَ — نَسْقًا الدُّرَّ ونحوہ: موتی وغیرہ پرونا۔ — الکلامَ: کلام کو ترتیب دینا۔ نَسَّقَ الشئَ: کو ترتیب دینا، منتظم کرنا۔ ناسَقَ بینہما: ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ اَنْسَقَ الرجُلُ: سجع کہنا۔ تَنَسَّقَ وتَناسَقَ و اِنْتَسَقَتِ الاشیاءُ: باترتیب ہونا، نظم میں ہونا۔ تَناسَقَ کلامُہُ: کے کلام کا ترتیب وار ہونا صفت مُتَناسِق، النَّسَق (مص). حروف النَّسَق: حروف عطف، کہا جاتا ہے: ہذا نَسَقٌ علی ہذا: وہ اس پر معطوف ہے۔ النَّسَق: باترتیب کہا جاتا ہے: جاء القومُ وجاءت الخیلُ نَسَقًا: لوگ باترتیب آئے، گھوڑے باترتیب آئے۔ غرستُ النخل نَسَقًا: میں نے کھجور کے پودوں کو ایک قطار میں لگایا۔ ہذا دُرٌّ نَسَقٌ وکلامٌ نَسَقٌ وثغرٌ نَسَقٌ: یہ موتی، گفتگو، اور دانت باترتیب ہیں۔ حروف النَّسَق: حروف عطف۔ النَّسِیق: باترتیب۔

نَسَقَ — نَسْقًا ونَسَّقَ ہ: (موتی) لڑی میں پرونا، کو ترتیب سے رکھنا، مرتب کرنا، آراستہ کرنا، نصب کرنا، کو صف بستہ کرنا، کی صف بندی کرنا۔ تَنَسَّقَ: باترتیب ہونا، ترتیب میں ہونا، مرتب ہونا۔ تَناسَقَ: باترتیب ہونا، ترتیب میں ہونا مرتب ہونا، ٹھیک ہونا، ہم پلہ ہونا، مربوط ہونا۔ انتسق: بمعنی تَنَسَّقَ، نَسَقًا: باقاعدہ ترتیب میں۔ قطار میں، صف میں۔ علی نسقِ: کے انداز یا اسلوب میں علی نسقٍ واحدٍ: اسی طرح، یکساں، برابر، بلا دقت، بلا رکاوٹ، تنسیق داخلی: اندرونی آرائش۔ مُنَسَّق: باترتیب، ہم آہنگ، مُتَناسِق: باترتیب، مرتب۔ باقاعدہ، موزوں، مناسب۔

نسک: ۱۔ نَسَکَ — نُسْکًا ونِسْکًا ونُسُکًا ونُسُوکًا ونَسْکَۃ و مَنْسَکًا الرجُلُ: زاہد بننا۔ درویش بننا۔ — لِلّٰہِ: — نَسْکًا الثوبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔ — الی طریقۃٍ جمیلۃٍ: پر اچھے طریقہ پر مداومت کرنا۔ — البیتَ: گھر میں آنا۔ نَسُکَ — نَسَاکَۃً: درویش ہو جانا۔ تَنَسَّکَ: زاہد و عابد بننا۔ النَّاسِک (فا) جمع نُسَّاک: عابد، زاہد، النسک (بتثلیث النون): عبادات، خدا تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النَّسْک: مانوس جگہ۔ النُّسْک: نذر جو اللہ تعالیٰ کیلئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ النُّسُک: عبادت، اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ اللہ کیلئے پیش کی جانے والی نذر۔ ذبیحہ، چاندی کے ٹکڑے، خون کہا جاتا ہے: من فعل کذا و کذا فعلیہ نُسُکٌ: جو ایسا کرے گا اس پر خون بہانے کی نذر واجب ہو جائے گی۔ النَّسِیک: سونا، چاندی۔ النَّسِیکَۃ جمع نَسَائِک: سونے چاندی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ذبیحہ۔ المَنْسَک جمع مَناسِک: مانوس جگہ۔ — والمَنْسِک جمع مَناسِک: قربان کی رسم، قربانی، قربانی کی جگہ۔ مَناسِکُ الحجّ: حج کی عبادات۔ المَنْسُوک مفع: ثوبٌ مَنْسُوکٌ: پانی سے دھلا ہوا پاک کپڑا۔

۲۔ عشبٌ ناسِک: بہت سبز گھاس۔ ارضٌ ناسِکۃٌ: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔ فرسٌ مَنْسُوکۃٌ: چھوٹے بالوں والا نرم و ملائم گھوڑا۔

نَسُکَ — ونَسُکَ — نَسَاکَۃً: پرخلوص سچی زندگی گزارنا، زاہد یا تارک دنیا کی زندگی گزارنا۔ تَنَسَّکَ: بمعنی نَسَکَ ونَسُکَ: نیز نیک مخلص، پارسا، دیندار، پرخلوص ہونا، آخرت پسند ہونا۔ نَسْک ونُسْک ونُسُک: زہد و اتقا، پارسائی، تقوی، خدا ترسی، دینداری، صدق، اخلاص، ترک دنیا، زہد، گوشہ نشینی۔ نُسُکی: زاہدانہ۔ نُسُک: قربانی، حج کی عبادت۔ ناسِک جمع نُسَّاک: تارک الدنیا، گوشہ نشین، زاہد، سنیاسی، جوگی، توبہ و استغفار کرنے والا، اپنے گناہوں پر نادم، کفارے کے لئے عقوبت نفس برداشت کرنیوالا، دین دار، متقی، پارسا، پرہیز گار، عابد، پجاری، مَنْسِک جمع مَناسِک: حجرہ، کٹیا، جھگی، خانقاہ، گوشہ تنہائی، تارک الدنیا کا حجرہ، قربان گاہ، رسم، ارکان عبادت، طریق ادائیگی رسوم یا عبادت خصوصاً حج کے دوران۔

نسل: نَسَلَ — نَسْلاً الصوفَ اوالریشَ: اون یا پر جھاڑنا یا گرانا۔ — الولدَ وبالولد: بچہ جننا۔ — الرجُلُ: کثیر الاولاد ہونا۔ — نُسُولاً الریشُ او الصوفُ: پر یا اون جھڑنا، گرنا۔ — ـِ نَسْلاً ونَسَلاً ونَسَلانًا فی مشیہ: تیز چلنا۔ اَنْسَلَ الصوفَ او الریشَ: اون یا پر گرانا۔ — الصوفُ: اون گرنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ — الوالدُ الولدَ: والد کا بچہ کا باپ ہونا، پیدا کرنا۔ — ت الدابّۃُ: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب آنا۔ — فی عَدْوِہِ: تیز دوڑنا۔ — القومَ: سے آگے بڑھنا۔ تَناسَلَ القومُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا، پیدائش سے تعداد میں بڑھنا۔ — بنو فلان: فلاں قبیلہ کا کثیر الاولاد ہونا۔ النَّاسِل (فا) جمع نُسَّل: تیز رفتار۔ النَّسْل (مص) جمع اَنْسَال: خلق، اولاد، ذریت، النَّسَل (مص): تھن سے خود بخود نکلنے والا دودھ۔ سبز انجیر سے نکلنے والا دودھ۔ النُّسَل: واحد نُسَالَۃ: پیدائش پر گرے ہوئے بال یا اون۔ النَّسَّال والنُّسُول: تیز دوڑنے والا۔ النَّسُولَۃ من المواشی: نسل بڑھانے کے لئے حاصل کردہ مویشی، بہت نسل والے مویشی۔ النَّسِیل: گری ہوئی اون یا پر، شہد جو چھتہ سے بہہ نکلے۔ النَّسِیلَۃ: بچہ نسیل کا واحد۔ بی چھتہ سے بہہ نکلنے والا شہد۔

نَسَلَ — نَسْلاً ہ: بچہ کا باپ ہونا، بچہ پیدا کرنا، بچہ کا باپ بننا۔ — ـُ ہ: کو توڑنا، نکالنا، کی دھجیاں اڑانا یا بکھیرنا، کھولنا۔ — نُسُولاً: بالوں یا پروں کا گرنا۔ نَسَّلَ ہ: چیتھڑے ریشوں میں الگ کرنا کو چیتھڑے کر دینا، کو ادھیڑنا۔ اَنْسَلَ ہ: بچہ کا باپ ہونا، باپ بننا، بچہ پیدا کرنا۔: بالوں یا پروں کا گرنا۔ تَناسَلَ: افزائش نسل کرنا، نسل بڑھانا، اولاد پیدا کرنا، بچوں کا باپ بننا۔ — من: کی نسل سے ہونا، سے چلے آنا۔ نَسْل جمع اَنْسَال: آل، اولاد، نسل، بال بچے. اولاد یا نسل۔ تقلیلُ النَّسْل: منع حمل، خاندانی منصوبہ

بندی birth control۔ الحَرثُ والنَّسلُ: انسانی تہذیب وتمدن۔ نُسَالَة: ریشہ دار ردی، جھالریں، پلو، بن، صوف۔ مِنسَالہ: روئی دھنکنے اور صاف کرنے کی کل۔ نَسُولَة: بہت نسل والا جانور۔ نَسِیلَة: نئی اشاعت۔ نِسَال: افزائش نسل۔ تَنَاسُل: افزائش نسل، نسل، پیڑھی، نسلی تسلسل۔ اعضاءُ التناسل: آلات یا اعضاء تناسل۔ ضعف التناسل: نامردی۔ تناسُلِی: پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا، افزائش نسل کا یا کے متعلق، توالد وتناسل کے متعلق، نسل کے متعلق۔ مرض تناسلی: جماعی مرض۔ تناسُلِیات: آلات تناسل، اعضاء تناسل۔

نسم ۱۔ نَسَمَ ـِ نَسْمًا و نَسِیمًا و نَسَمَانًا الریحُ: ہوا کا آہستہ چلنا۔ ـــ نَسْمًا و نَسِمَ ـَ نَسَمًا الشیءُ: متغیر ہونا۔ نَسُمَ ـُ نَسَامَةً المکانُ: جگہ کا بہت چشموں والی ہونا۔ نَسَّمَ النَسَمَةَ: (غلام، لونڈی) کو آزاد کرنا۔ (کسی کو) تقویت پہنچانا، میں روح پھونکنا، جان ڈالنا۔ ـــ الاسیرَ: قیدی کو رہا کرنا۔ تَنَسَّمَ الرجُلُ: سانس لینا۔ ـــ ت الریحُ: ہوا کا آہستہ چلنا۔ ـــ المکانُ بالطیب: جگہ کا خوشبو سے مہک جانا۔ ـــ فلانٌ العلمَ او الخبرَ: حصول علم یا خبر کی دھن میں لگا رہنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَنَسَّمْتُ منه علمًا: میں نے اس سے علم حاصل کیا۔ ـــ الریح: بو سونگھنا، بو پانا۔ ـــ الولدُ: پیٹ کے بچے کا جسم پکڑنا اور جاندار ہونا۔ النَّاسِم (فا): قریب الموت بیمار۔ النَّسَم (مص) جمع انْسَام: زندگی کا سانس، باد سحر، باد نسیم، ناک۔ نسمہ کی جمع، دودھ یا چکنائی کی بو۔ النُّسْمَة: حمام وغیرہ میں راستے۔ النَّسَمة (طب): مرض ربو، دمہ کہا جاتا ہے: اصابته نَسَمَة: اسے دمہ ہو گیا۔ ـــ جمع نَسَم ونَسَمات: زندگی کا سانس، انسان یا ہر جانور جس میں روح ہے، زندہ ہستی، غلام، لونڈی۔ النَّسِیم (مص) جمع نِسَام: پسینہ، روح، نرم ہوا۔ کہا جاتا ہے: هو ثقیل الظلّ بارد النسم: وہ بھاری ہے۔ النَّیْسَم: زندگی کا سانس۔ الأَنَاسِم: لوگ کہا جاتا ہے: ما فی الاناسم مثلُهُ: لوگوں میں اس جیسا کوئی نہیں۔

۲۔ نَسَمَ ـِ نَسْمًا البعیرُ الارضَ بِخُفِّهِ: اونٹ کا زمین پر پاؤں مار کر نشان ڈالنا۔ نَسِمَ ـَ نَسَمًا البعیرُ: اونٹ کے تلوے کا تھک جانا۔ النَّسَم: مٹا ہوا راستہ۔ النَّیسَم: مٹا ہوا راستہ۔ المَنْسِم جمع مَنَاسِم للابل: اونٹ کا تلوا، شتر مرغ کا پاؤں، نشان، راستہ، رخ کہا جاتا ہے: الی این مَنسِمُكَ: کہاں کا رخ ہے! یعنی کدھر جا رہے ہو؟

۳۔ نَسَّمَ فی الامر: کام شروع کرنا، معاملہ شروع کرنا۔ نَاسَمَ مُنَاسَمَةً و نِسَامًا ہُ: کے قریب ہونا، نزدیک ہونا، سے کانا پھوسی کرنا، سرگوشی کرنا۔

۴۔ تَنَسَّمَ الجمرُ: چنگاری کا بھڑکنا۔

نَسَمَ ـِ نَسْمًا ونَسَمَانًا: (ہوا کا) آہستہ چلنا۔ نَسَّمَ فی: کو شروع کرنا۔ تَنَسَّمَ: (ہوا) کا چلنا، سانس لینا۔ ـــ ہ: کو (سانس سے) لینا، کھینچنا، جذب کرنا، (کا) لطف اٹھانا۔ ـــ ب: (خوشبو) نکالنا، چھوڑنا، سے خوشبودار ہونا، کی یاد دلانا، کی خوشی ہونا یا دینا۔ تَنَسَّمَ الخبرَ: خبر تلاش کرنا۔ نَسَم جمع انْسَام: سانس، زندگی کا سانس۔ نَسَمَة جمع نَسَمات: سانس، پھونک، دم، کش، مہک، ہوا کا ہلکا سا جھونکا، خوشبو کی لپٹ، باد سحر، نسیم، مہلک، خوشبو، سانس لیتا ہوا جیتا جاگتا، زندہ ہستی، شخص، روح، نفس (جمع نفوس)۔ نَسِیم جمع نِسَام ونَسَائم: ہوا کی خوشبو، تازہ ہوا، ہوا، باد، تیز ہوا، باد سحر، نسیم۔ شَمُّ النسیم: مصر کا ایک عوامی تہوار جو پیر کے دن منایا جاتا ہے۔ مَنْسِم جمع مَنَاسم: جانوروں کا تلوا، پیر کی گدی۔ مُتَنَسَّم: جگہ جہاں ہوا وغیرہ چلتی ہے، کوئی چیز جو سانس کے ذریعے نکالی یا چھوڑی جاتی ہے یا نکلتی ہے جاری ہوتی ہے یا اس کا ظہور ہوتا ہے یا جہاں پسینہ نکلتا ہے۔

نَسْنَاس ونِسْنَاس جمع نَسَانِس: جنگل کی خیالی مخلوق جس کا ایک بازو اور ایک ٹانگ ہے۔ بندر

نسو: نَسَا یَنْسُو نَسْوَةً الرجُلُ: کام چھوڑ دینا۔ أَنْسَی إِنْسَاءً ہُ الشیءَ: کو چیز ترک کرنے کا حکم دینا۔ النَّسَا جمع انساء تثنية نَسَوَانِ ونَسَیَانِ (ع ا): سرین سے ٹخنے تک جانے والی رگ۔ النَّسْوَة (مص): دودھ کا ایک گھونٹ۔ النِّسْوَة والنُّسْوَة والنِّسَاء والنِّسْوَان والنِّسْوُون والنُّسْنِیْن: عورتیں، مرأة کی جمع نسبت کے لئے نِسْوِیٌّ ونُسْوِی تصغیر نُسَیَّة ونُسَیَّات بھی کہا جاتا ہے۔ المَنْسُو: عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔

نسی: ۱۔ نَسِیَ یَنْسَی نَسًی: عرق النساء میں مبتلا ہونا صفت نَسٍ و انْسَی م نَسِیَة و نَسْیَاء۔ نَسَی یَنْسِی نَسْیًا الرجُلَ: کی عرق النساء پر مارنا۔ الأَنْسِی (ع ا): ٹانگ کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔ المَنْسِیّ: عرق النساء کا مریض

۲۔ نَسِیَ یَنْسَی نَسْیًا ونِسْیَانًا ونِسَایَةً ونَسْوَةً الشیءَ: کو بھول جانا۔ نَسَّی وانْسَی الرجُلَ الشیءَ: مرد کو کوئی چیز بھلا دینا۔ تَنَاسَی الشیءَ: کو بھولنے کا بہانہ کرنا۔ النَّسْی والنِّسْی جمع انْسَاء: بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جو قافلہ چھوڑ جائے۔ النَّسْیَان والنَّسَّاء: بہت بھولنے والا۔ النَّسِیّ: بہت بھولنے والا، جو شخص اپنی قوم میں شمار نہ کیا جائے۔ المَنْسِیّ (مفع): بھولی ہوئی (چیز، بات وغیرہ)

۳۔ المِنْسَاة: لاٹھی، (اصل المنسأة (ہمزہ) سے ہے)

نِسْوِی ونِسَائی: زنانہ، نسوانی، عورتوں کا، عورتوں کے متعلق۔ نِسَائِیَات: زنانہ امور، عورت کی دنیا سے متعلق اشیاء۔ نِسَائِیَة: مساوات نسواں کی حامی تحریک۔ ما انْسَ لا انْسَ: میں کبھی نہیں بھولوں گا (لفظی: جو بھی میں بھول سکوں اسے ہرگز نہیں بھولوں گا)۔ ما انْسَ لا انْسَی، إنْ انْسَ فلا انْسَی: میں کبھی نہیں بھولوں گا۔ انْسَی ہ ہ: کو کوئی چیز بھلا دینا۔ تَنَاسَی ہ: کو بھولنے کا بہانہ کرنا، کو بھولنا، نظر انداز کرنا، چھوڑ دینا، نہ کرنا، سے غافل ہو جانا۔ نَسْیٌ: فراموشی، بھول، نسیان۔ تغافل، بھولی ہوئی چیز۔ أَصْبَحَ نَسْیًا مَنْسِیًّا: مکمل طور پر فراموش ہو جانا، بھولا بسرا ہو جانا، نَسِی ونَسَّاء ونَسْیَان: بھولنے والا، تغافل شعار، غافل، فراموش کنندہ، نِسْیَان: مَنْسِی: بھولا ہوا۔ مَنْسِیات: وہ چیزیں وغیرہ جو پہلے کبھی ازبر تھیں اب بھول چکی ہیں۔

نش: ۱۔ نَشَّ ـِ نَشًّا ونَشِیشًا النبیذُ: نبیذ کا کا جوش مارنا۔ الماءُ فی الکوز الجدید: پانی کا نئے کوزے میں آواز کرنا۔ اللحمُ: گوشت کا ہانڈی یا کڑاہی میں آواز کرنا۔ النَّشِیش (مص): ابلنے پر پانی وغیرہ کی آواز۔

۲۔ نَشَّ ـُ نَشًّا المِسكَ ونحوهُ: مشک وغیرہ کو باریک کرنا۔ ـ الشیءَ: کو ملانا۔

۳۔ نَشَّ ـُ نَشًّا الدابَّةَ: جانور کو آہستہ ہانکنا۔ المِنَشَّة: مورچھل (مکھیاں دور کرنے کا)۔

۴۔ نَشَّ ـِ نَشًّا ونَشِیشًا الغدیرُ: تالاب کا پانی خشک ہونے لگنا۔ ـــ الرطبُ: تازہ کھجوروں کا پانی خشک ہونا۔ ـــ تِ اللحمةُ: گوشت کے ٹکڑے کا پانی ٹپکنا، عام لوگ برتن میں جو کچھ ہو ٹپک جائے۔ تو کہتے ہیں: نَشَّ الاناء، النَّشّ عند العامه: دیوار میں بارش کی وجہ سے نمی۔ النَّشَّاش: مبالغہ کا صیغہ، سیاہی چوس، جاذب Blotter, Blotting paper۔

اَرْضٌ نَشَّاشَةٌ: شورزمین۔ ارضٌ نشِشة: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

۵۔ النَشّ: ہر چیز کا نصف۔

۶۔ نَشْنَشَ نَشْنَشَةً ت القِدرُ: ہانڈی کا جوش کھاتے وقت آواز کرنا۔ ـــ الشیَ: کو ہٹانا اور زور سے ہلانا۔ ـــ الثورَ: بیل کو ہانک کر نکال دینا۔ ـــ الرجُلُ: کام میں جلدی کرنا۔ تَنَشْنَشَ: نَشْنَش کا مطاوع، تازہ دم ہونا (عام لوگوں کی زبان میں)۔ ـــ المریضُ: کی صحت بحال ہونا (عام زبان میں) النَشْنَشَة (مص): کھڑکھڑاہٹ (زرہوں، کاغذ، نئے کپڑے وغیرہ کی)۔ النَشْنَاش والنَشْنَش و النَشْنَشِی: (کام اور حرکات میں) چست، پھرتیلا۔

۷۔ نَشْنَشَ نَشْنَشَةً الجلدَ: کھال اتارنا۔ الثوبَ: کپڑا اتارنا۔ ـ الوعاءَ: برتن کو جھاڑنا۔ ـ اللحمَ: گوشت جلدی کھانا۔ ـ السَلْبَ: مال غنیمت (لوٹ کا مال) لینا۔ تَنَشْنَشَ الشجرَ: درخت کی چھال اتارنا۔ ارضٌ نَشْنَاشة: کھاری بنجر زمین۔ شورزمین۔

○ نَشَّ ـِ نَشًّا و نَشِیشًا: تلنے کے وقت چھن چھن کی آواز نکلنا، ابلنا، ابلنے کے قریب ہونا، بلبلے کی آواز پیدا کرنا، کھولتے، جوش کھاتے، سی سی کی آواز پیدا کرنا، پھنکارنا، مکھیاں اڑانا۔ ورق نَشَّاش: سیاہی چوس، جاذب۔ مِنَشَّة: مکھیاں اڑانے کا مورچھل۔

نَشَا: نَشَأَ ـَ نَشْوً ـُ نَشْأً و نُشُوءًا و نَشْأَةً و نَشَاءً و نَشَاءَةً الطفلُ: بچہ کا جوانی کو پہنچنا، کہا جاتا ہے۔ نَشَأْت فی بنی فلان: میں فلاں قبیلہ میں جوان ہوا اور اس میں پرورش پائی۔ اسم النُشْء۔ ـــ تِ السحابةُ: بادل اونچا ہونا، گھٹا اٹھنا۔ ـــ الشیءُ: پیدا ہونا، زندہ ہونا۔ نَشَّأَ تَنْشِئَةً ہٗ: کو پالنا، کی پرورش کرنا۔ ـ اللّٰہُ السحابةَ: اللہ تعالیٰ کا گھٹا لانا۔ اَنْشَأَ إنْشَاءً ہٗ: کو پالنا۔ ـــ الشیَ: کو پیدا کرنا۔ ـــ اللّٰہُ الشیَ: کی تخلیق کرنا۔ ـــ اللّٰہُ الخلق: تخلیق شروع کرنا۔ ـ الحدیثَ او الکلامَ: کو وضع کرنا، کی ابتداء کرنا۔ علمُ الإنْشَاء: مضمون نگاری۔ ـــ اللّٰہُ السحابة: خدا تعالیٰ کا بادل کو اٹھانا۔ ـ زیدٌ: عمدہ شعر کہنا، یا بہترین خطبہ دینا۔ ـــ فلانٌ دارًا: مکان بنانا شروع کرنا۔ ـــ فلانٌ یضربُ: فلان کا مارنے لگانا۔ ـــ من المکان: جگہ سے نکلنا، کہا جاتا ہے من این انْشَأْتَ: تو کہاں سے نکلا۔ تَنَشَّأَ تَنَشُّؤًا الی حاجتہ: ضرورت کے لئے جانا۔ اِسْتَنْشَأ اِسْتِنْشَاءً فلانًا قصیدةً او خطبةً: سے قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔ العَلَمَ فی المفازَة: صحرا میں جھنڈا کھڑا کرنا۔ الاخبارَ: خبروں کی حقیقت کا پتہ لگانا۔ ـــ النَاشِیُٔ جمع نَشْءٌ ونَشَاءٌ و نَاشِئَةَ: جوانی کے نزدیک پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ـ جمع نَوَاشِئ: رات کو واقع یا شروع ہونے والی چیز، بات وغیرہ، دن یا رات کا آغاز۔ الناشئة جمع نواشِیء: نَاشِئ کا مونث: جوانی کو پہنچی ہوئی لڑکی۔ ـ سونے کے بعد اٹھنا۔ النَشْء (مص) جمع نَشَا: نسل، کہا جاتا ہے۔ ھو نشْءُ سوء او من نشْءِ سوءٍ: وہ بری نسل کا ہے۔ الناشئ کی جمع۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔ اونچا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ النَشَأَة: نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَشِی: بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ النَشِیئَة: جوانی کی پہنچی ہوئی لڑکی۔ نباتات کی نازک کونپلیں۔ المَنْشَا: پیدا ہونے کی جگہ، کہا جاتا ہے: مولدی ومَنْشَی فی بنی فلان: میری پیدائش اور جوانی کو پہنچنا فلاں قبیلہ میں ہوا۔ المُنْشَأ والمُسْتَنْشَأ: بلند جھنڈا، بلند نشان راہ۔

○ نَشَأَ ـَ ونَشُؤَ ـُ نَشْأً و نُشُوءًا و نَشَأَةً: اٹھنا، اوپر (کی طرف) اٹھنا، ظاہر ہونا، برآمد ہونا، نکلنا، نظر آنا، دھندلا سا اور بڑا دکھائی دینا، وجود میں آنا، ہونا یا ہو جانا پیدا ہونا، ظہور میں آنا، واقع ہونا، اچانک آپڑنا، خلاف توقع پڑ جانا۔ ـ من /عن: کا نتیجہ ہونا، سے نکلنا، سے نکل جانا، سے نتیجہ نکلنا، کے بعد ہونا، سے حاصل کرنا۔ ـــ: بڑھنا، جوان ہونا، تکمیل کو پہنچنا، نشوونما پانا، قدرتی طریقے سے نشوونما ہونا۔ نَشَأَ نُشُوءًا ذاتیًا: خود شروع ہونا، خود بخود جلوہ گر ہونا، بیدار ہونا، پیدا ہونا، خود کار طور پر یا آپ سے آپ واقع ہونا۔ نَشَّأَہٗ: بچہ کی تربیت کرنا، پرورش کرنا۔ پالنا۔ اَنْشَأَ ہ: کو اٹھانا، نکالنا، چڑھانا، کو اللہ تعالیٰ کا پیدا کرنا۔ ـــ ہ: کو وجود میں لانا، بنانا، پیدا کرنا، تخلیق کرنا، کا باعث ہونا، کی صورت پیدا کرنا، کو تعمیر کرنا، کو پیدا کرنا، کو وجود میں لانا، کو شروع کرنا، کو پانا، کو منظم کرنا، کو قائم کرنا، کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنا، کو لگانا۔ (تحریر کا ٹکڑا) ترتیب دینا، مرتب کرنا، لکھنا، (کتاب) لکھنا، بچہ کی پرورش کرنا، بچہ پالنا، کو شروع کرنا۔ تَنَشَّأَ: بڑھنا، تکمیل کو پہنچنا، نشوونما پانا، قدرتی طریقے سے نشوونما ہونا، پھیلنا، جڑ پکڑنا۔ اِسْتَنْشَأَ ہ: خبر کی تلاش کرنا، خبر کو ڈھونڈنا، خبر کا سوال کرنا۔ نَشْء: نوجوان، نئی نسل۔ النشْءُ الجدید: نوجوان نسل۔ نَشْأَة: بڑھنا، نشوونما، ابتدائی زندگی، نوجوانی، اٹھنا، پیدائش، بناوٹ، ترتیب، آغاز، تخلیق، تکوین، اصل، ابتداء، آغاز، نوجوان نسل، تہذیب، تمدن، ثقافت، شائستگی، تربیت (شخص کا) پس منظر، نَشْأَةٌ مُسْتَأْنَفَة: دوسرا جنم، دوسری بار پیدائش، دوسرا روپ، دوسرا ظہور، کسی چیز کا احیاء، دور ترقی، علوم وفنون کے احیاء کا زمانہ (Renaissance اور Rebirth) نُشُوء: بڑھنا، نشوونما، ارتقا، ترقی، تکمیل، پختگی، بہتر صورت، واقعات کا یکے بعد دیگرے ظاہر ہونا۔ منهب النشور و الترقی: نظریہ ارتقاء وترقی۔ النشوئیون: ارتقاء ترقی کا نظریہ رکھنے والے۔ مَنْشَأ: ابتداء یا نشوونما کی جگہ، جائے پیدائش، جنم بھومی، وطن، پیدائشی ملک، اصل، ابتداء، اٹھنا، پیدائش، ترتیب، آغاز، منبع، سرچشمہ، جڑ، بنیاد۔ تَنْشِئَة: تربیت، تعلیم۔ انشاء: تخلیق، ابتداء، آغاز، تنظیم، استحکام، کسی کام کی تیاری، تعلیم، تربیت، بناوٹ، ساخت، آراستگی، ترتیب، بنانا، تعمیر، بنیاد، بنیاد رکھنا، تنصیب، تصنیف، تالیف، لکھنا، خطوط لکھنا، لکھنے کا سٹائل یا آرٹ، مختصر مضمون یا مقالہ، رسالہ جو کسی خاص موضوع پر لکھا جائے۔ انشاء ات عسکریة: فوجی تنصیبات۔ اعادة الانشاء: دوبارہ تعمیر از سر نو تعمیر، اصلاح تجدید۔ إنْشَائی: ایجادی، تخلیقی، تعمیری، لکھنے یا لکھنے کے انداز سے متعلق، طرز تحریر کے متعلق اسلوب بیان کے متعلق، درست کر کے شائع کرنا، اداریہ سے متعلق۔

نشب: ا۔ نَشِبَ ـَ نَشَبًا و نُشُوبا و نُشْبَةً الشیُٔ فی الشی: چیز کا چیز سے چمٹنا یا لگ جانا۔ ـ العظمُ فی حلقه: حلق میں ہڈی چبھنا، کہا جاتا ہے۔ نشبَ فلان مَنْشَبَ سوءٍ: وہ پیچیدہ کام میں پھنس گیا۔ مانشِبْتُ افعل کذا: میں نے یہ کام کرنا بند نہیں کیا۔ لم یَنْشَبْ أن مات: اس نے مرنے میں دیر نہ لگائی۔ ـــ نُشُوبًا تِ الحربُ بین القوم: میں گھمسان کی لڑائی ہونا۔ ـــ الامرُ فلانًا: کے ساتھ رہنا۔ ـــ فیه: کو خریدنا نَشَّبَ ہٗ فی کذا: کو میں چمٹانا، چسپاں کرنا۔ نَاشَبَ مُنَاشَبَةً ہٗ الحربَ: سے کھلم کھلا لڑائی کرنا۔ انَشَبَ ہٗ فی کذا: کو میں چمٹانا، چسپاں کرنا، کہا جاتا ہے انشَبَ البازی مخالبه فی الأخِیذَةِ: بازی نے اپنے پنجے شکار میں چمٹا لئے۔ ـ ہ الصَائِدُ: شکار کا جال میں پھنسنا۔ تَنَشَّبَ فیه: میں پھنس جانا، کہا جاتا ہے۔ تَنَشَّبَ فی قلبه حبُّ فلان: کے دل میں کسی کی محبت جاگزیں ہوگئی۔ تَنَاشَبُوا: آپس میں چمٹنا، کہا جاتا ہے: تَنَاشَبُوا حول الرسول: انہوں نے پیغمبر کے گرد بھیڑ کرلی۔ إنْتَشَبَ فیه: میں چمٹنا۔ ـــ الحطبَ: لکڑیاں اکٹھی کرنا۔ النَاشِب (فا): تیروں والا، تیرانداز۔ النَاشِبَة: ناشِب کا

مونث، تیز انداز لوگ۔ النَّشَب (ن): درخت جن سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ النَّشِب: چمٹا ہوا چسپاں، پھنسا ہوا، گڑا ہوا، پکڑا ہوا۔ النُّشْبَة (مص) و النُّشَبَة: کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا۔ نُشْبَةُ: بھیڑیے کا اسم علم النَّشَّاب: بہت چمٹنے والا، تیر ساز، تیر انداز۔ رجلٌ نَشَّاب و قوم نَشَّابَة: تیر انداز مرد اور قوم۔ النُّشَّاب واحد نُشَّابَة جمع نَشَاشِيب: تیر۔ المَنْشَب. چمٹنے کی جگہ۔ بُرْدٌ مُنَشَّب: تیر کی مانند دھاریدار چادر

۲۔ النَّشَب و النَّشَبَة: جائداد منقولہ و غیر منقولہ، زمین اور مویشی۔

○ نَشِبَ ـــ نَشَبًا و نُشْبَةً و نُشُوبا في: ـــ سے لگا ہونا، ـــ سے جڑا ہونا، چمٹا ہونا، میں پھنس جانا، پہ جما ہونا۔ ـــ ب پر توجہ کرنا، پر منحصر ہونا، موقوف ہونا۔ ـــ في میں پھنس جانا، میں دخل دینا۔ ـــ: جنگ کا یکایک لگ جانا، شروع ہو جانا، پھیل جانا۔ مانَشِب یالم یَنْشَب نہ ہچکچانا، نہ تذبذب میں پڑنا، نہ متامل ہونا، نہ تامل کرنا۔ نَشَّبَ و انْشَبَ ہ: ـــ سے بندھنا، پر چڑھنا، کو چپکانا، جوڑنا، کو لگانا، جڑنا، نَشَب: جائداد، سب کچھ، نشوب الحرب: جنگ کا یکایک لگ جانا، شروع ہو جانا۔ مُنْتَشِب: سخت اور شدید (معرکہ، جنگ)۔

نشج: نَشَجَ ـِ نَشْجًا و نَشِيجًا الباكي: رونے سے ہچکی بندھنا۔ ـــ ت القدرُ: ہانڈی کا کھدکھدانا۔ ـــ الضفدعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا۔ ـــ المطربُ: گویے کا دو آوازوں کو علیحدہ کرنا اور وقفہ کرنا۔ النشج جمع انشاج: پانی بہنے کی جگہ، عبرةٌ نَشُوجٌ: آواز وار نصیحت۔ النشیج: آواز۔

○ نَشَجَ ـــ نَشِيجًا: سسکیاں بھرنا یا لینا، ہچکی لینا، ہکی بھرنا۔

نشح: نَشَحَ ـ نَشْحًا و نُشُوحًا الرجُلُ: سیر ہو کر نہ پینا، سیر ہو کر پینا۔ النَّشَّاح من الآنية: چھلکتا ہوا برتن۔ النُّشُوح. تھوڑا پانی، النُّشُح واحد نَشُوح: بدمست لوگ۔

نشد: ۱۔ نَشَدَ ـِ نَشْدًا و نِشْدانًا و نِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈنا، آواز دیکر پوچھنا۔ ـــ الضالَّة: کو واضح کرنا۔ فلانا: کو پہچاننا۔ ـــ هُ اللّٰهَ وبه: ـــ سے قسم لے کر پوچھنا۔ ـــ نَشْدًا الرجُلَ: ـــ سے انْشُدُكَ اللّٰهَ کہنا۔ نَشَدْتُكَ اللّٰــه إلا فعلت: میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے تمہارے فعل کے۔ نَشَدَهُ عَهْدَهُ او وعْدَهُ: کو اس کا عہد یا وعدہ یاد دلانا اور عہد یا وعدہ ایفائی کا خواہاں ہونا۔ عام لوگ جب هو ينشد فيه کہتے ہیں تو اس سے ان کی مراد یہ ہوتی ہے کہ وہ اس کی تعریف کرتا ہے۔ نَاشَدَ مُنَاشَدَةً و نِشادًا ہ: کو قسم دلانا۔ ـــ ہ الامرَ وفي الامر: کو قسم دے کر کسی کام کو کہنا۔ ـــ سے کی التجا کرنا۔ انْشَدَ الضالة: گم شدہ کے بارے میں پوچھنا، کو واضح کرنا اور کیلئے شہادت پیش کرنا۔ ـــ هُ الشِعرَ: کو شعر سنانا۔ ـــ بالقوم: کی ہجو کرنا۔ ـــ زيدًا ولِزَيد: زید کو جواب دینا، کہا جاتا ہے: نَشَدتُهُ فَانْشَدَنی اوَانْشَدَلی: میں نے پوچھا تو اس نے مجھے جواب دیا۔ تَنَشَّدَ الاخبارَ: چاہنا کہ لوگ ان خبروں سے واقف ہو جائیں۔ تَنَاشَدُوا الاخبارَ: ایک دوسرے کو شعر سنانا ۔ إسْتَنْشَدَهُ الشِعرَ: ـــ سے شعر پڑھنے کی درخواست کرنا۔ الناشِد فا: طلب کرنے والا، تشہیر کرنے والا۔ النَاشِدُون: گم شدہ، اونٹوں کا پتہ لگا کر انہیں مالک تک پہنچانے والے۔ النَّشْد عند العامة: مدح، تعریف، کہا جاتا ہے نَنْشُدَكَ وَنِشْدَكَ اللّٰــه الا فعلتَ: میں تجھے خدا کی قسم دیتا ہوں کہ یہ کام کرنا۔ النِشْدَة (مص): آواز۔ النَّشَّاد: گم شدہ کی تلاش کرنے والا۔ النَّشِيد: آواز کی بلندی۔ و النَّشِيدَة جمع نَشَائد والأُنْشُودَة جمع اناشِيْد: مجلس میں سنائی ہوئی نظم۔ نثر و نظم جسے ترنم سے پڑھا جائے۔

۲۔ النُّشَادِر و النوشادِر (ك): نوشادر (فارسی لفظ)

○ نَشَدَ ـُ نَشْدًا و نَشْدَةً و نِشدانًا ہ: کو مانگنا، ڈھونڈنا، کی تلاش کرنا۔ ـــ ہ ہ (مثلا اللّٰهَ) کو کی قسم دینا، ـــ سے قسم یا حلف لے کر یا کا واسطہ دیکر التجا کرنا۔ نَاشَدَ ہ ان يفعل /ہ ہ: ـــ سے کو کرنے کی التجا کرنا۔ ـــ ہ ہ: کو خدا کی قسم دینا یا ـــ سے خدا کی قسم یا حلف لینا۔ انْشَدَ ہ: کو مانگنا، ڈھونڈنا، تلاش کرنا۔ ـــ ہ: کو گانا۔ ـــ ہ ہ: کو نظم یا آیت سنانا۔ تَنَاشَدَ: ایک دوسرے کو نظمیں وغیرہ سنانا۔ اسْتَنْشَدَہ: ـــ سے شعر یا آیت سنانے کی درخواست کرنا۔ نَشِيد و انْشُودَة جمع نَشَائِد وانْشَادو اَنَاشِيد: گیت، حمد (باری تعالی) ترانہ۔ نَشِيدُ الأَنْشَاد یا نشيدُ الاناشيد: حضرت سلیمان علیہ السلام کا گیت، گیتوں کا گیت۔ النشيدُ الأممي: بین الاقوامی گیت۔ نشيد حَمَاسِی: جمع ہونے کا گیت۔ نشيدٌ عسكری: سپاہیوں کا گیت، مارچ کا گیت، فوجی مارچ۔ نشيدٌ قومی او نشيدٌ وطنی: قومی ترانہ۔ نَشِيدٌ لَيلیٌ: نغان نیم شی، نغمہ شبینہ۔ نَشِيدٌ مَلَكي: شاہی ترانہ۔ مُنَاشَدَة: اصرار [illegible]

قسم سوگند یا قسم دینا یا سوگند دینا۔ إنْشَاد: سنانا، سنائی جانے والی چیز۔ نغمہ سرائی۔ مَنْشُود: مانگی ہوئی، تلاش کی ہوئی، ڈھونڈی ہوئی، آرزو کی ہوئی، خواہش کی ہوئی، تمنا کی ہوئی، جسے حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کی گئی ہو (جیسے مقصد مدعا یا ہدف وغیرہ)۔ مُنْشِد: گانے والا۔

نشر: انَشَرَ ـُ نَشْرًا الثوبَ: کپڑا پھیلانا۔ ـــ الخبرَ: خبر مشہور کرنا۔ ـــ الشيَّ: کو بکھیرنا۔ ـــ الخشبَ: لکڑی چیرنا۔ ـــ عن المجنون او المريض: مجنوں یا بیمار پر منتر پھونکنا۔ ـــ ت الريحُ: بادل کے دن ہوا چلنا۔ ـــ نُشُورًا الشجرُ: درخت کا پتے لانا۔ ـــ تِ اوراقُ الشجر: درخت کے پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا۔ ـــ ت الارضُ: زمین کا بہار کی بارش کے بعد سرسبز ہونا۔ ـــ نَشْرًا و نُشُورًا اللّٰهُ الموتٰی: اللہ تعالیٰ کا مردوں کو زندہ کرنا۔ ـــ ونَشِرَ الموتی: مردوں کا زندہ ہونا صفت نَاشِرُون، نَشِرَ ـــَ نَشَرًات المواشي: مویشیوں کا رات کو پھیل کر چرنا۔ مویشیوں میں کھجلی کی بیماری پھیلنا۔ نَشَّرا الثوبَ ونحوہ: کپڑے وغیرہ پھیلانا۔ ـــ عن المريض او المجنون: بیمار یا مجنوں پر منتر پھونکنا۔ انْشَرَ اللّٰهُ الميّتَ: اللہ کا مردے کو زندہ کرنا۔ ـــ الارضَ: زمین کو پانی سے سیراب کر کے زندہ کرنا۔ تَنَشَّر الشيُّ: پھیلنا۔ تَنَاشَرُو الثيابَ: کپڑے پھیلانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ إنْتَشَرَ الشيُّ: پھیلنا۔ ـــ النهارُ: دن لمبا ہونا، پھیلنا۔ ـــ الخبرُ: خبر مشہور ہونا۔ ـــ ت الابلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا، بکھر جانا۔ الرجُلُ: سفر شروع کرنا۔ إسْتَنْشَرَ الخبرَ: خبر پھیلانے یا شائع کرنے کی درخواست کرنا۔ الناشِرة: الناشر کا مونث (ع ا) النَوَاشِر کا واحد جس کے معنی ہاتھ کے رگ پٹھے ہیں۔ النَشْر (مص): خوشبو یا صرف بو (کہا جاتا ہے: له نشرٌ طَيِّبٌ: اُس سے خوشبو آتی ہے)۔ نباتات اگنے کی ابتداء، خارش، سردار کے بغیر بکھری ہوئی قوم۔ کہا جاتا ہے: جاؤوا نَشْرًا: وہ علیحدہ علیحدہ آئے۔ يومُ النَشْر: قیامت کا دن۔ النَشَر: سردار کے بغیر بکھری ہوئی قوم (کہا جاتا ہے: جاؤ و انَشَرًا: وہ متفرق آئے)، پھیلا ہوا، کہا جاتا ہے۔ اللَّهُمَّ اُضمم نَشَرِی: اے اللہ تعالیٰ میرے متفرق کام اکٹھے کر دے۔ النَشْرَة جمع نَشَرات: نشر کا اسم مرۃ اشتہار، باد نسیم۔ النُشْرَة: افسوں منتر۔ النُشَارَة: لکڑی وغیرہ کا برادہ۔ النَشُور من الرياح جمع نُشُر: بادلوں کو پھیلانے والی ہوا۔

النُشُور (مص): يومُ النشُور: يوم القيامة۔ النثير: ازار، کاٹ کر جمع کردہ کھیتی۔ المُنشَر (مصدر میمی): کپڑے وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔ المِنشار: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ (ح) حیلی: ایک سمندری مچھلی اس کو ابو منشار بھی کہتے ہیں۔ جمع مناشیر: آری۔ المنشور (مفع): شاہی فرمان، سرکلر، بڑے عالم پادری وغیرہ کا پیغام۔ المَنشُورَة: منشور کا مونث، سخی، شریف۔ (عورت)

۲۔ النَاشِير: مدرسوں کے بچوں کی شکستہ تحریریں (اس کا واحد نہیں)

○ نَشَرَ ـُ نَشرًا ہ: کو پھیلانا، کھولنا، (جھنڈا) بلند کرنا۔ ـــ ہ (خوشبو) پھیلانا، کو بکھیرنا، نکالنا، چھوڑنا، کی نشر و اشاعت کرنا، (کتب، اشتہار وغیرہ) شائع کرنا، کی اشاعت کرنا، پھیلانا۔ ـــ ـُ نَشرًا و نُشُورًا ہ: (مردہ) کو زندہ کرنا۔ نَشَّرَ ہ: کو پھیلانا، کھولنا۔ أَنشَرَہ: (مردہ) کو زندہ کرنا۔ تَنَشَّرَ: پھیلایا جانا، کھولا جانا۔ پھیلنا۔ إِنتَشَرَ: پھیل جانا، کھولا جانا، پھیلنا (جیسے خبر یا بیماری وغیرہ) پھیلنا، لمبا ہونا، وسیع ہونا، کشادہ ہونا، لہروں کا پھیلنا، منتقل ہونا، بکھرنا، پھیلنا، منتشر ہونا، پراگندہ ہونا، مختلف سمتوں میں جانا، گڑبڑ میں پڑنا۔ نَشرُ الدعوة: پراپیگنڈا۔ یوم النشر: یوم قیامت۔ دار النشر: اشاعتی ادارہ۔ نَشرَة: (پبلک) نوٹس، شائع شدہ کتاب، باضابطہ اعلان، رپورٹ، سرگزشت، کیفیت، تفصیل، اعلان، اشتہار، سرکلر، دستی اشتہار، ادارتی اشتہار، پمفلٹ، رسالہ، موقت الشیوع چیز (جیسے اخبار، رسالہ) (Periodical) حکم، فرمان (Ordinance, decree, edict) نشرة اخبارية یا نشرة الاخبار: خبریں، (ریڈیو پر خبریں پڑھنا) نشرة دَورِيَة: ہفتہ وار، ماہوار یا سہ ماہی رسالہ، مجلہ۔ نشرة اسبوعیة: ہفتہ وار رسالہ، اخبار، نیوز ریل News Reel یعنی روزانہ خبروں کی فلم۔ نشرات جوِّيَة: موسمی خبریں، موسمی رپورٹ۔ نشرة خاصة بالأسعار: کیفیت نامہ (Prospectus)، قیمتوں کی فہرست۔ نشرة رسمية: سرکاری کتاب بلٹین: اعلامیہ، سرکاری خبرنامہ (Bulletin) نشرة شهرية: ماہوار مجلہ، کتاب، نشرة يومية: (فوج) دن کا حکم۔ نَشَّار: آرہ کش، لکڑیاں چیرنے والا، نِشَارة: چیرنا (چیرنے کا عمل) نُشَارہ: لکڑی کا برادہ۔ نُشُور: مردہ کو زندہ کرنا، قیامت۔ یوم النُشُور: قیامت کا دن۔ مِنشار: آرہ، آری جمع مناشیر۔ انتشار: پھیلنا، پھیلاؤ، بہاؤ، پھیلا ہوا ہونا۔ ناشِر: ناشر کتب، کتابیں، چھاپ کر شائع کرنے والا۔ مَنشُور: پھیلا ہوا، اعلان کیا ہوا، شائع شدہ، چیرا ہو جمع مَنشُورات و مَنَاشیر: دستی اشتہار، پمفلٹ، سرکلر، کیفیت نامہ، اعلان، اشتہار، حکم، فرمان (Ordinane, decree, edict)، منشور (مخروط مستوی)۔ مُنتَشِر: پھیلنے والا، پھیلا ہوا، دور تک پھیلا ہوا، تازہ، حالیہ، عام پھیلا ہوا، بھرا ہوا، رائج، عام رواج پذیر، اہم، نمایاں، بااثر۔

نشز: نَشَزَ ـُ نُشُزًا فی او عن مكانه: سے بلند ہونا، رکنا۔ الرجُلُ: اونچی جگہ پر جھانکنا، بیٹھے ہوئے کا اٹھنا۔ ـــ القومُ فی مجلسهم: مجلس میں لوگوں کا اٹھ جانا یا سمٹ جانا۔ ـــ ت نَفسُهُ: گھبراہٹ سے کا دل دھڑکنا۔ ـــ نُشُوزًا بالقوم فی الخصومة: جھگڑنے کے لئے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنا، تائید کرنا۔ ـــ ت المرأةُ بزوجها و منه و عليه: عورت کا اپنے خاوند کا نافرمان ہونا اور اس سے نفرت کرنا صفت ناشِز و ناشِزَة جمع نَوَاشِز۔ بعلُها عليها و منها: خاوند کا عورت پر ظلم کرنا اور تکلیف دینا۔ ـــ ـِ نَشزًا بقرنِهِ: کو سینگ سے اٹھا کر پچھاڑ دینا۔ أَنشَزَ الشیْ: چیز کو اس کی جگہ سے اٹھانا، بلند کرنا۔ ـــ اللّٰهُ عظامَ المیت: اللہ تعالیٰ کا مردے کی ہڈیوں کو ان کی جگہ لیجانا اور ایک دوسرے سے جوڑنا۔ الناشِز (فا): اپنی جگہ سے ابھرا اور اٹھا ہوا عِرقٌ ناشِز: دھڑکنے والی رگ۔ النَشز (مص) جمع نُشُوز و النَشَزَ جمع نِشاز و أَنشاز: اونچی جگہ۔ ـــ من الرجال: قوی بڑے ڈیل ڈول کا موٹا آدمی۔ النَشَاز: اونچی جگہ۔ النَشَزَة و النَشِيزَة من الدوابّ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار نہ ٹھہر سکے۔

○ نَشَزَ ـُ نُشُوزًا ب / علی / من: (عورت کا) اپنے خاوند کی پروا نہ کرنا، خاوند کی نافرمان ہونا۔ شوہر کا بیوی پر ظلم کرنا۔ أَنشَرَ ہ: کو دوبارہ زندگی دینا، میں جان ڈالنا، میں نئی روح پھونکنا۔ نَشز جمع انشاز: اونچی جگہ یا زمین۔ نَشَاز: نااتفاقی، ناچاقی، نُشُوز: خصومت، دشمنی، بیر، عداوت، لڑائی، جھگڑا، ناچاقی، نااتفاقی، نفرت، شوہر یا بیوی کی طرف سے خصوصاً بیوی کی طرف سے ازدواجی فرائض کی خلاف ورزی اور شوہر کی طرف سے اس پر ظلم۔ ناشِز: ابھرا ہوا اونچا کیا ہوا، اٹھایا ہوا، اعصاب میں ارتعاش پیدا کرنے والا، کرخت، بے جوڑ، ناموزوں، ناموافق، سرکش، نافرمان۔ ناشِزَة جمع نَوَاشِز: سرکش، نافرمان، عورت، لڑاکا عورت، بدمزاج عورت۔

نشص: ۱۔ نَشَصَ ـِ نُشُوصًا السحابُ: بادل کا اونچا ہونا۔ ـــ ت النفسُ: دل دھڑکنا۔ ـــ الصوفُ او الشَعَرُ: اون یا بال کا نکلنا اور جلد سے چمٹا ہوا ہونا۔ ـــ المرأةُ عن زوجها: بیوی کا خاوند کی نافرمانی کرنا اور اس سے نفرت کرنا صفت نَاشِص۔ ـــ تِ السِنّ: دانت کا لمبا ہونا۔ ـــ الشیْ: کو نکالنا۔ ـــ عن بلده: شہر یا ملک سے منقطع ہونا، پریشان ہونا۔ نَشَّصَ ہُ: کو اونچا کرنا۔ أَنشَصَ ہ عن بلده ادبيته: کو شہر یا گھر سے نکال دینا۔ تَنَشَّصَ لکذا: کیلئے اٹھنا اور تیاری کرنا۔ أَنشَصَ الشجرةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ إِستَنشَصَتِ الريحُ السحابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔ النِشَاص و النَشاص جمع نُشُص و نَشَائِص: تہ بتہ بادل، لشکر۔ النَشُوص و النَشِيص: کھڑا کیا ہوا نیزہ، بڑے کوہان والی اونٹنی۔

۲۔ نَشَصَ ـُ نَشُوصًا فلانًا: کو نیزہ مارنا۔

نشط: ۱۔ نَشَطَ ـُ نَشطًا الحبلَ: رسی میں گرہ لگانا۔ ـــ العقدةَ: گرہ کو مضبوط کرنا۔ ـــ الدلوَ من البئرِ: ڈول کو کنویں سے بغیر چرخی کے نکالنا۔ ـــ زیدًا: کو نیزہ مارنا۔ ـــ تہ الحیّةُ: کو سانپ کا ڈسنا۔ ـــ ـِ نَشُطًا من المکان: جگہ سے نکلنا۔ ـــ من بلد إلی بلد: ایک شہر سے نکل کر دوسرے شہر میں جانا، کہا جاتا نَشَطَ بهم يُمنَةً ويُسرَةً: وہ انہیں دائیں بائیں لے گیا۔ نَشِطَ ـــ نَشَاطًا: چست ہونا، ہشاش بشاش ہونا۔ فی عمله او إلی عمله: اپنے کام پر دوڑنا، دوڑ پڑنا۔ صفت ناشِط و نَشِيط۔ ـــ تِ الدابّةُ: جانور کا فربہ ہونا۔ نَشَّطَ الحبلَ: رسی میں گرہ لگانا۔ ـــ ہُ إلی او فی عمله: کو کام پر دوڑانا، کام میں چست بنانا۔ أَنشَطَ ہُ: کو چست بنانا۔ ـــ الرجُلُ: چست چالاک گھر والوں یا جانوروں والا ہونا۔ ـــ ت الحیّةُ: سانپ کا کاٹنا۔ الحبلَ: رسی میں گرہ لگانا۔ ـــ العقدةَ او العقالَ: گرہ کھولنا، جانور کو باندھنے والی رسی کھولنا۔ ـــ البعیرَ من عقاله: اونٹ کو چھوڑنا، آزاد کرنا۔ ـــ الکلاءُ الدابّةَ: گھاس کا جانور کو موٹا کرنا۔ تَنَشَّطَ: چست ہونا، ہشاش بشاش ہونا۔ ـــ للعمل: چستی سے تیار ہو کر کام میں لگنا۔ ـــ ت الناقةُ فی سیرها: اونٹنی کا چلنے میں تیزی کرنا۔ ـــ المفازةَ: بیابان کو چستی سے عبور کرنا۔ إِنتَشَطَ الحبلَ: رسی کو کھولنے کے لئے کھینچنا۔ ـــ الحبلُ: رسی کا کھل جانا۔ ـــ الشیْءَ: کو مضبوط کرنا، چھیننا۔ ـــ فلانًا إلی کذا کو

کی طرف کھینچنا یا بلند کرنا۔ ـــ النَشِیطَة: راستہ میں ہاتھ لگ جانے والا مال ہانک لیجانا۔ ـ الحیَّةُ فلانا: کو سانپ کا ڈسنا۔ اِسْتَنْشَطَ الجلدُ: کھال کا جھری دار ہونا۔ الناشِط (فا) چست، پھرتیلا، پھرنے والا جنگلی بیل، طریقٌ ناشطٌ بڑی سڑک سے دائیں یا بائیں نکلنے والا راستہ۔ الناشِطة جمع ناشطات ونواشِط ناشط کا مونث۔ النواشط من المسائل: بڑے مسئلے سے نکلتے ہوئے مسائل، اس کا واحد ناشط آتا ہے۔ النشْط (مص) تیزی وعجلت سے ڈنک مارنا۔ النَشِیط جمع نِشاط ونَشَاطَی۔ چست، پھرتیلا، چست و چالاک گھر والوں یا جانوروں والا۔ النشیطة: نشیط کا مونث، حملہ آوروں کو راستہ میں مل جانے والا مالِ غنیمت، اونٹ جنہیں پکڑ کر ہانک لیجایا جائے ـــ بئرٌ نشوطٌ گہری تہہ والا کنواں۔ ـــ بئرٌ انشاط و انشاط کم گہرائی کا کنواں کہ ایک ہی بار کھینچنے سے ڈول باہر نکل آئے۔ الأُنشُوطَة جمع اَناشِیط گرہ جسے کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے۔ ما عِقالُكَ بانشوطةٍ تمہاری محبت (یا دوستی) کمزور نہیں کہ آسانی سے ختم ہو جائے (یا ٹوٹ جائے) المِنْشط: بہت چست۔ المَنْشَط: خوش دل، کہا جاتا ہے: فَعَلُوا ذلك على المَنْشَط والمَكْرَه: انہوں نے یہ کام خوش دلی سے اور دل کی کام کے بارے میں ناپسندیدگی سے کیا۔

۲۔ النَشُوط (ح) ایک قسم کی مچھلی۔

○ نَشِطَ۔ نَشاطاً: زندہ دل، بشاش، شگفتہ مزاج، پرزور، پرلطف، چست، پھرتیلا، تیز، خوش طبع، شگفتہ خاطر جاندار، تیز طرار، سرگرم، ہوشیار، شائق، خواہاں، متمنی، پرجوش، بہادر یا خوش باش ہونا۔ ـــ فی (کسی کام میں) ہمت اور طاقت کا مظاہرہ کرنا۔ ـــ الی (کے لئے، کی جانب) سرگرم اور پھرتیلا ہونا، ہمت اور سرگرمی سے کام کرنا ـــ: کے موڈ میں ہونا، کچھ کرتے ہوئے محسوس کرنا، ـــ کے بارے میں خوش ہونا، سرگرم ہونا، پرجوش ہونا، کسی کام میں شوق سے مشغول ہونا، پر سرگرمی سے توجہ کرنا، کا تیزی سے آغاز کرنا۔ نشط من عِقالِه: کی بیڑیوں سے آزاد ہونا، آزاد ہونا۔ نَشَطَ۔ نَشْطًا ہ: رسی میں گرہ لگانا، رسی کو گرہ لگانا۔ نَشَّطَ و اَنشَطَ ہ: کو ابھارنا، اکسانا، کو ایڑ لگانا، مہمیز کرنا، میں جان ڈالنا، کو ابھارنا، میں تحریک پیدا کرنا، ہیجان پیدا کرنا، کو تابکار بنانا۔ ـــ ہ: کو مضبوط کرنا، تقویت پہنچانا، میں جان ڈالنا، روح پھونکنا، کو تولنا، کو عطا کرنا، ہمت دینا، کو ہمت اور طاقت دینا، کی حوصلہ افزائی کرنا، کی ہمت بندھانا، کو جرأت دلانا (الی کچھ کرنے کی)۔ تَنَشَّطَ بمعنی نَشِطَ۔ نَشِط: زندہ دل، بشاش، شگفتہ مزاج، پرزور، پرلطف، چست، پھرتیلا، تیز، خوش طبع۔ شگفتہ خاطر، تیز، ہیجان خیز، پرجوش، سرگرم، دوڑ دھوپ کرنے والا، منہمک، مصروف، مشغول، دلیر، جانباز، من چلا، مہم جو، باہمت، مستعد، زوردار۔ نَشْطَة: قوت، شوق سرگرمی، گرم جوشی۔ نَشاط۔ چستی، پھرتیلا پن، تیزی، زندہ دلی، شگفتہ مزاجی، جذبہ، جوش، چستی، پھرتی۔ آمادگی، مستعدی، شوق، سرگرمی، گرمجوشی، لگن، دھن، جوش، ہمت، طاقت، کس بل، دم خم، مستعدی، سرگرم حرکت، جوش مستعدی، عمل، کام، چال، حرکت، عمل، طاقت، طاقت، زور، قوت، بل، قابلیت و صلاحیت اہلیت، توانائی، دم خم، زور، قوت، نہایت اہم طاقت، کسی فرد یا ادارے کی قوت کارکردگی۔ نشاط جوّی: ہوائی سرگرمی۔ نشاط اشعاعی۔ تابکاری۔ دو نشاط اشعاعی: تابکار صاحب نشاط: سرگرم، عدیم النشاط: ماند، سرد، پھیکا، سست، بے حرکت، بے عمل (سٹاک مارکیٹ)۔ نَشِیط جمع نِشاط: چست پھرتیلا، تیز، زندہ دل، بشاش، شگفتہ مزاج، خوش باش، جاندار، تیز طرار، پرزور، پرلطف، شادمان، خوش، ہنس مکھ، ہیجان خیز، پرجوش، دوڑ دھوپ کرنے والا، مصروف، مشغول، منہمک، سرگرم، توانا، طاقت ور، باہمت، مستعد۔ ـــ ل: کے بارے میں خوش، مسرور، سرگرم، پرجوش، کے لئے سرگرمی سے وقف کار، الجنس النشیط: زیادہ طاقت ور جنس یا صنف۔ اُنشُوطَة: گرہ، ڈیڑھ گرہ جو کھینچنے سے تنگ ہوتی ہے (Slipknot) کمان، پھندا۔ ناشِط بمعنی نَشِط: مَنشَط: خوشگوار چیز۔ مُنَشِّط: مہمیز (کیلئے) تحریک، محرک یا مہیج، شوق، جذبہ، قوت، تیزی حرکت، کا زور تحریک، اشتعال، ابھارنے والی چیز۔

نشظ: نَشَظَ۔ نُشُوظًا النباتُ: نباتات کا نمودار ہونا۔

نشع: ۱۔ نَشَعَ۔ نَشْعًا الرجلُ: سسکی لینا۔ ـ الطیبَ: خوش بو سونگھنا۔ ـــ فلانًا الدواءَ: کے منہ میں دوا ڈالنا۔ ـ ہ الکلامَ: کو کلام کی تلقین کرنا۔ ـ نُشُوعًا: قریب الموت ہو کر نجات پانا۔ اَنشَعَ ہُ الدواءَ: کے میں دوا ڈالنا۔ ـ ہُ الکلامَ: کو کلام کی تلقین کرنا۔ ـ ہ بشربةٍ: کو پانی پلانے میں مدد کرنا۔ اِنتَشَعَ: ناک میں دوا ڈالنا۔ الناشِع (فا) ابھرا ہوا۔ النشع: خراب [illegible] میں ڈالی جانے والی دوا [illegible] المِنشَع والمِنشَعة: وہ برتن جس میں ناک یا منہ میں ڈالنے والی دوا رکھی جاتی ہے۔ نسوار کی [illegible]

۲۔ نَشَعَ۔ نَشْعًا و انتَشَعَ الشئ: چیز کو سختی سے کھینچنا۔ النُشاعة: ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔

۳۔ نُشِعَ نَشْعًا بکذا: کا مشتاق ہونا، فریفتہ ہونا صفت مَنشُوعٌ بہ:

○ نَشَعَ۔ نَشْعًا ہ: کو چیرنا، پھاڑنا، چاک کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا انتشع: مندرجہ بالا معانی۔ نَشْع: رسنے والا پانی، رس کر آنے والا پانی وغیرہ مُنَشَّع: تر بتر، سیلی (زمین) گیلا، بھیگا ہوا، تر۔

نشغ: ۱۔ نَشَغَ۔ نَشْغًا ہُ الکلامَ: کو کلام کی تلقین کرنا، کلام سکھانا۔ ـــ الصبیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔ ـــ الماءَ: روک سے پانی پینا۔ ـــ الرجلُ: سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی کے قریب ہو جانا۔ نُشِغَ الصبی بچے کے منہ میں دوا کا ڈالا جانا۔ ناشَغَ الکلامَ: کلام سمجھنا اور سیکھنا۔ اَنشَغَ ہُ الکلامَ: کو کلام سمجھانا، کی تلقین کرنا۔ تَنَشَّغَ: سسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی کے قریب ہو جانا۔ ـــ وانتشغ الکلامَ: کلام سمجھنا، سیکھنا۔ النَشْغَة جمع نَشَغات: موت کے وقت سسکی، لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ النَشُوغ: بچہ یا مریض کے منہ یا ناک میں ٹپکانے والی دوا۔ نسوار۔ المُنشَغ و المِنشَغة: برتن جس میں منہ اور ناک ٹپکانے کی دوا رکھی جاتی ہے۔

۲۔ نَشَغَ۔ نَشْغًا الماءُ: پانی کا بہنا۔ اَنشَغَ عنہ: سے علیحدہ ہونا۔ الناشِغ جمع نُشَّغ م ناشِغة جمع نواشِغ وناشغات (فا)، النواشِغ: وادی میں پانی بہنے کے راستے۔

۳۔ نَشَغَ۔ نَشْغًا ہُ بالرمح: کو نیزہ مارنا

۴۔ نُشِغَ بالشئ: کا مشتاق ہونا صفت مَنشُوغٌ بہ

نشف: ۱۔ نَشَفَ۔ نَشْفًا الثوبُ العرقَ والحوضُ الماءَ: کپڑے کا پسینہ کو اور حوض کا پانی کو جذب کر لینا۔ ـــ الماءُ فی الارض: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ ـــ نَشْفًا الماءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے پونچھنا خشک کرنا۔ نَشِفَ۔ نَشَفًا الثوبُ العرقَ او الحوضُ الماءَ: کپڑے کا پسینہ کو اور حوض کا پانی کو جذب کر لینا۔ ـــ الماءُ فی الارض: زمین میں پانی کا جذب ہونا۔ ـــ ت البئرُ: کنویں کا پانی ختم ہونا۔ ـــ الثوبُ: کپڑے کا خشک ہونا۔ نَشَّفَ الماءَ: پانی کو جذب کرنا۔ ـــ ت الناقةُ: اونٹنی کا بچہ پیدا ہونے کے قریب زمانہ میں تھنوں کا کبھی بھرا ہوا ہونا اور کبھی خشک ہونا صفت۔ مُنَشِّف۔ تَنَشَّفَ الثوبُ العرقَ

کپڑے کا پسینہ کو جذب کر لینا۔ ـــ الرجُلُ: کپڑے کے ٹکڑے وغیرہ سے پانی کو بدن سے پونچھنا۔ إِنْتَشَفَ الوسخَ ونحوہٗ: میل گندگی وغیرہ کو پونچھ کر دور کرنا۔ الخبزُ الناشِف عند العامة: خشک روٹی۔ النَّشَف پانی کا جذب ہونا۔ النُّشْفَة (بتثليث النون) والنَّشَفة جمع نَشَف ونُشُف ونِشَف ونُشَف ونِشَاف: جھاواں۔ النِّشْفَة والنُّشْفَة برتن میں باقی رہنے والی تھوڑی چیز۔ النَّشْفَة والنَّشَّافة: پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔ ارضٌ نَشِفَةٌ پانی جذب کر لینے والی زمین۔ النُّشَافَة: جذب شدہ پانی۔ المِنْشَفة جمع مَنَاشِف: تولیہ۔

۲۔ نَشَفَتِ الناقةُ: اونٹنی کے دودھ کا جھاگ والا ہونا۔ أَنْشَفَ ہٗ: کو جھاگ والا دودھ پلانا۔ إِنْتَشَفَ: جھاگ والا دودھ پینا۔ النُّشْفَة جھاگ جو دوہتے وقت دودھ پر آ جاتی ہے۔، ہانڈی سے گرم گرم نکالی ہوئی چیز۔ النُّشَافة: بمعنی النُّشْفَة۔

○ نَشَفَ ـــ نَشْفًا ہ: کو جذب کرنا، چوسنا، نَشِفَ ـــ نَشَفًا: خشک ہونا۔ نَشَّفَ ہ: کو خشک کرنا، پونچھ کر خشک کرنا، رگڑ کر خشک کرنا، نَشَفَ رِيقَہٗ: کوشش کرنا، زور لگانا، جدوجہد کرنا، سخت محنت کرنا، کو دق کرنا، تنگ کرنا، کا ناک میں دم کرنا، کو جان بوجھ کر چھیڑنا۔ تَنَشَّفَ بمعنی نَشِفَ نیز پونچھ کر خشک ہونا، خشک ہونا۔ نَشَف: سوکھا ہوا ہونا، سوکھنا، خشک ہونا، سکھانا، خشک کرنا، نَشَف: سوکھا ہوا ہونا، سوکھنا، خشک ہونا، سکھانا، خشک کرنا۔ نَشَّاف: بلاٹنگ پیپر (Blotting paper) جاذب۔ نَشَّافة: سیاہی چوس، بلاٹنگ پیپر کی شیٹ، بلاٹنگ پیڈ (Bloting pad) تولیہ۔ مِنْشَفة جمع مَنَاشِف: تولیہ، صفائی کا چیتھڑا، دستپاک، رومال، تنشیف خشک کرنا۔ نَاشِف: سکھایا ہوا، رطوبت نکالا ہوا، خشک کیا ہوا، خشک، سخت۔

نشق ۱۔ نَشِقَ ـــ نَشْقًا ونَشَقًا الريحَ: ہوا یا بو سونگھنا۔ أَنْشَقَ ہٗ المِسْكَ ونحوہٗ: کو مشک وغیرہ سونگھانا۔ ـــ ہٗ النَّشُوقَ: کو نسوار سونگھانا۔ تَنَشَّقَ الماءَ فی انفه: ناک میں پانی ڈالنا۔ ـــ الريحَ او النَّشُوقَ: ہوا یا بو یا نسوار سونگھنا۔ إِنْتَشَقَ الماءَ فی انفه: پانی ناک میں ڈالنا۔ إِسْتَنْشَقَ الماءَ فی انفه: ناک میں پانی ڈالنا۔ ـــ الريحَ او النَّشُوقَ: ہوا یا نسوار سونگھنا۔ النَّشْق والنَّشَق: سونگھنا، کہا جاتا ہے۔ رائحةٌ مكروهةُ النَّشَق: ناگوار بو۔ النَّشُوق: نسوار، سونگھنے کی دوا۔ المَنْشَق جمع مَنَاشِق: ناک۔ المَنْشَقَة: نسوار کی ڈبیا۔

۲۔ نَشِقَ ـــ نَشْقًا ونَشَقًا فی الحِبالةِ: پھندے میں پھنسنا۔ أَنْشَقَ الظبيَ فی الحبالة: ہرن کو جال میں پھنسانا، کہا جاتا ہے۔ أَنْشَقَتْهُ الحبالةُ: پھندے نے اسے پھنسا لیا۔ النَّشِق: کسی کام میں پھنس کر چھٹکارا نہ پانے والا۔ النُّشْقَة جمع نُشَق: بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔

○ نَشِقَ ـ نَشْقًا ونَشَقًا ہ: کو سونگھنا۔ باس کھینچنا، ناک سے سڑکنا، ناس لینا، اندر کو سانس لینا، کھینچنا، کو ناک میں لیجانا، زور سے سانس لیکر اندر پہنچانا۔ نَشَّقَ وأَنْشَقَ ہ ہ کو کچھ دینا، کو کچھ سونگھانا، کو کچھ اندر پہنچوانا۔ تَنَشَّقَ وإِنْتَشَقَ: سانس لینا، سانس اندر کو کھینچنا۔ ـــ ہ کو زور سے سانس لیکر اندر پہنچانا، کو ناک میں لیجانا۔ إِنْتَشَقَ الهواء تازہ ہوا لینا إِسْتَنْشَقَ بمعنی نَشِقَ نیز إِسْتَنْشَقَ ہ کا تجسس کرنا، کو تلاش کرنا، بھانپ لینا، نَشْق وتَنَشُّق وإِسْتِنْشاق: جذب کرنا، سانس لینا، سانس اندر کو کھینچنا، کش لگانا۔ نَشُوق ونُشُوق: ناس، نسوار۔ تنشيقة: نسوار کی چٹکی۔

نشل ۱۔ نَشَلَ ـ نُشُولاً الرجُلُ: آدمی کا دبلا ہونا۔ ـــ ت الفخذُ: ران کا دبلا ہونا۔ ـــ نَشْلاً الشيءَ: چیز کو جلدی اچک لینا، چھین لینا۔ ـــ الخاتمَ: انگوٹھی نوچنا، جھٹکا دیکر کھینچنا۔ ـــ اللحمَ: گوشت کو بغیر چمچے کے ہاتھ سے نکالنا، گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ أَنْشَلَ اللحمَ من القدر: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا۔ ـــ ما علی العظم بفيه: منہ سے ہڈی پر سے گوشت چھڑا کر کھانا۔ إِنْتَشَلَ اللحمَ من القدر: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا ـــ ما علی العظم بفيه: منہ سے ہڈی پر سے گوشت چھڑا کر کھانا۔ النَّشْل (مص): بغیر مسالہ پکایا ہوا گوشت۔ النَّشَّال: ہانڈی سے گوشت کو بغیر چمچے کے ہاتھ سے نکالنے کا عادی۔ النَّشِيل: کنویں سے پہلا نکالا ہوا پانی، عام لوگ کہتے ہیں ماء نَشُل: کنویں سے پہلا نکالا ہوا پانی، تھن سے تازہ نکالا ہوا دودھ، بغیر چمچ ہاتھ سے ہانڈی میں سے نکالا ہوا گوشت، بغیر مسالہ کے پکایا ہوا گوشت، پتلی تلوار۔ المِنْشَل والمِنْشال جمع مَنَاشِل: گوشت نکالنے کی کنڈی دار سیخ۔ المَنْشَلَة: انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے ہو۔

۲۔ نَشَلَ ـُ نَشْلاً ت الحيّةُ الرجُلَ: سانپ کا آدمی کو ڈسنا۔

○ نشل ـ نَشْلاً ہ کو لیجانا، چھیننا، چرانا، چوری کرنا۔ ـــ ہ: کو خطروں مشکلات وغیرہ سے نکالنا، آزاد کرانا، چھڑانا، بچانا۔ إِنْتَشَلَ نکالنا، اٹھانا، اوپر کی طرف بلند کرنا، (تباہ شدہ جہاز کے لوگوں کو) جمع کرنا اٹھا کر کھڑے کرنا، کو بچانا، چھڑانا۔ نَشْل: جیب تراشی نَشَّال: جیب تراش۔

نشم: نَشِمَ ـ نَشَمًا الثورُ: بیل کا سیاہ سفید داغوں والا ہونا صفت نَشِم نَشَّمَ اللحمُ: گوشت کا بگڑ کر بدبودار ہونا۔ ـ اللهُ ذكرَ فلان: اللہ تعالیٰ کا کسی کے ذکر کو بلند کرنا، کو شہرت دینا۔ ـــ ت الارضُ: زمین سے پانی کا نکلنا۔ ـــ فی فلان: کی بدگوئی کرنا، کو طعن کرنا۔ ـــ فی الشرّ: شرارت میں پڑنا۔ ـــ فی الامر: کام شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ فی الامر: کام شروع کرنا۔ ـ منهُ علماً: سے علم حاصل کرنا، کہا جاتا ہے: يدی نَشِمَةٌ من الجبن ونحوهِ: میرے ہاتھ میں پنیر وغیرہ سے بدبو لگ گئی۔ النَّشَم (ن): وہ درخت جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ المَنْشَم: ایک قسم کی خوشبو۔ المَنْشِم: متعفن سیاہ رنگ کا پھل، ایک قسم کی خوشبو، مَنْشِم: ایک عطر فروش عورت کا نام جس کے عطر کو لگانے سے لوگوں کے درمیان جنگ تیز ہو جاتی تھی۔ چنانچہ وہ برائی کی مثل بن گئی کہا جاتا ہے: اشام من عطر مَنْشِم: منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔

نشو: نَشِيَ يَنْشَی نَشْوًا ونَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً: نشہ میں ہونا، بدمست ہونا، کہا جاتا ہے: نَشِيَ من الشراب: وہ شراب سے بدمست ہو گیا۔ الخبرَ: خبر دریافت کرنا۔ ـــ نَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً الريحَ: ہوا سونگھنا۔ نَشَّی الثوبَ: کپڑے کو کلف دینا۔ تَنَشَّی وانْتَشَی: نشہ میں ہونا۔ الريحَ: ہوا کو سونگھنا۔ إِسْتَنْشَی الريحَ: ہوا کو سونگھنا۔ ـ الخبرَ: خبر دریافت کرنا، النَّشَا جمع انْشاء: عمدہ خوشبو، بو۔ ـ والنَّشَاء: نشاستہ۔ النَّشَاوِيَة (ط) نشاستہ اور چینی سے تیار کیا ہوا کھانا۔ النَّشْوَة: بو، اسم مرة، بدمستی یا مستی کی ابتداء۔ النِّشْوَة: پہلی خبر۔ النَّشْوَان م نَشْوَی جمع نَشَاوَی: بدمست۔ النَّشْيَان: سب سے پہلے خبر کو دریافت کرنے والا کہا جاتا ہے۔ فلانٌ نشيانٌ للاخبار او بالاخبار فلاں شخص سب سے پہلے خبر دریافت کرنے والا ہے۔ النِّشْيَة جمع نَشَايا: بو۔

۲۔ نَشِيَ يَنْشَی نَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً بالشيء: کو بار بار کرنا۔

۳۔ النَّشَا جمع نَشًا: خشک درخت۔

○ نِشان ونيشان جمع نياشين: نشان، مقصد، منزل، مقصود، مطمع نظر، ہدف، تمغہ، عروسی پوشاک۔

نَشَنجي ونَشانِجي: نشانہ باز، اچھا نشانہ باز، بڑا نشانہ باز۔ نِشَنکاہ: بندوق کی شست کی مکھی۔ نَشْنَشَ: چست و چالاک ہونا، پھرتیلا ہونا، ذہین ہونا، تیز فہم ہونا، سرگرم ہونا، سوں سوں کرنا، سنسنانا، بلبلے اٹھانا۔ تَنَشْنَشَ: چست وچالاک ہونا پھرتیلا ہونا، ذہین ہونا، اصلی حالت پر آنا، شفا پانا، پانا۔

○ نشو ونشی: نَشِيَ يَنْشَى نَشْوًا و نُشْوَةً و نِشْوَةً: مدہوش ہونا مست ہونا، متوالا یا مخمور ہونا یا ہو جانا، بدمست ہونا یا ہو جانا۔ نَشَّى ہ: کپڑے کو کلف دینا۔ اِنْتَشَى: مدہوش ہو جانا، مخمور ہو جانا، متوالا ہو جانا۔ اِسْتَنْشَى ہ: کو سونگھنا، (بادِ سحر یا بادِ نسیم)۔ جذب کرنا، سے لطف اندوز ہونا۔ نَشْوَة: نکہت، مہکار، خوشبو، عطر، پھولوں کی باس، ست، چھلیل، نشہ، سرشاری، بدمستی، بے خودی شراب خوری، مستی، بدماغی انتشار، بے ہوشی، حالت غشی۔ نَشْوَةُ الطَّرَب: سرمستی، وجد، جوش، کمال مسرت، فخر و ناز، خوشی، ولولہ، گہری دلچسپی۔ کیف، حد درجہ خوشی، غایت مسرت، نشاً: ست، خوشبو، نشاستہ، کلف، ماوا۔ نَشَاء: نشاستہ، کلف، ماوا۔ نَشَوِي: نشاستے والا، جمع نشویات: نشاستہ دار خوراک۔ نَشْوَان م نَشْوَى جمع نَشَاوَى نشہ میں، مدہوش، مخمور، متوالا، پئے ہوئے، وجد میں آیا ہوا، نازاں، خوش، بہت خوش، انتشاء: سرشاری، نشہ، بے خودی، بدمستی۔

نصّ: ۱۔ نَصَّ ـُ نَصًّا الشيءَ: کو بلند کرنا، ظاہر کرنا۔ — الحدیثَ: حدیث کی سند بیان کرنا۔ — المتاعَ: سامان کو ایک دوسرے پر رکھنا۔ — العروسَ: دلہن کو چھپرکھٹ پر بٹھانا — فلانٌ عُنُقَهُ: گردن اونچی کرنا۔ — الشیءُ: ظاہر ہونا۔ — الرجُلَ: کا مسئلہ پوری طرح دریافت کرنا۔ الناقةَ: اونٹنی کو تیز ہانکنا۔ — للشیءِ: کو ہلانا — ـِ نَصِیصًا الشواءُ علی النار: گوشت کا آگ پر تلتے ہوئے سوں سوں کرنا۔ — ت القدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ نَصَّصَ المتاعَ: سامان ایک دوسرے پر رکھنا۔ — فلانٌ: سند بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔ — وناصَّ مُنَاصَّةً غریمَهُ: قرضدار سے جھگڑا اور اسے بہت تنگ کرنا۔ تَنَاصَّ القومُ: قوم کا بھیڑ کرنا۔ اِنْتَصَّ الشیءُ: بلند ہونا، سیدھا کھڑا ہونا۔ — ت العروسُ: دلہن کا چھپرکھٹ پر بیٹھنا یا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔ — الرمحُ: نیزہ کا تنگ ہونا۔ النصّ (مص) جمع نُصُوص: مصرح کلام۔ — من الکلام: ایسا کلام جو صرف ایک معنی رکھتا ہو اور اس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔ — من کل شیء: انجام، انتہاء۔

النَصَّة: اسم مرة۔ چٹیا۔ النُصَّة جمع نُصَص ونِصاص: پیشانی پر آئے ہوئے بال۔ النَصّاص: ناک ہلانے والا۔ النَصِیص مص: نصیصُ القوم: لوگوں کی تعداد۔ المَنَصَّة: حجلہ عروسی، دلہن کا چھپرکھٹ۔ المِنَصَّة جمع مِنَاص: دلہن کو بٹھانے کی کرسی، چبوترہ، پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ روندے ہوئے فرش کہا جاتا ہے: وُضِعَ فلانٌ علی المِنَصَّة: اس کی بے عزتی کی گئی۔ المَنْصُوص: مفع المنصوص علیه: معین، مقرر۔

۲۔ نَصْنَصَ البعیرُ: اونٹ کا دونوں زانوں زمین پر لگا کر اٹھنے کیلئے ہلنا۔ — الشيءَ: کو ہلانا۔ — فی مشیه: چلنے میں جھومنا۔ حیّةٌ نَصْناصٌ: بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

○ نَصَّ ـُ نَصًّا علی: کو مقرر کرنا، کی حدود قائم کرنا، کی شرط لگانا، کا اہتمام کرنا، کو مہیا کرنا، مشروط قرار دینا۔ — علی /عن: کی صراحت کرنا، کی تعیین کرنا، کی تفصیلات دینا، کو معین کرنا۔ — علی: کا معین معنی بیان کرنا، کو ممیز کرنا، واضح کرنا۔ — ہ: کا متن معین یا مقرر کرنا، (خط وغیرہ) مرتب کرنا، لکھنا، ترکیب دینا، کو ترتیب دینا، کا انبار لگانا، کا تہ بہ تہ ڈھیر لگانا، کو نصب کرنا، کی صف بندی کرنا۔ نَصّ جمع نُصُوص: متن، انتخاب الفاظ، الفاظ کی بندش، طرز ادا، طرز بیان، کسی خاص طرز کا بیان یا روایت، عبارت، عبارت یا کتاب کا کوئی حصہ، لفظ، کلمہ، تقریر، قول، مقولہ، جملہ، فقرہ، جز و کلام، جز و جملہ، طرز کلام، انداز بیان، بات، مثل، کہاوت، پرمعنی مقولہ، دفعہ، شرط، اظہار، اسلوبِ اظہار، زبان، طرز تحریر، انداز بیان، اسلوب، اصطلاح، پیرایہ، قول و قرار، معاہدہ، شرط، ترتیب، اعلان، تجلی، انکشاف، ظہور، شہادت، گواہی، ثبوت۔ بِنَصِّهِ: لفظ بہ لفظ، حرف بحرف، بعینہ، بِنَصِّهِ وفَصِّهِ: انہی الفاظ میں، لفظی، واقعی، سچ سچ، ٹھیک ٹھیک، ہو بہو، من و عن، ایسے ہی۔ نَصًّا ورُوحًا: الفاظ اور حقیقی مقصد دونوں کی پابندی کرنے والا۔ نُصَّة جمع نُصَص: پیشانی کے بال۔ مِنَصَّة جمع مِنَصَّات و مَنَاصّ: چبوترا، شہ نشین، سٹیج، پلیٹ فارم، منبر، کمرے کے اطراف میں نشستوں کا سلسلہ، عروسی مسند، ایزل، چکن (Easel)، مِنَصَّةُ الحُکم: اقتدار کا منصب، مقام، درجہ۔ مِنَصَّةُ الخطابة: منبر Rostrum۔ تنصیص: اقتباس، قول۔ علامات التنصیص: واوین Quotation marks ("......")۔ منصوص علیه: مقرر، معین، مشروط، لکھا ہوا، بیان کیا ہوا [illegible]

نصا: نَصَا ـ نَصَاهُ: کے پیشانی کے بال پکڑنا۔

نصب: نَصَبَ ـِ نَصْبًا الشيءَ: کو بلند کرنا، کھڑا کرنا، کو رکھنا، جڑنا، لگانا، دھرنا، بٹھانا، نصب کرنا۔ — الکلمةَ: کلمہ پر علامت نصب لگانا یا اسے منصوب پڑھنا۔ — الامیرُ فلانًا: امیر کا کسی کو عہدہ پر فائز کرنا۔ — له رأیًا: کو رائے دینا۔ — له الشرَّ: کیلئے کینہ یا بد باطنی ظاہر کرنا۔ — لفلان: سے دشمنی رکھنا۔ — الشجرةَ: زمین میں درخت لگانا۔ — له الحربَ: کیلئے لڑائی کی بنیاد رکھنا۔ — ہُ المرضُ او الهمُّ: کو بیماری یا غم کا تھکانا یا دردمند کرنا۔ نَصِبَ ـَ نَصَبًا: تھکنا۔ — فی الامر: کام میں کوشش کرنا۔ نَصَّبَ الشيءَ: کو رکھنا، بلند کرنا، کہا جاتا ہے: نَصَّبَتِ الخیلُ آذانَها: گھوڑوں کا کان کھڑے کرنا۔ — الامیرُ فلانًا: کو کسی منصب پر فائز کرنا۔ نَاصَبَ مُنَاصَبَةً ہُ: سے دشمنی کرنا، کا مقابلہ کرنا۔ — ہُ الحربَ او العداوةَ: سے لڑائی کا اعلان کرنا، پر دشمنی ظاہر کرنا۔ أَنْصَبَ ہُ: کا حصہ مقرر کرنا، کو تھکانا۔ — ہُ المرضُ: کو بیماری کا دردمند کرنا، تکلیف دینا۔ — الحدیثَ: حدیث کی سند بیان کرنا۔ — السکینَ: چھری میں دستہ لگانا۔ تَنَصَّبَ: کھڑا ہونا۔ — الغبارُ ونحوہُ: گرد و غبار کا بلند ہونا۔ تَنَاصَبوا الشيءَ: چیز کو آپس میں بانٹ لینا۔ اِنْتَصَبَ: کھڑا ہونا، بلند ہونا۔ — الطاهی: پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا۔ — الحرفُ: حرف پر زبر ہونا۔ الناصب (فا) جمع نَوَاصِب: تیز چلنے والا۔ — عند النحاة: نصب دینے والا عامل۔ همٌّ ناصِبٌ: تھکا دینے والا غم۔ النَصْب (مص): کھڑا کیا ہوا جھنڈا، بلا، بیماری، نتیجہ، غرض۔ — عند النحاة: اعراب کی ایک قسم۔ واحد نَصْبَة (ز) گاڑنے جانے والے پودے۔ نَصْبُ العَرَب: حدی سے مشابہ ایک راگ۔ النُصْب: بیماری، بلا۔ — جمع أنصاب: گاڑی ہوئی چیز، کھڑی کی ہوئی کوئی چیز۔ (کہا جاتا ہے: هذا نُصْبَ عینی: یہ میری آنکھ کے سامنے ہے۔) بت۔ النِصْب: حصہ۔ النُصُب: بیماری، بلا، نصاب کی جمع، حصہ، ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ — جمع أنصاب: کھڑی کی ہوئی چیز۔ بت۔ مورتی، مجسمہ۔ الأنصاب: پتھر جو جاہلیت میں کعبہ کے گرد کھڑے کئے گئے تھے اور ان پر غیر اللہ کیلئے جانور ذبح کئے جاتے تھے۔ النَصَب (مص): تھکن، تھکاوٹ، محنت، مشقت، جانفشانی، جمع أنصاب: نصب کیا ہوا نشان۔ النَصِب: بیمار، درد میں مبتلا۔ النُصْبَة جمع نُصَب: راستہ بتانے والا ستون، نشان راہ۔ النَصْبَة: اعراب میں نصب کی

علامت۔ گاڑنے کیلئے پودے، نصب کا اسم مرۃ۔ النُصبۃ: گاڑنے کی نوعیت۔ النصاب جمع نُصُب: اصل، مرجع، سورج ڈوبنے کی جگہ، ہر چیز کا اول، چھری کا دستہ۔ ــــ القانونی کورم (ارکان کی وہ تعداد جو جلسہ کیلئے ضروری ہو۔) لازمی تعداد (Quorum) نصّاب ہر کام میں خود گھسنے والا ــــ عند العامۃ: ٹھگ، دھوکے باز، فریبی، عیار۔ الأنصب م نَصْباء جمع نُصْب کھڑے سینگوں والا۔ ناقۃٌ نَصْباء: ابھرے ہوئے سینے والی اونٹنی۔ النصیب جمع أَنصِبۃ و أنصباء و نُصُب حصہ۔ ھذا نصیبی: یہ میرا حصہ ہے۔ ضرب فلانٌ بنصیب فلاں نے حصہ جیت لیا، اس سے ہے ــــ "الیانصیب" عند لمسیحیین لاٹری (lottery) پھندا، حوض۔ النصیبۃ النصائب کا واحد ہے۔ النصائب: وہ پتھر جو حوض (تالاب) کے گرد لگائے جاتے ہیں۔ الأناصِیب و التناصیب نشانات راہ۔ المَنصِب جمع مَناصِب اصل، مرجع، حسب وشرافت، مقام، درجہ، عہدہ، رتبہ، منصب۔ لفلانٍ مَنصِبٌ فلاں شخص بلند رتبہ ہے۔ مناصِبُ البلاد عند اھل لبنان لقدماء: حکام وسرکردہ شخصیات۔ المِنصَب جمع مَناصب تین پایوں والا لوہے کا چولھا۔ المَنصَبۃ: جدوجہد، محنت۔ عیشٌ ذو منصَبۃ تھکا دینے والی زندگی۔ المُنَصَّب مفع: اسنان مُنَصَّبۃٌ خوبصورت ترتیب وار دانت۔ المَنصُوب (مفع) زبر والا لفظ۔ المَنصُوبۃ: منصوب کا مونث، حیلہ، کہا جاتا ہے: سوّی لہٗ منصُوبۃً: اس نے اس کے لئے ایک حیلہ ترتیب دیا۔

○ نَصَبَ ـُ نَصبًا ہٗ کو تعمیر کرنا، نصب کرنا، رکھنا، اونچا کرنا، بلند کرنا، اٹھانا، تیار کرنا، تیار رکھنا، لیس کرنا، (خیمہ) لگانا، نصب کرنا، (جھنڈا) لگانا، اونچا کرنا، اٹھانا (درخت) لگانا، (توپ) نصب کرنا۔ ــ کسی عہدہ یا منصب پر فائز کرنا، سرکاری حیثیت میں مسند نشیں کرنا۔ ــ ل ہٗ کی جانب برائی یا دشمنی وغیرہ ظاہر کرنا۔ ــ ہٗ علی ب کے خلاف تنقید وغیرہ کا رخ کرنا۔ ــ علی کو دھوکا دینا، سے بے ایمانی کرنا، دغابازی کرنا، کو ٹھگنا، سے دھوکے سے لے لینا، کو جل دینا، فریب دینا۔ ــ لفظ کو منصوب پڑھنا، کو نصب دینا۔ نصب لہ الحربَ کے خلاف اعلان جنگ کرنا۔ نصب لہ شَرَکًا او نصب لہ فَخًا: کے لئے جال بچھانا۔ نصب لہ کَمِینًا: کے لئے گھات لگانا، کی گھات میں بیٹھنا۔ نصب مَکِیدۃً سازش کرنا۔ نَصِبَ ـَ نَصَبًا ہٗ (بیماری یا غم کا) کسی کو پریشان کرنا، تھکانا، تھکا دینا، تکلیف پہنچانا، مغموم کرنا۔ نصبوا انفسھم ل: انہوں نے کے لئے کوئی دقیقہ فرو گزاشت نہ کیا، انہوں نے کے لئے سخت جدوجہد کی ہے۔ نصِب ـَ نصبًا تھک جانا۔ ــ فی میں کوشش کرنا، زور لگانا، جدوجہد کرنا۔ نَصَّبَ ہٗ کو نصب کرنا، سیدھا کرنا، اٹھانا، بلند کرنا، اونچا کرنا۔ ــ ہٗ ہٗ کا بطور ــــ: تقرر کرنا، کو کسی عہدہ پر تعینات کرنا۔ نَصَّبَ اذنیہ: کان کھڑے کرنا۔ ناصَبَ ہٗ کا مخالف ہونا، دشمن ہونا، سے لڑنا، کی مخالفت کرنا، سے مقابلہ کرنا، سے دشمنی ظاہر کرنا۔ ناصَبَہُ الحربَ: کے خلاف اعلان جنگ کرنا۔ ناصَبَہُ الشرَّ: خود کو کھلم کھلا کسی کا مخالف ظاہر کرنا، کے خلاف جارحانہ اقدامات کرنا۔ ناصَبَہُ العداء: اپنے آپ کو کسی کا دشمن بیان کرنا۔ أنصَبَ ہٗ کو تھکا دینا، کیلئے حصہ مقرر کرنا۔ اِنتَصَبَ: اٹھنا، سیدھا ہونا، کھڑا ہونا، سینہ تاننا، جم جانا، سو کر اٹھنا، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا، سیدھا کھڑا ہونا، عمودی حالت میں ہونا، نصب ہونا۔ ــ ل: کے عہدہ پر فائز ہونا۔ ــ: منصوب ہونا۔ انتصب للحکم: دوسروں پر نقطہ چینی کرنا، یا فتوی دینا۔ نَصْب: نصب کرنا، رکھنا، تعمیر، (جھنڈا) لگانا، بلند کرنا، تعیین، تعین، تعیناتی، تقرر، مسند نشینی، جانشینی، تخت نشینی۔ نصب (گرامر) بیماری، مرض، دھوکا، ٹھگی، خرد برد، چالبازی، دغابازی، فراڈ۔ نَصْب جمع أنصاب: زمین میں لگائی ہوئی کوئی چیز، پودے۔ نُصْب و نُصُب جمع انصاب: بت، مجسمہ، صنم، تراشیدہ بت، یادگار۔ نُصْب تذکاری: یادگار، خالی قبر، یادگار مقبرہ۔ نُصْبَ: کے سامنے، کے بالمقابل، آمنے سامنے۔ نُصبَ عَینیَّ: میری آنکھوں کے سامنے۔ جَعَلَ (وَضَعَ) ہٗ نُصبَ عَینَیہِ: پر اپنی توجہ مرکوز کرنا، کو پیش نظر رکھنا۔ نَصَب: مشقت، سعی، جدوجہد، تندہی، تناؤ، زور، بے حد کوشش، دشواری، سختی، مصیبت، کلفت، اذیت، آزار تکلیف، تھکن، تھکان، محنت جمع أنصاب: زمین میں گاڑا ہوا جھنڈا۔ نَصبَۃ جمع نَصبات پودا۔ نُصبَۃ: کھمبا، میخیں، جنگلا، کھونٹا، میخ، چوب، لکڑی، چھڑی، پستہ، پیل پایہ، ستون، لاٹ، رہنما کھمبا، رہنما تختہ۔ نِصاب: اصل، آغاز: کم از کم جائیداد کی رقم جس پر زکوٰۃ واجب ہو، کورم جمع نصابات و نُصُب: تلوار کا قبضہ، چاقو یا چھری کا دستہ۔ فی نِصابہ: اپنی مناسب جگہ میں، ترتیب میں ٹھیک ٹھاک، استقرتِ الامورُ فی نِصَابِھا معاملات معمول پر آ گئے، معاملات سدھر گئے۔ وضع الحق فی نصابہ: انصاف بحال کرنا۔ وضع او ردّ (أعَادَ) امراً إلی نصابہ: معاملہ ٹھیک ٹھاک کر دینا۔ عاد الھدوء إلی نصابہ: امن بحال ہو گیا۔ إتمامًا للنصاب: تعداد پوری کرنے کیلئے، مقدار پوری کرنے کے لئے۔ نَصّاب: دغاباز، دھوکے باز، فریبی، عیار، بچے باز، نَصِیب جمع نُصُب و أنصِباء و أنصِبَۃ حصہ ــ فی: میں شرکت، منافع میں حصہ، وقتاً فوقتاً ادا ہونے والا منافع، قسمت، خوش نصیبی، خوش قسمتی، اتفاق، امکان، احتمال، بہترین موقع، تقدیر، قرعہ، کان من نصیبہ: کے حصہ میں آنا۔ کان من نصیبہ أن: اتنا خوش نصیب ہونا کہ، کی خوش قسمتی ہونا کہ کان نصیبہ من ذلك الاخفاق: میں بدقسمت ہونا۔ ھو علی نصیبٍ وافِرٍ من: میں کافی حصہ کا مالک ہونا۔ مَنصِب جمع مَناصِب: جگہ جہاں کوئی چیز لگائی جائے یا نصب کی جائے یا تعمیر کی جائے۔ عہدہ، منصب، مرتبہ، قدر و منزلت، عظمت، حیثیت، مقام، نوکری۔ اصحابُ المناصِب یا ارباب المناصب: معزز عہدے داران، اعلیٰ افسران، عالی مرتبہ شخصیات۔ ناصِب: تھکا دینے والا، اکتا دینے والا۔

نصت: نَصَتَ ـِ نَصْتًا و انْتَصَتَ لہٗ: کی بات چپ رہ کر سننا۔ أنصَتَ لہٗ: کی بات چپ چاپ سننا۔ ــ ہٗ: کو چپ کرانا، خاموش کرنا۔ تَنَصَّتَ: چپ اور خاموش ہو کر سننے کی کوشش کرنا۔ إستَنصَتَ: سننے کیلئے چپ چاپ کھڑا ہونا۔ ــ ہٗ: کو خاموش ہو کر بات سننے کے لئے کہنا۔ ــ النُصتَۃ: خاموشی۔

○ نَصَتَ ـِ نَصْتًا و أنصَتَ ل / الی: کو بغور سننا، کو سننے کی کوشش کرنا، پر کان لگانا، پر کان دھرنا۔ تَنَصَّتَ: سننے کی کوشش کرنا، چھپ کر سن گن لینا، کن سوئیاں لینا، پوشیدہ ہو کر بغور سننا یا سننے کی کوشش کرنا، مُتَنَصِّت: چھپ کر سن گن لینے والا۔

نصح: نَصَحَ ـَ نَصْحًا و نُصْحًا و نَصَاحَۃً و نِصاحَۃً و نَصَاحِیَۃً فلانًا و لفلان: کو نصیحت کرنا، سے خالص اور سچی دوستی کرنا، صفت نَاصِحٌ جمع نُصّاح و نُصَّح، کہا جاتا ہے: لا اوید منك نُصْحًا ولا انتصاحًا: میں نہیں چاہتا کہ تم مجھے نصیحت کرو اور نہ مجھے خیر خواہ بناؤ۔ ــــ نَصْحًا و نُصُوحًا الشیُٔ خالص ہونا، صاف ہونا۔ ــ ٹ توبتہٗ: سچی اور پختہ توبہ کرنا۔ ــ العملَ: کو خالص طریقہ سے کرنا۔ ــ العسلَ شہد صاف کرنا ــ الثوبَ: کپڑا سینا۔ ــ الغیثُ البلدَ:

بارش کا زمین کو سیراب کر کے سبزہ سے ڈھک دینا۔ ناصَحَ مُناصَحَةً نفسَهُ بالتوبة: خالص توبہ کرنا۔ ــــ ہٗ: ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔ اَنْصَحَ الراعی الابلَ: چرواہے کا اونٹوں کو سیراب کرنا۔ تَنَصَّحَ: بہت نصیحتیں کرنا، نصیحت کرنے والوں کے مشابہ بننا۔ ـ الثوبَ کپڑا سینا۔ اِنْتَصَحَ نصیحت قبول کرنا۔ ـ فلاناً: کو خیر خواہ جاننا۔ اِسْتَنْصَحَ ہٗ: کو خیر خواہ سمجھنا۔ الناصح: خالص شہد وغیرہ (رجُلٌ ناصِحُ الجَیْب: پاک دل، مخلص، درزی۔ ــــ عند العامة موٹا، فربہ۔ فعل "نَصِحَ" ہے اور اسم نَصَاحة۔ النِصَاح جمع نُصُح و نِصاحة: سینے کا دھاگا، تار، لڑی۔ النِصاحات واحد نِصاحة: چمڑے جو آپس میں سلے ہوئے ہوتے ہیں، پھندے۔ النَصّاح و النَاصحِیّ درزی۔ غیوثٌ نُوصِحٌ: پے در پے برسنے والی بارشیں۔ النَصُوح نصیحت کرنے والا مرد یا عورت۔ توبةٌ نَصُوحٌ: سچی توبہ۔ النَصِیح ج نُصَحاء: مخلص، خیر خواہ۔ النَصِیحَة (اسم مصدر) ج نَصَائِح: اخلاص، خیر خواہی، اچھے کاموں کی طرف دعوت اور فساد والی باتوں سے رکنا۔ المِنْصَح و المِنْصَحة: سوئی۔ المُتَنَصَّح مفع: ثوبٌ مُتَنَصَّحٌ: پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا، کہا جاتا ہے: ان فی ثوبه مُتَنَصَّحًا: اس کے لباس میں درستی اور سلائی کی جگہ ہے۔

⊂ نَصَحَ ــ نَصْحًا و نُصْحًا و نَصَاحَةً و نَصِیحَةً ہٗ/ل: کو مخلصانہ مشورہ دینا۔ ــ ل/ہٗ ب: کو کوئی نصیحت یا اصلاح دینا، کو کوئی تلقین کرنا۔ ــ کو سرزنش کرنا، سمجھانا، نشیب و فراز دکھانا، تاکید کرنا۔ ــــ نَصْحًا و نُصُوحًا: مخلص ہونا۔ ــ ل: کی خیر خواہی کرنا، کا خیر خواہ ہونا، کے ساتھ پرخلوص ہونا۔ نَاصَحَ ہٗ: کو مخلصانہ مشورہ دینا، سے مخلص ہونا۔ نُصْح اچھا مشورہ، صلاح، مشورہ، تلقین، مشاورت، رہنمائی۔ نَصِیح: مخلص، مخلص اور ایماندار اصلاح کار۔ اِسْتِنْصَاح: صلاح مشورہ۔

نصر ا۔ نَصَرَ ــ نَصْرًا ہٗ: کی مدد کرنا۔ ــ ہٗ من و علی عدوّہ: کو دشمن سے خلاصی دلانا، کے خلاف مدد دینا۔ ــــ الغیثُ الارضَ: بارش کا زمین کو بہت سیراب کرنا۔ عالمگیر طریقہ سے برسنا۔ فلاناً: کو دینا، عطا کرنا۔ نَصِرَتِ الارضُ: زمین پر بارش برسنا۔ نَاصَرَ مُنَاصَرَةً ہٗ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ تَنَصَّرَ لہٗ: کی مدد میں دوڑ دھوپ کرنا۔ تَنَاصَرَ القومُ: مدد دینے میں ایک دوسرے سے تعاون کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا، کہا جاتا ہے: تَنَاصَرَتِ الاخبارُ: خبروں کا ایک دوسرے کی تصدیق کرنا۔ اِنْتَصَرَ غالب آنا، کامیاب ہونا، ظالم سے بچنا۔ ـ من عدوّہ: دشمن سے انتقام لینا۔ ــ علی خصمه: دشمن پر غالب ہونا۔ اِسْتَنْصَرَہٗ: سے مدد چاہنا۔ ـ بہٖ: سے فریاد کرنا۔ ـ فلاناً علی فلانٍ: کے خلاف کسی سے مدد کرنے کی درخواست کرنا۔ النَّاصِر جمع نَاصِرُون و نُصَّار و نَصْر و اَنْصَار فا: الانصار: نبی کریمؐ کے مدینہ کے باشندوں میں سے مددگار۔ نسبت کیلئے انصاری۔ ـ جمع نواصِر وادی کی طرف پانی بہنے کی نالی۔ مَدَّت الوادیَ النواصرُ: وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔ الناصِرَة: الناصر کا مونث۔ النَصْر (مص): مددگار (رجُلٌ نَصْرٌ و قومٌ نصرٌ مددگار مرد اور مددگار لوگ) ناصر کی جمع جیسے رکب و راکب، بارش۔ النُصَر: مددگار۔ النَصْرَة: نَصَر کا اسم مرة، پوری بارش۔ النُصْرَة مدد، بہترین مدد، کامل بارش۔ النَصَّار بہت مدد کرنے والا۔ النَصُوْر مددگار۔ النَصِیر جمع نُصَرَاء و انْصار: مددگار۔ النَصِیرَة جمع نَصَائِر: النَصِیر کا مونث، عطیہ۔ المَنْصُور مفع (ارض مَنْصُورَة: بارش سے سیراب زمین۔

۲ـ نَصَّرَہٗ کو نصرانی بنانا (بپتسمہ دینے کے معنی میں) تَنَصَّرَ: نصرانی ہونا۔ النَاصِرَة وہ شہر جہاں حضرت عیسیٰ کی پیدائش ہوئی تھی۔ نسبت کیلئے: نَاصِری۔ النَصْران م نَصْرَانَة: نصرانی۔ النَصْرَانی جمع نَصَارَیٰ م نَصْرَانِیَّة: شہر ناصرة کی طرف منسوب حضرت عیسیٰ کے دین پر چلنے والے لوگ۔ النَصْرانیة نصرانیوں کا مذہب۔

۳ـ النَاصُور جمع نَوَاصِیر: ناسور۔ النُصَیرِیَّة واحد نُصَیرِیّ: غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں سکونت پذیر ہیں اور اپنے عقیدہ کو چھپاتے ہیں۔

⊂ نَصِیر جمع نُصَراء: مددگار، حامی، حمایتی، موید، طرفدار، محافظ، نگہبان، والی، سرپرست۔ ــ مرسی حلیف، شریک کار، پیرو، بہی خواہ، آگے بڑھانے والا۔ اخذ بناصِرہ: کی مدد کرنا۔ منصور: تائید کیا ہوا، حمایت کیا ہوا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد کیا ہوا، فاتح، فتحمند، کامیاب، بامراد۔ مُنْتَصِر فاتح، جیتنے والا، فتحمند، کامیاب، بامراد۔ مُنَاصِر مددگار، تائید کنندہ، حامی، حمایتی، طرفدار، محافظ۔

نصع ا۔ نَصَعَ ــ نُصُوعًا و نَصَاعَةً الشیُّ: خالص ہونا۔ ــــ نُصُوعًا الامرُ: معاملہ کا واضح ہونا، ظاہر ہونا، کہا جاتا ہے: نَصَعَ الحقُّ: حق واضح ہوگیا۔ ــ اللونُ: رنگ کا بہت سفید ہونا۔ ـ الشاربُ: پیاسے کا پیاس بجھانا۔ ــ بالحق: حق کا اقرار کر کے اسے ادا کرنا۔ ــ ت الامُ بہ: ماں کا بچہ جننا، کہا جاتا ہے: قَبَّحَ اللّٰہُ اُمًّا نَصَعَتْ بہٖ: اللہ ایسی ماں کو بدشکل بنائے جس نے اسے جنا۔ اَنْصَعَ بالحق: حق کا اقرار کر کے اس کو ادا کرنا۔ ـ للشرّ: برائی کے درپے ہونا۔ النَاصِع: خالص، صاف۔ اصفرُ ناصِعٌ وابیض ناصع: خالص اور صاف زرد و سفید۔ حقٌّ ناصِعٌ: ظاہر حق، حسبٌ ناصِعٌ: خالص حسب۔ النَصْع والنِصْع و النُصْع: بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔ النِصَع: چمڑے کا فرش جس پر مجرم قتل کیا جاتا ہے یا ایذاء دیا جاتا ہے۔ النَصِیع: خالص، صاف۔ احمرُ نَصّاع: خالص سرخ۔ حمرةٌ نَصّاعَة: خالص سرخی۔ المَنَاصِع واحد مَنْصَع قضائے حاجت کی جگہیں۔

⊂ نَصَعَ ــ نُصُوعًا: خالص، صاف، ستھرا، پاک ہونا، ظاہر ہونا، واضح ہونا، آشکار ہونا۔ ــــ ب: کو تسلیم کرنا۔ اَنْصَعَ ب: کو تسلیم کرنا، ماننا، قبول کرنا، بجا سمجھنا۔ نُصُوع: سفیدی، (رنگ کی) چمک دمک، آب و تاب۔ نَصِیع: خالص، صاف، واضح۔ نَصَاعَة: صفائی، پاکیزگی، وضاحت، صراحت، (نیز اظہار، بحث مباحثہ کی وضاحت و صراحت) نَاصِع: خالص، صاف، واضح، سفید، ناصع البیاض: برف جیسا سفید۔ حق ناصع: ظاہر حق، لهم جباہ ناصعة: ان کا ماضی اچھا ہے بے داغ ہے۔

نصف ا۔ نَصَفَ ــ نُصُفًا ہٗ: کے آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے: نَصَفْتُ عمری: میں اپنی آدھی عمر تک پہنچ گیا۔ نصفتُ الکتابَ: میں کتاب کے نصف تک جا پہنچا۔ نصف النهارُ و غیرہٗ: دن وغیرہ کا نصف تک پہنچنا۔ ــ نَصْفًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً الشیءَ: آدھی چیز لے لینا۔ القومَ: لوگوں سے نصف لے لینا۔ ــ الشیءَ بین الرجلین: ایک چیز کو دو مردوں میں آدھا آدھا بانٹ دینا۔ ــ القدحُ: پیالہ آدھا خالی جانا۔ ــ نُصُوفًا النخلُ: کھجور کے درخت کی بعض کھجوروں کا سرخ ہونا اور بعض کا سبز رہنا۔ نَصَّفَ الشیءَ: چیز کے دو حصے کرنا، کو آدھا آدھا کرنا، چیز کا آدھا حصہ لے لینا۔ ــ النهارُ: دن کا آدھا ہونا۔ ــ رأسُ فلان: کے سر کا آدھا حصہ سفید ہونا اور آدھا سیاہ رہنا۔ ــ الرجُلُ: مرد کا ادھیڑ عمر تک پہنچنا۔ ــ النخلُ: کھجور کے درخت کی کچھ کھجوریں سرخ ہونا اور کچھ سبز رہنا۔ اَنْصَفَ الشیءُ: نصف تک پہنچنا۔ ــــ الشیءَ: کا آدھا حصہ لینا۔ ــــ المسافرُ: مسافر کا نصف النهار

کے وقت چلنا۔ یا نصف النہار میں چلنا۔ ــــ الماءُ الاناءَ: پانی کا برتن کے آدھے حصہ تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے: انْصَفْتُ الماءَ الاناءَ: میں نے پانی کو برتن کے آدھے حصہ تک پہنچادیا۔ ــــ الرجُلُ: منصف ہونا۔ الخصمَیْن: دو خصموں (مخالف فریقوں) کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا۔ ــــ من فلان: سے اپنا حق پورا لے لینا۔ نَاصَفَ مُنَاصَفَةً ہُ: کو آدھا آدھا بانٹ لینا۔ ــــ ہُ المالَ: کو آدھا مال دے دینا۔ تَنَصَّفَ الشیءَ: آدھی چیز لے لینا۔ کہا جاتا ہے: تَنَصَّفْنَاكَ بیننا. ہم نے تمہیں اپنے درمیان رکھا۔ ــــ الامیرَ: امیر سے انصاف کی درخواست کرنا۔ ــــ من فلان: سے انصاف طلب کرنا، سے اپنا حصہ آدھا لے لینا، انتقام لینا۔ تناصف القومُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔ إنتصف النهارُ وغیرہ: دن وغیرہ کا نصف تک پہنچنا۔ ــــ سهمُهُ في الصيد: تیر کا شکار کے بدن میں آدھے تک گھس جانا۔ ــــ الشیءَ: آدھی چیز لے لینا۔ ــــ من فلان: سے انصاف طلب کرنا، حق لینا، انتقام لینا۔ إِسْتَنْصَفَ: انصاف چاہنا۔ ــــ من فلان: سے اپنا پورا حق لینا۔ النصف (بتثلیث النون) جمع انْصاف: آدھا۔ النِصْف والنَصْف والنُصُف: انصاف، عدل۔ رجُلٌ نِصفٌ: عمر اور قامت میں اوسط درجے کا مرد نہ چھوٹا نہ بڑا۔ امرأة نِصفٌ و رجال نِصفٌ او نساءٌ نصف: بھی اس طرح اوسط قد اور عمر کی عورت، مرد یا عورتیں (واحد کے لفظ کے ساتھ سب کے متعلق) النَصَف جمع نَصَفُون و انْصاف: متوسط عمر کا درمیانی عمر کا رجُلٌ نَصَف: اوسط عمر کا مرد۔ امرأة نَصَف: متوسط عمر کی عورت جمع نُصْف و نُصُف و انْصاف، انّ فلانة لعلى نَصَفها: فلاں عورت جوانی کے درمیان میں ہے۔ والنَصَفة: انصاف، عدل۔ النَصِیف: چیز کا آدھا حصہ، آدھی چیز۔ ــــ من البُرُد: دو رنگی چادر۔ الأنْصَف: بہت انصاف کرنے والا، زیادہ نصف کرنے والا (خلاف قیاس انْصَفَ کا اسم تفضیل ہے) النَصْفان م نَصْفَى من الآنية ونحوها: برتن وغیرہ جو آدھے حصہ تک پانی سے بھرا ہوا ہے۔ العمودُ المُنْصِف لقطعة مستقيم (ہ): قطعہ کے نصف پر عمود۔ مُنْصِفِ الزاوية (ہ): نصف مستقیم زاویہ جو دو زاویوں کو برابر تقسیم کرے۔ المَنْصَف و المَنْصِف من الطريق: سڑک کا درمیان مَنْصَفُ الشيء: چیز کا درمیان المُنَصَّف مفع. وہ رس وغیرہ جو پک کر آدھا رہ گیا ہو مُنْتَصَفُ الشيء: چیز کا درمیان۔ المتناصف من الرجال: سڈول بدن والا۔ مكانٌ متناصفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔

علم النفس: نفسیات، علم النفس۔ کبیر النفس: عالی منش، عالی ظرف، محبة النفس: خودغرضی، مطلب پرستی۔ بَذَلَ النفسَ والنفیسَ: سب کچھ قربان کرنا۔ التحلیل النفسی تحلیلی نفسیات۔ حالة نفسیه: ذہن کی حالت، موڈ (Mood) حتی النفَس الاخیر: آخری سانس تک۔ ضِیقُ النفس: دمہ هو فی نفس من امورہ: وہ اپنی خواہشات کے مطابق کرتا ہے۔ انت فی نَفَسٍ من امرك: جو آپ کو اچھا لگے کر سکتے ہیں۔ امسك انفاسه: سانس روکنا فاضت انفاسُهُ: مرجانا۔ طب نفسانی: نفسیاتی امراض کا علاج Psychiatry عالم نفسانی: ماہر نفسیات۔ نَفَسانِیَة: نفسیات (psychology) حُمَّی النِفَاس یا حُمَّی نِفاسیه: زچگی کا بخار، مَنفَس جمع مَنافِس: سانس لینے کا سوراخ، ہوا کا سوراخ، والو (Valve) تنفیس: ہوا کے آنے جانے کا انتظام۔ ہوادار بنانا۔ تَنَفُّس: سانس، سانس لینا، مُنافَسَه جمع مُنافسات: ریس، ہمسری کی کوشش، مقابلہ، رقابت، مدمقابل ہونا، میچ (Match) مبارزت، مسابقت۔ تَنافُسٌ علی: کیلئے جنگ، جدوجہد، تنافس حَیَوِی: جهد للبقاء، جہد حیات۔ تنازع للبقاء Struggle for existence۔ مُتَنَفَّس: آزادی سے سانس لینے کی جگہ، سانس لینے کی جگہ، (کیلئے) کھلا امکان یا موقع، آزاد ماحول، امداد، اعانت، بچنے کا ذریعہ، نجات۔ چھٹکارا، نکلنے کا راستہ

نقش: ا۔ نَقَشَ ـُ نَقْشًا و نَقَّشَ القطنَ او الصوفَ: روئی یا اون دھنا۔ عوام کہتے ہیں: نفش فلانٌ فلانًا: فلاں نے فلاں کی تعریف کی تو وہ خود پسند اور مغرور ہوگیا۔ ـِ ونَفِشَ ـَ نَفَشَاتِ الابلُ او الغنمُ: رات کو اونٹوں اور بکریوں کا چرواہے کے بغیر چرنا۔ صفت نافِشَة ونُفَاش و نوَافِش ونُفَّش: ـ اسم النَفَش۔ اَنفَشَ الراعِی الابلَ: چرواہے کا رات کے وقت اونٹوں کو چرنے کیلئے چھوڑ دینا۔ تَنَفَّشَ الطائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔ ـــ ت الهرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ ـــ ت الابلُ: اونٹوں کا رات کے وقت چرواہے کے بغیر چرنا۔ اِنتَفَشَ ت الهرةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ ـــ الصوفُ: اون کا دھنا جانا۔ النَفَش: دھنی ہوئی اون، متفرق سامان، کلام دعووں کی کثرت۔ ابلٌ او غنم نَفَشٌ: رات کے وقت چرواہے کے بغیر چرنے والے اونٹ یا بکریاں۔ النَفَش صرف رات کو ہوتا ہے جبکہ الهمل رات اور دن دونوں وقت ہوتا ہے کہا جاتا ہے: بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ ونوَافِش و نُفَاش: رات کے وقت چرواہے کے بغیر چرنے والی گائیں یا بکریاں۔ النَفَّاش: متکبر، مغرور، پھولا ہوا۔ (ن) کا ایک قسم کا بڑا لیموں۔ النَفِیش: برتن کی متفرق چیزیں۔ المُتَنَفِّش والمُنتَفِش: پھولا ہوا، نرم، کہا جاتا ہے: انفٌ مُتَفَشٌ و مُنتَفِش: چپٹی ناک۔

۲۔ نَفَشَ ـُ نُفُوشًا القوم: قوم کا ارزانی میں ہونا، کہا جاتا ہے: بلدٌ ذو نَفَشٍ: زرخیز ملک۔

۳۔ نَفَشَ ـُ نُفُوشًا فلانٌ علی الشی: کو کھانے کے لئے رخ کرنا۔

○ نَفَشَ ـُ نُفُوشًا (اون) [illegible] ابھرنا، آگے نکل جانا، پھیلنا، سوجنا، سوجا ہوا ہونا، چڑیا کا اپنے پر بے ترتیب کرنا۔ نَفَّشَ ہ: روئی کو تو بنا، تومنا، دھنا۔ تَنَفَّشَ و اِنتَفَشَ: مغرور ہونا، ہوا یا گیس بھرا ہونا، پروں کو بے ترتیب کرنا، روئیں کھڑے کرنا۔ نَفَش: اون، نَفَّاشٌ: بڑے لیموں کی ایک قسم۔ منفوش: مغرور، پھولا ہوا، بے ترتیب، رونگٹے کھڑے کئے ہوئے، پریشان (بال)، ملائم، روئیں دار (بال اون)

نفص: ا۔ نَفَصَ ـِ نَفْصًا ببوله: پیشاب کرنا۔ ـــ بالکلمة: کو جلدی بولنا۔ اَنفَصَ ببوله: پیشاب کرنا ـــ بالکلمةُ: جلدی بولنا۔ ـــ ت الشاةُ ببولها: بکری کا تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا۔ ـــ فی الضحك: بہت ہنسنا۔ النُفصَة جمع نُفَص: خون کا فوارہ۔ النُفَاص: بکریوں میں پیشاب کی بیماری۔ المِنفَاص: بہت ہنسنے والا۔

۲۔ أنفَص الرجُلُ بشَفَتَیه: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔

۳۔ النَفِیص: میٹھا پانی۔

نفض: ا۔ نَفَضَ ـُ نَفْضًا الثوبَ: کپڑا جھاڑنا۔ ـــ الشجرةَ: پتے یا پھل گرانے کیلئے درخت کو ہلانا۔ ـــ الورقَ من الشجر: درخت سے پتے گرانا۔ ـــ الزرعُ: کھیتی کا آخری خوشہ نکالنا۔ ـــ الکرمُ: انگور کی بیل میں خوشے نکلنا۔ ـــ ت الابلُ: سب اونٹنیوں کا بچے جننا۔ ـــ ت المرأةُ: عورت کا بہت اولاد والی ہونا۔ ـــ ت الحُمیّ: کو بخار چڑھنا، کو بخار کا کپکپا دینا۔ ـــ القومُ حَلَائِبَهم: لوگوں کا اپنے دودھ دینے والے جانوروں کا سب دودھ نکال لینا۔ ـــ القومُ: توشہ یا مال سے خالی ہوجانا۔ ـــ الثوبُ او الصبغُ: کپڑے یا رنگ کا ماند پڑنا۔ ـــ نُفُوضًا المریضُ من مرضه: بیمار کا بیماری سے شفایاب ہونا۔ نَفَّضَ الثوبَ او الشجرة: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔ اَنفَضَ فلانًا عنه: کو اپنے سے دور کرنا، سے دوستی مسترد کرنا۔ ـــ القومُ زادَهم: قوم کا توشہ کو ختم کر ڈالنا۔ ـــ القومُ: قوم کا ختم شدہ یا تباہ شدہ توشہ یا مال والا ہونا۔ ـــ ت الابلُ: سب اونٹنیوں کا بچے جننا۔ اِنتَفَضَ الکرمُ: انگوروں کی بیل کا سرسبز ہونا۔ ـــ الثوبُ او الشجرُ: کپڑے یا درخت کا جھاڑا جانا۔ ـــ الفصیلُ مافی الفرعِ: اونٹ کے بچے کا تھن کا سارا دودھ چوس لینا۔ اِستَنفَضَ الشیَٔ: چیز کو نکالنا۔ النَافِض (فا): لرزہ کا بخار، (کہا جاتا ہے: اخذته حُمّی نافِضٌ و حُمّی نافِضٍ و حُمّی بنافض: اسے لرزہ کا بخار چڑھ گیا) ثوبٌ نافض: وہ کپڑا جس

کا کچھ رنگ ماند پڑ گیا ہو۔ النِفْض: گرے ہوئے پتے یا کھجور۔ النَفَض: جھاڑنے سے گری ہوئی چیز۔ النَفَض جمع نُفُضٌ: گرے ہوئے پتے اور کھجوریں۔ النُفْضَة: کہیں کہیں پڑنے والی بارش۔ ـــــ و النَفَضا والنَفَاض والنُفَضَاء: بخار کا لرزہ۔ النُفَاض جمع نُفُضٌ: انفض القومُ زادهم سے اسم۔ ـ والنِفاض جمع نُفُضٌ: جھاڑے ہوئے سے گری ہوئی چیز۔ النُفَاضَة جمع نُفُض: باقی ماندہ توشہ جو جھاڑا جائے، جھاڑے ہوئے سے گری ہوئی چیز۔ النَفَضَى والنِفِضىّ والنِفِّيضَى: حرکت، کپکپی۔ لرزہ۔ النَفُوض من النساء: بہت اولاد والی عورت۔ النَفَائِض: دبلے اونٹ۔ الإنْفَاض (مص): بھوک، حاجت۔ الأَنَافِيض مفرد أُنْفُوصَة: درخت کی جڑوں میں گرے ہوئے پھل۔ المِنْفَض: چھاج۔ ـ والمِنْفَاض: چادر وغیرہ جس پر پتے یا پھل جھاڑے جائیں۔ المِنْفَضَة عند شرّاب التبغ: خاکستردان (پروں کا جھاڑن، گرد کش(Vacuum cleaner)۔ المُنْفِض من الدجاج: انڈوں سے رک جانے والی مرغی۔ المَنْفُوض (مفع): لرزہ والے تپ میں مبتلا۔

۳- نَفَضَ ـُ نَفْضًا المکانَ: جگہ کی اچھی طرح واقفیت کرنا۔ ـ الطریقَ: راستے کا کھوج لگانا، راستہ کو چوروں سے پاک کرنا۔ ـ فلانٌ: چاروں طرف دیکھنا، کہا جاتا ہے: اذا تکلّمتَ نهارا فَانْفُضْ: جب تو دن کو باتیں کرے تو دیکھ لے کہ کوئی ایسا شخص تو نہیں جسے تو ناپسند کرتا ہو۔ تَنَفَّضَ المکانَ: جگہ کو اچھی طرح دیکھنا تا کہ پہچان سکے۔ إسْتَنْفَضَ المکانَ: جگہ کو اچھی طرح دیکھنا تا کہ پہچان سکے۔ ـ القومَ: لوگوں کو توجہ سے دیکھنا۔ ـــــ الامیرُ: امیر کا جاسوس بھیجنا۔ النَفَضَة: جاسوسوں کی جماعت۔ النَفِیضَة جمع نَفَائِض: جاسوسوں کی جماعت۔ النَفَائِض: کنکروں کے ساتھ غیب کی باتیں بتانے والے۔

۳- النِفَاض جمع نُفُض: بچوں کا تہبند، کہا جاتا ہے: ماعلیه نِفَاض: اس کے تن پر کپڑے کی قسم کی کوئی چیز نہیں۔

○ نَفَضَ ـُ نَفْضًا ہ: کو ہلانا۔ ـ ہ عن: سے کچھ ہلا کر گرانا۔ ـــــ ہ: کو جھاڑنا۔ ـــــ ہ: سگرٹ سے راکھ جھاڑنا۔ ـ ہ: بخار کا کسی پر لرزہ یا کپکپی طاری کرنا۔ ـــــ نُفُوضًا من: سے شفایاب ہونا۔ نفض عنه الکسلَ او نفض غبارَ کسلِهِ: سستی یا کاہلی جھٹکنا، نفض غبارَہ: گرد جھاڑنا کی انتہا کو پہنچنا، نفض عنه الهم: غموں کو اپنے سے دور کرنا، پریشانی جھاڑ دینا۔ نفض في لعب الاوراق: تاش سے جوا کھیلنا، نفض یده من الامر: سے خلاصی پانا، کو ترک کر دینا، پر لات مارنا، سے تعلق سے انکار کرنا، نفض یده من ید فلان: سے میل جول نہ رکھنا، دور رہنا، مراسم نہ رکھنا۔ نَفَّضَ ہ: کو زور سے ہلانا، جھاڑنا۔ گرد جھٹکنا۔ أَنْفَضَ ہ: مکمل طور پر خرچ کر ڈالنا۔ ـ تمام ذرائع سے محروم ہو جانا، مفلس ہو جانا، کنگال ہو جانا۔ ـ ہ عن: کو سے ہٹانا، برخاست کرنا۔ إنتفض: ہلنا، جھاڑا جانا، کانپنا، رونگٹے کھڑے ہونا، ـــــ من: سے کانپنا، لرزنا، تھرانا۔ إنتفض واقفًا: چونک اٹھنا، خوف سے اچھل پڑنا، اچھل کر پاؤں پر کھڑا ہو جانا۔ نَفَض: جو چیز ہلا کر گرائی جائے یا گرے۔ غابة نفضیة: پت جھڑا جنگل، گھنا جنگل۔ نَفَضَة: جاسوسی یا دیکھ بھال کا گروہ دیکھ بھال کی گشت، نُفَاضَة: ہلا کر گرائی جانے یا گرنے والی چیز۔ نَفِیضَة بمعنی نَفَضَة، مِنْفَض: چھلنی، إنتفاض: ہلنا، کانپنا، لرزنا، کپکپانا، تھرتھرانا، کپکپی، لرزہ، رعشہ۔ إنْتِفَاضَة: کپکپی، لرزہ، رعشہ، بیداری، اٹھنا، جاگنا، بغاوت۔

نفط: ا- نَفَطَ ـِ نَفْطًا: غضبناک ہونا، غصہ سے آگ بگولا ہونا۔ ـ نَفْطًا و نَفِیطًا العنزةُ: بکری کا چھینکنا۔ ـ ت القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ ـــــ الظبیُ: ہرن کا آواز نکالنا۔ ـ الرجُلُ: غیر مفہوم کلام کرنا۔ تَنَفَّطَ: غضبناک ہونا، غصہ سے آگ بگولا ہونا۔ تَنَافَطَت القدرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔ النَافِطَة: بکری۔ رغوةٌ نافِطةٌ: بلبلوں ں والی جھاگ۔ النُفَط: واحد نُفْطَة: رگڑ سے آگ پکڑنے والے مادہ کی تیلیاں۔ عام لوگ اسے شُخَیْطَة یا کبریته کہتے ہیں (یعنی ماچس کی تیلی) ـــــ والنِفْط (ك): بہت جلد آگ پکڑنے والا معدنی تیل۔ النُفَطَة: جلد غضبناک ہونے والا۔ النَفَّاط جمع نَفَّاطَة و نَفَّاطون: کان سے نفط نکالنے والا، نفط پھینکنے والا۔ النَفَّاطَة و النَفَّاطَة: نفط کی کان، پٹرول کا کنواں، ایک قسم کا چراغ، تانبے کا آلہ جس سے آگ اور نفط پھینکا کرتے تھے، کہا جاتا ہے۔ خرج النفاطون بایدیهم النفّاطات: نفط پھینکنے والے نکلے ان کے ہاتھوں میں آگ اور نفط پھینکنے کے آلے تھے۔ النَفَّاطان: غصہ و غضب کے وقت کھانسی اور غرور کی مانند۔

۲- نَفِطَ ـَ نَفْطًا و نَفَطًا و نَفِیطًا یدُہ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ تَنَفَّطَت الیدُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ ید نافِطَة: آبلہ والا ہاتھ۔ النُفْط: چیچک، ہاتھ کا آبلہ۔ النَفْطَة و النِفْطة و النَفِطة: ہاتھ کا آبلہ، چیچک۔ النَفّاطَة: آبلہ۔ النَفِیط والمَنْفُوط م نَفِیطَة و مَنْفُوطَة: ہاتھوں میں آبلوں والا۔

○ نَفْط: پٹرولیم، نَفْطِي: پٹرولیم والا، پٹرولیم میں بھیگا ہوا تر کیا ہوا، تیل کا، پٹرولیم کا، مِصْبَاحٌ نَفْطِي: تیل کا لیمپ۔ نَفْطَة: آبلہ، چھالا۔ نُفَطَة: زود غضب، زود حس، گرم مزاج، مُنَفِّط: آبلے ڈالنے والا۔

نفع: ا- نَفَعَ ـــــ نَفْعًا ہ بکذا: کو کا فائدہ دینا۔ نَفَّعَ الرجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔ إنتفع به و منه: سے فائدہ اٹھانا۔ إسْتَنْفَعَ ہ: سے فائدہ طلب کرنا۔ النَافِع (فا): اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم جو اپنی مخلوق میں جسے چاہتا ہے فائدہ پہنچاتا ہے۔ النافِعَة: وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے کہا جاتا ہے: مانفعنی فلانٌ بنافِعَةٍ: فلاں شخص نے مجھے کسی فائدہ اٹھانے والی چیز سے فائدہ نہیں دیا۔ النَفْع: فائدہ نفع۔ النَفْعِیّ: نفع اندوز۔ ناجائز نفع حاصل کرنے والا۔ النَفْعِیَّة: نفع اندوزی۔ النَفْعَه جمع نَفَعات: ایک بار کا فائدہ، ایک قسم کا عصا، جس کو زمین پر فائدہ کیلئے مارتے ہیں۔ النُفْعَة جمع نِفْع و نِفَع: نفع کی قسم۔ النَفَاع و النَفِیعَة: فائدہ، منفعت، کہا جاتا ہے: ھو حاضرُ النفیعة: وہ تیز نفع اور منفعت والا ہے۔ النُفَاعَة: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔ النَفّاع: بہت فائدہ دینے والا۔ النَفُوع جمع نُفُع: بہت فائدہ دینے والا المَنْفَعَة جمع مَنافِع: ہر وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے، فائدہ، منافِعُ الدار: گھر میں آرام کی چیزیں، جیسے کنواں، غسل خانہ وغیرہ۔

۲- النُفْعَة جمع نِفْع و نِفَع: چمڑے کا تسمہ جو توشہ دان کے پہلوؤں پر لگا ہوتا ہے۔

○ نَفَعَ ـَ نَفْعًا ہ: کیلئے مفید، کارآمد، سودمند یا منفعت بخش ہونا، کی مدد کرنا، کو فائدہ، مدد یا کام دینا۔ ـــــ ل: کے لئے قابل استعمال ہونا، کے گھر کا انتظام چلانا، کی جانب سے خدمت سرانجام دینا۔ لاینفع: بے کار، فضول، ناکارہ۔ نَفَّعَ ہ: کو برتنا، استعمال میں لانا، کو استعمال کرنا، کا مصرف ڈھونڈنا۔ تَنَفَّعَ ب / من: کو استعمال کرنا، کو استعمال میں لانا، سے فائدہ اٹھانا، سے اچھا فائدہ اٹھانا، سے استفادہ کرنا، کا لطف اٹھانا، سے لطف اندوز ہونا۔ إسْتَنْفَعَ ہ بمعنی نَفَّعَ ہ نَفْعِی: اپنے فائدہ کیلئے پوری طرح سے لگا ہوا، خود غرض، مطلب پرست، مطلبی، نفع اندوز، نفّاع: بہت کارآمد، بہت مفید۔ نَفُوع جمع نُفُع: بہت مفید، بہت کارآمد۔ مَنْفَعَة جمع مَنَافِع: فائدہ، نفع، مدد، کام، استعمال،

سودمند یا منفعت بخش استعمال، کارآمد خدمت، کسی قابل استعمال چیز کی پیداوار یا حق کی پیداوار، زرعی پیداوار، عوامی ادارہ، محکمہ، عوامی خدمت کی سہولت، منافع عامۃ (عمومیہ) عوامی خدمت کی سہولتیں، آسانیاں، عوامی استعمال کے لئے دستیاب جائیداد، منافعُ صِحّیَة: صحت اور صفائی سے متعلق سہولتیں۔ نَافِعَه: تعمیرات عامہ، وزیر النافعه: وزیر تعمیرات عامہ ((minister of public works مُنتفِع: فائدہ اٹھانے والا، حق استعمال و استفادہ بلا ملکیت والا۔ نَافِع: مفید، کارآمد، سودمند، فائدہ مند، انتفاعی، بہتر، نفع رساں، نافع، قابل استعمال، دیرپا، صحت بخش، خوشگوار۔

نفغ. نَفَغَ ـَ نَفْغًا و نُفُوغًا و نَفِغَ ـَ نَفَغًا و تَنَفَّغَ ت يدهٗ ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

نفق ١۔ نَفَقَ ـُ نَفَاقًا الشي: ختم ہونا، فنا ہونا، کم ہونا۔ البیعُ: بیع کا رائج ہونا۔ ـــ ت السوقُ: گرم بازاری ہونا۔ ـــ ـُ نُفُوقًا الرجُلُ او الدابّةُ: مرد یا جانور کا مرنا، کی جان نکلنا۔ ـ الجرحُ: زخم کا چھلنا۔ نَفِقَ ـَ نَفَقًا الشيُّ: ختم ہونا، فنا ہونا، کم ہونا۔ نَفَّقَ البضاعةَ: سامان (تجارت) کو رواج دینا۔ أنْفَقَ: محتاج ہونا، کا توشہ ختم ہونا۔ ـــ المالَ: مال صرف کرنا، خرچ کر ڈالنا۔ ـــ السلعةَ: سامان (تجارت) کو رواج دینا۔ ـ القومُ: قوم کی تجارت کا خوب چلنا۔ ـ الرجُلُ: اپنے سامان کی گرم بازاری پانا۔ اپنے سامان کو بکنے کے قابل پانا۔ إسْتَنْفَقَ المالَ: مال ختم کر دینا۔ النَافِق فا، ـ م البضائع: بکنے کے قابل سامان۔ گرم بازاری والا سامان النَافِقَة: نافق کا مونث۔ النَفِق: جلد منقطع ہونے والا، کہا جاتا ہے: فرسٌ نَفِقُ الجری: تھوڑا سا چل کر رک جانے والا گھوڑا۔ النَفَقَة جمع نَفَقَات و نِفَاق و أنْفَاق: انفاق کا اسم۔ خرچ۔ المِنْفَاق: بہت خرچ کرنے والا۔ المَنْفَقَة: تجارت کی گرم بازاری کا وقت یا جگہ۔ اليمينُ الكاذبة مَنْفَقَةٌ للسلعة مَمْحَقَةٌ للبركةْ: جھوٹی قسم سے سامان تجارت تو خوب بکتا ہے مگر برکت جاتی رہتی ہے۔

٢۔ نَفَقَ ـُ و نَفِقَ ـَ نَفَقًا اليربوع: جنگلی چوہے کا اپنے بل سے نکلنا۔ بل میں داخل ہونا (ضد) نَفَّقَ اليربوعَ: جنگلی چوہے کا اپنے بل سے نکلنا، بل میں داخل ہونا (ضد)۔ نَافَقَ مُنَافَقَةً و نِفَاقًا اليربوعُ: جنگلی چوہے کا بل میں داخل ہونا۔ ـــ في دِينه: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق۔ تَنَفَّقَ اليربوعَ: جنگلی چوہے کو اس کے بل سے نکالنا۔ ـــ اليربوعُ: جنگلی چوہے کا بل سے نکلنا، بل میں داخل ہونا (ضد)۔ إنْتَفَقَ الرجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔ ـ اليربوعُ: جنگلی چوہے کا بل میں داخل ہونا، بل سے نکلنا۔ (ضد) ـ اليربوعَ: جنگلی چوہے کو بل سے نکالنا۔ النَافِقة: مشک کا نافہ۔ النَافِقَاء جمع نَوَافِق و النُفَقَة و النُفَقَاء: جنگلی چوہے کا ایک بل جسے وہ چھپائے اور دوسرے کو ظاہر کرے۔ النَفَق جمع أنْفَاق: سرنگ۔ نفق السكة الحديدية: ریل کی سرنگ۔ النِفَاق (مص): منافقت۔ المُنافِق: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔ المنافَقَة (مص): نفاق، منافقت۔

٣۔ نَيْفَقُ السروال: پائجامہ کا نیفہ۔

○ نَفَقَ ـُ نَفَاقًا: (سامان تجارت کا) خوب بکنا، منڈی تیار پانا، تجارت کا بازار گرم ہونا، سرگرم ہونا۔ نَفَقَ و نَفِقَ ـــ نَفَقًا: صرف ہو جانا، خرچ ہو جانا (ذخیرہ، اشیائے خورنی اور روپیہ کا) ختم ہو جانا، کم پڑ جانا۔ نَفَقَ ـــ نُفُوقًا: مر جانا۔ نَفَقَ: (سامان تجارت کا) بکنا۔ نَافَقَ: منافقت کرنا، نیت کو پوشیدہ رکھنا، دلی جذبات چھپانا، مکاری کرنا، ریاکاری سے کام لینا۔ نَافَقَ ضميرَه: ضمیر کی ہدایات کے برعکس کرنا۔ أنفَقَ ہ علی: کو کیلئے خرچ کرنا۔ ـــ ہ: کو خرچ کر ڈالنا، ختم کر ڈالنا، ضائع کرنا، گنوانا، اڑانا، برباد کرنا، وقت گزارنا، خرچ کرنا۔ ـــ علی: کے گھر کا خرچ چلانا، کی کفالت کرنا، کا کفیل ہونا، کا سہارا ہونا، کے اخراجات برداشت کرنا۔ تَنَفَّق بِكِذْبَةٍ علی: سے جھوٹ بولنا، إسْتَنْفَقَ ہ علی: (روپیہ) کے لئے خرچ کرنا، ضائع کرنا۔ نَفَقَة جمع نَفَقَات و نِفَاق: خرچ، صرفہ، قیمت، دام، مول (پر) لگا ہوا سرمایہ (پر) کیا ہوا خرچ، رقم، صرف، خرچ کی ادائیگی، روپیہ کی ادائیگی، گزارے کا خرچ، نان نفقہ، روٹی کپڑا، پالنا، بیوی کی کافی کفالت، تخیر انہ تحفہ۔ علی نفقته: کے خرچ پر۔ قليلُ النفقات: سستا، نَفَاق: تجارت کی گرم بازاری، اچھا کاروبار، سامان کا بکنا، مِنْفَاق: مال ضائع کرنے والا، فضول خرچ، عیاش، اوباش لفنگا، نَافِق: خوب بکنے والا، قابل فروخت سامان تجارت، سامان تجارت جس کی مانگ ہو۔

نفل: ١۔ نَفَلَ ـُ نَفْلًا الرجُلَ: کو عطیہ دینا۔ ـ ہُ النَفَلَ: کو زائد عطیہ دینا۔ ـــ القائدُ الجند: سپہ سالار کا فوجیوں میں مال غنیمت بانٹنا۔ نَفَّلَ ہُ: کو اس کے حصہ [illegible] النَفَلَ: کو زائد عطیہ دینا۔ تَنَفَّلَ: نوافل پڑھنا۔ ـ علی اصحابه: مال غنیمت ساتھیوں سے زیادہ لینا۔ ـــ منه الشيءَ: کو سے طلب کرنا، إنْتَفَلَ بنوافل پڑھنا۔ ـــ الشيءَ من فلان: کو سے طلب کرنا، النَافِلة جمع نَوَافِل: جو نہ فرض ہے نہ واجب۔ پوتا، غنیمت، عطیہ، بخشش، کہا جاتا ہے: هو كثيرُ النَوَافِل: وہ بہت عطیے دینے والا ہے۔ النَفْل: واجبات اور فرائض سے زائد کام، ایسا کام جو نہ تو فرض ہے نہ واجب۔ النَفَل جمع نِفَال و أنْفَال: (مال) غنیمت، ہبہ، زیادتی، بخشش۔ کہا جاتا ہے: لهذا نفل على ذاك: یہ اس پر زائد ہے۔ ـــ: واحد نَفَلَة (ن): ایک قسم کا خوشبودار گھاس۔ النُفَل: قمری مہینہ کی تین راتیں (چوتھی، پانچویں اور چھٹی) النوفل جمع نَوْفَلون: بہت فیاض، عطیہ، سمندر۔

٢۔ نَفَلَ ـُ نَفْلًا: قسم کا کھانا۔ ـــ الرجُلَ عن نسبه: کو نسبت سے خارج کرنا۔ کہا جاتا ہے: انْفُلْ عن نفسك ان كنت صادقًا: اگر تم سچے ہو تو تمہارے بارے میں جو باتیں کی گئی ہیں ان کی نفی کرو۔ نَفَّلَ ہُ: کو قسم کھلانا۔ ـ عن فلان: سے ہٹانا۔ أنْفَلَ له: قسم کھانا۔ إنْتَفَلَ: قسم کھانا، معذرت کرنا۔ ـ من الامر او الكلام: سے بری ہونا، کہا جاتا ہے: قال لي قولاً فانتفلتُ منه: اس نے مجھ ایک بات کہی تو میں نے اس کا انکار کیا اور اس سے بریت کی۔ ـ من القوم: قوم کی مدد کرنے سے دور رہنا۔

٣۔ النَوْفَل جمع نَوفَلون: خوبصورت نوجوان۔ (ح): نر بچو۔ النَوْفَلة: بمک دانی

○ تَنَفَّلَ و انْتَفَلَ: فرض یا واجب سے زیادہ کام کرنا، نوافل ادا کرنا، سخاوت کرنا، خیرات کرنا۔ نَفْل: فرض منصبی سے زیادہ کام، خصوصاً نوافل۔ نَفَل جمع أنْفَال و نُفُول و نِفَال: مال غنیمت، چوری کا مال، لوٹ کھسوٹ، تحفہ، من نافلة القول أن: یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ...... یہ کہنا تحصیل حاصل ہے کہ۔

نفه: نَفَهَ ـَ نُفُوهًا الرجُلُ: کمزور دل ہونا، بزدل ہونا۔ ـــ الجملُ: اونٹ کا بالآخر رام ہو جانا۔ نَفِهَ ـــ نَفَهَات نفسُهُ: تھکنا۔ نَفَّهَ و أنْفَهَ الناقة: اونٹنی کو تھکا ڈالنا۔ کہا جاتا ہے: أنفَهَ لهُ من مالِهِ: اس نے اس کو تھوڑا مال دیا۔ إسْتَنْفَهَ الرجُلُ: آرام لینا۔ النافِه جمع نُفَّه: تھکا ہوا۔ ـــ و المَنْفُوه: کمزور دل، بزدل۔ جملٌ مُنَفَّهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔

نفو: نَفَا يَنْفُو نَفْوًا ہُ: کو ہٹانا۔ نُفَاوَةُ الشيءُ: ردی چیز، باقی چیز۔ النَفْوَة: شہر بدری۔ نَفْوَةُ الشي: ردی چیز

باقی چیز۔

نفی: نَفَی یَنْفِی نَفْیًا عنه: سے باز رہنا، ہٹنا۔ ـ ۂ عنه: کو سے ہٹانا، دور کرنا۔ ـــ الشعرُ: بال گرنا۔ ـ ۂ: کو نکال باہر کرنا۔ ـــ الرجُلَ: کو قید خانہ میں قید کرنا۔ ـــ الرجُلَ من بلده: کو شہر بدر کرنا۔ ـــ السیلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہالیجانا۔ ـــ الشیءَ: کا انکار کرنا۔ ـــ تِ السحابةُ ماءَها: بادل کا پانی برسانا۔ ـــ نَفْیًا و نَفَیَانًا الصیرفیّ الدراهمَ: صراف کا روپے پرکھنے کے لئے ان کو بکھیرنا۔ ـــ تِ الریحُ الترابَ: ہوا کا مٹی اڑالیجانا۔ نفّی ۂ: کا زور سے انکار کرنا۔ نَافَی مُنَافَاةً ۂ: کا تعاقب کرنا، کہا جاتا ہے: هذا یُنَافِی ذاك: یہ اس کی تردید کرتا ہے، یہ اس کے الٹ ہے یا برعکس ہے۔ تَنَافَی تَنَافِیًا الرجالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا، ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ ـ تِ الاشیاءُ: ایک دوسرے سے مختلف ہونا، مخالف ہونا۔ اِنْتَفَی دور ہونا، نکالا جانا۔ دھتکارا جانا ـ عنه: سے ہٹ جانا۔ ـ الشعرُ: بالوں کا گرنا۔ ـ الشیءُ: ناپائیدار ہونا، قائم نہ رہنا۔ ـ مِن وَلَدِه: بچہ کا اپنا ہونے سے انکار کرنا۔ ـــ فلانٌ من فلانٍ: سے کراہیت کے ساتھ اعراض کرنا۔ النَافِی (فا): دھتکارا ہوا، دور کیا ہوا۔ نَفَاءُ الشیءِ و نَفَاتُهُ و نِفْیَتُهُ و نُفَایَتُهُ و نَفَایَتُهُ: ردی چیز، چیز کا بقیہ۔ النَفْیَة جمع نَفَیات: نفی کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر وغیرہ خشک کیا جائے۔ نُفْیَةُ الشیءِ: ردی چیز، چیز کا بقیہ۔ النَفَیان (مص): درختوں کی جڑوں میں ہوا سے جمع ہونے والی مٹی، گرے ہوئے پتے۔ منتخب فوج النَفِیّ: منتخب فوج نابود کیا ہوا، ہانڈی سے ابلتے وقت پھینکا ہوا پانی چکی کا پھینکا ہوا آٹا، کھجور کے پتوں سے بنائی ہوئی ڈھال، گھوڑوں کے سموں سے بکھری ہوئی مٹی پتھر وغیرہ، درختوں کی جڑوں میں ہوا کی جمع کی ہوئی مٹی، کہا جاتا ہے: هذا ابنٌ نَفِیٌّ: یہ وہ لڑکا ہے جس کا بیٹے ہونے سے باپ نے انکار کردیا۔ نَفِیُّ الشیءِ: ردی چیز، چیز کا بقیہ۔ النَفِیَّة: نفی کا مونث۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر سکھایا جاتا ہے۔ المَنْفَی جمع مَنَافٍ: جلاوطن کی جگہ۔ المَنْفِیّ: دور کیا ہوا، ہٹایا ہوا، معدوم، دھتکارا ہوا، جلاوطن کیا ہوا۔ المَنْفِی فی الکلام: تردید کیا ہوا، نفی کیا ہوا۔

○ نَفَا ـــ نُفُوًّا و نَفَی ـِ نَفْیًا ہ من / عن: کو سے نکالنا، بے دخل کرنا، محروم کرنا، جلاوطن کرنا، خارج کرنا۔ ـــ ہ: کو ہٹانا، بے دخل کرنا، شہر بدر کرنا، دیس نکالا دینا، جلاوطن کرنا، ملک بدر کرنا۔ ـــ ہ: کی تردید کرنا، کو غلط ثابت کرنا، کی تغلیط کرنا، کے خلاف دلائل دینا، سے قطع تعلق کرنا، کو اپنانے سے انکار کردینا، کی تکذیب کرنا، کو رد کرنا، کو تسلیم نہ کرنا، کی صحت قبول کرنے سے انکار کردینا، کا تعین نہ کرنا، کو باور نہ کرنا، کو نامنظور کرنا، مسترد کرنا، کو دل سے نکال دینا، ترک کر دینا، کو (بے کار سمجھ کر) پھینک دینا، سے بے تعلقی بالاعلمی ظاہر کرنا، سے انکار کرنا، (کسی شے کے علم کا) انکار کرنا، کو نا ماننا، کو قبول نہ کرنا، کی اجازت نہ دینا، (کو لینے سے) انکار کرنا، کو خارج کرنا۔ ـــ: نفی کرنا (گرامر) نَافَی ۂ: کا تعاقب کرنا، پیچھا کرنا، ـ ہ: کو خارج کرنا، کی تردید کرنا، کے برعکس ہونا، کے خلاف ہونا، سے متضاد، کے خلاف، ناموافق، سے بے جوڑ، مخالف، غیر مطابق یا بے ربط ہونا۔ تَنَافَی: باہم کم آمیز یا متضاد ہونا یا برعکس یا الٹ ہونا، متضاد، عکس یا الٹ ہونا۔ اِنْتَفَی: جلاوطن ہونا، نکالا جانا، تردید کیا جانا، غلط ثابت ہونا، زیر بحث لایا جانا، انکار کیا جانا، گرنا، گرایا جانا، کم ہونا، ترک کیا جانا، نہ کیا جانا، چھوڑا جانا، غیر موجود ہونا، موجود نہ ہونا۔ اِسْتَنْفَی ہ: کو بے کار، ناکارہ، فضول، ناقابل قبول سمجھ کر مسترد کرنا، شاهد نفی: صفائی کا گواہ (بمقابلہ شاهدُ إثبات: استغاثہ کا گواہ)۔ نَفِی: انکار کیا ہوا، مسترد کیا ہوا۔ نَفَاء و نَفَاۃ و نَفَاوَة: بے کار، ناکارہ یا فضول سمجھ کر مسترد کی ہوئی چیز، فضلہ، ردی، سکریپ، آخور، بیکار گوشت، (جیسے چھیچھڑے اوجھڑی وغیرہ) کوڑا کرکٹ، آلائش، گلی سڑیں چیزیں۔ نَفَایات: بول و براز، گوبر۔ نَفَایَة جمع نَفَایات: بمعنی نَفَاء و نَفَاۃ و نَفَاوَة: نیز، بقیہ، باقی ماندہ، بچا کھچا، بے کار سمجھ کر پھینکی ہوئی چیز۔ مَنْفَی جمع مَنَاف: جلاوطنی کی جگہ، جلاوطنی۔ مُنَافَاۃ: تردید، تضاد، عکس، تباین۔ تَنَاف: باہمی تضاد، انتفاء: غیر موجودگی، کمی، قلت، احتیاج، مُنَافٍ: متضاد، عکس، الٹ۔ مَنْفِی: مسترد کیا ہوا، نامنظور کیا ہوا، انکار کیا ہوا، تسلیم نہ کیا ہوا، نفی کیا ہوا، منفی، جلاوطن کیا ہوا۔

نق: ۱۔ نَقَّ ـِ نَقِیقًا الضفدعُ: مینڈک کا ٹرانا۔ (اسی طرح مرغی، چکور، بچھو، شترمرغ وغیرہ کی آواز کے لئے بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے)۔ کہا جاتا ہے۔ نَقَّتْ ضفادِعُ بطنه: اس کو بھوک لگی، عام لوگ کہتے ہیں۔ نَقَّ الولدُ: لڑکے نے بہت شکایت کی۔ ضرب المثل ہے ثلاثة لاتطاق النقُّ و الطقُّ و البقُّ: تین چیزیں ناقابل برداشت ہیں، ٹرانا، دھماکہ اور مچھر۔ أنَقَّ: مینڈک وغیرہ کا ٹرانا۔ النَقَّاق: بہت ٹرانے والا۔ (ح): مینڈک۔ النَقَّاقة: نقاق کا مونث (ح): مینڈک۔ النَقُون جمع نُقُق و نُقّ: چلانے والا۔ ضفدع نقوق: ٹرانے والا مینڈک۔ النقیقیات (ح): ایک خلیہ والے چھوٹے جانور، میٹھے ٹھہرے ہوئے یا جاری پانی اور سمندر میں بکثرت ہوتے ہیں، ان کے جسم پر موئی سمور ہوتی ہے جو حرکت کرنے یا غذاء کیلئے ان کی مدد کرتی ہے۔

۲۔ نَقْنَقَ الضفدعُ: مینڈک کا ٹرانا۔ ـ ت العینُ: آنکھ کا اندر کو گھسا ہوا ہونا۔ النِقْنِق جمع نَقَانِق: نر شترمرغ۔

۳۔ النَقَانِق (فا): لمبے پتلے ٹکڑوں میں کاٹ کر سکھایا ہوا گوشت یا پھل، انہیں مقانق بھی کہا جاتا ہے۔

○ نَقَ ـِ نَقِیقًا: مینڈک کا ٹرانا، (مرغی) کا کڑکڑ، کٹ کٹ کرنا۔ نَقَّاق: اکھڑ، بدمزاج شخص، چڑچڑا، ترش رو شخص، بڑبڑانے والا، شاکی، شکوہ مند، شکوہ سنج، نکتہ چین، عیب جو۔ نَقَّاقه: مینڈک۔ نَقِیق: (مینڈک کی) ٹرٹر، (مرغی کی) گوگو، کٹ کٹ۔

نقب: ۱۔ نَقَبَ ـُ نَقْبًا الحائطَ: دیوار میں سوراخ کرنا۔ ـ الخفَّ: موزے میں پیوند لگانا، کہا جاتا ہے: نَقَبَتِ النكبةُ فلانًا: فلاں پر مصیبت آپڑی۔ ـــ فلانٌ فی الارض: زمین میں جانا۔ ـــ عن الاخبار: خبروں کی تحقیق کرنا یا خبر دینا۔ نِقَابةً و نَقُبَ ـُ نَقَابةً علی القوم: قوم کا سردار ہونا۔ (نِقَابة اسم اور نَقَابة مصدر ہے) نَقِبَ ـَ نَقَبًا علی القوم: قوم کا سردار ہونا۔ ـ الخفُّ الملبوسُ: پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا۔ ـــ البعیرُ: اونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا۔ ـ الرجُلُ: پہاڑی راستوں پر چلنا۔ ـ فی البلاد: ملک میں جانا۔ نَقَّبَ عن الشیءِ: بات کی کرید کرنا، تحقیق کرنا۔ ـــ فی الارض: (فرار ہوتے ہوئے) ملک میں سفر کرنا۔ نَاقَبَ نِقَابًا و مُنَاقَبةً ۂ: سے مناقب میں فخر کرنا۔ اَنْقَبَ البعیرُ: اونٹ کے کھروں کا گھسا ہوا ہونا۔ ـــ الرجُلُ: سردار ہونا۔ ـــ فلانٌ: گھسے ہوئے کھر والے اونٹ کا مالک ہونا۔ ـــ فی الارض: زمین پر سفر کرنا۔ تَنَقَّبَ عن الشیءِ: کی بہت کرید اور تحقیق کرنا۔ النَاقِب فا ـ (طب) پہلو کا ناسور۔ النَاقِبة: ناقب کا مونث، (طب) پہلو کا ناسور۔ النَقْب (مص) پہاڑی راستہ۔ (طب) پہلو کا ناسور، کھجلی خارش ـــ جمع نِقَاب و اَنْقَاب: سوراخ۔ نَقْبُ العین: موتیابند کے پانی کا علاج۔ النُقْب: کھجلی، خارش۔ ـــ جمع نِقَاب و انقاب: پہاڑی راستہ۔ النُقَب: کھجلی، خارش۔ النِقْبة: منہ ڈھانکنے کا

انداز، کہا جاتا ہے: امرأة حسنة النُقبَة: منہ ڈھانکنے کے خوبصورت انداز والی عورت۔ انّ علیہ نِقبَةً من کذا: اس پر کسی کا نشان ہے۔ النُقبَة جمع نُقَب: چہرہ، کھجلی کا آغاز یا شروع، زنگ، سوراخ، النِقَاب (مص) جمع نُقُب: بڑا عالم۔ پہاڑی راستہ، پیٹ، ضرب المثل: فرحانِ فی نِقَابٍ: دو شخص شکل و شباہت میں ایک دوسرے سے مشابہ ہیں۔ النِقَابَة: یونین۔ النقّاب کاموں میں گھس جانے والا، کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔ النَقِیب: سوراخ دار (مو) بانسری، ترازو کی زبان۔ — جمع نُقَباء: قوم کا سردار یا نمبردار یا گواہ یا ضامن، چیف یا کیپٹن کے رتبہ کے برابر رتبہ والا۔ نقیبُ الاشراف عند المسلمین: رسول اللہ کی نسل کا سربراہ، یونین وغیرہ کا منتخب صدر۔ کلبٌ نقیبٌ کتا جس کے نرخرے میں سوراخ کیا گیا ہو۔ النقیبة: نقیب کا مونث۔ روح، عقل، طبیعت، مشورہ، رائے کا نفوذ، کہا جاتا ہے فلانٌ میمونُ النقیبة: فلاں شخص قابل ستائش تجربہ کا مالک ہے۔ الأنقَاب: کان (جمع اس کا واحد نہیں آتا) المَنقَب: جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔ المَنقِب جمع مَناقِب: پہاڑی راستہ۔ المِنقَب: بحث و تحقیق کرنے والا عالم، نشتر، پہاڑی راستہ۔ — والمِنقَبَة: نشتر۔ المَنقَبَة جمع مَناقِب اچھا کام، کارنمایاں، شاندار خصوصیت یا وصف، خوبی، کمال، دیوار، پہاڑی راستہ، دو گھروں کے درمیان تنگ راستہ۔ مَناقِب الانسان: انسان کے عمدہ خصائل اور ستودہ اخلاق۔

۲۔ نَقَبَ — نَقبًا الثوبَ: کی واسکٹ بنانا۔ الفرسُ: دوڑنے میں گھوڑے کا ٹانگیں جوڑنا۔ تَنَقَّبَ و إنتَقَبَت المرأةُ: عورت کا نقاب باندھنا۔ النِقاب جمع نُقُب: عورت کا منہ ڈھانپنے کا پردہ۔ نقاب۔ النُقبَة جمع نُقَب: بغیر نیفے کا پائجامہ۔

۳۔ ناقَبَ نِقَابًا ہ: کو اچانک ملنا کہا جاتا ہے: وردتُ الماءَ نِقَابًا: میں نے پانی کو طلب کے بغیر پایا۔

۴۔ النُقبَة جمع نُقَب: رنگ۔

○ نَقَبَ ـ نَقبًا ہ: میں گہرا سوراخ کرنا۔ کو چیرنا، چھیدنا، میں چھید ڈالنا، میں شگاف ڈالنا، رخنہ ڈالنا، کو کھودنا، کو کھود کر نکالنا، کی کھدائی کرنا، کو کھوکھلا کرنا، — فی: میں سے گزرنا، کے پار جانا، کے مشرق سے مغرب تک سفر کرنا، کو قطع کرنا، — عن: کے متعلق پوچھنا، دریافت کرنا، سے ملاقات چاہنا، کو ڈھونڈنا، تلاش کرنا، کی تفتیش کرنا، کا پوری طرح مشاہدہ کرنا، کا گہرا مطالعہ کرنا، پر خوب غور کرنا، کی چھان بین کرنا، تحقیقات کرنا۔ نَقِبَ — نَقَبًا: سوراخوں سے پر ہونا، چھیدا جانا، میں چھید ڈالا جانا۔ نَقَّبَ عن: (تیل کے لئے) برمے سے سوراخ کرنا، کا بغور مشاہدہ کرنا، مطالعہ کرنا، کی تفتیش کرنا، کی چھان بین کرنا، تحقیقات کرنا، کی تہ کو پہنچنا، کا جائزہ لینا، کو ڈھونڈنا، کی تلاش کرنا، — فی. کے ایک سرے سے دوسرے حصہ تک سفر کرنا، — ناقَبَ ہ: سے نیکیوں میں مقابلہ کرنا۔ — تَنَقَّبَ عن: کا بغور مشاہدہ کرنا، مطالعہ کرنا، کی تفتیش کرنا، کی تلاش کرنا، کو ڈھونڈنا، — : عورت کا چہرے پر نقاب ڈالنا، — : سوراخوں سے پورا ہونا، چھیدا جانا۔ إنتَقَبَ: نقاب پہننا، چہرہ پر نقاب ڈالنا نقْب: کھودنا، کھدائی، سوراخ ڈالنا، چھیدنا۔ — جمع أنقَاب ونِقَاب: سوراخ، رخنہ، شگاف، درز، راستہ، منہ، چھید، روزن، مشین سے کنواں کھودنا، برمانا سرنگ۔ نَقَّاب: سوراخ کرنے کا آلہ، چھیدنے کی مشین، پیچ کس۔ نِقَاب جمع نُقُب وانقِبَة: چہرہ کا پردہ، نقاب، کَشَفَ النقاب عن: کو افشا کرنا، آشکارا کرنا، عیاں کرنا، فاش کرنا، ظاہر کرنا، منکشف کرنا، نِقَابَة جمع نِقَابَات: انجمن امداد باہمی Cooperative Society، یونین (Union) ایسوسی ایشن (Association)، انجمن پیشہ وران (Guild) کارپوریشن (Corporation)، سنڈی کیٹ (Syndicate) (شرکت اخبارات، تعاونی انجمن، مقالہ رساں ادارہ، مجلس خصوصی) ٹریڈ یونین (انجمن پیشہ وران) لیبر یونین (مزدوروں کی انجمن) نِقَابَة العُمّال: ٹریڈ یونین لیبر یونین۔ نِقَابی: انجمن امداد باہمی یا دکان امداد باہمی سے متعلق مزدور اشتراکی تحریک سے متعلق، ہڑتالی اشتراکیت کا حامی (Syndicalist) نِقَابیة: فرانس کی اشتراکی مزدور تحریک، ہڑتالی اشتراکیت (Syndicalism) انجمن ہائے پیشہ وران کے اصولوں کی حمایت (Trade Unionism) نقیب جمع نُقَباء: رہنما، سربراہ، سردار، نمبردار، ڈائریکٹر، پرنسپل، چیف، انجمن، پیشہ وران کا صدر ((Chairman of Guild صدر (پریذیڈنٹ) سنڈیکیٹ کا رکن Syndic کارپوریشن کا وکیل۔ (فوجی) کیپٹن۔ (بحری فوج کا) لیفٹیننٹ، ترازو کی زبان۔ نقیبة جمع نَقائب: روح، ذہن، ذہانت، سمجھ، عقل، فہم، فراست، دماغ، طبعی مزاج، افتادِ طبع، فطرت، مزاج، کردار۔ مَنقِب ومِنقَب و مَنقَبَة جمع مَناقِب: پہاڑی پگڈنڈی گھاٹی، تنگ درہ، درہ۔ مَناقِب: نیکیاں، نمایاں خصوصیتیں، اوصاف پرشکوہ کام، کارنامے، کارہائے نمایاں، تنقیب جمع تنقیبات: (تیل کیلئے) زمین میں سوراخ کرنا، کھدائی، تفتیش، بغور مشاہدہ، تحقیقات، تلاش، گہرا مطالعہ، (علمی) تحقیق۔ مُنَقِّب: تحقیقات کنندہ، محقق علمی تحقیق کرنے والا، عالم، غیر معروف علاقے کی سیاحت کرنے والا النَقَب: (جنوبی اسرائیل میں ریگستانی علاقہ)

نقت: نَقَتَ — نَقتًا العظمَ: ہڈی کا گودا یا مغز نکالنا۔

نقث: ۱۔ نَقَثَ — نَقثًا العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ — الشیءَ المدفونَ: دبی ہوئی چیز کو کھود کر نکالنا۔ — الرجلُ فی الامر او السیر: کام یا چلنے میں جلدی کرنا۔ — الحدیثَ: بات کو پیچیدہ کرنا، خلط ملط کرنا۔ — فلانًا بالکلام: کو بات سے ایذا دینا۔ — الارض بیدہ: زمین کو کدال سے اڑانا۔ — عن الشیء: کو جلدی کرنا۔ نَقَّثَ الرجُلُ: جلدی کرنا۔ تَنَقَّثَ ہٗ: کو مائل کرنا، مہربان بنانا۔ — ضیعتَهُ: اپنی جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔ إنتَقَثَ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ — الشیءَ المدفون: دبی ہوئی چیز کو کھود کر نکالنا۔ النَقث (مص): چغلی، نَقَّاث: ہجو۔

۲۔ نَقثَلَ نَقثَلَةً الشیخُ: بوڑھے آدمی کا چلنے میں مٹی اڑانا۔

نقح: نَقَحَ — نَقحًا العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ — الجذعَ: تنے کی گانٹھیں کاٹ کر صاف کرنا۔ — الشیءَ: کو چھیلنا، ردی کو خالص سے جدا کرنا۔ نَقَّحَ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ — الجذعَ: تنے کی گانٹھیں کاٹ کر صاف کرنا۔ — الشیءَ: کو چھیلنا، اور ردی کو خالص سے جدا کرنا۔ — الکلامَ: کلام کی اصلاح و درستی کرنا۔ — السنون الرجلَ: سالوں کا مرد کو کمزور کر دینا۔ أنقَحَ الکلامَ: کلام کی اصلاح و درستی کرنا۔ — الرجُلُ: تنگی پر تلوار کی زیبائش اتارنا۔ تَنَقَّحَ شحمُهُ: کی چربی کم ہونا۔ إنتَقَحَ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ النَقح (مص): موسم گرما کا سفید بادل۔ النِقح: تجربہ کار عالم۔ النَقَح: خالص ریت۔ التنقیح (مص): معنی کی وضاحت کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

○ نَقَحَ ـ نَقحًا ہ: (درخت کو) تراشنا، چھانٹنا، قلم کرنا، درخت کی شاخیں کاٹ ڈالنا، (چیز کو) کانٹ چھانٹ کر درست کرنا، آراستہ کرنا، سجانا، سنوارنا، کترنا، تراشنا، حذف کرنا، مختصر کرنا، کم کرنا، نَقَّحَ (ہ): (مندرجہ بالا معانی کے علاوہ) (تحریر) پر نظر ثانی کرنا،

دوبارہ غور کرنا، تحقیقات یا تنقیح کرنا، (کتاب پر) تبصرہ یا تنقید کرنا، (تحریر کی) جانچ پڑتال کر کے اصلاح کرنا، تصحیح کرنا، (تحریر کو) احتیاط سے پڑھنا (اسلوب وغیرہ) کو بہتر بنانا، شائستہ بنانا، خالص بنانا، صاف بنانا۔ انقَحَ ہ: کی جانچ پڑتال کرنا، تنقیح کرنا، تصحیح کرنا، کو جانچنا، کا جائزہ لینا، کا مطالعہ کرنا، کا دوبارہ بغور مشاہدہ کرنا، پر دوبارہ غور کرنا، پر نظر ثانی کرنا، میں ترمیم کرنا، کا اعادہ کرنا، کی تصحیح کرنا، اصلاح کرنا۔ تَنقِیح: جانچ پڑتال، تنقیح، جائزہ تصحیح، اصلاح، جانچ، دوبارہ مشاہدہ یا غور، نظر ثانی، تصحیح۔

نقخ: نَقَخَ ـ نَقْخًا ہُ: کو مارنا۔ دماغَہٗ: کا دماغ توڑ دینا۔ اِنتَقَخَ المخَّ من العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔ النُقَاخ: صاف ٹھنڈا پانی، نیند، عافیت، امن، نُقَاخُ کلِ شیء: خالص چیز، کہا جاتا ہے۔ ھذا نُقَاخُ العربیة: یہ عربی کا لب لباب ہے، یہ خالص عربیت ہے۔

نقد: ۱۔ نَقَدَ ـ نَقْدًا وتَنقادًا الدراهمَ وغیرها: درہم وغیرہ کو پرکھنا۔ ـــ الکلامَ: کلام کی خوبی اور برائی ظاہر کرنا۔ ـــ فلانًا و لفلانٍ الثمنَ: کو قیمت نقد ادا کرنا۔ ـــ ہُ درهمًا: کو درہم دینا۔ نَقِدَ ـ نَقَدًا الضرسُ او القرنُ: دانت یا سینگھ کا ٹوٹنا یا کھایا ہوا ہونا، صفت نَقِد۔ ـــ الحافرُ: کھر کا چھلنا۔ ـــ الجذعُ: تنہ کا کھوکھلا ہونا۔ نَاقَدَ مُنَاقَدَةً ہٗ: سے کسی معاملہ میں بحث کرنا، جھگڑنا۔ أَنقَدَ الشجرُ: درخت کا پتے لانا۔ پتوں والا ہونا۔ تَنَقَّدَ الدراهمَ وغیرها: درہموں وغیرہ کو پرکھنا۔ تَنَاقَدَ الدراهمَ: درہموں کو پرکھنا، کھوٹے نکال دینا۔ اِنتَقَدَ الدراهمَ: کھوٹے درہم الگ کرنا، درہم نقد وصول کرنا۔ ـــ ت الأَرَضَةُ الجذعَ: دیمک کا تنہ کو کھوکھلا کر دینا۔ ـــ الولدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ ـــ الشعرَ علی قائِلہ: پر شعر کا عیب ظاہر کرنا۔ ـــ الکلامَ: کلام کی اچھائیاں اور برائیاں ظاہر کرنا۔ النَاقِد جمع نَقَدَہ ونُقّاد (فا)۔ النقد (مص) جمع نُقُود: نقد قیمت، درہم، کہا جاتا ہے: درهمٌ نَقْدٌ: پورے وزن کا عمدہ درہم۔ النَقْدانِ: سونا اور چاندی۔ نَقْدُ العروس: دلہن کا مہر، (عام زبان میں) النِقد والنُقد: کم گوشت والا، دیر سے جوان ہونے والا۔ النَقَد: کمینے لوگ۔ النقّاد: درہم وغیرہ پرکھنے والا۔ المُنتَقَد: مصدر میمی، انتقاد کے معنی میں۔

۲۔ نَقَدَ ـ نَقْدًا وتَنقادًا الطائرُ الفخَّ او الحبَّ: پرندہ کا جال یا دانے پر چونچ مارنا۔ ـــ ہُ الحیَّةُ: کو سانپ کا ڈسنا۔ ـــ الرجُلُ الشیءَ والی الشیء بنظرہ: کو چپکے چپکے دیکھنا یا تکنا۔ مِنقَادُ الطائر جمع مَنَاقِید: پرندہ کی چونچ۔

۳۔ النَقَد جمع نِقَاد ونِقَادَة (ح): بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں۔ واحد نَقَدَة (مذکر و مونث دونوں کے لئے) ـــ من الصبیان: دیر سے جوان ہونے والا بچہ۔ والنُقْد: واحد نَقَدَة ونُقْدَة (ن): درخت کی ایک قسم۔ النَقّاد: چھوٹی قسم کی بھیڑوں کا چرواہا۔ انقَد (ح): سیہی، کہا جاتا ہے: بات بلیلِ انقَدَ: وہ نہیں سویا، کیونکہ سیہی تمام رات نہیں سوتی۔ الأَنقَد (ح): کچھوا، (ح): سیہی۔ الإنقِدان (ح): کچھوا۔

○ نَقَدَ ـ نَقْدًا ہ: کو کوئی چیز نقد ادا کرنا۔ ـــ ہ: کو ٹھونگے مارنا، کی تنقیدی نظر سے پڑتال کرنا۔ ـــ علی ہ: پر کے لئے تنقید کرنا۔ نَاقَدَہ: سے باز پرس کرنا، کا محاسبہ کرنا، مواخذہ کرنا۔ انقَدَہ ہ: کو کچھ ادا کرنا۔ اِنتَقَد ہ: پر تبصرہ کرنا، کی غلطیاں نکالنا، پر اعتراض کرنا، پر نکتہ چینی کرنا، کی عیب جوئی کرنا، پر یا کے خلاف احتجاج کرنا، کو غلط ثابت کرنا۔ ـــ علی: کی خامیوں اور کمزوریوں کی اصلیت بتانا، پر تنقید کرنا۔ ـــ: نقد ادائیگی وصول کرنا۔ نَقد: تنقید نگاری، تبصرہ نگاری، تنقید، نکتہ چینی، حرف گیری، اعتراض، اعتراضات، نقد، جمع نقود: سکے، ریزگاری۔ نَقْدًا: نقد بالنقد: نقد، ورق النَقْد: بینک نوٹ، نوٹ، زر کاغذی۔ حافِظةُ النقود: بٹوا۔ نَقْدِی: روپے پیسے کے متعلق، نظام زر کے متعلق مالی، سکوں وغیرہ کا، مسکوکاتی، نقد تضخم نقدی: افراط زر۔ جزاءٌ نقدیٌّ: نقدی یا مالی جرمانہ۔ نَقْدِیَّة: نقد، نقّاد: نقاد، تنقید نگار، تبصرہ نگار، جائزہ نگار۔ نَقّادَة: نکتہ چین، حرف گیر، عیب چین، عیب جو یا خوردہ گیر تنقید نگار، تبصرہ نگار، نکتہ چین، حرف گیر، خوردہ گیر۔ مَنقَد: انگارہ دان۔ اِنتِقاد جمع انتقادات: اعتراض، احتجاج، تنقید، ڈانٹ، اظہار ناراضگی، ڈانٹ ڈپٹ، زجر و توبیخ، لعن طعن، تغلیط، جائزہ، تبصرہ، تنقیدی تحقیق، نَاقِد جمع نَاقِدون ونُقّاد و نَقَدَة: تبصرہ نگار، تنقید نگار۔ مُنتَقِد: تبصرہ نگار، تنقید نگار۔ مُنتَقَد: مستوجب الزام، برا، نامناسب، لائق ملامت، قابل اعتراض۔

نقذ: ۱۔ نَقَذَ ـ نَقْذًا ونقذ و انقذ فلانًا من کذا: کو سے نجات دلانا، خلاصی دلانا، چھٹکارا دلانا۔ نَقِذَ ـ نَقَذًا: نجات پانا۔ تنقّذ و اِستَنقَذہٗ من کذا: کو سے خلاصی دلانا، نجات دلانا۔ النَقَذ (مص): سلامتی۔ نَقَذًا لکَ: تو سلامت رہے۔ (اس دعاء کی اصل: نَقَذَکَ اللّٰہُ نَقَذًا ہے) النَقَذ (مص): چھڑایا ہوا، بچایا ہوا، نجات دلایا ہوا، کہا جاتا ہے۔ مَالَہٗ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔ النَقِیذ: دشمن سے چھڑایا ہوا۔ النَقِیذَة جمع نَقَائِذ: گھوڑا زرہ وغیرہ جسے دشمن سے چھڑایا گیا ہو۔ کہا جاتا ہے: ھو نَقِیذَةُ بؤس: وہ سختی سے بچایا گیا ہے۔

۲۔ الأنقذ (ح): سیہی، خارپشت۔

○ نَقَذَ ـ نَقْذًا ہ من: کو سے نجات لانا، بچانا، چھڑانا۔ نَقَذَ ـ نَقَذًا: بچنا، چھڑایا جانا، نجات دلایا جانا، فرار ہونا۔ انقَذَہ من: کو سے بچانا، خلاصی دلانا، بچانا، چھڑانا، نجات دلانا۔ ـــ ہ: کو بچانا، کو پھر پا لینا، پھر حاصل کرنا، کو واپس لینا۔ إستَنقَذَہ من: بمعنی انقذہ من۔ إنقاذ: نجات، خلاصی، چھٹکارا، بچاؤ، رستگاری، مکتی، حفاظت، رہائی، بازیافت، دستگیری۔ إستِنقاذ: بمعنی إنقاذ، مُنقِذ: نجات دہندہ، بچانے والا، چھٹکارا دلانے والا۔

نقر: ۱۔ نَقَرَ ـ نَقْرًا ہُ: کو مارنا۔ ـــ الشیءَ: میں چونچ سے سوراخ کرنا۔ ـــ الطائرُ البیضة عن الفرخ: پرندہ کا بچہ نکالنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ ـــ الطائرُ الحبَّ: پرندہ کا دانہ چگنا۔ ـــ الحجرَ او الخشبَ: پتھر یا لکڑی کھودنا۔ ـــ ت الخیلُ بحوافرها: گھوڑے کا اپنے کھروں سے کھودنا۔ ـــ السهمُ الهدفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا مگر پار نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے: رمی الرامی الغرضَ فنقرہٗ: تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔ ـــ العودَ او الدفَّ: بانسری یا ڈھول بجانا۔ ـــ فی الحجر: پتھر پر لکھنا۔ ـــ فی الناقور: بگل بجانا۔ ـــ فلانٌ: چٹکی بجانا، زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ ـــ عن الامر: معاملہ کی چھان بین کرنا۔ ـــ فلانًا: پر عیب لگانا، نقرتُ بالرجلِ: میں نے مرد کو لوگوں میں سے بلایا۔ ـــ نَقِرَ ـ نَقَرًا علی فلان: پر غضبناک ہونا۔ ـــ الشاةُ: بکری کا نقرہ کی بیماری والا ہونا۔ ـــ فلانٌ: فقیر ہونا۔ نَقَّرَ الطائرُ فی الموضع: پرندہ کا جگہ کو انڈا دینے کے لئے نرم کرنا۔ ـــ الطائرُ الحبَّ: پرندوں کا دانہ چگنا۔ (تشدید: مبالغہ کیلئے ہے) ـــ الشیءَ و عن الشیء: کی چھان بین کرنا۔ ـــ علی فلان: پر نکتہ چینی کرنا اور عیب گیری کرنا۔ ـــ فلانٌ باسمِ فلان: لوگوں میں سے کسی کا نام لے کر پکارنا۔ نَاقَرَ مُنَاقَرَةً ونِقَارًا ہُ: سے بات چیت میں جھگڑنا، مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے: بینهم مُنَاقَرَة: ان کے درمیان جھگڑا

ہے۔ اسی سے ہے: مُناقَرۃ الدیوك: مرغوں کی لڑائی۔ اَنقَرَ الرجُلُ: زبان کے کنارے سے نون کی آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔ تَنَقَّرَ الشیءَ: کی چھان بین کرنا۔ ـ علی الاھل او المال: بددعا کرنا اور کہنا اللہ تم سے مجھے آرام دے اور تمہارا مال لیجائے۔ اِنتَقَرَت الخیلُ بحوافِرِھا نُقُرًا: گھوڑے کا کھروں سے کھودنا۔ ـ ت السیولُ نُقُرًا: سیلاب کا گڑھے ڈالنا جن پر پانی رکا رہے۔ الشیءَ: کو لکھنا، کی چھان بین کرنا، ـ ہُ: کو پسند کرنا۔ ـ ہُ و انتقربه: کو قوم میں سے علیحدہ بلانا۔ ـ القومَ وبالقوم: قوم میں سے خاص خاص لوگوں کو بلانا۔ النَّاقِر (فا) جمع نَوَاقِر نشانہ پر لگنے والا تیر۔ النَّاقِرَۃ جمع نَوَاقِر: ناقر کا مونث: مصیبت، ٹھیک دلیل، کہا جاتا ہے: اَتَتنِی منہ نَوَاقِرُ: اس کی طرف سے مجھے ایذا دینے والی باتیں پہنچیں۔ اَخطَأَتْ نَوَاقِرُہٗ: وہ حق پر نہ رہا، بینھم نَاقِرۃ: ان کے درمیان مخاصمت ہے۔ النَّاقُور جمع نَوَاقِیر: بانسری، بگل، دِل، النَّقِر: کھجور کی گٹھلی کا چھوٹا سا گڑھا۔ سوراخ النَّقر (مص): چٹکی کی آواز، پتھر کی تحریر (لکھائی) النَّقِر: غضبناک، ناراض، (ھو نَقِر علیك: وہ تم سے ناراض ہے)، نقرہ کی بیماری میں مبتلا۔ مالہ بموضع کذا نَقِرٌ: اس کا فلاں جگہ پانی یا کنواں نہیں ہے۔ النَّقَر (مص) (کہا جاتا ہے: اعوذ باللّٰہ من العَقَر و النَّقَر: میں اللہ تعالیٰ کے ذریعے لنجے پن اور مال کے ضائع ہونے سے پناہ مانگتا ہوں۔ النَّقرَۃ: نقرہ کا اسم مرہ: کہا جاتا ہے: ما اثابه نَقرَۃ: اس نے اس کو کچھ بھی بدلہ نہیں دیا۔ ما اَغنَی عَنّی نَقرَۃً: مجھے کچھ ذرا بھی فائدہ نہیں ہوا (صرف نفی میں استعمال ہوتا ہے) النُّقرَۃ جمع نُقَر و نِقَار: زمین میں چھوٹا سا گول گڑھا۔ چاندی سونے کا پگھلا ہوا ٹکڑا، آنکھ کا گڑھا، کولہے کے وسط کا گڑھا، سرین کا گڑھا، گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا، پرندہ کا بیضہ دان، گٹھلی کی پشت کا نشان یا داغ۔ النِّقرَۃ: جھگڑا، کہا جاتا ہے: بینھم نِقرَۃ: ان کے مابین جھگڑا ہے۔ النَّقِرَۃ: نیچے اترتی ہوئی پشت زمین۔ نَقِر کا مونث۔ النُّقَرَۃ: بکریوں اور گایوں کی ٹانگوں میں پیدا ہونے والی بیماری۔ النُّقَارَۃ: چونچ بھر، پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہے، کہا جاتا ہے: ماترك عندی نُقارَۃً الا اِنتقرھا: اس نے میرے پاس ہر چیز کو لکھ لیا۔ النَّقَرَی: عیب، کہا جاتا ہے: دعوتھم النقری: میں نے انہیں خاص دعوت دی، میں نے انہیں خصوصیت سے بلایا، اس کے مقابل عام دعوت کو الجَفَلَی کہا جاتا ہے۔ بَنَاتُ النَّقَرَی: وہ عورتیں جو گزرنے والوں پر عیب لگاتی ہیں۔ ذلیل عورتیں۔ النَّقَّار: مبالغہ کا صیغہ، لکڑی یا پتھر پر کھدائی کرنے والا، لگام یا رکاب پر نقش و نگار کرنے والا (اس پیشہ کو نقارہ کہتے ہیں) امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا (ح) چونچ مارنے والا پرندہ۔ النَّقَّارَۃ: نقَّار کا مونث۔ ـ ج نقَّارات: بڑا ڈھول، بعض لوگ اسے نقَّیرہ کہتے ہیں۔ النَّقِیر جمع اَنقِرَۃ: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا، پتھر اور لکڑی جس پر کھدائی کی گئی ہو۔ کھجور کا تنہ جس کو کھوکھلا کرکے سیڑھیاں یا کٹہرا بناتے ہیں، لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں۔ مرد کی اصل، (کہا جاتا ہے فلانٌ کریمُ النقیر: فلاں شخص خاندانی ہے) آواز، بہت غریب (ح): ایک سیاہ رنگ کی مکھی۔ النَّقِیرَۃ: چھوٹی کشتی۔ الاَنقُور: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ التَّنقِیر (مص): سیٹی کے مشابہ آواز۔ المِنقَر جمع مَنَاقِر: کدال۔ چھینی۔ ـــ ج مناقیر: لکڑی کا پیالہ، تنگ منہ کا چھوٹا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں، حوض۔ المُنقُر جمع مَنَاقِر: لکڑی کا پیالہ، تنگ منہ کا چھوٹا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں، حوض۔ المُنقِر: بہت ترش دودھ۔ المِنقَار: کدال، چونچ، چرمی موزے کی نوک۔ مِنقار الدجاجۃ (فلك): ایک ستارہ۔ مِنقارُ الغراب (ع ا) کندھے کی ہڈی جسے الاخرم بھی کہتے ہیں (فلك): ایک ستارہ کہا جاتا ہے: ھو مُنقَر العین و مُنتَقِرُھا: وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

٢ـ اَنقَرَ عنه: سے رکنا، کہا جاتا ہے: ضَرَبَهٗ فما اَنقَرَ عنه حتی قتله: وہ اسے مارنے سے نہ رکا یہاں تک کہ اسے قتل کر دیا۔

٣ـ نَقرَدَ نَقرَدَۃً فی المکان: کسی جگہ میں اقامت کرنا، کہا جاتا ہے: مالك مُنقَرِدًا: کیا وجہ ہے تم مقیم ہو۔

۴ـ النِّقرِس جمع نَقَارِس: (طب) نقرس کی بیماری ہلاکت، بڑی مصیبت، ماہر رہنما، طبیب حاذق، گلاب کے پھول جیسی چیز جس کو عورتیں سر میں رکھتی ہیں النِّقرِیس: ماہر رہنما، طبیب حاذق۔

○ نَقَرَ ـُ نَقرًا ہ: کو کھودنا، میں سوراخ کرنا، میں گڑھا بنانا، کو کاٹنا، میں کندہ کاری کرنا، منبت کاری کرنا۔ ـــ فی: میں کندہ کرنا، کھودنا، نقش کرنا، پر لکھنا۔ ـــ ہ: دانہ چگنا۔ ـــ ہ: کو ٹھونگے مارنا، کو گھونسا لگانا، کے سر پر ضرب سے چکرا دینا، کو آہستہ سے مارنا۔ ـــ ہ: ڈھول بجانا۔ ـ ہ: کی توہین کرنا، کے دل کو ٹھیس پہنچانا، کو تنگ کرنا، کو بدنام کرنا، [illegible] بدگوئی کرنا، [illegible] کرنا، پر تہمتیں دھرنا، بہتان باندھنا، کو خواہ مخواہ بدنام کرنا، کو ملامت کرنا، پردر پردہ الزامات لگانا۔ ـــ عن: کی تفتیش کرنا، کی پڑتال کرنا۔ نَقِرَ ـــ نَقَرًا علی: سے خفا ہونا، سے ناراض ہونا، دلگیر ہونا۔ نَقَّر ہ: کو ٹھونگیں مارنا۔ ـــ عن: کی تفتیش کرنا، کی پڑتال کرنا، نَاقَرَہٗ: کے ساتھ بحث کرنا، جھگڑنا، تو تو میں میں کرنا، سے معمولی معمولی باتوں پر الجھنا۔ نَقّر: کھدائی، کھود کر بنانا، کھوکھلا کرکے بنانا۔ نقش و نگار کھودنا، منبت کاری کرنا، تراشنا، کاٹ کر نقش بنانا، مورت بنانا، کھودنا، کندہ کرنا، قلم کاری کرنا، نقاشی کرنا، کھوکھلا پن، کھوہ، بڑا سوراخ، خلا، جوف، گڑھا، انگلیاں چٹخنا، چٹکی بجانا۔ نَقِر: ناراض، دلگیر، جذبات کو ٹھیس لگا ہوا، خفا۔ نَقرَۃ جمع نَقَرَات: چوٹ، ضرب، گھونسا، مکا، دھماکا، ذرہ بھر، ذرہ، پرکاہ، نقارے کی چوٹ، تھاپ، نِقرَۃ: جھگڑا، بحث، معمولی معمولی باتوں پر جھگڑا، تو تو میں میں۔ نَقَّار: کندہ کار۔ نَقَّار الخشب: کٹھ پھوڑا (ایک پرندہ) نُقَّارِیۃ جمع نُقَّاریات: انگلیوں سے بجانے والا باجا جو ڈھول سے مشابہ ہوتا ہے۔ نَقِیر: کھجور کی گٹھلی کے گڑھے میں ایک چھوٹا سا داغ، بالکل بے کار چیز۔ لا یجدی شَروَی نقیر: یہ ذرا بھی مدد نہیں کریگا، یہ تمہیں کہیں نہیں لے جائیگا، لا یملك شَروَی نقیر: اس کے پاس بالکل کچھ نہیں۔ لافتیل ولانقیر: بالکل ہی کچھ نہیں۔ نَقِیرَۃ جمع نَقَائِر: بادبانی جنگی جہاز، نَقَّارَۃ: نقارہ۔ نَاقُور جمع نَوَاقِیر: بگل۔ نَقُورَۃ: بچوں کی سی باتیں، بے کار باتیں، مِنقَار جمع مَنَاقِیر: چونچ، کدال، مُنَاقَرَۃ: نوک جھونک، جھگڑا، ٹنٹا، حجت، تکرار۔ نَاقِرَۃ جمع نَوَاقِر: نوک جھونک، جھگڑا، ٹنٹا۔ حجت، استدلال، مصیبت۔ نقرزان: چھوٹا ڈھول، طبل نواز، ڈھولچی، نقارچی۔ نِقرِس: گنٹھیا، ماہر و حاذق حکیم (طبیب) نِقرِیس: ماہر و حاذق حکیم (طبیب)۔

نقز: ١ـ نَقَزَ ـُ نَقزًا و نَقَزَانًا و نِقَازًا الظبیُ: ہرن کا کودنا، چھلانگ مارنا، صفت نَاقِز ـــ ہُ عنھم: کو لوگوں سے دفع کرنا، ہٹانا۔ نَقَّزَتِ الصبیَّ اُمُّہٗ: ماں کا بچہ کو اچھالنا۔ ـــ فلانًا: کو کودانا۔ اَنقَزَ علوہٗ: کو فورًا قتل کر دینا۔ ـــ الرجُلُ: نقاز بیماری والے مویشی والا ہونا۔ اِنتَقَزَت الشاۃُ: بکری کا نقاز کی بیماری والا ہونا۔ النَّاقِزَۃ جمع نَوَاقِز: ناقز کا مونث۔ نَوَاقِزُ الدابۃ: چوپایہ کی ٹانگیں۔ النُّقَاز: طاعون کی طرح کی جانوروں کی ایک بیماری۔ النُّقَاز و النَّقَاز جمع نقاقیز (ح): ایک پرندہ، چڑیوں کے بچے۔ المَنقُوز م مَنقُوزَۃ:

نقاز بیماری میں مبتلا۔

۲۔ أَنْقَزَ الرجُلُ: ردی مال حاصل کرنا، جمع کرنا۔ إِنْتَقَزَ فلانٌ لفلانٍ من مالِهِ: کسی کا کسی کو ردی مال دینا۔ —— لفلانٍ شرَّ الابلِ: کے لئے بدترین اونٹ پسند کرنا۔ عطاءٌ نَاقِزٌ ورو ماقِزٍ: خسیس (ردی) عطاء۔ النِقَزُ: خسیس مال۔ گھٹیا لوگ۔ النَقَزُ: واحد نقَزَة: گھٹیا مال، رذیل طبقہ کے لوگ

۳۔ أَنْقَزَ الرجُلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ النُقُزُ: کنواں۔ النِقَزُ: صاف اور میٹھا پانی۔

۴۔ أَنْقَزَ عن الشيءِ: سے رکنا، باز رہنا۔

۵۔ النِقَزُ و النَقَزُ: لقب۔

☾ نَقْوَة چھلانگ، جست، بدکنا، بھڑکنا۔

نقس: ا۔ نَقَسَ ـُ نَقْسًا الناقُوسَ بالخشبة: لکڑی سے ناقوس بجانا۔ —— الناقوسُ: ناقوس بجنا۔ نَقَّسَ القومَ بناقوسه: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔ إِنْتَقَسَ: ناقوس بجانا۔ النَقَسُ جمع نُقُس: ناقوس کی ایک قسم۔ النَاقُوس جمع نَوَاقِيس: لوہے کا ٹکڑا جو لکڑی سے بجایا جاتا ہے۔ گھڑیال

۲۔ نَقَسَ ـُ نُقُوسًا بين القوم: قوم میں فساد ڈالنا۔ — الشرابُ: شراب کا ترش ہونا۔ نَقِسَ ـَ نَقَسًا هُ: پر عیب لگانا، سے مسخری کرنا۔ نَقَّسَ فُلانًا: کو لقب دینا۔ — الدواةَ: دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَاقَسَهُ: پر عیب لگانا، کہا جاتا ہے: بينهما مُنَافَسَةٌ ومُنَاقَسَة: دونوں کے درمیان مقابلہ اور حرف گیری ہے۔ النَاقِس (فا): ترش، کہا جاتا ہے لبنٌ ناقِسٌ وشراب ناقس: ترش دودھ اور شراب۔ النُقَس جمع نُقَس: کھجلی، خارش۔ النِقْس جمع أنقَاس وأنْقُس: روشنائی، رجُلٌ نَقِسٌ: عیب گیر، لوگوں کے لقب رکھنے والا۔ النِقَاسَة: لقب دینا۔ الأَنْقَس: کھجلی والا، کنیز زادہ۔

۳۔ النُقُوس (ن) ایک قسم کی نبات۔

☾ نَاقُوس جمع نَوَاقِيس: گھنٹی، گھنٹہ، جرس، ہاتھ کی گھنٹی، گھنٹی کی جھنکار۔

نَقَشَ: نَقَشَ ـُ نَقْشًا الشيءَ: پر بیل بوٹے ڈالنا، نقش و نگار کرنا۔ — العِذقَ: کھجور کے خوشہ کو پکانے کیلئے کانٹوں سے مارنا۔ — فَصَّ الخاتم: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا۔ — الرحیَ: چکی ٹانچنا، کے دندانے بنانا۔ — الشوكة من رِجْلِهِ: پاؤں سے کانٹا نکالنا۔ — مربضَ الغنم: بکریوں کے باڑے کو پتھروں اور کانٹوں وغیرہ سے صاف کرنا۔ — عن الشيء: کی بہت وضاحت کرنا۔ الشَعَر بالمِنْقَاش: موچنے سے بال نوچنا۔ کہا جاتا ہے: ما نَقَشْتُ منه شيئا: اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔ نَقَّشَ الشيءَ: پر نقش و نگار کرنا۔ نَاقَشَهُ الحسابَ و في الحساب: سختی سے حساب کی تفصیل لینا۔ —— فلانًا: سے بحث کرنا، جھگڑنا۔ — قَضِيَّةً رياضيَّةً: مختلف حسابی حالات پر غور کرنا۔ أَنْقَشَ: ہمیشہ خشک کھجور کھانا جس کو توشہ میں رکھ کر اس میں پانی ڈالا جاتا ہو۔ — على غريمه: مقروض سے پورا وصول کر لینا۔ تَنَقَّشَ جميع حقِّهِ من فلان: سے اپنا پورا حق لینا۔ إِنْتَقَشَ فلانٌ: نقش نگار کرنے والے کو نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا۔ —— على فَصِّهِ كذا: نگینہ پر کوئی چیز کھدوانا۔ —— الشوكةَ: پاؤں سے کانٹا نکالنا، کبھی انتقاش سے سزا اور گناہوں کے تدارک کا استعارہ کیا جاتا ہے۔ —— الشيءَ: کو نکالنا۔ — من زيد جميع حَقِّهِ: (زید سے) اپنا تمام حق لے لینا۔ — فلانًا: کو پسند کرنا، کہا جاتا ہے: إِنْتَقَشْتُكَ لكذا: میں نے تمہیں فلاں کام وغیرہ کیلئے پسند کیا۔ انتقش لنفسه خادمًا او غَيرَهُ: اپنے لئے نوکر وغیرہ پسند کرنا یعنی نوکر وغیرہ لینا۔ النَقُش (مص): سوکھی کھجور جس کو توشہ میں رکھ کر پانی میں تر کیا جائے۔ —— وجمع نُقُوش: زمین میں نشان، نقش و نگار۔ النِقاشة: نقاشی کا پیشہ۔ النَقَّاش: نقش و نگار کرنے والا۔ النَقِيش: برتن میں رکھی ہوئی مختلف چیزیں۔ نظیر کہا جاتا ہے مَالَهُ نقيش: وہ بے نظیر ہے۔ المِنْقَش و المنقاش جمع مَنَاقِش و مَنَاقِيش: موچنا، نقش و نگار کرنے کا برش، پنسل، چھینی، کانٹے نکالنے کا اوزار، کہا جاتا ہے: استخرجت منه حقي بالمناقيش: میں نے اس سے اپنا حق وصول کرنے میں بہت تکلیف اٹھائی یا تھک گیا۔ المَنَاقِيش: واحد مَنْقُوشَة: کیک، سموسہ، پیسٹری۔ المَنْقُوش: دینار، کچی کھجور جس کو پکانے کیلئے اس میں کانٹا چبھوئیں۔ الشَجَّة المُنَقِّشَة و المَنقُوشَة: زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔

○ نَقَشَ ـُ نَقْشًا ہ کو مختلف رنگوں سے بوقلموں بنانا، میں مختلف رنگوں کے ٹکڑے لگانا، کو رنگ برنگا کرنا، پر مختلف رنگ تھوپنا، کو رنگنا، پر رنگ چڑھنا۔ —— ہ: پر نقاشی کرنا، کو نقش و نگار سے آراستہ کرنا، کو چھینی سے توڑنا، سے مجسمے بنانا، پر نقش و نگار کھودنا، منبت کاری کرنا۔ — علی ہ: پر کچھ کھودنا کچھ کندہ کرنا، قلم کاری کرنا، نقاشی کرنا۔ نَقَّشَ نقاشی کرنا، نقش و نگاری سے آراستہ کرنا، کندہ کرنا، قلم کاری کرنا، مجسمے بنانا۔ نَاقَشَ ہ: سے بحث کرنا، جھگڑا کرنا، — ہ: پر بحث کرنا، مباحثہ کرنا، پر تبصرہ کرنا، تنقید کرنا، اعتراض کرنا، کے خلاف احتجاج کرنا۔ —— ہ: کو سننا، سے پوچھ گچھ کرنا، کی تفتیش کرنا۔ تَنَاقَشَ في: کے بارے میں بحث مباحثہ کرنا، جھگڑنا۔ إِنْتَقَشَ ہ: کانٹا وغیرہ نکالنا۔ نَقْش جمع نُقُوش: رنگین تصویر، نقش رنگین، تصویر، خاکہ، کندہ تصویر کا نقش، نقش کندہ، نقش، کتبہ، سنگ تراشی، مجسمہ سازی، مجسمہ، شکل نقشہ، نَقَّاش: رنگ ساز، مصور، فنکار، سنگتراش، مجسمہ ساز۔ مِنْقَش جمع مَنَاقِش: چھینی، مِنْقَاش جمع مَنَاقِيش: چھینی، نِقَاش و مناقشه: بحث، مباحثہ۔ مُنَاقَشه: قیل و قال، نزاع، جھگڑا، تکرار، گرما گرمی۔ مَنْقُوش: رنگین، مثلاً، بوقلموں، رنگین (تصویر)، روغن شدہ، کندہ کیا ہوا، کھودا ہوا، نقش کیا ہوا، مجسمہ بنایا ہوا، لکھا ہوا، مُنَاقِش: کسی جھگڑے وغیرہ میں مخالف یا حریف، شریک نزاع، جھگڑے میں حصہ لینے والا۔

نقص: ا۔ نَقَصَ ـُ نَقْصًا و تنقاصًا و نُقْصَانًا الشيءُ: کم ہونا، گھٹنا، — تُ الشيءَ: میں نے چیز کو گھٹا دیا، کم کر دیا۔ — ت زيدًا حَقَّهُ: میں نے زید کو اس کا حق کم کر کے دیا۔ نَقَّصَ و أَنْقَصَ الشيءَ: کو کم کرنا، گھٹانا، ناقص کرنا۔ تَنَقَّصَ فُلانًا: کی مذمت کرنا، عیب جوئی کرنا۔ —— الشيءَ: سے تھوڑا سا لینا یا تھوڑا تھوڑا لینا۔ تَنَاقَصَ الشيءُ: آہستہ آہستہ کم ہونا یا گھٹنا۔ إِنْتَقَصَ الشيءُ: کم ہونا، گھٹنا۔ — الشيءَ: کو گھٹانا، کم کرنا۔ تُهُ حَقَّهُ: میں نے اسے اس کا حق کم کر کے دیا۔ —— الرجُلَ: کی عیب گیری کرنا۔ إِسْتَنْقَصَ الثمنَ: قیمت گھٹانے کے لئے کہنا، کو تھوڑا پانا۔ — الرجُلَ: کی طرف نقصان کی نسبت کرنا۔ النَاقِص جمع نُقَّص فا: درهمٌ ناقِصٌ: کم وزن کا درہم۔ النَقْص (مص) کمی نقصان، لیکن نقصان دین اور عقل میں مستعمل نہیں، کہا جاتا ہے: دخل عليه نقص في دينه و عقله: اس کے دین اور عقل میں کمی ہو گئی، یہاں نقصان نہیں کہا جائیگا۔ النُقصان (مص) کمی، گھاٹا: کہا جاتا ہے: نقصته كلا و كلا: اس میں یہ یہ کمی ہے۔ النَقِيصَة جمع نَقَائِص: کمی، خامی، کمزوری، غلطی، خطا، قصور، عیب، برائی، خرابی، نقص، کوتاہی، کمینہ خصلت المَنْقَصَة جمع مَنَاقِص: نقصان۔ المنقصة في اصطلاح اصحاب الاعمال: کم سے کم دام کی بولی دینے والے کے تعین کیلئے مقابلہ، عوام کو دعوت کہ وہ تعمیرات عامہ کے لئے دام (یا بولی) پیش کریں، بولی دینے والوں کے لئے اطلاع، کم سے کم دام کی بولی دینے والے کو ٹھیکہ دینا، اس کے مقابل کو المُزَايدة کہتے ہیں۔ یعنی نیلامی یا نیلام عام۔

۲۔ نَقَصَ ۔ نُقَاصَةً الماءُ: پانی کا میٹھا ہونا۔ النَقِیص: میٹھا پانی، ہر خوشبودار چیز۔

نَقَصَ ہ / ہ: کے خلاف دل پھیرنا، دل میں کے خلاف تعصب پیدا کرنا، کے مفاد کے خلاف ہونا، کو گھٹانا، کر کرا کر دینا۔ نَقَصَ: ناقص یا ناتمام ہونا، ناکافی ہونا، عیب دار، کھوٹا، ادھورا یا غیر مکمل ہونا، ناکارہ، خراب یا نکما ہونا، کچا یا خام ہونا۔ نَقَصَهُ الشیُّ: اسے چیز کی حاجت ہوئی، درکار ہوئی، ضرورت ہوئی، وہ چیز جس کا ضرورت مند ہوا۔ ــــ عن: ضرورت سے کم ہونا یا کم پڑنا سے کم ہونا، تھوڑا یا ناکافی ہونا۔ عامًا تنقص شهرا واحدا: ایک ماہ کم تیرہ سال۔ نَقَّصَ و انقَصَ ہ: کو کم کرنا، گھٹانا، کوتاہ کرنا، ہلکا کرنا، کو پابند کرنا، جکڑنا، میں تخفیف کرنا، کو چھوٹا کرنا، مختصر کرنا، کاٹنا۔ ناقص ہ: منصوبے وغیرہ کے لئے بولی (دام) طلب کرنا۔ تَنَاقَص: بتدریج کم ہونا، آہستہ آہستہ گھٹنا، رفتہ رفتہ کم یا چھوٹا ہو جانا۔ اِنتَقَصَ من قدرہ: کی تحقیر کرنا، کو گھٹا کر دکھانا، کو بدنام کرنا، کو نگاہوں سے گرانا، کو ذلیل کرنا، کو کر کرا کر دینا۔ اِستَنقَصَ ہ: کو کم کرنے کیلئے کہنا، کو کم، ناقص، ناتمام، نکما، خراب، ادھورا، نامکمل یا گھٹیا پانا، کی عدم موجودگی معلوم کرنا، کی کمی بری طرح محسوس کرنا۔ نَقصٌ فی: کی کمی، قلت، کمیابی۔ نَقُص: کمی، گھاٹا، خسارہ، ٹوٹا، نقصان، کھونا، ضرر، صدمہ، خلا، وقفہ، خالی جگہ (عبارت میں) فروگزاشت، عیب، خرابی، نقص کمزوری، خامی، ادھوراپن، ناتمامی، کمتری، کہتری۔ نَقصُ الموالید: شرح پیدائش کی کمی۔ مُرکَّبُ نقص: احساس کمتری، احساس کہتری۔ ناقِصٌ جمع نُقَّص: کم، گھٹیا، غلط، نکما، خراب، ناقص، نامکمل، ناکافی بہم رسانی، ناکافی رسد، کمیاب۔ ــــ عن: سے کم۔ منقوص: خام، ادھورا، ناقص، ناتمام، نامکمل، ناکافی۔

نقض: ۱۔ نَقَضَ ــــ نَقضًا البناءَ: عمارت کو ڈھانا۔ ــــ الحبلَ: رسی کھولنا۔ ــــ العهدَ او الامرَ: عہد یا معاملہ کو پختگی کے بعد خراب کرنا عہد توڑ دینا کہا جاتا ہے: نَقَضَ فلانٌ وِترَهُ: فلاں شخص نے اپنا انتقام لے لیا۔ نَقَّضَ الارضَ: زمین کی مٹی کو جدا جدا کرنا۔ ــــ الكمءُ: پھٹی ہوئی کھمبی کا چھلکا اترنا۔ نَاقَضَ مُناقَضَةً و نِقَاضًا قولهُ الثاني قولهُ الاوّلَ: کا دوسرا قول پہلے قول کے مخالف ہونا۔ انقَضَ الكمءُ: بمعنی نقضَ الكمءُ، الحملُ الظهرَ: بوجھ کا پیٹھ کو بوجھل کرنا۔ ــــ الكماةَ و عن الكماةِ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا۔ تَنَقَّضَ الحبلُ: رسی کا بل کھل جانا۔ ــــ الدمُ: خون کا ٹپکنا۔ ــــ الجرحُ: زخم سے خون بہنا۔ ــــ ت الارضُ عن الكماةِ: زمین کا پھٹ کر سانپ کی چھتری نکالنا۔ تَنَاقَضَ البناءُ او الحبلُ: عمارت کا تڑخنا۔ رسی کا کھلنا۔ ــــ القولانِ: دو قولوں کا ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تناقضا البيعَ: دو کا بیع کو آپس میں توڑنا۔ اِنتَقَضَ البناءُ او الحبلُ: عمارت کا تڑخنا، رسی کا کھلنا۔ ــــ الجرحُ بعد برئه: زخم کا اچھا ہونے کے بعد خراب ہو جانا۔ ــــ الامرُ بعد اِلتِئامِهِ: معاملہ کا سدھرنے کے بعد بگڑ جانا۔ ــــ ت الطهارةُ: طہارت کا باطل ہونا، نہ رہنا، کہا جاتا ہے: اِنتَقَضَ عليه البلدُ: اہل شہر اس کی اطاعت سے نکل گئے، باغی ہو گئے۔ النَقض (مصدر): مُفَاعَلَتُن کے ساتویں حرف کو حذف کر کے پانچویں کو ساکن کرنا یعنی نون حذف اور لام کو ساکن کرنا، اس طرح وہ مفاعیل ہو جائے گا۔ النَقَض: دوبارہ کاتا ہوا خیمہ یا کمبل۔ النِقض جمع انقاض و نقوض: عمارت کا ملبہ۔ دبلی اونٹنی یا اونٹ جو سفر کی وجہ سے کمزور ہو گئے ہوں۔ زمین کی پپڑی جو سانپ کی چھتری وغیرہ سے پھٹ جائے۔ دوبارہ کاتا ہوا خیمہ یا کمبل۔ النُقض جمع انقاض ونقوض: عمارت کا ٹوٹا ہوا حصہ۔ النُقَض: ایک قسم کی کشتی، کشتی کا ایک پیچ۔ النَقضَة: نقض کا اسم مرۃ۔ ــــ عند النجارين: شہتیر (جس سے چھت ڈالی جاتی ہے) النِقضَة جمع انقاض: علیحدہ کیا ہوا جدا کیا ہوا، الگ الگ کیا ہوا، توڑا ہوا، چلنے کی وجہ سے کمزور جانور۔ ناقةٌ نقضة: کمزور اونٹنی۔ النُقاضَة: بالوں کی رسی کی کھلی ہوئی لڑیاں۔ النَقِیض م نَقِیضَة: مخالف برعکس (فلانٌ هو نقيضُك: فلاں شخص تمہارا مخالف ہے یا تمہارے برعکس ہے) پہاڑی راستہ، ہر چیز کا رفع وعکس، جب ہم کہتے ہیں کہ کل انسان حیوان بالضرورۃ: ہر انسان لازمی طور پر حیوان ہے۔ تو اس کا برعکس (الٹ) یہ ہے انه ليس كذلك: وہ ایسا نہیں ہے۔ النقيضان: دو ایسی متضاد چیزیں جن کا اجتماع ناممکن ہو۔ النَقِیضَة جمع نَقَائِض: مناقضہ کا اسم، نمایاں فرق۔ ــــ فی الشعر: وہ نظم جو نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے۔ هذه القصيدة نقيضة قصيدة فلان: یہ وہ نظم ہے جس کے ذریعہ فلاں کے نظم کا اثر باطل کیا گیا ہے۔ اسی سے جریر اور الفرزدق (دو شاعروں) کے نقائض ہیں۔ التَنَاقُض (ہ):

[illegible]

اس کی باتوں میں تضاد ہے۔

۲۔ نَقَضَ ۔ نُقضًا العظمَ: ہڈی کو توڑنا۔ ــــ نُقضًا المفصلُ والاديمُ و نحوهما: جوڑ، چمڑے وغیرہ کا چرچرانا۔ آواز کرنا۔ انقَضَ بالمعز: بکری کو بلانا۔ ــــ ت العقابُ: عقاب کا آواز نکالنا۔ ــــ اصابعَهُ: انگلیوں سے مار کر آواز نکالنا۔ تَنَقَّضَ البيتُ: گھر کا چٹخنا، چٹکنا۔ ــــ تْ عِظامُهُ: کی ہڈیوں سے آواز نکلنا۔ النقيض من الادم والرَحل والوَتَر والاصابع والاضلاع والمفاصل وغيرها: چمڑے، کاٹھی، تانت، انگلیوں، پسلیوں اور جوڑوں وغیرہ کی آوازیں۔ چوزے، بچھو، مینڈک، عقاب اور شتر مرغ وغیرہ کی آواز۔ نقيض السقف: چھت کی لکڑی کی چرچراہٹ۔

نَقَضَ ــــ نَقضًا ہ: کو برباد کرنا، گرانا، پھاڑ ڈالنا، کا الٹ کرنا، کا اثر باطل کرنا (عہد وغیرہ) توڑنا، کی خلاف ورزی کرنا، کی بے حرمتی کرنا، بے ادبی کرنا، کو منسوخ کرنا، کالعدم قرار دینا، ختم کرنا (شک وشبہ) کو کالعدم قرار دینا، غلط ثابت کرنا، کی تردید کرنا (سزا کے حکم کو) کالعدم قرار دینا، منسوخ کرنا رخ بالکل بدل دینا۔ نقض الوَلاءَ: اطاعت، فرمانبرداری یا انقیاد سے دستبردار ہو جانا، (کو) چھوڑ دینا، (سے) بغاوت کرنا۔ لایُنقَضُ: ناقابل تردید، اٹل، ناقابل تنسیخ، نَاقَضَ ہ: کے موافق نہ ہونا، سے متضاد ہونا، کے برخلاف یا برعکس ہونا، کے علی الرغم ہونا، کے مقابل یا بالمقابل ہونا، کے الٹ ہونا، کی تردید کرنا، سے بے میل یا بے جوڑ ہونا، تَنَقَّضَ: برباد ہونا، منہدم ہونا، پھٹنا، تباہ ہونا، توڑا جانا، خلاف ورزی کیا جانا، کا الٹ کیا جانا، کا اثر باطل کیا جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، ختم ہونا، زوال میں آنا، گرنا، برباد ہونا، غائب یا کافور ہو جانا نظروں سے اوجھل ہو جانا، خراب ہو جانا، گھس جانا، آہستہ آہستہ غائب ہو جانا، ختم ہو جانا، مرجانا، فنا ہو جانا۔ تَنَاقَضَ: ایک دوسرے کی تردید کرنا، کے الٹ یا برعکس ہونا، باہم کم آمیز ہونا، مخصوص ہونا۔ انتقض: برباد ہونا، منہدم ہونا، تباہ ہونا، توڑا جانا، خلاف ورزی کیا جانا، الٹ کیا جانا، کا اثر باطل کیا جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا، نظروں سے اوجھل ہو جانا، خراب ہو جانا، آہستہ آہستہ غائب ہو جانا، ختم ہو جانا، مرجانا، فنا ہو جانا، ــــ علی: کے خلاف بغاوت کرنا، پر حملہ کرنا، سے لڑائی شروع کرنا۔ نقضُ الحكم: سزا کے حکم کا الٹ کرنا، نَقضُ السلام: امن شکنی، نقضِ امن۔ محكمة النقض والإبرام: عدالت تنسیخ۔

لایجوز نقضهُ: یہ (سزا کا حکم) ناقابل تنسیخ ہے، ناقابل تغیر ہے، نظرثانی کے ناقابل ہے۔ ضابطہ کیمطابق ہے۔ قطعی ہے، اس کے خلاف اپیل نہیں ہوسکتی۔ حقُّ النقض: ویٹو کرنے کا حق۔ اَنقاض (نقض کی جمع) ملبہ، ٹوٹے ہوئے، اینٹ پتھر، روڑے، کنکر۔ علی نقیض: کے خلاف، مخالف، سے متضاد، مختلف، علی النقیض: نہیں بلکہ، اس کے برعکس، اِنتقل من النقیض اِلی نقیضه: ایک انتہاء سے دوسری انتہاء تک جانا، انتہائی قدم اٹھانا۔ تناقض: باہمی تضاد، عکس، تباین، تخالف۔ انتقاض: انہدام، بغاوت۔ منقوض: تباہ شدہ، منہدم شدہ، ٹوٹا ہوا، خلاف ورزی کیا ہوا۔ الٹ کیا ہوا، اثر باطل کیا ہوا، منسوخ کیا ہوا، قابل تردید، غلط ثابت کرنے کے قابل۔ مُناقِض: متضاد، مخالف، عکس، الٹ، بے میل، بے جوڑ۔ مُناقِضُ ذاتَهُ: اپنی ذات کی تردید کرنے والا، خود تردیدی۔ مُتَناقِض: باہم متضاد، باہم تردیدی، باہم دگر آویزان، باہم الٹ، جمع متناقِضات: تخالفات، تباینات، تضادات، نمایاں فرق، تناقضات، مخالفتیں، عداوتیں، اختلافات۔

نقط: ا۔ نقط ـــ نُقطا الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا صفت۔ فاعلی نَقّاط: صفت مفعولی۔ (یعنی حرف) مَنقُوط۔ نَقَّطَ الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ ـــ ثوبَهُ بالمدادِ اوالزعفرانِ: کپڑے پر روشنائی یا زعفران کے نقطے لگانا، عام لوگ کہتے ہیں: نقط الاناءُ: برتن ٹپکا۔ نقط العروسَ: شادی پر دلہن کو تحفہ دینا۔ تنقط المکانُ: جگہ میں گھاس کے مختلف قطعے واقع ہونا۔ ـــ فلانٌ الخبرَ: آہستہ آہستہ خبر لینا۔ تنقطتُ الخبزَ: میں نے آہستہ آہستہ یا تھوڑی تھوڑی کرکے روٹی کھائی۔ النقطة جمع نقط ونِقاط: نقطه: چھوٹی گیند جیسی علامت جو حروف پر اور ان کے نیچے لگائی جاتی ہے تاکہ ان کی تمیز کی جاسکے جیسے باء (ب) جیم (ج) خا (خ) اور کلام میں پہلی عبارت کو الگ کرنے کے لئے لگائی جاتی ہے جس کو انگریزی میں فل سٹاپ کہتے ہیں۔ ـــ فی الهندسة: نقطہ جس کی لمبائیاں نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے: نِقاطٌ او نقط من الکلاء: گھاس کے متفرق قطعے۔ مااختلفوا فی نُقطَةٍ: انہوں نے کسی معاملہ یا مسئلہ میں اختلاف نہیں کیا اور یہ موافقت پر زور دینے کیلئے کہا جاتا ہے۔ نقطة الدائرة: دائرہ کا مرکز۔ النقطة (ب): پتھر وغیرہ جو لیور (lever) کے سرے کے نیچے اس لئے رکھا جائے کہ جس چیز کو اٹھانا مقصود ہوا سے آسانی سے اٹھایا جاسکے۔ پانی یا خون کا قطرہ۔ داءُ النُقطةِ (طب): مرگی۔ النَقطَة: نقط کا اسم مرة النُقوط: شادی میں دیئے جانے والے تحفے۔ المنقوط (مفع) ـــ من الشِعر: وہ شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ کتاب مَنقُوط: اعراب لگی ہوئی کتاب۔

۲۔ نَقَطَ ـــ نُقطًا و نَقَّط به الزمانُ: زمانہ سے موافق ہونا۔

۳۔ الناقِط والنقیط: غلام کا غلام۔

○ نَقَّط ه: پر دھبے ڈالنا، کو بدرنگ کرنا، پر نقطے ڈالنا، کو نقطے لگانا، کو ٹپکانا، ٹپکانا، آہستہ کرنا، کم کرنا۔ ـــ ه/ ب علی: کو تحفے کے طور پر کوئی چیز دینا۔ ـــ ها: دلہن کو شادی کا تحفہ دینا، نقطة: نقطہ، فل سٹاپ، قطرہ، ذرہ، ذہ بھر، ذرا سا۔ (موٹر اور مشینوں کا) پرزہ، معاملہ، نقطہ، تفصیل، شق، جگہ، گاؤں، کھیڑا، قصبہ (جس میں منڈی ہو) شاخ، چوکی، (فوجی) صدر جہاں سے مسلح افواج کو رسد بھیجا جاتا ہے۔ پوزیشن، فوجی چوکی، شادی کا تحفہ النقطتان: کولن Colon (:)۔ نقطة الاتصال: جنکشن، مقام اتصال۔ نقطة الارتکاز: قلعہ بند مورچہ۔ گھرا ہوا علاقہ جہاں سے مزاحمت کی جاتی ہے۔ نقطة اساسیه: کلیدی پوزیشن۔ نقطة الاستفهام: سوالیہ نشان (؟) نقطة الاطفاء یا نقطة المطافی: آگ بجھانے کا مرکز (Firestation) نقطةُ البولیس: پولیس اسٹیشن تھانہ۔ نقطة التحول: مڑنے کی جگہ۔ نقطہ انقلاب، واقعات کا پلٹنا یا تبدیلی، مدوجذر کا دورہ۔ نقطة جُمرُکیة: کسٹم سٹیشن یا ہاؤس۔ نقطةُ الذَنب: اجرام فلکی کے مدار کا وہ مقام جب وہ سورج سے بہت دور ہوتے ہیں (Aphelion)۔ نقطة الراسِ: کسی سیارے کا وہ نقطہ جو سورج سے قریب تر ہو (Peri-he-lion) نقطة القتال: لڑائی کا علاقہ، کارروائی کا علاقہ، داءُ النقطه: مرگی (epilepsy) فوز بالنقط: (کھیل میں) پوائنٹس پر کامیابی۔ نُقُوط: دلہن کو شادی کا تحفہ۔ نَقّاطَة: ڈراپر (Dropper) فصلة منقوطة: وقف ناقص سمی کولن Semi colon (؛)

نقع: ا۔ نقع ـــ نقعًا ریقهُ: منہ میں تھوک جمع کرنا۔ ـــ الدواءَ وغیرہ فی الماء: دواء وغیرہ کو پانی میں رکھنا۔ ـــ الرجُلُ: مہمانوں کے لئے جانور ذبح کرنا۔ ـــ فلانًا: کو قتل کرنا۔ ـــ الموتُ: موت زیادہ ہونا۔ ـــ بالشراب: شراب سے شفا پانا۔ ـــ نقوعًا السمّ فی انیاب الحیّة: سانپ کے دانتوں میں زہر جمع ہونا۔ ـــ من الماء و به: پانی سے سیراب ہونا۔ مانقعتُ بخبره: میں نے اس کی خبر کی تصدیق نہیں۔ ـ نقعًا و نقوعًا الماء فی بطن الوادی: پانی کا وادی میں جمع ہوکر بہت دیر ٹھہرنا۔ ـ الماءُ العَطَشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا۔ انقع الدواء وغیرہ فی الماء: دواء وغیرہ کو پانی میں رکھنا۔ ـــ ت الحیةُ السمَّ فی اَنیابها: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا۔ ـــ المیتَ: میت کو دفن کرنا۔ ـــ لفلان شرًّا: کے لئے شر دل میں چھپانا۔ ـــ الرجُلُ: مہمانوں کے لئے جانور ذبح کرنا۔ ـ الماءُ فلانًا: کو پانی کا سیراب کرنا۔ ـ العَطَشَ: پیاس بجھنا۔ اِنتقع النقیعَةَ: مہمانی کیلئے جانور ذبحہ کرنا۔ ـــ القوم نقیعةً: تقسیم سے پہلے غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔ اِستنقع فلانٌ فی النهر: نہر میں گھس کر دیر تک اس میں نہانا۔ ـــ الماءُ فی الغدیر: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔ الناقِع فا، سمٌّ ناقع: زہر قاتل۔ دم ناقع: تازہ خون۔ دواء ناقع: فائدہ مند دواء۔ النقع (مص) جمع انقع: جمع شدہ پانی۔ جمع نِقاع و انقع: نرم زمین جس میں پانی جمع ہو، ہموار اور نشیبی زمین، پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ نقع البئر: کنویں میں جمع شدہ پانی، کنویں کے پانی کی زیادتی۔ النقاع: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔ النقاعة: وہ پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔ النقعاء جمع نقاع: دلدلی زمین۔ النقوع: پانی میں بھگوئی جانے والی چیز، میٹھا ٹھنڈا پانی۔ خشک خوبانی، ایک رنگ جس میں خوشبو پڑی ہو۔ فلانٌ نقوعُ اذنٍ: فلاں شخص ہر بات مان لیتا ہے۔ النقیع جمع انقعة: بھگوئی ہوئی خشک انگور کا شربت، ہر وہ چیز جس میں کھجور بھگوئی جائے، ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں۔ دواء نقیع: فائدہ مند دواء۔ النقیعة جمع نقائع: سفر سے آنے والے کے لئے بنایا جانے والا کھانا، مہمان کے لئے ذبح کیا ہوا جانور۔ الناسُ نقائِعُ الموت: موت لوگوں کو ذبح کرنے والی ہے۔ الانقع: زیادہ پیاس بجھانے والا۔ کہا جاتا ہے: الرشف انقع: تھوڑا تھوڑا کرکے پینا پیاس کو بجھاتا ہے، یہ جملہ جلد بازی ترک کرانے کے لئے بولا جاتا ہے۔ الانقوعَة: ہر ایسی جگہ جس کی طرف پانی بہہ کر آئے۔ اُنقوعة المیزاب: پرنالہ کی نالی۔ المستنقع: دلدل، تالاب کا گھاٹ۔ المَنقع جمع مَناقِع: سمندر، پانی جمع ہونے کی جگہ۔ آبپاشی۔ المِنقع: وہ برتن

جس میں کوئی چیز بھگوئیں۔ الْمُنقَعُ: مٹکا، پتھر کا پیالہ، بھگونے کے قابل چیز، خالص سرد کیا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ مُنقَعٌ: فلاں کی رائے سے تسلی ہوجاتی ہے۔ سمٌّ مُنقَعٌ: مربی۔ المُنقُعُ: چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ کھجوریں بچے کے کھانے کے لئے ڈالی جاتی ہیں۔ المِنقَعَة: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔ والمَنقَعَة: چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ کھجوریں بچے کے کھانے کے لئے ڈالی جاتی ہیں۔

۲۔ نَقَعَ۔ نَقْعًا: آواز بلند کرنا۔ ـــ فلانًا بالشتم: کو بری بری گالیاں دینا۔ ـــ نُقوعًا الصوتُ: آواز کا بلند ہونا۔ ـــ الصارخُ بصوته: چیخنے والے کا مسلسل چلانا۔ انتقع الصارخ بصوته: چیخنے والے کا مسلسل چلانا۔ استنقع الصوتُ: آواز بلند ہونا۔ النَقْعَاء جمع نِقاع: آواز۔ النقّاع: مبالغہ کا صیغہ۔ ان فصیلوں کا مدعی جو اس میں نہ ہوں۔ النقیع: چیخ۔

۳۔ نقّعَ۔ نقّعًا الجیب: گریبان چاک کرنا۔

۴۔ انقَعَ الماءُ: پانی کا متغیر ہوکر زرد رنگ ہوجانا۔ انتقِعَ لونُہٗ: غم اور گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا۔ اِستنقَع الماءُ: پانی کا متغیر ہوکر زرد رنگ ہونا۔

۵۔ النَقْعُ: مکہ مکرمہ کے قریب ایک جگہ۔ ـــ جمع نِقاع ونُقوع: گرد وغبار۔ النقعاء جمع نِقاع: گرد وغبار۔ النقیع: وہ شخص جس کی ماں غیر قوم سے ہو۔

○ نَقَعَ۔ نَقْعًا ہ فی: میں کوئی چیز بھگونا۔ ـــ ہ: پیاس بجھانا، چائے وغیرہ: بھگونا، چائے بنانا۔ ـــ: پانی کا تالاب میں بند ہونا۔ انقَعَ ہ: کو سیال شے میں بھگونا، بھگوکر نرم کرنا، پیاس بجھانا، استنقع: پانی کا بند ہونا، کھڑا رہنا، اور اس وجہ سے گندہ ہوجانا، زمین کا دلدلی ہونا۔ نَقُع: بھگوکر نرم کرنا۔ بھگونا جمع أنقُع: کھڑا پانی۔ دلدل۔ جمع نِقاع ونقوع: گرد وغبار۔ نقاعة: نچوڑ، زلال۔ جوشاندہ۔ نقیع: بھگوئی ہوئی بھر جانے والی یا سرایت کرنے والی چیز۔ پانی میں بھگوئے ہوئے خشک پھلوں کا رس۔ نقّوع: خشک پھل، خشک خوبانیاں۔ مَنقَع جمع مَناقِع: دلدل، جگہ جہاں پانی جمع ہو جائے۔ منقع الدم: پھانسی گھر۔ مَنقوع: نرم کرنے کے لئے بھگوئی ہوئی، بھگوئی ہوئی چیز۔ نچوڑ، زلال، جوشاندہ۔ مُستَنقَع جمع مُستنقَعات: دلدل، نشیبی داخلی علاقہ۔ حُمَّى المُستنقَعات: ملیریا، دلدلی بخار۔

نقف: ۱۔ نَقَفَ۔ نَقْفًا هامةَ الرجُلِ: کی کھوپڑی توڑنا۔ ـــ فلانًا: کو ہلکی ضرب لگانا۔ ـــ الفرخُ البیضةَ: چوزے کا انڈہ پھوڑ کر نکلنا۔ ـــ عن الشی: کی تفتیش کرنا۔ ـــ الرمّانةَ: انار کو دانے نکالنے کے لئے چھیلنا۔ ـــ الشرابَ: شراب کو صاف کرنا۔ اس میں پانی ملانا۔ ـــ الحنظلَ ونحوہٗ: اندرائن کو پھاڑ کر دانے نکالنا صفت فاعلی ناقف۔ الحنظل نقیف ومنقوف ـــ ہٗ بظفرہ: کو ناخن سے چٹکی بھرنا۔ ـــ ہٗ بحصاة: کو کنکر مارنا۔ ناقَفَ مُناقفةً و نِقافًا: ایک دوسرے کی کھوپڑی پر تلوار مارنا۔ انقَفَ فلانًا العظمَ: کو ہڈی گودا نکالنے کے لئے دینا۔ الجرادُ الوادی: ٹڈی کا وادی کو انڈوں سے بھر دینا، وادی میں ٹڈی کے انڈوں کی بہتات ہونا۔ الحنظلَ: دانے نکالنے کے لئے اندرائن کو توڑنا، پھوڑنا۔ تَنَقّفَ الحنظلَ: دانے نکالنے کے لئے اندرائن کو توڑنا۔ انتقف الحنظلَ: اندرائن توڑ کر دانے نکالنا۔ ـــ الشیٔ: کو نکالنا۔ النِقف والنَقف: وہ چوزہ جو ابھی انڈے سے نکلا ہو۔ النَقَفَة: پہاڑی کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا گڑھا۔ النِقاف: مص: رجُلٌ نِقافٌ: مدبر اور صاف نظر مرد۔ دور اندیش کہا جاتا ہے: جاءا فی نِقافٍ واحدٍ: وہ دونوں برابر برابر چلتے ہوئے آئے۔ الیوم قِحاف وغدًا نِقافٌ: آج شراب پینے کا اور کل کام کرنے کا دن ہوگا۔ النقّاف: لکڑی کاٹنے والا، لکڑی سے چیزیں بنانے والا، پکا گداگر، سوال کرنے کا شوقین اور عادی۔ رجُلٌ نقّافٌ: دور اندیش مرد۔ النقّافة: سوال کرنے کی شوقین اور عادی۔ النَقیف جمع نُقُفٌ: دیمک کا کھایا ہوا تنا۔ المِنقاف: پرندہ کی چونچ۔ المَنقُوف (مفع): زرد رنگ دبلے پتلے چہرے اور کم گوشت والا، کمزور۔ جذعٌ منقوف: دیمک خوردہ تنا۔ عینان مَنقوفتان: سرخ آنکھیں۔

۲۔ المِنقاف: ایک قسم کی کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے۔

○ نُقّف ونِقَف: چوزہ۔

نقل: ۱۔ نَقَلَ۔ نَقْلًا الشیٔ: کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل کرنا۔ ـــ الکلامَ عن قائِله: قول قائل سے روایت کرنا۔ ـــ الکتابَ: کتاب نقل کرنا۔ ـــ الکتابَ اِلی لغة کذا: کتاب کا کسی زبان میں ترجمہ کرنا۔ ـــ خفَّ البعیر او الثوبَ او النعلَ: اونٹ کے کھر یا کپڑے یا جوتے کو پیوند لگانا اور درست کرنا۔ نقّل الشیٔ: چیز کو زیادہ منتقل کرنا۔ ـــ فلانٌ ضیفه: مہمان کو پستہ سیب وغیرہ کھلانا۔ ـــ الخفَّ او الثوبَ: اونٹ کے کھر یا کپڑے کو پیوند لگانا۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔ ـــ تِ الشجّة العظمَ: زخم کا ہڈی کو توڑ ڈالنا۔ ناقَلَ الفرسُ: گھوڑے کا جلدی جلدی پاؤں اٹھانا، پتھروں سے بچ کر ہوشیاری سے دوڑنا۔ ـــ تُ فلانًا: میں نے فلاں سے شراب چھیننے کی کوشش کی۔ ـــ الشاعِرُ الشاعِرَ: شاعر کا شاعر کی مخالفت کرنا۔ ـــ ہُ الاقداحَ: ایک کا دوسرے کو پیالے دینا اور لینا۔ ناقلتُ ہُ الحدیثَ: ایک دوسرے کو روایت سنانا۔ أنقَلَ الخفَّ او النعلَ: اونٹ یا گھوڑے کے کھر کی اصلاح کرنا۔ تنقّل: زیادہ منتقل ہونا۔ ـــ من مکان اِلی آخر: ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل ہونا۔ ـــ الرجُلُ: نقل کھانا (نقل بادام سیب وغیرہ کو کہتے ہیں) تَنَاقَلُوا الحدیثَ فیما بینهم: ایک دوسرے سے حدیث روایت کرنا اور اس کے لئے ایک دوسرے کا حریف ہونا۔ إنتقَلَ مِن مکان اِلی آخر: ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل ہونا۔ نقل مکانی کرنا۔ ـــ فلانٌ إلی رحمة اللّٰه او إلی رضوانه: مرجانا۔ ـــ الفرسُ: گھوڑے کا چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ رکھنا۔ النَاقِل جمع ناقِلون ونَقَلَة: فا۔ النَاقِلة جمع نَوَاقِل: ناقل کا مونث، ـــ من الناس: نقل مکانی کے عادی لوگ۔ نَوَاقِلُ الدهر: حوادث زمانہ۔ نَوَاقِلُ العرب: ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ میں منتقل ہوکر اس کی طرف اپنی نسبت کرنے والا۔ النَقْل (مص): پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے۔ (نعلٌ نقْلٌ و خفٌ نقْلٌ: پرانا جوتا اور پرانا موزہ) مختصر راستہ۔ وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ، سیب وغیرہ۔ کبھی ضمّ کے ساتھ آتا ہے یعنی کہا جاتا ہے نُقْل جمع نُقول ونُقولات، ـــ عند اهل العربیة: لفظ کو ایک معنی کے لئے وضع کرنے کے بعد پھر اس کو دوسرے معنی کے لئے وضع کرنا۔ النِقْل: پرانا جوتا یا موزہ۔ گھوڑے یا اونٹ کا پرانا کھر، سم۔ رجُلٌ نَقِل: حاضر جواب، جھگڑالو آدمی۔ مکانٌ نَقِلٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں کی جگہ۔ النَقَل: ایک تیر سے نکال کر دوسرے تیر میں لگایا ہوا پر۔ (کہا جاتا ہے: لاتَرِش سهمی بنَقَلٍ: میرے تیر کو دوسرے تیر کا پر نہ لگاؤ) شور وشغب کے ساتھ جواب۔ گری ہوئی عمارت کا ملبہ۔ چھوٹے پتھر، مختصر راستہ۔ ـــ جمع انقال و نِقال: پرانا جوتا یا موزہ۔ النَقْلَة: نقل کا اسم مرہ۔ نِقال کا واحد۔ النُقْلَة جمع نُقَل: انتقال، چغلی۔ النِقْلة جمع نِقَل: نقل کا اسم نوع۔ النِقال (مصدر ناقَلَ) چوڑے چھوٹے جوتے۔ یا نیزے کے چوڑے چھوٹے پھل واحد نَقَلة: اونٹوں کا اپنے آپ پینا، کہا جاتا ہے شربت الابل نقالًا: اونٹوں نے خود پیا۔ النقّال: مبالغہ کا

صیغہ: چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے والا۔ فرسٌ نَقَال: تیز رو گھوڑا۔ النَقِیل: بارش کی زمین سے خشک زمین میں آنے والا سیلاب، نعل بند، مختصر راستہ۔ نووارد مرد۔ نووارد عورت۔ رجُلٌ نقیل: نووارد مرد۔ ھذا فرسٌ ذو نقیل: یہ تیز رو گھوڑا ہے۔ النَقِیلة جمع نَقَائِل و نَقِیل: نووارد عورت۔ جوتے اور موزہ کا پیوند المَنْقَل پرانا جوتا یا موزہ مختصر راستہ، پہاڑی راستہ۔ چولہا (Stove) فرسٌ مُنَاقِل و مِنْقَلٌ تیز رو گھوڑا۔ المَنْقَلَة سفر کی ایک منزل۔ اونٹ وغیرہ کے موزے کا پیوند۔ ارضٌ مُنْقَلَة: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔ المِنْقَلَة جمع مَنَاقِل سٹریچر، ایک قسم کا کھیل۔ المُنَاقَلَة: ایک دوسرے سے حدیث کی روایت۔

۲۔ النِقْلة جمع نِقَلٌ: عورت جس کی عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے شادی کے پیغام نہ آئیں۔

○ نَقَلَ ـــ نَقْلاً ہ: کو اس کی جگہ سے بدلنا، ادھر ادھر کر دینا۔ ہ اِلی: کو تک لیجانا۔ ـ ہ/ ہ من ـ اِلی: کو سے تک منتقل کرنا۔ ـــ ہ اِلی: کو کے سپرد کرنا۔ ـــ ہ: کو برخاست کر دینا۔ ـ الی: سے تک متحرک ہونا، کسی جگہ جانا، منتقل ہونا۔ ـ من: سے نقل کرنا۔ ـ من ـ الی: ایک زبان سے دوسری میں ترجمہ کرنا۔ ـ عن: مصنف یا تصنیف کا حوالہ دینا، ـــ ہ: (متن) پیش کرنا۔ ـــ ہ: کھاتہ نویسی میں کسی مد کو درج کرنا۔ ہ اِلـی: تک بیماری پھیلانا۔ ـ الی ہ: کو چھوت لگانا۔ ـ ہ الی: کو کوئی چیز خصوصاً حق منتقل کرنا۔ نَقَّلَ ہ: کو ادھر ادھر کرنا، کو یکے بعد دیگرے اس کی جگہ سے بدلنا آگے لیجانا، منتقل کرنا۔ نَقَّلَ خُطَاہ: لمبے لمبے قدم اٹھانا۔ ڈگ بھرنا۔ نَاقَلَ ہ ہ: سے الفاظ یا باتوں کا تبادلہ کرنا، پر اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا، سے کی رپورٹ کرنا، کو کی رپورٹ دینا، کو سے مطلع کرنا، کو کچھ دینا۔ تَنَقَّلَ: لیجایا جانا، منتقل کیا جانا (ریڈیو سے) نشر ہونا، جائے سکونت تبدیل کرنا، نقل مکانی کرنا۔ مورچہ تبدیل کرنا، ادھر ادھر متحرک ہونا، گھومنا پھرنا، ترک وطن، ہجر کرنا، سفر کرنا۔ تَنَاقَلَ ہ: کو لیجانا، کی نقل و حمل کا انتظام کرنا، کے متعلق ایک دوسرے کو رپورٹ کرنا، ایک دوسرے کو بتانا، کا تبادلہ کرنا، کو پھیلانا، بیان کرنا، گزارنا، حوالے کرنا، دینا، زبانی پھیلانا۔ تناقلتہُ الالسن: ایک منہ سے دوسرے منہ تک پہنچنا، ہر ایک کی زبان پر ہونا، شہر میں چرچا ہونا۔ تناقلتہُ الایدی: ایک سے دوسرے ہاتھ تک پہنچنا، ہاتھوں ہاتھ پہنچنا۔ تناقلت الجرائدُ الخبرَ: پورے پریس نے خبر شائع کی۔ تَنَاقَلَ الکلامَ: ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔ اِنْتَقَلَ: لیجایا جانا، نقل ہونا، منتقل کیا جانا، پہنچایا جانا (ریڈیو) سے نشر ہونا، نقل مکانی کرنا، کسی دوسری جگہ چلے جانا، مورچہ بدلنا (فوج کا) ادھر ادھر ہونا، گھومنا، ہجرت کرنا، ترک وطن کرنا، ادھر ادھر سفر کرنا، بھٹکنا، (اہلکار کی) تبدیلی ہونا، (جہاز کا) خطرے سے نکالا جانا، بچایا جانا، منتقل کیا جانا، سونپا جانا (بیماری کی) رسائی ہونا۔ ـــ اِلی: تک پھیلنا (افواہ) کا پھیلنا، منتقل ہونا، سفر کرنا، کو روانہ ہونا، کو جانا، کی جانب بڑھنا، کا رخ کرنا، کی طرف مڑنا (گاڑی کا) ـ من الی: ایک مالک سے دوسرے کے پاس منتقل ہونا (لہروں کا) پھیلنا۔ ـ حملہ سے دفاع پر آجانا۔ ـــ من / عن: سے دور چلا جانا، روانہ ہونا، رخصت ہونا، ـ فی: میں ادھر ادھر جانا، کا دورہ کرنا، یکے بعد دیگر جانا۔ انتقل بہ الی: کو کوئی چیز منتقل کرنا۔ انتقل الی جوار ربہ: مر جانا، اپنے رب کے حضور پہنچ جانا۔ نقل: ٹرانسپورٹیشن، ٹرانسپورٹ، انتقال، ترسیل، ایصال، پہنچانا، اٹھا کر لیجانا، ڈھونا، باربرداری، قمالی، نقل و حمل، ذریعہ نقل و حمل۔ (اہلکار کا) تبادلہ، رہائش کی تبدیلی، منتقلی، ہٹانا، اٹھانا، ترسیل، ابلاغ، نشریہ۔ نَقْل: ترجمہ، روایت، رپورٹ، سرگزشت، اندراج، کھاتے میں درج کرنا، تنذہی، انتقال، علاقہ یا حقوق دوسرے کے سپرد کرنا۔ نقلاً عن: کی بنا پر، کے مطابق، نقل الدم و نقل الدماء: انتقال خون۔ نقل الصور بالاسلکی: ریڈیو فوٹو گرافی، نقل میکانیکی: موٹر ٹرانسپورٹ (مسافر اور سامان کی) اجرۃ النقل: چھکڑے کا کرایہ، باربرداری کا خرچ، جہاز کا کرایہ، اسباب کا محصول۔ سَیَّارَۃ النقل: ٹرک، لاری۔ مَعَالِیمُ النقل: منتقلی کی فیس، وسائل النقل: ذرائع نقل و حمل، گاڑیاں۔ سیارة نقلیة: ٹرک لاری۔ نقلیات: نقل و حمل کی خدمات، نظام نقل و حمل، نقل و حمل، سواریاں، گاڑیاں۔ نقلیات عسکریہ: فوجی گاڑیاں۔ نَقْل و نُقْل جمع نُقُول: خشک پھل، چینی کے قوام میں رکھی ہوئی چیزیں جیسے بادام وغیرہ، کھانڈ کی مٹھائیاں، ٹافیاں جو کھانے کے بعد کھائی جاتی ہیں۔ نَقَل: ملبہ۔ نُقْلَة: ترک وطن، ہجرت۔ نُقْلَة جمع نُقَل: گپ شپ۔ دوسروں کے متعلق افواہیں۔ نمونہ، نقش، ماڈل۔ نَقَّال: آسانی سے اٹھایا جاسکنے والا، سفری، آسانی سے لیجایا جاسکنے والا۔ نَقَّالَة جمع نَقَّالات: سٹریچر، ایمبولنس، گاڑی، ٹرک، لاڑی۔ نقیل: پہاڑی پگڈنڈی، درہ، گھاٹی مَنْقَل و مَنْقَلَة جمع مَنَاقِل: انگارہ دان۔ مَنْقَلَة: ایک دن کا سفر، راستہ میں ٹھہرنے کا مقام۔ پروٹریکٹر۔ ڈی (D) زاویہ پیما۔ طورُ الانتقال: عبوری دور۔ فترةُ الانتقال: درمیانی وقفہ، عید انتقال العذراء: عید استقبال مریمؑ۔ عہد انتقالی: عبوری دور۔ نَاقِل جمع نَاقِلون و نَقَلَة و نُقَّال: لیجانے والا۔ بارکش، باربردار، حَمَّال: اٹھانے والا، لانے والا، حامل، بیرا، خدمتگار، مترجم، نقل نویس، موصل (Conductor)۔ نَاقِلُ السرعة: گیئر منتقل کرنے والا لیور (آٹوموبائل کا) ناقلة: گاڑی۔ ناقلة البترول و ناقلة الزیت: ٹینکر، نفت بردار جہاز۔ ناقِلة الطائرات: طیارہ بردار جنگی جہاز۔ منقول: لیجایا ہوا، پہنچایا ہوا، ڈھویا ہوا، تبادلہ شدہ، نشر کیا ہوا، ترجمہ شدہ، نقل کیا ہوا، لکھا ہوا، متحرک، آسانی سے منتقل ہو سکنے یا کیا جاسکنے والا، آسانی سے اٹھایا جاسکنے والا۔ سفری، روایتی، ذخیرہ احادیث جمع منقولات: متحرک چیز منقولات یا اموال (املاک) منقولة: منقول جائیداد۔ منقولہ اشیاء۔ ذاتی جائیداد، منقولات المنزل: گھریلو فرنیچر سامان۔ مستشفی منتقل: عارضی ہسپتال، ایمبولینس، الاعیادُ المنتقلة: متحرک جشن۔ عِلَّة منتقلة: متعدی بیماری۔

نقم: ۱۔ نَقَمَ ـِ نَقِمَ ـَ نَقْمًا و تَنْقَامًا من فلان: کو سزا دینا۔ ـ الامرَ علی فلان او من فلان: کے کام پر اسے ملامت کرنا، اس پر عیب لگانا یا اسے مکروہ جاننا، کہا جاتا ہے: نَقَمَ فلانٌ وِتْرَہُ: فلاں شخص نے بدلہ لے لیا۔ ما تَنْقِمُ منا: جس پر تو ہمیں مطعون کرتا ہے۔ بدنام کرتا ہے۔ نَقَّمَ تَنْقِیمًا: کسی چیز کو بہت ناپسند کرنا۔ اِنْتَقَمَ منہ: کو سزا دینا۔ النَقْمة والنِقْمَة والنَقِمَة جمع نِقَم و نَقِم و نَقِمَات: انتقام، سزا کے ذریعے بدلہ۔

۲۔ نَقَمَ ـِ و نَقِمَ ـَ نَقْمًا الشیءَ: کو جلدی کھا لینا۔

۳۔ النَقَم: راستہ کا درمیان۔ النَقِیمَة: الطبیعہ کا بدل۔ کہا جاتا ہے: فلان میمون النقیمہ: فلاں پاک نفس ہے۔

○ نَقَمَ ـِ نَقْمًا و نَقِمَ ـَ نَقَمًا من: سے انتقام لینا، بدلہ لینا۔ ـــ علی: کا مخالف یا دشمن ہونا، کے خلاف ہونا، کے خلاف پر کینہ و انتقام پروری والا ہونا، کے خلاف بغض و عناد رکھنا، کو برا جانا۔ ـ علی ہ: پر کیلئے غصہ ہونا، ناراض ہونا۔ ـ علی: سے نفرت کرنا، سخت نفرت کرنا۔ ـ ہ علی: کے خلاف کچھ رکھنا۔ اِنْتَقَمَ من: سے انتقام لینا۔ ـــ ل: کا بدلہ لینا۔ نَقْمَة:

انتقام۔ بدلہ، کینہ، بغض، عناد، تلخی، برا ماننا، آزردگی، بدبختی، بدنصیبی، آفت، مصیبت، ادبار، نحوست، سزا، آزمائش، ایذا دکھ، تکلیف بھاری ضرب، کئے کی سزا، گناہوں کا بدلہ نِقْمَة ونَقِمَة جمع نِقَم ونِقَمَات: مندرجہ بالا معانی، انتقام بدلہ۔ انتقام ناقِم: بدلہ لینے والا، انتقام لینے والا۔ — علی: کے خلاف کے مخالف، پر برہم، غصے، ناراض۔ مُنتقِم: انتقام لینے والا، بدلہ لینے والا، کینہ جو، کینہ پرور، انتقام پرور۔

نقہ نَقَہَ۔ نُقُوهًا فلانٌ من مرضه: صحت یاب ہوجانا مگر کمزوری باقی رہنا صفت نَاقِهٌ جمع نُقَّهٌ — نَقْهًا ونُقُوهًا ونَقَاهَةً ونَقَهَانًا الحديثَ: بات سمجھنا صفت۔ نَقِه ونَاقِه کہا جاتا ہے: فلان لا يفقهُ ولا ينقهُ: وہ نہیں سمجھتا۔ نَقِهَ — نَقَهًا فلانٌ من مرضه صحت یاب ہونا مگر کمزوری باقی رہنا صفت ناقِہ جمع نُقَّہ۔ انقهه اللّٰه من مرضه: اللہ اسے بیماری سے شفا عطا فرمائے۔ — فلانًا الحديثَ: کو بات سمجھانا۔ کہا جاتا ہے۔ أَنْقِهْ لی سمعَكَ: میری بات سن۔ انتقه من الحديث: بات سے تسلی پانا۔ — من مرضه: بیماری سے شفایاب ہونا۔ اِسْتَنْقَهَ: پوچھنا۔ — الحديثَ: بات سمجھنا۔ النُّقْهَة: صحت یابی۔ کہا جاتا ہے له فی کل عام مَرْضَة ونُقْهَة: وہ ہر سال بیمار ہوتا اور صحت یاب ہوتا ہے۔

○ دار النَّقَاهَة: آرام مرکز، روبصحت مریضوں کا گھر، نَقِه ونَاقِه: روبصحت۔ نَقَه ونَقْهَة ونقاهة: صحت یابی، افاقہ، شفا، شفایابی۔

نقو: ۱۔ نَقَا يَنْقُو نَقْوًا العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ نَقِيَ يَنْقَى نَقَاوَةً ونَقَاءً ونَقَاءَةً ونُقَاوَةً ونُقَايَةً صاف ستھرا ہونا، خوبصورت ہونا، خالص ہونا، صفت نَقِيّ: نَقَّى تَنْقِيَةً هُ: کو صاف ستھرا کرنا، پسند کرنا۔ — الطعامَ: غلہ کو کوڑے کرکٹ سے صاف کرنا۔ أَنْقَى إِنْقَاءً هُ: کو صاف ستھرا کرنا، پسند کرنا۔ — الطعامَ: غلے سے کوڑا کرکٹ نکالنا۔ — البُرُّ: گیہوں کا موٹے دانے والا ہونا۔ — تِ الإبلُ وغيرُها: اونٹوں وغیرہ کا موٹا ہونا۔ صفت مُنْقِيَة جمع مُنْقِيَات — العودُ: لکڑی میں پانی چلنا، لکڑی کا گیلا ہونا۔ تَنَقَّى تَنَقِّيًا هُ: کو پسند کرنا۔ — العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ إِنْتَقَى هُ: کو پسند کرنا۔ — العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ — النَّقَا والنَّقْو والنِّقْو جمع أَنْقَاء: ہر گودے دار چیز۔ نَقَاةُ الشيءِ: عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نَقَاةُ الطعام ونُقَاتُهُ ونُقَايَتُهُ: غلہ کا کوڑا کرکٹ، کوڑا، کرکٹ سے صاف غلہ (ضد)۔ نَقْوَة عمدہ حصہ۔ نَقَاوَةُ الشيءِ: عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ النُّقَاوَة جمع نَقَاوَى (ن): ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ نُقَاوَةُ الشيءِ جمع نَقَاوَى ونُقَاء: عمدہ چیز۔ خلاصہ۔ نُقَايَةُ الشيءِ جمع نَقَايَا ونُقَاء: عمدہ حصہ خلاصہ۔ نُقَايَةُ الطعام: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ غلہ جس سے کوڑا کرکٹ نکال دیا گیا ہو (ضد) النَّقِيّ جمع نِقَاء وأَنْقِيَاء ونُقَوَاء: صاف ستھرا۔ الأَنْقَى م نَقْوَى: اسم تفضیل۔ رجُلٌ أَنْقَى م نَقْوَاء: باریک لمبی ہڈیوں والا۔ فَخِذٌ نَقْوَاء: باریک ہڈیوں والی اور کم گوشت والی ران (ٹانگ بھیڑ بکری کی)۔

۲۔ النَّقَاة ریت کا سفید اور بے برگ وگیاہ ٹیلہ۔ النَّقَا: ریت کا ابھرا ہوا قطعہ۔ مثنی نَقَوَان ونَقَيَان جمع أَنْقَاء ونُقِيّ ونِقْيَان۔ بناتُ النَّقَا (ح): ریت میں رہنے والا ایک قسم کا کیڑا۔ اسے شحمة النَّقَاء: بھی کہتے ہیں۔ النِّقَة: ثقہ کا تابع ثِقَةٌ نِقَةٌ: خالص اعتماد۔ اس کی اصل نِقْوٌ ہے لام کلمہ حذف کر کے اس کی جگہ ت لگائی گئی ہے۔

○ نَقَا: پاکیزگی، خالص ہونا۔ نَقَاوَة: پاکیزگی، خالص ہونا، صفائی، کھرا پن (قیمتی دھات کا)، انتخاب، چناؤ، بہترین حصہ، پسند، عمدہ ترین، نفیس ترین۔ نُقَايَة: انتخاب، بہترین حصہ، پسند۔ نَقِيّ جمع نِقَاء وأَنْقِيَاء: خالص، صاف ستھرا، بے داغ، بے عیب، شفاف شفاف، صاف، نتھرا ہوا، گرد وغبار یا غیر متعلق مادہ کے بغیر۔ تَنْقِيَة: صاف کرنا، اچھی طرح سے دھونا، پاک کرنا، خالص بنانا، چھاننا چھانٹ کر الگ کرنا، الگ الگ ڈھیریاں بنانا۔ اِنْتِقَاء: انتخاب۔ قدرة على الانتقاء: قوت انتخاب۔ مُنْتَقًى منتخب، پسندیدہ، چیدہ، نادر، عمدہ، نفیس۔

نقی: ۱۔ نَقَى يَنْقِي نَقْيًا العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔ النِّقْي جمع أَنْقَاء: ہڈی کا گودا، آنکھ کی چربی۔ النُّقْيَة: لفظ، کلمہ کہا جاتا ہے: سمعتُ نُقْيَةَ حق: میں نے حق کا کلمہ سنا۔ النَّقِيّ جمع نِقَاء وأَنْقِيَاء ونُقَوَاء: صاف۔ صاف ستھرا۔ النَّقِيَّة جمع نَقَايَا: نقی کا مونث۔ کلمہ۔ لفظ۔

۲۔ نَقِيَ يَنْقَى نَقَاءً هُ: سے ملاقات کرنا۔ المُنْقَى والمُنَقَّى: راستہ۔ سڑک۔

نکّ: ۱۔ نَكَّ ـُ نَكًّا على الغريم: قرضدار پر سختی کرنا۔ — العملَ: کام کو درست کرنا۔

۲۔ نَكْنَكَ نَكْنَكَةً الامرَ: معاملہ کی اصلاح کرنا۔ — على غريمه: قرضدار پر سختی کرنا۔

نکا: نَکَا [illegible] القرحَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیلنا۔ — العدوَّ وفي العدوّ: دشمن میں کئی قتل وزخمی کرنا، خونریزی کرنا۔ فلانًا حقَّهُ: کا پورا حق ادا کرنا۔ إِنْتَكَأَ إِنْتِكَاءً حَقَّهُ من فلان: کسی سے اپنا حق لیکر قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: هو زُكَاة نُكَاة وہ اپنے ذمہ واجب جلدی ادا کرنے والا ہے۔ ٹال مٹول نہیں کرتا۔

نکب: ۱۔ نَكَبَ ـُ نَكْبًا ونُكُوبًا عنهُ: سے ہٹ جانا۔ — الدهرُ فلانًا: کو زمانہ کا مصیبت میں مبتلا کرنا۔ نِكَابَةً ونُكُوبًا فلانٌ على قومه: اپنی قوم کا قابل بھروسہ مددگار رہنا۔ — نَكْبًا الشيءَ وبه: کو پھینک دینا۔ — الإناءَ: برتن میں جو کچھ ہو گرا دینا، بہا دینا۔ — الكنانةَ: ترکش میں کا سب کچھ بکھیر دینا۔ — تِ الحجارةُ رِجلَهُ: پتھر کا پاؤں کو زخمی کر دینا۔ — نُكُوبَاتِ الريحُ: ہوا کا ٹیڑھا چلنا۔ نَكِبَ ـَ نَكَبًا عن الطريق: راستے سے ہٹ جانا۔ — البعيرُ: اونٹ کا نکب بیماری والا ہونا۔ الرجُلُ: کا کندھے کی بیماری والا ہونا۔ نُكِبَ: مصیبت زدہ ہونا۔ نَكَّبَ عن الطريق: راستے سے ہٹ جانا، ایک طرف ہو جانا۔ — الشيءَ: کو ایک طرف کرنا، ہٹانا، کہا جاتا ہے۔ نَكَّبَهُ الطريقَ ونَكَّبَ به الطريقَ ونَكَّب به عن الطريق: کو راستے سے ہٹانا اور ایک طرف کر دینا۔ نَاكَبَ هُ: کے مونڈھے کے مقابل ہونا۔ تَنَكَّبَ عنه: سے ہٹنا، سے بچنا، الگ ہو جانا۔ سے کندھا موڑ کر دوسرے کی طرف متوجہ ہونا (کہا جاتا ہے تَنَكَّبْ عن وجهي: میرے سامنے سے ایک طرف ہو جایا کنارہ کر۔ دور ہو جا) — على الشيءِ: پر ٹیک لگانا۔ — كنانتَهُ او قوسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔ إِنْتَكَبَ الرجُلُ كنانتَهُ او قوسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔ کہا جاتا ہے رجُلٌ ناكِبٌ عن الحق: حق سے منحرف مرد۔ النُّكْب (مص) جمع نُكُوب: مصیبت۔ النُّكْبَة جمع نُكَبَات: نکب کا اسم مرۃ، مصیبت۔ النَّكَبُ (مص): نیم جھکاؤ، اونٹوں کی کندھوں کی بیماری۔ النَّكِب: پتھر سے زخمی پاؤں والا۔ الأَنْكَب: کندھے کی بیماری والا اونٹ، جس کا ایک کندھا دوسرے سے اونچا ہو۔ گستاخ، ظالم۔

رجُلٌ انكبُ عن الحق: حق سے منحرف۔ النَّكْبَاء جمع نُكْب ونَكْبَاوات: انکب کا مونث۔ ريحٌ نَكْبَاءُ: ٹیڑھا چلنے والی ہوا۔ النُّكَيْبَاء: شمالی مشرقی ہوا۔ النَّكِيب: کھر کا گرداگرد۔ المِنْكَاب: گستاخ، ظالم۔ رجُلٌ مِنكابٌ عن الحق: حق سے منحرف مرد۔ المَنْكِب جمع مَنَاكِب (غ ا): کندھا، شانہ،

ہر چیز کا پہلو، جانب، سِرنا في مَنكِبٍ من الارض او الجبال: ہم نے زمین یا پہاڑ کے ایک جانب سفر کیا۔ ــــ من القوم: قوم کا ماہر یا مددگار۔ ــــ من الارض: راستہ، بلند جگہ۔ (کہا جاتا ہے: امشو فی مناكبها: بلند جگہوں پر چلو۔ فلانٌ مَعِیَ علی حدِّ مَنكبٍ: فلاں شخص جب بھی مجھے دیکھتا ہے، اپنا رخ بدل لیتا ہے۔ میرا سامنا نہیں کرتا۔ تشابهت منهم المناكبُ والرؤوسُ: ان میں کوئی بھی پسندیدہ نہیں ہزَّ منکبه لکذا: وہ اس بات پر خوش ہوا۔ مَنكِبُ الجوزاء و منكبُ ذی العِنان و مَنكِبُ الفرس (فلک): ستاروں کے نام۔ المَناكِب: مَنكِب کی جمع۔ ــــ في ريش الطائر: پرندے کے چار چھوٹے پر۔ اس کا واحد نہیں آتا۔ المَنكُوب (مفع): مصیبت زدہ۔ پتھر سے زخمی پاؤں والا۔

۲۔ الأنكَب: بغیر کمان شخص۔ النُّكبَة جمع نُكَب: بے اندازہ غلہ کا ڈھیر۔ النُّكوب: بکریوں کا گوبر جو بہت پرانا ہو۔

○ نَكَبَ ــ نَكبًا و نَكبَاهُ: کو ناشاد کرنا، خستہ حال، مفلوک الحال، یا زار و نزار کرنا۔ تکلیف میں ڈالنا، پریشانی میں مبتلا کرنا، مصیبت پہنچانا، مغموم کرنا۔ ــــ ہ: کو گرا دینا۔ ــــ ہ: کو بے سہارا کرنا۔ نُكُوبًا: (ہوا) کا پہلو کی جانب سے چلنا، رخ بدلنا۔ ــــ نَكبًا و نُكُوبًا عن: سے انحراف کرنا، منحرف ہونا، ہٹنا، تجاوز کرنا (جیسے راستہ، سڑک وغیرہ سے) نَكَّبَ ہ: کو ہٹانا، پھیرنا، رخ پلٹنا، موڑنا، منحرف کرنا، تَنَكَّبَ ہ / عن: سے منحرف ہونا، سے انحراف کرنا، سے پہلوتہی کرنا، پہلو بچانا، بچنا، کنی کترانا، سے الگ رہنا، باز رہنا، پرہیز کرنا۔ ــــ عن: سے باز رہنا، احتراز کرنا، سے پرے ہٹ جانا۔ ــــ ہ: کی ذمہ داری لینا، کوذے لینا، تَنَكَّبَ به عن: کو سے منحرف کرنا۔ نَكْب جمع نُكُوب ونَكبَة: مصیبت، آفت، بدبختی، بدنصیبی، بدبختی، بلائے ناگہانی۔ مَنكِب جمع مَناكِب: کندھا، پہلو، جانب، بلند زمین۔ دَفَعَ بِمَنكِبَيهِ الهواء: تیزی سے جانا، جلدی کرنا۔ مَنكُوب: مصیبت زدہ، ناشاد، بدقسمت، بدنصیب، مفلوک الحال، خستہ حال، کسی بلائے ناگہانی کا شکار۔

نکت: نَكَتَ ـُ نَكتًا الارض بقضيب او باصبعه: غور و فکر کی حالت میں زمین کو لکڑی یا انگلی سے کریدنا۔ ــــ الناسُ بالحصى: لوگوں کا زمین پر کنکر پھینکنا۔ ــــ الفرسُ: گھوڑے کا اچھلنا، کہا جاتا ہے۔ مَرَّ الفرسُ ينكتُ: گھوڑا اچھلتے ہوئے گزرا۔ ــــ العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔ ــــ فلانًا: کو سر کے بل گرانا اسی سے ہے۔ لَأَنكُتَنَّ بكَ الأرضَ: میں تمہیں سر کے بل زمین پر گراؤں گا۔ ــــ كِنَانَتَهُ: ترکش کو بکھیر دینا۔ تمباکو نوش کہتے ہیں: نكتَ نَفَسَ التنبك او الغليون او المِنفَضَة: اس نے تمباکو، حقہ یا خاکستر دان سے راکھ جھاڑی۔ نَكَّتَ الرُّطَبُ: کھجور کا سرخی پکڑنا۔ ــــ في قوله: کی ہنسی اڑانا۔ ــــ عليه: پر نکتہ چینی کرنا، کی عیب جوئی کرنا۔ اِنتَكَتَ فلانٌ: کا سر کے بل گرنا۔ النُّكتَة جمع نُكَت ونِكات: داغ۔ زمین پر کریدنے کا نشان۔ آئینہ یا تلوار وغیرہ پر لگی گندگی سی، کلام کی باریکی، لطیفہ۔ النَّكَّات: بڑا نکتہ چین۔ گفتگو میں نکتے لانے والا۔ النَّكِيت: بدنام، جس کی ساکھ ختم کی گئی ہو۔ المَنكُوت (مفع): سر کے بل گرایا ہوا۔

○ نُكتَة جمع نُكَت ونِكات: داغ، دھبا، نشان، ظرافت بھری، پرلطف بات، پھبتی، لطیفہ، فقرے بازی، مذاق، ہنسی نقل، مزاحیہ ابہام، لفظوں سے ہاتھ کرنا، مذاق کی اصل بات۔ حاضر النكتة: فقرے باز، حاضر جواب نَكَّات: بذلہ سنج، پرلطف، ظرافت بھرا، خوش طبع، دلچسپ ہنسانے والا، ہنسی اڑانے والا، مذاق اڑانے والا، تحقیر آمیز الفاظ استعمال کرنے والا۔ مُنَكِّت: ہنسی اڑانے والا، مذاق اڑانے والا۔ تحقیر آمیز الفاظ استعمال کرنے والا۔ تنكيت: فقرے بازی کرنا، پھبتی کسنا، بیوقوف بنانا، ایذا دینا، چھیڑ چھاڑ، دل لگی، ہنسی مذاق، چہل، مذاق، ہنسی اڑانا۔

نکث: ا۔ نَكَثَ ـِ نَكثًا العهدَ او البيعَ: عہد یا بیع توڑنا، فسخ کرنا۔ ــــ الحبلَ او الكساءَ: رسی یا لباس کھولنا۔ ــــ السواكَ: مسواک کے سرے کو نرم کرنا۔ تَنَاكَثَ القومُ عهودَهم: لوگوں کا اپنے عہد توڑ دینا۔ اِنتَكَثَ الحبلُ وغيرُهُ: رسی وغیرہ کا کھلنا۔ السواكُ: مسواک کے سرے کا نرم ہونا۔ ــــ فلانٌ مِن حاجةٍ إلى أُخرى: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے کی طرف متوجہ ہونا۔ النِّكث جمع أنكاث: دوبارہ کاتنے کیلئے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ حَبلٌ نِكثٌ وانكاثٌ: ادھیڑی ہوئی رسی۔ النُّكاثَة: رسی کا کھلا ہوا حصہ۔ النَّكَّاث: پرانی بنی ہوئی یا بٹی ہوئی چیز کو ادھیڑنے والا۔ النكيث م نكيثة: ادھیڑا ہوا۔ النكيثة جمع نكائث: مشکل کام، جس میں لوگ اپنے عہد توڑ ڈالیں، (کہا جاتا ہے: وقعوا في النكيثة: وہ مشکل کام میں پھنس گئے جس میں عہد توڑنے پڑ جائیں۔ قال قولاً لانكيثة فيه: اس نے ایسی بات کہہ دی جس میں وعدہ خلافی نہیں ہو سکتی۔ بعيرٌ مُنتكِثٌ: دبلا اونٹ جو پہلے موٹا ہو۔

۲۔ النُّكَاث: اونٹوں کے موہنوں میں نکلنے والی پھنسیاں۔ النَّكِيثَة جمع نكائث: نفس، طبیعت،۔ (کہا جاتا ہے: هو ذو نكيثةٍ حسنةٍ: وہ اچھی طبیعت والا ہے) قوت، پوری پوری کوشش، کہا جاتا ہے: صرف فيه نكيثتَهُ: اس نے اس میں انتہائی کوشش کی۔

○ نَكَثَ ـِ نَكثًا (ہ): (عہد یا اسی جیسا کوئی قانونی فرض) توڑ ڈالنا، کی خلاف ورزی کرنا۔ سے انحراف کرنا، تجاوز کرنا۔ اِنتَكَثَ: ٹوٹ جانا، کی خلاف ورزی ہونا۔ نَكث: (عہد وغیرہ کی) خلاف ورزی، عہد شکنی وغیرہ۔ نَاكِث: بیوفا، غدار، نمک حرام۔

نکح: ا۔ نَكَحَ ـِ نِكَاحًا ونَكحًا المرأةَ: عورت سے نکاح کرنا۔ ــــ تِ المرأةُ: عورت کا منکوحہ ہونا، شادی شدہ ہونا، صفت نَاكِح ونَاكِحَة: (یعنی شوہر والی)۔ ــــ المطرُ الارضَ: بارش کا زمین کی مٹی میں جذب ہو جانا۔ ــــ اللواءُ فلانًا: پر دواء کا اثر کرنا، میں سرایت کرنا، کو زیر کرنا۔ ــــ النعاسُ عينَهُ: نیند کا آنکھوں پر غالب آنا، أنكَحَهُ المرأةَ: کی عورت سے شادی کرانا، کا عورت سے نکاح کرانا۔ تَنَاكَحَ القومُ: ایک دوسرے سے شادی کرنا۔ ــــ ت الأشجارُ: درختوں کا آپس میں مل جانا۔ إستَنكَحَ الرجلُ المرأةَ: مرد کا عورت کو نکاح میں لانا، سے شادی کرنا۔ ــــ في بني فلان: کسی قبیلہ میں شادی کرنا۔ ــــ النومُ عيونَهم: کی آنکھوں پر نیند کا غالب آنا۔ المَنَاكِح: عورتیں۔

۲۔ النِّكِّيح: بہت چوکنا (عام زبان میں)

○ نَاكَحَهُ: شادی کی وجہ سے کسی کا رشتہ دار ہو جانا۔ نِكاح: شادی، شادی کا معاہدہ یا عہد نامہ، شادی شدہ ہونا۔ متاہل زندگی۔ تاہل

نکخ: نَكَخَ ـَ نَكخًا فلانًا في حلقهِ: کے حلق پر مکا مارنا۔

نکد: نَكَدَ ـُ نَكدًا فلانًا حاجتَهُ: کو اس کی حاجت سے روک دینا، محروم کرنا، یا اس میں سے تھوڑا سا دینا۔ ــــ الغرابُ: کوے کا بہت کائیں کائیں کرنا۔ ــــ القومُ الرجلَ: کو لوگوں کا سوالوں کی کثرت سے تنگ دست کر دینا۔ نَكِدَ ـَ نَكَدًا العيشُ: گزران کا تنگ ہونا۔ ــــ الرجلُ: تنگ گزران والا ہونا۔ ــــ تِ البئرُ: کنویں کا پانی کم ہو جانا۔ نَكِدَ الرجلُ: بہت سوالوں اور کم بھلائی والا ہونا۔ نَكَّدَ عيشَهُ: کی زندگی کو تنگ کر دینا، ــــ فلانًا: کی زندگی دشوار بنا دینا۔

نَاکَدَهُ: کو تکلیف دینا، سے سختی برتنا۔ انکَدَهُ: کو کم خیر پانا۔ تَنَکَّدَ عیشُهُ: کی زندگی مکدر ہونا۔ تَنَاکَدَا: ایک دوسرے سے سختی برتنا۔ النَاکِدُ جمع نُکَّد (فا)۔ (نَاقَةٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اونٹنی) وہ عورت جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ النَکَد: کم داد و دہش۔ رَجُلٌ نَکُدٌ جمع انکاد و مَنَاکِید: درشت خو، کم داد و دہش والا۔ النُکُد: کم داد و دہش۔ ــــ واحد نَکُداء: بے دودھ والی اونٹنیاں، بہت دودھ دینے والی اونٹنیاں (ضد)۔ ماءٌ نُکُدٌ: تھوڑا پانی۔ رَجُلٌ نَکِدٌ و نَکَدٌ جمع انکَاد و مَنَاکِید: درشت خو، کم داد و دہش والا۔ اَرَضُونَ نِکَادٌ: کم فائدہ والی زمینیں۔ الأَنْکَد م نَکْداء، جمع نُکُد: تکلیف دہ کم داد و دہش والا، کہا جاتا ہے: جَاءَ مُنکِدًا: وہ آیا تو اس کی آمد قابل تعریف نہ تھی۔ یا وہ مشغول نہ تھا۔ عطاءٌ مُنکَّد: تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ مَنکُودٌ: وہ شخص جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔ عطاءٌ مَنکُودٌ: تھوڑا عطیہ۔

○ نَکِدَ ــــ نَکَدًا: سخت ہونا، مشکل ہونا، ناخوش ہونا، مفلوک الحال ہونا۔ نَکَدَ ــ نُکُدًا ہ: کو تھوڑا دینا، کو تکلیف پہنچانا، ستانا، دق کرنا، تنگ کرنا۔ نَکَّدَهُ: کے لئے زندگی دشوار، مشکل یا قابل نفرت بنانا، کی زندگی تلخ کرنا۔ نَاکَدَہ: کو تکلیف پہنچانا، ستانا، دق کرنا، تنگ کرنا، پریشان کرنا، کا ناک میں دم کرنا۔ تَنَکَّد: مفلوک الحال، دشوار یا تلخ ہونا۔ (زندگی کا) نَکَد جمع انکَاد: بدبختی، بدقسمتی، دشواری، اذیت، آزاد، تکلیف، مصیبت، ادبار، افتاد، بپتا، ایذا رسانی، تکلیف دہی، وبال جان، پریشانی، تشویش۔ نَکِد جمع انکَاد و مَنَاکِید: دشوار، تکلیف دہ، پر مشقت، محنت طلب، ناخوش، تنگ مزاج، تندخو، برافروختہ، مخالف، بدمزاج۔ انکَد: تکلیف دہ، ذہنی اذیت پہنچانے والا۔ مُنَاکَدَة جمع مُنَاکَدات: دقت، تکلیف، زحمت، دکھ، بے چینی، بے آرامی، بوجھ، مصیبت، پریشانی۔ مَنکُود: ناخوش، بدقسمت، بدنصیب، بدبخت۔ مَنکُودُ الحظّ جمع مَنَاکِید الحظ: بدنصیب، بدبخت، بدقسمت۔

نکر: ۱۔ نَکُرَ ــ نَکَارَةً الامرُ: معاملہ مشکل، سخت یا دشوار ہونا۔ نَکِرَ ــــ نَکِرًا و نُکُرًا و نُکُورًا و نَکِیرًا الامرَ: کسی امر سے ناواقف ہونا۔ ــــ الرجُلَ: کو نہ جاننا۔ نَکَّرَهُ: کو تبدیل کر دینا۔ ــــ الاسمَ: اسم کو نکرہ بنانا۔ نَاکَرَ مُنَاکَرَةً ہُ: سے قتال کرنا، جنگ کرنا، کو دھوکا دینا۔ انکَرَهُ: سے ناواقف ہونا۔ ــ حقَّهُ: کے حق کا انکار کرنا۔ ــــ علیه فعلَهُ: پر عیب لگانا، کو اس کے فعل سے منع کرنا۔ تَنَکَّر الرجُلُ: اچھی حالت سے نکل کر بدحال ہونا، بھیس بدلنا۔ ــــ لفُلان: کے لئے اجنبی ہونا۔ ــ فلانٌ: بدخلق ہونا۔ تَنَاکَرَ: جان بوجھ کر ناواقف بننا۔ ــ الامرَ: سے ناواقف ہونا۔ ــ القومُ: ایک دوسرے سے دشمنوں یا اجنبیوں جیسا سلوک کرنا۔ اِستَنکَرَ الامرَ: سے ناواقف ہونا۔ ــ امرًا یجهلُهُ: نامعلوم امر کے بارے میں پوچھنا۔ النکر (مص): چالاکی، تیز فہمی۔ النُکُر (مص): چالاکی، تیز فہمی، سخت برا کام، برا کام۔ النُکر: سخت کام، مجہول۔ رَجُلٌ نُکُرٌ: چالاک تیز فہم مرد۔ امرأۃ نُکُرٌ: چالاک تیز فہم عورت۔ رَجُلٌ نَکِرٌ و نَکُرٌ جمع انکَار: چالاک، تیز فہم۔ النکَرَۃ: انکار سے اسم۔ النکِرَۃ جمع نکِرات: انکار۔ معرفۃ کی ضد۔ النَکَارَۃ (مص): چالاکی۔ تیز فہمی، جہالت۔ النُکرَاء: چالاکی، تیز فہمی، مجہول، ناشناختہ، مصیبت، کہا جاتا ہے: فلانٌ ذو نکراء: فلاں شخص چالاک تیز فہم اور عقلمند ہے۔ اصابتهم من الدهر نکراءُ: انہیں زمانہ سے سختی پہنچی۔ یا ان پر زمانہ کی سختی آ پڑی۔ نکراءُ الدهر: زمانہ کی سختی۔ النکِیر: تغیر، دگرگونی۔ امرٌ نکِیرٌ: سخت دشوار کام۔ حصن نکیرٌ: مضبوط قلعہ۔ المُنکَر (مفع): جمع مُنکَرات و مَنَاکِر: وہ قول یا فعل جو اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہو۔ اس کی ضد معروف ہے۔ رجُلٌ مُنکَرٌ: چالاک، تیز فہم۔ المُنَکَّر عند النحاۃ: اسم نکرہ (معرّف کا الٹ) المَنکُور (مفع) جمع مَنَاکِیر: مجہول، ناشناختہ۔ المَنَاکِیر: ناپسندیدہ امور۔ هم یرکبون المناکیر و المُنکَرات: وہ لوگ ناپسندیدہ امور اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کاموں میں مشغول ہیں۔

۲۔ النکِرۃ جمع نکرات: خون یا پیپ کا پھوڑا۔ مُنکَر و نَکِیر: کہا جاتا ہے یہ دو فرشتے ہیں جو قبروں میں ایمان کے بارے میں مردوں کے بیان لیتے ہیں۔

○ نَکِرَ ــ نَکَرًا و نُکُرًا و نُکُورًا و نَکِیرًا ہ/ہ: کو نہ جاننا۔ ــ ہ: سے ناواقف ہونا، کا انکار کرنا۔ کو قبول نہ کرنا، نہ ماننا۔ نَکَّرَہ: کا بھیس بدلنا۔ ــ ہ: اسم کو اس کی نکرہ شکل میں استعمال کرنا۔ اسم کو نکرہ بنانا۔ نَاکَرَہ: کو مسترد کرنا، ناپسند کرنا۔ انکَرَ ہ/ہ: سے تعلق کا انکار کرنا۔ ــــ ہ: کو قبول یا تسلیم کرنے سے انکار کرنا، کا انکار کرنا، سے لاتعلقی ظاہر کرنا، کو ماننے یا پہچاننے سے انکار کرنا، کو اپنا کہنے سے انکار کرنا، کے علم کا انکار کرنا، کو چھوڑ دینا، سے دستبردار ہونا۔ ــــ ہ علی: کو کسی چیز کا انکار کرنا، کو کوئی چیز نہ دینا۔ کے بارے میں کسی چیز کو مسترد کرنا۔ ــــ ہ علی: کو پر ملامت کرنا، کی پر مذمت کرنا، پر کا الزام لگانا، کو پر ڈانٹنا، کو پر ڈانٹ ڈپٹ کرنا، جھاڑ جھپاڑ کرنا۔ ــــ ہ من: کسی میں کسی بات پر تنقید کرنا۔ ــــ علی ہ: کو کیلئے ملامت کرنا۔ انکَرَ ذاته: نفس کشی کرنا۔ انکَرَ نفسَهُ: ذاتی شکوک کو دل میں رکھنا۔ أَنکرتُ انی اراه: میں نے اسے نہ دیکھنے کا بہانہ بنایا۔ تَنَکَّرَ: بھیس میں ہونا، بھیس بدلنا، بدتر حالت میں تبدیل ہونا، شناخت کی دسترس سے باہر تبدیل ہونا۔ ــــ ل: سے بیگانہ ہونا، کھچا کھچا رہنا، کا دل توڑنا، کو جھاڑ جھپاڑ کرنا، سے دشمنی برتنا، سے بدتمیزی یا اکھڑپن کا برتاؤ کرنا، کو اپنے دل سے روکنا۔ تَنَاکَرَ ہ: سے ناواقف ہونا، کو نہ جاننے کا بہانہ کرنا۔ ــــ: بے خبری، ناواقفی کا حیلہ کرنا، تصنع کرنا۔ ــ ہ: سے لاتعلقی کا اظہار کرنا، کا دل توڑنا، کو کاٹنا، نظر انداز کرنا، کو نہ جاننے کا بہانہ کرنا۔ استنکرہ/ ہ: کو نہ جاننا، ــــ ہ: سے ناواقف ہونا۔ سے بے خبر ہونا، کو ناپسند کرنا، کو مسترد کرنا، سے سخت نفرت کرنا۔ نُکر: انکار، تردید۔ نَکِر: نامعلوم، گمنام، تھوڑا معلوم۔ نُکران: انکار۔ لانُکرانَ: یہ ناقابل تردید ہے۔ نُکرانُ الجمیل: ناشکری، ناشکر گزاری، احسان فراموشی، احسان ناشناسی، ناسپاسی، نکران الذات: نفس کشی۔ نکیر: انکار۔ ناپسندیدگی، استرداد، نامنظوری، نفی، ابطال، قصوروار، قابل الزام، مخالف، خلاف طبیعت، ناگوار، نامرغوب، نفرت دلانے والا، برگشتہ کرنے والا، حقیر، ذلیل پاپی کمینہ، گھناؤنا، نفرت انگیز، مکروہ، کریہ، قابل نفرت، ظالم، نابکار، بدذات، نہایت برا۔ شدّ علیه النکیرَ: کو سخت سرزنش کرنا۔ انکَرُ م نُکراء: قصوروار، قابل الزام، قابل نفرت، نفرت انگیز، نفرت دلانے والا، متنفر کرنے والا، برگشتہ کرنے والا، حقیر ذلیل، خبیث، پاپی کمینہ، گھناؤنا، نفرت انگیز، قابل نفرت، ابتسامۃ نَکراء: شریر مسکراہٹ، کینہ پرور مسکراہٹ۔ انکارُ الذات: نفس کشی، ایثار، بے لوثی۔ تَنَکُّر: بھیس، بہروپی ناچ، محفلُ التنکر: فینسی ڈریس پارٹی، کاسٹیوم بال (fancy derss party, costume ball) حفل تنکری: مندرجہ بالا معنے۔ استنکار: ناپسندیدگی، خوف وہشت، نفرت بیزاری۔ مُنَکَّر: غیر معیّن، غیر معرّف۔ مُتَنَکِّر: بھیس بدلے ہوئے، بھیس میں بھیس بدل کر (یا) کسی اور نام سے بھیس بدل کر، (یا) کسی اور نام سے سفر کرنے والا۔ رقص مُتَنَکِّر: کاسٹیوم بال (محفل Masked ball (Costume ball)

رقص میں حصہ لینے والے نقاب اوڑھے ہوتے ہیں یا انہوں نے مصنوعی چہرے لگائے ہوتے ہیں) مُستَنکَر قابل اعتراض، لائق ملامت، عجیب، انوکھا نرالا۔

نکز: ا۔ نَکَزَ ـُ نَکزَات الحیّةُ فلانًا: کو سانپ کا ڈسنا۔ ـــ فلانًا: کو مارنا، دفع کرنا، ہٹانا۔ ـــ الشیَٔ: کو چھونا۔ ـــ الدابةَ بعقبه: جانور کو ایڑ سے ہانکنا۔ نَکزًا ونُکوزًا الماءُ: پانی کا زمین میں جذب ہو جانا۔ چلا جانا۔ ـــ البحرُ: دریا کا خشک ہونا۔ ـــ ت البئرُ: کنویں کا پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَکِزَ ـ نَکزًا البحرُ: دریا کا گھٹنا۔ اَنکَزَ البئرَ: کنویں کے پانی کو ختم کرنا۔ النَاکِز جمع نَوَاکِز فا، بئر ناکِزٌ: وہ کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو۔ النِکز والمُنکِز: خالی کہا جاتا ہے: جاء نِکزًا و مُنکِزًا: وہ خالی آیا۔ بئرٌ نِکزٌ: تھوڑے پانی والا کنواں۔ النکّاز جمع نکّاکِیز ونَکّازات: اسم مبالغہ۔ (ح) ایک قسم کا چھوٹے سر والا زہریلا سانپ۔ البئر النکُوز جمع نُکُز: وہ کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو کہا جاتا ہے: فلانٌ بنکزةٍ من العیش: فلاں شخص تنگ گزران والا ہے۔

۲۔ النِکزُ: رذیل لوگ۔ ہڈی میں بچا ہوا گودا۔

○ نَکَزَ ـُ نکزًا: چھونا۔ ـ ہٗ: کو اکسانا۔

نکس: نَکَسَ ـُ نَکسًا ہٗ: کو اوندھا کرنا۔ آگے پیچھے کرنا۔ ـــ رأسَهٗ: ذلت سے سر جھکانا۔ ـــ الطعامُ وغیرُہٗ داءَ المریض: کھانے وغیرہ کا بیمار کے مرض کو لوٹا دینا۔ ـــ الخضابَ: بار بار خضاب لگانا، کہا جاتا ہے: نکست فلانًا فی ذلک الامر: میں نے فلاں شخص کو اس معاملہ میں اس سے نکلنے کے بعد لوٹا دیا۔ نُکِسَ الرجُلُ: کمزور ہونا، عاجز ہونا۔ ـــ الرجُلُ عن نُظَرائِہٖ: اپنے ہم عمروں سے کوتاہی کرنا۔ ـــ المریضُ: مریض کا دوبارہ بیمار پڑنا۔ نَکَّس تنکِیسًا ہٗ: کو اوندھا کرنا۔ ـــ الفرسُ: گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے نہ جا ملنا۔ صفت مُنکِّس: تنکَّس: اوندھا ہونا۔ اِنتکَسَ: سر کے بل گرنا۔ ـــ المریضُ مریض کا دوبارہ بیمار پڑنا۔ عام لوگ کہتے ہیں۔ اِندَکَسَ: اور اُن کے نزدیک اس کا اسم "الدکسة" ہے۔ النَاکِس (فا) جمع نَوَاکِس: (خلاف قاعدہ ہے): سر جھکانے والا۔ النِکس جمع اَنکاس: ٹوٹے ہوئے سرے والا تیر، کمان جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں، کمزور، کمینہ، بے خیر آدمی، پستہ قد، کرم وسخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ النُکس: بیماری کا دوبارہ آجانا، گر کر نہ سنبھلنا اور پھر پہلے سے زیادہ زور سے گرنا۔ کہا جاتا ہے تَعسًا لفلانٍ ونُکسًا او نَکسًا: بددعاء کے طور پر کہنا: فلاں شخص کم بخت ہو اور گر کر نہ سنبھلے بلکہ اور زیادہ زور سے گرے۔ النُکُس۔ مفرد ناکِس: بہت بوڑھے لوگ۔ النُکاس: بیماری کا دوبارہ آجانا۔ المُنکِّس (فا): آہستہ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو سر نہ اٹھائے، وہ گھوڑا جو دوسرے گھوڑوں سے نہ جا ملے۔ المَنکُوس (مفع): دوبارہ بیمار پڑنے والا، عوام مدکوس کہتے ہیں۔ ـــ من الاولاد: وہ بچہ جس کے پیدا ہونے کے وقت سر سے پہلے ٹانگیں باہر نکلیں۔ پائل، بچقوسٌ مَنکُوسَةٌ: وہ کمان جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں۔

○ نَکَسَ ـُ نَکسًا ہٗ: کو الٹا کرنا، اوندھا کرنا، کو نیچا کرنا، پیچھے ہٹانا، واپس لینا، اندر کھینچنا، نکَسَ رأسَهٗ او برأسِہ: سر کو جھکانا، کو اک طرف جھکانا۔ ـــ ہٗ: بیماری میں دوبارہ مبتلا کرنا۔ نُکِسَ: بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔ نَکَّسَ: بمعنی نَکَسَ نیز نَکَّسَ ہٗ: پرچم (جھنڈے) کو سرنگوں کرنا۔ اِنتَکَسَ: الٹنا، اوندھا ہونا، سر کا جھکنا، گئی ہوئی بیماری میں فوراً مبتلا ہو جانا۔ نُکس ونَکسَة: گئی ہوئی بیماری کا پھر لگ جانا۔ پستی۔ ذلت، کمی، کم ہمتی، خفت ابتدائی، انحطاط، تنزل، زوال، تنکّس: نسلی بگاڑ۔ اِنتکاس: گئی ہوئی بیماری کا پھر آنا، بیماری کا عود کرنا۔ مَنکُوس: الٹا کیا ہوا، اوندھا کیا ہوا، بیماری میں دوبارہ مبتلا۔ مُنکَّس: الٹا یا اوندھا کیا ہوا۔ مُنکَّس الرأس: سر جھکائے ہوئے۔ مُنتَکِس: گئی ہوئی بیماری میں فوراً مبتلا ہونے والا۔ عود کرنے والی (بیماری میں مبتلا)۔

نکش: نَکَشَ ـِ نَکشًا البئرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔ ـــ الشیَٔ: کو فنا کرنا۔ ـــ الشیءَ و مِن الشیءِ: سے فارغ ہونا، کو ختم کرنا۔ ـــ الارضَ: زمین کو کھرپنا، الٹنا پلٹنا (اسے رکشھا بھی کہتے ہیں۔ یہ دونوں عام زبان کے لفظ ہیں)۔ اِنتَکَشَ البئرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔ المِنکَش: معاملات میں غور کرنے والا۔ المِنکَاشُ جمع مَنَاکِیش: کنواں صاف کرنے کا آلہ۔ المَنکُوش مفع سَفَطٌ مَنکُوش: ٹکرا جس کی سب چیزیں نکال لی گئی ہوں۔

○ نَکَشَ ـِ نَکشًا ہٗ: کسی چیز کو خصوصاً کنویں کو صاف کرنا، کنویں سے کیچڑ نکالنا۔ ـــ ہٗ: زمین کی ترائی کرنا، تلائی کرنا، کھرپنا، گوڈنا، اکھاڑنا، چندر سے صاف کرنا، کھودنا، جوتنا، میں ہل چلانا۔ ـ ہٗ: کی تلاش کرنا، کو ڈھونڈنا، چھان مارنا، تاخت وتاراج کرنا۔ ـــ ہٗ: کو بے ترتیب کرنا، ابتر کرنا، خراب کرنا، نوچنا، کھوٹنا، بکھیر دینا۔ ـــ ہٗ: درخت ہلانا۔ مِنکَش جمع مَنَاکِش: پھاوڑا، کدال، بیلچہ، کھرپا، جیلی، کریدنی۔ مِنکَاش جمع مَنَاکیش: دریا صاف کرنے والی کشتی، آگ کریدنی۔ تبر، کدال، کلہاڑی۔

نکص: نَکَصَ ـُ نَکصًا ونُکُوصًا و مَنکَصًا عن الامر: سے رکنا، باز رہنا، صفت ناکِص۔ ـــ علی عَقِبَیہِ: پیچھے ہٹنا، بلند پروازی چھوڑ دینا، مزاج ٹھکانے لگنا، ارادہ ترک کر دینا۔ نکَّصَ ہٗ: کو ہٹا دینا۔ اِنتکَصَ الرجُلُ: ایڑیوں کے بل لوٹنا۔ المَنکَص: ہٹنے کی جگہ۔

نکظ: ا۔ نَکَظَ ـُ نُکظًا فلانًا عن حاجته: سے کے بارے میں جلدی کرانا۔ نَکِظَ ـَ نَکَظًا: اپنی حاجت میں جلدی کرنا۔ للخروج: نکلنے کے لئے جلدی کرنا۔ الرحیلُ: کوچ کا وقت قریب آنا۔ نَکَّظَ ہٗ عن حاجته: پر کے بارے میں جلدی کرانا۔ اَنکَظَ ہٗ عن حاجته: سے کے بارے میں جلدی کرانا۔ النَکظ والنَکَظ والنُکظَة والنَکظَة والمَنکَظَة: جلدی۔

۲۔ نَکَظَ ـُ نُکظًا: بہت بھوکا ہونا۔

۳۔ نکّظ حاجَتَہ: کو مشکل بنانا۔ تنکّظَ الرجلُ: کی سفر میں حالت سخت ہونا۔ ـــ علی فلان: سے بخل کرنا۔ ـــ الامرُ علیہ: پر معاملہ مشکل و پیچیدہ ہونا۔ النکظ والنَکَظ والنُکظَة والنَکظَة والمَنکَظَة: کوشش، سفر کی سختی۔

نکع: ا۔ نَکَعَ ـَ نَکعًا ہٗ عن الامر: کو سے دور کرنا، کو سے جلدی سے ہٹانا، کو سے باز کرانا۔ ـــ فلانًا حقّہٗ: کا حق روک لینا۔ ـــ فلانًا: کو پاؤں کی پشت سے مارنا۔ ـــ نَکعًا وتَنکاعًا فلانٌ عن الحاجة: سے باز رہنا۔ بچنا۔ ـــ الماشیةَ: مویشی کے تھن کو مار کر دودھ نکالنا۔ کہا جاتا ہے: ما نَکَعَ: کرتا رہنا۔ ما نَکَعَ یفعلہ: وہ اسے کرتا رہا، ما ادری اینَ نکع: میں نہیں جانتا وہ کہاں چلا گیا۔ نَکَّعَ ہٗ عن حاجته: کو حاجت سے ہٹا دینا، کی جلد بازی سے زندگی بے مزہ کرنا۔ انکَعَ ہٗ: کو رد کرنا، دفع کرنا، تھکانا۔ ـــ ہٗ عن الامر: کو جلدی کرا کر، معاملہ سے ہٹانا، باز رکھنا۔ ـــ ت فلانًا بُغیَتُہٗ: کا مطلب فوت ہو جانا، کہا جاتا ہے: تکلَّمَ فانکعَہٗ: اس نے بات کر کے اس کو خاموش کر دیا۔ شرب فانکعَہٗ: اس نے پی تو شراب نے اس کا مزہ کرکرا کر دیا۔ النُکَعَة: بیوقوف جو بیٹھ کر جم جائے۔ المُنکَع: پیچھے لوٹنے والا۔ انفٌ مُنکَعٌ:

چپٹی ناک۔

۲۔ نَکِعَ ــــ نَکَعًا: سرخ فام چھلی ہوئی ناک والا ہونا۔ النَکِع: سرخ فام چھلی ہوئی ناک والا۔ احمرُ نَکِعٌ: بہت سرخ۔ النَکَع: سرخ رنگ سرخی مائل سیاہ رنگ مرد۔ نکعَةُ الانف: ناک کا کنارہ۔ النُکَعَة: سرخ رنگ ناک چھدا مرد، ناک کا کنارہ، سرخ رنگ کے درخت کا پھل، قتاد نامی درخت کا گوند، انسان کی سرخی ملی ہوئی سیاہی۔ الأنکع: سرخ فام نک چھدا آدمی۔

نکف: ا۔ نَکَفَ ـُـ نَکْفًا عن کذا: پرناک بھوں چڑھانا، سے باز رہنا، الگ ہونا، صفت: نَاکِف۔ نَکِفَ ــ نَکَفًا منه او عنه: پرناک بھوں چڑھانا، سے باز رہنا، بیزار ہونا۔ ـــ الرجُلُ: حلق کے درد سے جبڑے کی دو آگے کو نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا ـــ تِ الیدُ: ہاتھ میں درد ہونا۔ نَکِفَتِ الابلُ: اونٹوں کے جبڑوں کی ابھری ہوئی ہڈیاں ظاہر ہونا۔ انْتَکَفَ هُ: کو پاک کرنا۔ ـ اللّٰهَ: اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنا۔ اِنتَکَفَ الرجُلُ: بیزار ہونا۔ استَنکَفَ الرجُلُ: تکبر کرنا۔ ـ من کذا: سے تکبر اور کٹرپن کی وجہ سے باز رہنا۔ رجُلٌ نِکُفٌ: حقارت سے دیکھا جانے والا مرد۔ النَکَف (مص) واحد نَکَفة: جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ النَکَفَة: کان کا درد۔ النُکفتان و النکُفتَان جمع نکَفات: جبڑے کی دو آگے نکلی ہوئی ہڈیاں۔ النُکَاف (طِب): اونٹ کے حلق کا ایک مرض جس سے وہ جلد ہلاک ہو جاتا ہے۔ بچوں کی جبڑے کی جڑ میں کان کی لو کے قریب غدودوں کے بڑے ہو جانے کی بیماری عام لوگ اسے ابُو کُعَیب کہتے ہیں۔ المَنکُوف (مفع): نکاف کی بیماری والا۔

۲۔ نَکَفَ ـُ نُکُفًا فلانٌ الغیثَ: کسی سے بارش کا منقطع ہونا۔ هذا غیث لاینکفُهُ احدٌ: اس بارش کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ کب رکے گی۔ غیثٌ لایُنکَف: لگاتار بارش جیش اوبحر لایُنکَف: بے شمار فوج۔ بے پایاں سمندر۔ ـــ الدَمعَ: انگلی سے آنسو رخسار سے صاف کرنا۔ نَاکَفَ مُنَاکَفَةً هُ الکلامَ: کوترکی بترکی جواب دینا۔ تَنَاکَفُوا الکلام: آپس میں باری باری سے گفتگو کرنا۔ اِنتُکِفَ الغیثُ: سے بارش کا منقطع ہونا۔ ـــ القومُ: قوم کا ایک ملک سے دوسرے ملک میں نکل جانا۔ ـــ الیه: کی طرف مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ انتکفتُ له فضربتهُ: میں نے اس کی طرف جھک کر اس کو چوٹ لگائی۔ ـــ الحبلُ: رسی کا کھل جانا۔ ـــ العَرَق عن جبینه: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

○ نَکَفَ ـُ نُکُفًا هُ: کو روکنا، کی رفتار و ترقی روکنا۔ ـــ عن: کو حقارت کی نظر سے دیکھنا، توجہ کے لائق نہ سمجھنا، گھٹیا یا برا جاننا، حقیر سمجھنا، کو ٹھکرانا، پر لات مارنا، کو مسترد کرنا۔ لایُنکَف: بہت دلکش، ناقابل مزاحمت، بہت زور دار، لامحدود، بے حد، بے پایاں، اتھاہ۔ نَاکَفَ ہ هُ: کو سے پریشان کرنا، کو سے اذیت دینا، کو سے دق کرنا، کو سے ناک میں دم کر دینا، کو سے برہم کرنا، کو سے تکلیف دینا، کو کی زحمت دینا۔ استنکف: مغرور و متکبر ہونا۔ ـــ من عن: بمعنی نَکَفَ عن: یعنی کسی چیز کو حقارت کی نظر سے دیکھنا وغیرہ، سے بیزار ہونا، متنفر ہونا، سے سخت نفرت کرنا۔ استنکف هُ: سے بیزار ہونا، متنفر ہونا، سے سخت نفرت کرنا، کو حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ ـــ أن: کچھ کرنے سے باز رہنا، احتراز کرنا۔ نَکَفة: کان کے پاس کا غدود۔ نَکَفِی: کان کے پاس کا۔ التهابُ الغدة النکفیة: کان کے پاس کے غدود کا ورم، آماس، سوزش یا جلن۔ نُکَاف: گلے کا ایک مرض کنٹھ مالا، غدودوں کا ورم۔

نکل: ا۔ نَکَلَ ـِ نُکُولاً عن کذا او من کذا: سے پیچھے ہٹنا، رکنا، باز رہنا، کچھ کرنے سے بہت بزدلی کرنا، کہا جاتا ہے: نَکَلَ عَنِ العدُو وعن الیمین وعن الجواب: اس نے دشمن کے مقابلہ میں قسم یا جواب میں سخت بزدلی دکھائی۔ ـــ نُکلَةً بفلان: کو عبرت ناک سزا دینا۔ نَکِلَ ـــ نَکَلاً عن کذا و من کذا: سے پیچھے ہٹنا، باز رہنا یا کچھ کرنے میں سخت بزدلی دکھانا۔ ـــ نکلاً: سزا قبول کرنا۔ نَکَّلَ بِهِ: پر مصیبت نازل کرنا، کو عبرت ناک سزا دینا۔ ـــ هُ عن الشیء: کو سے باز رکھنا، یکسو کرنا۔ اَنکَلَ هُ عنه: کو سے ہٹانا، دور کرنا۔ النَاکِل (فا): کمزور بزدل۔ النُکل جمع انکَال ونُکُول: مضبوط بیڑی، لگام کا لوہا، مہار کہا جاتا ہے: فلانٌ نِکلُ شرٍّ: فلاں شریروں کا تازیانہ ہے۔ النِکَل: قوی مرد، ہمسروں پر غالب ہونے والا۔ مضبوط سدھایا ہوا گھوڑا، کہا جاتا ہے: فلانٌ نَکَلُ شرٍ: فلاں شخص شریروں کا تازیانہ ہے۔ النُکلَة: عبرتناک سزا، کہا جاتا ہے۔ رَمَاهُ بِنُکلَةٍ: اس نے اسے سخت سزا دی النکال: عبرت ناک سزا۔ تنبیہ۔ المَنکَل: عبرت ناک سزا۔ المِنکَل: سزا کا سامان۔

۲۔ النُکل ـ نکل (Nickel) ایک سفید دھات

ⓒ وَخَمَ یَوْخُمُ وَخَامَۃً: (ہوا، آب و ہوا کا) مضر صحت ہونا، ناخوشگوار، بھاری، اور ناقابل ہضم ہونا۔ وَخِمَ یَوْخَمُ وَخَماً: بدہضمی ہونا، بدہضمی میں مبتلا ہونا۔ اِتَّخَمَ: بدہضمی میں مبتلا ہونا۔ تَخَمَۃ جمع تُخُمات و تخم: پرخوری، پرخوری کے باعث گرانی، بدہضمی، گڑبڑ والا پیٹ۔ وَخَم: مضر صحت ہوا، گندگی، غلاظت۔ وُخِم: مضر صحت، ناخوش گوار، بھاری، ناقابل ہضم، گندہ، غلیظ، گھناؤنا۔ وَخِیم: مضر صحت، ناقابل ہضم، برا، بد، خطرناک، مہلک، مصیبت خیز، آفت خیز۔ وَخِیمُ العاقِبَۃ: برے انجام والا۔ وَخَامَۃ: مضر صحت ہونا، ناخوش گوار ہونا، بری خصلت۔ اَوْخَم: زیادہ مضر صحت، زیادہ خراب۔ مُسْتَوخَم: ناقابل ہضم، ناخوش گوار۔ مَجَازٌ مُسْتَوخَم: بےلطف یا بدذوق کنایہ، استعارہ، مجاز یا تشبیہ۔

وخن: تَوَخَّنَ ارادہ کرنا (اچھائی یا برائی کا)۔ الوَخْنَة فساد۔

وخی ۱۔ وَخَی یَخِی وَخْیاً الأمرَ کام کا قصد کرنا۔ ـــت الناقۃُ اونٹنی کا درمیانی چال چلنا۔ وَخَی وَخْیَہ اس نے اس کا قصد کیا۔ ما ادری این وَخَی میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔ وَخَّیَ الأمرَ کو ا کیلئے طلب کرنا۔ ـ ہُ للامر کو کسی کام کے لئے بھیجنا۔ تَوَخَّی تَوَخِّیاً و تَاخَّی تَاخِّیاً الامرَ کا قصد کرنا، کو طلب کرنا۔ اسْتَوْخَی القومَ سے خبر دریافت کرنا۔ الوَخْی (مص) جمع وُخِیّ و وِخِیّ: قصد، ارادہ، قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ الوَخْی و الوِخْیَۃ قصد، ارادہ۔

۲۔ وَاخَی مُوَاخَاۃً فلاناً سے بھائی چارہ کرنا (آخاہ کے مقابل کمزور لغت ہے)۔

○ وَخَی یَخِی وَخْیاً ہ کا ارادہ کرنا، کی غرض ہونا، کوئی کرنے کا ارادہ ہونا، کو کرنے کی غرض ہونا، کو پیش نظر رکھنا، کا مقصد یا نصب العین ہونا، کی آرزو کرنا، کا متمنی ہونا، پر تلا ہونا۔ وَخَّی (بمعنی وَخَی۔) ـ ہُ کی رہنمائی کرنا۔ تَوَخَّی ہ کا ارادہ کرنا، کو کرنے کا ارادہ کرنا، کو پیش نظر رکھنا، نصب العین ہونا، کی آرزو کرنا، کا متمنی ہونا، کے لئے جدوجہد کرنا، پر تلا ہونا، کا پکا ارادہ کئے ہوئے ہونا۔ تَوَخَّی طریقۃً: کسی طریقہ پر عمل کرنا، کو بااصول یا باقاعدہ طور پر کرتے رہنا۔ تَوَخَّی غایۃً: ذہن میں ایک مقصد رکھنا، کسی مقصد کو کرتے رہنا۔ وَخْی جمع وُخِیّ و وخی: ارادہ، مقصد، منصوبہ۔ تَوَخٍّ: مقصد، منصوبہ، منشا، مطلب، نیت مراد۔

ود: وَدَّ یَوَدُّ وَدًّا و وُدًّا و وِدًّا و وَدَادًا و وُدَادًا و وِدَادًا و وِدَادَۃً و مَوَدَّۃً و مَوِدَّۃً و مَوْدُودَۃً ہُ: سے محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے: وَدِدْتُ لو کان کذا و لو انك فَعَلْتَ کذا: میری تمنا ہے کہ ایسا ہوتا یا تم ایسا کرتے۔ اس جگہ ”لو“ موصول حرفی ہے۔ وَادَّ وِدَادًا و مُوَادَّۃً ہُ: کو دوست بنانا، کا دوست بننا۔ تَوَدَّدَہُ: کی دوستی چاہنا، کی دوستی حاصل کرنا۔ ـ الیہ: سے دوستی کرنا۔ تَوَادَّ الرجلان: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔ الوَدّ و الوُدّ و الوِدّ: محبت (کہا جاتا ہے: بِوُدِّی أن یکون کذا: میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو۔ بِوُدِّی افعل کذا: عام لوگ کہتے ہیں: میں ایسا کرنا چاہتا ہوں)۔ ـــ جمع اَوْداد و اَوُدّ و اَوِدّ: محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے: ھو وُدُّكَ و ھم اَوْدَادُكَ وہ تجھ کو چاہنے والا ہے وہ تجھے چاہنے والے ہیں۔ الوَدّ (بتثلیث الواو) اسم جمع کے طور پر بھی آتا ہے، محبین کے معنی میں۔ جیسے: قومٌ وَدٌّ (محبت کرنے والے لوگ)۔ الوَدُود بہت محبت کرنے والا، محبوب۔ آپ کہتے ہیں: ھو وَدُود و ھِیَ وَدُود۔ الوَدِید جمع اَوِدَّۃ و اَوِدَّاء محبت کرنے والا۔ الودید اسم جمع بھی آتا ہے بمعنی محبین۔ الأَوَدُّ جمع الأَوَدُّون اسم تفضیل۔ المِوَدّ: بہت محبت کرنے والا۔

○ وَدَّ (متکلم وَدِدْتُ)۔ وَدًّا و وُدًّا و وِدًّا و وَدَادًا و وُدَادًا و مَوَدَّۃً ہ/ہ: سے محبت کرنا، کو پسند کرنا، کا شائق ہونا۔ ـــ ہ/أن/لو/لو أن: میں چاہتا ہوں یا میری خواہش ہے کہ وہ (چیز وغیرہ) ہو۔ اَوَدُّ أن یفعلَ ذلك: میں چاہتا ہوں کہ وہ ایسا کرے۔ کما یوَدُّ: جیسا کہ وہ پسند کرتا ہے۔ وددتُ لو کان غنیا: میری تمنا ہے کہ وہ امیر ہوتا۔ وَدَّ نفسَہُ بعیدا عن: کسی کا خواہش کرنا کہ وہ سے بہت دور ہو جائے۔ وَادَّہُ: کو دوست بنانا، کا دوست بن جانا۔ تَوَدَّدَ ل/الی: سے محبت ظاہر کرنا، سے شفقت چاہ یا لگن کا مظاہرہ کرنا۔ ـــ الی کی ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کرنا، کی دوستی کا طالب ہونا، کی خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا۔ ـ ہ کو موہنا، لبھانا، رجھانا، گرویدہ کرنا، فریفتہ کرنا، کی محبت یا دوستی جیت لینا۔ تَوَادَّا ایک دوسرے سے محبت کرنا، ایک دوسرے کا دوست ہونا، ایک دوسرے کے ساتھ دوستانہ مراسم ہونا۔ وَدّ و وِدّ و وُدّ: محبت، شفقت، چاہ، لگن، پیار، دوستی، میل جول، ارتباط، خواہش، آرزو، تمنا۔ کان بِوِدِّنا لو: ہمیں خوشی ہوگی اگر۔ ـ جمع اَوْدَاد و اَوُدّ و اَوِدّ: محبت کرنے والا، پیارا، محب، محبت آمیز، شائق، عاشق، لگاؤ رکھنے والا، جاں نثار، وفادار، وفا شعار، وقفِ وفا۔ وَدِّی و وِدِّی و وُدِّی: دوستانہ۔ وَدَاد و وِدَاد و وُدَاد: محبت، دوستی۔ وَدَادِی: دوستانہ، دوست کا۔ وَدُود لطف و کرم سے مددگار، لگاؤ رکھنے والا، وفا شعار، دوستانہ۔ وَدِید: بمعنی وَدُود۔ مَوَدَّۃ: محبت، دوستی۔ توادّ: دوستانہ تعلقات، اچھے مراسم۔

ودأ: وَدَأَ یَدَأُ وَدْأً الشیءَ: کو ہموار کرنا، برابر کرنا۔ ـــ بالقوم: سے بدسلوکی کرنا۔ وَدِیءَ یَوْدَأُ وَدَأً: منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے: وَدِئَتِ الاخبارُ عنہ: خبریں اس سے منقطع ہوگئیں۔ وَدَّأَ تَوْدِیئًا و تَوْدِئَۃً علیہ الأرضَ: زمین کو کسی پر ہموار کرنا، کو دفن کرنا۔ ـ علیہ و بہ: کو ہلاک کرنا۔ ـ تہ الارضُ: زمین کا کسی کو چھپالینا۔ تَوَدَّأَ علیہ کو ہلاک کرنا۔ ـــت علیہ الارضُ: کے اوپر زمین کا گر کر اس طرح ہموار ہو جانا جیسے مردہ پر ہموار ہو جاتی ہے۔ ـــت علیہ و عنہ الأخبارُ: پر خبروں کا آنا بند ہو جانا۔ ـــ الرجلُ مرنا۔ ـــ فلانٌ علی مالِہ: مال لینا اور جمع کرنا۔ الوَدْأ (مص) ہلاکت۔ التَوْدِئۃ (مص) دفن (کرنا)۔ المُوَدَّأۃ: ہلاکت، بے آب ریگستان، میت کا گڑھا یا قبر۔

ودب: الوَدَب: زبوں حالی، بدحالی۔ ھو علی وَدَبٍ وہ بری حالت میں ہے۔

ودج: وَدَجَ یَدِجُ وَدْجًا و وَدَّجَ الدابۃَ جانور کی گردن کی رگ کاٹنا۔ ـ بین القوم قوم کے معاملات کی اصلاح کرنا اور شر و فساد دور کرنا۔ وَادَجَ مُوَادَجَۃً ہُ: سے صلح کرنا، نرمی و آشتی سے پیش آنا۔ الوَدَج جمع اَوْدَاج (ع ا): گردن کی رگ جو غصہ میں پھول جاتی ہے اور وہ رگ جو ذبح کے وقت کاٹی جاتی ہے، وسیلہ، سبب۔ کہا جاتا ہے: کان فلانٌ وَدَجِی الی کذا: فلاں شخص فلاں فلاں کے ساتھ میرا سبب اور وسیلہ تھا۔ الوَدَجان: دو بھائی۔ بِئسَ وَدَجا حربٍ ھُما: وہ دونوں جنگ کے دو برے بھائی ہیں۔ الوِدَاج (ع ا): غصہ کے وقت پھولنے والی گردن کی رگ۔ یہ دو ہیں۔

○ وَدَج جمع اَوْدَاج: رگ گردن۔ انتفخت اَوْدَاجُہ: اسکی گردن کی رگیں پھول گئیں یعنی وہ طیش میں آ گیا یہ اس معنی میں بھی آتا ہے: وہ بہت مغرور ہو گیا اس نے زبان درازی کی، اس نے تحکمانہ انداز اختیار کیا، وہ اینٹھ کر چلا۔ وِدَاج رگ گردن۔

ودر: وَدَرَ یَدِرُ وَدْرًا: مستی سے بیہوشی کے قریب پہنچ جانا۔ ـــ الشیءَ: کو ہٹانا، دور کرنا۔ آپ کہتے ہیں: دِرْ وَجْھَكَ عَنِّی: اپنا چہرہ مجھ سے ہٹاؤ اور دور کرو۔ وَدَّرَہُ: کو اکسا کر خطرہ میں ڈالنا۔ ـــ الرسولَ: پیغامبر بھیجنا۔ ـ الشیءَ: کو ہٹانا، دور کرنا۔ ـ المالَ: مال میں فضول خرچی کرنا۔ ـ الرجلَ: کو گمراہ کرنا۔ تَوَدَّرَ: فضول خرچ ہونا۔ ـــ فی الأمر: میں پڑنا، ملوث ہونا۔ ـ ہ کو ہلاکت میں ڈالنا۔

○ وَدَّرَہُ: کو خطرہ میں ڈالنا۔ ـــ ہ کو ضائع کرنا، برباد کرنا، اجاڑنا، اڑانا۔

ودس: ۱۔ وَدَسَ یَدِسُ وَدْسًا علی الشیءِ: سے پوشیدہ ہونا۔ ـ الیہ بِکلام: سے ادھوری بات کرنا۔ ـــ بالشیءِ: کو چھپانا۔ ـــ الرجلُ: جانا۔ ـــ المکانُ: جگہ کا نباتات سے ڈھکا ہونا، جگہ کا بہت نباتات

والا ہونا، ہریادل والا ہونا۔ وَدَّسَ الشیءُ: پوشیدہ ہونا۔ ــ المکانُ: جگہ کا ہریادل والا ہونا۔ ــ تِ الماشیۃُ: مویشی کا ہریالی چرنا۔ ــ الیہ بکلمۃ: کو کوئی بات پیش کرنا۔ اَوْدَسَتِ الارضُ: زمین کا اس قدر سبزہ اُگانا کہ زمین ڈھک جائے۔ تَوَدَّسَ المکانُ: جگہ کا ہریالی والا ہونا۔ الوَادِس والوِداس: زمین کی سطح کو ڈھکنے والی نباتات۔ الوَدَس: زمین کی سطح کو ڈھکنے والی نباتات، عیب۔ الوَدِیس: خشک نباتات۔ ارضٌ مودوسۃ: کم روئیدگی والی زمین۔

۲ الوَدِیس: پتلا شہد۔

ودص: وَدَصَ یَدِصُ وَدْصًا الیہ بکلام: سے ادھوری بات کہنا۔

ودع: وَدَعَ یَدَعُ وَدْعًا الشیءَ: کو چھوڑ دینا۔ ــ ہ مالاً عندہ: کے پاس مال ودیعت کے طور پر چھوڑنا۔ ــ الثوبَ بالثوب: کپڑے کو کپڑے سے محفوظ کرنا۔ ــ الشیءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی کا استعمال قلیل ہے)۔ ــ المسافرُ الناسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا۔ وَدَعَہُ: انہوں نے اس کے لئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس کے سفر کو آسان کرے اور عیش و آرام میں رکھے۔ وَدُعَ یَوْدُعُ وَدَاعَۃً الرجلُ: مطمئن ہونا صفت وَدِیع و وَادِع۔ وَدَّعَ الثوبَ فی صوان و نحوہ: کپڑوں کو الماری وغیرہ میں رکھ کر محفوظ کرنا۔ ــ المسافرُ القومَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا۔ ــ القومُ المسافرَ: لوگوں کا مسافر کو رخصت کرنا۔ ــ فلاناً: کو چھوڑنا۔ ــ الصبیَّ او الکلبَ: بچے یا کتے کی گردن میں کوڑی ڈالنا۔ ــ فرسَہُ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔ وَادَعَ مُوَادَعَۃً و وِدَاعًا ہ: سے دشمنی چھوڑ کر صلح کرنا۔ اسم الوِدَاع۔ اَوْدَعَ ہُ الشیءَ: کے پاس کوئی چیز امانت رکھنا۔ ــ ہُ السرَّ: سے بھید کہنا اور اس کو راز میں رکھنے کے لئے کہنا۔ ــ کتابَہُ کذا: خط میں ایسا لکھنا۔ ــ الکلامَ معنًی حسنًا: کلام میں عمدہ معنی کی تضمین کرنا۔ کہا جاتا ہے اَوْدَعْتُہُ مالاً: میں نے اس سے مال قبول کیا تاکہ وہ میرے پاس امانت رہے۔ تَوَدَّعَ الثوبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا۔ ــ فلاناً: کو اپنی حاجت میں مشغول کرنا۔ ــ القومُ: بعض کا بعض کو رخصت کرنا۔ تَوَادَعَ القومُ: لوگوں کا آپس میں صلح کرنا، ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔ اِتَّدَعَ: آرام کرنا، قرار پکڑنا، تن آسان ہونا۔ اِسْتَوْدَعَ فلاناً مالاً: کے پاس مال امانت کے طور پر رکھنا۔ الدَّعَۃ والتُّدْعَۃ و التُّدَعَۃ والتَّدَاعَۃ: سکون، راحت، عیش و آرام۔ المَوْدُوع (مص) جمع وُدُوع: قبر۔ والوَدَع واحد وَدْعۃ و وَدَعَۃ جمع وَدَعات: گھونگا، کوڑی۔ الوَدَاع: الوداع، مسافر کو رخصت کرنا، القلی (alkali)۔ الوَدَاعۃ (وَدُعَ کا مصدر): سکون، حلم، بردباری۔ الوَدِیع جمع وُدَعاء: چپ چاپ، پرسکون، مقبرہ، عہدنامہ۔ الوَدِیعۃ جمع وَدَائِع: امانت (کے طور پر رکھی ہوئی چیز)۔ ودیع کا مؤنث۔ المُسْتَوْدَع: حفاظت کی جگہ ع ۱): رحم مادر۔ المُوْدَع (مفع) من الخیل: پرسکون، آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔ المَوْدُوع: سکون، حلم، بردباری، وقار۔ المِیْدَع جمع مَوَادِع: کپڑے وغیرہ محفوظ رکھنے کی چیز، پرانا کپڑا۔ کلام مِیْدَع: رنج دہ گفتگو۔ المِیْدَعَۃ: کپڑے وغیرہ کا محفوظ رکھنے کی الماری یا اس قسم کی کوئی اور چیز پرانا کپڑا۔ المِیْدَاعَۃ: آرام پسند آدمی، کپڑے وغیرہ محفوظ رکھنے کی الماری وغیرہ۔

۲ الوَدْع جمع وُدُوع: نشانہ۔ الاَوْدَع (ح): جنگلی چوہا۔

ودع: وَدَعَ یَدَعُ وَدْعًا ہ: کو تہ نشین کرنا، رکھنا، کو پیوست کرنا، کو دھرنا (صرف اسم اور فعل جاری میں ہے) کو چھوڑنا، کو کرنے دینا، رکنا، چھوڑنا، سے باز رہنا۔ ہ الی: کو کچھ اور بننے کے لئے چھوڑ دینا، نہ کرنا، کو چھوڑ کر (دوسرے) کی طرف جانا۔ دَعْ عنک: رک جا، باز رہ۔ دَعْ عنک دَعْکَ مِن: اس کا تو ذکر ہی کیا۔ دَعْکَ مِن ھذا: اسے ختم کرو، کو کاٹ کر نکال دو، دور کرو۔ دَعْنا من ھذا: ہمیں چاہئے کہ اس کے بارے میں کچھ نہ کہیں، بس بس، اب خاموش رہیں۔ دَعْنا نذھب: آؤ چلیں۔ یَدَعُ مَحَلًّا: جگہ یا گنجائش چھوڑنا۔ وَدُعَ یَوْدُعُ وَدَاعَۃً: شریف ہونا، سلیم الطبع ہونا، بھلا مانس ہونا، معتدل یا نرم دل ہونا، مہربان حلیم یا شیریں ہونا، نرم مزاج ہونا، منکسر المزاج ہونا، صلح پسند ہونا، امن خواہ ہونا، صلح جو ہونا، امن پسند ہونا۔ وَدَّعَ ہ: کو چھوڑنے جانا، کی مشایعت کرنا، کو خدا حافظ کہنا، کو الوداع کہنا، سے رخصت ہونا۔ اَوْدَعَ ہ ہ/ہ: کو میں رکھنا۔ ہ ہ: کو میں حفاظت سے رکھنا، حفاظت کے لئے رکھنا۔ ہ ہ: کو کوئی چیز سپرد کرنا، کو کے پاس چھوڑنا، کو کوئی چیز حفاظت سے رکھنے کے لئے دینا۔ ہ ہ: کو کے سپرد کرنا، کو کی تحویل میں دینا۔ ہ ہ: کوئی چیز (بذریعہ ریل وغیرہ) بھیجنا۔ اَوْدَعَہُ السجنَ: کو جیل میں ڈالنا۔ اِسْتَوْدَعَ ہ ہ: [illegible] بھیجنا، کی تحویل میں کوئی چیز دینا۔ ہ ہ: کو کے پاس چھوڑنا۔ ہ ہ: کو کوئی چیز دینا حفاظت میں رکھنے کے لئے۔ ہ ہ: کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا۔ ہ: کو گودام میں رکھنا۔ استودعہُ اللّٰہَ: کو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دینا۔ استودعک اللّٰہ: الوداع، خدا حافظ۔ دَعۃ: معتدل مزاجی، نرم دلی، شرافت، شریف دلی، اطمینان، سکون، دلجمعی۔ وَدْع: رکھنا، جمع کرنا، امانت، تحویل، تہ نشینی۔ وَدْع و وَدَع: اسم جمع واحد ودعۃ: گھونگا، صدف، سیپی، خرمہرہ۔ وَدَاع: الوداع، فی امان اللہ، خدا حافظ، خدا حافظ کہنا، الوداع کہنا۔ الوَدَاع اور وداعاً: خدا حافظ، فی امان اللہ۔ وَدَاعَۃ: نرم دلی، شرافت، اعتدال، منکسر المزاجی، صلح پسندی، امن خواہی، صلح جوئی۔ وَدِیع: پرسکون، صلح پسند، صلح جو، امن خواہ، شریف دل، معتدل مزاج، منکسر المزاج، شیریں، نرم دل۔ وَدِیعَۃ جمع وَدَائِع: امانت (جو کسی پاس رکھی جائے) تحویل جمع کرائی ہوئی رقم، رقم جو بینک میں ایک مدت کے لئے رکھیں، تہ نشین مادہ۔ مِیدَعۃ: پیش بند (apron) (ڈاکٹر کا لبادہ)۔ تودیع: خدا حافظ، رخصت چاہنا، خدا حافظ کہنا۔ ایداع: رکھنا، بینک وغیرہ میں رکھی ہوئی رقم وغیرہ، جمع کرانا۔ بطاقۃ الایداع: رقم جمع کرانے کی سلپ یا سرٹیفکیٹ، گرفتاری کا وارنٹ۔ مَحْضَرُ الایداع: تحویل یا سپردگی کی دستاویز۔ استیداع: رکھنا، بھیجنا، جمع کرانا، تحویل، محفوظ سرمایہ، کسی اہلکار کو نصف تنخواہ پر رکھنا، اہلکار کی عارضی ریٹائرمنٹ میں منتقلی۔ فی الاستیداع: عارضی ریٹائرمنٹ پر، غیر وابستہ، نصف تنخواہ پر۔ مخزن الاستیداع: ڈپو۔ وَادِع: بھیجنے والا، جمع کرانے والا، حلفیہ اظہار دینے والا، تحریری شہادت دینے والا، کرایہ دار، کرایہ دار مہمان، شریف، صلح پسند، معتدل مزاج، صلح جو، پرسکون، معتدل، نیچا، گہرا۔ مُودِع: بھیجنے والا، کرایہ دار، کرایہ دار مہمان، جمع کرانے والا، شریف، معتدل مزاج، صلح جو، صلح پسند، معتدل، نیچا، گہرا۔ مُودَع: رکھا ہوا، بھیجا ہوا، جمع کرایا ہوا، جمع شدہ رقم۔ المُودَع لدیہ: محافظ، جسے مال بھیجا جائے، مرسل الیہ، وہ جگہ جہاں مال جمع کرایا جائے۔ مُستَوْدِع: بنک میں رقم جمع کرانے والا۔ مُستَوْدَع: رکھا ہوا، بھیجا ہوا، جمع کرایا ہوا، سٹور کیا ہوا، عارضی ریٹائرمنٹ پر، غیر وابستہ، نصف تنخواہ پر، ریزرو میں جمع مُستَوْدَعات: وہ جگہ جہاں مال جمع کرایا جائے، رکھنے کی محفوظ جگہ، سٹور ہاؤس، گودام، بڑی دوکان، ڈپو، ہوائی جہازوں

کے لئے چھپر (hangar) چیز دان، کنٹینر (container) ٹالا، خزانۂ آب۔ مُسْتَودَعُ التدریب. ٹریننگ سنٹر۔

ودف: ۱۔ وَدَفَ يَدِفُ وَدْفاً الشحمُ: چربی پگھلنا، بہنا۔ ـ الاناءُ: برتن کا ٹپکنا۔ ـ له العطاءَ: کو بخشش کم دینا۔ تَوَدَّفَ الخبرَ: خبر دریافت کرنا، تلاش کرنا۔ اِسْتَوْدَفَ الخبرَ: خبر تلاش کرنا، دریافت کرنا۔ ـ الشحمَ: چربی کو ٹپکانا۔ ـ اللبنَ: دودھ کو برتن میں ڈالنا۔ ـــ معروفَ فلان: کا احسان یا بھلائی مانگنا، بخشش مانگنا۔ الوَدَفَة: چربی۔

۲۔ تَوَدَّفَت الأوعالُ فوق الجبل: بارہ سنگوں کا پہاڑ کی چوٹی سے جھانکنا۔ اِسْتَوْدَفَ فِی الاناء: برتن کا سرا کھول کر اندر دیکھنا۔ ـــ النباتُ: مرغزار، سبزہ کا اونچا ہونا۔ الوَدْفَه والوَدِيفَة: سرسبز باغ۔ الوَدَفَة (ن): ایک قسم کی نباتات جسے نَصِیّ بھی کہا جاتا ہے۔

ودق: ۱۔ وَدَقَ يَدِقُ وَدْقاً و وُدُوقاً اليه: کے قریب ہونا۔ ـ بطنُهُ: پیٹ کا وسیع ہونا یا دست لگنا۔ ـ به: سے مانوس ہونا۔ ـــ تِ السماءُ: آسمان کا بارش برسانا۔ ـــ وَدْقاً المطرُ: بارش کا گرنا۔ ـــ وَدِقَ يَوْدَقُ وَدُقَ يَوْدُقُ وَدَقاً و وُدْقاً و وُدُوقاً و وِدَاقاً و وَدَقاناً ت ذاتُ الحافر: سم دار مادہ کا جفتی کی خواہش کرنا صفت: وَادِقٌ و وُدُوقٌ و وَدِيق اسم الوِداق۔ اَوْدَقَ ت السماءُ: آسمان کا بارش برسانا۔ الوَدْق (مص): بارش۔ الوَدِيقَة جمع وَدائِق: سبزہ زار، گرمی کی شدت۔ المَوْدِق: ہرنی وغیرہ کی کھڑے ہونے کی جگہ جہاں وہ درخت تک پہنچ سکے۔

۲۔ وَدُقَ يَيْدَقُ وَدَقَّات عينُهُ: کی آنکھ میں سرخ پھنسی ہونا۔ الوَدْقَة والوَدَقَة جمع وَدْق و وَدَق: آنکھ کے اندر کی سرخ پھنسی۔ عين وَدِقَةٌ: آنکھ جس کے اندر سرخ پھنسی ہو۔

۳۔ وَدَقَ يَدِقُ وَدْقاً و وُدُوقاً السيفُ: تلوار کا تیز ہونا۔

۴۔ المَوْدِق: گھمسان کی جنگ کا میدان، دو چیزوں کے درمیان روک، رکاوٹ۔

○ وَدِيقة: گھاس کا تختہ، سبزہ زار، مرغزار، لان۔

ودك: وَدِكَ يَوْدَكُ وَدَكاً: چربی دار اور موٹا ہونا۔ وَدَّكَ الثريدَ: ثرید میں چربی ڈالنا۔ الوَادِك و الوَدِك: موٹا، چربی دار۔ الدِكَةُ: چربی۔ الوَدَك: گوشت اور چربی کی چکناہٹ۔ رجُلٌ ذو وَدَكٍ: [illegible]۔ وَدَكُ المیتة: مردار کا پانی۔ الوَدَّاك: چربی فروش۔ دجاجةٌ وَدُوكٌ و دِيكٌ: موٹی مرغی۔ الوَدِيكَة: چربی ملا ہوا آٹا۔ ودیک کا مؤنث۔ دجاجةٌ وَدِيكَة: موٹی مرغی۔

۲۔ بناتُ اَوْدَك: مصائب۔

○ وَدَك: چربی۔ وَدِك و وَدُوك و وَدِيك و وادك: چربی دار، موٹا (صفت)۔

ودل: وَدَل يَدِلُ وَدْلاً السقاءَ: مشکیزے میں دودھ بلونا۔

ودن: ۱۔ وَدَن يَدِنُ وَدْناً الشيءَ: چیز کو چھوٹا کرنا، کم کرنا۔ کو کوٹنا۔ مودون: کوٹی ہوئی چیز۔ ـــه بالعصا: کو لاٹھی سے مارنا۔ ـــ ودنا و وَدِنَ يَوْدَنُ وَدَنَات المَرْأةُ: عورت کا کمزور جسم کے بچے جننا۔ وَدَّنَ الشيَ: کو چھوٹا کرنا، کم کرنا۔ اَوْدَنَ الشيءَ: چیز کو گھٹانا، چھوٹا کرنا، حقیر کرنا۔ ـــ ت المرأةُ: عورت کا کمزور جسم کے بچے جننا۔ المُوْدَن: کمزور بچہ۔ المُوَدَّن: چھوٹا، ناقص الخلقت۔ المَوْدُون م مَوْدُونَة: کمزور بچہ، کوتاہ گردن اور چھوٹے ہاتھوں والا، ناقص الخلقت، تنگ کندھوں والا۔

۲۔ وَدَنَ يَدِنُ وَدْناً و وِدَاناً الشيءَ: کو تر کرنا، بھگونا۔ ـ الجلدَ: چمڑے کو نرم کرنے کے لئے مٹی کے نیچے دبانا۔ وَدَّنَ الشيءَ: چیز کو تر کرنا، نرم کرنا۔ تَوَدَّنَ الجلدُ: چمڑے کا نرم ہونا۔ اِتَّدَنَ الجلدَ: کھال کو بھگونا۔ ـ الجلدُ: کھال کا بھیگنا۔ الأَوْدَن: نرم و ملائم۔ الوَدِين: بھگویا ہوا۔

وده: ۱۔ وَدَهَ يَدِهُ وَدْهاً فُلاناً عن الامر: کو سے ہٹانا، روکنا۔ أَوْدَهَ إِيداهاً بالإبل: اونٹوں کو ڈانٹنا۔ ـــ فلاناً عن كذا: کو سے باز رکھنا۔ اِسْتَوْدَهَ الخصمُ: دشمن کا مغلوب ہونا، مطیع ہونا۔ ـ تِ الابلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا۔ ـــ الرجُلَ: کو ذلیل جاننا۔ ـــ الأمرُ: کام کا درست ہونا۔

۲۔ الوَدْهاء من النساء: خوبصورت گوری عورت۔

ودی: ۱۔ وَدَى يَدِى وَدْياً و دِيَةً القاتِلُ القتيلَ: قاتل کا مقتول کے وارث کو خون بہا دینا۔ اِتَّدَى اِتِّداءً: خون بہا لینا، اپنے مقتول کا انتقام نہ لینا (اصل میں اوْتَدَى ہے)۔ اِسْتَوْدَى إِسْتِيداءً بحقه: کے حق کا اقرار کرنا۔ الدِيَة (مص) جمع دِيات: خونبہا۔ (اصل وَدْیٌ ت واو محذوف کے عوض ہے جیسے عِدَة میں)۔

۲۔ وَدَى يَدِى وَدْياً الشيءُ: بہنا۔ (وادی اس سے مشتق ہے کیونکہ اس میں پانی بہتا ہے۔ وَدَى کا امر کا صیغہ اس طرح پر ہے: دِيَا دُوا دِي دِيَا دِينَ۔) اَوْدَى إِيداءً: ہلاک ہونا صفت: مُودٍ۔ ـــ به الموتُ: موت کا کسی کو لیجانا۔ ـــ بالشيءِ: چیز کو لیجانا۔ الوَادِی (فا) جمع اَوْدِيَة و اَوَادِيَة و اَوْداء (عام لوگ اس کی جمع وِدْيَان استعمال کرتے ہیں): پہاڑوں یا ٹیلوں کے درمیان سیلاب بہنے کی جگہ، طریقہ، مذہب۔ کہا جاتا ہے: هما من وادٍ واحدٍ: یہ دونوں ایک ہی معنی یا لفظ سے ہیں۔ سال بهم الوادی: وہ ہلاک ہو گئے۔ أنتَ في وادٍ و نحنُ في واد: مقاصد میں اختلاف پر یہ جملہ بولا جاتا ہے۔ الوَدَى: ہلاکت۔ الوَدِيّ واحد وَدِيَّة (ز): کھجور کے چھوٹے پودے۔ المُودِی (ح): شیر۔ (درندہ)۔

۳۔ وَدَى يَدِى وَدْياً و دِيَةً الأمرَ: کو نزدیک کرنا۔

۴۔ التَودِيَة جمع التَوَادِی: پستہ قد آدمی، اونٹنی کے تھنوں پر باندھنے کی لکڑی۔

○ وَدَى يَدِى وَدْيَاه: کو مقتول کا خون بہا دینا۔ اَوْدَى: مرنا، ہلاک ہونا۔ ـــ ب: (موت کا) کو ہلاک کر دینا۔ ـــ ب: کو قتل کرنا، تباہ کرنا۔ اَوْدَى بحياتِه: کی زندگی تباہ کر دینا۔ اَوْدَى بصحته: کی صحت برباد کرنا، کی قوت ختم کر دینا۔ دِيَة جمع دِيَات: خون بہا، جسمانی نقصان کا ہرجانہ۔ وادٍ جمع اَوْدِيَة و وِدْيَان: وادی، دریائی وادی، دریا کا پیندا، گہری گھاٹی، تنگ گھاٹی، دریا (اخباری) کالم: اسال اودية من الحبر: روشنائی کافی مقدار میں گرانا۔ نحن في داد و انتم في واد: ہم مختلف کیمپوں سے تعلق رکھتے ہیں، ہمارے رمیان ایک گہری خلیج ہے، ہم مختلف دنیاؤں میں کھڑے ہیں۔ حَوَّمَ به الفكرُ في اَوْدِيَةٍ شتّى: اس کے خیالات اسے دور لے گئے، وہ کوئی اور بات سوچ رہا تھا، وہ خیالات میں کھویا ہوا تھا، پراگندہ دماغ تھا۔ ذهب صيحةً في واد: پکار کا رائیگاں جانا اور کسی کا نہ سننا۔ هَامَ في وِدْيان: وہ بدحواس تھا، وہ اپنے آپ میں نہ تھا، وہ بلند تر میدانوں میں تیر رہا تھا۔ في كلِّ وادٍ: ہر جگہ، ہر جانب۔ وادِی حَلْفا: (مصر کی سرحد پر شمالی سوڈان کا ایک شہر)۔

وذّ: وَذْوَذَ الرجُلُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے: مَرَّ الذئبُ يُوَذْوِذُ: بھیڑیا جلدی جلدی چلتے گزرا۔ رجُلٌ وَذْوَاذٌ: تیز چلنے والا امرد۔

وذا: وَذَأَ يَذَأُ وَذْأً فلاناً: کو ڈانٹنا، حقیر سمجھنا، پر عیب لگانا۔ ـــ ت العينُ عن الشيءِ: آنکھ کا چیز سے چندھیا جانا۔ اِتَّذَأَ: جھڑکی برداشت کرنا۔ الوَذْءُ (مص): ناپسندیدہ بات۔ الوَذَاة: عیب، علت۔

ودح: ا۔ وَذَحَ یَذِحُ وَذْحاً تیز چلنا۔ وَذِحَ یَوْذَحُ وَیَیْذَحُ وَذَحًا الرجُلُ: رانوں کے اندر کے حصوں کا جلا ہوا ہونا۔

۲۔ وَذِحَ یَوْذَحُ و یَیْذَحُ وَذَحاً تِ الشاةُ: بکری کا رانوں پر خشک گوبر یا مینگنی لگی ہوئی ہونا۔ الوَذَح واحد وَذَحة جمع وُذْح بکری یا بھیڑ کی اون میں لگا ہوا خشک شدہ پیشاب یا مینگنیاں۔ الأوْذَح لئیم، کمینہ۔

وذر ا۔ وَذَرَ یذِرُ وَذْراً ہ کو کاٹنا۔ ــــ الجرحَ: زخم کو چیرنا۔ ــــ وَذَّرَ تَوْذِیْراً الوَذْرَةَ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔ الوَذْرَة من اللحم جمع وَذْر و وَذَر: گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔ الوَذْرَتان: دو ہونٹ۔ الوَذِرَة: پر گوشت بازو، بدبو والی عورت یا موٹے ہونٹوں والی عورت۔ الوُذَارَة: درزی کے کٹے ہوئے کپڑا کا ٹکڑا یا کانٹ چھانٹ۔

۲۔ وَذَرَ یذِرُ وَذْراً الشیءَ: کو چھوڑنا (یہ معنی صرف مضارع و امر میں ہوں گے۔ آپ کہتے ہیں: ذَرْهُ: اسے چھوڑ دے یذرُہٗ وہ اسے چھوڑتا ہے یا چھوڑے گا۔ اگر ماضی مراد ہو تو کہا جائے گا تَرَكَ یا مصدر التَّرْك اور اسم الفاعل تارِك کہا جائے گا۔

وذع: وَذَعَ یَذَعُ وَذْعاً الماءُ: پانی بہنا۔ الوَاذِع (فا): چشمہ، چٹان پر بہنے والا پانی۔

وذف: وَذَفَ یَذِفُ وَذْفاً الشحمُ وغیرُہٗ: چربی وغیرہ کا بہنا۔ ــــ وُذُفاً و وَذَفاناً و وَذَفَ و تَوَذَّفَ: ناز و تکبر سے چلنا۔

وذل ا۔ تَوَذَّلَ القومُ من الجزّار: لوگوں کا قصائی سے گوشت کا ٹکڑا لینا۔ الوَذَالة: گوشت کا ٹکڑا جس کو قصاب تقسیم سے علیحدہ رکھ لے۔ الوَذِیلَة: کوہان یا دم کے گوشت کا ٹکڑا۔

۲۔ امرأةٌ وَذِلة و وَذَلَة: خوبصورت قد والی چست عورت۔ الوَذِیلَة جمع وَذِیل و وَذَائل: چاندی کا پالش کیا ہوا یا عام ٹکڑا، آئینہ۔ ــــ من النساء خوبصورت قد کی عورت۔

ودم وَذِمَ یَوْذَمُ وَذَماً تِ الدلوُ. ڈول کا تسمہ ٹوٹنا۔ صفت: وَذِمَة۔ ــــ الوَذَمُ نفسُہٗ: تسمہ ٹوٹنا۔ وَذَّمَ ہٗ: کو کاٹنا۔ ــــ الکلبَ: کتے کی گردن میں تسمہ یا پٹا باندھنا۔ ــــ الدلوَ: ڈول کا تسمہ بنانا۔ ــــ الیمینَ: قسم اپنے پر واجب کرنا۔ ــــ علی الخمیسن: پچاس سے عمر زیادہ ہونا۔ اَوْذَمَ الدلوَ: ڈول میں تسمہ باندھنا یا اس کے لئے تسمہ بنانا۔ ــــ النذرَ: اپنے پر نذر واجب کرنا۔ ــــ علی الخمیسن: پچاس سے زیادہ ہونا۔ الوَذَم (مص) جمع وُذُوم و اَوْذَام و اَوْذُم و جج اَوَاذِم: بیشی، زیادتی، منہ۔ ــــ واحد: وَذَمَة: ڈول کا تسمہ۔ الوَذَمَة جمع وِذَام: آنتیں، اوجھ۔ اِمراةٌ وَذْماء: بانجھ عورت۔ فرسٌ وَذْماء: بانجھ گھوڑی۔ الوَذِیمَة جمع وَذَائِم فی سبیل اللہ دیا جانے والا مال۔ وَذِیمةُ الکلب: کتے کی گردن کا پٹہ۔

وذن: تَوَذَّنَ تَوَذُّناً ہٗ: کو پھیر دینا، تبدیل کرنا۔ ــــ الشيءُ فلاناً: چیز کا کسی کو پسند آنا۔

وذی: وَذَى یَذِی وَذْیاً وجهَهٗ: کے چہرہ کو ناخنوں سے نوچنا، چھیلنا۔ الوَذَاة: ایذا پانے کا باعث۔ الوَذْیَة: ایک بار، درد، بیماری، عیب، تھوڑا پانی۔

ورّ: ا۔ الورّ (ع ا): سرین۔ الورَّة: زمین کا گڑھا، سرین۔

۲۔ وَرْوَرَ النظرَ: نظر تیز کرنا۔ ــــ فی الکلام: جلدی بولنا۔ الوَرْوَار (ح): شہد کی مکھیاں کھانے والا پرندہ۔ چھوٹی ٹانگوں کالی اور لمبی چونچ کا ایک پرندہ جس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے، رنگ زردی مائل جبکہ سارا بدن نیلگوں مائل ہوتا اور دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔ الوَرْوَرِیّ: کمزور نظر والا۔ المُوَرْوِر (فا): گانے والا، چہچہانے والا (پرندہ)۔

ورأ: وَرَأَ یَرَأُ وَیَوْرَأُ وَرْءًا الشیءَ: کو ہٹانا، دور کرنا۔ ــــ من الطعام: کھانے سے شکم سیر ہونا۔ کہا جاتا ہے: ما اُوْرِثْتُ و ما اُوْرِئْتُ و ما وُرِئْتُ به: میں نے اس کو نہیں جانا۔ تَوَرَّأَتْ عَلَیهِ الارضُ: پر زمین کا گر کر برابر ہو جانا۔ الوَرَاء: پوتا، چوڑی چپٹی ہڈیوں کا موٹا اور جسیم۔ وَرَاءُ الإنسان: انسان کے پیچھے، (کبھی) آگے۔ مذکر و مونث۔ تصغیر وُرَیِّئَة و وُرَیّ: (کہا جاتا ہے: هُوَ وُرَیِّئَةَ الحائط او وُرَیِّئَةً: وہ دیوار کے ذرا پیچھے (آگے) ہے)۔ سِوَى: کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے: ومن ابتغی وراءَ ذَلكَ: جو شخص اس کے سوا طلب کرے۔

ورب: ا۔ وَرِبَ یَوْرَبُ وَرَباً العِرقُ: خراب ہونا صفت: وَرِب۔ وَرَّبَ الشیءَ فَاوْرَبَ: چیز کو ترچھا کرنا، موڑنا، خم کرنا، پھر اس کا ترچھا ہو جانا، مڑ جانا اور خم ہو جانا (عام زبان میں)۔ وَرَّبَ عن الشیءِ: کے بارے میں معارضات سے توریہ کرنا۔ وَارَبَ وِرَاباً و مُوَارَبَةً الرجُلَ: کو فریب میں لانا، کو فریب دینا۔ الوَرْب جمع اَوْرَاب: جنگلی جانوروں کا بھٹ، چوہے یا بچھو وغیرہ کے بل کا منہ۔ الوَرَاب: کجی، موڑ۔

۲۔ الوُرْب جمع اَوْرَاب: یا دو انگلیوں کا درمیانی حصہ انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔ الوَرْب: عضو۔ الوَرْبَة: چوتڑ، کوکھ کا گڑھا۔

۲۔ وَرَّبَ عن: کے بارے میں گول یا پہلو دار بات کرنا، مبہم بات کہنا۔ وَارَبَ ہٗ: سے دو رخی سے کام لینا، دھوکا کرنا، کو جل دینا، ٹھگ لینا۔ وَرْب جمع اَوْرَاب: ترچھا پن، خم، کجی، جھکاؤ، خم دار طرف، ڈھلوان، قطر، وتر، وتری، زاویہ قائمہ سے منحرف۔ ــــ بالوَرْب: آڑے طریقے سے، ترچھے راستہ سے، آڑا آڑا ترچھا ترچھا، طعن و طنز سے، چوٹ دے کر، ترچھا، ٹیڑھا، آڑا، وتر کی شکل، زاویہ قائمہ سے منحرف، چوڑے رخ، قطع کرتا ہوا۔ وِرَاب: ترچھا پن، کجی، جھکاؤ۔ مُوَارَبَة: گول مول بات، ابہام، ہیر پھیر، لفظی ہیر پھیر، مبہم بات، ذو معنی لفظ یا جملہ۔ بدون مُوَارَبَةٍ یا فی غیر مُوَارَبَةٍ: واضح غیر مبہم طور پر یقینی طور پر۔ مَوْرُوب: ترچھا، جھکا ہوا، ڈھلوان، آڑا، منحرف از زاویہ قائمہ، وتری، قاطع، جزوی طور پر کھلا ہوا، نیم وا، نیم باز (دروازہ)۔ مُوَارَب: نیم وا، نیم باز (دروازہ)

ورث: ا۔ وَرِثَ یَرِثُ وِرْثاً وَ وَرْثاً و إرْثاً و إرْثَةً و رِثَةً و تُرَاثاً فلاناً: کا وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے: وَرِثَ المالَ و المجدَ عن فلان: اس کو فلاں سے مال اور شرافت ورثہ میں ملی۔ وَرَّثَ الرجُلَ مالاً: مال کو کی میراث قرار دینا۔ ــــ ہٗ من فلان: کے مال کو کے لئے ورثہ میں چھوڑنا، مال کو کسی شخص کو میراث کے طور پر دینا۔ کو فلاں کا وارث بنانا۔ ــــ الرجُلُ فلانا: کو اپنا وارث بنانا۔ اَوْرَثَ إیْرَاثاً ہٗ: کو وارث بنانا۔ ــــ فلاناً مالاً: مال کو فلاں کی میراث قرار دینا۔ مال کو کے لئے ورثہ میں چھوڑنا، کو مال میراث کے طور پر دینا۔ ــــ ہٗ السَقَمَ: کو بیماری میں مبتلا کرنا۔ ــــ ہٗ الشیءَ: کو کا وارث بنانا۔ ــــ ہٗ الحزنُ هَمّاً: غم کا کے لئے پریشانی کا باعث ہونا۔ ــــ المطرُ النباتَ نعمةً: بارش کا پودوں کے لئے باعث نعمت ہونا۔ ــــ ولَدَہٗ: اپنے بیٹے کو تنہا اپنا وارث بنانا۔ تَوَارَثَ القومُ: ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ ــــ القومُ المالَ او المجدَ: بعض کا بعض سے مال یا شرافت کا وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے: تَوَارَثُوا المجدَ کابراً عن کابِرٍ: انہوں نے اپنے باپ دادوں سے شرافت پائی ــــ المجدُ متوارث بینهم: شرافت انہیں ورثے میں ملی ہے۔ هم فی ارث مجد: وہ شرافت کے وارث ہیں۔ تَوَارَثَتْنِی الحوادثُ: حوادث مجھ پر پے در پے آ گئے۔ الوَارِث جمع

وَرَثَة و وُرَّاث (فا): وارث الارث والوِرث و الوِرَاثَة و التُراث (مصادر): میت کا ترکہ۔ المَوْرُوث (مفع) میراث چھوڑنے والا، ورثہ میں حاصل کیا ہوا مال المیراث جمع مواریث: میت کا ترکہ۔

۲ وَرَّثَ النار: آگ بھڑکانے کے لئے ہلانا۔

۳ الوَرْث تازہ چیز۔

وَرِثَ یَرِثُ وِرْثًا و اِرْثًا و اِرْثَةً و وِرَاثَةً و رِثَةً و رِاثًا ہ: کا وارث ہونا۔ ہ امن/عن/ہ: کو سے ورثہ میں پانا وَرَّثَ ہ: کو وارث مقرر کرنا۔ ہ ہ: کو کوئی چیز وصیت کے ذریعے منتقل کرنا، کے لئے کوئی چیز چھوڑنا، کے لئے کوئی چیز ورثے میں چھوڑنا، کے لئے کوئی ترکہ چھوڑنا، کو کوئی چیز امیراث کے طور پر دینا، کے حوالے کوئی چیز کرنا اَوْرَثَ بمعنی وَرَّثَ۔ نیز اَوْرَثَ ہ ہ: کے لئے کا سبب ہونا تَوَارَثَ ہ: کا وارث ہونا، کو بطور وراثت رکھنا اِرْث: ورثہ پانا، ورثہ، ترکہ، میراث، (موروثی) جائداد وِرْث: ورثہ پانا، ترکہ، ورثہ، میراث وِرَاثَة: ورثہ پانا، ورثہ، ترکہ، میراث۔ وراثتًا منتقل ہوسکنا، موروثی، جدی، انتقال، موروثیت وِرَاثِی موروثی، جدی الامراض وِرَاثِیَّة: موروثی بیماریاں وَرِیث جمع وُرَثَاء: وارث تُرَاث: ورثہ پانا، ورثہ، ترکہ، میراث مِیرَاث: ترکہ، ورثہ، میراث، موروثی جائداد تَوَارُث: موروثی انتقال، توارث وَارِث جمع وَرَثَة و وُرَّاث: وارث مَوْرُوث: ورثہ میں پایا ہوا، روایتی، وراثتی، خاندانی، موروثی مُوَرِّث و مُوْرِث: موصی، وصیت چھوڑنے والا، وصیت کرنے والا، وصیت کنندہ مُتَوَارَث: ورثہ میں پایا ہوا، خاندانی خصوصیات کا حامل۔

ورخ: وَرِخَ یَوْرَخُ وَرَخًا العجینُ: گندھے ہوئے آٹے کا پتلا ہونا اَوْرَخَ العجینَ: گندھے ہوئے آٹے کو پتلا کرنا تَوَرَّخَ تَوَرُّخًا العجینُ: گندھے ہوئے آٹے کا پتلا ہونا۔ واستَوْرَخَ اِستیراخًا الارضُ: زمین کا تر ہونا مکانٌ وَرِخٌ: گھنی گھاس والی جگہ الوَرِیخَة جمع وَرَائِخ: تر زمین، گیلی زمین، پتلا گندھا ہوا آٹا وَرَّخَ الکتابَ: خط پر تاریخ لکھنا۔ دیکھو مادہ "ارخ"۔

ورد: وَرَدَ یَرِدُ وُرُودًا الماءَ: پانی پر آنا یا پہنچنا۔ صفت وَارِد۔ ـ الماءَ وغیرہ: پانی وغیرہ پر پہنچنا، کے قریب جانا اسم الوِرْد۔ ـ الرجلُ حاضر ہونا۔ ـ ب الحُمّیٰ: بخار کا باری سے آنا وَرَدتُ البلدَ: میں شہر میں وارد ہوا وَرَدَ علیّ کتابٌ: میرے پاس خط آیا وُرِدَ الرجلُ: کو بخار آنا ـ علیه بفلان: کے پاس کسی کو لایا جانا وَارَدَ مُوَارَدَةً الرجلَ: کے پاس آنا ـ الشاعرُ الشاعرَ: دوسرے شاعر کی نظم سے ملتی جلتی نظم بغیر اس کو دیکھے یا سننے کے کہنا اَوْرَدَ اِیرادًا ہُ: کو گھاٹ پر لانا، کو پیش کرنا، کو لانا اِیرادُ الضائع: مال کی درآمد، اس کے برعکس: برآمد کو اِصدار کیا جاتا ہے۔ ہُ الماءَ: کو پانی پر لانا اَوْرَدَ الکلامَ: کی تصریح کرنا ـ الشیءَ: کا ذکر کرنا۔ علیه الخبرَ: سے خبر بیان کرنا تَوَرَّدَ: پانی پر آنے کو کہنا۔ الماءَ: پانی پر آنا ـ الخیلُ البلدةَ: شہر میں چھوٹے دستوں میں داخل ہونا تَوَارَدَ القومُ اِلی المکان: کسی جگہ ایک ایک کر کے حاضر ہونا۔ القومُ الماءَ: پانی پر اکٹھے پہنچنا۔ الشاعِران: دو شاعروں کا بغیر لئے یا سنے ہوئے لفظ و معنی میں اتفاق کرنا اِستَوْرَدَ الماءَ: پانی پر آنا ـ ہُ: کو گھاٹ پر لانا ـ الضلالةَ: گمراہی میں مبتلا ہونا ـ فلانًا الضلالةَ: کو گمراہی میں مبتلا کرنا ـ البضائع (ن): مال کو دوسرے ملکوں سے درآمد کرنا الوَارِد: دلیر، بہادر، جری، راستہ، لمبے لٹکے ہوئے بال وغیرہ۔ فلانٌ وارِدُ الأرنبة: فلاں لمبی ناک والا ہے، ہر لمبی چیز کو وارد کہتے ہیں ـ جمع وَارِدُون و وُرَّاد و وُرُود و وارِدَة (فا): پانی پر آنے والا، آنے والا، پہنچنے والا الوَارِدَة: الوارد کا مونث: راستہ، پگڈنڈی، پانی پر آنے والے لوگ الوَارِدَات: کشمش وغیرہ۔ (اس کے برعکس الصادرات) الوَرْد جمع وُرُود و وِراد و اَوْرَاد (ح): شیر، بہادر، دلیر، جری۔ الوِرْد: پیاس، پانی کا حصہ، لایا ہوا پانی، پانی پر آنے والے اونٹ یا لوگ، لشکر، پرندوں کا جھنڈ۔ جمع اَوْرَاد: بخار، پانی وغیرہ پر آنا، قرآن حکیم کا وہ حصہ جو ورد کے طور پر ہر رات پڑھا جائے المَوْرُود: تیز چلنے والا اونٹ الوَرِید جمع اَوْرِدَة و وُرُد و وُرُود (ع ا): گردن کی رگ، اس کو حبل الورید بھی کہتے ہیں رجلٌ منتفخ الوَرِید: غضبناک بدخلق آدمی المَوْرِد جمع مَوَارِد: گھاٹ، پانی کی طرف جانے کا راستہ المَوْرِدَة: پانی کی جگہ، پانی کی طرف جانے کا راستہ، جائے ہلاکت۔

۲ وَرَدَ یَرِدُ وُرُودًا الشجرةُ: درخت کا پھول نکالنا وَرُدَ یَوْرُدُ وُرُودَةً و اِیرادًا الفرسُ: گھوڑے کا زردی مائل سرخ ہونا وَرَّدَ الشجرُ: درخت کا پھول نکالنا۔ ـ تِ المرأةُ: عورت کا اپنے رخساروں کو سرخ کرنا۔ ـ الثوبَ: کپڑے کو گلابی رنگنا تَوَرَّدَ الخدُّ: رخسار کا سرخ ہونا الوَرْد جمع وُرُود و وِراد و اَوْرَاد (ن): زعفران ـ من الخیل: زردی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔ واحد وَرْدَة جمع وَرُود: درخت کی کلی (ن): گلاب کا پودا وَرْدُ ذَفْراء (ن): ایک قسم کا پودا المُوَرَّدَة: گھوڑے کا سرخ رنگ الوَرْدِی م وَرْدِیَّة: گلابی رنگ کا الوَرْدِیَّة (ن): ایک قسم کا پھولدار پودا۔ عند الکاثولیک: ہر مہینے کے پہلے اتوار کو حضرت مریم کی خدمت میں پیش کی جانے والی عبادت الوَرْدِیَّات: گلاب سیب، خوبانی، بہی وغیرہ کے نباتات، پودوں اور درختوں پر مشتمل ایک قسم بنتُ وَرْدَانَ جمع بناتُ وردانَ (ح): ایک قسم کا بدبودار کیڑا المُوَرَّد (مفع): گلابی، سرخ۔ کہا جاتا ہے رجع مُوَرَّدَ القذال: وہ گدی پر تھپڑ کھا کر لوٹا۔ جو طمانچوں سے سرخ ہو گئی تھی۔

۳ الوِرْدِیان: حارس، چوکیدار۔

وَرَدَ یَرِدُ وُرُودًا: آنا، پہنچنا، ظاہر ہونا، پایا جانا۔ ـ فی: (کتاب، خط وغیرہ میں) کہا جانا، مذکور ہونا۔ ـ اِلی/ہ: (کسی جگہ) پہنچنا، آنا ـ علی: (خط، روپیہ پیسہ وغیرہ) کو ملنا؛ کے ہاتھ آنا وَرَّدَ ہ ب: کسی چیز کو کسی چیز یا شخص کے پاس پہنچانا ـ ہ: کو درآمد کرنا ـ ہ ب: کوئی چیز کسی کو مہیا کرنا، فراہم کرنا، کو کھلانا، کو میں جمع کرانا، کو میں ادا کرنا اَوْرَدَ ہ/ہ: کو بنانا، رکھنا۔ ہ/علی: کے پاس آنا۔ ہ/ہ علی/الی: کو کے پاس لانا، لیجانا۔ ہ الی: کو کسی جگہ منتقل کرنا۔ ہ: کو درآمد کرنا۔ ہ: کو جمع کرانا، ادا کرنا ـ ہ: کو پیش کرنا، کو فراہم کرنا، مہیا کرنا۔ ہ: کا ذکر کرنا، کو بیان کرنا، کی تربیت کرنا، کا حوالہ دینا ـ ہ ب: اپنی گفتگو میں بات کاٹنا، قطع کلام کرنا، کا تعارف کرانا، کا اتفاقیہ ذکر کرنا، کی طرف اشارہ کرنا تَوَارَدَ: لگاتار آنا، پہنچنا، یکے بعد دیگر آنا، ایک دوسرے کے بعد آنا، مسلسل ہونا، پے در پے ہونا، متواتر ہونا، (خبروں مراسلوں وغیرہ) کا آنا (خیالات وغیرہ کا) منطبق ہونا، ٹھیک بیٹھنا، اتفاقًا یکساں، وہی، ہو بہو، بالکل ویسا یا ویسا ہی ہونا۔ اِستَوْرَدَ ہ من: کی طرف سے فراہم کردہ چیز رکھنا، کو سے خریدنا، لینا، کو سے درآمد کرنا وِرْد: پانی لینے کی جگہ، جانوروں کا پانی پر آنا۔ جمع اَوْرَاد: (پنجگانہ نماز کے علاوہ) دن یا رات مخصوص وقت جو ذاتی

عبادت کے لئے وقف ہو۔ الوِردُ الذی طالما
التسبیح بہ یا الورد الذی یُتلٰی فی الغُدُوِّ و
الآصال: ہمیشہ وہی پرانا قصہ۔ بنتُ وردانَ جمع
بنات وَرْدان: کوکروچ، تل چٹا۔ وَرِید جمع
اَوْرِدَة و وُرُد و وُرُود: رگ، رگِ گردن، حبل
الوَرِید: رگِ گردن۔ وُرُود: آنا، پہنچنا، آمد، ظہور۔
مَوْرِد جمع مَوَارِد: آنے یا پہنچنے کی جگہ، منزل
مقصود، پانی تک رسائی، پانی پینے پلانے کی جگہ، چشمہ،
کنواں، ذریعہ، جس سے رجوع کیا جائے، مصلحت،
چارہ کار، ابتداء کی جگہ، اصل مقام، آمدنی کا ذریعہ،
آمدنی، سپلائی، درآمد۔ موارِدُ الدولة: حکومت کے
مالیہ محاصل۔ موارِدُ الزیت: تیل کے کنویں۔
موارِدُ المعیشة: فوڈ سپلائی لائنز (food suply
lines)۔ مَوْرِدَة: پانی پینے یا پلانے کی جگہ، اترنے
کی جگہ، گھاٹ، جہازوں سے مال اتارنے چڑھانے
کا گھاٹ، لکڑی یا پتھر کا ساحلی چبوترہ، مال گودی۔
تَوْرِید جمع توریدات: فراہم کرنا، بہم رسانی،
خوراک، درآمد کرنا، درآمد، سپلائی، دانہ، گھاس، چارہ،
دودھ، راتب خوراک۔ توریدُ البضائع: سامان کی
بہم رسانی۔ اِیْرَاد: حجت، دلیل، نظیر کا اظہار، حتمی
بیان۔ اِدّعاء پیش کرنا، ذکر کرنا، حوالہ دینا، حوالہ،
اقتباس، قول۔ جمع اِیْرادات: درآمد کرنا، درآمد، بہم
رسانی، مالیہ، آمدنی، منافع، نفع، محاصل، وصولی،
پیداوار۔ تَوَارُد: پے درپے آمد، خیالات کی اتفاقیہ
یکسانیت یا کامل مطابقت۔ اِسْتِیراد: درآمد کرنا،
درآمد، درآمدات۔ وارِد جمع وُرَّاد: آنے والا،
پہنچنے والا، پایا ہوا، مذکور، نووارد، آمد۔ جمع وارِدات:
درآمدات وصولیاں، منافع آمدنی۔ واردات و
صادرات: درآمدات و برآمدات۔ مُوَرِّد: بہم رساں،
ٹھیکیدار۔ مُسْتَوْرِد: درآمد کنندہ۔ مُسْتَوْرَدات:
درآمد شدہ چیزیں، سامان، درآمدات۔ وَرَّدَ: درخت
کا پھولنا، پھلنا، بہار پر آنا، شگوفوں سے بھرنا، پھولوں
سے لدنا۔ ۔۔ ہ: پر سرخی لگانا، گلگونہ لگانا، کا بناؤ سنگار
کرنا، کو سرخ رنگنا۔ تَوَرَّدَ: سرخ ہونا یا ہو جانا، گلابی
رنگ کا ہونا، (رخسار کا) سرخ ہو جانا، رخسار پر سرخی
دوڑ جانا، رخسار کا تمتمانا۔ تَوَارَدَ: بمعنی تَوَرَّدَ۔
وَرْد (اسم جمع واحد وَرْدَة) جمع وُرُود: گلاب کا
پھول، شگوفے، پھول، کلی، لال سرخی، گال کی سرخی۔
وَرْدَة: گلاب (کا پھول)، سجاوٹی گلاب، طرّہ، گلاب
کی جھاڑی، واشل، پسٹن کا باندھنے کا چھلا۔ وَرْدِی:
گلابی، گلابی رنگ کا۔ وَرْدِیَة: تختہ گل، گلستان۔

وُرْدَة: سرخی مائل رنگ۔ مُوَرَّد: گلابی، سرخ۔ مُوَرِّد:
گلابی۔

ورس: وَرَسَ۔ وُرُوساً النبتُ: نباتات کا سبز ہونا۔
وَرِسَ یَوْرَسُ وَرَساً الصخرُ: چٹان کا کائی سے
ہری اور پھسلن والی ہونا۔ وَرَّسَ الثوبَ: کپڑے کو
ورس میں رنگنا۔ اَوْرَسَ الشجرُ: درخت کا پتوں والا
ہونا۔ ۔۔ المکانُ: جگہ کا ورس والی ہونا۔ الوارِسُ
من الثیاب: سرخ کپڑا۔ وارِسُ الحُمرة: سخت
سرخ۔ الوَرْس (ن): ایک قسم کی گھاس جو رنگائی کے
کام آتی ہے۔ اور اس سے زعفران بنائی جاتی ہے۔
الوَرِس من الثیاب: سرخ کپڑا۔ الوَرْسِی و
الوَرِیس و المُوَرَّس: ورس سے رنگا ہوا۔
جبالُ الاوراس: مشرقی الجیریا میں اوراس پہاڑ۔
ورش: وَرَشَ یَرِشُ وَرْشاً و وُرُوشاً: لالچ کرنا اور
رذیل کاموں کے پیچھے لگنا۔ ۔۔ شیئاً من الطعام:
کوئی کھانا حرص سے کھانا۔ ۔۔ ہُ بفلان: کو کے
ذریعے بھڑکانا۔ ۔۔ علی القوم: بغیر بلائے کھانے
والوں کے پاس پہنچنا۔ کہا جاتا ہے: تَرِشُ علیّ:
میری بات نہ کاٹو۔ وَرَّشَ تَوْرِیشاً بین القوم:
لوگوں کو بھڑکانا۔ اَرَّشَ تاریشاً بھی کہا جاتا ہے۔
الوَرْش (مص): دودھ سے تیار کیا ہوا کھانا۔ الوَرَش:
پیٹ کا درد۔ الوَرْشَة (ب): ورکشاپ۔ الوَرَشان
م وَرَشانة جمع وِرْشان و وَراشین (ح):
قمری۔

۲وَرِشَ یَوْرَشُ وَرَشاً: چست چالاک اور خوش طبع ہونا
صفت وَرِش م وَرِشة جمع وَرِشات۔ ولدٌ
وَرِش: نچلا نہ بیٹھنے والا لڑکا (عام زبان میں)۔
وَرَشَ یَرِشُ وَرْشاً علی: کے منصوبوں میں مداخلت
کرنا، اپنے آپ کو کسی پر ٹھونسنا۔ وَرَّشَ: امن خراب
کرنا، تباہ کرنا، مصیبت کھڑی کرنا۔ وَرِش: خوش طبع،
چست، پھرتیلا، ہر وقت کام میں لگا رہنے والا، بے
تاب، بے قرار۔ وارِش: سر پر سوار ہونے والا، خواہ
مخواہ دخل دینے والا، ناخواندہ مہمان، طفیلی۔ وُرْشَة
جمع وُرُشات و وِرَش: ورکشاپ۔ وُرْشة الاصلاح:
سروس اسٹیشن۔ وُرْشة غسیل: دھوبی گھاٹ۔
ورص: وَرَصَ یَرِصُ وَرْصاً و وَرَّصَ و اَوْرَصَتِ
الدجاجةُ: مرغی کا انڈے دینا۔ المَوْرِص جمع
مَوَارِص: پائخانہ۔
ورض: وَرَّضَ: چراگاہ تلاش کرنا۔
ورط: وَرَّطَ ہُ: کو مشکل میں ڈالنا، ایسی پریشانی میں ڈالنا
جس [illegible] فی [illegible] الاخری
اپنے اونٹوں کو دوسرے اونٹوں میں چھپانا۔ وَارَطَ
وِراطاً و مُوَارَطَةً ہُ: کو دھوکا دینا۔ اَوْرَطَ ہُ: کو
مشکل میں ڈالنا۔ ۔۔ الشیءَ: کو چھپانا۔ تَوَرَّطَت
الماشیةُ: مویشی کا کیچڑ والی زمین یا کسی جگہ میں پھنسنا۔
۔۔ الرجُلُ: مشکل یا پریشانی میں پھنسنا یا پڑنا، ہلاک
ہونا۔ اِسْتَوْرَطَ: ہلاک ہونا۔ ۔۔ فی امرٍ: ناقابل
خلاصی مشکل میں پھنسنا۔ کہا جاتا ہے: اِسْتَوْرَطَ فی
حبالتی: وہ میرے جال میں پھنس گیا۔ الوَرْطَة
جمع وَرَطات و وِراط: کیچڑ، سخت کیچڑ، بے
راستہ پست زمین یا میدان، کنواں، تنگ گڑھا، ہلاکت،
ہر مشکل کام جس سے خلاصی مشکل ہو۔ الوِراط: دھوکہ،
فریب۔

۲الوَرْطَة جمع وَرَطات و وِراط: دُبُر۔
وَرَّطَ و اَوْرَطَ ہ فی: کو (مشکلات) میں الجھانا،
پھنسانا، مبتلا کرنا، کو ناگوار صورت حال میں ڈالنا، کو بری
پریشانی میں مبتلا کرنا۔ تَوَرَّطَ: مشکلات میں پھنسنا،
مصیبت میں پڑنا۔ ۔۔ فی: میں پھنسنا، الجھنا، مبتلا
ہونا۔ اِسْتَوْرَطَ فی: میں الجھ جانا، پھنسنا، مبتلا ہونا۔
وَرْطَة جمع وَرَطات و وِراط: مشکل یا تشویش
ناک صورت حال، مشکل، پریشانی، دہری مشکل، برا
حال، بری حالت، ناگوار صورت حال، خطرناک
صورت، تکلیف دہ حالت، مشکل، پریشانی، بند ہونا، گڑ
بڑ، بری پریشانی، الجھاؤ۔ تَوَرَّطَ فی: میں الجھنا،
پھنسنا۔ مَوْرُوط: بری حالت میں، بری پریشانی میں،
بری مشکل، او بری مشکل میں، خطرناک صورت میں۔
مُوَرَّط: بمعنی مَوْرُوط۔

ورع: وَرِعَ یَرِعُ وَرَعاً و وَرْعاً و وَرُوعاً و
وُرُوعاً: گناہ سے دور رہنا، شبہات اور گناہوں سے
باز رہنا۔ صفت وَرِع۔ ۔۔ وَرُعَةً و وَرَاعَةً و
وُرْعَةً و وَرَاعاً و وُرُوعاً و وُرْعاً و وُرُعاً: کمزور
ہونا، بزدل ہونا، حقیر ہونا۔ وَرِعَ یَرِعُ وَرَاعَةً عن
کذا: سے رکنا، باز رہنا۔ ۔۔ یَرِعُ و یَوْرَعُ وَرَعاً
و وَرْعاً و وَرُوعاً و وُرُوعاً: گناہ سے دور ہونا،
شبہات اور معاصی سے رکنا۔ صفت وَرِع۔ وَرُعَ
یَوْرُعُ وَرُعَةً و وَرَاعَةً و وُرْعَةً و وَرَاعاً و
وُرُوعاً و وُرْعاً و وُرُعاً: کمزور ہونا، بزدل ہونا،
حقیر ہونا۔ وَرَعاً و وَرْعاً و وَرُوعاً و وُرُوعاً:
گناہ سے دور ہونا، شبہات و معاصی سے رکنا، باز
رہنا۔ صفت وَرِع۔ وَرَاعَةً و وُرْعاً و وُرُوعاً:
معمولی مال والا ہونا۔ وَرَّعَ الفرسَ: گھوڑے کو لگام
سے روکنا۔ ۔۔ الإبلَ عن الماء: اونٹوں کو پانی پر

سے واپس لانا۔ — و اَوْرَعَ فلاناً عن کذا: کو سے روکنا۔ — بینھما: کے مابین آڑ بننا۔ کہا جاتا ہے: ما وَرَّعَ ان فعل کذا و کذا: اس نے اس بات کو نہیں جھٹلایا کہ اس نے ایسا ویسا کیا۔ تَوَرَّعَ من او عن کذا: سے بچنا۔ الرِعَۃ و الرِیْعَۃ: معاصی و شبہات سے اجتناب، پرہیز۔ الوَرَع (مص): معاصی اور شبہات سے پرہیز۔ — جمع اَوْراع: تقوی، پرہیزگاری۔ رجُلٌ وَرَعٌ: بزدل کمزور جس کے پاس کوئی قابلیت نہ ہو۔ الوَرِع: پرہیزگار۔ الوَرِیع: روکنے والا۔

۲۔ وَارَعَ مُوَارَعۃً: سے بات چیت کرنا، مشورہ کرنا۔

۳۔ الرِعَۃ حالت۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ حسنُ الرِعَۃ او سیءُ الرعۃ. فلاں شخص اچھی یا بری حالت میں ہے۔

⊖ وَرِعَ یَرِعُ وَرَعاً و وَرْع وَرَاعَۃً: دین دار، خدا ترس، پارسا یا متقی ہونا۔ تَوَرَّعَ عن: سے رکنا، کے بارے میں محتاط ہونا، ہچکچانا، تذبذب میں پڑنا، متامل ہونا، تامل کرنا۔ — من/عن سے باز رہنا، احتراز کرنا، پرہیز کرنا، اجتناب کرنا، محترز رہنا۔ وَرَع: خدا ترسی، پارسائی، تقوی، زہد و اتقا، احتیاط، چوکسی، بزدلی، شرم، حیا، ضبط، کم آمیزی۔ وَرِع: خدا ترس، پارسا، متقی، پرہیزگار، دیندار، محتاط، کم آمیز، کم گو۔

ورف: ا۔ وَرَفَ یَرِفُ وَرْفاً و وَرِیفاً و وُرُوفاً و رِفَۃً الظلّ: سایہ کا دراز و فراخ ہونا۔ — النباتُ: نباتات کا سرسبز و شاداب ہونا اور لہلہانا صفت: وَارِف۔ وَرَّفَ النباتَ الناضرَ: تر نباتات کو چوسنا۔ — و اَوْرَفَ الظلُّ: سایہ کا دراز و فراخ ہونا۔ الرِفَۃ (مص): سرسبز نباتات۔ الرُفَۃ: بھوسہ۔ الوَرْف (مص): جگر کے پتلے کنارے۔ وَرْفُ الشجرِ و وَرَفُہٗ: درخت کا لہلہانا، درخت کی خوشنمائی۔

۲۔ وَرَّفَ الارضَ: زمین کو تقسیم کرنا۔

⊖ وَرَفَ یَرِفُ وَرْفاً و وَرِیفاً و وُرُوفاً: (سایہ کا) پھیلنا، لمبا ہونا، (پودے کی) کونپل پھوٹنا، پودے کا سبز ہونا، سرسبز ہونا، ہرا بھرا ہونا، پھولنا، پھلنا، بہار پر آنا۔ وَرَّفَ و اَوْرَفَ: سایہ کا پھیلنا، لمبا ہونا۔ وَارِف پھیلا ہوا، دراز (سایہ)، سبز، سرسبز ہرا بھرا، بہار پر آیا ہوا، پھولا پھلا۔

ورق: ا۔ وَرَقَ یَرِقُ وَرْقاً الشجرُ: درخت کا پتے دار ہونا۔ — الشجرَ: درخت کے پتے اُتارنا۔ وَرَّقَ الشجرُ: درخت کا پتے دار ہونا۔ — الشجرَ: درخت کے پتے اتارنا۔ اَوْرَقَ الشجرُ: درخت کا پتے دار ہونا۔ — الرجلُ: بہت مال دار ہونا۔ — الطالبُ: اپنا مطلوب نہ پانا۔ — الصائِدُ: شکاری کو شکار نہ ملنا۔ — الغازی: مال غنیمت سے محروم ہونا، مال غنیمت پانا (ضد)۔ تَوَرَّقَ الظبیُ: ہرن کا پتے کھانا۔ اِیراقَ و اوراقَ یُوْرَاقُّ ایریقاقاً العنبُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔ صفت: مُوراَقّ۔ الوَارِق و الوَرِیق من الشجر: پتے دار درخت، بہت پتوں والا درخت، خوبصورت پتوں والا درخت۔ شجرۃ وَارِقَۃ و وَرِیقَۃ: بہت خوبصورت و سبز پتوں والا درخت۔ الرِقَۃ: نصی گھاس کی ابتدائی سرسبزی، گرمی کے موسم کی بارش کے بعد سرسبز زمین۔ — جمع رِقُون: درہموں کے سکے۔ الوَرَق و الوِرْق و الوُرْق جمع اَوْرَاق و وِرَاق: روپیہ پیسہ (سکے کی شکل میں)۔ الوَرَق: ہر زندہ حیوان، (روپیہ پیسہ کی شکل میں) مویشی زمین پر پڑے ہوئے خون وغیرہ کا گول ٹکڑا۔ وَرَقُ الکتاب: کتاب کا ورق۔ واحد وَرَقَۃ جمع وَرَقات۔ وَرَقُ الشباب: جوانی کی شادابی۔ وَرَق: خوبصورتی، چمک دمک، آب و تاب اور خوش قامتی سے استعارہ کے طور پر بھی آتا ہے۔ الوَرَقَۃ (ز): پتہ (درخت نباتات کا) — عند المکلّسین: کوٹ (coating) پلستر (اس سے فعل بنا کر کہتے ہیں: وَرَّقَ الحائطَ: اس نے دیوار پر پلستر کیا، کہگل کیا)۔ الوَرِق: درہموں کے سکے، روپیہ پیسہ۔ جمع اوراق و وِرَاق۔ — من الشجر: پتے دار درخت، بہت پتوں والا درخت، خوبصورت پتوں والا درخت۔ شجرۃٌ وَرِقَۃ: بہت سبز اور خوبصورت پتوں والا درخت۔ الوَرْقَۃ فی القوس: کمان کا نقص۔ الوَرَاق: گھاس سے زمین کی سرسبزی۔ الوِرَاق: پتوں کے نکلنے کا وقت۔ الوِرَاقَۃ: کاغذ سازی کا پیشہ۔ الوَرَّاق: کاغذ والا، کاغذ بیچنے والا، کاغذ بنانے والا، کاتب، بہت روپے پیسے والا۔ کہا جاتا ہے: التجارۃُ مُوْرِقَۃٌ للمال: تجارت دولت مند بنانے والی چیز ہے۔ المُوَرِّق (فا): کاغذی کاغذ والا، کاغذ بنانے والا (ب): پلستر کرنے والا، سفیدی کرنے والا۔

۲۔ الوُرْقَۃ: نیلا رنگ۔ الأَوْرَق م وَرْقَاء جمع وُرْق: خاکستری رنگ کا، راکھ عامٌ اَوْرَقُ: خشکی کا سال۔ زمانٌ اَوْرَقُ: قحط کا زمانہ۔ الوَرْقَاء جمع وَرَاقٍ و وَرَاقَی: اورق کا مونث: فاختہ (ن): ایک چوڑے گول نرم پتوں والا درخت۔ (ح): مادہ بھیڑیا۔

⊖ وَرَّقَ: پتے نکلنا، پھوٹنا، سوئے نکلنا، شاخیں نکالنا۔ — ۵: (کتاب کے) ورق پلٹنا، (دیواروں پر) آرائشی کاغذ لگانا۔ اَوْرَقَ: پتے نکلنا، پھوٹنا، سوئے نکلنا، شاخیں نکالنا (درخت پودوں کا)۔ وَرَق: اسم جمع واحد وَرَقَۃ جمع اَوْرَاق: پتے، کاغذ، نوٹ، زر کاغذ، بنک نوٹ، پتلی چادر کی دھات، تہہ، جھہ دھات۔ ورق تمغۃ: سٹامپ یا ٹکٹ لگا کاغذ۔ ورق الرسم: ڈرائنگ کا کاغذ۔ ورق مُزَرْکَش: دیواری کاغذ، دیواری پردے۔ ورق السَنْفَرۃ: ریگمال ورق الشاھدۃ: کاربن پیپر۔ ورق مَطْبُوع: سٹام، مہر یا ٹکٹ لگا کاغذ۔ ورق عادِم: ردّی کاغذ۔ ورق مُقَوَّی: کارڈ بورڈ، دفتی گتا۔ ورق الکتابۃ: لکھنے کا کاغذ۔ ورق اللعب: تاش کے پتے۔ ورق اللَف: لپیٹنے کا کاغذ۔ ورق نَشَّاش یا نَشَّاف: بلاٹنگ پیپر، ورق نقدی: نوٹ، زر کاغذی۔ ورق الیانصیب: لاٹری ٹکٹ۔ اوراق الأشغال: تجارتی کاغذات۔ اوراق الاعتماد: کاغذات نمائندگی، مراسلہ تعارف تصدیق نامہ (credentials)۔ اوراق الحکومۃ: حکومتی بونڈز۔ اوراق القضیۃ: عدالتی ریکارڈ۔ اوراق مالیہ: نوٹ، زر کاغذی۔ اوراق نقدیۃ و ورق النقد: بنک نوٹ، نوٹ، زر کاغذی۔ حِبرٌ علی ورق: کاغذ پر صرف سیاہی، بے نتیجہ (معاہدہ وغیرہ)۔ طرح الاوراق علی المائدۃ: کارڈ میز پر رکھنا، اپنے منصوبے ظاہر کرنا۔ وَرَقَۃ: پتہ، پتی، کاغذ کا تختہ سلپ، نوٹ، کارڈ، ٹکٹ، دستاویز، ریکارڈ، کاغذ، دھات کی پتلی چادر۔ ورق البرید: پوسٹ کارڈ۔ ورق البنك: بینک نوٹ۔ ورقۃ مدموغۃ: سٹامپ لگا کاغذ۔ ورقۃ لعب: تاش کا پتہ۔ ورقۃ مالیہ: بینک نوٹ، بونڈ، سیکورٹی۔ ورقۃ الاِتِّھام: فرد جرم۔ نقود ورقیۃ: نوٹ، زر کاغذی۔ وَرِق: پتے دار، سبز ہرا بھرا، بہار پر آیا ہوا۔ وَرَّاق: کاغذ بنانے والا، سٹیشنر (stationer سامانِ کتابت بیچنے والا)، ردّی فروش، نقل نویس۔ وِرَاقَۃ: کاغذ سازی، سٹیشنری کا کاروبار، سامان کتابت بیچنے والے کا پیشہ۔ مُوَرِّق: سامان کتابت بیچنے والا۔ وارِق: بمعنی وَرِق۔ مُورِق: پتے دار۔

ورك: ا۔ وَرَكَ یَرِكُ وَرْکاً: سرین پر سہارا لینا۔ — الرجلَ: کے سرین پر مارنا۔ — الشیءَ: کو سرین کے مقابل کرنا۔ — وُرُوکاً: ایک پہلو پر ٹیک لگانا، زمین پر سرین رکھ کر لیٹنا۔ — الراکبُ: اترنے یا آرام لینے کے لئے سرین کو موڑنا۔ — بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ وَرِكَ یَوْرَكُ وَرَکاً تِ الوِرْكُ:

کولہے کا بڑا ہونا۔ وَرَّكَ الحملَ او الرَّحْلَ: رسّی یا کاٹھی کو سرین کے مقابل کرنا۔ ــ الراکبُ: دوزانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور سرین کو کاٹھی پر رکھنا۔ تَوَرَّكَ: سرین پر سہارا لینا۔ ــ الشیءَ: چیز کو سرین پر رکھنا۔ ــ الراکبُ: اترنے یا آرام کرنے کے لئے سوار کا اپنی ٹانگوں کو موڑنا۔ ــ بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ ــ عن الأمر: میں دیر کرنا۔ ــ للرحْلِ: کی ٹانگوں کو باندھنا۔ کہا جاتا ہے: تَوَرَّكَ لَهُ فَصَرَعَهُ: اس نے اس کی ٹانگوں کو باندھ کر زمین پر پٹک دیا۔ تَوَارَكَ: سرین پر سہارا لینا۔ الوَرْكُ والوَرِكُ (مؤنث) جمع اَوْرَاك: سرین، چوتڑ۔ کہا جاتا ہے: قعد الملاحُ علی وَرِكِ السفینة: ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ هُم عَلَی وَرْكٍ واحدٍ: وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔ الوِرْكُ: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ ــ (مؤنث) جمع اَوْرَاك (ع ا): سرین، چوتڑ۔ الوارِكُ و الوِرْكُ جمع وُرُكٌ و المَوْرِكُ و المَوْرِكَة من الرَّحْل: کجاوہ کا وہ حصہ جس پر سوار تھک کر پاؤں رکھتا ہے۔ الوُرْكَی: خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے: ان عنده لَوُرْكَی الخبر: یقیناً اس کے پاس خبر کی اصلیت ہے۔ الأَوْرَكُ م وَرْكَاء جمع وُرْك: بڑے سرین والا۔ المَوْرِكُ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ المَوْرِكَة: کجاوہ کا اگلا حصہ، وہ گدی جیسی چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔

٢۔ وَرَكَ یَرِكُ وُرُوكًا علی الامر: پر قادر ہونا۔ وَرَّكَ علی الامر: پر قادر ہونا۔ ــ الشیءَ: کو واجب کرنا۔ ــ الذَّنْبَ علیه: پر گناہ کا الزام لگانا۔ ــ الیمینَ: قسم میں قسم کھلانے والے کے خلاف نیت کرنا۔ وَارَكَ مُوَارَكَةً الجبلَ: پہاڑ سے گزرنا۔ تَوَرَّكَ علی الأمر: پر قادر ہونا۔ المُوَرَّكُ (مفع): کہا جاتا ہے: انه لَمُوَرَّكٌ فی هذا الامر: وہ اس معاملہ میں بے قصور ہے۔

○ وِرْك، وِرْك، وَرِك (مؤنث) جمع اَوْرَاك: کولہا، پٹھا، ران، جانگھ۔

ورل: الوَرَل مؤنث وَرَلَة جمع وِرْلان و اَوْرَال و اَوْرُل (ح) گوہ کے مانند ایک جانور۔

○ وَرَل جمع وِرلان و اورال: ایک قسم کی آبی چھپکلی جو مگرمچھ کے آنے کی اطلاع دیتی ہے۔

ورم: وَرِمَ یَرِمُ وَرَمًا و تَوَرَّمَ الجلدُ: جلد کا سوجنا صفت: وَارِم۔ ــ انفُ فلان: غضبناک ہونا۔ ــ النبتُ: نباتات کا دراز اور موٹا ہونا۔ وَرَّمَ الجلدَ: جلد کو متورم کرنا۔ ــ انفَ فلان: کو غضبناک کرنا۔ ــ بأنفه: تکبر کرنا۔ اَوْرَمَ إیراماً فلاناً و بفلان: کو غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے: فَعَلَ بِهِ ما اَوْرَمَهُ: اس نے اسے ناراض کر کے غضبناک کیا۔ الوَرَم (مص) جمع اَوْرَام: سوجن۔ الأَوْرَم: لوگ یا بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے: ما اَدْرِی ای الأَوْرَم هو: میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔ المَوْرِم: سوڑھا۔ المُوَرَّم (مفع): قوی ہیکل آدمی۔

○ وَرَم جمع اَوْرَام: سوجن، ورم، آماس، گومڑا، سخت ابھار، گلٹی، دنبل۔ فی انفِهِ ورم: وہ مغرور ہے، متکبر ہے، خود پسند ہے۔ تَوَرُّم: سوجن، ابھار۔ وارِم: سوجا ہوا۔ مُوَرَّم: سوجا ہوا متورم۔

ورن: ١۔ وَارَنَ مُوَارَنَةً ہُ: کے آمنے سامنے ہونا، مقابل ہونا۔ تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا، ناز و نعم میں پلنا۔

٢۔ الوَرَنْك (ح): ایک قسم کی مچھلی۔

○ وَرَن: ایک قسم کی آبی چھپکلی جو مگرمچھ کے آنے کی اطلاع دیتی ہے۔

○ وَرَّنَشَ ہ: پر وارنش کرنا (فرنیچر وغیرہ) پر سنہری پالش لگانا، جاپان وارنش کرنا۔ وَرْنِیش: وارنش، سنہری پالش، جاپانی روغن، بوٹ پالش۔ وَرْنِیش الأَرضیة: فرش پر لگانے والی موم۔

ورہ: وَرِهَ یَوْرَهُ وَرَهًا: بے وقوف ہونا، صفت: اَوْرَہ م وَرْهَاء۔ ــ تِ الریحُ: ہوا کا بہت چلنا۔ وَرِهَ یَرِهُ وَرَهًا تِ المرأةُ: عورت کا چربی دار ہونا صفت: وَرِهَة۔ تَوَرَّهَ فلانٌ فی عمل هذا الشیءِ: کو مہارت سے نہ کرنا۔ الوَارِهُ: کشادہ، فراخ۔ الوَرِهُ من السحاب: بہت بارش برسانے والا بادل۔

○ وِرْوَار: شہد کی مکھیاں کھانے والا جانور۔ وَرْوَار۔

○ اَوْرَہ مونث وَرْهاء: بے وقوف، گونگا، بے زبان، خوف زدہ، ستم رسیدہ، گستاخ، شوخ، ڈھیٹ، بے شرم، بے حیا۔

وری: ١۔ وَرَی یَرِی وَرْیًا الرجُلَ: کے پھیپھڑے پر مارنا۔ القیحُ جوفَهُ: پیپ کا کے شکم کو خراب کرنا، گلانا، اسم: الوَرْی۔ وُرِیَ الرجُلُ: کے پھیپھڑے میں پیپ پڑنا، صفت: مَوْرُوٌّ و مَوْرِیٌّ۔ الوَرْیُ (مص): پیٹ کی پیپ یا پھیپھڑوں کی نالی کا زخم۔ الوَرَی: وَرْی کا اسم۔

٢۔ وَرَی یَرِی وَرْیًا و رِیَةً ت النارُ: آگ کا جلنا۔ ــ و وَرَی یَرِی وَرْیًا وُرِیًّا و رِیَةً الزندُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت: وارٍ۔ وَرَّی تَوْرِیَةً النارَ: آگ نکالنا۔ أُوری الزندَ: چقماق سے آگ نکالنا۔ اِسْتَوْرَی الزندَ: چقماق سے آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے: استوریتُهُ رایَهُ: میں نے اس سے اس کی رائے دریافت کی۔ الزندُ الوارِی والوَرِی: آگ نکالنے والا چقماق۔ رِیَةُ النارِ و وَرْیَتُها: آگ سلگانے کا چیتھڑا وغیرہ

٣۔ وَرَی یَرِی وَرْیًا و رِیَةً تِ الابلُ: اونٹ کا موٹا اور چربی دار ہونا۔ وَرِیَ یَرِی وَرْیًا المخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔ وَرَّی تَوْرِیَةً الشیءَ: کو چھپانا۔ ــ عن کذا: حقیقت کو چھپانا۔ ــ الخبرَ و عن الخبر: کو پیچھے کرنا اور چھپانا۔ ــ عن فلان بصرَهُ: سے آنکھ پھیر لینا۔ وَارَی مُوَارَاةً الشیءَ: کو چھپانا۔ تَوَرَّی تَوَرِّیًا و تَوَارَی تَوَارِیًا عنه: سے چھپنا۔ الوَارِی: موٹی چربی۔ الوَرَاء: دیکھو مادہ ورأ۔ الوَرِی: موٹی چربی، کمزور، پڑوسی، مہمان۔ لحمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

٤۔ الوَرَی: مخلوق۔ ابو الوَرَی: زمانہ

○ وَرَی یَرِی وَرْیًا: جلنا، سلگنا، مشتعل ہونا، جل اٹھنا، بھڑک اٹھنا، آگ لگنا۔ وَرِّی: بمعنی وَرَی یری و وریا نیز وَرَّی: رگڑ سے آگ جلانا۔ ــ ہ: کو چھپانا، مخفی رکھنا، چھپا رکھنا۔ ــ عن ب: کو سے اشارہ کرنا، کو سے تلمیح کرنا، کنایہ کرنا۔ ــ ب: کا بہانہ کرنا، کچھ بننا، کا حیلہ کرنا، تصنع کرنا، کا جھوٹا اظہار کرنا۔ وَارَی ہ: کو مخفی رکھنے کی کوشش کرنا۔ ــ ہ ہ: کو میں چھپانا۔ ــ ہ: کو چھپانا، کو نقاب سے ڈھانپنا۔ وَارَاہُ التراب: کو دفن کرنا، کو قبر میں اتارنا، کو کٹ مٹی دینا۔ اَوْرَی: بمعنی وَرَی یری: رگڑ سے آگ جلانا۔ تَوَرَّی عن/من: اپنے آپ کو سے چھپانا۔ تَوَارَی: (بمعنی تَوَرَّی) ــ عن/عن الانظار: کی نظروں سے اوجھل ہو جانا۔ الوَرَی: انسان، فانی انسان۔ خیرُ الوَرَی: سب مردوں سے افضل، رسول کریمؐ۔ وَرَاءَ: کے پیچھے، کی پشت پر، کے بعد، کے پار، کے دوسری طرف، کی دسترس سے باہر، کی طاقت سے باہر، سے باہر، سے اوپر، کے پاس سے ہو کر آگے، پاس سے آگے، کے علاوہ، مزید برآں، علاوہ ازیں۔ وَرَاءُ: پیچھے، عقب میں۔ الی الوراء: پیچھے۔ کَانَ وَرَاءَ ہُ: کے پیچھے کھڑا ہونا، کا طرف دار ہونا، کی حمایت کرنا، تائید کرنا، کی مدد کرنا۔ ماوراءَ الأردن: دریائے اردن سے پرے۔ ماوراءَ الاکمة؟: اس کی تہہ میں کیا ہے، اس کے پیچھے کیا ہے؟ وراءَ الأَکَمةِ ماوراء ها: کچھ نہ کچھ گڑبڑ ہے، بات کچھ اور ہے۔ ماوراء البحر: سمندر پار، پردیس۔

ماوراء الطبیعة: مافوق الفطرت، ماورائی، مابعد
الطبیعات، الہیات مِن وَرَاءِ —: کے پیچھے، کے
پیچھے سے، کے پار، کے دوسری طرف، کی دسترس سے
باہر، کی طاقت سے باہر، سے باہر، سے اوپر، کے پاس
سے ہوکر آگے، کے علاوہ، کے ذریعے۔ التکسب
من وراء الدعارة: پیشہ ورانہ طوائفیت۔ کان من
وراء مقدرة العقل البشری: انسان کی قوت فہم کی
دسترس سے باہر ہونا۔ وَرَائِی: پیچھے کا، پیچھے، پیچھے
واقعہ، پیچھے کا رخ کیے ہوئے۔ اَوْرٰی لِ: کو بہتر طور پر
چھپانے والا۔ تَوْرِیَة: چھپانا، ایک بات کو دوسری کے
پردے میں چھپانا، زمانہ سازی، مکاری، ریاکاری،
منافقت، فریب، مکر، ریا، گول مول بات، ابہام، ہیر
پھیر، لفظی ہیر پھیر، ذومعنی لفظ، تلمیح، کنایہ۔

وز اَلوَزّ مونث وَزَّة جمع وَزَّات: بط۔ (الاِوَزّ
کے بجائے) ○ مَوَزَّة: بہت بطوں والی زمین۔
۲ وَزْوَزَ وَزْوَزَة: جسم کو ہلا کر چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے
ہوئے چلنا، جلدی کودنا۔ الوَزْوَاز: جسم کو حرکت دیتے
ہوئے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنے والا۔ —
والوَزَاوِزَة: او چھا پست قد آدمی، ایک پرندہ۔ المُوَزْوِز
(فا): گانے والا، چہچہانے والا۔
○ وَزَّ — وَزًّا ہ علی: کو کے خلاف اکسانا۔ وَزّ بمعنی
اِوَزّ۔

وزا وَزَا یَزُو وَزْوًا اللحمَ: گوشت کو خشک کرنا۔
۲ وَزَا یَزُو وَزْوًا القومُ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔ —
القود: بعض کو بعض سے ہٹانا۔ وَزَّأ تَوْزِئَة و
تَوْزِیئًا الفرسُ براکبه: گھوڑے کا اپنے سوار کو
گرانا۔
۳ وَزَّأ تَوْزِئَةً و تَوْزِیئًا فلانًا: سے سخت قسم کھلانا۔
۴ وَزَّأ تَوْزِئَةً و تَوْزِیئًا القربةَ: مشک بھرنا۔ تَوَزَّأَ
الوعاءُ: برتن کا بھر جانا۔ — الرجلُ: خوشنمائی میں
بھرپور ہونا۔

وزب: وَزَبَ یَزِبُ وُزُوبًا الماءُ ونحوُهُ: پانی وغیرہ کا
بہنا۔ اَوْزَبَ اِیزابًا فی الأرض: پانی کی طرح
زمین میں چلا جانا۔ الوَزَّاب: ماہر چور۔ المِیزاب
و المِئزاب جمع مَیَازِیب و مَآزِیب: (کبھی
مَوَازِیب بھی کہا جاتا ہے): پرنالہ (فارسی لفظ)۔
○ مِیزاب جمع مَیَازِیب: پرنالہ، نالی، سڑک کی نالی،
گندہ نالہ، بدرو۔ اِنفتحتْ میازیبُ السماء:
آسمان نے اپنے دروازے کھول دیے۔

وزر وَزَرَ یَزِرُ وَزْرًا و وِزْرًا الشیءَ: چیز کو اٹھانا۔
— الرحلَ: بوجھل چیز اٹھانا۔ وَزَرَ الرجلَ: پر
غالب آنا۔ وَزَارَةً للملك: ملک کا وزیر ہونا۔
و وَزِرَ یَوْزَرُ وَزْرًا و وِزْرًا و وِزْرَة: گنہگار ہونا۔
وُزِرَ وَزْرًا و وِزْرًا و وِزْرَةً: گنہگار ہونا۔ —
فلانٌ: پر گناہ کا الزام لگایا جانا۔ آزَرَ مُوَازَرَةً ہ
علی الأمر: کو کام میں مدد دینا، قوت پہنچانا۔ — ہ:
کی مدد کرنا، کا وزیر ہونا۔ اَوْزَرَ اِیزَارًا الشیءَ: کو
لے جانا۔ تَوَزَّرَ لَهُ: کا وزیر ہونا۔ اِتَّزَرَ: چھوٹا کمبل
اوڑھنا، گناہ کرنا۔ — بثوبه: کپڑے کو چھوٹے کمبل کی
طرح اوڑھنا۔ اِسْتَوْزَرَہ: کو اپنا وزیر بنانا۔ — الشیءَ:
کو لیجانا۔ الوِزْر (مص) جمع اَوْزَار: گناہ، بوجھ،
بھاری بوجھ، کپڑوں کی گٹھری۔ اَوزار الحرب: جنگ
کا ساز و سامان اور ہتھیار۔ کہا جاتا ہے وضعت الحرب
اوزارها: لڑائی ختم ہوگئی۔ الوِزْرَة جمع وِزْرَات
و وِزِرَات و وِزَرَات: چھوٹا کمبل۔ الوَزَارَة و
الوِزَارَة: وزیر کا عہدہ اور مدت۔ الوَزِیر جمع
وُزَرَاء و أوزار: وزیر۔ وزیر العدلیة: وزیر انصاف۔
وزیر الداخلیة: وزیر داخلہ۔ وزیر الخارجیة:
وزیر خارجہ۔ المَوْزُور (مفع): گناہ کا مرتکب، گناہ
سے متہم۔
۲ وَزَرَ یَزِرُ وَزْرًا الثلمةَ: رخنہ بند کرنا۔ اَوْزَرَ اِیزَارًا
الرجلَ: کو پناہ دینا۔ — الشیءَ: کو چھپانا، کو محفوظ
کرنا۔ الوَزَر: جائے پناہ، اونچا پہاڑ، گڑھ، مرکز۔
○ وَزَرَ یَزِرُ وِزْرًا ہ: (بوجھ) اٹھانا۔ وَزَرَ یَزِرُ و وَزِرَ
یَوْزَرُ وِزْرًا و وَزْرًا و وِزْرَة: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
وَازَرَہ علی: میں کی مدد کرنا۔ اَوْزَرَہ: کی تائید کرنا،
حمایت کرنا، کی پشت پناہی کرنا، کے بازو مضبوط کرنا۔
تَوَازَرَ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ تَزَرَ: لنگوٹ
باندھنا، گناہ کرنا۔ — ہ: لباس پہننا۔ وِزْر جمع
اوزار: بوجھ، بھاری بوجھ، بار، گناہ، جرم، ذمہ داری۔
حَمَّلَهُ وِزْرَہ: کو کی ذمہ داری برداشت کرانا، کو کے
لیے جوابدہ قرار دینا۔ وِزْرَة جمع وِزْرَات: لنگوٹی،
لنگوٹ۔ وِزَرَة جمع وِزَرَات: لہنگا، لہنگے کا کپڑا۔
تَوَزَّرَ: وزیر بن جانا۔ اِسْتَوْزَرَہ: کو وزیر بنانا۔
اِسْتُوزِرَ: وزیر مقرر ہونا۔ وَزِیر جمع وزراء:
(کیبنٹ) وزیر، ملکہ (شطرنج میں)۔ وزیر بلا وِزَارَة:
قلمدانِ وزارت کے بغیر وزیر۔ وزیر مُفَوَّض:
مدار المہام (minister plenipotentiary)
مقیم وزیر: ریزیڈنٹ وزیر۔ الوزیر الاکبر:
وزیر اعظم۔ رئیس الوزراء: وزیر اعظم۔ مجلس
الوزراء: کیبنٹ (cabinet)۔ وِزَارَة (جمع
وزارات): وزارت، کیبنٹ، حکومت۔ وزارة الارشاد
القومی: قومی رہنمائی کی وزارت۔ وزارة الاستعلامات:
وزیر اطلاعات۔ وزارة الاشغال العمومیة:
پبلک ورکس کی وزارت۔ وزارة الاوقاف: وزارت
اوقاف۔ وزارة البحریة: وزارت بحریہ۔ وزارة
التجارة: وزارت تجارت۔ وزارة التربیة: وزارت
تعلیم۔ وزارة الحربیة: وزارت جنگ۔ وزارة
الحقانیة: وزارت انصاف۔ وزارة الخارجیة:
وزارت خارجہ۔ وزارة الداخلیة: وزارت داخلہ۔
وزارة الزراعة: وزارت زرعات۔ وزارة الشؤون
الاجتماعیة: وزارت سماجی بہبود۔ وزارة الشؤون
البلدیة و القرویة: وزارت امور شہری و دیہاتی۔
وزارة الصحة العمومیة: عوامی صحت کی وزارت،
وارت صحت۔ وزارة الطَیَران: وزارت فضائیہ۔ وزارة
العدلیة یا وزارة العدل: وزارت انصاف۔ وزارة
المالیة: وزارت خزانہ۔ وزارة المعارف: وزارت
تعلیم۔ وزارة المواصلات: وزارت مواصلات۔
وِزَارِی: وزارتی۔

وزع: وَزَعَ یَزَعُ و یَزِعُ وَزْعًا الجیشَ: فوج کو
ترتیب وار صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے رَایتُهُ یَزَعُ
الجیشَ: میں نے اسے فوج کو لڑائی کے لیے ترتیب
اور صفوں میں رکھتے دیکھا۔ — فلانا و بفلان: کو
روکنا، منع کرنا۔ وَزَعَ بینهما: کے مابین صلح کرانا۔
اِتَّزَعَ: رکنا، باز رہنا۔ الوَازِع جمع وَزَعَة و
وُزَّاع: فوج کے معاملات کا انتظام کرنے والا، جھاڑ
جھپاڑ کرنے والا، کتا۔ الوَزَعَة: وازع کی جمع۔
بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ محارم اللہ تعالیٰ سے باز رکھنے
والے حکام۔ المُتَّزِع (فا): ثابت قدم۔ سخت جان۔
۲ وَزَعَ یَزَعُ و یَزِعُ وَزُوعًا فلانا بفلانٍ: کو کے
خلاف بھڑکانا۔ اَوْزَعَہ بکذا: کو پر ورغلانا۔ صفت:
مُوزَع۔ — الشیءَ: کو کا الہام کرنا۔ اِسْتَوْزَعَ
اللهَ شکرَہ: خدا تعالیٰ سے شکر کی توفیق چاہنا۔
۳ وَزَّعَ المالَ بینهم: مال کو لوگوں کے درمیان
پراگندہ کرنا۔ — المالَ علیهم: مال کو لوگوں میں
تقسیم کرنا۔ وُزِّعَ المالُ: مال تقسیم کرنا۔ —
بینهما: کے درمیان تفریق کرنا۔ تَوَزَّعَ: متفرق
ہونا۔ — القومُ المالَ: لوگوں کا مال کو آپس میں تقسیم
کرنا۔ کہا جاتا ہے تَوَزَّعَتْهُ الأفکارُ: اس نے کبھی
اس کی فکر کی کبھی اس کی۔ تَوَزَّعُوا ضیوفَهم: وہ
مہمانوں کو اپنے اپنے گھروں میں لے گئے۔
الأَوْزَاع: جماعتیں (اس کا واحد نہیں آتا)۔
○ وَزَعَ یَزَعُ وَزْعًا ہ: کو قابو میں رکھنا۔ وَزَّعَ ہ

علی . بین . کو کے درمیان تقسیم کرنا۔ ــ ہ علی الــی . کو کے لئے مختص کرنا، کو کے نام الاٹ کرنا، کا حصہ کسی کو دینا، کو میں بانٹنا، تقسیم کرنا۔ ــ ہ (ڈاک) بانٹنا، تقسیم کرنا۔ وُزِّعَ بین کے درمیان تقسیم کیا جانا۔ تَوَزَّعَ تقسیم کیا جانا، آپس میں تقسیم کرنا۔ ـــ ہ پر ٹوٹ پڑنا اور اس کو سخت اذیت دینا (پریشانیوں، خیالات دکھوں کا)۔ اَوْزاع لوگوں کے گروہ یا ہجوم۔ کے گروہ۔ وزیعۃ جمع وزائع حصہ، الاٹ منٹ۔ توزیع تقسیم (فلم انڈسٹری میں بھی)، الاٹ منٹ، تقسیم (خطوط وغیرہ کی) فروخت، مارکیٹ۔ توزیعُ الثروۃ تقسیم دولت۔ توزیع العمل تقسیم کار۔ توزیع الجوائز تقسیم انعامات۔ توزیع الارباح منافعوں کی تقسیم یا ادائیگی۔ توزیع مُسْتَعْجَل (ڈاک کی) غیر معمولی یا فوری تقسیم/ترسیل۔ وَازِع رکاوٹ، مزاحمت۔ مُوَزِّع تقسیم کنندہ، تقسیم کار۔ مُوَزِّع البرید ڈاکیہ۔ مُوَزَّع تقسیم کیا ہوا، پراگندہ، بکھرا ہوا، منتشر۔ مُوَزَّعُ الخواطر یا مُوَزَّعُ الفکر خیالات میں کھویا ہوا، گم، محو، مستغرق، غافل، پراگندہ دماغ، غم سے پاگل۔

وزغ: وَزَغَ یَزِغُ وَزْغًا و اَوْزَغَ ببولہ پیشاب تھوڑا تھوڑا گرانا، پیشاب رک رک کر کرنا۔ اَوْزَغَتِ الطعنۃ بالدم نیزے کے گھاؤ سے خون تھوڑا تھوڑا نکلا۔ وَزَّغَ الجنینُ بچہ کا پیٹ میں صورت اختیار کرکے حرکت کرنا۔ الوَزَغ کپکپی، رعشہ، بزدل آدمی۔ الوَزَغَۃ جمع وَزَغ و وِزاغ و اَوْزاغ و وُزْعان و اِزْغان (ج) ایک قسم کی چھپکلی۔ الاَوْزاغ کمزور لوگ۔

وزف: وَزَفَ یَزِف وَزْفًا و وَیف جلدی کرنا۔ ــ وَزَّفَ فلانًا سے جلدی کرانا۔ وَزَّفَ تَوْزِیفًا و اَوْزَفَ اِیْزَافًا جلدی کرنا۔ وَازَفَ مُوَازَفَۃً و تَوَازَفَ تَوَازُفًا القومُ ایک دوسرے کے نزدیک ہونا۔

وزل: الوَزَّال (ن) ہینگ قسم کی جھاڑی۔

وزم ۱۔ وَزَمَ یَزِمُ وَزْمًا فلانًا بفیہ کو منہ سے ہلکا سا کاٹنا۔ ــ الشیءَ کو توڑنا۔ وُزِمَ وَزْمَۃً فی مالہ: مال میں نقصان اٹھانا۔ الوَزْم سبزی کا گٹھا، عقاب کا اپنے گھونسلے میں جمع کیا ہوا گوشت۔ الوَزَّام بہت گوشت اور پٹھوں والا۔ الوَزِیم گوشت کا خشک ٹکڑا۔ بڑا اچھا۔ ــ والوَزِیمَۃ سبزی کا گٹھا، عقاب کا اپنے گھونسلے میں جمع کیا ہوا گوشت۔ رجُلٌ وَزِیمٌ: گٹھے ہوئے گوشت والا آدمی۔

۲۔ وَزَمَ یَزِمُ وَزْمًا و وَزَّمَ نفسَہٗ دن میں ایک بار کھانا۔ الوَزْم (مص) مقدار۔ الوَزْمَۃ دن میں ایک بار کا کھانا۔ مقدار۔

۳۔ وَزَمَ یَزِمُ وَزْمًا الدَّیْنَ قرض ادا کرنا۔ الوَزْم اپنے وقت پر آنے والا کام۔

۴۔ تَوَزَّمَ بہت روندنے والا ہونا۔

۵۔ الوِزام سرعت۔ الوَزِیم عند ارباب علم النباتات نباتات میں پھولوں درختوں وغیرہ میں مونث عضو۔ الوَزِیمَۃ (ن) امریکہ کا ایک درخت جس کے گچھے چاندی رنگ کے ہوتے ہیں، کئی میٹر لمبے تنے ہوتے ہیں۔ خودرو ہے اور آرائش کے لئے بھی اُگایا جاتا ہے۔

وزن ۱۔ وَزَنَ یَزِنُ وَزْنًا و زِنَۃً الشیءَ کو تولنا، کا وزن کرنا۔ کہا جاتا ہے: ھذا یَزِنُ رطلاً اس کا وزن ایک رطل ہے۔ (انگلستان میں ۴۴۹،۲۸ گرام، شام میں ۳،۲۰۲ کیلوگرام بیروت میں ۲،۵۶۶ کیلوگرام کے برابر وزن کا پیمانہ)۔ ــ لہ الدراھم و غیرھا کو روپیہ وغیرہ وزن کرکے دینا۔ ــ الشِعرَ شعر کی تقطیع کرنا۔ وَزُنَ یَوْزُنُ وَزَانَۃً الشیءُ بھاری ہونا، بوجھل ہونا۔ صفت: وازِن۔ ــ الرجُلُ پختہ رائے ہونا۔ وَزَّنَ و اَوْزَنَ نفسَہٗ علی کذا پر اپنا دل لگانا یا مشغول کرنا۔ وَازَنَ وِزانًا و مُوَازَنَۃً ہ کو اس کے کاموں کا بدلہ دینا، کے سامنے ہونا یا مقابل ہونا، وزن میں کے برابر ہونا۔ ــ بینَ الشیئین وزن معلوم کرنے کیلئے دو چیزوں کا ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔ تَوَازَنَ الشیئان باہم برابر ہونا۔ اِتَّزَنَ تُلنا۔ ــ الدراھمَ درہموں کو پرکھنا۔ ــ العِدلُ گٹھری کا دوسری کے برابر ہونا۔ ــ الشیءَ کو وزن کرکے لینا۔ الوَازِن: فا۔ درھمٌ وَازِنٌ: پورے وزن کا درہم۔ الوَزْن (مص) جمع اَوْزان مثقال۔ ھذا درھمٌ وَزْنٌ یہ درہم سرکاری وزن کا ہے۔ ھذا رجُلٌ راجحُ الوزن یہ کامل عقل و رائے والا آدمی ہے۔ ھو وَزْنَ الشیءِ او زِنَۃَ الشیءِ او وِزانَ الشیءِ و بِوِزانِہٖ او بِوِزانَتِہٖ وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے۔ ھو وزنَ الجبلِ وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔ الوَزْنَۃ وزن کا اسم مرہ، بوجھ کامل عقل و پختہ رائے والی عورت۔ ــ عند اھالی لبنان تین رطل۔ کہا جاتا ہے: ما اَکُلُہٗ فی الیوم الا وَزْنَۃً واحدۃً وہ دن میں ایک بار کھانا کھاتا ہے۔ الوِزْنَۃ وزن کی قسم۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ وَزِینُ الرأیِ فلاں شخص سنجیدہ رائے والا ہے۔ الاَوْزَن اسم تفضیل زیادہ وزن دار۔ کہا جاتا ہے: ھذا القولُ اَوْزَنُ من غیرہ: یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے (اس سے زیادہ وزن دار ہے)۔ ھو اوزنُ القوم وہ قوم کا وجیہ ترین ہے، قوم میں سب سے زیادہ ذی وجاہت ہے۔ المَوْزُونَۃ پستہ قد عقل مند عورت۔ المِیزان جمع مَوَازِین ترازو، مقدار، پیمانہ، حساب کی درستی جانچنے کا طریقہ جیسے جمع وضرب۔ انصاف۔ اِستقامَ میزانُ النہار دن آدھا ہوگیا۔

۲۔ الوَزِین اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔

C وَزَنَ یَزِنُ وَزْنًا و زِنَۃً ہ کو تولنا، کا وزن کرنا، کا مقابلہ کرنا، کو ہم پلہ کرنا، کو برابر کرنا، مساوی کرنا۔ کے وزن کا ہونا۔ ــ ہ ل کوئی چیز کسی کو وزن کرکے دینا، فروخت کرنا۔ وَازَنَ ہ کا ہم وزن ہونا، کو وزن میں برابر کرنا، کو ہم وزن کرنا، سے زیادہ وزنی ہونا، کی تلافی کرنا۔ ــ بین میں وزن برابر کرنا۔ ــ بین ــ و ــ: کا سے مقابلہ کرنا، ایک چیز کا دوسری کے مقابلہ میں وزن کرنا۔ ــ بینَ ــ و بین میں موازنہ کرنا۔ ــ ہ کو مساوی طور پر تقسیم کرنا۔ تَوَازَنَ متوازن ہونا۔ زِنَۃ تولنا، تول۔ وَزْن جمع اَوْزان وزن، (شعر کا) وزن، اسم یا فعل کا نمونہ، شکل، جہاز کی ضخامت ٹنوں میں۔ لا وزنَ لہ یا عدیمُ الوزن بے وزن، بے حد ہلکا، غیر اہم، ناقابل ذکر، یونہی سا، بہت چھوٹا، برائے نام۔ اقام وزنًا کبیرًا لِ کو بہت اہمیت دینا۔ مصلحۃُ الوزن و الکیل ناپ تول کے پیمانوں کا محکمہ۔ وزنُ الدیک کم وزن گھونسے باز۔ الوزنُ الفارغ خالی وزن۔ وَزْنَۃ جمع وَزَنات وزن، بوجھ، چاندی یا سونے کا سکہ، تقریبًا ایک سو کلوگرام کا وزن۔ وزنۃ اضافیۃ اضافی وزن، اضافی بوجھ۔ وِزانَ (کے) حسب حال، (کے) مناسب، (کا) ہم مقدار، (کے) مماثل، کی مطابقت میں، کے اچھے نمونہ یا عمدہ مثال کی پیروی میں۔ وَزِین بہت وزن دار، وزنی، بوجھل، بہت بھاری۔ وزینُ الرأی قوی رائے والا، مضبوط رائے والا، معاملہ فہم۔ میزان جمع موازین ترازو، وزن، بوجھ، پیمانہ، شعر کا وزن، قاعدہ، طریقہ، انصاف، غیر جانبداری۔ میزانُ الحرارۃ حرارت پیما۔ میزانٌ راصد خود اندراج کرنے والا پیمانہ۔ میزان طبلی وزن کرنے والی مشین، گاڑی تولنے کی مشین، سامان تولنے کی مشین۔ میزانُ الماء سطح آب۔ مِیزانیۃ توازن، آمد و خرچ کا توازن، بجٹ۔ میزانیۃ مُلحَقَۃ: ضمنی بجٹ۔ توازن سیاسی سیاسی

توازن۔ توازنُ القویٰ طاقت کا توازن۔ اعادَ التوازن بیں کے مابین توازن بحال کرنا۔ وازِن: وزن کرنے والا، پورے وزن کا، پٹے ہوئے، نشہ میں۔ مَوزُون: خوب تلا ہوا، وزن کیا ہوا، تولا ہوا، پورے وزن کا، متوازن اچھی طرح غور کیا ہوا، عقل کے تقاضے کے مطابق، ارادی، سوچ سمجھ کر کیا ہوا، ہوشمند، متناسب، صحیح فیصلہ والا، مدبرانہ، معاملہ فہم، بحر میں متوازن۔ متوازن بحر والا۔ مُوازِن: وزن میں زیادہ، مقابل میں اپنا وزن رکھنے والا، مساوی، برابر، ہم معنی۔ متوازِن: متوازن، باہمی توازن رکھنے والا۔ مُتَّزِن: متوازن محتاط، جچا تلا، موزوں، باقاعدہ، ہوشمند، ہم آہنگ، مطابِق۔

وزی ۱۔ وَزَی یَزِی وَزْیاً الشیءُ: جمع ہونا، اکٹھا ہونا، سکڑنا۔ ـــ الأمرُ فلاناً: کسی بات کا کسی کو غضبناک کرنا۔ الوَزَی: پستہ قد گٹھا ہوا آدمی۔

۲۔ وَازَی مُوَازَاۃً ہ: کے آمنے سامنے ہونا۔ اَوْزَی یراءً ظَہرَہٗ اِلَی الحائِطِ: دیوار سے پیٹھ لگانا، دیوار سے ٹیک لگانا۔ ـــ اِلی فلان: کے پاس پناہ لینا۔ ـــ ہ الیہ: کو کے پاس پناہ لینے پر مجبور کرنا۔ ـــ الشیءَ: کو اٹھانا، سے ٹیک لگانا۔ ـــ لِدارِہ: گھر کی دیواروں کو مٹی سے لیپنا یا کسی اور چیز سے لیپنا۔ تَوازَی تَوازِیاً التینان: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ مُتوازِیُ السطوح: متوازی سطحوں والا Parallelepiped۔

۳۔ اِسْتَوزَی اِستیزاءً فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔ المُستَوزِی (فا): سیدھا کھڑا ہونے والا۔

۴۔ المُستَوزِی: خودرائے۔

◠ وَازَی ہ: کے متوازی ہونا، قابل ہونا، سے یکساں فاصلہ پر ہونا، کا جوڑ ہونا، کا ثنی ہونا، کے برابر ہونا، سے یکساں ہونا، کے مطابق ہونا، کو (ایک دوسرے کے) برابر کرنا، کسی چیز جتنا ہونا، کے مساوی ہونا، کے مترادف ہونا۔ مُوازَاۃ: یکساں فاصلہ، متوازیت، مساوات، برابری، ہم قدری۔ تَوازٍ: یکساں فاصلہ، متوازیت، مساوات، برابری، ہم قدری۔ علی التوازِی: پہلو بہ پہلو، متوازی، سے یکساں فاصلہ پر۔ مُوازٍ: متوازی، برابر کا، ہم پلہ، ہم قیمت، مساوی، مرادف۔ متوازٍ: متوازی، مطابق، مانند، مشابہ، مثل، ملتا جلتا۔ متوازی الاضلاع: متوازی الاضلاع (paralellogram)۔

وس وَسْوَسَ وِسْوَاساً و وَسْوَسَۃً الشیطانُ لہٗ و الیہ: میں وسوسہ ڈالنا۔ ـــ الرجُلُ: عقل کی خرابی سے بے تکی باتیں کرنا، وسوسہ میں مبتلا ہونا۔ صفت: مُوَسْوِس آہستہ بولنا۔ ـــ الحلیُ اَو القصبُ: زیور یا نے کا جھنکار پیدا کرنا، آواز نکالنا۔ ـــ الرجُلَ: سے آہستہ بات کرنا۔ وُسْوِسَ بہ: کا کلام مختلط ہونا۔ الوَسْواس جمع وَساوِس: وَسْوَسَ کا اسم، وسوسہ، شیطان، وہم کی بیماری، دل میں آنے والی برائی یا بے نفع بات۔

وسب: ۱۔ وَسَبَ یَسِبُ وَسْباً المکانُ: جگہ کا بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ اِیساباً المکانُ: جگہ کا بہت گھاس والی ہونا۔ ـــ الکبشُ: مینڈھے کا بہت اون والا ہونا۔ الوِسْب: گھاس۔ المِیساب: نیم پختہ کھجور۔

۲۔ وَسِبَ یَوْسَبُ وَسَباً الثوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ الوَسَب (مص): میل۔

وسج: وَسَجَ یَسِجُ وَسْجاً و وَسِیجاً و وَسَجاناً تِ الإبِلُ: اونٹوں کا تیز چلنا صفت: واسِجَۃ اَوْسَجَ البعیرَ: اونٹ کو تیز چلانا۔ الوَسْج و الوَسَجان و الوَسِیج: اونٹوں کی تیز چال۔ الوَسّاج و الوَسُوج جمع وُسُج من الإبِلِ: تیز رفتار اونٹ۔ ابلٌ وُسُوجٌ: تیز رفتار اونٹ۔ (جمع)

وسخ: وَسِخَ یَوْسَخُ و یَاسَخُ و یَیْسَخُ وَسَخاً الشیءُ: پر میل چڑھنا، میلا ہونا صفت: وَسِخ۔ وَسَّخَ و اَوْسَخَ الشیءَ: کو میلا کرنا۔ تَوَسَّخَ و اتَّسَخَ و استَوْسَخَ: میلا ہونا۔ الوَسَخ جمع اَوْساخ: میل کچیل۔

◠ وَسِخَ یَوْسَخُ وَسَخاً: میلا، آلودہ، نجس یا غلیظ ہونا یا ہو جانا۔ وَسَّخَ و اَوْسَخَ ہ: کو گندہ کرنا، میلا کرنا، پر دھبہ ڈالنا، دھبا لگانا، داغ لگانا، کو بد رنگ کرنا۔ تَوَسَّخَ و اِتَّسَخَ: میلا، آلودہ، نجس یا غلیظ ہونا یا ہو جانا۔ وَسَخ جمع اَوْساخ: نجاست، غلاظت، میل کچیل، کیچ، کیچڑ، گندگی۔ وَسِخ: گندہ، نجس، غلیظ، میلا، دھبا لگا ہوا، ناصاف۔ وَساخَۃ: میلا پن، گندگی، غلاظت، نجاست۔

وسد: ۱۔ وَسَّدَہُ الوسادۃَ: کے سر کے نیچے تکیہ رکھنا۔ ـــ الیہ الأمرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ لگانا۔ تَوَسَّدَ الوِسادۃَ: تکیہ سر کے نیچے رکھنا۔ ـــ ذراعَہٗ: بازو کو سر کے نیچے تکیہ کی طرح رکھنا اور سونا۔ الوَساد و الوِساد و الوُساد جمع وُسُد: تکیہ، سہارا، آسرا، گدی۔ رجُلٌ عریضُ الوساد: کند ذہن آدمی۔ اِنَّ سارَکَ لَعَرِیضٌ: بہت سونے سے کنایہ ہے، یعنی تم بہت سوتے ہو۔ الوَسادَۃ و الوِسادَۃ و الوُسادَۃ جمع وَسادات و وِسادات و وُسادات و وَسائِد: تکیہ۔

۲۔ اَوْسَدَ فی السیر: تیز چلنا۔

۲۔ اَوْسَدَ الکلبَ بالصید: کتے کو شکار پر اُکسانا۔

◠ وَسَّدَ ہ: کے سر کے نیچے (تکیہ) رکھنا، کے سر کو پر رکھنا، لٹانا۔ وَسَّدَہُ التراب: کسی شخص یا چیز کو زمین میں لٹانا۔ وَسَّدَہٗ صَدرَہٗ: کو لپٹا لینا، سینہ سے لگانا، گلے لگانا۔ تَوَسَّدَ ہ: اپنا سر (تکیہ) پر رکھنا، (تکیہ) پر ٹیک لگانا۔ لَزِمَ الوَسادَ: صاحب فرش ہونا۔ مُوَسَّد: آسان، ہموار، فرش بند (سڑک)۔

وسط: وَسَطَ یَسِطُ وَسْطاً و سِطَۃً المکانَ او القومَ: جگہ یا لوگوں کے درمیان بیٹھنا صفت: واسِط۔ ـــ وَساطۃَ القوم و فیہم: حق و عدل میں اپنی قوم میں متوسط ہونا۔ وَسُطَ یَسِطُ وَساطۃً و سِطۃً فی حَسَبِہٖ: شریف ہونا، حسب والا ہونا۔ وَسَّطَ ہ: کو ثالث بنانا، درمیان میں رکھنا۔ ـــ فی حَسَبِہ: شریف ہونا، حسب والا ہونا۔ ـــ الشیءَ: کو دو ٹکڑے کرنا۔ اَوْسَطَ اِیساطاً القومَ: قوم کے بیچ میں داخل ہونا۔ تَوَسَّطَ القومَ او المکانَ: لوگوں یا جگہ کے درمیان بیٹھنا۔ ـــ بینہم: کے مابین ثالث اور صلح کار ہونا۔ ـــ الرجُلُ: درمیانی یا اوسط چیز لینا۔ الواسِط (فا): دروازہ، پالان کا اگلا حصہ۔ الواسِطَۃ: واسط کا مؤنث: پالان کا اگلا حصہ، ہار کے بیچ کا جوہر جو سب سے عمدہ ہوتا ہے، ذریعہ، سبب (کانَ بِواسِطَۃِ کذا: یہ کے ذریعے ہوا) ثالث (فلانٌ فی واسطۃ قومِہ: فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا آدمی ہے۔) الوَسَط: (مذکر، مونث، واحد اور جمع کے لئے): معتدل۔ (شیءٌ وَسَطٌ: خراب اور عمدہ کے درمیان کی چیز۔ اس کی جمع اَوساط بھی آتی ہے۔ وَسَطُ الشیءِ: چیز کے دونوں طرفوں کا درمیان۔ جیسے وَسَطُ الحبل و وَسَطُ الدار۔ رجُلٌ وَسَطٌ: اپنی قوم میں صاحب حسب۔ کہا جاتا ہے: ہو فی وَسَطِ القوم و فی وَسْطِہم: وہ قوم کے درمیان ہے۔ ہر جگہ جس میں وسط کی جگہ "بین" رکھنا موزوں ہو۔ وَسْط و وَسَط دونوں طرح مستعمل ہے جیسے: وَسْطَ القوم و وَسَطَ الحبل۔ الوَساطَۃ (مص): ثالثی۔ الوَسُوط: متوسط، درمیانی، بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔ وُسُوطُ الشمس: سورج کا بیچ آسمان پر آنا۔ الوَسِیط جمع وُسَطاء مونث وَسِیطَۃ: ثالث۔ ہو وَسِیطٌ فیہم: وہ لوگوں میں سب سے زیادہ بلند مقام اور شریف النسب رکھتا ہے۔ الوسیط (فی

الـقـطـوع الـمَخرُوطِيَّة): نصف وتر۔ الأوسَط جمع اَوَاسِط: متوسط، معتدل۔ اَوسَطُ الشيء: چیز کے دوطرفوں کے درمیان۔ العِلـمُ الأوسَطُ: علم ریاضی۔ اسے حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔ الـوُسْطَیٰ جمع وُسُط: اَوسط کا مؤنث۔ — من الأصـابع: بیچ کی انگلی۔ مُوسَطُ البیت: گھر کا درمیانی حصہ۔ المُتَوَسِّط: فا۔ مثلث میں خط مستقیم کا ٹکڑا جو چوٹی اور بالمقابل ضلع کے نصف کو ملاتا ہے۔

○ وَسَّطَ ہ: کو درمیان میں رکھنا۔ — ہ بین: کو کے درمیان ثالث چننا یا مقرر کرنا۔ تَوَسَّطَ ہ: کے درمیان یا مرکز میں ہونا۔ — لِ ب: کے لئے کی ثالثی کرنا۔ — بین: کے درمیان ثالثی کرنا۔ — فی: میں ثالثی یا بچولے کے طور پر کام کرنا۔ توَسَّط: درمیان میں کھڑا ہونا، درمیانمیں رہنا، دو انتہاؤں میں درمیانی چیز لینا، درمیانی راستہ پر چلنا۔ وسط و وَسْط جمع اَوسَاط: درمیان، مرکز، قلب، کمر، معاشرتی ماحول، ماحول، گرد و پیش، گرد و نواح، دائرہ، حلقہ، ذریعہ، آلہ، سبب، عامل (جمع عوامل) اوسط درجے کا ہونا، اوسط خوبی، اوسط، عام معیار جمع: حلقے، طبقے، طبقات۔ وَسَط جمع اَوسَاط: وسطی، وسطانی، درمیانہ، مرکزی، درمیان میں، سڑک کا درمیان، بیچ، معتدل، دو انتہاؤں میں درمیانی، اوسط، اوسط درجے کا۔ وَسَطَ: کے درمیان، قلب یا مرکز میں، کے درمیان۔ فی وَسَطِ مِن: کے درمیان، کے اندر۔ فی الوَسَط: بالکل مرکز میں، درمیانی کوالٹی کا۔ فی وَسَطنا: ہمارے درمیان۔ وسط الصیف: عین موسم گرما، موسم گرما کا شباب، سخت گرمی کے ایام۔ حجمٌ وَسَط: درمیانی سائز۔ حل وسط: درمیانی حل، درمیانہ راستہ، بین بین کا فیصلہ۔ السَیرةُ الوسط: درمیانی چال، درمیانی رفتار، معتدل اور غیر جانبدارانہ رویہ۔ الاوساط الدبلوماسية: سفارتی حلقے۔ الاوساطُ العامة: عوام۔ اوساطُ الناس: درمیانہ طبقے۔ وَسَطِی و وَسْطِی: ماحول یا معاشرتی ماحول کا یا کے متعلق۔ وَسْطَانِی: درمیانی، مرکزی، وسطی، اوسط، اوسط درجے کا۔ وَسْطِیَة جمع وَسْطِیَات: آنگن، انگنائی، اندرونی صحن۔ وِسَاطَة: ثالثی، مداخلت، مدد، سفارش، شفاعت، بیچ میں پڑنا۔ بِوَسَاطَةِ: کے ذریعے۔ علی وساطة فلان: کی مدد سے۔ قَدَّمَ وساطته لِ: کے لئے اپنی مدد پیش کرنا۔ وَسِیط جمع وُسَطَاء: درمیانی، ثالث، وسطی، وسطانی، مصالحت کی کوشش کرنے والا، سفارش کرنے والا، شفاعت کنندہ، بچولا، تاجر، دوکاندار، دلال، ایجنٹ۔ العصر الوسیط: قرون وسطی۔ وَسِیطة جمع وَسَائط: ذریعہ۔ وسائط المواصلات والنقل: ذرائع مواصلات و نقل و حمل۔ اَوسط جمع اَوَاسِط م وُسْطی جمع وُسَط: درمیانہ، مرکزی۔ الوُسْطی: درمیانی انگلی۔ فی اَوَاسِطِ هذا الأسبوع: اس ہفتہ کے وسط میں۔ اَوَاسِطُ الشهر: مہینہ کا درمیان۔ اواسط افريقية: وسطی افریقہ۔ اوروبا الـوَسْطَی: وسطی یورپ۔ الشرق الأوسط: مشرق وسطی۔ الطبقات الوُسْطَی: متوسط طبقے۔ القرون (یا العصورُ) الوُسْطَی: قرون وسطی۔ نتیجة وُسْطَی: درمیانہ نتیجہ، اوسط۔ تَوَسُّط: ثالثی، مصالحت کی کوشش، مداخلت، وسط یا درمیان صورت حال یا وضع اوسط درجے کا ہونا۔ وَاسِطَة جمع وَسَائط: ثالث، ایجنسی، ذریعہ، مصلحت، چارہ کار۔ بِوَاسطةِ: کے ذریعے۔ بالواسطة: بالواسطہ، بوساطت۔ بهذه الواسطة: اس ذریعہ سے۔ بواسطة ذلك: اس ذریعے سے۔ واسطة الاتصال: کڑی، رابطہ۔ مُتَوَسِّط: درمیانی، درمیانی چیز، درمیانی آدمی، درمیانی منزل، وسطی، بیچ کا، اوسط درجے کا، درمیانی حیثیت کا، متوسط، مرکز میں واقع، مرکزی، ثالث، بچولا، اَوسط۔ متوسطو الحال: اوسط ذرائع والے۔ متوسطُ الحجم: درمیانے سائز کا، درمیانے حجم کا۔ متوسط العمر: درمیانی عمر کا۔ متوسطُ القامة: درمیانے قد کا۔ متوسط النوع: درمیانی کوالٹی کا۔ البحر الابیض المتوسط: بحیرہ روم۔ موجاتٌ مُتَوَسِّطَة: درمیانے درجے کی لہریں۔ متوسط الهجوم: سنٹر فارورڈ center forward۔

وسع: وَسَعَ یَوْسَعُ وَسْعًا الله عليهم رزقَهُ: لوگوں کو اللہ تعالی کا رزق کو بکثرت دینا اور اس میں فراخی دینا۔ وَسَّعَ علیه: کو مال دار بنانا۔ وَسِعَ یَسَعُ و یَسِعُ سَعَةً و سِعَةً المکانُ: جگہ کا کشادہ اور فراخ ہونا۔ — الشيءَ: کو وسیع کرنا۔ (هذا الاناء یسع عشرین کیلاً: اس برتن میں بیس کیل سماتے ہیں۔ وسعت رحمة الله كُلَّ شیء و لكُلِّ شیءٍ و علی كُلِّ شیءٍ: اللہ تعالی کی رحمت نے ہر چیز کو گھیر لیا ہے۔ اللّهُمَّ سَعْ علینا: اے خدا اپنی رحمت کو ہم پر وسیع کر۔ ما اَسَعُ هذا: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ لا یَسَعُكَ أن تفعل هذا: تمہارے لئے یہ کرنا جائز نہیں یا تم یہ نہیں کر سکتے۔ وسع القومَ فضلُهُ: اس کا فضل و کرم لوگوں پر عام ہوا۔ وسع المالُ الدینَ: مال اتنا زیادہ ہوا کہ اس نے تمام قرض چکا دیا)۔ وَسُعَ یَوْسُعُ سَعَةً و وَسَاعَةً المکانُ: جگہ کا کشادہ و فراخ ہونا۔ — الفرسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم ہونا۔ وَسَّعَ: کشادہ کرنا۔ اَوْسَعَ: بہت مال دار ہونا، کشادہ کرنا۔ — الموضعَ: جگہ کو کشادہ پانا۔ — ہُ الشيءَ: سے کسی چیز کو کشادہ کرانا۔ — النفقةَ: بہت خرچ کرنا۔ — الله علیه: اللہ تعالی کا کسی کو مالدار کرنا۔ تَوَسَّعَ: کشادہ ہونا۔ — القومُ فی المکانِ: لوگوں کا جگہ میں کشادگی کرنا۔ — الرجُلُ فی النفقةِ: بہت خرچ کرنا۔ اِتَّسَعَ: کشادہ ہونا۔ — النهارُ و غیرُهُ: دن وغیرہ کا دراز و لمبا ہونا۔ — الرجُلُ: مالدار ہونا۔ اِستَوسَعَ: کشادہ ہونا۔ — الشيءَ: چیز کو فراخ پانا یا فراخ چاہنا۔ الوَاسِع (فا): کشادہ، فراخ۔ — فی الاسماء الحُسنی: اللہ تعالی کے اسماء حسنی میں بہت دینے والا سوال پورا کرنے کیلئے کافی اور ہر چیز پر محیط کے معنی میں ہے۔ السَعَة: اقبال مندی، تونگری، آسودگی، طاقت، قدرت۔ — والوُسْعَة والتَوسِعَة: وسعت۔ الوَسْع والوِسْع والوُسْع: طاقت۔ کہا جاتا ہے: لیس فی وسْعِهِ أن یفعل كذا: وہ ایسا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ الوَسَاع من الخیل: عمدہ و کشادہ قدم گھوڑا۔ الوَسِیع: کشادہ۔ — من الخیل: کشادہ قدم گھوڑا۔

○ وَسُعَ یَوْسُعُ وَسَاعَةً: فراخ ہونا، کشادہ ہونا، وسیع ہونا، گنجائش والا ہونا، دور تک پھیلا ہوا ہونا، بہت بڑا ہونا، لق و دق ہونا، لمبا چوڑا ہونا، بڑے رقبہ کا ہونا۔ وَسِعَ یَسَعُ سَعَةً: فراخ ہونا، کشادہ ہونا، وسیع ہونا، گنجائش والا ہونا، دور تک پھیلا ہوا ہونا، آسودہ ہونا، خوشحال ہونا۔ — ہ/ ہ: کو جگہ دینا، کے لئے نشستیں رکھنا، کو بٹھانا، کے لئے جگہ رکھنا، کے لئے گنجائش رکھنا۔ — ہ: پر مشتمل ہونا، کو شامل ہونا، پر محیط ہونا، کو شامل کرنا، داخل کرنا، کے گرد حلقہ ڈالنا۔ — ہ/ہ: کے لئے کافی بڑا ہونا، کے لئے کافی ہونا۔ وَسِعَ یَسَعُ وُسْعًا و سَعَةً ہ: (خصوصا نفی کے ساتھ) کے لئے ممکن ہونا، کے لئے جائز ہونا، کی طاقت میں ہونا۔ — ہ: کو کرنے کے قابل ہونا، کو کرنے کی اجازت دیا جانا۔ لا یسعنی أن اقول: میں نہیں کہہ سکتا۔ ما اسع ذلك: میں وہ نہیں کر سکتا۔ وَسَّعَ ہ: کو مزید کشادہ کرنا، کو زیادہ گنجائش والا کرنا، کو زیادہ کھلا کرنا،

زیادہ وسیع کرنا، کو پھیلانا، کو لمبا کرنا، بڑا کرنا، وسیع کرنا۔ — ہ / من کو چوڑا کرنا، بڑا کرنا۔ — ھلہ چوڑا کرنا، فراخ کرنا، وسیع کرنا۔ — علی کی جانب سخی ہونا، فیاض ہونا، دریادل ہونا۔ — ہ کی طرف کے ساتھ سخی، فیاض یا دریادل ہونا۔ — علی کو امیر کرنا، کو مالا مال کرنا۔ وَسَّعَ خُطَاهُ: لمبے ڈگ بھرنا، اپنے قدم تیز کرنا۔ وَسَّعَ المکانَ لِ: کے لئے جگہ بنانا۔ اَوْسَعَ بمعنی وَسَّعَ نیز اَوْسَعَ امیر ہونا یا ہو جانا۔ اَوْسَعَهُ بِرًّا: کے ساتھ انتہائی تعظیم سے پیش آنا، پر بہت مہربانی کرنا۔ اَوْسَعَهُ شَتْمًا: پر گالیوں کی بوچھاڑ کرنا۔ اَوْسَعَهُ ضربًا: کی خوب پٹائی کرنا، کو کوڑے مارنا، چابک لگانا۔ اَوْسَعَ النفقةَ: بہت خرچ کرنا۔ تَوَسَّعَ وسیع ہونا، فراخ ہونا، کشادہ ہونا، پھیلنا، کافی جگہ رکھنا، آرام سے بیٹھنا۔ — فی میں اپنے آپ کو آرام دہ، سکھی یا مطمئن کرنا، بے تکلفی سے بیٹھنا، پر تفصیل سے روشنی ڈالنا، پر مفصل کہنا یا لکھنا، کے بارے میں تفصیل سے بات کرنا یا لکھنا، کو جاری رکھنا، میں رہنا۔ تَوَسَّعَ فی النفقة بہت خرچ کرنا۔ اِتَّسَعَ وسیع ہونا، فراخ ہونا، کشادہ ہونا، بڑا ہونا، پھیلنا، چوڑا ہونا، بڑھنا، زیادہ ہونا، دور تک پھیلنا، وسیع ہونا، بہت بڑا ہونا، کے مابین ہونا، امیر ہو جانا، بہت بڑا (ہونا)۔ — لِ: کے لئے کافی ہونا، کو جگہ دینا، کے لئے جگہ رکھنا، کے ہاتھ میں ہ کے سپرد یا کی تحویل میں ہونا، کے قابل ہونا۔ — ہ کو کرنے کے قابل ہونا، کو کرنے کا اہل ہونا، کے کرنے جوگا ہونا، کو کر گزرنے والا ہونا۔ بِکُلِّ مَا تتسع له الکلمةُ من معنی: لفظ کے وسیع ترین مفہوم میں۔ اِسْتَوْسَعَ: وسیع ہونا، فراخ ہونا، کشادہ ہونا، زیادہ چوڑا ہو جانا، زیادہ بڑھ ہو جانا، حجم میں بڑھنا۔ — ہ کو فراخ، کشادہ یا بڑا پانا۔ سَعَة: کشادگی، فراخی، کافی جگہ یا گنجائش رکھنا، لمبائی، طول، رقبہ، درجہ، حد، دائرہ، میدان، وسعت، رسائی، پہنچ، حجم، گنجائش، ظرف، سمائی، رکھنے کی گنجائش، قابلیت، لیاقت، اہلیت، طاقت، صلاحیت، قدرت، آرام، آسودگی، افراط، بہتات، کثرت، وفور، دولت اور مال کی کثرت، فضول خرچی، عیش و عشرت، ناز و نعمت، تعیش، دولت مندی، مرفہ الحالی، تونگری، دولت کی بہتات، مال و دولت فراوانی۔ ذو سَعَةٍ: خوش حال، مالدار، دولتمند، امیر۔ سَعَةٍ یا عن سَعَةٍ: کثرت سے، افراط سے، بہتات سے۔ علی الرُّحب والسعةِ: خوش آمدید۔ علی قدر سعتی اپنی بہترین صلاحیتوں سے۔

کان فی سَعَةٍ مِن رزقه دولت مند ہونا، عیش و عشرت میں زندگی گزارنا۔ سَعَةُ الصَّدْرِ صبر، صبر سے برداشت کرنے والا (روپیہ وغیرہ)۔ سعة کَهْرَبائیّة: برقی وسعت۔ سَعَةُ الموجة لہر کی فراوانی۔ وُسْع قابلیت، لیاقت، اہلیت، صلاحیت، استعداد، گنجائش، وسعت، ظرف، سمائی، طاقت، قوت، رکھنے کی گنجائش۔ فی وُسْعِهِ ان یـ اس کی استطاعت میں ہے کہ......وہ......کرسکتا ہے۔ فی وُسْعِی أن اقول: میں کہہ سکتا ہوں۔ لیس فی وُسْعِهِ اِلّا اس کے پاس کوئی اور امکان نہیں، لیکن وہ نہیں کرسکتا مگر...... بَذَلَ وُسْعَهُ حتی المقدور کوشش کرنا، اپنی پوری کوشش کرنا، (میں) کوئی کسر نہ اٹھا رکھنا۔ وَسَع فراخی، کشادگی، پھیلاؤ، وسیع فضا یا جگہ۔ وُسْعَة: کشادگی، وسعت، گنجائش، فراخی، حد درجہ، احاطہ، گھیرا، پہنچ، رسائی، افراط، فراوانی، بہتات، کثرت۔ وَسِیع جمع وِسَاع فراخ، کشادہ، وسیع، کھلا ہوا، بڑا، گنجائش والا، لمبا، چوڑا، چوڑا چکلا۔ اَوْسَع زیادہ وسیع، زیادہ کشادہ، زیادہ بڑا، زیادہ گنجائش والا۔ اَوْسَعُ صدرًا زیادہ صابر۔ اَوْسَعُ مَدًّی زیادہ چوڑا، فراخ، یا کشادہ۔ تَوْسِیع فراخ کرنا، کشادہ کرنا، چوڑا کرنا، فراخی، وسعت، کشادگی، پھیلاؤ، لمبائی، چوڑائی، ایزادی، زائد حصہ، توسیع، کلام کی طوالت، طول کلامی، اضافہ، بیشی، بڑا ہو جانا، ترقی۔ اَجَلُ التوسعة: عارضی مہلت، سزا میں مہلت۔ تَوَسُّع: پھیلاؤ، وسیع ہونا، اضافہ کرنا، توسیع، وسعت، چوڑا یا وسیع کرنا یا ہونا، بڑھنا یا بڑھانا، اضافہ، ترقی۔ مَعَ التوسع وسیع تر مفہوم میں، وسعت سے۔ توسع استعماریٌّ: سامراجی توسیع۔ توسعُ الحرب: جنگ کا پھیلاؤ۔ سیاسَةُ التوسع توسیع کی پالیسی۔ تَوَسُّعِی توسیع کا حامی (ملک یا تجارت کی)۔ سیاسة توسعیة: توسیع کی پالیسی، توسیع پسندانہ پالیسی۔ اِتِّسَاعٌ فی الکلام: اظہار کا ابہام، عدم الاتساع لِ: کی کمی، کی کسر، کے لئے ناکافی ہونا۔ واسِع الانتشار دور تک پھیلا ہوا، عام۔ واسع الصدر صابر، برداشت کرنے والا، سخی، بہت مہربان، شفیق، مشفق، فراخ دل۔ واسِعُ النطاق دوررس، وسیع، قابل فہم، وسیع پیمانہ کا۔ رَجُلٌ واسع الحِیلة: باتدبیر طباع آدمی۔ شارِع واسِع: چوڑی سڑک، کشادہ سڑک۔ مَوْسُوعة جمع مَوْسُوعات: قابل شمول تصنیف، انسائیکلو پیڈیا (encyclopedia)، لغات قاموس، مخزن (معلومات)۔ مَوْسُوعی انسائیکلوپیڈیا کا یا سے متعلق۔ مُوسِع امیر، دولت مند۔ مُتَّسِع: وسیع، کشادہ، فراخ، بڑا، گنجائش والا، بہت، بافراط، بکثرت، کافی۔ مُتَّسَع جگہ گنجائش۔ لم یجد مُتَّسَعًا من الوقت لِ یا لم یکن فی الوقت متسع لِ: کے لئے کافی وقت نہ رکھنا یا کافی وقت نہ ہونا۔ مُتَّسَعٌ حَیَوِیٌّ: زندہ رہنے کے لئے جگہ۔

وسف: وَسَّفَ تَوْسِیفًا الشیءَ: کو چھیلنا۔ تَوَسَّفَ الشیءُ: چھلنا۔ — البعیرُ اونٹ کا موٹا ہونا اور اس کے پہلے بال گر کر نئے بال اُگنا۔ — ت اَوْبَارُ الإبلِ: اونٹوں کے بال جھڑ جانا۔

وسق: ۱۔ وَسَقَ یَسِقُ وَسْقًا الشیءَ کو اٹھانا، جمع کرنا۔ — البعیرَ اونٹ پر بوجھ لادنا۔ — ت الناقةُ وغیرُها اونٹنی وغیرہ کا حاملہ ہونا۔ صفت: وَاسِق جمع وَاسِقات و وِساق نیز مُوَاسِق و مَوَاسِیق (قیاس کے خلاف)۔ — العینُ الماءَ: آنکھ کا تر ہونا۔ کہا جاتا ہے: لا افعل ذلك ما وسقت عینی الماءَ: جب تک میری آنکھیں تر ہیں میں اس کو نہیں کروں گا یعنی کچھ نہیں کروں گا۔ — ت النخلةُ: کھجور کے درخت کا پھلدار ہونا۔ بحری فوج کے لوگ کہتے ہیں: وَسَقَ السفینةَ اس نے جہاز پر بوجھ لاد دیا۔ — وَسِیقًا البعیرَ اونٹ کو ہانکنا۔ وَسَّقَ الحنطةَ: گندم کو کھیپوں میں تقسیم کرنا۔ وَاسَقَ مُوَاسَقَةً ہُ: کا مقابلہ کرنا، کے برابر ہونا۔ اَوْسَقَ اِیْسَاقًا الدابّةَ: جانور پر بوجھ لادنا۔ — ت النخلةُ: کھجور کے درخت کا بہت پھل دار ہونا۔ اِتَّسَقَ الأمرُ: کام کا ترتیب میں ہونا۔ — ت الإبلُ: اونٹوں کا جمع ہونا۔ — القمرُ: چاند کا پورا ہونا۔ اِسْتَوْسَقَ اِسْتِیسَاقًا: اکٹھا ہونا۔ — الأمرُ: کام کا ترتیب میں ہونا۔ — لَهُ الأمرُ: کے لئے کام کا ممکن ہونا۔ الوَسْق (مص) جمع اَوْساق: سات صاع، اونٹ کا بوجھ۔ — جمع اَوْسَاق و وُسُوق: کھجور کے درخت کا بوجھ۔ الوَسِیق (مص) دھتکار، بارش۔ الوَسِیقَة: حاملہ۔ ناقة وسیقة: حاملہ اونٹنی۔ — من الإبل جمع وَسَائِق: اونٹوں کا ریوڑ۔ المُتَّسِق: چاند کا ایک نام۔ — عند اهل العروض: اوزان شعر میں ایک وزن جس کا نام متدارک بھی ہے، جو آٹھ بار فَعِلُنْ پر مشتمل ہے۔

۲۔ المِیسَاق جمع مَیَاسِیق و مَآسِیق من الحمام: بڑے بازوؤں والا کبوتر، وہ پرندہ جو اڑنے میں پر پھڑپھڑائے۔

○ وَسَقَ یَسِقُ وَسْقًا ہ: جہاز یا کشتی پر کوئی چیز لادنا۔ اَوْسَقَ: بمعنی وَسَقَ۔ اِتَّسَقَ: ترتیب میں ہونا، اچھی ترتیب میں ہونا۔ ـــ مع: سے ہم آہنگ ہونا، کے مطابق ہونا، کے موافق ہونا۔ اِسْتَوْسَقَ لِ: کے لئے ممکن ہونا یا ہو جانا۔ وَسْق جمع وُسُوق و وِساق: بوجھ، لے جایا جانے والا مال، جہاز کی کھیپ، بارِ جہاز۔ اِتِّساق: ہم آہنگی، مطابقت میل۔ مُتَّسِق: اچھی طرح مرتب، متوازن، ہم آہنگ، مطابق۔ وِسْکِی: وِسکی (شراب)۔

وسل: وَسَلَ یَسِلُ وَسِیْلَۃً و وَسَّلَ و تَوَسَّلَ اِلَی اللّٰہ بعمل او وسیلۃ: کسی کام یا وسیلے سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنا۔ صفت: واسِل۔ الواسِلۃ والوَسِیلۃ جمع وُسُل و وَسَائِل و وُسُل: تقرب کا ذریعہ، بادشاہوں کے ہاں مرتبہ، درجہ۔

○ توَسَّلَ الی: کے دل میں گھر کرنا، کا منظورِ نظر بن جانا، کے نزدیک عزیز یا مقبول ہونا، موردِ عنایات ہونا، تک رسائی چاہنا، کی مہربانی کا خواہاں ہونا، کی منت سماجت کرنا، سے التماس کرنا، التجا کرنا۔ ـــ ب: کی مدد مانگنا، سے درخواست کرنا، کو بطور ذریعہ استعمال کرنا، (ذریعہ) استعمال کرنا۔ وَسِیْلَۃ جمع وَسَائِل: ذریعہ، تدبیر، ترکیب، مصلحت، چارہ کار، آلۂ کار، سبب، عامل (جمع عوامل)، اقدام، قدم۔ وَسَائِلُ الاحتیاط: احتیاطی تدابیر، پیش بندیاں۔ وسائل التعلیم: تعلیمی اعانتیں، تربیتی اعانتیں، سامانِ تعلیم۔ وسائلُ التکییف: ایئر کنڈیشنگ کی تنصیبات۔ وسائل المواصلات: ذرائعِ مواصلات۔ وسائل النقل: ذرائعِ نقل وحمل۔ اِبتَغَی الوسیلۃ اِلی ب: کے دل میں کے ذریعے گھر کرنا، کے نزدیک کے ذریعے موردِ عنایات ہونا۔ اِتَّخَذَ منہ وسیلۃً لِ: کو کے لئے چارۂ کار سمجھنا۔ تَوَسُّل: درخواست التماس، التجا، پُر ولولہ اپیل۔ تَوَسُّلاً اِلی: میں اس ذریعہ سے کامیاب ہونے کے لئے۔

وسم: وَسَمَ یَسِمُ وَسْمًا و سِمَۃً ہ: پر پکا نشان لگانا، کو داغی کرنا، پر داغ لگانا، پر شناخت کا نشان لگانا۔ ـــ الوَسْمِیُّ: موسم بہار کی پہلی بارش کا زمین پر پڑنا۔ وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا و وَسَامَۃً الغلام: لڑکے کا خوبصورت چہرے والا ہونا۔ ـــ الوجہُ: چہرہ کا خوبصورت ہونا۔ وَسَّمَ: موسم حج میں مکہ میں حاضر ہونا۔ واسَمَ مُواسَمَۃً ہ: سے خوبصورتی میں غالب ہونا۔ توَسَّمَ الرجُلُ: موسم بہار کی گھاس تلاش کرنا۔ ـــ الشیءَ: کو غور سے دیکھنا، کی علامت طلب کرنا، کو پہچاننا۔ ـــ فیہ الخیرَ: میں بھلائی کا اثر دیکھنا، میں ہونہاری کی علامتیں دیکھنا، سے بہت سی نیکی کی توقع کرنا، سے بہت امیدیں وابستہ کرنا۔ ـــ بالوَسِیْمَۃِ: وسمہ لگانا۔ اِتَّسَمَ: نشان دار ہونا، ممیز ہونا۔ السِّمَۃ (مص) جمع سِمَات: علامت، داغ کا اثر۔ الوَسْم (مص) جمع وُسُوم (ن): سبز پتوں والا درخت، علامت، داغ کا اثر۔ الوَسْمَۃ والوَسِمَۃ: نیل کے پتے یا ایسا پودہ جس کے پتوں سے رنگ کیا جاتا ہے۔ الوَسْمِی: موسم بہار کی پہلی بارش۔ الوِسَام جمع اَوْسِمَۃ: جانوروں پر لگایا ہوا نشان، تمغہ۔ الوَسَامَۃ (مص): حسن کا اثر، حسن و جمال۔ الوَسِیم جمع وُسَمَاء و وِسَام مونث وَسِیْمَۃ جمع وِسِیمات و وِسام: خوبصورت چہرے والا۔ الأوْسَم: زیادہ خوبصورت۔ المَوْسِم جمع مَوَاسِم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، مکہ معظمہ میں حاجیوں کے جمع ہونے کا وقت، مکہ میں حاجیوں کا میلا، بڑی عیدیں۔ ـــ عند اہلِ لبنان: ریشم کے کام کا زمانہ۔ ـــ عند العامۃ: ایسا مرض جو زندگی میں ایک بار لگتا ہے جیسے چیچک۔ المِیْسَم جمع مَیَاسِم: داغ لگانے کا آلہ، حسن وجمال۔ المَوَاسِم: داغ دیئے ہوئے اونٹ۔

○ وَسَمَ یَسِمُ وَسْمًا و سِمَۃً: جانور پر نشان لگانا، داغ لگانا، پکا نشان لگانا۔ وَسَمَہُ بالعَار: پر بدنامی کا داغ لگانا، کو بدنام کرنا۔ وُسِمَ جبینُہٗ ب: کے چہرہ پر کچھ لکھا ہونا۔ وَسَّمَ ہ: کو ممتاز کرنا، کو اعزاز عطا کرنا، کو تمغہ دینا، رتبہ دینا۔ تَوَسَّمَ ہ: کی جانچ پڑتال کرنا، کو توجہ سے دیکھنا، بغور دیکھنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ ـــ ب: پر کا نشان لگنا، کا خاصہ ہونا، کا وصف یا نشان ہونا۔ تَوَسَّمَ فیہ خیراً: میں ہونہاری کی علامتیں دیکھنا، سے بہت سی خوبیوں اور بھلائیوں کی توقع کرنا، سے بہت سی امیدیں یا توقعات وابستہ کرنا۔ اِتَّسَمَ: پر نشان یا داغ لگنا۔ ـــ ب: سے متصف ہونا، کی چھاپ رکھنا۔ سِمَۃ جمع سِمَات: نشان، خصوصیت، وصف، خارجی خصوصیت، چہرہ، چہرہ مہرہ، شکل وصورت، چھاپ، امتیازی وصف، طرہ امتیاز، نقش، ٹھپا، طبع، اثر، تاثر، امتیازی خصوصیت، فطرت، ویزا (visa) جمع سِمَات: چہرے کا اتار چڑھاؤ، وضع قطع، چال ڈھال، رویہ، طریقہ، معنی، مطلب، مفہوم۔ وَسْم جمع وُسُوم: داغ، چھاپ، مارک، قسم، قبائلی نشان، قبائلی چھاپ، خصوصیت، نشان، نولی نشان، [illegible] وِسام جمع اَوْسِمَۃ: تمغہ، بلا (badge)، تمغہ، میڈل (medal)، رتبہ، اعزازی بلا یا نشان۔ وِسَامُ الاستحقاق: حق یا استحقاق کا رتبہ۔ وِسَامُ رَبْطَۃِ الساق: اعلیٰ درجہ کا اعزازی نشان۔ وِسَامُ الشَرَف (جَوْقَۃُ الشَرَف): نشانِ اعزاز (فوجی)۔ وَسَامَۃ: حسن، جمال، خوبصورتی، دلفریبی، دلکشی، دلربائی، دل بری، دل آویزی۔ وَسِیم جمع وُسَمَاء و وِسام: حسین، خوبصورت، خوش انداز، دلکش، خوش مزاج، خوبصورت چہرہ)۔ مَوْسِم جمع مَوَاسِم: موسم، مسرت کا موسم، حج کا تہوار، جشن کا دن، چھٹی، تعطیل، میلہ، مقررہ تاریخ، آخری مدت، کٹائی، فصل۔ المَوَاسِم والأعیاد: جشن اور چھٹیوں کے دن۔ موسِمُ الاِصْطِیاف: موسم گرما میں تفریح کا موسم۔ موسمٌ تَمْثِیلِیٌّ یا موسم مَسْرَحِیٌّ: تھیٹروں کا موسم۔ موسمُ الحج: حج کا موسم۔ موسم القطن: کپاس کی کٹائی، کپاس کا موسم۔ الریح الموسمیۃ: مون سون، موسمی ہوائیں (monsoon)، مِیْسَم جمع مَوَاسِم و مَیَاسِم: داغ لگانے کا لوہا، داغنے کا لوہا، داغ، چھاپ، دامن پر داغ۔ مَوْسُوم: داغا ہوا، بدنام کیا ہوا۔ ـــ ب: سے متصف، کی خصوصیت والا۔

وسن: ۱۔ وَسِنَ یَوْسَنُ وَسَنًا و سِنَۃً: اونگھنا۔ صفت: وَسِن و وَسْنَان و مِیسان مؤنث: وَسِنَۃ و وَسْنَی و مِیسَان: بیدار ہونا، جاگنا۔ ـــ فلانٌ: کنویں کی بدبو سے بیہوش ہونا۔ اَوْسَنَتْہُ البئرُ: کو کنویں کا بیہوش کر دینا۔ تَوَسَّنَ ہ: کے پاس نیند کے وقت آنا۔ اِسْتَوْسَنَ: وَسِنَ کے معنی میں۔ السِّنَۃ (مص): اونگھ، غنودگی۔ ہو فی سِنَۃٍ: وہ غفلت میں ہے۔ الوَسَن (مص): اونگھ، غنودگی۔ الوَسْنَۃ: نیند کی کمی، اونگھ۔ الوَسْنَی: بہت اونگھنے والا۔ المَوْسُون مؤنث مَوْسُونَۃ: سست، کاہل۔

۲۔ الوَسَن جمع اَوْسَان: حاجت۔

○ وَسِنَ یَوْسَنُ وَسَنًا و سِنَۃً: سونا، محوِ خواب ہونا۔ وَسَنٌ: نیند، خواب، اونگھ، جھپکی۔ سِنَۃ: نیند، خواب، اونگھ، جھپکی۔ سِنَۃٌ مِن النَوم: ہلکی سی نیند، جھپکی، ذرا آنکھ لگنا۔ وَسِن: نیم خوابیدہ، اونگھتا ہوا۔ وَسْنَان مؤنث وَسْنَی: نیم خوابیدہ، اونگھتا ہوا۔

وسی: وَسَی یَسِی وَسْیاً رأسَہ: کا سر مونڈنا۔ اَوْسَی اِیساءً الرأسَ: سر مونڈھنا۔ ـــ الشیءَ: چیز کو کاٹنا۔ المُوسَی جمع مَوَاسٍ: استرہ۔ واسَی مُوَاسَاۃً الرجلَ: آدمی کی مدد کرنا۔

وشوش: وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فلانًا: سے سرگوشی میں کہنا، کانا پھوسی کرنا۔ — هُ الشيءَ: کو کوئی چیز ہلکے سے پکڑانا۔ تَوَشْوَشَ القومُ: ایک دوسرے سے سرگوشی میں بات کرنا۔ الوَشْوَشُ والوَشْواشُ: ہلکا، تیز رفتار، جلد باز۔ رَجُلٌ وَشْواشُ الذراع: کام میں پھرتیلا مرد۔

⊂ وَشْوَشة: سرگوشی، کانا پھوسی۔

وشب: الوَشْبُ: موٹی کھجور وغیرہ۔ الوَشْبُ اوشاب کا واحد: بے ترتیب لوگ، اوباش لوگ۔

وشج: وَشَجَ يَشِجُ وَشْجًا وَشَجانًا الأغصانُ: شاخوں کا ایک دوسرے میں الجھی ہوئی ہونا۔ (کہا جاتا ہے: وَشَجَتْ بك قرابتُهُ: اس کی قرابت تم سے مل گئی۔ وَشَجَتْ في قلبه أمورٌ و همومٌ: اس کے دل میں معاملات اور تفکرات گڈمڈ ہو گئے۔) — و وَشَّجَ مَحْمِلَهُ: ڈولی کو تسمہ وغیرہ سے باندھنا تاکہ کوئی چیز گرنے نہ پائے۔ — اللّٰهُ قرابتَهُ بكم: اللہ تعالیٰ کا کسی کی قرابت تم سے جوڑ دینا۔ — اللّٰهُ بين القوم: اللہ تعالیٰ کا لوگوں کو آپس میں جوڑ دینا۔ تَوَشَّجَ و تَواشَجَتْ عروقُ الشجرة و نحوها: درخت وغیرہ کی جڑوں کا آپس میں الجھا ہوا ہونا۔ الواشِجُ (فا) موشج واشجة: پیچیدہ۔ الوَاشِجَة: باہم پیوستہ رشتہ داری۔ الوَشيجُ: باہم پیوستہ رشتہ داری، رشتہ داری کی باہم پیوستگی، تیر بنانے کا درخت، نیزے۔ کہا جاتا ہے: تطاعنوا بالوَشيج: انہوں نے ایک دوسرے پر نیزوں سے حملہ کیا۔ الوَشيجَة جمع وَشائِج: درخت کے ریشہ کی بنی ہوئی رسی جس کو دو لکڑیوں میں الجھا کر اس سے گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجائی جاتی ہے۔ وشائج کا واحد: کان کی رگ۔ کہا جاتا ہے: هُمْ وَشيجَةُ القوم: وہ قوم میں اجنبی ہیں۔

⊂ وَشيجُ الاتصال: قریب قریب جڑا ہوا، مربوط۔ وَشيجَة جمع وشائج: قریبی رشتہ۔ مُتَواشِج: مربوط، باہم مربوط۔

وشح: وَشَّحَ هُ: کو جڑاؤ پٹی پہنانا۔ تَوَشَّحَ بسيفه: تلوار کو گردن میں لٹکانا۔ — بثوبه: کپڑا پہننا یا بغل سے نکال کر کندھے پر ڈالنا۔ — الجبلَ: پہاڑ پر چلنا۔ — واتَّشَحَ: مرصع پٹکا پہننا۔ الوِشاحُ: تلوار، کمان۔ ذو الوِشاح: حضرت عمر بن الخطاب کی تلوار۔ — والوِشاحُ جمع وُشُح و أَوْشِحَة و وَشائِح: جڑاؤ پٹی۔ الموشاح: تلوار۔ الوَشْحاء: سفید دھاریوں والی کالی بکری۔ المُوَشَّح: اشعار کی ایک قسم جس میں ایک قافیہ کی پابندی نہیں ہوتی۔ یہ اہل اندلس کی ایجاد ہے اسے قصیدہ کہا جاتا ہے۔ اس سے مُوَشَّحَة جمع مُوَشَّحات ہے۔ المُوَشَّحة من الطير او الظبا: پرندہ یا ہرن جس کی گردن پر مالا کی طرح دو خطوط ہوں۔

⊂ وَشَّحَ ہ: کو وشاح سے سجانا یا وشاح پہنانا۔ تَوَشَّحَ و اتَّشَحَ ب: پٹی پہننا، پٹکا یا کمربند پہننا، اپنا (ایک نیا نام) رکھنا، کے نام سے مشہور ہونا۔ مُتَّشِح ب: (کوئی لباس) پہنے ہوئے۔

وشر: وَشَرَ يَشِرُ وَشْرًا سِنانَهُ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا۔ — الخشبةَ بالمنشار: لکڑی کو آرے سے چیرنا۔ اِتَّشَرَ و اسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔ المَوْشور (مفع) جمع مَواشير (ہ): تین ضلعوں والا بلوری جسم۔ المنشار: آرا۔

⊂ مَوْشور جمع مَواشير: منشور (prism)۔ مَوْشوری: منشوری (prismatic (al))۔

وشز: وَشَزَ يَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔ تَوَشَّزَ للشر: برائی کے لئے تیار ہونا۔ الوَشْزُ والوَشَزُ جمع أَوْشاز: جلدی، بلند جگہ، جس کی پناہ لی جائے؛ زندگی کی سختی۔ الوَشيزَة: الوشائز کا واحد: بہت بھرا ہوا تکیہ۔

وشظ: وَشَظَ يَشِظُ وَشْظًا العظمَ: ہڈی کا ایک ٹکڑا توڑنا۔ — الفأسَ: کلہاڑی کے دستہ میں پچڑ لگانا۔ — القومُ الينا: تھوڑے لوگوں کا ہم سے آ کر ملنا۔ الوَشيظ جمع أَوْشاظ: تابع، حلیف، قوم میں اجنبی، خسیس، مختلف النسل لوگ۔ — والوَشيظَة جمع وَشائِظ: لکڑی کا ٹکڑا جس سے لکڑی کا پیالہ جوڑا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے: هم وَشيظَةٌ في قومهم: وہ قوم میں ادنیٰ لوگ ہیں۔ هو وشيظة فيهم: وہ لوگوں میں ادنیٰ ہے۔

وشع: ا۔ وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا الشيءَ: چیز کو خلط ملط کرنا، ملانا۔ — القطنَ: روئی کو لپیٹنا۔ — وَشْعًا وُشوعًا و وَشَعاتِ البقلةُ: سبزی کا پھول دار ہونا۔ — هُ الشيءُ: کے اوپر ہونا۔ وَشَّعَ القطنَ: روئی کو دھننے کے بعد لپیٹنا۔ — الشيءُ في الشيء: ایک چیز کا دوسری چیز میں داخل ہونا۔ — الثوبَ: کپڑے پر بیل بوٹے ڈالنا۔ — الشيبُ رأسَهُ: سر پر بالوں کی سفیدی ظاہر ہونا۔ — القومُ على كَرْمِهم او بستانهم: انگوروں کی بیلوں یا باغ کے ارد گرد باڑ لگانا۔ أَوْشَعَ البقلُ او الشجرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔ تَوَشَّعَ بالكذب: جھوٹ سے مزین ہونا۔ — الشيبُ رأسَهُ: سر پر بالوں کی سفیدی ظاہر ہونا۔ — الشيءُ: پراگندہ ہونا۔ — به: بہت ہونا۔ — القومُ الضيوفَ: لوگوں کا مہمانوں کو تقسیم کر کے ہر ایک کا ان کی ایک جماعت کو اپنے گھر لیجانا۔ الوَشْع (مص) جمع وُشوع: سبزیوں کے پھول، شگوفے، پہاڑ میں تھوڑی سبزی۔ الوُشْع: مکڑی کا جالا۔ الوَشوع: پہاڑ کی متفرق نباتات، حلق میں ٹپکانے کی دوا۔ الوَشيع: کپڑے کا منقش بارڈر، گھر کی چھت یا چھت کی لکڑیوں پر ڈالی ہوئی چٹائی، خشک ہو کر گرا ہوا درخت کا حصہ، باغ کے گرد خار دار باڑ، فوج کے افسر کا خیمہ جہاں سے وہ لشکر پر نگاہ رکھتا ہے۔ الوَشيعَة جمع وَشيع و وَشائِع: رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کا گٹا، ہر پیچیدہ چیز، غبار کی دھاری، جلاہے کی نال۔ المُوَشَّع (مفع)۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: دھاری دار منقش چادر۔

۲۔ وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا و وُشوعًا الجبلَ و فيه: پہاڑ پر چڑھنا۔ تَوَشَّعَ في الجبل: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا۔ — ت الغنمُ في الجبل: بکریوں کا چرنے کے لئے پہاڑ پر چڑھنا۔

⊂ وَشَّعَ ہ: (روئی) کو لپیٹنا۔ وَشيع: جنگلا، باڑ۔ وَشيعَة جمع وَشائِع: ریل (reel) (دھاگے کی) نلکی۔ وشيعة التحريض: برقی تار کا لچھا۔

وشغ: ا۔ وَشَغَ يَشِغُ وَشْغًا ببوله: پیشاب کرنا۔ وَشَّغَ الثوبَ بالدم: کپڑے کو خون میں لتھیڑ کر دھاری دار کرنا۔ أَوْشَغَ إيشاغًا ببوله: پیشاب کرنا۔ تَوَشَّغَ بالسوء: برائی سے آلودہ ہونا۔

۲۔ أَوْشَغَ إيشاغًا العطيةَ: بخشش کم دینا۔ الوَشْغ والوَشيغ: تھوڑا کم۔

وشق: ا۔ وَشَقَ يَشِقُ وَشْقًا هُ: کو خراش ڈالنا۔ — هُ بالرمح: کو نیزہ مارنا۔ — اللحمَ: گوشت کو پھانکوں میں کاٹنا۔ — وَشَّقَ الشيءَ: کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ أَوْشَقَ الشيءُ في الشيء: چیز کا چیز سے چمٹنا۔ تَواشَقَ القومُ العدوَّ بأسيافهم: دشمن کو تلواروں سے کاٹنا۔ اِتَّشَقَ القومُ العدوَّ بأسيافهم: دشمن کو گوشت کی طرح تلواروں سے کاٹنا۔ — فلانٌ اللحمَ: گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الوَشْق (مص): متفرق چارہ۔ الوَشَق (ح): ایک درندہ جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتے ہیں۔ الوَشيق والوَشيقَة جمع وَشائِق: سفر پر ساتھ لیجانے کے لئے ٹکڑوں میں کاٹا ہوا گوشت۔ الميشاق جمع مَواشيق: کنجی کا دندانہ۔

۲۔ وَشَقَ یَشِقُ وَشْقًا الرجُلُ: جلدی کرنا۔ الوَاشِق (فا): جلدی گزر جانے والی چیز، جیسے عمر، زمانہ۔

۳۔ الوَاشِق تھوڑا دودھ، چڑیا، گوریا، کنجشک، باز، شاہین، شکرا۔

⊂ وَشَق: بن بلاؤ، سیاہ گوش۔

وشک: وَشُكَ یَوْشُكُ وَشْكًا و وَشَاكَةً و وَشَكَ الأمرُ: جلدی ہونا صفت: وَشِیك۔ وَاشَكَ مُوَاشَكَةً: تیز چلنا۔ وُشُك جلدی چلنا، قریب پہنچنا۔ اَوْشَكَ أن یموت: مرنے کے قریب ہونا (ماضی کے مقابلہ میں مضارع کا استعمال زیادہ ہے اور اس سے اسم الفاعل کا استعمال اس سے بھی کم ہے۔ اکثر و بیشتر اس کی خبر کے ساتھ أن آتا ہے۔ الوَشْك و الوُشْك و الوُشُكا و الوَشْكان و الوُشْكان سرعت۔ کہا جاتا ہے: وشکان ما یکون دلك یہ جلد ہونے والا ہے یا کس قدر جلدی ہونے کو ہے۔ (یہ اسم فعل ہے)۔ الوِشاك سرعت۔ الوَشِیك (مذکر و مؤنث کے لئے) قریب، جلد تیز، کہا جاتا ہے: خَرَجَ وَشِیكًا: وہ تیزی سے نکلا۔

⊂ وَشُكَ یَوشُكُ وَشْكًا و وَشَاكَةً و وَشَّكَ: جلدی ہونا۔ اَوْشَكَ أن: کو کرنے کو ہی ہونا، کو کرنے ہی لگنا۔ ـــ أن/علی: کو کرنے کے قریب ہونا۔ ـــ علی: کے قریب ہونا۔ یوشكُ أن: (وہ) قریب قریب یا قریبا۔ وشك وُشك رفتار، تیزی، پھرتی، جلدی، عجلت۔ علی وشك أن: کو کرنے کو ہی ہونا، کو کرنے ہی لگنا، کو کچھ کرنے کے قریب ہونا۔ علی وشك الخروج: باہر جانے کے قریب ہونا، باہر جانے لگنا۔ وَشْكان: رفتار، تیزی، پھرتی، جلدی، عجلت۔ وَشِیك: قریب، نزدیک، سر پر کھڑا، آنے ہی والا، عن قریب ہونے والا، قریبی۔ وَشِیكُ الزوال: جلد تباہ ہونے والا۔ وشیك الحلّ: حل کے قریب، تقریبا حل شدہ (مسئلہ)۔

وشل: ۱۔ وَشَلَ یَشِلُ وَشْلًا و وَشَلانًا الماءُ: پانی کا بہنا، ٹپکنا۔ ـــ وَشَلًا کمزور ہونا، مفلس ہونا۔ اَوْشَلَ الماءَ: پانی کو تھوڑا پانا۔ ـــ حَظَّهُ: کا حصہ تھوڑا یا کم کرنا۔ الواشِل (فا) من الجبال وہ پہاڑ جس سے پانی ٹپک رہا ہو۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ واشِلُ الرأی۔ فلاں شخص کمزور رائے والا ہے۔ هو واشِلُ الحظّ: وہ ناقص اور تھوڑے حصے والا ہے۔ الوَشَل جمع وِشال تھوڑے آنسو، چٹان یا پہاڑ سے ٹپکنے والا پانی، بہت پانی یا آنسو۔ (ضد) کہا جاتا ہے: جاء [illegible] وشالا لوگ ایک دوسرے کے پیچھے آئے۔

عیونٌ وَشِلَةٌ: تھوڑے پانی والے چشمے۔ الوُشُول: دولت کی کمی، نقصان، کمی۔ ناقةٌ وَشُولٌ: بہت دودھ والی اونٹنی، تھوڑا دودھ دینے والی اونٹنی (ضد)۔

۲۔ وَشَلَ یَشِلُ وُشُولًا الیه: سے خاکساری ظاہر کرنا۔ الوَشَل: ہیبت، خوف۔

⊂ وَشَل جمع اَوْشَال: ٹپکتا پانی، ٹپکتے آنسو۔

وشم: وَشَمَ یَشِمُ وَشْمًا الیدَ: ہاتھ گودنا۔ وَشَّمَ الغصنُ: شاخ کا پتے نکالنا۔ ـــ الیدَ: ہاتھ گودنا۔ اَوْشَمَ اِیْشَامًا المکانُ: جگہ کا سبزہ اُگنا۔ ـــ الکرمُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔ ـــ الشیبُ فی رأسه: سر میں بڑھاپے کی سفیدی ظاہر ہونا۔ ـــ البرقُ: بجلی کا چمکنا۔ ـــ ت السماءُ: آسمان میں بجلی کا کوندنا۔ ـــ ت الجاریةُ: لڑکی کے پستانوں کا ابھرنے لگنا۔ ـــ فی عرض فلان: کو گالی دینا، پر عیب لگانا۔ ـــ فی الامر پر غور و تامل کرنا۔ کہا جاتا ہے: اَوْشَمَ یفعلُ کذا: وہ ایسا کرنے لگا۔ اِسْتَوْشَمَ اِسْتِیشَامًا: گودنے کے لئے کہنا یا اس کا ارادہ کرنا۔ الوَشْم (مص) جمع وُشوم و وِشام: گودائی، گودنے کے نشانات، پہلے ظاہر ہونے والی نباتات۔ الوَشْمة: وشم کا اسم مرۃ: بارش کا قطرہ۔ کہا جاتا ہے: ما عصاہُ وَشْمَةً: اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔ الوَشِیمَة: برائی، دشمنی۔ کہا جاتا ہے: بینهما وشیمةٌ: ان دو کے درمیان تو تکار، لڑائی اور دشمنی ہے۔

⊂ وَشَمَ یَشِمُ وَشْمًا و وَشَّمَ ہ: کو گود کر نقش بنانا (tatoo)۔ وَشْم جمع وِشام و وُشوم: گودا ہوا نقش، گودنے کا نشان۔ وَشِیمَة: دشمنی، بیر، لڑائی، جھگڑا، فساد، کینہ، بغض، عناد، بداندیشی۔

وشن: تَوَشَّنَ الماءُ: پانی کا کم ہونا۔ الوَشْن: بلند زمین، موٹا اونٹ۔ الأوْشَن: دسترخوان پر کھانے کا ساتھی۔

وشی: ۱۔ وَشَی یَشِی وَشْیًا و شِیَةً الثوبَ: کپڑے کو رنگوں سے مزین کرنا اور اس پر نقش و نگار بنانا۔ ـــ الکلام: کلام میں جھوٹ بولنا۔ ـــ وَشْیًا و وِشَایَةً به الی الملك: بادشاہ سے کسی کی چغل خوری کرنا۔ وَشَّی ذ ثوبًا کو کپڑا پہنانا۔ ـــ الثوبَ: کپڑے کو رنگوں سے مزین کرنا، کپڑے پر نقش و نگار بنانا۔ ـــ الکلام کلام میں جھوٹ بولنا۔ اَوْشَی اِیشاءً المکانُ: کسی جگہ نباتات اُگنا۔ ـــ ت النخلةُ: درخت خرما کا پہلا پھل لانا۔ ـــ المعدنُ: کان میں [illegible] تھوڑا سا پایا جانا۔ ـــ [illegible] نقش و نگار والا ہونا ـــ الشیبُ فی رأسه: بڑھاپے کے سفید بالوں کا سر میں پھیل جانا۔ استوشی المعدنُ: کان میں سونے کا تھوڑی مقدار میں پایا جانا۔ الوَاشِی (فا) جمع وَاشُون و وُشَاة: چغل خور، جلاہا۔ الشِیَة (مص) جمع شِیات: ہر وہ رنگ جو کسی چیز کے زیادہ رنگوں کے مخالف ہو، علامت، نشان۔ الوَشْی (مص) جمع وِشاء: کپڑے کے نقش و نگار، نقش و نگار والے کپڑے۔ وَشْیُ السیف: تلوار کا جوہر۔ الوُشَاة: سونے پر ٹھپہ لگانے والے۔ الوَشّاء: بہت چغل خور، نقش و نگار والے کپڑے بیچنے والا۔ الأشْیَة: داغ دار۔ ثورٌ اَشْیَةُ: داغ دار بیل۔ نسبت کیلئے۔ وشویٌّ کہا جاتا ہے۔

۲۔ وَشَی یَشِی وَشْیًا و وِشَایَةً بنو فلان: کی اولاد کا زیادہ ہونا۔ اَوْشَی اِیشاءً الرجلُ: کے مویشیوں کا زیادہ ہونا اور نسل بڑھانا۔ ـــ الشیءَ: چیز کو نکالنا، کو جاننا۔ ـــ الفرسَ: گھوڑے کو اکسانا۔ ـــ الدواءُ المریضَ: دوا کا بیمار کو تندرست کرنا۔ ـــ فی الدراهم: کچھ درہم لینا۔ اِیْتَشَی اِیتشاءً العظمُ: شکستہ ہڈی کا ٹوٹ کر درست ہونا۔ اِسْتَوْشَی الفرسَ: گھوڑے کو اکسانا۔ ـــ الحدیثَ: پر بحث کرنا، کو جمع کرنا۔ ـــ الرجلَ: سے مانگنا، کے ہاتھ میں جو کچھ ہو اسے نکالنا۔ الوَاشِی جمع وَاشُون و وُشَاة: بہت اولاد اور مویشیوں والا۔ الوَشَاء: اونٹوں کی کثرت۔

⊂ وَشَی یَشِی وَشْیًا ہ: (کپڑے) کی تزئین کرنا، کپڑے کو کئی رنگوں سے خوشنما بنانا، کپڑے پر سوزن کاری کرنا۔ وَشْیًا و وِشَایَةً ب إلی: پر کا بہتان باندھنا، کو سے بدنام کرنا، رسوا کرنا، سے کی بدگوئی کرنا۔ ـــ ب: کے خلاف مخبری کرنا، کو علانیہ مجرم ٹھہرانا، کو برا بھلا کہنا، ملامت کرنا، کو دغا دینا، سے غداری کرنا۔ وَشَّی ہ: (کپڑے) کی تزئین کرنا، کپڑے کو کئی رنگوں سے خوبصورت و خوشنما بنانا، کپڑے پر سوزن کاری کرنا۔ شِیَة جمع شِیات: بڑا سا بدرنگ دھبہ، دھبا، داغ، نشان، خرابی، عیب، نقص، علامت۔ وَشْی جمع وِشاء: کئی رنگوں سے کی گئی زیبائش، تزئین، سوزن کاری۔ سوزن کاری کیا ہوا یا چھاپا ہوا کپڑا۔ وَشّاء: سوزن کاری والا یا چھاپہ شدہ کپڑے بیچنے والا۔ وِشَایة: رسوائی یا بدنامی، ہتک عزت، بہتان، تہمت، اتہام۔ توشیة: سجاوٹ، تزئین، آرائش، زیبائش، سوزن کاری۔ واشٍ جمع واشون و وُشاة: غدار، دغاباز، بہتان لگانے والا،

بدگوئی کرنے والا، مخبر، برا بھلا کہنے والا۔

وص ۱۔ وصَّ یَوُصُّ وَصًّا العملَ: کام کو مضبوط بنانا۔ وَصَّصَ توصیصًا ت المرأةُ: عورت کا نقاب کو تنگ کرنا۔

۲۔ وَصْوَصَ عینَهُ: نظر جمانے کے لئے آنکھ کو تنگ کرنا، پردہ کے سوراخ سے دیکھنا۔ ــــ الجروُ: پلّے کا آنکھیں کھولنا۔ ــ ت الجاریۃُ: برقع میں سے لڑکی کی صرف آنکھوں کا نظر آنا۔ الوَصْوَص و الوَصْوَاص جمع وَصَاوِص و وَصَاوِیص: پردہ میں آنکھ کے برابر سوراخ، چھوٹا برقع۔ الوَصَاوِص: زمین کے بڑے بڑے پتھر۔

وَصْوَص: سوراخ یا درز سے جھانکنا، چوری چوری دیکھنا۔ وَصْوَص و وُصْواص جمع وَصاوِص: جھانکنے کا سوراخ۔ وَصْوَصَۃ: جھانکنا، چوری چوری دیکھنا، دزدیدہ نظر۔

وصی وَصِیَ یَوْصَا وَصًا الثوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔

وصب: ۱۔ وَصَبَ یَصِبُ وُصُوبًا: دائم رہنا، ثابت رہنا۔ ــ لدَینُ: قرض لازم ہونا۔ ــ علی الأمر: کام کو کرتے رہنا، کو حسن کارانہ طریقہ سے کرنا۔ وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا و وَصَّبَ: بیمار ہونا، بیمار پڑنا صفت: وَصِب جمع وَصَابَی و وِصاب۔ وَاصَبَ علی الامر: کو کرتے رہنا۔ اَوْصَبَ: بیمار ہونا، بیمار پڑنا۔ ــ اللّٰہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو بیمار کرنا، بیماری میں مبتلا کرنا۔ اَوْصَبَ الرجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا۔ ــ الشیءُ: دائم ہونا، ثابت ہونا۔ ــ علی الامر: کو کرتے رہنا۔ توَصَّبَ: بیمار ہونا، بیمار پڑنا، درد پانا۔ الوَاصِب (فا): دائم۔ الوَاصِبَۃ: الوَاصب کا مؤنث: بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان جو ختم ہوتا نظر نہ آئے۔ الوَصَب جمع اَوْصاب: دائمی بیماری، درد، جسم کی لاغری، تھکن، سستی۔ المُوَصَّب: بہت دردوں والا۔

۲۔ الوَصَب جمع اَوْصاب: بنصر اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔

وَصَبَ یَصِبُ وُصُوبًا: جاری رہنا، رہنا۔ وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا و توَصَّبَ: (دائمی طور پر) بیمار ہونا۔ وَصَب جمع اَوْصَاب: بیماری، بے آرامی، سختی، تکلیف، مصیبت۔ وَاصِب: پائدار، مضبوط، مستقل۔

وصد: ۱۔ وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا: ثابت رہنا۔ ــــ الثوبَ: کپڑا بننا۔ ــ بالمکان: کسی جگہ قیام کرنا۔ وَصَّدَ الثوبَ: کپڑا بننا۔ اَوْصَدَ البابَ: دروازہ بند کرنا۔ ــ القِدرَ: ہانڈی ڈھانکنا۔ ــ علی فلانٍ: کو تنگ کرنا۔ ــــ واسْتَوْصَدَ: پہاڑ میں مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔ الوِصاد: بندش، ڈھکائی (دروازہ بند کرنا، ہانڈی ڈھکنا)۔ الوَصَّاد: جولاہا۔ الوَصِید جمع وُصُد: تنگ، بند کیا ہوا، قریب قریب جڑوں والی نباتات، غار، چوکھٹ، گھر کا صحن، پہاڑ، دوبار ختنہ شدہ۔ ــــ والوَصِیدَۃ جمع وَصَائِد: پہاڑ میں مویشیوں کا باڑہ۔ المُوْصَد: پردہ۔

۲۔ وَصَّدَ الکلبَ بالصید: کتے کو شکار پر بھڑکانا۔ اَوْصَدَ الکلبَ بالصید: کتے کو شکار پر بھڑکانا۔

۳۔ وَصَّدَ فلانًا: کو ڈرانا۔

وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا: ثابت و مضبوط ہونا، مضبوطی سے قائم رہنا۔ اَوْصَدَ ہ: (دروازہ) بند کرنا۔ اَوْصَدَ البابَ فی وجھہ: کا راستہ روکنا، کو آنے نہ دینا۔ وَصِید: چوکھٹ، دہلیز۔

وصر: الوِصر جمع اَوَاصِر: عہد ــ والوصیرۃ والأوصر: عہدنامہ، چیک، دستاویز۔

وصع: وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشیءَ: کو پوشیدہ کرنا۔

وصف: وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وصِفَۃً الشیءَ: کو بیان کرنا، کی تعریف کرنا۔ ــ الشیءَ: کو میٹھا کرنا۔ ــ الطبیبُ للمریض: طبیب کا مریض کے لئے دوا تجویز کرنا۔ ــــ وُصُوفًا الفرسُ: گھوڑے کا عمدگی سے چلنا۔ وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَۃً الغلامُ: لڑکے کا خدمت کرنے کے لائق ہو جانا۔ صفت: وَصِیف۔ اسم الایصاف و الوَصَافۃ۔ وَاصَفَہٗ: کوئی چیز اس کی صفت بتا کر فروخت کرنا۔ اَوْصَفَ ایصافًا الغلامُ: لڑکے کا نوکری کے لائق ہونا۔ توَصَّفَ وَصِیفًا او وَصِیفَۃً: خادم یا خادمہ، خادم یا خادمہ بنانا۔ تَوَاصَفَ القومُ الشیءَ: کو ایک دوسرے سے بیان کرنا۔ اِتَّصَفَ الشیءُ: چیز کا قابل بیان ہونا۔ ــ الرجُلُ: اچھی صفات سے ستودہ ہونا۔ ــ بالصفات الحمیدۃ: ستودہ صفات والا ہونا۔ اِسْتَوْصَفَ فلانًا الشیءَ: کو کوئی چیز بیان کرنے کے لئے کہنا۔ ــ الطبیبَ: حکیم سے نسخہ تجویز کرانا۔ ــــ الغلامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔ الصِفَۃ (مص): صفت، خوبی، وہ علامت جس سے موصوف پہچانا جائے۔ الصِفَاتِیَۃ: واحد صفاتی ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا منکر ہے اور صرف ذات الوہیت کا اقرار کرتا ہے۔ الوَصْفِیَۃ: صفت کی حالت۔ الوَصَّاف: صفت سے واقف، طبیب۔ الوَصِیف جمع وُصَفَاء مونث وَصِیفَۃ جمع وَصَائِف: خدمت کے قابل لڑکا۔ المُسْتَوْصَف: کلینک، چھوٹا ہسپتال۔

وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا ہ/ ہ: کی صفت بیان کرنا، کے متعلق کہنا کہ، کو لفظوں میں بتانا، بیان کرنا، کا حال بیان کرنا، کی تصویر یا نقشہ کھینچنا، کی لفظوں میں تصویر کھینچنا، کی خاصیت بیان کرنا، کا امتیازی وصف بیان کرنا، کی کردار نگاری کرنا۔ ــــ ہ: کی تعریف کرنا، کی ستائش کرنا، کی تعریف کے پل باندھنا۔ ــــ ہ ب: سے کوئی چیز منسوب کرنا، سے کی نسبت دینا۔ ــ ہ ب: کو کا حامل سمجھنا، کو کا مالک خیال کرنا، کی کے لئے تعریف کرنا۔ ــ ب ہ: کو کی نیک نامی میں کہنا۔ ــ ہ ل: دوا کا نسخہ کے لئے لکھنا، کوئی دوا کے لئے تجویز کرنا۔ لا یُوْصَف: ناقابل بیان، مبہم، نرالا، عجیب، انوکھا۔ وَاصَفَ ہ: ایک دوسرے سے کسی چیز کا حال بیان کرنا، کو ایک دوسرے کو بتانا۔ اِتَّصَفَ: بیان کیا جانا۔ ــــ ب: کا بطور خوبی یا خصوصیت حامل ہونا، مالک ہونا، (کی وجہ) سے ممتاز ہونا، معروف ہونا، مشہور ہونا، متصف ہونا، واضح ہونا۔ اِسْتَوْصَفَ ہ: (ڈاکٹر، حکیم) سے مشورہ کرنا، رجوع کرنا، پوچھنا۔ صِفَۃ جمع صِفَات: خوبی، کمال، قسم، خاص بات، کیفیت، ماہیت، خاصہ، وصف، صفت، خصوصیت، امتیازی نشان، انوکھا پن۔ صفت (گرامر)، طریقہ، اسلوب۔ بِصِفَۃِ: بطور، کی حیثیت سے۔ بِصِفَتِہٖ وزیرًا: وزیر کی حیثیت سے، بطور وزیر۔ بِصِفَۃٍ خاصَۃٍ: خاص کر، بالخصوص، خصوصاً۔ بِصِفَۃٍ غیرِ رسمیۃ: غیر سرکاری طور پر، غیر مصدقہ طور پر۔ وَصْف: بیان، توصیف، وصف، تصویر کشی، حلیہ کشی، نقل، امتیاز، خاصہ، نشان جمع اوصاف: خوبی، کمال، خاصہ، خصوصیت، وصف، امتیازی نشان، انوکھا پن، صفت (گرامر) اَوْصَاف (جمع) کسی شخص کا بیان۔ شیءٌ یفوق الوصف: ناقابل بیان چیز، بیان کی دسترس سے باہر (چیز)۔ اَخَذَ اَوْصَافَہٗ: کا بیان قلمبند کرنا۔ وصفۃ: بیان، تصویر کشی، حلیہ کشی، نقل، طبی نسخہ۔ وَصْفِی: توصیفی، بیانی، تصویر کشی کا۔ وَصَّاف: بیان کرنے والا، تصویر کشی کرنے والا۔ وصِیف جمع وُصَفَاء: نوکر، خادم، ملازم لڑکا۔ وَصِیفَۃ جمع وَصَائِف: نوکرانی، خادمہ، ملکہ یا شہزادی کی مصاحب خاتون، ملازمہ، مصاحبہ، بن بیاہی عورت جو ملکہ یا شہزادیوں کی مصاحب ہو۔ مُوَاصَفَۃ: بیان، توضیح، تشریح، ترجمانی، تفصیل، تصریح۔ جمع مواصفات: تفصیلات، تصریحات۔ مواصفۃ العلاج: علاج

کے لئے ہدایات، موصوف: بیان کردہ، نقل کردہ، لفظوں میں تصویر کھینچا ہوا، تصویر کشی کیا ہوا، نسخہ لکھا ہوا، تصور کردہ۔ ـــ ب ـــ سے متصف، کا حامل، اسم جس کے بعد صفت ہو۔ مُتَّصِف ب۔ سے متصف، کا حامل، کا مالک۔ مُسْتَوْصَف جمع مُسْتَوْصَفَات: کلینک (clinic)۔

وصل: وَصَلَ يَصِلُ وَصْلاً وصِلَةً وَصُلَةً الشیءَ بالشیءِ: چیز کو چیز سے جوڑنا، کو میں جمع کرنا۔ ـــ ہُ بالف دینار: کو ہزار دینار دینا۔ ـــ وَصْلاً وصِلَةً زیداً: زید سے نیکی کرنا، زید کو دینا۔ ـــ رَحِمَہٗ: رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا۔ ـــ فلاناً سے تعلق رکھنا۔ وُصُولاً و وُصْلَةً و صِلَةً الی المکان: کسی جگہ پہنچنا۔ کہا جاتا ہے: وصلنی الخبرُ و وصل اِلَیَّ الخبرُ: مجھے خبر پہنچی۔ ضربہُ ضربةً لا توصَل: اس نے اسے ناقابل علاج ضرب لگائی۔ وَصَّلَ الشیءَ بالشیءِ: چیز کو چیز سے جوڑنا، مربوط کرنا، باندھنا۔ ـــ و اَوْصَلَ فلاناً الی کذا: کو تک پہنچانا۔ وَاصَلَ وِصَالاً و مُوَاصَلَةً الشیءَ و فی الشیءِ: کو جاری رکھنا، کو کرتا رہنا۔ ـــ ہٗ: سے تعلق رکھنا۔ تَوَصَّلَ اِلی کذا: تک پہنچنا۔ ـــ اِلی فلان: تک پہنچنے کے لئے حیلہ کرنا۔ تَوَصَّلَ الیہ بِوُصْلَةٍ و سبب: تک رسائی حاصل کرنا، کو رشوت دینا۔ تَوَاصَلَ الرجلانِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔ اِتَّصَلَ بالشیءِ: سے ملنا، جڑنا۔ ـــ الیہ: تک پہنچنا۔ ـــ بی خبرُ فلانٍ: میں اس سے باخبر ہوا۔ ـــ فلانٌ بالوزیر: وزیر کی خدمت میں لگنا۔ ـــ اِلی بنی فلان: سے منسوب ہونا۔ اِسْتَوْصَلَ: میل واتحاد ڈھونڈنا۔ الصِلَة (مص) جمع صلات: عطیہ، احسان، انعام۔ الوَصْل (مص): لیلةُ الوَصْل: قمری مہینہ کی آخری رات۔ حرف الوصل عند اهل القوافی: متحرک رَوِی کے بعد آنے والے حرف یعنی واو یا یاء یا الف یا ھاء۔ کہا جاتا ہے: ھذا وصلُ ھذا: یہ اس کے مثل ہے۔ الوُصْل والوِصْل جمع اَوْصال: عضو، جوڑ۔ الوُصْلَة (مص) جمع وُصَل: ملاپ، تعلق، دو چیزوں کو ملانے والی چیز، دور کا ملک، سفر کے ساتھی۔ الوَصُول: بہت میل رکھنے والا، بہت دینے والا۔ الوُصُول (مص): جمع وُصُولات (ت): وصولی کی رسید۔ الوُصُولی: ایسا طامع جو ہر قیمت پر اپنا مقصد حاصل کرنے کے لئے دوڑ دھوپ کرے، نو دولت، نیا نواب، نیا امیر۔ الوُصُولِیَّة: نو دولتی، نئی نوابی۔ وَصِیلُ الرجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا، مثل۔ کہا جاتا ہے: ھذا رجُلٌ وصِیلُ ھذا: یہ اس جیسا آدمی ہے۔ الوَصِیلَة جمع وَصَائِل: جوڑنے والی چیز، دھاگے کا گولہ یا پیچک، وسیع و دور دراز ملک، عمارت، ارزانی، وصیل کا مؤنث، سفر کے ساتھی۔ ـــ جمع وَصِیل و وَصَائِل: دھاری دار کپڑا۔ اِتِّصالُ النیِّرَین (فلک): سورج اور چاند کا اتصال یا ان کا بالمقابل ہونا۔ المَوْصِل: رسی وغیرہ کا جوڑ یا مقام اتصال۔ مَوْصِلُ البعیر: اونٹ کے پڑے اور ران کا درمیانی حصہ، موت، عراق اور جزیرے کے درمیان ایک شہر کا نام۔ المَوْصِلان: موصل اور جزیرہ۔ المَوْصُول (مفع) (ح): ایک قسم کی بحر۔ المُسْتَوْصِل (فا): المُسْتَوْصِلَةُ من النساء: اپنے بالوں میں دوسرے کے بال لگانے والی عورت۔

C وَصَلَ یَصِلُ وَصْلاً وصِلَةً ہ ب: کو سے جوڑنا، کو سے نتھی کرنا، منسلک کرنا، کو کے ساتھ لگانا۔ ـــ صِلَةً: ربط قائم کرنا، تعلق، رابطہ، یا رشتہ قائم کرنا۔ ـــ بین و ـــ: کے اور کے درمیان رشتہ قائم کرنا، ربطیات تعلق کام میں لانا۔ ـــ ہ ب: کو کچھ دینا، کو کچھ عطا کرنا، کو کچھ انعام دینا۔ ـــ وُصُولاً ہ/الی: کسی ذو تک پہنچنا۔ ـــ ہ/الی: کے ہاتھ آنا۔ ـــ ہ/ہ یا اِلی: کے پاس کچھ پہنچنا، کے پاس کچھ آنا۔ ـــ ہ/اِلی: کوئی رقم پہنچنا، (حساب میں) میزان آنا، کا کے مرادف ہونا، معنی یہ ہونا کہ، مطلب یہ ہونا کہ یا گویا کہ۔ ـــ اِلی: کسی جگہ داخل ہونا۔ ـــ ب الی: کو تک لیجانا۔ وَصَلَنِی خطابٌ: مجھے ایک خط ملا ہے۔ وصلہ الخبر: اسے خبر پہنچی۔ یصلُ ھذا اِلی حدٍ کذا: یہ اس حد تک پہنچتا ہے کہ جہاں۔ وصل الی الصفحة الحاسمة: فیصلہ کن مرحلہ میں داخل ہونا۔ وَصَّلَ ہ ب: کو کے ساتھ جوڑنا، مربوط کرنا۔ ـــ ہ/ ہ اِلی: کو تک پہنچانا۔ ـــ ہ/ ہ ہ: دیکھنا کہ کوئی شخص یا چیز تک پہنچتی ہے۔ ـــ ہ/ ہ اِلی: کسی شخص یا چیز کو تک لیجانا۔ ـــ ہ: کو لفٹ دینا۔ ـــ ہ اِلی: کو کسی شخص یا جگہ منتقل کرنا، کو کسی شخص یا چیز تک پہنچانا، بھیجنا، ارسال کرنا، منتقل کرنا۔ وَصَّلَ: موصل کے طور پر کام کرنا (برق کا)۔ ـــ ہ اِلی: کے ساتھ تک جانا، حفاظت کے لئے کسی کے ہمراہ کسی جگہ تک جانا، تک کی رفاقت کرنا۔ ـــ ہ اِلی: کو برقی رو (سرکٹ) سے جوڑنا۔ ـــ ہ ب: برقی آلہ کو دوسرے برقی آلہ سے جوڑنا۔ ـــ وَاصَلَ [illegible] کو جاری رکھنا، کو [illegible] رہنا، پر جما رہنا، ڈٹا رہنا، قائم رہنا۔ ـــ ہ: سے جڑا ہونا، مربوط ہونا، سے متعلق ہونا، علاقہ رکھنا۔ ـــ ہ: کا قریبی دوست ہونا، کے ساتھ قریبی تعلقات برقرار رکھنا، قائم رکھنا۔ ـــ ھا: عورت سے مباشرت کرنا، مجامعت کرنا۔ وَاصَلَ اللیلَ بالنهار: دن رات کام کرنا۔ وَاصَلَ جَهْدَہ یا سَعْیَہٗ فی: کے لئے انتھک کوششیں کرنا۔ اَوْصَلَ (بمعنی وَصَّلَ نیز): طویل مسافت کا ٹیلیفون کرنا۔ اَوْصَلَ کلَّ ذی حقٍ بحقِّہٖ: ہر ایک کو اس کا جائز حق دینا، واجب الادا رقم، واجبات یا مواجب ادا کرنا۔ تَوَصَّلَ اِلی: تک رسائی حاصل کرنا، تک بعض ذرائع سے پہنچنا، کسی نہ کسی طرح تک پہنچنا، میں آنا، میں پہنچنا، کو حاصل کرنا یا پانا۔ تَوَاصَلَ: باہم متصل ہونا، ایک لگاتار سلسلہ بنانا۔ اِتَّصَلَ ب: سے جڑنا، مربوط ہونا، سے متحد ہونا، سے یکجا ہونا؛ سے رابطہ کرنا، سے رابطہ قائم کرنا، سے ربط رکھنا، سے متعلق ہونا، سے علاقہ رکھنا، سے مربوط ہونا، سے وابستہ ہونا، سے آملنا، میں شامل ہونا، کسی شخص یا چیز کے قریب ہونا، سے متصل، ملحق یا ملا ہوا ہونا، غیر منقطع ہونا، کی ملک ہونا، کا رکن یا فرد ہونا، کے علم میں آنا۔ وَاصَلَ: جاری ہونا، مسلسل ہونا، ایک لگاتار سلسلہ بنانا۔ ـــ الی: کا رشتہ دار ہونا، کی اصل، نسل، پست پیڑھی یا مذہب کا پتہ لگانا کے پاس آنا، تک پہنچنا، میں پہنچنا۔ قد اِتَّصَلَ بِنا ان: ہمارے علم میں آیا ہے کہ...... اِتَّصَلَ بِہٖ تلفونیا: سے بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کرنا، سے رابطہ کرنا۔ اِتَّصَلَت بہ النارُ: آگ پکڑ لینا، آگ لگ جانا۔ صِلَة جمع صِلات: اتصال، تعلق، رشتہ، رابطہ، واسطہ، کڑی، حلقہ، بندھن، رشتہ داری، تحفہ، عطیہ۔ صِلَةُ الوصل: ملانے والا رابطہ۔ وَصْل: اتصال، تعلق، رابطہ، اتحاد، اتفاق، دھڑا، ایکا، انسلاک، رشتہ، خاکہ، خلاصہ، ملخص، تلخیص، عاشق و معشوق کا اجتماع جمع اَوْصال: تعلق، رابطہ، رشتہ، پیوند۔ اتصال جمع وُصُولات: ووچر، رسید۔ وصل الفائت: گزشتہ قسطوں کا خلاصہ۔ لیلةُ الوصل: قمری مہینہ کی آخری رات۔ وُصْل و وِصْل جمع اَوْصال: بازو یا ٹانگ، جمع جوڑ۔ حلّ اوصالَہٗ یا قَطَعَ اَوْصَالَہ: کے عضو عضو الگ کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، جوڑ جوڑ الگ کرنا، چیرنا، پھاڑنا۔ وُصْلَة جمع وُصُلات و وُصَل: اتصال، تعلق، رشتہ، ربط، جوڑ، وابستگی، ملانا، جوڑنا، جوڑ پابند، قبضہ، قلابہ، چول، جوڑنے والا ٹکڑا، جوڑنے کا کنڈا، حلقہ، دو پرزوں کو ملانے کا کانٹا، زائد اوراق جو کتاب میں

داخل کر دیئے جائیں، جیسے نقشے ضمیمے وغیرہ، اندراج، شمولیت، ایک حد تک انطباق، خطِ رابطہ، نشانِ الحاق (—) وُصْلَةُ التَّمَدُّد. توسیع کا جوڑ۔ وُصْلِيَة: ملانے والی سڑک، پہلو کی سڑک، معاون سڑک۔ وُصُول آمد، حصول، یافت، کامرانی۔ رسید جمع وُصُولات. رسید، ووچر۔ وُصُولی: جو بہت چھوٹی حیثیت سے امیر یا صاحب اقتدار بن گیا ہو، نو دولیتا، چھچھورا، کم ظرف، نیا امیر۔ وَصِيل: جدا نہ ہو سکنے والا دوست، دلی دوست، ہم نوالہ ہم پیالہ، یار غار، بے تکلف دوست۔ المَوْصِل شمالی عراق کے ایک شہر کا نام۔ توصیل: متحد کرنا، جوڑنا، مربوط کرنا، سپلائی، دانہ، گھاس، چارہ، دودھ راتب، خوراک، ہری بھری کھیتی، مشین یا بندوق میں ڈالنے کی چیزیں، تعلق، اتصال، برقی اتصال، معاون تار، مشین میں سامان پہنچانے والا آلہ، برقی سرکٹ، جوڑ، ترسیل، خبر رسانی، اطلاع پہنچانا، ابلاغ، نشریہ، انتقال، ایصال بھیجنا، ارسال کرنا جمع تَوَاصِيل: رسید، ووچر۔ سَدَّاد لتوصیل: پلگ (plug)۔ وِصَال: اجتماع، عاشق و معشوق کا اکٹھا ہونا (محبت میں)، راز و نیاز۔ مُوَاصَلَة: تعلق، جاری رکھنا جمع مواصلات:: مواصلات، مواصلاتی لائنیں، اسباب المواصلات: مواصلات، ذرائع مواصلات۔ طُرُقُ المواصلات: آمد و رفت کے راستے۔ وزارۃ المواصلات: وزارتِ مواصلات۔ ایصال جمع ایصالات: جوڑنا، ملانا، اتصال، متحد کرنا، اتحاد، تعلق، ترسیل، خبر رسانی، اطلاع، ٹرانسپورٹ، ارسال، پہنچانا، نقل و حمل، طویل مسافت کی ٹیلیفون کال کرنا، رسید، ووچر۔ بِتَوَاصُلٍ لگاتار، متواتر، پے در پے۔ علی اتصالٍ ب: سے رابطہ میں۔ اِسْتَمَرَّ فی اتصالِه به: سے رابطہ رکھنا۔ نُقَطُ الاتصال: رابطہ کی جگہیں۔ اتصالٌ تلیفونی: ٹیلیفونی رابطہ۔ مَوْصُول: بندھا ہوا، جکڑا ہوا۔ —— ب: سے جڑا ہوا، چپکا ہوا، پر لگی ہوئی (آنکھیں)۔ اسم موصول أيَّامًا مَوْصُولَةً: چند یا کئی لگاتار دن، کچھ عرصہ۔ مُوَصِّل جمع مُوَصِّلات: موصل (conductor)۔ مُتَوَاصِل: متواتر، پے در پے، مسلسل، لگاتار، غیر منقطع۔ مُتَّصِل: متواتر، پے در پے، مسلسل، لگاتار، ملحقہ، متصل، ملحق، ملا ہوا۔ مُتَّصِلُ الحلقات: باہم مربوط، قریب قریب جڑا ہوا، مسلسل۔

وصم وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا العودَ او العظمَ: لکڑی یا ہڈی میں شگاف ڈالنا۔ — الشیءَ: کو جلدی باندھنا، کو ناکارہ کرنا، بگاڑنا، خراب کرنا۔ وُصِمَ الرجلُ: اعضاء شکنی والا ہونا۔ — فلانًا: کو شکستہ و کاہل کرنا، تکلیف دینا۔ — ت الحمیَّ فلانًا: بخار کا کسی کو تکلیف دینا۔ تَوَصَّمَ: تکلیف و درد والا ہونا۔ تَوَاصَمَ القومُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔ الوَصْم (مص) جمع وُصُوم: لکڑی کی گانٹھ، عیب، عار۔ الوَصَم: بیماری۔ الوَصْمَة: جسم کی سستی، عیب، عار۔ الوَصِيم: خنصر و بنصر کے درمیان کی جگہ۔ المَوْصُوم (مفع): کہا جاتا ہے: رَجُلٌ مَوْصُومُ الحسب: عیب دار حسب والا آدمی۔

⊃ وَصَمَ ہ: (نام، عزت) کو بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، داغ لگانا، آلودہ کرنا، دھبا لگانا، بدنام کرنا، پر کلنک کا ٹیکہ لگانا۔ —— ہ ب: پر کا الزام لگانا۔ —— ہ ب: کو بدنامی سے تکلیف میں ڈالنا۔ تَوَصَّمَ: عزت و آبرو کا آلودہ ہونا، داغدار ہونا۔ وَصْمَة: بے عزتی، بے وقری، رسوائی، ذلت، کلنک کا ٹیکہ، داغ، دھبے کا نشان، نقص، کمی، عیب، کوتاہی، قصور، بیماری کی حالت، بیماری سے پہلے کی بے چینی، بے قراری۔ توصیم: بیماری کی حالت، بیماری سے پہلے کی بے چینی یا بے قراری۔

وصی: ۱۔ وَصَى يَصِي وَصْيًا الشیءُ به: کے متصل ہونا۔ — الشیءَ بآخرَ: چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔ — وَصْيًا و وَصَاءَةً المكانُ: جگہ کا متصل نباتات والی ہونا۔ — النبتُ: نباتات کا بکثرت ہونا اور ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔ وَصَّى فلانًا بكذا: سے کسی کام کا عہد لینا، کو کسی کام کا اشارہ کرنا۔ —— إلی فلانٍ: کسی کو اپنے مرنے پر اپنے مال اور بال بچوں پر وصی بنانا۔ — فلانًا بولَدِه: کو اپنے بچوں پر مہربان بنانا۔ — الیه بالصلاة: کو نماز کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے: وَصَّاه بفلان ان يحسن اليه: کو کسی سے حسن سلوک کا حکم دینا۔ وَصَّيْتُ لهُ بكذا: میں نے اس کو اپنی موت کے بعد مالک بنایا۔ واصَى البلدُ البلدَ: ایک شہر کا دوسرے شہر سے متصل ہونا۔ أَوْصَى إيصاءً فلانًا بكذا: کسی سے کسی کام کا عہد لینا، کو کا حکم دینا۔ — لهُ بكذا: کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا۔ —— اليه: کو وصی مقرر کرنا۔ تَوَاصَى تَوَاصِيًا القومُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔ اِسْتَوْصَى اِسْتِيصَاءً بفلانٍ: کسی کے بارے میں وصیت کو قبول کرنا۔ الوَصَاةُ جمع وَصًى و الوَصَايَة و الوِصَايَة: گٹھا باندھنے کی شاخ، وصیت۔ الوَصِيّ جمع أَوْصِيَاء: (مذکر و مؤنث کے لئے): وصیت کرنے والا، جس کو وصیت کی جائے۔ الوَصِيَّة جمع وَصِيّ: گٹھا باندھنے کی شاخ۔ — جمع وَصَايَا الایصاء کا اسم: وصیت۔ کہا جاتا ہے: هذه وصيتُهُ: یہ اس کی وصیت ہے۔ وَصَايَا اللّٰه: اللہ تعالیٰ کے احکام جو بندوں پر فرض ہوئے۔

۲۔ وَصَى يَصِي وَصْيًا: ترقی کے بعد تنزلی کرنا۔

⊃ وَصَّى و أَوْصَى ہ ب: کو کی کے زیر نگرانی کرنا، کو کی دیکھ بال میں دینا، کو کچھ کرنے کی ہدایت کرنا، حکم دینا، مشورہ دینا، سے کی سفارش کرنا، کسی کے کوئی بات ذہن نشین کرنا، کو کے کرنے کا حکم دینا، کے سپرد کوئی کام کرنا، کو کی ہدایت کرنا۔ —— ب ہ: کو پر واجب یا لازمی کرنا۔ — ہ ب: کو کے لئے حکم دینا۔ — ب: فرمان یا حکم جاری کرنا کہ۔ —: وصیت کرنا۔ — ان: چاہنا کہ، وصیت کے ذریعے تعین کرنا، یا حکم کرنا کہ ...... ل ب: کو کی وصیت کرنا، کے لئے کچھ ورثے میں چھوڑنا، کو وصیت کے ذریعے کوئی چیز منتقل کرنا۔ —— إلی: کو وصی (وصیت کی تکمیل کرنے والا) مقرر کرنا۔ أَوْصَاهُ خیرًا ب: اس نے اس کی دیکھ بھال کے لئے اس پر زور دیا۔ استوصی به خیرا: کو اپنا معاملہ بنانا، کے متعلق بہترین ارادے رکھنا۔ استوصی بالاجرِ خیرا: معتدل یا کم قیمت مقرر کرنا۔ وَصِيّ جمع أَوْصِيَاء: مختار عام، مجاز کارکن، جماعت ماہرین کا رکن، وصیت کی تکمیل کرنے والا، قانونی سرپرست، محافظ، نگران استاد، ناظم، مہتمم، متولی، شاہ کا قائم مقام، وصیت چھوڑنے والا، موکل، مالک، خدائی فرمان، زیر انتظام دینے والا، منتدب۔ وَصِيّ علی العرش: شاہ کا قائم مقام، قائم مقام شہزادہ۔ وصية جمع وَصَايَا: ہدایت، حکم، سفارش، صلاح مشورہ رائے ہدایت، فہمائش، نصیحت، تاکید، وصیت، عہد، عہد نامہ، وصیت کے مطابق میلان، ورثہ، ترکہ، میراث۔ الوصايا العشر: شریعت موسوی میں دس خدائی احکام یا احکام عشرہ۔ وَصَاة و وَصَايَة: ہدایت، حکم، تعلیم۔ وِصَايَة: سرپرستی، عجائب گھر کی مہتممی کا عہدہ، اتالیق کا منصب اور کام، حفاظت، نگرانی، اتالیقی، وصیت پر عملدرآمد، انتداب، متولی یا مہتمم کا منصب۔ مجلس الوصاية: نیابت شاہی کی کونسل۔ تَوْصِيَة جمع توصيات و تَوَاصٍ: سفارش، ہدایت، تنبیہ، فہمائش، پند، وعظ، نصیحت، نیکی کی ترغیب، مشورہ، صلاح، تجویز، حکم، فرمان، تجارتی آرڈر، آڑھت۔ بالتوصية: آڑھت پر، فرمائش کے مطابق۔ خطابُ توصية: سفارشی چٹھی۔ شِرْكَةٌ

موصیۃ: محدود شراکت بیعانہ = توصیۃ: نیز
وصیت کی تکمیل کرنے والا کا تقرر مُوَصٍّ و مُوصٍ
موکل، گاہک، پرنسپل، منتدب، وصیت کرنے والا۔
شریك موص خاموش شراکت دار مُوصیً بہ:
فروخت شدہ، وصیت کردہ، ورثہ میں چھوڑا ہو، میراث
کے طور پر دیا ہوا، ورثہ، ترکہ، میراث، حکم جاری شدہ،
حکم دیا ہوا، سفارش کیا ہوا موصیٰ علیہ: رجسٹرڈ
(خط، لفافہ وغیرہ) الموصیٰ لہ جس کے حق میں
وصیت کی جائے، ترکہ پانے والا، وارث۔
الموصی الیہ وصیت کی تکمیل کرنے والا۔

وضا: وَضُؤَ یَوْضُؤُ وَضَاءَۃً: سے خوب روئی حسن و
پاکیزگی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا وَضُؤَ یَوْضُؤُ
وُضُوءًا و وَضَاءَۃً الشیئُ: چیز کا پاکیزہ اور
خوبصورت ہونا وَضَّأَ نَفْسَہُ بالماء: کو پانی
سے پاک کرنا اور خوب اچھی طرح دھونا وَاضَأَہُ:
پر خوب روئی اور پاکیزگی میں غالب آنا۔ کہا جاتا ہے:
وَاضَأَہُ فَوَضَأَہُ: اس نے اس کا خوبروئی اور
پاکیزگی میں مقابلہ کیا اور غالب آگیا تَوَضَّأَ
بالماء للصلاۃ: نماز کے لئے وضو کرنا۔ الغلامُ
والجاریۃُ: لڑکے اور لڑکی کا بالغ ہونا الوَضُوءُ:
وضو کرنے کا پانی الوَضِیءُ جمع وِضَاء و
أوْضِیَاءُ و الوَاضِیُ جمع وُضَاۃ و الوُضاء جمع
وُضَاؤُون و وَضَاضی: پاکیزہ، خوبصورت۔
الأَوْضَاءُ: زیادہ خوبصورت، زیادہ پاکیزہ المِیضَاۃُ
والمِیضَاءَۃُ: وہ جگہ جہاں وضو کیا جائے، لوٹا المُتَوَضَّأ:
وضو کرنے کی جگہ، پاخانہ۔
توَضَّأ: وضو کرنا وَضَّاء: روشن، تاباں، چمکدار، چکنا
ہوا، چمک دمک والا، تیز طبع، ذہین، نامی گرامی، تابندہ،
فروزاں، شعاع افشاں، نور افشاں۔ منور، شوخ رنگ
کا وَضَاءَۃ: پاکیزگی، صفائی ستھرائی، نفاست،
نفاست پسندی وَضُوء: پاکیزگی، نفاست، وضوء۔
وَضُوء: وضو کا پانی وَضِیء جمع وِضَاء: پاکیزہ
صاف ستھرا تَوَضُّؤ: وضو مِیضَاۃ و مِیضَاءَۃ:
(وضوء کیلئے) چشمہ یا چلمچی۔

وضب: توضیب: انتظام، تیاری، (کان کنی کی
صنعت) محفوظ رکھنے کے لئے ٹھیک کرنا۔

وضح: وَضَحَ یَضِحُ ضِحَۃً و ضِحَۃً و وُضُوحًا و
توَضَّحَ و اِتَّضَحَ الامرُ او الکلامُ: حکم یا بات
واضح ہونا، ظاہر ہونا صفت اَضِحٌ و وَضَّاحٌ۔
وَضِحَ یَوْضَحُ وَضَحًا: برص کے داغوں والا ہونا۔
وَضَحَ الأمرُ: حکم واضح کرنا وُضِحَ الأمرُ:
ظاہر و واضح ہونا۔ الأمرَ: کو واضح کرنا ۔ ت
الشَّجَّۃُ فی الرأس: زخم کا سر کی ہڈی کو کھول دینا۔
فی رأسہ: کی کھوپڑی زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے من
این اَوْضَحْتَ: تم کہاں سے آئے ہو؟ اِسْتَوْضَحَ
اِسْتِیضَاحًا عن الأمرِ: پر بحث کرنا ۔ ہُ الأمرَ او
الکلامَ: سے حکم یا بات کی وضاحت کرانا، سے کی
وضاحت چاہنا ۔ الشیءَ و عن الشیءِ: کو
آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا ۔ الشمسَ: سورج کو
نگاہ تنگ کر کے دیکھنا الوَاضِح (فا): ظاہر، نمایاں۔
۔ من الابل: سفید اونٹ واضِحُ الحسب:
بے داغ حسب والا الوَاضِحَۃ جمع وَاضِحات
و أوَاضِح: واضح کا مونث۔ ہنسی میں ظاہر ہونے والے
دانت الوَضَح (مص): کھرا درہم (کہا کا جاتا
ہے دراهمُ وَضَحٌ: کھرے درہم (اس لفظ کی نہ تو
مونث آتی ہے نہ تثنیہ اور نہ ہی جمع) جمع اَوْضَاح:
روشنی، صبح کی سفیدی۔ (کہا کا جاتا ہے جاءَ فی
وضح الصبح: وہ صبح کی سفیدی یا روشنی کے وقت
آیا۔) چاندنی، گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سفیدی،
بڑھاپے کی سفیدی، برص کی سفیدی، دودھ، چاندی کا
زیور، پازیب، چھوٹی چھوٹی گھاس وضحُ الطریق:
شاہراہ ۔ القدم: پاؤں کے تلوے کی سفیدی۔
اوضاحٌ من الناس: مختلف قبیلوں کی جماعتیں (اس
کا واحد نہیں آتا) الوَضْحَۃ (ح): گدھی الوَضَّاح:
سفید فام، خوبرو، بہت مسکرانے والا، دن المنسبُ
الوَضّاح: پاک نسب بکرُ الوضّاح: صبح کی
نماز الوَضِیحَۃ جمع وَضَائِح: مویشی۔
المُتَوَضِّح (فا): ظاہر ہونے والا، شاہراہ پر چلنے
والا ۔ من الإبلِ: ہلکے سفید رنگ کا اونٹ۔
وَضَحَ یَضِحُ وُضُوحًا: صاف، واضح، ظاہر، آشکار،
بدیہی یا بین ہونا یا ہو جانا، نظر آنا، لگنا، معلوم ہونا، دکھائی
دینا وَضَّحَ و اَوْضَحَ ہ: کو واضح کرنا، ظاہر کرنا، کی
تشریح کرنا، توجیہ کرنا، کا مطلب بتانا، کو تفصیل سے
سمجھانا، کی توضیح کرنا، کو مثالیں دے کر سمجھانا، کو پیش
کرنا، کو واضح کرنا، آشکار کرنا، کو دکھانا، کو بتانا، کا اشارہ
کرنا، پر دلالت کرنا، کی صراحت کرنا، کو معین کرنا، سے
عبارت ہونا، کا اظہار کرنا تَوَضَّحَ: بمعنی وَضَحَ
نیز تَوَضَّحَ: ظاہر کیا جانا، صاف ہونا، واضح ہونا،
دکھایا جانا، بتایا جانا، صاف واضح اور ظاہر ہونا۔
اِتَّضَحَ: بمعنی وَضَحَ و تَوَضَّحَ نیز اِتَّضَحَ
من: سے صاف نتیجہ نکلنا، سے وضاحت ہونا اِسْتَوْضَحَ
[illegible] وضاحت طلب [illegible]
طلب کرنا ۔ ہ/عن: کا جائزہ لینا، کی تفتیش کرنا، کا
گہرا مطالعہ کرنا، پر خوب غور کرنا، کی تحقیقات کرنا، کی
علمی تحقیقات کرنا ۔ ہ: کو واضح طور پر سمجھنا چاہنا۔
وَضَح جمع اَوْضَاح: آب و تاب، روشنی، درخشانی،
تابندگی، تنویر، چمک دمک۔ فی وضح النہار: دن
دہاڑے وَضَّاح: چمکدار، صاف، درخشاں، تابندہ،
روشن، چمکیلا، تاباں، تابندہ، روشنی دینے والا۔
وُضُوح: صفائی، وضاحت، سادگی، صراحت، نموداری،
ظہور، اظہار بِوُضُوحٍ: صریحًا، واضح طور پر،
صراحت سے، وضاحت سے، بین طور پر۔ اَوْضَح
واضح تر اِیضَاحی: واضح کرنے والا، تشریحی،
توضیحی اِستیضاح جمع استیضاحات: وضاحت
کرنے کی درخواست، پوچھنا، دریافت کرنا، تحقیقات،
رسمی سوال، مقننہ میں سوال (interpellation)
وَاضِح: صاف، واضح، روشن، درخشندہ، بین، صریح،
ظاہر، آشکار، مرئی، آشکارا، عیاں، نمایاں، کھلا، نمائشی،
نمائش کے قابل، دکھانے کا۔ واضح بذاتہ:
صاف، ظاہر، بدیہی، خود تشریحی۔ من الواضح أن:
یہ واضح ہے کہ۔ الامر واضحٌ وضوحَ الشمس فی
رابعۃ: معاملہ دن کی روشنی کی طرح واضح ہے۔
مُتَّضِح: صاف، واضح، ظاہر، نمایاں، صریح، بین،
یقینی، حتمی، عیاں، آشکارا، کھلا ہوا۔

وضخ: وَضَخَ یَضِخُ وَضْخًا الدلوَ: پانی سے آدھا
ڈول بھرنا وَاضَخَ وِضَاخًا و مُوَاضَخَۃً ہُ: سے
پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا اَوْضَخَ
الدلوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا، ڈول سے تھوڑا پانی
کھینچنا ۔ ت البئرُ: کنویں کے پانی کا کم ہونا۔
تَوَاضَخَ القومُ: پانی بھرنے، دوڑنے یا چلنے میں
مقابلہ کرنا الوَضُوخ: آدھے ڈول تک بھرا ہوا
پانی، پانی کھینچنے کی چیز۔

وضر: وَضِرَ یَوْضَرُ وَضَرًا: میلا ہونا، چکنا ہونا۔ صفت
مذکر وَضِر صفت مونث: وَضِرَۃ و وَضْرَی۔
کہا جاتا ہے فلانٌ وَضِرُ الاخلاق و فی اخلاقِہ
وَضَرٌ: فلاں گندے اخلاق والا ہے وَضَّرَہُ: کو میلا
کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے کان نقیَّ العِرض فوَضَّرَہُ
بالدناءۃ: وہ پاکیزہ شہرت والا تھا پھر اس نے اسے
کمینگی سے خراب کر دیا الوَضَر (مص) جمع
اَوْضَار: چکناہٹ کا میلا پن، پیالہ کا دھوون، پیالے
میں کھانے کا اثر الوَضْرَی: سرین۔

وضع: وَضَعَ یَضَعُ وَضْعًا ہُ: کو کمینہ بنانا، ذلیل کرنا۔
۔ عُنُقَہ: کی گردن پر مارنا ۔ الحدیثَ: بات

گھڑنا۔ ـــ الکتبَ کتاب تصنیف کرنا۔ ـــ السلاحَ فی العدوّ دشمن سے لڑنا۔ ـــ یَدَہٗ عن فلانٍ سے رکنا۔ ـــ الحاية عن فلانٍ سے تخمین الزام خارج کرنا۔ ـــ عصاہُ: چلنے سے رکنا، قیام کرنا۔ ـــ ت المرأة خمارَها: عورت کا بے اوڑھنی ہونا صفت: واضع: (یعنی بے اوڑھنی عورت)۔ ـــ الشیءَ بین یدیہ: چیز کو سامنے چھوڑ دینا۔ ـــ یَدَہٗ فی الطعام: کھانا کھانا۔ ـــ الجزیةَ او الحربَ: جزیہ یا جنگ ساقط کرنا۔ ـــ وَضْعًا و مَوْضَعًا و مَوضِعًا و مَوْضُوعًا الشیءَ: کو نیچے رکھنا، رکھنا، کو کسی جگہ قائم کرنا، استوار کرنا۔ ـــ الشیءَ من یدِہٖ: کو ہاتھ سے ڈال دینا۔ ـــ من فلانٍ: کا مرتبہ گھٹانا۔ ـــ عن غریمه: کو قرض سے کچھ چھوڑنا۔ ـــ وَضْعًا و مَوْضُوعًا البعیرُ: اونٹ کا سر جھکا کر تیز چلنا۔ ـــ وَضْعًا، ضَعَةً و ضِعَةً و وُضُوعًا نفسَهٗ: خود کو ذلیل کرنا۔ ـــ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا تِ المرأةُ حملَها: جننا۔ صفت: وَاضِع۔ وَضِعَ یُوْضَعُ و وُضِعَ ضَعَةً و ضِعَةً و وَضِیْعَةً فی تجارتہ: اپنی تجارت میں نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوْعٌ فیہا۔ وَضُعَ یَضُعُ ضَعَةً وضِعَةً و وَضَاعَةً: گھٹیا نسب والا ہونا، منہ بولا بیٹا ہونا، کمینہ و ذلیل ہونا، خسیس ہونا۔ وَضَّعَ الشیءَ: کو جوڑنا۔ ـــ الجبّةَ: جبہ کو روئی بھر کر سینا۔ ـــ تِ النعامةُ بیضَها: شتر مرغ کا انڈوں کو تہہ بتہہ کرنا۔ ـــ الرجلَ: کو ذلیل کرنا۔ وَاضَعَ وِضاعًا و مُواضَعَةً ہٗ: سے شرط لگانا۔ ـــ ہٗ فی الامر: کی کسی امر میں موافقت کرنا۔ ـــ ہٗ البیعَ: بیع چھوڑنا۔ ـــ ہٗ الرهانَ: کی شرط باطل کرنا۔ کہا جاتا ہے: هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرأيَ: آؤ! ہم ایک دوسرے کو اپنی اپنی رائے سے آگاہ کریں۔ اَوْضَعَ البعیرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ ـــ البعیرَ: اونٹ کو تیز چلانا۔ ـــ فی تحارته: اپنی تجارت میں نقصان اٹھانا۔ تَوَاضَعَ: ذلیل و عاجز ہونا، انکساری کرنا۔ ـــ تِ الارضُ: زمین کا پست ہونا۔ ـــ القومُ علی کذا: پر لوگوں کا متفق ہونا۔ ـــ ما بیننا: دور ہونا۔ اِتَّضَعَ: ذلیل و عاجز ہونا، لیئم اور گھٹیا نسب والا ہونا۔ ـــ البعیرَ راکبُهٗ: سوار کا اونٹ کی گردن کو سوار ہونے کے لئے جھکانا۔ اِسْتَوْضَعَ اِسْتِیضَاعًا منه: کو گھٹانے کے لئے کہنا۔ ـــ ہٗ فی دَیْنِہٖ: سے قرض میں نرمی چاہنا۔ الوَاضِع (فا): امرأة وَاضِع: بے اوڑھنی کے عورت۔ ناقةٌ واضِعٌ: تلخ و ترش پودوں میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔ الوَضع (مص) جمع اوضاع: جگہ۔ الوَضْعَة و الوِضْعَة: جگہ، مرکز۔ الوَضِیع: خسیس، کمینہ، امانت۔ کہا جاتا ہے: وضعتُ عندہ وضیعاً: میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔ الوَضِیْعَة جمع وَضَائِع: قیمت کی کمی، امانت، ترش نباتات، خراج یا عشر جو بادشاہ وصول کرتا ہے، منہ بولا بیٹا، فوج کا دستہ جو کسی صوبہ میں رکھا جائے، کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں، کٹے ہوئے گیہوں اور گھی سے تیار کردہ کھانا۔ الوَضَائِع: مسافروں کا سامان۔ التَّوْضِیع (مص): کہا جاتا ہے، فی کلامِہٖ توضیع: اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔ المَوْضَع و المَوضِع (مصدر) جمع مواضِع: رکھنے کی جگہ۔ المَوْضِعَة: مَوضِع کا ہم معنی۔ کہا جاتا ہے: لَهٗ فی قلبی مَوْضِعةٌ و مَوْقِعَةٌ: میرے دل میں اس کی محبت ہے۔ المُوَضَّع (مفع): ٹوٹا ہوا، ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ المَوضُوع جمع مَوَاضِیع و مَوْضُوعات (مص): موضوع العلم: وہ چیز جس کے عوارض ذاتیہ سے علم میں بحث کی جائے جیسے جسم انسانی علم طب کے لئے۔ موضوعُ الکلام: وہ عنوان کلام جس پر گفتگو چل رہی ہو۔ الاحادیث الموضوعة: گھڑی ہوئی باتیں۔ الموضوعة: مفروضہ (جیومیٹری)

○ وَضَعَ یَضَعُ وَضْعًا ہ: کو رکھنا، کو نیچے رکھنا، نصب کرنا، کھڑا کرنا۔ ـــ ہ فی: کو میں لگانا، کو سے منسلک کرنا، کو پر چسپاں کرنا، کو سے چپکانا، کو میں رکھنا۔ ـــ ہ علی: کو پر عائد کرنا۔ ـــ ہ عن: کو سے لینا۔ ـــ عن: کو بوجھ سے چھٹکارا دلانا۔ ـــ عن: گھوڑے سے زین اتارنا۔ ـــ ہ: بچہ پیدا کرنا، بچہ جننا۔ ـــ ہ: کوئی چیز ایجاد کرنا، بنانا، کی بنیاد رکھنا، کو قائم کرنا، شروع کرنا۔ ـــ ہ: کو لکھنا، (کتاب) تصنیف کرنا، کچھ تخلیق کرنا، کوئی نیا لفظ وغیرہ گھڑنا، یا وضع کرنا۔ ـــ ہ/من: کو ذلیل کرنا، کی تحقیر کرنا، کو بدنام کرنا، بے وقار کرنا، پر عیب لگانا، کے نام کو بٹا لگانا، کی ہتک عزت کرنا۔ ـــ وضوعاً و ضِعَةً نفسَهٗ: خود کو ذلیل کرنا۔ وَضُعَ یَوْضُعُ وَضَاعَةً: کمینہ ہونا، نیچ ہونا۔ وَضَعَ اساساً: بنیاد رکھنا۔ وضع ثِقَتَهٗ فی: پر اعتماد کرنا۔ وَضَعَهٗ جانباً او علی جانبٍ: کو ایک طرف رکھنا۔ وَضَعَهٗ فی جیبِہٖ: کو اپنی جیب میں رکھنا۔ وَضَعَ حداً لِ: کو ختم کرنا۔ وضع ختماً علی: پر مہر لگانا۔ وضع السلاحَ: ہتھیار ڈالنا۔ وُضِعَتِ السلسلةُ فی عنقِہٖ: گردن کے پاس چکی کا پاٹ رکھنا، سخت معذور ہونا۔ وضع مشروعاً: منصوبہ بنانا۔ وضع من قدرہ: کی قدر و قیمت گھٹانا۔ وضع تقریراً: رپورٹ لکھنا یا بنانا۔ وضع اقتراحاتٍ: تجاویز بنانا، مرتب کرنا۔ وضعه فی مقدمة اهتمامه: کو ترجیح دینا۔ وضع لفظاً لِ: کے لئے لفظ گھڑنا یا وضع کرنا۔ وضع للفظ معنی خاصاً به: کو کوئی خاص معنی دینا۔ وضعه نُصبَ عَینِه: کو واضح کرنا، سے کا اظہار کرنا۔ وضع نَظَّارَتَهٗ علی عینیہِ: عینک لگانا۔ وضع نُظُماً: قواعد قائم کرنا۔ وَضَعَه علی حِدَةٍ: کو الگ کرنا، چن لینا۔ وضعه موضعَهٗ: کو کسی جگہ رکھنا۔ وضعه موضعَ التنفیذ: کو نافذ کرنا، عمل میں لانا، عملی جامہ پہنانا، کو موثر یا کارگر بنانا۔ وضعه موضعَ الشك: پر شک کرنا، کے متعلق شک ظاہر کرنا۔ وضعه موضعَ العمل: کو عمل میں لانا۔ وضع الفکرة موضعَ الفعلِ: خیال کو عمل کا جامہ پہنانا۔ وضع نفسه موضع فلانٍ: اپنے کو کسی کی جگہ رکھنا۔ وضعه فی غیر موضعه: کو غلط جگہ رکھنا، کو کسی جگہ رکھ کر بھول جانا۔ وضع یَدَہٗ علی: کو قبضہ میں لینا۔ وضع یدہ علی الف اسیر: ایک ہزار کو قیدی بنانا۔ وضع یدہ علی ضمیرہ: اپنے دل پر ہاتھ رکھنا۔ وضعه من یدہ: کو ایک طرف رکھنا، کو بے پرواہی سے ایک طرف پھینک دینا۔ وضعه تحت یدہ: کو کسی کے تسلط میں دینا۔ اَوْضَعَ: جلدی کرنا۔ ـــ فی: میں سرگرم حصہ لینا، میں عملی حصہ لینا۔ اُوضِعَ فی: میں نقصان اٹھانا۔ تَوَاضَعَ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا، عاجزی اور شرافت سے پیش آنا۔ ـــ علی: پر اتفاق کرنا۔ اِتَّضَعَ: خود کو ذلیل کرنا۔ ضَعَة و ضِعَة: عاجزی، انکساری، گراوٹ، سفلہ پن، تنگی، قلت، کمی، بے کسی، بے نوائی، محتاجی، گھٹیا پن۔ وضع جمع اَوضاع: ہتھیار ڈالنا، نیچے رکھنا، رکھنا، لگانا، جڑنا، مقرر کرنا، لگانا، رکھنا، لکھنا، ریکارڈ کرنا، دستاویز وغیرہ مرتب کرنا، (مطبوعہ تصنیف کی) ترتیب، (کتاب) لکھنا، تصنیف کرنا، تخلیق، ایجاد (لفظ) وضع کرنا، من گھڑت بات۔ (معاہدہ) طے کرنا، زائدگی، جننا، ولادت، قاعدہ، قانون، خاکہ، مسودہ، رویہ، وضع، وطیرہ، طریقہ، چال، انداز، چلنے کا ڈھب، بناوٹی انداز، انداز نشست وغیرہ، پوز (کیمرہ کے سامنے)، درجہ مقام، حالت، موقف، پوزیشن، محل وقوع، موضع، صورت حال، بنیاد، استقرار، تذلیل، شرمساری، جمع اوضاع: حالات، حال، حالت، صورت حال، قوانین، قواعد، اصول، انداز، اسلوب، سماجی رسوم، معاشرتی

روایات، دستور، رواج، ریتیں، رسمیں، رواجی قواعد۔ وَضعًا و قولاً: قولاً و عملاً۔ الوضع الحالی: موجودہ صورتِ حال۔ الآن الوضع۔ دروزہ۔ وَضعَۃ و وِضعۃ: صورتِ حال، پوزیشن موقف مقام۔ وَضعی: صورتِ حال یا موقف کے متعلق، قطعی، مثبت، ایجابی، ٹھوس، انسان کا بنایا ہوا، تقلید پر مبنی، وجوبی، رسمی، تقلیدی۔ قانون وضعی: ٹھوس قانون۔ القِیمُ الوضعیۃ: اعشاریے۔ وضعیۃ: صورتِ حال، فلسفہ وجوبیت جس میں صرف ان چیزوں کو مانا جاتا ہے جن کا وجود مشاہدہ میں آسکے اور اس کا عینی ثبوت ہو۔ وضاعۃ: عاجزی انکسار، گراوٹ، پستی، سفلہ پن۔ وضیع: فروتن، خاکسار، منکسر المزاج، کمینہ، سفلہ، عامیانہ، بازاری، ادنی طبقہ کا، گھٹیا، کم رتبہ۔ الطبقۃُ الوضعیۃ: سب سے نچلا طبقہ۔ الوضیع و الرفیع: ادنی و اعلی۔ وضیعۃ: امانت، جو چیز رکھی گئی ہو، جو چیز کسی کے پاس رکھی گئی ہو، ودیعت، زیرِ تولیت جائداد، حوالگی، بینک میں ایک مدت کے لئے رکھی ہوئی رقم، نقصان کے ساتھ دوبارہ فروخت، قیمت میں کمی، منہائی، کٹوتی۔ مَوضِع جمع مَواضِع: جگہ، موقع، کتاب کا کوئی حصہ یا عبارت، پوزیشن، صورتِ حال، رتبہ۔ فی موضعہ: صحیح جگہ پر، صحیح وقت پر، بروقت، برمحل، برموقعہ، مناسب وقت پر، بہت موقع کا۔ فی غیر موضعہ: غلط جگہ پر۔ فی موضع الحال: موجودہ حالت میں۔ کان موضعَ حکاوۃٍ: وہ استقبالیہ میں جیتی جاگتی مثال تھا۔ موضع الاعجاب: تعریف کی چیز۔ موضع الحنان: ہمدردی کی چیز۔ مَوضِعی: مقامی۔ واضع الید: قابض۔ موضوع جمع موضوعات و مواضیع: موضوع، مرکزی خیال، سوال، مسئلہ، مضمون، بدیہیات یا اولیات میں سے، بدیہی، اصول موضوعہ۔ فہرس الموضوعات: اشاریہ، مشمولات کی فہرست۔ ادرک الموضوعَ: اس نے نقطہ پالیا۔ غیر ذی موضوع: موضوع سے غیر متعلق، بے محل، بے موقع، بے وقت۔ موضوعی: معروضی، واقعیت پسندانہ، موضوع سے متعلق۔ موضُوعِیۃ: واقعیت پسندی، یہ نظریہ کہ خارجی اشیاء کا علم مقدم اور حقیقی ہے۔ مَواضعات: مماثل یا مشابہ (الفاظ) گھڑنے یا وضع کرنے کے عمل۔ مُتواضِع: منکسر المزاج، شریف، سیدھا سادہ، سادہ، چھوٹا، غیر اہم۔

وصف: وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا و أَوصَفَ البعیرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔

وضم: وَضَمَ یَضِمُ وَضْماً اللحمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔ ــــ وُضُوماً القومُ: جمع ہونا، قریب قریب ہونا۔ ــ بنو فلان علی بنی فلان: فلاں کی اولاد کا فلاں کی اولاد کے پاس آنا۔ اَوْضَمَ اِیضاماً اللحمَ و لِللحم: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔ ــــ الشجرَ: درختوں کو ایک دوسرے پر رکھنا۔ اِستَوضَمَ ہُ: پر ظلم کرنا۔ الوَضَم جمع أَوضام و اَوْضِمَۃ: قصاب کا تختہ جس پر وہ گوشت کاٹتا ہے (کہا جاتا ہے: ترکَھُم لحماً علی وَضَم: اس نے ان کو مصیبتوں میں ڈال کر ذلیل اور دکھی کر دیا) گوشت خشک کرنے کا پٹا یا چٹائی، دسترخوان۔ الوَضْمَۃ: تقریباً دو سو انسانوں کی جماعت۔ الوَضِیمَۃ: تقریباً دو سو انسانوں کی جماعت، میت کا کھانا۔ المِیضَمۃ جمع مَواضِم: گوشت کا تختہ رکھنے کی جگہ۔

۲۔ الوَضِم: سبابہ اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔

☾ وَضَم جمع اَوضام: دوکان میں گوشت رکھنے کا تختہ یا میز، گوشت کا تختہ، قصائی کا تختہ۔

وضن: وَضَنَ یَضِنُ وَضْناً الشیءَ: چیز کو تہہ بہ تہہ رکھنا، ایک کو دوسرے پر موڑنا، دوگنا کرنا۔ ــــ النِسعَ: گھوڑے کی زین کے تنگ کا تسمہ بنا۔ تَوَضَّنَ لَہُ: کے لئے ذلیل و عاجز ہونا، کا پیارا بننا۔ اِتَّضَنَ بہ: سے متصل ہونا۔ الوَضِین جمع وُضُن: تہہ بہ تہہ کیا ہوا، چوڑا تنگ جو تسموں یا بالوں سے بنا گیا ہو۔ کہا گیا کہ وضین کا ہودج کے لئے وہی مقام ہے جو پٹی کا زین کے لئے ہے۔ المَوضُونَۃ: باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔ المِیضَنَۃ جمع مَواضِن: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا یا تھیلا۔ المِیضانَۃ جمع مَواضِین: ٹوکرا۔

وطّ: وَطَّ یَوُطُّ وَطّاً الوطواطُ: چمگادڑ کا آواز نکالنا۔ ــ المحملُ: کجاوہ کا چرانا۔

۲۔ وَطوَطَ: کمزور ہونا، جلدی جلدی بولنا۔ الوَطْواط: کمزور عقل اور رائے والا آدمی، جلدی جلدی بولنے والا۔ جمع وَطاوِط و وَطاوِیط (ح): چمگادڑ۔ (ح): پہاڑی ابابیل۔ الوَطواطَۃ: جلدی جلدی بولنے والی، چلانے والی۔

وطأ: وَطِیَٔ یَطَأُ وَطْأً الشیءَ برجلہ: کو پاؤں کے نیچے روندنا۔ ــــ الفرسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ ــــ ارضَ عدوِّہ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔ ــ الشیءَ: کو تیار کرنا، آسان کرنا۔ وَطُؤَ یَوطُؤُ وَطاءَۃً و وُطوءَۃً الموضعُ: جگہ روندا ہوا ہموار ہونا۔ تَوَطِئَۃً الشیءَ برجلہ: کو پاؤں سے روندنا۔ ــ الفراشَ: بچھونا نرم کرنا۔ ــ الامرَ: کام کو درست کرنا، ہموار کرنا۔ ــــ الموضعَ: جگہ کو نرم و ہموار کرنا۔ ــــ الشعرَ و فیہ: لفظاً و معناً شعر کا قافیہ دہرانا۔ وَاطَأَ مُوَاطاۃً فلاناً علی الأمر: پر کی موافقت کرنا۔ ــ فی الشعر: لفظاً و معناً شعر کا قافیہ دہرانا۔ أَوطَأَ اِیطاءً فلاناً الارضَ و بالارض: سے زمین کو کچلوانا، روندوانا۔ ــــ ہُ فرسَہُ: کو گھوڑے پر سوار کرانا۔ ــــ ہُ علی الأمر: سے پر موافقت کرنا۔ ــــ الشعرَ و فی الشعر: لفظاً و معناً شعر کا قافیہ دہرانا۔ تَوَطَّأَ فلاناً برجلہ: کو پاؤں سے روندنا، کچلنا۔ ــ الرجلَ علی الأمر: سے پر متفق ہونا۔ ــــ ہ علی الأمر: سے پر موافقت کرنا۔ تَواطَأَ القومُ علی الأمر: پر متفق ہونا۔ اِتَّطَأَ اِتِّطاءً و أَیتَطَأَ اِیتِطاءً الشیءُ: آسان ہونا، تیار ہونا۔ ــ الأمرُ: کام کا ٹھیک ہونا اور انتہا تک پہنچنا۔ اِستَوطَأَ الشیءَ: کو نرم و روندا ہوا پانا۔ الواطِئَۃ: گری ہوئی کھجوریں۔ ــ الوَطأَۃ: راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الطِّأَۃُ و الطِئَۃ: سہولت، نرمی، جگہ کی نرمی اور روندی ہوئی ہونا۔ الوَطءُ (مص) و الوَطاء: پست و ہموار زمین۔ الوَطأۃ: وَطَأَ کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ دباؤ، سخت گرفت۔ الوِطاء و الوَطاء: فرش۔ الوَطائَۃ و الوُطوئَۃ (مص): سہولت، نرمی۔ کہا جاتا ہے: انا اُحِبُّ وَطاءَۃَ العیش: میں زندگی کی نرمی چاہتا ہوں۔ الوَطِیءُ: پست نرم، آسان، روندا ہوا۔ الوَطِیئَۃ: وطی کا مونث، گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھی ہوئی کھجور، نرم عصیدہ (آٹے گھی سے تیار کردہ کھانا) شکر ملا پنیر۔ المَوطَأ و المَوطِیءُ: قدم کی جگہ۔ المُوَطَّأ مفع: کہا جاتا ہے: رجلٌ مُوَطَّأُ الاکنافِ: شریف، نرم اخلاق والا، مہمان نواز۔ ھو مُوَطَّأُ العقب: بہت سے متبعین رکھنے والا۔ المِیطأ: پست و نرم زمین۔

☾ وَطِیءَ یَطَأُ وَطْأً ہ: کو پاؤں تلے روندنا، پر چلنا، قدم رکھنا، پر قدم جمانا، (گھوڑے) پر سوار ہونا، کو پاؤں تلے کچلنا۔ ــــ ھا: سے مباشرت کرنا، مجامعت کرنا۔ وَطَّأَ ہ: کو ہموار کرنا، نرم کرنا، تیار کرنا۔ ــــ ہ ل: کو کے لئے آرام دہ بنانا (خصوصاً نشست، بستر وغیرہ)۔ ــ ہ: کو کم کرنا، کاٹ ڈالنا، پر دباؤ ڈالنا، کو نیچا کرنا۔ وَطَّأَ صوتَہُ: آواز نیچی کرنا۔ واطَأَہ علی: سے کسی بات پر متفق ہونا۔ اَوطَأَہ ہ: سے پر قدم رکھوانا، سے کو کچلوانا، روندوانا۔ واطَأَ علی: پر متفق ہونا، پر موافقت کرنا، تعاون کرنا، ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر

کام کرنا، اکٹھے یا ایک ساتھ کام کرنا، ایک دوسرے کے ہاتھ میں کھیلنا، میں ملی بھگت سے کام کرنا۔ وَطْء و وَطاء: پست زمین، نشیب۔ وَطْأة: دباؤ، استبداد، جبر، زبردستی، مجبوری، قوت، طاقت، شدت، تشدد، سختی۔ شدید الوطأة علی: پر ظالم، پر مہلک اثر والا، پر سخت مضر نتائج کا حامل۔ اشتدت وطأة الشیء: سنگین ہونا، تکلیف دہ ہونا، صبر آزما ہونا، تھکا دینے والا ہونا۔ لاشتداد وطأة المرض: بیماری کی شدت کی وجہ سے۔ وِطیء: نیچا، سپاٹ، ہموار۔ أوْطأ: پست تر، فروتر، کمتر۔ موطیء و موطأ جمع مواطیء: قدم رکھنے کی جگہ، پاؤں کا سہارا، بنیاد، نقش پا، نقش قدم، پاؤں کا نشان، کھوج، قدمچہ۔ موطیء الأقدام: ایک فٹ زمین۔ مواطیء الأقدام: زمین۔ توطئة: آغاز، روشناسی، تعارف، تیاری۔ فی۔ لتوطئة: کی تیاری میں، کے مقصد سے۔ توطئة الصوت: آواز نیچی کرنا۔ مُواطأة: موافقت، خفیہ مفاہمت، چشم پوشی، اغماض، ملی بھگت۔ تَواطُؤ: موافقت، خفیہ مفاہمت، چشم پوشی، اغماض، ملی بھگت۔ واطیء: نیچا (کپڑے وغیرہ سے دبائی ہوئی آواز) مغلوب، دھیمی، ہلکی، نرم (آواز)۔ الأراضی الواطئة: نشیبی ممالک (ہالینڈ بلجیم)۔

وطب: الوَطْب: بڑا پستان، سخت طبیعت والا۔ جمع أوْطُب و وِطاب أوطاب و جمع الجمع أوَاطب: دودھ کی مشک۔ کہا جاتا ہے صفرت وِطابُهُ: وہ مرگیا یا قتل ہوگیا۔ الوَطْباء: بڑے پستان والی۔

③ مملوءُ الوِطاب ب: بڑی حد تک کوئی چیز دیا گیا۔ خالی الوطاب: خالی ہاتھ۔

وطح: وَطَحَ یَطِحُ وَطْحًا وطِحَةً ہُ: کو ہاتھوں سے زور سے پیچھے ہٹانا، دھکا دینا۔ تَواطَحَ القومُ: ایک دوسرے کے ساتھ شر و برائی کرنا یا لڑنا۔ ـــت الابل علی الحوض: اونٹوں کا حوض پر بھیڑ کرنا۔ الوَطْح (مص): کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔

وطد: وَطَدَ یَطِدُ وَطْدًا الشیءَ: کو مضبوط کرنا، پائیدار کرنا، بھاری کرنا۔ صفت مفعولی: وَطِید و مَوْطُود۔ ـــ الأرضَ: زمین کو کوٹنا تا کہ سخت ہو جائے۔ ـــ الشیءَ الیه: کو اپنے سے ملانا۔ ـــ لهُ منزلة: کو کے لئے تیار کرنا۔ ـــ ہ إلی الأرض: کو زمین کی طرف دبانا، جھکانا۔ ـــ الشیءُ: ثابت و قائم رہنا، چلنا (ضد)۔ ـــ الصخرَ علی الغار: غار پر پتھر تہ بتہ رکھنا۔ وَطَّدَ الشیءَ: کو مضبوط کرنا، پائیدار کرنا، بھاری کرنا۔ تَوَطَّدَ: مضبوط ہونا، ثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے وَطَّدَهُ فتوطَّدَ: اس نے اسے مضبوط کیا تو وہ مضبوط ہوگیا۔ توطدت له عندهم منزلة: ان کے ہاں اس کی منزلت پائیدار ہوگئی۔ الواطِد و الوَطِید و المَوطود: ثابت، مضبوط پائیدار۔ (جمع الأوطاد) الوَطِیدة: پہاڑ۔ وطاید کا واحد جن کا معنی ہے: عمارت کی بنیادیں، ہانڈی کے چولہے کے پتھر۔ کہا جاتا ہے انت من وطائد الحق: تو سچائی کا ستون ہے۔ لهُ عندهُ وَطیدة: اس کے نزدیک اس کا پائیدار مرتبہ ہے۔ المِیطَدة: درمٹ۔ المتواطد: پائیدار، سخت، ایک دوسرے کے پیچھے۔

③ وَطَدَ یَطِدُ وَطْدًا و وَطَّدَ ہ: کو مضبوط کرنا، مستحکم کرنا، مضبوط بنانا، جوڑنا، رشتہ اتحاد مضبوط کرنا، (زمین) کو بزور دبانا، کو ٹھونس ٹھونس کر بھرنا، کوٹنا، کی کوٹائی کرنا۔ ـــ ہ ل: (راستہ) کو کے لئے ہموار کرنا، (زمین) کو کے لئے تیار کرنا۔ وطد ثقتهُ فی: پر سختی سے بھروسہ کرنا، پر یقین کرنا، اعتماد کرنا۔ وطد العزم أن: کا عزم مصمم کرنا، کا پختہ فیصلہ کرنا۔ وطد عُرَی الصحبة: دوستی کے بندھن مضبوط کرنا۔ وطد أقدامهُ فی: میں پاؤں رکھنے کی جگہ حاصل کرنا۔ وَطِید: مضبوط، ٹھوس، سخت، غیر متزلزل۔ وطیدُ الأمل ب: کی قوی امید رکھنے والا، کا یقین رکھنے والا۔ مِیطَدَة: موگری، دھرمٹ، ٹھونکنے کوٹنے کی مشین۔ توطید السلم: امن کی حفاظت کرنا اور اسے برقرار رکھنا۔ توطیدُ سعر الفرنك: فرینک (سکہ) کا استحکام۔ مُوَطَّد: مضبوط، قوی، ٹھوس، سخت۔ مُوَطَّدُ الأرکان: مضبوطی سے قائم، مضبوط بنیادوں پر منحصر۔

وطر: الوَطَر جمع أوطار: حاجت، مطلوب۔ کہا جاتا ہے قضی منه وَطَرَهُ و أوطارَهُ: اس نے اس سے اپنا مطلوب پالیا۔

③ وَطَر جمع أوطار: خواہش، مرضی، تمنا، حسرت، مقصد، مدعا، غرض، غایت، ارادہ، عزم۔

وطس: وَطَسَ یَطِسُ وَطْسًا ہُ: کو بوٹ وغیرہ سے زور سے مارنا۔ ـــ الشیءَ: کو توڑنا، کوٹنا۔ تَواطَسَ الموجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔ ـــ القومُ علیّ: قوم نے مجھ پر ہجوم کیا۔ الوَطّاس: چرواہا۔ الوَطِیس جمع أوطِسة و وُطُس: تنور، بھٹی، میدان جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِیَ الوَطِیسُ: لڑائی سخت ہوگئی، جنگ میں شدت آگئی۔ الوَطِیسة: معاملہ کی سختی۔

③ حَمِیَ الوَطِیسُ: سخت لڑائی ہوئی۔ حَامِیُ الوطیس: سخت، خوفناک، اندوہناک (لڑائی)۔

وطش: ۱ وَطَشَ یَطِشُ وَطْشًا ہُ: کو مارنا۔ ـــ ہ عن فلان: کو سے دور کرنا، ہٹانا۔ وَطَّشَ القومَ عنه: قوم کو کسی سے دور کرنا۔ کہا جاتا ہے ضربوہ فما وَطَّشَ الیهم: لوگوں نے اس کو مارا مگر اس نے ان کی طرف ہاتھ تک نہیں اٹھایا اور نہ انہیں اپنے سے دور کیا۔

۲ وَطَشَ یَطِشُ وَطْشًا الحدیثَ او الخبرَ: بات یا خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا۔ ـــ الکلامَ: غیر واضح کلام کرنا۔ کہا جاتا ہے ما وطش لنا بشیءٍ: اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔ وَطَّشَ الحدیثَ: بات کا کچھ حصہ بیان کرنا۔ ـــ فیه: پر اثر کرنا۔ ـــ لهُ: کیلئے تقریر، رائے یا کام تیار کرنا۔ ـــ ہ: کو تھوڑا دینا۔ کہا جاتا ہے سألوهُ فما وَطَّشَ الیهم بشیءٍ: انہوں نے اس سے سوال کیا مگر اس نے انہیں کچھ نہیں دیا۔

③ وَطَشَ یَطِشُ وَطْشًا ہ: کو مارنا، تھپڑ لگانا، طمانچہ مارنا، چپت رسید کرنا۔

وطف: وَطَفَ یَطِفُ وَطْفًا: شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کا پیچھا کرنا۔

۲ وَطِفَ یَوْطَفُ وَطَفًا: گھنی آبروؤں یا پلکوں والا ہونا صفت أوْطَف مونث وَطْفاء جمع وُطْف۔ ـــ المطرُ: بارش کا زور سے برسنا۔ الوَطَف مص: جب بادل لٹکے ہوئے ہوں تو اس وقت کہتے ہیں فی السحابةِ وَطَفٌ۔ الوَطْفة: تھوڑے بال۔ ظلام أوْطَفُ: سخت اندھیرا۔ سحابٌ أوْطَف: زمین کے نزدیک آیا ہوا بادل۔ عامٌ أوْطَف: فراخ سالی۔ عیش أوْطَف: خوشحالی۔ سحابة وَطْفاء: پانی سے بھرا بادل۔

③ أوْطَف مونث وَطْفاء: گھنی آبروؤں والا، گھنی بھوؤں والا۔ وَطْفاء: پانی بھرا نیچا بادل۔

وطق: الوِطاق جمع وِطاقات: خیمہ (ترکی لفظ)۔

وطم: وَطَمَ یَطِمُ وَطْمًا ہُ: کو روندنا۔ ـــ السترَ: پردہ لٹکانا۔ وَطِمَ یَوْطَمُ وَطْمًا و وُطِمَ الرجُلُ: کا بول و براز رک جانا۔

وطن: وَطَنَ یَطِنُ وَطْنًا بالمکان: کسی جگہ میں اقامت کرنا۔ وَطَّنَ نفسَهُ علی الأمرِ و للأمر: کسی کام پر یا اس کے لئے خود کو آمادہ کرنا یا مائل کرنا۔ ـــ البلدَ: کسی شہر کو اپنا وطن بنانا۔ واطَنَهُ علی الأمر: کے ساتھ کسی کام کو کرنے کی ٹھاننا۔ أوْطَنَ إیطانًا بالمکان: کسی جگہ اقامت کرنا۔ ـــ واتَّطَنَ

واسْتَوْطَنَ البلدَ کسی شہر کو اپنا وطن بنانا۔ تَوَطَّنَتْ نفسُهُ علی كذا: پر آمادہ ہو جانا۔ ـــ البلدَ: کسی شہر کو اپنا وطن بنانا۔ الوَطَن جمع اَوْطان: سکونت کی جگہ خواہ وہ جائے پیدائش ہو یا نہ ہو، وطن، مویشی باندھنے کی جگہ۔ المَوْطِن جمع مَوَاطِن: وطن، لڑائی کا میدان۔ المُوَاطِن: ہم وطن۔ المِيطان: وہ جگہ جہاں سے گھڑ دوڑ میں گھوڑے چھوڑے جاتے ہیں، انتہا۔

⊃ وَطَنَ يَطِنُ وُطْناً ب: میں رہنا، سکونت کرنا، اقامت کرنا، ٹھہرنا۔ وَطَّنَ ہ: کسی جگہ کو رہائش کے لئے چننا، کسی جگہ میں آباد ہونا، کسی جگہ کو رہائش گاہ بنانا۔ ـــ نفسَهُ علی: کا عادی ہونا، سے ہم آہنگ ہونا، کے موافق یا مطابق بننا، پر راضی ہو جانا، کو برداشت کرنا، کے لئے خود کو ذہنی طور پر تیار کرنا، کا مصمم ارادہ کرنا، کو کرنا، جی میں ٹھان لینا۔ تَوَطَّنَ ہ ب: میں رہنے لگنا، میں آباد ہونا۔ تَوَطَّنَتْ نفسُهُ علی بمعنی وَطَّنَ نفسَهُ علی۔ استوطن ہ: کو رہائش کے لئے منتخب کرنا، (ملک) میں آباد ہونا، کو وطن بنانا، میں رہائش اختیار کرنا، میں مستقل طور پر رہنا، میں جڑ پکڑنا، شہریت حاصل کرنا، کا خوگر ہونا، کو کی آب و ہوا کا راس آ جانا۔ وَطَن جمع اَوْطان: وطن، اپنا وطن، آبائی وطن، گھر۔ اهلُ وطنه: کے ہم وطن، برادر وطن۔ حبُّ الوطن: حب الوطنی۔ شائع الوطن: جہاں گشت، پردیسی، آزاد خیال، وسیع المشرب۔ وطنی: وطن کا، مرز بوم کا، دیسی، ملکی، گھریلو، خانگی، وطن پرست، محب وطن، قومی، قوم پرور، قوم پرست (جمع) قوم پرست، قومی، آزادی کی تحریک کا شیدائی وطن پرست، محب وطن۔ مصنوعاتٌ وطنية: گھریلو مصنوعات، ملکی مصنوعات۔ وَطَنِية قوم پرستی، وطن پرستی، قومی آزادی کی تحریک سے ہمدردی، قومی جذبہ، حب الوطنی۔ موطِن جمع مواطِن: گھر، قیام گاہ، سکونت، جائے بود و باش، وطن، اصلی علاقہ، ارض وطن، سرزمین وطن، مستقل رہائش کا شہر، پیدائشی ملک، اپنا ملک، آبائی ملک، جگہ، علاقہ، مقام، ضلع، حلقہ، خطہ، صحیح جگہ، صحیح وقت۔ موطنُ الضَّعف: نرم جگہ، دکھتی جگہ، کمزور جگہ، کمزوری۔ وضع يدَهُ علی موطنِ العلّة: کھلی یا دکھتی جگہ پر انگلی رکھنا یا دکھتی جگہ کو چھونا۔ الموطن الوضيع: سب سے نچلا نقطہ، کم مارک، تہ، پیندا، بنیاد، بنیادی حصہ۔ مُواطِن: ہم وطن، ہم شہر، برادر وطن۔ مواطن عالمی: ساری دنیا کا شہری۔ مُتَوَطِّن: دیسی، ملکی، مقیم، باشندہ، گہری بنیاد والا، علاقائی یا مقامی۔ مُسْتَوطِن: ملکی دیسی، گھریلو، مقیم، گہری بنیاد والا۔ استیطان: آبادی کے لئے آنا، آباد ہونا، نو آبادی، آباد کاری، استعمار، تیونس میں ایک خاص محصول یا خراج۔

وطی: وَطَّى توطِيَةً الشیءَ: کو نیچے کرنا، کا مرتبہ گھٹانا۔ تَوَطَّى: نیچا ہونا، مرتبہ کا گھٹ جانا۔ الوَاطِی عند العامة: کمینہ، نشیبی، نیچا۔ کہتے ہیں: رجُلٌ واطٍ و مكانٌ واطٍ: کمینہ آدمی، نیچی جگہ۔

وظب: وَظَبَ يَظِبُ وُظُوباً الأمرَ و علی الأمر: پر ہمیشگی کرنا۔ صفت: وَاظِب۔ ـــ وَظْباً الشیءَ: کو روندنا۔ وَاظَبَ مُوَاظَبَةً علی الأمر: کسی کام پر مداومت کرنا۔ ـــہُ علی خدمة فلان: کو کسی کی خدمت پر اکسانا۔ تَوَاظَبَتْ عليه الرياحُ: پر ہواؤں کا لگاتار یا پے در پے آنا۔ المِيظَب: گول تیز کیا ہوا پتھر۔ المَوْظُوب (مفع) کہا جاتا ہے: رجُلٌ مَوظُوب: وہ شخص جس کے مال پر مسلسل آفتیں آئیں۔

⊃ وَظَبَ يَظِبُ وُظُوباً ہ/علی: کو متواتر کرنا، باقاعدگی سے کرنا، کو کرتے رہنا، کو ہمیشہ کرنا، کو کرنا جاری رکھنا۔ وَاظَبَ: مندرجہ بالا معانی نیز وَاظَبَ علی: پر ثابت قدم رہنا، میں محنت سے لگا رہنا، کو ثابت قدمی سے کرنا۔ مُوَاظَبة: سرگرمی، تندہی، جاں فشانی، محنت، مشقت، ثابت قدمی، استقلال، مستقل مزاجی۔ مُوَاظِب: محنتی، مستعد، مستقل مزاج ثابت قدم، متواتر، پے در پے۔

وظر: وَظِرَ يَوْظَرُ وَظَراً: موٹا اور پر گوشت ہونا۔ صفت: وَظِر۔

وظف: وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا البعيرَ: اونٹ کے پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا، کی پنڈلی کی ہڈی پر مارنا۔ ـــ القومَ: کی پیروی کرنا۔ ـــ الشیءَ علی نفسه: کو اپنے پر لازم کرنا، مقرر کرنا۔ وَظَّفَ ہ: کا روزینہ مقرر کرنا۔ ـــ علیه عملاً: کے لئے کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے: وَظَّفَ لَهُ الرزقَ ولدابته العلف: اس نے اس شخص کے لئے رزق اور اپنے جانور کے لئے چارہ مقرر کیا۔ وظّف علی الصبی كلَّ يوم حفظ آيات مِن كتاب الله: اس نے بچے کے لئے کتاب اللہ کی کچھ آیات مقرر کیں کہ انہیں حفظ کرے۔ وَاظَفَ ہٗ: سے موافقت کرنا اور برابر اس کے ساتھ رہنا۔ اِسْتَوظَفَ الشیءَ: سب چیز لے لینا۔ الوَظِيف جمع وُظُف و اَوْظِفَة (ع ا): گھوڑے اونٹ وغیرہ کی [illegible] سکنے والا۔ کہا جاتا ہے: جاءت الابلُ علی وظيفٍ واحدٍ: اونٹ آگے پیچھے قطار میں آئے۔ الوَظِيفَة جمع وَظَائِف و وُظُف: مقرر کردہ کام، کھانا و رزق وغیرہ۔ عہد، شرط، منصب، خدمت۔ کہا جاتا ہے: للدنيا وَظَائِف: دنیا بہت سی تبدیلیاں رکھتی ہے۔

⊃ وَظَّفَ ہ علی: کو کوئی کام دینا یا سونپنا، یا تفویض کرنا، کوئی چیز خصوصاً ٹیکس کو کسی پر لاگو کرنا، سے کسی کو بوجھل کرنا، کوئی بوجھ کسی پر ڈالنا، سے کسی کو زیر بار کرنا۔ ـــ ہ: کو کوئی عہدہ دینا، کو کسی منصب پر فائز کرنا، کو ملازمت دینا، کو کرائے پر لینا۔ ـــ ہ: روپیہ لگانا۔ تَوَظَّفَ: کسی عہدہ پر فائز ہونا، مقام حاصل کرنا، ملازم ہونا، کسی عہدہ پر فائز ہونا، کسی حیثیت میں کام کرنا، کوئی کام رکھنا، برسر روزگار ہونا۔ تَوَظَّفَ فی الحكومة: حکومت میں بطور اہلکار کام کرنا۔ وَظِيفة جمع وَظَائِف: روزانہ راتب، تنخواہ، عہدہ، درجہ، مقام، منصب، نوکری ملازمت، کام، اہلکاری، دفتری حکومت، بیوروکریسی، فرض، مفوضہ کام، (سکول کی طرف سے دیا ہوا) گھر پر کرنے کا کام، سبق، ہوم ورک، ملازمت، سروس، خدمت، کام، فرض منصبی، وظیفہ۔ اَدَّى وظيفة: عہدہ پر کرنا، فرض ادا کرنا، کوئی کام کرنا۔ وَظَائِف خالية: خالی آسامیاں، خالی جگہیں، خالی جگہوں یا ضرورت ہے کا اخباروں میں اشتہار۔ عِلمُ الوظائف یا علم وَظَائِف الأعضاء: علم اعضاء، عضویات (physiology)۔ وَظِيفی: فرائض سے متعلق۔ تَوظِيف: ملازمت، برسر روزگار ہونا، کسی عہدہ پر تقرر۔ توظيف المال: روپیہ لگانا، رقم لگانا، سرمایہ کاری۔ مُوَظَّف: مقرر (تنخواہ) ملازم، مقرر کیا ہوا، تعینات کیا ہوا جمع موظفون: ملازم، مزدور، اہلکار، آفیسر، سول سرونٹ۔ مُوَظَّفُ الحكومة: گورنمنٹ ملازم، حکومتی اہلکار، افسر۔ مُوَظَّف عُمُومی: عوامی اہلکار۔ اَكْبَرُ الموظفين: سینئر اہلکار یا آفیسر۔

وعَ: وَعْوَعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعاً الكلبُ اوِ ابن آوى: کتے اور گیدڑ کا بھونکنا، چیخنا۔ ـــ القومُ: شور مچانا۔ ـــ القومَ: کو زور سے ہلانا۔ الوَعّ (ح): گیدڑ، گیدڑ کی آواز کی نقل، بچے کے رونے کی آواز۔ الوَعْوَاع (مص): لوگوں کی شور مچانے والی جماعت، بیہودہ گو، گیدڑ یا کتے کی آواز۔ الوَعْوَع جمع وَعَاوِع (ح): گیدڑ، لومڑی، فصیح خطیب، بیابان، [illegible]یدبان۔

وعب: وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشيءَ: سب چیز لے لینا۔ اَوْعَبَ اِيْعَاباً الشيءَ: سب چیز لے لینا، کو جمع کرنا۔ — الأمرَ: سے فارغ ہونا۔ — الرجُلَ: کی پوری زبان کاٹ لینا۔ — الشيءَ في الشيءِ: چیز کو چیز میں پورا کا پورا داخل کرنا۔ — في مالِه: اپنے مال میں اسراف کرنا، فضول خرچی کرنا۔ — القومُ: سب لوگوں کا نکل جانا۔ اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيعَاباً الشيءَ: سب چیز لے لینا، کو جڑ سے اکھیڑنا۔ — الحديثَ: بات پوری حاصل کرنا۔ — المكانُ او الوعاءُ الشيءَ: جگہ یا برتن کا چیز کے لئے کافی ہونا۔ الوَعْبُ جمع وِعَاب: کشادہ راستہ، شاہراہ۔ الوَعِيب: کشادہ۔ بيتٌ وعيبٌ و وعاءٌ وعيبٌ: کشادہ گھر اور کشادہ برتن۔ المُوعَب: کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے: هذا أَوْعَبُ لكذا: یہ فلاں چیز کو حاصل کرنے کے لائق ہے۔

○ وَعَبَ يَعِبُ وَعْباً ه: کو پوری یا ساری کی ساری لے لینا۔ اَوْعَبَ ه: کو پوری یا ساری کی ساری لے لینا۔ اَوْعَبَ ه في: کو میں ڈالنا، داخل کرنا۔ اِسْتَوْعَبَ: بمعنی وَعَبَ نیز اسْتَوْعَبَ ه: کو جڑ سے اکھاڑنا، کا خاتمہ کرنا، کو بنیاد سے اکھیڑنا، کا قلع قمع کرنا۔ — ه بين ذراعيه: سے گلے ملنا، کو گلے لگانا، کو آغوش میں لینا، سے ہم آغوش ہونا، کا بازوؤں سے احاطہ کرنا، کو بازوؤں سے گھیر لینا۔ — ه: پر مشتمل ہونا، کو پکڑنا، پکڑے رکھنا، پکڑے رہنا، کو شامل کرنے کے قابل ہونا، کے لئے گنجائش رکھنا، کو سمجھنا، کا ادراک کرنا۔ استيعاب: گنجائش، وسعت، ظرف، سمائی، مطالعہ، مکمل ادراک، پکڑ، گرفت۔

وعث: وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثاً و وَعَثاً الطريقُ: راستہ کا دشوار گزار ہونا۔ — الأمرُ: معاملہ کا الجھا ہوا اور خراب ہونا۔ صفت: وَعْثٌ و وَعِثٌ و توعَّثٌ و اَوْعَث — وَعَثَت يدُهُ: کا ہاتھ ٹوٹ جانا۔ صفت وَعْثَة۔ وَعُثَ يَوْعُثُ وُعُوثَةً الطريقُ: راستہ کا دشوار گزار ہونا — الامر: معاملہ کا الجھا ہوا اور خراب ہونا۔ صفت: وَعْث وَعِث و تُوعِّث و اَوْعَث۔ وَعَّثَ تَوْعِيثاً هُ عن الأمر: کو سے روکنا۔ اَوْعَثَ: دشوار گزار راستہ میں پڑنا، چلنا۔ — المتكلمُ: کلام نہ کر سکنا۔ — فلاناً: کو دشوار گزار راستہ میں چلنے پر اکسانا۔ الرجُلُ: الجھاؤ پیدا کرنا۔ — الامرَ: کو خراب کرنا، بگاڑنا۔ — في ماله: مال میں اسراف کرنا، فضول خرچی کرنا۔ الوَعْث (مص) جمع وُعُث و وُعُوث: ٹوٹی ہوئی ہڈی، لاغری، سخت دشوار، دشوار گزار راستہ، نرم زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں، مشکل اور سخت کام۔ الوَعْثاء: مشقت، تھکن، تکان، ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے: رکب الوَعْثاءَ: اس نے گناہ کیا، گناہ کا ارتکاب کیا۔ الوُعُوث: سختی، برائی۔ المَوْعُوث: ناقص حسب کا۔

○ وَعْث و وَعِث: مشکل، سخت، تکلیف دہ، محنت طلب، کٹھن، تھکا دینے والا۔ وَعْثَاء: دشواری، تکلیف، پریشانی، مصیبت، سختی، بے آرامی۔

وعد: وَعَدَ يَعِدُ وَعْداً وعِدَةً و مَوْعِداً و مَوْعِدَةً و مَوْعُوداً و مَوْعُودَةً فلانا الأمرَ و بالامر: کسی سے کسی کام کرنے کا وعدہ کرنا۔ — ت الأرضُ: زمین کا اچھی امید دلانا۔ — وَعِيداً الرجُلَ: کو دھمکی دینا۔ — الفحل: سانڈھ کا بڑبڑانا، وَاعَدَ مواعدةً هُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔ — ه الموضعَ او الوقتَ: سے وعدہ پورا کرنے کے لئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔ وَاعَدَهُ فوَعَدَهُ يَعِدُهُ: ایک کا دوسرے سے زیادہ وعدہ کرنے والا ہونا۔ اَوْعَدَ اِيعَاداً هُ: سے وعدہ کرنا، کو دھمکی دینا۔ تَوَعَّدَهُ: کو دھمکی دینا۔ تَوَاعَدَ القومُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔ اِتَّعَدَ اِتِّعَاداً: وعدہ قبول کرنا اور اس پر اعتبار کرنا۔ — القومُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔ — ه: سے وعدہ کرنا۔ اِيتَعَدَ یا تَعِدُ صفت مُوتَعِد: اِتَّعد کے معنی میں ضعیف لغت ہے۔ اِسْتَوْعَدَهُ: سے وعدہ کرانا۔ العِدَة (مص): وعدہ۔ الوَعْد (مص): (بعض کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی جب کہ بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُود ہے): وعدہ۔ المَوْعِد (مص) جمع مَوَاعِد: وعدہ، وعدہ کرنے کی جگہ، وعدہ کا زمانہ، عہد۔ المِيعاد جمع مَوَاعِيد: وعدہ کا وقت، وعدہ کی جگہ۔ بمعنی المُوَاعَدَة۔ المَوْعُود مفع: وعدہ کیا ہوا۔ اليومُ الموعود: قیامت کا دن۔

○ وَعَدَ يَعِدُ وَعْداً: وعدہ کرنا، قول دینا۔ — ه یا — ه ب: سے کا وعدہ کرنا۔ — ه ب: کو کی دھمکی دینا۔ وَعَدَ نفسَه بأن: اپنے آپ سے وعدہ کرنا کہ وہ، کا ارادہ ہونا۔ وَعَدَ بشَرَفِهِ: اپنی عزت کی قسم کھا کر عہد کرنا، قول دینا۔ وَاعَدَ: انتظام کرنا۔ — ه ه: کے ساتھ دیئے گئے وقت یا کسی جگہ کے لئے ملاقات کا انتظام کرنا، کے ساتھ ملاقات کا وقت یا جگہ مقرر کرنا۔ اَوْعَدَ: بمعنی وَعَدَ۔ توَعَّدَ: دھمکی دینا۔ — ه: کے لئے خطرہ بننا۔ تَوَاعَدَ: ملاقات کا وقت مقرر کرنا۔ اِتَّعَدَ أن: مفاہمت یا سمجھوتہ ہو جانا کہ، آپس میں متفق ہو جانا کہ، انتظامات کرنا کہ...... وَعِيد: دھمکیاں، وعدے۔ عِدَة و وَعْد جمع وُعُود: وعدہ۔ وَعِيدی: دھمکی آمیز، خطرناک، دھمکی کی طرز کا، تہدید آمیز۔ مَوعِد و مَوعِدَة جمع مَوَاعِد: وعدہ، عہد و پیمان، حلف، قسم، عہد، سوگند، اقرار، ذمہ داری، وعدہ کی ملاقات، وعدہ کی ملاقات کا مقام، تاریخ، ملاقات کا وقت، ملاقات کا وقت اور جگہ، مقررہ وقت، وقت، تاریخ، مقررہ حد، آخری مدت، سالانہ تقریب، سالگرہ۔ مِيعَاد جمع مَوَاعِيد: وعدہ، ملاقات کا وقت، تاریخ، ملاقات کا وقت اور جگہ، مقررہ وقت، متفقہ وقت، آخری مدت، مقررہ حد، تاریخ (خصوصاً قرض ادا کرنے کی تاریخ، مشورہ کا وقت، دفتری وقت یا اوقات، عجائب گھر وغیرہ کے اوقات، ٹرینوں، بسوں وغیرہ کی روانگی کا وقت)۔ في الميعاد یا في ميعادِهِ: بروقت، پابندیٔ وقت کے ساتھ۔ مِن غير مِيعاد: قطعاً غیر متوقع طور پر، اچانک۔ كان على ميعادٍ مع: سے ملاقات کے وقت کا حامل ہونا۔ بيان المواعيد: ریلوے کا ٹائم ٹیبل۔ مِيعادُ الاكل: کھانے کا وقت۔ مِيعادُ التسليم: حوالگی یا سپردگی کی تاریخ (date of delivery)۔ مِيعادُ المرأة: ماہواری، حیض۔ مواعيدُ عُرقوبِيه: فریب دہ وعدے۔ ارض الميعاد: وعدہ کی سرزمین، ارض موعود۔ مُوَاعَدہ: انتظام، اتفاق، ملاقات کا وقت اور جگہ، تاریخ۔ ايعاد: دھمکی۔ تَوَعُّد: دھمکی۔ تَوَعُّدِي: دھمکی آمیز، تہدید آمیز، خطرناک، دھمکی کی طرز کا۔ موعود: وعدہ شدہ مقررہ، طے شدہ (وقت)۔ مَوْعُود و مَوْعُودَة جمع مواعيد: وعدہ۔

وعر: وَعَرَ يَعِرُ وَعْراً فلاناً: کو اس کی حاجت سے روکنا، کو ارادہ سے باز رکھنا۔ — وَعْراً و وُعُوراً و وَعِرَ يَوْعَرُ و يَعِرُ وَعَراً المكانُ: جگہ کا سخت ہونا، دشوار گزار ہونا۔ صفت: وَعْرٌ۔ وَعُرَ يَوْعُرُ وَعَارةً و وُعُورَةً المكانُ: جگہ کا سخت ہونا، دشوار گزار ہونا۔ — الشيءُ: تھوڑا ہونا۔ صفت: وَعْرٌ۔ وَعَّرَ المكانَ: جگہ کو سخت کرنا، دشوار گزار بنانا۔ — الرجُلَ: کو اس کی حاجت سے روکنا، ارادہ سے باز رکھنا۔ — المتكلّمَ: کی بات کاٹنا۔ اَوْعَرَ اِيعاراً به الطريقُ: پر راستہ کا دشوار گزار ہونا اور اسے دشوار گزار جگہ پہنچانا۔ — المكانَ او الطريقَ: جگہ یا راستہ کو دشوار گزار پانا۔ الرجُلُ: سخت اور دشوار گزار زمین میں جا پڑنا، کم مال والا ہونا۔ — الشيءَ: کو کم کرنا۔ تَوَعَّرَ المكانُ: جگہ کا سخت اور دشوار گزار

ہونا۔ ـــــ الامرُ علیّ: معاملہ کا مجھ پر سخت ومشکل ہونا۔ الرحلَ: سختی کرنا۔ ـــ فی الکلام: کلام میں سرگشتہ وحیران ہونا۔ ـــ ہُ فی الکلام: کو کلام میں حیران کرنا۔ اِستَوعَرَ المکانَ او الطریقَ: جگہ یا راستہ کو سخت ودشوار گزار پانا۔ الواعر (فا): مشکل، سخت جگہ۔ الوَعْر جمع اَوْعُر و وُعُور و اَوعار و وُعُورۃ: خوفناک اور وحشتناک جگہ، سخت جگہ۔ سکانٌ وعرٌ و طریقٌ وعرٌ و مطلبٌ وعرٌ: سخت جگہ، سخت راستہ، سخت مطلب۔ رجلٌ وَعْرٌ المعروف: کم خیر والا آدمی۔ الوَعِر جمع وُعار و الوَعیر جمع اَوعار والاَوْعَر: سخت جگہ۔ الوعریّ من الکلام: کم استعمال ہونے والا اور ذوق پر گراں وثقیل کلام۔

○ وَعَرَ یَعِرُ وَعْراً و وُعُوراً و وَعِرَ یَوْعَرُ وَعَراً و وَعُرَ یَوْعُرُ وَعارۃً و وُعورۃً وتَعَوَّرَ: زمین کا ناہموار، دشوار گزار سنگلاخ، سخت اور دشوار ہونا۔ وَعَر: چٹان کے ٹکڑے، ریزے، ناہموار بے راستہ زمین۔ وَعِیر و وَعَر جمع وُعُور و اَوْعار: چٹان کے ٹکڑوں سے ڈھکا ہوا، شگاف دار، ناہموار، پھٹا ہوا، چیرا ہوا، بنجر، ناہموار، بے راستہ، سخت، دشوار۔ وُعُور: ناہمواری، مشکل۔ وعورۃُ الأرض: دشوار زمین۔ اَوْعَر: زیادہ ناہموار، زیادہ سخت۔

وعز: وَعَزَ یَعِزُ وَعْزاً و وَعَّزَ تَوْعِیزاً و اَوْعَزَ ایعازاً الیہ فی کذا أن یفعلہ او یترکہ: سے آگے بڑھ کر اشارہ کرنا کہ وہ فلاں کام کرے یا ترک کردے۔

○ اَوْعَزَ فی/ب إلی: کا کسی کو خیال دلانا۔ ـــــ إلی ب/فی: کو کا اشارہ کرنا، کو کوئی چیز تجویز کرنا، کے دل میں کچھ ڈالنا یا کے دل میں ڈالنا کہ وہ کچھ کرے، کو کا مشورہ دینا۔ ـــ الی ب: کو پر اُکسانا، کو حکم دینا کہ وہ کچھ کرے۔ ایعاز: صلاح مشورہ، ہدایت، سفارش، تجویز، اطلاع، اشارہ۔ اِیعازی: مشاورتی، ماہرانہ، سفارشی، الہامی۔ مُوْعَزٌ بہ: کسی اعلیٰ حاکم کی طرف سے تجویز کردہ، تلقین کردہ۔

وعس: وَعَسَ یَعِسُ وَعْساً الشیءَ: کو روندنا۔ ـــ ہُ الدھرُ: زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنانا۔ وَاعَسَ ہُ: سے رات کو تیز چلنے میں مقابلہ کرنا۔ ـــ ت الابلُ: اونٹوں کا گردن لمبی کر کے لمبے لمبے قدموں سے چلنا۔ اَوْعَسَ ایعاسا القومُ: ریتلی زمین میں چلنا، اندھیرے میں چلنا۔ ـــ ت الابلُ: اونٹوں کا گردن لمبی کر کے لمبے لمبے قدموں سے چلنا۔ الوَعْس (مص) جمع اَوْعاس: اثر، ریت، جس میں چلنا دشوار ہو اور قدم گڑ گڑ جائیں (ن): ایک درخت جس سے چھڑیاں بنائی جاتی ہیں۔ الوَعْسَۃ: ریت جس میں قدم وغیرہ گڑ گڑ جائیں۔ الأوعس جمع وُعْس و اَوْعُس و جمع الجمع اَواعِس: نرم ریت والی جگہ جس میں چلنا دشوار ہو۔ الوَعْساء: سبزی والا، ریتلا ٹیلہ۔ وَعْساءُ الرمل: ہموار ریت۔ المَوْعِس: بمعنی: الوَعْس۔ المِیعاس جمع مَواعِیس: نرم ریت، زمین جس پر کوئی چلا نہ ہو، راستہ۔ المُوَعَّس: چلتا ہوا راستہ۔

○ وَعَسَ یَعِسُ وَعْساً ہ: قسمت کا کسی کو تجربہ کار اور عقلمند بنانا۔ وَعْس جمع اَوْعاس: دل دل، ریگ رواں۔ مِیعاس: ریگ رواں، دلدل۔

وعط: الوِعاط (ن): زرد گلاب۔

وعظ: وَعَظَ یَعِظُ وَعْظاً و عِظَۃً ہُ: کو نصیحت کرنا، کو ایسی باتوں کی طرف متوجہ کرنا جو توبہ اور کردار کی اصلاح کا باعث ہوں۔ اِتَّعَظَ: نصیحت قبول کر کے اس پر عمل کرنا۔ الواعِظ جمع واعِظون و وُعّاظ (فا): نصیحت کرنے یا، وعظ کرنے والا۔ العِظَۃ جمع عظات: نصیحت، وعظ۔ الوَعْظَۃ جمع وَعَظات: وعظ کا اسم مرۃ، وعظ ونصیحت۔ الوَعّاظ: واعظ کا اسم مبالغہ، بہت وعظ کرنے والا۔ المَوْعِظَۃ جمع مَواعِظ: وعظ ونصیحت۔

○ وَعَظَ یَعِظُ وَعْظاً و عِظَۃً ہ: کو نصیحت کرنا، کو وعظ ونصیحت یا پند وموعظت کرنا، کی ضمیر کو اپیل کرنا، کو سمجھانا، نشیب وفراز دکھانا، کو تاکید کرنا۔ ـــ ہ عن: کو سے متنبہ کرنا، آگاہ کرنا، خبردار کرنا۔ اِتَّعَظَ: سمجھ جانا، متنبہ ہونا، خبردار ہونا، نصیحت پکڑنا۔ ـــ ب: سے سبق سیکھنا، سے تنبیہ یا آگاہی حاصل کرنا۔ عِظَۃ جمع عِظات: وعظ، سبق، نتیجہ، تنبیہ، آگاہی، نصیحت، ہدایت۔ وَعْظ و وَعْظَۃ: نصیحت، ہدایت، فہمائش، تنبیہ، آگاہی، وعظ۔ مَوْعِظَۃ جمع مَواعِظ: مذہبی تاکید یا نصیحت، روحانی مشورہ، تاکید، تاکیدی گفتگو، سخت سبق، شدید سرزنش۔ واعظ: وعظ کرنے والا، نصیحت کرنے والا۔

وعف: وَعَفَ یَوْعُفُ وُعُوفاً البصرُ: نظر کا کمزور ہونا۔ الوَعْف جمع وِعاف: سخت جگہ جس میں پانی رستا رہے۔

وعق: ۱۔ وَعِقَ یَعِقُ وَعْقاً علیہ: پر جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے: ما اَوْعَقَہُ: وہ کس قدر تیز ہے؟ (تعجب کے اظہار کے لئے آتا ہے)۔ الوَعْقَۃ: ایک بار۔

۲۔ وَعَقَ یَعِقُ وَعْقاً و وُعاقاً و وَعْقاً الفرسُ: چلتے وقت گھوڑے کے پیٹ سے آواز نکلنا۔ الوُعاق و الوَعِیق: چلتے وقت جانور کے پیٹ سے نکلنے والی آواز، ہر چیز کی آواز۔

۳۔ وَعُقَ یَوْعُقُ وَعْقَۃً و تَوَعَّقَ و اسْتَوْعَقَ: کمینہ خلق ہونا صفت: وَعْق و وَعِق و وَعْقَۃ و وَعِقَۃ۔ وَعَّقَ ہُ: کی مخالفت کرنا، کو روکنا، کو بدخوئی کی طرف منسوب کرنا، کو بگاڑنا، کہا جاتا ہے: وَعَّقَہُ الطمعُ او الجھلُ: اسے لالچ یا جہالت نے بگاڑ دیا۔ الوَعْقَۃ: بدخوئی، طبیعت کی درشتی۔ کہا جاتا ہے: بہ وَعْقَۃٌ: اس کی طبیعت میں درشتی ہے، وہ بدخو ہے۔

○ وَعْق و وَعِق: اکھڑ، بدمزاج، ترشرو، چڑچڑا، تندخو، زود رنج، تنگ مزاج، جھگڑالو، حجتی، تکراری، الٹی کھوپڑی کا۔

وعك: وَعَكَ یَعِكُ وَعْکاً و وَعْکَۃً الحرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ ـــــ تہ الحُمّیٰ: بخار کا کسی پر سخت ہونا اور اسے تکلیف دینا۔ صفت مفعولی: مَوعُوك۔ ـــ الرجلُ: سخت تکان یا بیماری سے دردمند ہونا۔ ـــ وَعْکاً الشیءَ: کو توڑنا۔ ـــ الشیءَ فی التراب: کو مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔ ـــــ ت الإبلُ عند الحوض: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔ اَوْعَكَ الشیءَ فی التراب: کو مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔ ـــ ت الابلُ عند الحوض: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔ تَوَعَّكَ: بخار میں مبتلا ہونا۔ الوَعْك (مص) والوَعِك: بخار میں مبتلا۔ الوَعْکَۃ (مص): وعک کا اسم مرۃ، ہوا کا رکنا اور گرمی کی تیزی، بیماری، میدان جنگ، دوڑ میں بری طرح گرنا۔ وَعْکَۃ الحمّیٰ: بخار کی شدت۔ ـــ الأمرِ: معاملہ کی سختی۔ ـــ الإبلِ: اونٹوں کے ریوڑ۔ المَوعُوك (مفع): بخار میں مبتلا۔ بیمار۔

○ تَوَعَّكَ: علیل، ناساز طبیعت والا یا کچھ بیمار ہونا۔ الوَعِك: کچھ بیمار، ناساز طبیعت والا۔ تَوَعُّك: علالت، ناسازی طبیعت۔ موعوك: ناساز طبیعت والا، کچھ بیمار، علیل، بیمار۔ مُتَوَعِّك: ناساز طبیعت والا، کچھ بیمار، علیل، بیمار۔

وعل: ۱۔ وَعَلَ یَعِلُ وَعْلاً الرجلُ: اوپر سے جھانکنا۔ تَوَعَّلَ الجبلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الأوعالُ: پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹیوں پر چڑھنا۔ الوَعْل جمع اَوْعال و وُعُول: شریف۔ کہا جاتا ہے: ھم علینا وعلٌ واحدٌ: وہ سب دشمنی میں ہمارے خلاف متحد ومتفق ہیں۔ ـــ والوَعِل و الوُعِل جمع اَوْعال و وُعُول و وُعُل و وَعِلَۃ و مَوْعَلَۃ

- وعلة جمع وعلات و وعال: پہاڑی بکرا۔ الوعل: پہاڑ کا دشوار گزار حصہ۔ — من القمیص: قمیص کا کاج۔ وعلة الإبریق: لوٹے کا دستہ۔ المستوعل جمع مستوعلات: پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکری کی جائے پناہ۔

۲- استوعل إلیه: کے پاس پناہ لینا۔ الوعل جمع أوعال و وعول: جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے: مالك عنه وعل: تجھے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

وعم: وعم یعم وعماً الدیار: قبیلہ کے خیموں کو ''انعمی'' (اقبال مند ہو) کہہ کر خوش آمدید کہنا۔ عِم صباحاً: صبح بخیر۔ عِم مساءً: شام بخیر۔ — بالخبر: کو خبر دینا۔ وعِم یعِم وعماً الدیار: بمعنی وعم۔ الوعم جمع وعام: پہاڑ میں نشان جو اس کے بقیہ رنگ کے مخالف ہو۔

وعن: ا- توعن الشيء: کو پورا لینا۔ — ت الدابة: جانور کا انتہائی موٹا ہونا۔

۲- الوعن جمع وعن: جائے پناہ۔ — و الوعنة جمع وعان: سخت زمین، زمین کی وہ سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے۔

وعی: وعی یعی وعیاً الشيء: کو جمع کرنا، رکھنا، شامل کرنا۔ — الحدیث: کو قبول کرنا، پر غور کرنا، کو یاد کرنا۔ — ت الأذنُ: سننا۔ (عام لوگ کہتے ہیں: وعی فلانٌ: فلاں نیند یا غفلت سے بیدار ہوا)۔ — القیح في الجرح: زخم میں پیپ جمع ہونا۔ — الجرح: زخم کا پیپ بہانا۔ — العظمُ: ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد جڑنا۔ أوعی إیعاءً الکلامَ أو الشيءَ: کو یاد کرنا، جمع کرنا۔ — الزادَ و نحوَهُ: خوراک وغیرہ برتن میں رکھنا۔ — الشيءَ: سب لے لینا۔ — الرجلَ و علیه: سے بخل کرنا، کنجوسی کرنا۔ استوعی الشيءَ: سب چیز لے لینا، کو جمع کرنا۔ الراعی: فا۔ واعی الیتیم: یتیم کا سرپرست و محافظ۔ الواعیة: الواعی کا مونث۔ الوعی — پیپ: ظاہری عقل، ظاہری شعور۔ کہا جاتا ہے: مالی عنه وعیٌ: میرے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ الوعیّ: محافظ، فقیہ۔ الوِعاء و الوُعاء جمع أوعیة و جمع الجمع أواعٍ: برتن۔ وعائیات البزور و مستورات البزور (ن): بادام کی طرح کی نباتات جن کا بیج خول کے اندر ہوتا ہے۔ بغیر خول کے نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے: هو أوعی من فلان: وہ فلاں سے زیادہ یاد رکھنے اور سمجھنے والا ہے۔ هو أوعی من نملة: وہ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا ہے۔ اللاوعی: باطنی عقل یا شعور۔ موعیّ الرسغ: مضبوط کلائی والا۔

۲- الواعیة: آواز، چیخ، شور۔ الوعی و الوعی: شور و غل، آوازیں۔ فرس وعی: مضبوط گھوڑا۔

وعی یعی وعیاً ه: کو رکھنا، پر مشتمل ہونا، پر محیط ہونا، کو شامل ہونا، کو یاد رکھنا، یاد کرنا، حفظ کرنا، جاننا۔ — ه یا إلی: پر توجہ کرنا، پر کان دھرنا، کو ذہن میں رکھنا، کو سننا، سمجھ لینا، دیکھ لینا۔ — إلی: سے آگاہ ہونا۔ وعی علی نفسه: پر واضح ہونا۔ لایعی: وہ بے ہوش ہے۔ لا یکاد یعی: وہ تقریباً بے ہوش ہے۔ لایعی مایقول: وہ نہیں جانتا کہ کیا کہہ رہا ہے۔ وعّی ه من: کو سے خبردار کرنا۔ أوعی ه: کو برتن وغیرہ میں رکھنا۔ توعّی: احتیاط سے کرنا، ہوشمندی سے کرنا۔ — من: سے آگاہ ہونا، خبردار ہونا، سے چوکنا، چوکس یا ہوشیار ہونا۔ وعی: توجہ، دھیان، التفات، خبرداری، بیداری، چوکسی، ہوشیاری، فکر مندی، احتیاط، آگاہی، آگہی، شعور، واقفیت، احساس، سمجھ، خیال، چوکسی، چستی، ہوشیاری، مستعدی۔ في غیر وعي: بغیر دیکھے، دیکھے جانے کے بغیر۔ وعی قومی: قومی شعور، قوم پرستی، وطن پرستی، قومی آزادی کی تحریک سے ہمدردی۔ ماوراء الوعی: تحت الشعوری، نیم شعوری۔ استرجع وعیه و عاد إلی وعیه: ہوش میں آنا۔ فقد وعیه: بے ہوش ہونا، غش کھانا۔ دون وعی: نادانستہ، غیر ارادی طور پر۔ وعاء جمع أوعیة و أواعٍ: برتن کوئی شے رکھنے کی چیز جیسے ڈبہ، بوتل وغیرہ، چیزدان، ظرف، جوف۔ اوعیة دمویة: خون کی رگیں یا نالیاں۔ واعٍ: متوجہ ہوشیار، محتاط، واقف، آگاہ، باخبر، اپنے ہوش و حواس میں پوری طرح چوکنا یا بیدار۔

وغب: ا- وغب یوغب وغابةً و وغوبةً الجملُ: اونٹ کا ضخیم ہونا۔ الوغب جمع أوغاب و وغاب مونث وغبة: موٹا اونٹ، ضخیم اونٹ۔

۲- الوغب جمع أوغاب و وغاب مونث وغبة: ردی سامان، جسم کا کمزور، کمینہ، ذلیل۔ — و الوغبة: احمق۔

وغد: ا- وغد یغد وغداً القوم: قوم کی خدمت کرنا۔ وغد یوغد وغادةً: کمزور عقل والا ہونا، کمینہ ہونا۔ الوغد: تیر جس کا جوئے میں کوئی حصہ نہ ملے، شکار۔ — جمع أوغاد و وغدان و وغدان مونث وغدة: ضعیف العقل، احمق، کمینہ، بچہ، قوم کا خادم، غلام۔

۲- واغد مواغدةً ه: کے فعل جیسا فعل کرنا۔ — فلاناً في السیر: سے چلنے میں مقابلہ کرنا اور اس پر غالب آنا۔

وغد جمع أوغاد و وغدان: سخت غمزدہ، سخت بری حالت میں، مصیبت زدہ، بدبخت، گھٹیا، بدذات، بدمعاش، لچا، غنڈہ۔

وغر: ا- وغر یغر وغراً الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ — ته الشمسُ: پر تیز دھوپ پڑنا۔ وغراً و وغر یوغر وغراً صدرُهُ علی فلان: پر غصہ سے گرم ہونا۔ صفت: واغرُ الصدر علیه۔ وغّر توغیراً ه علیه: کو کسی سے کینہ پر اُکسانا۔ أوغر إیغاراً ه: کو غضبناک کرنا۔ — صدرَهُ: کا غصہ سے سینہ بھڑکانا۔ — ه إلی کذا: کو پر مجبور کرنا۔ — الماءَ: پانی کو گرم کرنا۔ — الخنزیرَ: خنزیر کو گرم پانی سے دھو کر ذبح کرنا۔ — القومُ: گرمی کے وقت میں آنا۔ — الملكُ لرجلٍ أرضاً و أوغره أرضاً: بادشاہ کا کسی کو بغیر خراج کے زمین دینا۔ توغّر: غصہ سے بھڑکنا۔ الوغر و الوغر (مصدر): کینہ، دشمنی۔ وغر الجیش: فوج کا شور و غل۔ الوغرة: اسم مرة، گرمی کی شدت۔ کہا جاتا ہے: لقیته في وغرة الهاجرة: میں اس سے نصف النہار کے وقت ملا۔ الوغیر: گرم ریت پر بھنا ہوا گوشت۔ — و الوغیرة: گرم پتھروں پر گرم کیا ہوا دودھ۔

۲- أوغر إیغاراً القومُ بینهم میغراً: انہوں نے باہم وقت مقرر کیا۔ المیغر: مقررہ وقت یا میعاد۔

وغر یغر و یوغر وغراً و وغراً: گرم ہونا، غضبناک ہونا۔ — صدرُه علی: کے خلاف غصہ سے کھولنا، کے خلاف کینہ رکھنا، کے لئے نفرت محسوس کرنا۔ أوغر صدرَهُ علی: کے غصہ کو کسی کے خلاف ابھارنا، کو کے خلاف بھڑکانا، کے تلخ جذبات کو کسی کے خلاف برانگیختہ کرنا۔ توغّر: غضبناک ہونا، برہم ہونا، غصہ سے بھڑکنا۔ وغر و وغر: غصہ، ناراضی، غیظ و غضب، قہر، برہمی، خفگی، ناراضگی، بغض، عناد، کینہ، عداوت، حسد، بداندیشی، نفرت۔

وغف: ا- وغف یغف وغفاً و وغوفاً الرجلُ: جلدی چلنا، دوڑنا۔ أوغف إیغافاً الرجلُ: جلدی چلنا، دوڑنا۔ — الکلبُ: کتے کا زبان نکالنا۔ — الطائرُ: پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔

۲- وغف یغف وغفاً و وغوفاً البصرُ: نظر کا کمزور ہونا۔ أوغف إیغافاً الرجلُ: کی نظر کمزور ہونا۔

۳- أوغف إیغافاً الرجلُ: بقدر کفایت کھانا کھانا۔

وغل: وَغَلَ يَغِلُ وُغُولاً: دور چلا جانا۔ ـ في الشيء: چیز میں گھس کر چھپ جانا۔ ـــ وَغْلاً و وُغُولاً و وَغَلاناً على القوم: بغیر بلائے دعوت میں آنا۔ اَوْغَلَ اِيغالاً فلاناً في كذا: کسی کو کسی چیز وغیرہ میں داخل کرنا۔ ـ في السير: جلدی چلنا۔ ـ في البلاد: ملک میں دور تک چلے جانا۔ ـ في العلم و نحوه: علم وغیرہ میں پوری پوری جدوجہد کرنا۔ ـــ [illegible]: دشمن کے ملک میں یا پہاڑوں کے درمیان میں گھس کر دور تک چلے جانا۔ تَوَغَّلَ في البلاد: ملک میں دور تک چلے جانا۔ الوَغْل (مص) جمع اَوْغال: کمزور، فرومایہ، کوتاہی کرنے والا، بغیر بلائے کھانے پینے پر آموجود ہونا، گنجان درخت، جائے پناہ، ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ ـ و الوَغِل: جھوٹے نسب کا دعویٰ کرنے والا، بدخوراک۔ ـ عَل: بہت تعریف کرنے والا، بہت قیمت مانگنے والا۔ المتوغل (فا): جلدی داخل ہونے والا۔

○ وَغَلَ يَغِلُ وُغُولاً في: میں گھس کر یا داخل ہو کر دور تک چلے جانا۔ ـ وَغْلاً و وَغَلاناً على: کے سر پر زبردستی جا مسلط ہونا، کے پاس بن بلائے چلے جانا۔ اَوْغَلَ في: میں گھس کر دور تک چلے جانا، کسی سرگرمی میں تن دہی سے کام کرنا۔ ـ ہ في: کو میں دھکیلنا۔ ـ: جلدی کرنا۔ اَوْغَلَ في السير: تیز تیز چلنا، جلدی سے آگے بڑھنا۔ اَوْغَلَ في الكلام: میں مبالغہ کرنا، مبالغہ آمیزی کرنا، کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔ تَوَغَّلَ في: میں گھس کر دور تک چلے جانا، آگے اور آگے بڑھ جانا۔ وَغِل: مداخلت کرنے والا، ناخواندہ مہمان طفیلی۔ تَوَغُّل: داخل ہونا، جذب، گہری سوچ، فکر۔ وَاغِل: مداخلت کرنے والا، طفیلی، غیر متعلق، گہرا، گہری بنیاد والا، گھر کر چکنے والا، سخت، راسخ (احساس)۔ مُتَوَغِّل: گہری بنیاد رکھنے والا، گہرائی تک پہنچنے والا۔

وغم: ١۔ وَغَمَ يَغِمُ وَغْمةً: پر غالب آنا۔ وَغِمَ يَوْغَمُ و وَغَماً عليه: سے کینہ رکھنا۔ اَوْغَمَهُ: کو کینہ ور بنانا۔ تَوَغَّمَ عليه: پر غضبناک ہونا۔ ـ و تَوَاغَمَ الابطالُ في الحرب: بہادروں کا جنگ میں باہم سخت قتال کرنا، بعض کے نزدیک ایک دوسرے کو کنکھیوں سے دیکھنا، شک و شبہ کی نظر سے دیکھنا۔ الوَغْم (مص) جمع اَوْغام: سینے میں قائم شدہ کینہ، جنگ و قتال، [illegible]۔ ـــ رجلٌ وَغِمٌ: کینہ ور آدمی۔

٢۔ وَغَمَ يَغِمُ وَغْماً الخبرَ: بغیر تحقیق کے خبر بیان کرنا۔ ـ اِلى الشيء: کا وہم کرنا۔

٣۔ الوَغْم جمع اَوْغام: گرا ہوا کھانا، احمق۔

وغن: تَوَغَّنَ تَوَغُّناً: جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ ـ على المَعَاصِي: گناہوں پر اصرار کرنا۔

وغی: الوَغَى و الوَغْى: آواز، شور، جنگ۔

○ وَغًى و وَغًى: غل، شور و غل، غوغا، شور و غوغا، غل غپاڑہ، پرشور مطالبہ یا احتجاج، ہنگامہ، کہرام، گڑبڑ۔

وفد: ١۔ وَفَدَ يَفِدُ وَفْداً و وُفُوداً و وِفَادَةً و اِفَادَةً اِلى او على الامير: حاکم کے پاس وفد بن کر یا قاصد بن کر آنا صفت: وَافِد جمع وَفْدٌ و وُفُودٌ و وُفّاد و وُفَّد و اَوْفادٌ۔ وَفَّدَ فلاناً اِلى او على الأمير: کو حاکم کے پاس قاصد بنا کر بھیجنا۔ وَافَدَ فلاناً على الامير: کے ساتھ حاکم پاس آنا۔ اَوْفَدَ اِيفاداً: بلند ہونا۔ ـ عليه: کو اوپر سے جھانکنا۔ ـ الريمُ: ہرن کا کان و سر کھڑا کرنا۔ ـــ فلاناً الى او على الامير: کو حاکم کے پاس بھیجنا۔ ـ الرجلُ: جلدی کرنا۔ تَوَفَّدَتِ الابلُ او الطيرُ: اونٹوں یا پرندوں کا ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔ ـ عليه: کو اوپر سے جھانکنا۔ تَوَافَدَ القومُ عليه: کے پاس لوگوں کا اکٹھے وارد ہونا۔ اِسْتَوْفَدَهُ: کو وفد بنا کر بھیجنا۔ الوَافِد (فا): رخسار کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اونچا ہو جاتا ہے۔ یہ دو رخساروں کے حصے ہیں۔ ـــ من الابل و نحوها: سب سے آگے چلنے والا اونٹ وغیرہ۔ الوَفْد (مص) جمع وُفُود: وفد یعنی آدمیوں کی جماعت جو ملک میں وارد ہو، حاکم کے پاس آنے والا وفد۔ ـــ جمع وُفُود و اَوْفاد: لمبے ٹیلے کی چوٹی۔ الوَفّاد: بہت وفد والا۔

٢۔ اِسْتَوْفَدَ في قِعدَتِه: غیر مطمئن بیٹھنا۔ (استوفز کے معنی میں آتا ہے)۔

○ وَفَدَ يَفِدُ وَفْداً و وُفُودٌ و وِفَادَةً الى يا على: کے پاس بطور قاصد، ایلچی، سفارتی نمائندہ آنا، کے سامنے آنا، کی موجودگی میں آنا۔ ـــ على: کو ملنا، کو ملنے آنا، کی ملاقات کو جانا۔ وَفَّدَ و اَوْفَدَهُ اِلى يا على: کو کے پاس بھیجنا۔ ـــ (ہ) اِلى يا على: کے پاس (وفد) بھیجنا۔ ـ ہ الى يا على: کو کے پاس نائب یا نمائندہ بنا کر بھیجنا، کو کے پاس (یا میں جیسے کانفرنس میں) قائم مقام، نمائندہ یا وکیل بنا کر بھیجنا۔ ـ ہ اِلى يا على: جماعت کو نمائندہ بنا کر کسی کے پاس یا کسی جگہ بھیجنا۔ وَافَدَهُ: کے ساتھ آنا یا پہنچنا۔ تَوَافَدَ: اکٹھے آنا پہنچنا۔ ـــ على: کو گھیر لینا، کی طرف مل کر چلنا۔ وُفُود: آنا، آمد۔ ـــ جمع وُفُود و اَوْفاد: مندوبین یا نمائندوں کی جماعت یا وفد، نمائندگان، وفد۔ الوفد: (مصر کی سابق) وفد پارٹی۔ وَفْدِي: وفد کا یا وفد سے متعلق، وفدی یعنی وفد پارٹی کا رکن یا حامی، حمایتی، وابستہ یا پیرو۔ وِفادة: آمد۔ اَكْرَمَ یا اَحْسَنَ وِفادتَهُ: کا مہمان نوازی سے استقبال کرنا، کا نوازش سے استقبال کرنا، سے ادب کے ساتھ پیش آنا۔ وُفُود: آمد۔ اِيفاد: بھیجنا۔ وَافِد جمع وُفُود و اَوْفاد و وُفّاد: آنے والا، نو وارد، آمد، ایلچی، نمائندہ، سفارتی نمائندہ، وبائی (مرض)، آنے والے (خیالات وغیرہ)۔ وافِدة: وبا۔ مُوفَد: کسی خاص کام کے لئے مقرر کیا ہوا یا نامزد، مندوب، نمائندہ۔ الموفد البابوي: داعیانہ نمائندہ۔

وفر: وَفَرَ يَفِرُ وَفْراً و فِرَةً له المالَ: کے مال و دولت کو بڑھانا، پورا کرنا۔ ـ الثوبَ: کپڑے کو فراخ قطع کرنا۔ ـــ عِرضَ فلان: کی عزت کی حفاظت کرنا، اور اسے گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے: وَفَرْتُهُ عِرضَهُ: میں نے اس کی تعریف کی اور اس کی عیب جوئی نہیں کی۔ ـ عطاءَك: (تیری عطاء) کو رضامندی سے واپس کر دینا یا کم جان کر واپس کر دینا۔ ـــ وَفْراً و وُفُوراً و فِرَةً و وَفُرَ يَوْفُرُ وَفَارَةً المالُ او المتاعُ: مال یا سامان زیادہ اور وسیع ہونا۔ وَفَّرَ تَوْفِيراً الشيءَ: چیز کو زیادہ کرنا۔ ـــ لفلان طعامَهُ: کے لئے خوراک مکمل کرنا۔ ـ اللّٰهُ حَظَّهُ من كذا: اللہ تعالیٰ کا کسی چیز سے کسی کا حصہ کامل کرنا۔ ـــ الثوبَ: کپڑے کو فراخ قطع کرنا۔ ـــ لفلانٍ عِرضَهُ: کی عزت کی حفاظت کرنا، کو گالی نہ دینا۔ ـــ المالَ: مال کم نہ کرنا۔ ـــ حِصّةً من المال: مال کا حصہ باقی رکھنا۔ ـ الرجلُ: اسراف نہ کرنا (عام زبان میں)۔ ـ في النفقة: خرچ میں کنجوسی کرنا (عام زبان میں)۔ اَوْفَرَ فلانٌ الشيءَ: چیز کو زیادہ کرنا، پورا کرنا۔ تَوَفَّرَ على كذا: پر اپنی ہمت صرف کرنا۔ ـ على صاحبه: اپنے ساتھی کی عزت و حرمت کا لحاظ رکھنا۔ تَوَافَرَ و اتَّفَرَ الشيءُ: زیادہ اور فراخ ہونا۔ اِسْتَوْفَرَ الشيءَ: چیز کو پورا کرنا۔ ـ الحقَّ: حق پورا لے لینا۔ الوَافِر (فا): علم عروض کی ایک بحر (مُفَاعَلَتُنْ مُفَاعَلَتُنْ فَعُولُنْ مُفَاعَلَتُنْ مُفَاعَلَتُنْ فَعُولُنْ)۔ الوَافِرَة: الوافر کا مؤنث: دنبہ کی بڑی چکتی۔ الوَفْر (مصدر) جمع وُفُور: دولت مندی۔ ـــ من المال او المتاع: بہت، وسیع مال و متاع یا عام چیز۔ الوَفْرَة جمع وِفار: اسم مرة، کثرت، بہتات، کانوں تک لمبے بال۔

الأَوْفَر: کامل، تام۔ الوَفْرَاء: بھرا ہوا۔ مزادةٌ وَفْرَاءُ: پوری کھال۔ أُذُنٌ و فراء: بڑا کان۔ ارضٌ وَفْرَاء: بہت گھاس والی زمین۔ قومٌ مُتَوافِرُون: بہت لوگ۔ المُوَفَّر (مفع) المُوَفَّرُ الشَعَر: لمبے اور بہت بالوں والا۔ کہا جاتا ہے: تركتُهُ على أحسنِ مُوَفَّر: میں نے اس کو بہت اچھی حالت میں چھوڑا۔ المَوفُور (مفع): مکمل چیز۔

⊂ وَفَرَ يَفِرُ وَفْراً و وُفُوراً و وَفُرَ يَوْفُرُ وَفارَةً: بھرپور ہونا، کی بہتات، کثرت یا افراط ہونا، بڑی تعداد میں ہونا، کثرت سے ہونا، کافی ہونا، بہت ہونا، فراخ ہونا، کشادہ ہونا، وافر ہونا، فراواں ہونا، کثیر ہونا، متعدد ہونا، وافر ہونا، بڑھنا، اضافہ ہونا، بڑا ہونا، اور زیادہ ہونا۔ وَفَّرَ ہ: کو بڑھانا، کو وافر کرنا، فراواں کرنا، کو بہت کرنا، زیادہ کرنا۔ ــــ ہ ل: کسی چیز کا بہت یا کافی حصہ کسی کو دینا۔ ــ ہ: (ثبوت، شہادت) مہیا کرنا، کو بچانا، محفوظ کرنا، پس انداز کرنا، سنبھال کر رکھنا، میں کفایت شعار ہونا، میں کفایت سے کام لینا، کو روک کے رکھنا، (روپیہ وغیرہ) کو برے یا آڑے وقت کے لئے یا ضرورت کے لئے بچانا۔ ــ علی ہ: کو سے بچانا، نجات دلانا۔ وَفَّر علیہ مصاریف کثیرة: کو بہت سے اخراجات سے بچانا۔ أَوْفَرَ ہ: کو بڑھانا، زیادہ کرنا۔ تَوَفَّرَ: بھرپور ہونا، کی بہتات، کثرت یا افراط ہونا، بڑی تعداد میں ہونا، کثرت سے ہونا، کافی ہونا، (شرط کا) پورا ہونا، پوری قیمت کا ہونا، کھرا، خالص، معیاری ہونا، بے عیب ہونا، معقول ہونا، قانونی ہونا، کامیاب ہونا، فروغ پانا، پنپنا، پھلنا، پھولنا، بچ رہنا۔ ــــ علی: کسی سرگرمی وغیرہ میں کسی تکلیف، زحمت، پریشانی وغیرہ سے دریغ نہ کرنا، ہر طرح کی کوشش کرنا، کو پوری توجہ دینا، اپنے آپ کو کے لئے وقف کرنا، سارا وقت کسی سرگرمی میں لگا دینا، یا کسی سرگرمی کی نذر کر دینا۔ تَوَفَّرَتْ فیه الصفاتُ اللازمة: ضروری خوبیاں رکھنا۔ تَوَفَّرت فیه الشروطُ: وہ شرائط پوری کرتا ہے۔ تَوَافَرَ: بہت ہونا، متعدد ہونا، بھرپور ہونا، بڑی تعداد میں ہونا، کثرت سے ہونا، فراواں ہونا، وافر ہونا، زیادہ ہونا، کثیر ہونا، تعداد میں بڑھنا، بڑھنا، (شرط کا) پورا ہونا۔ ــ ل: (خوبیوں وغیرہ کا بکثرت کسی کے حصہ میں آنا۔ تَوَافَر فیه الشبابُ والجمالُ: وہ حسن و جمال سے بھرپور آراستہ ہے۔ اُسے قدرت کی طرف سے حسن و جمال کی خوبی بڑی فراخی سے عطا ہوئی ہے۔ ـ کثرت، بہتات، افراط، دولت۔ جمع وُفُور و وفرات: بہتات، فراوانی، زیادتی، بیشی، بچت، فاضل مقدار، ضرورت سے زیادہ چیز، باقی، کفایت، جمع جتھا، اندوختہ۔ وَفْرَة: فراوانی، کثرت، افراط، وفور، بہتات۔ وَفِير: وافر، فراوان، کثیر، بہت کافی، فراخ، کشادہ۔ أَوْفَرُ ہ: میں زیادہ بہتات والا، میں بہت کثرت سے یا بڑی تعداد میں پایا جانے والا، سے بہت زیادہ ہوا، عطا کیا ہوا، آراستہ کیا ہوا۔ ــــ: زیادہ کفایت شعار، زیادہ کم خرچ۔ أَوْفَرُ حظاً: زیادہ خوش قسمت، زیادہ خوش نصیب۔ توفیر: کثرت، اضافہ، بہتات افراط، اضافہ، اضافہ کرنا، بلندی، اونچائی، کفایت شعاری کرنا، خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا، بچت، کفایت، صندوقُ التوفیر: سیونگز بنک۔ تَوَفُّر: بہتات، کثرت، دولت، زیادتی، اضافہ، پھیلاؤ، تکمیل، تعمیل۔ عندَ تَوَفُّرِ الشروط: شرائط پوری کرنے کے فوراً بعد۔ وَافِر: بہت، فراوان، بکثرت، بہتات میں، بڑی متعدد، وافر، کثیر، فراخدلانہ۔ مَوْفُور: بہت، فراوان، وافر، کثیر، لدا ہوا، شرابور، ناک میں دم کیا ہوا، دولت مند، امیر، روپیہ پیسہ والا، کامل، مکمل، بالکل صحیح سالم، بالکل محفوظ۔ موفورُ المطالب: بہت سی خواہشوں کا حامل۔ مُتَوَفِّر: بہت، فراوان، وافر، بہتات سے، بافراط، کفایت شعار، کم خرچ، بچت پر نفع، سود۔ مُتَوَافِر: بہت، کثیر، فراواں وافر، بافراط، فراخ دلانہ۔

وفز: وَافَزَہُ: کے پیچھے دوڑنا، کو جالینا، جا پکڑنا۔ أَوْفَزَ ایفازاً ہُ: کو جلدی کرانا۔ تَوَفَّزَ للامر: کام کے لئے تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے: أَخَذَ یتوفَّزُ علی فراشه: بستر پر کروٹیں بدلنے لگنا نیند نہ آنا۔ اِسْتَوْفَزَ اِسْتِیفازاً فی قعدته: اس طرح بیٹھنا کہ فوراً اٹھ سکے، بے چینی سے بیٹھنا گویا اٹھنے کو تیار ہو۔ الوَفْز و الوَفَز جمع أَوْفاز ووِفاز: جلدی، عجلت۔ کہا جاتا ہے: نحن علی وَفْزٍ او وِفازٍ او أَوْفازٍ: ہم روانہ ہونے کے لئے تیار ہیں، یا بہت جلدی میں ہیں۔ مکانٌ وَفْزٌ: بلند جگہ۔

⊂ تَوَفَّزَ: ہوشیار کیا جانا۔ اِسْتَوْفَزَ: گھات میں بیٹھنا، پریشانی، تشویش یا امید و بیم کی حالت میں ہونا، تیار ہونا، چوکس ہونا۔ مُسْتَوفِز: چوکس، چوکنا، ہوشیار، مستعد، صاف، واضح، تیز (ذہن) برانگیختہ، مشتعل، جوش میں، گھبرایا ہوا، پرجوش۔ کان علی اوفاز: کمر بستہ ہونا، چوکنا ہونا، چوکس ہونا۔

وفض: ۱۔ وَفَضَ یَفِضُ وَفْضاً و وَفَضاً و أَوْفَضَ ایفاضاً: تیز چلنا، دوڑنا۔ اِسْتَوفَضَ اِسْتِیفاضاً: تیز چلنا، دوڑنا۔ ــ ہُ: سے جلدی کرانا۔ الوُفْض و الوَفَض (مص): جمع أَوفاض: جلدی، عجلت۔ الوُفْضَة جمع وِفاض: اسم مرہ۔

۲۔ أَوْفَضَ اِیفاضاً ہُ: کو دھتکارنا۔ ــ الإبلَ: اونٹوں کو جدا جدا کرنا۔ اِسْتَوْفَضَ اِسْتِیفاضاً تِ الإبلُ: اونٹوں کا بکھرنا۔ ــــ ہُ: کو دھتکارنا، جلاوطن کرنا۔ الأَوْفاض: لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

۳۔ أَوْفَضَ ایفاضاً للرجُلِ: کے بیٹھنے کیلئے فرش بچھانا۔ الوِفاض جمع وُفُض: چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑہ، پانی روکنے کی جگہ۔ الوُفْضَة جمع وِفاض: چمڑے کا ترکش، گڈریے کا تھیلا، اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

⊂ وَفَضَ یَفِضُ وُفُضاً: دوڑنا، جلدی کرنا، جلدی چلنا۔ وُفْضَة جمع وِفاض: چمڑے کا تھیلا، سفری تھیلا۔ خالی الوِفاض: خالی، خالی ہاتھ، فارغ۔

وفع: الوَفْع جمع أَوْفاع: بلند عمارت یا جگہ۔ غلامٌ وَفَعٌ جمع وِفْعان و وَفَعَةٌ و أَفَعَةٌ: نوجوان لڑکا۔ الوَفْعَة: کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ ــ والوِفاع: شیشی کا ڈاٹ۔ الوَفِیعَة: بمعنی الوَفْعَة: قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔

وفق: وَفِقَ یَفِقُ وَفْقاً الأمرَ: کو موافق پانا۔ ــ الأمرُ: مراد کے موافق ہونا۔ وَفَّقَ الامرَ: کو موافق بنانا۔ ــ بین القوم: قوم کے درمیان اصلاح کرنا۔ ــ ہُ اللّٰہُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو درست کرنا۔ ــ ہُ اللّٰہُ للخیر: اللہ تعالیٰ کا کسی کو خیر کا الہام کرنا۔ وُفِّقت له: وہ مجھ سے ملا۔ وَافَقَ وِفاقاً و مُوَافَقَةً ہُ: کو ملنا، کو پانا۔ ــ ہُ فی او علی الشیء: کسی بات وغیرہ میں کسی سے موافق ہونا۔ ــ بین الشیئین: دو چیزوں کو جوڑنا۔ أَوْفَقَ القومُ لهُ: کے قریب ہونا، پر اتفاق کرنا، (کہا جاتا ہے: أُوفِقَ لزیدٍ لِقاؤُنا: ہماری زید سے ملاقات اچانک اور اتفاقیہ تھی، زید ہمیں اچانک اور اتفاقاً ملا)۔ ــ السهمَ و بالسهم: تیر چلانے کے لئے فوق کو تانت پر رکھنا (گویا یہ افوق کا الٹ ہے)۔ تَوَفَّقَ: کی کوشش بارآور ہونا، اللہ تعالیٰ سے توفیق و مدد پانا۔ (کہا جاتا ہے: لایَتَوَفَّقُ عبدٌ الا بتوفیق اللّٰه: کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کامیابی حاصل نہیں کرتا)۔ تَوَافَقَ القومُ فی الأمر: پر اتفاق کرنا، ایک دوسرے کے قریب ہونا، ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ اِتَّفَقَ الرجلانِ علی الشیءِ و فیه: پر اتفاق کرنا، باہم قریب ہونا، متحد ہونا۔ ــ معَهُ: سے موافقت کرنا۔ ــ الأمرُ: اتفاقیہ

طور پر واقع ہونا۔ اِسْتَوفَقَ اسْتِيفاقاً اللّٰهَ: اللہ تعالیٰ سے توفیق چاہنا۔ الـوَفْق (مص): دو چیزوں کے درمیان مطابقت، بقدر کفایت۔ (کہا جاتا ہے: كسبُهُ وَفْقُ عِيالِهِ: اس کی کمائی اس کے اہل و عیال کیلئے کافی ہے۔ جاءَ القومُ وَفْقاً: لوگ اتفاق سے آئے۔ اتيتُهُ وَفْقَ طلعِ الشمسُ: میں اس کے پاس طلوعِ آفتاب کے وقت آیا)۔ الـوَفِيق: رفیق۔ التَوفيق (مص)۔ توفيقُ الهلال و توافقه و تِيفَاقُهُ و تَوَفُّقُهُ و تِيفَاقُهُ و تَيْفَاقُهُ و مِيفَاقُهُ: نئے چاند کا پہلا ظہور۔ المُوَفَّق (مفع): کہا جاتا ہے: اِنَّ فلاناً مُوَفَّقٌ: فلاں نیک آدمی ہے۔ سچائی کے راستہ پر ہے۔

۲ وَفِقَ يَفِقُ وَفْقاً: صحیح ہونا، مناسب ہونا، موزوں ہونا، فٹ ہونا، برمحل ہونا، ٹھیک ہونا۔ وَفَّقَ ہ: کو ٹھیک بنانا، موزوں بنانا، مناسب بنانا، کو مطابق کرنا، موافق کرنا، اہل بنانا، کو ترتیب دینا، ٹھیک ٹھاک کرنا۔ —— بین: مختلف چیزوں کو موافق بنانا، ہم آہنگ بنانا، دو چیزوں میں ہم آہنگی پیدا کرنا۔ —— بین ـ و بین: میں ہم آہنگی پیدا کرنا۔ —— بین: دو فریقوں میں مصالحت کرانا، دوبارہ عام تعلقات قائم کرنا، صلح کرانا، جھگڑا چکانا۔ —— ہ ل یا اِلی: اللہ تعالیٰ کا کسی کو کسی چیز کے حصول میں کامیابی عطا کرنا۔ وُفِّقَ الی یا لِ: سے یا میں کامیابی حاصل کرنا، کامیاب ہونا۔ —— اِلی: میں خوش قسمت ہونا، میں کامیاب ہونا۔ وُفِّقَ كُلَّ التوفيق اِلی: میں مکمل طور پر کامیاب ہونا، ہر کامیابی حاصل کرنا۔ وَافَقَ ہ: کیلئے موزوں ہونا، کو زیب دینا، موزوں ہونا، سجنا، پھبنا، کی ضرورتوں کے لئے کافی ہونا، کے شایانِ شان ہونا، کے لئے قابلِ قبول ہونا، کو پسند کرنا، ماننا، کے لئے سازگار ہونا، موافق اور مناسبِ حال ہونا، کی خواہشوں یا مفادات سے ہم آہنگ و موافق ہونا، (لباس کا) کسی کو پھبنا، سجنا، فٹ ہونا۔ —— ہ یا ہ فی یا علی: سے میں اتفاق کرنا، متفق ہونا۔ —— ہ علی یا فی: سے میں متفق ہونا، یکدل یک آواز یا ہم رائے ہونا۔ —— ہ: کو لگانا، جڑنا، سے موافق یا ہم آہنگ ہونا، کے مطابق ہونا، کا جوڑا ہونا، کے برابر ہونا، کے مشابہ ہونا (خوراک آب و ہوا کا) کو راس آنا، موافق آنا، کے لئے خوشگوار ہونا، صحت بخش ہونا، منفعت بخش ہونا، کا باعث ہونا۔ — علی: سے متفق ہونا، کو مان لینا، کو ہاں کہہ دینا، کی تائید کرنا، پر صاد کرنا، کو منظور کرنا، کی منظوری دینا، کی تصدیق کرنا، توثیق کرنا، کی اجازت دینا، کا اختیار دینا، کا لائسنس دینا۔ —— بین: ایک چیز کو دوسری کے مطابق بنانا، بدلنا، دو چیزوں کو ہم پلہ کرنا، ہم وزن کرنا، ملتا جلتا بنانا، میں توافق پیدا کرنا، میں ہم آہنگی پیدا کرنا۔ تَوَفَّقَ: اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد پا جانا، کامیاب ہونا۔ اِتَّفَقَ: متفق ہونا، اتفاق کرنا، یکدل ہونا، یک آواز ہونا۔ —— مع یا و: سے اتفاق کرنا، متفق ہونا، ہم آہنگ ہونا، کے مطابق ہونا، سے موافق ہونا۔ —— علی: پر اتفاق کرنا، کا انتظام کرنا۔ —— علی مع: کے بارے میں کسی کے ساتھ سمجھوتہ کرنا۔ —— ل: کو اتفاقیہ پیش آنا، کو (غلطی یا فروگذاشت وغیرہ) کرنے کا اتفاق ہونا، عمل میں ہونا، واقع ہونا، پیش آنا، غیر متوقع طور پر واقع ہونا، کا عادی ہونا، کے لئے مقدر ہو چکنا۔ كما اتفق: یونہی، بے سوچے سمجھے، اتفاق سے، بے پروائی سے۔ كَيْفَمَا اتفق: جو ہو، کیا ہی آخر کار ہو، کیسے ہی کیوں نہ ہو، بہر حال، کسی نہ کسی طرح، بہر صورت، تاہم، پھر بھی، ہر صورت میں۔ وَفْق: کافی رقم، کافی مقدار، اتفاق، مطابقت، موافقت، مناسبت، تعمیل، ہم آہنگی، اتحاد۔ وَفْقَ یا وَفْقاً لِ یا مِن وفقِ: کے مطابق، کی تعمیل میں، کے ہم مقدار، کے حسب حال، کے مناسب، کے اتباع میں، کی تقلید میں، کی بنیاد پر، کے باعث، کی سند سے۔ وفقَ الأصل: صحیح (نقل)۔ اجر بالوَفْقَةِ: کام کے مطابق مزدوری۔ اَوْفَق: زیادہ موزوں، مناسب، زیادہ صحیح، زیادہ ٹھیک، زیادہ برجستہ، زیادہ برمحل۔ توفيق: ڈھانچہ، بناوٹ، ساخت، مطابقت، مناسبت، موافقت، تصرف، گنجائش، موازنہ کرنا، ہم آہنگی، ترتیب، تصفیہ، صلح، مصالحت، ثالثی، مصالحت کی کوشش، تحکیم، صلح کرانا، جھگڑا چکانا، معمول کے تعلقات، کو دوبارہ قائم کرنا (اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ) کامیابی، اچھا نتیجہ، خوش نصیبی، اقبال مندی، بہرہ مندی، کامیابی۔ لَجْنَةُ التوفيق: ثالثی کونسل، مجلس تحکیم۔ وِفاق: مناسبت، موافقت، مطابقت، میل، مشابہت، اتحاد، ہم آہنگی، اتفاق، اجازت، منظوری، رضامندی، معاہدہ، اقرار، عہد، عہد نامہ۔ وفاقاً لِ: کے مطابق، کی خواہش کے مطابق، حسب خواہش، کی بنیاد پر، کی سند سے، پسند، کے باعث، کی اتباع میں، کی تقلید میں۔ مُوَافَقَة: اتفاق، موافقت، مطابقت، تعمیل، پیروی، لگاؤ، ربط و ضبط، تناسب، نسبت، ایک جیسا ہونا، موزونیت، مناسبت، درستی، قابلیت، صلاحیت، منظوری، رضامندی، پسندیدگی، خوشنودی، جواز، اجازت۔ تَوافُق: اتفاقی مطابقت، بیک وقت وقوع، زمانی مطابقت، التزام، موزونیت، موافقت، میل ملاپ، رضامندی، سمجھوتہ، مفاہمت، اقرار نامہ، راضی نامہ، ہم خیالی، اتفاقِ رائے، ہم آہنگی، تال میل، مطابقت، مشابہت۔ اِتِّفَاق: اتفاقی مطابقت، زمانی مطابقت، بیک وقت وقوع التزام، موزونیت، موافقت، اتفاق، میل، موافقت، مطابقت، مشابہت، رضامندی، سمجھوتہ، مفاہمت، جمع اتفاقات: معاہدہ، عہد و پیمان، قول و قرار، قرارداد، ٹھیکہ، ٹھیکے کا معاہدہ، اتفاقِ رائے، سمجھوتہ، سلطنتوں کی دوستی۔ اتفاقاً: اتفاقاً، اتفاق سے، اچانک، غیر ارادی طور پر، اتفاقیہ طور پر۔ بالاتفاق: (باہمی) اتفاق سے، ہم آہنگی سے، قول و قرار کے مطابق۔ اتفاقُ الآراء: کامل اتفاقِ رائے۔ باتفاق الآراء: کامل اتفاقِ رائے سے۔ اتفاقُ عدمِ الاعتداء: عدمِ جارحیت کا معاہدہ۔ دولُ الاتفاقِ الصغير: چھوٹی سلطنتوں کی دوستی کے ممالک۔ اِتِّفَاقی: اتفاقی، ناگہانی، غیر ارادی، نامتوقع، رواجی، رسمی تقلیدی، رواج پر مبنی۔ اِتِّفَاقِيَة جمع اِتفاقيات: معاہدہ، تراضی۔ مُوَفَّق: کامیاب، خوش قسمت، اقبال مند۔ مُوَافِق: ہم ساز، ہم نوا، ہم آواز، موزوں، مطابق، مشابہ، موافق، مناسب، ٹھیک، یک رنگ، ملتا جلتا، یکساں رو، ہم آہنگ، ہم رنگ، ہم راگ، اتنا ہی، مماثل، متساوی، خوش اطوار، خوشگوار، دلپذیر، سہانا، قابلِ قبول، آسان، مفید، معقول، آرام دہ، طرفدار، مہربان، فائدہ مند، مفید مطلب، امید افزا، پسندیدہ، سازگار، سعید، مبارک، مسعود، باعث، ممد، مائل۔ مُتَوَفِّق: کامیاب، اقبال مند، خوش قسمت۔ مُتَّفَق عليه: جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔

وفل: ا۔ وَفَلَ يَفِلُ وَفْلاً و وَفَّلَ توفيلاً الشيءَ: کو چھیلنا۔ الوَفْل (مص) تھوڑی چیز۔

۲۔ وَفَّلَ توفيلا الشي: کو پس انداز کرنا۔

وفه: وَفَهَ يَفِهُ وَفْهاً النصرانيُّ: گرجے کا ناظم ہونا۔ الـوافِه: گرجے کا ناظم، ثالث۔ الوِفَاهَة: گرجے کے ناظم کی تنخواہ یا اس کا فریضہ۔ الـوَفْهِيَّة: گرجے کے ناظم کا رتبہ۔

وفي: ا۔ وَفَى يفي وَفَاءً بالوعد او العهد: وعدہ یا عہد پورا کرنا اور ان پر عمل کرنا۔ —— النذرَ: نذر پوری کرنا۔ — الشيءُ: دراز ہونا۔ (مات فلانٌ و انت بِوَفَاءٍ: فلاں شخص مرگیا جب کہ تیری عمر لمبی ہو)۔ — ريش الجناح: بازوؤں کے پروں کا پورا ہونا۔ — وُفِيًّا الشيءُ: کامل ہونا، بہت ہونا۔ —— الدِرهُم

المتقالَ: درہم کا مثقال کے برابر ہونا، ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے: هذا الشیءُ لايفي بذاك: یہ چیز اس کے برابر نہیں۔ وَفّي توفِيةً الرجُلَ حَقَّهُ: کو حق پورا دینا۔ وَافَي مُوَافاةً فلاناً حقَّهُ: کو حق پورا دینا۔ ـ الرجُلَ: کے پاس آنا، کے پاس یک بیک آنا۔ ـ ه الحِمَامُ او الكتابُ: کو موت آجانا، یا کے پاس خط آنا۔ اَوْفَي ايفاءً بالوعد: وعدہ پورا کرنا۔ ــ النذرَ: نذر پوری کرنا۔ ـ الكيلَ: پیمانہ پورا ناپنا۔ ـ فلاناً حقَّهُ: کو حق پورا دینا۔ ـ المكانَ: جگہ میں آنا۔ توَفَّي توَفِّيًا: پورا دیا جانا۔ ـ حَقَّهُ: حق پورا لینا۔ (کہا جاتا ہے: تَوَفَّيتُ مِن فلان مالي عنـده: میں نے فلاں شخص سے اپنی وہ چیز پوری کی پوری لے لی جو اس پر واجب تھی۔) ـ المدّةَ: مدت کو پہنچنا۔ ـ الشيءَ: کو مکمل کرنا۔ ـ عددَ القومِ: پوری قوم کو گننا۔ ــ ه اللهُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو موت دینا۔ تُوُفِّيَ فلانٌ: کی روح قبض کیا جانا اور اس کا مر جانا۔ المُتَوَفِّي: وفات دینے والا (اللہ تعالیٰ) المُتَوَفَّي: وفات پانے والا (بندہ) تَوَافَي تَوَافِياً القومُ: تمام قوم آگئی۔ اِسْتَوْفَي استيفاءً حقَّهُ: حق پورا لینا۔ الوَافِي (فا) مونث: وَافِية: ایک درہم اور چار دانق۔ ــ عند الشعراء: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔ الوَفِي جمع اَوْفِياء: پورا، کامل، بہت وفا کرنے والا، حق دینے والا، حق لینے والا۔ الوفاء (مص) کہا جاتا ہے: مات عن وفاءٍ: وہ مر گیا اور اس قدر مال چھوڑ گیا کہ حقوق واجبہ ادا ہو گئیں۔ مات و انت بوفاءٍ: وہ مر گیا۔ تو پوری عمر زندگی گزارے۔ الوَفاة جمع وَفَيات: موت۔ المِيفاء: وفا کرنے والا۔

۲- اَوْفَي اِيفاءً علي المكان: جگہ کو اوپر سے جھانکنا۔ ـ علي المئة: سو سے زائد ہونا۔ ـ علي الشيء و في الشيء: کو اوپر سے جھانکنا۔ الوَفي و المِيفاة: زمین کا اونچا حصہ۔ المِيفَي: زمین کا اونچا حصہ، تنور کا ڈھکنا، اینٹوں کا بھٹہ یا آوا۔

۳ وَفَي يفي وَفِيًّا: کامل ہونا، مکمل ہونا، پورا، پورا ہونا، کل ہونا، جزو اہم ہونا۔ ـ وَفاءً ه یا ب: وعدہ، قسم، عہد وغیرہ پورا کرنا، کی تلافی کرنا، (حکم) بجالانا (حکم کی) تعمیل کرنا، پر عمل کرنا، کو نبھانا۔ ـ ب: (خواہش آرزو) پوری کرنا، (ضرورت، حاجت) فراہم کرنا، پوری کرنا، (مطلب و مقصد) براری کرنا، (مقصد) پورا کرنا، (فرض وغیرہ) پورا کرنا۔ ــ (قرض) ادا کرنا، (وعدہ، عہد و پیمان، حلف، قسم) پورا کرنا، (اخراجات وغیرہ) کے لئے کافی ہونا۔ ــ ب: کے لئے کافی ہونا، کی پوری طرح تلافی کرنا، مقابل میں اپنا وزن رکھنا، کے برابر ہونا، مساوی ہونا، کا کام پورا کرنا، کا قائم مقام ہونا، کو مکمل طور پر حاصل کرنا، بجا لانا۔ وَفَّي ه: کو معیار کے مطابق کرنا، مکمل کرنا۔ ـ ه: کو کچھ پورا پورا دینا، کو اس کا پورا حصہ لینے دینا۔ ـ ه: (کسی موضوع کو) مکمل طور پر پیش کرنا، یا اس پر لکھنا یا کہنا۔ وافاه: کے پاس آنا، کے سامنے آنا، ظاہر ہونا، کی موجودگی میں آنا۔ ـ ه ب: کے پاس کچھ لانا، کے پاس کچھ لیجانا، کو کچھ دینا، کو کچھ مہیا کرنا، فراہم کرنا۔ ـ ه: کی خواہش پوری کرنا، کی درخواست کے مطابق کام کرنا، کی درخواست پر عمل کرنا۔ وافاه اجلُهُ: کو اس کی موت نے اچانک آلیا۔ اَوْفَي: پورا دینا۔ ــ ه یا ب: کو پورا کرنا، کی توقع کے قریب قریب ہونا۔ ـ علي: کے قریب آنا، کے قریب ہونا، کے پاس آنا، کے نزدیک جانا، کی حد سے بڑھنا، تجاوز کرنا، سے ماورا ہونا، بلند تر ہونا۔ اَوْفَي عَلَي الانتهاء: ختم ہونا۔ عمرُهُ الآن قد اَوْفَي علي التاسعة: وہ نو سال کی عمر سے تجاوز کر چکا ہے۔ تَوَفَّي ه: کو جبراً پورا پورا وصول کرنا، سے اپنا پورا حصہ لینا، کو پورا پورا وصول کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ: اللہ تعالیٰ اسے اپنے پاس لے گیا۔ تُوُفِّيَ: مرنا۔ تَوَافَي: کامل ہونا، پورا ہونا۔ ـ علي: کا اتفاق رائے سے فیصلہ کرنا، کے حق میں بالاتفاق فیصلہ کرنا۔ اِسْتَوْفَي ه: کو پورا لینا، کو جبراً پورا لینا۔ ــ ل ه: کو کچھ پورا پورا دینا، کو کسی چیز میں سے پورا حصہ دینا۔ ـ ه: کو مکمل کرنا، کو آخری صورت دینا، کو پورا کرنا، نبھانا، (کسی تکمیل یا پروگرام میں) آخر تک بیٹھنا، یا اسے آخر تک سننا، کی پوری قیمت ظاہر کرنا، کسی موضوع کو مکمل طور پر پیش کرنا، اس پر مکمل طور پر لکھنا، کہنا۔ جامع یا مکمل بحث کرنا، کو تفصیل سے پیش کرنا۔ ـ ه: (شرط) پوری کرنا۔ ــ: پورا معاوضہ، تاوان، ہرجانہ وصول کرنا۔ وفاء: پورا کرنا (وعدہ) پورا کرنا، (فرض) بجالانا، (قرض) ادا کرنا، توازن، پاسنگ، معاوضہ، وفاداری، خیر خواہی، ایمانداری، دیانت داری، راستی، اصل کے مطابق ہونا، خلوص، نمک حلالی، اطاعت شعاری، خیر خواہی، فرمانبرداری، اطاعت، انقیاد، تکمیل، سرانجامی، وصولی، حصول۔ وفاءً لِ: کی تکمیل میں، کو پورا کرتے ہوئے، کی بجا آوری میں، کی تعمیل میں، کی ادائیگی میں، کے ردعمل کے طور پر، کی تلافی کے طور پر، کے معاوضہ کے طور پر۔ احتفظ بالوفاء لِ: کا وفادار رہنا۔ یوم وفاء النيل: دریائے نیل کے سیلاب کا دن، (دریائے نیل میں سیلاب آنے پر مصر میں عام تعطیل ہوتی ہے۔) وَفَاة جمع وَفَيات: موت، وفات کا سرٹیفکیٹ۔ كثرةُ الوفيات: اموات کی اونچی شرح۔ وَفِي جمع اوفياء: وعدہ یا قول پورا کرنے والا، باوفا (عاشق) قابل اعتماد، کامل، مکمل، پورا، تمام، کل، کل شئ، کل عدد۔ اَوْفي: زیادہ وفادار، زیادہ باوفا، زیادہ کامل، انتہائی مکمل۔ ـ ب: کسی مقصد کو بہتر طور پر پورا کرنے والا، خواہش وغیرہ کو بہتر طور پر پورا کرنے والا۔ مُوَافاة: آمد۔ ـ ب: پیغام رسانی، اطلاع۔ قادِرٌ علي الايفاء: قرضے ادا کرنے کے قابل۔ استيفاء: قرض خواہ کی طرف سے واجب الادا ادائیگی کی قبولیت، پورا کرنا، تکمیل، جامع پیش کش، تحریر یا تقریر یا علاج، ادائیگی، تعمیل، تکمیل، عمل، کام، کمال فن، بجا آوری، اتمام۔ وافٍ: ایماندار، مومن، وفادار، کامل، مکمل، پورا، ایک حد تک کافی، کافی، بہت، بافراط۔ مُوَفٍّ: مکمل کرنے والا۔ في الموفي عشرين (ثلاثين) من الشهر: مہینہ کے بیسویں (تیسویں) دن۔ مُتَوَفًّي: مرنے والا، مرحوم۔

وق: وَقْوَقَ الكلبُ: کتے کا بھونکنا۔ ــ الطائرُ: پرندے کا چہچہانا۔ الوَقْوَق (ح): وہ پرندہ جو اپنے انڈے دوسرے پرندے کے گھونسلے میں رکھ دیتا ہے اور خود نہیں سیتا۔ الوَقْواقة من الرجال: بکواسی مرد۔ امرأة وقواقة: بکواسی عورت۔ عام لوگ کہتے ہیں۔ وَقْوَقَ فلانٌ: بکبک کرنا صفت مذکر: وَقْوَاق صفت مونث: وَقْوَاقَة۔

۲- وَقْوَقَ الرجُلُ: کمزور ہونا۔ الوَقْوَاق: بزدل۔

○ وَقْوَاق اور وَاقْوَاق: عرب جغرافیہ دانوں کے مطابق یہ جزیروں کے دو مختلف مجموعوں کے نام ہیں، ایک ان میں سے چین کے مشرق میں اور دوسرا بحر ہند میں واقع ہے۔ وَقْوَق: کوئل نما پرندہ، کوکو۔ ککو۔

وقب: ا- وَقَبَ يَقِبُ وَقْباً: گڑھے میں داخل ہونا۔ ـ وَقُباً و وُقُوباً الشمسُ: سورج کا غروب ہونا۔ ـ الظلامُ: تاریکی کا پھیلنا۔ ـ القمر: چاند کا گہن میں آنا۔ ـ الرجُلُ: دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔ ـ تِ عيناهُ: کی آنکھوں کا اندر کو دھنسی ہوئی ہونا۔ اَوْقَبَ ايقاباً الشيءَ: کو پتھر کے گڑھے میں داخل کرانا۔ القِبَة جمع قِبات: اوجھ کا پرت والا حصہ۔ الوَقْب (مص) جمع وُقُوب و وِقاب: پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے، روشندان، جسم کا ہر گڑھا جیسے آنکھ کا گڑھا، کندھوں کا گڑھا۔ الوَقْبة: پتھر یا جسم کا

گڑھا، بڑا روشندن، تیل اور یخنی وغیرہ کا گڑھا۔ رَکِیَّۃٌ وَقْبَاءُ: گہرے پانی کا کنواں۔ الأَوْقَاب: گھر کا سامان۔ المِیقَاب: بڑا شرابی۔ کہا جاتا ہے: انهم یسیرون سَیْرَ المیقاب: وہ دن رات برابر چلتے ہیں۔ المِیْقَب: گھونگھا، سنکھ، صدف، سیپی، خرمہرہ۔

۲۔ وَقَبَ یَقِبُ وَقْباً الرحلُ: آنا۔

۳۔ وُقِبَ اِیقاباً: بھوکا ہونا۔

۴۔ اَوْقَبَ ایقاباً النخلُ: کھجور کی چھوٹی ٹہنیوں کا بدبودار ہونا۔

۵۔ الوَقْبُ جمع اَوْقاب: احمق، کمینہ۔ الوَقْبان جمع وَقْبَی: احمق۔ الوُقْبِیُّ: بیوقوفوں کی صحبت کا شوقین۔

☾ وَقْب جمع اَوْقاب: گڑھا، سوراخ، حلقہ چشم۔ وَقْبۃ: گڑھا۔

وقت: وَقَتَ یَقِتُ وَقْتاً الامرَ: کام کرنے کے لئے وقت مقرر کرنا۔ وَقَّتَ الامرَ: کام کرنے کے لئے وقت مقرر کرنا، کام کی مدت کا تعین کرنا۔ کہا جاتا ہے: وَقَّتَ الأَمْرَ لیومٍ کذا: کام کو کسی دن تک ملتوی کرنا۔ الوَقْت (مص) جمع اَوْقَات: وقت، زمانہ کا اندازہ۔ اوقاتُ السنۃ: سال کی فصلیں۔ المَوْقِت: وقت کی تعیین، تعین کا زمانہ، تعین کی جگہ۔ المُوَقِّت: وقتوں کا اندازہ رکھنے والا۔ وَقْتٌ مَوْقُوتٌ و مُوَقَّتٌ: مقررہ اور محدود وقت۔ المیقات جمع مَوَاقِیت: وقت، وعدہ جس کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو، کبھی اس جگہ کو بھی میقات کہا جاتا ہے جہاں ملاقات کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔

☾ وَقَّتَ ہ: کیلئے وقت مقرر کرنا، کا دیئے گئے وقت کے لئے جدول یا گوشوارہ بنانا، کو وقت پر کرنا، کیلئے وقت کی حد مقرر کرنا۔ وقت جمع اوقات: وقت، وقت کا امتداد، وقفہ، مدت، عرصہ، لمحہ، آن، گھڑی، لحظہ۔ وقتاً: ایک بار، ایک مرتبہ، ایک دفعہ، ایک وقت پر، ایک دن۔ بوَقتِہ: فی الفور، فوراً۔ فِی وَقْتِہ: وقت پر، صحیح وقت پر، بروقت۔ فی غیرِ وقتِہ: غلط وقت پر، بے موقع، بے محل، قبل از وقت۔ فی الوقتِ نفسہ یا فی نفس الوقت: اسی وقت، بیک وقت، ساتھ ہی۔ فی اوّلِ وقتٍ: ان دنوں میں ایک دن، پہلی فرصت پر۔ للوقتِ یا لوقتِہ: فوراً۔ لهذا الوقت: اس وقت۔ مَعَ الوقتِ: مناسب وقت پر، وقت کے دوران، تھوڑے عرصہ میں، عنقریب، رفتہ رفتہ۔ مِن وقتٍ لآخر: وقتاً فوقتاً۔ اَوقاتاً اوقاتاً: وقتاً فوقتاً۔ فی بعض الاوقات: بعض اوقات گاہے گاہے۔ فی کثیرٍ مِن الاوقات: اکثر، اکثر اوقات، بارہا، بسا اوقات، بیشتر، باربار، کئی بار۔ وقتُ الفَراغَ: فرصت، فرصت کا وقت، ضرورت کے لئے اٹھا رکھا وقت، خالی وقت، فارغ وقت۔ الوقت المدنی: اجتماعی وقت۔ وقت اُورُبا الوُسْطَی: یوروپ کا مرکزی وقت۔ اشارۃُ الوقت: وقت کا اشارہ (ریڈیو)۔ وَقْتَئِذٍ: تب، اُس وقت، ــ وَقْتَذاکَ: تب، اُس وقت۔ وَقْتَمَا: کے دوران میں، جب، جونہی کہ، جیسے ہی۔ وقتی: وقت کا، زمانی، زمانے کے متعلق، چندروزہ، عارضی، آنی جانی، دم بھر کا، چشم زدن میں۔ سریع الزوال، جلد گزر جانے والا، وقتیہ، فانی، ناپائیدار، ہنگامی، درمیانیں، درمیانی عرصہ کا، آن کی آن میں، پل بھر کا۔ وَقْتِیّاً: کچھ عرصہ کے لئے، مختصر عرصہ کے لئے۔ تصویرٌ وقتیٌّ: فوٹو کھینچنے کے لئے کیمرہ کا لمحہ بھر کیلئے روشنی ڈالنا (time exposure)۔ مَوْقِت جمع مَوَاقِت: مقررہ وقت، ملاقات کا وقت، (چاہنے والوں سے) وعدہ ملاقات۔ مِیقات جمع مَوَاقِیت: مقررہ وقت، تاریخ، مقررہ حد، آخری مدت، وقت، موسم، سال کا وقت، ملنے کی جگہ، وعدہ کی ملاقات کا مقام (جمع) روانگی اور آمد کے اوقات، ٹائم ٹیبل (time table)۔ مواقیتُ الاقلام: کاروبار کے اوقات۔ مواقیت الحج: حج کے اوقات و مقامات۔ توقیت: وقت کا شمار، وقت کا تعین، کسی کام کے اوقات۔ توقیتٌ صیفیٌّ: گھڑیاں آگے کرنے کا وقت۔ توقیتٌ مَحَلّی: مقامی وقت، لوکل ٹائم۔ فی الساعةِ العاشرة حسبَ توقیتِ جرینتش: گرینچ کے وقت کے مطابق دس بجے۔ موقوت: مقررہ، طے شدہ (وقت)، وقتی ہنگامی، وقت میں محدود، دیئے گئے وقت کے لئے بنایا ہوا (جدول یا گوشوارہ)، وقتی فیوز والا (بم)۔ مُوَقِّت: وقت پر کرنے والا، وقت مقرر کرنے والا، وقت کا حساب رکھنے والا، کنٹرولر (controller)۔ مُوَقَّت و مُؤَقَّت: دیئے گئے وقت یا ساعت کے لئے بنایا ہوا (جدول یا گوشوارہ) مقررہ، طے شدہ (وقت) (کسی وقت کیلئے) موثر، صرف کسی وقت کیلئے، زمانی، عارضی، وقتی، ہنگامی، آنی جانی، دم بھر کا، چشم زدن میں، ناپائیدار وقتی، برق پا یا گریزپا۔ مُوَقَّتاً: عارضی طور پر، عبوری دور میں، فی الحال۔ بصورةٍ مُوَقَّتة: عارضی طور پر، عبوری دور میں۔ حکومة مُوَقَّتة: عبوری حکومت، عارضی حکومت۔

وقح: وَقَحَ یَقِحُ قِحَۃً وَقَحَۃً و وَقِحَ یَوْقَحُ وَقَحًا و وَقُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَۃً و وُقُوحَۃً: بے حیا و بے شرم ہونا، برے کاموں پر دلیر ہونا۔ صفت: وَقِح۔ ـــ حافرُ الدابۃِ: کھر کا سخت ہونا۔ وَقَّحَ الحوضَ: حوض درست کرنا۔ ـــ حافرَ الدابۃ: جانور کے کھر کو پگھلی ہوئی چربی سے سخت کرنا۔ اَوْقَحَ واسْتَوْقَحَ الحافرُ: کھر کا سخت ہونا۔ تَوَقَّحَ واتَّقَحَ: بے حیا ہونا۔ تَوَاقَحَ: بے حیائی ظاہر کرنا۔ الوَقَاح جمع وُقُح و وُقَّح: (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے): بے شرم، بے حیا۔ حافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔ رَجُلٌ وَقِیحُ الوجہ: بے شرم آدمی۔ المُوَقَّح (مفع): مصیبت زدہ۔ بعیرٌ مُوَقَّحٌ: کام سے ستایا ہوا اونٹ۔

☾ وَقَحَ یَقِحُ قِحَۃً و قَحَۃً و وَقُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَۃً و وُقُوحَۃً و وَقِحَ یَوْقَحُ وَقَحاً: بے شرم ہونا، بے حیا ہونا، گستاخ ہونا، ڈھیٹ ہونا۔ تَوَقَّحَ: بے شرم، بے حیا، گستاخ یا ڈھیٹ ہونا۔ ـــ علی: سے گستاخی سے پیش آنا، گستاخانہ اخلاق و عادات کا مظاہرہ کرنا۔ تَوَاقَحَ: بے حیائی کا مظاہرہ کرنا، گستاخانہ انداز سے پیش آنا یا گستاخانہ رویہ اختیار کرنا۔ قِحَۃ: بے شرمی، بے حیائی، گستاخی، بدتمیزی، شوخ چشمی۔ وَقَاح: (مذکر و مؤنث) جمع وُقُحٌ: بے شرم، بے حیا، گستاخ، بدتمیز، شوخ چشم، تیز، دلیر، من چلا، بے ادب۔ وَقِح: بمعنی وَقَاح۔ وَقِیح: بمعنی وَقَاح۔ وَقَاحَۃ و وُقُوحَۃ: بے شرمی، بیحیائی، گستاخی، بے ادبی، شوخ چشمی، شوخی، ہمت، جرأت، خود اعتمادی۔

وقد: ا۔ وَقَدَ یَقِدُ وَقْداً و وَقَداً و وُقُوداً و وَقَداناً و قِدَۃً واتَّقَدَ: چمکنا۔ ـــ ت النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے: وقدت بِکَ زِنادی: تیری وجہ سے میری مراد بر آئی۔ وَقَّدَ النارَ: آگ سلگانا، روشن کرنا، جلانا۔ اَوْقَدَ النارَ: آگ سلگانا، روشن کرنا، جلانا۔ کہا جاتا ہے: اَبْعَدَ اللّٰہُ دارَہُ و اَوْقَدَ ناراً اَثرَہُ: اللہ تعالیٰ اسے واپس نہ بھیجے۔ تَوَقَّدَ الکوکبُ: ستارہ کا چمکنا۔ ـــ ت النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِسْتَوْقَدَتِ النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ الوَقْد و الوَقَد (مص): آگ۔ الوَقْدَۃ: ایک مرتبہ جلنا، سخت گرمی۔ الوِقاد و الوَقِید و الوَقُود: ایندھن۔ الوَقَّاد: اسم مبالغہ۔ کوکبٌ وَقَّاد: بہت روشن ستارہ۔ رجُلٌ وَقَّادٌ: تیز طبع، ذہین۔ المَوْقِد جمع مَوَاقِد و المُسْتَوْقَد: چولہا۔ المَوْقِدَۃ: بھٹی، سٹوو (stove)۔ المُتَوَقِّد (فا): روشن، تیز طبع۔ زَنْدٌ مِیقادٌ: فوراً جل اٹھنے والی

چقماق کی اوپر کی لکڑی۔

۲۔ القِدَةَ (اصل میں الوَقْدَ ہے): جس کی پیروی کی جائے۔ (اس معنی میں اصل قَدْو ہے۔ ان دونوں میں ہ واو سے بدل گئی ہے)۔

⊂ اوقدفيه النار: کو آگ لگانا۔ تَوَقَّدَ ہ: کو روشن کرنا، جلانا، آگ لگانا۔ اِتَّقَدَ: (غصہ کا) بھڑکنا، (جوش کا) ابھرنا۔ اتَّقَدَ غیرةً (حماساً) علي: کیلئے جوش سے بھڑکنا۔ وَقْد و وَقَدٌ: جلنا، احتراق، عمل احتراق، آگ، ایندھن۔ وُقْدَة: آگ، شعلہ۔ وِقاد: ایندھن۔ وَقّاد: جلنے والا، شعلہ فشاں، آگ کا سا، یکدم بھڑک اٹھنے والا، زندہ دل، شگفتہ مزاج، مشتعل، چمکدار، روشن، تاباں، تیز طبع، ذہین: فروزاں، تابندہ، نور افشاں یا شعاع افشاں (ستارہ) (جمع وَقّادُون). بھٹی میں ایندھن جھونکنے والا، بھٹی والا۔ وَقُود: ایندھن، ایندھن برائے موٹر وغیرہ۔ مخزنُ الوَقود: کوئلے کا گودام۔ وَقِید: ایندھن۔ مَوْقِد جمع مَوَاقِد. چولہا، انگیٹھی، آتش دان، سٹوو(stove)، ریل انجن کا بائلر۔ مَوْقِدُ النار: مٹی کے تیل کا چولہا۔ ایقاد: روشن کرنا، جلانا، آگ لگانا۔ تَوَقُّد: جلنا، احتراق، عمل احتراق۔ اِتِّقاد: جلنا، احتراق، عمل احتراق۔ مَوْقُود: جلایا ہوا، روشن کیا ہوا، آگ لگایا ہوا، جلتا ہوا، بھڑکتا ہوا۔ مُتَوَقِّد. جلنے والا، جلتا ہوا، بھڑکتا ہوا، شعلہ زن، مبالغہ آمیز، روشن۔ مُتَوَقِّدُ الذهن تیز، آتش مزاج، من موجی، خوش طبع، شگفتہ خاطر۔ مُتَّقِد بھڑکتا ہوا، جلتا ہوا، جوش انگیز۔ مُسْتَوْقَد: چولہا، آتشدان، انگیٹھی، پانی گرم کرنیکا چولہا(geyser)۔

وقذ: ۱۔ وَقَذَ يَقِذُ وَقْذاً ہ: کو پچھاڑنا، پر مہلک ضرب لگانا صفت مفعولی: وَقِيذ و مَوْقُوذ۔ ـــ ہ النُّعاسُ: پر نیند کا غلبہ ہونا۔ ـــ و أَوْقَذَ فلاناً: کو بیمار چھوڑنا۔ الوَقِيذ مونث وَقِيذَة جمع وَقَائِذ: مہلک بیماری میں مبتلا، بوجھل، سست۔ وَقِيذُ الجَوانح: غمگین دل آدمی۔

۲۔ الوَقَائِذ واحد وقيذة: بجھے ہوئے پتھر۔ المَوْقِذ جمع مَوَاقِذ: اطراف بدن جیسے ٹخنہ، گھٹنا، کندھا۔

وقر: ۱۔ وَقَرَ يَقِرُ و وَقِرَ يَوْقَرُ وَقْراً و وُقِرَتْ اُذُنُهُ: بہرہ ہونا، اونچا سننا۔ صفت: مَوْقُورَة: بہرا (کان) وَقَّرَ تَوْقِيراً للشيء: کے نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے: وَقَّرَتْنِي الأسفار: سفروں نے مجھ کو مشاق بنا دیا۔ أَوْقَرَ إِيقاراً و قِرَةً (خلاف قیاس) الدابةَ: جانور پر بھاری بوجھ لادنا۔ ـ ت النخلةُ و أَوْقَرَتْ: کھجور کے درخت کا بہت پھلدار ہونا صفت: مُوقِر و مُوقِرَة و مُوقَرَة۔ ـ الدَّينُ فلاناً: قرض کا کسی کو گراں بار کرنا۔ اِسْتَوْقَرَ اِسْتِيقاراً تِ الإبلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا، بھاری بوجھ اٹھانا۔ ـــ وِقْرَهُ طعاماً: کھانا لینا۔ القِرَة (مص) جمع قِرات. بوجھ، اہل وعیال، بیماری کا وقت۔ الوَقْر (مص): کہا جاتا ہے: فی صدره وَقْرٌ: اس کے دل میں کینہ ہے۔ الوِقْر جمع اَوْقار: بھاری بوجھ، پانی سے بوجھل بادل۔ وَقْرَةُ الدهر جمع وَقَرات: زمانہ کی سختی ومصیبت۔ الوَقَرات: نشانات، آثار۔ الوَقِير: ذلیل، بے عزت۔ اذنٌ وَقِيرَةٌ: بہرا کان۔ المِيقارُ من النخل جمع مَوَاقِير: پھل سے لدا ہوا کھجور کا درخت۔ المُوَقَّر (مفع): تجربہ کار، عقلمند، جہاندیدہ۔

۲۔ وَقَرَ يَقِرُ وَقْراً و وُقُورَةً فی بيته: گھر میں وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ ـــ قِرَةً و وَقَارَةً و وَقَراً و وَقُرَ يَوْقُرُ وَقَارَةً و وَقَاراً الرجُلُ: باوقار ہونا، ثابت رہنا۔ وَقَّرَ تَوْقِيراً الشيخَ: کی تعظیم کرنا، عزت کرنا۔ ـــ الدابَّةَ: جانور کو آرام دینا۔ تَوَقَّرَ واتَّقَرَ: باوقار ہونا۔ الوَقُور من الرجال: سنجیدہ، باوقار۔ القِرَة جمع قِرات: بہت بوڑھا۔ الوَقَار: سنجیدگی، عظمت۔ ـــ من الرجال: باوقار۔ الوَقُور جمع وُقُر: (مذکر و مونث): باوقار۔

۳۔ وَقَرَ يَقِرُ وَقْراً العظمَ: ہڈی کو پھاڑنا۔ وُقِرَ العظمُ: ہڈی کا پھٹنا۔ صفت: مَوْقُور و وَقِير۔ وَقَّرَ تَوْقِيراً فلاناً: کو زخمی کرنا۔ الوَقْر (مص) جمع وُقُور: پنڈلی کا شگاف، پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ الوَقْرَة جمع وَقَرات: اسم مرۃ، پتھر یا ہڈی میں گڑھا یا شگاف۔ الوَقِير. زخمی ہوئی ہڈی۔ ـــ والوَقِيرَة: چٹان کا بڑا گڑھا جو پانی روکتا ہے۔

۴۔ القِرَة جمع قِرات: بکریوں کا گلہ۔ الوَقِرِی. بکریوں اور بھیڑوں کا چرواہا یا ان کا جمع کرنے والا۔ الوَقِير: بکریوں کا گلہ، لوگوں کا گروہ۔ المَوْقِر: پہاڑ کے دامن کا میدان۔

⊂ وَقَرَ يَقِرُ وَقْراً ہ: کوئی چیز خصوصاً ہڈی توڑنا، ترقنا۔ ـــ: مسلمہ حقیقت ہونا، رہنا، ٹھہرنا۔ وقر فی نفسه أن: اس کے نزدیک یہ ایک مسلمہ حقیقت تھی کہ۔ وَقَرَ فی خَلَدِهِ: اس کے نزدیک یہ ایک مسلمہ حقیقت تھی کہ۔ وقرت الصورةُ فی نفسه: اس کے ذہن کی آنکھ کے سامنے تصویر صاف کھڑی تھی۔ وَقُرَ يَوْقُرُ وَقَاراً و وَقَارَةً: سنجیدہ ہونا، متین ہونا، باوقار ہونا، باوجاہت ہونا، وجیہ ہونا۔ وَقَّرَہ: کی عزت کرنا، کا احترام کرنا، کا عقیدت مند ہونا، کی تعظیم کرنا، کو سنجیدہ یا متین کرنا۔ اَوْقَرَ ہ: جانور پر بوجھ لادنا، بہت بوجھ لادنا۔ ـــ ہ: کو کچلنا، پر ظلم کرنا، کو زیر کرنا، کو دبانا، پر بہت بوجھ ڈالنا۔ ـ: درخت کا پھلوں سے بہت زیادہ بوجھل ہونا۔ وَقْر جمع وُقُور: سوراخ، گڑھا، خلا، کھو۔ وَقْرَة: سوراخ، گڑھا، خلا، کھو۔ وِقْر جمع اَوْقار: بھاری بوجھ، بوجھ۔ وَقَار: سنجیدگی، متانت، عظمت، پر احترام، رویہ، تحمل، باوقار وضع۔ وَقُور سنجیدہ، متین، باوقار، محترم، مقدس۔ تَوَقُّر: باوقار رویہ یا وضع۔ مُوَقَّر: محترم، معزز، بزرگ۔

وقس: وَقَسَ يَقِسُ وَقْساً الجربُ فی بدنه: خارش کا بدن میں پھیل جانا ـــ الفاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا۔ ـــ ہ بالمَكْرُوه: پر کسی ناگوار بات کا الزام لگانا۔ ـ الجلدَ: کھال چھیلنا۔ وَقَّسَ الابلَ: اونٹوں کو کھجلی لگانا۔ الأَوْقاس: اوباش لوگوں کا گروہ۔

وقش: ۱۔ وَقَشَ يَقِشُ وَقْشاً الرسمُ: نشان کا مٹنا۔

۲۔ وَقَشَ يَقِشُ وَقْشاً من فلان: سے بخشش پانا۔ ـ و اَوْقَشَ لهُ بشیء: کو کچھ تھوڑا سا دینا۔

۳۔ تَوَقَّشَ: حرکت کرنا۔ الوَقْش: آواز، حرکت۔ ـ و الوَقَش: آگ سلگانے کی لکڑی کی چھپٹیاں۔ الوَقْشَة و الوَقَشَة: آواز، حرکت۔

۴۔ الوَقْش: عیب۔ الأَوْقاش: اوباش۔

وقص: وَقَصَ يَقِصُ وَقْصاً عنقَهُ: کی گردن توڑ دینا۔ ـ تِ العنقُ: گردن ٹوٹنا۔ ـ ت به الدابةُ: جانور کا کسی کو گرا کر گردن توڑ دینا۔ ـ راسَهُ: سر کو نیچے سے دبانا۔ ـ الشيءَ: کو عیب لگانا، گھٹانا۔ وَقِصَ يَوْقَصُ وَقَصاً: چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت: اَوْقَص مونث وَقْصاء جمع وُقْصٌ: کبھی گردن کی صفت کے طور پر بھی یہ لفظ آتا ہے اور کہا جاتا ہے: عَنَقٌ اَوْقَص و عُنُقٌ وقصاء: (چھوٹی گردن، کوتاہ گردن)۔ وُقِصَ الرجُلُ: خراش شدہ گردن والا ہونا۔ صفت: مَوْقُوص۔ وَقَّصَ عنقَهُ: کی گردن توڑنا۔ ـ السبعُ: درندہ کا شکار کو لے کر کھانا۔ ـــ علی النار: آگ میں چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔ اَوْقَصَ ہُ: کو کوتاہ گردن پیدا کرنا۔ تَوَقَّصَ البعیرُ: اونٹ کا دلکی چال چلنا۔ تَوَاقَصَ: چھوٹی گردن والے کی طرح ہونا۔ الوَقْص (مص): عیب۔ ـــ فی العروض: علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کو گرا دینا۔ الوَقَص (مص) جمع اَوْقاص: آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ کہا جاتا ہے: اتانا اوقاصٌ من بنی

فلانٍ ہمارے پاس فلاں قبیلے کے اراذل آئے۔ الوَقَاصُ وقاقیص کا واحد، پرندوں کے شکار کا جال۔ کہا جاتا ہے: حذ اَوْقَصَ الطریقین دو راستوں میں سب سے چھوٹا راستہ اختیار کرو۔ یا قریب ترین راستہ اختیار کرو۔ الوَقِیصۃ الوقائص کا واحد، گردن کا منکا، شکار، عام لوگ اسے بدبودار مردار کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں: وَقَّصَ الطائرُ پرندہ نے مردار کھایا۔ المَوْقُوص (مفع): ٹوٹا ہوا۔ ۔ فی العروض علم عروض کی اصطلاح میں وہ وزن جس کا حرفِ ثانی متحرک گرا دیا گیا ہو۔ بعض کے نزدیک ایسا حرف متفاعلن میں ہوتا ہے، جو مفاعلن ہوجاتا ہے۔

ب وَقَصَ یَقِصُ وقصاً ہ کی گردن توڑ دینا۔

وقط: وَقَطَ یَقِطُ وَقْطاً ہُ کو پچھاڑنا، کو مار کر سست کر دینا۔ وُقِطَ فی راسہ: سر میں بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے: اَکلتُ طعاماً وقطنی میں نے کھانا کھایا تو اس نے میرا سر بھاری کر دیا اور مجھے سلا دیا۔ وَقَّطَ الصخرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔ اِسْتَوْقَطَ استیقاطاً المکانُ: جانوروں یا انسانوں کے روندنے سے کسی جگہ گڑھا پڑ جانا۔ الوَقْط و الوَقِطَۃ جمع اَوْقاط: وہ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے۔ الوَقِیط جمع وِقاط و وُقْطان و اِقاط: وہ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہوجائے ـــ جمع وَقْطَی و وَقاطَی مؤنث وَقیط. مار، بیماری یا شکم سیری کی وجہ سے سست، بے خوابی سے کسلمند۔

وقظ: وَقَظَ یَقِظُ وَقْظاً ہُ: کو اتنا مارنا کہ وہ قریب المرگ ہوجائے ـــ علی الأمر: کو مسلسل کرنا، پر جما رہنا۔ الوَقِیظ: جو اٹھ نہ سکے۔

ب وَقَظَ یَقِظُ وَقْظاً ہ: کو بہیمانہ طور پر مارنا۔ وَقَّظَ ہ: (جذبات وغیرہ) کو ابھارنا، اُکسانا، برافروختہ کرنا۔

وقع: وَقَعَ یَقَعُ وُقُوعاً الشیءُ من یدی: چیز کا ہاتھ سے گر جانا ـــ الحقُّ: ثابت ہونا ـــ القولُ علیھم: پر واجب ہونا ـــ ت الابلُ: اونٹوں کا بیٹھنا ـــ ت الدوابُّ: جانوروں کا بیٹھنا ـــ ربیع بالارض موسم خریف میں پہلی بارش برسنا، اس کے لئے سَقَطَ کا لفظ استعمال نہیں کیا جاتا ـــ الطیرُ علی شجرٍ او ارضٍ: پرندوں کا درخت یا زمین پر اترنا۔ صفت وُقُوع و وُقَّع۔ ـ فی الشَّرَکِ: جال میں پھنسنا ـــ فی ارضٍ فلاۃٍ: کھلی زمین میں داخل ہونا ـــ الرجُلُ فی عملہ کام میں نرمی برتنا ـــ فی العمل کام شروع کرنا ـــ الکلامُ فی نفسہ: کلام کا دل میں اثر کرنا ـــ الامرُ: حاصل ہونا۔ کہا جاتا ہے: وَقَعَ لَہٗ وَاقِعٌ: اس کو ایک حادثہ پیش آیا ـــ وُقُوعاً و وَقِیعَۃً فی فلان: کو گالی دینا، پر عیب لگانا، کی غیبت کرنا ـــ وَقْعاً اِلٰی کذا: کی طرف تیز تیز جانا چلنا ـــ من کذا او عن کذا: سے رکنا، ایک طرف ہونا ـــ النصلَ بالمِیْقَعَۃِ: پھل کو تیز کرنا۔ صفت مفعولی: وَقِیع۔ ـــ البعیرَ: اونٹ کی رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا ـــ وَقْعاً و وَقْعَۃً بالعدو: دشمن سے سخت مقابلہ کرنا، جنگ وجدال کرنا۔ کہا جاتا ہے: وَقَعَ عند فلان مَوقِعاً حَسَناً: سے حصہ ومرتبہ پانا۔ وقع الامرُ منہ موقعاً حسناً او سیئاً: کسی کے ہاں اچھی یا بری تاثیر ہونا۔ وَقَعَ موقعاً من کفایتہ: مالدار ہونا۔ فلانٌ یسفُّ ولا یقعُ: فلاں کام کے قریب جاتا ہے مگر کرتا نہیں۔ ھذہ نعلٌ لا تقع علی رجلی: یہ جوتا میرے پاؤں کے مناسب نہیں۔ وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعاً: ننگے پاؤں چلنا، زمین کی سختی یا پتھروں کی وجہ سے پیروں کا دُکھنا۔ صفت وَقِع۔ وُقِعَ فی یدہ: نادم ہونا۔ وَقَّعَ الوَبَرُ ظھرَ البعیر: پشم کا اونٹ کی پیٹھ پر نشان ڈالنا ـــ المطرُ الأرضَ: بارش کا زمین میں کہیں اُگانا کہیں نہ اُگانا، بارش کا زمین پر چھڑکاؤ کرنا ـــ العھدَ او الفرمانَ: عہد نامہ یا فرمان پر شاہی مہر لگانا ـــ الکتابَ او الصکَّ: تحریر یا چک کے نچلے حصہ پر دستخط کرنا ـــ الکاتبُ الکتابَ: کاتب کا تحریر سے فضول چیزوں کو حذف کرنا ـــ تِ الإبلُ: اونٹوں کا بیٹھنا ـــ ظَنَّہٗ علی الشیء: کسی چیز کا اندازہ کرنا ـــ علی فلان: پر رائے قائم کرنا ـــ الصیقلُ علی السیف: تلوار کو تیز کرنے کی طرف متوجہ ہونا ـــ الحجارۃُ حافرَہٗ: پتھروں کا کھر کے سر کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ـــ القومُ: آخر شب کو آرام کے لئے اترنا۔ وَاقَعَ وِقَاعاً و مُوَاقَعَۃً ہ: سے لڑائی کرنا ـــ الامورَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو کرنا۔ اَوْقَعَ اِیقاعاً ہٗ: کو واقع کرنا، گرانا ـــ بالعدو: دشمن پر ٹوٹ پڑنا ـــ بہ الشرَّ: کو بدی میں الجھا دینا ـــ الدھرُ بہ: زمانہ کا کسی پر مصائب ڈالنا ـــ ت الروضۃُ: باغ کا پانی کو روک لینا ـــ المُغَنّی: موسیقار کا سُر ٹھیک کرنا۔ تَوَقَّعَ الامرَ: کے حاصل ہونے کی امید کرنا۔ تَوَاقَعَ الاعداءُ: دشمنوں کا آپس میں لڑنا، ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ اِسْتَوْقَعَ الامرَ: کے حصول کا انتظار کرنا، سے خوف کھانا ـــ السیف: [illegible]

الوَاقِع جمع وُقَّع و وُقُوع (فا): طائِرٌ وَاقِعٌ درخت پر یا گھونسلے میں رہنے والا پرندہ۔ کہا جاتا ہے: رجُلٌ واقعُ الطیرِ: نرم مزاج کا آدمی۔ النسرُ الواقِع (فلک): ایک ستارہ کا نام جو قطب شمالی کے قریب ستاروں کے جھرمٹ کے نزدیک ہوتا ہے۔ الواقِعَۃ: الواقع کا مؤنث: لڑائی کا تصادم، مصیبت، قیامت۔ رجُلٌ واقِعَۃٌ: بہادر آدمی۔ الواقِعِیّ: واقعیت پسند، حقیقت پسند، حقیقت نگار۔ الواقِعِیَّۃ: واقعیت پسندی، حیقت پسندی، حقیقت نگاری۔

الوَقْع (مص): واحد وقعۃ: چوٹ کی آواز (آپ کہتے ہیں: سمعتُ وَقْعَ حافرِ الدابۃ و وقع المطرِ: میں نے جانور کے کھر یا بارش کے گرنے کی آواز سنی) پہاڑ کی بلند جگہ، بارش کی امید دلانے والا بادل، چھوٹی چھوٹی کنکریاں۔ کہا جاتا ہے: لفلانٍ وقعٌ عند الامیر: فلاں شخص کی حاکم کے ہاں قدرو منزلت ہے۔ الوَقَع (مص): واحد وَقَعَۃ: چھوٹی چھوٹی کنکریاں۔ الوَقِع: بارش کی امید دلانے والا بادل۔ الوَقْعَۃ جمع وَقَعات: وقع کا اسم مرہ، جنگ کا تصادم، آخر شب کی نیند، دن میں ایک بار کی قضائے حاجت، پرندے کا اترنا۔ وَقْعَۃُ السیف: تلوار کا پڑنا ـــ عند العامۃ: ایک بار کا کھانا۔ الوِقْعَۃ: وقع کا اسم نوع۔ وَقَاع: گھوڑے کا گول داغ۔ الوَقَاعَۃ: زمین کی سختی جس کی وجہ سے پانی جذب نہ ہو۔ وِقَاعَۃُ الستر: زمین پر پردے کے پڑنے کی جگہ۔ الوَقَّاع والوَقَّاعَۃ: لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ الوَقِیع جمع وُقُع: تیز کیا ہوا پھل، پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا کھر، سخت جگہ جو پانی کو جذب نہ کرے۔ وَقِیعُ الرجُلِ: جس کے پاس کوئی شخص تو پناہ لینے آئے۔ وہ اسے کہتا ہے: انا وَقِیعُکَ: میں وہ ہوں جس کے پاس تو پناہ لینے آیا ہے۔ الوَقِیعَۃ جمع وِقَاع و وَقَائِع: لڑائی کا تصادم، غیبت، پانی کا گڑھا۔ وَقِیعَۃُ الطائر: پرندے کے اترنے کی وہ جگہ جہاں وہ اترنے کا عادی ہو۔ وَقَائِعُ العرب: عربوں کی لڑائیاں۔ الایقاع (مص): تال۔ التَوقِیعُ (مص) جمع تَوَاقِیع: اندراج، دستخط، رائے، تصور۔ توقیع السلطان: شاہی فرمان یا فیصلہ، شاہی مہر۔ المَوْقِع جمع مَوَاقِع: گرنے کی جگہ، جائے وقوع۔ مَوَاقِع القطر: قطر کے حصے۔ مَوَاقِعُ القتال: جنگ کے مقامات۔ مَوْقَعَۃُ الطائر جمع مَوَاقِع: پرندے کے اترنے کی جگہ۔ المُوَقِّع (فا): ہلکے قدم رکھنے والا، شاہی مہر کی حفاظت کرنے والا، فرمان شاہی کا

لکھنے والا۔ المُوَقَّع (مفع): مصیبت زدہ، بہت چلنے والا راستہ، تیز کی ہوئی چھری۔ المَوْقُوع (مفع): پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا (کھر)۔ قدمٌ مَوقُوعَة: موٹا سخت قدم۔ المِيقَعَة جمع مَوَاقِع: ہتھوڑا، لکڑی کا پھٹا جس پر دھوبی کپڑے کوٹتا ہے، سان کا پتھر۔ مِيقعةُ الطائر: پرندے کے اترنے کی مانوس جگہ۔

هَبَرَ ـُ هَبْرًا ه: کو دانتوں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کی دانتوں سے صورت بگاڑنا۔ ــــ ه: گوشت کو بڑے بڑے پارچوں میں کاٹنا۔ هَبْر: ہڈی دار گوشت۔ هَبْرَة: گوشت کا ٹکڑا یا قتلا۔ هُبَيْرَة: چرخ، لکڑبگا۔ ابو هُبَيْرَة: مینڈک۔

هبز: هَبَزَ ـِ هَبْزًا و هُبُوزًا و هَبَزانًا: مرنا یا اچانک مرنا۔

هبش: هَبَشَ ـِ و هَبِشَ ـَ هَبْشًا الرجلُ: پوری مٹھی سے دوہنا۔ ــــ الشيءَ: کو جمع کرنا، کو پہنچنا۔ ــــ فلانًا: کو دردناک ضرب لگانا۔ ــــ لِعيالِهِ: بال بچوں کے لئے کمانا۔ هَبَّشَ تهبيشًا المالَ: مال جمع کرنا۔ ــــ هُ: کو نوچنا، کھرچنا، چھیلنا، ناخن مارنا، پنجہ مارنا۔ تَهَبَّشَ القومُ: قوم کا جمع ہونا۔ ــــ الشيءَ: چیز کو جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے: خَرَجَ يُتَهَبَّشُ لِعياله: وہ نکل کر اپنے بال بچوں کے لئے مال جمع کرنے اور کمانے لگا۔ اِهْتَبَشَ المالُ: مال جمع ہونا۔ ــــ الشيءَ: چیز کو جمع کرنا۔ ــــ منه عطاءً: سے بخشش پانا۔ الهابِشَة

جماعت ـــ والهباشة جمع هَوَابِش و هُباشات: مختلف قبیلوں کی جماعت ـ الهُبَاشَات: کمائیاں، کمائے اور جمع کئے ہوئے مال ـ الهَبَّاش: بہت کمائی اور جمع کرنے والا ـ

هتس: هَتَسَ ـ هَتْسًا. ہاتھ یا پنجوں سے پکڑنا، چھین لینا، جھپٹ لینا یا مضبوطی سے پکڑنا ـ

هبص: هَبِصَ ـ و هَبَصَ ـ هَبْصًا و هَبَصًا: پھرتیلا اور چست ہونا ـــ الكلبُ: کتے کا شکار کا حریص ہونا ـ على الشيءِ: کی حرص میں بیقرار اور بیتاب ہونا ـ صفت هَبِص ـ إهْتَبَصَ في العمل: کام میں جلدی کرنا ـــ في المشي: تیز چلنا ـــ و انْهَبَصَ للضحك: بہت ہنسنا ـ الهَبَصَى: تیز چال ـ کہا جاتا ہے مشى الهَبَصَى: وہ تیز چلا ـ

هبط: هَبَطَ ـ هُبُوطًا ه من الجبل: کو پہاڑ سے اتارنا ـ ـــ بلدَ كذا: کسی شہر میں داخل ہونا ـــ السوقَ: بازار میں پہنچنا ـــ الوادي: وادی میں اترنا ـ صفت: هَبَّاط ـ ـــ فلانًا البلدَ: کو شہر میں داخل کرنا ـ ـــ المرضُ لحمَهُ: کو بیماری کا کمزور اور دبلا پتلا کرنا ـ ـــ ثمنَ السلعة و من ثمنها: سامان کی قیمت گھٹانا ـــ فلانًا: کو مارنا ـ ـ هُبُوطًا فلانٌ من الجبل: پہاڑ سے اترنا ـ الثمنُ: قیمت کا گھٹنا ـ ـ فلانٌ: خاکساری کرنا ـ من موضع إلى آخر: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ـ الحائطُ: دیوار کا گرنا (عام زبان میں) کہا جاتا ہے هَبَطَ من الخشية: خوف زدہ ہونا ـ کہا جاتا ہے هَبَطَهُ الزمانُ: زمانہ کا کسی کو امیری سے غریبی میں لے آنا، مفلس و قلاش کر دینا ـ هَبَّطَ العِدلَ: بوری کو اونٹ پر درست کر کے رکھنا ـ أهْبَطَهُ: کو اتارنا ـــ الثمنَ: قیمت گھٹانا ـ تَهَبَّطَ من كذا: سے نیچے اترنا ـــ الشيءُ: بجھنا ـ انْهَبَطَ الرحلُ: گرنا ـ الهابط (فا): لاغر ـ الهَبْط (مص): نقصان، کمی، شر میں پڑنا، ذلت، کہا جاتا ہے اللّٰهمّ غَبْطًا ولا هَبْطًا: اے اللہ ہم کو رشک کی حالت میں رکھ اور ذلیل نہ کر ـ الهَبْطَة: اسم مرہ، پست زمین ـ کہا جاتا ہے هم في هبطة من الارض: وہ گھاٹی میں ہیں ـ الهَبُوط: ڈھلوان زمین ـ الهَبِيط: دبلا، لاغر ـ المَهْبَط: اترنے کی جگہ ـ قطب منفی: منفی برقیرہ (Cathod) المَهْبُوط: دبلا، پتلا ـ رجل مَهْبُوط: غریب، مفلس، آدمی ـ

هبط: هَبَطَ ـ هُبُوطًا: اترنا، نیچے جانا، نیچے آنا، گرنا، رہنے لگنا، بیٹھ جانا، ڈھلوان ہونا، زمین پر گر جانا، (چھت کا) گر جانا ـــ ه: ہوائی جہاز، مسافروں کا، کسی ملک میں اترنا ـــ: (جسم کا) دبلا پتلا، لاغر یا کمزور ہونا ـ (ہوا، آگ وغیرہ کا) گھٹنا، فرو ہونا، عام سطح پر آجانا، رک جانا، ختم ہو جانا، (قیمتوں کا) گھٹ جانا، کم ہو جانا ـــ ه: کسی جگہ جانا، یا آنا ـــ هَبْطًا و أهْبَطَ ه، ه: کو اتارنا، نیچے کرنا، نیچے لانا، نیچے بھیجنا، نیچے گرانا، نیچے پھینکنا، پٹکنا، پٹخنا ـــ ه: قیمت گھٹانا، کم کرنا، کٹی جگہ آنا ـ هَبْط: کمی، گھٹاؤ ـ هَبْطَة: اترنا، گرنا، نشیب، گڑھا ـ هُبُوط: ڈوبنا، گرنا، جھکاؤ، اترنا، کمی، تخفیف، قیمت کا گھٹنا، کمزوری، لاغری، سرد بازاری، ہوائی جہاز کا زمین پر اترنا ـ هُبُوطٌ اضطراری: ہوائی جہاز کا ہنگامی طور پر اترنا ـ هُبُوطُ الرَحِم: اسقاط الرحم ـ بچہ دانی کا نیچے گرنا یا سرک جانا ـ هَبُوط: ڈھلان، جھکاؤ، تنزل، ڈھلوانیا کھڑی چٹان ـ هَبِيط: دبلا پتلا، نحیف، لاغر، ضعیف، ناتواں، کمزور، تھکا ہوا ـ اُهْبُوطَة جمع هَابِيط: پیراشوٹ (parachute)، (ہوا سے زمین پر بحفاظت اترنے کی چھتری، محافظ چھتری ـ مَهْبِط جمع مَهَابِط: گرنے یا اترنے کی جگہ، ہوائی اڈے میں طیارے کی سڑک (runway)، گرنا، جائے پیدائش، گہوارہ (مجازاً)، قطب منفی، منفی برقیرہ (cathode) ـ مهبط الوحي: اسلام کا گہوارہ ـ في مهبط الغروب: سورج غروب ہونے کے وقت ـ هَابِط: اترنے والا، گرنے والا، ڈوبنے والا ـ هابط بالمظلّة الواقية: محافظ چھتری کے ذریعے اترنے والا pratrooper ـ مَهْبُوط: دبلا پتلا، لاغر، ناتواں نحیف، تھکا ماندہ ـ

هبع: هَبَعَ ـ هَبْعًا و هُبُوعًا الحمارُ: گدھے کا سست چال چلنا، بر ایسی حالت والا بھی هَبَع کے معنی میں آتا ہے ـ صفت هَبِع ـ ـ البعيرُ: اونٹ کا گردن پھیلا کر چلنا ـ بعنقه: تیز چلنا اور اپنی گردن سے مدد لینا صفت هَابِع و هَبُوع ـ إسْتَهْبَعَ البعيرَ: اونٹ کو گردن پھیلا کر چلوانا ـ الهُبَع جمع هُبَعَات و هِبَاع م هُبَعَة جمع هُبَعَات (ح): گدھا، گرمی میں پیدا ہونے والا اونٹ کا بچہ ـ ابل هُبَّع: گردن لمبی کر کے تیز چلنے والے اونٹ ـ المُهْبِع: گرمی میں پیدا ہونے والے اونٹ کے بچوں کا مالک ـ

هبغ: هَبَغَ ـ هُبُوغًا و هَبْغًا الرَجُلُ: سونا ـ الهَبْغَة: نیند ـ الهَبِيغ: بہت سونے والا ـ

هبك: إنْهَبَكَتْ بـه الارضُ: زمین کا کسی کو نگل لینا، دھنسا دینا ـ الهُبَكَة جمع هُبَكَات و هُبَك: بیوقوف، وہ زمین جس میں قدم دھنسیں ـ

هبل: ۱ـ هَبِلَ ـ هَبَلًا ث فلانًا اُمُّهُ: ماں کا اپنے فرزند کو گم کر دینا ـ صفت هَابِل: بد دعا میں کہتے ہیں هَبِلَتْهُ اُمُّهُ: اس کی ماں اسے گم کرے، اکثر و بیشتر مدح، تحسین و پسندیدگی میں ما اعْلَمَهُ وما اصوب رأيَهُ: (وہ کتنا عالم ہے، اس کی رائے کتنی درست ہے) کے معنی میں مستعمل ہے ـ هَبَّلَ فلانًا: کسی سے هَبِلَتْكَ اُمُّك کہنا ـ أهْبَلَ الرجُلُ: مرد کا لڑکے سے اس کی موت کی وجہ سے محروم ہو جانا ـ إهْتَبَلَ على ولده: بے اولاد ہونا ـ الهَبُول: عورت جو اپنے بیٹے سے اس کی موت کی وجہ سے محروم ہو جائے ـ المُهَبَّل: جسے هَبِلَتْكَ اُمُّك (تیری ماں تجھ سے تیری موت کی وجہ سے محروم ہو) کہا جائے ـ المَهْبُولُ (مفع): جس سے اس کی ماں اس کی موت کی وجہ سے محروم ہو جائے ـ

۲ـ هَبَلَ الرجُلُ لِعياله: آدمی کا اپنے اہل و عیال کے لئے کمانا ـ إهْتَبَلَ لِعياله: اپنے اہل و عیال کے لئے کمانا ـــ فلانٌ: بہت جھوٹ بولنا اور حیلہ بازی کرنا ـ الصيدَ: شکار کو دھوکا دینا ـــ الشيءَ: کو غنیمت سمجھنا ـ کہا جاتا ہے إهْتَبَلَ كلمةَ حكمةٍ: اس نے دانائی کی بات کو غنیمت جانا ـ کہا جاتا ہے إهْتَبِلْ هَبَلَكَ: اپنی راہ چل ـ الهابِل: کمانے والا، حیلہ گر ـ الهَبْل (مص): حالت ـ الهَبِل: حیلہ گر (ح): بھیڑیا ـ الهِبِلّ و الهِبَلّ: حیلہ گر ـ الهَبَال: واحد هَبَالَة (ن): ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں ـ الهَبَالَة: طلب، التماس، درخواست ـ کہا جاتا ہے: ناله بِهَبالَةٍ: اس نے وہ چیز التماس سے حاصل کی ـ الهُبَالَة: غنیمت ـ الهَبَّال: حیلہ گر، کمانے والا، شکاری جو شکار کو دھوکا دیتا ہو ـ المُهْتَبِل: جھوٹا ـ

۳ـ هَبَّلَ وَ أهْبَلَ اللحمُ فلانًا: کسی پر گوشت تہ بتہ چڑھنا ـ الهَابِل: بہت گوشت اور چربی والا ـ الهِبِلّ والهِبَلّ: بڑا یا لمبا آدمی ـ المُهَبَّل: پر گوشت سوجے ہوئے چہرے والا ـ

۴ـ هَبَّلَ الشيءَ عند العامّة: کو شعلوں کے سامنے کرنا ـ الهَبْلَة عند العامة: شعلے بخارات ـ لحمٌ مُهَبَّل: آگ پر رکھا ہوا گوشت ـ

۵ـ أهْبَلَ الرجُلُ: عقل و تمیز کھو دینا ـ الهَبَل عند العامّة: بے وقوفی، عقل کی کمزوری ـ الهَبَالَة: عقل و تمیز کا فقدان ـ الهَبِيل: بے وقوفی (عام زبان میں) الأهْبَل ج هُبْل: عقل و تمیز سے عاری ـ المُهَبَّل: پاگل ـ المَهْبُول عند العامة: بے وقوف ـ

۶ـ هُبَل: کعبہ میں زمانہ قبل از اسلام رکھے ہوئے ایک بت

کانام۔ البُلَة: بوسہ۔ الهِبِلّ (ن) ایک درخت۔ الهِبلَی ناز کی چال۔ کہا جاتا ہے: هو یمشی لهبلَی وہ ناز سے چلتا ہے۔ الهِبْل ہلکا پھلکا۔

⊂ هبل -هَبَلا ماں کا بیٹا مرجانا۔ هبّل بھاپ کا غسل لینا۔ اهتبل ه (موقع) سے فائدہ اٹھانا۔ اهتَبل ساز باز کرنا، سازش کرنا۔ اِهتبِل هَبَلَك خواہ مخواہ دخل درمعقولات نہ کرو، اپنے مفادات کو نظر میں رکھو، اپنے معاملات کی نگہداشت کرو۔ هَبَل: لمبا ہٹا کٹا آدمی۔ هَبْل احمق، گدھا۔ اَهبَل م هَبلاء، جمع هُبْل دھیمے فہم کا، کمزور ذہن (کا)، کم عقل (کا)، خبطیوں کا سا۔ مهْبل و مَهبِل جمع مَهابل: اندام نہانی، فرج، رحم کا راستہ۔ مَهبَلی فرج کے متعلق۔ مُهبّر بیوقوف، احمق، خبطیوں کا سا، ضعیف العقل، کوڑھ مغز، غبی، کودن، سادہ لوح، گاؤدی۔

هبن ۱۔ الهَبَنّ بیوقوف، پستہ قد،

۲۔ الهَبَنَّك بیوقوف، کمزور، چغل خور۔ الهَبَنَّكَة: الهَبَنَّك کا مؤنث، ست۔

هبو: هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا الغبارُ گردوغبار کا بلند ہونا۔ — الرمادُ: راکھ کا مٹی سے ملنا۔ — الفرسُ: گھوڑے کا بھاگ جانا۔ — فلانٌ: مرنا۔ اَهْبَى إهباءً الفرسُ: گھوڑے کا گردوغبار اڑانا۔ تَهَبَّى تَهَبِّيا: دونوں ہاتھ جھاڑنا۔ الهابِي: قبر کی مٹی۔ — جمع هُبَّی (فا): کہا جاتا ہے: نجوم هُبَّی غبار میں چھپنے والے ستارے۔ هذا موضع هابِي التراب: اس جگہ کی مٹی گردوغبار کی طرح پتلی ہے۔ تراب او رمادٌ هابٍ: فضا میں پھیلی ہوئی مٹی یا راکھ۔ الهَبَاء جمع أَهْبَاء: گردوغبار، باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بکھرے ہوں، کم عقل لوگ۔ الهَبَاءَة: گردوغبار کا قطعہ۔ هُبَايَة الشجر: درخت کی چھال۔ الهَبْوَة جمع هَبَوَات و أَهْبَاء: گردوغبار۔ أَهْبَاءُ الزوبعة: بگولہ۔

۲۔ هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا الرجلُ: آہستہ چلنا۔ الهَبِيُّ م هَبِيَّة: چھوٹا لڑکا۔ المُتَهَبِّي: کمزور نظر والا۔

⊂ هَبَا -هُبُوًّا (گردوغبار۔ دھوئیں کا) ہوا میں بلند ہونا، بھاگ جانا، فرار ہوجانا، رفو چکر ہوجانا، چھلانگ لگانا۔ هَبْوَة گردوغبار کا بھنور۔ گرداب۔ هَبَاء جمع أُهْبَاء: باریک غبار، ہوا میں تیرنے والے گرد و غبار کے ذرات۔ هَبَاءٌ مَنْثُورٌ سب طرف بکھرے ہوئے ذرات۔ ذَهَبَ هَبَاءً: غائب ہوجانا، تحلیل ہوکر معدوم ہوجانا، ٹائیں ٹائیں فش ہونا۔ ذَهَبَ هَبَاءً منثورا یا ضاع هباءً منثورا: دھواں ہوجانا، ناکام رہنا۔ ذهب به هباءً کسی چیز کو تباہ کرنا، کو ناکام بنا دینا، کو ہر طرف بکھیر دینا۔ هَبَاءَة گردوغبار کا ذرہ۔

هت: ۱۔ هَتَّ -هَتًّا الكلامَ: خوش بیانی سے گفتگو کرنا۔ — الماءَ: پانی گرانا۔ —ت المرأةُ غزلَها: عورت کا مسلسل کاتنا۔ — فلانٌ في كلامه: تیزی سے بولنا۔ — هَتِيتًا البَكْرُ: جوان اونٹ کا آواز نکالنا۔ الهَتَّات ہلکا پھلکا، بہت باتیں کرنے والا۔ المِهَتّ: بمعنی الهَتَّات۔

۲۔ هَتَّ -هَتًّا الثوبَ او العِرضَ: کپڑا اپھاڑنا، ہتک عزت کرنا۔ هَتَّهُ بكذا: اُس نے اس معاملہ میں اسے قصوروار ٹھہرایا (اس نے اس کو اس بات پر الزام دیا) — فلانًا: کا مرتبہ گھٹانا — ورقَ الشجر: درختوں کے پتے گرانا — الشيءَ: کو توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا۔ الهَتّ: مص۔ کہا جاتا ہے: تركهم هَتًّا بَتًّا: اس نے انہیں ٹوٹا پھوٹا یا کٹا پھٹا چھوڑا۔ اس نے ان کو توڑ ڈالا۔ کاٹ ڈالا۔

۳۔ هَتْهَتَ الشيءَ: کو توڑنا — البعيرَ: پانی پیتے وقت اونٹ کو ہَت ہَت کہہ کر ڈانٹنا — في الكلام: جلدی جلدی بولنا۔ الهَتْهَات: ہلکا پھلکا، تیز بولنے والا۔

هتأ: هَتَأَ يَهْتَأُ هَتْئًا ه بالعصا و نحوها: کو لاٹھی وغیرہ مارنا — الطعامَ: کھانا کھانا — الرجلُ: ٹیڑھا ہونا، کبڑا ہونا۔ تَهَتَّأَ تَهَتُّؤًا الثوبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا، بوسیدہ ہونا۔ الهَتْءُ والهِتْءُ والهَتِيءُ والهِتَاءُ والهِتِيءُ والهِيتاءُ والهَتَاةُ: وقت۔ کہا جاتا ہے مضى من الليل هَتْءٌ: رات کی ایک گھڑی گزر گئی۔ الهَتَأ و الهُتُوءُ: شگاف، پھٹن۔ الأَهْتَأ: کبڑا۔

هتر: اَهْتَرَ -هَتْرًا عِرضَ فلانٍ: کی ہتک عزت کرنا — الكِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کی عقل کو خراب کر دینا۔ هَتَّرَ عِرضَ فلان: کی بہت ہتک عزت کرنا۔ هَاتَرَ مُهَاتَرَةً ه: کو گالیاں دینا، کی توہین کرنا۔ أُهْتِرَ الرجلُ: کی بڑھاپے، بیماری یا غم سے عقل جاتی رہنا۔ صفت مُهْتَرٌ۔ اُهْتِرَ فلانٌ: کسی چیز کے بارے میں کچھ کہنے کا عادی ہونا۔ اُهْتِرُوا في ذكر الله: اللہ کے ذکر میں شیدائی ہونا۔ تَهَاتَرَ الرجلان: ایک دوسرے پر جھوٹا دعوی کرنا۔ کہا جاتا ہے تهاترتِ الشهادات: گواہیوں نے ایک دوسرے کی تردید کی۔ اِسْتَهْتَرَ فلانٌ: اندھا دھند خواہش پر چلنا، بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔ اُسْتُهْتِرَ الرجلُ: بہت لغو و بیکار کام کرنا — الرجلُ بكذا: کا فریفتہ ہونا، صرف اسی کی بات کرنا — بالشيءِ: کی پروانہ کرنا۔ (عام زبان میں) الهاتِر جمع هاتِرون و هَتَرَة: فا۔ الهِتْر جمع أَهْتار: جھوٹ، مصیبت، عجیب بات، ناکارہ گفتگو، غلط بات۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ هِتْرُ أَهتار: فلاں شخص لائق ملامت کاموں اور عیاری سے متصف ہے۔ الهُتْر: بڑھاپے، بیماری یا غم سے عقل کا جاتا رہنا۔ التَّهاتِر: ایک دوسرے کی تکذیب کرنے والی شہادتیں۔ التَّهْتار و التَّهْتُّر: حماقت، جہالت۔ المُهْتَر: کسی بات کے کہنے پر فریفتہ، بڑھاپے، بیماری یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رجلٌ مُهْتَر: گفتگو میں غلطی کرنے والا۔ المُسْتَهْتَر: بہت باطل اور لغو کاموں کا مرتکب — بالشيءِ: کسی شئے کا بہت ہی دلدادہ۔

۲۔ الهِتْر جمع أَهْتار: رات کا پہلا نصف۔

۳۔ الهَتْرَك (ح): شیر، سخت کٹھن زمانہ۔

⊂ هَتَرَ -هَتْرًا ه: کو ریزہ ریزہ کرنا۔ هَاتَرَ ه: کو گالیاں دینا، کی توہین کرنا۔ أُهْتِرَ و اُهْتِرَ: بوڑھے کا کمزور عقل والا ہوجانا، بچوں جیسا ہوجانا۔ تَهَاتَرَ: ایک دوسرے کو گالیاں دینا، ایک دوسرے کو الزام دینا، متہم کرنا (شہادتوں کا) متضاد ہونا۔ اسْتَهْتَرَ: لاپرواہ ہونا، غافل ہونا، غیر ذمہ دارانہ طور پر یا غیر محتاط طریقے سے کام کرنا — ب: کو حقیر سمجھنا، کو کچھ سمجھتا ہی نہیں، کو کوئی اہمیت نہ دینا، کی سبکی کرنا، کو توجہ کے لائق نہ سمجھنا، کو حقیر جاننا، پر طنز کرنا، چوٹ کرنا، کی ہنسی اڑانا، کو چڑانا، کا مضحکہ اڑانا، ہنسی اڑانا، کو چھیڑنا، کا مذاق اڑانا، پر ٹھٹھا کرنا، سے تمسخر کرنا۔ اُسْتُهْتِرَ ب: پر فریفتہ ہونا، کا والہ وشیدا ہونا، کی محبت میں اندھا ہونا، کے معاملہ میں بے عقل و بے شعور ہونا، کا شیدا ہونا۔ هِتْر جمع أَهْتار: احمقانہ باتیں، بکواس، بچگانہ گفتگو، جھوٹ، دروغ، کذب۔ هُتْر: کمزور دماغی، سٹھیاپا۔ مُهاتَرة: گالی، بدزبانی، دشنام، سرزنش، لعنت، ملامت، توہین، جمع مُهاتَرات: حجت، تکرار، جھڑپ، نوک جھونک، جھگڑا، ٹنٹا۔ تَهاتُر: مماثل شہادت کو سامنے لانا۔ اِسْتِهْتار: من چلا پن، بے احتیاطی، لاپرواہی، بے پرواہی، بے فکری، رندی، آوارگی، بدکاری، بے لگامی، اخلاقی قیود سے آزادی، عیاشی، اوباشی، اہانت، حقارت، تحقیر، نفرت، بے زاری، استہزاء۔ مُهْتَر: بچوں کی طرح یا سٹھیا ہوئے لوگوں کی طرح باتیں کرنے والا، بہکی بہکی باتیں کرنے والا، ہذیان بکنے والا، بے سود کام کرنے والا، بچوں جیسا بوڑھا۔ مُسْتَهْتِر: لاپروا، بے پرواہ، بے فکر، بے احتیاط، عاقبت نااندیش، غیر ذمہ دار، بے روک، بے لگام، بے ڈھنگا، مخمور، عیاش اوباش، چنچل،

شوخ، بے قابو، آزادانہ کسی پابندی کے بغیر۔ مُسْتَهْتَر — کا اندھا دھند جانثار، پر اندھوں کی طرح فدا، پر فریفتہ کی محبت میں اندھا، کا والہ و شیدا، پر لٹو، پر جان دینے والا۔

هتش: هَتَشَ -هَتْشًا الكلبَ: کتے کو بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے: هُتِشَ الكلب فَاحْتَتَشَ: کتے کو بھڑکا گیا تو وہ بھڑک اٹھا۔ (یہ لفظ کتے اور درندوں سے خاص ہے)۔

هتع: هَتَعَ -هُتُعًا الی قومه: جلدی سے اپنے لوگوں کے پاس آنا۔

هتف: هتف -هتفًا و هتافات الحمامةُ: کبوتری کا رونا۔ — فلانٌ بفلانٍ: کو چلا کر بلانا، کی تعریف کرنا۔ هَتَّفَ تَهْتِيفًا تُ الحمامةُ: کبوتری کا نوحہ کرنا۔ الهَاتِف (فا): غیب سے آواز دینے والا۔ کہا جاتا ہے: سمعتُ هاتفًا بهتف: میں نے آواز سنی مگر کسی کو نہ دیکھا یعنی مجھے بولنے والا نظر نہ آیا۔ اسی لفظ سے جدید مصنفوں نے ٹیلیفون کیلئے ہاتف کا لفظ اخذ کیا ہے۔ الهُتْف والهُتَاف (مصدر): کرخت و بلند آواز۔ کہا جاتا ہے: قوسٌ هَتَّافَة و هَتَفَى: آواز دینے والی کمان۔ قوسٌ هتوفٌ: آواز دینے والی کمان۔ حمامة هتوف: بہت کوکو کرنے والی کبوتری۔ ریحٌ هَتُوف: سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔ سحابة هَتُوف: گرجنے والا بادل۔ اسم: الهَتَفَى۔

○ هَتَفَ -هُتَافًا: چلانا، خوش ہونا، خوشی سے چلانا۔ هتف ل/ب: کو خوش آمدید کہنا، کیلئے خیر مقدم کے نعرے لگانا، کی دلداری کرنا، کا دل بہلانا، کا جی خوش کرنا، کے لئے شاباش کے نعرے لگانا، کو باآواز تحسین و آفرین کہنا۔ — ضِدَّ: کے خلاف ناپسندیدگی کے نعرے بلند کرنا، پر فقرے کسنا، کا مذاق اڑانا، پر پھبتی کہنا۔ — ب: کی بہت تعریف کرنا، کی ستائش کرنا، کی تعریف کے پل باندھنا۔ — به: کو پکار کر کہنا۔ هتف به هاتف: ایک آواز نے اسے پکار کر کہا، ایک غیر مرئی طاقت نے اُسے بتایا، کچھ کرنے کے لئے کہا۔ هتف بحياته: کیلئے شاباش کے نعرے لگانا۔ هتف ثلاثًا ل: کے لئے تین نعرہ ہائے تحسین لگانا۔ تَهَاتَف على: کچھ کرنے کے لئے ایک دوسرے کی ہمت بڑھانا۔ هَتْفَة: چیخ، زور کی پکار، بلند آواز، پکار، کوک، نعرۂ مسرت۔ هُتاف جمع هُتافات: چیخ، زور کی آواز، بلند آواز، پکار۔ نعرہ مسرت، خوشی کی چیخ پکار، آہا، شاباش، پرجوش تائید، بہ بانگ بلند تائید، نعرۂ تحسین، تالیاں، واہ واہ، باآواز تحسین و آفرین۔ — ل: کے لئے نعرۂ تحسین۔ هُتافُ الحرب: نعرۂ جنگ۔ عاصِفةٌ من الهُتاف: تحسین و آفرین کا طوفان، گرجدار یا کڑک دار تحسین و آفرین۔ هاتِف: چیخنے والا، چلانے والا، بلند آواز سے بلانے والا، غیبی بلانے والا، آواز جمع هَوَاتِف: ٹیلیفون، لاؤڈ سپیکر۔ هَوَاتِف: چیخیں، پکاریں، صدائیں، آوازیں، نعرہ ہائے مسرت۔ هَاتِف القلب: اندرونی، باطنی، مخفی یا پوشیدہ آواز۔ بالهَاتِف: بذریعہ ٹیلیفون۔ هَاتِفی: ٹیلیفون کا، ٹیلیفون کے متعلق، ٹیلیفون پر۔

هتك: هَتَكَ -هَتْكًا السترَ و نحوهُ: پردہ وغیرہ پھاڑنا، پردہ وغیرہ کو کھینچ کر اس کی جگہ سے جدا کر دینا، کا کچھ حصہ پھاڑ کر شگاف کر دینا۔ — الثوبَ: کپڑے کو لمبائی میں پھاڑنا۔ هَتَكَ اللّٰهُ سترَ الفاجرِ: اللہ تعالیٰ بدکار کو رسوا اور ذلیل کرے۔ هُتِكَ عرشُهُ: اس کا دبدبہ جاتا رہا، اس کی طاقت ختم ہوگئی۔ هَتَّكَ السترَ: پردہ کو بری طرح پھاڑ ڈالنا۔ تَهَتَّكَ السترُ و نحوهُ: پردہ وغیرہ کا پھٹ جانا۔ — فلانٌ: رسوا ہونا، ذلیل ہونا۔ — فی البطالة: بیکاری میں اپنے آپ کو فراموش کر دینا۔ اِنْهَتَكَ السترُ و نحوهُ: پردہ وغیرہ کا پھٹنا۔ الهُتْك: نصف شب۔ ثوبٌ هَتِكٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔ الهُتْكَة: پردہ کا پھٹنا، رات کا ایک پہر۔ الهَتِيكَة: رسوائی، فضیحت سیکنڈل۔ کہا جاتا ہے: رجلٌ مُتَهَتِّكٌ و مُسْتَهْتِكٌ و مُنْهَتِكٌ: بے شرم، بدچلن آدمی۔

○ هَتَكَ -هَتْكًا ہ: پردہ وغیرہ پھاڑ کر جدا کرنا، کو بے نقاب کرنا، افشا کرنا، ظاہر کرنا، منظر عام پر لانا، ظاہر کرنا۔ — ها: عورت کو بے آبرو کرنا، عورت کی عصمت دری کرنا۔ هَتَكَ عِرضَهُ: کو بے عزت کرنا، ذلیل کرنا۔ هَتَّكَ ہ: کی دھجیاں اڑانا، کو پارہ پارہ کرنا، پرزہ پرزہ کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تَهَتَّكَ: پھٹ جانا، بے شرم ہونا، رسوا ہونا، ذلیل ہونا، بے آبرو ہونا، بے عزت ہونا۔ — فی: کسی شرمناک یا موجب رسوائی کام میں منہمک ہونا۔ اِنْهَتَكَ: پھٹنا، بے نقاب ہونا، بے عزت ہونا، ذلیل و رسوا ہونا۔ هُتْكَة: رسوائی، ذلت، تنزل، ہتک، بے قدری، خفت، بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، بے آبرو کرنا، رسوا کرنا، بے عزتی کرنا۔ هَتْك الاستار: انکشاف، بے نقابی۔ هَتِيكَة: بے عزتی، بے وقری، بے قدری، بری بات، شرم کی بات، خفت، ذلت، رسوائی، بے غیرتی۔ تهتك: بے شرمی، بدفعلی، فسق و فجور، بدکرداری، ڈھٹائی، بے تمیزی، بے ادبی، گستاخی، شوخی۔ مُتَهَتِّك: گستاخ، شوخ، بے ادب، سرکش، بدتہذیب، بے شرم، بے حیا، ذلیل، بے آبرو، بے عزت۔ مُسْتَهْتِك: گستاخ، شوخ، بے ادب، سرکش، بدتہذیب، بے شرم، بے حیا، ذلیل، بے آبرو، بے عزت۔

هتل: ۱۔ هَتَلَ -هَتْلًا وهُتُولًا و تَهْتَالًا و هَتَلَانًا ت السماءُ: آسمان کا لگاتار برسنا۔ سَحَائِبُ هُتَّلٌ: لگاتار برسنے والے بادل۔ الهَتَلَانُ: ہلکی لگاتار بارش۔

۲۔ هَتْلَمَ هَتْلَمَةً الرجُلان: پوشیدہ اور خفیہ بات کرنا۔ الهَتْلَمة (مص): پوشیدہ اور خفیہ بات۔

هتم: ۱۔ هَتَمَ -هَتْمًا فاهُ: کے اگلے دانت توڑنا۔ — الثَنِيَّةَ: اگلا دانت جڑ سے توڑنا۔ هَتِمَ -هَتَمًا: اگلے دانت ٹوٹے ہوئے والا ہونا۔ صفت: أَهْتَم م هَتْمَاء جمع هُتْم۔ هَتَّمَهُ بالضرب: کو مار کر کمزور کرنا۔ أَهْتَمَهُ: کے دانت توڑنا۔ تَهَتَّمَ الشیءُ: چیز کا ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے: تَهَتَّمَتْ اسنانُهُ: کے دانت ٹوٹنا۔ تَهَاتَما: بمعنی تهاترا۔ الهُتَامَة: ٹکڑا، ٹوٹی ہوئی چیز۔

۲۔ هَتْمَرَ الرجُلُ: بہت بولنا۔

۳۔ هَتْمَلَ الرجُلُ: آہستہ بولنا۔ — الرجُلان: خفیہ اور پوشیدہ بات کرنا۔ الهَتْمَلَة (مص) جمع هَتَامِل: خفیہ اور پوشیدہ بات۔ المُهَتْمِل: چغل خور۔

○ هُتَامَة: ٹوٹ کر الگ ہونے والی چیز، ٹکڑا، شکست و ریخت ٹوٹ پھوٹ۔ أَهْتَم مونث هَتْمَاء جمع هُتْم: جس کے اگلے دانت نہ ہوں، پوپلا۔

هتن: هَتَنَ -هَتْنًا و هُتُونًا و هَتَنَانًا و تَهْتَانًا و تَهَاتَنَ تِ السماءُ: آسمان سے لگاتار بارش برسنا۔ — الدمعُ: آنسو ٹپکنا۔ سَحَابٌ هَاتِنٌ جمع هُتْنٌ و هُتَّنٌ: لگاتار برسنے والا بادل۔ الهَتْنُ: لگاتار برسنے والی بارش، لگاتار بارش۔ سحابٌ هَتُونٌ جمع هُتْنٌ و هُتُنٌ: لگاتار بارش۔ عینٌ هَتُونُ الدمع: آنسو بہانے والی آنکھ۔ التَهْتَان: مسلسل بارش۔ جسمیں کڑک چمک نہ ہو۔

○ هَتُون: بارش سے بھرا ہوا یا بھاری (بادل)۔

هتو: هَتَا يَهْتُو هَتْوًا ہ: کو پاؤں سے روند کر توڑنا۔ هَاتَى مُهَاتَاةً ہ: کو دینا۔ کہا جاتا ہے: هاتِ یا رجُلُ: اے آدمی دے۔ هَاتِی یا اِمرأةُ: اے عورت دے۔ ما اُهَاتِیكَ: میں تمہیں نہیں دوں گا۔

هت: هَتَّ -هَتًّا: جھوٹ بولنا۔ صفت: هَتَّات (یعنی جھوٹا)۔

۲۔ هَتْهَتَ هَتْهَتَةً الشیءُ: چیز کا مخلوط ہونا۔ — الوالی الناسَ: والی کا لوگوں پر ظلم کرنا۔ — الشیءَ: کو تحت

روندنا۔ ـــ ت السحابةُ بقطرها: بادل کا موسلا دھار بارش برسانا۔ الهَنهَنَة (مص) جنگ یا شور میں مخلوط آوازیں۔ الهتهات تیز چلنے والا انسان یا جانور۔ شيءٌ هَتْهَاتٌ مخلوط چیز، گڑبڑ اور بے ترتیب شے۔ رجلٌ هَتهات جھوٹا آدمی۔

هثم: هَثَمَ ـ هَثْمًا هُ: کو باریک پیسنا۔ ـ له من ماله: کو مال میں بیعانہ دینا۔ الهَيْثَم (ن): کھٹے ذائقہ کا درخت۔ (ح) باز، شکرا یا گدھ یا عقاب کا بچہ، سرخ ریت کا ٹیلہ۔

هثى: هَثَى يَهْثِي هَثْيًا التراب: مٹی ڈالنا، پھینکنا۔ هَاثَى مُهَاثَاةً ه: سے مزاح کرنا، سے محبت کرنا۔

هج: ۱۔ هَجَّ ـ هَجًّا و هَجِيجًا البيت: گھر کو مسمار کرنا۔ ـ هَجَّت العين: آنکھ کا دھنسنا۔ هَجَّجَت عينهُ: کی آنکھ کا دھنسنا۔ اِهْتَجَّ في الامر: کسی کام کو کرتے رہنا اور کسی کے مشورہ پر کان نہ دھرنا۔ اسْتَهجَّ فلانٌ: اپنی رائے پر چلنا۔ ـــ السيّارةَ او القافلةَ: چلنے والوں یا قافلہ کو جلد روانہ کرنا۔ عينٌ هاجَّةٌ: دھنسی ہوئی آنکھ۔ الهَجَاج: تیز چال۔ کہا جاتا ہے: رَكِبَ هَجَاجِ: اس نے خودرائی سے کام لیا۔ هَجَاجَيْكَ و هَذا ذَيْكَ: باز آؤ۔ الهَجَاجَة: احمق۔ (رجلٌ هَجَاجَةٌ: احمق آدمی)۔ ہر جگہ پھیلنے والا غبار۔ الهَجِيج (مص) جمع هُجَّان: گہری وادی، طویل مسافت والی زمین، زمین پر کھینچی ہوئی کہانت کی لکیریں۔ الاُهْجُوج: گہری وادی۔ المُهَجَّج فا: دھنسی ہوئی آنکھوں والا۔ عينٌ مُهَجَّجَة: دھنسی ہوئی آنکھ۔ المُسْتَهِجّ: حق و باطل ہر ایک پر بولنے والا۔

۲۔ هَجَّ ـ هَجِيجًا النارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجَّجَ النارَ: آگ کو زور سے بھڑکانا۔ الهُجَج: پوکھرے۔

۳۔ الهَجّ: بیل کی گردن کا جوا۔

۴۔ هَجْهَجَ الفحلُ في هديره: سانڈ کا سخت آواز نکالنا۔ ـــ الرجلَ: کو کسی چیز سے منع کرنا۔ ـ الجملَ او ـ بالجملِ: اونٹ کو جہ جہ کہہ کر ڈانٹنا اور روکنا۔ الهَجْهَاج: احمق، بہت شریر، کم عقل، بہت بلبلانے والا اونٹ، دراز قد آدمی اور اونٹ، مصیبت، بوڑھا۔ يومٌ هَجْهَاج: سخت آندھی والا دن۔ الهَجْهَاجَة جمع هَجَاهِج: بمعنی هجهاج۔ بنجر زمین۔ ماءٌ هُجَاهِجٌ: نہ میٹھا نہ کھاری پانی۔

ب هَجَّ ـ هَجِيجًا: جلنا، بھڑکنا، شعلے نکلنا، بھڑک اٹھنا، شعلہ فشاں ہونا۔ هَجَّجَ ه: کو آگ لگانا، شعلہ فشاں کرنا، بھڑکانا، میں کوئلہ ڈالنا۔

هجأ: هَجَأَ يَهجَأُ هَجْأً و هُجُوءًا جوعُهُ: کی بھوک کا ختم ہونا، جاتی رہنا۔ ـــ هَجَأَ الطعامَ: کھانا کھانا۔ ـ بطنَهُ: اپنے پیٹ کو بھرنا۔ ـ هُ الطعامُ: کھانے کا کسی کا پیٹ بھرنا۔ هَجِئَ يَهْجَأُ هَجَأً: کی بھوک بھڑکنا۔ أَهْجَأَ إهْجَاءً جوعَهُ: کی بھوک دور کرنا۔ ـ فلانًا الشيءَ: کو چیز کھلانا۔ ـ فلانًا حقَّهُ: کا حق ادا کرنا۔ الهَجَأ (مص): کسی چیز کا منقطع ہونا۔ الهُجَأة: بیوقوف مرد یا عورت۔

۲۔ تَهَجَّأَ الحرفَ: حرف کی ہجے کرنا۔

ب هَجَأَ ـ هَجْأً و هُجُوءًا بھوک کا رفع ہونا۔ أَهْجَأَ جُوعَهُ: کی بھوک رفع کرنا۔

هجد: هَجَدَ ـ هُجُودًا: رات کو سونا، جاگنا، (ضد)۔ کہا گیا ہے کہ ہجود دن کو سونا اور ہجوع رات کو سونا ہے۔ هَجَّدَ تَهجِيدًا الرجلُ: نیند سے جاگنا، رات کو سونا، رات کو (جاگ کر) نماز پڑھنا۔ ـــ فلانًا: کو جگانا، کو سلانا (ضد)۔ أَهْجَدَ الرجلُ: سونا۔ ـــ فلانًا: کو سلانا، کو سویا ہوا پانا۔ تَهَجَّدَ الرجلُ: رات کو سونا، جاگنا (ضد)۔ الهَاجِد جمع هُجُود و هُجَّدٌ: سویا ہوا۔ رات کو نماز پڑھنے والا۔ الهَجُود جمع هُجُود و هُجَّد: رات کو نماز پڑھنے والا۔ التَهَجُّد (مص): رات کی نماز۔ المُتَهَجِّد (فا): رات کو اٹھ کر نماز پڑھنے والا، رات کو نماز پڑھنے کے لئے نیند سے جاگنے والا۔

ب هَجَدَ ـ هُجُودًا و تَهَجَّدَ: رات کو جاگتے رہنا، شب بیداری کرنا، رات نماز میں گزارنا۔

هجر: ۱۔ هَجَرَ ـ هَجْرًا و هِجْرانًا هُ: سے قطع تعلق کرنا۔ ـــ الشيءَ: کو چھوڑنا۔ ـــ زوجَهُ: بیوی سے علیحدگی اختیار کرنا لیکن اُسے طلاق نہ دینا۔ ـــ هَجْرًا وهِجِّيرَى و إهْجِيرَى في نومه او مرضه: نیند یا بیماری میں بکواس کرنا، بڑبڑانا۔ ـــ هَجْرًا به في النوم: کا نیند میں خواب دیکھنا۔ هَجَّرَ القومُ: لوگوں کا دوپہر کو سفر کرنا۔ ـــ النهارُ: دن کی گرمی کا تیز ہونا۔ هَاجَرَ مُهَاجَرَةً من البلد و عنه: ملک یا شہر سے نکل کر کسی دوسرے ملک میں چلے جانا، ہجرت کرنا۔ أَهْجَرَ إهْجَارًا هُ: کو چھوڑ دینا۔ ـــ القومُ: لوگوں کا دوپہر کو سفر کرنا۔ ـــ في منطقه: بکواس کرنا، ہذیان بکنا۔ ـ بفلان: سے ٹھٹھا کرنا یا نامناسب گفتگو کرنا۔ تَهَجَّرَ فلانٌ: مہاجرین کے مشابہ ہونا۔ ـــ القومُ: دوپہر کو سفر کرنا۔ تَهَاجَرَ القومُ: آپس کا تعلق توڑنا۔ اِهْتَجَرَ القومُ: آپس کا تعلق توڑنا۔ ـــ هُ: سے قطع تعلق کرنا۔ الهَاجِر (فا): شيءٌ هاجِرٌ نہایت عمدہ، دوسری چیزوں سے برتر۔ الهَاجِرَة: جمع هَاجِرات و هَوَاجِر: ہاجر کا مؤنث۔ موسم گرما میں دوپہر کا وقت یا سورج ڈھلنے سے عصر تک کا وقت، گرمی کی شدت۔ (کہا جاتا ہے: رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ: اس نے اُسے شرمناک اور رسواکن افعال سے متہم کیا۔) ناقة هاجرة: برتر اونٹنی۔ الهَاجِرِي: شہری، نہایت فائق، بہت عمدہ۔ الهَجْر (مص): قابل حفاظت چیز کو چھوڑنا، دوپہر، گرمی کی شدت، بہت عمدہ۔ کہا جاتا ہے: لقيتُه عن هَجْرٍ: میں اس سے ایک سال یا چھ دن یا اس سے زائد دنوں بعد ملا، یا غائب رہنے کے بعد ملا۔ ذهبت الشجرةُ هَجْرًا: درخت نے شاخیں نکالیں اور پھیلا۔ الهُجْر: اہجار کا اسم، نامناسب کلام، بدگوئی۔ الهِجْر: عمدہ اونٹ یا اونٹنی۔ الهِجر: نہایت عمدہ، برتر۔ الهَجْرَة: ہجر کا اسم مرۃ۔ الهِجْرَة: ہجر کا اسم نوع، تہاجر کا اسم۔ ـ والهُجْرَة: ہجرت، ایک سرزمین سے نکل کر دوسری سرزمین میں جانا۔ الهُجْراء: قبیح گفتگو۔ الهِجرُ: دیہاتوں کی طرف ہجرت، ترک وطن۔ الهُجُورِيّ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔ الهَجِير جمع هُجُر: دوپہر، گرمی کی شدت، جما ہوا دودھ، لمبا چوڑا حوض، بڑا پیالہ۔ الهَجِيرَة: دوپہر، گرمی کی شدت۔ الهِجِّيرى: نیند یا بیماری میں ہذیان بکنا۔ الأَهْجَر: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هذا أهجر من ذاك: یہ اس سے زیادہ لمبا، ضخیم یا بڑا ہے۔ المُهْجِر: شریف، خوبصورت، ہر عمدہ چیز، دوسری چیز سے فائق و برتر۔ المَهَاجِر واحد مَهْجَر: ہجرت کی جگہیں۔ کہا جاتا ہے تکلّم بالمهاجر: اس نے فحش کلامی کی۔ رَمَاهُ بِمُهْجِرات: اس نے اس پر رسواکن باتوں کا الزام لگایا۔ المَهْجُور (مفع): سونے والے یا بیمار کی ہذیان، بکواس، متروک الاستعمال لفظ وغیرہ۔ کہا جاتا ہے: الغلط المشهور لا الصحيح المهجور: مَہجور غلط لفظ جو لوگوں میں مشہور ہو جائے یا غلط العام ہے۔

۲۔ هَجَرَ ـ هَجْرًا و هُجُورًا البعيرَ: اونٹ کو پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا۔ الهَاجِرِيّ: معمار۔ الهُجُر: مہار۔ الهَجِر: تھکاوٹ کی وجہ سے بمشکل چلنے والا۔ الهَجْرَة: بہت موٹی عورت۔ الهِجَار: اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی، تانت، طوق، تاج۔ الهَجِير جمع هُجُر: رسی سے بندھا ہوا اونٹ۔ الهِجِّيرَاء: عادت۔ الهِجِّير و الهِجِّيرَة:

عادت۔ الهِجِّيرَى: عادت۔ کہا جاتا ہے هذا هِجِّيرَاهُ: یہ اس کی عادت ہے۔ الاُهْجُورَة والاِهْجِيرَى والاِهْجِيرَاء: عادت۔

۳۔ هَجَّرَ الى الشيء: کو صبح سویرے کرنا، کو جلدی سے کر ڈالنا۔ تَهَاجَرَ القومُ الماءَ: لوگوں کا پانی لینا۔

۴۔ الهُجْرَاء: کفایت۔ کہا جاتا ہے ما عنده غناءُ ذلك ولا هُجْرَاؤُهُ: اس کے پاس اتنا نہیں جو کافی ہو۔ الهَجِير: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔ جمع هُجُر: موٹا گورخر۔ عددٌ مُهْجِر: بہت، وافر۔

۵۔ الهِجْرِس جمع هَجَارِس (ح): بندر، لومڑ۔ یا لومڑی کا بچہ (ج) ریچھ، کمینہ۔ الهَجَارِس: زمانہ کی سختیاں۔

۶۔ الهُجْرُع والهِجْرَع: پاگل احمق، لمبا لنگڑا (ح) ہلکا پھلکا شکاری کتا۔

○ هَجَرَ هَجْرًا و هِجْرَانًا: ترک وطن کرکے دوسرے دیس میں جا بسنا۔ ہ/ہ: سے قطع تعلق کرنا، سے علیحدہ ہونا، جدا ہونا، سے دور رہنا، الگ ہونا، کی رکنیت چھوڑنا۔ ہ: سے جدا ہونا۔ ہ: کو چھوڑنا، ترک کرنا، سے دست کش ہونا، دست بردار ہونا، کے بغیر گزارہ کرنا، کو اپنا ماننے سے انکار کر دینا، سے پہلو تہی کرنا، بچنا، کنی کترانا، احتراز یا گریز کرنا۔ ہ بلی: کو کے سپرد کرنا، کیلئے پیچھے چھوڑنا، کو کے لئے چھوڑنا، کو کے حق میں خالی کرنا، چھوڑنا۔ هَجَّرَ ہ: کو ترک وطن پر اکسانا۔ هَاجَرَ: ترک وطن کرکے دوسرے دیس میں جا بسنا۔ اَهْجَرَ ہ: کو چھوڑنا، ترک کرنا۔ ب: بیہودہ بات کرنا، بے وقوفی کی باتیں کرنا۔ تَهَاجَرَ: ایک دوسرے کا ساتھ چھوڑ دینا، علیحدہ ہو جانا۔ هَجْر: ترک، دست کشی، دست برداری، بے تعلقی، علیحدگی، جدائی، احتراز، پہلو تہی، کنی کترانا، اجتناب، پرہیز، بچتے رہنا، محبوب سے علیحدگی، مفارقت، دن کا گرم ترین وقت۔ هُجْر: فحش زبان، خلاف تہذیب زبان۔ هِجْرَة: رخصت، روانگی، رحلت، کنارہ کشی، گریز، کوچ، ترک وطن، ہجرت، خروج۔ الهِجْرَة: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ سے ۶۲۲ء میں مدینہ میں ہجرت۔ دار الهِجْرَة: مدینہ منورہ۔ هِجْرِي: ہجرت کا، رسول اللہ ﷺ کے ترک وطن کے متعلق۔ سَنَة هِجْرِيَّة: سن ہجری، مسلمانوں کے تاریخی دور کے آغاز کا سال، جو نبی کریم ﷺ کے ترک وطن سے شروع ہوا۔ هُجْرَة و هِجْرَة جمع هُجَر و هِجَر: نجد میں وہابی اخوان کی زرعی نوآبادی۔ هُجْرَاء: فحش زبان۔ هَجِير: دوپہر کی گرمی۔ هَجِيرَة: دوپہر کی گرمی، نصف النہار، دوپہر۔ مَهْجَر جمع مَهَاجِر: ترک وطن کی جگہ جائے پناہ، ترک وطن، نوآبادی۔ مَهَاجِر: مغلظات، فحاشی، بے حیائی، (بازاریت) مُهَاجَرَة: ترک وطن۔ هَاجِرَة جمع هَوَاجِر: دوپہر کی گرمی، دوپہر، وسط النہار۔ جمع هَاجِرَات و هَوَاجِر: فحش زبان، فحاشی، مغلظات، بازاریت۔ هَاجِرِي: دوپہر کی یا کا، عمدہ، اعلیٰ، ممتاز۔ مَهْجُور: ترک کیا ہوا، چھوڑا ہوا، فراموش کیا ہوا، منہ موڑا ہوا، بے مونس و غمخوار، بے یار و مددگار، تنہا، اکیلا، اداس، گوشہ نشین، ملول، سنسان، متروک الاستعمال، منسوخ، فرسودہ، دقیانوسی، متروک قرار دیا ہوا، پرانا قرار دیا ہوا، قدیم، پرانا۔ مُهَاجِر: ترک وطن کرنے والا، ہجرت کرنے والا۔ المُهَاجِرُون: مکہ کے لوگ جنہوں نے اسلام کے آغاز میں مدینہ منورہ ہجرت کی۔

هجز: هَاجَزَ مُهَاجَزَةً ہ: سے کانا پھوسی کرنا۔

هجس: ۱۔ هَجَسَ هَجْسًا الشيءُ في صدره: کے دل میں اچانک خیال آنا۔ هَاجَسَ ہ: سے چپکے چپکے بات کرنا۔ الهَاجِس (فا) جمع هَوَاجِس: اندیشہ، وسوسہ۔ الهَجْس (مص): ہلکی آواز جو سنی جائے مگر سمجھ میں نہ آئے، اندیشہ، وسوسہ۔ الهَجَّاس (ح): آواز کو سننے والا شیر۔ المَهْجُوس (مفع): کہا جاتا ہے وقعوا في مَهْجُوسٍ مِنَ الامر: وہ مشکل میں پڑ گئے۔

۲۔ هَجَسَ هَجْسًا فلانًا: کسی کو کسی کام سے روکنا۔ اِنْهَجَسَ من الامر: کسی امر سے باز رہنا۔

۳۔ الهَجِيسَة: مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔ خُبْزٌ مُتَهَجِّسٌ: بے خمیری روٹی۔

○ هَجَسَ هَجْسًا في نفسه: کے دل میں اچانک کوئی بات آنا، کے ذہن میں آنا۔ هَجَّسَ هَجْسًا: منہ ہی منہ میں کچھ کہنا، بڑبڑانا، آہستہ کہنا، اپنے آپ سے باتیں کرنا۔ هَجْس: فکر خیال، احمقانہ بات۔ هَجْسَة جمع هَجَسَات: خیال، فکر، تصور، وہم و گمان، خوف، اندیشہ، پریشانی، شک، بے اعتمادی، تشویش، ضمیر کی خلش، ضمیر کی خلش کے باعث تذبذب۔ جمع هَجَسَات: معینہ افکار، اندیشے، شکوک۔ هَجَّاس: شیخی خورہ، شان دکھاتے پھرنے والا۔ هَاجِس جمع هَوَاجِس: فکر خیال، تصور، خوف، اندیشہ، پریشانی، تشویش، شک، بے اعتمادی، ضمیر کی خلش۔ جمع هَوَاجِس: معینہ افکار، اندیشے، شکوک۔

هجش: هَجَشَ هَجْشًا: اکسانا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو نرمی سے ہانکنا۔ بين القوم: قوم میں فساد ڈالنا۔ ت لَهُ نفسي: (دل کا) کسی بات کا آرزومند ہونا، متمنی ہونا۔ الهَاجِشَة جمع هَوَاجِش: لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے جاءت هاجشةٌ من الناس: لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ الهَجْشَة: بار، مرتبہ، اٹھنا۔

○ هَجَصّ: شرارت، تکلیف دہ (شخص، چیز کام)۔ اودھم اور شور و شغب والا کھیل۔

هجع: هَجَعَ هُجُوعًا و تَهْجَاعًا: رات کو سونا، سونا۔ کہا جاتا ہے هَجَعَ جُوعَهُ هَجْعًا فهَجَعَ جُوعُهُ هُجُوعًا: اس نے اپنی بھوک کو مٹایا تو وہ مٹ گئی۔ هَجَعْتُ اليه فخدعني: میں نے مانوس اور جھک کر اس پر بھروسہ کیا تو اس نے مجھے دھوکا دیا۔ هَجَّعَ تَهْجِيعًا القومُ: لوگوں کا سو جانا۔ اَهْجَعَ جوعَهُ: کی بھوک مٹانا۔ الهَاجِع جمع هُجُوع و هُجَّع فا۔ الهَاجِعَة جمع هُجَّع و هُجُوع و هَوَاجِع و جمع هَوَاجِعَات: رات کو سونے والی۔ الهِجْع و الهَجَع و الهِجَع: غافل احمق۔ الهِجْعَة: سونے کا طریقہ۔ رجل هِجْعَة: غافل اور احمق آدمی۔ الهَجْعَة: نیند۔ کہا جاتا ہے اتيتُ فلانا بعد هَجْعَةٍ: میں شروع رات میں ہلکی نیند کے بعد فلاں شخص کے پاس گیا۔ الهُجَعَة: بہت سونے والا، غافل احمق۔ الهَجِيع من الليل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے: مضى هَجِيعٌ من الليل: رات کا ایک پہر گزرا۔ التَّهْجَاع: ہلکی نیند۔ المِهْجَع: غافل، احمق، جلد بھروسہ کرنے والا، ہر ایک کا مطیع۔

○ هَجَعَ هُجُوعًا: اطمینان کی نیند سونا، خاموش ہونا یا ہو جانا، فرو ہونا، ساکن ہونا، عام سطح پر آنا، بیٹھ جانا۔ هَجَّعَ ہ: بھوک مٹانا۔ اَهْجَعَ ہ: بھوک مٹانا، گھٹانا، دھیما کرنا، کم کرنا۔ هَجْعَة: نیند، خواب۔ هُجُوع: نیند، خواب، عارضی سکون، (خطرے سے پہلے کا) سکوت، تسکین، تسلی، ٹھہراؤ، اتار، کمی، تخفیف، گھٹاؤ، رعایت، اترنا، گھٹنا (بخار بیماری وغیرہ کا)۔ مَهْجَع جمع مَهَاجِع: کمرۂ خواب، سکونت گاہ، اقامت گاہ، قطار در قطار حجروں میں سے ایک حجرہ یا کمرہ۔ رئيسُ المَهْجَع: بیرکوں کا سارجنٹ، اردلی۔

هجف: ۱۔ هَجِفَ هَجَفًا: بھوکا اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا، کے کوکھوں کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔ اِنْهَجَفَ: لاغری سے ہڈیوں کا دکھائی دینا۔ الهَجْفَان: پیاسا۔ الاَهْجَف م هَجْفَاء: لاغر، دبلا۔

۲۔ الهِجَفّ: سخت جسم سست شترمرغ یا آدمی، موٹا دراز قد

آدمی، بڑے پیٹ والا۔

ھجل: ۱۔ ھَجَلَ ـُ ھَجْلاً ت المراۃُ بعینھا: آنکھ سے اشارہ کرنا، آنکھ مارنا۔ ھَاجَلَ مُھَاجَلَةً: پست وہموار زمین میں چلنا۔ ــــ فُلاناً: سے مقابلہ کرنا۔ اُھْجِلَ القوم: قوم کا ہموار زمین میں آنا۔ ــ الإبلَ: اونٹوں کو آزاد چھوڑ دینا۔ ــ المالَ: مال ودولت ضائع کرنا۔ الھَاجِل: سونے والا، بہت سفر کرنے والا۔ الھَجْل (مص) جمع اَھْجَال و ھِجَال و ھُجُول: پست ہموار زمین۔ الھَجْلة جمع ھَجَلات: پست ہموار زمین۔ الھَجُول: فاحشہ عورت۔ الھَجِيل: پست ہموار زمین، اچھی طرح نہ بنا ہوا حوض۔

۲۔ ھَجَلَ ـُ ھَجْلاً بالعصا وغیرھا: ترسل وغیرہ پھینکنا۔ ھَجَلَ عِرْضَه: کی بے عزتی کرنا۔ ــــ بفلانٍ: کو گندی باتیں سنانا، گالیاں دینا۔ الھَجْلة جمع ھَجَلات ھَجَلَ کا اسم مرّۃ۔ دُمُوعٌ ھُجُولٌ: بہتے آنسو واحد ھاجل۔

۳۔ اَھْجَلَ الشیءَ: کو وسیع کرنا۔

۴۔ اِھْتَجَلَ الشیءَ: کو ایجاد کرنا۔

ﺝ ھَجَلَ ـُ ھَجْلاً: عاشقانہ نظر ڈالنا، پیار کی نظروں سے دیکھنا، محبت بھری نظروں سے دیکھنا۔

ھجم: ھَجَمَ ـُ ھُجُومًا علیه: کے پاس اچانک آجانا بغیر اجازت آجانا، اسی سے لشکروں کا ایک دوسرے پر حملہ آور ہونے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ ــــ البردُ او الشتاءُ: سردی کا اچانک شروع ہونا۔ ــ البیتُ: گھر کا منہدم ہونا۔ ــــ ھَجْمًا فلانا علی القوم: کو قوم کے سامنے اچانک لانا۔ ــــ البیتَ: گھر کو گرانا۔ ــــ الھَواجِرُ فلاناً: گرم دنوں کا کسی کا پسینہ بہانا۔ ــ ما فی الضرع: تھن کا سارا دودھ دوہ لینا۔ ــــ الدابّةَ: جانور کو زور سے ہانکنا۔ ــــ فلانا: کو دھتکارنا۔ ــــ ھَجْمًا و ھُجُومًا ت عینُهُ: کی آنکھ کا دھنسنا۔ ــ الشیءُ: سکون پانا۔ ــ المرضُ: بیماری کا ہلکا ہونا۔ ــ فلانٌ: خاموش ہونا، سر جھکانا۔ ھَجَّمَ هُ: کو اچانک لانا۔ ھَاجَمَ مُھَاجَمَةً هُ: اچانک ایک دوسرے پر آپڑنا، پر اچانک حملہ کرنا۔ اَھْجَمَ هُ علیھم: کو ان کے پاس اچانک لانا۔ ــ الابلَ: اونٹ کو آرام دینا۔ ــ اللّٰهُ المرضَ عنه: اللہ تعالیٰ کا کسی کی بیماری کو دور کرنا۔ ــ ما فی الضرع: تھن کا سارا دودھ دوہ لینا۔ تَھَجَّمَ علی الشیء: پر تکلف سے جا پڑنا۔ تَھَاجَمَ: ایک دوسرے پر اچانک آپڑنا۔ اِنْھَجَمَ البیتُ: گھر منہدم ہونا۔ ــــ الدمعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ کا بہنا۔ ــــ ت العینُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔ اِھْتَجَمَ ما فی الضرع: تھن کا سارا دودھ دوہ لینا۔ اِھْتَجَمَ الرجُلُ: کمزور ہونا۔ الھَجْم (مص) جمع اَھجام: بڑا پیالہ، پسینہ۔ الھَجَم: بڑا پیالہ۔ الھَجْمَة: ھجم کا اسم مرّۃ، رات کی ابتدائی تاریکی (کہا جاتا ہے: جئتُهُ بعد ھجمة من اللیل: میں رات کی ابتدائی تاریکی پھیلنے کے بعد اُس کے پاس گیا) بوڑھی بھیڑ۔ ــــ من الشتاء: سخت سردی۔ ــ من الصیف: سخت گرمی۔ ــ من الابل: چالیس یا ستر سے لے کر سو تک اونٹوں کا گلہ۔ الھَجَّام: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا، بہادر (ح): شیر۔ الھَجُوم: تیز کودنے والا، پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے: استحمَّ فانَّ الحمّام ھَجُوم: اس نے غسل کیا کیونکہ غسل عرق آور ہے)۔ ــ من الریاح: تیز ہوا۔ الھَجِیمَة: گاڑھا دودھ۔ الھَیْجُمانَة: موتی۔ (ح): زکڑی۔ الإھْتِجَام: آخر شب۔ المَھْجُوم: گرا ہوا گھر۔ بیت مَھْجُومٌ: خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

ﺝ ھَجَمَ ـُ ھُجُومًا علی: کی طرف جانا، پر جھپٹا مارنا، کو چنگل مار کر دبوچ لینا، پر حملہ کرنا، ہلہ کرنا، پر دھاوا بولنا، پر چھاپا مارنا، کو اچانک لینا، کو اچانک حملہ میں قابو کرنا، فتح کرنا، میں دھم سے کودنا، درانہ گھس آنا، میں بلا اجازت داخل ہونا، زبردستی گھسنا، کے سر پر زبردستی جا مسلط ہونا، میں مداخلت بیجا کرنا، پر چڑھائی کرنا، پر چڑھ دوڑنا، پر حملہ آور ہونا۔ ھَجَمَ ـُ ھُجُومًا: خاموش رہنا۔ ھَجَّمَ ہ: سے حملہ کرانا، کو حملہ کرنے کا حکم دینا۔ ھَاجَمَ ہ / ہ: پر حملہ کرنا، دھاوا بولنا، ــ ہ: پر حملہ شروع کرنا، کی طرف جانا، پر جھپٹا مارنا، کو چنگل مار کر دبوچ لینا، پر حملہ آور ہونا، حملہ یا ہلہ کرنا، دھاوا بولنا، پر ٹوٹ پڑنا، میں دھم سے کودنا، میں درانہ گھس آنا، پر حملہ آور ہونا، میں مداخلت بے جا کرنا، میں مجرمانہ مداخلت کرنا، میں بلا اجازت داخل ہونا۔ اَھْجَمَ بمعنی ھَجَمَ۔ تَھَجَّمَ علی: پر ٹوٹ پڑنا۔ تَھَاجَمَ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ اِنْھَجَمَ: (مکان وغیرہ کا) گر پڑنا، کمزور صحت والا ہونا، اخلاقی کمزوری والا ہونا، (عورت کا) بے عصمت ہونا، (آنسوؤں کا) بہنا، (آنکھ کا) آنسو بہانا۔ ھَجْمَة جمع ھَجَمات: حملہ، ہلہ، دھاوا، سخت حملہ، چھاپہ، اچانک حملہ، بھرپور وار، سردی کی شدت۔ ھَجْمَة مُعَاکِسَة: جوابی حملہ۔ ھَجُومی: جارحانہ، شدید، سخت، انتہائی شرمناک، سخت ظالمانہ، دل ہلا دینے والا، اخلاق سوز، توہین آمیز، حد سے بڑھا ہوا، وحشیانہ، بہیمانہ، ظالمانہ، سفاکانہ، [illegible] ہوا۔ ہجوم: حملہ، ہلہ، دھاوا، سخت حملہ، چھاپہ، اچانک حملہ، (بیماری کا) حملہ یا اچانک غلبہ یا دورہ، محاذ، آگے کھیلنے والے۔ ھجومٌ جانبیٌّ: میمنہ یا میسرہ پر حملہ (flank attack)۔ ھجومٌ جَوّیٌّ: ہوائی حملہ۔ ھجومٌ مُضَاد یا ھجومٌ مُعَاکِس: جوابی حملہ۔ خطُّ الھجوم: اگلی صف۔ قلبُ الھجوم: سنٹر فارورڈ (centre forward)۔ ھُجُومی: جارحانہ، جارحیت پر مبنی۔ مُھَاجَمَة: حملہ، دھاوا، ہلہ، چھاپہ، اچانک حملہ، سخت حملہ، پولیس کا ریڈ (چھاپہ)۔ تَھَجُّم جمع تَھَجُّمات: حملہ، دھاوا، ہلہ، چھاپہ، اچانک حملہ۔ مُھَاجِم: حملہ آور، جارح آگے کھیلنے والا (فٹ بال وغیرہ میں)۔

ھجن: ۱۔ ھَجُنَ ـُ ھُجْنَةً و ھَجَانَةً و ھُجُونَةً: کمینہ ہونا۔ ــــ الکلامُ: غلط ہونا۔ ھَجَّنَ تَھْجِینًا هُ: کو عیب دار بنانا۔ ــــ الامرَ: کو برا بنانا، عیب دار بنانا۔ اِسْتَھْجَنَ فعلَهُ: کے فعل کو برا جاننا، قابل نفرت جاننا۔ کہا جاتا ہے: ھذا مما یُسْتَھْجَنُ ذِکْرُہُ: یہ ایسا فعل ہے جس کا ذکر بھی قابل نفرت ہے۔ الھَاجِن (فا) جمع ھَوَاجِن: پہلی ضرب پر آگ نہ دینے والی چقماق۔ الھُجْنَة (مص) جمع ھُجَن من الکلام: نقص، برائی، غلط کلام۔ ــ فی العلم: تضیع علم، عام لوگ ھُجْنَة برتر چیز کے لئے استعمال کرتے ہیں جسے سنبھال کر رکھا جاتا ہے۔ الھَجِین جمع ھُجُنٌ و ھُجَنَاء و ھُجْنَانٌ و مَھَاجِینُ و مَھَاجِنَةٌ مونث۔ ھَجِینَة جمع ھُجُن و ھِجَان و ھَجَائِن: کمینہ، لئیم، جس کا باپ عرب اور ماں لونڈی ہو۔ کہا جاتا ہے: فرسٌ و بِرذَونَةٌ ھجینٌ: خراب نسل کا گھوڑا یا ٹٹو۔ ــــ جمع ھُجُن و ھَوَاجِن من الخیل: وہ گھوڑا جو ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا ہو۔ لَبَنٌ ھَجِین: ملاوٹ والا دودھ۔ المَھْجَنَةُ والمَھْجَنِیُّ والمَھْجُنی والمَھْجُنَاء: ناکارہ لوگ۔ بے خیر لوگ۔

۲۔ ھَجَنَ ـَ ھَجْنًا: ہاجن ہونا۔ اَھْجَنَ الرجُلُ: اچھی نسل کے اونٹوں والا ہونا۔ ــ الجاریةَ: بلوغت سے پہلے لڑکی کی شادی کرنا۔ اُھْجِنَت الشاۃ: بکری کا حمل ظاہر ہونا۔ الھَاجِن جمع ھَوَاجِن: وہ بچی جس کی شادی بلوغت سے پہلے ہو جائے، وہ کھجور کا درخت جو چھوٹا ہونے پر بھی پھل دے۔ الھَاجِنَة: ھاجن کا مونث۔ کھجور کا درخت جو چھوٹا ہونے پر پھل دے رہا ہو۔ الھِجَانُ من کل شیء: ہر عمدہ و خالص شے۔ ــــ من الابل: سفید نسل کا اچھا اونٹ (مذکر، مونث جمع سب کے لئے یکساں)۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: بعیر ھجان و ناقة ھِجانٌ و ابل ھجانٌ: کبھی

جمع کی صورت میں ھجائن بھی کہا جاتا ہے۔ رجلٌ ھجان خاندانی مرد۔ امراۃ ھِجانٌ خاندانی عورت۔ نسوۃٌ ھجائن خاندانی عورتیں۔ ارضٌ ھِجانٌ: نرم مٹی کی سفید زمین۔ الھجانۃ: حسب، شرافت، سفیدی۔ غلمۃٌ اُھَیجنۃٌ بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔ المُھْجنۃ: پہلی بار نر کے پھول ڈالی ہوئی کھجور، چھوٹا ہوتے ہوئے بار آور کھجور۔ بچی، لڑکی۔ المَھْجَنۃ من النوق: اچھی نسل کے سانڈ سے گابھن اونٹنی، پہلی بار کی حاملہ اونٹنی، کھجور جس پر پہلی بار نر کا پھول ڈالا جائے۔

۳۔ الھِجَنّ جمع ھَجانِن: لمبا چوڑا۔

ھجن - ھُجْنۃً و ھَجانۃً: غلط ہونا، ناقص ہونا، ناکارہ، خراب یا نکما ہونا۔ ھَجّن ہ: کی جلد ادھیڑنا، کھال ادھیڑنا یا کھینچنا، پر سختی سے تنقید کرنا، کو ایذا دہی کے طور پر ڈانٹنا، ملامت کرنا، کو حقیر سمجھنا، کی برائیاں کرنا۔ اِسْتَھْجَنَ ہ: کو برا، غلط یا نامناسب سمجھنا، کو ناپسند کرنا، کو رد کرنا، ناکارہ قرار دینا، مسترد کرنا۔ ھُجْنَۃ: نقص، خرابی، کوتاہی، قصور، خامی، کمزوری، کمینگی، کمینہ پن، حرامی پن۔ ھَجّان جمع ھَجّانۃ: شترسوار۔ ھَجِین جمع ھُجُن و ھُجَناء و مَھاجین و مَھاجِنۃ: نیچا، کمینہ، کم ظرف، کم اصل، رذیل، ذلیل۔ جمع ھُجُن: دوڑنے والا اونٹ، اونٹنی، ناقہ، سانڈنی۔ ھَجِینۃ جمع ھَجائِن: دوڑنے والا اونٹ، اونٹنی، ناقہ، سانڈنی۔ استہجان: ناپسندیدگی، نفرت، نارضامندی، ناخوشی، نامنظوری، انکار۔

ھجو: ۱۔ ھَجا یَھْجُو ھَجْوًا و ھِجَاءً و تَھْجَاءً ہ: کے عیب گننا، کی برائی بیان کرنا، کو گالی دینا، کی ہجو کرنا، صفت مع علی ھاجٍ صفت مفعولی مَھْجُوّ۔ ھَجاوۃُ الیوم: دن کا سخت گرم ہونا۔ ھَاجَیاہُ مُھَاجاۃ ہ: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔ اَھْجی اِھْجاءً القولَ: قول کو ہجو آمیز پانا۔ تَھَاجَیَا تَھَاجِیًا و اِھْتَجَیا اِھْتِجاءً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔ الھَجَاۃ (ح): مینڈک۔ الھَجَّاءُ: بہت ہجو کرنے والا۔ کہا جاتا ہے: رجلٌ ھَجّاءٌ: بہت ہجو کرنے والا آدمی۔ الاُھْجُوّۃ و الاُھْجِیّۃ جمع اَھَاجِی: ہجو (قطعہ یا قصیدہ کی صورت میں) کہا جاتا ہے بینھم اُھْجُوّۃ او اُھْجِیّۃ یتھاجون بھا: ان کے درمیان ہجو بازی چل رہی ہے۔

۲۔ ھَجا یَھْجُو ھَجْوًا و ھِجاءً الحروفَ: حروف کی ہجے کرنا ــــ ھجا: پڑھنا۔ ھَجّی تَھْجِیَۃً الحروفَ: حروف کی ہجے کرنا۔ اللفظۃَ: لفظ کے حروف کا جوڑ کرنا ــــ الصبیَّ الکتابَ: بچے کو کتاب پڑھانا۔ تَھَجّی تَھَجِّیًا الحروفَ: حروف کی ہجے کرنا۔ الھِجاء: حروف کا جوڑ، حروف ــــُ الھجاء: الف سے لے کر یاء تک کے حروف۔ ان کو حروف التھجی اور حروف التھجیۃ بھی کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے ھٰذا علی ھجاء ھٰذا: یہ اس کی شکل پر ہے۔ ھو علی ھجاء فلان: وہ فلاں پر گیا ہے، اتنا ہی لمبا ہے اور ویسی ہی شکل ہے۔

ھجا - ھَجْوًا و ھِجاءً ہ: کا مذاق اڑانا، ہنسی اڑانا، کو ہیچ سمجھنا، کا استہزاء کرنا، کی ہجو کرنا، پر طنز کرنا، کو بدنام کرنا، کا حقارت سے ذکر کرنا، کی برائیاں کرنا، کی سخت ہجو کرنا، کی ہجو قبیح کرنا۔ ھَاجَاہُ: کے خلاف ہتک آمیز یا ہجویہ نظمیں لکھنا، کی ہجو کرنا۔ ھَجّی و تَھَجّی ہ: کی ہجے کرنا۔ تَھاجا: ہجویہ اشعار میں ایک دوسرے کا مذاق اڑانا۔ ھجو: مذاق اڑانا، بدنام کرنا، ہنسی اڑانا، ہیچ سمجھنا، حقارت سے ذکر کرنا، برائیاں کرنا، ہجو کرنا، ہجو، ہنسی، مذاق، طنز، ہجویہ اشعار۔ ھَجْوِی: بدنام کن، ہجوی، استخفافی۔ ھِجا: استہزاء، تحقیر، مذاق، تمسخر، طنز، طعن و تشنیع، چڑانا یا مضحکہ اڑانا، تعریض، ہجویہ تصنیف، طنزیہ نظم، بدنام کن نظم۔ جمع اَھْجِیَۃ: ہجے، حروف کی لگاتار ترتیب ابجد۔ ھِجائی: ابجدی، تعریفی، طنز آمیز، ہجویہ۔ اُھْجُوَہ و اُھْجِیَۃ جمع اَھَاجی: ہجوی نظم، مذمت، ہجو، ہجو قبیح۔

ھدّ: ۱۔ ھَدَّ - ھَدًّا و ھُدُودًا البناءَ: عمارت کو دھڑام سے گرا دینا۔ ھَدَّتْہُ المُصِیبَۃُ: مصیبت نے اس کے اعضا کو کمزور کر دیا۔ ھَدَّنی ھٰذا الامر او ھَدَّ رکنی: اس معاملہ نے مجھے توڑ پھوڑ کر رکھ دیا، جوڑ جوڑ ہلا دیا ــــ ھَدًّا الرجلُ: بوڑھا ہونا۔ ھَدًّا البعیرُ: اونٹ کا بلبلانا ــــ ھَدِیدًا الحائطُ و نحوُہُ: دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا۔ کہا جاتا ہے: ھٰذا رجلٌ ھَدَّكَ مِن رجلٍ: یہ مرد تم سے زیادہ طاقت ور ہے۔ بعض اس کو مصدر مان کر اس کا تثنیہ جمع، جمع یا اس کو مونث وغیرہ کی شکل میں نہیں لاتے اور بعض اس کو فعل جان کر یہ سب صورتیں اس میں جائز رکھتے ہیں۔ مررتُ برجلٍ ھَدَّكَ من رجلٍ و بامراۃٍ ھَدَّتْكَ من امراۃٍ و برجلین ھَدّاك و برجالٍ ھدُّوك و بامراتین ھَدَّتاك و نساءٍ ھَدَدْنَكَ: میں ایک مرد، ایک عورت، دو مردوں یا دو سے زائد مردوں، دو عورتوں یا دو سے زائد عورتوں کے پاس سے گزرا جو تم سے زیادہ طاقتور اور سخت تھیں۔ انہ لَھَدُّ الرجلُ: وہ ایک بہت ہی اچھا آدمی ہے۔ مطلق تعجب کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے فلان یُھَدُّ: وہ دھن کا پکا ہے۔ ھَدَّدَ و تَھَدَّدَ ہ: کو ڈرانا، دھمکانا۔ تَھَادَّ تَھَادًّا القومُ: ایک دوسرے کی پیروی کرنا۔ اِنْھَدَّ الجبلُ او البیتُ: ٹوٹنا، گرنا۔ اِسْتَھَدَّہُ: کو کمزور سمجھنا۔ الھادّ (فا): سمندر کا شور۔ الھَادَّۃ: ھاد کا مونث۔ گرج کہا جاتا ہے ما سمعنا العامَ ھادّۃً: ہم نے سال بھر گرج نہیں سنی۔ الھَدُّ (مص): فیاض آدمی، سخت آواز ــــ والھِدّ جمع ھَدُّون و ھِدُّون: کمزور آدمی۔ الھَدَد: سخت آواز۔ الھَدَّۃ: ھَدّ کا اسم مرۃ، دیوار وغیرہ گرنے کی آواز۔ الھَدَاد: نرمی، مہربانی۔ ھَدَادَیْك: نرمی سے، آہستہ سے، آرام سے، دھیرج سے، تحمل سے۔ قوم ھَدَاد: بزدل لوگ۔ الھَدَادَۃ: بزدل۔ کہا جاتا ہے رجلٌ ھَدَادَۃ: بزدل آدمی۔ الھَدُود: میدانی زمین، مشکل گھاٹی۔ اَکَمَۃٌ ھَدُودٌ: سخت ڈھلان والی پہاڑی۔ الھَدِید (مص): حملہ کی آواز، گنگناہٹ۔ الاَھَدّ: بزدل۔ التَّھْدَاء: ڈرانا، دھمکی۔ المِھَدَّۃ: پتھر توڑنے کا آلہ۔ کہا جاتا ہے: جاؤوا مُتَھادین و مُتَساتلین: وہ ایک دوسرے کی پیروی کرتے ہوئے آئے۔

۲۔ الھَدِید: دراز قد مرد۔

۳۔ ھَدْھَدَ ھَدْھَدَۃً البعیرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ــــ الطائرُ: پرندے کا غٹرغوں غٹرغوں کرنا ــــ بِالصبیِّ اُمُّہُ: ماں کا بچہ کو سلانے کے لئے ہلانا ــــ الشیءَ من علوٍ الی اسفل: چیز کو اوپر سے نیچے اتارنا، گرانا۔ کہا جاتا ہے یُھَدْھَدُ اِلَیَّ کذا: مجھے یوں خیال آتا ہے۔ الھَدْھَد: جنوں کی آوازیں۔ الھُدْھُد واحد ھُدْھُدَۃ جمع ھَدَاھِد و ھَدَاھِید (ح): ہدہد۔ (کہتے ہیں اَبْصَرُ من ھُدْھُدٍ: ہدہد سے بھی زیادہ تیز نظر، کیونکہ عرب کا خیال ہے کہ ہدہد زمین کے نیچے پانی کو دیکھ لیتا ہے۔) ہر کوکو کرنے والا پرندہ، بہت کوکو کرنے والا کبوتر۔ الھُلْھِد واحد ھُلْھِدۃ جمع ھَدَاھِد و ھَدَاھِید (ح): ہدہد۔ الھُدَاھِد واحد ھُدَاھِدَۃ جمع ھَدَاھِد و ھَدَاھِید (ح): ہدہد۔ الھَدَاھِد: نرمی، صبر۔ علیك بالھَدَاھِد: صبر کرو۔

ھَدَّ - ھَدًّا و ھُدُوًّا ہ: کو توڑنا، کچلنا، گرانا، تباہ کرنا، ــــ ہ/ہ: کو نیچے سے کاٹنا، کی اندر ہی اندر جڑیں کھوکھلی کرنا، کو کمزور کرنا، تباہ کرنا ــــ ھَدِیدًا: گر پڑنا ــــ ھَدًّا: کمزور ہونا، خستہ حال ہونا، درماندہ ہونا۔ ھَدَّدَہُ ب: کو کے ذریعے دھمکانا، کے لئے کا خطرہ بننا ــــ ہ: کو ڈرانا، خائف کرنا، دھمکانا، کی ہمت توڑنا، حوصلہ شکنی کرنا، کو مرعوب کرنا، پر رعب ڈالنا،

کو گھر کنا۔ تَهَدَّدَ: بمعنی هَدَّدَ۔ اِنْهَدَّ: پھٹ جانا، مسمار ہونا، گرنا، تباہ ہونا، گر پڑنا، ٹوٹا پھوٹا ہونا، ٹوٹا ہوا یا شکستہ ہونا، تباہ ہونا۔ هَدّ: گرانا، تباہ کرنا، مسماری، تباہی۔ هَدّ و هَدِید: بھاری یا بھدے گرنا، دھمک یا بھدے گرنے کی آواز، گرتی چیز کی گڑگڑاہٹ۔ هَدَاد: نرمی، سستی۔ مِهَدَّة: پتھر توڑنے کا آلہ۔ تَهْدِید جمع تهدیدات دھمکی، ڈرانا، چشم نمائی، دہشت پیدا کرنا، تخویف۔ تهدید بالتشهیر: استحصال، راز چھپانے کے لئے دباؤ ڈال کر رقم لینا، بلیک میل۔ تهدیدی: دھمکی آمیز۔ تَهَدُّد: دھمکی، تخویف، ڈرانا، چشم نمائی۔ مَهْدُود: تباہ شدہ، مسمار شدہ، تباہ کیا ہوا۔ مَهْدُود القُوَی کمزور کیا ہوا، تھکا ماندہ، مضمحل۔ مُهَدِّد: ڈرانے والا، دھمکی دینے والا (اسم وصفت)۔ مُهَدَّد: ڈرایا ہوا، دھمکایا ہوا۔

هدا ۱۔ هَدَأَ یَهْدَأُ هَدْأً و هُدُوءًا: ساکن ہونا، پرسکون ہونا۔ — بالمکان کسی جگہ اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے: تساقطوا إلی بلد کذا فهدأوا فیه: وہ فلاں شہر میں ایک ایک کرکے آئے اور اقامت کی۔ — فلانٌ: مرنا۔ کہا جاتا ہے أتانا فلانٌ و قد هدأت العیونُ و الرِجلُ: وہ اس وقت آیا جب لوگ سوئے ہوئے تھے۔ — الصبیَّ: بچہ کو سلانے کے لئے تھپکنا۔ هَدَّأَ تَهْدِئَةً: کو چپ کرانا، تسکین دینا۔ أَهْدَأَ إِهْدَاءً: کو تسکین دینا، چپ کرانا۔ — الصبیَّ: بچہ کو سلانے کے لئے تھپکنا۔ عرب کہتے ہیں لا أَهْدَأَهُ اللّٰهُ۔ خدا اس کو اس کی مصیبت میں چھوڑ دے۔ الهُدْء و الهَدْء: رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے أتانا بعد هَدْءٍ من اللیل: وہ رات کے ابتدائی حصہ کے بعد آیا، وہ ہمارے پاس لوگوں کے سونے کے بعد آیا۔ الهَدْأَة: هدأ کا اسم مرّہ۔ — من اللیل: رات کا ابتدائی حصہ۔ الهِدْأَة: اسم نوع۔ کہا جاتا ہے ما له هِدْأَةُ لیلة: اس کے پاس ایک رات کا گزارہ بھی نہیں۔ الهَدَأَة: ایک قسم کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے هو أَهْدَأُ مِمّا کان: وہ پہلے سے زیادہ پرسکون ہے۔ الهَدِیءُ من اللیل: رات کا ابتدائی حصہ۔ الهدوء من اللیل: رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے أتانا فلانٌ هُدُوءًا: وہ ایک نیند لے کر آیا۔ المَهْدَأ من اللیل: رات کا ابتدائی حصہ۔ المُهَیْدِئَة: حالت۔ کہا جاتا ہے ترکته علی مُهَیْدِئَتِه: میں نے اسے اسی حالت میں چھوڑا جو پہلے تھی (یہ مَهْدَأَة کی تصغیر ہے)۔

۲۔ هَدِئَ یَهْدَأُ هَدَأً: کبڑا ہونا۔ — البعیرُ: بہت بوجھ اٹھانے کی وجہ سے اونٹ کے کوہان کا چھوٹا ہونا۔ أَهْدَأَ إِهْدَاءً الکبرُ او الضربُ فلانًا: بڑھاپے یا مار کا کسی کو کبڑا کر دینا۔ اللّٰه مَنْکِبَهُ: اللہ اس کو کبڑا کرے۔ — الثوبَ: کپڑے کو بوسیدہ کرنا۔ الهَدَاءَة: دبلا گھوڑا۔ الأَهْدَأ: کبڑا۔ منکِبٌ أهدأ: آگے کو جھکا ہوا کندھا۔ رجُلٌ أهدأ: کبڑا مرد۔ امرأة اَهْدَا: کبڑی عورت۔

۳۔ الهَدْءُ: سیرت، خصلت۔

○ هَدَأَ — هَدْأً و هُدُوءًا: خاموش ہونا، ساکن ہونا، پرسکون ہونا، بے حس و حرکت ہونا، خاموش ہونا، گھٹ جانا، فرو ہونا، مدھم ہونا، کم ہونا، مدھم پڑنا، تھم جانا۔ — ب: (کسی جگہ) پر رکنا، آرام کرنا، میں رہنا، قیام کرنا، ٹھہرنا۔ — عن: کچھ کرنے سے رک جانا۔ هَدَأَ رَوْعُهُ: مطمئن ہونا، خاطر جمع ہونا، جذبات پر قابو پائے ہونا۔ هَدَّأَ ہ/ہ/من: کو تسکین دینا، تسلی دینا، خاموش کرنا، اطمینان دلانا، فرو کرنا، نرم کرنا، ٹھنڈا کرنا، طمانیت بخشنا، کی ڈھارس بندھانا، کو تسکین دینا، نرم کرنا، مطمئن کرنا، ہلکا کرنا، دھیما کرنا، اعتدال پر لانا۔ هَدَّأَ اعصابَهُ: اعصاب کو تسکین دینا۔ هَدَّأَ مِن روعِهِ: کے اندیشے دور کرنا، کے ذہن کو آرام دینا۔ هَدِّئ و عَلَکَ: آرام سے، دھیرج سے، تحمل سے، پریشان نہ ہو، خوف زدہ نہ ہو، پرسکون رہو۔ أَهْدَأَ بمعنی هَدَّأَ۔ أَهْدَأَ ہ: بچہ کو لوری دے کر تھپک تھپک کر سلانا۔ هَدْء: سکون، سکوت، ٹھہراؤ، خاموشی، قرار، اطمینان، امن، آسودگی، امان، طمانیت، سناٹا، گہری خاموشی۔ هُدُوء: مندرجہ بالا معنے۔ بِهُدُوءٍ: خاموشی سے، سکون سے، اطمینان سے، ٹھنڈے دل سے۔ هَادِئ: خاموش، پرسکون، کم آواز، مطمئن، پر امن، ساکن، آسودہ، پر اطمینان، بے حس و حرکت، چپ چاپ، چپ۔ هادئُ القلب: مطمئن، پرسکون، ٹھنڈے دل سے، اطمینان سے، سکون سے، بے باک، راز دار، متیقن، استقلال کے ساتھ، یقین کیساتھ۔ هادئ البال: مطمئن خاطر۔ جمع۔ جمعیت خاطر کے ساتھ، اطمینان سے، سکون دل سے۔ المحیط الهادئ: بحرالکاہل (the Pacific ocean)۔

هدب: هَدَبَ — هَدْبًا الشیءَ: چیز کو کاٹنا۔ — الناقةَ: کو دوہنا۔ — الثمرةَ: پھل چننا۔ هَدِبَ — هَدَبًا ت العینُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والا ہونا۔ — ت الشجرةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا، جو اردگرد لٹکتی یا جھولتی ہوں۔ هَدَّبَ الثمرةَ: پھل چننا۔ — الثوبَ: کپڑے کا پھندنا بنانا۔ أَهْدَبَتِ الشجرةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا، جو چاروں طرف لٹکتی یا جھولتی ہوں۔ تَهَدَّبَ السحابُ: بادل کا زمین کے قریب ہونا۔ — ت الاغصان: ٹہنیوں کا لٹکا ہوا ہونا۔ اِهْتَدَبَ الثمرةَ: پھل چننا۔ الهُدْب و الهُدُب واحد هُدْبَة و هُدُبَة جمع أَهْدَاب: پلک، کپڑے کا پھندنا، جھالر۔ الهَدَب جمع أَهْدَاب: ارطی یا اس جیسے درختوں کی ٹہنیاں۔ درخت کے ہمیشہ رہنے والے پتے جیسے سرو کے پتے۔ — من النبات: گھاس جس کے پتے نہ ہوں، بے چوڑائی کا پتہ۔ هَدَبُ الشجرة: درخت کی ٹہنیوں کی لمبائی اور لٹکنا۔ الهَدِب (ح): ثیر — من العیون او الاشجار: لمبی پلکوں والی آنکھ، لمبی شاخوں والا درخت۔ الهَدُّب: کند ذہن، عاجز۔ الهُدَّاب: کند ذہن۔ — واحد هُدَّابَة: سدا بہار پتے۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ هَدَبَ الشجرة و هُدَّابَها: اس نے درخت کی ٹہنیاں کاٹیں۔ هُدَّاب النخل: کھجور کے درخت کے پتے۔ — الثوب: جھالر۔ هُدَبِیَّةُ الاذناب او المُذنبات (ح): بے پر کے حشرات ارض، جانوروں کے بچے، مچھلی کے چھلکے۔ الأَهْدَب م هَدْبَاء جمع هُدْبٌ: لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ شجر اهدب: لٹکتی ٹہنیوں والا درخت۔ نسرٌ أَهْدَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔ عینٌ هَدْبَاء: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شجرة هَدْبَاء: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ اُذُنٌ هَدْبَاء: لٹکتا ڈھیلا کان۔ لِحْیَةٌ هَدْبَاءُ: لٹکتی ہوئی داڑھی۔ الهَیْدَب: بہت بالوں والا، عورت کا پستان۔ — من السحاب: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔ — من الرجال: کند ذہن، عاجز۔

○ هَدِبَ — هَدَبًا: (آنکھ کا) لمبی پلکوں والا ہونا، (درخت کا) لمبی اور جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ هَدَّبَ ہ: (لباس) کو جھالر لگانا، کے پلو بنانا، کو جھالر، حاشیہ یا پلو سے آراستہ کرنا۔ هُدْب و هُدُب اسم جمع واحد هدبة جمع أَهْدَاب: پلکیں، جھالریں۔ بِأَهْداب: جھالروں سے آراستہ، جھالر لگا۔ تَمَسَّکَ بأهدابه: کسی کا انتہائی جانثار ہونا، کسی کے اشارے پر چلنا، کسی کی مٹھی میں یا کسی کے قابو میں ہونا۔ تَمَسَّکَ او تَعَلَّقَ باهداب الشیء: سے چپکنا، جڑا رہنا، لگا رہنا، چمٹنا، سے وفاداری کرنا۔ أَخَذَ باهداب الشیء: پر توجہ دینا، میں مصروف ہونا، پر کامل توجہ کرنا، کی دھن میں لگا رہنا، کو سدھارنا، سنوارنا، تربیت دینا، کی زمین تیار کرنا، کو عمل میں لانا، کی مشق کرنا۔ هَدِب: لمبی پلکوں والا۔ أَهْدَب م هَدْبَاء: لمبی پلکوں والا۔ هُدَّاب

(اسم جمع واحد هـدابـة) جھالریں، باڈر، پلو، حاشیہ۔ مغزی کنارہ، سنجاف، کور۔

هدج. هَدَجَ ۔هَدْجًا و هَدَجَانًا و هُدَاجًا: بوڑھے کی چال چلنا۔ ـــ الظليمُ. شترمرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔ ـــ هَدْجًا و هَدَجَةً ت الناقةُ: اونٹنی کا اپنے بچے سے پیار کرنا۔ ـــ ت القدرُ: ہانڈی کا اُبلنا۔ ـــ ت الريحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ هَدَّجَ ت لناقةُ: اونٹنی کا بلند کوہان والی ہونا۔ تَهَدَّجَ الصوتُ: آواز لرزنا۔ ـــ ت الناقةُ: اونٹنی کا اپنے بچے پر شفقت کرنا۔ انـــوه عـلى فلان: کی مہربانیاں ظاہر کرنا۔ سْتَهْدَجَ: کانپتے ہوئے چلنا۔ الهَدَّاج: صیغہ مبالغہ، بوڑھے کی چال چلنے والا۔ ظـليـم هَدّاج: کانپتے ہوئے چلنے والا شترمرغ۔ قـنـافذُ هدّا جون حـول بـيـوتهم: سیہیاں ان کے مکانوں کے گرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔ قِدرٌ هَدُوجٌ: جلد ابلنے والی ہانڈی۔ الهَوْدَج جمع هَـوادِج: کجاوہ، ہودہ۔ الـمِهْدَاج: اپنے بچے سے پیار کرنے والی اونٹنی، سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔ الـمُستَهْدِج (فا): جلد باز۔ الـمُستَهْدَج: مـصـ: جلد بازی۔ (یہ مصدر میمی ہے)

۲۔ الهَدَجْدَج: بوڑھے کی چال چلنے والا، شترمرغ جو چلنے میں کانپتا ہے۔

۲۔ هَامَ يَهِيمُ هِيَامًا: کہا جاتا ہے: هِمْ لِنَفْسِكَ: اپنے آپ کا خیال رکھو۔ إهْتَامَ إهْتِيَامًا لنفسه: اپنے نفس کے لئے حیلہ کرنا، تدبر نکالنا۔

۳۔ تَهَيَّمَ تَهَيُّمًا فلانٌ: اچھی چال چلنا۔

۴۔ کہا جاتا ہے: هَيْمُ اللهِ: اللہ کی قسم۔

۵۔ هَيْمَنَ هَيْمَنَةً: آمین کہنا۔ — الطائرُ علی فراخِهِ۔

پرندے کا اپنے بچوں پر پَر پھیلانا۔ — فلانٌ علی كذا: کی نگرانی ونگہبانی کرنا۔ المُهَيمِن و المُهَيْمَن: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ بمعنی نگران و حفاظت کرنے والا، لوگوں کے ارزاق وآجال کا کفیل و ذمہ دار۔

○ هَامَ۔ هَيْماً و هَيَمَاناً ب: کی محبت میں گرفتار ہونا، سے محبت کرنا، کے بارے میں سرگرم یا پرجوش ہونا، وجد کی حالت میں ہونا، مضطرب، بدحواس یا پاگل ہونا، آپے سے باہر ہونا، بے حد خوش ہونا، سودائی ہونا، پر جمے رہنا۔ —: مارے مارے پھرنا، ادھر اُدھر پھرنا، منہ اٹھائے پھرنا۔ هَام علی وجهه: بلامقصد ادھر اُدھر یا مارا مارا پھرنا۔ هَامَ فی وِدْيَانٍ: پاگل اور مدہوش ہونا، اپنے آپ میں نہ ہونا۔ هَامَ بانظارہ: نگاہوں کو ادھر اُدھر پھرانا۔ هُياماً و هِياماً ب: کی پیار لگنا، کے لئے بیتاب ہونا۔ هَيَّمَهُ: کو حواس باختہ کرنا، بوکھلا دینا، حیران کرنا، الجھاؤ میں ڈالنا، چکر میں ڈالنا، کی ضعیف الاعتقادی سے فائدہ اٹھانا، گمراہ کرنا، (محبت کا) کو لٹو کرنا، فریفتہ کرنا، لبھانا، پر جادو کرنا، موہ لینا، بے خود کر دینا۔ اِسْتَهْيَمَ: لٹو ہونا، فریفتہ ہونا، سحر زدہ ہونا، لبھایا جانا، بے خود ہو جانا، پرجوش محبت میں گرفتار ہونا۔ هُيَام و هِيَام: پرجوش محبت، سخت پیاس۔ هَيُوم: بوکھلایا ہوا، حیران، الجھن میں مبتلا، پریشان، ابلہ فریبی کا شکار۔ هَيْمان مونث هَيْمَى جمع هِيَام: محبت میں پاگل، بہت پیاسا۔ هَائِم جمع هُيَّم و هُيَّام: پریشان، ابلہ فریبی کا شکار، چکرایا ہوا، فریب خوردہ، بوکھلایا ہوا، متذبذب، حیران متحیر، بے خود، آپے سے باہر عاشق، محبت میں دیوانہ۔ مُسْتَهام: عاشق، محبت میں دیوانہ۔

○ هَيْمَنَ: آمین کہنا۔ — علی: کی حفاظت کرنا، نگہبانی کرنا، کو نگاہ میں رکھنا، پر نگاہ رکھنا، پر کنٹرول کرنا۔ هَيْمَنَة: نگرانی، انتظام، کنٹرول، محدود حکمرانی، اقتدار، فرمانروائی، برتری، غلبہ، بالادستی۔ مُهَيْمِن: نگران، کنٹرول کرنے والا، حفاظت کرنے والا، سرپرست ج علی: کا ماہر، پر حاوی، غالب، قادر، قابو رکھنے والا۔

هين: الهَيْنَم: روی۔ الهَيْنَمة: آہستہ آواز۔ الهَيْنُوم: مبہم کلام۔

هيه: اِيهِ هِيهِ: کسی چیز کو دھتکارنے کا کلمہ۔ یہ کلمہ استزادہ بھی ہے۔

۲۔ هَيْهَاتَ: اسم فعل (آخری حرف ہر سہ حرکات کے ساتھ۔ وہ دور ہوا۔ اس میں کئی لغات ہیں جن میں سے ایهات و ایهان و هَيْهَان و هَايْهات و هَايَهان (حرف آخر میں ہر سہ حرکات کے ساتھ مبنی و مُعْرَب۔ هَيْهَاهُ و أيها: میں آخری حرف ساکن ہے۔

هيو: الهِيُوفَارِيقُون (ن): ایک پودا یا کونپل جس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ شمالی نصف کرہ کے معتدل آب و ہوا والے ممالک میں اگتا ہے بعض طبی فوائد کا حامل ہے۔

هيي: هَيَا: حرف ندا بعید کے لئے۔ اس کی اصل أيَا ہے۔ هَيّ بن بَيّ و هَيَّانُ بنُ بَيَّانَ: وہ شخص جو خود بھی غیر معروف ہو اور اس کا باپ بھی غیر معروف ہو۔ هَيِّ: اسم فعل بمعنی امر: اپنے کام میں جلدی کرو۔ کاف خطاب، لاحق کر کے هَيَّكَ کہتے ہیں۔ تثنیہ میں هَيَّا اور جمع میں هَيُّوا بھی کہتے ہیں۔ هَيَّا هَيَّا: اسم فعل بمعنی امر (أسْرِعْ): جلدی کرو۔ الهَيَّاة: معاملہ۔ شان۔ کہا جاتا ہے ماهَيَّاتُهُ: اس کا کیا معاملہ ہے۔

○ هَيْنَمَ: آہستہ بڑبڑانا۔

هِيهُ: او! اوہ! آؤ چلیں! تیز تیز قدم رکھو، خوش باز نظر آؤ۔ هَيْهَاتُ هيهات و هَيْهَاتِ: لیکن اف، مدعا سے دور! غلط! کیا انداز فکر ہے! کتنا لچر ہے! هَيْهَاتَ ان: یہ بات قطعاً ناممکن ہے کہ...... هَيْهَاتَ ان: یہ بات قطعاً ناممکن ہے کہ...... هَيْهَاتَ اي يفعل كذا: وہ ایسا کرنے سے کتنا دور ہے! هيهات بين هذا و ذاك: اِس میں اور اُس میں کتنا فرق ہے۔ یہ کتنے مختلف ہیں! هيهات لك ذلك: اور یہ تمہارے لئے کتنا ناممکن ہے!

ی

ی: حروف تہجی کا اٹھائیسواں حرف اور حروف ابجد میں دس کے برابر ہے۔ مونث کا ضمیر ہے جیسے تَـقُـومِـيـنَ وَ قُومِي اس کے علاوہ متکلم کا ضمیر بھی: جیسے ضربنی و کِتـابی میں معنی بالترتیب: تو کھڑی ہوتی ہے، تو کھڑی ہو، اس نے مجھے مارا اور میری کتاب۔

یـا: قریب اور بعید کے لئے حرف نداء۔ کبھی منادیٰ بھامحذوف ہوتا ہے جیسے یـا لیتنی کنتُ معهم: (اے خدا) کاش میں ان کے ساتھ ہوتا یـا رُبَّ کاسِيَةٍ فِيْ الدُّنْيا عارِيَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: (اے خدا) دنیا میں اکثر لباس میں ملبوس قیامت کے دن برہنہ ہونگے یا ان جیسی مثالوں میں صرف تنبیہ کے لئے آتا ہے جیسے: اتـانـي رَجُـلٌ ویـالـه رجلاً اومن رجل: میرے پاس ایک مرد آیا، اُف کیا مرد تھا! یَـالَكَ مِـن فـارسٍ ہائے تو کیا شہسوار ہے!۔ کیونکہ یہ حَرف نداء بھی ہے اور اس کے بعد لام تعجب کا ہوتا ہے۔

○ یا حَسْرَتِی ہائے میری بدبختی۔ یَا سَلَام توبہ، اے توبہ، معاذ اللہ خدا کی پناہ۔ یاما کس قدر! کتنے! کتنی بار!، کتنی دفعہ! یَـالِلّه: کیا مصیبت ہے، کتنا بدبخت ہے۔ یَاتُری تمہاری کیا رائے ہے؟ مجھے تعجب ہے۔

○ الیابان جاپان (ایک ملک کا نام) یـابـانی: جاپانی (جاپان کا باشندہ)۔ یابانیون (جاپانی لوگ) جاپانی باشندے۔

○ یارْدَة جمع یاردات: گز (لمبائی ناپنے کا پیمانہ)

یَـارِزْجَة: جوتش، نجوم، ستارہ شناسی یَـازِرُجِـی جمع یازرجیا جوتشی، نجومی منجم۔

یاس: یَـئِسَ یَيْأَسُ وَیَيْئِسُ یاساً وَیَئَاسَةً منهُ: سے ناامید و مایوس ہونا صفت فاعلی: یَـائِـسٌ و یَـؤُسٌ ویَؤُوس جمع یُؤُوس صفت مفعولی: مَيْؤُوس منه ۔ (یَئِـس کبھی عَلِمَ (جاننا) کے معنی میں بھی آتا ہے: جیسے اس قول میں: أَلَمْ تَيْأَسُوا انِّی ابنُ فارِسِ زَهْـدَمِ: کیا تم نہیں جانتے کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں)۔ يَئِسَتْ يَأْسًا و يَئَاسَةً تِ المرأةُ: عورت کا بانجھ ہونا صفت يَـائِـس ۔ أَيْأَسَ إِيئَاسًاهُ: کو ناامید کرنا ۔ اللّٰهُ المرأةَ: اللہ تعالیٰ کا عورت کو بانجھ کرنا۔ أَيَـاسَ إِيَـاسًـا ومُـؤَايَسَـةً هُ: کو ناامید کرنا اِتَّـأَسَ اِتِّئَاسًـا واسْتَيْأَسَ اِسْتِيئَاسًا منهُ: سے مایوس و ناامید ہونا۔

اليَأس و اليَأسَة مایوسی، ناامیدی۔

○ يَئِسَ ـ يَأْسًا ويَأسَةً من: کو چھوڑ دینا، سے دستبردار ہونا، دست کش ہونا، کے بغیر گزارہ کرنا، کی سب امید چھوڑ دینا۔ سِـنُّ اليـأس: حیض بند ہونے کی عمر۔ أَيْـأَسَ ہ: کو دستبردار کرانا، دستکش کرانا، کو امید سے محروم کرنا۔ اِسْتَـيْـأَسَ بمعنی يَـئِـسَ۔ يَـأْس: دستبرداری قطع تعلق، استغناء، صبر، قناعت، توکل، تسلیم ورضا، ناامیدی، مایوسی، محرومی۔

يَـؤُوس: ناامید، مایوس، مایوس کن، بے آس يَـائِـس: ناامید، مایوس، مایوس کن، بے آس مَيْـؤُوسٌ منـه: ضائع، لاحاصل۔ مایوس کن (مقصد، نصب العین)۔ مُسْتَيْئِس: ناامید، مایوس، جس سے کوئی توقع نہ ہو، مایوس کن بے آس۔

○ یا سَمِين: چنبیلی، یاسمین، جوہی۔

○ یاسِنت: سنبل کی قسم کے پودے۔

○ یاطاش: خدمة بالیاطاش: ٹھیکہ کا کام، فوری اجرت کے کام، متفرق کام۔

○ یافا: جافا (جنوب غربی فلسطین کی) بندرگاہ کا نام۔

○ یَـافُطَة ویَـافِطَة: سائن، سائن بورڈ، سجاوٹی تختی، زیبائشی تختی، آرائشی لوح، نام کی تختی، دروازہ کی تختی۔

○ یاقة جمع یاقات: کالر Collar

○ یَـاقُوت واحد یَـاقُوتَة جمع یَوَاقِیت: سنبل، نیلم۔ یَـاقُوت اَحْمَـر: لعل، یاقوت، یاقوت۔ ـــــ اَخْـضَر: سبز یاقوت یا نیلم، یـاقـوت جمری: ایک خوش رنگ پتھر، لعل، یاقوت، نگینہ۔

یَابِش: خشک پھل۔

یَانِسُون بادیان: سونف۔

○ یَـاوِر جمع یَـاوِرِیَة: افسر اعلیٰ کا مددگار (اجونٹ) اے ڈی کا نگ (Aide-de-camp)

یا ی جمع یایات: کمانی، چکردار کمانی۔

یـای: یَـأْیَـا یَـأْیَـأَةً و یَـأْیَـأَ القوم قوم کو پکارنا ـــــ بـالابل: اونٹوں کو۔ ای کہکر ٹھہرانا۔ أی سے اونٹوں کو ڈانٹتے ہیں۔ یایا لوگوں کو جمع کرنے کے لئے اس سے پکارا جاتا ہے۔ اليَـأْيَـاء: ـ یُؤْیُؤْ نامی شکاری پرندے کی چیخ۔ اليُؤيُؤ جمع يَآيِي (ح) باز سے مشابہ ایک قسم کا شکاری پرندہ اسے الجلم بھی کہا جاتا ہے۔

یـب: يَبَّبَ المنزلَ: گھر کو ویران کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ خَـرَّبُوهُ ویَبَّبُوهُ: انہوں نے اسے تباہ و ویران کر دیا۔ اليَبَـاب: ویران۔ مـنـزلٌ خـرابٌ يَـبَـابٌ تباہ اور ویران گھر۔

یبد: الأیبد (ن) جو کی طرح کا ایک پودا۔

یبس: يَبِسَ يَيْبَسُ و يَيْبِسُ يَبْسًا و يُبْسًا و اِتَّبَسَ: خشک ہونا صفت: يَبْس و يَبِس و يابِس و يَبُوس و يَبِيْسٌ و أَيْبَس: کہا جاتا ہے۔ يَبِـسَ مـا بينهما: ان دونوں کے آپس کے تعلقات ٹوٹ گئے۔ يَبَّسَ الشیءَ: کو خشک کرنا۔ أَيْبَسَ المكانُ: کسی جگہ کی نباتات کا خشک ہونا ـ القومُ: قوم کا خشک زمین پر

چلنا۔ — العودُ: ٹہنی کا خشک ہونا، — الشیءَ: کو خشک کرنا کہا جاتا ہے: ایبَسْ یا رَجُل: اے مرد، چپ رہ إستَیبَسَ الریقُ: تھوک کا خشک ہونا۔ الیابِس جمع یَبَّس: فا، رجلٌ یابِسٌ: بے خیر آدمی حجرٌ یَابِسٌ: سخت پتھر الیُبْس (مص) خشک۔ جس طرح راکِب کی جمع رَکب ہے اسی طرح یہ یَابِس کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ یُبْس: بے خیر آدمی الیَبَس: خشک، تری کے بعد خشک جگہ۔ شاۃٌ یَبَسٌ: بے دودھ کی بکری۔ یَبَاسٌ: خشک۔ الیُبُوسۃ: خشکی۔ یَبُسُ الماءُ: پسینہ — الأیْبَسَان کلائی یا پنڈلیوں کی دو ہڈیاں — الأیابس: الأیْبَس کی جمع: سخت چیزیں جن پر تلواریں آزمائی جاتی ہیں۔ المِیْبَاس: پودوں کو خشک کرنے والی ہوا۔

○ یَبَسَ — یَبْسًا و یُبْسًا: خشک ہونا یا ہو جانا یَبَّسَ وایْبَسَ ہٗ: کو خشک کرنا۔ یَبْس و یَبِس: خشک، خشک شدہ، سکھایا ہوا، رطوبت نکالا ہوا، سفوف بنایا ہوا، بے آب و گیاہ، بنجر۔ یُبُوسۃ: خشکی (تحریر یا تقریر کی خشکی بھی) یابِس: خشک، خشک کیا ہوا، سکھایا ہوا۔ رطوبت خارج کیا ہوا، سفوف بنایا ہوا، بے آب و گیاہ بنجر، سخت، مضبوط، بے لوچ، ٹھیک پیوست کیا ہوا، اچھی طرح چنا یا جمایا ہوا، الیابسۃ: زمین، خشک زمین، خشکی، ٹھوس جگہ۔

یتع: الیَتُوع والیَتُّوع جمع یَتُوعات دودھ والے پودے۔

یتم: یَتِمَ یَیْتَمُ یُتْمًا و یَتْمًا الصبیُّ من ابیہ: باپ مرنے پر بچہ کا یتیم ہونا۔ — یَیْتَمُ یَتَمًا کوتاہی کرنا، سستی کرنا، تھکنا، دیر کرنا۔ — من ھذا الامر: سے رہائی پانا یَتَمَ یَیْتُمُ یُتْمًا و یَتْمًا الصبیّ من ابیہ: باپ مرنے کی وجہ سے بچہ کا یتیم ہونا۔ یَتَّمَہٗ: کو یتیم کرنا اَیْتَمَہٗ: کو یتیم کرنا۔ — ت المرأۃُ: عورت کی اولاد کا یتیم ہونا صفت: مُوْتِم جمع مَیَاتِیم۔ تَیَتَّمَ الصبیُّ: بچہ کا یتیم ہونا۔ الیُتْم (ص): غم الیُتْم (مص): یکتائی، یتیم کی حالت، یتیمی، تاخیر الیَتَم (مص): یکتائی، یتیم کی حالت، یتیمی، حاجت کہا جاتا ہے: فی سیرہ یَتَمٌ: اس کی چال میں کمزوری و سستی ہے۔ صبیٌّ یَتْمانٌ: یتیم بچہ الیَتِیم: یکتا، اکیلا، لاثانی، بے نظیر (کہا جاتا ہے بیتٌ یتیم: بینظیر گھر، بلد یتیم: لاثانی ملک) ریت کا اکیلا قطعہ۔ — جمع اَیْتَام ویَتَامَی و یَتَمۃ ومَیْتَمَۃ ویَتَائِم: نابالغ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو۔ من البَھَائِم: وہ جانور جس کی ماں مر گئی ہو۔ الیَتِیمَۃ جمع یَتَامَی: یتیم کا مونث۔ علیحدہ ریگستان، دُرَّۃ یَتِیْمَۃ: قیمتی بے نظیر موتی۔ المَیْتَم جمع مَیَاتِم: یتیم خانہ الحربُ مَیْتَمَۃٌ: لڑائی بچوں کو یتیم بنانے والی ہے (لڑائی سے مرد ہلاک ہو جاتے ہیں اور ان کے بچے یتیم)

○ مَیْتَم جمع مَیَاتِم و ملجأُ الأیتام و دارُ الأیتام: یتیم خانہ۔ مُیَتَّم: یتیم، بے ماں باپ کا، یتیم کیا ہوا۔

یتن: یَتَّنَ تَیْتِیْنًا و اَیْتَنَ اِیْتَانًا تِ المرأۃُ او الناقۃُ الوَلَدَ: عورت یا اونٹنی کا پاؤں کی طرف سے پیدا ہونے والے بچے جننا صفت: مُوْتِن و مُوْتِنَۃ: وہ بچہ جو پیدائش کے وقت سر سے پہلے پاؤں نکالے: مَوْتُون کہلاتا ہے۔ جب کہ قیاس کے مطابق مُوْتَن ہونا چاہئے۔ الیَتَن: پاؤں کے بل بچہ کی پیدائش۔

○ یَثْرِب مدینہ منورہ کا اصلی نام۔

○ یَحْبُور: شترمرغ کی قسم کے ایک پرندہ کا چوزہ جسے تغدار یا کلڈوگ بھی کہا جاتا ہے۔

یحر: المِیحار: کھیلنے کا ڈنڈا۔ چوگان۔

○ المِیحار عصائے حکومت، عصائے شاہی، بلا، چوگان

یحم: ۱۔ الیَحْمُور: سرخ، لال (ح): چھوٹی دم کا بارہ سنگا۔

۲۔ الیَحْمُوم سخت سیاہ، بہت سیاہ

یخت: الیَخْت جمع یُخُوت: بجرا (دورہ یا سیر کی کشتی) (Yacht)

○ یَخْضُور: پودوں کو سبز رنگ دینے والا مادہ کلورفل Chlorophyll

○ یَخْنَۃ و یَخْنِی: مسالہ دار گوشت کے پسندے چٹ پٹا سالن، قلیہ، ترکاری دار سالن کی ایک قسم۔

یدع: یَدَّعَ الثوبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا اَیْدَعَ الحجَّ علی نفسہ: احرام کے وقت خوشبو لگا کر حج اپنے اوپر واجب کرنا۔ الأیْدَع (ن) زعفران، بقم کی لکڑی (دیکھو البَقَّم)

یدی: یَدَی یَدِی یَدْیًا الرجُلَ: کے ہاتھ پر مارنا۔ صفت فاعلی: یادٍ صفت مفعولی: مَیْدِیّ۔ یَدِیَ یَیْدَی یَدْیًا فلانٌ من یدہ: کا ہاتھ جاتا رہنا، خشک ہونا — الرجُلُ: کمزور ہونا۔ — فلانٌ من فلانٍ: کسی کا کسی سے فائدہ حاصل کرنا۔ کہا جاتا ہے: اِنَّ لفلانٍ [illegible] یَیْدَیُ بہ ویَبُوع: فلاں شخص نے اپنا مال ہاتھ بڑھا بڑھا کر بیچ دیا۔ یَادَی مُیَادَاۃً الرجُلَ: کو بدلہ دینا، دست بدست دینا۔ اَیْدَی اِیْدَاءً عند فلانٍ والیہ: کسی پہ انعام کرنا صفت فاعلی مُوْدٍ صفت معفولی: مُوْدًی الیہ۔ الیَد (ع ا): ہتھیلی۔ ہاتھ۔ کلمہ مونث ہے اس کا لام محذوف ہے اصل میں یَدْیٌ ہے تثنیہ: یَدَان جمع الأَیْدِی والیُدِیّ و جمع الجمع الأیادِی۔ الاَیَادِی کا اکثر استعمال نعمت کے معنی میں ہوتا ہے الأیْدِی کی جمع الأَیْدِین ہے (کہا جاتا ہے لَہُ یدٌ بیضاءُ فی ھذا الأمر: وہ اس امر میں ماہر ہے۔ بعتُہُ یدًا بیدٍ: میں نے اس کو نقد بنقد بیچا۔ ذَھَبُوا اَیَادِی سبا یا اَیْدِی سبا: وہ سب بکھر گئے) نعمت، احسان، جمع یُدِیٌّ ویَدِیٌّ ویِدِیٌّ واَیْدٍ، کھانا، فریادرسی، جاہ، مرتبہ، طاقت، قدرت، کہا جاتا ہے مالک علیہ یدٌ: تم کو اس پر طاقت نہیں۔ لایَدَیْنِ لکَ بھذا: تجھے اس کی طاقت و قوت نہیں۔ یدُاللّٰہ مع الجماعۃ: اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور حفاظتی چھاتہ جماعت کے ساتھ ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ جماعت کی حفاظت کرتا ہے اور بچاتا ہے۔ الیدُ لفلانٍ علی فلانٍ: فلاں شخص کا فلاں شخص پر حکم اور غلبہ ہے۔ ھذا فی یدَی: یہ میری ملک میں ہے۔ الامرُ بید فلان: معاملہ فلاں شخص کے ہاتھ میں ہے۔ یدی رھینۃ بکذا: میں اس کا ضامن ہوں۔ الید جماعت کے معنی میں بھی آتا ہے، کہا جاتا ہے۔ القوم علیہ یدٌ واحدۃٌ: قوم اس پر ظلم کرنے یا اس سے دشمنی کرنے میں متحد و متفق ہے۔ راستہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے: اَخَذَ بھم یدَالبحر: وہ انہیں سمندر کے راستہ پر لے گیا۔ ظلم سے روکنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے: ضرب القاضی علی یدہ: قاضی نے اسے تصرف سے روک دیا۔ ذلت و ندامت کے معنی میں، کہا جاتا ہے: سُقِطَ فی یَدَیہ: وہ نادم ہوا۔ اَعْطَی بِیدہ: وہ مطیع و فرمانبردار ہوا، لقیتُہُ اوّلَ ذات یَدَین: میں اس سے سب سے پہلے ملا۔ یدُ الطائر: پرندہ کا بازو۔ یدُ الدھر: مدت زمانہ۔ یدُالفاس کلہاڑی کا دستہ یدُ القوس: کمان کی ہر دو جانب الیدُ العُلیا: دینے والا ہاتھ۔ الیدُ السُفْلَی: مانگنے والا یا روکنے والا ہاتھ۔ یدُ الجوزاء (فلک): ستارے۔ الیدّ والیَدَی والیَدَۃ: بمعنی ید (ہاتھ)۔ الیَدَوِی ہاتھ کا۔ الیَدِیّ ماہر، ہاتھ کا، ثوبٌ یَدِیٌّ: وسیع کپڑا عیش یَدِیٌ: آسودہ زندگی۔ الیُدَیَّۃ: ید کی تصغیر: چھوٹا ہاتھ۔ ننھا منا ہاتھ۔ الیَدَیاء: ماہر عورت۔ المُوْدِی محسن، مُنعِم — المُوْدَی الیہ: انعام کیا ہوا۔ المَیْدِیّ جڑ سے کٹے ہاتھ والا۔ ظَبْیٌ مَیْدِیٌّ: جال میں اگلی ٹانگ پھنسی ہوئی ہرنی۔

○ ید (مونث) جمع اَیْدٍ واَیَادٍ: ہاتھ، اگلی ٹانگ، دستہ، طاقت، کنٹرول، تسلط، اثر، اختیار، اقتدار، مدد، امداد،

ذاتی قبضہ، حقیقی تسلط، بہبود، مہربانی، کرم فرمائی۔ یداً بیدٍ: ذاتی، ذاتی طور پر، دست بدست۔ بین یدی: کے سامنے۔ بَیْنَ یَدَیْہِ: اس کے سامنے، اس کی موجودگی میں، اس کی استطاعت یا بس میں۔ بِأَیْدِیْنَا یا بَیْنَ أَیْدِیْنَا: ہمارے ہاتھ میں، ہماری تحویل میں، ہمارے سپرد۔ الکلامُ بینَ ایدیکم: تم (لوگوں کے ایک گروہ کے سامنے) تقریر کر سکتے ہو: بحث میں حصہ لے سکتے ہو۔ ما بین ایدینا مِن: جو ہمارے سامنے ہیں یا جو لوگ تعارف کیلئے ہماری خدمت میں پیش ہوں۔ تحتَ الید: دستیاب، قریب ہی، ممکن الحصول۔ تحتَ یدِہِ: اس کے اختیار میں، اس کے تسلط میں۔ عَلَی یدٍ جمع علی أیدِی: کے ہاتھ یا ہاتھوں میں۔ علی یدہ یا عن یدہ: اس کی مدد سے، اس کی مشفقانہ مدد سے۔ عَلَی أیدِی الناسِ: دوسرے لوگوں کی مدد سے، دوسرے لوگوں کے ہاتھوں سے۔ فی الیدِ: موجود، دستیاب، ممکن الحصول۔ یدُ الجَوزاء: ستاروں کے مجموعہ کا ایک چمکدار ستارہ۔ لَا أَفْعَلُہُ یدَالدھر: میں اسے کبھی نہیں کروں گا۔ یدُ المِظَلَّۃِ: چھتری کا دستہ۔ یدُالنکاح: شادی کا پروانہ، سند۔ ذُوالید: بااثر، ذی اثر، بارسوخ، حقیقی تسلط کا حامل، قابض۔ ساعۃُ الید: کلائی کی گھڑی۔ بَسطُ الیدین: فیاض، سخی، دریادل، کریم، کشادہ دل۔ شَنطَۃُ الید: ہینڈ بیگ۔ شغل الید یا عملُ الید: ہاتھ کا کام، دستی کام۔ صفادُ الید: ہتھکڑی۔ صِفرُ الیدین: خالی ہاتھ۔ عَرَبَۃُ الید: ہاتھ گاڑی، ہتھ گاڑی۔ قُنبُلَۃُ الید: دستی گرینیڈ۔ یدٌ بیضاء جمع ایادٍ بیضاء: فائدہ، بہتری، بہبود، مہربانی، ہمدردی، کرم فرمائی، نوازش، مہارت، اہلیت، استعداد، لیاقت، علمیت، قابلیت، فارغ البالی، کارنمایاں، بڑا کام۔ لہ یدٌ بیضاءُ فی: وہ میں یا کا ماہر، تجربہ کار ہے۔ وہ میں یا پر تفوق رکھتا ہے، بالادست ہے۔ یدٌ مُبطِلۃ: ناجائز قبضہ۔ ید مُحِقۃ: جائز قبضہ۔ بقی مکتوف الأیدی أمام: کے سامنے بےکس ولاچار کھڑا ہونا۔ دَقَّ یداً بیدٍ: تالی بجانا۔ ذھبوا أیدِیَ (یا أیادِیَ) سَبَا: سب طرف بکھر جانا یا منتشر ہونا۔ أَسدَی الیہ یداً: سے ہمدردی کرنا، پر نوازش کرنا، مہربانی کرنا۔ سُقِطَ فی یدِہِ: سہا ہوا یا متحیر کھڑا ہونا، گھبرانا، حواس باختہ ہونا۔ أُسقِطَ فی یدہ: بمعنی سُقِطَ فی یدہ۔ شَدَّ یدہ علی: سے چمٹ جانا۔ مشغولٌ بالید یا مصنوعٌ بالید: ہاتھ کا بنایا ہوا۔ طَلَبَ یدَالمرأۃ: عورت کو شادی کا پیغام دینا، سے شادی کی درخواست کرنا۔ اعطاہُ شیئاً عن ظَھرِ یدٍ: کو کوئی چیز مفت دینا، کو کوئی چیز بطور تحفہ دینا۔ الید العاملۃ: محنت کش طبقہ، محنت کش لوگوں کا گروہ۔ قَدَّمَہُ بالید: کو ذاتی طور پر دینا، پیش کرنا، سپرد کرنا۔ الایدی العاملۃ: افرادی قوت، مل مزدور، محنت کش لوگ، کاریگر، مزدور، ملازم لوگ۔ لہ عندی یدٌ: میں ایک نوازش کی وجہ سے اس کا احسانمند، شکرگزار یا ممنون ہوں۔ لہُ یدٌ فی: اس کا (اس) میں ہاتھ ہے۔ لہ الیدُ الطُولَی فی: میں ذی اثر ہونا، زور آور ہونا، پر فیصلہ کن اختیار رکھنا۔ لہُ عندَ الناسِ یدٌ: وہ دوسرے لوگوں پر بہت اثر رکھتا ہے، وہ دوسرے لوگوں کے ساتھ، بہت کچھ کر سکتا ہے۔ مالی بذلک یدان: یہ میری طاقت میں نہیں۔ مَدَّ یدَ المساعدۃ (یا المعونۃ یا العونِ): مدد کا ہاتھ بڑھانا۔ ھم یدٌ واحدۃٌ عَلَیَّ: وہ میرے خلاف ملے ہوئے ہیں۔ وَضَعَ یدَہُ علی: پر قبضہ کرنا۔ یدُہُ قصیرۃٌ: وہ نااہل ہے، اس کے اختیارات محدود ہیں۔

یَدَوِی: ہاتھ کا۔ شغل یَدَوِی یا عَمَل یَدَوِی: ہاتھ کا کام۔ صناعۃ یَدَوِیَّۃ: دستکاری۔ طراز یَدَوِیٌّ (کسی آلہ کا) ہاتھ سے کام کرنے والا نمونہ۔ العَمَلَۃُ الیدویون: ہاتھ سے کام کرنے والے محنت کش لوگ۔

یرب: الیَربُوع جمع یَرابِیع (ح) چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں کوتاہ اور پچھلی بڑی اور دم دراز ہوتی ہے۔

یرج: الیارَج: کنگن (فارسی لفظ) الایارَجۃ جمع یاج (طب): ایک دست آور معجون (فارسی لفظ)

یرع: یَرِعَ یَرَعُ یَرَعاً: بزدل ہونا۔ الیَرَع (ح): جنگلی گائیوں کے بچے۔ مچھر کی طرح کی ایک چیز جو چہرے کو ڈھانپتی ہے۔ بھنگا۔ الیَراع: بزدل، کمزور، عقل و رائے نہ رکھنے والا، نرکل، قلم، بانسری (ح): چھوٹی چھوٹی بھیڑ بکریاں وغیرہ، (ح): جگنو، بھنگا۔ الیَراعۃ: احمق، بزدل۔ الیَراع کا واحد مکھی، نرکل، بانسری، قلم، جھاڑی، (ح) شتر مرغ۔

یرق: یُرِقَ: یرقان زدہ ہونا۔ الیَرَقان والیُرقان (یونانی لفظ): کھیتی کا ایک روگ (ح) ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی کو خراب کرتا ہے۔ طب: یرقان، پیلیا (ایک مرض)۔ الیَرَقانۃ (ح): وہ شکل جو بعض حیوانات، حشرات الارض اور مچھلیوں کی بعض اقسام کی طرح اپنی پیدائش کے موقع پر اختیار کر لیتے ہیں، اور وہ اسی مرحلہ پر بہت خطرناک ہوتے ہیں۔ کیڑوں مکوڑوں کا پہلا روپ: لاروا (Larva)۔ المَیرُوق والمَارُوق من الزرع والناس (طب): یرقان زدہ کھیتی یا انسان۔

○ یرقان: پودوں کی ایک بیماری، پھپھوندی یرقان: اسم جنس واحد یرقانۃ: (لاروا، کیڑوں مکوڑوں) کے پہلے روپ۔ یرقانُ الضفادع: مینڈک کے بچے۔ مَیرُوق: پھپھوندی دار، پھپھوندی سے متاثر، یرقان زدہ۔

یرم: الیَرمَع جمع یَرامِع: پھر کی سفید چمکنے والی کنکریاں۔

○ الیَرمُوك: شمالی مغربی اردن میں دریائے یرموک۔

یرن: ۱۔ الیَرُون: ہاتھی کا دماغ، جانور کا پسینہ۔ ۲۔ یَرنَأَ یَرنَأَۃً الشیءَ: کو مہندی سے رنگنا۔ الیُرنَاء والیَرَنَّا والیُرَنَّا (ن) مہندی

یَزِیدِی: یزیدی، یزیدی فرقہ سے متعلق۔ الیَزِیدِیَۃ: یزیدیوں کا مذہب (کردستان کے) یزیدی یا شیطان کے پجاری۔

○ یَزرَجۃ: نجوم، جوتش

○ یَزَکِی جمع یَزَك: پہرہ دار، سنتری

○ یازُول: جنگلی لہسن کی ایک قسم

یسر: ۱۔ یَسَرَ یَیسِرُ یَسراً و یَسَراً: نرم ہونا، مطیع ہونا۔ ـــت المرأۃُ: عورت پر زچگی آسان ہونا ـــ یَسراً: جوا کھیلنا۔ ـــ القومُ الناقۃَ: لوگوں کا اونٹنی کے گوشت کے حصے کرکے آپس میں بانٹ لینا۔ یَسُرَ یَیسُرُ یُسراً و یَسِرَ یَیسَرُ یَسَراً الامرُ: آسان ہونا صفت: یَسِیر۔ یَسَّرَ الشیءَ لفلان: کے لئے کسی چیز کو آسان کرنا، سہل کرنا، کیلئے کسی چیز کا حصول آسان کرنا (اللہ تعالٰی کی طرف سے) ـــ الرجُلُ: آدمی کی اونٹنیوں اور بکریوں کا جننا آسان ہونا۔ ـــت الغنمُ: بکری کی نسل اور اس کا دودھ بڑھنا۔ یَاسَرَ مُیَاسَرَۃً ہُ: سے نرمی برتنا، سے سہولت کا برتاؤ کرنا۔ أیسَرَ إیسَاراً: مالدار ہونا صفت مُوسِر جمع مَیَاسِیر۔ ـــ الرجُلَ: کے ساتھ مطالبہ میں آسانی برتنا۔ ـــت المرأۃُ: عورت پر زچگی آسان ہونا۔ تَیَسَّرَتِ البلادُ: ملک کا سرسبز ہونا ـــ الامرُ: آسان ہونا ـــ النھارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا ـــ للقتال: جنگ کے لئے تیار ہونا۔ تَیَاسَرَ: آپس میں آسانی برتنا۔ واتَّسَرَ و ایتسر القومُ: جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے تَیَاسَرَتِ الأھواءُ قلبَہُ: خواہشات نے اس کے دل کو سخت کوفت پہنچائی۔ إستَیسَرَ لہُ الأمرُ: کے لئے کام تیار ہونا ـــ الأمرُ: کام آسان ہونا۔ الیاسِر (فا) ج أیسَار: سہل آسان، جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کی تقسیم کا انتظام کرنے والا، قصاب۔ الیُسر (ن): ایک درخت جس کے بیج نہایت سیاہ اور خوشبودار ہوتے

ہیں اور کھیلنے کیلئے دھاگے میں پروئے جاتے ہیں۔ ـــ والیُسْرو الیَسَارَۃ: سہولت، آسانی، آسودگی، خوشحالی الیَسَر (مص) جمع اَیْسَار: آسان، جوا کھیلنے والوں کی جماعت۔ تیار کردہ، تیار شدہ، مہیا شدہ الیَسَرۃ جمع اَیْسَار و یَسَرات: ہاتھ کے غیر متصل خطوط، دونوں رانوں کے داغ، الیَسَرات ہلکی ٹانگیں۔ الیَسَار۔ آسانی، سہولت، تونگری، الیَسِیر آسان۔ والیَسَر جمع یُسُر غالب، جوئے میں شکست دینے والا۔ الأیْسَر: زیادہ آسان، زیادہ سہل۔ المَیْسِر: جوا (ہر قسم کا)، تیروں کا جواء۔ وہ ذبح شدہ جانور جس پر جوا کھیلا جاتا تھا۔ اونٹ ذبح کر کے اس کے دس یا اٹھائیس حصے کر لیتے۔ پھر تیروں سے قرعہ ڈالتے جس کے نام پر بے نشان کا تیر نکلتا اس کو ذبح شدہ اونٹ کی تمام قیمت دینی پڑتی۔ جس کا تیر جیتتا وہ ذبح شدہ جانور سے اپنا حصہ لے لیتا تھا۔ المَیْسَرَۃ والمَیْسُرَۃ: سہولت، آسانی، تونگری، خوشحالی، آسودگی المَیْسُور جمع مَیَاسِیر: کامیابی سے کیا ہوا کام، آسان۔

۲۔ یَسَرَ یَیْسِرُ یَسْراً الرجُلَ: کے پاس بائیں طرف سے آنا۔ یَاسَرَ مُیَاسَرَۃً: کے بائیں طرف سے اس کے پاس آنا۔ ـــ الشیٔ کو بائیں طرف لینا ـــ بالقوم: کے بائیں طرف رہنا۔ تَیَاسَرَ الرجُلُ بائیں جانب اختیار کرنا۔ ـــــ القوم: کے بائیں طرف رہنا۔ الیَاسِر جمع اَیْسَار: بایاں۔ رجُلٌ اَسَرُ یَسَرُ: دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا عَسْراء یَسْرَاء: دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والی۔ الیسار و الیَسَار جمع یُسُر و یُسْر: بایاں۔ الیَسْرَۃ: بایاں۔ الیُسْرَی جمع یُسْرَیَات: بایاں۔ الأیْسَر: بائیں جانب والا۔ المَیْسَرَۃ جمع مَیَاسِر: بائیں جانب۔ فوج کا بایاں بازو۔

۳۔ یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْراً۔ تھوڑا ہونا صفت: یَسِیر الیَسِیر: تھوڑا۔

○ یَسِرَ۔ یَسَراً آسان ہونا یا ہو جانا۔ یَسُرَ۔ یُسْراً: چھوٹا، تھوڑا یا غیر اہم ہونا۔ آسان ہونا یا ہو جانا۔ یَسَّرَ علی ہ: کے لئے کچھ ہموار کرنا، برابر کرنا، (راستہ) صاف کرنا (راہ) آسان کرنا، تیار کرنا، کیلئے کچھ آسان کرنا، ڈھیلا کرنا، کی شدت کم کرنا۔ یَسَّرَ السبیلَ امامَہُ لِ: کیلئے راستہ ہموار کرنا کہ وہ......کو کے قابل بنانا۔ یاسَرَہ: کے ساتھ نرمی کا سلوک کرنا، کے ساتھ بہت مہربان، شفیق یا مشفق ہونا کے ساتھ با مروت یا با اخلاق ہونا یا نرم ہونا، کو خوش کرنا، کی بات مانتا، اَیْسَرَ: آسودہ حال میں رہنا، دولتمند ہونا یا ہو جانا، خوش قسمت ہونا، خوش بخت ہو، عورت کی زچگی کا آسان ہونا، تَیَسَّرَ: آسان ہو جانا، آسان بنا دیا جانا، آسان کیا جانا، کامیاب ہونا، آخر کار کامیاب ہونا، پھلنا پھولنا، پنپنا، ترقی کرنا، فروغ پانا، سرسبز ہونا، بار آور ہونا، خوش و خرم ہونا۔ ل: کے لئے ممکن بنا دیا جانا، کے لئے ممکن ہونا اِسْتَیْسَرَ: آسان ہونا، کامیاب ہونا، بہرہ مند ہونا، یُسْر: راحت، آرام، چین، سکھ، آسودگی، آسائش، سہولت، آسانی، ملائمت، آسان اور خوشگوار حالات، اقبال مندی، کامیابی، بہبودی، فلاح، دولتمندی، مرفہ الحالی، تونگری، دولت کی بہتات، کثرت، افراط، وفور، نفس پرستی، عیش و عشرت، ناز و نعمت، عیش پسندی، تعیش۔ یَسْرَۃ بائیں جانب۔ یَسَار: راحت، آرام، چین، سکھ، آسودگی، آسائش، سہولت، اقبال مندی، کامیابی، بہبود، فلاح، دولتمندی، مرفہ الحالی، تونگری، دولت کی بہتات، کثرت، افراط، وفور، عیش و عشرت، ناز و نعمت، عیش پسندی، تعیش، ہاتھ، بایاں جانب، یساراً یا عن الیسار: بائیں طرف (کو)۔ یَسَارِی: بائیں بازو والا، اشتراکی، انقلابی، بایاں بازو، یُسْرَی جمع یُسْرَیات: بائیں جانب الیُسْرَی: بایاں ہاتھ، یَسِیر: تھوڑا، تھوڑا سا، چھوٹا، معمولی، غیر اہم، تھوڑا (وقت)، سادہ، غیر پیچیدہ، سیدھا سادہ، صاف، واضح، ـــ علی: کے لئے آسان۔ اَیْسَر: زیادہ آسان، زیادہ چھوٹا، زیادہ کم، زیادہ معمولی یا غیر اہم، زیادہ کامیاب، زیادہ بامراد، زیادہ کامران، زیادہ اقبال مند، زیادہ سرسبز، زیادہ موافق، زیادہ دولتمند، بایاں، کھبا، بائیں ہاتھ کا، بائیں جانب کا، مَیْسِر: تیروں سے کھیلا جانے والا جوا، جس کی قرآن حکیم نے ممانعت کر دی۔ مَیْسَرَۃ جمع مَیَاسِر: بائیں جانب، فوج کا بایاں پہلو، مَیْسَرَۃ و مَیْسُرَۃ: راحت، آرام، چین، سکھ، اقبال مندی، بہتات، دولت، افراط، کثرت، تونگری، مرفہ الحال، دولتمندی، تعیش، ناز و نعمت، عیش پسندی۔ تَیْسِیر: آسانی، سہولت، جمع تَیْسِیرات۔ مَیْسُور جمع مَیَاسِیر: آسانی سے کیا ہوا، آسان دسترس یا پہنچ میں، تعمیل کرنے میں آسان، کسی مشکل کے بغیر قابل عمل، آسان، کامیاب، خوش قسمت، بامراد، اقبال مند، سرسبز، ہرا بھرا، مبارک، خوشحال، دولتمند۔ مُیَسَّر: آسان بنایا ہوا، آسان رسائی یا دسترس میں، کامیاب، خوش قسمت، اقبال مند، بامراد، خوش حال، دولتمند امیر۔ مُوسِرٌ جمع مُوسِرُون و مَیَاسِیر: اقبال مند، بامراد، خوش حال امیر۔ مُتَیَسِّر: آسان بنایا ہوا، آسان، آسان رسائی یا دسترس میں، دستیاب، موجود، ہموار اور کامیاب راہ پر گامزن، روانی سے رواں، کامیاب، خوش قسمت، بامراد، اقبال مند، خوش حال مُتَیَسِّرُ الحال: خوش حال، آسان حالات میں۔

○ یَسَقْجِی مسلح مصاحب، قفل کا محافظ۔

یسم: الیَاسَمُون (ن): یاسمین، چنبیلی، الیاسمین چنبیلی۔

یسن: یَسِنَ یَیْسَنُ یَسَنًا الماءُ: پانی متغیر ہونا، کھاری ہونا۔

یشب: الیَشْب والیَشْف والیَشْم: سنگ یشب زبر جد جیسا ایک قیمتی پتھر جو زبرجد سے زیادہ شفاف ہوتا ہے (عبرانی یا فارسی لفظ)

○ یَشْمَق و یَشمك: (ترکی لفظ) عورتوں کا چہرے کا نقاب۔

یصب: الیَصْب والیَصْف: بمعنی الیَشْب۔ سنگ یشب یا نیلم۔

یصر: الأیْصَر جمع اَیَاصِر: سوکھی گھاس۔

○ یَعْبُوب: تند و پرشور دریا۔

یعر: یَعَرَ یَیْعِرُ و یَیْعَرُ یُعَاراً تِ الشاۃ او المعزی: بکری کا ممیانا۔ الیَعْر والیَعْرَۃ جمع یِعَار (ح) بکری کا بچہ جس کو شیر یا بھیڑیے کے شکار کے لئے گڑھے کے پاس باندھتے ہیں۔

یعس: الیَعْسُوب (ح): شہد کی زکھی۔

یعف: الیَعْفُور (ح): ہرن۔

○ یَعْقُوب: حضرت یعقوب علیہ السلام

یغر: الیَغُر (ح): کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا ایک جانور جسے الغُرَیر بھی کہتے ہیں۔

یفخ: یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا الولدَ: لڑکے کی چندیا پر مارنا الیافوخ یا الیَأفُوخ جمع یَوَافِیخ: بچہ کا تالو جو حرکت کرتا ہے۔ صَدَعَ القوم یا فوخ اللیل: جب لوگ رات کی تاریکی میں چلیں تو یہ بات کہی جاتی ہے۔ مَسَّ بیا فوخه السَّمَّاك: یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی تکبر کرے۔ وطیٔ فلانٌ یو افیخ القُرُوم: جب کس شخص کو سربراہی سپرد کی اۓ تو اس وقت کہا جاتا ہے۔

○ یَفْطَۃ (یافِطَۃ): سائن، سائن بورڈ، نام کی تختی، دروازہ کی پلیٹ، سجاوٹی یا زیبائشی تختی، آرائشی لوح۔

یفع: یَفَعَ یَیْفَعُ یَفْعًا و اَیْفَعَ الغلامُ: لڑکے کا بڑھنا اور بلوغت کو پہنچنا۔ ـــ الجبلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ تَیَفَّعَ الغلامُ: لڑکے کا بڑھنا اور بلوغت کو پہنچنا۔ ـ الرجُلَ:

اونچے ٹیلے پر چڑھنا، اونچے ٹیلے پر آگ جلانا۔ الیَافِع جمع یَفَعَة و یُفعَان (فا) ۔ غلامٌ یَافِعٌ: نوجوان لڑکا۔ مَجدٌ یافِعٌ: بلندشان۔ الیَافِعَة جمع یَافِعات: یافِع کا مونث، نوجوان لڑکی، الیافعاتُ من الامور: طاقت سے بالاتر کام۔

الیـافعات من الجبال: بلند پہاڑ۔ الیَفَع و الیَفَاع جمع یُفُوع: اونچا ٹیلہ، بلندزمین۔ غلامٌ یَفَعٌ جمع ایفاع: نوجوان لڑکا۔ الیَفَعَة: نوجوان جو بلوغت کے قریب پہنچے۔ (واحد تثنیہ وجمع یکساں) جیسے غلامٌ یَفَعَة و غلامانِ یَفَعَةٌ و غِلمانٌ یَفَعَةٌ۔ المَیفَعَة جمع مَیَافِع: بلندزمین۔

○ یَفَعَ ـَ یَفعًا: نوبلوغت کو پہنچنا، سن بلوغ میں ہونا۔ اَیفَعَ و تَیَفَّعَ: بمعنی یَفَعَ۔ یَفَع: سن بلوغت، نوبلوغت، یَفَع: پہاڑی، میدان، پہاڑی علاقہ، جمع ایفاع: بالغ عمر لڑکا، نوجوان، نئی جوانی والا۔ نوخیز۔ یَفَاع: پہاڑی۔ یَافِع: بالغ عمر لڑکا، نوجوان، نوخیز۔

یفن: الیَفَن جمع یُفُن: پیرفرتوت، بوڑھا بیل، گوناگوں صنعت والا۔

یقّ: یَقَّ یَیَقُّ یُقُوقَةً: سفید ہونا الیَقَق (ٹکڑا یَقَقَة) روئی، کپاس، کھجور کے اندر کا سفید گودا، کہا جاتا ہے: ابیضُ یَقَقٌ و یَقِقٌ جمع یَقَائِق: بہت سفید۔

یقت: الیاقوت واحد یاقوتة جمع یَوَاقیت: یاقوت، ایک قیمتی پتھر (یونانی لفظ)

یقط. الیَقطِین: واحد یقطینه (ن): بیل۔ زیادہ تر کدو کے لئے مستعمل ہے۔

یقظ: یَقِظَ یَیقَظُ یَقَظًا و یَقُظَ یَیقُظ یَقَاظَةً: جاگنا، محتاط ہونا، چوکنا ہونا، سمجھدار ہونا، صفت: یَقِظ و یَقُظ و یَقظَان جمع اَیقَاظ مونث یَقظَی جمع یَقَاظَی۔ یَقَّظَ تَیقِیظًا الغبارَ: غبار اٹھانا۔ اَیقَظَ اِیقَاظًا فلانًا۔ کو بیدار کرنا۔ جگانا ـــ الغبارَ: غبار اٹھانا، تَیَقَّظَ تَیَقُّظًا: بیدار ہونا۔ کہا جاتا ہے: تَیَقَّظَ لِلاَمرِ: وہ کام کے بارے میں محتاط اور چوکنا ہوگیا۔ اِستَیقَظَ اِستِیقَاظًا: بیدار ہونا ـــ ہ: کو بیدار کرنا، نیند سے جگانا۔ الیَقَظَةُ: بیداری ابو الیقظان (ح): مرغ

○ یَقَّظَ و اَیقَظَ ہ: کو ابھارنا، ہوشیار کرنا، کا باعث بننا ـــ ہ: کو خبردار کرنا، متنبہ کرنا، آگاہ کرنا، جگانا، ہوشیار کرنا، چوکنا کرنا، چوکس کرنا تَیَقَّظَ: بیدار ہونا، چوکنا ہونا، چوکس ہونا، ہوشیار ہونا اِستَیقَظَ علی: سے جاگ جانا، سے نیند سے بیدار ہو جانا ـــ: خود کو جگانا، بیدار ہونا، ہوشیار ہونا، چوکنا ہونا، چوکس ہونا۔ یَقُظ و یَقِظ جمع اَیقاظ: بیدار، چوکس، چوکنا ہوشیار محتاط، یَقْظَة و یَقَظَة: جاگنا، بیداری، چوکسی، بے خوابی، شب بیداری کا مرض، خبرداری، ہوشیاری، بیدار مغزی، احتیاط، چستی، مستعدی، ذہانت، ذہن کی تیزی یَقظَان مونث یَقظَی جمع یَقَاظَی: بیدار، متوجہ، چوکس، چوکنا، ہوشیار، خبردار محتاط۔

یقن: یَقِنَ یَیقَنُ یَقَنًا و یَقَنًا الأمرُ: روشن وثابت ہونا صفت، یَقِین۔ ـــ و اَیقَنَ و تَیَقَّنَ و استَیقَنَ الأمرَ و بہ: کو جاننا، پر یقین کرنا الیَقَن: شک کا ازالہ، ہر سنی ہوئی بات پر یقین کر لینے والا۔ الیَقِن: ہر سنی ہوئی بات پر یقین کرنے والا۔ رجُلٌ یَقِن بالشیء کسی شے پر فریفتہ آدمی۔ الیَقُن و الیَقَنَة والمِیقان مونث مِیقانة: ہر سنی ہوئی بات پر یقین کر لینے والا۔ الیـقین: شک کا ازالہ، یقینی بات، دیکھنے اور دلائل سے حاصل ہونے والا علم۔ (کہا جاتا ہے: أنا علی یقینٍ منہ: مجھے اس کا پورا پورا یقین ہے) حق الیقین: واضح اور خالص یقین: امرٌ یَقِینٌ: سچا واضح امر۔

○ یَقِنَ ـَ یَقَنًا و یَقنًا: یقین رکھنے والا ہونا، پر یقین ہونا، غیر متذبذب ہونا۔ ہ یاب: کو بے شک اور یقینا جاننا، کے متعلق پر یقین ہونا، خود اعتمادی والا ہونا کا یقین کرنا، باور کرنا، ماننا۔ اَیقَنَ و تَیَقَّنَ و اَستَیقَنَ ہ یاب: کو جانچنا، معلوم کرنا، کی تحقیق کرنا، کا پتہ چلانا، کے بارے میں اپنی تسلی کرنا۔ کو بلا شبہ و شک جاننا، معلوم کرنا، کے بارے میں پر یقین ہونا، قائل ہونا، کو ماننا۔ یَقُن و یَقَن: ایقان، یقین یقینی امر، تحقق، تیقن۔ یَقَن و یَقُن و یَقِن و یَقَنَة: خوش اعتقاد، ضعیف الاعتقاد، بھولا، صاف، بے تصنع، شبہ نہ کرنے والا یَقِینٌ ب: کے بارے میں تیقن، کا پختہ یقین۔ یَقِینًا: یقینا، بے شک، لازما، وثوق سے أنا علی یقینٍ مِن انَّ یا أنا علی یقین انَّ: مجھے پورا یقین ہے کہ، میں مان گیا کہ، میں پر یقین ہوں کہ کُونُوا علی یقین: آپ لوگ یقین رکھ سکتے ہیں۔ یَقِینی: قطعی، یقینی، حتمی، صریحی، صریح، مثبت، ایجابی، ٹھوس، ناقابل تردید، معین طور، مسلم۔ مِیقان: ضعیف الاعتقاد، خوش اعتقاد، شبہ نہ کرنے والا۔ مُوقِنٌ ب: کا قائل، کو ماننے والا، پر یقین رکھنے والا، کے بارے میں پر یقین۔

یلک: الیُلکَّة (ن) ایک قسم کا پودا جس کے پتے تلوار جیسے ہوتے ہیں پھول سفید اور گلابی رنگ کے اور آرائش کے لئے اگایا جاتا ہے۔

یلّ: یَلَّ و یَلِلَ و یَیَلُّ و یَلَلًا: چھوٹے یا ہموار اور اندر کی جانب گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا صفت اَیَلّ مونث یَلَّاء جمع یُلّ

یلب: الیَلَب: چمڑا، چمڑے کی ڈھال یا چمڑے کی بنی زرہیں، چمڑے کی ٹوپیاں (واحد یَلَبَة) فولاد، خالص لوہا، ہر بڑی چیز

یلق: ۱۔ الیَلَق: سفید، کہا جاتا اَبیَضُ یَلق و لَهَق و یَقَق: ان سب کا ایک ہی معنی ہے اور وہ ہے: بہت سفید۔ الیَلَقة او الیَلُقَق (ح) سفید بکری ۲۔ الیَلمَق جمع یَلَامِق: قبا (فارسی لفظ)

یلن: الیَلَنجَج والأَلَنجَج و الیَلَنجُوج والأَلَنجُوج: صندل کی لکڑی

یمّ: ۱۔ یُمَّ یُیَمُّ یَمًّا: سمندر میں پھینکا جانا۔ ـــ الساحلُ: ساحل کا سمندر کے نیچے آنا۔ الیَمّ: سمندر ۲۔ یَمَّمَہ: کا قصد کرنا ـــ فلانًا برمحہ: کسی کو خاص طور پر نیزے کا نشانہ بنانا ـــ المریضَ للصلاة: مریض کو نماز کے لئے تیمم کرانا۔ تَیَمَّمَ الأمرَ: کا ارادہ کرنا، کو ارادتا کرنا ـــ للصلاة: نماز کے لئے ہاتھ منہ پر مٹی سے مسح کرنا۔ الیَمَام و الیَمامَة: قصد، ارادہ، کہا جاتا ہے: امضِ یَمَامتی: میرے آگے چل۔ المُیَمَّم: مطالب میں کامیاب۔

۳۔ الیَمّ (ح): سانپ ـــ والیَمَم والیَمام (ح): جنگلی کبوتر، الیَمامَة (ح) جنگلی فاختہ۔

یَمَّمَ ہ یا صوبَ یا نحوَ یا شطرَ: جانا کسی جگہ یا اس کی طرف، کا رخ کرنا، کی راہ لینا، کی طرف بڑھنا ـــ ہ: کو چلانا، موڑنا، یَمَّمَ فی فم البرکان: شیر کی ماند میں جا گھسنا یَمَّمَ وجهَهُ شطرَ: کی طرف چہرہ یا رخ کرنا تَیَمَّمَ ہ: (کسی جگہ) جانا، کی طرف بڑھنا، کی طرف جانا، کا قصد کرنا، ارادہ کرنا، سے مراد ہونا، یَمّ جمع یُمُوم: کھلا سمندر، پہلو، جانب یمِن یمّی میری جانب سے، میری طرف سے، یمام اسم جنس واحد یَمَامہ جمع یَمامات و یمائم: کبوتر، قمری، فاختہ۔

یمن: یَمَنَ یَیمَنُ یَمِینًا الرجُلَ: کے دائیں طرف سے آنا، کی سیدھی جانب سے آنا ـــ یُمنًا و مَیمَنَةً لقومہ و علی قومہ: کے لئے بابرکت ہونا، صفت: یَامِن و یَمِین و اَیمَن و مَیمُون:۔ یَیمُنُ و یَامِنُ یَمنًا بہ: کو دائیں طرف لیجانا۔ یَیمَنُ یَمنًا و یُمنًا اللّٰهُ فلانًا: اللہ کا کسی کو مبارک بنانا۔ ایسا شخص۔ میمون اور اللہ تعالیٰ، یَامِن و یَمِین (جیسے قادر و قدیر میں) ہوگا)۔ یَمَن یَیمَنُ یَمنًا الرجُلَ: کے

دائیں طرف سے آنا۔ يَمَنُ ويَامَنُ ويَمُنَ يَيْمُنُ ويُمِنَ يُمْنًا و مَيْمَنَةً لقومه و علی قومه: کے لئے مبارک ہونا صفت: يَامِن و يَمِين وأَيْمَن ومَيْمُون: يَمَّنَ: دائیں طرف جانا، ملک یمن کی طرف جانا، ملک یمن میں جانا، ـــ به: کو دائیں طرف لیجانا ـــ عليه: کو برکت دینا۔ يَامَنَ يُيَامِنُ مُيَامَنَةً: دائیں طرف جانا، ملک یمن کی طرف جانا، ملک یمن میں جانا ـــ به: کو دائیں طرف لیجانا۔ أَيْمَنَ وتَيَامَنَ: دائیں طرف جانا، ملک یمن کی طرف جانا، یا ملک یمن میں آنا۔ تَيَمَّنَ: یمن کی طرف منسوب ہونا۔ ـــ الرجُلُ: آدمی کا مر جانا۔ دائیں ہاتھ یا پاؤں سے کام یا حرکتیں شروع کرنا۔ ـــ بكذا: سے برکت لینا، نیک فال لینا ـــ بالميّت: میت کو قبر میں دائیں پہلو رکھنا اِسْتَيْمَنَ اِسْتِيْمَانًا الرجُلَ: کو قسم دلانا ـــ بكذا: سے برکت حاصل کرنا۔ اليَامِن مونث يَامِنَة: برکت والا۔ اليُمْن: برکت اليَمَن: دائیں جانب۔ ملک یمن۔ اليَمَنِي و اليَمَانِي جمع يَمَنِيُّون ويَمانُون و يَمانِيُّون: یمن کا، یمنی، ملک یمن کا باشندہ۔ اليَمْنَةَ: دائیں جانب۔ ـــ و اليُمْنَةَ: یمنی چادر۔ الأَيْمَن م يَمْنَاء۔ جمع يُمْن و ايَامِن: دایاں پہلو یا عضو۔ کہا جاتا ہے: ذهب إلى ايمن الإبل: وہ اونٹوں کے دائیں طرف سے گیا۔ نظر ايْمَنَ منه: اس نے دائیں طرف سے دیکھا اليُمْنَى تثنية يُمْنَيَان جمع يُمْنَيَات: دائیں طرف، دایاں عضو۔ التَيْمَن: جنوب اليَمِين جمع أَيْمَان: برکت، قوت۔ کہا جاتا ہے: فلانٌ عندنا باليمين: فلاں شخص ہمارے ہاں اچھے مرتبہ والا ہے۔ قدم على أيمنِ اليَمِينِ: وہ خوش قسمتی اور برکت لے آیا۔ جمع أَيْمُن و أَيمان: قسم (مونث)۔ أَيْمُنُ اللّٰهِ: اللہ کی قسم (تقدیر کلام اسی طور پر ہے: أَيْمُنُ الله قسمي) اس میں بہت سی لغات ہیں۔ اور اس کی ہم معنی ہیں۔ جیسے: أَيْمُنُ اللّٰهِ و إِيمُنُ اللّٰه و أَيْمَنُ اللّٰه و أَيمنُ اللّٰهِ نیز أَيْمُ اللّٰه و إِيمِ اللّٰه و أَمِ اللّٰه (میم کی تثلیث سے) ومن اللّٰه میم اور نون کی تثلیث کے ساتھ) و م اللّٰه (میم کی تثلیث سے)۔ یہ بھی کہا جاتا ہے يمينُ اللّٰه لا افعل (خدا کی قسم میں نہیں کرتا) ـــ ج أَيْمُن و أَيمان و أَيَامِن و أَيَامِين: دائیں طرف۔ دایاں عضو۔ اس کی تصغیر يُمَيْن (ہاء کے بغیر) جمع يَمانٍ۔ المَيْمَنَة جمع مَيَامِن: برکت، لشکر کا دایاں بازو۔ المُيَمَّن: برکت لانے والا المَيْمُون جمع مَيَامِين: مبارک۔ کہا جاتا ہے: هو مَيْمُونُ الطائِرِ: وہ مبارک چہرے والا ہے۔ سِرْ على الطائِرِ الميمونِ: تم توفیق کے ساتھ سفر کرو (مسافر کیلئے دعا ہے)۔

○ يَمَنَ ـُ و يَمِنَ ـَ ويَمُنَ ـُ يُمْنًا و مَيْمَنَةً: خوش نصیب، مبارک، خوش قسمت یا مسعود ہونا۔ يَمَّنَ: دائیں طرف جانا۔ تَيَمَّنَ ب: میں اچھا شگون دیکھنا، اِسْتَيْمَنَ ب: میں اچھا شگون دیکھنا۔ يُمْن: اچھی قسمت، خوش نصیبی، خوش قسمتی، اقبال مندی، کامیابی، يَمَن ويَمْنَة: دائیں طرف، دایاں ہاتھ۔ يَمْنًا دائیں طرف، دائیں جانب، دائیں ہاتھ۔ يَمْنَةً بمعنی يَمْنًا۔ شاماً ويمناً: شمال یا جنوب کی طرف۔ يَمْنَةً ويَسْرَةً: دائیں اور بائیں اليمن: ملک یمن۔ يمني: ملک یمن کا، یمنی (باشندہ) يَمِين (مونث) جمع أَيْمَان: دائیں جانب، دائیں ہاتھ يَمِينًا يا من اليمين: دائیں طرف، دائیں ہاتھ۔ يَمِينًا و شمالا: دائیں اور بائیں۔ ما ملكت (تملك) يمينهُ: کی جائیداد، يَمِين (مونث) جمع أَيْمُن و أَيْمَان: قسم۔ يمين الامانة: اطاعت و فرمانبرداری کی قسم۔ يمين الصبر: جھوٹا حلف يمين قانونية: عہدہ کا حلف۔ سرکاری حلف۔ يمين كاذبة: جھوٹا حلف۔ يمينُ الوَلاء و الإخلاص: حلف وفاداری۔ أَيْمُنُ اللّٰهِ و ايمُ اللّٰهِ: میں خدا کی قسم کھاتا ہوں۔ يَمِينِي: دایاں، دائیں جانب یا دائیں ہاتھ کا اليَمِينِيُّون: دائیں بازو کی پارٹیاں۔ يُمْنَى جمع يُمْنَيَات: دایاں ہاتھ۔ دائیں جانب۔ أَيْمَن مونث يُمْنَى: دائیں ہاتھ، دایاں، دائیں طرف، خوش نصیب۔ مَيْمَنَة جمع مَيَامِن: دائیں جانب (فوج یا لشکر کا) دایاں بازو۔ تَيَمُّن: برکت، نیک شگون، نیک فال۔ مَيْمُون جمع مَيَامِين: خوش نصیب، خوش قسمت، خوش بخت، مبارک، بندر، مَيْمُونُ الطائِرِ: مبارک، آسودہ، خوشحال، مناسب حال، امید افزا۔ على الطائِرِ الميمون: کامیاب سفر، خدا حافظ۔ مُيَمَّن: خوش نصیب، مبارک

○ يَنَايِر و يَنَايَر: جنوری (سال کے پہلے مہینہ کا نام)۔

ينب: ۱۔ اليَنْبُوت (ن): ایک پودا جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے۔ ایک پودا کپاس کی قسم کا۔

۲۔ اليَنْبُوع: چشمہ (پانی کا)

ينس: اليَانِسُون (ن): ایک قسم کی خوشبودار نباتات۔ بادیان، سونف۔

ينع: يَنَعَ يَيْنَعُ و يَيْنِعُ يَنْعًا ويُنْعًا و يُنُوعًا الثمرُ: پھل کا پکنا۔ صفت يَانِع جمع يَنْع و يُنْع: ـــ الشَّئُ: چیز کا بہت سرخ ہونا۔ أَيْنَعَ الثمرُ: پھل کا پکنا۔ اليَانِع: ہر سرخ چیز۔ اليَنَع واحد يَنَعَة: سرخ مہرے، عقیق کی ایک قسم۔ اليُنُوع: خون کی سرخی۔

○ يَنِيع: پکا ہوا، میٹھا، ملائم، نرم، رسیلا ايناع: (پھل کا) پکنا، نرم ملائم میٹھا اور رسیلا ہونا يانع: پکا، میٹھا، رسیلا، نرم اور ملائم۔

ينم: اليَنَمُ: واحد يَنَمَة (ن): ایک قسم کی نباتات

يهت: أَيْهَتَ إِيهَاتًا اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

يهر: ۱۔ اِسْتَيْهَرَ: بے عقل ہونا ـــ فی الأمر: کو جاری رکھنا، کی انتہا تک جانا۔ اليَهْر و اليَهَر: کشادہ جگہ، کسی امر کو جاری رکھنا، کی انتہا تک پہنچنا۔

اليَهْيَرُّ: لجاجت، سخت پتھر۔

اليَهْيَرَّى: بہت پانی، المُسْتَيْهِر (فا) بہت لجاجت کرنے والا۔

۲۔ اِسْتَيْهَرَ بالأمر: پر یقین کرنا۔

۳۔ اليَهْيَرّ: سراب، جھوٹ (ن): اندرائن۔ زہر۔ اليَهْيَرَّى: باطل۔

يهف: اليَهْفُوف: بزدل، احمق، چٹیل زمین، ہوشیار و بیدار دل۔

يهم: اليَهْم: جنون۔ الأَيْهَم مونث يَهْمَاء جمع يُهْم: پاگل، خشکی، بلند پہاڑ، بہرا، دلیر و بہادر آدمی، چکنا پتھر، بے نشان شہر۔ ليلٌ أَيْهَمُ بے تاروں کی رات اليَهْمَاء: الایہم کا مونث: بے آب اور بے نشان راہ بیابان، سخت تنگی کا سال، مضبوط اونٹنی۔ ارض يَهْمَاء: بے اثر و نشان اور بے چراگاہ زمین۔ سنون يُهْمٌ: بے آب و گیاہ سال۔

يهو: يَهُود: دیکھئے مادہ ہود۔

○ يُوبِيل: یہودیوں کا جشن آزادی، پچاسویں سال کا جشن، پچاسویں سالگرہ، مسرت اور جشن کا سال (Jubilee)

يوح: يُوحُ و يُوحَى: سورج۔ کہا جاتا ہے: جعلك اللّٰه اعمر من نوح و انور من يُوح تجھے اللہ تعالیٰ حضرت نوحؑ سے زیادہ عمر دے اور سورج سے زیادہ روشن کرے۔

○ يُوحَنَّا: انگریزی کا اسم معرفہ (john) ○ يوحنا الصابغ: بپتسمہ دینے والا یوحنا۔

يود: اليود (ك): آئیوڈین (iodine) بنفشین، يُورَانِيُوم: یورانیم (Uranium)

○ يوزُباشي جمع يوزباشيه: کپتان، بیٹری کمانڈر، (بحری) لیفٹیننٹ (lieutenent)

يوسف: يوسفُ۔ يوسف آفندی (اسم جنس)۔

چھوٹے سنترے (جو طنجہ میں پیدا ہوتے ہیں) يُوسُفي: چھوٹے سنترے۔

○ يُوطَة: لیفٹینٹ Lieutenant

○ يُوغُسلاوِيا: یوغوسلاویا Yusoslavia (ایک ملک کا نام) يُوغُسلافِي یوغوسلاوی، یوغوسلاویا کا (باشندہ)۔

○ يُولِيُو و يُولِيَه: جولائی (ایک مہینے کا انگریزی نام)

يوم يَاوَمَ يِوَامًا و مُيَاوَمَةً: کو دنوں کی مزدوری پر رکھنا اليُوْم جمع أيَام وجج اياوِيم: فجر سے غروب آفتاب تک کا وقت۔ مطلق وقت۔ کہتے ہیں ذخرت لك لِهذا اليوم: میں نے تم کو اس وقت کے لئے ذخیرہ بنایا تھا۔ النجمیّ (فلک): خط نصف النہار میں ربیع کے نقطہ اعتدال کے دوبار لگاتار گزرنے کے درمیان کا وقت۔ اليوم الشمسي الحقيقي: حقیقی شمسی دن۔ ايام اللّهِ: خدا اللہ کے دن یعنی اللہ تعالیٰ کے انعامات اور اس کی سزائیں۔ أيَّامُ العَرَب: عربوں کی جنگیں اِبنُ الايام: زمانہ شناس اِبنُ اليوم: زمانہ ساز يَوْمٌ أيْوَم: مہینہ کا آخری دن۔ يَوْمٌ أيْوَمُ و يَوِمٌ و وَوِمٌ و ذوايَّام و ذوا ايَاوِيم و ذوايايِيم: مصیبت کا لمبا دن۔

○ يَوْم جمع أيَام: دن۔ زمانہ، وقت، دور اليَوْمَ: آج۔ يَوْمَ: اس دن جب۔ أيَّامَ: کے دنوں میں، دوران أيَامًا: چند روز تک، چند روز کے لئے۔ ايَّامَهُ: (اس کی) عمر بھر، اس کی زندگی۔

يَوْمَهَا: تب، اس وقت، اس دن، يَوْمًا يا يومًا ما: کسی دن، کسی وقت، ان دنوں میں سے ایک دن۔ ذاتَ يومٍ: ایک دن، ایک دفعہ يومًا يومًا يا يومًا فيومًا يا يومًا بعد يوم يا يومًا عن يومٍ: دن بدن، روز بروز، روزانہ، بعد اليوم آج کے بعد، آئندہ، آج سے۔ في يومٍ ولَيْلَةٍ: ایک سے دوسرے دن تک، رات کی رات، ایک رات پہلے۔ راتوں رات، رات بھر میں، اگلی رات میں۔ كُلَّ يوم روزانہ، ہر روز، مِن يومٍ اِلى يومٍ يا مِن يومٍ ليوم: ایک سے دوسرے دن تک روز بروز، روزانہ۔ مِن يومِهِ: اس وقت سے آئندہ، آج سے، اب سے، آج کے بعد۔ مِن ايام: چند روز قبل، گزشتہ چند روز۔ ذٰلِكَ بِايَّام: اس کے چند دن بعد يوم الاحد: اتوار۔ يومُ الاثنين: پیر۔ يومُ الثلاثاء منگل يومُ الاربعاء: بدھ يوم الخميس: جمعرات يوم الجمعه: جمعہ يوم السبت: ہفتہ۔ يومٌ أسْوَدُ: منحوس دن۔ يومُ الاشتغال: کام کا دن۔ يَوْمٌ أيْوَم: برا دن۔ يوم الدِّين: فیصلہ کا دن۔ یوم جزاء، يومُ راس السنة: نئے سال کا دن يومُ عُطْلَة: چھٹی کا دن۔ فارغ دن۔ ابنُ اليوم: آج کا آدمی، نیا آدمی، ابنُ يومِه: ایک دن کا، مختصر، عارضی، آنی جانی، دم بھر کا، یک روزہ، چند روزہ، سريع الزوال۔ ابنُ الأَيَّام: دنیادار، تجربہ کار، تصنع والا، على توالي الايام: وقت کے دوران وقت پر۔ يَوْمَئِذٍ: اس دن، اس وقت۔

يَوْمَذَاك: اس دن، تب: يَوْمِي: روز، ہر روز، روزانہ يومِيًا: روزانہ، ہر روز يوميات: ہر روز کے واقعات، وقائع، تاریخ، روزانہ خبریں، جريدة يومية: روزانہ اخبار۔ يَوْمِيَة: روزانہ دیہاڑی، ایک دن کی مزدوری، روزانہ راشن، ایک دن کا کام، روزانہ کام، ڈائری، جرنل، بہی، روزنامچہ، کیلنڈر (Calendar)۔ مُيَاوَمَةٌ: دن کے حساب سے کام، دن کی مزدوری۔ مياومةً: روزانہ، دن کے حساب سے، عامل معاومة: دیہاڑی کا مزدور۔

يون: اليونان: یونانی لوگ۔ (واحد یونانی جمع يُونَانِيُون) ملک یونان۔

○ يونس: حضرت یونس علیہ السلام۔

○ اليونسكو: هيئةُ اليونسكو: UNESCO اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی اور کلچرل تنظیم۔

يُونِيُو و يُونِيَة: جون (انگریزی مہینہ)

يوى: الياوي: یاء کا، یاء سے منسوب

يين: اليَيْنَمِيَّة: خود

ييى: يَيَّا تَيْيِيَةً الياءَ: حرف یاء لکھنا۔

عربوں کے ادبی جواہر پارے، جوان کی ضرب الامثال، محاورات اور حکیمانہ اقوال پر مشتمل ہیں

- **إبِلِی لَمۡ أَبِعۡ وَلَمۡ أَهَبۡ:** یہ میرے اونٹ ہیں، میں نے انہیں نہ تو کسی کے ہاتھ بیچا ہے اور نہ کسی کو ہبہ کئے ہیں۔ یہ ضرب المثل اس ظالم کے بارے میں ہے جو آپ سے ایسی چیز پر جھگڑا کرے جس پر اس کا کوئی حق نہ ہو۔

- **یا إبلی عُوۡدِی إلِی مَبَارِکِكِ:** میرے اونٹو! اپنی بیٹھنے کی جگہوں پر واپس آ جاؤ۔ یہ اس شخص سے کہا جاتا ہے جو کسی ایسی چیز سے گریز کرتا ہو جس میں اس کی بھلائی ہو اور اس کے لئے ناگزیر ہو۔

- **أَتَی عَلَیۡهِمۡ ذو أتی:** یہ بنوطی کا محاورہ ہے۔ ان کے ہاں ذو، الذی کے معنی میں مستعمل ہے۔ ضرب المثل کا معنی ہے: ان پر بھی وہی زمانہ اور موت کے حادثے آئے جو لوگوں پر آیا کرتے ہیں۔

- **أَتَاكَ رَیَّانَ بِلَبَنِهِ:** وہ دودھ تیرے پاس اس وقت لایا جب خوب سیر ہو کر پی چکا تھا۔ یہ ضرب المثل اس شخص کے متعلق ہے جو کوئی چیز سخاوت کی بنا پر نہ دے بلکہ ضرورت سے زیادہ ہونے پر کسی کو دے دے۔

- **أَتَتۡكَ بِخائِنٍ رَجلاهُ:** خائن کو خود اس کے پاؤں تمہارے پاس لے آئے۔ یہ ضرب المثال اس بارے میں ہے کہ برائی برائی کرنے والے پر لوٹتی ہے۔ أتتك بِحائِنٍ رَجلاه بھی کہا جاتا ہے۔ حائن اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کی موت کا وقت آ گیا ہو۔ اس کا مصداق وہ شخص ہے جس کا برا عمل ہی اس کے گلے کا پھندا بن جائے۔

- **أَتَتۡکُمۡ فالیةُ الأفاعِی۔ فالیة:** سیاہ وسفید دھبوں والے گبریلے جیسے کیڑے جو بچھوؤں اور سانپوں سے مانوس ہوتے ہیں۔ جب بل میں نظر آئیں تو پتہ چل جاتا ہے کہ ان کے پیچھے بچھو اور سانپ ہیں۔ یہ ضرب الشال برائی کی ابتداء کے متعلق ہے جس کے بعد بڑی برائی متوقع ہو۔ معنی ہے تمہارے پاس سانپوں کا پیش خیمہ آ گیا۔

- **یاتیكَ کلُّ غد بما فیه:** آنے والی ہر کل تیرے پاس وہ لائے گی جو اس میں ہوگا۔ یعنی ہونے والی بھلائی یا برائی ساتھ لائے گی۔

- **یأتیك بالأَخبار مَنۡ لَم تُزَوِّدِ:** تجھے وہ شخص خبریں لا کر دے گا جس کو تو نے سفر خرچ نہیں دیا۔ یہ ضرب المثل اس وقت بولی جاتی ہے جب کسی کو خبریں دریافت کرنے کی ضرورت نہ پڑے بلکہ خبریں خود بخود مل جائیں۔ یہ طرفہ کا قول ہے۔ پورا شعر یوں ہے:

ستبدی لك الأیّامُ ما کنت جاهِلاً
ویأتیك بالاخبار من لم تُزَوِّدِ

(زمانہ جن باتوں سے تو بے خبر ہے تجھے بتا دے گا۔ اور تیرے پاس خبریں بھی وہ شخص لائے گا جسے تو نے سفر خرچ نہیں دیا ہوگا۔

- **لا آتِیكَ حتی یؤُوبَ القارظَان:** میں قارظوں کے واپس آنے تک تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ قارض سَلَم نامی درخت کے پتے توڑنے والے کو کہا جاتا ہے۔ یہ یمن کی سوغات ہے۔ اور ان پتوں سے چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے کہتے ہیں یہ قبلہ عنزہ کے دو شخص یہ پتے توڑا کرتے تھے۔ ایک دفعہ یہ گئے تو واپس نہ آئے۔

- **لا آتیك سِنَّ الحِسۡلِ:** میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا کیونکہ حِسۡل (گوہ) کے دانت گرتے ہی نہیں۔

- **کُلُّ آتٍ قریب:** ہر آنے والا قریب ہے (جو آئے لحہ بلحہ قریب ہوتا جاتا ہے)۔

- **ذاكَ أَحَدُ الأَحَدَیۡن:** وہ بے نظیر ہے۔

- **أَخَذَه بِرُمَّتِهِ:** اس نے اس کو کلی طور پر لے لیا۔ رُمَّة: پرانی رسی کے ٹکڑے کو کہتے ہیں۔ اس مثل کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص نے کسی کو ایک اونٹ گلے میں رسی سمیت دیا تو ہر اس شخص کو جس نے کوئی چیز پوری پوری دی یا لی: دَفَعَهُ الیه برُمَّتِه واخذه منه بِرُمَّتِه کہا جانے لگا۔

- **قد یُؤخذ الجارُ بِذَنۡبِ الجار:** کبھی پڑوسی پڑوسی کے گناہ میں پکڑا جاتا ہے۔

- **خُذۡ من الرَّضۡفَةِ ماعلیها: رَضۡف** ان گرم پتھروں کو کہا جاتا ہے جن سے دودھ گرم کیا جاتا تھا اس کا واحد رَضۡفَة ہے۔ جب یہ پتھر دودھ میں ڈالا جائے تو کچھ دودھ اس کے ساتھ لگ جاتا ہے۔ یہ ضرب المثل کنجوس سے ملنے والی چیز کو غنیمت سمجھنے کے بارے میں ہے خواہ کتنی کم اور تھوڑی ہی کیوں نہ ہو۔ مثل کا معنی ہے: پتھر پر جو کچھ لگا ہو اس کو ہی لے لو۔ ہمارے ہاں محاورہ بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی، اس مفہوم کو ادا کرتا ہے۔

- **خُذِ الأَمرَ بِقَوَابِلِهِ:** معاملہ کو اس کے مقدمات سمیت لو۔ یعنی معاملہ کے پیش آنے سے پہلے ہی اس کے لئے تیار ہو جاؤ اور وقت نکل جانے سے پہلے اس کے لئے تدابیر اختیار کرو۔ بقوابله میں ب فی کے معنی میں ہے یعنی مراد ہے: فیما یستقبلك منه یعنی جو معاملہ آپ کو پیش آئے اس کے بارے میں۔

- **خُذۡ من الدهرِ ما صفا و من العیشِ ما کفَی:** زمانہ سے صاف صاف چیزیں لو اور اتنی روزی جو کافی ہو۔

- **خُذۡ ما طَفَّ لك:** جو چیز قریب ہو لے لو۔

- لاتؤخِرُ عملَ اليومِ لِغدٍ: آج کا کام کل پر نہ چھوڑو۔
- آخرُ الداء الكيّ: مرض کی انتہاء داغ دینا ہے یہ ضرب المثل مرض کے انتہائی حد تک پہنچنے سے متعلق ہے۔ اور مراد یہ ہے کہ مریض کا ہر قسم کی دواء سے علاج کیا جاتا ہے اور موافق نہ آئے تو آخری علاج کے طور پر داغ دیا جاتا ہے۔ تو پھر کوئی علاج باقی نہیں رہتا سوائے موت کے۔
- آخِ الأكفاءَ و داهن الاعداءَ: اپنے جیسوں کو دوست بناؤ اور دشمنوں کو فریب دو۔
- أخوك أم الذِئبُ؟: اس کا معنی ہے کیا تمہارا بھائی وہ ہے جو تمہاری ہمدردی کے لئے آئے یا بھیڑیا جو تمہیں ایذا دینے کے لئے آئے۔ نیز أصاحبٌ أنت فاركن اليك ام عدو فاحذر منك: آیا تو دوست ہے کہ تیری طرف مائل ہوں یا دشمن کہ تجھ سے بچوں۔ مثل کا مفہوم ہے: کیا آنے والا تمہارا بھائی ہے یا بھیڑیا؟
- أخوكَ مَن صَدَقَكَ: تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے سچ بولے یعنی بے لوث محبت اور نصیحت کرے۔
- أخُوكَ مَنْ وَاسَاك بنَشَب لامَنْ واساكَ بِنَسَبٍ: تیرا بھائی وہ ہے جو مال سے تیری مدد کرے نہ کہ وہ جو محض قرابت جتائے۔
- إنَّ أخا الهيجاءِ مَنْ يسعى معك: جنگجو وہ ہے جو تمہارے ساتھ کام کرے۔
- إنَّ أخاكَ مَنْ آسَاكَ: تیرا بھائی وہ ہے جو تیری اعانت کرے۔ آسيتُ فلانا بمالي او غيره آپ اس وقت کہتے ہیں جب آپ نے اسے مال وغیرہ میں اپنا نمونہ بنایا ہو اور اسے اپنے برابر کرلیا ہو۔ اس مثل کا معنی یہ ہے: تیرا بھائی حقیقت میں وہ ہے جو تجھے آگے کرے اور اپنے آپ پر تجھے ترجیح دے۔ یہ مثل بھائیوں کا پاس ولحاظ کرنے پر اکسانے کے لئے ہے۔
- لِأخِيكَ عَلَيْكَ مِثلُ الَّذِى لَكَ عَلَيْه: تیرے بھائی کا تجھ پر اتنا ہی حق ہے جو تیرا اس پر ہے۔
- رُبَّ أخٍ لم تَلِدْهُ وَالِدَة: بہت سے بھائی ایسے ہوتے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے۔ مراد سچا دوست وہ ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ شفیق ہوتا ہے۔
- أدَبُ المرءِ خيرٌ مِن ذَهَبِهِ: آدمی کا ادب اس کے سونے سے بہتر ہے۔
- الأدَبُ مالٌ وإستِعمَالُهُ كَمَال: ادب ایک دولت ہے اور اس کا استعمال کمال ہے۔
- نِعْمَ المؤدِّبُ الدهرُ: زمانہ اچھا ادب سکھانے والا ہے۔
- مَأرُبةٌ لاحفاوَة: وہ تیرا اکرام واحترام اپنی کسی غرض کے لئے کرتا ہے تیرے ساتھ محبت کی وجہ سے نہیں۔
- الأرضُ الواطِئةُ تشربُ ماءَها وماءَ غيرِها: پامال اور نرم زمین اپنا پانی بھی پیتی ہے اور دوسرے کا بھی۔
- بالارضِ وَلَدَتكَ امُّك: تیری ماں نے تجھے زمین پر ہی جنا تھا۔ (غرور اور تکبر سے روکنے اور اعتدال کی راہ اختیار کرنے کی ترغیب کے لئے کہا جاتا ہے۔)
- لِلأرضِ مِن كأسِ الكرام نصيبُ: سخی لوگوں کے پیالے میں زمین کا حصہ ہے۔
- وفي الأرض للحرّ الكريم مَنَادحُ: زمین میں آزاد اور شریف آدمی کے لئے بہت گنجائش اور روزگار کے بڑے مواقع ہیں۔
- لااصلَ له ولافَصْل: اصل حسب ونسب اور فصل زبان اور گفتگو کو کہا جاتا ہے۔ مفہوم ہے: وہ نہ تو خاندانی شرافت رکھتا ہے اور نہ ہی حسن گفتار والا ہے۔
- الاصيلُ يجودُ: جو شریف خاندان سے ہو اپنا مال خرچ کرتا اور جان تک دے دیتا ہے۔ یہ عبداللہ بن الزبیرؓ کا قول ہے۔
- الاصيلُ يعملُ بِأصلِهِ: شریف شخص اپنی شرافت کے مطابق عمل کرتا ہے۔
- آفةُ العِلم النِسْيانُ: بھولنا علم کی مصیبت ہے۔
- أكَلَ عَلَيْهِ الدهرُ وَشَرِبَ: ایک زمانہ نے اس پر کھایا اور پیا ہے۔ لمبی عمر پانے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ اس نے زمانہ دراز تک کھایا اور پیا ہے۔
- أكَلتُمْ تَمْرِيْ وَعَصَيْتُمْ أمْرِي: تم نے میری کھجوریں کھا کر میری نافرمانی کی۔ یعنی تم نمک حرام ہو۔
- آكُلُ لَحْمِي ولاا أدعه لآكِل: میں اپنا گوشت کھاؤں گا اسے کسی دوسرے کے لئے نہیں چھوڑوں گا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خود کو اور رشتہ داروں کو خود ہی تکلیف دے کسی غیر کو ایسا نہ کرنے دے، اس سے یہ بھی مراد ہے کہ اجنبی کے مقابلہ میں رشتہ داروں کی مدد کرنی چاہئے خواہ رشتہ داروں اور تمہارے درمیان دشمنی ہی کیوں نہ ہو۔
- يَاكُلُ التمْرَ وأُرْجَمُ بِالنَوَى: کھجوریں وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں۔ یہ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو خود تو نفع اٹھائے اور پریشانیاں دوسروں کے لئے چھوڑ دے۔
- يَأكُلُنِى سبعٌ ولا يَاكُلُنِى كلبٌ: مجھے ایک درندہ کھا رہا ہے، کتا نہیں۔
- ياكله بِضِرسٍ وَيَطَأُه بِظِلْف: وہ ڈاڑھ سے اسے کھاتا اور سم سے کچلتا ہے۔ احسان فراموش کے لئے بولا جاتا ہے۔
- ياكُلُ بِالضِرسِ الذى لم يُخلَق: وہ اس ڈاڑھ سے کھاتا ہے جو پیدا ہی نہیں ہوئی۔ یہ ضرب المثل اس شخص کے بارے میں ہے جو بغیر احسان کے تعریف کروانا چاہے۔
- غيري ياكلُ الدَّجاجَ وانا أَقع فى السياج: دوسرے لوگ مرغیاں کھائیں اور میں جھاڑی میں پڑوں۔
- أكلٌ وَحَمْدٌ خير من أكلٍ وصمت: کھانا اور تعریف کرنا

کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے۔ احسان کرنے والے کی تعریف کرنے پر اکسانے کے لئے کہا جاتا ہے۔

❁ **أَكْلاً وذَمًّا:** کھانا بھی اور مذمت بھی کرنا۔ اس شخص کے متعلق ہے جو کسی چیز سے فائدہ اٹھا کر اس کی مذمت کرے اور وہ چیز قابل مذمت بھی نہ ہو۔

❁ **رُبَّ أَكَلَةٍ تمنعُ أَكَلاتٍ:** کبھی ایک لقمہ بہت سے لقموں کو روک دیتا ہے۔ کیونکہ ایک لقمہ بیمار کر دے تو انسان دوسرے لقموں سے بچتا ہے۔ پرہیز پر آمادہ کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔

❁ **آكَلُ من حوت:** مچھلی سے بھی زیادہ کھانے والا۔

❁ **آكَلُ من الرَّحى:** چکی سے بھی زیادہ کھانے والا۔

❁ **آكَلُ من السوس:** گھن سے بھی زیادہ کھانے والا۔

❁ **آكَلُ من ضرسٍ:** ڈاڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

❁ **آكَل من النار:** آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

❁ **حتى يُؤَلَّفُ بيْنَ الضبّ والنون:** یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی جمع ہو جائیں۔ نون مچھلی کے معنی میں ہے۔ یہ دونوں کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حَتّٰى يَرِدَ الضبُّ یہاں تک کہ گوہ پانی تک پہنچے۔

❁ **آلَفُ مِن حمامِ مكّة:** مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مانوس، (کیونکہ وہاں کبوتروں کو نہ تو کوئی چھیڑتا ہے نہ اس کا شکار کرتا ہے)

❁ **آلَفُ من الحُمّٰى:** بخار سے بھی زیادہ مانوس۔ (کیونکہ بخار طویل ہو جائے تو مریض پرہیز اور علاج کرتا ہے لیکن جب اسے گمان ہو جائے کہ بخار اتر گیا ہے تو وہ پھر اس کے پاس لوٹ آتا ہے)

❁ **آلَفُ مِن كَلْبٍ:** کتے سے زیادہ مانوس۔ (کیونکہ گھر والا جب سفر جانے لگے تو اس کے پیچھے نہ گھوڑا جاتا ہے۔ نہ خچر، نہ مرغ اور نہ کوئی انسانوں سے مل جل کر رہنے والی چیز، صرف کتا جاتا ہے، اس کی حفاظت کرتا ہے اور اپنے وطن اور جائے پیدائش کو نظر انداز کر دیتا ہے۔

❁ **اُمٌّ فَرَشَتْ فانامَتْ:** ماں جس نے بچھونا بچھایا اور سلا دیا۔ (اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے بھائی بندوں سے بہت حسن سلوک اور شفقت سے پیش آئے جیسے وہ ماں ہو کہ اسے نے اپنے بچے کے لئے بستر بچھایا اور وہ بچہ اس پر لیٹ کر سکون سے سو گیا۔

❁ **اُمُّ الاخرسِ تعرفُ بلغاتِ الخُرسان:** گونگے کی ماں گونگوں کی زبانیں بڑی اچھی طرح جانتی ہے۔

❁ **اُمٌّ سَقَتْكَ الغَيْلَ من غير حَبَلٍ:** وہ ایسی ماں ہے جس نے تجھے حاملہ ہونے تک دودھ پلایا تھا۔ (غیل وہ دودھ جو بچہ حاملہ ماں کا پیتا ہے، یہ دودھ بچہ کے لئے مضر ہوتا ہے۔ یہ مثل اس شخص کے لئے بولی جاتی ہے جو پہلے تو تجھے اپنا مقرب بنائے پھر پٹخ دے اور بغیر کسی قصور نکال دے۔

❁ **إلى اُمِّهِ يَلْهَفُ اللَّهْفانُ:** فریاد کرنے والا اپنے کے پاس ہی فریاد کرتا ہے۔ (یہ آدمی کی اپنے اہل اور بھائیوں سے مدد مانگنے کے [illegible] ہے۔ لفھان افسوس کرنے والے اور سخت رنجیدہ کو کہتے ہیں۔)

❁ **الامرُ يَعْرِضُ دُونَهُ الامرُ:** معاملہ سے پہلے معاملہ پیش آ جاتا ہے۔ (یہ قول مشکلات اور رکاوٹیں پیش آنے کے بارے میں ہے۔

❁ **أَمْرَ مُبْكِياتِكَ لا أَمْرَ مُضْحِكاتِكَ:** رلانے والی باتوں کا دھیان کرو، نہ کہ ہنسانے والی باتوں کا (اس شخص کی بات پر عمل کرو جو تمہاری برائیوں کے بدانجام سے ڈرائے تاکہ تم اس سے چوکنا رہ کر نجات پاؤ اور اس شخص کی بات پر عمل نہ کرو جو تمہیں مصیبت میں پھنسانے کے لئے خطرات سے بے خوف کر دے۔)

❁ **لِأَمْرٍ ما جَدَعَ قَصِيرٌ أَنْفَهُ:** کسی مقصد کے لئے ہی قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ (اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جس نے کوئی مطلب نکالنے کے لئے کوئی چال چلی ہو۔ یہ بات زباء نے اس وقت ہی جب اس نے دیکھا کہ قصیر کی ناک کٹی ہوئی ہے۔ زباء کا باپ ریان غسانی حضر کا بادشاہ تھا۔ جذیمہ ابرش نے اسے قتل کر دیا اور زباء کو شام کی طرف نکال دیا۔ زباء رومیوں سے جا ملی۔ اور انتہائی حوصلہ و ہمت سے کام لے کر مردوں کو اکٹھا کیا، دولت خرچ کی اور اپنے والد کے گھر اور مملکت میں واپس آ کر جذیمہ کو وہاں سے ہٹا کر قتل کر دیا۔ جذیمہ کا ایک وزیر قصیر نامی تھا جس نے زباء کو قتل کرنے کے لئے ایک حیلہ سے کام لیا۔ اس نے اپنی ناک کاٹی، اپنے جسم پر چوٹیں لگائیں اور دعویٰ کیا کہ جذیمہ کے بھانجے عمرو نے اس کی یہ درگت بنائی ہے، اور وہ فرار ہو کر اس کے پاس پناہ لینے آیا ہے اور اس کی پناہ حاصل کی۔ اور تجارت اور دولت کمانے کے ذریعے زباء کا اعتماد حاصل کیا اور اس کے محل کے خفیہ مقامات کا پتہ چلایا۔ پھر عمرو کے مسلح لوگوں کو بوریوں میں چھپا کر اور اونٹوں پر لاد کر تجارتی قافلہ کی صورت میں زباء کے شہر میں پہنچا۔ وہاں بوریاں کھول ڈالیں اور زباء کے محل کا محاصرہ کر کے اسے قتل کر دیا۔ اس طرح زباء کو قصیر کی چال معلوم ہوئی اور اس نے یہ بات کہی، جو ضرب المثل بن گئی۔

❁ **لِأَمْرٍ ما يَسُودُ من يَسُودُ:** جو سردار بنتا ہے کسی وجہ سے ہی بنتا ہے۔ (یعنی کوئی شخص استحقاق کی بناء پر قوم کا سردار بنا کرتا ہے۔)

❁ **لَيْسَ للأمُور بصاحب من لم ينظر في العواقب:** جو شخص انجام پر نظر نہ رکھے وہ معاملات پر کنٹرول کرنے کا اہل نہیں ہوتا۔

❁ **الاميرُ مَنْ لايعرف الاميرَ:** امیر وہ ہے جو کسی دوسرے امیر کو نہ جانے۔

❁ **باحبّذا الإمارة ولو على الحجارة:** حکومت بڑی اچھی چیز ہے چاہے پتھروں پر ہی ہو۔

❁ **تَأَمُّلُ العَيْبِ عَيْبٌ:** برائی ڈھونڈنا بھی برائی ہی ہے۔

❁ **مَنْ اَمِنَ الزمانَ خانَهُ:** جو بھی زمانہ سے محفوظ ہوا زمانہ نے اس سے خیانت کی۔

❁ **آمَنُ مِنْ حمامِ مَكّة:** مکہ کے کبوتروں سے زیادہ محفوظ و مامون [illegible]) امن کا مصدر امن ہے۔

- **آمَنُ من الأرض:** زمین سے زیادہ امین۔ آمن کا مصدر امانة ہے۔ زمین میں جو مختلف جنسوں کے دانے ڈالے جاتے ہیں وہ ادا کر دیتی ہے۔
- **المُؤمِنُ بِشرُہُ فی وجھہ و حزنُہُ فی قلبہ:** مومن کی خندہ پیشانی اس کے چہرہ پر ظاہر اور اس کا غم دل میں پوشیدہ ہوتا ہے۔
- **الإیناسُ قبلَ الإبساس:** مانوس کرنا دوہنے سے پہلے ہونا چاہئے (ایناس کسی کو مانوس بنانے کے معنی میں ہے۔ ابساس دوہتے وقت اونٹنی سے نرمی کے ساتھ پیش آنا کے معنی میں ہے۔ اس وقت اونٹنی کو بس بس کہا جاتا ہے اور اونٹنی کو بسوس کہا جاتا ہے۔ یہ مقولہ طلب کے وقت مدارات (نرمی) سے کام لینے کے متعلق ہے۔
- **لَیسَ عَلَی الإِنسانِ الآما مَلَكَ:** انسان کو صرف اس چیز پر اختیار ہے جو اس کی ملکیت ہو۔
- **الانسانُ عبدُ الإِحسان:** انسان احسان کا غلام ہے۔
- **الانسانُ إِبنُ یومِہٖ:** انسان اپنے دن کا بیٹا ہے۔
- **الانسانُ بالتفکیر واللّٰہُ بِالتدبیر:** انسان غور وفکر کرتا ہے اور خدا تعالیٰ تدبیر کرتا ہے۔
- **کُلُّ إِنسان وھَمُّہٗ:** ہر انسان کا اپنا غم ہے۔
- **انفٌ فی السماءِ واُستٌ فی الماء:** ناک آسمان میں اور چوتڑ پانی میں۔ (یہ کم کام کرنے اور بڑے بول بولنے والے کے لئے ہے۔ نیز کم رتبہ متکبر کے لئے بھی کہا جاتا ہے۔
- **انفُكَ مِنكَ وإِنْ کانَ اَذَنَّ:** تیری ناک تیری ہے چاہے اس سے ریزش بہتی ہو۔ (کہا جاتا ہے ذَنَّ الرجُلُ یَذِنُّ ذَنِیْنًا فھو اذن یہ مثل اس شخص کے بارے میں ہے جو اپنی قوم کے ضعفا سے بیزار ہو)
- **مِنكَ انفُكَ وإِن کان اَجْدَع:** تیری ناک تیری ہی ہے چاہے کٹی ہوئی ہو۔ (اس شخص کے بارے میں ہے جس کی بھلائی یا برائی سے مفر نہ ہو، اگرچہ وہ زیادہ قریب نہ ہو)
- **الأنام فرائِسُ الایّامِ:** لوگ زمانہ کا شکار ہیں۔ (زمانہ آخرکار سب کو ختم کر دیتا ہے)
- **مَنْ تَأنّی اَدْرَكَ ماتَمَنّی:** جس نے غور وفکر کیا بامراد ہوا۔
- **وکلُّ أناءٍ بالذی فیہ یرشح:** ہر برتن سے وہی کچھ ٹپکتا ہے جو اس میں ہو۔ (ینضع بھی بیان کیا جاتا ہے۔ بہرحال مفہوم یہی ہے)
- **عَلَی اَھلِھا تجنی بَرَاقِشُ:** براقش اپنے اہل پر ہی مصیبت لاتی ہے (براقش ایک عرب قبیلہ کی کتیا تھی۔ ایک دفعہ ان پر اچانک حملہ ہوا تو یہ لوگ بھاگ نکلے کتیا براقش ان کے ساتھ تھی۔ حملہ آوروں نے براقش کے بھونکنے سے تعاقب کیا۔ چنانچہ ان پر حملہ کر کے انہیں نیست ونابود کر دیا۔ یہ مثل اس شخص کے بارے میں ہے جو ایسا کام کرے جو اس کے اور اس کے اہل خانہ کے لئے مضر ہو۔
- **آفةُ المروءَة خُلفُ الوعد:** شرافت کی مصیبت وعدہ خلافی ہے۔
- **آفةُ الجود الإِسراف:** سخاوت کی مصیبت فضول خرچی ہے۔
- **آفةُ الحدیثِ الکَذِبُ:** گفتگو کی مصیبت جھوٹ ہے۔
- **آفةُ العلم النسیانُ:** علم کی مصیبت بھول ہے۔ (نسب کے عالم طبری کا قول ہے: علم کی مصیبت، قلت عطا، کمینگی اور سیر نہ ہونا ہے۔ چنانچہ علم کی آفت بھول، عطا کی قلت اس پر جھوٹ، کمینگی اس کی نااہل لوگوں میں اشاعت، عدم سیری اس سے سیر نہ ہونا ہے۔
- **اوّلُ الغضبِ جنونٌ وآخِرُہُ ندم:** غصہ کی ابتداء جنون اور انتہا ندامت ہے۔
- **اوّل الغیث قطُر:** بارش کی ابتداء بوند ہے۔
- **اوّل الشجرة النواة:** درخت کی ابتداء گٹھلی ہے۔ یہ مثال ایسی چھوٹے کام کے لئے ہے جس سے بڑا نتیجہ نکلے۔
- **لَستَ بِاَوّلِ مَنْ غَرَّہُ السَرَابُ:** تو اکیلا وہ پہلا شخص نہیں ہے، جس کو سراب نے دھوکا دیا۔ (اس مثل کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص نے سراب دیکھ کر اسے پانی سمجھا، لہٰذا پانی ساتھ نہ لیا۔ جس کی وجہ سے وہ ہلاک ہو گیا۔ اور یہ مثل بنی۔
- **ایوان کِسری:** یہ محل اپنی انتہائی مضبوط، محفوظ، بلند اور عجیب الصفات عمارت کے لئے ضرب المثل تھا۔ دنیا کی عجیب عمارات میں شمار ہوتا تھا۔ اور بادشاہوں کی بہترین یادگاروں میں سے ایک، جسے مدائن میں بغداد سے ایک منزل کے فاصلہ پر کسری پرویز نے کوئی بیس سال سے زائد مدت میں تعمیر کروایا تھا۔

ب

- **البئرُ اَبقی من الرِشاء:** کنواں ڈول کی رسی سے زیادہ پائیدار ہے۔ (الرشا ڈول کی رسی کو کہا جاتا ہے)
- **کَالبَاحِثِ عَنْ حَتفِہٖ بِظِلفِہٖ:** اپنے کھر سے اپنی موت کا سامان کرنے والے کی طرح (جیسے ہمارے ہاں کہا جاتا ہے "اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا)
- **کَالبَاحِثِ عَنِ المُدیَة:** چھری تلاش کرنے والے کی طرح (کہا جاتا ہے کہ ایک شخص کو ایک شکار ملا۔ اس کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں تھی جس سے وہ شکار کو ذبح کرتا۔ شکار نے اپنے کھروں سے زمین کھودی تو ایک دبی ہوئی چھری نکلی۔ شکاری نے وہ چھری لے کر شکار کو ذبح کر دیا۔ یہ ضرب المثل ایسی چیز کے متعلق ہے جو تلاش کرنے والے کے لئے موجب ہلاکت ہو۔
- **اَبخَرُ من اسَدٍ:** شیر سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔
- **ابخر من صقر:** شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔
- **ابخر من فَھَد:** چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔
- **ابخلُ من مادِرٍ:** مادر سے زیادہ بخیل۔ مادر بنی ہلال سے تعلق رکھتا تھا۔ اس کی کنجوسی کا یہ عالم تھا کہ اس نے اپنے اونٹوں کو پانی پلایا، جس سے حوض کے نیچے بہت تھوڑا پانی بچا۔ اس نے وہاں پاخانہ کیا اور اس

سے حوض کو لیپ ڈالا تا کہ اس کے بعد کوئی اس سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔ اسی وجہ سے اس کا نام مادر (لیپنے والا) پڑ گیا۔

- **هـذه بتـلك و البادِئُ أظلم:** یہ اس کا بدلہ ہے اور ابتداء کرنے والا ظالم تر ہے۔ (بدی کرنے والے کو اس کی سزا دی جاتی ہے۔ اس کی ابتداء کرنے والا زیادہ ظالم بھی کہلاتا ہے۔
- **أَبْـدَى الصريحُ عَنِ الرَّغْوَة:** صاف اور خالص حصہ جھاگ سے جدا ہو گیا۔ (ایسے معاملہ کے بارے میں کہا جاتا ہے جو پوشیدہ رہنے کے بعد سامنے آئے)
- **كُلُّ مَبْذُول مَمْلُول:** جب انسان کو کسی چیز سے روکا جائے تو وہ اس کا اور خواہاں ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اس کا الٹ۔
- **بـالْبِـرّ يُسْتَعْبَدُ الحُـرُّ:** احسان سے شریف انسان کو غلام بنایا جا سکتا ہے۔
- **بَرِئَتْ قَائِبَةٌ من قُوب:** قائبۃ کا معنی انڈہ ہے اور قوب کا معنی چوزہ ہے۔ اس کہاوت کا مفہوم یہ ہے: انڈہ چوزے سے بے تعلق ہو گیا۔ یعنی چوزہ کے انڈہ سے جدا ہونے کے بعد میں اور انڈہ چوزے کے کاموں کے ذمہ دار نہیں رہے۔
- **بَرْدُ غَدَاةٍ غرَّ عبدًا من ظَما:** صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے بارے میں فریب دیا۔ (معاملات میں ترک احتیاط کے لئے ضرب المثل ہے۔ اس کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص ٹھنڈی صبح میں جانور لے کر جنگل میں گیا اور پانی ساتھ نہ لیا اور پیاس سے ہلاک ہو گیا۔
- **أَبْـرَدُ مِن غِبِّ المطر:** بارش کے اگلے دن سے بھی زیادہ سرد۔ (یہ ابرد من غب یوم المطر ہے)
- **أبْرَدُ مِن عَضْرَس:** برف سے زیادہ سرد۔ (عضرس اولے اور برف کو کہتے ہیں)
- **أبْـرَدُ مـن فَـلْحَـس:** فلحس سے زیادہ حق جتانے والا۔ (فلحس بنی شیبان کا ایک سردار تھا جو گھر بیٹھے لشکر کے لائے ہوئے مال غنیمت میں حصہ طلب کرتا، یہ حصہ دیا جاتا تو اپنی بیوی کا حصہ مانگتا، جب بیوی کا حصہ بھی دیا جاتا تو اپنے اونٹ کا بھی حصہ طلب کرتا، اس سے یہ ضرب المثل چل پڑی)
- **بَرْضٌ من عِدّ:** بڑے ذخیرہ میں سے تھوڑا سا۔ (برض تھوڑی چیز کو کہا جاتا ہے۔ جیسے ماء برض تھوڑا پانی۔ عدوہ پانی کہلاتا ہے جو ہمیشہ جاری رہے۔ ڈھیری میں سے مٹھی بھر دینے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔
- **إنّـمـا هـو كَبَرْقِ الخُلَّب:** وہ تو دھوکا دینے والی بجلی کی طرح ہے۔ (بـرق خُـلَّـبٌ وبرقُ خُلَّبِ اس بجلی کو کہتے ہیں جو چمکے مگر بارش نہ ہو یوں گویا بجلی دھوکے باز ہوئی۔ خلب اس بادل کو بھی کہتے ہیں جو برسے نہ۔ یوں بـرق الـخـلـب۔ بـرق السحاب الخلب کے معنی میں ہے۔ اس کے لئے بولا جاتا ہے جو وعدہ کرے مگر وعدہ خلافی کرے اور وفا نہ کرے)
- **عَسَى البارقةُ لا تُخلِف:** امید ہے کہ بجلی والا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔ (امید کو نیکی سے وابستہ کرنے والے کے بارے میں بولا جاتا ہے)۔
- **ما كُلُّ بارقة تجود بماء ها:** ہر بجلی والا بادل پانی نہیں برساتا۔
- **الَّـذِی لایُبْـصـر من الغِربال يكون أَعْمَىٰ:** جو شخص چھلنی سے بھی نہ دیکھ سکے اندھا ہوتا ہے۔
- **أَبْـصِـر وَسْمَ قِدْحِكَ:** اپنے تیر کی علامت دیکھ لو۔ قدح وہ تیر جس سے جوئے کی رقم تقسیم کی جاتی ہے۔ **وسمُ القدُح:** تیر پر بنائی جانی والی علامت۔ کہا گیا ہے کہ دیکھو تا کہ تمہیں معلوم ہو کہ تمہیں کیا دینا یا لینا ہوگا۔
- **أَبْصَرُ مِن عُقاب:** عقاب سے بھی زیادہ تیز نگاہ۔
- **أَبْصَرُ مِن نِسر:** گدھ سے بھی زیدہ تیز نظر۔
- **أَبْصَرُ من الوَاطْوَاط فی اللیل:** رات کو چمگادر سے بھی تیز نظر۔
- **أَبْـصَـرُ مِـنْ زَرْقـاء الیـمـامة:** یمامہ کی زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر (زرقاء جدیس قبیلہ کی ایک عورت کا نام ہے۔ وہ اتنی تیز نگاہ تھی کہ تین منزل کے فاصلہ سے دیکھ لیتی تھی۔
- **لایَبِـضُّ حَـجَـرُهُ:** بض الحجر کا معنی ہے پتھر سے عرق جیسی نمی کا بہنا۔ کنجوس کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس سے خیر کی توقع نہیں ہوتی۔ (ہمارے ہاں کہا جاتا ہے: ''پتھر میں جونک نہیں لگتی'' یا ان تلوں میں تیل نہیں)
- **أبْـطَـأُ مِـن غُـراب نُـوح:** نوحؑ کے کوے سے بھی زیادہ دیر لگانے والا۔ (غراب نوح سے مراد وہ کوا ہے جسے نوحؑ نے اس لئے بھیجا تھا کہ دیکھے آیا پانی زمین سے ختم ہو گیا ہے یا نہیں اور اس کی خبر دے مگر وہ واپس ہی نہیں آیا)
- **أَبْـطَـشُ مِن دَوْسَر:** دَوْسَر سے زیادہ سخت گیر۔ (دوسر عرب بادشاہ نعمان بن منذر کا ایک فوجی دستہ، جو دیگر تمام دستوں سے درشت اور گرفت کی سختی میں بڑھ کر تھا۔ دسر سے مشتق ہے جس کا معنی نیزہ مارنا ہے)
- **بَطْنِی عَطِّرِی وسَائِرِی ذَرِی:** میرے پیٹ پر عطر ملو۔ بدن کا باقی حصہ چھوڑ دو۔ (یہ بات ایک بھوکے شخص نے کہی تھی جو ایک قوم کا مہمان ہوا۔ انہوں نے لونڈی سے اسے عطر ملنے کو کہا۔ ایسے شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو اہم چیز کی دیکھ بھال کو نظر انداز کرے۔
- **البِطْنَةُ تَـافِنُ الـفِطْنَة:** زیادہ کھانا ذہانت کو ختم کر دیتا ہے۔ (افن الفصیل، کا معنی ہے اونٹنی کے بچے کا اپنی ماں کے تھن کا سارا دودھ پی لینا۔ یہ مثل اس شخص کے بارے میں ہے جو مال دار ہو اور اس کی دولت سے اس کی عقل خراب ہو جائے۔)
- **مَـا أَبْـعَدَ مَافَاتَ ومَا أَقْرَبَ مَايَاتِی:** جو نکل گیا وہ بہت دور ہو گیا اور جو آنے والا ہے وہ بہت قریب ہو گیا۔
- **أَبْعَدُ مِن النجم:** ستارے سے بھی زیادہ دور۔ یہاں نجم سے مراد

ثریا ہے جو ستاروں کے ایک جھمکے کا نام ہے)

- **اَبْعَدُ مِن بیضِ الأنوق:** عقاب کے انڈوں سے بھی زیادہ دور (انوق کا معنی عقاب ہے جس کا گھونسلہ سب پرندوں کی نسبت دور ترین ہوتا ہے۔ یہ مثل چیز کی دوری اور نا قابل حصول ہونے کے بارے میں ہے)
- **اَبْعَدُ من مناطِ الثریّاء:** ثریا کے لٹکن سے زیادہ دور (مناط کا معنی وہ چیز ہے جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے یا کسی دوسری چیز کو اس سے باندھا جائے)
- **اَبْعَدُ مِنْ مناطِ العَیُّوق:** عیوق کے لٹکن سے بھی زیادہ دور۔ (عَیّوق: ثریا کے ساتھ طلوع ہونے والا ستارہ)
- **البُعْدُ جفاء:** دوری ستم ہے۔
- **رُبَّ بَعیدٍ انفعُ من قریب:** بہت سے دور والے پاس والوں سے زیادہ فائدہ مند ہوتے ہیں۔
- **اِنَّ البُغَاثَ بِاَرضِنا یَسْتَنْسِر:** ہماری زمین میں بغاث بھی کرگس ہو جاتا ہے۔ (بغاث ایک کمزور پرندہ ہے۔ استنسر کا معنی طاقت میں کرگس جیسا ہو جانا ہے۔ ایسے معزز شخص کے لئے کہا جاتا ہے، جس کے پاس ذلیل معزز یا کمزور طاقت ور ہو جائے۔
- **اِنْ یَبْغِ عَلَیكَ قومُكَ لا یَبْغِ علیكَ القمرُ:** اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرے تو چاند ایسا نہیں کرے گا۔ (جاہلیت میں کچھ لوگوں نے چودھویں رات کو سورج اور قمر پر شرط لگائی۔ کچھ نے کہا کہ سوج طلوع ہوگا تو چاند بھی نظر آ رہا ہوگا۔ دوسروں نے کہا نہیں بلکہ چاند سورج نکلنے سے پہلے غروب ہو جائے گا۔ اس سلسلہ میں انہوں نے ایک شخص کو ثالث بنایا۔ ان میں سے ایک شخص نے کہا میری قوم مجھ پر ظلم کرتی ہے۔ تو ثالث نے یہ بات کہی جو ضرب المثل بن گئی۔ بغی ظلم کو کہتے ہیں۔ اس مثل میں کہا گیا ہے کہ اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرے تو چاند تجھ پر ظلم نہیں کرے گا۔ لہٰذا صبح کا انتظار کر لے معاملہ اور حق واضح ہو جائے گا۔ یہ ضرب المثل مشہور بات کے لئے ہے)
- **مِن اِبْتِغَاءِ الخیرِ اِتِّقَاءُ الشرّ:** برائی سے بچنا در اصل بھلائی تلاش کرنا ہے۔
- **علی الباغی تَدُورُ الدوائرُ:** ظالم کے سر پر ہی مصیبتیں گھومتی ہیں۔
- **کَمُبْتَغِی الصیدِ فی عِرِّیسةِ الأسَد:** شیر کی کچھار میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح (اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو غیر محل میں اپنی ضرورت طلب کرے یا جہاں وہ مغلوب ہو جائے یا جو محال چیز طلب کرے۔
- **بَقْبَقَةٌ فِي زَقْزَقَة:** ہنسی میں شور اور بک بک۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو شیخی بگھارے یا بے پر کی اڑائے۔
- **بَقْلُ شَهْرٍ وشوكُ دَهْر:** ساگ مہینہ بھر کا کانٹا ہمیشہ کا۔ (اس شخص کے لئے جو کم خیر اور بہت شر والا ہو کہا جاتا ہے۔
- **ما اِسْتَبْقَاكَ مَنْ عَرَّضَكَ للأسد:** جس نے تجھے شیر کے آگے ڈالا اس نے تجھے زندہ نہ رہنے دیا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو تجھے ایسی بات پر اکسائے جس کا انجام ناپسندیدہ ہو)
- **لایَبْقَی شیٌ عَلَی حالِهِ:** کوئی چیز اپنی حالت پر برقرار نہیں رہتی۔
- **بَقِّ نَعْلَیكَ وابْذُلْ قَدَمَیكَ:** اپنے جوتے کو باقی رکھو اور پاؤں کام میں لاؤ۔ (یعنی جان لڑا دے اور مال بچا تا کہ معاملات خراب نہ ہوں)
- **اَبْقَی مِن وَحْیٍ فی حَجَرٍ:** پتھر پر لکھی ہوئی حکمت سے بھی زیادہ پائیدار (یعنی عرب حکمت کی باتیں پتھروں پر لکھا کرتے تھے تا کہ پائیدار رہیں۔ لوگ کہتے ہیں العلم فی الصغر کالنقش فی الحجر: بچپن میں حاصل کیا ہوا علم پتھر کی لکیر کی طرح ہے)
- **اَبْقَی من العَصْرَیْن:** صبح و شام سے بھی زیادہ پائیدار (عصرین صبح و شام کو کہتے ہیں)
- **اَبْقَی من النَسْرَین:** نسرین سے زیادہ پائیدار۔ (نسرین دو ستارے ہیں جن میں سے ایک النسر الطائر اور دوسرے کو النسر الواقع کہا جاتا ہے۔
- **اَبْقَی من الدھر:** زمانہ سے زیادہ دیر تک باقی رہنے والا۔
- **اَبْقَی مِن حَجَر:** پتھر سے زیادہ دیر تک باقی رہنے والا۔
- **باكِرْ تَسْعَدْ:** صبح اٹھا کر نیک بخت بن جائے گا۔
- **اَبْكَرُ من غراب:** کوے سے بھی زیادہ سویرے اٹھنے والا۔ (کوا سب پرندوں سے پہلے اٹھتا ہے)
- **ماتَبُلُّ إحدی یدیه الأخری:** اس کا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو تر نہیں کرتا۔ (بخیل شخص کے بارے میں ہے)
- **بَلَغَ مِنهُ المُخَنَّق:** وہ انتہائی مشقت میں پھنس گیا (مخنق بمعنی حلق ہے۔ اگر پانی ڈوبنے والے کے حلق سے تجاوز کر جائے تو موت واقع ہو جاتی ہے)
- **بَلَغَ الحِزامُ الطُبْیَیْن:** تنگ پستان تک پہنچ گیا۔ (طبی اطباء کا واحد ہے بمعنی تھن کا سرا۔ اس معاملہ کے لئے یہ ضرب المثل ہے جو انتہائی شدید اور مشکل ہو)
- **بَلَغَ السیلُ الزُبَی:** سیلاب ٹیلے تک پہنچ گیا۔ (زبی زبیة کی جمع ہے زبیة کا معنی ٹیلہ ہے۔ وہاں تک پانی نہیں پہنچ پاتا اگر سیلاب ٹیلہ تک پہنچ جائے تو وہ سب کچھ بہا لے جاتا ہے۔ یہ مثل اس چیز کے بارے میں ہے جو حد سے متجاوز ہو جائے اور جب معاملہ سنگین صورت اختیار کر لے)
- **بَلَغَ السِکّینُ العظمَ:** چھری ہڈی تک پہنچ گئی۔ یہ بلغ السیل الزبی کے مفہوم میں ہے)
- **بَلَغَتِ الدماء الثُنَنَ:** خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا (ثُنَن ثُنَّة کی جمع ہے جس کا معنی جانور کے ٹخنے کے پچھلے حصہ کے بال ہیں۔ یہ برائی کی سنگینی کے وقت کہا جاتا ہے، جیسے ایسے موقع پر بلغ السیل

الزُبٰی کہا جاتا ہے۔

❁ **لَو بلغَ الرزقُ فاہ لَو لاّہُ قفَاہُ:** اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ جائے تو بھی وہ اس کی طرف پیٹھ کر لے گا۔ (محروم کے لئے بولا جاتا ہے)

❁ **ما عَسٰی ان یَبْلُغَ عَضُّ النَمْل:** امید نہیں کہ چیونٹی کا کاٹا اپنی جگہ پہنچے۔ (اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جس کی دھمکیوں کی کوئی پروا نہ کرے)

❁ **اَبْلَغُ مِن قُسّ:** قُسّ سے زیادہ بلیغ (مراد قس بن ساعدہ سے ہے جو فصاحت وخطابت میں ضرب المثل تھا اور عرب کے داناؤں میں شمار کیا جاتا تھا۔ اسی نے سب سے پہلے اما بعد کہا، اور وہی سب سے پہلا شخص ہے جس نے کہا: **البیّنَۃ علی مَنْ اِدَّعَی والیمینُ علی مَنْ انکَرَ** مدعی کے ذمے دلیل وحجت اور جو الزام سے انکار کرے اس کے ذمے قسم ہے)

❁ **ابلہ مِن الحُبارٰی:** حُبارٰی سے زیادہ بےوقوف (حباری ایک پرندہ ہے اور بےوقوفی اور کم سمجھی میں ضرب المثل ہے۔ اس کی مادہ جب اپنے انڈے چھوڑ کر جاتی ہے تو انہیں بھول جاتی ہے اور دوسروں کے انڈے سینے لگ جاتی ہے)

❁ **اِنَّ البَلاءَ مُوَکَّلٌ بالمَنْطِق:** ہر بلا الفاظ کے صحیح استعمال کے لئے جوابدہ ہے۔

❁ **البلایا علی الحَوَایا:** حوایا حَوِیّۃ کی جمع ہے اور حویۃ اونٹ کی کوہان کے گرد رکھے جانے والے اس نمدہ کو کہا جاتا ہے جس میں بھوسا بھرا ہوا ہو۔ اس مثل کا معنی یہ ہے کہ مصائب جن لوگوں پر آنے ہوں آکر رہتے ہیں کوئی ان سے بچ نہیں سکتا۔ مقدر کا لکھا پورا ہوتا ہے۔ نیز اس شخص کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے جو خود مصیبت مول لے۔

❁ **بَنَانُ کَفٍّ لیس فیہا ساعدٌ:** ایسی ہتھیلی کی انگلیاں جن کا بازو نہیں۔ یہ اس شخص کے لئے ہے جو ہمت تو رکھتا ہو مگر دل کی مراد حاصل کرنے کی طاقت سے محروم ہو۔

❁ **انا ابنُ جلا:** میں جلا کا بیٹا ہوں (یہ مشہور ومعروف شخص کے لئے کہا جاتا ہے۔ یہ ایک شاعر کے قول کا ٹکڑا ہے، جو یہ ہے۔

انا ابنُ جلا و طلاّعِ الثنایا
متی أضعُ العمامۃَ تعرفونی

(میں جلا کا بیٹا ہوں اور گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا ہوں۔ جب میں عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لوگے) ابن جلا دراصل **انا ابن الذی یقال لہ جلا الامورَ و کشفَہا** (میں اس کا بیٹا ہوں جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے امور کو واضح اور آشکارا کیا)

❁ **رُبَّ ابنِ عَمّ لَیْسَ بابنِ عمّ:** بہت سے چچازاد ایسے ہوتے ہیں کہ وہ چچازاد نہیں ہوتے۔ (جو چچازاد نہ تمہاری مدد کرے اور نہ کوئی فائدہ پہنچائے وہ گویا تمہارا چچازاد نہیں ہے)۔

❁ **بِنتُ صفًا تقولُ مَن سَمَاعٍ:** بنت صفا وہی کہتی ہے جو سنتی ہے۔

(بنت الصفا ایسا ہی کلمہ ہے جیسے بنت الجبل جس کا معنی صدائے بازگشت ہے۔ صدائے بازگشت وہ آواز ہے جسے پہاڑ وغیرہ آواز دینے والے کی طرف لوٹا دے۔ اس کو مونث صیحۃ کے معنی پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ضرب المثل اس شخص کے بارے میں ہے جسے اگر کسی اچھے یا برے کام کی طرف مدعو کیا جائے تو وہ اس پر عمل کرے، جیسے پہاڑ کی گونج ہر آواز کا جواب دیتی ہے۔ یہ مثل اس شخص کے بارے میں بھی ہے جو ہر بولنے والے کے ساتھ بات کرے اور ہر سوال کرنے والے کو جواب دے۔

❁ **یَبْنِی قَصْرًا و یہدِمُ مِصرًا:** وہ محل تعمیر کرتا ہے اور شہر گراتا ہے۔ اس شخص کے متعلق بولا جاتا ہے جس کی شر اس کے خیر سے زیادہ ہو۔

❁ **اَبْہَی من القَمَرَین:** آفتاب اور ماہتاب سے بھی زیادہ درخشاں (ہمارے ہاں چندے آفتاب چندے ماہتاب)

❁ **بَالَ حِمَارٌ فاستبالَ اَحْمِرَۃ:** ایک گدھے نے پیشاب کر کے بہت سے گدھوں سے پیشاب کرایا۔ (احمرۃ حمار کی جمع ہے۔ اس قوم کے متعلق کہا جاتا ہے جو ایک شخص کے برے کام کی تقلید کرنے لگے)۔

❁ **بَالَتْ بینہم الثعالبُ:** ان کے درمیان لومڑیوں نے پیشاب کر دیا۔ (ایسی قوم کے بارے میں ہے جن کے درمیان فساد پڑ جائے۔

❁ **لو کان فی البومۃ خیرٌ ما ترکہا الصیّادُ:** اگر کسی الو میں کوئی بھلائی ہوتی تو اسے شکاری کبھی نہ چھوڑتا۔

❁ **بیتی یبخلُ لا انا:** میرا گھر بخل کرتا ہے میں نہیں۔ یہ بات ایک عورت نے کہی جس سے ایک چیز مانگی گئی تھی جو اس کے پاس نہیں تھی۔ تو اسے کہا گیا کہ اس نے بخل سے کام لیا تو اس نے مندرجہ بالا مثل کہی جس کا معنی یہ ہے کہ بخل میرے مزاج میں نہیں لیکن گھر میں دینے کو کوئی چیز نہیں۔

❁ **اَبَادَ اللّٰہُ خضراءَ ہم:** اللہ کرے ان کی آسودگی اور خوش حالی جاتی رہے۔ (بددعا ہے)

❁ **کانت بیضۃُ الدیك:** مرغ کا انڈا تھا۔ (یہ مثل اس چیز کے لئے بولی جاتی ہے جو صرف ایک دفعہ ہو۔ کیونکہ عربوں کے نزدیک مرغ بھی ایک بار انڈا دیتا ہے)

❁ **بَیْضَۃُ الیوم خیرٌ مِنْ دُجاجۃِ الغد:** آج کا انڈا کل کی مرغی سے بہتر ہے۔ (نو نقد نہ تیرا ادھار)

❁ **بیضۃُ البَلَد:** (دیکھیں اذل مادہ "ذ" میں۔ مراد وہ ریتلی جگہ جہاں شتر مرغ انڈے دیتے ہیں۔ یعنی کوئی اس کا پرسان حال نہیں)

❁ **دُونَہ بَیْضُ الأنُوق:** اس سے ورے عقاب کا انڈا ہے۔ (عقاب ایسی جگہ انڈا رکھتا ہے جس تک دوری اور پوشیدگی کی وجہ سے رسائی ممکن نہیں ہوتی۔ اس چیز کے لئے کہا جاتا ہے جس کا حصول مشکل ہو)

❁ **ما کُلُّ بَیْضَاءَ شَحْمَۃٌ ولا کُلُّ سوداءَ تَمْرَۃٌ:** نہ ہر سفید چیز چربی ہوتی ہے اور نہ ہر کالی چیز کھجور۔ (ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوتی)

❁ **[illegible] باعَ بِعِرضِہ [illegible]:** جو اپنی آبرو بیچے وہ سب کچھ ضائع کر دیتا

ہے۔ (جو بھی لوگوں کی گالیاں سننے والے کام کرے گا اسے گالیاں تیار ملیں گی۔ انفق کا معنی ہے۔ بکتا ہوا پایا سہولت سے سودا ہو گیا۔

- **بِعْتُ جَارِي ولم أَبِعْ دَارِي:** میں نے پڑوسی بیچا ہے۔ اپنا گھر نہیں بیچا۔ (مجھے اپنا گھر پیارا تھا لیکن اپنے پڑوسی کی بد خلقی کی وجہ سے گھر بیچ دیا تا کہ اس سے دور ہو جاؤں۔ اس شخص کے متعلق ہے جو پڑوسی کی بدمعاشی کی وجہ سے اپنا گھر چھوڑ دے۔
- **لاتَبِعْ نَقْدًا بِدَيْنٍ:** نقد ادھار کے بدلہ میں نہ بیچ۔
- **قد بَيَّنَ الصبحُ لِذِي عَيْنَيْنِ:** بَيَّنَ یہاں تَبَيَّنَ کے معنی میں ہے۔ اس مثل کا مفہوم ہے۔ صبح آنکھوں والے کے لئے ظاہر ہو گئی۔ مکمل طور پر ظاہر معاملہ کے لئے بولا جاتا ہے۔
- **أَبْيَنُ مِن فَلَقِ الصُّبْح او فَرَقِ الصُّبْح:** صبح کی روشنی سے بھی زیادہ ظاہر۔ (فَلَق الصبح اور فَرَق الصبح کا معنی فجر (سویرا، تڑکا) ہے۔
- **إنَّ مِنَ البيَان لسحراً:** جادو خوش بیانی کی ایک قسم ہے (یعنی بعض خوش بیانی جادو کا کام کرتی ہے۔ سحر کا معنی حق کی صورت میں باطل کا اظہار ہے۔ خوش بیانی کو سحر سے تشبیہ دینے کی وجہ یہ ہے کہ یہ سننے والے میں بڑا کام دکھاتی ہے اور دل اس کو فورا قبول کر لیتا ہے۔ یہ مثل تقریر کی پر جوش تائید اور دور رس دلیل پیش کرنے کے موقع پر بولی جاتی ہے۔

ت

- **اَنَا تَئِقٌ وانْتَ مَئِقٌ فكَيْفَ نَتَّفِقُ:** میں غضبناک ہوں اور تو بے صبر ہے پھر ہم کیسے متفق ہوں۔ (یہ دو مختلف عادات والوں کے متعلق ہے۔ تَئِق کا معنی غضبناک اور مَئِق بے صبر ہے۔)
- **اَتْبِعِ الفرسَ لِجَامَها والناقَةَ زِمَامَها:** گھوڑے کے ساتھ لگام اور اونٹنی کے ساتھ مہار بھی دو (تا کہ بخشش مکمل ہو۔)
- **اَتْبِعِ الدَّلْوَ بالرشاء:** ڈول کے ساتھ رسی بھی دو۔ رشاء پانی کھینچنے کی رسی کو کہتے ہیں۔ (یہ ایک چیز دوسری سے منتھی کرنے کے متعلق ہے)
- **اَتْبَعُ مِنَ الظِلّ:** سایہ سے زیادہ پیچھا کرنے والا۔
- **لَوْ إتجرْتَ بالأكفانِ ما مَاتَ أحدٌ:** اگر تو کفنوں کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا۔
- **لاتِجارَةَ كَالعَمَلِ الصَالِح:** عمل صالح جیسی کوئی تجارت نہیں۔
- **تَرَكَ ظَبْيٌ ظِلَّهُ:** ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو عیش و آرام سے نکل کر سختی و تنگی میں چلا جائے۔
- **تركْتُهُ على اَنْقَى من الراحة:** میں نے اسے ہتھیلی سے بھی زیادہ صاف حالت میں چھوڑا۔ (یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا جیسے ہتھیلی پر بال نہیں ہوتے،
- **تَرَكْتُهُم عَلَى مِثْلِ مِشْفَرِ الأَسَدِ:** میں نے گویا اس کو شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑا (ہلاکت کے خطرہ میں چھوڑ دیا)
- **تركتهم فى حَيْصَ بَيْصَ او حَيْصِ بَيْصِ:** حیص کا معنی فرار اور بوص کا معنی بھاگنا اور چھپنا۔ وزن میں مشابہت کے لئے اس کی واؤ کو یاء سے بدل دیا گیا ہے۔ ضرب المثل کا معنی ہے: ''میں نے انہیں مشکل میں پھنسا ہوا چھوڑا۔'' اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ایسے معاملہ میں پھنس جائے جس سے نہ تو چھٹکارا ہو اور نہ فرار ممکن ہو۔
- **مَا تَرَكَ الاوَّلُ للآخر شيئًا:** پہلے نے دوسرے کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔
- **مَنْ تَرَكَ الشهواتِ عَاشَ حُرًّا:** جس نے خواہشات کو چھوڑا، اس نے شرافت کی زندگی بسر کی۔
- **لَوْ تُرِكَ القطا ليلاً لنَامَ:** اگر قطارات کو چھوڑ دیا جاتا تو وہ سو جاتا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے کسی تکلیف دہ کام پر مجبور کیا جائے یا جسے ظلم پر ابھارا جائے اور وہ ظلم کرے)
- **لايَتْرُكُ السَّاقَ إلاَّ مُمْسِكاً ساقاً:** وہ ایک تنہ کو دوسرا تنا پکڑے بنا نہیں چھوڑتا۔ اس مثل کی اصل گرگٹ میں ہے جو ایسا ہی کرتا ہے۔ مراد محتاط شخص ہے۔
- **لايَتْرُكُ الظبْيُ ظِلَّهُ:** ہرن اپنا سایہ نہیں چھوڑتا۔ (مانوس کام پر ڈٹے رہنے کے متعلق ہے۔)
- **اُتْرُكِ الشَرَّ يَتْرُكْكَ:** تو شر کو چھوڑ دے شر تجھے چھوڑ دے گا۔ (یعنی شر اسے پیش آتا ہے جو اس سے پنگا لے)
- **تَرْكُ الجوابِ على الجاهِلِ جوابٌ:** جاہل کو جواب نہ دینا ہی جواب ہے (جواب جاہلاں باشد خاموشی)
- **تَرْكُ ما لايَصْلَحُ اَصْلَحُ:** نا قابل اصلاح کو چھوڑ دینا زیادہ مناسب ہے۔
- **إذَا تَمَّ العَقْلُ نقصَ الكلامُ:** عقل کامل ہو جائے تو باتوں میں کمی آجاتی ہے۔
- **تَمَّامُ الربيع الصيفُ:** فصل ربیع کے آثار گرمی میں ظاہر ہو جاتے ہیں۔ (اسی طرح عرب کہتے ہیں: الأَعْمَالُ بِخواتِيمها۔ اعمال کا اعتبار ان کے خاتمہ سے کیا جاتا ہے تمام ضرورت پوری ہونے کے بارے میں ہے۔)
- **اَتَمُّ مِن قَمَرِ التَمِّ:** پورے چاند سے بھی زیادہ کامل۔ (تم کا معنی اس جگہ تمام ہے۔ یعنی بدر التمام۔
- **التَمْرَةَ وَالْجَمْرَةَ:** خیر و شر یا نفع و نقصان (تمرہ بمعنی کھجور جمرۃ بمعنی چنگاری ہے)
- **التائب من الذَنْبِ كَمَنْ لاذَنْبَ له:** گناہوں سے توبہ کرنے والا اس جیسا ہے جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔
- **تاجُ المُرُوئَةِ التَوَاضُع:** شرافت کا تاج تواضع ہے۔
- **اَتْيَهُ مَن قوم مُوسَى:** قوم موسی سے بھی زیادہ بھٹکا ہوا۔ (تیہ کا معنی بھٹکنا ہے۔ مراد قوم موسی کا چالیس سال ایسے صحراء میں رہنا ہے جس میں قدموں کے نشان نہیں ہوتے تھے)۔

ث

- ثَاطَةٌ مُدَّت بِمَاءٍ: بدبودار کیچڑ وہ بھی پانی والا۔ (ایسی گلی سڑی چیز جس میں ویسی ہی کسی اور چیز کا اضافہ ہو جائے۔ (ہمارے ہاں کریلا وہ بھی نیم چڑھا)
- اَثبَتُ فِي الدَّارِ مِنَ الجِدَار: دیوار سے بھی زیادہ گھر میں ڈٹا رہنے والا۔
- اَثبَتُ مِنَ الوَشْمِ: گودنے کے نقوش سے بھی زیادہ پائیدار۔
- مَالَهٗ ثَاغِيَةٌ ولاراغِية: وہ قلاش ہے۔ (ثاغية بھیڑ اور راغية اونٹنی کو کہتے ہیں۔ یعنی اس کے پاس نہ تو بھیڑ ہے اور نہ ہی کوئی اونٹنی یعنی کچھ بھی نہیں)
- اَثقَلُ مِنْ رَضْوَى: رضوی سے بھی زیادہ بھاری (رَضْوَى مدینہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے)
- اَثقَلُ مِنْ طَوْد: بڑے پہاڑ سے زیادہ وزنی۔
- اَثقَلُ مِنْ اُحُد: احد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی (اُحُد یثرب کے ایک پہاڑ کا نام ہے)
- ثَكِلَتكَ اُمُّكَ اَیَّ جَرْدٍ تَرْقَعُ: تیری ماں تجھے روئے، تو کونسے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے؟ (جرد کا معنی پرانا کپڑا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ایسے کام کرے جن کا کوئی فائدہ نہ ہو)
- الثَكْلَى تُحِبُّ الثَكْلَى: گمشدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو ہی پسند کرتی ہے۔ (کند ہم جنس با ہم جنس پرواز)
- لایُثمِرُ الشوكُ العِنَبَ: کانٹا انگور کا پھل نہیں دیتا۔
- ثَمْرَةُ الجُبنِ لارِبْحٌ ولاخُسْر: بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان (خسر کا معنی نقصان ہے) یہ مثل ایسی ہے جیسے عام لوگ کہتے ہیں، التاجر الجبان لایربح ولا یخسر بزدل تاجر نہ نفع کماتا ہے نہ نقصان اٹھاتا ہے۔
- لِكُلِّ ثَوْبٍ لابِسٌ: ہر کپڑے کا کوئی نہ کوئی پہننے والا ہے۔
- ثَار حَابِلُهُمْ عَلَى نَابِلِهِمْ: ان کا جال والا ان کے نیزے والے کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا۔ (مراد سب کچھ گڈمڈ ہو گیا۔)
- الثَّور يحمى انْفَهُ بِرَوْقِهِ: بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگ سے کرتا ہے۔ (روق کا معنی سینگ ہے۔ ہمارے ہاں اس کے مقابلہ میں ضرب المثل اپنی عزت آپ ہے)

ج

- أَجْبَنُ مِنْ نَعَامَةٍ: شترمرغ سے بھی زیادہ بزدل۔ (کہا جاتا ہے کہ جب وہ کسی چیز سے ڈر جائے تو خوف زدہ ہونے کے بعد وہ اس چیز کا رخ نہیں کرتا)
- أَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ: صافر سے زیادہ بزدل۔ (کہا جاتا ہے کہ صافر ایک پرندہ ہے۔ جو اپنی ٹانگوں سے درخت کی شاخ پکڑ کر الٹا لٹک جاتا ہے اور تمام رات سیٹی بجاتا رہتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ [illegible] پکڑ لیا جائے)۔
- إِنَّ الجبانَ حَتْفُهُ مِنْ فَوقِهِ: بزدل کی موت اوپر سے آتی ہے (ایسے بزدل کے بارے میں کہا جاتا ہے جسے اس کی احتیاط بھی نہیں بچاتی)
- بِجَبْهَةِ العَيْر يُفْدَى حافِرُ الفَرَس: گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔ (عیر گدھے کو کہا جاتا ہے)
- الجَحْشَ لَمَّا فَاتَكَ الأعيارُ: اگر گدھے نہ ملیں تو گدھے (کے بچے (کے شکار) پر اکتفا کر۔ (یہ ضرب المثل ایسے شخص کے بارے میں ہے جو کسی بری چیز کا خواہاں ہو اور وہ ہاتھ نہ آئے تو اسے کہا جائے کہ اس سے کم پر گزارہ کر۔ جحش اس لئے منصوب استعمال ہوا ہے کہ اصل میں اس سے پہلے اُطْلُبْ محذوف ہے)
- قَدْجَدَّ اَشْيَاعُكم فجِدُّوا: تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے لہٰذا تم بھی کوشش کرو۔ (ساتھیوں کے کام میں شراکت پر ترغیب کے لئے کہا جاتا ہے الاشیاع بمعنی اصحاب ہے)
- مَنْ جَدَّ وَجَدَ: (جو کوشش کرے پالیتا ہے)
- جِدُّ لامْرِئٍ يَجِدَّلَكَ: جس شخص کے لئے بھلائی چاہے گا وہ بھی تیرے لئے ایسی ہی بھلائی پسند کرے گا۔
- جِدَّكَ يرعى نعَمَك: تیری کوشش تیرے مویشی چراتی ہے۔ (یہ مال دار مال اڑانے والے کے متعلق ہے۔)
- جِدُّكَ لاكَدُّكَ: کام میں تیری کوشش اور دلچسپی و توجہ تجھے فائدہ دیتے ہیں نہ کہ تیری شدت اور اصرار کے ساتھ طلب۔ جدَّك لا كدّك بھی منقول ہے اس صورت میں اِبْغِ (امر) محذوف سمجھا جائے گا۔ یعنی یہ عبارت یوں ہوگی۔ ابغ جِدَّك لا كَدَّك۔
- كُلُّ جِدَّةٍ سَتُبْلِيهَا عِدَّةٌ: ہر نئی چیز کو دن اور رات پرانا کر دیں گے۔ (عِدَّة سے مراد عِدَّةُ الايام و الليالي ہے۔)
- نِعْمَ الجُدُودُ ولٰكِنْ بِئْسَ ماخَلَفُوا: آباء و اجداء تو بہت اچھے تھے لیکن ان کے اخلاف بہت برے ہیں۔
- لاجَدِيدَ لِمَنْ لاخَلَقَ له: جس کے پاس پرانا نہ ہو اس کے پاس نیا بھی نہیں ہوگا (مراد یہ ہے کہ پرانے کی حفاظت کروا سے ضائع نہ کرو تا کہ نیا بھی محفوظ رہے)۔
- جُدَيْدَةٌ فِي لُعَيْبَة: (یہ) کھیل میں پوشیدہ بڑی سنجیدگی (ہے)۔ جُدَيْدَة جدّ کی تصغیر ہے اور اس کا معنی سنجیدگی ہے۔)
- مَنْ أَجْدَبَ اِنتَجَعَ: جو قحط زدہ ہو وہ گھاس کی تلاش میں نکلتا ہے۔ (اِنتجع القومُ الكلاَ کا معنی ہے لوگ گھاس کی طلب میں ایسی جگہوں پر گئے جہاں گھاس پایا جاتا ہے) ضرورت مند کے بارے میں ہے۔ اسے کہا جاتا ہے۔ ضرورت پوری کرنے کے لئے خوب کوشش کر)
- وبَعْضُ الجَدْب أَمْرَأُ لِلهَزِيل: ایک خشک سالی (ایسی بھی ہوتی ہے جو) لاغر کے لئے بہت خوشگوار ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے

جو مالداری سنبھال نہ سکے اور ظلم اور گناہوں میں حد سے تجاوز کرنے لگے۔ الطعام المرِیٔ ہچنے والے خوشگوار کھانے کو کہا جاتا ہے۔

- **جَدَحَ جُوَیْنٌ مِن سَوِیقِ غَیْرِهِ:** جوین نے کسی اور کا ستو گھول لیا۔ (جوین ایک شخص کا نام ہے۔ جَدَحَ السویقَ کا معنی ستو کو گھی وغیرہ میں گھولنا ہے۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو دوسروں کے مال میں فیاضی دکھائے۔ یہ ضرب المثل ایسے شخص کے لئے بھی بولی جاتی ہے جو لالچی ہو اور بہت زیادہ سوالی ہو)
- **أَجْدَی مِنَ الْغَیْثِ فِیْ أَوَانِهِ:** بروقت بارش سے زیادہ سودمند (الإجداء کا معنی نفع ہوتا ہے۔ أجدی بمعنی أنفع: (زیادہ نافع، زیادہ سودمند) لیکن افعل التفضیل کا باب افعال سے اشتقاق شاذ ہے)
- **جَذْبُ الزِمَامِ یَرِیْضُ الصِعَابَ:** باگ کھینچ کر رکھنے سے بے سدھ گھوڑا سدھ جاتا ہے۔ (ایسے شخص کے لئے کہتے ہیں جو ابتداء میں حکم نہ مانے۔ مگر آخر میں مطیع ہو جائے۔ صِعاب ایسے گھوڑے کو کہا جاتا ہے جس پر سواری نہ کی گئی ہو اور اس وجہ سے وہ اڑیل اور سرکش ہو جائے)
- **اَنَا جُذَیْلُهَا الْمُحَکَّكُ وعُذَیْقُهَا الْمُرَجَّب:** میں اس کا وہ تنا ہوں جس سے خارش زدہ بدن کھجلایا جاتا ہے اور وہ کھجور کا درخت ہوں جس کے گرد پتھروں کی باڑھ بنائی گئی ہو۔ (جُذَیْل جذْلِ کی تصغیر ہے۔ جذْل کا معنی درخت کا تنا ہے۔ عُزَیق عَذْق کی تصغیر ہے۔ عَذْق کا معنی کھجور کا درخت ہے۔ الْمُحَکَّك جس سے خارش زدہ اونٹ اپنا بدن کھجلائیں اور الْمُرَجَّب جس کے لئے باڑ بنائی جائے۔ یہ باڑ پتھروں کی ہوتی ہے اور کھجور کے درخت کے گرد اس وقت بنائی جاتی ہے جب وہ لمبا ہو جائے اور خطرہ ہو کہ آندھیاں اسے گرا دیں گی۔ تصغیر تعظیم کے لئے ہے۔ یہ بات وہ کہتا ہے جس کی عقل ورائے سے استفادہ کیا جائے۔
- **جِذْلُ حُکَاكٍ:** کھجلی دار بیماری کا تنا۔ (جذل درخت کا تنا، جو اونٹوں کے باڑوں میں نصب کر دیا جاتا ہے خارش والے اونٹ اس سے اپنا بدن کھجاتے ہیں۔ حکاک کھجلی دار بیماری کو کہتے ہیں۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جس کی رائے اور عقل سے شفا حاصل کی جاتی ہو۔
- **کُلٌّ یَجُرُّ النَارَ اِلی قُرْصِهِ:** ہر شخص آگ کو اپنی ٹکیا کی طرف کھینچتا ہے۔ (یعنی ہر شخص اپنی ذات کے لئے خیر اور بھلائی چاہتا ہے)
- **أَجْرَأُ مِن ذِي لُبْدَة:** شیر سے زیادہ جری (ذی لُبدۃ بمعنی شیر)
- **أَجْرَأُ مِنْ اُسامَة:** شیر سے زیادہ دلیر (اسامہ شیر کا نام ہے اور معرفہ ہے اس پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا)
- **أَجْرَأُ مِن لَیْثٍ بِخَفَّانَ:** حفان کے شیر سے زیادہ بہادر (خفان شیروں کا مشہور جنگل)
- **أَجْرَأُ مِن ذُبَاب:** مکھی سے زیادہ دلیر (جو بادشاہ کی ناک اور شیر کی پلک پر جا کر بیٹھ جاتی ہے)
- **أَجْرَدُ من صَلَعَة:** گنجے کی ٹانٹ سے بھی زیادہ ننگا (صَلَعَة گنجے کے سر کا وہ حصہ جو چمکتا ہے)
- **أَجْرَدُ مِن صَخْرَة:** چٹان سے زیادہ صاف (جس پر کوئی روئیدگی نہیں ہوتی اور چکنی ہونے کی وجہ سے اس پر کوئی چیز ٹھہر نہیں سکتی)
- **کَالْجَرَادِ لَایُبْقِي وَلَایَذَرُ:** ٹڈی کی طرح جو نہ تو کچھ رہنے دیتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے (یعنی سب کچھ چٹ کر جاتی ہے)
- **جَرْعٌ و اَوْشَال:** سیرابی اور تھوڑا پانی؟ (جرع بمعنی سیراب ہو کر پانی پینا، وشل بمعنی تھوڑا پانی۔ یعنی مال تھوڑا ہے اور تو فضول خرچ ہے۔ فضول خرچی میں مال اڑانے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔ نرمی اختیار کر ورنہ تو اپنی دولت ختم کر بیٹھے گا۔
- **الْجَرْعُ أَرْوَی والرَشِیْفُ أَنْقَعُ:** پانی نگل لینا جلد سیراب تو کر دیتا ہے لیکن چوس کر پینا زیادہ تشفی بخش ہے۔ (رشیف کا معنی پانی چوس کر پینا۔ جرع بمعنی نگلنا ہے۔ نقع پیاس کی تسکین کے معنی میں ہے۔ یعنی پانی تھوڑا تھوڑا چسکیاں لے کر پیا جائے تو پیاس جلد بجھ جاتی ہے اور تسکین دیرپا ہوتی ہے۔ اروی بمعنی جلد سیر کرنے والا اور انقع بمعنی پائیدار تسکین بخش ہے۔
- **لاجُرْم بَعْدَ النَدَامَة:** ندامت کے بعد کوئی جرم باقی نہیں رہتا۔
- **إذا جَرَی الْمُذَکِّی حَسَرتْ عَنْهُ الحُمُر:** جب پوری عمر اور طاقت والا گھوڑا چلتا ہے تو گدھے تھک کر اس کی برابری نہیں کر سکتے۔ حسر کا معنی تھکنا عاجز ہونا ہے۔ مذکی اس گھوڑے کو کہا جاتا ہے جس کی عمر اور طاقت پوری ہو۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جو اپنے ساتھیوں سے آگے نکل جائے یعنی وہ اس طرح آگے نکلتا ہے جس طرح شرط میں تیز رفتار گھوڑا گدھوں سے آگے نکل جاتا ہے)
- **یَجْرِی بُلَیْقٌ ویُذَمُّ:** بلیق دوڑتا ہے پھر بھی اس کی مذمت ہوتی ہے (بلیق ایک گھوڑے کا نام ہے جو دوڑ میں جیتا کرتا تھا پھر بھی اس کی برائی کی جاتی تھی۔ یہ مثل اس وقت بولی جاتی ہے جب محسن کی مذمت کی جائے۔
- **تَجْرِی الرِیاحُ بِمَا لاتَشْتَهِی السُفُنُ:** ہوائیں چلتی ہیں تو ایسی چیزیں بھی لے آتی ہیں جو کشتیوں کو ناپسند ہوں۔
- **أَجْرِ الْأُمُوْرَ عَلَی أَذْلَالِهَا:** معاملات کو صحیح طور پر چلاؤ۔ (اذلال کا واحد ذل (نرمی) ہے۔ مراد یہ ہے کہ جب تم معاملہ صحیح طور پر چلاؤ گے تو تمہارے لئے ان کا درست طرز سے چلنا دشوار نہ ہوگا۔
- **جَرْیُ الْمُذَکِّیات غِلاَءٌ:** پوری عمر اور طاقت والے گھوڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔ (غلا، غلوۃ کی جمع ہے جو اس انتہائی فاصلہ کو کہا جاتا ہے جہاں تک تیر جا سکے۔ یہ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھیوں پر فوقیت سے متصف ہو۔
- **الْجَزَعُ عِنْدَ الْمُصِیْبَةِ مُصِیْبَةٌ اُخْرَی:** مصیبت کے وقت گھبراہٹ ایک اور مصیبت ہے۔
- **جَزَاهُ جَزَاءَ سِنِمَّار:** اس کو سنمار جیسی جزا دی۔ (سنمار بادشاہ نعمان

بن امرِیِ القیس کا رومی معمار تھا جس نے کوفہ کے باہر خُوَرْنَق نام کا محل تعمیر کیا تھا۔ جب وہ اس کی تعمیر سے فارغ ہوا تو بادشاہ نے اسے اوپر سے نیچے پھینک دیا جو گر کر مر گیا۔ مقصد یہ تھا کہ سنمار اس جیسا محل کسی دوسرے کیلئے نہ بنا سکے۔ یہ مثل ایسے محسن کے لئے بولی جاتی ہے جس کو بھلائی کا بدلہ برائی سے دیا گیا ہو۔

❁ **جَزَیْتُهُ کَیْلَ الصاعِ بالصاع:** میں نے اس کو اینٹ کا جواب اینٹ سے دیا لفظی ترجمہ میں نے اس کو پیمانہ کا پیمانہ سے بدلا دیا۔ یعنی برابر کا بدلہ دیا۔ (بھلائی کا بھلائی سے اور برائی کا برائی سے بدلہ دیا)

❁ **هَذَا جزاءُ مُجیر اُمِّ عامِرِ:** یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔ (اُمِّ عامِرِ بجو کی کنیت ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک دن خوف زدہ بجو ایک اعرابی کے پاس اس کے خیمہ میں آیا۔ اعرابی نے اسے پناہ دی اور کھلایا پلایا حتیٰ کہ سیراب اور مطمئن کر دیا۔ لیکن بجو کو جب موقع ملا اعرابی کو شکار کرلیا۔)

❁ **الجزاءُ مِنْ جنسِ العَمَل:** جزاء عمل کی قسم سے ہے (جیسی کرنی ویسی بھرنی یا جیسے کرم ویسے پھل)

❁ **تَجَشَّأَ لُقْمَانُ مِنْ غَیْرِ شَبْعٍ:** لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ہی ڈکار لی۔ (ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو غریب ہوتے ہوئے دولمندی ظاہر کرے یا کمزور ہوتے ہوئے بہادر بنے۔)

❁ **جَعْجَعَةً ولا أری طِحْنًا:** چکی کی آواز سنتا ہوں لیکن آٹا نظر نہیں آتا (طِحن: آٹا۔ جَعْجَعة چکی کی آواز اس کے لئے کہا جاتا ہے جو وعدہ کرکے نہ نبھائے)

❁ **من جَعَلَ نفْسَهُ عَظْماً أَکَلَتْهُ الکلابُ:** جو شخص اپنے آپ کو ہڈی بنائے اس کو کتے کھالیں گے۔

❁ **لاتَجْعَلْهَا بَیْضَةَ الدِیْكِ:** اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ (کہا جاتا ہے مرغا اپنی عمر میں ایک انڈہ دیتا ہے ایک شاعر کا قول ہے: قَدْ زُرْتِنَا مَرَّةً فِی الدَهْرِ وَاحِدَةً ثَنِّیْ ولا تجعلیها بیضةَ الدیك (اے محبوبہ! تو تمام عرصہ ایک مرتبہ ہی ہمارے پاس آئی ہے۔ دوسری بار بھی آ اور اس کو مرغ کا انڈا نہ بنا)۔

❁ **أَجْفَی مِنَ الدَهْرِ:** زمانہ سے زیادہ بدخلق۔

❁ **جِلْدُ الخِنْزِیْرِ لایُنْدَبغُ:** سور کی کھال رنگی ہوئی نہیں ہوتی۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس پر نصیحت کارگر نہیں ہوتی)۔

❁ **تَحْتَ جلدِ الضأن قَلْبُ الأذْؤُب:** بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیوں کا دل (أذؤُب ذئَب کی جمع ہے ذِئب کا معنی بھیڑیا ہے۔ منافق اور دھوکے باز کے لئے کہا جاتا ہے)۔

❁ **جَلِیسُ المَرْءِ مِثْلُهُ:** آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے)

❁ **جَلَّی مُحِبًّا نظرُهُ:** دوست کے تیری طرف دیکھنے نے اس کی محبت کو ظاہر کر دیا (لوگوں کی محبت اور نفرت کے بارے میں یہ مثل بولی جاتی ہے)

❁ **لایُجْمَعُ سَیْفَانِ فِی غِمْدٍ:** ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہوتیں۔

❁ **مایُجْمَعُ بَیْنَ الأرْوَی والنعام:** پہاڑی بکرا اور شتر مرغ اکھٹے نہیں ہوسکتے (کیونکہ اَرْوَی (پہاڑی بکرا) ریگستان میں نہیں چل سکتا، جبکہ نعام (شتر مرغ) پہاڑ کی بلندیوں پر نہیں چڑھ سکتا۔ دو متضاد چیزوں کے بارے میں کہا جاتا ہے)۔

❁ **أَجْمَعُ مِن نَمْلَةَ:** چیونٹی سے زیادہ ذخیرہ اندوز (جو کل کے لئے جمع کرکے رکھتی ہے)

❁ **مَنْ أَجْمَلَ قیلاً سَمِعَ جَمِیْلاً:** جو اپنی گفتگو اچھی رکھے گا اچھی ہی سنے گا۔

❁ **الْجَمَلُ مِنْ جَوْفِهِ یَجْتَرُّ:** اونٹ اپنے پیٹ سے ہی جگالی کرتا ہے۔ (اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو اپنی کمائی سے کھاتا ہے یا جو ایسی چیز سے نفع اٹھاتا ہے جو اس کو نقصان پہنچائے)

❁ **الجنونُ فُنُونٌ:** جنون کی کئی قسمیں ہیں۔

❁ **لِکُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعُ:** ہر پہلو کے لئے خواب گاہ ہے۔

❁ **لِکُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعُ:** ہر پہلو کے لئے پچھاڑ ہے۔ (یعنی ہر زندہ کے لئے موت ہے)

❁ **إِنْ جانِبٌ أَعْیَاكَ فَالْحَقْ بجانِبِ:** (اگر ایک پہلو نے تھکا دیا ہے تو دوسرے پہلو کے ساتھ لگ جا (یعنی پہلو بدل لے)

❁ **جَنَتْ عَلَی أَهْلِها بَرَاقِشُ:** براقش نے اپنے ہی مالکوں پر ظلم کیا۔ (اس ضرب المثل کی اصل یہ ہے کہ کچھ لوگ اپنے دشمنوں سے بھاگے پھرتے تھے ان کی ایک کتیا براقش نامی تھی۔ ایک رات وہ چلے جا رہے تھے اور دشمن کہیں قریب ہی ان کو تلاش کر رہے تھے تو انہیں کتیا کے بھونکنے سے ان کا پتہ چل گیا وہ ان پر ٹوٹ پڑے۔ اسی واقعہ سے ایک ضرب المثل چل پڑی)

❁ **إنَّكَ لاتَجْنِی مِنَ الشَوْكِ العِنَبَ:** تو کانٹوں سے انگور کے پھل نہیں چنے گا۔ (یعنی ظلم کرے تو انتقام سے ہوشیار رہ۔ کیونکہ ظلم کرکے تو بھلائی نہیں کما سکتا۔ اور یہ بھی مفہوم ہے کہ تجھے بد اصل سے نیکی نہیں ملے گی)

❁ **أَجْنَاؤُها أَبْنَاؤُها:** دست درازی کرنے والے اس کے معمار ہی ہیں (اجناء جناة کو کہا جاتا ہے جو جان کی جمع ہے۔ بمعنی جرم کرنے والا اور ابناء بان کی جمع ہے بمعنی معمار۔ جمع کی یہ مثل نادر ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس مثل کی اصل یہ ہے کہ یمن کے ایک بادشاہ نے جنگ پر جاتے ہوئے اپنی لڑکی کو قائم مقام بنایا، جس نے بادشاہ کے جانے کے بعد ایک عمارت بنوائی جسے بادشاہ نے اچھا نہیں سمجھا تھا یہ عمارت بنوانے پر لڑکی کو مملکت کے کچھ لوگوں نے اکسایا تھا۔ جب بادشاہ واپس آیا اور اسے ان کے مشورے سے مطلع کیا گیا تو بادشاہ نے اس عمارت کے گرانے کا حکم دیا اور اجناؤها ابناؤها کہا۔ اس پر یہ ضرب المثل مشہور ہوئی۔ اس

کا مطلب یہ ہے کہ وہی لوگ عمارت گرانے کا جرم کر رہے ہیں جنہوں نے اسے تعمیر کیا تھا۔ یہ مثل برے مشورے اور بری رائے کے بارے میں ہے اور اس شخص کے لئے ہے جو بغیر سوچے سمجھے کوئی کام کرے پھر اسے خراب کی ضرورت پڑ جائے۔

❁ **ھَل یَجْھَلُ فلاناً اِلاَّ مَنْ یَجْھَلُ القمر:** فلاں چیز سے وہی بے خبر ہوسکتا ہے جو چاند سے بے خبر ہو۔ (مشہور بات کے متعلق بولا جاتا ہے۔ جیسے ہمارے ہاں کہا جاتا ہے، چاند نکلا سب نے دیکھا)

❁ **الجَھْلُ مَطِیَّۃٌ مَنْ رَکِبَھا ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَھا ضَلَّ:** جہالت ایک ایسی سواری ہے جس پر سواری کرنے والا ذلیل ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ چلنے والا راستہ سے بھٹک جاتا ہے۔

❁ **اَلْجَھْلُ شَرُّ الاصحاب:** جہالت بدترین ساتھی ہے۔

❁ **أَجْھَلُ مِنْ عَقْرَب:** بچھو سے بھی زیادہ جاہل (جو چٹان سے گزرتے ہوئے اسے ڈنک مار دیتا ہے جس سے چٹان کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا، الٹا وہ اپنے ڈنک کو نقصان پہنچالیتا ہے)

❁ **أَجْھَلُ مِنْ فَراشَۃ:** پروانہ سے بھی زیادہ جاہل (جو چراغ پر گر کر مر جاتا ہے)

❁ **وَعِنْدَ جُھَیْنَۃَ الخَبَرُ الْیَقِیْنُ:** جہینہ کے پاس ہی۔ یقینی خبر ہے۔ (کسی معاملہ کی حقیقت جاننے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ اس کی اصل یہ ہے کہ **حُصَیْن غَطَفَانیؔ** گھر سے نکلا اس کے ساتھ بنی جہینہ کا ایک شخص اخنس بن کعب نامی تھا۔ دونوں میں سے ہر ایک بہادر اور بدعہد تھا۔ انہیں راستے میں بنی لخم کا ایک شخص ملا، جس کے آگے کھانے پینے کی چیزیں اور شراب رکھی تھی۔ اس نے ان دونوں کو مدعو کیا جس پر یہ اس کے مہمان بنے اور اس کے ساتھ کھایا اور پیا۔ پھر اخنس اپنے کسی کام سے چلا گیا۔ واپسی پر اس نے دیکھا کہ لخم قبیلہ کا وہ شخص خون میں لت پت پڑا ہے۔ یہ دیکھ کر اس نے حصین سے کہا، تجھے موت آئے اس شخص کو کیسے قتل کر دیا جس کا ہم نے کھایا پیا تھا۔ تو حصین نے جواب دیا: بیٹھ جا، ہم ایسے ہی کام سے نکلے تھے۔ پھر دونوں نے شراب پی اور باتیں کرنے لگے۔ حصین اسے بھی موقع پا کر قتل کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ جہینہ نے یہ بات محسوس کر لی۔ ایک گھنٹہ بعد حصین نے اس سے پوچھا: بھائی جہینہ کیا تو پرندہ کو فال شگون کے لئے اڑایا کرتا ہے؟ جہینی نے پوچھا: وہ کیا ہوتا ہے۔ حصین نے کہا یہ عقاب کیا کہتا ہے۔ جہنی نے جواب دیا تو اسے کہاں دیکھ رہا ہے۔ حصین نے کہا وہ یہ ہے اور سر آسمان کی طرف اٹھایا۔ جہنی نے فوراً تلوار کی نوک اس کے سینے کے اوپر کے حصہ پر رکھ کر کہا۔ میں ہی زاجر اور ناحر ہوں (فال کے لئے پرندہ اڑانے والا اور ذبحہ کرنے والا) اور اس کی اور لخمی کی چیز اکٹھی کر وہاں سے نکل گیا۔ راستہ ہی میں قیس کے کچھ لوگ ملے ایک عورت حصین کے بارے میں پوچھتی تھی۔ جہنی نے اس سے سوال کیا تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا میں صخرہ زوجہ حصین غطفانی ہوں۔ جہنی یہ کہتا ہی رہا

تُسائِلُ عَنْ حُصَیْنٍ کُلَّ رَکْب
وعِنْدَ جُھَیْنَۃَ الخبرُ الیَقِیْنُ

(تو حصین کے متعلق ہر سوار سے دریافت کرتی ہے حالانکہ یقینی خبر صرف جہینہ کے پاس ہے) اصمعی کا کہنا ہے کہ یہ لفظ فاء سے یعنی جفینۃ ہے۔ جفینۃ ہی وہ شخص تھا جسے مقتول کی خبر تھی۔ مقتول کے لوگ اور اس کی ایک بیٹی اسے ڈھونڈتے اور اس کے متعلق پوچھتے پھر رہے تھے۔ اسی کے بارے ایک شاعر کہتا ہے۔

تُسائِلُ عَنْ أَبِیْھَا کُلَّ رَکْب
وعِنْدَ جُفَیْنَۃَ الْخَبَرُ الْیَقِیْنُ

(وہ اپنے باپ کے متعلق ہر سوار سے دریافت کرتی، حالانکہ یقینی خبر صرف جفینہ کے پاس ہے)

❁ **أَجْوَدُ مِنْ حَاتِم:** حاتم سے زیادہ فیاض (جو سخی، بہادر اور شاعر تھا)

❁ **اِنَّ الجَوَادَ قَدْ یَعْثُرُ:** اصیل گھوڑا بھی کبھی ٹھوکر کھا جاتا ہے (اچھے کام کرنے والے کے بارے میں ہے جس سے غلطی ہو جائے)

❁ **اِنَّ الجوادَ عینہُ فِرَارُہُ:** اصیل گھوڑے کی آنکھ ہی دانت دیکھ کر عمر کا اندازہ کرتا ہے۔ (فرار جانور کی عمر جاننے کے لئے اس کی عمر دیکھنا کے معنی میں ہے۔ اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جس کا ظاہر اس کے باطن پر دلالت کرتا ہو اور اس وجہ سے اس کو جانچنے کی ضرورت نہ رہے)

❁ **لِکُلِّ جَوَادٍ کَبْوَۃٌ:** ہر اصیل گھوڑے کو بھی ٹھوکر لگ جاتی ہے۔

❁ **جَاوِرْ مَلِکاً اَوْبَحْراً:** بادشاہ کے پڑوس میں رہ یا سمندر کے (زندگی کی خوش حالی اور فراخی اہل ثروت سے طلب کرنے کے بارے میں بولا جاتا ہے)

❁ **کَمُجِیْرِ اُمِّ عَامِرٍ:** بجو کو پناہ دینے والے کی طرح (کچھ لوگ شکار کے لئے نکلے انہیں راستہ میں بجو (ام عامر) ملا۔ انہیں اس کا تعاقب کیا۔ بجو نے ایک دیہاتی عرب کے خیمہ کو دیکھا تو اس میں گھس گیا۔ دیہاتی نے کہا خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ جب تک تلوار کا قبضہ میرے ہاتھ میں ہے تم اس تک نہیں پہنچ سکو گے۔ شکاری اسے چھوڑ کر واپس چلے گئے۔ دیہاتی نے بجو کو دودھ دیا، پانی پلایا، بجو کی جان میں جان آئی اور اس نے آرام کیا پھر جب اس نے دیکھا کہ دیہاتی سو رہا ہے تو اس نے دیہاتی پر چھلانگ لگا کر اس کا پیٹ پھاڑ ڈالا اور اس کا خون پیا۔ اور وہاں سے چلا گیا۔ بعد میں جب دیہاتی کا چچا زاد آیا اور دیکھا کہ اس کا پیٹ چاک کیا ہوا ہے بجو اپنی جگہ پر نہیں ہے، تو بجو کے نقش قدم پر پیچھا کرتا ہوا چل پڑا اور اسے جا لیا اور قتل کر ڈالا۔ اور یہ شعر کہا

وَمَنْ یَصْنَعُ الْمَعْرُوفَ مَعَ غَیْرِ اَھْلِہٖ
یُلاقِی الَّذِی لاقَی مُجِیرُ اُم عَامِرٍ

(جو کوئی نا اہل کے ساتھ احسان کرتا ہے اس کو وہی جزا ملتی ہے جو ام عامر

کو پناہ دینے والے کو ملی) ہمارے ہاں ''سانپ کو دودھ پلانا'' اس حکیمانہ قول کا متبادل ہے)

- **کَالمُسْتَجِيرِ مِنَ الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ:** اس شخص کی طرح جو تپتی ہوئی زمین سے بھاگ کر آگ کی پناہ طلب کرے (رمضا گرم اور تپتی ہوئی زمین کے معنی میں ہے۔ اور یہ مثل اس شعر کا ایک مصرع ہے۔

المُسْتَجِيرُ بِعَمْرٍ وعِنْدَ كُرْبَتِهِ
كَالمُسْتَجِيرِ مِنَ الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ

(''مصیبت کے وقت عمرو سے پناہ کا طالب گرم زمین سے بھاگ کر آگ کی پناہ لینے والے کی طرح ہے۔'' ہمارے ہاں ''چولہے سے نکل کر بھاڑ میں گرنا'')

- **الجَارُ ثُمَّ الدَّار:** یہ عربوں کے مقولہ الرفیق قبل الطریق کی طرح ہے۔ یعنی گھر خریدنے سے قبل پڑوسی کے بارے میں پوچھ لینا چاہئے۔
- **جَارَكَ الأَدْنى لايَعُلُكَ الأَقْصَى:** قریب ترین پڑوسی کی حفاظت کرے گا تو دور ترین پڑوسی تجھ پر اختیار حاصل نہیں کر سکے گا۔
- **جَاوَزَ الحِزَامُ الطِّبْيَيْن:** تنگ پستانِ سے بھی متجاوز ہو گیا (برائی اور ایذاء کے حد سے تجاوز کرنے میں مبالغہ سے کنایہ ہے۔ کیونکہ جب پستانوں تک جا پہنچے تو انتہا تک پہنچ چکتا ہے تو اس سے تجاوز کرنا کیسا ہوگا۔ طبیین بمعنی سر پستان ہے)
- **تَجُوعُ الحُرَّةُ ولاتأكُلُ بِثَدْيَيْهَا:** شریف عورت بھوکی رہتی مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہیں کھاتی (یعنی دودھ پلانے والی دایہ نہیں بنتی۔ مال کمانے کے رذیل طریقہ سے بچنے کے بارے میں ہے)
- **أَجِعْ كَلْبَكَ يَتْبَعْكَ:** اپنے کتے کو بھوکا رکھ تاکہ تیرا تابع رہے (یہ مثل کمینے کے بارے میں ہے جس کو ذلیل کرو تو وہ تمہارا مطیع ہو جاتا ہے۔ ''کمینہ کو سر پر نہ چڑھاؤ'')
- **أَجْوَعُ مِنْ كَلْبَةِ حَوْمَل:** حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا (حومل ایک عرب عورت کا نام ہے۔ وہ اپنی کتیا کو رات کے وقت باندھ دیا کرتی تھی تاکہ گھر کی رکھوالی کرے اور دن کو باہر نکال دیتی تھی تاکہ اپنا کھانا تلاش کرے۔ بہت دن جب اس طرح گزر گئے تو کتیا نے بھوک سے بیتاب ہو کر اپنی دم کھالی۔ تو یہ واقع ضرب المثل بن گیا۔
- **أَجْوَعُ مِنْ ذُؤَالَةَ او أَجْوَعُ مِنْ ذِئْب:** بھیڑیے سے زیاہ بھوکا (ذؤالة بھیڑیے کا ایک خاص نام ہے۔ کہتے ہیں کہ بھیڑیے کے لئے کوئی نہ کوئی چیز ضروری ہے، جسے وہ اپنے پیٹ میں ڈالتا رہے۔ گویا وہ ہمیشہ بھوکا ہوتا ہے۔ بھیڑیے کا پیٹ ہڈی پگھلا دیتا ہے۔ دشمن کو بددعاء دیتے ہوئے کہتے ہیں۔ رَمَاهُ اللّٰهُ بِدَاءِ الذِئب خدا اسے بھیڑیے کی بیماری (بھوک) میں مبتلا کرے)
- **أَجْوَعُ مِنْ قُرَاد:** چیچڑی سے زیادہ بھوکا (کہتے ہیں چیچڑی ایک سال اپنی پیٹھ اور ایک سال اپنا پیٹ زمین سے چمٹائے رکھتی ہے اور کچھ نہیں کھاتی۔ اونٹوں کو دور سے دیکھ کر ان کی طرف چل پڑتی ہے اونٹوں کے چور چیچڑی کے متحرک ہونے سے اونٹوں کا سراغ پالیتے ہیں اور انہیں لیجانے کی تیاری کر لیتے ہیں اور جب وہ قریب آتے ہیں تو ان پر کود پڑتے ہیں۔ چیچڑی سب جانوروں سے زیادہ حساس ہے۔)
- **مَنْ جَالَ نَالَ:** جو دوڑ دھوپ کرے پالیتا ہے (ہمارے ہاں حرکت میں برکت ہے)
- **أَجْوَلُ مِن قُطْرُب:** قطرب سے زیادہ گھومنے پھرنے والا (قطرب ایک چھوٹا جانور ہے رات بھر گھومتا پھرتا ہے۔ سوتا نہیں)۔
- **جَوْلَةُ البَاطِل ساعة وجَوْلَةُ الحقّ اِلى قِيامِ الساعة:** باطل کا چکر ایک گھنٹے کا جب کہ حق کا چکر دائمی ہے۔
- **جَاءَ بِمُطْفِئَةِ الرَضْف:** وہ گرم پتھر سے بھی بڑھ کر کوئی چیز لایا (رضف گرم پتھر کے معنی میں ہے۔ یعنی وہ گزشتہ چیز سے بھی سخت تر کوئی چیز لایا یا ایسی مصیبت لایا جس نے پہلی مصیبت کو جلا دیا اور اس کی حرارت بجھادی۔ بڑے بڑے امور کے متعلق ہے)
- **جَاءَ بِالطِمِّ والرِمّ:** وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا (طِمّ سمندر یا بہت پانی کو اور رِمّ زمین کی تہہ کو کہتے ہیں۔ یعنی وہ تمام ظاہری اور خفی چیزیں لایا یا بہت مال لایا اور بہت تعداد لایا)۔
- **جَاءَ العِيَانُ فَألْوَى بالأَسَانِيد:** مشاہدہ آیا اور اسناد کو لے گیا (مشاہدہ کے بعد سند بیان کرنے کی حاجت نہیں رہتی)
- **جَاءَ بما صَأَى وصَمَتَ:** وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا (یعنی مویشی اور سونا چاندی وغیرہ)
- **جَاءَ بِقَرْنَيْ حِمَار:** وہ گدھے کے سینگ لایا (یعنی جھوٹ اور باطل۔ کیونکہ گدھے کے سینگ نہیں ہوتے گویا وہ ایسی بات لیکر آیا جو ممکن نہ ہو)۔
- **جَاءَ بِذاتِ الرَعْد والصَلِيل:** وہ گرجنے والے بادل اور آواز کے ساتھ آیا۔ (یہ خوفناک برائی لانے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **جَاءَ نَاشِراً أُذُنَيْهِ:** وہ اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا (حریص ہو کر آیا۔ منہ پھاڑے پیٹ پھیلائے)
- **جَاءَ نَافِشاً عِفْرِيَتَهُ:** وہ اپنی کلغی پھلا کر آیا۔ (عِفْرِيَة بمعنی مرغ کی کلغی۔ مراد غضبناک ہو کر آیا)
- **جَاؤُوا عَلَى بَكْرَةِ أبيهم:** وہ سب کے سب آئے (ان میں سے کوئی پیچھے نہیں رہا۔ بَكْر لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں۔ لہٰذا جاؤوا علی بکرتهم بھی کہا جا سکتا ہے)
- **إذا جَاءَ أجَلُ البَعِيرِ حَامَ حَوْلَ البئرِ:** جب اونٹ کی موت آتی ہے تو کنویں کے گرد گھومتا ہے۔ (ہمارے ہاں: جب گیدڑ کی موتی آتی ہے تو شہر کی طرف بھاگتا ہے)
- **إذا جَاءَ الحَيْنُ حَارَتِ العَيْنُ:** جب موت آتی ہے تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے (حَيْن بمعنی اجل و ہلاکت ہے)
- **إذا جَاءَ القَدَرُ غَشِيَ البَصَرُ:** جب قضا آئے تو آنکھوں پر پردے

پڑ جاتے ہیں۔)

❁ **جَاؤُوا قَضًا وقَضِيْضًا:** چھوٹے بڑے سب آئے۔ (قض پتھروں کے بڑے بڑے اور قضیض چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو کہا جاتا ہے۔ اسی معنی میں جَاءَ القومُ قَضُّهم وقَضِيْضُهُم مستعمل ہے)

❁ **جِيْفَةٌ لاتُعَكِّرُ بحرًا:** ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کر سکتا۔

ح

❁ **مَنْ أَحَبَّ شيئًا أَكْثَرَ مِنْ ذِكْرِهِ:** جو شخص کسی چیز سے محبت کرتا ہو اس کا بہت ذکر کیا کرتا ہے۔

❁ **لا أُحِبُّ دَمِيْ فِی طَسْتِ ذَهَب:** مجھے سونے کے طشت میں اپنا خون پسند نہیں۔ (موت کے بعد شان وشوکت کس کام کی)۔

❁ **حُبُّكَ الشَیْءَ يُعْمِيْ ويُصِمُّ:** کسی چیز سے تمہاری محبت اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔ (یعنی تم سے اس کی برائیاں چھپا لیتی ہے اور اس کے بارے میں ملامت سننے نہیں دیتی۔ شاعر نے یہی مفہوم اخذ کر کے کہا ہے۔

وَعَيْنُ الرِضَا عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيْلَةٌ
وَلٰكِنَّ عَيْنَ السُخْطِ تُبْدِي المُسَاوِيَا

(پسندیدگی کی آنکھ ہر عیب سے بند ہوتی ہے مگر ناراضگی کی آنکھ برائیاں ظاہر کر دیتی ہے)

❁ **الحُبُّ أَعْمَى:** محبت اندھی ہوتی ہے۔

❁ **لَيْسَ فِی الحُبِّ مَشُوْرَةٌ:** محبت میں مشورہ نہیں کیا جاتا۔

❁ **أَحَبُّ شَیْءٍ إِلَی الإِنْسَانِ مَامُنِعَا:** جس چیز سے انسان کو منع کیا جائے وہ اس کی پسندیدہ ترین شے بن جاتی ہے۔ اسی مفہوم پر شاعر کہتا ہے:

رَأَيْتُ النَفْسَ تَكْرَهُ مَالَدَيْهَا
وتَطْلُبُ كُلَّ مُمْتَنَعٍ عليها

(میں نے نفس کو دیکھا ہے کہ اپنے پاس موجود چیز کو پسند نہیں کرتا بلکہ ہر وہ چیز مانگتا ہے جس کا حصول مشکل ہو)

❁ **مِنَ الحَبَّةِ تَنْشَأُ الشَجَرَةُ:** دانہ سے درخت پیدا ہوتا ہے (یعنی چھوٹے چھوٹے کاموں سے بڑے بڑے نتائج پیدا ہوتے ہیں)

❁ **كُلُّ حَبَّةٍ لها كَيَّالٌ:** ہر دانہ کیلئے کوئی نہ کوئی ناپنے کا پیمانہ ہوتا ہے۔

❁ **حَبْلُكِ علی غارِبِكِ:** تیری رسی تیرے کوہان پر ہے۔ غارب کا معنی کوہان کا بالائی حصہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ تو جہاں جانا چاہے چلی جا۔ اصل اس مثل کی یہ ہے کہ جب اونٹنی چر رہی ہو تو مہار اس کے کوہان پر ڈال دی جاتی ہے تا کہ اس کی آنکھوں کے سامنے نہ آئے۔ کیونکہ جب اونٹنی مہار دیکھ لے تو اسے کوئی چیز بھی اچھی نہیں لگتی۔ اس شخص کو کہا جاتا ہے کہ جسے چھوڑ دیا جائے کہ جہاں چاہے جائے اور جو چاہے کرے۔)

❁ **رُبَّ حَثِيْثٍ مَكِيْثٌ:** بہت سے جلدی کرنے والے دیر کرنے والے ہوتے ہیں۔ (مکث سے ماکث و مَكِيث دیر کرنے والے کے معنی میں ہے۔ یعنی کبھی انسان کی جلدی دیر کا سبب بن جاتی ہے)۔

❁ **مَافِی الحَجَرِ مَبْغًى:** پتھر میں کوئی ایسی چیز نہیں ہوتی جسے طلب کیا جائے ہمارے ہاں کہا جاتا ہے۔ پتھر میں دھری کیا ہے۔ بخل کے ثبوت اور خیر کی قلت کے بارے میں بولا جاتا ہے۔)

❁ **المُحَاجَزَةُ قَبْلَ المُنَاجَزَةِ:** آڑ میں آنا لڑائی سے پہلے ہونا چاہئے۔ (یعنی شر واقع ہونے سے پہلے رک جا اور جس سے مقابلہ کی طاقت نہ ہو اس سے راہ فرار اختیار کر۔ محاجزہ بمعنی حجز بين الشيئين (دو چیزوں کے درمیان آ جانا) اور مناجزة لڑائی کی سرعت کے معنی میں ہے۔)

❁ **إِنَّ الحَدِيدَ بِالحَدِيْدِ يُفْلَحُ:** لوہے کو لوہے سے ہی چیرا جاتا ہے۔ (فِلح بمعنی پھاڑنا، چیرنا۔ اس سے فلّاح حرّاث کے لئے آتا ہے، جو زمین پھاڑتا ہے۔ یعنی شدید معاملہ میں اس جیسے معاملہ سے مدد لی جاتی ہے۔ ہمارے ہاں کہا جاتا ہے: (لوہے کو لوہا کاٹتا ہے)

❁ **ويَحْدُثُ مِنْ بَعْضِ الأُمُورِ أُمُوْرٌ:** بعض باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں۔ (ہم کہتے ہیں: بات سے بات نکلتی ہے یا بات کا بتنگڑ بن جاتا ہے)

❁ **حَدِّثْ عَنْ مَعْنٍ ولا حَرَجَ:** معن سے روایت کرنے میں کوئی حرج نہیں (معن بن زائدۃ بن عبداللہ الشیبانی عرب کے زیادہ فیاض لوگوں میں سے تھا۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو معاملہ کا فراخ ہو)

❁ **حَدِّثْ عن البَحْرِ ولاحَرَجَ:** سمندر کی بات کہو، کوئی حرج نہیں (معلومات میں اضافہ ہوگا)

❁ **حَدِيثُ خُرَافَةَ:** خرافہ کی بات (خرافہ ایک شخص کا نام ہے جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ جن ایک مدت تک اسے حیران ومبہوت کرتے رہے۔ جب وہ قوم کے پاس آیا تو اس نے اپنے مشاہدات سے مطلع کیا۔ لیکن قوم نے اس کی تکذیب کی، حتیٰ کہ وہ ہر ناممکن الوقوع بات کو حدیث خرافہ کہنے لگے۔

❁ **الحَدِيثُ ذُوْشُجُون:** بات کے مختلف راستے ہیں (ذوشجون کا معنی ذوطُرُف (راستوں والا) ہے۔ شُجون شجن کی جمع ہے۔ جس کا معنی وادی کا راستہ ہے، بعض کے نزدیک وادی کے بالائی حصہ سے گزرنے والا راستہ یا یہ شَجَن کی جمع ہے، جو لپٹی ہوئی شاخ اور ہر چیز کے شعبہ کے معنی میں ہے۔ لہٰذا الحدیث ذوشجون ایسی بات ہے جس سے اور باتیں نکلتی چلی جائیں۔ اور ایسی باتیں بھی ہونے لگیں جو مقصود نہ ہوں۔ اس مفہوم کو عام لوگ یوں بھی ادا کرتے ہیں۔

❁ **الحديثُ يجرُّ بَعْضُهُ بعضاً:** گفتگو کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو کھینچتا ہے۔)

❁ **كَالحَادِي ولَيْسَ لَهُ بَعِيرٌ:** اس ہانکنے والے کی طرح جس کے پاس کوئی اونٹ ہی نہ ہو۔ (حدو اونٹوں کو پیچھے سے ہانکنا کے معنی میں ہے جبکہ قَوْدٌ آگے سے ہانکنے کے معنی میں۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا

ہے جو ایسی چیز پر شیخی بگھارے جو اس کی ملکیت نہ ہو یا اس شخص کے بارے میں جو ان باتوں کو اپنی طرف منسوب کرے جنہیں وہ اچھی طرح جانتا ہی نہ ہو)

- **اَلحَذَرُ اَشَدُّ مِنَ الوقیعة:** احتیاط اس چیز سے زیادہ سخت ہے جس میں گرنے سے بچا جائے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے۔ جو کسی چیز کو بہت عظیم سمجھتا ہو اور جب وہ کرنے لگے تو وہ اس کے گمان سے کہیں زیادہ آسان نکلے)
- **إنَّ الحَذَرَ لایَدفَعُ المَقدُورَ:** احتیاط مقدر کو دور نہیں کر سکتی۔ (تقدیر کے آگے تدبیر کا بس نہیں چلتا)
- **أَحذَرُ مِن قِرلَی:** قرلی سے زیادہ محتاط (قرلی ایک بہت محتاط آبی پرندہ ہے۔ پانی پر اڑتے اڑتے ایک آنکھ تو پانی کی گہرائی میں شکار کی طمع میں لگی ہوتی ہے اور دوسری سے ڈرتے ڈرتے فضا میں دیکھتا رہتا ہے۔ جب پانی میں کوئی مچھلی وغیرہ نظر آتی ہے جسے وہ اٹھا سکے تو تیر کی طرح اس پر جھپٹتا ہے۔ اور اگر فضا میں کوئی شکاری پرندہ دیکھ لے، تو زمین میں دور چلا جاتا ہے)
- **أَحذَرُ مِن غُرابٍ:** کوے سے زیادہ چوکنا۔
- **أَحذَرُ مِن ذِئبٍ:** بھیڑیے سے زیادہ چالاک۔ (عربوں کا خیال ہے کہ بھیڑیا اس قدر چالاک ہے کہ سوتے ہوئے بھی باری باری ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے)
- **کُلَّ الحِذَاءَ یَحتَذِی الحَافِی الوَقِعُ:** دکھتے ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔ (**وَقِعَ یَوقَعُ وَقَعًا فھو وَقِعٌ اذا حفی فاشتکی لحم قدمه من غلظ الارض و الحجارة:** ننگے پاؤں ہونا اور پتھر یا سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے پاؤں کے گوشت میں درد ہو جانا۔ وقع اس سے صفت کا صیغہ ہے۔ یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کیلئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کر لے)
- **الحُرُّ حُرٌّ وَإِن مَسَّهُ الضُّرُّ:** شریف شریف ہی رہتا ہے خواہ تنگی آ جائے۔
- **حِرَّةٌ تَحتَ قِرَّةٍ:** ٹھنڈک کے نیچے پیاس (حِرَّة بمعنی پیاس حرارت سے ماخوذ ہے اور قِرَّة بمعنی ٹھنڈک کے کہتے ہیں ٹھنڈے دن کی پیاس بہت سخت ہوتی ہے۔ ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو کینہ اور غیظ و غضب چھپا کر رکھے اور خلوص کا اظہار کرے)
- **أحَرُّ مِن نَارِ الغَضَی:** غضی کی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم (نار الغضی گرم ترین آگ ہے۔ سب لکڑیوں میں سے غضی کی لکڑی صرف جلانے کے کام آتی ہے۔ گویا۔ یہ لکڑی آگ کے لئے ہی پیدا کی گئی ہے)
- **أَحَرُّ مِنَ الجَمَرِ:** انگارے سے زیادہ گرم۔
- **أَحَرُّ مِنَ النار:** آگ سے زیادہ گرم۔
- **أَحَرُّ مِنَ المِرجَلِ:** ہنڈیا سے زیادہ گرم۔
- **أَحَرُّ مِن دَمعِ المقلات:** بچے کی سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم (مقلات اس عورت کو کہتے ہیں جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ چنانچہ غم کی وجہ سے اس کے آنسو ہر وقت جاری رہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ غم کا آنسو گرم اور خوشی کا آنسو ٹھنڈا ہوتا ہے)
- **الحَربُ خُدعَةٌ:** لڑائی دھوکا ہے (یعنی جنگ میں جوان دھوکا کھا جاتے ہیں)
- **الحَربُ سِجَال:** لڑائی میں پانسہ پلٹتا رہتا ہے۔ (کبھی ایک کو غلبہ کبھی دوسرے کو۔ سِجال اور مُسَاجَلَة کا معنی ویسا ہی کرنا جیسا ساتھی کرتے ہیں)
- **الحَربُ غَشُومٌ:** جنگ ظالم ہے۔ (جنگ کی لپیٹ میں وہ بھی آ جاتا ہے جس کا کوئی جرم نہ ہو اور کبھی مجرم سلامت رہتا ہے)
- **أَحرَزَ امرَأً اَجَلُهُ:** آدمی کو اس کی موت نے ذخیرہ کر لیا (کہا جاتا ہے کہ یہ عربوں کی سب سے سچی ضرب المثل ہے)
- **أَحرَسُ مِن کَلبٍ:** کتے سے زیادہ رکھوالا
- **الحِرصُ قَائِدُ الحِرمان:** لالچ محرومی کا پیش خیمہ ہے۔ (جیسے کہا جاتا ہے الحریص محروم (لالچی محروم رہتا ہے)
- **أَحرَصُ مِن نَملَةَ:** چیونٹی سے زیادہ حریص۔
- **لَیسَ الحریصُ بِزائدٍ فی رِزقِهِ:** حریص اپنے رزق میں اضافہ نہیں کر سکتا۔
- **إنَّهُ لَیُحَرِّق عَلیَّ الأُرَّمَ:** وہ مجھ پر دانت پیتا ہے (ارم داڑھوں کو کہا جاتا ہے۔ مراد اس کا غیظ و غضب مجھ پر شدید ہے)
- **حَرِّك لها حُوَارَهَا تَحِنُّ:** اونٹنی کے بچے کو حرکت دیگا تو وہ پکارے گی (حوار اونٹنی کے دودھ پیتے بچے کو کہتے ہیں۔ دودھ چھڑا لیا جائے تو بچہ کو فصیل کہتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اس کو غم یاد دلاؤ تو وہ حرکت میں آئے گا)
- **الحَرَکَةُ بَرَکَةٌ:** حرکت میں برکت ہے۔
- **الحَزمُ حِفظُ مَاوُلِّیتَ وترك ماکُفِیتَ:** احتیاط یہ ہے کہ تو اس چیز کو محفوظ رکھے جو تیرے سپرد کی گئی ہے اور اس چیز کو چھوڑ دے جس کی ضرورت نہیں۔
- **الحَزمُ سُوءُ الظَّنِّ بالناس:** احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی ہے۔
- **أَحزَمُ مِن الحِربَاء:** گرگٹ سے زیادہ محتاط (کیونکہ جب گرگٹ درخت پر چڑھتا ہے تو جب تک دوسری ٹہنی نہ پکڑ لے پہلی کو نہیں چھوڑتا۔ حرباء میں الف تانیث کا نہیں بلکہ الحاقی ہے جیسے علباء میں)
- **لایَحزُنكَ دَمٌ هَرَاقَهُ أَهلُهُ:** اس خون پر غم نہ کر جو اس کے اہل ہی نے بہایا ہے۔
- **یَحسَبُ المَمطُورُ أنَّ کُلاًّ مُطِرَ:** بارش میں بھیگا ہوا سمجھتا ہے کہ ہر شخص بارش میں بھیگا ہوگا۔
- **لا حَسَبَ کالتّواضُعِ:** تواضع جیسی کوئی شرافت نہیں۔

- **حَسْبُكَ مِنْ غِنًى شِبَعٌ وَرِيٌّ:** شکم سیری اور سیرابی تیرے لئے کافی دولتمندی ہے (یعنی اتنے مال پر قناعت کر جس سے تو پیٹ بھر کر کھا سکے اور پیاس بجھا سکے اور باقی جو بچے وہ سخاوت کردے۔ یہ مثل امری القیس کی ہے۔
- **حَسْبُكَ من شَرٍّ سَمَاعُهُ:** شر کا سن لینا ہی تمہارے لئے کافی ہے۔ (اتنے پر اکتفاء کر خود دیکھنے کا ارادہ نہ کر)
- **اَلْحَسَدُ مَطِيَّةُ التَعَبِ:** حسد مشقت کی سواری ہے۔
- **مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ طَابَ عَيْشُهُ:** نیک گمان کرنے والا خوش گزران ہوتا ہے۔
- **حَسَنٌ فِيْ كُلِّ عَيْنٍ ماتَوَدّ:** ہر آنکھ میں اس کا محبوب ہی اچھا ہے۔ (یہ عربوں کے اس قول کے قریب ہے جس میں کہا گیا ہے۔ حُبُّكَ الشئ يُعْمِيْ وَيُصِمّ اس کا مفہوم شروع میں ملاحظہ ہو)
- **حُسْنُ الظَنِّ وَرْطَةٌ:** حسن ظن گہرا گڑھا ہے (ورطۃ کا معنی ہلاکت، ایسا معاملہ جس سے چھٹکارا مشکل ہو۔ یہ عربوں کے اس قول کے قریب ہے کہ۔ الحَزْمُ سوءُ الظن بالناس (احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے)
- **لِكُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ:** ہر اچھے کو عیب دار بنانے والا بھی ہوتا ہے۔
- **الحَسَنَةُ بين السَيِّئَتَيْن:** نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔ (درمیانے کام کے لئے بولا جاتا ہے۔ یہ خَيْرُ الأُمُورِ أَوْسَاطُها کے معنی میں ہے۔ (یعنی بہترین کام وہ ہیں جو اعتدال سے کئے جائیں)
- **أَحْسَنُ مِنَ الدُّنْيَا المُقْبِلَة:** آنے والی دنیا سے زیادہ حسین۔
- **أَحْسَنُ مِنَ النَّارِ:** آگ سے زیادہ خوبصورت۔
- **أَحْسَنُ مِنَ الطاؤُوس:** مور سے زیادہ خوشنما۔
- **أَحْسَنُ مِنْ زَمَنِ البرامكة:** برمکیوں کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔
- **أَحْسَنُ مِنَ الشمس والقمرِ:** آفتاب و ماہتاب سے زیادہ خوبصورت۔
- **الإِحْسانُ يَقْطَعُ اللِسَان:** احسان زبان بند کردیتا ہے۔
- **أَحُشُكَ وتَرُوثُني:** میں تو تجھے گھاس چراتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر کرتا ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو احسان فراموشی کرے)
- **أَحَشَفًا وَسوءَ كِيْلَة:** کھجور بھی ردی اور پیمانہ بھی کم۔ (الکِیْلة کیل سے اسم نوع ہے۔ حَشَف بمعنی ردی کھجور۔ یعنی تو ردی کھجور اور کم ناپنے جیسی دو برائیوں کا مرتکب ہے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے۔ جس میں دو ناپسندیدہ خصلتیں ہوں یا دو طرف سے ظلم کرے)۔
- **الحَصَاةُ مِنَ الجَبَل:** کنکری پہاڑ کا جزء ہے۔ (کند ہم جنس باہم جنس پرواز)
- **كُلٌ يَحْتَطِبُ فی حَبْلِهِ:** ہر ایک اپنی رسی میں ہی لکڑیاں جمع کرتا ہے۔
- **كَحَاطِبِ لَيْلٍ:** رات کو لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح (اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ہر چیز جمع کرتا چلا جائے اچھی بری نہ دیکھے۔ حَاطِب لکڑیاں جمع کرنے والے کو کہتے ہیں)
- **حَظٌّ فِي السَحَابِ وعَقْلٌ فِي التُّراب:** نصیب بادلوں میں اور عقل مٹی میں۔
- **حَظٌّ جَزِيْلٌ بَيْنَ شِدْقَيْ ضَيْغَم:** بڑا حصہ شیر کے جبڑوں میں۔ (اس پسندیدہ چیز کیلئے بولا جاتا ہے، جو نا قابل حصول ہو)
- **إلاَّ حَظِيَّةً فَلاَ أَلِيَّةً:** عزت و رتبہ والی نہیں تو بھی کوتاہی کرنے والی نہ بن۔ (حَظِيَّة حُظْوة سے مشتق ہے بمعنی مرتبہ، عزت اور أَلِيَّة ألْو سے لیا گیا ہے۔ بمعنی تقصیر (کوتاہی) مفہوم یہ ہے کہ اگر تو معزز و صاحب رتبہ نہ ہو تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ ہو۔ اس عورت کے متعلق کہا گیا ہے جو اپنے خاوند کو محبوب نہ ہو تو بھی اسے چاہئے کہ اس سے محبت کرنے میں کوتاہی نہ کرے۔ مدارات یہ ہے کہ لوگوں کی مرادات کرکے اپنا مطلب نکالنا چاہئے)
- **مَنْ حَفَرَ حَفِيرًا لأخِيْهِ كَانَ حتفُهُ فيه:** جو کوئی اپنے بھائی کیلئے گڑھا کھودتا ہے۔ اس کی موت اسی گڑھے میں ہوتی ہے۔
- **مَنْ حَفَرَ حَفْرَةً وَقَعَ فيها:** جو کوئی گڑھا کھودے خود اس میں گرجاتا ہے۔ مَنْ حَفَرَ مَغْوَاةً...... بھی منقول ہے۔ مَغْوَاة اس گڑھے کو کہتے ہیں جو بھیڑیے اور بجو کیلئے کھودا جاتا تھا۔ ہر جائے ہلاکت کو بھی مَغْوَاة کہا جاتا ہے۔
- **تحفظُ أخاكَ الامِن نفسه:** تو اپنے بھائی کی حفاظت کرسکتا ہے، اس کے نفس سے نہیں۔ (مفہوم یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کی لوگوں سے حفاظت کرسکتا ہے اگر وہ اس کے خلاف برا ارادہ رکھتے ہوں لیکن اگر وہ خود اپنے آپ کو نقصان پہنچانا چاہے، تو تو اس سے محفوظ رکھنے کے لئے کچھ نہیں کرسکتا)
- **حَافِظْ عَلَى الصَّدِيقِ ولَوْ فِي الحَرِيقِ:** دوست کی حفاظت کر خواہ آگ میں کودنا پڑے۔
- **إحْفَظْ مَافِي الوِعَاءِ بِشَدِّ الوِكاء:** جو کچھ برتن میں ہے اس کی حفاظت برتن کا منہ باندھ کر کر۔ (وکاء مشک وغیرہ کا بندھن احتیاط برتنے پر اکسانے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **أَحْفَظُ من الأَرضِ:** زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا۔
- **الحَفِيظَةُ تُحَلِّلُ الأَحقاد:** غیرت دشمنیاں ختم کردیتی ہے۔ (حفیظۃ بمعنی غضب وغیرت اس کی جمع حَفَائِظ ہے، مفہوم یہ ہے کہ کسی دوست یا رشتہ دار پر ظلم ہوتے دیکھ کر غیرت جوش مارتی ہے۔ خواہ دل میں اس سے کینہ ہی کیوں نہ ہو۔ اس معنی کا حامل عربوں کا یہ مقولہ ہے: عِنْدَ الشَدائِد تَذْهَبُ الأَحْقَادُ (مصائب کے وقت دشمنیاں ختم ہو جاتی ہیں)
- **حَقٌّ يَضُرُّ خَيْرٌ من باطِلٍ يَسُرُّ:** ضرر رساں حق مسرت بخش باطل

سے بہتر ہے۔

❁ **اَلْحَقُّ خَیْرُ مَایُقَال:** کہنے کے لائق باتوں میں بہترین حق بات ہے۔

❁ **اَلْحَقُّ مَغْضَبَةٌ:** حق باعث غضب ہے۔ (ایسے شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جس سے کسی معاملہ کے بارے میں سچ بولا جائے تو اسے غصہ آ جائے)

❁ **اَلْحَقُّ أَبْلَجُ وَالْبَاطِلُ لَجْلَجٌ:** حق واضح اور روشن ہوتا ہے، جبکہ باطل گڈمڈ۔ (أبلج واضح اور روشن کے معنی میں ہے جبکہ لجلج گڈمڈ، الجھا ہوا)

❁ **هَذَا أَحَقُّ مَنْزِلٍ بِتَرْكٍ:** یہ چھوڑنے کے لئے نہایت مناسب مقام ہے (ہر ایسی چیز کے متعلق کہا جاتا ہے جو چھوڑ دینے کی مستحق ہو جیسے مرد، پڑوس وغیرہ)

❁ **أَحْقَدُ مِنْ جَمَلٍ:** اونٹ سے زیادہ کینہ توز (ہمارے ہاں اس کا متبادل شتر کینہ کا لفظ ہے)

❁ **مَنْ حَقَرَ حَرَمَ:** جس نے حقیر جانا محروم ہوا۔ (یعنی جسے حقیر جانے گا اسے اس کا حق نہ دے گا)

❁ **أَحْقَرُ مِنَ التُّرَاب:** مٹی سے زیادہ حقیر۔

❁ **مَاحَكَّ جِلْدَكَ مِثْلُ ظِفْرِكَ:** تیری کھال کو تیرے ناخن کی طرح کوئی چیز نہیں کھجلا سکتی۔ (تجھ جیسا تیری ضرورت کو کوئی اور پورا نہیں کرتا دوسروں سے زیادہ اپنے پر اعتماد پر اکسانے کے بارے میں بولا جاتا ہے)

❁ **إِذَا حَكَكْتُ قَرْحَةً أَدْمَيْتُهَا:** جب کسی زخم کو کھجاتا ہوں اس سے خون نکال لیتا ہوں۔ (یعنی جب کسی مقصد کا ارادہ کرتا ہوں تو اسے انتہاء تک پہنچا کر چھوڑتا ہوں۔

❁ **تَحَكَّكَتِ الْعَقْرَبُ بِالْأَفْعَى:** بچھو سانپ کو تکلیف دینے پر تیار ہوا (یہ مثل اس شخص کے حق میں بولی جاتی ہے جو اپنے سے زیادہ طاقت ور سے مقابلہ کرے)

❁ **أَحْكَمُ مِنْ لُقْمَان:** لقمان سے زیادہ دانا۔

❁ **الْحِكْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِن:** (حکمت مؤمن کی گمشدہ چیز ہے۔ (یعنی مومن جہاں سے ملے دانایاں اکٹھی کرنے کا بڑا خواہاں رہتا ہے اور انہیں حاصل کر لیتا ہے)

❁ **أَحْكَى مِنْ قِرْد:** بندر سے زیادہ نقل کرنے والا (کیونکہ بندر انسان کے افعال کی نقل کرتا ہے سوائے گویائی کے)

❁ **إذا حَلَّتِ الْمَقَادِيرُ بَطَلَتِ التَّدَابِير:** تقدیر کے آگے تمام تدبیریں بیکار ہو جاتی ہیں۔

❁ **أَحَلُّ مِنْ لَبَنِ الأُمِّ:** ماں کے دودھ سے زیادہ حلال۔

❁ **حَلَبَ الدَّهْرَ أَشْطُرَهُ:** اس نے زمانہ کے تھنوں کو دوہا ہے۔ یہ حلب أشطرَ الناقة سے مستعار لیا گیا ہے۔ اونٹنی کے دو تھن آگے اور دو پیچھے ہوتے ہیں۔ انہیں خِلفین کہا جاتا ہے۔ ہر دو خلفین کو شطر کہتے ہیں۔ اشطُرَہ کا نصف بدل کی وجہ سے ہے یعنی کہنے والے نے حَلَبَ اشطرَ الدهر کہا ہے۔ مفہوم۔ اس نے زمانہ کے دونوں شطروں کو آزمایا ہے۔ یعنی خیر کو بھی اور شر کو بھی اور زمانے کے سرد و گرم دیکھے ہیں۔) اردو میں وہ سرد و گرم چشیدہ ہے، جاندیدہ ہے۔ وغیرہ)

❁ **حَلَبْتُهَا بِالسَّاعِدِ الأَشَدِّ:** میں نے اسے طاقت ور کلائی سے دوہا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو طاقت سے اپنا حق لے۔ ساعد بمعنی پہنچا، کلائی، بازو)

❁ **أَحْلُبْ حَلَبًا لَكَ شَطْرُهُ:** اچھی طرح دھو، تیرا بھی حصہ ہے۔ (طلب اور مطلوب میں مساوات پر اکسانے کے لئے بولا جاتا ہے۔ نیز ایسے شخص کے متعلق بھی کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی کی کسی معاملہ میں مدد کرے جس میں اس کا بھی حصہ ہو)

❁ **هذا حَلَبٌ لَكَ شَطْرُهُ:** اس دوہنے میں تیرا بھی حصہ ہے۔ (ایسے عمل کے بارے میں کہا جاتا ہے جس میں فریقین کا نفع ہو۔

❁ **حَلُوبَةٌ تُثْمِلُ ولاتُصَرِّحُ:** ایسی دودھ دینے والی اونٹنی جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے، خالص دودھ نہیں دیتی۔ (حلوبة دودھیل اونٹنی۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بکثرت وعدے اور وعید کرے، لیکن ان کو پورا نہ کرے)

❁ **لَسْتَ من أَحْلَاسِهَا:** تو اس کے ساتھیوں سے نہیں ہے۔ (احلاس الخیل گھوڑوں والے جو گھوڑوں پر ہی سوار رہیں)

❁ **حَلَّقَتْ بِهِ عَنْقَاءُ مُغْرِب:** عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کر لیا ہے (ایسی چیز کے لئے کہا جاتا ہے جس کے ملنے کی امید نہ ہو یعنی جو مایوس کن ہو۔ عنقاء ایک بڑے پرندے کو کہتے ہیں جو نام کے لحاظ سے تو معروف ہے، مگر جسم کے لحاظ سے انجانا ہے۔ اَغرَبَ کا معنی انجانا ہونا ہے۔ اس پرندہ کو مغرب اسی لئے کہا جاتا ہے کہ لوگوں سے دور رہتا ہے۔ اس کی صفت مونث اس لئے نہیں لائی گئی کہ عنقاء ایسا اسم ہے جو مذکر و مونث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ صفت کے طور پر عنقاءُ مغربٌ اور اضافت کی صورت میں عنقاءُ مغربٍ کہا جاتا ہے)

❁ **هُمْ كَالْحَلْقَةِ الْمُفْرَغَةِ لا يُدْرَى أَيْنَ طرفاها:** وہ ڈھلے ہوئے حلقہ کی طرح ہیں معلوم نہیں اس کے دونوں سرے کہاں ہیں۔ (یہ فاطمہ بنت الخرشب الانماریہ زیاد العبسی کی بیوی کا مقولہ ہے۔ اس کے سات بیٹے تھے اور شرفائے عرب میں شمار ہوتے تھے۔ ایک دن اس سے پوچھا گیا۔ آپ کو کونسا بیٹا سب سے افضل ہے؟ تو اس نے کہا: ربیع نہیں بلکہ عمار نہیں نہیں بلکہ فلاں، پھر بولی: میں انہیں گم کروں اگر مجھے معلوم ہو کہ ان میں سے کون سب سے افضل ہے۔ **هم كالحلقة المفرغَة لا يُدْرَى أَيْنَ طرفاها**)

❁ **حِلْمِي أَصَمُّ وأذني غيرُ صَمَّاء:** میرا حلم بہرا ہے کان بہرے نہیں (یعنی میں اپنی بردباری کی وجہ سے فحش کلام سے احتراز کرتا ہوں

اگرچہ کانوں سے سن لیتا ہوں۔ یہ صابر اور بردبار کی مثال ہے)

- **أَحْلَمُ مِن الأَحْنَف:** احنف سے زیادہ بردبار۔ (یہ احنف بن قیس کی طرف اشارہ ہے جو بنی تمیم سے تھا اور بردبار کہلاتا اور تسلیم کیا جاتا تھا)
- **الحَلِيمُ مَطِيَّةُ الجَهُولِ:** بردبار جاہل کی سواری ہے (اس کا مطلب ہے کہ بردبار شخص جاہل کی جہالت برداشت کر لیتا ہے اس سے انتقام نہیں لیتا)۔
- **لاتَكُنْ حُلْوًا فتُسْتَرطَ ولا مُرًّا فتُعْقِي:** میٹھا نہ بن کہ نگل لیا جائے اور نہ کڑوا کہ اگل دیا جائے (استراط، نگلنا، اعقاء تلخی کی وجہ سے اگل دینا۔ مراد یہ ہے کہ کڑواہٹ میں حد سے تجاوز نہ کرو کہ پھینک دیئے جاؤ اور مٹھاس میں حد سے نہ بڑھو کہ نگل لیئے جاؤ۔ یعنی صورتوں میں میانہ روی اختیار کرو)
- **أَحْلَى مِنَ العسل:** شہد سے زیادہ میٹھا۔
- **أَحْلَى مِنْ نَيْلِ المُنَى:** حصول مراد سے زیادہ شیریں۔
- **أَحْلَى مِنْ حياةٍ مُعَادَة:** دوبارہ زندگی سے زیادہ شیریں۔
- **الْحَمْدُ مَغْنَمٌ والمَذَمَّةُ مَغْرَمٌ:** تعریف مال غنیمت ہے اور مذمت تاوان (تعریف کے اکتساب اور اس کے غیر سے اجتناب پر اکسانے کے بارے میں بولا جاتا ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ فائدہ پہنچا کر تعریف کرانا، فائدہ حاصل کرنا غنیمت پانا ہے اور قابل مذمت کام کیا تو نقصان اٹھاؤ گے۔ یوں وہ مال جس سے تم نے تعریف کمائی تھی جاتا نہیں رہے گا اور تمہیں برائی سے بچائے گا)
- **كَانَ حِمارًا فَاسْتَأتَنَ:** وہ گدھا تھا بعد میں گدھی بن گیا۔ (استاتن بمعنی گدھی ہو جانا ہے۔ اور ایسا ہوتا نہیں۔ اس سے مراد صرف یہ ہے کہ وہ قوی تھا پھر چاہا کہ کمزور ہو جائے، عزیز و غالب تھا بعد میں ذلیل ہو گیا۔
- **أَحْمَقُ مِنْ دُغَةَ:** دغہ سے زیادہ بیوقوف (دغہ جو ایک عورت کا نام تھا اتنی بیوقوف تھی کہ اپنے بیٹے کے تالو کو ہلتا دیکھا، بیٹا سوتا کم اور روتا زیادہ تھا۔ اس نے اپنی سوت سے کہا مجھے چھری دینا سوت نے چھری دیدی اسے معلوم نہ تھا کہ بچے کی ماں کیا کرنا چاہتی ہے۔ بچے کی ماں نے جا کر چھری سے اپنے بیٹے کا تالو پھاڑ کر دماغ نکال دیا۔ سوت پیچھے سے آئی اور پوچھا۔ کیا کر رہی ہو؟ بچے کی ماں نے کہا: میں نے یہ پیپ اس کے سر سے نکال دی ہے تاکہ اسے نیند آ جائے اور اب وہ سویا ہوا ہے)
- **أَحْمَقُ من رِجْلَة:** رجلہ سے زیادہ بیوقوف (رجلۃ خرفہ کے ساگ کو کہتے ہیں جو سیلابی نالوں میں اگتا ہے اور سیلاب اسے بہا لے جاتا ہے)
- **أَحْمَقُ مِنْ شَرَنْبَثَ:** شرنبث سے زیادہ احمق (شرنبث کی حماقتوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے اپنا مال صحرا میں دفن کیا اور بدلی کے سائے کو نشانی مقرر کیا جو اس پر آیا ہوا تھا۔ جب مال نکالنے کے لئے لوٹا، سایہ وہاں سے ہٹ چکا تھا۔ چنانچہ اسے وہ جگہ نہ ملی اور یوں اس نے مال کھو دیا)
- **أَحْمَقُ مِن عِجْل:** عجل سے زیادہ احمق (عجل بنی وائل کا ایک شخص تھا۔ اسے کہا گیا۔ تم نے اپنے گھوڑے کا کیا نام رکھا ہے؟ وہ اٹھ کر گیا اور گھوڑے کی آنکھ پھوڑ کر کہا میں نے اس کا نام اعور (کانا) رکھا ہے)
- **أَحْمَقُ مِنْ نَعَامَة:** شتر مرغ سے زیادہ بیوقوف (شتر مرغ غذا کی تلاش میں نکلتا ہے۔ راستہ میں کہیں کسی دوسرے شتر مرغ کا انڈہ مل جائے تو اسے سینے بیٹھ جاتا ہے اور اپنا انڈہ بھول جاتا ہے اور واپس نہیں آتا جس کی وجہ سے وہ انڈہ خراب ہو جاتا ہے)
- **أَحْمَقُ مِن هَبَنَّقَة:** ہبنقہ سے زیادہ احمق (ہبنقہ بنی قیس بن ثعلبہ کا ایک فرد تھا۔ اس کی ایک حماقت یہ ہے کہ وہ اپنے لوگوں کی بکریاں چراتا تھا۔ موٹی بکریوں کو دوب گھاس چراتا اور کمزور بکریوں کو اس سے دور رکھتا اسے کہا گیا، تجھ پر ہلاکت ہو کیا کر رہے ہو؟ ہبنقہ نے جواب دیا میں اسے خراب نہیں کرتا جسے اللہ نے ٹھیک کیا ہے اور نہ اسے ٹھیک کرتا ہوں جسے اللہ نے خراب کیا ہے۔ ایک اور حماقت یہ ہے کہ اس نے اپنی گردن میں گھونگھوں، ہڈیوں اور ٹھیکریوں کا ایک ہار ڈالا ہوا تھا۔ اس سے اس ہار کے متعلق سوال کیا گیا تو اس نے جواب دیا۔ یہ ہار اس لئے پہنا ہے کہ اس کے ذریعے خود کو پہچان سکوں اور بھٹکوں نہیں۔ ایک رات سوتے میں اس کے بھائی نے اس کا ہار اتار کر خود پہن لیا۔ صبح ہوئی اور ہار کو اپنے بھائی کی گردن میں پڑا دیکھا تو کہا بھائی تو تو میں ہے تو میں کون ہوں؟
- **أَحْمَقُ مِنْ مَاضِغِ المَاءِ:** پانی چبانے والے سے زیادہ احمق۔
- **أَحْمَقُ مِنَ القابضِ علَى الماء:** پانی کو پکڑنے والے سے زیادہ احمق۔
- **احمق من ناطح الماء:** پانی کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق۔
- **أَحْمَقُ مِنْ لاطِمِ الأَرْض بِخَدَّيْهِ:** اپنے رخساروں سے زمین کو تھپڑ مارنے والے سے زیادہ احمق۔
- **أَحْمَقُ مِنْ ناطِحِ الصَخْرِ:** چٹان کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق۔
- **يَحْمِلُ التَمْرَ إلِى البَصْرة:** کھجوریں بصرہ لے جاتا ہے (بصرہ تو کھجوروں کا گھر ہے۔ گویا ''الٹے بانس بریلی کو'' کا مصداق بنتا ہے)
- **لايُحَمِّلُ اللّٰهُ نفسًا غيْرَ طَاقتِهَا:** اللہ کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔
- **لَمْ يَحْمِلْ خَاتَمِي مثلُ خِنْصَرِي:** میری چھنگلیا کی طرح کسی نے میری انگوٹھی کو برداشت نہیں کیا (جس کا کام اسی کو ساجھے)
- **اَنَّمَا يُحْمَلُ الكَلُّ علی اَهْلِ الفَضْلِ:** بوجھ تو انہیں پر ڈالا جاتا ہے جو اسے اٹھا سکیں۔ (کل کا معنی بوجھ ہے)
- **ياحَامِلَ اذكُرْ حَلًّا:** (اے لادنے والے کھولنا بھی یاد رکھنا۔ (اس کی اصل یہ ہے کہ کچھ لوگوں نے سفر کی حالت میں کوچ کیا۔ جن رسیوں سے سامان باندھا ان کی گرہیں بہت سخت لگا دیں۔ منزل پر اترے تو

سامان کھولنے میں بہت دشواری پیش آئی۔ جب دوسری منزل کے لئے سامان لادنے لگے تو ان میں سے ایک نے کہا۔ یا حامل اذکر حلا۔ یہ مثل عواقب پر نظر رکھنے کے لئے بولی جاتی ہے)

- **أَحْمَلُ مِنَ الْأَرْضِ:** زمین سے زیادہ بوجھ اٹھانے والا۔
- **حِمَی فَجَاشَ مِرْجَلَهُ:** وہ گرم ہوا تو اس کی ہانڈی بھی ابل پڑی۔ (یعنی سخت غضبناک ہوا)
- **یَحْمِی جَوَابِیَهُ نَقِیقُ الضِفْدِعِ:** مینڈکوں کی ٹرٹر اس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے۔ (جوابی، جابیۃ کی جمع ہے جابیۃ کا معنی حوض ہے۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کے پلے کچھ نہ ہو سوائے باتوں اور بک بک کے)
- **رُبَّ حَامٍ لِأَنْفِهِ وهو جَادِعُهُ:** بہت سے لوگ جو اپنی ناک بچاتے ہیں دراصل اس کو کاٹنے والے ہوتے ہیں۔
- **حِمَاكَ أَحْمَی لَكَ:** تیرا اپنا دفاع ہی تیرا زیادہ محافظ ہے۔
- **أَحْمَی مِن انف الأسد:** شیر کی ناک سے زیادہ محفوظ۔
- **أَحْمَی مِنْ مُجِیرِ الجَرَاد:** ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ (مدلج بن سوید الطائی ایک دن اپنے خیمہ میں اکیلا تھا۔ اچانک بنی طے کے کچھ لوگ آ گئے ان کے پاس برتن تھے مدلج نے کہا کہ کیا بات ہے؟ انہوں نے جواب دیا تمہارے صحن میں ٹڈیاں اتری ہوئی ہیں، ہم انہیں لینے آئے ہیں، اس پر مدلج اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا اور نیزہ ہاتھ میں لے کر کہا: خدا کی قسم! تم میں سے کوئی ٹڈیوں سے کوئی واسطہ نہ رکھے ورنہ میں اسے قتل کر دوں گا۔ اور ٹڈیوں کی رکھوالی کرتا رہا یہاں تک کہ دھوپ تیز ہونے پر ٹڈیاں اڑ گئیں تب کہا۔ اب ٹڈیوں کو پکڑ سکتے ہو کیونکہ وہ میرے پاس سے چلی گئی ہیں۔
- **حَانِیَةٌ مُخْتَضِبَةٌ:** ایک شفیق خضاب لگانے والی عورت (ایک عورت جس کا شوہر فوت ہو گیا تھا اس کا ایک بیٹا تھا اس کا کہنا تھا کہ وہ شادی نہیں کرے گی اور اپنے بیٹے پر متوجہ رہے گی۔ اس کے باوجود وہ اپنے ہاتھوں پر مہندی لگاتی تو اسے یہ بات کہی گئی۔ یہ مثل ایسے شخص کے بارے میں بولی جاتی ہے جس کا معاملہ شک میں مبتلا کرتا ہو)
- **الحَاجَةُ تَفْتُقُ الحِیْلَةَ:** ضرورت حیلہ پیدا کر دیتی ہے (یعنی ضرورت پورا کرنے کے لئے کوئی نہ کوئی حیلہ کرنا پڑتا ہے۔ جیسے ہمارے ہاں محاورہ ہے۔ "ضرورت ایجاد کی ماں ہے")
- **حَالَ الجریضُ دُوْنَ القریض:** شعر کے آگے غم حائل ہو گیا۔ (جریض: غم قریض: شعر۔ اصل اس کی یہ ہے کہ نعمان کے دو دن ایسے تھے جن میں سے ایک شدت اور دوسرا نعمت کا دن تھا۔ جو شخص شدت کے دن ملتا اسے قتل کروا دیتا اور جو نعمت کے دن ملتا اس کو مالدار بنا دیتا۔ ہوا یہ کہ شدت کے دن نعمان کو شاعر عبید بن الابرص جو اس کے خاص قدماء میں سے تھا ملنے آیا تو نعمان نے اس سے کہا۔ کاش تو ہمیں کسی اور دن ملنے آتا۔ لہٰذا اب تو اپنی جان کے علاوہ کوئی خواہش کر۔ شاعر نے کہا: کہ اپنی جان سے مجھے کوئی چیز عزیز نہیں۔ نعمان نے کہا یہ نہیں ہو سکتا۔ اور اس سے اپنے شعر سنانے کی فرمائش کر ڈالی۔ تو عبید شاعر نے کہا:

حال الجریضُ دو القریض اور یہ ضرب المثل بن گئی۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس مثل کا اصل یہ ہے کہ ایک شخص کا بیٹا اچھے شعر کہتا تھا۔ باپ نے اس سے منع کیا۔ تو اس سے اس کے دل کو صدمہ ہوا، وہ بیمار پڑ گیا اور قریب المرگ ہو گیا تو اس کے والد نے اسے شعر کہنے کی اجازت دیدی۔ تو اس نے یہ مصرع کہا حال الجریض دون القریض۔ یہ مثل ایسے معاملہ کے لئے ہے جس پر آخر الامر قدرت حاصل ہو جب وہ کچھ سودمند نہ رہے)

- **حَالَ الأَجَلُ دُوْنَ الأَمَلِ:** امید کے سامنے موت حائل ہو گئی۔ (یہ پہلی مثل کے قریب قریب ہے)
- **إن حَالَتِ القَوْسُ فَسَهْمِی صائِب:** اگرچہ میری کمان ٹیڑھی ہے مگر میرا نشانہ خطا نہیں ہوتا (حالت القوس کا معنی کمان کا سیدھا نہ رہنا، جبکہ سہم صائب اس تیر کو کہتے ہیں جو نشانہ پر لگے اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کی دولت و نعمت نہ رہے مگر مروت باقی ہو۔
- **رُبَّ حَالٍ أَفْصَحُ من لسانٍ:** کئی دفعہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے۔
- **أَحْوَلُ مِن أَبِی قَلَمُون:** ابوقلمون سے زیادہ بدلنے والا۔ ابوقلمون ایک قسم کا کپڑا جس کے رنگ آنکھوں جیسے مختلف رنگ کے ہوتے ہیں۔
- **أحْوَلُ مِن ابی بَرَاقِش:** ابو براقش سے زیادہ متلون (ابو براقش ایک پرندہ ہے جو ایک دن میں کئی مختلف رنگ بدلتا ہے)
- **الحَاوِی لاینجُو من الحَیَّات:** سانپ پر منتر پڑھنے والا سانپوں سے نہیں بچتا۔ (مراد جو سانپ پکڑتا ہو کبھی نہ کبھی ڈسا جاتا ہے)
- **أَحْیَرُ مِنْ ضَبّ:** گوہ سے زیادہ متحیر (کیونکہ وہ جب اپنا بل چھوڑ کر جاتا ہے تو واپسی کا راستہ بھول جاتا ہے اور حیران ہوتا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب وہ اپنا بل چھوڑ کر جانے لگتا ہے تو دروازے کے پاس پتھر رکھ دیتا ہے تاکہ اس سے راستہ پالے۔ لیکن اگر شکاری پتھر کو وہاں سے ہٹا دے تو وہ اسے متحیر کر کے پکڑ لیتا ہے)
- **حِیْلَةُ مَنْ لاحِیْلَةَ لَهُ الصبر:** جس کا کوئی حیلہ نہ ہو اس کا حیلہ صبر ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ جو خود کو ناپسندیدہ بات دور کر کے فائدہ نہ پہنچا سکے وہ صبر تو کر سکتا ہے اور صبر کے ثواب اور اچھی بات میں اس کے لئے نفع کا اکتساب کر سکتا ہے)
- **مَاحِیْلَةُ الرَامِی إذا إنْقَطَعَ الوَتَر:** جب تانت ہی ٹوٹ جائے تو تیرانداز کیا کر سکتا ہے۔
- **إذَا حَانَ القَضَاءُ ضَاقَ الفَضَاءُ:** جب قضا آتی ہے تو فضا تنگ ہو جاتی ہے۔
- **لاتَحْمِ البَیْضَ وَتَقْتُلِ الفِرَاخ:** ایسا نہ کر کہ انڈے رہنے دے اور

چوزے مار ڈالے (یعنی چھوٹی چیز کی حفاظت کی قیمت پر بڑی چیز کو ضائع نہ کر)

❁ **حَيَّاكَ مَنْ خَلَا فُوهُ:** تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا۔ اس کی اصل یہ بتائی جاتی ہے کہ ایک شخص کھانا کھا رہا تھا کہ ایک اور شخص اس کے پاس سے گزرا اور اسے سلام کیا۔ منہ میں خوراک کی وجہ سے وہ اس کا جواب نہ دے سکا تو اس نے یہ بات کہی۔ ساتھی سے بے توجہی کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ **لَاحَيٌّ فَيُرْجَى وَلَا مَيِّتٌ فَيُنْسَى:** نہ زندہ ہے جس سے امید کی جائے اور نہ مردہ جس کو بھلایا جائے۔

❁ **أَحْيَا من فَتَاةٍ:** نوجواں عورت سے زیادہ حیادار۔

❁ **أَحْيَا مِنْ مُخَدَّرَة:** پردہ نشین عورت سے زیادہ باحیا۔

❁ **أَحْيَا مِن هَدِيّ:** دلہن سے زیادہ حیادار۔ ہدی: (جسے آراستہ کر کے شوہر کو دیا گیا ہو)

❁ **أَحْيَا مِنْ صَبّ:** گوہ سے زیادہ لمبی عمر والا یہاں أَحْيَى حیاۃ سے معنی لمبی عمر والا ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ گوہ کی عمر طویل ہوتی ہے۔

❁ **اَلْحَيَاءُ مِنَ الإِيْمَانِ:** حیا ایمان کا جز ہے۔ (کیونکہ باحیاء شخص حیاء کی وجہ سے گناہوں سے بچا رہتا ہے۔ اس کی طرف عربوں کا یہ قول اشارہ کرتا ہے۔

❁ **إِذَا لَمْ تَسْتَحِي فَاصْنَعْ مَاشِئْتَ:** جب تو حیا نہ کرے تو جو چاہے کر۔ غالباً فارسی میں اس سلسلہ میں کہا جاتا ہے۔ بے حیا باش و ہر چہ ہی خواہی کن۔

خ

❁ **إِمَّا خَبَّتْ وإِمَّا بَرَكَتْ:** یا تیز دوڑی یا بیٹھ ہی گئی (خبب دوڑ کی ایک قسم یعنی تیز دوڑنا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کبھی خیر میں حد سے تجاوز کرتا ہو اور کبھی برائی میں اور دونوں میں منزل پر پہنچ جائے۔

❁ **أَخْبَرْتُهُ بِعُجَرِي وبُجَرِي:** میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی اطلاع دیدی۔ (عجر بمعنی پیچ در پیچ رگیں اور بجر بمعنی پیٹ کی ایسی تمام رگیں۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے آپ اس پر بھروسہ اور اعتماد کی بناء پر اپنے تمام عیوب سے آگاہ کر دیں۔

❁ **تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُولِهِ مَرْآتُهُ:** اس کا ظاہر اس کے باطن کی ترجمانی کرتا ہے۔

❁ **يُخْبِرُكَ أَدْنَى الأَرْضِ عن أقْصَاها:** زمین کا ابتدائی حصہ اس کے انتہائی حصہ کی خبر دے رہا ہے۔ (یا قریبی حصہ دور کے حصہ کی)

❁ **لَيْسَ الخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ:** سنی ہوئی بات دیکھی جیسی نہیں۔

❁ **عَلَى الخَبِيرِ سَقَطْتَ:** جاننے والے کے پاس ہی پہنچے ہو (مراد یعنی اسی سے پوچھا ہے جو معاملہ سے بخوبی واقف ہے)

❁ **يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ:** وہ اندھی اونٹنی کی طرح پاؤں مارتا ہے۔ (عشواء کمزور نظر اونٹنی یا اس اونٹنی کو کہا جاتا ہے جسے رات کو نظر نہ آتا ہو اور یوں وہ ہر چیز روند ڈالتی ہو اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بے سوچے سمجھے کسی کام میں پڑ جائے یا کسی کام کو لاپرواہی سے کرے۔ اور انجام کا مطلق خیال نہ کرے۔

❁ **أَخْبَطُ مِنْ حَاطِبِ لَيْلٍ:** رات کو لکڑی جمع کرنے والے سے زیادہ بے راہ چلنے والا۔ (ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی چیز کو جانے بغیر اس کی تعریف کرنے لگے۔ کیونکہ رات کو لکڑیاں جمع کرنے والا ہر چیز اکٹھی کر لیتا ہے اسے بھی جس کی ضرورت ہو اور اسے بھی جس کی ضرورت نہ ہو)

❁ **أَخْتَلُ مِنَ الذِئْبِ:** بھیڑیئے سے زیادہ دھوکے باز۔ (ختل کا معنی دھوکا دینا ہے)

❁ **مَنْ خَدَمَ الرِجَالَ خُدِمَ:** جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی۔

❁ **الخَاذِلُ أَخُو القَاتِلِ:** جو مدد کرنا چھوڑ دے وہ ایک طرح سے بھائی کا قاتل ہے۔ یعنی ساتھی کو بے یار و مددگار چھوڑنے والا اس کا قاتل ہوتا ہے)

❁ **تُخْرِجُ المِقْدَحَةُ مَافِي قَعْرِ البُرْمَةِ:** چمچہ وہی نکالتا ہے جو ہنڈیا کے پیندے میں ہو (مقدحۃ: چمچہ یا ڈوئی۔ برمۃ: پتھر کی ہانڈی)

❁ **قَدْيَخْرُجُ مِنَ الصدفِ غيرُ الدُّرِّ:** کبھی سیپ سے موتی کے بجائے کچھ اور نکل آتا ہے۔

❁ **لَاتَخْرُجُ النَفْسُ من الأَمَلِ حَتّى تَدْخُلَ فى الأَجَلِ:** نفس امیدوں کے پھندے سے اس وقت تک نہیں نکلتا جب تک موت کے چنگل میں نہ آ جائے۔

❁ **دُونَهُ خَرْطُ القَتَادِ:** اس سے آسان تو خاردار درخت کے پتے ہاتھ سے سونتنا ہے (خرط: درخت کے پتے ہاتھ سے کھینچ کر اتارنا کے معنی میں ہے۔ اور قتاد: سوئی جیسے کانٹوں والا درخت۔ ایسے کام کے لئے کہا جاتا ہے جس کے آگے رکاوٹیں ہوں۔

❁ **الخَرُوفُ يَتَقَلَّبُ عَلَى الصُوف:** بھیڑ کا بچہ اون پر کروٹیں لیتا ہے۔ (ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو آرام سے زندگی بسر کر رہا ہو)

❁ **أَخْرَقُ مِنْ نَاكِثَةِ غَزْلِهَا:** سوت توڑنے والی سے زیادہ احمق۔ (قریش کی ایک عورت جو خود بھی کاتتی اور اپنی کنیزوں سے سوت کتواتی تھی پھر خود ہی کاتا ہوا سوت توڑ ڈالتی اور کنیزوں سے بھی ان کے کاتے ہوئے سوت تڑوا دیتی تھی)۔

❁ **خَرْقَاءُ ذَاتُ نِيْقَة:** پھوڑ سگھڑ بننے والی (خرقاء اس عورت کو کہتے ہیں جو کوئی کام اچھی طرح نہ کر سکے۔ نِيْقَة تَنَوَّقَ سے اسم نوع ہے۔ کہا جاتا ہے تَنَوَّقَ فِي الامر یعنی اس نے کام کو مضبوطی اور حکمت سے سرانجام دیا۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے آتا جاتا کچھ نہ ہو لیکن دعویٰ کرے کہ وہ سب کچھ جانتا ہے۔

❁ **خَرْقَاءُ عَيَّابَةٌ:** پھوہڑ عیب نکالنے والی (یعنی خود کچھ کرنا آتا نہیں مگر

دوسروں میں کیڑے نکالتا ہے)

- **أخسَرُ مِنَ القَابِضِ عَلَى المَاءِ:** پانی کو پکڑنے والے سے زیادہ نقصان اٹھانے والا۔
- **مَنْ خَشِيَ الذِئبَ اَعَدَّ كَلْبًا:** جو بھیڑیے سے ڈرے، کتا تیار کرے۔ (دشمنوں کے لئے تیاری کرنے کی ترغیب کے بارے میں ہے)
- **لاتُخَاصِمْ مَنْ إذَا قَالَ فَعَلَ:** اس سے جھگڑا نہ کرنا جو جب کچھ کہے تو اس کو کر ڈالے۔
- **إيَّاكُمْ وخَضرَاءَ الدِمَنْ:** کوڑے پر اگی ہوئی سبزی سے بچو۔ (دمن مینگنیوں اور پیشاب والی جگہ) جن پر بسا اوقات خوبصورت سبزہ اگ آتا ہے تو دیکھنے میں وہ خوبصورت ہوتا ہے لیکن اگنے کی جگہ کے لحاظ سے خراب۔ یہ مثل ظاہری حسن سے بچنے کی ترغیب دیتی ہے جس کا باطن خراب ہو)
- **الخَطَأُ زَادُ العَجُول:** خطا جلد بازی کرنے والے کی زادِ راہ ہے (یعنی جلد بازی کرنے والا غلطیاں ساتھ لے کر چلتا ہے)
- **مَعَ الخَوَاطِئِ سَهْمٌ صَائِبٌ:** خطا کرنے والے تیروں کے ساتھ نشانہ پر لگنے والا تیر بھی ہوتا ہے۔ (اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بارہا غلطیاں کرتا رہے اور ایک مرتبہ ٹھیک کام کر لے۔ خواطئی ان تیروں کو کہا جاتا ہے جو نشانہ خطا کریں)
- **مَنْ خَطَبَ الحَسنَاءَ يُعْطِي مَهْرَهَا:** جو حسینہ کو منگنی کا پیغام بھیجے، اس کا مہر بھی ادا کرے گا۔
- **أخطَبُ مِنْ سَحْبَان وَائِل:** سحبان وائل سے زیادہ خطیب۔ (سحبان وائل باہلہ قبیلے کے خطیبوں اور شاعروں میں سے ایک کا نام)
- **لِكُلِّ خِطَابٍ جَوَابٌ:** ہر بات، سوال کا جواب ہوتا ہے۔
- **لَيسَ المُخَاطِرُ مَحْمُودًا ولو سَلِمَا:** خطرہ مول لینے والا قابلِ تعریف نہیں ہوتا، چاہے بچ جائے۔
- **خَفَّتْ نَعَامَتُهُمْ:** ان کا شتر مرغ ہلکا ہو گیا (شَالَتْ نَعَامَتُهم بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی گروہ چشمہ سے کوچ کر کے بکھر جائے۔ شتر مرغ کی صفت ہلکا پن، تیز جانا اور بھاگنا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ نعامۃ کا معنی قوم کی ایک جماعت ہے۔)
- **خَفِّفْ طَعَامَكَ تَامَنْ سَقَامَكَ:** ہلکا کھانا کھاؤ گے تو بیماریوں سے محفوظ رہو گے۔ (لفظی ترجمہ اپنا کھانا ہلکا کر، بیمار ہونے سے بچا رہ)
- **أخَفُّ حِلْمًا مِنْ عُصْفُور:** چڑیا سے بھی بڑھ کر جلدی طیش میں آنے والا۔
- **أخَفُّ مِنْ يَرَاعَة:** نرکل سے زیادہ ہلکا۔
- **أخَفُّ مِنْ رِيْشَة:** پر سے زیادہ ہلکا۔
- **أخَفُّ مِنَ النَسِيم:** بادِ نسیم سے زیادہ ہلکا۔
- **أخَفُّ مِنَ الهَبَاء:** غبار سے زیادہ ہلکا۔
- **وَهَل يُخفَى عَلَى الناس القَمَرُ:** کیا چاند بھی لوگوں سے مخفی رہتا ہے؟ (ایسی چیز یا معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جو مشہور ہو۔)
- **مَاعِندَهُ خَلٌّ ولاخمرٌ:** اس کے پاس نہ سرکہ ہے نہ شراب۔ (یعنی خیر یا شر میں سے اس کے پاس کچھ نہیں)
- **مَا اَنتَ بِخَلٍّ ولاخمرٍ:** تو نہ تو سرکہ ہے نہ شراب (پچھ عرب شراب کو اس کی لذت کی وجہ سے خیر اور کھٹاس کی وجہ سے سرکہ کو شر قرار دیتے تھے اس لئے بھی کہ سرکہ کا پیا نہیں جا سکتا)
- **الخَلَّةُ تدعو اِلَى السَلَّة:** مفلسی چوری کی دعوت دیتی ہے۔ (خلّہ بمعنی افلاس اور ضرورت اور سلّة بمعنی چوری ہے۔ یعنی افلاس ذلیل کمائی کی دعوت دیتا ہے۔)
- **تَخَلَّصَتْ قَابِنَةٌ مِنْ قُوب:** انڈا چوزے سے چھٹکارا حاصل کر چکا ہے۔ (قابنة کا معنی انڈا اور قوب کا معنی چوزا۔ سختی سے نجات پانے پر کہا جاتا ہے۔ اس مثل کی اصل یہ ہے کہ ایک دیہاتی نے کسی تاجر کی حفاظت کی ذمہ داری لیتے ہوئے کہا جب میں تجھے فلاں جگہ پہنچا دوں تو (برئت قابنة من قوب) انڈا چوزے سے بری ہو جائے گا۔ یعنی میں تیری حفاظت کی ذمہ داری سے بری ہو جاؤں گا)
- **اِختَلَطَ الحَابِلُ بِالنَابِلِ:** جال والا تیر والے کے ساتھ خلط ملط ہو گیا۔ (حابل بمعنی جال والا اور نابل بمعنی تیر والا ہے۔ بہت سے شکاری اکٹھے ہو جائیں اور تیر والے جال والوں میں گھل مل جائیں، تو کسی چیز کو شکار نہیں کیا جا سکتا۔ شکار تو انفرادی طور پر ہوتا ہے یہ مثل لوگوں کے معاملہ کے اس طرح گڑبڑ ہو جانے کے موقع پر بولی جاتی ہے۔ کیونکہ ایسی گڑبڑ پر کوئی تدبیر نہیں سوجھتی)۔
- **اِختَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّاد:** گاڑھا دودھ خراب دودھ سے مل گیا۔ (خاثر بمعنی گاڑھا دودھ اور زبّاد خراب دودھ کے معنی میں ہے۔ ایسی قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی معاملہ کی گڑبڑ میں پھنس کر رہ جائے)
- **اِختَلَطَ المَرعِيُّ بِالهَمَل:** چرایا ہوا اور چھوڑا ہوا اونٹ گڈمڈ ہو گئے۔ (ہَمَل وہ اونٹ جو کسی چرانے والے کے بغیر رات دن چھٹا رہے اور مرعی اس اونٹ کو کہا جاتا ہے جو چرایا جاتا ہے۔ گڑبڑ معاملہ میں پھنس جانے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔)
- **خَالِفْ نَفسَكَ تَستَرِحْ:** اپنے نفس کی مخالفت کر راحت پائے گا۔
- **خَالِفْ هَوَاكَ تَرشُدْ:** اپنی خواہش کے خلاف کر ہدایت پا۔
- **خَالِفْ تُذْكَرْ:** مخالفت کرتا کہ تیرا ذکر کیا جائے۔
- **أخلَفُ مِن عُرقُوب:** عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف۔ عرقوب عمالقہ میں سے ایک شخص کا نام جس کے بھائی نے اس سے سوال کیا تو مختلف وعدے کر کے ٹالتا رہا اور آخری وعدہ بھی پورا نہیں کیا۔ پہلے کہا کھجوریں نکلیں گی تو دوں گا، جب نکل آئیں تو کچرے ہونے کا جب کچری ہوئیں تو گدرانے کا) گدرائیں تو پکنے، پکیں تو خشک ہونے اور چھوہارے ہونے تک وعدے ٹالتا رہا۔ اور چھوہارے ہوئیں تو کاٹ کر لے گیا اور بھائی کو کچھ نہیں دیا اور یہ واقعہ وعدہ خلافی میں ضرب

المثل بن گیا۔

❁ أَخْلَفُ مِنْ نَارِ الْحُبَاحِب: جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف (جو اندھیرے میں اڑے تو پر سرخ ہو جاتے ہیں اور پر دور سے آگ کا شعلہ دکھائی دیتا ہے۔

❁ خَلَقَ اللّٰهُ لِلْحَرْبِ رِجَالاً: اللہ تعالیٰ نے جنگ کے لئے اور ہی مرد پیدا کئے ہیں۔

❁ خَلاَلَكِ الْجَوُّ فَبِيْضِي وَاصْفِرِي: تیرے لئے میدان خالی ہو گیا اب انڈے دے اور چہچہا۔ یہ حاجت پوری کرنے میں کامیاب ہونے کے بارے میں بولا جاتا ہے۔ سب سے پہلے یہ بات شاعر طرفہ ابن العبد نے کہی تھی۔ اس نے چنڈول کے شکار کے لئے جال لگایا اور تمام دن گزرنے کے باوجود کچھ شکار نہ کر سکا۔ پھر جال اٹھایا اور دور چلا گیا۔ اور وہاں سے دیکھا کہ چنڈول اس کے بکھیرے ہوئے دانے چگ رہے ہیں۔ اس موقع پر اس نے کہا:

یا لَکِ من قُنْبُرَۃ بمعمر

خلالکِ الجوّ فبیضی و اصفری

❁ لاَيَخْلُو الْمَرْءُ مِنْ وُدُوْدٍ يَمْدَحُ وعُدُوٍّ يَقْدَحُ: کوئی شخص ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو۔

❁ خَلِّ مَنْ قَلَّ خيرُهُ، لَكَ فِي النَّاسِ غيرُهُ: اس شخص کو چھوڑ جس میں بھلائی نہ ہو، لوگوں میں تجھے اس کے علاوہ اور مل جائیں گے۔

❁ خَلِّ الحسابَ ليومِ الحساب: حساب کو روز حساب کے لئے چھوڑ دے۔

❁ خَلاَؤُكَ أَقْنَى لِحَيَائِكَ: تیری تنہائی تیری زندگی کے لئے زیادہ ضروری ہے (یعنی جب تم اپنے گھر میں تنہا ہوتے ہو تو لوگوں سے بچے رہتے ہو کیونکہ نہ تو تم کسی سے جھگڑ رہے ہوتے ہو اور نہ کوئی تم سے جھگڑا کر رہا ہوتا ہے۔ یوں تمہاری حیاء قائم رہتی ہے۔ یہ لوگوں کی صحبت کی مذمت میں کہا جاتا ہے)

❁ مَنْ لاَيَخَافُ أَحَدًا لايخافُهُ أَحَدٌ: جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے بھی کوئی نہیں ڈرتا۔

❁ مَنْ خَانَ هَانَ: جس نے خیانت کی ذلیل ہوا۔

❁ يارُبَّمَا خان النَصِيْحُ الْمُؤْتَمَنُ: کبھی امانت دار خیر خواہ بھی خیانت کر دیتا ہے۔ (زمانہ کے لوگوں پر اعتماد نہ کرنے کی ترغیب کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ أَخْيَبُ مِنْ قَابِضٍ على الماء: پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام

❁ أَخْيَبُ مِنْ حُنَيْنٍ: حنین سے زیادہ ناکام کہا جات ہے (رَجَعَ بِخُفَّي حنین) یعنی ناکام واپسی کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

❁ لو خُيِّرْتِ لاَخْتَرْتِ: اگر تجھے اختیار دیا جاتا تو اختیار کر لیتی (چونکہ اختیار نہیں اس لئے بجز تسلیم کوئی چارہ نہیں)

❁ خَيْرُ الأُمُوْرِ أَوْسَاطُهَا: سب معاملوں میں بہترین وہ ہیں جو میانہ روی پر مبنی ہوں۔

❁ خَيْرُ الأُمُوْرِ مااَسْعَدَكَ فی دَارَيْكَ: بہترین کام وہی ہے جو تمہیں دونوں جہانوں میں نیک بخت بنا دے۔

❁ خَيْرُ الأُمُوْرِ أَحْمَدُهَا مَغَبَّةً: بہترین کام وہ ہے جس کی انجام پر تعریف کی جائے۔ (مَغَبَّة بمعنی عاقبت، انجام، یہ عربوں کے اس قول کے مانند ہے۔ الأَعْمَالُ بِخَوَاتِيْمِهَا (اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے)

❁ خَيْرَ إِنَائَيْكَ تَكْفَئِيْن: تو اپنے بہترین برتنوں کو الٹ رہی ہے۔ (کَفَأَ الإِنَاءَ کا معنی برتن کو الٹ دینا، اوندھا کر دینا ہے یعنی مستحق محروم اور غیر مستحق فیضیاب ہو رہے ہیں۔

❁ خَيْرُ أَهْلِكَ مَنْ كَفَاكَ: تیرا بہترین رشتہ دار وہ ہے جو تیرے لئے کافی ہو جائے۔

❁ خَيْرُ الْبُيُوْعِ نَاجِزٌ بِنَاجِزٍ: بہترین خرید و فروخت نقدا نقدی ہے۔

❁ خَيْرَ حَالِبَيْكِ تَنْطَحِيْنا: تو اپنے بہترین دوہنے والے کو سینگ مارتی ہے۔ (اصل اس مثل کی ہے کہ ایک بکری یا گائے کے دو دوہنے والے تھے۔ ایک دوسرے سے زیادہ نرم تھا۔ وہ نرم دوہنے والے کو سینگ مارتی تھی اور دوسرے کو چھوڑ دیتی تھی۔ اچھا سلوک کرنے والے کو برا بدلہ دینے والے کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ خَيْرُ الخِلاَلِ حِفْظُ اللِّسَانِ: بہترین خصلت زبان کی حفاظت کرنا ہے۔

❁ خَيْرُ سَلاَحِ الْمَرْءِ مَاوَقَاهُ: آدمی کا بہترین ہتھیار وہ ہے جو اس کو بچائے (یعنی آدمی کی اولاد اور اس کے اہل خانہ میں سے اچھا وہ ہے جو اس کی ضرورتوں کو پورا کرنے میں دوسرے سے بے نیاز کر دے)

❁ خَيْرُ الأَصْحَاب مَنْ دَلَّكَ عَلَى الْخَيْر: بہترین ساتھی وہ ہے جو خیر کی طرف تیری رہنمائی کرے۔

❁ خَيْرُ العَفْوِ مَاكَانَ عِنْدَ الْقُدْرَةِ: بہترین معافی وہ ہے جو قدرت حاصل ہوتے ہوئے دی جائے)

❁ خَيْرُ الْعِلْمُ ماحَضَرَكَ: بہترین علم وہ ہے جو (بوقت ضرورت) تیرے دل میں آجائے۔

❁ خَيْرُ الْغِنَى الْقُنُوعُ: بہترین تموّل قناعت ہے۔

❁ خَيْرُ الْكَلاَمِ مَاقَلَّ ودَلَّ: بہترین کلام وہ ہے جو مختصر اور مراد کو ظاہر کرنے والا ہو۔

❁ خَيْرُ الْمَال مَا نَفَعَ: بہترین مال وہ ہے جو نفع دے۔

❁ خَيْرُ مَالِكَ مَانَفَعَكَ: تیرا بہترین مال وہ ہے جو تجھے نفع پہنچائے۔ (معنی میں اس سے قریب لَمْ يَضِعْ مِن مَالِكَ مَاوَعَظَكَ (تیرا وہ مال ضائع نہیں گیا جس نے تیری خیر خواہی کی) ہے۔

❁ خَيْرٌ من الْخَيْرِ فَاعِلُهُ: اچھوں میں اچھا وہ ہے جو اچھے کام کرے۔

- **خَیْرُ النَّاسِ مَنْ فَرِحَ للناس بالخیر:** بہترین شخص وہ ہے جو لوگوں کی بھلائی سے خوش ہو۔
- **خَیْرُ الوَعْظِ مَارَدَعَ:** بہترین نصیحت وہ ہے جو برائی سے باز رکھے۔
- **اَلْخَیْرُ اَبْقَی وَاِنْ طَالَ الزَّمَانُ بِهِ:** بھلائی زیادہ پائیدار ہے خواہ زمانہ کتنا ہی دراز کیوں نہ ہو۔
- **إنَّ خَیْرَ الفِقْهِ ماحَضَرْتَ بِهِ:** بہترین علم وہ ہے جو تو وقت پر پیش کر سکے۔
- **لاخَیْرَ فِیْ أَرَبٍ أَلْقَاكَ فی لَهَبٍ:** اس مقصد میں کوئی خوبی نہیں جو تجھے آگ کے شعلوں میں پھینک دے۔
- **لاخَیْرَ فی السَّرَفِ ولاسَرَفَ فی الخیر:** اسراف میں کوئی بھلائی نہیں اور نہ بھلائی میں کوئی اسراف ہے۔
- **لاخَیْرَ فِیْ وُدٍّ یَکُوْنُ بشَافِعٍ:** ایسی محبت میں کوئی خیر و خوبی نہیں جو کسی سفارش کرنے والے کے ذریعے ہو۔
- **اَلْخَیْلُ تَجْرِی علی مَسَاوِیْهَا:** گھوڑا اپنے عیبوں کے باوجود چلتا ہے۔ (یعنی اگر گھوڑے میں کچھ عیوب ہوں تو اس کی فیاضی اسے دوڑنے پر اکساتی ہے۔ اسی طرح شریف اور فیاض شخص تکلیف برداشت کرتا ہے اور خاندان کی حفاظت کرتا ہے خواہ کمزور کیوں نہ ہو۔ یہ مثل ہر حال میں فیاضی پر کہی جاتی ہے۔
- **الخَیْلُ اَعْلَمُ بِفُرْسَانِهَا:** گھوڑے اپنے سواروں کو خوب جانتے ہیں (مثل سے مراد یہ ہے کہ معاملہ شناس پر اکتفا کرو)
- **اخیل مِنْ غُرابٍ:** کوے سے زیادہ اترانے والا (کوا اکڑ کر چلتا ہے)
- **أَخْبَلُ مِنْ دِیْكٍ:** مرغ سے زیادہ ناز دکھانے والا۔

د

- **دَأْمَاءُ لا یُقْطَعُ بِالْأَرْمَاثِ:** سمندر لکڑیوں کے بیڑے سے طے نہیں کیا جا سکتا۔ (دأماء بمعنی سمندر اور أرمَاث رَمَث کی جمع ہے۔ ارماث لکڑی کے گٹھوں کو جوڑ کر بنایا ہوا بیڑہ جو سمندر میں شکار وغیرہ کے کام آتا ہے۔ ایسے عظیم کام کے لئے کہا جاتا ہے جس کو سرانجام دینے کے لئے مددگاروں اور موزوں سامان کی ضرورت ہو۔
- **أَدْبَرَ غَرِیْرُهُ وأَقْبَلَ هَرِیْرُهُ:** اس کی اچھی عادت نے پیٹھ پھیر لی اور بدخلقی سامنے آ گئی (غریر بمعنی اچھی عادت اور هَرِیر بمعنی کراہیت و بدخلقی ہے۔ یعنی اس کی اچھی بات جاتی رہی اور بدخلقی وغیرہ کی ناپسندیدہ عادتیں آ گئیں)
- **التَدْبِیْرُ نِصْفُ المَعِیْشَةِ:** تدبیر آدھی روزی ہے۔
- **کَدَابِغَةٍ وقَدْ حَلِمَ الأَدِیْمُ:** کھال رنگنے والے کی طرح جب کھال خراب ہو گئی ہو۔ (حَلِمَ الجلدُ کا معنی ہے کھال کا خراب ہونا اور اس میں کیڑے پڑ کر سوراخ ہو جانا۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی معاملہ کی اصلاح کی اس وقت کوشش کرے جب وہ اسقدر خراب ہو چکا ہو کہ اصلاح کی امید نہ رہی ہو۔
- **دَخَلَ فُضُولِیٌّ النارَ فقَالَ الحطبُ رَطْبٌ:** دو شخصوں کے معاملہ میں خود بخود دخل دینے والے نے آگ میں گھس کر کہا ایندھن گیلا ہے۔
- **یُدْخِلُ شَعْبَانَ فی رَمَضَان:** وہ شعبان کے مہینے کو رمضان کے مہینے میں داخل کر رہا ہے۔ (ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے، جو کوتاہی کرے)
- **لاتَدْخُلْ بَیْنَ البَصَلَةِ وَقِشْرِهَا:** پیاز اور اس کے چھلکے کے درمیان نہ گھسو (خواہ مخواہ مداخلت نہ کرو)
- **لاتَدْخُلَنْ بَیْنَ العَصَا ولِحَائِهَا:** ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہرگز داخل نہ ہو۔ (لِحَاء درخت یا لکڑی کی چھال مراد دو دوستوں کے مابین برائی لیکر جانا اچھا نہیں۔)
- **لِکُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ:** ہر دودھ کا کوئی نہ کوئی دوہنے والا ہوتا ہے۔
- **اِدْرَهَا وَاِنْ أَبَتْ:** اس کو دھو لے خواہ وہ انکار کرے۔ (یہ اس اونٹنی کے لئے کہا جاتا ہے جو رانیں باندھے بغیر دودھ دوہنے نہ دیتی ہو۔ مراد یہ ہے کہ ضرورت یا بھلائی کو بہ اصرار و اکراہ حاصل کر لینا چاہئے)۔
- **دَرْءُ المَفَاسِدِ أَوْلَی من جَلْبِ النِعَم:** مفاسد کو دور کرنا نعمتیں حاصل کرنے سے بہتر ہے۔
- **یَدْرُجَ فِی کُلِّ وَکْرٍ:** وہ چڑھ کر ہر گھونسلے تک پہنچ جاتا ہے (یعنی وہ ہر ایک کی ہاں میں ہاں ملاتا ہے)
- **الدَرَاهِمُ مَرَاهِمُ:** روپے مرہم کا کام کرتے ہیں۔
- **الدَرَاهِمُ اَرْوَاحٌ تَسِیْلُ:** روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں۔
- **مَنْ لَمْ یُدارِ المِشْطَ یَنْتِفُ لِحْیَتَهُ:** جو شخص کنگھی نرمی سے استعمال نہیں کرتا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال اکھاڑتا ہے۔
- **لا یُدْعَی لِلْجُلّی إلاَّ اُخُوْهَا:** بڑے معاملہ کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے۔
- **اُدْعُ إلی طِعَانِكَ مَنْ تَدْعُوهُ إلی جِفَانِكَ:** اپنی نیزہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے کی دعوت دیتے ہو۔ (یعنی اپنی مدد پر اسی سے کام لو جس پر احسان کیا ہو)
- **إِدْفَعِ الشَرَّ بِعُوْدٍ اوعَمُوْدٍ:** برائی کو لکڑی یا لوہے کی سلاخ سے دور کر۔
- **أَدَقُّ مِنَ الهَبَاء:** غبار سے زیادہ باریک۔
- **أَدَقُّ مِنَ الکُحْلِ:** سرمہ سے زیادہ باریک۔
- **أَدَقُّ مِنَ الدَقِیْقِ:** آٹے سے زیادہ باریک۔
- **أَدَقُّ مِنْ حَدِّ السَیْفِ:** تلوار کی دھار سے زیادہ باریک۔
- **دَلَّ عَلَی عَاقِلٍ إِخْتِیَارُهُ:** عقلمندی کا انتخاب عقل مندی کو ظاہر کرتا ہے۔
- **الدَالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِهِ:** نیکی کا راستہ بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

❁ **دَلِيلُ عَقْلِ الْمَرْءِ فِعْلُهُ وَدَلِيلُ عِلْمِهِ قَوْلُهُ:** آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے۔

❁ **لَيْسَ الدَّلْوُ إِلَّا بِالرِّشَاءِ:** ڈول رسی کے بغیر کچھ نہیں۔ (ڈول کے ساتھ رسی نہ ہو تو وہ تمہارے لئے پانی کھینچ کر نہیں لا سکتا یہ مثل اس بارے میں ہے کہ آدمی کو قوت و ہمت اپنے رشتہ داروں سے ہی حاصل ہوتی ہے)

❁ **دَمِّثْ لِجَنْبِكَ قَبْلَ النَّوْمِ مُضْطَجَعًا:** لیٹ کر سونے سے پہلے اپنے پہلو کے لئے بستر نرم کرلو۔ (تَدْمِيْث بمعنی نرم کرنا ہے۔ مراد یہ ہے کہ حوادث ونوائب نازل ہونے سے پہلے تیاری کرلو)

❁ **دَمْعَةٌ مِنْ عَوْرَاءَ غَنِيمَةٌ بَارِدَةٌ:** کانی آنکھ سے ایک آنسو بھی بڑی غنیمت ہے۔ (عوراء سے مراد عین عوراء ہے۔ غنیمۃ باردہ بمعنی مشقت کے بغیر ملنے والی غنیمت ہے۔ ایسے بخیل کے لئے کہا جاتا ہے جس سے تھوڑا سا مل جائے)

❁ **اَدْنَأُ مِنَ الشِّسْعِ:** تسمے سے زیادہ حقیر۔ (شِسْع جوتے کا تسمہ)

❁ **كُلُّ دَنِيٍّ دُوْنَهُ دَنِيٌّ:** ہر قریب سے ورے کوئی نہ کوئی قریب ہوتا ہے۔ (یہاں دنی جو دنو سے فعل کے وزن پر صفت کا صیغہ ہے اور دانی یعنی قریب کے معنی میں ہے)

❁ **اَدْنَى مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ:** شہ رگ سے زیادہ قریب (حبل الورید گردن کی ایک رگ یعنی شہ رگ)

❁ **دُنْيَاكَ مَا اَنْتَ فِيهِ:** تیری دنیا وہ ہے جس میں تو موجود ہے۔

❁ **الدَّهْرُ يومان يَوْمٌ لَكَ وَيَوْمٌ عَلَيْكَ:** زمانہ دو دن کا ہے، ایک دن تیرے نفع کا اور ایک تیرے نقصان کا۔

❁ **لِكُلِّ دَهْرٍ رِجَالٌ:** ہر زمانہ کے لئے آدمی ہوتے ہیں۔ ایک عرب کا قول ہے کہ **لِكُلِّ مَقَامٍ مَقَالٌ وَلِكُلِّ دَهْرٍ رِجَالٌ**۔ یعنی ہر جگہ کے لئے ایک کلام اور ہر زمانہ کے لئے کچھ لوگ ہوتے ہیں۔

❁ **مَا الدَّهْرُ إِلَّا هٰكَذَا فَاصْبِرْ لَهُ:** زمانہ تو ایسا ہی ہے لہٰذا صبر کرو۔

❁ **يَدْهُنُ مِنْ قَارُوْرَةٍ فَارِغَةٍ:** وہ خالی شیشی سے تیل مل رہا ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو وعدے کرے مگر انہیں پورا نہ کرے)

❁ **بِهِ دَاءُ ظَبْيٍ:** اسے ہرن کی بیماری ہے (یعنی کوئی بیماری نہیں ہے۔ جیسے ہرن کو کوئی بیماری نہیں ہوتی، کیونکہ عربوں کے خیال میں ہرن کبھی بیمار نہیں ہوتا)۔

❁ **لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ:** ہر بیماری کی دوا ہوتی ہے۔

❁ **بينهم دَاءُ الضَّرَائِرِ:** ان کے درمیان سوکنوں کی بیماری ہے۔ (ضرائر ضرة کی جمع ہے یعنی سوکن۔ لوگوں کے دلوں میں جڑیں پکڑ جانے والے حسد اور دشمنی کے لئے کہا جاتا ہے۔ سوکنوں کا حسد مشہور ہے اور ان کی ایک دوسرے سے دشمنی کبھی ختم نہیں ہوتی۔ اور وہ ہر وقت جھگڑتی رہتی ہیں)

❁ **دَاءُ الدَّهْرِ الصَّبْرُ عَلَيْهِ:** زمانہ کی سختیوں کا علاج ان پر صبر کرنا ہے۔

❁ **إِنَّ دَوَاءَ الشَّقِّ أَنْ تَحُوْصَهُ:** پھٹنے کی دوا یہ ہے کہ اسے ٹانکے لگا کر سی دیا جائے (حوص سینا کے معنی میں ہے اور پھٹی ہوئی چیز کو جوڑ دینا ہے)

❁ **نِعْمَ الدَّوَاءُ الْأَزْمُ:** بہترین دواء پرہیز ہے۔ (ازم پرہیز اور کھانے سے رک جانا کے معنی میں ہے)

❁ **اَنَا دُوْنَ هٰذَا وَفَوْقَ مَا فِي نَفْسِكَ:** میں اس سے تو کم ہوں مگر اس سے ضرور اوپر ہوں جو تیرے دل میں ہے (منافقانہ تعریف کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ **كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ:** جیسا بدلہ دو گے ویسا ہی بدلہ دیئے جاؤ گے (یعنی جیسا کرو گے ویسا ہی تم سے کیا جائے گا۔ دَيْن بمعنی بدلہ ومحاسبہ ہے)

❁ **الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ:** دین خیر خواہی کا نام ہے۔ (نصیحت دراصل لوگوں کو قریب کرنا اور تفریق کے باعث کو دور کرنا کے معنی میں ہے۔ کیونکہ نصح الثوب کے معنی کپڑے کو سینا ہے)

❁ **الدِّيْنُ مِيْسَمُ الْكِرَامِ:** مکافات وجزاء شریفوں کی علامت ہے۔

ذ

❁ **ذِئْبٌ اِسْتَنْعَجَ:** بھیڑیا بھیڑ بن گیا۔

❁ **الذِّئْبُ خَالِيًا اَسَدٌ:** بھیڑیا خالی میدان میں شیر ہوتا ہے (جب بھیڑیا انسان کو تنہا پاتا ہے تو جرأت اور دلیری میں شیر بن جاتا ہے۔ ایک عرب کا مقولہ ہے کہ **عَلَيْكَ بالجماعة فَإِنَّ الذِّئْبَ انما يصيب قاصية الغنم**۔ یعنی جماعت سے منسلک رہو کیونکہ بھیڑیا اس بکری کو پکڑتا ہے جو گلے سے دور ہو)

❁ **مَنْ لَمْ يَكُنْ ذِئْبًا أَكَلَتْهُ الذِّئَابُ:** جو بھیڑیا نہ ہو گا اس کو بھیڑیئے کھا جائیں گے۔

❁ **مَا الذبابُ وَمَا مَرَقَتُهُ:** کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا (ایسے معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جسے کم قدر کیا جائے۔ ہمارے ہاں کہا جاتا ہے: کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا)

❁ **الذِّبَّانُ يَعْرِفُ اللَّبَّانَ:** مکھیاں دودھ پینے والے کے چہرے کو پہچانتی ہیں۔ (ذبان ذُبابة کی جمع ہے بمعنی مکھیاں)

❁ **إِذِّخَارُ الرِّجَالِ أَوْلَى مِنِ إِذِّخَارِ المال:** مردوں کا ذخیرہ کرنا مال کے ذخیرہ کرنے سے بہتر ہے۔

❁ **ذُقْهُ تَغْتَبِطْ:** اسے چکھ شادمان ہو جائے گا۔ (اس کی اصل یہ ہے کہ کچھ لوگ شراب پی رہے تھے۔ ان میں سے ایک ایسا نہیں کر رہا تھا۔ تو شراب نوشی کرنے والوں نے اس سے کہا **ذُقْهُ تَغْتَبِطْ** شراب چکھے گا تو ہماری طرح خوشی سے جھومنے لگے گا۔ اس شخص کے لےء کہا جاتا ہے جو کوشش کرنے میں سستی کرنے کی وجہ سے محروم رہے)

❁ **ذَكَّرْتَنِيْ الطَّعْنَ وَكُنْتُ نَاسِيًا:** تو نے مجھے نیزہ یاد دلا دیا حالانکہ میں بھولا ہوا تھا (اس کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص نے ایک دوسرے پر

اسے قتل کرنے کا لئے حملہ کیا، دوسرا شخص جس پر حملہ کیا گیا تھا دہشت اور گھبراہٹ میں اپنے ہاتھ کے نیزے کو بھول گیا۔ حملہ کرنے والے نے اس سے کہا اپنا نیزہ پھینک دے تو اس نے جواب میں کہا۔ میرے پاس نیزہ ہے اور مجھے اس کا پتہ ہی نہیں۔ تو نے مجھے نیزہ یاد دلا دیا حالانکہ میں اسے بھولا ہوا تھا۔ اور یہ کہہ کر حملہ آور پر نیزہ مارا اور اسے قتل کر دیا۔۔ ایک چیز سے دوسری چیز یاد آ جانے کے بارے بولا جاتا ہے)

- اُذْكُرُ النِّعْمَةَ الْقَدِيْمَةَ عَلَيْكَ وَانْسَ النِّعْمَةَ الْجَدِيْدَةَ لك: تم اپنے اوپر پرانی نعمتوں کو یاد رکھو اور اپنے لئے نئی نعمتوں کو بھول جاؤ۔ (مراد پرانی نعمتوں پر شکر کرو اور نئی آسائشوں کے لئے حریص نہ بنو)
- اُذْكُرْ مَعَ كُلِّ نِعْمَةٍ زَوَالَهَا: ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو بھی یاد رکھو۔
- اُذْكُرْ غَائِباً يَقْتَرِبْ: غائب کا ذکر کرے گا تو وہ قریب آ جائے گا۔
- كُنْ ذَكُوْرًا إِذَا كُنْتَ كَذُوبًا: تو بڑا جھوٹا ہو تو اچھے حافظہ والا ہو جا۔ (دروغ گورا حافظہ نہ باشد)
- ذُلَّ مَنْ لاسَيْفَ لَهُ: وہ شخص ذلیل ہو جاتا ہے جس کے پاس تلوار نہ ہو۔
- لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَيْهِ الثَّعَالِبُ: جس پر لومڑیاں پیشاب کر گئیں وہ ذلیل ہو گیا۔ (اس کی اصل یہ ہے کہ ایک عرب کسی بت کو پوجا کرتا تھا۔ ایک دن اس نے دیکھا کہ ایک لومڑی آئی اور اس نے اس بت پر پیشاب کر دیا اس موقع پر اس نے کہا:

أَرَبٌّ يَبُوْلُ الثعلبان بِرَاسِهِ
لَقَدْ ذُلَّ مَنْ بالت عليه الثعالبُ

کیا وہ رب ہو سکتا ہے جس کے سر پر لومڑیاں پیشاب کریں؟ جس پر لومڑیاں پیشاب کر گئیں وہ ذلیل ہو گیا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو حقیر و کمزور ہو اس پر کوئی ظلم کرے تو وہ اس سے بچ نہ سکے)۔

- ذُلٌّ لَوْ أَجِدُ نَاصِرًا: یہ بڑی ذلت کی بات اگر مجھے مددگار مل جائے تو اس کو قبول نہیں کروں گا۔
- أَذَلُّ مِنْ بَيْضَةِ الْبَلَدِ: شترمرغ کے بیابان میں چھوڑے ہوئے انڈے سے زیادہ ذلیل (جس کے پاس وہ مڑ کر نہیں آتا (یہاں بلد سے مراد وہ ریتلی جگہ ہے جہاں شترمرغ انڈے دیتے ہیں)
- أَذَلُّ مِنَ النَّقَدِ: چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور بدصورت شکلوں والی بکریوں سے زیادہ ذلیل (جو بحرین میں پائی جاتی ہے۔ نقد اسم جنس ہے اس کا واحد نقدہ ہے)
- أَذَلُّ مِنْ وَتَدٍ: میخ سے زیادہ ذلیل۔ (کیونکہ وہ ہمیشہ ٹھونکی جاتی ہے)
- أَذَلُّ مِنَ النَّعْلِ: جوتے سے زیادہ ذلیل۔
- أَذَلُّ مِنْ الشِّسْعِ: تسمہ سے زیادہ ذلیل۔
- أَذَلُّ مِنَ الْبِسَاطِ: فرش سے زیادہ ذلیل۔ (جو بچھایا جاتا ہے اور ہر کوئی اس کو روندتا ہے)
- اَذَلُّ النَّاسِ مُعْتَذِرٌ إِلَى لَئِيمٍ: سب لوگوں سے ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت خواہ ہو)
- إِنَّ الذَّلِيْلَ الَّذِي لَيْسَتْ لَهُ عَضُدٌ: درحقیقت ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو (یعنی مددگار نہ ہوں)
- إِنَّ الذَّلِيلَ مَنْ ذَلَّ فِيْ سُلْطَانِهِ: درحقیقت ذلیل وہ ہے جو طاقت اور اقتدار ہوتے ہوئے بھی ذلیل ہو جائے۔ (اور اس موقع پر بھی کمزوری دکھائے جہاں اس کے اختیار کے استعمال کرنے کی توقع ہو)
- لاَ ذَنْبَ لِيْ قد قُلْتُ لِلْقَوْمِ اسْتَقُوْا: میرا کوئی گناہ نہیں میں تو لوگوں سے کہہ چکا ہوں کہ وہ پانی لے لیں۔ (معاملات سے بیزاری اور اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو نصیحت نہ مانے۔ یہ بات وہ شخص کہتا ہے جو لوگوں کو نصیحت کرتا ہو مگر لوگ باز نہ آتے ہوں)
- مَاذَنْبِي يَدَاكَ اَوْكَتَا وفُوْكَ نَفَخَ: میرا کوئی قصور نہیں، تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا تھا اور تیرے ہی منہ نے ہوا بھری تھی۔ (أَوْكَى رأس السقاء کا معنی مشک کا منہ باندھنا۔ اس قصہ کی اصل یہ ہے کہ کچھ لوگوں نے خلیج عبور کرنے کا ارادہ کیا اور وہ اپنی مشکوں میں ہوا بھرنے لگے تا کہ ان کے ذریعے خلیج عبور کریں۔ ایک شخص نے پھونک بھی کم بھری اور مشک کا منہ بھی ڈھیلا بند کیا۔ جب وہ شخص خلیج کے وسط میں پہنچا تو مشک سے ہوا نکلنے لگی۔ یہاں تک کہ ساری ہوا نکل گئی اور اس شخص پر موت کی غشی طاری ہونے لگی تو اس نے ساتھیوں میں سے ایک کو پکار کہا۔ میں برلب ہلاکت ہوں تو اس شخص نے کہا۔

ماذنبي، يداك اوكتا وفوك نفخ۔ یہ قول ہلاکت اور نقصان کے سبب سے بےزاری کے متعلق ضرب المثل بن گیا)

- ذَهَبَ أَمْسِ بِمَافِيْهِ: کل اپنے حالات کے ساتھ گزر گیا۔
- ذَهَبَ الْحِمَارُ يَطْلُبُ قَرْنَيْنِ فَعَادَ مَصْلُوْمَ الأُذُنَيْنِ: گدھا سینگ لینے گیا کان کٹوا کر لوٹا (اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو اس چیز کا لالچ کرے جسے وہ حاصل نہ کر سکتا ہو اور الٹا اپنی چیز سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے)
- ذَهَبَ دَمُهُ دَرَجَ الرِّيَاحِ اَوْ أَدْرَاجَ الرِّيَاحِ: اس کا خون رائیگاں گیا (یعنی قصاص نہ لیا جا سکا۔ ادراج درج کی جمع ہے درج الریاح ہوا کا راستہ کے معنی میں ہے ایسے خون کے بارے میں کہا جاتا ہے جو رائیگان جائے اور کوئی اس کا قصاص طلب کرنے والا نہ ہو)
- ذَهَبَ بَيْنَ الصَّحْوَةِ والِسكْرة: وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا (یعنی ایسی حالت میں کہ کچھ عقل وشعور تھا اور کچھ عقل وشعور نہ تھا۔
- ذَهَبَ فِي السُّمَّهَى: وہ فضا میں چلا گیا (سُمَّهَى کا معنی ہے زمین اور آسمان کے درمیان فضا۔ مراد وہ باطل میں گیا۔ کہا جاتا ہے۔ ذهبت اِبِلُهُ السُّمَّهَى (اس کے اونٹ ہر طرف بکھر گئے۔ جَرى فُلانٌ السُّمَّهَى (فلاں شخص ایسے کام کے لئے گیا جس سے اس کی کچھ بھی

واقفیت نہیں۔

- **ذَهَبَتْ هَيْفٌ لِأَدْيَانِهَا:** گرم ہوا اپنی عادت کے متعلق چلی۔ ھیف کا معنی گرم ہوا جو پودوں کو خشک کر دے اور جانوروں کو پیاسا۔ لادیانہا کا معنی اپنی عادتوں کے مطابق۔ ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب ہر شخص اپنے کام کے لئے منتشر ہو جائے یا ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی عادت پر لگا رہے۔
- **إِنْ ذَهَبَ عَيْرٌ فَعَيْرٌ فِي الرِّبَاط:** اگر ایک گورخر ہاتھ سے نکل گیا ہے تو ایک جال میں پھنسا ہوا ہے۔ (یہاں رباط بمعنی جال ہے، اور عیر بمعنی گورخر (جنگلی گدھا) ہے۔ شکاری سے کہا جا رہا ہے اگر ایک گورخر چلا گیا ہے اور جال میں نہیں پھنسا، تو اس گورخر پر اکتفا کر لے جو پھنسا ہوا ہے۔ حاضر پر قناعت اور غائب کو ترک کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **ذَهَبُوا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَب:** وہ ہر ستارے کے نیچے گئے (ان لوگوں کے بارے میں کہا جاتا ہے جن کے سفر میں راستے مختلف اور متضاد ہوں)
- **ذَهَبُوا اَوْ تَفَرَّقُوْا أَيْدِيْ سَبَا أَوْ أَيَادِي سَبَا:** وہ اہل سبا کی طرح چلے گئے یا منتشر ہو گئے (یعنی ایسے منتشر ہوئے کہ پھر اکٹھے نہ ہو سکے۔ (اس مثل کی اصل یہ ہے کہ سبا کے باشندوں کو اس سیلاب سے ڈرایا گیا جس نے مارب میں بنائے گئے بند کو تباہ کر دیا تھا، تو وہ لوگ یمن سے منتشر ہو کر نکل گئے۔ ایدی یا آیادی سے مراد نفوس ہیں۔ یہ دونوں حال ہونے کی وجہ سے منسوب ہیں اور معنی ہے منتشر وہ کر یا بدک کر۔ بعض کے نزدیک ایدی یہاں راستوں کے معنی میں ہے۔ یعنی ان لوگوں کو ان کے راستوں نے اسی طرح منتشر کر دیا جس طرح سبا کے باشندے مختلف راستوں میں منتشر ہو گئے تھے)
- **لَايَذْهَبُ الْعُرْفُ بَيْنَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ:** احسان اللہ اور لوگوں کے درمیان نہیں چلتا۔ (عرف معروف (احسان) کے معنی میں ہے۔ یہ مثل حُطَیْئَہ کے شعر کا آخری مصرعہ ہے اور پہلا مصرعہ یہ ہے: مَنْ يَّفْعَلْ الْعُرْفَ لَايُعْدَمْ جَوَائِزَهُ (جو احسان کرے وہ اپنے انعامات سے محروم نہیں ہوتا)
- **لَمْ يَذْهَبْ مِنْ مَالِكَ مَا وَعَظَكَ:** تیرے مال کا وہ حصہ ضائع نہیں ہوا جس نے تجھے نصیحت کی۔
- **اِذْهَبْ اِلَى حَيْثُ أَلْقَتْ رَحْلَهَا اُمُّ قَشْعَمَ:** اس جگہ جا جہاں ام قشعم نے اپنی کجاوہ ڈالا تھا۔ (قشعم ایک اونٹنی کا نام ہے جس نے اپنا کجاوہ آگ میں پھینک دیا تھا۔ لہٰذا یہ ضرب المثل بن گیا)
- **مَنْ لَمْ يَذُدْ عَنْ حَوْضِهِ يَتَهَدَّمْ:** جو شخص اپنے تالاب کی حفاظت نہیں کرتا وہ منہدم ہو جاتا ہے۔ (یعنی جو شخص اپنی حفاظت نہیں کرتا اس پر ظلم کیا جاتا ہے اور اس کے حق مارے جاتے ہیں)
- **كُلُّ ذَاتِ ذَيْلٍ تَخْتَالُ:** ہر دامن والی ناز و ادا سے چلتی ہے۔ (یعنی ہر مال دار متکبرانہ چال سے چلتا اور اپنے مال پر فخر کرتا ہے)

ر

- **رَأْسُ الدِّيْنِ صِحَّةُ الْيَقِين:** دین کی اصل یقین کی درستی ہے۔
- **كُلُّ رَأْسٍ بِهِ صُدَاعٌ:** ہر سر میں درد ہوتا ہے۔
- **رُبَّ رَأْسٍ حَصِيْدُ لِسَان:** بہت سے سر زبان کے کاٹے ہوئے ہیں۔ (حصید بمعنی حصود (کاشت کا کٹا ہوا حصہ)
- **كَأَنَّ عَلٰى رُؤُوْسِهِمُ الطَّيْرَ:** گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں۔ (سنجیدگی، بردباری اور وقار کے بارے میں کہا جاتا ہے، جیسے سروں پر بھی پرندے بیٹھے ہوں اور اس ڈر سے کہ وہ اڑ نہ جائیں بے حس و حرکت و پر سکون رہیں۔ طیر پرندوں کی جماعت کے معنی میں ہے اس کا واحد طائر ہے)
- **رَأَى الْكَوْكَبَ ظُهْراً:** اس نے دوپہر کے وقت ستارہ دیکھا۔ یعنی اپنے دن کے تاریک ہونے پر اس نے دن کو ہی ستارہ دیکھ لیا۔ (یہ مثل حالات کی شدت پر بیان کی جاتی ہے جیسے ہمارے ہاں کہا جاتا ہے، دن میں تارے نظر آنے لگے)
- **إِذَا رَأَيْتَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً فَتَطَامَنْ:** جب آندھی سخت دیکھو تو پست ہو جاؤ (یعنی جب کوئی معاملہ تم پر غالب ہوتا نظر آئے تو اس کی اطاعت کر لو۔
- **رَآهُ الصَّادِرُ وَالْوَارِدُ:** اس کو تو ہر آنے جانے والے نے دیکھا ہے۔ (ایسے معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جو مشہور ہو اور ہر شخص اس سے واقف ہو ہمارے ہاں: سورج نکلا سب نے دیکھا)
- **اُرِيْهَا السُّهٰى وَتُرِيْنِي الْقَمَرَ:** میں اسے بنات نعش الصغری کا ایک پوشیدہ ستارا دکھاتا ہوں اور وہ مجھے چاند دکھاتی ہے۔ (اس ستارے سے لوگ اپنی آنکھوں کا امتحان لیا کرتے ہیں۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو ظاہری بات میں مغالطہ سے کام لے۔ سہی ایک پوشیدہ ستارے کو کہتے ہیں۔ اس ستارے کی پوشیدگی کو چاند کے ظاہر ہونے سے ملایا گیا ہے)
- **يَرَى الشَّاهِدُ مَالَايَرَى الْغَائِبُ:** حاضر وہ کچھ دیکھ لیتا ہے جو غائب نہیں دیکھ سکتا۔
- **وَكَمَا تَرَانِي يَا جَمِيلُ اَرَاكَ:** جمیل! جس طرح تم مجھے جانتے ہو میں بھی تمہیں جانتا ہوں۔
- **سَوْفَ تَرَى إِذَا إِنْجَلَى الْغُبَارُ أَفَرَسٌ تَحْتَكَ أَمْ حِمَارٌ:** جب گرد و غبار چھٹ جائے گا تو تم دیکھ لو گے کہ تمہارے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے کسی کام سے روکا جائے تو وہ اسے کر کے رہے)
- **اَرِنِيْهَا نَمِرَةً اُرِكْهَا مَطِرَةً:** تو مجھے بادل کو چیتے کے رنگ کا دکھا تو میں تجھے اسے برستا ہوا دکھا دوں گا۔ ھاء کی ضمیر کا مرجع سحابۃ (بادل) ہے۔ سحابۃ نمرۃ وہ بادل ہے جو چیتے کے رنگ کا ہو۔ (مراد یہ ہے کہ جب

تم کسی چیز کو دیکھو تو تمہیں معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کے پیچھے کیا آنے والا ہے۔ ایسے معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جس کا ہونا یقینی ہو بشرطیکہ اس کی نشانیاں اور ابتدائی علامات ظاہر ہو جائیں)

- **رَأْیُ شَیْخٍ خَیْرٌ مِنْ مَشْهَدِ غلام:** بوڑھے کی رائے لڑکے کی موجودگی سے بہتر ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے زمانہ کے تجربات اور معاملات نے دانا اور حکیم بنا دیا ہو)
- **لارَأْیَ لِمَنْ لَّا یُطاع:** اس شخص کی کوئی رائے نہیں جس کی اطاعت نہ کی جائے۔ (یہ حضرت علیؓ کا ارشاد ہے جو انہوں نے اپنے ساتھیوں پر عتاب کرتے ہوئے ایک خطبہ میں فرمایا تھا)
- **اِنَّ الرَّأْیَ لَیْسَ بِالتَّظَنِّی:** بے شک رائے وہ نہیں جو گمان سے قائم کی جائے (معاملہ پر غور وفکر کی ترغیب کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **رَبَّكَ وصاحِبَكَ لاتَكْذِبْ عَلَیْهِما:** اپنے آقا اور دوست پر جھوٹ نہ بولو۔
- **کَالمَرْبُوطِ وَالمَرْعَی خَصِیبٌ:** بندھے ہوئے کی طرح، جبکہ چراگاہ سرسبز ہو (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے مال وغیرہ سے دیا گیا اس کا حصہ تھوڑا ہو)
- **لَوْلَا المُرَبِّی ماعَرَفْتُ رَبِّی:** اگر پرورش کرنے والا نہ ہوتا تو میں اپنے پروردگار کو نہ پہچانتا (یا نہ جانتا)
- **اِنَّ الرَّثِیئَةَ تَفْثَأُ الغَضَبَ:** میٹھا ملا ترش دودھ غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ (رثیئۃ میٹھا ملا ترش دودھ۔ تفثا: ساکن کرتا ہے۔ حکایت ہے کہ ایک شخص کچھ لوگوں کا مہمان ہوا۔ وہ ان سے ناراض بھی تھا اور بھوکا بھی تھا۔ ان لوگوں نے اسے میٹھا ملا ترش دودھ پلایا تو اس کا غصہ فرو ہو گیا۔ (ایسے تحفہ کے بارے میں کہا جاتا ہے جو موافقت کا باعث ہو، خواہ کم ہو)
- **رَجَعَ بِخُفَّی حُنَیْن:** وہ حنین کے موزے لے کر لوٹا (ناکام واپسی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ اس مثل کی اصل یہ ہے کہ دیہاتی نے حنین نامی ایک موچی سے موزوں کا بھاؤ کیا لیکن ان دونوں کے بھاؤ پر اختلاف سے حنین کو غصہ آ گیا تو اس نے دیہاتی کو فریب دینے کی ٹھانی اور ایک موزہ دیہاتی کے راستے میں ڈال دیا اور دوسرا اس سے کچھ فاصلہ پر پھینک دیا اور دونوں جگہوں کے درمیان گھات لگا کر بیٹھ گیا۔ جب دیہاتی ایک موزے کے پاس سے گزرا تو کہنے لگا یہ حنین کے موزے سے کتنا مشابہ ہے اگر دوسرا بھی ہو تو اسے لے لوں۔ اور چل پڑا جب دوسرے موزے کے پاس پہنچا تو پہلے موزے کو چھوڑ آنے پر پشیمان ہوا۔ اپنی اونٹنی کو باندھ کر اس موزے کو لے لیا اور دوسرے موزے کو لینے کے لئے لوٹا۔ اس اثناء میں حنین کمین گاہ سے نکلا۔ اور اونٹنی اور اس پر بار سامان لے کر چلتا بنا۔ جب دیہاتی اپنے لوگوں میں واپس آیا تو اس سے پوچھا گیا کہ سفر سے کیا لے کر آئے ہو، تو اس نے جواب دیا ”حنین کے موزے“)
- **حَتَّی یَرْجِعَ الدَّرُّ فِی الضَّرْع:** یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں لوٹ آئے۔ (در: دودھ، ناممکن اور محال چیز کے لئے کہا جاتا ہے)
- **حَتّی یَرْجِعَ السَّهْمُ علی فُوقِهِ:** یہاں تک کہ تیر اپنے چلے پر لوٹ جائے۔ (کہا جاتا ہے: لاافعل ذلك حتی یرجع السهم علی فوقه۔ اس کا معنی ہے میں یہ کبھی نہیں کروں گا۔ کیونکہ جب تیر چلایا جاتا ہے تو وہ آگے جاتا ہے ٹیڑھا نہیں ہوتا نہ ادھر ادھر پڑتا ہے اور اپنے چلے پر واپس نہیں آتا۔ فوق، چلا۔
- **الرِجَالُ أرْبَعَةٌ:** مرد چار قسموں کے ہوتے ہیں۔ (ایک وہ جو جانتا ہے اور اسے اپنے جاننے کا ادراک ہوتا ہے۔ یہ عالم ہوتا ہے اس کا اتباع کرو۔ ایک وہ جو جانتا ہے مگر اسے اپنے جاننے کا ادراک نہیں ہوتا۔ یہ شخص سویا ہوا ہے اسے جگاؤ۔ ایک وہ جو نہیں جانتا مگر اس کو بات کا ادراک ہوتا ہے کہ وہ نہیں جانتا یہ شخص طالب ہدایت ہے اس کو تعلیم دو اور ایک وہ جو نہ جانتا ہے اور نہ اس بات کا ادراک رکھتا ہے کہ وہ نہیں جانتا، یہ شخص جاہل ہے اس کو چھوڑ دو۔
- **هَلْ یُرْتَجَی مَطَرٌ بِغَیْرِ سَحَابٍ:** کیا بادل کے بغیر بارش کی امید کی جا سکتی ہے؟
- **لاتَرْجُ خَیْرَ مَنْ لَّا یَرْجُوْ خَیْرَكَ:** اس شخص سے خیر کی امید نہ رکھو جو تمہاری خیر کی امید نہیں رکھتا۔
- **رَجُلٌ یَعَضُّ غَارِبًا مَجْرُوحًا:** کجاوہ زخمی کوہان کو ہی کاٹتا ہے۔ (غارب کوہان کا بالائی حصہ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو تنگی میں ہو اور دوسرا اس پر اپنا بوجھ بھی ڈال دے۔
- **اِرْحَمْ مَنْ دُوْنَكَ یَرْحَمْكَ مَنْ فَوْقَكَ:** اپنے سے نیچوں پر رحم کرو تم سے اوپر والے تم پر رحم کریں گے۔
- **أَرْخَصُ مِنَ التَّمْرِ بِالبَصْرة:** بصرہ میں کھجور سے زیادہ سستا۔
- **أَرْخَصُ مِنْ تُرَابٍ:** مٹی سے زیادہ سستا۔
- **رُدَّ الحَجَرَ مِنْ حَیْثُ جَاءَكَ:** پتھر کو وہیں لوٹا دو جہاں سے تمہارے پاس آیا ہو (پتھر کا جواب پتھر سے دو۔ ظلم قبول نہ کرو)۔
- **مَنْ یَرُدُّ السَّیْلَ علی أَدْرَاجِه؟:** سیلاب کو اس کے راستوں اور بہنے کی جگہوں پر کون لوٹا سکتا ہے؟ (أَدْرَاجُ السیل سیلاب کے راستے اور بہنے کی جگہیں۔ ناممکن بات کے لئے کہا جاتا ہے)
- **بِئْسَ الرِدْفُ لابَعْدَنَعَم:** ہاں کے بعد نہیں بہت برا تابع ہے۔ ایسا ہی ایک شاعر کا قول ہے:

حَسَنٌ قولُ نَعَم بَعْدَ لا
وقَبِیحٌ قولُ لا بَعْدَ نَعَم

نہیں کے بعد ہاں کہنا اچھا ہے اور ہاں کے بعد نہیں کہنا برا ہے۔

- **إذَا رَزَقَكَ اللّٰهُ مغرفةً فَلَا تَحْرِقْ یَدَكَ:** جب اللہ تعالیٰ تجھے چمچا دے تو اپنا ہاتھ نہ جلانا۔
- **رِزْقُ اللّٰهِ لاکَدُّكَ:** اللہ کا دیا ہوا رزق ہے، تیری محنت نہیں۔ (یعنی جب اللہ کی طرف سے عطا نہ ہو تو تیری محنت تجھے فائدہ نہیں پہنچائے

گی۔ نیز بھلائی اللہ کی طرف سے ہوتی ہے لوگوں کی طرف سے نہیں۔ اس شخص کے لئے بھی کہا جاتا ہے جس کی مدد سے خیر حاصل ہو تو وہ اس کا احسان جتائے۔ ایسی حالت میں اس سے کہا جاتا ہے۔ احسان اللہ کا ہے تمہارا نہیں۔

- رَزَمَةٌ ولا دِرَّةٌ: اونٹنی کی آواز ہے مگر دودھ نہیں ہے۔ رَزَمَة اونٹنی کی آواز جو بچے کو دودھ پینے کے لئے بلانے پر نکالتی ہے۔ دِرَّة دودھ کی کثرت اور اس کا بہنا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو وعدے کر کے پورے نہ کرے)
- أَرْسِلْ حَكِيمًا ولا تُوْصِهِ: کسی دانا کو قاصد بناؤ اور اس کو حکم نہ دو۔

یہ حضرت زبیر بن عبدالمطلب کے اشعار کا پہلا حصہ ہے۔

إِذا كُنْتَ فِيْ حَاجَةٍ مُرْسِلاً
فَأَرْسِلْ حكيماً ولا تُوْصِهِ

کسی ضرورت میں کسی کو بھیجو تو ایسے شخص کو بھیجو جو دانا ہو اسے حکم نہ دو۔

- لا رَسُولَ كَالدِّرْهَم: روپے جیسا کوئی قاصد نہیں۔
- الرَّشْفُ انقعُ: چوسنا زیادہ پیاس بجھانے والا (یعنی پانی کو چوسنا منہ لگا کر پینے سے زیادہ سیراب کرنے والا ہے۔ کسی ضرورت کے حصول میں جلد بازی سے کام نہ لینے کے فائدہ کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ یہ رشف کے معنے سے ماخوذ ہے جس کا مفہوم پانی کو تھوڑا تھوڑا کر کے چوسنا ہے۔
- رَضِيتُ مِن الغنيمة بالإِياب: میں نے غنیمت کے بدلہ میں واپسی پر قناعت کی۔ (إِيـاب: واپس لوٹنا۔ ناکامی کے بارے میں یہ مثل اس وقت بولی جاتی ہے جب کوئی شخص کسی چیز کے لئے دوڑ دھوپ کے باوجود اس کو حاصل کرنے میں ناکام رہے ہر سلامتی کے ساتھ واپسی پر قناعت کرنے یا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی ضرورت کی طلب میں بدبختی سے دوچار ہونے پر نجات پانے پر قناعت کر لے۔
- رَضِيتُ مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّفَاء: میں تھوڑی سی وفا پر راضی ہوں۔ (لَفَاء: تھوڑی چیز کیونکہ میں کسی کے پاس بھی زیادہ ہو وفا نہیں پاتا)
- مَنْ رَضِيَ عن نفسِهِ كَثُرَ الساخِطِينَ عَلَيْهِ: جو اپنے نفس سے راضی ہو گیا اس نے خود پر ناراض لوگوں کی تعداد میں اضافہ کر لیا۔
- إذا تَرَضَّيْتَ أَخَاكَ فلا أخالَكَ: جب تو محنت کر کے اپنے بھائی کو راضی کرے تو وہ تیرا بھائی نہیں ہے۔ (تَرَضِّي محنت اور کوشش کر کے راضی کرنا کے معنی میں ہے۔ مراد اگر بھائی تجھے اپنے کو محنت اور کوشش سے رضامند کرنے اور مدارات پر مجبور کرے تو وہ تیرا بھائی نہیں ہوگا۔)
- رِضَا النَّاسِ غَايَةٌ لا تُدْرَكُ: لوگوں کی رضامندی ایسا مقصد ہے جو حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ (یعنی آدمی بہر صورت لوگوں سے چھٹکارا نہیں پا سکتا لہٰذا چاہئے کہ وہ اپنی اصلاح کے طریقے استعمال کرے اور لوگوں کی باتوں کی طرف توجہ نہ کرے)
- لا تَكُنْ رَطْبًا فَتُعْصَرَ ولا يَابِسًا فَتُكَسَّرَ: تو نہ تو اتنا تر ہو جا کہ تجھے نچوڑ لیا جائے اور نہ اتنا خشک کہ تجھے توڑ کر رکھ دیا جائے۔
- مَنْ اِسْتَرْعَى الذِّئْبَ ظَلَمَ: جس نے بھیڑیے کو چرواہا بنایا، اس نے ظلم کیا (یعنی اس نے بکریوں پر ظلم کیا۔ یہ مراد بھی لی جا سکتی ہے کہ اس نے بھیڑیے کے ذمہ ایسا کام لگایا جو اس کی طبع میں ہی نہیں اور یوں اس نے بھیڑیے پر ظلم کیا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خائن کو انتظام سپرد کرے یا امانت بے ٹھکانا رکھے)۔
- مـرعًـى ولا أُكُولَةٌ: چراگاہ تو ہے مگر چرنے والی بکری ہی نہیں۔ (أُكُـولَة: اس بکری کو کہا جاتا ہے جسے چرنے اور موٹا ہونے کے لئے علیحدہ کر لیا جائے۔ ایسے مال دار شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا مال کھانے والا کوئی نہ ہو)
- تَحْتَ الرَّغْوَةِ الصَّرِيحُ: جھاگ کے نیچے خالص دودھ (ایسے معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جس کی حقیقت پوشیدہ رہنے کے بعد ظاہر ہو)
- مِنَ الرَّفْشِ إلى العَرْشِ: بیلچے سے تخت تک (کمینہ تھا پھر ترقی کر کے اور بیلچے سے کام کرتے کرتے تخت شاہی پر جا بیٹھا۔)
- تَرْفَضُّ عِنْدَ الْمُحْفِظَاتِ الكَتَائِفُ: غیرت انگیز موقعوں پر کینے منتشر ہو جاتے ہیں۔ (ترفضُّ بمعنی منتشر ہونا، مُحْفِظَات غیرت کو جوش دلانے والی باتیں، اور كَتَائِف کینے، دشمنیاں، مراد یہ ہے کہ اپنے ساتھ زندگی گزارنے والے پر ظلم ہوتا دیکھ کر تو غصہ سے بھڑک اٹھتا ہے اور اس سے کینہ اور دشمنی بھول کر اس کی مدد کرنے لگتا ہے۔)
- أَرْفَعُ مِنَ السَّمَاء: آسمان سے زیادہ بلند
- الرَّفِيقَ قَبْلَ الطَّرِيقِ: راستے سے پہلے ساتھی حاصل کر۔ (اور اسے مطلع کر ہو سکتا ہے وہ موافقت نہ کرے اور تو اس کی جگہ کسی اور کو اپنے ساتھ نہ لیجا سکے۔)
- بـالرِّفَـاءِ والبَنِين: اتفاق واتحاد اور بچوں کے ساتھ (شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے۔ رِفاء بمعنی موافقت اور مناسبت۔ یہ اس قول سے لیا گیا ہے رَفَأْتُ الثَّوبَ (میں نے کپڑے کے پھٹے ہوئے حصہ کو سی دیا، رفو کر دیا)
- أَرَقُّ مِنَ النَّسِيم: بادِ نسیم سے زیادہ لطیف۔
- أَرَقُّ مِنَ الْمَاء: پانی سے زیادہ پتلا۔
- أَرَقُّ مِنْ دَمْعِ الغَمَام: ابر کے آنسوؤں سے زیادہ پتلا۔
- أَرَقُّ مِنْ رَقْرَاقِ السَّرَاب: سراب کی چمک سے زیادہ لطیف (رقراق السراب بمعنی سیراب کی چمک)
- أُرْقُبِ البيتَ مِن رَاقِبِهِ: گھر کے محافظ سے گھر کی حفاظت کر (یہ اس شخص کا قول ہے جسے اپنے گھر میں غلام کی موجودگی سے خوف تھا چنانچہ جب وہ واپس آیا تو وہ غلام اس کا سب سامان لے کر چمپت ہو چکا تھا۔
- كـالرَّاقِـم على الماء: پانی پر لکھنے والے کی طرح۔ (اس چیز کے

لئے کہا جاتا ہے جو نہ تو ایک جگہ ٹھہرے اور نہ اثر انداز ہو)

- **اِرْقَ عَلَی ظَلْعِكَ:** پہلے اپنے معاملہ کو ٹھیک کر (یا مقدور بھر برداشت کر یعنی اپنی دھمکی میں اپنی حد سے تجاوز نہ کر اور اپنی خامی اور بیکسی کو سامنے رکھ اور اپنے عیب پر خاموش رہ کیونکہ سیڑھیاں چڑھنے والا اگر لنگڑا ہو تو اپنے آپ سے نرمی سے پیش آتا ہے۔ **ظَلَعَ البعیر** کا معنی ہے اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ اس مثل کا معنی ہے مقدور بھر برداشت کر کیونکہ سیڑھیاں یا پہاڑ پر چڑھنے والا اگر لنگڑاتا ہو تو اپنے آپ سے نرمی سے پیش آتا ہے اور خود کو استطاعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا)
- **رَکِبَ جَنَاحَی النَعَامَة:** وہ شتر مرغ کے بازوؤں پر سوار ہوا (تیز رفتاری اور عجلت کے لئے کہا جاتا ہے)
- **یَرْکَبُ الصَّعْبَ مَنْ لا ذُلُولَ لَهُ:** سرکش پر تو وہ شخص ہی سوار ہوتا ہے، جس کے پاس سدھایا اونٹ نہ ہو۔ (آسانی سے مقصد حاصل نہ ہو تو آدمی خود کو مشقت پر اکساتا ہے)
- **مَنْ لَمْ یَرْکَبِ الأَهْوَالَ لَمْ یَنَلِ الآمَالَ:** جو شخص خود کو خوفناک خطروں میں نہ ڈالے وہ امیدوں کو حاصل نہیں کر سکتا۔
- **کَرَاکِبِ اِثْنَین:** دو (جانوروں) پر سوار کی طرح۔ دو معاملوں پر شک وشبہ میں پڑنے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔
- **رَمَی الکلامَ عَلَی عَوَاهِنِهِ:** اس نے کلام کو کھجور کی ٹہنیوں پر دے مارا۔ **عَوَاهِن** (عاهنة کی جمع) بمعنی کھجور کی خشک شاخیں، مراد یہ ہے کہ اس نے بے پروائی سے بات کی، خواہ درست تھی یا غلط)۔
- **رَمَاهُ اللّٰهُ بِلَیْلَةٍ لا أُخت لها:** اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رات لائے جس کی بہن نہ ہو (یعنی اسے دوسری رات سے پہلے موت آجائے بددعا ہے)
- **رَمَاهُ اللّٰهُ مِنْ کُلِّ أَکَمَةٍ بحجر:** اللہ تعالیٰ اس کو ہر ٹیلے سے پتھر مارے۔ (اس پر چاروں طرف سے پتھر برسیں۔ بددعاء ہے)
- **رَمَاهُ بأقحافِ رأسِهِ:** اس نے اسے اس کے سر کی کھوپڑی پر مارا۔ (یعنی کسی مصیبت سے اسے خاموش کر دیا یا اسے اس پر لوٹا لایا۔ قحف دماغ کی اوپر کی ہڈی کو کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اقحاف جمع کے لفظ کے ساتھ لانے کی وجہ یہ ہے کہ مراد یہ ہے کہ اس نے اس کی کھوپڑی پر بار بار مارا۔ یہ قتل سے کنایہ ہے۔ گویا اس نے اس سے خاموش کرنے کے انتہائی مقصد (قتل) کو حاصل کر لیا۔ مقتول تو بولتا نہیں۔
- **رَمَاهُ اللّٰهُ بثَالِثَةِ الأَثَافِي:** اللہ تعالیٰ اس کو چولہے کے تیسرے پتھر مارے (الاثافی) بمعنی پہاڑی کا ٹکڑا جس کے ساتھ دو پتھر رکھ کر ان پر ہنڈیا رکھی جاتی ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ بڑی مصیبت میں مبتلا ہو گیا۔ اس شخص کے لئے بھی کہا جاتا ہے جو برائی بالکل نہ چھوڑے کیونکہ اثافی تین پتھر ہوتے ہیں تو اگر اسے تیسرا پتھر بھی مار دیا گیا تو معاملہ انتہا کو پہنچ گیا)
- **رَمَاهُ اللّٰهُ بدَاءِ الذِئب:** اللہ تعالیٰ اس کو بھیڑیے کے مرض میں مبتلا کرے۔ (کہا گیا ہے کہ معنی یہ ہے کہ اللہ اسے بھوک میں مبتلا کرے کیونکہ بھیڑیا ہمیشہ بھوکا رہتا ہے)
- **رَمَاهُ بِنَبْلِهِ الصائب:** اس نے اسے نشانے پر لگنے والا تیر امارا۔ (یعنی اپنے مخالف کو مسکت اور منہ توڑ جواب دیا)
- **رَمَتْنِي بدَائِها وَانْسَلَّتْ:** اس نے اپنی بیماری مجھ سے منسوب کر دی اور کھسک گئی۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی سے اس عیب کو منسوب کرے جو خود اس میں ہو۔ اِنسلال: جماعت سے نکل جانا۔ رماہ بالداء: کسی کو بیماری سے منسوب کرنا، اس پر بیماری کا عیب لگانا۔
- **لا تَرْمِ سَهْمًا یَعْسَرُ عَلَیْكَ رَدُّهُ:** ایسا تیر نہ چلا جسے تو لوٹا نہ سکے۔
- **قَبْلَ الرَمْيِ یُرَاشُ السَهْمُ:** تیر پھینکنے سے پہلے اس کو پر لگایا جاتا ہے۔ (کسی کام کے لئے اس کے آپڑنے سے پہلے تیاری اور اوزار کی ضرورت پیش آنے سے پہلے اس کو درست کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ یراش پر پر لگایا جانا کے معنی میں ہے۔ یعنی تیر چلانے کے وقت سے پہلے تیر درست کر لینا ضروری ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے کہتے ہیں **قَبْلَ الرماء تُملأُ الکَنَائِنُ**۔ تیراندازی سے پہلے ترکش بھر لئے جاتے ہیں)
- **مَا کُلُّ رَامِی غَرَضٍ یُصِیبُ:** ہر نشانہ باز نشانہ پر نہیں مار سکتا (غَرَض بمعنی ہدف ہے جو تیراندازی کے لئے نصب کیا جاتا ہے)
- **قَبْلَ الرماء تُملأُ الکَنَائِنُ:** ترکش تو تیراندازی سے پہلے ہی بھر لیا جاتا ہے (یعنی کسی کام کو کرنے سے پہلے تیاری کر لینا چاہئے۔ رِمَاء رَامَاه کا مصدر ہے۔ کَنَائِن تیر رکھنے کے تھیلے، ترکش)
- **رُبَّ رَمْیَةٍ مِن غیر رام:** کبھی تیراندازی اس کی طرف سے بھی ہو جاتی ہے جو تیراندازی نہیں جانتا (یعنی کبھی اناڑی کا تیر بھی نشانہ پر لگ جاتا ہے۔ اس شخص کے لئے بھی کہا جاتا ہے جو غلطی کرتا ہو مگر کبھی درست کام بھی کر جائے۔ اس کا ہم معنی یہ قول ہے۔ **مَعَ الخَوَاطِی سَهْمٌ صَائِبٌ** (خطا کرنے والے تیروں میں نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہوتا ہے)
- **عِنْدَ الرِهَانِ تُعْرَفُ السَوَابِقُ:** گھوڑ دوڑ کے وقت ہی آگے نکلنے والے گھوڑوں کی پہچان ہوتی ہے۔ (ایسے معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جو آزمائش اور امتحان کے بعد ظاہر ہو اور اس کی حقیقت معلوم ہو۔ نیز اس شخص کے لئے بھی کہا جاتا ہے جو ایسی خوبی کا دعویٰ کرے جو اس میں نہ ہو)
- **إِسْتَرَاحَ مَنْ لا عَقْلَ لَهُ:** جس میں عقل نہیں اس نے راحت پائی (عقل والا معاملات میں بہت فکرمند ہوتا ہے اور سوچ بچار کرتا ہے اور کسی بات پر کم ہی خوش ہوتا ہے لیکن بے وقوف کسی بات پر نہ تو سوچ بچار کرتا ہے اور نہ ہی فکرمند ہوتا ہے)
- **الرَائِدُ لا یَکْذِبُ أَهْلَهُ:** قوم کے لئے پانی اور گھاس کی تلاش میں آگے جانے والا اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں بولتا۔ (کیونکہ اگر وہ ان سے جھوٹ بولے گا تو ان کا کام بھی بگاڑے گا اور ان کے ساتھ اپنا بھی)

- **أَرْوَغُ مِنْ ثُعَالَةَ:** لومڑی سے زیادہ چالباز۔
- **أَرْوَغُ مِنْ ثَعْلَبٍ:** لومڑی سے زیادہ مکار۔
- **أَرْوَاغاً يَا ثُعَالُ وقد عَلِقْتِ بالحبال:** لومڑی کیا تو جال میں پھنس کر بھی حیلہ بازی کرے گی۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو حق واجب ہونے کے بعد بھی حیلہ بازی سے باز نہ آئے)
- **أَرْوَى مِنْ حَيَّةٍ:** سانپ سے زیادہ سیراب۔ (کیونکہ سانپ ایسے میدانوں میں رہتے ہیں جہاں نہ پانی ہوتا ہے، نہ انسان اور نہ گھاس۔ اس لئے پانی نہیں پیتے اور نہ پانی کی خواہش کرتے ہیں)
- **أَرْوَى مِنْ ضَبٍّ:** گوہ سے زیادہ سیراب۔ (کیونکہ گوہ بالکل پانی نہیں پیتی۔ پیاس لگے تو ہوا کی طرف رخ کر کے منہ کھولتی ہے اور اسی میں سیرابی حاصل کر لیتی ہے۔ عرب کسی ناممکن چیز کے متعلق کہتے ہیں۔ **لایکون هذا حتی یَرِدَ الضبُّ** جب تک گوہ پانی پر نہ آئے یہ ممکن نہیں)
- **الرَّاوِيَةُ أَحَدُ الشَّاتِمِينَ:** بہت روایت کرنے والا گالی دینے والوں میں سے ایک ہے۔ اسی جیسا یہ قول ہے۔
- **سَبَّكَ مَنْ بَلَّغَكَ:** جس نے تجھے کسی کا پیغام پہنچایا۔ اس نے تجھ کو گالی دی)
- **رُبَّ رَيْثٍ يُعْقِبُ فَوْتاً:** بسا اوقات کسی امر میں تاخیر سے اس کا وقت جاتا رہتا ہے۔ (ریث: تاخیر کرنا)
- **إِنْ كُنْتَ رِيحًا فَقَدْ لاقَيْتَ إِعْصَارًا:** اگر تو ہوا تھا تو بگولے سے مل گیا۔ (اِعْصَار: بگولہ۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خود پسند اور مغرور ہو اور اس کی اپنے سے زیادہ زیرک اور سخت شخص سے مڈبھیڑ ہو جائے۔ ہمارے ہاں سیر کو سوا سیر مل گیا)
- **إِنْ أَرَدْتَ الْمُحَاجَزَةَ فَقَبْلَ الْمُنَاجَزَةِ:** اگر تو دفاع چاہتا ہے تو لڑائی سے پہلے دفاع کر۔ (محاجزہ کا معنی ایک دوسرے سے اپنا دفاع کرنا ہے۔ مناجزہ نجز سے مشتق ہے اور اسی کا معنی فنا ہے۔ بعض کے نزدیک کسی کے خلاف لڑنا اور مبارزت ہے کیونکہ دونوں مدمقابل لڑنے والوں میں سے ہر ایک دوسرے کو فنا کر دینا چاہتا ہے۔ مثل کا معنی ہے جس شخص کا تو مقابلہ نہیں کر سکتا اس کا سامنا کرنے سے پہلے اپنے آپ کو بچا لے۔ اس شخص کے لئے بھی کہا جاتا ہے جو لڑائی کے بعد صلح کا طالب ہو)
- **أُرِيدُ حِبَاءَهُ وَ يُرِيدُ قَتْلِي:** میں تو اس کو عطیہ دینا چاہتا ہوں وہ میرے قتل کا ارادہ کرتا ہے۔ (حِباء: عطا، بخشش)
- **إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ هِلاكَ نَمْلَةٍ أَنْبَتَ لَهَا جَنَاحَيْنِ:** جب اللہ کسی چیونٹی کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو اس کو پر لگا دیتا ہے۔ ہمارے ہاں کہا جاتا ہے: جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں)
- **مَنْ لَمْ يُرِدْكَ فَلاتُرِدْهُ:** جو شخص تیرا ارادہ نہ کرے تو بھی اس کا ارادہ نہ کر)
- **كَمْ بَيْنَ مُرِيدٍ وَمُرَادٍ:** ارادہ کرنے والے اور مراد میں بڑا فاصلہ ہے۔ عدم اتفاق یا کامیابی کی دشواری کے لئے کہا جاتا ہے۔ تو کسی چیز کو حاصل کرنا چاہے تو توقع کے خلاف اس سے محروم رہتا ہے۔

ز

- **جَعَلَ الزُّجَّ قُدَّامَ السِّنَانِ:** اس نے نیزہ کی ٹوپی کو نیزہ کی انی کے آگے لگایا۔ (زج نیزہ کی ٹوپی جو اس کے نچلے حصے میں لگائی جاتی ہے۔ سنان: نیزے کی انی (نیزہ کا پھل) اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ادنیٰ کو اعلیٰ پر فوقیت دے۔
- **إن لَمْ تُزَاحِمْ لَمْ يَقَعْ فِي الخُرْجِ شَيْءٌ:** اگر تو مزاحمت سے گریز کرے گا تو خرجین میں کچھ نہیں جائے گا۔
- **مَنْ يَزْرَعِ الشَّوْكَ لايَحْصُدْبه العِنَبَ:** جو کانٹے بوئے گا اس سے انگور کی فصل نہیں کاٹ سکے گا۔ (قطف العنب کہا جاتا ہے حصد العنب نہیں لیکن کہنے والے نے حصد کو زرع کے مقابل رکھا ہے۔ اور معنی یہ ہے کہ جو کسی سے برا سلوک کرے گا وہ اس سے بھی برے سلوک کی توقع رکھے)
- **كَمَا تَزْرَعُ تَحْصُدُ:** جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا۔
- **هُوَ أَزْرَقُ العين:** وہ نیلی آنکھ والا ہے یعنی دشمن ہے اس معنی میں کہا جاتا ہے **هو أَسْوَدُ الكَبِد:** (وہ سیاہ جگر ہے) اور **هم صُهْبُ السبال** وہ سرخ مونچھوں والے ہیں۔ یعنی دشمن ہیں۔
- **لِكُلِّ زَعْمٍ خَصْمٌ:** ہر دعویٰ کا ایک مخالف ہے۔ (جب کوئی شخص ایسی چیز کا دعویٰ کرے جو اس کی نہ ہو تو کہا جاتا ہے)
- **زَقَّهُ زَقَّ الحَمَامَةِ فَرْخَهَا:** اس نے اس کو اس طرح چوگا دیا جس سطرح کبوتری اپنے چوزے کو چوگا دیتی ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے قریبی رشتہ دار کی شفقت میں کوتاہی کے بغیر پرورش کرتا ہے۔
- **إذا زَلَّ العَالِمُ زَلَّ بِزَلَّتِهِ عالَم:** جب عالم پھسل جائے تو اس کے پھسلنے سے ایک جہاں پھسل جاتا ہے۔
- **زَلَّةُ الرَّأي تُنسِي زَلَّةَ القَدَمِ:** رائے کا پھسلنا قدم کے پھسلنے کو بھلا دیتا ہے۔ (مستقل مزاج عقلمند سے سرزد ہونے والی لغزش کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **لِكُلِّ زَمَانٍ رِجَال:** ہر زمانہ کے لئے کچھ لوگ ہوتے ہیں۔
- **هُما زَنْدانِ فِي وِعَاءٍ:** وہ ایک ہی برتن میں دو آگ سلگانے والے ہیں۔ (ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں، برائی میں یکساں)
- **أَزْهَى مِنْ غُرَاب:** کوے سے زیادہ متکبر۔
- **أَزْهَى مِنْ طَاؤُوس:** مور سے زیادہ اترانے والا۔
- **أَزْهَى مِنْ وَعْلٍ:** پہاڑی بکرے سے زیادہ متکبر۔
- **زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا:** ایک دن چھوڑ کر ملنے جایا کر تجھ سے محبت بڑھے گی۔ (غب ایک دن ملنے جانا دوسرے دن نہ جانا روز کا آنا جانا قدر کھو

دیتا ہے)

- **الزَّیْتُ فِی العَجِیْنِ لایَضِیْعُ:** آٹے میں روغن ضائع نہیں ہوتا۔ (رشتہ داروں سے احسان کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے)
- **زَادَ فِی الطُّنبُور نغمَۃً:** اس نے طنبور میں ایک نغمہ کا اضافہ کر دیا۔
- **زُیِّنَ فِی عِیْنِ الوَالِدِ وَلَدُہٗ:** باپ کی نظر میں بیٹا خوبصورت ہوتا ہے (اپنوں کی تحسین کے بارے میں کہا جاتا ہے۔)

س

- **إنْ سَأَلَ أَلْحَفَ وإنْ سُؤِلَ سَوَّفَ:** اگر وہ سوال کرتا ہے تو لپٹ جاتا ہے اور اگر اس سے سوال کیا جاتا ہے تو ٹال دیتا ہے۔
- **تَسْأَلُنِی اُمُّ الخِیار جَمَلاً**

  یَمْشِی رُوَیْدًا ویَکُونُ أَوَّلاً

  ام الخیار مجھ سے ایسا اونٹ مانگتی ہے جو آہستہ چلے اور اول آئے (یعنی ایسی چیز طلب کرتی ہے جو ناممکن ہو)
- **سَائِلُ اللّٰہِ لا یَخِیبُ:** خدا سے مانگنے والا بے نتیجہ نہیں رہتا۔ (لوگوں سے تنفر اور ان سے مانگنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **سَبَّكَ مَنْ بلَّغَكَ السَّبَّ:** جس نے تمہارے پاس گالی پہنچائی اس نے تمہیں گالی دی۔
- **سُبَّنِی واصْدُقْ:** مجھے گالی دو، مگر سچ بولو۔ (مجھے اس کی پروا نہیں کہ تو مجھے گالی دے کیونکہ مجھے اپنا پتہ ہے، جبکہ تو جھوٹ سے گریز کر رہا ہو۔ سچ کی رغبت دلانے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **مَالَہُ سَبَدٌ ولا لَبَدٌ:** نہ اس کے بال ہیں نہ اون) سبد: بال، لبد: اون۔ یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔)
- **سَبَقَ سَیْلُہُ مَطَرَہٗ:** اس کا سیلاب اس کی بارش سے پہلے ہی آ گیا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو دھمکی سے پہلے ہی کارروائی کر ڈالے)
- **سَبَقَ السَّیْفُ العَذَلَ:** تلوار ملامت سے سبقت لے گئی (یہ ضبّۃ بن اد نے حرم میں اپنے بیٹے کے قاتل کو قتل کرنے پر لوگوں کی طرف سے ملامت پر کہا تھا)
- **سَبَقَ دِرَّتَہُ غِرَارُہٗ:** اس کے دودھ کی قلت اس کے دودھ کی کثرت سے سبقت لے گئی (غرار: دودھ کی قلت، (درہ: دودھ کی کثرت: یعنی اس کی برائی اس کی بھلائی سے پہلے وقوع پذیر ہوئی اور احسان سے پہلے اس نے خباثت شروع کر دی۔)
- **مَنْ سَابَقَ الدَّهْرَ عَثَرَ:** جو زمانہ سے آگے بڑھا پھسل گیا۔ (ٹھوکر کھائی)
- **مَا اِسْتَتَرَ مَنْ قَادَ الجَمَلَ:** جو اونٹ کو آگے سے کھینچ کر لے جائے وہ چھپا نہیں رہے گا۔
- **سَحَابَۃُ صَیْفٍ عَنْ قَلِیلٍ تَقَشَّعُ:** موسم گرما کا بادل جلد ہی چھٹ جاتا ہے۔ (تَقَشَّع، تتقشع کی جگہ ہے۔ اس کا معنی غائب ہو جانا، چھٹ جانا ہے۔ (اس چیز کے بارے میں کہا جاتا ہے جو تھوڑی دیر رہے)
- **لَمَّا اِشْتَدَّ سَاعِدُہُ رَمَانِی:** جب اس کی کلائی سخت ہو گئی تو اس نے مجھے ہی تیر مارا۔ (اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے پر احسان کرنے والے پر برائی کا ارتکاب کرے۔ پورا شعر یوں ہے۔ **اُعَلِّمُہُ الرِمَایَۃَ کل یوم، فَلَمَّا اِسْتَدَّ ساعدُہُ رمانی۔** پہلے مصرعہ کا معنی ہے میں اس کو ہر روز تیر اندازی سکھاتا تھا)
- **السِرُّ اَمَانَۃٌ:** بھید ایک امانت ہے۔
- **سِرُّكَ مِنْ دَمِكَ:** تیرا راز تیرے خون سے متعلق ہے۔ (مراد بسا اوقات افشائے راز موت کا سبب بن جاتا ہے)
- **مَالَہُ سَارِحَۃٌ ولا رَائِحَۃٌ:** اس کے پاس نہ چرنے والے مویشی ہیں نہ چر کر واپس لوٹنے والے یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ سارحۃ: چرنے والے مویشی۔ رائحۃ: چر کر شام کو واپس آنے والے مویشی)
- **أَسْرَعُ مِنَ البَرْقِ:** بجلی سے زیادہ تیز رفتار۔
- **أَسْرَعُ مِنَ البَیْنِ:** جدائی سے زیادہ تیز رفتار۔
- **أَسْرَعُ مِنَ الطَرْفِ:** نگاہ سے زیادہ تیز رفتار۔
- **أَسْرَعُ مِنَ اللمح:** نظر سے زیادہ تیز رفتار۔
- **أَسْرَعُ مِنْ لَمْحِ البَصَرِ:** آنکھ جھپکنے سے زیادہ تیز رفتار۔
- **أَسْرَعُ مِنْ رَجْعِ الصَّدَی:** صدائے بازگشت سے زیادہ تیز رفتار۔
- **أَسْرَعُ مِنَ الیَدِ إلَی الفَمِ:** منہ کی طرف اٹھنے والے ہاتھ سے زیادہ تیز رفتار۔
- **یَسْرِقُ الکُحْلَ مِنَ العَیْنِ:** وہ آنکھ سے سرمہ چراتا ہے۔
- **أَسْرَی مِنَ الخیال:** خیال سے زیادہ چلنے والا۔
- **السَّعِیْدُ مَنْ کُفِیَ:** نیک بخت وہ ہے جس کی تمام ضروریات پوری ہو گئیں۔
- **بِالسَّاعِدِ یَبْطُشُ الکَفُّ:** کلائی کے ذریعے ہی ہاتھ کی پکڑ مضبوط ہوتی ہے۔ (یعنی دولت اور طاقت سے جو چاہے حاصل کیا جا سکتا ہے، یہ دونوں چیزیں میرے پاس نہیں ہیں۔ نیز مددگاروں کی کمی پر بھی کہا جاتا ہے۔ اس مفہوم کا حامل یہ شعر بھی ہے:

  اُولٰئِكَ إِخْوَانِی الَّذِیْنَ رُزِئْتُھُمْ

  ومَا الکَفُّ الا إِصْبَعٌ ثم إِصْبَعُ

  (یہ میرے بھائی ہیں جن سے میں بھلائی حاصل کرتا ہوں، ہاتھ تو انگلیوں کا مجموعہ ہے)
- **مَالَہٗ سَعْنَۃٌ ولا مَعْنَۃٌ:** اس کے پاس تھوڑا بہت کچھ بھی نہیں (سَعْنَۃ کھانے وغیرہ کی کثرت، معنۃ: کھانے وغیرہ کی کمی؟
- **مَنْ سَعَی رَعَی:** جو دوڑا اس نے چر لیا۔ (جس نے کوشش کی اس نے پا لیا)
- **رُبَّ سَاعٍ لِقَاعِدٍ:** کئی لوگ بیٹھے ہوئے کے لئے جدوجہد کرتے ہیں۔ (اس کا اولین قائل نابغہ زیبانی ہے۔ نعمان بن منذر کے پاس

عربوں کے کئی وفد آئے ان میں بنی عبس کا شفیق نامی شخص بھی تھا، جس کی اس کے ہاں وفات ہوگئی۔ نعمان نے ان وفود کو عطیے دیئے تو اس نے شفیق کے گھر والوں کے لئے ایسا ہی ایک عطیہ بھیجا۔ جب نابغہ تک یہ بات پہنچی تو اس نے یہ بات کہی جو ضرب المثل بن گئی۔

- **يَسْتَفُّ التُرابَ ولا يخضعُ لِأَحَدٍ عَلَى بَاب:** وہ خاک پھانکتا ہے مگر کسی کے دروازے پر نہیں جھکتا (خوددار کے لئے کہا جاتا ہے)
- **سَفِيهٌ لَمْ يجد مُسَافِهًا:** بے وقوف کا کسی گالی دینے والے سے واسطہ نہیں پڑا۔
- **حَيْثُما سَقَطَ لَقَطَ:** وہ جہاں کہیں گرا وہیں سے کچھ نہ کچھ اٹھالیا۔ (حیلہ ساز اور چالاک شخص کے لئے کہا جاتا ہے)
- **لِكُلِّ ساقِطَةٍ لاقِطَةٌ:** ہر گرنے والی چیز کو کوئی نہ کوئی اٹھانے والا مل جاتا ہے (منہ سے نکلنے والی ہر بات کو لے اڑنے والا کان ہوتا ہے۔ گفتگو میں احتیاط برتنے کے لئے کہا جاتا ہے ہمارے یہاں: دیوار کے بھی کان ہیں)
- **يَسْقِي مِنْ كُلِّ يَدٍ بكَأْسٍ:** وہ ہر ہاتھ سے ایک پیالہ پی لیتا ہے۔ بہت زیادہ متلون مزاج کے لئے کہا جاتا ہے)
- **سَاقِيَةٌ لاتُعَكِّرُ بَحْرًا:** چھوٹی نہر سمندر کو گدلا نہیں کر سکتی۔
- **سَكَتَ أَلْفًا ونَطَقَ خَلْفًا:** وہ ہزار بار خاموش رہا، بولا تو منہ سے بری بات نکلی۔ (خَلْف: بری بات وغیرہ۔ أَلْفًا مصدر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ یعنی یہ سکت أَلْفَ سكتة ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو طویل خاموشی کے بعد بولے تو اس کے منہ سے کوئی اچھی بات نہ نکلے)
- **السكوتُ أخو الرضا:** خاموشی رضامندی جیسی ہے۔
- **رُبَّ سُكُوتٍ أَبْلَغُ من كلام:** بہت سی خاموشیاں کلام سے زیادہ بلیغ ہوتی ہیں۔
- **رُبَّما كَانَ السكوتُ جواباً:** بعض اوقات خاموشی ہی جواب ہوتی ہے۔
- **سَلْحُ الحُبارَى سِلاحُهُ:** تغدار کا بیٹ کرنا اس کا ہتھیار ہے۔ (یہ پرندہ حملہ آور سے بیٹ کر کے ہی بچتا ہے۔ کیونکہ یہ اپنا گھونسلہ درخت کے بالائی حصہ پر بناتا ہے۔ جب کوئی درخت پر چڑھتا ہے تو اس کے چہرہ پر بیٹ کر دیتا ہے تو وہ اپنے آپ میں مشغول ہونے کی وجہ سے اوپر چڑھنا چھوڑ دیتا ہے۔)
- **سِلاحُ الضُعَفَاءِ الشِكايَةُ:** کمزوروں کا ہتھیار شکایت ہے۔
- **أَسْلَحُ مِنَ الحُبارَى:** تغ دار سے زیادہ بیٹ کرنے والا۔ (تغ دار بہت بیٹ کرتا ہے اور جب چاہے بیٹ کر دیتا ہے۔
- **السُلْطَانُ ظِلُّ اللّٰهِ فِي أَرْضِهِ:** بادشاہ خدا کی زمین پر اللہ کا سایہ ہے۔ (یعنی ہر مظلوم اس سایہ میں ٹھکانہ لیتا ہے۔
- **لاسُلْطَانَ بلارِجَالٍ:** بغیر آدمیوں کے حکمرانی نہیں ہو سکتی۔
- **لَيْسَ لِسُلْطَانِ العِلمِ زَوَال:** علم کی طاقت لازوال ہے۔
- **مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ أَمِنَ العِثارَ:** جو شخص ہموار زمین پر چلے گا وہ پھسلنے (ٹھوکر لگنے) سے محفوظ رہے گا۔ (جَدَد: ہموار زمین)
- **إن سَلِمْتَ مِنَ الأسَدِ فَلا تَطْمَعْ فِي صَيْدِهِ:** اگر تو شیر سے بچ جائے تو اس کے شکار کا لالچ نہ کر۔
- **مَنْ سَلِمَتْ سَرِيرَتُهُ سَلِمَت عَلانِيَتُهُ:** جس کا راز محفوظ رہا اس کی کھلی ہوئی باتیں بھی محفوظ رہیں گی۔
- **إنْ تَسْلَم الجِلَّةُ فَالنِيبُ هَدَر:** اگر بڑے اونٹ بچ جائیں تو بوڑھی اونٹیاں رائیگاں ہیں) جِلّة: جلیل کی جمع ہے مراد بڑے اونٹ، مراد یہ ہے کہ اگر نفع آور چیز بچ جائے تو بے کار چیز کی قدر نہیں ہوتی)
- **السَلامَةُ غَنِيمَةٌ:** سلامتی غنیمت ہے۔
- **إنَّ السلامَةَ مِنْهَا تَرْكُ مافيها:** دنیا سے بچنا دنیا کی چیزوں کو چھوڑنے میں ہے۔ (منها اور فيها کا مرجع دنیا ہے۔ یہ شعر کا دوسرا مصرع ہے۔ پہلا یہ ہے۔ والنَفْسُ تَكْلَفُ بالدُنْيا وقَدْعَلِمَتْ نفس دنیا کا عاشق ہے اور اسے معلوم ہو چکا ہے کہ (أَنَّ السلامَةَ مِنْها تَرْكُ مافيها: دنیا سے بچنا دنیا کی چیزوں کو چھوڑنے کے مترادف ہے)
- **أَسْمَحُ مِنْ لاقِطة:** پرندہ سے زیادہ سخی (لاقطعة: چونچ سے دانے چگنے والا پرندہ اس کی مادہ اپنے چوزے کو چوگا دیتی ہے اور اس کے پوٹے میں اپنے لئے کچھ نہیں بچتا۔ یہ مثل سخاوت کے ضمن میں بیان کی جاتی ہے)
- **لَقَدْ أَسْمَعْتَ لَوْنَادَيْتَ حَيًّا:** اگر تو کسی زندہ کو پکارتا تو اس کو سنا دیتا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے نصیحت کی جائے تو وہ اسے قبول نہ کرے اور نہ سمجھے)
- **أَسْمَعُ جَعْجَعَةً ولا أَرَى طِحْنًا:** میں چکی کی گڑگڑاہٹ تو سنتا ہوں مگر آٹا نظر نہیں آتا۔ (یعنی شور و غل تو مجھے سنائی دیتا ہے مگر عمل دکھائی نہیں پڑتا۔ (بزدل کے لئے کہا جاتا ہے جو دھمکی دیتا ہے مگر اس کو عملی جامہ نہیں پہناتا اور کنجوس کے لئے کہا جاتا ہے جو وعدہ کرتا ہے مگر وعدہ وفا نہیں کرتا)
- **أَنْ تَسْمَعَ بِالمُعَيْدِيّ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَرَاهُ:** تیرا معیدی کو سننا اس کے دیکھنے سے بہتر ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کی خبر سننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہو۔ سب سے پہلے یہ بات منذر بن ماء السماء نے کہی تھی جو مشقہ بن ضمرہ معیدی کے متعلق باتیں سن کر خوش ہوتا تھا۔ مشقہ بدصورت تھا اسے دیکھ کر یہ بات کہی جو اوپر مذکور ہے اور ضرب المثل بن گئی ہے)
- **إذا لَمْ تُسْمِعْ فَأَلْمِعْ:** جب تو سنا نہ سکے تو اشارہ ہی کر دیا کر۔ (یعنی اگر تو سنانے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اشارہ کرے سے تو عاجز نہیں۔
- **إِسْمَعْ ولا تُصَدِّقْ:** سن لے خواہ اسے سچا نہ سمجھے۔
- **سَامِعًا دَعَوْتَ:** تو نے سننے والے کو ہی پکارا ہے۔

- **بَيْنَ سَمْعِ الْأَرْضِ وَ بَصَرِهَا:** زمین کے کان اور آنکھ کے درمیان (یعنی چپ چپاتے۔ کہا جاتا ہے۔ **كَانَ فِعلُ ذٰلكَ بَيْنَ سَمعِ الارضِ وَ بَصَرِهَا** وہ کام ایسی جگہ ہوا جو خالی تھی اور وہاں کوئی نہ تھا)
- **أَسْمَعُ مِنْ قُرادٍ:** چیچڑی سے زیادہ سننے ولا۔ (کہا جاتا ہے کہ چیچڑی ایک دن کی مسافت سے اونٹوں کی ٹاپوں کی آواز سن کر ان کی طرف چل پڑتی ہے)
- **قَدِ اِسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَمٍ:** تو نے ورم والے کو موٹا سمجھ لیا ہے (اور اسے بڑا سمجھ بیٹھا ہے حالانکہ وہ بڑا نہیں اور خلاف حقیقت ظاہر سے دھوکا کھایا ہے)
- **سَمْنُكُمْ هُرِيقَ فِي أَدِيْمِكُمْ:** تمہارا گھی تمہاری کھال میں ہی انڈیل دیا گیا ہے (مراد یہ ہے کہ تمہارا مال تم پر ہی خرچ کیا جاتا ہے اور تمہارا مال صرف تمہاری طرف ہی لوٹے گا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا مال دوسروں تک نہ پہنچ پائے اور اسی پر خرچ ہو)
- **أَسْمَنُ مِنْ يَعْرٍ:** یعر سے زیادہ موٹا (یعر ایک فربہ جانور)
- **مَنْ لِي بِالسَّانِحِ بَعْدَ الْبَارِحِ:** منحوس کے بعد میرے لئے کون مبارک ہوگا۔ (سانح دائیں طرف سے آنے والا۔ بارح بائیں طرف سے آنے والا۔ عرب سانح سے نیک فالی اور بارح سے بدفالی لیتے تھے۔ ناپسندیدہ چیز کے بعد محبوب چیز کی توقع یا بہتر حالات سے مایوسی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
- **كَانَ سَنْدَانًا فَصَارَ مِطْرَقَةً:** وہ اہرن تھا، پھر ہتھوڑا بن گیا۔ (ایسے ذلیل کے متعلق کہا جاتا ہے جو معزز ہو جائے)
- **إِذَا كُنْتَ سَنْدَانًا فَاصْبِرْ وَإِذَا كُنْتَ مِطْرَقَةً فَأَوْجِعْ:** اگر تو اہرن ہے تو صبر کر اور اگر ہتھوڑا ہے تو درد پہنچا۔
- **أَسْهَرُ مِنَ النجم** ستارے سے زیادہ جاگنے والا۔
- **أَسْهَرُ مِنْ قُطْرُبٍ:** قطرب سے زیادہ جاگنے والا۔ (قطرب ایک چھوٹا جانور ہے جو رات کو نہیں سوتا)
- **سَهْمٌ لَكَ وَسَهْمٌ عَلَيْكَ:** ایک تیر تیرے حق میں اور دوسرا تیر تیرے خلاف۔
- **أَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ اِجَابَةً:** اس نے غلط سنا تو غلط ہی جواب دیا۔
- **أَسَاءَ كَارِهٌ مَاعَمِلَ:** ناپسند کرنے والے نے برا کام کیا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی کام پر مجبور کیا جائے تو وہ اسے اچھی طرح نہ کر سکے)
- **أَسَاءَ رَعْيًا فَسَقَى:** اس نے بری طرح چرایا پھر پانی بھی پلایا۔ (اصل اس کی یہ ہے کہ چرانے والے نے اونٹوں کو تھوڑا چرا کر جب انہیں ان کے مالکوں کے پاس واپس لانے کا ارادہ کیا تو اسے یہ بات اچھی نہ لگی کہ مالکوں کو اونٹوں پر اس کے برے اثرات کا پتہ چل جائے تو اس نے ان کو پانی پلا دیا تا کہ اونٹوں کے پیٹ پانی سے بھر جائیں۔ ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو کام صحیح نہ کرے اور پھر اس کو ٹھیک کرنا چاہے اور یوں اسے اور بھی زیادہ بگاڑ دے)
- **سُوْءُ الظَّنِّ مِنْ شِدَّةِ الضِّنِّ:** بدگمانی انتہائی بخل کا نتیجہ ہوتی ہے (یہ عربوں کے اس قول جیسا ہے: **إِنَّ الشَّفِيقَ بِسُوْءِ ظَنٍّ مُوْلَعٌ** مہربان شخص بدگمانی کے بارے میں بہت پرجوش ہوتا ہے۔ ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھ کے معاملات کا خیال رکھتا ہو۔ اور اسے ہر وقت دھڑکا لگا رہتا ہو کہ کہیں ساتھی کسی حادثہ کا شکار نہ ہو جائے جیسے ماؤں کے دل میں اپنی اولاد کے متعلق برے برے خیال آتے رہتے ہیں)۔
- **سَيِّدُ الْقَوْمِ أَشْقَاهُمْ:** قوم کا سردار اپنی قوم کا سب سے بڑا بدبخت ہوتا ہے۔ (کیونکہ وہ اپنے قبیلہ کے بغیر سختیوں کا حصہ دار بنتا ہے۔ ان میں سے کمزوروں کے لئے لڑتا ہے، بے کسوں کی بات کرتا ہے، اور ایسے کام کرنے کے لئے تیار رہتا ہے جو اس کا فرض نہیں ہوتا۔
- **مَاكُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةً:** ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ (شک وشبہ کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ سیاہ چیز کھجور بھی ہو سکتی ہے، اور کوئلہ کا ٹکڑا بھی۔ ایسا ہی یہ مثل ہے۔ **مَاكُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةً۔** ہر سفید چیز چربی کا ٹکڑا نہیں ہوتی)
- **لَوْذَاتُ سِوَارٍ لَطَمَتْنِي:** کاش مجھے طمانچہ کسی کنگن والی نے مارا ہوتا۔ (یہ بات حاتم طائی نے اس وقت کہی تھی جب وہ بنی غزۃ کے پاس اس قیدی کی جگہ قید تھا جسے اس نے فدیہ دے کر چھڑایا تھا۔ اور ایک لونڈی نے اسے طمانچہ مارا تھا۔ عربوں کے ہاں لونڈیاں زیورات نہیں پہنتیں۔ مراد یہ ہے کہ اگر کسی آزاد عورت نے طمانچہ مارا ہوتا تو مجھے یہ معاملہ نسبتاً آسان ہوتا۔ یہ بہتر صورت کے حالات کے مقابلہ میں گھٹیا صورت اختیار کرنے پر یا کم رتبہ شخص کے ہاتھوں ذلیل ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
- **مَنْ سَاوَاكَ بِنَفْسِهِ مَاظَلَمَكَ:** جس نے تجھے اپنے آپ کے برابر رکھا اس نے تجھ پر ظلم نہیں کیا۔
- **سَاوَاكَ عبدُ غَيْرِكَ:** تیرے غیر کا غلام تیرے برابر ہے (کیونکہ وہ تیری حکم بردار ہے تیری طرح آزاد ہے اس مفہوم کے متعلق عوام کہتے ہیں۔ **عَبْدُ غيرِكَ حُرٌّ مِثْلُكَ۔**
- **إِنِ اسْتَوَى فَسِكِّيْنٌ وَ إِنْ اِعْوَجَّ فَمِنْجَلٌ:** اگر وہ سیدھا ہو تو چھری ہے اور ٹیڑھا ہو جائے تو درانتی ہے۔
- **سِرْ وَ قَمَرٌ لَكَ:** چلا جا چاند تیری رہنمائی کے لئے ہے۔ (یعنی چاند نکلا ہوا ہو تو اس کی روشنی میں کام کرنے کو غنیمت جان۔ فرصت کو غنیمت جاننے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
- **سِيْرَةُ الْمَرْءِ تُنْبِئُ عَنْ سَرِيْرَتِهِ:** آدمی کی عادت اس کے چھپے ہوئے خیال کا پتہ دیتی ہے۔
- **سَيْرَيْنِ فِي خُرْزَةٍ:** دو تسمے ایک سوراخ میں۔ (سیرین کا نصب اس سے پہلے۔ اجمع محذوف سمجھے جانے کی وجہ سے۔ ایک پنتھ دو کاج)

- **سَالَ بِهِمُ السَّيْلُ وجَاشَ بِنَا الْبَحْرُ:** ان کوسیلاب بہالے گیا اور ہم کوسمندر کی سخت تیزی۔ یعنی ہم ان سے بھی زیادہ شدید مصیبت میں پڑ گئے۔
- **سِيْلَ بِهٖ وهو لايَدْرِی:** اس کو بہالے جایا گیا لکین اسے خبر ہی نہیں (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے اس کی مخصوص چیزوں میں نقصان ہوجائے اور وہ غافل رہے۔

ش

- **أَشْأَمُ مِنْ بَرَاقِش:** براقش سے زیادہ منحوس۔ (براقش اس کتیا کا نام ہے جو اس لشکر پر بھونکی تھی جو کتیا والوں کی تلاش میں تھا اور کتیا کے بھونکنے سے لشکر کو پتہ چل گیا کہ وہ کہاں چھپے ہوئے ہیں)
- **أَشْأَمُ مِنَ البَسُوس:** بسوس سے زیادہ منحوس۔ (بسوس منقذ تمیمیہ کی بیٹی تھی جو جساس بن مرہ بکری کی خالہ تھی۔ وہ اپنے پڑوسی کی اونٹنی کلیب بن وائل تغلبی کی چراگاہ میں چرا رہی تھی۔ کلیب نے اونٹنی کو تیر مارا بسوس نے جساس سے مدد طلب کی تو اس نے بڑھ کر کلیب کو قتل کر دیا۔ کلیب کا بھائی مہلہل بنی تغلب کے سردار کی حیثیت سے کلیب کے قصاص کے لئے کھڑا ہوگیا۔ اس کے نتیجہ میں بکر اور تغلب کے درمیان جنگ چھڑ گئی جو چالیس سال تک جاری رہی۔ یوں بسوس نحوست میں ضرب المثل بن گئی)
- **أَشْأَمُ من حَفَّار:** گورکن سے زیادہ منحوس۔ (حفار سے مراد حفار القبور ہے)
- **أَشْأَمُ مِنْ داحِس:** داحس سے زیادہ منحوس (داحس قیس بن زہیر کا گھوڑا تھا (نحوست میں اس کے ضرب المثل ہونے کی وجہ یہ تھی کہ اس کی وجہ سے ذبیان اور عبس کے درمیان جنگ چالیس سال جاری رہی)
- **أَشْأَمُ مِنْ رَغِيْفِ الحَوْلَاءِ:** حولاء کی روٹی سے زیادہ منحوس (حولاء ایک عرب عورت تھی ایک شخص نے اس کے سر سے ایک روٹی اچک لی تو اس نے کہا۔ بخدا تو نے ایسا کر کے فلاں کی توہین کرنا چاہا ہے، جو اس شخص کا پڑوسی تھا۔ اس سے ان لوگوں میں اشتعال پیدا ہوگیا، جس کے نتیجہ میں ان کے ایک ہزار انسان قتل ہوئے)
- **أَشْأَمُ مِنْ طُوَيْس:** طویس سے زیاہ منحوس۔ (طویس کہا کرتا تھا: میں اس روز پیدا ہوا جس دن رسول اللہؐ نے وفات پائی۔ جس دن حضرت ابوبکرؓ کی وفات ہوئی اس دن میری ماں نے میرا دودھ چھڑایا۔ جس دن عمر بن خطابؓ کو شہید کیا گیا اس دن میں بالغ ہوا اور حضرت عثمانؓ کی شہادت کے دن میں نے شادی کی۔ اور حضرت علیؓ بن ابی طالب کی شہادت کے دن میرے ہاں بچہ پیدا ہوا)
- **أَشْأَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمَ:** منشم کے عطر سے زیادہ منحوس (اس مثل کی اصل کے متعلق کہا گیا کہ منشم ایک عورت کا نام تھا جو خوشبو بیچا کرتی تھی۔ عرب اس کی خوشبو میں ہاتھ ڈبو کر عہد کرتے کہ جس جنگ میں وہ جا رہے ہیں جان پر کھیل کر لڑیں گے حتیٰ کہ وہ قتل ہو جائیں۔ چنانچہ جب جنگ میں قدم رکھتے، کہا جاتا: دقُّوا بينهم عِطْرَ مِنشَمَ (انہوں نے اپنے درمیان منشم کا عطر ظاہر کیا۔ اس بات کے بکثرت کہنے سے یہ ضرب المثل بن گیا)
- **أَشْأَمُ من غُرابِ البَيْنِ:** جدائی کے کوئے سے زیادہ منحوس۔ کوے سے یہ نام لازم وملزوم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ جب بدوی لوگ چراگاہ کی تلاش میں جدا ہونے لگتے تو کوے ان کے خیموں کی جگہ نیچے اتر کر کھانے کی اشیاء ڈھونڈنے لگتے۔ اس لئے اس سے بدفالی لے کر کوے کو غراب البین (جدائی کا کوا کہنے لگے۔ کیونکہ کوے ان کے خیموں کی جگہوں پر اس وقت اترا کرتے تھے جب وہ کسی جگہ سے جدا ہو کر کہیں جاتے)
- **مَنْ شَبَّ عَلَى خُلُقٍ شَابَ عليه:** جس عادت پر کوئی جوان ہوا اسی پر بوڑھا ہوگیا۔
- **الشَّبَابُ مَطِيَّةُ الْجَهْلِ:** جوانی جہالت کی سواری ہے۔ (یعنی جہالت جوانی کی منزل اور مشکوک مرکز ہے)
- **الشَّبْعَانُ يَفُتُّ لِلْجَائِعِ فَتًّا بَطِيْئًا:** پیٹ بھرا بھوکے کے لئے آہستہ آہستہ روٹی توڑتا ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو دوسرے شخص کے معاملہ کو کوئی اہمیت نہ دے اور نہ اس کا راستہ اختیار کرے۔
- **إِنَّ هَذَا الشِّبْلَ مِنْ ذالك الاسد:** یہ بچہ بھی تو اسی شیر کا ہے۔
- **مَنْ أَشْبَهَ اباه فما ظَلَمَ:** جو اپنے باپ کے مشابہ ہو اس نے کوئی ظلم نہیں کیا۔ (اس لڑکے کے لئے کہا جاتا ہے جو ساخت اور طبیعت میں اپنے باپ جیسا ہو۔ (کیونکہ اس نے مشابہت کو غلط جگہ نہیں رکھا۔ کوئی بیٹے کی اپنے باپ سے مشابہت میں اس سے زیادہ مستحق نہیں۔
- **أَشْبَهُ من الماء بالماء:** وہ اس سے زیادہ مشابہ ہے جتنا پانی پانی سے مشابہ ہے۔
- **إِنَّهُ لَأَشْبَهُ به مِنَ التَّمْرَةِ بالتَّمْرَةِ:** وہ یقیناً اس سے بھی زیادہ مشابہ ہے جتنا ایک کھجور دوسری کھجور سے مشابہ ہوتی ہے۔ (دو چیزوں میں قریبی مشابہت کے بارے میں کہا جاتا ہے۔)
- **مَا أَشْبَهَ حَجَلَ الجِبَالِ بِأَلْوَانِ صَخْرِها:** پہاڑی تیتر پہاڑ کی چٹانوں کے رنگ سے کتنا مشابہ ہے۔
- **مَا أَشْبَهَ اللَّيْلَةَ بالبَارِحَةِ:** آج کی رات گزشتہ رات سے کتنی مشابہ ہے۔ (آئندہ کی سابقہ سے مشابہت کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **الشُّبْهَةُ أُخْتُ الحَرَام:** شبہ حرام کی بہن ہے۔ (ان دو چیزوں کے لئے کہا جاتا ہے جن کے مابین زیادہ فرق نہ ہو)
- **يَشُجُّ مَرَّةً ويَأْسُو أُخْرَى:** ایک بار زخم لگاتا ہے دوسری بار غمخواری کرتا ہے۔ (یعنی کبھی زخمی کرتا ہے کبھی علاج کرتا ہے۔ احسان بھی کرتا ہے نقصان بھی پہنچاتا ہے)
- **أَشْجَعُ مِنْ لَيْثٍ:** شیر سے زیادہ بہادر

- أشْجَعُ مِنْ أسامة: شیر سے زیادہ بہادر (اسامہ، شیر کا اسم علم ہے)
- الشُجَاعُ مُوَقًّى: بہادر کی اذیت سے بچا جاتا ہے (اس کا مفہوم یہ ہے کہ جو شخص بہادری اور جرأت سے پہچانا جاتا ہو لوگ اس سے خوف کھانے کی وجہ سے اس سے بچتے ہیں۔ اس معنی میں ایک شاعر کا قول ہے

تَعْدُو الذِئَابُ عَلَى مَنْ لاكِلَابَ لَهُ
وتتقى مَرْبَضَ المُسْتَنْفِرِ الحَامِي

جس کے پاس کتے نہ ہوں اس پر بھیڑیئے حملہ کر دیتے ہیں اور اس باڑہ سے بچتے ہیں جو بچانے والے کا ہو۔

- إنْ لَمْ يَكُنْ شَحْمٌ فَنَفَشٌ: اگر چربی نہ ہو تو اون ہی سہی (نفش بمعنی اون یعنی اگر فعل نہیں تو دکھلاوا ہی ہو یعنی حقیقت کو نظر انداز کر کے نظر بظاہر بھلائی کا اظہار)
- شُخْبٌ فى الإنا و شُخْبٌ فى الأَرْضِ: دودھ کی ایک دھار برتن میں اور ایک زمین پر (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کبھی درست کام کرے کبھی غلط۔ اس مثل کی اصل اس دودھ دوہنے والے کے بارے میں ہے جو کبھی غلطی سے ایک دھار زمین پر گرائے اور کبھی صحیح طور پر برتن میں۔ الشخب دودھ کی تھن سے نکلنے والی دھار۔
- ولَمَّا اِشْتَدَّ سَاعِدُهُ رمانی: جب اس کی کلائی مضبوط ہوگئی تو اس نے مجھے ہی تیر مارا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس سے احسان کیا گیا ہو اور وہ احسان کرنے والے کو نقصان پہنچائے۔ اس شعر کا پہلا مصرعہ یوں ہے۔
أُعَلِّمُهُ الرِمَايَة كُلَّ يَوْمٍ میں اسے ہر روز تیر اندازی سکھایا کرتا تھا)
- أَشَدُّ حَزَنًا مِنَ الخَنسَاء عَلَى صخر: صخر پر غم کرنے والی خنساء سے بھی زیادہ غمگین (صخر ابن عمر سلیمی نے بنی اسد پر حملہ کیا تھا اس دوران سے اسے تیر لگا جس سے بیمار ہو کر مر گیا۔ اس کی بہن خنساء نے اس کی قبر پر ڈیرہ جما لیا جہاں وہ اس پر روتی رہتی اور آہ بکار کرتی اور درد ناک مرثیے کہے اور وہیں مر گئی)
- لِلشَدَائِد تُذْخَر الرِجَالُ: سختیوں کے لئے مردوں کا ذخیرہ کیا جاتا ہے۔
- عِنْدَ الشَدَائِدِ تَذْهَبُ الأَحْقَادُ: مصائب کے وقت دشمنیاں جاتی رہتی ہیں۔
- عِنْدَ الشَدَائِدِ تُعْرَفُ الإِخْوَانُ: سختیوں کے وقت ہی بھائیوں کی پہچان ہوتی ہے۔
- شَرُّ أَيَّامِ الدِيْكِ يَوْمَ تُغْسَلُ رِجْلاهُ: مرغ کا بدترین دن وہ ہوتا ہے جس دن اس کے پاؤں دھوئے جاتے ہیں (یہ اس وقت ہوتا ہے جب مرغ ذبح کرنے کے بعد بھوننے کے لئے تیار کیا جاتا ہے)
- شَرُّ الرَأيِ الدَبَرِيُّ: بدترین رائے وہ ہے جو بعد میں سوجھے جب وقت گزر چکا ہو)
- شَرُّ الشَدَائِدِ مايُضْحِكُ: بدترین سختی وہ ہے جو ہنسائے۔ (اس سختی کے لئے کہا جاتا ہے جو بے وقت اور غلط طور پر آئے اور سختی میں مبتلا اس پر ششدر رہ ہو اور اس کی ہنسی اڑائی جائے)۔
- شَرٌّ مِنَ الشَرِّ فَاعِلُهُ: برائیوں میں سے ایک برائی خود برائی کرنے والا ہے۔ (بلائے ناگہانی کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- شَرُّ النَاسِ مَنْ يَتَقِيْهِ النَاسُ: بدترین شخص وہ جس سے لوگ خود کو بچائیں۔
- شَرٌّ مِنَ المَوْتِ مايُتَمَنَّى مَعَهُ المَوْتُ: موت سے بری تو وہ مصیبت ہے جس پر موت کی تمنا کی جائے۔
- شَرُّ النَاسِ مَنْ دَارَاهُ النَاسُ لِشَرِّهِ: بدترین شخص وہ ہے جس کے شر سے بچنے کے لئے لوگ اس کی خوشامد کریں۔
- شَرُّ النَاسِ مَنْ لايُبَالِى أن يَرَاهُ النَاس مُسِيئًا: بدترین شخص وہ ہے جسے اس بات کی پرواہ نہ ہو کہ لوگ اسے بدی کرتے ہوئے دیکھ لیں گے۔
- الشَرُّ أخْبَثُ مَا اَوْعَيْتَ مِنْ زادِ: برائی ہی وہ سب سے برا توشہ ہے جو تو نے ساتھ رکھا۔ (تحقیر اور برائی کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ شعر کا پہلا مصرعہ یہ ہے کہ: الخيرُ يَبْقَى وَاِنْ طَالَ الزمانُ بِهِ (خیر باقی رہتی ہے، خواہ کتنا عرصہ ہی گزر جائے)
- الشَرُّ قليلُهُ كثير: برائی تو تھوڑی بھی بہت ہے۔
- الشَرُّ لِلشَرِّ خُلِقَ: برائی تو برائی کے لئے ہی پیدا ہوئی ہے۔ اسی طرح کا یہ مقولہ ہے۔ الحَدِيْدُ بِالحَدِيْدِ يُفْلَح: لوہا لوہے سے کٹتا ہے۔
- إنَّ فى الشَرِّ خِيارًا: برائی میں کچھ خیر کے پہلو بھی ہوتے ہیں (خیار خیر کی جمع ہے یعنی برائی میں کچھ اچھی چیزیں بھی ہوتی ہیں۔ اس مثل کا معنی عربوں کے اس قول کے مفہوم سے مشابہ ہے۔ بَعْضُ الشَرِّ اَهْوَنُ مِنْ بعض: کچھ شر دوسرے شر سے چھوٹے ہوتے ہیں (خیار اختیار کا اسم بھی ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں معنی ہوں گے کہ برائی میں ایسی برائی بھی ہوتی ہے جسے چن کر دوسری برائی پر ترجیح دی جائے)
- بَعْضُ الشرِ اَهْوَنُ مِنْ بعض: بعض شر دوسرے شر سے چھوٹا ہوتا ہے۔ یعنی برائی چھوٹی بھی ہوتی ہے اور بڑی بھی)
- لِكُلِّ شَرٍّ بَاعِثٌ: ہر برائی کا کوئی محرک ہوتا ہے۔
- لاتَشْرَبِ السَمَّ اِتِّكَالاً على التِرياق: تریاق پر بھروسہ کر کے زہر نہ پی۔
- اَشْرَبُ مِنَ الهِيْم: پیاسے اونٹوں سے بھی زیادہ پینے والا (هیم: پیاسے اونٹ اهیم وهیماء کی جمع ہے جو هیام سے مشتق ہے بمعنی سخت پیاس)
- اَشْرَبُ مِنَ الرَمْلِ: ریت سے زیادہ پینے والا۔
- أَشْرَبُ مِنَ القَمْعِ: قیف سے زیادہ پینے والا۔

- **اَلشَّرْطُ أَمْلَكُ عَلَيْكَ أَمْ لَكَ:** مخالف یا موافق شرط زیادہ لازمی ہے۔ (بھائیوں کے درمیان شرط کی حفاظت کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
- **شَرْعُكَ مَابَلَّغَكَ المَحَلَّ:** تیرے لئے اتنا زادِ راہ کافی ہے جو تجھے منزلِ مقصود تک پہنچا دے۔ (آسان چیز پر اکتفا کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **إِنَّ الشِّرَاكَ قُدَّ من أَدِيْمِهِ:** تسمہ اپنی کھال سے ہی کاٹا گیا ہے۔ دو باہم مشابہ اور قریبی چیزوں کے لئے کہا جاتا ہے۔ شراک جوتے کے تسمہ کو کہا جاتا ہے جو قدم کے پچھلے حصہ پر ہوتا ہے۔
- **مَنْ إِشْتَرَى الحَمْدَ لَمْ يُغْبَنْ:** جس نے تعریف خریدی وہ خسارہ میں نہ رہا۔
- **مَنْ يَشْتَرِى سَيْفِي وهٰذا أَثَرُهُ:** میری تلوار کون خریدے گا اور یہ اس کا اثر ہے؟ (یہ حرث بن ظالم مری کا مقولہ ہے۔ نعمان نے اس کی گرفتاری کے لئے کچھ سوار بھیجے جنہوں نے اسے جالیا حرث کو ان پر افسوس ہوا بہرحال اس نے کچھ سوار قتل کر دیئے سواروں نے اسے نرغہ میں لے لیا۔ حرث ان میں سے جس گروہ کا رخ کرتا انہیں منتشر کر دیتا اور جس سوار سے سامنا ہوتا اسے قتل کر ڈالتا اور ساتھ ہی یہ مقولہ کہتا جاتا۔ آخر یہ لوگ اس سے ہٹ کر نعمان کے پاس چلے گئے۔ اس چیز سے بچنے کے لئے کہا جاتا ہے جس جیسی چیز سے ایک بار پہلے تکلیف اٹھانی پڑی ہو)
- **اَلاَ مَنْ يَشْتَرِى سَهَرًا بِنَوْمٍ:** کیا کوئی ایسا شخص ہے جو نیند کے بدلے بیداری خرید لے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو نصیحت کی ناشکری کرے اور عافیت کو ناپسند کرے)
- **إِشْتَرِ لِنَفْسِكَ وَلِلسُّوقِ:** اپنے لئے اور بازار کے لئے خرید (یعنی ایسی چیز خرید جسے روک کر اس سے فائدہ اٹھائے اور اگر اسے رکھنا نہ چاہے اور اسے بیچ دے تو دام کھرے کر لے)
- **اَلشَّعِيرُ يُؤْكَلُ وَيُذَمُّ:** جو کھایا بھی کھایا جاتا ہے اور اس کی مذمت بھی کی جاتی ہے۔ (محسن کی مذمت کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **شُعَاعُ الشَّمس لا يُخْفَى ونُورُ الحقّ لا يُطْفَى:** آفتاب کی کرنیں چھپائی نہیں جا سکتیں اور حق کے چراغ کو بجھایا نہیں جا سکتا۔
- **اِنْ يَكُنِ الشُّغْلُ مَجْهَدَةً فَإِنَّ الفَرَاغَ مَفْسَدَةٌ:** شغل اگر مشقت میں ڈالتا ہے تو بیکاری باعث فساد ہے)
- **إِنَّ الشفيق بِسُوءِ ظَنٍّ مُوْلَعٌ:** یقیناً مہربان برے گمانوں کا گرویدہ ہوتا ہے۔ (یعنی محبت کی زیادتی بدگمانی کا باعث ہوتی ہے۔
- **شَفَيْتُ نَفْسِي وجدعتُ أَنْفِي:** میں نے اپنے نفس کو شفا دی مگر اپنی ناک کاٹ لی۔ یہ بات وہ شخص کہتا ہے جس نے ایک پہلو سے تو مراد پالی ہو لیکن دوسرے پہلو سے اسے ناپسندیدہ چیز سے پالا پڑے)
- **شَقَّ فُلَانٌ عَصَا قَوْمِهِ:** فلاں شخص نے اپنی قوم میں اختلاف کا بیج بو دیا۔ (یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص قوم میں تفرقہ پیدا کر دے (اصل یہ ہے کہ عصا قوم کے اتحاد و ہم آہنگی کے مترادف ہے جماعت میں نااتفاقی ہو تو عصا نہیں کہلاتی)
- **مَا يُشَقُّ غُبَارُهُ:** اس کا غبار چیرا نہیں جا سکتا۔ (فاتح سبقت لے جانے والے کے لئے کہا جاتا ہے، اسے بھی کہا جاتا ہے جس کے نقشِ قدم پر چلنے والا کوئی ہمسر نہ ہو۔ غبار چیرنے سے مراد بہت تیز دوڑ تاکہ کوئی اس کی گرد کو بھی نہ پا سکے)
- **شِقْشِقَةٌ هَدَرَتْ ثم قَرَّتْ:** اونٹ کے منہ کا جھاگ ہے کہ پہلے آواز نکالی پھر ساکن ہو گیا۔ شقشقہ جھاگ جو اونٹ جوش میں بلبلاتے ہوئے نکالتا ہے)
- **إِنَّ الشَّقِيَّ تُرَى لَهُ أَعْلَامًا:** تو بدبخت کی تمام علامتیں دیکھ لے گا۔ (یعنی بدبخت کی بدبختی کی علامتیں اس پر ظاہر ہوتی ہیں)
- **إِنَّ الشَّقِيَّ وَافِدُ البَرَاجِمِ:** بیشک بدبخت براجم کا آنے والا ہے۔ (براجم حنظلہ بن مالک بن عمرو بن تمیم کے پانچ بیٹے تھے۔ یہ مثل کہنے والا عمرو بن ہند ہے جو عراق کا بادشاہ تھا۔ سوید بن ربیعہ تمیمی اس کے بھائی کو قتل کر کے بھاگ گیا تھا۔ بادشاہ نے عہد کیا کہ وہ بنی تمیم کے ایک سو مردوں کو قتل کرے گا اور ان کو ڈھونڈ نکالنے کا اہتمام کیا اور ان کے 99 آدمی قتل کر دیئے اور آخری ایک کی تلاش میں تھا کہ براجم میں سے ایک شخص سفر پر تھا اسے اس بارے میں کچھ پتہ نہ تھا۔ وہ بادشاہ کے قریب سے گزر رہا تھا کہ اسے دھواں نظر آیا اس نے خیال کیا کہ وہاں کھانا مل جائے گا چنانچہ وہ قریب آیا۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا: تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا میں براجم میں سے ہوں۔ بادشاہ نے اس کے قتل کا حکم دے دیا اور کہا: بےشک بدبخت براجم کا آنے والا شخص ہے۔
- **لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ:** جو لوگوں کا شکر نہیں کرتا وہ اللہ کا بھی شکرگزار نہیں۔
- **أَشْكَرُ مِنْ كَلْبٍ:** کتے سے زیادہ شکرگزار۔ (کتے کے بارے میں ایک عرب ادیب کا قول ہے: کتا اپنی ایذا کو مجھ سے روکتا ہے اور دوسرے کی ایذا سے مجھے بچاتا ہے میرے تھوڑے سے کھانے کا شکر کرتا ہے، اور میری شب باشی اور قیلولہ کرنے کی جگہ کی حفاظت کرتا ہے۔ وہ جانوروں میں سے میرا خاص دوست ہے)۔
- **أَشْكَرُ مِنْ بَرْوَقَةٍ:** وہ بروقہ سے بھی زیادہ شکرگزار ہے۔ (بروقہ ایک چھوٹا سا پودا جو تھوڑی سی بارش سے سرسبز ہو جاتا ہے اور کبھی بغیر بارش ہرا بھرا ہو جاتا ہے بلکہ گھٹا اٹھنے پر اگ آتا ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو احسان پر شکر اور تعریف کرنے میں جلدی کرتا ہے یا اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو تھوڑے سے انعام ملنے پر ممنونیت کا اظہار کرے)۔
- **تَشْكُو إِلَى غيرِ مُصْمِتٍ:** تو اس شخص سے شکایت کرتا ہے جو تیری آواز نہیں سنتا (یعنی تیرے معاملات میں دلچسپی نہیں لیتا)

- **الشَّمَاتَةُ لُؤْمٌ:** دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونا کمینہ پن ہے (یعنی کسی کی مصیبت پر وہی خوش ہوتا ہے جو کمینہ اصل ہو)
- **لِکُلِّ شَمْسٍ مَغْرِب:** ہر سورج کو ڈوبنا ہے۔
- **مَالِی بِشَمْسٍ لاتدَفِّئُنِی:** جو سورج مجھے گرم نہیں کرتا وہ میرا نہیں۔
- **هُوَ عِنْدِیْ بِالشِّمَالِ:** وہ میرے نزدیک بائیں طرف ہے۔ (یعنی کم رتبہ ہے)
- **رُبَّ شَانِئَةٍ أَحْفَی من اُمٍّ:** بہت سی دشمن عورتیں ماں سے زیادہ مہربان ہوتی ہیں۔ (یعنی وہ تمہارے عیبوں کی تلاش میں رہتی ہیں اور تم پر انہیں ظاہر کرتی ہیں جن کی وجہ سے تم شائستہ اخلاق ہو جاتے ہو۔ ان کی فکر مندی ماں کی فکر مندی سے زیادہ ہوتی ہے جو تمہارے عیوب کو چھپاتی ہے اور تم ان عیوب کو دور نہیں کرتے)
- **شِنْشِنَةٌ أَعْرِفُهَا مِنْ أَخْزَمَ:** یہ عادت مجھے اخزم سے معلوم ہوئی تھی (یہ ابواخزم طائی کا قول ہے۔ اس کے ایک بیٹے کا نام اخزم تھا۔ اخزم نافرمان تھا۔ مرنے پر بیٹے چھوڑے۔ جو ایک روز اپنے دادا ابواخزم پر جھپٹے اور اسے زخمی کر دیا اس موقع پر ابواخزم نے کہا:
إِنَّ بَنِیَّ ضَرَّجُونی بالدم شِنْشِنَةٌ اعرفها من اخزم (میرے بچوں نے مجھے خون آلود کر دیا یہ عادت مجھے اخزم سے معلوم ہوئی تھی۔ یعنی میرے یہ پوتے اپنے باپ کی طرح نافرمان ہیں۔ شِنْشِنَة: بمعنی عادت، طبیعت)
- **شَاهِدُ الثَّعْلَبِ ذَنَبُهُ:** لومڑی کا گواہ تو اس کی دم ہے۔
- **شَاهِدُ الْبُغْضِ النَظَر:** بغض کا گواہ اس کی نگاہ ہے۔
- **شَهَادَاتُ الفِعَالِ خَيْرٌ من شهاداتِ الرجال:** کاموں کی گواہیاں جنہیں کوئی شخص کریں مردوں کی گواہیوں سے بہتر ہیں۔
- **أَشْهَرُ مِنَ الشَّمْسِ:** سورج سے زیادہ مشہور۔
- **اشهَرُ مِنَ القَمَر:** چاند سے زیادہ مشہور۔
- **أَشْهَرُ مِنَ البَدْر:** ماہ تمام سے زیادہ مشہور۔
- **أَشْهَرُ مِنَ الصُّبح:** صبح سے زیادہ مشہور۔
- **أَشْهَرُ مِن فَلَقِ الصُّبح:** ظہور صبح سے زیادہ مشہور۔
- **أَشْهَرُ مِن عَلَم:** پہاڑ یا جھنڈے سے زیادہ مشہور۔
- **أَشْهَرُ مِن نارعلی عَلَم:** پہاڑ پر آگ سے زیادہ مشہور۔ (علم بمعنی بلند پہاڑ)
- **أَشْهَرُ مِنَ الأَبْلَق:** ابلق سے زیادہ مشہور۔ (ابلق: یہ دوڑ کا گھوڑا سیاہ وسفید رنگ کا اور زانوں تک سفید تھا)
- **أَتَشْتَهِی وتَشْتَکِی:** کیا تو چاہتا بھی ہے اور شکایت بھی کرتا ہے۔ (یعنی پہلے طلب کرتا ہے اور مطلوبہ چیز حاصل ہو جاتی ہے تو اس کی شکایت کرتا ہے)
- **مِنْ شَهْوَةِ التَمْرِ يُمَصُّ النَوَی:** کھجور کی خواہش سے گٹھلی چوسی جاتی ہے۔
- **شُبْ شَوْبًا لَكَ بَعْضُهُ:** ملانے والی چیز کو ملا جس میں تیرا حصہ ہو (شاب يشوب الشیئ: چیز کو ملانا۔ خلط ملط کرنا، مراد ایسا کام کر جس میں تیرا حصہ ہو۔ اس شخص کی اعانت پر اکسانے کے بارے میں بولا جاتا ہے جس سے تجھے فائدہ پہنچے۔ یہ عربوں کے اس قول کے مانند ہے۔ **اُحْلُبْ حَلَبًا لك شُطْرُهُ۔** اچھی طرح دودھ تیرا بھی حصہ اس میں ہے)
- **إذَا شَاوَرْتَ العَاقِلَ صَارَ عَقْلُهُ لَكَ:** جب تو عقلمند سے مشورہ کرے گا تو اس کی عقل تیری عقل ہو جائے گی۔
- **شَوْفُ النُّحَاسِ يُظْهِرُ النحاسَا:** تانبے کو صیقل کرنے سے تانبا ظاہر ہو جاتا ہے۔ (شوف: صیقل کرنا۔ جلا دینا۔ مراد یہ ہے کہ تانبے کو صیقل کرنے اور جلا دینے سے اس کا تانبا ہونا ختم نہیں ہو جائے گا۔ بد اصل کے لئے کہا جاتا ہے جسے سخاوت پر اکسایا جائے تو وہ اسے پسند نہیں کرتا اور اپنی کمینگی ظاہر کر دیتا ہے)
- **مِنَ الشَّوْكَةِ تخرجُ الوردةُ:** کانٹے سے گلاب کا پھول نکلتا ہے۔
- **الشَاةُ المَذْبُوحَةَ لايُؤلِمُهَا السَلْخَ:** ذبح کی گئی بکری کو کھال اتارنے سے تکلیف نہیں ہوتی۔
- **کُلُّ شَاةٍ تُنَاطُ بِرِجْلَيْها:** ہر بکری کو اس کی ٹانگوں کے بل لٹکایا جاتا ہے (مراد کسی کو دوسرے کے جرم میں سزا نہیں دی جاتی۔ تُنَاطُ کا معنی وہ لٹکائی جاتی ہے)
- **بَاتَ يشْوِیُ القَرَاحَ:** وہ خالص پانی کو بھونتا رہا (قراح سے مراد ماء قراح (خالص بے ملاوٹ پانی ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کی حالت خراب ہو، مال ختم ہو گیا ہو تو وہ پکانے کی خواہش میں پانی کو بھوننے لگے)
- **کُلَّ شَیْءٍ وثَمَنُهُ:** ہر چیز کے ساتھ اس کی قیمت ہے (یعنی ہر چیز کی ایک قیمت ہے)
- **لایَکُونُ ذٰلِكَ حَتَّی يَشِيبَ الغرابُ:** یہ اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک کوا سفید نہ ہو جائے۔ اسی مفہوم کا حامل یہ مقولہ بھی ہے **حَتّی يَبِيضَ الفارُ** (جب تک چوہا انڈا نہ دے، یا **حَتّی يَلِجَ الجملُ فی سَمِّ الإبرة** جب تک اونٹ سوئی کے ناکے سے نہ گزر جائے۔ یعنی ایسا کبھی نہیں ہو سکتا)
- **شَيْبُكَ نَاعِيكَ:** تیرے بالوں کی سفیدی تیری موت کی اطلاع دینے والی ہے (ناعی موت کی اطلاع دینے والا۔ یعنی تیرے بالوں کی سفیدی تیری موت کے قریب آ جانے سے باخبر کرتی ہے)

ص

- **صُبَابَتِی تَرْوِی ولَيْسَتْ غَيْلاً:** میرا تلچھٹ سیراب کرتا ہے مگر وہ زمین پر بہنے والا پانی نہیں۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے کہ جسے اپنی کوششوں سے فائدہ ہو رہا ہو۔ خواہ تھوڑا ہی)

- عِندَ الصَّبَاحِ یَحْمَدُ القومُ السُّرَی: قوم صبح کے وقت رات میں چلنے کی تعریف کرتی ہے (سریٰ: رات کو چلنا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو آرام کی امید میں مشقت برداشت کرے نیز اس چیز کے لئے بھی کہا جاتا ہے جو مشقت سے حاصل ہو اور تھکاوٹ سے پہنچے۔
- مَنْ صَبَرَ ظَفِرَ: جس نے صبر کیا کامیاب ہوا۔
- الـصَّبْرُ حِیلَةُ مَنْ لاحِیلَةَ لَهُ: صبر اس کا حیلہ ہے جس کا کوئی حیلہ نہ ہو۔
- الصَّبْرُ مِفْتَاحُ الفَرَج: صبر کشادگی کی کنجی ہے۔
- أَصْبَرُ مِنَ الوَتَدِ علی الذُّلِّ: ذلت پر میخ سے زیادہ صابر۔
- أَصْبَرُ مِنَ الأرْضِ: زمین سے زیادہ صابر۔
- الـصَّبِیُّ أَعْـلَمُ بمَضْغِ فِیْهِ: بچہ اپنے منہ کے چبانے کو خوب جانتا ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے ایسے کام کا مشورہ دیا جائے جسے وہ اچھی طرح جانتا ہو کہ صحیح نہیں)
- وربَّـمـا صَحَّـتِ الأَجْسَـامُ بِـالْعِلَلِ: کبھی جسم بیماریوں سے تندرست بھی ہو جاتے ہیں۔
- صاحِبُ الحَاجَةِ أَعْمَی: ضرورت مند اندھا ہوتا ہے۔
- صَاحِبُ البَیْتِ أَدْرَی بِالَّذِیْ فِیْهِ: گھر والا بہتر جانتا ہے کہ گھر میں کیا کچھ ہے۔
- صَحِیفَةُ المُتَلَمِّسِ: متلمس کا خط (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خود فریبی میں مبتلا ہو کر ہلاکت میں پڑے۔ مشہور شاعر متملس اور اس کا بھانجہ طرفہ حیرہ کے بادشاہ عمرو بن ہند کے پاس وفد بن کر آئے اور اس کے مقرب کے ہاں مہمان اترے۔ دونوں مقرب کے ہمراہ شکار کے لئے جاتے تمام دن دوڑتے اور تھک جاتے۔ بادشاہ پیتا تو وہ دونوں اس کے دروازے پر دن بھر کھڑے رہتے اور اس تک نہ پہنچ پاتے۔ طرفہ نے تنگ آ کر مشہور شعروں میں بادشاہ کی ہجو کی۔ جب عمرو بن ھند تک یہ بات پہنچی تو اسے قتل کرنے کا ارادہ کیا اسے یہ خوف تھا کہ کہیں متلمس بھی اس کی ہجو نہ کر ڈالے چنانچہ ان دونوں سے کہا۔ تم اپنے گھر والوں سے ملنا چاہتے ہو گے۔ انہوں نے کہا ہاں۔ تو بادشاہ نے دو خط لکھ کر اور سربمہر کر کے انہیں دیئے اور کہا کہ میرے بحریہ کے گورنر کے پاس جاؤ میں نے اسے حکم دے دیا ہے کہ تمہیں انعام دے۔ راستہ میں دونوں کا ایک بوڑھے کے پاس سے گزر ہوا، جو پاخانہ کرتا کھجور کھاتا اور جوئیں مارتا تھا۔ متملس نے کہا: میں نے اس سے زیادہ بے وقوف کوئی بوڑھا نہیں دیکھا۔ یہ سن کر بوڑھے نے کہا۔ تم نے میری کیا بے وقوفی دیکھی؟ میں تو خراب چیز نکالتا، پاکیزہ چیز داخل کرتا اور دشمن کو قتل کرتا چاہتا ہوں۔ مجھ سے زیادہ بیوقوف تو وہ ہے جو اپنے ہاتھ میں اپنی موت اٹھائے ہوئے ہے اور جانتا نہیں۔ متلمس اس کی بات سے شک میں پڑ گیا۔ اسی اثناء میں حیرہ کا ایک غلام وہاں آ گیا۔ متلمس نے اسے سے پوچھا: پڑھنا جانتے ہو؟ اس نے کہا: ہاں پھر غلام نے خط کی مہر توڑ کر پڑھا تو اس میں لکھا پایا: متلمس آئے تو اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر اسے زندہ دفن کر دیا جائے)۔
- تَـصْدَأُ القُلُوبُ كَمَا یَصْدَأُ الْحَدِیْدُ: دل اس طرح زنگ آلود ہو جاتے ہیں جس طرح لوہا زنگ آلود ہو جاتا ہے۔
- صَـدْرُكَ أَوْسَـعُ لِسِـرِّكَ: تیرا سینہ ہی تیرے راز کے لئے وسیع تر ہے۔ (راز پوشیدہ رکھنے پر اکسانے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ اپنا راز کسی پر فاش نہ کرے۔ کیونکہ تو راز افشانہ کرنے کا زیادہ حق دار ہے۔ اگر تیرا سینہ راز سے تنگ ہو جائے تو دوسرا تو تجھ سے بھی زیادہ تنگ ہو گا یعنی جلد راز اگل دے گا۔
- صُـدُورُ الأَحـرار قُبُـورُ الأَسْـرارِ: شریفوں کے سینے رازوں کی قبریں ہوتے ہیں۔
- صَـادَفَ دَرْءُ السَّیْـلِ دَرْءًا یَـصْـدَعُـهُ: سیلاب کی رکاوٹ ایسی رکاوٹ سے ٹکرائی جو سیلاب کی رکاوٹ کو توڑ ڈالے (درء: دور کرنا دفاع کرنا۔ مراد یہ ہے کہ برائی ایسی برائی سے ٹکرائی جو اس پر غالب ہو جائے۔ یہ ایسا یہ مقولہ ہے جیسے کہا جاتا ہے۔ الحدید بالحدید یُفلح: اس کا مفہوم پہلے بیان کیا جا چکا ہے)
- مَـنْ صَـدَقَ اللّـهَ نَـجَـا: جو اللہ کے ساتھ سچا رہا اس نے نجات پائی۔ (یعنی جو اللہ سے سچائی سے ملا۔ بایں معنی کہ اس کا فعل اس کے قول کی تصدیق کرے، اس نے نجات پائی)
- الصِّدْقُ یُنْبِئُ عَنْكَ لا الوَعِیْدُ: سچائی نہ کہ دھمکی تیری خبر دے گی۔ (یعنی دشمن کا سچا مقابلہ اسے تیری خبر دے گا نہ کہ اسے تیرا دھمکی دینا۔ بزدل کے لئے کہا جاتا ہے جو دھمکی دے کر اس پر عمل نہ کرے)
- أَصْدَقُ مِنْ لَفْظٍ لَحْظٌ: بات سے زیادہ سچی نگاہ ہے۔
- أَصْـدَقُ مِنَ القَـطَـا: قطا سے زیادہ سچا۔ (قطا: بھٹ تیتر۔ شکار میں اس کی مثل بیان کی جاتی ہے کیونکہ وہ قطا قطا پکار کر اپنی سچی خبر دیتا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ عرب اس کی مثال دیتے ہیں کیونکہ اس کی ایک ہی آواز ہے جسے وہ تبدیل نہیں کرتا)۔
- صَـرَّحَ الـمحضُ عَنِ الزبَدِ: خالص چیز جھاگ سے الگ ہو گئی۔ (ایسے معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جس کی پوشیدگی ظاہر اور واضح ہو جائے۔ صَرَّحَ الامر: واضح ہونا، ظاہر ہونا۔
- عِنْدَ التَّصْرِیحِ تُرِیْحُ: بات کھلنے پر تو راحت پائے گا۔
- الـصَّـرِیـحُ تَـحْـتَ الرَّغْوَةِ: صاف چیز جھاگ کے نیچے ہے۔ (معاملہ پوشیدہ ہے جلد ظاہر ہو جائے گا)
- مَـنْ صَـارَعَ الحقَّ صَرَعَهُ: جو حق سے کشتی لڑے گا حق اس کو پچھاڑ دے گا۔
- لِـكُـلِّ صَـارِم نَبْوَةٌ وَلِكُلِّ جوادٍ كَبْوَةٌ وَلِكُلِّ عَالِمٍ هَفْوَةٌ: ہر تلوار کبھی اچٹ جاتی ہے، ہر گھوڑا کبھی ٹھوکر کھاتا اور ہر عالم سے کبھی لغزش ہو جاتی ہے۔

أَصْعَبُ مِنْ رَدِّ الشَخبِ فِي الضَرْعِ: دودھ کی دھار کو تھن میں لوٹا دینے سے زیادہ مشکل۔

كَصُفَيْحَةِ المِسَنِّ تَشْحَذُ ولا تَقْطَعُ: سان کے پتھر کی طرح دھار کو تیز کرتا ہے مگر کاٹتا نہیں۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو لوگوں کو تو نصیحت کرے لیکن خود اپنا کام اچھی طرح نہ کرے۔

صَفْقَةٌ لم يَشْهَدْ هَا حاطِبٌ: ایسا سودا جس میں حاطب موجود نہیں تھا۔ (حاطب بن ابی بلتعہ مراد ہے۔ جو بڑا محتاط اور عقلمند شخص تھا۔ اس کی قوم کا کوئی شخص خرید و فروخت کرتا سودا اس کے ہاتھوں طے ہوتا تا کہ نقصان نہ اٹھانا پڑے۔ ایک نے حاطب کے بغیر ہی سودا کرلیا جس میں اسے نقصان اٹھانا پڑا۔ تو مذکورہ بالا مقولہ کہا گیا۔ اس پر یہ ضرب المثل بن گیا۔ اور ہر ایسے معاملہ کے لئے بیان کیا جانے لگا جو اس کے ماہر کے بغیر انجام پائے)

أَصْفَى مِنَ الدَّمْعَةِ: آنسو سے زیادہ صاف۔

أَصْفَى مِنْ عَيْنِ الدِيْكِ: مرغ کی آنکھ سے زیادہ صاف۔

أَصْفَى مِنْ جَنَى النَحْلِ: خالص شہد سے زیادہ صاف۔ (جنی النحل بمعنی مکھی کا شہد)

أَصْلَحَ غَيْثٌ مَاأَفْسَدَ البَرْدُ: بارش نے اس چیز کو درست کردیا جسے سردی نے خراب کردیا تھا۔

وَهَلْ يُصْلِحُ العَطَّارُ مَا أَفْسَدَ الدَهْرُ جسے زمانہ نے خراب کردیا ہو اس سے بھلا عطار کیا درست کرے گا۔

لايَصْلُحُ رَفِيْقًا مَنْ لَمْ يَبْتَلِعْ رِيْقًا: اس شخص میں رفیق ہونے کی صلاحیت نہیں ہوتی جو غصے کے تھوک کو بھی نہ نگل سکے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو غصہ کو پی جائے)

مَالايَصْلُحُ تَرْكُهُ أَصْلَحُ: جو درست نہ ہوسکے اس کو چھوڑ دینا ہی مناسب ہے۔

أَصْلِحْ نَفْسَكَ يَصْلَحْ لَكَ النَاسُ: اپنے آپ کو درست کر، لوگ تیرے لئے ٹھیک ہوجائیں گے۔

رُبَّ صَلَفٍ تَحْتَ الرَاعِدَةِ: بسا اوقات کنجوسی اور ڈینگ کڑکنے والے بادل کے نیچے ہوتی ہے۔ (اس کنجوس کے لئے کہا جاتا ہے جو مالدار ہو، یا جو کہتا تو بہت کچھ ہو مگر کرتا کچھ نہ ہو یا جو اپنی دھمکی پر عمل نہ کرتا ہو یا جو اپنی بہت تعریف کرتا ہو لیکن بھلائی سے خالی ہو)

أَصَمُّ عَمَّا سَاءَهُ سَمِيعٌ: ان باتوں سے بہرا جو بدی اور غم میں ڈالنے والی ہیں اور ان باتوں کو سننے والا جو اس کو خوش کرتی ہیں۔ اس معنی میں کیا خوب کہا گیا ہے:

قُلْ مَابَدالَكَ مِن زُوْرٍ وَمِنْ كَذِبٍ
حِلْمِي اصَمُّ واذني غَيْرُ صَمَّاء

جو خیال میں آئے جھوٹ اور غلط کہہ دے
میرا تحمل بہرا ہے، مگر کان بہرے نہیں

صَمْصَامَةُ عَمرو بنْ معدى كَرِب : عمرو بن معدی کرب کی تلوار۔ یہ عربوں کی ایک مشہور تلوار تھی۔ اور اپنے جوہر خوبصورتی اور کاٹ میں بے مثل تھی۔

إِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حبَّ: اس کو ایسے بنا جیسے تجربہ کار آدمی اپنے محبوب کے لئے بناتا ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ہر چیز میں نفاست کا خواہاں ہو۔ مراد اس کو ایسا بنا جیسے ایک تجربہ کار شخص اپنے محبوب کے لئے بنایا کرتا ہے۔ طب الرجل کا معنی ہے آدمی کا تجربہ کار ہونا)

أَصْنَعُ مِنَ النَّحْلِ: شہد کی مکھی سے زیادہ کاریگر۔

أَصْنَعُ مِنْ دُودِ القَزِّ: ریشم کے کیڑے سے زیادہ کاریگر۔

أَصَابَ تَمْرَةَ الغُرابِ: اسے کوے کی کھجور مل گئی۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو نفیس چیز حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائے۔ کیونکہ کوا نفیس ترین کھجور کا انتخاب کرتا ہے)

مَصَائِبُ قَوْمٍ عِنْدَ قَوْمٍ فَوَائِد: ایک قوم کے مصائب دوسری قوم کے فائدے ہوتے ہیں۔

لَيْسَ بِصِيَاحِ الغُرابِ يَجِيُّ المطرُ: کوے کے کائیں کائیں کرنے سے بارش نہیں آجاتی۔

هَذَا يَصِيْدُ وهَذَا يَأكُلُ السَمَكَةَ: یہ مچھلیاں پکڑتا ہے یہ مچھلیاں کھاتا ہے۔ (ایک کی کمائی دوسرا کھاتا ہے)

صَيْدَكَ لاتُحْرَمْهُ: شکار کرکے اس سے محروم نہ ہو (یعنی اپنے شکار سے غفلت نہ کر (یہ بھی کہا جاتا ہے صیدُكَ إن لم تُحْرَمْهُ شکار تیرا ہے اگر تو اس سے محروم نہ ہو اور صیدُكَ فلا تُحْرَمْهُ شکار تیرا ہے لہٰذا اس سے محروم نہ رہ۔ یہ اس شخص سے کہا جاتا ہے جسے اکسایا جاتا ہے کہ اگر ہوسکے تو موقع سے فائدہ اٹھائے)

كُلُّ الصَّيْدِ فِيْ جَوْفِ الفَرَا: ہر شکار گورخر کے پیٹ میں ہے (الفرا بمعنی گورخر۔ اس مثل کی اصل یہ ہے کہ تین افراد شکار کے لئے نکلے، ایک نے خرگوش، دوسرے نے ہرن اور تیسرے نے گورخر شکار کیا۔ پہلے دو شکاری خوش ہوئے اور ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے لگے۔ اس پر تیسرے شکاری نے کہا۔ ہر شکار گورخر کے پیٹ میں ہے یعنی یہ سب سے بڑا شکار ہے جو اس کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوگا تو یہ اسے ہر شکار سے دور کردے گا)

فِي الصَّيْفِ ضَيَّعْتِ اللَّبَنَ: تو نے دودھ تو گرمیوں ہی ضائع کر دیا۔ (تاء تینوں حالتوں میں مکسور ہوگا خواہ مذکر، مونث یا جمع کو مخاطب بنایا جائے۔ کیونکہ مثل کی اصل اسی طرح بیان ہوئی ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی ایسی چیز کا طالب ہو جس کا وقت گزر چکا ہو۔ اس کی اصل یہ ہے کہ لقیط کی بیٹی دختنوس عمرو ابن عدس کی بیوی تھی جو بوڑھا تھا۔ دختنوس کو عمرو سے نفرت تھی عمرو نے اس کو طلاق دیدی اور اس سے [illegible] دی کرلی۔ اس سال قحط پڑا تو اسے اپنے پہلے

شوہر کے پاس دودھ لینے کے لئے ایک آدمی بھیجا۔ تو عمرو نے جواب میں یہ بات کہی)

ض

❁ اَلضَّجُوْرُ تَحْلُبُ الْعُلْبَةَ: تنگ آئی ہوئی اونٹنی بھی دودھ کا برتن بھر دیتی ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس سے کوئی چیز طلب کی جائے تو وہ نہ دے۔ ضجور اس اونٹنی کو کہا جاتا ہے جو خوشی سے دودھ نہ دے۔ مراد یہ ہے کہ تنگ دلی اور عدم آمادگی کے باوجود اونٹنی دودھ سے برتن بھر دیتی ہے۔ تحلب العلبۃ برتن بھر دودھ دیتی ہے)

❁ اِضْطَرَّهُ السَّيْلُ اِلَى الْعَطَشِ: سیلاب نے اسے پیاس کی احتیاج سے دوچار کر دیا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے آسودگی تنگی پر مجبور کر دے۔ بددعا پر کہتے ہیں: رَمَاهُ اللّٰهُ بِالْحِرَّةِ تَحْتَ الْقِرَّةِ اللہ تعالیٰ اسے سردی کے نیچے پیاس میں مبتلا کرے۔ حِرّة: پیاس۔ قِرّة: ٹھنڈ)

❁ لَايَضُرُّ السَّحَابَ نَبْحُ الْكِلَابِ: کتوں کا بھونکنا بادلوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا۔

❁ اَلضَّرُوْرَاتُ تُبِيْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ: ضرورتیں ممنوع اشیاء کو بھی جائز ٹھہراتی ہیں۔

❁ ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ: اس نے پانچویں دن کی باری والے اونٹوں کو چھٹے دن کی باری والے بنا دیا۔ (اخماس خمس کی جمع اور اسداس سدس کی جمع ہے، یعنی ایسے اونٹ جنہیں لمبے سفر کے لئے ہر پانچ دنوں میں ایک بار پھر ہر چھ دنوں میں ایک بار پانی پینے کا عادی بنایا گیا ہوتا کہ وہ اتنے پانی کو برداشت کر لیا کریں۔ مراد اونٹوں کے پانچ دن کے وقفہ سے چھ دن کے وقفہ تک بڑھا دیا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ساز باز کرے)

❁ اِذَا ضَرَبْتَ فَأَوْجِعْ وَاِذَا زَجَرْتَ فَأَسْمِعْ: وار کرے تو بھرپور اور جھڑکے تو اچھی طرح سنا دے (کام میں سختی اور کوتاہی اور عاجزی ترک کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ اِنَّكَ تَضْرِبُ فِىْ حَدِيْدٍ بَارِدٍ: تو تو ٹھنڈا لوہا کوٹتا ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ایسے شخص سے فائدہ اٹھانا چاہے جس کے پاس فائدہ والی کوئی چیز نہ ہو)

❁ اِيَّاكَ اَنْ يَضْرِبَ لِسَانُكَ عُنُقَكَ: ایسی بات سے بچ جو تیری گردن مار دے۔ (ایسی بات منہ سے نہ نکال جس میں تیری ہلاکت ہو)

❁ ضَرْبُ الْحَبِيْبِ أَوْجَعُ: دوست کی مار زیادہ دکھ دیتی ہے۔

❁ ضِغْثٌ عَلَى اِبَّالَةٍ: گٹھری پر گٹھری (بد سے بدتر۔ مصیبت پر مصیبت۔ ابالہ: گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ ضغث: مٹھی بھر تازہ اور خشک گھاس۔ یہ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی پر مصیبت ڈالے اور پھر اسے اور بڑھا دے)

❁ قَدْ ضَلَّ مَنْ كَانَتِ الْعُمْيَانُ تَهْدِيْهِ: جس کی رہنمائی اندھے کرتے ہوں وہ راہ سے بھٹک گیا۔

❁ اَضَلُّ مِنْ ضَبٍّ: گوہ سے زیادہ گمراہ (کہا جاتا ہے کہ جب گوہ اپنے بل سے نکلے تو اسے بل میں واپس کی راہ نہیں ملتی)

❁ اِنَّمَا يُضَنُّ بِالضَّنِيْنِ: بخیل کے ساتھ ہی بخل کیا جاتا ہے۔ (اس کا معنی یہ ہے کہ جو تم سے بھائی چارہ رکھے اس سے بھائی چارہ رکھنا چاہئے۔ اس کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ انسان عمدہ چیز میں بخل سے کام لیتا ہے۔ ضنین: وہ چیز جس کی نفاست کی وجہ سے اس کو دینے میں بخل کیا جائے)

❁ اَضِئْ لِىْ اَقْدَحْ لَكَ: تو میرے لئے روشنی کر میں تیرے لئے چقماق سے آگ نکالوں گا۔ (اعمال کے ساتھ بدلہ میں مساوات کے لئے کہا جاتا ہے۔ معنی ہے: تو میرے لئے ہو میں تیرے لئے ہو جاؤں گا۔ یا تو میرے لئے اس سے بھی زیادہ ہو جا جتنا میں تیرے لئے ہوں گا کیونکہ روشنی کرنا چقماق سے آگ نکالنے سے برتر ہے)

❁ لَايَضِيْعُ حَقٌّ وَرَاءَهُ طَالِبٌ: وہ حق ضائع نہیں ہوتا جس کے پیچھے طلب گار ہو۔

❁ لَمْ يَضِعْ مِنْ مَالِكَ مَاوَعَظَكَ: تیرا وہ مال ضائع نہیں ہوتا جس نے تیری خیر خواہی کی۔

❁ اَضْيَعُ مِنْ سِرَاجٍ فِى شَمْسٍ: دھوپ میں چراغ سے زیادہ لاحاصل۔

❁ اَضْيَعُ مِنْ غِمْدٍ بِلَانَصْلٍ: بغیر تلوار کی میان سے زیادہ بے کار۔

❁ اَضْيَعُ مِنْ قَمَرِ الشِّتَاءِ: جاڑوں کی چاندنی سے زیادہ بیکار (کیونکہ سردیوں کی چاندنی میں اس طرح نہیں بیٹھا جاتا جیسے گرمیوں کی چاندنی میں بیٹھا جاتا ہے)

❁ اِذَا ضَافَكَ مَكْرُوْهٌ فَاقْرِهِ صَبْرًا: جب مصیبت تیری مہمان ہو تو صبر سے اس کی ضیافت کر۔

❁ اَضْيَقُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ: نیزے کے سائے سے زیادہ تنگ۔

ط

❁ تَطَاطَأْ لَهَا تُخْطِئْكَ: مصیبت کے سامنے سر جھکا، اس کا نشانہ خطا جائے گا اور تجھ سے گزر جائے گا (ہاء: حادثہ (مراد مصیبت) کے لئے ہے۔ یہ عربوں کے اس مقولہ کی طرح ہے: دَعِ الشَّرَّ يَعْبُرُ، شر کو چھوڑ گزر جائے گا۔ شر (برائی) سے بچنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ طَبِيْبٌ يُدَاوِى النَّاسَ وَهُوَ مَرِيْضٌ: یہ ڈاکٹر لوگوں کا علاج کرتا

ہے جبکہ خود بیمار ہے۔

❁ **یاطَبِیبُ طِبَّ نَفْسَكَ:** ڈاکٹر صاحب اپنا علاج کرائیں۔

❁ **الطَبْعُ أَغْلَبُ:** طبیعت زیادہ غالب ہے۔

❁ **طَرْفُ الفَتی یُخبِرُ عن جنانِهِ:** جوان کی نگاہ اس کے دل کی خبر دیتی ہے۔ جنان بمعنی دل۔ ایک عرب کا کہنا ہے **لاَ شَاهِدَ علی غَائِبٍ أَعْدَلُ مِنْ طَرْفٍ علی قَلْبٍ** (کوئی گواہ کسی غائب پر اتنا عادل نہیں جتنی نگاہ دل پر ہے) جنانه کے بجائے ضمیر بھی مروی ہے۔

❁ **رُبَّ طَرْفٍ أَفْصَحُ مِنْ لِسان:** بہت سی نگاہیں زبان سے زیادہ فصیح ہوتی ہیں۔ یہ ایسے ہی ایک قول کی طرح ہے: **البُغضُ تبْدِیهِ لك العَیْنَان** (آنکھیں دشمنی تم پر افشا کر دیتی ہیں)

❁ **الطَرِیفُ خَفِیفٌ و التَلِیدُ بَلِیدٌ:** نئی چیز سبک اور لطیف ہوتی ہے اور پرانی چیز بے کیف (یعنی نئی چیز پرانی چیز کی نسبت زیادہ اچھی لگتی ہے۔ اس کے قریب قریب لوگوں کا یہ مقولہ ہے۔ **لِکُلِّ جَدِیْدٍ لَذَّةٌ** (ہر نئی چیز کی اپنی ایک لذت ہے)

❁ **أَطْرِقْ کَرَا اِنَّ النَعَامَةَ فِی القُرَی:** کروان اپنی نگاہ نیچی کر لے، دیہات میں شتر مرغ موجود ہے۔ **اَطْرِقْ:** نظر جھکا۔ **کرا** کَرَوَان کا مخفف ہے جس کی جمع **کِرْوَان** ۔ یہ تخفیف اس وقت کی جاتی ہے جب وہ منادی ہو۔ کروان ایک چھوٹا سا پرندہ ہے اس کو حقیر سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اور نعام کو بڑوں سے تشبیہ دی گئی ہے۔ حقیر شخص کے لئے کہا جاتا ہے جب وہ کسی ایسے بڑے موضوع پر گفتگو کر رہا ہو جس پر اس جیسے لوگ گفتگو نہ کرتے ہوں۔ معنی ہی کہ اے حقیر شخص خاموش ہو جا تا کہ بڑے لوگ بات کر سکیں)

❁ **لاتُطْعِمِ العَبْدَ الکُرَاعَ فیطمعَ بالذراع:** غلام کو پائے نہ کھلا ورنہ وہ بازو کی طمع کرے گا (کراع جانور کے پاؤں ٹخنے سے نیچے کا حصہ۔ اور انسان کا گھٹنے سے نیچے کا حصہ۔ ذراع: بازو، بازو کا اگلا حصہ (کہنی سے کلائی تک، اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جسے تھوڑے کی اجازت دی جائے تو وہ زیادہ کا متمنی ہو جائے)

❁ **أَطْغَی مِنَ السَّیْلِ:** سیلاب سے زیادہ سرکش۔

❁ **وَمَنْ طَلَبَ العُلا مِنْ غیر کَدٍّ**
سَیُدْرِکها اذا شَابَ الغُرابُ

بغیر محنت بلند درجہ طالب کوے کے سفید ہونے سے پہلے اسے نہیں پا سکتا۔

❁ **مَنْ طَلَبَ أخًا بلا عَیْب بقی بلاأخٍ:** جو بے عیب بھائی چاہے وہ بغیر بھائی کے رہے گا۔

❁ **مَنْ طَلَبَ عَظِیمًا خَاطَرَ بِعَظِیم:** بڑی چیز کا طلب گار بڑی چیز کو خطرہ میں ڈالے گا۔

❁ **مَنْ طَلَبَ شَیْئًا نَالَهٗ کُلَّهٗ اَوْ بَعْضَهٗ:** جو کوئی چیز طلب کرے گا وہ اس کا پورا یا تھوڑا حصہ حاصل کر لے گا۔

❁ **تَطْلُبُ أَثَرًا بَعْدَ عَیْن:** تو اصل کے بعد نشان ڈھونڈ رہا ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی چیز کو چھوڑ کر اس سے لاپرواہی کرے پھر جب وہ اس کے ہاتھ سے نکل جائے تو اس کے نشان کا پیچھا کرنے لگے اور اسے حاصل کرنے کے اقدامات کرے۔ یہاں عین بمعنی وہی چیز ہے) ہمارے ہاں اسی مفہوم کے لئے یہ محاورہ ہے: سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کر)

❁ **لا أَطْلُبُ أثرًا بعد عَیْنٍ:** میں اصل کے بعد نشان نہیں ڈھونڈتا۔ (یعنی جس چیز کو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوں اسے نہیں چھوڑتا پھر جب وہ میرے ہاتھ سے نکل جائے تو اس کے نشان کا پیچھا نہیں کرتا۔ ممکن چیز کی طلب میں غفلت اور اس کے ہاتھ سے نکل جانے پر اس کی تلاش سے روکنے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

❁ **کُلُّهُمْ طَالِبُ صَیْدٍ:** وہ سب ہی ایک ہی شکار کے طالب ہیں۔ جیسے ہمارے ہاں کہا جاتا ہے ایک انار سو بیمار)

❁ **رُبَّ طَلَبٍ جَرَّ إِلی حَرْبٍ:** بہت سی طلبیں جنگ کا باعث بنتی ہیں۔ (یعنی بعض اوقات انسان ایسی چیز کا طالب ہوتا ہے جس میں اس کا مال تباہ ہو جاتا ہے)

❁ **إذَا طَلَعَ سُهَیْلٌ رُفِعَ کَیْلٌ و وُضِعَ کَیْلٌ:** جب سہیل طلوع ہوتا ہے ایک پیمانہ اٹھ جاتا اور دوسرا رکھا جاتا ہے۔ (سہیل ایک ستارہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر پھل پکتے ہیں اور موسم گرما کی گرمی ختم ہو جاتی ہے۔ یہ احکام کے بدلنے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

❁ **إذَا طَلَعَ القَمَرُ طَابَ السَهَرُ:** جب چاند نکلتا ہے بیداری خوشگوار ہو جاتی ہے۔

❁ **أَطْمَعُ مِنْ أَشْعَبَ:** اشعب سے زیادہ لالچی (اشعب مدینہ کے ایک شخص کا نام ہے جو اپنی طمع کی وجہ سے مشہور تھا۔ اس کے لالچ کے بارے میں ایک بات یہ کہی جاتی ہے کہ وہ ایک طشتری بنانے والے کے پاس سے گزرا تو کہنے لگا میں چاہتا ہوں کہ تو اس میں گھیر کا اضافہ کر دے۔ اس نے پوچھا مگر کیوں۔ تو اشعب نے جواب دیا: ہو سکتا ہے کہ اس میں رکھ کر کوئی چیز مجھے تحفہ بھیجا جائے۔

❁ **أَطْمَعُ مِنْ طُفَیْل:** طفیل سے زیادہ لالچی (طفیل کوفہ والوں سے ایک شخص کا نام ہے جو مشہور لالچی تھا۔ طفیلون کا لفظ اسی سے منسوب ہے۔ جس کا معنی مفت خورے ہے جو بن بلائے دعوتوں میں پہنچ جاتے ہیں۔ واحد طفیلی)

❁ **مَنْ أَطَاعَ هَوَاهُ بَاعَ دِیْنَهٗ بِدُنْیَاهُ:** جو اپنی خواہش کی اطاعت [illegible] اپنی دنیا کے بدلہ میں بیچ دیتا ہے۔

- **مَنْ أَطَاعَ غَضَبَهُ أَضَاعَ أَدَبَهُ:** جس نے اپنے غصے کی اطاعت کی اس نے اپنا ادب ضائع کر دیا۔
- **بَیْنَ الْمُطِیعِ وبینَ الْمُدْبِرِ العاصی:** فرمانبردار اور گناہ گار فرار پسند کے مابین (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اطاعت اور عدم اطاعت کے بین بین ہو اور اس کی اطاعت اور عدم اطاعت میں سے کسی کا اعتبار نہ کیا جائے۔
- **مَنْ یَطُلْ ذَیلُهُ یتنطّق به:** جس کا دامن دراز ہوتا ہے وہ اس کا پٹکا باندھتا ہے۔ (یعنی جس کے پاس زیادہ دولت ہوتی ہے وہ اسے ایسی چیزوں پر خرچ کر دیتا جن کی اسے مطلق ضرورت نہیں ہوتی۔ اس شخص کی طرح جس کے کپڑے کا دامن لمبا ہو تو وہ فالتو حصہ کو اونچا کر کے باندھتا ہے۔ فضول خرچ دولت مند کے لئے کہا جاتا ہے۔
- **أَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ:** نیزہ کے سائے سے زیادہ لمبا۔
- **أَطْوَلُ صُحبةً مِنَ الفَرْقَدَین:** فرقدین سے بھی زیادہ طویل صحبت، فرقدین ہمیشہ ساتھ رہنے والے دو ستارے۔
- **أَطْوَلُ مِنْ شَهْرِ الصَّوْمِ:** ماہ صیام سے زیادہ لمبا۔
- **ماعنده طَائِلٌ ولا نَائِلٌ:** اس کے پاس نہ تو علم و فضل ہے اور نہ ہی عطیہ۔ (طائل طول سے مشتق ہے جس کا معنی فضل ہے اور نائل نوال سے مشتق ہے اور اس کا معنی عطیہ ہے)
- **طَوَیْتُهُ عَلَى بُلَالَتِهِ او بَلَالِهِ:** میں نے اسے اس کی نمی پر لپیٹ دیا۔ (مراد میں نے اس کی ایذا کو برداشت کیا اور اس کی تکلیف کو معاف کر دیا۔ مویشیوں والے دودھ ختم ہونے پر ضرورت کے وقت تک دودھ کی مشکیں گیلی ہی لپیٹ دیتے ہیں۔ ایسے شخص کی اذیت برداشت کرنے جس کے پاس تمہاری بچی کھچی محبت ہو یا اس کے اور تمہارے درمیان اچھے حالات کی بحالی کے انتظار کے لئے کہا جاتا ہے۔
- **لِكُلِّ طَيٍّ نشرٌ:** ہر تہہ کے لئے کھلنا ہے۔
- **أَطْیَبُ مِنْ نَفَسِ الرَّبِیعِ:** موسم بہار کی ہوا سے زیادہ خوشگوار۔
- **أَطْیَبُ مِنَ الحیاة:** زندگی سے زیادہ خوشگوار۔
- **طَارَتْ بِهِمِ العَنْقَاءُ:** ان کو عنقا اڑا لے گئی (ایسی قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو ہلاک ہو گئے اور ان کا کوئی فرد نہیں بچا۔ عنقاء ایک ایسا اسم ہے جس نام کی کوئی چیز نہیں۔ یہ ایک خیالی پرندہ سمجھا جاتا ہے۔
- **الطیرُ بالطَیرِ یُصاد:** پرندہ پرندہ کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے۔
- **إنَّ الطُیُورَ علی أَشْكَالِهَا تقعُ:** پرندے اپنے ہم شکلوں پر اترتے ہیں۔
- **أَطْیَشُ مِنْ فَرَاشة:** پروانہ سے زیادہ طیش میں آنے والا (کیونکہ وہ اپنے آپ کو آگ میں ڈال دیتا ہے)
- **یُطَیِّنُ عَیْنَ الشمس:** وہ سورج کی آنکھ پر مٹی کا لیپ کرتا ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو واضح اور صاف حق کو چھپائے)

ظ

- **ظِئْرٌ رَؤُومٌ خیرٌ من اُمٍّ سَؤُومٍ:** مہربان دایہ ملول ماں سے بہتر ہے (ظئر: دایہ، رؤوم: مشفق، مہربان، سؤوم: ملول، اکتایا ہوا)
- **الظَفَرُ بالضعیفِ هَزِیمَة:** کمزور پر فتح شکست ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کے ساتھ مغرورانہ سلوک کیا جائے یا جسے کمزور سمجھا جائے)
- **ظِلُّ السُلْطَانِ سَرِیعُ الزوال:** بادشاہ کا سایہ جلد ختم ہو جاتا ہے۔
- **ظِلَالُ صیفٍ مَالَها قِطَارٌ:** گرمیوں کے بادلوں کی قطار نہیں ہوتی (بے فیض مالدار کے لئے کہا جاتا ہے۔ ظلال: سایہ دار بادل وغیرہ۔
- **ظُلْمُ المَرْءِ یصرَعُهُ:** آدمی کا ظلم ہی اس کو پچھاڑ دیتا ہے۔
- **الظُلْمُ مَرْتَعُهُ وَخِیمٌ:** ظلم کی چراگاہ مہلک ہے۔ (یعنی ظلم کی عاقبت مذموم ہے۔
- **أَظْلَمُ مِنْ حَیَّةٍ:** سانپ سے زیادہ ظالم۔
- **أَظْلَمُ من أَفعَى:** سیاہ سانپ سے زیادہ ظالم۔
- **أَظْلَمُ مِنْ لَیْلٍ:** رات سے زیادہ سیاہ۔
- **أَظْمَأُ مِنْ رَمْلٍ:** ریت سے زیادہ پیاسا۔
- **یُصْبِحُ ظَمْآنَ وفی البَحْرِ فَمُهُ:** صبح کو پیاسا اٹھتا ہے حالانکہ منہ سمندر میں ہے۔ (مالدار کنجوس کے لئے کہا جاتا ہے)
- **ظَنُّ العَاقِلِ خیرٌ مِنْ یقِینِ الجاهل:** عقلمند کا گمان جاہل کے یقین سے بہتر ہے۔
- **ماظَنُّكَ بجارِكَ؟ قَالَ ظَنِّی بنفسی:** اپنے پڑوسی کے متعلق تیرا گمان کیا ہے؟ کہا وہ گمان جو اپنی ذات سے متعلق ہے۔ (آدمی اپنے اوپر قیاس کرتا ہے)
- **أكْثَرُ الظُنُون مَیُون:** اکثر گمان جھوٹ ہوتے ہیں۔ (میون مین بمعنی جھوٹ کی جمع)
- **عَنْ ظَهْرِهَا تُحِلُّ وِقْرًا:** وہ اپنی ہی کمر کا بوجھ کھول رہی ہے۔ (وقر: بھاری بوجھ، اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ذاتی مفاد کے لئے قدم اٹھائے)
- **ظَاهِرُ العِتَابِ خیرٌ مِن بَاطِنِ الحِقْدِ:** ظاہری عتاب باطنی کینہ سے بہتر ہے۔ یہ عربوں کے اس قول کے قریب قریب ہے: وَیَبْقَى الوُدُّ مَابَقِیَ العِتَابُ محبت اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک عتاب باقی رہے)

ع

- **عَبْدٌ وَحَلْیٌ فی یَدَیه:** غلام اور ہاتھ میں زیور (اس مال و دولت کے بارے میں کہا جاتا ہے جس کا مالک اس کا اہل نہ ہو)

❁ **عَبْدٌ وَسُوِّمَ:** غلام اور بے مہار (سَوَّمَہٗ کا معنیٰ کسی کو آزادی دے کر اس کی مرضی پر چھوڑ دینا۔ یہ مثل کمینہ شخص کے بارے میں کہی جاتی ہے جب اسے کھلی چھٹی حاصل ہو)

❁ **عَبْدُ غَیْرِكَ حُرٌّ مِثْلُكَ:** غیر کا غلام تمہاری طرح آزاد ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بے ہنر ہوتے ہوئے خود کو دوسروں پر فضیلت دے۔

❁ **العَبْدُ یُقْرَعُ بِالعَصا والحُرُّ تَکْفِیهِ الإِشَارَةُ:** غلام کو لاٹھی سے مارا جاتا ہے جبکہ آزاد کے لئے اشارہ کافی ہوتا ہے۔

❁ **العَبْدُ مَنْ لاعَبْدَ لَہٗ:** غلام وہ بھی ہے جس کا کوئی غلام نہ ہو۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کے پاس اس کا کام کرنے والا نہ ہو تو وہ اپنے کام خود ہی کرتا ہو)

❁ **فِی الإِعْتِبَارِ غِنًی عَنِ الإِخْتِبَارِ:** عبرت حاصل کرنے میں امتحان میں بے نیازی ہے۔ (یعنی جو شخص دیکھ کر عبرت حاصل کرے تو وہ آئندہ اس جیسے کام کا امتحان کرنے سے مستغنی ہو جاتا ہے)

❁ **التَّعْبِیرِ نِصْفُ التِّجَارَۃ:** پرکھنا آدھی تجارت ہے۔

❁ **مَنْ عَتَبَ عَلَی الدَّهْرِ طَالَتْ مَعْتَبَتُہٗ:** جس نے زمانہ پر عتاب کیا، اس کا عتاب طویل ہو گیا (کیونکہ زمانہ تکلیف سے کبھی خالی نہیں ہوتا۔ معتبہ بمعنی عتاب)

❁ **العِتَابُ خَیْرٌ مِنْ مَکْتُومِ الحِقْدِ:** عتاب چھپے ہوئے کینہ سے بہتر ہے۔

❁ **العِتَابَ قَبْلَ العِقَابِ:** سزا سے پہلے عتاب سے کام لے عتاب اس سے پہلے استعمل مضمر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ یعنی بگڑے ہوئے کو جہاں تک ممکن ہو عتاب کے ذریعے ٹھیک کرو اگر یہ مشکل اور ناممکن ہو تو سزا سے)

❁ **لاعِتَابَ بَعْدَ المَوْتِ:** موت کے بعد کوئی عتاب نہیں۔

❁ **مُعَاتَبَۃُ الإِخْوانِ خیرٌ مِنْ فَقْدِهِمْ:** بھائیوں کی ناراضگی ان کے نہ ہونے سے بہتر ہے۔ (یہ عربوں کے اس مقولہ جیسا ہے: **وَفِی العِتَاب حیاۃٌ بَیْنَ اَقْوَام:** (عتاب میں قوموں کے درمیان زندگی ہے)

❁ **رُبَّ عِتْقٍ شرٌّ مِنْ رِقٍّ:** کبھی کبھی آزادی بھی غلامی سے بدتر ہوتی ہے۔ (عِتْق: آزادی رِق: غلامی)

❁ **عَثْرَۃُ القَدَمِ أَسْلَمُ مِنْ عَثْرَۃِ اللسان:** قدم کی لغزش زبان کی لغزش سے زیادہ محفوظ ہے۔

❁ **مَاکُلُّ عَثْرَۃٍ تُقَالُ ولا کُلُّ فُرْصَۃٍ تُنَالُ:** نہ ہر لغزش معاف کی جاتی ہے اور نہ ہر موقعہ پھر ملتا ہے۔

❁ **لا یَعْجَزُ القَومُ إِذَا تَعَاوَنُوا:** باہمی تعاون ہو تو قوم عاجز نہیں ہوتی۔ (اس قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو باہم تعاون اور ایک دوسرے کی مدد کر کے کامیاب ہو)

❁ **العَجْزُ رِیبَۃٌ:** عاجزی میں شک ہے۔ (یعنی انسان [illegible] کام کا انجام کرے تو اسے اس تک راستہ مل جاتا ہے، لیکن اگر عاجزی کا اقرار کر لے تو اس کا کام مشکوک ہو جاتا ہے)

❁ **العَجَلَۃُ فُرْصَۃُ العَجَزَۃ:** جلدی عاجزوں کی فرصت ہے۔ (غور و فکر کی تعریف اور جلدی بازی کی مذمت کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ **یُعَدُّ لِکَلْبِ السُّوءِ کَلْبٌ یُعَادِلُہٗ:** برے کتے کے لئے ویسا ہی کتا تیار کیا جاتا ہے (یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب بے وقوف سے ویسے ہی بے وقوف کے شر کو دور کرنے کے لئے مدد لی جائے)

❁ **لَیْسَ مِنَ العَدْلِ سُرْعَۃُ العَذْلِ:** ملامت میں جلدی کرنا انصاف نہیں۔ (عذر جاننے سے پہلے ملامت میں جلدی نہیں کرنی چاہئے)

❁ **أَعْدَلُ مِنْ مِیزان:** ترازو سے زیادہ منصف۔

❁ **لاتُعْدَمُ الحَسْنَاءُ ذامًّا:** کوئی حسینہ عیب کے بغیر نہیں ہوتی۔ (دام: عیب، مذمت، اس مثل کی اصل یہ ہے کہ ایک غسانی بادشاہ نے ملک بن عمرو عدوانیہ کی لڑکی سے شادی کی جو اپنے زمانہ کی حسین ترین عورت تھی۔ جب وہ بادشاہ کے پاس دلہن بنا کر بھیجی گئی تو اس نے اس میں ایک عیب محسوس کیا اور اسے وہ عیب پسند نہ آیا۔ اس موقع پر حسینہ نے یہ بات کہی جو اوپر مذکور ہے۔

❁ **لایُعْدَمُ الحُوَارُ مِنْ أُمِّهِ حَنَّۃً:** اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کی شفقت سے محروم نہیں رہتا۔ (حُوار: اونٹنی کا بچہ بوقت پیدائش یا اس وقت تک جب اس کا دودھ چھڑایا جائے۔ حَنّۃ: مہربانی، شفقت)

❁ **العَدِیمُ مَنْ إِحْتَاجَ إِلٰی لَئِیم:** مفلس وہ ہے جو کمینہ کا محتاج ہو۔

❁ **مَنْ تَعَدَّی الحَقَّ ضَاقَ مَذْهَبُہٗ:** حق سے تجاوز کرنے والے کا راستہ تنگ ہو جاتا ہے۔

❁ **أَعْدَی مِنَ السُّلَیْكِ وأَعْدَی مِنَ الشَّنْفَری:** سلیک سے زیادہ تیز دوڑنے والا، شنفری سے زیادہ تیز دوڑنے والا۔ (أَعْدَی عَدْو (بمعنی تیز دوڑنے) سے اسم تفضیل ہے۔ سلیک اور شنفری عربوں کے ہاں مشہور تیز دوڑنے والے تھے)

❁ **أَعْدَی مِنَ العَقْرَب:** بچھو سے زیادہ دشمن (عداء اور عداوت سے اسم تفضیل کا صیغہ)

❁ **أَعْدَی مِنَ الجَرَب:** کھجلی سے زیادہ متعدی (یہاں اعدی، عدْ دَیٰ (متعدی مرض) سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے)

❁ **إِیَّاكَ وَمَا یُعْتَذَرُ منه:** اس بات سے بچو جس پر معذرت کی جائے۔ (یعنی ایسا کام نہ کرو جس پر تمہیں معذرت کرنے کی ضرورت پیش آئے)

❁ **والعُذْرُ عِنْدَ کِرَامِ الناس مقبولٌ:** معذرت شریف لوگوں کے ہاں قبول کی جاتی ہے۔

❁ **لَعَلَّ لَہٗ عُذْرًا وأَنْتَ تلوم:** ہو سکتا ہے اس کے پاس عذر ہو حالانکہ تو اسے ملامت کر رہا ہے (اس شعر کا مصرع اول یہ ہے: **تَأَنَّ ولا تعجلْ بلومك صاحبا** (آہستگی سے کام لے اور اپنے ساتھی کو ملامت کرنے

میں جلدی نہ کر) اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ایسے شخص کو ملامت کرے جس کے پاس عذر ہو اور اسے اس عذر کا پتہ نہ ہو)

❁ **أَعْذَرَ مَنْ أَنْذَرَ:** جس نے آگاہ کردیا اس نے عذر پیش کردیا۔ (یعنی جس نے تجھے پڑنے والی مصیبت سے متنبہ کردیا وہ تمہارے نزدیک معذور ہوگیا)

❁ **المَعَاذِرُ مَكَاذِبُ:** عذر جھوٹ بھی ہوتے ہیں۔ (معاذر، معذرت کی جمع، مکاذب کذب کی جمع جیسے محاسن حسن کی جمع ہے۔ یہ عربوں کے اس قول جیسا ہے: **المعاذیر قد یشوبها الكذب:** معذرتوں میں بھی جھوٹ ملا ہوتا ہے)

❁ **رَجَّالَةٌ تَعْتَقِلُ الرِمَاح:** پیدل نیزوں کو گھوڑوں کے پہلو اور رانوں کے درمیان پکڑے ہوئے ہیں۔ (**رَجَّالَةَ:** راجل کی جمع ہے، یعنی جنگ میں پیادہ فوج کے سپاہی۔ اعتقال سوار کا گھوڑے کے پہلو اور ران کے درمیان اپنا نیزہ پکڑے رکھنا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو حیثیت سے زیادہ شیخی مارے)

❁ **عَرِّضْ لِلْكَرِيْم ولاتُبَاحِت:** شریف سے اشارہ کنایہ سے کہو، صاف مت کہو۔ (یعنی شریف سے اپنی ضرورت واضح اور صاف صاف نہ کہو کیونکہ شریف کے لئے اشارہ کنایہ ہی کافی ہوتا ہے)۔

❁ **إِنَّ فی المَعَارِيضِ لَمَنْدُوحَةً عن الكَذِب:** کنایوں میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے (معاریض معراض کی جمع ہے اور اس کا معنی ظاہری معنی چھوڑ کر دور کے معنی مراد لینا ہے۔ مندوحہ کا معنی گنجائش۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو سمجھتا ہے کہ وہ جھوٹ بولنے پر مجبور ہے)

❁ **عَرَفَتِ الخَيْلُ فُرْسَانَها:** گھوڑوں نے اپنے سواروں کو پہچان لیا ہے۔ (حریف کی طاقت کا اندازہ لر کے اس کے راستے سے ہٹ گیا)

❁ **مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ عَرَفَ رَبَّهٗ:** جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے اپنے پروردگار کو پہچان لیا۔

❁ **مَنْ عُرِفَ بِشَیْءٍ نُسِبَ اليه:** جو کسی چیز کے ذریعے پہچانا گیا اس کی طرف منسوب کیا گیا۔

❁ **لایَعْرِفُ الحَیَّ مِنَ اللَیّ:** وہ حق کو باطل سے ممتاز نہیں کرسکتا۔ (کہا گیا کہ حی حق اور لی باطل کے معنی میں ہے۔ بعض کے نزدیک حی ظاہر کلام اور لی پوشیدہ کلام کو کہا جاتا ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو معاملہ کی حقیقتوں سے آگاہ نہ ہو)

❁ **لایَعْرِفُ العودَ کَالْعَاجِم:** لکڑی کو دانت سے کاٹنے والے کی طرح کوئی دوسرا اسے نہیں جان سکتا (عجم العود کا معنی لکڑی کی سختی نرمی جانچنے کے لئے اسے دانتوں سے کاٹنا ہے۔ مراد یہ ہے کہ کسی چیز کو صرف وہی جان سکتا ہے جو اس کی جانچ پڑتال کرلے۔

❁ **مَایَعْرِفُ قبیلاً مِنْ دَبِیْرٍ:** وہ آنے والے کو جانے والے سے ممتاز نہیں کرسکتا۔

❁ **لا یعرف الكوعَ من البوع:** وہ ہاتھ کی ہڈی کو پاؤں کی ہڈی سے ممتاز نہیں کرسکتا۔

❁ **لایَعْرِفُ الهِرَّ من البِرّ:** وہ بلی اور چوہے میں فرق نہیں کرتا۔ (هر: بلی، بر: چوہا وغیرہ وغیرہ)

❁ **الإعْتِرَافُ يَهْدِمُ الإقْتِرَاف:** جرم کا اعتراف جرم کے ارتکاب کو ختم کردیتا ہے۔

❁ **مَنْ عَزَّ بَزَّ:** غالب آنے والا فتح یاب ہوتا ہے۔

❁ **إذا عَزَّ اَخُوكَ فَهُنْ:** جب تیرا بھائی عزت پائے تو تو نرم ہوجا (یعنی تیرے اپنے دوست کے ساتھ نرمی سے کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ تو طیش کھائے بلکہ یہ تیری طرف سے حسن خلق اور مروت ہے۔ نیز یہ معنی ہے کہ اگر تیرا بھائی سختی کرے تو اس سے نرمی اختیار کر کیونکہ اگر تو بھی سختی کرے گا تو تعلق ختم ہوجائے گا)

❁ **عِزُّ الرَجُلِ استغناؤه عن الناس:** آدمی کی عزت لوگوں سے بے نیاز ہونے میں ہے۔

❁ **اَعَزُّ مِنْ كُلَيْبِ وَائِل:** وائل کے کتے سے زیادہ معزز (قبیلہ ربیعہ کے سردار کلیب بن ربیعہ بن حرث کی اتنی دھاک تھی کہ اس کی چراگاہ کے کوئی قریب نہ پھٹکتا تھا۔ کسی شکار کو پناہ دیتا تو کسی کو جوش نہ آتا۔ جب کسی پسندیدہ باغ یا چشمہ سے گزرتا تو وہ اپنے ایک چھوٹے سے کتے کو وہاں چھوڑ دیتا، جہاں تک اس کے بھونکنے کی آواز جاتی وہ اس کا مخصوص قطعہ ہوجاتا۔ کلیب بن ربیعہ کا نام وائل تھا۔ اس چھوڑے ہوئے کتے کی چراگاہ کی حفاظت پر کہا جانے لگا: **اعز من كليب وائل** پھر یہ نام ہی بالادست ہوگیا اور وائل کا نام سمجھا جانے لگا)

❁ **أَعَزُّ مِن الزَبَّاء:** زبا سے زیادہ معزز (زبا عمالقہ کی ایک عورت اور حیرہ کی ملکہ تھی لشکر لے کر خود حملہ آور ہوا کرتی تھی۔ اس نے سموأل کے دو انتہائی مضبوط قلعوں (مارد اور ابلق نامی) پر حملہ کیا تھا اور وہ بلند ہمت، ناقابل تسخیر قوت اور عزم مصمم میں مشہور تھی)

❁ **أَعَزُّ مِنْ انفِ الأَسد:** شیر کی ناک سے زیادہ عزت والا۔

❁ **أَعَزُّ من جبهة الأسد:** شیر کی پیشانی سے زیادہ عزت والا۔

❁ **أَعَزّ مِن عُقَاب الجو:** فضا کے عقاب سے زیادہ عزت والا۔ (ان تین مقولوں میں مراد ناقابل تسخیر قوت مراد ہے)

❁ **أَعَزَّ مِنَ الأَبْلَقِ العَقُوق:** ابلق حاملہ گھوڑے سے زیاہ نادر (اس چیز کے لئے کہا جاتا ہے جو نادر الوجود ہو یا نہ ہوسکتی ہو۔ کیونکہ ابلق نر کو کہتے اور عقوق حاملہ گھوڑی کو اور نر حاملہ نہیں ہوتا۔ انسان استحقاق سے زیادہ چیز طلب کرے یا اسے حاصل کرنا ممکن ہو تو اس کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ **يطلب الابلق العقوق** گویا وہ ایسی چیز طلب کرتا ہے جو کبھی ہو ہی نہیں سکتی)

❁ **أَعَزُّ من بَيْضِ الأُنوق:** کرگس (گدھ) کے انڈوں سے زیادہ نایاب (انوق: گدھ (کرگس) کو کہا جاتا ہے کہ اس کے انڈے نایاب ہوتے ہیں کیونکہ انہیں حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ گدھ

کے انڈے پہاڑوں کی چوٹیوں اور دور دراز اور دشوار گزار جگہوں پر ہوتے ہیں)

❁ **أَعَزُّ مِنَ الغُرابِ الأَعْصَمِ:** سفید ٹانگ والے کوے سے زیادہ نایاب۔ اعصم جس کی ایک ٹانگ سفید رنگ کی ہو اور کوا ایسا نہیں ہوتا۔ اس چیز کے لئے کہا جاتا ہے جو نادر الوجود ہو یا بالکل ہی نہ ہو)

❁ **اَعَزُّ مِنَ الكِبْرِيتِ الأَحْمَرِ:** سرخ گندھک سے زیادہ نایاب۔

❁ **اَعَزّ مِنْ عَنْقَاء مُغْرِبِ:** سفید عنقاء سے زیادہ نایاب۔

❁ **أَعَزُّ مِنْ مُخِّ البعوض:** مچھر کے مغز سے زیادہ نایاب (ان تینوں مقولوں میں نادر الوجود یا عدیم الوجود چیز کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ **أنَّ بَعْدَ العُسْرِ يُسْرًا:** فراخی تو تنگی کے بعد ہوتی ہے۔

❁ **لَيْسَ هَذَا بِعُشِّكَ فَادْرُجي:** یہ تیرا گھونسلا نہیں ہے لہٰذا چلی جا۔ (یعنی اس معاملہ میں تیرا کوئی حق نہیں۔ اس لئے اس کو چھوڑ دے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خود کو اپنے درجہ سے بلند کرے یا ایسا کام کرے جو اسے کرنا نہیں چاہئے)

❁ **أَعْشَبْتَ فَانْزِل:** تو نے گھاس پالیا لہٰذا اتر جا۔ (أَعْشَبَ الرجلُ: تر گھاس پالینا۔ یعنی تو نے اپنی ضرورت حاصل کرلی پس قناعت کر)

❁ **بِكُلِّ عُشْب آثارُ رَعْيٍ:** ہر گھاس میں چرنے کے نشان ہوتے ہیں۔ (یعنی جہاں دولت ہو وہاں مانگنے والے جمع ہو جاتے ہیں)

❁ **تَعَاشَروا كَالإِخْوَان وتَعَامَلُوا كَالأَجْنَاسِ:** بھائیوں کی طرح رہو اور جنسوں کی طرح معاملہ کرو (یعنی تجارت میں کسی پر احسان نہیں کیا جاتا)

❁ **إنَّ العصا مِنْ العُصَيَّةِ:** لٹھ لاٹھی سے ہوتا ہے۔ (کہا گیا ہے کہ معنی یہ ہے کہ بڑی چیز شروع میں چھوٹی ہوتی ہے۔ عُصَيَّہ: عصا کی تصغیر ہے یعنی لٹھ سے لاٹھی ہے۔ ایک معاملہ سے دوسرے کے آنے کے بارے میں کہا جاتا ہے یہ بھی کہا گیا ہے عصا ایک گھوڑے کا نام ہے اور عصیہ اس کی ماں کا نام ہے۔ مراد یہ کہ گھوڑا اپنی ماں سے اصل اور نسلی شرافت میں مشابہ ہوتا ہے۔ آدمی کی اپنے باپ سے مشابہت کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ **بين العَصَا ولِحَائِها:** لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان۔ (لحاء: لکڑی کی چھال۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو دو محبت کرنے والوں یا سگے بھائیں کے درمیان آجائے)

❁ **رُبَّ عَطَبٍ تَحْتَ طَلَبٍ:** طلب کے نیچے بہت سی تباہیاں ہیں)

❁ **لاعِطْرَ بَعْدَ عَرُوس:** عروس کے بعد کوئی عطر نہیں۔ (یہ اسماء بنت عبداللہ عذریہ کا قول ہے۔ اس کی قوم سے اس کا شوہر عروس نامی تھا۔ عروس کے مرنے پر نوفل نامی نے اس سے شادی کرلی جو پہلے شوہر کی نسبت کنجوس، بدصورت اور گندہ دہن تھا۔ اس کے ساتھ جاتے ہوئے ایک بار اس کا گزر عروس کی قبر پر ہوا۔ تو وہ بیٹھ کر رونے، مرثیہ کہنے اور اپنے نئے شوہر پہ ڈھال کر بات کرنے لگی۔ اس پر اس شوہر نے اسے اٹھنے کا حکم دیا۔ جب وہ اٹھی تو اس سے عطر کی شیشی نیچے گرگئی۔ نوفل نے اس سے کہا اپنی شیشی اٹھالے۔ اس پر اس نے کہا تھا: لاعِطْرَ بَعْدَ عروس)

❁ **بَيْنَهُم عِطْرُ مَنْشِمِ:** ان کے درمیان منشم کا عطر ہے۔ (منشم مکہ کی ایک عطر فروش عورس کا نام تھا۔ بنی خزاعہ اور بنی جرھم جنگ پر جاتے ہوئے اس کا عطر لگاتے۔ ان کے درمیان دونوں قبیلوں کے بہت سے لوگ مارے جاتے۔ چنانچہ کہا جاتا أشأم من عطر منشم (منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔ بڑے شر کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ **أَعْطَشُ مِنْ ثُعالَةَ:** لومڑی سے زیادہ پیاسا (ثعالہ: لومڑی۔ بعض کا کہنا ہے کہ ثعالہ ایک شخص کا نام تھا، جو پیاسا مرگیا)

❁ **أعْطَشُ مِن رَمْلٍ:** ریت سے زیادہ پیاسا۔

❁ **أَعْطَشُ مِن قِمَعٍ:** قیف سے زیادہ پیاسا۔

❁ **أَعْطاهُ غَيْضًا مِن فَيْض:** اس نے اسے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بہت میں سے تھوڑی چیز کی سخاوت کرے)۔

❁ **أُعْطِيَ مَقُولاً وعَدِمَ مَعْقُولاً:** اسے قوت اظہار تو دی گئی مگر معقولیت سے محروم رکھا گیا۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کی گفتگو عقل کی تائید سے خالی ہو)۔

❁ **وَإِنَّما نُعْطِي الذى أُعْطِينَا:** ہم تو وہی دے سکتے ہیں جو ہمیں دیا گیا۔ (اس کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص کے ہاں مسلسل تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ جب اس کی بیوی نے تیسری بیٹی کو جنا، تو وہ دوسرے مکان میں منتقل ہوگیا۔ اس وقت اس کی بیوی نے کہا:

مالأبی الذلفاء لا يأتينا
وهو فی البيت الذی يلينا
يغضب ان لم نلد البنينا
وانما نُعطی الذی اُعطينا

(ابوذلفاء کو کیا ہوگیا کہ وہ ہمارے پاس نہیں آتا۔ حالانکہ وہ ہمارے قریبی گھر میں ہے۔ ہم لڑکے پیدا نہ کریں تو وہ غصہ ہوتا ہے، جبکہ ہم تو وہی دے سکتے ہیں جو ہمیں دیا گیا۔ اس شخص نے یہ شعر سنے تو خوش ہوکر اپنی بیوی کے پاس آگیا۔

کسی چیز کے مالک نہ ہونے پر معذرت کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ **أَعْطِ اخاكَ تَمْرَةً فَإنْ أَبَى فَجَمْرةً:** اپنے بھائی کو کھجور دے، انکار کرے تو انگارہ دے (مراد یہ ہے کہ ساتھی سے بھلائی کرنی چاہئے لیکن وہ اس پر ناخوش ہو تو سختی سے کام لیا جائے)

❁ **أَعْطِ القَوْسَ بارِيَهَا:** کمان اس کے بنانے والے کو دو (یعنی اپنے کام میں اس کے جاننے والے اور ماہر سے مدد لینی چاہئے)

❁ **مَنْ عَظَّمَ صِغارَ المَصَائِبِ إِبْتَلاهُ اللّٰهُ بِكِبَارِهَا:** جو چھوٹی مصیبتوں کو بڑا سمجھے اللہ تعالیٰ اس کو بڑی مصیبتوں میں مبتلا کر دیتا ہے)

❁ **العُقُوق ثُكْلُ مَن لَمْ يَثْكَلْ:** اولاد کی سرکشی ان لوگوں کا اولاد کھو دینا ہے جنہوں نے اولاد نہ کھوئی ہو۔ (کیونکہ والد کو جب اپنے بیٹے کی طرف سے اطاعت نہ ملے تو یہ بیٹے کو کھو دینے کے برابر ہے)

❁ **العُقُوبَةُ أَلْأَمُ حَالاتِ القُدْرَةِ:** سزا قدرت کی حالتوں میں سب سے گھٹیا درجہ ہے (یعنی معاف کرنا ہی شریف النفسی ہے)

❁ **یاعَاقِدُ اذْكُرْ حَلًّا:** اے گرہ لگانے والے اسے کھولنے کے بارے میں بھی سوچ (عواقب پر غور خوض کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)

❁ **لِكُلِّ عَقْدٍ حَلٌّ:** ہر گرہ کھل کر رہتی ہے۔

❁ **أَعْقَدُ مِنْ ذَنَبِ الضَّبِّ:** گوہ کی دم سے زیادہ گرہ دار (چھپکلی کی طرح گوہ کی دم بھی کئی گرہوں والی ہوتی ہے)

❁ **أَعْقِلْ لِسَانَكَ إلا فِي اَرْبَعَة: حَقٍّ تُوضِحُهُ وباطِلٍ تدحضه ونعمةٍ تشكرها و حِكْمةٍ تُظْهِرُها:** اپنی زبان روک سوائے ان چار موقعوں کے (۱) جب حق کی وضاحت مطلوب ہو (۲) باطل کو غلط ثابت کرنے کے لئے (۳) نعمت پر شکریہ کے لئے (۴) حکمت کے اظہار کے لئے)

❁ **العَقْلُ وَزِيرٌ نَاصِحٌ:** عقل خیر خواہ وزیر ہے۔

❁ **عَقْلُ المرأةِ فی جَمَالِهَا وجَمَالُ الرَّجُلِ فِي عَقْلِهِ:** عورت کی عقل اس کی خوبصورت میں ہے اور مرد کی خوبصورتی اس کی عقل میں۔

❁ **أَعْقَلُ النَّاسِ أَعْذَرُهُمْ لِلنَّاسِ:** سب لوگوں سے زیادہ عقلمند وہ ہے جو لوگوں کا عذر سب سے زیادہ قبول کرے۔

❁ **بِعِلَّةِ الزَّرْعِ يُسْقَى القَرْعُ:** کھیتی کے بہانے کدو کو بھی پانی مل جاتا ہے۔

❁ **بِعِلَّةِ الوَرَشَان يَأْكُلُ رُطَبَ المُشَان:** وہ ورشان کے بجائے پکی کھجوریں کھاتا ہے (ورشان: کبوتر کی قسم کا ایک پرندہ۔ مُشان کھجور کی ایک قسم یا بہترین قسم (مراد یہ ہے کہ شکاری شکار کا پیچھا کرنے کے بہانے نخلستان میں گھس کر کھجوریں کھالیتا ہے۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ظاہر کچھ کرتا ہے مگر مراد کوئی دوسری چیز ہوتی ہے)

❁ **أَعْلَقُ مِنْ قُرَادٍ:** چیچڑی سے زیادہ چمٹنے والا۔

❁ **لَيْسَ المُتَعَلِّقُ كالمُتَأَنِّقِ:** تھوڑی چیز پر اکتفا کرنے والا اپنی پسند کی چیز منتخب کرنے والے کی طرح نہیں ہوسکتا۔ (متعلق: تھوڑی چیز پر اکتفا کرنے والا۔ متانق: اپنی پسند کی چیز منتخب کرنے والا)

❁ **يَعْلَمُ مِنْ أَينَ (اَوْمِنْ حَيْثُ) تؤكَلُ الكَتِفُ:** وہ جانتا ہے کہ شانہ کو کہاں سے یا کس جگہ کھایا جاتا ہے (ہوشیار آدمی کے لئے کہا جاتا ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ شانہ نیچے کی طرف سے کھایا جائے اوپر سے کھانا تکلیف دے ہوتا ہے۔ پتلا شوربہ شانہ کے گوشت اور ہڈی میں رواں ہوتا ہے۔ اوپر سے پکڑنے پر شوربا تم پر گرے گا۔ نیچے سے پکڑنے پر ہڈی سے اتر جائے گا)

❁ **مَا كُلُّ مَا يُعْلَمُ يُقَالُ:** ہر چیز جو علم میں آئے کہی نہیں جاتی۔

❁ **لاتُعَلِّمِ اليَتِيمَ البُكَاءَ:** یتیم کو رونا نہ سکھا۔

❁ **عِلْمُ الشَيءِ ولا جَهْلُهُ:** کسی چیز کا علم اور عدم علم (برابر نہیں)

❁ **العِلْمُ فِي الصُّدور لافِي السُّطُور:** علم سینوں میں ہے سطروں میں نہیں۔

❁ **إنَّهُ لَعالِمٌ بِمنابَتِ القِصِيْصِ:** اسے قصیص کے اگنے کی جگہوں کا پورا پورا علم ہے۔ کہتے ہیں قصیص قصیصہ کی جمع ہے جو چھوٹی جھاڑی کو کہا جاتا ہے اور کھمبی کے نزدیک اگتی ہے ان جھاڑیوں سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ کھمبی قریب ہوگی۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے اپنی ضرورتوں کا پتہ ہو)

❁ **لِكُلِّ عَالِمٍ هَفْوَةٌ:** ہر عالم سے کوئی نہ کوئی لغزش ہو جاتی ہے۔ هفوه بمعنی لغزش اس مفہوم کا حامل یہ قول ہے لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَة (ہر گھوڑے کو ٹھوکر لگتی ہے، لِكُلِّ صَارِمٍ نَبْوَة (ہر تلوار کبھی نہ کبھی اچٹ جاتی ہے)

❁ **العُلَمَاءُ اُمَنَاءُ اللّٰهِ عَلَى خَلْقِهِ:** علماء مخلوق خدا میں خدا کے امین ہیں۔

❁ **أَعْلَمُ بِهَا مَنْ غَصَّ بِهَا:** لقمہ سے بہتر واقف وہی ہوتا ہے، جو کھاتے ہوئے اس کے گلے میں اڑ جائے (یعنی جس کی وجہ سے اسے اچھو لگ جائے۔ ھاء کی ضمیر کا دونوں جگہ پر مرجع لقمہ ہے اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس نے معاملات کا تجربہ کیا ہو، ان میں عملی طور پر حصہ لیا ہو، ان سے واقف ہو اور یوں ان کا زیادہ جاننے والا ہو گیا ہو۔)

❁ **أَعْلامُ أَرْضٍ جُعِلَتْ بَطَائِحا:** زمین کے پہاڑ نشیبی علاقے بنا دیئے گئے (اعلام: پہاڑ (جمع) بَطائح بَطيحة کی جمع نشیبی زمین۔ معزز لوگوں کے لئے کہا جاتا ہے جو ذلیل ہو گئے ہوں)

❁ **مَنْ عَلَتْ هِمَّتُهُ طَالَ هَمُّهُ:** جس کی ہمت بلند ہو اس کا فکر طویل ہوگا۔

❁ **أَعْمَرُ مِنْ حَيَّةٍ:** سانپ سے زیادہ لمبی عمر والا (عربوں کا خیال تھا کہ سانپ اس وقت تک نہیں مرتا جب تک اسے قتل نہ کر دیا جائے۔ سانپ بڑا ہو کر چھوٹا ہو جاتا ہے اور اس طرح ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ قتل ہو جائے)

❁ **أَعْمَرُ مِنْ نَسْرٍ:** گدھ سے زیادہ عمر والا (عربوں کے خیال میں گدھ کی عمر پانچ سو سال ہوتی ہے)

❁ **لِكُلِّ عَمَلٍ ثَوَابٌ ولِكُلِّ كلامٍ جَوَابٌ:** ہر عمل کے لئے جزا ہے اور ہر کلام کا جواب۔

❁ **الأَعْمَالُ بِخَوَاتِمِهَا:** عملوں کا اعتبار ان کے انجام پر ہے۔ (یہ عربوں کے اس مقولہ کی مانند ہے: خیر الامور احمدها مَغَبَّةً بہترین کام وہ ہے جو قابل تعریف انجام کا حامل ہو)

❁ **إِيَّاكِ أَعْنِي وَاسْمَعِي يا جَارَةَ:** پڑوسن! میں تجھ سے ہی کہتا ہوں، میری بات سن لے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کہے کچھ اور مراد

کچھ اور ہو)

- **وِمِنَ العَنَاءِ رِيَاضَةُ الهَرِمِ:** عمر رسیدہ شخص کی ریاضت ایک زحمت ہے (یعنی عمر رسیدہ کی جسمانی حالت کے خلاف علاج ایک سخت اور کمزور عمل ہے)
- **عَادَ الأمرُ إلى نِصَابِهِ:** معاملہ اپنے اصل کی طرف لوٹ آیا (ایسے معاملہ کے بارے میں کہا جاتا ہے جو ان لوگوں کے سپرد کیا جائے جو اس کی قدرتی ودیعت کے حامل ہوں)
- **عَادَت لِعِترِهَا لَمِيسٌ:** لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی (عتر: اصل۔ لمیس: ایک عورت کا نام۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی بری عادت کی طرف لوٹ جائے جو وہ چھوڑ چکا ہو۔ "ل" یہاں الی کے معنی میں ہے)
- **عَوَّدتَ كُندَةَ عَادَةً فَاصبِرْ لَهَا:** تو نے کندہ کو ایک عادت ڈال دی ہے لہٰذا صبر کر (کندہ ایک عورت کا نام)
- **عُودِيْ إلى مَبَارِكِكِ:** اپنے ٹھکانوں کی طرف لوٹ جا (مَبرَك اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ جمع مبارک مثل کی اصل بھاگنے والے اونٹوں کے بارے میں ہے۔ مراد اپنے پہلے کاروبار کی طرف لوٹ جا)
- **العَودُ أحمَدُ:** لوٹنا زیادہ قابل تعریف ہے (ہوسکتا ہے کہ احمد حامد سے افعل التفضیل کا صیغہ ہو اس صورت میں معنی ہوتا ہے جب انسان اچھا کام شروع کرتا ہے تو وہ اپنی ذات کے لئے تعریف کماتا ہے، دوبارہ کرے تو وہ اپنے لئے زیادہ تعریف کمانے والا ہو جاتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ افعل مفعول کے معنی میں ہو، اس صورت میں مراد ہوگی اچھے کام کی ابتداء قابل تعریف ہوتی ہے اس کام کو دوبارہ کرنا تعریف کا زیادہ مستحق ہوتا ہے۔ اسی موضوع پر شاعر کا قول ہے:

وأحسَنَ عَمرُو فی الذی کان بیننا
وإنْ عَادَ بالاحسان فالعود احمد

(عمرو نے ہمارے باہمی معاملہ میں اچھا کام کیا، اگر وہ یہ اچھائی دوبارہ کرے گا تو یہ مزید قابل تعریف ہوگا)

- **لِكُلِّ عُودٍ عُصَارَةٌ:** ہر لکڑی کا ایک نچوڑ ہے۔ (عصارة: نچوڑ۔ رس۔ لکڑی میٹھی ہوگی تو اس کا رس میٹھا ہوگا اگر کڑوی تو رس بھی کڑوا ہوگا۔ یعنی ہر ظاہر کا ایک باطن ہوتا ہے)
- **مَا كُلُّ عَورَةٍ تُصَابُ:** (عورة طالب کے لئے مطلوب سے ظاہر ہونے والے کمزوری یعنی) دشمن سے ظاہر ہونے والی ہر کمزوری سے تم اپنی مراد حاصل نہیں کرسکتے۔
- **بِئسَ العِوَضُ مِنْ جَمَلٍ قَيدُهُ:** اونٹ کی جگہ اس کی رسی برا بدلہ ہے (اس کی اصل یہ ہے کہ ایک چرواہا اپنے مالک کا اونٹ بیچ کر اس کے پاس اونٹ کی رسی لایا تو اس نے یہ بات کہی)
- **مَنْ أعَانَكَ عَلَى الشَّرِّ ظَلَمَكَ:** جس نے برے کام میں تیری مدد کی اس نے تجھ پر ظلم کیا۔
- **أعِنْ أخَاكَ وَلَوْ بِالصَّوْتِ:** اپنے بھائی کی مدد کر چاہے آواز سے ہی ہو (مدد کرنے پر اکسانے پر کہا جاتا ہے)
- **أعِنِّي و خَلَاكَ ذَمٌ:** میری مدد کر، اور مذمت تجھ سے دور ہو جائے گی۔ طلب مداد کے باوجود مدد نہ کرنے کا عیب دور ہو جائے گا۔
- **مَا يُعْوِي وَلَا يُنْبِحُ:** نہ غرانے کا نہ بھونکنے کا (بیکار، نکما) کہا جاتا ہے نبح الکلبُ فلاناً و نَبَحَ علیه: کا معنی کتے کا کسی پر بھونکنا ہے۔ نباح متعدی ہو تو عوا کے معنی دیتا ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے مَا يُعْوِي وَلَا يُنْبِحُ یعنی حقارت کی وجہ سے اس سے حساب نہیں چکایا جاتا اور نہ ہی اس سے اچھی یا بری بات کہی جاتی ہے۔ ما یَعْوِی ولا یَنْبَحُ بھی اس معنی میں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ نہ خوشخبری دیتا ہے نہ ڈراتا ہے۔ کیونکہ کتے کا بھونکنا مہمان۔ کے آنے کی خوشخبری دیتا ہے اور بھیڑیے کا غرانا بکریوں پر حملہ کی خبر دیتا ہے۔ یعنی خبر کے حصول اور شر دور کرنے میں اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔
- **لَا فِي العِيرِ وَلَا فِي النَّفِيرِ:** نہ قافلہ میں نہ اس سے کم کے ٹولہ میں (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی اہم کام کے لئے موزوں نہ ہو اور بے سودگی کی وجہ سے بنظر حقارت دیکھا جائے۔ عیر: گدھوں یا اونٹوں کا قافلہ یا مطلق قافلہ۔ النفیر: دس سے کم لوگوں کا ٹولہ (اس کی اصل قریش کا قافلہ ہے جو شام سے ابوسفیان کے ساتھ آیا تھا۔ نفیر اس قافلہ کو مسلمانوں کے ہاتھوں سے بچانے کے لئے عتبہ بن ربیعہ کے لئے نکلا تھا۔ جس کی وجہ سے غزوہ بدر ہوا۔ قافلہ اور ٹولہ میں شرکت نہ کرنے والوں کے بارے میں یہ بات کہی گئی)
- **مَهْمَا تَعِشْ تَرَهُ:** جتنا عرصہ بھی تو زندہ رہے دیکھ لے گا (تَرَہ سکتہ کے لے ہے تری کا مفعول محذوف ہے۔ اصل یوں ہے مَادُمْتَ تعیش تری اشیاءً عجیبة: جب تک تو زندہ رہے گا عجیب وغریب واقعات دیکھے گا)
- **عِشْ تَرَ مالم تَرَ:** زندہ رہ وہ دیکھ جو تو نے نہیں دیکھا (یعنی جو لمبی عمر پائے گا وہ ایسے حوادث دیکھے گا جن میں نصیحت ہوگی)
- **عِشْ رَجَبًا تَرَ عَجَبًا:** رجب کے مہینے تک زندہ رہ حیرت ناک واقعات دیکھے گا (حرث بن عباد ثعلبی نے اپنی زبان دراز بیوی کو طلاق دے دی تھی۔ جس نے ایک شخص کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ کیا۔ یہ شخص ایک دن حرث سے ملا۔ حرث نے اسے اپنی مطلقہ کے نزدیک اپنی حیثیت سے آگاہ کیا اور کہا عش رجبا تر عجبا مطلقہ کی عدت کو رجب کے مہینے سے تشبیہ دی گئی ہے۔ جس میں کوئی جنگ نہیں ہوتی جب یہ مہینہ گزر جاتا ہے وحشتناک واقعات وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ حارث کی مراد یہ تھی کہ جب وہ اس عورت کے ساتھ رہے گا تو اس کی معاشرت بد کے حیران کن واقعات دیکھے گا)
- **عِشْ قَنِعًا تكن مَلِكًا:** قانع ہو کر زندگی گزار بادشاہ ہو جائے گا۔
- **العَيْشُ نُجْعَةٌ وَالحَرْبُ خُدْعَةٌ:** زندگی تو روزی کی تلاش کا نام

ہے اور جنگ دھوکے کا۔

- **أَنتَ مَرَّةً عَيْشٌ وَمَرَّةً جَيْشٌ:** تو کبھی زندگی ہے کبھی لشکر (یعنی کبھی نفع حاصل کرتا کبھی نقصان اٹھاتا ہے یا کبھی میرے ساتھ ہوتا ہے کبھی میرے خلاف۔ یہ معنی بھی ہیں۔ کبھی خوشحالی میں کبھی تنگ حالی میں ہوتا ہے۔ جیسے الیوم خمرٌ وغدًا امرٌ)
- **عَيْنٌ عَرَفَتْ فَذَرَفَتْ:** آنکھ نے پہچان لیا اور بھر آئی۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی معاملہ کو دیکھ کر اس کی حقیقت جان لے)
- **عَيْنُ الهَوَىٰ لاتصدُق:** خواہشات کی آنکھ سچی نہیں ہوتی۔
- **عَيْنُهُ فِرارُهُ:** اس کی آنکھ ہی دانت دیکھ لیتا ہے۔ (فَرَّ الدَابَّةَ فِرارًا جانور کے دانت دیکھنا تا کہ اس کی عمر معلوم ہو۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا ظاہر اس کے باطن کو ظاہر کرتا ہو اور یوں اس کو آزمانے کی ضرورت نہ رہے)
- **عَيْنُكَ عَبْرَىٰ والفُؤادُ فِي دَدٍ:** تیری آنکھ رونے والی ہے اور دل لہو ولعب میں ہے۔ (عينٌ عَبْرَىٰ: رونے والی آنکھ۔ دد: لہو ولعب۔ دد کا لام کلمہ (دد کا لام لمہ و محذف ہے) واو محذوف ہے جیسے غد کا لام کلمہ محذوف ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو تیرے غم پر غم کا اظہار کرے اور اس کے دل میں خوشی پھوٹ رہی ہو۔ ہمارے ہاں مگرمچھ کے آنسو اس مفہوم کو ادا کرتا ہے۔
- **رُبَّ عَيْنٍ أَنَمُّ من لِسَانٍ:** بہت سی آنکھیں زبان سے زیادہ چغل خور ہوتی ہیں۔ (اس معنی میں یہ قول ہے۔ لسان الحال ابین من لسان المقال (لسان حال لسان قول سے زیادہ واضح ہوتی ہے)
- **بِعَيْنٍ تَرَانِي يَاجَمِيْلُ أَرَاكَ:** جمیل! جس آنکھ سے تو مجھے دیکھتا ہے میں بھی تجھے اسی آنکھ سے دیکھتا ہوں۔
- **لَيْسَ لِعَيْنٍ مَارَأَتْ:** کسی آنکھ کے لئے وہ چیز نہیں ہوتی جسے وہ دیکھے۔
- **العِيَانُ لَا يَحْتَاجُ إِلَى البيان:** اپنی آنکھوں سے دیکھنے کو بیان کی ضرورت نہیں۔ (عیاں راچہ بیاں)
- **عَيٌّ صَامِتٌ خَيْرٌ مِنْ عَيٍّ نَاطِقٍ:** خاموش عاجز بولنے والے عاجز سے بہتر ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اچھی طرح بات نہ کر سکے اور خاموشی کے فائدے اٹھائے)
- **اَوَّلُ العِيِّ الاحتلاط:** پہلی عاجزی غضب میں آنا ہے۔ (احتلاط: غضب۔ معنی یہ ہے کہ جب کوئی شخص اپنے حریف کو ناقابل تردید دلیل سے پیچھے ہٹانے سے قاصر ہے تو غصہ ظاہر کرتا ہے تا کہ اس کے ذریعے حریف سے جان چھڑا سکے۔
- **أَعْيَا مِن بَاقِلٍ:** باقل سے زیادہ عاجز۔ باقل قبیلہ ربیعہ کے ایک شخص کا نام تھا۔ اس کی عاجزی کا یہ حال تھا کہ اس نے ایک ہرن گیارہ درہموں میں خریدا جب وہ کچھ لوگوں کے پاس سے گزر رہا تھا تو انہوں نے پوچھا ہرن کتنے میں خریدا ہے۔ باقل نے اپنے ہاتھ پھیلائے زبان نکال کے گیارہ کہے۔ ہرن جو اس کی بغل کے نیچے تھا بھاگ گیا)

غ

- **غَثُّكَ خَيْرٌ مِنْ سَمِيْنِ غَيْرِكَ:** تمہارا لاغر غیر کے فربے سے بہتر ہے۔ (یعنی اپنے لاغر پر قناعت کرو لوگوں کے پاس کسی چیز کی طمع نہ کرو خواہ فربہ ہو)
- **غَدَرَكَ مَنْ دَلَّكَ عَلَى الإِسَاءَةِ:** جس نے برائی کی طرف تمہاری رہنمائی کی اس نے تمہیں دھوکا دیا۔
- **أَغْدَرُ مِنْ غَدِيرٍ:** تالاب سے زیادہ دھوکے باز (کیونکہ تالاب کچھ عرصہ بعد خشک ہو جاتا ہے اور زمین پانی جذب کر لیتی ہے)
- **إِنَّ غَدًا لِنَاظِرِهِ قَرِيْبٌ:** آنے والی کل اس کا انتظار کرنے والے کے لئے قریب ہے۔ (سب سے پہلے یہ بات قراد بن اجدع نے نعمان بن منذر سے کہی تھی۔ یہ پورا شعر یوں ہے:

  فَإِنْ يَكُ صدرُ هَذَا اليوم وَلَّى
  فَإِنَّ غَدًا لِنَاظِرِهِ قريبُ

  (اگر آج کے دن کے آغاز نے منہ پھیر لیا ہے، تو کوئی بات نہیں کل کے منتظر کے لئے آنے والا کل قریب ہے)
- **عَسَى غَدٌ لِغَيْرِكَ:** ممکن ہے آنے والا کل تیرے غیر کے لئے ہو (یعنی کسی دوسرے شخص کے لئے ہو لہٰذا آج کا کام کل تک ملتوی نہ کر، شاید وہ تجھے کل کو نہ مل سکے)
- **لِكُلِّ غَدٍ طَعَامٌ:** ہر آئندہ کل کے لئے کھانا ہے۔ (اللہ کے فضل پر توکل کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **أَغَرُّ مِنْ سَرَابٍ:** سراب سے زیادہ دغا دینے والا (کیونکہ پیاسا اسے پانی سمجھتا ہے)
- **أَغَرُّ مِنَ الأَمَانِي:** آرزوؤں سے زیادہ فریب دہ۔
- **أَغَرُّ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ:** چاندنی میں پھرنے والے ہرن سے زیادہ فریب خوردہ۔ (کیونکہ چاندنی رات میں ہرن چندھیا جاتا ہے اور جلد شکار ہو جاتا ہے)
- **وَكُلُّ غَرِيْبٍ لِلْغَرِيْبِ نسيب:** مسافر مسافر کا قریبی ہوتا ہے۔
- **مَنْ غَرْبَلَ النَّاسَ نَخَلُوهُ:** جو لوگوں کو چھانے گا لوگ اس کو چھان کر بھوسی نکال دیں گے (یعنی جو لوگوں کو گالیاں دے گا لوگ اس کو اس سے بھی زیادہ گندی گالیاں دیں گے)
- **غَرْثَانُ فَارْبُكُوا لَهُ:** بھوکا ہے اس کے لئے کھانا تیار کرو۔ (غرثان: بھوکا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس سے آپ بات کریں مگر وہ ایسی حالت میں ہو جو تمہاری طرف سے توجہ ہٹا دے۔ اس کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص سفر سے آیا تو بھوکا تھا۔ اسے اس کے گھر لڑکا پیدا ہونے کی مبارکباد دی گئی۔ اس پر اس نے کہا: اس کا کیا کروں، اسے کھاؤں یا پیوؤں؟ یہ سن کر اس کی بیوی بولی: بھوکا ہے اس کے لئے کھانا تیار کرو۔ رَبْكٌ: مرکب کرنا، گوندھنا۔ رَبِيْكَةٌ: کھانے کی ایک قسم۔ اس شخص

نے کھانا کھانے کے بعد پوچھا طلا اور اس کی ماں کا کیا حال ہے؟ طلا ہرن کے بچے کو کہتے ہیں۔ اس نے استعارۃ اپنے بچے کو کہا تھا)

- **أَوَّلُ الغَزْوِ أَخْرَق:** پہلا حملہ غیر معمولی ہوتا ہے (تجربات کی کمی کے لئے کہا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ پختگی مشق اور تجربہ سے آتی ہے)
- **أَغْشَمُ مِنَ السَّيْلِ:** سیلاب سے زیادہ ظالم۔
- **مَنْ غَضِبَ مِنْ لَاشَيْءٍ رَضِيَ مِنْ لَاشَيْءٍ:** جو شخص نا قابل ذکر چیز سے غضبناک ہوگا وہ نا قابل ذکر چیز سے راضی بھی ہو جائے گا۔
- **غَضَبَ الخيل عَلَى اللُّجُمُ:** گھوڑوں کا غصہ لگاموں پہ ہوتا ہے۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بے فائدہ غصہ کرے۔ غضب کا نصب مصدر ہونے کی وجہ سے ہے)
- **غَلَّ يَدًا مُطْلِقُهَا:** ہاتھ کو آزاد کرنے والے نے اس میں بیڑیاں ڈال دیں۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی پر احسان کر کے اسے غلام بنا لے)
- **اذالم تَغْلِبْ فَاخْلِبْ:** غالب نہ آ سکے تو دل موہ لے۔ (غلبہ وتفوق کے ذریعہ اپنی ضرورت حالت حاصل نہ کر سکے تو نرمی اور خوش خلقی سے کام لے)
- **مَنْ غَالَبَ الأَيَّامَ غُلِبَ:** جو زمانہ سے لڑے گا مغلوب ہو جائے گا۔
- **يَغْلِبْنَ الكِرَامَ وَيَغْلِبُهُنَّ اللِّئَامُ:** عورتیں تو شریفوں پر غالب آتی ہیں اور کمینے مردان پر غالب ہو جاتے ہیں۔
- **الغَمَرَاتُ ثُمَّ يَنْجَلِيْنَ:** اب سختیاں ہیں پھر یہ گزر جائیں گی (غمرات: سختیاں: یعنی: سختیوں میں صبر و استقامت سے کام لو، عن قریب دور ہو جائیں گی)
- **غَنِمَ مَنْ سَلِمَ:** جو بچ گیا اس نے مال غنیمت حاصل کر لیا۔
- **أَغْنَى الصَّبَاحُ عَنِ المِصْبَاحِ:** صبح نے چراغ سے بے نیاز کر دیا۔
- **أَغْنَى عن الشئ من الأَقْرَعِ عَنِ المُشْطِ:** کسی چیز سے اس سے بھی زیادہ بے نیاز جتنا گنجا کنگھی سے۔
- **وَهَلْ يُغْنِي مِنَ الحدثان لَيْتُ:** کیا "کاش" کہنا حوادث سے بے نیاز کر سکتا ہے؟
- **مَنْ لَمْ يُغْنِهِ مايَكْفِيهِ أَعْجَزَهُ مَا يُغْنِيهِ:** جس شخص کو کافی چیز بھی بے نیاز نہ کر سکے اس کو بے نیاز کر دینے والی چیز عاجز کر دے گی (قناعت کی تعریف کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **غِنَى النَّفْسِ أَفْضَلُ مِنْ غِنَى المَالِ:** نفس کی بے نیازی دولت کی بے نیازی سے بڑھ کر ہے۔ (یا نفس کی دولت کمائی کی دولت سے زیادہ قابل ترجیح ہے)
- **إِنَّ الغَنِيَّ طَوِيْلُ الذيل مَيَّاسُ:** دولت مند دامن دراز اور ناز سے چلنے والا ہوتا ہے۔ (یعنی مالدار اپنی مالداری کو چھپا نہیں سکتا)
- **مَنْ غَابَ غَابَ نَصِيبُهُ:** جو غائب ہوا اس کا حصہ بھی غائب ہوا (اکثر لوگ غیر حاضر کو بھلا کر اس کی جگہ حاضر سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ بعض اس کے برخلاف کہتے ہیں۔ أَقْصَى رَفِيقَيْهِ له كَالأَقْرَب (اس کے دو رفیقوں میں سے دور ترین اس کے لئے قریب ترین کی طرح ہے)
- **الغِيْبَةُ جُهْدُ العَاجِز:** پیٹھ پیچھے برائی عاجز کی طاقت ہے۔
- **كَالمُسْتَغِيثِ مِنَ الرَّمْضَاء بالنار:** گرمی کی شدت سے آگ کی مدد کے خواہاں کی طرح (رَمْضَاء سورج کی گرمی کی شدت) ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو معمولی مصیبت سے بچنے کے لئے بڑی مصیبت مول لے)
- **أَغَيْرَةً وَجُبْنًا:** کیا غیرت بھی اور بزدلی بھی (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس میں دو برائیاں اکٹھی ہوں۔ اس مثل کی اصل یہ ہے کہ ایک شخص دشمن سے لڑائی سے دور رہا اور اپنی قوم کو لڑتے چھوڑ کر چلا گیا۔ پھر اس نے اپنی بیوی کو لڑائی دیکھتے ہوئے دیکھ کر مارا پیٹا۔ اس پر بیوی نے کہا: کیا غیرت بھی ہے اور بزدلی بھی۔
- **غَيْضٌ مِنْ فَيْضٍ:** بہت میں سے تھوڑا (غیض: کمی، فیض: بہت یعنی بہت میں سے تھوڑا۔ یہ عربوں کے اس قول کی طرح ہے: بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ جس کے معنی بھی بہت میں سے تھوڑا ہے)
- **عِنْدَ الغَايَةِ يُعْرَفُ السبقُ:** انتہا کے وقت سبقت معلوم ہوتی ہے۔ (یعنی سبقت اچھی ابتداء میں نہیں بلکہ اچھی انتہا میں ہوتی ہے)

ف

- **فَتَلَ فی الذُّرْوَةِ وَالغَارِب:** اس نے کوہان کے بالائی اور اگلے حصے کو ملا کر بل دے دیا۔ (ذُرْوَة: کوہان یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ غارب کوہان کا اگلا حصہ: اس کی اصل یہ ہے کہ اونٹ سے چھپا کر اونٹ کی ناک میں نکیل ڈال دی جائے تاکہ وہ مانع نہ ہو، یوں کوہان کے بالائی حصوں کو ملا کر بل دینا کہ اونٹ مانوس ہو جائے اور نکیل ڈال دی جائے۔ خطام: اونٹ کی نکیل۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی کو قابو کرنے تک دھوکا دیتا رہے)
- **فَتًى ولا كَمَالِكَ:** جوان مگر مالک جیسا نہیں۔ (مالک بن نویرہ بن حمزہ مضر بن نزار کے قبیلے کے ایک شخص کا نام ہے جسے خالد بن ولید نے قتل کیا تھا۔ اس کے بھائی متمم کو جسے اس سے بڑی محبت تھی، عرصہ تک اس پر شدید رنج وغم رہا۔ جب لوگ تعزیت کرتے اور ان جوانوں کا بھی ذکر کرتے جو قتل ہوئے تاکہ اس کی تسلی ہو تو متمم کہا کرتا: ایک جوان تو تھا مگر میرے بھائی مالک جیسا نہیں۔ کسی کی فضیلت اور دوسرے کی اس پر ترجیح کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
- **أَیُّ فَتًى قَتَلَهُ الدخانُ:** کون سا جوان ہے جسے دھوئیں نے مار ڈالا تھا۔ (یہ ایک عورت نے ایک جوان پر نوحہ کرتے ہوئے کہا تھا جو دھوئیں سے مر گیا تھا۔ اس پر اس عورت سے کہا گیا اگر وہ جوان داؤ پیچ جاننے والا ہوتا تو دھوئیں سے دور ہو جاتا۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو داؤ پیچ نہ جانتا ہو)

- **كُلُّ فَتَاةٍ بِأَبِيهَا مُعْجَبَةٌ:** ہر دوشیزہ اپنے باپ پر فخر کرتی ہے (کسی شخص کے اپنے لوگوں اور قریب رشتہ داروں پر استعجاب کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **رُبَّ فَرْحَةٍ تَعُودُ تَرْحَةً:** بہت سی خوشیاں رنج بن جاتی ہیں۔
- **لَيْسَ الفَرَسُ بِجُلِّهِ:** گھوڑا اپنے جھول کی وجہ سے نہیں (یعنی گھوڑے کی قیمت اس کے جھول کی وجہ سے نہیں۔
- **هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ:** وہ دونوں ریس کے گھوڑوں کی طرح ہیں (ایسے دو شخصوں کے لئے کہا جاتا ہے جو قابل تعریف کاموں میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہوں)
- **مَا كُلَّ فُرْصَةٍ تُنَالُ:** ہر فرصت دوبارہ نہیں ملا کرتی۔ (یعنی موقعے بار بار نہیں آتے)
- **أَفْرَطَ فَأَسْقَطَ:** وہ بہت بولا (اس نے مبالغہ آرائی کی) اس لئے لغزش کھائی۔
- **تَفَرَّقَ القَوْمُ ايدىَ سَبَاو أيادِيَ سَبَا:** لوگ پراگندہ ہوگئے اور ایسے پراگندہ ہوئے کہ اس کے بعد ایک جا نہ ہو سکے۔ (کیونکہ اللہ نے اس زمین پر سیلاب بھیجا جس نے اس زمین کو غرق کر دیا اس کے باغات اجاڑ دیئے۔ یمن کے اکثر قبائل کے مورث اعلیٰ سبا (یا سبا اور اس کی قوم ترک وطن کر کے وہاں سے چلی گئی اور ملک میں پھیل گئے کوئی کہاں کوئی کہاں۔ چنانچہ ضرب المثل بن گئے۔ بعض کے نزدیک ایدی سبا و ایادی سبا سے مراد سبا کا لشکر ہے کیونکہ وہ اس کے ذریعے نقب زنی کرتا اور حملوں میں اپنی کارروائیوں کے لئے اس سے کام لیا کرتا تھا یہ حال کی وجہ سے منصوب ہے)
- **مَنْ فَسَدَتْ بِطانَتُهُ كانَ كَمَنْ غَصَّ بِالْمَاءِ:** جس کے گھر والے ہی بگڑ جائیں وہ اس آدمی کی طرح ہوتا ہے جسے پانی سے اچھولگ جائے (بطانۃ الرجل: کس شخص کے گھر والے یعنی جب گھر والے یہ بگڑ جائیں تو اس کی حالت کے لئے کوئی دوا کام نہیں کرتی کیونکہ جسے کھانے سے اچھولگ جائے وہ پانی سے رجوع کرتا ہے، لیکن اگر پانی سے ہی اچھولگ جائے تو اس کے کوئی تدبیر نہیں۔
- **أَفْسَدُ مِنَ السُّوسِ:** گھن سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا۔
- **أَفْسَدُ مِنَ الجَرَادِ:** ٹڈی سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا۔
- **أَفْسَدُ مِن أَرْضَةَ:** دیمک سے زیدہ فساد پیدا کرنے والا۔
- **فَسَا بَيْنَهُمُ الظَرِبَّانِ:** ظربان نے ان ہے کے درمیان گوز مار دیا۔ (ضربان: کتے کے پلے سے تھوڑا بڑا، بدبودار اور بہت گوز مارنے والا جانور۔ کہتے ہیں کہ وہ گوہ کے بل پر آ کر گوز مارے تو گوہ نکل کر اسے کھا جاتا ہے۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ جانور جب اونٹوں کے درمیان گوز مارے تو اونٹ منتشر ہو جاتے ہیں۔ اور چرواہے کو انہیں واپس لانے میں بڑی محنت کرنی پڑتی ہے۔ ان لوگوں کے بارے میں کہا جاتا ہے جنہیں زمانہ کے حوادث متفرق اور منتشر کر دیں۔

- **أَفْصَحُ مِن سحبان وائل:** سحبان وائل سے زیادہ فصیح۔
- **فَضْلُ الفِعْلِ على القول مَكْرُمَةٌ:** عمل کی قول پر برتری عظیم الشان کام ہے۔ جو کہنے سے زیادہ کر کے دکھائے تو یہ لوگوں کی نگاہ میں عالی ظرفی ہے۔
- **فَضْلُ القَوْلِ عَلى الفِعْلِ دَنَائَةٌ:** قول کی عمل پر برتری کمینہ پن ہے۔ (یعنی جو شخص اپنے گنوں سے بڑھ کر اپنی تعریف کرے وہ کمینہ ہوتا ہے)۔
- **الفَضْلُ لِلْمُتَدِئِى وإنْ أَحْسَنَ المُقْتَدِى:** فضیلت ابتدا کرنے والے کی ہے خواہ پیروی کرنے والا اس سے زیادہ اچھا کام کر کے دکھائے۔
- **أَفْضَلُ المَعْرُوفِ إغاثة المَلْهُوفِ:** بہترین نیکی مصیبت زدہ کی امداد کو پہنچنا ہے۔
- **لاأَفْعَلُ كَذَا مَا أَنَّ السَمَاءَ سَمَاءٌ و لاأفْعَلُهُ مَا أَنَّ فِي السَمَاء نجمًا:** میں ایسا نہیں کروں گا جب تک کہ آسمان آسمان ہے۔ یا میں یہ کام نہیں کروں گا جب تک کہ آسمان میں کوئی ستارہ ہے (یعنی کبھی نہیں کروں گا)
- **فَكُنْتُ كفَافِىءِ عَيْنَيْهِ عَمْدًا:** میں اس شخص کی طرح ہو گیا جس نے اپنی آنکھیں عمداً پھوڑ ڈالی ہوں (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی جان کو خطرہ میں ڈالے۔ فرزدق نے نوار کو طلاق دی پھر پشیمان ہوا اور کہا:

فكنتُ كَفَافِىءِ عَيْنَيْهِ عمدًا
فأصبح لا يضىءُ له النهارُ

(میں عمداً اپنی آنکھیں پھوڑنے والے کی طرح ہو گیا، جس کے لئے دن روشن نہ ہوتا ہو)

- **خَيْرُ الفِقْهِ ما حَاضَرْتَ بِهِ:** بہترین علم وہ ہے ضرورت کے وقت جواب دے سکے۔
- **لاتُفَكِّرْ فَلَهَا مُدَبِّرٌ:** نہ سوچ، اس کی تدبیر کرنے والا ہے۔
- **لايَفُلُّ الحَدِيدَ إلاَّ الحديدُ:** لوہے کو لوہا ہی توڑتا ہے۔
- **فَمٌ يُسَبِّحُ ويَدٌ تُذَبِّحُ:** منہ تسبیح پڑھ رہا ہے اور ہاتھ قتل کر رہا ہے۔ (بغل میں چھری منہ میں رام رام)
- **فِيْ فَمِيْ ماءٌ وهل ينطق من فِى فِيْهِ ماءٌ:** میرے منہ میں پانی ہے اور کیا وہ شخص بولتا ہے جس کے منہ میں پانی ہو؟
- **يَفْنَى مَافِى القُدُور ويَبْقَى مَافِي الصدُور:** جو ہانڈیوں میں ہو وہ فنا ہو جاتا ہے او جو سینوں میں ہو وہ باقی رہتا ہے۔
- **لَمْ يَفُتْ مَنْ لَمْ يَمُتْ:** جو مرا نہیں وہ فوت نہیں ہوا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس سے جلد بدلہ لینے کا موقع نہ ملے اور مستقبل میں اس سے بدلہ لینے کی امید ہو)
- **الفَائِتُ لا يُسْتَدْرَكُ:** فوت شدہ پھر نہیں مل سکتا (یعنی جو گیا سو گیا۔

اس معنی میں ایک شعر ہے:

فأَصبحتُ لا أَستَطِيعُ رَدًّا لِمَا مَضَى
كَمَا لا يُرَدُّ الدَّرُّ فِي الضرعِ حالِبُهُ

گزرے ہوئے کو لوٹانا میرے بس میں نہیں جیسے دودھ دوہنے والا دوہے ہوئے دودھ کو تھنوں میں نہیں لوٹا سکتا۔

❁ **أَفْوَتُ من أَمْسِ:** گزشتہ کل سے زیادہ فوت شدہ۔

❁ **مُفَوِّزٌ عَلَّقَ شَنًّا بَالِيًا:** بیابان طے کرنے والے نے بوسیدہ مشکیزہ لٹکا دیا ہے۔ (**فَوَّزَ الرجُلُ** کا معنی ہے مرد کا بیابان طے کرنے کے لئے چلنا۔ **شَنّ:** مشکیزہ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ساز و سامان کے بغیر بڑے بڑے کام کرنے کا آغاز کرے)

❁ **أَفِقْ قَبلَ أن يُحْفَرَ ثَرَاكَ:** اس سے پہلے کہ تیری قبر کھودی جائے، ہوش میں آجا (یعنی اس سے پہلے کہ تیری رسوائیاں تجھے پریشان کرنے لگیں، انہیں مدفون رکھنے کا انتظام کرلے۔

❁ **أَفْوَاهُهَا مَجَاسُّهَا:** ان کے منہ ان کے چھونے کے آلات ہیں (اس معاملہ کے لئے کہا جاتا ہے جس کا ظاہر اس کے باطن کو ظاہر کردے۔ اونٹ جب خوب کھا چکتے ہیں تو ان کی صحت معلوم کرنے اور چھونے کے بارے میں ان کی صلاحیت پر اکتفاء کرلیا جاتا ہے)۔

ق

❁ **قُبَّةُ نَجْرَان:** نجران کا گنبد (ایک عظیم گنبد تھا، کہا جاتا ہے کہ یہ ایک ہزار مردوں پر سایہ کرتا تھا وہاں پناہ لینے والے کو پناہ ملتی تھی خوف زدہ کو امن، بھوکے کو شکم سیر کھانا اور حاجتمند کی حاجت پوری ہوتی تھی، اور ان سب باتوں میں ضرب المثل تھا۔ نجران شہر میں یہ گنبد ایک دریا کے کنارے واقع تھا۔ عرب اسے نجران کا کعبہ بھی کہتے تھے اور کعبہ کی طرح اس کی زیارت کو آیا کرتے تھے:

❁ **كَالْقَابِسِ العَجْلَانِ:** جلد باز آگ لینے والے کی طرح (قبس کا معنی آگ لینا ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی ضرورت پوری کرنے میں جلدی کرے)۔

❁ **كَالْقَابِضِ عَلَى المَاءِ:** (پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے کی طرح (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ایسی چیز طلب کرے جو حاصل نہ ہوسکے)

❁ **إِنَّهُ لَقُبَضَةٌ رُفَضَةٌ:** وہ تو (کسی چیز کو) جلدی پکڑنے اور جلدی چھوڑ دینے والا ہے اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑ لے اور پھر اسے چھوڑنے اور مسترد کرنے میں دیر نہ لگائے)

❁ **قَتَلَتْ أَرْضٌ جَاهِلَهَا:** زمین نے اپنے سے بے خبر کو مار ڈالا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ایسے کام کو ہاتھ میں لے جس کا اسے کچھ پتہ نہ ہو)

❁ **القَتْلُ أَنفَى لِلقَتلِ:** قتل قتل کو روکنے والا بھی ہوتا ہے۔ (یہ عرب کے اس قول جیسا ہے: **قتلُ البعضِ إحياءٌ لِلْجَمِيعِ** (کسی کے قتل سے سب کو زندگی بھی ملتی ہے یا اس قرآنی آیت جیسا ہے، **ولكُمْ فِي القصاصِ حياةٌ** (اور تمہارے لئے بدلہ میں زندگی ہے)

❁ **مَقْتَلُ الرجُلِ بَيْنَ فَكَّيْهِ:** آدمی کی قتل گاہ اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے (یعنی بعض اوقات ایسی باتیں کرنا جو نہیں کرنی چاہئیں قتل کا باعث بن جاتی ہیں)۔

❁ **قُدَّتْ سُيُورُهُ مِنْ أَدِيمِكَ:** اس کے تسمے تیری کھال سے کاٹے گئے ہیں (ایسی دو چیزوں کے لئے کہا جاتا ہے جو ایک جیسی ہوں)

❁ **مَنْ يَقْدِرُ عَلَى رَدِّ أَمْسِ او تَطْيِينِ عَيْنِ الشَّمْسِ:** کون ہے جو کل کو لوٹا سکے یا چشمہ آفتاب پر مٹی کا لیپ کرسکے؟

❁ **إِنَّ المَقْدِرَةَ تُذْهِبُ الحَفِيظَةَ:** صلاحیت غضب کو زائل کردیتی ہے۔ (**حفيظة:** غضب، قریش کے ایک بڑے شخص کو اپنے دشمن کی تلاش تھی، جب اس نے دشمن پر غلبہ پالیا تو اس نے کہا: اگر صلاحیت سے غضب کو زائل کرنا ممکن نہ ہوتا تو میں تجھ سے انتقام لیتا۔ یہ کہہ کر اس نے دشمن کو چھوڑ دیا۔ اس طرح اس قریشی کا یہ قول ضرب المثل بن گیا۔ اس قول کا مطلب یہ ہے کہ کسی کام کے کرنے کی صلاحیت غضب کو زائل کردیتی ہے)

❁ **إِذَا قَدُمَ الإِخَاءُ سَمُجَ الثَّنَاءُ:** جب بھائی چارہ پرانا ہوجاتا ہے تو تعریف نفرت انگیز ہوجاتی ہے۔

❁ **يُقَدِّمُ رِجْلًا ويُؤَخِّرُ أُخْرَى:** وہ ایک قدم آگے بڑھاتا ہے اور دوسرا پیچھے ہٹاتا ہے (اپنے معاملات میں تردد کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ **لَيْسَ القَوَادِمُ كَالْخَوَافِي:** بازوؤں کے بڑے پر چھوٹے پروں کی طرح نہیں ہوتے۔ (**قَوَادِم یا قُدَامَى:** بازوؤں کے اگلے حصے کے پر، **خَوَافِي:** بازو کے چھوٹے پر۔ لوگوں میں [illegible] کی وجہ سے ان میں سے کچھ کی دوسروں پر ترجیح کے بارے میں ہوتا ہے)

❁ **لِكُلِّ قَدِيمٍ حُرْمَةٌ:** ہر پرانی چیز کی عزت ہے (**حرمة:** حرمت، قدر و منزلت یا واجب الادا حقوق یا [illegible]

❁ **لَيْسَ لِمَا قَرَّتْ بِهِ العَيْنُ ثَمَنٌ:** جس چیز سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں اس کی کوئی قیمت نہیں۔

❁ **أَقْرَبُ مِنْ حَبْلِ الوَرِيدِ:** شہ رگ سے زیادہ قریب (**ورید یا حبل الورید:** گردن کی شہ رگ)

❁ **لا قُرْبَةَ كَحُسْنِ الخُلُق:** خوش خلقی سے بہتر کوئی تقرب کا ذریعہ نہیں۔ (**قربة:** اللہ تعالیٰ یا لوگوں سے قریب ہونے کا ذریعہ)

❁ **إِذَا قَرِحَ الجَنَانُ بَكَتِ العَيْنَانِ:** دل زخمی ہو تو آنکھیں روتی ہیں (یہ اس قول کے مفہوم کے قریب ہے۔ **البُغْضُ تُبْدِيهِ لَكَ العَيْنَانِ** (آنکھیں بغض تجھ پر ظاہر کردیتی ہیں)۔

❁ **إِذَا مَا القَارِظُ العَنَزِيُّ آبَ:** جب [illegible] درخت کے پتے چننے والا

واپس آجائے۔ (بیان کیا جاتا ہے کہ عنزی رھم بن عامر سلم درخت کے پتے تلاش کرنے کیلئے نکلا پھر واپس نہ آیا اور اس کی کوئی خبر معلوم نہ ہوئی۔ اس طرح طویل غیر حاضری کے بارے میں ضرب المثل بن گئی نیز ایسے غائب ہونے کے لئے بھی کہا جاتا ہے جس کی واپسی کی امید نہ ہو۔ یہ شعر کا دوسرا مصرع ہے پہلا مصرع یوں ہے: فَرَجِّي الخَيرَ وانتَظِرِيْ أيابي (تو خیر کی امید رکھ اور میری واپسی کا انتظار کر)

- فُلانٌ لاتُقْرَعُ لَهُ العَصَا: فلاں کے لئے عصا نہیں کھٹکھٹایا جاتا (عامر بن ظرب عدوانی کی بڑھاپے میں عقل کمزور ہوگئی تو اس نے اپنی بیٹی سے کہا کہ جب فیصلہ کرتے ہوئے تو میری عقل کی کسی چیز کو نہ مانے تو عصا سے ڈھال کو کھٹکھٹا دیا کرنا تا کہ میں محتاط ہو جایا کروں۔ چنانچہ بیٹی ایسا ہی کیا کرتی تھی، دانا، تجربہ کار اور جہاندیدہ شخص کے لئے کہا جاتا ہے)
- قَرِينُكَ سَهْمُكَ يُخْطِئُ ويُصِيبُ: تیرا ساتھی تیرا تیر ہے جو کبھی خطا کرتا اور کبھی نشانہ پر لگ جاتا ہے (دوستوں کی غلطیوں سے چشم پوشی کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- أقْسَى مِن صَخرٍ: چٹان سے زیادہ سنگدل
- قَشَرْتُ لَهُ العَصَا: میں نے اس کے لئے عصا چھیلا۔ (اطلاع دینے کے وقت کہا جاتا ہے)
- أقْصَرَ لَمَّا أبْصَرَ: جب اس نے دیکھا تو باز آ گیا (یعنی برے انجام کو دیکھ کر کسی چیز سے احتراز کیا۔ گناہ سے علیحدگی اختیار کرنے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔ اقصار کا معنی کسی چیز سے رک جانا جس کو وہ کر سکتا ہو ہے)
- ما أقْصَرَ الليل على الراقد: سونے والے پر رات کتنی چھوٹی ہوتی ہے۔
- كُلُّ مُقْتَصَرٍ عَلَيْهِ كَافٍ: ہر چیز جس پر اکتفاء کر لیا جائے کافی ہوتی ہے۔
- لِكُلِّ قَضَاءٍ جَالِبٌ وَلِكُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ: ہر حکم کا کوئی نہ کوئی لے آنے والے ہوتا ہے اور ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا۔
- قَطَعَتْ جَهِيزَةُ قَوْلَ كُلِّ خَطِيبٍ: جہیزہ نے ہر مقرر کی بات کاٹ دی۔ (اس کی اصل یہ ہے کہ دو قبیلوں کے مابین صلح کے بارے میں لوگ اکٹھے ہو کر تقریریں کر رہے تھے۔ ایک قبیلہ کے ایک شخص نے دوسرے قبیلہ کے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا اور درخواست کر رہے تھے کہ مقتول کے گھر والے خون بہا پر راضی ہو جائیں۔ اس موقع پر جہیزہ نامی لونڈی نے آ کر بتایا کہ مقتول کے وارثوں میں سے کسی نے قاتل پر قابو پا کر اسے قتل کر دیا ہے۔ اس وقت لوگوں نے یہ بات کہی تھی۔ یعنی قطعت جهيزة قول كل خطيب۔ اس قول کا مفہوم یہ ہے کہ اب گفتگو کی گنجائش نہیں رہی)
- إذَا قَطَعْنَا عَلَمًا بَدَا عَلَمٌ: جب ہم ایک پہاڑ کو طے کرتے ہیں تو ایک اور پہاڑ نمودار ہو جاتا ہے۔ (یہاں عَلَم سے پہاڑ مراد ہے۔ یعنی جب ہم کسی تھکا دینے کام سے فارغ ہو جاتے ہیں تو اس جیسا ایک اور کام پیش آجاتا ہے)
- تُقَطِّعُ أعْنَاقَ الرِّجَالِ المَطَامِعُ: طمعین مردوں کی گردنیں کاٹ دیتی ہیں (لالچ اور حرص کی مذمت کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- مَنْ قَلَّ ذَلَّ وَمَنْ أمِرَ فَلَّ: جو شخص کم ہوا ذلیل ہوگیا اور جو حاکم ہوا اس نے توڑ ڈالا (مراد جس کے مددگار کم ہوں وہ مغلوب ہو جاتا ہے اور جس کے مددگار زیادہ ہوں وہ اپنے دشمنوں کی تلواریں کند کر دیتا ہے اور توڑ ڈالتا ہے)
- لا قَلِيلٌ من العَدَاوَةِ وَالإحَنِ والمَرَضِ: تھوڑی سی دشمنی گہرا کینہ اور بیماری بھی کم نہیں۔
- قَلَبَ لَهُ ظَهْرَ المِجَنِّ: اس نے اسے ڈھال کی پشت دکھائی (یعنی وہ اس کا مخالف ہوگیا۔ مِجَنّ: ڈھال اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنے ساتھی سے محبت کرتا ہو اس کا خیال رکھتا ہو پھر اس کا ساتھ چھوڑ دے)
- القَلْبُ مِصْحَفُ البَصَر: دل بینائی کی کتاب ہے۔
- مِنَ القَلْبِ إلَى القَلْبِ: دل سے دل کی طرف (دل سے دل کو راہ ہے)
- فِي بَعْضِ القُلُوبِ عُيُونٌ: بعض دلوں میں آنکھیں ہوتی ہیں)
- القُلُوبُ تُجَازِي القُلُوبَ: دل ہی دلوں کو بدلہ دیتے ہیں۔
- اِقْلَعْ شَوْكَكَ بِيَدِكَ: اپنا کانٹا اپنے ہاتھ سے نکال۔
- فِي القَمَرِ ضِيَاءٌ والشَّمْسُ أضْوَأُ منه: چاند میں روشنی ہے، لیکن سورج چاند سے بھی زیادہ روشن ہے۔ (کسی چیز کو اس جیسی پر ترجیح کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- لاتَقْتَنِ مِنْ كَلْبِ سُوْءٍ جَرْوًا: برے کتے سے پلا حاصل نہ کر۔
- كُلُّ قَائِبٍ مِنْ قُوْبَةٍ: ہر چوزہ انڈے سے نکلتا ہے۔ (قائب: چوزہ، قوبة: انڈا۔ (یعنی ہر شاخ اپنی اصل سے ہی ظاہر ہوتی ہے)
- مَنْ قَالَ مالا ينبغى سَمِعَ مَالاَ يَشْتَهِيْ: جو شخص نامناسب بات کہے گا وہ نامرغوب باتیں سنے گا۔
- لَوْ قُلْتُ تَمْرَةً لَقَالَ جَمْرَةً: اگر میں کھجور کہوں تو وہ انگارہ کہے گا (خواہشات کے اختلاف پر کہا جاتا ہے)
- قَدْ قِيلَ ذَلِكَ إنْ حَقًّا وإنْ كَذِبًا: یہ بات تو کہی جا چکی، سچ ہو یا جھوٹ۔
- إذا قَالَتْ حَذَامِ فَصَدِّقُوها

فَإن القول ماقالت حذامِ

(جب حذام کوئی بات کہے تو اسے سچا سمجھو، کیونکہ قول وہی درست ہے جو حذام نے کہا ہر مصرع کسی شخص کے اپنے ساتھی کو سچا سمجھنے کے بارے میں ہے)

❁ الـقَولُ يَنفُذُ مالا تنفُذُ الإبَرُ: بات اس سے بھی گزر جاتی ہے جس سے سوئی نہیں گزر سکتی۔

❁ مَا كُلُّ قَوْلٍ لَهُ جَوَاب: ہر بات کا جواب نہیں ہوتا۔

❁ رُبَّ قـولٍ اَشَدُّ مِنْ صَوْلٍ: بہت سی باتیں حملہ سے زیادہ سخت ہوتی ہیں۔ (ایسی بات کے وقت کہا جاتا ہے جو اس شخص پر اثر انداز ہو جس سے اس کا سامنا کرایا جائے۔ صول: جھگڑے اور جنگ کے وقت حملہ)

❁ وَبَعْـضُ الـقَوْلِ يَذْهَبُ فى الرياح: بعض باتیں ہوا میں اڑ جاتی ہیں۔

❁ إذا قَـامَ بكَ الشـرُّ فَـاقْعُدْ: جب شر تجھے کھڑا کرے تو بیٹھ جا یا کر۔ (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے بردباری کا اور برائی کی طرف جلدی بڑھنا ترک کرنے کا حکم دیا جائے)

❁ لِـكُـلِّ مَـقَـامٍ مقَالٌ: ہر جگہ کے لئے کوئی نہ کوئی گفتگو ہوتی ہے (ہر معاملہ، عمل یا گفتگو کے لئے ایک جگہ ہوتی ہے وہ اسی موقع پر ہونا چاہئے۔

❁ هَـلْ يَسْـتَقِيمُ الظِلُّ وَالعُودُ أعْوَجُ: کیا سایہ سیدھا رہ سکتا ہے جبکہ لکڑی ٹیڑھی ہو؟

❁ قِيمَةُ كُلِّ امْرِىءٍ مَا يُحسِنُهُ: ہر شخص کی قیمت وہ ہے جو اسے اچھا بنائے۔

ک

❁ أكْبَـرُ مِن لبَد: لبد سے زیادہ عمر والا (بعد لقمان بن عاد کی مبینہ طور پر منتخب کی ہوئی سات گدھوں میں سے ایک کا نام جو ایک طویل مدت تک زندہ رہا)

❁ أكْتَمُ مِنَ الأَرض: زمین سے زیادہ چھپانے والا۔

❁ مَـنْ أكْثَرَ أهْجَرَ: جو زیادہ بولے گا بکواس ہی کرے گا۔ (إهـجار، بیہودہ باتیں کرنا، بذیاں بکنا إكْثـار: گفتگو میں سوچ بچار اور اعتدال کی حدود سے تجاوز کرنا)

❁ تُـكْثِرُ الحزَّ وتُخْطِئُ المَفْصِلَ: تو بہت کاٹتا ہے مگر جوڑ کو نہیں پکڑ سکتا۔ (حزّ: کاٹنا، مَـفْـصِـل مَفَاصِل کا واحد بمعنی جوڑ۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بڑی کوشش کر کے بھی مراد حاصل نہ کر سکے)

❁ مِـنْ كَثْـرَةِ الْمَلَّاحِينَ غَرِقَتِ السَفِينَةُ: ملاحوں کی کثرت سے جہاز ڈوب گیا۔

❁ إذَا كَـانَ لَكَ أكْثَرِىْ فَتَجَافَ لِىْ عَنْ أيْسَرِى: جب میرا بہت تمہارے لئے ہی ہو تو میری خاطر میرے تھوڑے سے دور رہو۔ (یعنی جس دوست کی بہت سی باتوں پر تو اس کی تعریف کرتا ہے اس کی چند برائیوں کو برداشت کر)

❁ الـمِكْثَارُ كَحَاطِبِ لَيْلٍ: زیادہ بولنے والا رات کو لکڑیاں اکٹھی کرنے والے کی طرح ہوتا ہے۔ (اس شخص کے لئے [illegible] جو بات کہہ دے جو اس کے دل میں آئے یوں وہ اپنے آپ کو نقصان پہنچانے والے کی طرح ہوگا۔ اس کو رات کی لکڑیاں جمع کرنے والے سے تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ ہو سکتا ہے۔ بے خبری میں کوئی سانپ اسے ڈس لے یا کوئی بچھو ڈنک مار دے)

❁ إكْـدَحْ لِى أكْدَحْ لَكَ: تو میرے لئے کوشش کر میں تیرے لئے کوشش کروں گا (كدح: کدو کاوش کرنا)

❁ أكْـذِبَ الـنفسَ إذا حَدَّثْتَهَا: جب تو اپنے دل سے باتیں کرے تو اس سے جھوٹ بول (جب تو کسی کام کا ارادہ کرے تو دل کو جسارت پر آمادہ کرتے ہوئے اسے کامیابی اور امیدیں بر آنے کی باتیں کر، ناکامی کی بات نہ کرو ورنہ اسے مایوس کر دے گا، جسارت پر اکسانے کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ الْكَذِبُ دَاءٌ وَالصِدْقُ شفَاءٌ: جھوٹ بیماری اور سچ شفاء ہے۔

❁ إنْ كَـذِبٌ نَـجىَّ فَصِدْقٌ أخلَقُ: اگر جھوٹ نے نجات دیدی تو سچ بدرجہ اولیٰ نجات دینے والا ہے (گمشدہ حصہ کا نحوی معنی اس طرح ہے: اِنْ نَجىَّ كَذبٌ فالصدق أجْدَر و أولى بالتنجية)

❁ أكذب مِنْ يلمعٍ وهو السراب: سراب سے زیادہ جھوٹا۔

❁ أكْـذَبُ أحْلُوثَةً مِنْ اَسِيْرٍ: قیدی سے زیادہ جھوٹ روایت کرنے والا۔

❁ أكْذَبُ مِنَ الأَخِيذ: قیدی سے زیادہ جھوٹا (جو نجات پانے کے لئے جھوٹ بولتا ہے)

❁ أكْـذَبُ مَـنْ دَبَّ ودَرَجَ: زندوں اور مردوں میں سب سے زیادہ جھوٹا (دَرَجَ القومُ: ناپید ہو جانا، فنا ہو جانا۔ من دب و درج: زندہ اور مردہ لوگ)

❁ إنْ كُنْـتَ كَذُوبا فكُنْ ذكُوْرًا: اگر تو جھوٹا ہے تو یاد رکھنے والا بن (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو جھوٹ بولتا ہو پھر بھول جاتا ہو اور الٹ کہہ دیتا ہو)

❁ كَـانَ كُرَاعًا فَصَارَ ذِرَاعًا: وہ پاؤں تھا پھر بازو بن گیا۔ (کُراع: پاؤں، ٹخنوں سے نیچے کا حصہ (کمزور اور ذلیل شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو قوی اور معزز بن جائے۔

❁ حتّام تكْرَعُ ولا تنقَعُ: تو کب تک منہ ڈال کر پانی پیتا رہے گا اور سیر نہ ہوگا؟ (كَرَعَ الماء: منہ ڈال کر پانی پینا۔ نقع: سیراب ہونا (جمع کرنے کے حریص کے لئے کہا جاتا ہے۔

❁ مَـنْ كَرُمَـتْ عَلَيْهِ نَفْسُهُ هانت عَلَيْهِ شَهْوَتُهُ: جس شخص کو اپنا نفس عزیز ہوگا اس کو اپنی شہوت حقیر معلوم ہوگی۔

❁ إسْتَكْرَمْتَ فَارْتَبِطْ: تو نے شریف الاصل گھوڑا پا لیا ہے لہذا اسے باندھ لے (اچھی چیز کی حفاظت کے لئے کہا جاتا ہے)

❁ أكْرَمُ مِنْ حاتِمِ طَيٍّ: حاتم طائی سے زیادہ سخی۔

❁ الكريمُ [illegible] عَلَى الضَّيْم: شریف آدمی کو ظلم پر مائل کیا

جائے تو وہ دور ہو جاتا ہے۔

- **مُکْرَہٌ أَخُوكَ لَابَطَلٌ:** تیرا بھائی مجبور کیا گیا ہے بہادر نہیں (یعنی وہ اس بات پر اکسایا گیا بہادری طبعی نہیں۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جسے ایسی کام پر اکسایا جائے جو اس کی عادت کے خلاف ہو)
- **أَکْسَبُ مِنْ نَمْلٍ:** چیونٹی سے زیادہ کمانے والا (کیونکہ چیونٹی ہر وقت ذخیرہ کرنے کی دھن میں لگی رہتی ہے کوئی اور جانور ایسا نہیں)
- **أَکْسَبُ مِن ذِئْبٍ:** بھیڑیے سے زیادہ طلب کرنے والا (کیونکہ وہ ہمیشہ شکار کی تلاش میں سرگرداں رہتا ہے نہ آرام کرتا ہے نہ سوتا ہے)
- **أَکَسْفًا وَإِمْسَاکًا:** کیا تیوری چڑھانا اور بخل دونوں (کُسف الوجہ: تیوری چڑھانا۔ امساك المال: بخل، کنجوسی تیوری چڑھانے والے بخیلں کے لئے کہا جاتا ہے)
- **أَکْسَی مِنْ بَصَلَة:** پیاز سے زیادہ لباس پہننے والا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بہت سے لباس پہنے ہوئے ہو۔ پیاز کی مثال اس لئے دی جاتی ہے کہ اس کے چھلکے ایک دوسرے پر تہہ بتہہ ہوتے ہیں)
- **کَعْبَةُ نَجْرَان:** نجران کا کعبہ۔ نجران یمن کا قدیم ترین شہر ہے۔ اس کے کعبہ کا حج کیا جاتا تھا، جو برباد ہو گیا۔ ملک کی بربادی اور زوال کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **کَالکَعْبَة تُزَارُ وَلَا تَزُورُ:** جس کی زیارت کعبہ کی طرح کی جاتی ہو وہ کسی کی زیارت کو نہیں جایا کرتا۔
- **هَذا الکَعْكُ مِنْ ذَاكَ العَجِيْنِ:** یہ کیک اسی آٹے کا بنا ہوا ہے۔
- **الْکُفر مَخْبَثَةٌ لِنَفْسِ المُنْعِم:** کفران نعمت منعم کے نفس کو خراب کرنے کا باعث ہے۔ (کفر کفران نعمت، مَخْبَثَة: خراب کرنے کا باعث، یعنی ناشکری محسن کے دل کو اس شخص کیلئے خراب کر دیتی ہے جس پر احسان کیا گیا ہو)
- **الکَفَالَةُ نَدَامَةٌ:** ضمانت پشیمانی کا موجب ہے۔
- **کَفَی المَرْءَ فَضْلاً أن تُعَدَّ مَعَایِبُهُ:** آدمی کی برتری کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اس کے عیوب شمار کئے جائیں۔
- **یَکْفِیْكَ مِمَّا لَاتَرَی مَاقَدْ تَرَی:** تیرے لئے دیکھی ہوئی چیزیں ان دیکھی چیزوں کی بہ نسبت کافی ہیں۔ (دیکھی ہوئی چیزوں سے سبق حاصل کرنا اور ان دیکھی چیزوں کو نہ آزمانے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **مَنْ کَانَ لَكَ کُلُّهُ کَانَ عَلَیْكَ کَلُّهُ:** جو شخص پورا تمہارے لئے ہے اس کا پورا بوجھ تم پر ہے۔ (کَلّ: بوجھ)
- **وَالکَلُّ مَحْمُوْلٌ علی ذِی الفَضْلِ:** بوجھ اہل کرم پر ڈالا جاتا ہے۔
- **کُلُّ کَلْبٍ بِبَابِهِ نَبَّاحٌ:** ہر کتا اپنے دروازہ پر بھونکنے والا ہے۔
- **الْکَلْبُ کَلْبٌ وَلَو طَوَّقْتَهُ ذَهَبًا:** کتا کتا ہی رہے گا خواہ تو اس کے گلے میں سونے کا طوق ڈال دے۔
- **کَلْبٌ عَسٌّ خَیْرٌ مِنْ أسَدٍ رَبَضٍ:** گھومنے اور تلاش کرنے والا کتا آرام گاہ میں بیٹھے ہوئے شیر سے بہتر ہے۔ (عسّ: تلاش کرنا، طواف کرنا یعنی گھومنا)
- **کَلَّفْتَنِی مُخَّ البَعُوضِ:** تو نے مجھے مچھر کا مغز لانے کا کام سونپا ہے (ایسے شخص کیلئے کہا جاتا ہے جسے بھاری یا ناممکن کام سپرد کیا جائے۔)
- **کَلِفْتُ إلَیْكَ عَرَقَ القِرْبَةِ:** میں نے تیری طرف آنے میں مشکیزہ کے پسینہ کی تکلیف اٹھائی۔ (دراصل کہا گیا ہے: کَلِفْتُ نفسي في الوصول اليك عرق القربة یعنی اتنی تکلیف اٹھائی جتنی مشکیزہ اٹھانے میں ہوتی ہے)
- **لَیْسَ مَعَ التَکَلُّفِ تَظَرُّفٌ:** تکلف کے ساتھ ظرافت نہیں ہوتی۔
- **کَلَامُ اللَّیْلِ یَمْحُوْهُ النَّهَارُ:** دن رات کی بات کو مٹا دیتا ہے۔
- **کَلَامٌ کَالعَسَلِ وَفِعْلٌ کَالأَسَلِ:** کلام شہد جیسا اور کام نیزہ جیسا (قول و فعل کے تضاد کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **کَلَامٌ لَیِّنٌ وظُلْمٌ بَیِّنٌ:** گفتگو نرم اور ظلم کھلم کھلا)
- **کَلَامُهُ رِیْحٌ فِی قَفَصٍ:** اس کا کلام پنجرہ میں ہوا کی طرح ہے۔
- **لِکُلِّ کَلَامٍ جَوَابٌ:** ہر کلام کا جواب ہوتا ہے۔
- **رُبَّ کَلِمَةٍ سَلَبَتْ نِعْمَةً:** بہت سے کلمات نعمت سلب کر دیتے ہیں۔
- **لَوْ کُوِیْتُ علی دَاءٍ لم اکدہُ:** اگر مجھے بیماری کی بنا پر داغ دیا جاتا تو میں ناگوار نہ سمجھتا (یعنی اگر مجھے کسی جرم پر سزا دی جاتی تو میں برا نہ مانتا)
- **الکَیْسُ نِصْفُ العیشِ:** دانائی نصف روزی ہے۔

ل

- **تَلَبَّدِی تَصِیْدِی:** زمین سے چمٹ جا شکار کر لے گا۔ (تلَبَّدَ: شکار کو دھوکا دینے کے لئے زمین سے چمٹ جانا۔ اس مثل کا معنی ہے عیاری سے کام لے طاقت ور اور کامیاب ہو جائے گا)
- **لَبِسَ لَهُ جِلْدَ النَّمِرِ:** اس کے لئے چیتے کی کھال اوڑھ لی (دشمنی ظاہر کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **بَعْدَ اللَّتَیَّا وَالَّتِی:** بعد از خرابی بسیار (طویل بحثوں کے بعد، اللتیا والّتي: چھوٹی بڑی مصیبت۔ اس کی اصل یہ بتائی جاتی ہے کہ جدیس کے ایک شخص نے ایک پستہ عورت سے شادی کی جس سے بہت سی تکلیفیں اٹھائیں جسے وہ برے لفظوں میں بیان کیا کرتا تھا پھر ایک دراز قد عورت سے نکاح کیا جس سے پہلی بیوی سے بھی زیادہ تکلیفیں اٹھائیں چنانچہ اسے طلاق دیدی اور کہا بعد از خرابی بسیار میں کبھی شادی نہیں کروں گا۔
- **وَمِنَ اللَّجَاجَةِ مَایَضُرُّ وَیَنْفَعُ:** بعض مباحثہ جوئیاں مضر بھی ہوتی ہیں اور فائدہ رساں بھی۔
- **اللَّحْظُ أَصْدَقُ إِنْبَاءً من اللفظ:** نگاہ الفاظ کی بہ نسبت زیادہ سچی خبر دیتی ہے (یعنی محبت اور نفرت کا اثر آنکھوں میں ظاہر ہو جاتا ہے لہٰذا زبانی کلام پر بھروسہ نہیں کیا جاتا)

- **لَأُلحِقَنَّ حَوَاقِنَهُ بِذَوَاقِنِهِ:** میں اس کے معدہ کو ٹھوڑی سے ملا دوں گا۔ (حَوَاقِن: پیٹ میں کھانا رکنے کے اعضاء، ذَوَاقِن: ٹھوڑی اور اس کا نچلا حصہ۔ دھمکی اور دھمکانے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **إذَا تَلاحَتِ الخُصُومُ تَسَافَهَتِ الحُلُومُ:** جب دشمن دشنام طرازی پر اتر آتے ہیں تو برداشتیں بے وقوف بن جاتی ہیں (تلاحی: لعنت ملامت کرنا۔ یعنی اس وقت بردبار شخص بھی بے وقوف بن جاتا ہے)
- **مَنْ لَاحَاكَ فَقَدْ عَادَاكَ:** جس نے تجھے برا بھلا کہا اس نے تجھ سے دشمنی کی (مُلاحَاة: ایک دوسرے کو ملامت کرنا برا بھلا کہنا)
- **تَلْدَغُ العَقْرَبُ وتَصِيُّ:** بچھو ڈنک بھی مارتا ہے اور چیختا بھی ہے (صَاءَ الفأرُ والعقربُ والخنزيرُ ومَا شَابَهَهَا: چوہے، بچھو، خنزیر اور ان جیسے جانوروں کا چیخنا، آواز نکالنا، اس ظالم کے لئے کہا جاتا ہے جو شکایت بھی کرے)
- **ألَذُّ مِنَ الغَنِيمَةِ البَارِدَة:** آسان شکار سے بھی زیادہ لذیذ (غنیمت باردہ: وہ غنیمت جس کے حصول میں مشقت نہ کرنی پڑے)
- **ألَذُّ مِنَ المُنَى:** آرزوؤں سے زیادہ لذیذ۔
- **ألْزَمُ لِلْمَرْءِ مِنْ ظِلِّهِ:** سایہ سے بھی زیادہ آدمی کے ساتھ لگا رہنے والا۔ (کیونکہ سایہ جس کا ہو اس کے ساتھ ساتھ رہتا ہے)
- **ألْزَمُ مِنَ اليمين لِلشِّمَال:** بائیں کے دائیں سے بھی زیادہ ساتھ رہنے والا۔
- **ألْزَمُ مِنْ زِرٍّ لِعُرْوَة:** بٹن کے کاج کے ساتھ رہنے سے بھی زیادہ ساتھ رہنے والا۔
- **لِسَانُ الحَالِ أبْيَنُ من لِسَانِ المَقَالِ:** لسان حال زبان قال سے زیادہ واضح ہے۔
- **لِسَانٌ مِن رُطَب وَيَدٌ مِنْ خَشَب:** زبان تر کھجور اور ہاتھ لکڑی کا ہے (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو خوبصورت باتیں کرے مگر بے فیض ہو)
- **لِسَانُ المَرء مِنْ خَدَمِ الفُؤَادِ:** آدمی کی زبان دل کے خادموں میں سے ہے۔
- **اللِسَانُ مَرْكَبٌ ذَلُوْلٌ:** زبان سدھائی ہوئی سواری ہے (یعنی انسان اچھی اور بری باتیں کر سکتا ہے لہٰذا وہ اپنی زبان کو بری باتوں کا عادی نہیں بناتا)
- **اللُقَمُ تُوُرِث النِقَّمَ:** لقمے انتقام، بغض کینہ وغیرہ کا باعث ہوتے ہیں (رشوت لینے کی مذمت کے بارے میں کہا جاتا ہے یعنی اگر رشوت دینے والے کی مراد پوری نہ ہو تو رشوت کے لقمے اللہ تعالیٰ اور رشوت دینے والے کی طرف سے عذاب اور سزا اور بدلہ کا باعث بنتے ہیں)
- **لَوْ ألْقَمْتَهُ عَسْلاً لَعَضَّ إصْبَعِي:** اگر تو اسے شہد کھلائے تو وہ میری انگلی پر دانت گاڑ دے گا۔
- **كَأنَّمَا ألْقَمَهُ الحَجَرَ:** گویا اس نے اسے پتھر نگلوا دیا (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بولے تو اسے مسکت جواب ملے)
- **لَقِيتُ مِنهُ عَرَقَ القِرْبَةِ:** میں نے اس سے مشک کا پسینہ برداشت کیا (یعنی اس سے سختی اور محنت برداشت کی جس طرح مشک اٹھانے والے کو سختی اٹھانی پڑے تو اسے پسینہ آجاتا ہے۔
- **مَايَلْقَى الشَجِيُّ مِنَ الخَلِيِّ:** غمگین بے غم سے کیا پائے گا۔ (شجی: غمگین، خلی: بے غم، جسے غمگین کرنے والی مصیبت سے نہ آزمایا گیا ہو)
- **ألْقِ حَبْلَهُ عَلَى غَارِبِهِ:** اس کی رسی اس کے کوہان پر ڈال دو (یعنی اسے کھلا چھوڑ دے، جہاں چاہے جائے جو چاہے کرے۔ اس کی اصل یہ ہے کہ جب عرب اونٹنی کو چرانے کے لئے بھیجنے کا ارادہ کرتے تو اس کی رسی اس کے کندھے پر ڈال دیتے اور رسی کو نیچے گرا ہوا نہ رہنے دیتے تاکہ وہ اونٹنی کے چرنے میں رکاوٹ نہ بنے، معنی ہے اسے جانے دے جہاں چاہے جائے یا جو چاہے کرے)
- **ألْقِ فِي الدِلاءِ دَلْوَكَ:** ڈولوں میں تم بھی اپنا ڈول ڈالدو (مال کمانے کی ترغیب اور طلب رزق میں بے اعتنائی ترک کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **أنَّى يَلْتَقِي سُهَيْلٌ والسُهَى:** سہیل اور سہا کہاں ایک دوسرے سے مل سکتے ہیں۔ (سہیل: قطب جنوبی کے پاس ایک ستارے کا نام ہے، سہا: قطب شمالی کے نزدیک سات ستاروں میں ایک چھوٹے ستارے کا نام ہے)، لہٰذا ان کا آپس میں ملنا محال ہے۔
- **مَنْ يَلْقَى أبْطَالَ الرِجَالِ يُكْلَمُ.** جو دلیر مردوں سے مقابلہ کرے گا زخمی ہو جائے گا۔
- **بِغَيْرِ اللَّهْوِ تُرْتَتَقُ الفُتُوق:** کھیل کود سے شگاف پر نہیں ہوتے۔ (معاملات میں جدوجہد سے کام لینے پر اکسانے کے لئے کہا جاتا ہے)
- **لَيْسَ يُلامُ هَارِبٌ مِنْ حَتْفِهِ:** اپنی موت سے بھاگنے والے کو ملامت نہیں کی جاتی۔
- **رُبَّ لَائِمٍ مُلِيمٌ:** بہت سے ملامت کرنے والے خود قابل ملامت ہوتے ہیں۔
- **رُبَّ مَلُومٍ لاذَنْبَ لَهُ:** بہت سے ملامت کئے لوگ بے گناہ ہوتے ہیں۔
- **رُبَّ مَلُومٍ لاَعُذْرَلَهُ:** بہت سے ملامت کئے گئے لوگوں کے پاس کوئی عذر نہیں ہوتا۔ (یہ اس لئے کہا گیا ہے کہ عذر ایسا بھی ہوتا ہے جس کا اعلان اور اظہار نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ یہ رُبَّ مُلُومٍ لا ذنبَ لَهُ کے معنی میں ہے۔ چنانچہ اس پر شاعر کا یہ قول صادق آتا ہے: لَعَلَّ لَهُ عُذْرًا وأنْتَ تَلُومُ: شاید اس کے پاس کوئی عذر ہو جبکہ تو اس کو ملازمت کر رہا ہے)
- **اللَّيْلُ أخْفَى لِلْوَيْلِ:** رات دکھ تکلیف کو زیادہ چھپانے والی (کیونکہ رات انسان کے ہر فعل کی پردہ پوشی کرتی ہے)

- **اَللَّيْلُ طَوِيْلٌ وَّاَنْتَ مُقْمِرٌ:** رات لمبی ہے اور تو چاندنی میں ہے (ضرورت ممکن ہونے تک صبر سے کام لینے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ معنی یہ ہے اپنی ضرورت پر صبر کر تو اسے رات کے بقیہ حصہ میں پا لے گا۔ رات لمبی ہے اور تاریک نہیں کہ تیرے مقصد میں مانع ہو)
- **مَاكَان لَيْلِی عَنْ صَبَاحٍ يَنْجَلِی:** میری رات صبح کو ظاہر نہیں کرتی تھی (اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو عرصہ بعد ہی اپنا مطلوب پا سکے)
- **اِنَّهُ اللَّيلُ وَأَضْوَاجُ الوادی:** یہ رات ہی ہے اور وادی کے پیچ وخم (اضواج: ضوج کی جمع ہے۔ ضوج کا معنی وادی کا موڑ ہے۔ اصل یہ ہے کہ آدمی رات کے وقت وادیوں کے نشیبی علاقوں میں چلا جا رہا ہو ایسی حالت میں بے خبری میں قتل ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ (دو خوفناک معاملوں سے خبردار کرنے کے بارے میں کہا جاتا ہے)
- **لَيِّنُ الكَلَامِ قَيْدُ القُلُوب:** نرم بات دلوں کی بیڑی ہے۔

م

- **مِثْلُ النَعَامَةِ لاطيرٌ ولاجملٌ:** شترمرغ کی طرح نہ پرندہ ہے نہ اونٹ (کہ خیر یا شر کے طور پر انعام میں دیا جائے)
- **مِثْلُ ابنةِ الجبلِ مَهْمَا يُقَلْ تَقُلْ:** صدائے بازگشت کی طرح کہ جب کوئی بولے وہ بول اٹھے۔ **الإِمَّعَة:** ہر ایک کی رائے کی تائید کرنے والا۔ **ابنة الجبل:** صدائے بازگشت: مراد ایسا شخص جو ہر کسی کی فرمانبرداری کرے۔
- **لِمثْلِ هذا كنت أُحْسِيكَ الحَسَا:** میں ایسے ہی وقت کے لئے تجھے حریرہ پلاتا تھا، اسی وقت کے لئے تجھے پالا پوسا تھا۔ اب میری ضرورت پر کام آ۔
- **بِمِثْلِی يُنْكَأُ القَرْحُ:** مجھ جیسے شخص کے ہاتھوں زخم کریدا جاتا ہے۔ یعنی میرے ذریعے ہی برائی کا خاتمہ ممکن ہے۔
- **مَنْ مَحَّضَكَ مودَّتَهُ فقد خَوَّلَكَ مُهْجَتَهُ:** جس نے اپنی محبت کو تیرے لئے پرخلوص کیا اس نے تجھے اپنی جان کا مالک بنا دیا۔ **مَحَّضَهُ مودّة:** کسی کے لئے محبت کو خالص کر دینا۔
- **عِندَ الإِمْتِحانِ يُكْرَمُ المَرْءُ اَوْيُهَانُ:** آزمائش پر ہی آدمی معزز یا ذلیل ہوتا ہے۔
- **مَعَ المَحْضِ يبدو الزُبْدُ:** مکھن تو بلونے پر ہی نکلا کرتا ہے۔ یعنی کوشش سے یہ مراد بر آتی ہے۔
- **قَدْ كَانَ ذَلِكَ مَرَّةً فَالْيَوْمَ لا:** یہ ایک مرتبہ ہو چکا ہے۔ آج نہیں ہو سکتا۔ یہ کبھی تھا اب نہیں ہے۔
- **اَمَرُّ مِنَ العَلْقَم:** اندرائن سے زیادہ کڑوا۔
- **أَمَرُّ مِنَ الحنظل:** اندرائن سے زیادہ کڑوا۔
- **المَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ:** آدمی اپنے دل اور زبان سے ہی آدمی کہلاتا ہے۔ دل اور زبان کو اصغران ان کے چھوٹے جسم کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔ یعنی انسان کی قدر و قیمت کا اندازہ اس کے دل اور زبان سے ہی کیا جاتا ہے۔
- **المَرْءُ تَوَّاقٌ إِلَى مَا لَمْ يَنَلْ:** آدمی ان چیزوں کا ہی متمنی ہوتا ہے جو اسے نہ ملی ہوں۔ یعنی جس چیز سے انسان کو روکا جائے اسی کا خواستگار ہوتا ہے۔ اسی جیسا عربوں کا یہ کہنا بھی ہے: **اَحَبُّ شَیءٍ إلی الانسان مَا مُنِعَا:** جس چیز سے انسان کو روکا جائے وہی اس کو سب سے زیادہ محبوب ہوتی ہے۔
- **المَرْءُ حَيْثُ يَضَعُ نَفْسَهُ:** انسان کا درجہ وہی ہوتا ہے جہاں وہ خود کو ذلیل کرے۔ اپنی عزت اپنے ہاتھ ہے۔
- **المَرْءُ بخَلِيْلِهِ:** اس کا معنی ہے تو اپنے دوست سے منسوب کیا جائے گا لہٰذا دیکھ کہ تو کس سے دوستی کر رہا ہے۔ جیسا کسی کا دوست ہو ویسا ہی وہ خود ہوتا ہے۔
- **المَرْءُ مِرْآةُ اَخِيْهِ:** آدمی اپنے بھائی کا آئینہ ہوتا ہے۔
- **كُلُّ امْرِیءٍ يَحْتَطِبُ بِحَبْلِهِ:** ہر آدمی اپنی رسی میں جلانے کی لکڑیاں جمع کرتا ہے۔
- **كُلُّ امْرِیءٍ فی بيته صَبِیٌّ:** ہر آدمی اپنے گھر میں بچہ ہوتا ہے۔ یعنی ادب آداب چھوڑ کر مزاح پر اتر آتا ہے۔
- **كُلُّ امْرِیءٍ فيه مَايُزْمَی بِهِ:** ہر آدمی میں کوئی نہ کوئی خامی ہوتی ہے جس کا اس پر الزام لگایا جا سکے۔
- **تَمَرَّدَ مَارِدٌ وعَزَّ الأَبْلَقُ:** مارد نے سرکشی کی اور ابلق سخت ہو گیا۔ یعنی حصول مقصد مشکل ہو گیا۔ مارد دومۃ الجندل کا ایک قلعہ تھا اور الابلق سموأل بن عادیا کا ایک قلعہ تھا، کیونکہ یہ مختلف رنگوں کے پتھروں سے بنایا گیا تھا۔ جزیرہ کی ملکہ الزباء ان قلعوں کو فتح کرنے کے لئے گئی مگر ناکام رہی۔ اس پر اس نے یہ بات کہی جو ضرب المثل بن گئی جو ہر ایسے کام پر بولی جاتی ہے جسے بجا لانا اس کے خواہاں کے لئے مشکل اور ناممکن ہو۔
- **مَنْ مَرِضَتْ سَرِيْرَتُهُ مَاتَتْ عَلَانِيَتُهُ:** جس کا باطن بیمار ہو اس کا ظاہر مر جائے گا۔
- **أَمْرَعَتِ العَجْزَاءُ:** ریت کا ٹیلہ سرسبز ہو گیا۔ **العجزاء:** ریت کا ٹیلہ۔ **أَمْرَعَتْ:** سرسبز ہو گیا۔ بھلائی کے ایسی جگہ سے آنے پر بولا جاتا ہے جہاں سے اس کی امید نہ ہو۔ جیسے کہا جاتا ہے کہ پتھر میں جونک لگ گئی۔
- **أَمْرَعْتَ فَانْزِلْ:** تو نے سرسبز جگہ پالی ہے لہٰذا یہیں اتر پڑ۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جسے اس کی ضرورت یا خواہش کی چیز مل جائے۔
- **كَالمُتَمَرِّغِ فِیْ دَمِ القتيل:** مقتول کے خون میں لوٹنے والے کی طرح۔ شر سے قریب اور مضرت رساں چیز کے سامنے ہوتے ہوئے اس سے علیحدہ رہنے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
- **أَمْرَقُ مِنْ سَهْمٍ:** تیر سے زیادہ پار ہونے والا۔

- **المُزَاحُ لَقَاحُ الضَغائِن:** مذاق سے دشمنیاں جنم لیتی ہیں۔ کبھی کسی سے مذاق آپس میں نفرت کا باعث ہو جاتا ہے۔
- **المُزَاحَةُ تُذْهِبُ المَهَابَةَ:** مذاق سے رعب جاتا رہتا ہے۔
- **مَن يَمْشِ يَرْضَ بِمَارِكِبَ:** جو شخص پیدل چلے گا سواری پر رضامند ہو جائے گا۔ اس شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو قابل نفرت کام پر مجبور ہو جائے۔
- **أَمْضَى مِنَ الريحِ:** ہوا سے زیادہ تیز۔
- **أَمْضَى مِنَ السَّيْفِ:** تلوار سے زیادہ تیز۔
- **أَمْضَى مِنَ السَهْمِ:** تیر سے زیادہ کاٹنے والا۔
- **أَمْضَى مِنَ الأَجَلِ:** موت سے زیادہ اثر آفرین۔
- **أَمْضَى مِنَ القَدَرِ المُتَاحِ:** مقررہ تقدیر سے زیادہ واضح۔
- **يَحْسِبُ المَمْطُورُ أَنَّ كُلًّا مُطِرَ:** بارش میں بھیگ جانے والا سمجھتا ہے سب ہی بھیگ گئے ہیں۔
